جدید عربی اردو

لغات

منجد الطلاب

کتب خانہ دار الاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی (پاکستان)

جدید۔ باتصویر۔ جامع لغات

اضافہ شدہ جدید ایڈیشن

المنجد

عربی اردو

ساٹھ ہزار سے زیادہ عربی الفاظ کے معانی و تشریح
محاورات وضرب الامثال اور اہم اشیاء کی تصاویر

جملہ حقوق طباعت محفوظ ہیں

تاریخ اشاعت جولائی ۷۵ء

تعداد طبع ایک ہزار

قیمت مجلد - 300

ملنے کے پتے

دارالاشاعت اُردو بازار کراچی ۱

ادارۃ المعارف ڈاکخانہ دارالعلوم کراچی ۱۴

مکتبہ دارالعلوم ڈاکخانہ دارالعلوم کراچی ۱۴

ادارہ اسلامیات ۱۹۰ انارکلی لاہور

PRINTED AT. TANVEER PROCESS LIAQUATABAD KARACHI. PHONE: 416729

مجلس ترتیب المنجد اردو

مقدمہ .... ① حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ

مترجمین .... ② مولانا سعد حسن خاں یوسفی .... (فاضل ندوۃ العلماء)

③ پروفیسر عبد الصمد صارم ازہری .... (مصر و فاضل دیوبند)

④ مولانا سید حسن صاحب .... (استاذ دار العلوم دیوبند)

⑤ مولانا نور احمد قاسمی .... (عربی پروفیسر بہاولپور)

⑥ پروفیسر محبوب الٰہی صاحب .... (فاضل دیوبند و دہلی)

پروفیسر رشید احمد ارشد (استاذ جامعہ کراچی)

نظر ثانی و تحقیق .... ⑦ مولانا سبحان محمود صاحب مظاہری .... (سہارنپور)

تصحیح .... ⑧ مولانا ظہور احمد صاحب .... (استاذ دار العلوم دیوبند)

⑨ مولانا اصلح الحسینی صاحب .... (فاضل دیوبند)

⑩ مولانا ولی حسن صاحب (ٹونکی) .... (فاضل ندوہ لکھنؤ)

ناشر دار الاشاعت

مقابل مولوی مسافر خانہ کراچی ۱

ترتیب المنجد اردو

۱ عرضِ ناشر ۵

۲ رموز واشارات یعنی مطلوبہ لغت نکالنے کا طریقہ ۶

۳ مقدمۂ علمیہ ۷

۴ چند اہم وضروری قواعد صرفیہ کی شناخت ۲۷

۵ آغاز لغات ۴۵

۶ محاورات وضرب الامثال ۱۱۵۵

۷ عربی کے جدید لغات (ضمیمہ) ۱۲۱۰۳

۸ تصاویر المنجد مع عربی الفاظ ۱۲۶۱

ناشر دارالاشاعت
مقابل مولوی مسافرخانہ کراچی

عرضِ ناشر

عرصہ دراز سے احقر کی یہ خواہش تھی کہ عربی زبان و لغت پر چند مفید کتب شائع کروں۔ ادھر پاکستان بننے کے بعد سے بحمد للہ اکثر تعلیم یافتہ حضرات میں عربی زبان سیکھنے اور عربی علوم سے استفادہ کرنے کا شوق بڑھا، خصوصاً اس زمانہ میں جب کہ ماشاء اللہ ممالک عربیہ و ممالک اسلامیہ کے درمیان مدت روز بروز بہتر ہو رہے ہیں اور ہمارے بہت سے بھائی ممالک عربیہ میں ملازمتوں اور دوسرے شعبوں میں خدمات انجام دینا چاہتے ہیں ان کو بھی ہر قدم پر عربی زبان کی ضرورت پیش آتی ہے لیکن اردو زبان میں ابھی تک کوئی ایسا جامع لغت نہیں ہو سکا تھا جو پوری طرح معین و مددگار ہو سکتا، داعیہ تو پہلے سے تھا، اب اہل علم کی اس پریشانی کو دیکھ کر عزم کر لیا کہ عربی لغت کی چند مفید اور مستند کتب شائع کی جائیں۔ چنانچہ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ ہم اپنے ادارہ سے اس سلسلے کی کئی مفید کتب شائع کر چکے ہیں اور زیر نظر کتاب المنجد عربی تو گویا عربی زبان کی انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں اختصار کے ساتھ عربی زبان کے تمام الفاظ لے لئے گئے ہیں، اس کی مقبولیت کا یہ عالم ہے کہ پوری دنیا میں لاکھوں کی تعداد میں اس کی اشاعت ہوتی ہے۔

لیکن اس کے باوجود المنجد کی کمزوریاں مخفی نہ تھیں مثلاً یہ کہ اس کے عیسائی مرتب نے لغت میں بھی عیسائی مذہب کا پرچار ضروری سمجھا اور اس کے ساتھ اسلام اور اسلامی ناموں اور جگہوں سے انتہائی متعصبانہ انداز میں اغماز کیا لیکن ارادہ یہ کیا گیا کہ ان نقائص کی اصلاح کے ساتھ اصل کتاب سے فائدہ اٹھایا جائے اس لئے اللہ کے نام پر اس مشکل کام کو شروع کرایا گیا، اس کے ترجمہ کے لئے چند مستند علماء کی ایک کمیٹی بنائی گئی، جنھوں نے انتھک جاں افشانی کے ساتھ ترجمہ کے فرائض انجام دیئے اور مذکورہ نقائص کی اصلاح اور بہت سے ضروری اور اہم لغات جو المنجد سے رہ گئے تھے ان کا اضافہ کیا، اب ہماری کوششوں کا نتیجہ ہمارے سامنے ہے مجھے قوی امید ہے کہ ہماری یہ خدمت عوام و خواص میں پسند کی جائے گی اور اس کتاب سے زیادہ سے زیادہ نفع حاصل کیا جائے گا۔

میری خواہش تھی کہ المنجد کے شروع میں اصول و تاریخ لغت پر ایک جامع مقدمہ کا اضافہ کیا جائے۔ اس کے لئے حضرت مولانا مفتی محمد شفیع صاحب مدظلہ سے عرض کروں کیوں کہ حضرت موصوف کو اللہ تعالیٰ نے جن علوم ظاہری و باطنی سے مالا مال فرمایا ہے موجودہ دنیائے اسلام میں اس کی معدودے چند سے آگے نہیں بڑھتی بلکہ مولانا موصوف کی بے حد مصروف زندگی درس و تدریس فتویٰ نویسی اور عوام و خواص کی خدمت کی لگن ان کی زندگی کا عزیز ترین سرمایہ ہے جس کے لئے ان کے دن اور رات کے تمام اوقات وقف ہیں اس مجاہدانہ زندگی کو دیکھ کر ان سے یہ عرض کرنے کی ہمت نہ ہوتی تھی، ڈرتے ڈرتے عرض کیا گیا اور میری یہ انتہائی خوش نصیبی ہے کہ حضرت مفتی صاحب نے انہی مشاغل کے باوجود ایک نہایت جامع مقدمہ تحریر فرما دیا۔

مقدمہ کے متعلق کچھ عرض کرنا چھوٹا منہ بڑی بات ہے لیکن یہ عرض کئے بغیر نہیں رہا جا سکتا کہ المنجد کے ترجمہ کا بار گراں اٹھانے اور تین سال کی شبانہ و روز کی انتھک محنتوں کا نقد صلہ میں نے یہ بے مثل مقدمہ لکھوا کر وصول کر لیا۔

اب تک اردو کا دامن لغت ہی سے خالی تھا، اصول لغت اور تاریخ لغت اردو میں آجانے کا تو تصور بھی نہیں کیا جا سکتا تھا میں اس عظیم کام پر جس قدر بھی شکر کروں بجا ہے اللہ تعالیٰ حضرت مفتی صاحب مدظلہ کو ہم سب کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے اور ان کے علوم سے امت کو تادیر مستفیض فرمائے۔ آمین۔

آخر میں ان سب حضرات کا شکریہ ادا کرتا ہوں جن کے تعاون سے میں یہ علمی کارنامہ منظر عام پر لا سکا کہ اللہ تعالیٰ ترجمہ کرنے والوں تصحیح کے فرائض انجام دینے والوں کاتبوں اور چھاپنے والوں کو جزائے خیر عطا فرمائے۔

المنجد اردو کا جدید عکسی ایڈیشن

یہ لغت سب سے پہلے سنہ ۱۹۶۰ میں طبع ہوئی تھی اور اس کے بعد اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوتے رہے اور خدا کا شکر ہے کہ عوام و خواص میں یہ لغت بے حد مقبول ہوئی، لیکن یہ لغت آج تک لیتھو طباعت کے ذریعہ چھپتی رہی جس کی وجہ سے طباعت میں اتنی خوبصورتی نہ تھی۔ اب اس کا جدید عکسی ایڈیشن بہت سی اصلاحات و اضافات و درستی اغلاط کے بعد ظاہری و باطنی ہر لحاظ سے خوب سے خوب تر ہو گیا ہے۔ کتاب کی صحت، کتابت، طباعت و کاغذ، جلد بندی کے بارے میں اس کے سوا کچھ عرض نہیں کر سکتا کہ میں نے کتاب کو ہر لحاظ سے اعلیٰ اور نفیس بنانے میں کوئی کوتاہی نہیں کی اور اس سلسلے میں جس قدر سرمایہ خرچ کیا جا سکتا تھا اس سے دریغ نہیں کیا مجھے امید ہے کہ میری اس محنت اور عرق ریزی کو آپ پسند فرمائیں گے۔

محمد رضی عثمانی مالک دارالاشاعت کراچی ۱

۷ رمضان المبارک سنہ ۱۳۹۴ھ مطابق ۲۳ ستمبر سنہ ۱۹۷۴ء

رموز و اشارات

المنجد اردو

****

رمز			
فا	سے	مراد	اسم فاعل
مفع	〃	〃	اسم مفعول
ج	〃	〃	جمع
جج	〃	〃	جمع الجمع
مص	〃	〃	مصدر
ض	〃	〃	باب ضَرَبَ يَضْرِبُ
ن	سے	مراد	باب نَصَرَ يَنْصُرُ
ف	〃	〃	باب فَتَحَ يَفْتَحُ
س	〃	〃	باب سَمِعَ يَسْمَعُ
ك	〃	〃	باب كَرُمَ يَكْرُمُ
ح	〃	〃	باب حَسِبَ يَحْسِبُ

****

کوئی کلمہ تلاش کرنے کا گُر

اگر مطلوب کلمہ مجرد ہو تو اس کے حرفِ اول کے باب میں اس کی تلاش کیجیے، اگر مزید ہو تو اس کو مجرد بنائیے یا اگر اس کا پہلا حرف بدلا ہوا ہے تو اس کو اپنی اصل کی طرف لوٹائیے، اور پھر حرف اول کے باب میں اس کا سراغ لگائیے۔

تنبیہ:۔ بغرض سہولت و اختصار ہم نے ماضی کو مادہ قرار دے کر اس کے مصدری معنی کئے ہیں اور جہاں جہاں لغات میں تمثیلاً فاعل و مفعول وصلات کا ذکر گیا ہے، ہم نے بھی اکثر و بیشتر معنی میں اس کا لحاظ رکھا ہے تاکہ استعمال کلمہ کی پوری پوری وضاحت ہو جائے

مقدمۃ المنجد اردو

از حضرت العلامہ مفتی محمد شفیع صاحب دار العلوم کراچی

اصول اللغہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ وکفی وسلام علی عبادہ الذین اصطفی خصوصاً علی سیدنا ورسولنا المجتبیٰ محمد المصطفیٰ و
علیٰ الہ وصحبہ نجوم الہدیٰ۔ ومن بہدیہم اقتدیٰ

امّا بعد ۔ برخوردار عزیز محمد رضی سلمہ ناظم ادارہ دار الاشاعت کراچی نے عربی لغت کی جدید اور مشہور کتاب المنجد کا اردو ترجمہ اردو خواں حضرات کی سہولت کے لئے اپنے مکتبہ سے شائع کرنے کا ارادہ کیا اور اس کا ایک معتدبہ حصہ کتابت بلکہ کچھ حصہ طبع بھی ہو چکا اُس وقت مجھ سے فرمائش کی کہ میں اس پر کوئی مقدمہ لکھ دوں ۔ مشاغل کے سبب یہ قضیہ ٹلتا رہا۔ آخر ربیع الثانی ۱۳۷۰ھ میں احقر کو ایک طویل علالت پیش آئی اور برخوردار عزیز مولوی محمد زکی سلمہ ناظم ادارۂ اسلامیات لاہور کے اصرار پر کچھ دنوں کے لئے افکار و مشاغل سے یکسوئی حاصل کرنے کے لئے لاہور کا سفر ہوا۔ اس وصت کو اس کام کے لئے غنیمت سمجھ کر سطور ذیل قلمبند کرنے کا ارادہ کر لیا۔ وللہ الامر من قبل ومن بعد ۔

المنجد پر مقدمہ لکھنے کے لئے المنجد کی خصوصیات سے تو بحث کرنا ضروری امر تھا ہی کیوں کہ اس کتاب نے جہاں سہولت پسند حضرات کو عربی زبان سے روشناس کرنے میں مدد پہنچائی وہیں ان لوگوں کی راہ میں کچھ اشکالات بھی پیدا کر دیئے جن کا مقصد عربی زبان سیکھنے سے محض موجودہ عربوں سے بات چیت اور مخاطبت و مکاتبت یا کسی سفارت خانہ کی ملازمت ہی نہیں بلکہ اس کو قرآن و سنت کے سمجھنے کا وسیلہ بنانا اُن کا مقصود اعظم ہے۔ ان حضرات کے لئے چند تنبیہات از بس ضروری ہیں تاکہ وہ کسی مغالطہ کے شکار نہ ہوں ۔ لیکن ان تنبیہات کا تعلق تو صرف اس کتاب کے ساتھ ہے اصل فن لغت کی کوئی اہم خدمت نہیں ۔ اس لئے مناسب معلوم ہوا کہ اصل فنِ لُغت کی حقیقت اور عرفی اور شرعی حیثیت اور اس کی مختصر تاریخ پر چند فصلیں لکھ دی جائیں تاکہ یہ مجموعہ اصولِ لغت کی ایک مفید کتاب بن سکے۔ اس موضوع پر نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم کا رسالہ "البلغۃ فی اصول اللغۃ" عربی زبان میں کافی جامع اور مفید رسالہ ہے۔ زیر نظر کتاب میں بھی زیادہ تر مضامین اسی سے لئے گئے ہیں ۔ واللہ المستعان وعلیہ التکلان ۔

لُغت کی تعریف

لُغت ان آوازوں کا نام ہے جن سے ہر قوم اپنے اغراض و مقاصد کا دوسروں پر اظہار کرتی ہے ۔ ابو الوفاء ہورینی نے بھی یہی نقل کیا ہے ۔

مختلف لغات اللہ تعالیٰ کی بہت بڑی نعمت ہیں

انسان اور حیوانات کی آفرینش اور ان میں لگی ہوئی قدرتی مشینری کے کل پرزوں پر ایک نظر ڈالی جائے تو عقل حیران رہ جاتی ہے کہ اس کارخانۂ قدرت میں کس چیز سے کیا چیزیں بن رہی ہیں۔ عارف رومی نے خوب فرمایا ہے

درمیانِ خون دروده فہم و عقل ☆ جز ز اکرام تو نتواں کرد نقل
اے کہ خاکِ تیرہ را تو جان دہی ☆ عقل و حس را روزیِ ایماں دہی
شکر از نے میوہ از چوب آوری ☆ در زمنی مردہ بُتِ خوب آوری!
گُل ز گِل صفوت ز دل پیدا کنی ☆ پیہ را بخشی ضیاء و روشنی

انسان و حیوان کی چلتی پھرتی فیکٹری میں ایک خودکار (آٹومیٹک) مشین اس کی زبان ہے۔ جو دل و دماغ میں آئے ہوئے خیالات کی ترجمانی اس حیرت انگیز طریق پر کرتی ہے کہ جو مضمون دل و دماغ میں آیا اس کے ادا کرنے کے لئے مناسب حروف و الفاظ کا انتخاب پھر اس کی صحت کے ساتھ ادائیگی جس میں سین اور شین بلکہ سین اور صاد کا التباس نہ رہے اس تیز رفتاری کے ساتھ کر ڈالتی ہے کہ ایک سیکنڈ کا وقفہ نظر نہیں آتا اور اتنی بات میں انسان اور حیوان سب برابر ہیں۔ اپنے دلی مقصد کو دوسروں پر ظاہر کرنے کے لئے سب کی زبانوں میں یہ صلاحیت رکھی ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ ہم جانوروں کی زبان نہ سمجھیں۔ اور جب اللہ تعالیٰ چاہتے ہیں کہ کسی بندہ کو سمجھا دیں تو وہ بھی سمجھنے لگتا ہے، جیسے حضرت سلیمان علیہ السلام کے بارہ میں ارشاد ہے عُلِّمْنَا مَنْطِقَ الطَّيْرِ (یعنی ہمیں پرندوں کی بولی سکھا دی گئی)۔

پھر انسان کو حق تعالیٰ نے مدنی الطبع بنایا ہے۔ وہ اپنی ضروریات کو دوسروں کی امداد کے بغیر پوری نہیں کر سکتا اور اس کا دائرہ عمل بھی عام جانوروں کی طرح صرف محسوسات نہیں بلکہ اس کا امتیازی عمل معقولات سے متعلق ہے اس لئے اس کو اپنی زندگی قائم رکھنے اور منصبی فرائض ادا کرنے میں خوب افہام و تفہیم اور مکمل بیان و تبیین کی ضرورت زیادہ ہے۔ اس لئے حق تعالیٰ نے اس کی زبان کو عام جانوروں کی زبان سے ممتاز پیدا فرمایا اور اس کو اظہار مقصد کے لئے لغات کی بڑی مقدار اور بیان کے طریقے سکھلائے اور اس کی لغت کو اتنی وسعت عطا فرمائی کہ ایک انسان اپنے مقصد کو مختلف الفاظ اور مختلف عنوانات سے ادا کر سکتا ہے۔ اسی نعمت کو قرآن کریم نے ان الفاظ میں بیان فرمایا خلق الانسان علمه البيان یعنی اللہ تعالیٰ نے انسان کو پیدا کیا اور اس کو بیان کے طریقے سکھلائے۔ اس میں زبان سے، قلم سے، اشاروں سے وہ اپنے مقاصد کو بلکہ دقیق علمی مضامین کو بھی مختلف عنوانات کے ساتھ دوسروں کو سمجھانے میں تمام حیوانات سے خصوصی امتیاز رکھتا ہے۔ اسی لئے حق تعالیٰ نے انسانی لغات اور ان کے اختلاف کو اپنی قدرت کاملہ کی نشانیوں میں شمار فرمایا ہے، ومن اٰيٰته خلق السمٰوٰت والارض واختلاف السنتكم والوانكم ان فى ذٰلك لاٰيٰت للعٰلمين یعنی "اللہ تعالیٰ کی قدرت کاملہ کی بڑی نشانیوں میں سے ہے پیدا کرنا آسمانوں اور زمین کا اور اختلاف تمہاری زبانوں اور رنگوں کا اور اس میں بڑی نشانیاں ہیں جاننے والوں کے لئے۔"

زبانوں کے اختلاف میں لغات کا اختلاف بھی داخل ہے کہ ایک عربی بولتا ہے ایک فارسی، ایک ترکی بولتا ہے ایک انگریزی، کوئی ہندی یا ملکی زبان کا عادی ہے کوئی تامل یا لاطینی کا۔ پھر ان میں بھی خطوں کے اختلاف سے ہزاروں لغات اور زبانیں مختلف ہیں کہ ایک آدمی جو کسی زبان کا ماہر ادیب ہے مگر جس زبان کو نہیں جانتا اس کو سمجھنے سے بالکل قاصر اور بے علم نظر آتا ہے۔

اور ہر انسان کا لب و لہجہ دوسرے سے مختلف ہونا بھی اسی اختلافِ لغات میں داخل ہے کہ ایک ہی قسم کی زبان اور حلق اور ہونٹوں سے بولنے والے بنی نوع انسان اپنی بولی اور لب و لہجہ کے اعتبار سے بالکل ممتاز ہیں، ہر ایک کی آواز الگ پہچانی جاتی ہے۔ ایک ہی ماں باپ سے پیدا ہونے والے ایک ہی طرح کی آب و گل اور غذا و ہوا میں پرورش پانے والے انسانوں میں زبانوں اور لب و لہجہ کا یہ اختلاف اور امتیاز بلاشبہ قدرتی صنعت کاری کا اعلیٰ شاہکار ہے۔ اور اس میں ہزاروں حکمتیں ہیں۔ فتبارک اللہ احسن الخالقین۔

تاریخ لغت

اصل لغت کی ایجاد کب اور کس طرح ہوئی اس کو تو عالم کا پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے کیوں کہ کلام اور بیان کا سلسلہ آدم علیہ السلام کی پیدائش سے پہلے بھی فرشتوں اور جنات وغیرہ میں جاری تھا۔ کما قال الغزالی (علیہ) البتہ انسانی لغت کی تاریخ قرآن کریم نے خود بیان کر دی ہے کہ ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کو سب سے پہلی چیز جو جنت میں سکھلائی گئی وہ علم لغت تھا۔ قال تعالیٰ وَعَلَّمَ اٰدَمَ الْاَسْمَآءَ کُلَّهَا حضرت عبد اللہ بن عباسؓ اور جمہور مفسرین نے اس کی یہی تفسیر فرمائی ہے کہ آدم علیہ السلام کو عام مخلوقات و موجودات کے نام سکھلائے گئے۔ زمین، پہاڑ، دریا، درخت اور مختلف نباتات اور حیوانات اور ان کے استعمال میں آنے والی اشیاء سب کے نام ان کو تبلائے گئے جو فرشتوں کو معلوم نہ تھے اور یہی علم لغت سب سے پہلا امتحانی مضمون بنا۔ شیخ السنۃ جلال الدین سیوطیؒ نے مزہر میں فرمایا کہ علم لغت کی فضیلت و اہمیت ثابت کرنے کے لئے اس کی یہی اوّلیت کافی ہے۔

حضرت قتادہؒ نے فرمایا کہ جن اشیاء کے جو نام حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو پہلے دن تبلا دیئے تھے ان کے وہی نام متعین ہیں، کسی کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ ان میں تغیر و تبدل کر دے کہ انسان کا نام گھوڑا اور گھوڑے کا نام بیل یا بکری اور درخت کا نام پتھر یا پہاڑ کا نام دریا اور نہر تجویز کر دے (انتہی) اور اس قانونِ قدرت کو حق تعالیٰ نے کچھ ایسا سبری بنا دیا کہ کسی نے کسی زمانہ میں ایسا ادل بدل کیا بھی نہیں۔ آئندہ چل کر جو زبانوں کا اختلاف پیدا ہوا جس کا بیان آگے آتا ہے اس میں شاذ و نادر ہی ایسا ہوا ہے کہ ایک زبان میں جو لفظ کسی خاص چیز کا نام ہے وہ ہی بعینہٖ کسی دوسری چیز کا نام رکھا گیا ہو۔

واضع لغت (یعنی اس کا موجد) کون ہے؟

اس مسئلہ میں علماء کے مختلف اقوال ہیں۔ امام اشعری اور ان کے متبعین اور ابن فورک، ابن فارس وغیرہ کا قول یہ ہے کہ واضع لغت حق تعالیٰ ہے۔ اسی نے ابو البشر آدم علیہ السلام کو تمام لغات سکھلائے اور پھر اس میں جو اضافے ہوتے رہے وہ بھی بذریعہ وحی و الہام ہوئے آیاتِ قرآن علّم آدم الاسماء کلها اور فی السنتکم و الوانکم وغیرہ سے ان حضرات کا استدلال رہا ہے۔ ابن جنی نے کہا کہ میں نے عربی لغت میں غور کیا تو اس کے عجائب و غرائب نے مجھے اس اعتقاد پر مجبور کر دیا کہ کسی انسان کی ایجاد نہیں پھر جب روایاتِ حدیث سے بھی اس کی تصدیق ہو گئی تو مجھے اس میں کوئی شبہ نہ رہا۔

اور ابو ہاشم معتزلی اور ان کے متبعین کا خیال یہ ہے کہ واضع لغت خود انسان ہے کسی خاص ملک اور خطہ کے لوگ باہمی میل ملاپ سے ایک زبان بنا لیتے ہیں وہی ان کا لغت ہوتا ہے۔

بعض حضرات کا خیال یہ ہے کہ تمام لغات کی اصل وہ مختلف آوازیں ہیں جو انسان مختلف جانوروں سے یا نباتات اور جمادات کے باہمی ٹکراؤ سے سنتا ہے انھیں آوازوں کے مناسب الفاظ متعلقہ معانی کے لئے وضع کر لئے گئے۔

ان کے علاوہ اور بھی مختلف اقوال ہیں جن کو نواب صدیق حسن خاں صاحب نے "البلغہ فی اصول اللغۃ" میں جمع کر دیا ہے۔

لیکن جمہور علماء محققین اس پر ہیں کہ ان اقوال میں سے کسی ایک پر یقین نہیں کیا جا سکتا کیونکہ جو دلائل ہر قول کی تائید میں پیش کئے جاتے ہیں ان میں قطعی کوئی بھی نہیں جس کے مقابلہ میں کوئی دوسرا احتمال نہ رہے۔ اس لئے صحیح یہ ہے کہ امکان و احتمال دونوں صورتوں کا ہے۔ امام رازی نے محصول میں جمہور کا یہی قول نقل فرمایا ہے۔ اور تاج الدین ارموی نے حاصل میں اور سراج الدین ارموی نے تحصیل میں اسی کو راجح قرار دیا ہے اور علم اصول اور علم لغات کے محققین اور زبانوں کے ماہرین نے اسی کو اختیار فرمایا ہے۔

اور ظاہر اس کا یہ ہے کہ ابتداءً وضع لغت حق تعالیٰ نے فرمائی جب کہ آدم علیہ السلام کو یہ لغات سکھلائے۔ اس کے بعد اس میں اضافے اور حرف و کمی بیشی اور دوسری قسم کے تغیر و تبدل انسان کی طرف سے ہر زمانہ، ہر ملک، اور ہر خطہ میں انسانوں کے مختلف حالات و استعمالات کے تابع ہوتے رہے جیسا کہ واقعات اور تاریخ شاہد ہے۔

مختلف زبانیں کب اور کس طرح پیدا ہوئیں؟

بعض علماء نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو اول ہی مختلف زبانیں اور لغات سکھلائے تھے۔ عربی، فارسی، سریانی، عبرانی، رومی وغیرہ اور وہ ان سب زبانوں میں کلام کرتے تھے۔ ان کی اولاد میں بھی یہ سب زبانیں رائج رہیں، پھر جب ان کی اولاد میں بھی یہ سب زبانیں رائج رہیں پھر جب ان کی اولاد دنیا کے مختلف گوشوں میں پھیلی تو ہر ایک نے ان زبانوں میں سے ایک زبان کو اپنا لیا وہ ہی ان کی پوری قوم و ملک کی زبان ہوگئی (البلغہ)

اور اس میں بھی کوئی استبعاد نہیں کہ حضرت آدم علیہ السلام کو صرف ایک ہی زبان سکھائی گئی ہو، اور وہ ایک ہی زبان بولتے ہوں۔ پھر اولاد کے مختلف خطوں میں پھیلنے اور نسلیں بڑھنے کے بعد اسی زبان میں مختلف قسم کے ایسے تغیرات پیدا ہوگئے ہوں جن سے ہر ایک زبان ایک الگ لغت بن گئی جیسا کہ موجودہ دنیا کے مختلف خطوں کی زبانوں پر نظر ڈالنے سے اس کا مشاہدہ ہوتا ہے جب دو مختلف زبانوں کے بولنے والے جمع ہو جائیں تو رفتہ رفتہ ان دونوں کے امتزاج سے ایک تیسری زبان پیدا ہو جاتی ہے جیسے اپنے ملک میں فارسی اور ہندی کے امتزاج نے اردو زبان کو جنم دے دیا۔

اور یہ قیاس ان علاقوں میں اور بھی زیادہ محسوس ہوتا ہے جو دو مختلف زبان والوں کی سرحد پر واقع ہیں۔ اور دونوں زبانوں کے کچھ اثرات قبول کرتے ہیں۔

سب سے پہلی زبان کونسی ہے؟

ابو البشر حضرت آدم علیہ السلام کو جو لغت اور زبان سب سے پہلے جنت میں بصورتِ تعلیم اسماء سکھائی گئی، روایات اس پر متفق ہیں کہ وہ عربی زبان تھی۔ اس کے ساتھ دوسری زبانوں کی تعلیم بھی دی گئی تھی یا نہیں اس میں اختلاف ہے۔

حضرت عبد اللہ بن عباسؓ کی ایک روایت میں ہے کہ جنت میں آدم علیہ السلام کی زبان عربی ہی تھی پھر ان سے شجر ممنوعہ کے کھانے میں لغزش ہوئی تو یہ زبان سلب کر لی گئی۔ سریانی زبان بولنے لگے۔ پھر توبہ قبول ہونے کے بعد واپس کر دی گئی اور یہی عربی زبان وہ دنیا میں بولتے تھے۔

غرض انسان کی پیدائش سے پہلے زمین پر جنات شیاطین میں کوئی دوسری زبان ضرور رائج ہوگی لیکن اس میں شبہ نہیں کہ انسان کی سب سے پہلی زبان عربی زبان ہے اور اس کا تمام اہل جنت کی زبان ہونا معتبر حدیث سے ثابت ہے۔ حدیث میں ہے:۔

اجبوا العرب لثلاث فانی عربی والقرآن عربی	عربی زبان سے تین وجوہ کی بناء پر محبت کرنی چاہئے۔ ایک یہ کہ میں (یعنی
ولسان اھل الجنۃ عربی (رواہ حاکم فی المستدرک والبیہقی	رسولِ کریمؐ) عربی ہوں۔ دوسرے قرآن عربی ہے تیسرے اہل جنت
فی الشعب الطبرانی فی الکبیر وضع علیہ فی الجامع الصغیر علامۃ الصحیح)	کی زبان عربی ہے۔

اور ظاہر روایات سے تمام آسمانی فرشتوں کی زبان کا بھی عربی ہونا معلوم ہوتا ہے نیز یہ معلوم ہوتا ہے کہ برزخ (قبر) میں بھی فرشتوں کا سوال و جواب سب عربی میں ہوگا۔

اور شیخ السنۃ جلال الدین سیوطیؒ نے اتقان میں ایک روایت نقل کی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ آسمانی کتابیں اور صحائف جتنے بھی نازل ہوئے ان کی اصل زبان عربی تھی انبیاء علیہم السلام نے اپنی اپنی قوموں کی زبان میں اس کا ترجمہ کر کے ان کو پہنچایا ہے ان میں سے صرف قرآن ایسی کتاب ہے جو اپنی اصلی زبان یعنی عربی میں باقی ہے۔

قرآن کریم نے جہاں اس کا ذکر کیا ہے کہ دنیا کی ہر قوم کے لئے ہدایت اسی کی زبان میں بھیجی گئی ہے وہاں یہ بھی بیان فرمایا ہے کہ ہر قوم کا رسول اور پیغمبر اسی قوم کا ہم زبان بھیجا گیا ہے یہ نہیں فرمایا کہ ہر قوم کی کتاب اس کی زبان میں بھیجی گئی۔ ارشاد ہے:۔ وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا بِلِسَانِ قَوْمِهٖ یعنی ہم نے ہر رسول کو اس کی قوم کی زبان کے ساتھ بھیجا ہے۔

خود قرآنِ کریم کی آیات اس پر شاہد ہیں کہ بعض آیاتِ قرآنی پچھلی کتابوں میں بھی موجود تھیں۔ ارشاد ہے: اِنَّ هٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الْاُوْلٰى صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى یعنی یہ آیت پچھلے صحیفوں میں یعنی ابراہیم اور موسیٰ علیہما السلام کے صحائف میں بھی موجود ہے۔ دوسری جگہ ارشاد ہے اِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ یعنی قرآن کریم پچھلی کتابوں میں بھی موجود ہے۔

ظاہر اس کا یہی ہے کہ یہ آیاتِ قرآن انہیں الفاظ قرآنی کے ساتھ پچھلی کتابوں میں موجود تھیں اور یہ قرینہ اسی کا ہے کہ ان کتابوں کی اصل زبان بھی عربی ہی

تھی. عبرانی وغیرہ زبانوں میں انبیاء علیہم السلام نے ترجمہ کر کے اپنی اپنی قوموں کو پہنچایا۔
اور کعب احبار جو علماء یہود میں سے تھے پھر مسلمان ہو گئے۔ ان کا قول تفسیر بحر محیط میں سورۃ انعام کی آیت ۱۵۱ تا ۱۵۴ کے متعلق یہ نقل کیا ہے کہ یہی آیات ہیں جن سے تورات اس طرح شروع ہوتی ہے "بسم اللہ الرحمن الرحیم قل تعالوا اتل ما حرم ربکم علیکم الا تشرکوا بہ شیئاً۔ الی آخر الآیہ" اس سے بھی بظاہر یہی معلوم ہوتا ہے کہ یہ الفاظ بعینہٖ تورات میں مذکور تھے۔
اور شاید یہی وجہ ہے کہ صرف قرآن نے تمام اقوام عالم کے علماء اور بلغاء و فصحاء کو مخاطب کر کے یہ چیلنج دیا ہے کہ جو شخص اس کے کلام الٰہی ہونے میں شک کرتا ہے وہ اس کی ایک چھوٹی سی سورت کے مقابلے میں کوئی کلام بنا لائے اور سارے عرب کے فصحاء و بلغاء جو اسلام اور قرآن کی مخالفت میں اپنی مال، اولاد، آبرو سب کچھ قربان کرنے کو تیار تھے، اس چیلنج کے جواب سے بالکل عاجز اور قاصر رہے۔ وجہ یہ تھی کہ قرآن کے صرف معانی ہی اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں بلکہ اس کے نظم الفاظ بھی حق تعالیٰ ہی طرف سے ہے جس کا مثل بنانے پر کوئی مخلوق قادر نہیں ہو سکتی ہے اور قرآن کریم کے نسخ و فسخ اور تمام جعلسازیوں سے قیامت تک محفوظ رہنے کا بھی یہی راز ہے۔ اس کے معانی اور الفاظ سب اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہیں جو مخلوق کی ہر دسترس سے بالاتر ہیں پچھلی کتابیں تورات و انجیل اور صحف موسیٰ و ابراہیم علیہما السلام مسخ و تحریف سے محفوظ نہ رہ سکی۔ اس کی بھی یہ وجہ ہو سکتی ہے کہ ان کے معانی اگرچہ حق تعالیٰ کی طرف سے تھے مگر الفاظ انبیاء علیہم السلام کے تھے۔
ان تمام روایات سے اگر یہ نتیجہ نکالا جائے تو کوئی مبالغہ نہیں معلوم ہوتا کہ جس طرح ہر حکومت کی کوئی ایک دفتری زبان اور لغت ہوتی ہے حکومت الٰہیہ کی دفتری زبان عربی ہے کہ سب سے پہلے انسان کو وہی سکھائی گئی اور بالآخر جنت میں پہنچ کر تمام انسانوں کی زبان وہی ہو جائے گی۔ بلکہ اس دنیا سے رخصت ہوتے ہی برزخ کا پہلا امتحان داخلہ اسی زبان میں ہوگا۔ آسمانی حکومت کے تمام کارگذار فرشتوں کی بھی یہی زبان ہے۔ آسمانی کتابیں بھی اسی زبان میں نازل ہوئیں۔ عربی زبان کی فضیلت و شرافت کے لئے اس سے بڑھ کر اور کیا کوئی شہادت ہو سکتی ہے۔

عربی زبان کی خصوصیات اور فضائل

عربی لغت کی سب سے بڑی فضیلت تو یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کا کلام قرآن اسی زبان میں نازل ہوا۔ امام الانبیاء سید الاولین و الآخرین صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان عربی ہے۔ اہل جنت کی بلکہ تمام کارپردازان حکومت الٰہیہ کی زبان عربی اور جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا آسمانی کتابوں اور صحیفوں کی زبان بھی اصل عربی ہے۔ اس کے علاوہ عربی زبان کی فصاحت و بلاغت اور اس کی وسعت و سہولت پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اس زبان کا انتخاب ہی اس لئے فرمایا ہے کہ وہ کل دنیا کی زبانوں کے مقابلہ میں ہر حیثیت سے بہتر اور افضل ہے اس کا مختصر سا نمونہ ذیلی عنوانات میں ملاحظہ فرمائیے۔

عربی زبان کی ابتداء

اُستاد ابو منصور نے فرمایا کہ اس زبان کی اصل ابتداء تو انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے ہی حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کو سکھلا کر فرمادی تھی اور دوسری زبانیں طوفانِ نوح کے بعد ان کی اولاد کے دنیا کے مختلف خطوں میں آباد ہونے کے بعد شروع ہوئیں۔ قرآن کریم کا عربی زبان میں ہونا اس کی سب سے بڑی شہادت ہے کہ عربی زبان سب زبانوں سے مقدم ہے کہ کلام ازلی اس میں نازل ہوا۔ اور حضرت عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے جو یہ منقول ہے کہ عربی زبان سب سے پہلے حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے شروع ہوئی تھی۔ اس کا مطلب تاریخ و روایات کی شہادتوں کی بنا پر یہی ہے کہ قریش کی خاص عربی زبان جس میں قرآن نازل ہوا ہے اس کا چرچہ اور دنیا میں رواج حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے شروع ہوا ورنہ اصل عربی زبان تو اول ہی حضرت آدم علیہ السلام کو سکھائی گئی تھی جس کو لے کر وہ دنیا میں تشریف لائے اور پھر اُن کی اولاد میں باقی رہی۔
"البلغہ فی اصول اللغۃ" میں نواب صدیق حسن خاں صاحب نے عبد الملک بن حبیب سے نقل کیا ہے کہ سب سے پہلی زبان جس کو لے کر آدم علیہ السلام زمین پر تشریف لائے وہ عربی زبان تھی زمانہ دراز گزرنے پر اس میں تغیر و تبدل پیدا ہو کر سریانی زبان پیدا ہو گئی۔ اور یہ زبان ارض سودنہ یعنی جزیرہ کی طرف منسوب

ہے جو طوفانِ نوح سے پہلے حضرت نوح علیہ السلام کا مسکن تھا۔ کہا جاتا ہے کہ سریانی زبان عربی زبان سے بہت ملتی جلتی زبان تھی اور بوقت طوفان حضرت نوح علیہ السلام کے ساتھ ان کی کشتی میں جتنے آدمی سوار تھے اُن سب کی یہی زبان تھی۔ صرف ایک آدمی جس کو جرہم کہا جاتا تھا اس کی زبان ان سے مختلف یعنی خالص عربی زبان تھی۔

کشتی نوح علیہ السلام سے اترنے کے بعد نوح علیہ السلام کے پوتے ارم نے جرہم کی لڑکی سے شادی کر لی۔ اس لڑکی کی زبان خالص عربی تھی، یہاں سے اُن کی نسل میں پھر خالص عربی زبان کا رواج ہو گیا۔ ان کی اولاد میں عوص اور جاثر پیدا ہوئے۔ عوص کی اولاد میں عاد اور عبیل ہوئے اور جاثر کی اولاد میں قبیلہ ثمود اور جدیس اور بھی قبائل عرب کے قدیم قبائل تھے جن کی زبان عربی تھی (البلغہ)

اس سے معلوم ہوا کہ قبیلہ جرہم جس میں حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو پھر بذریعہ الہام عربیہ خالصہ سکھلادی۔ اور ان کی نسل میں عربیہ خالصہ کا رواج ہوا جو قریش کی زبان تھی اور جس میں قرآن کریم نازل ہوا۔

حضرت جابرؓ کی ایک روایت اس کی شاہد ہے۔ انھوں نے کہا کہ ایک مرتبہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آیت قُرْاٰنًا عَرَبِیًّا کی تلاوت فرما کر ارشاد فرمایا کہ یہ عربیہ خالصہ جس میں قرآن نازل ہوا ہے اللہ تعالیٰ نے بذریعہ الہام حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کو سکھلادی تھی۔ اس روایت کو حاکم نے مستدرک میں نقل کر کے فرمایا ہے کہ یہ حدیث صحیح ہے، نیز بیہقی نے شعب الایمان میں بھی یہ روایت نقل کی ہے۔

ابن دحیہ کہتے ہیں کہ قبائلِ عرب مختلف اقسام ہیں، ایک عرب عاربہ دوسرے عرب متعربہ تیسرے مستعربہ۔ عرب عاربہ خالص عرب ہیں جس کے نو قبائل ہیں جو ارم بن سام بن نوح علیہ السلام کی نسل سے ہیں۔ وہ نو قبائل یہ ہیں: عاد، ثمود، اُمیم، عبیل، طسم، جدیس، عملیق، جرہم، وبار اور عرب متعربہ اور عرب مستعربہ دونوں وہ لوگ ہیں جو خالص عرب نہیں۔ دوسری قوموں کے امتزاج سے پیدا ہوئے۔ عرب متعربہ قحطان کی اولاد ہیں جن کی اصل زبان سریانی تھی الیمن یمن ان کا وطن ہو گیا تھا۔ وہاں بنو اسمٰعیل سے انھوں نے عربی زبان سیکھی اور وہی رواج پا گئی۔

اور عرب مستعربہ، عرب حجاز ہیں جو حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اولاد ہیں جن کو بنی معد بن عدنان بن اُدد کہا جاتا ہے چونکہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام اصل عربی نہ تھے اور نہ ان کی آبائی زبان عربی تھی اس لئے ان کی اولاد کو عرب مستعربہ کہا جاتا ہے۔

ابن لسان نے فرمایا کہ سب سے پہلا وہ آدمی جس نے اپنی آبائی زبان کو بھلا کر عربی زبان بولی وہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام ہیں۔

ابن درید نے جمہرۃ اللغۃ میں بھی یہی تفصیل اقسامِ عرب کی نقل فرمائی ہے اور حافظ ابن کثیر نے اپنی تاریخ میں لکھا ہے کہ بعض لوگ یہ کہتے ہیں کہ تمام عرب حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی طرف منسوب ہیں۔ مگر صحیح اور مشہور یہ ہے کہ عرب عاربہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے پہلے ہیں جن کے قبائل عاد، ثمود، طسم، جدیس، اُمیم، جرہم، عملیق وغیرہ ہیں جو حضرت خلیل اللہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام سے پہلے تھے اور ان کے زمانے میں بھی موجود تھے۔ البتہ عرب حجاز جن کو عرب مستعربہ کہا جاتا ہے، یہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی ذریت سے ہیں۔

اسی طرح عرب یمن اور حمیر بھی اولادِ اسمٰعیل علیہ السلام سے نہیں بلکہ مشہور یہ ہے کہ وہ قحطان کی نسل سے ہیں۔

رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک حدیث شیرازی نے القاب میں نقل کی ہے جس کا مضمون یہ ہے کہ سب سے پہلے عربیہ خالصہ پر حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی زبان کھلی، جب کہ ان کی عمر چودہ سال کی تھی۔

ابن عساکر نے اپنی تاریخ میں اور ابو احمد غطریف نے اپنے جزء میں روایت کیا ہے کہ حضرت فاروق اعظمؓ نے ایک مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ یہ کیا بات ہے کہ آپ ہم سے زیادہ فصیح ہیں، حالانکہ آپ کی بود و باش ہمیشہ ہمارے ہی اندر رہی۔ کہیں باہر جا کر کوئی تعلیم حاصل نہیں کی۔ آپ نے فرمایا کہ حضرت اسمٰعیل علیہ السلام کی اصل زبان مندرس ہو گئی تھی۔ جبرئیل علیہ السلام نے آکر وہ اصل زبان مجھے یاد کرادی ہے۔ میں نے یاد کر لیا (البلغہ)

اور دیلمی نے مسند الفردوس میں بروایت ابو رافع نقل کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ:

"جس طرح حق تعالیٰ نے آدم علیہ السلام کو تمام اسماء کی تعلیم دی تھی مجھے بھی تمام اسماء کی تعلیم دی ہے۔"

عربی زبان کی وسعت

حضرت امام شافعیؒ جو قرآن و سنت کے بے مثل عالم و فقیہ اور تقریباً آدھی دنیا کے امام و متبوع ہونے کے ساتھ ادب و لغت کے ماہر امام ہیں وہ فرماتے ہیں کہ عربی زبان تمام زبانوں میں وسیع تر زبان ہے۔ اور جہاں تک ہمیں معلوم ہے اس زبان کے پورے لغات کا احاطہ سوائے نبی کے کوئی نہیں کر سکتا۔

ابن دُرَید نے جمہرہ میں اور خلیل نے کتاب العین میں جو کچھ اپنی معلومات اور یادداشت سے لکھا ہے اس کا حاصل یہ ہے کہ عربی زبان کے کلمات پانچ کروڑ چھ لاکھ اُنسٹھ ہزار چار سو ہیں جن میں پانچ کروڑ چھ لاکھ بیس ہزار مستعمل اور باقی مہمل و متروک ہیں۔

پھر ان میں دو حرفی کلمات کی تعداد سات سو پچاس اور تین حرفی کلمات کی اُنیس ہزار چھ سو پچاس ہے اور چار حرفی کلمات تین لاکھ تین ہزار چار سو ہیں اور پانچ حرفی کلمات چھ کروڑ تین لاکھ پچھتر ہزار چھ سو ہیں یہ سب تفصیل علامہ زبیدی نے مختصر کتاب الخلیل میں اور شیخ جلال الدین سیوطی نے مزہر میں مزید تشریحات کے ساتھ نقل کی ہیں۔

عربی لغت کی بے مثال وسعت کا کچھ اندازہ اس سے ہو سکتا ہے کہ اس میں ایک چیز کے بہت سے نام اور بہت سی لغات پائی جاتی ہیں۔ ایک ہی مفہوم کو سینکڑوں عنوانات اور الفاظ سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ علماء لغت نے ایسے لغات کو مستقل کتابوں میں بھی جمع کر دیا ہے۔ تیر، تلوار، نیزہ، شیر، اونٹ، بکری، سانپ، صبح و شام، آفات و مصائب جن کا ذکر عام طور پر کلام میں بار بار آتا ہے ان کے لئے ایک ایک لفظ کے اتنے لغت ہیں کہ آدمی حیران ہو جاتا ہے۔

ابن خالویہ کہتے ہیں کہ میں نے عربی لغت سے شیر کے پانسو نام جمع کئے ہیں اور سانپ کے دو سو اور حمزہ اصبہانی نے مصائب و آفات کے چار سو نام لغت عرب سے جمع کر کے فرمایا ان تکاثر اسماء الدواھی من الدواھی یعنی مصائب کے نام بہت ہونا بھی مصائب ہی ہیں۔

عربی زبان میں اول تو لغات کی اتنی بڑی کثرت جس کا نمونہ آپ دیکھ چکے ہیں۔ پھر اعراب اور اشتقاق کے بدلنے سے ایک ایک لفظ میں دس دس معنی پیدا ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ مجازات، استعارات، تمثیل و تشبیہ اور کنایات کے ان خاص طریقوں نے جن کو عرب نے اختیار کیا ہے اس زبان کو اور بھی زیادہ وسیع اور سہل اور شیریں بنا دیا ہے۔

کلام میں ایجاز و اطناب یعنی طول و اختصار بھی عرب کے کلام میں ایک حیرت انگیز صنعت ہے کہ اگر اختصار کرنا چاہیں تو بڑے سے بڑے کلام کو صرف ایک یا دو حرف سے ادا کر دیں اور طول دینا چاہیں تو چھوٹی سے چھوٹی بات کو ایک خطبہ اور مقالہ بنا دیں۔

الفاظ و کلمات کے بجائے ضمیروں سے کام لینا بھی عربی کی خصوصیات میں سے ہے جس میں اختصار کے علاوہ اور بہت سے فوائد ہیں اسی قسم کی خصوصیات ہیں جن کی وجہ سے قرآن کریم نے عربی زبان کی صفت میں بلسان عربی مبین فرما کر صفت بیان میں اس زبان کا دوسری زبانوں سے بہتر اور افضل ہونا متعین فرما دیا ہے۔

اور اگر غور کیا جائے تو بیان ہی وہ صفت ہے جس پر کسی زبان کی خوبی و خرابی کو پرکھا جا سکتا ہے کیونکہ لغت و زبان کا مقصد ہی اپنے دل کی بات کا اظہار و بیان ہے تو جو لغت اس اظہار و بیان کے اعتبار سے اکمل ہوگا وہی سب لغات میں بہتر و افضل قرار پائے گا۔ عربی زبان کی انہیں بے مثال خصوصیات کی بناء پر بعض حضرات نے فرمایا کہ حق بات یہ ہے کہ قرآن کا ایسا ترجمہ جو قرآن کے پورے پورے مفہوم کو ادا کر دے کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں۔ جیسے تورات و انجیل وغیرہ آسمانی کتابوں کے ترجمے سریانی اور عبرانی زبانوں سے دوسری زبانوں میں کئے گئے ہیں اور ان کو ان زبانوں کی تورات و انجیل سمجھا گیا ہے۔ قرآن میں اس کا امکان نہیں۔ قرآن کریم کے جتنے ترجمے فارسی، اردو، انگریزی وغیرہ میں کئے گئے وہ محض اہل عجم کی ضرورت کے پیش نظر قرآنی مضامین سے ادنیٰ سی مناسبت پیدا کرنے کے لئے ہیں۔ قرآن کے پورے مضمرات سے آگاہی اور اس کے حقائق و معارف کا علم ان ترجموں سے قطعاً ناممکن ہے۔

اسی وجہ سے علماء اسلام کا اس پر اتفاق ہے کہ قرآن کریم کا صرف ترجمہ متن قرآن سے علٰحدہ شائع نہ کیا جائے، کیونکہ لوگ اس کو اردو یا انگریزی کا قرآن کہیں گے۔ حالانکہ اس کو قرآن کہنا کسی حیثیت سے صحیح نہیں۔ اول تو اس لئے کہ الفاظ قرآن حقیقت قرآن کے جزء ہیں۔ قرآن نام ہے الفاظ اور معانی کے مجموعے کا۔ دوسرے اس لئے معانی قرآن بھی کسی دوسری زبان میں پورے پورے منتقل نہیں کئے جا سکتے۔ اس لئے معنی کی حیثیت سے بھی قرآن کے اردو یا فارسی یا انگریزی ترجمہ کو قرآن کہنا صحیح نہیں۔ اسی لئے سلف صالحین نے جب بضرورتِ عوام قرآن کے ترجمے مقامی زبانوں میں لکھے تو اس کا التزام کیا کہ ترجمہ متنِ قرآن سے علٰحدہ نہ ہو۔

عربی زبان کی خصوصیات میں سے یہ بات بھی خاص اہمیت رکھتی ہے کہ تکلم اور تلفظ کی آسانی کا بڑا لحاظ رکھا گیا ہے اس کو چند مثالوں سے سمجھئے:
جس کلمہ میں دو حرفوں کے اجتماع سے تکلم میں صعوبت یا سختی پیدا ہو سکتی ہے وہاں عرب نے اس کا التزام کیا ہے کہ کہیں ایک حرف کو اس کے مناسب حرف سے بدل دیا، کہیں حرف ساکن پر کوئی مناسب حرکت دے دی، کہیں کسی حرف کو حذف کر دیا۔ مثلاً لفظ قَوْل کی ماضی قَوَلَ ہوتی ہے سہولت کے لئے واؤ کو الف سے بدل کر قَالَ کر دیا۔ اس کا مضارع یَقْوُلُ ہوتا ہے جو زبان پر ثقیل ہے۔ یہاں واؤ کی حرکت قاف پر ڈال کر یَقُوْلُ کر دیا۔ وَعْدَہ کا اسم ظرف مِوْعَاد ہوتا ہے واؤ کو یا سے بدل کر مِیْعَاد کر دیا۔

عام عجمی زبانوں میں دو دو تین تین بلکہ اس سے بھی زیادہ ساکن حرف جمع ہوتے ہیں جس کا ادا کرنا زبان پر نہایت مشکل گزرتا ہے اور اسی لئے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ اس کے آخری حرف زبان سے ادا بھی نہیں ہوتے۔ عربی زبان میں اس کی خاص رعایت رکھی گئی ہے کہ جہاں دو حرف ساکن کے اجتماع سے ثقل پیدا ہوتا ہے وہاں کچھ نہ کچھ قلب و ابدال کا عمل کر کے آسان کر دیا گیا ہے۔

عربی زبان کی تدوین و تصنیف

یہ بات بھی شاید عربی زبان ہی کی خصوصیات میں سے ہے کہ اس کے حرف حرف اور کلمہ کلمہ کو بحث و تنقید کی اتنی چھلنیوں میں چھانا گیا ہے کہ اس کی نظیر دوسری زبانوں میں ملنا مشکل ہے۔ لغت کی کتابیں شمار کی جائیں تو ہزاروں کی تعداد ہو جاتی ہے چھوٹی سے چھوٹی اور بڑی سے بڑی بیس تیس جلدوں کی کتابیں مختلف ترتیب اور مختلف انداز سے لکھی گئی۔ خاص خاص الفاظ پر مستقل کتابیں تصنیف کی گئی ہیں۔

اس فن کی سب سے پہلی تصنیف خلیل بن احمد نحوی کی ہے جو کتاب العین کے نام سے مشہور ہے۔ اس کے بعد ابن درید نے جمہرۃ اللغۃ تصنیف کی اصمعی نے لغت کی ایک خاص قسم اجناس پر کتاب لکھی۔ ابوزید انصاری نے نوادر پر اور ابوعبیدہ نے کتاب النوادر واللغات تصنیف کی۔ ابوعبیدہ قاسم بن سلام نے غریب اللغۃ پر کتاب تصنیف فرمائی۔ ابو علی فارسی نے تذکرہ اور ازہری نے تہذیب ابن فارس نے مجمل فارابی نے دیوان الادب صاحب ابن عباد نے محیط، قزاز نے جامع پھر مختلف طبقات اور مختلف اوقات میں اس موضوع پر بے شمار کتابیں لکھی گئیں۔ صاحب بن عباد کا یہ واقعہ منقول ہے کہ ان کو کسی بادشاہ نے اپنے یہاں طلب کیا تو انہوں نے یہ جواب دیا کہ میں یہاں سے کہیں منتقل ہوں تو مجھے ساٹھ اونٹ فن لغت کی کتابیں منتقل کرنے کے لئے چاہئیں۔ یہ ہر شخص جانتا ہے کہ اونٹ کتنا عظیم الشان وزن اٹھا لیتا ہے۔ اس سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ ایک صاحب بن عباد کے پاس کتنی کتابیں لغت کی موجود ہوں گی۔

مگر فتنۂ تاتار میں جب بغداد کے اسلامی کتب خانے دریائے دجلہ میں ڈال کر اور کہیں جلا کر تباہ کئے گئے۔ ان میں سے اکثر کتابیں ضائع ہو گئیں۔ اس مقدمہ کے آخر میں کتب لغات کی ایک مختصر فہرست بطور نمونہ کے شامل کر دی گئی ہے وہ دیکھ لی جائے۔ متاخرین جن کی کتابیں لغت عرب میں متداول اور مشہور ہوئیں وہ جوہری کی صحاح اور ابن سیدہ اندلسی کی کتاب المحکم والمحیط اور شیخ مجدالدین فیروزآبادی کی قاموس ہے اور اس آخری دور میں عام طور سے قاموس کو زیادہ شہرت و قبول حاصل ہوا۔ بہت سے علماء نے اسے درساً پڑھا اور پڑھایا ہے۔ سید مرتضیٰ زبیدی ہندی نے اس پر ایک نہایت عمدہ مبسوط شرح تاج العروس دس ضخیم جلدوں میں لکھی۔

عرب کے فصحاء و بلغاء

فصاحت و بلاغت اور شعر و سخن تمام دنیا کی زبانوں میں ایک فن کی حیثیت رکھتا ہے جو سیکھنے سکھانے سے کافی محنت اور مشق کے بعد حاصل ہوتا ہے۔ لیکن عرب کے لئے یہ ایک فطری ذوق کی حیثیت رکھتا ہے جیسے بطخ کے بچے تیرنا سکھائے بغیر تیرتے ہیں۔ عرب کے بچے، بڑے، مرد، عورت، سب شعر و سخن کی عمدہ قابلیت کے مالک ہوتے ہیں لیکن اس کے بعد پھر بھی درجات اور مراتب کا عظیم تفاوت ہوتا ہے۔ جاہلیت کے عرب شعراء اور فصحاء میں امرء القیس کو ملک الشعراء کہا جاتا ہے اور بھی بہت سے نام معروف و مشہور ہیں۔ یہاں ان کی تاریخ لکھنا نہیں۔ اسلامی دور میں اس پر اتفاق ہے کہ رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم فصاحت و بلاغت میں سب سے اعلیٰ مقام رکھتے ہیں اور کیوں نہ ہو کہ اللہ تعالیٰ کا کلام آپ کی زبانِ مبارک پر جاری ہوا اور اللہ تعالیٰ نے آپ کو مقامِ رسالت و تبلیغ پر فائز فرمایا اور آپ کے مخاطب اول عرب کے فصحاء و بلغاء تھے تو ضروری تھا کہ آپ کو فصاحت و بلاغت کا وہ معیار عطا فرمایا جائے جس کے سامنے سب کو جھکنا پڑے۔ خود رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے انا افصح العرب یعنی میں تمام عرب میں سب سے زیادہ فصیح ہوں۔

صحیح مسلم کی روایت میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام انبیاء علیہم السلام کے درمیان اپنی چند خصوصیات کا ذکر فرمایا ہے ان میں سے ایک یہی ہے کہ آپ کو جوامع الکلم عطا فرمائے گئے کہ مختصر لفظوں میں بڑے بڑے مضامین کے دریا بھر دیتے تھے۔

اسمٰعیل بن ابی عبید کہتے ہیں کہ عرب کی تاریخ اور ان کے کلام و اشعار، لغات کے ماہرین کا اس پر اتفاق ہے کہ قریش تمام عرب میں سب سے زیادہ فصیح و بلیغ ہیں۔ ان کا لغت سارے لغاتِ عرب پر فائق ہے۔ وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان کو تمام عرب میں انتخاب فرمایا ہے۔ پھر ان میں محمد مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کو منتخب فرمایا۔ قریش کو اپنے حرم محترم کا خادم اور نگہبان بنا کر تمام عرب کو ان کا خادم اور شاگرد بنا دیا۔ تمام عرب کے قافلے حج کے لئے مکہ آتے تو اپنے اپنے اختلافات کا فیصلہ بھی قریش سرداروں کے سامنے پیش کرتے اور ان کے حکم پر سب راضی ہو جاتے تھے۔

قریش کے سوا دوسرے قبائل کی زبانوں میں خاص خاص قسم کی کمزوریاں مشہور تھیں جن پر مقابلہ کے وقت ایک دوسرے کو عار دلائی جاتی تھی لیکن قریش کی زبان ان سب کمزوریوں سے پاک تھی۔ اسی لئے قرآن کو کتابی صورت میں جمع کرنے کے وقت حضرت فاروقِ اعظمؓ نے فرمایا کہ قرآن کے لکھنے کا کام صرف قریش اور بنو ثقیف کے نوجوان انجام دیں۔ پھر عثمان غنی رض نے جب ممالک اسلامیہ کے لئے قرآن مجید کے متعدد نسخے لکھوائے تو حکم دیا کہ املاء کرانے والا آدمی قبیلہ ہذیل کا اور لکھنے والا بنو ثقیف کا ہونا چاہیے کیوں کہ ہذیل کا تلفظ اور ثقیف کا خط سب سے زیادہ قابل اعتماد تھا۔

ابو نصر فارابی کہتے ہیں کہ قریش اس خاص صلاحیت میں سب سے ممتاز تھے کہ تمام قبائل عرب کے لغات میں جو سب سے زیادہ فصیح اور سہل سننے میں بہتر بیان معنی میں واضح لفظ ہوتا اس کا انتخاب کر لیتے تھے اور وہی ان کی زبان کا لغت سمجھا جاتا تھا اور وہ لوگ جن سے عربی لغت لیا گیا اور ان کے کلام کو عربی زبان کے لئے صحیح و غلط کا معیار سمجھا گیا وہ یہ چند قبائل ہیں۔ قیس، تمیم، اسد پھر ہذیل اور بعض کنانہ اور بعض قبیلہ طے کے ان کے سوا دوسرے قبائل جو سرحدی علاقوں پر رہتے تھے اور ان کی زبانیں دوسری زبانوں سے متاثر تھیں جیسے بحرین کے رہنے والوں کی زبان فارسی زبان سے متاثر تھی اور یمن و عدن کے باشندے کہ ان کی زبان حبشی زبان کے کچھ اثرات لئے ہوئے تھی۔ ان کی لغات سے لغتِ عرب میں کوئی چیز نہیں لی گئی یہی وجہ ہے کہ قبائل لخم و جذام کی لغت اس لئے نہیں لی گئی کہ وہ مصر اور قبط سے ملتے جلتے تھے اسی طرح قضاعہ اور غسان کی زبان پر اس لئے اعتماد نہیں کیا گیا کہ وہ اہل شام سے ملے ہوئے تھے اور ان میں اکثر انصاری تھے جو عبرانی زبان لکھتے پڑھتے تھے۔ اور تغلب اور یمن والوں کی زبان اس لئے متروک قرار دی گئی کہ وہ جزیرہ میں یونان کے پڑوسی تھے اور بنی بکر کی لغت فارسی اور ہندی کے قریب ہونے کے سبب، اور اہل یمن کی زبان ہندوستان اور حبشہ کے اتصال کے سبب قابلِ اعتماد نہیں مانی گئی۔

اسی طرح شہر کے باشندوں کی زبان اور لغت کا بھی اس لئے اعتبار نہیں کیا گیا کہ شہروں میں اطراف و اکناف سے مختلف زبانوں کے لوگوں کی آمد و رفت کے باعث شہریوں کی زبان بگڑی ہو جاتی ہے خالص نہیں رہتی۔ عرب کے تمام شہروں میں سے صرف بصرہ اور کوفہ ایسے دو شہر ہیں جن میں زبان کی بڑی خدمت کی گئی اور دوسری زبانوں کے اختلاط سے بچایا گیا۔ اسی لئے ان دونوں شہروں کے لغت کا اعتبار کیا گیا اور ان دونوں میں عربی لغت کے بڑے بڑے

ہرین پیدا ہوئے (البلغۃ مختصراً)

عربی زبان میں دوسری زبانوں کے الفاظ

مذکورالصدر بیان سے یہ بات واضح ہوگئی کہ عربی لغت کے ماہرین نے اس زبان کی لغت جمع کرنے میں اس کی بڑی احتیاط کی ہے کہ دوسری زبانوں سے اس کا اختلاط نہ ہوجائے۔ اسی لئے علماء لغت میں سے ایک جماعت اس کی قائل ہوگئی کہ عربی زبان میں کسی دوسری زبان کا کوئی لفظ نہیں لیا گیا اور جو مثالیں ایسی ہیں کہ ان میں بظاہر دوسری زبانوں کے الفاظ عربی میں لئے ہوئے معلوم ہوتے ہیں اُن کی یہ توجیہ بیان کرتے ہیں کہ یہ محض توارد اور توافق ہے کہ ایک معنی کے لئے ایک لفظ عربی زبان میں لیا گیا ہے وہ ہی لفظ کسی دوسری زبان میں آگیا۔

لیکن اکثر علماء اہلِ تحقیق اس پر ہیں کہ اس کا انکار نہیں کیا جاسکتا کہ کچھ الفاظ عربی زبان میں ضرور دوسری زبانوں سے لئے گئے ہیں جن کو معرب اور دخیل کہتے ہیں اور دلیل یہ ہے کہ کسی کلمہ کے غیر منصرف ہونے کے لئے علماء عربیت نے ایک علتِ عجمہ کو قرار دیا ہے جس کے معنی یہی ہیں کہ یہ لفظ کسی عجمی زبان سے منتقل کر کے عربی میں لایا گیا ہے اور قرآن مجید میں بھی ایسے غیر منصرف الفاظ بکثرت موجود ہیں خصوصاً: شیاء اور افراد کے نام جیسے ابراہیم اسمٰعیل وغیرہ۔

اور ابوعبیدہ نے اس معاملہ میں ایک معتدل فیصلہ یہ کیا ہے کہ یہ بات تو قابلِ انکار ہے کہ بہت سے الفاظ عربی لغت میں رومی، فارسی، عبرانی، وغیرہ زبانوں کے لئے گئے ہیں، لیکن یہ الفاظ عربی زبان میں ایسے معروف و مشہور ہوگئے کہ خود عربی زبان کے الفاظ سمجھے جانے لگے۔ اس لئے کسی کا یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ عربی زبان میں کوئی غیر عربی لفظ نہیں لیا گیا کیونکہ جو لئے گئے وہ خود عربی بن گئے یا بنا لئے گئے اور دوسروں کا یہ کہنا بھی صحیح ہے کہ غیر زبانوں کے الفاظ عربی زبان میں آگئے ہیں۔ مراد یہ ہے کہ اصل میں وہ الفاظ غیر عربی تھے اگرچہ بعد میں وہ بھی عربی بن گئے اور جب وہ الفاظ عربی زبان کی حیثیت میں آگئے تو قرآن بھی انھیں الفاظ میں نازل ہوا خلیل بن احمد کی کتاب العین اور ابن درید کی جمہرہ میں ایسے الفاظ کو معرب یا دخیل کہا گیا ہے مثلاً: طٰہ، الیم، طور، ربانیون کے متعلق کہا جاتا ہے کہ یہ سریانی زبان کے الفاظ ہیں ابیرالا، قسطاس، فردوس رومی زبان کے اور مشکوٰۃ، کفلین حبشی زبان کے اور ہیت لک حورانی زبان کے الفاظ ہیں اور ابراہیم، اسمٰعیل، یعقوب وغیرہ عبرانی زبان کے الفاظ ہیں اور طوبیٰ ہندی زبان کا لفظ ہے اور یہی تحقیق معتدل اور راجح ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ عربی لغت میں دوسری زبانوں کے الفاظ اس طرح تو شامل نہیں ہوئے جیسے دوسری زبانوں میں مختلف زبانوں کے الفاظ عادۃً شامل ہوا کرتے ہیں لیکن اس کا بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ گنے چنے چند الفاظ ایسے ضرور ہیں جو دوسری زبانوں سے لئے گئے ہیں ان میں صرف وہی الفاظ عربی لغت کے جزو سمجھے گئے ہیں جو قدیم عربی زبان میں نزولِ قرآن کے وقت معروف ہوچکے تھے۔ بعد میں مختلف زبانوں کے اختلاط سے جو الفاظ عربوں میں رواج پاگئے ان کو ماہرین لغت نے عربی لغت کا جزو بنانا باتفاق جائز نہیں سمجھا۔ ایسے الفاظ ان حضرات کی اصطلاح میں مصنوع یا مولد کہلاتے ہیں جو اہلِ لغت کے نزدیک عربی لغت کا جزو نہیں سمجھے جاتے جن کا بیان عنقریب آئے گا۔

عربی لغات و معاجم کی مختصر فہرست بترتیب حروف تہجی

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات	نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
ابدال فی اللغۃ	ابی طیب عبدالواحد بن علی اللغوی	سنہ ۳۵۱ھ	ارشاد فی اللغۃ	محمد بن عبد ربہ قرطبی	
ابنیۃ الاسماء والافعال	شیخ ابی القاسم علی جعفر بن القطاع السعدی		اریب فی تفسیر الغریب	امام ابی الفرج عبدالرحمن بن علی الجوزی	
تحفۃ الادیب بما فی القرآن من الغریب	شیخ ابی حیان محمد بن یوسف اندلسی	سنہ ۵۴۳ھ			
الاتساق فی تعداد وجہ الاشتقاق	شیخ تقی الدین علی بن عبدالکافی السبکی		الازہر الواضح	مصطفی بن عثمان الرحی	
اختری	مصطفی ابن شمس الدین قرۃ الحصاری الشہیر باختری	سنہ ۵۶ھ	استدراک الغلط	ابی بکر الزبیدی	
			اسماء الاسد	ابن خالویہ وابو سہل وغیرہ	سنہ ۳۳ھ

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
اسماء الحزر والعصیر	محمد بن الحسن بن رمضان النحوی	
اسماء الخیل	ابی عبیدہ معمر بن المثنیٰ البصری	سنہ ٢٠٧ھ
اسماء الذئب	رضی الدین حسن بن محمد الصنعانی	سنہ ٥٠ھ
اسماء السیف	شیخ ابی سہل محمد بن علی الہروی	سنہ ٤٣٣ھ
اسماء النکاح	مجد الدین ابی طاہر محمد بن یعقوب فیروز آبادی	سنہ ٩١٧ھ
اسماء فی الاسماء	سعید بن احمد بن محمد المیرانی	سنہ ٥٣٩ھ
اشارة فی غریب القرآن	ابو بکر محمد بن الحسن	سنہ ٣٥١ھ
اصول اللغة	شیخ عبد الواحد بن علی بن برہان اللغوی	سنہ ٤٦٣ھ
اعانة الانسان علی احکام اللسان	قاضی عز الدین محمد بن ابی بکر	سنہ ٨١٩ھ
الافصاح فی اسماء النکاح	جلال الدین سیوطی رح	
امثلة غریب اللغة	علی بن حسن النہائی المعروف بکراع النمل	
انموذج فی اللغة	ابو علی الحسن بن رشیق القیروانی	سنہ ٤٥٦ھ
انواء الغیث فی اسماء اللیث	مجد الدین محمد بن یعقوب الفیروز آبادی	سنہ ٨١٧ھ
البارع فی اللغة	شیخ ابو طالب مفضل بن سلمة بن عاصم اللغوی	
البرہان القاطع فی لغة الفرس	محمد حسین التبریزی الحیدر آبادی	
البغیة فی اللغة	ابو جعفر احمد بن یوسف الفہری اللبلی	
البلغة فی تراجم ائمة النحو واللغة	ابو طاہر محمد بن یعقوب الفیروز آبادی	سنہ ٤١٧ھ
البلغة فی اللغة	ابو یوسف یعقوب بن احمد الادیب النیسابوری	سنہ ٤٧٤ھ
تاج العروس من جواہر القاموس	سید ابو الفیض محمد مرتضیٰ الحسینی الواسطی المصری ہندی	سنہ ١٢٠٥ھ
تاج المصادر فی اللغة	ابو جعفر احمد بن علی المعروف بجعفرک المقری البیہقی	سنہ ٥٤٤ھ
تاج اللغات	محمد اسمٰعیل الکندی	
تحفة الادیب فیما فی القرآن من الغریب	شیخ ابو حیان محمد بن یوسف الاندلسی النحوی	سنہ ٦٤٥ھ
التحفة السنیة الی الحضرة الحسینیة فی لغة الفرس بالترکیہ	محمد بن مصطفیٰ بن لطف اللہ الاشیشی	

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
ترجمان المترجم بمنتہی الارب	فاضل شہاب الدین احمد بن محمد بن عرب شاہ	سنہ ٨٥٤ھ
تقریب المرام فی غریب القاسم بن سلام	شیخ امام محب الدین احمد بن عبد اللہ الطبری	سنہ ٦٠٤ھ
تلخیص فی اللغة	ابو ہلال حسن بن عبد اللہ العسکری	سنہ ٣٩٥ھ
تلقیح العین فی اللغة	ابو غالب تمام بن غالب بن عمر القرطبی اللغوی	سنہ ٤٣٦ھ
تنبیہ البارعین علی المنحوت من کلام العرب	ظہیر ابو علی حسن بن خطیر النعمانی	سنہ ٥٩٨ھ
تنبیہ البصائر فی اسماء ام الکبائر	ابو الخطاب العلامہ عمر بن حسین بن علی بن دحیة الکوفی	سنہ ٦٣٣ھ
الافصاح عما وقع فی کتاب الصحاح	عبد اللہ بن بری العباسی	سنہ ٥٨٢ھ
تہذیب الاسماء واللغات	امام محی الدین یحییٰ بن اشرف النووی	سنہ ٦٧٨ھ
تہذیب التہذیب	ابو الفتاح محمود بن ابی بکر بن حامد التنوخی	سنہ ٤٢٣ھ
تہذیب اللغة	ابو منصور محمد بن احمد بن طلحة بن مرزج الازہری	سنہ ٣٧٠ھ
جامع اللغة	سید محمد بن السید حسن بن السید علی صاحب الراموز	
الجمع بین صحاح الجوہری و غریب المصنف فی اللغة	ابو اسحٰق ابراہیم بن قاسم البطلیوسی	سنہ ٦٤٦ھ
الجمع بین العباب و المحکم واللغة	تاج الدین ابو محمد احمد بن عبد القادر المعروف بابن مکتوم	سنہ ٧٤٩ھ
الجمہرة فی اللغة	ابو بکر محمد بن الحسن بن درید اللغوی البصری	سنہ ٣٢١ھ
الجوہرة مختصر کتاب العین	صاحب بن عباد	سنہ ٣٨٥ھ
جواہر اللغة	ابو القاسم محمود بن عمر الزمخشری	سنہ ٥٢٧ھ
حدائق الادب فی اللغة	عبید اللہ بن محمد المعروف بابن شاہ مردان	
حسن السیر فیما فی الفرس من اسماء الطیر	جلال الدین سیوطی رح	
خلق الانسان	ابن قتیبہ عبد اللہ بن مسلم النحوی	سنہ ٢٧٦ھ
خلق الانسان	ابو الحسین احمد بن فارس اللغوی	سنہ ٣٩٥ھ
خلق الانسان	ابو سعید عبد الملک بن قریب الاصمعی	
الدرة المضیئة فی اللغة الترکیة	زین الدین عبد الرحمٰن بن ابی بکر العینی	سنہ ٨٩٣ھ

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
دستور اللغۃ	بدیع الزمان حسین بن ابراہیم	۴۹۱ھ
دیوان الادب	اسحٰق بن ابراہیم الفارابی	۳۵۰ھ
رسالۃ العنقاء المغرب الواقع فی القاموس	شیخ عبداللہ بن عبدالرحمٰن اللاقری	۱۰۲۵ھ
الروض المسلوف فیما لہ اسمان الی الالوف	شیخ مجد الدین ابوطاہر محمد بن یعقوب	
	الفیروز آبادی	۸۱۷ھ
زبدۃ اللغۃ (فارسی)	علاء الدین علی بن المراد الکاشی	۶۲۴ھ
سدرۃ العرف	جلال الدین سیوطی رح	۹۱۱ھ
سر الفصاحۃ فی اللغۃ	ابو محمد عبداللہ بن محمد بن سنان الخفاجی	
سیب فی حصر لغات العرب	حسین بن المہذب المصری	
شوارد فی اللغۃ	امام رضی الدین حسن بن محمد الصنعانی	۶۵۰ھ
شمس اللغات	مسٹر جوزف برٹیو جوبیر نصرانی	۱۲۲۰ھ
الصاحبی فی اللغۃ	ابن فارس ابوالحسین احمد بن فارس الرازی	
	اللغوی	۳۹۵ھ
صحاح فی اللغۃ	امام ابونصر اسمٰعیل بن حماد الجوہری الفارابی	۳۹۳ھ
صراح اللغۃ	ابوفضل محمد بن عمر بن خالد القرشی	
صفوۃ المصادر	مصطفیٰ خاں بن روشن خاں لکھنوی	
ضوء الصباح فی لغات النکاح	جلال الدین سیوطی رح	
طبقات اللغویین والنحاۃ	ابوبکر محمد بن حسن الزبیدی الاشبیلی	۳۷۹ھ
العالم واللغۃ	احمد بن ابان الاندلسی اللغوی	۳۸۲ھ
العباب الذاخر واللباب الفاخر	امام حسن بن محمد بن حسن بن حیدر العمری	۶۵۰ھ
عمدۃ فی لغۃ الفرس	شمس الدین بن محمد السیواسی	
غرائب اللغۃ	سعید بن احمد المیدانی النیسابوری	۵۳۹ھ
الغرر المثلثۃ والدرر المثبتۃ	شیخ امام مجد الدین ابوطاہر محمد بن یعقوب	
	الفیروز آبادی	۸۱۷ھ
غریب اللغۃ	ابن احمد المیدانی سعید	۵۲۱ھ
غلطات العوام	مصطفیٰ بن محمد المعروف بخسرو زادہ	۱۱۱۸ھ
غیاث اللغات	شیخ محمد غیاث الدین بن جلال الدین	
	بن شرف الدین رامپوری	
الفائق فی غریب الحدیث	علامہ جار اللہ ابوالقاسم محمود بن عمر	
	الزمخشری	۵۳۸ھ

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
فقہ اللغۃ	ابن فارس ابوالحسین احمد القزوینی	۳۹۵ھ
فلک القاموس	شیخ عبدالقادر بن احمد الیمنی	
قابوس فی ترجمۃ القاموس	شیخ حبیب اللہ قنوجی	
قاطع برہان	میرزا اسداللہ غالب دہلوی	۱۲۸۵ھ
القاموس المحیط والقابوس الوسیط	امام مجد الدین محمد بن یعقوب	
الجامع لما ذہب من کلام العرب شماطیط	الفیروز آبادی	۸۱۷ھ
قانون فی اللغۃ	سلمان عبداللہ الحضروانی	۴۹۴ھ
القصیدۃ الدامغۃ فی اللغۃ	حسن بن احمد اللغوی الہمدانی	۳۳۴ھ
القول المانوس فی صفات القاموس	شیخ سعداللہ مفتی رام پور	
کاتبیۃ	محمد بن ولی بن رضی الدین	
کامل فی اللغۃ	ابوالعباس محمد بن یزید المعروف بالمبرد النحوی	۲۸۵ھ
کتاب اسماء جبال تہامۃ ومکانہا	روایۃ ابی سعید الحسن بن عبداللہ السیرافی	۳۶۸ھ
کتاب اسماء اللہ تعالیٰ وصفاتہ	ابوالقاسم الصاحب اسمٰعیل بن عباد الوزیر	۳۸۵ھ
کتاب الامکنۃ والجبال والمیاہ	ابوالقاسم محمود بن عمر الزمخشری	۵۳۸ھ
لسان العرب فی اللغۃ	شیخ جمال الدین ابوالفضل محمد بن مکرم	
	الانصاری الخزرجی	۷۱۶ھ
لمعۃ الاشراق فی الاشتقاق	شیخ جلال الدین سیوطی رح	
مبادی اللغۃ	ابوعبداللہ محمد بن عبداللہ الخطیب الاسکافی	۴۲۱ھ
مثلث	جمال الدین محمد بن عبداللہ بن مالک النحوی	۶۷۲ھ
مجمع البحار	شیخ محمد طاہر الصدیقی الفتنی	۹۸۶ھ
مجمع البحرین	امام حسن بن محمد الصنعانی	۶۵۰ھ
مجمل اللغۃ	ابوالحسین احمد بن فارس القزوینی	۳۹۵ھ
المحکم والمحیط الاعظم	ابوالحسین علی بن اسمٰعیل المعروف	
	بابن سیدہ	۴۵۸ھ
المزہر فی اللغۃ	جلال الدین عبدالرحمٰن بن ابی بکر السیوطی	۹۱۱ھ
مصادر	یحییٰ بن ابی بکر المنتوری	۹۱۱ھ
المعلم	احمد بن ابان بن سید اللغوی	
مغرب	امام ابوالفتح ناصر بن عبدالسید المطرزی	۶۱۰ھ
مقدمۃ الادب	علامہ جار اللہ ابوالقاسم محمود بن عمر الزمخشری	۵۳۸ھ
منتہی الارب	شیخ فاضل عبدالرحیم بن عبدالکریم	

نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات	نام کتاب	نام مصنف	تاریخ وفات
مہذب فیما وقع فی	جلال الدین سیوطی رح	۹۱۱ھ		المعروف بابن الاثیر الجزری	۶۰۶ھ
القرآن من العرب			وجیز	محمد قاسم بن حاج محمد کاشانی	
القاموس	علی بن محمد القاری الہروی المکی		ہدایۃ فی اللغۃ	ابو سعید محمد بن ابی سعید محمد بن ابراہیم	
نصاب الصبیان	ابو نصر مسعود بن ابی بکر حسین بن جعفر الادیب		ہدیۃ فی اللغۃ	حسان بن نصوح	
نظام الغریب	عیسیٰ بن ابراہیم الربعی		ینابیع اللغۃ	ابو جعفر احمد بن علی المعروف بجعفرک	۵۴۴ھ
نظام اللسد فی السماء الاسد	جلال الدین سیوطی		یواقیت	ابو عمر محمد بن عبد الواحد الزاہد المطرز	۳۴۵ھ
نہایۃ فی غریب الحدیث	شیخ امام ابو السعادات، مبارک بن ابی الکرم محمد		———	———	—

عربی زبان کی بے نظیر حفاظت

(۱)

اس کے لئے محدثانہ اصول کا استعمال

دنیا کی عام زبانیں، زمانہ کے ساتھ ساتھ بدلتی رہتی ہیں۔ ایک صدی کے بعد اس پہلی صدی کی زبان متروک ہو جاتی ہے۔ روزمرہ کے لغات اور ان کے تلفظ میں فرق ہوتا جاتا ہے۔ کچھ دوسری زبانوں کے اختلاط سے اچھی یا بُری تبدیلیاں ہوتی ہیں اور اس زمانہ کی وہی زبان فصیح سمجھی جاتی ہے جو اس وقت بولی جاتی ہے۔ فارسی قدیم کا موازنہ فارسی جدیدہ سے کیجئے۔ یا اردو قدیم کا اردو جدیدہ سے تو ایسا نظر آئے گا کہ یہ زبان ہی دوسری ہے۔ اسی طرح عام بول چال کی عربی جو آج کل حجاز اور دوسرے عرب ممالک میں بولی جاتی ہے وہ قدیم قرآنی عربی سے اتنی مختلف ہے کہ ان دونوں کو ایک زبان کہنا مشکل نظر آتا ہے۔

اگر عربی زبان سے مسلمانوں کا تعلق صرف اتنا ہی ہوتا کہ وہ ایک مسلم برادری کی زبان ہے تو آج دوسری قدیم زبانوں کی طرح قدیم عربی بھی متروک اور بے نام و نشان ہو جاتی۔

لیکن مسلمان عربی زبان کا صرف اس لئے دلدادہ نہیں کہ اس کو اس زبان میں اپنے عربی بھائیوں سے بول چال اور مراسلت کا تعلق رکھنا ہے بلکہ اس کے لئے عربی زبان سے دل بستگی اور اس کے احترام و تقدس کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ قرآن کی زبان عربی ہے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث کا متن عربی میں ہے اس لئے اسلام کی اساس و بنیاد عربی زبان پر قائم ہے اور اسی وجہ سے تمام علمائے امت کا اتفاق ہے کہ عربی زبان کی حفاظت اور اس کو سیکھنے سکھانے کا سلسلہ ہمیشہ قائم رکھنا اسلامی فرائض میں سے ایک اہم فرض ہے۔

جوہری نے صحاح کے شروع میں لکھا ہے کہ "عربی ہی وہ لغت ہے جس کا مرتبہ اللہ تعالیٰ نے بلند فرمایا اور دین و دنیا کے علم کو اس کے ساتھ وابستہ فرما دیا" اور شیخ السنہ علامہ سیوطیؒ نے مزہر میں فرمایا کہ "اس میں کوئی شک نہیں کہ لغت عربی کا سیکھنا اور معلوم کرنا دین کی ضروریات میں داخل اور ایک فرض کفایہ ہے"

حضرت فاروق اعظم رضؓ نے تدریسِ قرآن دینے والوں پر یہ پابندی لگائی ہوئی تھی کہ وہ عربی لغت سے پورا واقف ہو اور مفسر القرآن حضرت عبد اللہ بن عباسؓ نے فرمایا کہ "جب تمہیں قرآن کے کسی لفظ میں اشکال پیش آئے تو اشعارِ عرب میں اس لفظ کو تلاش کرو کیوں کہ عربی زبان کی تفسیر اور اس کے معانی کی تعیین کے لئے اشعارِ عرب ہی معیار ہیں"

اور بعض اہل علم نے دو شعروں میں عربی زبان کی ضرورت و فضیلت کو اس طرح بیان فرمایا ہے ؎

حفظ اللغات علینا ٭ فرض کفرض الصلوٰۃ ٭ فلیس یضبط دین ٭ الا بحفظ اللغات

یعنی لغاتِ عربی کا یاد کرنا نماز کی طرح ایک فرض ہے کیوں کہ کسی دین کو بغیر حفظ لغات کے محفوظ نہیں رکھا جا سکتا اور امام ثعلب نے اپنی امالی میں فرمایا

کہ فقیہ کو عربی لغت کے علم کی شدید ضرورت ہے۔

ان روایات سے عربی زبان کی حفاظت اور اس کو سیکھنے اور یاد رکھنے کا فرض کفایہ ہونا تو معلوم ہوگیا۔ اور اسی کے ساتھ یہ بھی معلوم ہوگیا کہ وہ عربی جس کی حفاظت اسلامی فرض ہے وہ وہی قدیم عربی ہے جس میں قرآن نازل ہوا۔ اور جس میں رسولِ کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی احادیث و سنن ہم تک پہنچی نئی عربی میں کوئی کتنی ہی مہارت حاصل کرلے وہ اس فرض سے سبکدوش نہیں ہوسکتا۔ بلکہ اس کے لئے یہ ضروری ہے کہ جاہلیتِ عرب کی زبان کو محفوظ رکھے کیوں کہ اسی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے اور اسی کے ذریعہ قرآن کے معانی صحیح معلوم ہوسکتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ عربی لغت کے جمع کرنے والے مصنفین نے اس کی رعایت رکھی ہے کہ دوسری زبانوں کے اختلاط سے اصل قرآنی زبان مخلوط ہوکر اشتباہ میں نہ پڑجائے۔ ابھی آپ معلوم کرچکے ہیں کہ لغتِ عربی کی تصنیف و تدوین کرنے والوں نے عرب کے صرف ایسے قبائل کے لغت کو بنیاد اور عمود بنایا ہے جن کا اختلاط دوسری زبان والوں سے نہ تھا۔ کوفہ، بصرہ کے علاوہ کسی شہر کی زبان کو اسی لئے سند نہیں مانا کہ اُن شہروں میں عجمی زبانوں کا اختلاط پایا جاتا تھا۔ اور جزیرۃ العرب کے سرحدی قبائل جن کا اختلاط ہندی یا فارسی یا حبشی ورومی زبانوں سے تھا۔ ان کی زبان کا بھی لغتِ عربی میں اعتبار نہیں کیا بصرف ان عرب عرباء کی زبان سے عربی لغت کو مدوّن کیا ہے جو نسل اور زبان کے اعتبار سے خالص عرب تھے۔ اور ان میں بھی زیادہ تر قریشی قبائل ہیں۔

پھر جن قبائل کی لغت کو کتابوں میں مدوّن کیا وہ بھی ویسے ہی سُنی سنائی باتوں کی طرح جمع نہیں کردیا بلکہ علماء اسلام نے جو اصول روایت حدیث کو غیر معتبر اور ضعیف روایات سے پاک رکھنے کے لیے حدیثِ رسولؐ میں استعمال فرمائے۔ تقریباً انھیں اصولوں سے لغتِ عرب کے جمع کرنے میں کام لیا۔

نقلِ لغت میں نقلِ حدیث کے اصول کا استعمال!

جس طرح روایاتِ حدیث سند نقل کے اعتبار سے چند اقسام متواتر، مشہور، خبرِ واحد پر مشتمل ہیں، پھر خبرِ واحد میں سند متصل کا اعتبار کیا گیا منقطع کو نہیں لیا گیا۔ اور ناقابلِ اعتبار راویوں کو ساقط کیا گیا ہے اسی طرح لغتِ عرب کے جمع کرنے میں علمائے لغت نے بھی یہی انداز اختیار فرمایا ہے۔

متواتر

امامِ لغت ابن الانباری نے اپنی کتاب لمع الادلّہ میں اس موضوع پر تفصیل سے بحث فرمائی ہے اور اسی کتاب میں فرمایا کہ "جو لغت قرآن میں یا حدیث کی روایاتِ متواترہ میں آئے ہیں وہ متواتر اور قطعی ہیں یعنی جن معانی کے لئے قرآن و حدیث میں مستعمل ہوئے ان کے وہی معنی یقینی ہیں۔ زبان یا زمان کے بدلنے سے ان پر کوئی اثر نہیں پڑسکتا"۔

امام رازی نے محصول میں فرمایا کہ "لغت اور قواعدِ نحو و صرف کا وہ حصہ جو نزولِ قرآن اور عہدِ رسالت کے زمانہ سے معروف ہے اور بتواتر نقل کیا گیا ہے وہ قطعی ہے۔ مثلاً لفظ سماء، آسمان کے لئے اور ارض، زمین کے لئے اور ماء، پانی کے لئے، نار، آگ کے لئے قرآن و سنت میں استعمال کئے گئے ہیں اور فاعل کو ہمیشہ مرفوع اور مفعول کو منصوب اور مضاف الیہ کو مجرور پڑھا گیا ہے۔ عربی زبان کے لئے یہ قطعی ہیں۔ اگر کسی اور زمانہ کے عرب ابلِ جاہل بلکہ تحریر و تقریر میں بھی اس کے خلاف کوئی صورت اختیار کرلیں تو اسلامی عربی میں اس کا کوئی اعتبار نہ ہوگا۔

ابو الطیب لغوی نے کتاب مراتب النحو میں بیان کیا ہے کہ جو الفاظ عرب جاہلیت سے لے کر آج تک برابر استعمال ہوتے رہے خواہ قرآن میں آئے ہوں یا نہیں وہ متواتر اور اپنے معانی میں قطعی ہیں اور جو احاد و افراد کی روایت سے منقول ہیں ان میں رجال حدیث کی طرح تنقید کرکے ثقہ کو غیر ثقہ سے بچنے کو جھوٹے سے امتیاز کے طریقے استعمال کیے جائیں گے۔

منقطع ہو

ابن الانباری نے اپنی کتاب لمع الادلّہ میں بیان کیا کہ جس طرح حدیث میں سند منقطع کا اعتبار نہیں اسی طرح لغت کی روایت میں بھی منقطع مردود ہے۔

اخبار احاد

خبر واحد لغت میں وہ ہے جس کے نقل کرنے والے ایک دو آدمی ہیں۔ عام طور پر مشہور نہیں ہے۔ ایسے لغات کے بارہ میں علماء لغت کا اس پر اتفاق ہے کہ اس کے راوی کے حالات پر نظر کی جائے گی۔ اگر وہ اپنے فہم اور حافظہ اور ثقاہت کے اعتبار سے مکمل ہے تو اس کی روایت کو قبول کیا جائے گا وہ بھی اس شرط کے ساتھ کہ دوسرے حضرات کی اکثریت اس کے مخالف نہ ہو۔

ابن فارس نے کہا ہے کہ لغت صرف ان لوگوں کی روایت سے لیا جائے گا جن کا صدق و امانت اور ثقاہت معلوم ہو اور جس شخص میں یہ اوصاف مجہول ہوں اس کی نقل کا لغت میں اعتبار نہ ہو گا۔

خلیل بن احمد نے فرمایا کہ "بعض لوگوں نے عربی لغت میں ایسے کلمات داخل کر دیئے ہیں جو کلام عرب میں سے نہیں ہیں اُن سے دھوکا نہ کھایا جائے"۔

ابن الانباری نے فرمایا کہ "ناقل لغت کے لئے ضروری ہے کہ ثقہ اور قابل اعتماد ہو جیسے نقل حدیث میں ضروری ہے"۔

عزالدین ابن عبدالسلام رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا کہ "ناقل لغت کا حدیث کی طرح نقل لغت میں قابلِ اعتماد ہونا ضروری ہے مگر اتنا فرق ہے نقل حدیث میں فاسق اکافر کی روایت معتبر نہیں اور نقل لغت میں جاہلیت عرب کے اشعار سے استدلال جائز ہے بلکہ وہی لغت عرب کے لئے اصل اصول ہے، اگرچہ وہ لوگ مسلمان نہ تھے"۔

خطیب بغدادی نے ابن عبدالحکم سے نقل کیا ہے کہ "عربی ادب کے ماہرین علماء کے امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ کے پاس آتے اور اشعار عرب اُن سے پڑھتے تھے۔ حضرت امام کو قبیلہ ہذیل کے دس ہزار اشعار بر زبان یاد تھے جن کو نقل کر کے ان کے اعراب اور لغات اور معانی کی تشریح فرمایا کرتے تھے"۔

موضوع و مصنوع

جس طرح روایات حدیث میں ناقابلِ اعتبار روایات کو علماءِ حدیث نے موضوع کہہ کر الگ کر دیا ہے اور مستقل کتابوں میں ایسی روایات کو جمع کر کے اُن پر تنقیدی بحث فرمائی ہے۔ اسی طرح اہلِ لغت نے اس قسم کے بے اصل الفاظ کو مصنوع کے نام سے موسوم کر کے لغتِ عرب سے الگ کر دیا ہے۔

محمد بن سلام نے اپنی کتاب "طبقات الشعراء" کے شروع میں لکھا ہے کہ اشعارِ عرب میں کچھ ایسے اشعار بھی لوگوں نے شامل کر دیئے ہیں جو مصنوع اور موضوع ہیں۔ ان سے کسی کے لئے استدلال جائز نہیں۔

مُوَلّد

اسی طرح ایک قسم لغات کی مُوَلّد کہلاتی ہے۔ وہ بھی لغتِ عرب میں معتبر اور قابلِ استدلال نہیں۔ علامہ زبیدی نے فرمایا کہ مُوَلّد وہ لغت ہیں جو اصل عربی زبان میں نہیں۔ پھر غلط عوام کے طور پر عربی میں رائج ہو گئے۔ اور فرق مصنوع اور مولّد میں یہ ہے کہ مصنوع تو وہ الفاظ ہیں جن کو دھوکہ اور تلبیس کے لئے یہ کہہ کر عربی لغت میں داخل کر دیا گیا ہے کہ یہ فصیح اور اصل عربی زبان کے لغات ہیں۔ اور الفاظ مولّدہ میں یہ بات نہیں بلکہ تغیر زمان و لسان کے عام حوادث کے تحت کچھ لفظ عوام بلکہ خواص میں زبان زد ہو جاتے ہیں جو اہل لغت اور اس کے قواعد کی رُو سے غلط ہوتے ہیں۔ عربی زبان کے سوا دوسری زبانوں میں تو ایسے الفاظ کے لئے یہ اصول بنا لیا گیا ہے کہ غلط العوام فصیح یعنی جو غلط لفظ سب اہل زبان میں عام ہو جائے وہ فصیح سمجھا جائے گا۔ لیکن عربی لغت کے علماء اس پر متفق ہیں کہ لغات مولّدہ کا کوئی اعتبار نہیں۔ فارابی نے لغات مولّدہ کو عربی سے علٰحدہ کرنے کے لئے کہا ہے ھذا عربیۃ وھذا مولدۃ پھر مولّد لغات کی چند مثالیں بیان کی ہیں۔

جیسے لفظ حسبان چھوٹی کمان کے لئے اور تحریر لکھنے کے معنی میں اور ایام عجوز خاص سردی کے دنوں کے لئے اور فاقرہ شراب پینے کے ایک خاص برتن کے لئے اور فحبہ بمعنی فاحشہ طنز بمعنی طعن، اسی طرح مجانست اور تجنیس، اُمرح اُمرح، کابوس، باش، عفص کے الفاظ قواعد کے مطابق ان معنی میں نہیں تھے جن میں

اُن کے بعد کے لوگوں نے استعمال کیا۔ اسی طرح صدقہ الفطر کو فطرہ کہنا بھی اہل لغت کے اعتبار سے صحیح نہیں۔ اسی طرح لفظ تشویش کی عربی میں کوئی اصل نہیں۔ لفظ طفیلی بھی اسی طرح ہے۔ غبی اور بے وقوف آدمی کو زبون کہنا بھی اسی قسم میں داخل ہے۔ متکلمین و فلاسفہ کے کلام میں محسوسات اور ذاتی اور ذاتیات کے الفاظ بھی اسی قسم میں داخل ہیں۔

نواب صدیق حسن خاں صاحب مرحوم نے ایسے الفاظ کو ایک مستقل رسالہ میں جمع فرمادیا ہے جس کا نام ہے "لف القماط فی تصحیح بعض ما استعملته العامة من الاغلاط"۔ یہ پہلے معلوم ہوچکا ہے کہ معرب یا دخیل جن الفاظ کو کہا جاتا ہے وہ بھی اگرچہ اصل زبان کے الفاظ نہ تھے مگر زمانہ قدیم میں نزولِ قرآن سے پہلے ہی وہ الفاظ عربی لغت میں معروف و مشہور ہو کر شل زبان عربی کے ہو گئے تھے وہ باتفاق اہل لغت عربی کا جزء سمجھے گئے ہیں۔

خلاصۂ کلام

یہ ہے کہ عربی زبان میں غیر عربی الفاظ کے داخل کی تین قسمیں ہیں۔ معرب یا دخیل، مصنوع، مُولّد۔ پہلی قسم زمانۂ جاہلیت اور زمانۂ نزول قرآن کے وقت سے عربی لغت کا جزء اور فصیح قرار دی گئی ہے۔ اس کو نواب غیر عربی کہنا بھی مجازی ہے۔ باقی دونوں قسمیں نہ عربی لغت کا جزء ہیں نہ اُن کا کہیں اعتبار ہے۔ نہ ان سے کسی مسئلہ میں احتجاج یا اُستدلال کرنا جائز ہے۔

آدابُ اللغوی

اوپر جو تفصیل بیان ہوچکی ہے اس میں یہ معلوم ہوچکا ہے کہ لغت عرب کی تدوین و تصنیف میں اس فن کے علماء نے محدثانہ انداز کی احتیاط کو ضروری قرار دیا ہے جس کی وجہ یہ ہے کہ عربی زبان صرف زبان کی حیثیت سے مطلوب نہیں جس کے ادلنے بدلنے کا اہل لسان کو ہر وقت ہمیشہ اختیار رہتا ہے۔ بلکہ مسلمانوں کے لئے عربی زبان کی تعلیم کا فرض ہونا اور اس کی پوری حفاظت کرنا اس لئے ضروری ہے کہ وہ قرآن و سنت کی زبان ہے۔ اس کے جانے بغیر قرآن و سنت کے احکام کو پوری طرح نہیں جانا جاسکتا اور یہ مقصد ظاہر ہے کہ اسی زبان سے متعلق ہے جس میں قرآن نازل ہوا اور جو عہد رسالت میں بولی اور صحیح سمجھی جاتی ہے۔

اس لئے عربی لغت میں اشتغال صرف ایک زبان کا اشتغال نہیں بلکہ ایک دینی فریضہ کی ادائیگی اور عبادت کی حیثیت رکھتا ہے۔ اسی لئے علماء لغت نے لغوی عالم کے لئے بھی اسی طرح کچھ آداب شرائط لکھے ہیں جس طرح مفسّر، محدث، فقیہ اور مفتی کے لئے آداب مقرر ہیں۔

اس بارہ میں علماء لغت نے فرمایا کہ لغوی پر لازم ہے کہ سب سے پہلے اپنی نیت کو صحیح کر کے اخلاص پیدا کرے یعنی فن لغت کے اشتغال سے اس کی نیت قرآن فہمی اور کتاب و سنت کی تشریح کی ہونا چاہیئے۔ تصحیح نیت کے بعد اس کا دوسرا فریضہ یہ ہے کہ فن لغت حاصل کرنے کے لئے ثقہ اور دیانتدار علماء لغت کو تلاش کرے اور لغات سے سند متصل کے ساتھ جو لغات حاصل ہوں صرف انھیں پر اعتماد کرے۔ ہر رطب و یابس کو جمع نہ کرے۔ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے:

ان هذا العلم دين فانظروا عمن تاخذون دينكم ۔ بے شک یہ علم دین ہے تو تم غور کرو کہ اپنا دین کن لوگوں سے حاصل کرنا چاہیئے۔

فاروق اعظم نے فرمایا کہ قرآن کا درس صرف وہی شخص دے جو لغتِ عرب کا عالم ہو۔ فارابی نے کہا کہ قرآن کے علم اور اس کے معانی کے فہم کے لئے اس کے سوا اور کوئی راہ نہیں کہ آدمی لغت عربی میں تبحر حاصل کرے۔

اور لغوی کے لئے لازم ہے کہ اشعار عرب کو یاد کرے اور ان کے معانی اور حقائق کو سمجھے۔ کیوں کہ اسی کے ذریعہ فہم قرآن پر قدرت حاصل ہوسکتی ہے۔

اسی طرح لغوی پر لازم ہے کہ جو لوگ اس سے علم لغت حاصل کرنا چاہیں اُن کے ساتھ لطف و مہربانی کا معاملہ کرے اور جب کوئی شخص ان آداب کو جمع کرلے تو لغویین کے نزدیک وہ حافظ کہلانے کا مستحق ہے جیسے حدیث کے یاد کرنے والے ماہر کو حافظ کہا جاتا ہے۔

هذا اخر ما اردنا ايراده وههنا من اصول اللغة وما يتعلق بها والله الحمد اوله واخره وباطنه وظاهره

****

"المنجد" کی خصوصیات اور اس پر تبصرہ

علماءِ اسلام نے ہر قرن اور ہر زمانہ میں عربی لغت پر مختلف انداز میں جو کتابیں تصنیف فرمائی ہیں ان کا ایک ہلکا سا خاکہ اسی مقدمہ میں آپ کے سامنے آ چکا ہے۔ ان میں عظیم وضخیم بڑی کتابیں بھی ہیں جیسے لسان العرب، تاج العروس وغیرہ اور متوسط بھی جیسے صحاح جوہری اور قاموس وغیرہ اور مختصر بھی جیسے مختار الصحاح وغیرہ۔

ان میں ترتیب کے بھی مختلف انداز ہیں۔ لغت کی سب سے پہلی کتاب جو خلیل احمد نحوی کی تصنیف ہے اس کی ترتیب میں طبعی ترتیب لفظ کی رعایت کرکے ان حروف کو مقدم کیا ہے جو حلق سے نکلتے ہیں۔ پھر اُن حروف کو جو زبان اور تالو سے نکلتے ہیں۔ پھر اُن حروف کو جو نوکِ زبان اور ہونٹوں سے نکلتے ہیں۔ پھر حروف حلقی میں حرف عین کو اس لئے مقدم کیا ہے کہ وہ حلق کے بالکل آخری حصہ سے نکلتا ہے اور اسی بناء پر کتاب کا نام کتاب العین رکھا ہے۔

فطری اور طبعی حیثیت سے یہ ترتیب بہت مناسب تھی۔ لیکن عوام کے لئے کچھ دشواریاں بھی تھیں اس لئے بعد کے مصنفین نے حروف تہجی کی ترتیب پر کتابیں لکھیں، پھر ان میں بھی بعض نے آخری حرف کا اعتبار کرکے ابواب کی ترتیب قائم کی اور ابتدائی حروف کو ان کی فصلیں ٹھہرایا۔ قاموس کا یہی طرز ہے اور بعض نے ابتدائی حروف کو اصل ابواب قرار دے کر آخری حروف کو فصل بنایا۔ المنجد نے بھی یہی طرز اختیار کیا ہے۔

عوام کے لئے سہولت کی رعایت ہر زمانہ کے مصنفین نے اپنے عہد کی ضرورت کے مطابق کی ہے۔ یہ دَور جس سے ہم گذر رہے ہیں۔ سہولت پسندی کی انتہا کو پہنچا ہوا ہے۔ المنجد کا سب سے بڑا کمال یہی ہے کہ اس نے موجودہ طبائع کی رعایت کے پیش نظر لغت عربی کو ایسے انداز پر ترتیب دیا ہے جس سے استخراج لغت کافی آسان ہو گیا۔ ساتھ ہی اختصارِ عبارت کے لئے علامات ایسی مقرر کردیں جن سے حروف کی حرکات الفاظ میں بیان کئے بغیر آسانی سے واضح ہو جاتی ہیں اسی طرح جمع وغیرہ کے لئے رموز مقرر کرکے اختصار پیدا کیا گیا ہے۔ رموز کے ذریعہ اختصارِ عبارت کا اہتمام متقدمین کی کتابوں میں بھی کافی موجود ہے مگر اس میں کچھ سہولت زیادہ ہے۔

دوسری امتیازی چیز المنجد میں یہ ہے کہ اس میں درختوں اور جانوروں کی تصویریں دے کر لفظ کا مفہوم متعین کر دیا گیا ہے اور المنجد کو مقبولِ عوام بنانے میں اس کا بڑا دخل ہے۔

استخراج لغت کی تسہیل اور ہر چیز کے مفہوم کو واضح کرنے کا جو کام المنجد نے کیا ہے وہ اپنی جگہ بے شک قابلِ تحسین ہے اور جو لوگ عربی زبان کو صرف اس حیثیت سے جاننا اور سیکھنا چاہتے ہیں کہ وہ دنیا کے جغرافیہ میں آئے ہوئے ایک خطۂ زمین پر بولی جاتی ہے اور عربی زبان سیکھنے کا مقصد ان کے سامنے صرف یہ ہے کہ اس زبان کے ذریعہ عرب ممالک کے باشندوں سے مخاطبت اور مکاتبت ہو سکے۔ ان کے لئے بلاشبہ المنجد عربی زبان سکھانے میں مددگار ثابت ہوگا اور ان کا مقصد المنجد کے ذریعہ پورا ہو سکے گا۔

لیکن مسلمانوں میں عربی زبان سیکھنے سکھانے والوں کی اور عربی ادب کی خدمت پر عمریں صرف کرنے والوں کی بڑی تعداد ان لوگوں کی ہے جن کو کبھی عمر بھر اس مخاطبت ومکاتبت کی نوبت نہیں آتی یا آتی ہے تو ایک ثانوی مقصد کی حیثیت سے آتی ہے۔

وہ عربی زبان کو ایک مقدس اسلامی اور قرآنی زبان کی حیثیت سے دینی فریضہ سمجھ کر سیکھتے ہیں۔ اور ان کا مقصد تمام لغت کی کتابوں اور جاہلیت عرب کے دواوین کے پڑھنے پڑھانے سے قرآن وسنت کا سمجھنا سمجھانا اور فہم قرآن میں مہارت پیدا کرنا ہوتا ہے۔ ان کے لئے افسوس ہے کہ المنجد صحیح معنی میں منجد یعنی مددگار نہیں بلکہ ان کی راہ میں کچھ مشکلات پیدا کرنے کا سبب ہو سکتا ہے۔

وجہ یہ ہے کہ اس مقصد کے لئے عربی لغت جمع کرنے میں نزول قرآن کے زمانہ کی عربی زبان کو پوری احتیاط کے ساتھ جمع کرنا اور ہر قسم کی تخلیط وتلبیس سے محفوظ رکھنا اور جدید اور متحدث الفاظ ومحاورات سے اجتناب کرنا از بس ضروری ہے۔ اسی لئے سابق مصنفین لغت اور علماء لغت نے لغتِ عربی اور ادب عربی کے لئے اُن محدثانہ اُصول سے کام لیا ہے جن کا ذکر اسی مقدمہ میں آپ تفصیل سے دیکھ چکے ہیں اور یہ معلوم کر چکے ہیں کہ علماء لغت نے الفاظ مصنوعہ یا مولدہ جن کو

دخیل بھی کہا جاتا ہے ان کو عربی لغت میں شمار کرنا جائز نہیں سمجھا۔ اور اسی لئے عرب کے ان قبائل کی لغت کا اعتبار نہیں کیا جو دوسری زبان والوں کے قریب رہتے تھے یا جن کی زبانیں دوسری زبانوں سے متاثر تھیں۔ یہاں تک کہ کوفہ اور بصرہ کے سوا کسی شہر کی زبان کو لغت میں حجت نہیں قرار دیا۔ کیونکہ شہروں میں مختلف زبان کے لوگوں کی بکثرت آمد و رفت کے سبب شہریوں کی زبان دوسری زبانوں سے مخلوط ہو جاتی ہے۔

المنجد کا مصنف ایک غیر مسلم ہونے کی حیثیت سے ظاہر ہے کہ ان چیزوں کا اہتمام کیوں ضروری سمجھتا۔ اس کے سامنے تو عرب ممالک کے بسنے والے موجودہ انسانوں کی زبان ہے۔ اس کو مسلمانوں کی کتاب و سنت سے کیا سروکار تھا۔ جدید لغات، جدید محاورات کو اس نے کھل کر عربی لغت کا ایسا جزو بنا دیا ہے کہ یہ امتیاز کرنا دشوار ہو گیا کہ کونسا لفظ اصل عربی کا لفظ ہے اور کونسا مصنوع یا مولّد ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا۔ مصنف المنجد سے اس طرز اختیار کرنیکا ہمیں کوئی شکوہ بھی نہیں لیکن قابل شکایت اور حیرت انگیز وہ تعصب ہے جو مصنف نے اس کتاب میں برتا ہے کہ لغت کے ترجمہ اور مفہوم میں عیسائی عقائد کو زبردستی ٹھونسا ہے۔ دیکھیے ع ذ ر کے مادہ میں لفظ عذراء کے معنی لوئیس معلوف صاحب لکھتے ہیں، ان کے الفاظ یہ ہیں :-

لقب السیدۃ مریم والدۃ الالٰہ المتجسد   یعنی عذراء لقب ہے حضرت مریم کا جو والدہ ہیں جسمانی خدا کی۔

ہم لوئیس معلوف مصنف المنجد سے یہ نہیں کہتے کہ خدا کو متجسد یعنی جسمانی کہنا ایک نہایت نامعقول بات ہے کیوں کہ جسم اور جسمانیت حادث اور فانی ہونے کی علامت ہے جو حادث اور فانی ہو وہ خدا نہیں ہو سکتا۔ کیوں کہ یہ تو ان کا اپنا عقیدہ ہے اس کے غلط، صحیح یا حق و باطل ہونے کی ذمہ داری خود ان پر ہے آخر دنیا میں ایسے لوگ بھی موجود ہیں جنھوں نے پتھر کی مورتیوں اور پیپل کے پتوں اور دریاؤں کے پانی کو یا آگ ہوا کو خدا کہہ دیا ہے۔

لیکن ان سے یہ تو کہا جا سکتا ہے کہ لغت کے ترجمہ میں اپنے اس بے بنیاد عقیدہ کو داخل کرنے کا آپ کو کیا حق حاصل تھا پھر تماشا یہ ہے کہ وہ لفظ عذراء کا ترجمہ بھی نہیں صرف حضرت مریم کا لقب ہونے کی ادنیٰ مناسبت سے ان کے صاحبزادہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے متعلق اپنے عیسائی عقیدہ کو جزو لغت بنا کر عیسائی مشن کا حق ادا کر دیا ہے۔

اور اس سے زیادہ واضح الفاظ میں عیسائی مشن کا حق مادہ م س ح میں لفظ مسیح کے تحت اس طرح ادا کیا ہے خود المنجد کے الفاظ دیکھیے۔

المسیح الممسوح بالدھن ج مسحاء و مسحیٰ لقب الرب یسوع ابن اللہ المتجسد۔   یعنی مسیح اس چیز کو کہا جاتا ہے جس پر تیل ملا جائے اس کی جمع مسحاء اور مسحیٰ آتی ہے نیز لفظ مسیح لقب ہے رب یسوع کا جو اللہ کے بیٹے جسمانی ہیں۔

ص ل ب کے مادہ میں صلیب کا لفظ آیا تو آپ لکھتے ہیں :-

العود المکرم الذی صلب علیہ السید المسیح   یعنی صلیب وہ مقدس لکڑی ہے جس پر حضرت مسیح کو سولی دی گئی

اس معمہ کو تو کوئی عیسائی ہی حل کرے کہ ان کے عقیدہ کے موافق جو لکڑیاں حضرت مسیح علیہ السلام کے قتل کرنے اور توہین و ایذا کے لئے ان کے دشمنوں نے استعمال کی وہ مقدس کیسے ہو گئی۔ اگر ان کا خیال صحیح ہے تو ان لکڑیوں کو تو انتہائی منحوس کہنا چاہیے۔ ہم یہاں اسلام و عیسائیت کے عقائد کی تحقیق نہیں کر رہے اس لئے ہمیں اس سے بحث نہیں کہ وہ ان لکڑیوں کو کیوں مقدس سمجھیں۔ پوچھنا یہ ہے کہ کیا لفظ صلیب کے لغوی معنی میں تقدس داخل ہے یا لفظ صلیب کے مفہوم میں یہ عیسائی نظریہ شامل ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو سولی چڑھایا گیا۔

ایک طرف تو بیان لغت کے پردہ میں ادنیٰ ادنیٰ سی مناسبت ڈھونڈ کر عیسائی عقائد کا پرچار ہو رہا ہے۔ اور دوسری طرف اسی تعصب و تنگ نظری کا یہ مظاہرہ ہے کہ مادہ ح م د میں لفظ احمد اور محمد کا ذکر کرتے ہیں تو صرف ترجمہ کر کے آگے بڑھ جاتے ہیں یہ بھی ذکر نہیں کرتے کہ یہ لفظ دنیا میں کسی ہستی کا نام بھی ہے۔

مزدلفہ، منیٰ، یثرب وغیرہ ایسے معروف و مشہور مقامات کے نام ہیں کہ کوئی لغت لکھنے والا ان سے اغماض نہیں کر سکتا، مگر المنجد نے ان مقامات کا ذکر کرنے سے مکمل اجتناب کیا۔ اسی طرح اسلامی مشاہیر اور مشہور مقامات میں سے شاذ و نادر ہی کسی کا ذکر کیا ہے۔ المنجد کے تازہ ایڈیشن میں جو ایک نیا ضمیمہ اعلام اور مقامات کا اضافہ کسی دوسرے مصنف کی طرف سے کیا گیا ہے اس میں تو مجبوری تھی کہ اسلامی دنیا کو عالمی جغرافیہ سے خارج نہیں کیا جا سکتا۔ اس میں یہ اعلام لائے گئے ہیں مگر ان کے متعلق جو احوال لکھے گئے ہیں وہ بالکل غیر مستند اور بعض جگہ تو غلط چیزوں پر مشتمل ہیں۔ مثال کے طور پر دیکھیے اس ضمیمہ میں لفظ حراء کے بیان میں لکھا ہے۔

جبل فی جزیرۃ العرب شمالی شرقی مکۃ فیہ غار اختفی   یعنی حراء جزیرۃ العرب کا ایک پہاڑ مکہ کے شمال شرقی میں واقع ہے جس میں

فيه النبي في عودة من الطائف حتى استطاع دخول مكة بعد الهجرة۔	ایک غار ہے جس میں طائف سے لوٹنے کے وقت نبی جا کر چھپے تھے یہاں تک کہ پھر ہجرت کے بعد مکہ میں داخل ہو سکے ۔

تاریخ کا ایک ادنیٰ طالب علم بھی ایسی لغو غلطی نہیں کر سکتا اور جس کو تاریخ عالم کا اتنا پتہ نہ ہو اس کو تاریخ جغرافیہ یا لغت لکھنے پر قلم اٹھانے کی جرأت نہیں کرنا چاہیے ۔ غار حرا تو اس غار کا نام ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قبل از نبوت مہینوں مقام کر کے اللہ تعالیٰ کی عبادت کرتے اور پھر مکہ میں آجاتے تھے ۔ اس وقت سارا مکہ آپ کو امین کے لقب سے پکارتا تھا ۔ کوئی ایک آدمی بھی مخالف نہ تھا جس سے چھپنے کی نوبت آتی ۔ اس کے مصنف کو غار ثور کا دھوکا ہے جس میں آپ ہجرت کے وقت چھپے تھے ۔ مگر طائف سے لوٹنے کا اس میں دخل نہ تھا ۔ سرسری طور پر ایک مثال سامنے آگئی ۔ اس سے مصنف کے علم و اطلاع کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے ۔

یہ بہت ہی مختصر سا نقشہ المنجد کی متعصبانہ ذہنیت کا ہے جس کو محض سرسری نظر سے لکھا گیا ہے جس کا مقصد مسلمانوں کو اس پر متنبہ کرنا ہے کہ عربی زبان اُن کے لیے صرف ایک زبان نہیں بلکہ دین بھی ہے اس کے حاصل کرنے میں ظاہر کہ ایسے متعصب عیسائی کے بیان پر اعتماد نہیں کیا جا سکتا جو لغت کے ترجمہ میں بھی زبردستی اپنے عقائد کی تبلیغ کرنا چاہتا ہے اور اسلامی معلومات سے اتنا بے خبر ہے کہ تاریخ کے ایک نہایت مشہور واقعہ میں بھی وہ فاحش غلطیاں کرتا ہے ۔

سہولت اور جدت پسندی آج کل عام لوگوں کا ذہن بنتا جاتا ہے اور وہ فی نفسہ کوئی مذموم چیز بھی نہیں بشرطیکہ اصل حقیقت کو اس سہولت اور جدت کی بھینٹ نہ چڑھا دیا جائے اور ظاہری ٹیپ ٹاپ اور چمک دمک پر اصل حقیقت کو قربان نہ کر دیا جائے ۔ وہ مسلمان جن کا مقصد اصل عربی زبان سیکھنے اور پڑھنے سے قرآن کا سمجھنا اور حدیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا معلوم کرنا ہے اُن کے سامنے اگر جانوروں کی یا انسان کی تصویر دے کر لغت کا مفہوم سمجھانے کو آسان کر دیا گیا تو کیا یہ صحیح ہو سکتا ہے کہ وہ محض اس آسانی کے فائدہ کے لئے خود قرآن و حدیث اور خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کی پرواہ نہ کرے ۔ احادیث متواترہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے جاندار چیزوں کی تصویر بنانے اور استعمال کرنے کو حرام و ناجائز قرار دیا ہے کیا کوئی عقلمند اس کو صحیح قرار دے سکتا ہے کہ محض اس سہولت پسندی کے لئے آخرت کا عذاب خرید لیا جائے اگر صرف سطحی فوائد ہی پر نظر کی جائے تو جتنے جرائم اور محرمات شرعیہ ہیں ان میں سے کوئی بھی ایسا نہیں جس میں کوئی فائدہ نہ ہو ۔ چوری ، ڈاکہ ، بے حیائی دھوکہ دہی وغیرہ سب ایسے جرائم ہیں جن کے گناہ و جرم ہونے پر سارا ہی جہان متفق ہے ۔ مگر کیا یہ کہا جا سکتا ہے کہ ان میں کوئی فائدہ نہیں ۔ اگر یہ کام بالکل ہی بے فائدہ ہوتے تو پاگل و مجنون کے سوا کوئی ان کے پاس نہ جاتا ۔ مگر دنیا کو دیکھئے تو ان جرائم کا ارتکاب کرنے والے بڑے بڑے ہوشیار لوگ نظر آئیں گے ۔ وجہ اس کے سوا کوئی نہیں کہ ان لوگوں کی نظر ان جرائم کے ایک وقتی فائدہ پر ہوتی ہے اس کے بُرے نتائج اور عواقب ان کی نظروں سے اوجھل ہو جاتے ہیں ۔ اس لئے ان جرائم میں مبتلا ہو جاتے ہیں اور جن لوگوں کی نظر نتائج اور حقائق پر ہوتی ہے وہ چوری اور ڈاکہ کے ذریعہ فوری مالداری کے فائدہ کے ساتھ ساتھ اس کے مفاسد اور خرابیوں کو بھی دیکھتے ہیں ۔ اس لئے ان کو یہ چیزیں مبغوض نظر آتی ہیں بلکہ خود مجرم بھی جب نتائج پر نظر کرتا ہے تو اپنے فعل کو بُرا ہی سمجھتا ہے ۔

اسی طرح اگر تصویروں کے ذریعہ حیوانات کا پہچاننا آسان ہو جاتا ہے اس کے بغیر جب تک طویل عبارت سے ان کی صورت اور کیفیات کو بیان نہ کیا جائے پہچاننا مشکل ہوتا ہے تو اس آسانی کے بالمقابل اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی نافرمانی کا عذاب کیا اس سے کم ہے جو ایک چور کو چوری کے فائدہ کے بالمقابل پہنچتا ہے اور جس کی وجہ سے عقلاء دنیا میں کوئی بھی چوری کو اس کے وقتی اور سطحی فائدہ کے پیش نظر جائز نہیں قرار دیتا ۔

یہ جگہ اس بحث کی نہیں کہ جانداروں کی تصویر کو حرام قرار دینے میں کیا حکمت ہے ؟ اور کیوں اس شدت کے ساتھ اسلام نے اس کو روکا ہے ۔ میرے رسالہ التصویر لاحکام التصویر میں اس پر تفصیلی بحث موجود ہے ضرورت ہو تو اس کو دیکھا جا سکتا ہے ۔

یہاں تو صرف اتنا بتلانا ہے کہ مسلمان سہولت اور جدت پسندی کی یہ قیمت ادا نہیں کر سکتا کہ حلال و حرام اور جائز و ناجائز سے بھی آنکھیں بند کر لے اگر جانداروں کا پہچاننا بغیر تصویر کے کچھ مشکل ہے تو مسلمان اس مشکل کو معصیت اور گناہ کے مقابلہ میں خوشی سے قبول کرنے کے لئے تیار ہو گا خصوصاً جب کہ اس جانور کے پہچاننے پر اس کا کوئی ضروری کام بھی موقوف نہ ہو ۔ ورنہ مواقع ضرورت میں استثنائی احکام خود شریعت اسلام میں موجود ہیں ۔

— — — — — —

خلاصۂ کلام

اس تنقید و تبصرہ کا یہ ہے کہ المنجد نے اپنے طرزِ جدید اور تصاویر کے ذریعہ اگرچہ لغت کے سمجھنے میں کچھ سہولتیں ضرور پیدا کر دی ہیں لیکن مسلمان جس مقصد کے لئے عربی لغت کو حاصل کرتا ہے اس مقصد کو بڑی حد تک مجروح بھی کر دیا ہے، جدید لغات اور جدید محاورات کو بدون کسی امتیاز کے لغتِ عربی کا جزء بنا دیا ہے جن کو قدماء اہل لغت اور علماء عربیت نے لغتِ عربی کا جزء نہیں قرار دیا تھا۔ اس کا نتیجہ یہ ہو سکتا ہے کہ عربی زبان میں صرف المنجد پر اعتماد کرنے والے قرآن و حدیث اور کتب اسلامیہ کے سمجھنے میں طرح طرح کے مغالطوں میں مبتلا ہو جائیں۔

اس کے علاوہ مصنف کی متعصبانہ ذہنیت اور جانداروں کی تصاویر نے اس کو مسلمان کے لئے اور بھی زیادہ مکروہ بنا دیا ہے جس کے ہوتے ہوئے اس کی تسہیل و تجدید ناقابلِ استفادہ ہو جاتی ہے۔

تہذیب المنجد اُردو

المنجد کے مذکورالصدر نقائص پر نظر کر کے ادارہ دارالاشاعۃ کراچی کے ناظم برخوردار عزیز محمد رضی صاحب عثمانی نے ارادہ کیا کہ المنجد کو اُردو زبان میں اس طرح منتقل کیا جائے کہ اس کا اصل فائدہ تسہیل لغت کا تو قائم رہے اور نقائص کا ازالہ ہو جائے اور صرف اردو خواں حضرات بھی اس سے فائدہ اٹھا سکیں۔ اس لئے بصرف زر کثیر معتمد علماء سے اس کا ترجمہ کرایا اور جن لغات کے تحت عیسائی نظریات ٹھونسے گئے تھے ان کو درست کر دیا اور بہت سے ضروری لغات جو المنجد میں چھوٹ گئے تھے ان کا اضافہ مستند کتب لغت سے کر دیا اور میرے مشورہ کے مطابق حیوانی تصاویر سے اجتناب کرتے ہوئے وہ تمام تصاویر اور نقشے جو نباتات وغیرہ سے متعلق تھے بغرض افادہ باقی رکھے۔ پہلے ایڈیشن میں اس طرح کی اہم اور ضروری اصلاحات آ گئیں ان کا عزم یہ ہے کہ دوسرے ایڈیشن میں مزید اصلاحات کی کوشش کی جائے گی اللہ تعالیٰ ان کو توفیق مزید عطا فرمائے اور اس کتاب کو نافع خلائق بنائے۔ ان کی ہی فرمائش پر مقدمہ کی یہ چند سطور سفر و حضر کے مختلف اوقات میں لکھی گئیں۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى صَفْوَةِ خَلْقِهٖ وَسَيِّدِ رُسُلِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَصَحْبِهٖ اَجْمَعِيْنَ

بندہ محمد شفیع عفا اللہ عنہ
۷ رجب ۱۳۷۹ھ

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

بسم اللہ الرحمن الرحیم

چند اہم وضروری قواعد صرفیہ کی شناخت

مجرّد کو مزید بنانے میں حسب ذیل اغراض کارفرما ہوتی ہیں

اوزانِ مزید	اَغراضِ پیشِ نظر
فَعَّلَ	(۱) تعدیہ، لازم کو متعدی کرنا یا اگر فعل متعدی ہو تو ایک اور مفعول کا اضافہ کرنا، جیسے فَرِحَ (زید خوش ہوا) سے فَرَّحْتُہٗ (میں نے اس کو خوش کیا)
	(۲) تکثیر، مفعول کی تکثیر مراد ہو جیسے قَطَّعْتُ الْحَبْلَ (میں نے رسّی کے بہت سے ٹکڑے کیے)
	(۳) نسبت، مفعول کی نسبت اصل فعل کی طرف مقصود ہو جیسے کَفَّرْتُہٗ (میں نے اس کو کفر کی طرف منسوب کیا اور اس کو کافر ٹھہرایا)
	(۴) سلب، کسی چیز سے ماخذ کو دُور کرنا، جیسے قَشَّرْتُ الْعُوْدَ (میں نے لکڑی سے اس کا چھلکا دُور کیا)
	(۵) اتخاذ، کسی اسم کو ماخذ بنانا، جیسے خَیَّمَ الْقَوْمُ (لوگوں نے خیمے لگائے)
فَاعَلَ	(۱) اشتراک، دو شخصوں کا مل کر کوئی کام کرنا جن میں ہر ایک فاعل بھی ہو اور مفعول بھی جیسے ضَارَبَ زَیْدٌ عَمْرًا (زید نے عمرو کو اور عمرو نے زید کو مار پیٹا)۔
	(۲) موافقت فَعَّلَ۔ فَعَّلَ کے ہم معنی ہونا، جیسے ضَاعَفْتُ الشَّیْءَ (میں نے اس کو دو چند کر دیا) بمعنی ضَعَّفْتُہٗ۔
	(۳) موافقت اَفْعَلَ، اَفْعَلَ کے ہم معنی ہونا جیسے بَاعَدْتُہٗ (میں نے اس کو دُور کیا) بمعنی اَبْعَدْتُہٗ۔
	(۴) موافقت مجرّد۔ مجرّد کے ہم معنی ہونا جیسے سَافَرَ زَیْدٌ (زید نے سفر کیا) بمعنی سَفَرَ
اَفْعَلَ	(۱) تعدیہ، جیسے خَرَجَ زَیْدٌ (زید نکلا) سے اَخْرَجْتُہٗ (میں نے اس کو نکالا)۔
	(۲) دخول، ماخذ میں آنا جیسے اَمْسٰی زَیْدٌ (زید شام میں داخل ہوا)۔
	(۳) قصد، کسی جگہ کا قصد کرنا جیسے اَعْرَقَ۔ (عراق کا قصد کیا)۔
	(۴) صیرورت، صاحب ماخذ ہونا جیسے اَلْبَنَ الْبَقَرُ گائے دودھ والی ہو گئی۔
	(۵) مبالغہ، کسی شے کی کیفیت یا مقدار کی زیادت بیان کرنا جیسے اَسْفَرَ الصُّبْحُ صبح خوب روشن ہو گئی
	(۶) وجدان، کسی چیز کو ماخذ کے ساتھ متصف پانا جیسے اَبْخَلْتُ زَیْدًا میں نے زید کو بخیل پایا
	(۷) عرض، مفعول کو محل ماخذ میں پیش کرنا جیسے اَبَعْتُ الْفَرَسَ میں نے گھوڑے کو بیچنے کی جگہ (منڈی میں) برائے فروختگی پیش کیا۔
	(۸) سلب جیسے اَشْکَیْتُہٗ میں نے اس کی شکایت دُور کی۔
	(۹) حینونت، کسی چیز کا ماخذ کے وقت کو پہنچنا، جیسے اَحْصَدَ الزَّرْعُ، کھیتی کا ٹنے کا وقت آپہنچا۔
	(۱۰) موافقت مجرّد، جیسے اَقَلْتُ الْبَیْعَ بمعنی قِلْتُہٗ میں نے بیع کو فسخ کیا
تَفَعَّلَ	(۱) مطاوعت فَعَّلَ۔ فَعَّلَ کے بعد اس کا اس غرض سے آنا کہ مفعول نے فاعل کے اثر کو قبول کیا، جیسے عَلَّمْتُہٗ فَتَعَلَّمَ۔ میں نے اس کو سکھایا

تو وہ سیکھ گیا۔

(۲) تکلف ، ماخذ میں تصنع و بناوٹ ظاہر کرنا تَشَجَّعَ عَمْرٌو عمر تکلف بہادر بنا۔

(۳) اتخاذ ، کسی چیز کو بنانا ماخذ میں لینا جیسے تَأَبَّطَ الصَّبِيَّ عَمْرٌو عمرو نے بچہ کو بغل میں لیا۔

(۴) تجنب ، ماخذ سے پرہیز کرنا جیسے تَأَثَّمَ اس نے گناہ سے پرہیز کیا۔

(۵) صیرورت ، جیسے تَمَوَّلَ زَیْدٌ زید مال دار ہو گیا۔

(۶) تدریج ، کسی کام کو آہستہ آہستہ کرنا جیسے تَجَرَّعَ زَیْدٌ زید نے گھونٹ گھونٹ کرکے پانی پیا۔

(۷) طلب ، جیسے تَعَجَّلَ الشَّیْءَ اس نے کسی چیز میں عجلت چاہی۔

(۸) انتساب ، جیسے تَبَدَّیٰ بادیہ کی طرف منسوب ہوا۔

تفاعل :۔ (۱) اشتراک ، جیسے تَشَاتَمَا ۔ دونوں نے ایک دوسرے کو گالی دی۔

(۲) مطاوعت ، فاعل ۔ جیسے بَاعَدْتُہٗ فَتَبَاعَدَ میں نے اس کو دور کیا وہ دور ہو گیا۔

(۳) تخییل ، وہ صفت ظاہر کرنا جو در حقیقت نہ ہو جیسے تَمَارَضَ اس نے اپنے آپ کو مریض ظاہر کیا۔

(۴) تدریج ، جیسے تَوَارَدَ الْقَوْمُ لوگ ٹھہر ٹھہر کر آئے ، بدفعات آئے۔

(۵) موافقت مجرد ، جیسے تَعَالَی اللّٰہُ بمعنی عَلَا

اِفْتَعَلَ :۔ (۱) مطاوعت فَعَلَ ، جیسے جَمَعْتُہٗ فَاجْتَمَعَ میں نے اس کو جمع کیا تو وہ جمع ہو گیا۔

(۲) اتخاذ ، جیسے اِحْتَجَرَ الْفَارُ ۔ چوہے نے بل بنایا۔

(۳) مبالغہ ، جیسے اِکْتَسَبَ ، اس نے کسب میں مبالغہ کیا۔

(۴) طلب ، جیسے اِکْتَدَّ فُلَانًا ۔ اس نے فلاں سے مشقت طلب کی۔

(۵) موافقت فَعَلَ ، جیسے اِجْتَذَبَ بمعنی جَذَبَ ۔

(۶) موافقت تفاعل ، جیسے اِخْتَصَمَ بمعنی تَخَاصَمَ

اِنْفَعَلَ :۔ (۱) مطاوعت اَفْعَلَ ، جیسے اَغْلَقَ الْبَابَ فَانْغَلَقَ ۔ اس نے دروازہ بند کیا تو وہ بند ہو گیا۔

(۲) مطاوعت فَعَلَ ، جیسے کَسَرْتُہٗ فَانْکَسَرَ ۔ میں نے اس کو توڑا تو وہ ٹوٹ گیا۔

فائدہ :۔ باب انفعال ہمیشہ لازم آتا ہے متعدی نہیں ، اور ہمیشہ ایسے معانی کے لئے آتا ہے جن کا تعلق اعضائے ظاہری سے ہو۔

اِفْعَلَّ :۔ (۱) دخول ، کسی صفت میں داخل ہونا جیسے اِحْمَرَّ الْبُسْرُ ۔ کھجور نے سرخی پکڑلی۔

(۲) مبالغہ ، جیسے اِسْوَدَّ اللَّیْلُ رات بہت تاریک ہو گئی۔

فائدہ :۔ باب اِفعِلال اکثر الوان وعیوب کے لئے آتا ہے۔

اِسْتَفْعَلَ :۔ (۱) طلب ، جیسے اِسْتَغْفَرَ ۔ اس نے مغفرت طلب کی۔

(۲) وجدان ، جیسے اِسْتَکْرَمْتُہٗ میں نے اس کو کرم سے متصف کیا۔

(۳) تحول ، قلب ماہیت یا صفت ہو کر ماخذ بن جانا ، جیسے اِسْتَحْجَرَ الطِّیْنُ مٹی پتھر ہو گئی۔

(۴) تکلف ، جیسے اِسْتَجْرَأَ اس نے جرأت تکلف دکھلائی۔

(۵) مطاوعت اَفْعَلَ ، جیسے اَقَمْتُہٗ فَاسْتَقَامَ میں نے اس کو سیدھا کیا وہ سیدھا ہو گیا۔

(۶) موافقت مجرد ، جیسے اِسْتَقَرَّ بمعنی قَرَّ ۔

اِفْعَوْعَلَ:- (۱) مبالغہ، جیسے اِحْدَوْدَبَ بہت کبڑا ہوگیا۔
(۲) موافقتِ مجرد، جیسے اِحْلَوْلَی التَّمرُ بمعنی حَلَا۔

اِفْعَوَّلَ و اِفْعَالَّ:- مبالغہ، جیسے اِجْلَوَّذَ وہ بہت تیز دوڑا۔ اِحْمَارَّ اس کی سرخی تیز ہوگئی
فائدہ:- وزن اِفْعَالَّ، الوان وعیوب کے لئے مخصوص ہے۔

تَفَعْلَلَ:- مطاوعت فَعْلَلَ، جیسے دَحْرَجْتُہٗ فَتَدَحْرَجَ میں نے اس کو لڑھکایا، سو وہ لڑھک گیا۔

اِفْعَلَّلَ و اِفْعَنْلَلَ:- مبالغہ، جیسے اِشْحَنْفَرَ اس نے نہایت شتابی کی اِقْشَعَرَّ وہ سخت خوف یا ڈر یا سردی کے باعث کانپ گیا اور اس کے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔

تنبیہ:- مجرد کو مزید میں لانے کی یہ چند اہم اغراض تھیں جو سپرد قلم ہوئیں، علمائے صرف نے اور اغراض کا بھی ان میں اضافہ کیا ہے مگر ہم نے طوالتِ کلام کے خوف سے اُن کو نظرانداز کر دیا۔

یہ واضح رہے کہ ان ابواب مزید فیہ کے لئے یہ ضروری نہیں کہ ہر مجرد سے ان کو بنا لیا جائے، بلکہ یہ سب سماعی چیزیں ہیں جن کا مدار سماع اور کتب لغت پر ہے۔

مشتقات

فعل سے جو اسماء مشتق ہوتے ہیں وہ کل دس ہیں:-
مصدر، اسم مرّہ، اسم نوع، ظرف مکان وظرف زمان، اسم آلہ، اسم فاعل، اسم مفعول، صفت مشبہ، اسم تفضیل، مبالغہ

مصدر

ثلاثی مجرد کے مصادر قیاسی نہیں، اُن کے چند اوزان ہیں جن کی شناخت کا مدار سماع پر ہے، چنانچہ اکثر و بیشتر:
(۱) جو پیشہ کے معنی دیتے ہیں وہ فِعَالَۃ کے وزن پر آتے ہیں جیسے زِرَاعَۃ، تِجَارَۃ، حِیَاکَۃ۔ وغیرہ
(۲) جو امتناع کے معنی دیتے ہیں وہ فِعَال کے وزن پر آتے ہیں جیسے اِبَاء، شِرَاد، جِمَاح۔
(۳) جو اضطرار کے معنی کو مفید ہوتے ہیں اُن کا وزن فَعَلَان ہوتا ہے جیسے غَلَیَان، جَوَلَان، خَفَقَان
(۴) جو بیماری و مرض کے معنی ظاہر کریں وہ فُعَالٌ کے وزن پر ہوتے ہیں جیسے صُدَاع، زُکَام، دُوَار
(۵) جن سے سیر کے معنی نکلیں وہ فَعِیْلٌ کے وزن پر آتے ہیں جیسے رَحِیْل، ذَمِیْل۔
(۶) جن سے آواز کے معنی سمجھے جائیں اُن کا وزن فُعَالٌ یا فَعِیْلٌ ہوتا ہے جیسے صُرَاخ، زَئِیْر۔
(۷) جو کسی رنگ کے معنی پر دلالت کریں اُن کا وزن فُعْلَۃ ہوتا ہے جیسے حُمْرَۃ، زُرْقَۃ، خُضْرَۃ۔
اور اگر مذکورالصدر معانی نہ ظاہر کریں تو بیشتر:-
(۱) فَعُلَ کا مصدر فُعُوْلَۃ یا فَعَالَۃ کے وزن پر آتا ہے جیسے سُھُوْلَۃ، نَبَاھَۃ، فَصَاحَۃ
(۲) اور فَعِلَ لازمی کا مصدر فَعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے فَرَحٌ، عَطَشٌ، بَلَجٌ
(۳) اور فَعَلَ لازمی کا مصدر فُعُوْلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے قُعُوْدٌ، خُرُوْجٌ، نُھُوْضٌ۔
(۴) اور فَعِلَ و فَعَلَ متعدی کا مصدر فَعْل کے وزن پر آتا ہے جیسے فَھْم، نَصْر۔

مصادر غیر ثلاثی

یہ سب کے سب قیاسی ہیں، اور حسب ذیل احکام کی رُو سے ان کا استعمال ہوتا ہے:-

تَفَعَّلَ :- فَعَّلَ کا مصدر تَفْعِیْل آتا ہے جیسے فَرَّحَ تَفْرِیْحًا ، اور کبھی تَفْعِلَۃ کے وزن پر بھی جیسے وَسَّعَ تَوْسِعَۃً وَقَدَّمَ تَقْدِمَۃً اور اگر مہموز اللام ہو تو تَفْعِلَۃ کے وزن پر زائد اور تَفْعِیْل کے وزن پر کم آتا ہے جیسے نَبَّأَ تَنْبِئَۃً وَوَطَّأَ تَوْطِئَۃً وَهَنَّأَ تَهْنِئَۃً اور اگر ناقص ہو تو صرف تَفْعِلَۃ کا ہی وزن آتا ہے جیسے حَلّٰی تَحْلِیَۃً وَزَکّٰی تَزْکِیَۃً اور اگر اجوف ہو تو صرف تَفْعِیْل کے وزن پر آتا ہے جیسے قَوَّمَ تَقْوِیْمًا ، سَوَّدَ تَسْوِیْدًا ۔

فَاعَلَ :- اس کا مصدر فِعَالٌ و مُفَاعَلَۃ آتا ہے ، جیسے قَاتَلَ قِتَالًا وَّمُقَاتَلَۃً البتہ جہاں فا کلمہ یا ہو وہاں مُفَاعَلَۃ کا وزن مخصوص ہے جیسے یَاسَرَ مُیَاسَرَۃً وَیَامَنَ مُیَامَنَۃً اور یَاوَمَ مُیَاوَمَۃً اور یُوَامًا شاذ ہے ۔

اَفْعَلَ :- اس کا مصدر اِفْعَال ہے جیسے اَکْرَمَ اِکْرَامًا اگر عین کلمہ میں حرف علت ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو نقل کر کے الف سے بدل دیتے ہیں ، پھر دو الف جمع ہو جانے کے باعث ایک کو حذف کر کے اس کے عوض میں آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اَمَاتَ اِمَاتَۃً ، اَغَاثَ اِغَاثَۃً ، اَشَارَ اِشَارَۃً ۔

تَفَعَّلَ :- اس کا مصدر تَفَعُّلٌ ہے جیسے تَقَدَّمَ تَقَدُّمًا اور جب لام کلمہ حرف علت ہو تو یا سے بدل کر ماقبل کو کسرہ دیتے ہیں جیسے تَاَنّٰی تَاَنِّیًا ، تَقَاضٰی تَقَاضِیًا ۔

اِفْتَعَلَ :- اس کا مصدر اِفْتِعَالٌ ہے جیسے اِشْتَرَکَ اِشْتِرَاکًا ۔

اِفْعَلَّ :- اس کا مصدر اِفْعِلَالٌ ہے جیسے اِحْمَرَّ اِحْمِرَارًا ۔

اِنْفَعَلَ :- اس کا مصدر اِنْفِعَالٌ ہے جیسے اِنْطَلَقَ اِنْطِلَاقًا

اِسْتَفْعَلَ :- اس کا مصدر اِسْتِفْعَالٌ ہے جیسے اِسْتَخْرَجَ اِسْتِخْرَاجًا لیکن عین کلمہ اگر حرف علت ہو تو الف سے بدل کر حذف کر دیتے ہیں ، اور آخر میں تا بڑھا دیتے ہیں جیسے اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَۃً

اِفْعَوَّلَ :- اس کا مصدر اِفْعِیْعَال ہے جیسے اِخْدَوْدَبَ اِخْدِیْدَابًا ۔

فَعْلَلَ :- اس کا مصدر فَعْلَلَۃ و فِعْلَال ہے جیسے دَحْرَجَ دَحْرَجَۃً وَدِحْرَاجًا دوسرا وزن صرف مضاعف ہونے کی صورت میں قیاسی ہوتا ہے ورنہ سماعی جیسے وَسْوَسَ وَسْوَسَۃً یا وِسْوَاسًا ۔

تَفَعْلَلَ :- اس کا مصدر تَفَعْلُلٌ ہے جیسے تَدَحْرَجَ تَدَحْرُجًا ۔

اِفْعَنْلَلَ :- اس کا مصدر اِفْعِنْلَال ہے جیسے اِحْرَنْجَمَ اِحْرِنْجَامًا ۔

اِفْعَلَلَّ :- اس کا مصدر اِفْعِلَّال ہے جیسے اِقْشَعَرَّ اِقْشِعْرَارًا ۔

فعل مجہول کے مصدر کے لئے کوئی مخصوص وزن نہیں ، جو فعل معروف کا مصدر ہوتا ہے بس وہی فعل مجہول کا مصدر شمار ہوتا ہے جیسے ضُرِبَ ضَرْبًا ، جس طرح معروف میں کہا جاتا ہے ضَرَبَ ضَرْبًا ۔

مصدر میمی

ثلاثی مجرد سے مصدر میمی مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے مَنْظَرٌ ، مَضْرَبٌ ، مَرْمًی اس قاعدہ سے مَرْجِعٌ ، مَسِیْرٌ ، مَعْبِدٌ مَشِیْبٌ ، مَرْفِقٌ ، مَقِیْلٌ ، مَجِیْئٌ سات الفاظ مستثنیٰ ہیں ۔

مثال واوی سے مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے ، خواہ مضارع کا عین کلمہ مکسور ہو یا مفتوح جیسے مَوْرِدٌ ، مَوْعِدٌ ، مَوْجِلٌ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر آتا ہے ، اور بجائے علامت مضارع کے میم مضموم لگاتے ہیں جیسے مُتَحَدَّدٌ - مُضْطَبَرٌ - مُدَحْرَجٌ -

اسم مرّہ و اسم نوع

اسم مرّہ وہ مصدر ہے جو فعل کے صرف ایک دفعہ ہونے کو ظاہر کرے۔
اسم نوع وہ مصدر ہے جو فعل کی ہیئت و نوع بتلائے۔
اسم مرّہ ثلاثی مجرد سے فَعْلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَرَبْتُ ضَرْبَۃً و اَخَذْتُ اَخْذَۃً ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب میں اسم مرّہ بنانے کے لئے باب کے اصل مصدر پر تا بڑھانی پڑتی ہے جیسے اِلْتَفَتُّ اِلْتِفَاتَۃً ، اِنْطَلَقْتُ اِنْطِلَاقَۃً ثلاثی وغیرہ کے مصادر کے آخر میں جب تا آجائے تو اسم مرّہ کے ساتھ کسی ایسی چیز کا لانا ضروری ہے جو وحدت کے معنی دے جیسے ضَرَبْتُہٗ ضَرْبَۃً وَاحِدَۃً، قَاتَلْتُہٗ مُقَاتَلَۃً لَا غَیْرَ، مَا الْتَفَتُّ اِلَیْہِ اِلَّا الْتِفَاتَۃً اَجَبْتُہٗ اِجَابَۃً فَقَط۔
اسم نوع ثلاثی مجرد سے فِعْلَۃٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے وَقَفَ وِقْفَۃَ الْاَسَدِ وَمَشَی مِشْیَۃَ الْمُخْتَالِ ثلاثی مجرد کے علاوہ دوسرے ابواب سے اسم مرّہ ہی کے وزن پر آتا ہے جیسے حَسَنُ الْاِنْطِلَاقَۃِ وَقَبِیْحُ الْمُعَاشَرَۃِ۔

ظرف مکان و ظرف زمان

ظرف مکان وہ ہے جو وقوع فعل کی جگہ کو بتائے، ظرف زمان وہ ہے جو وقوع فعل کے وقت کو بتائے۔
ظرف مکان و ظرف زمان ہر دو مَفْعَلٌ کے وزن پر آتے ہیں، جب کہ اُن کے مضارع کا عین کلمہ یا مفتوح ہو جیسے مَطْبَخٌ، مَذْبَحٌ۔
اور جب عین کلمہ مکسور ہو تو مَفْعِلٌ کے وزن پر آتے ہیں جیسے مَجْلِس، مَنْزِل اس قاعدہ سے الفاظ مندرجہ ذیل مستثنیٰ ہیں، کیوں کہ ان کا مضارع گو مضموم العین ہے مگر پھر بھی یہ مَفْعِلٌ کے وزن پر آتے ہیں جیسے مَسْجِدٌ، مَشْرِقٌ، مَغْرِبٌ مَطْلِعٌ، مَجْزِرٌ، مَرْفِقٌ، مَفْرِقٌ، مَسْکِنٌ، مَنْسِکٌ، مَنْبِتٌ، مَسْقِط۔
مثال سے ظرف زمان و مکان ہمیشہ مَفْعِلٌ کے وزن پر آتا ہے اور ناقص سے ہمیشہ مَفْعَلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَوْعِدٌ مَوْجِل، مَطْوِی، مَرْمیٰ، اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے مصدر میمی کے مانند جیسے اَدْخَلَ سے مُدْخَلٌ
جان لیجئے کہ مَفْعَلَۃٌ کا وزن کسی جگہ کسی چیز کی کثرت کو ظاہر کرتا ہے جیسے مَقْبَرَۃ، جہاں قبریں بکثرت ہوں مَابلہ، جہاں اونٹ بہت ہوں مَفْعَاۃ جہاں سانپ زیادہ ہوں مَسْبَعَہ، جہاں درندے بکثرت ہوں، ثلاثی مجرد و مزید سے یہ وزن قیاسی ہے، بعض کا خیال ہے کہ وزن گو بدیں معنی بکثرت آتا ہے مگر قیاسی نہیں۔

اسم آلہ

اسم آلہ اس آلہ یا اس اوزار کو بتاتا ہے جس سے کوئی کام کیا جائے، یہ صرف ثلاثی مجرد متعدی سے بنتا ہے، البتہ مِصْفَاۃ (صفا) سے مِرْقَاۃ (رقی) سے مِزْمَار (زمر) سے مستثنیٰ ہیں۔
اسم آلہ کے تین وزن ہیں:۔ مِفْعَلٌ جیسے مِبْرَدٌ، مِفْعَالٌ جیسے مِفْتَاحٌ، مِفْعَلَۃ جیسے مِکْنَسَۃ، مُنْخُل مُدْھُنٌ، مُکْحُلَۃ، مُدُق، مُسْعُط، مُنَارَۃ، مُشْط۔ وغیرہ الفاظ اسمائے جامدہ کے مانند ہیں، ان میں فعل سے اشتقاق کا اعتبار نہیں اور وہ اسم آلہ جو فعل سے مشتق نہ ہو سکے اس کے لئے کوئی ضابطہ نہیں، مختلف اوزان پر آتا ہے جیسے قَدُوم، سِکِّیْن، فَاْس۔ وغیرہ۔

اسم فاعل و اسم مفعول

اسم فاعل اس ذات کو بتاتا ہے جس سے فعل کا صدور ہوا ہو۔ یہ ثلاثی مجرد سے فَاعِلٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے ضَارِبٌ، قَاتِلٌ نَاصِرٌ۔ ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے مضارع معروف کے وزن پر آتا ہے اس صورت سے کہ علامت مضارع کو میم مضموم سے بدلا جاتا ہے اور ماقبل آخر کو کسرہ دیا جاتا ہے، جیسے مُكْرِمٌ، مُتَقَدِّمٌ۔

اسم مفعول اس ذات کو بتاتا ہے جس پر فعل واقع ہوا ہو، یہ ثلاثی مجرد سے مَفْعُولٌ کے وزن پر آتا ہے جیسے مَضْرُوبٌ، مَاْخُوذٌ اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے مضارع مجہول کے وزن پر اس صورت سے کہ علامت مضارع کو میم مضموم سے بدلا جاتا ہے اور ماقبل آخر کو فتح دیا جاتا ہے جیسے مُكْرَمٌ، مُسْتَخْرَجٌ۔

تنبیہ:- قیاس تو یہی چاہتا ہے کہ اسم فاعل، و اسم مفعول کا اشتقاق اپنے ہی فعل سے ہو، خواہ وہ مجرد ہو، خواہ مزید، لیکن بعض الفاظ شاذ ہونے کے سبب اس قیاس کے ماتحت نہیں آتے جیسے اَمْحَلَ سے مَاحِلٌ، اَمْلَحَ سے مَالِحٌ، اَيْفَعَ سے يَافِعٌ، اَعْشَبَ سے عَاشِبٌ، اَحَبَّهُ سے مَحْبُوبٌ، اَجَنَّهُ سے مَجْنُونٌ، اَحَمَّهُ سے مَحْمُومٌ، اَزْكَمَهُ سے مَزْكُومٌ، اَسَلَّهُ سے مَسْلُولٌ۔

ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے اسم مفعول مصدر میمی، ظرف زمان و مکان ایک ہی وزن پر آتے ہیں صرف قرائن معنویہ کے ذریعہ امتیاز کیا جاتا ہے

صفت مشبّہ

صفت مشبہ اس ذات کو بتاتا ہے جس میں معنی مصدری بطور ثبوت یعنی پائیداری کے پائے جاتے ہوں جیسے جَمِيلٌ ثلاثی مجرد سے اس کے اوزان سماعی ہیں جیسے حَسَنٌ، كَرِيمٌ، لَيِّنٌ، سَهْلٌ، صَعْبٌ ہاں اگر فعل لون، عیب یا حلیہ پر دلالت کرے تو صفت مشبہ کے لئے وزن اَفْعَلُ کا ہے جیسے اَسْوَدُ، اَعْرَجُ، اَبْلَجُ۔

اور ثلاثی مجرد کے علاوہ دیگر ابواب سے اسم فاعل کے وزن پر آتا ہے صفت مشبہ صرف ابواب لازمہ سے آتی ہے جیسے

اسم تفضیل

اسم تفضیل اس ذات کو بتاتا ہے جس میں اوروں کی نسبت مصدری معنی کی زیادتی پائی جائے، اس کو اَفْعَلُ التفضیل بھی کہتے ہیں، اس میں مذکر کے لئے اَفْعَلُ کا وزن مقرر ہے اور مؤنث کے لئے فُعْلٰى کا، اور یہ صرف ثلاثی مجرد کے ابواب سے بنتا ہے، رہے وہ مادے جو رنگ، عیب، حلیہ پر دلالت کرتے ہیں، اُن سے اسم تفضیل کا صیغہ نہیں آتا، بلکہ اسی وزن پر صفت کا صیغہ آتا ہے۔

اور وہ ابواب یا مادے جن سے اسم تفضیل کا صیغہ اَفْعَلُ کے وزن پر نہیں آسکتا، اُن سے اگر اسم تفضیل کے معنی ظاہر کرنا ہوں تو اس کا قاعدہ یہ ہے کہ لفظ اَشَدَّ یا اَكْثَرَ یا انہی جیسے الفاظ کے بعد اس باب کا مصدر منصوب استعمال کرتے ہیں جیسے اَشَدُّ سَوَادًا، اَشَدُّ اِحْمِرَارًا

اسم تفضیل معروف اور ثلاثی مجرد سے بنتا ہے لیکن بعض الفاظ شُذُوذًا مجہول، اور ابواب غیر ثلاثی سے بھی آتے ہیں مثلاً "اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ" میں (اَحْمَدُ) حُمِدَ سے اور "حَاتِمٌ اَعْطٰى مِنْ عَمْرٍو" میں (اَعْطٰى) اُعْطِيَ سے اور "هٰذَا الْمَسْقَرُ اَخْصَرُ مِنْ ذٰلِكَ" میں (اَخْصَرُ) اُخْتُصِرَ سے بنے ہیں

کبھی اسم تفضیل اسم جامد سے بھی آتا ہے، جیسے "مَا بِالْبَادِيَةِ اَنْوَكُ مِنْهُ" میں (اَنْوَكُ) نَوْكٌ سے ماخوذ ہے خَيْرٌ وَشَرٌّ دراصل اَخْيَرُ و اَشَرُّ تھے، کثرت استعمال کے باعث ہر دو جگہ سے ہمزہ کا سقوط ہوا، کبھی مع ہمزہ کے بھی استعمال ہوتے ہیں۔

اوزان مبالغہ

مبالغہ وہ ہے جو کسی فاعل میں مصدری معنی کی زیادتی کو بتائے، اس کے مشہور وزن یہ ہیں۔

(۱) فَعَّالٌ جیسے عَلَّامٌ و نَصَّارٌ (۲) فَعَّالَۃٌ جیسے عَلَّامَۃ و فَہَّامَۃ (۳) فِعِّیْل جیسے صِدِّیْق و سِکِّیْر (۴) مِفْعِیْل جیسے مِسْکِیْن و مِعْطِیْر (۵) مِفْعَال جیسے مِکْسَال و مِقْدَام (۶) فُعَلَۃ جیسے ضُحَکَۃ و ضُجَعَۃ (۷) فَعِلٌ جیسے شَرِہٌ و حَذِرٌ (۸) فَعِیْلٌ جیسے رَحِیْمٌ و عَظِیْمٌ (۹) فَعُوْلٌ جیسے کَذُوْبٌ و وَدُوْدٌ (۱۰) فَاعِلَۃ جیسے رَاوِیَۃ (۱۱) فُعَّلٌ جیسے عُفَّلٌ (۱۲) فَعُوْلَۃ جیسے فَرُوْقَۃ (۱۳) مِفْعَلٌ جیسے مِحْرَبٌ (۱۴) فَاعُوْلٌ جیسے فَارُوْقٌ (۱۵) فُعَّالٌ جیسے کُبَّارٌ۔

مبالغہ کے اوزان سب سماعی ہیں، اور وہ صرف ثلاثی مجرد سے آتے ہیں البتہ دَرَّاك، اَدْرَكَ سے اور مِعْطَاء اَعْطٰی سے مِهْوَانٌ اَهَانَ سے، مِحْسَانٌ اَحْسَنَ سے، مِتْلَافٌ اَتْلَفَ سے، مِمْلَاق اَمْلَقَ سے، مِخْلَاف اَخْلَفَ سے، اور سَمِیْع اَسْمَعَ سے، نَذِیْر اَنْذَرَ سے، زَهُوْق اَزْهَقَ سے شاذ ہیں۔

فائدہ:۔ بعض اوزانِ مبالغہ کے ساتھ تا لاحق ہوتی ہے تو وہ تا دلالتِ تانیث نہیں ہوتی، بلکہ تاکید مبالغہ کے لئے آتی ہے جیسے عَلَّامَۃ (بہت بہت جاننے والا) فَرُوْقَۃ (بہت بہت فرق کرنے والا) مِجْزَامَۃ (بہت بہت کاٹنے والا)۔

جب فَعِیْل فَاعِل کے معنی میں ہو تو مذکر و مؤنث میں فرق ہوگا خواہ موصوف کا ذکر ہو یا نہ ہو، جیسے "رَجُلٌ نَصِیْرٌ" "اِمْرَاَۃٌ نَصِیْرَۃٌ" "جَاءَ نَصِیْرٌ و نَصِیْرَۃٌ"۔

اور اگر فَعِیْل بمعنی مَفْعُوْل ہو اور موصوف بھی ساتھ ساتھ مذکور ہو تو مذکر و مؤنث میں ایک ہی حالت ہوگی جیسے "زَیْدٌ قَتِیْلٌ" "وَاَتَتِ الْمَرْاَۃُ جَرِیْحًا" اور بغیر موصوف کے فرق ہوگا جیسے "جَاءَ حَبِیْبٌ و حَبِیْبَۃٌ"۔

اسی طرح اگر فَعُوْل بمعنی فَاعِل ہو تو موصوف کے ساتھ مذکر و مؤنث میں ایک حالت رہے گی، جیسے یَحْیَی الْبَتُوْل، مَرْیَمُ الْبَتُوْل اور اگر موصوف نہ ہو تو فرق ہوگا جیسے: جَاءَ بَتُوْل و بَتُوْلَۃ۔

اور اگر فَعُوْلٌ بمعنی مَفْعُوْل ہو تو مؤنث و مذکر میں فرق و امتیاز ہوگا خواہ موصوف مذکور ہو یا نہ ہو جیسے هٰذَا رَسُوْلٌ و تِلْكَ رَسُوْلَۃٌ و جَاءَ رَسُوْلٌ و رَسُوْلَۃٌ۔

مذکر و مؤنث

مذکر علامتِ تذکیر سے بے نیاز ہے، البتہ مؤنث کے لئے تین علامتیں مقرر ہیں:۔

(۱) تاء جیسے ظُلْمَۃ، قُوَّۃ، نِعْمَۃ، قُدْرَۃ (۲) الف مقصورہ جیسے عُذْرٰی، فُضْلٰی، کُبْرٰی، عُظْمٰی۔

(۳) الف ممدودہ، جیسے حَمْرَاء، سَوْدَاء، بَیْضَاء، زَرْقَاء۔

ہر سہ علاماتِ تانیث آخرِ اسم میں زائد کی جاتی ہیں، اور یہ اسم کو مؤنث بنا دیتی ہیں، لیکن وہ اسماء جو مردوں کے نام ہوں اُن کے آخر میں گو علاماتِ تانیث ہوں مذکر ہی رہتے ہیں جیسے طَلْحَۃ، نَخْلَۃ، اَرْطٰی، خَضْرَاء۔ وغیرہ

مؤنث کی دو قسمیں ہیں، مؤنث لفظی، مؤنث معنوی۔

مؤنث لفظی وہ ہے جس میں علامت تانیث ظاہر میں لگی ہوئی ہو، جیسے اشکل مذکرۃ الصدر میں۔

مؤنث معنوی وہ ہے جس کو اہل زبان نے مؤنث مانا ہو لیکن اس میں کوئی ظاہری علامتِ تانیث نہ ہو، یہ چار قسم پر ہے:۔

(۱) عورتوں کے نام جیسے:۔ مریم، زینب وغیرہ۔

(۲) وہ اسماء جو عورتوں کے لئے ہی مخصوص ہوں، جیسے:۔ اُخْت، اُمّ وغیرہ

(۳) شہروں اور قبیلوں کے نام، جیسے:۔ شام، مصر، قریش وغیرہ

(۴) اُن اعضائے جسمانی کے نام جو دو دو ہوں جیسے: عین، رجل، اذن لیکن یہ آخر کا حکم اکثری ہے کیوں کہ صدغ، مرفق، حاجب، خد وغیرہ مؤنث نہیں ہیں، ان کے علاوہ کچھ اور بھی الفاظ ہیں جن کو اہل لغت نے جمع کیا ہے ہیں تو وہ بہت سے مگر ہم چند کا ذکر کرتے ہیں۔

اُذن، ارض، ارنب، اروی، است، اصبع، افعی، بئر، جحیم، جہنم، حرب، دار، ذراع، رجل، رحم، رحی ریح، سقر، سن، ساق، شمس، شمال، ضبع، عروض، عصا، عقب، عین، فاس، فخذ، فلک، قدم، قوس کاس، کتف، کرش، کف، نار، نعل، ناب، ورک، ید، یمن۔

ہوا کے جو اسماء ہیں وہ بھی مؤنث مانے جاتے ہیں جیسے صبا، قبول، جنوب، دبور، شمال، حیف، حرور، سموم وغیرہ

ان کے علاوہ بعض ایسے اسماء بھی ہیں جن میں تذکیر و تانیث دونوں صورتیں جائز ہیں، ان میں مشہور یہ ہیں:۔

ابط، ازار، حال، حانوت، خمر، درع، دلو، روح، زقاق، سبیل، سری، سراویل، سلاح، سکین، سلم، سلم سماء، سوق، صاع، ضحی، طرس، طریق، عجز، عضد، عقاب، عقرب، عنق، عنکبوت، فردوس، فرس، فہر، قدر قفا، قمیص، کبد، لسان، مسک، ملح، منجنیق، موسیٰ، نفس، وراء۔

حروف تہجی بھی حکم میں انھیں الفاظ کے شریک حال ہیں۔

مثنیٰ

وہ اسم ہے جو دو پر دلالت کرے، کسی اسم واحد کو جب مثنیٰ بنانا چاہتے ہیں تو حالت رفعی میں اس کے آخر میں الف بڑھاتے ہیں اور حالت نصبی جری میں یا ماقبل مفتوح، اور آخر میں نون مکسور زائد کرتے ہیں جیسے: جاء الرجلان، رائت الرجلین و مررت بالرجلین۔

کوئی علم اگر مرکب اضافی ہو تو اس کے جزو اول (مضاف) کو مثنیٰ لاتے ہیں جیسے عبد الملک اور اگر مرکب بنائے یا مرکب اسنادی ہو تو ان کو اپنی حالت پر رکھتے ہیں البتہ مذکر ہونے کی صورت میں ان سے پہلے ذوا اور مؤنث ہونے کی حالت میں ذواتا بڑھاتے ہیں جیسے ذوا معدیکرب، ذواتا بعلبک جن کا تثنیہ نہیں آتا وہ یہ ہیں بعض، اجمع جمعاء، کل، احد، عریب، دیار، اسمائے اعداد اور وہ اسم تفضیل جو من کے ساتھ استعمال ہو جیسے الزیدان، افضل من الرجلین۔

تثنیہ اسم منقوص

اسم منقوص وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں یاء ماقبل مکسور ہو جیسے القاضی اور اگر اس میں یاء حذف ہو چکی ہو تو تثنیہ بناتے وقت لوٹ آتی ہے جیسے رامٍ، رامیان، راعٍ، راعیان۔

تثنیہ اسم مقصور

اسم مقصور وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں الف ہو اور اس کے بعد ہمزہ نہ ہو جیسے عصا، رحیٰ، یہ الف اگر تیسرے حرف کی جگہ ہو اور کسی سے بدل کر آیا ہو تو تثنیہ بنانے کی صورت میں وہ اپنی اصل کی طرف لوٹ آئے گا جیسے رجا، رجوان، فتی، فتیان اور اگر الف چوتھی جگہ یا اس سے زائد ہو تو یاء سے بدل جاتا ہے جیسے ذکریان اور قہقران وخوزلان شاذ ہیں، کیونکہ بروئے قیاس قہقریان وخوزلیان کہنا چاہیے تھا

تثنیہ اسم ممدود

اسم ممدود وہ اسم معرب ہے جس کے آخر میں ہمزہ ہو اور اس سے پہلے الف زائدہ جیسے صفراء، خضراء اگر یہ الف اگر تانیث کے لئے ہو جیسے خضراء میں تو تثنیہ بناتے وقت ہمزہ کو واؤ سے بدل دیا جاتا ہے، جیسے خضروان یہ جب ہے کہ الف سے پہلے واؤ نہ ہو اور نہ ہمزہ کو باقی رکھتے ہیں تاکہ دو واؤ جمع نہ ہو جائیں جیسے عشواء سے عشواءان۔

اگر ہمزہ اصلی ہو تو بھی لزوماً باقی رکھی جاتی ہے، جیسے لألاء سے لألاءان، قُرّاء سے قرّاءان۔

اگر ہمزہ نہ اصلی ہی ہو نہ تانیث کے لئے تو اس میں ہر دو صورتیں روا ہیں، خواہ اس کو واؤ سے بدلیں خواہ اس کو بجنسہ رکھیں جیسے سماءٌ سے سماءان اور سماوان ۔

تثنیہ اسماء محذوف اللام

وہ اسماء جن کا لام کلمہ محذوف ہو اور اس کے عوض میں کچھ نہ ہو تو تثنیہ بناتے وقت اُن کا لام کلمہ واپس آئے گا جیسے آبٌ کہ دراصل ابو تھا بحالت تثنیہ ابوان اسی طرح اخوان، حموان، عدوان وغیرہ۔ البتہ فمٌ و یدٌ میں واؤ واپس نہیں آئے گا، بلکہ کہیں گے فمان و یدان

اور وہ اسماء جن میں محذوف کی جگہ کچھ ہو تو اُن کو اپنی صورت پر باقی رکھ کر تثنیہ بنایا جائے گا، جیسے سنۃ، ابن، اسم کہ ان کا تثنیہ سنتان اینان، اسمان ہے۔

جمع

جمع کی دو قسمیں ہیں، جمع سالم، جمع مکسّر۔ جمع سالم وہ ہے جس میں واحد کا وزن سالم رہے، اور جوں کا توں جو کچھ زیادہ ہو وہ آخر میں۔ اور جمع مکسرہ وہ ہے جس میں واحد کا وزن باقی نہ رہے، بلکہ بگڑ جائے اور متغیر ہو جائے۔ پھر جمع سالم کی بھی دو قسمیں ہیں، جمع مذکر سالم جمع مؤنث سالم

جمع مذکر سالم

جمع مذکر سالم وہ ہے کہ بحالت رفعی اس کے آخر میں واؤ ماقبل مضموم ہو، اور بحالت نصبی وجری یا ماقبل مکسور اور دونوں کے بعد نون جیسے جاء مسلمون، رأیت مسلمین، مررت بمسلمین اس وزن پر جمع بنانے کے لئے یہ شرط ہے کہ اسم تاء تانیث کی وجہ سے خالی ہو اور مفرد ہو نہ مرکب۔ لہٰذا طلحۃ گو مذکر علم ہے لیکن تاء تانیث کی وجہ سے اس کی جمع واؤ نون سے نہیں آئے گی، اسی طرح معدیکرب وبعلبك وغیرہ، یا عبد الملك وتابط شرا کہ یہ مرکب ہیں نہ مفرد، اگر ان کی جمع بنانی ہو تو لفظ ذو کی جمع بنا کر ان کلمات کی طرف اس کی اضافت کریں گے جیسے:- ذوو معدیکرب؛ ذوو بعلبك، و ذوو تابط شرا۔

بعض ایسے بھی ہیں جن کی جمع جمع مذکر سالم کے وزن پر آتی ہے، اگرچہ اس کی شرطیں ان میں نہیں پائی جاتیں مثلاً ارضُونَ، عالمُونَ۔ عِلّیّونَ۔ اَھلُونَ، بَنُونَ، سِنُونَ۔ اسی طرح ہر وہ کلمہ ثلاثی جس کا لام کلمہ حذف کر دیا گیا اور اس کے عوض میں تاء لائی گئی ہو اس کی جمع بھی واؤ نون کے ساتھ آتی ہے جیسے عِضُونَ، ثبون، مِئُون۔ جمع عضۃ، ثبۃ، مائۃ۔

جمع مؤنث سالم

جمع مؤنث سالم وہ ہے جس کے آخر میں الف اور لمبی تاء زیادہ کی جائے، جیسے ثمرات، شجرات اگر مفرد کے آخر میں پہلے ہی سے تاء ہو تو جمع بنانے کے لئے اس کو حذف کر دیتے ہیں، جیسے طالبۃ سے طالبات، مسلمۃ سے مسلمات مندرجہ ذیل اسماء سے اس وزن پر جمع آتی ہے

(۱) ہر وہ اسم جس کے آخر میں تاء تانیث ہو جیسے ثمرۃ سے ثمرات، شجرۃ سے شجرات البتہ امرأۃ، شاۃ، قلۃ، امۃ ملۃ، شفعۃ اس سے مستثنیٰ ہیں۔

(۲) ہر وہ اسم جو مؤنث کا علم ہو جیسے زینب سے زینبات، مریم سے مریمات۔

(۳) ہر وہ مصدر جو تین سے زائد حرف رکھتا ہو جیسے۔ تعریفات، امتیازات، اختیارات۔

(۴) ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف تانیث ہو خواہ مقصورہ ہو یا ممدودہ جیسے صحرا سے صحراوات، حُبلیٰ سے حُبلیات۔ اسمائے مقصورہ وممدودہ میں الف کی تبدیلی ان ہی قواعد کے متعلق ہو گی جن کا ذکر مثنیٰ میں آچکا ہے۔ مذکورہ اسماء کے

علاوہ اس وزن پر جمع آنا سماعی ہے جیسے سماوات، ارضیات، سجلات، حمامات، سرادقات، شمالات، اُمّہات
رہے الفاظ عجمی تو ان میں سے بعض کی جمع تو اسی وزن پر آتی ہے جیسے تلغغرافات، اور بعض کی جمع جمع مکسر آتی ہے جیسے اَسَاکِل، قنامل
بطارکۃ۔ کرادلۃ

تنبیہ:۔ اگر کوئی کلمہ ثلاثی ہو اور اس کا عین کلمہ صحیح اور وہ فعل یا فعلۃ کے وزن پر ہو تو اس کی جمع مؤنث سالم بناتے وقت عین کلمہ پر فتح دینا ضروری ہے جیسے ثمرۃ سے ثمرات، رحمۃ سے رحمات۔
اور اگر وہ فِعْل یا فُعْل کے وزن پر ہو تو عین کلمہ کو فتح دینا یا ساکن رکھنا یا فاء کلمہ کے مثل اس پر حرکت لانا سب کچھ جائز ہے جیسے کِسْرَۃٌ سے کِسَرات، کِسْرات، کِسِرات، حُجْرَۃٌ سے حُجَرات، حُجْرات، حُجُرات۔
اگر کلمہ اجوف ہو تو بحالت جمع عین کلمہ ساکن ہی رہے گا خواہ فاء کلمہ پر کوئی بھی حرکت ہو جیسے جَوْزَۃ سے جوزات، بیعۃ سے بیعات
اور اگر ناقص ہو تو وہ صحیح کا سا حکم رکھتا ہے جیسے رَمْیَۃٌ سے رَمَیات، رُقْوَۃٌ سے رُقُوات، رُقْوات، رُقَوات ان اگر فاء کلمہ مکسور ہو اور لام کلمہ واوی ہو تو عین کلمہ کو فتح دینا یا ساکن رکھنا تو جائز ہے لیکن فاء کلمہ کے مثل حرکت دینا جائز نہیں، جِرَاوات شاذ ہے۔
اسی طرح اگر فاء کلمہ مضموم ہو اور لام کلمہ یائی ہو تو بھی عین کلمہ کو حرکت میں فاء کلمہ کے ہم شکل کرنا جائز نہیں، البتہ فتح دینا بھی روا ہے، اور ساکن رکھنا بھی، اگر کلمہ مدغم ہو تو جمع بناتے وقت فکِ ادغام نہیں ہوگا جیسے ضَمَّۃٌ سے ضَمّات، عِنَّۃٌ سے عِنّات۔

جمع مکسّر

جمع مکسر تین طریق سے بنائی جاتی ہے، کبھی صرف تبدیلی حرکت سے جیسے اَسَدٌ سے اُسُدٌ، کبھی حرف کے حذف سے جیسے رَسُوْلٌ سے رُسُلٌ کبھی حرف کی زیادتی سے جیسے رَجُلٌ سے رِجَالٌ۔
جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں، جمع قلت، جمع کثرت۔ جمع قلت وہ ہے جس سے تین سے دس تک کی تعداد معلوم ہو، اس کے چار وزن ہیں۔
(۱) اَفْعَال جیسے طِفْل سے اَطْفَال (۲) اَفْعُل جیسے نَفْس سے اَنْفُس (۳) اَفْعِلَۃ جیسے رَغِیْف سے اَرْغِفَۃ (۴) فِعْلَۃ جیسے فَتًی سے فِتْیَۃ
پھر اَفْعَال و اَفْعُل کی دوسری جمع بھی آتی ہے، جس کو جمع منتہی الجموع کہتے ہیں اَفْعَال کی جمع اَفَاعِیْل کے وزن پر آتی ہے جیسے اظفار کی اظافیر
اور اَفْعُل کی جمع اَفَاعِل کے وزن پر جیسے اَضْلُع کی جمع اَضَالِع گرمنتہی الجموع سے وہ وزن مراد ہے جس میں الف جمع کے بعد کے دو حرف متحرک ہوں یا اگر تین ہوں تو بیچ میں یاء ساکن ہو، جیسے مَسَاجِد، مَنَابِر، یا قَنَادِیْل، مَصَابِیْح۔

تنبیہ:۔ جمع قلت پر جب الف لام استغراق کا داخل ہو یا اس کی اضافت اسی چیز کی طرف ہو جو کثرت پر دلالت کرے تو وہ کثرت کا فائدہ دیتی ہے، جیسے اَیُّھَا الشُّیُوْخُ لَا تَکُوْنُوْا کَالْفِتْیَۃِ، اِحْفَظُوْا اَنْفُسَکُمْ۔
جمع کثرت وہ ہے جو تین سے زیادہ الی غیر النہایہ کے لئے استعمال ہوتی ہے۔
جمع سالم کی ہر دو قسمیں بعض کے نزدیک جمع قلت کے معنی کو مفید ہوتی ہیں اور بعض کے قول پر مطلق جمع کے معنی کو ظاہر کرتی ہیں بلا لحاظ قلت و کثرت کے۔

جمع کثرت کے قیاسی اوزان

(۱) فُعَل جمع فُعْلَۃ جیسے عُلَب جمع عُلْبَۃ، صُوَر جمع صُوْرَۃ، صُرَر جمع صُرَّۃ۔
(۲) فِعَل جمع فِعْلَۃ جیسے قِطَع جمع قِطْعَۃ لیکن کبھی فِعْلَۃ کی جمع فُعَل بھی آتی ہے جیسے لُحًی جمع لحیۃ۔ حُلًی جمع حِلْیَۃ
(۳) فَعَالِل ہر رباعی مجرد کی جمع جیسے بَلَابِل جمع بُلْبُل، حَنَادِس جمع حِنْدِس اور خماسی مجرد و مزید کی جمع بھی جیسے سَفَارِج جمع سَفَرْجَل، خَنَادِس جمع خِنْدِرِیْس۔

(۴) فَوَاعِلُ ہر اُس ثلاثی کی جمع جس کے فا کے بعد واؤ یا الف زائد ہو جیسے جَوَاھِر جمع جَوْھَر ، خَوَاتِم جمع خَاتَم
(۵) فَعَائِلُ ہر اُس مؤنث کی جمع جس کا تیسرا حرف مدہ ہو جیسے صَحَائِف جمع صَحِیْفَة ، رَسَائِل جمع رِسَالَة ۔
(۶) اَفَاعِلُ اَفْعَل (بتثلیث الھمزۃ) کی جمع جیسے اَصَابِع اَصْبَع کی جمع اَنَامِل اَنْمِلَة کی جمع اَجَادِل ، اَجْدَل کی جمع ۔
(۷) اَفَاعِیْل اَفْعُوْل اور اَفْعُوْلَة کی جمع جیسے اَسَالِیْب ، اَسْلُوْب کی جمع اَرَاجِیْز اُرْجُوْزَة کی جمع ۔
(۸) فَعَالِیْل ہر اُس رباعی کی جمع جس کے حرف آخر سے پہلے مدہ ہو جیسے قَرَاطِیْس جمع قِرْطَاس ، عَصَافِیْر جمع عُصْفُوْر ۔
(۹) مَفَاعِلُ ، مِفْعَل اور مِفْعَلَة کی جمع جیسے مَوَاضِع جمع مَوْضِع ، مَكَانِس جمع مِكْنَسَة ۔
(۱۰) مَفَاعِیْل ، مِفْعَال ، مِفْعِیْل ، مَفْعُوْل کی جمع جیسے مَفَاتِیْح جمع مِفْتَاح ، مَسَاكِیْن جمع مِسْكِیْن ، مَقَادِیْر جمع مِقْدَار ۔

اسم جمع و شبہ جمع

اسم جمع وہ ہے جو جمع کے معنی دے اور اسی مادہ سے اس کے لئے کوئی مفرد نہ ہو جیسے خَیْل ، قَوْم ، رَهْط ، جَیْش ۔
شبہ جمع وہ ہے جو جمع کے معنی دے اور اس کے واحد و جمع میں تا سے تمیز ہو جیسے ورق کہ اس کا مفرد ورقۃ ہے تمر کہ اس کا واحد تمرۃ ہے اور اسی قبیل سے وہ جس کے واحد و جمع میں یائے نسبتی سے فرق و امتیاز ہو جیسے الرومی رومیوں میں سے ایک المجوسی مجوسیوں میں سے ایک البتہ پہلا غیر ذوی العقول کے لئے ہے اور دوسرا ذوی العقول کے لئے ۔
اسم جمع و شبہ جمع ہر دو کی جمع مفردات کے طرز پر آتی ہے ، جیسے قوم کی جمع اقوام ، ثوب کی جمع اثواب ، رفقۃ کی جمع رفق ، نجم کی جمع انجم اور روم کی جمع اروام

صفت

صفت وہ اسم ہے جو کسی ذات کی حالت کو بتلائے ، اس کی پانچ قسمیں ہیں ، اسم[1] فاعل ، اسم مفعول[2] ، صفت[3] مشبہ ، اسم تفضیل[4] ، اوزان[5] مبالغہ ۔

صفت کی تانیث

صفت کی مؤنث بنانے کے لئے اس کے آخر میں تا ۃ لگا دی جاتی ہے جیسے صادق صادقۃ ، کاذب کاذبۃ لیکن وہ صفت جو فعلان یا افعل کے وزن پر ہو ، یا اسم تفضیل ہو اس کی تانیث کے احکام مخصوص ہیں ۔
(۱) جو صیغہ صفت فعلان کے وزن پر ہو اس کی مؤنث فعلیٰ کے وزن پر آتی ہے جیسے عطشان سے عطشیٰ ، سکران سے سکریٰ ظمآن سے ظمآیٰ مگر بعض کلمات ایسے ہیں کہ ان کی مؤنث تا ہی کے ساتھ آتی ہے مثلاً الیآن ، حبلان ، خمصان ، سخنان ، صوحان فوجان ، قشوان ، مصّان ، نصران اور بعض ایسے ہیں جن کی مؤنث فعلیٰ کے وزن پر بھی آتی ہے اور تا کے ساتھ بھی ، جیسے عطشان سے عطشیٰ اور عطشانۃ غضبان سے غضبیٰ اور غضبانۃ ۔
(۲) جو صیغہ صفت افعل کے وزن پر ہو اس کی مؤنث فعلاء کے وزن پر آتی ہے ، جیسے ابیض سے بیضاء ، اسمر سے سمراء
(۳) اسم تفضیل کے لئے مؤنث کا صیغہ فعلیٰ ہے جیسے اکرم سے کرمیٰ ، اصغر سے صغریٰ پھر اگر کلمہ ناقص واوی ہو تو واو کو یا سے بدل دیتے ہیں جیسے احلیٰ سے حلیا ، ادنیٰ سے دنیا ۔
بعض صفات کے صیغے ایسے بھی ہیں جن میں تذکیر و تانیث کا کوئی فرق نہیں ، یہ حسب ذیل چھ ہیں ۔
(۱) فَعَالَة جیسے رَجُلٌ فَهَامَةٌ ، اِمْرَاَةٌ فَهَامَةٌ ۔
(۲) مِفْعَال جیسے رَجُلٌ مِفْضَالٌ و اِمْرَاَةٌ مِفْضَالٌ اور مِبْقَانَة شاذ ہے ۔

(۳) مُفْعِلٌ جیسے رَجُلٌ مُعْطِرٌ، وَامْرَأَةٌ مُعْطِرٌ
(۴) مُفْعَلٌ جیسے رَجُلٌ مِغْشَمٌ، اِمْرَأَةٌ مِغْشَمٌ۔
(۵) فُعَلَةٌ وفُعْلَةٌ جیسے رَجُلٌ ضُحَكَةٌ، اِمْرَأَةٌ ضُحَكَةٌ اگر آپ عین کلمہ کو فتح دے دیں تو فاعل معنی دے گا مثلاً ضُحَكَة (بہت ہنسنے والا) هُمَزَةٌ (بہت عیب لگانے والا) هُزَأَةٌ (بہت ٹھٹھا کرنے والا)۔
الاُرُوِیّۃ والاِرْوِیّۃ۔ پہاڑی بکرا مذکر و مؤنث ہر دو کے لئے یہی مستعمل ہے ج: اَرَاوِی وَاَرَاوٰ واَرْوٰی۔
اَرَی (ض) اَرْیًا۔ النحلُ: مکھی کا شہد بنانا۔
اَرِیَ (س) اَرَیًا۔ صدرہ علیّ: غضبناک ہونا۔
اَرَّی۔ الدابۃَ: جانور کے لئے تھان بنانا —النار: آگ سلگانا یا بھڑکانا۔
تَاَرَّی۔ بالمکان: اقامت کرنا —عنہ پیچھے رہ جانا۔
الاَرْی۔ شہد کھانا جو دیگ کی تلی میں جل کر چپک جائے۔
الاَرِیّۃ۔ جانور کا تھان
اَزَّت (ن ض) اَزًّا و اَزَازًا و اَزِیزًا القِدرُ: دیگچی کا جوش مارنا، سنسنانا۔ —القِدرَ بہا: دیگچی کو جوش میں لانے کے لئے اس کے نیچے آگ جلانا۔
اَزَّہ علی کذا۔ بھڑکانا، اُکسانا، اُبھارنا —الشیءَ: جمع کرنا۔
تَاَزَّزَ۔ المجلس: اہل مجلس میں اضطراب و چل پچل مچنا۔ اسم الاَزَّۃ ہے
الاَزّ۔ پھوڑے وغیرہ کا درد
الاَزِیز۔ بادل کی گرج و کڑک، ٹھنڈ، دیگچی کا کھدکھدانا۔
اَزَبَ (ض ن) اَزْبًا۔ الماءُ: پانی کا بہنا
الاِزْب۔ کینہ۔ پست قد

الاَزِب والاَزِیب۔ لمبا
المِئزَاب۔ پرنالہ۔ گندی نالی۔ بدرو پانی بہنے کی جگہ ج: مآزِیب
الاَزْبۃ۔ شدت و قحط
اَزَّجَ البیتَ۔ مکان کو لمبا بنانا۔
اَزَجَ (ن) اُزُوجًا فی مِشیتہ: تیز چلنا
اَزِجَ (س) اَزَجًا۔ العشبُ: گھاس کا طویل ہونا۔
اَزَجَ (ن) اُزُوجًا عنی: مدد طلب کرنے کے وقت کاہلی کرنا۔
الاَزَج۔ لمبا مکان ج: آزُج و آزَاج۔
الاَزَّج۔ ناز و انداز سے چلنے والا۔
فَرَسٌ اَزُوجٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
اَزَحَ (ض) اُزُوحًا و تَاَزَّحَ۔ دیر لگانا اور پیچھے رہ جانا۔ صفت اُزُحّ
ازحت قدمہ: اس کا قدم پھسل گیا۔
ازدخت و آزادرخت۔ بکائن کا درخت
الازاذ۔ ایک قسم کی کھجور ہے۔
اَزَرَ (ض) اَزْرًا۔ بالشیءِ: کسی شے کو گھیرنا —البنات: گتھ جانا۔
وَآزَرَ فلانًا۔ کسی کو مضبوط کرنا، قوت پہنچانا۔ وَاَزَّرَہ۔ ڈھانپنا
اَزَرَہ مُوَازَرَۃً۔ مدد دینا، غمخواری کرنا
تَاَزَّرَ و ائتَزَرَ و اتَّزَرَ۔ ازار پہننا تہبند باندھنا۔
الاَزْر۔ قوت۔ پیٹھ، کہا جاتا ہے شَدَّ بِہ اَزْرَہ" اس نے اس کو قوت و طاقت پہنچائی، اسی سے ہے "واشدُد بِہ اَزْرِی"۔
الاُزْر۔ جڑ۔ تہبند۔
الاِزْر۔ تہبند باندھنے کی جگہ
الاِزْرَۃ۔ تہبند باندھنے کی ہیئت کہا جاتا ہے "لِکُلِّ قَومٍ اِزْرَۃٌ یَاتَزِرُونَہَا" ہر قوم کی جدا جدا رسم و طور طریقہ ہے۔
الاِزَار۔ چادر، تہبند، پردہ پشتہ دیوار

ج: آزِرَۃ و اُزُر۔
المِئزَر والمِئزَرَۃ۔ تہبند۔ ج: مآزِر۔ کہا جاتا ہے "شدّ للامر مِئزَرَہ" کسی کام کے لئے مستعد و تیار ہونا۔
اَزِفَ (س) اَزَفًا و اُزُوفًا— قریب ہونا —الرجلُ: جلدی کرنا۔ الجرحُ— زخم کا بھر جانا۔
آزَفَہ ایزافًا۔ جلدی کرنا۔
تَاَزَّفَ۔ الرجل: کسی کا پست قد ہونا۔ بدخلق ہونا۔
تَآزَفَ۔ قریب قریب قدم رکھنا —القومُ بعض کا بعض سے قریب ہونا۔
الاَزَف۔ تنگی، بدحالی اور اسی سے ہے فی عیشِہ اَزَفٌ۔ اس کی زندگی تنگ ہے
الآزِفَۃ۔ قیامت کا دن
الاَزَفی۔ تیز رفتاری و چستی "یمشی الازفیٰ" وہ تیز چلتا ہے۔
المازِفَۃ۔ پاخانہ۔ ج: مآزِف
المَنادۃ المتآزِفۃ۔ چھوٹا فرش دان
مکان مُتَآزِف۔ تنگ جگہ۔ رجل متآزِف۔ پست قد مرد۔
المُتَآزِف۔ تنگ دل و بدخو مرد۔
اَزَقَ (ن ض) اَزْقًا و اَزِقَ (س) اَزَقًا و تَاَزَّقَ۔ تنگ ہونا۔
المازِق۔ تنگ جگہ۔ میدان جنگ ج: مآزِق
اَزَلَ (ض) اَزْلًا و تَاَزَّلَ۔ تنگی و سختی میں پڑنا۔ صفت: آزِل
آزَلَہ۔ کسی کو روکنا، باز رکھنا، قید کرنا۔
الاَزْل۔ بلا۔ مصیبت۔ جھوٹ
الاَزَل۔ وہ زمانہ جس کے لئے ابتدا نہ ہو۔
الاَزَلی۔ قدیم، دائمی جس کی ابتدا نہ ہو۔
المَازِل۔ تنگ جگہ
اَزَمَہ (ض) اَزْمًا و اُزُومًا۔ دانت سے

کاٹنا — الحبل: رسی کو مضبوط بٹنا —
الدھر علیہ: زمانہ کا سخت ہونا — لصاحبہ:
ساتھ ساتھ رہنا، چمٹا رہنا — عن الشئی:
کسی چیز سے رُک جانا — علیہ: حفاظت کرنا
تَأَزَّمَ ۔ القوم: لوگوں کا تنگی اور قحط سالی میں
مبتلا ہونا۔ زمانہ کی سختی سے دردمند
اور دکھی ہونا۔
الأَزْمُ والأَزْمَةُ والأَزُوْمُ ۔ کچلی
کدار دانت ۔ ج: أُزْمٌ و أَوَازِمُ
و أُزُمٌ۔
الآزِمُ ۔ پرہیز کرنے والا۔
الأَزْمُ ۔ پرہیز ۔ کہتے ہیں "اَصْلُ کُلِّ دَوَاءٍ
الأَزْمُ" یعنی ہر دوائی کی جڑ پرہیز ہے۔
الأَزْمَةُ والأَزِمَةُ ۔ سختی، تنگی، قحط،
ج: أَزْمٌ و أُزَمٌ و أَزَمَاتٌ و أَوَازِمُ
المَأْزِمُ ۔ تنگ مقام، میدان جنگ ۔ ج:
مَآزِمُ
آزَى مُؤَازَاةً ۔ الرجلَ: ایک کا دوسرے
کے مقابل اور قریب ہونا۔
تَآزَى تَآزِيًا ۔ القوم: ایک دوسرے کے
قریب ہونا۔
تَأَزَّى ۔ عنہ: مڑنا
إِزَاءٌ ۔ مقابل، سامنے، کہا جاتا ہے۔
"جَلَسَ إِزَاءَهُ وبِإِزَائِهِ" وہ اُس
کے مقابل بیٹھا۔
إِزَاءُ الأَمْرِ ۔ کام کا منتظم، کہا جاتا ہے
"هُمْ إِزَاؤُهُمْ" وہ لوگ اُن کے
مماثل ہیں۔
أَسَّ (ن) أَسًّا ۔ الدار: گھر کی بنیاد رکھنا
— بین الناس: لوگوں میں فساد برپا کرنا
أَسَّسَ ۔ البیت: گھر کی بنیاد رکھنا۔
تَأَسَّسَ ۔ بنیاد پڑنا۔
الأُسُّ والإِسُّ والأَسُّ ج: إِسَاس
والإِسَاس والأُسُس ۔ ج: أُسُس
و آساس ۔ بنیاد، کسی چیز کی ابتداء۔

الأَسُّ ۔ چولہے میں تھوڑی راکھ۔
الأَسَاسُ ۔ چغل خور
الإِسْبُ ۔ زانو کے بال، اندام نہانی کے بال
دُبر کے بال ۔ ج: آساب
اسباناخ و اسفاناخ ۔ پالک۔
اسبیداج و اسفیداج ۔ کاشغری سفیدہ
الإِسْتُ ۔ جڑ، بنیاد، سُرین
الأُسْتَاذُ ۔ معلم، مدبر، عالم ۔ ج:
أَسَاتِذَةٌ و أَسَاتِيذُ ۔ اور باصطلاح
تجار محکمہ جات حساب کا افسر اعلیٰ
اکاؤنٹنٹ جنرل۔
الإِسْتَارُ ۔ عدد میں چار اور وزن میں ساڑھے
مثقال ۔ ج: أَسَاتِيرُ۔
الإِسْتَبْرَقُ ۔ موٹا ریشمی کپڑا ۔ ریشم اور سونے
کے تاروں کا بنا ہوا کپڑا
أَسَدَ (ض) أَسْدًا و أَسَّدَ و آسَدَ
إِيسَادًا ۔ الكلبَ بالصيد: شکار
کے لئے کتے کو اُکسانا، بھڑکانا
آسَدَ ۔ بین القوم ۔ لوگوں میں فساد ڈالنا
أَسِدَ (س) أَسَدًا ۔ شیر کو دیکھ کر اوسان
باختہ ہونا، اور دہشت زدہ ہونا۔
اخلاق میں شیر کی طرح ہونا — علیہ:
جرأت کرنا۔
تَأَسَّدَ و اِسْتَأْسَدَ ۔ شیر کے مانند
ہونا — علیہ: جرأت کرنا۔
اِسْتَأْسَدَ النَّبْتُ: نبات کا انتہائی لمبا ہونا
الأَسَدُ ۔ شیر، نر ہو یا مادہ ہر دو کے لئے
مستعمل ہے، کہا جاتا ہے هو الأسدُ
هي الأسدُ ۔ ج: أُسْدٌ و أُسُود
و أُسُدٌ و آسُد و آساد ۔ مادہ کو لبوة
کہتے ہیں۔
دَاءُ الأَسَدِ ۔ جذام
المَأْسَدَةُ ۔ وہ جگہ جہاں شیر بکثرت ہوں
یا پائے جاتے ہوں ۔ ج: مَآسِدُ
الإِسَادَةُ ۔ تکیہ۔

أَسَرَهُ (ض) أَسْرًا و إِسَارَةً ۔ تسمہ سے
باندھنا۔
أَسَرَهُ أَسْرًا و إِسَارًا و اِسْتَأْسَرَهُ ۔
قید کرنا۔
تَأَسَّرَ — علیہ: دیر کرنا
اِسْتَأْسَرَ ۔ اپنے آپ کو بطور قیدی کے
حوالے کرنا۔
الأَسْرُ (مع)، کہا جاتا ہے "هذا لك بأسره"
یہ سب کا سب تمہارے لئے ہے۔
الإِسَارُ ۔ تسمہ ۔ بایاں ۔ چپ
الأُسْرُ ۔ پیشاب کا رکنا۔
الأُسْرَةُ ۔ خاندان ۔ مضبوط زرہ ۔ ج: أُسَر
الأَسِيرُ ۔ قیدی ج: أَسْرَى و أُسَرَاءُ
و أُسَارَى و أَسَارَى۔
الأُسْرُبُ و الأُسْرُبُّ و الأُسْرُبُ
سیسہ۔
الإِسْطَبْلُ ۔ اصطبل ۔ ج: اسطبلات
الأَسْطُرْلَابُ ۔ ایک قسم کا آلہ جس سے
ہیئت دان ستاروں کی بلندی کا اندازہ
لگاتے ہیں۔
الأُسْطُقُسُّ و الإِسْطُقُسُّ ۔ اصل، جڑ
مادہ ۔ ج: الإِسْطُقُسَّاتُ ۔ قدماء کے
نزدیک یہ عناصر اربعہ کا نام ہے۔
الأُسْطُورَةُ ۔ قصہ، حکایت ۔ ج:
أَسَاطِيرُ۔
الأُسْطُولُ ۔ جنگی جہازوں کا بیڑہ ۔ ج:
أَسَاطِيلُ۔
الأُسْطُوَانَةُ ۔ ستون، کھمبا، جانور کی
ٹانگ ۔ ج: أَسَاطِين و أَسَاطِنَة،
کہا جاتا ہے "هو اساطين الزمان"
وہ لوگ زمانہ کے حکماء اور ممتاز افراد ہیں۔
أَسِفَ (س) أَسَفًا — علیہ: کسی پر غمگین ہونا
افسوس کرنا، صفت: آسِفٌ۔
آسَفَهُ إِيسَافًا ۔ غصہ دلانا، غمگین کرنا۔
تَأَسَّفَ ۔ افسوس کرنا، تَأَسَّفَتْ يَدُهُ

ہاتھ چھوٹ جانا، کہتے ہیں "یا اسفیٰ و أسفاعلیٰ کذا" یعنی مجھ کو اس کے کھو جانے پر کس قدر حسرت واندوہ ہے۔
الأَسُوف - جلد غمگین ہونے والا، نرم دل
الأَسِيف - غمگین، وہ شخص جو موٹا نہ ہوتا ہو ج: أُسَفَاء مؤنث آسِيفَة" - ارض: أَسِيفَة و أُسَافَة" - بنجر زمین کاشت کے لئے ناموافق زمین۔
الأَسِيف: قیدی، حدیث میں ہے "لا تقتلوا عسیفاً ولا اسیفاً" مزدور اور قیدی کو قتل مت کرو۔
الأَسَافَة: - افسوس، زمین کی نرمی
الأَسِيفَة - باندی
الإِسْفَنج - اسپنج - واحد: إِسْفَنْجَة
الإِسْفَنْدا - اسپند، سفید رائی
الإِسْقَنْقُور - و السَّقَنْقور - ایک رینگنے والا جانور جو گرم ممالک میں ہوتا ہے یہ گرگٹ سے بڑا اور موٹا ہوتا ہے اور دم چھوٹی رکھتا ہے۔
الإِسْكَلَة - بحر روم کا بندرگاہ ج: أَسَاكِل
أَسَلَ (ك) أَسَالَةً و أَسِلَ (س) أَسَلاً - نرم وہموار ہونا، دراز ہونا، چکنا ہونا، صفت أَسِيل، مؤنث: أَسِيلَة۔
أَسَّلَ - الرمح - نیزہ کو تیز کرنا، انی کی مانند بنانا۔
تَأَسَّلَ - ٥: اخلاق وعادات میں کسی کے مشابہ ہونا، کہا جاتا ہے "ھو علیٰ آسالٍ من ابیہ" وہ اپنے باپ کے مشابہ ہے۔ آسال کا مفرد نہیں آتا۔
الأَسَل - پتلی اور لمبی شاخوں والا ایک پودا واحد: أَسَلَة نیزہ اور ہر تیز اور پتلا لوہا۔ مثلاً تلوار اور چھری وغیرہ۔
الأَسَلَة - زبان کی نوک، بازو کا اگلا حصہ
الاسم - مادہ س م و میں تلاش کیجئے
أُسَامَة - شیر کا علم جنس ہے۔

أَسَنَ (ن ض) أَسْناً و أُسُوناً و أَسِنَ (س) أَسَناً و تَأَسَّنَ الماءُ - پانی کا متغیر ہونا، صفت: آسِن
تَأَسَّنَ وُدُّهُ - دوستی کا بدل جانا۔
تَأَسَّنَ أَبَاهُ: باپ کے اخلاق اختیار کرنا
أَسِنَ (س) أَسْناً - الرجلُ: سڑے ہوئے پانی والے کنویں میں داخل ہونے سے بیہوش ہوجانا، یا سر کا چکرانا، صفت: آسِن
الأُسُن - بقیہ چربی، ج: آسان
الآسَان - آثار قدیمہ، کپڑے کے پھٹے اور بوسیدہ حصے۔
الإِسْن - رسی کی لڑی - ج: أُسُون
أَسَا (ن) أَسْواً و أَساً - الجرح: زخم کی دوا کرنا - مایوسوں کا علاج کرنا ——— الرجل: کسی کو تسلی اور دلاسہ دینا، صفت مفعول: اسیّ و ماسُو ——— بینهم لوگوں کے درمیان صلح کرانا ——— ٥ - بفلانٍ: کسی کو کسی کے لئے نمونہ بنانا۔
آسّیٰ تَأْسِيَة - الرجل: کسی کا علاج کرنا، تسلی دینا، مدد کرنا۔
آسیٰ مواساةً - الرجلَ فی مالہ، کسی کے ساتھ مالی ہمدردی کرنا۔
آسیتہ بنفسی - کسی کو اپنے برابر سمجھنا
تَأَسّیٰ - صبر کرنا، تسلی کرنا - وائتسیٰ بہ - کسی کی پیروی کرنا، اقتدا کرنا۔
تآسی القوم - ایک دوسرے کو تسلی دینا
الأُسْوَة و الإِسْوَة - اقتدا، نمونہ، وہ چیز جس سے تسلی حاصل کی جائے - ج: أُسیً و إِسیً۔
الإِسَاء - دوا، ج: آسیہ
الأَسُوّ - دوا۔
الآسِي - طبیب، معالج - ج: أُسَاة و إِسَاء، مؤنث: آسیہ - ج: آسِيَات و أَوَاسِي۔
الأَسْوَان - غمگین۔

التَّأْسَاء - تعزیہ، تسلی۔
الأُسَاء - صبر
أَسِيَ (ض) أَسْياً - لہ من الشئ: کسی کے لئے کسی چیز میں سے کچھ باقی چھوڑنا۔
أَسِيَ (س) أَسیً - غمگین ہونا - صفت: آسٍ و أَسْيَان ج: اسیانون - مؤنث: آسِيَة و اسیانہ - ج: أُسْيَانات و اسیات و أَسَايَا۔
الآسِيَة - ستون ج: أَوَاسِي کہا جاتا ہے "ملكٌ ثابتُ الأَوَاسِي" مضبوط سلطنت والا بادشاہ۔
الأُشّ - سوکھی روٹی
أَشِبَ (س) أَشَباً و تَأَشَّبَ - الشجر: درخت کا گنجان ہونا، گھنا ہونا - صفت: أَشِبٌ۔
أَشَبَه (ن ض) أَشْباً - ملامت کرنا، عیب گیری کرنا ——— القوم: بعض کو بعض کے ساتھ ملانا، مختلف لوگوں کو ملا کر گروہ بنانا۔
تَأَشَّبَ - و إِئْتَشَبَ - القوم: لوگوں کا ایک دوسرے سے مل جانا۔
الأَشَب - درختوں کی ایسی کثرت کہ ان میں گذرا نہ جا سکے۔
الأُشَابَة - لوگوں کا مخلوط گروہ - ج: أَشَايِب - وہ کمائی جس میں حرام ملا ہوا ہو
نسبٌ مأشوب و مؤتشب: غیر خالص نسب۔
أَشِرَ (س) أَشَراً - مغرور ہونا، اکڑنا - صفت: أَشِرٌ و أَشُرٌ و أَشْرَان - ج: أَشِرُون و أَشُرُون و أَشَارَىٰ و أُشَارَىٰ۔
أَشَرَ (ن ض) أَشْراً - الخشبة: لکڑی کا چیرنا۔
أَشَّرَ الاسنانَ - دانت تیز کرنا۔
الأُشُر و الأُشَر - المنشار - آرے کے دندانے واحد: أُشُرَة۔
الأَشِر - ٹڈی کے پاؤں کا کانٹا، ٹڈی کے

دم کے سرے کی گرہ - ج: آواشیر
التَّاشِیر - ٹڈی وغیرہ کا وہ عضو جس سے
وہ کاٹنے کا کام لے ج: تَاشِیر
المِیشَار - آرہ ج: مَآشِیر و مَوَاشِیر
الاِشفِیُ - ستالی - ج: اَشَافِی -
الاِشقِیل - ایک پودا ہے جو دوا کے طور
پر استعمال ہوتا ہے - اور اس کو بصل
الفار بھی کہتے ہیں -
الاُشنَة - ایک قسم کی نباتی شے ہے ،
جو درختوں اور پتھروں پر پیدا ہوتی ہے
الاُشنان والاِشنان - ایک قسم کی
بوٹی جس سے ہاتھ دھوئے جاتے ہیں -
اَصَّ - الشئ : مضبوط کرنا -
اَصَّصَ - الشئ : مضبوط کرنا
تَاَصَّصُوا و ائتَصُّوا - جمع ہونا اور بھیڑ کرنا
الاَصِیص - ٹوٹا ہوا برتن ، گملہ ، پیشاب
کا برتن -
الاَصِیصَة - پاس پاس کے یا گرد و پیش
کے مکانات
اَصَدَ و آصَدَ - الباب : دروازہ بند کرنا
و اَصَّدَہ - چھوٹی قمیص پہنانا -
الاُصدَة - چھوٹی قمیص ، کرتی - ج
اُصَد و آصَاد -
الاِصَادَة - قوم کے جمع ہونے کی جگہ
ج : اِصَد
الاَصِیدَة - صحن خانہ
الاِصَاد - طبق - چوکھٹ
اَصَرَ (ض) اَصرًا - الشئ : توڑنا ——
الخیمة : خیمہ کے لئے میخ بنانا ——
فلانا علیہ : مہربان بنانا -
آصَرَہ مواصرة - پڑوسی ہونا
تَاَصَرُوا - باہم پڑوسی ہونا -
ائتَصَر - القوم : لوگوں کا تعداد میں زیادہ
ہونا —— النبات : گھاس کا لمبا اور گنجان
ہونا -

الاَصرُ والاِصرُ والاُصرُ - عہد و پیمان -
بوجھ - گناہ - ج آصَار
الاِصَار - ج: اُصُر و الاَیصَر - ج:
اَیَاصِر والاِصَارَة - خیمہ کی رسی
کا کھونٹا یا کیلا -
الاَصِرَة - رشتہ ، تعلق ، مہربانی - ج:
اَوَاصِر -
اِصطَبل - اصطبل
الاُصطُوانَة - ستون ، کھمبا ، جانور کی
ٹانگ - ج: اَصَاطِین واصاطنة
الاِصطِفلِینُ گاجر - واحد: اِصطِفلِینَة
الاِصطَکمَة - راکھ میں پکی ہوئی روٹی -
الاَصَف - ایک قسم کی خاردار جھاڑی
الاَصُلَ (ك) اَصَالَة - جڑ والا ہونا
جڑ پکڑنا - شریف الاصل ہونا ——
رأیہ : کسی کی رائے کا اچھا ہونا صفت :
اَصِیل -
اَصِلَ (س) اَصَلًا - الماء : کیچڑ کی وجہ سے
متغیر ہونا - اللحم : بودا ہونا -
اَصَّلَهُ - جڑ والا بنانا ، اصل بیان کرنا -
شرافت بیان کرنا -
آصَلَ اِیصَالًا - شام کے وقت میں داخل
ہونا ، بوقت شام آنا -
تَاَصَّلَ - جڑ پکڑنا ، جڑ والا ہونا -
اِستَاصَلَ - الشئ : کسی شے کو جڑ سے اکھیڑنا
اِستَاصَلَتِ الشجرة - درخت کا
جڑ پکڑ لینا -
الاَصل - جڑ ، فرع کا مقابل ، والد ، مصدر
منبع "ما فعلته اصلا" میں نے
اس کام کو قطعاً نہیں کیا - ج: اُصُول
والاُصُول - وہ اصول و قواعد جس پر کسی علم
کی بنیاد ہو -
الاَصِیل - عصر و مغرب کا درمیانی وقت
ج: آصَال و اَصَائِل و اُصُل
و اُصلَان -

والاَصِیل - بغیر وکیل کے خود لین دین کرنیوالا
الاَصِیلَة - جڑ والی ، "جاؤا باصیلتهم"
وہ تمام کو لے آئے -
الاَصَلَة - ایک قسم کا سانپ ج - اَصَل
اَضَّ (ن ض) اَضًّا - ہ الیہ : مجبور کرنا -
مضطر کرنا —— فلانا : تھکانا -
اِئتَضَّ الیہ : پناہ لینا ، مضطر ہونا -
الاِضُّ - اصل ، جڑ ، کہا جاتا ہے "فلان کریم
الاِضّ" فلاں شریف الاصل ہے -
الاِضَاض - پناہ لینے کی جگہ ، جلن ، سوزش
الاَضَاة - تالاب ، جوہڑ ج: اضی و
اَضَیَات -
الاضاءة - خربوزہ کی فالیز ، بید کا جنگل -
اَضِمَ (س) اَضَمًا - علیہ : غضبناک ہونا -
—— بہ : تکلیف پہنچانے لگنا -
الاَضَم - کینہ ، حسد ، غصہ ج اَضَمَات
اَطَّ (ض) اَطِیطًا - آواز نکالنا ، کڑکنا ،
چرچرانا —— الابلُ : اونٹ کا بولنا -
کہا جاتا ہے "معهم اهلُ اطیطٍ وصهیل"
وہ اونٹ اور گھوڑے رکھتے ہیں -
اطرہ (ض ن) اَطرًا و اَطَرَة - موڑ دینا
خم دینا ، دوہرا کرنا
اِنْاَطَرَ - مڑنا
تَاَطَّرَ - دوہرا ہو جانا
الاَطِیر - گناہ کہا جاتا ہے "اخذہ باطیر
غیرہ" اس نے اس کو دوسرے کے قصور
میں پکڑ لیا -
الاِطَار - چوکھٹا ، گھیرا ، یا جو چیز کسی شے کو
گھیرے جیسے دف اور چھلنی وغیرہ کے چرکھے
ج : اُطُر -
الاِطلُ والاِطِلُ - ج: آطَال والاَیطَل -
ج : اَیَاطِل - کوکھ ، پہلو -
اَطَّمَ - الآطَام - قلعوں کو بلند کرنا
تَاَطَّمَ - السیلُ : سیلاب کی موجیں بلند اٹھیں
—— النارُ : آگ کی لپیٹ اونچی ہوئی -

— علیہ : بڑا ہونا ، غضبناک ہونا

الاُطُمُ ـ قلعہ ـ ج : آطام

الاُطُومُ ـ پانی میں رہنے والا ایک بے پاؤں کا جانور جس کا پچھلا حصہ مچھلی کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کی لمبائی تقریباً آٹھ قدم کی ہوتی ہے اور اس کا نام سمندری کچھوا ہے ج : اُطُم و آطِمَۃ ـ

الاَطِیمَہ ـ چولہا ـ ج : اَطَائِم ـ

اَفَّ (ن ض) اَفًّا و تَاَفَّفَ و اَفَّفَ کرب و بے قراری میں اُف اف کہنا ـ

الاَفَفُ ـ بے قراری و بے چینی ، وقت

الاُفُّ ـ ناخنوں کے کٹے ہوتے ریزے ، کان کا میل ـ

اُفٍّ ـ اسم فعل بمعنی میں ناپسند کرتا ہوں ـ بے قرار ہوتا ہوں ـ

الیَافُوفُ ـ شیر کا بچہ اکڑ دکھانا ، تیز رفتار ج : یَاَفِیفُ ـ

الیَافُوفَۃُ ـ پروانہ

الاَفَّافُ ـ بہت اُف اُف کرنے والا

اَفَخَہ ـ کسی کے تالو پر مارنا

الیافوخ ـ بچہ کے سر کا وہ نرم حصہ جو حرکت میں رہتا ہے ، تالو ـ ج : یَآفِیخُ ـ کہا جاتا ہے "ضرب یافوخ اللیل" رات کے اول حصہ میں چلا "رکب یافوخ فلان" وہ فلاں پر غالب و برتر رہا ـ

اَفِدَ (س) اَفَدًا ـ جلدی کرنا ـ صفت : آفِدٌ

اِستَافَدَ ـ الترحل ـ کوچ قریب آجانا

الاَفَدُ ـ مدت ، غایت

الاَفَدَاۃُ ـ دیر ، تاخیر ـ

الافرنج والافرنجہ والفرنج ـ یورپین ـ

اَفَرَ (ض) اَفْرًا و اُفُورًا ـ خدمت کرنے میں چستی دکھلانا ـ القوم : دھتکارنا ، دفع کرنا ـ

اَفِرَ (س) اَفَرًا ـ البعیرُ : لاغری کے بعد موٹا ہونا

الاُفْرَۃُ ـ جماعت ـ بلا ، سختی

المِئْفَرُ ـ خادم ـ خدمت میں تیز لڑکا ـ

اَفَزَ (ض) اَفْزًا ـ کودنا ، اچھلنا ـ

الافسنتین ـ ایک قسم کی کڑوی نباتی دوا ـ

اَفَقَ (ض) اَفْقًا ـ کناروں میں جانا ، آفاق میں جانا ـ — الجلد : چمڑہ رنگنا ـ صفت مفعول : اَفِیقٌ ـ ج : اَفِقَہ و اُفُقٌ ـ انتہا تک پہنچنا ـ صفت : آفِقٌ و اَفِیقٌ ـ

اَفَقُ ـ الطریق ، راستہ کا درمیانی حصہ

الاُفُقُ و الاُفْقُ ـ کنارہ ، کنارۂ آسمان جو زمین سے لگا ہوا دکھائی دیتا ہے ـ ہواؤں کے چلنے کی جگہ ـ ج : آفاق ـ

الاَفِیقَہ ـ رنگی ہوئی کھال

الاَفَّاقُ ـ کمانے کی خاطر بہت سفر کرنیوالا

الاَفِقَۃُ و الاَفِیقَہ ـ پہلو ، کوکھ

الاَفِیقُ ـ چمڑے کا بڑا ڈول

اَفَكَ (ض) اَفْكًا و اُفُوكًا و اَفِكَ (س) ، اَفْكًا و اَفَكًا ـ جھوٹ بولنا ـ صفت : اَفِیكٌ ـ ج : اُفَكَاء و اُفُوكٌ ج : اُفُكٌ و اَفَّاكٌ ج : اَفَّاكُونَ

و اَفَكَہ اِفْكًا ـ عن رأیہ : کسی کو اپنی رائے سے پھیر دینا ـ

اُفِكَ المکانُ : کسی جگہ کا بے بارش والا ہونا

اُفِكَ الرجلُ : کسی کا ضعیف العقل ہونا

اِئتَفَكَتِ البَلَدُ بِاَهلِهِ ـ شہر کا الٹ جانا — الارض : زمین کا خشک سالی سے جل جانا ـ

الاِفْكُ و الاُفْكَہ و الاَفِیكَۃُ ـ جھوٹ اَفِیكَہ کی جمع اَفَائِكُ

الاَفِیكُ و المَافُوكُ ـ خیر و بھلائی سے محروم ، کمزور عقل و رائے والا ـ

الاَفِكَہ ـ من السنین : خشک سال ـ ج : اَوَافِكُ ـ

المُؤتَفِكَاتُ ـ مختلف سمت چلنے والی ہوائیں ، وہ بستیاں جن کو اللہ تعالیٰ نے مع اُن کے بسنے والوں کے اُلٹ دیا

اَفَلَ (ض ن) و اَفِلَ (س) اُفُولًا ـ القمرُ ، چاند کا غروب ہونا ـ صفت : آفِلٌ ج : اُفَّلٌ و اُفُولٌ ، کہا جاتا ہے کہ فلان کعبہ سافل ونجمہ آفل ـ وہ شخص پھوٹی قسمت ہے ـ

اَفَلَ (ض ن) اُفُولًا و اَفِلَ (س) اَفَلًا الرجلُ : خوش و شاداں ہونا — المرضع دودھ کا ختم ہو جانا

اَفَّلَہ ـ تعلیم کرنا ـ

تَاَفَّلَ ـ تکبر کرنا ـ

الاَفِیلُ ـ اونٹ کا بچہ ـ ج : اِفَال و اَفَائِل ـ مونث اَفِیلَۃٌ

اَفَنَ (ض) اَفْنًا ـ الناقۃ ، اونٹنی کو ہر وقت دوہنا — اللہ فلانا ، اللہ کا کسی کو ضعیف العقل بنا دینا ـ

اَفِنَ (س) اَفَنًا و اَفْنًا ـ کمزور رائے والا ہونا ـ صفت : اَفِینٌ و مَافُونٌ

تَاَفَّنَ ـ بتکلف کسی عادت کو اختیار کرنا کم ہونا ، ناقص ہونا — اواخر الامور انجام کار کی فکر کرنا ، تا بآخر پر نظر رکھنا

الاِفَّانُ ـ وقت ، کہا جاتا ہے "جَاءَ فِی اِفَّانِ ذٰلِكَ" وہ اس کے وقت میں آیا

الاَفُودُ ـ وہ لباس جو علمائے یہود کا سردار پہنا کرتا تھا ـ

الاَفیُون ـ افیم

الاَقَاقِیَا ـ ایک قسم کی دوا ، درخت کیکر کا رس ـ

الاُقَّہ ـ رطل کا نصف ج : اُقَق

الاُقْحُوَانُ و القُحوَانُ ـ بابونہ ـ واحد اُقحُوَانَہ و قحوانہ ـ

ج. اَقَاحِي و اَقَاحٍ "اَقَاحِي الامر" کسی امر کا آغاز ۔

الأَقِط و الإِقْط و الأُقْط و الأَقْط و الأَقِط و الإِقِط ۔ پنیر

اِقْطَة ۔ پنیر کا ٹکڑا ۔

الأَقْنَثَا و الأَقْنُثُوس ۔ ایک خوبصورت پتوں والی گھاس ۔

اَکَّدَ و وَکَّدَ ۔ العهد و السرج: مضبوط کرنا، مضبوط باندھنا ۔ الشیء: ثابت کرنا ۔

تَاَکَّدَ و تَوَکَّدَ ۔ ثابت ہونا، مضبوط ہونا ۔

الأَکِید ۔ مضبوط، محکم، ثابت ۔

الإِکَاد و التاکید ۔ وہ تسمے جن سے زین کے آگے کے حصہ کو باندھتے ہیں ۔

اَکَرَ (ن) اَکْرًا ۔ الارض: زمین کو پھاڑنا اور اس میں کاشت کرنا ۔

الأَکَّار ۔ کاشت کار (ج) اَکَرَة و اَکَّارُوْن ۔

الأُکْرَة ۔ گیند، گڑھا ج: اُکَر

اَکَفَ و آکَفَ اِیکَافًا ۔ الحمار: گدھے پر پالان کسنا ۔ الإکاف: پالان بنانا

الأُکَاف ۔ پالان ج: اُکُف و آکِفَة

الأَکَّاف ۔ پالان بنانے والا، پالان بیچنے والا ۔

اَکَلَ (ن) اَکْلًا و مَاکَلًا ۔ الطعام: کھانا ۔ الشیء: فنا کرنا

اَکَلَه (ن) اِکْلًا و اَکَالًا و اِکَالًا ۔ رأسه: سر کھجلانا ۔

اَکِلَ (س) اَکَلًا و تَاَکَّلَ ۔ السن او العودُ: دانت یا لکڑی کا کھوکھلا ہو کر گر جانا ۔

اَکَلَه و آکَلَه اِیکَالًا ۔ الشیء: کسی کو کچھ کھلانا ۔

آکَلَه مؤاکلةً ۔ ساتھ کھانا کھلانا ۔

اِئتَکَلَ ۔ بعض کا بعض کو کھانا ۔ من الغضب: غصہ سے جل اٹھنا، غصہ میں جل بھن جانا ۔

اِئتَکَلَتِ النَّارُ ۔ آگ کا سخت بھڑک اٹھنا

اِستَاکَلَه ۔ الشیء: کھانا تیار کرنے کو کہنا کہا جاتا ہے "فلان یستأکل الضعفاء" یعنی فلاں شخص ضعیفوں کا مال ہڑپ کر جاتا ہے ۔

الأُکُل و الأُکْل ۔ پھل، خوراک، کشادہ روزی

الأُکْلَة ۔ لقمہ، غیبت ۔

الإِکْلَة ۔ خارش ۔ غیبت کھانے کی ہیئت ۔

الأَکِلَة ۔ خارش

الآکِلَة ۔ عضو کو کھانے والی بیماری یا زخم ۔

الأَکَال ۔ کھانا ۔ اسی سے ہے "ما ذقت أکالًا" میں نے کچھ نہیں چکھا ۔

الأُکَال ۔ خارش ۔

الأَکَّال و الأَکِیل و الأَکُول و الأُکَلَة ۔ بہت کھانے والا پیٹو ۔

الأَکُولَة ۔ بکری جو کھانے کے لئے موٹی کی جائے ۔

الأَکُولَة و الأَکِیلَة ۔ بکری جو بھیڑیے وغیرہ کے شکار کے لئے کھڑی کی جائے ۔

المَاکَل ۔ خوراک ج ۔ مَآکِل

المَاکَلَة ۔ جو چیز کھائی جائے ۔ خوراک

المِئْکَلَة ۔ چھوٹا پیالہ

المِئْکَال ۔ چمچہ ۔ ج: مَآکِیل

المَاکُول ۔ خوراک ۔ ج: مآکیل

اِستَاکَمَ ۔ الموضع: ٹیلہ بن جانا ۔

الأَکَمَة ۔ ٹیلہ ج اَکَم و اَکَمَات جج: آکام و اُکُم و اِکَام ۔

المَاکَمُ و المَاکَمَة ۔ سرین کا گوشت

المَاکُوم ۔ غمگین

الأُکنَه ۔ آشیانہ

الإِکَاء ۔ مشک وغیرہ کا سربند

اَکَی (ض) اَکْیًا ۔ دستاویز لینا

ال ۔ حرف تعریف ہے، کبھی عہدی ہوتا ہے جیسے کہتے ہیں "اشتریت عبدًا ثم بعت العبدَ" یعنی میں نے ایک غلام خریدا اور پھر اسی غلام کو بیچ دیا ۔ اور کبھی جنسی جیسے "خُلِقَ الإنسانُ ضَعِيفًا" یعنی انسان ضعیف و کمزور پیدا کیا گیا ہے ۔ اور کبھی اسم موصول کے معنی دیتا ہے جب کہ یہ اسم فاعل و اسم مفعول پر داخل ہو جیسے "جاء فی الضارب والمضروب"

اَلَّ (ن) اَلًّا ۔ نیزے سے مارنا، دھتکارنا ۔ الرجل: جلدی کرنا ۔ اللون: رنگ کا صاف و چمکیلا ہونا ۔

اَلَّ (ض) اَلًّا و اَلَلًا و اَلِیْلًا ۔ المریض: بیمار کا کراہنا ۔ الرجل فی دعائه: کسی کا اپنی دعا میں گڑگڑانا ۔

اَلِلَت (س) اَلَلًا ۔ الاسنان: دانتوں کا خراب ہو جانا ۔

اَلَّلَ ۔ الشیء: کسی چیز کو دھاردار بنانا یا نوکدار بنانا ۔

الإِلّ ۔ عہد، اقرار، پڑوسی، اچھی اصل، دشمنی، کینہ ۔

الأَلّ ۔ آہ و زاری ۔

الإِلَّة ۔ برچھی، لڑائی کے ہتھیار ۔ فَرَسٌ مِئَلٌّ: تیز رفتار گھوڑا ۔

الإِلَّة ۔ نالہ و زاری کرنے کی ہیئت، قرابت ۔ ج: اِلَل

الأُلَّة ۔ مویشی جس کی چراگاہ دور ہو ۔ ج: اُلَل

الأَلِیلَة ۔ مویشی جس کی چراگاہ دور ہو ۔

اَلاَ ۔ یہ حرف شروع کلام میں آتا ہے اور اپنے مابعد کے مضمون پر زور دیتا ہے اور اس کے تحقیق کو ثابت کرتا ہے جیسے "اَلاَ اِنَّهُمْ هُمُ السُّفَهَاءُ" خبردار ہو کر یہی بے وقوف ہیں۔
حرف تنبیہ بن کر آتا ہے جیسے "اَلاَ یَا صاحِ قُم" خبردار اے ساتھی کھڑا ہو جا
یا حرف عرض ہوتا ہے، جیسے "اَلاَ تَنْزِلُ بِنَا" کیا آپ ہمارے پاس نہیں اُتریں گے!
یا تخصیص کا کام دیتا ہے جیسے "الاتتوب وترتد عن غیّك" خبردار توبہ کر اور اپنی گمراہی سے باز آجا۔
اَلاَّ ۔ حرف تخصیص بن کر آتا ہے جیسے "اَلاَّ تکرم ابویك" تو اپنے والدین کی عزت کیوں نہیں کرتا۔
اِلاَّ ۔ حرف استثناء جیسے "جاء القوم اِلاَّ زَیْدًا" یعنی زید کے علاوہ سب قوم آئی
اور کبھی صفت کے لئے غیر کے معنی میں آتا ہے جیسے "لی رجال اِلاَّ رجالك" میرے آدمی تیرے آدمیوں کے علاوہ ہیں۔
اور کبھی نفی کے بعد حصر کے لئے آتا ہے جیسے "مَا ضَرَبَ اِلاَّ زَیْدٌ" زید نے ہی مارا
اَلَبَ (ن ض) اَلْبًا و تَاَلَّبَ ۔ اکٹھا ہونا جمع ہونا۔
اَلَبَ (ض) اَلْبًا و اَلَّبَ ۔ جمع کرنا
اَلَّبَ ۔ بینهم: لوگوں میں فساد برپا کرنا۔
اِلاَلْبُ ۔ کسی ایک شخص کی عداوت پر جمع ہونے والی قوم کہا جاتا ہے "هم عَلَیَّ اَلبٌ واحدٌ" کہ وہ سب میری عداوت پر متحد و متفق ہو گئے۔ انگشت شہادت اور انگوٹھے کے درمیان کا فاصلہ۔
الاَلُبُ ۔ بکری کے بچے کی کھال۔ زہر بخار کی شدت۔ گرمی کی شدت۔ پیاس پھوڑے کے اچھے ہونے کی ابتداء۔
الاَلْبَة ۔ بھوک

الاَلُوب ۔ سرد ہوا جو خاک کو اڑائے۔
"رجلٌ اَلُوبٌ" ڈول کو جلدی نکالنے والا مرد
المُلَّب ۔ تیز رفتار
اَلَتَ ۔ (ض) اَلْتًا و آلَتَ اِیْلاَتًا
الرجل حقه: کسی کے حق میں سے گھٹانا۔
—— اَلِتَ الشَّیءُ: گھٹنا (لازم و متعدی)
اَلَتَهُ یَمِیْنًا ۔ کسی کو قسم دلانا۔
—— الرجلَ: کسی کو اس کے ارادہ سے پھیرنا اور باز رکھنا۔
الاُلْتَة ۔ تھوڑا عطیہ۔ گذرے ہوئے واقعہ پر جھوٹی قسم۔
اَلَّذِی ۔ اسم موصول، تثنیہ ۔ اَللَّذَانِ ج: اَلَّذِیْنَ و اَلَّذُوْنَ تصغیر: اَللَّذَیَّا و اللَّذَیَّان و اللَّذَیُّوْن ۔ مونث: اَلَّتِی ج: اللَّوَاتِی و اللاَّت و اللاَّئی تثنیہ اللَّتَانِ تصغیر: اللَّتَیَّا و اللُّتَیَّا۔
الزَ لا و یہ (ض) اَلْزًا ۔ لازم ہونا۔ چمٹ جانا۔
اَلِزَ (س) اَلَزًا ۔ بے قرار ہونا۔
اَلَسَه (ض) اَلْسًا ۔ خیانت کرنا۔ دھوکہ دینا۔
اُلِسَ ۔ دیوانہ ہونا۔ صفت مالوس
آلَسَه مُؤَالَسَةً ۔ عذر کرنا خیانت کرنا
الاَلْسُ ۔ جنون۔ خیانت۔
الاُلْسُ ۔ دیوانگی۔
المَاْلُوْس ۔ دیوانہ۔ مختل الدماغ۔
المَاْلُوْع ۔ دیوانہ
اَلِفَ (س) اَلْفًا ۔ مانوس ہونا محبت کرنا صفت: الف ۔ ج: آلاف والیف ج: الاُلف و آلف ج: الاُلاف اور اسم: اُلْفَة۔
الف المکان و آلفه ایلافًا ۔ کسی جگہ سے مانوس ہونا۔
اَلَفَه (ن ض) اَلْفًا ۔ ایک ہزار دینار

آلَفَه اِلاَفًا و مُؤَالَفَةً ۔ آپس میں محبت و پیار کے ساتھ رہنا۔
و آلفه المکان ایلافًا ۔ کسی کو کسی جگہ سے مانوس کر دینا۔
آلَفَهُمْ ۔ ہزار بنانا۔
آلَفُوْا ۔ ہزار ہونا۔
اَلَّفَ ۔ الکتاب: مسائل کو کتاب کی شکل میں جمع کرنا — الشیء: بعض کو بعض سے ملانا — بینهم: لوگوں میں الفت و محبت پیدا کرنا ہے — الالف: پورے ہزار کرنا
تَاَلَّفُوا ۔ جمع ہونے۔ اکٹھے ہوئے۔
تَاَلَّفَ ۔ الشیء: چیز کا نظم و ترتیب میں آنا
تَاَلَّفَه ۔ بناوٹی دوستی رکھنا، اوپری دل سے محبت کرنا۔
اِئْتَلَفُوْا و تَاَلَّفُوْا ۔ جمع ہونا۔
اِسْتَاْلَفَ ۔ دوست و ساتھی تلاش کرنا۔
الاِلْفُ و الاُلْفَة ۔ دوستی۔ انس و محبت
الاَلِفُ ۔ حروف تہجی کا پہلا حرف، ہر شے میں سے ایک۔
الاَلْفُ ۔ ہزار ج: اُلُوف و آلاف
الاَلِف ۔ الطیر: گھر میں رہنے والے پرندے
الاَلْفِیَّة ۔ الف (ہزار) کی طرف منسوب ہے اور اصطلاح میں اُس ہزار اشعار پر مشتمل قصیدہ کو کہتے ہیں جس میں کسی فن کے اصول و قواعد بیان ہوں اگر مطلق لفظ الفیہ بولا جائے تو اس سے الفیہ ابن مالک مراد ہوتا ہے جو علم نحو میں ہے۔
الاِیْلاَف ۔ عہد۔ پروانہ، راہداری۔
التَّاْلِیْف ۔ مصدر، کتاب
الاَلُوْف ۔ بہت محبت کرنے والا ج: اُلُف
المَاْلَف ۔ جس سے لوگ الفت و محبت رکھیں۔ لوگوں کی مرغوب شے۔ ج: مَاٰلِف۔
المُؤَلِّف ۔ کتاب کا مصنف، ہزار کا مالک
اَلَقَ (ض) اَلْقًا و تَاَلَّقَ و ائْتَلَقَ ۔

البرقُ: بجلی کا چمکنا، بجلی کا کوندنا

أَلِقَ ۔ الرجلُ: جھوٹ بولنا۔

أُلِقَ أَلْقًا ۔ دیوانہ و مجنون ہونا۔ صفت: مَأْلُوقٌ و مَأْلُوقٌ۔

الإِلْقُ ۔ بھیڑیا۔ ج: آلُق ۔ بدخلق

الأَوْلَقُ ۔ جنون ۔ دیوانگی۔

الإِلَاقُ ۔ بغیر بارش کے بجلی۔

الأَلَّاقُ ۔ جھوٹا۔

المَأْلُوقُ ۔ دیوانہ

المُؤْلَقُ ۔ بے وقوف

أَلَكَ ۔ (ض) أَلْكًا و أُلُوكَةً و أُلُوكًا و مَأْلَكًا ۔ أَلِكْ إِلَاكَةً: پیغام پہنچانا۔

إِسْتَأْلَكَ ۔ أُلُوكَتَه ۔ کسی کا خط یا پیغام لے جانا۔

المَلَكُ و المَلَاكُ ۔ ج: مَلَائِكُ و مَلَائِكَةٌ ۔ فرشتے

الأَلُوكُ و الأُلُوكَةُ و المَأْلَكُ و المَأْلُكَةُ ۔ پیغام ج: الأَلَائِكُ و مَآلِكُ۔

المَأْلُوتُ ۔ دیوانہ۔

أَلِمَ (س) أَلَمًا ۔ دکھی اور درد والا ہونا صفت: آلِمٌ۔

آلَمَهُ تَأْلِيمًا و آلَمَهُ إِيلَامًا ۔ دکھ درد پہنچانا۔

تَأَلَّمَ ۔ دکھی ہونا ۔ دردمند ہونا۔

الأَلَمُ ۔ سخت دکھ ج: آلَام

الأَلِيمُ ۔ دردناک، دکھ اور تکلیف دینے والا

الإِلْمَاسُ ۔ ہیرا۔

أَلَهَ (ف) أُلُوهَةً و إِلَاهَةً و أُلُوهِيَّةً ۔ بندگی کرنا۔

أَلِهَ (س) أَلَهًا ۔ حیران ہونا۔ کہا جاتا ہے "أَلِهْتُ عَلَيْهِ" میں نے اس پر بہت جزع و فزع کیا۔

أَلَّهَ ۔ ہ ۔ معبود بنانا، خدا کا مرتبہ دینا۔

پرستش کرنا۔

تَأَلَّهَ ۔ معبود بن جانا یا خدا ہونا

إِسْتَأْلَهَ ۔ معبود سے مشابہ ہونا۔

الإِلٰهُ ۔ معبود، خدا۔ ج: آلِهَةٌ۔

اَللّٰهُ ۔ ذات واجب الوجود کا نام اَللّٰهُمَّ اے خدا۔ اے اللہ۔

الأُلُوهَةُ و الأُلَاهَةُ و الإِلٰهِيَّةُ و الأُلُوهِيَّةُ و الأُلْهَانِيَّةُ۔ معبودیت، خدائی۔

الإِلَاهَةُ ۔ بڑا سانپ ۔ نیا چاند۔

الإِلِيهَةُ و الإِلَاهَةُ ۔ آفتاب۔

علم الإِلٰهِيَّات ۔ وہ علم جس میں اللہ کی ذات و صفات سے بحث ہو۔

أَلَا (ن) أَلْوًا و أُلُوًّا و أُلِيًّا و أَلِيَ و ائْتَلَى ۔ فی الامر کسی کام میں کوتاہی کرنا ۔ دیر لگانا، کہا جاتا ہے "لم يَأْلُ جُهْدًا" اس نے کوشش کرنے میں کوتاہی نہیں کی۔

آلَى إِيلَاءً و تَأَلَّى و ائْتَلَى ۔ قسم کھانا

الأَلْوُ ۔ عطیہ ۔ بکری کی مینگنی۔

الأَلْوُ و الأُلُوَّةُ و الإِلْيَةُ ۔ اگر کی لکڑی ج: الأَلْوِيَةُ

الأَلْوَةُ و الأُلْوَةُ و الأَلِيَّةُ ۔ قسم۔ أَلِيَّةٌ کی جمع الأَلَايَا۔

الأَلِيُّ ۔ بہت قسمیں کھانے والا۔

المِئْلَاةُ ۔ وہ رومال جس کو نوحہ کرنے والی عورت اپنے ہاتھ میں لے کر ہلاتی ہے ج: مَآلٍ

أَلِيَ (س) أَلْيًا ۔ دنبہ کی چکی کا بڑھ جانا صفت: أَلْيَانُ و آلَى ۔ مؤنث: أَلْيَاءُ و أَلْيَانَةٌ ج: أُلْيٌ

الأَلْيَةُ ۔ دنبہ کی چکتی، چکی ۔ أَلْيَان بغیر تا کے ۔ ج: أَلَايَا و إِلْيَات۔

الأَلَى و الأُلَى و الإِلَى ۔ نعمت، مہربانی فضل ۔ ج: آلَاءٌ

الأُلَاءُ و الأَلَى ۔ ایک ہمیشہ سبز رہنے والا درخت جس کا پھل کڑوا ہوتا ہے۔ واحد الأَلَاءَةُ

الأَلَاي ۔ فوج کا دستہ ۔ ج: الأَلَايَات یہ ترکی کلمہ ہے عربی میں اس کے لئے فیلق کا لفظ مستعمل ہے۔

إِلَى ۔ حرف جر ہے، یہ کئی معنی دیتا ہے۔

انتہائے زمانہ کے لئے جیسے "درس الى المساء" اس نے شام تک پڑھا۔

انتہائے مکان کے لئے جیسے "سَارَ إِلَى البَيْتِ" وہ گھر تک گیا۔

عند کے معنی میں جیسے "كَلَامُهُ أَشْهَى إِلَيَّ مِنَ الرَّحِيقِ" اس کی گفتگو مجھ کو شراب سے زیادہ مرغوب و محبوب ہے

لام کے معنی میں جیسے "الامرُ اليكَ" معاملہ تیرے اختیار میں ہے۔ مع کے معنی میں جیسے "ضم هذا الى ذلك" اس کو اس کے ساتھ ملا لو۔

إِلَيْكَ ۔ اسم فعل ہے بمعنی اُبْعُدْ یعنی دور ہو جا جیسے "إِلَيْكَ عَنِّي" تو مجھ سے دور ہو جا۔ بمعنی خُذْ (لے) جیسے "إِلَيْكَ الكِتَابَ" اس کتاب کو لے لے

أُلَى ۔ أُولَى کے معنی میں آتا ہے جیسے "العرب الأُلَى" قدمائے عرب۔ أُولَى اسم اشارہ جمع قریب کے لئے ہے۔

أَمْ ۔ حرف عطف ہے۔ یہ ہمزہ استفہام کے بعد برابری کے معنی میں آتا ہے جیسے "أَقَرِيبٌ أَمْ بَعِيدٌ" اور کبھی بَلْ کے معنی ادا کرتا ہے جیسے "هل يستوى الاعمى والبصير ام هل يستوى الظلمات والنور"۔

أَمَّ (ن) أَمًّا و أَمَّمَ و تَأَمَّمَ و ائْتَمَّ قصد کرنا و أَمَّهُ ۔ دماغ پر صدمہ پہنچانا إِمَامَةً و إِمَّا و أَمَامًا ۔ القومَ و بالقومِ: قوم کا امام بننا۔

اَمَّتْ اُمُوْمَۃً ۔ ماں ہونا
تَاَمَّمَ ۔ المرأۃ : کسی کو ماں بنانا
اِئْتَمَّ ۔ بہ ۔ اقتدار و پیروی کرنا ۔
و اسْتَاَمَّ ۔ ہ ۔ کسی کو امام بنانا
اِسْتَاَمَّ ۔ المرأۃ ۔ کسی عورت کو ماں بنانا
الاُمّ ۔ والدہ ۔ ماں ۔ کسی چیز کی اصل ج
اُمَّات و اُمَّہَات ۔ بعض کے نزدیک
امہات انسان کے لئے ہے اور اُمَّات
بہائم کے لئے ۔ اُمُّ القُریٰ : مکہ معظمہ
اُمُّ الطریق : شارع عام اُمُّ النجوم
کہکشاں اُمُّ الرأس و اُمُّ الدماغ
وہ جھلی جس میں دماغ لپٹا ہوا ہوتا ہے اُمُّ
المثوی بیوی اُمُّ عُرَیْط ۔ بچھو ۔ اُمُّ
اربع و اربعین کنکھجورا ۔ اُمُّ اُدْرَاص
جنگلی چوہا مصیبت اُمُّ البیض شتر مرغ
اُمُّ التَّنَائِف ۔ دور کا جنگل ۔ اُمُّ
تَوْلَب گدھی ۔ اُمُّ جَابِر ۔ ہریسہ
اُمُّ جُنْدُب ۔ ظلم و بے انصافی ۔ اُمُّ
الجُرَذان ڈول، ڈھال ۔ اُمُّ جَعَار ۔ بجو
اُمُّ جَحْجَان گدھ ۔ اُمُّ الجُنَیْب ۔ جھنڈا
اُمُّ حُبَاب ۔ دنیا ۔ اُمُّ حُبَیْب ۔ گرگٹ
اُمُّ حَرْب ۔ جھنڈا ۔ اُمُّ حَفْصَہ ۔ مرغی
اُمُّ حِلْس ۔ گدھی ۔ اُمُّ الخَبَائِث ۔
شراب اُمُّ خَشَّاف ۔ سختی اُمِّ خنور ۔ بجو
اُمُّ دَرَن دنیا اُمُّ دَرَایِن ۔ قحط زدہ
سرزمین ۔ اُمُّ دَرْزَہ دنیا ۔ اُمُّ دَفْر ۔ دنیا
اُمُّ دَفَار دنیا ۔ اُمُّ اِشْدَن چوہا ۔
اُمُّ الرُّبَیْق ۔ سختی ۔ بلا ۔ اُمُّ الرُّمْح
جھنڈی ۔ اُمُّ سَمْحَۃ بکرا ۔ اُمُّ سُوَیْد ۔
دُبر ۔ اُمُّ صَبَّار بلا ۔ سخت لڑائی
اُمُّ صَبُّور بلا سخت لڑائی اُمُّ الصِّبْیَان
ایک قسم کی بیماری جو بچوں کو لاحق ہوتی ہے
اور جس سے بچے بیہوش ہو جاتے ہیں ۔
اُمُّ حَلْبَق ۔ سختی ۔ سانپ ۔ بلا
اُمُّ الطَّرِیق شارع عام ۔ اُمُّ الطَّعَام ۔
معدہ ۔ گیہوں ۔ اُمُّ عَامِر ۔ بجو ۔
اُمُّ عِرْزِیط ۔ بچھو ۔ اُمُّ عِزْم ۔ دبر
اُمُّ کُرْدَۃ بھیڑ ۔ اُمُّ الفرج ۔ ایک
قسم کا کھانا جو گوشت ، چاول اور شکر سے
تیار کرتے ہیں اور لغت میں بعض ایک قسم کی
روٹی جس میں چربی اور بکرے کا گوشت بھر کر
تنور میں پکاتے ہیں ۔ اُمُّ القُرآن ۔
سورہ فاتحہ ۔ اُمُّ تَشْعَم ۔ لڑائی
مصیبت ۔ بجو ۔ موت بکری اُمُّ القوم
سردار قوم ۔ اُمُّ الکتاب لوح محفوظ
سورہ فاتحہ یا کل قرآن پاک ۔ اُمُّ کُلْب
ایک پہاڑی درخت کا نام ۔ اُمُّ کَلْبَۃ ۔
بخار ۔ اُمُّ مَازِن چیونٹی ۔ اُمُّ المثوی ۔
بیوی ۔ اُمُّ مِلْدَم ۔ بخار ۔ اُمُّ النجوم
کہکشاں ۔ اُمُّ الوَلِید مرغی اُمُّ هُبَیْرَۃ ۔
مینڈکی ۔
لا اُمَّ لَكَ ۔ کلمہ ذم ہے اور کبھی مدح و
استحسان کے لئے بھی آتا ہے ۔
الاَمَام ۔ آگے و اَمَامَكَ ۔ یہ ڈرانے کے
لئے آتا ہے اور اِحْذار (یعنی ڈر)
کے معنی دیتا ہے ۔
الاِمَام ۔ (مذکر و مؤنث دونوں کے لئے) ۔
پیش امام ، وہ جس کی اقتدا کی جائے ۔
پیشوا ، معمار کا وہ دھاگا یا ڈوری جس سے
وہ عمارت کی سیدھ قائم کرتا ہے نمونہ ،
کھلا راستہ ، ج : اَئِمَّہ و اَیِمَّۃ
الاِمَامَۃ ۔ امامت ۔ پیشوائی ریاست عامہ
الاُمَّۃ ۔ جماعت ، آدمیوں کا گروہ ۔ وقت
طریقہ ۔ قد و قامت ۔
الاُمِّی ۔ ان پڑھ بے پڑھا لکھا ۔
والاُمِّیَّۃ و الاُمُوْمَۃ ۔ ماں ہونا ۔
الامیم و المامُوْم ۔ سر پر چوٹ کھایا ہوا
الاُمَیْمَۃ ۔ لفظ "اُم" کی تصغیر چھوٹا
ج : اَمَائِم ۔
الاُمَیْمَۃ ۔ پتھر جس سے سر کچلا جائے
اَمَا ۔ حرف تنبیہ ہے اور اس کے بعد اکثر قسم
کھائی جاتی ہے ، جیسے : اَمَا و اللہ ۔
حرف عرض جیسے "اما تنزل بنا"
اَمَّا ۔ حرف شرط و تاکید بمعنی لیکن جیسے "اَمَّا الَّذِیْنَ
آمَنُوْا فَیَعْلَمُوْنَ اَنَّہُ الحَقُّ" لیکن جو
لوگ ایمان لائے پس وہ جانتے ہیں کہ وہ
برحق ہے ۔ حرف تفصیل جیسے "اَمَّا زیدٌ
فَرَجُلٌ" لیکن زید نے تو فائدہ اٹھایا ۔
اِمَّا ۔ یہ کئی معنی دیتا ہے ۔
١ ۔ حرف تفصیل ہوتا ہے جیسے اِنَّا ھَدَیْنٰہُ
السَّبِیْلَ اِمَّا شَاکِرًا وَّاِمَّا کَفُوْرًا ۔ ہم نے
انسان کو راستہ دکھلایا اس کے بعد وہ شکر
گزار بندہ بنے یا ناشکرا بن کر جیئے ۔
٢ ۔ شک و ابہام کے موقع پر بھی آتا ہے
جیسے "جَاءَ اِمَّا زَیْدٌ وَاِمَّا عَمْرٌو" ۔ یا تو
زید آیا ہے یا عمر گویا یہ معلوم نہیں کہ ان دونوں
میں سے کون آیا ۔
٣ ۔ اباحت و تخییر کے معنی بھی دیتا ہے جیسے
" تَعَلَّمْ اِمَّا الفِقْہَ وَاِمَّا اللُّغَۃَ " فقہ
سیکھ یا لغت ۔
اَمَتَہٗ (ن) اَمْتًا و اَمَتَہٗ ۔ قیاس کرنا ۔
اندازہ لگانا ۔ قصد کرنا ۔
الاَمْتُ ۔ کمزوری ، اونچا مقام شک شبہ ہونا ، ج : اِمَات و اُمُوْت
اَمِجَ (س) اَمَجًا ۔ گرم ہونا ، پیاسا ہونا
صیف اَمِجٌ ۔ بہت گرم ، سر گرما
اَمَحَ (ف) اَمْحًا ۔ الجرح ۔ دکھنا
اَمِدَ (س) اَمَدًا ۔ علیہ : غضبناک ہونا ناراض
ہونا ۔
اَمَّدَ ۔ مدت بیان کرنا ۔ السقاء : مشکیزہ میں
ایک قطرہ چھوڑنا ۔
الاَمَدُ ۔ غایت ، چیز کی انتہاء ، غصہ ،
ج : آمَاد ۔ کہا جاتا ہے "طال علیہم الامد"
ان پر مدت طویل ہو گئی ۔
الاَمِدُ والاَمِدَۃ ۔ بھری ہوئی کشتی ۔

اَمَرَہٗ (ن) اَمْرًا و اِمَارَۃً و آمَارًا۔ حکم دینا۔ صفت، آمِرٌ اور صفت مفعول مامور کہا جاتا ہے آمَرَہٗ الشَّیَٔ و بالشیٔ و اَمَرَہٗ ان یفعل و بان یفعل۔ یعنی اس نے اس کو کسی کام کے کرنے یا بنانے کا حکم دیا۔

اَمِرَ (س) اَمْرًا و اَمَرَ (ک) اِمْرَۃً و اِمَارَۃً۔ امیر ہونا، سردار ہونا، حاکم ہونا ـــ علیہ: والی ہونا۔

اَمِرَ (س) اَمَرًا و اَمَرَۃً۔ الشیٔ: بہت ہونا، کثرت سے ہونا ـــ الرجل: کثیر مویشی کا مالک ہونا۔ صفت اَمِرٌ۔

اَمَّرَہٗ۔ کسی کو امیر و حاکم بنانا۔

آمَرَہٗ مؤامرۃ۔ فی امر: کسی امر میں مشورہ کرنا۔

آمَرَہٗ ایمارًا۔ حکم دینا ـــ ہ۔ اَللّٰہُ: اللہ تعالیٰ نے اس کے مال یا اس کی نسل کو بڑھایا۔

تَاَمَّرَ و اِئْتَمَرَ و اِسْتَأمَرَ ـــ ہ۔ کسی سے مشورہ کرنا۔

تَاَمَّرَ علیہ: تسلط پانا۔ زبردستی کرنا۔

اِئْتَمَرَ الاَمْرَ و بہ: فرمانبرداری کرنا، حکم بجالانا۔

اِئْتَمَرُوْا و تَآمَرُوْا۔ آپس میں مشورہ کرنا

اِئْتَمَرُوْا بِفُلَانٍ۔ کسی کے قتل کی سازش کرنا۔

الاَمْرُ۔ ج: اَوَامِرُ۔ حکم، فرمان ج: اُمور کام۔ واقعہ۔ چیز۔ جیسے "لامرٍ ما کان کذا" کسی چیز کے سبب ایسا ہوا۔

اُولُو الاَمْرِ۔ رؤسا، علماء، حکام

الاَمْرَۃُ۔ اَمْرٌ کا اسم مرۃ

الاِمْرَۃُ۔ امر کا اسم نوع، حکومت، ولایت

الاَمَارَۃُ بیابان میں پتھر کا چھوٹا سا نشان، ٹیلہ۔ ج: اَمَرٌ

الاَمَارَۃُ۔ علامت ج: اَمَارَات۔

الاِمْرُ۔ عجیب۔ خلاف عقل و خلاف شرع امر

الاِمَّرُ و الاِمَّرَۃُ۔ کمزور رائے رکھنے والا کہا جاتا ہے "مالہ اَمِرٌ ولا اَمِرَۃٌ" یعنی اس کے پاس کچھ نہیں۔

الاَمَّارُ۔ بہت حکم دینے والا، شرارت پر اکسانے والا۔ مؤنث: اَمَّارَۃٌ

التَّامُوْرُ۔ برتن، دل، بادشاہ کا وزیر۔

التَّامُوْرَۃُ۔ راہب کا صومعہ، شیر کی کچھار

التَّامُرِیُّ و التَّامُوْرِیُّ و التُّؤْمُرِیُّ۔ انسان۔

الاَمِیْرُ۔ حکم دینے والا، سردار قوم، اس شخص کو بھی امیر کے لفظ سے یاد کرتے ہیں جو شریف الاصل ہو، اگرچہ صاحب حکومت نہ ہو۔ پڑوسی، وہ شخص جس سے مشورہ طلب کیا جائے۔

امیر المؤمنین۔ خلیفہ مسلمانوں کا بادشاہ

امیر البحر۔ بحری بیڑے کا کپتان یا کسی فوج کے ایک دستہ کا افسر۔ ج: اُمَرَاء

المالُ الامیریُّ۔ شاہی ٹیکس، خراجی زمینوں سے حاصل کردہ مال۔

المُؤْتَمَرُ۔ کانفرنس۔

المُؤْتَمِرُ۔ خود رائے۔

المِئْمَرُ۔ مشورہ، کہا جاتا ہے "فلان بعید من المِئْمَرِ قریب من المِئْبَرِ" وہ مشورہ سے بعید اور چغلی سے قریب ہے۔

اَمْسِ۔ مبنی علی الکسر۔ کل گذشتہ۔

الاَمْسُ (اعرابی حالت میں) گذشتہ ایام میں سے کوئی دن۔ ج: آمُسٌ و اُمُوْسٌ و آمَاسٌ۔ نسبت کے لئے اِمْسِیٌّ خلاف قیاس۔

الاَمِصُ و الاَمِیْصُ۔ وہ گوشت جسے باریک کرکے کچا کھاتے ہیں اور کبھی آگ دکھلا لیتے ہیں۔

اِمْعَنَ (ن) اَمْعَنًا۔ الرجل: کسی کام کا پختہ ارادہ کرنا اور کسی کی نا راضگی کو خاطر میں نہ لانا

الاِمَّعُ و الاِمَّعَۃُ۔ ہر ایک کی رائے کی پیروی اتباع کرنے والا۔ بن بلائے دعوت میں چلا جانے والا۔ ج: اِمَّعُوْنَ۔ اِمَّعٌ کی اصل، اِنّی معک، ہے اور امعۃ میں تاء تانیث کی نہیں، بلکہ مبالغہ کی ہے۔

تَاَمَّعَ و اسْتَاْمَعَ۔ ہر ایک کی رائے کا تابع بننا۔

اَلْمُوْقُ۔ العین۔ ناک کی طرف کا آنکھ کا گوشہ ج: آمَاق۔

اَمَلَہٗ (ن) اَمْلًا و اَمَّلَہٗ تَامِیْلًا۔ امید کرنا۔

تَاَمَّلَ۔ الامرَ و فیہ: کسی کام میں دیکھ کر سوچ بچار کرنا۔

الاَمَلُ و الاَمْلُ۔ امید ج: آمَال

الاِمْلَۃُ۔ امید۔

الاَمَلَۃُ۔ امدادی لوگ ج: آمِلٌ۔

المَأْمَلُ۔ امید جس کی امید رکھی جائے

المُؤَمَّلُ۔ گھوڑ دوڑ میں آٹھویں نمبر کا گھوڑا

اَمُنَ (ک) اَمَانَۃً۔ امین ہونا، امانتدار ہونا صفت۔ امین ج: اُمَنَاء۔

اَمَنَہٗ (ض) اَمْنًا۔ کسی پر اعتماد و بھروسہ کرنا کسی پر اعتبار کرنا۔ صفت: آمِنٌ۔

اَمِنَ (س) اَمْنًا و اَمَنًا و اَمَانًا و اَمَنَۃً مطمئن ہونا۔ صفت آمِنٌ و اَمِیْنٌ و آمِنٌ ـــ الاسدَ و منہ: شیر سے محفوظ رہنا اور بچنا

اَمَّنَ۔ آمین کہنا ـــ ہٗ: کسی کو امن و اطمینان میں کرنا۔

اَمَّنَ و اِئْتَمَنَ ـــ فلانًا علی کذا، کسی کو کسی شے پر امین بنانا۔

آمَنَہٗ اِیْمَانًا۔ امن دینا ـــ بہ۔ کسی کی تصدیق کرنا، اس پر یقین لانا ـــ لہ: تابعدار اور مطیع ہونا۔

اِسْتَاْمَنَہٗ۔ کسی سے امن چاہنا، کسی سے امن طلب کرنا، کسی کو امین سمجھنا ـــ علی کذا: امین بنانا۔

الأَمَنَة ۔ اطمینان، دلی سکون، امانت،
وہ شخص جو ہر ایک پر بھروسہ کرلے۔
الأُمَنَة ۔ وہ شخص جس پر ہر ایک کو اعتبار آجائے
اعتباری آدمی، معتمد علیہ۔
الأُمْنِيَّة ۔ آرزو ۔ ج، أَمَانِي
الأَمَانَة ۔ امانت، ودیعت ۔ ج،
أَمَانَات ۔ خدا تعالیٰ کی فرض کی ہوئی ذمہ
داری۔
الإِيمَان ۔ تصدیق کرنا، مان لینا، خدائے تعالیٰ
کی وحی پر دل وجان سے ایمان لانا۔
الأَمُون ۔ وہ سواری جس کے لغزش قدم کا
خوف وخطرہ نہ ہو۔
الأَمِين ۔ امانت دار، کسی کے پاس امانت
رکھنے والا، کسی کی امانت رکھنے والا۔
ج أُمَنَاء۔
آمِين و أَمِين ۔ اسم فعل بمعنی قبول کر ایسا
ہی ہو۔
المُؤْمِن ۔ ماننے والا ۔ تصدیق کرنے والا
خدا تعالیٰ کے احکام پر یقین لانے والا۔
المَأْمُون ۔ معتمد علیہ شخص ۔ معتبر آدمی۔
المَأْمَن ۔ امن کی جگہ۔
أَمِهَ (س) أَمَهًا و أَمْهًا ۔ الشیٔ بھول
جانا، فراموش کرنا۔
أَمَهَ (ن) أَمْهًا ۔ الیہ فی الامر کسی سے
کسی امر میں عہد وپیمان کرنا۔
تَأَمَّهَ ۔ المرأۃ، کسی عورت کو ماں بنانا۔
الأُمِيْهَة ۔ بکری کی چیچک یا پھنسیاں
أَمَا (ن)، و أَمِيَ (س)، و أَمِيَ (ض) أُمُوَّةً
أَمَتِ الجَارِيَة ۔ لونڈی بننا۔
أَمَتَ (ن) اموۃ ۔ السنور میاؤں میاؤں
کرنا
أَمَّى ۔ الجاریۃ ۔ لونڈی بنانا۔
تَأَمَّى و اسْتَأْمَى ۔ الجاریۃ، کسی کو باندی و
لونڈی بنانا۔
الأَمَة ۔ باندی، لونڈی، ج، إِمَاءٌ و

أَمَوَات و آمٍ ۔ نسبت کے لئے "أَمَوِي"
تصغیر أُمَيَّة۔
أُمَيَّة ۔ قریش کا ایک قبیلہ ۔ نسبت أُمَوِي
اور اکثر أَمَوِي بھی کہتے ہیں۔
أَنْ ۔ حرف مصدری ہے، فعل مضارع کو نصب
دیتا ہے، جیسے "ان تصوموا خیر لکم"
یعنی تمہارا روزہ رکھنا تمہارے لئے بہتر
ہے کبھی أَنَّ سے مخفف ہو کر جیسے "علم
أَنْ سَيَكُونُ مِنْكُمْ مَرْضَى" اللہ نے
جان لیا کہ تم میں سے بعض بیمار رہوں گے۔
کبھی تفسیر کے لئے آتا ہے بمعنی آنے
کے جیسے "فاوحینا الیہ ان اصنع
الفلک" پس ہم نے وحی بھیجی اس کی طرف
کہ کشتی بنا، کبھی زائد ہوتا ہے محض تاکید
کے لئے جیسے لَمَّا أَنْ جَاءَ الْبَشِيرُ
جب آیا خوش خبری دینے والا۔
إِنْ ۔ حرف شرط ہے ۔ دو فعلوں کو جزم دیتا
ہے جیسے "إِنْ تَضْرِبْ تُضْرَبْ" اگر
تو مارے گا تو مارا جائے گا۔
حرف نفی ہوتا ہے اور جملہ اسمیہ پر داخل ہوتا
ہے اور بعض کے نزدیک لیس کی طرح
عمل کرتا ہے جیسے "ان احد خیرا من
احد الا بالعافیۃ" یعنی عافیت کے بغیر
کوئی کسی سے بہتر نہیں، کبھی جملہ فعلیہ پر
آتا ہے جیسے "ان ادری أقریب ام
بعید ما توعدون" میں نہیں جانتا کہ
جس چیز کا تم سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ قریب
ہے یا بعید۔
کبھی إِنَّ مشددہ سے مخفف ہوتا ہے اور
زائد ہوتا ہے جیسے "ما إن زيدا قائم"
إِنَّ ۔ حرف تاکید ہے ۔ اسم کو نصب دیتا ہے
اور خبر کو رفع جیسے "إِنَّ زَيْدًا قَائِمٌ"
کبھی حرف جواب ہوتا ہے جیسے کوئی کہے
"لعن اللہ ناقۃ حملتنی الیک" یعنی
اللہ اس اونٹنی پر لعنت کرے جو مجھ کو تیرے

پاس لے آئی ۔ اور اس کے جواب میں کہا جائے
إِنَّ وراکبھا ۔ ان اس کے سوار پر بھی
أَنَّ ۔ حرف تاکید ہے ۔ یہ اسم کو نصب اور خبر کو
رفع دیتا ہے اور اس کے مابعد کا جملہ مفرد
کے معنی میں ہوتا ہے ۔ یعنی مصدری معنی دیتا
ہے جیسے "بلغنی أَنَّ زيدا قائم" مجھ
کو زید کے قیام کی خبر پہنچی۔
أَنَّ (ض) أَنِينًا و أُنَانًا و أَنَانًا و تَأْنَانًا
کراہنا، درد اور دکھ کی وجہ سے آہ نکالنا۔
أَنَّنَه و تَأَنَّنَه ۔ منانا۔
الأَنَّان والأُنَان والأُنَنَة ۔ بہت
کراہنے والا
الأَنَّة والأَنَانَة ۔ کراہنا، حاصل مصدر
أَنَا ۔ ضمیر مرفوع برائے متکلم یعنی "میں"۔
الأَنَانَة ۔ "انا" کہنا۔
الأَنَانِيَّة ۔ لاف، خودی، گھمنڈ، غرور۔
أَنَّبَه ۔ کسی کو ڈانٹنا، جھڑکنا، ملامت کرنا
الإِنْبِيق ۔ عرق کشید کرنے کا آلہ جو انابیق
الأَنْب ۔ بینگن۔
المُؤْتَنِب ۔ جو شخص جس کو کھانے کی خواہش نہ ہو
أَنْتَ و أَنْتِ ۔ تو، واحد مذکر حاضر، اور
واحد مؤنث حاضر کی ضمیر مرفوع منفصل
ج، أَنْتُمْ و أَنْتُنَّ۔
أَنَتَ (ض) أَنِيتًا ۔ المریض، بیمار کا کراہنا
آہ آہ کرنا ۔ [illegible] کا حسد کرنا ۔ [illegible]
اندازہ کرنا۔
أَنُثَ (ك) أَنَاثًا ۔ الحديد لوہے کا نرم
ہونا، مؤنث ہونا ۔ صفت أَنِيثٌ
مَكَانٌ أَنِيثٌ ۔ گھاس جلد اگنے والی زمین
سَيْفٌ أَنِيثٌ ۔ کند تلوار۔
أَنَّثَه ۔ مؤنث بنانا ۔ مؤنث شمار کرنا ۔ مخنث
بنانا ۔ أَنَّثَ لَه ۔ نرم ہونا، نرمی برتنا۔
آنَثَتْ إِينَاثًا ۔ المرأۃ، عورت کا لڑکی
جننا، صفت، مؤنث
تَأَنَّثَ ۔ مادہ ہونا، مؤنث ہونا ۔ لہ

نرم ہونا۔ ڈھیلا ہونا۔

الاُنْثٰی۔ مادہ۔ ج: اِنَاث و اَنَاثٰی۔
ج ج: اُنُث۔

المُؤَنَّث۔ مادہ، ہیجڑا

المِئْنَاث۔ وہ عورت جو لڑکیاں جنا کرتی ہو۔ مرد کے لئے بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے اس لئے کہ مِفْعَال کا وزن دونوں کے لئے یکساں ہے مِئْنَاث کا مقابل مِذْکَار ہے یعنی وہ عورت جو لڑکے جنا کرتی ہو۔

الاِنَاث۔ چھوٹے چھوٹے ستارے۔

الاَنْجَر۔ جہاز کا لنگر۔

الاِنْجِیْل۔ آسمانی کتاب جو حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ یہ ایک یونانی کلمہ ہے جس کے معنی بشارت کے ہیں
ج اَنَاجِیْل۔

اَنَحَ (ض) اَنْحًا و اَنِیْحًا و اُنُوْحًا۔ کاکھنا

الاَنِحُ و الاُنَّحُ و الاَنُوْحُ۔ سوال کرنے پر بخل کی وجہ سے کاکھنے والا۔

اَنِسَ (س)، و اَنُسَ (ک)، اَنَسًا و اَنَسَۃً و اَنَسَ (ض) اُنْسًا۔ مانوس ہونا۔ — بہ و الیہ: کسی سے محبت کرنا، کسی سے دل لگنا۔

اَنَّسَہٗ۔ مانوس کرنا۔

آنَسَ۔ الشیءَ: کسی چیز کو دیکھنا اور اس کو جاننا۔

آنَسَہٗ یُؤَانِسُہٗ مُؤَانَسَۃً۔ لطف، مہربانی کرنا، محبت کرنا، تسلی دینا۔

آنَسَہٗ یُؤْنِسُہٗ اِیْنَاسًا۔ مانوس کرنا۔

آنَسَ۔ الصوتَ: آواز سننا — الشیءَ: کسی چیز کو دیکھنا اور اسی سے ہے "آنس من جانب الطور نارا" یعنی حضرت موسیٰ علیہ السلام نے طور کی جانب آگ کو دیکھا۔

تَاَنَّسَ۔ انسان ہونا، مانوس ہونا — السبع: درندہ کا دور سے اپنے شکار کی آہٹ کو معلوم کر لینا — بہ: کسی سے مانوس ہونا

اِسْتَاْنَسَ۔ وحشت دور ہونا — بہ و الیہ: کسی سے مانوس ہونا — لہ: کان لگانا دیکھنا۔

الاَنَسُ۔ وہ شخص جس سے تم کو انس ہو، بڑا گروہ ج: آنَاس

الاِنْسُ۔ آدمی۔ واحد اِنْسِیٌّ و اَنَسِیٌّ ج اُنَاس و اَنَاسِیّ۔

اِنْسُکَ و ابنُ اِنْسِکَ۔ تمہارا دوست اور جلیس۔

الاُنْسُ و الاُنْسَۃُ۔ انسیت۔

الاَنِسَۃُ۔ پاکیزہ طبیعت والی لڑکی۔ ج اَوَانِس۔

الاِنْسَان۔ انسان، آدمی خواہ مذکر ہو یا مؤنث اور اِنْسَانَۃ بھی سنا گیا ہے غیر مردود زبان [?]۔

اِنْسَانُ العَیْنِ۔ آنکھ کی پتلی ج: اَنَاسِیّ و اَنَاسِیَۃ و آنَاس۔

الاِنْسَانِیَّۃ۔ انسان کی خصوصیات۔ اس کا استعمال اکثر اخلاق ستودہ کے لئے آتا ہے، مثلاً جوانمردی، خوش اخلاقی اچھی تربیت وغیرہ۔

الاَنُوْس۔ بہت انس کرنے والا

الاَنِیْس۔ انس کرنے والا، وہ شخص جس سے انس ہو، کہا جاتا ہے "ما بالدار من انیس" یعنی گھر میں کوئی نہیں ہے۔

اَنِیْس۔ ایک آبی پرندہ بھی ہے جس کی آواز گانے کی آواز سے مشابہ ہوتی ہے۔

الاَنِیْسَۃ و المَاْنُوْسَۃ۔ آگ۔

المُؤْنِس۔ انس دینے والا، پنجشنبہ کے دن کا نام۔

اَلمُؤْنِس۔ شمع۔

المُؤْنِسَات۔ ہتھیار۔

الاَنِیْسُوْن۔ رومی سونف

اَنَضَ (ض) اَنِیْضًا۔ اللحم: گوشت کا خام [?] ہونا، بگڑنا۔

اَنَضَ (ن) اَنْضًا۔ خوف کی وجہ سے آنتوں کا حرکت کرنا۔

آنَضَ اِیْنَاضًا۔ اللحم: گوشت کا نیم بریاں کرنا

اَنِفَ (س) اَنَفًا۔ من العار: خود دار ہونا ناپسند کرنا۔ صفت: اَنُوْف۔ اسم الاَنَفَۃ — البعیرُ: اونٹ کی ناک میں بیماری پیدا ہونا۔ صفت: آنِف۔

اَنَفَہٗ (ن ض) اَنْفًا۔ کسی کی ناک پر مارنا

اِئْتَنَفَ و اِسْتَاْنَفَ۔ الشیءَ: کسی چیز کو نئے سرے سے شروع کرنا، اور اسی سے ہے "اِسْتَاْنَفَ الدَّعْوٰی" یعنی اس نے اپیل کی۔

الاَنْف۔ ناک۔ اَنْفُ الجَبَلِ: پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ اَنْفُ کُلِّ شَیْءٍ۔ ہر چیز کی ابتداء کہا جاتا ہے "مات حتف انفہ" یعنی وہ اپنی طبعی موت مرا۔ رغم انفہ۔ وہ ذلیل و رسوا ہوا۔

حَمِیَ اَنْفُہٗ۔ وہ غالب و زبردست ہوا
ج: آنَاف و اُنُوْف و آنُف۔

آنِفًا۔ ابھی، کہا جاتا ہے "ذَکَرْتُہٗ آنِفًا" میں نے اس کا ابھی ذکر کیا۔ یہ بنا بر ظرفیت منصوب ہوتا ہے۔

آنِفَۃُ۔ الشباب: عنفوان شباب کہا جاتا ہے "مَضَتْ آنِفَۃُ الشَّبَابِ" یعنی عالم جوانی ختم ہوا، جوش جوانی جاتا رہا

الاُنُفُ۔ وہ سبزہ زار جس کو کسی نے نہ چرا ہو، کاسٌ اُنُفٌ۔ وہ پیالہ جس سے کسی نے نہ پیا ہو۔ اچھوتا پیالہ۔

الاَنِیْف۔ نرم لوہا۔ تمام زمینوں سے پہلے پیداوار اگانے والا پہاڑ۔

رَجُلٌ اُنَافِیٌّ۔ بڑی ناک والا مرد۔

المُسْتَاْنَف۔ نیا۔

اَنِقَ (س)، اَنَقًا۔ خوش ہونا — الشیءَ: کسی چیز کو پسند کرنا — بہ: کسی چیز کو پسند کرکے دوسری اشیاء کے مقابلہ میں اس کو اختیار

کرنا ــــ الشئ: کسی چیز کا خوبصورت و عمدہ اور پسندیدہ ہونا ۔ صفت: اَنِقٌ و اَنِیقٌ و مُونِقٌ ۔ کہاجاتا ہے "رَوْضَۃٌ اَنِیقٌ و اَنِیقَۃٌ" باغ خوبصورت و خوش منظر ہے ۔

اَنَقَہٗ ۔ کسی کو تعجب میں ڈالنا ۔

آنَقَہٗ و اِینَاقًا و نِیقًا ۔ تعجب میں ڈالنا ۔ نِیقًا ۔ مصدر خلاف قیاس ہے

تَاَنَّقَ ۔ کسی ستھری چیز کا پیچھا کرنا ــــ فی الکلام او العمل: احتیاط و حکمت سے انجام دینا ــــ المکان: پسند آنے کے سبب کسی جگہ سے جدا نہ ہونا ۔

الاَنَاقَۃُ والاِنَاقَۃُ ۔ پسندیدہ ، حسن

الاَنُوقُ ۔ عقاب ، کہاجاتا ہے "ھُوَ اَعَزُّ مِن بیضِ الاَنُوقِ" وہ عقاب کے انڈے سے زیادہ کمیاب ہے یعنی بالکل نایاب ہے ۔

اَنَکَ (ت) اَنْکًا ۔ الشئ: بڑا اور موٹا ہونا

الآنُکُ ۔ سیسہ ۔ ایک ٹکڑے کو آنُکَۃٌ کہتے ہیں ۔

الاِنْکِلِیسُ ۔ مار ماہی ۔

الاَنَامُ والآنَامُ ۔ مخلوق ۔ انسانی نسل

اَنَی (ض) اَنْیًا و اِنًی و اَنَاءً و آنَی تَاْنِیَۃً ۔ قریب ہونا آنا ــــ النبات نبات کا پکنا ۔

اَنِیَ یَاْنِی و اَنِیَ (س) اَنْیًا و اِنًی ۔ پیچھے رہنا ، دیر کرنا ۔ صفت ۔ اَنِیٌ ۔

آنَی اِینَاءً ۔ فلانًا ۔ دیر کرنا ، پیچھے ڈالنا

تَاَنَّی و اسْتَاْنَی ۔ فی الامر وبہ: غور و فکر کرنا ۔ انتظار کرنا ، انکساری سے سلوک کرنا ــــ الرجل: کسی کو مہلت دینا

الاَنَاۃُ ۔ وقار ، بردباری ، انتظار ، مہلت

الاَنَاءُ والاَنْیُ والاِنْیُ ۔ وقت کا آجانا پکنا ۔

الاَنْیُ ۔ بردباری ، نرمی ، پورا دن ، یا اس کا ایک حصہ ۔ ج: آنَاءٌ و اُنِیٌّ ، کہاجاتا ہے "آنَاءُ اللیلِ واطرافُ النہار" یعنی رات دن و شب و روز

رَجُلٌ اَنِیٌّ ۔ بردبار اور سنجیدہ آدمی

الاِنَاءُ ۔ برتن ج: آنِیَۃٌ وجج: اَوَانٍ

اَنَّی ۔ ظرف مکان ہے دو فعلوں کو جزم دیتا ہے ۔ اور اَیْنَ (جہاں) کے معنی ظاہر کرتا ہے جیسے "اَنَّی تَجْلِسْ اَجْلِسْ" جہاں تو بیٹھے گا میں بیٹھوں گا کبھی مِنْ اَیْنَ "کہاں سے" کے معنی کو مفید ہوتا ہے جیسے اَنَّی لَکِ ھٰذَا یعنی تم کو یہ کہاں سے ملا ۔ کبھی (مَتٰی) کب ۔ کے معنی میں ظرف زمان کے لئے آتا ہے ، جیسے "اَنَّی جِئْتَ" تم کب آئے ۔ کبھی استفہام کے لئے یعنی کیف (کس طرح) جیسے اَنّٰی یُحْیِی ھٰذِہِ اللّٰہُ بَعْدَ مَوْتِھَا" اللہ تعالےٰ ان بستیوں کو کیوں کر زندہ کرے گا

آہٍ و آہِ و آہٍ و آہٍ و آہِ و آہًا افسوس ۔ ہائے (اظہار درد کا کلمہ ہے)

اَہَّ (ن) اَہًّا و اَہَّۃً و اِہَۃً و اَہَّۃً و تَاَہَّہَ ۔ آہ بھرنا ۔ آہ آہ کرنا ۔

اَہَّبَ و تَاَہَّبَ ۔ للامر: کسی کام کے لئے تیار و آمادہ ہونا ۔

الاُھْبَۃُ ۔ سامان ۔ کہاجاتا ہے "اَخَذَ لِلسفرِ اُھْبَتَہٗ" اس نے سامان سفر کیا

الاَھَرَۃُ: گھریلو سامان ۔ اچھی حالت ہیئت ج آھَرٌ و آھَرَات

الاِھَابُ ۔ کچی کھال ۔ خام چمڑا ۔ ج ، اُھُبٌ و اَھَبٌ و آھِبَۃٌ ۔

اَھَلَ (ن ض) اَھْلًا و اُھُولًا ۔ الرجل: شادی کرنا ــــ امراَۃً: کسی عورت کا نکاح کرنا ۔ صفت مفعولی (ماھولۃ)

اَھِلَ (س) اَھَلًا ۔ بہ: کسی سے دل لگانا

اُھِلَ ۔ المکانُ او البلدُ: جگہ یا شہر کا آباد ہونا صفت ، آھِل و مَاھُول ۔

آھَلَہٗ اِیھَالًا ۔ شادی کر دینا ــــ وللامر: کسی کو کسی کام کے لائق بنانا ، یا سمجھنا ۔

اَھَّلَ ۔ بہ اھلًا وسہلًا: کہنا ۔ خوش آمدید کہنا ۔

تَاَھَّلَ و اِتَّھَلَ ۔ شادی کرنا گھر بار والا ہونا ۔

تَاَھَّلَ ۔ للامر: کسی کام کے لائق ہونا ۔

اِسْتَاْھَلَ ۔ الشئ: کسی چیز کا اہل ہونا ۔ مستحق ہونا ۔ حق دار ہونا ، لائق ہونا ۔ ــــ الرجل: کسی کو کسی کام کے لائق سمجھنا ۔

اَھْلًا و سَھْلًا: خوش آمدی ۔ اصل میں یہ کلام یوں ہے "صَادَفْتَ اَھْلًا لَا غُرَبَاءَ و وَطِئْتَ سَھْلًا لَا وَعْرًا" یعنی تو نے اپنے ہی گھر والوں کو پایا نہ اجنبیوں کو اور نرم زمین میں آیا نہ سخت زمین میں ۔

الاَھْلُ ۔ کنبہ ۔ رشتہ دار ۔ ج ۔ اَھْلُونَ و اَھَال و آھَالٌ و اَھْلَات و اَھَلَات ۔

اَھْلُ الرجلِ ۔ بیوی

اَھْلُ الاَمْرِ ۔ حکام ۔

اَھْلُ المذھب ۔ ہم مذہب

اَھْلُ الوَبَرِ ۔ خیموں میں رہنے والے بدو

اَھْلُ المَدَرِ والحَضَرِ ۔ مکانوں میں رہنے والے شہری ۔

الاَھْلِیَّۃُ ۔ قابلیت ، لیاقت

الاِھْلِ والاَھْلِیُّ ۔ پالتو جانور

الآھِلُ ۔ بیوی بچوں والا ۔

الاِھَالَۃُ ۔ پگھلی ہوئی چربی ۔ ہر وہ روغن جس کو بطور سالن کے استعمال کیا جائے ۔

المَاھُولُ ۔ آباد مکان ۔

اَوْ ۔ حرف عطف ہے ، اور ذیل کے معنوں میں آتا ہے ،

۱ ۔ شک جیسے "بِتْنَا یَوْمًا اَوْ یَوْمَیْنِ"

ہم ایک یا دو دن رہے۔

۲- ابہام جیسے "نحن اوانتم علی الحق" یا تو ہم حق پر ہیں یا تم۔

۳- اباحت ، جیسے "جالس الحسن او ابن سیرین" حسن کے پاس بیٹھو یا ابن سیرین کے پاس۔

۴- تخییر۔ جیسے "سِرْ راکبًا اوماشیًا" سوار ہو کر چلو یا پیدل۔

۵- تقسیم ، جیسے "الکلمۃ اسم او فعل او حرف" کلمہ اسم ہے یا فعل ہے یا حرف ہے۔

۶- کبھی اِلیٰ ، اَن ، کے معنی دیتا ہے جیسے "لَاَلْزِمَنکَ اَوْ تُوفینی حقی" میں تم کو نہیں چھوڑوں گا ، جب تک تم میرا پورا حق نہ دے دو۔

۷- کبھی اِلّا کے معنی میں آتا ہے جیسے : "لاقتلن العدوّ او یخضع" میں دشمن سے لڑوں گا مگر یہ کہ وہ مطیع ہو جائے۔

آبَ (ن) اَوْبًا و مَآبًا - من السفر : سفر سے واپس ہونا۔ صفت : آئِبٌ - ج : اَوَّب و اُیّاب و اُوَّاب — الماءَ : رات کے وقت پانی پر اُترنا۔

— الشمسُ : سورج کا غروب ہونا۔

— الی اللہ : توبہ کرنا ، اللہ کی طرف رجوع کرنا۔

آبَہٗ (ن) اَوْبًا - قصد کرنا۔

آبَ اِلَیہٖ - کسی کے پاس رات کے وقت جانا

اَوِبَ (س) اَوَبًا - ناراض ہونا۔ غضبناک ہونا

اَوَّبَ و اَیَّبَ - جتہ : لوٹنا۔

اَوَّبَ و اَوَبَ مُؤاوبۃً - القومُ : سارے دن چلنا اور رات کو قیام کرنا۔

تَاَوَّبَ و تَاَیَّبَ و اِئْتَابَ - واپس ہونا ، لوٹنا — الماءَ : رات میں کسی چشمہ پر اترنا۔

الاَوْبُ و الاَوْبَۃ و الاِیَابَ - واپسی رجوع۔

و الاَوْبُ - قصد ، عادت ، راستہ ، جہت کہا جاتا "جاؤا من کل اَوْبٍ" وہ لوگ ہر سمت و جہت سے آئے۔

"و کنت علیٰ صوب فلانٍ و اوبہ" میں فلاں کی روش و طریقہ پر تھا۔

الاَوَّاب - توبہ کرنے والا ج : اَوَّابُون

المَآبُ - مرجع ، واپس لوٹنے کی جگہ۔ ج : مَآوِبُ - کہا جاتا ہے "بینہما ثلاثۃ مَآوِب" یعنی ان دونوں کے درمیان تین منزل کا فاصلہ ہے۔

الآئبۃ - وہ پانی جس کو دوپہر کے وقت پئیں۔

الاَوْج - بلندی ، فن موسیقی میں راگ کے ایک سُر کا نام۔

الآح - انڈے کی سفیدی۔

آدَہٗ (ن) اَوْدًا و اُوُوْدًا - الامرُ : گراں بار کرنا۔ بھاری لگنا ، تھکا دینا۔

— الحمل : بوجھل کرنا۔ صفت : آئد اور صفت مفعول : مَؤُود — اَوْدًا الفیئُ : سایہ کا ڈھلنا اور لوٹنا — العشی : مائل ہونا — اَوْدًا و اَوَدَ - العود : لکڑی کا موڑنا اور ٹیڑھا کرنا۔

اَوِدَ (س) اَوَدًا و تَاَوَّدَ - ٹیڑھا ہونا ، مڑنا صفت : اَوِد مؤنث : اَوْدَاء

و تَاَوَّدَہٗ - الامرُ : کسی کو کسی کام کا شاق گزرنا ، گراں گزرنا۔

اِنْآدَ اِنْئِیَادًا - جھکنا ، مڑنا ، ٹیڑھا ہونا

الاَوَدُ - کجی ، جھکاؤ ، تکلیف ، تکان۔

الاَوْدَۃ - بوجھ۔

المَآوِد - مصیبتیں۔

الاُوَار - گرمی ، پیاس ، دھواں ج : اُوْر

الآرَۃ - چولھا ، آگ جلانے کی جگہ۔

الاِوَزَّۃ - بط - ج : اِوَزّ

المَاْوَزَۃ - وہ جگہ جہاں بطخیں بکثرت ہوں

آسَ یَؤُوسُ اَوْسًا و اِیَاسًا - دینا ، معاوضہ دینا۔

اِسْتَآسَہٗ - بخشش چاہنا ، مدد کا خواستگار ہونا ، صحبت کا خواہاں ہونا۔

الاَوْس - عطیہ ، بخشش ، بھیڑیا۔

الآس - درخت مورد جس کے پتے بہت سبز اور تر و تازہ ہوتے ہیں۔ واحد : آسہ۔

الآس - چولھے کی بقیہ راکھ ، شہد ، قبر

اُوَیْس - بھیڑیا۔

حَبُّ الآس - مورد کے دانے۔

الآسُ البَرّی و شَرَابَۃُ الراعی - جنگلی مورد۔

آفَہٗ (ن) اَوْفًا - نقصان و ضرر پہنچانا فاسد کرنا۔

آفَتْ اَوْفًا و آفَۃً و اُوُوْفًا - البلاد : شہروں کا آفت زدہ ہونا۔

الآفَۃُ - آفت ، مصیبت ، فساد لانے والی چیز۔

آقَ (ن) اَوْقًا - علیہ : اوپر سے جھانکنا ، جھک جانا ، کسی پر مصیبت و نحوست لانا۔

اَوَّقَہٗ - کسی پر مصیبت و مشقت ڈالنا۔

تَاَوَّقَ - رکنا۔

الاَوْق - بوجھ ، نحوست ، کہا جاتا ہے "القی علیّ اَوْقَہٗ" اس نے اپنا بوجھ مجھ پر ڈال دیا۔

و بہ اَوْق - وہ منحوس ہے

الاَوَقَۃ - جماعت۔ اسی سے ہے "جاءَ القومُ باَوَقَتِہِم" قوم پوری کی پوری آئی۔

الاُوْقَۃ - گڑھا جس میں پانی جمع ہو جاوے ج : اُوْقَات و اُوَق۔

الاُوْقِیَۃ - نصف رطل کا چھٹا حصہ جو چوتھائی چھٹانک ہوتا ہے۔ ج : اَوَاقِی و اَوَاقٍ

الاُوقیانوس ۔ بحرِ محیط ، جو یورپ و امریکہ کے درمیان واقع ہے ۔
الاُوکسیجن ۔ آکسیجن ، ایک قسم کی گیس
الآل ۔ سراب ، وہ بخارات جو چلچلاتی دھوپ میں آسمان و زمین کے مابین پانی کی طرح دکھائی دیتے ہیں ۔
آلُ الرجُلِ ۔ انسان کے اہل و عیال ، آل کا لفظ صرف شرفاء کے لئے مستعمل ہے چنانچہ آلُ الاِسکاف نہیں کہا جاتا
آلُ الجَبَل ۔ پہاڑ کے اطراف
الآلۃ ۔ اوزار ، ج : آلٌ و آلاتٌ حالت ، سختی ۔
الآلۃ الحدباء ۔ تابوت
آلۃ الخیاطۃ ۔ سینے کی مشین ۔
آلۃ الکتابۃ ۔ ٹائپ رائٹر
الآلاتی ۔ گویا ، سازندہ ، کارخانہ ، آوازہ کا منتظم یا مینجر ۔
الاَوَّل ۔ پہلا ج : اَوَائِل و اَوَال و اَوَّلُون ۔ مؤنث ، اُولیٰ ۔ ج : اُوَلٌ و اُولَیَاتٌ ۔ لفظ ۔ اول صفت کی حالت میں غیر منصرف ہوتا ہے مثلاً آپ کہیں لقیتُہٗ عاماً اول ۔ اور اس کے علاوہ صورتوں میں منصرف رہتا ہے جیسے "مَا رَأَیْتُ لَہٗ اَوَّلاً وَ آخِراً" اور کہا جاتا ہے "لقیتُہٗ اول ذی یدین" یعنی بوقت صبح میں سب سے پہلے اس سے ملا ۔ " اعمل کذا اول ذی یدین " یہ کام میں سب سے پہلے کروں گا ۔
آلَ (ن) اَوْلاً و مآلاً ۔ اِلَیہِ : لوٹنا ۔ — اِیَالاً و اِوَلاً — الرعیّۃ : رعیت کا انتظام کرنا ۔ سیاست رانی کرنا
اَوْلاً و اِیَالاً و اِیَالۃً ۔ علی القوم : کسی قوم پر حاکم ہونا ۔
اَوَّلَہٗ ۔ الیہ : کسی کی طرف واپس کرانا ۔

تَاَوَّلَ ۔ الکلامَ : کلام کی تفسیر کرنا ۔
تَاَوَّلَ فِیہِ الخیرَ ۔ کسی چیز میں بھلائی معلوم کرنا ۔
اِئْتَالَ ۔ المالَ : مال کا انتظام کرنا
اَلْمَآلُ ۔ واپس ہونے کی جگہ ، نتیجہ ۔
مَآلُ الکلامِ ۔ کلام کا مفاد ۔
الاِیَالۃ ۔ حکومت ، سیاست ، صوبہ ۔ ج : اَیَالَات ۔
البُرْغُش۔ مچھر۔ واحد بُرْغُشَة۔
البِرْغِیُّ والبُرْغِیُّ۔ پیچ والی میخ۔
البِرْفِیر۔ ارغوانی رنگ یا اسی رنگ میں رنگا ہوا کپڑا۔
بَرَقَ (ن) بَرْقًا وبُرُوقًا وبَرَقَانًا و بَرِیْقًا۔ البَرْقُ۔ بجلی کا ظاہر ہونا۔ الشیءُ۔ چمکنا۔ جگمگانا۔ السماءُ۔ آسمان سے بجلی چمکنا۔ الرجلُ۔ کسی کو دھمکی دینا۔
بَرَقَتْ (ن) بُرُوقًا وبَرَّقَتْ وأبْرَقَتْ۔ المرأةُ۔ عورت کا بننا سنورنا۔ آراستہ ومزین ہونا۔
بَرِقَ (س) بَرَقًا۔ حیران ہونا۔ اور چندھیا جانا۔
بَرَّقَه۔ آراستہ کرنا۔ بَرَّقَ عَیْنَیْه و بِعَیْنَیْه۔ آنکھیں پھاڑ پھاڑ کے دیکھنا۔
أبْرَقَ۔ برق زیادہ ہونا۔ دھمکانا۔ لمبا سفر کرنا۔ بِسَیْفِه۔ تلوار چمکانا۔ عن وجهه۔ منہ کھولنا۔ أبْرَقَتِ السماءُ۔ آسمان کا بجلی چمکانا۔
البَرْق۔ بجلی۔ ج۔ بُرُوق۔ کہا جاتا ہے "بَرْقٌ خُلَّبٌ وبَرْقُ خُلَّبٍ و بَرْقُ الخُلَّبِ۔ بے بارش کی بجلی۔ پانی نہ برسانے والی بجلی۔
البَارِقَة۔ بجلی والا بادل۔ تلواریں۔
سَحَابَةٌ بَرَّاقَةٌ۔ بجلی والی بدلی۔
البُرْقَة۔ دہشت۔ خوف۔
البَرَق۔ خوف۔ دہشت۔ بھیڑ کا بچہ۔ ج۔ أبْرَاق وبُرْقَان۔ رجلٌ بُرُوق۔ بزدل آدمی۔
البُرَق۔ گوہ۔
البُرْقَة۔ ج۔ بُرَق و الأبْرَق ج۔ أبَارِق۔ پتھر ریت مٹی ملی ہوئی سخت زمین۔ اس کی تصغیر أُبَیْرِق ہے۔ الأبْرَق۔ سیاہ وسفید رنگ والا۔
البُرَاق۔ وہ [illegible] جس پر حضرت محمد صلعم شب معراج کو سوار ہوئے تھے اس کا قد گدھے سے بڑا اور خچر سے چھوٹا تھا۔
التَّبَارِیْق۔ تھوڑا سا تیل یا گھی جو کھانے میں ڈالا جاتا ہے۔
مَبْرِق۔ الصُّبْحِ۔ صبح طلوع ہونے کی جگہ۔ ج۔ مَبَارِق ومَبَارِیق۔
بَرْقَحَ بَرْقَحَةً وتَبَرْقَحَ۔ وَجْهُه۔ بدشکل ہونا۔ الثوبُ۔ کپڑے کا آلودہ ہونا۔
بَرْقَشَ بَرْقَشَةً۔ گوناگوں رنگوں سے آراستہ کرنا۔ فی الکلام۔ بے سروپا باتیں کرنا۔
البِرْقِش۔ ایک دل پسند آواز اور رنگین پروں والا پرندہ۔
أبُو بَرَاقِش۔ ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پر اوپر سے خاکی، بیچ سے سرخ اور نیچے سے سیاہ ہوتے ہیں جب پر کھولتا ہے، رنگ برنگ الوان دکھائی دیتے ہیں اس کا اطلاق مجازاً متلون المزاج شخص پر بھی ہوتا ہے۔
البُرْقُوش۔ پرانا جوتا۔
بَرْقَطَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھا کر چلنا۔ پیچھے جھانکتے ہوئے واپس جانا۔ الکلامَ۔ بے ربط و بے ترتیب کلام کرنا۔
بَرْقَعَهَا۔ برقع پہنانا۔
البُرْقُع۔ ج۔ بَرَاقِع۔ عورت کا روپوش۔
تَبَرْقَعَتْ۔ برقع پہننا۔
بَرْقَلَ۔ جھوٹ بولنا۔
البَرْقَلَة۔ عمل سے خالی بات۔
البِرْقِیل۔ ایک جنگی ہتھیار، جس کے ذریعہ گولی اور پتھر وغیرہ پھینکا کرتے

تھے ۔

البُرقُوق ۔ جنگلی آلو بخارا ۔ زرد آلو ۔
بَرَكَ (ن) بُرُوكًا وَتَبْرَاكًا ۔ بَرَّكَ وَ
اِسْتَبْرَكَ البعیرُ ۔ اونٹ کا بیٹھنا
بَرَكَ بالمکان ۔ کسی جگہ اقامت
پذیر ہونا ۔ بَرَّكَ فِيهِ ۔ کسی کے لیے
دعائے برکت کرنا ۔ بَارَكَ الرجلَ
کسی آدمی کے حق میں برکت کی دعا
مانگنا ۔ راضی ہونا ۔
بَارَكَ اللهُ لَكَ وَفِيكَ وَعَلَيْكَ وَ
بَارَكَكَ ۔ اللہ تجھ کو مبارک کرے ۔
کہتے ہیں "بَارِكْ عَلَى الأنْبِيَاءِ وَ
آلِهِمْ" یعنی اے اللہ تعالٰی تو
نے انبیاء اور ان کی اولاد کو جو شرافت
و بزرگی اور عزت بخشی ہے، وہ ہمیشہ
برقرار رکھ ۔ بُورِكَ فِيكَ ۔ یہ
دعا نہیں، بلکہ اس سے اس سائل
کو خطاب کیا جاتا ہے جس کو دفع کرنا
مقصود ہو ۔
أَبْرَكَه ۔ اونٹ کو بٹھانا ۔
تَبَرَّكَ ۔ بِه ۔ کسی سے برکت حاصل کرنا ۔
تَبَارَكَ ۔ بِه ۔ نیک فال لینا ۔ کسی سے
نیک شگون لینا ۔ اللهُ ۔ ذات خداوندی
کا مقدس ہونا ۔
اِبْتَرَكَ ۔ القومُ ۔ لوگوں کا گھٹنوں کے
بل بیٹھ کر جنگ کرنا ۔ اِبْتَرَكُوا فِي
العَدُوِّ ۔ تیز دوڑنے کی کوشش کرنا ۔
۔ فلانًا ۔ کسی کو پچھاڑ کر اپنے سینہ
کے نیچے لانا ۔ فِي عِرْضِهِ وعليه ۔
کسی کو گالی دے کر اس کی اہانت کرنا ۔
اور آبرو ریزی کرنا ۔
اِسْتَبْرَكَ ۔ برکت کی فال لینا ۔
البَرْكُ ۔ سینہ ۔ اونٹوں کا گلہ ۔ واحد
بَارِكٌ ، مؤنث بَارِكَةٌ ، ج ۔
بُرُوكٌ ۔

البَرَكَةُ ۔ بڑھاؤ ۔ زیادتی ۔ نیک بختی ۔
البِرْكَةُ ۔ اونٹ کے بیٹھنے کی ہیئت ۔ پانی
جمع ہونے کی جگہ ۔ حوض ۔ ج ۔ بِرَكٌ ۔
دودھ دینے والی بکری ۔ ج ۔
بِرْكَات ۔
البُرْكَةُ ۔ ایک چھوٹا سا سفید آبی پرندہ ۔
پیسنے والے کی اجرت اور مزدوری ۔
ج ۔ بُرَكٌ وَأَبْرَاكٌ وَبُرْكَان ۔
البَرِيكُ ۔ اونٹ ۔ برکت والا ۔
البَارُوكُ ۔ بزدل سست ۔ کابوس ۔
البَرَّاكُ ۔ پسائی لینے والا ۔ پیسنے والا ۔
المَبْرَكُ ۔ اونٹوں کے بیٹھنے کی جگہ ۔ کہتے
ہیں "لَيْسَ لِفُلَانٍ مَبْرَكُ جَمَلٍ"
یعنی فلاں کے پاس کچھ بھی نہیں ۔
البَرُوكَةُ ۔ مادہ سیہی ۔
البِرْكَار ۔ البیکار ۔ پُرکار ۔
البُرْكَان ۔ کوہ آتش فشاں ۔
بَرْكَعَ ۔ کاٹنا ۔ پچھاڑنا ۔ بَرْكَعَ الفَرَسُ
گھوڑے کا چاروں پیروں پر کھڑا ہونا ۔
اور گھٹنوں کے بل گر پڑنا ۔
بَرْكَعَ وَتَبَرْكَعَ ۔ الرجلُ ۔ سرین کے
بل گرنا ۔
البُرْكُعُ ۔ پستہ قد آدمی ۔
جُوعٌ بَرْكُوعٌ ۔ سخت بھوک ۔
بَرَمَ (ن) بَرْمًا وَبَرَّمَ ۔ الحَبْلَ ۔ دو
لڑیاں کر کے رسی بٹنا ۔ صفت مفعول
مَبْرُومٌ وَبَرِيمٌ ۔ الأمرَ ۔ کام
کو پختہ اور مضبوط کرنا ۔
بَرِمَ (س) بَرَمًا ۔ تنگ دل ہونا ۔ بے
قرار ہونا ۔ بِحُجَّتِهِ ۔ دلیل نہ
سوجھنا ۔
أَبْرَمَ ۔ الحبلَ والأمرَ ۔ بمعنی بَرَمَ
الحَبْلَ ۔ هُ ۔ کسی کو ملول و پریشان
کرنا ۔ زچ کرنا ۔ عليه في الجدال ۔
کسی کو لا جواب کرنے کے لیے بحث

کیے جانا ۔
اِنْبَرَمَ ۔ الحبلُ ۔ رسی کا بٹ جانا ۔
تَبَرَّمَ ۔ زچ ہونا ۔
البَرَمُ ۔ درخت عضاۃ کا پھل ۔ بخیل لئیم ۔
ج ۔ أَبْرَام ۔
البُرْمَةُ ۔ پتھر کی ہانڈی ۔ ج ۔ بُرَمٌ وبِرَام
البُرُومُ ۔ بداخلاق لوگ ۔
البُرَامُ ۔ چیچڑی ۔ ج ۔ أَبْرِمَة ۔
البَرَّامُ ۔ بٹنے والا ۔
البَرِيمُ والبِرَام ۔ دھاگا ۔ ڈورا ۔ ہر
بٹی ہوئی شے ۔ بٹی ہوئی رسی ۔ البَرِيم
لشکر ۔
البَرِيمَة ۔ سوراخ کرنے کا اوزار ۔ برما ۔
المِبْرَمُ ۔ تکلہ ۔ ج ۔ مَبَارِم ۔
المُبْرَمُ ۔ مفعو ۔ قَضَاءٌ مُبْرَمٌ ۔ اٹل
حکم یا فیصلہ ۔
البِرْمِيل ۔ پیپہ ۔ ج ۔ بَرَامِيل ۔
البَرْنَامَج ۔ میزانیہ ، بجٹ (جدید)
بَرْنَسَه فَتَبَرْنَسَ ۔ کسی کو بُرنس پہنانا
اور پھر کسی کا بُرنس پہن لینا ۔
البُرْنُس ۔ وہ لمبی ٹوپی جو آغاز اسلام
میں پہنی جاتی تھی ۔ ہر وہ لباس جس
کے ایک حصہ سے سر ڈھک لیا جائے
البُرْنَيْطَة ۔ ٹوپی ، ہیٹ ۔
البُرْنِيَّة ۔ مٹی کا برتن ۔ ج ۔ بَرَانِيّ ۔
بَرِهَ (س) بَرَهًا ۔ بیماری کے بعد جسم کا
بحالت تندرستی آنا ۔ صفت (أَبْرَه)
مؤنث بَرْهَاء ۔ ج ۔ بُرْه ۔
أَبْرَهَ ۔ دلیل لانا ۔
البُرْهَةُ والبَرْهَةُ ۔ عرصہ ۔ زمانہ کا
کچھ حصہ ۔ ج ۔ بُرَه وبُرُهَات ۔
البَرَاهِمَة ۔ ہندوؤں کی ایک ذات ۔
مفرد (برہمن)
بَرْهَنَ ۔ الشيءَ وعليه وعنه ۔ کسی
چیز پر دلیل قائم کر کے اس کو واضح کرنا

تَبَرْهَنَ - دلیل سے ثابت ہونا۔
اَلْبُرْهَان - دلیل، حجت ج بَرَاهِیْن
اَلْبُرْوَاز - فریم، چوکھٹا۔ فصیح عربی میں اس کے لیے لفظ کفاف اور اطار ہے۔
اَلْبَرْوَاق وَالْبَرْوَق - ایک قسم کی بوٹی جو محض بادل سے سرسبز اور ہری ہو جاتی ہے۔ چنانچہ مثل ہے "اَشْكَرُ مِنْ بَرْوَقَةٍ" کہ وہ بروقہ سے بھی زیادہ شکر گذار ہے کہ تھوڑے ہی پر شاکر و صابر رہتا ہے۔
بَرَا (ن) بَرْوًا و اَبْرَی اِبْرَاءً - النَّاقَةَ - اونٹنی کے ناک میں چھلّا یا حلقہ ڈالنا۔
اَلْبُرَةُ - کوئی حلقہ دار چیز، مثلاً کنگن، بالی یا پازیب وغیرہ۔ ج۔ بُرًی و بُرَات و بُرِیْن و بِرِیْن۔ کہا جاتا ہے "اَعْطَتْهُ الدُّنْیَا بُرَتَهَا" یعنی اس نے دنیا بہت پائی۔
بَرَی (ض) بَرْیًا و اِبْتَرَی - السَّهْمَ وَالْقَلَمَ - تیر یا قلم کو تراشنا۔ صفت مفعول (بَرِیٌّ و مَبْرِیٌّ) الشخص دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔
بَارَی - الرجلَ - کسی سے آگے بڑھنے کی کوشش کرنا۔ اِمْرَاَتَهُ - اپنی عورت سے فراق پر صلح کرنا۔
بَرَّی - مٹی لگنا۔
تَبَارَیَا - آگے بڑھنے میں باہم مقابلہ کرنا۔
تَبَرَّی - لمعروفہ - بھلائی کے درپے ہونا۔
اِنْبَرَی - لہ - پیش آنا۔
اَلْبَرَی - مٹی، غبار۔
اَلْبَارِی (فا) پیدا کرنے والا۔ تیر کا تراشنے والا۔ مثل ہے۔ "اَعْطِ الْقَوْسَ بَارِیْهَا" کمان کو اس کے تراشنے والے کے سپرد کرو۔ یعنی کام اسی کو دو جو اس کے کرنے کی قابلیت رکھتا ہو۔
اَلْبُرَایَةُ وَالْبُرَاءُ - تراشہ، چھیلن۔
اَلْبَرِیَّةُ - بَرَاءَ میں دیکھو
اَلْاِبْرِیَةُ وَالْهِبْرِیَةُ - سر کی بھوسی جو کنگھی کرتے وقت گرتی ہے۔
اَلْمِبْرَاةُ وَالْمِبْرَاءُ - چاقو، چھری، تراشنے کا آلہ۔
بَزَّ (ن) بَزًّا و بِزِّیْزَی - چھین لینا۔ غالب آنا۔ الشیءَ منہ - کوئی چیز کسی سے ظلمًا و قہرًا لے لینا۔
اِبْتَزَّ - منہ الشیءَ - کسی سے کچھ زبردستی چھین لینا۔
اَلْبَزُّ - کتان یا روئی کے کپڑے، ہتھیار۔ ج۔ بُزُوْز۔
اَلْبِزَّةُ - کپڑے، ہتھیار، ہیئت۔
اَلْبَزَّاز - پارچہ فروش، کپڑے بیچنے والا۔
اَلْبِزَازَةُ - کپڑے کی تجارت، پارچہ فروشی۔
اَلْبَزَابُوْرط - پاسپورٹ، پروانہ راہداری اس کے لیے فصیح لفظ الجواز ہے۔
بَزْبَزَ - تیز چلنا۔ سختی سے ہانکنا۔ بھاگ جانا بہت حرکت کرنا۔
بَزَجَ (ن) بَزْجًا - فخر میں مقابلہ کرنا۔ عَلَیَّ فلانًا - کسی کے برخلاف کسی کو اکسانا۔ بھڑکانا۔
بَزَّجَ - آراستہ کرنا۔ خوبصورت کرنا۔
بَازَجَہ - فخر کرنے میں کسی سے مقابلہ کرنا۔
تَبَازَجَا - باہم فخر کرنا۔
بَزِخَ (س) بَزَخًا - ابھرے ہوئے سینے اور اندر کی جانب دبی پیٹھ والا ہونا صفت (اَبْزَخ) مؤنث بَزْخَاء۔ ج۔ بُزْخ۔
تَبَازَخَ - عن الامر - کسی کام سے پیچھے ہٹنا۔ پیچھے رہنا۔
اَبْزَخَ - کی سی چال چلنا یا اس جیسی بیٹھک بیٹھنا۔
بَزَّخَ - لہ - کسی سے فروتنی کرنا۔
بَزَرَ (ض) بَزْرًا - الحُبُوبَ - بیج بونا - وبَزَرَ القِدْرَ - ہانڈی میں مسالہ ڈالنا۔ بَزَرَ الاِنَاءَ - برتن بھرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ بَزَرَ كَلَامَہ وتَوْبَلَہ" فلاں نے اپنی گفتگو میں نمک مرچ ملایا۔
اَلْبِزْر - بیج، تخم۔ واحد (بِزْرَة) ج بُزُوْر - مصالحہ۔ ج۔ اَبْزَار۔ جج اَبَازِیْر۔ کہتے ہیں۔ مثلی لا یخفی علیہ اَبَازِیْرُكَ یعنی مجھ جیسے سے تمھاری گپ شپ نہیں چھپ سکتی۔
اَلْمَرْأَةُ الْبَزُوْرَاءُ - کثیر الاولاد عورت۔
اَلْبَزَّار - مسالہ بیچنے والا۔ بیج فروخت کرنے والا۔
اَلْمِبْزَر - بیج نکالنے والوں کی لاٹھی۔ دھوبی کی موگری۔
اَلْبَیْزَار - باز پالنے والا۔ کاشتکار۔ ج بَیَازِرَہ (معرب)
بَزُعَ (ک) بَزَاعَةً - الغلامُ - خوش طبع ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت (بَزِیْع) مؤنث (بَزِیْعَة)
تَبَزَّعَ - الغلامُ - بتکلف ظریف بننا۔ - الشَّرُّ - فتنہ اور برائی کا بڑا ہونا۔
اَلْبُزَاع - بے جھجک اور بے دھڑک بولنے والا لڑکا۔ (د- والبزیع) من الغلمان ذکی و چرب زبان لڑکا۔
اَلْبَزِیْع - شریف آدمی۔
بَزَغَتْ (ن) بَزْغًا و بُزُوْغًا - الشمسُ - سورج کا نکلنا۔ بَزَغَ الحَاجِمُ - پچھنے لگانے والے کا نشتر لگانا۔ - دمَہ - خون بہانا۔
اِبْتَزَغَ - الرَّبِیْعُ - موسم بہار کا شروع

ہونا۔ نُجُومٌ بَوَازِغُ، طلوع ہونے والے ستارے۔

المِبْزَغُ۔ نشتر۔

بَزَقَ (ن) بَزْقًا۔ تھوکنا۔ الارضَ۔ بونا۔

البُزَاقُ۔ تھوکنا۔

البَزَّاقُ۔ ایک قسم کا گھونگا۔ واحد بَزَّاقَۃٌ

بَزَلَ (ن) بَزْلًا وبَزَّلَ۔ الشیءَ۔ کسی چیز میں سوراخ کرنا۔ الشرابَ۔ شراب صاف کرنا۔ بَزَلَ الامرَ۔ کسی کام کو کرگزرنا۔ وَ رَأیَہٗ۔ کوئی نیا رائے دینا۔

بَزَلَ (ن)، بُزُولًا۔ البعیرُ۔ اونٹ کا دانت نکالنا۔ البعیرُ النابَ۔ اونٹ کا کچلیاں نکالنا۔ صفت مذکر و مؤنث (بَازِل)، ج۔ بَوَازِلُ وبُزَّلٌ و بُزُلٌ۔

تَبَزَّلَ وابْتَزَلَ۔ الخمرَ۔ شراب کے برتن میں سوراخ کرنا۔ الجسدُ جسم سے خون ٹپکنا۔ السقاءُ۔ مشک کا ٹپکنا۔

اِسْتَبْزَلَ۔ الشیءَ۔ کسی شے کو کھولنا۔ الخمرَ۔ شراب کو صاف کرنا۔

البَزْلُ۔ سختی۔

البُزُولُ۔ ایک قسم کا پہاڑی بکرا۔

المِبْزَالُ۔ برما۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔

البُزَالُ۔ شراب کے مٹکے کا سوراخ۔

البَازِلُ۔ تازہ پھوٹا ہوا دانت۔ تجربہ کار آدمی۔ کہا جاتا ہے "رُمِيَ بِاَشْهَبَ بَازِلٍ"۔ وہ سخت اور دشوار معاملہ میں الجھ گیا۔

البَزْلَاءُ۔ بڑی مصیبت، عمدہ رائے، کہا جاتا ہے "امرأۃٌ بَزْلَاءُ الرّأیِ": [illegible] رائے رکھنے والی عورت — و خِطّۃٌ بَزْلَاءُ۔ صاف اور واضح طریق کار۔

المِبْزَلُ۔ شراب صاف کرنے کا آلہ۔ فلٹر، برما۔

رجلٌ تِبْزِلَۃٌ۔ مرد کوتاہ قامت۔

بَزَمَ (ن ض)، بَزْمًا۔ علیہ۔ آگے کے دانتوں سے کاٹنا۔ بالشیءِ۔ کسی شے کو اٹھانا۔ فلانًا ثوبَہ۔ کسی کے کپڑے چھین لینا۔ الناقۃَ۔ اونٹنی کو انگوٹھے اور شہادت کی انگلی سے دوہنا۔ وَتَرَ القوسِ۔ کمان کو شہادت کی انگلی اور انگوٹھے سے کھینچ کر چھوڑنا۔

البَزِیمُ۔ کھجور کی چھال یا پتہ، جس سے ترکاری کا منہ باندھا جائے۔

المِبْزَمُ۔ دانت۔

بَزْمَخَ بَزْمَخَۃً تکبر کرنا۔

بَزَا (ن)، بَزْوًا۔ علیہ۔ کسی پر دراز دستی کرنا۔ (بَزَّاہُ وَاَبْزَاہُ وابْزَی بہٖ) کسی پر غالب آنا۔ و (بَزًا و بَزِیَ یَبْزَی بَزًا وابْزَی اِبْزَاءً) ابھرے ہوئے سینے اور دبی ہوئی پیٹھ والا ہونا۔ صفت (اَبْزَی)، مؤنث بَزْوَاءُ۔

تَبَازَی۔ باز سے مشابہت رکھنا۔ سُرین اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔

البَزْوُ۔ مثل ونظیر۔

البَزِیُّ۔ دودھ پیتا بچہ، کہا جاتا ہے۔ "هُوَ بَزِیّی" وہ میرا دودھ شریک بھائی ہے۔

البَزَاءُ۔ شیخی، ڈینگ۔

البَازُ والبَازِی۔ باز۔

بَسَّ (ن)، بَسًّا وابَسَّ۔ الابلَ۔ اونٹ کو نرمی سے ہانکنا۔ اور بس بس کہنا۔ بَسَّ المالَ فی البلادِ۔ مال کو ملک میں پھیلا دینا۔ بَسَّ السَّوِیقَ۔ ستو کو گھی یا زیتون کے ساتھ ملانا۔ بَسَّ القومَ عنہُ۔ لوگوں کو دھتکار دینا۔

اَبَسَّ۔ بالناقۃِ۔ دوہنے کے لیے اونٹنی کو چمکارنا۔

اِنْبَسَّ۔ زمین پر پانی کا بہنا۔ ایک طرف ہٹنا۔

البَسُّ والبِسُّ۔ بلا۔ کوشش۔ ج بِسَاس۔

البَسِیسُ۔ تھوڑا کھانا۔

البَسِیسَۃُ۔ گھی یا زیتون میں ملا ہوا آٹا یا ستو۔

البَسُوسُ۔ وہ اونٹنی جو بغیر بس بس کہنے کے دودھ نہ دے۔ ج۔ بُسُس۔

بِسْ بِسْ وبُسْ بُسْ۔ بکریوں اور اونٹوں اور بلیوں کے بلانے یا دھمکانے کا کلمہ۔

بَسْبَسَ۔ بالغنمِ او الابلِ۔ بکریوں یا اونٹوں کو بس بس کہہ کر بلانا۔ بہٖ۔ کسی سے بس کہنا، یعنی کافی ہے۔

البَسْبَسُ۔ بے آب وگیاہ زمین۔ بیابان ج۔ بَسَابِس۔

تُرَّهَاتُ البَسَابِسِ والتُّرَّهَاتُ البَسَابِسُ۔ باطل اور جھوٹی باتیں۔

البُسْتَانُ۔ باغ۔ ج۔ بَسَاتِینُ۔

البُسْتَانِیُّ۔ باغ والا۔ باغبان۔

البُسْتَانِیُّ۔ مِنَ النباتِ، باغ میں لگائے ہوئے پودے۔ گھریلو بوٹی (جنگلی) کے خلاف۔

بَسَتَ (ن)، بَسْتًا۔ چلنا، کشادہ قدم رکھنا۔ دوڑنے میں سبقت کرنا۔

البَسْتَقُ۔ خادم۔

البُسْتُوقَۃُ۔ مٹی کا مرتبان۔

بَسَرَ (ن)، بَسْرًا وبُسُورًا۔ جلدی کرانا۔ غالب آنا۔ وَاَبْسَرَ القَرْحَۃَ۔ زخم سے مواد نکال کر پٹی

باندھنا۔ الحَاجَةَ۔ بے وقت حاجت طلب کرنا۔ النَخْلَةَ۔ کھجور کے درخت میں قبل از وقت قلم لگانا۔ النَبَاتَ۔ ترگھاس چرانا۔ وَاَبْسَرَ النَخْلُ۔ درخت خرما میں کھجوروں کا گدرا جانا۔

بَسَرَ (ن)، بَسْرًا وبُسُوْرًا۔ ترشرو ہونا۔ صفت بَاسِرٌ۔ اور اسی لیے شیر کو بَسُوْر کہا جاتا ہے۔

تَبَسَّرَ وابْتَسَرَ۔ الحَاجَةَ۔ بے وقت حاجت مانگنا۔ ابْتَسَرَ بِالاَمْرِ۔ کام کو شروع کرنا۔ الشَيءَ۔ کسی چیز کو تازہ لینا۔

ابْسَرَّ۔ لَوْنُهُ۔ رنگ بدل جانا۔

اَلْبَسْرُ۔ ٹھنڈا پانی۔ کہا جاتا ہے "وجهہ بسر" تیوری چڑھا ہوا چہرہ۔

البُسْرُ۔ ہر تازہ شے۔ ہر ادھ کچی کھجور جو رنگ پکڑلے، گدر کھجور۔ واحد بُسْرَةٌ ج۔ بِسَار۔

البَاسُوْر۔ ج۔ بَوَاسِيْر۔ بواسیر کی بیماری

المَبْسُوْر۔ بواسیر کی بیماری میں مبتلا شخص۔

المُبْسِرَات۔ بارش کا پتہ دینے والی ہوائیں۔

بَسَطَ (ن)، بَسْطًا۔ الثوبَ۔ کپڑا پھیلانا۔ — الرجلَ۔ کسی کا دل بڑھانا، خوش کرنا۔ — الیَدَ۔ ہاتھ پھیلانا۔ — العُذْرَ۔ عذر ظاہر کرنا یا قبول کرنا۔ — المکانُ القومَ۔ کسی جگہ کا لوگوں کو اپنے میں سما لینا۔ — فُلَانًا علیہ۔ کسی کو کسی پر فضیلت دینا۔ — السَيْفَ۔ تلوار سونتنا۔

بَسُطَ (ك)، بَسَاطَةً۔ مغرور و بسیط ہونا، پُر مذاق ہونا۔

بَسَّطَ۔ الثوبَ۔ کپڑا پھیلانا۔

بَاسَطَہ۔ کسی سے خوش روئی و خندہ پیشانی سے بات کرنا۔

تَبَسَّطَ وانْبَسَطَ۔ پھیلنا۔ دراز ہونا۔ جرأت کرنا۔ بے تکلف ہونا۔ گھومنا، سیر و تفریح کرنا۔

البَاسِطُ۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاسِطَة۔ دور کی مسافت۔ یَدٌ بُسُطٌ و بُسُطٌ کھلا ہوا ہاتھ۔

البَسْطَة۔ وسعت، قابلیت، کمال، دسترس۔ بَسْطَةُ العَیْشِ۔ زندگی کی فراخی۔

البِسَاط۔ بچھونا، فرش۔ ج۔ بُسُط۔

البَسَاط۔ کشادہ و فراخ زمین۔

البَسِیط۔ مفرد۔ چوڑی زمین۔ پُر مذاق۔ بَسِیْطُ الوَجْہِ۔ کشادہ رو۔ ہنس مکھ۔ بَسِیْطُ الیَدَیْنِ۔ کشادہ ہاتھ۔ فیاض، سخی۔ ج۔ بُسَطَاء۔

البَسِیْطَةُ الاَرْضِ۔ زمین۔ سطح زمین۔

بَسَقَ (ن)، بَسْقًا۔ تھوکنا۔

بَسَقَ (ن)، بُسُوْقًا۔ النخلُ۔ لمبے تنے اور لمبی ٹہنیوں والا ہونا۔ صفت بَاسِق، اصحابہ و علیٰ اصحابہ اپنے ساتھیوں پر فضیلت میں برتر ہونا۔

بَسَّقَہ۔ لمبا کرنا۔

تَبَسَّقَ۔ لمبا ہونا۔

البَاسِقَة۔ سفید صاف رنگ کا بادل۔ مصیبت۔ ج۔ بَوَاسِق و بَوَاسِق۔ — السحاب۔ ابتدائی بادل۔

بَسُلَ (ك)، بَسَالًا و بَسَالَةً۔ بہادر ہونا صفت بَسِیْلٌ و بَاسِلٌ۔ ج۔ بُسْل و بُسَلَاء و بُسَّل۔

بَسَلَ (ن)، بُسُوْلًا۔ الرجلُ۔ غصہ یا بہادری سے کسی کا تیوری چڑھانا۔ صفت بَسْلٌ و بَسِیْلٌ۔ النَبِیْذُ۔ نبیذ کا تیز ہو جانا۔ اللحمُ۔ گوشت کا بدبودار ہو جانا۔

بَسَلَہُ (ن)، بَسْلًا۔ ملامت کرنا۔ حلال ٹھیرانا۔ جائز قرار دینا۔ عَنْ حَاجَتِہ۔ کسی کو اس کی حاجت سے منع کرنا، روکنا۔

اَبْسَلَہُ۔ کسی کو ہلاکی کے سپرد کر دینا۔ رہن رکھنا۔ — اللہُ الشَیءَ۔ اللہ کا کسی شے کو حرام قرار دینا۔ — ہ بِکذا۔ پیش کرنا۔ اَبْسَلَ نَفْسَہ لِلْمَوْتِ۔ موت کے لیے تیار ہونا۔

بَاسَلَہ۔ لڑائی میں کسی پر حملہ کرنا۔

تَبَسَّلَ۔ غصہ یا شجاعت سے ترشرو ہونا، تیوری چڑھانا۔

اِسْتَبْسَلَ۔ مرنے یا مارنے کے لیے لڑائی میں گھس جانا۔

البَسْل۔ سختی، حلال، حرام، اس میں واحد و جمع، مذکر و مؤنث مساوی ہیں۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا بَسْلٌ علیكَ" یہ چیز تم پر حرام ہے اور کہتے ہیں "بَسْلًا لَہٗ" اس کے لیے خرابی ہو۔

البَاسِل۔ شیر۔ ج۔ بَوَاسِل۔ کہا جاتا ہے "یومٌ بَاسِلٌ و غَضَبٌ بَاسِلٌ" سخت دن اور سخت غصہ۔

البَسَالَة۔ بہادری، دلیری، کراہت۔

البِسْلِی۔ ایک قسم کی بوٹی۔

البَسِیْل۔ حرام۔ مکروہ چہرے والا۔ برتن میں شراب کا بقیہ۔

البَسِیْلَة۔ تلخی، کسی چیز کا بقیہ۔

البُسْلَة۔ جادو کرنے والے کی اجرت۔

بَسَمَ (ض)، بَسْمًا و تَبَسَّمَ وابْتَسَمَ مسکرانا۔ صفت بَاسِمٌ و مُبْتَسِمٌ،

المَبْسِمُ۔ دانت۔ ج۔ مَبَاسِمُ۔

البَسَّام والمِبْسَام۔ بہت مسکرانے والا۔

بَسْمَلَ۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم پڑھنا۔

اَبْسَنَ۔ خوش ہیئت و خوش شکل و خوش

وضع ہونا۔
بَشَّ (س) بَشًّا وبَشَاشَۃً۔ ہنس مکھ ہونا
خندہ پیشانی ہونا۔ بِالشَّیْءِ۔ کسی چیز کو
دیکھ کر فرحاں وشاداں ہونا۔ بِالصَّدِیْقِ
دوست کو دیکھ کر خوش ہونا۔ صفت
بَشٌّ وبَاشٌّ وبَشُوْشٌ وبَشَّاشٌ۔
اَبَشَّتِ الْاَرْضُ۔ نباتات کا کسی زمین میں
شاخ درشاخ اور گنجان ہونا۔ آپس
میں گتھ جانا۔
بَشْبَشَ۔ الرَّجُلُ۔ خوشی ومسرت کا
اظہار کرنا۔
تَبَشْبَشَ۔ بِہٖ۔ کسی سے خندہ پیشانی
سے ملنا۔
الْبُشْتُخْتَۃُ۔ چھوٹا صندوق۔
بَشَرَ (ن) بَشْرًا۔ الْجِلْدَ۔ کھال چھیلنا۔
۔ الشَّارِبَ۔ مونچھ مونڈ کر کھال ظاہر
کرنا۔ الْجَرَادُ الْاَرْضَ۔ ٹڈی کا ساری
زمین کی روئیدگی کو چر جانا۔
بَشَرَ (ض) وبَشِرَ (س) واَبْشَرَ و
اِسْتَبْشَرَ۔ بِہٖ۔ کسی شے سے
خوش ہونا۔
اَبْشَرَتِ الْاَرْضُ۔ زمین کا اگانا۔ کہا جاتا
ہے " بَشَرَنِیْ بِوَجْہٍ حَسَنٍ "
یعنی وہ مجھ سے خندہ پیشانی سے ملا۔
بَشَّرَہٗ۔ کسی کو خوش کرنا اور اس کو خوش
خبری سنانا۔
الْبِشَارَۃُ۔ خوش خبری۔ ج۔ بِشَارَاتٌ و
بَشَائِرُ۔ بَشَائِرُ الْوَجْہِ۔ پاکیزہ
خدوخال۔ خوش روئی۔
بَشَائِرُ الصُّبْحِ۔ آغازِ صبح۔
اَبْشَرَ۔ فُلَانًا۔ کسی کو خوش خبری پہنچانا۔
۔ الْاَمْرُ وَجْہَہٗ۔ کام نے اس
کے چہرہ کو حسین اور پر رونق بنادیا۔
الشَّیْءَ۔ کسی شے کو چھیلنا۔
بَاشَرَ۔ الْاَمْرَ۔ کسی کام کو خود سنبھالنا۔

بَاشَرَہُ النَّعِیْمُ۔ نعمتوں کا کسی پر ٹوٹ
پڑنا اور راحت آنا۔ الْمَرْاَۃَ۔
جماع کرنا۔
تَبَاشَرُوْا بِالْاَمْرِ۔ ایک دوسرے کو کسی
امر کی خوشخبری دینا۔
الْبِشْرُ۔ خندہ پیشانی۔ کشادہ روئی۔
الْبَشِیْرُ۔ خوش خبری پہنچانے والا۔
ج۔ بُشَرَاءُ۔
الْبَشَارَۃُ۔ حسن وجمال۔
الْبُشَارَۃُ۔ اترا ہوا چرا۔ وہ عطیہ جو بشارت
دینے والے کو دیا جائے۔
الْبَشَرُ۔ انسان (مذکر ومؤنث واحد وجمع)
اَبُوالْبَشَرِ۔ حضرت آدم علی نبینا وعلیہ
السلام کی کنیت۔
الْبَشَرَۃُ۔ کھال کے اوپر کا رخ۔ گھاس
پات۔ ج۔ بَشَرٌ۔
التَّبَاشِیْرُ۔ خوشخبری۔ ہر شے کی ابتداء۔
الْبُشْرٰی۔ خوش خبری۔
الْمُبَشِّرَاتُ۔ بارش کی امید دلانے
والی ہوائیں۔
بَشِعَ (س) بَشَعًا وبَشَاعَۃً۔ الشَّیْءُ۔
بدمزہ ہونا۔ الْمَرْءُ۔ بدشکل ہونا۔
۔ فُلَانٌ بِالْاَمْرِ۔ ضیق وتنگی
میں ہونا۔
تَبَشَّعَ۔ بے مزہ ہونا۔ بدمزگی ظاہر کرنا۔
اِسْتَبْشَعَہٗ۔ کسی کو بے مزہ پانا۔ یا
سمجھنا۔
بَشَقَہٗ (ض) وبَشِقَہٗ (س) بَشْقًا۔
بِالْعَصَا۔ لاٹھی سے مارنا۔
الْبَاشَقُ۔ ایک چھوٹا شکاری پرندہ۔
بَشَكَ (ن ض) بَشْكًا۔ جلدی کرنا۔
الْخَبَرَ۔ کسی خبر کو گھڑنا۔ الثَّوْبَ
کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا۔ فِیْ
عَمَلِہٖ۔ کام بگاڑنا۔
اِبْتَشَكَ۔ جھوٹ بولنا۔ الْکَلَامَ۔ بات

گھڑلینا۔
الْبَشَّاكُ۔ بڑا جھوٹا۔
بَشِمَ (س) بَشَمًا۔ مِنَ الطَّعَامِ۔
بدہضمی ہونا۔ مِنَ الشَّیْءِ۔ کسی چیز
سے اکتا جانا۔ صفت بَشِمٌ۔
اَبْشَمَہٗ۔ الطَّعَامُ۔ خوراک کا بدہضمی
پیدا کرنا۔
الْبَشَامُ۔ ایک خوشبودار درخت، جس کی
لکڑی سے خلال بنایا جاتا ہے۔ اس
کا واحد بشامۃ ہے۔ دوا فروش اسی
کے بیج کو حبِّ بلسان کہتے ہیں۔
بَصَّ (ض) بَصِیْصًا وبَصًّا۔ چمکنا۔
جگمگانا۔ الْمَاءُ۔ پانی کا رسنا۔ کہا
جاتا ہے " بَصَّ لِیْ بِسَیْرٍ " اس نے
مجھے تھوڑا دیا۔
بَصَّصَ۔ الْجِرْوُ۔ پلے کا آنکھیں کھولنا۔
الْاَرْضُ۔ روئیدگی اگنا۔ الشَّجَرُ۔
کونپل نکلنا۔
الْبَصَّاصَۃُ۔ آنکھ۔
الْبَصِیْصُ۔ چمک دمک۔
بَصْبَصَ بَصْبَصَۃً۔ بمعنی بَصَّصَ۔
وتَبَصْبَصَ۔ الْکَلْبُ۔ کتے کا دم ہلانا
۔ فُلَانٌ۔ چاپلوسی کرنا۔
بَصُرَ (ك) وبَصِرَ (س) بَصَرًا و
بَصَارَۃً۔ ہٗ وبِہٖ۔ کسی چیز کو جاننا۔
دیکھنا۔
بَصَرَ (ن) بَصْرًا۔ الشَّیْءَ۔ کاٹنا۔
بَصَّرَ۔ ہٗ الْاَمْرَ۔ کسی کو کوئی کام سمجھانا۔
وبَصَّرَ۔ بصرہ میں آنا۔ الْجِرْوُ۔
پلے کا آنکھیں کھولنا۔
بَاصَرَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی شے کو دور سے جھانک
کر دیکھنا۔
اَبْصَرَہٗ۔ دیکھنا۔ بینا کرنا۔ الرَّجُلُ۔ کسی
کا بصرہ میں آنا۔ اَبْصَرَ الطَّرِیْقُ۔ راستہ
کا واضح اور نمایاں ہونا۔

Marfat.com

تَبَصَّرَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی شے کی طرف بغور دیکھنا۔ فِی الشَّیْءِ۔ کسی بات میں سوچ بچار کرنا۔

تَبَاصَرُوْا۔ کسی چیز کو پہلے دیکھنے میں مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِسْتَبْصَرَ۔ الْاَمْرُ۔ کسی کام کا ظاہر کرنا۔ اور آشکارا ہونا۔ الْاَمْرَ۔ ظاہر اور آشکارا کرنا۔ اچھی طرح دیکھنا۔ فِیْهِ۔ سوچ بچار کرنا۔ غور و خوض کرنا۔

اَلْبَصَرُ۔ قوتِ بصارت، آنکھ، علم۔ ج۔ اَبْصَار۔ کہا جاتا ہے: "اَتَیْتُهٗ بَیْنَ سَمْعِ الارضِ وبصرِھا" یعنی میں اس سے ایسے تنہا مقام پر ملا کہ صرف زمین ہی میری بات سنتی اور مجھ کو دیکھتی تھی۔

اَلْبَصْرَۃُ۔ نہر فرات و دجلہ کے دو آبے کے مغربی کنارہ پر ایک بستی کا نام ہے بَصْرَتَان۔ بصرہ و کوفہ۔ والبصرة۔ سخت و کرخت زمین، پتھریلی اور لیس دار زمین۔ ج۔ بِصَار۔

اَلْبَصِیْرُ۔ دانا، بینا۔ ج۔ بُصَرَاء۔

اَلْبَصِیْرَۃُ۔ عقل، زیرکی، عبرت، شاہد حجت۔ کہا جاتا ہے: "جوارحُه بَصِیْرَۃٌ علیه" یعنی اس کے اعضاءِ بدنی اس کے خلاف گواہ ہیں۔ "و فراسته ذات بصیرة" یعنی فراست ج۔ بَصَائِر۔

اَلْبَاصِرَۃُ۔ آنکھ۔ ج۔ بَوَاصِر۔ کہتے ہیں "خیرُ العشاء بواصرہ" بہتر کھانا وہ ہے جو تاریکی سے پہلے کھایا جائے۔

اَلْبَاصُوْرُ۔ چھوٹا گول پالان۔ ج۔ بَوَاصِیْر۔

اَلْبُصْرُ۔ کنارہ۔ رونق، چھال۔ بُصْرُ کُلِّ شَیْءٍ۔ موٹائی۔ حدیث میں ہے۔ "بُصْرُ کُلِّ سَمَاءٍ مَسِیْرَۃُ خَمْسِ مِائَةِ عَامٍ" ہر آسمان کی موٹائی پانچ سو برس کی مسافت کے برابر ہے۔

اَلْمَبْصَرُ وَالْمَبْصَرَۃُ۔ واضح اور کھلی دلیل۔

اَلْمُبْصِرُ۔ نگہبان۔ کہا جاتا ہے: "رَتَّبْتُ عَلٰی بُسْتَانِیْ مُبْصِرًا" میں نے اپنے باغ کے لیے ایک نگہبان مقرر کیا۔

بَصَعَهٗ (ف)۔ بَصْعًا۔ جمع کرنا۔ الماء۔ پانی کا بہنا یا رسنا۔

اَلْبِصْعُ۔ رات کا کچھ حصہ۔

اَلْبَصْعُ۔ بے وقوف، انگشتِ شہادت اور بیچ والی انگلی کے درمیان کا فاصلہ۔

اَلْبِصْعُ۔ بمعنی اَلْبَصَعِ۔

اَلْبَصِیْعُ۔ جسم سے ٹپکنے والا پسینہ۔ ج۔ بُصُع۔

اَلْاَبْصَعُ۔ احمق۔ یہ لفظ تاکید کے لیے بھی لایا جاتا ہے۔ کہتے ہیں: "اَخَذْتُ حَقِّیْ اَجْمَعَ اَبْصَعَ" مؤنث بُصْعَاء ج۔ اَبْصَعُوْن وبُصَعُ۔ اجمع سے پہلے اس لفظ کو لانا روا نہیں۔

بَصَقَ (ن)۔ بُصَاقًا۔ تھوکنا

اَلْبُصَاقُ۔ تھوک۔

اَلْبَصْقَۃُ۔ بلند سنگلاخ زمین۔ ج۔ بِصَاق۔

بَصَّلَهٗ وَتَبَصَّلَهٗ۔ مِنْ ثِیَابِهٖ۔ کسی کے کپڑے اتارنا۔

تَبَصَّلَ۔ الْقِشْرُ۔ چھلکے کا موٹا ہونا۔

اَلْبَصَلُ۔ پیاز۔ واحد بَصَلَۃٌ۔

اَلْبَصَلَۃُ۔ لوہے کا خود۔ کہتے ہیں "خَرَجُوْا کَاَنَّهُمُ الْاَصَلُ وَعَلٰی رُؤُوْسِهِمُ الْبَصَلُ" وہ نکلے گویا کہ وہ ڈسنے والے سانپ ہیں جن کے سروں پر لوہے کے خود رکھے ہیں۔ اصل، اصلۃ کی جمع ہے جو ایک زہریلے سانپ کا نام ہے۔

بَصَلُ الْفَارِ۔ جنگلی پیاز۔ کوئی کاندہ، عوام اس کو بُصَیْلَۃ کہتے ہیں۔

بَصَمَ (ن)۔ بَصْمًا۔ القماش۔ کپڑے پر نشان لگانا۔

اَلْبُصْمُ۔ چھوٹی انگلی اور اس کے برابر والی انگلی کا درمیانی فاصلہ۔ ثَوْبٌ ذُوْ بُصْمٍ۔ موٹا گف کپڑا۔ رَجُلٌ ذُوْ بُصْمٍ۔ موٹا آدمی۔

اَلْبُصْمَۃُ۔ علامت۔

اَلْبُصَّانُ وَالْبُصَّانُ۔ ماہ ربیع الآخر۔ ج۔ بُصَّانَات وَاَبْصِنَۃ۔

بَصَا (ن)۔ بَصْوًا۔ غَرِیْمَهٗ۔ قرضدار سے سب کچھ لے لینا۔

اَلْبَصْوَۃُ۔ چنگاری۔

بَضَّ (ض س)۔ بَضَاضَۃً وَبُضُوْضَۃً۔ موٹاپے کے ساتھ پتلی اور نرم کھال والا ہونا۔ صفت رَبَضٌّ وباضٌّ وبضیض۔ مؤنث بَضَّۃ وباضّۃ وبضیضۃ۔

بَضَّ (ض)۔ بَضًّا وبُضُوْضًا وبَضِیْضًا۔ الماءُ۔ پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا۔ الحَجَرُ۔ پتھر سے پانی کا رسنا۔ بخیل کے بارے میں کہتے ہیں "فُلَانٌ مَا یَبِضُّ حَجَرُہٗ" یعنی بخل کے سبب فلاں شخص سے بھلائی نہیں مل سکتی۔ العینُ۔ آنکھ کا آنسو بہانا۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مَا تَبِضُّ عَیْنُهٗ" یعنی وہ مصیبت پر بہت صابر ہے۔ اوتارُ العُوْدِ۔ سارنگی کے تاروں کو بجانے کے لیے حرکت دینا۔ لَهٗ۔ دینا۔

بَضَضًا وبَضَاضَۃً۔ تھوڑا دینا یا تھوڑا پانی دینا۔

اَبَضَّ۔ لَهٗ۔ کسی کو تھوڑی سی چیز دینا۔

بَضَّضَ تَبْضِیْضًا۔ ناز و نعمت کی زندگی بسر کرنا۔

اِبْتَضَّ۔ القومَ۔ قوم کو بالکل تباہ کر دینا۔

تَبَضَّضَ - فُلَانًا - کسی سے سب کچھ لے لینا۔
- حَقَّہٗ مِنْ فُلَانٍ - تھوڑا تھوڑا کر کے حق وصول کر لینا۔
بِئْرٌ بَضُوْضٌ - کم پانی والا کنواں - ج - بِضَاضٌ۔
اَلْبَضَضُ و البُضَاضَۃُ - تھوڑا پانی۔
اَلْبَضُّ - موٹاپے کے ساتھ نرم جسم اور پتلی کھال والا - مؤنث بَضَّۃ۔
اَلْبَضَّۃُ - کٹا دودھ۔
اَلْبُضَیْضَۃُ - پوری ملکیت۔ کہتے ہیں۔
"اَخْرَجْتُ لَہٗ بُضَیْضَتِیْ" میں نے اپنی ساری ملکیت اس کے سامنے لا کر رکھ دی۔
اَلْبُضْرُ - رائیگان، اسی سے ہے "ذَھَبَ دَمُہٗ بِضْرًا مِضْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔
بَضَعَ (ف) بَضْعًا و بَضَعَ - الشَّیْءَ - کاٹنا۔ نشتر سے چیرنا۔
اَلْمِبْضَعُ - نشتر۔ ج - مَبَاضِعُ۔
بَضَعَ (ف) بُضُوْعًا - الکلامَ - کلام سمجھنا - الکلامُ - کلام کا واضح ہونا -
- مِنْ فُلَانٍ - کسی سے اکتا جانا، تنگ دل ہونا۔
اَبْضَعَ - الکلامَ - کلام یا سمجھا دینا۔
اَبْضَعَ - الشَّیْءَ - سرمایہ و پونجی بنانا۔
تَبَضَّعَ و اسْتَبْضَعَ - سرمایہ لینا - الشَّیْءَ - سرمایہ بنانا۔
تَبَضَّعَ - العَرَقُ - پسینہ کا تھوڑا تھوڑا بہنا
اِسْتَبْضَعَ - الرجلُ الشَّیْءَ - کسی کے لیے سرمایہ مہیا کرنا۔
اِنْبَضَعَ - کٹنا - چیرا جانا - شگاف دیا جانا
بَاضَعَ مُبَاضَعَۃً و بِضَاعًا - المَرْأَۃَ - جماع کرنا۔
اَلْبِضَاعَۃُ - تجارت کا سامان - سرمایہ - پونجی ج - بَضَائِعُ۔

اَلْبَاضِعُ - لوگوں کے سامان اٹھانے والا - کاٹنے والی تلوار۔
اَلْاَبْضَعُ - مِنَ الرِّجَالِ - لاغر۔
اَلْبَضْعَۃُ و البِضْعَۃُ - گوشت کا ٹکڑا۔ ج - بِضَعٌ و بَضَعٌ و بِضَاعٌ و بَضَعَاتٌ۔
اَلْبِضْعُ و البَضْعُ - رات کا کچھ حصہ، تین سے نو تک کی تعداد۔ کہا جاتا ہے "بِضْعُ سِنِیْنَ و بِضْعَ عَشْرَۃَ مِنَ النِّسَاءِ و بِضْعٌ و عِشْرُوْنَ اِمْرَاَۃً - اور مذکر کے لیے بِضْعَۃَ عَشَرَ مِنَ الرِّجَالِ و بِضْعَۃٌ و عِشْرُوْنَ رَجُلًا۔ لفظ بِضْع کو پہلے لانا واجب ہے لہذا عِشْرُوْنَ و بِضْعٌ نہیں کہہ سکتے۔
بَضَمَ (ن) بَضْمًا - الزَّرْعُ - فصل کا موٹے دانہ والا ہونا۔
اَلْبُضْمُ - بال، خوشہ، نفس۔ کہتے ہیں "ھُوَ کَرِیْمُ البُضْمِ" وہ کریم النفس آدمی ہے۔
بَطَّ (ن) بَطًّا - الجُرْحَ - زخم کو چیرنا۔
بُطِّطَ - عاجز ہونا۔ تھکنا۔
اَلْبَطُّ - واحد (البَطَّۃُ) بطخ۔ (نر و مادہ ہر دو کے لیے آتا ہے) ج - بُطُوْطٌ و بِطَاطٌ۔
اَلْبَطَّۃُ - بطخ کی شکل کی شیشی۔
اَلْمِبَطُّ - ج - مَبَاطُّ و (المِبَطَّۃُ) نشتر شگاف لگانے کا آلہ۔
اَلْبَطَاطَۃُ - آلو۔
بَطْبَطَ - البَطُّ - بطخ کا بولنا - پانی میں غوطہ لگانا - الرجلُ - کسی کا کمزور رائے والا ہونا۔
بَطُؤَ (ک) بُطْأً و بِطَاءً و بُطُوْءً و اَبْطَأَ - دیر کرنا - صفت (بَطِیْءٌ)، مؤنث بَطِیْئَۃٌ۔ ج - بِطَاءٌ۔

اَبْطَأَ و بَطَّأَ - علیہ بالامرِ - کام کو مؤخر کرنا۔
بَاطَأَہٗ - ٹال مٹول کرنا۔
تَبَطَّأَ و تَبَاطَأَ - فِی سَیْرِہٖ - چلنے میں پیچھے رہنا - دیر لگانا۔
اِسْتَبْطَأَہٗ - کسی کو آہستہ پانا یا سمجھنا۔
اَلْمَبْطَأَۃُ - تاخیر کا باعث و سبب۔
بَطَحَہٗ (ف) بَطْحًا - پھیلانا۔ بچھانا۔ منہ کے بل گرانا۔
بَطَّحَ - البَیْتَ - گھر میں کنکریاں بچھا کر اس کو ہموار کرنا۔
تَبَطَّحَ و انْبَطَحَ و اسْتَبْطَحَ - الوَادِی - وادی کا پھیلنا، کشادہ ہونا۔
اِنْبَطَحَ - الرجلُ - آدمی کا منہ کے بل گرنا۔
اَلْبَاطِحُ - فا - منہ کے بل گرنے والا۔
اَلْبَطْحَاءُ - ج - بِطَاحٌ و بَطَائِحُ و بَطْحَاوَاتٌ و (الاَبْطَحُ) ج - اَبَاطِحُ و (البَطِیْحَۃُ) ج - بَطَائِحُ - و (البَطْحُ) کشادہ نالہ جس میں ریت اور چھوٹی چھوٹی کنکریاں ہوں۔
اَلْبَطْحَۃُ - قد و قامت، مسافت۔
اَلْبُطْحَۃُ - خصلت، عادت، کہا جاتا ہے۔ "ھٰذِہٖ بُطْحَتُہٗ صِدْقٌ"
اَلْبُطَاحُ - بخار سے پیدا ہونے والی ایک بیماری جو برسام سے مشابہ ہوتی ہے۔ اور اسی سے ہے (البُطَاحِیُّ)
بَطَخَہٗ (ف) بَطْخًا - چھانٹا۔
اَبْطَخَ - بہت خربوزوں والا ہونا۔
اَلْبِطِّیْخُ - خربوزہ - خربوزے کی بیل، واحد بِطِّیْخَۃٌ۔
اَلْمَبْطَخَۃُ - خربوزہ کی فالیز - ج - مَبَاطِخُ۔
بَطَرَہٗ (ن ض) بَطْرًا - چیرنا - شگاف دینا۔ صفت مفعول (مَبْطُوْرٌ و بَطِیْرٌ)
بَطِرَ (س) بَطَرًا - زیادہ نعمت میں پڑ کر اترا جانا - بہک جانا - الحَقَّ - تکبر

کے سبب حق کے قبول کرنے سے انکار کرنا۔ الشیءَ۔ پسندیدہ شے کو ناپسند کرنا۔ النِعْمَةَ۔ جہل و تکبر سے نعمت کو حقیر جاننا اور اس کا شکر بجا نہ لانا۔ صفت (بَطِر)

اَبْطَرَہٗ۔ دہشت میں ڈالنا۔ ناشکرگذار بنانا۔ کہتے ہیں "اَبْطَرَہٗ ذَرْعَہٗ" یعنی اس پر اس کی طاقت سے زائد لاد دیا۔ ذرعہ (ابطرہ کی ضمیر مفعولی سے بدل اشتمال ہے۔

بِطْرًا۔ بے کار، رائیگاں۔ کہتے ہیں۔ "ذَهَبَ دَمُهُ بِطْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

بَيْطَرَ۔ الدَّابَّةَ۔ جانور کا علاج کرانا۔ نعل بندی کرنا۔ صفت (مُبَيْطِر و بَيْطَر و بَيْطار) ج۔ بَيَاطِرَة۔

البَيْطَرَةُ۔ سالوتری کا پیشہ۔

البِطْرِيرُ۔ زبان دراز۔ بہت چیخنے والا۔ مؤنث بِطْرِيرَة

البَطْرَشِيلُ و البَطْرَشِيْن۔ ایک قسم کا لمبا کپڑا جس کو کاہن ڈیوٹی اور خدمت کے وقت استعمال کرتے ہیں۔

البِطْرِيقُ۔ رومی فوج کا جرنیل۔ ج۔ بَطَارِق و بَطَارِيق و بَطَارِقَة۔

البُطَارِقُ۔ لمبا۔

البَطْرَكُ و البَطْرِيَرْك و البَطْرِيْك پادریوں کا سردار، پیشوا۔ عیسائیوں کے کسی گروہ کا سردار ج۔ بَطَارِكَة و بَطَارِيك۔

بَطَشَ (ن ض) بَطْشًا۔ بہ یک بیک کسی کی سخت گرفت کرنا۔ علیہ۔ کسی پر حملہ کرنا۔ لوٹ پڑنا۔ صفت (بَاطِش و بَطَّاش و بَطِيش) کہتے ہیں "فلانٌ يَبْطِشُ فی العِلْمِ بِبَاعٍ بَسِيطٍ" فلاں علم سیکھنے میں بہت تیز رفتار ہے۔

بَاطَشَ۔ ایک دوسرے کو سختی سے پکڑنا۔

الأَبْطَعُ۔ وہ شخص جس کے نیچے کے سامنے والے دانت گر گئے ہوں۔

البِطَاقَةُ۔ خط، پرچہ، پرزہ۔ بِطَاقَةُ الثَّوبِ۔ کپڑے پر لگی ہوئی چٹ، جس میں کپڑے کی قیمت وغیرہ لکھی ہوتی ہے۔ ج۔ بَطَائِق۔

بَطَلَ (ن) بُطْلًا و بُطُولًا و بُطْلَانًا۔ خراب ہونا۔ بے فائدہ ہونا۔ بیکار ہونا۔ صفت (باطل) بَطَّالَةً فی کلامہ۔ تمسخر کرنا۔ الفاعِلُ مِنَ العَمَلِ۔ معطل ہونا۔ بے کار رہنا۔ صفت (بَطَّال)

بَطُلَ (ک) بَطَالَةً و بُطُولَةً۔ دلیر و بہادر ہونا۔ صفت (بَطَل) ج۔ اَبْطَال۔ مؤنث بَطَلَة۔ ج۔ بَطَلَات۔

بَطَّلَهُ۔ کسی کو باطل کرنا۔ بیکار کرنا۔

اَبْطَلَ۔ باطل کام کرنا۔ صفت (مُبْطِل) ۔ الشیءَ۔ چیز کو ضائع کرنا۔ باطل کرنا۔ ۔ الرجلُ۔ تمسخر کرنا۔

تَبَطَّلَ۔ شجاع بننا۔ بیکار رہنا۔ کہا جاتا ہے "تَبَطَّلُوا بَيْنَهُمْ" انھوں نے آپس میں لغو و باطل کام کیے۔

البَطَالَةُ۔ بیکاری۔ کام سے فراغت۔

البَطَالَةُ۔ بہادری۔

الباطِلُ۔ فا۔ ناحق، بے اصل۔ ج۔ اَبَاطِيلُ۔ شیطان۔ جادوگر۔ ج بَطَلَة۔

البُطْلُ۔ باطل، جھوٹ۔ کہا جاتا ہے۔ "ذَهَبَ دَمُهُ بُطْلًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

البُطْلَاتُ۔ لغویات۔ فضولیات۔

الأَبْطَالَةُ والأُبْطُولَةُ۔ باطل۔

البُطْمُ و البُطُمُ۔ بن۔ بن کا پھل۔

بَطَنَ (ن) بُطُونًا و بَطْنًا۔ پوشیدہ اور چھپا ہوا ہونا۔ صفت (باطِن)

بَطَنَ (ن) بَطْنًا۔ الوَادِيَ۔ وادی میں داخل ہونا۔ لَهُ۔ پیٹ پر مارنا۔ بَطَنَ الأَمْرَ۔ کسی کی بات کی تہہ تک پہنچنا۔ بُطُونًا و بِطَانَةً۔ بِفُلانٍ و مِنْهُ۔ کسی کے خواص میں سے ہونا۔

بَطِنَ (س) بَطَنًا و بَطُنَ (ک) بَطَانَةً بڑے پیٹ والا ہونا۔ توندوالا ہونا۔ صفت (بَطِن و بَطِين و مِبْطَان)

بُطِنَ بَطْنًا۔ پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا صفت (مَبْطُون)

بَطَّنَ و اَبْطَنَ۔ الثوبَ۔ کپڑے میں استر لگانا۔ الدَّابَّةَ۔ جانور پر تنگ کسنا۔

اَبْطَنَ۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو چھپانا۔

بَاطَنَهُ۔ سرگوشی کرنا۔ دوستی کرنا۔

تَبَاطَنَ۔ المکانُ۔ مکان کا دور ہونا۔

تَبَطَّنَ و اسْتَبْطَنَ۔ الشیءَ۔ اندر داخل ہونا۔ الأَمْرَ۔ بات کی تہہ تک پہنچنا۔

البَطْنُ۔ پیٹ۔ ہر چیز کا اندرونی حصہ۔ بَطْنُ الأَرْضِ۔ زمین کا پست و نشیبی حصہ۔ مِنَ القَوْمِ۔ قوم کا وہ گروہ جو قبیلہ سے کم ہو۔ ج۔ بُطُون و اَبْطُن و بُطْنَان۔ کہا جاتا ہے۔ "اَلْقَتِ الدَّجَاجَةُ ذَا بَطْنِهَا" مرغی نے انڈہ دیا۔ "وَصَاحَتْ عَصَافِيرُ بَطْنِهِ" وہ بھوکا ہوا۔

البَطَنُ۔ پیٹ کی بیماری۔

البَطِنُ۔ حریص، جس کا نصب العین صرف پیٹ ہو۔

البِطْنَةُ۔ دُبر۔

البِطْنَةُ۔ بسیار خوری کے سبب بہت

شکم پری۔

البِطَان۔ ج۔ اَبْطِنَة و بُطُن۔ تنگ جس سے جانور کا پالان کسا جاتا ہے۔ ایک کپڑا جو گھوڑے پر اس کو مکھیوں سے بچانے کے لیے ڈالا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ عَرِيْضُ الْبِطَانِ" یعنی فلاں غنی اور خوشحال ہے۔ "والْتَقَتْ حَلْقَتَا الْبِطَانِ" معاملہ سخت ہوگیا مصیبت سنگین ہوگئی۔

بِطَانَة۔ الثوب۔ کپڑے کا استر۔ — الرجل۔ آدمی کے اہل و عیال اور خواص۔ بھید۔ ج۔ بَطَائِن۔

البَاطِن۔ ہر شے کا اندرونی حصہ، پوشیدہ — مِنَ الْاَرْضِ۔ زمین کا پست حصہ — مِنَ الْقَدَمِ۔ پاؤں کا تلوا۔ ج۔ اَبْطِنَة و بُطْنَان۔

البَاطِنَة۔ بھید۔

البَطِيْن۔ دور۔ کہا جاتا ہے "شَأْوٌ بَطِيْنٌ" مسافت بعیدہ۔ "كِيْسٌ بَطِيْنٌ" تھیلی بھری ہوئی۔

البُطَيْن۔ چاند کی منازل میں سے ایک منزل کا نام۔

المُبَطَّن۔ پتلے اور چپکے ہوئے پیٹ والا۔

المُبَطَّنَة۔ ایک قسم کی کشتی۔

البَاطِيَة۔ شراب کے لیے شیشہ کا برتن ج۔ بَوَاطٍ۔

بَظَّ (ن) بَظًّا۔ العُوْدَ۔ سارنگی کے تاروں کو بجانے کے لیے حرکت دینا۔

اَبَظَّ۔ الرجلُ۔ موٹا ہونا۔ صفت بَظِيْظ۔

البَظّ۔ فَظّ کا تابع ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ فَظٌّ بَظٌّ" وہ سخت مزاج و تندخو ہے۔

بَظِرَ (س) بَظَرًا۔ الرجل۔ غیر مختون ہونا۔ صفت اَبْظَر۔ ج۔ بُظْر۔ مؤنث بَظْرَاء۔

البَظْر۔ انگوٹھی۔

البِظْر۔ رائیگاں۔ کہا جاتا ہے "ذَهَبَ دَمُهُ بِظْرًا" اس کا خون رائیگاں گیا۔

المُبَظِّر۔ ختنہ کرنے والا۔

بَعَّ (ن، ف) بَعًّا۔ الماءُ۔ پانی کا بکثرت بہانا۔

البَعَاعُ۔ سامان۔ بادل میں بھرا ہوا پانی جو ابھی نہ برسا ہو۔ کہا جاتا ہے "اَلْقَى السَّحَابُ بَعَاعَهُ" یعنی بادل نے سارا پانی برسا دیا۔

البَعْبَعَة۔ تیز اور مسلسل کلام۔

البَعَابِعَة۔ فقراء جن کے پاس کچھ بھی مال و جائداد نہ ہو۔

بَعَثَهُ (ف) بَعْثًا و تَبْعَاثًا۔ تنہا بھیجنا۔ — بِهِ۔ دوسرے کے ساتھ بھیجنا۔ — ہٗ برانگیختہ کرنا۔ ابھارنا۔ کہا جاتا ہے "بَعَثَهُ مِنْ نَوْمِهِ" اس نے اس کو نیند سے جگایا۔ "بَعَثَهُ عَلَى الشَّيْءِ" اس نے اس کو کسی کام کے لیے اکسایا۔ — المیتَ۔ اٹھانا۔ دوبارہ زندہ کرنا۔ چنانچہ یَوْمُ الْبَعْثِ اسی سے ہے۔ یعنی دوبارہ اٹھنے کا دن۔

تَبَعَّثَ۔ الشيءُ۔ کسی شے کا تیزی سے نکلنا ظاہر ہونا۔ — الشعرُ منهُ۔ شعر کی آمد ہونا۔

تَبَاعَثُوْا۔ عَلَى الشَّيْءِ۔ بعض کا بعض کو کسی کام پر اکسانا۔

اِنْبَعَثَ۔ بھیجا جانا۔ تیزی سے ظاہر ہونا۔ — فِي السَّيْرِ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔

اِبْتَعَثَهُ۔ بھیجنا۔

البَعْثُ و البَعَثُ۔ فوج۔ ہر وہ جماعت جسے کہیں بھیجا جائے۔ ج۔ بُعُث و بُعُوْث۔

البَعْثُ و البَعِثُ۔ وہ جس کے غم اس کو نیند سے بیدار رکھیں۔ فوج بھیجی ہوئی جماعت۔ ج۔ بُعُث و بُعُوْث۔

البَاعُوْث۔ عیسائیوں کی اصطلاح میں استسقاء کی نماز (کلمہ سُریانیہ)

البَاعِثُ و البَاعِثَةُ۔ باعث، سبب۔ ج۔ بَوَاعِث۔

البَعِيْث و المَبْعُوْث۔ بھیجا ہوا۔

بَعْثَرَهُ بَعْثَرَةً۔ بکھیرنا۔ — المتاعَ۔ سامان کا الٹانا پلٹانا۔

تَبَعْثَرَ۔ الٹ پلٹ ہونا۔ کہتے ہیں "تَبَعْثَرَتْ نَفْسِيْ" یعنی میری طبیعت میں بگاڑ ہو کر متلی ہونے لگی۔

بَعَجَهُ (ف) بَعْجًا۔ البطنَ۔ پیٹ پھاڑنا چیرنا۔ صفت (بَاعِج) صفت مفعولی (مَبْعُوْج و بَعِيْج) بعیج مذکر و مؤنث ہر دو کے لیے آتا ہے۔ ج۔ بَعْجَى۔ — الارضَ آبَارًا۔ زمین میں بکثرت کنوئیں کھودنا۔ — المطرُ الارضَ۔ بسبب کثرت و شدت بارش کا زمین کے پتھروں کو نکالنا۔

تَبَعَّجَ و انْبَعَجَ۔ بادل کا برس کر کھل جانا۔ — السَّيْلُ۔ سیلاب کا شتابی سے بہنا۔ — علي بالكلام۔ بکثرت بولنا۔

البَاعِجَة۔ وادی کا فراخ حصہ۔ ج۔ بَوَاعِج۔

بَعُدَ (ك) بُعْدًا و بَعِدَ (س) بَعَدًا۔ دور ہونا۔ ہلاک ہونا، مرنا۔ صفت (بَاعِد) ج۔ بُعَدَاء و بُعْد (بعید مفرد و جمع ہر دو کے لیے وارد) ج۔ بُعَدَاء و بُعُد و بُعْدَان۔

اَبْعَدَ۔ دور ہونا (اَبْعَدَهُ و بَعَّدَهُ و بَاعَدَهُ) دور کرنا۔

تَبَعَّدَ۔ دور ہونا۔

تَبَاعَدُوْا۔ ایک کا دوسرے کو دور کرنا۔

تَبَاعَدَ و ابْتَعَدَ و اسْتَبْعَدَ۔ عنهُ۔ کسی سے دور ہونا۔ اِسْتَبْعَدَ الشَّيْءَ۔

کسی چیز کو دور ہٹانا یا سمجھنا۔
البُعْدُ و البَعْدُ و البُعْدَةُ۔ دوری۔ رائے
ہوشیاری۔ بُعْدًا لَهٗ۔ بددعا ہے
یعنی اللہ اس کو ہلاک کرے، یا اپنی
رحمت سے دور کرے۔
البُعَاد۔ بعید کے مانند صفت ہے۔
بَعْدُ۔ پیچھے۔ بعد ازاں۔ یہ ظرف زمان
ہے۔ اور مضاف ہو کر آتا ہے اس
کا مضاف الیہ اگر محذوف ہو تو یہ
مبنی بر ضمہ ہوتا ہے یا منصوب بہ
تنوین۔ کہتے ہیں۔ بَعْدُ و بَعْدًا و
مِنْ بَعْدُ۔
الأَبْعَد۔ بہت دور۔ خائن۔ ج۔ أَبَاعِدُ۔
رَجُلٌ (مُبْعِدٌ) دور دراز کا سفر کرنے
والا۔
بَعِرَ (س)، بَعَرًا۔ الجَمَلُ۔ اونٹ کا نو
سال یا چار سال کا ہونا۔
بَعَرَ (ف)، بَعْرًا۔ مینگنی کرنا۔
بَعَّرَ۔ المِعَى و أَبْعَرَهٗ و تَبَعَّرَهٗ۔ انتڑی
میں سے مینگنی نکالنا۔
البَعْرُ و البَعَرُ۔ ج۔ أَبْعَار۔ مینگنی۔ واحد
(بَعْرَةٌ)۔ ج۔ بَعَرَات۔
البَعِير۔ نو سالہ یا چار سالہ اونٹ یا اونٹنی
ج۔ بُعْرَان و أَبْعِرَةٌ۔ و جج۔
أَبَاعِر و أَبَاعِير۔
المَبْعَرُ و المَبْعِرُ۔ مینگنی نکلنے کی جگہ۔
بَعْزَقَهٗ بَعْزَقَةً۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
بُعِضَ۔ الرجلُ۔ کسی کا مچھروں سے ستایا
جانا۔ صفت (مَبْعُوض)
بَعَّضَهٗ۔ حصے بنانا۔ الگ الگ جزو کرنا۔
تَبَعَّضَ۔ جزو جزو ہونا۔
أَبْعَضَ۔ المکانُ۔ کسی جگہ بکثرت مچھر ہونا
صفت (بَعِضٌ و مَبْعُوض)
بَعْضُ۔ الشیءِ۔ کسی چیز کا ایک جزو یا
حصہ۔ کبھی ایک فرد کے معنی بھی دیتا
ہے۔ جیسے کہتے ہیں "بَعْضُ اللَّيَالِي"
راتوں میں سے ایک رات۔ ج۔
أَبْعَاض۔
البَعُوض۔ مچھر۔ واحد (بَعُوضَةٌ)
بَعَطَ (ف)، بَعْطًا۔ فِي الجَهْلِ والشوم
مبالغہ کرنا۔ زیادتی کرنا۔ الحیوانَ۔
جانور کو ذبح کرنا۔
أَبْعَطَ۔ فُلَانٌ۔ کسی کا اپنی قدر سے بڑھ
جانا۔ الرجلَ۔ کسی کو اس کی طاقت
سے زیادہ تکلیف دینا۔ فی الجہل
جہالت میں زیادتی کرنا۔
بَعَقَ (ف ن)، بُعَاقًا۔ المَطَرُ الأرضَ
بارش کا زمین کو شق کر دینا۔ تڑخا دینا
دراڑیں پیدا کر دینا۔ بَعْقًا۔ الجَمَلَ
اونٹ ذبح کرنا۔ البئرَ۔ کنواں
کھودنا۔
بَعَّقَ۔ الزِّقَّ۔ مشک پھاڑ دینا۔
تَبَعَّقَ۔ و انْبَعَقَ و ابْتَعَقَ۔ فِي الكلام۔
کلام شروع کرنا۔ السَّحَابُ۔ بادل کا
زور سے برسنا۔
البَاعِق۔ مؤذن۔
البُعَاق۔ تیز برسنے والا بادل۔ ج۔ بُعُق۔
مَبْعَق۔ المَفَازَة۔ بیابان کی فراخ
و کشادہ جگہ۔
البُعْقُط و البُعْقُوط۔ پست قد۔
و البُعْقُوطَة۔ گبریلے کی گولی۔
بَعِكَ (س)، بَعَكًا۔ الجِسْمُ۔ جسم کا
سخت اور کھردرا ہونا۔
البَاعِك۔ بیوقوف۔
بُعْكُوكَة۔ الناسِ۔ لوگوں کے جمع ہونے
کی جگہ۔ الصَّيْفِ۔ موسم گرما کی
گرمی۔ الشرِّ۔ فساد کا درمیان۔
بَعَلَ (ف)، بَعَالَةً و بُعُولَةً۔ الرجلُ
لِلْمَرْأَةِ۔ شوہر ہونا۔ خاوند بننا۔
بَعَلَتِ المرأةُ۔ خاوند والی ہونا۔
بَعِلَ (س)، بَعَلًا۔ بأمرِهٖ۔ اپنے معاملہ میں
حیران و متحیر ہونا۔ صفت (بَعِل) مؤنث
بَعِلَة۔
تَبَعَّلَتِ المَرْأَةُ۔ بیوی کا خاوند کی اطاعت
و فرمانبرداری کرنا۔
بَاعَلَ۔ القومُ قومًا۔ ایک قوم کا دوسری
قوم میں شادی بیاہ کرنا۔ رشتہ ناتا کرنا۔
اِسْتَبْعَلَ۔ المکانُ۔ کسی زمین کا بارانی
ہونا۔ الرجلُ لِلْمَرْأَةِ۔ شوہر و
خاوند ہونا۔
البَعْل۔ ج۔ بُعُول و بِعَال و بُعُولَة
شوہر۔ خاوند۔ بیوی کو بَعْل بھی کہتے
ہیں اور بَعْلَة بھی۔
البَعْلُ۔ مالک۔ سردار۔ کہتے ہیں "مَنْ
بَعْلُ هٰذِهِ النَّاقَةِ" اس اونٹنی
کا مالک کون ہے اور اس معنی کو پیش
نظر رکھتے ہوئے کنعانی اور دیگر بت
پرست اپنے معبودوں کو بَعْل کہا
کرتے تھے۔ البعل مِنَ الأرضِ۔
بارانی زمین۔
بَعْلَبَكّ۔ ملک شام میں ایک شہر ہے جس
کے آثار قدیمہ آج تک مشہور ہیں۔
نسبت کے لیے بَعْلَبَكِّي و بَعْلِيّ
کہتے ہیں۔
بَغَا (تَبْغُو و يَبْغُو)، بَغْوًا و بَغَى يَبْغِي بَغْيًا
جرم و خطا کا مرتکب ہونا۔ ہ بالعین
کسی پر نظر بد لگانا۔ علیہم الشرَّ۔
لوگوں پر فساد و برائی بپا کرنا۔ الشیءَ
کسی چیز کو مستعار لینا۔
بَغَّ (ن)، بَغًّا۔ الدَّمُ۔ خون کا جوش
میں آنا۔
بَغْبَغَ بَغْبَغَةً۔ البِسَاطَ۔ فرش روندنا۔
المُبَغْبِغُ۔ تیز و اضح کلام کرنے والا۔
جلد باز۔
بَغَتَهٗ (ف)، بَغْتًا و بَاغَتَهٗ۔ کسی کے پاس

یک بیک آنا۔ اچانک آنا۔ ناگاہ آنا۔ کہتے ہیں۔ "لستُ آمنُ مِنْ بَغَتَاتِ العدوِّ" میں دشمن کے اچانک آ جانے سے بے خوف نہیں ہوں۔

بَغِثَ (س)، بَغَثًا۔ سبزی مائل سفید ہونا۔ غبار آلود ہونا۔ صفت (اَبْغَث) مؤنث۔ بَغْثَاء۔

الأبْغَث۔ ایک آبی پرندہ۔ ج۔ بُغْث و اَبَاغِث۔

البُغْثَة۔ سبزی مائل سفیدی۔

البَغْثَاء۔ مِنَ النّاس۔ لوگوں کا مخلوط گروہ۔ کہتے ہیں "دَخَلْنَا فِی البَغْثَاء" یعنی ہم عام لوگوں کی جماعت میں داخل ہوئے۔

البُغَاث۔ سبزی مائل سفید رنگ کا ایک پرندہ جو گدھ سے قدرے چھوٹا اور اڑان میں سست ہوتا ہے۔ ج۔ بِغْثَان۔ اور عرب کے اس قول "اِنَّ البُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ" کا مطلب یہ ہے کہ ہمارے پڑوس میں پہنچ کر ذلیل و خوار بھی باعزت و شرف ہو جاتا ہے۔

بُغْثَة۔ گیہوں۔

بَغْثَرَ۔ القومُ۔ لوگوں کا جوش میں آنا اور مخلوط ہونا۔

بَغْثَرَہ۔ جدا جدا کرنا۔ متفرق کرنا۔

بَغْثَرَتْ نفسه و تبغثرت۔ جی کا مالش کرنا۔ متلی ہونا۔

البَغْثَر۔ احمق۔ بے وقوف۔

بَغْدَاد۔ عراق کا مشہور شہر جس کو مدینة السلام، زوراء اور دار السلام بھی کہتے ہیں۔

تَبَغْدَدَ۔ بغداد کی طرف منسوب ہونا۔ اہل بغداد سے مشابہت رکھنا۔

بَغِرَ (س)، بَغْرًا و بَغَرًا۔ پانی پینا اور سیراب نہ ہونا صفت (بَغِرٌ و بَغِیرٌ)

ج۔ بَغَارَی و بُغَارَی۔

بَغَرَت۔ (ن) بُغُورًا۔ السماءُ۔ آسمان سے بارش برسنا۔ النجمُ۔ ستارہ کا گرنا۔

بُغِرَتِ الارضُ۔ زمین پر بارش برسنا۔

البَغَرُ۔ وہ پیاس جو نہ بجھے۔ و البَغْرُ۔ بارش کی زور کی بوچھار۔ کہتے ہیں۔ "تَفَرَّقُوا شَغَرَ بَغَرَ" لوگ چاروں طرف بکھر گئے۔

البَغَرَة۔ پانی کی طاقت۔

بَغَزَہ (ن)، بَغْزًا۔ لاٹھی سے مارنا۔

البَغْز۔ سرعتِ حرکت۔ چستی۔

الباغِز۔ چست، اوباش، بدکار۔

الباغِزِیَّة۔ حریر کے مانند ایک قسم کا کپڑا۔

البُوغاز۔ آبنائے۔ ج۔ بَوَاغِیز۔

بَغَشَتْ۔ (ف) بَغْشًا۔ السماءُ۔ ہلکی بارش برسانا۔ الصبیُّ الی اُمِّه۔ بچہ کا رو کر ماں کے پاس جانا۔

بُغِشَتِ الارضُ۔ زمین پر ہلکی ہلکی بارش گرنا۔ پھوار پڑنا۔

البَغْشَة۔ پھوار۔ ہلکی بارش۔

بَغَضَ و بَغُضَ (ن ك)، و بَغِضَ (س)، بَغَاضَةً۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ جب آپ کہیں کہ "مَا اَبْغَضَهُ اِلَیَّ" تو مطلب ہوگا کہ کوئی آپ کے نزدیک بہت مبغوض ہے اور آپ اس کی خبر دے رہے ہیں۔

بَغَّضَهُ۔ الیه۔ کسی سے نفرت دلانا۔ کسی کا دشمن بنانا۔

اَبْغَضَهُ۔ دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔ جب آپ کہیں "مَا اَبْغَضَنِی" تو مطلب یہ ہوگا کہ آپ کسی کی نظر میں مبغوض ہیں۔ اور اس کی آپ خبر دے رہے ہیں۔

تَبَغَّضَ۔ الیه۔ کسی سے دشمنی کرنا۔ نفرت کرنا۔

تَبَاغَضُوا۔ ایک دوسرے سے دشمنی رکھنا۔

البُغْض۔ دشمنی۔ نفرت۔

البِغْضَة و البَغْضَاء و البَغَاضَة۔ سخت دشمنی۔ البِغَضَة۔ دشمنی رکھنے والے لوگ۔

البَغِیض۔ سخت دشمنی رکھنے والا۔

بَغَلَهُم (ف)، بَغْلًا۔ اولاد کو باپ کی طرف سے بدنسل یا بدقوم بتانا۔ دوغلا ٹھہرانا۔

بَغِلَ۔ بمعنی بَغَلَ۔ فی المشی۔ تھک جانا عاجز ہونا۔

البَغْلُ۔ خچر۔ ج۔ بِغَال و اَبْغَال۔ مؤنث بَغْلَة۔ ج۔ بَغَلَات و بِغَال۔

البَغَّال۔ خچر والا۔ خچر ہانکنے والا۔

بَغَمَتْ (ف ن ض)، بُغُومًا و بُغَامًا و تَبَغَّمَتْ۔ الظبیة۔ ہرن بہت دھیمی آواز سے بولنا۔ صفت (بَاغِمَة) و بغوم؛ بغم الرجل صاحبه۔ کسی کا اپنے ساتھی سے غیر واضح بات کرنا

بَاغَمَهُ۔ نرم آواز سے کلام کرنا۔

البُغَام۔ ہرن کی آواز۔

البُغْمَة۔ عورتوں کا ہار (ترکی کلمہ) ج۔ بُغَم۔

بَغَا (ن)، بَغْوًا۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو غور سے دیکھنا۔ علیه۔ ظلم و زیادتی کرنا۔ صفت (بَغُوٌّ)

البَغْوَة۔ کچا پھل۔ مِنَ النبات۔ شگوفہ جو سفید نکلا ہو۔

بَغَی (ض)، بُغَاءً و بَغْیًا و بُغًی و بُغْیَةً و بِغْیَةً۔ الشیءَ۔ طلب کرنا۔ الرجلُ۔ حق سے ہٹ جانا۔ نافرمانی کرنا۔ علیه۔ عداوة دشمنی کرنا۔ ظلم و تعدی کرنا۔ صفت (بَاغٍ) ج۔ بُغَاة و

بُغْیَانٌ ـ السَّمَاءُ ۔ آسمان کا سخت بارش برسانا ـ الْاَمَۃُ ۔ لونڈی کا زنا کرنا ـ الجرحُ ۔ زخم کا متورم ہونا۔ خراب ہونا۔ پیپ سے بھر جانا۔

اِبْتَغیٰ وتَبَغّیٰ ـ الشیءَ ۔ طلب کرنا۔

اَبْغَاہ ـ الشیءَ ۔ کسی کو کسی شے کا طالب بنانا کسی شے کی طلب میں مدد دینا۔ کہا جاتا ہے "اَبْغِنِی ضَالَّتِی" میری گمشدہ شے کی تلاش میں میری مدد کرو۔

بَاغَتِ الْاَمَۃُ بِغَاءً ومُبَاغَاۃً ۔ لونڈی کا زنا کرنا۔

تَبَاغیٰ ـ القومُ ۔ بعض کا بعض پر ظلم و تعدی کرنا۔

اِنْبَغیٰ ۔ سہل اور آسان ہونا۔ کہا جاتا ہے "لاینبغی لك اَنْ تَفْعَلَ ذٰلك" تمھارے لیے ایسا کرنا لائق و مناسب نہیں۔

اِسْتَبْغیٰ ـ الشیءَ ۔ طلب کرنا ـ القومَ ۔ طلب کرنے میں مدد چاہنا۔

البَغْی ۔ ظلم، قصور، نافرمانی۔ بہت بارش، فساد۔ کہا جاتا ہے "بَرِیَٔ جُرْحہ عَلیٰ بَغْیٍ" یعنی زخم گو مندمل ہو گیا، مگر اندر پیپ باقی ہے۔

البُغْیَۃُ والبِغْیَۃُ والبَغِیَّۃُ والبُغَاءُ ۔ مرغوب شے، مطلوب سفر۔

البَغِیّ ۔ زناکار۔ فاحشہ عورت۔ ج۔ بَغَایَا ـ بَغَایَا الجَیْش ۔ فوج کے ہراول دستے۔

المَبْغیٰ والمَبْغَاۃُ ۔ طلب کی نوعیت یا اس کی جگہ۔ کہا جاتا ہے "بَغَیْتُ المَالَ مِنْ مَبْغَاتہ" میں نے مال کو مناسب ڈھب اور طریقہ سے تلاش کیا۔ جیسے کہتے ہیں "اَتَیْتُ الامرَ مِنْ مأتاتہ" میں نے کام کو مناسب طریقہ سے کیا۔

بَقَّ (ن)، بَقًّا ـ الماءَ من فیہ ۔ پانی منہ سے بوند پھینکنا ـ لَنَا العطاءَ ۔ بخشش کو وسیع کرنا ـ مالَہٗ ۔ مال بکھیرنا لٹانا ـ الجرابَ ۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔

بَقًّا وبُقُوقًا ـ النبتُ ۔ نبات کا اگنا، پھوٹنا ـ السماءُ ۔ لگاتار بارش برسانا۔ موسلا دھار برسانا ـ المرأۃُ ۔ عورت کا کثیر الاولاد ہونا ـ البیتُ ۔ گھر میں بکثرت کھٹمل ہونا ـ بَقَاقًا وبَقًّا واَبَقَّ ـ عَلَی القومِ ۔ بہت بکواس لگانا۔ بہت بک بک کرنا۔

بَقَّقَ ـ مَالَہ ۔ مال بانٹنا ـ واَبَقَّ البیتُ ۔ گھر میں بہت کھٹمل ہونا ـ واَبَقَّ وَلَدُ فلانٍ ۔ کسی کی اولاد بہت ہونا۔

اَبَقَّتِ المرأۃُ ۔ عورت کا کثیر الاولاد ہونا ـ السماءُ ۔ آسمان سے لگاتار بارش برسنا۔

البَقَاق ۔ گھر کا ردی اور ناکارہ سامان۔ رجلٌ بَقَاق وبقاقۃ ۔ بہت بکواسی آدمی۔ بکّو۔

بَقْبَقَ بَقْبَقَۃً ـ الکوزُ فِی المَاءِ ۔ پانی میں ڈوبتے وقت کوزے کا بق بق کرنا ـ القِدْرُ ۔ ہانڈی کا ابلنا کھد کھدانا ـ الرجلُ ۔ کسی کا بہت بک بک کرنا۔

البَقْبَاق ۔ باتونی، بکواسی۔ کہتے ہیں۔ "رجلٌ بقلاقٌ وبَقْبَاق" آدمی بہت بک بک کرنے والا ہے۔

البُقْبُجَۃُ ۔ کپڑے وغیرہ کی گٹھڑی۔

البَقْدُوْنس ۔ ایک قسم کی نبات۔

بَقَرَہ (ن)، بَقْرًا ۔ پھاڑنا۔ کھولنا۔ وسیع کرنا۔

بَقِرَ (س)، بَقَرًا ۔ نگاہ کا پتھرا جانا ـ اَبْقَرَ المرأۃَ عن جَنِیْنِہَا ۔ عورت کا پیٹ چیر کر اس کا بچہ نکالنا۔

اِنْبَقَرَ ۔ بیچ سے پھٹ جانا۔ شق ہو جانا۔

تَبَقَّرَ ـ الرجلُ ۔ کسی کا وسیع العلم و کثیر المال ہونا۔

البَقَرُ ۔ گائے، بیل (اسم جنس)، واحد بقرۃ۔ ج۔ بقرات وبَقَر وبُقُر وابْقُر وابْقَار وآبَاقِر وآباقیر۔ بَقَرُ الوحشِ یا البَقَرُ الوحشی ۔ نیل گائے۔

جُوْعُ البَقَر ۔ شدت کی بھوک ـ عُیُوْن البَقَر ۔ ایک قسم کا انگور ـ بقرالماء گائے سے ملتی جلتی ایک قسم کی مچھلی۔

البُقَرُ والبُقَارَی ۔ جھوٹ، مصیبت۔ کہتے ہیں "جاءَ فلانٌ بالصُّقَرِ والبُقَرِ او الصُّقَارَی والبُقَارَی" فلاں شخص جھوٹ اور مصیبت لایا۔

البُقَیْرَی ۔ بچوں کا ایک کھیل۔

البَقَّار ۔ گائے والا۔ اس کا چرواہا۔

البَاقِر والبَاقُوْر والبَیْقُوْر ۔ گایوں کا گلہ۔ ریوڑ۔ (اسم جمع)

(فتنہ) بَاقِرَۃٌ ۔ الفت مٹانے والا بڑا صدمہ۔

البَقِیْرَۃ والبَقِیْر ۔ عورتوں کا بغیر آستین والا قمیص۔ انگیا۔

ناقۃٌ بَقِیْرٌ ۔ وہ اونٹنی جس کا پیٹ چاک کرکے بچہ نکالا گیا ہو۔

البَقَس ۔ آس سے مشابہ ایک درخت، جس کی لکڑی کے چمچے بنائے جاتے ہیں۔ واحد (بَقَسَہ۔)

بَقَطَ (ن)، بَقْطًا ـ متاعَہٗ ۔ سفر کے لیے اپنا سامان جمع کرنا۔ متفرق کرنا ـ فُلانًا بُسْتَانَہ ۔ کسی کو اپنا باغ تہائی یا چوتھائی پیداوار کی شرط پر دینا۔

بَقَّطَ ـ فِی الجبل ۔ پہاڑ پر چڑھنا ـ الشیءَ ۔ بکھیرنا۔ متفرق کرنا۔

تَبَقَّطَ ـ الشیءَ ۔ کسی شے کو تھوڑا تھوڑا لینا ـ الخبرَ ۔ تھوڑا تھوڑا حاصل کرنا

البَقَط۔ توڑتے وقت گری ہوئی کھجوریں۔ متفرق جماعت۔

البُقاط۔ پنیر کا ٹکڑا۔

البُقْطَة۔ زمین کا ایک حصہ۔

بَقِعَ (س)، بَقَعًا۔ الطیرُ۔ پرندہ کا مختلف رنگ والا ہونا۔ صفت (اَبْقَع)، مؤنث بَقْعَاء۔ ج۔ بُقْع۔ فلانٌ بالشیءِ۔ کسی کا کسی چیز پر اکتفا کرنا۔

بَقَعَ (ف)، بُقُوعًا و بَقْعًا۔ جانا۔ کہتے ہیں "مَا اَدْرِی اَیْنَ بَقَعَ" میں نہیں جانتا، وہ کہاں چلا گیا۔

بَقَّعَ۔ الثوبَ۔ کپڑے کو رنگتے وقت اس میں سفید سفید داغ چھوڑ دینا۔

تَبَقَّعَتِ الثِّیَابُ۔ کپڑوں کا بھیگ کر جگہ جگہ سے گیلا ہونا۔

اِنْبَقَعَ۔ تیز جانا۔

اُبْتُقِعَ۔ لونُہٗ۔ خوف یا رنج سے رنگ متغیر ہونا۔ اُمْتُقِعَ۔ میم سے فصیح تر ہے۔

البُقْعَة و البَقْعَة۔ قطعۂ زمین۔ ج بِقَاع و بُقَع۔ کہتے ہیں "فلانٌ حسنُ البُقْعَةِ عِنْدَ الامیرِ" یعنی فلاں امیر کے حضور میں اچھا مرتبہ رکھتا ہے۔ و البُقْعَة۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ دلدل۔

البَقِیْع۔ مختلف درختوں کی جڑوں والی زمین۔

اِبْنُ بَقِیْع۔ کُتا۔

البَاقِعَة۔ بَاقِع کا مؤنث، ایک قسم کا پرندہ، وہ زیرک شخص جس کو فریب نہ دیا جا سکے۔ ج۔ بَوَاقِع کہتے ہیں۔ "مافلانٌ اِلَّا بَاقِعَةٌ من البَوَاقِع" فلاں بڑا چالاک ہے۔

الاَبْقَع۔ سیاہ سفید داغوں والا۔ مؤنث بَقْعَاء۔ ج۔ بُقْع۔ سَنَةٌ بَقْعَاء سرسبزی و خشک سالی والا سال۔

الاُبَیْقِع۔ وہ سال جس میں بارش کم ہو۔

بَقَلَ (ن)، بَقْلًا و بُقُوْلًا و اَبْقَلَ۔ ظاہر ہونا۔ نابُ البعیرِ۔ اونٹ کے کیلے نکلنا۔ المکانُ۔ کسی جگہ ترکاری یا سبزی اُگ آنا۔ صفت (بَاقِل و بَقِل و بَقِیْل)۔ وجہُ الغلامِ۔ چہرے پر سبزہ نکل آنا۔

بَقَّلَ۔ لبعیرہ بقلًا۔ اپنے اونٹ کے لیے ساگ پات جمع کرنا۔

و اَبْقَلَ القومُ۔ لوگوں کا سبزی پانا۔ یا لوگوں کے مویشیوں کا سبزی چر جانا۔

بَقَّلَ۔ وجہُ الغُلامِ۔ لڑکے کے چہرے پر سبزہ کا آغاز ہونا۔

تَبَقَّلَ و ابْتَقَلَ۔ سبزی کی طلب میں نکلنا۔ الماشیۃ۔ مویشی کا سبزی چر جانا۔

البَقْل۔ سبزی، ترکاری۔ ج۔ بُقُول و اَبْقَال۔

البَقْلَة۔ بقل کا واحد۔ بقلۃُ الحمقاءِ و بقلۃُ الزَّهْرَاءِ و بقلۃُ اللیّنۃ۔ خرفہ کا ساگ۔

البقلۃُ البَارِدَة۔ عشق پیچہ۔

بقلۃُ الانصار۔ کرم کلّہ۔

البَاقِلّاء و البَاقِلّی و البَاقِلی۔ لوبیا۔

ارضٌ (بَقِلَة و بَقِیْلَة و بَقَّالَة و مَبْقَلَة) سبزی والی زمین۔

البَقَّال۔ سبزی فروش۔

المَبْقَلَة۔ سبزی کی جگہ۔

البُوْقَال و البَاقُوْل۔ بے دستہ والا کوزہ مٹی کی دوات۔ ج۔ بَوَاقِیْل۔

بَقَّمَ الثوبَ۔ کپڑے کو بقم سے رنگنا۔

البَقَّم۔ ایک قسم کی لکڑی جو کپڑے رنگنے میں کام آتی ہے۔

البُقْمَة۔ دھتورا۔

البُقَامَة۔ مِنَ الصُّوف۔ کاتنے کے کام میں نہ آنے والی روئی جو دھنتے وقت گر جاتی ہے، کمزور، کم عقل آدمی۔

بَقَا (ن)، بَقَاوَة و بَقْی (ض)، بُقْیًا۔ فلانًا بعینہٖ۔ کسی کی طرف دیکھنا۔ کسی کا انتظار کرنا۔

بَقِیَ (س)، بَقَاءً و بَقْی (ض)، بُقْیًا۔ ہمیشہ رہنا، ثابت رہنا۔

اَبْقَی۔ علیہ۔ کسی پر رحم کھانا، کسی پر مہربانی کرنا۔ و (بَقّٰی و تَبَقّٰی و اسْتَبْقٰی)، ہ ثابت کرنا۔ باقی رکھنا۔ اسْتَبْقٰی۔ منہُ۔ کچھ حصہ چھوڑ دینا۔

تَبَقّٰی۔ بمعنی بَقِیَ۔

البَاقِی۔ فا۔ خدائے تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ہے۔

البَاقِیَة۔ باقی کا مؤنث۔ ج البَاقِیَات و البَوَاقِی۔

البَقْوٰی و البُقْوٰی و البُقْیَا و البَقِیَّة باقی رہا ہوا۔ باقی ماندہ۔ ج۔ بَقَایَا۔ کہتے ہیں: "فلانٌ بقیّةُ قومہ" فلاں اپنی قوم کا چیدہ شخص ہے۔

المَبْقٰی۔ بقا۔ زندگی۔ ج۔ المَبَاقِی۔

بَكَأَهُ (ن) بَكْأً۔ مزاحمت کرنا۔ الشیءَ۔ پھاڑنا۔ فسخ کرنا۔ الدابّةَ۔ جانور کو چلا کر تھکا دینا۔ بَكَّ الرجلُ۔ کسی کا محتاج ہونا

تَبَاكَّ۔ القومُ۔ لوگوں کا بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔ الشیءَ۔ چیز کا تھریبر ہونا۔

الابَكّ۔ احمق۔ بے وقوف۔

بَکَّة۔ مکہ معظمہ۔

بَكْبَكَ و تَبَكْبَكَ۔ القومُ علیہ۔ لوگوں کا کسی پر ہجوم کرنا۔ ج۔ بَكْبَاك۔ بہت رجلٌ بَكْبَاكٌ۔ سخت مزاج آدمی۔

بَكَأَتْ (ف) و بَكُؤَتْ (ك) بُكُوْءًا و بِكَاءَةً و بَكْأً و بُكَاءً۔ الناقةُ۔ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا۔ الشاۃ

کنویں کا پانی کم ہونا۔ العینُ۔ آنکھ کا
آنسو کم نکلنا۔ صفت (بَکِیٌّ و بَکِیئَۃٌ
و بَکِیٌّ و بَکِیَّۃٌ) ج۔ بِکَاءٌ و بَکَایَا۔
اَیْدٍ بِکَاءٌ۔ بخشش کم کرنے والا ہاتھ۔

بَکِیَٔ (س) بَکَاءٌ۔ اپنی حاجت نہ پانا۔
اَبْکَأَ۔ الدَّرَّ۔ دودھ کم پانا۔
اَلْبَکْءُ و اَلْبِکَاءُ۔ ایک قسم کی نبات۔ واحد
بُکَاۃٌ۔

بَکَتَہٗ (ن) بَکْتًا۔ تلوار یا لاٹھی سے مارنا۔
دلیل وحجت میں کسی پر غالب آنا۔ کہتے
ہیں "بَکَتَہٗ حَتّٰی اَسْکَتَہٗ"۔ یعنی
اس پر حجت میں ایسا غالب آیا کہ آخر
اس کو خاموش کر دیا۔

بَکَّتَہٗ۔ یعنی بَکَتَہٗ۔ زجر کرنا۔ سرزنش کرنا۔
جھڑکنا۔ اور اسی سے ہے "تَبْکِیْتُ
الضَّمِیْرِ۔ ضمیر کی جھڑک۔

بَکَرَ (س) بَکَرًا۔ اِلَی الشَّیْءِ۔ جلدی کرنا۔
بَکَرَ (ن) بُکُوْرًا۔ آگے بڑھنا۔ علیہ و الیہ
صبح کے وقت کسی کے پاس جانا۔ فِی
الشَّیْءِ۔ صبح سویرے کچھ کرنا۔
اَبْکَرَ و بَکَّرَ۔ پیش قدمی کرنا۔ جلدی کرنا۔
فلانًا۔ کسی کے پاس صبح سویرے آنا۔
بَکَّرَہٗ علیھم۔ کسی کو علی الصبح بھیجنا۔
بَکَّرَ۔ المُصَلِّی۔ نماز کے لیے شروع وقت
میں آنا۔
بَاکَرَہٗ۔ کسی کے پاس صبح کے وقت آنا۔
تَبَکَّرَ۔ پیش قدمی کرنا۔
اِبْتَکَرَ۔ کسی چیز کے پہلے حصہ پر قابو پانا
۔ فلانًا۔ کسی کے پاس صبح کے وقت
آنا۔ الفَاکِھَۃَ۔ پہلا پھل کھانا۔
علٰی فلانٍ۔ صبح سویرے آنا۔
اَلْبَاکِرُ۔ قد اَتَاہُ بَاکِرًا۔ وہ اس کے پاس
صبح سویرے آیا۔
اَلْبِکْرُ (مذکر و مؤنث ہر دو کے لیے) ماں
باپ کا پہلا بچہ۔ جوان گائے۔ کنواری۔

ہر چیز کا اول۔ ج۔ اَبْکَارٌ۔
اَلْبِکْرُ۔ ہر وہ فعل جس کے مثل پہلے نہ ہوا
ہو۔ اَلضَّرْبَۃُ الْبِکْرُ۔ تلوار کی کاری
چوٹ۔ کام تمام کرنے والی چوٹ۔
کَرْمٌ بِکْرٌ۔ انگور کا پہلا دانہ۔
نَارٌ بِکْرٌ۔ شروع جلائی ہوئی آگ۔
خَلٌّ بِکْرٌ۔ تیز سرکہ۔
اَلدُّرَّۃُ الْبِکْرُ۔ دُرِّ ناسفتہ۔
اَلْبَکْرُ۔ جوان اونٹ۔ ج۔ اَبْکُرٌ و بُکْرَانٌ
و بِکَارٌ و بِکَارَۃٌ۔ مؤنث بَکْرَۃٌ۔
ج۔ بِکَارٌ۔
اَلْبُکْرَۃُ۔ صبح۔ مثلاً آپ کہیں "اَتَیْتُہٗ
بُکْرَۃً"۔ میں اس کے پاس صبح
سویرے آیا۔
اَلْبَکَرَۃُ و اَلْبَکْرَۃُ۔ چرخی۔ ج۔ بَکَرٌ و
بَکَرَاتٌ کہتے ہیں۔ "و البَکَرَاتُ
شَرُّھُنَّ الصَّائِمَۃُ"۔ یعنی سب سے
بری چرخی وہ ہے جو نہ گھومے۔
اَلْبَکْرَۃُ۔ جماعت، اور اسی سے ہے
"جَاؤُا علی بکرۃ ابیھم"۔ وہ سب
کے سب آئے۔ ایک بھی نہ بچا۔
اَلْبَکَارَۃُ۔ دوشیزگی۔ کنوارا پن۔
اَلْبِکْرِیَّۃُ و اَلْبُکُوْرِیَّۃُ۔ اسم ہے بِکر
سے، یعنی اس کی خاصیت اور اس
کے حقوق۔
اَلْبَاکُوْرَۃُ۔ پہلا میوہ۔ ہر چیز کا اول۔ ج
بَوَاکِیْرُ و بَاکُوْرَاتٌ۔
اَلْبَکِیْرُ و اَلْبَاکُوْرُ و اَلْبَکُوْرُ۔ ہر چیز اپنے
وقت سے پہلے آنے والی۔ موسم بہار
کی پہلی بارش۔
اَلْبَکِیْرَۃُ۔ پہلے مراد پہ پہنچ جانے والا۔
پھل یا درخت خرما۔ ج۔ بَکَائِرُ۔
اَلْمُبْکِرُ۔ ف۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔
اَلْمِبْکَارُ۔ پہلے تیار ہو جانے والا پھل یا
درخت خرما۔ اَرْضٌ مِبْکَارٌ۔ جلد اگانے

والی زمین۔ ج۔ مَبَاکِیْرُ۔
بَکَسَہٗ (ن) بَکْسًا۔ مغلوب کرنا۔
بَکَعَہٗ (ف) بَکْعًا۔ بدن کے مختلف حصوں
پر سخت چوٹ مارنا۔ بدخلقی سے پیش آنا۔
بَکَّعَہٗ۔ کاٹنا۔ خاموش کرنا۔ رجلٌ اَبْکَعُ
ہاتھ کٹا آدمی۔
بَکَلَ (ن) بَکْلًا و بَکَّلَ۔ الشَّیْءَ۔ ملانا ۔
السجلُ۔ آٹا۔ ستو۔ گھی یا زیتون ملا کر
کھانا تیار کرنا۔
تَبَکَّلَ۔ فِی الکلام۔ گڑبڑ گفتگو کرنا۔ ہ
و علیہ۔ گالی گلوچ اور مار پیٹ سے
کسی پر غالب آجانا۔ الشَّیْءَ۔ کسی
چیز کو غنیمت سمجھ کر لینا۔ الرجلُ۔ کسی
کا مرفہ الحال زندگی بسر کرنا۔ فی مشیہ
ناز سے چلنا۔
اِبْتَکَلَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی شے کو غنیمت جان
کر لینا۔
اَلْبِکْلَۃُ۔ حال، ہیئت، لباس، طبیعت۔ ج
بِکَلٌ۔
اَلْبَکَالَۃُ و اَلْبَکِیْلَۃُ۔ ایک قسم کا کھانا جو آٹا،
ستو، گھی یا روغن زیتون سے تیار کیا
جاتا ہے۔ اَلْبَکِیْلَۃُ۔ غنیمت۔
بَکِمَ (س) بَکَمًا و بَکَامَۃً۔ گونگا ہونا۔ صفت
(اَبْکَمُ) ج۔ بُکْمٌ و بُکْمَانٌ۔ ج
بُکْمَانٌ۔
بَکُمَ (ک) بَکَامَۃً۔ جان بوجھ کر چپ ہونا۔
تَبَکَّمَ۔ الکلام علیہ۔ بول نہ سکنا۔ گفتگو
نہ کر سکنا۔
بَکٰی (ض) بُکَاءً و بُکًی۔ رونا۔ صفت
(بَاکٍ) ج۔ بُکَاۃٌ۔ مؤنث بَاکِیَۃٌ۔
ج۔ بَاکِیَاتٌ و بَوَاکٍ۔
بَکٰی و بَکّٰی۔ المیّتَ۔ میت پر رونا۔
بَکّٰی و اَبْکٰی و اسْتَبْکٰی۔ الرجلَ۔ کسی کو
رلانا۔
تَبَاکٰی۔ بناوٹی رونا رونا۔ بتکلف رونا۔

البَکَّاءُ والبَکِیّ۔ بہت رونے والا۔
التَّبَکَاءُ والتِّبکَاءُ۔ رونا یا بہت رونا۔
المَبْکٰی۔ رونے کی جگہ۔ ج۔ مَبَاکٍ۔
بَلْ۔ حرف عطف ہے۔ سابق کلام سے اضراب کے لیے آتا ہے۔ جیسے "مَا ذَھَبَ زَیدٌ بَلْ عَمْرٌو" کہ اس میں حکم عمرو پر ہے۔ زید پر حکم لگانے سے سکوت ہے۔
بَلَّہُ (ن) بَلّاً وبِلَّۃً وبَلَالاً۔ بالماءِ۔ پانی سے تر کرنا۔ بَلَّ یدہ۔ دینا۔
بَلَّ (س) بَلَلاً وبَلَالاً۔ بکذا۔ فتح مند ہونا۔ کامیاب ہونا۔ پالینا۔ چنانچہ کہتے ہیں "اِذَا بَلَّتْ بقائمتہ یدی: یعنی جب کہ اس کے قبضہ پر میرا ہاتھ پہنچے۔
بَلَّ (ض) بَلّاً وبَلَالاً و بُلُولاً۔ مِنْ مرضہ۔ بیماری سے تندرست ہونا صحت یاب ہونا (ر۔ بَلّاً) فی الارض جانا۔ (ر۔ بُلُولاً) الریحُ۔ سرد ہوا کا چلنا۔
اَبَلَّ۔ الشجرُ۔ درخت کا پھل دار ہونا۔ پھل لانا۔ العودُ۔ لکڑی میں تری کا ہونا۔ من مرضہ۔ بیماری سے صحت یاب ہونا۔ اَبَلَّہ فی الارض۔ زمین میں پھرانا۔ لے جانا۔
بَلَّلَ۔ الثوبَ۔ کپڑے کو تر کرنا۔
تَبَلَّلَ وانْبَلَّ۔ تر ہونا۔
ابتَلَّ وتَبَلَّلَ واسْتَبَلَّ۔ من مرضہ۔ بیماری سے صحت یاب ہونا۔
البِلّ۔ صحت۔ شفا۔ مباح۔ اور اسی سے ہے حضرت عباسؓ کا یہ قول "لا احلھا لمغتسلٍ وھی لشاربٍ حِلٌّ وبِلٌّ"۔ یعنی میں اس کو نہانے والے کے لیے حلال نہیں ٹھہراتا۔ البتہ پینے والے کے لیے حلال و مباح ہے۔

چالاک۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ بِلٌّ اَبْلَالٍ" وہ چالاکوں کا چالاک ہے۔
البَلَّۃُ۔ جوانی کی تروتازگی۔
البِلَّۃ۔ تری۔ رزق۔ خیر۔
البَلَال والبِلَال والبُلَال۔ تری، دودھ یا پانی کی اس قدر مقدار کہ اس سے حلق تر ہو جائے۔
البُلَالَۃ۔ اس قدر مقدار کہ اس سے کوئی چیز تر کی جائے۔ تھوڑی سی چیز۔ تری۔
البُلَل۔ بیج۔
البَلِیْل والبَلِیْلَۃ۔ نمدار ٹھنڈی ہوا۔
ذُو بِلّیٍ وبِلیٍ وبِلیّان۔ دور کی غیر معلوم جگہ۔ کہتے ہیں "ھُوَ بذی بِلیٍ" وہ ایک غیر معلوم جگہ میں ہے۔
الاَبَلّ۔ بدکار۔ سخت کنجوس۔ مؤنث بَلّاءُ ج۔ بُلّ۔ کہتے ہیں "لاشئَ اَبَلُّ للجسمِ من کذا" یعنی جسم کے لیے اس سے زیادہ کوئی چیز موافق نہیں۔ صَفَاۃٌ بَلّاءُ۔ چکنا پتھر۔
البَلَّان۔ حمام میں نہلانے والا۔ والبَلّان ج۔ بَلّانات۔ حمام۔
البُلَّۃ۔ ہیئت۔ حال۔ کہتے ہیں "طَوَیْتُ السقاءَ علی بُلَّتِہ و بَلَلَتِہ" میں نے مشک کو لپیٹ لیا جبکہ وہ تر ہی تھی۔ "طَوَیْتُ فلاناً علی بَلَّتِہ و بُلُلَتِہ و بَلَّتِہ و بُلّتِہ و بَلاَلَتِہ" یعنی میں نے فلاں شخص کو باوجود اس کے عیب اور برائی کے برداشت کیا۔
المِبَلّ۔ مستقل۔ کہتے ہیں "خَصْمٌ مِبَلٌّ" وہ مستقل جھگڑالو ہے۔
البَابُول۔ تھوڑا پانی۔
البَلْبَال والمُبَلْبَل۔ بہت شور کرنے والا۔ مور۔
مُتَبَلِّل۔ شیر۔
بَلْبَلَ بَلْبَلَۃً و بِلْبَالاً۔ القومَ۔ لوگوں کو بھڑکانا۔ غم میں ڈالنا یا مبتلا کرنا۔ الالسنۃَ۔ زبانوں کو مخلوط اور گڑبڑ کرنا۔ الامتعۃَ۔ سامان بکھیرنا۔ الآراءَ۔ رایوں کو خراب کرنا۔
تَبَلْبَلَ۔ بھڑکنا۔ غم میں مبتلا ہونا۔
البُلْبُل۔ بُلبل۔ ج۔ بَلَابِل۔ بُلبُل الابریق۔ لوٹے کی ٹونٹی۔ عوام کے نزدیک بلبل بچوں کے ایک کھلونے کا نام بھی ہے۔ لیکن اس کے لیے فصیح لفظ دُوّامۃ (لٹو) ہے۔
البَلْبَال۔ سخت غم۔
بَلَتَ (ض) بَلْتاً۔ الشئَ۔ کچھ کاٹنا۔
بَلُتَ (ن) بَلْتاً و بَلِیْتَ (س) بَلَتاً۔ و انْبَلَتَ۔ کٹنا۔
اَبْلَتَہُ۔ یمیناً۔ کسی کو قسم دلانا۔ اَبْلَتَ الرجلُ۔ گفتگو سے رک جانا۔
البَلِیْت والبِلِّیْت۔ مختصر کلام کرنے والا۔ فصیح۔ دانا۔ عقل مند۔
المُبْلَت۔ آراستہ کلام۔
البِلَّتۃ۔ ماہر۔ ہر چیز کا جاننے والا۔
البِلَّتِیّ۔ زبان آور۔ فصیح۔
البَلِیْث۔ دو سال کا پرانا چارہ جو سیاہ ہو گیا ہو۔
بَلَجَ (ن) بُلُوجاً و اَبْلَجَ و تَبَلَّجَ و انْبَلَجَ و ابْتَلَجَ۔ الصبحُ۔ صبح کا روشن ہونا۔
بَلِجَ (س) بَلَجاً۔ صدرُہٗ۔ انشراح صدر ہونا۔ اطمینان قلب ہونا۔ الرجلُ۔ ہنس مکھ ہونا۔ الحقُّ۔ حق ظاہر ہونا۔ صفت و اَبْلَجُ، مؤنث بَلْجاءُ۔
الاَبْلَج۔ علیحدہ علیحدہ ابروؤں والا ہونا
تَبَلَّجَ۔ الیہ۔ ہنسنا۔ ہشاش بشاش ہونا۔
ابلاجَّ۔ ابلاجاً۔ ابْلِیْجَاجاً۔ ظاہر اور آشکارا ہونا۔
البُلْجَۃ والبَلَجَۃ۔ سپیدۂ صبح۔ پو پھٹنے کا

وقت - علی الصباح - و البَلَجَۃ (ابروؤں کے درمیان کشادگی)۔

البَلَجُ و البَلِجُ - کشادہ رو، ہنس مکھ۔

بَلَحَ (ف) بُلُحًا - الثَرٰی کیچڑ کا خشک ہونا۔ تری کا خشک ہو جانا - البِئرُ کنوئیں کا پانی سوکھ جانا۔ صفت (بَلُوح)

- الرجلُ بالامرِ - کسی کا کسی بات سے انکار کرنا - الغریمُ - قرض دار کا مفلس اور نادار ہونا - الرجلُ بشہادتہٖ - کسی کا شہادت کو چھپانا

- بُلُوحًا و بَلَحَ و تبلّحَ - تھکنا عاجز ہونا - کہتے ہیں: "بَلَحَ و بَلَّحَ علیّ" میں نے اس کے پاس کچھ نہیں پایا۔

اَبْلَحَ - النخلُ - درخت خرما پر کچی کھجوریں نکل آنا۔

بَالَحَ - القومَ - بلا حق کے لوگوں سے جھگڑا کرانے پر غالب آجانا۔

تَبالَحَا - باہم انکار کرنا۔

البالِحُ - وہ زمین جو کچھ نہ اگائے - ج بَوَالِحُ

البَلَحُ - کچی کھجور - کھجور شروع میں طلع کہلاتی ہے پھر خَلال پھر بَلَح، پھر بُسر، پھر رُطَب اور پھر تمر۔

البُلَحُ - ایک پرندہ گدھ سے چھوٹا - ج بِلْحَان۔

بَلِخَ (س) بَلَخًا و تبلّخَ - تکبر کرنا - احمق ہونا۔ صفت (اَبْلَخ) مؤنث بَلْخَاء و (بَلِخ و بِلْخ)

البَلْخ و البَلَاخ - درخت شاہ بلوط۔

البَلَخْش - ایک قسم کا قیمتی جوہر۔

بَلَدَ (ن) بُلُودًا - بالمکانِ - کسی جگہ اقامت پذیر ہونا یا اس کو شہر بنانا۔ صفت (بالِد) ج - بَلَدَۃ۔

بَلِدَ (س) بَلَدًا (کشادہ ابرو ہونا - صفت (اَبْلَد)

بَلُدَ (ک) بَلَادَۃً - کند ذہن ہونا - صفت (بَلِید و اَبْلَد)

بَلَّدَ - کمزور رائے والا ہونا اور کم ہمت ہونا - الفرسُ - گھوڑے کا نہ بڑھنا - السحابۃُ - بادل کا نہ برسنا - الرجلُ - بخیل ہونا - ع فی اصطلاح البعض کسی مقام سکونت کی آب و ہوا کا عادی بنانا اور اسی سے ہے "حدیقۃ التبلید" یعنی وہ باغیچہ جہاں پر دیسی حیوانات و نباتات کو ویسی جگہ کی آب و ہوا کا عادی بنایا جائے۔

اَبْلَدَ - القومُ - شہر میں ہمیشہ رہنا۔

اَبْلَدَہٗ البلدَ - شہر میں ہمیشہ رکھنا۔

بَالَدَ - تلوار یا ڈنڈوں سے جنگ کرنا۔

تَبَلَّدَ - کند ذہن ہونا - کم عقل والا ہونا - بیوقوفی ظاہر کرنا - افسوس کرنا - الرجلُ - دونوں ہاتھ سے تالی بجانا - الصبحُ - صبح کا روشن ہونا - آشکارا ہونا - القومُ - ویران جگہ میں آباد ہونا۔

المَبْلُود - متحیر، بے وقوف۔

البَلْدَۃ و البَلَد - ج - بِلاد و بُلْدان کوئی جگہ آباد ہو یا غیر آباد - و البَلَد قبر - و البَلْدَۃ - سینہ - کہتے ہیں "ھُوَ واسع البلدۃ" وہ کشادہ سینے والا ہے - شہر جیسے شام میں دمشق، عراق میں بصرہ۔

البَلْدَان - بصرہ و کوفہ۔

البَلُّور و البِلَّوْر - ایک قسم کا شیشہ، ایک قسم کا سفید اور شفاف جوہر۔

تَبَلْوَرَ و تَبَلُّوْر - بلور کے مشابہ ہونا۔

الاِبْلِیز - و طِینُ الاِبْلِیز - مصری مٹی جو دریائے نیل سیلاب کے بعد چھوڑ جاتا ہے۔

اَبْلَسَ - بے خبر رہنا - غمگین شکستہ دل ہونا - من رحمۃ اللہ - اللہ کی رحمت سے مایوس ہونا - فی امرہٖ - اپنے کسی کام میں حیران ہونا - صفت (بَلِیس و مُبْلِس)

اَبْلَسَہٗ - متحیر کر دینا۔

البَلَس - بے خبر آدمی۔

البَلَاس - ٹاٹ - بالوں کا بنا ہوا فرش - ج بُلُس۔

البَلّاس - ٹاٹ بیچنے والا۔

اِبْلِیس - شیطان کا علم جنس ہے - ج اَبَالِیس و اَبَالِسَۃ۔

بُلْسِمَ - مکروہ چہرے والا ہونا - برسام میں مبتلا ہونا۔

بَلْسَمَ و تَبَلْسَمَ - گھبراہٹ سے چپ ہو جانا - و بَلْسَمَ - مکروہ چہرہ والا بنا دینا۔

البَلَسَمُ - گوند جیسا ایک مادہ جس سے زخموں پر لیپ کیا جاتا ہے۔

البِلْسَام - برسام (ایک بیماری کا نام)

البُلْسُن - مسور، مسور کے مشابہ ایک دانہ۔

البَلَسَان - ایک درخت سفید چھوٹے پھولوں والا جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔

البَلَشُون - بگلا۔

بَلَصَ - فلانًا من مالہٖ - کسی سے زبردستی مال لے لینا۔

بَالَصَ - کسی پر کود پڑنا۔

تَبَلَّصَ - الشیءَ - کسی چیز کو پوشیدہ طور سے طلب کرنا۔

تَبَلَّصَتِ الغَنَمُ - کم دودھ والی ہونا۔

البَلَصُوص - ایک قسم کا پرندہ - ج - بَلَنْصَی۔

بَلَطَ (ن) بَلْطًا و بَلَّطَ و اَبْلَطَ - الدارَ گھر میں پتھر کے چوکوں کا فرش کرنا۔

بَلَطَ - الرجلُ - چلنے میں تھکنا - بَلَّطَ اُذُنَہٗ - گوشمالی کرنا - کہا جاتا ہے۔

"اِذا اَتَاہُ فَاصِیْبُکَ فَبَلِّطْ لَہٗ"
جب تمھارا بچہ پکے تو اس کی گوشمالی کرو۔
اَبْلَطَ۔ اللِّصُّ الرجلَ۔ تمام مال چرا
لینا۔ و اُبْلِطَ۔ محتاج و فقیر ہونا۔
بَالَطَ و تَبَالَطَ۔ القومُ۔ آپس میں تلوار
سے لڑنا۔ و بَالَطَہٗ۔ چھوڑ کر بھاگ
جانا۔ بَالَطَ فِی اُمُوْرِہٖ۔ مبالغہ کرنا۔
البَلَاطُ۔ ہموار اور برابر زمین۔ پتھر کے
چوکے جن سے زمین کا فرش تیار کیا
جائے۔ اسی سے ہے "بَلَاطُ المَلِکِ"
بادشاہ کا محل اور مجازاً مجلس شاہی۔
البُلُطُ۔ لشکر سے بھاگنے والا۔
البَلُّوْطُ۔ ایک بڑا درخت ہے، تنہ اس کا
موٹا اور لکڑی اس کی مضبوط ہوتی
ہے۔ بلوط کا پھل۔ بَلُّوْطُ الارضِ۔
ایک قسم کی گھاس ہے۔ پتے اس کے
کاسنی کے مشابہ ہوتے ہیں، شاہ بلوط
کستنا۔
البُلْطِیُّ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
بَلْطَحَ۔ زمین پر لیٹ جانا۔ الشیءَ۔
چوڑا کرنا۔
تَبَلْطَحَ۔ چوڑا ہونا۔
بَلِعَ (ف) بَلْعًا و اِبْتَلَعَ۔ الشیءَ۔ نگلنا۔
بَلَّعَہٗ۔ و اَبْلَعَہٗ۔ نگلوانا۔ کہتے ہیں "بَلِّعْہُ
رِیْقَہٗ" یعنی اس کو اسی قدر مہلت
دی کہ وہ تھوک نگل لے۔ و بَلَّعَ و
تَبَلَّعَ، الشَّیْبُ فِی رَأْسِہٖ۔ اس
کے سر میں بڑھاپے کے آثار (سفید بال)
ظاہر و آشکارا ہوئے۔ و تَبَلَّعَہٗ۔
گھونٹ لینا۔
البُلْعَۃُ۔ چکی کا سوراخ۔ ج۔ بُلَعٌ۔
البُلَعَۃُ۔ بسیار خور آدمی۔
البَلُوْعُ۔ بہت نگلنے والا۔
المَبْلَعُ۔ حلق۔
المِبْلَعُ۔ بسیار خور پیٹو۔

البَالُوْعَۃُ و البَلَّاعَۃُ و البَلُّوْعَۃُ۔ ج
بَوَالِیْعُ و بَلَالِیْعُ۔ گندی نالی۔
بدرو۔
بَلْعَمَ۔ اللُّقْمَۃَ۔ لقمہ نگلنا۔
البُلْعُمُ و البُلْعُوْمُ۔ حلق۔ کھانا نگلنے کی نالی
البِلْعَمُ۔ بہت کھاؤ۔ بسیار خور۔
بَلَغَ (ن) بُلُوْغًا۔ پہنچنا۔ الثمرُ۔ پھل
کا پکنا۔ الغلامُ۔ بالغ ہونا۔ صفت
(بَالِغٌ) مؤنث (بَالِغَۃٌ و بَالِغٌ)۔
العلّۃُ۔ بیماری کا سخت ہونا۔ کہتے
ہیں "بَلَغَ مِنِّی کَلَامُکَ" یعنی
تمھاری گفتگو نے میرے دل پر بہت
گہرا اثر ڈالا۔
بُلِغَ۔ مشقت میں مبتلا ہونا
بَلُغَ (ک) بَلَاغَۃً۔ فصیح و بلیغ ہونا۔ صفت
بَلِیْغٌ۔ ج۔ بُلَغَاءُ۔
بَلَّغَہٗ و اَبْلَغَہٗ۔ الیہ۔ کسی کو کسی کے
پاس پہنچانا۔ بَلَّغَ عنہ الرسالۃَ
الی القومِ۔ قوم تک کسی پیغام پہنچانا
بَلَّغَ الفارسُ۔ تیز دوڑنے کے لیے
لگام کو بڑھانا۔
بَالَغَ۔ فِی الامرِ۔ کوشش و مشقت میں
کوئی کوتاہی نہ چھوڑنا۔
تَبَلَّغَ۔ بالشیءِ۔ کسی چیز پر اکتفا کرنا۔
قناعت کرنا۔ بہ العلّۃُ۔ بیماری کا
سخت ہو جانا۔
تَبَالَغَ۔ فیہ المرضُ۔ بیماری کا انتہا تک
پہنچنا اور شدید ہونا۔ الرجلُ
فی کلامہٖ۔ تکلف بلاغت ظاہر
کرنا۔ الدباغ فی الجلدِ۔ کھال
میں رنگائی کا اچھی طرح سے اثر کر جانا
البِلَغُ و البِلْغُ۔ بلیغ۔ انتہا کو پہنچنے والی
چیز کہتے ہیں "ھو احمق بِلْغٌ"
وہ پلے درجہ کا بیوقوف ہے۔ اسی
طرح "ھی حمقاءُ بِلْغَۃٌ" کہا جاتا

ہے "امرُ اللہِ بَلْغٌ" اللہ کا حکم نافذ
ہے "جیشٌ بَلْغٌ" پہنچنے والا لشکر
"رجلٌ بِلْغٌ" خبیث مرد۔
البَلْغَۃُ۔ انتہائی بے وقوفی۔
البُلْغَۃُ و البلاغُ و التَبَلُّغُ۔ صرف
گذارے کی مقدار۔
البَلَاغُ۔ پیغام۔ کسی چیز تک پہنچنا۔ کفایت
کتاب جس میں کسی مسئلہ کا حکم بیان کیا
جائے۔ ج۔ بَلَاغَات۔ البَلَاغَات
چغل خوریاں۔
البَالِغُ۔ سن بلوغ تک پہنچنے والا۔ کہتے
ہیں "غلامٌ بَالِغٌ و جاریۃٌ بَالِغٌ
و بَالِغَۃٌ۔ و امرٌ بَالِغٌ۔ نافذ حکم۔
البَالِغَاءُ۔ جانور کے پائے۔
البَلَاغِی و البُلَاغِی۔ دلی بات کو فصیح و
بلیغ عبارت میں بیان کرنے والا۔
الاَبْلَغُ۔ ہر وہ شے جس کو انتہا تک پہنچایا
گیا ہو۔
المَبْلَغُ۔ روپے پیسے کی مقدار۔ ایک شے
کی حد و مقدار و انتہا۔ ج۔ مَبَالِغُ۔
التَبْلِغُ و التَبْلِغَۃُ۔ چھوٹی رسی جسے بڑی
رسی میں باندھیں تاکہ پانی تک پہنچ جائے۔
البَلْغَمُ۔ قدیم اطباء کے نزدیک چار مادوں
اخلاط میں ایک خلط کا نام
بَلَقَ (ن) بُلُوْقًا۔ جلدی کرنا۔ و اَبْلَقَ
البابَ۔ دروازہ بالکل کھول دینا یا
پھرتی سے بند کر دینا۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا و بَلُقَ (ک) بَلَاقًا و اَبْلَقَّ و
اِبْلَقَّ و اِبْلَاقَّ۔ سیاہ و
سفید دھاری والا ہونا۔ صفت اَبْلَقُ
مؤنث بَلْقَاءُ۔ ج۔ بُلْقٌ۔
بَلِقَ (س) بَلَقًا۔ متحیر ہونا۔ انبلق۔ البابُ
دروازہ کھلنا۔ انبلق۔ چمکنا۔
البَلَقُ۔ سنگ مرمر۔ بڑا خیمہ (ج) و البُلْقَۃُ
سیاہی و سفیدی۔

الأَبْلَقُ الفَرْدُ۔ سموال بن عادیا کا مشہور
قلعہ جو سیاہ وسفید پتھروں سے بنا
ہوا تھا۔ ایک ابلق پرندہ جو ملک شام
میں ابی بلیق کی کنیت سے مشہور ہے
کہا جاتا ہے "طلب الأَبْلَقَ
العقوقَ" یعنی اس نے غیر ممکن چیز
کو طلب کیا۔ کیونکہ ابلق نر کو اور عقوق
حاملہ کو کہتے ہیں۔
البَلُوقُ والبَلُوقَةُ۔ بیابان۔ مطلق
روئیدگی نہ اگلنے والی قطعۂ زمین۔
ج۔ بَلَالِیق۔
البالُوقَةُ۔ موری۔ بدرو۔
المُبَلَّق۔ سیاہ وسفید داغوں والا۔
بَلْقَعَ۔ المکانُ۔ کسی جگہ کا ویران وغیر
آباد ہونا۔ صفت (بَلْقَع) کہا جاتا
ہے "دارٌ بَلْقَعٌ"۔
البَلْقَعُ والبَلْقَعَةُ۔ ویران وخالی زمین
ج۔ بَلَاقِع۔ (البَلْقَعُ والمرأةُ
البَلْقَعَةُ) ہر بھلائی اور خیر سے خالی
عورت۔
البَلْقَعِیُّ۔ صاف۔ کہتے ہیں "سَهْمٌ او
سِنانٌ بَلْقَعِیٌّ" یعنی صاف پھل والا
تیر یا نیزہ۔
بَلَّحَ۔ الرجلُ۔ کسی کی برائی بیان کرنا۔
اَبْلَمَتْ۔ شفتُه۔ اس کے ہونٹ سوجھ
گئے۔ صفت اَبْلَمُ۔
البَلَمُ۔ ایک قسم کی سمندری چھوٹی مچھلی۔
البَلْمَاءُ۔ پورے چاند کی رات۔
بَلِهَ (س) بَلَهًا وبَلَاهَةً۔ ضعیف العقل
کرور طبیعت والا ہونا۔ صفت (اَبْلَہ)
مؤنث بَلْهَاءُ۔ ج۔ بُلْہ۔
اَبْلَهَ۔ الرجلَ۔ کسی آدمی کو بیوقوف پانا۔
تَبَلَّهَ۔ بے وقوف ہونا۔ حجت میں عاجز
ہونا۔ الطریقَ۔ بلا رہنمائی ومعلومات
کے کسی راستہ پر چلنا گم شدہ شے کا
کھوج لگانا۔
بَالَهَهُ۔ فریب دینا۔
تَبَالَهَ۔ دیدہ ودانستہ بیوقوف بننا۔
بَلْهَ۔ اسم فعل بمعنی چھوڑ۔
بُلَهْنِیَةُ العیشِ۔ زندگی کی فراخی و
آسودگی۔
بَلْهَسَ۔ تیز چلنا۔
بَلْهَصَ۔ خوف سے بھاگنا۔
بَلَاهُ (ن) بَلْوًا وبَلَاءً۔ الرجلَ۔ کسی
کو آزمانا۔ تجربہ کرنا۔ امتحان لینا۔
بَلِیَ (س) بِلًی وبَلَاءً۔ الثوبُ۔ کپڑے
کا پرانا اور بوسیدہ ہونا۔ صفت
(بَالٍ وبَلِیٌّ)
بَلّٰی تَبْلِیَةً وأَبْلَاہُ إِبْلَاءً۔ الثوبَ۔
بوسیدہ کرنا۔
بَالَی مُبَالَاةً وبَالَةً وبَالًا۔ الامرَ و
بالامرِ۔ پرواہ کرنا۔
بَالَاہُ۔ مقابلہ پر فخر کرنا۔ ایک دوسرے کو گھٹانا۔
اَبْلَی۔ فلانًا عُذْرَہٗ۔ کسی کے سامنے عذر
پیش کرنا اور اس کا اس عذر کو قبول کر
لینا۔ ملامت دور کرنے کے لیے عذر
بیان کرنا۔ فی الحربِ بلاءً حسنًا
میدان جنگ میں بہادری وشجاعت
ظاہر کرنا۔ ٥ یمینًا۔ تسلی بخش
قسم کھانا۔
تَبَالَاہُ۔ کسی کی آزمائش کرنا۔
اِبْتَلٰی۔ قسم کھلانا۔ ٥ آزمانا۔ الشیءَ۔
پہچاننا۔
اِسْتَبْلٰی۔ ٥ آزمائش کرنا۔
اَبْلَوْلَی۔ العشبُ۔ گھاس کا درانہ ہونا۔
البَلْوٰی والبِلْوَةُ والبِلْیَةُ والبَلِیَّةُ
مصیبت۔ آزمائش۔ ج۔ بَلَایَا۔
البَلَاءُ۔ غم۔ آزمائش خیر سے ہو یا شر سے۔
البِلْوُ والبِلِیُّ۔ پرانا۔ بوسیدہ۔ کہتے ہیں
"هُوَ بِلْوُ أَسْفَارٍ وبِلْيُهَا" وہ غم
سفر اور تجربوں میں پرانا ہے۔ یعنی اس
نے انہیں چیزوں میں اس قدر عمر گذاری
ہے اور نہایت تجربہ کار ہو گیا ہے۔ و
بِلْوُ شَرٍّ و بِلْیُهُ۔ یعنی وہ شر میں مبتلا
ہے اور اس پر غالب۔ ج۔ اَبْلَاءٌ۔
البَلِیَّةُ۔ وہ اونٹنی جس کو ایام جاہلیت میں
اس کے مالک کی قبر پر باندھ دیا کرتے
تھے۔ اور اس کو چارہ پانی کچھ نہیں دیتے
تھے۔ حتی کہ وہ وہیں مرجاتی تھی۔
المُبْلِیَات۔ تابوت میت کے آس پاس رونے
والی عورتیں۔
بَلٰی۔ حرف تصدیق ہے اور نعم (ہاں) کے
معنی دیتا ہے۔ اکثر استفہام کے بعد
آتا ہے اور ایجابی معنی کے لیے مخصوص ہے
خواہ اس سے پہلے مثبت ہو یا منفی۔ مثلاً
اَقَامَ زَیْدٌ (کیا زید کھڑا ہوا) کے جواب
میں "بلی" کے معنی ہیں "ہاں" یعنی زید کھڑا
ہوا۔ اور اَمَا قَامَ زَیْدٌ۔ (کیا زید کھڑا
نہیں؟) کے جواب میں بھی بلی کے معنی
ایجاب ہی کے ہیں۔ یعنی ہاں زید کھڑا ہوا۔
البَمُّ۔ من العود۔ بربط کا موٹا تار۔ یا
اس کی موٹی آواز۔ ج۔ بُمُوم۔
بَنَّ (ض) بَنًّا واَبَنَّ۔ بالمکانِ۔ کسی
جگہ رہ پڑنا۔ اقامت پذیر ہونا۔ اَبَنَّتِ
السَّحَابَةُ۔ کئی روز ابر کا رہنا۔
بَنَّنَ۔ الشاةَ۔ بکری کو موٹا کرنے کے لیے
باندھنا۔
تَبَنَّنَ۔ جلدی نہ کرنا۔
البَنَان۔ انگلیوں کے اطراف۔ پورے۔
البَنَانَةُ۔ بنان کا واحد۔ انگلی۔ اوپر کا
پورا۔ ج۔ بَنَانَات۔
البُنَانَةُ۔ سرسبز وشاداب باغ۔ ہرا
بھرا باغ۔
البُنُّ۔ ایک درخت کا دانہ جس سے قہوہ
بنایا جاتا ہے۔

مکان بنقٌ - بدبودار جگہ۔
البَنّۃ - بُو اچھی ہو یا بری۔
البَنِیْن - موٹا فربہ - دور اندیش، عاقل۔
بَنَّث - عنہ - کسی چیز کی خبر دریافت کرنا - ہ بکذا - کسی کو خاموش کر دینا۔
بَنْجَر (ن) بَنْجًا - اصل کی طرف لوٹنا۔
بَنَّجَہٗ - بھنگ پلا کر سُلا دینا۔
البَنْج - بھنگ۔
البِنْج - اصل - جڑ۔
البَنْجَکْشت - لونگ۔
البَنْجَرۃ - توپ کا دہانہ - توپ کی نال - ج بَنَاجِر۔
البَنْد - بڑا جھنڈا - جھیل - کتاب کی فصل یا اس کا فقرہ - قید - حیلہ - ج - بُنُود - کہتے ہیں " فلانٌ کثیر البنود " فلاں بڑا حیلہ ساز ہے۔
البَنْدَر - بندرگاہ - ساحلی شہر - تاجروں کے ٹھہرنے کی جگہ - ج - بَنَادِر - الشاہ بندر - تاجروں کا رئیس۔
بَنْدَق - الیہ - تیز نظر سے دیکھنا۔
البُنْدُق - بندوق کی گولی - ایک درخت واحد بندقہ - بندق درخت کا پھل۔
البُنْدُقِیَّۃ - بارود - اٹلی کا ایک مشہور شہر۔
بَنِس (س) بَنْسًا و بُنُس - تیز اور برائی سے بھاگنا۔
بَنَّس - عنہ - کسی سے پیچھے ہٹنا۔
البِنْصَر - چھنگلیا اور بیچ کی انگلی کے درمیان والی انگلی - ج - بَنَاصِر (مؤنث)
البَنَفْسَج - بنفشہ۔
بَنَق (ن) بَنْقًا و اَبْنَق و بَنَّق - الیہ - پہنچنا۔
بَنَّق - الکلامَ - کلام کو جمع کرنا - ٹھیک اور درست کرنا - الکذبَ - جھوٹ گھڑنا - بالمکانِ - کسی جگہ اقامت پذیر ہونا - الشیءَ - کسی چیز کا قلادہ ڈالنا۔
- ظھرہٗ بالسوط - پیٹھ کو کوڑے سے زخمی کرنا - القمیصَ - قمیص میں گریبان لگانا - گلا بنانا۔
البَنِیْقَۃ و البَنِیْقَۃ - گریبان - طریق مُبَنَّق - کشادہ و فراخ راستہ۔
البُنْقُوس - خربوزہ کا شگوفہ - ج - بَنَاقِیْس
بَنْکَتِ الجاریتان - دو لڑکیوں کا اپنے اپنے قبیلہ سے نکل کر ایک دوسرے کو اپنے قبیلہ کی خبر سنانا۔
تَبَنَّکَ - بالمکانِ و فیہ - کسی جگہ اقامت کرنا - فی عزۃ - اپنی عزت میں مضبوط ہونا۔
البُنْک - جڑ - رات کا کچھ حصہ - کہتے ہیں۔ " مضٰی بُنْکٌ من اللیل " - رات کا کچھ حصہ گذر چکا۔
البَنْک - بینک - ج - بُنُوک ہے - اس کی عربی مَصْرِف ہے۔
البَنَام - پورا (بنان کے نون کو میم سے بدل دیا گیا ہے)
بَنٰی (ض) بَنْیًا و بِنَاءً و بُنْیَانًا و بِنْیَۃً و بِنَایَۃً - البیتَ - گھر تعمیر کرنا - الارضَ - زمین کو آباد کرنا - اس میں گھر بنانا - علٰی اھلہ و بھا - بیوی کے پاس جانا - الرجلَ - کسی سے بہتر سلوک کرنا - الطعامُ بدنَہٗ - کھانے کا بدن کو فربہ کرنا - الکلمۃَ - کلمہ کو مبنی بنانا - علٰی کلامہ - کسی کے کلام کی نقل کرنا۔
بَنَّاہٗ تَبْنِیَۃً - بنانا - تشدید کثرت کے لیے ہے۔
اَبْنَاہٗ - بنانا یا مکان دینا یا سامان تعمیر عطا کرنا - مکان بنوانا۔
بَانَاہٗ - تعمیر میں مقابلہ کرنا۔
تَبَنّٰی - ہ - کسی کو بیٹا بنانا - متبنّٰی کرنا۔
بنے ہوئے گھر کے مانند ہونا۔ چنانچہ کہتے ہیں " اذا جلسَتْ تبنّتْ " : جب بیٹھتی ہے تو گھر کے مانند معلوم ہوتی ہے
اِبْتَنٰی - بَیْتًا - گھر بنانا - الرجلُ - بیٹوں والا ہونا - الرجلَ - احسان و سلوک کرنا - علٰی اھلہ و بھا - بیوی کے پاس جانا۔
اِسْتَبْنٰی - المنزلَ - مکان گرا کر بنانا - الرجلُ - کسی کا دلہن لانا، شادی کرنا۔
- البِنَاءُ - مکان - عمارت - گھر - ج اَبْنِیَۃ - جج - اَبْنِیَات - کہا جاتا ہے " بناءً علیہ - اس میں بناء پر نصب مفعول لہ ہونے کی وجہ سے ہے۔
البِنَایَۃ - مص - شرف۔
اَلْبُنْیَۃ و البِنْیَۃ - عمارت - ج - بُنًی و بِنًی و البِنْیَۃُ - ڈھانچہ - جسم کی شکل - فطرت - کہتے ہیں " فلانٌ صحیح البِنْیَۃ " : فلاں صحیح الفطرت شخص ہے - بِنْیَۃُ الکلمۃ - کلمہ کا صیغہ اور اس کا مادہ۔
البُنْیَان - مص - عمارت - کہتے ہیں " کانّھم بُنْیَانٌ مرصوصٌ " گویا وہ لوگ سنگین عمارت کے مانند ہیں۔
البَانِی - فا - ج - بُنَاۃ - مؤنث بَانِیَۃ - ج - بَوَانِی۔
البَوَانِی - سینہ کی پسلیاں - اونٹنی کی ٹانگیں اور اسی سے ہے " بَنٰی البیت علٰی بوانیہ " کہ اس نے گھر کو اس کی بنیادوں پر اٹھایا۔
اَلْبَنّاءُ - معمار - ج - بَنَّاؤن۔
الابْنُ - بیٹا - ج - بَنُون و اَبْنَاء - تصغیر بُنَیّ - نسبت کے لیے اِبْنِی و بَنَوِی - (اصل کے لحاظ سے اور ہمزہ وصل ساقط کرکے) مؤنث اِبْنَۃ - ابن السبیل مسافر کہتے ہیں " ابن جلا " مشہور

آدمی۔ ابن لیلھا۔ بڑے کام والا آدمی۔ ابن ذکاء۔ صبح۔ ابن الطور۔ آواز بازگشت۔ ھو ابن یومہ۔ یعنی وہ ایسا آدمی ہے جو آج ہی کی سوچتا ہے، کل کی نہیں ابن بطنہ۔ یعنی اپنے پیٹ ہی کی فکر میں رہنے والا آدمی۔

الاِبْنَم۔ بیٹا۔ میم زائد ہے۔ اور اعراب میں نون میم کے تابع رہتا ہے۔

اِبْنَۃٌ۔ ج۔ بَنَات۔ لڑکی۔ نسبت کے بِنْتِیّ و بَنَوِیّ۔ بنت الشفۃ کلمہ۔ الارض۔ کنکری۔ الیمین قَسَم۔ العین۔ آنسو۔ العُنقُود والکرم۔ شراب۔ بَنَاتُ الدَّھر وبَنَاتُ طبق۔ سختیاں۔ بنات اللیل و بنات الصدر۔ افکار۔ بناتُ الارض۔ چھوٹی چھوٹی ندیاں۔ بناتُ نعش الکُبریٰ۔ وہ سات ستارے جو قطب شمالی کے پاس دکھائی دیتے ہیں اور اسی طرح نعش صغریٰ بھی ہیں۔

بُنَیَّاتُ الطَّرِیق۔ بڑے راستہ سے چھوٹے چھوٹے پھٹنے والے راستے، اور اسی سے ہے "دع بُنَیَّات الطریق" یعنی بڑے کام کو سنبھالو اور مکر و فریب کو چھوڑو۔

المَبَانِی۔ شرافتیں۔ حروف المبانی۔ حروف تہجی۔

البُنُوَّۃ۔ فرزندی۔ بیٹا ہونا۔

بَھَأَ (ف)، و بَھِیَ (س) و بَھُؤَ (ک)، بَھْأً و بَھَاءً و بُھُوْءًا۔ بہ۔ مانوس ہونا۔ لہٗ۔ سمجھنا۔ کہتے ہیں مَا بَھَأْتُ لَہٗ وما بَاھَتُّ لَہٗ میں نے اس کو نہیں سمجھا۔

بَھَأَ (ف)، بَھَاءً و اَبْھَأَ۔ البیت۔ گھر کو سامان سے خالی کرنا۔

اِبْتَھَاءٌ (بہ)، مانوس ہونا۔

بَھِتَ (س)، و بَھُتَ (ک)، و بُھِتَ۔ بَھْتًا و بَھَتًا۔ ہکا بکا رہ جانا، حیرانی سے خاموش اور دم بخود ہونا۔

بَھَتَہٗ (ف)، بَھْتًا۔ کسی کو اچانک پکڑ لینا۔ ۔ ہ بَھْتًا و بُھْتَانًا۔ کسی پر بہتان لگانا۔ تہمت لگانا۔ صفت (بَھَّات و بَھُوت) ج۔ بُھُت۔

بَھَّتَہٗ و بَاھَتَہٗ۔ کسی پر بہتان لگا کر اس کو ہکا بکا کر دینا۔

بَاھَتَ الرجلُ۔ کسی آدمی کا بہتان لگانا۔

البَھِیْتَۃ۔ حیرانی۔ والبُھت والبُھتان جھوٹ، تہمت۔

البَھُوْت۔ وہ جو افتراء و الزام سے سامع کو ششدر و حیران کردے۔ ج۔ بُھُت۔

البُھت و البُھتان۔ جھوٹ۔

البُھْتُر۔ پست قد۔ ج۔ بَھَاتِر۔

البَھْتَرَۃ۔ جھوٹ۔

البُھْثَۃ۔ جنگلی گائے۔

بَھَثَ (ف)، بَھْثًا۔ الیہ۔ کشادہ روئی سے پیش آنا۔

بَھَجَہٗ (ف)، بَھْجًا و اَبْھَجَہٗ۔ خوش کرنا مسرور کرنا۔

بَھِجَ (س)، بَھَجًا۔ بہ۔ خوش اور مسرور ہونا۔ صفت (بَھِج و بَھِیج)

بَھُجَ (ک)، بَھَاجَۃً و بَھْجَانًا۔ خوب صورت ہونا۔ صفت مذکر (بَھِیْج) صفت مؤنث (مِبْھَاج)

بَھَّجَہٗ۔ خوبصورت بنانا۔

بَاھَجَہٗ۔ خوب صورتی میں مقابلہ کرنا۔ فخر کرنا۔

اَبْھَجَ و تَبَاھَجَ۔ المکانُ۔ کسی جگہ کا سرسبز و شاداب ہونا۔

اِبْتَھَجَ و تَبَھَّجَ و تَبَاھَجَ و اسْتَبْھَجَ۔ بہ۔ خوش اور مسرور ہونا۔ تَبَھَّجَ۔ خوب صورت ہونا۔

البَھْجَۃ۔ خوب صورتی۔ سرسبزی و شادابی سرور و خوشی اور یا ظہور خوشی۔

البَھِج۔ خوش۔ مسرور۔

البَوَاھِد۔ بلائیں۔ سختیاں۔

البَھْدَل۔ بجو کا بچہ۔

البَھْدَلَۃ۔ پستان کی جڑ۔

بَھَرَہٗ (ف)، بَھْرًا۔ غالب آنا۔ فضیلت میں سبقت لے جانا۔ فلانًا۔ کسی پر بہتان لگانا۔ الحملُ فُلانًا۔ بوجھ کے باعث کسی کا ہانپنے لگنا۔ الرجلُ۔ اپنے ہمسروں سے فوقیت لے جانا۔ القمرُ۔ چاند کی روشنی کا ستاروں کی روشنی پر غالب آنا۔ بَھْرًا و بُھُوْرًا۔ الشمسُ۔ سورج کا روشن ہونا۔

بُھِرَ و انْبَھَرَ۔ سخت دوڑ کے سبب ہانپنے لگنا۔ صفت (بَھِیر و مَبْھُور) وانْبَھَرَ۔ کسی بات کی کوشش میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا۔

بَاھَرَہٗ مُبَاھَرَۃً و بِھَارًا۔ فخر میں مقابلہ کرنا۔

اَبْھَرَ۔ عجیب کام کرنا۔ فقر کے بعد غنی ہونا۔ گرمی میں داخل ہونا (بَھْرَۃ)۔ النَّھَارُ۔ دن کا بیچ۔ متلون الاخلاق ہونا۔

اِبْتَھَرَ۔ پوری پوری کوشش کرنا۔ جھوٹا دعویٰ کرنا۔ ہ۔ سچا عیب لگانا۔ السیفُ تلوار کے دو ٹکڑے ہونا۔

اِبْھَارَّ اللیلُ والنھارُ۔ رات یا دن کا آدھا ہونا۔ علینا اللیلُ۔ رات کا دراز ہونا۔ واسْتَبْھَرَ اللیلُ۔ رات کا بہت تاریک ہونا۔

تَبَھَّرَ۔ الاناءُ۔ برتن کا بھر جانا۔ السحابۃُ بادل کا چمکنا۔

نبُھرُہ۔ ہانپنا۔ کہتے ہیں "بُھرًالَهٗ" اس کے لیے ہلاکت ہو۔
البُھرَۃُ۔ مِنَ المکانِ والزَّمَانِ۔ جگہ اور زمانہ کا وسط۔
البَھَار۔ خوبصورتی۔ ایک خوشبودار پھول۔ جس کو عین البقر (گائے کی آنکھ) بھی کہتے ہیں۔
بُھَار۔ بُت۔ ابابیل۔ دُھنی ہوئی روئی۔ سفید مچھلی۔
البَہِیرَۃ۔ موٹے سرین والی شریف عورت۔ ج۔ بَھَائِر۔
الاَبْھُر۔ پیٹھ۔ کہتے ہیں "فلانٌ شَدِیْد الابھر" یعنی فلاں مضبوط پیٹھ والا ہے۔ گردن کی شہ رگ۔
والاَبْھَرَان۔ قلب سے نکلنے والی دو رگیں جن سے شرائین شاخ در شاخ ہو گئی ہیں۔ اسی سے یہ قول ہے "مَا زَالَ یُرَاجِعُهٗ الاَلَمُ حتّٰی قَطَعَ اَبْھَرَہٗ" یعنی اس کو دکھ برابر پہنچتا رہا۔ یہاں تک کہ اس کو ہلاک ہی کر دیا۔
البَھُور۔ شیر۔
الاَبَاھِر۔ پرندوں کے وہ پر جو خوافی اور کلی کے درمیان ہوتے ہیں۔ پہلے بڑے پروں کو قوادِم کہتے ہیں، اس کے بعد والوں کو مَنَاکِب، اس کے بعد والوں کو اَبَاھِر اور سب سے آخر والوں کو کلی کہتے ہیں
بَھْوَجَ۔ الدِّمَاءَ۔ حق خون باطل کرنا۔ المکانَ۔ کسی جگہ کو رفاہ عام کے لیے کرنا۔ بھو الدلیلُ۔ رہنما کا سیدھے راستے سے ہٹ جانا۔
تَبَھْوَجَ۔ تکبر کرنا۔ المرأۃُ۔ عورت کا آراستہ ہونا۔ المکانُ۔ کسی جگہ کی چراگاہ کا رفاہ عام کے لیے ہونا۔
البَھْوَج۔ باطل۔ ردی۔ کہتے ہیں "لُؤلُؤٌ بَھْوَجٌ" موتی ردی ہیں۔ کھوٹا درہم۔

مکانٌ بَھْوَجٌ۔ رفاہ عام کی جگہ۔ وقف کی جگہ۔
تَبَھْرَسَ۔ تکبر سے اکڑتے ہوئے چلنا۔
بَھْرَمَ۔ بَھْرَمَۃً۔ شَعْرَہٗ۔ بالوں کو مہندی سے رنگنا۔
تَبَھْرَمَ۔ مہندی سے سرخ ہونا۔
البَھْرَمَۃ۔ مص۔ برہمنوں کی عبادت۔
البَھْرَم۔ مہندی۔
بَھَزَہٗ (ف) بَھْزًا و اَبْھَزَہٗ۔ سختی سے ہٹانا۔ غالب آنا۔
المِبْھَز۔ سختی سے ہٹانے والا۔
بَھَسَ (ف) بَھْسًا۔ علیہ۔ دلیری کرنا۔
بَھَشَ الیہ (ف) بَھْشًا۔ خوشی سے کسی کی طرف رخ کرنا۔ کسی کا مشتاق ہونا۔ بیدِہٖ الیہ۔ لینے کے لیے ہاتھ بڑھانا۔ البکاءُ۔ رونے کے لیے تیار ہونا۔ عنہ۔ چھان بین کرنا۔
بَھَشَ و تَبَھَّشَ۔ القومُ۔ لوگوں کا جمع ہونا۔
البَھْش۔ مص۔ تر گوگل اور گوگل ایک درخت کا پھل ہے رجلٌ بَھِشٌ۔ شگفتہ پیشانی والا آدمی۔
بَھِصَ (س) بَھَصًا۔ پیاسا ہونا۔
البَھَص۔ پیاس۔
بَھْصَلَ تَبَھْصَلَ۔ کپڑے اتار کر جوئے میں بازی پر لگانا۔ بَھْصَلَ القومَ مِن مالہم۔ نکالنا۔ علیحدہ کرنا۔
البُھْصُم۔ بہت سخت۔
بَھَظَہٗ (ف) بَھْظًا و اَبْھَظَہٗ۔ الحملُ او الامرُ۔ بوجھل کرنا۔ مشقت کا سبب بننا۔ اَبْھَظَ حوضَہ۔ حوض بھرنا۔
البَاھِظَۃُ۔ ج۔ بَوَاھِظ۔ مشقت و اذیت کا سبب و باعث۔ مصیبت۔
المَبْھُوظ۔ طاقت سے زیادہ تکلیف دیا [illegible]

بَھَغَ (ف) بُھُوغًا۔ الرجلُ۔ سونا۔ صفت (بَاھِغٌ)
البَھَقُ۔ بلا۔ بیماری۔ برص، جسم پر سفید داغ چھیپ۔
بَھَقَ الحجر۔ کائی سے مشابہ چٹانوں پر پھوٹنے والی ایک قسم کی گھاس۔
بَھْکَثَ بَھْکَثَۃً۔ فی العمل۔ جلدی کرنا۔
البَھْکَل۔ نازک اندام پر گوشت جوان۔ شبابٌ بَھْکَلٌ۔ نئی جوانی۔
البَھْکَن۔ نازک اندام پر گوشت جوان۔ شبابٌ بَھْکَنٌ۔ نئی جوانی۔
بَھَلَہٗ (ف) بَھْلًا۔ اللہ۔ اللہ تعالیٰ کا لعنت بھیجنا۔ و اَبْھَلَہٗ۔ چھوڑنا۔ و اَسْتَبْھَلَ۔ الوالی رعیتہ۔ والی کا رعایا کو آزاد چھوڑ دینا۔ بَھَلَتِ الناقۃُ اونٹنی کے تھن کھول کر بچہ کو دودھ پینے دینا۔
اِبْتَھَلَ۔ الی اللہِ۔ اللہ تعالیٰ سے عجز و انکساری دعا کرنا۔
بَاھَلَ۔ بعضُھُم بعضًا۔ ایک دوسرے پر لعنت بھیجنا۔
تَبَھَّلُوا و تَبَاھَلُوا۔ آپس میں ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
اِبْتَھَلَ۔ ایک دوسرے پر لعنت کرنا۔
البَھْلَۃ والبُھْلَۃ۔ لعنت۔
البَاھِل۔ پس و پیش کرنے والا۔ بغیر کسی کام کے آنے جانے والا۔ بغیر لاٹھی والا گڈریا۔ بے ہتھیار۔ ناقۃ باھل۔ وہ اونٹنی جس کے تھنوں پر کوئی بندش نہ ہو۔ ج۔ بُھَّل و بُھُل۔
البُھْلُول۔ بہت ہنسنے والا۔ جامع الفضائل سردار۔ ج۔ بَھَالِیل۔
البَھْلَوَان۔ نٹ۔ رسی پر چلنے والا مداری۔
بَھْلَقَ بَھْلَقَۃً۔ تکبر کرنا۔ ڈینگ مارنا۔ جھوٹ بولنا۔ روبرو گفتگو کرنا۔
تَبَھْلَقَ۔ جھوٹ بولنا۔

البَهَالِيق - جھوٹی باتیں۔
بَهْلَق - سختی۔ بلا۔
بَهَمَ - بالمكان - کہیں اقامت پذیر ہونا نہ پڑنا۔ البَهْمَ۔ ماں سے جدا کر کے چرانا۔
أَبْهَمَ - الباب۔ دروازہ بند کرنا۔ الامرَ چھپانا۔ ہ عن الامرِ۔ کسی کام سے ہٹانا۔ المكانُ۔ کسی جگہ کا بھی گھاس والی ہونا۔
وتَبَهَّمَ واسْتَبْهَمَ - الامرُ عليه - مشتبہ ہونا۔ دشوار و مشکل ہونا۔
اُسْتُبْهِمَ - عليه - خوف مچنے کی وجہ سے گفتگو پر قادر نہ ہونا۔
البَهْمُ والبُهْمُ والبِهَام - گائے بھیڑ بکری کے بچے۔ واحد البَهْمَةُ والبُهْمَةُ۔
البُهْمَةُ - وہ بہادر جس پر کسی ہمسر کا بس نہ چلے۔ چٹان۔ سخت و مشکل کام۔ ج بُهَمٌ۔ البُهْمُ۔ مشکل امور۔
البُهْمِيُّ - جو کی مانند ایک قسم کی نبات۔
البَهِيمُ - سیاہ۔ کالا۔ فرسٌ بَهِيمٌ۔ یک رنگ گھوڑا۔ لیلٌ بَهِيمٌ۔ ساری تاریک رات۔ ج بُهُمٌ و بُهْمٌ۔
البَهِيمَةُ - ہر چوپایہ خشکی و تری کا علاوہ درندوں اور پرندوں کے۔ ج بَهَائِم۔
البَهِيمَةُ - ہر وہ جس میں قوت گویائی نہ ہو۔
الأَبْهَمُ - گونگا۔ ج بُهْمٌ۔
الإِبْهَام - انگوٹھا۔ مونث۔ کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے۔ ج أَبَاهِمُ و أَبَاهِيمُ۔
المُبْهَمُ - مفع۔ امرٌ مُبْهَمٌ۔ انجان بات کلامٌ مُبْهَمٌ غیر معروف کلام۔ طريقٌ مُبْهَمٌ - بے دیکھا بھالا راستہ۔ حائطٌ مُبْهَمٌ - وہ دیوار جس میں دروازہ نہ ہو۔
بَهَنَ (س) بَهْنًا۔ بہت خوش ہونا۔

البَهْنَانَةُ - اچھی طبیعت کی عورت۔ گفتگو میں نرم۔
تَبَهْنَسَ - ناز و انداز سے چلنا۔ اترا کر چلنا۔
البَهْنَسُ - شیر۔
بَهَا (ن)، بَهِيَ (س) وبَهُوَ (ك) بَهَاءً - حسین و خوش شکل ہونا۔ ظریف ہونا۔ صفت (بَهِيٌّ) مونث بَهِيَّةٌ۔ بَهَاه خوبصورتی میں غالب آنا۔
بَهِيَ (س) بَهْيًا - البيتُ - ویران ہونا۔ خالی ہونا۔
بَهَّى - البيتَ - گھر کو کشادہ کرنا۔
بَاهَاهُ - في الحُسْنِ - حسن و خوبی میں کسی پر فخر کرنا۔
أَبْهَى - خوبصورت چہرہ والا ہونا۔ الاناءَ برتن خالی کرنا۔ الخيلَ۔ گھوڑے کو جنگ کے کام میں نہ لینا۔
ابْتَهَى - به - فخر کرنا۔
تَبَاهَوْا - باہم فخر کرنا۔
البَهْوُ - گھروں اور خیموں کے سامنے کا وہ مکان جو مسافروں اور مہمانوں کی فرودگاہ ہو۔ ملاقات کا کمرہ۔ ج أَبْهَاءٌ و بُهُوٌّ و بُهِيٌّ۔
بَاءَ يَبُوءُ بَوْءًا - اليه - لوٹنا۔ بَاءَه و بَاءَ به - لوٹانا۔ بالحقّ او بالذنب - اقرار کرنا۔ فلانٌ بفلانٍ بَوَاءً۔ بدلہ میں قتل کیا جانا۔ کہتے ہیں "دمٌ بَوَاءُ دمٍ" خون، خون کے برابر۔ بُوْءْ به - یعنی ان میں سے ہو جا جو اس کے عوض میں مارے جائیں گے اور مہلہل کا کلام بجیر کے لیے اسی سے ہے۔ بُوْءْ بِشِسْعِ نعلِ كُلَيْبٍ۔ یعنی کلیب کے جوتے کے تسمہ کے برابر ہو جا۔
بَوَّأَ - المكانَ - کسی جگہ اترنا۔ ٹھہرنا۔ الرُمْحَ نحوه - نیزہ کسی کی طرف سیدھا کرنا۔ تاننا۔
بَوَّأَهُ وبَوَّأَ لَهُ مَنْزِلًا - اس نے اس کے رہنے کے لیے مکان تیار کیا۔
أَبَاءَ - منه - بھاگنا۔ بالمكانِ - اقامت کرنا۔ الشيءَ وبالشيءِ اليه وعليه لوٹانا۔ کوئی چیز واپس کرنا۔ ہ مَنْزِلًا وفي المَنْزِلِ۔ گھر میں اتارنا۔ القاتلَ بالقتيلِ۔ مقتول کے بدلہ میں قاتل کو قتل کرنا۔
تَبَوَّأَ - المكانَ وبه - کسی جگہ اقامت اختیار کرنا۔
تَبَاوَءَا - الشيئانِ - دو چیزوں کا مساوی ہونا۔
اسْتَبَاءَ - المنزلَ - کسی مکان میں اقامت پذیر ہونا۔ القاتلَ بالقتيلِ - قاتل کو مقتول کے عوض قتل کرنا۔
البَاءَةُ والبِيئَةُ والمَبُوأُ والمَبَاءَةُ گھر۔ مکان۔ سرائے۔
البِيئَةُ - حالت۔ کہتے ہیں "انّه حسن البِيئَةِ" وہ اچھی حالت والا ہے۔
حاجةٌ مَبِيئَةٌ - حاجت سخت و شدید۔
بَابَ (ن) بَوْبًا - لَهُ۔ کسی کا دربان ہونا۔
بَوَّبَ - الكتابَ - کتاب کو ابواب پر تقسیم کرنا۔
تَبَوَّبَ - الرجلَ۔ کسی کو دربان بنانا۔
البَابُ - دروازہ۔ مِنَ الكتابِ۔ کتاب کا باب۔ ج أَبْوَابٌ و بِيبَانٌ۔
البَابَةُ - في الحسابِ والحدودِ - غایت انتہا، شرط۔ قسم، عادت۔ کہتے ہیں۔ "هٰذَا شَيْءٌ مِنْ بَابَتِكَ" یہ چیز تمہارے لیے موزوں و مناسب ہے۔ ج بَابَاتٌ - بَابَاتُ الكتابِ۔ کتاب کی سطریں۔
البَوَّابُ - دربان۔ البِوَابَةُ - پیشہ دربانی۔ دربانی کی اجرت۔

البُوت۔ ایک پہاڑی گھاس ہے۔

البُوتَقَة والبُودَقَة۔ کٹھالی۔

بَاثَ (ن) بَوْثًا وأَبَاثَ وابْتَاثَ۔ الشَّیءَ وعَنِ الشَّیءِ۔ بحث کرنا۔ کھود کرید کرنا۔

بَاثَ المکانَ۔ کوئی جگہ کھود کر مٹی ملانا۔

بَاثَ التُّرابَ۔ مٹی کو متفرق کرنا۔

بَاثَ الرمادَ۔ راکھ بکھیرنا۔

اِسْتَبَاثَ۔ التُّرابَ۔ مٹی نکالنا۔ کہتے ہیں "تَرَكَ دَارَهُمْ حُوثَ بُوثَ" یعنی ان کے گھروں کو چوپاؤں کے کھروں اور ٹاپوں سے کھدوا کر ویران و خراب کر دیا۔

بَاجَ (ن) بَوْجًا۔ الشرُّ فلانًا۔ کسی پر مصیبت آپڑنا۔ گرنا۔ نازل ہونا۔ البرقُ۔ بجلی کا چمکنا۔ البعیرُ۔ اونٹ کا تھکنا۔

اِنْبَاجَ وتَبَوَّجَ۔ البرقُ۔ بجلی کا چمکنا۔

اِنْبَاجَت علیھم الدَّواھی مصیبتوں کا ٹوٹ پڑنا۔

الباجُ۔ دیکھیے لفظ یاج۔

البَاجَة۔ اختلاط۔

البَائِجُ۔ ران کی ایک رگ کا نام۔ ج بَوَائِجُ۔

البَائِجَة۔ مصیبت۔ ج۔ بَوَائِجُ۔

البَائِجَة۔ کشادہ ریگستان۔

بَاحَ (ن) بَوْحًا وبُؤُوحًا وبُؤُوحَةً۔ الشَّیءُ۔ کسی شے کا ظاہر ہونا۔ الیه بالسرِّ۔ کسی کے سامنے بھید ظاہر کرنا۔

اَبَاحَ۔ السرَّ۔ بھید ظاہر کرنا۔ کھولنا۔ شَیْئًا۔ کوئی چیز جائز ٹھہرانا۔

الاِبَاحیُّ۔ وہ جو اپنے اور دوسروں کے لیے معاصی کے ارتکاب کو جائز اور مامورات کے ترک کو روا رکھے۔

اِسْتَبَاحَ۔ الشَّیءَ۔ کسی چیز کو مباح بنانا یا شمار کرنا۔ کسی پر اقدام کرنا۔ القومَ قوم کی بیخ کنی کرنا۔

الاَبَاحِیُّ۔ ممنوعات کو کرنے اور مامورات کو چھوڑنے کی اجازت دینے والا۔

البَاحَة۔ پانی یا اس کی بڑی مقدار۔ نخلستان، گھر کا صحن۔ آنگن۔

بَاحَة الطریق۔ راستہ کا بیچ۔ ج۔ بُوحٌ۔

البَوَاحُ۔ کھلم کھلا۔ آشکارا۔ کہتے ہیں۔ "فَعَلَهٗ بَوَاحًا" اس نے اس کو کھلم کھلا کیا۔

بُوحَكَ۔ کلمہ ترحم ہے۔

البَوُّحُ۔ دل کی باتوں کو کھول کر کہہ دینے والا۔

البَوحیُّ۔ بچھاڑا ہوا۔ کہتے ہیں "ترکهم بَوحیٰ"

بُوحُ۔ آفتاب کے لیے علم ہے۔

البَیَّاحَة۔ مچھلی کا جال۔

المُبِیحُ۔ جائز بتانے والا۔ شیر۔

المُبَاحُ۔ جائز۔ روا۔

بَاخَ (ن) بَوْخًا۔ تھکنا۔ کہتے ہیں "عَدَا حَتّٰی بَاخَ" دوڑا یہاں تک کہ تھک گیا۔ - الحرُّ والغضبُ والنارُ۔ حرارت کا سرد ہونا۔ غصہ کا فرو ہونا۔ آگ کا بجھنا۔ بُؤُوخًا اللحمُ۔ گوشت کا خراب ہونا۔

اَبَاخَ۔ النارَ۔ آگ بجھا دینا، اور اسی سے ہے یہ کلام "اَبِخْ عَنْكَ الظَّهِیْرَة" اس قدر ٹھہرو کہ دوپہر کی گرمی کم ہو جائے۔

بَادَ (ن) بَوْدًا۔ ظاہر کرنا۔

البَوْدُ۔ کنواں۔

بَاذَ یَبُوذُ بَوْذًا۔ محتاج ہونا متواضع ہونا

بَارَ (ن) بَوْرًا وبَوَارًا۔ ہلاک ہونا۔ السُّوقُ او السلعةُ۔ کساد بازاری ہونا۔ العملُ۔ باطل ہونا۔ الارضُ زمین کا بے کاشت کے رہنا۔ وابتار الرجلَ۔ تجربہ کرنا۔ آزمانا۔

بَوَّرَ۔ الارضَ۔ زمین کو غیر مزروعہ چھوڑنا۔

اَبَارَهٗ۔ ہلاک ہونا۔

تَبَوَّرَ۔ نفسَهٗ۔ اپنی جان ہلاکت کے باعث نوحہ کرنا۔

البَائِرُ۔ بے کاشت کی زمین۔ غیر مزروعہ زمین۔ ج۔ بُوْرٌ۔ کہتے ہیں "حَائِرٌ بَائِرٌ" یعنی نہ کسی مرشد کی اطاعت کرتا ہے نہ کسی چیز کی طرف توجہ دیتا ہے۔

البُوْرُ۔ ہلاک ہونے والا۔ بے خیر۔ کہتے ہیں "امراةٌ بُورٌ وقومٌ بُورٌ" ہلاک ہونے والی عورت یا قوم۔ (مذکر و مؤنث واحد جمع کے لیے کوئی فرق نہیں)۔

البُوْرُ مِنَ الارضِ۔ غیر مزروعہ زمین۔ کاشت سے خالی زمین۔

البَوْرُ۔ غیر مزروعہ خراب زمین۔ آزمائش، ہلاکت، کساد بازاری۔

البَوَارُ۔ ہلاکت۔ کساد بازاری۔ دارُ البوار۔ جہنم۔

البُوْرَقُ۔ سہاگا۔ سوڈا۔

البُوْرِیُّ۔ دریائی مچھلی کی ایک قسم۔

البُوْرِیَّة والبُوریاءُ۔ چٹائی۔ بَوَّارِیٌّ۔ چٹائی بیچنے والا۔

البَازُ۔ باز۔ جو ایک شکاری پرندہ ہے۔ ج۔ بِیْزَانٌ واَبْوَازٌ۔

البُوْزُ والبُوْزَة۔ دودھ اور شکر کی جمائی ہوئی برف۔ آئس کریم۔

بَاسَه (ن) بَوْسًا۔ بوسہ لینا۔

البُوْسِیْر۔ بواسیر۔

البُوْسِطَة۔ ڈاک خانہ۔

بَاشَ (ن) بَوْشًا وبَوَّشَ وتَبَوَّشَ۔ القومُ۔ مل جل کر شور مچانا۔

البُوْشُ والبَوْشُ۔ مخلوط گروہ۔ شور کرنے والی جماعت۔ کہتے ہیں "تَرَكَهُمْ هُوْشًا بُوْشًا" یعنی اس نے ان کو مخلوط چھوڑ دیا۔ اوباش اسی کی جمع مقلوب ہے۔

البُوشُ والبَوشُ۔ بہت بال بچے رکھنے والا۔ محتاج۔
بَاصَه (ن)، بَوْصًا۔ پیش قدمی کرنا۔ آگے بڑھنا۔ منه۔ کسی سے بھاگ کر چھپنا۔
— فی الامر۔ اصرار کرنا۔
بَوَّصَ۔ میدان میں سبقت لے جانا۔ الشئُ۔ کسی چیز کا صاف رنگ والا ہونا۔
انْبَاص۔ منقبض ہونا۔ سکڑنا۔
البُوص۔ دوری (—، والبُوص) رنگ و صورت۔ شکل، چوتڑ۔ ریشم پاکستان ج۔ اَبْوَاص۔
البُوصِی۔ ایک قسم کی کشتی۔
طریقٌ بَائِصٌ۔ لمبا راستہ۔ دور کا راستہ۔
بَاضَ (ن)، بَوْضًا۔ چھائیاں پڑنے کے بعد خوشرو ہونا۔ بالمکان۔ کسی جگہ اقامت پذیر ہونا۔
بَاطَ (ن)، بَوْطًا۔ امیری کے بعد غریبی یا عزت کے بعد ذلت ملنا۔
البُوطَة۔ کٹھالی۔ کپڑے وغیرہ کی گول گل کاری۔ ج۔ بُوط۔
بَاظَ (ن)، بَوْظًا۔ لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
بَاعَ (ن)، بَوْعًا۔ بخشش دینے کے لیے ہاتھ پھیلانا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا لمبے لمبے قدم رکھنا۔
وتَبَوَّعَ۔ الحبلَ۔ دونوں ہاتھوں کو لمبے کر کے رسی کو ناپنا۔
بَاعَ وتَبَوَّعَ۔ للمساعی۔ ہاتھ پھیلانا۔
انْبَاعَ۔ العرقُ۔ پسینہ بہہ پڑنا۔ الحیۃُ۔ سانپ کا اپنے بدن کو جست کے لیے پھیلانا۔ الشجاعُ من الصف۔ بہادر کا صف سے نکلنا۔ ظاہر ہونا — الرجلُ الیه۔ کشادہ روئی سے بڑھنا۔ انْبَاع لهُ فی البضاعة۔ بیچتے وقت قیمت میں رعایت برتنا۔
البَاعَ۔ دونوں بازوؤں کے پھیلانے کی مقدار جو تقریباً ۶ فٹ ہوتی ہے۔ کہتے ہیں "طویل الباع ورحب الباع" بخیل۔ عاجز۔ ج۔ اَبْوَاع وبَاعَات وبِیْعَان۔
البَوْع۔ مص۔ بمعنی بَاع۔
البُوْع۔ پاؤں کے انگوٹھے کے پاس کی ہڈی۔ دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی مقدار۔ اسی سے یہ مثل ہے "لَا یَعْرِفُ کُوعه من بُوعه" یعنی وہ بالکل ہی بیوقوف وجاہل ہے۔
بَاعَةُ الدار۔ گھر کا صحن۔
البَیِّعُ۔ دور دور قدم رکھنے والا۔ کہتے ہیں "فرسٌ بَیِّعٌ" دور دور قدم رکھنے والا گھوڑا۔
بَوْعَاءُ الطِیب۔ خوشبو کی مہک۔
بَاغَ (ن)، بَوْغًا۔ غالب آنا۔ برابر ہونا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّكَ لعالم لا تُبَاغ" یعنی تم ایسے عالم ہو جس کا کوئی مقابل وہمسر نہیں۔
تَبَوَّغَ۔ الدم به۔ خون کا جوش کھانا — فلانًا علیه۔ کسی پر غالب آجانا۔
البَوْغَاء۔ گرد وغبار۔ بَوْغَاءُ الطیب خوشبو کی مہک۔
بَاقَ (ن)، بَوْقًا وبُؤُوقًا۔ شر اور جھگڑا اٹھانا۔ القومَ۔ بے وفائی کرنا۔ دغا کرنا۔ چوری کرنا۔
بَاقَتِ البَائِقَةُ القومَ۔ قوم کو مصیبت پہنچنا۔
بَاقَ القومُ علیه۔ جمع ہو کر کسی کو ظلمًا قتل کرنا۔
بَاقَةِ السفینة۔ کشتی کا ڈوبنا۔ بَاقَ الشئُ۔ غالب ہونا۔ ظاہر ہونا۔ خراب ہونا۔
بَوَّقَ۔ فی البُوق۔ بگل بجانا۔
تَبَوَّقَ۔ جھوٹ بولنا۔ الوباءُ فی الماشیة مویشی میں وبا پھیلنا۔
انْبَاقَ۔ علیهم الشرُّ۔ شر اور برائی پہنچنا — به۔ کسی پر ظلم کرنا۔
البُوق۔ بگل۔ ترہی۔ نرسنگا۔ ج۔ ابواق وبیقات وبُوقان۔ کہتے ہیں "جَاءَ بالبُوق ونفخ فی البوق" ڈنکے کی چوٹ اعلان کرنا۔ بے ہودہ اور فضول بکنا۔
البُوقه۔ بارش کی سخت بوچھار۔ ج۔ بُوَق۔
الباقة۔ گلدستہ۔ سبزی کا مٹھا۔ ج۔ باقات
البَائِق۔ من المتاع۔ بے قیمت سامان۔ کہتے ہیں "متاعٌ بَائِق" یعنی بے قیمت سامان۔
البَائِقَة۔ مصیبت۔ شر اور برائی۔ کہتے ہیں۔ "رَفَعْتُ عنك بائقة فلانٍ" یعنی میں نے تجھ سے فلاں کی لائی ہوئی مصیبت کو ٹال دیا۔ ج۔ بَوَائِق۔
البَوَّاق۔ بگل بجانے والا۔
المُبَوَّق۔ باطل کلام۔
البوقیصاء۔ ایک قسم کا درخت۔
باك (ن)، بَوْكًا۔ المتاعَ۔ بیچنا یا خریدنا۔ الامرُ۔ کسی معاملہ کا مخلوط ہونا۔ القومُ رایُهم۔ اختلاف آرا کی وجہ سے کسی نتیجہ پر نہ پہنچنا۔ الرجلَ۔ کسی سے مزاحم ہونا۔
انْبَاكَ۔ علیه الامرُ۔ کسی پر کوئی کام مشتبہ ہونا۔
بَالَ (ن)، بَوْلًا ومَبَالًا۔ پیشاب کرنا۔
بَوَّلَه وأَبَالَه۔ پیشاب کرانا۔
البَالُ۔ دل۔ کہتے ہیں "ما خطر الامرُ ببالی" یہ بات میرے دل میں نہیں کھٹکی۔ حال۔ کہتے ہیں "فلانٌ رَخِیُّ البال" فلاں آسودہ حال ہے "فلانٌ کاسِفُ البال" فلاں برے حال والا ہے جس چیز کا اہتمام کیا جائے۔ کہتے ہیں۔

"لیس ھذا من بَالِی": یعنی یہ وہ چیز نہیں جس کی میں پرواہ کروں۔" امر ذُو بالٍ: ایک عظیم الشان کام۔
"مَابالكَ": تمھاری کیا حالت ہے۔
البالُ۔ وہیل مچھلی۔
البَالَةُ۔ شیشی۔ خوشبو کی ڈبیہ۔
البَولُ۔ پیشاب۔
البَوْل۔ لڑکا۔
البَوْلَة۔ لڑکی۔
بَوْلُ العَجُوز۔ شراب۔
البُوَال۔ ایک بیماری جس میں پیشاب بکثرت آتا ہے۔
البُولَة۔ بہت پیشاب کرنے والا۔
المبْوَلَة۔ وہ چیز جو پیشاب لانے کا سبب ہو
المِبْوَلَةُ۔ پیشاب کرنے کا برتن۔ باشتی۔
البُولیصة او البولصنة۔ رسید۔ ہنڈی ج۔ بَوَالِیص۔
البُولِیس۔ پولیس۔ اس کی عربی شُرطی یا جلواز ہے۔ ج۔ شُرَط۔
البُومُ والبُومَةُ۔ اُلو، مذکر و مونث ہر دو کے لیے مستعمل ہیں۔ ج۔ ابوام۔
بَانَهُ (ن) بوناً۔ فضل و زیادتی میں غالب آنا۔
البُون و البَوْن۔ دوری فصل۔ دو چیزوں کا آپس میں فرق۔ یا دو چیزوں کے درمیان کی مسافت۔
البُونَة۔ چھوٹی بچی۔
البَان۔ ایک قسم کا درخت ہے۔ پتے اس کے بید کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ اس کے بیج سے خوشبودار تیل نکالا جاتا ہے۔
و احداس کا بانة ہے اس کی درازی کے باعث قد کو اسی سے تشبیہ دی جاتی ہے۔
البُوَانُ والبِوَان۔ خیمہ کھڑا کرنے کا ستون ج۔ اَبْوِنَة و بُوْن و بُوَن۔
بَاهَ (ف ن) بَوْهًا۔ للشئِ۔ سمجھنا۔ کہتے

ہیں: "مَا بھتُ وَمَا بُھتُ للامرِ": میں نے معاملہ کو نہیں سمجھا۔ بَاحَةُ الدار۔ گھر کا صحن۔ آنگن۔
البُوهَةُ۔ مونث (البوہ) اُلو۔ یا اُلو کے مشابہ کوئی پرندہ۔ بے وقوف شخص۔ دوات میں ڈالنے کی دھنکی ہوئی خشک اون۔ جب سیاہی سے تر ہو جائے تو وہ لیقة ہے۔
البَوّ۔ اونٹنی کا بچہ۔ بھُس یا گھاس بھری ہوئی اونٹنی کے بچہ کی کھال جس کو اونٹنی کے سامنے کرکے اس کا دودھ دوہتے ہیں۔
بَوَی یَبْوِی بَیًّا۔ اپنے فعل میں دوسرے کی نقل اتارنا
البَوِیّ۔ تقلید، نقال، امید، طبیعت، الم، نفرت۔
البَیْب۔ ناپدان۔ حوض کی نالی۔
البَیَّاب۔ سقہ جو لوگوں کو پانی پلاتا پھرے۔
بَاتَ (ض س) بَیْتًا و بَیَاتًا و بَیْتُوتَةً و مَبِیتًا و مَبَاتًا۔ فی المکان۔ کسی جگہ شب باشی کرنا۔ رات گذارنا۔ فلانًا و بہٖ و عندہ۔ کسی کے پاس رات کے وقت آنا۔ یا رات ہو جانا۔ کہتے ہیں "بات یفعل کذا": جب کوئی رات میں کچھ کام کرے۔ جس طرح دن میں کام کرنے والے کے لیے کہتے ہیں۔ "ظلّ یفعلہ کذا"۔
بَاتَ یَبِیتُ بَیْتًا۔ الرجلُ۔ نکاح کرنا۔ ۔ الرجل۔ نکاح کرنا۔
بَیَّتَ ۔ الشئَ۔ رات میں کچھ کرنا یا سوچ بچار کرنا۔ العدوَّ۔ شب خون مارنا۔ البیتَ۔ گھر بنانا۔ رأیہ۔ اپنی رائے پر بوقت شب سوچ بچار کرنا۔ بَیَّتَ الشئَ۔ کسی شے کا اندازہ کیا جانا۔
أبَاتَهُ۔ رات گذارنے دینا۔ شب باشی

کرانا۔ کہتے ہیں: "اَبَاتَه اللّٰہُ احسن بیتة۔ بمعنی اَبَاتَةً"۔ یعنی اللہ تعالےٰ اس کو اچھا کہے۔
اِسْتَبَاتَ۔ رات کی خوراک مہیا کرنا۔
البَیْتُ۔ ج۔ بُیُوت و اَبْیَات۔ و جج۔ بیوتات و ابابیت۔ (بعض کہتے ہیں کہ بیوتات اور ابابیت اشراف کے لیے مخصوص ہے) اس کی تصغیر بُیَیت ہے۔ گھر، مکان، شرافت۔ بیتُ الرجل۔ آدمی کے اہل و عیال۔ بیتُ الشِعر۔ دو مصرعوں سے مرکب منظوم کلام۔ بیتُ القصیدہ۔ قصیدہ کا چیدہ شعر۔ یا شاعر کی غرض کو ظاہر کرنے والا شعر۔
بَیْتُ المَقْدِس یا البَیْتُ المُقَدَّس ملک شام میں ایک پرانا مقدس شہر بیت المال۔ حکومت اسلامیہ کا خزانہ۔
بیت العنکبوت۔ مکڑی کا جالا۔
البیت العتیق و البیت الحرام۔ کعبہ شریف۔ کہتے ہیں "ھو جاری بَیْتَ بیتَ": وہ میرا ایسا پڑوسی ہے کہ اس کا گھر میرے گھر سے ملا ہوا ہے
البیات۔ شب خون مارنا۔
البِیْتُ البِیتَةُ۔ خوراک روزی۔ کہتے ہیں "ما لہٗ بِیتَةُ لَیلَة": یعنی اس کے پاس صرف ایک رات کی خوراک ہے۔
البَائِت و البَیُّوت۔ رات گذرا ہوا باسی۔ پانی یا دودھ جو سرد ہو گیا ہو۔ کہتے ہیں "اسقنی من بَیُّوتِ السقاء": یعنی مجھ کو رات کا دودھ ہوا مشکیزہ میں رکھا ہوا سرد دودھ پلاؤ۔ بَیُّوت، وہ معاملہ بھی کہلاتا ہے جس پر صاحب معاملہ رات پر غور و خوض سوچ بچار کرتا رہا ہو۔
البَیُّوت۔ ایسا معاملہ جس کی وجہ سے صاحب معاملہ رات سوچ بچار میں گذارے۔
سِنّ بَیُّوتَة۔ مضبوط دانت۔

المَبِيت - رات رہنے کی جگہ بشب باشی کی جگہ۔
المُبِيتَة - من النساء - گھروالی اور شوہر والی عورت۔
المُسْتَبِيت - فقیر۔
بَادَ (ض) بَيْدًا و بَيَادًا و بُيُودًا و بَيْدُودَةً ہلاک ہونا۔ بادتِ الشمسُ بیودًا سورج کا ڈوبنا۔
أَبَادَهُ - ہلاک کرنا۔
بَيْدَ - یہ ہمیشہ اَنَّ اور اس کے معمول جملہ کی طرف مضاف ہو کر آتا ہے اور سوائے، مگر کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں۔ "فلان كثير المال بيد انه بخيل": فلاں شخص بہت مال والا ہے، مگر ہے بخیل۔
بَيَّحَ تَبْيِيحًا - بہ - چپکے سے بھید بتلانا۔ اللحمَ۔ کاٹنا اور تقسیم کرنا۔
البِيَاح والبَيَّاح - ایک قسم کی چھوٹی مچھلی۔
المَبْيَاحَة - مچھلی کا جال۔
البَيْحَان - راز ظاہر کرنے والا۔
البَيْدَاء - بیابان۔ ج۔ بِيد و بَيْدَاوَات
البَيَّادَة - پیادہ فوج۔ مفرد بیادی۔ پیدل سپاہی۔
البَيْدَانَة - جنگلی گدھی۔
بَيْدَرَ الحنطة - گیہوں کا ڈھیر لگانا۔
البَيْدَر - خرمن۔ کھلیان۔
البَيْذَق - ایک شکاری پرندہ
البَيْذَق - سفر کا رہنما۔ پیدل چلنے والا اور اسی سے بيذق الشطرنج۔ شطرنج کا پیادہ۔ ج۔ بَيَاذِق۔
البَيْرَق - جھنڈا۔ ج۔ بیارق۔ بيرق دار۔ جھنڈا بردار۔
البَيْرَمُون و البَارَامُون - نصرانیوں کی عید میلاد سے پہلے کا دن۔
البَيْزَار - باز رکھنے والا کاشتکار۔ ج۔ بَيَازِرَة۔
البَيْزَرَة - کاشتکاری۔ باز کی رکھوالی۔
بَيَّشَ - اللهُ وجهه۔ اللہ اس کو خوبصورت بنائے۔
أَبَاشَ الشجرة - درخت لگانا۔ اس کی جڑ بٹھانا۔
البِيش - ایک قسم کی زہریلی گھاس۔
البِيش - ج۔ أَبْيَاش۔ اس گڑھے کا بھی نام ہے جس میں پودہ لگایا جاتا ہے۔
البَيْص والبِيص - سختی، تنگی، کہتے ہیں۔ "وقعوا في حَيْصَ وبَيْصَ": وہ سختی و تنگی میں پڑے۔
بَاضَ (ض) بَيْضًا - الطائرُ - پرندہ کا انڈا دینا۔ صفت بَائِض (مذکر و مؤنث ہر دو کے لیے)۔ ج۔ بَوَائِض۔ اور اسم مبالغہ بَيُوض - ج۔ بُيُض و بِيض۔ بَاضَ الحَرُّ - گرمی کا سخت اور تیز ہونا۔ فلانًا کسی پر سفیدی میں غالب ہونا۔ السحابُ بادل کا برسنا۔ بالمكان۔ کسی جگہ اقامت پذیر ہونا۔ بَيَّضَه - سفید کرنا اور اسی سے ہے۔ تبييض الكتابة یعنی مسودہ کو صاف کر کے لکھنا۔ تبييض الآنية۔ برتن پر قلعی کرنا۔ کہتے ہیں "بيّض الله وجهه": اللہ اس کے چہرہ کو روشن کرے
أَبَاضَتِ المرأةُ - عورت کا گورے بچے جننا۔
بَايَضَه - سفیدی میں کسی سے بڑھنا۔
اِبْتَاضَ - خود پہننا۔ القومَ۔ قوم کو فنا کر دینا قوم کے میدان میں گھس پڑنا۔
اِبْيَضَّ و اِبْيَاضَّ - سفید ہونا۔
البَيَاض - سفیدی۔ دودھ۔ بياضُ العين آنکھ کی سفیدی۔ بياضُ البيضة انڈے کی سفیدی۔ بياضُ الجلد۔ بے بال چمڑا بياضُ الوجه۔ شہرت، نیک نامی۔ بياضُ النهار۔ دن کی روشنی۔ بياضُ اليوم۔ تمام دن۔ بياضُ الارض عمارت سے خالی زمین۔ بياضُ البطن۔ گردہ کی چربی۔ کہتے ہیں۔ "فلانٌ يلبس السوادَ والبياضَ": وہ سیاہ و سفید پہنتا ہے۔ اور کبھی سواد کو فساد کے لیے اور بیاض کو صلاح کے لیے مثال ٹھہراتے ہیں۔
البَيْضَة - البيض کا واحد انڈا۔ ج بيضات اور بيض کی جمع بُيُوض ہے۔ خصیہ، خود۔ بيضةُ القوم۔ چوپال۔ بيضة البلد۔ چودھری۔ شہر کا مکھیا۔ گمنام نسب والا۔ بيضة الديك۔ مرغ کا انڈا ناممکن الحصول شے کے لیے یہ مستعمل ہوتا ہے یا اس چیز کے لیے جو ایک ہی مرتبہ پائی گئی ہو۔ بيضة الحرّ۔ گرمی کی شدت۔ الخدر لڑکی۔ العقر۔ آخری اولاد۔
الأَبْيَض - مؤنث بيضاء۔ ج۔ بِيض۔ سفید۔ تلوار۔ الموتُ الابيض۔ اچانک موت والخيط الابيض۔ صبح کی پہلی شعاع۔ اليدُ البيضاء۔ نعمت و احسان۔ کہتے ہیں۔ "أتيتُه في بيضاء القيظ": میں اس کے پاس سخت گرمی میں آیا۔ "كلمته فما ردّ عليّ بيضاء والاسوداء": یعنی میں نے اس سے گفتگو کی مگر اس نے اچھا برا کوئی لفظ نہیں نکالا۔
الليالي البيض - تیرھویں، چودھویں اور پندرھویں راتیں (یعنی چاندنی راتیں)، ایامُ البيض انھیں راتوں کے دن۔
الابيضان، دودھ اور پانی یا دودھ اور چربی یا روٹی اور پانی۔ کہتے ہیں۔ "ما رأيته منذ ابيضان": میں نے اس کو دو ماہ یا دو دن سے نہیں دیکھا۔ اور "هذا ابيض من ذاك" کہنا شاذ ہے کیونکہ قیاس کی رو سے اشدّ بياضًا ہونا چاہیے۔
البَيَّاضَة - بہت انڈوں والی۔
البِيضَان - من الناس۔ گورے لوگ۔
بَاظَ (ض) بَيْظًا - لاغری کے بعد موٹا ہونا۔
البَيْظ - چیونٹی کے انڈے۔
بَاعَ (ض) بَيْعًا و مَبِيعًا۔ فلانًا كتابًا او من فلان كتابًا۔ کسی کو کتاب دے کر قیمت لے لینا (بیچنا)، یا کسی سے کتاب لے

کرقیمت دینا خریدنا) صفت (بائع) ج باعۃ. صفت مفعولی۔ (مُبیع)
بَایَعَہ مُبَایَعَۃً۔ کسی سے خرید و فروخت کا معاملہ کرنا۔ باہم معاہدہ کرنا۔ کہتے ہیں "بایعوہ بالخلافۃ و بُویِعَ لہ بالخلافۃ" لوگوں نے اس کی خلافت پر بیعت کی۔ لوگوں نے اس کی خلافت کو مان لیا اور تسلیم کر لیا۔
اَبَاعَ۔ الشیَٔ۔ چیز کو فروختگی کے لیے پیش کرنا۔
تَبَایَعَا۔ باہم خرید و فروخت کرنا۔
ابتاع۔ الشیَٔ۔ خریدنا۔
انباع۔ الشیُٔ۔ خرچ ہونا۔ فروخت ہونا۔
استنباعۃ۔ کسی سے کچھ بکواتا۔
البَیْع۔ فروختگی۔ خرید۔
البَیْعَۃ۔ عہد و پیمان۔
البِیعَۃُ۔ کلیسا، گرجا۔ یہودیوں کا عبادت خانہ ج۔ بیع و بِیَعات و بِیعات۔
البِیَاعَۃ۔ بیچنے کا سامان۔ اسباب فروختگی۔ ج۔ بِیَاعَات۔
البَیِّع والبَیَّاع۔ بیچنے والا۔ خریدار۔
بَاغَ یَبِیغُ بیغًا و تَبَیَّغَ۔ الدم۔ خون کا جوش مارنا
البَیْغَۃُ۔ ایک قسم کی گھاس کا نام ہے
بَیْقَو۔ تھکنا۔ ہلاک ہونا۔ سر جھکا کر جلدی

جلدی چلنا۔ نامعلوم جگہ کی طرف جانا۔ فی مالہ، اپنے مال کو تیزی سے اڑا اڑا لنا۔ برباد کرنا۔ الدار۔ گھر میں اترنا۔
الاُبَیْقِرُ۔ بے فیض آدمی۔ بے خبر شخص۔
البیکار۔ پُرکار۔
البَیلسَان والبَلَسَان۔ ایک قسم کا درخت ہے جس سے خوشبودار تیل نکلتا ہے۔
البیمارستان والمارستان۔ شفاخانہ، ہسپتال اس کے لیے عربی لفظ مُسْتَشْفیٰ ہے۔
بَانَ (ض) بَیْنًا و بُیُونًا و بَیْنُونَۃً۔ ظاہر ہونا واضح ہونا۔ صفت (بَیِّن و بائِن) ج اَبیِنَاء و بُیَنَاء و اَبْیَان۔
اَبَانَ۔ الشیَٔ۔ واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔ کاٹنا۔ جدا کرنا۔ الشیُٔ۔ واضح ہونا۔ صفت (مُبِین) کہتے ہیں "ضَرَبَہ فابان راسہ من جسدہ" یعنی اس نے اس کو مار کر اس کے سر کو تن سے جدا کیا۔
بَیَّنَ۔ الشیُٔ۔ واضح ہونا۔ ظاہر ہونا۔ الشجرُ درخت کا پتے لانا۔ الشیَٔ۔ کسی شے کو ظاہر کرنا واضح کرنا۔ البنتَ۔ لڑکی کا نکاح کرنا۔
بَایَنَہٗ۔ چھوڑ کر جدا ہونا۔ تبیّن۔ الشیُٔ واضح کرنا۔ غور و تامل کرنا۔
تَبَایَنَا۔ ایک دوسرے کو چھوڑنا، ایک دوسرے سے دور ہونا۔ تباین الشیئان۔ باہم متفاوت ہونا

اسْتَبَانَ۔ الشیُٔ۔ واضح ہونا۔ الشیَٔ۔ کسی شے کی وضاحت چاہنا
بَیْنُ۔ ظرف بمعنی وسط درمیان۔ بَیْنَ بَیْنَ۔ دونوں کلمے مبنی بر فتحہ ہیں، اچھے اور برے کے درمیان کہتے ہیں: "بینا و بینما نحن نعرب" یعنی بین اوقاتِ قُرْبِنَا۔ گویا الف یا ما کو اوقات کے عوض میں لاتے ہیں۔
البَیْن۔ جدائی، وصل، کہتے ہیں: "تَقَطَّعَ بینھما" ان کے میل ملاپ میں فصل واقع ہوگیا، ان کا آپس کا تعلق ٹوٹ گیا۔ ذاتُ البَیْن۔ نسب، قرابت، دوستی، عداوت فساد کہتے ہیں: "سعی فی اصلاح ذات بینھم" یعنی ان کے حالات کی اصلاح میں کوشش کی۔
البَیْن۔ کونہ، گوشہ، دو زمینوں کے درمیان کا فاصلہ حد نظر تک زمین کا ٹکڑا۔ ج۔ بُیُون۔ ترکی زبان میں بین کے معنی ہزار کے ہیں چنانچہ بین باشی کے معنی ہیں، ہزار کا سوار۔
البَیَان۔ مص۔ فصیح گفتگو جو مافی الضمیر کو ظاہر کرے
البَائِنَۃ۔ البائِن کا مونث۔ دلہن کا جہیز۔
البَائِنَۃ۔ گہرا کنواں۔
البَیِّنَۃ۔ دلیل و حجت۔ ج۔ بَیِّنَات
بَاہَ بَبَاہُ بَیْھًا۔ لہٗ۔ مطلع ہونا۔ واقف ہونا۔ جاننا۔

(۴۰۰)

ت

ت:۔ کئی طرح استعمال ہوتی ہے:۔
۱۔ فعل ماضی کے آخر میں متکلم اور مخاطب کی ضمیر ہو کر جیسے ذَھَبْتُ (میں گیا یا گئی)۔ ذَھَبْتَ (تو گیا)، ذَھَبْتِ (تو گئی)، وغیرہ۔
۲۔ فعل ماضی کے صیغہ واحد غائب میں مونث کی علامت بن کر جیسے ذَھَبَتْ (وہ گئی)
۳۔ فعل مضارع مخاطب اور مونث غائب کے شروع میں علامت مضارع ہو کر جیسے تَذْھَبُ (وہ جاتی ہے یا تو جاتا ہے)، تَذْھَبِیْنَ (تو جاتی ہے)۔
۴۔ اسم کے آخر میں علامت تانیث بن کر۔ جیسے قائمۃ۔ (کھڑی ہونے والی)
۵۔ جنس جمعی کے واحد کے لیے جیسے شَجَرَۃ (ایک درخت)
۶۔ مبالغہ کے لیے جیسے عَلَّامَۃ (بہت جاننے والا)
۷۔ قسم کے لیے جیسے تاللہ (خدا کی قسم)
۸۔ کبھی حرف محذوف کے بدلہ میں آتی ہے جیسے زنادقۃ۔ زندیق کی جمع۔
۹۔ افعال کے وسط میں بھی زائد کی جاتی ہے جیسے اِقْتَتَل۔
۱۰۔ کبھی اسماء کے آخر میں آتی ہے۔ جیسے:۔

ملکوت کی تاء

۱۱۔ کبھی اول کلمہ کے حرف محذوف کے بدلہ میں آتی ہے، جیسے عظۃ۔

۱۲۔ کبھی آخر کلمہ سے جیسے شفۃ۔

تا۔ اسم اشارہ ہے۔ مؤنث مفرد کے لیے اس کا مثنیٰ تانِ اور اس کی جمع اولاءِ ہے اس پر ہائے تنبیہ لاتے ہیں جیسے ھاتانِ و ھؤلاءِ۔ بحالت خطاب کاف لاحق کرتے ہیں جیسے تاکَ و تلکَ و تیکَ و تِلکَ "تلکَ" میں تاء کا فتح لغت ردیہ ہے۔ مثنیٰ کے لیے تانِکَ و تانکَ اور جمع کے لیے اولئکَ و اولٰکَ و اولالکَ ہے اور تلک کے علاوہ ان سب پر سارے احوال میں ھا تنبیہ بھی لاتے ہیں۔

التابُوت۔ لکڑی کا صندوق اور تابوتِ میت بھی اسی سے ہے، کشتی۔ ج۔ توابیت:

تأتأ تأتأۃً و تأتاءً۔ تا کی ادائیگی میں تتلانا۔ صفت (تأتاء)۔ الطفلُ۔ بچہ کا چلنا۔ المحاربُ۔ لڑائی میں بہادر کا اکڑ اکڑ کر چلنا۔

تأرہ۔ (ف) تأرًا۔ جھڑکنا۔ دھمکانا۔

أتأرَ اتآرًا۔ دیکھنا۔ ٹکٹکی لگانا۔ ہ بالعصا کسی کو لاٹھی سے مارنا۔

التارۃ۔ ایک مرتبہ، ایک دفعہ، ہمزہ کا ترک کثرت استعمال کی وجہ سے ہے۔ کہتے ہیں "فعلت تارۃً ھٰذا و تارۃً ذاک و تارۃً بعد تارۃٍ"۔ ج۔ تارات و تِیَر و تِیَر۔

تأز (ف) تأزًا۔ الجرحُ۔ زخم کا بھرنا۔ مندمل ہونا۔ القومُ فی الحرب۔ لڑائی میں لوگوں کا قریب ہونا۔

تئق۔ (س) تأقًا۔ الاناءُ۔ برتن بھرنا۔ الرجلُ۔ غصہ سے بھر جانا۔ صفت (تَئِق و متآق)

أتأق۔ الاناءَ۔ برتن کو بھرنا۔

التأقۃُ۔ غصہ کی تیزی۔ بدی کی طرف تیزی سے بڑھنا۔

أتأمت۔ المرأۃُ۔ عورت کا جڑواں اولاد جننا۔ صفت (مُتْئِم)۔ اگر یہ اس کی عادت ہی ہوگئی ہو تو ایسی عورت کو مِتآم کہتے ہیں۔ ج۔ مَتَائِیم۔

تاءَمَ۔ اخاہ۔ بھائی کے ساتھ جڑواں پیدا ہونا صفت (تئم و تُوءم و تئیم)۔ الثوبَ کپڑے کو دوہرے دھاگے سے بننا۔ صفت مفعول (مُتآم)

التوأم۔ جڑواں۔ ج۔ توائم و توآم۔ مؤنث توأمۃ۔ کہتے ہیں "ھٰذا توام ھٰذا۔ وھذہ توامۃ ھذہ۔ اور جب دونوں جمع ہوں تو ان کو توامان و توام کہتے ہیں جیسے زوجان و زوج۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک تیر۔ توائم النجوم او اللؤلؤ۔ گنجان ستارے یا موتی۔

تبَّ (ن) تبًّا۔ الشیءَ۔ کاٹنا۔ فلانًا۔ ہلاک کرنا تبًّا و تَبَبًا و تبابًا و تبیبًا۔ ہلاک ہونا۔

تبًّا لہٗ۔ اللہ تعالیٰ خسران و ہلاکی اس کے لیے لازم کردے۔ "وتبّت یداہُ" خدا کرے اس کے دونوں ہاتھ ٹوٹ جائیں۔

تبّب۔ فلانًا کسی سے تبًّا لکَ کہنا۔ ہلاک کرنا

أتبّہ۔ کمزور و ضعیف کرنا۔

استتبّ۔ الامرُ۔ کام کا درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ درستی کی حالت میں جاری رہنا۔ الرجلُ۔ کمزور و عاجز ہونا۔ الطریقُ۔ راستہ کا بہت چلنے والا ہونا۔

التباب۔ کمی۔ نقصان۔ ہلاکت۔

التبّۃ۔ سخت حالت۔

التاب۔ بوڑھا۔ کمزور آدمی کہتے ہیں "کُنتُ شابًّا فصِرتُ تابًّا" میں جوان تھا اور اب بوڑھا ہوگیا۔ ج۔ أتباب۔

تتبّب۔ الرجلُ۔ آدمی کا بوڑھا ہو جانا۔

تبِرَ (س) تبَرًا۔ ہلاک ہونا۔

تبّرہ (ض) تبْرًا۔ ہلاک کرنا۔ توڑنا۔

أتبر۔ عن الامر۔ کام سے پیچھے ہٹنا رکنا۔

تبّرہٗ۔ ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔

التابُور۔ فوجی دستہ۔ ج۔ توابیر۔

التبار۔ ہلاکی۔ تباہی۔

التِّبرُ۔ سونے کا ڈھیلا جو نہ ڈھلا ہوا ہو یا سکہ کی شکل میں نہ ہو یا ابھی کان کی مٹی میں ہو۔ واحد تبرۃ۔

المِتبرۃ۔ بالوں کی جڑوں کی بھوسی۔

المتبُور۔ ہلاک ہونے والا۔ ناقص۔

تبِعہٗ (س) تبعًا و تباعًا و تباعۃً و اتّبعہٗ۔ پیچھے چلنا۔ ساتھ چلنا۔ مطیع و فرمانبردار ہونا۔ صفت (تبع) یہ واحد و جمع ہر دو کے لیے آتا ہے۔ ج۔ أتباع۔ و (تابع) ج تبع و تبعۃ و توابع و تُبّاع۔

التابِع۔ نوکر۔ خادم۔ جن۔

تبّع و أتبع۔ الشیءَ۔ پیروی کرنا۔ آثار قدیم پر چلنا۔

تبّعہٗ۔ پیروی کرنا۔ تتبّع بہ کذا۔ لاحق کرنا۔

تابع۔ بین الاعمال۔ کام لگاتار کرنا۔ الحدیثَ۔ بات اچھی طرح بیان کرنا۔ العملَ۔ کام مضبوط کرنا۔ محکم کرنا۔ فلانًا علی الامر۔ کسی سے کسی کام پر موافقت کرنا۔ کہتے ہیں "تابعنی بمالہ عندی" اس کا جو کچھ میرے پاس تھا۔ اس کا اس نے مجھ سے مطالبہ کیا۔

أتبعہٗ۔ پیروی کرنا۔ لاحق ہونا۔ اتبعہ کذا۔ لاحق کرنا۔

تتبّع۔ الامرَ۔ دیر تک تلاش و جستجو کرنا۔ کہتے ہیں "تتبّعتُ احوالہ"۔ میں اس کے احوال کی ٹٹول میں لگا رہا۔

تتابعت۔ الاخبارُ۔ خبروں کا ایک دوسرے کے بعد آنا۔

استتبعه پیچھے چلانا، پیچھے چلنے کے لیے کہنا۔
التبع۔ تابع۔ عاشق۔ کہا جاتا ہے "هو تبع الكرم" وہ فیاضی کا عاشق و دلدادہ ہے۔
التبع۔ بہت تابعداری کرنے والا۔
التبعة۔ ج۔ تبعات و التباعة، ج۔ تباعات۔ تاوان۔ ڈنڈ۔ کہتے ہیں "لهذا الفعل تبعة" اس کام پر برائی پہنچنے والی ہے۔
تبع۔ بادشاہان یمن کا لقب۔ ج۔ التابعة و تبع۔ سایہ۔ شہد کی بڑی مکھی۔ ج۔ تبابع۔
التبيع۔ مددگار۔ پیروی کرنے والا۔ ج تباع۔ و تبابع۔
التابعة۔ تابع کا مونث۔ خادمہ۔ نوکرانی۔ جناتنی۔
التابعی۔ تابع اور تابعہ کی جانب نسبت، شرع اسلامی میں وہ مسلمان جس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ سے ملاقات کی ہو اور اسلام پر مرا ہو، اور صحابی وہ مسلمان جس نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار کیا ہو اور آپ ہی کی صحبت میں زندہ رہا ہو۔
التباع۔ تابع کا مصدر اور کبھی صفت بن کر آتا ہے۔ جیسے "شهدناهن اياما تباعا" یعنی پے درپے۔
الاتباع۔ مص۔ کسی ایسے کلمہ کا لانا جو ماقبل کلمہ کے ہموزن ہو۔ جیسے کثیر۔ بثیر۔ خبیث۔ نبیث۔
التبغ۔ تمباکو۔
تبله (ن) تبلا و اتبله۔ الحب او الدهر۔ بیمار کر دینا، عقل زائل کر دینا۔ صفت مفعولی (متبول و تبیل)
تبل و تابل و توبل۔ الطعام۔ کھانے میں مسالہ ڈالنا۔
التبل۔ مص۔ کینہ۔ دشمنی کہتے ہیں "بينهما تبل" ان دونوں میں دشمنی و عداوت ہے ج۔ اتبال و تبول۔

التابل و التابل و التابل۔ مسالہ کھانے کو مزیدار بنانے والا چیزیں۔ جیسے کالی مرچ، زیرہ، وغیرہ۔
التبال۔ مسالہ بیچنے والا۔
التوبال۔ من النحاس والحديد۔ تانبے اور لوہے کے ذرات جو کوٹنے میں گریں۔
تبن (ض) تبنا۔ الدابة۔ جانور کو بھوسہ کھلانا
تبن (س) تبنا و تبانة۔ سمجھ دار و ذکی ہونا صفت (تبن)
تبن۔ بھوسہ گودام میں رکھنا۔ الرجل۔ آدمی کا باریک بین ہونا۔
اتبن۔ جانگھیا پہننا۔ لنگوٹ باندھنا۔
التبن۔ بھوسہ۔ واحد تبنة۔ ج اتبان۔
التبنی۔ بھوسہ کے رنگ کا۔
التبان۔ بھوسہ بیچنے والا۔
التبان۔ لنگوٹ۔ نیکر۔ جانگھیا۔
تبا (ن)، تبوا۔ جنگ کرنا۔ لوٹنا۔
التتر۔ تاتاری لوگ۔ واحد (تتری) کہتے ہیں "جاء القوم تتری و تتری" لوگ پے در پے آئے۔ اس کی اصل وتری ہے۔
التتن۔ تمباکو۔
تجر (ن)، تجرا و تجارة و تاجر و تجر و اتجر۔ سوداگری کرنا۔
التجارة۔ سوداگری۔ خرید و فروخت، سرمایہ۔
التاجر۔ سوداگر۔ عرب شراب بیچنے والے کو تاجر کہا کرتے تھے۔ ج تجار و تجار و تجر کہتے ہیں "بضاعة تاجرة" بازار میں بکنے والا سامان۔ ج۔ تواجر۔
المتجر۔ سوداگری۔ سرمایہ اور راسی سے ہے۔ "وصنعه في متجر الحمد رابحة"
المتجرة۔ منڈی۔ کہتے ہیں "ارض متجرة" تجارتی ملک۔ ج۔ متاجر۔
تحت۔ نیچے۔ یہ مفرد مضاف ہو کر آتا ہے اور مضاف نہ ہو تو مبنی بر ضمہ ہوتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں "جاء من تحت" ج۔ تحوت۔

التحوت۔ کمینے لوگ۔
التحتانی۔ تحت کی جانب منسوب نیچے کی چیز۔
تحتحه۔ من مكانه۔ جگہ سے حرکت دینا۔ کہتے ہیں "فلان لا يتحتح من مكانه" فلاں اپنی جگہ سے نہیں ہلتا۔
التحتحة۔ حرکت، تسمہ کی حرکت کی آواز۔
اتحفه۔ الشيء و بالشيء۔ و اتحفه به۔ ہدیہ دینا، تحفہ پیش کرنا۔
التحفة و التحفة۔ ہدیہ۔ بڑھیا قیمت کی شے۔ ہر وہ شے جو بطور لطف و مہربانی کسی کو پیش کی جائے۔ ج۔ تحف۔
تحم (ن)، تحما۔ الثوب۔ کپڑے پر بیل بوٹے ڈالنا۔ کاڑھنا۔ اتحم اتحماما۔ سخت سیاہ ہونا یا سرخی مائل سفید ہونا۔ صفت (اتحم)
التاحم۔ جولاہہ۔
الاتحم۔ سخت سیاہ۔
تخ (ن)، تخوخة۔ العجين۔ گندھے ہوئے آٹے میں خمیر اٹھنا۔ اس کا ترش ہونا۔
تخا۔ العجين او الطين۔ گندھے ہوئے آٹے یا مٹی میں پانی بڑھانا تاکہ وہ نرم ہو جائیں۔
اتخ۔ العجين۔ گندھے ہوئے آٹے کا خمیر بنانا اس کو نرم کرنے کی غرض سے اس میں زیادہ پانی ڈالنا۔
التخ۔ خمیر۔ تلون کا عصارہ (نچوڑ)
التخت۔ تخت۔ تخت الملك۔ تخت شاہی۔ تخت المملكة۔ دار السلطنت، راجدھانی۔ ج۔ تخوت۔
التختخة۔ زبان کی لکنت۔ ہکلاپن۔
المتختخ و التختاخ۔ ہکلا۔
تخذه (س)، تخذا۔ لینا۔ حد مقرر کرنا۔
تخمه (ض)، تخما۔ حد مقرر کرنا۔
تخم (س)، تخما و اتخم۔ بدہضمی ہونا۔
اتخمه۔ الطعام۔ کھانے کا بدہضمی پیدا کرنا۔
تاخم۔ ملكی ملكك۔ ایک ملک کی سرحد کا دوسرے ملک کی سرحد سے متصل و ملحق ہونا۔

التَّذْرُجُ والتَّذْرُجُ۔ ایک خوبصورت پرندہ جس
کی دم لمبی ہوتی ہے۔ ج۔ تَذَارِج۔
تَرَدَّ (ن ض) تَرُّا وتُرُورًا۔ العظمُ۔ ہڈی کا
کٹ کر گرنا۔ عن قومہ۔ اپنی قوم سے جدا
ہونا۔ دور ہونا۔ وتَرَارَۃً۔ الرجلُ۔ آدمی
کا موٹا اور ڈھیلا ہونا۔ صفت (تارّ)
أَتَرَّہٗ۔ دور کرنا۔ أَتَرَّ یدہ۔ ہاتھ کاٹنا۔
التُّرُّ۔ اصل۔ جڑ۔ معمار کا سوت۔
التُّرّٰی۔ مِنَ الایدی۔ کٹا ہوا ہاتھ۔
تَرِبَ (س) تَرَبًا۔ المکان۔ جگہ کا زیادہ مٹی
والا ہونا۔ الشیءُ۔ کسی چیز کے مٹی لگنا۔ جگہ
کا زیادہ مٹی والا ہونا۔
تَرِبَ (س) تَرَبًا و مَتْرَبًا۔ الرجلُ۔ محتاج
ہونا۔ صفت (تَرِبٌ وتَرِبٌ) ج۔
أَتْرَاب۔ اور اسی سے ہے یہ قول "تَرِبَ
بعد ان أَتْرَبَ" وہ غنی و مالدار ہونے
کے بعد محتاج و فقیر ہوا۔
تَرَّبَ و أَتْرَبَ۔ مالدار ہونا۔ تہی دست و
محتاج ہونا۔
تَرَّبَ و أَتْرَبَ۔ الشیءَ۔ مٹی ڈالنا۔
تَارَبَہٗ۔ ہم عصر ہونا۔ دوست ہونا۔
التُّرَاب۔ بکری کا بچہ۔
التِّرْبُ۔ ہم عصر۔ ہم عمر دوست، ساتھی۔ ج۔
أَتْرَاب۔ اس کا استعمال اکثر مؤنث میں
ہوتا ہے۔ کہتے ہیں "هذه تِرْبُ فلانۃ"
یہ عورت فلاں کی ہم عمر ہے۔
تَتَرَّبَ۔ مٹی ہونا۔ خاک آلود ہونا۔
التُّرَاب۔ مٹی۔ ج۔ أَتْرِبَۃٌ وتِرْبَانٌ۔
التُّرْبُ والتُّرَبُ۔ مٹی۔
التَّرْبَاءُ۔ مٹی، زمین۔ کہتے ہیں "بینھما ما بین
الجرباء والترباء" یعنی ان دونوں کے
درمیان آسمان و زمین جیسا فرق ہے۔
التُّرْبَۃ۔ مٹی۔ قبرستان۔ ج۔ تُرَب۔ تُرْبَۃُ
الانسان۔ انسان کی قبر۔
التَّرِبُ۔ فقیر و مُتْرِبَۃ۔ خاک اٹھانے والا۔

لحمٌ تَرِبٌ۔ خاک آلود گوشت۔ مکانٌ
تَرِبٌ۔ بہت مٹی والی جگہ۔
التَّرِبَۃ۔ ج۔ تَرِب۔ ایک قسم کی گھاس۔ ج
تَرِبَات۔ انگلیوں کے پورے۔
التَّرِیْبَۃ۔ سینہ کی ہڈی۔ سینہ کا بالائی حصہ۔
تریبۃ البعیر۔ اونٹ کے نحر کی جگہ۔
ج۔ تَرَائِب۔
المَتْرَبَۃ۔ فقر و فاقہ۔ کہتے ہیں "مسکینٌ ذو
مَتْرَبَۃ"۔ خاک آلود مسکین۔
تَرْتَرَ۔ تَرْتَرَۃً۔ جلدی جلدی اور بہت بولنا۔
گفتگو میں نرم اور بدن میں ڈھیلا ہونا۔
الشیءَ۔ خوب ہلانا۔
تَتَرْتَرَ۔ ہل جانا۔
التَّرَاتِر۔ سختیاں۔
تَرِجَ (س) تَرَجًا۔ الرجلُ۔ مشکل پانا۔
تَرَجَ (ن) تُرُوْجًا۔ چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔
التَّرُوْج۔ مضبوط پٹھوں والا۔ مونث: تَرِیْجَۃ۔
کہتے ہیں "ریحٌ تَرِیْجَۃٌ" تیز و تند ہوا۔
تَرْجَمَ۔ الکلام۔ ترجمہ کرنا۔ صفت (تَرْجُمان
و تُرْجُمان) ج۔ تراجمۃ وتراجم۔
الرجلَ۔ کسی شخص کے عادات و خصائل بیان
کرنا۔ عنہ۔ کسی کے معاملہ کو واضح کرنا۔
کہتے ہیں "تَرْجَمَہٗ بالترکیۃ" اس نے
اس کا ترکی زبان میں ترجمہ کیا۔
تُرْجِمَ۔ الکلامُ۔ کلام کا مشتبہ ہونا۔
التَّرْجَمَۃ۔ ترجمہ کسی شخص کی سوانح حیات۔ ج۔
تراجم۔ ترجمۃ الکتاب۔ کتاب کا دیباچہ۔
تَرِحَ (س) تَرَحًا و تَتَرَّحَ۔ غمگین ہونا۔
تَرَّحَہٗ و أَتْرَحَہٗ۔ غمگین کرنا۔
التَّرَح۔ غم۔ رنج۔ محتاجی فقیری۔ ج۔ أتراح
التَّرِح۔ کم خیر والا۔ بہت غمگین۔
المِتْرَاح۔ تھوڑی مدت دودھ دینے والی
اونٹنی۔ ج۔ مَتَارِیح۔
تَرَزَ (ض) و تَرِزَ (س)، تُرُوْزًا و تَرَزًا و
تُرُوْزًا۔ الشیءُ۔ خشک ہونا۔ سوکھ جانا۔

سخت ہونا۔ مضبوط ہونا۔ الماءُ۔ پانی کا
جم جانا۔
تَرَزَہٗ (ض)، تَرْزًا۔ پچھاڑنا۔
أَتْرَزَ۔ الشیءَ۔ کسی شے کو سخت کرنا۔ خشک کرنا
کہتے ہیں "الجریُ یُتْرِزُ لحمَ الدابۃ" دوڑ
جانور کے جسم کو سخت کر دیتی ہے۔
التَّارِز۔ قوی۔ سخت، اور اسی سے ہے یہ قول
"ان عجینکم لتارزٌ" تمہارا خمیر سخت ہے۔
خشک چیز جس میں روح نہ ہو۔ مردہ۔
التُّرَاز۔ اچانک موت۔
تَرَّسَہٗ۔ کسی کو ڈھال پہنانا یا دینا (وتَتَرَّسَ)
ڈھال پہننا۔ ڈھال سے حفاظت کرنا۔ صفت
(تارِس) کہا جاتا ہے "لایستوی الراجلُ
والفارسُ والاکشف والتارسُ" پیدل
اور سوار اور بے ڈھال والا برابر نہیں ہوتے۔
أَتْرَسَ۔ البابَ۔ دروازہ بند کرنا۔
اِتَّرَسَ۔ بالتُّرس او غیرہ۔ ڈھال وغیرہ
سے اپنی حفاظت کرنا۔
التُّرْس۔ ڈھال۔ ج۔ أَتْرَاس وتِرَاس و
تُرُوْس وتِرَسَۃ۔ تُرْسُ الشمس۔ سورج
کی ٹکیہ۔ کہتے ہیں "غاب تُرْسُ الشمس"
المِتْرَس والمِتْرَسَۃ۔ ج۔ مَتَارِس (و
المِتْرَاس) ج۔ مَتَارِیْس۔ دروازہ کے
پیچھے لگانے کا ڈنڈا۔ مورچہ۔ کھائی۔
التَّرَّاس۔ ڈھال بنانے والا۔ ڈھال والا۔
التِّرَاسَۃ۔ ڈھال بنانے کا پیشہ۔
التَّرْسَانَۃ والتَّرْسَخَانَۃ۔ اسلحہ خانہ۔
جہاز سازی کا کارخانہ۔
تَرِشَ (س)، تَرَشًا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (تَرِش)
تَرُصَ (ك)، تَرَاصَۃً۔ الشیءُ۔ چیز کا مضبوط
ہونا۔ سیدھا ہونا۔ صفت (تَرِیْص)
تَرَّصَ و أَتْرَصَ۔ المیزانَ۔ ترازو کا سیدھا کرنا
صفت مفعولی (تَرِیْص ومُتْرَص)، کہتے ہیں
"أَتْرِصْ میزانَكَ فانہ شائلٌ" اپنی
ترازو ٹھیک کر لے کیونکہ اس کا پلڑا اٹھا

ہوا ہے۔

المُترصات۔ سیدھے تیرے۔

ترِع (س) ترعًا۔ برائی کی طرف سبقت کرنا تیزی سے بڑھنا۔ صفت (ترِع و تریع)۔

الکوزُ والحوض۔ کوزے یا حوض کا بھر جانا۔ پُر ہونا صفت (ترِع)

ترعہ (ف) ترعًا۔ عن الامر۔ کسی کام سے روکنا۔ باز رکھنا۔ ترّع الباب۔ دروازہ بند کرنا۔ اترع۔ الاناء۔ برتن بھرنا۔

تترّع۔ الیہ بالشر۔ کسی کو جلد برائی پہنچانا۔ اترع الاناء۔ برتن کا بھر جانا۔

التُرعۃ۔ دروازہ۔ کہتے ہیں فتح ترعۃ الدار۔ اس نے گھر کا دروازہ کھولا۔

- باغ۔ باغ کی طرف جانے والی نالی۔

دو دریاؤں یا سمندروں کے درمیان میں گہری نہر۔ سیڑھی کا پایہ۔ منبر کے درجے۔

حوض کا دہانہ۔ ج۔ تُرع۔

التراع۔ دربان۔ (والاترع من السیل) وادی کو بھر دینے والا اسیلاب

الترعلۃ۔ جنگلی کبوتر۔

ترِف (س) ترفًا و تترّف۔ خوشحال و آسودہ حال ہونا۔ مرفہ الحالی کی زندگی بسر کرنا صفت (ترِف و تریف)۔

ترّفہ و اترفہ۔ المالُ۔ مال کا کسی کو سرکش بنانا۔ خراب کر دینا۔ اترف الرجلُ۔ کسی کا سرکشی پر اصرار کرنا۔

استترف۔ بغاوت کرنا۔ سرکشی کرنا۔

التُرفۃ۔ نعمت و آسائش کی زندگی۔ اوپر کے ہونٹ کے وسط میں قدرتی ابھار۔

الاترف۔ وہ شخص جس کے اوپر کے ہونٹ میں فطری ابھار ہو۔

المُترَف و المُترّف۔ ظالم۔ سرکش۔ خوشحالی۔ آزاد۔ وہ شخص کہ جو چاہے کر گذرے کوئی اس کو نہ روک سکے

التُرقُوۃ۔ ہنسلی۔ ج۔ التراقی و الترائق

کہتے ہیں۔ ترقاہ ترقاۃً۔ اس نے اس کی ہنسلی پر مارا۔ وبلغت روحہ التراقی وہ دم بلب ہو گیا۔

ترکہ (ن) ترکًا و تِرکانًا و اترکہ۔ چھوڑنا۔ غافل کرنا۔

تارکہ متارکۃً و تِراکًا۔ چھوڑنا۔ الرجلَ۔ مصالحت کرنا۔

تتارکوا۔ الامرَ بینھم۔ کسی کام کے چھوڑنے پر اتفاق کرنا۔

التَرِکۃ و التریکۃ۔ شتر مرغ کا چھوڑا ہوا انڈا بچہ نکلنے کے بعد انڈے کا خول۔ خود۔ وہ عورت جو اپنے باپ کے گھر بیٹھی رہے اور اس سے کوئی شادی نہ کرے۔

التِرکۃ و الترِکۃ۔ چھوڑی ہوئی چیز۔ ترکۃ المیت بھی اسی سے ہے۔

التریک۔ چھوڑا ہوا۔ من الکرم والنخل۔ انگوروں یا کھجور کا خوشہ یا گچھا جو سب کھا لیا گیا ہو یا تھوڑا چھوڑ دیا گیا ہو۔

التراک۔ بہت چھوڑنے والا۔

ترمس۔ لڑائی سے غائب ہونا۔ ترمست الدابۃ۔ جانور کے چہرے کے اندر کی جانب ترمس کے مشابہ پھنسیاں نکلنا۔

الترمس۔ ایک قسم کی نباتات جس کا بیج بڑے میں کڑوا ہوتا ہے اور پانی میں بھگو کر استعمال کیا جاتا ہے۔

الترمسۃ۔ سرنگ۔ [illegible]

الترامس۔ چاندی کے [illegible]

الترامس۔ گدھا۔

الترنج۔ لیموں۔ لیموں کا درخت عام لوگ اس کو [illegible] کہتے ہیں

ترہ (س) ترھًا۔ باطل چیزیں اپنانا۔

التُرھۃ۔ ج۔ ترھات۔ باطل مصیبت ترھات۔ چھوٹے راستے۔

التُرّہ۔ باطل۔ ج۔ ترارِیہ۔

ترِی (ض) تریًا۔ فی الامر کسی کام میں دیر کرنا

التریاق۔ زہر کے اثر کو دفع کرنے والی دوا (ذ التریاقۃ) شراب۔

تسع (ف ض) تسعًا۔ القومَ۔ نواں ہونا۔ نواں بنانا۔ قوم کے مال کا نواں حصہ لینا۔

- المالَ۔ مال کا نواں حصہ لینا۔

اتسع۔ القومُ۔ نو ہو جانا۔

التِسعۃ۔ نو۔ مؤنث تسع۔ کہتے ہیں "تسعۃ رجالٍ و تسع نساءٍ۔ و تسعۃ عشر رجلًا و تسع عشرۃ امراۃً۔ ج۔ تسعات۔

التُسع و التسیع۔ نواں حصہ ج۔ اتساع۔

التاسع۔ نواں۔

تسعون۔ نوے۔

تُساع۔ نو نو۔ کہتے ہیں "جاء القوم تُساع" لوگ نو نو کر کے آئے۔ یہ غیر منصرف ہے۔

التُساعی۔ نو والا۔

التاسوعاء۔ ماہ کی نویں تاریخ۔ حبل متسوع۔ نو لڑیوں سے بٹی ہوئی رسی۔

تشرین الاول۔ ماہ اکتوبر تشرین ثانی ماہ نومبر۔ ج۔ تشارین۔ [illegible]

[illegible]

تعب (س) تعبًا۔ مشقت میں پڑنا۔ تھکنا۔ صفت (تعِب)

اتعبہ۔ تھکانا۔ اتعب الاناء۔ برتن بھرنا۔ القومَ۔ قوم کے جانوروں کا [illegible] ہونا

التعب۔ مشقت۔ تھکن ج۔ اتعاب۔

المُتعب و المتعبۃ۔ [illegible]

[illegible]

استخراج [illegible]

[illegible]

تعتعہ [illegible] سختی سے ہلانا۔ تعتع فی الکلام بات کرنے میں ہکلانا۔

التعاتع۔ خوف زدہ کرنے والا [illegible]

تعس (ف) [illegible]

ہلاک ہونا۔ پھسلنا اور منہ کے بل گرنا۔ صفت (تعِس وتاعِس و تعیس)
تَعَسَہ وأَتعَسَہ۔ اللہ۔ اللہ کا کسی کو بد نصیب بنانا۔ ہلاک کرنا۔ کہتے ہیں "تعسًا لہ" اللہ اس کو ہلاک کرے۔
التَّعسُ۔ مص۔ ہلاکت، بدی، تنزل۔
التَّعسَۃ۔ ٹھوکر۔
المَتعَسَۃ۔ ٹھوکر یا ہلاکی کا سبب۔ کہتے ہیں۔ "ھٰذا الامر مَتعسۃ و متعسۃ" یہ معاملہ باعث نحوست و ہلاکت ہے۔
تَعِصَ (س) تَعَصًا۔ زیادہ چلنے سے پٹھوں کا دکھ جانا۔
التَّعَلُ۔ حلق کی سوزش۔
تَغِبَ (س) تَغَبًا۔ ہلاک ہونا۔
أَتغَبَہ۔ ہلاک کرنا۔
التَّغبُ۔ ہلاکت۔ میل کچیل۔ بھوک، عیب، فساد۔
التَّغبُ والتَّغبۃُ۔ گناہ۔ قبیح۔ کہتے ہیں۔ "مافیہ تَغبۃ" یعنی اس میں کوئی ایسا عیب نہیں جس سے اس کی شماتت ہو کی جائے۔
تَغتَغَ۔ الکلامَ۔ بات صاف نہ کہنا۔ الضحکَ۔ ہنسی چھپانا۔
التَّغتَغَۃُ۔ زبان کی تقالت۔
تَغَبَ (ن) تَغَبًا و تُغُوبًا۔ السحابۃُ۔ بادل کا برسنا۔ تَغَرَ الجرحُ۔ زخم سے بہت خون جاری ہونا۔ تَغَرانًا۔ القِدرُ۔ ہانڈی کا ابلنا۔ جوجھ تَغّار بہت خون بہنے والا زخم۔
تَغَعَہ۔ کسی کو لعنت کرنا۔
التُّغفَۃُ۔ ناخن کا میل، صحرہ۔ تُفَفَہ۔
التِّغقَان۔ موقعہ۔ کہتے ہیں "أتیتُکم فی تفّانہ وعلی تفّانہ" میں تمہارے پاس وقت مناسب پر آیا۔
التُّفَۃُ۔ حقیر و ذلیل عورت۔
التُّفَۃُ۔ ایک قسم کا چھوٹا کیڑا جو کھال کو خراب کرتا ہے۔
تَفِئَ (س) تَفَأً۔ سخت ناراض ہونا۔ بہت غضب ہونا
تَفِئَۃُ وتَفِیئَۃُ۔ الشیءُ۔ کسی شے کا وقت۔
تَفِثَ (س) تَفَثًا۔ کسی شے پر میل کچیل چڑھ جانا۔ صفت (تَفِث) کہتے ہیں۔ "قضی تَفَثَہ" اس نے میل کچیل کو دور کیا۔
تَفَّثَ۔ الدماءُ مکانَہ۔ خون کی جگہ کو آلودہ کرنا۔
التُّفّاحُ۔ سیب، سیب کا درخت۔ واحد تُفّاحۃ۔ ج۔ تفافیح۔
التُّفّاحتان۔ دونوں رانوں کے سرے۔
المَتفَخۃ۔ سیب کے پیداوار کی جگہ۔
أَتفَرَ۔ الشجرُ۔ درخت کا کونپلیں نکالنا۔ الرجلُ۔ ناک کے بالوں کا ہونٹ کے گڑھے تک لمبا ہونا۔ الرجلُ التافِرُ و التَّفِرُ والتَّفِرانُ۔ میلا اور گندہ آدمی۔
التِّفرَۃُ والتُّفرَۃُ والتَّفِرَۃُ۔ اوپر کے ہونٹ کا گڑھا۔
تَفرَہ۔ الشجرِ۔ درخت کی کونپلیں۔ والتَّفرَۃ درخت کے نیچے اگنے والی گھاس۔ یا وہ گھاس جس کے چھوٹے ہونے کی وجہ سے جانور نہ چر سکے۔
التَّفارِیجُ۔ جھروکے کے پایوں کا فاصلہ۔ انگلیوں کے درمیان کی کشادگی و فراخی۔ واحد تِفراج۔
التَّفرُوق۔ خانہ خرما۔
تَفَلَ (ن ض) تَفلًا۔ تھوکنا۔
تَفِلَ (س) تَفَلًا۔ الرجلُ۔ تیل اور خوشبو نہ لگانے کی وجہ سے بدبودار ہونا۔ صفت (تَفِل) مؤنث (تَفِلۃ و مِتفال)
أَتفَلَہ۔ بدبودار کرنا۔
المِتفَلۃ۔ پیک دان۔ تھوک دان۔ ج۔ مَتافِل۔
التَّتفُلُ والتِّتفُلُ والتُّتفُلُ۔ لومڑی۔
التَّفَن۔ میل۔
تَفِہَ (س) تَفَہًا و تُفُوہًا۔ الشیءُ۔ کم ہونا۔ خسیس ہونا۔ حقیر ہونا۔ کہتے ہیں "تَفِہَ عطاءُ فلانٍ" فلاں کی داد و دہش کم ہے۔
تَفاہَۃُ۔ الطعام۔ کھانے کا بے مزہ ہونا۔ صفت (تَفِہ و تافِہ)۔ تُفُوہًا۔ الرجلُ کم عقل ہونا۔ صفت (تافِہ)
أَتفَہَ۔ الشیءَ۔ کم کرنا۔ تھوڑا دینا۔ کہتے ہیں۔ "أعطیتَ فأتفہتَ" تم نے دیا۔ مگر کم دیا۔
التِّقدَۃُ و التَّقدَۃُ۔ دھنیا۔ زیرہ۔ رونی۔ مسالہ۔
التَّقِرَۃُ۔ مسالہ۔
تَقِعَ (س) تَقَعًا۔ بھوکا ہونا۔
التَّقَعُ۔ بھوک۔
أَتقَنَ۔ الامرَ۔ کام کو مضبوطی سے کرنا۔
تَقَّنَ۔ الارضَ۔ زمین کو کیچڑ والے پانی سے سیراب کرکے طاقتور کرنا۔
التِّقنُ۔ طبیعت۔ کہا جاتا ہے "الفصاحۃ من تِقنِہ" یعنی فصاحت اس کی طبیعت کا خاصہ ہے۔ گارا جو خشک ہو کر تڑخ گیا ہو۔ حوض کا بچا ہوا گدلا پانی۔ رجلٌ تِقنٌ و تَقِنٌ۔ کام کو بھروسے کے ساتھ انجام دینے والا کام میں ماہر ج۔ أتقان۔
التِّقنَۃُ۔ حوض کا بچا ہوا گدلا پانی۔
تقی۔ مادہ وقی میں تلاش کیجیے۔
تَکَّہ (ن) تَکًّا۔ روندنا۔ کچل دینا۔ پامال کرنا
تَکَّہ النبیذُ۔ نبیذ کا مدہوش کردینا۔
تَکَّ (ن) تُکُوکًا۔ الرجلُ۔ آدمی کا لاغر ہونا۔ احمق ہونا۔ صفت (تاکّ) ج۔ تاکون و تَکَکۃ و تُکّاک و تُکّک۔
استَتَکَّ۔ التِّکَّۃ۔ پائجامہ میں ازار بند

ڈالنا۔

التِکَّۃ۔ ازار بند۔ ناڑا۔ ج۔ تِکَک۔

المِتکَ۔ پائجامہ میں ازار بند ڈالنے کی سلائی۔

التِکّی۔ ازار بند بیچنے والا۔ باندھنے والا۔

تکأ۔ مادہ "وک أ" میں تلاش کیجیے۔

تَکتَکَہ، تَکتَکَۃً۔ روند کر کچل دینا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ الساعۃُ۔ گھڑی کا ٹک ٹک کرنا۔

تکل۔ دیکھیے مادہ "وک ل"

تَلَّہ (ن) تَلًّا۔ پچھاڑنا۔ الشیءَ الیہ۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔ الحبلَ فی البئرِ۔ کنوئیں میں رسی لٹکانا۔ الشیءَ فی یدِہ۔ کوئی چیز ہاتھ میں رکھنا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَلَّہ بِتَلَّۃِ سُوءٍ" اس نے اس پر برُے فعل کی تہمت لگائی۔ الیہ کسی کے سامنے عاجزی کرنا۔ گڑگڑانا۔

اَتَلَّ۔ الدابّۃَ۔ جانور کو باندھنا۔ کھینچنا۔

التَلاوُل و التَلاوُلَۃ۔ گمراہی۔

التَلّ۔ منَ الارضِ۔ ٹیلہ۔ ج۔ تِلال و تُلول۔ واحد تَلَّۃ۔

التِلَّۃ۔ حالت (و التَلَّۃ) لیٹنے کا طریقہ یا اس کی حالت۔ گرنے کی حالت۔ اور کہا جاتا ہے۔ "فی خِلقتِہ تَلَّۃ" اس کی سرشت میں سستی ہے۔

التَلِیل۔ ج۔ اَتِلَّۃ و تُلُل و تَلائِل۔ گردن۔ ج۔ تَلّی۔ پچھاڑا ہوا۔

المِتَلّ۔ وہ چیز جس سے کسی کو پچھاڑا جائے کہا جاتا ہے۔ "رمحٌ مِتَلٌّ" سیدھا اور سخت نیزہ۔ قوی اور مضبوط آدمی یا اونٹ۔

التَلّی۔ ذبح کی ہوئی بکری۔

اِتلأبَّ۔ اِتلئبابًا۔ الامرُ۔ کام کا درست ہونا۔ الحمارُ۔ گدھے کا سر، و سینہ اٹھانا کہتے ہیں۔ "قیاسٌ مُتلئِبٌّ" ایک ہی قسم کا قیاس۔ طریقٌ مُتلئِبٌّ لمبا اور سیدھا راستہ۔

التَلَب۔ نقصان۔ ٹوٹا کہتے ہیں۔ "تبًّا لہ و تلبًا" یعنی اللہ نقصان و ہلاکت اس کے لازم کرے۔

المَتالِب۔ ہلاکت کی جگہیں۔ غلام مویشی وغیرہ کا گھر میں پیدا شدہ ہونا۔

التالِب۔ پہاڑی بکرا۔

التَوْلَب۔ گدھے کا بچہ۔ ج۔ تَوالِب۔

اُمّ تَوْلَب۔ گدھی۔

تَلَدَ (ض ن) تُلودًا۔ المالُ کالابل و الغنم۔ پرانا مقبوضہ ہونا۔ صفت (تالِدٌ و تَلْدٌ و تُلُدٌ و تَلَدٌ و تِلادٌ و تَلِیدٌ) اور اس کے خلاف طارِفٌ و طَرِیفٌ ہے۔ (ن) و تَلِدَ (س) فی القومِ و بالمکانِ۔ قیام پذیر ہونا۔ اور کہتے ہیں "تَلِدَ فلانٌ عندنا" فلاں کے ماں باپ ہمارے ہاں پیدا ہوئے۔

اَتْلَدَ۔ الرجلُ۔ موروثی مال والا ہونا۔ مال حاصل کرنا۔ تَلَّدَ۔ مال جمع کرنا۔

التُلُد۔ عقاب کا چوزہ۔

التِلِسکُوب۔ دوربین (جدید) اس کے لیے عربی مِنْکَب ہے۔

التِلِّیسَۃ۔ خصیہ۔

تَلَّصَہ تَتْلِیصًا۔ نرم و ہموار کرنا۔

تَلَعَ (ف) تَلْعًا و تُلُوعًا۔ النہارُ۔ دن چڑھنا۔ الضحیٰ۔ چاشت کا وقت ہونا۔ الرجلُ او الظبیُ۔ سر باہر نکالنا۔

تَلِعَ (س) تَلَعًا۔ الاناءُ۔ برتن کا بھرنا۔ تَلَعًا و تَلاعَۃً۔ عُنُقُہ۔ گردن کا دراز ہونا۔ الرجلُ۔ آدمی کا لمبی گردن یا لمبے قد والا ہونا۔ صفت (اَتْلَع و تَلِیع)

اَتْلَعَ و تَتالَعَ و تَتَلَّعَ۔ فی مِشیَتِہ۔ چلنے میں گردن لمبی کرنا۔

التَلِع۔ ادھر ادھر بہت دیکھنے والا۔ اناءٌ تَلِعٌ بھرا ہوا برتن۔

التَلْعَۃ۔ بلند زمین، پست زمین۔ ج۔ تَلَعات و تِلاع و تَلَع۔

تَلِفَ (س) تَلَفًا۔ ہلاک ہونا۔ فنا ہونا۔

المُسْتَلِع۔ خوبصورت۔

التَلِعَۃ۔ کشتی کا بادبان۔ ج۔ تَلِعات۔

اَتْلَفَہ۔ ہلاک کرنا۔ برباد کرنا۔

التَلِیفَۃ۔ ہلاک ہونے والی چیز۔

المِتلاف و التَلّاف۔ بہت تلف کرنے والا۔

المَتْلَف و المَتْلَفَۃ۔ تلف اور ہلاک ہونے کی جگہ یا اس کا سبب۔ چٹیل میدان۔

تِلْکَ۔ مؤنث بعید کے لیے اسم اشارہ۔

التَلَم۔ زمین میں ہل کی بنائی ہوئی لکیر۔ ج۔ اتلام۔

التِلْم۔ لڑکا۔ کاشتکار، سنار، سنار کی لمبی دھونکنی۔ ج۔ تلام۔

التَلْمُود۔ یہودیوں کے احکام دینی کی کتاب۔

تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ۔ لفلانٍ۔ کسی کا شاگرد ہونا۔ تَلْمَذَ و تَتَلْمَذَ۔ الولدَ۔ لڑکے کو شاگرد بنانا۔

التِلْمِیذ۔ شاگرد۔ ج۔ تَلامِیذ و تَلامِذَۃ۔

التُلُنَّۃ و التُلُونَّۃ۔ حاجت۔

تَلِہَ (س) تَلَہًا۔ حیران ہونا۔ الشیءُ۔ چیز کا تلف ہونا۔ تَلِہَہ و تَلِہَ عنہ۔ بھولنا۔ کہتے ہیں "رجلٌ تالِہُ العقلِ و مُتَلَوِّہُ العقلِ" مدہوش، کم عقل والا۔ کھوئی ہوئی عقل والا۔

اَتْلَہَ۔ الشیءَ۔ تلف کرنا، ضائع کرنا۔

تَلا (ن) تُلُوًّا۔ ہ۔ پیچھے چلنا۔ عنہ۔ چھوڑ دینا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَلا بعدَ قومِہ" یعنی اس نے اپنی قوم کا ساتھ چھوڑ دیا اور پیچھے رہ گیا۔ (و تِلاوۃً)

الکتاب۔ کتاب پڑھنا۔

تَلِیَ (س) تَلًی۔ من الشھرِ یومٌ۔ مہینہ کا

ایک دن باقی رہنا۔
أَتْلَاهُ۔ سبقت کرنا۔ پیچھے کرنا۔ أَتْلَاهُ فُلَانًا۔ پیچھے چلانا۔ أَتْلَاهُ علی فُلَانٍ۔ حوالہ کرنا۔ تم کہتے ہو "أَتْلَيْتُ فُلَانًا ذِمَّةً" یعنی میں نے فلاں کے ذمہ کر دیا۔ أَتْلَيْتُ حَقِّي عِنْدَهُ۔ یعنی میں نے اپنے حق میں سے اس کے پاس کچھ باقی رکھا۔
تَلَّاهُ تَتْلِيَةً۔ پیچھے چلانا۔
تَلَّى۔ الرجلُ۔ نذر پوری کرنا۔ آخری سانس میں ہونا۔
تَتَلَّى۔ ہ۔ پیچھے چلنا۔ پیچھے پڑنا۔ کہتے ہیں۔ "تَتَلَّيْتُ حَقِّي" میں اپنے حق کے پیچھے لگا۔ یہاں تک کہ میں نے اس کو پورا وصول کر لیا۔ ۔ الرجلُ۔ آدمی کا بہت مال جمع کرنا۔ ۔ حقَّهُ عندَهُ۔ اپنے حق کچھ باقی رکھنا۔
تَتَالَتِ۔ الامورُ والخيلُ۔ ایک دوسرے کے بعد آنا۔ پے درپے آنا۔ کہتے ہیں۔ "جَاءَتِ الخَيْلُ تَتَالِيًا" یعنی گھوڑے پے درپے آئے۔
تَالَاهُ۔ تابعداری کرنا۔ موافقت کرنا۔
اِسْتَتْلَاهُ۔ الشيءَ۔ پیچھے کرنے کو کہنا۔ ۔ ہ۔ انتظار کرنا۔
التَّالِي۔ تابع۔ گھوڑ دوڑ میں چھٹے نمبر کا گھوڑا ج۔ تالیات۔
التَّالِيَةُ۔ مؤنث تالی کا۔ ج۔ توالی۔
التَّوَالِي۔ سرین۔ توالی الخيل۔ گھوڑے کے پچھلے حصے یعنی دُم اور ٹانگ۔
التَّلَاءُ۔ ذمہ۔
التِّلْوُ۔ ہر وہ چیز جو کسی چیز کے پیچھے ہو۔ اونٹنی کا دودھ چھڑایا ہوا بچہ۔ جو اس کے پیچھے پیچھے چلتا ہے۔ ج۔ أَتْلَاءٌ۔ مؤنث تِلْوَةٌ۔
التَّلُوُّ۔ ہمیشہ پیچھے چلنے والا۔
التَّلِيُّ۔ بہت مال والا۔ بہت قسمیں کھانیوالا۔
التُّلَاوَةُ۔ والتَّلِيَّةُ۔ بقیہ۔ مثلاً۔ تُلَاوَةُ الدَّيْنِ۔ قرض کا بقیہ۔ کہتے ہیں۔ "ذَهَبَتْ تَلِيَّةُ الشَّبَابِ" یعنی جوانی کا بقیہ جاتا رہا۔ اور کہتے ہیں "فُلَانٌ بَقِيَّةُ الكِرَامِ وَتَلِيَّةُ الأَحْرَارِ" فلاں شرفاء اور بزرگوں کی یادگار ہے۔
التَّلَوِّي۔ ایک قسم کی چھوٹی کشتی۔
المُتَتَالِي۔ تابع۔ گویے کی آواز میں آواز ملانے والا۔

تَمَّ (ض) تَمًّا وتِمًّا وتُمًّا وتَمَامًا وتِمَامًا وتُمَامًا وتَمَامَةً وتِمَامَةً۔ کامل ہونا۔ پورا ہونا۔ ۔ بالشيءِ وعليه پورا کرنا۔ ۔ علی امرہ۔ کام انجام دینا جاری و نافذ کرنا۔ ۔ الی موضع کذا۔ کسی جگہ پہنچنا۔ ۔ عنه العينَ۔ تعویذ کے اثر سے نظر بد کو دور کرنا۔
تَمَّمَهُ وأَتَمَّهُ۔ پورا کرنا۔ اپنی مدت تک پہنچانا۔ کہتے ہیں "تَمَّمَ علی الجريح" اس نے
تَمَّمَ المولودَ۔ بچہ پر تعویذ لگانا۔ أَتَمَّ الی المحل۔ کسی جگہ کا قصد و ارادہ کرنا اور روانہ ہونا۔ أَتَمَّتِ الحُبْلَى۔ حاملہ کا جننے کے قریب ہونا۔ ۔ القمرُ۔ بدر کامل ہونا۔
تَتَامَّ۔ القومُ۔ سب کا آنا۔
اِسْتَتَمَّ۔ الشيءَ۔ پورا کرنا۔ ۔ الشيءَ۔ کسی شے کی تکمیل چاہنا۔
أَتْمَمُ۔ بڑی بط۔
المُتَمُّ۔ کمہارا۔
التَّمَامُ۔ بتثليث التاء والاغلب الفتح کمال۔ جس سے کوئی شے تمام کی جائے اور اسی معنی میں تَمَّةٌ وتِمَّةٌ وتُمٌّ وتَمَامَةٌ وتِمَامَةٌ ہیں۔ چاند کے پورا ہونے کی رات۔ کہا جاتا ہے "بدرُ تمامٍ وبدرٌ تمام۔ ليلةُ التمام۔ جاڑے کی لمبی رات۔
التَّمَامَةُ۔ بقیہ۔
التَّتِمَّةُ۔ جس سے کوئی شے پوری کی جائے۔
التَّمِيمُ۔ مضبوط۔ پورے قد و قامت والا۔
التَّمِيمَةُ۔ تعویذ۔ ج۔ تَمَائِمُ وتَمِيمَاتٌ۔ "أَمَاطَتْ التَّمَائِمُ" کنا یہ ہے بڑے ہونے سے۔
تَمْتَمَ۔ تَمْتَمَةً۔ فی الکلام۔ جلدی جلدی بولنا اور بات کو واضح نہ کرنا۔ صفت (تَمْتَام) مؤنث تمتامة۔
تَمَرَهُ (ن) تَمْرًا وتَمَّرَهُ۔ کھجور کھلانا۔ ۔ اللحمَ۔ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کاٹ کے سکھانا۔
أَتْمَرَ وتَمَّرَ۔ الرُّطَبُ۔ خشک کھجور ہونا۔ ۔ النخلةُ۔ درخت خرما کا پھل دار ہونا۔ أَتْمَرَ القومُ۔ بہت کھجوروں والا ہونا۔
تَتَمَّرَ۔ اللحمُ۔ گوشت کا خشک ہونا۔
التَّمْرُ۔ خرما۔ واحد تَمْرَةٌ۔ ج۔ تمرات و تُمُور و تُمْرَان۔
التُّمْرَةُ۔ چابک کے سرے کی گرہ۔
التَّمْرُ الهِنْدِيُّ۔ املی۔
التَّمَّارُ۔ خرما فروش، کھجوروں کا سوداگر۔
التَّامِرُ۔ بہت کھجوروں والا۔
المُتَمُّورُ۔ کھجور کا توشہ دیا ہوا۔
التَّامُرِيُّ والتَّامُورِيُّ۔ انسان۔ کہا جاتا ہے "ما بالدارِ تامُورٌ او تُومُورٌ" یعنی گھر میں کوئی انسان نہیں یا کوئی شے نہیں۔
تَمُّوز و تَمُوز۔ ماہ جولائی۔
التِّمْسَاحُ۔ گھڑیال۔ نگر۔ ج۔ تَمَاسِيحُ۔
تَمِهَ (س) تَمَهًا وتَمَاهَةً۔ الطعامُ۔ کھانے کا بدبودار یا بدمزہ ہونا۔ صفت (تَمِهٌ)
تَأَنَّ۔ بينهما۔ دو کے درمیان مقابلہ کرنا۔ اندازہ کرنا۔
أَتَنَّ۔ المرضُ الصبيَّ۔ بیماری کا بچہ کو بڑھنے سے روک دینا۔ صفت مفعولی (تَنٌّ)۔ ۔ الرجلُ۔ دور ہونا۔
التِّنُّ۔ شخص، مثل، ہمسر۔ ج۔ أَتْنَانٌ۔
التِّنِّينُ۔ مچھلی، اژدھا۔ آسمان میں ایک جگہ کا نام۔
تَنَأَ (ف) تُنُوءًا۔ بالمكانِ۔ کسی جگہ اقامت کرنا۔

صفت (تَانِی)، ج۔ تُنَّاء۔

اَلتَّنْبَك والتُّنْبَاك۔ تمباکو۔

اَلتِّنْبَل والتِّنْبَال والتُّنْبُول والتِّنْبَالَة پستہ قد۔ کند ذہن سست۔ ج۔ تَنَابِيل و تَنَابِلَة۔

اَلتَّنْبُل و التَّانبُول۔ پان۔

اَلتَّنْجَرَة۔ ہانڈی۔ دیگ۔

تَنَخَ (ن)، تُنُوخًا وتَنَّخَ وتَتَنَّخَ۔ بالمكانِ۔ کسی جگہ قیام کرنا۔ رہنا۔ آباد ہونا۔

تَنِخَ (س)، تَنَخًا۔ بدہضمی ہونا۔

أَتْنَخَهُ۔ بدہضمی میں مبتلا کرنا۔

اَلتَّنُّوب۔ صنوبر کے مشابہ ایک درخت۔ واحد تَنُّوبَة۔

اَلتَّنُّور۔ تنور۔ ج۔ تَنَانِير۔

اَلتَّنَّار۔ تنور بنانے والا۔

اَلتَّنْضُب۔ مادہ (ن ض ب) دیکھئے۔

اَلتَّنُوفَة والتَّنُوفِيَة۔ بے آب ریگستان، صحرا ج۔ تَنَائِف۔

اَلتَّنَك۔ ٹین۔

اَلتَّنَكَجِي۔ ٹین بنانے والا۔

تَهَتَّلَ۔ فضول باتوں میں مشغول ہونا۔

اَلتُّهَاتِل۔ لغویات۔

تَهِمَ (س)، تَهَمًا۔ اللحمُ۔ گوشت کا خراب ہونا۔ صفت (تَهِم)۔

أَتْهَمَ وتَاهَمَ وتَتَهَّمَ۔ تہامہ میں آنا یا اترنا۔

اَلتَّهَمَة۔ بدبو۔

تِهَامَة۔ مکہ معظمہ۔ حجاز کے جنوبی علاقے، نسبت کے لیے تِهَامِي وتَهَامٍ۔ ج۔ تِهَامِيُون وتَهَامُون۔

أُتْهِمَ وتُهْمَة۔ مادہ (وہ م) دیکھیے۔

تَهِنَ (س)، تَهَنًا۔ سونا۔ صفت (تَهِن)۔

تَهَا (ن)، تَهْوًا۔ غافل ہونا۔

اَلتَّهْوَاء۔ رات کا ایک حصہ۔ کہتے ہیں مضیٰ تَهْوَاءٌ من الليل۔ رات کا ایک حصہ گذر گیا۔

اَلتَّوُّ۔ اکیلا۔ ایک لڑی کی بٹی ہوئی رسی۔ ج۔ اَتْوَاء۔

کہا جاتا ہے۔ جاء تَوًّا۔ وہ قصد کرکے آگیا ہے اب کوئی چیز اس کو باز نہیں رکھ سکتی۔

تَابَ (ن)، تَوْبًا وتَوْبَةً ومَتَابَةً ومَتَابًا وتَتْوِبَةً۔ الى اللهِ۔ گناہ سے روگردانی کر کے اللہ کی طرف متوجہ ہونا۔ نادم و پشیمان ہونا۔ صفت (تَائِب) اللهُ عليه۔ اللہ تعالیٰ کا کسی کے گناہ معاف کرکے اس کو اپنے فضل و کرم سے نوازنا۔ صفت (تَوَّاب)

اِسْتَتَابَه۔ توبہ کرنے کی ترغیب دینا۔

اَلتُّوت۔ توت کا درخت۔ توت۔ تُوتُ العليق۔ جنگلی توت۔

اَلتُّوتِيَا۔ ایک قسم کا پتھر جس سے سرمہ بنایا جاتا ہے، ایک خاردار سمندری سیپی جس کے اندر انڈے کی زردی کے مانند کوئی چیز ہوتی ہے اور وہ کھائی جاتی ہے۔ تُوتِيَا معدنية جست سرمہ۔

تَاجَ (ن)، تَوْجًا۔ تاج پہننا۔

تَوَّجَه۔ تاج پہنانا۔ تَتَوَّجَ۔ تاج پہننا۔

اَلتَّاج۔ تاج۔ ج۔ تِيجَان۔ تَاجُ الجبار۔ ستارے۔ تَاجُ العمود۔ ستون کے بالائی حصہ کی میناکاری۔

اَلتَّائِج۔ تاج والا۔

تَاحَ (ن)، تَوْحًا۔ له الشيءُ۔ تیار ہونا۔

تَاخَتْ (ن)، تَوْخًا وتَوَخًا۔ الأصبعُ في الجسم الوارم او الوخو۔ انگلی کا سوجے ہوئے جسم یا نرم حصہ بدن میں دھنس جانا۔

اَلتُّودَرِي والتُّوذَرِي۔ ایک دوا کا نام ہے

تَارَ (ن)، تَوْرًا۔ الماءُ۔ پانی کا جاری رہنا۔

أَتَارَه إِتَارَةً۔ بار بار لوٹانا۔

اَلتَّوْر۔ ایک قسم کا چھوٹا برتن۔ قاصد۔

اَلتَّارَة۔ دیکھیے تار۔

التوراة والتَّوْرِيَة۔ وہ آسمانی کتاب، جو حضرت موسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی تھی۔ ج۔ تَوْرَات و تَوْرِيَات۔

تَازَ (ن)، تُؤُوزًا۔ الشيءُ کسی چیز کا سخت ہونا۔

اَلتُّوس۔ طبیعت۔ اول۔

تَاعَ (ن ض)، تَوْعًا۔ روٹی کے ٹکڑے سے مکھن یا گھی اٹھانا۔

اَلتَّيُّوع۔ ہر وہ بوٹی جس کو کاٹنے پر سفید دودھ نکلے

تَافَ (ن)، تَوْفًا۔ البصرُ۔ نگاہ کا چندھیا جانا نظر کا دھندلا ہونا۔

اَلتَّافَةُ والتَّوَفَةُ والتُّوفَةُ۔ عیب۔ کہتے ہیں مافيه تُوفِيَةٌ۔ اس میں کوئی عیب نہیں۔

تَاقَ (ن)، تَوْقًا وتُؤُوقًا وتَوَقَانًا وتَوَقَانًا وتِيَاقَةً۔ ہ واليه۔ شائق ہونا۔ الى الغاية۔ جلدی کرنا۔ صفت (تَائِق وتَوَّاق)، عينُه بالدموع۔ آنکھ کا آنسو بہانا۔ منه۔ ڈرنا۔ بنفسه جان دینا۔

تَتَوَّقَ۔ الى الشيءِ۔ آرزومند ہونا۔ شائق ہونا۔

تَالَ يَتُولُ تَوْلًا۔ جادو کرنا۔ جادو کا علاج کرنا

اَلتُّوَلَة۔ والتِّوَلَة۔ مصیبت، آفت۔ ج تِوَلات۔

اَلتُّومَة۔ موتی کے مانند چاندی کا ایک دانہ۔ بالی شتر مرغ کا انڈا۔ ج۔ تُوَم وتُومَات۔ عوام تُوم کو ثُوم کی بجائے استعمال کرتے ہیں۔

اَلمُتَوَّم۔ بالا پہنا ہوا۔ کان میں بالی پہنے ہوئے۔

تَتَاوَنَ وتَتَاعَنَ۔ الصبيانُ۔ لڑکوں کا [illegible] اور کبھی [illegible] جانب سے حملہ کرنا۔

اَلتُّون۔ الحمام۔ [illegible]

تَاهَ (ن)، تَوْهًا۔ ہلاک ہونا۔ ضائع ہونا۔ راستہ بھٹکنا۔ تکبر کرنا۔ پریشان عقل والا ہونا۔

اَلتُّوهَة والتَّوْهَة۔ ہلاکت۔ فَلَاة تُوه۔ ہلاک کرنے والا اور راستہ بھٹکا دینے والا بیابان۔ بے آب ریگستان۔ ج۔ اَتْوَاه و [illegible] آتَاوِيه۔

تَوَّهَه وأَتَاهَه۔ ہلاک کرنا۔

تَوِيَ (س)، تَوًى۔ المالُ۔ ہلاک ہونا۔ برباد ہونا۔ صفت (تَوٍ)۔ مال تَوٍ کہا جاتا ہے۔

"لا توتی علیه" یعنی اسے کوئی نقصان
وخسارہ نہیں۔
اَلتَّوَاءُ. اَتْوَاهُ اللہُ ۔ ہلاک کرنا۔
المَتْوَاۃُ ۔ سبب ہلاکت، باعث نقصان ۔ کہتے
ہیں۔ "الشُّحُّ مَتْوَاۃٌ" کنجوسی باعث
نقصان و ہلاکت ہے ۔ ج۔ مَتَاوٍ و
مَتْوِیَات۔
اَلتِّیَاتُرو۔ تھیٹر عربی اس کی مُمَثَّل ہے اور
مولدین کے نزدیک مَسْرَح۔
تَاحَ (ض) تَیْحًا لہ۔ مقرر و مقدر ہونا۔
تیار ہونا۔ فی مشیہ۔ چلنے میں جھکنا۔
اَتَاحَہ اِتَاحَۃً ۔ تیار کرنا۔ مقدر کرنا۔ کہتے
جاتا ہے "اتاح اللہ لہ الشر"۔
المُتَاح و المُتِیَاح ۔ امر مقدر۔ فیصل شدہ
امر۔
التَّیَّاح والتِّیحان والتَّیَّحان والتِّیِّحان
والمِتْیَح ۔ بے جا دخل دینے والا۔ لا
یعنی امور میں مشغول رہنے والا۔ کہا جاتا
ہے "رجل مِتْیَح" ہمیشہ بلاؤں میں مبتلا
رہنے والا آدمی۔
تَاخَہ (ض) تَیْخًا۔ لاٹھی یا کھجور کی چھڑی
سے مارنا۔
[illegible]
المِتْیَخ۔ [illegible]
التَّیْد۔ نرمی کہا جاتا ہے "تَیْدَكَ زیدًا"
زید سے نرمی کر۔
تَارَ (ض) تَیْرًا و تَیَارًا۔ البحر۔ سمندر کا موج زن ہونا
[illegible] آنا ہے
التَّیَّار۔ [illegible] سمندر کی لہر۔ موج۔ کہا جاتا
ہے "قطع عرقا تیارا" اس نے تیز
بہنے والی رگ کو کاٹا۔ وفرس تیّار۔ دوڑنے
میں موج کی طرح چلنے والا گھوڑا۔
التَّیْر۔ تکبر و غرور۔
تَابِیَۃٌ ۔ دیکھیے "تابی"۔
تَازَ (ض) تَیْزًا و تَابِزَۃً ۔ غلبہ کرنا۔ کہا جاتا
ہے "تاز السهم في الرمية" تیر نے
پھینکنے وقت حرکت کی۔
التِّیَاز۔ پست قد، سخت جوڑوں والا۔
تَاسَ یَتِیْسُ۔ الجدی۔ بکرا بن جانا۔
تَیَّسَ ۔ فرسَه ۔ گھوڑے کو سدھانا۔
ہ عن کذا۔ باز رکھنا۔ روکنا۔
تَایَسَه۔ مدافعت کرنا۔
تَتَایَسَ۔ الماءُ موجوں کا آپس میں ٹکرانا۔
واسْتَیْتَسَتِ۔ العنزُ۔ بکری کا بکرے کی
طرح ہو جانا۔
التَّیْس۔ بکرا، برن جنگلی بکرا۔ ج۔ تُیُوس و
اَتْیَاس و تِیَسَة۔ حیة التیس
ایک قسم کی نبات۔
التَّیْسِیَّة التَّیُوسِیَّة ۔ بکرے جیسی طبیعت
کہتے ہیں "فی فلان تَیْسِیَّة وتَیُوسِیَّة"۔
التَّیَّاس۔ بکرے والا۔
الاَتْیَس۔ بکرے جیسا۔
تَاعَ (ض) تَیْعًا و تَیَعًا و تَیَعَانًا۔ القیءُ۔
قے کا آنا۔ الماءُ۔ پانی کا بہہ کر سطح زمین
پر پھیل جانا۔ الیہ۔ جلدی کرنا۔ اور
مشتاق ہونا۔ تیعًا۔ الطریق۔ راستہ
طے کرنا۔ السمن۔ روغن کے ٹکڑے سے
گھی اٹھانا۔
اَتَاعَ ۔ معا اکله۔ کھائی ہوئی غذا کی قے کرنا۔
الشیءَ۔ لوٹانا۔
تَتَیَّعَ ۔ الی الشر و تَتَایَعَ فی الشر۔
برائی کی طرف لپکنا اور تیزی کرنا۔ صفت
مُتَتَیِّع و تَیِّعَان۔ الریح بالورق
ہوا کا پتے اڑائے جانا۔ تتیع فی الامر
کسی کام پر اصرار کرنا۔ کہا جاتا ہے "آکلہ
یتتایع فی الامور" وہ معاملات میں
اپنے آپ کو بے سوچے سمجھے ڈال دیتا ہے۔
تَاكَ (ض) تَیُوكًا۔ احمق ہونا۔ صفت تائك
اَتَاكَ۔ الشعرُ۔ بال اکھیڑنا۔
تَیْكَ ۔ مؤنث کے لیے اسم اشارہ۔ تصغیر اس
کی تَیَّاكَ ہے اور اس پر ہائے تنبیہ داخل
کر کے هاتیك کہتے ہیں۔
تَامَه (ض) تَیْمًا و تَیْمَةً۔ الحبُّ۔ غلام
بنانا۔ ذلیل کرنا۔
التَّیْم ۔ مم۔ عشق کے سبب عقل کا فتور۔ غلام۔
کہتے ہیں "هو تَیْمُ اللہ" وہ اللہ کا
بندہ ہے۔
التِّیمَةُ و التَّیْمَةُ۔ وہ بکری جو گھر ہی میں
چرائی جائے اور گھر ہی میں دوہی جائے۔
نیز وہ بکری جو بھوک کی حالت میں ذبح
کی جائے۔
التَّیْمَاء ۔ بیابان۔ ایک مقام کا نام بھی ہے۔
التِّیْن۔ انجیر۔ درخت انجیر۔ واحد تِیْنَة۔
المَتَانَة۔ انجیر کا باغ۔ انجیر بکثرت پیدا
ہونے کی جگہ۔ کہتے ہیں "ارض مَتَانَة"
بہت انجیر والی زمین۔
التَّیَّان۔ انجیر بیچنے والا۔ انجیر خشک کرنے والا۔
تَاهَ (ض) تَیْهًا۔ تکبر کرنا (تَیْهًا و تِیْهَانًا)
سرگشتہ پھرنا۔ گمراہ ہونا۔ صفت تَیَّاه
و تَیْهَان)
تَیَّهَه و اَتَاهَه۔ گمراہ کرنا۔ ضائع کرنا۔
التَّائِه و التَّیْهَان و التَّیَّاه و التَّیِّهَان۔
مغرور۔ متکبر۔
التِّیْهُ۔ غرور۔ ڈینگ۔ گمراہی۔ چٹیل
میدان۔ جس میں چلنے والا بھٹک جائے
ج۔ اَتْیَاه و اَتَاوِیه و اَتَاوِهُ۔
ارض تَیْهَاء و مَتْیَهَة و مَتِیهَة
و مَتْیَه و تِیه ۔ وہ زمین جس میں
لوگ اکثر راستہ بھٹک جائیں۔

ث

۵۰۰

ثَئِبَ (س، ثَأَبًا ۔ وثُئِبَ و تَثَاءَبَ
جمائی لینا۔ صفت (مثئوب) و
تثاءب الاخبار۔ خبروں کی جستجو
کرنا۔
الثّئاب والثوباء والتثاؤب ۔ جمائی۔
ثَأَثَأَ ۔ پیاسا رکھنا۔ پانی پلانا۔ الناس
آگ بجھانا۔
الغضب ۔ غصہ ٹھنڈا کرنا۔
ہ عن الامر۔ کسی کو کسی کام سے
روکنا۔
ثَأَجَت (ن، ثَأَجًا ۔ الغنم ۔ بکری کا
ممیانا۔
الثواج ۔ بکری کی آواز۔
ثَئِدَ (س، ثَأَدًا ۔ النبتُ ۔ نبات
کا تروشاداب ہونا۔
الرجلُ او المکانُ ۔ ٹھنڈا ہونا
صفت۔ (ثئد و ثَئِید)
الثأد و الثأد ۔ نمناک مٹی۔ تری شبنم
ٹھنڈا۔ براکام۔ نرم وشاداب نبات۔
الثأدة ۔ موٹی عورت۔
الثأداء ۔ لونڈی۔ ما انا ابن ثأداء
میں عاجزاور کمزور رائے والا نہیں ہوں۔
الثادة ۔ موٹاپا۔
ثَأَرَ (ف، ثَأْرًا ۔ القتیل و بالقتیلِ
خون کا مطالبہ کرنا۔ قاتل کو قتل کرنا۔
صفت ثائر ۔ کہا جاتا ہے۔
ثأرة بکذا ۔ اس نے فلاں کے ذریعہ
خون کا بدلہ لے لیا۔
ثُئِرَ زیدٌ ۔ زید سے خون کا بدلہ لیا
گیا۔
اَثْأَرَ و اثّأر ۔ منه ۔ خون کا بدلہ لینا۔
استثأر ۔ خون کا بدلہ لینے کے لیے فریاد
کرنا۔ یا مدد مانگنا۔

الثأر و الثؤرة ۔ خون کا بدلہ۔ جرم
کا بدلہ۔
ج۔ اثآر و آثار و ثائر ۔ کہتے ہیں۔
هو ثأرك ۔ یعنی وہ تمھارے
رشتہ دار کا قاتل ہے۔ ” و یا ثارات
فلان “ اے فلاں کے قاتلو۔
و الثأر المنیم ۔ خون کا وہ تسلی بخش
بدلہ جس کے بعد طالب چین کی نیند
سوئے۔
ثَئِطَ (س، ثَأَطًا ۔ اللحمُ ۔ گوشت
کا خراب ہونا۔
ثئِطَ ۔ الرجلُ ۔ آدمی کو زکام ہونا۔
صفت۔ (مثئوط)
الثوءاط ۔ زکام۔
الثأطة ۔ بدبودار کیچڑ۔ اور اسی سے یہ
مثل ہے ثأطة مُدَّت
بماء ۔ یہ مثل اس وقت بولی
جاتی ہے کہ ایک خرابی کے ساتھ
دوسری اسی جیسی خرابی نمودار ہو جائے۔
ج۔ ثأط۔
الثأطاء ۔ بیوقوف۔
ثُؤلِلَ و تثألل ۔ جسده ۔ جسم کا مسے
والا ہونا۔
الثؤلول ۔ مسہ۔ پستان کا سرا۔ گھنڈی۔
ج۔ ثآلیل۔
ثَأَى (ف، ثَأْيًا و اثأى ۔ الشیءَ ۔
پھاڑنا چیرنا۔ کمزور کرنا۔ خراب کرنا۔
” و اثأى فی القوم “ لوگوں میں
فساد کرنا۔ قتل کرنا۔
ثَئِيَ (س، ثَأًى ۔ الشیءُ ۔ چھدنا۔
الثأیُ ۔ نشان زخم۔
الثأی ۔ مص کہا جاتا ہے فلان

یرأبُ الثأی ۔ وہ فساد کی
اصلاح کرتا ہے۔
ثَبَّ (ن، ثَبًّا ۔ جم کر بیٹھنا۔ با وقار
بیٹھنا۔ الامرُ ۔ کام ختم ہونا۔ پورا
ہونا۔
ثَبُتَ (ك، ثَبَاتَةً و ثُبُوتَةً ۔ بہادر
ہونا۔ مستقل مزاج ہونا۔
ثبت (ن، ثَبَاتًا و ثُبُوتًا ۔ فی المکان۔
کسی جگہ ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔
علی الامر۔ کسی کام پر مداومت کرنا۔
ہمیشگی اختیار کرنا۔ صفت۔
(ثابتٌ و ثَبِیتٌ و ثَبْتٌ)
الامر عنده ۔ ثابت ہونا۔ موکد ہونا۔
ثَبَّتَه و اَثْبَتَه ۔ ثابت کرنا۔
الحق ۔ دلائل سے مؤکد کرنا۔
رجسٹر میں نام درج کرنا۔ کہنا کہتے ہیں
طعنه فاثبت فیه الرمح ۔
اس نے اس کو نیزہ مار کر چھید دیا۔
اَثْبَتَ و ثابتَ ۔ الامرَ ۔ کسی معاملہ
کو کما حقہ جاننا۔
استثبتَ و تثبّتَ ۔ فی الامر و الرای۔
کسی کام یا رائے میں آہستگی سے
کام لینا۔ مشورہ کرنا۔ خوب چھان بین
کرنا۔
التثبیت ۔ ثابت ہونا۔ دلیل۔ حجت۔
کہتے ہیں لا احکم الا بثبت ۔ یعنی
میں بغیر دلیل و حجت کے فیصلہ نہیں
دیتا۔
الثبات ۔ برقع کے بند یا ڈوریاں۔ کجاوہ
باندھنے کے تسمے۔
الثُّبات ۔ وہ بیماری جو بیمار کو حرکت نہ
کرنے دے۔ بہادر شہسوار جس کا حملہ خطا
نہ جاتا ہو۔

الإثبات۔ ایجاب۔ نفی کی ضد
الاثبات۔ قوم کے معتبر لوگ۔ مفرد ثَبْتٌ
کہا جاتا ہے "فلانٌ ثبتٌ مِن الاثباتِ"
یہ مجاز ہے جس طرح کہتے ہیں فلانٌ
حُجّۃٌ۔ جبکہ کوئی روایت میں ثقہ
ہو۔
الثوابت۔ سیاروں کے علاوہ ستارے
حرکت نہ کرنے والے ستارے۔ واحد
ثابتۃ۔
المثبت۔ مع۔ تسموں سے بندھا ہوا۔
مریض مثبت۔ صاحب فراش بیمار
ثبج۔ (ن) ثبجًا و ثبّج۔ الکلام
ٹھیک کلام نہ کرنا۔ بے ترتیب بولنا
الخطّ۔ بے ترتیب لکھنا۔ تحریر میں
غیر معروف طریقہ برتنا۔
ثبج۔ (ض) ثبجًا و ثبوجًا۔ پاؤں کی
انگلیوں پر بیٹھنا۔
ثبّج و تثبّج۔ الراعی بالعصا۔
گڈریے کا لاٹھی کو پیٹھ پر رکھ کر اس
کے پیچھے اپنے ہاتھ رکھنا۔
اِثبأجّ۔ السقاءُ۔ مشک کا بھر جانا۔
الرجلُ۔ آدمی کا موٹا اور ڈھیلا ہونا۔
الثبج۔ کاندھے اور پیٹھ کا درمیانی حصہ۔
ہر چیز کا درمیانی حصہ۔ بڑا حصہ۔ بلند
حصہ ج۔ اثباج و ثبوج۔ کہا جاتا
ہے یرکبون ثبج ھذا البحر۔
وہ اس سمندر کے بڑے حصہ پر سوار
ہوئے وکمت الحُمُر اثباج
الآکام۔ گدھے ٹیلوں کی چوٹیوں پر
چڑھ گئے۔
الاثبج۔ چوڑی پیٹھ والا۔ کبڑی پیٹھ والا
رجلٌ مثبّج۔ بے ڈول لمبے قد
والا آدمی۔
ثبرہ (ن) ثبرًا۔ لعنت کرنا۔ دھتکارنا
ناکام کرنا۔ ہلاک کرنا۔ عن کذا
منع کرنا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔ (ثبورًا)
ہلاک ہونا۔
ثَبِرَت۔ (س) ثَبَرًا۔ القرحۃُ۔
زخم کا کھل کر بہہ پڑنا۔
ثابر۔ ثبارًا و مثابرۃً۔ علی الامر
کسی کام پر مداومت اور ہمیشگی
اختیار کرنا۔
ثبّر۔ فلانًا بالشیء۔ کسی کو کسی شے
پر روک دینا۔ اللہُ فلانًا۔ ہلاک
کرنا۔
تثابروا۔ ایک دوسرے پر حملہ آور ہونا۔
الثبرۃ۔ نرم زمین۔ زمین یا پہاڑ میں گڑھا۔
المثبر۔ مذبح۔ بوچڑ خانہ۔ عورت کے بچہ
جننے یا اونٹنی کے بچہ دینے کی جگہ۔
المثبور۔ محروم۔ روکا ہوا۔
الثُبرۃ۔ کھلیان میں صاف کئے ہوئے
غلہ کا ڈھیر۔
ثبطہ۔ (ن) ثبطًا و ثبطۃ۔ ۔۔۔
عن الامر۔ کسی امر سے باز رکھنا۔
علی الامر۔ کسی کو کسی کام پر موقوف
رکھنا۔
اثبطہ۔ المرضُ۔ بیماری کا کسی کو
چمٹ جانا اور اس کو نہ چھوڑنا۔
تثبّط۔ عن الامر۔ کسی کام میں دیر
لگانا یا اس سے رکنا۔
الثبط۔ کمزور۔ بیوقوف۔
ج۔ اثباط و ثباط۔ مؤنث۔
ثبطۃ۔ ثبق (ض) ثبقًا و
ثبقانًا۔ النھرُ۔ نہر کا پانی بڑھ
جانا اور اس کا تیز بہنا۔
العینُ۔ آنکھ کا تیزی سے آنسو
بہانا۔
الثُبلُ و الثُبلُ۔ برتن میں نیچے باقی
رہی ہوئی چیز۔
ثبِن (ض) ثبنًا و ثبانًا۔ الثوبَ۔
کپڑے کے ایک طرف کو موڑ کر اس کو
سینا۔ (و تثبّن) الشیءَ۔ جھولی
میں رکھ کر لے جانا۔ پاجامہ کے نیفے
میں رکھ لینا
الثُبنۃ۔ ج۔ ثُبَن و الثبان۔
ج۔ ثُبُن۔ جھولی۔ دامن کی گودی جو
کسی چیز کے لینے کے لیے پھیلائی
جائے۔
الثِبن۔ چادر کا مڑا ہوا طرف۔
المثبنۃ۔ وہ تھیلی جس میں عورت آئینہ وغیرہ
رکھتی ہے ج۔ مثابن۔
ثبَی (ض) ثبیًا۔ الشیءَ۔ جمع
کرنا۔ ثبّی۔ الشیءَ۔ جمع کرنا۔
تعظیم کرنا۔ اصلاح کرنا۔ تمام کرنا۔ کہا
جاتا ہے
"ثبّی اللہ لہ النعم۔ اللہ
تعالیٰ نے اس کے لیے نعمتوں کے
تودے لگا دیے۔
علی الامر۔ کسی کام میں لگاتار مشغول رہنا
علی فلانٍ۔ کسی کے خلاف مدد طلب
کرنا۔
الثُبۃ۔ حوض کا بیچ۔ جماعت۔ سواروں
کا گروہ۔
ج۔ ثُبات و ثُبون۔
الاُثبیّۃ۔ بڑی جماعت۔ ج۔ اثابیّ۔
الثّبیّ۔ لوگوں کی بہت تعریف کرنے والا۔
ثَتِن (س) ثتنًا۔ اللحمُ۔ بدبودار
ہونا۔
ثجّ (ن) ثجوجًا۔ الماءُ۔ پانی کا بہنا۔
(ثجًّا) الماءَ۔ پانی بہانا۔ انثجّ
الماءُ۔ پانی کا بہنا۔ مطرٌ ثجّاجٌ
بہت برسنے والی بارش۔ عینٌ
ثجوجٌ۔ بہت پانی والا چشمہ۔
الثجلۃ۔ باغ جس میں حوض ہو۔
ج۔ ثجات۔

التَجیجُ۔ زبردست سیلاب۔
المِثَجّ۔ خوش بیان لیکچرار۔ خطیب۔
تَجَثجَجَ۔ الماءُ۔ پانی بہانا تَثَجْثَجَ
بہنا۔ جاری ہونا۔
ثَجَرَ(ن)، ثجراً۔ التمرَ کھجور کو بسر کی
گٹھلی کے ساتھ ملانا۔
ثَجَّرَہ۔ چوڑا کرنا۔ وسیع کرنا۔
الثُجرۃ۔ درمیان۔ وسط کہتے ہیں "اقاموا
فی ثجرۃ الوادی"۔ وہ وادی کے
بیچ میں ٹھہرے۔ کہا جاتا ہے۔
"طعنوھم فی الثغر و الثجر"
الثَجرُ و الثجر و الاثجر۔ من الورق
ونحوہ۔ موٹا اور چوڑا پتا۔
ثَجِلَ(س)، ثَجَلاً۔ بڑے پیٹ
والا ہونا۔ صفت۔ اَثْجَل۔
مؤنث۔ ثجلاء۔ ج۔ ثُجْل۔
کہا جاتا ہے۔ مزادۃ ثجلاء۔
کشادہ توشہ دان۔
ثجمت(ض)، ثجماً و اثجمت۔ السماءُ
بارش۔ جلدی برسنا۔
ثجمہ عنہ۔ کسی کو کسی چیز سے جلد
پھیر دینا۔
ثَجَا(ن)، ثجواً۔ خاموش رہنا۔
اثجاہ۔ چپ اور خاموش کرنا۔
ثَخُنَ(ک)، ثِخناً و ثخانۃً و
ثخونۃً۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
صفت۔(ثخین) ج۔ ثخناء۔
اَثخَنَ۔ فی الامر۔ مبالغہ کرنا۔
فی العدوّ۔ قتل میں زیادتی کرنا۔
فی الارض۔ خونریزی میں حد سے
آگے بڑھنا۔
اثخنتہُ الجراحُ۔ زخم کا انسان کو
کمزور و نڈھال کرنا۔
اثخن۔ کمزور و سست ہونا۔
استثخن منہ المرض او النوم
بیماری یا نیند کا غالب آنا۔
ثَدَغَ(ف)، ثَدْغاً۔ راسہ۔
کچلنا۔ پھوڑنا۔ اِنْثَدَغَ کچلا
جانا۔
ثَدَقَ(ن)، ثدقاً۔ المطرُ۔ بارش
کا پڑنا۔
السحابُ۔ بادل کا بارش برسانا۔
صفت (ثادق) الثدقیم۔ بے وقوف
انثدق۔ الناسُ علیہ۔ لوگوں کا
کسی پر حملہ کرنا۔
ثَدَّمَ۔ الابریق۔ لوٹے پر صافی ڈالنا
الثَدْم۔ کلام وحجت میں عاجز۔ بیوقوف۔
سست۔ مؤنث۔ ثدمہ۔
الثدام۔ چھلنی۔ صافی۔ فلٹر۔
ثدن(س) ثدناً۔ اللحمُ۔
گوشت کا بو دینا۔ بدبودار ہونا۔
(وثُدِّنَ) الرجلُ۔ پُرگوشت
اور بھاری بدن والا ہونا۔ صفت۔
(ثدن و مُثَدَّن)
اَثْدَنَ۔ الشئ۔ چیز کو چھوٹا کرنا۔
ثَدَا(ن)، ثَدْواً۔ تر کرنا۔
ثَدِیَ(س)، ثَدًی۔ تر ہونا۔
الثَدْی و الثَدِی۔ پستان
(مذکر و مؤنث) ج۔ ثُدِیّ و ثِدِی
و اَثْدٍ۔
الثَدْیاء۔ بڑے پستان والی عورت۔
ثَرَّ(ن ض)، ثَرّاً و ثروراً و ثَرَارۃً
و ثَرَاسَۃً۔ الشئُ۔ کشادہ ہونا
السحابۃُ او العینُ۔ بادل
یا آنکھ کا بہت پانی والا ہونا۔ صفت
مؤنث (ثَرّۃ و ثَرُور) صفت
مذکر۔ (ثَرّ) ج۔ ثِرار۔
کہا جاتا ہے مطرٌ ثَرٌّ۔ موسلا
دھار بارش (فرسٌ ثَرٌّ) لمبے
لمبے قدم رکھنے والا۔ شاۃٌ
ثَرَّۃٌ بہت دودھ دینے والی
بکری۔
ثَرَّہ(ن) ثرّاً متفرق کرنا۔
السحابۃ ماءھا۔ بادل کا
پانی برسانا۔
ثَرَّرَ۔ المکان۔ جگہ کو تر کرنا۔
الثَرثَر۔ بہت بولنے والا۔ باتونی۔
الثارۃ۔ بہت بولنے والی عورت۔ باتونی
عورت۔
الثَرّارۃ۔ من العیون۔ بہت پانی
والا چشمہ۔
ثَرَبَہ(ض) ثرباً و تثریبہ۔ و ثرّبَ
علیہ و اثربہ۔ کسی کے فعل کو
قبیح اور برا بتانا۔
اَثْرَبَ الکبشُ۔ مینڈھے کی اوجھڑی اور
انتڑیوں پر چربی کا زیادہ ہونا۔
صفت (اثرب)، مؤنث۔ ثرباء۔
الثَرْبُ۔ اوجھڑی اور انتوں کے اوپر کی
چربی۔ ج۔ ثُروب و اَثْرُب۔
جج۔ اثارب۔
المُثَرِّب۔ [illegible] شری فسادی۔
ثَرْثَرَ۔ ثرثرۃً۔ الشئَ۔ بکھیرنا۔
متفرق کرنا۔ الکلامَ۔ بکواس
کرنا۔ فضول بک بک کرنا۔ صفت
(ثرثار)
ثَرَدَ(ن) ثرداً و اثّرد و اثترد۔
الخبزَ۔ روٹی کو شوربے میں
بھگونا۔ صفت مفعول (ثرید و
مثرود) ثرید بنانا۔
ثرّد الثوب۔ کپڑے کو رنگ میں
بھگونا۔
الثَرِید و الثریدۃ۔ شوربے
میں بھگوئی ہوئی روٹی۔ ج۔ ثُرُد
و ثرائد۔
ثَرِدَ و ثُرِدَ۔ من المعرکۃ

میدان کارزار سے واپس آجایا جاتا۔
الثَّرد۔ ہلکی بارش۔
الثُّرد۔ ہونٹوں کی پھٹن۔
الاَثرد۔ پھٹے ہونٹ والا۔
ارض (مثرودۃ و مثرّدۃ)
وہ زمین جس پر خفیف سی بارش
پڑتی ہو۔
الثَّرط۔ سریش۔
ثَرِعَ (س) ثَرَعًا۔ الرجلُ۔ طفیلی
بننا۔ بغیر بلائے دعوت میں جانا۔
(الثُّرعلۃ) مرغ کی گردن کے پر
الثُّرعُل۔ لومڑی۔ روباہ۔ الثُّرعُول
ایک قسم کی گھاس۔
ثَرَمَہ۔ (ض) ثَرمًا و اثرمہ۔
دانت کو جڑ سے توڑنا۔
ثَرِمَ (س) ثَرمًا و انثرم۔ دانت کا
جڑ سے ٹوٹنا۔ صفت۔ الاثرم
مونث۔ ثرماء۔ ج۔ ثُرم
الثُّرمان۔ ایک درخت ہے جس کو اونٹ
اور بکری کھاتے ہیں۔
الاَثرمان۔ رات دن، زمانہ، موت۔
ثرا۔ (ن) ثَراءً و ثَرِیَ (س)، ثَرِیَ
الرجل۔ آدمی کا بہت مال والا
ہونا۔ ثراہ۔ بالولد۔ میں کسی سے
فوقیت لے جانا۔ ثَرا اللہ
القوم۔ اللہ نے قوم کو زیادہ
کیا۔
اَثری۔ اِثراء۔ بہت مالدار ہونا۔
صفت۔ ثَرِیّ و مُثرٍ ثَرِیٌّ
مونث۔ ثرواء۔
الثَّراء و الثَّروۃ۔ مال کی زیادتی یا
قوم کی کثرت۔
الثُّریّا۔ پروین۔ ستاروں کا جھمکا۔
برج ثور کے گردن کے سات ستارے
جھاڑ۔

الثَّروان۔ بہت مال والا۔
ثَرِیَ (س) ثَرًی و اَثری۔ التراب۔
مٹی کا خشک ہونے کے بعد تر و نرم
ہونا۔ صفت: ثَرٍ و اثرٰی،
مونث ثَرِیَۃ۔ و ثَرْیاء۔
اثرت الارض۔ زمین کا نمناک
ہونا۔ اثری المطرُ۔ بارش کا
زمین کو نمناک کرنا۔
ثَرّی۔ (۲) ترکرنا۔ المکان
چھڑکاؤ کرنا۔
الثَّرٰی۔ تری۔ نمناکی۔ (و الثراء)
نمناک مٹی۔ خیر۔ ج۔ اثراء۔
کہا جاتا ہے یلبس الثری
بینھم۔ ان کے درمیان مٹی
خشک ہو گئی۔ یعنی وہ دوست سے
دشمن ہو گئے۔ فلان قریب
الثَّرٰی۔ خیر سے قریب ہے
الثری و الثَّری من المال۔
بہت مال۔ یماء ثَرِیَّۃ بہت
ہے۔
الثَّطاطۃ۔ کیچڑ۔
ثَطَّ (ن) ثَطًّا۔ پاخانہ کرنا۔
ثَعَّ (ض) ثعًّا قے کرنا۔
اِنْثَعَّ۔ الاکل من فمہ و الدم
من انفہ و جرحہ۔ کھائی
ہوئی غذا منہ سے نکلنا اور خون ناک
یا زخم سے بہنا یا جاری ہونا۔
ثَعَبَ (ف) ثَعبًا الماءَ پانی کو
جاری کرنا۔ علیہم الغارۃ
لوٹ ڈالنا۔ انثعب۔ الماءُ
پانی کا نالی یا پرنالہ میں جاری ہونا۔
الثَّعب۔ وادی میں پانی کے بہاؤ کی
جگہ۔ ج۔ ثُعبان۔ ماءٌ او
دمٌ۔ ثَعبٌ و ثَعِبٌ (الثعوب)
بہتا ہوا پانی یا خون

الثُّعوب۔ بت
الثُّعبۃ۔ خبیث قسم کا گرگٹ۔
المَثعب۔ نالی یا پرنالہ۔
الثُّعبان۔ اژدھا (مذکر و مونث) ج۔
ثعابین۔
ثَعِطَ (س) ثَعطًا۔ اللحمُ او الماءُ۔
گوشت یا پانی کا بدبودار ہونا۔
الثَّعفۃ۔ سوجنا اور پھٹنا۔
الثَّعطۃ۔ گندہ انڈا۔
ثَعِلَت (س) ثَعَلًا۔ اسنانُہ،
دانتوں کا ایک دوسرے پر نکلنا۔
صفت (اثعل) مونث ثعلاء
ج۔ ثُعل۔
ثَعَل۔ الامرُ۔ کسی کام کا سخت و دشوار
ہونا کہ اس کی انجام دہی کا راستہ
نہ سوجھے۔
الثُّعیوف۔ مہمانوں کا بہت ہونا،
زیادہ ہونا۔
الثَّعَل۔ اونٹ یا بکری یا گائے کے تھن
میں ہاکی کی زیادتی۔ ج۔ ثعول۔
الثُّعُل۔ مشک کے بدبودار ہونے پر
اس میں پیدا ہونے والا کیڑا۔
الثعلول۔ غضب ناک۔
ثُعالۃ۔ لومڑی (غیر منصرف)
ارض (مثعلۃ) وہ زمین جس میں
لومڑیاں بکثرت ہیں۔
ثعلب و تثعلب۔ لومڑی کے مانند
مکر و فریب کرنا۔
الثَّعلب۔ لومڑی۔ یہ مکر و فریب میں
ضرب المثل ہے۔ لومڑی کے متعلق
مشہور ہے کہ اس کے بال ہر سال
گر جاتے ہیں اور اسی لیے داءُ
الثعلب۔ اس بیماری کو کہتے ہیں جس
میں بال جھڑ جائیں۔ مادہ ثعلبۃ
اور نر کو ثعلبان کہتے ہیں۔ اور

ثَعْلَب مذکر و مونث ہر دو کے لیے آتا ہے۔ ج۔ ثَعالِب و ثَعال
الثعلب۔ نیزے کا وہ سرا جو پھل میں لگایا جاتا ہے
الثَّعْلَبِیَة۔ دم کی ہڈی۔ سُرین۔
عِنَبُ الثَّعْلَب۔ مکو۔ کہا جاتا ہے مکانٌ وَمَثْعَلبٌ و ارض مُثَعْلَبَةٌ۔ بہت لومڑیوں والی جگہ یا زمین۔
ثَعَب (ف)، ثَعْبًا۔ الشاةَ۔ بکری کو ذبح کرنا۔ ہ۔ بالرُمح۔ کسی کو نیزہ بھونکنا۔
ثَعِبَ (س) ثَعَبًا۔ الجمدُ۔ برف کا پگھلانا۔ الدمُ۔ خون کا بہنا۔
تَثَعَّبَتْ لثة بالدم۔ مسوڑے سے خون بہنا
الثَّعْبُ۔ ج۔ ثِعاب و اَثْعَاب و (الثَّعَبُ) ج۔ ثِعْبان و ثُعْبان پہاڑ کے سایہ میں تالاب کہ دھوپ نہ پہنچنے کی وجہ سے اس کا پانی ٹھنڈا ہو۔
ثَعْثَعَ۔ ثَعْثَعَةً۔ کلامہ۔ کلام کو مخلوط کرنا۔ گفتگو کو غلط ملط کرنا۔ صفت (ثَعْثَعٌ و ثُعْثَاع۔) کہا جاتا ہے فلانٌ یُثَعْثِعُ فی کلامہ۔ فلاں بے ترتیب اور گڑبڑ گفتگو کرتا ہے
ثَغَر (ف) ثَغْرًا۔ الاناءَ۔ برتن میں سوراخ کرنا یا اس کو توڑنا۔
سِنَّہ۔ دانت نکالنا۔ اکھیڑنا۔
الثُّلمةَ۔ رخنہ بند کرنا۔ الجدار گرا دینا۔
الرجلَ۔ کسی کے دانت توڑنا۔ کہا جاتا ہے ثَغَرَهُم وثغر علیهم اس نے درے میں داخل ہونے کے

تمام راستے ان پر بند کر دیے۔
ثُغِرَ و اُثْغِرَ۔ منہ کھلا جانا۔ الصبیُّ۔ بچہ کا دانت ٹوٹنا۔ یا نکلنا۔
الثَّغر۔ اگلے دانت۔ منہ۔ سرحد۔ پہاڑ یا وادی کی کشادگی۔ ج۔ ثُغُور۔ کہا جاتا ہے۔ اَمْسَوْا ثُغُورًا۔ وہ لوگ متفرق ہو گئے۔
الثُّغْرَة۔ رخنہ۔ ہنسلی کا درمیانی گڑھا آسان راستہ اور اسی سے ہے۔ ھو یَخْتَرِقُ ثُغَرَ المجد۔ وہ بزرگی کے راستوں پر چلتا ہے۔
الثُّغُور۔ ملک کی سرحدات پر خطرے کی جگہ۔
المَثْغَر۔ راستہ۔ دشمن کے ملک کی سرحد۔
الثَّغرب۔ زرد دانت۔
اَثْغَم۔ الوادی۔ وادی کا درخت ثغامة پیدا کرنا۔ الراسُ۔ سر کا سفید ہونا۔ الرجلَ۔ کسی کو غضب ناک بنانا۔ مبتلائے بدہضمی کرنا۔
ثاغَمہ۔ بوسہ دینا۔
الثَّغِم۔ کاٹنے والا کتا۔
الثَّغام۔ ایک قسم کا سفید پھولوں والا درخت۔ واحد۔ ثَغَامَة۔
الثَّاغِم۔ سفید۔
ثَغَتْ (ن)، ثُغَاءً۔ الشاةُ۔ بکری کا ممیانا۔ کہا جاتا ہے۔ ما له ثاغیة ولا راغیة۔ اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹنی۔ وما بالدار ثاغ ولا راغ۔ گھر میں کوئی بھی نہیں ہے۔
اَثْغَی۔ اِثْغَاءً۔ الشاةَ۔ بکری کو

ممیانے پر اکسایا۔ کہا جاتا ہے اتیتُه فما اَثْغَی ولا ارغی۔ میں اس کے پاس آیا تو اس نے مجھے نہ بکری دی نہ اونٹنی۔
الثَّغْیَة۔ بھوک۔ اور قبیلہ کا خالی ہو جانا۔ کہتے ہیں۔ اصاب الحیَّ ثغیةٌ۔ قبیلہ کو بھوک کی آفت پہنچی۔
ثَفَأَ (ف)، ثَفْأً۔ القدرَ۔ ہانڈی کے جوش کو ٹھنڈا کرنا۔
الثُّفَاء۔ رائی۔
ثَفَدَ۔ الدِرعَ۔ زرہ کو لباس کے نیچے پہننا۔
الثنافید۔ اوپر نیچے سفید بادل۔ (والمثافید) کپڑوں کے استر واحد۔ مثفد۔
اَثْفَرَ و ثَفَرَ۔ الحمارَ۔ پیچھے سے چلانا۔ دمچی بنانا۔ یا کسنا۔
استثفر۔ الکلب بذنبہ۔ کتے کا دم دبانا۔ المُصارعُ بثوبہ۔ لنگوٹ باندھنا۔
الثَّفْر و الثَّفَر۔ زین کے پچھلے حصہ کا تسمہ۔ ج۔ اَثْفَار
ثَفَلَ (ن)، ثَفْلًا و ثُفُولًا۔ الرحی۔ چکی کے نیچے چمڑہ رکھنا۔ الشیءَ۔ یکبارگی بکھیر دینا۔
اَثْفَلَ۔ الخمرُ۔ شراب کا نتھرنا۔
الشرابُ۔ تلچھٹ والا ہونا۔
ثافلة۔ ہم نشینی کرنا۔
تَثَفَّلَ۔ مجد و بزرگی میں کوتاہ ہونا۔ کہتے ہیں تثفله عرقُ سوءٍ۔ اس کو کم نسلی نے شرف و بزرگی سے کوتاہ بنا دیا۔ اِسْتَه۔ بیٹھنا۔
الثِّفَال۔ آہستہ رفتار اونٹ۔ یا کوئی دوسرا جانور۔

الثِفَال۔ چکی کے نیچے والا چمڑا۔
و الثُفَال۔ چکی کا نچلا پاٹ۔
الثُفُل و الثَافِل۔ تلچھٹ۔
الثافِل۔ گوبر۔
الثَفِل۔ تلچھٹ کھانے والا۔
ثَفَنَت (ض)، ثَفْنًا۔ الناقةُ
اونٹنی کا گھٹنے سے مارنا۔
ثَفَنَهُ۔ دفع کرنا۔ مارنا۔ ثَفَنَ۔ الشیءَ
لازم ہونا۔
ثَفِنَت (س)، ثَفَنًا۔ یدُهٗ۔ کام
کرنے سے ہاتھ سخت ہو جانا۔
اَثْفَنَ۔ العملُ یدَهٗ۔ سخت کر
دینا۔
ثَافَنَةً۔ کسی کے ساتھ ہم نشینی کرنا۔
ہم زانو ہو کر بیٹھنا۔ کسی کے ساتھ
چمٹے رہنا۔ یہاں تک کہ اس کی نیت
یا راز کا پتہ لگا لینا۔ علی کذا
مدد کرنا۔
الثِفْنَة۔ من البعیر۔ اونٹ کے
بدن کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین
پر لگے اور وہ سخت ہو گیا ہو کہتے
ہیں۔ تخوی البعیر علی
ثِفْنَاتِهٖ۔ یعنی اونٹ بیٹھ گیا۔
من الانسان۔ انسان کے زانو۔
من الخیل۔ گھوڑے کے زانو
کا باطنی حصہ۔ ج۔ ثَفِنَات
الثفنة۔ لوگوں کی جماعت کو
بھی کہتے ہیں۔
ثَفَا (ن)، ثَفْوًا۔ ه۔ تابع ہونا، پیچھے
جانا۔
اَثْفَیَ۔ الرجلُ۔ آدمی کا تین عورتوں
سے نکاح کرنا۔
(و ثَفَّیَ) ہانڈی کو چولھے کے
پایہ پر رکھنا۔
المُثَفَّی۔ وہ شخص جو تین یا تین سے
زائد بیویوں کو دفن کر چکا ہو۔
المُثَفَّاة۔ وہ عورت جس کے تین یا تین
سے زائد شوہر مر چکے ہوں۔
ثَقَبَ (ن)، ثَقْبًا۔ الشیءَ۔ کسی چیز میں
سوراخ کرنا۔ چھیدنا۔
(ثُقُوبًا)، النارُ۔ آگ کا روشن
ہونا۔ النجمُ۔ ستارہ کا چمکنا۔
الطائرُ۔ پرندہ کا اونچا اڑنا۔
الناقةُ۔ اونٹنی کا بہت دودھ
والی ہونا ــــ رائحتُهٗ۔ کا
نافذ ہونا ــــ الرائحةُ
خوشبو پھیلنا۔
ثَقُبَ (ك)، ثَقَابَةً۔ سرخی میں
آگ کے مشابہ ہونا۔ صفت۔
(ثَقِیب) مؤنث ثَقِیبَة۔
ثَقَّبَ و تَثَقَّبَ۔ الشیءَ۔ سوراخ
کرنا۔
ثَقَّبَهُ الشیب و ثَقَّبَ فیه الشَّیب
بڑھاپا ظاہر ہونا۔ کسی میں آثارِ پیری
کا ظاہر ہونا۔
ثَقَّبَ و اَثْقَبَ۔ النارَ۔ آگ جلانا۔
الثَقْبُ۔ سوراخ۔ ج۔ اَثْقُب و
ثُقُوب۔
الثُقْبَة۔ چھوٹا سوراخ۔ ج۔ ثُقُب
و ثُقَب۔
الثِقَاب و الثُقُوب۔ آگ سلگانے کی
چھوٹی چھوٹی لکڑیاں۔ ان کو عوام
شعط یا لفط کہتے ہیں۔ چپٹیاں۔
الثَاقِب۔ فا۔ رایٌ ثاقبٌ۔ بات کی
تہہ تک پہنچنے والی رائے۔
عقلٌ ثاقبٌ۔ عقل کامل۔
حسبٌ ثاقبٌ۔ مشہور و معروف
حسب کہتے ہیں۔ نَحْنُ اَثْقَبُ
الناس انسابًا۔ یعنی لوگوں میں
ہمارا نسب سب سے زائد، واضح
اور مشہور ہے۔
المِثْقَب۔ برما۔ کہتے ہیں۔ رجلٌ
مِثْقَبٌ۔ یعنی باخبر تجربہ کار۔ عمدہ
رائے رکھنے والا آدمی۔
المِثْقَب و المثقب۔ بڑا راستہ
سخت اور دشوار راستہ۔ کہتے ہیں۔
هو طَلَّاعُ المثاقِبِ۔ یعنی وہ بڑا
بہادر من چلا ہے۔
المُثَقَّب۔ سوراخ کیا ہوا۔
ثَقِفَ (س)، و ثَقُفَ (ك)، ثَقْفًا و
ثَقَفًا و ثِقَافَةً۔ ذہین ہونا۔
ہوشیار ہونا۔ دانا ہونا۔ صفت۔
ثَقْفٌ و ثَقُفٌ و ثَقِفٌ و ثَقِیفٌ
ثَقِفَه (س)، ثَقْفًا۔ فتح مند و
کامیاب ہونا۔ کسی کو جا پکڑنا۔
ثَقْفًا و ثَقَافَةً و ثُقُوفَةً
الکلام۔ بات کو جلد سمجھ لینا۔
ثَقَفَه (ن)، ثَقْفًا۔ مہارت میں بڑھنا
بالرمح۔ نیزہ مارنا۔
ثَقَّفَ۔ الرُمحَ۔ نیزہ کو سیدھا کرنا۔
الولدَ۔ لڑکے کو مہذب بنانا۔ تربیت
دینا۔ تعلیم دینا۔
ثَاقَفَه۔ ہتھیاروں سے باہم کھیلنا۔
مہارت میں بڑھنا۔ مخاصمت کرنا۔
جھگڑا کرنا۔ کہتے ہیں۔
ثَاقَفْتُهٗ فَثَقَفْتُهٗ۔ میں نے اس پر
غلبہ کی کوشش کی۔ پس غالب ہو گیا۔
تَثَاقَفَا۔ باہم جھگڑا کرنا۔ دانائی میں ایک
دوسرے پر غالب آنے کی کوشش
کرنا۔
الثِقَاف۔ جھگڑا۔ تیروں کو سیدھا کرنے
کا اوزار۔
امراةٌ (ثَقَافٌ) بہت ذہین عورت
الثِقِّیف۔ بہت ہوشیار۔ بہت زیرک
و چالاک۔

خلٌ ثقیفٌ۔ بہت کھٹا سرکہ
المُثَقَّف عرفِ شعراء میں نیزہ۔
ثَقُلَ (ک) ثِقلاً و ثَقَالۃً۔ بھاری
ہونا۔ بوجھل ہونا۔ صفت۔ (ثَقِیل
وثُقَال و ثِقَال، ج۔ ثُقَلاء
و ثِقال و ثُقُل۔
السمعُ۔ کچھ بہرا ہونا۔ کچھ اونچا
سننا۔
القولُ۔ کسی بات کا سننا ناگوار ہونا۔
المراۃُ۔ عورت کا حمل ظاہر ہونا۔
ثَقَلہ (ن) ثَقلاً۔ وزن معلوم کرنے کے
لیے ہاتھ میں اٹھانا۔
ثَقُلَ (ک) ثُقلاً المریض۔ بیماری
کا سخت ہو جانا۔
ثَقّلہ۔ بوجھل کرنا۔ بھاری کرنا۔ الحرفَ
تشدید دینا علیہ۔ کسی پر بھاری
بوجھ دینا۔
ثاقل۔ ثقیل کھانا کھانا یا کھلانا۔
اَثقلہ۔ بھاری بوجھ لادنا۔ ۵ المرضُ
بیماری کا سخت ہونا۔
اثقلتِ المراۃ حمل کا بھاری ہونا۔ اور
ولادت کا وقت قریب آنا۔ صفت
مؤنث۔ (مُثقِل و مُثقِلہ)
تثاقل۔ بتکلف ثقل ظاہر کرنا۔ عنہُ
دیر لگانا۔ القومُ۔ قوم سے
مدد طلب کرنے کے باوجود اس کا
مدد کے لیے نہ اٹھنا۔
اِثّاقل۔ الی الدنیا۔ دنیا کی طرف
جھکنا۔ مائل ہونا۔
اِستثقل۔ الشئُ۔ چیز کا بوجھل ہونا
الشئَ۔ بوجھل پانا۔ بفلانٍ۔
کسی کا بوجھ محسوس کرنا۔
الثاقل۔ بوجھل۔ مرضٌ ثاقلٌ۔
سخت بیماری۔ دینارٌ ثاقلٌ۔
پورا دینار۔ ج ثواقل۔ کہتے ہیں

اصبح ثاقِلاً۔ اس کو بیماری نے
بوجھل کر دیا۔
الثَّقَل۔ مسافر کا سامان اور اس کے
نوکر چاکر۔ کہتے ہیں ھللمسافر
ثقلٌ کثیرٌ۔ ہر چیز نفیس و قیمتی
ہے۔ ج۔ اثقال۔
الثقلان۔ انسان اور جن۔
الثِّقل۔ بوجھ۔ وزن، کہتے ہیں
اعطہ ثِقلہ۔ اس کو اس کے
برابر دو۔ ج۔ اثقال۔
الاَثقال۔ زمین کے خزانے اور دفینے۔
مُردے۔ قرآن مجید میں ہے۔
واخرجتِ الارض اثقالہا۔
اور زمین اپنا بوجھ باہر نکال دیگی۔
الثِّقل۔ گرانباری۔
الثَّقَلۃ و الثَّقِلَۃ و الثَّقْلَۃ
و الثِّقلۃ و الثُّقلۃ۔ کل
ساز و سامان۔ کہتے ہیں ارتحلوا
بثقلتھم یعنی وہ معہ اپنے کل
ساز و سامان کے چل دیے۔
الثَّقَلۃ۔ پیٹ میں خوراک کی گرانی
اونگھ۔ کہتے ہیں وجدتُ ثَقَلۃً
فی جسدی۔ میں نے اپنے بدن
میں گرانی و سستی محسوس کی۔
المِثقال۔ تولنے کے اوزان۔
مثقال الشئ۔ چیز کا وزن یا چیز
کی ترازو۔ ج۔ مثاقیل۔ عرف
میں مثقال ڈیڑھ درہم کے وزن کا
ہوتا ہے اور کبھی اس سے کم اور زیادہ
بھی ہوتا ہے۔
ثکل (س) ثکلاً و ثُکلاً ابنہ۔ بچہ کو
گم کرنا۔ کھونا۔ صفت (ثاکل و
ثکلان) مؤنث ثاکل و ثاکلۃ و
ثکلی۔ ج۔ ثواکل و ثکالی۔
اثکل۔ الامُ ولدَھا۔ و اثکل

الولدُ اُمَّہ۔ بچہ نے ماں کو گم
کرا دینا۔ اور ماں کے سامنے بچہ کا
مر جانا۔
الثکول و المِثکال۔ بچہ کو بہت گم
کرنے والی عورت۔ ج۔ مثاکیل
کہتے ہیں نساء الغزاۃ مثاکیل
غازیوں کی عورتیں بچہ کو گم کرنے والی
ہوتی ہیں۔
المَثکَلۃ۔ بچہ کے گم ہونے کا سبب۔
کہا جاتا ہے۔ "رمحہ للوالدات
مَثکلۃ" اس کا نیزہ ماؤں کے
لیے بچوں کے گم کرنے کا سبب ہے۔
ثَکَمَ (ن) ثکمًا۔ الامر و الطریق۔
کسی معاملہ یا راستے کے لیے لازم
ہونا۔
الاَثکَم۔ آثار کا کھوج لگانا لہ الامر۔
کسی معاملہ کو واضح طریقہ سے بیان
کرنا۔
و ثکم (س) ثکمًا بالمکان۔
کسی جگہ اقامت کرنا۔
ثکمُ الطریق و ثکمتہ۔ راستہ کا
درمیان۔
ثُکنۃ۔ کبوتروں کا غول۔ فوجوں کا مرکز
لوگوں کی جماعت۔ چوپایوں کا گلہ یا
ریوڑ۔ گردن کا بند۔ جھنڈا۔ ج۔
ثُکن۔ کہا جاتا ہے۔ حمام ثُکن
اکٹھے کبوتر۔
ثَلّ (ن) ثَلاً۔ البئرَ۔ کنویں کی مٹی نکالنا۔
الوعاءَ۔ برتن سے سب کچھ نکال لینا
(ثَلاً و ثُلولاً) القومَ۔ قوم کو ہلاک
کرنا۔
البیتَ۔ گھر کو گرا دینا۔ کہتے ہیں۔
ثلّ اللہُ عرشَھم اللہ نے ان
کے ملک کو تباہ و برباد کر دیا۔
و ثُلّ عرشُھم۔ ان کی عزت

جاتی رہی۔

الثُّوَاب۔ مٹی گرانا اڑانا۔

کلّ ذی حافر۔ لید کرنا۔

اَثلَہ اِثلالاً۔ ٹوٹ پھوٹ کی مرمت کے لیے حکم دینا۔

الرجلُ۔ کسی کا بہت بھیڑوں والا ہونا۔

فَمَہ۔ کسی کے دانت گر جانا۔

تَثَلّل۔ البیتُ۔ گھر کا ڈھیرے ڈھیرے منہدم ہونا۔

اِنثَلّ۔ گر جانا۔ زمین پر آرہنا۔

الثَّلَل۔ ہلاکت۔ دانتوں کا گرنا۔

الثِّلّۃ۔ ہلاکت۔ ج۔ ثِلَل۔

الثَّلّۃ۔ بھیڑوں کا ریوڑ اون کہتے ہیں کِسَاءٌ جَیّدُ الثَّلّۃ۔ بڑھیا اون کا کمبل۔ کوئیں سے نکالی ہوئی مٹی۔

ج۔ ثِلَل و ثِلَال۔ اون اور بالوں کا مجموعہ۔

الثُّلّۃ۔ انسانوں کی جماعت۔ کہتے ہیں فلانٌ لا یفرق بین الثَّلّۃ و الثُّلّۃ۔ یعنی فلاں بھیڑوں اور انسانوں کی جماعت میں تمیز نہیں کرتا۔

المَثلّۃ۔ صحرا میں سائبان۔

ثَلَبَہ (ض)، ثَلْبًا۔ عیب لگانا۔ ملامت کرنا۔ غیبت کرنا۔ گالی دینا۔ دھتکارنا

الشیءَ۔ [illegible]

ثَلِب (س)، ثَلَبًا۔ الشیءُ۔ کسی شئ کا رخنہ والی ہونا۔

الجلدُ۔ کھال کا سکڑنا۔

ثَلّب۔ بہت بوڑھا ہونا اور دانتوں کا گر جانا۔

الثِّلب۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانت گرا ہوا اونٹ۔ ج۔ ثِلَبۃ و اَثلاب

والثِّلَب۔ عیب۔ ذلیل۔ ج۔ ثِلَب۔ ٹوٹا ہوا نیزہ۔

الاِثلَب والاَثلَب۔ مٹی یا پتھر کا چورا۔

ج۔ اثالب

المِثْلَب۔ عیب لگانے کا عادی۔

المَثلَبۃ۔ عیب۔ گالی کہتے ہیں ما عرفتُ فیہ مَثلَبۃً۔ میں اس میں کوئی عیب نہیں سمجھتا۔

ج۔ مثالب۔

مَثَالِبُ الامر۔ کسی امر کی خامیاں۔

ثَلَثَ (ن)، ثَلْثًا۔ الشیءَ۔ کسی شئ کا ایک تہائی لینا۔

القومَ۔ قوم کا ثلث مال لے لینا۔ ان میں تیسرا ہونا۔

ثَلّثَ۔ الاثنین۔ دو میں شامل ہو کر ان کو تین کر دینا۔

الشیءَ۔ مثلث بنانا۔ الشراب۔ کسی رقیق شے کو اس قدر پکانا کہ تیسرا حصہ رہ جائے۔

الشیءَ۔ تین مرتبہ کرنا۔

اَثلَثَ۔ القومُ۔ تین ہونا۔ تیس ہونا۔ مثلاً کانوا تسعۃ وعشرین فاثلثوا یعنی وہ انتیس تھے تیس ہو گئے۔

الثَّلاثۃ۔ تین۔ مؤنث ثلاث۔ ذو الثلاث تین لڑیوں والی رسی کہتے ہیں فعلہ ثلاثًا۔ اس نے اس کو تین مرتبہ کیا

الثِّلث۔ اونٹنی کا تیسرا بچہ کہتے ہیں سقی زرعہ الثِّلث۔ اس نے اپنی کھیتی کو تین دن میں ایک مرتبہ پانی پلایا۔

الثُّلُث و الثُّلْث۔ ایک تہائی۔

ج۔ اثلاث۔ اور اسی معنی میں الثلیث، ہے۔

الثلاثاء والثُّلاثا و یوم الثلثاء۔ منگل۔ اس کا تثنیہ ثلاثاوان اور جمع ثلاثاوات و ثلاثاءات واثالث۔ ہے۔

الخط المُثلّثی۔ موٹے حروف والا خط

اتوا ثُلاث و مَثلَث۔ وہ تین تین آئے۔ یہ غیر منصرف ہے اور اس میں مذکر و مؤنث برابر ہیں۔

الثَّلْثَان و الثَّلَثَان۔ مکو کا پودا۔

الثلاثون۔ تیس (مذکر و مؤنث)

الثالوث۔ جو تین سے مرکب ہو۔ یعنی تثلیث۔

المِثلث۔ تین لٹوں کا تانت۔ سارنگی کی تیسری تار۔

ج۔ مثالث۔

المُثَلِّث و المُثلِث۔ بادشاہ کے پاس چغلی خوری کرنے والا۔

المُثلّث۔ تین نقطوں یا حرکت والا حرف تین ضلعوں والی شکل۔

المَثلوث۔ تین سے مرکب۔ جس کا تیسرا حصہ لیا گیا ہو۔

من الحبال۔ تین لڑیوں سے بٹی ہوئی رسی۔

کساءٌ مَثلوثٌ۔ اون، پشم اور بالوں کا بنا ہوا کمبل۔

المَثلوثۃ۔ تین چمڑوں کا بنا ہوا توشہ دان۔

ثَلَجَت (ن) ثَلْجًا و اَثلَجَت۔ السماءُ۔ آسمان کا برف برسانا۔ کہتے ہیں۔ ثَلَجَتْنَا السماءُ یعنی آسمان نے ہم پر برف برسائی۔

ثلجت (ن)، ثُلوجًا۔ نفسی بہ والیہ۔ جی کا کسی سے خوش ہونا۔ مطمئن ہونا۔

ثُلِجَ۔ فؤادہ۔ بلید الطبع ہونا۔ صفت۔ (مثلوج الفؤاد)۔

ثُلِجَتِ الارضُ۔ و اُثلِجَت۔ زمین پر برف پڑنا۔

اَثْلَجَہ۔ خوش کرنا۔ اَثْلَجَ القَومُ۔ لوگ برف میں پہنچے۔

اَثْلَجَت عنہ الحُمّٰی۔ اس کا بخار جاتا رہا۔

اَثْلَجَ مَاءُ البئرِ۔ کوئیں کا پانی ختم ہوگیا۔

الثَّلج۔ برف۔ ج ثلوج واحد ثَلْجَۃ مَاءٌ ثَلِجٌ۔ ٹھنڈا پانی۔

الثُّلَج۔ عقاب کا چوزہ۔

الثَّلاّج۔ برف کا سوداگر۔ الثلاجیّ بہت سفید۔ کہتے ہیں۔ نصلٌ ثلاجیٌّ۔ پھل بہت سفید ہے۔

المَثْلَجَۃ۔ برف کی حفاظت کی جگہ۔

المَثلوج۔ برف پڑی ہوئی چیز۔

رجلٌ مَثْلوجُ الفواد۔ بلید الطبع آدمی۔ مردہ دل۔ سرد مہر

ماءٌ مثلوجٌ۔ برف سے سرد کیا ہوا پانی۔

ثَلَخَ (ف، ثَلْخًا) البقرُ۔ گوبر کرنا۔

ثَلِخَ (س، ثَلَخًا)۔ گوبر میں آلودہ ہونا۔

ثَلَدَ (ض، ثَلْدًا) الفیلُ۔ پتلا پاخانہ کرنا۔

ثَلَطَ۔ (ض، ثَلْطًا) الثورُ والبعیرُ۔ پتلا پاخانہ کرنا۔

ثَلَغَ (ف، ثَلْغًا) رأسَہ۔ سر کچلنا توڑنا۔

المُثَلَّغ۔ پھٹ کر زمین پر گری ہوئی کھجوریں کہتے ہیں تناثرت الثمار تَثَلَّغَت۔ پھل بکھر گئے اور پھٹ گئے۔

ثَلَمَ (ض، ثَلْمًا و ثَلَّمَ) الحائطَ دیوار میں رخنہ ڈالنا۔

الاِناءَ۔ برتن کو کنارہ سے توڑنا۔

ثَلِمَ (س، ثَلَمًا) و تَثَلَّمَ و انْثَلَمَ رخنہ ڈالنا۔

ثَلِمَ۔ ثَلْمَۃً۔ فی مالہ۔ کسی کے مال سے کچھ جاتا رہا۔

الثَّلْمُ۔ ج۔ اَثلام و (الثُّلْمَۃُ فی الحائط ونحوہ۔ شگاف رخنہ۔ خلل۔ ٹوٹی ہوئی جگہ۔

الاَثْلَم۔ ظاہر رخنہ وار شئے۔

ثَمَّ (ن، ثَمًّا) الشئَ۔ اصلاح کرنا۔ درست کرنا۔ کہتے ہیں ثَمَمْتُ اُموری۔ میں نے اپنے امور کی اصلاح کرلی۔ ثَمَّتِ الشاۃُ ابنت بفیہا۔ بکری نے گھاس کو اپنے منہ سے اکھیڑا۔

اِنْثَمَّ۔ الجسمُ۔ جسم کا گھلنا۔ کمزور ہونا۔

الثَّمِیخ۔ بوڑھا اور سن رسیدہ ہونا۔ صفت

علیہ۔ کسی پر ٹوٹ پڑنا۔

ثَمَّ و ثَمَّۃَ۔ وہاں (دور کا اشارہ)

الثَّمُّ مص۔ ثَمَّ۔ بمعنی درست کرنا۔ اور اسی سے ہے یہ کلام کُنّا اہلُ ثَمِّہ و رَمِّہ۔ ہم اصلاح ومرمت کے اہل تھے۔ اور کہتے ہیں ہو ثَمُّہ و رَمُّہ او ثُمُّہ و رُمُّہ او ثُمَّہ و رُمَّہ۔ وہ اس کا جید وردی قلیل و کثیر ہے۔ اور کہتے ہیں ما لہ ثُمٌّ ولا رُمٌّ۔ یعنی اس کے پاس کچھ نہیں ہے۔

ثُمَّ۔ حرف عطف ہے۔ ترتیب و تراخی کے لیے آتا ہے۔ اس پر تا بھی داخل کرتے ہیں اور کہتے ہیں ثُمَّتَ۔ پھر۔ تب۔ بعد ازاں۔

الثُّمَّۃ۔ سوکھی گھاس کا مٹھا۔

الثُّمام۔ ایک قسم کی گھاس جو لمبی نہیں ہوتی واحد۔ ثُمامَۃ۔

المِثَمُّ۔ من الناس۔ اچھا برا ہر قسم کا کھانا کھانے والا۔

ثَمَأَ (ف، ثَمْأً)۔ چربی کھلانا۔

الرأسَ۔ سر کچلنا۔

الانفَ۔ ناک کی نوک توڑنے سے خون بہہ پڑنا۔

اِنْثَمَأَ۔ سر یا ناک کا ٹوٹنا۔

ثَمَجَہ۔ (ض، ثَمْجًا۔ ملانا۔

المُثَمِّج۔ مختلف رنگوں سے کپڑے رنگنے والا۔ مؤنث۔ مثمجۃ۔

الجَرَل۔ کھردری۔ پتھریلی زمین۔ ج۔ اَجرال۔
الجَرول۔ پتھریلی زمین۔ ج۔ جَراوِل۔
الجِریال۔ والجِریالۃ۔ شراب یا اس کا رنگ۔
جَرَمَ۔ (ض) جرمًا۔
الشیءَ۔ کاٹنا۔ پورا کرنا۔
الناقۃ۔ اونٹنی کی اون کترنا۔
(ــــ جَرمًا وجَرامًا و جِرامًا)
النخل۔ کھجوریں کاٹنا۔
جَرَمَ (ض)، جَرمًا واجتَرَمَ۔ لاھلہ۔ اپنے اہل و عیال کے لیے کمانا۔
جَرَمَ۔ (ض)، جَرِیمۃً واَجرَمَ واجتَرَمَ۔
الیہ وعلیہ۔ گناہ کرنا۔
جَرِمَ (ض، س) جَرَمًا۔ درخت کی گری ہوئی کھجوریں کھانا۔
لونُہ۔ رنگ کا صاف ہونا۔
جَرُمَ۔ (ك)، جَرامۃً۔ بڑے جرم والا ہونا۔
جَرَّمَہ۔ کاٹنا۔ جَرَّمَہ وتَجَرَّمَ علیہ۔ کسی کو جرم کے ساتھ متہم کرنا۔

تجرّم الزمان او المتعاوم. زمانہ یا جاڑے کا گزر جانا.
کہتے ہیں عامٌ مُتجرِّمٌ. پورا سال

الجُرم. مص (ـــ و الجُرْم) گناہ. قصور. ج. جُرُوم و أجرام.
اور کہا جاتا ہے لا جَرَم و لا جُرْم. یعنی ضروری. یقینی. ناگزیر سبھی قسم کے معنی دیتا ہے.
اور کہتے ہیں لا جرم لأفعلنّ قسم خدا کی میں ایسا کروں گا.

الجَرْم. مص. چھوٹی کشتی. ڈونگا. سخت گرم ملک.
ج. جُرُوم. الجُرُوم. گرم ممالک. اس کے مقابلہ الصُّرود ہے. یعنی سرد ممالک. پہاڑی سرد جگہیں.

الجِرْم. جسم. رنگ. ستارہ. آسمان. ج. أجرام و جُرم و جُرُوم.

الجُرام. و الجَرام و الجَرِیم. خشک کھجور.

الجَرِیم. گنہگار. بڑے جسم والا. مؤنث. جَرِیمة. ج. جِرَام.

الجَرِیمة. جرم. گناہ. قصور. غلطی.

شجرةٌ جریمةٌ. کٹا ہوا درخت

جَرْمَز و اجْرَمَّز. الرجل سکڑنا. سمٹنا. لوٹنا. بھاگنا. جواب میں غلطی کرنا.

الجَرامیز. من الحیوان. جانور کی ٹانگیں. کہتے ہیں. "ضمّ الثورُ جرامیزہ." بیل نے اپنی ٹانگیں سمیٹ لیں.

اخذہ بجرامیزہ. اس نے سب کچھ لے لیا.

الجُرْمُوق. موزہ. بڑا موزہ. جو چھوٹے موزے پر پہنا جاتا ہے تاکہ اس کو دھول اور گرد سے بچائے عام لوگ اس کو "کالوش" کہتے ہیں.

جَرَن. (ن) جُرُونًا. الثوب. کپڑے کا بوسیدہ اور پرانا ہونا.
علی الامر. کسی کام کا عادی و مشاق ہونا.
کہا جاتا ہے. جرنت یدہٗ علی العمل. اس کا ہاتھ کام میں مشاق ہو گیا.
(ـــ جَرْنًا) الحبّ. غلہ پیسنا.

أجْرَن. الحبّ. غلہ کھلیان میں جمع کرنا.

اِجْتَرن. کھلیان بنانا.

الجارِن. سانپ کا بچہ. مٹے ہوئے نشانات والا راستہ.
ـــ من المتاع. مستعمل. بوسیدہ سامان.
سقاءٌ جارِنٌ. سوکھی اور سخت چمڑے والی مشک.
درعٌ جارِنة. نرم زرہ.
ج. جَوارِن و جارِنات.
کھرل. ہاون پتھر کا برتن.
ج. أجْران و جِرَان. (ـــ و الجَرِین). ج. جُرُن.
کھلیان. کھجور وغیرہ کے سکھانے کی جگہ.

الجِران. من البعیر. اونٹ کی گردن کے سامنے کا حصہ.
ج. جُرُن و أجْرِنة.
کہتے ہیں القی البعیرُ جِرانَہ اونٹ بیٹھ گیا.
والقی فلانٌ علی هٰذا الأمر جِرانَہ. یعنی فلاں شخص اس امر کا خوگر و عادی ہو گیا.
ضَرَبَ الإسلامُ بِجِرانِہ. اسلام نے اپنے قدم جما لئے.
ضَرَبَ اللیلُ بِجِرانِہ. رات آ گئی.
القی علیہ جرانہ. اس نے اپنا بوجھ اس پر ڈال دیا.

المِجْرَن. کھلیان.
رجلٌ مِجْرَن. بہت کھانے والا.

المُجْرَن. من السیاط. نرم اور چکنا کوڑا.

جَرْهَد و اجْرَهَدَّ. فی السیر. تیز چلنا.

الجَرْهَد و الجُرْهُد. چست چلنے والا.

أجْرَت إجراءً. الکلبة. کُتیا کا پلوں والی ہونا.

الجِرْو (بتثلیث الجیم) ہر چھوٹی شے. حتی کہ انار اور خربوزہ بھی. لیکن عموماً کتے اور شیر کے بچے کے لئے مستعمل ہوتا ہے. ج. جِرَاء. و أجْرٍ. جج. أجْرِیَة.

الجِرْوَة. (بتثلیث الجیم) جرو. کا مونث. کہتے ہیں "ضَرَبَ عَلَی الأمرِ جِرْوتَہ." اس نے اس کام پر صبر و استقلال دکھایا.
(ضَرَبَ جروتہ عنہ) اس نے صبر کر لیا.

کلبۃٌ (مُجْرٍ و مُجْرِیَۃٌ)
پلّوں والی کتیا۔
جَرَی (ض) جَرْیًا و جَرَیَانًا و
جَرِیَّۃً۔
الماءُ۔ پانی کا بہنا۔
کہتے ہیں۔ سَرِیعُ الجَرْیَۃِ۔
تیز بہنے والی نہر۔
الفرسُ۔ گھوڑے کا دوڑنا۔
الامرُ۔ کسی معاملہ کا وقوع پذیر
ہونا۔
الی الشیءِ۔ کسی چیز کا قصد کرنا
ارادہ کرنا۔
جَرَّی و اَجْرَی۔ الماءَ۔ پانی
بہانا۔
اجری له الحساب۔ کسی کا
حساب رجسٹر میں درج کر لینا۔
اجری علیه الحساب۔ کسی
کے ذمہ کچھ بقایا نکالنا۔
جَرَّی فلانًا۔ کسی کو اپنی طرف
سے وکیل بنا کر بھیجنا۔
اَجْرَی الاَمْرَ۔ کام کو جاری
اور نافذ کرنا۔
اجری الامرَ الی فلانٍ۔
کوئی کام کسی کے سپرد کر دینا۔ یا
کسی کی طرف منسوب کرنا۔
اجری الی الشیءِ۔ کسی چیز کا
قصد و ارادہ کرنا۔
اَجْرَی عَلَیهِ الرِزقَ۔ کسی کو
رزق دینا یا مقرر کرنا۔
اجری القِصاصَ۔ قصاص لینا۔
اجری الکلمۃَ۔ کلمہ کو منصرف
کر دینا۔
جَارَاہُ۔ کسی کے ساتھ چلنا۔
تَجَارَیا۔ ساتھ ساتھ چلنا
کہتے ہیں۔ الدَّینُ الرَّهنُ
یَتَجَارَیَانِ۔ قرض اور رہن
ساتھ ساتھ چلتے ہیں۔ یعنی ہر دو
ایک ہی طرح کے ہیں۔
فی الامر۔ کسی کام میں موافقت
کرنا۔ کسی معاملہ میں متفق ہونا۔
اِستجرَی۔ فلانًا۔ کسی سے
چلنے کی خواہش کرنا۔ کسی کو وکیل
بنانا۔
الجَرِیُّ۔ ضامن۔ وکیل۔ مزدور
پیغامبر۔ کہتے ہیں۔ هو جَرِیُّ
لہٗ۔ وہ اس کا ضامن ہے۔ ج
اجریاء۔
کہا جاتا ہے۔ من جَرَاكَ او
من جرائك۔ یعنی تمہاری وجہ
سے۔
الجَرَایۃ۔ وظیفہ۔ فوجی کا روزینہ۔
(ـــ والجَرَاء والجِرَاء)
شباب و جوانی۔
کہتے ہیں۔ "جَارِیَۃٌ بَیِّنَۃُ
الجَرَایَۃِ۔" بھری جوانی والی
لڑکی۔
الجَرَایَۃ والجِرَایَۃ۔ وکالت۔
الاِجرِیَّا والاِجرِیَّاء۔
طریق کار۔ خلق۔ طبیعت۔
کہا جاتا ہے۔ جری علی اِجْرِیَّاہ
و اجرِیَّائہ۔ وہ اپنی فطرت
پر چلا۔
الجِرِّیُّ۔ والجِرِّیت۔ ایک قسم کی
مچھلی۔ بام مچھلی۔
الجِرِّیَّۃ۔ پوٹا۔
الجاری۔ فا۔ نہرٌ جاریۃٌ۔ وہ
نہر جو نہ خشک ہو۔
الجَارِیَۃ۔ مونث۔ الجاری
بچی۔ باندی۔ چھوکری۔ سورج۔
کشتی۔ سانپ۔
ج۔ جاریات و جوارٍ۔
المَجْرَی۔ پانی بہنے کی جگہ۔ گزرگاہ۔
ج۔ مَجَارٍ۔
المَاجَرَیَات۔ حوادث و واقعات
اس کی اصل مَاجَرَی ہے۔
کہتے ہیں۔ کانت بینهم مناظراتٌ
وماجریاتٌ یطول شرحُها۔
جَزَّ۔ (ن) جزًّا و جَزَزًا و اجتَزَّ
ـــ الصوفَ او العشبَ۔
او النخلَ۔ اون یا گھاس یا
کھجور کاٹنا۔ کترنا۔
جَزَّ و اَجَزَّ و اَستَجَزَّ۔ الغَنمُ او
البُرُّ او النخلۃُ۔ کترنے یا
کاٹنے کے وقت پر پہنچنا۔
اَجَزَّ التمرُ۔ کھجور کا خشک ہونا۔
اَجَزَّ القومُ۔ قوم کی بھیڑوں کا
بال کترا ہوا یا ان کی کھیتی کا کٹا ہوا
ہونا۔
الجِزَّۃ۔ کتری ہوئی اون۔
ج۔ جِزَزٌ و جزائز۔
الجَزَزُ۔ استعمال میں نہ آئی ہوئی
اون۔
الجُزَازُ والجُزَازَۃ۔ کٹنے کے
وقت زمین پر گری ہوئی اون
جُزَازٌ مِنَ اللیل۔ رات کا
ایک حصہ۔
الجَزَازُ والجِزَازُ۔ فصل کی کٹائی
کاٹنے یا کترنے کے وقت۔
الجَزُوزَۃ۔ من الغنم۔ وہ بھیڑ
جس کی اون کتری جائے۔
ج۔ جُزُزٌ۔
الجَزِیزُ۔ کترا ہوا۔ کاٹا ہوا۔
الجَزِیزَۃ۔ اون کا گچھا۔
الجَزَّار۔ کترنے یا کاٹنے والا۔
المِجَزُّ۔ کترنے کا آلہ۔ قینچی۔

جَزَأَ ۔ (ف، جزءًا ۔ الشیءَ ۔ چیز کو مختلف اجزا میں تقسیم کرنا۔ ایک جزو لینا۔
(س ۔ و تجزّأ و اجتزأ) بالشیءِ ۔ کسی چیز پر اکتفا کرنا۔
جَزَّأ تجزئةً و تجزیئًا ۔ الشیءَ ۔ تقسیم کرنا۔
جَزَّأہ و أجزأہ ۔ بالشیءِ ۔ تسلی دینا ۔ قانع بنانا۔ کہا جاتا ہے۔ جُزِّئَ الماشیۃ بالرطب عن الماءِ ۔ جانور کو تر گھاس چرا کر اس کو پانی سے تسلی دے دی۔
أَجْزَأَ عنہ ۔ مستغنی ہونا۔ بے پروا ہونا۔
تَجَزَّأَ ۔ تقسیم ہونا۔
الجَزْءُ ۔ مص ۔ بعض ۔ کفایت ۔ کہتے ہیں "لک فی ھذا غناء و جَزْءٌ" تمھارے لیے بس یہی کافی ہے۔
الجُزْءُ ۔ چیز کا ایک حصہ۔ ج ۔ أجزاء ۔ اور اسی معنی میں جزء و جزاء بھی ہے۔
الجُزْئیّ ۔ جز کی طرف منسوب ۔ کلی کی ضد۔
الجُزْئیّۃ ۔ کلیت کے مخالف۔ ج ۔ جزئیات۔
الجُزْأۃ ۔ چھری ستال وغیرہ کا دستہ۔
المَجْزأ و المَجْزأۃ و المُجْزِئ و المُجْزِئۃ ۔ چیز کا کافی ہونے والا حصہ ۔ بقدر کفایت حصہ۔ کہا جاتا ہے۔ أجزأ مجزأ۔ فلان و مُجزاہ و مَجْزَأتہ و مُجْزَأتہ ۔ وہ فلاں کا قائم مقام و نائب ہوا۔

الجَزِیّ و المجزیّ ۔ عن الطعام ۔ وہ کھانا جو سیر و آسودہ کر دے۔
الجَزَّازِی ۔ وہ نیل گائے ۔ جو تر گھاس کھا کر بہت حد تک پانی سے بے نیاز ہو جائے۔
جَزَحَ (ف، جزحًا ۔ لہ من المال ۔ کسی کو مال کا کچھ حصہ دینا۔ الرجلُ ۔ آدمی کا اپنے کام کے لیے جانا۔ الظباءُ ۔ ہرنیوں کا جھاڑی میں داخل ہونا۔
الجَزْح ۔ مص ۔ عطیہ۔
الجِزْدان ۔ جزدان ۔ بستہ ۔ کیس تھیلی۔
جَزَرَ (ن ض) جزرًا و جَزَرًا و جِزَارًا و جَزَارًا و اجتزر ۔ الشاۃَ ۔ بکری ذبح کرنا۔ جزر النخلۃ جزرًا ۔ کھجور کو کاٹنا۔
جَزَرَ (ن ض، جزرًا ۔ سمندر کا پیچھے ہٹنا۔ الماءُ ۔ پانی کا خشک یا کم ہونا۔
أَجْزَرَ ۔ النخلُ ۔ کھجور کا کاٹنے کے وقت کے قریب پہنچنا۔ الشیخُ ۔ بوڑھے کے مرنے کا وقت قریب آ پہنچنا۔ فلانًا ۔ کسی کو ذبح کرنے کے لیے بکری دینا۔
تَجَازَرا ۔ آپس میں ایک دوسرے کو گالی دینا۔
تجزّروھم و اجتزروھم فی القتال ۔ میدان کارزار میں دشمنوں کو درندوں کی غذا بنانا۔

الجَزْر ۔ مص ۔ ذبح کرنا ۔ بھاٹا۔
الجَزَر ۔ وہ جانور جس کا ذبح کرنا جائز ہو ۔ واحد ۔ جزرۃ ۔ ذبح کی ہوئی چیز۔
جَزَرُ السِّباع ۔ وہ گوشت جس کو درندے کھائیں۔ کہتے ہیں ترکوھم جزرًا ۔ یعنی ان کو بیابان میں قتل کیا۔
الجزر ۔ وہ جگہ جہاں سے مد (جوار) لوٹے۔
والجِزَر ۔ گاجر۔
الجَزّار والجزیر ۔ ذبح کرنے والا۔
الجَزُور ۔ ذبح کے لیے اونٹنی یا بکری ج ۔ جُزُر و جزورات و جزائر۔
الجُزارۃ ۔ ذبح کیے ہوئے جانور کے اطراف ۔ ہاتھ پاؤں سر ۔ ان کو جُزارۃ اس لیے کہتے ہیں کہ ذبح کرنے والا ان کو ذبح کی اجرت میں لیتا ہے ۔ ہر وہ شے جو ذبح کرنے والا ذبح کرنے کی اجرت میں لیوے۔
الجِزَارۃ ۔ ذبح کرنے کا پیشہ۔
الجَزِیرۃ ۔ ج ۔ جزائر و جُزُر و جُزُرات ۔ وہ قطعہ زمین جس کے چاروں طرف پانی ہو ۔ دو آبہ کے ممالک۔
جَزِیرۃ العرب ۔ عرب کا ملک جو جزیرہ کے مشابہ ہے۔
الجزائر ۔ شمالی افریقہ میں ایک ملک۔
الجزائر الخالدات ۔ بحر محیط (اٹلانٹک) میں بجانب غرب چھ جزیرے۔

المَجْزَس - بوچڑخانہ۔ جانور ذبح کرنے کی جگہ۔ عام لوگ اس کو مَسْلَخ کہتے ہیں۔
جزع - (ف) جَزْعًا۔
الوادی۔ وادی کو عرض میں طے کرنا۔
له من ماله جزعةً۔ اپنے مال میں سے کسی کو ایک حصہ دینا۔
جزِع - (س) جَزَعًا و جزوعًا۔
منه۔ کسی چیز پر صبر نہ کرکے غم و تکدر کا اظہار کرنا۔
علیه۔ ڈرنا۔ خوف کرنا۔ یا شفقت و مہربانی کرنا۔ صفت (جزِع و جازِعٌ و جزُع و جزّاعٌ و جزوع)۔
جزّعه۔ کسی کا خوف و ہراس دور کرنا۔ تسلی دینا۔ بے صبری زائل کرنا۔
جزّع الشیءَ۔ کسی شے کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الحوض۔ حوض کا پانی تھوڑا ہو جانا۔
اَجْزَعه۔ گھبراہٹ میں ڈالنا۔
اَجْزَع منه جزعةً۔ اس نے اس کا کچھ حصہ باقی چھوڑ دیا۔
انجزع و تجزع۔ کٹ جانا۔ ٹوٹ جانا۔
اِجتزعه۔ کاٹنا۔ توڑنا۔
الجازِع۔ فا۔ دو چیزوں کے درمیان عرض میں رکھی ہوئی لکڑی جس پر کوئی چیز رکھیں۔
الجَزْع۔ مص۔ سفید و سیاہ مہرہ۔ واحد۔ جزعة۔
المجزع۔ لوگوں کے رہنے کی جگہ شہد کی مکھیوں کا چھتہ۔

جزع الوادی۔
الجُزع و الجَزع۔ رہٹ کا دُھرا۔
الجِزعة و الجُزعة۔ تھوڑی چیز۔ بقیہ۔
ج۔ جِزَع۔
الجُزعة۔ چھری کا دستہ۔
الجزیعة۔ بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔
ج۔ جزائع۔
المِجزاع۔ بہت بے صبرا۔
ج۔ مجازیع۔
المُجزّع و المُجزِع۔ من الرُّطب۔ نیم پختہ کھجور۔ سفید و سیاہ چیز۔ حوض مُجزّع۔ وہ حوض جس میں تھوڑا سا پانی بچا ہو۔
جزَف۔ (ن) جزفًا و اجتزف۔
الشیءَ۔ چیز کا بے تولے ناپے اٹکل سے بیچنا یا خریدنا۔
و (الجِزاف) بتثلیث الجیم۔ و (الجزیف) اٹکل اور تخمینہ کی بیع کہتے ہیں۔ بیعٌ جزیفٌ و بیعٌ جزافٌ۔
جازفه مجازفة۔ اٹکل اور تخمینہ سے بے تولے ناپے خرید و فروخت کرنا اور اسی سے ہے۔
جازف فی کلامه۔ بے تکی اور بے اصولی باتیں کرنا۔
جازف بنفسه۔ جان کو خطرہ میں ڈالنا۔ جان پر کھیلنا۔
الجزّاف۔ شکاری۔
الجزوف۔ من الحوامل۔ ولادت کی حد سے گذرنے والی۔
المجزفة۔ مچھلی پکڑنے کا جال۔

جَزُل۔ (ك) جزالةً۔
الشیءُ۔ بڑا ہونا۔ موٹا ہونا۔
المنطقُ۔ فصیح ہونا۔
صفت (جَزِل)
ج۔ جِزال و (جزیل)
ج۔ اَجزال و جِزال ——
الرجلُ۔ صائب الرائے ہونا۔
جَزَل (ض) جَزْلًا۔
الشیءَ۔ دو ٹکڑے کرنا۔
القتب غارب البعیرِ۔ کجاوہ کا اونٹ کی پیٹھ اور گردن کو کاٹ دینا۔ زخمی کر دینا۔
اَجزل العطاءَ و فی العطاءِ و من العطاءِ لفلانٍ و علیه۔ کسی کو بخشش دینا۔ اور بہت دینا۔
اِستجزل۔ کسی چیز کو بڑا یا موٹا یا کسی کلام کو فصیح پانا۔
اِستجزل رأیه۔ کسی کو صاحب الرائے پانا۔
الجَزْل۔ موٹا۔ بڑا۔ بہت فیاض۔ اچھی رائے والا۔ عمدہ الفاظ۔
الجَزال و الجِزال۔ کھجور کے پھل اتارنے کا وقت۔ کہتے ہیں۔
هذا زمن الجزال۔ یہ کھجور کے پھل اتارنے کا زمانہ ہے۔
الجُزال و الجزیل۔ بڑی اور بہت چیز۔
الجَوزَل۔ کبوتر کا بچہ۔ ج۔ جَوازِل۔
جَزَمَه (ض) جزمًا۔ کاٹنا۔
جزم الحرف۔ حرف کو ساکن کرنا۔
الفعل۔ فعل کے آخر کو ساکن کرنا۔ یا حرف علت یا تثنیہ و جمع

سے زن گرا دینا۔
الیمین۔ قسم پوری کرنا۔
کہتے ہیں۔ حلف یمیناً جزماً۔
الأمرَ۔ کسی امر کا قطعی فیصلہ کرنا
مثلاً آپ کہیں۔ " آمرتُه امراً جزماً " میں نے اس کو قطعی حکم دیا۔
هٰذا حکمٌ جزمٌ۔ یہ ایک قطعی حکم ہے۔
جَزَمَ علی الأمر۔ کسی امر کا پختہ ارادہ کرنا۔
جَزَمَ علیه الشئَ۔ کسی پر کوئی چیز واجب ٹھیرانا
الرجلُ۔ آدمی کا دن رات میں ایک ہی مرتبہ کھانا۔
(ـــ وا جتزم)
النخلةَ۔ کھجور کے پھلوں کا اندازہ لگانا۔ تخمینہ لگانا۔
(و تجزّم)
عنه۔ بزدل ہونا۔ عاجز ہونا۔
علیه۔ ساکت و خاموش ہونا۔
القربةَ۔ مشک کو بھرنا۔
تجزّم۔ العودُ۔ لکڑی کا پھٹنا۔ تڑخنا۔
انجزم۔ العظمُ۔ ہڈی کا ٹوٹ جانا۔
الحرفُ۔ حرف کا ساکن ہونا۔
الجزم۔ مص کہتے ہیں۔ قلمٌ جزمٌ۔ برابر قط والا قلم۔
وامرٌ جزمٌ۔ قبل از وقت آجانے والا معاملہ۔
الجزم۔ حصہ۔
الجازم۔ فا۔ جزم دینے والا کلمہ۔ مثلاً "لم" وغیرہ۔
سِقاءٌ جازمٌ۔ بھری ہوئی مشک

بعیرٌ جازمٌ۔ سیراب اونٹ
ج۔ جوازم۔
الجَزْمَة۔ دن رات میں ایک مرتبہ کھانا۔
الجُزْمَة۔ بھیڑوں کے ریوڑ کا ایک حصہ۔
سقاءٌ او اناءٌ (مِجزم) بھری مشک یا بھرا برتن۔
جَزَى (ض) جَزاءً۔
الرجلَ بکذا او علی کذا کسی کو بدلہ دینا۔
جزیٰ فلاناً حقَّه۔ کسی کا حق ادا کرنا۔
جَزاه الشئُ۔ کسی چیز کا کسی کے لیے کافی ہونا۔
(ـــ و اجزى)
الأمرُ منه او عنه۔ قائم مقام ہونا۔ کہتے ہیں۔ "یجزی هٰذا مِنْ او عَنْ ذاك" یہ اس کے قائم مقام ہے۔
جازاه۔ و مجازاةً و جزاءً بدلہ دینا۔
تجازى۔ تجازیاً۔ دینه و بدینه علی فلان۔ کسی سے اپنا قرضہ طلب کرنا۔ قرض کا تقاضا کرنا۔
اجتزاه۔ کسی سے بدلہ مانگنا۔
الجزاء و الجَزاء و الجازیة و المُجازاة کسی چیز کا بدلہ۔
جازیة کی جمع جوازی۔
کہتے ہیں۔ جَزَتْكَ الجوازی تم نے اپنے فعل کا بدلہ پا لیا۔
الجزیة۔ زمین کا محصول اور ٹیکس جو ذمی سے لیا جاتا ہے۔ زمین کا خراج۔ ج۔ جِزی و جزی

و جزاء۔
الأجزى۔ بہت کافی۔
کہتے ہیں۔ "اللحمُ السمینُ اجزٰى من المهزول" یعنی موٹا تیار گوشت دبلے گوشت سے بہتر ہے۔
جسّه (ن) جسّاً و اجتسّه۔ پتہ لگانے کے لیے ہاتھ سے چھونا۔ ٹٹولنا۔
الأرضَ۔ زمین روندنا۔
ہ۔ بعینه۔ گھورنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
جسّسَ۔ و تجسّس و اجتسّ۔
الاخبار و الامور۔ خبروں یا کاموں کی تفتیش کرنا۔ ان کی دریافت میں لگنا۔
الجَسیس۔ ج۔ اجسّه (و الجاسوس)
ج۔ جواسیس۔
و الجسّاس۔ حالات دریافت کرنے والا۔ حالات کی تفتیش کرنے والا۔ جاسوس۔
جَواسّ۔ الانسان۔ انسان کے پانچ حواس۔
واحد۔ جاسّة۔
المجسّ و المجسّة۔ چھونے کی جگہ سینہ۔ کہتے ہیں۔ فلانٌ ضیّقُ المجسّ، المجسّة۔ یعنی فلاں تنگدل آدمی ہے۔
المجسّة۔ نبض۔ کہا جاتا ہے۔ "مجسّته حارّة" اس کی نبض گرم ہے۔ ج۔ مجاسّ۔
المجسّة۔ چھونے کا آلہ۔ ج۔ مجاسّ و مجسّات۔
جسأت (ف) جسأً۔ وجسوءًا و جُسأةً
الیدُ من العمل۔ کام سے

ہاتھ کا سخت ہو جانا۔ صفت۔
(جَاسِئَةٌ وجُسَّاءٌ)
الجَسْءُ۔ سخت کھال۔ جما ہوا پانی۔
الجاسِئُ۔ من النبات و نحوہ۔
خشک۔
جَسِدَ (س) جَسَدًا۔ الدمُ بہ۔
خون کا چمٹنا۔ چپکنا۔ صفت۔
(جَسِد وجَاسِد)
جَسَّدَہ۔ زعفران سے رنگنا۔
تَجَسَّدَ۔ جسم ہونا۔ مضبوط ہونا۔
الجَسَدُ۔ جسم انسانی۔ زعفران۔
خشک خون۔
ج۔ اَجْسَاد۔ نسبت کے لیے
جَسَدِی و جُسْدَانِی۔
الجُسَاد۔ پیٹ کا درد۔
الجَسِید۔ خشک خون۔
المُسْجَد۔ بدن سے متصل۔ قمیص۔
بنیان۔
جَسَرَ (ن)، جَسَارَةً و جُسُورًا
علی الامر۔ کسی کام کی طرف
اقدام کرنا۔ کوئی کام اختیار کرنا۔
(ـــ و تَجَاسَرَ) فخر کرنا
جرأت کرنا۔
جَسَرَ (ن)، جَسْرًا۔ پل بنانا۔
(ـــ و اجتسر)
المفازۃ۔ بیابان کو عبور کرنا۔
طے کرنا۔
جَسَّرَہ۔ شجاع بنانا۔ دلیر بنانا۔
الجَسْر و الجِسر۔ پل۔
ج۔ جُسُور۔ و اَجْسُر۔
الجَسْر من الابل۔ بڑا اونٹ
من الرجال۔ بڑے ڈیل
ڈول والا آدمی۔ مؤنث۔
جَسْرَة۔
الجاسِر۔ ج۔ جُسَّار و جاسِرُون

و (الجَسُور) ج۔ جُسُر۔
و جُسْر۔ شجاع۔ بہادر۔ آگے
بڑھنے والا۔
مؤنث۔ جاسِرَة۔ و جَسُورٌ۔
ج۔ جَوَاسِر۔
الجَسْرَة۔ دلیری۔ بہادری۔
الجَسَّار۔ بہت من چلا۔ بہت دلیر
و بہادر۔
جَسَعَ (ف)، جُسُوعًا۔
عن العطاء۔ عطا سے رکنا۔
باز رہنا۔
الجَاسِع۔ من السفر۔ دور دراز
کا سفر۔ لمبا سفر۔
جَسُمَ (ک)، جَسَامَةً۔ تناور ہونا
موٹا ہونا۔ مضبوط ہونا۔
صفت (جُسَام و جَسِیم)
ج۔ جِسَام۔ مؤنث جُسَامَة
و جَسِیمَة۔
جَسَّمَہ۔ موٹا اور مضبوط کرنا۔
جسم دار بنانا۔
تَجَسَّمَ۔ تناور اور موٹا ہونا۔
"تَجَسَّمَ فی عینی کذا" خیال
و تصور میں آنا۔
الامرَ۔ کسی امر عظیم کی طرف اقدام
کرنا۔
الرملَ۔ ریگستان کے بیشتر حصہ
کو طے کرنا۔
فلانًا من بین القوم۔ کسی کو
قوم میں سے چن لینا۔
الارضَ۔ کسی سرزمین کا ارادہ
کرنا۔ کہتے ہیں۔ "تجسّم
فلان من الکرم" یعنی فلاں شخص
کرم و فیاضی کا پتلا ہے۔
الجِسْم۔ بدن۔ وہ شے جو طول و عرض
اور عمق رکھتی ہو۔

ج۔ اَجْسَام و اَجْسُم و جُسُوم۔
نسبت کے لیے (جِسْمِیّ و
جِسْمَانِیّ)
الجُسْمَان۔ جسم۔ بدن۔
الجُسْم۔ بڑے بڑے امور۔
الاَجْسَم۔ تناور اور بڑا۔
المُجَسَّم۔ مکعب۔ ہر وہ چیز جو طول و
عرض اور عمق رکھتی ہو۔
جَسَا (ن)، جَسْوًا و جُسُوًّا۔
بمعنی جَسَأ۔
جَاسَاہ مُجَاسَاةً۔ دشمنی کرنا۔
جَشَّہ (ن)، جَشًّا۔ کوٹنا۔ توڑنا۔
جَشَّ المکان۔ کسی جگہ جھاڑو دینا۔
اس کو صاف کرنا۔
ہ۔ بالعصا۔ کسی کو لاٹھی سے مارنا۔
دمعہ۔ آنسو بہانا۔ نکالنا۔
القومُ۔ لوگوں کا کوچ کرنا۔
جمع ہونا۔
اَجَشَّ۔ الشیءَ۔ کسی شے کو کوٹنا۔
توڑنا۔
السویقَ۔ گیہوں کو موٹا پیسنا۔ ستو لی
نکالنا۔ دلیا دلنا۔
صفت (جَشِیش و مَجْشُوش)
اَجَشَّ و اِجْتَشَّ۔ المکانُ۔ وہ
جگہ جس کی گھاس اور نباتات کم ہو اور
گنجان ہو۔
الجَشّ۔ مص۔ موضع جَشّ۔
پتھریلی جگہ۔
الجُشَّة و الجَشَّة۔ لوگوں کا
ایک ساتھ آنے والا گروہ۔ بھونڈی
آواز۔
الاَجَشّ۔ بھونڈی آواز والا
آدمی۔ مؤنث۔ جَشَّاء۔
المِجَشّ و المِجَشَّة۔ چکی یا دلیا
دلنے کی چکی۔

جَشَأَت نفسه (ف) جُشُوءًا
وجُشْأً وجَشَاء۔ خوف یا غم
کے باعث جی متلانا۔
المکان۔ کسی جگہ کا خوب پودے اگانا
من المکان۔ کسی جگہ سے نکلنا۔
البحرُ۔ سمندر کا ہیجان میں آنا۔
جَشَأَ۔ تَجْشِئَةً۔ تجشّأ۔ تجشؤًا
ڈکار لینا۔
اِجْتَشَأَ۔ البلاد۔ و اَجْتَشَأَتْه
البلادُ۔ ملک کو نا موافق پانا یا
ملک کا نا موافق ہونا۔
الجُشَاء۔ ڈکار۔ واحد۔ جُشَأَة
و جُشْأَة۔
جَشُبَ (ن) و جَشِبَ۔ (س)
جَشْبًا و جُشُبَ۔ (ك)
جشابة۔
الطعامُ۔ کھانے کا موٹا۔ اور
بد ذائقہ ہونا۔
صفت د جَشْب و جَشِب و
جَشِیْب و مِجشاب و مَجشُوب
و جَشُبَ الرجلُ۔ کسی کا
بد غذا ہونا۔ بری خوراک پر گزارہ
کرنا۔
المِجشَبُ۔ موٹے جسم والا بہادر۔
جَشَرَ (ن) جَشْرًا و جَشَرَ۔
المواشی۔ مواشی کو چرانے کے
لیے لے جانا۔
و جَشَرَ الاناء۔ برتن کو
خالی کرنا۔
جَشَرَ (ن) جُشُورًا۔
الصُبحُ۔ پو پھٹنا۔
الرجلُ۔ سفر کرنا۔
جَشِرَ۔ (س) جَشَرًا و جُشْرَ
آواز کا بیٹھنا۔ کھانسنا۔
صفت۔ اَجشر۔ مؤنث۔
جشراء۔ ج۔ جُشْر۔
الجَشَرُ و الجُشّار۔ وہ مواشی
جو چراگاہ سے لوٹ کر شام کو گھر
پر نہ آئیں۔ وہ لوگ جو چراگاہ میں
رات گذاریں اور اپنے گھروں کی
طرف واپس نہ ہوں۔
الجُشَارِی۔ چرواہا۔
المَجْشَر۔ حوض۔
ج۔ مَجَاشِر۔
جَشِعَ (س) جَشَعًا و تَجَشَّعَ
بدحرص اور لالچی ہونا۔
صفت (جَشِع) ج۔ جَشِعُون
و جَشَاعَی و جُشَعَاء و جِشَاع
تجاشعًا۔
الماء۔ باہم تنگ کرنا اور پیاسا
رہنا۔
جَشِمَ (س) جَشْمًا و جَشَامَةً۔
و تَجَشَّمَ۔
الامر۔ تکلیف و مشقت سے
کام کرنا۔ کہتے ہیں۔
جَشِمْتُ الیك عَرَقَ القِرْبَةِ
یعنی میں نے تمہاری وجہ سے بڑی
مشقت برداشت کی۔
و تجشّم الرمل۔ ریگستان کے
بیشتر حصہ کو عبور کیا۔
و تجشّم فلانًا مِن بَين
القومِ۔ اس نے قوم میں سے
فلاں کو چنا اور اسی کی روش و
طریقے پر چلا۔
جَشَّمَه و اَجْشَمَه۔
الامرَ۔ کام کرنے کی تکلیف دینا
کہتے ہیں۔ مہما تجشّمني فانی
جَاشِمه۔ جس چیز کی تم مجھ کو
تکلیف دو گے۔ میں جھیلوں گا۔
الجَشَم و الجُشَم۔ بوجھ۔ بھاری
کام۔ کہتے ہیں۔ القٰی علیّ
جَشْمَه۔ اس نے اپنا بوجھ مجھ پر
ڈال دیا۔
من البعیر۔ اونٹ کا سینہ۔
الجَشم و الجَشِیم۔ موٹا۔ بھاری۔
الجوشن۔ سینہ۔ زرہ۔
جوشن اللیل۔ وسط شب۔
جَصَّ (ض) جَصًّا و جَصِیصًا۔
سخت بندھ جانے کی وجہ سے
کراہنا۔
جَصَّصَ۔ البناء۔ گھر پر سفیدی
کرنا۔ گچ کرنا۔
الجرو۔ پلے کا آنکھیں کھولنا۔
العنقود۔ پھوٹنا۔
علی العدو۔ دشمن پر حملہ کرنا۔
اِجْتَصَّ و تَجَاصَّ۔ القوم۔ قریب
قریب ہو کر اکٹھا ہونا۔
الجِصّ و الجَصّ۔ گچ۔ چونہ۔
الجَصَّاص۔ گچ والا۔ گچ بیچنے والا
الجَصَّاصَة۔ چونے کا کارخانہ۔
چونے کی بھٹی۔
الجَصِیْصَة۔ پاس پاس رہنے والے
آدمیوں کا گروہ۔
جَضَّ۔ (ن) جَضًّا۔
علیه بالسیف۔ کسی پر تلوار
سے حملہ کرنا۔
جَعَبَه۔ (ف ض) جَعْبًا و جَعَّبَه
تَجْعِیْبًا و جَعْبَاه۔ جَعْبَاةً
و جَعْبَاءً۔ الٹ دینا۔ پچھاڑ
دینا۔
جَعَبَ الجعبة۔ ترکش بنانا۔
تَجَعَّبَ و انجعب و تَجَعْبَى
پچھڑ جانا۔
تجعبى الجیش۔ فوج کا
بھیڑ کر کے ایک دوسرے پر

چڑھنا۔ اور آپس میں دھکا پیل کرنا۔
الجَعْبَۃ۔ ترکش۔
ج۔ جِعَاب۔
الاَجْعَب۔ بڑے پیٹ والا جو کام میں مٹھا ہو۔
مؤنث۔ جَعْبَاء۔
ج۔ جُعْب۔ الجَعْبَاء۔ سُرین۔
الجَعَّاب۔ ترکش بنانے والا۔
والجِعَابَۃ۔ ترکش بنانے کا پیشہ۔
الجُعْبُوب۔ بدشکل و پست قد۔
ج۔ جَعَابِیب۔
جَعْجَعَ۔ البعیر۔ اونٹ کو بٹھانے یا اٹھانے کے لیے حرکت دینا۔ بٹھانا۔
البعیر۔ اونٹ کا بیٹھنا۔
بالغریم۔ مقروض سے سختی سے مطالبہ کرنا۔
فی المکان۔ کسی جگہ غیر مطمئن حالت میں بیٹھنا۔
تَجَعْجَعَ۔ درد کے سبب زمین پر گر پڑنا۔
الجَعْجَعَۃ۔ مص۔ اکٹھے ہونے والے اونٹوں کی آواز۔ چکی چلنے کی آواز اور اسی سے یہ مثل مشہور ہے۔ اسمعُ جَعْجَعَۃً ولَا اَرٰی طِحْنًا۔ چکی کی آواز تو سنتا ہوں مگر آٹا نہیں دیکھتا۔ یہ کہاوت اس بزدل کے لیے ہے جو بیکیں تو بہت مگر کچھ کرکے نہ دکھائے۔ یا اس کنجوس کے لیے جو وعدے تو بہت کرے مگر ایک وعدہ بھی پورا نہ کرے۔
الجَعْجَاع۔ تنگ اور سخت جگہ۔ میدان کارزار۔ قحط زدہ زمین۔

جَعُدَ (ك)، جَعَادَۃً و جُعُوْدَۃً۔ الشعرُ۔ بالوں کا گھونگھریالے ہونا۔
جَعَّدَ۔ الشَعر۔ بالوں کو گھونگھریالے بنانا۔
تَجَعَّدَ۔ الشُعر۔ گھونگھریالے ہونا۔
وتَجَعَّدَ الشیُٔ۔ کسی چیز کا سکڑ جانا۔
الجَعْد۔ من الشَعر۔ گھونگھریالے بال۔ کہا جاتا ہے۔ هُوَجَعد الیَد۔ وہ بخیل ہے۔
جعد القفط۔ وہ شخص جس کے حسب میں عیب اور کھوٹ ہو۔
ج۔ جِعَاد۔
ترابٌ جَعدٌ۔ نمناک مٹی۔
وجہ جَعدٌ۔ گول۔ کم ملاحت والا چہرہ۔
زبدٌ جَعدٌ۔ تہ بہ تہ مکھن۔
ابُوجعدۃ و ابو جعادۃ۔ ابوجُعَادۃ۔ بھیڑیے کی کنیت
جَعَرَ (ف)، جَعْرًا و انجَعَرَ۔ السَبُع۔ درندہ کا پاخانہ کرنا۔
تَجَعَّرَ۔ کنویں میں اترتے وقت کمر سے رسی باندھنا۔ اس خوف سے کہ کہیں کنویں میں نہ گر جائیں۔
الجَعْر۔ درندہ کا پاخانہ۔ ج۔ جُعُوْس۔
الجِعَار۔ وہ رسی جس کو کنویں میں اترنے والا اپنی کمر سے باندھ لیتا ہے اور اس کا دوسرا سرا کسی کھونٹے سے تاکہ وہ کنویں میں نہ گر جائے۔
جَعَارِ۔ بروزن۔ قَطَامِ۔ و

(ابُوجُعَار وامُّ جَعَارِ) بجو۔
ابُوجُعْرَان۔ گبریلا۔
امّ جعران۔ بڑا گدھ۔
الجَاعِرَتَانِ۔ جانور کے سرین کے وہ حصے جن پر دم ہلاتے وقت لگتی ہے۔ کہا جاتا ہے۔ کوی دابتہ علی جاعریتها۔
الجَعْرَاء۔ والمَجْعَر۔ دُبر
جَعَسَ (ف)، جَعْسًا۔ الرجلُ۔ آدمی کا پاخانہ کرنا۔
تَجَعَّس۔ گھن کھانا۔ فحش بکنا۔
جَعِظَ۔ (س)، جَعْظًا۔ بدخلق و تند مزاج ہونا۔
صفت۔ (جَعْظ و جَعِظ)
جَعْظَہ (ف)، جَعْظًا و اجْعَظَہ۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔
جَعْفَہ (ف)، جَعْفًا و اُجعَفَہ۔ پچھاڑنا۔ گرا دینا۔
جَعَفَ۔ واجتحف۔ الشَجَرَۃ درخت کو جڑ سے اکھیڑنا۔
اَنْجَعَفَتْ۔ الشجرۃ۔ درخت کا جڑ سے اکھڑ جانا۔
سَیْلٌ جَاعِفٌ و جُعَافٌ۔ وہ بیخ کن سیلاب جو ہر چیز کو کھود کر لے جائے۔
الجَعْفَۃ۔ مص۔ وہ تھوڑی روزی جس میں سے کچھ بچ نہ سکے۔
الجَعْفَرِ۔ دریا۔ ندی۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
جَعَلَہ۔ (ف)، جَعْلًا۔ بنانا۔ پیدا کرنا۔ جیسے جَعَلَ اللہ الظلمات۔ رکھنا۔ تبدیل کرنا جیسے جَعَلَ الحُسْنَ قَبِیحًا۔ گمان کرنا۔ خیال کرنا۔ جیسے جَعَل

الحق باطلاً۔ اس نے سچ کو
باطل خیال کیا۔ مقرر کرنا۔ جیسے
جَعَلَه حاکمًا۔ اس نے
اس کو حاکم مقرر کیا۔
لہ کذا علی کذا۔ شرط
باندھنا۔ کرنے لگنا۔ شروع کرنا۔
جیسے۔ جَعَلَ یکتب۔ وہ لکھنے
لگا۔ اور دینے کے معنی بھی دیتا
ہے۔ جیسے۔ اِجْعَل لی لسان
صدق۔ یعنی مجھ کو سچی زبان
عطا فرما۔
جَعِلَ (س) جَعَلاً۔
الماءُ۔ پانی میں سیاہ کیڑوں کا
بہت پیدا ہو جانا
الغلامُ۔ لڑکے کا موٹاپے کے
ساتھ پست قد ہونا۔
الرجلُ۔ آدمی کا جھگڑالو ہونا۔
جَاعَلَه مُجَاعَلَةً۔ رشوت دینا
اَجْعَلَ۔ لَه۔ کسی کام پر مزدوری
مقرر کرنا۔
الماءُ۔ پانی میں سیاہ کیڑوں کی
کثرت ہونا۔
اجعله جُعْلاً۔ مزدوری دینا۔
تَجَاعَلُوا۔ الشیءَ۔ مل کر کسی
چیز کو بنانا۔
اِجْتَعَلَه۔ گھڑنا۔
الشیءَ۔ بنانا۔ لینا۔ کہتے ہیں۔
الشیءَ فاجتعله۔ اس نے اس
کو کوئی چیز دی اور اس نے اس
سے لے لی۔
الجُعَل۔ ج۔ جعلان۔ سیاہ
بھونرا۔ سیاہ اور بدشکل آدمی، یا
جھگڑالو۔ نگہبان۔
ماءٌ (جعل وجَعِلٌ) بہت
سیاہ کیڑوں والا پانی۔

الجِعَال۔ ج۔ جُعُل ور الجُعْل
ج۔ اَجْعَال ور الجَعَالة
بتثلیث الجیم۔ ورالجعیلة
ج۔ جَعَائل۔ مزدوری۔ اجرت
فوجی سپاہی کا وظیفہ یا اس کی
تنخواہ۔
الجِعَال۔ وہ صافی جس سے پکڑ کر
دیگ چولہے پر سے اتاری جائے۔
جَعَمَه (ف) جَعْمًا۔ جانور کے
منہ پر توبڑا چڑھانا کہ وہ کاٹنے
کھانے سے رک جائے۔
جَعِمَ وجَعَمَ (س ف) جَعْمًا
کھانے کی اشتہا نہ ہو۔ کھانے کی
خواہش کرنا۔ کہتے ہیں۔
جَعِمَ الیَ اللحم۔ وہ گوشت
کا بہت دلدادہ ہے۔
جَعِمَ وتَجَعَّمَ۔
فی الشیءِ۔ کسی چیز کی طمع کرنا۔
صفت۔ (جَعِمٌ وجَعِم)
اَجْعَمَ۔ الشجرَ۔ درخت کے
پتے جڑ تک چر جانا۔
الشیءَ۔ کسی شے کی بیخ کنی کرنا۔
الجِعْمُ۔ بھوک۔
الجَیْعَم۔ وہ بھوکا جو ہر شے کو
دیکھ کر کھانے کی خواہش کرے۔
المَجْعَم۔ پناہ لینے کی جگہ۔
جَعَا۔ (ن) جَعْوًا۔ البعر ونحوہ
مینگنیاں وغیرہ جمع کر کے ڈھیر لگانا۔
الجِعَة۔ جو کی شراب۔
الجَعْوُ۔ ہاتھوں سے لگایا ہوا
ڈھیر۔ کیچڑ۔ چہڑ۔
الجغرافیة۔ علم جغرافیہ۔
جَفَّ (ض) جَفَافًا وجُفُوفًا۔
خشک ہونا۔ سوکھنا۔
صفت (جافّ وجَفِیفٌ)

کہتے ہیں۔ "جَفَّ لبدُهُ" اس نے
سفر و کوچ کو چھوڑ کر اقامت اختیار
کر لی۔
جَفَّ (ن) جَفًّا۔ المالَ۔ مال
جمع کر کے چمپت ہو جانا۔
جَفَّفَه۔ تجفیفًا و تجفافًا۔
خشک کرنا۔ سکھانا۔
جَفَّفَ۔ الفرسَ۔ گھوڑے کو
پاکھر پہنانا۔
تَجَفَّفَ۔ خشک ہونا۔
اِجْتَفَّ۔ ما فی الاناء۔ برتن کا
سب کچھ چٹ کر جانا۔
الجَفُّ۔ والجَفَّة والجُفُّ
والجُفَّة۔ لوگوں کی بڑی جماعت
بڑی تعداد۔
کہتے ہیں۔ "جاء القوم جُفَّة"
قوم ساری کی ساری آئی۔
الجُفُّ۔ ہر کھوکھلی چیز۔ پولے
بانس یا نرکل کی نلکی کی طرح۔
بوڑھا۔ کہا جاتا ہے۔
"هو جُفُّ مالٍ" وہ مال کا
منتظم ہے۔
الجَفَف۔ خشک و سخت زمین۔
الجَفِیف۔ خشک گھاس۔
الجُفَاف۔ سوکھی ہوئی چیز۔
التِجْفَاف والتَّجْفَاف۔ لڑائی
میں بچاؤ کے لیے زرہ کی مانند
ایک آلہ۔ ج۔ تجافیف۔
جَفَأ (ف) جَفْأً۔ النهرُ۔ دریا
کا جھاگ اور کوڑا کرکٹ لانا۔
القِدرُ۔ ہانڈی کا اُبھان میں
آنا۔
القِدرَ۔ ہانڈی کو اونڈیل دینا۔
جَفَأ الرجلَ وجَفَأ بہ
الارضَ۔ پٹک دینا۔

أَجْفَأَ۔ بہ۔ کسی کو پچھاڑ دینا۔
پٹک دینا۔
النَّاقَةَ۔ اونٹنی کو چلا کر تھکا
دینا۔
البَابَ۔ دروازہ بند کرنا۔
أَجْفَأَتْ و تَجَفَّأَتِ۔ البلاد۔
ملک کا بے برکت ہونا۔
اِجْتَفَا۔ الشَّیَٔ۔ کسی چیز کو اکھیڑ کر
سیلاب کا پھینکنا۔
الجُفَا۔ کنارہ ہائے دریا پر سیلاب
کا پھینکا ہوا بے کار و بے فائدہ
شے۔ خس و خاشاک۔
کہا جاتا ہے۔ "ذَهَبَ جُفَاءً"
یعنی رائیگاں گیا۔
جَفْجَفَ۔ الإبلَ۔ اونٹوں کو اس
تیزی سے ہانکنا کہ وہ ایک دوسرے
پر چڑھنے لگیں۔
تَجَفْجَفَ۔ الطائر۔ پرند کا انڈے
سینا۔
الثوبُ۔ گیلے کپڑے کا خشک ہو کر
کچھ نمدار رہ جانا۔
الجَفْجَفُ۔ بلند زمین۔ پست
زمین۔
الجفجفة۔ نئے کپڑے کی
کھڑکھڑاہٹ۔
جَفْجَفَةُ المرکب۔ لشکر کے
چلنے کی آواز۔
الجَفَاجِفُ۔ ہیئت و لباس۔
جَفَخَ (ف ض) جَفْخًا۔ تکبر کرنا۔ فخر کرنا
صفت (جَفَّاخ)۔
جَافَخَه۔ کسی کے مقابلہ میں فخر کرنا۔
جَفَرَ۔ (ن) جَفْرًا و تَجَفَّرَ
و اِسْتَجْفَرَ۔
وَلَدُ الشاة۔ بکری کے بچہ کا
بڑا ہونا۔ اور بڑے پیٹ والا ہونا۔

الشیءَ۔ کشادہ ہونا۔
جَفَرَ من المرض۔ بیماری
سے نجات پانا۔
جفر ما کان فیہ۔ چھوڑنا۔
جَفَرَ صَاحِبَه۔ قطع تعلق
کرنا۔
الجَفْرُ۔ مص۔ کشادہ کنواں۔ ج
جِفَار۔
کہتے ہیں۔ فلان منهدمُ
الجَفْر۔ فلاں اپنی کوئی رائے نہیں
رکھتا یعنی عقل سے عاری ہے۔
و فَعَلْتُ ذلك مِنْ جَفْرٍ
و جَفْرِ کذا۔ میں نے اس کو
اس کی وجہ سے کیا۔
علمُ الجَفْر۔ یہ ایک علم ہے۔
جس میں اسرار حروف سے بحث ہوتی
ہے اور اس کے ماہرین کا دعویٰ ہے کہ
وہ اس کی مدد سے آئندہ حالات و
واقعات کا پتہ لگا لیتے ہیں۔
الجُفْرَة۔ من الشیء۔ چیز کا
بیچ۔ وسطِ شیٔ۔
من الارض۔ گول پھیلی ہوئی زمین۔
ج۔ جُفَر و جِفَار۔
الجَفِيرُ۔ محض لکڑی یا محض چمڑے
کا ترکش۔
جَفِسَ (س) جَفَسًا و جَفَاسَةً
بدہضمی ہونا۔
الجِفْسُ و الجَفِسُ و الجَفِيسُ
کمزور۔ کمینہ۔
جَفَظَ (ن) جَفْظًا۔
الاناءَ۔ برتن بھرنا۔
اِجْفَأَظَ و اِجْفَأَظَّ اِجْفِيظَاظًا
المَقْتُولُ۔ مردہ لاش کا
پھولنا۔
صفت (جَفِيظ)

جَفَعَه (ف) جَفْعًا۔
جَفَلَ (ن) جَفْلًا۔ الطائرَ۔
پرند کو ہٹکانا۔ کہتے ہیں۔
جَفَلَ القَانِصُ الوَحشَ
عن مراعیها۔ شکاری نے
وحشی جانوروں کو ان کی چراگاہوں سے
بدکا دیا اور ڈرا دیا۔
البحرُ السمكَ۔ سمندر کا مچھلی کو
کنارہ پر ڈال دینا۔
الرِيحُ السحابَ۔ ہوا کا بادل کو
اڑا لے جانا۔
ہ۔ کسی کو پچھاڑ دینا۔
الطین۔ مٹی کو بیلچہ سے کھرچ لینا
المتاع۔ سامان پر سامان
رکھنا۔
جَفَلَ۔ (ن ض) جُفُولًا و جَفَلًا
و أَجْفَلَ۔
البعیرُ۔ اونٹ کا بدکنا۔ بھاگنا۔
صفت (جافل) و (جَفَّال)
النَّعَامَةُ۔ شترمرغ کا بھاگنا۔
الريحُ۔ ہوا کا تیز چلنا۔
(ــ وانجفل و تَجَفَّلَ)
القومُ۔ لوگوں کا تیز بھاگنا۔
جَفَّلَه۔ بدکانا۔ بھگانا۔
تَجَفَّلَ۔ الديكُ۔ مرغ کا گلے کے
پروں کو پھلانا۔
الجَفْلُ۔ بارش کے بعد کا پانی
سے خالی بادل۔ شترمرغ۔ جو ہر
شے سے بدکے۔ ہاتھی کی لید۔
کشتی۔ ج۔ جُفُول۔
الجَفْلَة۔ من الشجر۔ بہت
پتوں والا درخت۔
الجُفْلَة۔ اون کا گچھا۔
الجُفَال۔ دودھ کی جھاگ۔ بہت اون
کنارہ ہائے دریا پر سیلاب کا ڈالا

ہوا خس و خاشاک۔
الجُفَالَۃ۔ من القدر۔ ہانڈی کا جھاگ جو چمچے سے نکالا جائے
ریحٌ (جَفُولٌ) ج۔ جُفُلٌ۔
و (جُفَّل و مِجْفَال و مُجْفِلَۃ)، وہ تیز ہوا جو بادل کو اڑا لے جائے۔
الجَفَلیٰ۔ عام دعوت۔ کہا جاتا ہے "دُعِیَ فلانٌ فی النقریٰ لا فی الجَفَلیٰ"۔ یعنی وہ خصوصی دعوت میں بلایا گیا نہ عمومی دعوت میں۔
الجَفِیل۔ بہت۔ زراعت کا وہ بڑھا ہوا حصہ جو کھیتی کو ہلکا کرنے کی خاطر چھانٹ دیا جائے۔
الإِجْفِیل۔ بزدل۔
الجَفَلَّق۔ بہت موٹی بوڑھی عورت۔
جَفَنَ (ن)، جَفْنًا۔
الناقۃ۔ اونٹنی کو ذبح کر کے بڑے بڑے پیالوں میں کھلانا۔
نفسہ۔ اپنے نفس کو برائیوں سے روکنا۔
(ـــ و تَجَفَّنَ)
الکرمُ۔ جڑ پکڑنا۔
الجَفْنُ۔ مص۔ اوپر نیچے کا پپوٹا۔ تلوار کا میان۔ ج۔ أَجْفَان و جُفُون و أَجْفُن۔
الجَفْن۔ انگور کی جڑ یا اس کی ٹہنیاں۔ واحد۔ جَفْنَۃ۔
الجَفْنَۃ۔ بڑا پیالہ۔ وہ برتن جس میں شراب بنائی جائے۔ چھوٹا کنواں۔
ج۔ جِفَن و جِفَان و جَفَنَات۔
جَفَا۔ یَجْفُو جفاءً و جَفَاءَۃً۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنا۔

علیہ کذا۔ کسی پر کچھ گراں ہونا
الثوب۔ کپڑے کا موٹا دبیز اور گاڑھا ہونا۔
جَنْبُہ عن الفراش۔ قرار نہ پانا۔
جَفَا۔ (ن)، جَفْوًا و جَفَاءً و جَفًا۔
صَاحِبَہ۔ اعراض کرنا۔ بدسلوکی سے پیش آنا۔
جَفَّاہٗ۔ بداخلاق بنا دینا۔
تَجَافیٰ۔ عن مکانِہ۔ قرار نہ پانا۔
أَجْفیٰ۔ الخَیل۔ گھوڑے کو تھکا دینا اور چارہ نہ کھلانا۔
فلانًا۔ دور کرنا۔
تَجَافیٰ۔ جگہ سے علیحدہ ہونا۔ الگ ہونا کہتے ہیں۔ "تجافی السرج عن ظہر الفرس" زین گھوڑے کی پیٹھ سے ہٹ گئی۔ "تجافی جنبہ عن الفراش" اس کا پہلو بستر سے دور رہا۔
اِجْتَفیٰ۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو اس کی جگہ سے ہٹانا۔ دور کرنا۔
اِسْتَجْفیٰ۔ اِسْتِجْفَاءً۔
الشیءَ۔ کسی شے کو غلیظ و موٹا پانا۔
ہٗ۔ کسی سے دوری چاہنا۔
الجَفْوَۃ و الجِفْوَۃ۔ اجڈپن کھردرا پن۔ بدسلوکی۔
الجَافِی۔ موٹا۔
جافی الخلق۔ اجڈ۔ بداخلاق
ج۔ جُفَاۃ۔ مؤنث جافِیَۃ۔
ج۔ جَافِیَات و جَوَافٍ۔
جَفِیَ (ض)، جَفْیًا۔
الرجل۔ پچھاڑ دینا۔

(ـــ و اجْتَفَّ)
النبات۔ پودے کو جڑ سے اکھیڑ دینا۔
جَقَّ۔ (ن)، جَقًّا۔
الطائرُ۔ پرند کا بیٹ کرنا۔
جَکِرَ (س)، جَکَرًا۔ بیچنے میں اصرار کرنا۔
جَلَّ۔ (ض)، جَلاَلاً و جَلاَلَۃً۔ بڑی شان والا ہونا۔ جسم میں بڑا ہونا عمر میں بڑا ہونا۔
کہتے ہیں۔ جَلَّ فلانٌ فی عینی۔ یعنی فلاں میری نظر میں بڑے مرتبہ والا ہو گیا۔
صفت (جَلِیل)،
ج۔ أَجِلاَّء و أَجِلَّۃ و جِلَّۃ۔
و (جِلّ و جُلّ و جُلاَل و جُلاَّل)۔
جَلَّ و تَجَالَّ۔ عن کذا۔ نفرت کرنا۔ بیزار و بری ہونا۔ اپنے کو کسی نقص سے بالا و برتر سمجھنا۔
تَجَالَّ علیہ۔ بڑا بننا۔ دوسرے پر اپنی بزرگی کا اظہار کرنا۔
(جَلَّ۔ جَلاًّ و جَلَّلَ)
الفرس۔ گھوڑے پر جھول ڈالنا
جَلَّ (ن۔ ض)، جُلُولاً و جَلاًّ۔ اپنے وطن کو چھوڑ کر کسی دوسرے ملک میں چلا جانا۔
صفت (جَالّ) ج۔ جَالَّۃ۔
جَلَّ (ن ض)، جَلاًّ و جِلَّۃً و اجْتَلَّ
البَعَرَ۔ مینگنیاں چننا۔ اٹھانا۔
الشیءَ۔ چیز کے بڑے حصہ کو لینا۔
جَلَّلَ۔ الشیءُ۔ چیز کا عام ہونا۔
الشیءَ۔ ڈھانپ لینا۔
اور اسی سے ہے۔ جَلَّلَ المطرُ

الأرض۔ بارش نے زمین کو
ڈھانپ لیا۔
الرجلَ۔ کسی آدمی کی تعظیم بجالانا۔
اجلّه اجلالاً۔ تعظیم کرنا۔
عن العیب۔ عیب ونقص سے
پاک کرنا۔
الرجل۔ قوی ہونا۔ کمزور ہونا۔
عمرو زیداً۔ عمر کا زید کو بہت
دینا۔ کہا جاتا ہے۔
آتیت فلاناً فما اجلّنی و
ما ادقّنی۔ میں فلاں کے
پاس آیا تو اس نے مجھ کو نہ بہت
دیا نہ تھوڑا۔
تجلّل۔ بڑا بننا۔
بالثوب۔ کپڑا اوڑھنا۔
تجلّله۔ غالب ہونا۔
الجلّ۔ مص۔ چنبیلی۔ گلاب کا پھول۔
خواہ سفید و سرخ ہو یا زرد۔
واحد جلّة۔ بادبان۔ ج۔
جلول۔
الجُلّ و الجَلّ۔ جھول۔ ج۔
جلال و اجلال۔
جُلّ الشیٔ۔ چیز کا بڑا حصہ۔
جُلّ البیت۔ خیمہ نصب کرنے
کی جگہ۔
و الجِلّ۔ موٹا۔ بھاری۔
کہتے ہیں۔ فعلته من جُلّك
اس نے اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
الجِلّ۔ بہت۔
کہتے ہیں۔ ماله دقّ ولا جلّ۔
یعنی اس کے پاس نہ تھوڑا ہے نہ بہت
من المتاع۔ فرش و فروش
اور چادریں۔
رجل جِلّ۔ بزرگ آدمی۔
امر جَلَل۔ بڑا معاملہ۔ سہل

و آسان امر۔
کہا جاتا ہے۔ "فعلته من
جللك و من اجلالك و
من تجلّتك"۔ میں نے
تمہاری خاطر اور تمہاری تعظیم کی
بنا پر یہ کیا۔
الجلّة۔ بتثلیث الجیم۔
مینگنی۔ کہتے ہیں۔ "قوم جِلّة"۔
بڑے صاحب عزت لوگ۔ یہ
جلیل کی جمع ہے۔
الجُلّة۔ بڑا ٹوکرا۔ ج۔ جِلال
و جُلل۔
الجالّة۔ اپنے وطن کو چھوڑنے
والے لوگ۔
الجُلّی۔ مؤنث۔ الاجل کی
بڑا کام۔ امر عظیم۔ ج۔ جُلَل۔
التجلّة۔ بزرگی و عظمت۔
المجلّة۔ رسالہ۔ کاپی۔
الجلّالة۔ پلیدی کھانے والی
گائے۔
المُجلِّل۔ فا۔ سحاب مُجلِّل۔ ہمہ
گیر بارش برسانے والا بادل۔
امر مُجَلَّل۔ عام معاملہ۔
جلاه (ن) جلاءً و جلاءً۔
و جلاءةً۔ پچھاڑ دینا۔ زمین
پر ٹپک دینا۔
جلاء بالثوب۔ پھینکنا۔
جلبه۔ (ن ض) جلباً و جلَباً۔
ہانک کرلے آنا۔
الرجل۔ جانا۔
الجرح۔ زخم کا اچھا ہونا۔
(— و اجلب)
القوم۔ قوم کو جمع کرنا۔
جلبه و اجلبه۔ دھمکانا۔
جلب و اجاء لاهله۔ اہل و

عیال کے لیے کمانا۔
جلب و اجلب علی الفرس۔
چلا کر گھوڑے کو آگے بڑھانا۔
جلب و اجلب الدم۔ خون
خشک ہونا۔
جلب و اجلب القوم۔
لوگوں کا شور و شغب مچانا۔
جلِب (س)، جلَباً۔ جمع ہونا۔
جلب (ن) جلباً۔ علیه۔ گناہ کرنا
جلّب۔ القوم۔ قوم کا چیخنا چلانا۔
علی الفرس۔ گھوڑے کو ڈانٹنا
ڈپٹنا۔
(— و اجلب)
القوم۔ لوگوں کا لڑائی کے لیے ہر
طرف سے سمٹ آنا۔
انجلب۔ جانا۔
اجتلبه۔ لانا۔
استجلبه۔ در آمد کرنے کی
درخواست کرنا۔ کسی چیز کو حاصل کرنا۔
یا سبب بننا۔
الجَلْب۔ مص۔ گناہ۔ جرم۔
الجَلَب۔ مص۔ وہ مال جو ایک شہر
سے دوسرے شہر لے جائیں۔
ج۔ اجلاب۔
(— و الجلبة) شور و غوغا
غل شور۔
الجُلب۔ پانی سے خالی بادل۔ وہ بادل
جو پہاڑ کی طرح نظر آئے۔ رات کی
تاریکی۔
جُلب الرحل و جُلبه۔ کجاوہ
کی لکڑیاں۔
الجُلبة۔ کھرنڈ۔ تہ بہ تہ پتھر، جن
میں جانوروں کے لیے راستہ
باقی نہ رہے۔ گھاس کے متفرق قطعے۔
سبز کانٹے دار درخت۔ بادل کا

ایک ٹکڑا۔ پالان پر لگایا جانے والا چمڑہ۔
جُلبَۃُ القِتادۃِ۔ کڑاکے کی سردی۔ چلّے کی سردی۔ ج۔ جُلَب۔
الجَلِیبُ۔ لایا ہوا۔ کھینچا ہوا۔ کہتے ہیں۔ "عَبدٌ جَلِیبٌ"۔ درآمدہ غلام۔
ج۔ جَلبیٰ و جُلَباء۔ "وامرأۃٌ جَلِیبٌ وجَلِیبَۃٌ" کمین سے لائی ہوئی عورت۔
ج۔ جَلبیٰ و جَلائِب۔
الجَلُوبَۃ۔ درآمدہ اسباب۔ وہ اونٹ جس پر سامان لادا جائے۔ اس میں واحد و جمع یکساں ہیں۔
الجَلّاب۔ غلاموں کو تجارت کے لیے ایک شہر سے دوسرے شہر لے جانے والا۔
الجُلّابُ و الجُلّاب۔ عرق گلاب۔ میں شہد یا شکر سے تیار کیا ہوا شربت عرق گلاب۔
الجُلُبّان۔ مٹر۔ چمڑے کا تھیلا۔ کہتے ہیں "رَجُلٌ جُلُبانٌ وجَلَبّانٌ" شور مچانے والا آدمی۔
الجَلّابُ و المُجَلِّب۔ چلانے والا۔ بکواسی۔ بد خلق۔
المَجْلَبَۃ۔ کسی شے کے حاصل کرنے کا سبب اور باعث۔
جَلبَبَہٗ۔ چادر یا قمیص پہنانا۔
تجَلبَبَ۔ چادر یا قمیص پہننا۔
الجِلبابُ و الجِلِبّاب۔ قمیص یا چادر۔ ج۔ جَلابِیب۔
جَلَتَہٗ (ض) جَلتًا واجتَلَتَہٗ مارنا
جَلجَلَ۔ الرجلُ۔ چیخنا۔ زور سے آواز نکالنا۔
السحابُ۔ بادل کا گرجنا۔
جَلجَلَۃ۔ حرکت دینا۔

جَلجَلَ الوتر۔ تانت کو مضبوط بٹنا۔
البَعِیرَ۔ اونٹ پر گھونگرو لٹکانا اونٹ کے جھانجھ باندھنا۔
تَجَلجَلَتْ۔ قواعد البیت۔ گھر کی بنیادوں کا ہل جانا۔
تَجَلجَلَ فی الارض۔ زمین میں دھنسنا۔
الامرُ فی نفسہ۔ دل میں کسی خیال کا کھٹکنا۔
الجَلاجِل۔ گھونگرو۔ واحد (جُلجُل) جَلاجِل۔
النفس۔ وہ خیالات جو دل میں کھٹکیں۔ کہتے ہیں۔ ثَبثتُہٗ جلاجل نفسی میں نے اس پر اپنے دل کی باتیں کھول دیں۔
الجُلجُل و الجُلاجِل۔ پھرتیلا تیز دست۔ کام میں چست۔
الجَلجَلَۃ۔ مص۔ بادل کی گرج اور کڑک۔ گھنٹی کی جھنکار۔
الجُلجُلان۔ دھنیے کے دانے۔ کشنیز تل۔ کنجد۔
جُلجُلانُ۔ الشیءِ۔ بڑی چیز
جُلجُلانُ القلب۔ سویدائے قلب۔ دل کا مرکز۔
کہتے ہیں جُلجُلانُ القلبِ الی قمع الاذن۔ دل سے جرأت نکلتی ہے، اگر رکتی ہے۔
المُجَلجِلُ۔ قوی سردار۔ دور تک پہنچنے والی آواز رکھنے والا۔ گرجنے کڑکنے والا بادل بے عیب ظریف۔
رعدٌ مُجَلجِلٌ۔ بڑی تعداد۔
جَلَحَتْ (ف) جَلحًا۔ الماشیۃُ۔ الشجرَ۔ مویشی کا درخت کے

اوپر کے حصہ کو چر جانا۔
جَلِحَ (س) جَلَحًا۔ سر کے دونوں جانب سے بالوں کا گرنا۔ صفت۔ (اَجْلَح) ج۔ جُلْح و اَجْلاح و جُلْحان۔ مؤنث۔ جَلْحاء۔
الثور۔ بیل کا بے سینگوں والا ہونا۔
الارض۔ زمین کی گھاس کا چر لیا جانا۔
القُریٰ۔ حفاظتی قلعوں کا باقی نہ رہنا۔
جُلِحَتْ۔ الشجرۃُ۔ درخت کا اوپر سے کھا لیا جانا۔
الارضُ۔ زمین کی گھاس کا چر لیا جانا۔
جَلَّحَ۔ علی الشیءِ۔ زبردست پیش قدمی کرنا۔
فی الامر۔ پختہ ارادہ کرنا۔
السبعُ علی القوم۔ درندہ کا کود پڑنا۔ حملہ آور ہونا۔
جَلَّحَتِ الماشیۃُ الشجرۃَ۔ مویشی کا درخت کو اوپر سے چر جانا۔
جالَحَہٗ۔ کھلم کھلا دشمنی کرنا۔
جالَحَ بالشیءِ۔ صاف اور کھلے طریقے سے کرنا۔
الجَلَحَۃ۔ سر کے دونوں جانب بال گرنے کی جگہ۔
الجُلاح۔ تباہ کن سیلاب۔
ارضٌ جَلحاءُ۔ بنجر زمین جو روئیدگی نہ اگائے۔
بقرۃٌ جَلحاء۔ بے سینگ کی گائے۔
قریۃ جلحاء بے قلعہ والی آبادی۔
سطوح جلحاء۔ کھلی چھتیں جن کے

اطراف میں کوئی دیوار یا روک نہ ہو
جس سے انسان گرنے سے بچے۔
سنةٌ جالحةٌ۔ قحط کا سال۔
ج۔ جوالح۔
الجوالح۔ روئی کے مانند ایک شے
جو بانس کے سرے سے نکل کر
اڑتی یا گرتی ہے۔ برف کے ٹکڑے
جبکہ وہ ایک دوسرے پر گریں۔
المُجالح۔ فا۔ شیر۔
(المِجلاح والمُجالِحة) جاڑے
میں دودھ دینے والی اونٹنی۔
ج۔ مجالیح۔
المجالیح وہ بربادی کے سال جو مال
کو تباہ کر دیں۔
المُجلح پیٹو۔ بہت کھانے والا۔
ڈھائی سیرا۔
جَلَخَ (ف) جَلْخًا۔ السیلُ
الوادی۔ سیلاب کا وادی
کو پانی سے پر کر دینا۔ وادی کے
اطراف کو کاٹنا۔
الشئَ۔ کھینچنا۔ دراز کرنا۔
بہ۔ پچھاڑنا۔
جَلَخَہ بالسیف۔ گوشت میں سے
کچھ کاٹ لینا۔
(س وجَلَّخَ) الموسیٰ۔ استرے
کو تیز کرنا یا صیقل کرنا۔
اَجلخَ۔ الشیخُ۔ بوڑھے کا کمزور
ہو کر ڈھیلے اعضا والا ہونا۔
الجُلاخ۔ زبردست سیلاب۔ گہری
وادی۔
جَلَدَہ (ض) جَلْدًا۔ بالسیاط۔
کوڑے مارنا۔
ہ۔ علی الامر۔ کسی امر پر مجبور
کرنا۔
بالارض۔ پچھاڑنا۔ زمین پر پٹکنا۔

جَلُدَ۔ (ك) جَلَدًا وجَلادةً۔
وجُلودةً ومَجلودًا۔ صبرو
استقلال اور قوت والا ہونا۔
جَلِدَ (س) جَلَدًا وجَلِدَ و
اُجلِدَ المکانُ۔ کسی جگہ پالا پڑنا
صفت مفعولی۔ (مَجلود)
جَلَّدَ۔ الکتاب۔ کتاب کی جلد باندھنا
الجزورَ۔ جانور کی کھال اتارنا۔
جالَدَہ۔ بالسیف۔ تلوار سے مارنا۔
اَجلَدَ۔ الیہ۔ کسی کا محتاج بنانا۔
مجبور کرنا۔
تجلّد۔ اظہار صبر کرنا۔ مضبوطی دکھانا۔
تجالدوا و اجتلدوا۔
بالسیوف۔ باہم تلوار سے لڑنا۔
اجتلد الاناءَ۔ سارا پی جانا۔
الجَلدُ۔ مص۔ مضبوط۔ قوی۔
ج اَجلاد۔ مؤنث۔ جلدة۔
واَجلاد الانسان و (تجالیده)
انسان کا جسم اور اس کے اعضاء
کہتے ہیں۔ "ما اَشبهَ اجلادُ
فلانٍ باجلادِ ابیہ" فلاں
کے اعضائے بدن اس کے باپ
کے اعضاء سے کس قدر ملتے جلتے
ہیں۔
الجَلَد۔ آسمان یا نیلا گنبد۔ کھال۔
(س والجَلَدة) سخت و کرخت
زمین۔
الجِلدُ۔ کھال۔
ج۔ اَجلادٌ وجُلود و (الجِلدة)
کھال کا ٹکڑا یا کھال کی قسم۔
ج۔ جِلَد
کہتے ہیں۔ "ھُو من جِلدتنا"
وہ ہمارے ہی قبیلہ اور خاندان
سے ہیں۔
الجَلید۔ قوت والا۔ صابر۔

چالاک۔ ج۔ جُلداء وجِلاد۔
وجُلُدٌ۔ الجَلید۔ پالا۔
الجِلاد۔ کھجور کے بڑے بڑے اور
سخت درخت۔ بہت دودھ دینے
والی اونٹنیاں۔
الجَلّاد۔ کوڑے سے مارنے والا۔
تلوار سے مارنے والا۔ ہر سزا دینے
والا۔ کھال کھینچنے والا۔
المِجلَد۔ والمِجلاد۔ چمڑے کا
وہ ٹکڑا جس کو نوحہ کرنے والی
اپنے منہ پر مارا کرتی تھی۔ کوڑا۔
ج۔ مَجالِد و مَجالید۔ عظمٌ
(مُجلّد) صرف کھال لگی ہوئی
ہڈی۔
فرسٌ مُجلِّد۔ وہ گھوڑا جو کوڑے
سے نہ ڈرے۔
اِجلَوَّذَ۔ اِجلِوّاذًا۔ تیز چلنا۔
اللیل۔ رات کا دراز ہونا یا
گذر جانا۔
بھم السیر۔ تیزی کے ساتھ
چلتے رہنا۔
المطرُ۔ زمانہ بارش کے ختم کے
بعد بھی برستا رہنا۔
الجُلَذُ۔ ج۔ مَناجِذ۔ چچھوندر۔
الجُلَذِیّ والجُلاذِیّ۔ پادری
گرجے کا خادم۔ کاریگر۔
ج۔ جلاذِی۔
الجُلَذِیّ والجَلوذ۔ بڑا مضبوط
اونٹ۔
جَلَزَ (ض) جَلزًا۔ الرأسَ۔ سر پر
پٹی باندھنا۔
الشئَ الی الشئِ۔ کسی چیز کو
دوسری چیز سے ملانا۔ (س وجَلَّزَ)
السکّین۔ چھری کا دستہ باندھنا۔
وجَلَزَ الرجلُ۔ جلدی چلنا۔ تیز چلنا

Marfat.com

تَجَلَّزَ۔ لِلاَمْرِ۔ کسی کام کے لیے تیار ہونا۔ مستعد ہونا۔
جَلْوَزَ۔ بَینَ یدی الامیر۔ امیر کے سامنے آنے جانے میں چستی دکھانا۔
جِلْوَزُ۔ السِّنَان۔ بھالے کے نیچے کا گول حلقہ۔
الجِلاَّزُ۔ کوڑے کے کنارے پر بندھا ہوا تسمہ۔ ج۔ جَلاَئِزُ۔
الجَلْوَزَۃُ۔ آمدورفت میں چستی پھرتی۔
الجِلْوَازُ۔ پولیس کا سپاہی، بادشاہ کے سامنے تیز تیز چلنے والا۔
ج۔ جَلاَوِزَۃُ۔
الجِلْوَزُ۔ بڑے جسم والا۔ بہادر۔
المَجْلُوزُ۔ محکم۔ مضبوط۔
کہتے ہیں۔ فلانٌ مَجلوزُ العمل فلاں کام میں مضبوط و مشاق ہے۔
جَلَسَ (ض) جُلُوْسًا و مَجْلِسًا۔ بیٹھنا۔ صفت۔ (جَالِس) ج۔ جُلُوْس و جُلاَّس۔
جَالَسَہ مُجَالَسَۃً۔ کسی کے سنگ ساتھ بیٹھنا۔
جَلَّسَہ و اَجْلَسَہ۔ بٹھانا۔
تَجَالَسُوا۔ فی المَحَاکم۔ عدالتوں میں بیٹھ کر آپس میں بحث کرنا۔
اِسْتَجْلَسَہ۔ بیٹھنے کو کہنا۔
الجَلْسَۃ۔ ایک بیٹھک۔
الجِلْسَۃ۔ بیٹھنے والے کی حیثیت
الجَلْس۔ بڑی سخت چٹان۔ بلند زمین
جَمَلٌ جَلْسٌ۔ مضبوط اونٹ۔
نَاقَۃٌ جَلْسٌ۔ مضبوط اونٹنی
شَہْدٌ جَلْسٌ۔ گاڑھا شہد۔
الجَلِیْس۔ ج۔ جُلَسَاء و جُلاَّس۔ (الجِلْس و الجَلِیْس) ہم نشین۔

الجُلْسَۃ۔ بہت بیٹھنے والا۔
المَجْلِس۔ بیٹھنے کی جگہ۔ بیٹھنے والے۔ اصحاب۔ کچہری۔ عدالت۔
المَجْلِسَۃ۔ بیٹھنے کی جگہ۔
جَلَطَ۔ (ض) جَلْطًا۔ قسم کھانا۔ جھوٹ بولنا۔
الرَّأسَ۔ سر مونڈنا۔
السَّیْفَ۔ تلوار سونتنا۔
الجِلْدَ۔ کھال اتارنا۔
بِسَلْحِہ۔ بیٹ کرنا۔
اِنْجَلَطَ۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا تیز چلنا۔
الشَّیْءُ۔ چیز کا پرانا ہونا۔ گھسنا۔
جَالَطَہ۔ ایک کا دوسرے سے فریب مکر کرنا۔
اَجْتَلَطَ۔ اچک لینا۔ جھپٹنا۔
مَا فِی الانَاءِ۔ پیالے میں جو کچھ ہے سب پی جانا۔ سب ڈکوس جانا۔
الجُلْطَۃ۔ دہی کی تھوڑی مقدار۔ یا بستر خون۔
امرأۃٌ جِلوطٌ۔ بے حیا عورت۔ بے شرم عورت۔
جَلِعَ۔ (س) جَلَعًا۔ ہونٹوں کے سمٹنے کی وجہ سے دانتوں کا کھلنا۔ صفت (جَلِعٌ و اَجْلَعُ) مؤنث۔ جَلِعَۃٌ و جَلْعَاءُ۔
جَلَعَتْ (ف) جُلُوْعًا۔ المرأۃُ بے حیا ہونا۔ صفت (جَالِعٌ و جَالِعَۃٌ)
جَالَعَ۔ القومُ۔ لوگوں کا آپس میں جھگڑا کرنا۔ اہدا اول فول بکنا۔
اِنْجَلَعَ۔ الشَّیْءُ۔ چیز کا کھل جانا۔ منکشف ہونا۔
الجَالِعُ۔ مسافر۔ بے حیا۔
الجَلْعَۃ۔ ہنسنے کے وقت دانت

کھلنے کی جگہ۔
کہتے ہیں۔ فلانٌ لطیف الجَلْعَۃ۔
الجَلْعَم۔ بے حیا۔
اِجْلَعَبَّ و اَجْلَعَدَّ۔ لیٹنا۔ بستر پر دراز ہونا۔
الجَلْعَدُ۔ سخت و مضبوط۔ الجَلاَعِدُ من الابل۔ سخت مضبوط۔
ج۔ جَلاَعِد۔
جَلَغَہ (ف) جَلْغًا۔ بالسَّیْفِ۔ تلوار سے ٹکڑے کرنا۔
جَالَغَ۔ تلوار سے مقابلہ کرنا۔
جَلَفَہ (ن) جَلْفًا۔ کھرچنا۔ کہتے ہیں۔ جَلَفَ الطین عَنِ الحَجَرِ۔ اس نے مٹی کو پتھر سے کھرچ ڈالا۔
الظُّفرَ۔ ناخن جڑ سے اکھیڑنا۔
ہ۔ بالسیف۔ گوشت کا ٹکڑا تلوار سے کاٹ لینا۔
ہ۔ الدھرُ۔ زمانہ کا کسی کو تباہ کر دینا۔
جَلِفَ (س) جَلَفًا و جَلاَفَۃً۔ اجڈ ہونا۔ اکھڑ ہونا۔
جَلَّفَ۔ الویلُ اَمْوالَہم۔ نابود کرنا۔ تباہ کرنا۔
تَجَلَّفَ۔ دبلا ہونا۔ کمزور ہونا۔
اِجْتَلَفَہ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ بیخ کنی کرنا۔
ہ۔ الدھرُ۔ زمانہ کا کسی کو تباہ و برباد کرنا۔
الجِلْفُ۔ اکھڑ۔ اجڈ۔ بیوقوف۔ خالی مٹکا۔ برتن۔ سر جدا کیا ہوا دھڑ۔ روٹی کی کور۔
ج۔ اجلاف و جُلُوف۔
الجَلِیْفُ۔ کھرچا ہوا۔ اجڈ۔ اکھڑ۔ ظالم۔ مؤنث۔ جَلِیْفَۃ۔
کہا جاتا ہے۔ واصابتہم جَلِیْفَۃ

[illegible] العظیمة۔ یعنی ان کو سخت قحط سالی لاحق ہوئی اور اس نے ان کو کنگال کر دیا۔ ج۔ جَلَائِف بمعنی جُلُف و جُلُف [illegible]

الجلا[illegible]

الجُلْفَة۔ چمڑے وغیرہ کی چھیلن یا تراشہ۔

الجِلْفَة۔ خشک روٹی کا ٹکڑا۔

ج۔ جِلَف۔

الجِلْفَة و الجَلْفَة۔ من القلم قلم کا تراشا ہوا حصہ۔ زبان قلم۔

الجُلَافَ۔ مٹی۔ کیچڑ۔

المُجَلَّفَ۔ اطراف سے چھانٹا ہوا۔ وہ جس کا کچھ حصہ باقی ہو۔

جَلْفَطَ و جَلْفَظَ۔ السَفِيْنَة۔ کشتی کی درز بند کرنا۔ عوام قلفظ کا لفظ استعمال کرتے ہیں۔

الجِلْفَاط و الجِلْفَاظ۔ کشتی کی درز بند کرنے والا۔

جَلَقَ۔ (ض) جَلْقًا۔

الراس۔ سر مونڈنا۔

القوم بالمنجنیق۔ پتھر پھینکنے کی مشین سے دشمن پر حملہ کرنا۔

تَجَلَّقَ۔ ہنسنے میں داڑھیں تک ظاہر کر دینا۔

الجُلَاقَة۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کہتے ہیں۔ رجلٌ جُلَاقَة۔ دُبلا سوکھا آدمی۔

الجُوَالِق و الجَوَالِق۔ اون یا بالوں کی گون۔

ج۔ جَوَالِق و جَوَالِیق۔

الجِلِق و الجِلَّق۔ دمشق یا اس کا غوطہ (اس کے آس پاس کا مرغزار و سبزہ زار)

الجَنْكِي و الجُلُكي۔ بام مچھلی سے ملتی ہوئی مچھلی۔

جَلَمَه (ض) جَلْمًا و اجْتَلَمَه۔ کاٹنا۔

الصوفَ۔ اون کا کترنا۔

الجزورَ۔ ہڈیوں پر سے گوشت اتارنا۔

الجَلَمَ و الجَلْمَان۔ اون کترنے کی قینچی۔

آپ "جلمان" پر تثنیہ کا اعراب بھی لگا سکتے ہیں اور مفرد کا بھی۔ جیسے شربت الجلمین و شربت الجَلمان۔

الجَلَمَ۔ بکرا۔ بکری کا بچہ۔

ج۔ جِلَام۔

الجَلَمَ۔ ایک شکاری پرندہ۔

الجَلْمَة و الجُلْمَة و الجَلَمَة۔ پوری چیز۔ سب کی سب۔ کہتے ہیں۔ اخذت الشیئ بجلمته۔ یعنی میں نے پوری چیز لے لی۔ وھٰذہ جلمة الجزور۔ یہ مذبوح کا سارا گوشت ہے۔

الجُلَامَة۔ کتری ہوئی اون۔

الجَيْلَم۔ چودھویں رات کا چاند۔

الجَلْمَد۔ ج۔ جَلَامِد۔ (و الجُلْمُود) ج۔ جَلَامِيد۔ پتھر کی چٹان۔

رجلٌ جَلْمَدٌ۔ سخت مضبوط آدمی

ارضٌ جَلْمَدَةٌ۔ پتھریلی کنکریلی زمین۔ اور اس بخیل کے بارے میں کہتے ہیں جو کنجوس مکھی چوس ہونے کے باوجود کچھ دے جائے۔ رشح او یَعْنِي جَلْمَدُهُ۔

الجَلْمَد و الجُلْمُود۔ اونٹوں کا بڑا گلہ۔

جَلْمَقَ۔ القوس۔ کمان پر تانت چڑھانا۔

الجِلْمَاق۔ وہ پٹھا جس سے تانت بناتے ہیں۔

الجُلَّنَار۔ گل انار۔

الجَلَنْجَبِیْن۔ گل قند۔

جَلَه۔ (ف) جَلْهًا۔ الشیئَ۔ کھولنا۔ دور کرنا۔

المرءَ۔ کسی کو باز رکھنا۔

العَمَامَة۔ پگڑی کو پیشانی سے اونچی کرنا۔

جَلِهَ (س) جَلَهًا۔ سر کے اگلے حصہ کے بالوں کا اڑ جانا۔

صفت۔ (اَجْلَه)

الجَلْهَة۔ من الوادی۔ وادی کا کنارہ۔ وادی کے سامنے والی جانب

ج۔ جِلَاہ۔

بیت مَجْلُوہ۔ وہ مکان جس میں نہ دروازہ ہو، نہ کوئی اوٹ، اور پردہ۔

الجَلَاهِقَ۔ مٹی کا غلہ یا سیسے کی گولی۔ غلیل۔

جَلَا (ن) جَلَاءً۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا

عَنْ بَلَدِہٖ و مِنْه۔ اپنے شہر سے نکلنا۔

الشیءُ۔ بلند ہونا۔

جَلَا (ن) جَلْوًا و جَلَاءً۔

الامر۔ کسی امر کو واضح کرنا۔ ظاہر و آشکارا کرنا۔

الرجل عن بلدہٖ۔ کسی کو اس کے شہر و ملک سے نکالنا۔ جلا وطن کرنا۔

النحل۔ شہد نکالنے کے لیے دھواں کر کے مکھیوں کو بھگانا۔

عنه الھم۔ کسی کا غم زائل کرنا۔ دور کرنا۔

السَيْفَ۔ تلوار کو صیقل کرنا۔

البصر بالکحل۔ سرمہ سے آنکھ کی بینائی کو روشن کرنا۔

(س- جلوۃً بتثلیث الجیم۔
وجلاءً واجتلی)
العروس علی زوجھا۔ دلہن
کا بناؤ سنگار کرکے اس کو اس کے
خاوند کے پاس پیش کرنا۔
جَلاً (ن) دجَلیً۔ الزوج عروسۃ
ھدیۃ۔ شب زفاف میں خاوند
کا اپنی دلہن کو ہدیہ دینا۔
جَلِیَ (س) جَلیً۔ سر کے اگلے حصہ
کے بالوں کا اڑجانا۔
صفت۔ (اجلی۔) مونث
جلواء۔
جبھۃٌ جلواء۔ کشادہ پیشانی
جَلّیٰ۔ فلانا وعن فلانا الامر۔
کسی کی مصیبت کو رفع کرنا۔
جلی بنظرہ۔ نظر ڈالنا۔
کہا جاتا ہے "جلی البازی" یعنی
باز نے سر اونچا کرکے شکار کو
دیکھا۔
عن ضمیرہ۔ دل کی بات کی
ترجمانی کرنا۔ ما فی الضمیر کو ظاہر
کرنا۔
جالی۔ فلانا بالامر۔ دوسرے
کے سامنے کوئی امر ظاہر کرنا۔ کھلم
کھلا کرنا۔
اَجلی۔ عن بلدہٖ۔ اپنے شہر سے
نکلنا۔
اجلاہ عن بلدہٖ۔ کسی کو اس کے
شہر سے نکالنا۔
الرجل منزلہ۔ کسی شخص کا
اپنے گھر کو خوف کے باعث چھوڑ
دینا۔
کہا جاتا ہے "اجلوا عن القتیل"
وہ مقتول کو چھوڑ بھاگے۔
تجلی۔ تجلیاً۔ الشیءَ۔ چیز کا اچھی طرح
ظاہر ہونا۔
المکانَ۔ گھر پر چڑھ جانا۔
الشیءَ۔ کسی چیز کو گردن بلند کر
کے دیکھنا۔
تجالی۔ القوم۔ ہر ایک کا حال دوسرے
پر کھل جانا۔
اِنجلی۔ ظاہر ہونا۔
کہتے ہیں "انجلی الھمّ عن قلبی"
میرے دل سے غم دور ہوگیا۔
اِجتلی۔ الشیءَ۔ دیکھنا۔
العمامۃَ۔ پگڑی کو پیشانی سے
اٹھانا۔
النحلَ۔ شہد نکالنے کے لیے
دھواں کرنا۔
استجلی۔ الشیءَ۔ ظاہر کرنے کو کہنا۔
العروسُ۔ دلہن کا آراستہ ہوکر
خاوند کے سامنے جانا۔
اِجلَولی۔ اِجلیلاءً۔ الرجلُ۔
کسی کا ایک شہر سے دوسرے شہر
کو جانا۔
الجَلاَ۔ سر کے بالوں کے گرنے کی ابتدا۔
سرمہ۔ ظہور۔
ابن جلا۔ کھلی چیز۔ صبح۔ چاند۔
الجلاءُ۔ مص۔ واضح اور کھلا امر۔
کہتے ہیں "اقمتُ جلاءَ یومی"
میں نے پورے دن اقامت کی۔
الجِلاءُ۔ سرمہ۔
الجَلوۃ۔ شب زفاف میں شوہر کا
اپنی دلہن کو دیا ہوا ہدیہ۔
الجالیۃ۔ مونث۔ الجالی۔
وہ مسافر لوگ جو اپنے وطن کو چھوڑ
آئے ہوں۔ ذمی لوگ۔ جزیہ جو
ذمیوں سے لیا جاتا ہے اور اس
کا استعمال ہر قسم کے خراج کے
لیے بھی ہے۔
ج۔ جوالی۔ مفرد۔ جالی۔
الجَلیّ۔ واضح۔ صیقل شدہ۔
مونث۔ جَلیّۃ۔
عینٌ جَلیّۃٌ۔ دیدۂ بینا۔
جَلیّۃُ۔ الامر۔ معاملہ کی منکشف
شدہ حقیقت۔ یعنی خبر۔
الاَجلی۔ روشن۔ واضح۔ خوبصورت
چہرہ والا۔ وہ شخص جس کے سر کے
اگلے حصے سے بال اڑ گئے ہوں۔
مونث۔ جلواء۔
کہتے ہیں۔ فعلتہ من اجلاک
یعنی۔ اس کو تمہاری وجہ سے کیا۔
ابن اجلی۔ صبح۔
المَجلی۔ سر کا اگلا حصہ جس سے بال گر
گئے ہوں۔ ج۔ مَجالی۔
المَجلُوّ۔ جس کی طرف دیکھا جائے۔
جَلّ (ض) جَلیاً۔ السیف۔ تلوار
کو صیقل کرنا۔
جَلّی۔ الامرَ۔ کسی امر کو ظاہر کرنا۔
الفرسُ۔ گھوڑے کا میدان میں
آگے نکل جانا۔
العِلّی۔ چھت کا روشندان۔
المُجَلّی۔ میدان میں آگے رہنے والا
الجِلّیان۔ کشف واظہار۔
جَمّ (ن۔ ض) جُموماً۔
الماءُ۔ پانی کا بکثرت جمع ہونا۔
العظمُ۔ ہڈی کا بہت پُر گوشت
ہونا۔
البئرُ۔ کنویں کا زیادہ پانی والا ہونا
صفت۔ (جَموم)
الفراقُ۔ فراق کا قریب ہونا۔
القومُ۔ لوگوں کا آرام پانا، اور
زیادہ ہونا۔
(س۔ جَمّاً وجماماً وجُماماً
وجَماماً)

الکیل ـ لبالب بھر کر ناپنا۔
الماءَ ـ پانی کو جمع ہونے دینا۔
المِکیالَ ـ پیمانہ کو چوٹی تک بھرنا۔
وَاَجَمَّ واَجَمَّ (ـــ
الفرس ـ گھوڑے کو کوتل چھوڑ دینا۔
جَمَّمَ المِکیالَ ـ پیمانہ کو چوٹی تک بھرنا۔
(ـــ و تَجَمَّمَ)
النبت ـ روئیدگی کا بکثرت بڑھ کر زمین کو ڈھک لینا۔
صفت جَمِیْم ـ ج ـ اَجِمَّاء ـ
اَجَمَّ ـ الامر ـ حاضر ہونا۔ قریب آنا۔
الفراقُ ـ جدائی کا وقت قریب آنا
الماءَ ـ پانی کو جمع ہونے دینا۔
الفرس ـ گھوڑے کو سواری میں استعمال نہ کرنا۔ کوتل چھوڑنا۔
اور اسی سے ہے۔ اَجِمّ نفسك یومًا او یومین ـ یعنی ایک دو دن جان کو آرام دو اور چلو پھرو نہیں۔
اِسْتَجَمَّ ـ الماءُ ـ پانی کا بکثرت جمع ہونا۔
الارض ـ زمین کا نبات اگانا۔
البئرَ ـ کنویں کو پانی بھر جانے کے لیے چھوڑ دینا۔
کہتے ہیں "انی لاستجم قلبی بشیءٍ من اللھو" یعنی میں اپنے دل کو کھیل کود سے بہلاؤں گا۔
الجَمُّ ـ مص ـ بڑی تعداد۔
کہتے ہیں "جاء وا جمًا غفیرًا وجمّ الغفیر وجمّ الغفیرۃ والجمّ الغفیر" یعنی شریف و رذیل سب ہی آئے اور بڑی تعداد میں آئے کہ کوئی بھی باقی نہ رہا۔
الجَمُّ من الماء ـ پانی کا بڑا حصہ۔
ج ـ جمام و جُمُوم ـ
الجمام ـ بتثلیث الجیم و (الجمم) پیمانہ کے لبوں سے اوپر کا ماپ۔
کہتے ہیں "جمام القدح ماءً" پانی سے بھرا پیالہ۔
الجَمَمُ ـ بڑی تعداد۔
الجَمَّۃ ـ بہت پانی والا کنواں۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔
کہا جاتا ہے "استق من جمۃ البئر" زیادہ پانی والے کنویں سے پانی لو۔
الجَمَّۃ والجُمَّۃ ـ چیز کا بیشتر اور بہت سا حصہ۔
کہتے ہیں "جاؤا فی جمۃ کثیرۃ" وہ بڑی تعداد میں آئے۔
والجُمَّۃ ـ سر کے بالوں کی کثرت لو سے نیچے تک کے بال۔
ج ـ جُمَمٌ ـ
الجَمَّام والجَمَّان ـ لبالب بھرا ہوا پیمانہ
الاَجَمّ ـ بے سینگ والا مینڈھا۔
مؤنث جَمَّاء ـ ج ـ جُمٌّ ـ
بغیر نیزہ کے لڑنے والا۔
الحِصْنُ الاَجَمّ ـ بلندی نہ رکھنے والا قلعہ۔
الجَمَّاء ـ بھرا ہوا۔
کہا جاتا ہے "امراۃٌ جمّاء العظام" بہت موٹی عورت۔
ارضٌ جَمّاء ـ ہموار زمین۔
کہتے ہیں جاؤا وجَمّاء الغَفِیر وجمّاء الغفیرۃ ـ والجمّاء الغفیرۃ ـ وجمّاء غفیرۃ وبجمّاء الغفیر ـ الخ ـ یعنی سب کے سب آئے۔
المَجَمّ والجَمَمُ ـ سینہ۔
کہتے ہیں "ھو رحب الجمم" وہ فراخ سینہ اور فراخ دل ہے۔
الجُمَّانی والمجمّم ـ وہ شخص جس کے سر پر بہت بال ہوں۔
جَمِیَ (س) جَمًا ـ علیہ ـ کسی پر غصہ ہونا۔
تَجَمَّیَ ـ فی ثیابہ ـ اپنے کپڑوں میں لپٹنا۔
القومُ ـ قوم کا جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا
الجَمَا والجَماء ـ
جمجم ـ جمجمۃ و تَجَمْجَمَ ـ
الکلام ـ کلام کو صاف نہ کہنا۔
کہا جاتا ہے "تجمجم عن الامر" وہ کام سے بچ گیا یا پیچھے ہٹ گیا۔
وجمجم شیئًا فی صدرہ ـ اس نے اپنے سینہ میں چھپائے رکھا اور اس کا پتہ نہ لگنے دیا۔
الجُمْجُمَۃ ـ سر کی کھوپڑی ـ لکڑی کا پیالہ ـ زمین شور میں کھدا ہوا کنواں۔
ج ـ جماجم ـ
جَمَحَ (ف) جَمْحًا وجِمَاحًا و جُمُوحًا ـ
الفرسُ ـ گھوڑے کا منہ زوری کرنا اور سوار کے قابو سے باہر نکلنا۔
نافرمان ہونا۔ عورت کا خاوند کو چھوڑ جانا۔ خود سر ہونا۔
صفت مذکر و مؤنث ـ (جامح)
ج ـ جوامح ـ
اور اسی سے ہے "جمحت المرأۃ زوجھا" یعنی عورت خاوند کو چھوڑ کر اپنے میکہ جا بیٹھی۔
وجمح الرجل ـ آدمی کا خود سر ہونا۔ خود رائے ہونا۔

کتے ہیں "جمحت المفازةُ بالقوم"
بیابان نے قوم کو ہلاکی کے گھاٹ اتار
دیا۔ و جمح بفلان مرادہٗ۔ یعنی
وہ اپنی مراد کو نہیں پہنچا۔
الجُمّاح۔ لڑائی میں شکست خوردہ
لوگ۔ بے پھل والا تیر۔
ج۔ جَمَامِحُ و جَمَامِيحُ۔
فرسٌ (جموح) سرکش اور منہ
زور گھوڑا۔
رجلٌ جموحٌ۔ خود سر آدمی۔
جَمَخَ (ن) جَمْخًا۔ تکبر کرنا۔
صفت۔ (جامخ) ج۔ جُمَّخ و
(جُمُوخ و جُمَّيخ)۔
جَامَخَهٗ۔ مقابلہ پر فخر کرنا۔
جَمَدَ (ن) جَمْدًا و جُمُودًا۔
الماءُ۔ پانی کا جم جانا۔
الدمُ۔ خون کا خشک ہونا۔
جمدت یدُہٗ۔ بخیل ہونا۔
عینہ۔ آنکھ کے آنسو کا بند ہونا۔
صفت (جَماد و جَمُود و جَمِيد)
العین۔ مؤنث۔ (جمود)
اَجْمَدَ۔ بخیل ہونا۔ کم بھلائی والا ہونا۔
ماہ جمادی میں داخل ہونا۔
کتے ہیں "اَجمد حقہٗ علیہ"۔ یعنی
اس نے اپنا حق اس پر واجب ٹھہرایا
ثابت کیا۔
اَجْمَدَہٗ و جَمَّدَہٗ۔ جمانا۔
جَامَدَہٗ مُجَامَدَةً۔ پڑوسی ہونا۔ پاس
پاس ہونا۔ قریب ہونا۔
کتے ہیں "ھُوَ مُجَامِدِی" میرا اور
اس کا گھر پاس پاس ہیں۔ گھر سے
گھر ملا ہے۔
الجَمَدُ و الجَمْدُ۔ جما ہوا پانی۔ برف۔
(ــ و الجُمْدُ و الجُمُدُ)
سخت و بلند زمین۔

الجماد۔ ج۔ جُمُد۔ زمین۔
سنةٌ جماد۔ بے بارش کا سال۔
ارضٌ جماد۔ وہ زمین جس پر
بارش نہ برسی ہو۔
ناقةٌ جماد۔ سست رفتار
اونٹنی۔
کہا جاتا ہے "فلان جماد الکف"
یعنی فلاں بخیل اور کنجوس ہے۔ و
الجماد۔ ج۔ جَمَادات و الجامد
ج۔ جوامد۔ غیر جاندار شے۔ جیسے
پتھر وغیرہ۔ والفعل الجامد۔ وہ
فعل جس کی گردان نہیں ہوتی۔ جیسے
لیس و عسی۔ و
جمادِ لہٗ۔ مبنی بر کسرہ۔ بخیل
کے حق میں بددعا ہے یعنی خدا کرے
وہ ہمیشہ اسی حال پر رہے۔
جُمادَی۔ الأُولیٰ۔ و الأخرة۔
قمری مہینوں میں پانچواں اور چھٹا
مہینہ۔
ج۔ جُمادیات۔ عین جُمادی۔
وہ آنکھ جو آنسو نہ ٹپکائے۔
جَمَرَ (ض) جَمْرًا و جَمَّرَ و اَجْمَرَ
و اسْتَجْمَرَ۔ القوم علی امر۔
لوگوں کا اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔
جَمَّرَ۔ چنگاری دینا۔
جمر القوم علی امر۔ کسی امر
پر قوم کا جمع کرنا۔
جَمَّرَ النخلةَ۔ درخت خرما کا
جُمّار کاٹنا۔ (جمار دیکھیے)
اللحم۔ گوشت کو انگارے پر
رکھنا۔
الامرُ القومَ۔ کسی امر کا لوگوں
کو اکٹھے ہونے پر مجبور کرنا۔
المرأةُ شَعرَھا۔ عورت کا
اپنے بالوں کی چوٹی گوندھ کر پیچھے ڈالنا

اَجْمَرَ۔ تیز چلنا۔
اور اسی سے ہے۔ "اجمر بین
یدیہ" وہ اس کے ساتھ تیز
تیز چلا۔
الثوبَ۔ کپڑے کو دھونی دینا۔
النارَ۔ آگ تیار کرنا۔
الامرُ القومَ۔ کسی امر کا عام ہونا۔
المرأةُ۔ عورت کا چوٹی گوندھ کر
پیچھے ڈالنا۔
تَجَمَّرَ۔ الجیشُ۔ فوج کا دشمن
کی سرزمین میں گھر جانا اور نہ لوٹ
سکنا۔
بالمجمرة۔ انگیٹھی سے دھونی دینا۔
القبائلُ۔ قبیلوں کا اکٹھا ہونا۔
اِجْتَمَرَ و اسْتَجْمَرَ۔ بالمجمرة۔
انگیٹھی سے دھونی دینا۔
الجَمْرَةُ۔ الجمر۔ کا واحد۔ انگارہ
کنکری۔ وہ لوگ جو آپس میں ایک
دل ایک جی ہوں۔
کہا جاتا ہے "بنو فلان جمرة"
یعنی فلاں کی اولاد اتفاق و اتحاد کے
رشتہ میں جکڑی ہوئی ہے۔
ج۔ جَمَرات۔
الجَمَّار۔ جماعت۔ متفق لوگ۔
جَمَارَی و جمادی۔ سب کے سب
کل۔
کتے ہیں۔ جاء القوم جماری"
یعنی قوم کے سب لوگ آئے۔
جاء القوم (جُمَّارًا) سب کے
سب آئے۔
الجُمَّار۔ و الجامُور۔ درخت خرما
کا گوند جو چربی سے مشابہ ہوتا ہے۔
اس کا واحد جُمّارة و جامورة ہے۔
ج۔ جُمّارات و جامورات۔
الجَمِیرُ۔ قوم کے اکٹھے ہونے کی جگہ۔

ابن جمیر۔ تیرہ وتاریک رات
جمیر الشعر۔ بالوں کی گندھی ہوئی چوٹی۔
الجمیرۃ۔ بالوں کی زلف۔
المجمرۃ والمجمر۔ انگیٹھی، عودسوز
ج۔ مجامر۔ حافر (مجمر، و مجمر) سخت کھر۔
جمز (ض) جمزًا۔ تیزدوڑنا۔
صفت۔ (جمّاز) جمزہ۔
کسی سے تمسخر اور ٹھٹھا کرنا۔
الجمزی۔ تیز چال۔ دُلکی۔
کہتے ہیں "یعدو الجمزی" وہ تیزدوڑتا ہے۔ حمارٌ جمزی دُلکی چلنے والا گدھا۔
الجُمزۃ۔ وہ پھلی جس میں دانہ ہوتا ہے ج۔ جُمز۔
الجُمّیز والجُمّیزی۔ گولر کا درخت واحد۔ جُمّیزۃ۔
جمَس و جمُس (ن ن) جُموسًا۔
السمنُ۔ گھی کا جم جانا۔
الجامس۔ فا۔ نبات جامس۔
مرجھائی ہوئی گھاس۔
دم (جمیس) خشک خون۔
الجمست۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
الجاموس۔ بھینس۔
ج۔ جوامیس۔
جمش۔ (ن ض) جمشًا۔
الرأس۔ سر مونڈتا۔
اور اسی سے ہے ـــ
مکان (جمیش) روئیدگی سے خالی جگہ۔
جمش الناقۃ۔ انگلیوں کے پوروں سے اونٹنی کو دوہنا۔
جمّشہ۔ چٹکی لینا۔ کھیل کھیلنا۔
الجمش۔ مص۔ آہستہ آواز

الجموش والجمیش۔ بال گرانے کی مرکب دوا۔
جمع (ف) جمعًا۔ المتفرق۔
جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
کہتے ہیں "جُمعت الجمعۃ" یعنی جمعہ کی نماز کھڑی کی گئی۔
جمّع جمع کرنا (تشدید مبالغہ کے لیے ہے) ـــ
المسلمۃ۔ جمعہ کی نماز میں شریک ہونا۔
جامعہ مُجامعۃً و جماعًا۔
علی کذا۔ کسی بات پر اتفاق کرنا موافقت کرنا۔
جامعها۔ عورت سے ہم بستری کرنا۔
اَجمع۔ القوم علی کذا۔ اتفاق کرنا
ما کان متفرقًا۔ متفرق اور بکھری چیز کو یکجا کرنا۔
الامر و علی الامر۔ پختہ ارادہ کرنا۔
الابل۔ اونٹوں کو اکٹھے ہانکنا۔
اجتمع۔ الغلامُ۔ لڑکے کا جوان و قوی ہونا۔ طاقت ور ہونا۔
عورتوں کے لیے یہ مستعمل نہیں۔
(ـــ و تجمّع) القومُ
قوم کا یکجا ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
الشیئُ المتفرق۔ متفرق اور بکھری چیز کا اکٹھا کرنا۔
الجمع۔ الشیئُ۔ چیز کے اجزاء یا افراد کا یکجا جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
استجمع۔ له الامرُ۔ کام کا کسی کی منشاء کے مطابق تکمیل پانا۔
القومُ۔ پوری قوم کا چلا جانا۔
البقلُ۔ سبزی ترکاری کا خشک ہونا۔

الفرسُ جَریًا۔ گھوڑے کا پوری طاقت سے دوڑنا۔
الجمع۔ مص۔ لوگوں کی جماعت۔
ج۔ جُموع۔ یوم الجمع۔ قیامت کا دن۔
جُمعُ۔ الکفِّ۔ مٹھی۔
کہتے ہیں "ضربتہ جمع کفّی" میں نے اس کو گھونسے سے مارا۔ مٹھی بھر چیز۔ ج۔ اَجماع۔
الجُمعۃ۔ ہفتہ۔
کہتے ہیں "استاجر الاجیر مُجامعۃ" یعنی اس نے مزدور کو ہفتہ واری پر رکھا۔ جس طرح مشاھرۃ ماہانہ کے معنی میں آتا ہے۔ اجتماع۔ دوستی
جُمعۃ من تمر۔ مٹھی بھر کھجور۔
(ـــ والجُمُعۃ) ہفتہ کا ساتواں دن۔ ج۔ جُمع و جُمعات
الجماعۃ۔ آدمیوں کا گروہ۔
ج۔ جماعات۔
الجماعات والجماعات۔ چنگی وغیرہ کا رجسٹر۔
الجماع۔ مص۔ جماع الشیئ۔ کسی چیز کی جمع۔
کہتے ہیں جماع الخباء الاخبیۃ۔ یعنی خباء کی جمع اخبیۃ۔ آتی ہے
"والخمر جماع الاثم" یعنی شراب ہر قسم کے گناہوں کو اپنے اندر جمع رکھتی ہے۔
قِدرٌ جماع۔ بڑی دیگ۔
الجامع۔ فا۔ جامع مسجد ج۔ جوامع۔
الکلام الجامع۔ وہ کلام جس کے الفاظ کم ہوں مگر مطلب بہت ہو

ج ۔ جَوَامِع ۔
الیومُ الجامع ۔ جمعہ کا دن ۔
قِدْرٌ جامعٌ ۔ دیگ ۔
ابُو جَامع ۔ دسترخوان کی کنیت
الجَامِعَة ۔ مؤنث الجامع ۔ تعلق طوق ۔
قِدْرٌ جَامِعَة ۔ بڑی دیگ ۔
الجمیعُ ۔ لوگوں کی جماعت ۔
جمع کی ہوئی شے ۔ لشکر ۔ تاکید کے موقع پر کہا جاتا ہے ۔
جَاؤُا جمیعھُم وہ سب کے سب آئے ۔
رایٌ جمیعٌ ۔ ٹھیک اور پکی رائے
الجمیعَة ۔ اجتماع ۔ ج ۔ جمائع ۔
اَجْمَعُ ۔ یہ الفاظ تاکید میں سے ہے اور ہر اس شے کی تاکید کے لیے آتا ہے جس کا افتراق حسًا یا حکمًا جائز ہو ۔
مثلاً کہتے ہیں " جَاؤُا اَجْمَعُھُم یا اَجْمَعِھِم یا اَجْمَعُھُمْ " یعنی وہ سب کے سب آگئے ۔
مؤنث جمعاء ۔ ج ۔ اجْمَعُون ۔
المُجْتَمِع ۔ فا ۔ کہتے ہیں ۔
رجلٌ مجتمعٌ ۔ جوان ۔
ومشی مجتمعًا ۔ یعنی وہ بدن کو سنبھالے ہوئے پوری طاقت سے تیز تیز چلا ۔
المَجْمَع ۔ جمع ہونے یا جمع کرنے کی جگہ اکاڈمی ۔
کہتے ہیں " اَخذت محبتہ بمجامع قلبی " یعنی اس کی محبت میرے دل کے ریشہ ریشہ میں پیوست ہوگئی ۔
ارض مَجْمَعَة و مُجْمِعَة و مَجْمَعَة ۔ وہ جگہ جس میں قافلہ اکٹھا ہو جائے اور بھٹکنے کے خوف سے لوگ ایک دوسرے سے جدا نہ ہوں
امرٌ مُجْمِعٌ ۔ متفق فیہ امر ۔
امرٌ مُجْمَعٌ ۔ قطعی معاملہ ۔
المَجْمُوع ۔ مفع ۔ وہ کتاب جس میں مختلف چیزیں جمع کی گئی ہوں ۔ مثلاً اشعار و قصص وغیرہ ۔
ج ۔ مَجَامِیع ۔ نحویوں کے نزدیک اس کا اطلاق جمع پر ہوتا ہے ۔
الجَامِکِیَّة ۔ ج ۔ جامکیات و (الجَوَامِك) ج ۔ جَوَامِك ۔ سول اور فوج کی تنخواہ ۔
جَمَلَ (ن) جَمْلاً ۔ الشیءَ ۔ جمع کرنا ۔ (ـــ و اجتمل) الشحمَ ۔ چربی پگھلانا ۔
جَمُلَ (ك) جَمَالاً ۔ خوش صورت خوش سیرت ہونا ۔ صفت (جمیل) مؤنث ۔ جَمِیلَة ۔
جَمَّلَه ۔ خوبصورت بنانا ۔
جَمَّلَ الشحمَ چربی پگھلانا ۔
الجیشَ ۔ فوج کو دیر تک روکے رکھنا ۔
جَامَلَه ۔ خوش معاملگی سے پیش آنا ۔ تواضع کرنا ۔
اَجْمَلَ الشیءَ ۔ جمع کرنا ۔ بطور اجمال ذکر کرنا ۔
کہتے ہیں " اَجْمَلَ الحسابَ و الکلامَ ثم فصّله و بیّنه " یعنی اس نے پہلے حساب و کلام کو مجملاً بیان کیا ۔ پھر اس کی تفصیل کی ۔
الشیءَ ۔ خوب صورت بنانا ۔ زیادہ کرنا ۔
الشحمَ ۔ چربی پگھلانا ۔
فی العَمَلِ ۔ کام کو خوش اسلوبی سے انجام دینا ۔
فی الطلب ۔ طلب میں میانہ روی سے کام لینا ۔
القومُ ۔ لوگوں کے پاس اونٹوں کی کثرت ہونا ۔
تَجَمَّلَ ۔ آراستہ ہونا ۔ خوبصورت ہونا ۔ مصائب زمانہ پر صبر کرنا اور ذلت ظاہر نہ ہونے دینا ۔ حیا کو نہ چھوڑنا ۔ اور بری جزع فزع سے دامن کو بچائے رکھنا ۔ پگھلی ہوئی چربی کھانا ۔
فی الکلام ۔ لطف و مہربانی سے گفتگو کرنا ۔
استَجْمَلَ ۔ البعیرُ ۔ اونٹ کا جوان ہونا ۔
الشیءَ ۔ کسی شے کو خوبصورت سمجھنا ۔
الجَمَلُ ۔ اونٹ ۔ ج ۔ جِمَال ۔ و اَجْمَال و جُمْل و جمالة ۔ بتثلیث الجیم ۔ وجج ۔ جمالات ۔ بتثلیث الجیم ۔ و جمائل ۔
جمل کا اطلاق اونٹنی پر شاذ و نادر ہوتا ہے ۔
مثلاً کہتے ہیں ۔ شربتُ لبن جملی ۔ میں نے اپنی اونٹنی کا دودھ پیا ۔
جَمَلُ الیھود ۔ گرگٹ ۔
جمل الماء ۔ لمبی چونچ والا ایک آبی پرندہ ۔
کہا جاتا ہے ۔ اتخذ اللیلَ جملاً ۔ یعنی ساری رات چلتا رہا ۔
الجُمَّلُ و الجُمْلُ و الجُمُلُ و الجُمَّلُ و الجُمَالَة ۔ موٹی رسی ۔
حساب الجُمَّل ۔ حروف ابجد کا حساب جو اکثر تاریخیں نکالنے میں شاعر شعروں میں استعمال کرتے ہیں

اس کو حساب الابجدیہ بھی کہتے ہیں۔
الجَامِل۔ فا۔ اونٹوں کا ریوڑ مع ان کے چرواہوں کے۔
البنت۔ اونٹوں کا مالک۔
الجَمَّال۔ اونٹ کا مالک یا ساربان
ج۔ جَمَّالَة
الجُمَّال۔ خوبصورت یا خوبصورت سے زیادہ خوبصورت۔
الجَمَال۔ حسن۔
کہتے ہیں "جمالك ان لا تفعل كذا" یعنی تمھارے لیے یہی زیبا ہے کہ ایسا نہ کرو۔
الجُمْلَة۔ مجموعہ۔ وہ کلام جو مسند اور مسند الیہ سے مرکب ہو۔
ج۔ جُمَل۔
الجُمَل۔ لوگوں کا گروہ۔
الجَمِيْل۔ احسان۔ نیکی۔ پگھلی ہوئی چربی۔
الجَمْلَاء۔ حسین عورت (اس کے لیے افعل کا صیغہ نہیں آتا۔ جس طرح دیمة هطلاء میں اهطل کا صیغہ نہیں)
الجُمَان۔ موتی۔ واحد۔ جُمَانَة۔
جَمْهَرَ۔ جَمْهَرَةً۔ الشیٔ۔ جمع کرنا۔ اکثر حصہ لینا۔
علیه الخبر۔ تھوڑی سی خبر دینا اور مقصود کو پوشیدہ رکھنا۔
(— و تَجَمْهَرَ)
القومُ۔ اکٹھا ہونا۔
کہا جاتا ہے "تجمهر علينا" اس نے ہماری حقارت کرکے ہم پر زیادتی کی۔
الجُمْهُور۔ بہت ریت تہ بہ تہ۔ قوم کے شرفاء اور ذی مرتبہ لوگ لوگوں کا گروہ۔ چیز کا اکثر حصہ۔

ج۔ جَمَاهِير۔
الجُمْهُورِيّ۔ جمہور کی طرف منسوب نشہ آور شراب۔
الجُمْهُورِيَّة۔ وہ قوم یا ملک جس کا صدر ایک مقررہ مدت کے لیے عام مخلوق کی رائے سے چنا گیا ہو (ری پبلک۔)
المُجَمْهَرَات۔ ایام جاہلیت کے سات چیدہ قصائد جن کا مرتبہ سبع معلقات کے بعد شمار ہوتا ہے۔
الجَمَا والجُمَا۔ ابھرا ہوا پتھر۔ جسم کا اٹھا ہوا حصہ۔ جیسے پستان۔
جَمِيَ۔ (ض) جَمْيًا۔ الماءُ۔ پانی کا بہت ہونا۔
تَجَمَّى۔ القوم۔ لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
جَمَاءُ وجُمَاءُ و جُمَاءَة۔
الشیٔ۔ چیز کا حجم۔ جسم۔
جَنَّ۔ (ن) جَنًّا وجُنُونًا۔
اللیلُ۔ الشیٔ وعلیه۔ ڈھانپنا چھپانا۔ (— جَنًّا وجُنُونًا و جَنَانًا)
اللیلُ۔ رات کا تاریک ہونا۔
(— ض، جَنًّا)
الجنین فی الرحم۔ بچہ کا رحم میں چھپ جانا۔
جُنَّ (ن) جَنًّا وجُنُونًا۔ پاگل و دیوانہ ہونا۔ صفت و مجنون)
ج۔ مَجَانِين —
عنه۔ چھپنا۔
الارض۔ زمین کا پھول اگانا۔
النبتُ۔ سبزہ کا دراز اور گنجان ہونا۔
الذبابُ۔ مکھیوں کا بہت بھنبھنانا۔ کہا جاتا ہے "جُنَّ الذبابُ بالروض" سبزہ کو دیکھ کر مکھیاں

مستی سے بھنبھنا رہی ہیں۔
اَجَنَّ عنه۔ کسی سے چھپنا۔ پوشیدہ ہونا۔ اَجَنَّهُ اللَيْلُ۔ رات کا کسی کو چھپانا۔ ڈھانپ لینا۔
اَجَنَّ المَيِّتَ۔ مردہ کو کفنانا دفنانا۔
(اَجَنَّه وجَنَّنَه) دیوانہ بنانا
تَجَنَّنَ واستُجِنَّ۔ مجنون ہونا۔
تَجَانَّ وتَجَانَنَ۔ بتکلف دیوانہ بننا۔
اَجْتَنَّ۔ الشیٔ۔ چھپانا۔
(— و استَجَنَّ۔) چھپنا۔
واستَجَنَّ فلانًا۔ کسی کو کھیل اور طرب کی طرف بلانا۔
مَا اَجَنَّه۔ وہ کس قدر مجنون ہے فعل تعجب ہے مگر شاذ ہے۔ کیونکہ یہ مفعول کے معنی میں ہے اور فعل تعجب فاعلی معنی دیتا ہے۔
الجِنُّ والجِنَّة۔ جن۔ پری۔ دیو۔ واحد جِنِّيّ۔ مؤنث جِنِّيَّة۔
الجِنَّة۔ جنون۔ دیوانگی۔
الجِنَّةُ والجِنُّ من الشباب۔ عنفوانِ جوانی۔ آغاز شباب۔
من النبت۔ پودہ کی کلی۔ پھول
جِنُّ اللَيْل۔ رات کی تاریکی۔
جِنُّ الناس۔ لوگوں کی بڑی جماعت کہتے ہیں "لا جن بهذا الامر" یعنی اس امر میں کوئی پوشیدگی نہیں۔
الجَانّ۔ فا۔ جن کا اسم جمع۔
ج۔ جِنَّان۔
الجَنَّة۔ درختوں سے ہرا بھرا باغ۔ باغ ارضی ہو یا سماوی۔
ج۔ جِنَان وجَنَّات۔
الجُنَّة۔ پردہ۔ ج۔ جُنَن۔
(— و المِجَنّ والمِجَنَّة۔)

ہتھیاروں سے بچاؤ کی چیز۔ ڈھال
ج۔ مَجَانٌّ۔
کہتے ہیں "قَلَبَ مِجَنَّه" یعنی
اس نے حیا و شرم کو بالائے طاق
رکھا اور غرور لئے ہوگیا۔
وقلب له ظهر المجن۔ اس
نے اس کی دوستی چھوڑ کر دشمنی اختیار
کرلی۔
الجَنَنُ۔ قبر۔ میت۔ کفن۔
ج۔ أَجْنَانٌ۔
الجُنَانُ و الجُنَانَةُ۔ ڈھال۔
الجَنَانُ۔ دل۔ رات یا اس کی سخت
تاریکی۔ ایک مخفی امر۔
من کل شئ۔ ہر شے کا جوف۔
ج۔ أَجْنَانٌ۔
الجُنُونُ و الجُنُّ و الجِنَّةُ۔ دیوانگی۔
الجَنِينُ۔ ہر پوشیدہ شے۔ قبر۔ مدفون
بچہ جب تک رحم میں رہے۔
ج۔ أَجِنَّةٌ و أَجْنُنٌ۔
المَجَنَّةُ۔ جنون والی زمین۔ جنون۔
کہتے ہیں "به مَجَنَّةٌ" اس میں
دیوانگی ہے۔ چھپنے کی جگہ۔
جَنِئَ (س) جَنَأً۔ کبڑا ہونا۔
صفت (أَجْنَأُ)۔ مؤنث
جَنْآءُ۔
جَنَأَ (ف) جُنُوءًا و أَجْنَاءً۔
أَجْنَأَ و جَانَأَ مُجَانَأَةً و
اجْتَنَأَ و تَجَانَأَ تَجَانُؤًا
علیہ۔ کسی کو مار سے بچانے کے
لیے اس پر اوندھا ہو جانا۔
جَنَبَه (ن) جَنْبًا۔ دفع کرنا۔
ہٹانا۔ دور کرنا۔ پہلو پر مارنا۔
کہتے ہیں "ضَرَبَه فَجَنَبَه" اس
نے اس کے پہلو پر مارا۔
جَنَبَه الشئَ۔ کسی سے کوئی چیز
دور کرنا۔
(ـــ جَنْبًا و مَجْنَبًا)۔
البعیرَ۔ اونٹ کو کوتل لے جانا۔
صفت مفعول۔ (جَنِيبٌ و مُجَنَّبٌ
و مَجْنُوبٌ)۔ مؤنث جنيبة۔
کہتے ہیں "فرسٌ جَنِيبٌ و خيلٌ
جَنَائِبُ۔ (ـــ جُنُوبًا)
الريحُ۔ جنوبی ہوا کا چلنا۔
جَنَبَ (ن) جَنَبًا و جَنِبَ (س) جَنَبًا۔
إليه۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔
مشتاق اور بے چین ہونا۔
جَنُبَ (ن۔ س۔ ک) جَنَابَةً۔
الرجلُ۔ ناپاک ہونا۔
جُنِبَ۔ درد پہلو میں مبتلا ہونا۔ مونیا
ہونا۔ صفت۔ (مَجْنُوبٌ)
(ـــ و أَجْنَبَ و أُجْنِبَ)
القومُ۔ جنوبی ہوا لگنا۔
جَنَّبَه و تَجَنَّبَه و تَجَانَبَه
واجْتَنَبَه۔ دور ہونا۔
جَنَّبَه الشئَ۔ کسی سے کوئی چیز
دور کرنا۔
جَانَبَه۔ پہلو میں چلنا۔
أَجْنَبَه۔ دور کرنا۔
أَجْنَبَ الرجلُ۔ کسی کا دور ہونا۔
إِسْتَجْنَبَ۔ جنبی ہونا۔ ناپاک ہونا۔
الجَنْبُ۔ مص۔ ج۔ أَجْنَابٌ
و جُنُوبٌ۔ پہلو۔ طرف۔ جانب
کہتے ہیں "قعدت الی جنب
فلان والی جانبه و جنابه"
میں فلاں کے پہلو میں یا اس کی جانب
میں بیٹھا۔
جارُ الجنب۔ قریبی ہمسایہ۔
ذاتُ الجنب۔ مونیا۔
الجَنَبُ۔ مص۔ کچھ لنگڑا پن۔
الجُنُبُ۔ نافرمان۔ مسافر۔ اجنبی
ناپاک۔ جُنُبی۔ واحد تثنیہ۔ جمع
مذکر مؤنث۔ سب کے لیے یہی
مستعمل ہوتا ہے۔
الجارُ الجُنُبُ۔ اجنبی ہمسایہ۔
الجَنِبُ۔ گوشہ نشین۔ کنارہ کش۔
اجنبی مسافر۔
الجَنْبَةُ۔ گوشہ نشینی۔ جانب۔
الجَنْبَةُ۔ من النبات۔ ہر وہ پودا
جو سبزی سے بڑا اور درخت سے
چھوٹا ہو۔
ج۔ جُنَبٌ۔ جَنْبَتَا الانف و
جَنْبَتَاه و جَنَابَتَاه۔ ناک کے
دونوں طرف۔
الجُنْبَةُ۔ وہ چیز جس سے بچا جائے۔
الجانبُ۔ فا۔ جو مطیع و فرمانبردار
نہ ہو۔ مسافر۔ وہ گھوڑا جس کے
پاؤں کے درمیان کا فاصلہ زیادہ ہو
ج۔ جُنَّابٌ۔ انسان کا پہلو۔
گوشہ۔ جانب۔ ج۔ جَوَانِبُ۔
کہا جاتا ہے "هو لَيِّنُ الجانب"
وہ تربیت پذیر ہے۔ مان لینے
والا ہے۔
هو رقيق الجانب۔ وہ لطیف
ہے۔
الجَنَابُ۔ صحن۔ گوشہ۔ جو محلہ قوم کے
قریب ہو۔
کہتے ہیں "أَخْصَبَ جَنَابُ القوم"
قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔
فلان خصيب الجناب او
جديبه۔ فلاں سرسبز ہے یا قحط زدہ
ہے۔ ج۔ أَجْنِبَة۔
الجِنَابُ۔ جَانَبَ کا مصدر۔
کہتے ہیں "فرس طوع الجناب"
جلد رام ہونے والا گھوڑا۔
الجَنُوبُ۔ دکھن۔ دکھنی ہوا۔ ج۔

جَنَائِب۔

الجَنِیب۔ نمونیہ کا بیمار۔ ہر مطیع و فرمانبردار۔

الجَنِیبَة۔ کوتل گھوڑا۔

الجُنَّاب۔ پہلو میں چلنے والا ساتھی۔

الاَجْنَب۔ ج۔ اَجَانِب۔ نافرمان۔

الاجنب والاجنبی۔ مسافر۔

المَجْنَب۔ بہت خیر ہو یا شر۔

کہتے ہیں " اِنَّ عِنْدَنَا خَیْرًا مجنبا وشرًّا مجنبا " ہمارے نزدیک بہت خیر اور بہت شر ہے

المِجْنَب۔ پردہ۔ ڈھال۔

المُجَنِّبَة۔ فوج کا ہراول۔

المُجَنِّبَتَان۔ من الجیش۔ فوج کا دایاں اور بایاں بازو۔

تَجَنَّثَ۔ الرجلُ۔ غیر قوم میں سے ہونے کا دعوی کرنا۔

علیہ۔ کسی سے محبت کرنا۔ مہربانی وشفقت کرنا۔

الطائر۔ پرند کا بازو پھیلا کر بیٹھنا۔

الجُنْثِی۔ عمدہ لوہا۔ تلوار۔

ج۔ جُنْثِیَة۔

جَنَحَ (ف ن ض) جُنُوحًا۔

الیہ۔ مائل ہونا۔

السفینة۔ کشتی کا نچلے پانی میں پہنچ کر زمین سے لگ جانا۔

اللیلُ۔ رات کا آجانا۔

(ــــ (ض) جَنَحًا)

الطائرَ۔ پرندہ کے بازو پر مارنا۔

جَنَّحَہ۔ بازو بنانا۔

الرجلَ۔ کسی کی طرف گناہ کی نسبت کرنا۔

اَجْنَحَ۔ واَجْتَنَحَ واسْتَجْنَحَ

الیہ۔ مائل ہونا۔

اَجْنَحَہ واسْتَجْنَحَہ۔ جھکانا۔ مائل کرنا۔

تَجَانَحَ واجْتَنَحَ۔ ایک پہلو پر جھکنا۔

الجِنْحُ۔ کنارہ۔ پناہ۔

الجِنْحُ والجُنْحُ۔ من اللیل۔ رات کا ایک حصہ۔

جِنْحُ الطریق۔ راستہ کی ایک جانب۔

الجَنَاح۔ پرند کا بازو۔

من الانسان۔ انسان کا ہاتھ۔ بغل۔ بازو اور پہلو۔ پناہ۔ اور اسی سے ہے " انا فی جناح فلان " میں فلاں کے سایہ عاطفت میں ہوں۔ کنارہ۔ چیز کا ایک حصہ۔

ج۔ اَجْنُحٌ واَجْنِحَة۔

کہتے ہیں۔ " رکبوا جناحی الطائر " یعنی وہ اپنے وطن سے بے وطن ہوئے۔ رکب جناحی النعامة۔ اس نے اس معاملہ میں بڑی کوشش اور عجلت سے کام لیا۔

وھو مقصوص الجناح۔ وہ عاجز ونا کارہ ہے۔

الجُنَاح۔ گناہ۔ اور اسی سے ہے لاجناح علیک۔ تمہارا کوئی گناہ نہیں۔ چیز کا ایک حصہ۔

الجَانِح۔ فا۔ جانب۔

ج۔ جَوَانِح۔

الجوانح۔ پسلیاں۔

واحد۔ الجَانِحَة۔

جَنَّدَ۔ الجُنُودَ۔ فوج بھرتی کرنا۔

کہتے ہیں۔ " جُنُودٌ مُجَنَّدَة " جمع شدہ لشکر۔

تَجَنَّدَ۔ فوجی سپاہی ہونا۔ لشکر مہیا کرنا۔

للامر۔ کسی کام کے لیے فارغ ہونا۔

الجُنْد۔ لشکر۔ فوج

ج۔ اَجْنَاد وجُنُود۔

واحد۔ جُنْدِی۔)

الجُنْد۔ شہر ج۔ اَجْنَاد

اجناد الشام۔ دمشق۔ حمص۔ قنسرین۔ اردن۔ فلسطین

الجَنَد۔ سخت زمین۔ مٹی سے مشابہ پتھر۔

الجُنْدَار۔ محافظ فوج۔ باڈی گارڈ۔ ج۔ جَنَادِرَة۔

جَنْدَرَ۔ الکتاب۔ کتاب کے مٹے ہوئے حصہ پر قلم پھیر کر حروف کو ابھارنا۔ روشن کرنا۔

الجُنْدُب۔ والجُنْدَب۔ ایک قسم کی ٹڈی۔ عام لوگ اس کو قبوط کہتے ہیں۔ ج۔ جَنَادِب۔

جَنْدَلَہ۔ پچھاڑنا

الجَنْدَل۔ بڑی چٹان۔

واحد۔ جَنْدَلَة۔ ج۔ جَنَادِل۔

جَنَزَہ۔ (ض) جَنْزًا۔ چھپانا۔ جمع کرنا۔

جُنِزَ۔ مر کر تابوت میں رکھا جانا۔

جَنَّزَ۔ المیت۔ میت کو تابوت میں رکھنا۔

الجَنَازَة۔ والجِنَازَة۔ میت۔ میت کا تابوت۔ میت کے دفن میں شریک ہونے والے لوگ۔ مجلس ماتم۔ شراب کی مشک۔

ج۔ جَنَائِز۔

الجَنَائِزِی۔ مُردوں کے آگے آگے پڑھنے والا۔

الجِنْزَار والجِنْزِیر۔ تانبے کا

زنگار۔
الجِنزِیر۔ زنجیر۔
جَنَسَ (ن)، جَنْسًا۔ التمرُ۔ سب کھجوروں کا پک جانا۔
جَنِسَ (ن)، جَنَسًا۔ الماءُ و نحوہ۔ پانی کا جم جانا۔
جَنَّسَہ۔ بہ۔ اس نے اس کو اس جیسا بنا دیا۔
جَانَسَہ۔ جِنَاسًا و مُجَانَسَۃً۔ مشابہ ہونا۔ ہم جنس ہونا۔
اور اسی سے ہے "فلان یجانس البہائم"۔ فلاں چوپاؤں کے مشابہ ہے۔ یعنی بہائم کی طرح عقل و تمیز نہیں رکھتا۔
تَجَانَسَا۔ باہم ہم جنس ہونا۔
اور اسی سے ہے "دمع التجانس التآنس"۔ یعنی ہم جنس ہونے سے آپس میں انسیت پیدا ہوتی ہے۔
الجِنْسُ۔ مختلف انواع پر صادق آنے والی ماہیت جیسے حیوانیت، کہ وہ انسان اور گھوڑے کے لیے جنس ہے۔ ج۔ اَجْنَاس۔
الجَنَسُ۔ جما ہوا پانی۔
الجَنِیْسُ۔ اپنی قوم میں شریف۔ اپنی جنس میں اصل۔
الجِنْسِیَّۃ۔ جنس کی حالت یا ماہیت۔
الجِنَاس۔ علم بدیع کی اصطلاح میں دو کلموں کا کلًّا یا بعضًا مشابہ ہونا۔
جَنَشَ (ن)، جَنْشًا۔ الیہ۔ کودنا متوجہ ہونا۔
منہ۔ کسی سے گھبرانا۔
جَنِشَ (ض ن)، جَنْشًا۔ المکان۔ کسی جگہ کا خشک ہونا۔ قحط زدہ ہونا۔
جَنَّشَ۔ خوف سے بھاگنا۔

بَعَرَہ۔ گھورنا۔ تیز نظر ڈالنا۔
جَنَّصَ الطریقُ بالناس۔ لوگوں کی وجہ سے راستہ کا تنگ ہو جانا۔
جَنَفَ (ض)، جُنُوْفًا و جَنِفَ (س)، جَنَفًا۔ عن الطریق۔ راستہ سے الگ ہونا۔
(ـــ و اَجْنَفَ) فی وصیتہ۔ اپنی وصیت میں ظلم کرنا۔
صفت۔ (جَنِفٌ و اَجْنَفُ)
جَانَفَ۔ جِنَافًا۔ اھلہ۔ غصہ میں آکر اپنے اہل و عیال سے قطع تعلق کر لینا۔
تَجَانَفَ۔ للاثم۔ گناہ کی طرف مائل ہونا۔
عن الطریق۔ راستہ سے ہٹ جانا۔
الجَنَفُ۔ ظلم۔ عدل و حق سے انحراف۔
الاَجْنَفَ۔ کبڑا۔ کوزہ پشت۔
مؤنث۔ جَنْفَاء۔ ج۔ جُنُف۔
المُجْنَف۔ فطرۃً حق سے پھرا ہوا۔
جَنَقَ (ض)، جَنْقًا و جَنَّقَ۔ الحجر۔ پتھر کو گوپھن سے پھینکنا۔
المَنْجَنِیْق۔ گوپھن۔ فلاخن۔ ایک مشین جس کے ذریعے لڑائی میں پتھر پھینکے جاتے ہیں۔
ج۔ مَجَانِق و مَجَانِیق و منجنیقات۔
الجُنْک۔ ایک قسم کا باجا۔
ج۔ جُنُوک۔
جَنَی (ض)، جَنْیًا و جَنًی۔ الثمرۃَ۔ درخت سے پھل چننا۔
کہتے ہیں "جنی الثمرۃ لہ وجناہ ایاہا"۔
(ـــ جنیًا۔)

الذھب۔ سونے کو کان سے نکالنا۔
(ـــ جِنَایۃً) گناہ کرنا۔
صفت (جانٍ)، ج۔ جُنَاۃ و اَجْنَاء۔ و جُنَّاءٌ
مؤنث۔ جَانِیَۃ۔ ج۔ جَوانٍ و جَانِیَات۔
اَجْنَی۔ الشجرُ۔ درخت کا پکے ہوئے پھل لانا۔
اجنت الارض۔ زمین کا زیادہ پھل والی یا زیادہ پیداوار والی ہونا۔ زرخیز ہونا۔
جَانَی۔ مُجَانَاۃً و تَجَنَّی۔ علیہ۔ کسی کو ناکردہ گناہ سے متہم کرنا۔
(تَجَنَّی و اَجْتَنَی) الثمرَ۔ پھل چننا۔ توڑنا۔
اجتنی ماءَ المطر۔ گڑھے پر آکر پانی پینا۔
الجَنَی۔ چنا ہوا۔ خواہ وہ پھل ہو یا سونا یا شہد وغیرہ۔
ج۔ اَجْنَاء۔ و اَجْنٍ۔
ثمر (جَنِیّ)، تازہ چنا ہوا پھل۔ ابھی کا توڑا ہوا پھل۔
الجَنَاۃ۔ ہر چنی ہوئی شے۔
الجِنْیَۃ۔ گناہ۔ قصور۔ ریشم کا کپڑا۔
المَجْنَی۔ مصدر میمی۔ وہ جگہ جہاں سے پھل چنا جائے۔ جس سے پھل توڑا جائے۔ جیسے درخت وغیرہ۔
ج۔ مَجَانٍ۔
الجِہْبِذ۔ نقاد۔ کھرے کھوٹے میں فرق و تمیز کرنے والا۔
ج۔ جَہَابِذَۃ۔
الجَہْبَر۔ شیرنی۔
جَہْجَہَ۔ بالسبع۔ روکنے کے لیے للکارنا۔

تَجَهْجَهَ ۔ عنه ۔ باز رہنا ۔ رک جانا ۔

المُجَهْجَهَة ۔ شیر ۔

جَهَدَ (ف) فی الامر ۔ بہت کوشش کرنا ۔

بالرجل ۔ کسی کا امتحان کرنا ۔

جَهَدَه المرض ۔ بیماری کا کسی کو لاغر و دبلا کرنا ۔

جهد اللبن ۔ دودھ کا تمام مکھن نکال لینا ۔

(س ۔ وا جهد ۔)

الطعام ۔ کھانے کی خواہش کرنا ۔

جَهَدَ و اَجْهَدَ الدابة ۔ جانور پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا ۔

اَجْهَدَ المال ۔ مال بکھیرنا اور فنا کر دینا ۔

اَجْهَدَ الحقُ ۔ حق کا ظاہر ہونا ۔

اَجْهَدَ فیه الشیبُ ۔ کسی میں بڑھاپا اچھی طرح ظاہر ہو جانا ۔

اَجْهَدَ فی الامر ۔ احتیاط کرنا

اَجْهَدَ علینا العدو ۔ دشمن کا دشمنی میں پوری کوشش کرنا ۔

اَجْهَدَ الامر لزید ۔ کام ممکن ہونا ۔

جُهِدَ ۔ پوری کوشش کرنا ۔ غمگین ہونا لاغر ہونا ۔

جَهِدَ ۔ (س) جَهَدًا ۔ عیشه ۔ زندگی کا مکدر ہونا ۔ گزران مشکل ہونا ۔

جَاهَدَ ۔ مُجَاهَدَةً و جِهَادًا ۔ پوری طاقت لگا دینا ۔

کہا جاتا ہے "جاهدوا فی الله حق جهاده": اللہ کے راستہ میں کوشش کا حق ادا کر دو ۔

العدو ۔ دشمن سے جنگ کرنا ۔

تَجَاهَدَ ۔ و اِجْتَهَدَ ۔ فی الامر ۔ کسی امر میں کوشش کرنا اور پوری طاقت خرچ کر دینا ۔

استجهد ۔ فی الامر ۔ کسی امر میں غور کرنا ۔

الجُهْدُ و الجَهْدُ و المَجْهُود ۔ طاقت ۔ استطاعت ۔ کہتے ہیں ۔ "بَذَلَ جُهْدَهٗ و مَجْهُودَهٗ" ۔ اس نے اپنی طاقت صرف کر دی ۔ مشقت ۔

قرآن پاک میں ہے ۔ "اَقْسَمُوا بالله جَهْدَ ایمانهم" ۔

الجَاهِدُ ۔ فا ۔ بے خوابی والا ۔ کہتے ہیں ۔ جهدٌ جاهد ۔ جیسے کہتے ہیں ۔ لیلٌ لائل و شعرٌ شاعر ۔

الجَهَاد ۔ سخت بے نبات والی زمین ۔ ج ۔ جُهُد ۔

الجِهَاد ۔ دین کی حفاظت کی خاطر اور اعلائے کلمۃ اللہ کے لیے جنگ ۔

الجَهْدَان ۔ وہ شخص جس کو مشقت پہنچی ہو ۔

الجَهِید ۔ عمدہ چراگاہ ۔ کہتے ہیں ۔ مرعیٌ جهیدٌ ۔

الجُهَادَی ۔ انتہا ۔ آخری حد ۔ کہتے ہیں ۔ جهاداك ان تفعل کذا ۔ تم زیادہ سے زیادہ ایسا کر سکتے ہو ۔

الجُهَیدَی ۔ کوشش ۔ پوری کوشش ۔ کہا جاتا ہے ۔ لابلغن جُهَیدای فی الامر ۔ میں معاملہ میں اپنی کوشش انتہا تک پہنچا دوں گا ۔

جَهَرَ (ف) جَهْرًا و جِهَارًا و جَهْرَةً ۔ الامر ۔ و بالامر اعلان کرنا ۔

بالقول ۔ آواز بلند کرنا ۔

الصوت ۔ آواز اٹھانا ۔

الرجل ۔ کسی کو بے پردہ دیکھنا ۔ کسی کو دیکھنا اور آنکھوں میں بڑا معلوم ہونا ۔ تعظیم کرنا ۔

القومَ ۔ دیکھ کر زیادہ خیال کرنا ۔

الشیءَ ۔ کسی شے کو کھولنا اور اس کا اندازہ کرنا ۔

الارض ۔ ایک اجنبی ملک و زمین میں چلنا ۔

الشیءُ فلانًا ۔ ہیئت جمال سے کسی کو عالم حیرت میں ڈال دینا ۔

الامرُ ۔ اعلان پانا ۔ مشہور ہونا ۔

السقاء ۔ مشکیزہ میں بلو کر مکھن نکالنا ۔

جَهِرَتْ ۔ (س) جَهَرًا ۔

العینُ ۔ سورج سے آنکھوں کا خیرہ ہو جانا ۔ چندھیا جانا ۔

صفت (اَجْهَر) مونث ۔ جَهْرَاء ۔ ج ۔ جُهْر ۔

جَهُرَ (ك) جَهَارَةً ۔

الصوتُ ۔ آواز کا بلند ہونا ۔

صفت (جَهِیر و جُهر) ۔

الرجلُ ۔ کسی کا دیکھنے والے کی نظر میں ذی شان و ذی عظمت ہونا ۔

جَاهَرَ ۔ مُجَاهَرَةً و جِهَارًا ۔ بالشیءِ ۔ کھلم کھلا ظاہر کرنا ۔

بالقراءة ۔ پڑھنے میں آواز کو بلند کرنا ۔

القوم بالامر ۔ غلبہ کی کوشش کرنا ۔

اَجْهَرَ ۔ الامر و به ۔ کسی امر کا اعلان کرنا ۔

بالقراءة ۔ پڑھنے میں آواز کو اٹھانا ۔ بلند کرنا ۔

الرجل۔ بیٹے بچوں صاحب جمال بچوں کا باپ بنا

تجاھر۔ بالامر۔ کھلے طور سے ظاہر کرنا۔

اِجْتَھَرَ۔ القوم۔ شمار میں بہت جاننا۔ سمجھنا۔

الرجل۔ کھلم کھلا دیکھنا اور برا سمجھنا۔

البئر۔ کنویں کو صاف کرنا۔

الشئ فلانًا۔ ہیبت وجمال سے کسی کو حیرت میں ڈال دینا۔

الجَھْر۔ مص۔ چوڑا چکلا۔ زمانہ کا ایک حصہ۔

کہتے ہیں" کلمتہ جھرًا و بالجھر" میں نے اس سے کھلا اور صاف الفاظ میں بات کی۔

لقیتہ جھرًا۔ میں نے اس سے منہ در منہ ملاقات کی۔

الجُھْرَ۔ ہیئت حسن منظری۔ ظاہری شکل وشباہت۔

الجھار۔ مص۔

کہتے ہیں۔" لقیتہ جھارًا" میں نے اس سے منہ در منہ ملاقات کی۔

الجَھارَۃ۔ مص۔ (۔۔۔ والجُھُورۃ) قد و منظر کا حسن۔

الأجْھَرَ۔ خوبصورت ہیئت والا۔ سورج کی روشنی سے چندھیانے والا۔

مونث (جَھْرَاء) ج۔ جُھُر۔

جَھُوْر۔ اونچی ہوئی اور قوی آواز والا۔ ج۔ جُھُر۔

الجَھِیْر۔ خوبصورت وجمیل۔ بھلائی و نیکی کے لائق۔

من اللبن۔ وہ دودھ جس میں پانی کی آمیزش نہ ہو۔

کلام جھیر۔ بلند آوازی کی گفتگو۔

امرأۃ جھیرۃ۔ بلند آواز والی عورت۔

کہا جاتا ہے" ھو عفیف السریرۃ والجھیرۃ" وہ ظاہر وباطن کا پاکدامن ہے۔

الجَھْوَرِی۔ بلند۔ آواز کی صفت بن کر آتا ہے۔ کہتے ہیں۔

صوت جَھْوَرِیّ۔ بلند آواز۔

رجل جَھْوَرِی۔ بلند آواز والا آدمی۔

المِجْھَر والمِجْھار۔ عادۃً کڑی آواز سے بات کرنے والا آدمی۔

المُجْھِر۔ خوروبین۔

جَھَزَ (ف) جَھْزًا و أجْھَز۔ عَلَی الجریح۔ زخمی کو مار کر اس کا کام تمام کر دینا۔

جَھَّزَ۔ مہیا کرنا۔ تیار کرنا۔

المیّت۔ سب کے کفن دفن کا سامان مہیا کرنا۔

العروس۔ دلہن کے جہیز کا سامان تیار کرنا۔

تَجَھَّزَ۔ للسفر۔ سفر کا ضروری سامان مہیا کرنا۔

(۔۔۔ واجھاز)

الامر۔ کسی امر کے لیے تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

الجِھَاز والجَھاز۔ للبیت او للمسافر۔ او للعروس۔ گھر یا مسافر یا دلہن کا احتیاجی سامان۔

من جسم الانسان۔ وہ اعضائے انسانی جن سے کوئی خاص غرض ملحوظ ہے۔ مثلاً اعضار تنفس یا آلات ہضم۔ ج۔ أجْھِزَۃ وأجْھِزَات۔

الجَھْزَاء۔ بلند زمین۔

الجَھِیْز۔ تیز رفتار گھوڑا۔

موتٌ (جَھِیز ومُجْھِز) ناگہانی موت۔

جُھَیْزَۃ۔ یہ ایک عورت کا نام ہے۔

قطعت جھیزۃ قول کل خطیب۔ یہ ایک مشہور مثل ہے اور اس کی اصلیت یہ ہے کہ ایک مرتبہ چند مقررین نے دو قبیلوں کے درمیان خون کے معاملہ میں صلح کرانے کے لیے تقریروں کا سلسلہ چھیڑ رکھا تھا اور اولیائے مقتول کو دیت پر راضی رکھنے کا مسئلہ سامنے تھا۔ کہ یک بیک جھیزہ نے خبر پہنچائی، کہ ولی مقتول نے قاتل کا کام تمام کر دیا یہ خبر سنتے ہی لوگوں کی زبان سے یہ جملہ نکلا۔ قطعت جھیزۃ قول قول کل خطیب۔ یعنی اب گفتگو کی گنجائش ہی نہیں رہی کیونکہ قاتل کے قتل کے بعد دیت ومقدار دیت کا سوال ہی نہیں اٹھتا۔

جَھَشَ وجَھِشَ (س) جَھْشًا وجُھُوشًا وجَھَشَانًا۔

الیہ۔ رمتے ہوئے یا رونا سا ہو کر کسی سے فریاد کرنا۔

جَھِشَ (س) جَھَشَانًا۔

منہ۔ کسی سے ڈر کر بھاگنا۔

أجْھَشَ۔ الیہ۔ بمعنی جَھَشَ۔

بالبکاء۔ رونے کے لیے تیار کرنا۔

أجْھَشَتِ النفسُ۔ اٹھنا۔

أجْھَشَہ۔ جلدی کرانا۔

الجَھْشَۃ۔ آنسو

(۔۔۔ الجاھشۃ) لوگوں کا گروہ۔

الجهوش - تیز رفتار۔
جَهَضَه (ف) جَهْضًا - غالب آنا۔
عن کذا - دور کرنا - منع کرنا۔
اَجْهَضَه - عن الامر - کسی کو کسی امر سے دور کرنا۔ الگ کرنا۔
ہ - عن مکانه - اٹھانا۔
فلانًا - پھسلانا۔
اجهضت المرأة - عورت کا حمل کو گرا دینا۔
جَاهَضَه - باز رکھنا - جلدی کرانا۔
الجَاهِض - تیز طبیعت۔
مؤنث - جَاهِضَة - ج - جَوَاهِض۔
الجُهُوضة و الجَهَاضَة - طبیعت کی تیزی۔
الجَهِض والمُجْهَض والجَهِيض - وہ بچہ جو قبل از وقت رحم سے گر جائے۔
الجَهَاضَة - بوڑھی مادہ حیوانات۔
المِجْهَاض - حمل گرنے کی عادت والی عورت۔
ج - مَجَاهِيض۔
جَهِل (س) جَهْلًا و جَهَالَةً - نہ جاننا - ان پڑھ ہونا۔
علیه - جہالت کا اظہار کرنا - بیوقوف ہونا - ظلم کرنا - سخت کلامی کرنا۔
صفت - (جاهل)
ج - جُهَّل و جُهَّال و جُهَلَاء و جُهُل و جُهْل و جَهَلَة۔
جهل الحق - حق ضائع کرنا۔
جَهِلت القِدْرُ - ہانڈی کا بہت اُبلنا۔
جَهَّلَه - کسی کو جہالت کی طرف منسوب کرنا۔
جَاهَلَه - نادانی میں مقابلہ کرنا - بدسلوکی کرنا۔
اور اسی سے ہے: "رأیت منها مجاملة ثم انقلبت مجاهلة" میں نے پہلے ان کی طرف سے خوش معاملگی دیکھی پھر وہ بدمعاملگی میں تبدیل ہو گئی۔
تَجَاهَل - بناوٹی جاہل بننا۔
استَجْهَلَه - کسی کو جاہل سمجھنا - جاہل شمار کرنا - حقیر جاننا۔
استجهلت الريحُ الغُصن - ہوا نے درخت کی ٹہنی کو حرکت دی۔
الجَهْلَة - نادانی۔
الجَاهِلِيَّة - جہالت کی حالت - بت پرستی جو بلاد عرب میں قبل ظہور اسلام رائج تھی۔ جاہلیت کا اطلاق عرب کے ان حالات پر بھی ہوتا ہے۔ جو اسلام سے پہلے عرب پر طاری تھے۔
اَلجَهُول - ناتجربہ کار - جاہل۔
ج - جُهَلَاء۔
المِجْهَل والمِجْهَلة - انگارے ہلانے کی لکڑی - کریلی۔
المَجْهَلَة - بے علمی کا باعث - بے علمی کی ترغیب۔
المَجْهَل - بے راستہ والا جنگل - بغیر نشان کا بیابان۔
ج - مجاهل۔
المَجَاهِل - نادانیاں - اس کا واحد جَهْل ہے۔
اور اسی سے ہے: "انا لنصفح عن مجاهل قومنا" ہم اپنی قوم کی نادانیوں سے درگذر کرتے ہیں۔
الفعل المَجْهُول - وہ فعل جس کا فاعل نامعلوم ہو۔
ناقة مجهولة - وہ اونٹنی جس پر داغ نہ ہو۔
جَهُمَ (ک) جهامة و جهومة - تیوری چڑھانا - ترش رو ہونا۔
صفت (جهم)
جَهَمَه و جَهِمَه (ف س) جَهْمًا و تجهّمه و تجهّم له - کسی سے ترش روئی سے پیش آنا - جب کوئی اپنی آرزو اور مراد میں ناکام رہتا ہے - تو کہتے ہیں:-
تَجَهَّمَه اَمَلُه۔
اَجْهَمَ - الجوُّ - آسمان پر بے بارش والے بادلوں کا چھا جانا۔
اِجْتَهَمَ - رات کے آخری چوتھائی حصہ کی ابتدا میں داخل ہونا - یا اس میں چلنا۔
الجُهْمَة والجَهْمَة - رات کے آخری حصوں کا شروع۔
الجَهْمَة - دیگ۔
الجَهُوم - عاجز - کمزور۔
جَهَنَ (ن) جُهُونًا - قریب ہونا۔
الجَهْن - ترش روئی۔
جَهَنَّم - دوزخ (غیر منصرف)
جَهِيَ - (س) جَهًا -
البيت - گھر کا اجڑنا - ویران ہونا۔
جَهّيَ - الجُرحَ - زخم کو کشادہ کرنا۔
جَاهَى مُجَاهَاةً - فلانًا - فخر میں مقابلہ کرنا۔
اَجْهَى اِجْهَاءً - الطريقُ - راستہ کا واضح ہونا۔
السماءُ - آسمان کا بادلوں سے صاف ہونا۔
علیه - بخل کرنا۔
الطريقَ - راستہ کو واضح کرنا۔
البيتَ - گھر کو بے پردہ بنانا۔
الاَجْهَى - گنجا - (د ـــ والمُجْهَى)

من البيوت - بغیر چھت والا مکان
مؤنث - جَفْواء -
خِبَاءٌ اَجْحَف - وہ خیمہ جس کا پردہ
نہ ہو -
سماءٌ جَفْواءُ - کھلا آسمان -
بیت جَفْوان - بے پردہ کا مکان
جَابَ (ن) جَوْبًا - و تَجْوَابًا -
البلادَ - ملک کو طے کرنا - عبور
کرنا -
جاب الثوبَ جَوْبًا - کپڑا کاٹنا -
الصخرةَ - چٹان میں سوراخ کرنا -
یا اس کو تراشنا -
جَابَ (ن) جَوْبًا - و جَوَّبَ -
الثوبَ - گریبان بنانا -
جَوَّبَ الشئَ - کسی شے کو بیچ
سے کاٹنا -
جاوبه - مجاوبه - گفتگو کرنا -
جواب دینا -
اَجَابَه اِجَابَةً و اِجَابًا و اَجَابَ
سواله و عن سواله و الی
سواله - جواب دینا -
کہتے ہیں " اَجَابَه الی حَاجَتِه "
اس نے خوشی سے اس کی حاجت
روائی کی -
اجابت الارضُ - زمین کا سبزہ
اگانا -
تَجَاوَبُوا - ایک کا دوسرے کو جواب
دینا - باہم گفتگو کرنا -
اِنْجَابَ - الثوبُ - کپڑے کا پھٹنا -
السحابةُ - بادل کا کھل جانا -
اِجْتَابَ - البلادَ - شہروں کو عبور کرنا
طے کرنا -
الصخرةَ - چٹان کو تراشنا -
البئرَ - کنواں کھودنا -
القمیصَ - قمیص بنانا -

اِسْتَجَابَه و اسْتَجَابَ له
اسْتِجَابَةً - و اسْتَجْوَبَه و
اسْتَجْوَبَ له اسْتِجْوَابًا -
جواب دینا -
اللهُ فلانًا و لفلانٍ و من
فلانٍ - اللہ تعالیٰ کا کسی کی
دعا کو قبول فرما کر اس کی حاجت
روائی فرمانا -
الجَوْبُ - مص - عورت کی قمیص -
بڑا ڈول - انگیٹھی -
ج - اَجْوَاب -
(— و المِجْوَب) ڈھال -
الجَوْبَة - گڑھا - گھروں کے درمیان
خالی زمین کا ٹکڑا -
ج - جُوَب -
الجَوَاب - جواب - ج - اَجْوِبَه
و جَوَابَات -
الجَابَة - قبولیت -
کہتے ہیں " اَسَاءَ سَمْعًا فَاَسَاءَ
جَابَةً " اس نے برے طریقے
سے سنا اور برے ہی طریقے سے
قبول کیا -
الجَوَّاب - بہت پھرنے والا - حریری
نے کہا ہے -
"تَجَوَّابُ آفاقٍ تَوَامَتْ سفرتَه"
آفاق کو طے کرنے والا ہے - سفر اس
کو پھینکتا رہتا ہے -
الجِيبَة - جواب کی ہیئت و کیفیت -
الجَائِب - فا - جائب العين - شیر -
الجَائِبَة - پھیل جانے والی خبر -
عام خبر -
کہتے ہیں " هل عندك من
جائبة خبر " یعنی کیا تمہارے
پاس ایسی خبر ہے جو شہر در شہر
چکر لگا رہی ہو -

المَجُوبَة - جواب -
المِجْوَاب - پھاڑنے کا آلہ -
جَاحَ (ن) جَوْحًا - سیدھے راستہ
سے ہٹ جانا -
جَاحَه جوحًا و جِيَاحَةً و
اَجَاحَه و اجْتَاحَه) جڑ
سے اکھیڑنا - ہلاک کرنا -
الجَائِحَة - بلا - ہلاکت - بڑی آفت -
سَنَة جَائِحَة - خشک سال -
ج - جائحات و جوائح -
الاَجْوَح - وسیع - کشادہ -
مؤنث - جَوْحَاء - ج - جُوح -
الجُوحَة - سختی - مصیبت - آفت -
جَاخَ (ن) جَوْخًا - و جَوَّخَ -
السیلُ الوادی - سیلاب کا وادی
کے کناروں کو بہالے جانا -
جَوَّخَه - پھاڑنا - اکھیڑنا -
تَجَوَّخَ - گر جانا - اکھڑ جانا -
تجوّخت البئرُ - کنویں کا گر جانا -
القرحة - زخم کا پھٹنا اور بہہ جانا -
الجُوخ - اونی کپڑا - بانات -
ج - اَجْوَاخ -
الجُوخَة - اونی کپڑے کا ٹکڑا - گڑھا -
جَادَ (ن) جَوْدَةً و جُوْدَةً - عمدہ
ہونا - اچھا بنانا -
(— و جَوَّدَ و اَجْوَدَ)
الفرسُ - گھوڑے کا تیز رفتار ہونا -
جَادَه (ن) جَوْدًا - بخشش میں
غالب ہونا -
ه - الهوى - غالب ہونا -
(— جُوْدًا)
علیه - بخشش کرنا -
صفت - (جَوَاد)
بالمال - مال خرچ کرنا -
بنفسه - جان دینا -

کہتے ہیں۔ "انی لَاَجاد الی لقائک":
میں تمھاری ملاقات کا مشتاق ہوں۔
(ــ جودًا۔ وجُوُودًا
العینُ۔ آنکھ کا کثرت سے
آنسو بہانا۔
المطرُ۔ بہت بارش برسنا۔
صفت۔ (جائد) ج۔ جَود
جِیدَاتِ۔ الارض۔ زمین پر کثرت
سے بارش ہونا۔
جید الرجل۔ آدمی کا ہلاکت کے
قریب ہونا۔ پیاسا ہونا۔
جَوَّدَ۔ الشئَ۔ خوبصورت بنانا۔
عمدہ بنانا۔
فی عدوہ۔ تیز دوڑنا۔
القاری۔ قاری کا تجوید سے
پڑھنا۔
جَاوَدَہ۔ مُجَاوَدَہ۔ فیاضی میں مقابلہ
کرنا۔
اَجَادَ۔ اچھا بنانا۔
بالولد۔ فیاض بچہ کا باپ ہونا۔
اجادہ النقد۔ کھرے کھرے
سکے دینا۔
(ــ واَجْوَد)
الشئَ۔ عمدہ بنانا۔
اجاد الرجل کسی کو قتل کرنا۔
اجیدت الارض۔ زمین پر
بکثرت بارش برسنا۔
تَجَوَّدَ۔ عمدہ چیز پسند کرنا۔
فی صنعتہ۔ اپنی کاریگری میں
باریکی دکھانا۔ صنعت میں عمدگی
سے کام کرنا۔
تَجَاوَدَ۔ القوم۔ یہ غور کرنا کہ
بحث کی رو سے کون بہتر ہے۔
کہتے ہیں "ھم یتجاودون
الحدیث۔ یعنی وہ دیکھتے ہیں کہ
بلحاظ حدیث کون افضل ہے۔
اِستَجَادَہ۔ کسی کو عمدہ سمجھنا۔ اچھا
شمار کرنا۔
استجاد الامیرَ۔ امیر سے
بخشش مانگنا۔
الجاد۔ باطل۔
کہتے ہیں۔ "وقعوا فی ابی جاد"
وہ لوگ باطل میں پڑے۔
الجَوْد۔ مص۔ الجود و المطرُ
الجَود۔ بہت بارش۔
الجَوْدَۃ و الجُوَاد۔ پیاس۔
الجُواد۔ پیاس یا اس کی شدت
الجَیِّد۔ عمدہ۔ ج۔ جِیَاد۔
وجج۔ جیادات وجیائد۔
قیاس چاہتا تھا کہ جمع جَیَاوِد
ہوتی مگر واؤ کو ہمزہ سے بدل لیا گیا
ہے اور یہ شاذ ہے۔
الجَواد۔ سخی۔ (مذکر و مؤنث)
کہتے ہیں "رجلٌ جوادٌ و
امرأۃٌ جوادٌ"
ج۔ اَجْوَاد۔ واَجَاوِد۔ و
اَجَاوِید۔ وجُود وجُودَۃ
وجُودَاء۔
فرسٌ جَوادٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
ج۔ جِیَاد و اَجْیَاد۔ و
اَجَاوِید۔
کہتے ہیں۔ "سرت الیہ
جوادًا" میں اس کی طرف تیز
رفتاری سے چلا۔
سرنا عقبۃً جوادًا و
عقبتین جوادین و عقابًا
جیادًا۔ یعنی ہم دور کی گھاٹی یا دو
گھاٹی یا گھاٹیوں پہ چلے۔
الجَوَاد۔ بہت سخی۔ بڑا فیاض۔
الاَجْوَد۔ اسم تفضیل۔
مؤنث جَوْدَاء۔ (خلاف قیاس)
ج۔ جُود و اَجَاوِید۔
الجَادِی۔ زعفران۔
التَجَاوِید۔ عمدہ نفع بخش بارشیں
(اس کا واحد نہیں)
رجلٌ (او شاعرٌ) مُجِید و
مِجْوَاد) عمدہ کام کرنے والا آدمی
یا اچھے شعر کہنے والا شاعر۔
المَجُود۔ پیاسا۔ ہلاکت کے قریب۔
جَارَ (ن) جَوْرًا۔ عن الشئَ۔
کسی چیز سے ہٹ جانا۔
کہتے ہیں "جَارَ عن الطریقِ"
وہ راستہ سے ہٹ گیا۔
علیہ۔ کسی پر ظلم کرنا۔
صفت۔ (جائر)
ج۔ جَوَرَۃ وجُوَرَۃ وجَارَۃ
(ــ جُوَارًا) فریاد رسی چاہنا۔
جَوَّرَہ۔ ظلم کی طرف منسوب کرنا۔
پچھاڑنا۔
جَوَّرَ البناءَ۔ گرادینا۔ ڈھادینا۔
جَاوَرَہ۔ مُجَاوَرَۃً وجِوَارًا
وجُوَارًا۔ پڑوس میں رہنا۔
المسجد۔ مسجد میں اعتکاف
کرنا۔
اَجَارَہ۔ اِجَارَۃً۔ من العذاب۔
عذاب سے چھٹکارا دلانا۔ بچانا۔
فلانًا۔ فریاد رسی کرنا۔
ہ عن کذا۔ ہٹا دینا۔
المتاعَ۔ بغرض حفاظت برتن
میں رکھنا۔
تَجَوَّرَ۔ الرجلُ۔ پچھڑ جانا۔
علی الفراش۔ لیٹنا۔
البناءُ۔ منہدم ہونا
کہتے ہیں "تجوّر جناء اللیل"
یعنی رات کی تاریکی چھٹ گئی۔

تَجَاوَرَ ۔ وَاجْتَوَرَ ۔ الْقَومُ ۔ ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنا ۔
اِسْتَجَارَ ۔ فلاناً وبہ ۔ کسی سے فریادرسی چاہنا ۔ پناہ لینا ۔
استجارة من فلان ۔ پناہ چاہنا ۔ مدومانگنا ۔
اِسْتَجْوَرَہٗ ۔ ظالم پانا ۔
الجَوَار ۔ گہرا پانی ۔
الجِوَار ۔ پڑوس ۔
کہا جاتا ہے " اقام فی جوارہ وہ اس کے پڑوس میں اقامت پذیر ہوا ۔
امان وعہد پیمان ۔
کہتے ہیں ۔ ھو فی جوارہ ۔ وہ اس کے امن اور ذمہ داری میں ہے ۔
الجَار ۔ پڑوسی ۔ پناہ دینے والا ۔ پناہ گیر ۔
ج ۔ جِیْرَان وجِیْرَة ۔ وجِوَار واَجْوَار وجَارُ النھر ۔ نیلوفر سے ملتی ہوئی ایک نبات ۔
الجَارَة ۔ پڑوسن ۔ بیوی ۔ سوت ۔
ج ۔ جَارَات ۔
الجَوْر ۔ مص ۔ ظالم ۔
الجَوْر ۔ بہت کڑک اور گرج والی بارش ۔
المُجَوَّر ۔ گرا ۔
مالٌ جَوْرٌ ۔ بہت مال ۔
جَوْرَبَہ ۔ پاتابہ پہنانا ۔ جراب پہنانا ۔
تَجَوْرَبَ ۔ پاتابہ پہننا ۔
الجَوْرَب ۔ پاتابہ ۔
ج ۔ جوارب وجَوَارِبَة ۔ عوام اس کو الکلسہ ، اور القلشینہ کہتے ہیں ۔
الجاروس ۔ باجرہ ۔
جَازَ (ن) جَوْزاً وجُؤوزاً وجَوَازاً وتَجَوَازاً ۔
المکان وبالمکان ۔ کسی جگہ گزرنا ۔ چلنا ۔
المکان ۔ کسی جگہ سے گزر کر آگے بڑھنا ۔
البَیْعُ ۔ بیع کا پورا ہونا ۔
(س ۔ جَوَازاً)
الامر ۔ جائز ہونا ۔ درست ہونا ۔
کہتے ہیں " جاز لہ ان یفعل کذا " اس کے لیے ایسا کرنا جائز ممکن اور روا ہے ۔
الدرھمُ ۔ رائج ہونا ۔
السَّھْمُ الی الصید ۔ تیر کا شکار سے رگڑ کر نکل جانا ۔
عن الصید ۔ شکار کو پار کر کے نکل جانا ۔
جَوَّزَ ۔ الامر ۔ مباح ٹھہرانا ۔ جائز قرار دینا ۔
الحکمَ ۔ جائز سمجھنا ۔
رَأیَہ ۔ جاری اور نافذ کرنا ۔
الابل ۔ آگے سے ہانکنا ۔ یہاں تک کہ سب گزر جائیں ۔
الدراھم ۔ رائج کرنا ۔
جَاوَزَ ۔ المکان ۔ کسی جگہ سے آگے بڑھ جانا ۔
عن الذنبِ ۔ گناہ سے درگزر کرنا ۔
الوجلَ ۔ کسی کو اجازت دینا ۔
اَجَازَ ۔ اَجَازَةً ۔ الشیءَ ۔ جائز کرنا ۔
الرأیَ ۔ نافذ کرنا ۔
الوجلُ ۔ اجازت دینا ۔
اَجازہ بالف درھم ۔ کسی کو ایک ہزار درہم کا انعام بخشنا ۔
علی اسمہ ۔ کسی کے نام کا ٹھپا لگانا ۔
الموضعَ ۔ کسی مقام سے آگے بڑھ جانا ۔
القاضی البیعَ ۔ قاضی کا بیع کو نافذ کرنا ۔
اَجَازَہ العَقَبَةَ ۔ گھاٹی سے گزار دینا ۔
تَجَوَّزَ ۔ فی الامر ۔ کسی معاملہ میں برداشت کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔
فی الصلوٰة ۔ نماز میں اختصار کرنا ۔
فی کذا ۔ تھوڑی چیز پر اکتفا کرنا ۔
عنہ ۔ چشم پوشی کرنا ۔ معاف کرنا ۔
فی الکلام ۔ مجاز بولنا ۔
الدراھم ۔ کھوٹے درہم قبول کر لینا ۔
تَجَاوَزَ ۔ عنہ ۔ چشم پوشی کرنا اور معاف کرنا ۔
فی الشیءِ ۔ افراط کرنا ۔
اِجْتَازَ ۔ چلنا ۔
بالمکان گزرنا ۔
من مکان الی اٰخر ۔ عبور کرنا
اِسْتَجَازَ ۔ استجازةً ۔ اجازت مانگنا ۔
الامر ۔ کسی امر کو جائز سمجھنا ۔
الجَائِز ۔ فا ۔ نافذ ۔ مباح ۔ دو دیواروں کے اوپر رکھی ہوئی لکڑی ۔
ج ۔ جَوَائِز وجُوْزَان و جِیْزَان واَجْوُز واَجْوِزَة ۔
الجَائِزَة ۔ الجَائِز ۔ کا مؤنث عطیہ انعام بخشش ۔ پانی کا ایک گھونٹ ۔
ج ۔ جَوَائِز ۔ جَوَائِزُ الاشعار والامثال ۔ ایک شہر سے دوسرے شہر منتقل ہونے والے اشعار وامثال ۔

الجَوْز۔ مص۔ اخروٹ کا درخت۔
اخروٹ۔ واحد۔ جوزۃ۔
الجَوزۃ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی
مقدار۔ جوز ھندی۔ ناریل۔
جَوْزُ۔ الشئی۔ چیز کا وسط، اور
اکثر حصہ۔
کہتے ہیں۔" قطعوا جوزۃ
الفلاۃ"۔ انھوں نے جنگل کا بیشتر
حصہ طے کر لیا۔
ومضیٰ جوز اللیل۔ رات کا
اکثر حصہ گزر گیا۔ ج۔ اَجْوَاز۔
الجَوْزَاء۔ آسمان کے ایک برج کا
نام ہے۔ وہ سیاہ بکری جس کے
وسط میں سفیدی ہو۔
الجواز۔ مص۔ پروانۂ راہداری۔
عوام اس کو تذکرۃ السفر یا
پاسپورٹ کہتے ہیں۔ ج۔
اَجوِزَۃ۔
پانی کی اس قدر مقدار جو مسافر اپنے
ہمراہ لے اور وہ ایک چشمہ سے دوسرے
چشمہ تک اس کو کافی ہو۔
الجیزۃ۔ کنارہ۔ گوشہ۔ وادی کا
کنارہ۔ پانی کی ایک مرتبہ پینے کی
مقدار۔
ج۔ جِیَز و جِیز۔
الاجازۃ۔ اذن۔ اجازت۔
اصطلاح محدثین میں روایت کی
اجازت لفظاً یا کتابۃً۔
المجاز۔ وہ لفظ جو اپنے موضوع کے
علاوہ کسی اور معنی میں کسی مناسبت
سے استعمال کیا جائے۔
(س۔ والمجازۃ)، راستہ۔
گزرگاہ۔
مجاز النھر۔ پل۔
المجازۃ۔ بہت اخروٹ پیدا کرنے
والی زمین۔
کہتے ہیں۔ ارض مجازۃ۔
المُجیز۔ فا۔ ولی۔ یتیم کی دیکھ بھال
کرنے والا یا منتظم۔ کارجین۔ وہ
غلام جس کو تجارت کی اجازت ہو۔
جَاس۔ (ن)، جَوسًا و اجتاس
اِجتیاسًا۔
الشئ۔ کسی چیز کو بہت چاہنا۔ اور
بہت انہماک سے تلاش کرنا۔
(س۔ جَوسًا و جَوَسانًا)۔
القوم بین البیوت والدور۔
لوٹ کے لیے گھروں اور مکانوں کے
ارد گرد گھومنا۔
جاساہ۔ قوم میں گھس کر۔
الجَوّاس۔ قوم میں گھس کر فساد برپا
کرنے والا۔ شیر۔
جَوسَتہ۔ الناظر۔ ٹکٹکی۔
الجوسَق۔ محل۔
ج۔ جَوَاسِق و جَوَاسِیق۔
جَاشَ (ن) جَوشًا۔ رات بھر چلنا۔
تجَوّش۔ اللیل۔ رات کا کچھ حصہ
گزر جانا۔
فی الارض۔ داخل ہونا۔
الجَوش۔ مص۔ سینہ۔
کہتے ہیں"۔ مضیٰ جوش من
اللیل"۔ رات کا شروع یا رات کا
کچھ حصہ گزر گیا۔
الجَوْشَن۔ سینہ۔ زرہ۔
من اللیل۔ وسط رات یا
اس کا اگلا حصہ۔
ج۔ جَوَاشن۔
جَاظَ (ن)، جَوظًا و جوظانًا۔
اکڑ اور تکبر سے چلنا۔
جَوِظ۔ تنگ ہونا۔ بے صبر ہونا۔
(س۔ وتجَوّز)، کوشش کرنا۔
الجُوَاظ۔ تنگی اور بے صبری۔
الجَوّاظ۔ تکبر سے چلنے والا۔ اجڈ۔ اکھڑ
بسیار خور۔
الجَوّاظۃ۔ بمعنی جوّاظ۔ تا
مبالغہ کے لیے ہے۔
جَاعَ۔ (ن)، جَوعًا و مَجاعۃً۔
بھوکا ہونا۔
صفت۔ (جائع، وجَوعَان)
مؤنث۔ جائعہ و جوعیٰ۔
ج۔ جیاع۔ و جُوَّع ۔۔
الیہ۔ کسی کا مشتاق ہونا۔
جَوَّعَہ۔ تجویعًا و اجاعہ
اجاعۃً۔ بھوکا رکھنا۔ خوراک
روکنا۔
کہتے ہیں۔ "اَجَاعَ قِدرَہ"۔
اس نے اس کی ہانڈی کو نہیں بھرا۔
تجوّع۔ بناوٹی بھوکا بننا۔
استجاع استجاعۃً۔ ہر گھڑی
تھوڑا تھوڑا کھاتے رہنا۔ کوئی چیز کھانا
لیکن سیر نہ ہونا۔
الجوع والمجاعۃ۔ بھوک۔
الجوع الکلبی اوالجوع
البقری۔ معدہ کی وہ بیماری جس کی
وجہ سے انسان کھانے سے کبھی سیر نہ
ہو اور اگر سیر ہو جائے تو جلدی اس کو
پھر بھوک لگ آئے
کہتے ہیں۔" عام مجاعۃ او
مَجُوعۃ"۔ بھوک کا سال۔
ج۔ مجاوع۔
الجَوعۃ۔ اسم مرۃ۔ قبیلہ کا خالی
ہو جانا۔
جَوِفَ (س)، جوفًا۔ کھوکھلا ہونا۔
ہ۔ بالطعنۃ۔ پیٹ میں نیزہ
مارنا۔
اَجَافَہ۔ الطعنۃ و بالطعنۃ۔

پیٹ میں نیزہ مارنا۔
الباب۔ دروازہ بھیڑ دینا۔
جَوَّفَه۔ کھوکھلا کرنا۔ گہرا کرنا۔ جوف میں جو کچھ ہے۔ سب نکال لینا۔
تَجَوَّفَ۔ کھوکھلا ہونا۔ (تجوّفہ واجتافہ) جوف میں داخل ہونا۔ کہا جاتا ہے" اجتاف الوحشی کناسہ وتجوّفہ" وحشی جانور اپنے بھٹ میں گھس گیا۔
استجاف واستجوف استجافۃ۔ الشیءُ۔ وسیع وکشادہ ہونا۔
الشیءَ۔ کھوکھلا کرنا۔
الجوفُ۔ مص۔ پیٹ۔
من البیت۔ مکان کا اندرونی حصہ۔ ج۔ اجواف
الجَوَف مص۔ کشادگی۔
الجائف۔ فا۔ جوف تک پہنچنے والی چیز۔ مؤنث۔ جائفۃ۔
الجائفۃ۔ جوف تک پہنچنے والی نیزہ کی چوٹ یا ضرب۔
ج۔ جَوائف
الاَجوَف۔ کھوکھلا۔ وسیع کوکھ والا۔
مؤنث۔ جوفاء۔ ج۔ جُوف
الجوفاء من الدلاء۔ بڑا ڈول۔
من القنا والشجر۔ اندر سے کھوکھلا۔ اندر سے خالی۔
الفعل الاجوف۔ وہ فعل جس کا عین کلمہ حرف علت ہو۔ جیسے قال و باع۔
المَجُوف۔ بڑے جوف والا۔
المُجَوَّف۔ کھوکھلا۔
رجلٌ مُجوّف واجوف و مجوف، بزدل۔
المستجاف۔ وسیع جوف والا۔

جَوِق۔ (س) جَوَقاً۔
الوجہ۔ منہ کا ٹیڑھا ہونا۔
صفت (اجوق وجَوِق)
مؤنث۔ جَوقاء۔ ج۔ جُوق
جَوَّق۔ القومَ۔ لوگوں کو جمع کرنا۔
علیہ۔ چلانا۔ شور مچانا۔
تجوقوا۔ جمع ہونا۔
الجَوق۔ ج۔ اجواق والجوقۃ۔ لوگوں کی جماعت۔
الاَجوَق۔ موٹی گردن والا۔
اجوقُ الفلقِ۔ ٹیڑھے جبڑے والا۔
المُجَوَّق۔ ٹیڑھے جبڑوں والا۔
جَالَ۔ (ن) جَولاً وجُولاً وجُؤُولاً وجَولاناً وجیلاناً وجوّل تجوالاً۔
فی المکان۔ پھرنا۔ چکر لگانا گھومنا۔
جال الشی۔ چیز پسند کرنا۔
جال القومُ جَولۃً۔ بھاگنے کے بعد پھر حملہ کرنا۔
جَوَّلَ الارض۔ زمین میں بہت چکر لگانا۔
جَاوَلَہ مُجاولۃً۔ ایک دوسرے کو دھتکارنا۔ ہٹانا۔
اَجَال۔ الشیءَ وبالشیءِ۔ گھمانا۔
السیف۔ تلوار سے کھیلنا۔ اور اس کو ادھر اُدھر گھمانا۔
کہتے ہیں۔ "اَجِلْ جائلتکَ" جس کام میں تو مشغول ہے اسے پورا کر۔
تجاول۔ القومُ فی الحرب۔ ایک دوسرے کے مقابلے میں چکر لگانا۔
اِجتَال۔ اجتیالاً۔ گھومنا۔

القومَ۔ ارادہ سے پھیر دینا۔
منهم جولاً۔ پسند کرنا۔
اموالهم۔ لے جانا۔
اِنجَال۔ الغبار۔ غبار کا اوپر اٹھ کر پھیل جانا۔
استجال۔ استجالۃً۔ اموالهم اموال لے جانا۔
الجُول۔ گھوڑوں یا چوپایوں کا گلہ۔ (زبیدی)۔ ج۔ اَجوال۔
(د۔ والجُول) وہ مٹی جس کو ہوا سطح زمین پر اڑاتی پھرے۔
الجال والجُول۔ قبر یا کنوئیں کی دیوار پہاڑ کا پہلو۔
جُولُ القبر۔ قبر کا ارد گرد۔
کہتے ہیں" مالہ جال او جُول" اس کی نہ کوئی رائے ہے نہ مضبوط ارادہ۔
ج۔ جِوال وجُوال۔ وجوالۃ وجُوالۃ واَجوال۔
الجَوالۃ۔ من الشیءِ۔ چیز کا بہتر حصہ۔
الجَولان والجُولان۔ وہ مٹی جس کو ہوا ادھر اُدھر گھماتی پھرے۔
الجَولان۔ مص۔ مال کا چھوٹا اور ردی حصہ۔
جولانُ الهموم۔ غموں کا آغاز۔
الجَوّل والجَوّالۃ۔ بہت گھومنے والا۔
کہا جاتا ہے" ہو جَوّالۃ جَوّالۃ" وہ بہت چکر لگانے والا اور مقامات میں پھرا ہوا ہے۔
الاَجوَل۔ اسم تفضیل۔
یومٌ اَجوَل۔ بہت گرد و غبار والا دن۔
الاَجوَلِیّ۔ بہت چکر لگانے والا گھوڑا۔

المجَال ۔ چکر لگانے کی جگہ۔
المِجْوَل ۔ ڈھال ۔ پازیب۔ تعویذ۔ ہار
میں چاندی کا ہلال ۔ کرتی ۔
المُستَجِیل۔ بے وقوف۔
جَامَ۔ دن، جَوْمًا۔ کچھ بھلی یا بری
چیز طلب کرنا۔
الجَام۔ پیالہ ۔ ج۔ جامات و
اَجْوَام و اَجْوُم ۔ وجُوم ۔
الجُویمۃ۔ جام کی تصغیر۔
جَان دن، جَونًا۔ کالا ہونا۔
تجوّن۔ باب العروس ۔ دلہن کے
دروازے پر سفیدی کرنا۔
باب المیّت ۔ مردہ کا دروازہ
سیاہ کرنا۔
الجَون۔ مص ۔ سفید۔ سیاہ۔ خالص
سُرخ ۔ وہ سبزی جو سیاہی مائل
سبز ہو ۔ دن۔
من الخیل والابل۔ بہت
سیاہ گھوڑا یا اونٹ۔
ج۔ جُون۔
الجونَۃ۔ ڈوبتے وقت کی سورج
کی ٹکیا۔ تارکول لگا ہوا مٹکا۔
کوئلہ۔
الجُونۃ ۔ عطاروں کی چمڑے
کی ٹوکری ۔ ج۔ جُوَن۔
الجوناء ۔ سورج ۔ ہانڈی ۔ سیاہ
اونٹنی ۔
الجَوْنِیّ۔ قطا پرندہ کی ایک قسم۔
جس کا سینہ اور بازو سیاہ
ہوتا ہے۔
جَاہَ ۔ ن، جَوْهًا۔ الرجلَ۔
بالمکروہ۔ ناپسند طریقے سے
پیش آنا۔
جَوَّهَہ تجویھًا و آجاهَہ و
إجاهَۃً۔ صاحبِ مرتبہ
بنانا۔
تجوّہ۔ بڑا ہونا۔ بتکلف بڑا بننا۔
الجَاہ ۔ و الجاهَۃُ۔ قدر و شرف
اور بلندی مرتبہ۔
الجوهر۔ مقابل عرض جو اپنے وجود
میں اور کا محتاج نہ ہو۔
ہر وہ پتھر جس سے مفید چیز نکالی
جائے۔ واحد۔ جوهرۃ۔
ج۔ جَواهِر۔
جوهر الشیء۔ چیز کی طبیعت یا
اصلیت یا فطرت۔
جوهر السیف۔ تلوار کا جوہر۔
الجوهر الفرد۔ وہ چیز جو قابل
انقسام نہ ہو۔ ایٹم۔
الجوهر العُلویّۃ۔ افلاک
ستارے ۔ ارواح۔
الجَوهَرِیّ۔ جوہر کی جانب منسوب
ضروری و لازم (عرضی کا مقابل) جوہر کا
بنانے والا اور بیچنے والا۔
جَوَّی۔ تجویۃً۔ السقاءَ۔
مشک میں پیوند لگانا۔
الجوّ۔ آسمان و زمین کی درمیانی فضا۔
کشادہ وادی۔ کشادہ میدان۔
جَوُّ البیت۔ گھر کا اندرونی حصہ۔
جَوُّ الماء۔ زمین کا وہ قطعہ جو
پانی کے لیے کھودا جائے۔
جوُّ کل شیءٍ۔ ہر شے کا اندرونی
اور داخلی حصہ۔
ج۔ جِوَاء۔ و اَجْوَاء۔
الجَوّانی۔ جَوّ کی طرف منسوب۔
اس کا مقابل برّانی ہے۔
الجُوَۃ۔ مشک کا پیوند۔ زمین کا
سخت ٹکڑا۔ پہاڑ وغیرہ کا
گڑھا۔ لوہے کا زنگ۔ گندم گوں
رنگ۔
جَوِیَ۔ دس، جَوًی۔ غم یا عشق
کے باعث سوزش و جلن کا پیدا
ہونا۔
الماءُ۔ پانی کا بدبودار ہونا۔
الشیءَ۔ ناپسند کرنا۔
جَوِیت نفسہ من البلد
وعن البلد۔ ناموافق ہونا۔
جَاوَیٰ مُجَاوَاۃً۔ بالابل۔ پانی
پر بلانا۔
اجتَوَی۔ البلدَ۔ کسی شہر میں
اقامت کو ناپسند کرنا
(۔۔۔ و استجوی)
الطعَام۔ کھانے کو ناپسند کرنا۔
الجَوَی۔ مص۔ غم و عشق کے باعث
پیدا ہونے والی سوزش و جلن۔ سینہ
کی ایک بیماری۔ بیماری کا کھنچ جانا۔
مبتلائے سوزشِ عشق۔
الجَوَاء۔ کشادہ وادی۔ زمین کا اندرونی
حصہ۔ چرواہے کا تھیلا۔ وہ چیز جس
پر ہانڈی رکھی جائے۔
الجَوِی۔ بدبودار۔ عاشق۔ سوزشِ
عشق کا دکھی۔
الجَوِیّ۔ تنگ سینہ والا۔
مؤنث۔ جَوِیّۃ۔
الجِیّۃ۔ بدبودار پانی وغیرہ جمع
ہونے کی جگہ۔
ج۔ جِیّ۔ جَاءَ یَجِیْءُ
و یَجُوءُ مَجِیئًا و مَجِیئَۃً
و جِیئًا و جِیئَۃً۔ آنا
بہ۔ لانا۔
جاءہ و جاء الیہ۔ آنا۔
الشیءَ۔ کرنا
صفت (جَاءٍ)
مؤنث۔ جائیۃ۔
جَاآنی و جَایَانی۔ کثرت آمد میں

مقابلہ کرنا۔
أَجَاءَةً۔ لانا۔ آنے کو لازم ٹھہرانا۔
الجَيْئَۃ۔ ایک مرتبہ کی آمد۔
پیپ اور خون۔ ٹکڑا جس سے ہوتے میں پیوند لگایا جائے۔
الجيئۃ۔ آنا۔ ج۔ جیآت۔
جاب (ض)، جَيْبًا۔ البلادَ۔ ملک کو طے کرنا۔
القمیصَ۔ قمیص کا گریبان کاٹنا۔
جَيَّبَ۔ القمیصَ۔ قمیص کا گریبان بنانا
الجیب۔ من القمیص۔ گریبان۔ دل و سینہ۔
ناصح الجیب۔ امین صادق۔
جیب الارض۔ زمین میں داخل ہونے کی جگہ۔ ج۔ جُیُوب۔
اورعوام کے نزدیک جَیْب اور جَیْبۃ۔ تھیلی یا پاکٹ کو کہتے ہیں۔
اس کی جمع جیاب۔ ہے۔
جَاحَ۔ یجیح۔ جیحًا وجائحۃً۔ اللهُ القومَ۔ جڑ سے اکھیڑنا ہلاک کرنا۔
جَاخَ۔ یجیخُ جیخًا۔ السیلُ الوادی۔ سیلاب کا وادی کے کناروں کو بہا لے جانا۔
جَادَ وجِیدَ یجادُ جَیَدًا۔ گردن کا لمبا اور خوبصورت ہونا۔
ج۔ أجیاد وجُیُود۔
صفت۔ (أجید)
مؤنث۔ جَیْداء وجَیْدانۃ۔
ج جُود اور کبھی جَیِّد گردن کی صفت بن کر آتا ہے۔ کہتے ہیں "عنقٌ أجید"

جَیَّرَ۔ الحوضَ۔ گچ کرنا۔ چونہ کی استر کاری کرنا۔
جَیْرِ۔ حرف جواب ہے۔ نعم (ہاں) کے معنی دیتا ہے۔
الجِیْرُ۔ گچ۔ چونہ۔ سیمنٹ۔
الجَیّار۔ بے بجھا چونہ۔
(ـــ والجائر) غصہ یا بھوک کے سبب سینہ کی سوزش۔
حوضٌ مُجَیَّر۔ گچ کیا ہوا حوض۔ گھرا حوض۔
جَاشَت (ض)، جَیْشًا وجَیَشَانًا وجُیُوشًا۔
القِدْرُ۔ ہانڈی کا ابلنا۔
البحرُ۔ سمندر کا جوش میں آنا۔
الصدرُ۔ سینہ یا دل کا مارے غصہ کے ابل پڑنا۔ جوش میں آنا۔
الحربُ بینھم۔ لڑائی کا تیز ہو جانا
العینُ۔ آنکھ کا آنسو بہانا۔
الوادی۔ موج مارنا۔
المیزابُ۔ پرنالہ کا خوب اچھی طرح بہہ پڑنا۔
النفسُ۔ جی متلانا۔
نفسُ الجبان۔ بھاگنے کا ارادہ کرنا
جَیَّشَ۔ الجیوشَ۔ فوجوں کو جمع کرنا۔
تجیَّش۔ القومُ۔ لوگوں کا جمع ہونا
تجیَّشَتْ نفسُہ۔ دل متلانا
استجاشَ۔ الجیشَ۔ فوج جمع کرنا۔
الامیرَ۔ امیر سے لشکر اور کمک مانگنا۔
القومَ۔ لوگوں کی مدد دینے پر برانگیختہ کرنا۔

الجائشۃ۔ نفس۔
الجَیْشۃ۔ جاشَ کا اسم مرۃ۔
ج۔ جَیْشات
الجَیْش۔ لشکر۔ ج۔ جُیُوش۔
الجَیْش۔ ایک قسم کی لمبی نبات کا نام ہے۔
الجَیّاش۔ متحرک۔ مضطرب۔
جَاضَ (ض)، جَیْضًا وجَیَضانًا وتَجْییضًا۔ عنہ۔ منحرف ہونا۔ الگ ہو جانا۔ بچنا۔
جَایَضَہ۔ شان و شوکت میں مقابلہ کرنا۔
الجَیْضۃ۔ دائیں بائیں جھکاؤ۔
الجَیَّض والجَیْضی۔ متکبرانہ چال
جَاظَ (ض)، جَیَظانًا۔ تکبر سے چلنا۔ صفت۔ (جَیّاظ)
بحملہ۔ بھاری بوجھ اٹھا کر چلنا۔
جَافَتْ۔ جَیْفًا وجَیَّفَت وتجیَّفت واجتافت واجافت۔
الجُثّۃُ۔ لاش کا سڑ جانا۔ بدبودار ہونا۔
الجِیْفۃ۔ سڑی مردہ لاش۔
ج۔ جِیَف وأجیاف۔
الجِیْل۔ لوگوں کا ایک گروہ۔ قوم۔ صدی۔ ایک زمانہ کے لوگ۔
ج۔ أجیال وجِیلان۔
الجَیْھَل والجَیْھَلۃ۔ انگارہ ہلانے کی لکڑی۔ کریلی۔
صَفاۃٌ جَیْھَلٌ۔ بڑی چٹان۔
الجِیْمُ۔ حروف ہجا کا پانچواں حرف۔
(مذکر و مؤنث، ایک قسم کا ریشمی کپڑا۔

ح

حَبَّہ (ض) حُبًّا و حِبًّا۔ محبت کرنا
ــــ الشیءَ۔ رغبت کرنا۔
حَبَّ (ض) وحَبُبَ (ک) محبوب ہونا
پیارا ہونا۔
حَبَّبَہ۔ الیَّ۔ پیارا بنانا۔ محبوب
بنانا۔
کہتے ہیں "حَبَّبَنی اِیَّاہُ" اس
نے مجھ کو اس کا محبوب بنایا۔
حَبَّبَ القربۃ مشک بھرنا۔
حَبَّبَ و احَبَّ الزرعُ۔ کھیتی کا
دانہ دار ہونا۔
حَابَّہ مُحَابَّۃً و حِبَابًا۔ باہم
محبت والفت کرنا۔ دوستی کا
اظہار کرنا۔
اَحبَّہ۔ بمعنی حَبَّہ لیکن یہ حبّ
سے زیادہ مستعمل ہے۔
صفت فاعل (مُحِبّ مَحْبُوْب و
مُحَبّ)
تَحَبَّبَ۔ الیہ۔ کسی سے محبت و
دوستی کا اظہار کرنا۔ تَحَبَّبَ من
الشراب۔ بھرنے سے مٹکے کے
مانند پھول جانا۔
تَحَابَّ۔ القومَ۔ لوگوں کا ایک دوسرے
سے محبت کرنا۔
استَحَبَّہ۔ محبت کرنا۔ پسند کرنا۔
کہا جاتا ہے۔ استحبَّ الکفرَ
عَلَی الایمان۔ اس نے کفر کو ایمان
پر فضیلت دی۔
الحَبّ (ج) حُبُوب و حُبَّان۔ دانہ
واحد حبّۃ) ج۔ حَبَّات۔
حبُّ الغمام اور حَبَّۃُ القلب
دل کا دانہ یا روح۔ الحَبَّۃ دو
جَو کے برابر ایک وزن کا نام ہے۔

دینار کا سولھواں حصہ۔ الحَبَّۃُ
الخضراء۔ گندہ بروزہ کے
درخت کا پھل۔ الحَبَّۃُ
السوداء۔ کلونجی۔
المَحَبَّۃ۔ ایک مرغوب شے کی طرف
طبیعت کا میلان۔
الحِبّ۔ مص۔ دوست۔ عاشق۔ محبوب
ج۔ اَحْبَاب و حِبَّان و حِبَبَہ و
وحُبّ و حُبُوب۔
الحُبّ۔ مص۔ بڑا گھڑا یا مٹکا۔
ج۔ حِبَاب و حِبَبَہ و اَحْبَاب
الحُبَّۃ۔ انگور کا بیج۔ محبوب۔ محبوبہ۔
ج۔ حُبَب۔
کہتے ہیں "لھذا حُبَّتُکَ" یعنی وہ
چیز ہے جس کا مل جانا آپ کو پسند ہے۔
و "نعم وحبّۃ کرامۃ"
جس طرح کہا جاتا ہے حُبًّا و
کرامۃً۔
الحَبَبُ۔ دانتوں کی برابر قطار۔
(والحَبَاب) بلبلہ۔ حَبَبُ
الماءِ او الرملِ و حَبَبُہ۔
پانی یا ریت کا بڑا حصہ۔
الحَبَاب۔ انتہا۔ غایت۔
کہتے ہیں۔ حَبَابُکَ ان تفعل
کذا۔ یعنی تمہاری انتہائی کوشش
یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحُبَاب۔ دوستی۔ محبت۔ سانپ
اُمّ حُبَاب۔ دنیا۔
الحُبَابَۃ۔ ایک سیاہ آبی کیڑا۔
ج۔ حُبَاب۔
الحبیب۔ مُحِبّ۔ محبوب۔
ج۔ اَحِبَّہ و اَحِبَّاء و اَحْبَاب۔
الحَبَّاب۔ حَبَّ کا اسم مبالغہ۔ کمہار

مٹکے اور گھڑوں کا بیچنے والا۔ یا
بنانے والا۔
المُحِبّ۔ فا۔ کہا جاتا ہے۔ امرأۃٌ
مُحِبَّۃٌ لزوجہا و مُحِبَّۃ۔
حَبَجَہ (ض) حَبْجًا۔ بالعصاءِ۔
لاٹھی سے مارنا۔
(ــــ و اَحْبَجَ۔)
الاَمرُ۔ اچانک ظاہر ہونا۔ نزدیک
آنا۔ ظاہر ہونا۔
حَبِجَ (س) حَبْجًا و حَبَجَ (ف)
حَبَابًا۔
سوجے ہوئے اور پھولے ہوئے پیٹ
والا ہونا۔ صفت۔ (حَبِجٌ۔)
الحَبَجَ۔ مص۔ شدہ کی شکل کی پیٹ
کی مینگنیاں۔
حَبْحَبَ حَبْحَبَۃً۔ الماءُ۔ پانی کا
آہستہ بہنا۔ تھوڑا بہنا۔
ــــ النارُ۔ آگ کا بھڑکنا۔
الحَبْحَاب۔ پست قد۔ بدشکل۔ بدخلق
ج۔ حَبَاحِب۔
الحُبَاحِبُ۔ اُمّ حُبَاحِب۔ جگنو۔
جگنو کے دم میں چمکتی ہوئی روشنی۔ اور
اسی سے "نار الحُبَاحِب" ہے جس
کو ضعف و کمزوری میں بطور مثل کے
استعمال کرتے ہیں "نار الحباحب"
گھوڑے کے سم سے اڑنے والی چنگاری
جب وہ کسی پتھریلی زمین پہ دوڑتا ہے۔
المُحَبْحِب۔ بری غذا کھانے والا۔
الحَبْحَبَۃ۔ تربوز۔ ج۔ حَبْحَب۔
حَبَّذَا۔ یہ کلمہ "حَبَّ" اور "ذا" اسم
اشارہ سے مرکب ہے۔ مدح کے لیے
استعمال ہوتا ہے اور یہ اپنی حالت
نہیں بدلتا۔

حَبَّذَہ۔ کسی سے حبذا کہنا۔
حَبَر(ن)، حَبْرًا ۔ الشیءَ۔ زینت دینا۔ آراستہ کرنا۔ منقش کرنا۔
حَبَرَہ (ن)، حَبْرًا وحَبْرَۃً واَحْبَرہ۔ خوش ومسرور کرنا۔
احبرت الارض ۔ زمین میں پیداوار کا زیادہ ہونا۔
حَبِرَ(س)، حُبُورًا وحَبَرًا۔ خوش ہونا۔
(ـــ حَبَرًا) الحبر۔ زخم کا اچھا ہونا اور کچھ اثر باقی رہنا۔
الاسنان۔ دانتوں کا زرد ہونا۔
الارضُ ۔ زمین کا خوب پیداوار اگانا۔ خوب سرسبز ہونا۔
حَبَّرَ۔ الدواۃَ۔ دوات میں روشنائی ڈالنا۔ ـــ الکلام اوالخط او الشعر۔ کلام، خط یا شعر کو عمدہ بنانا۔
حُبِّرَ۔ پسوؤں کے کاٹے کا نشان والا ہونا۔
تَحَبَّرَ۔ مزین ہونا۔ عمدہ ہونا۔
السحابُ۔ ابر کا ظاہر ہونا اور پھیل جانا۔
الحَبْر والحِبر۔ نیک عالم۔ خوشی ونعمت دینی پیشوا۔ الحِبْرُ الاعظم پوپ۔ یہودیوں کے نزدیک کاہنوں کا سردار۔ ج۔ اَحْبَار۔ وحُبُور
الحبر۔ روشنائی۔ خوبصورتی۔ نقش ونگار۔ دانتوں کی زردی۔ ج حُبُور۔ کہتے ہیں "فلان حسن الحَبْر والسَّبْر" یعنی فلاں اچھی ہیئت وشکل والا ہے" وفلان لیس لہ حِبْر" فلاں کا کوئی مثل ونظیر نہیں۔ "ذَھَبَ حبرہ وسبرہ" یعنی اس کا حسن اور اس کی خوش روئی جاتی رہی۔

الحَبَر۔ مص۔ اثر۔
الحبرۃ۔ بتثلیث الحاء۔ دانتوں کی زردی۔
الحَبَرَۃ والحِبَرَۃ۔ ایک قسم کی یمنی چادر۔ ج۔ حَبَرات وحِبَرات وحِبَر۔
الحُبُرَۃ۔ درخت کی گانٹھ۔
الحَبْرَۃ۔ خوشی۔ نعمت۔ عمدہ راگ۔
الحَبِر والحَبِیْر۔ من الثیاب۔ نیا ونرم کپڑا۔ منقش چادر۔ حَبِیر کی جمع حُبُر ہے۔
الحَبَار۔ ج۔ حَبَارَات۔ والحِبْر، ج۔ حُبُور۔ نشان۔ اثر۔ کہتے ہیں "مجلدہ حَبَار الضرب" اس کی جلد پر چوٹ کا نشان ہے۔ "فی یدہ حَبَار العمل" اس کے ہاتھ میں کام کا اثر ونشان ہے۔
المِحْبَرَۃ والمَحْبَرَۃ والمَحْبُرۃ دوات۔ ج۔ مَحَابِر۔
الحُبُورۃ۔ امامت۔
الحُبَارٰی۔ سرخاب۔ ج۔ حُبَارَات۔
الحُبْرُور والحِبْرِیر۔ سرخاب کا چوزہ۔ ج حَبَارِیر۔
حبسہ(ض) حَبْسًا ومَحْبسًا۔ قید کرنا۔ عن الشیء۔ منع کرنا ـــ الشیءَ۔ پورے طریقہ سے حفاظت کرنا ـــ الشیء بالشیء۔ ڈھانپنا یا احاطہ کرنا ـــ المال علی کذا۔ مال وقف کر دینا۔
اَحْبَس وحَبَّس۔ المالَ۔ مال کو اللہ کے راستہ میں وقف کر دینا۔
حَابَسَہ۔ مُحَابَسَۃً۔ روکے رکھنا حراست میں رکھنا۔
تحبَّسَ واحْتَبَس۔ فی الکلام۔ کلام میں رک جانا ـــ علی کذا

محدود رکھنا۔ واحتبسہ۔ روک رکھنا (لازم ومتعدی)۔ احتبس۔ الرجلَ۔ روکنا۔ قید کرنا۔
الحَبْس۔ حُبُوس۔ والمَحْبِس، ج۔ مَحَابِس۔ قید خانہ۔ جیل۔
الحِبْس۔ بچھونے کے اوپر کا پردہ۔ لکڑی یا پتھر کی ڈاٹ۔ ج۔ احباس۔
الحُبُس۔ واحد کا بس (الحُبُس) واحد۔ حَبُوس یا حَبِیس۔ پیادے۔ بر وقف شدہ شئی۔
الحُبْسَۃ۔ گفتگو میں رکاوٹ ودشواری
الحَابِسَۃ۔ الحابس کا مؤنث۔ وہ اونٹ جو شریف النسل ہونے کی وجہ سے گھر پر باندھ کر رکھے جائیں۔
الحَبَائس۔ گھر پہ باندھ کر رکھے جانے والے شریف النسل اونٹ۔ کار خیر میں وقف کی ہوئی چیز۔ یہ "حبیسۃ" کی جمع ہے۔
الحَبِیس۔ قیدی ـــ من الخیل جہاد کے لیے وقف کیا ہوا گھوڑا۔ ج۔ حُبُسُ۔ دنیا سے کنارہ کش ہو کر گوشۂ عزلت اختیار کرنے والا۔ ج۔ حُبَسَاء۔
المَحْبَسَۃ۔ قید خانہ۔ عابدوں، زاہدوں کا گوشۂ عزلت۔ ج۔ مَحَابِس۔
حَبَشَ(ن)، حَبْشًا وحُبَاشَۃً و حَبَّشَ واحْتَبَشَ ـــ الشیءَ۔ جمع کرنا۔
اَحْبَشَت۔ المرأۃُ۔ عورت کا حبشی بچہ جننا۔
تَحَبَّشَ۔ القومُ۔ لوگوں کا اکٹھا ہونا۔
الحُبَاشَہ۔ ج۔ حُبَاشَات والاحبوش والاحبوشۃ، ج۔ اَحَابِیش۔ ـــ مختلف قبیلوں کے لوگوں کا گروہ۔

الحُبُش و الحَبَشَة - ملک حبش کا باشندہ - واحد (حَبَشی) ج حُبْشان -
— الحَبَشَة - ملک حبش جو آجکل کی جغرافیہ میں "ابی سینیا" کے نام سے مشہور ہے -
الحُبُشِیّة - سخت سیاہ اونٹ - سیاہ رنگ - بڑے جثہ کی چیونٹی -
الحُباشِیة - عقاب -
الاُحبُش - حبشی - ج - اَحَابِش -
حَبِضَ (ض) حَبْضًا و حَبِضَ (س) حَبَضًا - القلبُ - دل کا سخت دھڑکنے کے بعد ساکن ہو جانا -
— الرجلُ - مرجانا -
السهمُ - تیر کا تیر انداز کے سامنے ہی گر جانا اور سیدھا نہ جانا -
الوتر - تار بجانا - آواز نکالنے کے لیے حرکت دینا -
حَبَضَ (ن ض) حُبُوضًا - ماء البئر - کنویں کا پانی گھٹ جانا -
حقّہ - حق تلف ہونا -
السهمُ - تیر کا تیر انداز کے سامنے گر کر رہ جانا اور سیدھا نہ جانا -
الغلامُ - لڑکے کا لوگوں کے نیک گمان کے خلاف نکلنا -
اَحْبَضَ - حقّہ - حق باطل کرنا -
البئرَ - کنویں کا پانی ختم کرنا -
الحَبَض - رگ کی تیز دھڑکن - شدت کی حرکت - کہتے ہیں "ما به حَبَضٌ ولا نَبَضٌ" یعنی اس میں حس و حرکت نہیں -
المِحْبَض - دھنے کی کمان - شہد نکالنے کی لکڑی - ج محابض (محابیض) رجلٌ حابضٌ و حبّاضٌ - کنجوس و بخیل آدمی -

حَبِطَ (س) حَبْطًا و حُبُوطًا - عَمَلُه - عمل بے کار رہنا - خراب ہونا - برباد ہونا -
(— و احبط) ماءُ البئر - کنویں کا پانی ہمیشہ کے لیے کم ہو جانا -
حَبِطَ - دمُ القتیل - مقتول کا خون رائیگاں جانا -
حَبِطَ البعیرُ حَبَطًا - حندقوق نامی نبات کے کھانے سے اونٹ کا پیٹ پھول جانا - صفت (حَبِط) ج - حَبَاطَی - اور اس شکایت کا نام حُباط ہے -
اَحبَطَ - عَمَلَه - بیکار و باطل کرنا -
اَحْبَطَ الضربُ زیدًا - چوٹ کا نشان چھوڑنا -
اَحْبَطَ عنه - روگردانی کرنا - اعراض کرنا کہتے ہیں "تعلق به ثم احبط عنه" یعنی پہلے اس کا تعلق اس سے ہوا پھر اس نے روگردانی کی -
الحَبَط - مص - بدن پر زخم یا کوڑے کا نشان - مار کے سبب سوجن -
الحَبَنطی - موٹا و پست قد غصے میں بھرا ہوا -
حَبَقَه (ض) حَبْقًا - مارنا -
حَبَقَ (ض) حَبِقًا و حُبَاقًا -
العنزُ - بکری کا گوز کرنا - اس کا زیادہ تر استعمال بکری اور اونٹ کے لیے ہے -
حَبَّقَ - المتاعَ - جمع کرنا - مضبوط کرنا
اَحْبَقَ - تابعدار ہونا - مطیع ہونا -
حَبَقُوا و تحابقوا - علیه - بیوقوفی کا برتاؤ کرنا - جہالت سے کام لینا -
الحَبَق - پودینہ - واحد - حَبَقَه -
حَبَقُ الماءِ - نہری نعناع -
حَبَقُ البقرِ - بابونہ -

حَبَقُ الفتی و الفیل - مرزنجوش
الحَبَق و الحَبَقة - کم عقل - کہتے ہیں رجلٌ حبقةٌ - جاہل آدمی -
الحَبِق - بے خیر آدمی -
حَبَكَه (ن ض) حَبْكًا - باندھنا - مضبوط کرنا - الحائكُ الثوبَ - جولاہے کا کپڑے کو کاریگری سے بننا - عمدہ بننا -
حَبَّكَه - مضبوط کرنا -
اَحْبَكَه - مضبوط کرنا - اچھے طریقے سے کرنا -
تَحَبَّكَ - کمر باندھنا - کپڑے میں لپٹنا -
اِحْتَبَكَ - الثوبَ - کپڑا عمدہ بننا — بالازار - ازار باندھنا -
الحَبِكَة - ج - حُبُك و حِبَاك - ج حُبُك - کمربند - پٹکا - ریت کے ٹیلہ پر کا راستہ -
الحَبِيك - بنا ہوا - مضبوط کیا ہوا -
الحبيكة - الحبيك کا مؤنث - ریت کے ٹیلہ کا راستہ - ستاروں کے درمیان کا راستہ - بالوں کے گچھے کی ایک لٹ - لوہے کی زرہ - ج - حَبَائِك و حَبِيك و حُبُك - کہتے ہیں "والسماءِ ذاتِ الحُبُك" قسم ہے آسمان راستوں والے کی -
المَحْبَك - ازار باندھنے کی جگہ -
حَبْكَرَ - الشیءَ - جمع کرنا -
تَحَبْكَرَ - فی طریقه - حیران ہونا -
حَبَلَه (ن) حَبْلًا - رسی سے باندھنا
الصیدَ - شکار کو پھندے سے پکڑنا صفت (حابل)
حبلت (س) حَبَلًا - المرأةُ - حاملہ ہونا - صفت (حابلة) - ج - حَبَلَة و (حُبْلی) ج - حُبالی و حُبْلَیات و حَبالی نة ——— من الماءِ - بھر جانا - صفت

(حَبَلَان)
حَبَّلَهَا و اَحْبَلَهَا۔ حاملہ کرنا۔
اَحْبَلَ النخل۔ گابھا دینا۔
اِحْتَبَلَ الصید۔ شکار کو پھندے سے پکڑنا کہتے ہیں "احتبلہ الموتُ بحبائلہ" موت نے اس کو اپنے پھندے میں لے لیا۔
(ـ وتحبّل) الصیدُ۔ شکار کا پھندے میں پھنسنا ـــ الدابۃُ۔ جانور کی ٹانگوں کا رسی میں پھنس جانا۔
الحَبل۔ رسی۔ باندھنے کی چیز۔ ج۔ حِبَال و اَحْبُل و حُبُول و اَحْبَال۔ ملاپ۔ عہد و ذمہ۔ ریت کا لمبا قطعہ۔ رگ بدن۔ جیسے حبل الذراع و حبل الورید۔ کہتے ہیں "ہو علی حبل ذراعک" وہ تم سے قریب ہے وَصَلَ زَیدٌ حبلَ عمرٍو ـــ زید نے اپنی لڑکی کی شادی عمرو سے کر دی۔ "وہو یحطب فی حبل فلان" یعنی وہ اس کی مدد و اعانت کرتا ہے۔ "وصرم حِبَالَہ" اس نے تعلقات توڑ لیے۔
الحَبَل۔ مص۔ انگور کی بیل یا اس کی شاخیں۔ واحد حَبَلَۃ۔ ج۔ اَحْبَال۔ بھرجانا۔ غم و غصہ
حمل الجبل۔ بڑا ہوشیار عالم بڑا چالاک و مکار۔ ج۔ حُبُول۔
الحَابِل۔ شکاری۔ جادوگر۔ کپڑے کا تانا۔
اختلط الحابلُ بالنابل۔ یہ ضرب المثل اس وقت بولی جاتی ہے جبکہ کوئی معاملہ پیچیدہ ہوگیا ہو۔ بعض کے نزدیک اس مثال میں "حابل" سے مراد تانا ہے اور "نابل" سے بانا۔ بعض کہتے ہیں کہ حابل سے مراد پھندے سے شکار کرنے والا۔ اور کہا جاتا ہے۔ "داس حابل علی نابلہ" یعنی اس کا اول آخر پر گھوم گیا۔ "و ثاس حابلہم علی نابلہم" یعنی انہوں نے اپنے درمیان شر و فساد برپا کر لیا۔ وَحَوَّلَ حابلہ علی نابلہ" یعنی اس نے اوپر کا نیچے کر دیا۔
الحَابُول۔ درخت پر چڑھنے کے لیے چھال کی رسی۔
الحُبَال۔ بھرجانا۔ کہتے ہیں۔ بہ حبال من الشراب۔
الحبالۃ۔ پھندا۔ ج۔ حبائل۔
الاُحْبُول و الاُحْبُولَۃ۔ پھندا۔
الحِبَالَۃ۔ کسی چیز کا مناسب وقت بوجھ۔
الحَبَّال۔ رسی بنانے والا یا بیچنے والا۔
الحَبْلَان۔ بھرا ہوا۔ غصہ و کینہ سے بھرا ہوا۔ مؤنث۔ حَبْلَانَۃ۔
المَحْبَل۔ حمل کی مدت۔
المُحَبَّل۔ رسی۔ شعرٌ مُحَبَّل۔ بٹے ہوئے بال۔
مُحْبَتَل۔ الفرس۔ گھوڑے کی ٹانگ اور کمر کا جوڑ۔
حَبِنَ (س) حَبْنًا و حُبِنَ۔ حَبْنًا۔ بڑے سوجے ہوئے پیٹ والا ہونا۔ صفت (حَابِن و مَحْبُون و اَحْبَن) ـــ علیہ۔ کسی کے خلاف غصہ سے بھر جانا۔
اَحْبَنَہُ الداءُ۔ سوجے ہوئے پیٹ والا کر دینا۔
الحَبْن و الحَبِین۔ کنیر کا درخت۔
اُمّ حُبَین و الحُبَینَۃ۔ گرگٹ کے مشابہ ایک جانور۔
الحِبْن۔ بندر۔ پیپ سے بھرا ہوا پھوڑا ج۔ حُبُون۔
حَبَا (ن)، حَبْوًا۔ نزدیک ہونا۔ کہتے ہیں "حبوتُ الی الخمسین" میں پچاس سال کے قریب ہوگیا۔
ـــ الولد۔ بچہ کا سرین کے بل گھسٹنا۔
ـــ السفینۃُ۔ کشتی کا چلنا۔
"حبا ناحولہ"۔ حفاظت کرنا اور منع کرنا ـــ الشئُ لہ۔ پیش آنا
ـــ السہمُ۔ تیر کا نشانہ پر نہ لگنا
ـــ ہ کذا و بکذا۔ بغیر بدلہ کے دینا ـــ ہ عن کذا۔ منع کرنا۔
حَبَاہ۔ حفاظت کرنا۔ منع کرنا۔
حابی۔ محاباۃً و حِبَاءً۔
الرجلَ۔ کسی کی مدد کرنا۔ طرفداری کرنا
ہ فی البیع۔ بیع میں سہولت برتنا۔
القاضی زیدًا فی الحکم۔ انصاف چھوڑ کر مائل ہونا۔ جھکنا۔
احبی۔ الرامی۔ تیرانداز کے تیر کا نشانہ خطا کر جانا کہتے ہیں "رمی فاحبی" اس نے تیر پھینکا مگر نشانہ پر نہ لگا۔
اِحْتَبَی۔ اِحْتِبَاءً۔ بالثوب۔ کپڑے میں لپٹ جانا۔ پاؤں پر بیٹھ کر ٹانگوں اور پیٹھ کو کپڑے سے باندھ کر سہارا لینا۔
الحِبَاء۔ والحَبْوَۃ والحِبْوَۃ۔ عطیہ۔ بخشش۔ الحِبَاء۔ عورت کا مہر۔
الحَبْوَۃ و الحُبْوَۃ۔ وہ کپڑا جس سے بیٹھنے کے وقت پیٹھ اور ٹانگوں کو باندھ کر سہارا لیا جاتا ہے۔ ج۔ حُبًی و حِبًی۔
الحَبِیّ والحَبَا۔ گھرا بادل جو زمین کے نزدیک ہو۔

الحاملی۔ گردن تک اٹھے ہوئے کندھوں والا۔

حَتَّ (ن) حَتًّا۔ الشجرَ۔ درخت کے پتے جھاڑنا۔ چھال اتارنا ـــــ الشیءَ عن الثوب۔ کپڑے پر سے کیچڑ وغیرہ کو رگڑ کر چھڑانا ـــــ عن الشیءِ۔ ہٹا دینا ـــ ۔ الورقُ او القِشرُ۔ پتے جھڑنا یا چھال گرنا۔

تَحَاتَّ تَحَاتًّا و انحتَّ انحتاتًا۔ درخت سے پتے جھڑنا ـــــ شعرہ عن راسہ۔ سر کے بال گرنا ـــ الاسنان۔ دانتوں کا کھوکھلا ہو کر گر جانا۔

الحتّ۔ مص۔ مردہ ٹڈی۔ الفرس الحتّ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ ج۔ احتات۔ کہتے ہیں "ترکوھم حتًّا بتًّا او حتًّا فتًّا" یعنی انہوں نے ان کو ہلاک کر دیا۔ "وما فی یدی منہ حتٌّ او حُتاتۃٌ" اس میں سے میرے ہاتھ میں کچھ بھی نہیں۔

الحَتَت۔ درخت کا ایک روگ جس سے اس کے پتے جھڑ جاتے ہیں۔

الحُتات۔ بکھری ہوئی چیز، چورہ۔ ریزہ۔

الحَتات۔ شور و غل۔

الحَتُوت والحُتات۔ من النخل۔ وہ کھجور کا درخت جس کا کچا پھل گر جائے۔

حَتّی۔ یہ کئی طرح استعمال ہوتا ہے۔ (۱) بمعنی حرف انتہا جیسے اکلتُ السمکۃَ حتّی راسَھا۔ یعنی میں نے مچھلی کو اس کے سر تک کھایا گویا سر نہیں کھایا۔ (۲) مضارع پر داخل ہو کر نصب دیتا ہے جیسے۔ اجتھد حتّی اَفُوزَ۔ یعنی کامیاب ہونے تک میں کوشش کرتا رہوں گا۔ (۳) علت یا وجہ بتانے کے لیے جیسے۔ ترھّبتُ حتّی اَتُوبَ۔ میں نے توبہ کرنے کے لیے رہبانیت اختیار کی۔ (۴) حرف عطف بمعنی واؤ۔ جیسے اکلتُ السمکۃَ حتّی راسَھا۔ میں نے مچھلی کو اور اس کے سر کو کھا لیا۔ (۵) حرف ابتدا جیسے فوا عجبًا حتّی کُلَیبٌ تَسُبُّنِی۔ بڑا تعجب ہے کہ کلیب مجھے گالی دینے لگے۔

حَتَّامَ۔ کب تک۔ اس کی اصلیت حتی ما ہے ما استفہامیہ کا الف حذف کر دیا گیا ہے۔

حَتَأَ (ف) حَتْأً و اَحتأَ۔ العُقدۃَ۔ گرہ باندھنا ـــــ الثوبَ۔ کپڑا سینا ـــــ الجدارَ۔ دیوار مضبوط کرنا ـــــ الشیءَ۔ لگاتار دیکھنا ـــــ الحِملَ عن الدابۃ۔ بوجھ جانور پر سے اتار لینا۔

حَتحَتَ۔ جلدی کرنا۔

تَحَتحَتَ۔ الورقُ۔ جھڑنا۔ گرنا۔

حَتِدَ (س) حَتَدًا۔ خالص الاصل ہونا صفت۔ (حَتِدٌ)

حَتَدَ (ض) حُتُودًا۔ بالمکان۔ اقامت کرنا۔

حَتَّدَ۔ الشیءَ۔ کسی شے کے خالص اور نفیس ہونے کی وجہ سے اس کو چن لینا۔

الحُتُد والحَتِد۔ من الشیءِ۔ اصل و جوہر کہتے ہیں "عین حُتُد"۔ وہ چشمہ جس کا پانی ختم نہ ہوتا ہو۔

المَحْتِد۔ اصل۔ کہتے ہیں فلان کریم المَحتِد۔ فلان کریم الاصل ہے۔

حَتَرَ (ن ض) حَترًا و حُتُورًا۔ باندھنا اور مضبوط کرنا۔ تیز نگاہ سے دیکھنا۔ خوراک گھٹا دینا۔ یا بخشش میں کمی کر دینا۔ حَتَرَ لہ شیئًا۔ تھوڑا دینا۔ اھلَہ۔ اہل وعیال کے نان نفقہ میں تنگی کرنا۔ کہا جاتا ہے و احترت الیومَ شیئًا۔ آج مجھ کو کچھ نہیں ملا یا میں نے آج کچھ نہیں کھایا۔

اَحْتَرَ۔ الشیءَ۔ مضبوط کرنا ـــــ الرجلُ۔ آدمی کا تھوڑی بھلائی اور بخشش والا ہونا۔ علینا الرزقَ۔ رزق کم کرنا۔ روک لینا۔

حَتَّرَ۔ نان نفقہ میں کمی کرنا ـــــ البیتَ۔ گھر کے گرد گھیرا بنانا۔

الحَترُ والحِترُ والحُترۃ۔ تھوڑی چیز۔ تھوڑی بخشش۔

حِتارُ۔ الشیءِ۔ کنارہ۔ شے۔ گھیرا۔ حِتارُ الاُذُن۔ کان کا کنارہ۔ حِتارُ الظُّفر۔ ناخن کے ارد گرد کا گوشت۔ حتار المنخل والغربال۔ چھلنی کا گھیرا۔

الحَترۃ۔ بچہ کا ایک بار دودھ چوسنا۔

الحَتِیرۃ۔ بعض کے نزدیک العَتِیرۃ۔ وہ کھانا جو عمارت کے تیار ہونے پر کھلایا جاتا ہے۔

حَترَش۔ حَترشۃً۔ الجرادُ۔ ٹڈی کا کھانے میں آواز نکالنا۔

تَحَترَشَ۔ القومُ۔ اکٹھا ہونا۔ جمع ہونا۔

الحُتروش۔ چست لڑکا۔

الحَتارِش۔ بچہ کی حرکتیں۔ کہتے ہیں "ما احسن حتارِشَ ھذا الصبیِّ" اس بچہ کی حرکتیں کیسی پیاری۔ اور

بھلی ہیں۔

تَحتَّرف۔ الشیٔ۔ بکھر جانا۔ کہتے ہیں۔ تَحتَّرف الشیٔ من یدی۔ چیز میرے ہاتھ سے بکھر گئی۔

الحَتَرفَة۔ آنکھ کی سرخی۔ خشونت۔

الحَتف۔ موت۔ کہتے ہیں مَاتَ حَتْفَ انفِہ او حتف فیہ۔ وہ بغیر کسی کے مارنے کے اپنی طبعی موت سے مرا۔ ج۔ حُتُوف۔

حَتَك (ض) حَتْكًا وحَتَكانًا و تَحتَّكَ۔ چھوٹے اور تیز تیز قدموں سے چلنا۔

الحَتَك و الحَوَاتِك۔ شتر مرغ کے بچے۔

حَتَلَہ (ن) حَتْلًا۔ دینا۔

الحِتْلُ والحاتِل۔ مثل۔ مشابہ۔

حَتَمَ (ض) حَتمًا۔ الشیٔ۔ مضبوط کرنا۔ — الشیٔ علیہ۔ واجب کرنا۔ — بالشیٔ۔ کسی چیز کا حکم لگانا۔ فیصلہ کرنا۔

تَحَتَّمَ۔ ہشاش بشاش ہونا۔ اظہار شادمانی کرنا۔ دسترخوان کے بچے ہوئے کو کھانا — الزجاج بعضُہ علی بعض۔ شیشہ کا بعض بعض پر گر کر چکنا چور ہو جانا۔ (— والحتم) الأمرَ۔ فیصلہ کا ایسا لازمی ہونا۔ کہ اس کا خلاف نا ممکن ہو۔ تَحتَّم الشیٔ علی نفسہ۔ اپنے اوپر لازم کر لینا۔ واجب کر لینا۔

الحاتِم۔ قا۔ حاکم۔ کہتے ہیں۔ حتم الحاتِمُ بکذا۔ حاکم نے اس چیز کا فیصلہ دیا۔ کالا کوا۔

الحَتم۔ خالص کہا جاتا ہے ھو الاخ الحتم۔ وہ سگا اور حقیقی بھائی۔

وھذا ولد حتم۔ یہ حقیقی لڑکا ہے جس کے نسب میں کوئی شک نہیں۔ فیصلہ۔ ج۔ حُتُوم۔

الحُتمَة۔ سیاہی۔ الاحتم۔ سیاہ۔ کالا۔

حَتِنَ (س) حَتَنًا۔ الحرُّ۔ گرمی کا شدید ہونا۔

اَحتَنَ۔ الرجلُ۔ کسی کے سارے تیروں کا ایک ہی جگہ پڑنا۔

تَحَاتَنَ۔ القومُ۔ فی الامر۔ کسی امر میں سب کا برابر مساوی ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ تحاتن الدمعُ یعنی آنسوؤں کے دو دو قطرے گرے وتحاتنت الریاحُ۔ مختلف الجہت ہوائیں پے در پے چلیں۔

احتَتَنَ۔ بالکل برابر ہونا۔

الحَتنُ والحِتنُ۔ مساوی۔ ایک جیسا۔ سابق۔ کہا جاتا ہے۔ ھما حِتنان۔ وہ دونوں برابر ہیں۔ یوم حاتن۔ وہ دن جس کا اول آخر گرمی میں برابر ہو۔

حَتَا یحتُو حَتوًا۔ بہت تیز دوڑنا۔

حَتَا (ض) حَتْیًا و اَحتَاہُ۔ سینا۔ مضبوط کرنا۔ الحبلَ۔ رسی بٹنا۔ فرسٌ (محتاۃ) الخلق۔ مضبوط ہاتھ پیر کا گھوڑا۔

حَثَّ (ن) حَثًّا وحَثَّثَ تحثیثًا۔ واَحثَّ اِحثَاثًا واحتَثَّ احتثاثًا واستحثاثًا — الرجلَ علی الامر۔ کسی کو کسی امر پر اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

حَاثَّہ۔ برانگیختہ کرنا۔ اکسانا۔ ابھارنا۔

تَحَاثَّ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کو اکسانا۔

احتَثَّ۔ برانگیختہ۔ (لازم و متعدی)

الحُثّ۔ بھوسے کے ریزے۔ خشک روٹی۔ چمکتا ہوا ریت۔

الحَثِیث والحُثُوث۔ تیز۔ کہتے ہیں۔ "وَلّی حَثِیثًا" وہ تیزی سے واپس پھرا۔

الحَثَاث والحِثَاث۔ تیزی۔ تھوڑی نیند۔ جھپکی۔ کہا جاتا ہے ما اکتحل فلانٌ حَثَاثًا۔ اس نے ذرا سی نیند بھی نہیں لی۔

حَثحَثَ البرقُ۔ بجلی کا بادل میں کوندنا — فلانًا۔ کسی کو اکسانا۔ برانگیختہ کرنا — المیلَ فی العین۔ سرمہ کی سلائی کو آنکھ میں ہلانا۔

تَحَثحَثَ۔ القوم۔ تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔

الحِثحَاث والحُثحُوث۔ بہت جلدی کرنے والا۔

حَثِرَ (س) حَثَرًا۔ الجلدُ۔ جلد کا پھنسی دار ہونا — العینُ۔ آشوب چشم سے آنکھ کا متورم ہونا۔ دانے پھوڑے والی ہونا — العسلُ۔ شہد کا خراب ہونے کے سبب دانہ دار ہونا۔ صفت (حاثِر و حَثِر) — الشیٔ۔ کشادہ ہونا۔ صفت (حَثِرٌ و حَثْرٌ)

حَثَّرَ۔ الدواءَ۔ دوا کی گولی بنانا۔

اَحثَرَ و تَحَثَّرَ۔ النخلُ۔ کھجور کا پھل لانا۔

الحَثَر۔ مص۔ تلچھٹ۔ انگور کا دانہ جو ابھی ظاہر ہوا ہی ہو۔

الحَثِر۔ پھنسی والا۔ طعامٌ حَثِر۔ بکھرا ہوا کھانا جس میں کوئی خیر و برکت نہ ہو۔ فؤادٌ حَثِر۔ وہ دل جو یاد نہ رکھ سکے۔

حَثِبَ۔ الماءُ۔ پانی کا مکدر ہونا۔ گدلا ہونا — البئرُ۔ کنویں کا گدلے

پانی والا ہونا۔
الحُثْحُوب۔ گدلا پانی۔ میدانی سبزی۔
حَثِلَ (س) حَثَلاً۔ موٹے پیٹ والا ہونا۔
احثلت۔ الاُمُّ وَلَدَهَا۔ ماں کا بچہ کو خراب غذا دینا۔ صفت مفعولی۔
(حثیل) ـــ الله هُوَ فلانًا۔ زمانہ کا کسی کو بدحال کر دینا۔ تباہ حال بنا دینا۔
الحَثَل۔ دودھ پلانے کی خرابی۔ تباہ حالی۔
الحِثِل۔ لاغر۔ کمزور۔
الحِثْلَة۔ حوض میں تھوڑا بچا ہوا پانی۔
الحُثَال والحُثَالَة۔ چاول یا جو وغیرہ کا چھلکا۔
حُثَالَةُ الدُّهن۔ تیل کا تلچھٹ۔
الناس۔ گھٹیا رذیل لوگ۔
حَثَمَ (ن) حَثْمًا۔ له۔ دینا۔ الشئَ۔ ملنا۔ رگڑنا۔
الحَثْمَة والحَثَمَة۔ چھوٹا ٹیلہ الحَثْمَة ناک کی ٹنڈی۔ ناک کا بانسہ۔ ج۔ حِثَام۔
الحُثْمَة۔ بند کے نزدیک پانی کے گرنے کی جگہ۔
حَثَا (ن) حَثْوًا وحَثْيًا (ض) حثیًا و تحثاءً۔ التُّرابَ۔ مٹی ڈالنا۔
التُّرابُ۔ مٹی کا گرنا۔
تھوڑا سا دینا۔ کہا جاتا ہے۔
حثا فی وجهه الرماد۔ یعنی اس نے اس کو شرمندہ و نادم کر دیا۔
وحثا فی وجهه التُّراب۔ یعنی وہ اس سے سبقت لے گیا۔
استحثوا۔ ایک دوسرے کے چہرے پر مٹی پھینکنا۔
الحَثَا والحَثَی۔ بھوسہ کے ریزے ڈالی ہوئی مٹی۔
الحَثْوَاء۔ بہت مٹی والی زمین۔
الحَثِیّ۔ مص۔ مٹی وغیرہ کا لیپ۔ ج۔ حثیات۔
حَجَّه (ن) حَجًّا۔ دلیل میں غالب آنا۔
الجرحَ۔ زخم میں سلائی ڈال کر ٹٹولنا ـــ ہ۔ قصد کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ حَجَّ بنو فلان فلانًا۔ یعنی بنو فلاں نے فلاں کے پاس بہت آمد و رفت رکھی۔
وحَجَجْتُ فلانًا۔ میں فلاں کے پاس بار بار آیا گیا۔
حَجَّ الاَمَاكِنَ المُقَدَّسَةَ۔ مقامات مقدسہ کی زیارت کرنا۔
صفت (حَاجّ) ج حُجَّاج وحَجِيج وحُجّ۔ مونث حَاجَّة۔ ج۔ حَوَاجّ۔
حَجَّ۔ علیه۔ آنا۔ عن الامر۔ باز رہنا۔ رکنا۔
حَاجَّه۔ حِجَاجًا ومُحَاجَّةً۔ جھگڑا کرنا۔
حَجْحَجَه تَحْجِیجًا واَحَجَّه اِحْجَاجًا۔ ادائیگی حج کے لیے بھیجنا۔
تَحَاجَّا تَحَاجًّا۔ آپس میں جھگڑا کرنا باہم جھگڑنا۔
اِحْتَجَّ۔ اپنے دعوے پر دلیل لانا۔ بالشئ۔ کسی چیز کو دلیل یا عذر بنانا ـــ البیتَ۔ زیارت کرنا۔
استحَجَّ۔ دلیل و حجت طلب کرنا۔
الحَاجّ۔ فا۔ مقامات مقدسہ کی زیارت کرنے والا۔ اسم جمع بمعنی حُجَّاج۔ کہتے ہیں قدم الحاج حتی المُشَاة۔ حاجی لوگ آ پہنچے یہاں تک کہ پیدل چلنے والے بھی۔
الحَجَّة۔ حج کا اسم۔ سال۔
ذوالحَجَّة۔ قمری سال کا آخری مہینہ۔ ج۔ ذوات الحَجَّة۔
الحِجَّة۔ کان کی لو۔
الحَجَّة۔ بالی۔ کان کی لو۔
الحُجَّة۔ دلیل۔ حجت۔ ج۔ حُجَج وحِجَاج۔
الحَجَاج۔ ابرو کی ہڈی۔ ج۔ حُجُج۔ واَحِجَّة۔ وحِجَاج۔
حَجَاجُ الشمسِ۔ آفتاب کا کنارہ۔
الحَجِیج۔ دلیل سے غالب آنے والا۔ وہ شخص جس کا زخم سلائی ڈال کر ٹٹولا جائے۔
المَحَجّ۔ حج کرنے کی جگہ۔
المَحَجَّة۔ رات کا بیچ۔ ج۔ مَحَاجّ۔
المِحْجَاج۔ بڑا جھگڑالو۔ زخم ٹٹولنے کی سلائی۔
المَحْجُوج۔ دلیل میں ہارا ہوا۔ مطلوب مقصود۔ حج کرنے کی جگہ۔
حَجَا۔ فا۔ حَجًا۔ بالشئ۔ خوش ہونا۔ عنه الشئَ۔ روکنا۔
حَجِیَ (س) حَجًا وحِجًا وتَحِجَّاءً۔ بالشئ۔ بخل کرنا۔ فریفتہ ہونا۔
الحَجِیّ۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔ کہتے ہیں هو حجیّ بکذا۔ وہ فلاں چیز کے لائق ہے۔ پناہ لینے والا۔ کہتے ہیں۔ هو حجیّ بهم۔ وہ ان کے پاس پناہ لینے والا ہے۔
الحَجَاء۔ جائے پناہ۔
حَجَبَه (ن) حَجْبًا وحِجَابًا وحَجَّبَه۔ چھپانا۔ پردہ کرنا۔ اندر آنے سے روکنا۔ حَجَبَ بينهما۔ درمیان میں حائل ہونا۔ تنگ ہونا۔ کہتے ہیں۔ فلانٌ یحجب الامیر۔ فلاں امیر کا

دربان ہے۔ تحجّب و احتجب۔
چھپنا۔
استحجبہ۔ کسی کو دربان بنانا۔ حاجب
مقرر کرنا۔
الحِجَاب۔ مص۔ ج۔ حُجُب۔ پردہ
دو چیزوں میں حائل ہونے والی چیز۔
تعویذ۔
حِجَابُ الشمسِ۔ سورج کی روشنی۔
حِجَابُ القلب۔ دل اور پیٹ کے
درمیان حائل ہونے والا پردہ۔
حَاجِب۔ ج۔ حَوَاجِب و حَوَاجِیب
ابرو۔ حواجب الشمس۔ سورج
کی شعائیں۔ الشیٔ۔ چیز کا کنارہ
حَاجِبُ الشمس۔ طلوع کے
وقت سورج کا نظر آنے والا کنارہ۔
الحاجب۔ ج۔ حُجّاب و حَجَبَۃ۔ دربان
الحِجَابَۃ۔ دربانی کا پیشہ۔ دربان
کی آسامی۔
حَجْحَجَ۔ بولنے سے رکنا۔
بالمکان۔ اقامت اختیار کرنا۔
الرجلُ۔ پچھلے پاؤں لوٹنا۔
حَجَرَہ (ن) حَجْرًا و حُجرانًا۔ بتثلیث
الحاء فی المصدرین۔ منع کرنا
حجر علیہ القاضی۔ قاضی کا
کسی کو مالی تصرفات سے روک دینا۔
(س۔ تَحجرًا و تَحجرًا) علیہ الامرَ۔
محروم کرنا۔ ناجائز ٹھہرانا۔
حَجَّرَ القمرُ۔ چاند کا ہالہ والا ہونا۔
الطینُ۔ مٹی کا سخت اور پتھر کے
مانند ہونا۔
اَحْجَرَہ۔ ڈھانپنا۔ چھپانا۔
تَحَجَّرَ و استَحْجَرَ۔ پتھر کی طرح ہونا
الرجلُ۔ حجرہ بنانا۔ تحجّر
علیٰ فلانٍ۔ کسی کو تنگ کرنا۔
کہتے ہیں" تحجر ما وسّعہ اللّٰہ"
یعنی جس چیز میں اللہ نے اس کو
فراخی دی تھی اس کو اس نے اپنی جان
کے لیے تنگ کرلیا۔ محروم کرنا۔
استَحْجَرَ۔ علیہ۔ جرات کرنا۔ دلیر ہونا
احتجر۔ حجرہ بنانا۔ احتجر الشیٔ۔
کسی چیز کو اپنی گود میں لینا۔
ــــ بہ۔ پناہ لینا۔
الحَجْرُ۔ مص۔ ممانعت۔ رکاوٹ۔
من العین۔ آنکھ کا خانہ۔
(۔ و الحُجر و الحِجر) گود۔
کہتے ہیں "نشاء فلان فی حجر
فلانٍ" فلاں فلاں کی گود یا حفاظت
میں پلا بڑھا۔ حرام۔ کہا جاتا ہے۔
"ھٰذا حجر علیك" یہ تم پر حرام
ہے۔ "وحجرًا لہ" یعنی دفع
ہو۔ عرب یہ جب بولتے ہیں کہ
کوئی چیز ان کو سخت ناپسند و
مکروہ ہو۔
الحِجر۔ عقل۔ گھوڑی۔ ج۔ حُجُور
و حُجُورۃ و اَحْجَار۔
الحَجَر۔ پتھر۔ ج۔ اَحجار و حِجار
و حِجارۃ و اَحْجُر۔ کہا جاتا ہے۔
"القمہ الحجر" کسی کو مسکت و
دندان شکن جواب سے خاموش کردینا
کہتے ہیں "اھل الحجر والمدر" یعنی
دیہاتی لوگ۔
الحَجَران۔ سونا چاندی۔ احجار
الخیل۔ وہ عمدہ گھوڑے جو نسل
بڑھانے کے لیے رکھے جائیں (مفرد
مستعمل نہیں)
الحُجُر۔ ناخن کے گرد کا گوشت۔
الحُجْرَۃ۔ کنارہ۔ ج۔ حُجَر و حُجرات و
حواجر۔ کہا جاتا ہے "انتشرت
حجرتہ" اس کا مال بہت ہوگیا۔
الحُجْرَۃ۔ کمرہ۔ قبر۔ احاطہ مویشی۔ کنارہ
ج۔ حُجَر و حُجَرات و حُجْرات
و حُجُرات۔ حجرتا العسکر۔
لشکر کا سیدھا اور الٹا بازو۔
الحَجِرُ و الحَجِیرَۃ۔ بہت پتھروں والی
زمین۔
الحَاجِر۔ فا۔ ج۔ حُجران۔ وہ بلند
زمین جس کے بیچ میں پستی ہو۔ صحرا میں
حاجیوں کے اترنے کی جگہ۔ د ــــ
(والحاجور) پانی کو روکنے والا نہر
کا پشتہ۔
المَحْجَر و المِحْجَر۔ من العین۔ آنکھ
کا خانہ۔ باغیچہ۔ ج۔ مَحَاجِر۔
المَحجَر۔ گاؤں کا گرداگرد۔ حفاظت
کی جگہ اور اسی سے ہے المحجر
الصحی۔ وہ جگہ جہاں وبا میں
مبتلا شدہ لوگ حفاظت و نگرانی
میں رکھے جائیں تاکہ دوسرے تندرست
وبا کے شکار نہ ہوں۔
الحَنْجَرَۃ۔ حلق کی نالی۔ حلقوم۔
ج۔ حَنَاجِیر۔
الحُنْجُور۔ حلقوم۔ حلق۔ گلا۔ چھوٹی
ڈکری۔ شیشی۔
حَجَزَہ (ن ض) حَجْزًا و حِجَازَۃ۔
منع کرنا۔ روکنا۔ ج۔ حناجیر۔
دفع کرنا۔ بینھما۔ درمیان میں آنا
فاصلہ کرنا۔ علیہ المال او
العقار۔ مال یا جائداد کو دعوے
کی بنا پر روک لینا۔
اَحْجَزَ و احتجز۔ ملک حجاز میں آنا۔
الحجزُ۔ رکنا۔
حَاجَزَہ۔ ایک دوسرے کو منع کرنا۔
تحاجزوا۔ ایک دوسرے کو منع کرنا۔
روکنا۔ دفع کرنا۔
احتجز۔ الشیٔ۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا۔
بہ۔ محفوظ ہونا۔ باز رہنا۔ بالازار

ازار کمر پر باندھنا۔ کمر بند سے کر کسنا۔
الشیَٔ۔ کوئی چیز گود میں اٹھانا۔
الرجلُ۔ کسی کا حجاز میں آنا۔
الحِجز والحُجز۔ جڑ۔ قبیلہ۔ کنارہ۔
الحِجز۔ پاک دامن۔ پاک۔
الحجاز۔ عربستان کا ایک صوبہ جس
میں مکہ معظمہ و مدینہ منورہ واقع ہے
کمر بند۔ اونٹ کے پاؤں باندھنے کی
رسی۔ گانے کی ایک سُر۔
الحُجزة۔ ج۔ حُجز و حُجُزات و
حُجزات و حُجزات۔ ازار
باندھنے کی جگہ۔ نیفہ۔ کہتے ہیں۔
فلان طیب الحُجزة۔ فلاں
پاکدامن و عفیف ہے۔ و شدید
الحجزة۔ بڑا صابر۔" و هذا
کلامٌ اخذُ بعضه بحُجزةِ
بعضٍ"۔ یعنی اس کلام کا ایک حصہ
دوسرے حصہ سے مربوط و منسلک
ہے۔
الحَاجز۔ ج۔ حَواجز۔ تلوار کی دھار
برزخ۔ روک۔
المُتحجز۔ ازار باندھنے کی جگہ۔
حَاجفه محاجفةً۔ مقابلہ کرنا۔ ہٹانا۔
انحَجف۔ التجا کرنا۔ زاری کرنا۔
احتَجَف۔ الشیَٔ۔ قبضہ میں لانا۔
حاصل کرنا۔ نفسه عن كذا۔
ہٹانا۔ باز رکھنا۔ الحَجفة۔ بغیر
لکڑی کے چمڑے کی بنی ہوئی ڈھال۔
سینہ۔ الجیف۔ پیٹ کی
گڑگڑاہٹ۔ ج۔ حَجَف۔
حَجَلَ (ن ض) حَجلاً و حَجلاناً۔
ایک پاؤں اٹھا کر دوسرے پر چلنا۔
المقیّدُ۔ دونوں پاؤں سے کودنا۔
البعیرَ۔ اونٹ کو باندھنا۔
حَجَلَ حَجلاً۔ بینہما۔ حائل ہونا۔

حَجِلَت (ن) حُجُولاً و حَوجَلَت۔
العینُ۔ آنکھ کا اندر کو دھنس جانا۔
حَجَّل۔ العروس۔ دلہن کے لیے کمرہ
آراستہ کرنا۔ دلہن کو آراستہ کمرے
میں داخل کرنا "حَجَّلَت المرأةُ
بنانہا" عورت کا مہندی لگانا۔
العینُ۔ آنکھ کا اندر کو دھنسنا۔
الرجلُ امرہ۔ کسی کا اپنے کام
کو مشہور کرنا۔ المقیّدُ۔ دونوں
پاؤں سے کودنا۔
حُجِّلَ و تحجّل۔ گھوڑے کا ٹانگوں سے
سفید ہونا۔ صفت (مُحجَّل و
محجول) اگر تین ٹانگوں میں سفیدی
ہو تو اس کو محجیل کہتے ہیں۔
حُجِلَت المرأةُ۔ عورت کو پازیب
پہنایا جانا۔
الحَجَل۔ واحد۔ حَجَلة۔ ج۔ حِجلان۔
و حجلی۔ چکور۔
الحَجل و الحِجل و الحِجِل۔
پازیب۔ بیڑی۔ گھوڑے کی ٹانگ میں
سفیدی۔ ج۔ احجال و حجول۔
الحَجلة۔ مکان کے اندر دلہن کے لیے
ڈالا ہوا پردہ۔ دلہن کے لیے آراستہ
کیا ہوا کمرہ۔ ج۔ حِجال و حَجَل۔
عرب کہتے ہیں الحُجولُ لربّات
الحِجال۔ یعنی پازیب عورتوں
کے لیے ہے۔
الحُجَیلاء۔
الحَوجَله و الحوجلَة۔ شیشی۔
ج۔ حَواجل و حواجیل۔
المُحَجَّل۔ من الخیل۔ وہ گھوڑا جس
کی ٹانگوں میں سفیدی ہو۔
یوم مُحَجَّل۔ مسرت و خوشی کا دن۔ کہتے
ہیں۔" امرٌ اغرُ مُحجَّلٌ"۔ بہت
مشہور بات۔ البعیر۔ اونٹ کے

منہ پر جالی باندھنا۔
حَجَمَ (ن ض) حَجماً۔ الحَجامُ
المریضَ۔ حجام کا بیمار کے پچھنے لگانا۔
الحَیّةُ۔ سانپ کا ڈس لینا۔
الصبیُ ثدیَ امه۔ بچہ کا اپنی
ماں کی چھاتی کو چوسنا۔
حَجَمَه۔ عن الشیَٔ۔ منع کرنا۔
حَجَم طرفه عنه۔ کسی کی طرف سے
نگاہ پھیر لینا۔
حَجَمَ (ن) حَجماً و احجَمَ۔ الثدی۔
پستان کا ابھرنا۔ بلند ہونا۔
احجمتِ المرأةُ للمولود۔ ماں کا بچہ
کو پہلی دفعہ دودھ پلانا۔ احجم عن
الشیٔ۔ ڈر کر پیچھے ہٹنا۔ رکنا۔
احتجم۔ پچھنے لگوانا۔ الحِجامة۔
پچھنے لگانے کا پیشہ۔
الحجم۔ جسم کی مقدار۔ وہ ابھار جو ہاتھ
کے پھیرنے سے محسوس ہو۔ ج۔ حُجوم۔
الحِجَام۔ اونٹ کے منہ پر لگانے کی جالی
جس کی وجہ سے وہ کاٹنے سے باز رہے۔
الحاجم۔ ج۔ حُجّام۔ و حَجَمة و (الحجام)
پچھنے لگانے والا۔
المحجم۔ پچھنے لگانے کی جگہ۔ ج۔ محاجم۔
المحجم و المحجمة۔ پچھنے لگانے کا
اوزار سینگی۔ ج۔ محاجم۔
المحجام۔ ڈرنے کا خوگر۔ خوف کی وجہ سے
پیچھے ہٹنے والا۔
حَجَنَ (ن) حَجناً و حَجَّنَ۔ العود۔ لکڑی کو
موڑنا۔ ٹیڑھا کرنا۔ و احتَجَنَ
الشیٔ۔ چیز کو کانٹے سے کھینچنا۔ کہتے
ہیں " احتجن المالَ"۔ اس نے مال
کو اکٹھا کیا اور اس نے پراگندہ مال کو جمع
کر کے اس کی اصلاح کی۔ احتجن
علیه۔ روکنا۔
حَجَنَ۔ حَجناً (س) بالدار۔ گھر میں اقامت

کرنا. علیہ وبہ. بخل وکنجوسی کرنا.
تَحَجَّنَ. مڑنا. ٹیڑھا ہونا.
الحَجَن و الحَجَنَة. ٹیڑھا پن. کجی.
الحُجنَة. خود اپنے لیے پسند کی ہوئی اور مخصوص کی ہوئی چیز.
الأَحجن. ٹیڑھا. کہتے ہیں "مقوا حجنُ المخالب" ٹیڑھے چنگل والا شکرا.
مؤنث. حَجناء. ج. حُجُن.
الحَجُون. سست. کہتے ہیں. "سرنا عقبةً حجونًا" ہم بھی مسافت والی گھاٹی پر چلے.
المِحجَن و المِحجَنة. ٹیڑھے سر کا ڈنڈا. یا ہر مڑے ہوئے سر والی چیز. کہا جاتا ہے "ھو مِحجَنُ مالٍ" وہ اونٹوں کا اچھا منتظم ہے.
مِحجَنُ الطائر. پرندہ کی چونچ.
حَجَا (ن، حَجوًا. ٹھہرنا. بالمکان. اقامت کرنا. بالشیءِ. بخل کرنا.
بہ حجیًا. اچھا خیال کرنا. السرَّ. بھید رکھنا. حَجاءً. قصد کرنا. اعتماد کرنا. منع کرنا. القومَ. بدلہ دینا. الأمرَ. محض گمان پر دعوے کرنا اور یقین نہ رکھنا.
حَجِیَ (س، حَجًی. بہ. فریفتہ ہو کر لازم ہونا.
أَحجَاہ. إحجاءً. بکذا. کسی کو لائق بنانا کہتے ہیں "ما احجاہ بکذا" وہ اس کا کس قدر لائق وسزاوار ہے.
حَاجَاہ. مُحاجَاةً. چیستان وپہیلی پیش کرنا. سمجھ یا عقل میں کسی پر غالب آنا کہتے ہیں "حاجیته فحجوته" میں نے زیرکی میں مقابلہ کرکے اس پر غلبہ حاصل کیا.
تحجّی. بالشیء. فریفتہ ہونا اور لازم ہونا. بالمکان. اقامت کرنا. کہتے ہیں. "تحجیتکم الی ھذا المکان" میں اس جگہ تک ... کے رہا. اور تم سے پہلے وہاں جم گیا. الشیءَ. قصد کرنا.
احتجی. الشیءَ. چھپانا. تحاجوا. آپس میں ایک دوسرے پر پہیلی پیش کرنا.
الحِجَی. عقل وسمجھ. ج. أحجاء.
الحِجَا. کنارہ. گوشہ. ج. أحجاء.
الحَجَا. وادی کا موڑ. زمین کا ابھرا ہوا اور اٹھا ہوا حصہ. پناہ کی جگہ. ج. أحجاء.
وحَجَا. الشیءِ. چیز کا کنارہ.
الحَجَاة. ج. حَجًا. بارش کے قطرات سے پیدا ہونے والا بلبلہ.
الحَجِیّ والحَجِیّ. لائق. الاُحجِیَّة. پہیلی. چیستان. ج. أحاجی و أحاجٍ. کلمة "مُحَجِّیَة" و "محجیَّة" رمز آمیز کلمہ. وہ کلمہ جس کے الفاظ ظاہری معنی کے مخالف ہوں کہتے ہیں "إنہ لمحجاةٌ ان یفعل کذا" یعنی اس کے لیے لائق وسزاوار ہے کہ وہ ایسا کرے.
حَدَّ (ن، حَدًّا وحَدَدًا. الدارَ. گھر کے لیے حد مقرر کرنا. — المذنبَ. گناہگار پر حد لگانا. اور اس کو عبرتناک سزا دینا. الشیءَ عن الشیءِ. ایک شے کو ایک شے سے جدا کرنا. تمیز کرنا. اللهُ عنا الشر. اللہ نے برائی کو روک کر اس کو ہم پر سے ٹال دیا.
حَدَّت (ن ض، حَدًّا وحِدادًا. المرأةُ. عورت کا سوگ منانا.
صفت (حادٌّ) ج. حَوادّ.
حَدَّ. حَدًّا وحَدَّدَ. و أَحَدَّ. السکین. چھری کو تیز کرنا.
حَدَّت (ض، حِدَّةً و احتدّت. السکینُ. چھری کا تیز ہونا.
حَدَّ (ض، حَدًّا وحَدَدًا وحِدَّةً. علیہ. غضب ناک ہونا.
حَدَّدَ. الأرض. زمین کے حدود قائم کرنا. — الیہ ولہ. قصد کرنا. — الأمرَ. معلوم کرنا — علیہ. غضبناک وغضبہ ہونا — الزرعُ. بارش کی تاخیر سے کھیتی کا دیر سے اگنا.
حَادَّہ. دشمنی رکھنا. غضب ناک ہونا.
حَادَّت أرضُہ أرضي. میری زمین اس کی زمین کے متصل ہے. یعنی میں اس کا پڑوسی ہوں.
أَحَدَّ. الیہ النظرَ. تیز نظر سے دیکھنا گھورنا. احدّت المرأةُ. عورت کا خاوند کے غم میں سوگ منانا. صفت (مُحِدٌّ، ومُحِدَّة)
تَحَدَّدَ. بھم. اکسانا. دھمکانا.
تَحَادَّ. ایک دوسرے سے ناراض ہونا. باہم غضب ناک ہونا.
احْتَدَّ. قوی ہونا — علیہ. کسی پر غضب ناک ہونا.
استحدَّ. دھار تیز کرنا.
الحَدّ. مص. دو چیزوں کے درمیان کی روک. کہتے ہیں "دارہ حدّ داری" اس کا گھر میرے گھر کے پڑوس میں ہے
والحدّ. چیز کی انتہا. الحدّ من السیف. تلوار کی دھار. من الشراب. شراب کا جوش. من الانسان. انسان پر طاری ہونے والی غضبی کیفیت — من کل شیءٍ. تیزی — حد الشیءِ. جامع ومانع تعریف. ایسی تعریف سزا. ج. حُدود. وحدود اللہ. خداتعالی کی اطاعت اور شرعی احکام
الحَدَد. مص. ممنوع چیز. کہتے ہیں. "ھذا امرٌ حَدَدٌ" یعنی یہ ممنوع

امر ہے اس کا فعل روا نہیں۔ "و هذا خبر حادد" یہ خبر جھوٹی اور بے بنیاد ہے۔ "و دون هذا حـدد" اس کے ورے ممانعت ہے۔"وحددًا ان یکون هذا" خدا کرے کہ ایسا نہ ہو۔
الحِداد۔ حدّت المرأةُ۔ کا مصدر ہے سیاہ ماتمی لباس۔
الحُدّاد۔ تیزی والا۔ کہتے ہیں "رجلٌ حُدّاد" تیزی والا آدمی۔ "اصلہ سکین حُدّاد" تیز کاٹنے والی چھری۔ ج۔ أحِدّة۔ کہتے ہیں۔ "حُدّادك ان تفعل كذا" تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الحَدّادة۔ بیوی۔ الحِدادة۔ لوہار کا پیشہ۔
الحَدِيد۔ لوہا۔ سخت لوہے کو ذکر اور نرم کو اُنثیٰ اور آنیث سے تعبیر کرتے ہیں۔ کہتے ہیں۔ "هو حديدى" وہ میرا پڑوسی ہے۔ "دارى حديدة دارہ" میرا گھر اس کے پڑوس میں ہے۔
الحَدِيد۔ ج۔ أحِدّاء وحِداد کاٹنے والا۔ کہتے ہیں۔ "سيفٌ حديد" شمشیر براں۔ "رجلٌ حديد" تیز فہم یا تیز مزاج آدمی۔
الحَدِيدة۔ لوہے کا ٹکڑا۔ ج۔ حَدائِد وحديدات وجج۔ حَدائِدات
ـ حديدةُ الحرثِ۔ ہل کی پھار۔
الحَدّاد۔ لوہار۔ لوہا بیچنے والا۔ دربان داروغہ جیل۔
المحدُود۔ حدود میں گھرا ہوا۔ محروم۔ خیر یا شر سے روکا ہوا۔
حَدَأَ ف حَدْأً۔ الشئَ عنه۔ پھیر دینا۔ ہٹا دینا۔
حَدِئَ (س) حَدَأً ـ بالمكانِ۔ کسی جگہ جم جانا۔ الیہ۔ کسی سے پناہ لینا۔ الیہ و علیہ۔ کسی پر مہربانی کرنا۔ اور اس کی یاری کر کے اس کو ظلم سے بچانا۔
ـ علیہ۔ غضب ناک ہونا۔
الحَدأة۔ دو سروالی کدال۔ ج۔ حَدَاء۔ وحِداء۔
الحِدَأة۔ چیل۔ عوام اس کو حُدَيّة کہتے ہیں۔ ج۔ حِدَأٌ وحِداءٌ وحِدآن۔
حَدِب (س) حَدَبًا واَحْدَب۔ الرجلُ۔ آدمی کا کبڑا ہونا۔ صفت (حَدِب واَحْدَب) مؤنث۔ حدبية۔ حَدْباء۔ ج۔ حُدْب واحْداب و حَدِبات ـ حَدِب علیہ۔ کسی پر مہربان ہونا۔
حَدَّبه واَحدَبه۔ کبڑا بنانا۔ خمیدہ کرنا۔ حَدَّبَ الشئَ۔ کسی شے کو اونچا کرنا۔ ابھارنا۔
تَحدَّب۔ کبڑا ہونا ـــ علیہ مہربان ہونا ـــ بہ۔ تعلق رکھنا ـــ المرأةُ۔ خاوند کے مرنے کے بعد عورت کا بچوں کے لیے بیٹھا رہنا اور دوسرا شوہر نہ کرنا۔
احدودب و تحادب۔ کبڑا ہونا۔ احدودب الرجلُ۔ لمبا۔ اور ٹیڑھا ہونا۔
الحَدَب۔ مص۔ کبڑا پن۔ موج۔ تھر کھال کا نشان۔ زمین کی اونچی جگہ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الحَدْباء۔ قحط کا سال۔ مشکل کام۔ لاش
الحَدَبة۔ کبڑا پن۔ پیٹھ میں کبڑی جگہ۔ کہتے ہیں۔ "فی ظهره حَدَبةٌ" اس کی پیٹھ میں خمیدگی ہے ـــ
ـ من الارض۔ بلند و سخت زمین۔
الاَحْدَب۔ تلوار۔ بازو میں ایک رگ کا نام ہے۔
اَمرٌ اَحْدَب۔ مشکل کام۔
المُحَدَّب۔ ابھرا ہوا۔ کبڑا ـــ من الخطوطِ۔ ابھری ہوئی لکیریں۔
حَدَثَ (ن) حُدُوثًا ـــ الامرُ۔ کسی امر کا واقع ہونا۔ (ـــ حداثة وحُدُوثًا) نیا ہونا۔ نو پید ہونا۔ جب "قَدُم" کے ساتھ اس کا استعمال ہوتا ہے تو عین کلمہ پر ضمہ آتا ہے۔ جیسے۔ "اخذنى ما قدُمَ و ما حَدُث" یعنی مجھ کو نئے اور پرانے غموں نے آن لیا۔
حَدَّثَ۔ عن فلانٍ۔ کسی سے کچھ بیان کرنا۔ روایت کرنا ـــ ہ۔ کذا و بکذا۔ خبر دینا۔ بیان کرنا۔
حَادَثَه۔ گفتگو کرنا۔ حَادَث السیفَ تلوار کو جلا دینا۔ صیقل کرنا۔ اور اسی سے ہے: "کنصل السیف حُودث بالصقال"۔ مانند تلوار کے پھل کے جس کو صیقل سے جلا دی گئی ہو۔
اَحْدَثَه۔ ایجاد کرنا۔ پیدا کرنا۔
اَحْدَثَ الرجلُ۔ پاخانہ کرنا۔
ـ السیفَ۔ تلوار کو جلا دینا۔
تَحَدَّثَ۔ بالشئ۔ وعن الشئ۔ کلام کرنا۔ خبر دینا۔
تَحَادَثُوا۔ آپس میں ایک دوسرے سے بات چیت کرنا۔
استَحْدَثَه۔ پیدا کرنا ـــ الخبرَ۔ نیا پانا۔ رَجُلٌ حَدِثٌ، مُلُوكٍ۔ بادشاہوں کا قصہ گو۔

الحَدُورَۃ والحُدُورَۃ والحادورۃ آنکھ سے آنسوؤں کا بہاؤ۔
الحُنْدُر والحُنْدُور۔ والحُنْدُورۃ والحِنْدَارۃ۔ آنکھ کی سیاہی۔
ج۔ حنادر۔ کہتے ہیں "جَعَلتُهٗ علیٰ حُنْدُورَۃِ عینی وحِندیرۃِ عینی"۔ میں نے اس کو اپنا نصب العین بنایا۔
الحَیدَس۔ شیر۔ پست قد۔
الحَیدَرۃ۔ شیر۔ ہلاکت۔ کہتے ہیں۔ "رماہُ اللہُ بالحیدرۃ"۔ اللہ اس کو مصیبت و ہلاکت سے دوچار کرے۔
المُنْحَدَر۔ ڈھلوان مقام۔
حَدَسَ (ن ض) حَدْسًا۔ فی الامر۔ گمان کرنا۔ تخمینہ لگانا۔ وہم کرنا۔
الشیءَ برجلہ۔ روندنا ــــ زیدًا۔ پچھاڑنا ــــ الشاۃَ وبالشاۃِ۔ بکری کو ذبح کرنے کے لیے لٹانا ــــ فی الارض۔ بے پتہ چلنا ــــ فی السیر۔ تیز چلنا۔
حَدَسَ بہ الارضَ۔ زمین پر گرا دینا۔ ٹیک دینا۔
تَحَدَّسَ الاخبارَ وعن الاخبار۔ چھپ کر اور خفیہ طور سے خبریں دریافت کرنے کی کوشش کرنا۔
الحَدْس۔ مص۔ دانائی۔ تیز فہمی۔ زیرکی۔
المَحْبِس والمَحْدُوس۔ زمین پر پچھڑا ہوا۔
الحَدْسیّات۔ فراست سے معلوم کی ہوئی باتیں۔
الحِدَاس۔ انتہا۔ غایت۔ کہتے ہیں۔ "بَلَغْتُ بہ الحِداسَ"۔ میں اس کی انتہا تک پہنچ گیا۔

المَحْدِس۔ مقصد۔ کہتے ہیں۔ "فلانٌ بعید المَحْدِس"۔ فلاں کا مطلب بلند و بڑا ہے۔
حَدَقَ (ض) حَدْقًا۔ القومُ بہ۔ کسی کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔
حدقہ بعینہ۔ کسی کی طرف دیکھنا ــــ ہ۔ آنکھ کی سیاہی پر مارنا۔
المریضُ حُدُوقًا۔ بیمار کا آنکھ کھول کر دیکھنا۔
اَحْدَقَ۔ القومُ بہ۔ لوگوں کا کسی کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔
احدقت الروضۃُ۔ باغ کا چار دیواری میں گھرنا۔
حَدَّقَ۔ الیہ۔ گھور کر دیکھنا۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
حَدَّقَ۔ بہ۔ کسی کو چاروں طرف سے گھیر لینا۔
احدودق۔ القومُ۔ بہ۔ احاطہ کرنا۔ گھیرنا۔
الحدقۃ۔ آنکھ کی سیاہی ج۔ حَدَق وحَدَقات واَحْداق وحِداق۔ کہا جاتا ہے۔ "ھم فی مثل حدقۃ البعیر"۔ یعنی ان کو خوب فراخی اور پانی کی فراوانی نصیب ہے۔
"وھم رُماۃ الحدق"۔ یعنی وہ لوگ تیر اندازی میں خوب ماہر ہیں۔
"وتکلمتُ علی حدق القوم"۔ یعنی میں نے کلام کیا اور قوم کی نظریں مجھ پر تھیں۔
الحَدَق۔ بیلن۔
الحَدِیقۃ۔ چار دیواری والا باغ۔ ج۔ حدائق۔
حَدَلَ (ض) حَدْلًا وحُدُولًا۔ علیہ۔ کسی پر ظلم کرنے کے لیے شامل ہونا۔ عوام کہتے ہیں۔ "حدل

السطحَ"۔ اس نے سطح پر رول پھیرا۔
حَدِلَ (س) حَدَلًا۔ ایک کندھے کا دوسرے سے بلند ہونا۔ صفت (اَحْدَل) مؤنث۔ حَدْلاء۔ ج حُدُول (شاذ) و (حَدل)۔ ج حَدَالیٰ۔ حَدِلَ۔ علیہ۔ ظلم کرنا۔
تَحَادَلَ۔ کمان پر جھکنا۔
الحِدْل۔ ازار باندھنے کی جگہ۔ گردن کا۔
الحَدْل۔ مص۔ کہتے ہیں "انہ لَحَدْلٌ"۔ یعنی وہ عادل نہیں۔
الحُدَال۔ چکنا۔ الحودلۃ۔ ٹیلہ۔
حَدَمَہ (ض) حَدْمًا۔ تیز گرم کرنا۔ ــــ الدمَ۔ گہرا سرخ کرنا۔
اِحْتَدَمَ ــــ النہارُ۔ دن کا سخت گرم ہونا ــــ الشرابُ۔ شراب کا جوش تیز ہونا۔
اِحتدمتِ القِدرُ۔ ہانڈی کا سخت ابلنا۔
تحدّم واحتدم ــــ الرجلُ۔ کسی کا غصہ میں بھڑک پڑنا۔
احتدم الدمُ۔ خون کا گہرا سرخ ہونا۔
الحَدَم۔ والحَدَمَۃ۔ آگ کی تیز بھڑک سخت شعلہ زنی۔
الحَدَمَۃ۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز۔
الحِدَام۔ غیظ و غضب۔ غصہ۔
حَدَا (ن) حَدْوًا وحُدَاءً و حُدَاءً۔ بلند آوازی سے حدی گانا کہتے ہیں۔ "ما اَملحَ حُدَاءَہ"۔ اس کا حدی گانا کس قدر پسندیدہ ہے۔ الابلَ۔ بالابل۔ اونٹ کو ہانکنا۔ صفت (حادٍ) ج۔ حُداۃ۔ ــــ الریحُ السحابَ۔ ہوا کا بادل کو چلانا۔ "حداہ علی کذا"۔ برانگیختہ کرنا

د — واحتذى، الليلُ والنهارَ رات کا دن کے بعد آنا۔
الحادی وحادی النجم۔ دو ستاروں کا نام "حادی عشر" میں حادی واحد کا مقلوب ہے۔
الحَدّاء۔ حادی کا مبالغہ ہے۔ اور "حادی" اونٹوں کو گا کر ہانکنے والے کو کہتے ہیں۔
الحَدْوَاء۔ شمالی ہوا۔
الحَوادِی۔ ہر شے کے آخری حصے۔ ٹانگیں۔
الأُحدُوّة والأحدِيّة۔ وہ گیت جو اونٹوں کو ہانکنے کے وقت گایا جائے۔
حَدِی (س) حَدْیاً۔ بالمکان۔ کسی جگہ جم کر رہنا۔
تَحَدّی۔ الرجلَ۔ کسی سے مقابلہ کرنا اور غالب آنا (— وحدّی) الشیءَ۔ کسی چیز کے کرنے کا ارادہ کرنا۔
الحُدَیّا۔ جھگڑا۔ مقابلہ کہتے ہیں "ھو حدَیّا الناس" وہ لوگوں سے مقابلہ کرنے والا ہے۔ "وانا حُدَیّاك فی ھذا الامر" میں اس معاملہ میں تیرا مقابلہ کرنے والا ہوں۔
حَذَّہ (ن) حَذّاً۔ جلدی کاٹ دینا۔
الحَذَذ۔ ہاتھ یا دم کا ہلکا پن "وحذذ القلب" دل کی ذکاوت یا تیز فہمی۔
الأَحَذّ۔ ہلکے ہاتھ یا دم والا۔ تیز۔ دبلا۔
امرٌ أَحَذّ۔ ناپسندیدہ امر سخت امر بے خلل "قلب أحذّ" ذکی دل مؤنث حَذّاء۔ کہا جاتا ہے۔
"ناقۃ حَذّاء" تیز رفتار اونٹنی
وقصیدۃ حذّاء۔ مشہور و معروف قصیدہ
وحاجۃ حَذّاء۔ جلد روانہ ہونے والی اور نتیجہ آور حاجت۔ "وعزیمۃ حَذّاء" پختہ و مصمم ارادہ۔ ج۔ حُذّ۔

حَذِر (س) حَذَراً وحِذْراً۔ (ومحذورۃً) الرجلَ و من الرجلِ۔ بچنا۔ ہوشیار رہنا۔ چوکنا رہنا۔ صفت (حِذرٌ و حَذُرٌ) ج۔ حَذِرون۔ و حَذاری۔
حَذَّرَہ۔ ڈرانا۔ بچانا۔ متنبہ کرنا۔ چوکنا کرنا۔
حاذَرَہ۔ ایک دوسرے سے محتاط رہنا۔ ڈرتے رہنا (— وتحذّر منہ واحتذرہ) بچتے رہنا۔ ہوشیار رہنا۔
أحذّ ار۔ غضبناک و منقبض ہونا۔
الحاذِر۔ فا۔ مستعد و تیار۔
الحاذُورۃ۔ بہت محتاط۔ بہت چوکنا۔
حَذارِ۔ اسم فعل بمعنی ڈرو۔ خوف کرو۔ کہا جاتا ہے "حذاریك زیداً" زید سے بار بار بچو۔
الحذاریات۔ ڈرانے والے۔
الحِذْریان۔ چوکنا۔
الحُذُرّی۔ باطل۔
المَحْذُور۔ وہ چیز جس سے بچا جائے۔ پرہیز کیا جائے۔
المَحْذُورۃ۔ ڈر۔ گھبراہٹ۔ خوفناک مصیبت۔ لڑائی۔
حَذَفَہ (ض) حَذْفاً۔ گرانا۔ کاٹنا۔
ہ بالعصا او الحجر۔ لاٹھی یا پتھر سے مارنا۔ حذف فی مشیتہ۔ چلنے میں قریب قریب قدم رکھنا۔
حَذَّف۔ الشیءَ۔ اچھے طریقے سے کرنا۔ یعنی ہر غیر ضروری چیز کو ترک کر کے تمام عیوب سے پاک صاف کرنا۔
— شعرَہ — زلف نکالنا۔ بالوں کو برابر کرنا۔
تَحَذَّف۔ بالعصا۔ لاٹھی سے مارنا یا پھینک کر مارنا۔
الحَذَف۔ چھوٹی قسم کی بھیڑیں۔ حذف الزرع۔ کھیتی کے پتے۔
الحَذَف۔ ایک قسم کی بط۔ واحد حَذَفَۃ۔
الحُذُنَّۃ۔ پست قد عورت۔
الحُذافۃ۔ تھوڑی چیز۔ تراشہ۔ پس ماندہ خوراک۔
الحِذْفار۔ والحُذْفور۔ ج حَذافِیر۔ جانب۔ انبوہ کثیر لڑائی کے لیے تیار کرنے والے۔ کہتے ہیں "اُشدُد حذافیرك" یعنی تیار ہو جاؤ۔ "أخذہ او بحِذْفارہ و بحُذفورہ و بحَذافیرہ" اس نے وہ سب لے لیا۔
حَذَقَ (ض) وحَذِقَ (س) حِذْقاً وحِذْقاً وحِذَاقاً وحَذَاقاً وحَذاقۃً۔ ماہر ہونا۔ صفت (حاذِق) ج۔ حُذّاق وحِذاق — الکتاب ساری کتاب پڑھ لینا — العمل۔ کام میں ماہر ہونا۔
حَذَقَ (ض) حَذوقاً — الخلّ سرکہ کا بہت ترش ہونا۔
حَذَقَ (ض) حَذوقاً — الشیءَ۔ کاٹنا۔ — الخلُّ فاہُ۔ چرچراہٹ لگنا۔
حَذَّقَہ۔ ماہر بنانا۔
تَحَذَّق۔ ماہر ہونا و تحذق خبیر — مہارت ظاہر کرنا۔
اِنْحَذَق۔ کٹ جانا کہتے ہیں۔ حذقتُ الحبلَ فانحذقَ۔ میں نے رسی کو کاٹا تو وہ کٹ گئی۔
الحِذْقۃ۔ ٹکڑا۔ ج۔ حِذَق۔ و حُذاق۔ (آخری جمع شاذ ہے)
الحاذِق۔ فا۔ ج۔ حُذّاق۔ و

الحَرَّاب ۔ نیزہ بردار یا نیزہ بنانے والا۔
الحِرْبَة ۔ جنگ کی ہیئت۔
الحرباء والحِرْبَاءة ۔ گرگٹ۔
تلون مزاجی کے لیے یہ بطور مثل
مشہور ہے ۔ ج ۔ حَرَابی ۔
الحِرْبَاء ۔ زرہ کی میخ۔ پشت کا گوشت
الحَرَب ۔ مص ۔ ہلاکت۔ تباہی خرابی۔
وَاحَرَبَا ۔ افسوس۔ کیسا افسوس۔
ہائے افسوس۔
المِحْرَب والمِحْرَاب ۔ جنگجو۔ لڑاکا
بہادر۔
المِحْرَاب ۔ گھر کا شروع کا حصہ۔
اچھی جگہ۔ صدر مجلس۔ لوگوں کے
جمع ہونے کی جگہ۔ کچہار ۔ و
محراب مسجد۔ امام کی جگہ۔ قبلہ۔
ج ۔ مَحَارِیب ۔ کہتے ہیں۔
"انّه یکره المحاریب" یعنی
وہ اس کو ناپسند کرتا ہے کہ صدر
مجلس میں بیٹھے اور لوگوں سے
ممتاز ہو۔
الحِرْبِش والحِرْبِیش ۔ اژدہا۔
حَرَتَ (ن) حَرْتًا ۔ الشیءَ ۔ سخت
ملنا
حَرِتَ (س) حَرَتًا ۔ الرجلُ ۔
کسی کا بد خلق ہونا۔
الحَرُوت ۔ مص ۔ جانور کے چبانے کی آواز
الحَرِیت ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
حَرَثَ (ن ض) حَرْثًا ۔ الارضَ ۔
زمین میں ہل چلانا۔ کھیتی بونا۔
صفت (حَارِث) ج ۔ حُرَّاث
و (حَرَّاث) ۔ حَرَثَ المالَ ۔
مال کمانا جمع کرنا ۔ النارَ ۔
آگ کریدنا ۔ الشیءَ ۔
کسی چیز کا اچھی طرح مطالعہ کرنا۔
۔ الامرَ ۔ کسی امر کو یاد کرکے
بھڑک جانا ۔ الخبزَ ۔
روٹی کے ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
(۔ وأحْرَثَ واحْتَرَثَ)
۔ الدابّةَ ۔ جانور کو تھکانا۔ لاغر و
دبلا کرنا۔ صفت مفعول (حَرِیثَة)
ج ۔ حَرَائِث ۔
احترث ۔ الارضَ ۔ زمین جوتنا۔
۔ المالَ ۔ مال کمانا۔
الحَرْثُ ۔ مص ۔ کھیتی۔
الحَارِثُ ۔ فا ۔ ج ۔ حُرَّاث ۔
الحَارِث وأبو الحَارِث ۔ شیر
کی کنیت۔
الحَرِیثَة ۔ ج ۔ حَرَائِث ۔ کمائی ۔
الحِرَاثَة ۔ کھیتی۔ کاشتکاری۔
المِحْرَث ۔ ج ۔ مَحَارِث ۔
و (المِحْرَاث) ج مَحَارِیثُ ۔ ہل۔
آگ ہلانے کی سیخ۔ کریلی۔
حَرِجَ (س) حَرَجًا ۔ الشیءُ ۔
تنگ ہونا ۔ الرجلُ ۔
مجرم ہونا ۔ العینُ ۔ آنکھ
کے دھنس جانے کی وجہ سے
چندھیانا ۔ علیه الشیءُ ۔
حرام ہونا ۔ الیه ۔ تنگ ہو کر
پناہ لینا ۔ الغبارُ ۔ غبار کا
تنگ مقام میں گھٹنا۔
حَرَجَ (ن) حَرْجًا ۔ انیابه ۔
غصے سے دانت پیسنا
حَرَّجَه ۔ تنگ کرنا ۔ حَرَّجَ
علیه ۔ کسی سے کہنا کہ تو تنگی
میں ہے۔
أحْرَجَه ۔ گناہ میں مبتلا کرنا۔ تنگی میں ڈالنا
تنگ جگہ کے لیے مجبور کرنا۔
۔ فلانًا الیه ۔ مضطر کرنا۔
احرج علیه الامرَ ۔ حرام کرنا
ناجائز ٹھہرانا۔
تَحَرَّجَ ۔ گناہ سے بچنا۔
الحَرَج ۔ گناہ ۔ گھنے درختوں والی
تنگ جگہ۔ مُردہ لے جانے کا تختہ۔
حرمت۔ کہتے ہیں: "لاحرج علیك"
تمہارا کوئی قصور نہیں۔ یا تم پر کوئی
اعتراض نہیں۔ عرب کہتے ہیں
"حدّث عن البحر ولاحرج"
سمندری حالات بیان کرو اور مبالغہ
وغیرہ کا تم پر کوئی اعتراض نہ ہوگا۔
الحِرْج ۔ گناہ ۔ کوڑی۔ شکار میں سے
کتے کا حصہ۔ درندوں کے شکار کے
لیے رسیوں کا پھندا۔ بکریوں کا ریوڑ۔
ج ۔ أحْرَاج وحِرَاج ۔
الحَرِج ۔ تنگ۔ لڑائی میں ثابت قدم۔
گھنے درختوں کی تنگ جگہ۔ وہ شخص
جو کسی معاملہ میں پیش قدمی کرنے سے
خوف کھائے اور ڈرے۔
الحَرَجَة ۔ درختوں کا جھنڈ۔ بکریوں یا
اونٹوں کا ریوڑ۔ ج ۔ حَرَج و
حَرَجَات ۔
الحَرِیج ۔ تنگ۔
المِحْرَاج ۔ من اللیالی ۔ بہت
ٹھنڈی رات۔
المُحَرِّج ۔ تنگ کرنے والا۔ کہتے ہیں
"حلف بالمُحَرِّجَات" اس
نے تنگی میں مبتلا کرنے والی قسمیں
کھائیں۔
حَرْجَلَ ۔ حَرْجَلَةً ۔ لمبا ہونا ۔
تیز دوڑنا۔ دائیں بائیں پاؤں مارنا۔
الحَرْجَلَة ۔ مص ۔ لنگڑاپن۔
(۔ والحَرْجَل) گھوڑوں کا گلہ
کہتے ہیں "جاءوا حَرَاجلةً"
وہ اپنے گھوڑوں پر آئے۔
الحُرْجُل والحُرَاجِل ۔ لمبا۔ طویل
حَرْجَمَ ۔ الابلَ ۔ اونٹوں کو ایک

دوسرے پر گرتے ہوئے واپس کرنا۔
اِحْرَنْجَمَ ۔ القومُ او الابلُ ۔
اکٹھا ہونا۔ بھیڑ کرنا ۔۔۔
عَنِ الْاَمْرِ۔ کسی امر کا ارادہ
کرکے ہٹ جانا۔
حَرِدَ (س) حَرَدًا و حُرُودًا ۔
علیہ ۔ کسی پر ناراض ہونا۔
صفت (حَارِدٌ و حَرِدٌ و
حَرْدَانُ) ۔۔۔ الوتر۔
کمان کے تاروں میں بعض کا بعض
سے لمبا ہونا۔ صفت (حَرِدٌ)
حَرَدَہٗ (ض) حَرْدًا ۔ منع کرنا۔ ارادہ
کرنا ۔۔۔ الخشبَ ۔ لکڑی میں
سوراخ کرنا۔ (۔۔۔ حُرُودًا)
اپنی قوم سے جدا ہو کر تنہا اور اکیلا
ہونا۔ صفت (حَرُودٌ و حَرِیدٌ)
ج ۔ حِرَاد و حَرِید) ج
حُرَدَاء ۔
حَرَّدَ ۔ جھونپڑی میں پناہ لینا ۔۔۔
الشعرُ ۔ ایک بال کا تنہا اگنا ۔۔۔
ہ ۔ منع کرنا۔ حَرَّدَ الحبلَ ۔
رسی بٹنا ۔۔۔ الشیَٔ ۔ ٹیڑھا
کر دینا۔
اَحْرَدَہٗ ۔ علیحدہ کر دینا ۔۔۔ اَحْرَدَ
فِی المشیِ ۔ جلدی چلنا۔
تَحَرَّدَ ۔۔۔ الْاَدِیْمُ ۔ ادھوڑی کے
بال گرنا۔
حَارَدَتِ ۔ النَّاقَةُ ۔ اونٹنی کا کم
دودھ والی ہونا۔ صفت (حرودٌ
مُحَارِدٌ) ۔۔۔ السنة ۔ سال کا
کم بارش والا ہونا۔
حَارَدَ ۔ الرجلُ ۔ پہلے دینا اور پھر
دینا بند کر دینا۔
انحَرَدَ ۔ اکیلا رہ جانا ۔۔۔ النجم ۔
ستارہ ٹوٹنا۔

الحَرَدُ ۔ مص ۔ اونٹ کی اگلی ٹانگ
کے پٹھے کا ڈھیلا پن۔
الحَرِیدُ ۔ دور ۔ خشک کی ہوئی مچھلی۔
بہت میں سے تھوڑی چیز۔
الاَحْرَدُ ۔ حَرَدَ ۔ کی بیماری کا مریض
بخیل ۔ کینہ ۔ زرہ کے بوجھ کی وجہ
سے اچھی طرح نہ چل سکنے والا۔
ج ۔ حُرْدٌ ۔
الحِرْذَوْنُ ۔ گرگٹ کے مشابہ ایک
جانور۔ نر سوسمار۔
حَرَزَ (ن) حَرْزًا ۔ المالَ ۔ حفاظت
کرنا۔ اکٹھا کرنا۔
حَرِزَ (س) حَرَزًا ۔ پرہیزگار ہونا۔
حَرُزَ (ک) حَرَازَةً و حَرَازًا ۔
۔۔۔ المکانُ ۔ جگہ کا محفوظ ہونا۔
حَرَّزَ ۔۔۔ الشیَٔ ۔ محفوظ رکھنے میں
مبالغہ کرنا۔ (۔۔۔ و اَحْرَزَ)
المکانُ الرجلَ ۔ کسی جگہ کا کسی کے
لیے جائے پناہ بننا۔
اَحْرَزَ الشیَٔ ۔ جمع کرنا۔ محفوظ رکھنا
ذخیرہ رکھنا۔
تَحَرَّزَ و احْتَرَزَ ۔ منہ ۔ بچنا۔
اسْتَحْرَزَ ۔ محفوظ جگہ میں آ جانا۔
الحِرْزُ ۔ محفوظ مقام ۔ کہا جاتا ہے۔
"حِرْزٌ ۔ حَرِیزٌ و حَارِزٌ"
بہت محفوظ مقام۔ حصہ۔ کہتے ہیں
"اَخَذَ حِرْزَہٗ" اس نے اپنا
حصہ لیا۔ ہر چیز جو اشیاء کی
حفاظت کے کام میں آئے ۔ جیسے
صندوق وغیرہ۔ ہر وہ شے جو ضائع
اور تلف ہونے سے بچائے ۔۔۔
فی اصطلاح المعوذین۔
تعویذ۔ ج ۔ اَحْرَازٌ ۔
الحَرَزُ ۔ مص ۔ اخروٹ جس سے بچے
کھیلا کرتے ہیں ۔ ہر وہ چیز جو محفوظ

کی گئی ہو۔ ج ۔ اَحْرَازٌ ۔
الحَرِیزُ ۔ جمع کردہ شے ۔ کہتے ہیں "لا
حَرِیزَ من بیعٍ" یعنی اگر اس
نے حسب خواہش قیمت دے دی
تو مجھے بیع سے انکار نہیں ہوگا۔
الحَرِیزَةُ ۔ من الابل ۔ وہ اونٹ
جن کو عمدگی کی وجہ سے فروخت نہ
کیا جائے ۔ ج ۔ حَرَائِزُ ۔
حَرَسَہٗ (ض ن) حَرْسًا ۔ حفاظت
کرنا۔ صفت (حَارِسٌ) ج
حُرَّاسٌ ۔ و حَرَسَةٌ ۔ و
حَرَسٌ و اَحْرَاسٌ ۔۔۔
حارس السماء و حارس السماك
دو ستاروں کے نام۔
حَرَسَ (ض) حَرْسًا و احترس ۔
۔۔۔ الشیَٔ ۔ رات میں چوری کرنا۔
حَرِسَ (س) حَرَسًا ۔ لمبی زندگی پانا۔
اَحْرَسَ ۔ بالمکانِ ۔ کسی جگہ حفاظت
کے لیے مقیم ہونا۔
تَحَرَّسَ و احْتَرَسَ ۔۔۔ منہ ۔
کسی سے محفوظ رہنا۔ بچ کر رہنا۔
الحَرْسُ ۔ مص ۔ زمانہ ۔ کہتے ہیں "مضیٰ
علیہ حرسٌ" اس پر ایک زمانہ
گذر گیا۔ ج ۔ اَحْرَاسٌ ۔
الحَرَسُ ۔ حفاظت کرنے والے۔
"وحرس الملك" شاہی حافظ۔
باڈی گارڈ۔ واحد (حَرَسِیٌّ)
الحَرَسَانِ ۔ دن رات۔
الحِرَاسَةُ ۔ حفاظت۔
الحَرِیسَةُ ۔ بکریوں کا باڑہ ۔ رات کو
چوری کی ہوئی بکری ۔ چوری ۔ ج
حَرَائِسُ ۔
الاَحْرَسُ ۔ وہ پرانا جس پر ایک زمانہ
گذر گیا ہو۔
حَرَشَ (ض) حَرْشًا و حِرَاشًا ۔

حَرُقَ -
الحُرَّاق - بہت کھاری پانی۔
الحَرَّاقَة - آگ پھینکنے والی کشتی یا جہاز۔ فائرشپ۔ تارپیڈو۔ ج۔ حَرَّاقَات۔ عوام کے نزدیک "حرَّاقة" وہ چیز ہے کہ اگر اس کو کھال پر رکھیں تو چھالا پڑجائے۔
الحَرُوق والحَرُّوق۔ سوختہ چقماق
الحَرِيقَة۔ حرارت (ــ والحروقة) ایک قسم کا کھانا۔ اس کے لیے پانی ابال کر اس میں آٹا ڈالا جاتا ہے۔ اور پھر اس کو تیار کیا جاتا ہے۔
المِحْرَق۔ ریتی۔
المُحْرَقَه - سوختنی قربانی۔ ہون۔ ج۔ مُحْرَقَات۔
الحُرْقَد۔ زبان کی جڑ۔ ج حَرَاقِد۔
الحُرْقَدَة۔ حلق کی گرہ۔
حَرْقَصَ - فی المشی۔ چلنے میں چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ــــ الکلامَ۔ جلدی جلدی بولنا۔
الحُرْقُوص۔ پسّو کے مانند ایک کیڑا۔ چابک کا سرا۔ ج۔ حَرَاقِيص۔
الحُرْقَفَة - سرین کی ہڈی کا سرا۔ ج۔ حَرَاقِف وحَرَاقِيف۔
الحُرْقُوف - لاغر جانور۔
حَرَكَ (ن)، حَرْكًا ــــ ادائیگی حق سے رکنا۔ کاندھے کے سرے کو بیمار کرنا ــــ حَرَكَه دونوں کندھوں کے درمیان مارنا۔
حَرَكَ۔ حَارِكَه۔ دونوں کندھوں کے درمیان کاٹنا ــــ ہ بالسیف۔ تلوار سے مارنا۔
حَرِكَ (س)، حَرَكًا - پہلو یا کندھے کا کمزور ہونا۔ صفت (حَرِيكٌ) مؤنث (حَرِيكَة)

حَرُكَ (ك)، حَرَكًا۔ ہلنا۔ حرکت کرنا۔
حَرَّكَه - ہلانا۔ کہا جاتا ہے "حَرَّكَ منی الامرُ۔ معاملہ نے مجھ کو بے چین کر دیا۔
الحَارِك۔ فا۔ پیٹھ کا اوپری حصہ جو دونوں کندھوں کے درمیان ہوتا ہے۔
الحَرَاك۔ حرکت۔
الحَرِك۔ ہلکا پھلکا۔ چست۔ تیز خاطر کہتے ہیں۔ "غلامٌ حَرِكٌ" سبک و تیز خاطر لڑکا۔
المِحْرَاك۔ حرکت دینے کا آلہ۔ کریلی۔
المُحَرَّك۔ گردن اور سر کے جوڑ کی جگہ۔
حَرَمَه (ض) وحَرِمَه (س)، حِرْمًا وحَرِيمًا وحِرْمَانًا۔ وحَرِمًا وحِرْمَةً وحَرِيمَةً۔ ــ الشیءَ۔ منع کرنا۔ روکنا۔ محروم کرنا۔ صفت مفعول (محروم)
حَرِمَ (س)، حَرَمًا وحَرَامًا و حَرُمَ (ك)، حُرْمًا وحُرُمًا۔ وحُرْمَةً وحُرُمَةً وحَرَامًا ــ علیه الامرُ۔ حرام ہونا۔
حَرِمَ (س)، حَرَمًا وحَرَامًا۔ ــ فی القمار۔ جوئے میں ہارنا۔
حَرَّمَ ــ الشیءَ۔ کسی شے کو حرام ٹھہرانا۔ (ــ واَحْرَمَ ــ)، ماہ حرام میں داخل ہونا۔ حَرَّمَه واَحْرَمَه فی القمار۔ جوئے میں جیتنا۔ واَحْرَمَ۔ حرم میں داخل ہونا۔ اَحْرَمَ الشیءَ۔ حرام ٹھہرانا۔
اَحْرَمَ۔ عن الشیءِ۔ رکنا۔ باز رہنا
تَحَرَّمَ۔ منه۔ تحرمة۔ کسی کی ذمہ داری میں آکر محفوظ و مامون ہونا۔
تَحَرَّمَ - به۔ ایک ساتھ زندگی گذارنا اور آپس میں حرمت کا پختہ و مضبوط ہونا۔ ــ "تَحَرَّمْتُ بطعامِكَ ومجالسِكَ" یعنی ساتھ کھانا کھانے اور بیٹھنے اٹھنے سے اب تمہارا مجھ سے اس چیز کا لینا جائز نہ رہا۔ جس کا پہلے لینا روا تھا۔
اِحْتَرَمَه۔ ڈرنا اور حرمت وعزت کا لحاظ رکھنا۔ اِحْتَرَمَ الشیءَ۔ محروم ہونا۔ اور اس کلام "لَا تَحْتَرِمْ فَتَحْتَرِمَ" میں ہر دو معنی بیک وقت ملحوظ ہیں۔ یعنی خوف نہ کرو۔ ورنہ خیر سے تہی دست رہوگے۔
استحرم۔ الشیءَ۔ حرام سمجھنا۔
الحِرْم۔ مص۔ حرام۔ ایسا واجبی کام جس کا ترک کرنا ناجائز ہو۔ ج حُرُم۔ احرام کا زمانہ۔
الحُرْم۔ مص۔ حج کا احرام۔ حِلّ کا مخالف۔
الحَرَم۔ مص۔ وہ شے جو محفوظ رکھی جائے اور اسی کی طرف سے مدافعت کی جائے۔ مقدس۔ ج۔ اَحْرَام۔ الحرم الاقصیٰ بیت المقدس۔
الحَرَمَان۔ مکہ معظمہ و مدینہ منورہ۔
الحِرْمَان۔ محرومی۔
الحُرْمَة والحُرُمَة والحُرَمَة ذمہ۔ ہیبت۔ ہر وہ حق اللہ جس کی رعایت لازمی ہو۔ اور اس میں کوتاہی حرام ہو۔ حصہ۔ ہر وہ باحرمت شے جس کی بے حرمتی ممنوع ہو۔ حُرْمَةُ الرجل بیوی۔ ج۔ حُرُم وحُرُمَات۔

وحُرُمات

الحُرمَۃ۔ حفاظت۔

الحَرِیم۔ مص۔ حرام شے جس کو بسبب حرمت چھو نہ سکیں۔ محرم کا کپڑا۔

حریم الرجل۔ قابل حفاظت چیز اور اسی لیے بیوی کو حریم کہتے ہیں۔ شاہی محل کے گرداگرد کی جگہ وسیع۔ ہر وہ جگہ جس کی حفاظت واجب ہو۔ ج۔ حُرُم واَحْرُم واَحَارِیم۔

الحُرُم۔ ایک شخص کی بیویاں۔

الاشھر الحُرُم۔ باحرمت چار مہینے یعنی ذوالقعدہ۔ ذوالحجہ محرم۔ رجب۔ عرب کو ان مہینوں کی اس قدر حرمت منظور تھی کہ ان میں لڑائی بھڑائی قطعاً بند رکھتے تھے۔

الحَرِیمَۃ۔ مص۔ مرغوب چیز جو حاصل نہ ہو سکے۔

الحَرَام۔ خلاف حلال۔ ناجائز۔ ج حُرُم۔ کہتے ہیں "حرام اللہ لا افعل کذا" خدا کی قسم میں ایسا کرنے کا نہیں۔ جس طرح کہتے ہیں "یمین اللہ لا افعل" احرام باندھنے والا۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ حرامٌ وقومٌ حرامٌ" احرام باندھنے والا۔ ایک آدمی یا احرام باندھنے والی قوم۔ دونوں جگہ واحد کی شکل میں آتا ہے۔ کیونکہ دراصل مصدر ہے۔

الشھرُ الحرام۔ ماہ محرم۔

البلد الحرام۔ مکہ معظمہ۔

المسجد الحرام۔ کعبہ شریف۔

الحرامِیّ۔ حرام کا کرنے والا۔

مُحَرَّم۔ قمری سال کا پہلا مہینہ۔

المُحَرَّم۔ جو چیز ذمہ میں ہو۔

جِلدٌ مُحَرَّم۔ بے رنگا چمڑا۔

سَوطٌ مُحَرَّم۔ نرم نہ کیا ہوا کوڑا۔ اعرابیٌّ مُحَرَّم۔ اُجڈ اکھڑ۔ دیہاتی۔

المَحْرَم۔ ناجائز کام۔ جرم۔

محارِمُ اللیل۔ رات کے خطرات۔

المُحْرِم۔ احرام باندھنے والا۔ صلح کرنے والا۔ وہ شخص جو کسی کی حفاظت و پناہ میں ہو۔ کہتے ہیں ـــ "انہ لمحرم عنک" یعنی اس کی تکلیف تم پر حرام ہے۔

المَحْرُوم۔ خیر و بھلائی سے محروم۔ وہ شخص جس کا مال نہ بڑھے۔ وہ بدقسمت شخص جو کمانے سے عاجز ہو۔

المَحْرَمَۃ والمَحْرُمَۃ۔ ہر وہ شے جس کی بے حرمتی جائز نہ ہو۔ ج محارِم۔ عام لوگ جیبی رومال کو "محرمۃ" کہتے ہیں۔

حَرْمَدَ۔ فی الامر۔ اصرار کرنا۔

الحِرْمِد والحُرْمُد۔ رنگ و بو بدلا ہوا۔ بعض کے نزدیک سیاہ بدبودار کیچڑ۔

حَرْمَزَ۔ لعنت کرنا۔

الحَرْمَل۔ ایک قسم کی بوٹی جو دھونی کے کام آتی ہے۔

حَرَنَ وحَرُنَ (ن ک)، حُرُونًا و حِرَانًا وحِرَانًا ـــ البغلُ۔ خچر کا اڑ جانا۔ اچانک کھڑا ہو جانا صفت مذکر و مونث (حَرُون) ج۔ حُرُن۔ وحَرَنَ فی البیع۔ برابر قیمت پر پہنچنا۔ نہ کم نہ زیادہ۔

حَرَنَ۔ (ك)، حُرُونَۃ۔ بالمکان۔ کسی جگہ سے نہ ہٹنا۔ ـــ العسلُ فی الخلیۃ۔ شہد کا چھتے میں ایسا چپکنا کہ اس کا نکالنا دشوار ہو۔ وحَرَنَ القطنَ روئی دھننا۔

المِحْرَن۔ دھننے کی کمانی۔

الحَرَا۔ گھر کا صحن۔ کہتے ہیں "نزلت بحراہُ" میں اس کے صحن میں اترا آواز۔ گرہ۔ ہرنوں کے چھپنے کی جگہ۔ ج اَحْرَاء۔

الحَرَاء۔ لائق۔ کہتے ہیں "بالحرا ان یکون ذاک"

الحَرَاوَۃ۔ رائی وغیرہ کے مزے کی تیزی۔

الحُرْوَۃ۔ غصہ یا درد کے سبب حلق یا سینہ یا سر میں سوزش۔ بدبو کے ساتھ چرپراہٹ۔

حَرِیَ (ض)، حَرْیًا ـــ الشیءُ۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔

احری۔ الشیءَ۔ گھٹانا۔ کم کرنا۔ ما اَحْرَاہُ بہ۔ وہ اس کے کس قدر لائق ہے۔

تَحَرّی۔ استعمال میں زیادہ مناسب و لائق کو طلب کرنا۔ دو چیزوں میں سے زیادہ بہتر کو طلب کرنا۔ ـــ الامرَ۔ قصد کرنا اور فضیلت دینا ـــ بالمکان۔ ٹھہرنا۔

المَحْرَی والمَحْراۃ۔ لائق۔ سزاوار کہا جاتا ہے "ھذا الامر محری او محراۃ لذلک او بذلک" یہ کام اس کے لائق ہے۔

الحَرِیّ۔ ج۔ حَرِیُّون واَحْرِیَاء۔ مؤنث حَرِیَّۃ۔ ج۔ حَرِیَّات وحَرَایَا ـــ (والحَرِی)

حَزَقَوَ۔ القومُ للقومِ۔ لڑائی کے لیے تیار ہونا۔ حَزَقَ الاناءَ۔ برتن بھرنا۔ — المتاعَ۔ سامان کس کر باندھنا۔
حَزَقَ (ض) حَزْقًا۔ الوترَ او الرباطَ۔ تانت یا رسی کو کس کر باندھنا۔ — الشیءَ۔ دبا کر نچوڑنا۔ — حَزَقَ الحمارُ۔ گدھے کا گوز کرنا۔
اَحْزَقَہٗ۔ روکنا۔ منع کرنا۔
تَحَزَّقَ۔ سکڑنا۔ جمع کرنا۔
الحِزْقُ والحِزْقَۃُ والحَازِقَۃُ والحَزَاقَۃُ والحَزِیقَۃُ۔ آدمیوں وغیرہ کی جماعت حَزِیقَۃٌ کی جمع حَزَائِقُ و حُزُقٌ و حُزَقٌ۔ الحِزْقَۃُ۔ رسی کا ٹکڑا۔
الحَازُوقَۃُ۔ ہچکی۔ عامی کلمہ ہے اس کے لیے فصیح لفظ الفواق ہے۔
الحَزُقُ والحُزُقُّ والحُزُقَّۃُ والحُزُقَّۃُ والاُحْزُقَّۃُ۔ پست قد جو چھوٹے قدم سے چلے۔ (— والمُتَحَزِّقُ) بد خلق کنجوس۔
المِحْزَقَۃُ۔ تنگ منہ کا لوٹا صراحی وغیرہ
حَزَکَہٗ (ض) حَزْکًا۔ لپیٹنا اور دبانا۔ — ہٗ بالحبلِ۔ گٹھا بنا کر رسی سے باندھنا۔
اِحْتَزَکَ۔ بالثوبِ۔ کپڑے سے کمر کسنا۔
اِحْزَاَلَّ۔ الشیءُ۔ اٹھا ہونا۔ — القلبُ۔ کڑی کی وجہ سے دل کا سکڑنا۔ — الجبلُ۔ پہاڑ کا سراب کے سبب اونچا ہونا۔

— البعیرُ فی السیرِ۔ اونٹ کا چلنے میں بلند ہونا۔
الحَزَنْبَلُ والحَزَنْبَلَۃُ۔ کوتاہ قد
حَزَمَہٗ (ض) حَزْمًا و حِزْمَۃً۔ باندھنا۔ حَزَمَ الفرسَ۔ گھوڑے پر تنگ کسنا۔
حَزِمَ (س) حَزَمًا۔ سینہ میں کسی چیز کا پھنس جانا۔
حَزُمَ (ک) حَزْمًا و حَزَامَۃً۔ پکے ارادہ والا اور مستقل مزاج ہونا صفت (حَازِمٌ) ج۔ حَزَمَۃٌ وحُزَّمٌ و اَحْزَامٌ و (حَزِیمٌ) ج۔ حُزَمَاءُ۔
اَحْزَمَ۔ الفرسَ۔ گھوڑے پر تنگ کسنا یا تنگ بنانا۔
تَحَزَّمَ و احْتَزَمَ۔ رسی وغیرہ سے کمر باندھنا۔ کسنا۔ کہتے ہیں "تحزم فی الامرِ" اس نے معاملہ میں دانائی اور ہوشیاری سے کام لیا۔
اِحْزَوْزَمَ۔ اِحْزِیزَامًا۔ — الشیءُ۔ اکٹھا ہونا — المکانُ۔ کسی جگہ کا سخت و بلند ہونا۔
الحِزَامُ۔ ج۔ حُزُمٌ و (الحِزَامَۃُ) ج۔ حَزَائِمُ و (الحِزَامُ والمِحْزَمَۃُ) جانور کا تنگ۔ کہتے ہیں "اَخَذَ حِزَامَ الطریقِ" اس نے بیچ راستہ کو پکڑا اور اسی پر چلا۔
الحَزْمُ۔ مص۔ سخت و بلند زمین ج۔ حُزُومٌ
الحَزَمُ۔ خوراک کی وجہ سے سینہ کی بستگی
الحُزْمَۃُ۔ لکڑی وغیرہ کا گٹھا۔
الحَیْزَمُ۔ تنگ کسنے کی جگہ۔ کہتے ہیں "شددت لھذا الامرِ حیزومی" میں نے اس کام کے لیے کمر کسی۔ سینہ کا وسط۔ ج۔ حَزَائِمُ و اَحْزِمَۃٌ۔
الاَحْزَمُ۔ چوڑے سینہ والا۔ بڑے پیٹ اور موٹی کمر والا۔
الاَحْزَامُ۔ پارٹیاں۔
الحَیْزُومُ۔ چھاتی کا درمیان۔ سخت اور اونچی زمین۔ ج۔ حَیَازِمُ و حَیَازِیمُ "شَدَّ الحیازیمَ" کنایہ از صبر۔
المَحْزِمُ۔ من الدابۃِ۔ جانور کی وہ جگہ جہاں تنگ کسا جاتا ہے۔
حَزَنَہٗ (ن) حَزْنًا۔ آزردہ خاطر کرنا غمگین کرنا۔
حَزِنَ (س) حَزَنًا۔ لہ و علیہ۔ رنجیدہ ہونا۔ غمگین ہونا۔ صفت (حَزِینٌ) ج حُزَنَاءُ و حِزَانٌ وحَزَانَی و (حَزِنٌ و حَزُنٌ، ومَحْزُونٌ و مُحْزَنٌ ومِحْزَانٌ وحُزْنَانٌ)
حَزُنَ (ک) حُزُونَۃً — المکانُ سخت ہونا۔
اَحْزَنَ۔ سخت زمین پر چلنا۔ (— وحَزَّنَ) — الرجلَ۔ کسی کو غمگین کرنا۔ حَزَّنَ القارئُ۔ قاری کا باریک آواز سے پڑھنا۔
تَحَزَّنَ و تَحَازَنَ واحْتَزَنَ۔ غمگین ورنجیدہ ہونا تَحَزَّنَ علیہ و لامرہ۔ کسی پر دردمند ہونا۔
الحُزْنُ والحَزَنُ۔ غم۔ رنج۔ ج۔ اَحْزَانٌ۔
الحَزْنُ۔ سخت و اونچی زمین۔ ج حُزُنٌ وحُزُونٌ۔

الحَزْنَةُ۔ من الارض۔ سخت زمین
الحُزْنَةُ۔ سخت پہاڑ۔ ج۔ حُزَنٌ
الحُزَنَ مصائب۔
الحَزَانَةُ یال بچے جن کے اہتمام میں انسان فکرمند رہتا ہے۔
الحُزُونَةُ۔ زمین کی سختی۔
الحَزَنْبَلُ۔ کڑوے ذائقہ کی ایک نبات۔
حَزَا (ن) حَزْوًا و حَزَی (ض) حَزْیًا و تَحَزَّی ۔ الشئَ۔ کسی چیز کا اندازہ کرنا۔ تخمینہ لگانا۔ ۔ الطیر۔ شگون لینے کے لیے پرندہ کو اڑانا۔
حَزَا (ن) و حَزَی۔ السرابُ الشئَ۔ نمایاں کرنا۔ ظاہر کرنا۔
اَحْزَی۔ اِحْزَاءً۔ الشئُ۔ بلند ونمایاں ہونا۔ ۔ بالشئِ۔ جاننا۔
الحَازِی۔ فا۔ قیافہ شناس اور اسی سے یہ قول ہے۔ " علی الحازی ہبطتُ"۔ یعنی میں واقف کار اور باخبر کے پاس پہنچا۔
الحَزَی والحَزَاءُ۔ ایک نبات واحد۔ حَزَاۃٌ۔ و حَزَاءَۃٌ۔
حَسَّہُ (ن) حَسًّا۔ قتل کرنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔ جانور کے کھریرا کرنا۔ ۔ البردُ الزرعَ۔ سردی کا کھیتی کو مار جانا۔ جلا دینا ۔ اللحمَ۔ گوشت کو انگاروں پر بھوننا۔ ۔ النارَ۔ بھنگی کے لیے کباب وغیرہ پر آگ ڈالنا۔
حَسَّ (ض) حَسًّا و اَحَسَّ الشئَ۔ و بالشئِ۔ معلوم کرنا۔ محسوس کرنا۔ کہا جاتا ہے" حَسَّ و اَحَسَّ منہ خبرًا۔ اس نے اس سے خبر معلوم کی۔

حَسَّ (س ض) حَسًّا و حِسًّا ۔ بالخبر۔ یقین کرنا۔ لفلانٍ کسی پر دل دکھانا۔ کسی کے لیے نرم دل ہونا۔
حَسَّسَہُ۔ معلوم کرانا۔
تَحَسَّسَ۔ سننا۔ دیکھنا۔ ۔ الخبرَ۔ خبر معلوم کرنے کی کوشش کرنا۔ ۔ الشئَ۔ حواس سے پتہ لگانا۔ تَحَسَّسَ منہ۔ خبر دریافت کرنا۔
اِنْحَسَّتْ ۔ اَسْنَانُہُ۔ دانتوں کا اکھڑ جانا۔ یا کھر جانا۔
اِحْتَسَّ ۔ الشئَ۔ چھونا۔ بیع کمی کرنا۔
الحِسُّ۔ مص۔ حرکت۔ ہلکی آواز۔ کہتے ہیں" ما سمعتُ لہ حِسًّا" میں نے اس کی آہستہ آواز نہیں سنی۔ آہٹ۔ بچہ کی ولادت کے بعد کا درد ۔ حِسُّ الحُمّٰی۔ تپ کے شروع کا احساس۔
الحَسُّ۔ مص۔ حیلہ۔
الحَسَّۃُ والحِسَّۃُ۔ حالت۔ کہتے ہیں" ھو فی حسۃ سوءٍ" وہ ابتر حال میں ہے۔
الحَاسَّۃُ۔ الحَاسُّ۔ کا مؤنث۔ دریافت کرنے کی قوت۔ ج۔ حَوَاسُّ۔
الحواس الخمس۔ ادراک کی پانچ قوتیں (سونگھنا۔ سننا۔ دیکھنا۔ چکھنا۔ چھونا)۔ حواس الارض۔ زمین کی پانچ آفتیں (سردی۔ اولے ٹڈی۔ ہوا۔ مویشی)۔ کہا جاتا ہے حَسَّت بالقوم حواسٌّ۔ قوم پر سخت سال گذرے۔
الحَسِیْسُ۔ آہستہ و پست آواز

حرکت۔ مقتول۔
حِسَاسُ۔ الحُمّٰی۔ بخار کے شروع ہونے کا احساس۔
الحِسِّیّ۔ حسِ ظاہری سے ادراک کی ہوئی شے۔ عقلی کا مخالف۔
الحُسَاسُ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو خشک کی جاتی ہے۔ پتھر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔ واحد حُسَاسَۃٌ، نحوست۔ بدخلقی۔
الحَسُوسُ۔ سخت سال۔
حساسات۔ ناپسندیدہ یا شرمندگی کی چیزوں کی وجہ سے انقباضی کیفیت کا احساس وشعور۔
المَحْسُوسُ۔ حسِ ظاہری سے دریافت کیا ہوا۔ نامبارک ۔ اَرْضٌ محسوسۃٌ ٹڈی یا اولوں سے تباہ شدہ زمین۔
المِحَسَّۃُ۔ کھریرا۔
حَسَبَہُ۔ (ن) حَسْبًا و حِسَابًا و حِسْبَانًا و حُسْبَانًا و حِسْبَۃً و حِسَابَۃً۔ گننا۔ شمار کرنا۔
حَسِبَہُ (س ح) حِسْبَانًا و مَحْسَبَۃً و مَحْسِبَۃً۔ گمان کرنا۔ خیال کرنا۔
حَسُبَ (ك) حَسَبًا و حَسَابَۃً۔ شریف الاصل ہونا۔ صفت (حَسِیبٌ) ج۔ حُسَبَاءُ۔
حَسَّبَہُ۔ تکیہ دینا ۔ المیتَ۔ کفنانا و دفنانا یا پتھروں میں دفن کرنا۔ ۔ و اَحْسَبَہُ) اس قدر کھلانا یا دینا کہ کھانے یا لینے والا کہے کہ بس۔ کہا جاتا ہے۔ ۔ "اعطی فاحسبَ" یعنی اس نے بہت دیا۔ خوب دیا۔
حَاسَبَہُ مُحَاسَبَۃً و حِسَابًا۔

حسابات کی جانچ کرنا۔
تَحَسَّبَ۔ قناعت کرنا۔ تکیہ لگانا
— الخبرَ۔ دریافت کرنا۔
— ہٗ۔ پہچاننا۔ قصد کرنا۔
تَحَاسَبَا۔ آپس کا حساب صاف کرنا۔ ایک دوسرے کے حساب کی جانچ کرنا۔
اِحْتَسَبَ — الأمرَ۔ گمان کرنا شمار کرنا۔
— ما عند فلانٍ۔ آزمانا۔
اِحْتَسَبَ علیہ الأمرَ — ناپسندیدہ بات سے روکنا۔ منع کرنا۔ — بہٖ۔ قناعت کرنا۔ عنہُ۔ رک جانا۔ دست کش رہنا۔ اِحْتَسَبَ وَلَدًا لہٗ۔ بڑی عمر کے بچہ کو کھو دینا۔ اگر چھوٹی عمر کا بچہ ضائع ہو تو کہتے — "افترطہ"۔ عند اللہ خیرًا اللہ تعالیٰ سے ثواب واجر کی امید لگانا کہتے ہیں: "فلانٌ لا یُحْتَسَبُ بہٖ۔ فلاں ناقابل اعتبار ہے اور کسی شمار میں نہیں۔ "فلانٌ استعطانی فَأَحْتَسَبْتُہٗ" یعنی فلاں نے مجھ سے بخشش چاہی تو میں نے اس کو خوب دیا اور کافی دیا۔
الحَاسِبُ۔ فا۔ حساب دان۔ ج۔ حَسَبَۃ۔
الحَسْبُ۔ مص۔ کافی ہونا۔ کفایت کرنا۔ کہا جاتا ہے: "حَسْبُكَ درهمٌ" تم کو ایک درہم کافی ہے اور کبھی باء زائد کر کے کہتے ہیں۔ "بِحَسْبِكَ درهمٌ" "وهذا رجلٌ حسبك من رجلٍ" اور تمھارے لیے یہ آدمی اس آدمی سے کافی ہے۔ "زیدٌ صدیقی فحسبی او فحسبُ" زید میرا دوست ہے اور وہ مجھ کو کافی اور دوسرے سے بے نیاز کرنے والا ہے۔
الحَسَبُ۔ حَسُبَ۔ کا مصدر۔ مقدار۔ تعداد۔ کہا جاتا ہے۔ "ھٰذا بحسب ذاك" یہ اس کے برابر ہے۔ "اعمل علی حسب ما امرتك" میرے حکم کے مطابق عمل کرو۔ "وحسبما ذُكِرَ" موافق اس کے جس کا ذکر ہوا۔ خاندانی شرافت۔ آباؤ اجداد کے محاسن ومفاخر۔ ج۔ اَحْسَاب۔
الحَسَبُ۔ شمار کیا ہوا۔
الحِسَابُ۔ مص۔ شمار۔ کافی۔ کہتے ہیں "اَعْطَاہُ عطاءً حِسَابًا"۔ اس نے اس کو کافی دیا۔ لوگوں کی بڑی تعداد۔ کہتے ہیں۔ "اَتَانِي حسابٌ من الناسِ" جس طرح کہا جاتا ہے: "جَاءَنِي عَدَدٌ منهم" "یرزق الله مَن یَّشَاءُ بغیر حساب" یعنی اللہ تعالیٰ جس کو چاہتا ہے بغیر کسی کمی یا تنگی کے رزق پہنچاتا ہے۔
حِسَابُ الجُمَّل۔ حروف ابجد کا حساب۔
یومُ الحساب۔ قیامت کا دن۔
الحِسَابِی۔ حساب دان۔
الحِسْبَۃُ۔ مص۔ میت کو پتھروں میں یا کفن دے کر دفن کرنا۔ اجر و ثواب۔ ج۔ حِسَب۔
الحَسِیْبُ۔ خاندانی شرافت رکھنے والا۔ جانچ کنندہ۔ کہتے ہیں۔ "کفیٰ باللہ حسیبا" محاسب کے لیے اللہ کافی ہے۔
الحُسْبَانُ۔ حساب۔ چھوٹے تیر۔ واحد۔ (حُسْبَانَۃ)
الحُسْبَانَۃُ۔ کڑک۔ بدلی۔ اولہ۔ (— والمِحْسَبَۃ) چھوٹا تکیہ۔
مُحْتَسِبُ۔ البلدِ۔ اوزان وغیرہ کی جانچ پڑتال کرنے پر حاکم کی طرف سے مقرر کردہ شخص۔ انسپکٹر
حَسْحَسَ۔ لہٗ۔ کسی کے لیے دردمند ہونا۔ دکھ محسوس کرنا۔
— اللحمَ۔ گوشت کو انگاروں پر رکھ کر الٹنا۔ پلٹنا۔
تَحَسْحَسَ۔ للقیام۔ اٹھنے کے لیے حرکت کرنا — ادبارُ الابلِ۔ اونٹ کے بالوں کا متفرق و پراگندہ ہونا۔
حَسَدَہٗ (ن ض) حَسْدًا و حَسَادَۃً و حَسَدَتْ — فلانًا نعمتہ وعلی نعمتہ" کسی کی نعمت کے زوال اور خود اپنے لیے اس کے حصول کی تمنا کرنا یا آرزو رکھنا۔ صفت (حَاسِد) ج۔ حُسَّاد و حَسَدَۃ و حُسَّد۔
اَحْسَدَہٗ۔ کسی کو حاسد پانا۔
تَحَاسَدَا۔ ایک دوسرے سے حسد کرنا۔ ایک دوسرے کی زوالِ نعمت کا متمنی رہنا۔
الحَسُوْدُ۔ (مذکر ومؤنث)، وہ شخص جس کی طبیعت میں حسد ہو۔ ج۔ حُسُد۔
الحَسَّادُ۔ بہت حسد کرنے والا۔
المَحْسَدَۃ۔ حسد کا باعث و سبب
حَسَرَ (ن ض) حُسُوْرًا — البصرُ۔ بینائی کا کمزور ہو جانا۔ نگاہ کا تھک جانا — الشیءَ۔ ظاہر ہونا۔

الحَسِيْكَة ۔ جانور کا دانہ۔ سیہی۔
(س۔ و الحَسَكَة و الحُسَاكَة،
دشمنی۔ کینہ۔
الحَسِيك ۔ پست قد۔
حَسَلَ (ن) حَسْلاً ۔۔ الشئَ ۔
ذلیل کرنا۔۔ الدابة ۔ جانور کو
تیز ہانکنا۔
حُسِلَ ۔۔ بہ۔ ذلیل کیا جانا۔
حَسَّلَ ۔ بنفسہ۔ اپنے آپ کو
ذلیل کرنا۔ دنائت گوارا کرنا۔
تَحَسَّلَ و اَحْتَسَلَ ۔ گوہ کا بچہ
شکار کرنا۔
الحِسْل ۔ گوہ کا بچہ۔ ج۔ حِسَلَة ۔
و اَحْسَال و حُسُول و
حِسْلَان ۔ کہتے ہیں" لا آتیکَ
سِنَّ الحِسْل" یعنی میں تمہارے
پاس کبھی نہیں آؤں گا۔ گوہ کے
دانت اس کے مرنے تک نہیں
گرتے اس لیے ان سے ہمیشگی مراد
لی جاتی ہے۔ سِنّ ۔ کا نصب
بنزع الخافض ہے۔ اور تقدیر
عبارت یوں ہے۔ مدّة بقاء
سِنّ الحِسْل ۔ ابو حِسْل ۔
و ابو حُسَيْل ۔ گوہ۔
الحُسَالَة ۔ جو وغیرہ کی بھوسی۔ چاندی
چاندی کے ذرات۔ ا۔ الحُسَيْلَة،
قوم کے گھٹیا لوگ۔
الحَسِيل ۔ گائے کے بچے۔ مفرد
(حَسِيلَة ۔ گھٹیا چیز۔ ج حُسَّل ۔
المَحْسُول ۔ گھٹیا۔ ردی۔
حَسَمَہ (ض) حَسْمًا ۔ جڑ سے
کاٹنا۔۔ حَسَمَ العِرْق ۔
رگ کاٹ کر اس کو داغ دینا تاکہ
خون بہنا بند ہو جائے۔
۔۔ الداءَ ۔ بیماری کو دوا سے
دور کرنا۔۔ حَسَمَہ الشئَ
روکنا۔ منع کرنا۔
الاَحْسَم ۔ تجربہ کار۔ فیصلہ کن آدمی۔
الحُسُوم ۔ نامبارک۔ منحوس کہتے ہیں۔
"اَیَّامٌ حُسُومٌ و اَیَّامُ حُسُومٍ"
بصورت وصف اضافت۔ یعنی
نامبارک دن۔
الحُسَام ۔ تیز کاٹنے والی تلوار۔
۔۔ حُسَامُ السَّیْف ۔ تلوار کی
دھار۔
المَحْسَمَة ۔ کاٹنے کا ذریعہ۔ کہا جاتا
ہے۔ "ھذا محسمة للداء"
یہ بیماری کے دور کرنے کا ذریعہ ہے۔
حَسُنَ و حَسَنَ (ن)، حُسْنًا ۔
خوبصورت ہونا۔ صفت (حَسَن،
ج۔ حِسَان و (حُسَّان،
ج حُسَّانُون و (مَحَاسِن و
حُسَيْن)، مؤنث حَسَنَة و
حَسْنَاء ۔ ج۔ حِسَان و حَسَنَات
اور مبالغہ کے لیے (حُسَّان ،
مؤنث حُسَّانَة ۔
حَسَّنَہ ۔ آراستہ کرنا۔ خوبصورت بنانا
حَاسَنَہ ۔ مُحَاسَنَةً ۔ خوبصورتی
میں غالب آنا۔ لطف و مہربانی سے
پیش آنا۔ خوش معاملگی کے ساتھ
پیش آنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مانی
اُحَاسِنُ مِلْكَ الناس۔"
میں لوگوں پر تمہارے محاسن کی وجہ
سے فخر کرتا ہوں۔
اَحْسَنَ ۔ نیکی کرنا۔ کام کو اچھی طرح
کرنا۔۔ الشئَ ۔ اچھا جاننا۔
اچھی طرح جاننا۔ کہتے ہیں "فلانٌ
یُحْسِنُ القراءَة ۔ فلاں
عمدہ طریقہ سے پڑھتا ہے۔۔
الیہ و بہ۔ نیک سلوک کرنا۔
نیکی کرنا۔
تَحَسَّنَ ۔ خوبصورت ہونا۔ بکذا
آراستہ ہونا۔ مونڈنا۔ کہتے ہیں۔
"دَخَلَ الحَمَّامَ فَتَحَسَّنَ" وہ
حمام میں گیا اور حجامت بنائی۔
اِسْتَحْسَنَہ ۔ اچھا جاننا۔
الحُسْنُ ۔ خوبصورتی۔ جمال۔ ج۔
مَحَاسِن ۔ (خلاف قیاس)
المَحَاسِن ۔ بدن کی خوبصورت
جگہیں۔ حُسْنُ سَاعَةٍ ۔ ایک
نبات ہے جو غروب سے ایک
ساعت پہلے کھلتی ہے اور طلوع کے
بعد مرجھا جاتی ہے۔ گویا ایک ساعت
بہار دکھاتی ہے۔ سِتُّ الحُسْن
ایک قسم کی نبات جو درختوں پر
لپٹی رہتی ہے اور خوبصورت پھول
لاتی ہے۔ الحُسْنُ ایک ہڈی
جو کہنی سے ملتی ہے۔
الحَسَن ۔ مص۔ کہنی کے پاس کی ہڈی۔
بلند ٹیلہ الحَسَنَان ۔ سیدنا
حضرت امام حسن و سیدنا حضرت
امام حسین رضی اللہ عنہما۔
الحَسَنَة ۔ نیک کام۔ بھلائی۔ نیکی۔
فائدہ۔ ج۔ حَسَنَات ۔
الاَحْسَن ۔ حَسَن کا اسم تفضیل۔
ج۔ اَحَاسِن ۔ مؤنث حُسْنٰی
اور کبھی مُنْذُ و ذا ۔ اس کی تصغیر
لاتے ہیں اور کہتے ہیں "ما اُحَیْسِنَ
ذَیْنِ !"۔۔ اَحَاسِنُ القوم ۔
قوم کے خوبصورت یا اچھے آدمی۔
الحُسْنٰی ۔ اچھا کام۔ اچھا انجام۔ خدا
تعالیٰ کا دیدار۔ کامیابی۔ شہادت
ج۔ حُسْنَیَات و حُسَن ۔۔
الاَسْمَاءُ الحُسْنٰی ۔ اللہ کے صفاتی
ننانوے نام۔

الحُسَنَیان۔ کامیابی۔ شہادت۔ کہا جاتا ہے۔ "حُسَیْنَاہُ و حُسَیْنَاؤُہٗ اَن یفعل کذا" وہ زیادہ سے زیادہ اچھا کام جو کر سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ایسا کرے

الحَسُّون۔ ایک چھوٹا سا خوش صورت خوش آواز پرندہ۔

المِحسان۔ بہت بھلائی کرنے والا۔

التَّحاسِین۔ خوبصورت چیزیں۔ کہا جاتا ہے "مَا اَبْدَعَ تَحَاسِنَ الطاؤس و تزاییْنَہٗ" مور کی خوبیاں اور اس کی خوش منظری کس قدر بھلی اور عجیب ہے۔

المَحْسَنَۃ۔ حسن کا سبب۔ کہتے ہیں "ھٰذا طعام مَحْسَنَۃٌ للجسم" یہ کھانا جسم کے لیے سبب حسن و جمال ہے۔

حَسَا (ن)، حَسْوًا و تَحَسّٰی و اِحْتَسٰی ــــ المرقَ۔ شوربا تھوڑا تھوڑا پینا ــــ الطائرُ الماءَ۔ پرندہ کا چونچ سے پانی پینا۔

حَسّٰی و اَحْسٰی و حَاسٰی ــــ الرجل المرق۔ کسی کو شوربا تھوڑا تھوڑا پلانا۔

تَحَاسَیا۔ ایک دوسرے کو شوربا پلانا۔

الحَسُو۔ و الحَسَا و الحَسَاءُ و الحُسُوُّ ہر پی جانے والی رقیق اور پتلی چیز۔ اور اسی سے ہے یوم کحسو الطیر۔ بہت چھوٹا دن۔ ایک قسم کی غذا جو آٹے اور پانی سے تیار کرتے ہیں۔

الحَسُوّ۔ بہت گھونٹ گھونٹ کرکے پینے والا۔

الحَسْوَۃ۔ حَسَا کا اسم مرۃ۔ ایک گھونٹ۔ ج۔ حَسَوات۔

الحُسْوَۃ۔ ایک گھونٹ کا اندازہ۔ کہتے ہیں "فی الاناءِ حُسْوَۃٌ" برتن میں ایک گھونٹ کی مقدار ہے۔ ج۔ اَحْسِیَہ و اَحْسُوَۃ و جج۔ اَحَاسٍ۔

الحَسِیَّۃ۔ پی جانے والی شے۔

حَسَی (ض)، حَسْیًا و اِحْتَسٰی۔ کھودنا۔

الحِسْیُ او الحَسْیُ او الحِسٰی۔ دلدلی زمین۔ ج۔ اَحْسَاء و حِسَاء۔

حَسِیَ (س) حَسْیًا و اِحْتَسٰی۔ آزمانا۔

حَشَّ (ن)، حَشًّا ــــ العُشبَ۔ گھاس کاٹنا ــــ النارَ۔ لکڑی سے ہلا کر آگ کو تیز کرنا۔ ــــ الحربَ۔ جنگ بھڑکانا ــــ الفرسَ۔ گھوڑے کے آگے گھاس ڈالنا۔ اور اسی سے یہ مثل مشہور ہے۔ "اَحشك و تروثنی" میں تو تیرے سامنے گھاس ڈالتا ہوں اور تو مجھ پر لید ڈالتا ہے۔ یعنی تو نیکی کا بدلہ برائی سے دیتا ہے ــــ المالَ۔ بڑھانا۔ زیادہ کرنا ــــ الصیدَ۔ شکار کو دونوں جانب سے گھیر لینا ــــ حَشَّتْ الیدُ۔ ہاتھ کا شل ہو جانا ــــ الولدُ فی بطن الناقۃ۔ اونٹنی کے بچہ کا پیٹ میں خشک ہو جانا۔ ــــ الفرسُ۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔

اَحَشَّ۔ الکلأُ۔ گھاس کے کٹنے کا وقت قریب آنا ــــ الارضُ زمین کا بہت گھاس والی ہونا یا زمین پر گھاس اگنا۔

اَحَشَّہٗ۔ گھاس کاٹنے میں مدد دینا۔

اَحشت الیدُ۔ ہاتھ کا شل ہو کر سوکھ جانا ــــ احشت الناقۃُ او المرأۃُ۔ بچہ کا اونٹنی یا عورت کے پیٹ میں خشک ہو جانا۔ صفت (مُحِشٌّ)۔ اَحَشَّہٗ عن حاجتہ۔ جلدی کرانا۔

اَحْتَشَّ۔ الحشیشَ۔ گھاس کو تلاش کرنا اور جمع کرنا۔

اِسْتَحَشَّ۔ الرجلُ۔ پیاسا ہونا۔ ــــ الغصنُ۔ شاخ کا دراز ہونا ــــ الیدُ۔ ہاتھ کا شل ہونا۔ ــــ العظمُ۔ ہڈی کا باریک و پتلی ہونا۔

الحَشِیْش۔ خشک گھاس۔ مفرد (حَشِیْشَۃ)

الحُشَاشَۃ و الحُشَاش۔ بیمار یا زخمی میں زندگی کا آخری سانس۔ کہا جاتا ہے "حُشَاشَاكَ ان تفعل کذا" زیادہ سے زیادہ تم ایسا کر سکتے ہو۔

الحَشُّ و الحُشُّ و الحِشُّ۔ باغ۔ کھجوروں کا جھنڈ۔ ج۔ حُشُوش۔

المِحَشَاش۔ گھاس کی گٹھڑی۔ [illegible] کا اندازہ ج۔ اَحِشَّۃ۔

الحَشَّاش۔ گھاس کاٹنے والا۔ یا بیچنے والا۔ [illegible] ج۔ حَشَّاشُون و حَشَّاشَۃ۔

الاَحْشُوش و الحُشُوش۔ ماں کے پیٹ میں خشک بچہ۔

المَحَشّ و المَحَشَّۃ۔ بہت گھاس والی جگہ۔ ج۔ مَحَاش۔

المِحَشّ۔ گھاس کاٹنے کی درانتی۔ (ــــ والمِحَشَّۃ) آگ ہلانے کی [illegible]

حَشَأَ (ن) حَشْأً ــ النارَ ۔ آگ
جلانا ــ ہٗ بسھم ۔ کسی کے
پیٹ میں تیر مارنا ــ ہٗ
بسوط ۔ پیٹ یا پہلو پر کوڑا
مارنا ۔
الحِشَاء ۔ موٹے کپڑے کی چادر ۔ کمبل
ج ۔ مَحَاشِی ۔
اَحْشَبَہ ۔ ناراض کرنا ۔ غضبناک کرنا ۔
اِحْتَشَبُوا ۔ جمع ہونا ۔ اکٹھا ہونا ۔
الحَوشَبَۃ ۔ لوگوں کی جماعت ۔
حَشْحَشُوا و تَحَشْحَشُوا ۔ اٹھنے
کے لیے حرکت کرنا ۔ حَشْحَشَہٗ
النارَ ۔ آگ کا جلانا ــ
تَحَشْحَشَ القومُ ۔ متفرق ہونا
حَشَدَ (ن ض) حَشْدًا ــ
الشیءَ ۔ جمع کرنا ۔ ــ حُشُودًا ــ
الزرعُ ۔ کھیتی کا پورا اُگ آنا ۔
ــ الناقۃُ ۔ اونٹنی کا تھن
میں دودھ جمع کرنا ــ القومُ
پکار کا جلد جواب دینا ۔
حَشَّدَ ــ الشیءَ ۔ جمع کرنا ۔
اَحْشَدَ و تَحَشَّدَ و تَحَاشَدَ
واحْتَشَدَ ۔ القومُ ۔ ایک غرض
ومقصد کے لیے جمع ہونا ۔ کہا جاتا
ہے ۔ " احتشدنا فی الوضیافۃ "
اس نے مہمانی میں فراخ دلی سے
کام لیا ۔ و احتشد بفلان
فی کذا ۔ اس نے فلاں کے لیے
تیار کیا ۔
الحَشْدُ ۔ مص (ج) والحَشَد ، جماعت
کہا جاتا ہے " عندی حشد
من الناس " میرے پاس لوگوں
کی ایک جماعت ہے ۔ ج ۔
حُشُود ۔
الحَاشِدُ ۔ فا ۔ مستعدی سے اونٹنی
کا دودھ دوہنے والا ۔ بہت
دانوں والا کھجور کا گچھا ۔ مستعد و
تیار ۔ کہا جاتا ہے " فلانٌ حافدٌ
حاشِدٌ " فلاں اپنی خدمت و
کوشش میں چست و محنتی ہے ۔
الحَشِدُ ۔ وہ شخص جو دوسرے کی مدد
کرنے میں مال صرف کرنے اور
کوشش کرنے سے دریغ نہ کرے ۔
ج ۔ حُشُدٌ ۔ " عینٌ حُشُدٌ "
پانی نہ ختم ہونے والا چشمہ ۔
الحَشُودُ ۔ وہ اونٹنی جو اپنے تھنوں میں
دودھ جلد جمع کرلے ۔
المَحْشُود ۔ مُطاع ۔ وہ جس کی خدمت
کرنے کے لیے لوگ چست ہوں ۔
المَحَاشِدُ ۔ مجلسیں ۔
حَشَرَ (ن ض) حَشْرًا ــ الناسَ ۔
جمع کرنا ــ ہٗ عن وطنہ ۔
جلاوطن کرنا ۔ حَشَرَ الجَمْعَ ۔
ایک جگہ سے دوسری جگہ نکالنا ۔
ــ العودَ ۔ لکڑی کو چھیل کر
پتلی کرنا ۔ السنۃ الشدیدۃ
المالَ ۔ خشک سالی کا مویشی کو
تباہ کردینا ۔ ہلاک کردینا ۔
حُشِرَ و احْتُشِرَ ــ فی راسہ ۔
چھوٹے سر والا ہونا ۔ اسی طرح
حُشِرَ فی بطنہ ۔ بڑے پیٹ
والا ہونا ۔ اور دیگر اعضا کے بدلی کے
لیے بھی اس کا استعمال اسی طرح ہے
حُشِرَتِ الوُحُوش ۔ وحشیوں کا مرنا ۔
ہلاک ہونا ۔
الحَشْرُ ۔ مص ۔ من الآذان
باریک کان ۔ کہتے ہیں اذنٌ حشرٌ
واذنان حشرٌ و آذان حشرٌ
گویا حشر کا استعمال تثنیہ و جمع
میں بھی واحد ہی کی شکل میں ہے ۔
کیونکہ یہ دراصل مصدر ہے ۔
الحَشْرُ ۔ مِنَ الاَسِنَّۃِ ۔ باریک نیزہ
ج ۔ حُشُرٌ ــ یوم الحشر ۔
قیامت کا دن ۔
الحُشَارَۃُ ۔ معمولی درجہ کے لوگ ۔
الحَاشِرُ ۔ فا ۔ ج حَاشِرُون و حُشَّار ۔
الحَشَرَۃُ ۔ دانہ سے لگا ہوا چھلکا ۔
ج ۔ حَشَر ۔
الحَشَرَۃُ ۔ ج ۔ حَشَرَات ۔ کیڑے مکوڑے
یا چھوٹے چھوٹے جانور ۔
الحَشْوَرُ ۔ بڑے پیٹ والا ۔ پھولے
ہوئے پہلوؤں والا ۔ پاکیزہ ساخت
والا ۔ کہتے ہیں " فرسٌ حَشْوَرٌ "
یعنی اچھی ساخت کا گھوڑا ۔
المَحْشَرُ و المَحْشِرُ ۔ لوگوں کے جمع
ہونے کی جگہ ۔
حَشْرَجَ ۔ حَشْرَجَۃً ۔ جان کنی کے
وقت سانس کا غرغرانا ۔ گھنگھرو
کا بولنا ۔
الحَشْرَجُ ۔ آبخورہ جس میں پانی ٹھنڈا
کیا جاتا ہے ۔ پہاڑ کا گڑھا جس
میں صاف مقطر پانی بھرا ہو ۔
حَشِفَ (س) حَشَفًا ــ الضرعُ ۔
پستان کا دودھ سے خشک ہو
جانا ۔
اَحْشَفَتِ ــ النخلۃُ ۔ کھجور کا
خراب و ردی پھل لانا ۔
ــ ضَرْعُ الناقۃِ ۔ اونٹنی کے
تھنوں کا سکڑنا ۔ سمٹنا ۔
حَشَّفَ ــ عینَہٗ ۔ آنکھیں چندھیا
کر دیکھنا ۔
تَحَشَّفَ ۔ پرانا بوسیدہ کپڑا پہننا ۔
اِسْتَحْشَفَتْ ــ اُذُنُ الانسان ۔
کانوں کا خشک ہو کر سمٹ جانا ۔
ــ ضَرْعُ الاُنثٰی ۔ پستان کا

سکڑنا. سمٹنا.
الحَشَف ردی کھجور. کہتے ہیں.
"احشفًا و سوء کیلة" یعنی
ایک تو کھجور ردی اور ناپ بھی
کم. یہ جملہ بطور ضرب المثل اس
وقت بولا جاتا ہے جبکہ کسی میں
دو بری عادتیں بیک وقت جمع
ہوں. خشک پستان.
الحَشَفَة. کھیتی کٹنے کے بعد کھیتی کے
بچے ہوئے دھانے. خشک خمیر.
سمندر میں چھوٹا سا گول جزیرہ جس
پر پانی نہ چڑھ سکے.
حَشَكَ (ض) حَشْكًا و حُشُوكًا.
— الضرعُ. تھن کا دودھ سے
بھرجانا. — السحابةُ. بادل کا
بہت پانی والا ہونا. ——
النخلةُ. کھجور کا بہت پھل لانا.
صفت (حَاشِك) ——
الوادی. پانی کو باہر پھینک دینا
— القومُ. جمع ہونا — الریحُ
ہوا کا مختلف جہات سے چلنا.
— الناقةُ لبنَها. اونٹنی کا
دودھ اپنے تھن میں جمع کرنا —
صفت (حَشُوك) ——
الناقة. اونٹنی کا دودھ دوہنا
بند کر دینا. اور اس کے تھنوں کا
دودھ سے بھرجانا. صفت مفعول.
(مَحْشُوكة)
حَشِكَتْ (س) حَشَكًا — الدابةُ.
جانور کا جو وغیرہ چبانا.
حَشَك اللبن فی الضرعِ.
تھن میں دودھ کا جلد جمع ہونا.
اَحْشَكَ. الدابةَ. جانور کو جو
وغیرہ کھلانا.
تَحَشَّكَ. الضرعُ. تھن کا دودھ
سے بھرجانا.
الحَشْكَة. بارش کی بوچھار.
الحَشَكَة. جماعت. کہتے ہیں.
"جاؤوا بحشكتهم" یعنی وہ
اپنی جماعت کے ساتھ آئے.
الحَشِيكَة. جس چیز کو جانور کھائے.
مثلاً جو وغیرہ.
الرِّيَاحُ الحَوَاشِك. مختلف جہت
سے چلنے والی ہوائیں. واحد
(حَاشِكَة)
الحُشَاكة والحِشَاك. وہ لکڑی جو
جانور کے بچے کے منہ پر باندھی جاتی
ہے تاکہ وہ دودھ نہ پی سکے.
حَشَلَ (ن) حَشْلًا — الشیءَ.
حقیر جاننا. ذلیل کرنا.
الحَشْل. ذلیل و حقیر شے.
حَشَمَه (ن ض) حَشْمًا. ناپسندیدہ
بات سنا کر کسی کو غضبناک کرنا اور
دکھ پہنچانا. شرمندہ کرنا —
الشیءَ. طلب کرنا. کہا جاتا
ہے. "ما حشم الصيدَ" اس
نے شکار نہیں پایا. "وما حشم
من طعامنا" اس نے ہمارا
کھانا نہیں کھایا.
حَشَمَ (ض) حُشُومًا. تھکنا. لاغری
کے بعد موٹا ہونا — منه.
منقبض ہونا.
حَشِمَ (س) حَشَمًا. غضبناک ہونا.
— ه حَشْمًا. غضبناک کرنا
حَشَّمَه واَحْشَمَه. ناراض کرنا.
غضبناک کرنا. شرمندہ کرنا.
وحَشَّمَه. اذیت پہنچانا.
حَاشَمَه. غضبناک کی پر بھڑکانا. برانگیختہ
کرنا.
تَحَشَّمَ. من فلان. کسی سے شرم
و حیا کرنا. مذمت سے بچنا.
اِحْتَشَمَ. منه و عنه. غضبناک ہونا
منقبض ہونا. شرم کرنا.
حَشَمُ — الرجل. آدمی کے نوکر
چاکر. انسان کے وہ قرابت دار
اور غلام یا پڑوسی جو اس کی خاطر
دوسروں پر غضبناک ہوں. یا وہ
ان کی خاطر دوسروں پر خشمگین ہو.
اہل و عیال. قرابت. ج.
اَحْشَام.
الحِشْمَة. شرم و حیا. انقباض.
غیظ و غضب.
الحُشْمَة. عورت. قرابت. ذمہ داری
الحَشِيم. ذی عزت. پڑوسی. مہمان.
ج. حُشَمَاء.
حَشِنَ (س) حَشَنًا — السقاءُ.
مشک میں زیادہ دودھ رکھنے اور
اس کو بار بار نہ دھونے سے اس کا
بدبودار ہو جانا.
اَحْشَنَ — السقاءَ. بدبودار کرنا.
حَاشَنَه. آپس میں گالم گلوچ کرنا.
تَحَشَّنَ. میلا ہونا.
الحَشَن. مص. دودھ کی چکناٹی کی وجہ
سے میل کچیل.
الحُشْنَة. کینہ.
حَشَا (ن) حَشْوًا — الوسادةَ
بالقطن. تکیہ میں روئی بھرنا.
— الرجلَ. کسی کے حشا کو صدمہ
پہنچانا.
حَاشَاه. علاوہ چھوڑ دینا.
اَحْشَى. اِحْتَشَى. بھرجانا.
کہا جاتا ہے" احتشت الرمانة
بالحب" انار دانوں سے بھر گیا
"و احتشى من الطعام" وہ کھانے
سے سیر ہوگیا" احتشت المرأة

الحَشِيَّةِ وَبِهَا۔ عورت کا

الحَاشِيَة۔ مِنَ الناس والابل۔ چھوٹے جن میں بڑے نہ ہوں۔

الحَشَا۔ جو کچھ پسلیوں کے اندر ہے۔ پیٹ کی اندرونی چیزیں۔ ج۔ اَحْشَاء۔ کہا جاتا ہے "اَنَا فی حشا فلان" میں فلاں کی پناہ میں ہوں۔ "فلان خیرھم حشاً۔" ان میں سے فلاں بلحاظ حفاظت بہتر ہے۔

الحَشْوُ۔ چھوٹے لوگ یا اونٹ۔ کلام کا زائد حصہ۔ رذیل لوگ۔ جس سے کوئی چیز بھری جائے۔ مسالہ جو بکری کے بچے کے پیٹ میں بھرا جائے۔ ج۔ الحاشی۔

الحِشْوَة والحُشْوَة۔ مِنَ البطنِ انتڑیاں۔ ردی چیز۔ کہا جاتا ہے۔ "ھو من حشوة بنی فلان" وہ بنو فلاں کے رذیل لوگوں میں شمار ہوتا ہے۔

الحَشِيَّة۔ بھرا ہوا بستر۔ گدی کپڑا جو عورتیں سرین پر باندھتی ہیں۔ تاکہ قدرے موٹی نظر آئیں۔ ج۔ حَشَايَا۔

الحَشْوِي۔ فضول کلام کرنے والا۔ بکواسی

المَحْشَى۔ پیٹ میں کھانے کی جگہ۔

الحَشَاة — مِنَ البطنِ۔ امعاء مستقیم

حَشِيَ (س) حَشًى۔ الرجلُ۔ ضیق النفس کی بیماری میں مبتلا ہونا۔ — السقاءُ۔ مشک کے اندرونی حصہ میں دودھ کی تہہ (یا کیٹ) جم جانا۔

حَشَّى — الثوبَ۔ کپڑے کا حاشیہ بنانا۔ کپڑے پر گوٹ لگانا — الکتابَ۔ کتاب پر حاشیہ لکھنا۔ صفت فاعل (مُحَشِّي۔) وصفت مفعولی۔ (مُحَشًّى۔)

حَاشَى مُحَاشَاةً — زیدًا من القوم۔ استثناء کرنا۔ خارج کرنا۔

تَحَشَّى — فلانًا۔ استثناء کرنا تَحَشَّى من الشئِ وتحاشى عن الشئِ۔ بچنا۔ دور رہنا۔ وتحشى فلانٌ۔ مذمت سے بچنا۔

الحَشَى۔ مرض ضیق النفس۔ پیٹ کے اندر کی چیزیں۔ مثلاً اوجھڑی تلی جگر وغیرہ۔ ج۔ اَحْشَاء۔

حَاشَا۔ یہ کلمہ استثناء ہے۔ یہ مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ سے بلحاظ معنی تنزیہہ خارج کرتا اور نکالتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں۔ "ضربتُ القومَ حاشا زیدًا" سوائے زید کے میں نے قوم کو مارا۔ چنانچہ "صَلَّى الناسُ حاشا زیدًا" کہنا ٹھیک نہیں کیونکہ اس میں تنزیہہ کے معنی نہیں بنتے۔

الحَاشِيَة۔ کپڑے یا کتاب وغیرہ کی جانب۔ کنارہ۔ اہل وعیال، اور خاص اپنے لوگ۔ حاشیہ کتاب ج۔ حَوَاشٍ۔ کہتے ہیں "رجل رقیق الحواشی" پاکیزہ صحبت والا آدمی "وکلام رقیق الحواشی" نرم کلام۔

الحَشِي۔ مؤنث۔ حَشِيَة۔ و الحَشْيَان مؤنث حَشْيَاء ضیق النفس کی بیماری کا بیمار۔

حَصَّ (ن) حَصًّا — الشعرَ۔ بال مونڈنا — الجلیدُ النبتَ۔ پالے کا نبات کو جلا دینا۔ حَصَّنِي من المالِ کذا۔ مال میں سے حصہ مقرر کرنا — الشئَ۔ گھٹانا۔ کاٹ لینا۔

حَصَّ (س)، حَصَصًا۔ سر کے بال گرنا یا کم ہونا۔ صفت۔ (اَحَصُّ)

حَصْحَصَ۔ الامرُ۔ ظاہر ہونا۔

اَحَصَّهُ۔ حصہ دینا۔ احصه المکان کسی جگہ اتارنا۔

حَاصَّ۔ مُحَاصَّةً۔ الغرماءُ۔ حصے تقسیم کرلینا۔ بانٹ لینا۔

تَحَاصَّ — القومُ الشئَ۔ آپس میں کچھ بانٹ لینا۔ آپس میں تقسیم کر لینا۔

اِنْحَصَّ — الشعرُ۔ بال گرنا۔ جھڑنا — اللحیةُ۔ داڑھی کے بالوں کا ٹوٹا ہوا ہونا۔ — الذنبُ۔ دم کا کٹ جانا۔

الحَصَصُ۔ سر کے بالوں کی کمی، سر کے بالوں کا چھوٹا ہونا۔

الحِصَّة۔ حصہ۔ ج۔ حِصَصٌ۔

الحُصُّ۔ زعفران۔ موتی۔ ج۔ حُصُوص۔ و اَحْصَاص۔

الحُصَاص۔ دوڑنے کی تیزی۔ کھجلی۔ گوز۔

الحُصَاصَة۔ انگور چن لینے کے بعد بیل میں جو کچھ بچ رہے۔

الحَاصَّة۔ سر کے بال گرا دینے والی بیماری۔

الاَحَصُّ۔ وہ شخص جس کے سر پر بال کم ہوں۔ وہ شخص جس کے سینہ میں بال نہ ہوں — من الطیور وہ پرندہ جس کے بازو کے پر گر گئے ہوں۔ مؤنث۔ حَصَّاء۔

یومٌ اَحَصُّ۔ بغیر ابر کے سخت سرد دن۔

سَیفٌ اَحَصُّ۔ جوہر نہ رکھنے والی تلوار

سنةٌ حَصَّاء۔ وہ خشک سال جس میں روئیدگی نہ پیدا ہو۔

الحَصِيْص۔ تعداد۔ گدھے یا اونٹ کے گرے ہوئے بال۔

الحَصِيْصَة۔ مونڈ کر یا اکھیڑ کر جمع کیے ہوئے بال۔

حَصَاء۔ و حَصِئَ (س) حَصْئًا۔ الرضیعُ۔ شیر خوار بچہ کا خوب پیٹ بھر کر دودھ پینا۔ — مِنَ الماءِ۔ پانی سے سیراب ہونا۔

حَصَبَه (ن ض) کنکری سے مارنا (— و حَصَّبَ المکانَ) کسی جگہ کنکر بچھانا اور اس سے فرش تیار کرنا۔ "حَصَبَ فی الارض" جانا — عنه۔ کسی سے بھاگنے میں تیزی کرنا۔

حصبه عن کذا۔ دور کرنا۔

حَصِبَ (س) حَصَبًا و حُصِبَ خسرہ کے مرض میں مبتلا ہونا۔ صفت (مَحْصُوب)، حصب الوتر۔ تانت کا کمان سے الٹ جانا۔

اَحْصَبَ۔ الفرسُ فی عدوہ۔ گھوڑے کا دوڑنے میں کنکر اڑانا۔ — عنه۔ منہ پھیر کر چلا جانا — ہ عن کذا۔ دور کرنا۔

تَحَصَّبَ۔ الحمامُ۔ کبوتر کا صحرا کی طرف دانہ کی تلاش میں نکلنا و اڑنا۔

تَحَاصَبُوا ایک دوسرے پر کنکر پھینکنا۔

الحَصَب۔ پتھر۔ چھوٹی پتھریاں۔ کنکریاں ایندھن۔

الحَصْبَة و الحَصَبَة و الحَصِبَة۔ خسرہ۔ الحَصِبَة۔ کنکریوں کو اڑانے والی تند ہوا۔ "ارض حَصِبَة" بہت کنکریوں والی زمین۔

الحَصْبَاء۔ کنکر۔ مفرد (حَصَبَة)

الحَاصِب۔ فا۔ کنکریوں کو اڑانے والی تیز ہوا۔ اولہ۔ اولہ برسانے والا بادل۔ ج۔ حَوَاصِب۔

المَحْصَبَة۔ بہت کنکریوں والی زمین۔

حَصْحَصَ۔ حَصْحَصَة۔ حق کا بعد پوشیدگی کے ظاہر ہونا — الرجلُ۔ بیڑی والے قیدی کی طرح چلنا — الشیءَ فی الشیءِ۔ کسی چیز کو کسی میں مضبوطی سے بٹھانے کے لیے حرکت دینا۔ ہلانا — التراب۔ دائیں بائیں ہلانا۔

تَحَصْحَصَ۔ زمین سے چمٹنا یا برابر ہونا۔

الحَصْحَاص و الحِصْحِص مٹی۔ و الحِصْحِص۔ پتھر

رجل (حُصْحُص و حُصْحُوص) امور کی باریکیوں کی ٹٹول کر کے ان کی معلومات بہم پہنچانے والا۔

حَصَدَ (ن ض) حَصْدًا و حِصَادًا و حَصَادًا و احتصدَ — الزرعَ۔ کھیتی کو درانتی سے کاٹنا۔ اور یہ قول اسی سے ہے۔ "مَن زرع الشرّ حصد الندامة" جس نے برائی بوئی اس نے ندامت کاٹی۔ صفت (حاصد) ج۔ حَصَدَة۔ و حُصَّاد — القوم بالسیف تلوار سے قتل کرنا۔

حَصِدَ (س) حَصَدًا۔ الحبلُ رسی کا مضبوط بٹی ہوئی ہونا۔ — الدرعُ۔ زرہ کا مضبوط بناوٹ والی ہونا۔

اَحْصَدَ۔ الزرعُ۔ کھیتی کی کٹائی کا وقت قریب آنا — الحبلَ رسی بٹنا۔

استَحْصَدَ۔ القومُ۔ لوگوں کا جتھا بننا — الزرعُ۔ کاشت کے کٹنے کا وقت قریب آپہنچنا — الحبلُ۔ مضبوط بٹی ہوئی ہونا۔ — الرجلُ۔ غضبناک ہونا۔

الحَصَّاد۔ فصل کاٹنے والا۔

الحِصَاد و الحَصَاد بمعنی فصل کاٹنے کا موسم — الحَصَاد۔ کٹی ہوئی فصل — حَصَادُ الشجرة۔ درخت کا پھل۔ کہتے ہیں۔ "اَخَذُوا حَصَادَ الشجر" انھوں نے درخت کا پھل لیا۔

حَصَاد۔ البقول البرّیّة۔ وہ دانے جو حرکت کرنے سے جھڑ جائیں۔

الحَصَد و الحَصِيْد و الحَصِيْدَة۔ کاشت کا کٹا ہوا حصہ۔

الحَصِيْدَة۔ فصل کی جڑیں جو کاٹنے پر درانتی سے نیچے رہ جاتی ہیں۔ کھیتی۔ ج۔ حصائد — و حَصَائِدُ الالسنة۔ وہ باتیں جو دوسروں کے بارہ میں کہی جائیں۔

الاَحْصَد۔ مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ کثرت پتوں سے جھکے جانے والا درخت۔ مؤنث حَصْدَاء۔ و درعٌ حَصْدَاء۔ تنگ حلقوں والی مضبوط زرہ۔

شجرة حَصْدَاء۔ بہت پھل والا درخت۔

المِحْصَد۔ درانتی۔

حَصَرَه (ن ض) حَصْرًا۔ تنگی کرنا۔ گھیر لینا — الشیءَ۔ سارا لے لینا — القومُ بفلانٍ۔ تنگی ڈالنا — البعیرَ۔ اونٹ کی

پیٹھ پر گدیلا باندھنا۔
حُصِرَ۔ قبض ہونا۔
حَصِرَ (س) حَصَرًا۔ بخیل ہونا۔ گفت گو کرنے میں رکنا ـــ بالسِرّ۔ بھید چھپانا ـــ الرجلُ۔ کسی کا دل پر دباؤ محسوس کرنا ـــ عن الشیٔ۔ شرم کر کے کسی چیز کو چھوڑ دینا۔ صفت۔ (حَصِرٌ و حَصُورٌ وحَصِیرٌ)
حَاصَرَ و حِصَارًا و مُحَاصَرَةً۔ ـ العَدُوَّ۔ دشمن کو گھیر لینا۔ گھیرا ڈال کر کمک کو بند کر دینا۔
اَحْصَرَہ۔ عن السفرِ۔ سفر سے روکنا ـ ہ الموضُ اَو البول۔ مرض یا پیشاب کا کسی کو روک دینا۔
اُحْصِرَ۔ قبض ہونا۔
اِنْحَصَرَ۔ تنگ ہونا۔ مشکل میں ہونا محصور ہونا۔
احتصر۔ البعیر۔ اونٹ پر گدیلا باندھنا۔
الحِصَار۔ تکیہ کے مانند چیز جس کو اونٹ کی پیٹھ پر ڈال کر اس پر سواری لیتے ہیں۔ وہ گدیلا جو زین کی جگہ استعمال ہوتا ہے۔
الحُصْرُ والحُصُرُ۔ قبض۔
الحَصِیرُ۔ بوریا۔ چٹائی۔ انسانوں کی قطار۔ مجلس۔ پہلو۔ کہا جاتا ہے۔ "دَابَّةٌ عَرِیضَةُ الحَصِیرَیْنِ"۔ چوڑے پہلوؤں والا جانور۔ شانے سے کمر تک کا گوشت۔ تنگ جگہ۔ قید خانہ۔ قیدی۔ راستہ۔ وہ بادشاہ جو لوگوں کی نگاہوں سے اوجھل رہے۔ اور اسی سے ہے۔ "اَثَّرَ حَصِیرُ الحصیرِ فی حَصِیرِہٖ" (الحَصِیر "یعنی قید خانہ کی چٹائی نے بادشاہ کے پہلو میں نشان ڈال دیا۔ ج۔ حُصُرٌ و اَحْصِرَةٌ۔
الحَصِیرَةُ۔ بوریا۔ چٹائی۔ گھوڑے کے مونڈھے اور پہلو تک کا گوشت۔ ج۔ حَصَائِرُ۔
المِحْصَرَةُ۔ للجمل۔ گدیلا۔
المُحْتَصِرُ۔ شیر۔
حَصْرَمَ۔ القوسَ۔ کمان کا سخت مضبوطی سے کسنا ـــ الحَبلَ۔ رسی کو مضبوط بٹنا ـــ القِربةَ۔ مشک کو بھرنا ـــ القلمَ۔ قلم کو تراشنا ـــ تَحَصْرَمَ بخیل اور تنگ دل ہونا۔
الحِصْرِمُ۔ کچے انگور یا کچا پھل۔ واحد (الحِصْرِمَةُ) سخت بخیل۔ پست قد۔ ہر چیز کا گھٹیا۔
حَصُفَ (ک) حَصَافَةً۔ عمدہ رائے اور پختہ سمجھ والا ہونا۔ صفت (حَصِفٌ و حَصِیفٌ)
حَصِفَ (س) حَصَفًا۔ کسی کو خشک کھجلی کا لگنا۔
حَصَفَہ (ن) حَصْفًا۔ دور کرنا۔
اَحْصَفَ۔ تیز دوڑنا۔ صفت (مُحْصِفٌ و مِحْصَفٌ و مِحْصَافٌ)
اَحْصَفَہ۔ دور کرنا ـــ الامرَ مضبوطی و پختگی سے کرنا ـــ النسیجَ۔ مضبوط بننا۔
اِسْتَحْصَفَ ـــ الشیٔ۔ مضبوط ہونا ـــ القومُ۔ لوگوں کا جمع ہونا ـــ الدھرُ علیہ۔ زمانہ کا سخت ہونا ـــ الحبلَ۔ رسی کو مضبوط بٹنا۔
الحَصِیفُ۔ ہر مضبوط شے جس میں کوئی خلل نہ ہو۔
حَصَلَ (ن) حُصُولًا و مَحْصُولًا۔ الشیٔ۔ حاصل ہونا۔ ثابت ہونا باقی رہنا۔ کہا جاتا ہے "حصل علیہ من حقی کذا" اس پر میرا اتنا حق باقی رہا ـــ لہ کذا۔ واقع ہونا ـــ عندہ کذا۔ پایا جانا ـــ علی الشیٔ۔ کسی چیز کو جمع کرنا۔ اور اس کا مالک ہونا ـــ لی علیک کذا۔ ثابت ہونا۔ واجب ہونا۔
حَصِلَتْ (س) حَصَلًا۔ الدابۃ۔ جانور کا مٹی یا کنکری کھانے سے پیٹ کے درد میں مبتلا ہونا۔
حَصَّلَ ـــ الشیٔ اَو العِلمَ حاصل کرنا ـــ الکلامَ۔ تقریر یا کلام کا خلاصہ کرنا ـــ الدَّینَ۔ قرض جمع کرنا۔ اکٹھا کرنا۔ ـــ (واحصل) النخلُ۔ کھجور کا نیم پختہ پھل والی ہونا۔ واحد (حَصَلَۃ)
تَحَصَّلَ ـــ الشیٔ۔ اکٹھا ہونا۔ ثابت ہونا ـــ من المسئلۃ کذا۔ کسی مسئلہ سے دوسرا مسئلہ نکالا جانا۔
الحَاصِلُ۔ فا۔ صاف چاندی ـــ من کل شیٔ۔ ہر شے کا بقیہ ـــ عند المُحَاسِبِینَ۔ حاصل ضرب حاصل تقسیم ـــ مَخْزَنٌ۔ اور اسی سے ہے "حاصل عین الماءِ" پانی کی ٹنکی یا حوض۔ ج حَوَاصِلُ۔
الحَصَلُ والحُصَالَۃ۔ کھلیان سے

غلہ اٹھا لینے کے بعد رہ جانیوالے
دانے۔
الحَصِیل۔ حاصل کیا ہوا مال۔ ایک قسم کی
نباتات۔
الحَصِیلَۃ۔ تحصیل کا اسم۔ حاصل کردہ
بقیہ۔ کہا جاتا ہے "ما حصیلتك
وما حصائلك"۔ یعنی تمھارا حاصل
کیا ہوا کیا ہے۔ ج۔ حَصَائِل۔
المَحصُول۔ حاصل۔ کہا جاتا ہے "هذا
مَحصُولُ کلامِہ" یہ اس
کے کلام کا نتیجہ ہے۔ "وما لفلان
محصولَ ولا معقولَ" یعنی
فلاں کے لیے کوئی رائے وتمیز نہیں۔
حَصُنَ (ك) حَصَانَۃً۔ محفوظ ہونا۔
مضبوط و مستحکم ہونا۔ صفت۔
(حصین)
حَصُنَت۔ حُصنًا وحِصنًا و
حَصَانَۃً ـــ المرأۃ۔ عورت
کا پاک دامن ہونا۔ صفت۔
(حَصَان) ج۔ حُصُن وحَصَانَات
و (حَاصِن و حَاصِنَۃ) ج
حَوَاصِن و حاصِنات و
(حَصْنَاء)
حَصَنَہ (ن ض) حَصْنًا۔ مضبوط جگہ
میں محفوظ کرنا۔
حَصَّنَ و احصنَ ـ المکان۔ کسی جگہ
کو مضبوط کرنا۔
اَحْصَنَ المرأۃَ۔ عورت کی شادی کرنا۔
نکاح میں دینا ـــ احصنَتِ
المرأۃُ۔ عورت کا شادی شدہ ہونا
پاکدامن ہونا۔ صفت (مُحْصَنَۃ)
بفتح الصاد لف۔ اَحْصَنَ الرجلُ
مرد کا شادی شدہ ہونا۔ صفت
(محصن)
تَحَصَّنَ۔ اپنے لیے قلعہ بنانا۔

تَحَصَّنَتِ المرأۃُ۔ عورت کا
پاک دامن ہونا ـــ الفرسُ
گھوڑے کا اصیل ہونا۔
الحِصن۔ پناہ۔ قلعہ۔ مضبوط جگہ۔ ہتھیار
ج۔ حُصُون و اَحْصَان و
حِصَنَۃ۔
الحَصَان۔ موتی۔
الحِصَان۔ اصیل گھوڑا۔ نر گھوڑا۔
ج۔ اَحصِنَۃ و حُصُن۔
الحصین۔ من الاماکن مضبوط
جگہ۔ کہا جاتا ہے "درعٌ حصینٌ"
مضبوط زرہ۔ وحِصنٌ حَصِینٌ
مضبوط قلعہ۔
ابوالحُصَین۔ بصورت تصغیر۔ لومڑی۔
المِحْصَن۔ زنبیل۔ تالا۔ محل۔
حَصَا۔ (ن) حَصْوًا ـــ ہ۔ روکنا
منع کرنا۔
حَصَی (ض) حَصْیًا ـ الرجلَ۔ کنکری
سے مارنا۔
حُصِیَ۔ کسی کے مثانہ میں پتھری پیدا ہو
جانا۔ صفت (مَحْصِیّ)
حَصِیَت (س) حَصًا۔ الارض۔ زمین
کا بہت کنکری والا ہونا۔ صفت۔
(مَحْصَاۃ)
حَصَّاہ تحصیۃً۔ بچانا۔
اَحْصَی ـ الشیءَ۔ شمار کرنا۔ گننا۔
سمجھنا۔ قابو میں لانا۔ کہا جاتا ہے۔
"هذا امر لا احصیہ" یہ ایسا
امر ہے جس کی میں طاقت نہیں
رکھتا۔
تَحَصَّی۔ بچنا۔
الحصَی۔ کنکریاں۔ پتھریاں۔ واحد
(حصاۃ) ج۔ حَصَیات و
حُصِیّ و حِصِیّ وطرق الحصی۔
کہانت و جادو کے اعمال میں سے

ایک عمل۔ والحصاۃ۔ عدد عقل
رائے۔ کہتے ہیں "فلانٌ ثابتُ
الحصاۃ" فلاں عقلمند ہے۔
الحَصِیّ۔ بڑا عقلمند۔ "ارضٌ حَصِیَۃٌ"
بہت کنکریوں والی زمین۔
نہرٌ حَصَوِیٌّ۔ بہت کنکریوں والی ندی
و نہر۔
حَضَّہ (ن) حَضًّا و حَضْحَضَہ۔
علی الامرِ۔ کسی کام پر اکسانا۔
ترغیب دینا۔
تَحَاضَّ ـ القومُ۔ ایک دوسرے کو
اکسانا۔
اِحْتَضَّ۔ نفسَہ۔ خود سے زیادتی کا
طالب ہونا۔
الحَضَضُ۔ چیز (اس لفظ کا استعمال
نفی کے بعد ہوتا ہے) کہتے ہیں "ما
عندی حَضَضٌ ولا بَضَضٌ"
میرے پاس کچھ نہیں۔ الحُضُّ و
الحِضِّیضَی والحُضَیضَی۔ حَضّ
کا اسم مصدر۔
الحُضْضُ۔ دامن کوہ میں ملنے والا پتھر۔
الحَضِیض۔ دامن کوہ۔ ج۔ اَحِضَّۃ
و حُضُض۔ پست زمین۔ اہل
ہیئت کے نزدیک وہ نقطہ جو
"اوج" کے مقابل ہے۔
الحُضَیضَی۔ مملوک شے۔ کہتے ہیں۔
"اخرجت الیہ حضیضیّی
وبضیضیّ" یعنی میں نے اپنی ملک میں
تمام سب میں نے اس کے لیے
نکال کر رکھ دیا۔
الحضوضیٰ۔ دوری۔ آگ۔
حَضَبَ (ض) حَضْبًا۔ واَحْضَبَ
ـ النارَ۔ آگ میں لکڑی ڈالنا۔
تَحَضَّبَ۔ ناہموار اقرب راستہ اختیار
کرنا۔

الحِضْبُ والحُضْبُ۔ کمان کی آواز۔ دامن کوہ۔ پہاڑ کا پہلو۔ ج۔ احضاب۔
الحَضَبُ والحَضْبُ۔ لکڑی۔ ایندھن
المِحْضَب۔ آگ ہلانے کی لکڑی۔ کریلی۔
حَضَجَ (ن) حَضْجًا۔ النارَ۔ آگ جلانا ــــ الشیءَ فی الماءِ۔ کسی شے کو پانی میں ڈبونا ــــ بفلانٍ پچھاڑنا ــــ بہ الارضَ کسی کو زمین پر پٹک دینا۔
حَضَّجَ ــ الکلامَ۔ کوتاہی کرنا۔
اِنْحَضَجَ۔ الرجلُ۔ غصہ سے آگ بگولا ہونا۔
الحُضَاج۔ جھکی ہوئی پیٹھ اور نکلے ہوئے پیٹ والا ہونا۔
الحُضَاج۔ بھری ہوئی بڑی مشک۔
المِحْضَج۔ آگ ہلانے کی لکڑی۔
المِحْضَاج۔ کپڑے دھونے کی موگری۔
ــ امرأۃٌ مِحضاج۔ چوڑے پیٹ والی عورت۔
حَضَرَ (ن) حُضُورًا وحَضَارَۃً۔ موجود ہونا۔ حاضر ہونا۔ (ــــ حَضَارَۃً۔) شہر میں رہنا۔
حَضِرَ (س) وحَضَرَ (ن) حُضُورًا المجلسَ۔ مجلس میں حاضر ہونا۔
ــ عن المکانِ۔ کسی جگہ سے منتقل ہونا ــــ حَضَرہ الامرُ۔ دل میں کسی بات کا گزرنا ــ ہ الموت موت آجانا ــــ الیہ۔ آنا۔ کہا جاتا ہے " حَضَرتُ الامرَ بخیر۔ یعنی میں نے ایک درست رائے کا خیال کیا ــ وحَضَرتِ الصلاۃُ۔ نماز کا وقت آگیا۔
حُضِرَ۔ موت آجانا۔ صفت۔ (مَحْضُور)

حَضَّرَہ وحَضَّرَہ واَحْضَرَہ۔ کسی کو حاضر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَحْضَرَہ الشیءَ" کسی کے پاس کوئی چیز حاضر کرنا ــ احضر الفرسُ۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
حَاضَرَہ ومُحاضرۃً وحِضارًا۔ کسی کے ساتھ دوڑنا۔ مقابلہ کرنا۔ ترت سوجھا ہوا جواب دینا ــــ حاضر الجواب۔ حاضر جواب ہونا
تَحَضَّرَ۔ واحتَضَرَ۔ حاضر ہونا ــــ تَحَضَّرَ واحتَضَرَ۔ الرجل۔ حاضر کرنا ــــ احتضر الفرس۔ گھوڑے کا دوڑنا۔
تَحَضَّرَ البدویُّ۔ شہری کی طرح بننا۔
تحضرہ الہمُّ۔ غم لاحق ہونا
اُحْتُضِرَ۔ قریب المرگ ہونا۔
اِسْتَحْضَرَ۔ الشیءَ۔ حاضر ہونا۔ حاضری چاہنا ــــ الفرسَ۔ گھوڑے کو دوڑانا۔
الحَضَرُ والحَضَارَۃ والحاضِرَۃ۔ شہر آباد مقامات۔ گویا " البلد والبَدَاوۃ والبَادِیَۃ " کا مخالف کہا جاتا ہے " ھٰذا من کلام الحاضرۃ ولم تلک البوادی لفظوا بہ ولا عرفوہ " یہ شہریوں کا کلام ہے۔ اہل بادیہ نہ اس کو بولتے ہیں اور نہ اس کو جانتے ہیں۔
الحَضَارَۃ والحِضَارَۃ۔ شہر کی بود و باش
الحَضَرُ والحَضْرَۃ۔ حاضری۔ موجودگی پہلو۔ نزدیکی۔ صحن۔ حضرت کا لفظ اس ذی مرتبہ آدمی کے لیے مستعمل ہوتا ہے جو مرجع خلائق ہو۔ مثلاً کہتے ہیں " الحضرۃ العالیۃ تأمر بکذا " حضرت عالی ایسا

حکم دیتے ہیں ــ اور کہا جاتا ہے "کلّمتُہ بحَضْرَۃِ فُلانٍ"۔ فلاں کی موجودگی میں میں نے اس سے بات کی۔
الحُضْر۔ تیز دوڑ ــ احضر الفرس کا اسم۔
الحَضِر والحَضُر۔ لوگوں کے کھانے کے وقت کی تاک میں رہنے والا اور وقت پر آموجود ہونے والا۔ طفیلی آدمی۔
الحَضِر۔ حاضر جواب ــ الحَضِر۔ سفر کا ارادہ نہ رکھنے والا ــ یا سفر کی استطاعت نہ رکھنے والا۔
الحُضْرَۃ والحِضْرَۃ والحَضْرَۃ پہلو۔ نزدیکی۔ مکان کے سامنے کا صحن کہتے ہیں " فلانٌ حسن الحضرۃ " بھلائی کے ساتھ حاضر ہونے والا ــــ " وجمع الحضرۃ " اس نے عمارت کے بنانے کے ارادہ سے اینٹ، چونہ وغیرہ جمع کر لیا ہے۔
الحَضَرِیّ۔ شہری۔
الحَاضِر۔ فا۔ شہر کا بسنے والا۔ ج۔ حُضَّر وحُضَّار وحُضُور۔
حَضَرَۃ۔ الحَاضِر۔ بڑا قبیلہ۔ یہ جمع ہے جس طرح (حاج) حاجیوں کے لیے۔
الحَاضِرَۃ۔ الحاضر۔ کا مؤنث۔ ہاتھی کا کان۔ ج۔ حَوَاضِر۔
الحَضِیرَۃ۔ لوگوں کی جماعت معقودۃ الجیش زخم کا مواد۔ کھجوروں کے خشک کرنے کی جگہ۔ ج۔ حَضَائِر و حَضِیر۔
المَحْضَر۔ لوگوں کے حاضر ہونے کی جگہ دستاویز۔ اقرار نامہ۔ ج۔ مَحَاضِر۔

المحضر۔ حاضر ہونے والے لوگ۔ کہتے ہیں" فلان حسن المحضر۔ فلاں غائب آدمی کو اچھے الفاظ سے یاد کرتا ہے۔" و کان ذلک بمحضر من فلان۔ اور یہ فلاں کی موجودگی میں ہوا۔
المحضوض۔ مفع ـــ "لبنٌ محضوض" بہت خراب ہونے والا۔
المِحضار و المِحضیر۔ من الخیل وغیرھا۔ بہت تیز دوڑنے والا۔ ج۔ محاضیر۔
المُتحضِر۔ شہری شہر میں آنے والا۔
المُحتضَر۔ قریب المرگ۔ کہتے ہیں۔ "اللبنُ محتضر فغطِّ اناءك" دودھ کے لیے بہت آفت ہے اس لیے اپنے برتن کو چھپاؤ۔
حَضرَم۔ فی الکلام۔ کلام کے اعراب یا لفظوں کی حرکات میں غلطی کرنا ـــ الشیءَ۔ ملانا ـــ لحاء الشجر درخت کی چھال اتارنا ـــ القوس کمان کو مضبوط کسنا۔
الحضرمیۃ۔ کلام میں لکنت۔ حضرموت کی طرف منسوب۔
المُخضرم۔ وہ مسلمان یا شاعر جس نے زمانہ جاہلیت و اسلام دونوں پائے ہوں۔
حَضَنَ (ن)، حَضْنًا و حِضَانَۃً ـ و احتضن۔ الصبی۔ بچہ کو گود میں لینا۔ پرورش کرنا۔ چھاتی سے لگانا۔ حضنہ عن کذا۔ الگ کرنا۔ دور کرنا۔
حَضَنَ (ن)، حَضْنًا و حِضَانَۃً و حِضانًا و حُضُونًا و احتضن الطیرُ بیضہ و علی بیضہ۔
پرندہ کا انڈے سینا۔
حَضُنَت (ك)، حِضَانًا۔ المرأۃُ او الشاۃُ او الناقۃُ۔ عورت یا اونٹنی یا بکری کے چھوٹے بڑے پستان یا تھن والی ہونا۔ صفت (حَضُون)
اَحْضَنَ۔ الرجلَ و بالرجل۔ حقیر کرنا ـــ اَحْضَنَ بحقّہ۔ کسی کو حق سے محروم کرنا۔ کسی کا حق مار لینا۔
الحِضْنُ۔ گود۔ اس قدر مقدار کہ گود میں آ سکے۔ کہتے ہیں "اعطاہ حِضْنًا من التمر" اس نے اس کو ایک گود بھر کھجوریں دیں۔ کسی شے کا کنارہ۔ پہاڑ کی جڑ۔ کہتے ہیں۔ "عشش الطائر فی حضن الجبل"۔ پرندے نے پہاڑ کی جڑ میں گھونسلا بنایا۔ ج اَحْضان و حُضُون
الحُضْنَۃ۔ حضن الطائرُ کا اسم مصدر
الحَاضِنَۃ۔ بچہ کو پالنے والی دایہ۔ ج حَوَاضِن۔ کہتے ہیں "حَمَامَۃٌ حَاضِنٌ و حمامٌ حَوَاضِنُ"۔
الحِضَانۃ۔ دایہ گری۔ پرورش۔ پیالہ کی طرح کا ایک مٹی کا برتن۔
المُحتضَن۔ گود۔
حَضَا (ن)، حَضْوًا۔ النار۔ آگ کو کریدنے سے ہلانا۔
المِحضأُ و المِحضاءُ۔ آگ ہلانے کی لکڑی۔
حَطَّ (ن)، حَطًّا۔ اترنا۔ نازل ہونا۔ (ـ حَطًّا و حُطُوطًا) ـــ السعرُ بھاؤ کا اترنا۔ گرنا۔ سستا ہونا۔
حَطَّ (ن)، حَطَاطًا ـــ البعیرُ اونٹ کا ایک جانب نکیل کو دبانا۔
(ـ و اَحَطَّ) الوجہُ۔ چہرہ پر مہاسے نکلنا۔
حَطَّ (ن)، حَطًّا و احتطَّ احتطاطًا۔ الشیءَ۔ چھوڑنا۔ رکھنا ـــ الحملَ جانور کی پیٹھ سے بوجھ اتارنا۔ کہتے ہیں "حَطَّ رحلہ" اس نے اقامت کی ـــ الجلدَ۔ چمڑے پر پالش کرنا۔ لوہے سے چمڑے پر نقش کرنا۔
اِنحطَّ۔ اترنا ـــ الناقۃُ فی سیرھا۔ اونٹنی کا تیز دوڑنا ـــ السعرُ۔ بھاؤ کا گھٹنا۔ گرنا۔ ارزانی ہونا۔ کہتے ہیں" الاسعارُ حاطّۃ و منحطّۃ" بھاؤ سستا ہے۔
اِستحطّ۔ نیچے اترنے کی درخواست کرنا کہتے ہیں: "استحط فلانًا وزرہ" اس نے فلاں سے اپنا بوجھ اتارنے کی خواہش کی ـــ من الثمن شیئًا۔ کچھ قیمت گھٹانے کی درخواست کرنا۔
الحِطّۃ و الحِطّیطی۔ استحطہ وزرہ کا اسم ہے۔
الحَطیط۔ چھوٹا۔
الحَطیطۃ۔ قیمت کی کمی۔
الحَطاط۔ مہاسہ۔ دودھ کے جھاگ۔ واحد (حَطاطۃ)
الحُطاط۔ پیلو۔
الحُطُط۔ نرم و نازک ابدان۔
الحَطّان۔ بکرا۔
الحَطوط۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔
الاَحطّ۔ نرم و چکنی پیٹھ والا۔
المَحطّ۔ و المَحطّۃ۔ اترنے کی جگہ۔ ٹھہرنے کی جگہ۔ ج۔ مَحاطّ و مَحطّات۔ المحطّۃ۔ ریلوے اسٹیشن۔
المِحطّ و المِحطّۃ۔ چمڑے پر نقش کرنے یا پالش کرنے کے لیے لوہے یا لکڑی کا تیار کردہ آلہ۔

المَحْطُوط۔ مفع۔ ادیم مَحْطُوط۔
پالش کی ہوئی ادھوڑی۔
سیفٌ مَحْطُوطٌ۔ تیز کی ہوئی
تلوار۔
حَطَأَ (ف)، حَطْأً۔ الارضَ بہ
زمین پر گرا دینا۔ پچھاڑ دینا ـــ
بہ عن کذا۔ ہٹانا۔ جھکانا
ـــ بالشیءِ۔ پھینکنا۔
الحُطَيئَة۔ بدشکل پست قد آدمی۔
الحِظ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ کہا
جاتا ہے: "حِظّ مِن تمرٍ"
کھجوروں کی اس قدر مقدار جو پیٹھ
پر اٹھائی جا سکے۔
الحَطِیءُ۔ من الناس۔ ذلیل آدمی۔
کہا جاتا ہے: "ھو حطی بطی"
وہ ذلیل ہے: "بطیءٌ"۔ "تابع بن
کر آیا ہے۔
حَطَبَ (ض)، حَطْبًا و اَحْطَبَ
و احتَطَبَ۔ لکڑی چننا۔
صفت (حَاطِب)، کہتے ہیں
"ھو حاطب لیل"۔ وہ کلام میں
رطب و یابس ملانے والا ہے۔
حَطَبَہ۔ لکڑی لانا ـــ حَطِبَ و
اَحْطَبَ۔ المکانُ۔ بہت لکڑیوں
والی جگہ ہونا۔ صفت (حَطِیب،
مؤنث۔ (حَطِیبَۃ)
حَطَبَ۔ بہ و علیہ۔ چغلی کھانا
۔ افترا باندھنا ـــ "حَطَبَ
فی حَبلِہ"۔ اس نے اس کی
مدد و اعانت کی ـــ "و حَطَبَ
علیہ بخیرٍ"۔ وہ اس کے پاس
بھلائی لایا۔
اَحْطَبَ و استَحطَبَ۔ الکرمُ۔
انگور کی بیل سے شاخیں چھانٹنے کا
وقت آنا۔

الحَطَب ایندھن۔ ج احطاب
ایک ٹکڑا حَطَبَۃ کہلاتا ہے
الحَطِب۔ مؤنث۔ حَطِبَۃ (ـــ
والاَحْطَب) مؤنث حَطبَاء
ج۔ حُطُب۔ بہت دُبلا۔
الحَطّاب۔ لکڑہار۔ لکڑی چننے والا۔
الحَطُوبَۃ۔ لکڑی کا گٹھا۔
الحَطَّابَۃ۔ الحَطّاب کا مؤنث۔
لکڑی چننے والے۔
المِحْطَب۔ لکڑی کاٹنے کا آلہ۔
کلہاڑی۔
حَطْحَطَ۔ الشیءُ۔ اترنا ـــ
الرجلُ۔ جلدی کرنا۔
حَطَمَہ (ض)، حَطْمًا و حَطَّمَہ
توڑنا۔
حَطِمَ (س) حَطَمًا۔ بڑی عمر والا ہونا۔
تَحَطَّمَ و انحَطَمَ۔ ٹوٹنا۔ کہتے ہیں
"تحطّم الرجلُ غیظًا" وہ شخص
غصہ سے بھڑک اٹھا ـــ "و
انحطم الناسُ علیہ": لوگوں
نے اس پر بھیڑ کی۔
الحُطَم۔ ظالم و بے درد چرواہا۔
و الحُطَم۔ بسیار خور۔ سب کچھ
چٹ کر جانے والا۔
الحُطَمَۃ و الحُطَامَۃ و الحُطَام۔
سوکھی ہوئی چیز کا ٹوٹا ہوا حصہ۔
حُطَامُ الدُّنیا۔ دنیا کا سامان۔
حطام البیض۔ انڈے کا چھلکا۔
الحَطّام۔ و الحُطُوم و المِحطَم۔ شیر۔
کہتے ہیں "ریحٌ حَطُومٌ" سخت
تند ہوا جو ہر چیز کو توڑ مروڑ کر رکھ
دے۔
الحَاطُوم۔ ہاضم دوا یا غذا۔ (ـــ
و الحَطمَۃ و الحُطَمَۃ) سخت
سال۔ خشک۔

الحُطَمَۃ۔ تیز آگ۔ دوزخ۔ بہت سے
اونٹ و بکریاں۔
الحَطِیم۔ کعبہ شریف کے کنارے کی
دیوار۔ رکن زمزم اور مقام ابراہیم
کے درمیان کی جگہ۔
الحُطَمِیَّات۔ وہ زرہیں جو حُطَمَہ نامی
شخص کی طرف منسوب ہیں۔ بعض
کے نزدیک تلوار وں کو توڑ دینے
والی زرہیں۔ اور بعض کے نزدیک
وہ زرہیں جو بھاری اور چوڑی ہوں
حَظَّ (س)، حَظًّا و حُظًّا و اَحَظَّ۔
نصیب والا ہونا۔ صفت (حَظِیّ
و حَظِیظ و مَحْظُوظ)
الحَظّ۔ حصہ۔ بہرہ۔ حصہ خیر و فضل۔
کبھی شر کے حصہ کے لیے بھی بولا
جاتا ہے۔ مال داری۔ خوش قسمتی۔
سعادت۔ ج۔ حُظُوظ و
حِظَاظ و اُحُظ۔
حَظَبَ (ض)، حُظُوبًا و حَظِبَ
(س) حَظَبًا ـــ الرجلُ موٹا
ہونا۔ پست قد، موٹے پیٹ والا
ہونا۔ صفت (حَظِب)، مؤنث
حَظِبَۃ۔
الحُظُبّ۔ پست قد، موٹے پیٹ والا
اژدہا۔ اکھڑ۔ بخیل۔ تنگ خلق۔
حَظَرَہ (ض)، حَظْرًا۔ الشیءَ و
حظر علیہ الشیءَ۔ منع کرنا۔
روکنا ـــ الشیءَ۔ محفوظ کرنا۔
یعنی غیر کے تصرف سے روک دینا۔
ـــ المواشی۔ مویشی کو باڑہ
میں بند کرنا۔ (ـــ و احتظر)
اپنے لیے ایک باڑہ یا احاطہ تیار
کرنا۔
احتظر۔ بہ۔ بچنا۔
اَحْظَر۔ دوسرے کے لیے احاطہ یا باڑہ

بنانا۔
حَظَّر۔ حَظَر کے معنی ہیں۔ تشدید مبالغہ کے لیے ہے۔
الحَظِر۔ درخت کی شاخ جس سے باڑہ بنایا جائے۔ تر کا نٹا۔ کہا جاتا ہے۔ "وقع فی الحَظِر الرطب"۔ وہ ایسے معاملہ میں پھنسا جس کی اس میں طاقت نہیں۔ "وَاَوْقَدَ فی الحَظِر الرطب"۔ اس نے چغلخوری کی۔ "وَجَاءَ بالحظر الرطب"۔ وہ مال کثیر لایا یا بہت جھوٹ بولا۔
الحَظِیرۃ۔ ج۔ حَظَائِر و الحَظَار والحِظَار۔ ہروہ شے جو تمہارے اور کسی چیز کے درمیان حائل ہو۔ باڑہ۔ "دانّہ لنکد الحَظِیرۃ"۔ یعنی وہ کنجوس و بے خبر ہے۔
حَظِیرۃ القُدْس۔ جنت۔
المَحْظُور۔ ممنوع۔ ناجائز۔ کہا جاتا ہے "الضرورات تبیح المحظورات"۔
حَظْرَبَ۔ القوسَ۔ تانت کمان پر مضبوطی سے چڑھانا۔ الحبلَ رسی کو اچھی طرح بٹنا۔ السقاءَ مشک بھرنا۔
تَحَظْرَبَ۔ بھر جانا۔
حَظَل (ن ض) حَظْلاً و حِظْلاناً و حَظَلاناً۔ علیہ۔ حرکت و تصرف سے روک دینا۔ (ـــ حَظَلاناً) المشیَ۔ چلنے میں ٹیڑھا اور وقفہ کرانا۔ اور کہا جاتا ہے "ھُوَیَحْظُلُ حُظْلاناً"۔ وہ غصہ والی چال چلتا ہے۔
حَظِلَ (س) حَظَلاً۔ البعیرُ۔ اونٹ کا بہت اندرائن کھانا۔ صفت (حَظِل) ج حظالی۔

اَحْظَلَ ـــ المکانُ۔ کسی جگہ کا بہت اندرائن والی ہونا۔
الحَظِلَ و الحَظَّال و الحَظُول اپنے اہل وعیال پر بہت کنجوسی سے خرچ کرنے والا۔
حَظَا (ن) حَظْوًا۔ آہستہ چلنا۔
حَظِی (س) حُظْوَۃً و حِظْوَۃً۔ و حِظَۃً۔ بالرزق۔ رزق حاصل کرنا۔ (ـــ و احتظی) صاحب مرتبہ ہونا۔ نصیب والا ہونا۔
اَحْظَاہ۔ نصیب والا بنانا ـــ احظاہ بالمال۔ مال کا حصہ دینا احظاہ علی فلانٍ۔ ترجیح دینا۔ فوقیت دینا۔
الحُظْوۃ۔ مص۔ حصہ۔
الحَظی۔ رتبہ والا۔
الحُظْوۃ۔ چھوٹا تیر۔ درخت کی جڑ کی چھوٹی شاخ۔ ج۔ حِظَاء و حَظَوات
الحِظَۃ۔ حصہ۔ مرتبہ۔ ج حِظَاء و حِظًا۔
الحُظْوۃ و الحِظْوۃ۔ مص۔ مرتبہ۔
الحَظِی۔ لوگوں کا پیارا۔
الحَظِیَّۃ۔ الحَظِی۔ کا مؤنث۔ مالک کی پیاری لونڈی۔ ج۔ حَظَایا۔
الحُظَیَّا۔ آہستہ چال۔ کہا جاتا ہے مشیٰ الحُظَیَّا۔ وہ آہستہ چال چلا۔
الحُظَیَّۃ۔ بے پھل کا چھوٹا تیر۔
الحَظْی۔ جوں۔ واحد (حِظَاۃ)
الحِظیٰ۔ حصہ۔ ج۔ اَحْظٍ و جج۔ اَحَاظٍ۔
حَفَّ (ن) حَفًّا و حِفَافاً ـــ الشیءَ۔ چھلکا اتارنا ـــ اللحیۃَ۔ داڑھی مونڈنا یا کترنا۔ ـــ الوجہَ۔ بال اکھیڑنا۔ دور کرنا
حَفَّ (ن ض) حَفًّا ـــ القومُ الرجلَ و بہ حولہ۔ گھیرنا۔
حَفَّہٗ بکذا۔ احاطہ کرلینا۔
حَفَّتہ الحاجۃُ۔ حاجت لاحق ہونا
حَفَّتْ (ض) حَفِیْفاً۔ الشجرۃُ و الحَیَّۃُ۔ سرسراہٹ ہونا۔
حَفَّتِ الارضُ حُفُوفاً۔ زمین کا خشک ہونا ـــ سَمْعُہ۔ بہرا ہونا ـــ اللحیۃُ۔ داڑھی کا پراگندہ ہونا ـــ حَفَّ الرجلُ۔ تیز نظر بد لگانے والا۔
اَحَفَّ۔ احفافاً۔ راسہ۔ سر میں مدت تک تیل نہ لگانا ـــ الرجل۔ کسی کو برائی سے یاد کرنا۔
حَفَّفَ۔ القومُ حولہ و حَفَّفُوہُ۔ گھیرنا۔ احاطہ کرنا ـــ الرجلُ مصیبت زدہ و کم مال والا ہونا۔
احتفَّ۔ القومُ بہ۔ احاطہ کرنا۔ ـــ النبتَ۔ کاٹنا ـــ الشیءَ۔ چھلکا اتارنا۔ کہا جاتا ہے۔ "احتفَّ جمیع ما فی القدر"۔ ہانڈی میں جو کچھ تھا وہ سب چٹ کر گیا۔
استحفَّ۔ المالَ۔ سب مال لے لینا۔
الحافّ۔ فا۔ تیز نظر بد لگانے والا۔
سویق حافّ۔ تر نہ کیے ہوئے ستو۔ سوکھا ستو۔ خبز حافّ۔ بغیر سالن کے روٹی۔ خشک روٹی کہتے ہیں۔ ج۔ "مالہٗ حافٌّ ولا دافٌّ"۔ اس کے کاموں کی دیکھ بھال کرنے والا یا اس کی خدمت کرنے والا کوئی نہیں۔
الحِفَاف۔ مص۔ جانب۔ نشان قدم کہتے ہیں۔ "جاءَ علی حفافہٖ"۔ وہ اس کے آثار قدم پر آیا۔ گنجے کے سر کے گرداگرد کے بال۔ ج

أَحفّته۔ اور کہا جاتا ہے۔
"کان الطعام حِفافَ ما
اکلوا" کھانا جس قدر انھوں نے
کمایا، اسی قدر تھا۔
الحَفّ۔ مص د۔ والحَفَف، کنارہ
نشان قدم۔ کھوج۔ کہتے ہیں
"جاء علی حَفّه او علی
حَفَفِه" یعنی وہ اس کے
نشان قدم پر آیا۔ وفلانٌ
حفٌ علی نفسه۔
الحَفَف۔ مال کی کمی۔ کہتے ہیں۔
"طعامٌ حَفَفٌ": تھوڑا کھانا۔
"ومعیشةٌ حَفَفٌ": تنگ زندگی۔
الحُفَافَة۔ گرے ہوئے بال
وغیرہ۔ بچا ہوا بھوسہ۔
الحَفّان۔ شترمرغ کے بچے۔ واحد
(حَفّانَة)، نوکر چاکر۔ بھرا ہوا برتن
کہتے ہیں "إناءٌ حَفّان" بھرا
ہوا برتن ـــ حَفّان النعام۔
شترمرغ کے پر۔
المِحَفّة۔ [illegible]۔ کپڑا پیٹنے کی
جولاہے کی لکڑی۔ اونٹ کی مقدار
خوراک۔ المَحَفّة۔ گڑھے کے
کنارے کی زمین۔
المَحَفّة۔ عورتوں کی سواری کی پالکی۔
تخت رواں۔ اسٹریچر۔
المَحفوف۔ مفع۔ محتاج۔
حَفَّ ـــ حَفَافًا۔ بھاڑنا۔
[illegible] ایک قسم کا پودا جس کی چھال
کو قدیم مصری کتابت کے کام میں
لیا کرتے تھے۔ واحد حَفَاءَة۔
حَفَتَه (ن) حَفْتًا۔ ہلاک کرنا۔
گردن توڑنا۔ حَفَتَ الشیءَ۔
کوٹنا۔
الحِفْث والحَفِث۔ ج۔ أَحْفَاث

و (الحُفّاث) ج۔ حَفَافِیث
ایک قسم کا بڑا سانپ جو اذیت
نہیں پہنچاتا۔
حَفْحَف۔ پرندہ کی اڑان۔ یا تیر
پھینکنے کی سرسراہٹ۔ یا آگ
بھڑکنے کی آواز۔
حَفَدَ (ض) حَفْدًا وحُفُودًا۔
وحَفَدَانًا واحتَفَدَ ـــ فی
العملِ۔ کام جلد کرنا۔
وحَفَدَہ۔ خدمت کرنا۔
أَحْفَدَ۔ الظلیمُ۔ شترمرغ کا تیز
چلنا ـــ الظلیمَ۔ شترمرغ کو
تیز چلانا۔
الحَفِید۔ پوتا۔ ج۔ حُفَدَاء۔
الحَافِدُ۔ خادم۔ تابع۔ مددگار۔ پوتا۔
ج۔ حَفَدَ وحَفَدَة ـــ الحَفَدَة
نقش ونگار کرنے والا۔
المَحْفِد۔ اصل۔ کوہان کی جڑ۔ کپڑے
کی گل کاری۔ ج۔ مَحَافِد۔
(ـــ والمِحْفَد) جانور کے
چارہ کھلانے کا برتن۔
المِحْفَد۔ پیمانہ کرنے کا پیالہ۔ کپڑے
کا کنارہ۔
المُحتَفِد: من السیوف۔ تیز کاٹنے
والی تلوار۔
حَفَرَ (ض) حَفْرًا واحتَفَرَ ـــ
الارضَ۔ زمین میں گڑھا کھودنا۔
حَفَرَ الطریقَ۔ راستہ پر چلنے
سے نشان ڈالنا۔ وحَفَرَ الشیءَ۔
تہ تک معلوم کرنا ـــ العنزَ۔
بکری کو دبلی کرنا۔
حَفَرَ (ض) حَفْرًا وحَفِرَ (س)
حَفَرًا وحُفِرَ۔ دانتوں کی زردی
کے باعث ان کی جڑوں کا خراب
ہو جانا۔

أَحْفَرَ ـــ الصبیُّ۔ بچہ کا دودھ
کے دانت گرانا ـــ ہ۔ بڑا
کنواں کھودنے میں کسی کی مدد کرنا۔
حَافَرَ۔ الیربوعُ۔ جنگلی چوہے کا
اپنے طالب پر سوراخ کو ملتبس کر
دینا۔ اور اسی سے یہ مثل مشہور
ہے:" فلان اروغ من یربوع
محافر۔
تَحَفَّرَ۔ السیلُ۔ سیلاب کا
زمین میں گڑھے ڈالنا۔
استَحْفَرَ۔ النهرُ۔ نہر کے کُھدنے
کا وقت قریب آپہنچنا۔
الحَفْر والحَفَر۔ فراخ کنواں۔
دانتوں کی زردی۔ کسی کھدی ہوئی جگہ
سے نکالی ہوئی مٹی۔ ج۔ أَحْفَار
جج۔ أَحَافِیر۔
الحُفْرَة۔ ج۔ حُفَر والحَفِیرَة
ج۔ حَفَائِر۔ و ـــ الحَفِیر
گڑھا۔ قبر۔
الحَافِر۔ فا۔ جانور کا کھر۔ ج۔ حَوَافِر
اور قول " النقد عند الحافر"
کا مطلب یہ ہے کہ جب تم جانور
کو خریدو تو بغیر اس کی قیمت ادا
کیے ہوئے جگہ سے نہ ٹلو۔
الحَافِرَة۔ الحافر کا مؤنث۔ کھودی
ہوئی زمین۔ ابتدائی حالت۔
کہا جاتا ہے " الآن قد
تعسّف وقد کان نجیبًا
فی الحافرة۔ وہ اب راہ راست
سے منحرف ہے۔ ابتدا میں وہ شریف
تھا۔ کسی چیز کی طرف لوٹنا۔ اور
اسی سے ہے رجع علی حافرته
او فی حافرته۔ وہ اسی راستہ
سے لوٹ گیا جس سے وہ آیا تھا۔
یا یہ کہ وہ ایک کام تھا۔ پھر وہ اس

سے دست کش ہو گیا مگر اس کے
بعد پھر اسی کام میں لگ گیا اور
کہتے ہیں "رجع فی حافرته"
یعنی بوڑھا ہو گیا۔" والتقی
القومُ فاقتتلوا عندَ
الحافِرَة" یعنی جوں ہی کہ لوگ
آپس میں ملے مصروف بہ پیکار
ہوئے۔

الحِفْرَی۔ ایک ریتلی نبات جو ہمیشہ
سبز رہتی ہے۔

الحَفَّار۔ کھودنے والا۔ اور اکثر گورکن
کو حفار کہتے ہیں

المِحْفَر و المِحْفَرَة و المِحْفَار۔
کھودنے کا آلہ۔ کدال۔

المحفور۔ مئع۔ زرد دانتوں والا۔

حَفَزَه (ض) حَفْزًا۔ پیچھے سے
دھکا دینا۔ کہا جاتا ہے "حَفَزَ
اللیلُ النَّهارَ" یعنی رات
نے دن کو ہٹا دیا۔" و حفزوا
علینا الخیل والرکاب" وہ
گھوڑے اور سوار لے کر ہم پر چڑھ
آئے ۔۔ ه بالرمح۔ کسی
کو نیزہ سے مارنا ۔۔ ه عن کذا۔
دور کرنا۔ جلدی کرانا۔

حَافَزَه۔ زانو بزانو بیٹھنا اور قریب ہونا

تَحَفَّزَ و احتفزَ۔ زانو یا سرین
پر سیدھا بیٹھنا کودنے کے لیے
تیار ہونا۔ کہتے ہیں "احتفز
فی مشیه" اس نے چلنے
میں کوشش کی۔

الحَفْزُ۔ مدت کہتے ہیں "جعلتُ
بینی و بینك حَفْزًا" میں
نے اپنے اور تمہارے درمیان
مدت مقرر کی۔

الحَفوز مِنَ القِسِیّ۔ تیر کو تیزی
سے پھینکنے والی کمان۔

حَفَسَ (ض) حَفْسًا۔ کھانا۔

تَحَیْفَسَ۔ بستر پر تلملانا۔

الحَیْفَس والحَیَفَّس۔ وہ موٹا جس
سے بھلائی کی امید نہ ہو۔ بلا وجہ راضی
یا غصہ ہونے والا۔

حَفَشَه (ض) حَفْشًا۔ چھلکا اتارنا
۔۔ حَفَشَ السیلُ الوادیَ
سیلاب کا وادی کو پانی سے بھر دینا
۔۔ المطرُ الارضَ۔ بارش
کا زمین پر روئیدگی ظاہر کرنا ۔۔
فلانًا۔ دھکا دینا ۔۔
السیلُ۔ سیلاب کا پانی ایک
جگہ جمع ہونا ۔۔ القومُ علیه
قوم کا جمع ہونا۔ حفش فی الامر۔
کسی کام میں کوشش کرنا ۔۔
الفرس۔ گھوڑے کا بار بار دوڑنا
اور ہر بار پہلے سے اچھا دوڑنا۔

حَفِشَ (س) حَفَشًا۔ السحابةُ
بادل کا یکبارگی زور کی بوچھار برسانا
اور پھر رک جانا۔

حَفَّشَ و تَحَفَّشَ ۔۔ الرجل
خیمہ یا جھونپڑے میں رہنا۔

الحافِشَة۔ پانی کے بہاؤ کی جگہ۔ ج
حافِشَات و حَوافِش۔

الحِفْش۔ ٹوکری۔ جھونپڑا یا اون کا
خیمہ۔ کوہان۔ بوسیدہ شے۔ ج
اَحْفَاش و حِفَاش۔

اَحْفَاشُ البیت۔ گھر کے
سامان کی معمولی چیزیں۔

اَحْفَاشُ الاَرضِ۔ سیہی جنگلی
چوہا۔ گوہ وغیرہ۔

حَفَصَ (ض) حَفْصًا۔ الشیءَ۔
جمع کرنا ۔۔ الشیءَ من یده
اپنے ہاتھ سے چیز پھینک دینا۔

الحُفَاصَة۔ جمع کردہ اشیاء۔ ذخیرہ۔

الحَفْص۔ مص۔ چمڑے کا تھیلا۔
چھوٹا گھر۔ شیر کا بچہ۔ ج
اَحْفَاص و حُفُوص۔

الحَفَص۔ بیر وغیرہ کی گٹھلی۔

المِحْفَصَة۔ چمڑے کا تھیلا۔

حَفَضَ (ن) حَفْضًا۔ العودَ
لکڑی کو ٹیڑھا کرنا۔ موڑنا۔
(۔۔ و حَفَّضَ) الشیءَ۔ کسی
شے کو ہاتھ سے پھینکنا۔ ڈالنا۔
۔۔ الارضَ۔ زمین کو خشک کرنا۔
۔۔ القومَ۔ قوم کو اپنے پیچھے
چھوڑ دینا ۔۔ اللہ عنه۔ تخفیف
کرنا۔

الحَفَض۔ گھر کا سامان جو لادنے کے
لیے تیار کیا گیا ہو۔ گھر کا سامان
اٹھانے والا اونٹ۔ وہ بورا جس
میں قوم کا سامان ہو۔ بالوں کا خیمہ
کمزور اونٹ۔ کہتے ہیں۔" انّه
لَحَفَضُ عِلمٍ۔ وہ کم علم ہے گویا
علم کو قلت کی بناء پر حفض سے
تشبیہ دی ہے۔ اور اسی طرح کہا
جاتا ہے "نِعمَ حفض العلم
هذا" یعنی یہ علم کا خوب جاننے
والا ہے۔ ج۔ اَحْفَاض و
حِفَاض۔

حَفِظَ (س) حِفْظًا ۔۔ الشیءَ۔
ضائع ہونے اور تلف ہونے سے
بچانا۔ خراب ہونے سے محفوظ رکھنا
۔۔ الکتاب۔ کتاب کو زبانی
یاد کرنا ۔۔ السرَّ۔ بھید چھپانا
۔۔ المالَ۔ مال کی نگہبانی کرنا

حَفَّظَه ۔۔ الکتاب۔ زبانی یاد کرانا
از بر کرانا۔

حافَظَ۔ حِفَاظًا۔ و مُحَافَظَةً

علی الأمر۔ کسی امر پر ہمیشگی اختیار کرنا۔ نگہبانی کرنا ـــ عنه۔ مدافعت کرنا۔ ہٹانا۔ کہا جاتا ہے "انه لذو حفاظ وذو محافظة" وہ خوددار اور آن بان کا آدمی ہے
أحْفَظَه۔ غصہ دلانا۔
تَحَفَّظَ۔ عنه ومنه۔ بچنا۔ ـــ به۔ کسی کی یاد کرنے کی تکلیف دیا جانا ـــ الکتاب۔ کتاب کو تھوڑا تھوڑا یاد کرنا۔
إحْتَفَظَ۔ غضب ناک ہونا ـــ به۔ یاد کرنا ـــ الشیءَ وبالشیء لنفسه۔ کوئی شے اپنے لیے مخصوص کرنا۔
إسْتَحْفَظَه۔ حالاً او سرًّا حال یا کسی بھید کے محفوظ رکھنے کی درخواست کرنا۔
الحِفْظ۔ مص۔ یاد۔ ہوشیاری۔
الحَفِیْظَة۔ نگہبانی۔ بچوں کی حفاظت کا تعویذ۔ ج۔ حَفَائِظ۔
اهل الحَفَائِظ۔ محارم کی نگہبانی کرنے والے۔
الحَفِیْظَة والحِفْظَة۔ لائق حفاظت شے کے لیے غصہ اور جذبۂ حمیت۔
الحَافِظ۔ فا۔ کسی شے کا ذمہ دار۔ الطریق الحافظ۔ واضح سیدھا راستہ جو ختم نہ ہو سکتے ہیں۔ رجلٌ حافظ العین۔ وہ شخص جس پر نیند کا غلبہ نہ ہو۔ ج۔ حُفّاظ وحَفَظَة وحَافِظُون
الحَافِظ والحَفِیْظ من الملائکة۔ اعمال نامہ لکھنے والا فرشتہ۔ والحَفِیْظ۔ محفوظ۔
الحَافِظَة۔ الحَافِظ کا مؤنث۔ قوت حافظہ۔ یاد کرنے کی طاقت۔
المُحْفِظَة۔ غصہ کا محرک کام۔ ج۔ مُحْفِظَات۔ المُحْفِظَات۔ مصیبتیں۔
حَفَلَ (ض) حَفْلاً۔ وحُفُولاً وحَفِیْلاً ـــ الماءُ۔ پانی کا بکثرت جمع ہونا ـــ القومُ لوگوں کا اکٹھا ہونا ـــ الدمعُ آنسو کا کثرت سے ہونا۔ ـــ الوادیُ بالسیل۔ وادی کا سیلاب سے کناروں تک بھر جانا ـــ السماءُ۔ آسمان کا زیادہ بارش برسانا ـــ الشیءُ۔ صیقل کرنا۔ کہتے ہیں "ماحفله وما حفل به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
حَفَّلَه۔ احتیاط سے اکٹھا کرنا۔ مزین کرنا ـــ الشیءَ۔ صیقل کرنا۔ ـــ الناقة۔ اونٹنی کو دوہنا بند کر دینا۔ تاکہ اس کے تھنوں میں دودھ جمع ہو جائے۔
تَحَفَّلَ ـــ اللبنُ۔ دودھ کا تھنوں میں جمع ہونا ـــ فلانٌ۔ مزین ہونا ـــ المجلسُ۔ مجلس کا لوگوں سے بھر جانا۔
احتفل ـــ القومُ۔ جمع ہونا۔ اکٹھا ہونا ـــ المجلسُ۔ مجلس کا لوگوں سے بھر جانا ـــ الوادیُ بالسیل۔ وادی کا سیلاب سے کناروں تک بھر جانا ـــ الطریقُ۔ راستہ کا واضح و نمایاں ہونا ـــ الشیءُ۔ روشن ہونا ـــ بالامر۔ حسن انتظام سے کرنا ـــ فی الامر۔ مبالغہ کرنا۔ کہتے ہیں "ما احتفل به" اس نے اس کی پروا نہیں کی۔
الحَافِل۔ فا۔ ضرعٌ حَافِلٌ۔ دودھ سے بھرا تھن ـــ وادٍ حافلٌ سیلاب سے بھری ہوئی وادی۔ ـــ جمعٌ حَافِلٌ۔ بڑی جماعت ـــ ناقةٌ او شاةٌ حَافِلٌ۔ بہت دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج۔ حُفَّل۔ و حَوَافِل۔
الحَافِلَة۔ الحَافِل کا مؤنث ـــ دارٌ حافلة۔ خوب بھرا ہوا۔ آباد گھر ـــ سوقٌ حافلةٌ بھرا ہوا بازار۔
الحَفْل۔ مص۔ جماعت۔ گروہ۔ کہا جاتا ہے "عنده حفلٌ من الناس"۔ اس کے پاس ایک بڑی جماعت ہے ـــ جمعٌ حفلٌ بڑی جماعت۔
الحَفِیل۔ بہت جیسے جمعٌ حَفِیلٌ۔ بہت بڑی جماعت۔ مکانٌ حَفِیلٌ۔ بھری ہوئی جگہ۔ رجلٌ حَفِیلٌ ہر چیز میں مبالغہ کرنے والا۔
الحُفَال۔ بڑی جماعت۔ بہت جمع شدہ دودھ۔
الحُفَالَة۔ ہر چیز کا ردی حصہ۔ رذیل لوگ۔ جو چیز کھانے میں سے نکال کر پھینک دی جائے۔ حُفَالَةُ اللبَن۔ دودھ کے جھاگ۔
الحَفْلَة اسم مرة۔ کہا جاتا ہے "أخذ للأمر حَفْلَته" اس نے کام میں کوشش کی ـــ "وجاؤوا بحَفْلَتِهِم ومَحْفِلَتِهِم"۔ وہ سب کے سب آ گئے۔

الحَفلیٰ۔ عام دعوت۔
المَحفِل۔ مجلس۔ ج۔ مَحافِل
(۔ والمُحتَفَل)، جمع ہونے کی
جگہ۔ مُحتَفَلُ الامرِ۔ معاملہ کا
بڑا حصہ۔
حَفَنَ (ن) حَفنًا۔ الشیءَ۔ لپ
بھر لینا۔۔۔ لہٗ۔ لپ بھر دینا۔
احتفَنَ۔ الشجرۃَ۔ درخت کو جڑ
سے اکھیڑنا۔۔۔ الشیءَ لِنفسِہٖ۔
اپنے لیے لینا۔ مِنَ الشیءِ۔
بہت لے لینا۔۔۔ الرجلَ۔
دونوں ہاتھ زانو کے نیچے ڈال کر
اٹھانا۔
الحَفنۃ والحُفنۃ۔ لپ کی مقدار
والحُفنۃ۔ گڑھا ج حُفَن۔
حَفا (ن) حَفوًا۔ فلانًا۔ دینا۔
۔۔۔ حَفاہُ مِنَ الشیءِ۔ منع کرنا
روکنا۔۔۔ حَفاہ اللہ بہٖ۔
عزت دینا۔۔۔ حفا البرق
بادل کے اطراف میں بجلی کا ہلکے
سے چمکنا۔۔۔ شارِبَہٗ مونچھوں
کو خوب اچھی طرح صاف کرنا۔
حَفِیَ (س) حَفًا۔ زیادہ چلنے سے
پاؤں کا گھس جانا۔ ننگے پاؤں چلنا
صفت (حَفٍ وحافٍ)
ج۔ حُفاۃ۔۔۔ الفرس۔
گھوڑے کا گھسے ہوئے کھر والا ہونا
(۔۔۔ حِفاۃً وحَفاوۃً و
حِفایۃً و تَحفایۃً۔ و
احتفیٰ)۔ بہٖ۔ بہت اعزاز
اور خوشی کا اظہار کرنا۔۔۔ حَفِیَ
عنہ۔ حالت بہت پوچھنا۔
حافاہُ مُحافاۃً۔ گفتگو میں جھگڑنا۔
اَحفیٰ اِحفاءً۔ گھسے ہوئے کھر والا
جانور رکھنا۔۔۔ السوالَ۔ سوال
کو بار بار دہرانا۔۔۔ ۵۔ اصرار
کرنا۔ خبر معلوم کرنے پر اکسانا۔
۔۔۔ الیہ فی الوصیۃ۔ وصیت
میں مبالغہ کرنا۔۔۔ بہٖ۔ عیب
لگانا۔۔۔ شاربَہٗ۔ مونچھیں
کترنے میں مبالغہ سے کام لینا۔
تَحَفّیٰ۔ فی الشیءِ۔ کوشش کرنا۔
۔۔۔ لہٗ۔ بہت عزت کرنا۔
تَحافَیا۔ الی السُّلطان فیصلہ
کے لیے بادشاہ کے پاس جانا۔
احتفیٰ۔ ننگے پاؤں چلنا۔ جوتا اتارنا۔
۔۔۔ البقلَ۔ سبزی کو اس کے
چھوٹے ہونے کی وجہ سے انگلیوں
کے پوروں سے اکھیڑنا۔۔۔
القومُ المرعیٰ۔ چراگاہ میں
کچھ نہ چھوڑنا۔
استحفیٰ۔ ۵۔ عن کذا۔ کسی
شخص سے کسی چیز کے متعلق مبالغہ
سے دریافت کرنا۔
الحَفاء۔ کھر یا پاؤں کی گھسائی۔
الحِفایۃُ والحَفاوۃُ والحِفیۃ
بمعنی الحفاء۔
الحَفِیّ۔ کسی چیز کے متعلق پورا پورا علم
رکھنے والا۔ عزت و اکرام، و
اظہار خوشی میں مبالغہ کرنے والا۔
کسی شخص کے حالات بہت پوچھنے
والا۔ سوال کرنے میں اصرار کرنے
والا۔ ج۔ حُفَواء۔
حَقَّہٗ (ن) حَقًّا۔ حق میں غالب آنا
۔۔۔ حَقَّ الامرَ۔ حق کو ثابت کرنا۔
۔۔۔ الخبرَ۔ خبر کی حقیقت تک
پہنچنا۔۔۔ العقدۃَ۔ گرہ
باندھنا۔۔۔ الرجلَ۔ وسط
سر یا مونڈھے کے گڑھے پر مارنا۔
۔۔۔ الطریقَ۔ وسط راستہ چلنا۔
حَقَّ (ض) حَقًّا۔ علیہ ان یفعل
کذا۔ واجب ہونا۔ کہتے ہیں۔
"حَقَّ لکَ ان تفعل کذا
وحَقِقتَ ان تفعل کذا"
یعنی اس کا کرنا تمھارے لیے سزاوار
ہے اور تم اس کے کرنے کے
لائق ہو۔
حَقَّ (ن ض) حَقًّا وحَقّۃً۔۔۔
الامرُ۔ ثابت ہونا۔ واجب ہونا
۔۔۔ الحاجۃُ۔ ضرورت کا سخت
ہونا۔
حَقَّ (س)، حَقَقًا۔۔۔ الفرسُ۔ دوڑنے
میں گھوڑے کا اگلی ٹانگوں کی جگہ
پچھلے پاؤں رکھنا۔ صفت (اَحَقّ)
حَقَّقَہٗ۔ تاکید کرنا۔ واجب کرنا۔
حَقَّقَ القولَ او الظنَّ۔ کسی
قول یا گمان کی تصدیق کرنا۔
حاقَّہٗ۔ مُحاقّۃً وحِقاقًا۔۔۔
فی الامرِ۔ کسی امر میں جھگڑا کر
کے اپنی حقداری کا مدعی ہونا۔ کہتے
ہیں۔ "ان لہ کذا وکذا لا
یحاقّہ فیہ احد" اس کے
لیے ایسا اور ایسا ہے۔ اس میں
کوئی اس سے جھگڑا نہیں کرسکتا۔
اَحَقَّ۔ حق کہنا۔۔۔ اَحَقَّہٗ۔ حق
حاصل کر لینا۔۔۔ اَحَقَّ الامرَ۔
کسی امر کو ضروری (واجب) ٹھہرانا۔
اور حق ثابت کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"اَحَقَّ علیہ القضاءَ" یعنی قضا
کو اس کے ذمہ واجب کیا۔۔۔
اَحَقَّ الرمیۃَ۔ تیر اندازی کے
وقت ہی مار ڈالنا۔
تحقّقَ۔ الخبرُ۔ خبر کا پایہ ثبوت کو
پہنچنا۔۔۔ الرجلُ الامرَ۔
یقین کرنا۔

تخاقّاً۔ حق کے لیے ایک دوسرے سے جھگڑنا اور فیصلہ کے لیے جانا۔

اِنْحَقَّ۔ الرباطُ۔ رسی کا بندھ جانا

اَحْتَقَّ۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا دبلا ہونا۔ احتقّت الطعنة به نیزہ کی ضرب کا کسی کو فی الحال مار ڈالنا۔ احتق القومُ۔ ہر ایک کا یہ کہنا کہ میرے پاس حق ہے۔ الناقةُ۔ اونٹنی کا موٹی ہونا۔ احتقلہ الی کذا۔ یعنی اس کو مؤخر کیا اور اس پر تنگی ڈالی۔

استحقّلہ۔ ضروری و واجب قرار دینا۔ استحق الدَّینُ۔ قرض کی ادائیگی کا وقت قریب آ پہنچنا۔ الناقةُ۔ موٹی ہونا۔ الرجلُ۔ کسی کا گناہ کر کے مستحق سزا ہونا۔

الحَقّ۔ مص۔ سچائی۔ راستی۔ یقین انصاف۔ ثابت شدہ۔ نصیب مال۔ ملک۔ ہوشیاری۔ فیصل شدہ امر موت۔ ج۔ حقوق۔ کہا جاتا ہے "ھو حق بکذا"۔ وہ اس کے لائق ہے۔ "و لَحَقُّ لَا اٰتیکَ"۔ بغیر تنوین کے یعنی قسم ہے حق اللہ کی۔ میں تمہارے پاس نہیں آؤں گا۔ "وحقًّا لا اٰتیک"۔ بلا لام مع تنوین۔ حقوق الدار گھر کے منافع۔

اَلْحَقّة۔ مص۔ حق۔ یہ لفظ حق سے خاص ہے۔ کیونکہ اس سے حصہ معین و مخصوص مراد ہوتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں "ھذہ حقّتی"۔ یہ میرا مخصوص حق ہے۔ حقیقت امر۔ کہتے ہیں "وقفت علی حقّة ذلک الامر"۔ میں اس امر کی حقیقت تک پہنچا۔ مصیبت۔

الحَقّ۔ مونڈھے کے سرے کا گڑھا۔ سرین کا سرا۔ بازو کے اوپر کا حصہ زمین کا گول ٹکڑا۔ یا پست زمین۔ مکڑی کا جالا۔ وحق الطیب خوشبو کی ڈبیہ۔ ج۔ حِقاق۔

الحُقّة۔ [illegible] مصیبت۔ عورت [illegible] حُقَق و حِقاق۔

الحِقّ۔ مِنَ الابل۔ چوتھے سال والا اونٹ۔ نر ہو یا مادہ۔ اور اس کا یہ نام یوں پڑتا ہے کہ وہ اس عمر میں باربرداری کے قابل ہو جاتا ہے۔ وہ اونٹنی جس کے دانت بڑھاپے کے سبب گر گئے ہوں۔

الحِقّة۔ حق و واجب۔

الحَقیق۔ لائق۔ سزاوار۔ کہتے ہیں "ھو حقیق ان یفعل کذا"۔ وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔ ھو حقیق بکذا۔ وہ اس کے لائق ہے۔ والحقیقُ علی الشیءِ۔ حریص لالچی۔ ج۔ اَحِقّاء۔

الحَقیقة۔ واجب الحمایت چیز۔ کہا جاتا ہے "ھو حامی الحقیقة" "فھو من حُماة الحقائق"۔ وہ اس چیز کی حفاظت کرتا ہے جس کا دفاع اس کے لیے ضروری ہے حق۔ وہ لفظ جو اپنے معنی موضوع لہ پر دلالت کرے۔ حقیقة الشیءِ۔ چیز کا منتہی اور اس کی اصل۔ ج۔ حقائق۔

الحاق۔ فا۔ وسط۔ بیچ۔ کہا جاتا ہے۔ "سقط علی حاق راسه"۔ اس کے بیچ سر پر گرا۔ "وجئتُه فی حاق الشتاءِ"۔ میں اس کے پاس وسط سرما میں آیا۔ "ورکب حاق الطریق"۔ وہ بیچ راستہ پر چلا۔ کسی صفت میں کمال رکھنے والا۔ کہا جاتا ہے رجل شجاع حاق الشجاع۔ وہ بہادری و شجاعت میں کامل ہے۔ "واخذنی حاق الجوع"۔ مجھ کو سچی بھوک لگی۔

الحاقّة۔ الحاق کا مؤنث۔ مصیبت آفت۔ قیامت۔ کہا جاتا ہے۔ "ھو رجل حاقة الرجل"۔ وہ مردانگی میں کامل ہے۔ "وھو شجاع حاقة الشجاع"۔ وہ بہادری میں کامل ہے۔

الاَحَقّ۔ افعل التفضیل۔ لہذا قول "ھو احق من فلان" کا مطلب یہ ہے کہ حق گو دونوں کو پہنچتا ہے مگر وہ اس سے زیادہ حقدار ہے۔ کبھی خصوصیت کے معنی بھی دیتا ہے جیسے "زیدٌ احق بماله"۔ یعنی زید ہی بلا شرکت غیرے اپنے مال کا حقدار ہے۔

المُحَقَّق۔ مفع۔ "کلامٌ مُحَقَّق"۔ محقق و مرتب کلام۔ ثوبٌ مُحَقَّق۔ مضبوط بناوٹ کا کپڑا۔

المحقوق۔ مفع۔ لائق۔ قابل۔ سزاوار۔ کہا جاتا ہے "ھو محقوق بکذا"۔ وہ اس کے لائق ہے۔ "ھو محقوق ان یفعل کذا"۔ وہ ایسا کرنے کے لائق ہے۔

الحَقّانی۔ حق کی طرف منسوب۔ جیسے رَبّانی۔ رب کی طرف منسوب۔

حَقَبَ (س) حَقَبًا و اَحْقَبَ — المطرُ۔ بارش کا رک جانا۔ — العامُ۔ سال کا بے بارش

دانا ہونا ـــ المعدنُ۔ معدن
کا ختم ہونا ـــ نائلُ فلانٍ
کسی کی مہربانی وفضل کا کم یا منقطع
ہونا ـــ الامرُ۔ معاملہ کا خراب
ہونا۔
اَحْقَبَہ۔ پیچھے سوار کرنا۔
اَحْتَقَبَ ـــ الاثمَ۔ مرتکب گناہ
ہونا ـــ زیدًا علیٰ ناقتہ۔
پیچھے سوار کرنا۔ (ـــ واستحقب)
الشیَٔ۔ کسی چیز کا ذخیرہ کرنا۔
کجاوہ یا پالان کے پیچھے باندھنا۔
الحُقُبُ۔ ج۔ حِقاب (والحُقُب)
ج۔ اَحْقاب۔ واَحْقُب۔
اسّی سال یا اس سے زائد کا زمانہ۔
زمانہ۔ ایک سال یا بہت سے
سال۔
الحَقَبُ۔ اونٹ کا تنگ۔ زیور لٹکانے
کا عورت کا کمر بند۔
الحِقْبَۃ۔ مدت۔ سال۔ ج حِقَب
و حُقُوب۔
الحِقَاب۔ عورت کا کمربند جس میں وہ
زیور لٹکاتی ہے۔ ناخن کے جڑ کی
سفیدی۔ ج۔ حُقُب۔
الحَقِیْبَۃُ۔ سوار کے پیچھے گھوڑے پر
باندھنے والی چیز۔ مسافر کا خوراک
وغیرہ رکھنے کا تھیلا۔ ج۔
حَقائِب۔
الاَحْقَب۔ گورخر۔ مؤنث۔ حَقْباء
حَقَدَ (ض) حِقْدًا وحَقَدًا و
حَقِیْدَۃً و حَقِدَ (س) حَقَدًا
و تَحَقَّدَ ـــ علیہ۔ کینہ
و بغض رکھنا۔ صفت (حاقِد)
ج۔ حَقَدَہ۔
ـ حَقِدَ المطرُ۔ بارش کا رک جانا۔
ـ المعدنُ۔ کان کا ختم ہوجانا

اور اس میں سے کچھ نہ نکلنا۔
ـــ الناقۃُ۔ اونٹنی کا چربی
سے بھر جانا۔
اَحْقَدَہ۔ کینہ ور بنانا۔
تَحاقَدَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے سے
کینہ رکھنا۔
احتقد۔ المطرُ۔ بارش کا رکنا۔
ـــ علیٰ فلانٍ۔ کینہ رکھنا۔
الحِقد۔ ج۔ اَحْقاد و حُقُود۔
و (الحقیدۃ) ج۔ حَقائِد۔
دلی کینہ۔ پوشیدہ دشمنی۔
الحَقُود۔ بہت کینہ رکھنے والا۔
حَقَرَ (ض) حَقْرًا و حُقْرِیَّۃً۔
ـــ ہٗ۔ حقیر سمجھنا۔ چھوٹا جاننا۔
حقرا لشیُٔ او الرجلُ۔ کم قدر
ہونا۔ ذلیل ہونا۔
حَقِرَ (س) حَقَرًا وحَقُرَ (ك)
حِقَارَۃً۔ ذلیل ہونا۔ صفت
(حَقِیر وحَیْقَر وحَیْقُر)
حَقَّرَہ۔ ذلیل کرنا۔ کم قدر کرنا۔
اَحْقَرَہ واحتقرہ واستحقرہ۔
ذلیل سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
تَحاقَرَ۔ اپنے آپ کو ذلیل کرنا۔
کہتے ہیں "تحاقرت الیہ نفسہ"
ذلیل ہوگیا۔
الحَقارۃ والحِقارۃ والحُقارہ
والمحقرہ۔ ذلت۔ کم قدری۔
کہا جاتا ہے "ھٰذا الامرُ محقرۃٌ
لك"۔ یہ امر تم کو حقیر و ذلیل کر
دے گا۔
المُحَقَّرات۔ چھوٹے چھوٹے۔ ادنی چیزیں
الحَیْقُط والحَیْقُطان۔ تیتر۔ بعض
کے نزدیک۔ نر تیتر۔ مؤنث۔
(الحَیْقُطانۃ)
حَقَفَ (ن) حُقُوفًا۔ الظبیُ

ہرن کا ریت کے تودہ میں بیٹھنا۔ یا
ہرن کا جسم کو ٹیڑھا کرکے اور موڑ کر
بیٹھنا ـــ الشیُٔ۔ خمدار ہونا۔
صفت۔ (حاقِف)
اَحْقَوْقَفَ۔ لمبا و ٹیڑھا ہونا۔
الحِقْف۔ ریت کا لمبا اور پیچ دار
قطعہ۔ ج۔ اَحْقاف و حُقُوف
و حِقاف و حِقَفَۃ۔ جج
حَقائِف۔
المحقف۔ کھانا پینا ترک کرنے والا۔
حَقِلَ (س) حَقَلًا و حَقْلَۃً۔
البعیرُ او الفرسُ۔ اونٹ یا
گھوڑے کا مٹی کھانے سے پیٹ کے
درد میں مبتلا ہونا۔
حاقَلَہ۔ مُحاقَلَۃً۔ کھڑی کھیتی کو پکنے
سے پہلے بیچنا۔
اَحْقَلَت ـــ الارضُ۔ زمین کا قابل
زراعت ہونا۔ احقل الزرعُ۔
کھیتی کا پتے نکالنا ـــ الرجلُ
فی الرکوب۔ سوار کا سواری
کی پیٹھ سے چمٹنا۔
اِحْتَقَلَ۔ اپنا کھیت لگانا۔
الحَقْلُ۔ قابل کاشت زمین۔ سبز
کھیتی۔ ج۔ حُقُول۔ واحد
(حَقْلَۃ)
الحُقَل۔ ہو وج بالکل۔ (والحَقَلَۃ)۔
گھوڑے یا اونٹ کے پیٹ میں مٹی
ملا چارہ کھانے سے درد۔
الحُقْلَۃ۔ بتثلیث الحاء۔ باقی
ماندہ دودھ یا پانی۔ ردی کھجور کھجور
کا بچا کھچا۔
الحاقِل۔ فا۔ کاشتکار۔
المَحْقَلۃ۔ بویا ہوا کھیت۔
الحَقِیمان۔ آنکھوں کے دو بیرونی
کونے۔

حَقَنَه (ن ض) حَقْنًا۔ روک لینا
بند کرنا۔ اور اسی سے ہے۔
"حقن بوله" اس نے پیشاب
کو روک لیا ـــ دَمَهُ۔ خون کو
گرنے سے بچایا ـــ مَاءَ وجهه
آبرو کی حفاظت کرنا ـــ
اللبن۔ دودھ کو مکھن نکالنے
کے لیے مشکیزہ میں جمع کرنا ـــ
المریضُ۔ بیمار کا پیشاب رکنا۔
حقنہ کا استعمال کرنا ـــ
الدمُ۔ خون کا زخم میں جمع ہونا۔
الحُقْنَة۔ ہر وہ دوا جو بیمار کے مقعد
سے فضلہ نکالنے کے لیے
چڑھائی جائے۔
الحَقْنَة۔ پیٹ کا درد۔ ج۔ اَحْقَان۔
الحَاقِن۔ فا۔ پیشاب روکنے والا
اور اسی سے یہ مثل مشہور ہے۔
"لَا رَأْيَ لِحَاقِنٍ" یعنی پیشاب
روکنے والے کی رائے میں کوئی
وزن نہیں۔ کیونکہ اس حالت میں
وہ اپنے اختیار میں نہیں ہوتا۔
گویا ایسے مُضطر شخص کے لیے یہ
مثل بولی جاتی ہے جو خود اپنے
امر کا مختار نہ ہو۔
الحَاقِنَة۔ الحاقن کا مؤنث۔
معدہ۔ ہنسلیوں کا درمیانی حصہ۔
ج۔ حَوَاقِن۔ اور اسی سے یہ
مثل مشہور ہے: "لَأُلْحِقَنَّ
حَوَاقِنَكَ بِذَوَاقِنِكَ" جو
تہدید و دھمکی کے موقع پر بولی
جاتی ہے۔
الحَقِين۔ روکا ہوا۔ جمع کیا ہوا۔
کہتے ہیں۔ "سقاه اللبن
الحقين" یعنی اس نے اس کو
مشکیزہ میں رکھا ہوا دودھ پلایا۔

ج۔ حقنٰی۔
المِحْقَن والمِحْقَنَة۔ حقنہ کی پچکاری
المِحْقَن۔ دودھ جمع کرنے کا مشکیزہ۔
المِحْقَان۔ پیشاب روکنے والا۔
عام لوگ المِحْقَن اور المِحْقَان
کو پانی کی ٹنکی یا حوض کے لیے
استعمال کرتے ہیں۔
حَقَاه (ن) حَقْوًا۔ کوکھ پر مارنا۔
حُقِيَ۔ درد کمر سے بیمار ہونا۔ گوشت
کھانے سے درد شکم والا ہونا۔
صفت (مَحْقُوّ و مَحْقِيّ)
تَحَقَّى۔ درد کمر کی شکایت رکھنا۔
الحَقْو۔ کوکھ۔ ازار۔ پہاڑ کا کنارہ
ج۔ حِقَاء وَاَحْقٍ واَحْقَاء
وحُقِيّ۔ کہتے ہیں ـــ
"لَاذَ بِحَقْوِهِ" اس نے اس سے
فریادرسی چاہی۔
الحِقَاء والحَقْوَة۔ ازار یا ازار
کے باندھنے کی جگہ۔ گوشت کھانے
سے پیٹ کا درد۔
حَكَّ (ن) حَكًّا۔ الشيءَ بالشيءِ
او علیه۔ رگڑنا۔ گھسنا ـــ
الشيءَ۔ چھلکا اتارنا (ـــ
وَاَحَكَّ واحتَكَّ) الكلامُ
في صدره۔ بات کا دل میں گھر
کر جانا۔ کہتے ہیں۔ "ما حَكَّ في
صدری کذا" مجھ کو یہ بات
نہیں جچی۔ حَكَّهُ وَاَحَكَّهُ
اِحْكَاكًا واحتَكَّهُ واستَحَكَّهُ۔
سر کھجلانا ـــ واحتَكَّ بالشيءِ
کسی شے کے ساتھ لازم ہونا۔
حَاكَّ۔ مُحَاكَّةً وحِكَاكًا ـــ
الرجلَ۔ مقابلہ کرنا۔ برابری کرنا
تَحَكَّكَ۔ بہ۔ کسی کے ساتھ برائی
کرنے پر تیار رہنا۔ مثل ہے۔

"تَحَكَّكَت العقربُ بالحية"
یعنی بچھو سانپ کو تکلیف دینے پر
تیار ہوا۔ یہ مثل اس شخص کے حق
میں بولی جاتی ہے جو اپنے سے
زیادہ طاقتور سے مقابلہ کرے۔
تَحَاكَّ۔ ایک دوسرے کو کھجلانا۔ آپس
میں مقابلہ کرنا۔
الحِكّ۔ جِک (ـــ والحِكَاك)
جانور کے کھجلانے کے لیے درخت
کا تنہ۔ کہتے ہیں "فلانٌ حِكُّ
او حِكَاكُ شَرٍّ" فلاں بہت شر
انگیز ہے۔
الحُكّ۔ ملاحوں کا قطب نما۔
الحُكَاكَات۔ وسوسے۔ شکوک۔ واحد
(حُكَاكَة)
الحَكَك۔ سنگ مرمر کے مشابہ سفید
پتھر۔ مونڈھے ہلاتے ہوئے چلنے والی
عورت کے مانند رفتار۔
الحَكَّة۔ نرم پتھروں والی زمین۔
الحُكَك۔ شریر لوگ۔ بہائی والے۔
اپنی حاجتوں کی طلب میں اصرار کرنے
والا۔ واحد
الحِكَّة۔ حَكَّ۔ کا اسم۔ خارش۔
کھجلی ـــ حِكَّةُ الانفِ
ناک میں سوزش و جلن جو ٹھنڈی ہوا
سونگھنے سے پیدا ہوتی ہے۔ اور
اس کا اثر دماغ تک پہنچتا ہے۔
آنکھوں سے آنسو جاری ہو جاتے
ہیں۔ شک۔
الحَاكَّة۔ دانت۔ کہا جاتا ہے: "مَا
بَقِيَ في فمه حَاكَّة" اس
کے منہ میں کوئی دانت نہیں بچا۔
الحُكَاك۔ بورک ایسڈ۔ قلمی شورہ کھجلی
دار ایک بیماری۔
الحُكَاكَة۔ کھرچن۔ کھرچ کر اتاری ہوئی

چیز۔

الاَحْکَاك۔ ہم کفو لوگ۔ کہتے ہیں۔ "لست مِن اَحْکَاکِہ" تم اس کے مردوں میں سے نہیں ہو۔

الاَحَكّ۔ جس کے منہ میں دانت نہ ہوں۔ پوپلا۔ تراشا ہوا کھُر۔

الحَکَّاك۔ بہت کھرچنے والا۔ بہت رگڑنے والا۔ امتحان کے لیے سونے کو رگڑنے والا۔

المَحَكّ۔ کسوٹی۔

المُحَکَّك۔ مفع۔ الجِذْلُ المُحَکَّك۔ تنہ جو خارشی اونٹ کے کھجلانے کے لیے نصب کیا جاتا ہے۔ کہتے ہیں "انا جُذَیْلُھَا المُحَکَّكُ وعُذَیقُھَا المُرَجَّب" یعنی میری رائے سے اس طرح شفا حاصل کی جاتی ہے جس طرح اونٹ تنہ سے شفا حاصل کرتا ہے۔

حَکَأَ (ف) حَکْأً و اَحْکَأَ و احْتَکَأَ — العقدۃَ۔ گرہ باندھنا۔ مضبوط کرنا۔ کہا جاتا ہے — "اِحْتَکَأَت العُقْدَۃُ" گرہ کا کسنا۔ مضبوط ہونا۔ کہتے ہیں۔ "اِحْتَکَأَ الشیُٔ فی صدری" وہ چیز میرے دل میں بیٹھ گئی۔ اور اب مجھے شک نہ رہا۔

الحُکَأۃ و الحُکَاءۃ۔ بڑا گرگٹ۔

حَکَرَہ (ض) حَکْرًا۔ گھٹانا۔ ظلم کرنا۔ بری معاشرت رکھنا۔ زندگی بسر کرنے میں تنگی و مشقت ڈالنا۔

حَکِرَ (س) حَکَرًا۔ اصرار کرنا۔ ضد کرنا۔ جھگڑالو ہونا۔ صفت (حَکِر) — بالامرِ۔ اپنے لیے مخصوص کر لینا۔ خود مختار و خود سر ہونا — مہنگا فروخت کرنے کے لیے غلہ روک رکھنا۔

حَاکَرَہ۔ مُحَاکَرَۃً۔ جھگڑا کرنا۔ مقابلہ کرنا۔

تَحَکَّرَ و احْتَکَرَ — الشیَٔ۔ مہنگا بیچنے کے لیے روک رکھنا — و تَحَکَّرَ علیہ۔ حسرت و افسوس کرنا۔

الحَکَر۔ مص (ــ) و الحُکْر تھوڑا پانی یا کھانا۔ چھوٹا پیالہ۔

الحَکَر و الحُکْر۔ مہنگا بیچنے کے لیے روکی ہوئی چیز۔ تھوڑا کھانا یا دودھ۔

الحُکْرَۃ۔ غلہ کی بندش۔

الحَاکُورَۃ۔ پائیں باغ۔

حَکَش (ض) حَکْشًا — الرجلُ آدمی کا سکڑنا — الشیَٔ۔ جمع کرنا — الرجل۔ ظلم کرنا

حَکَفَ (ض) حُکُوفًا — الرجل کسی کام میں سست و ڈھیلا ہو جانا۔

حَکِلَ (ن) حَکْلًا و اَحْکَلَ و احْتَکَلَ — الامرُ علیہ۔ دشوار و مشتبہ ہونا۔ غیر واضح ہونا۔

تَحَکَّلَ۔ جہالت سے اصرار کرنا۔

الحُکْل۔ وہ چیز جس کی آواز سنائی نہ دے۔ کہا جاتا ہے۔ "تکلم کلامَ الحُکْلِ" اس نے غیر مفہوم کلام کیا۔

الحَکَل — فی الفرس۔ گھوڑے کے ٹخنوں کا ڈھیلاپن۔

الحُکْلَۃ۔ کلام میں لکنت۔ کہتے ہیں "فی لِسَانِہٖ حُکْلَۃٌ" اس کی زبان میں لکنت ہے۔ جہالت کی وجہ سے اصرار۔

حَکَمَ (ن) حُکْمًا و حُکُومَۃً بالامرِ و للرجلِ۔ او علیہ و بینھم۔ حکم دینا۔ فیصلہ دینا۔

حَکَمَ (ن) حَکْمًا۔ واپس ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَحْکَمَہٗ فاحکم" اس نے اس کو واپس کیا، تو وہ واپس ہو گیا — الفرسَ۔ گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا — ہ۔ عن کذا۔ منع کرنا۔ واپس کرنا۔

حَکُمَ (ك) حِکْمَۃً۔ دانا ہونا۔ دور اندیش ہونا۔ حاکم بنانا — حَکَّمَہٗ فی الامرِ۔ فیصلہ کرنے کے لیے کوئی معاملہ سپرد کرنا — عن کذا۔ لوٹانا اور منع کرنا۔

حَاکَمَہٗ جھگڑا کرنا — حَاکَمَہٗ الی الحاکم۔ حاکم کی طرف بلانا۔

اَحْکَمَ — الشیَٔ۔ مضبوطی سے کرنا — اَحْکَمَتْہُ التجاربُ تجربوں نے اس کو دانا بنا دیا — اَحْکَمَ السفیہَ۔ برے کام کے کرنے سے ہاتھ پکڑ لینا یا اس کے نتیجہ بد سے اس کو واقف و آگاہ کرنا — ہ عن الامرِ۔ روکنا۔ منع کرنا — الفرسَ گھوڑے کے منہ میں حکمہ لگانا۔

تَحَکَّمَ — فی الامرِ۔ اپنی رائے سے فیصلہ دینا۔ حکم نافذ ہونا۔ کسی امر میں اپنی مرضی کے مطابق تصرف کرنا

اِحْتَکَمَ — فی الامرِ۔ ثالث منظور کرنا — الناسُ الی الحاکم لوگوں کا حاکم کے پاس اپنا مقدمہ لے جانا — علی فلانٍ ارادہ کے موافق طلب کرنا — فی الشیٔ۔ اپنی خواہش کے مطابق کسی

چیز میں تصرف کرنا ـــــ الامرُ۔ مضبوط ہونا۔

تَحَاکَمُوا۔ الی الحاکم۔ حاکم کے پاس اپنا جھگڑا لے جانا۔

استَحْکَمَ۔ الامرُ۔ مضبوط ہونا۔ ۔ علیہ الکلامُ۔ کلام کا کسی کے اچھی طرح سمجھ میں نہ آنا۔

الحُکم۔ مص فیصلہ۔ ج اَحْکَام۔

الحَکَم۔ حکم جاری کرنے والا۔ حاکم۔ فیصلہ کرنے والا (مفرد و جمع ہر دو کے لیے استعمال ہوتا ہے) ـــــ رجلٌ حَکَمٌ۔ عمر رسیدہ آدمی۔

الحِکْمَة۔ انصاف۔ حلم۔ بردباری فلسفہ۔ حق کے موافق کلام۔ کام کی درستی۔ ج۔ حِکَم۔

الحَکَمَة۔ لگام کا وہ حصہ جو گھوڑے کے دونوں جبڑوں کے جانب ہو۔ ۔ من الانسان۔ چہرے کا سامنے کا حصہ۔ قدر و منزلت۔

الحُکُومَة۔ مص۔ گورنمنٹ۔

الحَاکِم۔ قاضی۔ گورنر۔ جج۔ ج۔ حُکَّام و حاکمون

الحَکِیم۔ دانا۔ عالم۔ فلاسفر۔ ج حُکَمَاء۔ مؤنث حکیمة۔ ۔ قصیدہ حکمیة۔ دانائی و حکمت سے بھرا ہوا قصیدہ ۔

الحَکِیمُ۔ اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ میں سے ایک اسم۔

الاحکومة۔ تحکم فی الامر۔ کا اسم۔

المُحَکَمَة۔ کچہری۔ ج۔ مَحَاکِم۔

المُحَکَّمُ۔ مفع۔ آزمودہ (ـــــ والمُحکم) اپنے نفس کے ساتھ انصاف کرنے والا۔

حَکَی (ض) حکایةً ـــــ عنہ۔ الکلامَ۔ کسی سے کلام نقل کرنا ـــــ الخبرَ۔ بیان کرنا ـــــ فلانًا۔ کسی سے مشابہ ہونا ـــــ الشیئَ۔ مشابہ بنانا ـــــ حکی علیہ چغلی کھانا ـــــ العُقدة گرہ باندھنا۔

اَحکَی۔ اِحْکَاءً ـــــ العُقدَةَ۔ گرہ مضبوط باندھنا۔

حَاکَی۔ مُحَاکَاةً ـــــ ہ۔ کسی کے مشابہ ہونا۔ مانند ہونا۔

اِحتکی۔ اِحْتِکَاءً ـــــ الامرُ۔ کسی امر کا مضبوط ہونا۔

الحَکِیّ۔ چغلخور (مذکر و مؤنث ہر دو کے لیے)

حَلَّ (ن) حَلًّا ـــــ العُقدَةَ۔ گرہ کھولنا۔

اِنحلَّت۔ العُقدةُ۔ گرہ کا کھل جانا۔

حَلَّ (ن ض) حُلُولًا۔ علیہ امرُ اللہ۔ خدا تعالیٰ کا حکم واجب ہونا۔

حَلَّ (ن ض) حَلًّا و حَلَلًا و حُلُولًا ـــــ المکانَ و بالمکانِ کسی جگہ اترنا ـــــ بہ فی المکانِ۔ کسی کو کسی جگہ اتارنا۔

حَلَّ (ض) حِلًّا ـــــ الشیئُ۔ کسی چیز کا حلال ہونا ـــــ الدَّینُ ادائیگی قرض کا وقت آ پہنچنا ـــــ الیمینُ۔ قسم پوری کرنا ـــــ الرجلُ۔ احرام سے نکلنا۔

حُلَّ ـــــ الجامدُ۔ پگھلایا جانا۔ ـــــ المکانُ۔ آباد ہونا۔

حَلَّ۔ (س) حَلَلًا۔ پاؤں یا ٹخنے میں ڈھیلا پن ہونا۔ صفت (اَحَلّ) ج۔ حُلّ۔

حَلَّلَ۔ تَحْلِیلًا و تَحِلَّةً۔ و تَحِلًّا ـــــ الشیئَ۔ کسی شے کو حلال قرار دینا۔ جائز ٹھہرانا ـــــ الیمینَ۔ قسم کا کفارہ ادا کرنا ـــــ حَلَّلَہٗ بالمکانِ اتارنا۔

اَحَلَّ۔ اِحْلَالًا۔ عہد و میثاق سے آزاد ہونا ـــــ المُحرمُ۔ محرم کا احرام سے نکلنا۔ اشہر حرام کے علاوہ مہینوں میں داخل ہونا ـــــ بنفسہ۔ سزا کا مستحق ہونا ـــــ احلہ بالمکانِ او المکان۔ کسی جگہ اتارنا ـــــ الشیئَ۔ حلال کرنا ـــــ علیہ الامرَ۔ واجب کرنا ـــــ الناقةُ علی ولدھا۔ دودھ جاری ہونا۔

اِنحَلَّ۔ کھل جانا۔

تَحَلَّلَ ـــــ فی یمینہ۔ شرطیہ قسم کھانا۔ اپنی قسم میں مستثنیٰ کرنا۔ جیسے "واللہ لافعلن ذلک اِن شاء اللہ۔ یا۔ اِلّا ان یکون کذا" ـــــ مِن یمینہ۔ کفارہ ادا کر کے قسم سے آزاد ہونا۔

تَحَلَّلَہٗ۔ حلال کر دینے کو چاہنا۔

اِحْتَلَّ۔ المکانُ و بالمکانِ۔ کسی جگہ اترنا۔ کہا جاتا ہے "اِحتَلَّ القومَ و بالقومِ۔ وہ قوم کے پاس ٹھہرا۔

اِستَحَلَّ ـــــ الشیئَ۔ جائز سمجھنا۔ جائز شمار کرنا۔ جائز ٹھہرانے کی اجازت چاہنا۔

الحَالّ۔ فا۔ ج حُلَّل و حُلُول۔ و حُلَّال (الحَلَّال) ـــــ حَالّ کا اسم مبالغہ۔ گرہ کھولنے والا۔

کہتے ہیں۔ "فلانٌ حَلّالٌ للعُقَد کافٍ للمهماتِ"۔ فلاں بہت عقدہ کشا اور مشکلات کے لیے کافی ہے۔

الحِلّ۔ مص۔ حلال۔ جائز۔ مکہ معظمہ کے حرم شریف سے باہر کا علاقہ کسی جگہ اترنے والا۔ کہتے ہیں۔ "مَا زِلتُ حِلاً بهٰذا البلدِ"۔ میں اس شہر میں ہمیشہ اترنے والا ہوں۔ والاشهر الحِلّ "اشهُرِ حُرُم" کے علاوہ مہینے۔

الحِلّ۔ نشانہ۔ قسم سے برایت۔

الحِلّ و الحُلّ۔ احرام سے نکلنے کا وقت۔ کہا جاتا ہے۔ "فعله فی حِلّه وحُرمه"۔ اس نے اس کو احرام کی حالت میں اور احرام سے نکلنے کے وقت کیا۔

الحَلّة۔ حُلُول۔ سے اسم مرة۔ ترکل کا بڑا ٹوکرا۔ (ــ والحِلّة) محلہ۔ مجلس۔ جمع ہونے کی جگہ۔ ــ مِنَ الشیءِ۔ کسی شے کی طرف وسمت۔ ج۔ حِلَلٌ۔ وحِلَال۔ کہا جاتا ہے۔ "فیه حَلّة او حِلّة"۔ اس میں کمزوری ہے ــ الحِلّة۔ اترنے کی ہیئت۔ اترنے والی قوم جس کی تعداد زیادہ ہو۔ کہا جاتا ہے۔ "حیٌّ حِلَالٌ"۔ اترنے والا قبیلہ جو تعداد میں کثیر ہو۔

الحُلّة۔ نیا کپڑا۔ کپڑوں کا جوڑا ہتھیار۔ کہا جاتا ہے۔ "لَبِسَ المحارِبُ حُلَّتَه و بِزَّتَه"۔ لڑنے والے نے اپنا لباس اور اپنے ہتھیار زیب تن کیے۔ ج حُلَل۔ وحِلَال۔

الحَلَالة۔ چرخہ۔

الحَلَالُ۔ جائز و حلال۔ احرام سے نکلنے والا۔ "السحر الحلال"۔ وہ عجیب باتیں جن سے عقل دنگ رہ جائے اور شیطانی اثر سے وہ پاک ہوں۔

الحِلَال۔ حَلَال۔ کجاوہ کا سامان۔ عورتوں کی ایک سواری۔

الحَلِیل۔ حَلَال۔ خاوند۔ (ــ والحَلِیلَة) بیوی ــ حَلِیْل۔ ایک گھر میں ساتھ رہنے والا۔ ج۔ اِحِلّاء۔ مؤنث حَلِیل وحلیلة۔ ج۔ حَلَائِل۔

الأحَلّ۔ کمزور ٹانگوں والا۔ مؤنث حَلّاء۔ ج۔ حُلّ۔

الإحْلَال۔ رسوم حج سے فراغت۔

الإحْلِیل۔ پیشاب نکلنے کا سوراخ۔ تھن کا سوراخ جس سے دودھ نکلتا ہے۔ ج۔ أحَالِیل۔

التَّحِلّة۔ قسم کا کفارہ۔ قسم میں استثناء۔

التحلیل۔ بمعنی احلیل۔

المَحَلّ۔ اترنے کی جگہ۔ ٹھیرنے کی جگہ۔ ج۔ مَحَالّ۔

مَحِلّ ــ الدَّینَ۔ قرض کی میعاد۔

المُحِلّ۔ فا۔ رجلٌ مُحِلٌّ حرم کی پردہ دری کرنے والا۔ بے عہد آدمی۔

المَحَلّة۔ اترنے کی جگہ۔

المُحَلّل۔ مفع ــ مَاءٌ مُحَلَّلٌ۔ اونٹوں کے اترنے سے گدلا ہو جانے والا پانی ــ مکانٌ مُحَلَّلٌ۔ لوگوں کے زیادہ ٹھیرنے کی جگہ۔

حَلَأه (ف) حَلأً۔ بالسیفِ۔ تلوار سے مارنا ــ ہ بالسوط۔ کوڑے سے مارنا ــ بہ الارضَ زمین پر پچھاڑنا ــ حَلَأه الشیءَ۔ کسی کو کوئی شے دینا ــ حَلَأ الجلدَ۔ کھرچنا۔ چھیلنا ــ حَلَأه و أحلأه۔ کسی کے سرمہ لگانا یا انجن لگانا ــ حَلَأ لَه حَلوءً۔ کسی کے لیے سرمہ یا انجن رگڑنا۔ گھِسنا۔

حَلِئَ۔ (س) حَلَأً ــ الادیمُ کھال اتارتے وقت چھری لگ کر کھال کا خراب ہونا۔ ــ حَلِئَت الشفة۔ ہونٹ پر آبلہ پڑ جانا۔

حَلّأه۔ تحلیئاً و تحلِئَةً ــ عَنِ الماءِ۔ پانی پر اترنے سے روک دینا ــ ہ۔ الشیءَ۔ کسی کو کوئی شے دینا۔

الحَلُوء الحُلَاءَة۔ سرمہ۔ چمڑے کی جھلی جو رنگنے والا اتارتا ہے۔

الحَالِئَة۔ بڑا زہریلا سانپ۔

الحِلأ و التحلِیء و التحلِئَة۔ چمڑے پر کے بال۔ چمڑے کا میل اور اس کی سیاہی۔ ــ التحلِیء۔ چھری لگا ہوا چمڑا ــ الحَلَأء۔ بخار کے بعد ہونٹوں پر کا چھالا۔

التحلِئَة۔ مص۔ بوجھل۔ بھاری۔ رجل تحلِئَةٌ۔ بوجھل آدمی۔

المِحلأ والمِحلَاءة۔ چمڑا صاف کرنے کی چھری۔

حَلَبَ (ن ض) حَلْباً وحَلَباً۔ وحِلَاباً ــ الشاةَ۔ بکری کا

دوہنا۔ کہا جاتا ہے "حَلَبَ الدھرَ اَشطُرَہٗ" یعنی زمانہ کی بھلی بری باتوں کو اس نے خوب آزما لیا۔ اَشطُر۔ اونٹنی کے تھن کے بالکھ کو کہتے ہیں۔

کہتے ہیں "حلبتَ بالساعد الاشد" یعنی تم نے ایسے سے مدد لی جو کام کو بخوبی انجام دے سکتا ہے۔ مالہ حَلَبٌ و لاجَلَبٌ" یعنی اس کے پاس نہ اونٹنیاں ہیں نہ اونٹ ـــــ حَلَبَ الرجلُ۔ زانو کے بل بیٹھنا۔

حَلَبتُ و اَحلَبتُ ـــ الرجلَ دوسرے کے لیے دودھ دوہنا۔

حَلَبتُہ و اَحلَبتُہ ۔ ناقتی اونٹنی کو دودھ دوہنے کے لیے دینا۔

حَلَبَ القومُ حَلبًا و حُلُوبًا۔ و اَحلَبُوا۔ کسی کی مدد کے لیے قوم کا ہر طرف سے سمٹ آنا۔

حَلِبَ (س) حَلَبًا ـــ الشعرُ بال کا کالا ہونا۔

حَالَبَہ۔ ساتھ مل کر دودھ دوہنا۔

(ـــ و اَحلَبَہ) مدد دینا۔

تَحَلَّبَ و انحَلَبَ ـــ العرقُ او الدمعُ پسینہ یا آنسو کا بہہ پڑنا ـــ عینُہٗ۔ آنکھ کا آنسو بہانا ـــ فمُہٗ۔ منہ کا تھوک ٹپکانا۔ رال ٹپکانا۔

اِحتَلَبَ و استَحلَبَ۔ دودھ نکالنا ـــ احتلب الناقۃَ اونٹنی کا دودھ دوہنا ـــــ استَحلَبَ القومُ۔ قوم کا مدد کے لیے جمع ہونا۔

الحَلَبُ۔ مص (ن) و الحَلِیبُ، دوہا ہوا دودھ۔ کہتے ہیں "شَرِبتُ حَلَبًا" میں نے تازہ دودھ پیا۔ کھجور کی شراب ـــ "حلب الکرم وحلب العصیر" شراب۔

کہتے ہیں "ذاقوا حَلَبَ امرِھِم" یعنی انھوں نے اپنے کام کا خمیازہ بھگتا ـــ و دمٌ حلیبٌ" تازہ خون۔ کہا جاتا ہے۔ "ناقۃٌ حلبیٌّ" رکبیٌّ و (حَلبانۃ) رکبانۃٌ۔ دودھ دینے والی اور سواری دینے والی اونٹنی۔

الحَلبَۃ ایک بار دوہنا۔ گھوڑوں کی ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہتے ہیں۔ "ھو یرکض فی کل حلبۃ من حلبات المجد" وہ بزرگی و شرافت کی ہر دوڑ میں دوڑتا ہے ـــ الحَلبَۃ۔ گھوڑے جو دوڑانے کے لیے مختلف طرفوں سے جمع کیے جائیں۔ ج حَلَبَات و حَلَائِب۔

الحَلبَتَان۔ صبح و شام (ان دونوں وقتوں میں دودھ دوہنے کی وجہ سے ان کا یہ نام پڑا)۔

الحُلبَۃ۔ میتھی۔

الحُلبَۃ۔ بکریوں کا ایک حصہ جو ریوڑ سے الگ ہو جائے۔

الحَالِب۔ فا۔ دودھ نکالنے والا۔ ج۔ حَلَبَۃ۔

الحَالِبَۃ۔ عضو کے اردگرد کی رگیں ج۔ حَوَالِب۔

حَوَالِبُ البِئرِ۔ پانی کی سوتیں یا سرین۔ اسی طرح حَوَالِبُ العین۔ یا۔ حَوَالِبُ الانف وہ رگیں جن سے آنکھ کے آنسو یا ناک کی ریزش نکلتی ہے۔

الحَالِبَان ۔ وہ دو رگیں جن سے پیشاب گردہ اور مثانہ میں آتا ہے۔

الحِلَاب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔

الحَلَّاب۔ بہت دوہنے والا۔

"یومٌ حلابٌ" نمناک دن۔

الحَلُوب و الحَلُوبَۃ۔ من الابل او الغنم۔ دودھ دینے والی اونٹنی یا بکری ـــ دوہی ہوئی۔ ج۔ حُلُب و حَلَائِب۔

الحَلَائِب۔ جماعتیں۔ کسی کے معاونین و مددگار۔ چچیرے بھائی۔

الحُلبُوب۔ کالا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اسود حُلبُوب" بہت کالا۔

الحِلِبلَاب۔ عشق پیچہ کی بیل۔

الحُلَّب و الحُلَّبَان و الحِلِبَّاب و الحُلبُوب۔ نباتات کے نام۔

کہتے ہیں۔ شاۃٌ (تِحلَابَۃ و تُحلُبَۃ و تِحلِبَۃ۔ و تُحلُبَۃ و تَحلُبَۃ) گیابھن ہونے سے پہلے دودھ دینے والی بکری۔

المِحلَب۔ دودھ دوہنے کا برتن۔ ج۔ مَحَالِب۔

المَحلَب۔ دودھ دوہنے کی جگہ ج۔ مَحَالِب۔ ایک درخت جس کے بیج سے خوشبو حاصل کی جاتی ہے۔

المُحلِب۔ فا۔ کہا جاتا ہے۔ "فلانٌ مُحلِبٌ مُجلِبٌ" یعنی فلاں کے اونٹوں نے اونٹ اونٹنیاں دیں اونٹنیوں کا دودھ دوہتا ہے۔ اور اونٹنیوں کو بیچنے کے لیے لے جاتا ہے۔ کسی کا وہ مددگار جو اس کی قوم کا نہ ہو۔

حَلَتَ (ض)، حَلْتًا۔ الرأسَ۔ سر مونڈنا ـــ الصوفَ چمڑے سے اون اکھیڑنا ـــ الدینَ قرض ادا کرنا ـــ ظهرَ الخَیلِ۔ چمٹ کے رہنا ـــ بِسَلْحِه۔ پائخانہ کرنا۔
الحُلاَتة۔ اون اکھیڑتے وقت اس کا گرا ہوا حصہ۔
الاَحْلَت۔ اکھڑے ہوئے بالوں یا اون والا ـــ الحَلِیْت یخ۔ اولہ۔ پالا۔
حَلَجَ (ن ض) حَلْجًا ـــ الخُبْزَة۔ روٹی کا بیلن سے گول کرنا۔ اور بڑھانا ـــ فی المشی۔ آہستہ آہستہ چلنا ـــ فی العَدوِ دوڑنے میں لمبے لمبے قدم رکھنا ـــ القومُ لیلتَهم قوم کا رات کو چلنا۔ کہا جاتا ہے "بات القومُ یَحْلِجُون لَیْلَتَهم" قوم رات بھر چلتی رہی۔
حَلَجَ القُطنَ۔ روئی دھن کر اس میں سے بنولے نکالنا۔ صفت (حَلاَّج) صفت مفعولی۔ (حَلِیج و مَحْلُوج)۔ الحبلَ رسی بٹنا ـــ الرجلَ بالعصا لاٹھی سے کسی کو مارنا ـــ تحلج الحَلُوج۔ بادل کا چمکنا ـــ فی صدرہ۔ بات کا کھٹکنا۔
اِحتَلَجَ۔ حَقَّه۔ حق لے لینا۔
الحَلْجَه و الحَلَجَة۔ مسافت۔
الحَلاَجة۔ دھنیے کا پیشہ۔
الحَلُوج۔ چمکنے والا بادل۔
الحُلُج بہت کھانے والے۔
المِحْلَج و المِحْلاَج۔ روئی دھننے کا آلہ۔ بیلن۔ ج۔ مَحَالِج و مَحَالِیج۔
المِحْلَج وہ لکڑی جس پر چرخی گھومتی ہے۔
المِحْلَج و المِحْلَجة۔ وہ چیز جس پر روئی دھنی جائے۔
حَلْحَل۔ الشیءَ۔ ہلانا۔ ہٹانا۔ القومَ۔ قوم کو ان کی جگہ سے ہٹانا۔ علیحدہ کرنا۔
تَحَلْحَلَ۔ عن مکانه۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ حرکت کرنا۔
الحُلاَحِل۔ اپنے قبیلہ کا سردار۔ بہادر۔ کامل۔ ج۔ حَلاَحِل (اور انھیں معانی میں مُحَلْحَل و مُلَحْلَم ہیں)
حَلَزَ (ن)، حَلْزًا ـــ الجلدَ او العودَ چمڑے یا لکڑی کو چھیلنا۔
تَحَلَّزَ ـــ الشیءُ۔ باقی رہنا ـــ القلبُ۔ دل کا دردمند ہونا۔ ـــ لِلأمرِ۔ کسی امر کے لیے تیار ہونا ـــ بالمکان۔ کسی جگہ اقامت کرنا۔
اِحْتَلَزَ۔ منه حقّه۔ کسی سے اپنا حق لے لینا۔
الحِلَّز۔ بخیل۔ بد خلق۔ پست قد۔ اُلّو۔ ایک قسم کا غلہ۔ واحد۔ (حِلَّزَة)
الحَلَزُوْن۔ ایک قسم کا آبی جانور۔
الحَلَزُونَة ـــ فی عرف الحَدّادین و النّجّارین۔ لوہاروں اور بڑھئیوں کی اصطلاح میں وہ سوراخ جس میں پیچدار کیل گھومتی ہے اور بیٹھ جاتی ہے اور الٹی پھیرنے کے بغیر نہیں نکلتی شکل یا خط حَلَزُونِی وہ شکل یا خط جو گھومتے گھومتے کی ہیئت کا پیچدار ہو۔
حَلَسَ (ض) حَلْسًا۔ البعیرَ اونٹ کو ٹاٹ یا کمبل سے ڈھانپنا ـــ الرجلُ بالشیءِ۔ بہت حریص ہونا ـــ السماءُ۔ آسمان کا لگاتار ہلکی بارش برسانا۔
حَلِسَ (س)، حَلَسًا و تَحَلَّسَ۔ ـــ بالمکانِ۔ کسی جگہ جم کر رہنا۔ ـــ للامرِ۔ کسی کام کے لیے چکر لگانا۔ کہا جاتا ہے "مَا تَحَلَّسَ منه بشیءٍ و مَا تَحَلَّسَ شَیْئًا" یعنی اس کو اس میں سے کچھ نہیں ملا۔
اَحْلَسَ ـــ الرجلُ۔ مفلس ہونا ـــ فلانًا فی البیع۔ خرید و فروخت میں کسی کو نقصان پہنچانا۔ ـــ ہ کسی سے عہد و میثاق کرنا ـــ احلست السماءُ آسمان کا لگاتار ہلکی ہلکی بارش برسانا ـــ الارضُ۔ زمین کا سرسبز ہونا ـــ اَحْلَسَهُ الخوفَ خوف لازم کرنا۔
حَالَسَه۔ چمٹ جانا۔ لگ جانا۔ لازم ہونا ـــ حَالَسَ البعیرَ۔ اونٹ کو ٹاٹ سے ڈھانپنا۔
اِحْلَسَّ۔ سیاہی مائل سرخ ہونا۔ صفت (اَحْلَسُ)، مؤنث حَلْسَاء
اِستَحْلَسَت ـــ الارضُ۔ زمین کا سرسبز ہونا ـــ النبتُ۔ سبزہ کا زمین کو ڈھانپ لینا ـــ اللیلُ۔ رات کا بہت تیرہ و تاریک ہونا ـــ الخوفُ فلانًا خوف کا لازم رہنا۔
الحِلْسُ و الحَلَسُ، ٹاٹ۔ ہر وہ کپڑا

جو زین یا پالان کے نیچے ڈالا
جاتا ہے بردہ کپڑا جو قیمتی فرش
کے نیچے گھر میں بچھایا جاتا ہے۔
ج۔ اَحْلَاس و حُلُوس و
حِلَسَة۔
احلاس الخیل۔ وہ لوگ جو گھوڑوں
پر ہی سوار رہیں۔ اور کہتے ہیں
"فلان حلس بیتہ" فلاں
ہمیشہ گھر ہی میں رہتا ہے۔ عرب
کے نزدیک یہ ایک مذمت ہے
کہ گویا وہ گھر ہی میں رہنے کی
قابلیت رکھتا ہے — "وھو
حِلْسٌ من احلاس البلاد" یہ
مدح وستائش کے طور پر
استعمال ہوتا ہے یعنی وہ صاحب
عزت و قوت ہے۔ یا کہتے ہیں۔
"کُونُوا احلاس بُیُوتکم" تم
ہمیشہ گھر ہی میں رہو۔ —
"ھذا لیس من احلاس
فلان" یعنی یہ فلاں کا کفو نہیں
ہے" و رفضتُ کذا و
نقضتُ احلاسَہ" میں نے
اس کو چھوڑ دیا۔
الحِلْسُ۔ عہد و میثاق۔ جوئے کا چوتھا
تیر۔ سردار، بہادر۔ ام حلس
گدھی۔
الحَلَسُ۔ عہد و پیمان۔
الحَلِسُ۔ بہادر۔ حریص جو اپنی جگہ سے
نہ ٹلے۔ سیاہی مائل سُرخ۔
الحَلُوس۔ حریص۔ لالچی۔ ارض
(محلسة) وہ زمین جس کو
گھنے سبزہ نے ٹاٹ کی طرح ڈھانپ
لیا ہو۔
حَلَطَ (ن)، حَلْطًا۔ قسم کھانا۔
فی الامرِ۔ اصرار کرنا۔ اور
جلدی کرنا۔ غضبناک ہونا۔
حَلِطَ (س)، حَلَطًا و اختلط
علیہ۔ کسی پر ناراض و غضبناک
ہونا — ہتہ۔ کسی سے تنگ ہونا
تھک جانا۔ زچ ہونا۔
اَحْلَطَ۔ بمعنی حَلَطَ — ۵۔
غضبناک کرنا — بالمکان
اقامت کرنا — فی الیمین
سرگرمی سے قسم کھانا۔
حَلَفَ (ض)، حَلْفًا و حِلْفًا و
حَلِفًا و مَحْلُوفًا و مَحْلُوفَةً
و مَحْلُوفَاءَ۔ باللہِ۔ اللہ
کی قسم کھانا۔
اَحْلَفَہ و حَلَّفَہ و استحلفہ۔
قسم دینا۔
حَالَفَہ۔ مُحَالَفَةً۔ معاہدہ کرنا۔
عہد و پیمان کرنا — حَالَفَ
فلانًا حُزنُہ۔ غم کا لازم ہونا۔
تَحَالَفُوا۔ باہم عہد و پیمان کرنا۔
الحَلْفُ و الحِلْفُ و الاُحْلُوفَة
قسم۔
الحِلْفُ۔ مص۔ عہد و پیمان۔ دوستی
وہ دوست جو اپنے دوست سے
بیوفائی نہ کرنے کی قسم کھائے۔
ج۔ اَحْلَاف۔ کہتے ہیں "فلانٌ
حِلْفُ کذا" یعنی فلاں اس سے
جدا نہیں ہوتا۔
الحَلْفَاء۔ ایک قسم کی بوٹی جس کے
اطراف کھجور کی شاخ کے مانند
تیز ہوتے ہیں اور وہ پانی کے بہاؤ
کی جگہ اُگتی ہے۔ واحد
(حَلْفَة و حَلِفَاء)
الحَلْفَاء۔ بہت چیخنے والی لونڈی۔
ج۔ حُلُف و حُلْف۔ ارض
(حَلِفَة و مُحْلِفَة) وہ زمین
جس میں "حلفاء" بوٹی بہت ہو۔
الحُلَافِي۔ وہ جگہ جہاں حلفاء گھاس
بہت اُگے۔
الحَلَّاف و الحَلَّافَة۔ بہت
قسمیں کھانے والا۔
الحَلِیف۔ عہد و پیمان کرنے والا۔
ساتھی۔ کہتے ہیں "فلانٌ
حَلِیفُ الجُود" فلاں بڑا
فیاض و جود و بخشش والا ہے۔
"فلانٌ حلیف اللسان"
فلاں چرب زبان اور فصیح ہے۔
ج۔ حُلَفَاء۔
المُحْلِف۔ شک کی چیز جس کو ثابت
کرنے کے لیے قسم کی ضرورت پڑے
کہا جاتا ہے۔ "ھذا غلامٌ
محلف" یہ ایسا لڑکا ہے جس کے
احتلام میں شک ہے۔
حَلَقَ (ض)، حَلْقًا و تَحْلَاقًا۔
الراسَ۔ سر مونڈنا۔
حَلَقَ (ن)، حَلْقًا — الرجلَ۔
حلق پر مارنا۔ گلے پر ضرب لگانا۔
— الحوضَ۔ حوض بھرنا —
الشیءَ۔ چھیلنا —
السنةُ القومَ۔ قحط سالی کا
قوم کو مصیبت میں ڈالنا۔
صفت (حلقی) — القومُ
بعضھم بعضًا۔ ایک دوسرے
کو قتل کرنا۔
حَلِقَ (س)، حَلَقًا۔ گلے میں
شکایت ہونا۔
حَلَّقَ — الراسَ۔ سر مونڈنا۔
— الطائرُ۔ پرندہ کا ہوا میں
اڑ کر چکر لگانا — القمرُ
چاند کے اردگرد حلقہ پڑنا —
الشیءَ۔ کسی شے کو حلقہ کے مانند

بنانا۔ الاناءُ من الشراب۔
برتن کا بھر جانا ۔ الحوضُ
حوض کا خشک ہو جانا ۔ ۔
عینُ الحیوانِ ۔ آنکھ کا دھنس
جانا ۔ النجمُ ۔ ستارہ کا بلند
ہونا ۔ ضرعُ الناقۃِ ۔
اونٹنی کا دودھ خشک ہو جانا۔
اَحلَقَ ۔ الاناءَ او الحوضَ ۔ برتن
یا حوض کو بھرنا۔
تَحَلَّقَ ۔ القومُ ۔ حلقہ بنا کر
بیٹھنا ۔ القمرُ ۔ چاند کا
ہالہ میں آنا۔
اِحتَلَقَ ۔ الراسَ ۔ سر مونڈنا۔
الحَلقُ ۔ مص ۔ گلا ۔ ج ۔ اَحلاق
و حُلُوق و حُلُق ۔
حُلُوق الارضِ ۔ زمین کی
نالیاں اور وادیاں ۔ کہتے ہیں۔
"اخذوا فی حلوق الطریق"
انھوں نے تنگ راستے اختیار کیے
الحَلقَۃ ۔ ہر گول چیز ۔ زرہ ۔ رسی۔
ج ۔ حَلَق و حَلَقات ۔ و
حلقۃ القوم ۔ قوم کا دائرہ۔
کہا جاتا ہے "سأله فی حلقته"
یعنی اس نے اس سے اس وقت
سوال کیا ۔ جبکہ وہ اپنے طلباء کے
حلقہ میں گھرا ہوا تھا
حَلقَۃُ الحوضِ ۔ حوض کا بھرنا۔
حَلَقَۃُ ۔ الباب او القوم ۔ دروازہ
کا حلقہ یا قوم کا دائرہ ۔
الحِلقُ ۔ بادشاہ کی انگوٹھی ۔ بہت مویشی۔
الحَلِقُ ۔ بے بالوں والا۔
الحَلاقُ و حَلاقِ ۔ مبنی علی الکسر
معدول از حالِقَۃ ۔ موت۔
الحِلاقُ ۔ گلا۔
الحلاقُ و الحَولَقِ ۔ حلق کا درد۔

الحُلاق ۔ نائی ۔ حجام ۔
الحُلاقَۃ ۔ مونڈے ہوئے بال۔
الحِلاقَۃ ۔ نائی کا پیشہ ۔
الحالِق ۔ فا ۔ ج ۔ حَلَقَۃ ۔
من الجبالِ ۔ اونچا چٹیل پہاڑ۔
کہا جاتا ہے "جَاءَ مِن حالِقٍ"
وہ بلند جگہ سے آیا ۔ "وھوی
من حالق" وہ اونچی جگہ سے
گرا ۔ یعنی ہلاک ہو گیا ۔
ضرعٌ حالِق ۔ "دودھ سے بھرا
ہوا تھن ۔ دودھ کی کمی کی وجہ سے
پیٹ سے چمٹا ہوا تھن ۔ ج ۔
حُلق و حَوالِق ۔
الحالِقَۃ ۔ الحالق کا مؤنث ۔
موت ۔ بری بات ۔ سخت سال ۔
ج حَوالِق ۔
الحالُوق ۔ موت ۔
الحالُوقَۃ ۔ من السیوفِ او
الرجالِ ۔ تیز تلوار ۔ سخت آدمی
الحَولَق و الحَیلَق ۔ بلا و مصیبت
الحَولَقَۃ ۔ لاحولَ و لا قوۃَ
اِلّا باللہ ۔ کہنا۔
الحَلیق ۔ مونڈا ہوا ۔ کہا جاتا ہے ۔
"شعر حلیق ولحیۃ حلیق"
مونڈا ہوا بال ۔ مونڈی ہوئی داڑھی۔
ج ۔ (حلقی)
المِحلَق ۔ اُسترہ ۔
حَلقَمَہ ۔ گلا کاٹنا۔
الحُلقُوم ۔ گلا ۔ ج ۔ حَلاقیم ۔
حَلِكَ (س) حُلُوکَۃً و حَلَکًا و
حُلُوکًا و اَحلَولَکَ و استَحلَکَ
سخت سیاہ ہونا ۔ صفت
(حالِكٌ و حَلِكٌ)
الحَلَكُ و الحُلكَۃ ۔ سخت سیاہی
الحَلَکَۃ و الحَلَکَاء و الحُلَکَاء و

الحَلَکَاءَ و الحُلکَاء و الحُلَکَی۔
ایک قسم کا جانور۔
حَلَمَ (ن) حُلُمًا و حُلْمًا ۔ فی
نومہ ۔ خواب دیکھنا ۔ کہتے ہیں۔
"حلمه وحلم به" اس نے اس
کو خواب میں دیکھا ۔ حلم
الصبیُّ و اَحتَلَمَ ۔ لڑکے کا بالغ ہونا
(حَلَمًا) الجلدَ ۔ چمڑے میں سے
کیڑے نکالنا۔
حَلُمَ (ک) حِلمًا ۔ درگذر کرنا ۔
بردبار ہونا ۔ صفت (حلیم)
ج ۔ حُلَماء و اَحلام ۔ مؤنث
حَلِیمَۃ ۔
حَلِمَ (س) حَلَمًا ۔ الجلدُ ۔
چمڑے کا خراب ہونا ۔ اور اس میں
کیڑے پڑنا ۔ صفت ۔ (حَلِم
و حَلیم)
حَلَّمَہ ۔ تَحلِیمًا و حِلّامًا ۔ بردبار
بنانا ۔ حَلَّمَ الجلدَ ۔ چمڑے
میں سے کیڑے نکالنا ۔ القربۃ
مشک بھرنا ۔
تَحَلَّمَ ۔ بردبار بننا ۔ الحِلمَ ۔
بردباری سے کام لینا ۔ الرجلُ
آدمی کا موٹا ہونا ۔ تحلمت
القربۃُ ۔ مشک کا پانی سے بھر جانا
تَحَالَمَ ۔ بردباری بتکلف ظاہر کرنا ۔
اِنحَلَمَ و اِحتَلَمَ ۔ فی نومہ ۔
خواب دیکھنا ۔
الحِلمُ ۔ صبر ۔ آہستگی ۔ بردباری ۔
کبھی جہالت و بے وقوفی کے مقابلہ
میں آتا ہے ۔ جیسے کہتے ہیں "و
ان سفاہ الشیخ لا حِلمَ
بعدہ" عقل ۔ ج ۔ اَحلام و
حُلُوم ۔ کہا جاتا ہے "تأمرھم
اَحلامُھم بھذا" یعنی ان کی

عقلیں ان کو اس کا حکم دیتی ہیں۔
الحُلُم۔ مص۔ خواب۔ ج۔ اَحْلَام
کہا جاتا ہے: "ھٰذِہٖ اَحلامُ نائمٍ"
یعنی یہ جھوٹی آرزوئیں۔
الحَلَمَة۔ سر پستان۔ چمڑے کا کیڑا
ج۔ حَلَمٌ۔
الحَلِیم۔ خداتعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ
میں سے ایک اسم۔ موٹاپے کی چربی۔
التَّحْلِمَة۔ بہت کیڑوں والا۔ ج
تَحَالِم۔
حَلَا (ن) وحَلُوَ (ک) وحَلِیَ
(س) حَلَاوَةً وحُلْوَانًا۔
میٹھا ہونا۔ الفاکھةُ۔
پھل کا پکنا۔ حلا له الشئُ۔
لذیذ ہونا۔ صفت (حُلْوٌ)
کہا جاتا ہے: "حلی فی عینی و
بعینی" میری آنکھوں میں وہ بھلا
معلوم ہوا۔ "حلا منه بخیرٍ"
کسی سے بھلائی و خیر پانا۔
حَلَاه (ن) حَلْوًا وحُلْوَانًا۔
کچھ یا سب مہر کی وصولی کی شرط
پر اپنی بیٹی یا بہن کی شادی کرنا۔
وحلاه کذا او بکذا۔ دینا
کہتے ہیں۔ "حَلَاه حُلْوَانَه" اس
نے اس کو عوض و بدلہ دیا۔
(۔ وحلّی) الشئَ (تحلیةً)
شیریں بنانا۔
حَالَی۔ مُحَالَاةً۔ الرجلَ۔ خوش
طبعی کرنا۔
اَحْلَاہُ۔ اِحْلَاءً۔ کسی شے کو میٹھا
پانا یا کرنا۔ کہتے ہیں: "ما یُمِرُّ
ولا یُحْلِی" یعنی وہ کڑوی میٹھی
کوئی بات نہیں کرتا۔ یا اچھا برا
کوئی کام نہیں کرتا۔
تحلّت۔ المرأۃُ۔ عورت کا زیور
پہننا۔ کہا جاتا ہے: "تَحَلّیٰ فلانٌ
بما لیس فیه" یعنی فلاں نے
خود کو ایسی چیزوں سے آراستہ
کیا کہ جو اس کے اندر نہیں ہیں۔
تَحَلَّی واحْلَوْلَی واستَحْلَی۔
الشئَ۔ کسی شے کو شیریں پانا۔
۔ واحلولی الشئُ۔ چیز کا
میٹھا ہونا۔
تَحَالَی۔ مٹھاس ظاہر کرنا۔
الحُلْوُ۔ میٹھا۔ شیریں۔ خوش مزہ
لذیذ۔ خوبصورت۔
الحُلْوَان۔ دلال کاہن کی اجرت۔
عطیہ۔ مہر۔
الحَلَاءَة والحَلَاوَة والحَلَاوَاء
والحُلَاوَی۔ مِنَ القفا
گدی کا درمیانی حصہ۔ ج حَلَاوَی
الحَلْوَاء والحلوی۔ حلوا۔ میٹھا پھل۔
ج۔ حَلَاوَی و (الحَلْوَانِیّ)
حلوا بنانے والا یا بیچنے والا۔
الحَلْوُ۔ من الرجال۔ دیکھنے میں
اچھا لگنے والا۔
الحَلِیّ۔ لذیذ۔ شیریں۔ ناقةٌ
حَلِیَّةٌ۔ پوری حلاوت والی۔
حَلَی (ض) حَلْیًا۔ المرأةَ۔
عورت کے لیے زیور بنانا۔ عورت
کو آراستہ کرنا۔ سنوارنا۔
حَلِیَت (س) حَلْیًا۔ المرأۃ۔
عورت کا زیور پہننا۔ صفت۔
(حَالٍ وحالیة) ج۔ حَوَالٍ
کہا جاتا ہے: "شجرةٌ حالیةٌ"
پتوں والا اور پھل دار درخت
حلی منه خیرًا۔ کسی سے خیر و
منفعت پانا۔
حَلَّی تَحْلِیَةً۔ المرأۃَ۔ عورت کو
زیور پہنانا۔ یا اس کے لیے زیور
بنانا۔ وحلّی الشئَ۔ چیز کو
زینت دینا۔
تَحَلّی۔ مزین و آراستہ ہونا۔ زیور پہننا۔
الحَلِیّ۔ وہ پھنسیاں جو بچوں کے منہ
میں نکلتی ہیں۔
الحَلْیُ۔ ج۔ حُلِیّ وحِلِیّ۔ و
الحِلْیَة) ج۔ حِلًی و حُلًی۔
(خلاف قیاس) زیور۔
حِلْیَةُ الانسانِ۔ انسان کا
رنگ وروپ اور ظاہری شکل و
صورت۔
الحَلِیّ۔ خشک۔
حَمَّ (ن) حَمًّا۔ التنورَ۔ تنور کو
گرم کرنا۔ الشحمةَ۔ چربی
پگھلانا۔ الماءَ۔ پانی گرم کرنا
۔ الاِرتحالَ۔ کوچ جلدی
کرانا۔ حَمَّ اللهُ له کذا۔
مقدر کرنا۔ الامرُ فلانًا۔
کسی کو غم میں ڈالنا۔ کہتے ہیں۔
"حَمَّ حَمَّه" اس نے اس کی
طرح قصد کیا۔
حُمَّ۔ الامرُ۔ کسی امر کا فیصلہ کیا
جانا۔ الشئُ۔ قریب ہونا
۔ الرجلُ۔ آدمی کا بخار میں
مبتلا ہونا۔ له کذا۔ مقدر
کیا جانا۔
حَمَّ (س) حَمَمًا۔ کالا ہونا۔ سیاہ
ہونا۔ الماءُ۔ پانی کا گرم ہونا۔
حَمَّمَ۔ الغلامُ۔ لڑکا کے کا
سبزہ والا ہونا۔ الراسُ۔ سر
پر مونڈنے کے بعد بال نکلنا۔
المکانُ۔ کسی جگہ پر سبزہ اگنا
۔ الشئَ۔ کالا کرنا۔
الماءَ۔ گرم کرنا۔ الرجلَ
کسی کا کوئلہ سے منہ کالا کرنا۔

المرأةَ - عورت کو طلاق کے بعد متعہ کے کپڑے دینا۔
أَحَمَّهُ - اللهُ - بخار میں مبتلا کرنا۔
— أَحَمَّ الشیءُ - قریب ہونا۔
— المکانُ - کسی جگہ بخار بہت پھیل جانا — الماءَ - گرم کرنا
— اللهُ له کذا - مقدر کرنا۔
— الشیءَ - کالا کرنا —
— الأمرُ فلانًا - غم میں ڈالنا۔
تَحَمَّمَ - سیاہ ہونا۔
اِحْتَمَّ - فکرمند ہونا۔ غم کی وجہ سے نیند نہ کرنا — العینُ - بغیر درد کے بیدار رہنا۔
اِسْتَحَمَّ - پانی سے نہانا۔ حمام میں داخل ہونا۔ پسینہ والا ہونا۔
الحَمُّ - مص - حَمُّ الظهیرةِ - دوپہر کے وقت شدت کی گرمی۔ کہتے ہیں "ماله حم عن ذلك اومنه" اس کے لیے اس سے کوئی چارہ نہیں۔
حُمُّ الشیءِ - و (حُمَّةُ) چیز کا بڑا حصہ۔
الحُمّٰی - بخار۔ ج۔ حُمَّیَات
الحَمَّةُ - گرم پانی کا چشمہ۔
الحُمَّةُ - سیاہی۔ سیاہی و سبزی کے درمیان رنگ۔ بخار۔ مقدر میں لکھی ہوئی اور فیصل شدہ چیز۔ اور — حُمَّةُ الفراق۔ اسی سے ہے کہ کہتے ہیں "عجلت بنا دیکم حُمَّةُ الفراق" یعنی تقدیر میں لکھے ہوئے فراق نے تمہاری مجلس کے ساتھ جلدی کی۔ ج۔ حُمَم و حِمام۔
الحُمَمُ - حُمَّةٌ - کی جمع - کوئلہ۔ راکھ آگ میں جلی ہوئی ہر شے۔ واحد (حُمَمَة)

الحِمَّةُ - موت۔ پسینہ۔
الحَمَام - کبوتر۔ واحد (حَمَامَة) کہا گیا ہے کہ حَمَامَة مذکر و مونث ہر دو کے لیے مستعمل ہوتا ہے کیونکہ اس میں تاء تانیث کی نہیں بلکہ وحدت کے لیے ہے۔ اور بہت دفعہ حمام کا اطلاق مفرد پر بھی کرتے ہیں۔ ج۔ حَمَائِم و حَمَامَات۔
حَمَامُ الزاجل او الزّجّال۔ نامہ بر کبوتر — ساق الحمام و رعی الحمام - دو قسم کی گھاس کے نام — بیض الحمام - ایک بڑے دانہ والا انگور — عنق الحمام - ایک قسم کا رنگ جو سرخ و نیلے رنگ کے بیچ میں ہوتا ہے۔
الحِمَام - موت۔
الحُمَام - گھوڑوں کا بخار۔ شریف سردار
الحُمَامی - ایک قسم کی گھاس۔ چمڑے کی سرخی۔
الحَمَّام - حَمَّام - یہ زیادہ تر مونث ہی مستعمل ہے۔ ج۔ حَمَّامَات۔
الحَمَّامِیُّ - حمّام کا مالک۔ حمّام کا نگہبان۔
الحَامَّةُ - انسان کے خاص لوگ مثلاً اہل و عیال وغیرہ۔ عمدہ اونٹ۔
الحَمِیمُ - قریبی عزیز و رشتہ دار۔ دوست۔ ج۔ احمّاء۔ گرم پانی۔ ٹھنڈا پانی۔ چنگاری جس سے دھونی دی جائے۔ ج حمائم —
الحَمِیمُ - گرمی۔ پسینہ۔ سخت گرمی کے بعد بارش۔ کہتے ہیں۔ "هو حمیم بالحاجة" وہ اپنی حاجت پر عاشق ہے۔

الحَمِیمَةُ - حمیم کا مونث۔ گرم پانی۔ گرم دودھ۔ عمدہ نسلی اونٹ۔
الأَحَمُّ - بہت خاص۔ بہت قریبی۔ سیاہ۔ سفید (ضد) پھل نہ رکھنے والا تیر۔ ج۔ حُمٌّ۔
المِحَمُّ - پانی گرم کرنے کا برتن۔
المُحِمُّ - قریب۔ نزدیک۔
المحام - ثابت۔
المحموم - بخار والا۔ تقدیر میں لکھا ہوا۔ کہا جاتا ہے "نزل به القضاء المحموم" اس پر قضائے مقدر کا ظہور ہوا۔ جس طرح "القضاء المحتوم" بولا جاتا ہے۔
المُسْتَحَمّ - نہانے کی جگہ۔
الیَحْمُوم - سیاہ۔ دھواں۔
حَمَأَ (ف) حَمْأً — البئرَ - کنویں سے کیچڑ نکالنا۔
حَمِیَ (س) حَمْأً و حَمَأً — الماءُ پانی میں کیچڑ ملا ہوا ہونا۔ صفت (حَمِیٌ)
أَحْمَأَ - البئرَ - کنویں میں کیچڑ ڈالنا۔
الحَمءُ و الحَمَأُ و الحَمُو و الحَمَا بغیر ہمزہ کے۔ عورت کا خسر۔ دیور جیٹھ وغیرہ۔
الحَمَأُ و الحَمْأَةُ - کیچڑ۔
حَمِتَ (س) حَمَتًا - الجوزُ وغیرہ - اخروٹ وغیرہ کا خراب ہونا۔
حَمُتَ (ك) حُمُوتَةً — الیومُ - دن کا بہت گرم ہونا۔
تَحَمَّتَ — اللونُ او الطعمُ - رنگ یا مزہ کا صاف اور خالص ہونا
الحَمْتُ - مص - یومٌ حَمْتٌ - سخت گرم دن۔ تثنیہ حَمْتٌ و حَامِتٌ) نہایت شیریں کھجور۔

الحَمِیت ۔ مِنَ اللونِ او الطعمِ
خالص و صاف رنگ یا مزہ۔
کہتے ہیں۔ "تمرٌ حمیت و عسل
حمیت" خوش رنگ کھجور۔
خالص شہد۔ غضبٌ حمیت
سخت غصہ۔
حَمَّجَت ۔ العینُ۔ آنکھ کا گڑھے
میں بیٹھنا۔ حَمَّجَ الوجہُ۔
غصہ وغیرہ کی وجہ سے چہرہ کا
رنگ بدلنا۔
حَمَّجَ۔ الیہ۔ تیز نظر سے دیکھنا۔
عینیہ۔ گھور کر دیکھنا۔
تَمَحْمَحَ و تَحَمْحَمَ ۔ البرذونُ
اوِ الفرسُ۔ گھوڑے کا ہنہنانا
تَحَمْحَمَ۔ سیاہ ہونا۔
الحَماحِیم۔ پودینہ۔ مفرد (حَماحِمَۃ)
الحِمْحِمُ والحُمْحُمُ۔ ایک قسم
کا پرندہ۔ گاؤزبان۔ واحد
(حِمْحِمَۃ۔ یا۔ حُمْحُمَۃ)
حَمِدَہٗ (س) حَمْدًا و مَحْمَدًا و
مَحْمِدًا و مَحْمَدَۃً و مَحْمِدَۃً۔
تعریف کرنا ۔ ہ علی الامر۔
بدلہ دینا ۔ الشیءَ۔ تعریف
والا ہونا۔ کہا جاتا ہے" حمدتُ
الیکَ اللہَ" یعنی تمہارے سامنے
اللہ کی تعریف کرتا ہوں۔ یا تمہارا
شکریہ ادا کرتا ہوں اور ساتھ ہی
ساتھ اللہ تعالیٰ کی نعمتوں پر بھی
شکر بجا لاتا ہوں۔
حَمَّدَ۔ اللہَ۔ خدا تعالیٰ کی بار بار
تعریف کرنا اور الحمدُ للہ
زبان پر لانا۔
اَحْمَدَ۔ قابل تعریف و ستائش کام
کرنا ۔ الشیءُ۔ لائق ستائش
ہونا ۔ الشیءَ۔ مستحق تعریف
پانا ۔ ہ کسی کے فعل پر
راضی ہونا۔ کسی کا مستحق تعریف
ظاہر ہونا۔
تَحَمَّدَ۔ بالشیءِ علی فلانٍ۔ کسی
پر احسان جتانا۔ کہا جاتا ہے۔
"انہ یتحمد الناس بفضلہ"
یعنی لوگوں کے سامنے اپنا قابلِ
تعریف ہونا ظاہر کرتا ہے۔
اَلحَمْدُ۔ مص۔ تعریف۔ تعریف کیا ہوا
کہا جاتا ہے" رجلٌ حَمْدٌ و
امراۃٌ حَمْدَۃٌ" تعریف کیا ہوا
مرد اور تعریف کی ہوئی عورت۔
حَمادِ۔ لہٗ بمعنی حمدًا لہ۔ اس کا
شکر ادا کرتا ہوں۔
الحُماد۔ غایت۔ انتہائی کوشش۔
کہا جاتا ہے" حمادك او
حماداك تفعل كذا"
تمہاری انتہائی کوشش یہ ہے، کہ
تم ایسا کرو۔
الحَمّاد والحُمَّدَۃ۔ بہت تعریف
کرنے والا۔
المَحْمَدَۃ۔ قابلِ تعریف کام۔ ج
مَحامِد۔
المُحَمَّد۔ بہت عمدہ خصلتوں والا۔ نبی
صلی اللہ علیہ وسلم کا اسم شریف۔
الحَمِیدُ والمَحمُودُ۔ تعریف کرنے
والا۔ تعریف کیا ہوا۔ مؤنث
(حمیدۃ)۔
حَمَرَ (ن) حَمْرًا۔ کھال کھرچنا ۔
الشاۃَ۔ بکری کی کھال اتارنا ۔
الراسَ۔ سر مونڈنا۔
حَمِرَ (س) حَمَرًا ۔ الفرسُ
گھوڑے کا بدہضمی والا ہونا۔ بدبودار
منہ والا ہونا۔ صفت (حَمِرٌ)
۔ الرجلُ۔ آدمی کا غصہ سے
بھڑک اٹھنا۔
حَمَّرَ۔ الجلدَ۔ چمڑے کو خراب
رنگنا ۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو
سرخ رنگ سے رنگنا ۔ ہ کسی
کو گدھا کہنا۔
اَحْمَرَ۔ سرخ بچہ والا ہونا ۔
الدابۃَ۔ جانور کو چارہ دینا۔
یہاں تک کہ منہ بدبودار ہو جائے۔
اِحْمَرَّ۔ اِحْمِرارًا۔ سرخ ہونا۔
اِحْمارَّ اِحْمِیرارًا۔ بتدریج سرخ ہونا۔
اِنْحَمَرَ۔ ما علی الجلد۔ کھرچا جانا۔
الحُمَر۔ ایک قسم کی رال جس کو عام
لوگ الحُمَّر۔ کہتے ہیں۔ (۔
والحُمَّر) ایک سرخ رنگ کا پرند
واحد (حُمَرۃ و حُمَّرۃ)
الحُمْرَۃ۔ سرخ رنگ۔ ایک قسم کی
وبائی بیماری جس میں بخار آتا ہے۔
اور بدن پر سرخ رنگ کے دانے
پیدا ہو جاتے ہیں۔
حشیشۃ الحمرۃ۔ ایک قسم کا
زہریلا پودا۔
الحِمار۔ گدھا۔ یہ اہلی (پالتو) بھی ہوتا
ہے اور وحشی جنگلی بھی۔ اسی لیے
جنگلی کو حمار وحش اور حمار
الوحش اور الحمار الوحشی
کہتے ہیں۔ ج حَمِیر و اَحْمِرَۃ۔
وحُمُر و حُمُور و حُمُرات
مؤنث حِمارۃ۔ ج حَمائِر۔
۔ حِمارۃ القدم۔ پشت قدم
۔ اذن الحمار و قثاء الحمار
ایک قسم کے دو پودے ۔
حمار الزرد۔ جنگلی سفید رنگ
سفید دھاریوں والا گدھا۔
الحَمّارۃ۔ گرمی کی تیزی۔ ج حَمّار۔
الحَمّارَۃ۔ گدھے والے۔ واحد حَمّار۔

جیسے جَمَّال بَغَّال۔ دوغلا گھوڑا۔
الْاَحْمَر۔ سرخ رنگ والا۔ ج۔ اَحَامِر۔ سرخ رنگ میں رنگا ہوا۔ ج۔ حُمْر و حُمْرَان۔ سونا۔ زعفران۔ گوشت۔ شراب۔ کہتے ہیں "نحن من اھل الاسودین لا من اھل الاحمرین" یعنی ہم کھجور و پانی والے ہیں نہ گوشت و شراب والے
— الموت الاحمر۔ قتل۔ خونریزی۔ یا سخت موت سے کنایہ ہے۔
الحَمْرَاء۔ الاَحْمَر کا مؤنث۔ سخت سال۔ گرمی کی تیزی۔ الحَمْرَاء یا۔ القلعة الحَمْرَاء۔ غرناطہ کا ایک مشہور تاریخی یادگار قلعہ جس کے اندر ایک عجیب الصنعت محل ہے۔
الحَمْرَاء۔ تین لکڑیاں، جن کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھ کر اس پر دودھ کا مشکیزہ یا پانی کی صراحی وغیرہ رکھتے ہیں۔ اور اس کو الحَمَائِر بھی کہتے ہیں۔
الاُحْمُرِیّ۔ بہت سرخ۔
الحِمَّر۔ گرمی کی سخت تیزی۔ بُرا شخص۔ — غیثٌ حِمِرٌّ۔ ایسی تیز بارش جو زمین کو چھیل ڈالے۔
الحُمَّرَة۔ ایک پرندہ۔
المِحْمَر۔ چمڑا چھیلنے کا آلہ۔ کنجوس۔ آدمی۔ ج۔ مَحَامِر۔ —
المِحْمَر۔ دوغلا گھوڑا۔
الیَحْمُور۔ سرخ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ بعض کے نزدیک جنگلی گدھا۔ گورخر۔
حَمَزَ (ض)، حَمْزًا۔ الخردلُ اللسانَ رائی کا زبان میں چرپراہٹ پیدا کرنا — الشفرةَ۔ چھری کو تیز کرنا۔
حَمُزَ (ك)، حَمَازَةً۔ سخت ہونا۔
— الشرابُ۔ چرپراہٹ ڈالنے والی ہونا۔
الحَامِزُ۔ فا۔ — حَامِزُ الفُؤاد خوش مزاج خوش طبع۔ تیز فہم۔
الحَمِیْزُ۔ سخت۔ ذکی۔ تیز فہم۔ ظریف۔
حَمَسَهُ (ض ن)، حَمْسًا۔ مذہب یا لڑائی میں مضبوط ہونا۔ دلیر ہونا۔ صفت (حَمِسٌ)۔ — حَمِسَ الوغی۔ گھمسان کی لڑائی ہونا۔
— الامرُ۔ کسی امر کا سخت ہونا۔
حَمَسَهُ (ض ن) حَمْسًا۔ غضبناک کرنا — اللحمَ گوشت بھوننا
حَمُسَ (ك)، حَمَاسَةً و حَمَسَ (ض)، حَمْسًا دلیر و بہادر ہونا۔
حَمَّسَهُ و اَحْمَسَهُ۔ جوش دلانا۔ غضبناک کرنا — الدواءَ ونحوہ۔ دوا وغیرہ کو نیم گرم کرنا۔
تَحَمَّسَ۔ جوش میں آنا۔ غضبناک ہونا۔ نافرمانی کرنا۔ سخت کرنا۔
اِحْتَمَسَ۔ جوش میں آنا۔
اِحْتَمَسَ القِرْنَانِ۔ باہم جنگ قتال کرنا۔
تَحَامَسَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کے ساتھ جنگ کرنا۔
الحَمَاس۔ سختی۔ ممانعت۔ جنگ۔
الحَمَاسَة۔ معاملہ میں سختی۔ بہادری۔
الاَحْمَس۔ مذہب و جنگ میں سخت بہادر۔ مؤنث حَمْسَاء۔ ج حُمْس و اَحَامِس۔ —
سنةٌ حَمْسَاء۔ سخت سال وسنون اَحَامِس۔ بہت سے سخت سال۔
الحُمْس۔ سخت جگہیں۔
الحَمِیْس۔ بہادر۔ سخت۔ تنور۔
الحَمِیْسَة۔ بھونا ہوا۔
حَمَشَهُ (ن)، حَمْشًا۔ غضبناک کرنا جوش دلانا۔
حَمَشَ۔ الشیءَ۔ جمع کرنا — القومَ۔ غصہ سے چلانا۔
حَمِشَت (ض)، و حَمُشَت (ك) حُمُوشَةً — الساقُ پنڈلی کا باریک ہونا۔
حَمِشَ (ض)، حَمْشًا و حَمْشَةً و تَحَمَّشَ و احتَمَشَ — واستَحْمَشَ۔ غضبناک ہونا۔
حَمِشَ (س)، حَمْشًا و حَمَشًا۔ — الرجلُ۔ آدمی کا باریک پنڈلیوں والا ہونا۔ صفت (حَمْش و حَمِش و اَحْمَش) ج۔ حِمَاش و حُمْش۔ کہا جاتا ہے "رجال حماش السُّوق"۔ باریک پنڈلیوں والے لوگ۔
— وسوقٌ حِمَاشٌ۔ باریک پنڈلیاں۔
حَمَّشَهُ۔ غصہ دلانا۔ جوش دلانا۔
— حَمَّشَ الشیءَ۔ جمع کرنا۔
— الشحمَ۔ چربی کو اس قدر پگھلانا کہ جلنے کے قریب ہو جائے۔
اَحْمَشَهُ۔ غضبناک کرنا —
اَحْمَشَ النارَ۔ آگ میں ایندھن ڈال کر اس کو بھڑکانا — القدرَ۔ ہانڈی کے نیچے بہت ایندھن لگانا۔ یہانتک کہ ہانڈی جوش میں آجائے۔ ....
— الحربَ۔ جنگ بھڑکانا

الحَمِيش۔ پگھلی ہوئی چربی۔
حَمَصَ (ن) حَمْصًا و حُمُوصًا۔
— الجرحُ۔ زخم کی سوجن اترنا۔
صفت (حَمِيص) —
الورمُ۔ ورم اترنا —
الأُرْجوحَةُ۔ جھولے کا ٹھہر
جانا۔ — الدابةُ۔ جانور کا
پسینہ سوکھ جانا۔
حَمَّصَ۔ الحَبَّ۔ دانہ بھوننا۔
تَحَمَّصَ۔ الرجلُ۔ سمٹنا۔
— اللحمُ۔ گوشت کا خشک
ہونا۔
إنْحَمَصَ۔ الورمُ۔ ورم کم ہونا
— منه۔ سکڑنا۔ لاغر ہونا۔
الحِمَّص والحِمِّص۔ چنا۔ واحد
(حِمَّصَة و حِمِّصَة)
الحَمِيص۔ بھونا ہوا۔
المِحْمَصَة۔ دانے وغیرہ بھوننے کا
آلہ۔ ۵۔ (لغت عوام)
حَمَضَ (ض) حَمْضًا۔ حَمِضَ
(س) حَمَضًا و حَمُضَ (ك)
حُمُوضَةً۔ کھٹا ہونا۔
حَمَضَ (ن) حَمْضًا — عنه۔
ناپسند کرنا — به۔ خواہش کرنا
(— و أَحْمَضَ و حَمَّضَ)
الجملُ۔ اونٹ کا نمکین و کڑوے
پودے چرنا۔
حَمَّضَ و أَحْمَضَ — الإبلَ۔
اونٹ کو نمکین و کڑوے پودے
کھلانا۔ چرانا۔ کہا جاتا ہے۔
"حَمِّضْ لنا في القِرَى"
اس نے ہماری تھوڑی مہمانی کی۔
حَمَّضَ و أَحْمَضَ۔ الشيءَ۔ کھٹا
کرنا — الشيءَ عنه۔ پھیر دینا
أَحْمَضَ۔ مكانٌ۔ کسی جگہ کا بہت
نمکین اور کڑوے درختوں والی ہونا
صفت (مُحْمِض)
تَحَمَّضَ۔ الرجلُ۔ کسی کا ایک
چیز سے دوسری چیز کی طرف منتقل
ہونا۔
الحَامِض۔ فا۔ کہا جاتا ہے: "هُوَ
حَامِضُ الفؤاد" وہ بگڑے
ہوئے اور خراب دل کا آدمی ہے۔
"و حامض الرئتين" کڑوے
سانس والا۔
الحَامِضَة۔ الحَامِض کا مؤنث۔
کسی چیز کی خواہش۔ معدہ میں کسی
چیز کا خراب و فاسد ہو جانا۔
الحَمْض۔ نمکین و تلخ پودا۔ واحد
(حَمْضَة) ج۔ حُمُوض۔
الحَمْضَة۔ کھانے کی خواہش۔
کہا جاتا ہے: "فواد حمض و
نفس حمضة" یعنی سنتے ہی
کسی چیز سے نفرت کرنے والا دل
یا نفس۔
الحُمَّاض۔ کاسنی سے مشابہ پتے رکھنے
والی ایک گھاس۔ یہ ترش بھی
ہوتی ہے اور کڑوی بھی۔ اس کو
حَمِيضَة۔ بھی کہتے ہیں۔ واحد
(حُمَّاضَة)
حُمَّاضُ الكَبَاد۔ اترنج کا گودا۔
الإحْمَاض۔ مص۔ پسندیدہ بات
میں لگنا۔ دلچسپی کی گفتگو چھیڑنا۔
سنجیدگی چھوڑ کر تمسخر کی طرف
منتقل ہونا۔
الحَمِيضَة۔ ج۔ حُمُض و المُحْمَض
و المُحْمِض۔ نمکین و کڑوے پودے
بکثرت اگانے والی زمین۔
المُسْتَحْمِض۔ مِن اللبن۔ دیر
میں جمنے والا دودھ۔
حَمَطَه (ض) حَمْطًا۔ چھلکا اتارنا۔
حَمَّطَ۔ الكَرْمَ۔ انگور پر درخت
سے سایہ کرنا — الشيءَ۔
چھوٹا کرنا — الرجلَ۔ کسی
کو خفیف سا مارنا۔ اور اسی سے یہ
مثل مشہور ہے۔ "إذا ضَرَبْتَ
فَلا تُحَمِّطْ" جب مارو تو اچھی
طرح مارو۔ کیونکہ کم مارنا ادب
نہیں دیتا۔
الحَمَاطَة۔ حلق میں سوزش و جلن۔
انجیر سے مشابہ ایک درخت۔
دل کا نقطہ۔ بعض کے نزدیک
دل کا خون۔ ج۔ حَمَاط و حَمَائِط۔
حَمِقَ (س) و حَمُقَ (ك) حُمْقًا۔
و حُمُقًا و حَمَاقَةً۔ بیوقوف
ہونا۔ صفت (أَحْمَق) مؤنث
حَمْقَاء۔ ج۔ حُمْق و حُمُق
و حُمْقَى و حَمَاق و حَمَاقَى۔
و حُمَاقَى۔
حَمَّقَه۔ کسی کو بیوقوف کہنا۔
أَحْمَقَه۔ کسی کو احمق پانا۔ احمقت
المرأةُ۔ عورت کا بیوقوف بچہ
جننا۔ صفت (مُحْمِق و مُحْمِقَة)
حَامَقَه۔ بیوقوفی پر مدد دینا۔
تَحَامَقَ و تَحَمَّقَ۔ بتکلف احمق
بننا۔
إنْحَمَقَ۔ بیوقوف ہونا — السوقُ
بازار کا ٹھنڈا پڑنا — الثوبُ
کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
إسْتَحْمَقَ۔ بیوقوف ہونا — ہ
کسی کو بیوقوف شمار کرنا۔
الحُمْق۔ مص۔ عقل کی کمی اور خرابی
بیوقوفی۔ خراب — نومةُ الحُمَق۔
ظہر کے بعد کی نیند۔
الحَمِق۔ بیوقوف۔ کم داڑھی والا۔

الحُمَاق و الحَمَاق و الحَمِيق و الحُمَيقي و الحُمَيقاء۔ چیچک کے مشابہ ایک بیماری۔ آکڑا کا کڑا۔

البَقلَةُ الحَمقَاء و بَقلَةُ الحَمقَاء خرفہ کا ساگ۔

الحَمُوقَة و الحُمَيقَة و الأُحمُوقَة۔ بہت بیوقوف۔

المُحمِقَات۔ وہ راتیں جن میں اول سے آخر تک چاندنی رہے۔

حَمَلَ (ض) حَملاً و حُملاَناً ـــ الشیَٔ علی ظهره۔ کسی شے کو اپنی پیٹھ پر اٹھانا ـــ الغَضَبَ غصہ ظاہر کرنا ـــ علی نفسه فی السیر۔ چلنے میں مشقت برداشت کرنا۔

حَمَلَه۔ علی الامرِ۔ کسی کو کسی کام پر بھڑکانا۔ اکسانا ـــ حمل عنه بردبار رہنا ـــ الشیَٔ علی الآخرِ ایک چیز کا حکم دوسری چیز پر لگانا۔ ـــ المرأةُ۔ عورت کا حاملہ ہونا ـــ الشجرةُ۔ درخت کا بار آور ہونا ـــ القرآنَ۔ قرآن حفظ کرنا ـــ العلمَ۔ روایت کرنا۔ (ـــ حَمَلَةً) فی الحرب علیهم۔ حملہ آور ہونا۔ (ـــ حَمَالَةً) به۔ کسی چیز کا ضامن ہونا۔ ذمہ دار ہونا۔

حَمَلَهُ و اَحمَلَه۔ الحِملَ۔ بوجھ اٹھانے میں کسی کی مدد کرنا۔

حَمَّلَه تحمیلاً و حِمَّالاً ـــ الشیَٔ۔ اٹھوانا۔

تَحَمَّلَه تحمّلاً و تِحِمّالاً۔ اٹھانا۔ ـــ الامرَ۔ برداشت کرنا ـــ القومُ۔ کوچ کرنا ـــ الرجلُ۔ بہادر بننا۔

تَحَامَلَ۔ فی الامر و بالامرِ۔ تکلیف دہ بات اپنے ذمہ لینا۔ ـــ علی فلانٍ۔ کسی پر ظلم کرنا اور برداشت سے زائد کام کی تکلیف دینا ـــ عنه۔ اعراض کرنا ـــ الیه۔ متوجہ ہونا۔ ـــ الشیخُ فی مشیه۔ چلنے میں گراں بار ہونا ـــ علی نفسه۔ باوجود مشقت کے برداشت کرنا۔

اِنحَمَلَ ـــ علیه۔ اکسایا جانا

اِحتَمَلَ ـــ الشیَٔ۔ اٹھانا ـــ الامرَ۔ کسی امر کو صبر سے برداشت کرنا ـــ ما کان منه۔ معاف کرنا۔ در گذر کرنا۔ چشم پوشی کرنا ـــ الصَنِيعَةَ کسی نیک سلوک پر شکریہ ادا کرنا۔

اُحتُمِلَ۔ غضبناک ہونا ـــ لونُه۔ رنگ بدلنا۔

اِستَحمَلَ۔ اٹھانے پر قادر ہونا ـــ فلاناً۔ اٹھانے کے لیے کہنا۔

الحَملُ۔ پیٹ کا بچہ۔ درخت کا پھل ج۔ حِمَال و اَحمَال و حُمُول۔

الحِملُ بوجھ۔ بار۔ ج۔ اَحمَال و حُمُولَة۔ الحِملُ۔ بروج یا ہودج والے اونٹ۔ واحد (الحُمُول)۔

الحَمَلُ۔ بکری کا بچہ۔ ج حُملاَن و اَحمَال۔ بہت پانی والا بادل۔ موسم بہار کے برجوں میں سے ایک برج ـــ لِسَانُ الحَمَلِ۔ بارتنگ۔

الحَمْلَةُ۔ مص۔ ایک دفعہ کا بوجھ۔ لڑائی کا حملہ۔

الحُملَة والحِملَة۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔

الحَامِلُ۔ فا۔ ج حَمَلَة۔ حَمَلَةُ القرآن۔ قرآن کو حفظ کرنے والے اور اس کی روایت کرنے والے۔ مؤنث حاملة۔ امرأةٌ حاملٌ وحاملةٌ۔ پیٹ والی عورت۔ ج حَوَامِل۔

الحَامِلَة۔ انگور وغیرہ اٹھانے کی ٹوکری۔ ـــ الحَوَامِل۔ قدم۔ ہاتھ۔ اور قدم کے پٹھے۔

الحَمَال۔ دیت۔ تاوان۔ ٹیکس۔ ج حُمُل۔

الحَمَالَة۔ ضمانت۔ دیت۔ تاوان۔

الحِمَالَة و الحَمِيلَة۔ ج۔ حَمَائِل۔ (ـــ المِحمَل) ج۔ مَحَامِل۔ ـــ علاقة السَّيف۔ تلوار کی پیٹی۔ کہتے ہیں "ھو حمیلة علینا" وہ ہم پر بار ہے۔

الحِمَالَة۔ مزدور کا پیشہ۔

الحَمَّال۔ قلی۔ مزدور۔ بوجھ اٹھانے والا۔ عام لوگ اس کو حَمَّال کہتے ہیں ـــ الحَمَّالی۔ جزدان۔ کتابوں اور اوراق وغیرہ رکھنے کا تھیلا، اس کے لیے فصیح لفظ القِمَطر ہے۔

الحَمُول۔ صابر۔ بردبار ج حُمُول ـــ البَحرِ۔ سمندری نباتات۔

الحَمُولَة۔ بار بردار جانور۔ ج۔ حَمُولاَت۔

الحُملاَن۔ ہبہ کیا ہوا بار برداری کا جانور۔ مزدور کی اجرت۔

الحَمِيل۔ اٹھایا ہوا۔ اجنبی۔ ضامن۔ پیٹ کا بچہ۔ سیلاب کا لایا ہوا کوڑا کرکٹ۔ پھینکا ہوا بچہ، جس

حَنَہ (ن) حَنًّا - پھیرنا - باز رکھنا۔ کہتے ہیں "حُنَّ عنی شرَّک" اپنے شر کو مجھ سے باز رکھو۔
حَنَّنَ — الشجرُ - درخت کا شگوفہ نکالنا۔
اَحَنَّ — القوسَ - کمان سے آواز نکالنا — الرجلُ - آدمی کا غلطی کرنا۔
تَحَنَّنَ — علیہ - کسی پر رحم کرنا۔ مہربانی کرنا۔
تَحَانَّ و استَحَنَّ — الیہ - کسی کا مشتاق ہونا — استحن الشوقُ فلانًا - شوق نے فلاں کو خوش کیا۔
الحَانّ - فا - بہت خوش ہونے والا۔ کہتے ہیں "ما لہ حانّۃ ولا آنّۃ" اس کے پاس نہ اونٹنی ہے نہ بکری۔
التَحنان - رحمت و مہربانی۔
الحِنّ - حنون کا ایک گروہ۔
الحَنان - رحمت - رزق - برکت۔ دل کی نرمی۔ کہا جاتا ہے۔ "حَنَانَیکَ وحَنانَکَ یا ربِّ" اے پروردگار تیرے رحم کی التجا کرتا ہوں — "وحنَانَ اللّٰہ" پناہ بخدا۔ معاذ اللہ۔
الحَنّان - مہربانی - خدا تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم۔ کسی چیز کا مشتاق — سہمٌ حنان - آواز نکالنے والا تیر۔ — طریقٌ حنان - واضح اور کھلا راستہ۔
الحِنّان - مہندی۔
حَنَاءَ (ف) حَنَاءً — المکانُ - جگہ کا سرسبز ہونا۔ صفت (حَانِئٌ) اور کہا جاتا ہے "احضر حانئٌ" گویا حانئٌ تاکید کے لیے آتا ہے جیسے - اسود حالک - اصفر فاقع - ابیض ناصع - احمر قانی
حَنّأہ - تحنیئًا و تحنئۃً - مہندی سے رنگنا۔
الحِنّاء - مہندی - واحد حِنّاءۃ ج حُنّان۔
تَحَنَّأ - بالحِنّاء - مہندی سے رنگا جانا
اَبُو الحِنّاء - ایک سرخ سینہ والا چھوٹا پرندہ۔
حَنِبَ (س) حَنَبًا و حَنَّبَ — و تحَنَّبَ — الشیخُ - بوڑھا ہونا۔
حَنَّبَہ — الکبرُ - جھکا دینا
— تَحَنَّبَ علیہ - کسی پر مہربان ہونا۔
حَنبَرَ - حَنبَرَۃً — البردُ - ٹھنڈ کا سخت ہونا۔
الحَنبَر - پست قد۔
حَنبَلَ - لوبیا کھانا۔ موزہ یا پرانی پوستین پہننا۔
تَحَنبَلَ - سر جھکانا۔
الحَنَابِل — من الاوتار - مضبوط اور موٹا تانت۔
الحَنبَل - پست قد موٹے پیٹ والا۔
الحِنبَال - پر گوشت - فربہ - بہت بولنے والا۔
الحَانُوت - شراب بیچنے والے کی دکان عام دکان۔ (مذکر و مؤنث) ج حوانیت - نسبت کے لیے (حانِیّ و حانَوِیّ)
حَنِثَ (س) حِنثًا - باطل کی طرف جھکنا۔ مائل ہونا - فی یمینہ قسم توڑنا۔
اَحنَثَہ - قسم تڑوانا۔
تَحَنَّثَ - گناہ سے نفرت کرنا۔ گناہ چھوڑنا۔ عبادت کرنا۔ بتوں سے الگ ہونا۔ اور ان کی عبادت ترک کرنا — من کذا - گناہ سے بچنا۔ توبہ کرنا۔
الحِنث - مص - گناہ - ج - اَحناث کہتے ہیں "بلغ الغلامُ الحِنثَ" لڑکا بالغ ہو گیا۔
المَحَانِث - گناہ کے مواقع۔
حَنَجَہ (ض) حَنجًا - جھکانا — الحبلَ - رسی مضبوط بٹنا۔
حَنَجَت حَاجَۃٌ - حاجت و ضرورت پیش آنا۔
اَحنَجَ — الشیءَ - کسی شے کو جھکانا۔ — الخبرَ - خبر کو چھپانا — الکلامَ - کلام کا رخ پھیر کر اس کو ناقابل فہم بنانا — الشیءُ - جھکنا — الرجلُ - کسی کا جلدی چلتے ہوئے پیچھے کی طرف دیکھنا۔
احتَنَجَ — الشیءُ - جلنا۔
حَنجَرَت — العینُ - آنکھ کا اندر کو دھنسنا۔
حَنجَرَہ - ذبح کرنا۔
الحَنجَرَۃ و الحُنجُور - نرخرہ۔ سانس کی نالی۔
حَنحَنَ - علیہ - خوف کھانا ڈرنا۔ عوام کہتے ہیں "حنحن البندق او الجوز ونحوھما" یعنی اخروٹ کی گری کا خراب ہو جانا۔ اس کے لیے فصیح لفظ "خمِتَ" ہے۔
حَندَسَ و تَحَندَسَ — اللیلُ - رات کا تاریک ہونا۔
الحِندِس - بہت تیرہ و تاریک رات

سخت اندھیری رات ۔ تاریکی ۔
اندھیری ۔ ج ۔ حَنَادِس
الحَنَادِس ۔ ہر ماہ کی تین آخری
تاریک راتیں ۔
الحِنْدَ قُوق ۔ والحَنْدَ قُوق
والحَنْدَ قُوقَی والحِنْدَ قُوقَی
ایک قسم کی گھاس یا سبزی کا نام
ہے ۔ ایک پاگل سا دراز قامت
آدمی ۔
حَنَذَ (ض) حَنْذًا (و تَحْنَاذًا) ۔
اللحمَ ۔ گوشت بھوننا ۔ پکانا
صفت مفعولی ۔ (حَنِیْذ)
(۔ حَنْذًا و حِنَاذًا) ۔
الفرسَ ۔ گھوڑے کو پسینہ لانے
کے لیے دوڑانا ۔ صفت مفعولی ۔
(محنُوذٌ وحنیذٌ) ۔۔۔
حَنَذَتْہُ الشمسُ ۔ سورج کا کسی
کو جھلس دینا ۔
اَحْنَذَ ۔ شراب میں زیادہ یا تھوڑا پانی
ملانا ۔ اللحمَ ۔ گوشت کو پکانا ۔
اِسْتَحْنَذَ ۔ دھوپ میں لیٹ کر پسینہ
لانا ۔
الحَنْذَۃ ۔ سخت حرارت ۔
حَنَاذِ ۔ مبنی علی الکسر ۔ سورج ۔
الحَنِیْذ ۔ گرم پانی ۔ بھونا ہوا گوشت ۔
سردھونے کی خوشبودار چیز ۔
الحِنْذِیْذ ۔ بہت پسینہ والا ۔
حَنَرَ (ض) حَنْرًا ۔ الحنیرۃ
محراب بنانا ۔ دیوار میں خمدار جگہ بنانا ۔
الحَنِیْرَۃ ۔ محراب ۔ طاق میں خمدار جگہ ۔
کمان ۔ دھنیے کی کمان ۔ ہر خمدار و
ٹیڑھی چیز ۔ ج ۔ حَنِیر و حَنَائِر ۔
حَنِسَ (س) حَنَسًا ۔ وسط معرکہ میں
بہادری سے ڈٹے رہنا ۔
الحُنُس ۔ خدا پرست ۔ پرہیزگار لوگ ۔

حَنَشَہ (ض) حَنْشًا ۔ ہٹانا ۔ علیحدہ کرنا
غضبناک کرنا ۔۔۔ الصیدَ ۔
شکار کرنا ۔ حنشت الحیۃُ فلانًا ۔
سانپ کا کسی کو ڈسنا ۔
اَحْنَشَہ ۔ شکار کرنا ۔۔۔ عن الامرِ
جلدی کرانا ۔
الحَنَش ۔ سانپ کی ایک قسم ۔ ہر وہ
جانور جس کا سر سانپ کے مشابہ
ہو ۔ مثلاً گرگٹ ۔ چھپکلی وغیرہ ۔ ج ۔
اَحْنَاش وحُنْشَان ۔
حَنَطَ (ن) حُنُوطًا و اَحْنَطَ ۔۔۔
الزرعُ ۔ کھیتی کا کٹائی کے قابل
ہونا ۔۔۔ الشجرُ ۔ درخت کے
پھل پکنا ۔
حَنَطَ (ض) حَنْطًا ۔ الجلدُ ۔ چمڑے
کا سرخ ہونا ۔ صفت ۔ (حانط)
حَنَّطَ و اَحْنَطَ ۔۔ المیتَ ۔
مردہ کے خوشبو لگانا ۔
تَحَنَّطَ ۔ مردہ پر خوشبو ملنا ۔
اِسْتَحْنَطَ ۔ مرنے پر دلیری دکھانا ۔
الحَانِط ۔ فا ۔ بہت گیہوں والا ۔ گیہوں
والا ۔ پکے ہوئے پھل والا درخت ۔
احمر حانط ۔ گہرا سرخ ۔
الحِنْطَۃ ۔ گیہوں ۔ ج ۔ حِنَط ۔
الحِنْطِیّ ۔ بہت گیہوں کھانے والا ۔
پھولا ہوا ۔
الاَحْنَط ۔ بڑی اور گھنی داڑھی والا ۔
الحِنَاطَۃ ۔ گیہوں بیچنے کا پیشہ ۔ مُردوں
پر خوشبو لگانے کا پیشہ ۔
الحَنَّاط ۔ مُردوں پر حنوط لگانے والا ۔
(۔ والحَنَّاطِیّ) گندم فروش ۔
الحِنَاط والحَنُوط ۔ ایک مرکب
خوشبو جو مردوں کے جسم اور کفن
پر لگائی جاتی ہے ۔
الحِنْطِیءُ ۔ پست قد ۔

الحِنْطِیءُ ۔ وہ شخص جس کی خوراک گیہوں ہو
الحِنْطَأْ والحِنْطَأوَۃ ۔ بڑے پیٹ
والا ۔ پست قد ۔
الحُنْظُبَاء والحُنْظُبَاء ۔ نر ٹڈی ۔
نر گبریلا ۔
الحُنْظُوب ۔ موٹی اور بھدی عورت ۔
الحُنْظَاب ۔ بدخو ۔ پست قد ۔
الحَنْظَل ۔ اندرائن ۔ اس کی تلخی
ضرب المثل ہے ۔
حَنْظَلَتِ ۔ الشجرۃُ ۔ درخت کے
پھل کا کڑوا ہوجانا ۔
حَنَفَ (ض) حَنْفًا ۔ جھکنا ۔۔۔
رجلہ ۔ پاؤں ٹیڑھا کرنا ۔
حَنِفَ (س) حَنَفًا و حَنُفَ (ک)
حَنَافَۃً ۔ ٹیڑھے پاؤں والا ہونا ۔
صفت (اَحْنَف) ، مؤنث
حَنْفَاء ۔
حَنَّفَہ ۔ ٹیڑھے پاؤں والا کردینا ۔
تَحَنَّفَ ۔ حنفی ہونا ۔ یا حنفی کا کام کرنا ۔
کہتے ہیں "شافعیٌ تحنّفَ" شافعی
حنفی ہوگیا ۔۔ الیہ ۔ مائل ہونا ۔
الحَنْفَاء ۔ کمان ۔ استرہ ۔ گرگٹ ۔ کچھوا ۔
الحَنِیْف ۔ سیدھا ۔ اسلامی احکام پر
عمل پیرا ۔ ہر وہ شخص جو دین ابراہیمی
پر قائم ہو ۔ موحد ۔ ج ۔ حُنَفَاء ۔
الحَنِیْفِی ۔ مذہب امام ابوحنیفہ رح کا
پیرو ۔ حنفی المذہب ۔ ج اَحْنَاف
وحَنَفِیَّۃ ۔
الحَنِیْفِیَّۃُ ۔ فی الاسلام او الدین ۔
اسلام کی طرف میلان اور دین کے
ساتھ تمسک ۔
الحِنْفِش والحِنْفِیش ۔ ایک قسم کا
زہریلا سانپ موٹے سر اور باریک
گردن والا ۔ یہ جب غصہ میں آتا ہے
گردن کی رگیں پھلا لیتا ہے ۔ ج ۔

آنکھ کی سفیدی کا بہت سفید اور
سیاہی کا بہت سیاہ ہونا۔
صفت (حَوْرَاء ، آنکھ والا۔
(اَحْوَرُ) ج۔ حُوْر۔
حَوَّرَ — القُرْصَ۔ روٹی کو بیلن
سے بیلنا — الثوبَ کپڑے کو
سفید کرنا — ہُ اللّٰہُ۔ محروم کرنا
حَاوَرَہ مُحَاوَرَۃً و حِوَارًا و
حُوَارًا۔ گفتگو کرنا۔ جواب دینا۔
اَحَارَ اِحَارَۃً — الجوابَ۔ جواب
دینا اور اسی سے ہے "لم
یُحِرْ جَوَابًا" اس نے کوئی جواب
نہیں دیا۔ اور کہا جاتا ہے "طحنت
الطاحنۃ فما اَحَارت" چکی
پیسنے والی نے چکی پیسی اور آٹا کچھ
بھی نہیں دیا — احارت الناقۃ
اونٹنی کا کچھ والی ہونا — احار
البعیرَ۔ اونٹ کو ذبح کرنا۔
تَحَاوَرَ — القومُ۔ ایک دوسرے
سے گفت گو کرنا اور ایک دوسرے
کو جواب دینا۔
اِحْوَرَّ۔ اِحْوِرَارًا۔ سفید ہونا —
احورت العین بمعنی حورت
آنکھ کا بہت سیاہی اور سفیدی
والی ہونا۔
اِستَحَارَہ۔ گفتگو کرانا۔
الحَوْرُ۔ ہلاکت۔ کمی۔ نقصان۔ کہا
جاتا ہے "اِنَّہ فی حَوْرٍ و بَوْرٍ"
وہ نہ کسی صنعت ہی میں ہے اور
نہ کسی آمدنی میں۔
الحَوْرُ۔ گہرائی۔ تہہ۔ کہتے ہیں۔
"بعید الحور" یعنی عقلمند "وما
اَصَبْتُ حَوْرًا" میں نے کچھ
نہیں پایا۔
الحَوْرُ م ص۔ سفید پتلے چمڑے۔ سفید

سے رنگا ہوا چمڑا۔ گائے۔ چنار
کا درخت۔ ج۔ اَحْوَار
الحُوَارُ و الحِوَارُ۔ اونٹنی کا وہ بچہ
جس کا دودھ ابھی نہ چھڑایا گیا ہو۔
ج۔ اَحْوِرَۃ و حِیْرَان۔
الحَارَۃُ۔ گول چوک۔ شہر کا محلہ۔ کہا
جاتا ہے "نزلنا فی حارۃ بنی
فلان" ہم بنو فلاں کے محلہ میں
فروکش ہوئے۔
الحَائِرُ۔ فا۔ لاغر۔ دبلا۔
الحَائِرَۃُ۔ الحائر کا مؤنث — ما
ھو الاحائرۃ من الحوائر"
یعنی اس میں کوئی خیر و بھلائی نہیں۔
الاَحْوَرِیُّ۔ سفید۔ نرم۔ ملائم۔
الحُوَّارٰی۔ سفید آٹا۔ کھریا مٹی۔ ہر سفید
دکھنے والی چیز۔
الحَوَارِیُّ۔ نصیحت کرنے والا۔ دھوبی
رشتہ دار۔ مددگار۔ بعض کے
نزدیک خاص انبیاء کے مددگار۔
اور اسی سے ہے "الحواریون"
یعنی حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ
السلام کے مددگار و انصار۔
الحَوَارِیَّۃُ۔ الحواری کا مؤنث۔ شہری
عورت۔ ج۔ حَوَارِیَّات۔
المِحْوَرُ۔ چرخی کا دھرا۔ وہ لکڑی یا لوہا
جس پر چرخی گھومتی ہے۔ علم ہندسہ
کی اصطلاح میں کرہ کے دونوں
قطبوں کے ملانے والا سیدھا خط
— المِحْوَرُ۔ روٹی پکانے والے
کا بیلن۔ ہر وہ ٹکڑا جس پر کوئی چیز
گھومے۔ ج۔ محاور۔ کہا جاتا
ہے "قلقت محاورہ" یعنی
اس کا معاملہ بگڑ گیا۔
الحَارَۃُ۔ واپسی۔ کمی۔ واپسی کی جگہ۔
[illegible]

کی ہم شکل ہڈی۔ و محارۃ الاذن
کان کا گڑھا۔
المَحْوَرَۃُ و المَحُوْرَۃُ۔ جواب
خُفٌّ (مُحَوَّسٌ) وہ موزہ جس کا استر
سرخ چمڑے کا ہو۔
حَازَ (ن) حَوْزًا و حِیَازَۃً و احتاز
اِحْتِیَازًا — الشیءَ۔ اکٹھا کرنا
جمع کرنا۔ اپنے لیے مخصوص کرنا۔
— الابلَ۔ اونٹ کو نرمی
سے ہانکنا (حاز حوزا) الرجلُ
آدمی کا آہستہ چال سے چلنا۔
حَوَّزَ۔ تَحْوِیْزًا۔ الابلَ۔ لیلۃ
الحویز میں اونٹوں کو پانی کی طرف
ہانکنا۔
حَاوَزَہ مُحَاوَزَۃً۔ سنگ ساتھ
زندگی گزارنا۔ آپس میں میل ملاپ
رکھنا۔ پاؤں سے روندنا۔ دھتکارنا
تَحَوَّزَ۔ کنارہ کش ہونا۔ علیحدہ ہونا
— الحیۃُ۔ سانپ کا کنڈلی
مارنا۔ کہا جاتا ہے "دخل
علیہ فما تحوز لہ" وہ اس
کے پاس آیا اور اس کے لیے علیحدہ
نہیں ہوا۔
تَحَاوَزَ — الفریقانِ۔ دو فریقوں
کا ایک دوسرے سے جدا ہونا۔
اِنْحَازَ اِنْحِیَازًا۔ عنہ۔ کسی سے
پھر جانا۔ ہٹ جانا — الیہ۔
مائل ہونا — القومُ۔ قوم کا
مرکز کو چھوڑ دینا۔ پسپا ہونا۔
شکست کھانا۔
الحَوْزَۃُ۔ کنارہ۔ طبیعت —
حوزۃ المملکۃ۔ سرحدوں کے
مابین وسطی حصہ۔ ملک کا دارالخلافہ
الحَوْزُ۔ چار دیواری سے محفوظ کی ہوئی
جگہ — حوز الدار۔ مکان

کے منافع جو اس کے ساتھ ملحق
اور متصل ہوں۔ لیلۃ الحوز
اونٹوں کو پانی کی طرف لے جانے
کی پہلی رات۔
التحوزی۔ اونٹوں کو ہانکنے والا۔ قوم
کو چھوڑ کر علیحدہ فرد کش ہونیوالا۔
سیاہ۔
الحیز و الحیّز۔ جگہ۔ کہتے ہیں۔
"ھذا فی حیز التواتر" یعنی
اس کا ثبوت تواتر کے درجہ
میں ہے۔
الحوزاء۔ لڑائی۔
الحویزاء۔ ساتھی سے پوشیدہ رکھا
ہوا وغیرہ۔
الاحوزی۔ ماہر۔ ہر کام میں پھرتیلا و
چست۔ اچھا چلانے والا۔
الحواز۔ الحائز کا مبالغہ۔ اور
اسی سے ہے یہ قول: "الاثم
حواز القلوب" یعنی گناہ
دلوں پر پورا قابو پا لیتا ہے۔ اور
آخر ناپسندیدہ کام تک سرزد
ہونے لگتے ہیں۔
حاس (ن) حوسا — القوم
قوم سے میل ملاپ کرنا۔ روندنا۔
ذلیل کرنا — الذئب
الغنم۔ بھیڑیے کا بکریوں میں گھس
کر ان کو تتر بتر کر دینا۔
حاستہ المرأۃ ذیلہا۔ عورت
کا دامن کھینچتے ہوئے چلنا —
الجزار الاھاب۔ قصائی کا
کھال اتارنا۔
حوس (س) حوسا۔ دلیر اور
من چلا ہونا۔ صفت (اخوس)
تحوّس۔ دلیری اختیار کرنا —
فی الکلام۔ کلام کے لیے تیار ہونا

— للشیء۔ کسی شے کے لیے
دردمند ہونا۔
استحوس استحواسا۔ رکنا۔ دیر لگانا۔
الاحوس۔ بہادر۔ جری۔ جو کسی شے سے
سیر نہ ہو۔ وہ شخص جو اپنی جگہ سے
نہ ٹلے، جب تک کہ اس کی حاجت
پوری نہ ہو جائے۔ بھیڑیا۔ ج۔
حوس۔
الحوّوس۔ بہادر لوگوں کو بہت قتل
کرنے والا۔
الحواسۃ غنیمت۔ ضرورت۔ حاجت
(— والحویساء) قرابت
رشتہ داری۔
حاش (ن) حوشا — الابل
اونٹوں کو جمع کرنا اور ہانکنا۔
(— و اَحاش اِحاشۃ و
اَحوش اِحواشا و استحوش
استحواشا — الصید
شکار کو گھیر کر پھندے کی طرف
لانا — حاش و احوش
و احاش علیہ الصید و
احوشہ ایاہ۔ شکار کرنے
میں کسی کی مدد کرنا۔
حوّشہ۔ بہت جمع کرنا — حوّش
الرجل۔ آدمی کا شجاع و بہادر
ہونا۔ تیار ہونا۔
حاوشہ۔ علی الامر۔ کسی کو کسی کام
پر اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔
تحوّش۔ عنہ۔ کنارہ کش ہونا۔
علیحدہ ہونا — عنہ۔ شرم و
حیا کرنا۔
انحاش۔ جمع ہونا — عنہ۔
نفرت کرنا — لہ الصید
شکار کا خود آنا۔
تحاوشوا۔ علیہ۔ کسی کو اپنے بیچ

میں لے لینا۔
اختوش — القوم الصید۔ شکار کو
ایک کا دوسرے کی طرف بدکانا۔
بھگانا — اختوش القوم
الرجل و علیہ۔ قوم کا کسی کو گھیر
کر اپنے درمیان میں لے لینا۔
الحوش۔ باڑہ۔ گھر کے اردگرد کا صحن۔
الحواشۃ۔ شرم و حیا کا سبب۔ رشتہ
داری۔
الحائش۔ فا — حائش الشجر۔
درخت کا گنجان اور گھنا حصہ۔
— رجل (حوش) الفؤاد۔ تیز
فہم آدمی۔
الحوشیّ۔ من الکلام۔ نادر، اور
غریب کلام — رجل حوشیّ۔
تنہائی پسند آدمی — لیل حوشیّ
تاریک رات۔
حاص (ن) حوصا و حیاصۃ —
الثوب۔ کپڑے سینے میں دور
دور ٹانکے لگانا — حوّلہ۔
اردگرد پھرنا — بینھما۔ تنگ کرنا
حوص (س) حوصا۔ دنبالۂ چشم کا
تنگ ہونا۔ آنکھ کا پچھلا حصہ تنگ
ہونا۔ صفت (احوص) مؤنث
حوصاء۔ ج حوص و احاوص۔
حاوصہ۔ آنکھ کے پچھلے گوشہ سے مخفی
دیکھنا۔
اختاص احتیاصا — فی امرہ۔
اپنے کام میں احتیاط کرنا۔
الحوص۔ مص۔ بخیوں کا مروڑ۔ کہا جاتا
ہے: "لاطعنن فی حوصک"
یعنی جو تم نے سیا ہے۔ میں اس کو
ادھیڑ دوں گا۔ اور جو تم نے درست
کیا ہے میں اس کو بگاڑ دوں گا۔
"وما طعنت فی حوصہ" تم

دوسرے حال کی طرف بدلنا ۔
محال ہونا ۔۔۔ القوسُ ۔
کمان کا ٹیڑھا ہونا ۔۔۔ فلان
الشیءَ ۔ کسی چیز کی طرف دیکھ کر
پتہ لگانا کہ وہ حرکت کرتی ہے
یا نہیں ۔
الحالُ ۔ کیفیت ۔ ہیئت ۔ صفت
(مذکر، مونث) گرم راکھ ۔ کالی مٹی
"حالُ متنِ الفرسِ" گھوڑے
کی پیٹھ کا وسطی حصہ ۔ ج ۔
اَحوال و اَحوِلَة ۔
حَالَةُ ۔ الشیءِ ۔ چیز کی حالت ۔
ج ۔ حَالَات ۔۔ حالات
الدھر ۔ انقلاباتِ زمانہ ۔ گردش
ہائے ایام ۔
الحَولُ ۔ مص ۔ قدرت ۔ قوت ۔ کہا
جاتا ہے "لاحول ولا قوة إلّا
باللهِ" ۔ نہ حرکت ہے نہ قوت مگر
اللہ تعالےٰ کی مشیت سے ۔
ہوشیاری ۔ دور بینی ۔ سال ۔
ج ۔ حُؤُول و اَحوَال ۔۔
الحَولِیُّ ۔ ایک سال کا بچہ ۔ ج
حَوَالِیُّ ۔ اور اسی سے ہے ۔
"حَولِیَّات زہیر" وہ قصائد
جن کے نظم کرنے، ترتیب دینے
اور درست کرنے میں ایک سال
کا عرصہ لگتا تھا ۔
الحِوَلُ ۔ ہوشیاری ۔ دور بینی ۔ تصرف
پر قدرت ۔ زوال و انتقال ۔ کہا
جاتا ہے "لا حِوَلَ عنہُ" اس سے
نہیں بچ سکتے ۔
الحَوَل ۔ بھینگا پن ۔
حَولَ و حَولَیْ و حَوَال و حَوَالَیْ
۔۔ الشیءِ او الشخصِ ۔ چیز یا
آدمی کا گرداگرد ۔ کہا جاتا ہے ۔
"قعد حَولَه و حَولَیه و حَوالَه
و حَوالَیه" ۔
الحَوَال و الحَوَلان و الحُوَلان
تغیر و تبدیلی ۔ انقلاب ۔
الحَوالِیُّ و الحُوَّل و الحُوَّلِیُّ ۔ حیلہ
باز ۔ بہت حیلہ گر ۔
الحِوَال ۔ دو چیزوں کے درمیان حائل
ہونے والی چیز ۔
حِیَالُ ۔۔ الشیءِ ۔ چیز کے سامنے یا
مقابل ۔ کہا جاتا ہے "قعد کل
علی حیاله" ہر ایک الگ
الگ بیٹھا ۔
الحِیلَة و الحُوَلَة ۔ ہوشیاری و دور بینی
تصرف کرنے پر قدرت ۔ ج ۔
حِیَل و حِوَل ۔
الحُولَة ۔ عجب ۔ امر منکر ۔ مصیبت
کہا جاتا ہے "رجل حُوَلَة" ۔
آدمی بڑا حیلہ باز ہے "وھٰذا
من حولة الدهر" یہ عجائبات
زمانہ میں سے ہے ۔
الحِوَل (ا) ۔ بھینگا ۔ بڑا حیلہ ساز ۔
الحَائِل ۔ رنگ بدلا ہوا ۔ ایک سال
کی عمر والا ۔ بانجھ ۔ کہتے ہیں ۔
امراة حائل و نخلة حائل ۔
ج ۔ حُول و حُوَّل و حِیَال و
حَوَائِل ۔
الحَائِلَة ۔ الحَائِل کا مؤنث ۔ حیلہ
کہا جاتا ہے "ما فیه حَائِلَة"
اس میں کوئی حیلہ نہیں ۔
المُحَال ۔ باطل ۔ ٹیڑھا ۔ غیر ممکن ۔
سراسر فساد کی بات ۔
المُحوِل ۔ یک سالہ بچہ ۔
المُحِیل ۔۔ من النساءِ ۔ لڑکی کے
بعد لڑکا یا لڑکے کے بعد لڑکی
جننے والی عورت ۔
المحَالَة ۔ ہوشیاری ۔ تصرف کی قدرت
رہٹ ۔ پیٹھ کا درمیان ۔ ج
مَحَال و مَحَاوِل ۔ کہا جاتا
ہے "لا مَحَالَةَ مِنَ الأمرِ" ۔
ضروری امر یا شک و شبہ سے پاک
المِحوَال ۔ بہت محال باتیں کہنے والا ۔
المُستَحِیل ۔ لغو و باطل کلام ۔ بھرا ہوا
المُستحیلة و المستحالة
مِنَ القسی ۔ ٹیڑھی کمان ۔۔
مِنَ الأرض ۔ ایک سال یا کئی
سال پروت چھوڑی ہوئی زمین ۔
حَامَ (ن) حَومًا و حَومَانًا ...
علی الشیءِ و حَولَه ۔ اردگرد
پھرنا ۔۔ الرجلُ ۔ پیاسا ہونا
صفت ۔ (حَائِم) ج ۔ حُوَّم ۔
مؤنث ۔ حَائِمَة ۔ ج ۔ حَوَائِم
و حُوَّم ۔ ر ۔۔ حَومًا و حِیَامًا
و حُؤُومًا ۔ حول غرضه و
علیه ۔ اپنے مطلب کے ارد
گرد پھرنا ۔ اور اس کو طلب کرنا ۔
حَوَّمَ ۔ فی الأمرِ ۔ کام میں لگا رہنا ۔
الحُوم ۔ سر کو چکرانے والی شراب ۔
حَومَة ۔۔ القتالِ او البحرِ او
الرملِ ۔ و غیر ذٰلك ۔۔
لڑائی یا سمندر یا ریت کا بڑا حصہ ۔
۔۔ حَومَةُ الموتِ ۔۔ موت کا
اچانک آنا ۔
حَومَلَ ۔ حَومَلَةً ۔ پالی اٹھانا ۔
الحَومَل ۔ صاف سیلاب ۔ سیاہ بادل ۔
تَحَوَّنَ ۔۔ الرجلُ ۔ آدمی کا ذلیل
ہونا ۔ ہلاک ہونا ۔
حَوِیَ (س) حَوًی و احوَوٰی ۔
احووی و احواوی إحویواءً
سبزی مائل سیاہ یا سیاہی مائل سرخ
ہونا ۔ صفت ۔ (اَحوٰی) مؤنث

حَوَاء۔ ج۔ حُوّ۔

حَوَى (ض) حَوَايَةً وحَيًّا۔ الشيءَ۔ جمع کرنا ـــ حَوَّاه تَحْوِيَةً۔ قبضہ کرنا۔

تَحَوَّى۔ سکڑنا۔ گول ہونا ـــ الحيةُ۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔ ـــ الشيءَ۔ قبضہ کرنا۔

اِحْتَوَى۔ اِحْتِوَاءً۔ الشيءَ وعليه۔ جمع کرنا۔

الحَاوِي۔ فا۔ سانپ پر منتر پڑھنے والا۔ مؤنث حَاوِيَة۔ ج۔ حَاوِيَات وحَوَاءٍ۔

الحَوَاء و الحَوَاةُ۔ آواز۔

الحَوِيّ۔ استحقاق کے بعد مالک بننے والا۔ چھوٹا حوض۔

الحِوَاء۔ پاس پاس گھروں کا مجموعہ۔ ج۔ اَحْوِيَة۔

الحَوِيَّة۔ الحَوِيّ کا مؤنث۔ اندرسی چھوٹا حوض۔ بھوسہ گھاس بھری ہوئی گدی۔ جو اونٹوں کے کوہان کے ادھر ادھر ڈالتے ہیں۔ ج حَوَايَا۔ اور اسی سے یہ مثل مشہور ہے: "المنايا على الحوايا"۔ یہ مثل اس کے لیے بولی جاتی ہے جو اپنی موت کے لیے خود کوشش کرے۔

الحَوَّاء۔ سانپوں کا جمع کرنے والا۔

حَيْثُ۔ ظرف مکان۔ مبنی بر ضمہ۔ بمعنی کہاں۔ کہا۔ چونکہ۔ کہا جاتا ہے۔ مِن هذه الحيثية: یعنی اس وجہ سے اور اس اعتبار سے۔

حَيْثُ۔ زمان کے لیے بھی آتا ہے۔

حَاجَ (ض) حَيْجًا۔ محتاج ہونا۔

اَحَاجَ واَحْيَجَ ـــ المكانُ۔ کسی جگہ کا کانٹے اگانا۔

حَادَ (ض) حَيْدًا وحَيَدَانًا۔ ومَحِيدًا وحَيْدَةً وحُيُودًا۔ وحَيْدُودَةً ـــ عن الطريق راستہ سے الگ ہونا۔ ہٹنا۔

حَيَّدَ۔ گرہ پر گرہ دینا ـــ حَيَّدَ السَّيْرَ۔ تسمہ میں گرہ لگانا۔

حَايَدَ۔ مُحَايَدَةً وحِيَادًا۔ ایک جانب ہونا۔ علیحدہ ہونا۔

الحَيْد۔ چیز کا اٹھا ہوا اور ابھرا ہوا حصہ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا کنارہ۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔ ج۔ حُيُود وحِيَد واَحْيَاد۔

(ـــ والحِيدُ) مثل ونظیر۔

ـــ الحَيْدَة۔ پہاڑی بکرے کے سینگ کی گرہ۔

الحَيْدَى۔ متکبرانہ چال۔

الحَيَدَان۔ وہ کنکر، پتھر جو جانور کے چلنے سے اڑتے ہیں۔

المَحِيد۔ حاد کا اسم ظرف۔ الگ ہونے کی جگہ۔

حَارَ (س) حَيْرًا وحَيْرَةً۔ وحَيَرَانًا وحَيَرًا ـــ الماءُ۔ پانی کا بند نہ ہونے سے چکر لگانا۔

ـــ الرجلُ۔ آدمی کی نظر کا چکا چوند ہونا۔ راستہ گم کرنا ـــ في امره۔ اپنے امر میں حیران ہونا۔ صفت (حَيْرَان) مؤنث حَيْرَى۔ ج۔ حَيَارَى وحُيَارَى

حَيَّرَ۔ حیرانی میں ڈالنا۔

تَحَيَّرَ ـــ الماءُ۔ پانی کا جمع ہو کر چکر لگانا ـــ المكانُ بالماءِ۔ کسی جگہ کا پانی سے بھر جانا۔

(ـــ واستحار) حیرت میں پڑنا ـــ استحار المكانَ و بالمكان۔ چند دن کے لیے کسی جگہ اترنا ـــ السحابُ۔ بادل کا بے حرکت ہونا۔ کسی جانب متوجہ نہ ہونا۔

الحَيْر۔ رحمت۔ باغ

الحَيْر والحِير۔ بہت اہل ومال کہا جاتا ہے: "لا آتيه حيرَ دهرٍ"۔ میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔

الحَارَة۔ محلہ۔

الحَائِر۔ فا۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ کنارے اٹھی ہوئی نشیبی زمین ج۔ حُورَان وحِيرَان۔

المَحَارَة۔ سیپی۔ ج۔ مَحَاير۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ المَحَارَتَان سرین کے وہ دونوں گول سرے جن میں رانوں کے سرے گھومتے ہیں۔

المِحْيَار۔ بہت حیران۔

المُتَحَيِّرَات۔ کواکب سیارہ۔ واحد (متحيّرة)

المُسْتَحِير۔ صحرا کے عرض میں راستہ جس کے جائے خروج کا پتہ نہ لگے۔ وجل بے حرکت بادل جس کو ہوا نہ چلائے۔

حَازَ (ض) حَيْزًا۔ الابلَ۔ اونٹ کو ہانکنا۔ چلانا۔

تَحَيَّزَ ـــ الشيءُ۔ کسی ایک ہی جگہ میں منحصر ہونا ـــ الحيةُ۔ سانپ کا کنڈلی مارنا۔

الحَيِّز۔ دیکھیے مادہ ح وز۔

حَاسَ (ض) حَيْسًا۔ الشيءَ ملانا ـــ الحبلَ۔ رسی بٹنا ـــ (ـــ وحَيَّسَ) الحَيْسَ حیس بنانا۔ کہتے ہیں "حِيسَ حَيْسُهُمْ"۔ ان کی ہلاکت قریب آپہنچی۔

خُبُوب۔ کہتے ہیں "اَصَابَهُم الخُبُّ" ان کو آندھی کے جھونکوں اور موجوں کے تھپیڑوں نے گھیر لیا۔
الخُبُّ۔ پست زمین۔ درخت کی چھال۔ ج۔ خُبُوب۔ اَخْبَاب
الخَبَّۃ۔ بتثلیث الخاء۔ ریت کا لمبا قطعہ یا بدلی کی دھاری پٹی کی طرح کپڑے کا ایک چیتھڑا
— الخَبَّۃ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ۔ وادی کا نشیبی وسطی حصہ گوشت کا دراز پارچہ ——
ثَوبٌ (خِبَبٌ وخبائب و اَخْبَاب) پھٹے پرانے کپڑے تعداد اجزاء کی وجہ سے اس کی صفت میں جمع لانا جائز رکھا گیا ہے۔
الخَبِیبَۃ۔ ریت یا بدلی کی دھاری گوشت کا ٹکڑا۔ وادی کا درمیانی حصہ۔ ج۔ خَبَائِب۔
الخَبَّاب۔ دغاباز۔ فریبی
المَخْبَبَۃ۔ وادی کا وسطی حصہ۔
خَبَاء۔ (ف) خَبأً و خَبَاءً الشیءَ۔ چھپانا۔
خَابَأَ — ہ۔ کسی سے چیستان اور پہیلی کہنا۔
اِخْتَبَأَ۔ منہ۔ چھپنا —— الشیءَ۔ چھپانا۔ کہا جاتا ہے "اِختبأ لہ خَبِیئًا" اس نے اس سے کوئی شے پوشیدہ رکھ کر اس کے بارہ میں اس سے سوال کیا۔
الخَبْءُ و الخَبِیءُ۔ پوشیدہ۔ چھپائی ہوئی شے۔
خَبْءُ الارض۔ زمین کی نباتات۔

— خَبْءُ السماء۔ بارش کہتے ہیں "اَخْرَجَ خَبْءُ السماءِ خَبْءَ الارضِ" آسمان کی بارش نے زمین پر روئیدگی پیدا کی۔ ظاہر کی اور پودوں کو اگایا۔
الخِبَاء۔ اونٹوں کی پشم یا اون یا بالوں کا خیمہ۔ ج۔ اَخْبِیَۃ۔
الخَبِیئَۃ۔ پوشیدہ رکھی ہوئی چیز ج۔ خَبَایَا۔
الخَابِیَۃ و الخَابِیَۃ۔ بڑا مٹکا۔ ج۔ الخوابی و الخوابیٔ۔
بِنْتُ الخَابِیَۃ۔ شراب
الخُبَأَۃُ۔ بیٹی۔
المَخْبَاء۔ چھپنے کی جگہ۔
خَبَتَ (ض)، خَبْتًا — ذکرہ۔ چرچا مٹ جانا۔
اَخْبَتَ — القومُ۔ قوم کا پست اور فراخ زمین میں اترنا —— الی اللّٰہ۔ خدا تعالیٰ کے سامنے عاجزی کرنا۔
الخَبْتَۃُ و الخِبْتَۃُ۔ تواضع۔ فروتنی عاجزی۔ پستی۔
الخَبِیت۔ حقیر۔ بری چیز۔ کہتے ہیں "هو خبیت النفس" وہ شکستہ دل آدمی ہے۔
خَبُثَ (ن) خُبْثًا و خَبَاثَۃً و خَبَاثِیَۃً۔ پلید و ناپاک ہونا۔ صفت (خبیث) ج۔ خُبُث و خُبَثَاء و اَخْبَاث و خَبَثَۃ — خَبُثَتْ نفسُہ۔ جی کا متلانا۔ بالمرأۃ۔ زنا کرنا۔
خَبَثَ (ن)، خَبْثًا۔ ردی ہونا۔ مکار ہونا۔ (— و اَخْبَثَ) بروں کے ساتھ رہنا ——

و اَخْبَثَہ۔ کسی کو برائی سکھانا۔ خراب کرنا۔ کسی کو برائی کی طرف منسوب کرنا۔
خَبَّثَہ۔ خبیث بنانا — الطعامَ کھانے کو ناگوار بنانا۔
تَخَابَثَ۔ برائی اور شرارت کو ظاہر کرنا اور اس پر عمل پیرا ہونا
تَخَبَّثَ۔ بتکلف شرارت کرنا۔
اِستَخْبَثَ۔ شرارت کرنا۔ خباثت کرنا —— ہ کسی کو خبیث پانا۔
الخَبَثُ — من الحدید و نحوہ لوہے وغیرہ کا میل۔ سونے چاندی لوہے وغیرہ کا کھوٹ۔ بے فائدہ چیز۔
خَبَاثِ۔ بروزن قطام —— خَبِیثَۃ سے معدول ہے۔ صرف ندا کی شکل میں عورت کو گالی دینے کے لیے آتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں "یا خَبَاثِ" اے بدکار عورت۔
خُبَثُ۔ خَبِیث سے معدول ہے۔ یہ مرد کو گالی دینے کے لیے صرف ندا کی شکل میں آتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں "یا خُبَثُ" اے بدکار مرد۔
الخَبِیثُ۔ نجس۔ ردی۔ ناپسندیدہ ہر حرام چیز۔ ہر خراب چیز۔ ج۔ خُبُث و خُبَثَاء۔ ج۔ اَخْبَاث و خَبَثَۃ۔ مؤنث۔ خَبِیثَۃ۔ ج۔ خَبِیثَات و خَبَائِث
الخَبَائِث۔ برے کام۔ وہ چیزیں جن کو عرب ناپاک و نجس جان کر نہیں کھاتے تھے۔ جیسے سانپ

گریلا وغیرہ ۔
الاَخْبَثَان ۔ پیشاب ۔ پاخانہ ۔
الخِبِّیْثُ ۔ بڑا خبیث ۔ بڑا شریر ۔
— الخبیثی ۔ برائی ۔ پلیدی ۔
المَخْبَثَة ۔ سبب فساد ۔ مضر چیز ۔
کہتے ہیں " الکفر مخبثة
لنفس المُنْعِم " ناشکری محسن
کے دل کو خراب و فاسد کرنے کا
سبب بنتی ہے ۔
خَبَجَه (ن) خَبْجًا ۔ بالعصاءِ
لاٹھی سے مارنا — الرجلُ ۔
گوز کرنا ۔ پادنا ۔
الخبج والخَباجا ۔ احمق ۔
الخبج والخُباج ۔ پاد ۔ گوز ۔
خَبْخَبَ — الرجلُ ۔ ڈھیلے
پیٹ والا ہونا ۔ بے وفائی کرنا ۔
تَخَبْخَبَ ۔ الشئُ المضطرب
ڈھیلا ہونا — بَدَنُهُ ۔ بدن
کا موٹاپے کے بعد دبلا و لاغر
ہونا — الحَرُّ ۔ گرمی کی شدت
کا کم ہونا ۔
خَبَرَ (ن) خَبْرًا — وخِبْرَة
الشئَ ۔ کسی چیز کو تجربہ سے
جان لینا ۔ آزمانا ۔
خَبَرَ (ن) خُبْرًا — الارضَ ۔
کھیتی کے لیے زمین جوتنا —
الطعامَ ۔ کھانے کو مرغن کرنا ۔
خَبُرَ (ک) وخَبَرَ (ف) خُبْرًا
وخِبْرًا وخُبْرَةً وخِبْرَةً و
مَخْبَرَةً ومَخْبُرَةً —
الشئَ وبِه ۔ کسی چیز کی حقیقت
و ماہیت سے واقف و باخبر
ہونا ۔
خَبَّرَه وأَخْبَرَه — الشئَ و
بالشئ ۔ کسی کو کسی شے سے
آگاہ کرنا ۔ خبردار کرنا ۔ کہتے
ہیں " أَخْبَرَه خُبُورَه " یعنی
جو چیز اس کے پاس تھی، اس
کی اس نے اطلاع و خبر دی ۔
خَابَرَه ۔ بٹائی پر کھیتی کرنا ۔ [illegible]
کرنا ۔ بقول بعض باہم گفتگو کرنا ۔
اور بحث کرنا ۔
تَخَابَرَ ۔ ایک دوسرے کو خبر دینا ۔
تَخَبَّرَ — الامرَ ۔ کسی امر سے
اچھی طرح واقف ہونا ۔
تَخَبَّرَه واستَخْبَرَه ۔ کسی سے خبر
دریافت کرنا ۔
اِخْتَبَرَ — الشئَ ۔ تجربہ کرنا ۔
آزمانا ۔ امتحان لینا ۔ حقیقت
حال سے واقف ہونا —
لاهله ۔ اپنے گھر والوں کے
لیے کھانا لینا ۔
الخَبْرُ ۔ بڑا توشہ دان ۔ بہت
دودھ دینے والی اونٹنی ۔ کھیتی
پہاڑ میں پانی جمع ہونے کی جگہ ۔
بیری یا اراک کا درخت اور
اس کے آس پاس کی گھاس
واحد (خَبْرَة) ج ۔
خُبُور ۔
الخِبْرُ ۔ بڑا توشہ دان ۔ بہت
دودھ دینے والی اونٹنی ۔
الخُبْرُ ۔ مص ۔ علم ۔ تجربہ ۔ آزمائش
کہتے ہیں " صَدَّقَ الخَبَرَ
الخُبْرُ " تجربہ اور مشاہدہ نے
سنی ہوئی خبر کی تصدیق کی — [illegible]
ہونا ۔
رجل خُبْر [illegible] خبر کا
جاننے والا [illegible] اونٹ کے با[illegible]
[illegible] میں جو یا گیہوں [illegible]
الخَبَر ۔ خبر ۔ [illegible]
الاَخْبَار ۔ چھلکا ۔ شگوفہ کا غلاف
خُبَیْئَة ۔
[illegible] (ن) خَتًّا — السنام

الخَبْرَاءُ ۔ بڑا توشہ دان ۔ بیری کے
درخت اگانے والی زمین ۔ ج
خَبَارِی وخَبَارٍ وخَبْرَاوَات ۔
الخُبْرَة ۔ مص ۔ وہ بکری جس کو
لوگ مختلف قیمتوں پر لیں ۔ پھر
اس کو آپس میں بانٹ لیں ۔ ہر
ایک کو اپنی ادا کردہ قیمت کے
مطابق حصہ ملے ۔ زیادہ ثرید ۔
اہل و عیال کے لیے خریدی ہوئی
خوراک ۔ کہتے ہیں " اِجْتَمَعُوا
علیٰ خُبْرَتِه " وہ اس کے کھانے
پر جمع ہوئے ۔ سالن ۔
الخَبَارُ ۔ نرم زمین ۔ جڑیں ۔ واحد
خَبَارَة ۔
الخَبِیْرُ ۔ واقف ۔ آگاہ ۔ دانا ۔ کسان
ج ۔ خُبَرَاء ۔ کھیتی ۔ اونٹ
کے بال ۔ گرے ہوئے بال ۔ واحد
(خَبِیْرَة) ج ۔ خَبَائِر ۔
الخَبِیْرُ ۔ اونٹ کے منہ کے
جھاگ ۔
الخَابُورُ ۔ ایک قسم کا درخت —
راس العین اور فرات کے درمیان
ایک ندی کا نام ۔
المَخْبَرُ والمَخْبَرَة والمَخْبُرَة ۔
وہ واقفیت یا آگاہی جو خبر یا
تجربہ سے حاصل ہو ۔
خَبَزَ (ض) خَبْزًا ۔ الخُبْزَ ۔ روٹی
پکانا — القومَ ۔ روٹی کھلانا ۔
کہا جاتا ہے " خبزتهم و
تمرتهم " میں نے ان کو روٹی
اور کھجور کھلائی ۔
خَبَزَه وتَخَبَّزَه ۔ مارنا ۔
اِنْخَبَزَ — المکانُ ۔ جگہ کا پست ہونا
اِخْتَبَزَ — الخُبْزَ ۔ روٹی پکانا ۔
الخبز ۔ روٹی — خُبْزُ الغُرَاب

محبت نے اس کے دل کو تباہ کر
دیا — یَدَہٗ۔ ہاتھ کو شل
(خشک) کرنا — عن کذا۔
روکنا۔ منع کرنا۔ کہتے ہیں "خَبَلَ
عن فعل ابیہ" اس نے اپنے
باپ کے فعل سے کوتاہی کی۔
خَبِلَ (س) خَبَلاً و خَبَالاً۔ پاگل
ہونا۔ مجنون ہونا۔ صفت۔
(خَبِلٌ و اَخْبَلُ)
خَبِلَت — الیدُ۔ ہاتھ کا خشک
وبیکار ہوجانا۔
اِخْتَبَلَہ۔ عقل کو خراب کرنا۔
اختبلتِ الدابۃُ۔ جانور کا
اپنی جگہ نہ ٹھہرنا — تَخَبَّلَتِ
الیدُ۔ ہاتھ کا اپاہج و لنجا ہونا۔
اِسْتَخْبَلَہ — الابلَ۔ کسی سے
اونٹ عاریۃً مانگنا۔
الخَبْلُ۔ مص۔ قرض۔ ادھار۔ فتنہ۔
(— والخَبَلُ) اعضاء کی خرابی
فالج کا اثر۔ ہاتھ پاؤں کی کاٹ۔
ج۔ خُبُول۔
الخَبِلُ۔ ایک پرندہ جس کی آواز اُلو
کی آواز کے مشابہ ہوتی ہے۔
"دھرٌ خَبِلٌ" بگڑا ہوا زمانہ۔
الخَبَال۔ فساد۔ نقصان۔ ہلاکت۔ زہر
قاتل۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ خبالٌ علی
اھلہ" وہ اپنے اہل پر بوجھ ہے۔
الخابل۔ فساد۔ شیطان۔ جن۔ کہتے
ہیں "مَسَّہُ الخابلُ" اس کو
جن نے پاگل کردیا۔ الخابلان
رات و دن۔
المُخَبَّل۔ فا۔ اور مُخْبِل۔ بغیر الف
و لام، کے زمانہ کا نام ہے۔
مُخَبَّل۔ مجنون۔ لنگڑا لولا۔ درد
کے باعث اچھی طرح نہ چل سکنے
والا۔
خَبَنَ (ض) خَبْنًا و خِبَانًا —
الثوبَ۔ کپڑے کو موڑ کر سینا۔
— الشاعرُ۔ شاعر کا اپنے
شعر میں خبن استعمال کرنا۔
(— واخبن) الطعامَ
کھانے کو کپڑے کی تہ میں چھپانا۔
الخُبْنَۃ۔ تہ کردہ دامن۔ خوراک
جو کپڑوں کی تہ میں لی جائے۔ ج
خُبَن۔
اِخْتَبَنَ — الشیءَ۔ کپڑے کی تہ
میں چھپانا۔
الخَبْنُ۔ فی العروض۔ باصطلاح
عروض سبب خفیف سے ساکن
کو حذف کرنا۔ جیسے فَاعِلُنْ
سے فَعِلُنْ — رجلٌ
خَبِنٌ۔ سمٹے ہوئے اعضاء والا
آدمی۔
خَبا (ن) و خَبُوًّا خُبُوًّا۔ خبت
النارُ او الحدۃُ۔ آگ یا
حرارت کا ٹھنڈی ہونا۔ بجھنا۔ مندی
پڑنا۔ کہا جاتا ہے "خَبَا لَھَبُہُ"
اس کے غصہ کا جوش ٹھنڈا ہوا۔
فرو ہوا۔
اَخْبٰی — النارَ۔ آگ کو بجھانا۔
خَبَّی — الشیءَ۔ چھپانا۔
اَخْبَی و خَبَّی و تَخَبَّی و
اِسْتَخْبَی — الخِبَاءَ۔ خیمہ
لگانا۔ استخبی الخباءَ۔
خیمہ میں داخل ہونا۔
الخِبَاءُ۔ اون یا اونٹ کے بالوں
کا خیمہ۔ بالی میں جو یا گیہوں کے
دانہ کا چھلکا۔ شگوفہ کا غلاف
ج۔ اَخْبِیَۃ۔
خَتَّ (ن) خَتًّا — السِّنَانَ
الیہ۔ نیزہ پے در پے مارنا۔
اَخَتَّہ۔ حصہ کم کرنا۔
اَخَتَّ الرجلُ۔ باپ کے چرچے اور
ذکر پر شرمندہ ہونا۔
الخَتَتُ۔ بدن کی سستی۔
الخَتِیتُ۔ خسیس۔ ناقص۔
خَتَاَہٗ (ف) خَتْأً۔ عن کذا۔
منع کرنا۔ روکنا۔
اِخْتَتَأَ۔ خوف وغیرہ کی وجہ سے
رنگ کا متغیر ہونا — مِن
فُلانٍ۔ شرم، ڈر یا ذلت کے
سبب سے کسی سے چھپنا —
لہ۔ دھوکا دینا — الشیءَ۔
اچک لینا — مَفَازَۃٌ
(مُخْتَتِئَۃٌ) وہ بیابان جس
میں راستہ نہ ملتا ہو۔
خَتَرَہ (ض) خَتْرًا۔ بری طرح
بے وفائی کرنا۔ صفت (خاتِر
وخَتَّار وخَتِیر وخَتُور
وخِتِّیر۔ (ن ض) خَتْرًا و
خُتُورًا) — نفسُہ۔ جی
بگڑنا۔
خَتِرَ (س) خَتَرًا۔ زہر یا دوا
پینے کی وجہ سے سُن اور بے حس
ہوجانا۔
تَخَتَّرَ۔ سست ہونا۔ ڈھیلا ہونا
بیماری وغیرہ کی وجہ سے بدن کا
سست ہونا۔
خَتَّرَہ — الشرابُ۔ شراب کا
کسی کے نفس کو خراب کردینا اور
ڈھیلا کرکے چھوڑنا۔
خَتْرَبَہ۔ کاٹنا۔ پارہ پارہ کرنا۔
خَتْرَمَ۔ خَتْرَمَۃً۔ گھبراہٹ کے
سبب یا بات نہ کرسکنے کی وجہ
سے خاموش رہنا۔

ختعَ (ف) ختعًا و ختوعًا۔
— اللیلُ بالقوم۔ اندھیرے
میں رہبری کرنا — علی
القوم۔ اچانک آ جانا۔ (—
وانختع) فی الارض۔ زمین
میں دور تک نکل جانا۔
الخوتع والختِع والختع۔
عمدہ راہبر — الخوتع
خرگوش کا بچہ۔
الختّاع۔ چمڑے کا دستانہ جو باز
پالنے والے اس کے پنجوں کے
خراش کے خوف سے ہاتھ میں
پہنتے ہیں۔
ختلہ (ن ض) ختلاً و ختلانًا
— وخاتلہ مخاتلۃً۔
دھوکا دینا۔ کہتے ہیں "خاتل
الصیّادُ" شکاری کا ایسے دبے
پاؤں سے چلنا کہ شکار کو آہٹ
نہ پہنچے۔ صفت (خاتِل و
ختول)
تخاتلوا۔ آپس میں ایک دوسرے
کو فریب دینا۔
اختتل — لاسراس القومِ
چوری سے سننا — اختتل
الرجلَ۔ فریب دینا۔
المختل۔ چھپنے کی جگہ۔ خرگوش کا
بل۔
الخوتل۔ ظریف۔ دانا آدمی۔
الختّال۔ بڑا دھوکے باز۔ فریبی۔
مؤنث۔ ختّالۃ۔
ختمَ (ض) ختمًا و ختامًا۔
— الشیءَ و علیہ۔ مہر لگانا۔
— العملَ۔ کسی کام سے
فراغت حاصل کرنا — الکتابَ
پوری کتاب پڑھ جانا — الاناءَ
برتن کو مٹی وغیرہ سے بند کرنا۔
کہا جاتا ہے "ختم علیك
بابہ" اس نے تم سے اعراض کیا
اللہُ لہ بالخیر۔ اچھا انجام
کرنا — علیٰ قلبہ بے سمجھ
بنانا — الزرعَ و علیہ
کھیتی کو پہلی بار سیراب کرنا۔
ختّم بمعنی ختم مبالغہ کے
ساتھ۔ یعنی اچھی طرح ختم کرنا۔
ختّمہ۔ انگوٹھی پہنانا۔
اختم — الکتابُ۔ کتاب کا
خاتمہ پر پہنچنا۔
تختّم۔ الخاتم وبہ۔ انگوٹھی
انگلی میں پہننا۔ کہا جاتا ہے۔
"تختم بالعقیق" اس
نے عقیق کی انگوٹھی پہنی —
بامرہ۔ اپنے امر کو چھپانا —
عنہ۔ غافل بن کر چپ رہنا۔
عمامہ باندھنا۔ کہتے ہیں
"تختم بعمامتہ" اس نے
اپنا عمامہ باندھا۔
اختتمہ۔ پورا کرنا۔
الختم۔ مہر۔ شہد۔
الخاتام۔ انگوٹھی۔ مہر۔ ج۔
خواتیم۔
الخاتِم والخاتَم۔ ج۔ خواتم
وختُم۔ الخاتام۔ انگوٹھی
مہر۔ ہر چیز کا انجام۔ گدی کا گڑھا
ٹانگوں کی تھوڑی سفیدی۔
الخاتمۃ۔ الخاتم کا مؤنث۔ انجام
نتیجہ۔ اخیر۔ ج۔ خواتیم
وخاتمات۔
الختّم۔ انگوٹھی۔
الختام۔ مص۔ مہر لگانے کی لاکھ
یا ہر وہ چیز جس سے مہر لگائی جائے
ج۔ ختُم۔
المختّم۔ من الخیل۔ وہ گھوڑا
جس کی ٹانگوں میں تھوڑی سی
سفیدی ہو۔
ختَنَ (ن ض) ختنًا — الشیءَ۔
کاٹنا — الصبیَّ۔ بچہ کی ختنہ
کرنا۔ صفت مفعولی۔ (ختین
ومختون) — عامٌ مختون
خشک سال — وختن
الرجلَ۔ فریب دینا۔
ختنہ (ن) ختونًا و ختونۃً
وخاتنہ۔ داماد بنانا —
وخاتن الرجلَ۔ دھوکا دینا۔
اختتن — الصبیُّ۔ بچہ کا ختنہ
شدہ ہونا۔
الختان والختانۃ۔ ختنہ۔
الختانۃ۔ ختنہ کرنے کا پیشہ۔
الختَن۔ عورت کی طرف سے رشتہ
دار۔ مثلاً سسر۔ سالا۔ داماد
ج۔ اختان۔
الختنۃ۔ الختن۔ کا مؤنث۔
سال۔
الخاتون۔ شریف زادی۔ بیگم۔
ج خواتین (کلمہ عجمی ہے)
ختا یختو۔ ختوًا۔ غم یا بیماری
کی وجہ سے شکستہ دل ہونا۔
ختاہ۔ روکنا۔
اختی۔ المتاعَ۔ کپڑوں کو ایک ایک
کرکے فروخت کرنا۔
اختتی۔ اختتاءً۔ غم یا بیماری کے
کے باعث شکستہ دل ہونا۔
ختّث — الشیءَ۔ جمع کرنا۔
اصلاح کرنا۔
اختتث۔ شرم کرنا۔
الخثّ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ۔

یا پانی کے اوپر کی خشک شدہ
کائی۔
الخَثَّۃ و الخُثَّۃ۔ آگ سلگانے
کے لیے چھوٹی چھوٹی لکڑیوں کا
گٹھا۔
خَثَرَ (ن)، خَثْرًا و خُثُورًا۔
وخَثَرانًا و خَثِرَ (س)
خَثَرًا و خَثُرَ (ك)، و تخثّر۔
— اللبنُ۔ دودھ کا گاڑھا
ہونا۔ دہی بننا۔ صفت۔ (خاثر)
خَثِرَت (ض)، خَثْرًا —
نفس الرجل۔ جی متلانا۔
مضطرب ہونا۔ کہا جاتا ہے۔
"استیقظ فلان خاثر
النفس"۔ فلاں شخص نیند سے
جاگا۔ ایسی حالت میں کہ اس
کی طبیعت سست اور بدمزہ
تھی۔
خَثَّرَ و اَخْثَرَ — اللبنَ۔
دودھ کا گاڑھا کرنا۔ دہی بنانا۔
اَخْثَرَ۔ الزبدَ۔ مکھن کو بغیر
پگھلائے چھوڑ دینا۔ مثل ہے۔
"ما یدری ایخثر ام
یُذِیبُ"۔ یہ ایسے شخص کے
لیے بولی جاتی ہے جو اپنے کام میں
متردد و متحیر ہو۔
الخاثِرَۃ۔ جماعت۔
الخُثارُ۔ دسترخوان کا بچا کچھا حصہ۔
الخُثارۃ۔ چیز کا بقیہ۔ بچا ہوا گاڑھا
گاڑھا دودھ۔ کہا جاتا ہے۔
"ذهب صفوه بقیت
خُثارته"۔ یعنی اس کا صاف
اور خالص حصہ ختم ہو گیا۔ اور
تلچھٹ باقی رہ گئی۔
تَخَثْعَمَ۔ خون سے آلودہ ہونا۔

الخَثْعَمُ و المُخَثْعَمُ۔ شیر۔
الخَثْعَمَۃ۔ اکٹھے ہو کر جانور کو
ذبح کرنا۔ اور مل جل کر کھانا اور
پھر اسی جانور کے خون میں خوشبو
ملا کر ہاتھ رنگنا اور آپس میں
ایک دوسرے کے ساتھ مدد
کرنے کا معاہدہ کرنا۔
الخَثْلَۃ و الخَثَلَۃ۔ من البطن
پیڑو۔ کہتے ہیں: "طعنه فی
خثلة بطنه"۔ اس نے
اس کے پیڑو میں نیزہ مارا۔ ج
خَثَلات و خَثْلات الخَثْلۃ
موٹی عورت۔
خَثِمَ (س)، خَثَمًا۔ چوڑی یا
موٹی ناک والا ہونا۔ صفت۔
(خَثِم و اَخْثَم) خَثِمَت
اخلاف الناقۃ۔ اونٹنی کے
تھنوں کا بند ہونا۔
خَثَمَ (ن)، خَثْمًا — انفه
ناک کو کچل دینا۔
خَثَّمَ — الشیءَ۔ کسی چیز کو
چوڑا کرنا۔
الخُثْمَۃ۔ ناک کی چوڑائی یا موٹائی۔
خَجَّهُ (ن)، خَجًّا۔ ہٹانا۔ دفع
کرنا — الحبّ۔ لکڑی پھاڑنا
چیرنا — برجله۔ پاؤں
سے خاک اڑانا — بسلحه
پاخانہ کرنا — ساعده
کلائی کا گٹھا ہوا ہونا۔
اِخْتَجَّ — الجمل۔ اونٹ کا پیچ
کھاتے ہوئے جلدی چلنا —
ریح (خَجُوجٌ)۔ آندھی۔
سخت ہوا۔
خَجَأَ (ف)، خَجْأً — الرجلُ
گھر میں چھپ کے داخل ہونا۔

— اللیلُ۔ رات کا اختتام پر
پہنچنا — ہ۔ مارنا۔
خَجِئَ (س)، خَجَأً۔ شرم کرنا۔
اَخْجَأَہ۔ سوال میں اصرار کرنا۔
تَخَاجَأَ — دیر لگانا۔
الخُجَأۃ۔ موٹا و سست۔
بے وقوف۔
الخَجِف و الخجیف۔ اوچھا پن۔
خَجِلَ (س)، خَجَلاً۔ شرم و حیاء
سے مضطرب ہونا۔ صفت۔
(خَجِل و خَجْلان) —
الثوبُ۔ کپڑے کے نیچے کے
حصہ کا پھٹا ہوا اور فراخ ہونا۔
صفت (خَجِل)۔ النباتُ
نباتات کا زیادہ اور گنجان ہونا۔
صفت (خَجِل) — البعیرُ
اونٹ کا وزن سے بوجھل ہونا۔
— بامرہ۔ اپنے امر میں
مشتبہ ہونا — من کذا۔
زچ ہونا — فی طلب الرزق
رزق طلبی میں سست ہونا۔
خَجَّلَہ و اَخْجَلَہ۔ شرمندہ کرنا
۔ اَخْجَلَ النباتُ۔ پودہ کا لمبا
اور گنجان ہونا۔
الخَجَل۔ مص۔ شرم۔ حیاء۔
خَجِيَ (ض)، خَجْیًا — التراب
برجلہ۔ پاؤں سے خاک
اڑانا۔
خَجِيَ (س)، خَجًا۔ شرم کرنا۔
خَدَّ (ن)، خَدًّا — فیه الضربُ
چوٹ کا نشان چھوڑنا —
الارضَ۔ زمین پھاڑنا۔
خَدَّدَ۔ تخدیدًا — لحمه
دبلا ہو کر گوشت کا جھری دار ہونا
— لحمهُ۔ دبلا کرنا۔

خَادَّہ۔ مخَادَّۃً۔ کام میں مزاحم ہونا۔
تَخَادَّا۔ ایک دوسرے کی مزاحمت کرنا۔
تَخَدَّدَ۔ لَحمُہ۔ دبلا ہونے کے سبب گوشت کا جھری دار ہونا ــــ القومُ۔ لوگوں کا فرقوں میں بٹ جانا۔
الخَدّ۔ پانی کی نہر۔ طریقہ۔ لمبا گڑھا۔ لوگوں کی جماعت۔ ج۔ اَخِدَّۃ۔ وخِداد۔ وخِدّان۔ الخَدّ مِنَ الوجہ رخسارہ۔ ج۔ خُدود۔
الخُدَّۃ۔ لمبا گڑھا۔ ج
الأُخدُود۔ لمبا گڑھا۔ ج اَخَادِید ـ الاَخَادِید کوڑے کی مار کے نشانات۔ اور اسی سے ہے" اخادید الأرشیۃ فی البئر۔ کنویں میں رسی کھینچنے کے نشانات۔
المِخَدَّۃ۔ سوتے وقت رخسارہ رکھنے کا تکیہ ــــ المَخَدَّان دونوں کنپٹیاں۔
خَدَبَ (ن) خَدْبًا۔ جھوٹ بولنا ــــ ہ بالسیف تلوار سے مارنا ــــ ہ الحَیّۃُ سانپ کا ڈسنا۔
تَخَدَّبَ۔ درمیانی چال چلنا۔
الخَدَب۔ لمبائی۔ کہا جاتا ہے " فی لِسانہ خدب" اس کی زبان سے اوچھاپن اور حماقت ٹپکتی ہے۔ ہلکاپن۔ بیوقوفی۔
الخَدِبُ والأخدَب۔ لمبا۔ بیوقوف۔ جلدباز۔ ــــ سیفٌ خدب۔ کاٹنے والی تلوار ــــ طَعنۃٌ اوحربۃٌ خدبۃٌ وخَدباء۔ وہ نیزہ یا برچھی جس کا گھاؤ سخت ہو اور کشادہ۔
الخُدَبہ۔ لمبائی۔
الخَدّاب۔ بڑا جھوٹا۔
خَدَجَتْ (ن ض) خِدَاجًا ــــ واَخْدَجَت۔ الدابۃُ جانور کا ادھورا بچہ گرانا۔ صفت (خَادِج ومُخْدِج)۔ صفت مفعولی۔ (خدیج وخدوج ومخدج) اور خدج کی جمع خُدُوج وخِدَاج و خَدَائج ــــ اَخْدَجَ الشیءُ چیز کا ناقص ہونا۔ گھٹنا ــــ صلاتہ۔ بعض ارکان نماز میں کمی کرنا۔
خَدَّجَتِ ــــ النَاقۃُ۔ ناتمام بچہ گرانا۔
الخِداج۔ نقصان۔
خَدِرَ (س) خَدَرًا۔ العضوُ۔ عضو کا سُن ہوجانا ــــ العینُ۔ خارش کے سبب یا تنکا پڑجانے سے آنکھ کا بھاری ہونا ــــ الحَرُّ والبَردُ گرمی یا سردی کا تیز ہوجانا۔ ــــ النہارُ۔ دن کا حبس والا ہونا اور تیز گرمی والا ہونا۔
خَدَرَ (ن) خَدْرًا۔ متحیر ہونا۔ ــــ الظبیُ۔ ہرن کا گلہ سے پیچھے رہ جانا ــــ الاسد فی عرینہ۔ شیر کا ماند میں رہنا ــــ بالمکان۔ اقامت کرنا ــــ وخَدَّرَ و اَخْدَرَ البنتَ لڑکی کو پردہ میں رکھنا۔
خَدَّرَ و اَخْدَرَ العضوَ۔ عضو کو سُن اور بےحس کرنا ــــ اَخْدَرَ بالمکان۔ کسی جگہ اقامت کرنا ــــ معاهلہ۔ اپنے لوگوں کے ساتھ قیام کرنا۔ ــــ الاسدُ۔ شیر کا جھاڑی میں رہنا ــــ الاسدَ عرینہ جھاڑی کا شیر کو چھپالینا۔
تَخَدَّرَ و اختَدَرَ۔ چھپنا۔
الخَادِر۔ سست۔ کاہل۔ حیران۔
الخِدْر۔ لڑکی کے لیے مکان کے ایک گوشہ میں لگایا ہوا پردہ۔ لڑکی کے رہنے کی خاص علیحدہ جگہ۔ ہر ایک چیز جس سے پردہ کیا جائے۔ شیر کی جھاڑی۔ رات کی تاریکی۔ ج۔ اَخْدَار و خُدُور۔ جج۔ اَخَادِیر۔
الخَدَر۔ عضو کی بےحسی۔ کاہلی۔ سستی۔ اندھیری تاریک رات۔
الخَدِر۔ بےحس عضو والا ــــ لیلٌ خَدِر۔ اندھیری رات۔ مکانٌ خَدِر۔ چھپی ہوئی تاریک جگہ ــــ نہارٌ خَدِر۔ نمناک دن۔
الخِدَار۔ شیر کی جھاڑی۔
الخُدَرَۃ۔ سخت تاریکی۔
الأَخْدَر و الخُدَارِیّ۔ اندھیری رات ــــ الخُدَارِیّ۔ سیاہ بادل۔
الخُدَارِیۃ۔ عقاب۔
الأَخْدَر والخُدَرِیّ والاخدریّ ایک قسم کا جنگلی گدھا۔
ھودج مخدور۔ پردہ پڑا ہوا ہودہ۔
الخَدَرنق۔ نر مکڑی۔ بعض کے

نزدیک بڑی لکڑی۔ ج۔ خدادنق
خَدَشَه (ض)، خَدْشًا وخَدَّشَه
نوچنا۔ ٹکڑے ٹکڑے۔ عیب
لگانا۔ خراش لگانا۔
اِنْخَدَشَ۔ مص۔ خراش۔ ج۔
خُدُوش وخِداش واخداش
خَدُوش۔ زیادہ خراش کرنے
والا۔ چھیلنے والا۔ پسو۔ مکھی۔
خَادِش والمُخَدِّش۔ بلی
خَدَش۔ گردن۔ انسان میں کٹنے
کی جگہ۔
خَدَعَه (ف) خِدْعًا وخَدْعًا
دھوکہ دینا۔ فریب میں لانا۔
— الضبُّ فی حجرہ۔
سوسمار کا اپنے بل کے اندر جانا
— المطرُ۔ بارش کا کم ہونا
— الرجلُ۔ کسی کی دولت کا
کم ہونا۔ عطیہ دینے سے رکنا۔
— السوقُ۔ بازار کا ٹھنڈا
ہونا۔ رائج ہونا۔ (ضد)
— الامورُ۔ مختلف ہونا۔
— الشمسُ۔ سورج کا غائب
ہونا — الطریقُ۔ غیر معلوم
ہونا — الشیءُ۔ خراب
ہونا — الثوبَ۔ کپڑے
کا موڑنا۔ تہہ کرنا — الرجلَ
کسی کی رگ اخدع کو کاٹ دینا۔
اَخْدَعَه۔ کسی کو دغابازی پر اکسانا
برانگیختہ کرنا — الشیءَ۔
چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔
خَادَعَه مُخَادَعَةً وخِدَاعًا
واختدعه وتخدّعه۔
دھوکا دینا — خادع العینَ
آنکھ کی دیکھی بھالی بات میں
شک ڈالنا — تخادعَ۔
دھوکا کھانے کا بہانہ کرنا —
القومُ۔ بعض کا بعض کو
دھوکا دینا۔
اِنْخَدَعَ۔ دھوکا کھانا۔ دھوکے پر
رضامند ہونا — بہ۔
دھوکا کھانا — السوقُ
بازار کا ماند پڑنا۔ ٹھنڈا ہونا۔
الخَدِیْعَة۔ ج۔ خَدَائِع —
(الخُدْعَة والخِدَاع) دھوکے
کا ذریعہ۔ مکر وحیلہ۔
الخُدَعَة۔ بہت دھوکا کھانے
والا۔
الخُدَعَة والخداع والخَیْدَع۔
بہت دھوکا دینے والا —
سنةٌ خَدَّاعَةٌ۔ کم پیداوار
اور کم سرسبزی والا سال۔
الخَادِع۔ فا۔ طریقٌ خَادِع۔
وہ راستہ جو کبھی دکھائی دے
اور کبھی گم ہو جائے — دینارٌ
خَادِع۔ کم وزن دینار۔
الخَادِعَة۔ مؤنث۔ بڑے دروازہ
کی کھڑکی۔ مکان کی کوٹھری۔
الاَخْدَع۔ اسم تفضیل —
الاخدعان۔ گردن کی ہر دو جانب
دو پوشیدہ رگیں۔ کہتے ہیں۔
"لاُقیمنّك اخدعیك" میں
تیرے تکبر کو مٹا دوں گا —
فلانٌ شدید الاَخدَع۔ فلاں
بڑا سرکش ہے۔ ج۔
اَخَادِع۔
الخَیْدَع۔ ناقابل اعتبار دوست
مقصد کے مخالف راستہ۔ چمکتا
ہوا ریت۔ مکار بھیڑیا۔
الخَدُوع۔ بڑا فریبی — طریقٌ
خَدوع۔ وہ راستہ جو کبھی
دکھائی دے اور کبھی گم ہو جائے۔
ج۔ خُدُع۔
المِخْدَع والمَخْدَع والمُخْدَع
کوٹھری جو بڑے گھر کے اندر ہو
ج۔ مَخَادِع۔
المُخَدَّع۔ تجربہ کار۔ بار بار دھوکا
خوردہ۔
خَدَفَ (ض) خَدْفًا۔ تیز چلنا۔
— خدفت السماءُ بالثلج
آسمان کا برف گرانا۔ واختدف
الشیءَ۔ اچک لینا۔
الخَدَف۔ مص۔ کشتی کا پتوار۔
خَدِلَت (س) خَدَلًا وخَدَالَةً۔
وخُدُولَةً — الساقُ۔
پنڈلی کا پُر گوشت ہونا —
ساقٌ خَدلَة۔ گوشت سے
بھری موٹی پنڈلی۔
خَدَمَه (ض ن) خِدمَةً۔
وخَدمَةً۔ خدمت کرنا۔
صفت (خَادِم) ج۔ خُدّام
وخَدَم۔ مؤنث۔ خَادِم
وخَادِمَة۔
اَخْدَمَه۔ کسی کو خادم دینا۔
خَدَّمَ۔ الرجلُ امرأتَهُ۔ کسی
کا اپنی عورت کو پازیب پہنانا۔
تَخَدَّمَه۔ خادم بنانا۔ نوکر رکھنا۔
اِخْتَدَمَ۔ خود اپنی خدمت کرنا۔
— ہ۔ کسی سے خادم مانگنا
خادم بنانا۔
استخدمه۔ خادم بنانا —
الرجلَ۔ کسی سے خادم مانگنا۔
الخِدْمَة۔ وقت دن یا رات کا۔
الخَدَمَة۔ پازیب۔ پنڈلی۔ لوگوں
کا حلقہ۔ کہتے ہیں۔ "فضّ اللہُ
خَدَمتَهُم" اللہ ان کی جماعت

میں پھوٹ ڈال دے۔ د ـــ
والخِدَامَة) مضبوط چمڑے کا
پٹہ جو اونٹ کے گٹے پر باندھا
جاتا ہے۔ ج۔ خَدَمٌ و
خِدَام وخَدَمَات۔
الخَادِمِيَّة۔ نوکری۔ غلامی۔
المَخْدُومِيَّة۔ آقائی۔
الخُدَّام۔ خادم۔ نوکر۔
الخَدِيم۔ نوکر، غلام۔
الأَخْدَم۔ پاؤں پر سفید داغ
رکھنے والا گھوڑا۔ مؤنث
خَدْمَاء۔
المَخْدُوم۔ مفع۔ آقا۔ مولی۔
"کتاب مخدوم" وہ مقبول
کتاب جس کی لوگ شرحیں اور
حاشیے لکھیں۔
المُخَدَّم۔ والمخدمة۔ پازیب
پہننے کی جگہ۔ تسمہ۔ پاجامہ کے
کے نیچے کے حصہ پر باندھنے کی
ڈوری۔ گیٹس ـــ قومٌ
مُخَدَّمُون۔ بہت نوکر چاکر
والے لوگ۔
خَادَنَه۔ مُخَادَنَةً۔ دوستی کرنا۔
ساتھی بننا۔
الخِدْنُ۔ دوست۔ ساتھی (مذکر و
مؤنث) ج۔ اَخْدَان
الخَدِين۔ دوست۔ پیارا
ساتھی۔
الخُدَنَة۔ یار باش آدمی۔
خَدَى (ض) خَدْيًا وخَدَيَانًا۔
ـــ الفرسُ او البعيرُ۔
گھوڑے یا اونٹ کا تیز دوڑنا۔
اَخْدَى۔ اِخْدَاءً۔ تھوڑا تھوڑا
چلنا۔
الخَذَل۔ جانور کے گوبر سے نکلنے
والا کیڑا۔ واحد۔ خَذَاة۔
الخُدَيْوِيّ۔ عزیز مصر کا لقب۔
کلمہ فارسی ہے بمعنی بادشاہ یا
وزیر، سردار۔
خَذَّ (ن) خَذِيذًا و اَخَذَّ ـــ
الجرحُ۔ زخم کا پیپ بہانا۔
خَذَأ وخَذِئَ (س) خَذْءًا
وخَذَاءً وخُذُوءًا و
اسْتَخْذَأَ لَه۔ فروتنی کرنا۔
مطیع وفرمانبردار ہونا۔
اَخْذَأَه۔ ذلیل کرنا۔ تابع کرنا
الخِذَأ۔ نفس کی کمزوری۔
خَذْرَف۔ جلدی کرنا ـــ ہ
بالسیف۔ جسم کے اطراف کی
تلوار سے قطع برید کرنا ـــ
الإناءَ۔ برتن بھرنا۔
تَخَذْرَفَته۔ النوی۔ پھینک
دینا۔ تخذرفَ ـــ
الثوبُ۔ کپڑا پھٹنا۔
الخُذْرُوف۔ تیز رفتار۔ پھرکی۔
چکری۔ اس کو خرارہ بھی کہتے
ہیں۔ اونٹوں کا گلہ جو دوسروں
سے علیحدہ ہوگیا ہو۔ ج۔
خَذَارِيف۔ کہتے ہیں۔
"تركت السيوفُ رأسه
خذاريف" تلواروں نے اس
کے سر کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے
رکھ دیے ـــ رجلٌ
متخذرِفٌ۔ اچھے اخلاق کا
آدمی۔
خَذَعَ (ف) خَذْعًا وخَذَّعَ۔
ـــ اللحمَ او القرعَ۔
گوشت یا کدو کی پھانکیں کرنا۔
بغیر جدا کیے ہوئے۔
تَخَذَّعَ۔ کٹنا۔ کہتے ہیں "ذھبوا
خِذَعَ مِذَعَ" وہ الگ الگ
بچھڑ کر چلے گئے۔
الخِذْعَة۔ زمین وغیرہ کا ٹکڑا۔
الخَذِيعَة۔ ایک قسم کا کھانا۔ جو
گوشت کے قیمہ سے بنایا جاتا ہے
المِخْذَعَة۔ چھری۔
خَذْعَبَ وخَذَعَ علَ البطيخ
ونحوه۔ خربوزے یا تربوز کی
پھانکیں کرنا۔ چھوٹے چھوٹے
ٹکڑوں میں کاٹنا۔
خَذَفَ (ض) خَذْفًا۔ بالحصاة و
نحوها۔ انگلیوں سے یا گوپھن
سے کنکری وغیرہ پھینکنا
تَخَاذَفَت۔ عيناه بالدموع۔
آنکھوں کا تیزی سے آنسو بہانا۔
الخُذَافَة۔ چوتڑ۔ سُرین۔
المِخْذَفَة۔ گوپھن۔ غلیل۔
الخَذُوف۔ من الدواب۔ تیز
رفتار جانور جو تیز رفتاری کی وجہ
سے دوڑنے میں کنکریاں اڑائے
وہ جانور جو چلنے میں اپنے پاؤں
پیٹ تک اٹھائے۔ ج
خُذُف۔
الخَذَفان۔ تیز رفتاری۔
خَذَقَ (ن ض) خَذْقًا ـــ
الدابةَ۔ جانور کو تیز چلانے
کے لیے چھڑی وغیرہ چبھونا۔
ـــ البازي۔ باز کا بیٹ
کرنا۔
الخَذْق۔ گوبر۔ لید
خَذَلَ (ن) خذلاً وخُذْلَانًا و
خِذْلَانًا ـــ فلانًا وعنه۔
مدد چھوڑنا۔ صفت (خَاذِل،
ج خُذَّال۔ صفت مفعولی
(مَخْذُول) ـــ تَخَاذِيل

— خَذَلَتِ الظبیة۔ ہرنی کا ریوڑ کو چھوڑ کر الگ ہٹ جانا صفت (خَاذِل وخَذُول،

خَذَّل — عنه اصحابه۔ کسی کو مدد نہ دینے کی ترغیب دینا۔

— ہ۔ کسی کو پسپائی، اور جنگ بند کرنے پر آمادہ کرنا۔

خَاذَلَہ مُخَاذَلَۃً۔ مدد چھوڑنا۔

تَخَاذَل — القومُ۔ بعض کا بعض کی مدد کو چھوڑ دینا۔ باہم امداد ترک کرنا — رجلاہ پاؤں کا کمزور ہونا۔

الخَذَّال۔ بہت مدد چھوڑنے والا۔

الخُذَلَۃ۔ وہ شخص جس کی مدد ہمیشہ چھوڑی جائے۔

الخَذُول۔ بہت مدد چھوڑنے والا۔

— رَجَلُ خَذُول الرجلِ وہ شخص جس کی ٹانگوں نے کمزوری یا کسی آفت یا نشہ کے باعث کام دینا چھوڑ دیا ہو۔

خَذَمَ (ض)، خَذْمًا وخَذَّمَ۔

— الشیَٔ۔ جلدی سے کاٹنا۔

خَذِمَ (س)، خَذَمًا۔ مست ہونا۔ کٹ جانا۔ صفت۔ (خَذِیم)

خَذِمَ (س)، خَذَمًا۔ تیز چلنا ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔

اَخْذَمَ۔ ذلت کا اقرار کرنا اور چپ رہنا — ہ الشرابُ شراب کا کسی کو نشہ میں لانا۔ مست کرنا۔

تَخَذَّمَ — الشیُٔ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا — الشیَٔ۔ کسی چیز کو تکلف سے کاٹنا۔

اِخْتَذَمَ۔ قاطع ہونا — الشیَٔ کاٹنا۔

الخَذوم۔ ج خُذُم (د۔ الخَذِم۔ والمِخْذَم۔ والمُخَذَّم)، — مِنَ السیوف۔ کاٹنے والی تلوار۔

الخُذَامَۃ۔ کسی چیز کا ٹکڑا۔

المِخْذَم۔ کاٹنے کا آلہ۔ چھری۔ تیز تلوار وغیرہ۔

خَذَا (ن)، خَذْوًا وخذی (س)، خَذًی۔ ڈھیلا ہونا۔

— لحمُه۔ گوشت کا گٹھا ہوا ہونا — الاُذُن کان کا ڈھیلا ہونا۔ لٹکا ہوا ہونا۔

— خَذْوَاء۔ ڈھیلا کان۔ ڈھیلے کان والا — آخذی

استَخْذی۔ تابع دار و فرماں بردار ہونا۔

خَرَّ (ن ض)، خَرًّا وخرُورًا بلندی سے پستی میں گرنا — "خَرَّ للهِ سَاجِدًا": اللہ کے لیے سجدہ کرتے ہوئے گر پڑا۔

— لوجہ گرنا — الرجلُ مرنا — علیه۔ انجان جگہ سے اچانک آپڑنا۔

اَخَرَّہ۔ اِخْرَارًا۔ گرانا۔ کہا جاتا ہے۔ "ضربه بالسیف فاخرّہ" اس نے اس کو تلوار سے مار گرایا۔

اِنْخَرَّ۔ ڈھیلا ہونا۔

اَلخُرُّ۔ کان کی جڑ۔ وہ قطعہ زمین جس میں سیلاب شگاف ڈال دے۔ ج خِرَرَۃ۔ (— والخُرِّی)، چکی کا وہ سوراخ جہاں گیہوں ڈالے جاتے ہیں۔

الخَرُور۔ بلی کی آواز۔ پانی اور گڑھے والی زمین۔

الخَرِیر۔ مص۔ سونے والے کا خراٹا۔ دو ٹیلوں کے درمیان پست زمین ج۔ اَخِرَّۃ۔

الخَرَّارُ۔ بہت خراٹے لینے والا۔ مؤنث۔ خَرَّارَۃ۔

الخَرَّارَہ۔ پھرکی۔

خَرِیَٔ (س)، خَرْأً وخِرَاءَۃً وخَرَاءَۃً وخُرُوءًا — پاخانہ کرنا۔ لید کرنا۔ بیٹ کرنا کہا جاتا ہے: "خَرِئَت بینھمُ الضبعُ" یعنی ان کے درمیان دشمنی ہوگئی۔

الخُرْءُ۔ ج۔ خُرُوء۔ (والخِرَاء) پلیدی۔ پاخانہ۔ بیٹ۔ لید۔

المَخْرَاۃ۔ والمُخْرَاۃ۔ پاخانہ کی جگہ۔ ج۔ مخاری۔

خَرِبَ (س)، خَرَبًا وخَرَابًا — البیتُ۔ گھر کا ویران اور اجاڑ ہونا۔ صفت (خرب)، مؤنث خَرِبَۃ (— خَرَبًا)، الرجلُ کسی کا پھٹے ہوئے یا چھدے ہوئے کان والا ہونا۔ صفت (اَخْرَبَ، مونث خَرْبَاء۔ ج۔ خُرُب۔

خَرَبَہ (ض)، خَرْبًا۔ ڈھانا۔ ہلاک کرنا۔ پھاڑنا۔ سوراخ کرنا۔

خَرَبَ (ض)، خِرَابَۃً وخَرَابَۃً وخَرْبًا وخُرُوبًا — چور ہونا۔ صفت (خَارِب)، ج۔ خُرَّاب۔

خَرَّبَ۔ البیتَ۔ گھر کو ڈھانا۔ تباہ کرنا — المزادۃ سوراخ کرنا۔

آخْرَبَ — البیتَ۔ ویران چھوڑنا

— المکانُ۔ خالی ہونا۔
تَخَرَّبَ — الدودُ الشجرۃَ۔ کیڑے کا درخت کو کھا جانا۔ یا سوراخ کر دینا۔
استخرَبَ — الرجلُ۔ آدمی کا مصیبت سے شکستہ حال ہونا۔
— الیہ۔ مشتاق ہونا۔
— السقاءُ۔ مشک کا سوراخ دار ہونا۔
الخَرِبُ۔ ویران جگہ۔ پہاڑ کا باہر نکلا ہوا کنارہ۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے: "ھو خَرِبُ العظام"۔ یعنی اس کی ہڈیوں میں گودا نہیں "وھو خربُ الجوفِ"۔ وہ خالی پیٹ اور بھوکا ہے۔ "وھو خربُ الامانۃ"۔ وہ امانتداری نہیں رکھتا۔ "رَجُلٌ خِرِبانٌ"۔ بزدل آدمی۔
الخُرْبُ و الخُرابۃ و الخُرْبَۃ سرین کا گڑھا یا سوئی کا سوراخ۔ بقول بعض ہر گول سوراخ مثلاً کان کا سوراخ۔ ج۔ خُرَبٌ و اَخْراب و خُرُوب۔
الخُرْبُ و الخَرْبَۃ و الخُرْبَۃ۔ گدڑیے کا تھیلا۔ دینی خرابی۔
الخُرْبَۃ۔ چغلی۔ عیب۔ لغزش۔ ہر وہ چیز جس سے شرم کی جائے مذہبی خرابی۔ کہا جاتا ہے۔ "ھو صاحب خربۃ"۔ وہ دینی خرابی رکھتا ہے۔ اور اسی سے ہے "لحی اللہ ادنانا الی کلِّ خربۃ"۔ اللہ تعالیٰ کی اس پر لعنت ہو کہ اس نے ہم کو ہر مذہبی خرابی سے قریب کر دیا۔ "وَمَا رَأَیْنَا مِن فلانٍ خربۃ فی دینہ"۔ ہم نے فلاں کے دین میں کوئی خرابی نہیں دیکھی۔
ج۔ خَرِبات۔
الخِرْبَۃ و الخَرِبَۃ۔ ویران جگہ ج۔ خَرِبات و خِرَب و خَرِب و خَرائِب۔
الخَراب۔ ویران۔ اجاڑ۔ ج۔ اَخْرِبَۃ و خِراب۔
الخَرّابَۃ و خُرّابَۃ — الابرۃ۔ سوئی کا سوراخ۔
الخَرُّوب و الخُرْنُوب۔ ایک قسم کا درخت۔ واحد (خَرُّوبَۃ و خُرْنُوبَۃ)
التخاریب۔ بھڑوں کے چھتے کے سوراخ۔ وہ سوراخ جن میں شہد کی مکھی شہد جمع کرتی ہے۔ مفرد (تَخْرُوبُ) (صحیح التخاریب ہے)
خَرْبَش۔ خَرْبَشَۃً — الکتاب او العملَ۔ کتاب یا عمل کو خراب کر دینا۔ بگاڑ دینا — خَرابیشُ الخط۔ خط کی بگاڑی ہوئی جگہیں — خَرابیشُ الدجاجۃ۔ مرغی کے کریدنے کے نشان۔
خَرْبَصَ — الاشیاءَ۔ چیزوں کو الگ الگ کرنا — المالَ مال کو لے اڑنا۔
خَرْبَقَ۔ چلنے میں جلدی کرنا — الشیءَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
— العملَ۔ بگاڑنا — الثوبَ۔ پھاڑنا — النھتُ پردوں کا ایک دوسرے سے متصل ہونا۔
الخَرْبَق۔ ایک قسم کی گھاس۔ جس کی پتیاں بارتنگ کے مشابہ ہوتی ہیں۔ یہ سفید بھی ہوتی ہے اور سیاہ بھی۔
اِخْرَنْبَقَ۔ سر جھکانا۔ زمین سے چمٹنا۔
خَرَتَ (ن) خَرْتًا۔ الاذنَ۔ کان میں سوراخ کرنا — الارضَ زمین کے راستوں سے واقف ہونا۔
خَرِتَ (س) خَرَتًا۔ ہوشیار راہبر ہونا۔
الخَرْت و الخُرْت۔ سوئی وغیرہ کا سوراخ۔ کہا جاتا ہے: "اضیق من خرت الابرۃ"۔ یا "اجعل العودَ فی خرت الفاس"۔ سینے کے پاس چھوٹی پسلی۔ ج۔ اَخْرات۔ "وخروت ذئب خُرْت"۔ تیز بھیڑیا۔
الخِرِّیت۔ وہ ماہر ہوشیار راہبر جو بیابان کے پوشیدہ راستوں سے بھی پوری واقفیت رکھتا ہو۔ ج۔ خَرارِیت و خِرِّیتات۔
المَخْرَت۔ صاف اور کھلا راستہ۔
المَخْرُوت۔ مفع۔ وہ جس کا کان یا ناک یا ہونٹ پھٹا ہو۔
الخَرْتاء۔ وہ عورت جس کی کوکھیں موٹی اور گوشت ڈھیلا ہو۔
الخُرْثِیُّ۔ ردی گھٹیا سامان — خُرثی الکلام۔ بے فائدہ کلام
خَرَجَ (ن) خُرُوجًا و مَخْرَجًا۔
— من موضعہ۔ باہر نکلنا۔
— فی العلم۔ علم میں فائق و ماہر ہونا۔ — بہ۔ نکالنا۔
— علیہ۔ کسی سے لڑنے

کے لیے نکلنا — الرعیۃ علی الملکِ۔ رعایا کا بادشاہ کے خلاف علم بغاوت بلند کرنا۔

— الی فلان مِن دَینہ۔ قرض ادا کرنا۔ چکانا۔

خَرَّجَہ — مِنَ المکانِ۔ نکالنا — الارضَ۔ کسی زمین پر خراج مقرر کرنا — المسئلۃَ۔ مسئلہ کی وجہ بیان کرنا — الولد فی الادبِ۔ بچہ کو تربیت دینا۔ با ادب، اور مہذب بنانا — العملَ۔ ایک دوسرے کے مخالف مختلف قسم کے کر دینا — الغلامَ اللوحَ۔ لڑکے کا تختی کے کچھ حصہ پر لکھنا۔ اور کچھ کو بے لکھے چھوڑ دینا — الراعیۃُ المرتعَ۔ کچھ حصہ چر لینا اور کچھ بے چرا چھوڑ دینا۔

اَخرَجَ — الشیءَ۔ نکالنا — الرجلَ۔ خراج ادا کرنا — الراعیۃ المرتعَ۔ کچھ حصہ چر لینا اور کچھ بے چرا چھوڑنا۔

خَارَجَ۔ السیدُ العبدَ۔ آقا کا اپنے غلام سے ماہوار مقررہ رقم کی ادائیگی کا معاملہ کرنا۔

تَخَارَجَ — الشرکاءُ۔ شریکوں کا جائیداد کو آپس میں تقسیم کر لینا۔

اِختَرَجَ — الشیءَ۔ نکالنا۔ استنباط کرنا۔ ایجاد کرنا۔ — فلاناً۔ کسی سے نکلنے کے لیے کہنا۔

اِخرَجَّ و اِخرَاجَّ — الحیوانُ۔ جانور کا سیاہ و سفید رنگ والا ہونا۔ صفت (اَخرَجُ) مؤنث خَرجَاء۔

استَخرَجَ — الشیءَ۔ استنباط کرنا — ہ کسی سے باہر نکلنے کے لیے کہنا — المسئلۃَ۔ مسئلہ کو حل کرنا — —

اُستُخرِجَتِ الارضُ۔ زمین کا کاشت وغیرہ کے لیے درست کیا جانا۔

الخَرجُ۔ خراج۔ خرج اور خراج میں فرق کیا گیا ہے۔ یعنی خرج وہ ہے جو انسان کے عوض میں ہو۔ اور خراج اس سے عام ہے — خرج۔ اول اول گھرتے وقت کا بادل۔ ج۔ اَخرَاج

الخَرجَۃ۔ ایک دفعہ کا نکلنا۔

الخُرجُ۔ خرجی۔ ج۔ خِرَجَۃ۔

الخَرَاجُ۔ مثلثۃ الخاء۔ زمین کا محصول۔ ٹیکس۔ جزیہ۔ ج۔ اَخرَاج و اَخرِجَۃ۔ د جج۔ اَخَارِیج۔

الخُرَاجُ۔ پھوڑے پھنسیاں۔ آبلے واحد (خُرَاجَۃ)۔ ج۔ خُرَاجَات۔ خُرَّاج ولّاج و خُرَجَۃ دُلَجَۃ — بہت نکلنے والا اور داخل ہونے والا۔ بڑا ہوشیار۔ حیلہ گر۔

الخَارِجُ۔ ہر شے کا ظاہر۔ نکلنے والا۔

الخَارِجَۃ۔ الخارج کا مؤنث ج۔ خَارِجَات و خَوَارِج

الخَوَارِجُ۔ باغی لوگ۔ جماعت سے جدا ہونے والے لوگ۔

الخَارِجِی۔ بیرونی۔ وہ شخص، جو ذاتی قابلیت سے سرداری حاصل کرے۔ اس کی سرداری قدیمی خاندانی نہ ہو — وہ شخص جو خود بہادر و شجاع ہو اور اس کا باپ بزدل۔ وہ سبقت لے جانے والا گھوڑا جس کے ماں باپ ایسے نہ ہوں۔ بادشاہ سے بغاوت کرنے والا۔ اور جماعت سے نکل جانے والا۔ خوارج کے مذہب کا معتقد۔

الخَارِجِیَّۃ۔ الخارجی کا مؤنث وہ منصب جس کے ذریعہ دوسری حکومتوں سے تعلقات رکھے جائیں۔

الخُرُوجُ۔ مص۔ یومُ الخُرُوج عید کا دن — یومُ القیامۃ۔ قیامت کا دن۔

المُخَرَّجُ والخَرِّیجُ والمُتَخَرِّجُ۔ تربیت یافتہ۔

المَخرَجُ۔ نکلنے کی جگہ۔ بدن انسانی میں پاخانہ کا مقام۔ ج۔ مُخَارِج — المخارج۔ عند القراء والصوفیین۔ منہ میں حروف کے کھلنے کی وہ جگہیں جن سے حروف آپس میں ایک دوسرے سے ممتاز اور جدا ہوتے ہیں۔

المُخرُجُ۔ مفع۔ نکلنے کی جگہ۔

خَرخَرَ — النائمُ۔ خراٹے لینا۔ — النمرُ والسنورُ۔ چیتے یا بلی کا خُرخُر کرنا۔ آواز کرنا۔

تَخَرخَرَ۔ بطنُہ۔ پیٹ کا موٹاپے کے سبب ہلنا۔

الخَرخَرُ۔ پانی بہنے یا ہوا چلنے کی آواز۔

الخَرخَارُ۔ کثرت سے بہتا ہوا پانی۔

خَرِدَت (س) خَرَدًا و تَخَرَّدَت۔

— الجاريةُ لڑکی کا باکرہ ہونا
دوشیزہ ہونا۔
خَرِدَ و اَخْرَدَ — الرجلُ۔ دیر
تک خاموش رہنا۔ کلام کم کرنا۔
ذلت کی وجہ سے شرم کرنا۔
— "اَخْرَدَ الی اللھو"
مائل ہونا۔
الخَرِیْدُ و الخَرِیْدَۃ والخرود
باکرہ لڑکی۔ شرمیلی اور زیادہ
خاموش رہنے والی لڑکی۔ ج
خَرَائِد و خُرُد۔ و خُرَّد۔
— "صوتٌ خَرِیْدٌ" نرم
شرمیلی آواز — "لؤلؤ
خَرِیْدٌ" ناسفتہ موتی۔
الخَرِیْدَۃ۔ ناسفتہ موتی۔ ج۔
خَرَائِد و خُرُد و خُرَّد۔
الخُرْدَۃ۔ (فارسی کلمہ ہے) چھوٹا
چھوٹا متفرق اسباب وسامان۔
الخُرْدَجی۔ خردہ بیچنے والا۔ معمولی
تاجر۔ بساطی۔
خَرْدَقَ — العَمَلَ۔ کام کو
بگاڑنا۔ کلمہ عالیہ ہے اس کے
لیے فصیح خَرِقَ ہے۔
الخُرْدُق۔ چہرہ۔ ج۔ خَرَادِق
(دخیل)
خَرْدَلَ — الطعامَ۔ اچھا
حصہ کھانا — اللحمَ۔
گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے
کاٹنا۔
الخَرادِل۔ گوشت کے ٹکڑے۔
— لحمٌ (خَرادِیل) ٹکڑے
ٹکڑے کیا ہوا گوشت۔
الخَرْدَل۔ رائی۔ واحد
(خَرْدَلَۃ)
خَرَزَ (ن ض) خَرْزًا۔ الجِلدَ
ستالی سے سینا۔
خَرِزَ (س) خَرَزًا۔ کمزوری
کے بعد کسی امر کو درست، مضبوط
کرنا۔
الخَرَز۔ ڈورے میں پروئے ہوئے
گھونگے، سلیمانی منکے یا کوڑیاں۔
شیشے وغیرہ کے سوراخ دار
دانے۔ پتھر کے نگینے۔ واحد
(خَرَزَۃ) — "خرز
الظھر" ریڑھ کی ہڈی کے
منکے — خرزاتُ الملك
بادشاہ کے تاج کے جواہر۔
الخُرْزَۃ۔ سوراخ اور اس کا دھاگا
ج۔ خُرَز۔
الخِرازَۃ۔ موچی کا پیشہ۔ طائرٌ
مُخَرَّز۔ وہ پرندہ جس کے
بازوؤں پر چتیاں پڑی ہوں۔
المِخْرَز۔ ستالی۔
خَرِسَ (س)، خَرَسًا۔ گونگا
ہونا، بے آواز ہونا —
اَخْرَسَہ اللّٰہُ۔ گونگا بنانا۔
— اخرست الارضُ
و استخرست۔ زمین کا
ناقابل زراعت ہونا۔
خَرَّسَ — علی النفساءِ زچہ کو
اس کی خوراک دینا۔
تَخارَسَ۔ بناوٹی گونگا بننا۔
تَخَرَّسَتِ — النفساءُ۔ زچہ کا
اپنے لیے کھانا تیار کرنا۔ اور
اسی سے یہ مثل ہے "تخرسی
یا نفس لامخرسۃ لكِ"
یعنی تو اپنا کام خود ہی کر۔ کوئی
دوسرا کام کرنے والا نہیں۔
الخُرْس و الخِراس۔ بچہ کی
پیدائش کا کھانا۔
الخُرْسَۃ والتخرسۃ۔ زچہ کا
مخصوص کھانا۔ اچھوانی۔
الخَرْسُ و الخِرْسُ۔ مٹکا۔
ج۔ خُرُوس — الخِرس۔
ناقابل کاشت زمین۔
الخَرَّاس۔ مٹکا بنانے والا۔ یا بیچنے
والا۔
الخَرُوس۔ وہ زچہ جس کے لیے
اچھوانی تیار کی جائے۔
الاَخْرَس۔ گونگا۔ ج۔ خُرس
وخُرْسان و اخارِس۔ مؤنث
خَرْساء — لبن اخرس۔
جما ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے۔
"ولاّنی عرضًا اخرسَ
امرسَ" یعنی اس نے مجھ سے
منہ موڑ لیا اور بات نہیں کی۔
الخَرْساءُ۔ مصیبت۔ نہ گرجنے اور
چمکنے والا بادل۔
خَرَشَہ (ض) خَرْشًا و خَرَّشَہ۔
وخارَشَہ۔ مُخارَشَۃً و
خِراشًا و اخترشَہ۔ خراش
لگانا۔ کھرچنا — ہ الذبابُ
مکھی کا کاٹنا۔
خَرَشَ و خَرَّشَ — الغصنَ
ٹہنی کو ٹیڑھی چھڑی سے اپنی
طرف کھینچنا۔
خَارَشَ — الکلبَ۔ برانگیختہ
کرنا — خَرَشَ و اخترشَ
لعیالہ۔ بال بچوں کے لیے
رزق طلب کرنا۔ کمانا۔
اخترشت الجراءُ۔ ایک
دوسرے پر حملہ کرنا — خارشہ
الشیءَ۔ و اخترش منہ
الشیءَ۔ چھیننا۔ زبردستی لے
لینا۔

تَخَارَشَت — الکلابُ. کتوں کا ایک دوسرے پر حملہ کرکے نوچنا. پھاڑنا.

الخَرشُ. مکھی. واحد (خَرشَة) گھر کا ردی پرانا سامان. ج خُرُوش.

الخُرَاشَة. برادہ.

الخُرشَاء. سانپ کی کینچلی. انڈے کا چھلکا. غبار.

خُرشَاءُ العسل. موم. وہ شہد جس میں مردہ مکھیاں پڑی ہوں. ج. خَرَاشِي.

خَرشَبَ — العَمَلَ. کام کو اچھی طرح نہ کرنا. ادھورا کام کرنا.

الخُرشُفَة: مختلط کلام. حرکت (— والخُرشَافُ) وہ سخت زمین جس پر چلنا دشوار ہو.

الخُرشُوف. ایک قسم کا خاردار پودہ.

الخُرشُوم. وادی یا ہموار زمین پر نکلی ہوئی پہاڑ کی چوٹی. بڑا پہاڑ ج. خَرَاشِيم.

خَرَصَ (ن ض) خَرصًا. جھوٹ بولنا — فی الامرِ. تخمینہ لگانا. اندازہ لگانا. اٹکل سے کہنا. قیاس کرنا. کہتے ہیں. "خرص النخلة": اس نے درخت خرما پر کھجوروں کا تخمینہ لگایا. اٹکل سے اندازہ کیا.

خَرُصَ (ن) خِرَاصَةً — الشيءَ درست کرنا.

خَرِصَ (س) خَرَصًا. بھوکا ہونا. ٹھنڈ پانا. صفت (خَرِص وخَارِص)

تَخَرَّصَ. واختَرَصَ. علیہ. بہتان باندھنا. تہمت لگانا. جھوٹ بولنا. توشہ دان میں رکھنا.

الخُرص. اندازہ. کہتے ہیں "کم خرصُ ارضِكَ" تمہاری زمین کا اندازہ اور تخمینہ کیا ہے. توشہ دان. چھوٹا نیزہ. بھالا. مٹکا. ٹوکری.

الخِرصُ والخُرصُ. ج خِرصان وخُرصان. سونے چاندی وغیرہ کی انگوٹھی. ج. اَخرَاص و خِرَاص. کھجور کی شاخ.

الخُرُصُ والخُرُصُ والخُرصُ. شہد نکالنے کی لکڑی. ج. اَخرَاص.

الخُرصَة. حصہ. زچہ کا کھانا.

الخُرَيص. ٹھنڈا پانی. درختوں کی جڑوں میں جمع شدہ پانی. نہر کی جانب.

الخَرَّاص. جھوٹا.

المِخرَص. نیزہ. ج مَخَارِص

خَرَطَ (ن ض) خَرطًا. درخت کے پتے ہاتھ کے ساتھ کھینچ کر اتارنا — العنقودَ انگور کا خوشہ منہ میں رکھ کر بغیر دانہ کے نکالنا — الشجرةَ درخت کے پتے کھینچ کر اتارنا. — العودَ. خراد سے لکڑی کو برابر اور ہموار کرنا — الحدیدَ. لوہے کو عمود کے مانند لمبا کرنا — الجواهر جواہرات کو تھیلے میں ڈالنا. جمع کرنا — البازی. باز کو شکار پر چھوڑنا — الرجلَ فی الامرِ. کسی کو کسی کام میں لگانا — الرجلُ. جھوٹ بولنا.

خَرَطَه (ن) وخَرَّطَه — الدواءُ دوا کا اسہال لانا.

خَرِطَت (س) خَرَطًا و اَخرَطَت بکری یا اونٹنی کو خرط کی بیماری لاحق ہونا — خرط بالطعامِ کھانے سے پھندا لگنا.

تَخَرَّطَ. فی الامرِ. دلیری و خودسری کرنا.

اِنخَرَطَ — الجسمُ. جسم کا دبلا اور لاغر ہونا — "انخرطت الخرزةُ فی السلكِ" منکوں کا ڈورے میں پرویا جانا — انخرط فی المکانِ. جلدی سے داخل ہونا — مِنَ المکانِ. کسی جگہ سے نکلنا — فی الامرِ. کسی کام میں جہالت و نادانی سے لگ جانا — الصقرُ. شکرے کا شکار پر ٹوٹ پڑنا — بطنُ الانسان اسہال کی شکایت ہونا. کہا جاتا ہے: "انخرط علینا بالقبیح" وہ ہماری طرف فحش گوئی و بدزبانی کے ساتھ متوجہ ہوا.

اِختَرَطَ. السیفَ. تلوار سونتنا — العقودَ. انگور کے گچھے کو منہ میں رکھ کر بغیر دانے کے نکالنا.

اِستَخرَطَ. فی البُکاءِ. پھوٹ پھوٹ کر رونا — الخَرَّاط خراد کا کام کرنے والا. کھرادی. بڑا جھوٹا.

الخُرَاط. جسم کی کمزوری. ایک بیماری ہے. جب وہ جانور کو لگ جاتی ہے تو جما ہوا دودھ اس کے تھنوں

سے نکلتا ہے۔
الخُرُوط۔ منہ زور جانور۔ ج۔
خُرُط۔ بے عقلی اور نادانی
سے کاموں میں دخل دینے والا۔
الخِرَاطَة۔ خراد کے کام کا پیشہ۔
الخُرَاطَة۔ برادہ۔
الخریطة۔ تھیلا۔ ملک کا نقشہ۔
اٹلس۔ اس کا دوسرا نام خارطہ
بھی ہے۔ عربی اس کی مُصَوّر۔
یا۔ مُخَطّط۔ ہے۔
المُخرُوط۔ وہ بکری یا اونٹنی جس کو
خرط کی بیماری لگ جائے۔ ج
مخاریط۔
المِخرَطَة۔ خراد کرنے کا اوزار
ج۔ مَخَارِط۔
المَخرُوط۔ مفع۔ تھوڑی داڑھی
والا۔ لمبا چہرہ ـــ عند
اھل المساحة۔ مخروطی شکل
والا تنگ کنواں۔
الخِرطِیط۔ منقش بازوؤں والی
تیتری۔ ج۔ خَرَاطِیط۔
الخَرطَل۔ ایک قسم کا غلہ۔
الخُرطُوم۔ و الخُرطُم۔ ناک
ہاتھی کی سونڈ۔ جلد نشہ لانے
والی شراب۔ انگور کا پانی جو ملنے
سے پہلے نکلے ـــ خَرَاطِیمُ
القوم۔ قوم کے سردار۔
خَرطَمَ۔ سونڈ پر مارنا۔
اِخرَنطَمَ۔ ناک اونچی کرنا۔
غضبناک ہونا۔ تکبر کرنا۔
خَرَعَہ (ف) خَرعًا۔ پھاڑنا۔
خَرِعَ (س) خَرَعًا ـــ الشیٔ
ٹوٹنا۔ د۔ وانخرع و تخرّعَ (
الرجلُ۔ سست ہونا۔
کمزوری لانے والا ہونا۔ کمزور جسم
کا ہونا ـــ انخرعت
القناة۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے
ہونا۔
خَرُعَ (ك) خَرَاعَةً وخُرعًا۔
وخُرُوعًا۔ نرم اور ڈھیلے
جوڑوں والا ہونا۔ صفت۔
(خَرِع وخَرِیع)
خَرَعَ ـــ الثوبَ۔ کپڑے کو
عصفر (کسم) کے رنگ میں رنگنا۔
اِختَرَعَ ـــ الشیٔ۔ پھاڑنا۔ پیدا
کرنا۔ نئی بات ایجاد کرنا اور
اس سے الخرعة ہے ـــ
فلانًا۔ کسی کے ساتھ خیانت
کرنا۔ کسی کو دھوکا دینا ـــ
الدابّةَ۔ کسی کے جانور کو بیگار
کے طور پر چند دن کے لیے لینا
اور پھر واپس کر دینا۔
الخَرَاعَة۔ مص۔ بیباکی۔
الخِروع۔ ارنڈی کا پودہ جس
سے کسٹرائل بنتی ہے۔ واحد
(خروعة)
الخُرَاع۔ اونٹنی کی دیوانگی۔ اونٹنی
کی پشت کی شکستگی۔
الخَروع والخَرِیع والخِروع
من النساء۔ نرمی و نزاکت سے
جھکنے والی عورت۔ ج۔
خرائع وخُرُوع۔ "عیش
خروع" خوش حال زندگی۔
ـــ رجلٌ خریعٌ۔ کمزور
آدمی ـــ ناقةٌ خریعٌ و
مخروعة۔ دیوانی اونٹنی۔
خَرِفَ (س) وخَرُفَ (ك) خَرَفًا۔
بڑھاپے کے سبب فاسد عقل
ہونا۔ صفت (خَرِف، مؤنث
(خَرِفة)
خَرَفَ (ن) خَرفًا وخِرَافًا و
خَرَافًا ومَخرَفًا۔ الثمرَ۔ پھل
چننا۔
خَرِفَت ـــ الارضُ۔ زمین پر
خریف کی بارش برسنا۔ صفت
(مَخرُوفة) ـــ البھائم۔
موسم خریف آجانا۔ یا چوپایوں
کے چرنے کے لائق سبزہ اُگ آنا
خَرَّفَه۔ فساد عقل کی طرف کسی کو
منسوب کرنا۔
خَارَفَه۔ مُخَارَفَةً وخِرَافًا۔ موسم
خریف میں کسی سے معاملہ کرنا۔
اَخرَفَه۔ خراب و فاسد کرنا ـــ
اخرفت الشاةُ۔ بکری کا موسم
خریف میں بچہ دینا ـــ اَخرَفَ
الرجلُ۔ موسم خریف میں داخل
ہونا ـــ الثمرُ۔ پھل توڑنے کا
وقت قریب آپہنچنا۔
اِختَرَفَ۔ الثمرَ۔ پھل چننا ـــ
فی مکانٍ۔ کسی جگہ موسم
خریف میں اقامت کرنا۔
الخَرَافِ والخِرَافِ۔ پھل چننے کا
زمانہ۔
الخُرَافَة۔ بے عقلی کی ہنسی والی بات
الخَروف۔ بکری کا بچہ۔ ج خِرَاف
اَخرِفَة وخِرفان۔
الخَروفَة۔ بکری کا مادہ بچہ۔ وہ کھجور
کا درخت جس کا پھل توڑا جائے
الخُرفَة۔ چنا ہوا میوہ۔
الخَرِیف۔ موسم گرما و سرما کے درمیان
کا زمانہ۔ موسم خریف کی بارش
نسبت کے لیے (خَرِفیّ و
خَرفیّ وخَرَفِی) تازہ چنی ہوئی
کھجور۔
الخَرِیفَة۔ وہ کھجور کا درخت جس سے

ترکھجوریں توڑی جائیں۔
الخُرَافَۃ۔ بیہودہ کلام۔ باطل بات
ج۔ خُرَافَات۔ چنا ہوا پھل
المِخْرَف۔ چھوٹی ٹوکری جس میں
عمدہ تازہ کھجوریں ڈالی جائیں۔
ج۔ مَخَارِف۔
المَخْرَفَۃ۔ درخت خرما کی دو
قطاروں کے درمیان کا راستہ
ج۔ مَخَارِف بڑھاپے کی
وجہ سے عقل کی خرابی۔
المُخَارِف۔من الرجال۔ محروم۔
خَرْفَشَ ـــ الشیءَ۔ ملانا۔
خَرَقَ (ن ض)، خَرْقًا ـــ الثوبَ۔
کپڑا پھاڑنا ـــ فلانًا
بالرمح۔کسی کے نیزہ مارنا۔
ـــ الکذبَ۔ جھوٹ بات بنانا
ـــ المفازۃَ۔ ریگستان عبور
کرنا ـــ العادۃَ۔عادت و
رسم کو توڑنا ـــ البناءَ و
فی البناءِ۔عمارت میں روشندان
رکھنا ـــ الریحُ۔ ہوا کا
تیز چلنا ـــ الرجلُ۔ جھوٹ
بولنا۔
خَرَقَ (ن)، خُرُوقًا ـــ فی
البیت۔ لگاتار قیام رکھنا۔
خَرِقَ (س)، خَرَقًا۔ خوف یا
شرم کی وجہ سے دہشت زدہ
ہونا۔صفت (خَرِق) ـــ فی
البیت۔گھر میں لگاتار قیام
رکھنا ـــ الغزالُ او الطائرُ
ہرن یا پرندہ کا اٹھنے یا اڑنے
سے عاجز ہونا۔
خَرِقَ (س) وخَرُقَ (ك)، خَرَاقَۃً۔
بے وقوف ہونا۔ بے ہنر ہونا۔
صفت (اَخْرَق)

خَرَّقَہ۔ پھاڑنا ـــ تَخَرَّقَ
الرجلُ۔ بہت جھوٹ بولنا۔
اَخْرَقَہ۔ دہشت زدہ کرنا۔
تَخَرَّقَ وانْخَرَقَ واخْرَوْرَقَ پھٹنا۔ وتخرق الکذبَ
جھوٹ گھڑنا ـــ تَخَرَّقَ فی
الکرمِ۔ فیاضی وسیع پیمانہ پر
کرنا ـــ تخرقت وانخرقت
الریحُ۔ ہوا کا تیز چلنا۔
اِخْتَرَقَ ـــ الارضَ۔ زمین میں ایک
طرف کو بغیر راستہ کے چلنا۔
ـــ القومَ۔ قوم کے درمیان
چلنا۔ الکذبَ۔ جھوٹ گھڑنا۔
الخَرْق۔ مص۔ سوراخ۔ شگاف
چٹیل۔ بیابان۔ بے آب وگیاہ
بیابان۔ کشادہ وفراخ زمین
جس میں ہوائیں تیز چلیں۔ ج
خُرُوق۔
الخِرْق۔ج۔ اَخْرَاق وخُرَّاق
خُرُوق (۔ الخِرِّیق) (مبالغہ
کے طور پر) فیاض۔ سخی۔
الخُرْق والخَرَق والخَرَاقَۃ۔ رائے
کی کمزوری۔ نامناسب استعمال
جہالت۔ بے وقوفی۔ سختی۔
ـــ نومۃُ الخُرْق۔ چاشت
کے وقت کی نیند۔ یہ اس لیے
کہ اس وقت سونا بے وقوفی کی
نشانی ہے۔
الخِرْقَۃ۔ کپڑے کا چیتھڑا۔ دھجی۔
ج۔ خِرَق۔
الخَارِق۔ فا۔ عجیب۔ غیر معتاد۔
مقتضائے عادت کے خلاف۔
ج۔ خَوَارِق۔
الخَرِیق والخَرُوق۔ ٹھنڈی تیز
ہوا ـــ الخریق۔ہلکی ہوا۔
ج۔ خُرُق۔ وادی کا کشادہ

حصہ۔ پانی کے بہنے کی جگہ۔
الخَرْقَاء۔ اخرق کا مؤنث۔ فراخ
زمین۔ تیز ہوا۔
المَخْرَق۔ بے آب وگیاہ بیابان۔
ج۔ مَخَارِق۔ مَخَارِق بدن
کے منافذ کو بھی کہتے ہیں۔ مثلاً منہ،
ناک وغیرہ۔
المَخْرَقَۃ۔ جھوٹ۔ گھڑت۔
المِخْرَاق۔ خوبصورت جسم والا۔ سخی
تجربہ کار۔ ج۔ مَخَارِیق۔
المَخَارِیق۔ دھجیوں سے بٹا ہوا وہ
کوڑا جس سے بچے کھیلتے ہیں۔
المُنْخَرِق۔ تیز رفتار۔
المُخْتَرَق گذرگاہ ـــ مخترق
الریاح۔ ہواؤں کے چلنے کی
جگہ۔ کہا جاتا ہے۔" مکان
خاوی المخترق"۔ وہ جگہ جہاں
کوئی چلنے والا نہ ہو۔آمدورفت
نہ ہو۔
خَرَمَہ (ض)، خَرْمًا۔ شگاف ڈالنا
سوراخ کرنا ـــ خرم الخرزۃَ۔
توڑنا۔ ناک کی درمیانی ہڈی کا
چھیدنا ـــ الابرۃَ۔ سوئی کا
ناکہ توڑنا ـــ عن الطریق
راستہ سے ہٹنا ـــ کہتے ہیں۔
"خرمتہ الخوارم"۔ یعنی وہ مر
گیا ـــ وما خرمت منہ
شیئًا۔ میں نے اس میں سے کچھ
بھی کم نہیں پایا۔
خَرِمَ (س)، خَرَمًا۔ ناک کی ہڈی کا
چھدنا۔ صفت۔ (اَخْرَم)
خَرُمَ (ك)، خَرَامَۃً۔شوخ و
بے باک ہونا۔ صفت (خَارِم
وخَرِیم)
خَرَّمَ۔ الخوصۃَ۔ سوراخ کرنا۔

تَخَرَّم۔ ٹوٹنا۔
تَخَرَّمه و اخْتَرَمه۔ ہلاک کرنا۔ جڑ و بنیاد سے کھودنا ــ اخترمه المرض۔ بیماری کا کسی کو دبلا و لاغر کر دینا ــ تَخَرَّمَته و اخترمته المَنِيّةُ۔ اس کو موت نے آن لیا۔
اُخْرُم۔ عنّا۔ مرنا۔
اِنخَرم۔ انفُه۔ ناک کا چھد جانا پھٹ جانا۔ کہتے ہیں۔ انخرم ذٰلك القرن۔" یہ صدی ختم ہو گئی۔
الخَرْم۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔
ج۔ خُرُوم۔
الخُرمان۔ جھوٹ۔
الخَرَمة۔ ناک میں چھدنے کی جگہ۔
الخَرْماء۔ چھدا ہوا کان ــ عنزة خَرْماء۔ عرض میں پھٹے ہوئے کان والی بکری۔
الخَرَمة۔ انسان کی ناک کا بانسہ یا دونوں نتھنوں کا درمیانی حصہ۔
الاَخْرَم۔ مونڈھے کا کنارہ۔ شاہ روم کا لقب۔
الاَخْرَمان۔ اوپر کے جبڑے کے ہر دو طرف دو سوراخ وار ہڈیاں
المَخْرِم۔ پہاڑ کی نوک کا آخری سرا۔ ج۔ مَخَارِم ــ مَخَارِمُ اللیل۔ رات کی ابتدائی گھڑیاں۔
خَرْمَش ــ الکتاب۔ کتاب کو خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
خَرْنَفَه ــ بالسیف۔ تلوار سے مارنا۔
الخِرْنِق۔ جوان خرگوش۔ ج۔ خَرَانِق۔
الخَوَرْنَق۔ بادشاہ کے کھانے پینے کی مجلس ــ نعمان اکبر ابن امرأ القیس کا محل، جو عراق میں تھا۔ ایک قسم کا پودا۔
خَزَّ (ن)، خَزًّا۔ الحائطَ۔ دیوار پر کانٹے رکھنا تاکہ اس پر کوئی نہ چڑھ سکے ــ خَزَّ التمر یَخِزّ۔ کھجور کا قدرے ترش ہونا۔ صفت (خَازّ) (ــ و اختَزّه) بالرمح نیزہ مارنا کہا جاتا ہے۔ "خَزّه و اختزّه ببصره۔ اس نے اس کو اپنی نگاہ میں رکھا۔
الخَزّ۔ ریشم۔ ریشم اور اون کا بنا ہوا کپڑا۔ ج۔ خُزُوز۔
الخُزَز۔ نر خرگوش۔ ج خِزّان و اَخِزّة۔
الخَزِيز۔ بہت ہی خشک عوسج۔ (ایک کانٹا)
الخَزّاز۔ ریشم کا سوداگر۔
المَخَزّة۔ خرگوشوں کی جگہ۔
خَزِبَ (س)، خَزَبًا و تَخَزَّبَ ــ الجلدُ۔ کھال کا بغیر درد کے سوجنا۔ صفت (خَزِبٌ) ــ الشاةُ۔ بکری کے تھنوں کا سوجنا۔ صفت (خَزِبَة و خَزْبَاء۔)
الخَیْزَب و الخیزبان۔ نرم گوشت کا ایک ٹکڑا۔ (خَیْزَبه و خَیْزَبانَة)
الخَزْبَاز و الخَازِبَاز۔ مبنی علی الکسرة۔ باغ کی مکھیاں باغ کی مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
خَزَر (ن)، خَزْرًا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔ چالاک ہونا۔ صفت۔ (خَازِر)
خَزِرَت (س)، خَزَرًا۔ عینُه۔ تنگ آنکھ والا ہونا۔ صفت (اَخْزَر)۔ مؤنث۔ خَزْرَاء ج۔ خُزْر۔ خَزِرَ۔ الرجلُ بھاگنا۔
خَزَّرَ۔ الشیءَ۔ تنگ کرنا۔
تَخَازَر۔ تیز نظر سے دیکھنے کے لیے آنکھ کو سکیڑنا۔
الخَزَر۔ آنکھ کی تنگی۔ ایک قوم جن کی آنکھیں چھوٹی ہوتی ہیں۔ اور بحر خزر کے کنارہ پر رہتی ہے اور اسی سے بحر الخزر یعنی بحر کسپین۔
الخُزْرَة۔ و الخُزَرَة۔ پیٹھ کا درد۔
الخُزَرَة۔ سخت بھینگاپن۔ جس میں آنکھ کا ڈھیلا کنپٹی والے گوشہ کی جانب الٹ جاتا ہے۔
الخَیْزُران۔ بانس۔ نیزے۔ نرکل ہر نرم لکڑی۔ ایک ہندی درخت جس کی لمبی جڑیں زمین میں پھیلی ہوتی ہیں۔ واحد۔ خَیْزُرانَة۔ ج۔ خَیَازِر۔
الخَیْزُور۔ نرکل۔
الخَوْزَرِیّ و الخَیْزَرِیّ۔ ناز و انداز کی چال۔
الخُزَرج۔ جنوبی ہوا۔
خَزْرَقَ۔ فی مشیته۔ ہاتھوں کو اوپر نیچے ہلاتے ہوئے چلنا۔
خَزَعَ (ف)، خَزْعًا و تَخَزَّعَ۔ الشیءَ۔ کاٹنا ــ عن القوم پیچھے رہ جانا ــ خَزَعَ منه شیئًا۔ لینا ــ تَخَزَّعوا الشیءَ۔ آپس میں بانٹ لینا۔

خَزَعَ - الشئَ - کاٹنا ـــ الشیَٔ بینھم - تقسیم کرلینا۔

اِنْخَزَعَ - الحبلُ - رسی کا بیچ سے کٹ جانا ـــ الرجلُ آدمی کا بڑھاپے اور کمزوری کے باعث جھکنا۔

اِخْتَزَعَہ لینا ـــ ہ عَن القومِ جدا کرلینا۔

الخَزَاعِ - موت۔

الخَزْعَۃ ایک پاؤں سے لنگڑاپن۔

الخُزْعَۃ گوشت کا ٹکڑا۔

الخُزَاعَۃ کسی چیز کا ٹکڑا۔

الخَوْزَع بڑھیا۔

الخَوْزَعۃ ریگ کا تودہ جو بڑے تودہ سے جدا ہو۔

الخَزُوع - وہ جو لوگوں کے مالوں کو اڑالے۔

الخَزْعَبِیل والخُزْعَبل و الخِزْعِبیل - خوش طبعی کی باتیں۔ کہانیاں۔ بیہودہ باتیں۔

الخُزَعبلۃ خوش طبعی - مذاق۔

خَزْعَل - فی مشیہ - چلنے میں لنگڑانا ـــ الماشی پاؤں کو جھاڑنا۔

الخَزْعَل - بجو۔

الخُزَعالۃ - خوش طبعی - کھیل کود۔

خَزَفَ (ض) خَزْفًا ـــ فی مشیہ چلنے میں ہاتھ ہلانا ـــ الثوب پھاڑنا ـــ الشیَٔ - چیرنا۔

الخَزَفَ - واحد (خزفہ) ٹھیکری مٹی کے پکے ہوئے برتن۔

الخَزَّاف و الخزفِیّ - مٹی کے برتن بنانے یا بیچنے والا۔ کمہار۔

خَزَقَہ (ض) خَزْقًا - نیزہ آہستہ مارنا ـــ خَزَقَہ بالسہم تیر مارنا ـــ خَزَقَ الطائرُ پرندہ کا بیٹ کرنا ـــ الشیَٔ فی الارض - زمین میں کوئی چیز گاڑنا۔

تَخَزَّقَ - و انخَزَقَ - پھٹ جانا - چھد جانا۔

اختَزَقَ - السیفُ - تلوار کا میان سے نکلنا۔

الخَازِق - فا - نیزہ کا پھل۔

الخَازُوق - ایک نوکدار لمبا ڈنڈا جس کو مجرم کے مقعد میں داخل کر کے سولی دی جاتی تھی - ج خَوَازِیق - مولدین نے اسی سے فعل (خَوْزَق) بنایا ہے۔

المخزقۃ - برچھی۔

خَزِلَ (س) خَزَلًا - پیٹھ کا ٹوٹنا۔ صفت (اَخْزَل و مَخْزُول)

خَزَلَ (ض) خَزْلًا ـــ الشیَٔ - کاٹنا ـــ ہ عن حاجتہ - روکنا۔

تَخَزَّلَ - کٹنا - بوجھل چلنا - سست چلنا۔

انْخَزَلَ - گرانباری سے چلنا ـــ فی کلامہ - رک جانا - بند ہونا ـــ عَن الجوابِ - جواب سے لاپرواہی کرنا ـــ مِنَ المکانِ کسی جگہ سے علیحدہ ہونا۔

اِخْتَزَلَ - الشیَٔ - کسی چیز کو کاٹنا ـــ ہ عیب لگانا ـــ برأیہ - اپنی علیحدہ رائے رکھنا ـــ ہ عن قومہ قوم سے علیحدہ کرنا ـــ الودیعۃ - امانت میں خیانت۔

الخُزْلَۃ - پیٹھ کی شکستگی۔

الخُزَلَۃ - مراد سے روکنے والا۔

الخَوْزَلی والخَیْزَلی - سست چال۔

خَزَمَ (ض) خَزْمًا ـــ اللآلی موتی پرونا۔ (ـــ و خَزَّمَ) البعیرَ - اونٹ کی ناک میں چھلا ڈالنا - کہتے ہیں" خَزَمَ انف فلان" یا" جَعَلَ فی انفہ الخزامۃ" اس نے فلاں کی ناک میں ناتھ ڈال دی۔ یعنی عاجز بنادیا۔ اور تابع کرلیا۔

خَازَمَہ مخازمۃً - الطریق - دو مختلف راستوں سے چل کر ایک جگہ آکر ملنا۔

تَخَزَّم - الشوك فی رجلہ - کانٹے کا پاؤں میں چبھنا۔

تَخَازَم - الجیشانُ - دو فوجوں کا ایک دوسرے کے مقابل آنا۔

الخَزَم - ایک درخت جس کی چھال سے رسیاں بٹتے ہیں۔

الخَزَامی والخزام - ایک پودا جس کے پھول بہت خوشبودار ہوتے ہیں۔

الخِزَامَۃ - باریک چمڑا جس سے دولت مندوں کو باندھتے ہیں۔ ج - خَزَائِم - الاَخْزَم - نر سانپ۔

المَخْزَم - پہاڑی راستہ۔ ج مَخَازِم - شِرَاكٌ مخزُومٌ - کٹا ہوا تسمہ۔

خَزَنَ (ن) خَزْنًا و اختَزَنَ ـــ المالَ - مال جمع کرنا - ذخیرہ کرنا ـــ السرَّ - بھید چھپانا ـــ اللسانَ - زبان کو روکنا ـــ اِختزن الطریقَ - قریب ترین راستہ اختیار کرنا۔

خَزَنَ (ن) خَزْنًا و خُزُونًا و خَزِنَ (س) خَزَنًا و خَزُنَ (ك) خَزَانۃً ـــ اللحمُ

گوشت کا بدبودار ہونا۔ صفت
(خَزِبٌن)
اَخْزَنَ۔ محتاجگی کے بعد خوشحال
ہونا۔ مالدار ہونا۔
استخزنَہ — المالَ۔ مال جمع
کرنے کے لیے کسی سے درخواست
کرنا — استخزن المالَ۔
مال جمع کرنا۔ ذخیرہ کرنا۔
الخَزَانَۃ والخَزِیْنَۃ۔ ذخیرہ کرنے
کی جگہ۔ ج۔ خَزَائِن —
الخِزَانَۃ۔ خزانچی کا پیشہ۔
الخَازِن۔ فا۔ خزانچی —
خازنُ الامیر۔ امیر کے مال
کی حفاظت کرنے اور اس کو
خرچ کرنے کا ذمہ دار۔ ج
خَزَنَۃ و خُزَّان —
الخَازِن۔ زبان۔
الخَزْنَۃ والخَزِیْنَۃ۔ خزانہ۔ ذخیرہ
کیا ہوا مال۔
الخَزَّان۔ زبان۔
المَخْزَن۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج
مَخَازِن۔ مَخَازِنُ الطریق
منزل مقصود تک پہنچنے کے قریب
ترین راستے۔
خَزَاہ (ن)، خَزْوًا۔ غالب آنا
سیاست کرنا۔ خواہش نفسانی
سے روکنا۔ دشمنی کرنا —
خَزَا الدَّابَّۃ۔ جانور کو سدھانا۔
خَزِیَ (س)، خِزْیًا و خِزْیٌ۔ ذلیل
ہونا۔ خوار ہونا۔ مصیبت میں
پڑنا۔
خَزِیَۃُ وخَزِیَ منہُ خَزَایَۃً
وخَزیً شرم کرنا۔ صفت
(خَزِیٌ)، مؤنث خَزِیَۃ۔ و
(خَزیَان)، مؤنث خَزْیَاء۔
ج۔ خَزَایَا۔
خَزَی (ض)، خَزْیًا — ہ۔ شرمندگی
میں ڈالنا۔ رسوا کرنا۔ فضیحت
کرنا۔ بہت زیادہ رسوا کرنا۔
خَازَاہ مُخَازَاۃً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔
اَخْزَاہ۔ اِخْزَاءً۔ شرمندگی میں ڈالنا۔
ذلیل کرنا۔ اہانت کرنا۔ جب
کسی سے کوئی اچھا فعل سرزد ہوتا
ہے تو کہتے ہیں "اخزاہ اللہ
ما اشعرہ" جس طرح کہتے
ہیں "قاتلہ اللہ ما اشجعہ"
اس قسم کی دعاؤں میں معنی مراد
نہیں ہوتے۔
استخزَی۔ شرمندگی محسوس کرنا۔
الخِزْی۔ ذلت۔ خواری۔ عذاب۔
دوری۔
الخِزْیَۃ والخَزْیَۃ۔ مصیبت۔
آفت۔ وہ عادت جس سے
انسان کو ذلیل ہونا پڑے۔
المَخْزَاۃ۔ باعث شرمندگی و
ذلت۔
خَسَّ (س)، خَسَاسَۃً۔ و
خُسُوسَۃً وخِسَّۃً۔ رذیل
ہونا۔ وزن یا اندازہ میں کم ہونا
صفت (خَسِیس) ج خِسَاس
واَخِسَّۃ۔
خَسَّ (س)، خَسًّا و خَسَّسَ۔
نصیبہ۔ حصہ کم کرنا۔
اَخَسَّ۔ گھٹیا کام کرنا۔ رذیل کام
کرنا — ہ رذیل پانا۔ حقارت
کرنا — اَخَسَّ حَظَّہ۔ حصہ
کم کرنا۔
تَخَاسُّوا۔ الشیَٔ۔ کسی کو آپس
میں لینا دینا اور اس میں سبقت
کرنا۔
استخسّہ۔ رذیل یا کمینہ پانا۔ رذیل
یا کمینہ سمجھنا۔ حقیر جاننا۔
الخَس۔ ایک مشہور سبزی —
خس الحمار وخس البقر۔
دو جنگلی گھاس کے نام۔
الخِسَاس۔ ہر وہ شے جس کا لین دین
لوگ آپس میں کریں۔
الخُسَاسَۃ۔ تھوڑا مال۔
الخَسِیْسَۃ۔ الخسیس کا مؤنث
ج۔ خَسَائِس — خَسَائِس
الامُور۔ حقیر باتیں —
شیٔ (خُسَامٌ و مُخسوسٌ)
معمولی حقیر چیز — الخُسَّان
وہ ستارے جو غائب نہ ہوں۔
جیسے بنات النعش۔
خَسَاءَ (ف)، خَسْاءً — الکلب
کتے کو دھتکارنا — (خَسْاً و
خُسُوءًا) البصرُ۔ نظر کا تھکنا۔
کمزور ہونا — (وخَسِیَ (س)
خَسًا و انخَسَاءَ) —
الکلبُ۔ دور ہونا۔ دھتکارا جانا
خَاسَأَ مُخَاسَاۃً و تخاسَأَ
تَخَاسُوءًا۔ القومُ۔ ایک
دوسرے کو پتھر مارنا۔
الخَسِیُٔ۔ گھٹیا اون وغیرہ۔
الخَاسِیُٔ۔ فا — من الخنازیر
والکلاب۔ دھتکارے اور ہنکائے
ہوئے کتے اور سور جن کو لوگوں
کے پاس نہ پھٹکنے دیا جائے۔
خَسِرَ (س)، خَسْرًا و خُسْرًا و
خُسُرًا وخَسَارًا و خَسَارۃً
وخُسْرَانًا۔ گھاٹا پانا۔ نقصان
اٹھانا۔ گمراہ ہونا۔ ہلاک ہونا۔
صفت (خاسر وخسیر و
خیسری)

خَسَرَ (ض) خَسْرًا و خُسْرَانًا۔
— المیزان۔ کم تولنا۔ کم
کرنا۔ گھٹانا — المالَ۔ ضائع
کرنا۔
خَسَّرَہ و اَخْسَرَہ۔ نقصان دینا
گمراہ کرنا۔ ہلاک کرنا —
اخسر الرجلُ۔ کسی کا نقصان
میں پڑنا۔ نقصان اٹھانا —
اخسر المیزان۔ گھٹانا۔ کم
کرنا۔
الخَاسِر۔ فا — کرّۃ خَاسِرۃ۔
ناکام حملہ۔
الخُنْسَر و الخُنْسِرِیّ۔ وہ شخص
جو نقصان میں ہو۔ ج
خَنَاسِرَۃ۔
خَسِعَ۔ خَسْعًا۔ عنہ کذا۔
کسی سے کسی چیز کا دور کیا جانا
خاسِعُ القوم خسیعتُھم
قوم میں ادنیٰ درجہ کا آدمی۔
خَسَفَ (ض) خُسُوفًا۔ المکانُ
کسی جگہ کا دھنس جانا — القمرُ
چاند کو گہن لگنا — العینُ
آنکھ کا جاتا رہنا یا گڑھے میں
بیٹھ جانا — السقفُ چھت
کا گرنا — الشیءُ کم ہونا۔
— الرجلُ۔ دبلا ہونا —
خَسَفَ فی الارض۔ و خُسِفَ
بہ۔ زمین میں دھنس جانا۔
(خَسْفًا) — الشیءَ۔ کاٹنا۔
— العینَ۔ آنکھ پھوڑنا۔
— اللّٰہُ الارضَ۔ اللہ تعالیٰ
نے زمین کو مع اس کی اوپر کی
چیزوں کے دھنسا دیا —
اللّٰہُ الارضَ بفلانٍ۔ اللہ
تعالیٰ نے فلاں کو زمین میں دھنسا
دیا — البئرَ۔ پتھریلی
سنگلاخ زمین میں کنواں کھودنا
جو ہمیشہ جاری رہے —
فلانًا۔ کسی کو ذلیل کرنا اور
ناگواری کی بات پر مجبور کرنا۔
خَسَفَ۔ الشیءَ۔ فخسف ھو۔
پھاڑنا اور پھٹ جانا (لازم و
متعدی)
اَخْسَفَتْ و انْخَسَفَتْ۔ عینُہ۔
آنکھ کا اندھی ہونا — الارضُ
زمین کا مع اپنی اوپری چیزوں
کے دھنس جانا — البئرُ۔
کنویں کا منہدم ہونا۔ بیٹھ جانا۔
الخَسْف۔ مص۔ عیب۔ ذلت۔
کہتے ہیں۔ "سَامَہ خَسْفًا
و خُسْفًا" اس نے اس کو
ذلیل کیا اور مشقت میں ڈالا۔
— الخَسْف۔ کنویں کی سیر
یا سوت۔
الخَاسِف۔ فا۔ دھنسی ہوئی آنکھ
دبلا۔ بیماری کی وجہ سے کمزور و
لاغر ہو کا۔ ج۔ خُسُف۔
الخَسْفُ و الخُسُف۔ اخروٹ۔
واحد (خُسْفَۃ)، کہا جاتا ہے
"باتوا علی الخسف": انھوں
نے بھوکے رہ کر رات کاٹی —
"وشربنا علی الخسف": ہم نے
بغیر کچھ کھائے ہوئے پیا۔
الخَسِیف۔ ج۔ اَخْسِفَۃ و خُسُف
(د) — الخُسُوف، ج خُسُف
— مِنَ الآبار۔ کنواں جو چٹان
میں کھودا جائے اور اس کا پانی
بند نہ ہو۔ "الخسیف من
العیون": اندر کو دھنسی ہوئی
آنکھ — من النوق
بہت دودھ دینے والی اونٹنی،
جس کا دودھ جاڑے میں جلد ختم
ہو جائے — من السحاب۔
وہ اٹھنے والا بادل جو پانی سے
بھرا ہو۔
الاَخَاسِف و الاخاسیف۔ نرم
زمینیں۔
خَسَقَ (ض) خَسْقًا و خُسُوقًا
السھمُ۔ تیر کا اچھی طرح نافذ
نہ ہونا۔
الخَسَّاق۔ بڑا جھوٹا۔ کہا جاتا ہے
"ھو ذو خسقات فی البیع"
یعنی وہ بیع کو کبھی نافذ کرتا ہے اور
کبھی فسخ کرتا ہے۔
خَسَلَہ (ن) خَسْلًا۔ رذیل بنانا۔
جلاوطن کرنا۔ پھینک دینا۔ دور
کرنا — الخِسَالَۃ و الخُسَالَۃ
ردی چیز۔
الخَسِیل۔ حقیر۔ رذیل۔ ادنیٰ۔ ج
خِسَال و خَسَائِل۔
الخُسَّل و الخُسَّال۔ رذیل اور
کمزور۔
المُخَسَّل و المَخْسُول۔ رذیل۔
حقارت کیا ہوا۔
خَاسَی مُخَاسَاۃً و اَخْسٰی۔
اخْسَاءً و خَسَّی تَخْسِیَۃً — ہ
ایک دوسرے کے ساتھ اخروٹ
سے طاق و جفت سے کھیل کھیلنا۔
الخَسَا۔ طاق۔ ج۔ الاخاسی
خَشَّ (ن) خَشًّا۔ فیہ داخل
ہونا — السحابُ۔ بادل کا
تھوڑی بارش برسانا — زیدًا
نیزہ مارنا — البعیرَ۔ اونٹ
کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔
انخَشَّ — فیہ۔ داخل ہونا۔

— بین القوم ۔ گھل مل جانا۔
الخَش ۔ مص ۔ تھوڑی بارش ۔ دراز یا شگاف ۔ کھردری چیز پیادے ۔
الخُش ۔ ٹیلہ ۔
الخَاشّ ۔ فا ۔ واحد (الخَش) پیدل ۔
الخُشَاش ۔ زمین کے کیڑے مکوڑے چھوٹے پرندے ۔ پہاڑی سانپ اونٹ کی ناک میں ڈالنے کی لکڑی ۔ واحد (خُشَاشَۃ) عضہ ۔ کہا جاتا ہے ۔ "حَرَّکَ خِشَاشَہٗ" وہ غضبناک ہوا ۔
— خشاشا الشیٔ چیزوں کے دونوں کنارے ۔ ج ۔ اَخِشَّۃ
الخُشَاش ۔ برا ۔ ردی ۔ شجاع ۔ بہادر
الخُشَّاء ۔ گارے اور کنکر والی زمین ج ۔ خُشَّاوَات وخشاشِیّ ۔
الخُشَّاء ۔ کان کے پیچھے ابھری ہوئی ہڈی ۔
المِخَشّ ۔ بہادر ۔ جری ۔ دل چلا ۔ دلیر گھوڑا ۔
خَشَبَ (ض) خَشْبًا ۔ الشیٔ وبالشیٔ ایک چیز کو ایک چیز کے ساتھ ملانا ۔ خلط ملط کرنا — الشیٔ صاف کرنا ۔ چھانٹنا — السیف ۔ صیقل کرنا —
واختَشَب) بلا تنقیح محض آمد کے مطابق شعر کہنا —
اختشب السیف ۔ تلوار کو لکڑی جیسا بنانا ۔
خَشُبَ ۔ الشیٔ ۔ موٹائی میں لکڑی کی طرح ہونا ۔
تَخَشَّبَ ۔ چراگاہ میں سوکھی گھاس چرنا — السیف ۔ تلوار کو لکڑی جیسا بنانا ۔
اخشوشب ۔ لکڑی کی طرح سخت ہونا — فی عیشہ ۔ مشقت پر صبر کرنا ۔
الخَشَب ۔ موٹی لکڑی ۔ ج خَشَب وخُشُب وخُشْب وخُشْبَان ۔
الخَشِب والاَخْشَب ۔ موٹا کھردرا — عیشٌ خشبٌ ۔ ناپسندیدہ زندگی ۔ تکلیف والی گذران ۔
الخَشَّاب ۔ لکڑی بیچنے والا ۔ ج خَشَّابَۃ ۔
الخَشْبَاء ۔ وہ سنگلاخ زمین جس میں پتھر، کنکر اور گارا ہو ۔
الخَشِیب ۔ من السیوف ابھی کی ڈھالی ہوئی تلوار ۔ صیقل شدہ تلوار ۔ ردی ۔ گھٹیا ۔ صاف کی ہوئی چیز — من القیس تراشی ہوئی کمان ۔ ج خُشُب وخَشَائِب ۔ لمبے قد والا ۔ ظالم ۔ کہتے ہیں — "جمل خشیب" موٹا اونٹ ۔
المَخْشُوب ۔ مخلوط نسل والا شخص جس کو اچھی تعلیم و تربیت نہ دی گئی ہو ۔ اچھے طریقہ سے کام نہ کرنے والا ۔
المِخْشَاب ۔ پست قد موٹا آدمی ۔
خَشْخَشَ ۔ خَشْخَشَۃً و تَخَشْخَشَ ۔ السلاح او الحلی ۔ ہتھیاروں یا زیورات کی جھنکار سنائی دینا — فلانٌ بین الشجر او القوم ۔ داخل ہو کر غائب ہو جانا ۔
الخَشْخَاش ۔ پوست کا پودا ۔ واحد (خشخاشۃ)
خَشَرَ (ض) خَشْرًا ۔ دسترخوان پر ردی چیز کا چھوڑنا — الشیٔ ۔ کسی شے سے اس کا ردی حصہ چن کر نکالنا ۔
خَشِرَ (س) خَشَرًا ۔ بزدلی سے بھاگ جانا ۔ حریص ہونا ۔
الخُشَار والخُشَارَۃ ۔ ہر چیز کا ردی حصہ ۔ دسترخوان کا بچا کھچا ۔ وہ جو کا دانہ جس میں گودا نہ ہو ۔ رذیل لوگ ۔
خَاشِرَۃُ ۔ الناس ۔ رذیل لوگ ۔ واحد (الخَاشِر)
خَشْرَمَتِ ۔ الضبعُ ۔ بجو کا کھانے میں آواز نکالنا ۔ چپڑ چپڑ کرنا ۔
الخَشْرَم ۔ شہد کی مکھیوں یا بھڑوں کا دَل ۔ شہد کی مکھیوں کا چھتہ ۔ شہد کی مکھیوں کی ملکہ ۔ وہ نرم پتھر جس سے چونہ بناتے ہیں ۔ ج ۔ خَشَارِمَۃ ۔
الخُشَارِم ۔ موٹی آواز ۔ بڑی ناک ۔
خَشَعَ (ف) خُشُوعًا ۔ لہ فروتنی کرنا ۔ عاجزی کا اظہار کرنا ۔ صفت (خَاشِع) ج خُشَّع وخَشَعَۃ وخَاشِعُون
— ببصرہ ۔ آنکھ نیچی کرنا ۔
— بصرہ ۔ نگاہ کا پست ہونا
— الصوتُ ۔ آواز کا پست ہونا — الشمسُ ۔ سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا —
الورقُ ۔ پتے مرجھانا — الارضُ بارش نہ ہونے سے زمین کا خشک ہو جانا ۔
اَخْشَعَہ ۔ عاجز کرنا ۔ فروتنی پر برانگیختہ کرنا ۔
تَخَشَّعَ ۔ عاجزی دکھانا ۔ خاکساری

دکھانا ۔ ـــ و تَخَاشَعَ ۔ فروتنی دکھانا۔

اِخْتَشَعَ ۔ لہ ۔ سر جھکاتے ہوئے کسی کے سامنے عاجزی کرنا۔

الخَاشِع ۔ فا ۔ مکان خاشع وہ جگہ جس کی راہ نہ مل سکے۔ ـــ بَلدَۃٌ خَاشِعَۃٌ ۔ وہ شہر جس میں ٹھہرنے کی کوئی جگہ نہ ہو ـــ جِدَارٌ خَاشِعٌ وہ دیوار جو گر کر زمین کے برابر ہو جائے۔

الخِشْعَۃ ۔ مردہ ماں کے پیٹ کو پھاڑ کر زندہ نکالا ہوا بچہ۔

الخُشْعَۃ پست ٹیلہ ۔ ج ۔ خُشَع

خَشَفَ (ن ض) خُشُوفًا ۔ و خَشَفَانًا ۔ ملک میں جانا اور غائب ہو جانا ۔ رات میں چلنا ـــ الماءُ ۔ پانی کا جم جانا ـــ البردُ ۔ سردی کا تیز ہونا ـــ (ـــ والخشف) فی الشیٔ ۔ داخل ہونا۔

خَشَفَ (ض) خَشَافَۃً ۔ بالقوم ۔ ساتھ چلنا اور راہنمائی کرنا ۔ راہبری کرنا ۔ (ـــ خشفًا و خَشَفَۃً) برف پر چلنے سے برف کی آواز نکلنا ـــ فی السیر ۔ تیز چلنا۔

خَشِفَ (س) خَشَفًا ۔ البعیر اونٹ کے پورے بدن کا خارش والا ہونا ۔ صفت (اخشف) مؤنث خَشْفَاء ۔ ج خُشُفٌ

خَشَّفَ ۔ راہنمائی کرنا ۔ راستہ دکھانا۔

خَاشَفَ ۔ الی الشرِّ ۔ برائی کی طرف جلدی کرنا ۔ سبقت کرنا۔

کہا جاتا ہے "خَاشَفَ فی ذمتہ" اس نے بدعہدی اور عہد شکنی میں جلدی کی ـــ خَاشَفَ السہمَ ۔ تیر کا نشانہ پر آواز دینا۔

اَخْشَفَتِ ۔ الظَّبْیَۃُ ۔ ہرنی کا بچہ والی ہونا۔

الخَاشِف ۔ فا ۔ سَیفٌ خاشفٌ تیز تلوار ـــ ماءٌ (خَاشِفٌ وخشفٌ) جما ہوا پانی۔

الخِشْف ۔ بتثلیث الخاء ۔ ہرنی کا نوزائیدہ بچہ ۔ ج ۔ خِشَفَۃ (ـــ والخُشَّف) سبز رنگ کی مکھی ۔ واحد (خُشَّفَۃ)

الخَشْفُ والخَشْفَۃُ والخِشْفَۃ آواز ۔ حرکت ۔ آہٹ

الخُشْف ۔ ذلت ۔ الخَشف والخُشَف گھٹیا قسم کا اون

الخُشَف والخشیف ۔ سخت برف ۔ نرم یخ ۔

الخَشُوف ۔ معاملات میں دخل دینے والا ـــ من الرجال رات کو سفر کرنے میں دلیر و بہادر ـــ من السیوف ۔ تیز تلوار۔

الخُشَّاف ۔ چمگادڑ۔

المَخْشَف ۔ پانی جمنے کی جگہ ۔ برف خانہ۔

المِخْشَف ۔ راہبر ۔ معاملات میں دخل دینے والا ۔ رات کو چلنے میں دلیر و بہادر ۔ شیر۔

خَشَلَہ (ن) خَشْلًا و خَشَّلَہ ۔ حقیر بنانا ۔ رذیل بنانا ـــ خشل الشرابَ ۔ صاف کرنا۔

خَشِلَ (س) خَشَلًا ۔ الثوبُ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

تَخَشَّلَ ۔ ذلیل ہونا ۔ سر جھکانا ۔ ردی چیز لانا۔

الخَشَل والخَشْل ۔ ردی چیز ـــ الخَشْل ہر کھوکھلی جوف دار شیٔ ۔ خالی کیا ہوا انڈا ۔ واحد (خشلۃ) کہا جاتا ہے "رجل (خَشْلٌ فَشْلٌ وخَشِلٌ فَشِلٌ)" کمزور آدمی۔

خَشَمَہ (ض) خَشْمًا ۔ ناک کی جڑ توڑنا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا و خُشُومًا ۔ چوڑی ناک والا ہونا ـــ الانفُ ناک کا بدبودار ہونا۔

خَشِمَ (س) خَشَمًا وخَشَّمَ واَخْشَمَ وتَخَشَّمَ ۔ اللحمُ ۔ گوشت کا بدبودار ہونا ـــ خَشَّمَہ الشرابُ ۔ شراب کا کسی کو مست و متوالا کر دینا۔

الاَخْشَم ۔ چوڑی ناک والا ۔ بو محسوس نہ کرنے والا ـــ انف اخشم بدبودار ناک ۔ مؤنث خَشْمَاء ۔ ج ۔ خُشْم۔

الخَیشُوم ۔ ناک کی جڑ ۔ ج خیاشیم ۔ ـــ الخیاشیم ۔ ناک کے بیچ کی رگیں ـــ خیاشیم الجبال ۔ پہاڑوں کی چوٹیاں ۔ کہتے ہیں "اشرفت خیاشیم الجبال"

الخُشَام ۔ بڑی ناک والا ۔ اونچی چوٹی والا پہاڑ ۔ شیر۔

خَشُنَ (ک) خُشْنَۃً وخَشَانَۃً وخُشُونَۃً ومَخْشَنَۃً ۔ سخت اور کھردرا ہونا ۔ صفت (خَشِن) ۔ ج ۔ خِشَان۔

خَشَّنَہ ۔ سخت اور کھردرا کرنا ۔ کہا

جاتا ہے "خشن صدرہ" اس
نے اس کو سخت غضبناک کیا۔
خاشنہ۔ سختی کا سلوک کرنا۔
تخشّن۔ سخت کھردرا ہونا۔ سخت
زندگی گزارنا۔ موٹا کھردرا پہننا۔
تخاشن۔ بتکلف سختی برتنا۔
استخشن ۔۔ الشیءَ۔ کسی شے
کو موٹا یا کھردرا پانا۔
اخشَوشن۔ سخت کھردرا ہونا۔
۔۔ علیہ صدرہ۔ غضب
ناک ہونا۔
الخشین۔ اکھڑ طبیعت کا۔
الاخشن۔ سخت و کھردرا۔ مؤنث۔
خشناء۔ ج۔ خُشن۔ کہتے
ہیں "رجل اخشن" بدحال
آدمی "وھو اخشن الجانب"
یعنی وہ دشوار طاقت سے زیادہ
ہے ۔۔ کتیبہ خشناء۔ بہت
ہتھیاروں والا فوجی دستہ۔
خشیہ (س) خَشیاً وخُشیاً و
خَشیۃً وخَشاۃً وخَشیاناً۔
ومَخشیۃً ومَخشاۃً۔ ڈرنا۔
خوف کرنا۔
خشّاہ تخشیۃً و خشّاءً۔
ڈرنا۔ مرعوب کرنا۔
خشّاہُ ۔ فلاناً۔ کسی سے خوف
دلانا۔
تخشّاہ تخشّیاً۔ ڈرنا۔ خوف کھانا
الخشی والخاشی والخشیان
۔۔ والخشیّ۔ ڈرنے والا۔
مؤنث خاشیۃ وخشیہ و
خشیانۃ وخشیا۔ ج۔ خشایا۔
الخَشِی والخشیّ ۔۔ من النبات
خشک گھاس۔ کہتے ہیں "ھذا
المکان اخشی من ذلک"۔

یہ جگہ اس سے زیادہ خوف کی ہے۔
خصّ (ن) خَصّاً وخصوصاً و
خصوصۃً وخُصوصیّۃً
وتخِصّۃً وخِصیّصۃً و
خصّیصَی وخصّیصاء ۔۔
۔۔ فلاناً بالشیءِ۔ خصوصیت
دینا۔ خاص کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"خصّہ بالوُدّ" اس نے
اسی سے محبت کی (خصوصاً)
الشیءَ۔ خاص ہونا ۔۔ الشیءَ
لنفسہ۔ کسی شے کو اپنے لیے
مخصوص کرنا یا چن لینا۔
خَصّ (س) خصاصۃً وخصاصاً
و خصاصاء۔ محتاج ہونا۔
مفلس ہونا۔ فقیر ہونا۔
خصّص ۔ الشیءَ ۔ خاص کرنا۔
۔۔ ہ بالشیءِ۔ کسی کو کسی شے
کے ساتھ خاص کرنا۔
اختصّ۔ محتاج و فقیر ہونا ۔۔
بالشیءِ۔ خاص ہونا ۔۔ ہ
بالشیءِ۔ خاص ہونا۔ اور اسی سے
ہے "اللہ یختص برحمتہ
من یشاء" اللہ اپنی رحمت سے
جس کو چاہتا ہے مخصوص کرلیتا ہے
تخصّص۔ بالشیءِ۔ مخصوص ہونا
منفرد ہونا۔ تخصّص الرجلُ
خاص لوگوں میں سے ہونا۔
استخصّ۔ الشیءَ۔ مخصوص ہونے
کی درخواست کرنا۔
الخُصّ۔ بانس یا لکڑی کی جھونپڑی۔
شراب بیچنے والے کی دکان۔
ج۔ اخصاص وخصوص و
خصاص۔ شھرٌ خِصٌّ
ناقص مہینہ۔
الخاص۔ فا۔ عام کی ضد۔ یکتا۔ تنہا۔

الخاصّۃ۔ عامّۃ کی ضد۔ خود اپنے لیے
خاص کی ہوئی چیز ۔۔ خاصۃ
الملک۔ بادشاہ کے مقرب لوگ۔
۔۔ خاصۃ النبات۔ بوٹی
کی قوت و اثر۔ ج۔ خواص۔
د۔ الخواص والخُصّان و
الخِصّان) ۔۔ من القوم
قوم کے چیدہ اور بزرگ و برگزیدہ
لوگ۔ کہتے ہیں "انما یفعل
ھذا خُصّان الناس"۔ اس کو
برگزیدہ لوگ ہی کرتے ہیں۔
الخاصّیّۃ۔ خاصۃ کی جانب نسبت
ج۔ خاصیّات وخصائص۔
الاخصّ۔ افضل۔ کہتے ہیں "لم
یکن فی اطبائہ اخص من
ھذین"۔
الخُصاصۃ۔ انگور توڑنے کے بعد
چھوٹے چھوٹے گچھے جو بیل پر رہ
جاتے ہیں۔ تھوڑا۔ قلیل۔ ج
خُصاص۔
الخَصوص والخُصوص۔ علیحدگی
خصوصیت۔ گویا عموم کا مقابل۔
انخصار۔ ضد اطلاق۔ کہتے ہیں۔
"علی الخصوص وخصوصاً" یعنی
خاص طور پر۔ مثلاً حریری کا یہ قول
"لن یصقل الخاطر و
ینشّط الفاتر۔ کمقابلۃ
الھواجر وخصوصاً فی
شھری ناجر"
الخَصاص۔ مص۔ برقع یا دروازہ
وغیرہ کا شگاف وسوراخ۔ کہتے
ہیں "بدا القمر من خصاص
انعیم۔ چاند بادل کے درمیان
سے ظاہر ہوا۔" ولمحتہ من
خصاص الباب "میں نے اس

کو دروازہ کی جھری سے دیکھا۔
مکان وغیرہ میں شگاف۔ واحد (خَصَاصَۃ) کہا جاتا ہے "سَدَدْتُ خَصَاصۃ فلان": میں نے فلاں شخص کی محتاجگی و تنگی کو دُور کر دیا۔
خُوَیْصَّۃُ۔ الانسان۔ وہ شخص جو خدمت کرنے کے لیے مخصوص ہو۔
خَصَبَ (ض) و خَصِبَ (س) خِصْبًا ۔۔۔ المکان۔ کسی جگہ کا سرسبز ہونا۔ زرخیز و ہرا بھرا ہونا۔ صفت (خَصِب و خَصِیب و مُخْصِب و مِخْصَاب۔)
اَخْصَبَ ۔۔۔ المکانُ۔ جگہ کا سرسبز ہونا ۔۔۔ اللہ المکان۔ سرسبز کرنا ۔۔۔ الشاۃ۔ بکری کا سرسبزی میں پہنچنا ۔۔۔ القومُ۔ قوم کا سرسبزی پانا۔ کہتے ہیں "اخصب جناب القوم"۔ قوم کا مقام سرسبز و شاداب ہے۔
الخِصْب۔ سبز گھاس کی کثرت۔ زندگی کی فراخی و خوش حالی۔ ج۔ اَخْصَاب۔ کہتے ہیں۔ "بلد خِصْب و اَخْصَاب": سرسبز و شاداب شہر۔ اس میں جمع مبالغہ کے لیے ہے۔ اور کہا جاتا ہے "ارض خِصْبٌ و ارضون خِصْبٌ و ارض خِصْبَۃ او خَصْبَۃ۔
الخِصَاب۔ بہت پھل دار کھجور کا درخت۔ واحد۔ (خِصَابَۃ) ۔۔۔ (رجلٌ خَصِیب) صاحب خیر و فیض آدمی۔
خَصِرَ۔ (س) خَصَرًا ۔۔۔ الیومُ دن کا ٹھنڈا ہونا ۔۔۔ الرجلُ اطراف اعضاء میں سردی سے تکلیف ہونا۔
اَخْصَرَ۔ القُرُّ اَنَامِلَہ سردی کا انگلیوں کو ٹھنڈا کر دینا۔
خَاصَرَہ مُخَاصَرَۃً۔ کسی کا ہاتھ پکڑ کر چلنا۔ کسی کے پہلو میں چلنا۔ یا کسی کے کمر میں ہاتھ ڈال کر چلنا۔
اِخْتَصَرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا۔ ۔۔۔ الکلامَ۔ کلام کو مختصر کرنا۔ ۔۔۔ الطریقَ۔ قریب ترین راستہ اختیار کرنا ۔۔۔ فی الشئ۔ کسی شے سے فضول حصہ حذف کر دینا ۔۔۔ الرجلُ۔ ہاتھ میں لاٹھی وغیرہ لینا ۔۔۔ بالعَصَاء۔ چلنے میں لاٹھی پر ٹیک لگانا۔
تَخَاصَرَ۔ اپنی کمر پر ہاتھ رکھنا ۔۔۔ القومُ۔ ہاتھ میں ہاتھ ڈال کر ساتھ ساتھ چلنا۔
تَخَصَّرَ۔ اپنے پہلو پر ہاتھ رکھنا ۔۔۔ بالمِخْصَرَہ۔ لاٹھی کو اپنے ہاتھ میں تھامنا۔
الخَصر۔ کمر ۔۔۔ خصرُ القدم۔ پاؤں کے تلوے کا وہ حصہ جو زمین سے نہ لگے۔ ج۔ خُصُوص۔
الخَصَر۔ ٹھنڈ۔
الخَصِر۔ ٹھنڈا۔
الخِصَار۔ اَزار۔
الخَاصِرَہ۔ من الانسان۔ پہلو ج۔ خَوَاصِر۔
المِخْصَرَہ۔ ٹیک لگانے کی لاٹھی یا چھڑی وغیرہ۔ وہ چھڑی جس کو بادشاہ تقریر یا خطاب کے وقت اپنے ہاتھ میں رکھتا ہے۔ ج مَخَاصِر۔ مَخَاصِرالطریق۔ نزدیک کے راستے۔
المُخَصَّر۔ باریک کمر والا۔ کہتے ہیں۔ "هو مُخَصَّرالقدمین"۔ وہ شخص جس کا تلوا زمین پر نہ ٹکے۔ بلکہ صرف پنجہ اور ایڑی زمین پر لگے۔ ۔۔۔ رجلٌ (مَخْصُوس) وہ شخص جس کی کمر میں درد ہو۔
اَخْتَصَر۔ مختصر۔ اختصر۔ کا اسم تفضیل ہے اور شاذ ہے۔
خَصَفَ (ض) خَصْفًا و اَخْصَفَ و اختَصَفَ ۔۔۔ النعلَ۔ جوتا سینا۔ جوتا دوہرا سینا۔ جوتے میں پیوند لگانا ۔۔۔ الشئَ علی الشئ۔ چپکانا۔ کہا جاتا ہے۔ "هم یخصفون اقدام القوم باقدامهم": وہ لوگ قوم کے نقش قدم پر چلتے ہیں اور ان کی حرف و بحرف پیروی کرتے ہیں۔
خُوصِفَ۔ بہٖ۔ پیچھے کیا جانا۔ لاحق کیا جانا۔
خَصَّفَ۔ بدخلق و بدمزاج ہونا۔ جو کچھ اپنے پاس نہ ہو سکے تکلف میں کوشش کرنا۔ کہتے ہیں۔ "خَصَّفَه الشیبُ": بڑھاپے نے اس کے آدھے بال سفید کر دیے۔
الخَصُوف۔ مص۔ جوتا۔
الخَصَف۔ رنگ جو سیاہ و سفید رنگ سے مل کر بنتا ہے۔
الخَصَفَۃ۔ کھجور کے پتوں کی بنی ہوئی ٹوکری۔ گاڑھا کپڑا۔ ج خَصَف و خِصَاف۔
الخَصَف والخَصَفَۃ۔ چمڑے کا ٹکڑا جس سے جوتے کو سیا جائے۔

الخُصْفَةُ۔ جوتے وغیرہ کا سوراخ۔
الخَصَّاف۔ بڑا جھوٹا۔ موچی۔
الخَصِیْف۔ راکھ۔ سلا ہوا جوتا۔
تازہ دودھ جو دہی سے ملا ہوا ہو۔
(ــــ والاخصف) سفید وسیاہ
سفید پہلوؤں والا گھوڑا یا بکری۔
المِخْصَف۔ ستالی۔ ج۔ مَخَاصِف
ــــ شاۃٌ مَخْصُوفَةٌ۔ سیاہ وسفید
رنگ کی بکری۔
خَصَلَ (ن) خَصْلاً ــــ الشَیئَ۔ کاٹنا
جدا کرنا۔ (خَصَلَ (ن) خَصْلاً
وخِصْلَانًا۔) ــــ القومَ
قوم سے فائق ہونا۔ فضیلت میں
بڑھنا ــــ خَصَّلَہ ٹکڑے
کرنا ــــ الشَجَرَ۔ درخت کو
چھانٹنا۔
خَاصَلَہ۔ خِصَالاً ومُخَاصَلَةً۔
شرط باندھ کر تیر اندازی کرنا۔
اَخْصَلَ ــ الرامی۔ ٹھیک نشانہ
پر مارنا۔
تَخَاصَلَ ــ القومُ۔ تیر اندازی
میں شرط باندھ کر مقابلہ کرنا۔
الخَصْل۔ تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔
شرط جو تیر اندازی میں مقرر ہو ــ
جس پر جوا کھیلا جائے۔ کہتے ہیں
" احرز خصله واصاب
خصله" یعنی وہ غالب ہوا۔ ج
خُصُول۔
الخَصْلَة۔ عادت اچھی ہو یا بری۔ زیادہ
استعمال اچھی عادت کے لیے ہے
تیر کا ٹھیک نشانہ پر لگنا۔ ج
خِصَال (ــ والخُصْلَة) گچھا۔
کانٹے دار لکڑی۔ تر لکڑی کا کنارہ
ج۔ خُصَل ــ الخُصَل۔ لٹکے
ہوئے درخت کا کنارہ۔

الخُصْلَة۔ بالوں کا گچھا۔ بالوں کی چوٹی
گوشت کا عضو۔
الخَصِیْلَة۔ بالوں کا گچھا۔ بالوں کی
چوٹی۔ وہ گوشت جس میں پٹھا
بھی ہو۔ ج۔ خَصِیل وخَصَائِل۔
کہا جاتا ہے۔ " ارتعدت
فرايصه واضطربت
خَصَائِلُه" اس کے شانہ کا
گوشت لرزنے لگا اور پٹھے والا
گوشت تھرتھرانے لگا۔
المِخْصَل۔ کاٹنے والی تلوار (مِقْصَل
میں ایک ضعیف لغت)
المِخْصَال۔ درانتی۔
خَصَمَہ (ض) خَصْمًا۔ جھگڑنے میں
غالب آنا۔
خَاصَمَہ۔ خِصَامًا ومُخَاصَمَةً۔
نزاع کرنا جھگڑا کرنا۔ اسم (الخصومة)
اَخْصَمَہ۔ دلیل سمجھانا۔ کسی کے
خلاف دلیل مہیا کرنا۔
تَخَاصَمَ واخْتَصَمَ ــ القومُ
ایک دوسرے سے نزاع کرنا۔
جھگڑنا۔
الخَصْم۔ معں۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے
والا۔ تثنیہ، جمع اور مؤنث کے
لیے بھی مستعمل ہے۔ مثلاً کہا جاتا ہے
هما وهم وهي خصمي۔ ج
خُصُوم وخِصَام واَخْصَام
الخُصْم۔ جانب۔ گوشہ۔ ج
اَخْصَام۔ وخُصُوم۔
الخَصِیْم۔ مخالف۔ جھگڑا کرنے والا۔
ــــ ج۔ اَخْصَام وخُصَمَاء
وخُصْمَان۔
الخَصِم۔ ج۔ اَخْصَام وخَصِمُون
والخَصُوم۔ جھگڑالو۔ مخالف
مدمقابل۔

خَصِیَ (ض) خَصَاءً ــ ہ۔ خصی
کرنا۔
الخَصِی۔ فوطوں میں درد والا۔
الخَصِیّ۔ خصیے نکالا ہوا۔ آختہ۔ ج
خِصیه وخُصْیَان۔
الخُصْیَة۔ فوطہ۔ بیضہ۔ خصیہ۔ ج
خُصیٰ ــ خصیه البحر۔
وخصی الثعلب۔ وخُصیة
الديك وخصية الكلب۔
مختلف نباتات کے نام ہیں۔
خَضَّضَ۔ الجاریةَ۔ لڑکی کو سفید
مہروں اور منکوں سے آراستہ کرنا۔
خَاضَّہ۔ مُخَاضَّةً۔ بیع بالعوض
کرنا۔ تبادلہ کرنا۔
الخَضْخَضُ۔ سفید مہرے۔ بے ہودہ
گفتگو۔ کہا جاتا ہے۔ " منطق
خضخض" طرح طرح کے کھانے۔
الخَضَاض۔ روشنائی۔ قیدی کی
بیڑی۔ کم حیثیت زیور۔ کتے یا بلی
وغیرہ کے گلے کا پٹہ۔ " رجلٌ
خَضَاضٌ وخضاضة" احمق و
بیوقوف آدمی ــــ مکانٌ
(خضیض) پانی سے تر جگہ۔
خَضَبَ (ض) خَضْبًا وخَضَّبَ۔
الشیءَ۔ رنگنا۔
خَضَبَ (ض) وخَضِبَ (س) خُضُوبًا
وخُضِبَ۔ واَخْضَبَ ــــ
الشجرُ اوالمکانُ۔ درخت یا
جگہ کا سرسبز ہونا۔
تَخَضَّبَ واخْتَضَبَ۔ بالحناءِ۔
رنگدار ہونا۔ رنگین ہونا۔ صفت
(خضیب) ج۔ خُضُب و
(مخضوب ومُخَضَّب)
اِخْضَوضَبَ۔ اِخْضِیضَابًا
ــ الشجرُ۔ درخت کا سرسبز ہونا۔

الخَضَب ۔ معی۔ درخت کی سرسبزی۔ بارش کے بعد نیا اُگا ہوا سبزہ۔ ج۔ خُضُوب۔

الخِضَاب۔ رنگ۔ رنگ کرنے کی جگہ۔

الخُضَبَة۔ بہت مہندی لگانے والی عورت۔

الخَضُوب۔ بارش کے بعد نیا اُگا ہوا سبزہ۔

الخَضِيب۔ رنگا ہوا۔ کہتے ہیں۔ "کف خضیب و امرأة خضیب" رنگی ہوئی ہتھیلی۔ خضاب لگائی ہوئی عورت۔ ج خُضُب۔

المِخْضَب۔ کپڑے دھونے یا رنگنے کا برتن۔ لگن۔

خَضْخَضَ۔ خَضْخَضَةً۔ الماءَ ونحوہ۔ پانی کو ہلانا۔

تَخَضْخَضَ۔ ہلنا۔

الخُضَاخِضُ ۔۔ من الاماکن بہت درختوں اور پانی والی جگہ۔ موٹا۔ بڑے پیٹ والا آدمی۔ (والخُضْخُضُ) پچھوائی اور پُروائی کے درمیان کی ہوا۔

خَضَدَ (ض) خَضْدًا ۔ العُودَ۔ لکڑی کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا موڑنا ۔۔ الشجرَ۔ درخت کے کانٹے صاف کرنا ۔۔ الرجلُ کوئی تر چیز کھانا۔ مثلاً ککڑی گاجر وغیرہ۔

خَضَّدَہ۔ کاٹنا۔

تَخَضَّدَ وانخَضَدَ ۔۔ العودُ لکڑی کا ٹوٹنا ۔۔ انخضدت الثمارُ۔ پھلوں کا پارہ پارہ ہونا۔

الخَضَد۔ ہر کاٹی ہوئی یا توڑی ہوئی لکڑی۔ پھلوں کی پژمردگی۔ نباتات کی کمزوری ۔۔ خَضَدُ البدن کاہلی کے ساتھ بدن کا ٹوٹنا۔ اور درد کرنا ۔۔ خضد السفر۔ سفر کی تکان۔ (۔۔ والخُضَاد) اعضاء شکنی۔

الخَضِد والمَخْضُود۔ اٹھنے سے عاجز۔ کمزور۔ کہا جاتا ہے۔ "رجلٌ مخضودٌ" دلیل سے عاجز آدمی۔

الأخضد والمُتَخَضِّد۔ جھکا ہوا خمدار۔ ٹوٹا ہوا ۔۔ المِخْضَد۔ بہت کھانے والا۔

خَضِرَ (س) خَضَرًا۔ سبز ہونا۔ ۔۔ الزرعُ۔ کھیتی کا سرسبز و شاداب ہونا۔

خَضَرَ (ن) خَضْرًا ۔۔ النخلَ کاٹنا۔

أخْضَرَ۔ الومیُّ النباتَ۔ سیرابی کا نباتات کو سبز و شاداب کر دینا۔

خَضَّرَ۔ الشیءَ۔ سبز کرنا۔

خَاضَرَہ۔ مُخَاضَرَةً۔ سبز پھل پکنے سے پہلے بیچ دینا۔

اِخْضَرَّ واخضوضر۔ سبز ہونا۔ ہرا ہونا ۔۔ واخضرّ اللیلُ۔ سیاہ ہونا۔

اِخْتَضَرَ۔ الفاکھةَ۔ سبز کچے پھل کھانا ۔۔ العشبَ سبز گھاس کاٹنا ۔۔ اختُضِرَ۔ نوجوان مرنا۔

الخَضِر والخِضْر۔ حضرت موسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کے ساتھی کا نام جن کا ذکر سورۃ کہف میں آیا ہے۔

الخَضِر۔ سبزہ۔ ہرا۔ سبز ٹہنی۔ کھیتی سبز ترکاری۔ بہت سرسبز و شاداب جگہ۔

الخَضَاد۔ نئی سبزی۔ وہ دودھ جس میں پانی کا بہت حصہ ہو۔

الخَضِير۔ سبز سبز ترکاری۔

الخُضْرَة۔ ہرا رنگ۔ سبز ترکاری نرمی و تازگی۔ کہتے ہیں۔ "غصنٌ فیه خُضْرَة" وہ ٹہنی جس میں نرمی و لچک ہو۔ ج۔ خُضَر و خُضَر ۔۔ "وخُضْرَةُ الدمن" وہ سبزہ جو کوڑے کرکٹ پر اگ آتا ہے۔ جس کا ظاہر اچھا ہو اور باطن برا۔ اس کے لیے یہ بطور کنایہ استعمال کرتے ہیں۔

والخُضْرَة۔ فی الوان الابل والخیل۔ مٹیالا جس میں سیاہی ملی ہوئی ہو ۔۔ فی الوان الناس۔ گندم گونی۔

الخَضَّار۔ سبزی فروش۔

الخُضَارَة۔ سبز ترکاریاں۔

الخُضَارِيّ والخُضَيْرِيّ۔ سبزی مائل زرد رنگ کا ایک پرندہ جس کو "اخیل" بھی کہتے ہیں۔ ج خَضَارِيّ۔

الخَضْرَاء۔ اخضر کا مؤنث۔ ۔۔ القُبَّةُ الخَضْرَاءُ۔ آسمان ۔۔ وخضراء القوم۔ قوم کا بڑا حصہ۔ ج۔ خضراوات

الخضراوات۔ ترکاریاں۔ میوے

الأخضَرَان۔ گھاس اور درخت۔ کہا جاتا ہے۔ "هو یعرف الاخضرین"۔

الأخَاضِر۔ سونا۔ گوشت۔ شراب۔

الأُخَيْضِر۔ مکھی۔ آنکھ کی ایک بیماری

المَخْضَرَة۔ سرسبز جگہ۔

خَضْرَمَ ۔۔ الأذُنَ۔ کان کا کچھ

حصہ کاٹ لینا۔
الخِضِرم۔ بہت پانی والا کنواں۔
بہت بڑا سمندر۔ کہتے ہیں "بحر
خِضُرَم" بہت پانی والا سمندر
"رجلٌ خِضرَمٌ" بہت داد و
دہش کرنے والا آدمی۔ (ج ـــ
والخُضَارِم) ج۔ خِضرِمُون
و خَضَارِم و خَضَارِمَۃ۔
فیاض مصیبتوں کو جھیلنے والا سردار۔
الخُضَرِم۔ میٹھے اور کھاری کے درمیان
کا پانی۔ گدھ کا بچہ۔
المُخَضرَم۔ غیر مختون۔ وہ سیاہ
فام جس کا باپ گورا ہو۔ گھٹیا
حسب کا آدمی۔ وہ جس نے
جاہلیت اور اسلام کے زمانے
دیکھے ہوں۔ ناقۃٌ مُخضرَمۃ۔
وہ اونٹنی جس کے کان کا کنارہ کٹا
ہوا ہو ـــ ماءٌ مُخضرَم
میٹھے اور کھاری کے درمیان کا پانی۔
خَضَعَ (ف) خُضُوعًا و خَضَعًا و
خُضعانًا۔ عاجزی کرنا۔
تواضع کرنا۔ فروتن ہونا۔ سرنگندہ
ہونا۔ صفت (خَاضِع) ج
خُضَّع و (خُضُوع) ج
خُضُع ـــ لہ۔ کسی کا تابع و فرماں
بردار ہونا ـــ النجمُ ستارہ کا
ڈوبنے کے قریب ہونا ـــ الرجلُ
ساکن کردینا۔
خَضِعَ (س) خَضَعًا۔ الرجلُ
جھکا ہوا ہونا۔ صفت (اَخضَع)
مؤنث۔ خَضعَاء۔
خَضَّعَ۔ عاجز و مطیع کرنا ـــ
اللحمَ۔ گوشت کاٹنا۔
اَخضَعَ۔ عاجز ہونا ـــ ہ عاجز کرنا۔
کہتے ہیں "اخضعتنی الیک
الحاجۃُ" یعنی حاجت نے مجھ
کو تمھارے سامنے عاجز و فروتن
بنا دیا ـــ الکبرُ فلانًا۔
بڑھاپے کا کسی کو خمیدہ گردن بنا
دینا۔ جھکا دینا۔
خَاضَعَ۔ کسی سے نرم گفت گو کرنا۔
تَخَضَّعَ۔ و اِخضَوضَعَ۔ عاجز بننا۔
بناوٹی خاکساری ظاہر کرنا۔
اِختَضَعَ۔ عاجز ہونا ـــ الصقرُ
شکرے کا اپنے شکار پر جھپٹنا۔
ـــ فی سیرہ۔ تیز چلنا۔
الخَضَع۔ مص۔ گردن کی پیدائشی
پستی۔
الاَخضَع۔ ذلت پر راضی۔ دبی ہوئی
گردن والا۔
الخُضَعَۃ۔ ہر ایک کا مطیع اپنے ہمسر
کو مطیع کرنے والا۔ ج۔ خُضَع۔
الخَضَعَۃ و الخُضَعَۃ۔ تلواریں۔
کوڑے۔ تلواروں یا کوڑوں کی آواز
کہتے ہیں "سمعتُ للسیاط
خضعۃ" میں نے کوڑوں کے
پڑنے کی آواز سنی۔
الخَضِیعَۃ۔ آواز جو جانور کے پیٹ
میں سنائی دے۔ سیلاب کی
آواز۔
الخَیضَعَۃ۔ لڑائی کا شور۔ میدان
جنگ اور اس سے اٹھنے والا غبار
الخَیضَع ـــ من الرجال۔ ذلت پر
راضی ہونے والا آدمی۔
خَضَفَ (ض) خَضفًا و خُضَافًا۔
گوز کرنا۔ صفت۔ (خَضِیف
و خَضُوف و خَضَّاف)
خَضِلَ (س) خَضَلًا و اَخضَلَ
و اِخضَلَّ۔ و اِخضَوضَلَ۔
تر ہونا۔ نمناک ہونا۔ صفت
(خَضِل و خَاضِل) کہا جاتا ہے۔
"عیشٌ خَضِلٌ" عمدہ اچھی زندگی۔
شواءٌ خضِلٌ اچھی طرح بھنا
ہوا گوشت ـــ سنانٌ خَضِلٌ
خون سے تر نیزہ۔
خَضَّلَ و اَخضَلَ۔ الشیءَ۔ تر
کرنا۔ نمناک کرنا۔
اخضَالَّ و اخضَاعَلَ۔ تر ہونا۔
نمناک ہونا ـــ الشجرُ
درخت کا بہت ٹہنیوں اور پتوں
والا ہونا۔
الخَضَل و الخَضِل۔ صاف موتی۔
ایک قسم کے مہرے۔ واحد۔
(خَضلَۃ)
الخُضُلَۃ۔ تروتازگی۔ آسودگی۔ زندگی
کا آرام۔
الخَضِیلَۃ۔ سرسبز شاداب اور ہرا
بھرا باغ۔
المُخضِل و المُخضَلّ۔ آسودہ
زندگی والا۔
خَضَمَ (ض) خَضمًا و اختَضَمَ
ـــ الشیءَ۔ کاٹنا۔ کہتے ہیں۔
خَضَمَ لہ من مالہ" اس
نے اس کو اپنے مال میں سے دیا۔
خَضَمَ (ض) خَضِمَ (س) خَضمًا۔
ـــ الطعامَ۔ پچھلی داڑھوں
سے کھانا۔
اَخضَمَ۔ لہ فی العطاء۔ زیادہ
دینا۔ زیادہ بخشنا۔
الخِضَمّ۔ بہت بڑا سمندر۔ سردار
بڑا فیاض (عورت کی صفت میں
یہ نہیں آتا) بڑا گروہ۔ تیز کرنے
کی سِلّی ـــ سیفٌ خضمٌ
کاٹنے والی تلوار
الخُضَام و الخُضَامَۃ۔ وہ چیز جو

انتہائی ڈاڑھوں سے کھائی جائے۔
الخَضِيمَةُ - سبز نباتات۔ بہت نباتات
والی زمین۔
الخُضُمَّةُ - درمیان۔ چیز کا بڑا حصہ۔
المُخْضِمُ والمُخْضَمُ - آسودہ
زندگی گذارنے والا۔
خَطَّ (ن) خَطًّا - بالقلم۔ لکھنا۔
الخِطَّةَ لنفسه - نشان لگاکر
اپنے لیے مخصوص کرنا ۔۔ الشیَٔ
قلم وغیرہ سے لکھنا ۔۔ علی
الشیٔ - نشان لگانا۔ علامت
ڈالنا ۔۔ الغلامُ - لڑکے
کے چہرہ پر سبزہ آنا ۔۔ عذارہ۔
رخسارہ پر بال نکلنا۔ القبر۔
قبر کھودنا ۔۔ الریاحُ الرملَ۔
ہوا کا ریت پر دھاری بنانا ۔۔
فی الارض۔ زمین پر لکیر کھینچنا۔
کہا جاتا ہے "جاراه فما خَطَّ
غبارہ" اس نے اس کا مقابلہ
کیا اور اس کی گرد کو بھی نہیں پہنچا
کہتے ہیں "فلان یخط فی الارض"
فلاں اپنے معاملہ میں سوچ بچار
کررہا ہے ۔۔ خَطَّ الطعامَ و فی
الطعامِ۔ کھانا تھوڑا سا کھانا۔
۔۔ فی نومه۔ نیند میں خراٹے
لینا۔
خَطَّطَ۔ لکیریں کھینچنا ۔۔ الخُطوطَ
نقش کرنا ۔۔ البلادَ۔ ملک
کے حدود مقرر کرنا۔
اِخْتَطَّ - الوجه او غیرہ۔ چہرہ
وغیرہ کا دھاری دار ہونا ۔۔
الغلامُ۔ لڑکے کے رخساروں پر
سبزہ آنا ۔۔ الارض او الدار
اپنا معلوم ہونے کے لیے زمین یا
گھر کی حد بندی کرنا ۔۔ خُطَّةً
معین کرنا۔ علامت لگانا۔
الخَاطُّ - فا۔ جادوگر۔
الخَطُّ - تحریر۔ کتابت۔ لمبا راستہ۔
خط الاستواء - وہ خیالی اور
موہومی خط جو زمین کو دو برابر کے
شمالی اور جنوبی حصوں میں تقسیم
کردیتا ہے۔ ج۔ خُطُوط۔
وخُطُوطُ الکف۔ ہاتھ کی لکیریں۔
الخُطُّ والخَطُّ۔ راستہ۔ شاہراہ۔
محلہ۔
الخِطُّ والخِطَّة۔ آباد کاری کی سب
سے پہلی مقبوضہ زمین۔ زمین کا وہ
ٹکڑا جو کوئی اپنے واسطے مخصوص
کرے۔ ج۔ خِطَط۔ الخُطَّة
کام۔ کہا جاتا ہے۔ "تلك
خُطَّةٌ لیست من بالی"
یہ کام میری شان کا نہیں ۔۔
"و فی رأسه خطة" اس
کے دماغ میں کوئی خیال ہے۔
خصلت۔ جہالت۔ مشکل معاملہ
جس کا کوئی حل نہ سوجھے۔ ج
خُطَط۔ کہتے ہیں۔ "فلان
یبنی خطط المکارم" فلاں
شخص کرم و بزرگی کے مدارج بنیاد
قائم کرتا ہے۔
الخَطِّی - "خط" مقام کا نیزہ۔
خط بحرین کے بندرگاہ پر ایک
مقام ہے۔ جہاں نیزے بہت
بکتے ہیں۔ ج۔ خَطِّیَّة۔
الخُطُوط۔ زمین پر پاؤں کا نشان
چھوڑنے والا۔ عورت کے ابرو
رنگنے کا طلاء۔
الخَطَّاط۔ بہت لکھنے والا۔
المِخَطّ۔ کپڑے پر نشان کرنے کے
لیے جُلاہے کی لکڑی۔
المُخَطَّطُ - دھاری دار۔ خوبصورت۔
خَطِئَ (س) خَطأً۔ غلطی کرنا۔
فی دینه۔ دین میں قصداً یا
بلا قصد غلط راستہ پر چلنا۔
(خِطْأً و خِطَاءَةً) گناہ کرنا
قصور کرنا۔ صفت (خَاطِئٌ) ج
خَطَأَة۔ مؤنث۔ خَاطِئَة
ج۔ خَوَاطِئ۔
خَطَأَتْ (ف) خَطْأً۔ القِدْرُ
بزبدها۔ ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔
خَطَّأه۔ تَخْطِیئًا و تَخْطِیئَةً
غلطی کی طرف نسبت کرنا۔
اَخْطَأَ اِخْطَاءً و خَاطِئَةً۔ غلطی
کرنا ۔۔ الطریقَ۔ راستہ
بھٹک جانا ۔۔ الرجلَ۔ کسی کو
غلطی میں ڈالنا۔ الرامیُ الغرضَ۔
تیر انداز کا نشانہ خطا کرنا۔ تیر نشانہ
پر نہ لگنا ۔۔ فی عمله۔ کام میں
راہ صواب سے ہٹ جانا۔
تَخَطَّأَ و تَخَاطَأَ۔ غلطی کرنا۔
تَخَطَّأه و تَخَاطَأه۔ غلطی میں
ڈالنا ۔۔ السهمُ الرمیةَ۔
تیر کا نشانہ خطا کرنا۔ نشانہ پر نہ
لگنا۔ "تخطّاء له فی المسئلة و
بها" کسی کی غلطی ڈھونڈنے کے
درپے ہونا۔
الخِطْءَ۔ گناہ۔
الخِطْءُ والخَطأ والخَطَاء۔ گناہ۔
بعض کے نزدیک غیر ارادی گناہ
غلطی۔
الخَطَّاء۔ بہت غلطی کرنے والا۔ بڑا
خطا کار۔
الخَطِیئَة۔ گناہ۔ بعض کے نزدیک
ارادی گناہ۔ ج۔ خَطَایَا و
خَطِیئَات۔

خَطَبَ (ن) خُطْبَةً و خَطَابَةً - وعظ کہنا۔ تقریر کرنا۔ لیکچر دینا۔ حاضرین کے رو برو خطبہ پڑھنا۔ کہتے ہیں "خَطَبَ القومَ و فی القومِ" اس نے قوم کو خطاب کیا۔ ان کے سامنے تقریر کی۔ خَطُبَ (ك) خَطَابَةً - واعظ و خطیب ہونا مقرر ہونا۔

خَطَبَ (ن) خَطْبًا و خِطْبَةً و خِطِّيبَى۔ الفتاۃَ۔ منگنی کرنا۔ صفت (خَاطِب) کہا جاتا ہے "خطب الفتاۃ علی فلان" اس نے فلاں کے لیے لڑکی کی منگنی کی۔ لڑکی کی نسبت فلاں سے کی۔

خَطِبَ (س) خَطَبًا۔ الشئُ۔ تیرہ مائل سرخ زرد ہونا۔ دھندلا رنگ کا ہونا۔

خَاطَبَه۔ خِطَابًا و مُخَاطَبَةً و تَخَاطَبًا۔ باہم گفتگو کرنا۔ کہتے ہیں۔ "خاطبه فی فلان" اس نے اس سے فلاں کے متعلق بات چیت کی۔ اخطبَ الصیدُ فُلانًا۔ شکار کا زد میں آنا۔ — الحِنظلۃُ۔ گیہوں کا رنگ پکڑنا — الحَنظلُ۔ اندرائن کا زرد ہونا۔ اور اس پر سبز دھاریاں پڑنا۔

اِختطبَ — الفتاۃَ۔ لڑکی کی منگنی کرنا — القومُ فلانًا۔ قوم کی کسی لڑکی سے شادی کرنے کے لیے کسی کو بلانا — علی المنبر۔ منبر پر خطبہ دینا۔

الخَطْبُ۔ مص۔ حالت۔ کہتے ہیں۔ "مَا خَطْبُكَ" تمہاری کیا حالت ہے اور تم کو اس پر کس نے اکسایا۔ معاملہ۔ خواہ بڑا ہو یا چھوٹا۔ عام طور پر بڑے ناپسندیدہ معاملہ کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔ ج۔ خُطُوب۔

الخِطَاب۔ گفت گو — فصل الخِطَاب۔ فصاحت۔ خوش بیانی۔ فیصلہ جو قسم یا دلیل کے ساتھ دیا جائے۔ خطیب کا الحمد لله کے بعد "امّا بعد" کہنا۔

الخُطْبَة۔ تقریر۔ وعظ۔ گفتگو۔ — خطبة الکتاب۔ کتاب کا دیباچہ۔ الخُطْبَة۔ تیرہ رنگ جس میں سرخی زردی ملی ہوئی ہو۔

الخِطْبُ۔ منگنی کرنے والا مرد۔ عورت جس سے منگنی کی جائے۔ کہا جاتا ہے "ھو خِطْبُها و ھی خِطْبُه" ج۔ اَخْطَاب۔

الخِطْبَة۔ مص۔ وہ عورت جس سے منگنی کی جائے۔

الخَطَّاب۔ منگنی کرنے والا۔ بہت وعظ و تقریر کرنے والا۔

الخَطَّابَة۔ بہت تقریر کرنے والا۔ (مذکر و مؤنث) — الخَطَّابُ کا مؤنث۔

الخَطِيب۔ منگنی کرنے والا۔ خطبہ پڑھنے والا۔ کہتے ہیں۔ "رجلٌ خَطِيبٌ" یعنی خوش بیان واعظ۔ ج۔ خُطَبَاء۔

الخِطِّيب۔ عورت کو پیغام نکاح دینے والا۔ ج۔ خِطِّيبُون

الخَطِيبَة۔ وہ عورت جس کو کوئی پیغام نکاح دے۔ منگیتر۔

الاَخْطَب۔ شکرا — من الحنظل۔ سبز دھاریوں والا اندرائن۔

الاَخْطَب۔ خطابت کا اسم تفضیل ہے۔ جس طرح کتابت سے "اکتب" شعر سے "اشعر"۔ کہتے ہیں "کان اخطب اھل زمانه" وہ اپنے زمانہ میں سب سے بہتر مقرر و واعظ تھا۔

خَطَرَ (ض) خَطْرًا و خَطِيرًا۔ فی مشیته۔ چلنے میں ہاتھوں کو اوپر نیچے کرنا — الرمحُ۔ نیزہ کا ہلنا — بسیفه او رمحه تلوار یا نیزہ کو فخر سے ہلانا — بیده۔ چلنے میں ہاتھوں کو آگے پیچھے کرنا۔ (— خَطْرًا و خَطَرَانًا و خَطِيرًا) — الجملُ بذنبه اونٹ کا اپنی دم کو بار بار اٹھا کر اپنی رانوں پر مارنا۔

خَطَرَ (ن ض) خُطُورًا۔ الامرُ له۔ کوئی امر کسی کو سوجھنا — خَطَرَتِ الحوادث۔ حوادث کا واقع ہونا اور پیش آنا۔

خطر۔ الامر بباله و علی و فی باله۔ کسی کو کوئی بات بھولنے کے بعد یاد آجانا۔

خَطُرَ (ك) خَطَرًا و خُطُورَةً۔ بلند مقام۔ ذی قدر ہونا۔ صفت (خَطِير) ج۔ خُطُر۔

خَاطَرَ۔ مُخَاطَرَةً۔ بنفسه۔ اپنی جان کو خطرہ میں ڈالنا۔ جان جوکھوں میں ڈالنا — ہ علی کذا۔ شرط لگانا۔

اَخْطَرَ۔ الشئَ۔ فی او علی او بباله یاد دلانا — ہ۔ قدر و مرتبہ میں کسی کے مثل ہونا — المالَ۔ مال

کو شرط پر رکھنا ــــ المریضُ
بیمار کا خطرہ میں ہونا۔ صفت ۔
(مخطر)
تَخَطّٰی۔ پھاندنا۔ تجاوز کرنا۔ کہتے
ہیں "تخطوانی شرُّ فلانٍ"
فلاں کا شر مجھ سے تجاوز کر گیا۔
تَخَاطَر۔ القومُ علی الشئ۔ شرط
باندھنا۔
الخَطْر۔ ایک بڑا پیمانہ (و الخِطر)
اونٹ کے سرینوں پر مینگنیوں کا
جما ہوا میل۔ بادل جو نظر کے
سامنے آئے۔
الخِطْر۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔
بہت سے اونٹ۔ شاخ۔ خضاب
کا ایک پودا۔ ج۔ اَخْطَار۔
الخَطَر۔ قریب بہلاکت۔ ج
اَخْطَار۔ کہتے ہیں "رکبوا
الاَخْطَار" وہ خطروں میں پڑے
شرافت۔ بلندی۔ رتبہ۔ مثل۔ ہم
پلہ۔ اس کا استعمال ذی مرتبہ چیز
ہی میں ہوتا ہے جیسے "فی ظِلّ
عیشٍ خَطِیرٍ ماله خَطَر"
شرط جو گھوڑ دوڑ میں لگائی جاتی
ہے۔ ج۔ خِطَار وجج خُطُر۔
الخَطْرَة۔ ایک مرتبہ۔ ایک بار۔
کہتے ہیں "مالقیتُه الاخَطْرَةً"
میں اس سے صرف ایک بار
ملا۔
الخَاطِر۔ فا۔ دل میں کھٹکنے والا امر
یا تدبیر۔ خیال۔ کبھی دل اور نفس
پر بھی اس کا مجازاً اطلاق ہوتا
ہے۔ چنانچہ کہا جاتا ہے "وَقَعَ
فی خَاطِرِی" میرے دل میں آیا
"وفلان سریع الخاطر" فلاں
تیز طبیعت ہے "وجاش الشعر
فی خَاطِری" میرے دل میں شعر
کی آمد ہوئی۔ ج۔ خَوَاطِر۔
الخَطَّار۔ الخَاطِر کا اسم مبالغہ۔
ــــ عَطَّار۔ نیزہ مارنے والا۔
نیزہ۔ گوپھن۔ زیتون کا خوشبودار
تیل۔ شیر۔
الخَطَّارَة۔ اونٹوں کا باڑہ۔
الخَطِر۔ عالی مرتبہ۔ بلند مرتبہ۔ اترا کر
چلنے والا۔
الخَطِیر۔ بلند درجہ۔ شریف۔ مُہار
رسی۔ ترمرے۔ رات کی اندھیری
دھمکی یا ڈانٹ۔ شادمانی۔ ذی
قدر چیز کا مثل۔ کہتے ہیں۔
"لیس له خطیر" اس کا
کوئی مثل نہیں
المَخَاطِر۔ خطرے۔ اس کا مفرد
نہیں ہے۔
خَطْرَف و تَخَطْرَف۔ چلنے میں
تیزی کرنا۔ صفت (خِطْرِیف
و خُطْرُوف) ــــ خطرفه
بالسیف۔ تلوار سے مارنا۔
خَطِفَ (س) خَطْفًا ــــ الشئَ
اچک لینا ــــ البرقُ البصَرَ
بجلی کا آنکھ کو چندھیانا یا اندھا کر
دینا۔ السمعَ۔ چوری سے سننا۔
خَطِفَ (س) و خَطَفَ (ض) خَطَفَانًا
جلدی چلنا۔ تیز چلنا۔ صفت۔
(خَطِیف و خَیْطَف)
خَطَّفَ۔ خَطِفَ کا مبالغہ۔ بہت
جلدی چھین لینا۔
اَخْطَفَه۔ خطا کرنا ــــ المرضُ
بیماری کا زور گھٹ جانا یا بالکل
چلا جانا ــــ الرجلُ آدمی
کا کچھ بیمار ہونا۔ اور جلدا چھا
ہو جانا۔
تَخَطَّفَ و اخْتَطَفَ ــــ الشئَ۔
چھین لینا۔ کھینچنا۔ نکال لینا۔
الخُطْف و الخُطُف۔ لاغری۔ اور
پسلیوں کا دُبلا پن۔
الخُطْفَة۔ جھپٹا۔ عضو جسے
درندہ جھپٹا مار کر جسم سے اتار لے
جائے۔ یا انسان کسی زندہ جانور
سے کاٹ لے۔
الخَاطِف۔ فا۔ زمین پر لگ کر نشانہ
پر لگنے والا تیر۔ ج۔ خَوَاطِف
اَخْطَفُ۔ الحشی۔ دُبلا۔ لاغر۔
الخَاطُوف۔ درانتی کی طرح کا ایک
اوزار جس کو جال میں باندھ کر ہرن
وغیرہ کو پکڑتے ہیں۔
الخَطَّاف۔ الخَاطِف۔ کا اسم مبالغہ
چور۔ شیطان۔ ایک لمبے بازوؤں
والا۔ چھوٹے پاؤں والا سیاہ
رنگ کا پرندہ۔
الخَطَّاف۔ آنکس کی طرح ایک قسم کا
ٹیڑھا لوہا۔ جس سے چیزیں اچک
لے جائیں۔ ج۔ خَطَاطِیف
خَطَاطِیف السباع۔ درندوں
کے چنگل۔
الخَطْفی و الخَیْطَفی۔ تیز رفتاری۔
کہتے ہیں "هو یمشی الخطفی"
وہ تیز چال چلتا ہے۔
خَطِلَ (س) خَطَلًا و اَخْطَلَ۔
ــــ فی کلامه۔ بہت بیہودہ
گفتگو کرنا ــــ فی منطقه
او رایه۔ غلطی کرنا۔ جیسے
"اصالة الرای صانتنی
من الخَطَل۔ رائے کی اصالت نے
مجھ کو خطا سے بچا لیا۔
تَخَطَّل ــــ فی المشی۔ چلتے ہوئے
تکبرانہ چال چلنا۔

الخَاطِل۔ باطل۔
الخَطَل۔ مص۔ بے وقوفی۔ سُبکی۔
سرعت۔ نہایت ردی لغو گفتگو۔
کہا جاتا ہے "اری فی مشیته
خَطَلاً" میں اس کی چال میں
کمزوری پاتا ہوں۔ پریشان گفتگو۔
الخَطِل۔ بیہودہ گفتگو والا۔ احمق۔
سهمٌ خَطِل۔ نشانہ کو خطا
کرنے والا تیر۔ — ثوبٌ
خَطِل۔ موٹا کھردرا کپڑا جو درازی
کے باعث زمین پر گھسٹے۔ ج
اَخْطَال۔ کہا جاتا ہے "رجلٌ
خَطِل الیدین" کمزور
ہاتھوں والا آدمی — "ورمحٌ
خَطِل" بے ڈول لمبا نیزہ۔
الخَطِل۔ تیزی سے نیزہ مارنے والا
جیسے "احوس فی الهیجاء
بالرمح خَطِل" بہادر و دلیر
لڑائی میں تیزی سے نیزہ مارنے
والا ہوتا ہے — خَطِل
بالمعروف۔ بخشش دینے
میں جلدی کرنے والا۔
الاَخْطَل۔ لمبے اور ڈھیلے کانوں والا۔
بے ہودہ گفتگو کرنے والا۔
مؤنث۔ خَطلاء۔ ج۔ خُطْل۔
الخَیْطَل۔ کتا۔ بلی۔ مصیبت۔ عطر
فروش۔ ٹڈی دل۔
خَطَمَه (ض) خَطْمًا وخَطَمَه۔
— بالخِطَام۔ نکیل ڈالنا —
خطمه بالکلام۔ کسی کو گفتگو
میں خاموش کردینا۔ مغلوب
کرنا — خطم الرجلَ۔
ناک پر مارنا۔ د — خِطِیمًا۔
وخِطَامًا)۔ القوس بالوتر۔
کمان پر تانت چڑھانا۔

اِخْتَطَمَ۔ الخِطَام۔ نکیل ڈالنا۔
المَخْطَم والمَخْطِم۔ ناک۔
الخَطْم۔ مص۔ ناک کا اگلا حصہ
چونچ — من الدابة
چوپایہ کی ناک اور منہ کے سامنے
کا حصہ۔
الخِطَام۔ مہار۔ نکیل۔ کمان کی
تانت۔ ج۔ خُطُم۔
الخَاطِم۔ فا۔ کہا جاتا ہے "فلان
خاطم امر بنی فلان"
یعنی فلاں بنو فلاں کا راہبر پیشوا
اور ان کے معاملات کا منتظم ہے۔
الخَطَّام۔ اسم مبالغہ۔ "مسك
خَطَّام" وہ مشک، جو اپنی
خوشبو سے ناک کو بھردے۔
الاَخْطَم۔ لمبی ناک والا۔ سیاہ۔
مؤنث۔ خَطْماء۔ ج۔ خُطْم۔
الخِطْمِیّ۔ ایک بوٹی جو دوائی کے
طور پر کام آتی ہے۔ واحد۔
(خِطْمِیَّة)
خَطَا (ن) خُطُوًّا۔ قدموں کے درمیان
کشادہ کرکے چلنا۔
خَطَّا واَخْطَی۔ الرجلَ۔ قدموں کو
کشادہ کرکے چلنا۔
خُطِّیَ۔ عنه الشیءُ۔ کسی سے کچھ
دور کیا جانا۔
تَخَطَّی۔ تَخَطِّیًا واختطی اِخْتِطَاءً
— ه الی کذا۔ آگے گذر
جانا۔ سبقت کرنا۔
الخُطْوَة۔ چلنے کے وقت دو قدموں
کے درمیان کا فاصلہ۔ عوام اس
کو اپنی اصطلاح میں فشخة
بولتے ہیں۔ مسافت۔ کہا جاتا ہے
"قَرَّبَ الله علیك الخطوة"
اللہ تعالے مسافت کو تمہارے

لیے قریب کردے۔ ج۔ خُطیٰ
وخُطْوَات وخُطُوَات و
خُطَوَات۔
الخَطْوَة۔ بمعنی خُطْوَة۔ خطا کا
اسم مرة۔ — فی المساحة
چھ قدم۔ ج خَطوات وخطاء۔
الخَطِیَّة۔ خطا۔ گناہ۔
خَظَا۔ یَخْظُو۔ خُظُوًّا — لحمه۔
گوشت کا گٹھا اور سخت ہونا۔
اَخْظَی۔ الرجلُ۔ موٹا ہونا —
اخظاه۔ موٹا کرنا۔
الخَظِی۔ گٹھے بدن والا۔ کہتے ہیں۔
"امرأة خَظِیَة بَظِیَة"۔
گٹھیلے بدن کی عورت۔
الخَیْعَل۔ بھیڑیا۔ چھلاوہ۔ بغیر
آستینوں کا قمیص۔ کہا جاتا ہے۔
"خَیْعَله" اس نے اس کو بغیر
آستینوں والی قمیص پہنائی۔
تَخَیْعَل۔ اس نے بغیر آستینوں کے
قمیص پہنی۔
خَفَّ (ض) خَفًّا وخِفَّةً و
خَفَّةً۔ ہلکا ہونا۔ کم عقل ہونا۔
کم مال والا ہونا — المطرُ
بارش کا کم ہونا۔ د — خَفًّا و
خِفَّةً وخُفُوفًا) الی العدو
تیزی کرنا۔ جلدی کرنا — القومُ
جلدی کوچ کرکے کم ہونا۔
خَفَّفَ — الشیءَ۔ ہلکا کرنا —
الحرفَ۔ حرف کو تشدید نہ
دینا — الثوبَ۔ کپڑے کو
باریک بنانا۔
اَخَفَّ۔ تھوڑے اسباب والا ہونا۔
دقیق الحال ہونا۔ جہالت پر
اکسانا۔ عیب لگانا۔ بدگوئی کرنا۔
تَخَفَّفَ۔ چمڑے کا موزہ پہننا۔ جلدی

کرنا۔
تَخَافَّ۔ ہلکا پھلکا ہونا۔
استَخَفَّہ۔ ہلکا جاننا۔ جاہل
سمجھنا۔ حق وراستی سے ہٹا
دینا۔ ہ الغناءُ۔ گانے کا
کسی کو طرب نشاط میں لانا ۔۔۔
اِستَخَفَّ بہ۔ حقیر جاننا۔
الخِفُّ۔ ہلکا۔ تھوڑی جماعت۔
کہتے ہیں: "خرج فی خف من
اصحابہ" وہ اپنے تھوڑے
سے ساتھیوں کے ساتھ نکلا۔
الخُفُّ۔ للبعیر والنعام۔ اونٹ
اور شتر مرغ کی ٹاپ۔ موزہ
چرمی۔ ج۔ اَخْفَاف وخِفَاف
کہتے ہیں: "خُفٌّ ضَاحِك" پھٹا
ہوا موزہ۔ جس میں قدم کا کچھ حصہ
چمکتا ہو۔ الخُفُّ۔ قدم کا وہ
حصہ جو زمین سے لگے۔ سخت
زمین۔
الخِفَّۃ۔ مص۔ جسم یا عقل یا عمل کا
ہلکا پن۔
الخَفِیف۔ ہلکا۔ پھرتیلا کہتے ہیں۔
"وھو خفیف الروح" وہ مہربان
اور اچھی صحبت والا ہے ۔۔۔
"خفیف القلب" ذکی۔ "خفیف
العقل" بیوقوف "خفیف الظھر"
کم اولاد والا۔ "خفیف الید"
پھرتیلا۔ "خفیف العارضین"
تھوڑی ڈاڑھی والا۔ ج اَخِفَّاء
خِفَاف و اَخْفَاف ۔۔۔
الخفیف۔ علم عروض کی اصطلاح
میں ایک بحر کا نام ہے۔
الخُفَّاف۔ ذکی۔ تیز فہم۔
الخَفَّاف۔ چرمی موزے بنانے والا۔
یا بیچنے والا۔

الخَفُوف۔ بجو۔
خَفَأ (ف) خَفْأً۔ الشیءَ۔ اکھیڑ کر
زمین پر پٹکنا ۔۔۔ البیتَ گھر
کو ڈھانا اور گرانا ۔۔۔ القِربَۃَ
مشک کو پھاڑنا۔
خَفَتَ (ن)، خُفُوتًا۔ الصوتُ
آواز کا پست ہونا۔ صفت
(خَافِت وخفیت) (۔ خُفَاتًا)
اچانک موت سے مرنا۔ (وخَفْتًا
وخافت وتخافت) بکلامہ
وصوتہ۔ پوشیدہ رکھنا۔ پست
کرنا۔ آہستہ کرنا ۔۔۔ بالقرآءۃِ
پست آواز سے پڑھنا ۔۔۔
خَافتہ۔ پست آواز سے
گفتگو کرنا ۔۔۔ تخافت۔
بتکلف ضعف وسکون کا اظہار
کرنا۔
الخُفْت۔ ایک قسم کی نبات۔
الخَفْتَان۔ چلتہ۔ ایک قسم کا لباس جو
جنگ میں پہنا جاتا ہے (دخیل)
الخَافِت۔ پانی سے خالی بادل ۔۔۔
"زرع خافت" کمزور پودا جو
اونچا نہ ہوا ہو۔
خَفِجَ (س)، خَفَجًا ۔۔۔ البعیرُ۔
اونٹ کا خفج کی بیماری میں مبتلا ہونا
المُخَفَّج۔ کمزور سست۔
الاَخْفَج۔ خفج کی بیماری والا۔
ٹیڑھے پاؤں والا ۔۔۔ عمود
اَخْفَج۔ ٹیڑھا ستون۔
الخَفَج۔ گھٹنے کانپنے کی بیماری۔
خَفْخَفَ۔ خَفْخَفَۃً۔ الخنزیرُ
او الضبعُ۔ آواز کرنا ۔۔۔
الرجلُ قمیصہ الجدید او
القرطاس۔ نئے قمیص یا کاغذ
کو حرکت دینے سے اس کی

کھڑکھڑاہٹ کی آواز سنائی دینا۔
الخَفْخَاف۔ وہ شخص جس کی آواز
ناک سے نکلتی ہوئی معلوم ہو ۔۔۔
خَفَدَ (ن)، خَفْدًا وخَفَدَانًا۔ و
خَفِدَ (س)، خَفَدًا۔ تیز چلنا۔
الخُفَّدُ والخُفْدُود۔ چمگادڑ کے
مانند ایک پرندہ۔
خَفَرَ (ن ض)، خَفْرًا وخَفَرًا۔
۔ ہ وبہ وعلیہ۔ پناہ دینا
حفاظت کرنا۔ امن دینا ۔۔۔ ہ
حفاظت کرنے کے عوض میں اجرت
لینا ۔۔۔ خفر بالعھد۔ عہد
پورا کرنا۔ ایفائے عہد کرنا۔
(۔ خَفْرًا وخُفُورًا) فلانًا۔ کسی
کے عہد کو توڑ دینا۔ کسی سے
بے وفائی کرنا۔
خَفِرَتْ (س) خفرًا وخَفَارَۃً۔
الجاریۃ۔ عورت کا بہت
شرم کرنا۔ صفت (خَفِر و
خَفِرَۃ ومخفار)
خَفَّرَہ۔ کسی کو امن دینا۔ کسی کی
حفاظت کرنا۔ شہر کے گرد دیوار
بنانا۔
اَخْفَرَہ۔ کسی کے عہد کو توڑ ڈالنا۔
کسی کے ساتھ بے وفائی کرنا۔ کسی
کے ساتھ محافظ روانہ کرنا۔
تَخَفَّرَ۔ بہ۔ پناہ دینا۔ پناہ لینا۔ محافظ
ہونے کی درخواست کرنا۔
تَخَفَّرَتِ۔ الجاریۃُ۔ عورت کا بہت
شرمیلی ہونا۔
الخُفَارَۃ۔ بتثلیث الخاء۔ عہد۔
الخُفَارَۃ۔ چوکیدار کی تنخواہ۔
الخُفْرَۃ۔ خفارۃ کے معنی میں ہے۔
کہتے ہیں "ھو فی خفرۃ اللہ"
وہ اللہ کے ذمہ میں ہے "ھذا

خفرتی" وہ میرا راہبر و محافظ ہے۔
الخَفِیْر۔ پناہ دیا ہوا۔ پناہ دہندہ
حمایت و حفاظت کرنے والا۔
ج۔ خُفَرَاء۔
الخُفُرَة۔ پناہ دہندہ۔
خَفَسَه (ن) خَفْسًا۔ ٹھٹھا کرنا۔
ہنسی کرنا — خفس الطعامَ
او الشرابَ۔ تھوڑا کھانا یا پینا۔
— البناءَ۔ عمارت منہدم کرنا۔
خَفَسَ (ض) خَفْسًا و اَخْفَسَ۔
بہت بدزبانی کرنا۔
اِنْخَفَسَ — الماءُ۔ پانی کا متغیر ہونا۔
تَخَفَّسَ۔ الرجلُ۔ لیٹنا —
شرابٌ (مُخْفِس) جلد مست
کرنے والی شراب۔
خَفَشَ (ن) خَفْشًا — به۔
پھینکنا — البناءَ۔ عمارت
ڈھانا۔
خَفِشَ (س) خَفَشًا۔ کمزور ہونا۔
پیدائشی کمزور نظر والا ہونا۔ تنگ
آنکھ والا ہونا۔ رتوندہ کی بیماری
والا ہونا۔ صفت (خَفِش)
و اَخْفَش)
خَفَّشَ۔ البدنُ۔ بدن کا کمزور
ہونا — البناءَ۔ عمارت ڈھانا
— الرجلَ۔ کسی کو پچھاڑ کر
کچلنا — بالارض۔ زمین سے
چمٹنا۔
الخُفَّاش۔ چمگادڑ۔ ج۔ خفافیش۔
خَفَضَه (س) خَفْضًا۔ پست
کرنا — الصوتَ۔ آواز کو
آہستہ کرنا۔ نرم کرنا — الکلمة
کلمہ کو زیر دینا — خَفَضَ
الصوتُ۔ آواز کا آہستہ ہونا
— بالمکانِ۔ کسی جگہ اقامت
کرنا — الرجلُ۔ مرنا —
الابلُ۔ اونٹ کا آہستہ و نرم
رفتار سے چلنا۔
خَفُضَ (ک) خَفْضًا۔ العیشُ۔
زندگی میں آسودگی، خوشحالی
نصیب ہونا۔ صفت (خفیض
و خَفْض و خافِض۔ و
مَخْفُوض)۔ خَفَّضَ۔ الشیءَ۔
آسان کرنا۔ نرم کرنا۔ اسی سے
ہے "خَفِّضْ عنك" اپنے اوپر
نرمی کرو۔
تَخَفَّضَ — الامرُ۔ آسان ہونا
اِنْخَفَضَ۔ ترقی کے بعد تنزل میں
آنا۔ بلندی کے بعد پست ہونا۔
— الصوتُ۔ آواز کا پست ہونا۔
اِخْتَفَضَ۔ السعرُ۔ بھاؤ کا گرنا۔
الخافِض۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کا اسم
مبارک۔ کہتے ہیں "ھو خافض
الطیر و خافض الجناح" یعنی
وہ صاحب وقار اور متحمل المزاج
ہے۔
الخَفْض۔ مص۔ د۔ و الخفیضة
زندگی میں آسودگی و فراخی۔ کہتے
ہیں "ھو فی خَفْضٍ من العیشِ"
وہ آسودہ زندگی میں ہے۔
خَفَعَ (ف) خَفْعًا۔ بھوک وغیرہ
کے سبب چکر کھا کر گر جانا —
خَفَعَه بالسیف۔ تلوار سے
مارنا — خَفْعًا و خَفَعَانًا)
الستر۔ پردہ کا ہلنا۔
اَخْفَعَه۔ الجوعُ۔ بھوک کا کسی
کو چکرا کر گرا دینا۔
اِنْخَفَعَ بے ہوشی کے قریب ہونا۔
خَفَقَه (ن ض) خَفْقًا —
بالسیف۔ تلوار سے آہستہ
ضرب لگانا — النعلُ۔ جوتے
کا چڑانا۔ (— خَفْقًا و خُفُوقًا و
خَفَقَانًا۔) الفؤادُ دل کا
دھڑکنا — الرایةُ۔ جھنڈے
کا ہلنا — البرقُ۔ بجلی کا
کوندنا (— خُفُوقًا) النجمُ
ستارہ کا غروب ہونا — اللیلُ
رات کا اکثر حصہ گذر جانا —
الطائرُ۔ پرندہ کا اڑنا —
الرجلُ فی البلادِ۔ ملک میں
سفر کرنا — المکانُ۔ جگہ کا
خالی ہونا۔
اَخْفَقَ۔ مضطرب ہونا۔ حاجت
طلب کرنا لیکن ناکام رہنا۔ محروم
ہونا — القومُ۔ قوم کے توشہ
کا ختم ہونا — برأسه۔ اونگھ
سے جھونکے کھانا — بثوبه۔
کپڑے کو حرکت دے کر اشارہ کرنا
— النجمُ۔ ستارہ کا ڈوبنا۔
— الطائرُ۔ پرندہ کا بازو پھٹ
پھٹانا۔ پھڑپھڑانا۔
اِخْتَفَقَ۔ العلمُ او السرابُ۔
جھنڈے یا سراب کا ہلنا۔
الخَفْقَة۔ خَفَقَ کا اسم مرة۔
الخُفَقَة۔ جس چیز سے مارا جائے۔ مثلاً
تسمہ وغیرہ۔
الخَفِق و الخَفِقَة و الخُفَق و
الخُفَقَق۔ پتلی کمر کا گھوڑا۔
خَفِقَة اور خُفَقَة۔ میں "تا" تانیث
کی نہیں بلکہ مبالغہ کی ہے۔ ج
خِفَاق و خَفِقَات و خُفَقَات۔
الخافِق۔ فا۔ "مکانٌ خافق"
انیس سے خالی مکان۔ رجلٌ
خافق العین۔ دھنسی ہوئی
آنکھ والا۔

الخَفّاق - اسم مبالغہ — خَفّاقُ
القدم - وہ شخص جس کے قدم
کا اگلا حصہ چوڑا ہو، بہت حرکت
کرنے والا۔
الخَافِقَان - مشرق و مغرب۔
الخَوَافِق - والخَافِقات - خافقہ
کی جمع۔ جھنڈے —
خَوَافِقُ السَّماء - ہوا چلنے کی چاروں
سمتیں۔
الخَفِيق - مصیبت - بہت تیز رو
گھوڑا یا اونٹنی۔ وہ چوڑا وسیع
بیابان جس میں سراب چمکتا ہوا
دکھائی دے۔
المَخْفَق - سراب والا ریگستان۔
المخفق - چوڑی تلوار۔
المِخْفَقَة - مارنے کا کوڑا۔ بقول
بعض لکڑی کا کوڑا۔
مَخافِق - النجم - ستاروں
کے ڈوبنے کی جگہیں۔
المَخْفُوق - مفع - مجنون۔
الخَفَن - پیٹ کا ڈھیلا پن۔
الخَيفان - ٹڈی - واحد (خَيفانَة)
الخَفّان - ایک نرم پتھر - یہ لفظ عوام
استعمال کرتے ہیں۔ اس کے
لیے فصیح عربی "التَّخْفَة" ہے
خَفَا (ن)، خَفْوًا و خُفُوًّا —
البَرقُ - بجلی کا چمکنا — الشیءُ
ظاہر ہونا۔
خَفَى (ض)، خَفْيًا و خُفِيًّا —
الشیءَ - ظاہر کرنا۔ کہا جاتا ہے
"خَفِيَ المطرُ الفارَ" - بارش
نے چوہے کو بل سے نکال دیا۔
چھپانا - پوشیدہ کرنا (ضد)
خَفِي (س)، خَفَاءً و خُفْيَةً
وخِفْيَةً - پوشیدہ ہونا۔
غائب ہونا۔ صفت (خَافٍ
وخَفِيّ)
خَفّى و أَخْفَى — الشيءَ - چھپانا
پوشیدہ کرنا۔ کہا جاتا ہے۔
"أَخْفِ عَنّا" یعنی جو ہمارے
بارے میں دریافت کرے، اس
سے ہماری خبر مخفی رکھو —
واخفی الرجلُ - چھپنا - پوشیدہ
ہونا — اخفی الشیءَ - سرپوش
ہٹانا۔
تَخَفّى و استَخْفَى - چھپنا - پوشیدہ
ہونا۔
اختَفَى — الشیءَ - ظاہر کرنا۔
نکالنا — مِنْ فلانٍ - چھپنا۔
— البئرَ - کنواں کھودنا۔
الخَفَاء - مص - پوشیدگی۔ کہتے
ہیں "برح الخَفَاءُ" معاملہ
ظاہر ہوگیا۔ پردہ - چادر - جو
لباس کو چھپائے پوشیدہ چیز۔
ج - أَخْفِيَة
أَخْفِيَةُ الكَرَى - آنکھیں - اخفية
الزهرة - کلی کے غلاف۔
الخَافِي والخَافِيَاء - جن۔
الخَفِيّ - لوگوں سے کنارہ کش ہونے
والا۔ مخفی جگہ رہنے والا۔ کہا
جاتا ہے "رجلٌ خفيّ البطن"
پچکے ہوئے پیٹ والا۔
الخَافِيَة - الخَافِي کا مؤنث
پوشیدہ چیز۔ پوشیدگی - جن۔
ج - خَوافٍ - کہتے ہیں "ارضٌ
خَافِيَة" جنوں والی زمین۔
الخَوَافِي - پرندے کے بازوؤں میں
میں چھپے ہوئے پر۔ ضرب المثل ہے
"ليس القوادم كالخوافي"
سیخ کے پر چھوٹے پروں کے
مانند نہیں۔
الخَفِيَّة - الخفی کا مؤنث - گنجان
جھاڑی - پانی والا کنواں - ج
خَفَايَا - خَفِيَّات - کہا جاتا ہے
"به خفية" اس پر کچھ
دیوانگی کا اثر ہے۔
المُخْتَفِي - فا - کفن چور۔
خَقَّتْ (ض)، خَقًّا و خَقَقًا و
خَقِيقًا — القِدرُ - ہانڈی کا
جوش کھانا اور سنسنانا —
"خَقَّ السيلُ في الارض"
سیلاب کا زمین میں گہرا گڑھا کر
دینا - واَخَقَّتْ ، البكرةُ
چرخی کے سوراخ کا فراخ ہونا۔
الخَقّ - ج - أَخْقَاق و خُقُوق۔
والأُخْقُوق والأُخْقِيق۔
زمین کا شگاف - خشک تالاب۔
خَاقَان - ترکوں کے بادشاہوں کا
لقب - کہتے ہیں "خَقَّنَه
القومُ على انفسهم" لوگوں نے
اس کو اپنا بادشاہ بنا لیا
خَلَّ (ن ض)، خَلًّا و خُلُولاً -
لحمُه - دبلا ہونا - گوشت کا
کم ہونا - (ن) ، خَلًّا - الشیءَ
سوراخ کرنا — الفصيلَ - زبان
کو چیر کر دودھ سے روکنے کے
لیے لکڑی ڈالنا — فی دعائہ -
اپنی دعا میں مخصوص کرنا۔
خَلَّ — اليه - محتاج ہونا۔
خَلَّلَ — العصيرُ - ترش ہونا۔
سرکہ بننا — العصيرَ
سرکہ بنانا —
خلال کرنا — خلل فی دعائہ
اپنی دعا میں مخصوص کرنا۔
خَالَّه مُخَالَّة - وخِلالاً وخِلالةً -

دوستی کرنا۔ بھائی بندی کرنا۔
اَخَلَّ - محتاج ہونا ـــ بالشیء۔
کوتاہی کرنا۔ چھوڑنا ـــ
الوالی بالثغور۔ حاکم کا
سرحدات پر لشکر کم کردینا ـــ
بمرکزہ - چھوڑ دینا ـــ
بقومہ۔ قوم سے غائب ہوجانا
ـــ بالوجل۔ پورا حق نہ دینا۔
ـــ بالامر۔ کسی امر کو برُے
طریقے سے انجام دینا۔ اَخَلَّہ
اللہُ۔ خدا نے اس کو مفلس و
محتاج کردیا۔ اُخِلَّ بالوجلِ
محتاج ہونا۔
تَخَلَّلَ ـــ القومَ۔ قوم میں مل
جانا ـــ ہ بالرمح۔ پیاپے
نیزہ مارنا ـــ الشیءُ فیہ
گھستا۔ نفوذ کرنا ـــ المطرُ۔
خاص جگہ میں بارش برسنا۔
ـــ الرجلُ۔ دانتوں میں خلال
کرنا۔
اِختَلَّ ـــ الامرُ۔ سُست اور
خراب ہونا ـــ عقلُہ۔
عقل خراب ہونا ـــ الیہ
محتاج ہونا ـــ العَصِیرُ
سرکہ بننا ـــ العَصِیرَ۔ سرکہ
بنانا ـــ لحملہ دبلا ہونے
کے باعث گوشت کا کم ہونا۔
ـــ الرجلُ۔ اپنے لیے
سرکہ بنانا۔
تَخَالُّوا۔ تَخَالاًّ۔ آپس میں
دوستی کرنا۔
الخَلُّ۔ مص۔ سرکہ۔ ریگستانی
راستہ۔ دبلے جسم والا۔ لاغر۔
موٹا۔ بوسیدہ کپڑا۔ کپڑے کی
پھٹن۔ ج۔ اَخُلّ و خِلال۔

کہتے ہیں: مالہ خَلٌّ ولاخمر:
یعنی اس کے پاس نہ اچھی چیز ہے
نہ بری۔ نہ نیکی ہے نہ برائی ـــ
ولست من ھٰذا الامر فی
خل ولاخمر۔ مجھ کو اس
معاملہ کے نہ خیر سے مطلب ہے
نہ شر سے کام ـــ امّ الخل
شراب۔
الخُلّ والخِل۔ گہرا دوست۔ مؤنث
خَلّ وخَلّۃ۔ ج۔ اخلال۔
الخَلَلَ۔ سستی۔ فساد۔ رائے میں
پراگندگی اور انتشار۔ شگاف۔ درد
ج۔ خِلال۔
الخِلَلُ۔ دانتوں میں کھانے کے
بقیہ ریزے۔ واحد (خِلَّۃ)
کہتے ہیں: ھُوخِلَلُ القوم:
وہ قوم کے درمیان ہے۔
الخَلَّۃ۔ عادت۔ سوراخ۔ تھوڑا۔
سرکہ۔ تھوڑی کھٹی شراب۔ حاجت
مفلسی۔ ج۔ خِلال و خَلَلَ۔
الخَلَّۃ۔ ہلکی پھلکی عورت۔
الخُلَّۃ۔ وہ گھاس جس میں حلاوت
ومٹھاس ہو۔ ج۔ خُلَل۔ دوستی
عادت۔ بیوی۔ سہیلی۔ دوست۔
(واحد تثنیہ، جمع، مذکر، مؤنث
سب کے لیے) کہہ سکتے ہیں۔
ھو وھی وھُمْ خلّتی۔
الخِلّۃ۔ دوستی۔ بھائی بندی۔
چمڑے سے منڈھا ہوا تلوار کا
میان۔ ہر نقش دار چمڑا۔ ج۔
خِلَل و خِلال۔
الخِلال۔ سوراخ کرنے کا آلہ۔ وہ
لکڑی جو اونٹ کے بچہ کی زبان
میں لگائی جاتی ہے کہ وہ دودھ
نہ پی سکے۔ ج۔ اَخِلَّۃ۔ د ـــ

والخِلالۃ) دانتوں کا خلال۔
الخِلال والخلالۃ۔ دانتوں میں
پھنسے ہوئے خوراک کے ریزے۔
خِلالَ الدِیَار۔ ملک کا ارد
گرد۔ گھروں کے درمیان۔
کہتے ہیں: ھُوخَلالَھم۔ وہ
ان کے درمیان ہے۔
الخَلالۃ والخِلالۃ والخُلالۃ
سچی دوستی۔
الخَلِیل۔ خالص دوست۔ ج۔
اَخِلاّ و خُلاّن۔ لاغر بدن
والا۔ فقیر۔ مؤنث۔ خَلِیلَۃ
ج۔ خَلِیلات و خَلائِل۔
ـــ شیءٌ خلیلٌ۔ چھدی
ہوئی چیز۔
الخَلاّل۔ سرکہ فروش۔ سرکہ بنانے
والا۔
الاَخَلّ۔ محتاج۔ دوسرے سے زیادہ
محتاج ـــ رجلٌ مُخِلّ۔
فقیر محتاج آدمی۔
خَلاءَ۔ خُلوءًا۔ اپنی جگہ سے
نہ ٹلنا۔
خَالاءَ۔ مُخَالاءۃً ـــ القومَ۔
ایک چیز کو چھوڑ کر دوسری چیز
میں لگنا۔
خَلَبَہ (ن ض) خَلبًا۔ بظفرہ۔
ناخن سے خراش لگانا۔ زخمی کرنا۔
ـــ السبعُ الفریسۃَ۔
درندہ کا اپنے شکار کو چنگل سے
پکڑنا ـــ الفتی۔ جوان کے دل
کو موہ لینا۔ فتنہ میں مبتلا کرنا۔
خَلَبَہ (ن) خلبًا وخِلابًا و
خِلابۃً وخَالَبہ مُخَالَبۃً
وخَلَّبہ واختلبہ۔ نرم
کلامی سے کسی کو فریفتہ کرنا صفت

(خالبٌ وخَلوبٌ وخَلّابٌ
وخَلَبُوت) مؤنث۔ خَالِبَۃٌ
وخَلِبَۃٌ وخَلُوبٌ۔ و
خَلّابَۃٌ وخَلَبُوتٌ۔
خَلِبَت (س) خَلَبًا۔ المرأۃُ
عورت کا بے وقوف ہونا۔ صفت
(خَلْبَاء۔)
اَخْلَبَ۔ الماءُ۔ پانی کا کیچڑ والا
ہونا۔ صفت (مُخْلِب)
اِسْتَخْلَبَہ۔ بظفرہ۔ خراش لگانا۔
۔ الخِلْبُ۔ جگر کے اوپر کی
جھلی۔ انگور کے پتے۔ ج۔
اَخْلَاب (۔ والمِخْلَب)
ناخن خصوصًا درندہ کے۔ ج
مَخَالِب۔ المِخْلَب۔ درانتی۔
الخُلْب والخُلُب۔ کیچڑ۔ کھجور
کے درخت کا گودا۔ کھجور کے
درخت کی چھال اور اس کی بٹی
ہوئی رسی۔
الخُلَّب۔ بے بارش کا بادل۔
والبرق الخُلَّب وبرق
الخُلَّب۔ بے بارش کے بادل
کی بجلی۔ اور" إنما انت کبرق
خُلَّب" اس شخص کے حق میں
کہا جاتا ہے جو وعدہ تو کرے مگر
اس کو پورا کر کے نہ دکھائے۔
الخَلَبِی۔ فریب۔ دھوکا۔
المُخَلَّب۔ من الثیاب۔
بہت نقش ونگار والا کپڑا۔
الخُلْبُوب۔ فریبی۔ دھوکا دینے
والا۔
خَلْبَسَہ او خَلْبَسَ۔ قلبہ۔
فریفتہ کرنا۔
الخَلَابِس۔ نرم بات۔
الخَلَابِس والخَلَابِیس والخلابیس
باطل اور جھوٹی باتیں۔
الخَلَابِیس۔ کمینے۔ رذیل لوگ۔
خَلَجَہ (ن ض) خَلْجًا۔ کھینچنا۔
کھینچ کر نکالنا ۔ بعینہ۔
آنکھ مارنا۔ آنکھ سے اشارہ
کرنا۔ الشیءَ۔ حرکت دینا
۔ ہ بالسیف۔ تلوار سے
مارنا۔ الولدَ۔ بچہ کا دودھ
چھڑانا۔ ہ الامرُ۔ مشغول
کرنا۔ کہتے ہیں" خَلَجَتہُ
اُمُورُ الدنیا۔ دنیا کے بکھیڑوں
نے اس کو پھانس لیا۔
خَلَجَتْ (ن ض) خَلْجًا وخُلُوجًا
وخَلَجَانًا۔ العینُ۔ آنکھ کا
پھڑکنا۔
خَلِجَ (س) خَلَجًا۔ تکان یا چلنے
سے ہڈیوں کا درد کرنا۔
الشیءُ۔ بگڑنا۔ خراب ہونا۔
خَالَجَ۔ قلبَہ امرٌ۔ کسی امر کا
دل کو فکر وسوچ میں الجھا دینا۔
اَخْلَجَ۔ حاجبیہ۔ ابروؤں کو
مٹکانا۔
تَخَلَّجَ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔ جھکنا۔
۔ الشیءَ۔ کھینچنا۔
تَخَالَجَتْہُ۔ الهموم۔ کھینچنا۔
کہتے ہیں" تَخَالَجَ فی صدری
شیءٌ" میرے دل میں کچھ خلجان
ہوا۔
اِخْتَلَجَ۔ چھڑ جانا۔ العینُ۔
پلکوں کا خود بخود پھڑکنا۔
الشیءُ فی صدرہ۔ دل کو مشغول
کرنا۔ دل میں خلجان ہونا۔
الشیءَ۔ کسی چیز کو کھینچ کر نکالنا
۔ الولدَ۔ بچہ کا دودھ
چھڑانا۔
اُخْتُلِجَ۔ من بینھم۔ مرنا۔
الخَالِج۔ فا۔ موت۔
الخَلْج۔ کانپنے والے بدن کے لوگ۔
مشکوک النسب لوگ۔
الاَخْلَج۔ رسی۔
الخلیج۔ من البحر۔ کھاڑی۔ ندی
چھوٹی کشتی۔ رسی ج خُلُجَان
وخُلُج۔ خلیجا النھر۔
دریا کے دونوں کنارے۔
الاَخْلِیج۔ ایک قسم کی گھاس۔
من الخیل۔ تیز رفتار گھوڑا۔
خَلْخَلَ۔ العظم۔ گوشت
اتار کر ہڈی کو صاف کرنا۔
۔ المرأۃ۔ عورت کو پازیب
پہنانا۔
تَخَلْخَلَ۔ الشیءُ۔ پیوستہ اجزاء
والا نہ ہونا۔ اجزاء کا ایک دوسرے
کے ساتھ ملا ہوا نہ ہونا۔ من
مکانہ۔ اپنی جگہ سے ہلنا۔
۔ المرأۃ۔ پازیب پہنانا۔
۔ الثوبُ۔ کپڑے کا
بوسیدہ ہونا۔
الخَلْخَال۔ ج۔ خلاخیل۔ و
(الخَلْخَل والخُلْخُل) ج
خَلَاخِل۔ پازیب۔ ثوبٌ
(خَلْخَال وخُلْخُل)
المُخَلْخَل۔ پنڈلی پر پازیب پہننے
کی جگہ۔
خَلَدَ (ن) خُلُودًا۔ ہمیشہ رہنا۔
(خَلْدًا وخُلُودًا) باوجود زیادہ
عمر ہونے کے بڑھاپے اور کمزوری
کا ظہور نہ ہونا۔ صفت۔
(خَالِد ومُخَلَّد) و مُخْلِد
و مُخَلَّد)۔ الی المکان
وبالمکان۔ کسی جگہ اقامت

کرنا — الی الارض۔ زمین
سے چمٹنا۔
خَلَدَ و أَخْلَدَ ۔ الی المکان
و بالمکان۔ اقامت کرنا۔
— ہ۔ ہمیشہ کے لیے رکھنا۔
— اخلد بصاحبہ۔ ہمیشہ
ساتھ رہنا — (خلد الیہ
مائل ہونا۔ جھکنا۔
الخُلْد۔ ہمیشگی۔ دوام۔ بقا۔
چھچھوندر۔ ج (غیر لفظ سے)
مَناجذ۔
الخُلْد۔ کنگن۔ بالی۔ ج خِلَدَۃ
الخَلِدُ۔ دل۔ ہمیشہ رہنے والا۔
الخَلَدَۃ۔ بالی۔ کنگن۔
الخالِد۔ فا۔ ابوخالد۔ کتا۔
الجزائر الخالدات۔ جزائر کناری۔
الخَوالِد۔ پہاڑ۔ پتھر۔
الخُلَّز۔ ایک قسم کی نباتات۔ بعض
کے نزدیک لوبیا یا ماش۔
خَلَسَ (ض) خَلْسًا و خِلْیسیٰ
— الشیءَ۔ جھپٹا مار کر چھین
لے جانا۔
أَخْلَسَ۔ النبت۔ خشک اور تر
گھاس کا ملا جلا ہونا — الراسُ
سر کے بالوں کا کچھ حصہ سفید ہونا
صفت (خَلْسٌ وخلیس و
مُخْلِس) — اخلست
الارضُ۔ زمین کا سبزہ اگانا۔
خَالَسَہ مُخالَسَۃً۔ جلدی کرنا۔
تَخالَسَ — القومُ الشیءَ۔
ایک دوسرے سے چھیننا۔ کہا جاتا
ہے۔ "هما يتخالسان
انفسَهما" یعنی وہ دونوں
ایک دوسرے کے قتل کے
درپے ہیں۔

اِخْتَلَسَ۔ الشیءَ۔ دھوکے سے
چھین لینا۔ جھپٹا مار کر چھین لینا۔
— القاریُ الحرکۃ۔ قاری
کا حرکت کو پُرنہ پڑھنا۔ اس کا
مقابل اشباع ہے۔ اس میں
حرکت کو ایسا پُر پڑھا جاتا ہے
کہ بجائے حرکت کے حرف علت
پیدا ہو جاتی ہے۔
الخُلْسَۃ۔ جھپٹ۔ جھپٹی ہوئی چیز۔
مناسب فرصت۔ اور اسی سے
یہ قول "الخُلْسَۃُ سَرِیعَۃُ
الفَوتِ بَطِیئَۃُ العود":
فرصت جلد ختم ہونے والی، اور
دیر میں لوٹنے والی ہے۔
الخَلِیْسُ و الخلاس۔ چوکنا
بہادر۔
الخِلاسِیّ۔ وہ بچہ جس کے ماں باپ
میں ایک گورا ہو اور ایک کالا۔
خَلَصَ (ن) خُلُوصًا و خِلاصًا
خالص ہونا — من الهلاك
نجات پانا۔ محفوظ رہنا —
الماءُ من الکدر۔ پانی صاف
ہونا — الی المکان و
بالمکان۔ کسی جگہ پہنچنا —
من القوم۔ جدا ہونا۔
خَلِصَ (س) خَلَصًا۔ اللحمُ۔
گوشت میں ہڈی کا ٹوٹ جانا۔
خَلَّصَہ — من کذا۔ نجات
دینا — خَلَّصَ الشیءَ۔ چیز
کو صاف کرنا۔ آمیزش سے پاک
کرنا۔ خلاصہ لینا — خَلَّصَ
اِدَّعَی — الشیَٔ۔ حق یا باطل کا دعویٰ کرنا — بہٖ۔ اپنی طرف نسبت کرنا اور یہ سمجھنا کہ یہ میری ہے۔ — علیہ۔ قاضی کے پاس کسی کے خلاف مقدمہ کرنا۔ دعویٰ کرنا — الی غیرِ اَبیہِ۔ باپ کے علاوہ کسی اور کی طرف منسوب ہونا — الشیَٔ۔ تمنا کرنا۔ — اِدَّعَی فی الحربِ۔ جنگ میں اپنا نسب نامہ بیان کرنا۔

اِسْتَدْعَاہُ اِسْتِدْعَاءً۔ کسی کو پکارنا۔

— الشیءَ۔ طلب کرنا۔ لازم سمجھنا۔
الدُّعَاءُ۔ دَعَا کا مصدر۔ ج اَدْعِیَةٌ
الدَّعْوَةُ۔ پکار قسم۔ کہتے ہیں "هو مِنّی دَعْوَةُ الرجلِ۔ وہ مجھ سے قریب ہیں۔ جس طرح کہتے ہیں۔ "هو مِنّی رَمْیَةُ السَّهْمِ" و "مَزْجَرَ الکَلْبِ"۔ "وَلَهُمُ الدَّعْوَةُ عَلٰی غَیْرِهِمْ"۔ یعنی دعاء میں انھیں سے ابتداء ہے "کُنَّا فی دَعْوَةِ فلانٍ" ہم فلاں کی ضیافت و مہمانی میں تھے۔ و الدَّعَاوَةُ والدِّعَاوَةُ، الاِدِّعَاءُ سے اسم۔
الدَّعْوٰی۔ مص۔ مقدمہ۔ دعوے۔ ج۔ الدَّعَاوِی والدَّعَاوٰی۔
الدَّعَّاءُ۔ بہت دعا کرنے والا۔
الاُدْعِیَّةُ والاُدْعُوَّةُ۔ جھگڑے کا موضوع۔
الدَّعِیُّ۔ لے پالک۔ متبنیٰ۔ جس کی نسبت میں شبہ ہو۔ وہ جو اپنے آپ کو غیر باپ کی طرف یا غیر قوم کی جانب منسوب کرے۔ ج اَدْعِیَاءُ۔
الدَّاعِیُ۔ فا۔ لوگوں کو اپنے دین و مذہب کی طرف بلانے والا۔ ج دُعَاةٌ۔ مؤنث۔ دَاعِیَةٌ۔ ج۔ دَاعِیَاتٌ و دَوَاعٍ (— و الدَّاعِیَةُ) سبب۔ ج۔ الدَّوَاعِی۔ دَاعِی اللَّبَنِ و دَاعِیَتُهُ۔ وہ تھوڑا سا دودھ جو تھنوں میں چھوڑ دیا جائے تاکہ بقیہ دودھ بآسانی دوہ سکیں۔
دَوَاعِی الصَّدْرِ۔ افکار و ہموم — دَوَاعِی الدَّهْرِ۔ زمانہ کی گردشیں۔
المَدْعَاةُ۔ کھانے کی دعوت۔ سبب۔

دَغْدَغَ دَغْدَغَةً۔ فُلاَنًا بِکَلِمَةٍ کسی کو طعنہ دینا۔
الدَّغْدَغَةُ۔ رکیک گفتگو کرنا۔ گدگدی چلانا۔ مثلاً پاؤں کے تلوے یا بغل کو گدگدانا۔ عام لوگ گدگدی کو زُکْزُکٌ، اور زُکْزُکَةٌ بولتے ہیں۔
المُدَغْدَغُ۔ حسب و نسب میں کھوٹ رکھنے والا۔
دَغَرَہٗ (ف)، دَغْرًا۔ دفع کرنا۔ دھکیلنا۔ دَغَرَتِ المَرْأَةُ حَلْقَ الصَّبِیِّ عورت کا بچہ کے حلق کو انگلی سے دبانا — الاُمُّ ابْنَهَا۔ ماں کا بچہ کو دودھ سے سیر نہ کرنا۔ دَغَرَ الشیءَ فی الشیءِ۔ ایک شے کو دوسری میں غلط ملط کرنا۔ ملانا — ہٗ۔ گلا گھونٹ کر مارنا۔ — فی البیتِ۔ گھر میں داخل ہونا — علیہ۔ کسی پر اچانک آنا۔
دَغِرَ (س)، دَغَرًا۔ الرجلُ۔ بدخلق اور لئیم ہونا۔ صفت (دَاغِرٌ)
دَغِرَ (س)، دَغَرَانًا و دَغْرٰی — علیہم۔ لوگوں پر اچانک پہنچ جانا۔
اِنْدَغَرَ۔ پہنچ جانا — علیہ۔ یک بیک آجانا۔
الدَّاغِرُ۔ ذلیل۔ حقیر۔ بد۔ فساد انگیز۔
الدَّغْرَةُ۔ کسی شے کو اچک لینا۔
المُدْغَرَةُ۔ گھمسان کی لڑائی جس میں لوٹ مار ہو۔
دَغَشَ (ف)، دَغْشًا و اَدْغَشَ۔ تاریکی میں داخل ہونا — دَغَشَ علیہم۔ اچانک ٹوٹ پڑنا۔ ہجوم کرنا۔

دَاغَشَہٗ۔ بھیڑ کرنا — حَوْلَ المَاءِ۔ پیاس میں پانی کے ارد گرد گھومنا — المَاءَ۔ پانی کو تیزی سے پی جانا — فی الشیءِ۔ حرص کے باعث کسی سے کوئی چیز مکرر طلب کرنا۔
تَدَاغَشَ۔ القومُ۔ و دَغُوشُوْا لڑائی وغیرہ میں آپس میں گتھ جانا۔
دَغِصَ (س)، دَغَصًا۔ کھانے یا غصہ سے بھر جانا۔
دَاغَصَ مُدَاغَصَةً۔ فی العَمَلِ کام میں تیزی برتنا۔
اَدْغَصَہٗ۔ غصہ سے بھر دینا — اَدْغَصَهُ المَوْتُ۔ موت کا یک بیک آن لینا۔
الدَّاغِصَةُ۔ گھٹنے کی چپنی۔ عوام اس کو "صَابُوْنَةُ الرُّکْبَةِ" کہتے ہیں۔ گٹھا ہوا گوشت۔ خالص صاف پانی۔ ج۔ دَوَاغِصُ۔
الدِّغْصَانُ۔ غضبناک۔
دَغَفَ (ف)، دَغْفًا — الشیءَ۔ سختی سے پکڑنا — دَغَفَهُمُ الحَرُّ۔ گرمی کا سخت ہونا۔
اَبُو الدَّغْفَاءِ۔ احمق۔
الدَّغْفَلُ۔ ہاتھی یا بھیڑیے کا بچہ۔ بہت [illegible] عَیْشٌ دَغْفَلٌ۔ آسودہ زندگی۔ عامٌ دَغْفَلِیٌّ سرسبز سال۔
دَغَلَ (ن)، دُغُولاً۔ مبہم کے مانند داخل ہونا۔
اَدْغَلَ۔ الرجلُ۔ کسی کا گھنے درختوں کے جھنڈ میں داخل ہو کر غائب ہو جانا — الاَرْضُ۔ گھنے درختوں والی ہونا — بہٖ۔ کسی کے ساتھ خیانت کر کے اچانک

مار ڈالنا۔ چغلی کھانا ــــ الشیءَ۔ کسی چیز میں مخالف اور اس کی مفسد چیز ملانا۔

الدَّغَلُ۔ ج۔ اَدْغَالٌ ودِغَالٌ و (الدَّغِيْلَةُ) گنجان درختوں کا جھنڈ۔ وہ چیز جو کسی کام میں داخل ہو کر اس کو خراب کر دے۔ وہ مقام جہاں ہلاکی کا خطرہ ہو ــــ مَکَانٌ (دَغِلٌ)۔ گھنے درختوں والا مقام۔ پوشیدہ جگہ۔

الدَّاغِلَةُ۔ پوشیدہ کینہ۔ وہ لوگ جو کسی کی خیانت وعیب کی تلاش میں رہیں۔

الدَّوَاغِلُ۔ آفتیں مصیبتیں (اس کا واحد نہیں)

المَدْغَلُ۔ وادی کا درمیانی حصہ۔

دَغَمَهُمُ ودَغِمَهُمُ (ف س) دَغْمًا ودَغَمَانًا۔ الحَرُّ اَوِ البَرْدُ۔ گرمی یا سردی کا لگنا ــــ دَغَمَ الْاَنْفَ۔ ناک توڑنا ــــ دَغَمَ الْاِنَاءَ۔ برتن ڈھانپنا۔

اَدْغَمَ۔ اللّٰهُ فُلَانًا۔ اللہ اس کا کالا منہ کرے۔ ذلیل ورسوا کرے۔ اَدْغَمَهُمُ الحَرُّ اَوِ البَرْدُ۔ ان کو گرمی یا سردی لگی ــــ الفَرَسَ اللِّجَامَ۔ گھوڑے کے منہ میں لگام دینا ــــ اَدْغَمَهُ الشیءُ۔ کسی شے کا کسی کو دکھ پہنچانا۔ (ر ــــ وادَّغَمَ) الشیءَ فی الشیءِ۔ ایک شے کو دوسری میں داخل کرنا۔ صرف کی اصطلاح میں ادغام بھی اسی سے ہے کیونکہ اس میں بھی ایک حرف دوسرے میں شامل کیا جاتا ہے۔

اِدْغَامَ۔ الفرسُ۔ (اِدْغِيْمَامًا) گھوڑے کا منہ باقی جسم سے زیادہ سیاہی مائل ہونا۔ صفت (اَدْغَمُ)

الدَّغَمُ والدُّغْمَةُ۔ گھوڑے کا رنگ جس کا منہ زیادہ سیاہی مائل ہو۔

الاَدْغَمُ۔ کالی ناک والا۔ ناک میں بولنے والا۔ خِنْخِنًا۔ ج۔ دُغْمٌ۔

الدُّغَامُ۔ حلق کا درد۔

دَغْمَرَ۔ دَغْمَرَةً۔ عیب لگانا۔ ــــ الشیءَ۔ ملانا ــــ الرجلُ بدخلق ہونا۔

الدَّغْمَرِيُّ والدُّغْمُرِيُّ۔ ملے جلے اخلاق والا۔

الدَّغَامِرُ۔ قوم کے رذیل لوگ۔

دَفَّ (ض) دَفًّا ودَفِيْفًا۔ آہستہ چلنا ــــ لهُ الامرُ۔ تیار ہونا ممکن ہونا ــــ الطائرُ۔ پرندہ کا پھڑپھڑانا۔

دَفَّ (ن) دَفًّا ــــ الشیءَ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

دَفَّفَ ودَافَّ۔ جلدی کرنا ــــ دَفَّفَ الجریحَ ودَافَّهُ ودَافَّ علیه۔ زخمی کو جھٹ پٹ مار ڈالنا۔

دَفَّفَ۔ الرجلُ۔ دف بجانا۔

اَدَفَّ۔ اِدْفَافًا۔ الطائرُ۔ پرندہ کا اپنے پر پھڑپھڑانا ــــ اَدَفَّتْ علیه الامورُ۔ کسی پر کاموں کا پے در پے آنا۔

تَدَافَّ۔ القومُ۔ بعض کا بعض کے پیچھے سوار ہونا۔

اِسْتَدَفَّ۔ الطائرُ۔ پرندہ کا زمین کے قریب ہو کر اڑان کرنا ــــ الامرُ۔ کام کا درست ہونا۔ پورا ہونا۔ ممکن ہونا ــــ الرجلُ بالمُوسٰی۔ استرے سے مونڈنا۔

الدَّفُّ۔ مص۔ ہر چیز کا پہلو کہتے ہیں۔ "رَمَاهُ اللّٰهُ بِذَاتِ الدَّفِّ" اللہ اس کو ذات الجنب (نمونیا) کی بیماری میں مبتلا کرے۔ (ر ــــ والدُّفُّ) دف۔ ڈفلا۔ ج دُفُوْفٌ۔

الدَّفَّةُ۔ ہر شے کا پہلو۔ 'دَفَّتَا الطَّبْلِ' ڈھول کے ہر دو رخ کے چمڑے جن پر بجانے کے لیے ضربیں لگائی جاتی ہیں۔ پتوار۔ یہ کلمہ مولدہ ہے۔ اس کے لیے فصیح لفظ السُّکّان ہے۔

الدَّافَّةُ۔ فوج جو دشمن کی طرف آہستہ آہستہ بڑھے۔ خانہ بدوش لوگ۔

الدَّفَّافُ۔ دف بجانے والا۔ دف بنانے والا۔

الدَّفُوْفُ۔ کسی چیز پر جھپٹنے کے وقت زمین سے قریب ہو جانے والا پرندہ کہتے ہیں "عُقَابٌ دَفُوْفٌ"۔

دَفِئَ يَدْفَأُ دَفَأً ودُفُوْءًا ودَفُؤَ۔ يَدْفُؤُ۔ دَفَاءَةً (س ک) ــــ مِنَ البَرْدِ۔ گرم ہونا۔ گرمی پانا۔ یا محسوس کرنا۔

دَفَّأَهُ۔ گرم کرنا۔

اَدْفَأَهُ۔ گرم کپڑا پہنانا۔ بہت دینا۔ گرم کرنا ــــ الجریحَ۔ زخمی کو مار ڈالنا ــــ القومَ۔ قوم کو جمع کرنا۔

تَدَفَّأَ واِدَّفَأَ واسْتَدْفَأَ۔ گرم کپڑا پہننا۔ گرم ہونا۔

الدِّفْءُ۔ سخت گرمی۔ ج اَدْفَاءٌ۔ اونٹوں سے پیدا شدہ بچے اور حاصل کردہ نفع۔ عطیہ ــــ دِفْءُ الحَائِطِ دیوار کی پناہ کہتے ہیں "اُقْعُدْ فی دِفْءِ الحَائِطِ" وہ دیوار کی

پناہ یا اوٹ میں بٹھایا گیا۔ گرمی
حاصل کرنے کا سامان۔ کہتے ہیں۔
"مَا عَلَيْهِ دِفْءٌ" اس پر گرمی
حاصل کرنے کا کوئی سامان نہیں۔
الدَّفَأُ۔ مص۔ شانوں کا سینہ کی
طرف جھکنا۔
الدِّفَاءُ۔ گرم کپڑے۔ گرمی حاصل کرنے
کا سامان۔
الدَّفِئُ و الدَّفِيُّ المُسْتَدْفِي۔ گرمی
حاصل کرنے والا۔ گرم لباس پہننے
والا۔ مؤنث۔ دَفِئَةٌ و دَفِيئَةٌ
الدَّفِيئَةُ مِنَ الأَرَاضِي۔ گرم
زمین۔
الدَّفْآنُ۔ گرمی حاصل کرنے والا۔
مؤنث۔ دَفْأَى۔
الأَدْفَأُ۔ وہ شخص جس کے شانے سینہ
کی طرف جھکے ہوئے ہوں۔ مؤنث
دَفْأَى۔ الأَدْفَاءُ۔ خیمہ نشین
آدمی ۔۔۔ ارضٌ (مَدْفَأَةٌ)
گرم زمین ۔۔۔ اِبِلٌ (مُدْفِئَةٌ و
مُدْفَأَةٌ و مَدْفِئَةٌ و مَدْفَاةٌ)
بہت اون اور چربی والا اونٹ۔
الدَّفْتَرُ۔ رجسٹر۔ حساب کی کتاب۔
لکھنے کی کتاب۔ ج۔ دَفَاتِرُ۔
دَفْدَفَ۔ جلدی کرنا۔ الطَّائِرُ
پرندہ کا زمین سے قریب ہو کر اڑنا
۔۔۔ الدُّفُوفُ۔ دف جلدی
جلدی بجانا۔
دَفَرَهُ (ن) دَفْرًا۔ سینہ پر مار کر
دھکیلنا۔
دَفِرَ (س) دَفْرًا و دَفَرًا۔ ذلیل
ہونا ۔۔۔ اللحمُ۔ گوشت میں
کیڑے پڑنا ۔۔۔ (الشيءُ)۔
کسی شے کا بدبودار ہونا۔ صفت
(دَفِرٌ و اَدْفَرُ) مؤنث دَفِرَةٌ
و دَفْوَاءُ۔
اَدْفَرَ ۔۔۔ الرجلُ۔ کسی کی بغل کا سڑنا
گندہ بغل ہونا۔
الدَّفَرُ۔ مص۔ بدبو۔
دَفَارِ۔ (مبنی علی الکسر) دنیا۔ لونڈی
باندی۔ یہ اکثر ندا کے موقع پر
آتا ہے اور لونڈی کے لیے گالی
سمجھا جاتا ہے ۔۔۔ اُمُّ دَفَارِ و
اُمُّ دَفْرٍ۔ دنیا۔ مصیبت۔
دَفَعَه (ف) دَفْعًا و دَفَاعًا و
مَدْفَعًا۔ ہٹانا۔ دور کرنا۔ رد کرنا
۔۔۔ دَفَعَه فی کذا۔ داخل کرنا
۔۔۔ الیه الشیءَ۔ ادا کرنا
۔۔۔ القولَ۔ کسی بات کو دلیل
وحجت سے باطل کرنا ۔۔۔ ہ
الی کذا۔ مجبور کرنا ۔۔۔ عنه
الأذی۔ کسی کو اذیت سے بچانا
۔۔۔ عَنِ المواضعِ۔ کسی جگہ سے
کوچ کر جانا۔ الیہ۔ کسی جگہ
پہنچنا۔ کہتے ہیں "طریقٌ یَدْفَعُ
الی مکانِ کذا" یہ راستہ جو
فلاں جگہ تک پہنچتا ہے۔
دُفِعَ۔ الی المکانِ۔ کسی جگہ تک پہنچنا۔
دَافَعَه مُدَافَعَةً و دِفَاعًا۔ ہٹانا
مزاحمت کرنا۔ عنه۔ حمایت
کرنا۔ مدد کرنا ۔۔۔ عنه
الأذی۔ کسی سے اذیت دور کرنا۔
دَافَعَه عَنْ حَقِّه۔ ٹال مٹول کرنا
تَدَفَّعَ۔ السیلُ۔ سیلاب کا زور سے بہنا امڈنا
اِنْدَفَعَ۔ السیلُ۔ سیلاب کا زور سے بہنا۔
الفرسُ فی سیرہ۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔
الرجلُ فی الحدیثِ۔ کسی کا
بات چیت میں لگنا۔ اِنْدَفَعَ
یقولُ۔ وہ کہنے لگا ۔۔۔
اِنْدَفَعَ الرجلُ۔ ایک طرف ہونا
تَدَافَعَ۔ القومُ۔ بعض کا بعض کو ہٹانا
ایک دوسرے کو دھکیلنا ۔۔۔
تَدَافَعُوا الشیءَ۔ کسی شے کو
ایک دوسرے کے ذمہ لگانا۔
کہتے ہیں "ضَیْفٌ یَتَدَافَعُهُ
الحَیُّ"۔ وہ مہمان جس کو قبیلہ
کے لوگ ایک دوسرے کے ذمہ
لگائیں۔ ایک دوسرے پر ٹالیں۔
اِسْتَدْفَعَ۔ اللهَ الشرَّ۔ اللہ
تعالیٰ سے برائی ٹالنے کی التجا کرنا
الدُّفْعَةُ۔ بارش کی بوچھاڑ۔ مشک یا
برتن سے ایک مرتبہ گری ہوئی چیز
کی مقدار۔ ج۔ دُفَعٌ و دُفُعَاتٌ۔
الدَّفْعَةُ۔ دفع کا اسم مرۃ۔
الدَّوَافِعُ جھیلیں۔ نشیبی مقامات جہاں
سیلابوں کا پانی جمع ہو جاتے۔
الدَّفُوعُ۔ بہت ہٹانے والا۔ جیسے
الدَّوَابِ۔ لات مارنے والا۔
جانور
الدَّفَّاعُ۔ بہت ہٹانے والا۔
الدُّفَّاعُ۔ موج یا سیلاب کا زور۔
لوگوں کی بھیڑ۔ کہتے ہیں "جَاءَ
فی دُفَّاعٍ مِنَ النَّاسِ" وہ لوگوں
کے ہجوم میں آیا۔
المَدْفَعُ۔ پانی کے بہاؤ کی جگہ۔ ج
مَدَافِعُ۔
المِدْفَعُ۔ ہٹانے کا آلہ۔ توپ۔ ج
مَدَافِعُ۔ بہت ہٹانے والا۔
المُدَفَّعُ۔ وہ ذلیل و حقیر فقیر جس کو نہ
کوئی مہمان رکھے، نہ بخشش ملے۔
دَفَقَ (ض ن) دَفْقًا۔ الماءَ۔ پانی
کو زور سے گرانا ۔۔۔ اللهُ
رُوحَهُ۔ اللہ نے اس کو مار دیا
۔۔۔ الکوزَ۔ کوزہ کی چیز کو گرا کر
خالی کر دینا۔

دَفَقَ (ن) دَفْقًا و دُفُوقًا — الماءُ۔ پانی کا گرنا۔ بہنا — النّهرُ۔ دریا کے پانی کا کناروں سے ابل پڑنا۔ جمہور کے نزدیک یہ متعدی ہی کی صورت میں مستعمل ہے۔
دَفَّقَ — دفق کا مبالغہ۔ کہتے ہیں "دَفَّقَتْ كَفَّاهُ الْعَطَاءَ" اس کے دونوں ہاتھوں نے بخشش بکثرت لٹائی۔
اَدْفَقَ — الكُوزَ۔ کوزہ کو جلدی سے خالی کر دینا۔
تَدَفَّقَ و اِسْتَدْفَقَ — الماءُ۔ گرنا — الدّابّةُ۔ جانور کا تیز دوڑنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ يَتَدَفَّقُ فِي الْبَاطِلِ"۔ فلاں باطل میں تیزی و سبقت کرتا ہے۔
اِنْدَفَقَ و اِسْتَدْفَقَ — الماءُ۔ گرنا۔
الدُّفْقَةُ۔ ایک دفعہ کا ڈالنا۔ یکبارگی آجانا۔ کہتے ہیں "جَاؤُا دُفْقَةً" وہ سب ایک دم آگئے — سَيْلٌ دُفَاقٌ۔ زبردست سیلاب جو وادی کو دونوں کناروں تک بھر دے۔
الاَدْفَقُ۔ ٹیڑھا۔ کوزہ پشت، خواہ غم و فکر سے یا بڑھاپے کے سبب — سَيْرٌ اَدْفَقُ۔ تیز رفتار۔ مؤنث دَفْقَاءُ۔
الدَّفِقَى۔ تیز چال۔ کہتے ہیں "مشى الدفقى" وہ تیز چال چلا۔
— والدِّفَقَّةُ۔ تیز چلنے والی اونٹنی یا گھوڑا۔
الدِّفْلُ۔ بال قطران۔
الدِّفْلَى۔ کنیر۔ اس کا الف مقصورہ بعض کے نزدیک الحاقی ہے لہذا اس پر تنوین تنکیر آجائے گی۔ اور بعض کے نزدیک تانیث کا ہے۔ لہذا تنوین بھی نہ آئے گی۔

دَفَنَ (ض) دَفْنًا — المَيِّتَ۔ مردہ کو دفن کرنا — الحديثَ بات کو چھپانا — الابلَ۔ اونٹ کو تیز چلانا — الابلُ۔ اونٹ کا تیز چلنا۔
تَدَفَّنَ و اِنْدَفَنَ۔ چھپنا۔ دفن ہونا — الابلُ۔ اونٹ کا تیز رفتاری سے چلنا۔
اِدَّفَنَ — العبدُ۔ غلام کا آقا کے خوف سے بھاگ کر روپوش ہونا صفت (دَفُونٌ) — الشیءَ چھپانا۔
تَدَافَنَ — القومُ۔ ایک دوسرے سے چھپانا۔
دَافِنٌ — الامر۔ معاملہ کا اندرونی حصہ۔
الدَّفِنُ۔ مص۔ دفن کیا ہوا۔ ج اَدْفَانٌ۔ مدفون زمین ج دُفُنٌ — دَاءٌ (دِفْنٌ و دَفِنٌ)۔ وہ بیماری جو پوشیدہ ہونے کے بعد ظاہر ہو کر خرابی پیدا کرے۔
الدَّفِينَةُ۔ گاڑی ہوئی چیز۔ زمین میں گڑا ہوا خزانہ۔ ج دَفَائِنُ۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ يُثِيرُ الْبَكْ دَفَائِنَ" وہ بڑی گہری عقل و سمجھ والا ہے۔
الدَّفِينُ۔ دفن کیا ہوا۔ چھپایا ہوا۔ ج دُفْنٌ و دُفَنَاءُ و اَدْفَانٌ۔ حوض — رَكِيَّةٌ دَفِينٌ۔ دفن کیا ہوا کنواں — اِمْرَأَةٌ دَفِينٌ۔ چھپی ہوئی عورت۔ ج۔ دُفَنَاءُ — دَاءٌ دَفِينٌ۔ وہ بیماری جو پوشیدہ ہونے کے بعد ظاہر ہو کر خرابی پیدا کرے۔ کہتے ہیں۔ هُوَ دَفِينُ الْمُرُوءَةِ۔ او دَفِنُ المُرُوءَةِ۔ وہ مروت نہیں رکھتا۔
الدِّفَانُ۔ مِنَ الرَّكَايَا۔ مٹی کے نیچے دبا ہوا کنواں۔ ج۔ دُفُنٌ — مَاءٌ دِفَانٌ۔ پوشیدہ پانی — الدَّفَافِينُ۔ کشتی کے تختے۔ واحد (دَفَّانٌ)
المَدْفَنُ۔ دفن کرنے کی جگہ۔
الدِّفْنِسُ والدِّفْنَاسُ۔ بخیل۔ کمینہ۔ بے وقوف — مِنَ النساءِ۔ احمق، بھاری جسم کی عورت۔

دَفَا (ن)، دَفْوًا و دَافَى مُدَافَاةً و اَدْفَى اِدْفَاءً — الجَرِيحَ۔ زخمی کو جلد مار کر ختم کر دینا — و اَدْفَى الظبيُ۔ ہرن کا سینگوں والا ہونا۔
تَدَافَاهُ۔ تدارک کرنا۔ تلافی کرنا۔
الدَّفَاءُ۔ جھکاؤ۔ خمیدگی۔
الاَدْفَى۔ منحنی۔ ٹیڑھا۔ مؤنث۔ دَفْوَاءُ — طَائِرٌ اَدْفَى لمبے بازوؤں والا پرندہ — نَاقَةٌ دَفْوَاءُ۔ لمبی گردن کی اونٹنی — شَجَرَةٌ دَفْوَاءُ۔ بڑا درخت — عُقَابٌ دَفْوَاءُ۔ مڑی ہوئی چونچ والا عقاب۔

دَقَّ (ض)، دِقَّةً۔ باریک ہونا۔ چھوٹا ہونا۔ دشوار فہم ہونا۔
دَقَّ (ن)، دَقًّا — الشیءَ۔ توڑنا — الباب۔ دروازہ کھٹکھٹانا — الشیءَ۔ ظاہر کرنا — الشیءَ عَلَى الشیءِ او بالشیءِ۔ ایک چیز کو دوسری چیز پر کوٹنا۔ کچلنا۔
دَقَّقَ — الشیءَ۔ کسی چیز کو باریک کوٹنا کوٹ کر باریک کرنا — رقی

الحِسَابِ وغَیْرِہٖ۔ حساب وغیرہ میں گہری غور و فکر سے کام لینا۔

اَدَقَّہٗ۔ اِدْقَاقًا۔ باریک کرنا۔۔ الرجلَ۔ کسی کو بکری دینا۔ کہتے ہیں "اَتَیْتُہٗ فَمَا اَدَقَّنِیْ وَ لَا اَجَلَّنِیْ" یعنی میں اس کے پاس آیا تو اس نے مجھ کو تھوڑا بہت کچھ نہیں دیا۔۔ اَدَقَّ الرجلُ۔ بخل سے حقیر چیز کا پیچھا کرنا۔

دَاقَقْتُہٗ مُدَاقَّۃً۔ الحسابَ و فِی الحِسَابِ۔ حساب کی غور و تفصیل سے جانچ و پڑتال کرنا۔

اِنْدَقَّ۔ اِنْدِقَاقًا۔ باریک ہونا۔ ٹوٹنا۔ کھٹکھٹایا جانا۔

تَدَاقَّ۔۔ الرجلانِ۔ آپس میں باریکی میں مقابلہ کرنا۔

اِسْتَدَقَّ۔ اِسْتِدْقَاقًا۔ باریک یا پتلا ہونا۔ اور اِسْتَدَقَّ الھِلَالُ۔ بھی اسی سے ہے یعنی چاند باریک ہے۔

الدِّقُّ۔ باریک۔ تھوڑا۔ اسی سے ہے "اَخَذْتُ دِقَّہٗ وَجِلَّہٗ" میں نے اس سے تھوڑا بہت سب لے لیا۔۔ حُمَّی الدِّقِّ دق کا بخار۔

الدَّقَّۃُ۔ ایک ضرب۔ ایک دفعہ کا توڑنا۔

الدِّقَّۃُ۔ باریکی۔ چھوٹاپن۔ کمینگی۔ تپ دق کی حالت۔ اور اسی سے ہے "دِقَّۃُ المَعَانِی" معانی کی باریکی۔

الدُّقَّۃُ۔ باریک خاک۔ مصالحے۔ نمک۔ دھنیا۔

الدُّقَاقُ۔ ہر شے کا چورا۔ آٹا۔ (ب۔

والدُّقَاقَۃُ۔ نرم ریت جس کو ہوا اڑائے۔ "دُقَاقُ العِیْدَانِ و دِقَاقُھَا" لکڑی کی چھپٹیاں۔

الدَّقِیْقُ۔ باریک۔ آٹا۔ دشوار فہم امر۔ تھوڑا۔ ج۔ اَدِقَّۃٌ و اَدِقَّاءُ۔ مؤنث۔ دَقِیْقَۃٌ۔

الدَّقِیْقَۃُ۔ الدَّقِیْقُ کا مؤنث۔ منٹ۔ ایک گھنٹہ کا ساٹھواں حصہ۔ ج۔ دَقَائِقُ۔۔ الدَّقِیْقَۃُ بکریاں کہتے ہیں۔ "کَمْ دَقِیْقَتُکَ" تمہاری کتنی بکریاں ہیں۔

الدُّقَّاقُ۔ بہت کوٹنے والا۔ آٹا بیچنے والا۔

الدَّقَّاقَۃُ۔ کوٹنے کا اوزار۔

المِدَقُّ والمُدُقُّ۔ ج۔ مَدَاقُّ (والمِدَقَّۃُ) کوٹنے کا اوزار۔ کوٹنے کی موصلی یا دستہ۔

المُدَقَّقَۃُ۔ باریک کوٹا ہوا گوشت کباب۔ عام لوگ اسے کوفتہ کہتے ہیں۔

المَدْقُوْقُ۔ دق کے بخار کا مریض۔

مُسْتَدَقُّ۔۔ السَّاعِدِ۔ کلائی کا پہنچے سے ملنے والا باریک حصہ۔ ہر شے کا باریک اور پتلا حصہ۔

دَقْدَقَ دَقْدَقَۃً۔ النَّاسُ۔ آدمیوں کا شور و غل مچانا۔۔ الدَّوَابُّ۔ جانوروں کا اپنے سموں سے پٹ پٹ کی آواز نکالنا۔

دَقِرَ (س) دَقَرًا۔ کھانے سے بھر جانا۔۔ المکانُ۔ کسی جگہ کا سرسبز و شاداب ہونا۔۔ النَّبَاتُ۔ سبزہ کا بکثرت ہونا۔

الدَّقَرُ والدَّقْرَۃُ والدَّقِیْرَۃُ و الدَّقْرَی۔ نہایت خوشنما منظر ہرا بھرا باغ۔۔ رَوْضٌ دَقْرَاءُ

سرسبز و شاداب اور تر زمین۔

الدُّقْرَانُ۔ وہ لکڑی جس کو نصب کر کے انگور کی بیل چڑھائی جائے۔ (واحد: دُقْرَانَۃٌ)

الدَّوْقَرَۃُ۔ پہاڑوں کے درمیان بنجر زمین۔

الدِّقْرَارَۃُ۔ چغلی۔ بری عادت۔ جھگڑا۔ ج۔ دَقَارِیْرُ۔ کہتے ہیں "جَاءَ بِالدَّقَارِیْرِ" اس نے قبیح جھوٹی باتیں بکیں۔۔ رجلٌ دِقْرَارَۃٌ۔ چغل خور آدمی۔

دَقَسَ (ن)، دَقْسًا و دُقُوْسًا۔۔ فِی البِلَادِ۔ ملک میں گھس جانا۔۔ الوَتَدُ فِی الاَرْضِ۔ میخ کا زمین میں گڑ جانا۔۔ البِئْرَ۔ کنویں کو بھرنا۔

الدَّقْشَۃُ۔ گرگٹ سے چھوٹا چتکبرا جانور۔

دَقِعَ (س) دَقَعًا۔ تھوڑے سے گذارہ پر راضی ہونا۔ فقر و ذلت کے باعث خاک نشین ہونا۔

اَدْقَعَہٗ۔ فقیر بنانا۔ ذلیل کرنا۔ اَدْقَعَ بِہٖ وَ اِلَیْہِ فِی الشَّتْمِ و نحوہ گالی دینے میں زیادتی سے کام لینا۔ اَدْقَعَ الرجلُ۔ مٹی میں ملا ہوا ہونا۔

الدَّاقِعُ۔ مسکین۔ تھوڑی روزی کا خواہاں۔

الاَدْقَعُ۔ مٹی۔۔ جُوْعٌ اَدْقَعُ۔ سخت بھوک۔

الدَّقْعَاءُ والدَّقْعَمُ والدِّقْعِمُ۔ (میم کی زیادتی کے ساتھ) مٹی۔

الدَّقْعَاءُ۔ مٹی۔ بنجر زمین۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُ القَوْمَ صَقْعَی دَقْعَی" یعنی زمین سے چپٹے ہوئے۔

الدَّوْقَعَۃُ۔ فقر۔ ذلت۔

المُدْقِعُ۔ مٹی سے لگا ہوا۔ ذلیل۔

بھاگنے والا۔ دُبلا۔ — جُوعٌ
مُدْقِعٌ۔ سخت بھوک۔
المِدْقَاعُ۔ حریص۔ کمی پر راضی ہونے
والا۔
دَقَلَه (ن) دَقْلاً۔ روک دینا۔ محروم
کرنا۔ ناک یا منہ پر مارنا۔ (ن۔
دُقُولاً) غائب ہونا۔ — فیہ
داخل ہونا۔
اَدْقَلَ۔ النخلُ۔ کھجور کا خراب ردی
پھل لانا۔ — الرجلُ۔ آدمی
کا چھوٹے اور کمزور بچہ والا ہونا۔
— الشاۃُ۔ بکری کا دبلی و
کمزور ہونا۔ صفت (مُدْقِلٌ)۔
الدَّقَلُ۔ ردی اور ادنیٰ قسم کی کھجور۔
بادبان کا ڈنڈا۔ کہا جاتا ہے۔
أَرَاكَ أَطْوَلَ مِنَ الدَّقَلِ وَأَنْتَ
تَنْثُرُ كَلَامَكَ نَثْرَ الدَّقَلِ۔
میں دیکھتا ہوں کہ تم بادبانی ڈنڈے
سے بھی زیادہ دراز ہو۔ اور گفتگو
بھی ردی و ناکارہ کرتے ہو۔
الدَّقَلُ۔ جسم کی کمزوری۔
الدَّقَلَةُ والدَّقِيلَةُ۔
دبلی کمزور بکری۔ ج۔ دِقَالٌ و
دِقَائِلُ۔
دَقَمَه (ن ض) دَقْمًا۔ سینہ پھاڑ کر
دھکا دینا۔ دانت توڑنا۔ —
الریحُ علیہ۔ ہوا کا آنا۔
دَقِمَ (س) دَقَمًا۔ سامنے کے دانتوں
کا گرنا۔ صفت (دَقِمٌ و اَدْقَمُ)
اَدْقَمَ۔ فاہُ۔ اگلے دانتوں کو توڑنا۔
الدَّقْمُ۔ سخت غم۔
الدَّقْمَةُ۔ منہ کا اگلا حصہ۔
دَقَنَ (ن) دَقْنًا۔ ٹھوڑی پر مکا مارنا۔
منع کرنا۔ محروم کرنا۔
دَكَّ (ن) دَكًّا۔ الحائطَ۔ دیوار کو
گرا کر زمین کے برابر کرنا۔ —
الاسامقَ۔ زمین کی اونچ نیچ
نکال کر اس کو ہموار کرنا۔ —
التراب۔ مٹی کو کوٹ کر برابر
کرنا۔ — البئرَ۔ کنویں پر
مٹی وغیرہ ڈال کر پاٹ دینا۔ —
التراب علی المیتِ۔ میت
پر مٹی ڈالنا۔ — ہ۔ دفع کرنا
دھکا دینا۔ — الدابۃَ فی
السیرِ۔ جانور کو چلا کر تھکانا کہتے
ہیں۔ دَكَّتِ الحُمّٰی الرجلَ۔ بخار
نے آدمی کو کمزور کر دیا۔
دُكَّ۔ بیمار ہونا۔
دَكَّكَ۔ الشیئَ بالشیئِ۔ ایک چیز
کو دوسری چیز سے ملانا۔ مخلوط
کرنا۔
اِنْدَكَّ۔ ہموار ہونا۔ — الرملُ۔
ریت کا تہ بتہ ہونا۔ — السنامُ
کوہان کا پیٹھ کے برابر ہونا۔
تَدَاكَّ۔ علیہ القومُ۔ لوگوں کا
بھیڑ کرنا۔ ہجوم کرنا۔
الدَّكُّ۔ مص۔ ہموار زمین۔ ہموار جگہ
ج۔ دُكُوكٌ
الدَّكُّ۔ ج۔ دِكَكَةٌ و (الدَّكَّاءُ)
ج۔ دَكَّاوَاتٌ۔ نرم مٹی کا ٹیلہ۔
پست پہاڑ جس کی اوپر کی سطح
چوڑی ہو۔
الدِّكَّةُ اور الدَّكَّةُ۔ صحیح لفظ المِيَكَّةُ
ہے۔
الدَّكَّةُ۔ ہموار مٹی کا میدان۔ بیٹھنے یا
کرسی رکھنے کے لیے ایک چبوترہ۔
ج۔ دِكَاكٌ۔
الدُّكَّانُ۔ دکان۔ چبوترہ۔ ج۔ دَكَاكِينُ
الدَّكَّاكُ۔ بہت کوٹنے پیسنے والا۔
بہت روندنے والا۔
الاَدَكُّ۔ چوڑی پیٹھ والا اور پست قد
گھوڑا۔ کوہان نہ رکھنے والا اونٹ
اس کا اسم الدَّكَكُ ہے۔ ج۔
دُكٌّ و دُكُكٌ۔ مؤنث دَكَّاءُ
— یومٌ دَكِيكٌ۔ پورا دن۔
— شهرٌ او حولٌ دَكِيكٌ
پورا مہینہ یا سال۔
المِدَكُّ۔ مضبوط۔ قوی ہیکل آدمی۔
ہموار کرنے کا آلہ — اَمَةٌ
مِدَكَّةٌ۔ وہ چھوکری جو کام کرنے
میں بہت مضبوط ہو۔
دَكْدَكَ۔ الحفرةَ۔ گڑھے کو مٹی
سے بھرنا۔
تَدَكْدَكَتْ۔ الجبالُ۔ پہاڑوں کا
گر کر ہموار ہو جانا۔
الدَّكْدَكُ والدِّكْدِكُ ج۔ دَكَادِكُ
و (الدَّكْدَاكُ) ج۔ دَكَادِيكُ
سخت زمین۔
دَكَسَ (ن) دَكْسًا — الشیئَ۔ بھرنا۔
مٹی کا ڈھیر لگانا۔
دَكِسَ (س) دَكَسًا — الشیئُ۔ کسی
شے کا تہ بتہ ہونا۔ ڈھیر لگنا۔
اَدْكَسَ — المكانُ۔ کسی جگہ کا سبزی
اگانا۔
الدَّكِيسَةُ۔ مِنَ الناسِ۔ لوگوں کی
جماعت۔ گروہ۔
الداكِسُ۔ فا۔ چھینک وغیرہ سے
شگون لینا۔ — الداكِسُ مِنَ
الظباءِ۔ پیچھے سے آنے والا ہرن
الدَّكَاسُ۔ اونگھ۔ — الدَّوْكَسُ۔ غیر
چوپایوں اور بکریوں کا بڑا ریوڑ۔
دَكَلَ (ن ض) دَكْلاً — الطينَ۔
لپائی کے لیے ہاتھ سے گارا جمع کرنا
— الشیئَ۔ روندنا۔
دَكَّلَ۔ الدابۃَ۔ جانور کو مٹی میں لوٹانا۔

تَدَكَّلَ - مغرور ہونا۔ خود کو بڑا جاننا — علیہ۔ ناز کرنا۔ متکبرانہ سلوک کرنا۔ عنہُ۔ دیر لگانا۔
الدَّكَلَۃُ۔ پتلا گارا۔ خود کو بڑا جاننے والے لوگ۔
الأَدْكَلُ۔ سیاہی مائل رنگ والا۔
الدَّكِيْلُ۔ روندا ہوا۔
دَكَمَ (ن) دَكْمًا — الشئَ۔ بعض کو بعض پر کوٹنا — ہٗ فِي صَدْرِہٖ۔ سینہ پر مار کر ہٹانا — فاہُ او أَنْفَہٗ۔ منہ یا ناک توڑنا۔
دَكَمَہٗ — فِي الشئِ۔ داخل کرنا۔ — ہٗ فِي رَأْسِہٖ سر میں سینگ مارنا۔
تَدَاكَمَ — القومُ۔ ایک دوسرے کو ہٹانا۔ دھکیلنا۔
الدُّكْمَۃُ۔ سیاہی مائل رنگ۔
دَكَنَ (ن) دَكْنًا و دَكَّنَ — المتاعَ۔ سامان کو ترتیب دینا۔ اور اوپر نیچے چننا — دَكَّنَ الدُّكَّانَ دکان لگانا۔ جمانا۔
دَكِنَ (س) دَكَنًا۔ سیاہی مائل ہونا صفت (أَدْكَنُ، مؤنث دَكْنَاءُ ج۔ دُكْنٌ — الثوبُ۔ کپڑے کا میلا مٹیالا ہونا۔
الدُّكْنَۃُ۔ سیاہی مائل رنگ۔
الدُّكَّانُ۔ دکان۔ بیٹھنے کی بنچ۔ چبوترہ ج دَكَاكِيْنُ۔ دکلہ فارسی ہے۔
الدُّكَّانِيُّ۔ دکان والا۔
دَلَّہٗ (ن) دَلَالَۃً و دُلُوْلَۃً۔ و دَلِيْلَى۔ الى الشئِ و علیہ۔ راہ نمائی کرنا۔ راستہ دکھانا —
(ض) دَلًّا و دَلَالًا و دَلَّ۔ (س) دَلَلًا) نازو نخرہ کرنا۔ المرأۃُ علی زوجِھا۔ عورت کا اپنے شوہر پر بناوٹی جرأت دکھانا اور جھوٹی مخالفت کرنا — الرجلُ فخر و غرور کرنا۔ اپنی بخشش پر احسان جتانا۔
أَدَلَّ إِدْلَالًا۔ علیہ۔ کسی کی محبت پر بہت اعتبار کرلینا۔ اور اسی سے ہے یہ قول "أَدِلَّ فَأَمِلَّ": جرأت کرنا۔ علی أقرانِہٖ اپنے ساتھیوں کو اوپر سے دبا لینا — البازِيُ علی صیدِہٖ۔ باز کا اپنے شکار پر جھپٹا مارنا۔ کہتے ہیں " هُوَ يُدِلُّ بہٖ"۔ وہ اس پر بھروسہ کرتا ہے۔
أَدَلَّ — بالطريقِ۔ راستہ پہچاننا
تَدَلَّلَ — علیہ۔ گستاخی و جرأت کرنا۔ المرأۃُ علی زوجِھا۔ نازو نخرہ کرنا۔
إِنْدَلَّ۔ راستہ پانا — الماءُ — پانی کا گرنا۔
إِسْتَدَلَّ۔ علیہ۔ نشان دریافت کرنا۔ پتہ دریافت کرنا —
إِسْتَدَلَّ بِكَذَا عَلَى الأَمْرِ۔ کسی امر پر دلیل کرنا۔ یا نتیجہ نکالنا۔
الدَّالَّۃُ۔ مؤنث۔ دَالٌّ۔ ناز و نخرہ۔ جرأت۔ کہا جاتا ہے " لَہٗ علیہ دَالَّۃٌ" اس کو اس پر ناز ہے۔
الدَّلُّ۔ معن۔ اچھی خصلت۔ حالت سکون و اطمینان۔
الدَّلَالُ۔ ناز و نخرہ۔ وقار۔
الدَّالُوْلَاءُ۔ ناز کرنا۔
الدِّلَالَۃُ۔ دلال کی مزدوری یا پیشہ راہبر کی اجرت۔
الدَّلَّالُ۔ نیلام کرنے والا آدمی۔ دلالی کرنے والا۔
الدَّلِيْلُ۔ ج۔ أَدِلَّۃٌ و أَدِلَّاءُ و (الدَّلَالَۃُ)۔ ج۔ دَلَائِلُ۔ جس سے رشد و ہدایت ملے۔ دلیل و حجت — الدَّلِيْلُ رہنما۔ مرشد۔
الدَّلَّۃُ۔ احسان۔ ناز و نخرہ۔
الأَدَلُّ۔ احسان جتلانے والا۔
الدُّلَّى و الدَّلِيْلَۃُ۔ کھلی سڑک۔ واضح راستہ۔
المُدِلُّ۔ اپنے اوپر اور اپنے سامان پر بھروسہ رکھنے والا —
المُدِلُّ بالشَّجَاعَۃِ۔ دلیر۔ جری۔
الدُّلْبُ۔ درخت چنار۔ واحد (دُلْبَۃٌ)
الدُّلْبَۃُ۔ سیاہی۔
الدَّالِبُ۔ دہکتی ہوئی چنگاری۔
الدُّوْلَابُ و الدَّوْلَابُ۔ رہٹ۔ محور پر گھومنے والی چیز۔ ج۔ دَوَالِيبُ۔ یہ کلمہ دخیل ہے۔
المَدْلَبَۃُ۔ بہت چنار کے درختوں والی زمین۔
الدَّلَبُوْثُ۔ ایک قسم کی گھاس کا نام۔
دَلَثَ (ض) دَلِيْثًا۔ چھوٹے چھوٹے قدموں سے چلنا۔
تَدَلَّثَ۔ الیہ۔ [illegible] گھس پڑنا۔
إِنْدَلَثَ — الرجلُ۔ آگے بڑھنا۔
إِدْلَنْثَ — الشئُ۔ [illegible]
الدِّلَاثُ۔ تیز رو۔ کہتے ہیں " جَمَلٌ دِلَاثٌ و ناقۃٌ دِلَاثٌ" ج - دُلُثٌ و دُلُثٌ۔
دَلَجَ (ن) دُلُوْجًا۔ کنویں سے پانی لے کر حوض میں ڈالنا۔ صفت (دَالِجٌ) ج۔ دُلَّجٌ۔
أَدْلَجَ إِدْلَاجًا و ادَّلَجَ إِدِّلَاجًا۔

— اللَّیْلَ۔ تمام رات یا آخری حصہ میں سفر کرنا۔ اسم (الدُّلْجَۃُ والدَّلْجَۃُ)

الدَّلَجُ والدَّلَجَانُ والدَّلَجَۃُ۔ آخری رات کی گھڑی۔

الدَّوْلَجُ۔ سرنگ (س) والمَدْلَجَۃُ) وحشی جانوروں کا بھٹ۔

المِدْلَجَۃُ۔ دودھ لے جانے کے لیے لکڑی یا چمڑے کا بڑا برتن۔ ڈول۔

المِدْلَاجُ۔ آخری رات میں چلنے کا عادی۔

دَلَحَ (ف)، دُلُوحًا۔ بوجھ کے سبب آہستہ رفتاری سے چلنا۔ سستی سے چلنا۔

تَدَالَحَ۔ الرَّجُلَانِ الشَّیْءَ۔ دو شخصوں کا لکڑی پر بوجھ اٹھانا۔

الدَّالِحُ۔ ج۔ دُلَّحٌ ودَوَالِحُ و (الدَّلُوحُ) ج۔ دُلُحٌ۔ پانی سے بہت بھرا ہوا بادل۔ فَرَسٌ دُلَحٌ۔ سوار کو نہ ستانے والا گھوڑا۔ بہت پسینہ والا گھوڑا۔

دَلِخَ (س)، دَلَخًا۔ موٹا ہونا۔ — الإِنَاءُ۔ برتن کا بھر کر بہ پڑنا۔

الدَّالِخُ۔ موٹا۔ فربہ۔ کہتے ہیں "بَعِیْرٌ دَالِخٌ وإِبِلٌ دُلَّخٌ ودَوَالِخُ"۔

الدَّلُوخُ۔ موٹا۔ ج۔ دُلُخٌ۔

دَلْدَلَ، دَلْدَلَۃً — أَعْضَاءَہٗ ورَأْسَہٗ۔ چلنے میں اعضائے بدن یا سر کو ہلانا۔

تَدَلْدَلَ۔ فِیْ مِشْیَتِہٖ۔ ہلنا۔ لڑکھڑانا۔ — الشَّیْءُ۔ ہلنا۔ لٹکتے ہوئے حرکت کرنا۔

الدُّلْدُلُ والدُّلْدُوْلُ۔ سیہی — الدُّلْدُلُ۔ بڑا کام۔

الدَّلْدَالُ۔ اضطراب۔ قومٌ دَلْدَالٌ لغزش بگام چلنے والی قوم۔

دَلَّسَ۔ البَائِعُ۔ بائع کا مشتری سے فروخت کی جانے والی چیز کا عیب چھپا لینا — المُحَدِّثُ۔ محدث کا اپنے شیخ کا نام نہ لینا۔ بلکہ اوپر کے راوی کا نام ایسے نہج سے لینا کہ گویا اس کو اس سے سماع حاصل ہے۔

دَالَسَہٗ مُدَالَسَۃً۔ دھوکا دینا۔ ظلم کرنا کہتے ہیں "ھُوَ لَا یُدَالِسُ ولَا یُوَالِسُ" وہ نہ ظلم کرتا ہے نہ خیانت۔

أَدْلَسَ۔ المَکَانُ۔ موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد کسی جگہ کا سرسبز ہونا۔

تَدَلَّسَ۔ الرَّجُلُ۔ چھپنا — الطَّعَامَ۔ تھوڑا تھوڑا کھانا۔ — الدَّابَّۃُ۔ جانور کا چراگاہ میں تھوڑی سی گھاس کو پورا چر جانا۔

اِنْدَلَسَ۔ الشَّیْءُ۔ پوشیدہ ہونا۔

الدَّلْسُ۔ دھوکا۔ فریب۔ الدَّلَسُ والدُّلْسَۃُ۔ اندھیرا۔

الدَّلَسُ۔ وہ پودا یا سبزہ جو موسم گرما کے آخر میں یا چر لینے کے بعد ہرا ہو جائے۔ ج۔ أَدْلَاسٌ۔

دَلَصَ (ن)، دَلِیْصًا۔ چکنا۔ نرم ہونا۔ صفت (دَلِیْصٌ)۔ ج۔ دِلَاصٌ ودَلَائِصُ) ج۔ دُلُصٌ۔

دَلِصَ (س)، دَلَاصَۃً۔ سامنے بونا۔ صفت (أَدْلَصُ)، مؤنث دَلْصَاءُ۔ نَابٌ دَلْصَاءُ۔ بڑھاپے کی وجہ سے دانت گر جانا۔

دَلَّصَ — الشَّیْءَ۔ نرم کرنا۔ صاف اور چمک دار بنانا — کہتے ہیں۔

دَلَّصَ السَّیْلُ الحَجَرَ۔ سیلاب نے پتھر کو چمک دار بنا دیا۔ — الدِّرْعَ۔ زرہ کو نرم و ملائم کرنا — الجَبِیْنَ۔ پیشانی کے بال نوچنا۔

اِنْدَلَصَ۔ الشَّیْءُ مِنْ یَدِہٖ۔ ہاتھ سے چھوٹ کر گر جانا — الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ۔ نکلنا۔

الدَّلِیْصُ والدَّلِیْصَۃُ۔ ہموار زمین۔

الدِّلَاصُ۔ نرم۔ چمک دار۔ کہتے ہیں۔ دِرْعٌ دِلَاصٌ۔ نرم چمکدار زرہ

الدَّلَّاصُ۔ نرم کرنا۔ چکنا۔

دَلَظَہٗ (ض)، دَلْظًا۔ سینہ پر مار کر دھکیلنا۔ ہٹانا۔ "دَلَظَ فِیْ سَیْرِہٖ" جلدی چلنا۔

دَالَظَہٗ۔ مدافعت کرنا۔

اِنْدَلَظَ۔ المَاءُ۔ پانی جاری ہونے لگا۔

دَلَعَ (ف)، دَلْعًا وأَدْلَعَ۔ لِسَانَہٗ۔ زبان نکالنا۔

دَلَعَ (ف ن)، دَلْعًا ودُلُوْعًا و اِنْدَلَعَ وادَّلَعَ — لِسَانُہٗ۔ زبان کا منہ سے باہر نکلنا —

اِنْدَلَعَ البَطْنُ۔ پیٹ کا بڑھ کر ڈھیلا ہونا — السَّیْفُ۔ تلوار کا میان سے نکلنا۔

الدَّلِیْعُ والدَّلُوْعُ۔ کشادہ اور فراخ راستہ۔ نرم راستہ۔ ج۔ دَلَائِعُ — والدَّلُوْعُ مِنَ النُّوْقِ۔ رفتار میں اونٹوں سے آگے نکل جانے والی اونٹنی۔

الدَّلَّاعُ والدَّوْلَعَۃُ۔ گونگا۔

المُدَلَّعُ۔ نازو نعمت میں پلا ہوا۔ اسم (الدَّلَاعَۃُ)، یہ مولدین کا کلام ہے۔

دَلْعَسَ والدَّلْعَسُ والدِّلْعَسُ۔

والدِّلَعْوَسُ والدِّلَعَاسُ و
الدُّلاعِسُ — مِنَ الجِمَالِ
سدھا ہوا اونٹ۔
الدِّلْغَانُ۔ لیس دار چکنے والی مٹی۔
(لغت عامیہ)
دَلَفَ (ض) دَلْفًا ودَلَفًا ودُلُوفًا و
دَلِيفًا ودَلَفَانًا۔ بیڑی پڑے
ہوئے کی طرح چھوٹے چھوٹے
قدموں سے چلنا — النَّاقَةُ
بِحِمْلِهَا۔ اونٹنی کا بوجھ لے کر
اٹھنا — الجَيْشُ۔ لشکر کا
آگے بڑھنا۔ صفت (دَالِفٌ)
ج۔ دُلَّفٌ ودُلُفٌ۔
أَدْلَفَ — لهُ القولَ۔ سختی سے کلام
کرنا۔ ہ الكِبَرُ۔ آہستہ چلانا
تَدَلَّفَ — إليه۔ چل کر نزدیک ہونا۔
إِنْدَلَفَ — عليه۔ گرنا۔
الدَّالِفُ۔ نشانہ کے قریب گر کر اچٹ
جانے والا تیر۔
الدِّلَّفُ۔ بہادر۔
الدَّلُوفُ۔ تیز اڑان کا گدھ۔ فربہ
اونٹ۔ بہت پھل دار کھجور کا درخت
ج۔ دُلُفٌ۔
الدُّلْفِينُ۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی۔ ج
دَلَافِينُ۔ اس کے ہم معنی عربی
میں الدُّخَسُ ہے۔
دَلَقَ (ن) دَلْقًا وأَدْلَقَ — السيفَ
مِن غِمْدِهِ۔ تلوار کو میان سے
نکالنا — دَلَقَ البابَ۔ دروازہ
کو زور سے کھولنا — عليهم
الغَارَةَ۔ لوٹ ڈالنا —
البعيرُ شِقْشِقَتَهُ۔ اونٹ کا اپنے
منہ سے جھلے نکالنا۔ جھاگ نکالنا۔
(س — دَلْقًا ودُلُوقًا) السيفُ
تلوار کا خود بخود نکل پڑنا —
الخَيلُ۔ گھوڑوں کا آگے پیچھے
نکلنا۔ صفت (دُلُقٌ)۔ واحد
(دَالِقٌ ودَلُوقٌ)
إِنْدَلَقَ — الشيءُ۔ کسی چیز کا اپنی جگہ
سے نکلنا — السيلُ عليه۔
سیلاب کا کسی پر امنڈ آنا —
السيفُ۔ تلوار کا خود بخود نکل
پڑنا — الخَيلُ۔ گھوڑوں
کا بہت تیزی سے نکل جانا۔
تَدَلَّقَ — السيلُ عليه۔ سیلاب کا
ایک دم بہ پڑنا۔
إِسْتَدْلَقَ — السيفَ۔ تلوار کا
میان سے نکالنا۔
الدَّلَقُ۔ جسم میں بلی کے قریب قریب
زرد رنگ کا ایک جانور جس کا
پیٹ اور گردن مائل بہ سپیدی
ہوتے ہیں — سيفٌ دَلِقٌ و
دَالِقٌ ودَلُوقٌ۔ میان سے
آسانی سے نکلنے والی تلوار —
غَارَةٌ دَلُوقٌ۔ سخت لوٹ۔
نَاقَةٌ دَلُوقٌ۔ بڑھاپے کے
سبب دانت ٹوٹی اونٹنی۔ ج
دُلُقٌ۔
دَلَكَ (ن) دَلْكًا — الشيءَ۔ رگڑنا۔
ملنا۔ کھرچنا — ہ الدهرُ۔
زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا —
وجهَهُ بالطيبِ چہرہ پر خوشبو
لگانا — الرجلَ حَقَّهُ۔ حق
ظلماً چھیننا — غَرِيمَهُ۔ قرض
خواہ کو ٹالنا۔ دُلُوكًا۔ الشمسُ
سورج کا غروب ہونے کے لیے
جھکنا۔ صفت (دَالِكٌ)
دَالَكَ مُدَالَكَةً — الغَرِيمَ۔ قرضخواہ
کو ٹالنا۔
تَدَلَّكَ۔ نہاتے وقت بدن ملنا۔
— بالطيبِ۔ خوشبو لگانا۔
الدَّلَكُ۔ ڈھیلاپن۔ کہتے ہیں "فِي
رُكْبَتِهِ دَلَكٌ" اس کے زانو
میں ڈھیلاپن ہے۔ غروب آفتاب
کا وقت۔
الدَّلُوكُ۔ لگانے کی خوشبو یا ملنے کی
دوا وغیرہ۔
الدَّلِيكُ۔ تجربہ کار، چشیدہ روزگار۔
ج۔ دُلُكٌ۔ وہ خاک جس کو ہوا
اڑاتی پھرے۔ ایک پودا۔
الدُّوْلُوكُ۔ بڑا معاملہ۔ ج۔ دَالِيكُ
المِدْلَكُ والمِدْلَكَةُ۔ ملنے کا آلہ۔
المَدْلُوكُ۔ مفع۔ البعيرُ المَدْلُوكُ
کمزور گھٹنوں والا اونٹ۔ وہ شخص جو
سفر سے تجربہ کار ہو گیا ہو۔
المُدَالِكُ۔ وہ شخص جو خود کو چھچھوری
باتوں سے بلند نہ رکھ سکتا ہو۔
دَلِمَ (س) دَلَمًا وادْلَامَّ إِدْلِيمَامًا
چمک دار سخت سیاہ ہونا۔ صفت
(أَدْلَمُ) مؤنث۔ دَلْمَاءُ —
دَلِمَتِ الشَّفَةُ۔ ہونٹ کا ڈھیلا
ہو کر لٹک جانا۔ إِدْلَامَّ الليلُ۔
رات کا بہت تاریک ہونا۔
أَدْلَمَ۔ شَفَتَهُ۔ ہونٹ کو ڈھیلا کرنا
الدُّكْمُ۔ ہاتھ۔
الدَّلَامُ۔ سیاہی۔ سیاہ۔ کہتے
ہیں "شيءٌ دَلَامٌ" کالی چیز
الدَّلْمَاءُ۔ قمری مہینہ کی تیسویں
رات۔
الأَدْلَمُ۔ مِنَ الأَلْوَانِ۔ کالا۔
الأَدْعَمُ۔ سانپ۔ لمبا کالا۔
الدَّيْلَمُ۔ کردوں میں ایک قوم کا نام
مصیبت۔ حوض کے نزدیک
چیونٹیوں اور چچڑیوں کے جمع
ہونے کی جگہ۔ لشکر۔ نر تیتر۔

بہت تیز۔
الدُّلمِسُ و الدُّلَامِسُ۔ سخت اندھیرا مصیبت۔
الدِّلِیْسُ۔ مصیبت۔
تَدَلْمَصَ۔ رأسُہٗ۔ سر کا چاندلا ہونا۔
الدُّلَمِصُ و الدُّلَامِصُ۔ چمک دار
رَأْسٌ دُلَمِصٌ۔ چاندلا سر۔
دَلِهَ (س)، دَلْهًا و دَلَهًا و دُلُوهًا۔ و تَدَلَّهَ۔ عشق یا غم کی وجہ سے مسلوب العقل ہونا۔ حیران ہونا۔
دَلَهَ۔ (ف) دَلْهًا۔ عنہ۔ تسلی پانا۔
دَلَّهَهٗ۔ حیران کرنا۔ مدہوش کرنا۔
الدَّالِهُ و الدَّالِهَۃُ۔ عشق وغیرہ کے باعث کمزور دل۔ سرگشتہ و دیوانہ۔ کہتے ہیں۔ "ذَهَبَ دَمُهٗ دَلْهًا" اس کا خون رائگاں گیا۔
المُدَلَّهُ۔ حیران۔ کھوئی ہوئی عقل یا دل والا عاشق یا غمزدہ۔
دَلْهَثَ۔ الرجلُ۔ جلد آگے بڑھنا۔
الدَّلْهَثُ و الدُّلَاهِثُ و الدِّلْهَاثُ دلیر۔ آگے بڑھنے والا۔ شیر۔
اِدْلَهَمَّ۔ اللیلُ۔ رات کا سخت تاریک ہونا۔ — الظلامُ۔ اندھیرا گھُپ ہونا — الرجلُ بوڑھا ہونا۔
الدَّلْهَمُ۔ تاریک۔ بھیڑیا۔ نرسطھ تیز۔ عشق سے کھوئی ہوئی عقل والا۔
الدِّلْهَامُ و الدَّلَهْمَسُ۔ دلیر۔ بہادر شیر — الدَّلَهْمَسُ بہت تاریک رات۔
دَلَا (ن)، دَلْوًا و دَلْيًا — الدَّلْوَ۔ ڈول کو کنوئیں میں ڈالنا۔ نکالنے کے لیے کھینچنا — حاجتَہٗ حاجت طلب کرنا۔
دَلَاهُ۔ نرمی اور مدارات کا سلوک کرنا۔ کہتے ہیں: "دَلَوْتُ بفُلَانٍ اِلَیْکَ" میں نے فلاں کو سفارشی بنایا۔ "ودَلَاهُ بِغُرُورٍ" اور اس نے اس کو دھوکہ میں ڈالا۔
دَلَوْتُ بالدَّلْوِ۔ میں نے ڈول سے پانی کھینچا۔ دَلَاهُ بالحَبْلِ مِنَ السطحِ۔ اس نے اس کو رسی کے ذریعہ چھت پر سے لٹکایا۔
دَالَاهُ۔ کسی کے ساتھ رفق و نرمی کا سلوک کرنا۔ مدارات سے پیش آنا۔
اَدْلٰی۔ اِدْلَاءً۔ ڈول کو کنوئیں میں لٹکانا — فیہ۔ کسی کی بدگوئی کرنا۔ غیبت کرنا — بقرابتِہٖ۔ رشتہ داری کا وسیلہ پکڑنا — بحُجَّتِہٖ۔ دلیل پیش کرکے اس سے حجت لانا — الیہ بمال۔ دینا — اُدْلِیَ اِلٰی فُلَانٍ۔ کسی کے پاس اپنا جھگڑا لے جانا۔
تَدَلّٰی۔ الثمرُ مِنَ الشجرِ۔ درخت میں پھل لٹکنا — من الخیلِ۔ گھوڑے سے اترنا۔
اِدْلَوْلٰی۔ اِدْلِیلَاءً۔ جلدی کرنا۔
الدَّلْوُ۔ مع۔ ڈول۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی استعمال ہوتا ہے۔ ج۔ دِلَاءٌ و اَدْلٍ و دُلِیٌّ و دِلِیٌّ و دَلْوٌ۔ کہتے ہیں "اَلْقِ دَلْوَکَ فِی الدِّلَاءِ" یعنی اوروں کی طرح تم بھی اپنی کوشش کرکے دیکھ لو۔ ایک برج آسمانی کا نام۔ اونٹ کا داغ مصیبت۔
الدَّلَاۃُ۔ چھوٹا ڈول۔ ڈولچی۔ ج۔ دُلِیٌّ و دَلَوَاتٌ۔
الدَّالِی۔ فا۔ سیاہ انگور
الدَّالِیَۃُ۔ رہٹ۔ زمین جس کو ڈول یا رہٹ سے سینچا جاتا ہو۔ انگور کی بیل۔ ج۔ دَوَالٍ۔ (یہ مولد ہے)
دَلِیَ (س)، دَلًی۔ حیران ہونا۔
تَدَلّٰی — بہٖ۔ قریب ہونا — لَہٗ، کسی کے سامنے تواضع کرنا۔ فروتنی کرنا۔ خاکساری کرنا۔
دَمَّ (ن)، دَمًّا۔ الشیءَ بالصِّبْغِ اَوِ القِیْرِ ونحوِہِمَا۔ رنگ یا تارکول لتھیڑنا۔ ملنا — الارضَ زمین کو برابر کرنا — الیَرْبُوعُ حُجْرَہٗ۔ جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ کو مٹی وغیرہ سے برابر کرنا۔ بند کرنا — الرجلَ۔ کسی کو بُری طرح عذاب دینا۔ مارنا یا سر کچلنا — القومَ۔ نیزہ مار کر تباہ کر دینا — الرجلُ۔ تیز چلنا۔
دَمَّ (ن ض س)، دَمَامَۃً۔ حقیر و بدہیئت ہونا۔ صفت۔ (دَمِیْمٌ) ج دِمَامٌ۔ مؤنث دَمِیْمٌ و دَمِیْمَۃٌ۔ ج۔ دَمَائِمُ و دِمَامٌ۔
دَمَّمَ — الشیءَ۔ لتھیڑنا۔
اَدَمَّ — الرجلُ۔ بدزبانی کرنا۔ بدشکل بیٹا پیدا ہونا۔
الدَّمُّ و الدِّمَمُ و الدِّمَامُ۔ ہر ایک چیز جو طلاء کے کام میں آئے —
الدَّمُ۔ دم (خون) میں ایک لغت
الدِّمَّۃُ۔ چیونٹی۔ جوں۔ مینگنی۔ بکریوں کا باڑا۔ بلی۔ پست قد۔ حقیر
الدُّمَّۃُ۔ طریقہ۔ گڑیا۔ ج۔ دُمَمٌ۔
الدَّیْمُومُ و الدَّیْمُومَۃُ۔ وسیع

بیابان۔ ج۔ دَیَامِیلُ ۔۔۔ الدَّیمُومَۃُ۔ بمعنی ہمیشگی

المِدَمَّۃُ۔ ایک قسم کی دندانہ دار لکڑی جس سے کاشتکار زمین کو ہموار کرتے ہیں۔

المَدمُومُ۔ خون کی طرح سرخ۔ بہت موٹا۔ چربی دار۔

دَمُثَ (ک) دَمَاثَۃً۔ نرم خو ہونا۔

دَمِثَ (س) دَمَثًا۔ المکانُ وغیرُہ۔ کسی جگہ یا چیز وغیرہ کا نرم اور ہموار ہونا۔

دَمَّثَ۔ المَضجَعَ۔ نرم کرنا۔۔۔ المکانَ۔ نرم کرنا۔۔۔ لَہُ الحَدِیثَ۔ بیان کرنا۔ ذکر کرنا۔

الدَّمثُ و الدَّمَثُ و الدَّمِثُ و الدَّمِیثُ۔ نرم ریتلی جگہ۔ ج۔ دِمَاثٌ و اَدمَاثٌ۔ اور اسی سے ہے "رجلٌ دَمِثُ الاَخلاقِ" نرم خو۔ خوش اخلاق آدمی۔

الدَّمَائِثُ۔ نرم چیزیں۔ واحد (دَمِیثَۃٌ)

دَمَجَ (ن) دُمُوجًا و اندَمَجَ و ادَّمَجَ۔ فِی الشیءِ۔ کسی چیز کا کسی شے میں مضبوطی سے گڑ جانا۔ دَمَجَ الاَمرُ۔ کام ٹھیک و درست ہونا۔

دَمَّجَہُ۔ فِی الشیءِ۔ داخل کرنا۔ گاڑنا۔

دَامَجَہُ دِمَاجًا۔ علیہِ۔ مخالفت پر اتفاق کرنا۔

اَدمَجَ۔ الشیءَ فِی الثوبِ۔ کسی چیز کو کپڑے میں لپیٹنا۔۔۔ الحَبلَ۔ رسی کو خوب اچھی طرح بٹنا۔۔۔ الکلامَ۔ کلام کو حسنِ ترتیب سے آراستہ کرنا۔۔۔ الفَرَسَ۔ گھوڑے کو دبلا کرنا۔

تَدَامَجَ۔ القومُ علیہِ۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔ اکٹھا ہونا۔

تَدَمَّجَ۔ فِی ثِیَابِہٖ۔ اپنے کپڑوں میں لپٹنا۔

الدَّامِجُ۔ فا۔ تاریک۔ کہتے ہیں "لیلٌ دَامِجٌ" تاریک رات۔

الدِّمجُ۔ دوست۔ نظیر۔

الدُّمجَۃُ۔ طریقہ۔ کہتے ہیں "عَلیٰ تِلکَ الدُّمجَۃِ" اسی طریقہ پر۔

الدُّمَاجُ و الدِّمَاجُ۔ بہت مضبوط۔ سیدھا۔

المُدَمَّجُ۔ مفع۔ تیر کی چھڑ۔

المِدمَاجَۃُ۔ پگڑی۔

دَمَخَ (ف) دُمُخًا۔ بلند ہونا۔۔۔ رأسَہُ۔ سر پھوڑنا۔

دَمدَمَ۔ دَمدَمَۃً۔ علیہِ۔ غصہ سے کلام کرنا۔۔۔ اللّٰہُ علیہِم۔ اللہ تعالیٰ نے ان کو ہلاک کر ڈالا۔۔۔ الشیءَ۔ کسی شے کو زمین سے چپکانا۔

الدِّمدِمُ۔ خشک گھاس۔

الدَّمَادِمُ۔ نرم ٹیلے۔

دَمَرَ (ن) دُمُورًا و دَمَارًا و دَمَارَۃً۔ ہلاک ہونا۔ (س۔ دُمُورًا) علیہِم۔ بغیر اجازت کے داخل ہونا یا برے ارادہ سے اچانک آنا۔

دَامَرَ۔ اللیلَ۔ رات بھر جاگنا۔

دَمَّرَہُ و دَمَّرَ علیہِم۔ ہلاک کرنا۔

تَدمُرُ۔ دمشق سے کچھ فاصلہ پر ایک بڑا شہر تھا۔ ایک قلعہ کا نام۔

التَّدمُرِیُّ۔ لئیم۔ موٹا جنگلی چوہا۔ سخت گوشت۔ کہتے ہیں "مَا فِی الدَّارِ تَدمُرِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں ہے۔

دَمَسَ (ن ض) دَمسًا و دُمُوسًا۔ الظلامُ او اللیلُ۔ سخت تاریک ہونا۔ صفت (دَامِسٌ)۔۔۔ المَوضِعُ۔ کسی مقام کا مٹ جانا۔

دَمَسَہُ (ن) دَمسًا و دَمَسَہُ۔ ڈھانپنا۔ چھپانا۔ دفن کرنا۔۔۔

دَمَسَ علیہِ السِّترَ او الخَبَرَ۔ کسی سے بھید یا خبر کو پوشیدہ رکھنا۔۔۔ بینہم۔ اصلاح کرنا۔

دَمِسَت (س) دَمَسًا۔ یَدُہُ۔ ہاتھ کا گندگی میں بھر جانا۔

دَامَسَ مُدَامَسَۃً۔ الشیءَ۔ چھپانا۔ پوشیدہ کرنا۔

اَدمَسَ۔ اللیلُ۔ رات کا تاریک ہونا۔۔۔ الشیءَ۔ چھپانا۔

تَدَمَّسَ۔ لتھڑنا۔ آلودہ ہونا۔

اِندَمَسَ۔ تہ خانہ میں داخل ہونا۔

الدُّمُسُ۔ مع۔ دور سے دکھائی دینے والی شبیہ و صورت۔ "رَأَیتُ دُمُسًا" میں نے ایک صورت دیکھی۔

الدُّمُسُ۔ مِنَ الاُمُورِ۔ بڑے کام۔ کہتے ہیں "جَاءَنَا بِاُمُورٍ دُمُسٍ" وہ بڑے کام لے کر ہمارے پاس آیا۔

الدَّمَسُ و الدَّمِیسُ۔ پوشیدہ۔

الدِّمَاسُ۔ ہر چھپانے والی چیز۔ جو چادر مشکیزہ پر ڈالی جائے۔

الدَّامُوسُ۔ شکاری کے چھپنے کی جگہ۔ ج۔ دَوَامِیسُ۔

الدَّیمَاسُ و الدِّیمَاسُ۔ تہ خانہ۔ حمام۔ قبر۔ ج۔ دَیَامِیسُ۔ و دَمَامِیسُ۔۔۔ لیلٌ اَدمُوسٌ۔ تاریک رات۔

الدَّیَامِیسُ۔ تاریک تہ خانے۔ اور اسی سے دَیَامِیسُ دُومِیَۃٍ ہیں۔

الدُّمُستُقُ۔ یونانی سلطنت میں فوج کا

جرنیل ۔ ج ۔ دَمَاسِقُ ۔

دَمْشَقَ ۔ الامرَ ۔ کسی کام کو عجلت میں ختم کرنا ۔۔۔۔ الشیءَ ۔ زینت و آرائش دینا ۔

تَدَمْشَقَ ۔ دمشق میں آنا ۔

دَمْشَقُ ۔۔۔۔ الیَدَیْنِ ۔ تیز دست پھرتیلا ۔

دِمَشْقُ دِمِشْقُ ۔ شام کا دار الخلافہ نسبت کی صورت میں دِمَشْقِیٌّ بولتے ہیں ۔ ج ۔ دِمَاشِقَۃٌ ۔

دَمَصَ (ن) دَمْصًا ۔ فی الشیءِ ۔ جلدی کرنا ۔ دَمَصَتِ الکَلْبَۃُ بِجِرْوِھَا کتیا کا وقت سے پہلے بچہ جن دینا ۔

دَمِصَ (س) دَمَصًا ۔ سر پر بالوں کا کم ہونا ۔ ابرو کا سروں پر باریک اور درمیان سے موٹا ہونا ۔ صفت (اَدْمَصُ) مؤنث ۔ دَمْصَاءُ ج ۔ دُمْصٌ ۔

دَمَعَتْ (ف) دَمْعًا و دَمِعَتْ (س) دَمَعًا و دَمَعَانًا و دُمُوعًا ۔۔۔۔ العَیْنُ ۔ آنکھ کا آنسو بہانا ۔۔۔۔ دَمَعَ الاِنَاءُ ۔ برتن کا بھر جانا ۔

اَدْمَعَ ۔۔۔۔ الاِنَاءَ ۔ برتن کو کناروں تک بھر دینا ۔

اِسْتَدْمَعَ ۔ آنسو بہانا ۔

الدَّمْعُ ۔ آنسو ۔ ایک قطرہ (دَمْعَۃٌ) ج ۔ دُمُوعٌ و اَدْمُعٌ ۔۔۔۔ دَمْعَۃُ الکَرْمِ ۔ شراب ۔ اِمْرَأَۃٌ دَمِعَۃٌ و دَمِیْعٌ ۔ جلد رو پڑنے والی اور بہت آنسوؤں والی عورت ۔ ج ۔ دَمْعٰی و دَمَائِعُ ۔ و رَجُلٌ دَمِیْعٌ ۔ جلدی رو پڑنے والا اور بہت آنسوؤں والا مرد ۔ ج ۔ دُمَعَاءُ و دَمْعٰی ۔

الدَّامِعُ ۔ فا ۔ مکانٌ دَامِعٌ ۔ نمناک ترجگہ ۔۔۔۔ شَجَّۃٌ دَامِعَۃٌ ۔ خون بہانے والا زخم ۔

الدُّمَّاعُ ۔ درخت کے کاٹنے پر اس سے بہنے والا رس یا مد ۔ بیماری یا بڑھاپے کے سبب آنکھ سے بہنے والا پانی ۔

الدَّمَّاعُ و الدَّمُوعُ ۔ بہت آنسو والا ۔ نمناک جس سے تری ظاہر ہو ۔۔۔۔ یَوْمٌ دَمَّاعٌ ۔ پھوار والا دن ۔۔۔۔ قَدَحٌ دَمْعَانُ ۔ لبالب بھرا ہوا پیالہ جس سے چیز ٹپکنے لگے ۔

المَدْمَعُ ۔ آنسو بہنے کی جگہ ۔ ج ۔ مَدَامِعُ

دَمَغَہ (ن ف) دَمْغًا ۔ دماغ تک زخمی کرنا ۔ صفت مفعول (دَمِیْغٌ و مَدْمُوغٌ) ۔۔۔۔ ہٗ الشمسُ سورج کا دماغ کو تکلیف پہنچانا ۔ ۔۔۔۔ ہٗ ۔ غالب آنا ۔۔۔۔ الحقُّ الباطلَ ۔ حق کا باطل کو مٹانا ۔ بے حقیقت کرنا ۔

دَمَّغَ ۔ الاَطْعِمَۃَ بالدَّسَمِ ۔ کھانے میں چربی ڈالنا ۔

اَدْمَغَہ ۔ الی کذا ۔ کسی کا حاجتمند بنانا ۔

اَدْمَغَ ۔۔۔۔ الطعامَ ۔ کھانا نگلنا ۔ ۔۔۔۔ الشیءَ ۔ داخل کرنا ۔۔۔۔ شَجَّۃٌ دَامِغَۃٌ ۔ زخم جو دماغ تک پہنچ جائے ۔

الدِّمَاغُ ۔ سر کا بھیجا ۔ ج ۔ اَدْمِغَۃٌ اُمُّ الدِّمَاغِ ۔ دماغ پر لپٹی ہوئی باریک جھلی ۔

دَمَقَ (ن) دُمُوقًا ۔ علیہ ۔ بغیر اجازت داخل ہونا ۔

دَمَقَ (ن ض) دَمْقًا ۔ الشیءَ ۔ چرانا ۔۔۔۔ فَاہُ ۔ دانت توڑنا ۔ و دَمَّقَ و اَدْمَقَ ۔ الشیءَ فی الشیءِ ۔ ایک شے کو دوسری میں داخل کرنا ۔

اِنْدَمَقَ ۔ علیہ ۔ بغیر اجازت کے داخل ہونا ۔ نکلنا ۔

الدَّمَقُ ۔ برف ملی ہوئی سخت ہوا ۔ (یہ فارسی کلمہ ہے)

الدَّامِقُ ۔ فا ۔ ۔۔۔۔ و الدَّمُوقُ مِنَ الرِّجَالِ ۔ برا بے فیض آدمی ۔

المُنْدَمَقُ ۔ داخل ہونے کی جگہ ۔

الدِّمَقْسُ و الدِّمَقَاسُ ۔ سفید ریشم ۔ دیباج ۔ ثَوْبٌ مُدَمْقَسٌ ۔ ریشم سے بنا ہوا کپڑا ۔

دَمَكَ (ن) دُمُوكًا ۔۔۔۔ الاَرْنَبُ خرگوش کا تیز دوڑنا ۔۔۔۔ الشیءُ ۔ کسی چیز کا چکنا اور چمک دار ہونا ۔

(۔۔۔۔ دَمْكًا) ۔۔۔۔ الشیءَ ۔ پیسنا ۔ ۔۔۔۔ الرِّشَاءَ ۔ رسی بٹنا ۔

الدَّامِکَۃُ ۔ مصیبت

الدَّمُوکُ ۔ تیز گذر جانے والا ۔ کہتے ہیں "رَحیً دَمُوکٌ" تیز پیسنے والی چکی ۔

المِدْمَکُ ۔ روٹی بڑھانے کا بیلن ۔

المِدْمَاکُ ۔ عمارت میں اینٹوں یا پتھروں کا ردا ۔ ج ۔ مَدَامِیْکُ ۔

الدَّمَکْمَکُ ۔ بہت مضبوط ۔ رَحیً دَمَکْمَکٌ ۔ بہت پیسنے والی چکی ۔

دَمَلَ (ن) دَمْلًا و دَمَلَانًا و اَدْمَلَ ۔۔۔۔ الارضَ ۔ زمین میں کھاد ڈال کر اس کو درست کرنا ۔۔۔۔ (دَمَلَ (ن) دَمْلًا)

الدُّمَّلُ ۔ پھوڑے کو اچھا کرنا ۔۔۔۔ (دَمَّلَ و دَوْمَلَ) بینہم ۔ صلح کرانا ۔

دَمِلَ (س) دَمَلاً واِنْدَمَلَ و
اِدَّمَلَ — الجرحُ. زخم کا
اچھا ہونا.
دَامَلَهٗ. مدارات کرنا. نرمی سے
سلوک کرنا.
تَدَمَّلَ — المکانُ. کسی جگہ کا کھاد
سے درست ہوجانا.
تَدَامَلَ. القومُ. آپس میں صلح کرنا.
الدَّمَلُ. مص. نرمی.
الدُّمَّلُ والدُّمَلُ. پھوڑا. پھنسی.
واحد. دُمَّلَةٌ ج. دَمَامِلُ و
دَمَامِیْلُ.
الدَّمَالُ. دریا کا بہاؤ میں لایا ہوا
خس وخاشاک. سڑی ہوئی
سیاہ کھجوریں. جانوروں کی
مینگنیاں اور مٹی وغیرہ جو ان کے
پاؤں میں روندی گئی ہو. کھاد.
کہتے ہیں "ھٰذَا دَمَالُ ذَاکَ"
یہ اس کا مصلح ہے.
الدَّمَّالُ. زمین کو کھاد ڈال کر درست
کرنے والا.
دَمْلَجَ دَمْلَجَةً ودِمْلاجاً — الشیءَ.
کسی شے کو اچھی طرح ڈھالنا.
الدُّمْلُجُ والدِّمْلَجُ. ج. دَمَالِجُ و
(الدُّمْلُوجُ) ج. دَمَالِیْجُ. بازو
بند. پہنچی. کہتے ہیں. "اَلْقٰی عَلَیْهِ
دَمَالِجَهٗ" اس نے اپنا بوجھ
اس پر لاد دیا.
دَمْلَحَ. لڑھکانا.
دَمْلَقَهٗ. چکنا کرنا. ہموار کرنا —
حَجَرٌ دَمْلَقٌ ودُمْلَقٌ ودُمَلِقٌ و
دُمَالِقٌ، چکنا پتھر.
دَمْلَکَ — الشیءَ. چکنا کرنا.
تَدَمْلَکَ. چکنا ہونا — الثدیُ.
پستان کا گولائی میں ابھرنا.

الدُّمْلُوکُ. چکنا اور گول پتھر.
دَمَنَ (ن) دَمْناً — الارضَ. زمین
میں کھاد ڈالنا.
دَمِنَ (س) دَمَناً — النخلُ. کھجور کا
سیاہ اور بدبودار ہونا —
علیه. کسی سے کینہ رکھنا.
دَمَّنَ — البعیرُ المکانَ. اونٹ کا
کسی جگہ مینگنی کرنا — بابَ
فلانٍ. کسی کے دروازہ کو نہ
چھوڑنا — فلاناً. کسی کو
رخصت دینا.
اَدْمَنَ — الشیءَ. ہمیشہ کرنا. کہتے ہیں
"رجلٌ مُدْمِنُ خَمْرٍ" ہمیشہ
شراب پینے والا آدمی.
تَدَمَّنَ — المکانُ اَوِ الماءُ. کسی
جگہ یا پانی کا اونٹ یا بکریوں کی
مینگنیوں سے پلید ہوجانا.
الدَّمَنُ. مص. کھجور کے درخت کی
بدبو اور سیاہی.
الدِّمْنُ والدَّمَّانُ. گوبر. کھاد. راکھ
کھجور کی بو. کہتے ہیں "ھُوَ دِمْنُ
مَالٍ" وہ مال کا منتظم ہے.
الدِّمْنَةُ. گھر کے نشانات. حوض میں
بقیہ پانی. گھورا. ج. دِمَنٌ و
دِمْنٌ. خَضْرَاءُ الدِّمَنِ وخُضْرَةُ
الدِّمَنِ. گھورے پر اگا ہوا سبزہ
یہ دونوں مثالیں ان چیزوں کے
لیے بولی جاتی ہیں جن کا ظاہر اچھا
ہو اور باطن خراب وناکارہ ہے.
الدِّمْنَةُ. پرانا بیٹھا ہوا کینہ —
فی قلبه دِمْنَةٌ. اس کے دل
میں پرانا کینہ ہے.
دَمِهَ (س) دَمَهاً — الرملُ. ریت
کا سخت گرم ہونا.
دَمَهَتْهُ — الشمسُ. دھوپ کا

کسی کو جلانا.
دَمِیَ (س) دَمًی ودُمِیًّا — الجرحُ.
زخم کا خون دیدینا. صفت (دَمٍ)
دَمَّی تَدْمِیَةً واَدْمٰی اِدْمَاءً — الجرحَ
زخم سے خون نکالنا — اَدْمَی
الرجلَ. کسی کا خون بہانا —
دَمَّی بفلانٍ. راستہ آسان کرنا
قریب کرنا.
اِسْتَدْمٰی. مِن غَرِیْمِهٖ. قرضدار سے
قرض برفق ونرمی وصول کرنا.
— الرجلَ. کسی کا سر جھکا کر
ناک سے خون بہانا — الذبیحَ
خون لینا.
الدَّامِی. فا. جس کا خون بہتا ہو —
ودَامِی الشفةِ. غریب یا مانگنے
کا حریص.
الدَّامِیَةُ. مؤنث الدَّامِی. وہ زخم یا
چوٹ جس سے خون بہے.
الدَّمُ. اس کی اصل دَمْیٌ اور بعض
کے نزدیک دَمَوٌ تھی. لام کلمہ
حذف کیا گیا. کبھی اس کو میم سے
بدل کر دَمٌّ مشدد بولتے ہیں. تثنیہ
دَمَانِ ودَمَیَانِ ودَمَوَانِ
ج. دِمَاءٌ ودُمِیٌّ. تصغیر. دُمَیٌّ
نسبت کے لیے (الدَّمِیُّ و
الدَّمَوِیُّ)
دَمُ الاَخَوَیْنِ. ایک دوا ہے. نیز
کہا جاتا ہے "[illegible]"
خون کا وعیدہ.
الدَّمَةُ. خون کا ٹکڑا.
الدُّمْیَةُ. پتلی خون کی طرح سرخ
بت ج. دُمًی.
الدَّمْیَاءُ. خیر وبرکت.
المُدَمّٰی. بہت سرخ رنگ گھوڑا
وغیرہ. وہ تیر جس پر خون خشک ہو

گیا ہو۔

دَنَّ (ن)، دَنًّا و دَنِینًا۔ الذُّبَابُ۔ مکھی کا بھنبھنانا۔ (۔۔۔ دَنِینًا) الرجلُ۔ گنگنانا۔ غیر مفہوم کلام کہنا۔

دَنَّ (س)، دَنَنًا۔ کوزہ پشت ہونا۔ جھکی ہوئی کمر والا ہونا۔ صفت۔ (اَدَنُّ)، مؤنث۔ دَنَّاءُ۔ ج۔ دُنٌّ ۔ بَیْتٌ اَدَنُّ۔ پست مکان۔

اَدَنَّ۔ بالمکانِ۔ کسی جگہ اقامت کرنا۔

الدَّنُّ۔ بڑا مٹکا جو زمین میں گڑھا کھود کر رکھا جا سکے۔ ج۔ دِنَانٌ۔

الدَّنِیَّةُ۔ کلاہ۔

الدِّنَّةُ۔ چیونٹی کی طرح ایک جانور۔

دَنَأَ (ف)، دُنُوءًا و دَنَاءَةً۔ ذلیل و خسیس ہونا۔ صفت۔ (دَنِیٌٔ)، ج۔ اَدْنَاءُ و دُنَاءٌ۔

دَنِئَ (س)، دَنَاءً۔ الرجلُ۔ کبڑا ہونا صفت (اَدْنَأُ)، مؤنث۔ دَنْأٰی۔

اَدْنَأَ۔ ادنیٰ سواری پر سوار ہونا۔

دَنَّأَهُ۔ دنی بنانا۔

تَدَنَّأَهُ۔ کمینگی پر اکسانا۔

الدَّنِیْئَةُ۔ برائی۔ نقص۔

الدِّنَّبُ و الدِّنَّبَةُ و الدِّنَابَةُ۔ پست قد۔ بونا۔

دَنَجَ (ن)، دِنَاجًا۔ الامرَ۔ کسی کام کو پختگی اور مضبوطی سے کرنا۔

دَنَحَ (ف)، دُنُوحًا و دَنَحَ۔ ذلیل ہونا۔ سر جھکانا۔

دَنَخَ (ف)، دَنْخَانًا۔ بوجھ کی وجہ سے سست چلنا۔

دَنَّخَ۔ منکسر و فروتن ہونا۔ سر جھکانا۔ گھر میں رہنا۔

المُدَنِّخُ۔ فحش گو۔ بد زبان۔

دَنْدَنَ دَنْدَنَةً۔ الذُّبَابُ۔ مکھی کا بھنبھنانا ۔۔۔ الرجلُ۔ کسی کا گنگنانا۔ اور غیر مفہوم و مبہم کلام بولنا ۔۔۔ حَوْلَ الماءِ۔ پانی کے گرد گھومنا۔

الدِّنْدِنُ۔ گنگناہٹ۔ بھنبھناہٹ۔ کھنگی کی وجہ سے سیاہ پودا۔

دَنَّرَ الدِّینَارَ تَدْنِیرًا۔ دینار بنانا ۔ دَنَّرَ الوَجْهُ۔ چہرہ کا چمکنا۔

دُنِّرَ۔ بہت دیناروں کا مالک ہونا

الدِّینَارُ۔ سونے کا ایک پرانا سکہ۔ ج۔ دَنَانِیرُ۔ حَقِیقَةُ الدِّینَارِ ایک قسم کا پودا۔

دَنِسَ (س)، دَنَسًا و دَنَاسَةً ۔ عِرْضُهُ اَوْ ثَوْبُهُ اَوْ خُلُقُهُ۔ عزت و اخلاق کا عیب دار ہونا۔ اور کپڑے کا میلا ہونا۔ صفت۔ (دَنِسٌ) ج۔ اَدْنَاسٌ و مَدَانِیسُ

دَنَّسَهُ۔ میلا کرنا۔ "دَنَّسَهُ سُوْءُ خُلُقِهِ" اس کی بد خلقی نے اس کو عیب دار کر دیا۔

تَدَنَّسَ۔ میلا کچیلا ہونا۔

الدَّنَسُ۔ مص۔ میل کچیل۔ ج۔ اَدْنَاسٌ

المَدَانِسُ۔ عیوب۔ میلی گندی جگہیں۔ کہتے ہیں "هُوَ یَتَصَوَّنُ مِنَ الاَدْنَاسِ و المَدَانِسِ" وہ عیوب سے اپنا دامن بچاتا ہے۔

دَنُعَ (ف)، دُنُوعًا و دَنَاعَةً۔ کمینہ ہونا بے خیر ہونا۔ صفت (دَانِعٌ و دَنْعٌ و دَنِعٌ و دَنِیعٌ و دَنِیعَةٌ)

دَنِعَ۔ بھوکا ہونا۔ ذلیل ہونا۔ کمینہ ہونا۔

اَدْنَعَ۔ نیکوں کی راہ چلنا ۔۔۔ رجلٌ (دَنَعَةٌ)، بے خیر اور بے فیض آدمی۔ کہتے ہیں "هُوَ مِنْ دَنِعَ النَّاسِ" وہ رذیل لوگوں میں سے ہے۔

دَنِفَ (س)، دَنَفًا ۔۔۔ المَرِیضُ بیمار کا مرض کی شدت سے قریب الموت ہونا ۔۔۔ الشَّمْسُ سورج کا زرد پڑ کر ڈوبنے کے قریب ہونا ۔۔۔ الامرُ۔ کام کا نزدیک ہونا۔

اَدْنَفَ۔ المَرِیضُ۔ بیماری کی شدت کی وجہ سے بیمار کا قریب الموت ہونا ۔۔۔ الشَّمْسُ۔ سورج کا زرد پڑ کر غروب کے قریب ہونا۔ ۔۔۔ ہ المَرَضُ۔ بیماری کا کسی کو تباہ کر دینا ۔۔۔ الشَّیْءَ۔ قریب کرنا۔

الدَّنَفُ۔ مص۔ سخت مزمن بیماری مزمن بیماری کا مریض۔ (مفرد، جمع مذکر و مؤنث سب میں یکساں آتا ہے)، کہتے ہیں "کَادَتِ الشَّمْسُ تَکُونُ دَنَفًا" سورج ڈوبنے کے قریب ہے۔

الدَّنِفُ۔ لمبی بیماری کا مریض۔ ج۔ اَدْنَافٌ۔ مؤنث دَنِفَةٌ۔ ج۔ دَنِفَاتٌ

دَنْقَشَ۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ کنکھیوں سے دیکھنا۔

دَنَقَ (ن ض)، دُنُوقًا۔ حریص ہونا۔ باریک امور نکالنے کا حریص ہونا۔ مؤنث (دَنِیقٌ)، ج۔ دُنُقٌ۔

دَنَّقَ۔ الوَجْهُ۔ غم یا بیماری سے چہرہ کا نڈھال ہونا ۔۔۔ لِلْمَوْتِ قریب الموت ہونا ۔۔۔ العَیْنُ آنکھ میں گڑھے پڑنا۔ حلقے پڑنا ۔۔۔ الشَّمْسُ۔ سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا ۔۔۔ الرجلُ۔ مرنا ۔۔۔ الیه النَّظَرَ۔ کسی پر ٹکٹکی لگانا۔ کسی کو گھورنا۔

الدَّنَقَةُ۔ گیہوں میں ایک قسم کا دانہ ہوتا ہے

الدَّانِقُ۔ احمق۔ چور (۔۔۔ و الدَّانَقُ)، درہم کا چھٹا حصہ۔ ج۔ دَوَانِقُ و

دَدَانِیْقُ۔ (فارسی لفظ ہے)
دَنْقَسَ۔ ترچھی نظر سے دیکھنا — بینھُم۔ فساد ڈالنا۔
دَنْکَسَ۔ فی بیتِہٖ۔ گھر میں چھپ کر بیٹھنا اور لوگوں کی حاجتوں کے لیے نہ نکلنا۔
دَنَا یَدْنُو دُنُوًّا و دَنَاوَۃً۔ لِلشَّیْءِ و مِنْہُ و اِلَیْہِ۔ قریب ہونا۔ صفت (دَانٍ)، ج۔ دُنَاۃٌ۔
دَنِیَ یَدْنٰی (س)، دَنًا و دَنَایَۃً۔ گھٹیا اور ردی ہونا۔ صفت (دَنِیٌّ)، ج۔ اَدْنِیَاءُ۔
دَنَّاہُ تَدْنِیَۃً۔ نزدیک کرنا — دَنّٰی فِی الاُمُوْرِ۔ ہر چھوٹے بڑے امر کے پیچھے لگنا۔
دَانٰی مُدَانَاۃً — القَیْدَ۔ بیڑی کو سخت کرنا — بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ دونوں امروں کے وسط میں ہونا۔ — الاَمْرَ۔ نزدیک ہونا۔ قریب ہونا۔
اَدْنٰی اِدْنَاءً۔ تنگ زندگی گذارنا۔ قریب ہونا۔ قریب کرنا۔ کسی کو کسی کے نزدیک کرنا — السِّتْرَ۔ پردہ لٹکانا۔
تَدَنّٰی۔ تھوڑا تھوڑا قریب ہونا۔ کہتے ہیں۔ "بَعِیْدٌ یَتَدَنّٰی خَیْرٌ مِنْ قَرِیْبٍ یَتَبَعَّدُ" وہ بعید جو تھوڑا تھوڑا قریب ہوتا جائے اس قریب سے بہتر ہے جو دور ہٹتا جائے۔
تَدَانٰی۔ تَدَانِیًا۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا — تَدَانَتْ اِبِلُہٗ اونٹوں کا کم ہونا اور کمزور ہونا۔
اِدَّنٰی۔ قریب ہونا۔
اِسْتَدْنَاہُ۔ قریب آنے کی درخواست کرنا۔

الدَّنَاوَۃُ۔ مص۔ قرابت۔ کہتے ہیں۔ "بَیْنَھُمَا دَنَاوَۃٌ" ان کے درمیان قرابت ہے۔
الاَدْنٰی۔ دَنِیٌّ کا اسم تفضیل۔ ج۔ اَدَانٍ و اَدْنَوْنَ۔ مؤنث۔ دُنْیَا۔ ج۔ دُنًی۔ الاَدْنَوْنَ۔ نسب میں قریب ترین رشتہ دار لوگ۔
الدُّنْیَا۔ موجودہ زندگی۔ ج۔ دُنًی۔ نسبت کے لیے (دُنْیَوِیٌّ و دُنْیَاوِیٌّ و دُنْیِیٌّ) کہتے ہیں۔ "ھُوَ فِی دُنْیَا دَانِیَۃٍ" وہ آسودہ زندگی میں ہے۔ "ھُوَ ابْنُ عَمٍّ دِنْیٌ و دِنْیًا و دُنْیَا و دِنْیَۃً" وہ نسب سے متعلق ہونے والا چچازاد بھائی ہے۔
المُدْنِی۔ مفعو۔ من الرِّجَالِ۔ کمزور۔ نَاقَۃٌ مُدْنٍ و مُدْنِیَۃٌ۔ وضع حمل کے قریب ہونے والی اونٹنی۔
دَھَثَہٗ (ن) دَھْثًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
دَھْدَمَ — البِنَاءَ۔ عمارت کو ڈھانا۔ گرانا۔
تَدَھْدَمَ۔ ڈھینا۔ گرنا۔
دَھْدَہَ۔ و دَھْدٰی۔ الحَجَرَ۔ پتھر کو لڑھکانا۔
تَدَھْدَہَ و تَدَھْدٰی۔ لڑھکنا۔
الدُّھْدُوْہُ و الدُّھْدُوَّۃُ و الدُّھْدِیَّۃُ۔ گوبر کی گولی جس کو گبریلا لڑھکاتا ہے۔
الدَّھْدَا و الدَّھْدَاءُ۔ چھوٹے اونٹ۔ کہتے ہیں۔ "مَا اَدْرِی اَیُّ الدَّھْدَاءِ ھُوَ" میں نہیں جانتا وہ کون آدمی ہے۔
دَھَرَ (ف)، دَھْرًا۔ القَوْمَ و بِالقَوْمِ اَمْرٌ مَکْرُوْہٌ۔ قوم کو مکروہ، و ناپسند بات پہنچنا۔

الدَّھْرُ۔ لمبا زمانہ۔ دراز مدت — دَھْرُ الاِنْسَانِ۔ وہ زمانہ جس میں انسان زندہ ہے۔ یہ "عصر" کے ہم معنی ہے۔ مصیبت۔ انتہاء عادت۔ کہتے ہیں "مَا ذَاکَ بِدَھْرِی" یہ میری عادت نہیں "مَا دَھْرِی بِکَذَا" یہ میری غایت و انتہا نہیں۔ غلبہ۔ ج اَدْھُرٌ و دُھُوْرٌ۔ کہا جاتا ہے "لَا اٰتِیْہِ دَھْرَ الدَّاھِرِیْنَ" میں اس کے پاس کبھی نہیں آؤں گا۔
الدَّھْرِیُّ۔ مادہ پرست جو زمانہ کو غیر مخلوق جانتا ہو۔
الدَّھْرِیَّۃُ۔ عالم کو قدیم ماننے والا فرقہ۔
الدُّھْرِیُّ۔ بہت بوڑھا — دَھْرٌ دَاھِرٌ و دَھِیْرٌ (مبالغہ) یعنی شدید و طویل۔
الدِّھَارُ و المُدَاھَرَۃُ۔ غیر میعادی معاملہ کرنا۔
الدَّھَارِیْرُ۔ پرانے زمانے۔ اس کا واحد نہیں۔ مصائب زمانہ۔ مصیبتیں، آفتیں۔ "دُھُوْرٌ دَھَارِیْرُ" لمبے زمانے۔ "کَانَ ذٰلِکَ فِی دَھْرِ الدَّھَارِیْرِ" یہ پرانے زمانہ میں تھا۔
دَھِسَ (س)، دَھَسًا — المَکَانُ۔ کسی جگہ کا نرم ہونا۔ صفت (اَدْھَسُ)، مؤنث۔ دَھْسَاءُ۔ ج۔ دُھْسٌ۔
الاَدْھَسُ۔ سرخی مائل سیاہ۔
اَدْھَسَ۔ القَوْمُ۔ نرم زمین پر چلنا۔
الدَّھْسُ۔ نباتات کہ ابھی اس پر سبزی غالب نہ ہوئی ہو۔ وہ زمین

کہ ابھی اچھی طرح اس پر روئیدگی ظاہر نہ ہوئی ہو۔ ج آدْهَاسٌ۔

دَهَاسَةُ الْخُلُقِ۔ طبیعت کی نرمی۔ نرم مزاجی۔

دَهِشَ (س)، دَهَشًا و دُهِشَ۔ حیران ہونا۔ صفت (دَهِشٌ و مَدْهُوشٌ و دَهْشَانُ)،

دَهَّشَه و اَدْهَشَه۔ حیران کرنا۔ مدہوش کرنا۔

دَهَقَ (ف)، دَهْقًا ــــ الكَاسُ پیالہ بھرنا ــــ المَاءَ۔ پانی کو زور سے گرانا ــــ الشَّيءَ۔ کسی چیز کو توڑنا کاٹنا ــــ هٗ۔ مارنا۔

اَدْهَقَ۔ الكَاسَ۔ بھرنا ــــ هٗ جلدی کرانا۔

اِدَّهَقَتِ۔ الحِجَارَةُ۔ پتھروں کا آپس میں سختی سے پیوست ہونا۔

الدَّهَقُ۔ شکنجہ جس میں مجرموں کی پنڈلیاں ڈالی جاتی ہیں۔

الدِّهَاقُ۔ مِنَ الكُؤُسِ۔ بھرا ہوا پیالہ ــــ كَاسٌ دِهَاقٌ۔ لبالب پیالہ ــــ مَاءٌ دِهَاقٌ۔ بہت پانی۔

دَهْقَنَ۔ القومُ فُلَانًا۔ قوم کا کسی کو رئیس بنانا۔ چودھری بنانا۔

تَدَهْقَنَ۔ چودھری یا رئیس ہونا۔

الدَّهْقَنَةُ۔ سرداری۔ ریاست

الدُّهْقَانُ والدِّهْقَانُ۔ چودھری۔ زیلدار۔ نمبردار۔ ج۔ دَهَاقِنَةٌ ودَهَاقِينُ۔ الدَّهْقَانُ۔ تاجر۔

دَهَكَ (ف)، دَهْكًا۔ الشَّيءَ۔ پیسنا۔ توڑنا ــــ الاَرْضَ۔ روندنا۔

الدِّهْلِيزُ۔ ڈیوڑھی۔ لمبا تنگ راستہ ج۔ دَهَالِيزُ۔ آبنَاءُ الدَّهَالِيزِ

لاوارث بچے جو زمین پر پھینکے ہوئے اٹھا لیے جائیں۔ گرے پڑے بچے۔

دَهَمَه (ف)، ودَهِمَه (س)، دَهْمًا۔ ــــ الامرُ۔ اچانک آ گرنا۔

دَهَمَتِ۔ النارُ القِدْرَ۔ آگ کا ہانڈی کو سیاہ کرنا

اَدْهَمَه۔ کسی کو غمگین کرنا۔

اِدْهَمَّ وادْهَامَّ ادْهِيمَامًا۔ ــــ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا سیاہ ہونا۔

الدَّهْمُ۔ بڑی تعداد۔ ج۔ دُهُومٌ۔

الاَدْهَمُ۔ سیاہ اور پرانے نشانات و آثار۔ مؤنث۔ دَهْمَاءُ ج۔ دُهْمٌ۔ الاَدْهَمُ۔ بیڑی۔ ج۔ اَدَاهِمُ۔

الدُّهْمُ۔ ماہ قمری کی آخری تین راتیں۔ مخلوق۔ کہتے ہیں "اَيُّ الدُّهْمِ هُوَ" وہ اللہ کی کونسی مخلوق ہے۔

الدُّهْمَةُ۔ سیاہی۔

الدَّهْمَاءُ۔ مؤنث۔ الاَدْهَمُ۔ ہانڈی۔ لوگوں کا گروہ۔ قمری ماہ کی انتیسویں رات۔ ایک قسم کی گھاس جس سے چمڑا رنگتے ہیں۔

حَدِيقَةٌ دَهْمَاءُ ومُدْهَامَّةٌ، وہ باغ جس کی سرسبزی مائل بہ سیاہی ہو۔

الدُّهَيْمُ والدُّهَيْمَاءُ واُمُّ الدُّهَيْمِ۔ مصیبت۔ احمق بے وقوف۔

دَهْمَجَ ــــ الشيخُ۔ بوڑھے کا بیڑی والے کی طرح آہستہ چلنا ــــ الخَبَرَ۔ خبر میں کچھ زیادتی کرکے بیان کرنا۔

الدَّهْمَجُ والدُّهَامِجُ۔ ہر بڑے جسم والی شے۔ دو کوہان والا اونٹ

دَهَنَ (ن)، دَهْنًا ودَهْنَةً ــــ الرَّأسَ سر میں تیل یا خوشبو لگانا ــــ الشَّيءَ۔ کسی شے کو تر کرنا۔ تیل لگانا۔

دَاهَنَه دِهَانًا ودَاهَنَه مُدَاهَنَةً و اَدْهَنَه۔ دھوکا دینا۔ فریب دینا۔ منافقت کرنا ــــ واَدْهَنَ عليه۔ باقی رکھنا۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا اَدْهَنْتُ اِلَّا عَلٰى نَفْسِكَ" اپنے سوا تو نے کسی پر کچھ باقی نہیں رکھا۔

دَهَنَتْ (ف ن ض)، دَهَانًا ودَهَانَةً ــــ النَاقَةُ۔ اونٹنی کا کم دودھ والی ہونا

دَهَّنَ۔ بمعنی دَهَنَ۔ تیل لگانا۔ تر کرنا۔

تَدَهَّنَ وادَّهَنَ۔ تیل سے چکنا ہونا۔

الدَّهْنُ۔ مص۔ تھوڑی بارش جو زمین کو تر نہ کرے۔

الدُّهْنُ۔ دَهَنَ کا اسم ــــ دُهْنُ الشَّيءِ۔ کسی چیز کا تیل۔ ج اَدْهَانٌ ودِهَانٌ۔

الدُّهْنَةُ۔ تھوڑا سا تیل۔ " هُوَ طَيِّبُ الدُّهْنَةِ" وہ عمدہ خوشبو والا ہے۔

الدَّهْنَاءُ۔ بیابان۔ ریگستان۔ سرخ گھاس۔

الدَّهَّانُ۔ تیل لگانے والا۔ تیل بیچنے والا۔ تیلی۔

الدِّهَانُ۔ ادھوڑی۔ پھسلنے کی جگہ۔ وارنش۔ پینٹ۔

الدَّهِينُ۔ تیل لگایا ہوا۔ کمزور۔

المُدْهُنُ۔ تیل لگانے کا آلہ۔ وارنش کرنے کا برش۔ تیل کی شیشی۔ ج۔ مَدَاهِنُ۔

دَهْوَرَ ــــ الشَّيءَ۔ کسی کو گڑھے میں گرانا۔ پھینکنا۔ دیوار گرانا۔ لقمہ

نکلنا۔

تَدَهْوَسَ۔ گڑھے میں گرنا۔ رات کا گذر جانا۔

دَهَیٰ (ف)، دَهْیًا و دَهْیٌ۔ فُلَانًا کسی کو چالاکی کی طرف منسوب کرنا عیب لگانا۔ مرتبہ گھٹانا۔ کسی کو مصیبت پہنچانا۔

دَهِیَ (س)، دَهْیًا و دَهَاءَۃً و دَهَاءً۔ چالاک اور ہوشیار ہونا۔ صفت (دَاهٍ، ج۔ دُهَاۃٌ و دُهٍ) ج دَهُوْنٌ۔ و(۔۔۔ دَاهِیَۃٌ) ج دَوَاهٍ۔ اس میں تا ر مبالغہ کی ہے۔ کہتے ہیں " رَجُلٌ دَاهِیَۃٌ و اِمْرَأَۃٌ دَاهِیَۃٌ"۔

تَدَهّٰی۔ چالاک و ہوشیار ہونا۔

دَاهیٰ مُدَاهَاۃً و دِهَاءً۔ القَوْمَ۔ ان پر مصیبت ڈالنا۔

تَدَاهیٰ۔ بتکلف ہوشیاری کرنا۔

الدَّهَاءُ۔ زیرکی۔ ہوشیاری۔ مکر و حیلہ۔

الدَّاهِیَۃُ۔ ناپسندہات۔ مصیبت بڑا معاملہ۔ ج۔ دَوَاهٍ۔

دَاهِیَۃٌ دَهْیَاءُ۔ سخت مصیبت ۔۔۔ دَوَاهِی الدَّهْرِ۔ حوادث الدہر۔

الدَّهِیُّ۔ دانا۔ دوراندیش۔ ج۔ اَدْهِیَاءُ و دُهْوَاءُ۔

دَاءَ یَدَاءُ (ف)، دَاءً و دَوْءًا و اَدْوَأَ اِدْوَاءً و اِدَّاءً و اِدَاءَۃً بیمار ہونا۔ صفت دَاءٍ و مُدِیْءٌ۔

اَدْوَأَہٗ۔ بیمار بنانا۔

الدَّاءُ۔ بیماری۔ ج اَدْوَاءٌ ۔۔۔ دَاءُ الذِّئْبِ۔ بھوک۔ دَاءُ الثَّعْلَبِ وہ بیماری جس سے سر کے بال گر جاتے ہیں۔ اس کو "الحاصَّۃ" بھی کہتے ہیں۔ اگر کھال بھی گرنے لگے، تو یہ بیماری "دَاءُ الحَیَّۃِ" کہلاتی ہے ۔۔۔ دَاءُ الفِیْلِ۔ فیل پا کی بیماری۔ کہتے ہیں " بہ دَاءُ الظَّبْیِ" یعنی اسے کوئی بیماری نہیں " وفلانٌ مَیِّتُ الدَّاءِ" فلاں شخص کو اگر ایذا پہنچائی جائے تو وہ پھر بھی کینہ نہیں رکھتا۔

الدَّوِیُّ۔ بیمار۔

دَاجَ (ن)، دَوْجًا۔ خدمت کرنا۔

الدَّاجَۃُ۔ فوج کے پیرو۔ خادم وغیرہ چھوٹی چھوٹی ضرورتیں۔ کہتے ہیں " مَا تَرَکْتُ حَاجَۃً وَلَا دَاجَۃً " میں نے چھوٹی بڑی کوئی حاجت نہیں چھوڑی۔

دَاحَ (ن)، دَوْحًا۔ البَطْنُ پیٹ کا پھول کر لٹک جانا ۔۔۔ الشَّجَرَۃُ درخت کا بڑا ہونا۔ صفت دَائِحَۃٌ۔ ج۔ دَوَائِحُ۔

دَوَّحَ۔ المالَ۔ جدا کر دینا ۔۔۔ البَطْنُ پیٹ کا پھول کر لٹک جانا

تَدَوَّحَ و اِنْدَاحَ۔ البَطْنُ۔ پیٹ کا پھولنا اور لٹک جانا ۔۔۔ اِنْدَاحَ الشَّیْءُ کسی چیز کا پھیلنا۔ چوڑا ہونا۔

الدَّوْحَۃُ۔ بڑا پھیلا ہوا درخت۔ بڑا سائبان۔ ج۔ دَوْحٌ۔ جج۔ اَدْوَاحٌ

الدَّوْحُ۔ بڑا وسیع گھر۔

الدَّاحُ۔ بچوں کا خوش شکل ہونا۔ ریشم کا بٹا ہوا کنگن۔

الدَّاحَۃُ۔ دنیا۔

الدَّوَّاحُ۔ بہت بلند۔

دَاخَ (ن)، دَوْخًا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی اور فروتنی کرنا ۔۔۔ البِلَادَ۔ ملک پر اپنا اقتدار جمانا۔ اور غالب ہونا۔

دَوَّخَ۔ البِلَادَ۔ (دَوْخًا)۔ ملک میں چکر لگا کر اس کے حالات سے واقفیت حاصل کرنا۔ ملک پر غالب آکر اس کو اپنے قبضہ میں لے آنا ۔۔۔ الرَّجُلَ۔ کسی کو ذلیل و عاجز کرنا ۔۔۔ الوَجَعُ رَأْسَہٗ۔ درد سر کا سر کو چکرا دینا۔

اَدَاخَہٗ۔ ذلیل کرنا۔

الدَّوْخَۃُ۔ چکر۔ دوران سر۔ اس کے لیے فصیح لفظ الدُّوَارُ اور الهُدَامُ ہے۔

لَیْلٌ دَائِخٌ۔ تاریک رات۔

دَادَ یَدَادُ دَوْدًا و دَوِّدَ و دِیْدَ و اَدَادَ اِدَادَۃً۔ الطَّعَامُ۔ کھانے میں کیڑا پڑنا۔ صفت۔ مَدُوْدٌ۔

الدُّوْدَۃُ۔ کیڑا۔ ج۔ دُوْدٌ و دِیْدَانٌ دُوْدَۃُ القَزِّ۔ ریشم کا کیڑا۔

الدُّوَادُ۔ چھوٹے کیڑے۔ تیز رفتار آدمی۔

الدُّوَیْدُ۔ دُوْدٌ کی تصغیر۔ یعنی چھوٹا کیڑا۔

الدَّوْدَاۃُ۔ جھولا۔ ہنڈولا۔ ج دَوَادِی۔

الدِّیْدَاحُ۔ تیز دوڑ۔

الدَّوَادَارُ و الدَّوَیْدَارُ۔ منشی۔ کاتب

دَارَ (ن)، دَوْرًا و دَوَرَانًا۔ گھومنا۔ چکر کھانا ۔۔۔ الدَّهْرُ۔ زمانہ کا پلٹا کھانا۔ بدلنا ۔۔۔ بِالشَّیْءِ و عَلَیْہِ و حَوْلَہٗ۔ کسی شے کے گرد گھومنا۔

دِیْرَ ۔۔۔ بہ۔ سر کا چکرانا۔ دوران سر لاحق ہونا۔

دَوَّرَہٗ۔ گول بنانا ۔۔۔ بہ

چکر دینا۔
دَاوَرَہٗ مُدَاوَرَۃً وَدِوَارًا۔ کسی کے ساتھ پھرنا — علی الامرِ کسی کام کو انجام دینا — الامورِ کاموں کو انجام دینے کے لیے غور و فکر کرنا۔
اَدَارَ اِدَارَۃً — الشیءُ۔ گھومنا۔ — ہٗ وبہٖ۔ گھمانا۔ چکر دینا۔ — الشیءَ۔ لینا — الاَمْرَ احاطہ کرنا — ہٗ علیہ۔ لازم کرنے کا ارادہ کرنا — ہٗ عَنْ حَقِّہٖ۔ حق کو چھوڑ دینے کی خواہش کرنا۔
اُدِیْرَ۔ بہٖ۔ سر چکرانا۔ دوران سر لاحق ہونا۔
تَدَوَّرَ۔ گول ہونا۔
تَدَیَّرَ۔ البُقْعَۃَ۔ کسی قطعۂ زمین پر گھر بنانا۔ رہائش اختیار کرنا۔
اِسْتَدَارَ اِسْتِدَارَۃً۔ گھومنا۔ — الشیءُ۔ گول ہونا۔ — الشیءَ وبہٖ۔ چکر دینا۔ کہتے ہیں: "اِسْتَدَارَ بِمَا فِی قَلْبِی" اس نے میری دل کی بات کا پتہ لگالیا۔
الدَّارُ۔ مؤنث ہے، کبھی مذکر بھی آتا ہے۔ گھر، مکان۔ ج دُوْرٌ و دِیَارٌ وَاَدْوُرٌ وَاَدْوِرَۃٌ و دِیَارَۃٌ و آدُرٌ و دُوْرَاتٌ و دِیَارَاتٌ و دُوْرَانٌ و دِیْرَانٌ۔ الدَّارُ۔ شہر، قبیلہ، سال، زمانہ — دَارُ القَرَارِ۔ آخرت — دَارَانِ۔ دنیا و آخرت — دَارُ الحَرْبِ۔ دشمن کا ملک۔
الدَّارَۃُ۔ محل، قبیلہ، پہاڑوں کے درمیان کی وسیع زمین۔ دائرہ۔ چاند کا ہالہ۔ ج۔ دَارَاتٌ و دُوْرٌ۔ (— والدِّیْرَۃُ، والتَّدْوِرَۃُ) — مِنَ الرَّمْلِ گول ریتلی جگہ — دَارَاتُ العَرَبِ عرب میں مشہور مقامات ہیں، جو ایک سو دس سے زائد ہیں۔
الدَّارِیُّ۔ عطر فروش۔ ملاح جو پتوار کا نگہبان ہو۔ چوپایوں اور مویشیوں کا مالک۔ کہتے ہیں۔ "مَا فِی المَکَانِ دَارِیٌّ او دُوْرِیٌّ اَوْ دَیَّارٌ اَوْ دَیُّوْرٌ" یعنی گھر میں کوئی نہیں ہے۔
الدُّوْرِیُّ۔ چڑیا۔
الدَّارِیَّۃُ۔ ہمیشہ گھر میں رہنے والا۔ تا مبالغہ کی ہے۔
الدَّوْرُ۔ مص۔ حرکت۔ گردش۔ چکر۔ ج۔ اَدْوَارٌ۔ دفعہ۔ — عِنْدَ الاَطِبَّاءِ۔ بخار کی باری موسیقین کے نزدیک دو یا دو سے زائد شعروں کا قطعہ — عِلْمُ الاَدْوَارِ۔ فن موسیقی۔
دَوَّارُ الشَّمْسِ۔ سورج مکھی۔
الدُّوَارُ والدَّوَارُ۔ سر کا چکر۔ عام لوگ اس کو "دَوْخَۃٌ" کہتے ہیں۔
الدَّوَّارُ والدَّوَّارِیُّ۔ بہت پھرنے والا۔ کہتے ہیں۔ "الدَّھْرُ دَوَّارٌ و دَوَّارِیٌّ بِالاِنْسَانِ" زمانہ انسان کے ساتھ الٹنے پلٹنے والا ہے۔
الدُّوَّارُ۔ ریت کا ایک گول ٹیلہ۔ منزل۔
الدَّوَّارَۃُ۔ پرکار۔
الدَّوَّارَۃُ والدُّوَّارَۃُ۔ مِنَ الرَّاْسِ سر کا گول حصہ — دَوَّارَۃُ البَطْنِ۔ بکری کا اوجھ۔
الدَّائِرَۃُ۔ جو کسی چیز کو گھیرے ہوئے ہو۔ حلقہ۔ انسان کی پیشانی کے پاس بالوں کی بھنوری۔ گھوڑے کے بدن پر بالوں کی بھنوری۔ مصیبت۔ مہندسین کے نزدیک وہ ہموار سطح جس کو ایک گول خط گھیرے۔ اس خط کو محیط کہتے ہیں۔ مرکز دائرہ۔ دائرہ کے بالکل بیچ کا نقطہ۔ قطر دائرہ۔ وہ خط مستقیم جو دائرہ کو دو برابر کے حصوں میں تقسیم کردے اور مرکز دائرہ پر گزرتا ہوا جائے۔ ج۔ دَوَائِرُ۔ کہتے ہیں "دَارَتْ عَلَیْھِمُ الدَّوَائِرُ" ان پر زمانہ کی آفتیں اور مصیبتیں ٹوٹ پڑیں۔
الدَّیْرُ۔ عابدوں کی رہائش گاہ۔ خانقاہ۔ ج۔ اَدْیِرَۃٌ و دُیُوْرَۃٌ وَاَدْیَارٌ۔
الدَّیْرَانِیُّ والدَّیَّارُ۔ دیر والا۔ خانقاہ والا۔
مَدَارُ الشیءِ۔ جس پر کوئی چیز چکر کھائے — الاَمْرِ۔ کسی کا دار و مدار۔
المُدَارَۃُ۔ ڈول کی ایک قسم۔ چرسی۔
المُدِیْرُ۔ گورنر۔ مینجر۔ منتظم۔
دَوْزَنَ — القَانُوْنَ ونحوہٗ۔ ستار یا سارنگی وغیرہ کے تار کسنا دفارسی کلمہ ہے)، اس کے ہم معنی عربی لفظ بَقَّ وبَظَّ ہے۔
دَاسَ (ن)، دَوْسًا و دِیَاسًا و دِیَاسَۃً — الشیءَ۔ پاؤں سے روندنا۔ — فُلَانًا۔ کسی کو ذلیل کرنا۔ — السَّیْفَ۔ تلوار پر صیقل کرنا۔ (— واَدَاسَ) الزَّرْعَ۔ فصل کو گاہنا۔
دَاوَسَ — القَوْمُ بَعْضُھُمْ بَعْضًا فِی القِتَالِ۔ لڑائی میں ایک

دوسرے کو پاؤں سے پامال کرنا۔ روندنا۔
الدِّیْسَۃُ۔ گھنا جنگل۔ ج۔ دِیَسٌ و دِیَسٌ۔
الدُّوَاسَۃُ والدَّوِیْسَۃُ۔ جماعت گروہ۔
الدَّوَّاسُ۔ بہادر۔ شیر۔
الدَّوَّاسَۃُ۔ تاک۔
المَدَاسُ۔ جوتا۔ سلیپر۔
المِدْوَسُ والمِدْوَاسُ۔ پالش کرنے کا آلہ۔ روندنے کی مشین۔ ج۔ مَدَاوِسُ و مَدَاوِیْسُ۔
المَدَاسَۃُ۔ کھلیان۔
دَوِشَتْ (س) دَوَشًا۔ عَیْنُہٗ۔ بیماری سے آنکھ خراب ہونا۔ صفت۔ (اَدْوَشُ) مؤنث۔ دَوْشَاءُ۔ ج۔ دُوْشٌ۔
دَاغَ (ن) دَوْغًا۔ القومُ۔ قوم میں بیماری کا عام طور سے پھیل جانا۔ — الطَّعَامَ۔ غلہ کا ارزاں ہونا۔ دَاغَہُ الحَرُّ۔ گرمی کا کسی کو تباہ کرنا۔ بگاڑ دینا۔
الدَّوْغَۃُ۔ بے وقوفی۔ سردی۔
دَافَ (ن) دَوْفًا و اَدَافَ۔ الدَّوَاءَ و نحوَہٗ۔ دوا وغیرہ کو ملانا۔ مخلوط کرنا۔ پانی میں پگھلا کر گاڑھا کرنے کے لیے حرکت دینا۔ صفت۔ (مَدُوْفٌ و مَدْوُوْفٌ و دَائِفٌ)
دَاقَ (ن) دَوْقًا و دُوُوْقًا و دُوُوْقَۃً و دَوَاقَۃً۔ دُبلا و لاغر ہونا۔ بیوقوف ہونا۔ صفت (دَائِقٌ) — الطَّعَامَ۔ چکھنا۔
اَدَاقَ — القومُ بِہٖ۔ قوم کا کسی کو گھیر لینا۔

اِنْدَاقَ اِنْدِیَاقًا۔ بَطْنُہٗ۔ پیٹ پھولنا۔
الدَّوْقَۃُ والدَّوْقَلِیَّۃُ۔ خرابی فساد۔ حماقت۔
الدُّوْقُ۔ بیوقوفی۔
دَاکَ (ن) دَوْکًا و مَدَاکًا۔ القومُ۔ مضطرب ہونا۔ بیمار ہونا — الشیءَ۔ کوٹنا۔ رگڑنا۔ پیسنا۔
تَدَاوَکَ۔ القومُ۔ لڑائی یا فساد میں ایک دوسرے کو تنگ کرنا۔
الدُّوْکَۃُ والدَّوْکَۃُ۔ جھگڑا۔ شر۔ فساد۔
المِدْوَکُ والمَدَاکُ۔ پیسنے یا رگڑنے کا پتھر۔
دَالَ (ن) دَوْلَۃً۔ الزَّمَانُ۔ زمانہ کا ایک حال سے دوسرے حال کی طرف بدلنا۔ کہتے ہیں "دَالَتْ لَہُ الدَّوْلَۃُ" اس کے لیے دولت اُلٹ پلٹ گئی — الرجلُ فی مَشْیِہٖ۔ چھوٹے چھوٹے قدموں سے تیز چلنا — بَطْنُہٗ۔ پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔ لٹکنا — الثوبُ۔ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ (س) دَالَۃً و دَوْلًا مشہور ہونا۔
دَاوَلَ مُدَاوَلَۃً — اللّٰہُ الاَیَّامَ بَیْنَ النَّاسِ۔ اللہ تعالیٰ کا زمانہ کو لوگوں کے درمیان ادل بدل کر لانا یعنی اگر ایک زمانہ آج ایک کے لیے ہے تو کل دوسرے کے لیے — الماشِیُ بَیْنَ قَدَمَیْہِ۔ کبھی ایک قدم پر آرام لینا اور کبھی دوسرے پر۔
اَدَالَ اِدَالَۃً — الشیءَ۔ باری باری سے ایک کے بعد دوسرے کو دینا — اللّٰہُ بَنِی فلانٍ مِنْ عَدُوِّھِمْ۔ غلبہ دلانا۔ فتح مندی نصیب فرمانا — اللّٰہُ زَیْدًا مِنْ عَمْرٍو۔ اللہ تعالیٰ نے زید سے دولت لے کر عمرو کو دے دی۔
تَدَاوَلَتْہُ — الاَیْدِیْ۔ باری باری سے لینا۔ چنانچہ کہتے ہیں۔ "تَدَاوَلُوا الشیءَ بَیْنَھُمْ" انھوں نے چیز کو باری باری سے لیا۔
اِنْدَالَ۔ بَطْنُہٗ۔ پیٹ کا ڈھیلا ہو کر زمین کی طرف لٹکنا — مَا فی بَطْنِہٖ۔ نکلنا — الشیءُ۔ لٹکنا — القومُ۔ قوم کا ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
اِسْتَدَالَ — الاَیَّامَ۔ زمانہ کو اپنے موافق کر لینا۔
الدَّوْلَۃُ۔ مص۔ (س) — و الدُّوْلَۃُ وہ شے جو لوگوں پر بدل بدل کر آتی رہے۔ آج کسی کے لیے ہو، اور کل کسی کے لیے۔ مال و غلبہ پر اسی لیے اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ اربابِ سیاست کے نزدیک بادشاہ و وزراء۔ حکومت۔ گورنمنٹ۔ ریاست۔ ج۔ دِوَلٌ و دُوَلٌ۔ — کَانَتْ لَنَا عَلَیْھِمُ الدَّوْلَۃُ۔ ہم کو ان پر غلبہ نصیب ہوا۔ والدَّھْرُ دُوَلٌ۔ یعنی زمانہ کو ایک حال پر قرار نہیں بلکہ ادل بدل کر آتا رہتا ہے۔
الدَّالَۃُ۔ شہرت۔ ج۔ دَالٌ۔
الدَّوْلَۃُ۔ مصیبت۔ ج دُوَلَاتٌ۔
الاِدَالَۃُ۔ غلبہ۔ فتح۔ کہتے ہیں۔ "دَوَالَیْکَ" ایک کے بعد ایک

یعنی کام کو یکے بعد دیگرے کرو۔
مقصود تاکید ہوتی ہے۔ کہتے ہیں۔
" فَعَلْنَا ذٰلِكَ دَوَالَيْكَ " ہم نے
اس کو باری باری سے کیا۔
دَامَ يَدُوْمُ وَيَدَامُ دَوْمًا و
دَوَامًا و دَيْمُوْمَةً۔ ثابت رہنا
دراز مدت رہنا۔ جاری رہنا۔
— الشَّیْءُ۔ ٹھہرنا۔ گھومنا۔
— الدَّلْوُ۔ ڈول کا بھرنا۔
اور دِمْتَ تَدَامُ۔ (بکسر العین
فی الماضی وفتحہا فی المضارع)۔
شاذ ہے۔ مَادَامَ۔ افعال ناقصہ
میں سے ہے۔ کہتے ہیں۔" لَا
يَجُوْزُ الْاِصْلَاحُ مَادَامَ فُلَانٌ
حَاكِمًا " یعنی جب تک وہ شخص
حاکم ہے اس وقت تک اصلاح
نہیں ہوسکتی۔ (— دَيْمًا)
السَّمَاءُ۔ آسمان کا لگاتار بارش
برسانا۔
دِيْمَ بِهٖ وَاُدِيْمَ بِهٖ۔ سر چکرانا۔
دَوَّمَتْ۔ تَدْوِيْمًا۔ الشَّمْسُ۔
وسط آسمان میں سورج کا گھومنا۔
حرکت کرنا — الْخَمْرُ
شَارِبَهَا۔ شراب کا شرابی کے
سر کو چکرا دینا — عَيْنَهٗ
آنکھ کا حلقہ میں پھرنا۔ الشَّیْءَ۔
ترکرنا — الْعِمَامَةَ
پگڑی سر کے گرد لپیٹنا —
الطَّائِرُ۔ پرندہ کا ہوا میں چکر
لگانا — الزَّعْفَرَانَ فِی
الْمَاءِ۔ زعفران کو پانی میں رگڑ کر
گھسنا۔ — الْقِدْرَ۔ سرد پانی
کے چھڑکنے سے ہانڈی کے
جوش کو ٹھنڈا کرنا۔ —
بِالدُّوَّامَةِ۔ لٹو سے کھیلنا۔

دَيَّمَتِ۔ السَّمَاءُ۔ لگاتار برسنا۔
دَاوَمَ۔ عَلَى الْاَمْرِ۔ کسی کام پر ہمیشگی
اختیار کرنا — الشَّیْءَ۔ مہلت
سے کرنا — فِيْهِ۔ ہمیشگی
طلب کرنا۔
اَدَامَ اِدَامَةً۔ الشَّیْءَ۔ ہمیشہ رکھنا
— الْاَمْرَ۔ مداومت کرنا
اَدَامَتِ۔ السَّمَاءُ۔ لگاتار برسنا۔
— الدَّلْوَ۔ ڈول بھرنا۔
— الْقِدْرَ۔ تھوڑا سا سرد
پانی چھڑک کر ہانڈی کا جوش ٹھنڈا
کرنا۔
تَدَاوَمَ۔ انتظار کرنا۔
اِسْتَدَامَ۔ اِسْتِدَامَةً۔ الشَّیْءَ۔
مہلت دینا — فِيْهِ۔ ہمیشگی
طلب کرنا — الطَّائِرُ۔ پرندہ
کا ہوا میں چکر لگانا — غَرِيْمَهٗ۔
نرمی کرنا۔
الدَّائِمُ۔ فا۔ اللہ تعالیٰ — مَاءٌ
دَائِمٌ۔ ٹھہرا ہوا پانی۔
الدَّاَمَاءُ۔ سمندر۔
الدَّوْمُ۔ مع۔ ہمیشہ رہنے والا
کھجور سے مشابہ ایک درخت۔ بڑے
بڑے درخت۔
الدُّوَامُ۔ دوران سر۔
الدَّوَمَانُ۔ پرندہ کا منڈلانا۔
الدِّيْمَةُ۔ جم کر برسنے والی بارش۔
جس میں بجلی اور گرج نہ ہو۔ ج
دِيَمٌ و دُيُوْمٌ۔
الدُّوَّامَةُ۔ لٹو۔ ج۔ دُوَّامٌ۔
الدَّيْمُوْمُ۔ دائم ہمیشہ۔
الْمُدَامُ وَالْمُدَامَةُ۔ شراب۔
مسلسل بارش۔
الْمُدِيْمُ۔ جس کی ناک سے خون جاری ہو
الْمَدِيْمُ۔ جہاں مسلسل بارش ہو۔

الْمِدْوَمُ وَالْمِدْوَامُ۔ ڈوئی یا
کفگیر جس سے ہانڈی کا جوش بٹھایا
جائے۔
دَانَ يَدُوْنُ دَوْنًا۔ خسیس ہونا۔
کمزور ہونا۔
دَوَّنَ — الدِّيْوَانَ۔ رجسٹر بنانا۔
— ہٗ۔ رجسٹر میں نام درج کرنا۔
اُدِيْنَ۔ ادنیٰ ہونا۔ ناچیز ہونا۔ کمزور ہونا۔
تَدَوَّنَ۔ مالدار ہونا۔ رجسٹر میں درج ہونا
دُوْنَ۔ پست۔ نیچے۔ " هُوَ دُوْنَهٗ"
وہ اس سے درجہ میں پست ہے۔
آگے۔ " مَشٰى دُوْنَهٗ" وہ
اس کے آگے چلا — مِنْ
دُوْنِ اَنْ يَفْعَلَ۔ بغیر اس کے کہ
وہ ایسا کرے۔
الدُّوْنُ۔ خسیس۔ حقیر۔ گھٹیا۔
"شَیْءٌ دُوْنٌ" حقیر گھٹیا چیز۔ کبھی
شریف کے معنی بھی دیتا ہے —
" حَالَ الْقَوْمُ دُوْنَ فُلَانٍ "
قوم اس کے اور اس کے مطلوب کے
درمیان حائل ہوگئی۔
دُوْنَكَ۔ اسم فعل بمعنی خذ۔ لے۔ پکڑ)
دُوْنَكَ زَيْدًا۔ زید کو پکڑ۔
الدِّيْوَانُ وَالدَّيْوَانُ۔ کتابوں کا
مجموعہ۔ قصائد و دیگر اقسام نظم کی
کتاب۔ فوجی سپاہیوں کا وظیفہ
خواروں کا رجسٹر — ج۔
دَوَاوِيْنُ و دَيَاوِيْنُ۔ کچہری
کونسل۔
دُوَيْنٌ۔ دُوْن کی تصغیر۔
دَاهَ (ن) دَوْهًا۔ حیران ہونا۔
تَدَوَّهَ۔ الشَّیْءُ۔ کسی شے کا متغیر ہونا۔
— الْاَمْرَ۔ کسی کام میں لگ
جانا۔
دَوَّى۔ جنگل میں چلنا۔

دَوِیَ (س) دَوًی۔ بیمار ہونا ـــ
صدرُہٗ۔ سینہ میں کینہ رہنا۔
دَوّٰی (ض) دَوِیًّا۔ بھنبھناہٹ سنائی
دینا۔
دَوّٰی تَدْوِیَۃً ـــ اللبنُ۔ دودھ پر
باریک سی جھلی آنا ـــ السحابُ۔
بادل کا گرجنا ـــ الصوتُ۔ آواز
کی گنگناہٹ سنائی دینا۔
دَاوٰی مُدَاوَاۃً۔ بیمار کا علاج کرنا۔
اَدْوٰی اِدْوَاءً۔ بیمار کے ساتھ رہنا ـــ
ہ۔ بیمار کرنا۔ کہتے ہیں "فلانٌ
یُدْوِی ویُدَاوِی" یعنی فلاں بیمار
کرتاہے اور علاج کرتا ہے۔
تَدَاوٰی۔ خود اپنا علاج کرنا۔
الدَّوٰی۔ مص۔ بیمار۔ احمق۔ اپنی جگہ
ہمیشہ رہنے والا۔ اصل میں مصدر ہونے
کی وجہ سے یہ واحد جمع مذکر و مؤنث
میں ایک ہی طرح آتا ہے۔
الدَّوَاءُ والدُّوَاءُ والدِّوَاءُ۔ دوا۔
ج۔ اَدْوِیَۃٌ۔
الدَّوَاۃُ۔ دوات۔ ج دَوًی ودُوِیٌّ و
دِوِیٌّ ودَوَیَاتٌ۔
الدُّوَایَۃُ۔ بالائی۔ جھلی۔ پپڑی۔
الدَّوِیُّ۔ بیمار۔ خراب پیٹ والا۔ احمق۔
اپنی جگہ جم جانے والا۔
الدَّوِیُّ۔ آواز۔ بعض کے نزدیک خاص
بادل کی گرج "مَا فِی الدَّارِ دَوِّیٌّ
ودَدْوِیٌّ" گھر میں کوئی نہیں ہے۔
مکانٌ دَوِیٌّ۔ ناموافق صحت جگہ۔
دَاثَ یَدِیثُ دَیْثًا۔ نرم و آسان ہونا۔
دَیَّثَہٗ۔ ذلیل کرنا ـــ دَیَّثَتْہُ الدَّھْرُ
زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا۔ "طریقٌ
مُدَیَّثٌ" روندا ہوا راستہ۔
دَاجَ یَدِیجُ دَیْجًا ودَیَجَانًا۔ تھوڑا چلنا
آہستہ چلنا۔

دَاخَ (ض) دَیْخًا۔ ذلیل ہونا۔
دَیَّخَہٗ۔ ذلیل کرنا۔
الدَّیْدَنُ والدَّیْدَانُ۔ عادت۔
الدَّیْرُ۔ عبادت گزار مرد عورتوں کا مقام۔
ج۔ اَدْیِرَۃٌ واَدْیَارٌ ودُیُوْرَۃٌ۔
نسبت کے لیے۔ دَیْرَانِیٌّ۔
الدَّیَّارُ۔ دیروالا۔ گھر میں رہنے والا۔
دَاصَ یَدِیصُ دَیَصَانًا۔ ٹیڑھا ہونا ـــ
عَنِ الطریقِ۔ راستہ سے ایک طرف
ہونا۔ دَاصَتِ الغُدَّۃُ بَیْنَ
الجلدِ واللحمِ۔ غدود کا دبانے
سے حرکت کرنا۔
دَاصَ (ض) دَیْصًا۔ لڑائی سے بھاگنا۔ کینہ
ہونا۔
اِنْدَاصَ۔ ہاتھ سے پھسلنا ـــ بالشرِّ
علٰی فلانٍ۔ کسی پر اچانک شرو
برائی لانا۔
الدَّائِصُ۔ فا۔ چور۔ ج دَاصَۃٌ۔
الدَّیَّاصُ۔ سخت پٹھوں والا۔
المَدَاصُ۔ پانی میں غوطہ لگانے کی جگہ۔
دَاقَ یَدِیقُہٗ دَیْقًا۔ اکھڑنے کے لیے
ٹیڑھا کرنا۔
الدِّیکُ۔ مرغ۔ ج۔ دُیُوْکٌ واَدْیَاکٌ و
دِیَکَۃٌ۔
بَیْضَۃُ الدِّیکِ۔ یہ اس چیز کے لیے بطور
مثال لاتے ہیں کہ جو ایک ہی بار ہوئی
ہو اور دوبارہ نہ ہو۔ بڑا مہربان۔
موسم بہار۔
اَرْضٌ مُدَاکَۃٌ و مُدْیَکَۃٌ۔ بہت مرغوں
والی زمین۔
دَیْکَسَ ـــ الرجلُ فی بیتہٖ۔ کسی کا گھر
میں چھپ کر بیٹھنا اور لوگوں کی حاجتوں
کے لیے باہر نہ نکلنا۔
دَانَہٗ یَدِیْنُہٗ ـــ دَیْنًا۔ قرض دینا۔
صفت فاعل (دَائِنٌ)۔ صفت

مفعول۔ (مَدْیُوْنٌ) ـــ الرجلُ۔
قرض لینا۔ صفت۔ (دَائِنٌ) ـــ
فُلَانًا۔ بدلہ لینا۔
دَانَہٗ (ض) دِیْنًا۔ مالک ہونا۔ غلام بنانا۔
ناپسندیدہ بات پر ابھارنا۔ ذلیل کرنا
حکم دینا۔ خدمت کرنا۔ کسی پر احسان
کرنا ـــ ودانَ الرجلُ۔ عزت دار
ہونا۔ ذلیل ہونا۔ اطاعت کرنا نافرمانی
کرنا۔
دَانَ (ض) دِیْنًا ودِیَانَۃً و تَدَیَّنَ۔
ـــ بالمِلَّۃِ الاسلامیۃِ۔ دین اسلام
قبول کرنا۔
دَیَّنَہٗ۔ مذہب اختیار کرنے دینا ـــ الشیءَ
مالک بنادینا۔
دَایَنَہٗ مُدَایَنَۃً۔ فیصلے کے لیے حاکم کی
طرف لے جانا۔ ایک دوسرے کو قرض
دینا۔ ادھار دینا۔
اَدَانَ اِدَانَۃً۔ قرض لینا ـــ ہ۔ کسی کو
قرض دینا۔
تَدَیَّنَ۔ قرض لینا۔
تَدَایَنَ ـــ القومُ۔ ایک دوسرے سے قرض
مانگنا۔ ادھار پر لین دین کرنا۔
اِدَّانَ اِدِّیَانًا و اِسْتَدَانَ اِسْتِدَانَۃً
قرض لینا ـــ اِدَّانَ الشیءَ۔ قرض پر
کوئی چیز خریدنا۔
الدَّیْنُ۔ مص۔ قرض مقررہ وقت تک ادھار
موت۔ ج۔ دُیُوْنٌ واَدْیُنٌ۔
الدِّیْنُ۔ مص۔ حساب ـــ "یومُ الدِّینِ"
اسی سے ہے۔ ملکیت۔ قدرت۔ حکم۔
مذہب۔ ملت۔ حالت۔ عادت۔ غیرت
تدبیر۔ نافرمانی۔ گناہ۔ مجبوری۔ پرہیز
گاری۔ فرمانبرداری۔ بدلہ۔ قہر و غلبہ
ذلت۔ ج۔ اَدْیَانٌ۔ کہتے ہیں
"قومٌ دِیْنٌ" اطاعت شعار لوگ۔
الدِّیَانَۃُ۔ دین داری۔ ملت و مذہب۔

الدَّيِّنُ۔ دین دار۔ دین کا پرستار۔
الدِّیْنَۃُ۔ مؤجل قرض۔ اطاعت۔ عادت کہتے ہیں "بِعْتُہٗ بِدِیْنَۃٍ"۔ یعنی مہلت سے خریدنا۔
الدَّیْنُوْنَۃُ۔ قضا۔ حساب۔

الدَّیَّانُ۔ قاضی۔ غلبہ والا۔ حاکم۔ حساب لینے والا۔ بدلہ دینے والا۔
المَدِیْنُ۔ غلام بدلہ دیا ہوا۔ وہ جس سے حساب لیا گیا ہو۔ مؤنث مَدِیْنَۃٌ۔ کہتے ہیں "لِفُلَانٍ مَدِیْنٌ وَمَدِیْنَۃٌ"۔ فلاں کے پاس لونڈی غلام ہیں۔
المُدَانُ۔ قرض دار۔
المِدْیَانُ۔ بہت قرض دینے یا لینے والا۔ مذکر و مؤنث کے لیے یکساں آتا ہے۔ ج۔ مَدَایِیْنُ۔

۷۰۰

ذ

ذَا۔ یہ قریب کے لیے اسم اشارہ ہے۔ اس کا تثنیہ حالت رفعی میں "ذَانِ" ہے اور حالت نصبی و جری میں "ذَیْنِ"۔ ج۔ اُولَاءِ۔ اور شاذ طریقہ پر اس کی تصغیر ذَیَّا آتی ہے۔ اس پر "ھا" تنبیہ زائد کر کے "ھٰذَا" بولتے ہیں اور جب یہ مَا۔ یا مَنْ۔ استفہامیہ کے بعد واقع ہو تو اَلَّذِیْ کے معنی دیتا ہے۔ جیسے کہتے ہیں "مَاذَا فَعَلْتَ" و "مَنْ ذَا فِی الدَّارِ" اور "ما" کے ساتھ یہ اسم استفہام ہوتا ہے۔ جیسے "لِمَاذَا تَرَکْتَنَا"۔
ذَاكَ۔ یہ اسم اشارہ متوسط کے لیے ہے۔ ھاء تنبیہ کے ساتھ "ھٰذَاكَ" اور بحالت تصغیر ذَیَّاكَ۔ ہو جاتا ہے اس کا تثنیہ حالت رفعی میں "ذَانِكَ" اور حالت نصبی و جری میں "ذَیْنِكَ" ہے۔ اور جمع۔ اُولٰئِكَ۔
ذٰلِكَ۔ یہ بعید کے لیے اسم اشارہ ہے۔ تثنیہ ذَانِكَ ج۔ اُولٰئِكَ۔ تصغیر کی صورت میں ذَیَّالِكَ۔ کہتے ہیں۔
ذَأَبَ (ف)، ذَأْبًا۔ الشَیْءَ۔ جمع کرنا۔ — الدَّابَّۃَ۔ جانور ہانکنا۔ — ہٗ خوف دلانا۔ دھتکارنا۔ مذمت کرنا — الغُلَامَ۔ لڑکے کی زلفیں بنانا — ذَأَبَتْہُ الرِّیْحُ۔ اس کو چاروں طرف سے ہوا لگی — الرجلُ۔ بہت زور سے آواز نکالنا۔ تیز چلنا۔
ذُئِبَ۔ بھیڑیے سے ڈرنا۔ گھبرانا۔ بکریوں میں بھیڑیے کا گھس پڑنا۔
ذَئِبَ (س)، ذَأَبًا و ذُؤُبَ (ك)۔ — ذَآبَۃً۔ مکاری اور خباثت میں بھیڑیے کی طرح ہونا۔ بھیڑیے سے خوف زدہ ہونا۔
اَذْأَبَ۔ بھیڑیے سے خوف زدہ ہونا — الاَرْضُ۔ کسی زمین کا بہت بھیڑیوں والی ہونا۔ — ذَأَّبَ، الغُلَامَ۔ لڑکے کی زلفیں بنانا۔
ذَآیَہٗ۔ ڈرانا۔
تَذَأَّبَ۔ شرارت و مکاری میں بھیڑیے کی طرح ہونا — الشَیْءَ۔ باری سے لینا — تَذَأَّبَتْ وَتَذَاءَبَتِ الرِّیْحُ علیہ۔ ہوا کا کبھی ادھر سے آنا اور کبھی ادھر سے آنا۔ تَذَأَّبَتْہُ وَتَذَاءَبَتْہُ الرِّیْحُ۔ کسی پر ہوا کا گھومنا۔ ہوا کا چاروں طرف سے آنا۔ — الجِنُّ۔ جن کا کسی کو ڈرانا — تَذَأَّبَ وَتَذَاءَبَ۔ لِلنَّاقَۃِ۔ اونٹنی کو دوسرے بچہ پر مہربان بنانے کے لیے بھیڑیے جیسا بن کر چھپنا۔
اِسْتَذْأَبَ اِسْتِذْآبًا۔ بھیڑیے کی طرح ہونا۔

الذَّأْبُ۔ مص۔ فحش۔
الذِّئْبُ۔ بھیڑیا — دَاءُ الذِّئْبِ۔ بھوک۔ ج۔ ذِئَابٌ واَذْؤُبٌ وذُؤْبَانٌ — ذُؤْبَانُ العَرَبِ۔ عرب کے چور اور فقیر لوگ۔
الذِّئْبَۃُ۔ بھیڑیے کی مادہ۔ جانوروں کے حلق کی ایک بیماری۔ کجاوہ اور زین کے ہر دو جانب کے درمیان کی فراخی۔
الذِّئْبَانُ۔ اونٹ کی گردن کے بال۔ اور ہونٹ کے بال۔ کاٹنے کے بعد جو اون بچے۔
الذُّؤَابَۃُ۔ پیشانی کے بال۔ تلوار کا علاقہ ہر شے کا بلند حصہ یا چوٹی۔ اور اسی سے ہے۔ "ھُوَ ذُؤَابَۃُ قَوْمِہٖ" وہ اپنی قوم کا پیشوا ہے۔ — و عَلَوْتُ ذُؤَابَۃَ الجَبَلِ۔ میں پہاڑ کی چوٹی پر چڑھا — ذُؤَابَۃُ الرَّحلِ۔ کجاوہ کے آخر میں لٹکی ہوئی کھال۔ — ذُؤَابَۃُ النَّعْلِ۔ جوتے کا کٹا ہوا وہ تسمہ جو زمین پر قدم کے نیچے آئے اور دھمکی کے وقت کہتے ہیں "لَاَقْتُلَنَّ فِی ذُؤَابَتِكَ"۔ ج۔ ذَوَائِبُ۔
اَرْضٌ مُذْأَبَۃٌ۔
ذَئِرَ (س)، ذَأَرًا۔ غضبناک ہونا — عنہ۔ ڈرنا۔ گھبرانا۔ نفرت کرنا۔ ناک چڑھانا۔ صفت (ذَئِرٌ و ذَائِرٌ)

بالشیءِ۔ عادی ہونا۔ خوگر ہونا۔ د۔
وَذَاَرَ) علیہِ۔ کسی پر جرأت کرنا۔
دلیری کرنا۔
ذَئِرَتْ وَذَاءَرَتْ مُذَاءَرَةً۔ المرأَةُ
علیٰ زَوجِہَا۔ عورت کا نافرمان ہونا۔
خاوند کی اطاعت سے باہر ہونا۔
صفت (ذَائِرٌ وَذَئِرٌ وَذَئِرَةٌ و
مُذَائِرٌ)
اَذْاَرَہٗ۔ غضب ناک کرنا۔ ناراض کرنا۔
جرأت دلانا۔ اکسانا ــــ ہ الیٰ
کذا۔ مضطر و مجبور کرنا ــــ ہ
بِصَاحِبِہ۔ ورغلانا۔
ذَأَطَہٗ (ف) ذَأْطًا۔ ذبح کرنا۔ ایسا گلا
گھونٹنا کہ زبان باہر نکل پڑے۔ ــــ
الاناءَ۔ برتن بھرنا ــــ الاناءُ
برتن کا بھر جانا۔
ذَأَفَ (ف) ذَأْفًا۔ مرجانا ــــ
ذَأَفَ علیَ الاَسیرِ۔ وَذَأَفَہٗ
(ف) ذَأْفًا وَذَأَفًا وَاَذْاَفَہٗ۔
فوراً مار ڈالنا۔
اِنْذَأَفَ۔ دل کا کٹ جانا اور مرجانا ــــ
مَوْتٌ (ذُؤَافٌ) اچانک موت ــــ
سَمٌّ (ذُؤَافٌ) زہر قاتل۔
الذَّأْفَانُ۔ موت۔ الذِّئْفَانُ و
الذُّؤْفَانُ والذَّیْفَانُ والذِّیْفَانُ
زہر قاتل۔
ذَأَلَ (ف) ذَأْلًا وذَأَلَانًا۔ آہستہ
آہستہ ناز سے چلنا۔
تَذَاءَلَ۔ ذلیل بننا۔ چھوٹا بننا۔
ذُؤَالَةُ۔ بھیڑیے کا علم جنس۔ ج ذُؤْلَانٌ
و ذِئْلَانٌ۔
الذَّأْلَانُ والذَّوْلَانُ۔ بھیڑیا۔ گیدڑ
المِذْأَلُ۔ سبک و تیز رو۔
ذَأَمَہٗ (ف) ذَأْمًا۔ عیب لگانا۔ رسوائی
کرنا۔ حقارت کرنا۔ دھتکارنا۔

اَذْاَمَہٗ اِذْاَمًا۔ علیٰ کذا۔ مجبور کرنا۔
الذَّأْمُ والذَّامُ۔ عیب۔ ضرب المثل ہے
"قَدْ لَا تَعْدَمُ الحَسْنَاءُ ذَأْمًا"
کبھی خوبصورت عورت بھی عیب سے
پاک نہیں ہوتی۔ مَا سَمِعْتُ لَہٗ
ذَأْمَةً۔ میں نے اس سے ایک کلمہ
نہیں سنا۔
ذَبَّ (ن) ذَبًّا۔ عنہ۔ دفع کرنا۔ حمایت
کرنا۔ مکھی اڑانا۔
ذَبَّ (ض) ذَبًّا وذَبَبًا وذُبُوبًا۔ گرمی
یا پیاس سے خشک ہونا۔ جِسْمُہٗ
لاغر بدن ہونا ــــ النبتُ۔ پودہ
کا مرجھانا۔
ذُبَّ۔ البعیرُ او الرجلُ۔ اونٹ یا
آدمی کا مجنون ہونا ــــ الفرسُ
گھوڑے کے نتھنے میں مکھی کا گھس جانا۔ صفت
(مَذْبُوبٌ)
ذَبَّبَ تَذْبِیبًا۔ بہت دفع کرنا ــــ
شَفَتُہٗ۔ ہونٹوں کا پیاس وغیرہ کی وجہ
سے خشک ہونا ــــ النہارُ۔ دن کا
تھوڑا باقی رہنا۔
اَذَبَّ۔ المکانُ۔ کسی جگہ کا بہت مکھیوں
والی ہونا۔ صفت (مَذْبُوبٌ و
مُذِبٌّ)
الذَّبُّ۔ مص۔ بہت حرکت کرنے والا
جنگلی بیل۔
الاَذَبُّ۔ لمبا۔ جنگلی بیل۔ اونٹ کی کچلی۔
الذُّبَابُ۔ مکھی۔ ج۔ اَذِبَّةٌ و ذِبَّانٌ
و ذُبٌّ۔ بھڑ۔ شہد کی مکھی۔ مچھر۔
واحد ذُبَابَةٌ۔ ذُبَابُ السَّیفِ۔
تلوار کی دھار ــــ ذُبَابُ العَیْنِ۔
آنکھ کی پتلی۔ کہتے ہیں "ہُوَ اَعَزُّ
مِنْ ذُبَابِ العَیْنِ" وہ آنکھ کی پتلی
سے زیادہ عزیز ہے ــــ الذُّبَابُ
جنون۔ طاعون۔ تپ دق۔ بدقسمتی۔

ہمیشہ رہنے والی بیماری ــــ ذُبَابَةُ
الشیءِ۔ چیز کا بقیہ۔ عَطَشٌ مُذَبِّبٌ
سخت پیاس دہی۔
الذَّبَّابُ والمِذَبُّ۔ اپنے اہل اور قوم
کی حمایت کرنے والا۔
الذَّبَّانُ۔ پیاس سے مرجھایا ہوا۔
المِذَبَّةُ۔ مورچھل۔ چنوری۔ ج۔
مَذَابَّاتٌ و مَذَابُّ۔ کہتے ہیں۔
"اَذْنَابُہَا مَذَابُّہَا" یعنی جانوروں
کی دُمیں ان کی چنوریاں ہیں۔
ارضٌ (ذَبُوبَةٌ و مَذْبُوبَةٌ)۔ بہت
مکھیوں والی زمین۔
راکبٌ (مُذَبِّبٌ) تنہا جلد باز سوار۔
ذَبَحَہٗ (ف) ذَبْحًا وذُبَاحًا۔ پھاڑنا۔
ذبح کرنا۔ گلا گھونٹنا ــــ الدَّنَّ
مٹکے میں سوراخ کرنا۔
ذَبَّحَ۔ القومَ۔ ذبح کرنے میں مبالغہ کرنا۔
اِذَّبَحَ۔ ذبح چننا۔ ذبح کے لیے جانور لینا۔
تَذَابَحُوا۔ ایک دوسرے کو ذبح کرنا۔
الذِّبْحُ۔ ذبح شدہ۔ مقتول۔
الذُّبَحُ۔ سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔
الذَّابِحُ۔ فا۔ داغ لگانے کا آلہ جس سے
گردن کے عرض میں داغ لگائیں۔
الذُّبَاحُ والذُّبَّاحُ والذِّبَاحُ و
الذُّبْحَةُ والذِّبْحَةُ والذُّبَحَةُ
والذِّبَحَةُ۔ حلق کا ورم۔
الذَّبِیْحُ۔ ذبح کیا ہوا۔ جس پر قربانی ہو
سکتی ہو۔ حضرت اسمٰعیل علیہ الصلوٰة
والسلام کا لقب۔
الذَّبِیْحَةُ۔ الذَّبِیْحُ کا مؤنث۔ ذبح
کرنے کا جانور۔ ج ذَبَائِحُ۔
المِذْبَحُ۔ ذبح کرنے کا اوزار۔
المَذْبَحُ۔ ذبح کرنے کی جگہ۔ ج۔ مَذَابِحُ
ــــ و مَذَابِحُ الکَنَائِسِ۔ گرجا
کی قربان گاہ۔

ذَبْذَبَ۔ الشَّيءُ المعلّقُ فی الھَوَاءِ ہوا میں لٹکی ہوئی چیز کا ہلنا۔ حرکت کرنا۔ — الرجلُ۔ کسی کا متردد، و حیران ہونا — ذَبْذَبَہ۔ کسی کو متردد و حیران چھوڑنا — ذَبْذَبَ اَھْلَہ۔ اپنے اہل کی حمایت کرنا — الخَلْقَ۔ مخلوق کو ایذا دینا — الشَّیَٔ۔ حرکت دینا۔

تَذَبْذَبَ۔ حرکت کرنا۔ ہلنا۔

الذَّبْذَبَۃُ۔ زبان۔ ہوا میں حرکت کرنے والی چیز۔ وہ چیز جو پالکی کی زینت کے لیے لٹکائی جائے۔ ج ذَبَاذِبُ۔

الذَّبَاذِبُ۔ لباس یا پالکی کا سنجاف۔ یا پھندنا۔

المُذَبْذِبُ۔ پس و پیش کرنے والا۔

ذَبَرَ (ن ض)، ذَبْرًا۔ الکتابَ۔ کتاب لکھنا۔ نقطے لگانا۔ جلدی پڑھنا — الشَّیَٔ۔ جاننا۔ اچھی طرح سمجھنا۔

ذَبَرَ (ض)، ذَبْرًا و ذَبَارَۃً۔ اچھی طرح دیکھنا — الخَبَرَ۔ خبر جاننا۔ سمجھنا۔ — الشِّعرَ۔ شعر پڑھنا۔

ذَبِرَ (س)، ذَبَرًا۔ علیہ۔ غصہ ہونا۔

ذَبَّرَ۔ الکتابَ۔ کتاب لکھنا۔ نقطے لگانا۔ جلدی جلدی پڑھنا۔

الذِّبْرُ۔ معں۔ کتاب۔ ج ذُبُورٌ۔

المِذْبَرُ۔ قلم۔

ذَبَلَ و ذَبُلَ۔ (ن ك)، ذُبُولًا و ذَبْلًا — النَّبَاتُ۔ پودہ کا مرجھانا — الفرسُ۔ گھوڑے کا لاغر ہونا — لِسَانُہٗ اَوْ شَفَتُہٗ۔ زبان یا ہونٹ کا خشک ہونا۔ کہتے ہیں۔ "ذَبَلَتْہُ ذَبُولٌ" اس کو مصیبت پہنچی۔

اَذْبَلَ۔ النباتَ او الفرسَ۔ پودے کو پژمردہ یا گھوڑے کو لاغر کرنا۔

تَذَبَّلَ۔ فی المَشْیِ۔ مٹک کر چلنا۔ ناز سے چلنا۔

الذَّبْلُ۔ کچھوے کی پیٹھ کی ہڈی۔ آغاز جوانی۔

الذِّبْلُ۔ گشدگی۔ پسر۔

الذَّبْلَۃُ۔ بیگنی۔

الذُّبْلَۃُ۔ پیاس کی وجہ سے ہونٹوں کی خشکی۔

الذَّابِلُ۔ فا۔ باریک۔ دبلا۔ ج۔ ذُبَّلٌ و ذُبُلٌ۔

الذَّابِلَۃُ۔ مؤنث۔ الذَّابِلُ۔ عَيْنٌ ذَابِلَۃٌ۔ نیم باز آنکھ۔ مستانہ آنکھ ج۔ ذَوَابِلُ — الذَّوَابِلُ۔ رماح (نیزوں) کی صفت بھی بن کر آتا ہے۔ کہتے ہیں۔ "الرِّمَاحُ الذَّوَابِلُ" — باریک نیزے۔ نفس نیزوں کو بھی ذَوَابِلُ کہتے ہیں۔

الذُّبَالَۃُ و الذُّبَّالَۃُ۔ بتی۔ ج۔ ذُبَالٌ۔

ذَجَّ (ن)، ذَجًّا۔ سفر سے واپس آنا — الماءَ۔ پانی پینا۔

ذَجَلَہ (ن)، ذَجْلًا۔ ظلم کرنا۔

ذَحَّہ (ن)، ذَحًّا۔ تھپڑ مارنا — الحَطَبَ۔ لکڑی پھاڑنا — الفُلفُلَ مرچ کوٹنا۔

ذَحْجَہ (ف)، ذَحْجًا۔ چھیلنا۔ حرکت دینا — ذَحْجَتْہُ الرِّیحُ۔ ہوا کا کسی کو ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا — المرأۃُ بِوَلَدِھَا۔ عورت کا بچہ جننا۔

ذَحْذَحَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھ کر تیز چلنا — الرِّیحُ التُّرابَ۔ ہوا کا مٹی اڑانا۔

الذَّحْلُ۔ خون کا بدلہ۔ عداوت۔ کینہ۔ ج ذُحُولٌ و اَذْحَالٌ۔ کہا جاتا ہے۔ "لِیْ عِنْدَھُمْ ذُحُولٌ"۔

ذَحَیٰ (ض)، ذَحْیًا — الصُّوفَ۔ اون دھننا۔ کوٹنا — الرِّیحُ القومَ۔ قوم کو کھلی ہوا لگنا۔

المَذْحَاۃُ۔ وہ زمین جس پر درخت نہ ہوں ج۔ مَذَاحٍ۔

ذَخَرَ (ف)، ذُخْرًا۔ ضرورت کے وقت کے لیے ذخیرہ کرنا۔

اِذَّخَرَ و اذْخَرَ۔ ذخیرہ کرنا۔

الذُّخْرُ۔ ذَخَرَ کا اسم۔ وہ شے جس کا ذخیرہ کیا جائے۔ ج۔ اَذْخَارٌ۔

الذَّاخِرُ۔ موٹا۔

الذَّخِیرَۃُ۔ ج۔ ذَخَائِرُ۔ ذخیرہ۔ خزانہ کہتے ہیں۔ "اَعْمَالُ المُؤْمِنِیْنَ ذَخَائِرُ عِنْدَ اللّٰہِ" مومنین کے اعمال اللہ تعالیٰ کے پاس ذخیرہ ہیں۔

الإِذْخِرُ۔ سبز گھاس۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ واحد۔ (اِذْخِرَۃٌ) ج اَذَاخِرُ۔

المَذْخَرُ۔ ذخیرہ کرنے کی جگہ۔ ج مَذَاخِرُ

المَذَاخِرُ۔ جوف۔ رگیں۔ انتڑیاں پیٹ کے نچلے حصے۔

ذَرَّ (ن)، ذَرًّا — المِلْحَ۔ نمک چھڑکنا۔ — الحَبَّ فی الارضِ۔ زمین میں دانہ بونا — الارضُ النباتَ۔ زمین کا نبات اگانا۔ (ذ— ذَرًّا و ذُرُورًا) القرنُ او النباتُ۔ سینگ یا سبزہ کا پھوٹنا — الشمسُ۔ آفتاب کا طلوع ہونا — اللحمُ۔ گوشت کا سکڑنا۔

ذَرِرَ (س ن)، ذَرًّا و ذُرُورًا۔ الرجلُ۔ سر کے اگلے حصہ کا سفید ہونا۔

الذَّرُّ۔ چھوٹی چیونٹیاں۔ کرمک۔ ہوا میں منتشر غبار۔

ذَرَّاتٌ۔ واحد ذَرَّۃٌ، نسل۔

الذَّرُورُ۔ آنکھ یا زخم میں چھڑکنے کی دوا۔

خوشبو۔ ج۔ اَذِرَّةٌ
الذَّرِيرَةُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔
الذَّرِيُّ۔ تلوار کا جوہر۔
ذُرِّيَّةُ۔ الرجلِ۔ اولاد۔ نسل۔ ج
الذَّرارِيُّ و الذُّرِّيَّاتُ۔
الذِّرارُ۔ غضب۔ غصہ۔
الذُّرَارَةُ۔ ذرور خوشبو سے جو جھڑے۔
المِذَرَّةُ۔ غلہ وغیرہ بکھیرنے چھڑکنے کا آلہ۔
ذَرَأَ (ف)، ذَرْأً ـــ اللهُ الخَلْقَ۔
اللہ تعالےٰ کا مخلوق کو پیدا فرمانا ـــ
الشئَ۔ زیادہ کرنا ـــ الارضَ
زمین میں کچھ بونا۔ (ـــ وذَرِئَ (س)
ذَرَءً، شَعْرُہٗ۔ بالوں کا بڑھاپے کی
سفیدی سے سفید ہونا۔ صفت (اَذْرَأُ)
مؤنث۔ ذَرْءَاءُ۔
اَذْرَأَہٗ اِذْرَاءً۔ غضبناک کرنا۔ ڈرانا ـــ
ـہٗ بالشئِ۔ حریص بنانا۔ شوقین بنانا ـــ
ہٗ اِلٰی کذا۔ مجبور کرنا ـــ الدمعَ
آنسو بہانا ـــ الناقۃُ۔ اونٹنی کا
دودھ اتارنا۔ صفت (مُذْرِئٌ)
الذَّرْءُ۔ تھوڑی سی چیز کہتے ہیں "یکفینی
ذَرْءٌ مِنْ خَيْرٍ" مجھے تھوڑی سی نیکی
کافی ہے ـــ "وَهُمْ ذَرْءُ النَّارِ"
وہ آگ کے لیے پیدا ہوئے ہیں۔
الذُّرْأَةُ۔ بڑھاپے کی ابتدائی سفیدی جو
کنپٹیوں پر چمکتی ہے۔
الذَّرِيُّ۔ بکھیری ہوئی چیز۔ حال ہی میں
بیج ڈالی ہوئی زمین۔
ذَرِبَ (س)، ذَرَبًا و ذَرَابَةً و ذُرُوبَةً
ـــ السیفُ۔ تلوار کا تیز ہونا۔
صفت (ذَرِبٌ)، ج۔ ذُرُبٌ ـــ
الجرحُ۔ زخم کا خراب ہو کر پھیل جانا۔
ـــ الرجلُ۔ کسی کا عجز کے بعد فصیح
زبان ہونا ـــ المِعْدَةُ۔ معدہ کا
خراب ہونا۔ درست ہونا (ضد)

ذَرَّبَ (ن)، ذَرْبًا و ذَرَّبَ و اَذْرَبَ۔
ـــ السیفَ۔ تلوار کو تیز کرنا۔
ـــ اَذْرَبَ الرجلُ۔ کسی کا تنگ
گذارہ والا ہونا۔
الذَّرَبُ۔ زبان کی خرابی۔ لاعلاج بیماری
زنگ۔ ج۔ اَذْرَابٌ۔
الذِّرْبُ۔ جگر کی ایک بیماری۔ گردن کا غدود
ـــ رجلٌ ذَرِبٌ۔ زبان دراز
آدمی۔
الذَّرِبُ۔ موچی کی رانپی۔ ج ذُرُبٌ ـــ
لِسانٌ ذَرِبٌ فصیح و فحش گو زبان۔
الذَّرِبَةُ۔ غدود۔ تیز و بد زبان عورت۔ ج
ذَرِبٌ۔
الذُّرَابُ۔ زہر۔
الذَّرْبِيُّ۔ عیب۔
الذِّرْبِيُّ۔ مصیبت۔
الاَذْرَبِيُّ۔ آذربیجان کی طرف خلافِ
قیاس نسبت۔
المِذْرَبُ۔ زبان۔
ذَرَحَ (ف)، ذَرْحًا و ذَرَّحَ ـــ الشئَ
فی الریحِ۔ ہوا میں اڑانا ـــ
الطعامَ۔ کھانے میں ذراح
نامی کیڑا ملا کر اس کو زہریلا کرنا ـــ
ذَرَحَ اللبنَ۔ دودھ میں پانی ملانا۔
ـــ الزعفرانَ فی الماءِ۔ پانی میں
تھوڑا زعفران ملانا۔
الذُّرَاحُ و الذُّرُّوحُ و الذُّرَيْحُ
والذُّرَّاحُ والذُّرُّوحُ والذُّرَّحُ
والذُّرَحُ والذُّرَحْرَحُ والذُّرَحْرُوحُ
ـــ والذُّرْنُوحُ۔ ایک قسم کا زہریلا
پروار کیڑا۔
الذَّرَاحُ۔ پانی ملا ہوا دودھ۔
الذَّرِيحَةُ۔ ٹیلہ۔ ج۔ ذَرَائِحُ۔
لَبَنٌ اَوْ عَسَلٌ مُذَرَّحٌ۔ جس دودھ یا
شہد میں پانی زیادہ ہو۔

ذَرْذَرَ۔ المِلْحَ اَوِ الحَبَّ۔ نمک یا دانہ
بکھیرنا۔ چھڑکنا۔ بونا۔
الذَّرْذَارُ۔ باتونی۔ بکواس۔
ذَرَعَ (ف)، ذَرْعًا ـــ الثوبَ۔ کپڑے
کو ذراع سے ناپنا ـــ ہٗ کسی کے پیچھے
سے ہاتھ سے گلا گھونٹنا ـــ ذَرَعَہُ
القَیْءُ۔ بے اختیار قے آجانا۔
ذَرَعَ (ف) ذَرْعًا۔ وذَرِعَ (س)، ذَرَعًا۔
ـــ عندَ الرجلِ والیہ۔ سفارش
کرنا۔
ذَرَّعَ۔ الرجلُ۔ کسی کے پیچھے سے آکر
ذراع سے گلا گھونٹنا ـــ بالشئِ۔
اقرار کرنا ـــ فی السباحۃِ۔
تیرنے میں بازو پھیلانا ـــ فی المشیِ۔
چلنے میں بازوؤں کو حرکت دینا ـــ
الرجلُ۔ ڈراتے ہوئے یا خوش خبری
دیتے ہوئے بازوؤں کو بلند کرنا۔ کہتے
ہیں "ذَرَّعَ لی شَیْئًا مِنْ خَبَرِہٖ" مجھے
کچھ خبر دی۔
ذَارَعَہُ۔ مل جانا ـــ ذَارَعَہ بیعًا۔
وسیلہ بنانا ـــ الرجلَ۔ کسی کو
ہاتھ سے ناپ کر بیچنا ـــ صاحبَہٗ
فذَرَعَہٗ۔ قدم بڑھانے میں مقابلہ
کرنا اور غالب رہنا۔
اَذْرَعَ ـــ الشئَ۔ ہاتھ سے پکڑنا ـــ
ذِرَاعَیْہِ مِنْ تَحْتِ الجُبَّۃِ۔
جبہ کے نیچے سے دونوں بازوؤں کو
نکالنا ـــ فی الکلامِ۔ بہت گفتگو
کرنا۔
تَذَرَّعَ ـــ فی الکلامِ۔ بہت گفتگو کرنا۔
ـــ الشئَ۔ ہاتھ سے ناپنا ـــ
الابلُ الماءَ۔ اونٹ کا پانی میں
بازوؤں تک اتر جانا ـــ بذَرِیعَۃٍ
وسیلہ بنانا ـــ الشئَ۔ لمبائی میں
ہاتھ ہاتھ بھر پھیلنا۔

اِنْذَرَعَ۔ شروع ہونا ــ فی السَّیرِ۔ کشادہ چلنا۔

تَذَارَعَتْ ــ الاِبِلُ المَفَازَةَ۔ جنگل کا سفر طے کرنا۔

اِسْتَذْرَعَ ــ بالشئِ۔ چھپنا اور وسیلہ بنانا۔

الذَّرْعُ۔ مص۔ ہاتھ کا پھیلاؤ۔ کہتے ہیں۔ "اَبْطَرْتُ فُلَانًا ذَرْعَه" میں نے فلاں کو اس کی طاقت سے اونچی تکلیف دی۔ "وَاَبْطَرَنِي ذَرْعِي" یعنی میری روزی کو بند کرکے مجھے لاغر کردیا۔ "وَضِقْتُ بالامرِ ذَرْعًا" میں اس پر قدرت نہیں رکھتا۔ "وهُوَ واسِعُ الذَّرْعِ" وہ قدرت والا ہے "وهُوَ خَالِي الذَّرْعِ" اس کا دل غموں اور فکروں سے خالی ہے۔ "وذَرْعُهُ كَذَا" اس کا طول اتنا ہے۔

الذِّرَاعُ ــ من الرجُلِ۔ کہنی سے لے کر درمیانی انگلی کے سرے تک کا حصہ۔ (یہ مونث ہے کبھی مذکر بھی آتا ہے۔) "ضَاقَ بالامرِ ذِرَاعُهُ" اس کی طاقت گھٹ گئی۔ "هُوَ لَكَ عَلَى حَبْلِ الذِّرَاعِ" وہ تمہارے لیے تیار اور حاضر ہے۔ "وَجَعَلْتُ اَمْرَكَ عَلَى ذِرَاعِكَ" یعنی تم جو چاہو، کرو۔ ج۔ اَذْرُعٌ وذُرْعَانٌ۔ والذِّرَاعُ مِنَ البَقَرِ والغَنَمِ۔ گائے اور بکری کا دست۔ "ومِنَ الخَيْلِ والابِلِ" گھوڑے اور اونٹ کی پنڈلی کے ہاریک حصہ سے اوپر کا حصہ۔ ایک پیمانہ جس کی لمبائی ۵۰ سے ۷۰ سینٹی میٹر تک ہوتی ہے۔ اَوْلَادُ ذِرَاعٍ واَوْلَادُ الذِّرَاعِ کہتے۔ گدھے۔

الذَّرْعُ۔ مص۔ امید۔ جنگلی گائے کا بچھڑا۔

ج۔ ذِرْعَانٌ۔

الذَّرِعُ۔ زبان دراز۔ رات ودن پھرنے والا۔ اچھا ساتھی۔ مونث۔ ذَرِعَةٌ۔ ج ذَرِعَاتٌ

الذَّرِعَاتُ۔ تیز کشادہ قدم والیاں۔

الذُّرْعَةُ۔ وسیلہ۔ ج۔ ذُرَعٌ۔

الذَّرُوعُ ــ لمبے قدموں والا گھوڑا اور اونٹ۔

الذَّرِيعُ۔ تیز رفتار۔ سفارش کرنے والا۔ "مَوْتٌ ذَرِيعٌ" پھیلنے والی یا جلد آنے والی موت۔ "وقَتْلٌ ذَرِيعٌ" حد سے متجاوز قتل۔

الذَّرِيعَةُ۔ وسیلہ۔ وہ اونٹنی جس کے پیچھے شکاری بوقت شکار آڑ لیتا ہے۔ یا چھپتا ہے۔ ج۔ ذَرَائِعُ۔

الاَذْرَعُ۔ بڑا فصیح۔ قَتَلَهُمْ اَذْرَعَ قَتْلٍ۔ اس نے ان کو بہت جلد، اور بری طرح قتل کردیا۔

المِذْرَاعُ۔ ج۔ مَذَارِيعُ ومَذَارِعُ۔ صحرا کے کنارے کے اطراف، اور دیہات۔ جانور کی ٹانگیں۔

المُذَرَّعُ۔ مفع۔ جس کے سینہ پر نیزہ وغیرہ مارا ہوا اور اس کی ٹانگوں پر خون بہہ گیا ہو۔ آگے جانے والا گھوڑا۔ ــ مِنَ الثِّيرَانِ۔ جس بیل کی پنڈلیوں پر سیاہ داغ ہوں ــ مِنَ النَّاسِ۔ جس کی ماں اس کے باپ سے زیادہ شریف ہو۔

ذَرَفَ (ض) ذَرْفًا و ذَرِيفًا و ذُرُوفًا و ذَرَفَانًا و تَذْرَافًا ــ الدَّمْعُ۔ آنسو بہنا۔ صفت۔ (ذَرِيفٌ ومَذْرُوفٌ) ــ العَيْنُ دَمْعَهَا۔ آنکھ کا آنسو بہانا ــ ذَرَفَانًا۔ سست چال سے چلنا۔

ذَرَّفَ تَذْرِيفًا وتَذْرِفَةً وتَذْرَافًا۔ ــ الدَّمْعَ۔ آنسو بہانا ــ ہ۔ المَوْتَ کسی کو قریب الموت کردینا۔ ــ ہ الشئَ۔ کسی کو کسی چیز پر مطلع کرنا ــ عَلَى الخَمْسِينَ۔ پچاس سال سے بڑھ جانا۔

اِسْتَذْرَفَ ــ الشئُ۔ قطرہ قطرہ ٹپکانا۔ ــ الضَّرْعُ۔ دودھ نکالنے کے لیے تیار کیا۔

الذَّرَّافُ۔ تیز رو۔

المَذَارِفُ۔ آنسو بہنے کی جگہیں۔ واحد۔ (مَذْرَفٌ)

ذَرَقَ (ن ض) ذَرْقًا و اَذْرَقَ ــ الطائِرُ۔ پرندہ کا بیٹ کرنا ــ المکانُ۔ ذُرَقْ گھاس اگنا۔

الذَّرْقُ۔ مص۔ بیٹ۔

ذَرْقَطَ ــ الكَلَامَ۔ اس نے کلام کیا۔

ذَرَا يَذْرُو ذَرْوًا وذَرَى يَذْرِي۔ ذَرْيًا وذَرَّى تَذْرِيَةً و اَذْرَى اِذْرَاءً ــ الريحُ التُّرَابَ۔ ہوا کا خاک اڑانا۔ بکھیرنا ــ الحِنْطَةَ۔ گیہوں کو ہوا میں صاف کرنا ــ اَذْرَى الشئَ۔ گرانا بکھیرنا ــ اَذْرَاهُ الفرسُ من ظَهْرِهِ۔ اس کو گھوڑے نے اپنی پیٹھ سے گرادیا ــ ذَرَّى الشَّاةَ۔ بکری کی اون کتر کر اس کی پیٹھ پر تھوڑی سی اون بطور نشانی چھوڑ دینا۔

ذَرَا يَذْرُو ذَرْوًا ــ الشئُ۔ ہوا میں اڑنا۔

ذَرَا ــ الظَّبْيُ۔ ہرن کا تیز دوڑنا ــ الی فلانٍ۔ قصد کرنا ــ فُوهُ۔ دانت گرنا۔

تَذَرَّى۔ ہوا میں اڑکر صاف ہونا ــ المكانَ اَوِ الجَبَلَ۔ کسی جگہ یا پہاڑ پر چڑھنا۔ کہتے ہیں: تَذَرَّى

مِنْ بَرْدِ الشِّمَالِ بِصَخْرَةٍ "
یعنی اس نے شمالی ہوا کی سردی سے
چٹان کی پناہ لی۔
اِسْتَذْرٰی۔ بِہٖ۔ پناہ لینا ـــ بالشجرِ
درخت کا سایہ لینا۔
الذَّرٰی۔ گھر کا صحن اور اس کے اطراف۔
پناہ اور ہر وہ شے جس میں چھپا جا سکے
"اِتَّخَذْتُ الحائطَ ذَرًی لِیْ" میں
نے دیوار کی پناہ لی۔ "اَنا فی ذَرٰی
فُلانٍ" میں فلاں کی پناہ میں ہوں
"هُوَ كَرِيمُ الذَّرٰی" وہ کریم الطبع
ہے۔ جاری آنسو۔
الذُّرٰی۔ وہ غلہ جس کا دوسا دن کیا جائے۔
الذُّرَاوَةُ۔ ہوا میں اڑ کر گرا ہوا بھوسہ۔
ہوا میں اڑی ہوئی چیز۔
الذُّرْوَةُ والذِّرْوَةُ۔ چوٹی۔ اونچی جگہ
ہر چیز کا بلند حصہ۔ ج ذُرًی و ذِرًی۔
ـــ الذُّرْوَةُ۔ بڑھاپا۔
الذُّرَةُ۔ مکئی۔ غلہ کی ایک قسم۔
المِذْرٰی والمِذْرَاةُ۔ جیلی جس سے
گیہوں وغیرہ کھولتے ہیں۔ ج۔
مَذَارٍ۔
المِذْرَوَانِ۔ سر کے دونوں پہلو۔ کمان
کے دونوں سرے۔ دونوں سرینوں کے
ہر دو طرف۔ کہتے ہیں "جَاءَ يَنْفُضُ
مِذْرَوَيْهِ" یعنی وہ دھمکی دیتا
ہوا آیا۔
تَذَعَّبَتْهُ الجِنُّ۔ جن کا کسی کو خوفزدہ کرنا۔
اِنْذَعَبَ۔ الماءُ۔ پانی کا برابر بہتا رہنا۔
الذُّعْبَانُ۔ جوان بھیڑیا۔
ذَعَجَهُ (ف) ذَعْجًا۔ زور سے دھکیلنا
الذَّعَاعُ۔ فرقے۔ واحد (ذَعَاعَةٌ)
ذَعْذَعَ۔ الشیءَ۔ پراگندہ کرنا۔ بکھیرنا۔
ذَعْذَعَتْهُ۔ النوائبُ۔ اس کو
مصیبتوں نے جھڑ جھڑا دیا ـــ السِّرَّ۔
اَوِ الخَبَرَ۔ بھید یا خبر کو پھیلانا۔ فاش
کرنا ـــ الريحُ الشجرَ۔ ہوا کا
درخت کو زور سے ہلا دینا۔
تَذَعْذَعَ۔ بکھرنا۔ پھیلنا۔
الذُّعْذَاعُ۔ چغل خور۔ وہ شخص جو بھید
کو نہ چھپائے۔
ذَعَاذِعٌ۔ النخلِ۔ ردی کھجور ـــ
تفرَّقوا ذَعَاذِعَ۔ وہ لوگ ادھر
ادھر بکھر گئے۔
ذَعَرَهُ (ف) ذَعْرًا۔ ڈرانا۔ خوف زدہ کرنا۔
ذُعِرَ۔ ڈر جانا۔ صفت (مَذْعُورٌ)
ذَعِرَ (س) ذَعَرًا۔ حیران ہونا۔ دہشت
زدہ ہونا۔
اَذْعَرَهُ۔ خوفزدہ کرنا۔
تَذَعَّرَ۔ خوفزدہ ہونا۔
اِنْذَعَرَ۔ ڈرنا۔ گھبرانا۔
الذُّعْرُ۔ خوف و ڈر ـــ اَمْرٌ ذُعْرٌ۔
خوفناک معاملہ۔
الذَّاعِرُ۔ فا۔ ڈرنے والا۔ خبیث۔ رجلٌ
(ذَاعِرٌ ذُعَرَةٌ ذُعْرَةٌ) اپنے
اندر عیوب رکھنے والا آدمی۔ سُرین۔ دُبر۔
الذُّعَرَةُ۔ ایک چھوٹا سا پرندہ جو اپنی
دُم بہت زیادہ ہلاتا رہتا ہے ـــ
سَنَةٌ ذُعْرِيَّةٌ۔ سخت سال۔
الذَّعُورُ۔ خوف زدہ۔ تہمت اور بدکلامی
سے ڈرنے والی عورت۔
نَاقَةٌ مُذَعَّرَةٌ۔ دیوانی اونٹنی۔
ذَعَطَهُ (ف) ذَعْطًا۔ تیزی سے ذبح کرنا
اچانک مارنا ـــ موتٌ ذَاعِطٌ
وذَعُوطٌ۔ جلد آنے والی موت۔
ذَعَفَهُ (ف) ذَعْفًا۔ زہر پلانا ـــ
الطعامَ۔ کھانے میں زہر ڈالنا۔
ذَعِفَ (س) ذُعَافًا۔ مرنا۔
اَذْعَفَهُ۔ اچانک مار دینا۔ جلدی مار دینا
اِنْذَعَفَ۔ دل کا کٹنا۔ ٹوٹنا۔ سانس
پھولنا۔
الذَّعْفُ والذُّعَافُ۔ فوراً مار ڈالنے
والا زہر ـــ حَيَّةٌ ذُعْفُ اللُّعَابِ
وہ زہریلا سانپ جس کا زہر فوراً مار
ڈالے۔
ذَعَقَهُ (ف) ذَعْقًا۔ چلانا۔ چیخنا۔
ڈرانا ـــ دَاءٌ ذُعَاقٌ۔ مہلک
بیماری۔
ذَعَنَ (س) ذَعْنًا و اَذْعَنَ ـــ لَهُ۔
تابع و مطیع ہونا ـــ اَذْعَنَ بالحقِّ
حق کا اقرار کرنا۔
المِذْعَانُ۔ آسانی سے فرماں بردار ہونے
والا۔
ذَفَّ (ض) ذَفًّا و ذِفَافًا ـــ علی
الجريحِ۔ زخمی کو مار ڈالنا ـــ فی
الامرِ۔ کسی امر میں جلد بازی سے
کام لینا۔ (ذَفًّا)، الطاعونُ
فلانًا۔ ہلاک کر دینا۔
ذَفَّفَ و ذَافَّ و اَذَفَّ۔ الجريحَ
و ذَافَّ ـــ عليهِ و لَهُ۔ زخمی کو
مار ڈالنا ـــ وذَفَّفَ جِهَازَ
رَاحِلَتِهِ۔ سواری کے بوجھ کو ہلکا
کرنا۔
ذَفَّ (ض) ذَفِيفًا۔ واسْتَذَفَّ۔
اِسْتِذْفَافًا ـــ الامرُ۔ تیار ہونا
ممکن ہونا۔
الذَّافُّ۔ تھوڑا سا پانی۔
الذِّفَافُ۔ مص۔ ذَفَّ علی الجريحِ
کا اسم۔ تھوڑی چیز ـــ والذُّفَافُ
زہر قاتل۔ تھوڑا پانی۔ ج ذُفُفٌ و
اَذِفَّةٌ۔
الذَّفِيفُ والمُذَفَّفُ۔ ہلکا تیز رو۔
ذَفِرَ (س) ذَفَرًا ـــ الشیءُ۔ بو اٹھنا۔
خواہ خوشبو ہو یا بدبو۔ عام طور پر بدبو
کے لیے مستعمل ہے۔ صفت (ذَفِرٌ)

وَاَذْفَرَ مؤنث۔ ذَفْرَآءُ وذَفْرَاءُ
— النَّبْتُ۔ سبزی کا زیادہ ہونا۔
اِسْتَذْفَرَ۔ بالامرِ۔ پکا ارادہ کرنا۔
الذَّفَرُ والذَّفِرَةُ۔ بو کی تیزی۔ بدبو۔
الذَّفِرَةُ۔ ایک قسم کی گھاس۔
الذِّفْرٰی۔ کان کے پیچھے کی ہڈی۔ ج۔
ذِفْرَیَاتٌ وذَفَارَی وذِفَارٌ۔
الذَّفْرَاءُ۔ ایک بدبودار پودا۔
ذَقَنَهُ (ن) ذَقْنًا۔ ٹھوڑی پر مارنا۔
(— وذَقَنَ) عَلٰی یَدِهٖ، اَوْ
عَصَاهُ۔ اپنے ہاتھ یا لاٹھی پر ٹھوڑی
لگانا۔
ذَاقَنَهُ مُذَاقَنَةً۔ تنگ کرنا۔
الذَّقَنُ والذِّقْنُ ٹھوڑی۔ ج۔ اَذْقَانٌ
الذِّقْنُ۔ بہت بوڑھا۔
الذَّاقِنَةُ۔ حلقوم کے کنارے پر کا ابھرا
ہوا حصہ۔ ٹینٹوا۔
الاَذْقَنُ لمبی ٹھوڑی والا۔ مؤنث ذَقْنَاءُ
ج۔ ذُقْنٌ۔
ذَکَرَ (ن) ذِکْرًا وتَذْکَارًا — اللّٰہَ
اللہ تعالیٰ کی پاکی و بزرگی بیان کرنا۔
— الشَّیْءَ۔ یاد کرنا۔ —
لِفُلَانٍ حَدِیْثًا۔ ذکر کرنا —
الاَمْرَ۔ اچھی طرح سمجھنا — اسمَ
اللّٰہِ۔ اللہ کا نام لینا — حَقَّ
فُلَانٍ۔ کسی کے حق کی حفاظت کرنا۔
اور اس کو ضائع نہ کرنا۔
ذَکَّرَ — الکَلِمَةَ۔ کلمہ کو مذکر لانا —
ذَکَّرَهُ الشَّیْءَ وذَکَّرَ بِهٖ۔ یاد
دلانا — القَوْمَ۔ وعظ کرنا۔
اَذْکَرَهُ — الشَّیْءَ۔ یاد دلانا —
المَرْأَةُ۔ عورت کا اولاد نرینہ جننا۔
صفت۔ (مُذْکِرٌ۔)
ذَاکَرَهُ مُذَاکَرَةً۔ فی اَمْرٍ۔ کسی بات
پر گفتگو کرنا۔

تَذَکَّرَ — الشَّیْءَ۔ یاد کرنا۔
تَذَاکَرُوْا — فِی الاَمْرِ۔ کسی معاملہ پر
بات چیت کرنا۔
اِذَّکَرَ و اِدَّکَرَ و اِذْدَکَرَ — الشَّیْءَ۔
یاد کرنا۔
اِسْتَذْکَرَ — الشَّیْءَ۔ پڑھنا۔ یاد کرنا —
اِسْتَذْکَرَ الرَّجُلَ۔ کسی کی انگلی
پر ڈورا باندھنا تاکہ اس کو کوئی بات یاد
آجائے۔
الذِّکْرُ۔ مص۔ شہرت۔ کہتے ہیں "لَهٗ
ذِکْرٌ فِی النَّاسِ" اس کی لوگوں میں
شہرت ہے۔ تعریف۔ شرف۔ نماز
ودعا۔ — والذِّکْرُ مِنَ الرِّجَالِ
مضبوط و بہادر آدمی — مِنَ القَوْلِ
مضبوط پختہ بات — مِنَ المَطَرِ
موسلا دھار بارش — ذِکْرُ
المَیِّتِ۔ مرنے والے کا نام لوگوں کی
زبان پر جاری رہنا — ذِکْرُ
الحَقِّ۔ چک۔ ج۔ ذُکُوْرٌ۔
الذُّکْرُ۔ یادداشت۔
الذِّکِّیْرُ والذِّکِّیْرُ والذِّکْرٰی — و
الذِّکِّیْرُ۔ بہت یاد کرنے والا۔
اچھے حافظہ والا۔ عمدہ یادداشت والا۔
— والذِّکِّیْرُ مِنَ الحَدِیْدِ
اچھا سخت لوہا — رَجُلٌ ذِکِّیْرٌ
خوددار آدمی —
مردوں سے مشابہت رکھنے والی عورت
الذُّکْرَةُ۔ یاد۔
الذَّکَرُ۔ مرد — مِنَ الحَدِیْدِ۔
اچھا عمدہ لوہا — مِنَ النُّحَاسِ۔
وہ سخت تانبا جو کوٹا نہ جا سکے —
سَیْفٌ ذَکَرٌ۔ وہ تلوار جس کی
دھار عمدہ لوہے کی اور پشت گھٹیا
لوہے کی ہو — مَطَرٌ ذَکَرٌ
سخت بارش — الذَّکَرُ مِنَ

النَّخْلِ۔ وہ کھجور جو پھل نہ لائے۔
ج۔ ذُکُوْرٌ و ذُکُوْرَةٌ و ذُکْرَانٌ
وذِکَارٌ وذِکَارَةٌ وذِکَرَةٌ۔
ذُکُوْرٌ — البَقْلِ۔ وہ ترکاریاں جو سخت
اور تلخ ذائقہ ہو گئی ہوں۔ اس کی ضد
اَحْرَارٌ ہے۔
الذِّکْرٰی۔ یاد دہانی۔ ذکر لسانی یا قلبی۔
الذُّکْرَةُ۔ شہرت۔ کلہاڑی کے سرے پر
لگا ہوا فولاد کا ٹکڑا — ذُکْرَةُ
السَّیْفِ۔ تلوار کی دھار۔
الذَّاکِرَةُ۔ ذَاکِرٌ کا مؤنث۔ قوتِ
حافظہ۔
التَّذْکِرَةُ۔ وہ چیز جس سے حاجت یاد
آجائے — عِنْدَ المُوَلِّدِیْنَ
سرٹیفکیٹ۔ پاسپورٹ۔ ٹکٹ۔ ج
تَذَاکِرُ۔
الذُّکُوْرَةُ۔ مردمی۔
المُذْکِرُ۔ لڑکے جننے والی عورت —
یَوْمٌ مُذْکِرٌ۔ سخت ہولناک دن —
طَرِیْقٌ مُذْکِرٌ۔ خوفناک راستہ —
دَاهِیَةٌ مُذْکِرٌ۔ سخت مصیبت۔
المُذَکَّرُ۔ نر۔ سیف بُراں۔ خوفناک
راستہ۔ ہولناک دن۔
المُذَکَّرَةُ والمُتَذَکِّرَةُ۔ مرد کے
مشابہ عورت۔
المِذْکَارُ۔ لڑکے جننے والی عورت۔
ذَکَتْ تَذْکُوْ ذُکُوًّا وذَکًا وذَکَاءً۔ د۔
اِسْتَذْکَتْ — النَّارُ۔ آگ کا
شدت سے بھڑک پڑنا — الشَّمْسُ
سورج کی تمازت کا تیز ہو جانا —
الحَرْبُ۔ لڑائی کا تیز و شدید ہو
جانا۔
ذَکِیَ یَذْکَی وذَکَی یَذْکِی وذَکُوَ یَذْکُوْ
ذَکَاءً۔ تیز فہم ہونا۔ صفت۔ ذَکِیٌّ،
مؤنث۔ ذَکِیَّةٌ۔ ج۔ اَذْکِیَاءُ۔

ذَكَا يَذْكُوْ ذَكًا وذَكَاةً ـ الذَّبِيحَةَ
جانور کو ذبح کرنا۔ (ــ ذَكَاءً ؛
المِسْكُ ۔ مشک کی خوشبو مہکنا۔
صفت ۔ (ذَكِيٌّ)
ذَكَّى ـ النَّارَ ـ آگ جلانا ـ الحَرْبَ
جنگ کا آگ بھڑکانا ـ الذَّبِيحَةَ
ذبح کرنا ـ الرَّجُلُ ـ سن
رسیدہ ہونا اور بدن میں بھاری پڑنا ۔
أَذْكَى ـ النَّارَ ـ آگ جلانا ـ الحَرْبَ
جنگ کی آگ بھڑکانا ـ أَذْكَى
عليه العُيُونَ ـ اس نے اس پر
جاسوس بھیجے ۔
اِسْتَذْكَى ـ اِسْتِذْكَاءً ـ النَّارَ ـ آگ
بھڑکانا ۔ آگ کا بھڑکنا ۔ جلنا ۔
الذَّكَاءُ ۔ ذہن کی تیزی ۔ تیز فہمی ۔
ذُكَاءُ ۔ سورج کے لیے اسم علم ہے ـ
ابنُ ذُكَاءَ ۔ صبح ۔
الذُّكْوَةُ والذُّكْيَةُ ۔ ایندھن ۔ آگ
سلگانے والی چیز ۔
الذَّكَا ۔ مص ۔ دہکتا ہوا انگارہ (ــ
والذَّكَاةُ) ۔ ذبح ۔
المُذْكِي والمُذَكِّي ۔ بہت بارش
برسانے والا بادل ۔ ـ المُذَكِّي
مِنَ الخَيْلِ ۔ وہ گھوڑا جو عمر میں بھی پورا
ہو اور طاقت میں بھی کامل ۔ ج
المَذَاكِي والمُذَكِّيَاتُ ۔
ذَلَّ (ض) ذُلًّا وذِلَّةً وذَلَالَةً و
مَذَلَّةً ۔ ذلیل ہونا ۔ خوار و رسوا
ہونا ۔ صفت (ذَلِيلٌ و ذَلَّانٌ)
ج ۔ أَذِلَّاءُ وأَذِلَّةٌ وذِلَالٌ ۔
(ــ ذُلًّا و ذِلًّا) ـ البَعِيرُ ۔
اونٹ کا جلد رام ہونا ۔ صفت (ذَلُولٌ)
ج ۔ أَذِلَّةٌ و ذُلُلٌ ۔ کہتے ہیں ۔
" ذَلَّتْ لَهُ القَوَافِي " ۔ اس پر قافیوں
کی آمد ہوئی ۔

ذَلَّلَهُ وأَذَلَّهُ واِسْتَذَلَّهُ ـ ذلیل
کرنا ـ أَذَلَّهُ واِسْتَذَلَّهُ ـ
ذلیل پانا ـ وأَذَلَّ الرَّجُلُ
سزاوار ذلت ہونا ۔ ساتھیوں کا ذلیل
ہونا ۔
ذُلِّلَ ـ الكَرْمُ ۔ انگور کے خوشے لٹکائے
گئے یا برابر کیے گئے ـ النَّخْلُ ۔
درخت خرما کے خوشوں کو لکڑی پر رکھا ۔
تَذَلَّلَ ـ لَهُ ۔ عاجزی اور فروتنی کرنا ۔
الذِّلُّ ۔ مص ۔ رحمت ۔ نرمی ۔ ج ۔
أَذْلَالٌ ۔ کہتے ہیں " دَعْهُ عَلَى
أَذْلَالِهِ " اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دو
ـ جَاءَ عَلَى أَذْلَالِهِ ۔ وہ
وہ اپنے طریقہ پر آیا ـ أُمُورُ
اللهِ جَارِيَةٌ أَذْلَالَهَا وعَلَى
أَذْلَالِهَا ۔ اللہ تعالی کے امور حسب
مواقع جاری ہیں ـ أَذْلَالُ
النَّاسِ ۔ سب سے آخری لوگ ۔
سب سے ادنیٰ لوگ ۔
الذُّلُّ ۔ مص ۔ تابع داری ۔ سہولت
نرمی ۔ تواضع ۔ کہتے ہیں " ذُلٌّ ذَلِيلٌ "
ذلیل کرنے والا یا بُری ذلت ۔
الذَّلُولِيُّ ۔ نرم و خوش اخلاق ـ طَرِيقٌ
مُذَلَّلٌ ۔ بہت چلتا ہوا راستہ ـ
شَجَرَةٌ مُذَلَّلَةٌ ۔ وہ درخت جس
کو ہر شخص پا سکے ۔
ذَلَغَ (ف) ذَلْغًا ۔ ہونٹ پھٹنا ۔
صفت (أَذْلَغُ) ـ الطَّعَامَ
کھانا کھانا ۔
ذَلِغَتْ (س) ذَلَغًا ـ شَفَتُهُ ۔ ہونٹ
الٹنا ۔ صفت (أَذْلَغُ)
تَذَلْذَلَ ـ الشَّيْءُ ۔ ڈھیلا اور مضطرب
ہونا ۔
الذُّلْذُلُ والذِّلْذِلُ ۔ کپڑے کا دامن
ج ۔ ذَلَاذِلُ ۔ کہتے ہیں " شَمِّرْ

ذَلَاذِلَكَ " دامن اٹھا ۔
ذَلِفَ (س) ذَلَفًا ـ الأَنْفُ ۔ ناک
چھوٹی اور ہموار ہونا ۔
الأَذْلَفُ ۔ چھوٹی اور ہموار ناک والا ۔ مؤنث
ذَلْفَاءُ ۔ ج ۔ ذُلْفٌ ۔
ذَلَقَ (ن) ذَلْقًا وأَذْلَقَ ـ الطَّائِرُ
پرندہ کا بیٹ کرنا ـ ذَلَقَ اللِّسَانُ
زبان کا فصیح و تیز ہونا ۔ (ــ وأَذْلَقَ
وذَلَّقَ) ـ السِّكِّينَ ۔ چھری
تیز کرنا ـ ذَلَقَهُ وأَذْلَقَهُ و
ذَلَّقَهُ ۔ کمزور اور دبلا کرنا ـ
ذَلَقَ الضَّبَّ ۔ گوہ کو نکالنے کے لیے
اس کے سوراخ میں پانی ڈالنا ۔
ذَلِقَ (س) ذَلَقًا ـ السَّيْفُ أَوِ
اللِّسَانُ ۔ تلوار یا زبان کا تیز ہونا ۔
ـ السِّرَاجُ ۔ چراغ کا روشن
ہونا ـ الرَّجُلُ ۔ آدمی کا بے آرام
ہونا ـ مِنَ العَطَشِ ۔ پیاس سے
قریب المرگ ہونا ۔
ذَلُقَ (ك) ذَلَاقَةً ـ اللِّسَانُ ۔ زبان
کا فصیح ہونا ۔
اِنْذَلَقَ ۔ تیز زبان ہونا ۔
الذَّلْقُ ۔ مص ـ ذَلْقُ الشَّيْءِ و
ذَلْقَتُهُ ۔ کسی شے کی تیزی ـ ذَلْقُ
اللِّسَانِ ۔ زبان کا کنارہ ـ ذَلْقُ
السَّهْمِ ۔ تیر کا باریک حصہ ۔
الذَّلْقُ والذَّلَقُ والذُّلُقُ والذَّلِقُ
والذَّلِيقُ والذَّلِيقُ ـ مِنَ
الأَلْسِنَةِ أو الأَسِنَّةِ ۔ تیز زبان یا بھالا ۔
ـ لسانٌ ذَلِقٌ طَلِقٌ وذَلْقٌ طَلْقٌ
وذُلُقٌ طُلُقٌ ۔ تیز زبان ۔ سریع فصیح و بلیغ ۔
الذَّوْلَقُ ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ ۔ دھار ۔ نوک ۔ تیزی
ـ الأَحْرُفُ الذَّوْلَقِيَّةُ ۔ وہ حروف
جن کا مخرج نوک زبان ہو ۔
المُذَلَّقُ ۔ تیز کنارہ والا ۔ پانی ملا دودھ ۔

ذَلّی یَذلُی۔ ذَلْیًا ۔ الرُّطَبَ۔ تر کھجور چننا۔
اِنذَلی۔ تر کھجور کا چنا جانا۔
تَذَلّی۔ تواضع و عاجزی کرنا۔
اِذلَولی۔ ذلیل ہونا۔ تابع ہونا۔ چھپ کر تیزی سے نکل جانا۔
ذَمَّہٗ (ن) ذَمًّا و مَذَمَّۃً۔ برائی کرنا۔ عیب گیری کرنا — الاَنفُ۔ ناک سے رینٹھ بہنا۔
ذَمَّمَہٗ۔ مذمت کرنے میں مبالغہ کرنا۔
ذَامَّ۔ عَیشَہٗ۔ قناعت کے ساتھ گذارہ کرنا۔
اَذَمَّہٗ۔ قابل مذمت پانا۔ کسی کو پناہ دے کر اپنی حفاظت میں لینا — الرجلُ قابل مذمت فعل کرنا — علیہ و لہٗ۔ کسی کے لیے پناہ لینا — المکانُ۔ کسی جگہ کا قحط زدہ اور بے برکت ہونا۔ — اَذَمَّ بِھِم۔ حقیر جاننا یا مذموم حالت میں چھوڑنا۔
تَذَامَّ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کی مذمت کرنا۔
تَذَمَّمَ۔ مِنہُ۔ کسی سے بچنا۔ اور اس کو اپنے لیے ننگ و عار سمجھنا۔ کہتے ہیں "اِلٰی اَتَذَمَّمُ مِنَ القَومِ" میں اس قوم سے کنارہ کش ہوکر دوسری قوم کی طرف چلا جاؤں گا۔
اِستَذَمَّ۔ قابل مذمت ہونا — بہ پناہ طلب کرنا — اِلٰی فُلانٍ۔ کسی کے ساتھ قابل ملامت فعل کرنا
الذَّمُّ۔ مص۔ مذمت۔ برائی۔ عیب۔ ج۔ ذُمُومٌ۔ کہتے ہیں "اِفعَل کَذا اِخلاکَ ذَمٌّ" ایسا کرو تم ملامت سے بری ہو گے۔ ذم بمعنی مذموم بھی مستعمل ہے۔
بِئرٌ ذَمَّۃٌ۔ کم پانی والا کنواں۔ یا زیادہ پانی والا۔
الذِمُّ۔ کفالت۔ بہت دبلا۔ ہلاک ہونے والا۔
الذِمَامُ۔ حق۔ عزت۔ حرمت۔ ج اَذِمَّۃٌ۔
الذِمَامَۃُ۔ کفالت۔ ذمہ داری۔
الذُمَامَۃُ۔ بقیہ۔
الذِمَّۃُ۔ امان۔ حفاظت۔ ذمہ داری۔ ج۔ ذِمَمٌ — اھلُ الذِمَّۃِ دارالاسلام میں جزیہ دے کر رہنے والے غیر مسلم لوگ۔ ایک دوسرے سے معاہدہ کرنے والی قوم۔ — "اَنتَ فِی ذِمَّۃِ اللّٰہِ" تم اللہ کی امان و پناہ میں ہو۔
الذِمِّیُّ۔ مسلمان بادشاہ کی غیر مسلم جزیہ دینے والی رعایا۔
الذَّمِیمُ۔ برا۔ منہ پر کی پھنسی۔ شبنم۔ رینٹ۔ بدمزہ پانی۔ — بِئرٌ ذَمِیمٌ۔ تھوڑے یا زیادہ پانی والا کنواں۔ ج ذِمَامٌ۔
المُذِمُّ۔ بے حرکت۔ عیب دار۔
المَذَمَّۃُ۔ نقص عزت۔ خودداری۔ "ھُوَ یَحفَظُ مَذَمَّتَہٗ" وہ اپنے حق و عزت کی حفاظت کرتا ہے — "اَذھِب مَذَمَّتَہٗ بِشَیءٍ" اس کو کچھ دے کر حق کی ادائیگی کرو۔
ذَمَأَ (ف) ذَمْأً — الامرُ علیہ۔ کسی پر کوئی امر شاق و بار ہونا۔
ذَمذَمَ۔ تھوڑا عطیہ دینا۔
ذَمَرَہٗ (ن) ذَمْرًا۔ دھمکی دینا — ذَمَرَ عَلَی الامرِ۔ کسی امر پر ملامت کرکے اکسانا۔ ابھارنا — الاَسَدُ۔ شیر کا دھاڑنا۔
ذَمَّرَ — الشیءَ۔ اندازہ لگانا — الرجلَ۔ کسی کے مونڈھے کو چھونا۔
تَذَمَّرَ۔ کسی کام کے ہاتھ سے نکل جانے پر اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ غصہ ہونا۔ کہتے ہیں "کَانَ یَتَذَمَّرُ عَلٰی رَبِّہٖ" وہ اپنے آقا پر بلند آوازی سے ناراضگی ظاہر کرتا ہے — علٰی فلانٍ۔ کسی پر برافروختہ ہونا۔ کسی کو دھمکی دینا۔ — وتَذَامَرَ — القومُ۔ ایک دوسرے کو جنگ پر بھڑکانا۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
الذَمِرُ و الذِمِرُ و الذِمِرُّ و الذِمِّیرُ بہادر۔ ج۔ اَذمَارٌ۔
الذِمَارُ۔ ہر وہ جس کی حمایت و حفاظت اور بچاؤ کسی کے ذمہ لازم ہو۔ حرم۔ خاندان۔ کہتے ہیں "ھُوَ اَمنَعُ ذِمَارًا مِنکَ" وہ تم سے زیادہ حفاظت کرنے والا ہے۔
ذَمَارِ۔ اسم فعل۔ جنگ پر برانگیختہ کرنے کے لیے۔
الذَمَارَۃُ۔ بہادری۔ شجاعت۔
الذِمِّرِیُّ۔ سخت طبیعت۔
المُذَمَّرُ۔ مفع۔ کندھا۔ گردن اور اس کے گرداگرد کا حصہ۔ کہتے ہیں "بَلَغَ الامرُ المُذَمَّرَ" معاملہ سنگین ہوگیا۔
ذَمَلَ (ن ض) ذَمْلًا و ذَمِیلًا و ذُمُولًا و ذَمَلانًا — البعیرُ۔ اونٹ کا نرم اور آہستہ چال سے چلنا۔
ذَمَّلَ۔ البعیرَ۔ اونٹ کو آہستہ چلانا۔ — ناقۃٌ ذَمُولٌ آہستہ چلنے والی اونٹنی۔ ج۔ ذُمُلٌ۔
الاَذمَلُ۔ بدمن والا۔
ذَمِہَ (س) ذَمْھًا — الحَرُّ۔ گرمی کا

تیز و شدید ہونا ــ الرجلُ بالحَرِّ کسی کا گرمی سے گھبرا اٹھنا۔

ذَمِیَ (س)، ذَمًّا و ذَمَاءً۔ ہلنا۔

ذَمَی (ض)، ذَمَاءً۔ بیماری کا مرض ہونا قریب الموت ہونا۔ بدبو دینا ــ (ــ ذَمَیَانًا۔) جلدی کرنا ــ (ذَمَتْهُ الریحُ تذمِیَةً ذَمْیًا) تکلیف دینا۔

اَذْمٰی اِذْمَاءً۔ اس قدر مارنا کہ موت کے قریب ہو جائے۔

اِستَذْمٰی ــ مَا عندَہٗ۔ پیچھے مڑ کر سب کچھ لے لینا۔

الذَمٰی۔ بدبو۔

الذَمَاءُ۔ رمقِ حیات۔ کہتے ہیں "ھُوَ اَطْوَلُ ذَمَاءً مِنَ الضَّبِّ" وہ سوسمار سے بھی زیادہ سخت جان ہے۔ کیونکہ اس کی روح بہت دیر میں نکلتی ہے۔

ذَنَّ (ض)، ذَنِیْنًا و ذَنَنًا ــ المُخَاطُ۔ ناک سے رطوبت بہنا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّہٗ لَیَذِنُّ" وہ بڑھاپے یا بیماری سے کمزور ہے۔

ذَنَّ (س)، ذَنَنًا و ذَنَّن۔ ناک کی رطوبت بہنے والا ہونا۔

ذَنَّ (ض)، ذَنِیْنًا ــ البَرْدُ۔ سردی کا سخت ہونا۔

الذَنَنُ۔ میل۔ گندگی۔

الاَذَنُّ۔ وہ شخص جس کے ناک سے رینٹ بہتی ہو۔ مؤنث۔ ذَنَّاءُ۔ ج۔ ذُنٌّ۔ مثل ہے "اَنْفُکَ مِنْکَ وَاِنْ کَانَ اَذَنَّ" اس کے ساتھ اس شخص سے خطاب کیا جاتا ہے جو اپنی قوم کے ضعیفوں سے بیزار ہو۔

الذَنَانُ و الذَنِیْنُ۔ ناک کی ریزش۔ رینٹ۔

الذُنَابَةُ۔ حاجت۔ چیز کا بقیہ۔ کمزور۔

ذَنَبَہٗ (ض ن)، ذَنْبًا۔ کسی کا پیچھا کر کے اس کے نشانات قدم کو نہ چھوڑنا۔ کھوج لگانا۔

ذَنَّبَ ــ العِمَامَةَ۔ عمامہ کا شملہ چھوڑنا ــ الکتابَ۔ کتاب کے ساتھ اس کا تتمہ شامل کرنا۔ ــ الضَبَّ گوہ کو دم سے پکڑنا ــ الجرادُ ٹڈی کا انڈے دینے کے لیے زمین میں دھنسنا ــ الضَبُّ۔ سوسمار کا اپنے سوراخ سے دم باہر نکالنا۔ اور سر اندر رکھنا۔

اَذْنَبَ۔ الرجلُ۔ گناہ کا مرتکب ہونا۔

تَذَنَّبَ۔ علیہ۔ کسی پر ظلم و زیادتی کرنا۔ جرم کی نسبت کرنا ــ الرجلُ پگڑی کا شملہ لٹکانا ــ الطریقَ راستہ پکڑنا۔

تَذَانَبَ ــ السحابُ۔ بادلوں کا آگے پیچھے چلنا۔

اِستَذْنَبَہٗ۔ کسی کا پیچھا کرنا۔ کسی کو مجرم پانا یا سمجھنا ــ الامرُ۔ کام کا پورا ہونا۔

الذَنْبُ۔ گناہ۔ قصور۔ جرم۔ ج۔ ذُنُوْبٌ۔ ج ج۔ ذُنُوْبَاتٌ۔

الذَنَبُ ــ مِنَ الحَیْوَانِ۔ دُم۔ ج اَذْنَابٌ ــ اَذْنَابُ النَّاسِ۔ گھٹیا نیچے طبقہ کے لوگ ــ ذَنَبُ العَقْرَبِ۔ بچھو کا ڈنک۔ ذَنَبُ السَّوْطِ۔ کوڑے کا سرا۔ کہتے ہیں۔ "ضَرَبَ بِذَنَبِہٖ" وہ رو پڑا۔ و "رَکِبَ ذَنَبَ البعیرِ" وہ اپنے ناقص حصہ پر راضی رہا ــ و "رَکِبَ ذَنَبَ الریحِ" وہ ایسی سبقت لے گیا کہ کوئی اس کو نہ پا سکا۔ و "بَیْنِیْ و بینہٗ ذَنَبُ الضَّبِّ" میرے اور اس کے درمیان عداوت ہے۔

الذِنَابُ۔ وہ رسی جس سے اونٹ کی دُم باندھی جائے۔ چیز کا پچھلا حصہ۔ ج ذَنَائِبُ۔

الذِنَابَةُ۔ قرابت (ــ والذُنَابَةُ والذَنَبَةُ) ــ مِنَ الوَادِی۔ وادی کا سرا۔

الذَنَبَةُ۔ دُم ــ ذَنَبَاتُ النَّاسِ و ذَنَابَاهُمْ۔ گھٹیا درجہ کے لوگ۔

الذُنَابٰی۔ پرندہ کی دُم۔

الذَنُوْبُ ــ مِنَ الخَیْلِ۔ لمبی اور گھنے بالوں کی دم والا گھوڑا ــ ذَنَائِبُ و ذِنَابٌ و اَذْنِبَةٌ۔ قبر۔ دُنبہ کی چکتی کا گوشت

الذِنِّبِیُّ و الذُنْبِیُّ۔ دم۔

المِذْنَبُ۔ لمبی دم۔ تنگ نالہ یا ندی ــ سَالَتِ المَذَانِبُ۔ نالے بھر پڑے۔

المِذْنَبَةُ۔ چمچہ۔

المُذَنَّبُ۔ دم دار۔ اور نجمٌ مُذَنَّبٌ۔ اسی سے ہے۔ یعنی دُمدار ستارہ۔

المُذَانِبُ ــ مِنَ الابِلِ والخیلِ۔ سب سے پیچھے چلنے والا اونٹ یا گھوڑا۔

ذِهْ و ذِہٖ۔ مؤنث قریب کے لیے اسم اشارہ ہائے تنبیہ لگا کر ھٰذِہٖ و ھٰذِہٖ کہتے ہیں۔

ذَهَبَ (ف)، ذَهَابًا و ذُهُوْبًا۔ و مَذْهَبًا۔ چلنا۔ گذرنا۔ مرجانا ــ الامرُ۔ ختم ہونا ــ علی الشیءِ۔ بھول جانا ــ بہٖ۔ لے جانا اور اسی سے ہے "ذَهَبَتْ بہِ الخُیَلَاءُ" یعنی اس کے تکبر نے اس کو رتبہ سے گرا دیا ــ فی المسئلَةِ اِلٰی کذا۔ اس مسئلہ میں اس کی یہ رائے قرار پائی۔

ذَهِبَ (س)، ذَهَبًا۔ سونے کی کان میں بہت سا سونا پاکر حیران ہونا۔

أَذْهَبَ وذَهَّبَ — الشيءَ۔ کسی چیز سونے کا پانی چڑھانا۔ صفت مفعول۔ (ذَهِيبٌ ومُذْهَبٌ و مُذَهَّبٌ)

أَذْهَبَه وأَذْهَبَ۔ به۔ لے جانا۔

الذَّهَبُ۔ مص۔ سونا (کبھی مؤنث بھی آتا ہے)۔ ج۔ أَذْهَابٌ وذُهُوبٌ وذُهْبَانٌ۔ ایک ٹکڑا۔ (ذَهَبَةٌ) انڈے کی زردی۔ ج۔ ذِهَابٌ و أَذْهَابٌ وجج أَذَاهِبُ۔

الذِّهْبَةُ۔ ہلکی یا زور کی بارش۔ ج ذِهَابٌ وأَذْهَابٌ۔ وجج أَذَاهِيبُ۔

الذَّهُوبُ۔ جانے والا۔

المَذْهَبُ۔ اعتقاد۔ طریقہ۔ اصل۔ اسلام کے مشہور مذاہب چار ہیں حنفی، شافعی حنبلی، مالکی۔

المُذَهَّبَاتُ۔ جاہلیت کے سات قصیدے جو معلقات کے بعد دوسرے درجہ میں شمار ہوتے ہیں۔

ذَهِرَ (س)، ذَهَرًا۔ فَمُهُ۔ کالے دانتوں والا ہونا۔ صفت مر أَذْهَرُ

ذَهَلَ (ف)، ذَهْلًا وذُهُولًا — الشيءَ وعنهُ۔ بھول جانا۔ غافل ہونا۔

ذَهِلَ (س)، ذُهُولًا۔ حیران ہونا۔ ہکا بکا رہنا۔

أَذْهَلَه۔ بھلا دینا۔ غافل کر دینا۔

الذُّهْلُ والذَّهْلُ — من الليلِ۔ رات کا ایک حصہ۔

المَذْهَلُ۔ بھولنے کی جگہ۔ ج۔ مَذَاهِلُ

الذُّهْلُولُ — من الخيلِ أو الرجالِ۔ عمدہ گھوڑا۔ اچھا آدمی۔ ج ذَهَالِيلُ۔

ذَهَنَ (ف)، ذَهْنًا — الأمرَ۔ کسی امر کو سمجھنا۔ تیزی ذہن میں کسی پر غالب رہنا۔ (۔ وأَذْهَنَ واستَذْهَنَ) الرجلَ عنِ الأمرِ۔ کسی کو کوئی کام بھلا دینا۔ فراموش کرانا۔

ذَهِنَ (س)، ذَهَنًا — الشيءَ۔ سمجھنا۔

ذَهُنَ (ك)، ذَهَانَةً۔ اچھے حافظہ والا ہونا۔

ذُهِنَ۔ کند ذہن ہونا۔

ذَاهَنَه۔ سمجھ میں دوسرے سے بڑھ جانا۔

الذِّهْنُ۔ سمجھ۔ عقل قوت۔ حافظہ چربی۔ قوت۔ اور اسی سے ہے "مَا بِرِجْلِي ذِهْنٌ" میرے پاؤں میں چلنے کی قوت نہیں ہے۔ ج أَذْهَانٌ۔

الذَّهَنُ۔ سمجھ۔ زیرکی۔ ج۔ أَذْهَانٌ

رجلٌ۔ (ذَهِنٌ وذِهْنٌ) ذکی وسمجھ دار آدمی۔

ذَهَا (ن)، ذَهْوًا۔ تکبر کرنا۔

ذُو۔ صاحب۔ مالک۔ اس کا اعراب اسمائے ستہ مکبرہ کا سا ہے۔ اس کا تثنیہ۔ ذَوَانِ اور جمع۔ ذَوُونَ ہے کہتے ہیں: "وجدتُهُ ذَا صَبَاحٍ" میں نے اس کو بوقت صبح پایا۔ " و جَاءَ مِنْ ذِي نفسِهِ" وہ مطیع ہو کر آیا۔ فقہاء کا قول ہے: "ذُو اليَدِ أَحَقُّ" یعنی قبضہ کرنے والا زیادہ حق رکھتا ہے۔ "وكَانَ ذلِكَ مِنْ ذِي قَبْلُ" اور یہ گزشتہ زمانہ میں تھا۔ "ذُو الأَرْحَامِ" رشتہ دار۔ "الذَّوُونَ والأَذْوَاءُ" شاہان یمن۔ ان کے ناموں کا آغاز لفظ "ذُو" سے ہوتا ہے۔ مثلاً ذُو يَزَن، ذُو نُوَاس، ذُو رِياش وغیرہ۔

ذَاتُ۔ مؤنث۔ ذُو۔ تثنیہ۔ ذَوَاتَانِ۔ ج۔ ذَوَاتٌ۔ اس کا اور اس کے تثنیہ وجمع کا اعراب انہیں کے مشابہ مفرد وتثنیہ وجمع اسماء کا سا ہوتا ہے۔ کہتے ہیں "لقيتُهُ ذاتَ يومٍ او ذاتَ ليلةٍ او ذاتَ مرّةٍ" یعنی میں نے اس سے ایک دن یا ایک رات یا ایک مرتبہ ملاقات کی۔ "وكَانَ ذلِكَ ذاتُ العُوَيمِ" یہ گزشتہ سال تھا۔ و "جَلَسَ ذاتَ اليَمِينِ" وہ سیدھی جانب بیٹھا۔ "ولقيتُهُ أوّلَ ذاتِ يَدَيْنِ" میں سب سے پہلے اس سے ملا۔ "ذاتُ الصَّدرِ" فکر یا بھید وراز۔ "ذاتُ اليَمِينِ" سیدھی جانب "ذاتُ البَيْنِ" حال۔ کہتے ہیں۔ "أَصْلِحُوا ذاتَ بَيْنِكُمْ" تم اپنی آپس کی حالت کو درست کرو۔ "ذاتُ شَفَةٍ" کلمہ۔ کہا جاتا ہے "كَلَّمْتُهُ فَمَا رَدَّ عَلَيَّ ذاتَ شَفَةٍ" میں نے اس سے گفتگو کی۔ تو اس نے جواب میں ایک کلمہ تک نہیں نکالا۔ "ذاتُ اليَدِ" ملکیت کہتے ہیں۔ "قَلَّتْ ذاتُ يَدِهِ" اس کی ملکیت تھوڑی رہ گئی۔ کہتے ہیں: "أَلْقَتِ الدَّجاجةُ ذاتَ بَطْنِهَا" مرغی نے انڈا دیا۔ یا بیٹ کی۔ "ذاتُ الجَنْبِ" اطباء کے نزدیک نمونیا کی بیماری۔ "ذاتُ الرِّئَةِ، ذاتُ الصَّدْرِ، ذاتُ الكَبِدِ" بیماریوں کے نام ہیں۔

الذّاتُ۔ وہ چیز جو جانی جاسکے یا اس کی خبر دی جاسکے۔ جوہر۔ ہستی، نفس، ہر شے۔

الذّاتِيُّ۔ ذات کی طرف منسوب۔

ذَابَ (ن) ذَوْبًا و ذَوَبَانًا — الثلجُ
او السَّمنُ۔ برف یا گھی کا پگھلنا۔
— دَمْعُهٗ۔ آنسو بہنا۔
الشَّمسُ۔ سورج کی گرمی کا تیز ہونا۔
— الرجلُ۔ عقل مند ہو کر بے عقل
ہونا۔ ہمیشہ شہد کھانا۔ کہتے ہیں۔
الرَّكُوْبُ۔ بہت سوار ہونے والا۔ (الرَّكُوْبُ والرَّكُوْبَۃُ) سواری کا اونٹ، سواری ج۔ رَكَائِبُ۔ طَرِیْقٌ رَكُوْبٌ۔ بہت چلتا ہوا راستہ۔

الرَّکَّابُ۔ بہت سوار ہونے والا۔ مؤنث (رَکَّابَۃٌ)

الرَّاکِبُ۔ فا۔ سوار۔ ج۔ رُکَّابٌ۔ ورُکْبَانٌ ورُکُوبٌ ورَکَبَۃٌ و رَکْبٌ۔ ورَکَبَۃٌ۔ مؤنث۔ رَاکِبَۃٌ۔ ج۔ رَوَاکِبُ۔ پہاڑ کی چوٹی، مسافر۔

الرَّکِیبُ۔ جڑی ہوئی چیز جیسے نگ انگوٹھی میں، دو سواروں میں سے پچھلا سوار، سوار، کھیتی۔ نَخْلٌ رَکِیبٌ۔ نہر وغیرہ کے کنارے پر کھجوروں کی قطار۔

الأَرْکَبُ۔ موٹے بڑے گھٹنے والا۔

المَرْکَبُ۔ مص۔ سواری۔ خواہ تری کی یا خشکی کی۔ ج۔ مَرَاکِبُ۔

المُرَکَّبُ۔ مفع۔ اصل۔ "فُلَانٌ کَرِیمُ المُرَکَّبِ": فلاں کریم الاصل ہے۔ الجَهْلُ المُرَکَّبُ۔ نہ جانتے ہوئے اپنے کو جاننے والا سمجھنا۔

المَرْکُوبُ۔ مفع۔ سواری۔ ج۔ مَرَاکِیبُ۔

رَکَحَ (ف) رُکُحًا وأَرْکَحَ۔ عَلَى الشَّیْءِ وإِلَیْهِ۔ کسی سے سہارا لینا، ٹیک لگانا۔ (رُکُوحًا) إِلَیْهِ کسی کی طرف جھکنا۔ مائل ہونا۔

أَرْکَحَ۔ عَلَیْهِ۔ سہارا لینا۔ ـــ هُ إِلَیْهِ۔ ٹیک لگانا۔ کہتے ہیں۔ أَرْکَحْتُ إِلَیْهِ ظَهْرِی: میں نے اس سے اپنی پیٹھ ٹکائی۔

تَرَکَّحَ۔ فِی المَعِیشَةِ۔ وسعت معیشت کے لیے تصرف کرنا۔ فِی الدَّارِ۔ گھر میں فراخی وکشادگی کرنا ـــ بِالمَکَانِ۔ کسی جگہ ٹھہرنا۔ اقامت کرنا۔

الرُّکْحُ۔ پہاڑ کی نکلی ہوئی نوک۔ پہاڑ کا پہلو۔ بنیاد۔ گھر کا صحن۔ ج۔ أَرْکَاحٌ۔

الرُّکْحَةُ۔ گھر کا صحن۔ ج۔ رُکَحٌ۔

الرَّکْحَاءُ۔ سخت اٹھی ہوئی زمین

رَکَدَ (ن) رُکُودًا۔ المَاءُ أَوِ الرِّیحُ۔ پانی یا ہوا کا ٹھہرنا ـــ المِیزَانُ۔ ترازو کا برابر ہونا ـــ عَصِیرُ العِنَبِ۔ انگور کے نچوڑ کا جوش ٹھنڈا ہونا ـــ العَکَرُ والثُّفْلُ۔ تلچھٹ کا بیٹھ جانا ـــ الشَّمْسُ۔ سورج کا سر پر آکر ٹھہرتا معلوم ہونا۔ کہتے ہیں: "رَکَدَتْ رِیحُهُمْ" یعنی ان کی حکومت جاتی رہی۔

الرَّاکِدُ۔ فا۔ ٹھہرا ہوا، بے حرکت۔

الرَّکُودُ۔ بھرا ہوا پیالہ، ہمیشہ دودھ دینے والی اونٹنی۔

المَرَاکِدُ۔ ٹھہرنے کی جگہیں۔

رَکْرَکَ۔ رَکْرَکَةً۔ الشَّیْءُ۔ کمزور ہونا ـــ الرَّجُلُ۔ بزدل ہونا۔

رَکَزَ (ن ض) رَکْزًا۔ الرُّمْحَ ونَحْوَهُ۔ نیزہ وغیرہ کو زمین میں گاڑنا۔ دفن کرنا ـــ العِرْقُ۔ رگ کا پھڑکنا، حرکت کرنا۔

رَکَّزَ۔ بمعنی رَکَزَ۔

أَرْکَزَ۔ المَعْدِنُ۔ کان کا دھات والی ہونا ـــ الرَّجُلُ۔ کسی کا کان پانا۔

إِرْتَکَزَ۔ العِرْقُ۔ رگ کا حرکت کرنا۔ ـــ الشَّیْءُ۔ چیز کا اپنی جگہ جمنا۔ ـــ عَلَى العَصَا۔ لاٹھی پر سہارا لینا۔ ٹیک لگانا۔

الرِّکْزُ۔ دھیمی آواز۔ آہٹ۔ دانا۔ فیاض آدمی۔

الرِّکْزَةُ۔ ہوشیاری، حکمت، دانائی۔ ثباتِ عقل۔ کہتے ہیں: "کَلَّمْتُهُ فَمَا رَأَیْتُ لَهُ رِکْزَةً": میں نے اس سے بات چیت کی تو اس کو ٹھوس عقل کا نہیں پایا ـــ الرِّکْزَةُ۔ جڑ سے اکھڑا ہوا کھجور کا درخت۔

الرَّکِیزَةُ۔ زمین کے اندر دفن کیے ہوئے جواہر۔ ج۔ رَکَائِزُ۔

الرِّکَازُ۔ زمین کے اندر قدرتی گڑی ہوئی دھاتیں۔ واحد۔ (رِکْزَةٌ) ج۔ أَرْکِزَةٌ و رِکْزَانٌ۔

المَرْکَزُ۔ دائرے کے بیچ کا نقطہ جس سے محیط دائرہ تک سب خطوط برابر نکلیں، آدمی کے رہنے کی جگہ۔ دار السلطنت۔ ج۔ مَرَاکِزُ۔

مَرَاکِزُ الأَسْنَانِ۔ دانت اگنے کی جگہیں۔

رَکَسَ (ن) رَکْسًا۔ الشَّیْءَ۔ الٹ دینا۔ ـــ البَعِیرَ۔ اونٹ کے رکاس باندھنا۔

أَرْکَسَهُ۔ اوندھا کرنا ـــ الشَّیْءَ۔ چیز کو پہلی حالت کی طرف لوٹانا ـــ الثَّوْبَ فِی الصِّبْغِ۔ کپڑے کو رنگ میں دوبارہ ڈبونا ـــ الجَارِیَةُ۔ لڑکی کے پستان ابھرنا، ظاہر ہونا۔

تَرَاکَسَ۔ الشَّعْرُ۔ بالوں کا تہ بہ تہ ہونا۔

إِرْتَکَسَ۔ اوندھا ہونا، تکلیف سے نجات پا کر پھر تکلیف میں پڑنا۔ ہیر پھیر کرنا ـــ فِی مَکَانِهِ۔ اپنی جگہ اقامت کرنا۔ ٹھہرنا۔

الرِّکْسُ۔ گندگی ـــ مِنَ النَّاسِ لوگوں کی جماعت۔ گرنے کے بعد مرمت کی ہوئی عمارت۔ پل۔

الرِّکَاسُ۔ وہ رسی جو اونٹ کی نکیل میں باندھ کر اس کے گھٹنے میں باندھ دیتے ہیں۔

الرَّکَاسَةُ والرُّکَاسَةُ۔ زمین میں گاڑی

ہوئی مینگ، کیل وغیرہ۔

الرَّکِیْسُ۔ اوندھا، کمزور۔

رَکَضَ (ن) رَکْضًا۔ دوڑنا۔ پاؤں ہلانا۔ — ہٗ۔ ہٹانا — الفَرَسَ بِرِجْلِہٖ۔ گھوڑے کو دوڑانے کے لیے ایڑ لگانا۔ — الطَّائِرُ بِجَنَاحَیْہِ۔ پرندے کا بازو پھڑپھڑانا — مِنْہُ۔ تیزی سے بھاگ جانا — النُّجُوْمُ۔ ستاروں کا چلنا — القَوْسَ۔ تیر اندازی کرنا — الاَرْضَ اَوِ الثَّوْبَ۔ زمین یا کپڑے کو پاؤں سے ملنا۔

رُکِضَ۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا دوڑایا جانا۔ صفت۔ مَرْکُوْضٌ۔

رَاکَضَ مُرَاکَضَۃً۔ گھوڑ دوڑ میں مقابلہ کرنا۔

تَرَاکَضَ — القَوْمُ۔ ساتھ ساتھ دوڑنا

اِرْتَکَضَ۔ حرکت کرنا۔ بے قرار ہونا۔ — الجَنِیْنُ۔ بچہ کا اپنی ماں کے پیٹ میں حرکت کرنا۔ پھرنا — الرَّجُلُ فِیْ اَمْرِہٖ۔ اپنے معاملہ میں تصرف کرنا — خَیْلَہُمْ اِلَیْہِ۔ دوڑانا — القَوْمُ فِی المَیْدَانِ۔ دوڑنے میں مقابلہ کرنا۔

الرَّکْضَۃُ۔ حرکت، دھکا۔

الرَّکُوْضُ۔ تیز۔

المِرْکَاضُ۔ بہت دوڑنے والا۔

المِرْکَضُ۔ وہ چیز جس سے آگ سلگائی جائے — مِنَ القَوْسِ۔ کمان کا کنارہ۔ ج۔ مَرَاکِضُ۔

مَرَاکِضُ الحَوْضِ۔ حوض کے کنارے جن سے پانی آ کر ٹکرائے۔

رَکَعَ (ف) رَکْعًا وَرُکُوْعًا۔ سر جھکانا۔ بدن خم کرنا — اِلَی اللّٰہِ۔ اللہ کے سامنے پست ہونا — الرَّجُلُ محتاج و بدحال ہونا۔ اوندھا ہونا۔ ٹھوکر کھانا۔

رَکَّعَ وَاَرْکَعَ۔ جھکانا۔ رکوع کرانا۔

الرَّاکِعُ۔ فا۔ سر جھکانے والا۔ ج۔ رَاکِعُوْنَ وَرُکَّعٌ وَرُکُوْعٌ۔

الرَّکْعَۃُ وَالرُّکْعَۃُ۔ زمین کا گڑھا۔ ایک رکعت۔

رَکَلَہٗ (ن) رَکْلًا وَرَکَّلَہٗ۔ لات مارنا۔ جانور کے ایڑ مارنا۔ رَکَلَتِ الخَیْلُ الاَرْضَ۔ گھوڑے کا زمین پر ٹاپ مارنا۔

رَاکَلَ۔ صَاحِبَہٗ۔ ایک دوسرے کے لات مارنا۔

تَرَاکَلَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کے لات مارنا۔

تَرَکَّلَ الحَافِرُ بِالمِسْحَاۃِ وَعَلَیْہَا۔ پاؤں سے زمین میں دھنسانا۔

الرَّکْلُ۔ گندنا۔

الرَّکْلَۃُ۔ سبزی کا گٹھا۔

المَرْکَلُ۔ راستہ۔ جانور کو ایڑ لگانے کی جگہ۔ ج۔ مَرَاکِلُ۔

المِرْکَلُ۔ سوار کا پاؤں۔

رَکَمَ (ن) رَکْمًا۔ الشَّیْءَ۔ ڈھیر لگانا۔ تہ بہ تہ کرنا۔

تَرَاکَمَ وَارْتَکَمَ۔ الشَّیْءُ۔ ڈھیر لگنا۔ "تَرَاکَمَ لَحْمُ فُلَانٍ" یعنی فلاں فربہ ہو گیا۔

الرَّکْمُ۔ تہ بتہ بادل۔

الرُّکْمَۃُ۔ کیچڑ کا ڈھیر۔

الرُّکَامُ۔ تہ بتہ بادل یا ریت وغیرہ۔ قَطِیْعٌ رُکَامٌ۔ بڑا ریوڑ۔

مُرْتَکَمُ۔ الطَّرِیْقِ۔ شاہراہ۔

المَرْکُوْمُ۔ مفع۔ سَحَابٌ مَرْکُوْمٌ۔ تہ بتہ بادل۔ نَاقَۃٌ مُرْکُوْمَۃٌ۔ موٹی اونٹنی

رَکَنَ (ن) وَرَکِنَ (س) رُکُوْنًا — اِلَیْہِ۔ کسی کی طرف مائل ہونا۔ جھکنا۔ کسی پر بھروسہ کرنا۔ آرام لینا۔

رَکُنَ (ک) رَکَانَۃً وَرُکُوْنَۃً۔ باوقار ہونا۔ سنجیدہ ہونا۔

رَکَّنَہٗ۔ باوقار و سنجیدہ بنانا۔

اَرْکَنَ — اِلَیْہِ۔ کسی پر بھروسہ و اعتماد کرنا۔

تَرَکَّنَ۔ مضبوط ہونا۔ باوقار ہونا۔

الرُّکْنُ۔ جس سے قوت حاصل کی جائے۔ عزت، قوت و غلبہ، بڑا معاملہ — مِنَ الشَّیْءِ۔ جزءِ شیء۔ مضبوط پہلو۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ رُکْنٌ مِنْ اَرْکَانِ قَوْمِہٖ" یعنی وہ اپنی قوم کے شرفاء میں سے ہے۔ رُکْنُ الرَّجُلِ آدمی کی قوم۔ ج۔ اَرْکَانٌ وَاَرْکُنٌ۔

الاَرْکَانُ۔ اربعہ عناصر یعنی آگ، ہوا اور پانی و مٹی۔

الرُّکَنُ۔ چوہا۔ جنگلی چوہا۔

الرَّکِیْنُ۔ ثابت قدم، سنجیدہ۔ باوقار۔

الرَّکِیْنُ مِنَ الجِبَالِ۔ اونچے اطراف و پہلوؤں والا پہاڑ۔

الاُرْکُوْنُ۔ رئیس، سردار۔ بڑا کسان۔ نمبردار (یونانی کلمہ) ج۔ اَرَاکِنَۃ۔

المِرْکَنُ۔ ٹب، لگن۔ ج۔ مَرَاکِنُ۔

رَکَا (ن) رَکْوًا۔ الاَرْضَ۔ زمین کھودنا — الحَوْضَ۔ حوض کو مرمت کر کے تیار کرنا — الاَمْرَ۔ کام کو درست کرنا، اس کی اصلاح کرنا — الشَّیْءَ۔ چیز کو باندھنا — الاَمْرَ۔ پیچھے ڈالنا۔ مؤخر کرنا — الحِمْلَ عَلَی البَعِیْرِ۔ بوجھ کو دوچند لادنا۔ — بِالمَکَانِ۔ اقامت کرنا۔ رہنا۔ — عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی کی بدگوئی کرنا۔

اَرْکٰی۔ اِرْکَاءً — الاَرْضَ۔ زمین کھودنا۔

— الحَوضَ۔ حوض کو تیار کرنا۔ الاَمرَ۔ مؤخر کرنا۔ علیہِ براٴی بیان کرنا۔ اِلیہِ کسی سے پناہ لینا۔ مائل ہونا۔ لَہُم جُندًا کسی کے لیے لشکر تیار کرنا۔

رَاکَی۔ عَلَی الاَمرِ کسی امر پر بھروسہ کرنا۔ اعتماد کرنا۔

تَرَکَّی وَارتَکَ۔ علیہِ کسی پر اعتماد کرنا۔ بھروسہ کرنا۔

الرَّکوَۃُ۔ چھوٹی کشتی۔ ڈونگا۔ وہ برتن جو کولھو کے نیچے رس جمع کرنے کے لیے رکھا جاتا ہے۔ چمڑے کا تھیلا۔ چھاگل۔ ج۔ رِکَاءٌ و رَکَوَاتٌ۔

الرَّکِیَّۃُ۔ پانی والا کنواں۔ ج۔ رَکَایَا و رَکِیٌّ۔

المُرتَکِیُّ۔ والمُرَاکِیُّ۔ دیرپا، ثابت۔

المُرکُوُّ۔ کنویں کا چوبچہ۔ کھیل۔

رَمَّ (ن ض) رَمًّا و مَرَمَّۃً۔ البِنَاءَ اَوِ الاَمرَ درست کرنا۔ مرمت کرنا۔ — السَّھمَ بِعَینِہِ۔ تیر کو دیکھ کر اس کو برابر کرنا۔ — البَھِیمَۃُ چوپایہ کا ٹہنیوں کو منہ سے پکڑ کر کھانا۔ — الشَّیءَ۔ کھانا۔

رَمَّ (ض) رِمَّۃً و رَمًّا و رَمِیمًا — العَظمُ۔ ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ صفت (رَمِیمٌ) ج۔ اَرِمَّاءُ و رِمَامٌ۔ رَمَّ الحَبلُ۔ رسی کا ٹوٹنا۔

اَرَمَّ۔ العَظمُ ہڈی کا بوسیدہ ہونا۔ پرمغز ہونا۔ گودے والی ہونا۔ اَرَمَّ اِلَی اللَّھوِ۔ کھیل کود کی طرف مائل ہونا۔ القومُ۔ لوگوں کا خاموش ہونا۔

رَمَّمَ۔ البِنَاءَ۔ عمارت کو درست کرنا۔ اس کی مرمت کرنا۔

تَرَمَّمَ۔ الشَّیءَ۔ کسی چیز کی اصلاح کے پیچھے لگنا۔ العَظمَ۔ ہڈی گوشت سے صاف کرنا۔

اِرتَمَّتِ۔ البَھِیمَۃُ چوپائے کا ٹہنیوں کو چرنا۔ اِرتَمَّ مَا عَلَی الخِوَانِ۔ دسترخوان کا سب کچھ کھانا۔ چٹ کر کے اسے صاف کر دینا۔

اِستَرَمَّ۔ البِنَاءُ۔ عمارت کا مرمت کے قابل ہونا۔ الرَّجُلَ۔ مرمت و اصلاح کے لیے بلانا۔

الرَّمُّ۔ مص۔ کہتے ہیں "مَالِی مِنہُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" میرے لیے بغیر اس کے چارہ نہیں۔ "مَا لَہُ حَمٌّ وَلَا رَمٌّ" اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

الرِّمُّ۔ تری۔ گودا۔ کہتے ہیں "جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ" یعنی وہ رطب و یابس، خشکی و تری، مٹی و پانی یا مال قلیل و مال کثیر لے کر آیا۔

الرَّمَّۃُ۔ عم۔ جماعت۔

الرُّمَّۃُ۔ بوسیدہ رسی کا ٹکڑا۔ ج۔ رُمَمٌ۔ کہتے ہیں "اَعطَاہُ الشَّیءَ بِرُمَّتِہِ" اس نے اس کو سب کچھ دیا۔

الرِّمَّۃُ۔ پرانی رسی کا ٹکڑا۔ پردار چیونٹی۔ بوسیدہ ہڈی۔ ج۔ رِمَمٌ و رِمَامٌ۔

الرَّامَّۃُ۔ مِنَ الجَوَارِی۔ سلیقہ دار ماہر لڑکی۔ ج۔ رُمَمٌ۔ حَبلٌ (رِمَامٌ و اَرمَامٌ و رُمَمٌ) بوسیدہ رسی۔

الرَّمِیمُ والرُّمَامُ۔ بوسیدہ۔

الرُّمَامَۃُ۔ بقدر ضرورت گذارہ۔

المِرَمَّۃُ والمَرَمَّۃُ۔ کھر دار جانور کا ہونٹ۔

رَمَاءَ (ف) رَمأً و رُمُوءًا۔ بالمَکَانِ اقامت کرنا۔ الخَبَرَ۔ گمان کرنا۔ اندازہ کرنا (وَاَرمَاءَ) عَلَی المِائَۃِ۔ زیادہ ہونا۔

اَرمَاءَ اِلَیہِ۔ قریب ہونا۔

مُرَمَّآتُ الاَخبَارِ۔ جھوٹی بے بنیاد خبریں۔

رَمَثَہُ (ن) رَمثًا۔ اصلاح کرنا۔ درستی کرنا۔ ہاتھ سے پونچھنا۔ چرانا۔ — الشَّیءَ بِالشَّیءِ۔ ایک شے کو دوسری شے سے ملانا۔ مخلوط کرنا۔

رَمِثَ (س) رَمَثًا۔ البَعِیرُ۔ رمث درخت کے پتے کھانے سے بیمار ہونا — الاَمرُ۔ مخلوط و بے ترتیب ہونا۔

رَمَّثَ۔ عَلَی المِائَۃِ۔ سو پر زائد ہونا۔ سو پر بڑھنا۔ (— اَرمَثَ) الحَالِبُ فِی الضَّرعِ۔ تھنوں میں کچھ دودھ باقی چھوڑنا۔ اَرمَثَ الشَّیءَ۔ چیز کو نرم کرنا۔

الرِّمثُ۔ ایک قسم کی تلخ و شور گھاس جس کو حَمضٌ بھی کہتے ہیں۔ پھٹے پرانے کپڑے پہنا ہوا آدمی۔ پیٹھ کا کمزور۔

الرَّمَثُ۔ تھن میں بچا ہوا دودھ۔ دریا کے عبور کے لیے لکڑیوں کا تختہ۔ زیادتی۔ فضیلت۔ بوسیدہ رسی۔ ج۔ اَرمَاثٌ و رِمَاثٌ۔

الرُّمثَۃُ۔ دوہنے کے بعد تھنوں میں بقیہ دودھ۔

الرَّمثَاءُ۔ والمَرمَثَۃُ۔ رمث گھاس اگانے والی زمین۔

رَمَجَ۔ رَمجًا۔ الطَّائِرُ۔ پرندہ کا بیٹ کرنا۔

رَمَّجَ۔ الکَاتِبُ۔ لکھنے کے بعد خراب کر دینا۔ لکھے ہوئے کو بگاڑنا۔

الرَّامِجُ۔ فا۔ زندہ پرندہ جو باز وغیرہ کے

شکار کے لیے جال سے باندھ کر اس کو بطور طعمہ استعمال کیا جاتا ہے۔
الرَمَاجُ۔ نیزے کی گرہیں اور پوریاں۔
رَمَحَهُ (ف) رَمْحًا۔ نیزہ مارنا ــ رَمَحَتْهُ الدَّابَّةُ۔ جانور کا لات مارنا ــ رَمَحَ البَرْقُ۔ بجلی کا ہلکے سے چمکنا۔
تَرَامَحَ۔ القَوْمُ۔ لوگوں کا ایک دوسرے کو نیزہ سے مارنا۔
الرُمْحُ۔ نیزہ۔ رِمَاحٌ و اَرْمَاحٌ۔ کہتے ہیں: "کَسَرُوْا بَيْنَهُمْ رُمْحًا" ان کے درمیان شر و فساد بھڑک پڑا۔ "رُمِيْنَا بِيَوْمٍ كَظِلِّ الرُّمْحِ" لمبے اور مصیبت کے دن سے ہمارا پالا پڑا۔ "وَهُمْ عَلٰى بَنِيْ فُلَانٍ كَرُمْحٍ وَاحِدٍ" وہ لوگ بنی فلاں کے خلاف ایک جی اور متحد ہیں۔ "وَ اَخَذَتِ الإِبِلُ رِمَاحَهَا" یعنی اونٹنیاں دودھ دینے لگیں، اور انھوں نے خود کو ذبح ہونے کے خطرہ سے بچا لیا ــ الرُّمْحُ۔ فقر و فاقہ۔
الرَامِحُ۔ فا۔ نیزہ والا۔ ثَوْرٌ رَامِحٌ دو سینگ والا بیل ــ السِّمَاكُ الرَامِحُ۔ ایک ستارہ کا نام ہے۔
الرَمَّاحُ۔ نیزہ بنانے والا۔ نیزہ لینے والا۔ ج۔ رَمَّاحَةٌ ــ الرَمَّاحَةُ مِنَ القِسِيِّ۔ زور سے نیزہ پھینکنے والی کمان۔
الرِمَاحَةُ۔ نیزہ سازی کا پیشہ۔ دَابَّةٌ رَمَّاحَةٌ و رَمُوْحٌ۔ بہت کاٹنے والا جانور۔
اَرْمَخَ۔ الرَجُلُ۔ نرم و ذلیل ہونا ــ الرِمْخُ۔ گنجان درخت۔
رَمَدَ (ض) رَمْدًا و رِمَادَةً۔ ٹھنڈ سے ہلاک ہونا ــ (ن ض) رَمْدًا ــ القَوْمَ۔ قوم کو تہس نہس کر دینا
رَمِدَتْ (س) رَمَدًا۔ العَيْنُ۔ آنکھ کا آشوب کرنا ــ الرَجُلُ کسی کی آنکھ کا دکھنا، آشوب کرنا۔ رَمِدَ عَيْشُ القَوْمِ۔ قوم کا ہلاک ہونا۔
رَمَّدَ۔ الشَّيْءُ کسی چیز کو ہلاکت میں ڈالنا۔ رَمَّدَتِ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کا تھن والی ہونا۔
اَرْمَدَ۔ فقیر و محتاج ہونا ــ القَوْمُ۔ قوم کا قحط زدہ ہونا۔ قوم کے مویشیوں کا تباہ و برباد ہونا ــ العَيْنُ آنکھ کا دکھنا ــ اَرْمَدَهُ۔ کسی کو راکھ کر ڈالنا۔ تباہ و برباد کر دینا۔
اِرْمَدَّ۔ الشَّيْءُ راکھ جیسا رنگ والا ہونا ــ العَيْنُ۔ آنکھ کا آشوب کر آنا ــ فُلَانٌ۔ شترمرغ کی طرح دوڑنا۔
الرَمَدُ۔ آشوب چشم۔ آنکھ کی دکھن۔
الرَمِدُ۔ آشوب چشم والا ــ مِنَ المِيَاهِ۔ متغیر پانی ــ مِنَ الثِّيَابِ۔ میلا کچیلا کپڑا۔ مؤنث۔ رَمِدَةٌ۔
الاَرْمَدُ۔ آشوب چشم والا۔ خاکستری رنگ والا ــ ثَوْبٌ اَرْمَدُ۔ میلا کپڑا۔ مؤنث رَمْدَاءُ ــ الرَمْدَاءُ شترمرغ۔ ج۔ رُمْدٌ۔
الرَمَادُ۔ راکھ۔ ج۔ اَرْمِدَةٌ۔ "هُوَ يَنْفُخُ فِي الرَمَادِ" وہ راکھ میں پھونکتا ہے، یعنی بے فائدہ و بے نتیجہ کام کرتا ہے۔
الرَمَادَةُ۔ ہلاکت۔
الرَمَادِيُّ خاکستری رنگ کا۔
الرِمْدِدَاءُ و الاَرْمِدَاءُ۔ راکھ۔
المُرْمِدُ و المُرَمِّدُ۔ آشوب چشم والا۔ المُرَمَّدُ۔ جو بھوبھل میں بھنا ہوا
رَمْرَمَ۔ حالت درست کرنا۔
تَرَمْرَمَ۔ کلام کرنے کے لیے منہ ہلا کر خاموش رہنا۔
رَمَزَ (ن ض) رَمْزًا۔ الیہِ۔ اشارہ کرنا ــ هُ بِكَذَا۔ اکسانا، بھڑکانا۔ ــ القِرْبَةَ۔ مشک بھرنا۔
رَمَزَ (ن) رَمَزَانًا۔ الظَّبْيُ۔ ہرن چھلانگ مارنا۔ ذقن بھرنا۔
رَمُزَ (ک) رَمَازَةً۔ بہت حرکت کرنا۔ عقل مند ہونا۔ شریف ہونا۔
تَرَمَّزَ و اِرْتَمَزَ۔ تیار ہونا ــ مِنَ الضَّرْبَةِ۔ چوٹ سے بلبلا جانا ــ القَوْمُ۔ اٹھنے کے لیے یا خصومت کے لیے اپنی جگہ کسمسانا۔
اِرْمَازَّ۔ اِرْمِئْزَازًا۔ الرَجُلُ۔ اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔ اپنی جگہ جمے رہنا (ضد)۔ منقبض ہونا۔ متحرک ہونا۔
تَرَامَزَ۔ القَوْمُ۔ ایک کا دوسرے کی طرف اشارہ کرنا۔
الرَمْزُ و الرُمُزُ و الرَمَزُ۔ اشارہ۔ ج۔ رُمُوْزٌ۔
الرَمِيْزُ۔ مکرم، معظم، اصیل، عقل مند۔ بہت حرکت کرنے والا ــ "رَجُلٌ رَمِيْزُ الفُؤَادِ"۔ تنگ دل آدمی۔
الرَمَّازَةُ۔ دبر۔ زانیہ۔ رنڈی۔ بڑا لشکر۔
الرُمَازُ۔ مِنَ الإِبِلِ۔ مضبوط، پوری قوت والا اونٹ۔
رَمَسَهُ (ن ض) رَمْسًا۔ ڈھانپنا۔ دفن کرنا ــ الخَبَرَ۔ خبر کو چھپانا ــ القَبْرَ قبر پر مٹی برابر کرنا ــ هُ بِالحَجَرِ۔ کسی پر پتھر پھینکنا۔ صفت مفعولی۔ (رَمِيْسٌ و مَرْمُوْسٌ)
اَرْمَسَ۔ المَيِّتَ۔ میت کو دفنانا۔
اِرْتَمَسَ۔ فِي المَاءِ۔ پانی میں ڈوبنا۔
الرَمْسُ۔ مص۔ قبر جو زمین کے برابر ہو۔ قبر کی خاک، آہستہ و دھیمی آواز۔ ج

رُمُوسٌ وَاَرْمَاسٌ۔
الرَّوَامِسُ۔ رات کو اڑنے والے پرندے رات کو نکلنے والا جانور۔ صفت (رَامِسٌ ج۔ وَالرَّامِسَات) نشانات کو مٹا دینے والی ہوائیں۔
الرَّامُوسُ۔ قبر۔ ج۔ رَوَامِيسُ۔
المَرْمَسُ۔ قبر کی جگہ۔
رَمَشَ (ن ض) رَمْشًا۔ الشَّیْئَ۔ کسی شے کو انگلیوں کے سروں سے پکڑنا۔
رَمَشَتِ الغَنَمُ۔ بکریوں کا تھوڑا سا چرنا۔ —ہٗ بِالحَجَرِ۔ کسی کو پتھر مارنا۔ —بِیَدِہٖ۔ ہاتھ سے چھونا۔
اَرْمَشَ۔ الشَّجَرُ۔ درخت کا پتے لانا۔ پھل دار ہونا۔ — الرَّجُلُ۔ ضعف کی وجہ سے کسی کی طرف بہت دیکھنا۔ —فِی الدَّمْعِ۔ تھوڑے آنسو بہانا۔
الرَّمْشُ۔ پلکوں کی سرخی اور ساتھ ساتھ پانی کا رسنا۔ پلکوں کے بالوں کا آپس میں چمٹنا۔
الرَّمْشُ۔ مص۔ پھولوں کا دستہ۔ رَمْشُ العَیْنِ۔ آنکھ کی پلک۔
الرُّمْشُ۔ سفیدی جو جوانوں کے ناخنوں پر ظاہر ہوتی ہے۔
الاَرْمَشُ۔ خوب صورت ساخت والا۔ مؤنث۔ رَمْشَاءُ۔ ج۔ رُمْشٌ۔ (ب۔ والمُرَمَّشُ) چندھی آنکھوں والا۔
الاَرْمَشُ۔ مختلف رنگ والا۔
اَرْضٌ رَمْشَاءُ۔ بہت گھاس والی زمین۔
المِرْمَاشُ۔ دیکھتے وقت آنکھوں کو بہت مٹکانے والا۔ ج۔ مَرَامِيشُ۔
رَمَصَ (ن) رَمْصًا۔ اللّٰهُ مُصِیبَتَہٗ۔ مصیبت کو ٹالنا۔ — بَیْنَهُمْ صلح کرانا۔ — الشَّیْئَ۔ ڈھونڈنا۔ ٹٹولنا۔ — اِلَیْہِ۔ کسی کی طرف پست نگاہ سے دیکھنا۔ — الدَّجَاجَۃُ مرغی کا بیٹ کرنا۔ صفت (رَمُوصٌ) — السِّبَاعُ۔ درندہ کا بچہ جننا۔
رَمِصَتْ (س) رَمَصًا۔ عَیْنُہٗ۔ آنکھ سے کیچڑ بہنا۔ صفت (اَرْمَصُ) مؤنث رَمْصَاءُ۔ ج۔ رُمْصٌ۔
رَمِصَ الرَّجُلُ۔ کیچڑ والی آنکھوں والا ہونا۔
الرَّمَصُ۔ آنکھ کا کیچڑ۔
رَمِضَ (س) رَمَضًا۔ النَّهَارُ۔ دن کا بہت گرم ہونا۔ — الشَّمْسُ۔ ریت وغیرہ پر تیز دھوپ کا پڑنا۔ — رِجْلُہٗ گرم زمین سے کسی کا پاؤں جلنا — الطَّائِرُ۔ شدت پیاس سے پرندے کے جوف کا گرم ہونا — عَیْنُہٗ۔ گرم ہو کر جلنے کے قریب ہونا — لِلاَمْرِ۔ غصہ میں آگ بگولا ہونا۔
رَمَضَ (ن ض) رَمْضًا۔ النَّصْلَ۔ پھل کو دو پتھروں کے درمیان رکھ کر کوٹنا تاکہ وہ باریک ہو جائے۔ (رَمَّضَ و اَرْمَضَ) الغَنَمَ۔ بکریوں کو سخت گرم زمین میں چرانا — وَرَمَّضَ الصَّوْمَ روزہ کی نیت کرنا۔ رَمَّضَ الرَّجُلَ۔ کسی کا تھوڑا سا انتظار کر کے چل پڑنا۔ — وَاَرْمَضَ الشَّیْئَ۔ جلانا۔
اَرْمَضَ الرَّجُلَ۔ کسی کو دکھ دینا۔
اَرْمَضَ الحَرُّ۔ القَوْمَ۔ گرمی کا تیز ہو کر تکلیف پہنچانا — الاَمْرُ فُلَانًا۔ کسی کو غصہ سے آگ بگولا کر دینا۔
تَرَمَّضَ۔ الصَّیْدَ۔ سخت گرم جگہ میں شکار کرنا۔ تَرَمَّضَتْ نَفْسُہٗ۔ جی متلانا
اِرْتَمَضَ۔ مِنَ الحُزْنِ۔ غم سے جل جانا۔ — لِفُلَانٍ۔ کسی کے لیے غمزدہ ہونا۔ — کَبِدُہٗ۔ خراب ہونا۔ الفَرَسُ بل۔ گھوڑے کا کودنا۔ الرَّمْضُ۔ مص۔ گرمی کی جلن۔ خریف سے پہلے کی بارش زمین پر برسے۔
الرَّمَضِیُّ۔ مِنَ السَّحَابِ وَالمَطَرِ۔ گرمی کے آخر اور خریف کے ابتداء کی بارش یا بادل۔
رَمَضَانُ۔ قمری مہینوں میں نواں مہینہ۔ ج۔ رَمَضَانَاتٌ وَرَمَاضِينُ وَاَرْمِضَاءُ وَاَرْمِضَۃٌ۔
الرَّمْضَاءُ۔ گرمی کی تیزی۔ دھوپ کی تیزی کی وجہ سے گرم زمین۔
الرَّمِيضُ وَالرَّمِيضَۃُ۔ مِنَ النِّصَالِ۔ تیز بھالا۔
رَمَطَہٗ (ض) رَمْطًا۔ عیب لگانا۔ طعن و تشنیع کرنا۔
رَمَعَ (ف) رَمَعَانًا۔ اَنْفُہٗ۔ غصہ یا بڑھاپے کی وجہ سے ناک کا کانپنا۔ صفت (رَمِعٌ) — عَیْنُہٗ۔ آنکھ کا آنسو بہانا — بِیَدِہٖ۔ ہاتھ سے اشارہ کرنا — رَاْسُہٗ۔ سر ہلانا۔ (ب۔ رَمْعًا وَرَمَعَانًا) الرَّجُلُ۔ تیز چلنا۔
رُمِعَ وَاُرْمِعَ — السَّاقِ۔ ساق کی پنڈلی یا پیٹ میں درد ہونا۔ رُمِعَتِ المَرْاَۃُ بِالصَّبِیِّ۔ عورت کا بچہ جننا۔
تَرَمَّعَ۔ غصہ سے کانپنا۔ لرزنا۔
الرَّامِعُ۔ فا۔ سر جھکا کر اٹھانے والا۔ سر کو اوپر نیچے کرنے والا۔
الرُّمْعَۃُ بکرا۔ کہتے ہیں۔ رُمْعَۃٌ مِنْ نَبَاتٍ گھاس کا کچھ حصہ۔
الرَّمَّاعَۃُ۔ دُبُر۔ بچہ کا تالو جو حرکت کرتا رہتا ہے۔
الرُّمَاعُ۔ کمر کا درد۔ پیٹ کا درد جس سے چہرہ کا رنگ زرد پڑ جاتا ہے۔
الیَرْمَعُ۔ پھرکی۔ سفید چکنی ہوئی کنکریاں۔

ج۔ يَرَامِعُ۔ کہتے ہیں۔ "تَرَكْتُهُ يَفُتُّ الْيَرْمَعَ" میں نے اس کو اس حال میں چھوڑا کہ وہ غم اور صدمہ سے چور چور تھا۔
الْيَرْمَعَةُ۔ بیابان۔
رَمَغَ (ف) رَمْغًا۔ الشَّيْءَ۔ چمڑے وغیرہ کو ہاتھ سے ملنا۔
رَمَّغَ۔ رَأْسَهُ۔ سر میں تیل لگانا۔ — الكَلَامَ۔ گفتگو میں جھوٹ سچ ملا کر اس کو چٹپٹی کرنا۔ — الطَّعَامَ۔ کھانے کو سالن سے تر کرنا۔
رَمَقَهُ (ن) رَمْقًا۔ نظر ڈالنا۔ دیر تک دیکھنا۔
رَمَّقَ۔ دیر تک دیکھنا۔ — الكَلَامَ۔ کلام کو جھوٹ سے آراستہ کرنا۔ — العَمَلَ۔ کسی کام کو اچھی طرح نہ کرنا — هُ بِالشَّيْءِ۔ کسی چیز سے کسی کے آخری سانس کو بچا لینا۔
رَامَقَ مُرَامَقَةً۔ العَمَلَ۔ کسی کام کو اچھی طرح نہ کرنا۔ — الرَّجُلَ۔ کسی شخص کے شر سے بچنے کے لیے اس کے ساتھ خاطر ومدارات سے پیش آنا۔
تَرَمَّقَ۔ المَاءَ أَوِ اللَّبَنَ۔ پانی یا دودھ تھوڑا تھوڑا پینا۔
اِرْمَقَّ وَارْمَاقَّ۔ الشَّيْءُ۔ کمزور ہونا پتلا ہونا۔ اِرْمَاقَّ الرَّجُلُ۔ لاغری سے ہلاک ہونا۔ اِرْمَقَّ الطَّرِيقُ۔ راستہ دراز ہونا۔ عَيْشٌ رَمِيقٌ وَرِمَاقٌ۔ تنگ گذران۔ — الرِّمَاقُ۔ نفاق ودشمنی کی وجہ سے ترچھی نظر سے دیکھنا۔
الرَّمَقُ۔ زندگی کے آخری سانس — مِنَ العَيْشِ۔ وہ کم سے کم گذارہ جس سے آخری سانس باقی رہ سکے۔ ج۔ أَرْمَاقٌ۔

الرَّمَقُ۔ بکریوں کا گلہ (فارسی رمہ سے معرب ہے)
الرُّمْقَةُ والرُّمَاقُ والرِّمَاقُ۔ مِنَ العَيْشِ۔ بہت قلیل گذارہ جس سے انسان صرف زندہ رہ سکے۔ قوت لایموت۔
الرَّامِقُ والرَّمُوقُ۔ فقیر، حاسد۔ ج۔ رُمُقٌ۔ رَجُلٌ رُمُقٌ۔ کمزور آدمی۔
المُرْمِقُ والمُرْمَقُ۔ العَيْشِ تنگ گذران والا آدمی۔
المُرَامِقُ۔ بدخلق۔ بے مہر۔
اليَرْمُوقُ۔ کمزور نظر والا۔
رَمَكَ۔ رُمُوكًا۔ بِالْمَكَانِ۔ اقامت کرنا۔ رہنا۔ — الإِبِلُ عَلَى المَاءِ۔ اونٹوں کا پانی پر پڑاؤ کرنا۔
أَرْمَكَهُ۔ بِالْمَكَانِ۔ کسی کو کسی جگہ ٹھہرانا۔
اِرْمَكَّ۔ اِرْمِكَاكًا۔ دبلا پتلا ہونا — البَعِيرُ۔ اونٹ کا خاکستری رنگ کا ہونا۔ صفت۔ أَرْمَكُ۔ مؤنث رَمْكَاءُ۔ ج۔ رُمْكٌ۔
اِسْتَرْمَكَ۔ القَوْمُ۔ حسب میں کھوٹ رکھنا۔ عیب دار ہونا۔
الرَّامِكُ والرَّامَكُ۔ ایک قسم کی خوشبو
الرَّمَكَةُ۔ گھوڑی، یا وہ گھوڑی جو نسل چلانے کے لیے رکھی جائے۔ ج۔ رَمَكٌ ورِمَاكٌ ورَمَكَاتٌ وأَرْمَاكٌ۔ رَجُلٌ رَمَكَةٌ۔ کمزور آدمی۔
الرُّمْكَةُ۔ اونٹوں کا خاکستری رنگ۔
رَمَلَ (ن) رَمْلًا۔ الطَّعَامَ۔ کھانے میں ریت ملانا۔ — النَّسِيجَ۔ باریک بننا۔ — السَّرِيرَ۔ تخت کو جواہر وغیرہ سے سجانا۔ آراستہ کرنا — الثَّوْبَ بِالدَّمِ۔ کپڑے کو خون میں لتھیڑنا۔ رَمَلًا ورَمَلَانًا و مَرْمَلًا۔ کندھوں کو ہلاتے ہوئے دوڑنا
رَمَّلَتِ۔ المَرْأَةُ مِنْ زَوْجِهَا۔ عورت کا رانڈ و بیوہ ہونا۔ — النَّسِيجَ۔ باریک بننا۔ — الكَلَامَ۔ کلام کو گھٹیا بنانا۔ — الخَطَّ۔ لکھے ہوئے پر خشک کرنے کے لیے ریت ڈالنا۔ — الثَّوْبَ کپڑے کو خون میں لتھیڑنا۔
أَرْمَلَ۔ القَوْمُ۔ قوم کی خوراک یا توشہ کا ختم ہو جانا۔ فقیر ہونا۔ — زَادُهُمْ توشہ ختم ہونا۔ — المَرْأَةُ۔ عورت کا بیوہ ہونا۔ — الحَبْلَ۔ رسی دراز کرنا۔ — السَّهْمَ۔ تیر کا خون سے لتھڑنا۔ — النَّسِيجَ۔ باریک بننا۔
تَرَمَّلَتِ۔ المَرْأَةُ۔ عورت کا بیوہ ہونا۔
تَرَمَّلَ وَارْتَمَلَ۔ بِالدَّمِ۔ خون سے لتھڑنا۔
الرَّمْلُ۔ ریت۔ رَمْلَةٌ اس سے خاص ہے۔ ج۔ رِمَالٌ وأَرْمُلٌ۔ علم رمل۔ ایک علم ہے جس میں ریت پر لکیریں کھینچ کر آئندہ کے حالات معلوم کرتے ہیں۔ أُمُّ رِمَالٍ۔ بجو۔
الرَّمَلُ۔ تھوڑی بارش۔ زیادتی نیل گائے کی ٹانگوں میں دھاریاں۔ علم عروض میں ایک بحر کا نام ہے۔ فن موسیقی میں ایک راگ۔
الرَّمْلَةُ۔ زمین کا ریتلا قطعہ۔
الرُّمْلَةُ۔ کالی دھاری۔ ج۔ رُمَلٌ و أَرْمَالٌ۔
الأَرْمَلُ۔ مفلس، مسکین۔ رنڈوا۔ ج۔ أَرَامِلُ وأَرَامِلَةٌ۔ مؤنث أَرْمَلَةٌ۔ عَامٌ أَرْمَلُ۔ کم بارش اور نفع والا سال۔
الأَرْمَلَةُ۔ محتاج۔ کمزور لوگ۔
الرَّمَّالُ۔ ریت بیچنے والا۔

ابن رمل۔ چھوٹی بیڑی۔ المُرمِلُ و
المُرمِّلُ۔ شیر۔
الرُّمَّانُ۔ انار کا درخت۔ انار۔ واحد
رُمَّانَۃٌ۔ الرُّمَّانَۃُ۔ ناف اور
اس کے آس پاس پیٹ کا حصہ۔
المَرمَنَۃُ۔ انار اُگنے کی جگہ۔
رَمِہَ (س) رَمْہًا۔ الیومُ۔ دن کا سخت
گرم ہونا۔
رَمٰی (ض) رَمْیًا و رِمَایَۃً۔ الشیءَ
بالشیءِ۔ پھینکنا۔ المکانَ۔
کسی جگہ کا قصد کرنا۔ اللّٰہُ لَہٗ۔
مدد کرنا۔ رمَاہُ بکذا۔ کسی پر
عیب لگانا۔ تہمت لگانا۔ کہتے ہیں
"رَمٰی بِحَبْلِہٖ عَلٰی غَارِبِہٖ" اس
نے اس کی رسی اس کے کندھے پر رکھ
دی۔ یعنی اس کو آزاد چھوڑ دیا، کہ جو
چاہے سو کرے۔ رُمَی عَلَی الخَمْسِیْنَ
پچاس پر زیادہ ہو گیا۔ المَالُ۔
مال بہت ہونا۔ "رُمِیَ بِہٖ عَلَی
البَلَدِ" کسی کو کسی شہر پر والی اور
حاکم بنانا۔
اِرْمٰی۔ اِرْمَاءً۔ الشیءَ مِنْ یَدِہٖ۔
پھینکنا۔ ڈالنا۔ عَنْ فَرَسِہٖ
گھوڑے کی پیٹھ سے گرا دینا۔
اَرْمٰی عَلَی الخَمْسِیْنَ۔ پچاس سے
بڑھنا۔ زائد ہونا۔ اَرْمَتْ بِہِ
البِلَادُ۔ وطن سے نکال دینا۔
رَامَاہُ مُرَامَاۃً و رِمَاءً و تِرْمَاءً۔
ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ دور کرنا
ایک دوسرے پر تیر مارنا۔
تَرَامٰی تَرَامِیًا۔ القَومُ۔ ایک کا
دوسرے پر تیر مارنا یا پتھر برسانا۔
الاَمْرُ۔ تاخیر ہونا۔ السَّحَابُ
بادلوں کا ایک دوسرے سے ملنا۔
تَرَامٰی۔ الشیءُ۔ کسی چیز کا لگاتار
ہونا۔ کہتے ہیں "مَا زَالَ الشَّرُّ
یَتَرَامٰی بَیْنَہُمْ" شر ان کے درمیان
برابر جاری رہا۔
اِرْتَمٰی۔ اِرْتِمَاءً۔ پھینکا جانا۔
الصَّیدَ شکار پر تیر مارنا۔ اِرْتَمَتْ
بِہِ البِلَادُ۔ جلاوطن کرنا۔ ملک
سے باہر نکال دینا۔
تَرَمّٰی۔ تیر پھینک کر شکار کرنا۔
الرِّمِیُّ۔ پتھر پھینکنے کی آواز۔
الرَّمَاءُ۔ زیادتی۔ سود۔
الرُّمَیَّۃُ۔ زیادتی، کہا جاتا ہے "ھُوَ
صَاحِبُ رُمَیَّۃٍ" یعنی وہ باتوں
میں زیادتی کرتا ہے۔ "فِیْ ھٰذَا
رُمَیَّۃٌ عَمَّا قِیْلَ لِیْ" جو مجھ سے
کہا گیا تھا، اس میں اس سے زیادتی
ہے۔ جو ہمیشہ خطا کرتا ہو اور اتفاق
سے اس سے صحیح ٹھیک کام سرزد
ہو جائے تو کہتے ہیں "رَمْیَۃٌ مِنْ
غَیْرِ رَامٍ"
الرَّامِیْ۔ فا۔ ج۔ رُمَاۃٌ و رَامُوْنَ۔
تیر مارنے والا۔ ایک ستارہ کا نام۔
الرَّمِیُّ بہت سخت بارش برسانے والا
بادل۔ ج۔ اَرْمَاءٌ و اَرْمِیَۃٌ و
رَمَایَا۔ الرَّمِیَّۃُ۔ تیر سے شکار کیا
ہوا۔ ج۔ رَمَایَا۔
المِرْمٰی تیر پھینکنے کا آلہ۔ ج۔ مَرَامٍ
المِرْمَاۃُ۔ چھوٹا کمزور تیر۔ کھر۔
المَرْمٰی۔ مصدر میمی۔ تیر پھینکنے کی جگہ۔
ج۔ مَرَامٍ۔ "ھٰذَا الکَلَامُ بَعِیْدُ
المَرَامِیْ" یہ کلام دور رس ہے۔
"لَہٗ ھِمَّۃٌ قَصِیَّۃُ المَرْمٰی"
اس کی ہمت دور تک پہنچنے والی ہے۔
رَنَّ (ض) رَنِیْنًا۔ و اَرَنَّ۔ بلند
آوازی سے رونا۔ رَنَّ وَاَرَنَّ
اِلَیْہِ۔ کسی کی طرف کان لگانا۔
رَنَّتْ وَاَرَنَّتِ القَوْسُ۔ کمان
کا آواز کرنا۔ رَنَّ وَاَرَنَّ وَاسْتَرَنَّ
لِکَذَا۔ کھیل کود کرنا۔
رَنَّنَ۔ القَوْسَ۔ کمان سے آواز
نکلوانا۔ تَرْنِیْنًا۔ تَرْنِیْنَۃً۔ (
چیخنا۔ چلانا۔
الرَّنَّۃُ۔ مطلق عام آواز، یا خاص کمان
وغیرہ کی آواز۔ الرَّنِیْنُ۔ مطلق
آواز یا غمگین آواز۔
الرَّنَنُ۔ تھوڑا پانی۔ گرمی کے موسم میں پانی
میں بولنے والا ایک جانور۔
الرُّنِّیْ۔ تمام مخلوق۔
رَنَاَ۔ فا۔ آواز کرنا۔ اِلَیْہِ۔ کسی
کی طرف دیکھنا۔ فِیْ مَشْیِہٖ۔
سُست چلنا۔
الاَرْنَبُ۔ خرگوش۔ مؤنث و مذکر دونوں
کے لیے۔ یہ جانور بزدلی میں ضرب المثل ہے
ایک قسم کا زیور۔ ج۔ اَرَانِبُ۔
(۔ والیَرْنَبُ) چھوٹی دم کا ایک
جنگلی چوہا۔
الاَرْنَبَۃُ۔ اَرْنَب کا واحد۔ ناک کا سرا۔
کہتے ہیں "جَدَعَ فُلَانٌ اَرْنَبَۃَ
فُلَانٍ" فلاں نے فلاں کی ناک کاٹ
ڈالی، یعنی بہت ذلیل و رسوا کیا۔ ج۔
اَرَانِبُ۔ "نَسِیْجٌ مُؤَرْنَبٌ و
مُرَنْبَیٌ" وہ کپڑا جس کی بناوٹ
میں خرگوش کی اون ملی ہوئی ہو۔
اَرْضٌ مُرْنِبَۃٌ و مُؤَرْنِبَۃٌ و
مُؤَرْنَبَۃٌ۔ وہ زمین جس میں خرگوش
بہت ملیں۔
رَنَحَہٗ۔ تَرْنِیْحًا۔ کمزور ہونا۔
الرِّیْحُ الغُصْنَ۔ ہوا کا ٹہنی کو جھکانا۔
کہتے ہیں "ضَرَبْتُہٗ حَتّٰی رَنَّحْتُہٗ"
میں نے اس کو اس قدر مارا، کہ وہ
بے ہوش ہو گیا۔

رُنِّحَ — عَلَيْهِ۔ غشی طاری ہونا۔ بھاگنے یا خوف یا غم کی وجہ سے سست وکمزور ہو کر خمیدہ ہو جانا۔ صفت (مُرَنَّحٌ)

تَرَنَّحَ و اِرْ تَنَحَ۔ نشہ وغیرہ کی وجہ سے جھک جانا — عَلَيْهِ۔ کسی پر فخر کرنا۔

الرَّنْحُ۔ دوران سر۔ چکر۔

المُرَنَّحَةُ۔ جہاز کا اگلا حصہ۔

رَنَخَ (ن)، رَنْخًا۔ سست ہونا۔

رَنَّخَهُ۔ خوار و ذلیل کرنا۔

تَرَنَّخَ۔ بِهِ۔ کسی چیز سے چمٹنا، لٹکنا۔

الرَّنْدُ۔ ایک قسم کا خوشبودار پودا جو آس کے مشابہ ہوتا ہے۔ کھجور کی پتیوں سے بنی ہوئی ایک چھوٹی گون۔

رَنَعَ (ف)، رُنُوعًا۔ لاغر و دبلا ہونا۔ — لَوْنُهُ۔ رنگ کا متغیر ہونا۔ — الدَّابَّةُ۔ جانور کا سر سے مکھیاں اڑانا — الرَّجُلُ۔ کھیلنا۔

رَنَّعَ — رَأْسَهُ۔ اپنے سر کو ہلانا۔

المَرْتَعَةُ۔ کھیل میں آوازیں۔ کشادگی۔ باغ، ارزانی و فراخی۔

أَرْنَفَ — الرَّجُلُ۔ تیز چلنا — البَعِيرُ۔ اونٹ کا چلتے ہوئے سر ہلانا — النَّاقَةُ بِأُذُنَيْهَا۔ اونٹنی کا تھکن کی وجہ سے کان ڈھیلے کرنا۔

الرَّانِفُ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔ ہر چیز کا کنارہ۔ سرا۔

الرَّانِفَةُ۔ ناک کا کنارہ۔ کان کی نرم ہڈی کا کنارہ۔ سرین کا وہ حصہ جو بیٹھتے وقت زمین پر لگتا ہے — مِنَ الْكُمِّ۔ آستین کا سرا۔ ج رَوَانِفُ۔ "عَلَوْا رَوَانِفَ الْآكَامِ" وہ ٹیلوں کی چوٹیوں پر چڑھ گئے۔

رَنَقَ (ن)، رَنْقًا و رُنُوقًا۔ و رَنِقَ (س) رَنَقًا — الْمَاءَ۔ پانی کا گدلا ہونا۔ صفت (رَنْقٌ و رَنِقٌ و رَنَقٌ)

رَنَّقَ — الْمَاءَ۔ پانی کو مکدر کرنا۔ گدلا کرنا۔ پانی کو صاف کرنا — الْقَوْمُ بِالْمَكَانِ۔ کسی جگہ اقامت کرنا، ٹھہرنا — الطَّائِرُ۔ پرندے کا بغیر اڑنے کے بازوؤں کو پھڑپھڑانا — النَّوْمُ فِي عَيْنِهِ۔ نیند کا آنکھوں میں بھر آنا — جَنَاحُ الطَّائِرِ۔ بازو ٹوٹنے سے پرندے کا گرنا — عَيْنَاهُ۔ بھوک وغیرہ سے نگاہ کا پست ہونا — جِسْمُهُ أَوْ رَأْيُهُ۔ کمزور جسم یا رائے ہونا — السَّفِينَةُ۔ کشتی کا اپنی جگہ گھومنا اور نہ چلنا — الرَّجُلُ۔ حیران ہونا — الْمَنِيَّةُ مِنْهُ۔ موت کا قریب ہونا۔ کہتے ہیں۔ "رَنِّقْ وَلَا تَعْجَلْ" ٹھہرو، انتظار کرو۔ جلدی نہ کرو — النَّظَرَ إِلَيْهِ۔ کسی کو دیر تک دیکھنا۔

أَرْنَقَ — الْمَاءَ۔ پانی کو مکدر کرنا — اللِّوَاءَ حملے کے لیے جھنڈے کو جنبش دینا — اللِّوَاءُ۔ جھنڈے کا ہلنا۔

تَرَنَّقَ — الْمَاءُ۔ پانی کا گدلا ہونا۔

الرَّنْقُ۔ جھوٹ۔ گدلا پانی۔

الرُّنْقَاءُ۔ مِنَ الطَّيْرِ۔ انڈے سینے والا پرندہ۔ عام لوگ اس کو قَرْقَةٌ کہتے ہیں۔ "أَرْضٌ رَنْقَاءُ" بنجر زمین۔ ج۔ رَنْقَاوَاتٌ۔

الرُّنْقَةُ۔ مٹی ملا ہوا پانی، یا حوض میں تھوڑا سا بچا ہوا گدلا پانی۔ ج۔ رَنَائِقُ۔

الرَّوْنَقُ۔ چمک دمک، حسن و زیبائش۔

التَّرْنُوقُ و التُّرْنُوقُ و التُّرْنُوقَاءُ۔ نہروں کا کیچڑ۔ پانی کے بہاؤ میں خشک شدہ مٹی۔

رَنِمَ (س)، رَنِيمًا و رَنَّمَ و تَرَنَّمَ۔ خوش آوازی سے گانا — الرَّنَمُ و الرَّنِيمَةُ۔ گیت، راگ، آواز۔

الرُّنُمُ۔ خوش آوازی سے گانے والیاں۔ ہوشیار چھوکریاں۔

رَنَا (ن)، رُنُوًّا۔ و رَنًا — إِلَيْهِ۔ کسی کی طرف ٹکٹکی لگا کر دیکھنا — الرَّجُلُ۔ دل کی مشغولی اور خواہش کے غلبہ کے ساتھ کھیل کود میں لگنا۔ (— و تَرَانَى عَنْهُ) کسی سے غافل ہونا۔

رَنَّى۔ تَرْنِيَةً۔ گانا — إِلَيْهِ۔ مشتاق ہونا۔ — و أَرْنَى، الْحُسْنُ فُلَانًا۔ حسن کا کسی کو تعجب میں ڈال کر دیکھنے پر اکسانا۔ — أَرْنَاهُ إِلَى الطَّاعَةِ۔ کسی کو طاعت پر لگانا۔ اور پھر اس کا طاعت پر ہمیشگی اختیار کرنا۔

رَانَاهُ۔ سلوک کرنا۔ مدارات کرنا۔ مقابلہ کرنا۔ "لَهُ شَرَفٌ يُرَانِي الْكَوَاكِبَ۔" وہ شرف میں ستاروں سے مقابلہ کرتا ہے۔ یعنی ستاروں سے زیادہ لوگوں کی نظروں کو اپنی طرف کھینچتا ہے۔

تَرَنَّى۔ محبوب کی طرف مسلسل دیکھنا۔

الرَّنَا۔ مص۔ وہ خوبصورت چیز جس کو دور تک دیکھا جائے۔

الرَّنَاءُ۔ خوبصورتی۔

الرُّنَاءُ۔ اچھی آواز۔ طرب۔

الرَّنَّاءُ و الرَّنُوءُ۔ خوبصورت چیز کی طرف بہت خوشی سے دیکھنے والا۔

رَهِبَ (س)، رَهْبَةً و رُهْبًا و رَهْبًا و رَهَبًا و رُهْبَانًا و رَهَبَانًا۔

ڈرنا۔ خوف کھانا۔
رَھَبَ۔ الجَمَلُ۔ اونٹ کی پیٹھ کا کمزور ہونے کی وجہ سے اٹھنے کی کوشش کر کے پھر بیٹھ جانا۔ رُھِبَتِ النَّاقَۃُ سفر کا اونٹنی کو تھکا دینا۔ صفت مذکر و مؤنث (رَھْبٌ) ج۔ رِھَابٌ۔
اَرْھَبَ۔ تھکے ماندے اونٹ پر سوار ہونا۔ آستین لمبی کرنا۔ اَرْھَبَہٗ۔ خوفزدہ کرنا۔
تَرَھَّبَ۔ رَاھِب ہونا۔ عبادت کرنا۔ ۂ۔ دھمکی دینا۔
اِسْتَرْھَبَہٗ۔ خوف دلانا۔
الرَّھْبُ۔ باریک پتلا پھل۔ مِنَ الاِبِلِ۔ سفر سے تھکا ماندہ اونٹ ج۔ رِھَابٌ۔
الرُّھْبُ۔ آستین۔
الرَّھْبَۃُ والرُّھْبُ والرُّھْبٰی والرَّھَبَاءُ۔ ڈر۔ خوف۔
الرَّھْبَانِیَّۃُ والرُّھْبَانِیَّۃُ۔ راہبوں کا طریقہ۔
الرَّاھِبُ۔ فا۔ شیر لوگوں سے کنارہ کش ہوکر گرجا میں عزلت نشین۔ ج رُھْبَانٌ۔ مؤنث رَاھِبَۃٌ۔ ج۔ رَاھِبَاتٌ و رَوَاھِبُ۔
الرَّھَبَانُ۔ بہت خوف کرنے والا۔ ج۔ رَھَابِیْنُ و رَھَابِنَۃٌ و رَھَابِنُوْنَ۔ مؤنث۔ رَھْبَانَۃٌ۔ ج۔ رَھْبَانَاتٌ۔
الرُّھْبَانُ۔ رَاھِبٌ۔ ج۔ رَھَابِیْنُ۔ مؤنث رُھْبَانَۃٌ۔ ج۔ رُھْبَانَاتٌ۔
الرَّھَبُوْتُ والرَّھَبُوْتٰی۔ سخت خوف۔
المَرَاھِبُ۔ ہولناکیاں۔ خوفناکیاں۔
الرَّھِیْبُ۔ خوفناک شیر۔
رَھْبَلَ۔ غیر مفہوم کلام کہنا۔
تَرَھْبَلَ۔ تیز چال چلنا۔
الرَّھْبَلُ۔ غیر مفہوم کلام۔

اَرْھَجَ۔ غبار اڑانا۔ بَیْنَ القَوْمِ بعض کو بعض پر بھڑکانا۔ السَّمَاءُ آسمان کا برس پڑنا۔
الرَّھَجَ و الرَّھْجُ۔ اڑایا ہوا غبار۔ و الرَّھَجُ۔ فتنہ و فساد۔ شور و شغب۔ پانی سے خالی بادل۔ واحد (رَھْجَۃٌ)
الرَّھُوْجَۃُ۔ ایک قسم کی چال۔
رَھَدَہٗ (ف) رَھْدًا۔ بہت باریک پیسنا۔
رَھِدَ۔ بڑی حماقت و بے وقوفی کرنا۔
رَھَادَۃً۔ العَیْشُ۔ زندگی کی خوشحالی۔
الرَّھُوْدِیَّۃُ۔ مہربانی۔ نرمی۔
الرَّھِیْدُ۔ نرم و نازک۔ ارزاں۔ اَمْرٌ مَرْھُوْدٌ۔ غیر محکم کام۔
رَھْدَنَ۔ دیر لگانا۔ فِیْ مَشْیِہٖ۔ چلنے میں گھومنا۔
الرَّھْدَنُ والرُّھْدُنُ والرِّھْدَنُ بزدل۔ احمق۔ چڑیا کی طرح ایک پرندہ ج۔ رَھَادِنُ و رَھَادِنَۃٌ۔
الرُّھْدُوْنَ۔ بہت چھوٹا۔
رَھْرَہَ۔ رَھْرَھَۃً۔ مَائِدَتَہٗ۔ فیاضی و سخاوت سے دسترخوان کو پھیلانا۔ فراخ کرنا۔
تَرَھْرَہَ۔ السَّرَابُ۔ سراب کا برابر چمکنا۔ جِسْمُہٗ۔ آسودہ حالی کی وجہ سے جسم کا سفید و نرم و نازک ہونا۔
الرَّھْرَھَۃُ۔ مص۔ چہرہ کی چمک دمک خوشروئی۔ جِسْمٌ رَھْرَھٌ و رَھْرَاہٌ و رُھْرُوْھَۃٌ۔ نرم و نازک اور سفید جسم۔ طَسْتٌ رَھْرَھَۃٌ و رَھْرَاہٌ۔ چوڑا اتھلا طست۔
رَھَزَ (ف) رَھْزًا و رَھَزَانًا۔ تردد کی حالت میں حرکت کرنا۔
اِرْتَھَزَ۔ لِلْاَمْرِ۔ خوشی سے جھومنا۔

رَھَسَ (ف) رَھْسًا۔ الشَّیْءَ۔ سخت روندنا۔
تَرَھَّسَ۔ الشَّیْءُ۔ چیز کا ہلنا۔ مضطرب ہونا۔
اِرْتَھَسَ۔ القَوْمُ۔ لوگوں کا بھیڑ کرنا۔ اِرْتَھَسَتْ رِجْلَا الدَّابَّۃِ۔ جانور کی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔ الوَادِیْ۔ وادی کا بھرنا۔ الجَرَادُ ٹڈیوں کا دل بادل ہونا۔
اِرْتَھَشَ۔ الرَّجُلُ۔ لرزنا۔ کانپنا۔ القَوْمُ۔ قوم میں جنگ چھڑنا۔ القَوْسُ کمان کا نرم اور ڈھیلی ہونا۔ الفَرَسُ گھوڑے کے کھروں کا آپس میں ٹکرانا۔
تَرَھَّشَ۔ کرم و سخاوت سے کام لینا۔ النَّاقَۃُ اونٹنی کا بہت دودھ والی ہونا۔
الرَّھْشُ۔ جانور کی اگلی ٹانگوں کا آپس میں رگڑ کھانا۔
الرَّھِیْشُ۔ مِنَ التُّرَابِ۔ باریک گرنے والی مٹی۔ کمزور۔ پتلا۔ کم گوشت۔ باریک پھل۔ پتلا۔ ہلکا تیر۔ نَاقَۃٌ رَھِیْشَۃٌ زیادہ دودھ دینے والی اونٹنی۔
الرَّاھِشَانِ۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی دو رگیں۔
الرُّھْشَۃُ۔ کرم و سخاوت۔ حیا۔
الرَّوَاھِشُ۔ جانور کے بازوؤں کے اندر کی رگیں۔ ہاتھ کی ہتھیلی کے ظاہر کی رگیں واحد رَاھِشٌ و رَاھِشَۃٌ)
رَھَصَ (ف) رَھْصًا۔ الشَّیْءَ۔ زور سے نچوڑنا۔ الصَّیْدَ۔ شکار کو کمزور و سست کرنا۔ ۂ۔ ملامت کرنا۔ جلدی کرانا۔ الحَائِطَ دیوار پر پہلا ردّہ رکھنا۔ الفَرَسَ۔ گھوڑے کے کھر کو زخمی کرنا۔
اَرْھَصَ۔ الحَائِطَ۔ دیوار پر پہلا ردّہ رکھنا۔ الشَّیْءَ۔ بنیاد ڈالنا۔ ثابت

کرنا — ہٗ اللّٰہُ۔ کسی کو بھلائی کی
کان بنانا — الفَرَسَ۔ گھوڑے
کے کھر کو زخمی کرنا۔
دَاھَصَ۔ غَرِیْمَہٗ۔ قرضدار کے گھر کی
نگرانی کرنا۔
تَرَاھَصَتِ۔ الصُّخُوْرُ۔ چٹانوں کا آپس
میں پیوستہ ہونا۔
الرِّھْصُ۔ مِنَ الحَائِطِ۔ دیوار کا پہلا
ردّہ چننے کی مٹی — الرَّھَّاصُ۔
مٹی گارا بنانے والا۔
الرَّھْصَۃُ۔ گھوڑے کے سُم کا زخم۔
الرَّھِیْصُ۔ مِنَ الخَیْلِ۔ زخمی کھر والا۔
خُفٌّ رَھِیْصٌ۔ اونٹ کا پتھر سے
زخمی کھر۔ اَسَدٌ رَھِیْصٌ۔ اپنی
جگہ سے نہ ٹلنے والا شیر۔
الرَّوَاھِصُ۔ مِنَ الحِجَارَۃِ۔ کھر کو زخمی
کرنے والے پتھر۔ مضبوط جمی ہوئی
چٹانیں۔ واحد (رَاھِصَۃٌ)
المَرْھَصَۃُ۔ درجہ۔ رتبہ۔ پائیگاہ۔ ج
مَرَاھِصُ۔
رَھَطَ (ف) رَھْطًا۔ اللُّقْمَۃَ۔ بڑا
لقمہ لینا۔ بہت کھانا۔
رَھَّطَ۔ بہت کھانا۔ بڑا لقمہ لینا۔ گھوڑے
کی پیٹھ پر سوار ہونا۔ گھر سے باہر نہ
نکلنا۔
اِرْتَھَطَ۔ القَوْمُ۔ قوم کا جمع ہونا۔
اکٹھا ہونا۔
الرَّھْطُ و الرَّھَطُ۔ آدمی کی قوم و قبیلہ
تین سے دس تک کا گروہ، جس میں
عورت نہ ہو۔ اس کا واحد نہیں۔ ج
اَرْھُطٌ و اَرْھَاطٌ۔ جج۔
اَرَاھِطُ و اَرَاھِیْطُ۔ رھط کی
طرف اگر عدد کی اضافت کریں تو اس
سے اشخاص و افراد مراد ہوتے ہیں۔
جیسے کہتے ہیں "عِشْرُوْنَ رَھْطًا"
یعنی بیس اشخاص "نَحْنُ ذُوْ رَھْطٍ"
یعنی ہم اکٹھے ہیں۔ الرَّھْطُ۔ دشمن
الرِّھَاطُ۔ گھر کا سامان۔
الرُّھَطُ و الرُّھَطَاءُ و الرَّاھِطَاءُ۔
مِنْ حُجْرَۃِ الیَرْبُوْعِ۔ جنگلی
چوہے کا وہ سوراخ جس سے وہ مٹی
نکالتا ہے۔ ج۔ رَھَاطِیْ۔
رَھَفَ (ف) السَّیْفَ۔ تلوار کو باریک
کرنا۔ پتلی کرنا۔
رَھُفَ (ک) رَھَافَۃً و رَھْفًا۔
باریک و پتلا ہونا۔ صفت (رَھِیْفٌ)
اَرْھَفَ۔ السَّیْفَ۔ تلوار کی دھار کو
پتلی اور تیز کرنا۔ اَرْھَفَ بِالکَلَامِ
فی البدیہہ کہنا۔
الرَّھِیْفُ۔ پتلا۔ پتلی کی ہوئی دھار۔ دھار
والی تلوار۔
المُرْھَفُ۔ مفع۔ سَیْفٌ مُرْھَفٌ
تیز باریک دھار کی تلوار۔ فَرَسٌ
مُرْھَفٌ چپکے ہوئے پیٹ اور
قریب قریب پسلیوں والا گھوڑا۔
اور یہ عیب ہے — مُرْھَفُ
الجِسْمِ۔ دُبلے پتلے بدن والا۔
رَھِقَ (س) رَھَقًا۔ بے وقوف ہونا۔
صفت (رَھِقٌ) ہلکا ہونا۔ ظلم کرنا
بداعمال ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ جلدی
کرنا۔ السَّفَرُ۔ سفر کا قریب و
نزدیک ہونا۔ کہتے ہیں "رَھِقَتِ
الکِلَابُ الصَّیْدَ۔ کتوں نے شکار
کو جالیا۔
رَھَّقَہٗ۔ کسی کو برائی سے متہم کرنا۔
رَاھَقَ۔ الغُلَامُ۔ لڑکے کا بلوغ
کے قریب پہنچنا۔ صفت (مُرَاھِقٌ)
کہتے ہیں "صَلَّی الصَّلَاۃَ مُرَاھِقًا"
وقت کے ختم کے قریب نماز پڑھی۔
اَرْھَقَہٗ۔ ظُلْمًا۔ ظلم میں مبتلا کرنا۔
— ہٗ اِثْمًا کسی کو گناہ پر اکسانا۔
— ہٗ عُسْرًا۔ کسی کو تکلیف دینا۔
تکلیف دہ کام لینا — ہٗ۔ پالینا۔
طاقت سے اونچے کام پر اکسانا —
الصَّلَاۃَ۔ نماز کو آخر وقت تک
مؤخر کرنا — زَیْدًا اَنْ یُّصَلِّیَ:
نماز پڑھنے میں جلدی کرانا۔ کہتے ہیں۔
"لَا تُرْھِقْنِی لَا اَرْھَقَکَ اللّٰہُ"
تم مجھ پر سختی نہ کرو، تم پر اللہ سختی نہ
کرے گا۔
الرَّھَقُ۔ مص۔ گناہ۔ تہمت۔ کم عقلی۔
جہالت۔ آدمی کو ایسے کام پر لگانا جو
اس کی طاقت سے اونچا ہو۔
الرَّھَقَی۔ ایک قسم کی دوڑ۔
الرِّھَاقُ و الرُّھَاقُ۔ قریب۔ تقریبًا
"کَانُوْا رِھَاقَ مِائَۃٍ" وہ سو کے
قریب تھے۔
الرَّھِیْقُ۔ شراب۔
الرَّھِیْقَانُ۔ زعفران۔
المُرْھَقُ۔ قتل کے لیے گرفتار۔ سخت
تکلیف میں پھنسا ہوا۔
المُرَھَّقُ۔ مفع۔ کم عقل، جاہل۔ خراب
شرارت سے متہم، سخی، فیاض۔
رَھَکَ (ف) رَھْکًا۔ الشَّیْءَ۔ چیز کو
باریک پیسنا۔ صفت مفعولی۔ رَھِیْکٌ
و مَرْھُوْکٌ۔ بِالمَکَانِ۔ اقامت
کرنا۔ رہنا۔
اِرْتَھَکَ۔ چلنے میں سست اور ڈھیلا ہونا۔
الرَّھَکُ۔ مص۔ نیک عمل۔
الرَّھْکَۃُ۔ کمزوری۔
رَھِلَ (س) رَھَلًا۔ ڈھیلا اور پھولے
ہوئے گوشت والا ہونا۔ صفت۔
(رَھِلٌ)
رَھَّلَہٗ و اَرْھَلَہٗ۔ النَّوْمُ۔ نیند کا
سست و ڈھیلا کرنا۔

تَرَهَّلَ۔ ڈھیلا ہونا۔
الرِّهْلُ۔ پتلا پتلا بادل۔
المُتَرَهِّلُ۔ ڈھیلے بدن والا۔ اَرْهَمَتِ السَّمَاءُ۔ آسمان کا نرم ہلکی بارش برسانا۔
الرِّهْمَةُ۔ ہلکی پیہم بارش۔ ج۔ رِهَمٌ ورِهَامٌ۔
الرِّهَامُ و الرُّهُومُ۔ دبلی بکری۔
الرُّهَامُ۔ غیر شکاری پرندہ۔ بڑی تعداد۔
الأَرْهَمُ۔ زیادہ زرخیز۔ ارزانی کی جگہ۔
المَرْهَمُ مرہم۔ ج۔ مَرَاهِمُ۔
رَهَنَ (ف) رَهْنًا۔ الشَّيْءَ فُلَانًا وعِنْدَ فُلَانٍ۔ گروی رکھنا۔ دائم وثابت رہنا۔ اور اسی سے ہے۔ "نِعْمَةُ اللهِ رَاهِنَةٌ" اللہ کی نعمت دائم وقائم ہے۔ الشَّيْءَ۔ ہمیشہ رکھنا۔ بِالْمَكَانِ اقامت کرنا۔ رُهُونًا (ف) لاغر و دبلا ہونا۔ صفت (رَاهِنٌ)
رَاهَنَهُ رِهَانًا ومُرَاهَنَةً۔ عَلَى الخَيْلِ۔ دوڑانے کے لیے شرط لگانا۔ عَلَى كَذَا۔ شرط لگانا۔
أَرْهَنَهُ۔ الشَّيْءَ۔ کسی کے پاس کوئی چیز گروی رکھنا۔ أَرْهَنَ فُلَانًا۔ کمزور کرنا۔ پیشگی دینا۔ فِي السِّلْعَةِ گراں کرنا۔ بہت قیمت مانگنا۔ لِضَيْفِهِ الطَّعَامَ والشَّرَابَ۔ مہمان کے لیے کھانا پینا ہمیشہ مہیا رکھنا۔ أَرْهَنَ المَيِّتَ القَبْرَ۔ میت کو قبر میں رکھنا۔
تَرَاهَنَ۔ القَوْمُ۔ آپس میں شرط باندھنا۔
اِرْتَهَنَ۔ الشَّيْءَ مِنْهُ۔ گروی لینا۔ بِالْأَمْرِ۔ کسی بات پر مقید ہونا۔
اِسْتَرْهَنَهُ۔ الشَّيْءَ۔ گروی طلب کرنا۔ رہن مانگنا۔

الرَّاهِنُ۔ فا۔ تیار۔ ہمیشہ رہنے والا۔ مضبوط۔ ہمیشہ رہنے والی خوراک۔ دبلا۔
الرَّهْنُ۔ مص۔ گروی۔ کسی شے کی بندش وروک۔ گروی رکھی ہوئی شے۔ ج۔ رِهَانٌ ورُهُونٌ ورَهِينٌ ورُهُنٌ۔ کہتے ہیں "إِنِّي لَكَ رَهْنٌ بِكَذَا" یعنی میں تمہارے لیے اس کا ضامن ہوں۔
الرِّهَانُ۔ مص۔ خَيْلُ الرِّهَانِ۔ شرط لگانے کے گھوڑے۔ کہتے ہیں۔ "هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ" وہ گھوڑدوڑ کے دو گھوڑوں کی طرح ہیں۔ (یعنی دونوں تساوی ہیں)
الرَّهِينُ۔ گروی رکھا ہوا۔ کسی کے عوض میں روکی ہوئی شے۔ "أَنَا رَهِينٌ بِأَعْمَالِي" میں اپنے اعمال میں قابل مواخذہ ہوں۔
الرَّهِينَةُ۔ گروی رکھی ہوئی چیز۔ ج۔ رَهَائِنُ۔ کہتے ہیں "أَنَا رَهِينَةٌ بِكَذَا" میں اس کا اس میں ماخوذ ہوں یا اس کا ضامن ہوں اور ذمہ دار ہوں۔ "كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ" ہر نفس اپنے کمائے ہوئے کے ساتھ گروی ہے۔
المُرْتَهَنُ۔ ہر وہ شے جو کسی چیز کے عوض روکی جائے۔ المُرْتَهَنُ بِالْأَمْرِ۔ مقید۔ "كُلُّ المَرْءِ بِالمَوْتِ مُرْتَهَنٌ" یعنی ہر آدمی موت کے ساتھ مقید ہے۔
الرَّهْنَامَجُ والرَّاهْنَامَجُ۔ ملاحوں کا چارٹ یا نقشہ جس کی رو سے وہ سمندر میں راہ دیکھتے ہیں۔
رَهَا (ن) رَهْوًا۔ نرمی کرنا۔ نرم رفتار چلنا۔ جَاءَتِ الخَيْلُ رَهْوًا۔ گھوڑے ہلکی چال سے آئے۔ "وارْهُ عَلَى نَفْسِكَ" اپنے نفس پر نرمی کرو۔ البَحْرُ۔ سمندر کا سکون پذیر ہونا۔ بَيْنَ رِجْلَيْهِ۔ دونوں پاؤں کھولنا۔ الطَّائِرُ پرندہ کا بازو پھیلانا۔
رَاهَى مُرَاهَاةً۔ الرَّجُلَ۔ قریب ہونا۔ جمع ہونا۔ باہم حماقت کرنا۔ أَرْهَى إِرْهَاءً۔ کشادہ جگہ میں آنا۔ رہو پرندہ کے کھانے پر ہمیشگی کرنا۔ لَهُمُ الطَّعَامَ۔ کھانا ہمیشہ تیار رکھنا۔ عَلَى نَفْسِهِ۔ نرمی برتنا۔ کہتے ہیں "أَرْهَيْتُهُ لَكَ" میں نے تم کو اس پر قادر کیا۔
تَرَاهَى۔ القَوْمُ۔ آپس میں نرمی کا سلوک کرنا۔
اِرْتَهَى۔ القَوْمُ۔ آپس میں مل جانا۔ دلیا تیار کرنا۔
الرَّهْوُ۔ سارس۔ کلنگ۔ ج۔ رِهَاءٌ (د۔ والرَّهْوَةُ) آدمیوں کا گروہ۔ بلند یا پست جگہ۔ بِئْرٌ رَهْوٌ۔ چوڑے منہ کا کنواں۔ ثَوْبٌ رَهْوٌ۔ باریک کپڑا۔ غَارَةٌ رَهْوٌ۔ لگاتار لوٹ۔
الرَّهَاءُ۔ مِنَ الأَمَاكِنِ۔ فراخ وکشادہ جگہ۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔ ہر چیز کا ہموار حصہ۔
الرَّاهِي۔ مِنَ العَيْشِ۔ آسودہ زندگی۔
الرَّاهِيَةُ۔ مؤنث (الرَّاهِي) شہد کی مکھی۔
الرَّهِيَّةُ۔ کوٹے ہوئے گیہوں اور دودھ سے تیار کیا ہوا دلیا۔
الرَّهْوَانُ۔ پست زمین۔ نرم بیٹھ کے گھوڑے کو بھی رَهْوَانٌ بولتے ہیں۔
الأَرْهَاءُ۔ جوانب واطراف۔

الدُّهِي۔ مِنَ الخَيلِ۔ تیز رفتار گھوڑا۔ جو بظاہر تیز نہ معلوم ہوتا ہو، لیکن مقابلہ کے وقت ہوا سے باتیں کرتا ہو ج۔ المَرَاهِي۔

رَهُوَكَ۔ الرَجُلُ۔ چلنے میں ڈھیلے جوڑوں والا ہونا — القومُ۔ مضطرب ہونا۔

الرَهُوَكُ۔ موٹا بکری کا بچہ یا ہرن۔

رَهْيًا۔ کمزور، سست ہونا۔ خراب رائے والا ہونا، بڑھاپے یا سخت محنت سے آنکھوں کا گڑھے میں بیٹھنا — السَحَابُ بادل کا برسنے کے لیے تیار ہونا۔

تَرَهِيًا۔ مضطرب ہونا۔ بیقرار ہونا۔ ہلنا۔ فِي أَمْرِهٖ۔ کام میں کاہلی کرنا — السَحَابُ۔ بادل کا برسنے کیلیے تیار ہونا۔

رَوَّأَ تَرْوِيئًا وتَرْوِيئَةً۔ فِي الأَمْرِ۔ کسی کام کے انجام و نتیجہ پر غور کرنا۔

أَرْوَءَ۔ إِرْوَاءً۔ المَكَانُ۔ درخت را کا بکثرت ہونا۔

الرَوِيئَةُ والتَرْوِيئَةُ۔ غور و فکر۔

الإِرْتِيَاءُ۔ تامل و فکر اور سوچ بچار کرنا۔

الرَاءُ۔ حرف را۔ سمندر کا جھاگ۔ ایک درخت کا نام۔ واحد رَاءَةٌ۔

رَابَ (ن) رَوْبًا ورُؤُوبًا۔ اللَبَنُ۔ دودھ کا جمنا۔ صفت (رَائِبٌ) کہتے ہیں "رَابَ دَمُهٗ" اس کی ہلاکت کا وقت قریب آ پہنچا — الرَجُلُ۔ متحیر ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ عقل میں خلل آنا۔ سست ہونا۔

رَوَّبَتْ۔ الدَابَّةُ۔ جانور کا تھک جانا۔

رَوَّبَ وأَرَابَ۔ اللَبَنَ۔ دودھ کا جماکر دہی کرنا۔

الرَائِبُ۔ ف۔ دہی۔ الرَائِبُ مِنَ الأُمُورِ۔ وہ امور جو شبہ و شک سے پاک ہوں، مشتبہ امور (ضد)

الرَابُ۔ قدر۔ کہتے ہیں: "هٰذَا رَابُ كَذَا" یہ اتنی مقدار ہے۔ اندازہ۔

الرَوْبُ۔ دہی۔ کہتے ہیں: "مَا عِنْدَهٗ شَوْبٌ وَلَا رَوْبٌ" اس کے پاس نہ شہد ہی ہے اور نہ دہی۔ (جما ہوا دودھ)

الرُوبَةُ والرَوْبَةُ۔ وہ چھاچھ جو دودھ جمانے کے لیے تھوڑی سی اس میں ملائی جاتی ہے۔ ضامن۔ دودھ کا بقیہ۔

الرُوبَةُ۔ حاجت۔ "فُلَانٌ لَا يَقُومُ بِرُوبَةِ أَهْلِهٖ" فلاں اپنے اہل کی حاجت روائی کے لیے تیار نہیں ہوتا۔ گذران کا ذریعہ۔ محتاجی۔ حیرانی، دودھ زیادہ پینے سے کسل و سستی۔

الرُوبَةُ مِنَ اللَحْمِ۔ گوشت کا ٹکڑا — مِنَ اللَيْلِ۔ رات کا حصہ۔

الأَرْوَبُ۔ اونگھنے والا۔ حیران۔ سست۔ ج۔ رُوبَى۔

الرَوْبَى۔ چلنے کی وجہ سے سست ہونے والے لوگ۔ واحد (رَائِبٌ و رَوْبَانُ) سِقَاءٌ مُرَوَّبٌ۔ وہ مشک جس میں ضامن ڈال کر دہی جمایا جائے۔

المِرْوَبُ۔ دودھ جمانے کا برتن۔

رَاثَ (ن) رَوْثًا۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا لید کرنا۔

الرَوْثُ۔ لید۔ ج۔ أَرْوَاثٌ۔

الرَوْثَةُ۔ رَوْث کا واحد۔ ناک کی چوٹی کا کنارہ۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ يَضْرِبُ بِلِسَانِهٖ رَوْثَةَ أَنْفِهٖ" یعنی فلاں بہت زبان دراز ہے۔ چونچ۔

المَرَاثُ والمَرُوثُ۔ مِنَ الفَرَسِ۔ لید کا مخرج۔

رَاجَ (ن) رَوْجًا ورَوَاجًا۔ الأَمْرُ۔ جلدی ہونا — السِلْعَةُ۔ سامان کا جلد فروخت ہونا — الدَرَاهِمُ۔ رواج پکڑنا — الطَعَامُ۔ کھانے کا پک کر تیار ہونا۔ "أَحْضِرْ لَنَا مَا رَاجَ" جو کچھ دستیاب و میسر ہو، ہمارے لیے لاؤ۔ رَاجَتِ الرِيحُ۔ ہوا کا نامعلوم سمت سے چلنا۔

رَوَّجَ۔ الشَيْءَ۔ وبِهٖ۔ جلد کرنا — السِلْعَةَ والدَرَاهِمَ۔ رائج کرنا۔ — فُلَانٌ كَلَامَهٗ۔ کسی کا اپنے کلام کو مزین کر کے اس کی حقیقت کو چھپانا۔ مبہم کرنا۔

تَرَوَّجَ۔ حوض کے گرد اگرد پھرنا۔ صفت۔ (رَوَّاجٌ)

الرَوْجَةُ۔ جلدی، سرعت۔

رَاحَ (ن) رَوْحًا۔ شام کے وقت آنا یا جانا یا کام کرنا۔ وقت کی قید کے بغیر مطلق جانے کے معنی میں بھی آتا ہے۔ (رَوَاحًا ورَوْحًا) القَومَ وإِلَيْهِمْ و عِنْدَهُمْ۔ قوم کے پاس شام کے وقت جانا۔ (— رَوْحًا) اليومُ دن کا تیز ہوا والا ہونا۔

رَاحَ يُرِيحُ رِيحًا۔ الشيءَ۔ کسی چیز کی بو پانا۔

رَاحَ يَرَاحُ رِيحًا — اليومُ۔ دن کا تیز ہوا والا ہونا — البَيْتُ۔ گھر کا ہوادار ہونا۔ کہتے ہیں: "افْتَحِ البَابَ حَتّٰى يَرَاحَ" یعنی دروازہ کھول کہ ہوا آئے — الرِيحُ الشيءَ۔ ہوا لگنا — القومُ الرِيحَ۔ لوگوں کا ہوا میں داخل ہونا۔

رَاحَ يَرَاحُ رَاحَةً — لِلْمَعْرُوفِ۔ نیکی کرنے کی طرف خوشی سے جلدی کرنا — يَدُهٗ لِلأَمْرِ۔ سبک ہونا۔ — الشَجَرُ۔ موسم گرما کے بعد درخت

کاپتے لانا — الشیئَ۔ بو پانا —
"رَاحَ مِنْكَ مَعْرُوْفًا" اس نے
تم سے بھلائی حاصل کی۔
رَاحَ يَرَاحُ رَوَاحًا او رَاحَةً و
رِيَاحَةً وَارْوُحًا وَارِيْحَةً —
لِلْأَمْرِ۔ کسی کام کی طرف خوشی سے
متوجہ ہونا۔
رَاحَتْ تَرَاحُ رَائِحَةً — الْإِبِلُ۔
اونٹوں کا شام کے وقت واپس آنا۔
رَوِحَ يَرْوَحُ۔ رَوَاحًا۔ کشادہ ہونا۔
رِيْحَ۔ ہوا لگنا۔ صفت (مَرُوْحٌ و
مَرِيْحٌ)
رَوَّحَ — الْقَوْمَ۔ شام کے وقت قوم
کے پاس جانا — الرَّجُلَ۔ کسی کو
آرام دینا — الْإِبِلَ۔ اونٹوں کو
بوقت شام اپنے باڑے میں لانا —
بِالْجَمَاعَةِ۔ تراویح با جماعت
پڑھنا — قَلْبَهٗ۔ کسی کے دل کو
بیدار کرنا۔
الدُّهْنَ۔ تیل کو خوشبودار بنانا —
عَلَيْهِ بِالْمِرْوَحَةِ۔ کسی کو پنکھا
جھلنا۔
اَرَاحَ اِرَاحَةً — الْقَوْمُ۔ قوم کا
ہوا میں داخل ہونا — هٗ کسی کو راحت
میں رکھنا — عَلٰى فُلَانٍ حَقَّهٗ۔
کسی کا حق واپس دے دینا —
الْإِبِلَ۔ اونٹوں کو بوقت شام
باڑہ میں لانا — لِلْمَعْرُوْفِ۔
بھلائی پانا — الشیئَ۔ بو محسوس کرنا
— الْمَاءُ اَوِ اللَّحْمُ۔ پانی یا
گوشت کا بدبودار ہونا — الرَّجُلُ۔
کسی کا سانس لینا۔ شام کے وقت
میں داخل ہونا۔ مرنا۔ کہتے ہیں۔
"اَرَاحَ فَاَرَاحَ" یعنی اس نے مر
کر سکھ میں ڈالا۔

اَرْوَحَ — الْمَاءُ۔ پانی کا بدبودار ہونا —
الشیئَ۔ بو پانا — عَلَيْهِ حَقَّهٗ
کسی کا حق واپس دینا۔
رَاوَحَ — بَيْنَ الْعَمَلَيْنِ۔ باری باری
سے دو کاموں میں مشغول ہونا —
بَيْنَ رِجْلَيْهِ۔ باری باری سے
دونوں پاؤں پر آرام لینا۔
تَرَوَّحَ۔ شام کے وقت چلنا یا کام کرنا۔
— الْقَوْمَ۔ شام کے وقت قوم
کی طرف جانا — الشَّجَرُ۔ موسم
گرما کے بعد درخت کا پتے لانا —
النَّبْتُ۔ نبات کا دراز ہونا —
الْمَاءُ۔ پانی کا اپنے قریب کی چیز کے
اثر سے بودار ہونا — بِالْمِرْوَحَةِ
پنکھا جھلنا۔
تَرَاوَحَ۔ الرَّجُلَانِ الْاَمْرَ۔ دو آدمیوں
کا کسی کام کو باری باری سے کرنا۔
اِرْتَاحَ۔ خوش ہونا۔ چست ہونا —
اللّٰهُ لَهٗ بِرَحْمَتِهٖ۔ اللہ کا کسی
کو بلا و مصیبت سے چھڑانا۔ کہتے ہیں
"هُمَا يَتَرَاوَحَانِ عَمَلًا" وہ
دونوں کام کو باری باری سے کرتے
ہیں۔
اِسْتَرَاحَ۔ اِسْتِرَاحَةً۔ آرام پانا —
اِلَيْهِ۔ تسلی و سکون پانا۔
اِسْتَرْوَحَ اِسْتِرْوَاحًا۔ آرام پانا —
الشیئَ۔ کسی شے کو سونگھنا —
الْغُصْنُ۔ ٹہنی کا ہوا سے حرکت کرنا
— الصَّيْدُ۔ شکار کا انسان کی
بو پانا — الشَّجَرُ۔ درخت کو
ہرا کرنا۔
الرَّائِحُ۔ فا۔ ج۔ رَوْحٌ۔
الرَّاحُ۔ مص۔ شراب۔ خوشی۔ نشاط۔
الرَّاحَةُ۔ مص۔ آرام۔ واحد الرَّاحِ۔
ہتھیلی۔ کفِ دست۔ صحن۔ کہتے ہیں۔

"تَرَكْتُهٗ عَلٰى اَنْقٰى مِنَ الرَّاحَةِ"
یعنی میں نے اس کو بالکل تہی دست
چھوڑا۔ کپڑے کی تہہ۔ ج۔ رَاحَاتٌ۔
الرَّوْحُ۔ آرام۔ بادِ نسیم۔ انصاف۔ مدد
خوشی۔ رحمت — يَوْمٌ رَوْحٌ۔
خوشگوار دن۔
الرَّوْحَةُ۔ رَاحَ کا اسم مرۃ۔ ج۔
رَوْحَاتٌ — لَيْلَةٌ رَوْحَةٌ۔
خوشگوار رات۔
الرُّوْحُ۔ جان (مذکر و مؤنث) نفس۔ "هُوَ
خَفِيْفُ الرُّوْحِ" وہ پاکیزہ ہے۔
وحی۔ اللہ کا حکم و امر۔ قرآن۔ پیغامِ
خداوندی۔ جبرائیل علیہ السلام —
الرُّوْحُ الْاَعْظَمُ۔ اللہ تعالےٰ۔
رُوْحُ الْقُدُسِ۔ اقانیم ثلاثہ کا
تیسرا اقنوم۔ نسبت کے لیے رُوْحَانِیٌّ
ج۔ اَرْوَاحٌ۔ اگلے حکماء اَرْوَاحٌ
پارے وغیرہ کو بولتے ہیں، یا بعض
جڑی بوٹیوں، پھلوں اور دانوں کے نچوڑ
کو بھی کہتے ہیں۔
الْاَرْوَاحُ الْخَبِيْثَةُ۔ شیاطین۔
الرَّوَاحُ۔ دو ٹانگوں کے درمیان کی چوڑائی
اور وسعت۔
الرَّوَاحُ۔ مص۔ شام یا سورج ڈھلنے کے
وقت سے رات تک۔ اس کا مقابل
"صباح" ہے۔ کہتے ہیں "اَفْعَلُ
ذٰلِكَ رَوَاحٌ وَصَبَاحٌ" میں یہ صبح
و شام کرتا ہوں۔ ر۔ الرُّوَيْحَةُ و
الرَّوَاحَةُ والرَّاحَةُ) وہ خوشی جو یقین
سے پیدا ہو۔
الرِّيْحُ۔ ہوا۔ (مؤنث)۔ ج۔ اَرْيَاحٌ
وَاَرْوَاحٌ وَرِيَاحٌ وَرِيَحٌ وجج
اَرَاوِيْحُ وَاَرَايِيْحُ۔ بو۔ اچھی چیز
رحمت۔ مدد۔ قوت۔ غلبہ۔ ہوائیں
چار ہیں: الجنوب۔ دکھنی۔ الشمال

اتری۔ الصَّبَا۔ پروائی۔ الدَّبُوْر پچھوائی۔

الرِّیْحَۃُ۔ ہوا۔ بُو۔

الرَّیْحَانُ۔ ہر خوشبودار پودا۔ روزی۔ معیشت۔ ج۔ رَیَاحِیْنُ۔

الرَّیْحَانَۃُ۔ پھولوں کا گلدستہ۔

الرَّیِّحُ۔ مِنَ الْاَیَّامِ۔ تیز یا اچھی ہوا والا دن۔

الرَّائِحَۃُ۔ مؤنث رَائِحٌ۔ بُو۔ ج۔ رَائِحَاتٌ و رَوَائِحُ۔ الرَّوَائِحُ شام کے وقت کی بارش یا بادل۔ کہتے ہیں "مَالَہٗ سَارِحَۃٌ وَلَا رَائِحَۃٌ" یعنی اس کے پاس مویشی بالکل نہیں۔

الْاَرْوَحُ۔ وہ شخص جس کی ٹانگوں کے درمیان فراخی ہو۔ مؤنث رَوْحَاءُ۔ ج۔ رُوْحٌ۔ (الْاَرْیَحُ) واسع، کشادہ۔

الْاَرْیَحِیُّ۔ وسیع الاخلاق آدمی۔

الْاَرْیَحِیَّۃُ۔ انسان کی وہ نیک عادت جو اس کو اچھے افعال اور فیاضی پر ابھارتی ہے۔

التَّرَاوِیْحُ۔ ترویحہ کی جمع۔ اس کے معنی مطلقاً بیٹھنے کے ہیں۔ پھر شب ہائے رمضان میں ہر چار رکعت نماز کے بعد آرام لینے کے لیے نشست پر اس کا اطلاق کرنے لگے۔ تراویح کی پوری بیس رکعت نماز کو بھی تراویح کہتے ہیں اور اسی طرح چار رکعت کو ترویحہ۔

الْمَرَاحُ۔ روانہ ہونے کی جگہ۔ واپس آنے کی جگہ۔

الْمُرَاحُ۔ مویشی کے رہنے کی جگہ۔ اونٹوں گایوں اور بکریوں کا باڑہ۔

الْمَرُوْحُ والْمَرِیْحُ۔ جس کو ہوا لگے۔

یَوْمٌ مَرُوْحٌ۔ عمدہ ہوا کا دن۔

الْمِرْوَحُ والْمِرْوَحَۃُ۔ پنکھا۔ ج۔ مَرَاوِحُ۔

الْمَرْوَحَۃُ۔ بیابان۔ ج۔ مَرَاوِحُ۔

الْمُرَوَّحُ۔ مفع۔ دُھْنٌ مُرَوَّحٌ۔ خوشبودار تیل۔

الْمُسْتَرَاحُ۔ پاخانہ۔

رَادَ یَرُوْدُ۔ رَوْدًا اور رِیَادًا۔ الشَّیْئَ۔ طلب کرنا۔ الْاَرْضَ کسی زمین میں چراگاہ و پانی وغیرہ کی تلاش کرنا تاکہ وہ پڑاؤ وغیرہ کے لیے مناسب رہے۔ قَوْمَہٗ مَرْعًی اَوْ مَنْزِلًا۔ قوم کے لیے چراگاہ یا منزل کی تلاش کرنا۔

رَادَ یَرُوْدُ رَوْدَانًا و رِیَادًا۔ کسی شے کی تلاش میں گھومنا اور آنا جانا۔

رَادَتْ رَوْدًا و رَوَدَانًا۔ الْمَرْأَۃُ عورت کا اپنے ہمسایوں کے گھر زیادہ آنا جانا۔ الرِّیْحُ۔ ہوا کا نرم چلنا۔ الْمَاشِیَۃُ۔ مویشی کا چرنا۔

رَاوَدَہٗ مُرَاوَدَۃً و رِوَادًا۔ چاہنا "رَاوَدَہٗ عَنْ وَعَلٰی نَفْسِہٖ" دھوکا دینا۔ گناہ کی ترغیب دینا۔ عَلٰی کَذَا۔ ارادہ کرنا۔

رَوَّدَہٗ۔ طلب وجستجو پر اکسانا۔

اَرَادَ اِرَادَۃً۔ الشَّیْئَ۔ چاہنا۔ خواہش کرنا۔ رغبت کرنا۔ عَلَی الْاَمْرِ۔ کسی امر پر اکسانا۔ برانگیختہ کرنا۔

اَرْوَدَ اِرْوَادًا و مُرْوَدًا و مُرْوَدًا و رُوَیْدًا و رُوَیْدَاءُ۔ رُوَیْدَۃً۔ فِی السَّیْرِ۔ نرم رفتار سے چلنا آہستہ چلنا۔

اِرْتَادَ اِرْتِیَادًا۔ الشَّیْئَ۔ طلب کرنا۔

اِسْتَرَادَ۔ فرماں بردار ہونا۔ مطیع ہونا۔ لِاَمْرِ اللّٰہِ حکم خداوندی کے سامنے جھک جانا۔ اس کی طرف لوٹ جانا۔ الدَّابَّۃُ۔ جانور کا چرنا۔ الرَّجُلُ۔ ادھر ادھر پھر کر روزی کی تلاش کرنا۔

الرَّائِدُ۔ فا۔ ج۔ رَادَۃٌ و رُوَّادٌ و رَائِدُوْنَ۔ جاسوس۔ وہ شخص جس کو قوم چارہ پانی کے تلاش کرنے کے لیے بھیج دیتی ہے۔ چکی کا دستہ۔ رَائِدُ الْعَیْنِ۔ آنکھ میں کھٹکنے والا خس و خاشاک "ھُوَ رَائِدُ الْوِسَادِ" وہ غم کی بے کلی کی وجہ سے غیر مطمئن ہے۔

الرَّادُ۔ بمعنی الرَّائِدُ۔

الرِّیْدُ۔ طلب۔ تلاش۔

الرَّادَۃُ الرَّائِدَۃُ۔ والرَّوَادَۃُ۔ وہ عورت جو ہمسایوں کے گھروں میں بہت چکر لگائے۔

الرُّوْدُ۔ مص۔ کہتے ہیں "اَمْشِ عَلَی الرُّوْدِ" ہلکے چلو۔

رُوَیْدٌ۔ اَرْوَدَ کا مصدر مصغر ہے۔ کہتے ہیں "رُوَیْدًا" آہستہ۔ "وَرُوَیْدَكَ زَیْدًا و رُوَیْدَ زَیْدٍ" زید کو مہلت دو۔ "وَسَارُوْا سَیْرًا رُوَیْدًا" یعنی وہ نرمی سے یا آہستہ آہستہ چلے۔

الْاَرْوَدُ۔ اپنے کام میں آہستگی کرنے والا۔ کہتے ہیں "اَلدَّھْرُ اَرْوَدُ ذُوْ غِیَرٍ" یعنی زمانہ چپکے چپکے اپنا کام کرتا ہے۔ پتہ نہیں لگنے دیتا۔

الْمِرْوَدُ۔ سرمہ کی سلائی۔ چرخی کا دھرا۔ میخ لگام کے حلقہ کا لوہا۔ ج۔ مَرَاوِدُ۔

الْمَرَادُ۔ والْمُسْتَرَادُ۔ چراگاہ میں اونٹوں کی آمد ورفت کی جگہ۔

الرَّوَنْدُ و الرِّوَنْدُ و الرَّاوَنْدُ۔ ریوند چینی (غیر معروف کلمہ ہے)۔

رَازَ رَوْزًا۔ الْحَجَرَ۔ پتھر کو اٹھا کر اس کے وزن کو جانچنا۔ اندازہ کرنا۔ الرَّجُلَ۔ آزمانا۔ الدِّیْنَارَ وزن کا پتہ لگانے کے لیے اس کو تولنا۔

— الأراضي۔ زمین پر قیام کرکے اس کی اصلاح کرنا۔ قابل کاشت بنانا
— ما عندہ۔ طلب کرنا۔ چاہنا۔ صفت دائز۔ ج۔ رازة۔
روّز۔ الکلامَ أو الرأيَ۔ کلام یا رائے پر آہستہ آہستہ سوچ بچار کرنا۔
راذاہ۔ کسی کو آزمانا۔
الرازيّ۔ "رے" شہر کی طرف منسوب
الرازُ۔ معماروں کا سردار۔ ج۔ رازة
الرِیازةُ۔ معماری۔
المرازُ و المرازةُ۔ وزن ومقدار۔
المرازن۔ دونوں پستان۔
الروزنامہ۔ (فارسی لفظ سے مرکب ہے روز بمعنی دن اور نامہ بمعنی کتاب ہے)
روزنامچہ۔ کیلنڈر۔ جنتری۔
راس یروس روسا۔ متکبرانہ چال سے چلنا۔ بہت کھانا — السیلُ الغثاءَ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہالے جانا۔
استراس۔ کھانا مانگنا۔
الرَوسُ۔ مص۔ آدمی۔ "روسُ سوءٍ" بڑا شریر آدمی۔ عیب۔ بسیار خوری۔
الروائس۔ الأودیةِ۔ وادیوں کی چوٹیاں
روائس السحابِ۔ اگلے بادل۔
راش یروش۔ روشا۔ بہت کھانا۔
— ہ المرضُ۔ مرض کا کسی کو کمزور وناطاقت کردینا۔
الراشُ۔ من الجمالِ أو الرماحِ کمزور اونٹ یا نیزہ۔ یہ رائش کا مخفف ہے۔ مؤنث۔ راشةٌ۔
الرَوشُ۔ عقل کی کمی۔
الأروشُ۔ کم عقل۔ مؤنث۔ روشاءُ
راض (ن)، روضا۔ بیوقوفی کے بعد سمجھ دار ہونا۔

راض یروض۔ روضا ورِیاضةً و رِیاضا۔ — المهرَ۔ بچھیرے کو سدھانا۔ رام کرنا۔ چلنا سکھانا۔ صفت (رائض) ج راضةٌ و رُوّاضٌ و رُوّضٌ و رائضون۔ صفت مفعولی (مروض) — مؤنث مروضةٌ۔
روّض۔ المهرَ۔ بچھیرے کو خوب سدھانا — الرجلُ۔ کسی کا باغوں میں رہنا — المطرُ الأرضَ۔ بارش کا زمین کو باغ و بہار کردینا۔
راوضہ علی الأمرِ۔ کسی کو کسی کام پر بہلا پھسلا کر لگانا۔
أراض۔ إراضةً۔ سیراب ہونا — القومَ۔ سیراب کرنا۔ — المکانُ۔ کسی جگہ باغات بکثرت ہونا — الأرضَ۔ زمین کو باغ و بہار بنادینا۔ الحوضُ۔ حوض کی تہ کا پانی سے ڈھکنا۔
أروض۔ المکانُ۔ کسی جگہ کا سبزہ سے ڈھک جانا اور بکثرت باغات والی ہونا — الأرضُ من المطرِ۔ زمین کا بارش سے تر ہونا۔
تراوض۔ القومُ۔ في الأمرِ۔ لوگوں کا کسی امر میں آپس میں مناظرہ کرنا۔
— في البیعِ أو الشراءِ۔ خرید و فروخت میں آپس میں جھگڑنا۔
ارتاض۔ المهرُ۔ بچھیرے کا سدھ جانا۔ "ارتاضت القوافي الصعبةُ للشاعرِ" شاعر کو مشکل قافیے سوجھے۔
استراض استراضةً۔ کسی جگہ کا پانی سے سیراب ہونا۔ وادی یا تالاب میں پانی کا ٹھہرنا۔ کشادہ ہونا — النفسُ۔ خوش ہونا۔ المکانُ۔

کسی جگہ کا بکثرت باغات والی ہونا۔
المَروضُ۔ مص۔ قسم قسم کے باغات سے سرسبز جگہ۔
الروضةُ۔ باغ۔ ج۔ روضٌ و ریاضٌ و روضاتٌ و ریضانٌ۔ — وروضاتُ الجناتِ۔ باغات کی پربہار جگہیں۔
الروضةُ۔ حوض میں بچا ہوا پانی۔
الرِیضةُ۔ الروضةُ میں ایک لغت
الرِیاضةُ۔ جسمانی ورزش۔ بری حالت سے اچھی حالت کی طرف تبدیلی۔ نفسانی اخلاق کی اصلاح و درستی، عبادت ومراقبہ کے لیے عزلت گزینی و گوشہ نشینی۔
العلمُ الریاضيُ و العلمُ الریاضیاتِ۔ علم حساب، الجبرا، جامیٹری وغیرہ علوم۔
الرَیِّض۔ وہ جانور جس کو سدھانا شروع ہی کیا ہو — أمرٌ ریِّضٌ۔ غیر محکم کام۔ کم تدبیر سے کیا ہوا کام۔
المَراضُ۔ نرم، پست زمین۔ سخت جگہ جو پانی کو روک لے۔ ج۔ مرائض و مراضاتٌ — أرضٌ مستروضةٌ۔ اچھی نباتات اگانے والی زمین۔
راط یروط و یریط۔ روطا و ریطا — بالمکانِ۔ کسی جگہ پناہ لینا۔ راع یروع روعا۔ و رُؤوعا۔ منه۔ کسی سے ڈرنا۔ صفت۔ (رائعٌ وروِعٌ) — في یدي کذا۔ ہاتھ میں مضبوط ہونا۔
راعہ الأمرُ۔ ڈرانا گھبرادینا۔ تعجب میں ڈالنا۔
راع یروع و یریع۔ رواغا۔ لوٹنا۔ واپس ہونا۔
أراعہ و روّعہ۔ گھبرادینا۔ ڈرانا۔ تعجب میں ڈالنا۔

رَوِعَ ۔ رَوْعًا ۔ خوش کن ہونا۔ سمجھدار ہونا
اَرْوَعَ اِرْوَاعًا ۔ الرَّاعِی بِالْغَنَمِ ۔
چرواہے کا بکریوں کو ڈانٹنا ۔ للکارنا۔
اِرْتَاعَ وَتَرَوَّعَ ۔ مِنْهُ وَ لَهٗ ۔ ڈرنا
۔ اِرْتَاعَ لِلْخَبَرِ ۔ خبر سے خوش
ہونا۔

اَلرَّوْعُ خوف ۔ ڈر۔ لڑائی۔

اَلرَّوْعَةُ ۔ ڈر، حسن و جمال کا حصہ۔

اَلرُّوْعُ ۔ دل کا سیاہ داغ یا اس میں
ڈر کی جگہ ۔ ذہن و عقل ۔ کہتے ہیں۔
" اَفْرِخْ رُوْعَكَ " یعنی سکون و
اطمینان قلب ہاتھ سے نہ دو۔

الرُّوْعُ ۔ اَرْوَعُ ۔ کا اسم۔

الْاَرْوَعُ ۔ حسن یا بہادری کی وجہ سے
تعجب میں ڈالنے والا۔ ہوشیار۔ ذکی۔
ج۔ رُوْعٌ ۔ و اَرْوَاعٌ ۔ مؤنث۔
رَوْعَاءُ ۔ قَلْبٌ اَرْوَعُ ۔ ڈرپوک
دل۔ رُوَاعُ الْقَلْبِ ہوشیار۔
ذکی۔ چوکنے دل والا آدمی۔

زَغَلَ (ف)، زَغْلًا ــ المَاءَ۔ پانی بار بار گرانا ــ الشَّرَابَ۔ کلی کرنا۔ ــ الصَّبِیُّ اُمَّہٗ۔ بچہ کا دودھ پینا۔
اَزْغَلَ۔ چوزہ کو چگا دینا ــ بِالدَّمِ۔ زخم کا خون بہانا۔
الزَّغَلُ۔ دھوکا۔
الزُّغْلِیُّ۔ دھوکا دینے والا۔
الزُّغْلَۃُ۔ کلی کا پانی جو منہ سے پھینکا جائے ایک مرتبہ پانی گرانے کی مقدار۔
الزُّغْلُوْلُ۔ بچہ۔ چست پھرتیلا آدمی۔ ج۔ زَغَالِیْلُ۔
تَزَغَّمَ ــ الجَمَلُ۔ اونٹ کا اپنے جھاگوں کو جبڑوں میں پھرانا۔
تَزَغَّمَ ــ الرَّجُلُ۔ آدمی کا غصہ سے بولنا۔
الزَّغُوْمُ والزُّغْمُوْمُ۔ ہکلا۔ اٹک کر بولنے والا۔
زَفَّ (ض)، زَفًّا وزُفُوْفًا وزَفِیْفًا۔ تیز دوڑنا ــ الرِّیحُ۔ ہوا کا آہستہ چلنا ــ زَفًّا وزَفِیْفًا، الطَّائِرُ۔ پرندہ کا پر پھیلا کر اترنا۔
زَفَّ (ن)، زَفًّا وزِفَافًا ــ العَرُوْسَ اِلٰی زَوْجِهَا۔ دولہن کو دولہا کے پاس بھیجنا ــ البَرْقُ۔ بجلی کا چمکنا۔
اَزَفَّ ــ العَرُوْسَ۔ دلہن کو شوہر کے پاس بھیجنا ــ الرَّجُلُ۔ تیز دوڑنا ــ ہٗ۔ تیز دوڑانا۔
اِزْدَفَّ ــ الحَمْلَ۔ بوجھ اٹھانا۔
اِسْتَزَفَّہٗ ــ السَّیْلُ۔ سیلاب کا بہا لے جانا ــ ہٗ السَّیْرُ۔ سبک بنانا
الزِّفُّ۔ چھوٹے چھوٹے پر۔
الزِّفْفُ۔ پرندے کے گھٹے، ایک پر ایک چڑھے ہوئے روئیں۔
الزَّفَّۃُ۔ زَفَّ کا اسم مرہ "جِئْتُہٗ زَفَّۃً او زَفَّتَیْنِ" میں اس کے پاس ایک یا دو بار آیا۔
الزُّفَّۃُ۔ لشکر۔ دستہ۔
الاَزَفُّ۔ تیز رفتار۔ باریک اور گنجان پروں والا۔
الزَّفُوْفُ۔ شترمرغ۔ تیز اونٹنی۔

زَفِيفٌ۔ تیز۔
المِزَفَّةُ۔ پالکی۔
زَفَتَ (ن) زَفْتًا۔ الإنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
— الرَّجُلَ۔ ناراض کرنا۔ منع کرنا
دھتکارنا۔ ٹھکانا۔ کہتے ہیں " زَفَتَ
الحَدِيثَ فِي أُذُنِ الأَصَمِّ " یعنی
بہرے کے کان میں بات ڈالدی۔
زَفَّتَ — السَّفِينَةَ۔ کشتی پر زفت
ملنا۔
الزِّفْتُ۔ رال۔
زَفَدَ (ن) زَفْدًا — الإنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
— فَرَسَهُ شَعِيرًا۔ گھوڑے کو
بہت جو کھلانا۔
إزْدَفَتَ — المَالَ۔ سب مال لے لینا۔
زَفَرَتْ (ض) زَفْرًا و زَفِيرًا —
النَّارُ۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز
سنائی دینا — الإسَاءَةُ۔ زمین
کا سبزہ اگانا۔ زَفَرَ الرَّجُلُ۔
لمبا سانس لینا — الحِمَارُ۔ گدھے
کا ڈھینچو ڈھینچو کرنے لگنا۔ و زَفَرَ
الشَّيْءَ زَفْرًا۔ اٹھانا — المَاءَ
پانی کھینچنا۔
إزْدَفَرَ — الشَّيْءَ۔ اٹھانا۔
الزِّفْرُ۔ بھاری بوجھ۔ مشک۔ مسافر
کا سامان۔ گروہ۔ دستہ۔ فوج۔
ج۔ أزْفَارٌ۔
الزُّفْرُ۔ درخت کے نیچے لگانے کی
تھونی۔
الزُّفَرُ۔ شیر۔ بہادر۔ سمندر۔ بہت
پانی کی نہر۔ فیاض۔ سخی۔ سردار۔
مشکیں اٹھانے میں خوب مضبوط۔
بہت بخشش۔ دستہ فوج۔
الزَّفِيرُ۔ مصیبت۔ گدھے کی آواز کا
آغاز۔ آخر کو شَهِيقٌ کہتے
ہیں۔

الزَّفْرَةُ و الزُّفْرَةُ۔ لمبا سانس۔
گرم سانس۔ زَفْرَةُ الدَّابَّةِ
و زُفْرَتُهَا۔ جانور کا پھولا ہوا پہلو
زُفْرَةُ الشَّيْءِ و زُفْرَتُهُ۔
اوسط۔ فَرَسٌ أَزْفَرُ۔ بڑے
پہلوؤں والا گھوڑا۔ ج۔ زُفْرٌ۔
الزَّافِرَةُ۔ جماعت۔ دستہ فوج۔
مصیبت۔ پر کے علاوہ تیر کا باقی
حصہ۔ کندھا اور اس کا گرد اگرد۔
کمان۔ بڑا سردار — زَافِرَةُ
الرَّجُلِ۔ آدمی کے اقارب و اعوان
و انصار — زَافِرَةُ البِنَاءِ۔
عمارت کا تھم۔ ج۔ زَوَافِرُ۔
الزَّوَافِرُ۔ پسلیاں۔ فَرَسٌ
شَدِيدُ الزَّوَافِرِ۔ مضبوط
پسلیوں والا گھوڑا۔ پانی کی مشک
لانے والی لونڈیاں۔ انگوروں کی بیل
کو اٹھانے کے جھنگلے کا شہتیر —
زَوَافِرُ المَجْدِ۔ بزرگی کے اسباب
علل۔
المُزْفَرُ و المُزْدَفَرُ۔ لمبا سانس۔
سانس لینے کی جگہ۔
المُزْفُوْرُ — مِنَ الدَّوَابِّ۔ مضبوط
جوڑوں والا جانور۔
زَفْزَفَ — الرَّجُلُ۔ تیز چلنا۔ اچھی
چال چلنا — الطَّائِرُ۔ پرندہ کا
پر پھیلا کر نیچے اترنا — الرِّيحُ
الحَشِيشَ۔ ہوا کا گھاس کو
حرکت دے کر اس میں سے سائیں
سائیں کی آواز نکالنا — المَرْكَبُ
سواری کے چلنے سے آواز سنائی
دینا۔
الزَّفْزَفُ و الزَّفْزَافُ و الزَّفْزَافَةُ
پیہم تیز چلنے والی ہوا۔ الزَّفْزَافُ
شترمرغ۔ ہلکا۔

زَفَنَ (ض) زَفْنًا۔ ناچنا۔ زور کا دھکا
دینا اور لات مارنا۔
الزِّفْنُ۔ چھت کے اوپر کا چھپر۔ النَّاقَةُ
الزَّافِنَةُ و المَزْفُوْنُ۔ لنگڑی
اونٹنی۔
الزَّفَّانُ۔ ناچنے والا۔
الإزْفَنَّةُ۔ حرکت۔ رجلٌ إزْفَنَّةٌ
حرکت کرنے والا آدمی۔ حرکت کرنے
والا۔
الزَّيْزَفُوْنُ۔ ایک سفید پھول اور بے
پھل کا درخت۔ ناقةٌ زَيْزَفُوْنٌ
تیز رفتار اونٹنی۔
زَفَى (ض) زَفْيًا و زَفَيَانًا۔ زَفَتِ
القَوْسُ۔ کمان کا آواز کرنا —
الرِّيحُ السَّحَابَ و التُّرَابَ و نَحْوَهُ۔
ہوا کا بادل اور مٹی وغیرہ کو اڑانا —
الرَّجلُ بنفسِهِ۔ جان دینا۔
أزْفَى — الشَّيْءَ۔ کسی شے کو ایک جگہ
سے دوسری جگہ لے جانا۔ اور اسی
سے ہے " أزْفَيْتُ العَرُوْسَ "
یعنی میں دلہن کو سسرال لے گیا۔
الزَّافِي۔ ہلکا۔ تیز رفتار۔
الزَّفَيَانُ۔ ہلکاپن۔ ہلکا۔ نَاقَةٌ
زَفَيَانٌ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
المِزْفِي و المُزْفِيُّ و المُنْزَفِيُّ۔ ڈرایا
ہوا۔
زَقَّ (ن) زَقًّا — الطَّائِرُ۔ پرندہ کا
بیٹ کرنا — فَرْخَهُ۔ چوزہ
کو چوگا دینا — الكَبْشَ۔ مینڈھے
کی کھال اتارنا۔
زَقَّقَ — الكَبْشَ۔ کھال اتارنا —
الجِلْدَ۔ چمڑے کے بال کاٹنا —
الزِّقُّ۔ مشک۔ زِقُّ الحَدَّادِ۔
لوہار کی دھونکنی۔ بھٹی۔ ج۔ أزْقَاقٌ
و زِقَاقٌ و زُقَّانٌ و أزُقٌّ۔

الزِّقُّ۔ شراب۔ ج۔ زِقَقَۃٌ۔
الزُقَقَۃُ۔ چھوٹے بچوں کو چوگا دینے والے کبوتر۔ چھوٹے بچوں کو پیار کرنے والے۔
الزُقَاقُ۔ کوچہ۔ گلی۔ تنگ راستہ۔ ج۔ اَزِقَّۃٌ و زُقَّانٌ۔
الزُقَاقُ۔ و بَحْرُ الزُقَاقِ۔ جبرالٹر کی آبنائے۔
الزُقَّۃُ و الزُقَّقُ۔ پن ڈبی نامی ایک آبی پرندہ۔ الزَقَّاقُ۔ مشک بنانے والا۔
زَقَبَ (ن) زَقْبًا۔ الجُرْذُ فِی جُحْرِہٖ۔ چوہے کا اپنے سوراخ میں داخل ہونا۔ و زَقَبَہٗ فِی الجُحْرِ۔ داخل کرنا۔ لازم و متعدی۔
زَقَبَ۔ المُکَّاءُ۔ مکاء پرندہ کا آواز کرنا۔
اِنْزَقَبَ۔ الجُرْذُ فِی الجُحْرِ۔ چوہے کا سوراخ میں داخل ہونا۔
الزَقَبُ۔ تنگ راستہ۔ نزدیکی۔ کہتے ہیں "رَمَیْتُہٗ مِنْ زَقَبٍ" میں نے اس کو نزدیک سے مارا۔
زَقَحَ (ف) زَقْحًا و زُقَاحًا۔ القِرْدُ۔ بندر کا چڑچڑ کرنا۔
زَقْزَقَ۔ زَقْزَقَۃً و زِقْزَاقًا۔ الطَّائِرُ۔ پرندہ کا بیٹ کرنا۔ چہچہانا۔ فَرْخَہٗ۔ چوزہ کو چوگا دینا۔ الصَّبِیَّ۔ بچہ کو کدانا۔ الرَّجُلُ۔ مسکرانا۔ ہلکی ہنسی ہنسانا۔ ہلکا ہونا۔
الزَقْزَاقُ۔ آہستہ چلنے والا۔ ایک قسم کی چیونٹی۔
زَقَعَ زَقْعًا و زُقَاعًا۔ الدِّیْکُ۔ مرغ کا بانگ دینا۔ گوز کرنا۔

۔ الحِمَارُ۔ گدھے کا زور سے گوز کرنا۔
زَقَفَ (ن) زَقْفًا و تَزَقَّفَ و اِزْدَقَفَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی شے کو یک بیک چھین لینا یا اچک لینا۔ اسی سے ہے "تَزَقَّفَ الکُرَۃَ بِالصَّوْلَجَانِ" یعنی اس نے ہاکی سے گیند چھین لی۔ تَزَقَّفَ و اِزْدَقَفَ اللُقْمَۃَ۔ لقمہ نگلنا۔
الزُقْفَۃُ۔ نگلی ہوئی چیز۔ ہر چھینی ہوئی چیز۔
زَوْقَلَ۔ پگڑی کے سرے لٹکانا۔ نَاقِلُ العِمَامَۃِ عمامہ کے نیچے سے نکلے ہوئے بال۔
زَقَمَہٗ (ن) زَقْمًا و اِزْدَقَمَہٗ لقمہ نگلنا۔
اَزْقَمَہٗ۔ الشَّیْءَ۔ کوئی چیز نگلوانا۔
زَقَّمَہٗ۔ تھوہر کھلانا۔
تَزَقَّمَ۔ لقمہ لینا۔ نگلنا۔ تھوہر کھانا۔ اللَّبَنَ۔ دودھ بہت پینا۔
الزَقُّوْمُ۔ تھوہر کا درخت۔ جہنم کے ایک درخت کا نام۔ مہلک خوراک۔ ایک خودرو گھاس۔ جس کا پھول چنبیلی کے پھول کے مشابہ ہوتا ہے۔
الزُقْمَۃُ۔ ایک دفعہ کا نگلنا۔ طاعون۔
زَقَنَ (ن ض) زَقْنًا۔ الحِمْلَ۔ بوجھ اٹھانا۔
اَزْقَنَہٗ۔ اٹھانے میں مدد دینا۔
زَقَا۔ (ن) زَقْوًا و زُقَاءً و زُقِیًّا و زَقِیًّا و زُقُوًّا و زَقِیَ (ض) زَقِیًّا۔ الطَّائِرُ۔ پرندہ کا چہچہانا۔ صفت مذکر (زَاقٍ) ج زُوَاقٍ۔ صفت مؤنث (زَاقِیَۃٌ) ج زَوَاقٍ۔ الصَّبِیُّ۔ بچہ کا بہت رونا۔
الزُقْیَۃُ۔ درہموں یا اور چیزوں کا ڈھیر

الزُقْیَۃُ۔ چیخ۔
زَکَّ (ض) زَکًّا و زَکَکًا و زَکِیْکًا۔ الشَّیْخُ۔ دوڑنا۔ بوجہ کمزوری کے قریب قریب قدم رکھنا (زَکَّا) الغُلَامُ۔ دوڑنا۔ القِرْبَۃَ۔ مشک بھرنا۔ بِسَلْحِہٖ۔ بیٹ کرنا۔ زَکَّہٗ الْمَاءُ۔ آسودہ و سیر کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی پر غضبناک ہونا۔
زُکَّ۔ الرَّجُلُ۔ بوڑھا ہونا۔ بیماری سے کمزور ہونا۔
اَزَکَّ۔ عَلَی الاَمْرِ۔ کام پر اصرار کرنا۔ بِرَایِہٖ۔ رائے میں اکیلا ہونا۔
تَزَکَّکَ ہتھیار اٹھانا۔
اِزْدَکَّ۔ الزَّرْعُ۔ کھیت کا سیراب ہونا۔
الزُکُّ فاختہ کا چوزہ۔
الزِکَّۃُ۔ ہتھیار۔ الزُکَّۃُ۔ غم و غصہ
زَکَأَہٗ (ف) زَکْأً۔ مارنا۔ زَکَأَہٗ الدَّرَاہِمَ۔ نقد دینا، یا جلدی نقد دینا۔ زَکَأَہٗ حَقَّہٗ۔ کسی کا حق ادا کرنا۔ اِلَیْہِ۔ کسی کی پناہ لینا۔
اِزْدَکَأَ۔ حَقَّہٗ مِنْہُ۔ اس نے اس سے اپنا حق لے لیا۔ رَجُلٌ زُکَأَۃٌ و زُکَاءَۃٌ و زُکَاءُ النَّقْدِ۔ نقد روپے ادا کرنے والا آدمی۔ مالدار۔
المُزْکَأُ۔ جائے پناہ۔
زَکَبَ (ن) زَکْبًا و زُکُوْبًا۔ الاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔ المَرْأَۃُ عورت کا ایک ہی درد میں بچہ جن دینا۔
اِنْزَکَبَ۔ البَحْرُ۔ سمندر کے پانی کا پست زمین میں یا گڑھے میں داخل ہونا
الزُکْبَۃُ۔ لڑکا۔

زَكَتَ (ن) زَكْتًا و أَزْكَتَ و زَكَّتَ — الإِنَاءَ ۔ برتن بھرنا۔
أَزْكَتَتِ — الْمَرْأَةُ بِغُلَامٍ ۔ عورت کا لڑکا جننا۔
زَكَوَ (ن) زَكْوًا و زُكُوًّا — الإِنَاءَ برتن بھرنا۔
زَكَّوَ و تَزَكَّوَ — الإِنَاءَ ۔ برتن بھرنا۔
الزُّكْوَةُ ۔ شراب وغیرہ رکھنے کے لیے چمڑے کا برتن ۔ ج۔ زُكًى۔
زَكْرَكَ — الشَّيْخُ ۔ بوڑھے کا بسبب کمزوری قریب قریب قدم رکھ کر چلنا۔
تَزَكْرَكَ ۔ ہتھیار اٹھانا۔
زَكَمَهُ (ن) زَكْمًا و أَزْكَمَهُ زکام میں مبتلا کرنا۔ — الْقِرْبَةَ ۔ مشک بھرنا۔ — زَكَمَتْ بِهِ أُمُّهُ ۔ جننا۔
زُكِمَ ۔ زکام کی شکایت والا ہونا۔ صفت (مَزْكُومٌ)
الزُّكْمَةُ ۔ زکام۔ اولاد۔ کہتے ہیں۔ "لِفُلَانٍ زُكْمَةُ سُوْءٍ" فلاں کی بری اولاد ہے۔
الزُّكْمَةُ ۔ أَعْلَا الْكُرِّ آدمی۔ آخری بچہ۔
زَكِنَ (س) زَكَنًا — الأَمْرَ ۔ کسی امر کو سمجھ لینا۔ تاڑ جانا۔ گمان کرنا۔ کہتے ہیں۔ "زَكِنْتُ أَنَّهُ رَجُلُ سُوْءٍ" میں نے جان لیا کہ وہ برا آدمی ہے — مِنْهُ عَدَاوَةً کسی کی عداوت کا پتہ لگالینا۔ د — زُكُوْنًا ۔ إِلَيْهِ ۔ پناہ لینا۔ بل جل جانا۔
زَكَّنَ ۔ گمان کرنا۔ — عَلَيْهِ ۔ مشتبہ ہونا مشکوک ہونا۔
زَاكَنَهُ ۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا ۔ کہتے ہیں۔ "هٰذَا الْجَيْشُ يُزَاكِنُ الأَلْفَيْنِ" یہ لشکر دو ہزار کے قریب ہے — هُ ۔ قریب ہونا ہم نشین ہونا۔
أَزْكَنَهُ — الأَمْرَ ۔ کسی کو کوئی امر جتلانا۔ سمجھانا — الشَّيْءَ ۔ صحیح گمان ہونا۔
الزَّكَانَةُ و الزَّكَانِيَةُ ۔ گمان کی درستی و سچائی۔ رَجُلٌ زَكِنٌ ۔ اچھی یادداشت کا آدمی۔
زَكَا يَزْكُو زَكَاءً و زُكُوًّا و زَكِيَ (س) زَكًى — الزَّرْعُ ۔ فصل کا بڑھنا — الرَّجُلُ ۔ نیک و صالح ہونا۔ خوش حال زندگی گذارنا۔ زکی ہونا — الأَرْضُ ۔ زمین کا عمدہ ہونا — "هٰذَا لَا يَزْكُو بِكَ" یہ تمھارے لائق نہیں۔
زَكَّى ۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ پیاسا ہونا۔ — هُ اللّٰهُ بڑھانا۔ پاک کرنا۔ اصلاح کرنا۔ زکوٰۃ لینا۔ — زَكَّى مَالَهُ ۔ مال کی زکوٰۃ ادا کرنا — نَفْسَهُ ۔ اپنی تعریف کرنا۔
أَزْكَى — الزَّرْعُ ۔ کھیتی کا بڑھنا — هُ اللّٰهُ ۔ بڑھانا۔
تَزَكَّى ۔ صدقہ دینا۔ زکی ہونا — الشَّيْءُ ۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا
الزَّكَا ۔ جفت عدد۔ "أَخَسًا هٰذَا أَمْ زَكًا" یہ طاق ہے یا جفت۔
الزَّكَاةُ ۔ چیز کا عمدہ حصہ۔ زکوٰۃ۔ صدقہ۔ پاکیزگی ۔ ج۔ زَكًا و زَكَوَاتٌ۔
الزَّاكِي ۔ فا۔ اچھی نشوونما پانے والا ج۔ زُكَاةٌ۔
الزَّكِيُّ ۔ عمدہ نشوونما پانے والا۔ ج۔ أَزْكِيَاءُ ۔ مؤنث زَكِيَّةٌ —
أَرْضٌ زَكِيَّةٌ ۔ عمدہ زرخیز زمین۔
زَلَّ (ض س) زَلًّا و زَلَلًا و زُلُولًا و زَلِيلًا و مَزِلَّةً و زِلِّيلَى و زَلِيلَاءَ ۔ پھسلنا۔ گرنا۔ — عَنِ الْحَقِّ او الصَّوَابِ ۔ حق و صواب سے پھرنا — عُمْرُهُ ۔ زندگی کا گذرنا۔ (زَلَّ زَلِيلًا و زُلُولًا) جلد گذر جانا و (زَلَّ زُلُولًا) الدِّرْهَمُ درہم کا کم وزن ہونا۔ صفت ۔ (زَالٌّ) ۔ ج۔ زَوَالٌّ ۔ (زَلَّ زَلَلًا) کمزور اور ہلکے سرین والا ہونا۔ صفت (أَزَلُّ) مؤنث زَلَّاءُ ج۔ زُلٌّ۔
أَزَلَّهُ ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
استزله ۔ پھسلانا۔ لغزش کرانا۔
الزِّلُّ ۔ پھسلنے کی جگہ (مذکر و مؤنث)
الزَّلَلُ ۔ گناہ کا ارتکاب۔ پھسلنے کی جگہ۔ (مذکر و مؤنث) فِي مِيزَانِهِ زَلَلٌ۔ اس کی ترازو میں نقصان ہے۔
الزَّلَّةُ ۔ زَلَّ کا اسم مرّۃ۔ ایک مرتبہ گرنا۔ گناہ۔ ولیمہ دلہن۔ خوراک جو دوست یا رشتہ دار کے دسترخوان سے اٹھائی جائے ۔ ج۔ زَلَّاتٌ۔
الزِّلَّةُ ۔ صاف پتھر۔ واحد (زِلٌّ)
الزُّلَّةُ ۔ احسان۔ دمہ۔ — مَاءٌ (زُلَالٌ و زُلُولٌ و زَلِيلٌ و زُلَازِلٌ) صاف میٹھا، حلق سے جلد اتر جانے والا پانی۔
الزُّلَالُ ۔ بہت پھسلنے والا۔ الزَّلِيلُ فالودہ۔ ہلکی رفتار۔
الأَزَلُّ ۔ تیز رفتار۔ ہلکے سرین والا۔ مؤنث زَلَّاءُ ۔ ج۔ زُلٌّ۔
الْمَزَلَّةُ و الْمَزِلَّةُ ۔ پھسلنے کی جگہ۔ ج۔ مَزَالُّ۔
الْمُزَلِّلُ ۔ فا۔ بہت نیکی یا سلوک کرنے والا۔

ذَلِبَ (س) ذَلَبًا - بہٖ - کسی کے ساتھ چمٹنا اور جدا نہ ہونا۔
الزُّلبَۃُ - لقمہ۔
الزَّلَابِیَۃُ - جلیبی۔
زَلَجَ (ن) زَلجًا و زَلِیجًا و زَلَجَانًا - تیزی سے چلنا۔
زَلَجَ (ن) زَلجًا و اَزلَجَ - البابَ - دروازہ کو چٹخنی سے بند کرنا۔ زَلَجَ (ن) زَلَجَانًا - فلانًا - آگے ہونا۔
زَلِجَ (س) زُلُوجًا و تَزَلَّجَ - پھسلنا۔ اسی سے ہے - مَزلَجٌ - ج - مَزَالِجُ - وہ گاڑی جو برف پر بغیر پہیے کے چلے۔ زَلِجَ الکَلَامُ مِن فَمِہٖ - بات کا منہ سے نکل جانا۔ الماءُ عَنِ الحَنجَرَۃِ - پانی کا حلق کی نالی سے پیٹ میں اتر جانا۔
زَلَّجَ - الکلامَ - بات کو لوگوں میں مشہور کرنا۔ عَیشَہٗ - تھوڑی سی روزی پر زندگی گذارنا۔
تَزَلَّجَ - الشیءُ - پھسلنا - النَّبِیذَ - نبیذ پینے پر اصرار کرنا۔ - مکانٌ زَلجٌ و زَلَجٌ و زَلِیجٌ - پھسلنے کی جگہ۔
الزَّالِجُ - فا - مصائب سے نجات پانے والا - بہت پینے والا - سَھمٌ زَالِجٌ - زمین سے رگڑ کھا کر جانے والا تیر۔
الزَّلُوجُ - تیز رو - سَھمٌ زَلُوجٌ - کمان سے پھسلنے والا تیر - قَدَحٌ زَلُوجٌ - ہاتھ سے پھسلنے والا پیالہ۔
الزُّلُجُ - چکنی چٹانیں - نَاقَۃٌ زَلجیٰ و زَلِیجَۃٌ - تیز رو اونٹنی۔
الزِّلَاجُ و المِزلَاجُ - چٹخنی۔
المُزَلَّجُ - تھوڑا - بخیل - قوم میں اجنبی آدمی - بے مروت آدمی - ہر چیز کا ردی حصہ۔
زَلَحَ (ف) زَلحًا و تَزَلَّحَ - الشیءَ - چکھنا۔
الزَّلَحُ - باطل۔
تَزَلحَبَ - عنہُ - پھسلنا۔
زَلحَفَہٗ - علیحدہ کرنا۔
تَزَلحَفَ - و ازلَحَفَّ - علیحدہ ہونا۔
الزَّلحَفَۃُ - کچھوا (سلحفاۃ سے معرب ہے)۔
زَلِخَ (س) زَلَخًا - فربہ ہونا۔
زَلَخَ (ض) زَلخَانًا و زَلَخَانًا - الرَّجُلُ - چلنے میں آگے بڑھنا - رِجلُہٗ - پاؤں پھسلنا۔
زَلَخَ (ض ن) زَلخًا - فلانًا - الرُّمحَ - نیزہ بھونکنا - رَاسَہٗ - سر زخمی کرنا۔
اَزلَخَ - البابَ - دروازہ کو مزلاج سے بند کرنا۔
تَزَلَّخَ - پھسلنا - مکانٌ زَلِخٌ و زَلخٌ - پھسلنی جگہ۔
الزَّلُوخُ - تیز رو - بِئرٌ زَلُوخٌ - پھسلنا کنواں۔
الزُّلَخَۃُ - بچوں کے پھسلنے کی جگہ۔
زَلِزَ (س) زَلَزًا - بے قرار ہونا۔
الزَّلَزُ و الزِّلزُ - خانگی اسباب - آنے کا راستہ۔
زَلزَلَ زَلزَلَۃً و زِلزَالًا و زَلزَالًا و زُلزَالًا - اللّٰہُ الاَرضَ - ہلانا - بھونچال لانا - ہٗ - خوف زدہ کرنا - ڈرانا - الاِبِلَ - اونٹ کو سختی سے ہانکنا۔
تَزَلزَلَتِ - الاَرضُ - زمین کا جنبش میں آنا - زمین میں بھونچال آنا۔
الزَّلزَلَۃُ - بھونچال - ج - زَلَازِلُ - الزَّلَازِلُ - مصائب و خطرات۔
الزُّلزُلُ - ماہر نقارچی - سبک جوان۔
الزِّلزِیلُ - سامان خانہ - خانگی اسباب۔
الزُّلزُولُ - خوش طبع و سبک - سبکی - لڑائی جھگڑا۔
زَلَعَ (ف) زَلعًا - الشیءَ - دھوکے سے چھین لینا - رِجلَہٗ - پاؤں جلانا - الماءَ مِنَ البِئرِ - کنویں سے پانی نکالنا - رَاسَہٗ - سر پھاڑنا۔ زَلَعتُ لَہٗ مِن مَالِی زَلعَۃً - میں نے اپنے مال میں سے ایک حصہ دیا۔
زَلِعَت (س) زَلَعًا و زُلُوعًا و تَزَلَّعَت - قَدَمُہٗ - پاؤں کا اوپر یا اندر سے پھٹنا - کَفُّہٗ - ہاتھ کا اوپر سے پھٹنا - الجُرحُ - زخم کا خراب ہونا - تَزَلَّعَ رِیشُہٗ - پروں کا جھڑنا۔
زَلَعَت (ن) زُلُوعًا - الشمسُ - سورج کا نکلنا - النارُ - آگ کا بلند ہونا۔
اَزلَعَہٗ - فی الشیءِ - کسی چیز کا لالچ دلانا۔
اِزدَلَعَ - الشیءَ - دھوکے سے کسی چیز کو چھین لینا - حَقَّہٗ - حق کاٹ لینا - الشجرۃَ - درخت کاٹنا۔
الزُّلعَۃُ - خراب زخم۔
الزَّوزَلَعُ - پھٹی ہوئی ایڑیوں والا۔
الزَّیلَعُ - چھوٹی کوڑیوں کی ایک قسم۔
المُزَلَّعُ - پھٹے ہوئے پاؤں والا۔
زَلَغَ (ن) زُلُوغًا - النجمُ - ستارہ کا نکلنا - النارُ - آگ کا بلند ہونا۔
تَزَلَّغَت - رِجلُہٗ - پاؤں پھٹنا - اس کے لیے تَزَلَّعَت کہنا افضل ہے۔

اِزْلَغَبَّ۔ الفَرْخُ۔ چوزہ کے پر نکلنا۔
— الشَّعْرُ۔ بالوں کا مونڈنے کے بعد نکلنا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا و زَلَفًا و زَلِيفًا و تَزَلَّفَ و اِزْدَلَفَ۔ آگے ہونا۔ قریب ہونا۔
زَلَفَ (ن) زَلْفًا و زَلَّفَ — الشیءَ۔ آگے کرنا۔ زَلَّفَ فِی الکَلَامِ۔ زیادہ کرنا۔
اَزْلَفَهٗ۔ قریب کرنا — الاَشْيَاءَ اکٹھا کرنا — الدلیلُ القومَ۔ رہبر کا قوم کو آگے بڑھنے پر ابھارنا۔
الزُّلْفُ و الزَّلَفُ و الزُّلْفٰی۔ نزدیکی قرب۔ درجہ۔ رتبہ۔ قدر و منزلت۔
الزِّلْفُ۔ باغ۔
الزُّلْفَةُ۔ نزدیکی۔ درجہ۔ مرتبہ۔ رات کا ایک حصہ۔ بڑا پیالہ۔ ج۔ زُلَفٌ و زُلُفَاتٌ و زُلْفَاتٌ۔ بعض کے نزدیک الزُّلَف رات اور دن طے کے اوقات۔
الزَّلَفَةُ۔ بھرا حوض سیپی۔ کپڑے دھونے کا طشت۔ بڑا پیالہ۔ چکنا پتھر۔ سخت یا جھاڑو دی ہوئی زمین۔ باغ۔ ج۔ زَلَفٌ۔
المَزْلَفَةُ۔ گاؤں جو کشت زار اور بیابان کے درمیان ہو۔ ج۔ مَزَالِفُ — المَزَالِفُ۔ مرحلے۔ کوچ کی جگہیں۔ واحد (مَزْلَفَةٌ)
زَلِقَتْ (س) و زَلَقَتْ (ن) زَلَقًا — القَدَمُ۔ قدم پھسلنا — بِمَكَانِهٖ۔ کسی جگہ سے اکتا کر ہٹ جانا۔
زَلَقَهٗ (ض) زَلْقًا و زَلَّقَهٗ و اَزْلَقَهٗ۔ پھسلانا — عَنْ مَكَانِهٖ۔ کسی جگہ سے ہٹانا۔ دور کرنا — رَاسَهٗ۔

سر مونڈنا — زَلَّقَ المَوْضِعَ۔ کسی جگہ کو پھسلنی بنانا — زَلَّقَ بَدَنَهٗ۔ بدن پر تیل لگانا — اَزْلَقَهٗ و زَلَقَهٗ بِبَصَرِهٖ۔ کسی پر تیز غصہ کی نظر ڈالنا۔
اَزْلَقَتِ — الفرس۔ گھوڑی کا وقت سے پہلے بچہ گرانا۔
تَزَلَّقَ۔ ایسا سنورنا کہ چہرے میں چمک دمک نظر آئے۔
الزَّلْقُ و الزَّلَقُ و الزَّلِقُ و المَزْلَاقَةُ۔ پھسلنی جگہ۔
الزَّلِقُ۔ جلد غضبناک ہونے والا۔
الزَّلَقَةُ۔ چکنی صاف چٹان۔ آئینہ نَاقَةٌ زَلُوقٌ۔ تیز رو اونٹنی عَقَبَةٌ زَلُوقٌ۔ دور دراز گھاٹی۔
الزَّلِيقُ۔ اسقاط کا بچہ۔
الزُّلَيْقُ۔ ایک قسم کا شفتالو۔ واحد (زُلَيْقَةٌ)
الاَزْلَقُ۔ نئے اُگے ہوئے بالوں والا آدمی۔
المُزْلَاقُ۔ دروازہ کی چٹخنی۔ قبل از وقت بچہ گرانے والی گھوڑی۔
المَزْلَقُ و المَزْلَقَةُ۔ پھسلنے کی جگہ۔
زَلَمَ (ن) زَلْمًا۔ خطا کرنا — الاِنَاءَ۔ برتن بھرنا — الاَنْفَ ناک کا کاٹنا — العَطَاءَ۔ بخشش کم دینا۔
زَلَّمَهٗ۔ نرم کرنا۔ ہموار کرنا — الرَّحٰی۔ چکی گھمانا اور کناروں سے لینا — العَطَاءَ۔ بخشش تھوڑی دینا — غِذَاءَهٗ۔ بڑی خوراک دینا۔
اِزْدَلَمَ — الشیءَ۔ کاٹنا۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

اِزْلَاَمَّ۔ اِزْلِئْمَامًا — الشیءُ۔ سیدھا کھڑا ہونا — القومُ۔ قوم کا جلد کوچ کر جانا۔
اِزْلَاَمَّتِ الضُّحٰی۔ چاشت کے وقت کا روشن ہونا۔
الزَّلَمُ و الزُّلَمُ۔ بے پر کا تیر۔ ج۔ اَزْلَامٌ۔ فال لینے کے تیر جن سے جاہلیت میں عرب تقسیم کیا کرتے تھے۔ ایک گھاس۔
الزُّلْمَةُ و الزُّلُمَةُ و الزَّلَمَةُ۔ شکل اور قد و قامت۔ کہتے ہیں "هُوَ العَبْدُ زُلْمَةً" وہ غلام کی طرح معلوم ہوتا ہے۔
الزَّلَمَةُ۔ بھیڑ بکری کے کان کا کٹا ہوا حصہ جو لٹکتا رہتا ہے۔
زَلُّومَةٌ۔ لوٹا (عامی لغت، فصیح لفظ البُلْبُلُ۔ ہے۔
المُزَلَّمُ۔ پستہ قد۔ سبک خوش طبع (المُزَلَّمُ و الزَّلِيمُ) مِنَ السِّهَامِ۔ عمدہ ساخت کا تیر۔
المُزَلَّمُ و الاَزْلَمُ۔ کن کٹا۔
الزَّلْمَاءُ۔ شکرہ کی مادہ۔ پہاڑی بکری۔
زَمَّهٗ (ن) زَمًّا۔ کس کر باندھنا — القِرْبَةَ۔ مشک بھرنا — زَمَّ البَعِيْرُ بِاَنْفِهٖ۔ ناک میں تکلیف کی وجہ سے اونٹ کا سر اٹھائے رکھنا — الرَّجُلُ بِرَاسِهٖ۔ سر اٹھانا — بِاَنْفِهٖ۔ تکبر کرنا۔ گردن کشی کرنا۔ — القومَ۔ رفتار میں قوم سے آگے بڑھ جانا (— وزَمَّمَ) الجِمَالَ۔ اونٹوں کے نکیل ڈالنا۔ زَمَّ النَّعْلَ جوتا میں تسمہ لگانا — الذِّئْبُ السَّخْلَةَ۔ بھیڑیے کا بکری کے بچہ کو سر اونچا کر کے لے جانا۔
زَمَّتْ (ن) زُمُوْمًا — القِرْبَةُ۔ مشک کا بھرنا — نَابُ البعیرُ۔ اونٹ

کے دانت پھوٹنا۔۔ زَمِیْمًا ،
الزُنبُوسُ ۔ بھڑ کا بھنبھنانا۔
اَزَمَّ ۔۔ النَعلَ ۔ جوتا میں تسمہ لگانا۔
زَاقَمَ ۔ مُزَامَّةً ۔ تکبر کرنا۔ زَامَمْتُ
فُلَانًا ۔ مقابلہ کرنا۔
اِنْزَمَّ ۔ باندھا جانا۔
اِزْدَمَّ ۔ تکبر سے سر اونچا کرنا ۔۔
الذِئبُ السَخْلَةَ ۔ بھیڑیے کا
بکری کے بچہ کو سر اٹھا کر لے جانا۔
الزِمَامُ ۔ جس سے کوئی چیز باندھی جائے
باگ ۔ لگام ۔ نکیل ۔ مہار ۔ ج ۔
اَزِمَّةٌ ۔ زِمَامُ النَعْلِ ۔ جوتے
کا تسمہ ۔ زِمَامُ قَوْمِهٖ ۔ اپنی
قوم کا پیشوا اور چودھری ۔ " هُوَ
زِمَامُ الاَمْرِ " وہ چیز جس پر
کام کا دارومدار ہو " اَلْقَوْا فِیْ
یَدِهٖ زِمَامَ الاَمْرِ " یعنی لوگوں
نے کام کی باگ اس کے ہاتھ میں دے
دی اور اس کو مختار کل بنا دیا۔
الزَامُّ ۔ فا ۔ رَجُلٌ زَامٌّ ۔ گھبرانے
والا آدمی ۔ ج ۔ زُمَّمٌ ۔ کہتے ہیں ۔
" دَارِیْ مِنْ دَارِهٖ زَمَمٌ " میرا
گھر اس کے گھر کے نزدیک ہے ۔
" وَجْهِیْ زَمَمُ بَیْتِهٖ " ۔ میرا چہرہ
اس کے گھر کے مقابل ہے ۔
الزُمَامُ ۔ اونچی گھاس ۔ الاَزْمِیْمُ
مہینے کے آخر کا چاند ۔
زَمُتَ (ک) زَمَاتَةً و تَزَمَّتَ ۔ معزز
اور باوقار ہونا ۔ صفت زَمِیْتٌ
ج ۔ زُمَتَاءُ و (زِمِّیتٌ)
زَمِتَ (ف) زَمْتًا ۔ گلا گھونٹنا ۔
زَمَجَ (ن) زَمْجًا ۔ القِرْبَةَ ۔ مشک بھرنا
۔۔ عَلَیْهِمْ ۔ دعوت میں بے اجازت
آکر کھانا ۔
زَمِجَ (س) زَمَجًا ۔ غضبناک ہونا ۔

صفت (زَمِجٌ)
الزُمَّجُ ۔ سرخ رنگ کا ایک شکاری پرندہ
ج ۔ زَمَامِیْجُ ۔ زُمَّجُ المَاءِ
ایک مچھلی خور آبی پرندہ ۔
الزِمِّجِیُّ پرندہ کی دُم کی جڑ ۔
زِمَّجَةُ ۔ الظَلِیْمِ ۔ شترمرغ کی چونچ
" اَخَذَهٗ بِزَامَجِهٖ " اس نے تمام
کا تمام ہی لے لیا ۔
المُزْمَئِجُّ ۔ غضبناک ۔
زَمْجَرَ زَمْجَرَةً ۔ بہت شور مچانا ۔
(۔۔ و تَزَمْجَرَ) الاَسَدُ ۔ شیر کا
دھاڑنا ۔ دھونکنا ۔
اِزْمَجَرَ ۔ آواز کرنا ۔
الزَمْجَرَةُ ۔ بانسری ۔ ہر چیز کی آواز
ج ۔ زَمَاجِرُ و زَمَاجِیْرُ ۔
الزُمَّحُ و الزُوْمَحُ ۔ کمینہ ۔ پست قدو
بدشکل ۔ سیاہ رنگ ، شریر ۔
الزَامِحُ ۔ بھوڑا ۔
زَمَخَ (ف) زَمْخًا ۔ تکبر کرنا ۔ صفت
(زَامِخٌ) ج ۔ زُمَّخٌ ۔
زَمْخَرَ ۔۔ النَمِرُ ۔ غصہ میں چیتے کا
دھاڑنا ۔۔ العَشَبُ ۔ شگوفہ
والا ہونا ۔ بڑھنا (۔۔ و اِزْمَخَرَّ)
الصَوْتُ ۔ آواز کا تیز ہونا ۔
تَزَمْخَرَ ۔۔ النَمِرُ ۔ چیتے کا غصہ سے
رونکنا ۔ دھاڑنا ۔
الزَمْخَرُ ۔ بڑی بانسری ۔ گنجان و گھنا
درخت ۔ رَجُلٌ زَمْخَرٌ ۔ بلند شان
کا آدمی ۔ (۔۔ و الزَمْخَرِیُّ) کھوکھلی
ہڈی ۔
زَمْخَرَةُ ۔۔ الشَبَابِ ۔ بھری جوانی ۔
۔۔ الشَجَرِ ۔ درخت کا گنجان ہونا
زَمَرَ (ض ن) زَمْرًا و زَمِیْرًا ۔ بانسری
بجانا ۔۔ بِالحَدِیْثِ ۔ بات پھیلانا
(۔۔ زَمْرًا) القِرْبَةَ ۔ مشک

بھرنا ۔۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ ۔ اکسانا
بھڑکانا ۔
زَمَرَ (ض) زَمَرَانًا ۔۔ الظَبْیُ ۔ ہرن
کا ڈر کر بھاگنا ۔ چکنا (۔۔ زِمَارًا)
النَعَامُ ۔ شترمرغ کا آواز کرنا ۔
زَمِرَ (س) زَمَرًا ۔ تھوڑے بالوں والا
ہونا ۔ بے مروت ہونا ۔
زَمَّرَ ۔ بانسری بجانا ۔۔ القِرْبَةَ ۔
مشک بھرنا ۔
اِزْمَارَّ ۔ غصہ سے سرخ آنکھوں والا ہونا ۔
اِسْتَزْمَرَ ۔ الرَجُلُ عِنْدَ الهَوَانِ
ذلت کی وجہ سے منقبض ہونا ۔
الزَمْرُ ۔ (۔۔ و الزَمَرُ) آواز
ج ۔ زُمُوْرٌ ۔
الزَمِرُ بانسری بجانے والا ۔ غِنَاءٌ
زَمِرٌ ۔ اچھا گانا ۔ کم بالوں یا اون
والا ۔ کم مروت والا ۔ مؤنث زَمِرَةٌ
عَطِیَّةٌ زَمِرَةٌ ۔ تھوڑی بخشش ۔
الزِمَارُ ۔ شترمرغ کی آواز ۔
الزِمِرُّ ۔ کرخت آواز ۔
الزُمَیْرُ ۔ پستہ قد ۔ ج ۔ زِمَاسٌ
(۔۔ و الزُمْمُوْسُ) حسین لڑکا ۔
غِنَاءٌ زَمِیْرٌ ۔ اچھی راگ ۔
الزِمِّیْرُ و الزَمِّیْرُ ۔ ایک قسم کی مچھلی ۔
الزَمَّارُ ۔ بانسری بجانے والا ۔
الزَمَّارَةُ ۔ بانسری ۔ زَمَّارَةُ الرَّاعِیْ ۔
ایک نبات ۔
الزُمْرَةُ ۔ گروہ ۔ جماعت ۔ فوج ۔ ج ۔
زُمَرٌ ۔
الزَوْمَرُ ۔ جماعت ۔ خوبصورت لڑکا ۔
الزَمَارَةُ و الزَمُوْرَةُ ۔ مروت کی کمی ۔
الزِمَارَةُ ۔ بانسری بجانے کا پیشہ ۔
المِزْمَارُ ۔ بانسری (۔۔ المَزْمُوْرُ
و المَزْمُوْرُ) گیت ۔ ج ۔ مَزَامِرُ
مِزَامِیْرُ دَاؤُدَ ۔ حضرت داؤد

علیٰ نبینا وعلیہ السلام کی دعا۔ اسی
کے مجموعہ کو زبور کہتے ہیں۔
الزُمُرُّدُ و الزُمُرُّذُ۔ ایک گہرے
سبز رنگ کا پتھر۔ واحد (زُمُرُّدَۃٌ)
زَمْزَرَ۔ الوِعَاءَ۔ برتن کو اچھی طرح
بھرنے کے لیے ہلانا۔
زَمْزَمَ۔ زَمْزَمَۃً۔ الشیءُ۔ دور
سے آواز کی گنگناہٹ سنائی دینا۔۔۔
النارُ۔ آگ کے بھڑکنے کی آواز
سنائی دینا۔۔۔ المُغَنِّی۔ گویّے کا
سُر سے گانا۔
زَمْزَمَہٗ بکھری ہوئی شے کو جمع کرنا۔۔۔
الشیءَ۔ حفاظت کرنا۔
تَزَمْزَمَ۔۔۔ الجَمَلُ۔ اونٹ کا
بڑبڑانا۔ تزمزمت بہ شفتاہٗ۔
ہونٹوں کا ہلنا۔ مَاءٌ زَمْزَمٌ و
زَمْزَامٌ و زُمْزِمٌ و زُمَازِمٌ۔
بہت پانی، کچھ کھارا پانی۔ ملا پانی۔
زَمْزَمُ۔ کعبہ شریف کے نزدیک
ایک کنویں کا نام۔
الزَمْزَمَۃُ۔ بادل کی گرج۔ آگ کے
بھڑکنے کی آواز۔ شیر کی دھاڑ۔ ج
زَمَازِمُ۔
الزُمْزُومُ و الزِمْزِیمُ۔ مِنَ الاِبِلِ۔
عمدہ اونٹ۔ اونٹوں کا ریوڑ یا گلہ۔
ج۔ زَمَازِیمُ۔
الزِمْزِمَۃُ۔ اونٹوں یا آدمیوں کا گروہ۔
ج۔ زَمَازِمُ و زَمْزِمُ۔
زَمِعَ (س) زَمَعًا۔۔۔ مِنْہُ۔ حیران
ہونا۔ خوف سے مبہوت ہونا۔
زَمَعَ (ف) زَمْعًا و زَمَعَانًا۔ الاَرنَبُ
خرگوش کا تیز چلنا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔
اَزمَعَ، زَمَعَ۔ الامرَ و علیہ و بہٖ۔
پختہ ارادے کے ساتھ کسی پر جمے رہنا۔
و اَزمَعَ الکَرمُ۔ انگور کی بیل کا
گرہ دار اور کھردرا ہونا۔ زَمَّعَ
الزُنبُورُ۔ بھڑ کا بھنبھنانا۔
اَزمَعَتِ الاَرنَبُ۔ ہلکا پھلکا ہونا
اور تیز دوڑنا۔
الزَمَعُ۔ چھوٹی تنگ نالیاں۔ رذیل
لوگ۔ انگور کی شاخوں کی گرہیں۔
کمزور سیلاب۔ انگلیوں کی زیادتی۔
بے قراری۔ کام کے شروع کی کپکپی۔
ج۔ اَزمَاعٌ (۔۔ و الزَمَاعُ)
پختہ ارادہ۔
الزُمْعَۃُ۔ ٹکڑا۔ کہتے ہیں "اَرضٌ فِیہَا
زُمْعَۃٌ مِنَ النَبَتِ" یعنی زمین
میں گھاس کا قطعہ ہے۔
الزَمَعَۃُ۔ ج۔ زَمَعٌ و زِمَاعٌ۔ ہرن
یا بکری وغیرہ کے پاؤں کے پچھلے رخ
میں لٹکے ہوئے بال۔ ج۔ اَزمَاعٌ
چھوٹا ٹیلہ۔
الزَمِعُ۔ خسیس۔ جلدی غصہ میں آ
جانے والا۔
الزُمَّعُ۔ بے ڈنک والی بھڑ۔ وہ شخص
جو اپنی ضروریات میں چست نہ ہو۔
الزَمِیعُ۔ پکے ارادہ والا بہادر۔ اچھی
رائے والا۔ (۔۔ و الزَمُوعُ)
تیز رفتار۔
الاَزمَعُ۔ ہوشیار۔ دانا، چالاک۔
ناپسند امر۔ ج۔ اَزَامِعُ۔۔۔ رَجُلٌ
اَزمَعُ۔ زائد انگلی والا آدمی۔
المُزمِعُ۔ ثابت قدم پختہ ارادہ والا
آدمی۔
زَمِقَ (ن ض) زَمْقًا۔۔۔ القُفْلَ۔
تالا کھولنا۔۔۔ اللِحیَۃَ۔ داڑھی
نوچنا۔ صفت (زُمَیقَۃٌ و
مَزمُوقَۃٌ)۔ کہتے ہیں " مَا
اَغنَی عَنہُ زَمَقَۃً " اس نے
اس کو کچھ فائدہ نہیں پہنچایا۔
زَمَکَ (ن) زَمْکًا۔ چپ رہنا۔۔۔
و زَمَّکَ ، القِربَۃَ۔ مشک بھرنا
زَمَّکَہٗ عَلَیَّ۔ اس نے اس کو
بھڑکا کر مجھ پر سخت غضب ناک کر
دیا۔
اِزْمَاکَّ۔ سخت غضب ناک ہونا۔
الزَمَکُ۔ سخت غصہ۔ ایک دوسرے
میں گھس جانا۔
الزُمَّکَۃُ۔۔۔ مِنَ الرِجَالِ۔ جلد غصہ
ہو جانے والا۔ احمق۔ پستہ قد۔
ج۔ الزُمَّکُونَ۔
الزِمِکَّیُ و الزِمِکُّ۔ پرندہ کی دُم یا
اس کی جڑ۔
زَمَلَ (ن ض) زِمَالًا۔۔۔ الاَعرَجُ
لنگڑے کا ایک طرف جھکے ہوئے دوڑنا۔
زَمَلَتْ (ن) زَمْلًا و زِمَالًا و زَمَلَانًا
۔۔۔ الدَابَّۃُ۔ خوشی کی وجہ سے
لنگڑاتے ہوئے چلنا۔۔۔ زُمُولًا ،
القَوسُ۔ کمان کا آواز کرنا۔۔۔
زَمْلًا ، الرَفِیقَ۔ ساتھی کو سواری
پر اپنے پیچھے بٹھانا۔۔۔ الرَجُلَ
پیروی کرنا۔۔۔ الشیءَ۔ اٹھانا۔
زَمَّلَ۔۔۔ الشیءَ۔ چھپانا۔۔۔
الشیءَ بِثَوبِہٖ اَو فِی ثَوبِہٖ۔
کپڑے میں لپیٹنا۔
زَامَلَ۔۔۔ الرَفِیقَ۔ ساتھی کو محمل کے
ایک جانب سوار کرنا۔
تَزَمَّلَ و اِزَّمَّلَ و اِزدَمَلَ۔۔۔ بِثَوبِہٖ
لپیٹنا۔
الزِمَلُّ۔ ردیف۔ سوار کے پیچھے سوار
ہونے والا۔ بوجھ۔
الزَمَلُ و الزَمَلَۃُ و الاَزمَلَۃُ
بال بچے۔
الزُمَّلُ و الزُمَّالُ و الزُمَّیلُ و الزُمَّیلَۃُ
و الزُمَّلُ و الزُمَّالُ و الزُمَّالَۃُ

والزُّمَيْلُ والزُّمَيْلَةُ۔ کمزور۔ بزدل۔
الزُّمْلَةُ۔ ساتھی لوگ۔ جماعت۔
الزَّامِلَةُ۔ مؤنث الزَّامِلُ۔ بار برداری کا جانور۔ لدّو جانور۔ ج۔ زَوَامِلُ۔
الزَّمِيْلُ۔ ردیف۔ آج کل ہم پیشہ کو کہتے ہیں۔
الأَزْمَلُ۔ مخلوط آواز۔ ج۔ آزَامِلُ وأَزَامِيْلُ۔ تمام۔ کہتے ہیں "أَخَذَ الشَّيْءَ بِأَزْمَلِهِ وبِأَزْمُلِهِ" اس نے ساری چیز لے لی۔
الإِزْمَلُ۔ ڈرپوک۔ کمزور۔ بزدل۔
الأَزْمَلَةُ۔ کمان کی آواز۔ تمام۔ لَهُ عِيَالٌ أَزْمَلَةٌ۔ یعنی اس کے بال بچے بہت ہیں۔
الأُزْمُولَةُ والإِزْمَوْلَةُ۔ آواز کرنے والا پہاڑی بکرا یا ہرن وغیرہ۔
الإِزْمِيْلُ۔ موچی کی رانپی۔ چھینی۔ ہتھوڑا۔ مضبوط آدمی۔ کمزور (ضد)
المُزَمَّلُ والمُتَزَمِّلُ۔ کپڑوں میں لپٹا ہوا۔
المُزَمَّلَةُ۔ مؤنث المُزَمَّلُ۔ پانی ٹھنڈا کرنے کا گھڑا یا مٹکا۔
زَمِنَ (س) زَمَنًا وزَمَانَةً۔ لُنجا ہونا۔
أَزْمَنَ۔ الشَّيْءُ۔ دیر تک باقی رہنا۔ ۔ ہُ اللّٰہُ۔ لُنجے پن میں مبتلا کرنا۔ ۔ بِالمَكَانِ۔ کسی جگہ مدت تک اقامت کرنا۔
الزَّمَنُ۔ ج۔ أَزْمَانٌ وأَزْمُنٌ (ر۔ والزَّمَانُ)، ج۔ أَزْمِنَةٌ و(الزَّمَنَةُ)۔ وقت۔ أَزْمِنَةُ السَّنَةِ۔ سال کی چار فصلیں بہار گرمی۔ برسات۔ جاڑا۔ زَمَنٌ

زَامِنٌ۔ سخت زمانہ۔
الزَّمَانَةُ۔ آفت، بعض اعضا کا نہ ہونا قویٰ کا بیکار رہنا۔ محبت۔
الزَّمِنُ۔ ج۔ زَمِنُوْنَ و(۔ الزَّمِيْنُ) ج۔ زَمْنَى وزَمْنَةٌ۔ لُنجا۔ معطل اعضاء والا۔ اعضاء سے اپاہج۔ عَامَلَهُ مُزَامَنَةً۔ اس نے اس سے کچھ وقت کے لیے معاملہ کیا۔
المُزْمِنُ۔ مَا۔ مَرَضٌ مُزْمِنٌ پرانا مرض۔ دیرینہ بیماری۔
زَمِهَ (س) زَمَهًا۔ الحَرُّ۔ گرمی کا تیز ہونا۔ ۔ الرَّجُلُ بِالحَرِّ۔ کسی کو گرمی بہت لگنا۔
زَمِهَتْ (س) زَمَهًا۔ الشَّمْسُ الرَّجُلَ۔ کسی کو بہت دھوپ لگنا۔
زَمْهَرَتِ۔ العَيْنُ۔ غصہ سے آنکھ کا سرخ ہو جانا۔
اِزْمَهَرَّ۔ اليَوْمُ۔ دن کا سخت سرد ہونا۔ ۔ الوَجْهُ۔ چہرے کا تیوری والا ہونا۔ ۔ الكَوَاكِبُ۔ ستاروں کا چمکنا۔ ۔ العَيْنُ۔ آنکھ کا غصہ سے سرخ ہونا۔
الزَّمْهَرِيْرُ۔ سخت ٹھنڈ۔
المُزْمَهِرُّ۔ سخت غصہ والا ہنسنے والا۔
اِزْمَهَلَّ۔ المَطَرُ۔ بارش برسنا۔ ۔ الثَّلْجُ۔ برف کا پگھل کر بہنا۔
زَنَّ (ن) زَنًّا۔ عَصَبُهُ۔ پٹھے کا خشک ہونا۔ ۔ الرَّجُلُ۔ جوڑوں کا ڈھیلا ہونا۔ زَنَّهُ وأَزَنَّهُ بِخَيْرٍ أَوْ شَرٍّ۔ اچھا یا برا گمان کرنا۔ ۔ بِكَذَا۔ متہم کرنا۔
زَنَّنَ۔ الرَّجُلُ۔ ہمیشہ ماش کھانا۔
الزُّنُّ۔ ماش۔
الزَّنَنُ۔ تنگ۔ ۔ مَاءٌ زَنَنٌ تھوڑا پانی۔ ظِلٌّ زِنَانٌ تھوڑا

سایہ۔ حِنْطَةٌ زِنَّةٌ۔ وہ گیہوں جس کو بارش کے علاوہ پانی دیا گیا ہو۔ پیوت کا گیہوں۔
الزِّنِّيْنُ۔ پیشاب پاخانہ روکنے والا۔
زَنَأَ (ف) زَنْأً وزُنُوْءًا۔ إِلَيْهِ۔ پناہ لینا۔ فِي الجَبَلِ۔ پہاڑ پر چڑھنا۔ ۔ الظِّلُّ۔ سایہ کا سکڑنا۔ ۔ الرَّجُلُ۔ خوش ہونا۔ جلدی کرنا۔ زمین سے چمٹ جانا۔ بَوْلَهُ زَنْأً۔ پیشاب روک لینا۔ بَوْلُهُ زُنُوْءًا۔ پیشاب کا رک جانا۔
زَنَّأَ۔ علیہ۔ تنگی کرنا۔
أَزْنَأَ۔ إِزْنَاءً۔ مجبور کرنا۔ چڑھنا۔ بند کر دینا۔
الزَّنَاءُ۔ پستہ قد۔ پیشاب روکنے والا تنگ۔ قبر۔
الزِّنِيُّ۔ چھوٹی مٹک۔
زَنِبَ (س) زَنَبًا۔ فربہ ہونا۔
الأَزْنَبُ۔ موٹا پستہ قد۔
الزَّيْنَبُ۔ بزدل، ایک خوشنما خوشبودار درخت۔
الزَّوْنَبِيُّ۔ آہستہ چال۔
زُنَابَى۔ العَقْرَبِ۔ بچھو کا ڈنک۔
تَزَنْبَرَ۔ علیہ۔ تکبر کرنا۔ تیوری چڑھانا۔
الزِّنْبَرُ۔ شیر۔
الزُّنْبُوْرُ۔ بھڑ۔ ج۔ زَنَابِيْرُ۔ واحد (زُنْبُوْرَةٌ) (ر۔ والزِّنْبَارُ) پھرتیلا۔ خوش طبع۔ حاضر جواب۔
الزِّنْبِيْرُ والزُّنْبَاسُ۔ بھڑ۔ ایک درخت۔
الزَّنْبَرِيُّ۔ بھاری بھرکم آدمی۔ بڑی کشتی۔ أَرْضٌ مُزَنْبِرَةٌ۔ بہت بھڑوں والی زمین۔
الزُّنْبُرُكُ۔ گھڑی کا اسپرنگ۔ یہ

فارسی کلمہ ہے۔ اس کے لیے اَلنَّابِغُ
کا کلمہ وضع کیا گیا ہے۔
اَلزُّنَّاعَۃُ۔ موزے یا جوتے کی نوک۔
اَلزَّنْبَقُ۔ سفید سوسن یا چنبیلی۔ واحد۔
(زَنْبَقَۃٌ) چنبیلی کا تیل۔ بانسری۔
ج۔ زَنَابِقُ۔ اُمّ زَنْبَق۔ شراب۔
اَلزُّنْبَاقُ۔ ایک قسم کا پودا۔
اَلزُّنْبُلُ۔ پست قد آدمی۔
تَزَنْتَرَ۔ مٹک کر چلنا۔ مغرورانہ چال چلنا۔
اَلزُّنْتُرَۃُ۔ تنگی۔ تنگ حالی۔
زَنِجَ (س) زَنَجًا۔ پیاس سے آنتوں
کا سکڑنا۔
زَانَجَہٗ۔ اچھا یا برا بدلہ لینا۔
تَزَنَّجَ۔ علیہ۔ دست درازی کرنا۔
اَلزَّنْجُ و الزِّنْجُ۔ حبشی۔ واحد (زِنْجِیٌّ)
ج۔ زُنُوجٌ۔
اَلزَّنْجَبِیْلُ۔ شراب۔ سونٹھ۔
زَنْجَرَ۔ انگوٹھے کا ناخن۔ انگلی کے
ناخن سے کریدنا۔
اَلزِّنْجَارُ۔ تانبے کا زنگار۔
اَلزَّنْجِیْرُ و الزِّنْجِیْرَۃُ۔ جانوں
کے ناخنوں کی سفیدی۔ ناخن کا کٹا ہوا
حصہ۔ زنجیر۔
اَلزُّنْجُفْرُ و الزُّنْجُفْرَۃُ۔ شنگرف۔
زَنَحَہٗ (ف) زَنْحًا۔ تعریف کرنا۔ دفع
کرنا۔ معاملہ میں تنگی کرنا۔
زَانَحَہٗ۔ ایک دوسرے کی تعریف کرنا۔
زَنَّحَ و تَزَنَّحَ۔ الماءَ۔ پانی بار بار پینا۔
و تَزَنَّحَ الرَّجُلُ۔ کھل کر
گفتگو کرنا، اپنے آپ کو مرتبہ سے
زیادہ ظاہر کرنا، قرض یا کسی اور معاملہ
میں تنگ کرنا۔
زَنِخَ (س) زَنَخًا۔ الدُّھْنُ۔ متغیر
ہونا۔ خراب ہونا۔ صفت۔ (زَنِخٌ)
زَنَخَ (ن ض) زُنُوخًا۔ القُرادُ۔
چیچڑی کا چمٹ جانا۔
زَانَخَہٗ۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔
تَزَنَّخَ۔ تکبر کرنا۔ کھل کر بات چیت کرنا۔
زَنْخَرَ۔ بِمَنْخِرِہٖ۔ خراٹے لینا۔
زَنَدَ (ن ض) زَنْدًا۔ الاناءَ
برتن بھرنا — النارَ۔ چقماق سے
آگ نکالنا۔
زَنِدَ (س) الرَّجُلَ۔ آدمی کا پیاسا
ہونا۔
زَنَّدَ۔ جھوٹ بولنا۔ چقماق سے آگ نکالنا۔
— السِّقاءَ۔ مشک بھرنا —
فِی الأمرِ۔ تنگ دل ہونا — علیٰ
أھلِہٖ۔ اپنے اہل پر تنگی ڈالنا۔
أَزْنَدَ — الشیءُ۔ زیادہ ہونا —
الرَّجُلُ فِی رَجْعِہٖ۔ آدمی کا پھر
لوٹ کر بیمار ہو جانا۔
تَزَنَّدَ۔ غضب ناک ہونا۔ جواب نہ
دے سکنا۔ کہتے ہیں: ساَلْتُہٗ
مَسْأَلَۃً فَتَزَنَّدَ: میں نے
اس سے ایک مسئلہ پوچھا تو وہ جواب
نہ دے سکا — فِی أمرِ کذا۔
تنگ دل ہونا۔
اَلزَّنْدُ۔ ج۔ کلائی۔ چقماق کی اوپر
کی لکڑی۔ نیچے والی کو (الزَّنْدَۃُ)
کہتے ہیں اور ہر دو کو (الزَّنْدَانِ)
بولتے ہیں۔ ج۔ زِنَادٌ و أَزْنُدٌ
و أَزْنَادٌ۔ کہتے ہیں: "فُلانٌ وَارِی
الزِّنَادِ": فلاں کامیاب و بامراد ہے۔
"فلانٌ کابِی الزَّنْدِ": فلاں
ناکام ہے۔ "ھُمَا کَزَنْدَیْنِ": وہ
دونوں برابر ہیں، اور یہ خساست و
دنائت میں مساوات کے لیے بولا
جاتا ہے اور بس۔
اَلمُزَنَّدُ۔ تنگ، بخیل، کنجوس، متبنیٰ۔
کم چوڑا کپڑا — عطاءٌ مُزَنَّدٌ۔
تھوڑی بخشش۔
تَزَنْدَقَ۔ بے دین ہونا۔ بد اعتقاد ہونا۔
صفت (زِنْدِیْقٌ) ج۔ زَنَادِقَۃٌ
و زَنَادِیْقُ۔
اَلزَّنْدَقَۃُ۔ باطن میں کفر ظاہر میں ایمان۔
رَجُلٌ زَنْدَقٌ و زَنْدَقِیٌّ۔
بہت کنجوس، مکھی چوس۔
زَنَرَ (ن) زَنْرًا — الإناءَ۔ برتن
بھرنا — الغُلامَ۔ لڑکے کو جنیو
پہنانا۔
زَنَّرَ — إلی بعینِہٖ۔ گھور کر دیکھنا۔
تَزَنَّرَ۔ زنار پہننا۔ جنیو پہننا، باندھنا
— الشیءَ۔ باریک ہونا۔
اَلزُّنَّارُ۔ ج۔ زَنَانِیْرُ و (الزُّنَّارَۃُ)
جنیو — الزَّنَانِیْرُ۔ چھوٹی کنکریاں۔
زَنِفَ (س) زَنَفًا و تَزَنَّفَ۔ غضبناک
ہونا۔
زَنَقَ (ن ض) زَنْقًا و زَنَّقَ —
الفَرَسَ۔ گھوڑے کے جبڑے کے
نیچے تسمہ لگانا — البغلَ۔ خچر کی
ٹانگوں میں پائے بند باندھنا۔ و —
و زَنَّقَ و أَزْنَقَ) علیٰ أولادِہٖ۔
فقر یا بخل کے باعث اولاد پر خرچ
میں کنجوسی کرنا۔
اَلزَّنَقُ۔ نیزے کی نوک۔ گھوڑے کا نچلا
جبڑا جہاں تسمہ باندھتے ہیں۔ ج۔
زُنُوقٌ۔
اَلزَّنَقَۃُ۔ تنگ کوچہ۔
اَلزِّنَاقُ۔ رسی یا تسمہ جو گھوڑے کے نچلے
جبڑے کے نیچے باندھا جاتا ہے۔
خچر کا پائے بند۔ گلو بند (ایک زیور)
ج۔ زُنُقٌ
اَلزِّنَاقَۃُ۔ گھوڑے کے جبڑے کے نیچے
کی رسی کا حلقہ یا کڑی۔
اَلزَّنِیْقُ۔ محکم۔ مضبوط: رأیٌ زَنِیْقٌ۔

صائب رائے ۔
المَزْنُوقُ ۔ بند پیشاب والا ۔
زَنَمَ ۔ لَہُ الْخَصْمَ ۔ مقابلہ کے لیے بھیجنا ۔
الزَّنَمَۃُ ۔ کان کا حصہ جو کاٹا جاتا ہے ۔ اور لٹکتا رہتا ہے ۔ حلق کے نیچے کا لٹکتا ہوا گوشت ، نشان ، علامت ۔
الزَّنَمُ ۔ مِنَ الجمال ۔ بمعنی الزَّنِمِ ۔ مؤنث ۔ زَنْمَاءُ ۔ ج ۔ زُنْمٌ ۔
الأَزْنَمُ ۔ مِنَ الجمال ۔ بمعنی الزَّنِمُ مونث ۔ زَنْمَاءُ ۔ ج ۔ زُنْمٌ ۔
الزنام ۔ مصیبت ۔
الزَّنِیمُ ۔ لئیم ، کمینہ ، منہ بولا بیٹا ۔ (۔ والمُزَنَّمُ) قوم میں آ جانے والا اجنبی آدمی جس کی قوم محتاج ہو ۔
زَنَا (ن) زُنُوًّا ۔ تنگ ہونا ۔ صفت زَنِیٌّ ۔ زَنَّیَ تَزْنِیَۃً ۔ علیہ ۔ تنگی کرنا ۔
زَنَیٰ (ض) زِنًی وزِنَاءً وزَانَیٰ مُزَانَاۃً وزِنَاءً ۔ زنا کرنا ۔ صفت (زَانٍ) ج ۔ زُنَاۃٌ ۔ صفت مؤنث (زَانِیَۃٌ) ج ۔ زَوَانٍ ۔
زَنَّیَ ۔ ہٗ ۔ کسی کی طرف زنا کی نسبت کرنا ۔ کسی کو زانی کہنا ۔
أَزْنَاہُ إِزْنَاءً ۔ زنا پر اکسانا ، ابھارنا
الزَّنَّاءَۃُ ۔ بہت زنا کار ۔ بندریا ۔
زِہْ ۔ واہ ۔ خوب ، بہت اچھا ۔
زَہَدَ وزَہِدَ (س ف) وزَہُدَ (ک) زُہْدًا وزَہَادَۃً ۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ ۔ بے رغبتی سے کسی چیز کو چھوڑ دینا اور اسی سے ہے " زَہَدَ فِی الدُّنْیَا " یعنی اس نے دنیوی خواہشات کو ترک کر کے اپنے کو عبادت کے لیے فارغ کر لیا ۔
صفت فاعلی زَاہِدٌ ، صفت مفعول (مَزْہُودٌ) فیہ وعَنْہُ ۔
زَہَدَ زَہْدًا ۔ النَّخْلَۃَ ۔ درخت خرما پر پھلوں کا اندازہ لگانا ۔
زَہَّدَہٗ ۔ فِی الشَّیْءِ وعَنْہُ ۔ پرہیز کرانا ، رغبت ترک کرانا ۔
تَزَہَّدَ ۔ عبادت کی خاطر دنیا کو چھوڑ دینا ۔
تَزَاہَدَ ۔ القومُ ۔ فُلَانًا کسی کی حقارت کرنا ۔
إِزْدَہَدَ ۔ الشَّیْءَ ۔ تھوڑا خیال کرنا حقیر شمار کرنا ۔ کہتے ہیں " خُذْ زَہْدَ مَا یَکْفِیکَ " بقدر کفایت لو ۔
الزُّہْدُ والزَّہَادَۃُ ۔ کسی شے سے بے رغبتی ، روگردانی ۔
الزَّہَدُ ۔ زکاۃ ۔ ج ۔ زِہَادٌ ۔
أَرْضٌ زَہَادٌ ۔ پانی پی جانے والی زمین ۔
الزَّاہِدُ ۔ فا ۔ آخرت کی محبت میں تارک دنیا ۔ تنگ خو ۔ ج ۔ زُہَّدٌ وزُہَّادٌ وزَاہِدُونَ ۔
الزَّہِیدُ ۔ کم ، حقیر ۔ مؤنث ۔ زَہِیدَۃٌ " ہُوَ زَہِیدُ العَیْنِ " وہ قانع ہے ۔ وہ تھوڑے پر صبر کرتا ہے ۔ ج ۔ زُہْدَانٌ ۔
الزَّہِّیدُ ۔ بہت بے رغبتی کرنے والا ۔
المُزْہِدُ ۔ کم مال والا ۔
زَہَرَ (ف) زُہُورًا ۔ السِّرَاجُ أَوِ القَمَرُ أَوِ الوَجْہُ ۔ چراغ یا چاند یا چہرے کا چمکنا ۔ روشن ہونا ۔
— الشَّیْءُ ۔ صاف رنگ ہونا ۔
— الزَّنْدُ ۔ چقماق سے آگ نکلنا ۔ کہتے ہیں " زَہَرَتْ بِکَ زِنَادِی " او نَادِی ۔ تمہاری وجہ سے مجھ کو قوت وعزت نصیب ہوئی ۔
زَہِرَ (س) زَہَرًا وزَہُرَ (ک) زُہُورَۃً ۔ الرَّجُلُ ۔ حسین و بارونق ہونا ۔
أَزْہَرَ ۔ النَّبَاتُ ۔ پودہ کا شگوفہ دار ہونا ۔ — النَّارَ ۔ آگ جلانا ۔
إِزْدَہَرَ ۔ روشن ہونا ۔ چمکنا — بالأمرِ ۔ حفاظت کرنا ، دل میں رکھنا
إِزْہَرَّ وإِزْہَارَّ ۔ النَّبَاتُ ۔ پودہ کا شگوفہ نکالنا ، کلی کرنا ۔
تَزَاہَرَ ۔ السِّرَاجُ ونحوہُ ۔ چراغ وغیرہ کا چمکنا ۔ روشن ہونا ۔
الزَّہْرُ والزَّہَرُ ۔ کلی ، شگوفہ ۔ واحد (زَہْرَۃٌ وزَہَرَۃٌ)
زَہْرَۃُ الدُّنْیَا دنیا کی رونق و خوبی ۔ دنیا کی ظاہری ٹیپ ٹاپ ۔ ج ۔ أَزْہُرٌ وأَزْہَارٌ وزُہُورٌ ۔ وجج أَزَاہِرُ وأَزَاہِیرُ ۔ زُہْرُ النَّرْدِ ۔ تاش (کلمہ مولدہ)
الزُّہْرُ والزُّہْرَۃُ ۔ حاجت ، ضرورت ۔
الزُّہَرُ ۔ ماہ قمری کی پہلی تین راتیں ۔
الزُّہْرَۃُ ۔ خوبصورتی ، حسن وجمال ۔
الزُّہَرَۃُ ۔ ایک سیارہ ستارہ ۔
الزَّاہِرُ ۔ فا ۔ خوشنما پودہ ۔ چمکدار رنگ والا ۔ أَحْمَرُ زَاہِرٌ ۔ گہرا سرخ ۔
الزَّاہِرِیَّۃُ ۔ ناز کی چال ۔
الأَزْہَرُ ۔ روشن ، صاف رنگ والا ۔ چمکیلے چہرہ والا ۔ چاند ۔ جنگلی بیل ۔ مؤنث زَہْرَاءُ ۔ ج ۔ زُہْرٌ ۔
الأَزْہَرَانِ ۔ سورج و چاند ۔
الزَّہَّارُ ۔ بہت چمکیلا ۔
المِزْہَرُ ۔ سارنگی ۔ ج ۔ مَزَاہِرُ
المُزْہِرُ ۔ فا ۔ مہمانوں کے لیے آگ جلانے والا ۔ مہمان نواز ۔
زَہْرَقَ ۔ الشَّیْءَ ۔ کھوکھلا بنانا ۔
زَہْزَقَ ۔ الرَّجُلُ ۔ بہت ہنسنا ۔

زَهْزَقَتِ الْاُمُّ وَلَدَهَا۔ ماں کا بچہ کو اچھالنا۔ کدانا۔
اَلنَّهْزَقُ۔ لئیم کمینہ۔
زَهَفَ (ف) زُهُوْفًا۔ الرَّجُلُ۔ ذلیل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ الْمَوْتَ اَوْ اِلَى الْمَوْتِ۔ قریب المرگ ہونا۔
زَهِفَ (س) زَهَفًا۔ لِلشَّیْءِ۔ جلدی کرنا۔ چستی کرنا۔
اَزْهَفَ۔ اِلَیْهِ الطَّعْنَةَ۔ قریب کرنا۔ اَزْهَفْتُهُ الطَّعْنَةَ۔ موت کے قریب پہنچا دینا۔ اَزْهَفَ عَلَى الْجَرِیْحِ۔ حملہ کر کے زخمی کا کام تمام کر دینا۔ الرَّجُلُ۔ جھوٹ بولنا۔ خیانت کرنا۔ چغلی کھانا شر کی طرف جلدی کرنا۔ فُلَانًا۔ ذلیل کرنا۔ کسی کے ساتھ برائی کرنا۔ ہلاک کرنا۔ الشَّیْءَ۔ ڈھیلا کرنا جلدی کرانا لے جانا۔ خراب کرنا۔ ۔ ہٗ بِالشَّرِّ۔ برائی پر ورغلانا۔ ۔ بِمَا طَلَبَهٗ۔ پورا کرنا۔ ۔ بِالشَّیْءِ۔ تعجب کرنا۔ الْخَبَرَ۔ خبر میں زیادتی کرنا۔ لَهٗ حَدِیْثًا۔ جھوٹ کہنا۔ اِلَیْهِ حَدِیْثًا۔ کسی کی طرف ردی بات کی نسبت کرنا۔
اِنْزَهَفَتْ۔ الدَّابَّةُ۔ مار وغیرہ کی وجہ سے کودنا۔
تَزَهَّفَ۔ عَنْهُ۔ اعراض کرنا۔
اِزْدَهَفَ۔ اِلَى الْمَوْتِ۔ موت کے قریب ہونا۔ عَنْهُ۔ اعراض کرنا۔ ۔ الشَّیْءَ۔ مائل ہونا۔ انحراف کرنا۔ جلدی کرانا۔ ہلاک کرنا۔ ۔ هٗ الدَّابَّةُ۔ جانور کا کسی کو گرا دینا۔ ۔ الشَّیْءَ وَبِهٖ۔ لے جانا۔ العَدَاوَةَ وَبِهَا۔ دشمنی اختیار کرنا۔ الْحِمْلَ۔ بوجھ اٹھانا۔ ۔ فُلَانٌ۔ شر میں پڑنا۔ کلام میں زیادتی کرنا۔ فِیْ كَلَامِهٖ۔ سختی کرنا۔ آواز اونچی کرنا۔
زَهَقَ۔ (ف) زُهُوْقًا۔ الْعَظْمُ۔ ہڈی کا گودے دار ہونا۔ باطل کا مٹنا۔ زَهْقًا و زُهُوْقًا النَّفْسُ۔ روح کا جسم سے خارج ہونا۔ الرَّاحِلَةُ۔ سواری کا آگے بڑھنا۔ سبقت کرنا۔ الشَّیْءُ۔ باطل ہونا۔ ہلاک ہونا۔ السَّهْمُ۔ تیر کا نشانہ سے گذر جانا۔
اَزْهَقَ۔ الْعَظْمُ۔ ہڈی کا مغز سے پر ہونا۔ الْاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔ ۔ الْبَاطِلَ۔ باطل کو مٹا ڈالنا۔ السَّهْمَ۔ تیر کو نشانے سے آگے گذارنا۔ النَّاقَةُ السَّرْجَ۔ اونٹنی کا زین کو آگے سرکا کر گردن پر ڈال لینا۔ فِی السَّیْرِ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔
زَاهَقَ۔ الْحَقُّ الْبَاطِلَ۔ حق کا باطل کو نیست و نابود کر دینا۔ ۔ الْاِنَاءَ۔ برتن الٹ دینا۔
اِنْزَهَقَ۔ آگے بڑھنا۔ اِنْزَهَقَتِ الدَّابَّةُ۔ مار وغیرہ کی وجہ سے جانور کا اچھلنا، کودنا۔
اَلزَّهْقُ۔ پست زمین (ج۔ والزَّاهِقُ) گڑھا۔
اَلزَّاهِقُ۔ فا۔ موٹا فربہ جانور۔ بہت لاغر دبلا جانور (ضد) شکست خوردہ۔ ۔ مِنَ السِّهَامِ۔ تیر کا نشانہ سے گذر کر اس کے پیچھے گرنا۔ ۔ مِنَ الْمِيَاهِ۔ تیز بہنے والا پانی ج۔ زُهَّقٌ و زُهُقٌ۔ (د۔ والزَّهُوْقُ) ہلاک ہونے والا۔ باطل، گہرا کنواں۔ الزَّهِقُ۔ پھرتیلا۔
اَلزَّاهِقَةُ۔ الزَّاهِقُ کا مؤنث۔ بِئْرٌ زَاهِقَةٌ۔ گہرا کنواں۔
اَلزُّهَاقُ و الزِّهَاقُ۔ مقدار۔ تقریبًا "عِنْدِیْ زُهَاقُ مِائَةِ دِیْنَارٍ" میرے پاس تقریبًا سو دینار ہیں۔
اَلْاُزْهُوْقَةُ۔ تیزی میں تعجب انگیز۔ ج۔ اَزَادِیْقُ۔
اَلْمَزْهَقَةُ۔ بطلان و ہلاکت کا سبب۔
زَهَلَ (ف) زَهْلًا۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ دور ہونا۔
زَهِلَ (س) زَهَلًا۔ الشَّیْءُ۔ سفید و چکنا ہونا۔
اَلزَّاهِلُ۔ مطمئن دل والا۔ الزُّهْلُوْلُ۔ چکنا۔ ج۔ زَهَالِیْلُ۔
زَهْلَقَ۔ الشَّیْءَ۔ چکنا و سفید کرنا۔ کہتے ہیں "زَهْلَقَ لَهُ الْحَدِیْثَ" اس نے اس کو نرم گفتگو سے مخاطب کیا۔
اَلزِّهْلِقُ۔ چکنا۔ تیز، ہلکا پھلکا آدمی۔ تند ہوا۔ بتی میں لو کی جگہ۔ ج۔ زَهَالِقُ۔
اَلزُّهْلُوْقُ۔ موٹا۔ فربہ۔
زَهَمَ (ن) زَهْمًا و اَزْهَمَ۔ الْعَظْمُ۔ ہڈی کا گودے سے بھرا ہونا۔
زَهَمَهٗ۔ عَنْ كَذَا۔ روکنا۔ باز رکھنا۔
زَهَمَ۔ الرَّجُلُ۔ کسی سے بہت باتیں کہنا۔
زَهِمَ (س) زَهَمًا۔ بدہضمی میں مبتلا ہونا۔ صفت (زَهْمَانُ) بہت چکنا۔ چربی دار ہونا۔ صفت (زَهِمٌ) مؤنث (زَهِمَةٌ)

ذَاھَمَہٗ۔ آپس میں دشمنی رکھنا۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا۔ نزدیک ہونا۔ (ضد)

الزُّھْمَۃُ۔ بدبو، سڑیند۔ چربی۔ ایک قسم کی خوشبو۔

الزُّھْمَۃُ و الزُّھُوْمَۃُ و الزَّھَمُ سڑے ہوئے گوشت کی بدبو۔

زَھَا(ن) زَھْوًا و زُھُوًّا و زُھَاءً۔ چمکنا۔ روشن ہونا۔ بڑھنا۔ نمو پانا۔ — النَّخْلُ۔ کھجور کا دراز ہونا۔ — البُسْرُ۔ کچی کھجور کا رنگ پکڑنا۔ — الغُلَامُ۔ لڑکے کا جوان ہونا — النَّبْتُ۔ نبات کا پھل دار ہونا — الشَّاۃُ۔ بکری کا جننے کے قریب پہنچنا — الرِّیْحُ۔ ہوا کا چلنا — الرَّجُلُ۔ کسی کا جھوٹ بولنا۔ تکبر کرنا۔

زَھَا(ن) زَھْوًا — فُلَانًا۔ حقیر و خفیف جاننا۔ سمجھنا۔ — الکِبْرُ فُلَانًا۔ تکبر کا کسی کو خود پسند بنانا۔ — زَھَا السِّرَاجَ۔ چراغ روشن کرنا۔ — الرِّیْحُ النَّبَاتَ ترسبزہ کا ہوا کی وجہ سے لہلہانا — الاَمْوَاجُ السَّفِیْنَۃَ۔ موجوں کا کشتی کو اٹھانا — فُلَانٌ بِالسَّیْفِ۔ تلوار کا چمکانا۔ ہلانا — فُلَانًا بِالعَصَا۔ لاٹھی سے مارنا "السَّرَابُ الاَکْمَۃَ یَزْھَاھَا" نمایاں کرنا، اور یَزْھُوْھَا نہیں کہا جاتا۔

زُھِیَ۔ الرَّجُلُ بِکَذَا۔ تکبر کرنا۔

اَزْھَی۔ تکبر کرنا۔ — النَّخْلُ۔ لمبا ہونا۔ — البُسْرُ۔ رنگ پکڑنا۔

زَھّٰی — البُسْرُ۔ رنگ پکڑنا۔

زَھَتِ المِرْوَحَۃُ الرِّیْحَ۔ پنکھے کا ہوا کو ہلانا۔ جنبش دینا۔

اِزْدَھَی — الرَّجُلُ۔ مغرور بنانا۔ حقارت سے دیکھنا — ہٗ عَلَی الاَمْرِ۔ مجبور کرنا — ہٗ وَلِیَہٗ حقارت کرنا۔

الزُّھَاءُ۔ مقدار۔ اندازہ۔ تقریباً۔ زُھَاءُ مِاءَۃٍ۔ تقریباً سو۔

الزَّھْوُ۔ فخر، غرور و تکبر۔ باطل و جھوٹ۔ ظلم، تروتازہ، بہتات۔ سرخی مائل کھجور۔ (ر۔ والزُّھَاءُ) تروتازگی۔ خوبصورتی۔ — زُھَاءُ الدُّنْیَا۔ دنیا کی زینت و شان وشوکت۔

الزُّھُوُّ۔ سرخی مائل کھجور۔

الزَّاھِی۔ فا۔ چمکدار، پررونق چہرے والا۔ مؤنث۔

المَزْھِیُّ۔ المَزْھُوُّ۔ متکبر، مغرور۔

زَاءَ یَزُوْءُ زَوْءًا — بِہِ الدَّھْرُ زمانہ کا پلٹ جانا۔

زَابَ یَزُوْبُ زَوْبًا۔ چپکے سے بھاگ جانا۔ — المَاءُ۔ پانی کا بہنا

زَاجَ(ن) زَوْجًا۔ بَیْنَھُمْ بھڑکانا فساد ڈالنا۔

زَوَّجَہٗ — اِمْرَأَۃً او بِامْرَأَۃٍ او لِامْرَأَۃٍ۔ کسی کا نکاح کرانا — الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ والیہ۔ ملانا۔

زَاوَجَہٗ۔ ایک دوسرے سے میل جول رکھنا۔ ایک دوسرے کے قریب ہونا — (وَاَزْوَجَ) بَیْنَھُمَا۔ قریب کرنا۔

تَزَوَّجَ۔ اِمْرَأَۃً او بِامْرَأَۃٍ نکاح کرنا — فِی قَوْمٍ۔ کسی قوم میں نکاح کرنا۔ تَزَوَّجَہُ النَّوْمُ۔ اس کو نیند آگئی۔

اِزْدَوَجَ وتَزَاوَجَ — الکَلَامُ۔ ایک حصہ کا دوسرے حصہ سے سجع یا وزن میں مشابہ ہونا — القَوْمُ۔ آپس میں شادی بیاہ کا برتاؤ کرنا۔

الزَّاجُ۔ پھٹکڑی (فارسی کلمہ ہے)۔

الزَّوْجُ۔ خاوند۔ بیوی، ساتھی، جوڑا۔ "اِشْتَرَیْتُ زَوْجَیْ نِعَالٍ" میں نے جوتی کا جوڑا خریدا۔ ہر شے کی قسم۔ ج۔ اَزْوَاجٌ و زِوَجَۃٌ وجج اَزَاوِیْجُ۔

الزَّوْجَۃُ۔ بیوی۔ ج۔

الزَّوَاجُ۔ شادی بیاہ۔

زَاحَ یَزُوْحُ زَوْحًا و زَوَاحًا — عَنِ المَکَانِ۔ دور ہونا۔ ہٹ جانا۔ چلا جانا — العِلَّۃُ۔ زائل ہونا — (زَوَّحَ) الاِبِلَ۔ منتشر کرنا، اکٹھا کرنا (ضد)

اَزَاحَہٗ۔ جگہ سے دور کرنا۔ ہٹانا — الاَمْرَ۔ کام کا پورا کرنا۔ کہتے ہیں "اَزَحْتُ عِلَّتَہٗ فِی مَا احْتَاجَ اِلَیْہِ" میں نے اس کی حاجت روائی کی۔

اِنْزَاحَ۔ زائل ہونا۔

زَادَ یَزُوْدُ زَوْدًا۔ توشہ لینا۔ سفر خرچ مہیا کرنا۔ اَزَادَہٗ وَزَوَّدَہٗ توشہ دینا۔ سفر خرچ دینا۔

اِزْدَادَ و اسْتَزَادَ — الرَّجُلُ۔ توشہ مانگنا۔

تَزَوَّدَ۔ توشہ لینا۔ کہتے ہیں "تَزَوَّدَ مِنَ الاَمِیْرِ کِتَابًا اِلٰی عَامِلِہٖ" امیر کی جانب سے ایک خط اس کے عامل کے پاس لے گیا۔ "تَزَوَّدَ مِنِّی طَعْنَۃً بَیْنَ اُذُنَیْہِ" اس نے اپنے دونوں کانوں کے درمیان مجھ سے نیزہ کا زخم کھایا۔

الزَّادُ۔ زادِ راہ۔ توشہ، ذخیرہ۔

ج۔ اَزْوِدَةٌ و اَزْوَادٌ۔
اَلمِزْوَدُ والمَزَادُ والمَزَادَةُ۔ توشہ دان۔ ج۔ مَزَاوِدُ۔ عادت۔
نُفَاضَةُ المَزَاوِد۔ توشہ دان میں بچے کچھے ریزے، ٹکڑے جن کو مسافر آ کر جھاڑ دیتا ہے۔ یہ رخصت کے لیے ضرب المثل ہے۔
زَارَهُ يَزُوْرُهُ زِيَارَةً ومَزَارًا وزَوْرًا وزُوَارًا وزُوَارَةً وازْدَارَهُ۔ ملاقات کرنے کے لیے جانا۔ صفت (زائر) ج۔ زَائِرُوْنَ و زُوَّرٌ و زُوَّار۔ مؤنث زَائِرَةٌ۔ ج۔ زُوَّرٌ وزُوْرٌ و زَائِرَاتٌ۔
زَارَ زِوَارًا۔۔ الفَرَسَ۔ گھوڑے کو زیار سے باندھنا۔
زَوِرَ۔ يَزْوَرُ۔ زَوَرًا۔ مائل ہونا۔ ٹیڑھے سینہ والا ہونا۔
زَوَّرَ۔ جھوٹ کو مزین کرنا۔ آراستہ کرنا۔ ۔۔ الکَلَامَ۔ باطل کرنا۔ جھوٹ کی طرف منسوب کرنا۔۔ الشَّهَادَةَ گواہی کو باطل کرنا۔۔ نَفْسَهُ۔ جھوٹ و بہتان کی علامت لگانا۔۔ عَلَيْهِ کسی پر جھوٹ باندھنا۔۔ عَنْهُ۔ کسی سے پھرنا۔۔ فُلَانًا عَلَى نَفْسِهِ۔ کسی پر تہمت باندھنا۔۔ الشَّیْءَ۔ کسی کو اچھا کرنا۔ درست و ٹھیک کرنا۔۔ الشَّیْءَ لِنَفْسِهِ۔ کسی شے کو اچھا سمجھ کر اپنے لیے مخصوص کر لینا۔۔ الزَّائِرَ ملاقاتی کی عزت کرنا۔۔ القَوْمُ صَاحِبَهُمْ۔ بھلائی کرنا۔ نیک سلوک سے پیش آنا۔
آزَارَهُ۔ ملاقات کے لیے اکسانا۔۔ هُ الشَّیْءَ۔ چلانا۔
تَزَوَّرَ۔ جھوٹ بولنا۔۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو پسند کر کے اپنے لیے خاص کر لینا۔

تَزَاوَرَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کی ملاقات کو جانا (۔ ازْوَرَّ وازْوَارَّ)۔۔ عَنْهُ۔ علیحدہ ہونا۔ منحرف ہونا۔
اِسْتَزَارَهُ۔ ملاقات کے لیے کہنا۔
الزَّوْرُ۔ سینہ کا درمیان سے بالائی حصہ۔ یا سینہ کی ہڈیوں کے جوڑ کی جگہ۔ و فَرَسٌ عَرِيْضُ الزَّوْرِ۔ چوڑے سینہ والا گھوڑا۔۔ اَلْقَى زَوْرَهُ۔ اقامت کرنا۔
الزَّوْرُ۔ پختہ ارادہ، عقل، وہ خیالی شکل جو خواب میں نظر آئے۔ زیارت کرنے والا۔ (واحد، تثنیہ، جمع، مذکر و مؤنث سب کے لیے یکساں ہے۔)، سردار۔ رئیس۔
الزُّوْرُ۔ عقل، جھوٹ، باطل، اللہ کے ساتھ شریک ٹھہرانا۔ قوت۔ رائے۔ سردار، رئیس، کھانے کا مزہ۔ کپڑے کی ملائمت و صفائی، راگ گانے کی مجلس۔
الزَّوَرُ۔ کجی۔ سینہ کے اوپری حصہ کی خمیدگی۔
الزِّئْرُ۔ مٹکا۔ کتان۔ ایک ٹکڑا (زِئْرَةٌ)، باریک تانت، عادت۔ بخیہ نیت بد عورتوں سے بات چیت کرنے کا دلدادہ۔ ج۔ اَزْوَارٌ وَاَزْيَارٌ وزِيَرَةٌ۔
الزِّيَارُ۔ دو لکڑیاں جن سے سالوتری گھوڑے کے ہونٹوں کو دبا کر گھوڑے کو قابو میں لاتا ہے اور اپنے کام پر قادر ہوتا ہے (۔ والزِّوَارُ) ہر اصلاح اور بچاؤ کی چیز، سینہ بند اور تنگ کے درمیان کی رسی۔ ج۔ اَزْوِرَةٌ۔
الزَّيِّرُ۔ غضب ناک۔
الزَّارَةُ۔ اونٹوں کا ریوڑ، بانس وغیرہ کی پانی رکھنے والی جھاڑی (۔ والزَّاوُوْدَةُ والزَّاوُدَةُ والزَّاوُوْدَةُ) پوٹا۔
زَاوُدَةُ القَطَاةِ۔ بھٹ تیتر کا وہ حصہ جس میں وہ پانی اپنے بچوں کے لیے لے جائے۔

الزَّوْزُ۔ سخت رفتار۔ سخت سفروں کے لیے تیار کیا ہوا اونٹ (۔ والزَّوِيْزُ و الزُّوَيْزُ۔) قوم کا سردار و رئیس۔
الزَّوْرَةُ۔ ایک ملاقات۔ دوری
الاَزْوَرُ۔ ٹیڑھے سینہ والا۔ بیچ سے پتلے سینہ والا۔ مائل، ترچھی نظر سے دیکھنے والا۔ مؤنث زَوْرَاءُ۔ ج۔ زُوْرٌ کہتے ہیں "قَوْمٌ عَنْ مَوَاقِفِ الحَقِّ زُوْرٌ"۔ حق کے موقعوں سے منحرف قوم۔
الزَّوْرَاءُ۔ گہرا کنواں۔ کمان۔ پیالہ، چاندی کا برتن۔ شہر بغداد۔ فَلَاةٌ زَوْرَاءُ۔ دور کا جنگل۔ کَلِمَةٌ زَوْرَاءُ۔ پوچ اور لچربات۔ مَنَارَةٌ زَوْرَاءُ۔ کج منارہ۔
الزَّوَّارُ والزَّؤُوْرُ۔ بہت زیارت کرنے والا۔
المَزَارُ۔ زیارت۔ ملاقات، زیارت کی جگہ۔ ج۔ مَزَارَاتٌ۔ اولیاء کی زیارت گاہیں۔
الزَّوْرَقُ۔ چھوٹی کشتی، ڈونگا۔
الزَّوْشُ۔ کمینہ، غلام۔ الاَزْوَشُ۔ متکبر۔
زَوَّطَ۔ بڑا لقمہ بنانا۔
زَاعَ يَزُوْعُ زَوْعًا۔۔ فُلَانًا۔ روکنا۔ آگے دھکیلنا۔۔ الدَّابَّةَ۔ جانور کی لگام کو ہلا کر اس کو تیز چلانا۔۔ الشَّیْءَ۔ موڑنا۔۔ لَهُ مِنَ البِطِّيْخَةِ۔ کسی کے لیے خربوزہ کی ایک قاش تراشنا۔ (۔ وتَزَوَّعَ) اللَّحْمُ۔ گوشت کا پٹھے سے اتر جانا۔
زَوَّعَ۔ الاِبِلَ۔ اونٹوں کو منتشر کرنا۔ پراگندہ کرنا۔
الزُّوْعَةُ۔ لوگوں کا ایک گروہ۔۔ مِنَ البِطِّيْخَةِ ونحوها۔ خربوزہ وغیرہ کی قاش یا پھانک۔۔ مِنَ النَّبْتِ۔ گھاس کا خشک ہونے والا قطعہ۔ ج۔ زُوَعٌ۔

الزَّاعَۃُ۔ پولیس کے آدمی۔
الزُّوْغُ والزُّوَغُ۔ مکڑی۔
زَاغَ یَزُوْغُ زَوْغًا۔ الشَّیْءَ۔ جھکانا
۔ النَّاقَۃَ۔ اونٹنی کو نکیل سے کھینچنا
(۔ زَوْغًا و زَوَغَانًا) مائل ہونا۔ ظلم
کرنا۔ البَصَرُ۔ نگاہ میں خلل آنا۔
أَزَاغَہٗ إِزَاغَۃً۔ جھکانا۔
الزَّاغُ۔ کوّا۔
زَافَتْ تَزُوْفُ زَوْفًا۔ الحَمَامَۃُ۔ کبوتر
کا بازو و دم پھیلا کر زمین پر کھینچنا۔
الطَّائِرُ فِی الْھَوَا پرندہ کا ہوا میں
چکر کاٹنا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کا ڈھیلے
اعضاء کر کے چلنا۔ المَاءُ۔ پانی کا
بلبلے وار ہونا۔ (ب۔ د تَزَاوَفَ) اعضاء
میں چستی پیدا کرنے کے لیے جسمانی
ورزش کرنا۔
الزَّوُوْفُ چلنے میں ڈھیلا پن۔
الزُّوْفَی والزُّوْفَاءُ۔ باریک پتے والی
ایک نبات۔
زَوَّقَ۔ الکَلَامَ۔ کلام کو اچھا پسندیدہ
اور مزین بنانا۔ البَیْتَ۔ گھر پر
نقش و نگار کرنا۔ الدِّرْھَمَ۔ درہم
پر پارہ کا ملمع کرنا۔
الزَّوَاقُ۔ لونڈی کی زینت۔
الزَّوْقَلَۃُ۔ وہ جو گھروں کو زینت دیں اور
نقش و نگار سے آراستہ کریں۔
الزَّاوُوْقُ والزُّوَوْقُ۔ پارہ۔
زَاکَ یَزُوْکُ زَوْکًا و زَوَکَانًا۔ شانوں
کو حرکت دینا اور ٹانگوں کو بیچ سے کھولنا۔
مغرورانہ چال سے چلنا۔
تَزَاوَکَ تَزَاوُکًا۔ شرم و حیا کرنا۔
الزَّوْکُ۔ مص۔ کوے کی چال۔
زَالَ یَزُوْلُ زَوْلًا و زَوَالًا و زَوَلَانًا و
زُئُوْلًا و زُوُوْلًا و زَوِیْلًا۔ جاتا
رہنا۔ پھر جانا۔ الگ ہونا۔ ہلاک ہونا۔
زَوْلًا۔ حرکت کرنا۔ فُلَانٌ یَزُوْلُ
فِی النَّاسِ۔ فلاں لوگوں میں بہت
گھومتا پھرتا ہے۔
زَالَتْ (ن) زَوَالًا و زُوُوْلًا و زَوَلَانًا
و زِیَالًا۔ الشَّمْسُ۔ سورج کا
ڈھلنا۔ الخَیْلُ بِرُکْبَانِھَا۔
گھوڑوں کا اپنے سواروں کو لے کر اٹھانا۔
اور اسی سے ہے "زِیْلَ زَوِیْلُہٗ"
اس کی نعش اٹھائی گئی۔ زَالَ زَائِلُ
الظِّلِّ۔ دوپہر ہو گئی۔ زَالَ ا د
زِیْلَ زَوِیْلُہٗ و زَوَالُہٗ۔ پہلو کا
ڈر سے کانپنا۔
أَزَالَہٗ و زَوَّلَہٗ و إِزْوَالَہٗ۔ ہٹانا۔ ایک
طرف کرنا۔ أَزَالَ اللّٰہُ زَوَالَہٗ۔
خدا اس کو ہلاک کرے۔ زَوَّلَ الشَّیْءَ۔
کسی چیز کو لانا۔
زَاوَلَہٗ۔ کوشش کرنا۔ قصد کرنا۔ تلاش کرنا۔
تَزَاوَلَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی شے کو لانا۔ الغُلَامُ
بہت ظریف ہونا۔
تَزَاوَلَ۔ القَوْمُ۔ باہم کوشش کرنا۔
إِنْزَالَ۔ عَنْہُ۔ جدا ہونا۔
أَزْوَلَّ ازْوِلَالًا۔ الشَّیْءُ۔ زائل ہونا۔
الزَّوْلُ۔ مص۔ تعجب۔ عجیب۔ سَیْرٌ
زَوْلٌ۔ عجیب سیر۔ شَتْوَۃٌ
زَوْلَۃٌ۔ عجیب سردی۔ الزَّوْلُ
دبود، فیاض، سخی، سبک و خوش طبع،
بہادر۔ بلا۔ ج۔ أَزْوَالٌ۔
الزَّوَالُ۔ مص۔ سورج کا سر پر سے ڈھلنا۔
الزَّائِلُ۔ فا۔ لَیْلٌ زَائِلُ النُّجُوْمِ
لمبی رات۔
الزَّوَّالُ۔ بہت حرکت کرنے والا۔
الزَّائِلَۃُ۔ الزَّائِلُ کا مونث۔ زندہ چیز
متحرک چیز۔ ج۔ زَوَائِلُ۔ الزَّوَائِلُ
ستارے، عورتیں، شکار۔
الزَّوِیْلُ۔ حرکت۔ جانب۔
المِزْوَلَۃُ۔ دھوپ گھڑی۔ ج۔ مَزَاوِلُ۔
زَامَ یَزُوْمُ زَوْمًا۔ مرنا۔
الزَّامُ۔ چوتھائی۔ زَامٌ مِنَ النَّھَارِ
دن کا چوتھائی۔ وزَامَانِ مِنَ النَّھَارِ۔
دن کا نصف۔
الزَّامَۃُ۔ جماعت، گروہ۔ ج۔ زَامَاتٌ۔
الزُّوْمُ۔ عوام کے نزدیک کسی چیز کا نچوڑا ہوا
عرق یا شیرہ۔ اس معنی کے لیے فصیح لفظ
الشُّمْغُ ہے۔ وہ پانی جس سے کپڑا دھویا جائے۔ اس کیلیے بھی فصیح لفظ
الزَّوْنِیْمُ۔ ڈھیر، ہر جمع شدہ شے۔
زَوْمَلَ۔ الإِبِلَ۔ اونٹوں کو ہانکنا۔
الزَّوْمَلَۃُ۔ مص۔ لدے ہوئے گدھے۔
کہتے ہیں: "ھُوَ ابْنُ زَوْمَلَتِھَا" وہ
اس کا جاننے والا ہے۔
الزَّانُ۔ بدھنی۔
الزَّوْنُ والزُّوْنُ والزِّوَنُ۔ بت یا
مندر۔
الزَّوْنَکُ۔ زینت، عقل مند عورت۔
زَوَی یَزْوِی زَوْیًا و زَیًّا۔ الشَّیْءَ۔
ایک طرف کرنا، ہٹانا۔ روکنا۔ جمع کرنا
قبضہ کرنا۔ المَالَ۔ مال وغیرہ اکٹھا کرنا
۔ عَنْہُ السِّرَّ۔ راز پوشیدہ رکھنا۔
چھپانا۔ عَنْہُ حَقَّہٗ۔ کسی کا حق
روک لینا۔ الدَّھْرُ القَوْمَ۔ زمانے
کا قوم کو بربادی کے گھاٹ اتارنا۔
زَوَّی و تَزَوَّی و انْزَوَی۔ گوشہ نشین
ہونا۔ تَزَوَّی و انْزَوَی۔ سکڑنا
منقبض ہونا۔ زَوَّی الکَلَامَ۔ کلام کو
دل میں سوچنا۔ إِنْزَوَی القَوْمُ
بَعْضُھُمْ إِلَی بَعْضٍ۔ قوم کا یکجا
ہونا۔ سمٹنا۔ باہم نزدیک ہونا۔
الزَّاوِیَۃُ۔ گھر کا کونہ۔ ج۔ زَوَایَا۔
ریاضیوں کی اصطلاح میں دو مستقیم ضلعوں
کا ایک آدھ جن کے میلان پر زاویہ قائمہ
پیدا ہوتا ہے۔

تزئیب۔ لحمہ۔ گوشت کا اکٹھا ہونا۔
الزئیب۔ ہوا کی تیزی۔ رجل زئب و ازأب۔ مضبوط آدمی۔
الأزنیب۔ شادماں۔ پستہ قد۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنے والا۔ کمینہ، متر ولا بیٹا۔ اجنبی، ناپسندیدہ امر، مصیبت، دشمنی بہت پانی۔ خوشی، سیبی، جنوبی ہوا۔
الإزئیب۔ شدید، بخیل۔
الزئبق۔ پارہ۔
زات یزیت زیتا وزیّت۔ الطعام کھانے میں زیتون کا تیل ڈالنا۔ الشیٔ کسی چیز پر تیل لگانا۔ القوم۔ قوم کو زیتون کا تیل کھلانا یا بطور توشہ دینا۔
أزات إزاتۃ۔ بہت تیل والا ہونا۔
إنزات إزدیاتا۔ روغن زیتون ملنا۔
استزات۔ روغن زیتون مانگنا۔
الزیت۔ ہ۔ زیتون کا تیل۔ ج۔ زیوت (۔ الزیات) تیلی۔ تیل کا بیچنے والا۔ زیت کا اطلاق ہر تیل پر بھی ہوتا ہے۔ خواہ کسی چیز سے نکالا جائے۔
الزیتون۔ زیتون کا درخت۔ زیتون کا پھل واحد زیتونۃ۔
الزیتونی۔ زیتون کے رنگ کا۔
المزیت والمزیوت۔ جس میں تیل ڈالا گیا ہو۔
الزیج۔ معماروں کا دھاگا جس سے وہ دیوار کو برابر کرتے ہیں۔ علم ہیئت میں اس جدول کا نام ہے جس سے سیاروں کی حرکات کا پتہ لگاتے ہیں۔ ج۔ زیجات و زیجۃ۔ (دخیل کلمہ ہے)
زاح یزیح زیحا و زیوحا و زیوحا و زیحانا و انزاح۔ دور ہونا۔ چلے جانا۔ زاح اللثام۔ نقاب کھولنا۔ دور کرنا۔
أزاحہ۔ دور کرنا۔ لے جانا۔

المزاح۔ خلوت کی جگہ، تنہائی کی جگہ۔
زاخ یزیخ زیخا و زیخانا۔ ظلم کرنا ناانصافی کرنا۔ الگ ہونا۔
أزاخہ۔ ہٹانا۔ الگ ہونا۔
تزیّخ۔ ذلیل ہونا۔
زاد یزید زیدا و زیدا و زیادۃ و مزیدا و زیدانا۔ بڑھنا۔ زیادہ ہونا۔ الشیٔ۔ بڑھانا۔ فلان زیادہ دینا۔
زیّدہ۔ بڑھانا۔
زایدہ فزادہ۔ بڑھنے میں مقابلہ کرنا اور غالب آنا۔
تزیّد۔ السعر۔ بھاؤ کا بڑھنا۔ اونچا ہونا۔ نرخ کا گراں ہونا۔ الرجل فی حدیثہ۔ بات کو بڑھا کر بیان کرنا۔ فی الشیٔ۔ بڑھانے میں تکلف کرنا۔
تزاید۔ فی حدیثہ۔ بات میں مبالغہ کرنا۔ تزاید و فی السلعۃ۔ ایک دوسرے سے بڑھ کر بولی بولنا
إزداد۔ زیادہ ہونا یا کرنا۔ زیادہ مانگنا۔ (لازم ومتعدی)
استزادہ۔ زیادتی چاہنا۔ قاصر سمجھنا اور شکایت کرنا۔
الزائد۔ فا۔ مؤنث۔ زائدۃ۔ ج۔ زوائد۔ الزوائد من الأسنان۔ کچلیوں کے قریب کے دانت۔
الزیادۃ۔ مص۔ بڑھائی ہوئی چیز۔ ج۔ زیادات و زیائد۔
الزید والزید۔ زیادتی۔ بڑھاؤ۔ کہتے ہیں۔ "ھم زید علی مائۃ"۔ وہ سو سے زائد ہیں۔
المزید۔ مص ومفعو۔ کہتے ہیں۔ "لا مزید علی ھذا الأمر" یعنی اس امر پر زیادتی نہیں ہو سکتی۔

المزادۃ۔ توشہ دان۔ چمڑے کے ٹکڑوں سے پانی رکھنے کے لیے تیار کردہ تھیلا یا ڈولچی۔ ج۔ مزاد و مزاید۔
الزیز۔ ایک قسم کا کیڑا جو زیز زیز کی آواز نکالتا ہے اور درختوں پر ملتا ہے۔
الزیزی والزیزاء والزیزاء والزیزاۃ چھوٹا ٹیلہ یا کرخت زمین، پر یا اس کے اطراف۔ ج۔ الزیازی۔
الزیزفون۔ ایک قسم کا پودا۔
زاط یزیط زیطا و زیاطا۔ چیخنا اور بہت جھگڑنا۔
زاغ یزیغ زیغا و زیغانا و زیغوغۃ ٹیڑھا ہونا۔ مائل ہونا۔ البصر۔ نگاہ کا تھکنا۔
زیّغہ۔ ٹیڑھا کرنا۔ کجی کو درست کرنا۔
أزاغہ۔ عن الطریق۔ راستہ سے بھٹکانا۔ بدراہ کرنا۔ الرجل۔ کجی میں ڈالنا۔
تزیّغ۔ آراستہ ہونا۔ مزین ہونا۔ تزایغ مائل ہونا۔
الزائغ۔ فا۔ ج۔ زاغۃ و زائغون۔
الزاغ۔ ایک چھوٹا کوا جس کے پیٹ اور پیٹھ پر کچھ سفید بال ہوتے ہیں۔ یہ گندگی خور نہیں ہوتا۔ اسی کی ایک قسم ہے جس کو الزاغ الجیفی کہتے ہیں۔ یہ مردار خوار ہوتا ہے۔ ج۔ زیغان۔
الزیغ۔ مص۔ حق سے انحراف۔ شک۔
زافت (ض) زیوفا۔ الدراھم۔ کھوٹے ہونا۔ زاف۔ زیفا۔ الدراھم کھوٹے بنانا یا سمجھنا۔ الحائط۔ دیوار پھاندنا۔ د۔ زیفا و زیفانا۔ مٹک کر چلنا۔ البعیر۔ ڈگمگاتے ہوئے تیز چلنا۔
زیّف۔ الدراھم۔ کھوٹے بنانا یا ظاہر کرنا۔ الرجل۔ کسی کی تحقیر کرنا۔

البِنَاءُ۔ عمارت کا بلند ہونا۔
تَزَیَّفَتِ۔ الدَّرَاهِمُ۔ کھوٹے ہونا۔
الزَّائِفُ۔ فا۔ شیر۔ مِنَ الدَّرَاهِمِ کھوٹا درہم۔ ج۔ زُیَّفٌ و زُیُوفٌ۔
الزَّیْفُ۔ دیوار کا چھجہ۔ کنگرہ۔ ج۔ زِیَافٌ و اَزْیَافٌ و زُیُوفٌ۔
الزَّیَّافُ۔ مٹک کر چلنے والا۔ شیر۔ مؤنث۔ زَیَّافَةٌ۔
زَیَّقَ۔ الثَّوبَ۔ کپڑے میں گوٹ لگانا۔
تَزَیَّقَتِ۔ المَرْأَةُ۔ عورت کا بننا سنورنا سرمہ لگانا۔
الزِّیقُ۔ مِنَ الثَّوبِ۔ کپڑے کی گوٹ۔ دیوار برابر کرنے کے لیے معمار کا دھاگا۔
زَاكَ (ض) زَیَكَانًا۔ ناز و نخرہ سے چلنا
الزِّیْكُ۔ چھوٹے جواہر جو بڑے جوہر کے گرداگرد جڑے ہوئے ہوں۔
السَّنَنُ۔ طریقہ۔ اِستَقامَ فُلانٌ
عَلٰی سَنَنٍ وَاحِدٍ۔ فلاں ایک ہی
طریقے پر جما رہا۔ اَمضِ عَلٰی سَنَنِکَ۔
تم اپنے طریقہ پر چلتے رہو۔ و السِّنَنُ
والسُّنَنُ والسُّنُنُ) مِنَ الطَّرِیقِ
کشادہ راستہ۔ بڑا راستہ۔
السَّنَّۃُ۔ سَنَّ کا اسم مرۃ۔ ریچھ کی مادہ
چیتے کی مادہ۔
السُّنَّۃُ۔ خصلت، طریقہ، طبیعت، شریعت
چہرہ یا اس کی گولائی۔ ج۔ سُنَنٌ۔
اَھلُ السُّنَّۃِ۔ وہ لوگ جو [illegible]
حضرت ابوبکر، عمر و عثمان کے قائل ہیں۔
السُّنِّیَّۃُ۔ مسلمانوں کا ایک بڑا فرقہ۔
سنت کی جانب منسوب۔ واحد سُنِّیٌّ۔
السِّنَّۃُ۔ دو طرفی کلہاڑی۔ السِّنانُ
نیزہ کا پھل۔ ج۔ اَسِنَّۃٌ۔
السِّنانُ۔ سان۔ السَّنُونُ۔ منجن۔ دانتوں
کا برش۔
السَّنِینُ۔ سان پر تیز کیا ہوا۔ سان پر سے
گرا ہوا برادہ۔ وہ زمین جس کی گھاس چر
لی گئی ہو۔ سَنِینُ المَوتِ۔ ہم عمر، ہم جولی
مونث سَنِینَۃٌ۔ السَّنِینَۃُ۔ ایک
ہی رخ میں چلنے والی ہوا۔ لمبا اونچا ٹیلہ
ج۔ سَنائِنُ۔
المِسَنُّ۔ چاقو چھری تیز کرنے کی سان۔
المُسِنُّ۔ مِنَ الدَّوابِّ۔ بوڑھا جانور
ج۔ مَسانٌّ۔
المَسنُونُ۔ مفع۔ حَمَاءٌ مَسنُونٌ بدبودار
کیچڑ۔ رجلٌ مَسنُونُ الوَجہِ۔
کتابی۔ چکیلے چہرہ والا۔ مُستَنُّ
الطَّرِیقِ۔ راستہ کا واضح حصہ۔
السِّنابُ۔ شدید رائی۔ السِّنابُ و
السِّنابَۃُ۔ لمبی پیٹھ اور پیٹ والا۔

السَّنِبُ - بہت دوڑنے والا۔

السَّنْبُ و السَّنْبَۃُ و السَّنْبَتَۃُ - زمانہ کا ایک حصہ۔

السَّنُوبُ و السِّنَّبابُ و السِّنْبابُ و السُّنْبُوبُ - غضبناک۔ بہت شریر چغلخور۔ جھوٹا۔

السُّنْبَاذَج - سان کا پتھر۔

السُّنْبُوسَقُ و السُّنْبُوسَكُ - سموسہ۔

السُّنْبُوقُ - ڈونگا۔ چھوٹی کشتی۔

السُّنْبُكُ - کھر کا کنارہ - تلوار کا کنارہ۔ خود کی چوٹی۔ بارش کا شروع۔ ہر چیز کا شروع۔ سخت اور بنجر زمین۔ ج۔ سَنَابِكُ۔ "طَلَبُ الرِّزْقِ فِي سَنَابِكِ الأرضِ" روزی کی تلاش زمین کے اطراف میں ہے۔

سَنْبَلَ - الزَّرْعُ - کھیتی کا بالیاں نکالنا۔ - الرَّجُلُ - کپڑا گھسیٹ کر چلنا۔

السُّنْبُلُ - مِنَ الزَّرْعِ - گیہوں یا جو کی بالی۔ واحد سُنْبُلَۃٌ ج۔ سَنَابِلُ و سُنْبُلاتٌ۔ ایک خوشبودار گھاس

السُّنْبُلَۃُ - آسمان کے ایک برج کا نام۔

أَسْنَتَ - القومُ - قوم کا قحط زدہ ہونا

سَنَّتَ - القِدْرَ - ہانڈی میں زیرہ ڈالنا۔

سَانَتُوا - الأرضَ - نباتات تلاش کرنا۔

عَامٌ (سَنِتٌ و سَنِيتٌ و مُسْنِتٌ) قحط کا سال۔ رَجُلٌ سَنِيتٌ۔ بے خیر آدمی۔

السَّنُّوتُ و السِّنُّوتُ - زیرہ۔ بعض کے نزدیک شہد۔ پنیر۔

المُسْنِتُ - وہ محتاج و مسکین جس کے پاس کچھ نہ ہو۔

سَنَجَ (ن) سَنْجًا - الثَّوبَ - کپڑے کو اس کے رنگ کے علاوہ کسی رنگ میں رنگنا۔

السِّنَاجُ - چراغ کے دھوئیں کا دیوار وغیرہ پر اثر۔ والسِّنِيجُ - چراغ۔

السَّنْجَۃُ - ترازو۔ باٹ۔ ج۔ سَنَجَاتٌ (کلمہ دخیل ہے)

السُّنْجَۃُ - سفید و سیاہ رنگ۔

السِّنْجَابُ و السُّنْجَابُ - چوہے سے بڑا ایک جانور جس کی دم گھنے بالوں والی اور اٹھی ہوئی ہوتی ہے، اس کی کھال سے پوستین تیار کرتے ہیں۔

السَّنْجَقُ - جھنڈا۔ ج۔ سَنَاجِقُ۔

سَنَحَ (ف) سُنُحًا و سَنْحًا و سُنُوحًا - الأمرُ أو الرأيُ - کوئی کام پیش آنا یا کوئی رائے سوجھنا۔ - لِي الشِّعْرُ - شعر آسان ہونا۔ - بِكَذَا - اشارہ سے سمجھانا۔ - الرَّجُلَ عَنْ رَأْيِهِ - کسی کو اس کی رائے سے پھیر دینا۔ - بِهِ و عَلَيْهِ - کسی کو تنگی میں ڈالنا۔ تکلیف پہنچانا۔

(- سُنُوحًا و سَانَحَ سِنَاحًا و مُسَانَحَۃً) الطَّيْرُ أو الظَّبْيُ - پرندہ یا ہرن کا بائیں جانب سے دائیں جانب گذرنا۔

تَسَنَّحَ - مِنَ الرِّيحِ - ہوا کی طرف پیٹھ پھیرنا۔

تَسَنَّحَہُ و اِسْتَسْنَحَہُ - عَنْ كَذَا - جستجو کرنا۔

السُّنْحُ - مع۔ برکت - مِنَ الطَّرِيقِ - درمیانی راہ۔

السَّانِحُ - فا۔ دائیں طرف سے بائیں کو گذرنے والا۔ عرب سانح سے نیک فال اور بارح سے بدشگون لیتے ہیں۔ ج۔ سَوَانِحُ۔

السَّنِيحُ - سَانِحٌ - موتی۔ زیور۔ ج سُنُحٌ۔

السَّخْنَمُ - رات کو نہ سونے والا۔

سَنَخَ (ف) سُنُوخًا - فِي العِلْمِ - علم میں پختہ ہونا۔

سَنِخَ (س) سَنَخًا - بگڑنا۔ متغیر ہونا۔ صفت (سَنِخٌ) مؤنث۔ سَنِخَۃٌ - مِنَ الطَّعَامِ - بہت کھانا۔ - الفَمُ منہ کا دانتوں سے خالی ہونا۔ - أَسْنَانُہُ دانتوں کی جڑوں کا تباہ ہونا۔

السِّنْخُ - اصل - مِنَ السِّنِّ - دانت اگنے کی جگہ۔ ج۔ أَسْنَاخٌ و سُنُوخٌ۔ سِنْخُ النَّصْلِ - پھل کا تیر کے اندر داخل کیا ہوا حصہ۔ سِنْخُ الكَلِمَۃِ کلمہ کا ماخذ۔ - سِنْخُ الحُمَّى - بخار کا جوش۔

السَّنَخُ - اونٹ - السَّنِخَۃُ و السَّنَاخَۃُ - بدبودار ہوا۔

سَنَدَ (ن) سُنُودًا و اِسْتَنَدَ و تَسَانَدَ - إِلَيْہِ - اعتماد رکھنا۔ بھروسہ کرنا۔ سہارا لینا۔ - سَنَدَ فِي الجَبَلِ - پہاڑ پر چڑھنا - سَنَدَ لِلأَرْبَعِينَ - چالیس برس کے قریب پہنچنا۔ - سَنَدَ ذَنَبُ النَّاقَۃِ - چلنے میں اونٹنی کی دم کا ادھر ادھر چوتڑوں پر لگنا۔

سَنَّدَ - دھاری دار کپڑا پہننا - الشیءَ - سہارا دینا۔ مضبوط کرنا - سَانَدَ مُسَانَدَۃً و سِنَادًا - شِعْرَہُ و فِي شِعْرِہِ - شعر میں مختلف ردیف لانا۔ - الرَّجُلَ - مدد کرنا - ہُ عَلَى العَمَلِ - بدلا دینا۔ - ہُ إِلَى الشیءِ - سہارا دینا

أَسْنَدَ - فِي الجَبَلِ - پہاڑ پر چڑھنا - ہُ فِي الجَبَلِ - پہاڑ پر چڑھانا - فِي العَدْوِ - دوڑنے میں کوشش کرنا - الحَدِيثَ إِلَى فُلَانٍ - کسی کی طرف منسوب کرنا - أَسْنَدَہُ إِلَى الشیءِ - سہارا دینا۔

السِّنْدُ - ملک سندھ - سِنْدِيٌّ - سندھ کا باشندہ۔

السَّنَدُ۔ ایک قسم کی دھاری دار چادر۔ سہارا
قرض کا اشٹام۔ دستاویز۔ ج۔ اَسْنَادٌ
السِّنَادُ۔ قافیہ کا ہر عیب جو ردی سے پہلے
ہو۔ نَاقَةٌ سِنَادٌ۔ لمبی ٹانگوں کی
اونٹنی۔ دبلی۔ قوی۔
الْإِسْنَادُ۔ مص۔ علم مناظرہ میں حوالہ دینا۔
ج۔ اَسَانِيدُ۔ علم عربیہ میں دو کلموں
کے درمیان نسبت تامہ واقع کرنا مثلاً
زَيْدٌ قَائِمٌ میں خبر کی نسبت مبتداء
کی طرف کرنا۔
السَّنْدَانُ۔ آہرن۔ نہائی۔ ج۔ سَنَادِينُ
(کلمہ دخیل ہے)
السِّنْدَانُ۔ بڑا مضبوط آدمی۔
السَّنْدَانَةُ۔ گدھی۔
السِّنْدِيَانُ۔ شاہ بلوط کا درخت۔ واحد
(سِنْدِيَانَةٌ)
السَّنِيدُ۔ متبنّٰی۔ منہ بولا بیٹا۔
الْمُسْنَدُ۔ مِنَ الْحَدِيثِ۔ جس کی سند
اس کے قائل تک پہنچائی جائے۔ ج۔
مَسَانِدُ و مَسَانِيدُ۔ بنو حمیر کا طرز تحریر
منہ بولا بیٹا۔ متبنّٰی۔
الْمِسْنَدُ و الْمُسْنَدُ۔ جس پر ٹیک لگائی
جائے۔ سرہانا۔ پلنگ۔ ج۔ مَسَانِدُ۔
خَرَجُوا مُتَسَانِدِينَ۔ لوگ مختلف
جھنڈوں کے نیچے نکلے۔
الْمُسْتَنَدُ۔ جس پہ اعتماد و بھروسہ کیا
جائے۔
السِّنْدَأْوُ السِّنْدَأْوَةُ۔ سبک۔ جرأت
والا۔ پست قد۔ موٹے سر اور پتلے جسم
والا۔ السِّنْدَأْوَةُ۔ رومال جو پگڑی کو
چکنائی سے بچانے کے لیے باندھا جاتا
ہے۔
سَنْدَرَ۔ جلدی کرنا۔ الْمُسَنْدَرَةُ
مص۔ سرعت۔ ایک درخت جس سے
تیر و کمان بنائے جاتے ہیں۔ ایک قسم کا پیمانہ۔

کہتے ہیں۔ "اَكِيلُكُمْ بِالسَّيْفِ كَيْلَ
السَّنْدَرَةِ"۔ یعنی میں تم میں وسیع پیمانے
پر قتل و خونریزی پھیلا دوں گا۔
السَّنْدَرِيُّ۔ لمبے قد کا۔ دلیر۔ مضبوط کمان۔
نیلے رنگ کا نیزہ۔ شیر۔ تلوار وغیرہ کا
پھل۔ بڑی آنکھوں والا۔ عمدہ۔ ردی۔
ایک بڑا پیمانہ (ــ و السَّنْدَرُ و
السِّنْدَرُ) دلیر۔
السَّنْدَرُوسُ۔ ایک قسم کا گوند۔ ایک
معدنی چیز جو کہربا کے مشابہ ہوتی ہے۔
السُّنْدُسُ۔ نہایت باریک و نفیس کپڑا۔
سَنِرَ (س) سَنَرًا۔ بدخلق ہونا۔
السَّنَوَّرُ۔ لوہے کا ہر ایک ہتھیار۔ زرہ
کے مانند ایک چمڑے کا لباس۔
السِّنَّوْرُ۔ بلا۔ سردار۔ دم کی جڑ۔ گردن
کا منکا۔ ج۔ سَنَانِيرُ۔ السُّنَارُ۔
بلا۔
سَنْسَنَتِ۔ الرِّيحُ۔ ٹھنڈی ہوا چلنا۔
السِّنْسِنُ۔ پیاس۔ سینہ کی ہڈیوں کا سرا
ج۔ سَنَاسِنُ (ــ و السِّنْسِنَةُ)
پیٹھ کے منکوں کا کنارہ۔
سَنُطَ (ك) سَنَاطَةً و سَنِطَ (س) سَنَطًا۔
بے ریش ہونا یا ہلکی داڑھی والا ہونا۔
صفت (سِنَاطٌ و سُنَاطٌ و سُنُوطٌ)
ج۔ سُنُطٌ و اَسْنَاطٌ۔
السِّنْطُ۔ ہاتھ کا گٹا۔ پہنچا۔
السِّنْطِيرُ و السِّنْطُورُ۔ ستار کی قسم کا
ایک باجا جس کے تار تانبے کے
ہوتے ہیں۔
سَنْطَلَ۔ الرَّجُلُ۔ سر جھکا کر چلنا۔
السَّنْطَلَةُ۔ لمبائی۔ السُّنْطَالَةُ۔ سر
جھکائے ہوئے آہستہ چال۔
السِّنْطِيلُ۔ لمبا۔ دراز۔
الْمُسَنْطَلُ۔ مفع۔ بہت سست چال چلنے
والا کہ معلوم ہو اب گرا۔ بڑے پیٹ

والا۔ بے ڈول۔
سَنَعَ (ف ن) و سَنُعَ (ك) سَنَاعَةً و
سُنُوعًا۔ خوبصورت نازک بدن ہونا۔
صفت (سَنِيعٌ) مؤنث سَنِيعَةٌ۔
اَسْنَعَ۔ الْغُلَامُ۔ لڑکے کا دراز قامت و
حسین ہونا۔ الرَّجُلُ۔ خوب صورت
بچوں والا ہونا۔ ہاتھ کے گٹے میں درد
ہونا۔ الشَّيْءَ۔ زیادہ کرنا۔
السِّنْعُ۔ گٹے کے مقام کی بریدگی۔ گٹے کا جوڑ
ج۔ سِنْعَةٌ و اَسْنَاعٌ۔
السَّنْعُ۔ خوبصورتی۔
الْاَسْنَعُ۔ لمبا۔ اونچا۔ بلند۔ هٰذَا اَسْنَعُ
مِنْ ذَاكَ۔ یہ اس سے افضل ہے
اور اس سے لمبا۔ مؤنث (سَنْعَاءُ)
السَّنِيعَةُ۔ پہاڑی راستہ۔ ج۔
سَنَائِعُ۔
السُّنْعُبَةُ۔ نیولا۔ اوپر کے ہونٹ میں باطن
کی جانب اٹھا ہوا گوشت۔
سَنَفَ (ن ض) سَنْفًا۔ الْبَعِيرَ۔ اونٹ
پر تنگ کسنا۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کا اونٹوں
سے آگے نکلنا۔
اَسْنَفَ۔ الْبَعِيرُ۔ اونٹ کا چلنے میں اپنی
گردن کو آگے نکالنا۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کا
اونٹوں سے آگے نکلنا۔ الرِّيحُ۔ ہوا
کا تیز چلنا۔ الْبَرْقُ۔ بجلی کا نزدیک
معلوم ہونا۔ الْاَمْرَ۔ کسی امر کو مضبوط
کرنا۔ الْبَعِيرَ۔ اونٹ پر تنگ کسنا۔
السِّنْفُ۔ وہ شاخ جس پر پتے نہ ہوں۔
دانوں سے خالی پھلی۔ پتا۔ ج۔ سُنُوفٌ
السِّنْفُ۔ گیہوں اور جو میں پیدا ہونے والا
تلخ دانہ۔ جماعت۔ صنف۔ پھلی کا
کھوکھ۔ واحد (سِنْفَةٌ) ج۔
سِنْفٌ۔ جج۔ سِنَفَةٌ۔
السِّنِيفُ۔ فرش کی گوٹ۔ اونٹ کے
مونڈھوں پر باندھا جانے والا کپڑا۔ ج

سُنُفٌ و سُنَفٌ و اَسْنِفَۃٌ۔
المُسْنَفَۃُ۔ مِنَ السِّنِیْنَ۔ خشک سال۔
مِنَ الْاَرْضِ۔ قحط زدہ زمین۔
سِنَافٌ۔ البَعِیْرِ۔ اونٹ کا تنگ۔ ج۔
سُنُفٌ۔
السُّنْفَتَانِ۔ دو لکڑیاں جن میں کنویں کی
چرخی باندھی جاتی ہے۔
السِّنَافُ۔ وہ اونٹ جو اپنے زین کو آگے
پیچھے کرتا رہتا ہو، جس کی وجہ سے تنگ
کسنا پڑے۔ ج۔ مَسَانِیْفُ۔
سَنِقَ (س)، سَنَقًا۔ بدہضمی ہونا (بعض
اس کو حیوانات کے لیے مخصوص کرتے
ہیں)
اَسْنَقَہٗ۔ آسودہ حالی کا کسی کو آرام طلب
بنا دینا۔
السُّنْقُرُ و السُّنْقُوْرُ۔ شکرے سے بڑا
ایک شکاری پرندہ۔
سَنِمَ (س)، سَنَمًا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا
بڑے کوہان والا ہونا۔ النَّبْتُ۔
پودہ کا شگوفہ دار یا بالیوں والا ہونا۔
سَنَّمَ۔ الکَلَاءُ البَعِیْرَ۔ موٹے کوہان
والا بنانا۔ الْاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔
الشَّیْءَ۔ بلند کرنا۔ اٹھانا۔ القَبْرَ۔
قبر کو کوہان نما کرنا۔ المِکْیَالَ۔ پیمانے
کو بھر کر چوٹی دار کرنا۔
اَسْنَمَ۔ الکَلَاءُ البَعِیْرَ۔ بمعنی سَنَّمَ
۔ الدُّخَانُ۔ دھواں اٹھنا۔
اَسْنَمَتِ النَّارُ۔ آگ کا اونچا شعلہ
اٹھنا۔
تَسَنَّمَ۔ النَّاقَۃَ۔ اونٹنی کے کوہان پر
سوار ہونا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز پر چڑھنا
۔ فُلَانًا۔ کسی کو غفلت میں پکڑ لینا۔
۔ ہُ الشَّیْبُ۔ کسی پر بڑھاپے کے
آثار بہت ظاہر ہونا۔
السَّنِمُ۔ مِنَ الْاِبِلِ۔ بڑے کوہان
والا۔ مِنَ النَّبَاتِ۔ زمین سے
اٹھا ہوا شگوفہ دار پودہ۔
السَّنَامُ۔ کوہان۔ ج۔ اَسْنِمَۃٌ۔ کہتے
ہیں "فُلَانٌ سَنَامُ قَوْمِہٖ" فلاں
اپنی قوم کا بڑا آدمی ہے۔
سَنَمَۃُ۔ النَّبَاتِ۔ شگوفہ۔ چوٹی۔
بالی۔ رَجُلٌ سَنِمٌ۔ بلند قد آدمی۔
التَّسْنِیْمُ۔ جنت کے ایک چشمہ کا نام۔
المُسَنَّمُ۔ مِنَ الجِمَالِ۔ وہ اونٹ جس پر
سواری نہ کی جائے۔
السِّنِمَّارُ۔ چاند۔ چور۔ رات کو جاگنے والا۔
السَّنَمُوْرَۃُ۔ ایک قسم کی چھوٹی مچھلی جو
نمک لگا کر خشک کی جاتی ہے۔
سَنِہَ (س)، سَنَہًا۔ بہت سالوں والا ہونا
صفت (سَنِہٌ)، ۔ الطَّعَامُ
اَوِ الشَّرَابُ، متغیر ہونا۔ بگڑ جانا۔
سَانَہَ۔ الرَّجُلَ۔ ایک سال کا معاہدہ
کرنا۔ سَانَہَتِ النَّخْلَۃُ۔ کھجور کے
درخت کا ایک سال بیچ پھل لانا۔
تَسَنَّہَ۔ بہت برسوں والا ہونا۔ الخُبْزُ
روٹی کا سڑنا۔ بدبودار ہونا۔ عِنْدَہٗ
کسی کے پاس سال بھر ٹھہرا رہنا۔
السَّنْہَاءُ۔ مِنَ النَّخْلِ۔ ایک سال بیچ
پھل لانے والا درخت خرما۔ خشک
سالی والا۔ سَنَۃٌ سَنْہَاءُ۔ وہ سال
جس میں بارش نہ ہو، نہ پیداوار۔
السُّنَیْہَۃُ۔ چھوٹا سال۔
سَنَا یَسْنُوْ سَنْوًا و سَنَاوَۃً و سُنُوًّا و
سِنَایَۃً۔ السَّحَابُ الْاَرْضَ۔ بادل
کا زمین کو سیراب کرنا۔ البَرْقُ
بجلی کا چمکنا۔ البَابَ۔ دروازہ
کھولنا۔ سَنَتِ النَّارُ۔ آگ کی
روشنی کا بلند ہونا۔ السَّمَاءُ۔ آسمان
کا برسنا۔ سَنَا عَلَی الدَّابَّۃِ
جانور پر پانی لانا۔ الدَّلْوَ۔ ڈول
کنویں سے کھینچنا۔
سَانَی سِنَاءً و مُسَانَاۃً۔ الرَّجُلَ۔ کسی
سے ایک سال کے لیے معاہدہ کرنا۔
تَسَنَّی تَسَنِّیًا۔ الشَّیْءَ۔ چڑھنا۔ تَسَنَّتِ
العُقْدَۃُ۔ گرہ کھلنا۔
السَّنَۃُ۔ سال۔ ج۔ سُنُوْنَ و سِنُوْنَ
و سَنَوَاتٌ و سَنَہَاتٌ۔ تصغیر۔
سُنَیَّۃٌ و سُنَیْنَۃٌ و سُنَیْہَۃٌ۔
نسبت کے لیے سَنَوِیٌّ و سَنَہِیٌّ
سَنَۃٌ سَنْوَاءُ۔ سخت سال۔
السَّنَا۔ ایک دست آور دوا۔
السَّانِیُ۔ فا۔ پانی لانے والا۔ ج۔ سُنَاۃٌ۔
السَّانِیَۃُ۔ رہٹ۔ دولاب۔ کنویں سے پانی
لانے والی اونٹنی۔ ج۔ سَوَانٍ۔
المَسْنُوُّ و المَسْنِیُّ۔ مِنَ الْاَرَاضِیْ۔ وہ
زمین جس کو رہٹ سے پانی پلایا جائے۔
المُسَنَّاۃُ۔ سیلاب کو روکنے والا بند۔ ج۔
مُسَنَّوَاتٌ و مُسَنَّیَاتٌ۔
سَنِیَ (س)، سَنَاءً۔ بلند مرتبہ ہونا۔
سَنَی (ض) سَنْیًا۔ البابَ۔ دروازہ کھولنا۔
۔ العُقْدَۃَ۔ گرہ کھولنا۔
سَنَّی تَسْنِیَۃً۔ الْاَمْرَ۔ سہل کرنا۔
آسان کرنا۔
سَانَی مُسَانَاۃً و سِنَاءً۔ الرَّجُلَ۔
راضی کرنا۔ مدارات کرنا۔ مطالبہ میں ترقی کرنا۔
اَسْنَی اِسْنَاءً۔ البَرْقَ۔ بجلی کا کوندنا۔
چمکنا۔ النَّارَ۔ آگ روشن کرنا۔
۔ لَہُ الجَائِزَۃَ۔ اعلیٰ انعام دینا۔
جَاوَرْتُہٗ فَاَسْنَی جِوَارِیْ۔ میں
اس کا پڑوسی ہوا تو اس نے حق ہمسائگی
ادا کیا۔ القَوْمُ۔ قوم کا کسی جگہ
اقامت پذیر ہونا۔
تَسَنَّی۔ الْاَمْرَ۔ تیار ہونا۔ الرَّجُلُ
آسانی و نرمی کرنا۔ الشَّیْءُ۔ متغیر ہونا
۔ القُفْلُ۔ قفل کھولنا۔ الرَّجُلَ۔

کسی کو راضی کرنا۔

السَّنَا۔ بجلی۔ ریشم۔ سلامتی۔

السَّنَاءُ۔ مص۔ بھی شکی۔ بلندی۔ رفعت۔

السَّنَایَا۔ شریف بلند شان والا آدمی۔

السَّنِیُّ۔ بلند مرتبہ۔ مؤنث (سَنِیَّۃٌ)

السَّنَایَتُہَا۔ تمام چیز۔ ساری کی ساری

السُّنُوْنُوُ۔ ابابیل۔ واحد (سُنُوْنُوَۃٌ و سُنُوْنِیَۃٌ)

سَهَبَ (ف) سَهْبًا۔ الشَّیْءَ۔ لینا۔

اَسْهَبَ۔ الکلامَ و فی الکلامِ۔ لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِبٌ و مُسْهَبٌ)

- الرَّجُلُ۔ بہت داد و دہش کرنا۔ حرص و لالچ کرنا۔ - الفَرَسُ۔ گھوڑے کا فراخ فراخ قدم رکھنا۔ - اَسْهَبُوا الدَّابَّۃَ۔ جانور کو چرنے کے لیے چھوڑ دینا۔

اُسْهِبَ۔ عقل جاتی رہنا یا بیماری یا محبت و خوف سے رنگ بدل جانا۔

اُسْهِبَتِ البِئْرُ۔ کنوئیں کا زیادہ گہرا ہونے کی وجہ سے اس کا پانی نہ پاسکنا۔ صفت (مُسْهَبَۃٌ و مُسْهِبَۃٌ)

سَهَّبَ۔ بہت بخشش دینا۔

السَّهْبُ۔ مع۔ بیابان۔ - مِنَ الخَیْلِ کشادہ قدموں سے تیز دوڑنے والا گھوڑا۔ "مَضٰی سَهْبٌ مِنَ اللَّیْلِ" رات کا کچھ حصہ گذر گیا۔

السُّهْبُ و السُّهُبُ - مِنَ الاَرْضِ کشادہ ہموار میدان۔ ج۔ سُهُوْبٌ۔

سَهَجَ (ف) سَهْجًا۔ الرِّیْحُ۔ ہوا کا لگاتار تیز چلنا۔ الرِّیْحُ الاَرْضَ ہوا کا زمین کو چھیل ڈالنا۔ - الطِّیْبَ خوشبو لگاتار گرانا۔ - القَوْمُ لَیْلَتَهُمْ۔ قوم کا رات بھر چلتے رہنا۔

السَّاهِجَۃُ۔ ج۔ سَهَائِجُ و السَّیْهَجُ و السَّیْهُوْجُ و السَّیْهُوْجُ (مِنَ الاَرْیَاحِ)۔ سخت ہوا۔ آندھی۔ باد تند۔

المَسْهَجُ۔ تند ہوا کی گذرگاہ۔ وہ جگہ جہاں تیز ہوا چلتی ہو۔

المِسْهَجُ۔ حق و باطل میں گفتگو کرنے والا فصیح و بلیغ۔

سَهِدَ (س) سَهَدًا و تَسَهَّدَ۔ جاگتے رہنا۔ کم نیند والا ہونا۔

سَهَّدَ۔ جگائے رکھنا۔ بیدار رکھنا۔

السُّهْدُ و السُّهَادُ۔ بے خوابی۔

السُّهُدُ۔ جاگنے والا۔ کم نیند والا۔

السَّهْدَۃُ۔ بیداری۔ کہتے ہیں: "مَا رَأَیْتُ مِنْہُ سَهْدَۃً" میں نے اس میں بھلائی کی طرف توجہ اور رغبت نہیں پائی۔

السُّهْوُدُ۔ بہت لمبا۔ نوجوان۔ غُلَامٌ سُهْوُدٌ نازک اندام نوجوان لڑکا "ہُوَ اَسْهَدُ مِنْکَ رَأْیًا" وہ تم سے زیادہ ہوشیار اور بیدار دماغ ہے۔

المُسَهَّدُ۔ مفع۔ کم خواب آدمی۔

سَهِرَ (س) سَهَرًا۔ رات بھر جاگتے رہنا۔ صفت (سَاهِرٌ و سَهْرَانُ ج)

لَیْلَۃٌ سَاهِرَۃٌ۔ رتجگے کی رات۔

سَهَرَ البَرْقُ۔ بجلی کا رات کو چمکنا۔

اَسْهَرَہٗ۔ کسی کو جگائے رکھنا۔ سَاهَرَہٗ۔ ساتھ ساتھ جاگنا۔

السُّهَارُ۔ بیداری۔ بے خوابی۔

السَّاهُوْرُ۔ بیداری۔ زیادتی۔ چاند کا ہالہ۔ چاند۔ "دَخَلَ القَمَرُ فِی السَّاهُوْرِ" یعنی چاند گہن میں آگیا۔ سَاهُوْرُ عَیْنِ المَاءِ۔ چشمہ کا منبع۔

السُّهَّرُ و السُّهَرَۃُ۔ بہت جاگنے والا۔

السَّاهِرَۃُ۔ مؤنث السَّاهِرُ۔ زمین یا سطح زمین۔ ہمیشہ بہنے والا چشمہ۔ چاند

الاَسْهَرَانِ۔ آنکھ کی دو رگیں۔ ناک کی دو رگیں۔

سَهَفَ (ف) سَهْفًا۔ القَتِیْلُ۔ قتیل کا نزع کی حالت میں بیقرار ہونا۔

سَهِفَ (س) سَهَفًا۔ سخت پیاسا ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِسْتَهْفَ بِہٖ۔ کسی کو خفیف سمجھنا۔

السَّاهِفُ۔ فا۔ ہلاک ہونے والا۔ نزع کے وقت سخت پیاسا۔ سَاهِفُ الوَجْہِ متغیر چہرے والا۔

السَّهْفُ۔ مچھلی کے چھلکے۔

السُّهَافُ۔ تونس۔ وہ بیماری جس میں سیرابی نہیں ہوتی۔ طَعَامٌ مَسْهَفَۃٌ بہت پانی پلانے والا کھانا۔

السَّهْوَقُ۔ بڑا جھوٹا۔ دراز پنڈلیوں والا۔

السَّهْوَقُ۔ کشادہ قدم والا۔

سَهَکَتْ (ف) سَهْکًا۔ الرِّیْحُ۔ ہوا کا بہت تیز چلنا۔ - الرِّیْحُ التُّرَابَ عَنْ وَجْہِ الاَرْضِ۔ ہوا کا زمین کی سطح سے مٹی اڑانا۔ - الشَّیْءَ۔ کسی چیز کا گھسنا۔ رگڑنا۔

سَهَکَتْ سُهُوْکًا۔ الدَّابَّۃُ۔ جانور کا ہلکی چال چلنا۔

سَهِکَ (س) سَهَکًا۔ بدبودار ہونا۔ صفت (سَهِکٌ) کہتے ہیں: "یَدِیْ سَهِکَۃٌ مِنَ السَّمَکِ" میرا ہاتھ مچھلی سے بدبودار ہے۔

السَّهَکُ و السُّهْکَۃُ و السُّهُوْکَۃُ۔ پسینہ یا سڑے ہوئے گوشت یا مچھلی کی بدبو۔

السَّهْکُ۔ لوہے کا زنگ۔ رِیْحٌ سَهْکَۃٌ۔ سخت تند ہوا۔ ج۔ سَوَاهِکُ و سَاهِکَاتٌ۔ رِیْحٌ سَهُوْکٌ و سَیْهَکٌ و سَیْهُوْکٌ و مِسْهَکَۃٌ۔ بہت تند ہوا۔

سَیْهَکٌ۔ ہوا کا اڑایا ہوا غبار۔

السَّهَّاكُ والمِسْهَكُ۔ بہت تیز گفتار والا۔ طرار۔ والمِسْهَكُ مِنَ الخَيْلِ تیز رو گھوڑا۔

المَسْهَكُ والمَسْهَكَةُ۔ سخت تیز ہوا کی گذرگاہ۔

سَهُلَ (ک) سُهُولَةً۔ المَكَانُ۔ نرم ہونا۔

سَهُلَ (ک) سُهُولَةً وسَهَالَةً۔ الأَمْرُ۔ آسان ہونا۔ صفت (سَهْلٌ و سَهِلٌ)

سَهَّلَ۔ الأَمْرَ لَهُ وعَلَيْهِ۔ آسان کرنا۔ المَوْضِعَ۔ نرم کرنا۔

سَاهَلَهُ مُسَاهَلَةً۔ نرمی اور سہولت کا برتاؤ کرنا۔

أَسْهَلَ۔ پہاڑ سے میدان کی طرف اترنا۔ ہُ الدَّوَاءُ۔ دوا کا پیٹ کو نرم کرنا دست لانا۔ الرَّجُلُ۔ لوگوں کے ساتھ نرمی کرنا۔ الأَمْرَ۔ آسان پانا

أُسْهِلَ۔ الرَّجُلُ۔ اسہال والا ہونا۔

تَسَهَّلَ۔ الأَمْرُ آسان ہونا۔ "مَا تَسَهَّلَ لِي أَنْ أَفْعَلَهُ" میرے لیے یہ کرنا آسان نہیں۔

تَسَاهَلَ۔ ایک دوسرے کے ساتھ نرمی کا برتاؤ کرنا۔ تَسَاهَلَ الأَمْرُ عَلَيْهِ۔ کسی امر کا آسان ہونا۔

اِسْتَسْهَلَ۔ المَكَانَ نرم سمجھ کر اقامت کرنا۔ اِسْتَسْهَلَهُ۔ آسان سمجھنا۔

السَّهْلُ۔ نرم ہموار زمین۔ ج۔ سُهُولٌ و سُهُولَةٌ۔ نسبت کے لیے سُهْلِيٌّ بَعِيرٌ سُهْلِيٌّ۔ نرم زمین میں چرنے والا اونٹ۔ سَهْلُ الوَجْهِ۔ رخسار پر کم گوشت والا۔ سَهْلُ الخُلُقِ۔ نرم خو اور نرم طبیعت والا۔ کہتے ہیں۔ "أَهْلاً وسَهْلاً" یعنی تم اپنوں ہی میں آئے نہ غیروں میں۔ تم نے نرم زمین پر قدم رکھا نہ سخت زمین پر۔

السِّهْلَةُ والسِّهْلُ۔ ریت کی طرح کی مٹی جس کو پانی بہا لاتا ہے۔

الإِسْهَالُ۔ اسہال۔ دست آنا۔

السَّهُولُ۔ دست آور دوا۔ سُهَيْلٌ ایک روشن ستارہ جو گرمی کے آخر میں طلوع کرتا ہے۔ مشہور ہے کہ اس کی خاصیت سے گبریلے مرجاتے ہیں۔ اور یمن میں عمدہ چمڑا تیار ہوتا ہے۔

سَهَمَ (ف) وسَهُمَ (ک) سُهُومَةً وسُهُومًا۔ دبلے پن سے رنگ متغیر ہونا۔ وَجْهُهُ۔ تیوری چڑھانا۔ ۔ سَهَمَهُ۔ قرعہ اندازی میں غالب آنا۔

سُهِمَ۔ لو لگنا۔ سَاهَمَهُ۔ قرعہ اندازی کرنا۔

أَسْهَمَ۔ لَهُ فِي كَذَا۔ کسی کے لیے حصہ ٹھہرانا۔ بَيْنَ القَوْمِ۔ قرعہ ڈالنا۔ فِي الكَلَامِ۔ لمبی گفتگو کرنا۔ صفت (مُسْهِمٌ و مُسْهَمٌ)

تَسَاهَمَ واِسْتَهَمَ۔ القَوْمُ قوم کا قرعہ اندازی کرنا۔ تَسَاهَمُوا الشَّيْءَ۔ کسی شے کو آپس میں بانٹ لینا۔

السَّهْمُ۔ ج۔ سِهَامٌ۔ جوئے کا تیر جس سے قرعہ ڈالتے ہیں۔ تیر۔ سَهْمُ الرَّامِي ایک ستارہ۔ ج۔ أَسْهُمٌ وسُهْمَةٌ وسُهْمَانٌ۔ حصہ

السُّهْمَةُ۔ قرابت۔ تقسیم۔ حصہ۔

السُّهُومُ۔ سورج کی کرنیں۔ سخت گرمی۔ عقلاء حکماء۔ السَّاهِمَةُ مِنَ النُّوقِ۔ دبلی اونٹنی۔

السَّهَامُ۔ لو کی گرمی۔ گرمی کی شدت ترمرے، یعنی مکڑی کے جالے کی طرح موسم گرما میں فضا میں نظر آنے والی چیز۔ اونٹوں کی بیماری۔

السُّهَامُ۔ لاغری کے ساتھ رنگ کی تبدیلی۔ اونٹوں کی بیماری۔

السَّهِيمُ۔ حصہ دار۔ شریک۔

المُسْهَمُ۔ لاغر۔ متغیر اللون۔ دوغلا گھوڑا۔

المُسَهَّمَةُ۔ مِنَ الثِّيَابِ۔ دھاری دار کپڑا۔

سَهَا يَسْهُو سَهْوًا وسُهُوًّا۔ فِي الأَمْرِ وعَنِ الأَمْرِ۔ غافل ہونا۔ بھولنا دل کا دوسری طرف پھر جانا۔ صفت (سَاهٍ وسَهْوَانُ)۔ إِلَيْهِ۔ پست نگاہ سے دیکھنا۔

سَهُوَ يَسْهُو سَهَاوَةً۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا جلد رام ہو جانا۔ صفت (سَهْوٌ)

أَسْهَى۔ الرَّجُلُ۔ سَهْوَةً۔ بنانا۔

سَاهَى۔ الرَّجُلَ فِي المُعَاشَرَةِ۔ نرمی کرنا خوش خلقی سے برتاؤ کرنا۔ ہُ غافل کرنا۔ استہزا کرنا۔

سَهَّاهُ۔ فریان میں گرم کر کے خشک کرنا۔

السَّهْوُ۔ مص۔ سکون۔ نرمی۔ "اِفْعَلْهُ سَهْوًا رَهْوًا" اس کو بلا تقاضے کے خود بخود آسانی سے کرو۔ مَاءٌ سَهْوٌ صاف مقطر پانی۔ جَمَلٌ سَهْوٌ۔ سدھا ہوا مطیع اونٹ۔ أَمْرٌ سَهْوٌ۔ نرم کام۔ رِيحٌ سَهْوٌ۔ نرم ہوا۔ ج۔ سِهَاءٌ۔

السُّهَى والسُّهَا۔ بَنَاتُ نَعْشٍ صغری میں ایک چھوٹا ستارہ۔ جب کسی سے کوئی سوال کریں اور وہ اس کا بے جوڑ اور بے تعلق جواب دے تو کہتے ہیں "أُرِيهَا السُّهَى وتُرِينِي القَمَرَ"۔

السَّهْوُ والسَّهْوَاءُ۔ رات کا ایک حصہ۔

السَّهْوَةُ۔ مونث السَّهْوِ۔ سَهَا کا اسم مرة۔ ج۔ سِهَاءٌ۔ الماری۔ طاقچہ۔

کھڑکی۔ صحن کے سامنے کا پردہ، روشندان
بالی کے سامنے کا خیمہ۔ پتھر کی چٹان۔
پالکی۔ نرم کمان۔
السَّاهِیُ۔ فا۔ کہتے ہیں" بَعِیْرٌ سَاهٍ
رَاهٍ" ہلکی نرم رفتار کا اونٹ۔ ج۔
جِمَالٌ سَوَاهٍ رَوَاهٍ۔
الاَسَاهِیُ۔ الوان۔ رنگ (اس کا مفرد نہیں،
سَهْوَكَهُ۔ پچھاڑنا۔ ہلاک کرنا۔
تَسَهْوَكَ۔ پچھڑنا۔ ہلاک ہونا۔ واپس ہونا
آہستہ چلنا۔
سَاءَ يَسُوءُ سَوَاءً۔ الشَّیْءُ۔ قبیح
ہونا۔ برا ہونا۔
سَاءَ يَسُوءُ سَوَاءً وسَوْأً وسَوَاءَةً
وسَوَائِيَةً وسَوَايَةً ومَسَاءً و
مَسَاءَةً ومَسَائِيَةً ومَسَايَةً و
مَسَايِيَةً۔ الاَمْرُ فُلَانًا۔ غمگین
کرنا۔ بے جا سلوک کرنا۔ بِهِ ظَنًّا۔
بدگمانی کرنا۔
سَوَّاءَهُ تَسْوِئَةً وتَسْوِيئًا۔ خراب کرنا۔
فاسد کرنا۔ سَوَّأَ عَلَيْهِ عَمَلَهُ۔
الزام دینا۔ عیب لگانا۔ ملامت کرنا۔
سرزنش کرنا۔
اَسَاءَ إِسَاءَةً۔ الشَّیْءَ۔ خراب کرنا۔
بگاڑ دینا۔ إِلَيْهِ۔ کسی کے ساتھ
برائی کرنا۔ بِهِ الظَّنَّ۔ بدگمانی کرنا۔
السُّوْءُ۔ مص۔ رَجُلُ سُوْءٍ۔ بدکار آدمی۔
والسُّوْءُ۔ فساد۔ آگ۔ آنکھ کی کمزوری۔
السَّيِّئُ۔ برا۔ قبیح۔
السَّيِّئَةُ۔ مؤنث السَّيِّئُ۔ بدی۔ خطاکاری
ج۔ سَيِّئَاتٌ۔
السَّوْءَةُ۔ بے حیائی۔ بری خصلت، شرمگاہ
ج۔ سَوْءَاتٌ۔
الاَسْوَاءُ۔ مؤنث سُوْأَى۔ سب سے
برا۔ بدشکل، قبیح۔
السُّوْأَى۔ دوزخ کی آگ

السَّوْءَاءُ۔ بری عادت۔ بدشکل عورت۔
المَسَاءَةُ۔ برا کام یا بری بات۔ ج۔
مَسَاوِی۔ المَسَاوِی۔ عیوب ونقائص
سَاجَ يَسُوجُ سَوْجًا وسُوَاجًا وسَوَجَانًا۔
آہستہ آنا جانا۔
سَوَّجَ وسَيَّجَ۔ الكَرْمَ ونَحْوَهُ اَوْ
عَلَى الكَرْمِ۔ انگور کی بیل پر باڑ لگانا۔
السِّيَاجُ۔ دیوار۔ انگور وغیرہ کی بیل کی باڑ۔
ج۔ سِيَاجَاتٌ وَاَسْوِجَةٌ وسُوْجٌ۔
السَّاجُ۔ ساکھو کا درخت۔ ج۔ سِيجَانٌ
واحد سَاجَةٌ۔ کشادہ۔ گول چادر۔
كِسَاءٌ مُسَوَّجٌ۔ گول چادر۔
السَّاحَةُ۔ گوشہ۔ کنارہ۔ گھروں کے بیچ کا
چوک۔ ج۔ سَاحٌ وسُوْحٌ و
سَاحَاتٌ۔
سَاخَ يَسُوخُ سَوْخًا وتَسَوَّخَ۔ فِي
الطِّينِ۔ کیچڑ میں دھنس جانا۔ فِي
المَاءِ۔ پانی میں بیٹھ جانا۔ (سَاخَتْ)
بِهِمُ الاَرْضُ۔ سُوْخًا وسُوُوْخًا
وسَوَخَانًا۔ زمین کا کسی کو اپنے اندر
نگل لینا۔
السُّوَاخُ والسُّوَّاخُ والسُّوَاخِيُّ و
السُّوَاخِيَةُ۔ دلدل۔ بہت کیچڑ۔
سَادَ يَسُوْدُ سِيَادَةً وسُوْدَدًا۔ و
سُوْدُدًا وسَيْدُوْدَةً و سُوْدًا۔
شریف ہونا۔ بزرگ ہونا۔ قَوْمَهُ
قوم کا سردار رہنا۔ ہ۔ شان و شرف
میں کسی پر غالب آنا۔ صفت (سَائِدٌ)
ج۔ سَادَةٌ۔ جج۔ سَادَاتٌ۔
الرَّجُلَ۔ کسی سے راز کی بات کہنا۔
سَوِدَ يَسْوَدُ سَوَدًا واِسْوَدَّ
اِسْوِدَادًا واِسْوَادَّ اِسْوِيدَادًا۔
سیاہ ہونا۔
سَوَّدَ۔ دلیر ہونا۔ ہ۔ سردار بنانا۔
الشَّیْءَ۔ کالا کرنا۔ الرجلُ۔ سردار

کو قتل کرنا۔
سَاوَدَهُ۔ کسی کے ساتھ مکر وفریب کرنا۔
رات کی تاریکی میں ملنا۔ سرداری یا سیاہی
میں غالب آنا۔ پوشیدہ کلام کرنا۔
سَاوَدَ الاَسَدَ۔ شیر کو ہٹانا۔
اَسْوَدَتْ إِسْوَادًا واَسَادَتْ إِسَادَةً
۔ المَرْأَةُ۔ سیاہ رنگ کا بیٹا جننا۔
سردار جننا۔
تَسَوَّدَ۔ شادی کرنا۔ سردار ہونا۔ کالا ہونا۔
اِسْتَادَ۔ القَوْمَ۔ قوم کے سردار کو قتل کرنا
۔ فِي بَنِي فُلَانٍ۔ قوم کے سردار کی
لڑکی سے نسبت چاہنا۔
السَّوْدُ۔ سیاہ پتھروں والا ہموار میدان۔
ج۔ اَسْوَادٌ۔ ایک قطعہ (سَوْدَةٌ)
السُّوْدُ۔ مص۔ سرداری۔ ایک قسم کی نبات۔
السَّوَادُ۔ سیاہی۔ وجود۔ ج۔ اَسْوِدَةٌ
جج۔ اَسَاوِدُ۔ بہت مال۔ بڑی تعداد
سَوَادُ البَلْدَةِ۔ شہر کے ارد گرد کی
بستیاں۔ سَوَادُ اللَّيْلِ۔ پوری رات
۔ سَوَادُ النَّاسِ۔ عام لوگ۔ سَوَادُ
العَسْكَرِ۔ فوج کے اسلحہ و سامان وغیرہ
سَوَادُ العَيْنِ۔ آنکھ کا سیاہ حصہ۔
پتلی۔ سَوَادُ القَلْبِ۔ دل کا درمیان
دل کا سیاہ نقطہ۔
السُّوَادُ۔ پوشیدہ گفتگو۔ دانتوں کی بیماری
رنگ کی زردی۔
السَّوَادِيَّةُ والسُّوَدَانِيَّةُ۔ ایک قسم
کی چڑیا۔
السُّوْدَانُ۔ سوڈان کا باشندہ۔ واحد
(سُوْدَانِيٌّ) حبشی لوگ۔
السِّيْدُ۔ بھیڑیا، شیر۔ ج۔ سِيْدَانٌ۔
السِّيْدَةُ۔ بھیڑیے کی مادہ۔
السِّيْدَانَةُ۔ بھیڑیا۔
السَّيِّدُ۔ سردار۔ ج۔ اَسْيَادٌ وسَادَةٌ
وسَيَائِدُ۔ حضرت فاطمہؓ کی اولاد اور

نسل والے۔ السَّیِّدَانُ ۔حضرت امام حسنؓ وحضرت امام حسینؓ
السَّیِّدَۃُ۔ حضرت مریم علیہا السلام کا لقب بھی ہے۔
الاَسْوَدُ ۔ ج۔ سُوْدٌ وسُوْدَانٌ ۔ مؤنث سَوْدَاءُ ۔کالا سیاہ ۔ مِنَ العَیْنِ آنکھ کی پتلی ۔ مِنَ القَوْمِ ۔قوم کا بزرگ ۔ تصغیر ۔ اُسَیْوِدٌ و اُسَیْدٌ ۔ الاَسْوَدَانِ ۔ کھجور اور پانی یا سانپ اور بچھو ۔ و الاَسْوَدُ مؤنث اَسْوَدَۃٌ ۔ ج۔ اَسَاوِدُ ۔ بڑا کالا سانپ اس کو منش بھی کہتے ہیں۔
السَّهْمُ الاَسْوَدُ ۔مبارک تیر جس سے برکت حاصل کی جائے۔ فُلَانٌ اَسْوَدُ الکَبِدِ ۔ فلاں دشمن ہے۔
السَّوْدَاءُ والسُّوَیْدَاءُ ۔ چار اخلاط میں سے ایک خلط۔ مالیخولیا کی بیماری ۔
الحَبَّۃُ السَّوْدَاءُ ۔ کلونجی۔
السُّوْدُدُ والسُّوْدَدُ ۔ بلند قدر ، سرداری۔
المَسْدُوْدُ ۔ مالیخولیا کی بیماری۔
المُسَوَّدَۃُ والسَّوَادُ ۔غیر صاف شدہ پہلی تحریر ، اگر اس پر نظر ثانی کرلی گئی ہو تو وہ مُبَیَّضَۃٌ ہے والمُسَوَّدَۃُ والمُسْوَدَّۃُ ۔ مِنَ الاَیَّامِ ۔ مصیبتوں کے دن۔
السُّوْدَقُ والسَّوْذَقُ والسُّوْذَانِقُ و السَّوْذَنِیْقُ ۔ شکرا ، شاہین۔
سَارَ یَسُوْرُ سَوْرًا ۔ الحَائِطَ ۔دیوار پر چڑھنا یا اس کو پھاندنا۔ سَوْرًا وسُؤُوْرًا ۔ اِلَیْهِ ۔ کودنا ۔ الشَّرَابُ فِیْ رَاْسِهٖ ۔ شراب کا سر کو چکرانا۔
سَوَّرَ ۔ المَدِیْنَۃَ ۔ شہر کے ارد گرد شہر پناہ بنانا۔ المَرْاَۃَ ۔ عورت کو کنگن پہنانا ۔ الحَائِطَ ۔ دیوار پر چڑھنا

سَاوَرَہٗ سِوَارًا ومُسَاوَرَۃً ۔ ایک دوسرے پر حملہ آور ہونا۔ حملہ کرنا ۔ ہ الشَّرَابُ ۔ شراب کا کسی کے سر کو چکرا دینا۔
تَسَوَّرَ ۔ کنگن پہننا ۔ الحَائِطَ ۔ دیوار پر چڑھنا۔ پھاندنا۔
السُّوْرُ ۔ شہر پناہ۔ ج۔ اَسْوَارٌ و سِیْرَانٌ ۔ السُّوْرُ ۔عمدہ اونٹ۔
عِنْدَہٗ سُوْرٌ مِنَ الاِبِلِ ۔ اس کے پاس عمدہ اونٹ ہیں۔
سُوْرِیَۃُ و سُوْرِیَّۃُ ۔ ملک شام ۔
السُّوْرَۃُ ۔ سارۃ کا اسم مرۃ۔ سَوْرَۃُ الخَمْرِ ۔ شراب کا جوش ۔ سَوْرَۃُ السُّلْطَانِ ۔ بادشاہ کا دبدبہ۔
سَوْرَۃُ المَجْدِ ۔ بزرگی کا اثر۔
سَوْرَۃُ البَرْدِ ۔ سردی کی شدت۔
السُّوْرَۃُ ۔ مرتبہ ۔ لَہٗ عَلَیْكَ سُوْرَۃٌ اس کو تم پر فضیلت ہے۔ شرف، علامت ۔ خوبصورت اونچی عمارت ۔ مِنَ الکِتَابِ ۔ کتاب کا مستقل قطعہ قرآن مجید کی سورت ۔ ج۔ سُوَرٌ و سُوْرٌ و سُوْرَاتٌ و سُوَرَاتٌ ۔
السِّوَارُ والسُّوَارُ والاِسْوَارُ کنگن ج۔ سُوْرٌ و اَسْوِرَۃٌ و اَسَاوِرُ واَسَاوِرَۃٌ و سُوُوْرٌ ۔ الاَسَاوِرَۃُ بصرہ میں آباد ہونے والی ایک پرانی عجمی قوم ۔
السَّوَّارُ ۔ جلد متوالا ہونے والا ۔ کَلْبٌ سَوَّارٌ ۔ کٹکھنا کتا۔
الاَسْوَارُ ۔ گھوڑے کی پیٹھ پر جم کر بیٹھنے والا ۔ تیر انداز ۔ عِنْدَ الفُرْسِ فوجی افسر ۔ ج۔ اَسَاوِرُ اَسَاوِرَۃٌ ۔
السُّوَارِیُّ ۔ بلندی۔
المِسْوَرُ والمِسْوَرَۃُ ۔ چمڑے کا تکیہ۔ ج۔ مَسَاوِرُ ۔

المُسَوَّرُ ۔ کلائی کا وہ حصہ جس پر کنگن ہو طاقتور بادشاہ۔
السُّوْرَنْجَانُ والسُّوْرَنْجَانُ ۔ ایک دوا کا نام۔
سَاسَ یَسُوْسُ ۔ سِیَاسَۃً ۔ الدَّوَابَّ ۔ جانوروں کو سدھانا ، ان کی دیکھ بھال رکھنا ۔ القَوْمَ ۔قوم کے امور کی تدبیر کرنا ۔ انتظام کرنا ۔ الاَمْرَ ۔ انتظام کرنا صفت (سَائِسٌ) ج۔ سَاسَۃٌ و سُوَّاسٌ ۔
سَاسَ یَسَاسُ وسَوِسَ یَسْوَسُ و سِیْسَ یَسَاسُ ۔ سَوْسًا وتَسَوَّسَ ۔ الطَّعَامُ ۔ گھن لگنا ۔ الشَّاۃُ بکری کا بہت جوں والی ہونا۔
سَوَّسَ ۔ الطَّعَامُ ۔ گھن لگنا ۔ لَہٗ اَمْرًا کسی کے لیے کوئی کام مزین کرنا۔
سُوِّسَ فُلَانٌ اَمْرَ القَوْمِ ۔ فلاں قوم کے امور کا مختار و مالک بنایا گیا۔
اَسَاسَ ۔ الطَّعَامُ ۔ گھن لگنا ۔ اَسَاسَہٗ النَّاسُ ۔ لوگوں کا کسی کو اپنا سردار بنالینا ۔ اَسَاسَتِ الشَّاۃُ ۔ بکری کا بہت جوں والی ہونا ۔ صفت (مُسِیْسٌ)
السَّاسُ ۔ منتظم ۔ کیڑا لگی ہوئی دانت کی جڑ
السُّوْسُ ۔ اون یا لکڑی کا کیڑا ۔ گھن ، واحد (سُوْسَۃٌ) ہر چیز کا کھانے والا۔
السُّوْسُ ۔ اصل ۔ طبیعت ۔ کہتے ہیں الفَصَاحَۃُ مِنْ سُوْسِہٖ ۔ فصاحت اس میں فطری ہے ۔ ملیٹھی کا درخت۔
السَّوَسُ ۔ جانور کے سرین کی بیماری۔
السُّوَاسُ ۔ گھوڑوں کے گردن کی ایک بیماری جو گردن کو سکھا دیتی ہے۔
السِّیَاسَۃُ ۔ ملکی تدبیر و انتظام ۔
السِّیَاسَۃُ المَدَنِیَّۃُ ۔ شہر کا انتظام اہل شہر کی معاشی حالت کی اصلاح اور عدل وانصاف کا پورا پورا لحاظ۔

السُّوْسَنُ والسَّوْسَنُ والسُّوسَانُ۔ ایک
خوشبودار بوٹی۔ واحد (سُوْسَنَةٌ) ج
سَوَاسِنُ۔
سَاطَهُ يَسُوْطُ۔ سَوْطًا۔ کوڑے مارنا۔
الشَّیْءَ۔ مخلوط کرنا۔ الحَرْبَ۔ جنگ
برپا کرنا۔ الأمْرَ۔ تہ و بالا کرنا۔
سَوَّطَ نَفْسَهُ۔ جی متلانا۔
سَوَّطَ۔ الأمْرَ۔ ملانا۔ الحَرْبَ۔ جنگ
شروع کرنا۔ برپا کرنا۔
اِسْتَوَطَ۔ الأمْرُ۔ پیچیدہ ہونا۔ گڈمڈ ہونا۔
السَّوْطُ۔ کوڑا۔ چابک ج۔ اَسْوَاطٌ وسِيَاطٌ
نصیب، سختی۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔
السِّيَاطُ۔ گندنا کی شاخیں۔
السَّوَّاطُ۔ کوڑا رکھنے والا سپاہی۔
المِسْوَاطُ۔ وہ گھوڑا جو بغیر چابک کے نہ چلے۔
(۔ والمِسْوَطُ) وہ لکڑی وغیرہ جس سے
ایک چیز کو دوسری چیز میں ملایا جائے۔
المُسَيَّاطُ۔ حوض کے پیندے میں بچا ہوا پانی۔
سَوْطَى۔ بمعنی سَيْطَى۔
سَاعَ يَسُوْعُ سَوْعًا۔ ضائع ہونا۔
سَاعَتِ الإِبِلُ۔ اونٹوں کا بغیر چرواہے
کے آزادی سے چرنا۔
سَاوَعَهُ مُسَاوَعَةً وسِوَاعًا۔ گھنٹے بھر
کے لیے معاملہ کرنا۔ الرَّجُلُ۔ ایک
وقت سے دوسرے وقت کی طرف منتقل ہونا۔
سَاعَ إِسَاعَةً۔ الشَّیْءَ۔ بیکار چھوڑنا۔
ضائع کرنا۔
اَسْوَعَ۔ إِسْوَاعًا۔ ایک گھنٹہ موخر ہونا۔
ایک وقت سے دوسرے وقت کی
طرف منتقل ہونا۔
السَّوْعُ۔ والسُّوَاعُ۔ رات کا ایک حصہ۔
السَّائِعُ۔ ہلاک ہونے والا۔ ج۔ سَاعَةٌ
السَّاعَةُ۔ گھنٹہ۔ موجودہ وقت۔ کہتے ہیں۔
اِقْتَعِدْ حَقِّي السَّاعَةَ۔ میرا حق مجھ
کو ابھی دو۔ گھڑی۔ السَّاعَةُ الرَّمْلِيَّةُ
ریت گھڑی۔ السَّاعَةُ الشَّمْسِيَّةُ
دھوپ گھڑی۔ ج۔ سَاعَاتٌ و
سَاعٌ۔
سَاعَةٌ سَوْعَاءُ۔ سخت کٹھن وقت۔
رجلٌ مِسْيَاعٌ ومُسِيْعٌ۔ فضول خرچ
مال کو ضائع کرنے والا۔
سَاغَ سَوْغًا وسَوَاغًا وسَوَغَانًا۔
الأمْرُ۔ جائز ہونا۔ صفت (سَائِغٌ)
۔ الشَّرَابُ۔ آسانی سے گلے سے
اترنا۔ صفت (سَائِغٌ وسَيِّغٌ و
اَسْوَغُ)
سَاغَ يَسُوْغُ سَوْغًا وسَاغَ يَسِيْغُ و
سَيْغًا۔ الشَّرَابَ۔ خوشگوار کرنا۔
(اَسَاغَهُ) زیادہ بہتر ہے۔
سَوَّغَ۔ الأمْرَ۔ جائز کرنا۔ لَهُ كَذَا
دینا۔ کسی کے لیے خاص کرنا۔
اَسَاغَ۔ الطَّعَامَ أو الشَّرَابَ۔ خوشگوار
بنانا۔ اَسِغْ لِي غُصَّتِي۔ مجھے
مہلت دو۔
اَسْوَغَ إِسْوَاغًا۔ الصَّبِيُّ أَخَاهُ۔
ساتھ ساتھ پیدا ہونا یا ایک کا دوسرے
کے بعد پیدا ہونا۔ صفت مذکر و مؤنث
(سَوْغٌ وسَوْغَةٌ وسَيِّغٌ)
اِسْتَاغَ۔ الشَّرَابَ۔ خوشگوار پانا۔
السَّيْغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ۔ خوشگوار۔
السِّوَاغُ۔ حلق کے پھنسے کو دور کرنے
والی شے۔
سَافَ يَسُوْفُ ويَسَافُ سَوْفًا۔
المَالُ۔ ہلاک ہونا۔ جانوروں میں مری پڑنا۔
سَافَ يَسُوْفُ سَوْفًا۔ عَلَيْهِ۔ صبر
کرنا (۔ واِسْتَافَ اِسْتِيَافًا)۔
الشَّیْءَ۔ سونگھنا۔
سَوَّفَهُ۔ ٹالنا۔ بار بار کہنا کہ عنقریب
کروں گا۔ لَهُ الأمْرَ۔ پورا اختیار دینا۔
سَاوَفَهُ مُسَاوَفَةً۔ سونگھنا۔ بھید بتانا
ٹالنا۔
اَسَافَ إِسَافَةً۔ مال ہلاک ہونا۔ اولاد مرنا
صفت (مُسِيْفٌ) اولاد (مُسَافٌ)
اَسَافَهُ اللهُ۔ ہلاک کرنا۔
سَوْفَ۔ مبنی بر فتح۔ یہ مضارع کو زمانہ
استقبال کے لیے خاص کرتا ہے اور
حرف "سین" سے اس کا زمانہ لمبا
ہوتا ہے کہتے ہیں۔ "هُوَ يَقْتَاتُ
السَّوْفَ" وہ امیدوں پر جیتا ہے۔
السَّائِفَةُ۔ باریک ریت۔ ریتلی اور سخت
زمین کے درمیان کی زمین۔
السَّوَافُ والسُّوَافُ۔ جانوروں کی بیماری
مری۔ اَسَافَ حَتَّى مَا يَشْتَكِي السُّوَافَ
یہ اس شخص کے حق میں بولتے ہیں۔ جو
سختیوں کا خوگر ہو گیا ہو۔
السَّافُ والسَّافَةُ۔ گارے یا اینٹوں کا
ردا۔ ج۔ اَسْوُفٌ وسَافَاتٌ۔
السَّافَةُ والسُّوفَةُ۔ ریتلی اور سخت
زمین کے درمیان کی زمین۔ ج۔ سُوَفٌ
وسُوْفٌ۔
المَسَافَةُ والمَسَافُ۔ ج۔ مَسَاوِفُ و
(المِسْفَةُ) دوری۔
المَسَافُ۔ ناک۔
المِسْيَافُ۔ وہ عورت جس کا بچہ مر گیا ہو۔
المُسْتَافُ۔ مسافت طے کرنے والا۔
سونگھنے کی جگہ۔
المُسَوِّفُ۔ صابر، خود مختار۔
سَاقَ يَسُوْقُ سَوْقًا وسِيَاقًا وسِيَاقَةً
ومَسَاقًا واِسْتَاقَ۔ اِسْتِيَاقًا۔
الماشِيَةَ۔ جانور کو پیچھے سے ہانکنا۔
صفت (سَائِقٌ) ج۔ سَاقَةٌ و
سُوَّاقٌ وسَائِقُوْنَ۔ صفت مفعول
(مَسُوْقَةٌ) سَاقَهُ مَسَاقَ غَيْرِهِ۔
اس کے ساتھ غیر کا سا معاملہ کیا۔
سَاقَ الحَدِيْثَ۔ بیان کرنا۔

سَاقَهٗ يَسُوْقُهٗ سَوْقًا وَسِيَاقًا۔ پنڈلی پر مارنا۔ سَاقَ اِلَيْهِ الْمَالَ۔ مال بھیجنا۔ پیش کرنا۔ مِنِ امْرَأَتِهٖ۔ عورت کو مہر دینا۔ الْمَرِيْضُ نَفْسَهٗ عِنْدَ الْمَوْتِ۔ وسِيْقَ عَلَى الْمَجْهُوْلِ۔ جان کنی شروع ہونا۔

سَوِقَ يَسْوَقُ سَوَقًا۔ خوبصورت اور موٹی پنڈلی والا ہونا۔

سَوَّقَ۔ النَّبْتُ۔ پودے کا تنہ دار ہونا۔ ہٗ الْاَمْرَ۔ کسی کو امر کا مختار کرنا۔ کام کسی کے سپرد کر دینا۔ الْمَاشِيَةَ۔ مویشی کو پیچھے سے ہانکنا۔

سَاوَقَهٗ۔ ہانکنے میں فخر کرنا۔

اَسَاقَهٗ اِسَاقَةً وَاسْتَاقَهٗ اِسْتِيَاقَةً۔ الْمَاشِيَةَ۔ ہانکنے کے لیے مویشی دینا۔

تَسَوَّقَ۔ خرید و فروخت کرنا۔

تَسَاوَقَتِ۔ الْمَاشِيَةُ۔ قطار میں چلنا۔ چلنے میں بھیڑ کرنا۔

اِنْسَاقَ۔ ہانکا جانا۔ الْاِبِلُ۔ اونٹوں کا قطار میں چلنا۔

السَّاقُ۔ پنڈلی (مونث)۔ ج۔ سُوْقٌ وسِيْقَانٌ واَسْوُقٌ۔ سَاقُ الشَّجَرَةِ۔ درخت کا تنہ۔ سَاقُ الْحَمَامِ و الْغُرَابِ۔ دو پودے ہیں۔ سَاقُ حُرٍّ۔ نر قمری۔ كُشِفَ الْاَمْرُ عَنْ سَاقِهٖ۔ یعنی معاملہ سخت وسنگین ہوگیا۔ قَامَتِ الْحَرْبُ عَلٰى سَاقٍ۔ جنگ تیز ہوگئی۔ وَلَدَتِ الْمَرْأَةُ ثَلَاثَةً بَنِيْنَ عَلٰى سَاقٍ وَاحِدٍ۔ عورت کے لگاتار تین بیٹے ہوئے۔

السَّاقَةُ۔ جلو۔ فوج کا پچھلا حصہ۔

السُّوْقُ۔ بازار (مونث، کبھی مذکر بھی آتا ہے)۔ ج۔ اَسْوَاقٌ۔ سُوْقُ الْحَرْبِ میدان جنگ۔

السَّوَقُ۔ پنڈلی کی لمبائی۔

السُّوْقَةُ۔ رعیت۔ عوام۔ (مونث مذکر واحد جمع)

السَّيِّقُ۔ مِنَ السَّحَابِ۔ وہ بادل جس کو ہوا اڑا لائے۔

السَّيِّقَةُ۔ وہ مویشی جن کو دشمن ہانک لے جائے۔ ج۔ سَيَائِقُ وسَيِّقَاتٌ۔ اَلْمَرْءُ سَيِّقَةُ الْقَدَرِ۔ آدمی قضا و قدر کا فرمانبردار ہے۔

السَّوِيْقُ۔ ستو۔ ج۔ اَسْوِقَةٌ۔ شراب۔

السِّيَاقُ۔ مص۔ عورت کا مہر۔ سَاقُ الْكَلَامِ۔ اسلوب کلام۔ وَقَعَتْ هٰذِهِ الْعِبَارَةُ فِيْ سِيَاقِ الْكَلَامِ۔ یہ عبارت سلسلہ کلام میں آگئی۔

السَّوَّاقُ۔ ہانکنے والا۔ ستو بیچنے والا۔ یا ستو بنانے والا۔

الْاَسْوَقُ۔ لمبی پنڈلیوں کا۔ مونث۔ سَوْقَاءُ۔ ج۔ سُوْقٌ۔

السُّوَّاقُ۔ لمبی پنڈلیوں والا۔ تنے پر قائم پودا۔

الْمُسَوَّقُ۔ وہ اونٹ جس کی اوٹ میں شکار کو دھوکا دیں۔

الْمُنْسَاقُ۔ تابع۔ قریب۔ لمبی ڈھلوان والا پہاڑ۔

سَاكَ يَسُوْكُ سَوْكًا وسَوَّكَ۔ الشَّيْءَ۔ ملنا۔ رگڑنا۔ اسی سے ہے "سَوَّكَ الْاَسْنَانَ بِالْعُوْدِ" اس نے دانتوں کو لکڑی سے رگڑا۔ مسواک کی۔ سَاكَ سِوَاكًا وتَسَاوَكَ۔ آہستہ چلنا۔ کمزوری سے لڑکھڑاتے ہوئے چلنا۔

تَسَوَّكَ تَسَوُّكًا واسْتَاكَ اِسْتِيَاكًا۔ مسواک کرنا۔

السِّوَاكُ۔ مص۔ ج۔ سُوْكٌ۔ و (الْمِسْوَاكُ) ج۔ مَسَاوِيْكُ۔ مسواک۔

سَالَ يَسَالُ سُوَالًا وسَوَالًا۔ مانگنا پوچھنا۔

سَوِلَ يَسْوَلُ سَوَلًا۔ پیٹ کا ناف کے نیچے سے ڈھیلا ہونا۔ صفت (اَسْوَلُ مونث سَوْلَاءُ۔ ج۔ سُوْلٌ۔

سَوَّلَ۔ لَهُ الشَّيْطَانُ۔ گمراہ کرنا۔ بھلانا وسَوَّلَتْ لَهٗ نَفْسُهٗ كَذَا۔ اس کے نفس نے اس کو مزین کیا۔

تَسَوَّلَ۔ الْبَطْنُ۔ پیٹ کا ڈھیلا ہونا۔

السُّوْلَةُ۔ بہت سوال کرنے والا۔

السَّوْلَاءُ۔ مونث اَسْوَلُ۔ بڑا ڈول۔

السَّوِيْلُ۔ برابر کا۔ کہتے ہیں "اَنَا سَوِيْلُكَ فِيْ هٰذَا الْاَمْرِ" میں اس معاملہ میں تمہارا شریک ہوں۔

سَامَ يَسُوْمُ سَوْمًا وسُوَامًا۔ السِّلْعَةَ۔ سامان کو فروخت کرنے کے لیے پیش کرنا اور اس کی قیمت بتانا۔ الْمُشْتَرِي السِّلْعَةَ۔ بھاؤ کرنا۔ سَامَتِ الْمَاشِيَةُ۔ مویشی کا چراگاہ کو جانا۔ سَامَهُ الْاَمْرَ۔ کسی کو کسی کام کی تکلیف دینا۔ سَامَهُ خَسْفًا ذلیل کرنا۔ خوار کرنا۔ الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ۔ پرندہ کا کسی پر منڈلانا۔ چکر کاٹنا۔ الرِّيْحُ ہوا کا چلنا۔ سَامَ نَاقَتَهٗ عَلَى الْحَوْضِ۔ اونٹنی کو حوض پر لانا۔

سَوَّمَهٗ۔ الْاَمْرَ۔ کسی کام کی تکلیف ڈالنا۔ ۔ ہٗ فِيْ مَا يَمْلِكُهٗ۔ پورا اختیار دینا۔ حاکم بنانا۔ فُلَانًا۔ کسی کو آزادی دے کر اس کی مرضی پر چھوڑنا مثل ہے عَبْدٌ وسُوِّمَ۔ آزاد چھوٹا ہوا غلام جب کسی کمینہ کو پوری آزادی دے دی جائے تو اس کے حق میں یہ مثل بولی جاتی ہے۔ الْخَيْلَ گھوڑوں کو چرنے کے لیے چھوڑنا۔ عَلَيْهِمْ۔ لوٹ ڈال کر فساد پھیلانا۔ الْغَرَضَ۔ گھوڑے پر

داغ لگانا۔

سَاوَمَ بِسَوَامًا وَمُسَاوَمَةً۔ بِالسِلْعَةِ۔ سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

تَسَاوَمَا۔ السِلْعَةَ۔ سودا کرنے میں جھگڑنا۔ ۔ فِی السِلْعَةِ۔ سامان کا بھاؤ تاؤ کرنا۔

اَسَامَ اِسَامَةً۔ المَاشِیَةَ۔ مویشی کو چراگاہ کی طرف لے جانا۔ ۔ اَلْعَیْنَ لِ بِبَصَرِہٖ۔ نظر ڈالنا۔

اِسْتَامَ۔ فُلَانًا السِلْعَةَ۔ سامان کی قیمت دریافت کرنا۔ ۔ بِھَا۔ سامان کو زیادہ قیمت پر فروخت کرنا۔

تَسَوَّمَ۔ نشان لگانا۔

السَامُ۔ موت۔ بانس۔ نرکل۔ واحد (سَامَةٌ) و (السَامَةُ) موت۔ سونے یا چاندی کا ٹکڑا۔ کنویں کے اوپر کا گڑھا ج۔ سِیَمٌ۔

السِیمَةُ۔ السُومَةُ والسِیمَاءُ والسِیمِی نشان۔ علامت۔ شکل وہیئت: کہتے ہیں فِیْہِ سُومَةُ الصَّلَاحِ وسِیمَتُہٗ۔ اس میں صلاحیت کی علامت ہے۔

السِیمِیَاءُ والسِیمِیَاءُ۔ نشان۔ خوبصورتی۔

السَائِمُ۔ فا۔ خود سری سے چلنے والا۔ چرواہا۔

السَائِمَةُ و السَوَامُ۔ چرنے والے مویشی اور اونٹ۔ ج۔ سَوَائِمُ۔

السُوَامُ۔ مع۔ پرندہ۔

المَسَامُ۔ تیزی سے گزرنا۔

المَسَامَةُ۔ دہلیز کی لکڑی۔

المُسَوَّمُ۔ اچھی ساخت کا، نشان زدہ۔

الخَیْلُ المُسَوَّمَةُ۔ چرائے ہوئے یا چھوڑے ہوئے گھوڑے۔

سَوِیَ یَسْوَی سَوًی۔ الرَّجُلُ کسی کا کام درست ہونا۔

سَوَّی۔ الشَّیْءَ۔ ہموار کرنا۔ برابر کرنا۔ سیدھا کرنا۔ محض بنانے کے معنی بھی دیتا ہے (۔ وسَاوَی بَیْنَھُمَا وسَوَّاہُ وسَاوَاہُ بِہٖ) برابر کرنا۔ کہتے ہیں "سُوِّیَتْ عَلَیْہِ الْاَرْضُ" وہ ہلاک ہوا۔ اور دفن کر دیا گیا۔ وسَاوَی الشَّیْءَ۔ برابر کرنا۔ سَاوَی الرَّجُلَ قَوْتَہٗ۔ ہم مثل ہونا۔ قدر و قیمت میں ایک طرح کا ہونا "ھٰذَا لَا یُسَاوِی دِرْھَمًا" یہ درہم کے برابر نہیں۔

اَسْوَی اِسْوَاءً۔ ذلیل وحقیر ہونا۔ کام کا درست ہونا۔ الشَّیْءَ۔ ہموار و برابر کرنا۔ اَسْوَاہُ بِہٖ۔ برابر کرنا۔

تَسَوَّیَ۔ ہموار و برابر ہونا۔

تَسَاوَیَا۔ فِی کَذَا۔ ہم مثل ہونا۔

اِسْتَوَی۔ الشَّیْءُ۔ معتدل و مستقیم ہونا ۔ الرَّجُلُ کسی کا کام درست ہونا۔ پکی عمر کا ہونا۔ عَلَیْہِ غالب آنا۔ عَلٰی ظَھْرِ الدَّابَّةِ۔ جم کر بیٹھنا۔ اِسْتَوَی عَلٰی سَرِیْرِ المُلْکِ۔ سے مراد کامل قبضہ وتصرف ہوتا ہے۔ اِلَی الشَّیْءِ۔ قصد و ارادہ کرنا۔ اُسْتُوِیَتْ بِہِ الْاَرْضُ۔ ہلاک ہوا (اور دفن کیا گیا۔ اِسْتَوَی الطَّعَامُ کھانے کا خوب پکنا۔

السَّوَی۔ قصد، ارادہ۔

السَّوَاءُ۔ درمیان، بیچ۔ ضَرَبَ سَوَاءَہٗ۔ اس نے اس کے وسط میں مارا۔ "لَقِیْتُہٗ فِی سَوَاءِ النَّھَارِ" میں اس سے وسط دن میں ملا۔ غیر کے معنی بھی دیتا ہے، جیسے کہ کہتے ہیں۔ "جَاءُوْا سَوَاءَ زَیْدٍ" زید کے سوا سب آئے اور مستوی کے معنی کو بھی مفید ہوتا ہے۔ مثلاً کہتے ہیں: "مَکَانٌ سَوَاءٌ وثَوْبٌ سَوَاءٌ" یعنی طول و عرض میں برابر جگہ یا کپڑا۔ سَوَاءُ السَّبِیْلِ۔ سیدھا راستہ۔ ھٰذَا دِرْھَمٌ سَوَاءٌ۔ یہ پورا درہم ہے۔ سَوَاءُ الْجَبَلِ۔ پہاڑ کی چوٹی۔

السَّوَاءُ۔ مثل، مانند۔ "ھُمَا فِی ھٰذَا الْاَمْرِ سَوَاءٌ" وہ ہر دو اس میں ایک طرح کے ہیں۔ تم یہ بھی کہہ سکتے ہو ھُمَا سَوَاءَانِ۔ اور جمع میں ھُمْ سَوَاءٌ۔ یا ھُمْ اَسْوَاءٌ۔ اور خلاف قیاس جمع لا کر ھُمْ سَوَاسٍ و سَوَاسِیَةٌ وسَوَاسْوَةٌ۔ بھی کہہ سکتے ہیں۔ لَیْلَةُ السَّوَاءِ۔ تیرھویں یا چودھویں رات۔

السِّوَی والسُّوَی۔ درمیان۔ وسط۔ بمعنی غیر، یہ حروف استثناء میں سے ہے۔ کہتے ہیں "جَاءُوْا سِوَی زَیْدٍ" زید کے علاوہ سب آئے۔ "ھُمَا عَلٰی حَدٍّ سِوًی" ان کے درمیان کوئی فرق نہیں۔

السَّوِیُّ۔ برابر۔ ہموار۔ درست الصاف

مَکَانٌ سَوِیٌّ۔ درمیانی جگہ۔

غُلَامٌ سَوِیٌّ۔ بے عیب اچھی ساخت کا لڑکا۔ ج۔ اَسْوِیَاءُ۔

السَّوِیَّةُ۔ السَّوِیُّ کا مؤنث۔ برابری۔ "قَسَمْتُ الشَّیْءَ بَیْنَھُمَا بِالسَّوِیَّةِ" میں نے ان دونوں کے درمیان چیز برابر برابر بانٹ دی۔ غریب لوگوں کی سواری ج۔ سَوَایَا۔

السِیُّ۔ بیابان۔ ہموار۔ مانند۔ ھُمَا سِیَّانِ۔ وہ ہر دو ایک جیسے ہیں۔ مَکَانٌ سِیٌّ۔ ہموار برابر جگہ (مذکر و مؤنث) ج۔ اَسْوَاءٌ۔

لَاسِیَّمَا و لَا سِیَمَا۔ خاص کر۔ استثناء کے معنی میں آتا ہے، کبھی اس کا لا حذف کر دیتے ہیں۔

الْاَسْوَی۔ اسم تفضیل۔ الْاِسْتِوَاءُ مصدر

اِسْتِوَیٰ۔ راستی، درستی، اعتدال۔
خطِ استوار۔ جغرافیہ کی اصطلاح میں
کرۂ زمین پر وہ دائرہ عظیمہ ہے، جو
مشرق سے مغرب کو قطبین سے برابر
فاصلہ پر کھینچا ہوا فرض کیا گیا ہے اور
جو کرۂ ارضی کو دو برابر کے شمالی اور
جنوبی حصوں پر تقسیم کر دیتا ہے۔ اس
خط پر تمام سال دن و رات برابر
رہتے ہیں۔
سَیَّأَتْ و تَسَیَّأَتْ۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی
کا بغیر دوہنے کے دودھ بہانا۔
تَسَیَّأَتْ عَلَیَّ الْاُمُوْرُ۔ میرے اوپر
امور مختلف ہو گئے۔ تَسَیَّأَ
فُلَانٌ بِحَقِّیْ۔ فلاں نے انکار کے
بعد میرے حق کا اقرار کیا۔
اِنْسَیَأَ۔ اللَّبَنُ۔ دودھ کا بغیر دوہنے
کے بہنا۔
السَّیْءُ و السِّیْءُ۔ دودھ جو خود بخود نکل رہا
ہو۔ ج۔ سُیُوْءٌ۔
سَابَ یَسِیْبُ سَیْبًا۔ المَاءُ۔ پانی
کا ادھر ادھر بہنا۔ الرَّجُلُ۔ تیز چلنا
۔ فِیْ کَلَامِہٖ۔ بے سوچے بولنا۔
الدَّابَّةُ۔ جانور کا آزاد چلنا۔
سَیَّبَہٗ۔ چھوڑ دینا۔ العَبْدُ۔ غلام
کو آزاد کرنا۔
اِنْسَابَ اِنْسِیَابًا۔ تیز چلنا۔ اِنْسَابَتِ
الحَیَّةُ۔ سانپ کا رینگنا۔ فُلَانٌ
نَحْوَھَا۔ واپس آنا۔
السَّیْبُ۔ مص۔ بارش، بخشش۔ مال۔
زیادتی۔ گھوڑے کی دم کے بال۔ ج
سُیُوْبٌ۔
السِّیْبُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ ج۔ سُیُوْبٌ۔
السِّیَابُ و السَّیَابُ و السُّیَّابُ کچی کھجور
واحد سَیَابَةٌ یا سَیَّابَةٌ۔
السَّیَابَةُ۔ شراب۔

السَّیْبَانُ۔ اصل میں الصِّئْبَانُ ہے۔
پسوؤں اور جوؤں کے انڈے۔
السَّائِبَةُ۔ چھوڑی ہوئی، آزاد کردہ غلام۔
وہ اونٹنی جو ایام جاہلیت میں نذر کے
لیے چھوڑی جاتی تھی۔ یا دس بارہ بچے
جننے کے بعد اس کو آزاد چھوڑا جاتا تھا۔
نہ اس پر سواری لیتے نہ اس کا دودھ
دوہتے، اس کا دودھ اس کا بچہ پیتا یا
مہمان کو دودھ پینے کا حق حاصل تھا
اسی طرح پینے اور چرنے میں اس کو
پوری آزادی ہوتی۔ جہاں چاہتی چرتی اور
جہاں سے چاہتی پانی پیتی۔ ج۔ سُیَّبٌ
و سَوَائِبُ۔
سَیَّجَ۔ الکَرْمَ۔ انگور کی بیل کے لیے
باڑ لگانا۔
السِّیَاجُ۔ احاطہ۔ کانٹے دار جھاڑی وغیرہ
کی باڑ جو انگور کی بیلوں یا کھجور کے
درختوں کے ارد گرد قائم کی جاتی ہے ج
سِیَاجَاتٌ و اَسْوِجَةٌ و سُوْجٌ۔
السَّیْجَانُ۔ ایک قسم کی مچھلی۔
سَاحَ یَسِیْحُ سَیْحًا و سَیَحَانًا۔ المَاءُ
پانی کا سطح زمین پر بہنا۔ صفت مَاءٌ
سَائِحٌ و سَیْحٌ "ھٰذِہِ الْاَرْضُ
تُسْقٰی بِالْمَاءِ سَیْحًا" یہ زمین بہتے
ہوئے پانی سے سیراب کی جاتی ہے۔
الظِّلُّ۔ سایہ ڈھلنا۔ (د۔ سَیْحًا و
سَیَحَانًا و سِیَاحَةً و سُیُوْحًا)
عبادت کے لیے زمین میں پھرنا، سفر
کرنا۔ شہروں میں پھرنا۔ صفت
(سَائِحٌ ج۔ سُیَّاحٌ و سَائِحُوْنَ۔
سَیَّحَہٗ و اَسَاحَہٗ۔ بہانا۔ "سَیَّحَ
تَسْبِیْحًا کَثِیْرًا" خوش بیانی
سے بولنا۔ اَسَاحَ الفَرَسُ بِذَنَبِہٖ۔
گھوڑے کا دم کو ڈھیلا کرنا۔
اِنْسَاحَ بَطْنُہٗ۔ پیٹ کا بڑا ہونا اور

تنگ جانا۔ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا پھٹنا۔
۔ بَالُہٗ۔ کشادہ و فراخ دل ہونا۔
السَّیْحُ۔ مص۔ بہنے والا پانی۔ دھاری دار
کپڑا۔ ج۔ سُیُوْحٌ و اَسْیَاحٌ۔
السَّائِحُ۔ مسجد میں رہنے والا۔ روزہ دار۔
السَّیَّاحُ۔ ملکوں میں بہت پھرنے والا۔
المِسْیَاحُ۔ خرابی اور چغلی کو پھیلانے والا
ج۔ مَسَایِیْحُ۔
المُسَیَّحُ۔ مِنَ الثِّیَابِ۔ دھاری دار کپڑا۔
سَاخَ یَسِیْخُ سَیْخًا و سَیَخَانًا۔ مضبوط
ہونا۔ سَاخَتْ قَدَمُہٗ فِی الطِّیْنِ۔
کیچڑ میں پاؤں گڑ جانا۔
السِّیْخُ۔ بڑی چھری (فارسی)
السِّیَاخُ۔ مٹی کی عمارت۔ ج۔ سُیُوْخٌ۔
سَارَ (ض) سَیْرًا و تَسْیَارًا و مَسِیْرًا
و مَسِیْرَةً و سَیْرُوْرَةً۔ سفر کرنا
جانا۔ چلنا۔ ۔۔ بِہٖ۔ چلانا۔ الدَّابَّةَ
جانور پر سوار ہونا۔ السُّنَّةَ۔ سنت
پر عمل پیرا ہونا۔ سِرْ عَنْکَ مت
پروا کرو بے خبر ہو۔ سَارَ الکَلَامُ
اَوِ المَثَلُ فِی النَّاسِ۔ کلام یا مثل
کا لوگوں میں مشہور ہونا۔
سَیَّرَ و اَسَارَ۔ الرَّجُلَ۔ چلانا۔ الجُلَّ
عَنْ ظَھْرِ الدَّابَّةِ۔ جانور کی پیٹھ
سے جھول اتارنا۔ سَیَّرَ الثَّوْبَ۔
کپڑے کو دھاریدار بنانا۔ سَیَّرَ
المَثَلَ۔ مثل کو لوگوں میں مشہور کرنا۔
سَیَّرَ و سِیْرَةً۔ اگلوں کی باتیں بیان
کرنا۔ سَیَّرَہٗ مِنْ بَلَدِہٖ۔ شہر سے
نکال دینا۔ جلاوطن کرنا۔
سَایَرَہٗ۔ ساتھ چلنا۔
تَسَیَّرَ۔ الجِلْدُ۔ کھال کا چھل جانا۔
تَسَایَرَا۔ باہم مل کر چلنا۔ تَسَایَرَ
عَنْ وَجْھِہِ الغَضَبُ۔ غصہ کے
آثار کا چہرے سے دور ہونا۔

إِسْتَارَ اِسْتِيَاراً۔ زادِ راہ خریدنا۔ بِسِيرَةِ فُلَانٍ۔ کسی کی سیرت وخصلت پر چلنا۔
السَّيْرُ۔ تسمہ۔ ج۔ سُيُورٌ و سُيُورَةٌ و أَسْيَارٌ۔
السِّيرَةُ۔ سَارَ کا اسم۔ عادت۔ طریقہ۔ طرزِ زندگی۔ ہیئت۔ سوانحِ عمری۔ لوگوں کے ساتھ برتاؤ کی کیفیت۔ "مَنْ طَابَتْ سَرِيرَتُهُ حُمِدَتْ سِيرَتُهُ"۔ پاک باطن خوش عادت ہوتا ہے۔ ج۔ سِيَرٌ۔
السِّيَرَاءُ۔ دھاری دار یا ریشم ملی چادریں۔ خالص سونا۔ ایک قسم کی نبات۔ گٹھلی سے چمٹا ہوا چھلکا۔ دل کا پردہ۔ کھجور کی ٹہنی۔
السَّائِرُ۔ فا۔ سَائِرُ الشَّيْءِ۔ باقی ماندہ چیز۔ المثل السَّائِرُ۔ مثل مشہور۔
السَّيَّارُ و السَّيِّرَةُ و السَّيُورُ۔ بہت چلنے والا۔
السَّيَّارَةُ۔ مؤنث السَّيَّارُ۔ قافلہ۔ آفتاب کے ارد گرد پھرنے والا ستارہ۔ جیسے زحل، مشتری، مریخ، زمین، زہرہ، عطارد وغیرہ۔ ج۔ سَيَّارَاتٌ۔ السَّيَّارَةُ۔ موٹر کار۔
السُّورُ۔ مفع۔ طَرِيقٌ مَسُورٌ۔ چلنے والا راستہ۔ آمد ورفت کی سڑک۔
المَسِيرَةُ۔ مص۔ مسافت۔ بَيْنَهُمَا مَسِيرَةُ يَوْمٍ۔ ان دونوں کے درمیان ایک دن کی مسافت ہے۔
المُسَيَّرُ۔ مِنَ الثِّيَابِ۔ دھاری دار کپڑا۔
السِّيرَجُ۔ تل کا تیل۔
سَاسَ يَسِيسُ سَيْساً۔ الطَّعَامُ۔ گھن لگنا۔
سَاسَاهُ۔ شرم دلانا۔ عار دلانا۔
السِّيسُ۔ چنبیلی کا پودہ۔

السِّيسَاءُ۔ ریڑھ کی ہڈی کے جوڑ کا مقام۔ "سِيسَاءُ الظَّهْرِ مِنَ الدَّوَابِّ"۔ جانوروں کی پیٹھ کا وہ مقام جہاں سوار ہوتے ہیں۔
سَيْطَرَ سَيْطَرَةً و تَسَيْطَرَ۔ عَلَيْهِمْ۔ نگہبان ہونا۔ نگہبانی کرنا۔
المُسَيْطِرُ و المُتَسَيْطِرُ۔ داروغہ۔
سَاعَ يَسِيعُ سَيْعاً و سُيُوعاً۔ الشَّيْءُ۔ ضائع ہونا۔ د۔ وانْسَاعَ و تَسَيَّعَ الْمَاءُ۔ پانی کا سطح زمین پر ادھر ادھر بہنا۔ اِنْسَاعَ الجَامِدُ۔ جمی ہوئی چیز کا پگھل جانا۔
سَيَّعَ۔ الحَائِطَ بِالطِّينِ۔ دیوار کو مٹی سے لیپنا۔ الشَّيْءَ۔ کسی چیز پر پتلا پتلا تیل وغیرہ ملنا۔
أَسَاعَ۔ الشَّيْءَ۔ ضائع کرنا۔
السَّيْعُ۔ مص۔ سطح زمین پر بہنے والا پانی۔
السِّيَاعُ۔ گارا جو لپائی کے لیے بھوسہ وغیرہ سے تیار کیا جائے۔
السَّيْعَاءُ و السَّيَعَاءُ۔ رات کا حصہ۔
المِسْيَعَةُ۔ لپائی کرنے کی کرنی۔ نَاقَةٌ مِسْيَاعٌ۔ بچہ کو چھوڑ کر چراگاہ میں جانے والی اونٹنی۔
سَاغَ يَسِيغُ سَيْغاً۔ الشَّرَابُ۔ خوشگوار بنانا۔
السَّيْغُ۔ مِنَ الشَّرَابِ۔ خوشگوار شراب۔
سَافَتْ تَسِيفُ سَيْفاً۔ اليَدُ۔ ناخن کے ارد گرد کا پھٹنا۔
سَافَهُ يَسِيفُهُ سَيْفاً۔ تلوار سے مارنا۔ تَسَيَّفَهُ۔ تلوار سے مارنا۔
سَايَفُوا و تَسَايَفُوا و اسْتَافُوا۔ اِسْتِيَافاً۔ آپس میں تلوار سے لڑنا۔
أُسْتِيفَ۔ تلوار سے مارا جانا۔
السَّيْفُ۔ تلوار۔ ج۔ أَسْيَافٌ و سُيُوفٌ و أَسْيُفٌ و مَسِيفَةٌ و السَّايِفُ۔ تلوار سے مسلح۔ سَيْفُ الجَبَّارِ۔ تین ستارے ہیں۔ سَيْفُ الدِّبَاجِ۔ ایک قسم کی نبات۔
السَّيْفُ و السِّيفُ۔ ایک قسم کی سمندری مچھلی جس کی تلوار نما چونچ ہوتی ہے۔ سمندر کا کنارہ۔ ج۔ أَسْيَافٌ۔
السَّيْفَانُ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ لمبا اور پتلا آدمی۔ مؤنث سَيْفَانَةٌ۔ بعض کے نزدیک یہ عورتوں کے لیے مخصوص ہے۔
السَّيَّافُ۔ شمشیر زن۔ جلاد۔ ج۔ سَيَّافَةٌ۔ رَجُلٌ سَيَّافٌ۔ خون بہانے والا آدمی۔
الأَسْيَافُ۔ آدمیوں کے مسلح گروہ۔
المَسَايِفُ۔ خشک سال۔ قحط۔
المُسِيفُ۔ تلوار باندھنے والا۔ تلوار سے مسلح بہادر۔ فقیر۔
المُسَيَّفُ۔ مِنَ الدَّرَاهِمِ۔ وہ درہم جس کے کناروں پر نقش نہ ہو۔ مِنَ البُرُودِ۔ وہ چادریں جن پر تلوار کا نقش ہو یا تلوار کی طرح چوڑی دھاریاں ہوں۔
سَالَ (ض) سَيْلاً و سَيَلَاناً و مَسِيلاً و مَسَالاً۔ المَاءُ۔ پانی کا بہنا۔ سَالَتْ غُرَّةُ الفَرَسِ۔ گھوڑے کی پیشانی کی سفیدی کا لمبا چوڑا ہونا۔
أَسَالَ إِسَالَةً و سَيَّلَ تَسْيِيلاً۔ المَاءَ۔ پانی بہانا۔ و أَسَالَ الجَامِدَ۔ جمی ہوئی چیز کو پگھلانا۔ أَسَالَ غِرَارَ النَّصْلِ۔ لمبا کرنا۔
تَسَايَلَ۔ القَوْمُ۔ قوم کا ہر طرف سے آنا۔
السَّائِلَةُ۔ مِنْ غُرَرِ الخَيْلِ۔ گھوڑے کی ناک تک اس کی پیشانی کی سفیدی۔ ج۔ سَوَائِلُ۔
السَّيْلُ۔ مص۔ بہنے والا۔ مَاءٌ سَيْلٌ۔ بہنے والا پانی۔ السَّيْلُ۔ سیلاب ج۔ سُيُولٌ۔
السَّيْلَةُ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ سَالَ کا اسم مرة

السَّيْلَةُ - پانی کا بہاؤ۔
السیلانُ - ایک قیمتی پتھر۔ میان میں رہنے والا تلوار کا حصہ۔ ج۔ سَیَالِینُ۔
السَّوَائِلُ - مِنَ المَعَادِنِ و غَیْرِهَا۔ بہنے والی دھاتیں جیسے پارہ۔
السَّیَالُ - ایک سفید لمبے کانٹوں والا پودہ
واحد (سَیَالَةٌ)
السَّیَّالُ - زور سے بہنے والا۔ مؤنث۔ سَیَّالَةٌ۔
مَسِیْلُ - المَاءِ - پانی بہنے کی جگہ۔ ج۔ مَسَائِلُ۔ و مُسُلٌ و اَمْسِلَةٌ و مُسْلَانٌ۔
المَسَالُ - مِنَ الوَجْهِ - داڑھی کا پہلو۔
السِّیمُونِیَّةُ - سیمون جادوگر کی طرف منسوب۔ مال کے ذریعے روحانی باتوں کے حاصل کرنے کا ارادہ۔
سِیَةُ القَوْسِ - کمان کا سرا۔ ج۔ سِیَاتٌ۔

ش ۳۰۰

الشُّؤْبُوبُ - بارش کی بوچھاڑ۔ دھوپ کی تیزی و شدت، ہر چیز کی حد۔ حُسن کا آغاز۔
شَئِزَ (س) شَأَزًا و شُؤُزَةً و شُؤَازًا - المَکَانُ۔ جگہ کا سخت و ناہموار ہونا۔ صفت (شَأْزٌ و شَئِزٌ) (- و شُؤُزٌ) بے آرام ہونا۔ ڈرنا۔
اَشْأَزَهُ - بے آرام کرنا۔ ڈرانا۔ اَشْأَزَ الرَّجُلُ عَنْ کَذَا - بلند ہونا۔
اِشْتَأَزَ - بدکنا۔ ڈر کر بھاگنا۔
الشَّأْزَةُ - فربہ گھوڑا۔
المَشْئُوزُ و المَشْؤُوزُ - بیقرار۔ خوفزدہ۔
شَئِسَ (س) شَأَسًا - الشیءُ سخت ہونا۔ - الرَّجُلُ غم یا بیماری سے بے کل ہونا - المکانُ کسی جگہ کا سخت و پتھریلی ہونا۔ مکانٌ (شَأْسٌ و شَئِسٌ) سخت و پتھریلی جگہ۔ ج۔ شُئُوسٌ و شُؤُوسٌ۔
شَأْشَأَ شَأْشَأَةً و شَأْشَاءً - الرَّاعِی الغَنَمَ اَوِ الحَمِیْرَ بِهَا۔ چرواہے کا بکریوں یا گدھوں کو شَأْشَأْ یا شُؤْ شُؤْ کہہ کر ہانکنا۔ النَّخْلَةُ کھجور کے درخت کا بارآور نہ ہونا، اس میں گابھا نہ لگنا۔
تَشَأْشَأَ - القومُ۔ قوم کا متفرق ہونا۔ بچھڑنا۔ اَمْرُهُمْ۔ واضح ہونا۔
الشَّأْشَاءُ - مص - بڑی قسم کی کھجور۔ کھجور کے لمبے درخت۔
شَئِفَتْ (س) شَأَفًا - الرِّجْلُ۔ آبلہ پڑنا۔ صفت (مَشْئُوفَةٌ -) شَئِفَتْ اَصَابِعُهُ۔ ناخنوں کے اردگرد پھٹنا۔
(- شَأْفًا و شَأَفًا) فُلَانًا و لِفُلَانٍ بغض رکھنا۔
شُئِفَ - خوفزدہ ہونا۔ ڈرایا جانا۔ صفت (مَشْئُوفٌ)۔ شَئِفَتِ الرِّجْلُ۔ آبلہ پڑنا۔
اِسْتَشْأَفَتِ - القَرْحَةُ۔ ناسور کا خراب ہو کر جڑ پکڑنا۔
شَأَفُ - الجُرْحِ۔ زخم کی خرابی۔
الشَّأْفَةُ - جڑ۔ تلوے کا زخم۔ کہتے ہیں اِسْتَأْصَلَ شَأْفَتَهُ۔ اس نے اسے جڑ سے کھو دیا۔ - و بَیْنَهُمْ شَأْفَةٌ ان کے درمیان دشمنی ہے۔ و اِسْتَأْصَلَ اللّٰهُ شَأْفَتَهُمْ۔ اللہ تعالیٰ ان کی عداوت و اذیت کو جڑ سے مٹا ڈالے
شَافَةُ الرَّجُلِ۔ آدمی کے اہل و عیال اور مال۔ رجلٌ شَافَةٌ۔ معزز و بلند مرتبہ شخص
شَأَمَ - (ف) شَأْمًا - القومَ عَلَیْهِمْ۔ نحوست ڈالنا۔ صفت (شَائِمٌ)
شَؤُمَ (ك) شَآمَةً و شُؤْمًا - عَلَیْهِمْ نامبارک و منحوس ہونا۔
شَأَّمَهُمْ - ملک شام کی طرف روانہ کرنا۔
شَاءَمَ مُشَاءَمَةً - بِهٖ - بائیں طرف لینا۔ الرَّجُلُ۔ ملک شام میں آنا۔
اَشْأَمَ - ملک شام میں آنا یا اس کا ارادہ کرنا اکڑ اکڑ کر چلنا۔
تَشَاءَمَ و تَشَأَّمَ - ملک شام کی طرف منسوب ہونا۔ بائیں طرف ہونا۔
تَشَاءَمَ و اِسْتَشْأَمَ - بِهٖ - بدشگونی لینا۔
الشُّؤْمُ - بدشگونی۔ سیاہ اونٹ۔
الشَّامُ و الشَّأْمُ - ملک شام۔
الشَّامِیُّ و شَامِیٌّ و شَآمِیٌّ - ملک شام کا رہنے والا۔
الشَّأْمَةُ و المَشْأَمَةُ - نحوست۔ بے برکتی بایاں پہلو۔
الشِّیْمَةُ و الشِّیْمَةُ - خلق۔ فطرت، عادت۔ ج۔ شِیَمٌ۔
الاَشْأَمُ - اسم تفضیل۔ بدبختی لانے والا۔ ج۔ اَشَائِمُ۔ مؤنث شُؤْمَیٰ۔
المَشْؤُمُ و المَشْئُومُ - نامبارک، نحوست والا۔ ج۔ مَشَائِیمُ۔
شَأَنَ (ف) شَأْنًا - قدر و منزلت والا ہونا۔
شَأَنَ شَأْنَكَ - اس نے تمہارے قصد جیسا قصد کیا۔ مَا شَأَنَ شَأْنَكَ؛ اس نے تمہارے معاملہ کی کچھ پروا نہیں

کی۔ "وَاشْأَنْ شَأْنَکَ"۔ اپنی حالت پر رہو۔
اِشْتَأَنَ۔ شَأْنَکَ۔ کسی کے ارادہ کی طرح ارادہ کرنا۔
الشَّأْنُ۔ ج۔ شُؤُوْنٌ وشِئَانٌ وشِئِیْنُ بڑے بڑے امور واحوال۔ معاملہ۔ حالت۔ مِنْ شَأْنِهٖ کَذَا۔ اَدْاٰتْ یَفْعَلَ کَذَا۔ ایسا کرنا اس کی فطرت وطبیعت سے ہے۔ وَمَا شَأْنُکَ۔ تمھارا کیا حال ہے۔ یا تمھارا کیا کام ہے ج۔ شُؤُنٌ وشُؤُوْنٌ۔ کھوپری کا جوڑ یا درز۔ پہاڑ کی مٹی جس میں درخت اگیں۔ ج۔ شُؤُوْنٌ واَشْؤُنٌ۔ آنسوؤں کی رگ۔ الشُّؤُوْنُ۔ حوائج، ضروریات۔ کَلِّفْنِیْ شُؤُنَکَ۔ اپنی خدمات میرے سپرد کرو۔ شُؤُوْنُ الْخَمْرِ۔ شراب کا رگوں میں اثر۔
شَأَیَ یَشْؤُوْ شَأْوًا واشْتَأَیَ۔ اِشْتِیَاءً۔ القومَ۔ آگے بڑھنا۔ سبقت لے جانا۔ شَأَیَ التُّرَابَ مِنَ الْبِئْرِ۔ کنویں سے مٹی نکالنا۔
شَاءَیَ مُشَاءَاةً۔ القومُ۔ آگے بڑھنا۔ آگے بڑھنے میں مقابلہ کرنا۔
تَشَاءَیَ تَشَائِیًا۔ القومُ۔ ایک دوسرے سے آگے بڑھنا۔ متفرق ہونا۔ تَشَأَیٰ مَا بَیْنَهُمَا۔ ایک دوسرے سے فاصلہ پر ہونا۔
الشَّأْوُ۔ مص۔ مدت غایت۔ فُلَانٌ بَعِیْدُ الشَّأْوِ۔ فلاں بلند ہمت آدمی ہے۔ عَدَا شَأْوًا۔ وہ ایک دوڑ دوڑا۔
الشَّأْوُ۔ اونٹنی کی مہار۔ اونٹنی کی مینگنیاں۔ ٹوکری۔ کنویں کی نکلی ہوئی مٹی۔
المِشْآةُ۔ کنویں کا کیچڑ۔ ٹوکری۔ ج۔ المَشَائِیْ۔

شَبَّ (ض) شَبَابًا وشَبِیْبَةً۔ الغُلَامُ۔ لڑکے کا جوان ہونا۔ مِنْ شَبَّ اِلٰی دَبَّ۔ جوانی سے لے کر بڑھاپے تک۔
شَبَّ (ن ض) شَبِیْبًا وشِبَابًا وشُبُوْبًا۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کی اگلی ٹانگوں کو اٹھانا۔ نشاط میں ہونا۔
شَبَّ (ن) شَبًّا وشُبُوْبًا۔ النَّارَ۔ آگ روشن کرنا۔ شَبَّتِ النَّارُ۔ آگ کا روشن ہونا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کا بلند ہونا۔ بڑھنا۔
شُبَّ۔ الشَّیْءُ۔ زیادہ کیا جانا۔ بلند کیا جانا شُبَّتِ النَّارُ۔ روشن ہونا۔ شُبَّ لَهُ الشَّیْءُ۔ کسی چیز کا اللہ کی طرف سے مقدر کیا جانا۔
شَبَّبَ وتَشَبَّبَ۔ جوانی اور کھیل کود کے ایام کا ذکر کرنا۔ الشَّاعِرُ بِالْفَتَاةِ۔ عورتوں کے محاسن کو بیان کرنا۔
شَبَّبَ۔ قَصِیْدَتَهٗ۔ عورتوں کے ذکر سے قصیدہ کو مزین کرنا۔ مدحیہ قصائد کے شروع میں تشبیب کا رواج تھا، مگر پھر ہر چیز کی ابتدا کو تشبیب کہنے لگے۔
شَبَّبَ الْکِتَابَ۔ کتاب شروع کرنا
اَشَبَّ۔ الغُلَامُ۔ لڑکے کا جوان ہونا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کا جوان اولاد والا ہونا۔
۔۔ اللّٰهُ الغُلَامَ۔ لڑکے کو جوان کرنا
۔۔ الفَرَسَ۔ گھوڑے کو اکسانا۔
الثَّوْرُ۔ بیل کا بوڑھا ہونا۔ صفت۔ (مُشِبٌّ ومُشَبٌّ ومِشَبٌّ و شَبُوْبٌ)
اُشِبَّ۔ لَهٗ کَذَا۔ مقدر کیا جانا۔
اَلشَّبُّ۔ (مع) پھٹکڑی سے مشابہ ایک کانی نمک۔ جوان۔
الشَّبَابُ والشَّبِیْبَةُ۔ مص۔ جوانی۔ سن بلوغ سے تیس برس کی عمر تک کا زمانہ۔ ہر چیز کا اول۔ شَبَابُ النَّهَارِ۔ دن کی ابتدا۔ شَبِیْبَةٌ کی جمع شَبَائِبُ۔ ہے۔
الشَّبُوْبُ۔ خوبصورت بنانے والا۔ آراستہ کرنے والا۔ هٰذَا شَبُوْبٌ لِکَذَا۔ یہ اس کی قوت اور حسن کو بڑھاتا ہے۔
(۔۔ والشِّبَابُ) ایندھن۔
الشَّبَّابَةُ۔ بانسری۔ (مولا)
الشَّابُّ والشَّبُّ۔ جوان۔ ج۔ شَبَابٌ وشُبَّانٌ وشَبَبَةٌ۔ مؤنث شَابَّةٌ وشَبَّةٌ۔ ج۔ شَابَّاتٌ وشَبَّاتٌ وشَوَابٌّ وشَبَائِبُ۔
المِشَبُّ۔ شیر۔ المَشْبُوْبُ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ تیز خاطر شخص۔ نَارٌ مَشْبُوْبَةٌ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔
الشِّبِتُّ۔ سوئے کا ساگ۔
شَبِثَ (س) شَبَثًا وتَشَبَّثَ۔ بِکَذَا۔ چمٹنا۔ متعلق ہونا۔ رجلٌ شُبَثَةٌ۔ اپنے دشمن سے چمٹنے والا۔
الشِّبِثُ۔ ایک سبزی۔ الشَّبَثُ۔ مکڑی۔ بہت ٹانگوں والا ایک کیڑا۔ ج۔ اَشْبَاثٌ وشِبْثَانٌ۔
الشَّبَاثُ والشَّبُوْثُ۔ ج۔ شَبَابِیْثُ۔ مڑے ہوئے سرے والی میخ۔
شَبَحَ (ف) شَبْحًا۔ الشَّیْءَ۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔ الجِلْدَ۔ کھونٹیوں کے درمیان چمڑے کو تاننا۔ الرجلَ۔ گھسیٹنا۔
۔۔ الدَّاعِیْ۔ دعا کے لیے ہاتھ پھیلانا۔ فُلَانٌ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔
شَبُحَ (ك) شَبَاحَةً۔ لمبے چوڑے بازوؤں والا۔
شَبَّحَ۔ بوڑھا ہو کر کمزوری نظر کے باعث ایک چیز کو دو دیکھنا۔ الشَّیْءَ۔ چھیلنا۔ چوڑا کرنا۔
تَشَبَّحَ۔ الحِرْبَاءُ عَلَی الْعُوْدِ۔ گرگٹ کا لکڑی پر دراز ہونا۔

الشَّبَحُ و الشَّبْحُ - شخص. وجود. بلند و بالا دروازہ. ج. شُبُوحٌ و اَشْبَاحٌ - اَشْبَاحُ المَالِ. نظر آنے والا مال. مثلاً اونٹ بکری وغیرہ.

الشَّبْحَۃُ - اسم مرۃ. چھت کی لکڑی. گھوڑے کی ٹانگیں باندھنے کی رسی.

الشَّبْحَانُ - لمبا.

الشِّبْدِعُ والشِّبْدَعُ والشِّبْدِعَۃُ - بچھو. مصیبت. ج. شَبَادِعُ.

شَبَرَ (ن ض) شَبْرًا - الثَّوْبَ. بالشت سے ناپنا - شَبَرَہُ مَالاً. مال دینا.

شَبِرَ (س) شَبَرًا - الرَّجُلُ. اکڑنا. اِترانا.

شَبَّرَ - الشَّیْءَ - اندازہ کرنا - فُلَانًا تعظیم کرنا.

شَرَّقَ۔ مشرق کو روانہ ہونا۔ چمک دار جمیل چہرہ والا ہونا۔ اللَّحْمَ۔ گوشت کے پارچے بنا کر دھوپ میں خشک کرنا۔ الْبِنَاءَ۔ عمارت کو چونے وغیرہ سے لیپنا۔ الشَّيْءَ بِالزَّعْفَرَانِ۔ زعفران میں رنگنا۔
أَشْرَقَتِ۔ الشَّمْسُ۔ سورج کا طلوع کرنا اور چمکنا۔ أَشْرَقَ وَجْهُهُ۔ چہرہ کا چمکدار ہونا۔ الْمَكَانُ۔ سورج کی چمک سے روشن ہونا۔ الرَّجُلُ۔ طلوع آفتاب کے وقت داخل ہونا۔ أَشْرَقَتِ الشَّمْسُ الْمَكَانَ۔ روشن کرنا۔ الثَّوْبَ فِي الصِّبْغِ۔ کپڑے کو گہرا رنگنا۔
أَشْرَقَهُ۔ بِرِيقِهِ۔ اچھو لگانا۔ النَّخْلُ۔ درخت خرما پر کا گدر ہونا۔
تَشَرَّقَ۔ دھوپ میں بیٹھنا۔
أَشْرَقَتِ۔ الْقَوْسُ۔ کمان کا پھٹنا۔
إِشْرَوْرَقَتْ إِشْرِيرَاقًا۔ الْعَيْنُ بِالدَّمْعِ۔ آنکھ کا آنسوؤں سے ڈبڈبانا۔ سرخ ہونا۔
الشَّرْقُ۔ مص۔ سورج۔ سورج کے نکلنے کی جگہ۔ پچھمی۔ ج۔ أَشْرَاقٌ۔
الشَّرْقُ۔ دروازے کی دراڑ سے آنے والی روشنی۔
الشَّرْقُ۔ مص۔ آفتاب۔
الشَّرْقَةُ۔ شَرِقَ کا اسم مرۃ۔ سردی کے موسم میں دھوپ کی بیٹھنے کی جگہ۔

(ب والشَّرْقَةُ) چڑھنے کے وقت کا سورج۔
الشَّرِيقُ۔ طلوع ہونے والا آفتاب۔ خوبصورت لڑکا۔ ج۔ شُرُقٌ۔
التَّشْرِيقُ مص۔ أَيَّامُ التَّشْرِيقِ۔ عید الضحیٰ کے بعد کے تین دن جن میں گوشت خشک کیا جاتا ہے نماز عید۔
الشَّارِقُ۔ نکلتا ہوا سورج۔ سورج کے سوا ستاروں پر بھی اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے۔ پہاڑ وغیرہ کا مشرقی پہلو۔ ج۔ شُرُقٌ۔
الشَّارُوقُ۔ چونے کا پلستر۔ راکھ ملا ہوا چونا۔
الْمَشْرِقُ والْمَشْرَقُ والْمَشْرُقُ۔ سورج کے طلوع ہونے کی جگہ یا سمت۔ ج۔ مَشَارِقُ۔
الْمَشْرِقَةُ والْمَشْرَقَةُ والْمَشْرُقَةُ و الْمِشْرَاقُ والْمِشْرِيقُ۔ موسم سرما میں دھوپ میں بیٹھنے کی جگہ۔ مِشْرِيقُ الْبَابِ۔ دروازہ کی دراڑ جس میں سے طلوع آفتاب کے وقت دھوپ اندر آئے۔
الْمُشَرَّقُ۔ مفع۔ چونے سے پلستر کیا ہوا۔
الشَّرَقْرَقُ والشِّرِقْرَاقُ والشُّرْقُرَاقُ والشِّقِرَّاقُ۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ عوام اس کو شُقْرُقٌ کہتے ہیں۔
شَرِكَتْ (س) شَرَكًا۔ النَّعْلُ۔ جوتے کا تسمہ ٹوٹنا۔
شَرِكَهُ (س) شِرْكًا و شَرِكًا و شَرِكَةً و شِرْكَةً۔ شریک ہونا۔
شَرَّكَ۔ النَّعْلَ۔ جوتے میں تسمہ لگانا۔
أَشْرَكَهُ۔ فِي أَمْرِهِ۔ کسی کو اپنے کام میں شریک کرنا۔ أَشْرَكَ بِاللهِ۔ اللہ کے لیے شریک ٹھہرانا۔ صفت (مُشْرِكٌ و مُشْرِكِيٌّ) اسم شرک۔ النَّعْلَ۔

جوتے میں تسمہ لگانا۔
شَارَکَہٗ وَتَشَارَکَا۔ باہم شریک ہونا۔ ایک دوسرے کا حصہ دار بننا۔
اِشْتَرَکَ۔ الْاَمْرُ۔ کسی امر کا مشتبہ ہونا۔
اِشْتَرَکَ الْقَوْمُ فِی کَذَا۔ باہم شریک ہونا۔
الشِّرْکُ۔ شِرْکٌ و اَشْرَاکٌ کا اسم۔ شریک حصہ۔ ج۔ اَشْرَاکٌ۔
الشِّرْکَۃُ۔ مص۔ شریک کا حصہ۔ دو یا زائد حصوں کا اس طرح مل جانا کہ آپس میں تمیز نہ ہو سکے۔ عقد پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
الشَّرَکُ۔ شکار کرنے کا پھندا۔ جال۔ ج شُرُکٌ و اَشْرَاکٌ۔ سڑک پر جانوروں کے پاؤں کے نشانات۔ واحد (شَرَکَۃٌ)
الشِّرَاکُ۔ پشتِ قدم پر رہنے والا جوتے کا تسمہ۔ گھاس کی ایک پٹی ج اَشْرُکٌ وشُرُکٌ۔
الشُّرُکِیُّ والشُّرُکِیُّ۔ تیز چال ورفتار۔
لَطَمَہٗ لَطْمًا شُرُکِیًّا۔ اس نے لگاتار تیزی سے تھپڑ مارے۔
الشَّرِیْکُ۔ شریک۔ ساجھی۔ ج۔ شُرَکَاءُ و اَشْرَاکٌ۔ مؤنث۔ شَرِیْکَۃٌ۔ ج شَرَائِکُ۔
الْمُشْتَرَکُ۔ مفع۔ وہ چیز جس میں دو یا کئی کی شرکت ہو۔ لَفْظٌ مُشْتَرَکٌ۔ وہ لفظ جس کے معانی کئی ہوں۔ جیسے عین رَجُلٌ مُشْتَرَکٌ۔ اپنے جی میں باتیں کرنے والا۔
شَرَمَ (ض) شَرْمًا۔ اَلشَّیْءَ۔ پھاڑنا۔ - الْاَنْفَ۔ ناک کا بانسہ کاٹنا۔ - الثَّرِیْدَۃَ۔ ثرید کو اطراف سے کھانا۔ - لِفُلَانٍ مِنْ مَالِہٖ۔ کسی کو اپنے مال سے کچھ دینا۔

شَرِمَ (س) شَرَمًا۔ کٹی ہوئی ناک والا ہونا۔ صفت (اَشْرَمُ) مؤنث شَرْمَاءُ ج۔ شُرْمٌ۔
شَرْمَلَہٗ۔ پھاڑنا۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
تَشَرَّمَ و اِنْشَرَمَ۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَشَرَّمَ الصَّیْدُ۔ شکار کا زخمی ہوکر بھاگ جانا۔
الشَّارِمُ۔ فا۔ نشانہ کے پہلو کو چھیدنے والا تیر۔
الشَّرْمُ۔ مص۔ کھاڑی۔ سمندر کا گہرا حصہ۔ ایک قسم کا درخت۔ ج۔ شُرُوْمٌ۔
شَرِنَ (ن) شَرْنًا۔ الصَّخْرُ۔ چٹان کا پھٹنا۔
الشَّرْنُ۔ شگاف۔
الشَّرَنْبَثُ والشَّرَنْبَلُ۔ سخت موٹے ہاتھوں والا۔
شَرْنَفَ۔ الزَّرْعَ۔ کھیت کے بڑھے ہوئے پتوں کو چھانٹنا۔
شَرْنَقَ۔ الشَّیْءَ۔ کاٹنا۔ الشَّرَانِقُ۔ سانپ کی اتاری ہوئی کینچلی۔ ریشم کے کیڑے کا کویا۔ واحد (شَرْنَقَۃٌ) ان کو فیالج بھی کہتے ہیں۔ واحد (فَیْلَجَۃٌ)
شَرِہَ (س) شَرَھًا وشَرَاھَۃً۔ اِلَی الطَّعَامِ وَعَلَیْہِ۔ بہت حریص ہونا۔ صفت (شَرِہٌ وشَرْھَانٌ)
الشَّرْھَاءُ۔ مِنَ السِّنِیْنَ۔ خشک سال۔
الشَّرْوُ والشَّرْیُ۔ شہد۔
شَرَی یَشْرِیْ شَرَاءً وشِرًی۔ الشَّیْءَ۔ خریدنا۔ بیچنا۔ اللَّحْمَ اَوِالثَّوْبَ وَنَحْوَھُمَا۔ گوشت یا کپڑے کو سکھانے کے لیے دھوپ میں رکھنا۔ بِنَفْسِہٖ عَنْ قَوْمِہٖ۔ پیش قدمی کرکے قوم کی طرف سے لڑنا۔ بادشاہ کے پاس قوم کی نمائندگی کرنا۔ ۔ جھٹلانا کرنا۔ [illegible]

کی بیماری میں مبتلا کرنا۔
شَرِیَ یَشْرَی شَرًی۔ البرقُ۔ بجلی کا چمکنا۔ زِمَامُ الدَّابَّۃِ۔ لگام کا بہت ہلنا۔ الرَّجُلُ۔ غضب ناک ہونا۔ اصرار کرنا۔ الجِلْدُ۔ جلد پر پتی اچھلنا۔ صفت (شَرٍ)۔ الشَّرُّ بَیْنَھُمْ۔ برائی پھیلنا ۔ الفَرَسُ فِی سَیْرِہٖ۔ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ الفَرَسُ فِی لِجَامِہٖ والبَعِیْرُ فِی زِمَامِہٖ۔ کھینچنا۔
اَشْرَی۔ الزِّمَامَ۔ ہلانا۔ الشَّیْءَ۔ جھکانا ۔ الحَوْضَ۔ حوض بھرنا۔ البَرْقُ۔ بجلی کا چمکنا اور تیز کوندنا۔ بَیْنَھُمْ لوگوں کے درمیان اختلاف ڈالنا۔ ان کو ورغلانا۔ القَوْمَ۔ اطاعت سے باہر ہوکر خارجی جیسا ہونا۔
شَرَّی۔ اللَّحْمَ اَوِ الثَّوْبَ وَنَحْوَھُمَا۔ گوشت یا کپڑے وغیرہ کو سکھانے کے لیے دھوپ میں رکھنا۔
شَارَی مُشَارَاۃً وشِرَاءً۔ الرَّجُلَ۔ خرید وفروخت کرنا۔ جھگڑا کرنا
اِشْتَرَی۔ الشَّیْءَ۔ خریدنا۔ بیچنا۔
تَشَارَی۔ تَشَارِیًا۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک دوسرے پر غضب ناک ہونا۔ ایک دوسرے سے بغض رکھنا۔
تَشَرَّی۔ تَشَرِّیًا۔ متفرق ہونا۔ خوارج میں سے ہونا۔
اِسْتَشْرَی اِسْتِشْرَاءً۔ الفَرَسُ فِی سَیْرِہٖ گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ الرَّجُلُ فِی الْاَمْرِ۔ کسی امر میں اصرار کرنا۔
اِسْتَشْرَتِ الْاُمُوْرُ۔ کاموں میں کمزوری اور مشکل ہونا۔ الرَّجُلُ۔ غضبناک ہونا۔
اِشْرَوْرَی اِشْرِیْرَاءً۔ گھبرانا۔ مضطرب ہونا۔ الشَّرْوَی۔ اندازہ۔ لِفُلَانٍ اَرْیٌ وَشَرْیٌ۔ فلاں میٹھا بھی ہے، اور

کڑوا بھی ہے۔ درخت خرما جو بیج سے
اگا ہو۔ واحد (شَرِیَّۃٌ)
الشِّرَاءُ۔ ج۔ اَشْرِیَۃٌ۔ و (الشِّریٰ)
خرید وفروخت۔
الشَّرَاءُ۔ جانب۔ طرف۔
الشَّرَیٰ۔ پتی اچھلنے کی بیماری۔ پہاڑ
راستہ۔ طرف۔ جانب۔ ج۔ اَشْرَاءٌ
دَخَلُوْا اَشْرَاءَ الْحَرَمِ۔ وہ اطراف
حرم میں آئے (۔ والشَّرَاۃُ) مال کا
عمدہ یا ردی حصہ۔
الشَّرِیُّ۔ مِنَ الْخَیْلِ۔ اچھا بہت تیز
رفتار گھوڑا۔
الشَّرِیَّۃُ۔ مونث الشَّرِیُّ۔ طریقہ، طبیعت
الشَّرْوٰی۔ مثل۔ ایک جیسا۔ مشابہ۔
(واحد تثنیہ جمع مذکر مونث سب کے
لیے یکساں مستعمل ہے)، کہتے ہیں۔
"اِنَّہٗ لَا یَمْلِکُ شَرْوَی نَقِیْرٍ"
یعنی وہ نقیر کے برابر بھی کسی چیز کا مالک
نہیں۔ یہ کم مائیگی کے لیے ضرب المثل
ہے۔ نقیر وہ گڑھا جو کھجور کی گٹھلی
میں ہوتا ہے۔
الشَّرْیَانُ۔ وہ درخت جس سے کمانیں
بناتے ہیں۔ وہ اچھلنے والی رگ جس میں
سرخ خون دوران کرتا ہے۔
الشِّرْیَانَاتُ۔ بدن کی باریک باریک رگیں۔
الشَّارِی۔ فا۔ ج۔ شُرَاۃٌ۔ خریدنے والا
گاہک۔ خارجی۔
المُشْتَرِیْ۔ ایک سیارہ کا نام۔ خریدنے
والا۔ ایک قسم کا پرندہ۔
شَرْیَفَ۔ الزَّرْعَ۔ کھیتی کے بڑھے ہوئے
ضرر رساں پتے چھانٹنا۔
شَزَّ (ض) شَزَازَۃً۔ بہت خشک ہونا۔
صفت (شَزٌّ و شَزِیْزٌ)
شَزَبَ (ن) وشَزُبَ (ک) شَزْبًا و
شُزُوْبًا۔ کھردرا ہونا۔ یا لاغر اور
خشک ہونا۔ صفت (شَازِبٌ)
کہتے ہیں: رَجُلٌ شَاحِبٌ شَازِبٌ:
رنگ بدلا ہوا خشک دبلا آدمی۔ ج۔
شُزَّبٌ و شَوَازِبُ۔
شَزَّبَ۔ الفَرَسَ۔ گھوڑے کو لاغر کرنا۔
تَشَازَبَ۔ القَوْمُ عَلَی الْمَاءِ وَغَیْرِہٖ۔ ہر
ایک کا اپنے حصے کے لیے انتظار کرنا۔
الشَّزْبَۃُ۔ اسم مرۃ۔ کمان جو نہ نئی ہو نہ
پرانی۔ دبلی گدھی۔
الشُّزْبَۃُ۔ زحمت۔
الشَّزِیْبُ۔ ان گھڑ لکڑی۔ وہ کمان جو نہ
نئی ہو نہ پرانی۔ ج۔ شُزُوْبٌ۔
الشَّوْزَبُ۔ علامت۔ نشان۔
شَزَرَ (ض) شَزْرًا۔ الرَّجُلَ وَ اِلَیْہِ۔
غصہ میں ترچھی نظر سے دیکھنا۔
فُلَانًا۔ دائیں بائیں سے نیزہ مارنا
نظر بد لگانا۔
شَزَرَ (ن ض) شَزْرًا و اسْتَشْزَرَ۔
۔ الحَبْلَ۔ رسی بٹنا۔ اِسْتَشْزَرَ
الحَبْلُ۔ رسی کا بٹ جانا۔
اِسْتَشْزَرَ الشَّیْءَ۔ بلند کرنا یا ہونا۔
اَشْزَرَہُ۔ اللّٰہُ۔ ایسی مصیبت میں ڈالنا
کہ اس سے خلاصی کی راہ نہ مل سکے۔
تَشَزَّرَ۔ غضب ناک ہونا۔ لِلْقِتَالِ۔
آمادۂ پیکار ہونا۔
شَازَرَہٗ مُشَازَرَۃً۔ دشمنی کرنا۔
تَشَازَرَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کی
طرف غصہ سے دیکھنا۔
الشَّزْرُ۔ مص سختی۔ دشواری۔ دھاگا
جو ایک جیسا نہ ہو۔
الشَّزَرُ و الشُّزْرَۃُ۔ آنکھ کی سرخی۔
الاَشْزَرُ۔ سرخ ـــ عَیْنٌ
شَزْرَاءُ۔ غصہ کی وجہ سے سرخ
آنکھ۔
شَزِنَ (س) شَزَنًا۔ الرَّجُلُ۔ چست ہونا۔
تَشَزَّنَ۔ الشَّیْءُ۔ سخت ہونا۔ دشوار ہونا۔
لَہٗ فِی الْخُصُوْمَۃِ۔ جھگڑے میں
درشتی سے پیش آنا۔ لِلسَّفَرِ۔
سفر کے لیے تیاری کرنا۔ (۔ تَشْزِنًا
وتَشْزِیْنًا) الرَّجُلَ۔ پچھاڑنا۔
الشَّاۃَ۔ بکری کو ذبح کرنے کے لیے
لٹانا۔
الشَّزْنُ۔ چوسر کھیلنے کا مہرہ۔
الشَّزْنُ و الشُّزُنُ۔ سختی۔ طرف۔ جانب
دوری۔ زمین کی سختی۔ مِنَ الْعَیْشِ۔
زندگی کی تنگی وسختی۔ الشُّزُنُ۔ چوسر
کا مہرہ۔
الشُّزُوْنَۃُ۔ سختی۔
شَزَا یَشْزُوْ شَزْوًا۔ بلند ہونا۔
شَسَّ (ض) شُسُوْسًا۔ خشک ہونا۔
الشَّاسُّ۔ لاغر، کمزور۔
الشَّسُّ۔ پتھر کے مانند سخت زمین۔ ج۔
شِسَاسٌ وشُسُوْسٌ وشَسِیْسٌ۔
شَسِبَ (س) وشَسُبَ (ک) شَسْبًا و
شُسُوْبًا۔ خشک اور دبلا ہونا۔ صفت
شَاسِبٌ۔ ج۔ شُسُبٌ۔
الشِّسْبُ و الشَّسِیْبُ۔ مِنَ القِسِیِّ۔
پتلی لکڑی والی کمان۔
الشَّسُوْبُ۔ مِنَ النُّوْقِ۔ وہ اونٹنی
جس کا بچہ جاڑے میں مرگیا ہو اور پھر
وہ دودھ نہ دے۔
شَسَعَ (ف) شَسْعًا و شُسُوْعًا ۔
المَنْزِلُ۔ دور ہونا۔ صفت (شَسُوْعٌ۔
ج۔ شُسُعٌ و شَاسِعٌ) (شَسَّعًا
وشَسَّعَ و اَشْسَعَ) ۔ النَّعْلَ۔
جوتے کے لیے تسمہ بنانا۔ و اَشْسَعَ
الشَّیْءَ۔ دور کرنا۔
شَسِعَ (س) شَسَعًا۔ النَّعْلُ۔ جوتے کا
تسمہ ٹوٹنا۔ بِہٖ۔ دور کرنا۔
الشِّسْعُ۔ جوتی کا تسمہ۔ کہتے ہیں " اَدْنیٰ

مِنَ الشِّسْعِ: وہ جوتی کے تسمہ سے بھی
زیادہ قریب ہے. تنگ زمین. کسی جگہ
کا کنارہ۔ تھوڑا یا بہت مال (ضد)
"هُوَ شِسْعُ مَالٍ": وہ مال کا اچھا
منتظم ہے۔ ج۔ الشُّسُوعُ.

شَسَفَ (ن) وشَسُفَ (ك) شُسُوفًا و
شَسَافَةً وشَسَافَةً۔ دبلا سوکھا
ہونا۔ صفت (شَاسِفٌ وشَسِيفٌ)
الشِّسْفُ۔ خشک روئی۔ الشَّسَفُ۔ کچی
کھجور پیر کر خشک کی ہوئی
الشَّسِيفُ۔ وہ شخص جس کا گوشت لاغری سے
خشک ہونے لگا ہو۔

شَصَّتْ (س ض) شُصُوصًا وشِصَاصًا۔
النَّاقَةُ: اونٹنی کا بہت کم دودھ
والی ہونا۔ المَعِيشَةُ۔ تنگ گذران
ہونا۔ الرَّجُلُ۔ دور ہونا۔ "مَا
أَدْرِي أَيْنَ شَصَّ": مجھے معلوم نہیں
وہ کہاں گیا۔

شَصَّهُ (ن) شَصًّا والشَّصَّا۔ عَنْ
كَذَا۔ منع کرنا۔ دور کرنا۔ أَشَصَّ
الرجل۔ دور چلا جانا۔ أَشَصَّتِ
النَّاقَةُ: اونٹنی کا تھوڑے دودھ
والی ہونا۔

الشِّصُّ۔ مشاق چور۔ ج۔ شُصُوصٌ
د۔ والشَّصُّ، مچھلی پکڑنے کا کانٹا۔
ج۔ شُصُوصٌ۔

الشَّصُوصُ۔ مِنَ النُّوقِ أَوِ الشِّيَاهِ۔ تھوڑے
دودھ والی اونٹنی یا بکری۔ ج۔
شُصُصٌ وشَصَائِصُ وشِصَاصٌ۔
سَنَةٌ شُصُوصٌ۔ خشک سال۔ "نَقَّى
اللهُ عَنْكَ الشَّصَائِصَ": اللہ تعالیٰ
سختیوں کو تم پر سے ٹالے

شَصَبَ (ن) شُصُوبًا وشَصِبَ (س):
شَصَبًا۔ العَيْشُ۔ گذران کا تکلیف دہ
ہونا۔ سَنَةٌ شَاصِبٌ۔ الأَمْرُ۔
معاملہ کا سخت ہونا۔ المَكَانُ۔ کسی
جگہ کا قحط زدہ ہونا۔

شَصَبَ (ن) شَصْبًا۔ الشَّاةَ۔ بکری کا
چمڑا اتارنا۔ أَشْصَبَ اللهُ عَيْشَهُ۔
زندگی کو تکلیف دہ بنانا۔

الشَّصْبُ والشَّصَبُ۔ خشکی۔
الشِّصْبُ۔ سختی۔ خشک سالی۔ حصہ۔ ج
أَشْصَابٌ۔ الشَّصُوبُ۔ کھال کھینچی
ہوئی بکری۔ عَيْشٌ شَصِبٌ۔ پُر
تکالیف زندگی۔

الشَّصِيبُ۔ حصہ۔ مسافر۔
الشَّصِيبَةُ۔ سختی۔ خشک سالی۔ کنویں کی
گہرائی۔ ج۔ شَصَائِبُ۔ الشَّصَائِبُ۔
پالان کی لکڑیاں۔

الشَّصَّابُ۔ قصاب۔ قصائی۔

شَصَرَ (ن) شَصْرًا۔ الثَّوْبَ۔ سلائی میں
دور دور ٹانکے لگانا۔ فُلَانًا بِالرُّمْحِ
نیزہ مارنا۔ ۔ الثَّوْرُ۔ بیل کا کسی
کے سینگ مارنا۔

الشَّصَرُ۔ مضبوط اور قابل حرکت ہرنی کا
بچہ۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ ج۔ أَشْصَارٌ۔
الشَّاصِرُ۔ ما۔ الشَّاصِرُ مِنَ الظِّبَاءِ۔ مضبوط
اور حرکت کرنے کے قابل ہرن کا
چھوٹا بچہ۔ مؤنث۔ شَاصِرَةٌ۔ ج
شَوَاصِرُ۔

شَصَا يَشْصُو شُصُوًّا وشَصِيَ يَشْصَى
شُصِيًّا۔ البَصَرُ۔ نگاہ کا پتھرانا۔
۔ السَّحَابُ۔ بادل کا بلند ہونا۔
القِرْبَةُ۔ مشک کا پانی سے خوب
بھر کر تن جانا۔ المَيِّتُ۔ میت کے
ہاتھ پیروں کا اکڑ جانا

شَصَّى۔ بِصَرَهُ۔ نگاہ باندھنا۔ الشَّصْوُ۔
شدت۔ سختی۔ سواکہ

شَطَّ (ض ن) شَطًّا وشُطُوطًا۔ دور
ہونا۔ فُلَانًا۔ دور کرنا۔ ظلم کرنا۔

شَطَّ (ض) شَطَطًا۔ زیادتی کرنا۔ حق سے
دور ہونا۔ عَلَيْهِ فِي قَوْلِهِ وحُكْمِهِ۔
ظلم کرنا۔ فِي سِلْعَتِهِ۔ مقررہ انداز
سے آگے بڑھنا اور بیش قیمت کرنا۔

أَشَطَّ إِشْطَاطًا واشْتَطَّ اِشْتِطَاطًا۔
زیادتی کرنا اور حد سے آگے قدم رکھنا
حق سے دور ہونا۔ عَلَيْهِ۔ ظلم کرنا۔
شَطَّطَ۔ زیادتی میں مبالغہ کرنا۔
تَشَاطَّهُ۔ حد سے تجاوز کرنے میں مقابلہ کرنا۔

الشَّطُّ۔ مص۔ دریا کا کنارہ یا سمندر کا ساحل
ج۔ شُطُوطٌ وشُطَّانٌ۔ کوہان کا پہلو
ج۔ شُطُوطٌ۔

الشَّطَّةُ والشَّطَاطَةُ والشَّطَاطُ و
الشِّطَاطُ۔ دوری۔ الشَّطَاطُ و
الشِّطَاطُ۔ خوش قامتی اور اعضاء
کا تناسب۔

الشَّطَّةُ۔ اسم مرۃ۔ جَارِيَةٌ شَطَّةٌ
خوش قامت متناسب الاعضاء لونڈی۔

الشَّاطُّ۔ ما۔ رَجُلٌ شَاطٌّ۔ سڈول بدن
کا آدمی۔ مؤنث۔ شَاطَّةٌ۔

شَطَأَ (ف) شَطْأً وشُطُوءًا۔ کنارہ یا
ساحل پر چلنا۔ الدَّابَّةَ بِالحِمْلِ
جانور پر بوجھ لادنا۔ فُلَانًا۔ مغلوب
کرنا۔ الأُمُّ بِالوَلَدِ۔ بچہ گرانا۔ ادا۔
وأَشْطَأَ، الزَّرْعُ۔ کھیتی میں بالی
آنا۔ خوشہ نکلنا۔

أَشْطَأَ الشَّجَرُ بِغُصُونِهِ۔ درخت کا ٹہنی
نکالنا۔

أَشْطَأَ الرَّجُلُ۔ کسی کا زکام والا ہونا۔
أَشْطَأَ الوَادِي۔ وادی کا دونوں
کناروں پر بہنا۔ شَطَّأَ تَشْطِيئًا۔
النَّهْرُ۔ دریا کا دونوں کناروں پر بہنا۔
شَاطَأَهُ۔ ایک دوسرے کے ساتھ دریا
کے کنارہ پر چلنا۔

الشَّطْءُ۔ کنارہ۔ ج۔ شُطُوءٌ وشُطْآنٌ۔

کھیتی کے پتے۔ درخت خرما کے پودے
۔ مِنَ الشَّجَرِ۔ درخت کے گرداگرد
سے نکلنے والی شاخیں۔ ج۔ اَشْطَاءٌ
الشَّاطِئُ۔ فا۔ مِنَ النَّهَرِ۔ دریا کا کنارہ
سمندر کا ساحل۔ ج۔ شَوَاطِئُ و
شُطْآنٌ۔
شَطَبَ (ن) شَطْبًا۔ الشَّيْءَ۔ کاٹنا یا
لمبائی میں پھاڑنا۔ ہٗ و شَطَبَ
فَوْقَهٗ۔ لکیر کھینچنا۔ الرَّجُلُ۔
دور ہونا۔ عَنْهُ۔ اعراض کرنا۔ ہٹنا
۔ الرُّمْحُ عَنْ مَقْتَلِهٖ۔ نیزہ کا
خطا کرنا۔
شَطَّبَهٗ۔ جسم میں عمل تشریح کرنا۔
تَشَطَّبَ۔ کٹنا یا چرنا۔ (اِنْشَطَبَ)
۔ الماءُ و نحوهٗ۔ پانی وغیرہ کا بہنا۔
الشَّطْبُ۔ مم۔ لمبا۔ خوب صورت قد و
قامت کا آدمی۔ درخت خرما کی نازک
اور سبز شاخ۔ ج۔ شُطُوبٌ۔
الشَّطْبَةُ۔ مِنَ النَّخْلِ۔ کھجور کی سبز
شاخ۔ تلوار۔ ج۔ شُطَبٌ۔ غلط
عبارت پر کھینچی ہوئی لکیر۔ د۔ و
(الشِّطْبَةُ)۔ لمبی خوبصورت لڑکی
اچھے گوشت والا گھوڑا۔
الشُّطْبَةُ و الشُّطَبَةُ و الشِّطْبَةُ۔ وہ
خط جو تلوار کی دھار پر ہو۔ ج۔ شُطَبٌ۔
الشَّطِيبَةُ۔ اونٹ کی کوہان کا لمبائی میں
کٹا ہوا ٹکڑا۔ ج۔ شَطَائِبُ۔
الشَّطَائِبُ۔ مختلف گروہ۔ شدائد مصائب
رَجُلٌ مُشَطَّبٌ۔ وہ شخص جس
کے چہرہ پر تلوار وغیرہ کے زخم کا
نشان ہو۔
شَطَرَ (ن) شَطْرًا۔ الشَّيْءَ۔ چیز کو دو
برابر حصوں میں کرنا۔ بَيْتَ الشِّعْرِ۔
شعر کا نصف حذف کرنا۔ النَّاقَةَ
اَوِ الشَّاةَ۔ اونٹنی یا بکری کا نصف
تھن دوہنا۔ شَطَرَ شَطْرَ فُلَانٍ۔
اس نے اس کی جانب قصد کیا۔
شَطَرَتْ (ن) شُطُورًا۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی
کے تھن کے ایک حصہ کا لمبا ہونا۔
شَطَرَ بَصَرُهٗ۔ ترچھا یا بھینگا دیکھنا۔
۔ الدَّارُ۔ دور ہونا۔ (ن) شَطَارَةً
چالاک اور خبیث ہونا۔ (ن) شُطُورًا و
شُطُورَةً و شَطَارَةً۔ عَنْهُمْ۔
جدا ہونا۔ دور ہونا۔ عَلٰى اَهْلِهٖ۔
شرارت سے برخلاف چلنا۔ اِلَيْهِمْ
متوجہ ہونا۔
شَطُرَ (ک) شَطَارَةً۔ شوخ و بیباک
ہونا۔ چالاک و خبیث ہونا۔ (د۔
شُطُورَةً)۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کے
ایک پستان کا دوسرے سے لمبا ہونا یا
ایک تھن کا سوکھ جانا۔
شَطَّرَ۔ الشَّيْءَ۔ چیز کے دو حصے کرنا۔
دو حصوں میں تقسیم کرنا۔ الشِّعْرَ۔
شعر کے ہر مصرعہ پر دوسرا مصرعہ بڑھانا۔
۔ النَّاقَةَ بِالنَّاقَةِ۔ اونٹنی کے نصف
تھن کو دوہنا اور دوسرے کو چھوڑ دینا۔
شَاطَرَهٗ۔ مَالَهٗ۔ مال کو آدھا آدھا
تقسیم کر لینا۔ فُلَانًا۔ کسی کے گھر
کے پاس گھر رکھنا۔
الشَّطْرُ۔ جز۔ نصف۔ دوری۔ کنارہ۔
طرف "وَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ
الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ" اپنا چہرہ مسجد
حرام کی طرف پھیرو۔ ج۔ اَشْطُرٌ و
شُطُورٌ۔ کہتے ہیں "حَلَبَ
اَشْطُرَ الدَّهْرِ" یعنی اس نے
زمانہ کو خوب آزمایا اور اس کی اچھائی
برائی سے واقف ہوا۔ "هٰذَا اَجْلَبُ
لَكَ شَطْرَةً" یہ ایسا کام ہے
جس میں فریقین کے لیے نفع ہے۔
الشِّطْرَةُ۔ نوع۔ اَوْلَادُ فُلَانٍ شِطْرَةٌ۔
فلاں کی اولاد میں آدھے لڑکے ہیں اور
آدھی لڑکیاں۔
الشَّطْرَانُ۔ آدھا بھرا ہوا۔ مؤنث۔
شَطْرٰى۔
الشَّاطِرُ۔ فا۔ ہوشیار۔ چالاک۔ فریبی۔
مکار۔ شریر۔ ج۔ شُطَّارٌ۔
الشَّطُورُ۔ مِنَ النِّعَاجِ اَوِ النُّوقِ۔ ایک
تھن دوسرے سے لمبا یا ایک تھن
خشک رکھنے والی بھیڑ یا اونٹنی۔ ثوبٌ
شَطُورٌ۔ وہ کپڑا جس کی ایک جانب
دوسری سے لمبی ہو۔ دَارٌ شَطُورٌ۔
وہ مکان جو دوسرے مکانوں سے
جدا ہو۔
الشَّطِيرُ۔ دور۔ اکیلا مسافر۔ اجنبی۔ ج۔
شُطَرَاءُ و شُطُرٌ۔ نصف کہتے ہیں
"هٰذَا شَطْرُهٗ و شَطِيرُهٗ" یہ اس کا
آدھا ہے۔ جیسے کہ "هٰذَا نِصْفُهٗ
و نَصِيفُهٗ"۔
الشِّطْرَنْجُ۔ ایک مشہور کھیل ہے (فارسی سے
معرب ہے) ج۔ شِطْرَنْجَاتٌ۔
شَطَسَ (ن) شُطُوسًا۔ فِي الْاَرْضِ۔ سفر کرنا
الشَّطْسُ۔ مم۔ چالاکی۔ دانائی۔ عقلمندی۔
الشُّطْسُ و الشُّطْسَةُ۔ مخالفت۔ عناد۔
دشمنی۔
الشَّطُوسُ۔ ہر طرف جانے والا۔ حکم کے
مخالف چلنے والا۔
شَطِعَ (س) شَطْعًا۔ الرَّجُلُ۔ بیماری وغیرہ
کی وجہ سے گھبرانا۔
شَطَفَ (ن) شَطْفًا۔ الرَّجُلُ۔ چلے جانا
دور ہونا۔ عَنِ الشَّيْءِ۔ ہٹنا۔ ایک
طرف ہونا۔ الثَّوْبَ وغیرہٗ۔ کپڑا
وغیرہ دھونا۔ سَهْمٌ شَاطِفٌ۔
نشانہ کو خطا کرنے والا تیر۔ نِيَّةٌ
شَطُوفٌ۔ ارادہ دور و بے پایاں۔
الشُّطْفَةُ۔ مِنَ الشَّيْءِ۔ ٹکڑا۔ ج۔ شُطَفٌ۔

شَطَنَهٗ (ن) شَطْنًا۔ مخالفت کرنا۔ دور کرنا۔ رسی سے باندھنا۔
شَطَن۔ فِی الْاَرْضِ۔ ملک میں داخل ہونا۔
(۔ شُطُوْنًا) الدَّارُ۔ گھر کا دور ہونا۔
۔ الوَجُلُ۔ حق وغیرہ سے دور ہونا۔
اَشْطَنَهٗ۔ دور کرنا۔
شَیْطَنَ۔ شَیْطَنَةً و تَشَیْطَنَ۔ شیطانی کام کرنا۔
الشَّاطِنُ۔ فا۔ شریر خبیث۔ حق سے منحرف۔
الشَّطَنُ۔ رسی۔ ج۔ اَشْطَانٌ۔ بِئْرٌ شَطُوْنٌ۔ گہرا کنواں۔ حَرْبٌ شَطُوْنٌ بہت سخت جنگ۔
الشَّطِیْنُ۔ دُور۔
الشَّیْطَانُ۔ ج۔ شَیَاطِیْنُ۔ بُری روح۔ ہر سرکش نافرمان، خواہ انسان ہو یا جن یا جانور شَیَاطِیْنُ الْعَرَبِ۔ عرب کے نافرمان وسرکش لوگ۔ سانپ۔ شَیْطَانُ الْفَلَاةِ۔ پیاس۔ مخا کا الشَّیْطَان ترمرے۔ سراب۔ رَکِبَهٗ شَیْطَانُهٗ شیطان اس پر سوار ہوا یعنی وہ غضبناک ہوا۔ شَیَاطِیْنُ الرَّاسِ۔ غصے کا جوش۔
شَطِیَ (س) شَطًا۔ بمعنی شَوِیَ۔
شَطّٰی۔ تَشْطِیَةً۔ الشَّاةَ۔ بکری کی کھال اتار کر اس کے گوشت کو جدا کرنا۔
اِنْشَطٰی۔ الشَّیْءُ۔ شاخدار ہونا۔ متفرق ہونا جدا جدا ہونا۔
شَظَّهٗ (ن) شَظًّا۔ الامرُ۔ کسی معاملہ کا شاق ہونا۔ (۔ وشَظَّظَ و اَشَظَّ) القومَ منتشر کر دینا۔ دھتکار دینا۔
شَظَّ و اَشَظَّ۔ الجَوَالِقَ۔ بورے کے کڑے میں لکڑی باندھنا۔
الشَّظُّ۔ مص۔ باقی ماندہ دن۔ ج۔ اَشْظَاظٌ
الشِّظَاظُ۔ ٹیڑھے سرے کی لکڑی جو بورے کے گوشوں میں لگائی جاتی ہے۔ ج۔ اَشِظَّةٌ۔
الشَّظِیْظُ۔ بندھا ہوا بورا۔ چری ہوئی لکڑی۔ ج۔ اَشْظَاظٌ۔ طَارُوْا اَشْظَاظًا اَوْ شَظَاظًا۔ وہ ہر طرف بکھر گئے۔
شَظِفَ (س) شَظَفًا۔ العَیْشُ۔ تنگ گذران ہونا۔ الوَجُلُ۔ کسی کی زندگی کا تنگ ہونا۔ سختی کی زندگی گذارنا۔ صفت (شَظِفٌ)۔ العَیْشُ۔
شَظِفَتِ الیَدُ۔ ہاتھ کا کھردرا ہونا۔ السَّهْمُ۔ تیر کا کھال اور گوشت کے درمیان گھسنا۔ وشَظُفَ (ک) شَظَافَةً۔ الشَّجَرُ۔ درخت کا خشک ہونا۔ مرجھانا۔ صفت (شَظِیْفٌ)
شَظَفَهٗ (ن) شَظْفًا عَنْ کَذَا۔ منع کرنا۔ روکنا۔
الشَّظْفُ۔ مص۔ ج۔ شِظَافٌ۔ و (۔ الشَّظَافُ) تنگی۔ سختی۔
الشِّظَافُ۔ دُوری۔ الشَّظْفُ۔ مص۔ لاٹھی کی پھٹن۔
الشِّظْفُ۔ خشک روٹی۔ لکڑی کی کھونٹی۔ ج۔ شِظْفَةٌ۔
الشَّظِفُ۔ بدخلق۔ سخت جنگجو۔ عودٌ شَظِیْفٌ۔ ٹوٹی ہوئی لکڑی۔ اَرْضٌ شَظِفَةٌ۔ سخت اور خشک زمین۔
المِشْظَفُ۔ بے ارادہ بولنے والا۔
شَظِیَ یَشْظٰی شَظًی۔ پھٹنا۔ القومُ۔ متفرق ہونا۔
شَظَی یَشْظِیْ شَظْیًا۔ السِّقَاءُ۔ پانی بھر کر تن جانا۔ المَیِّتُ۔ میت کے ہاتھ پیروں کا اٹھنا۔
شَظّٰی تَشْظِیَةً۔ القومَ۔ قوم کو پراگندہ کرنا۔ متفرق کرنا۔ الفرسَ۔ گھٹنے کی باریک ہڈی کو پھاڑنا۔
اَشْظٰی۔ گھٹنے کی باریک ہڈی پھاڑنا۔
تَشَظّٰی۔ پھٹنا۔ متفرق ہونا۔ العُوْدُ۔ لکڑی کے ٹکڑے اڑنا۔
اِنْشَظٰی۔ مص۔ گھٹنے یا کلائی کی پتلی اور چھوٹی ہڈی یا ان کے چھوٹے پٹھے۔ قوم کے پیرو۔ قوم میں اجنبی لوگ۔
الشَّظِیَّةُ۔ کان۔ پنڈلی کی ہڈی۔ لکڑی یا ہڈی وغیرہ کا ٹکڑا۔ ج۔ شَظَایَا و شَظِیٌّ۔
شَعَّ۔ (ض) شَعًّا و شَعَاعًا۔ المَاءُ۔ پانی کا پھیلنا۔ (۔ شَعًّا و شَعِیْعًا) تیزی کرنا۔ جلدی کرنا۔
شَعَّ (ن) شَعًّا و شَعَاعًا۔ المَاءَ۔ پانی بکھیرنا۔ شَعَّ الغَارَةَ عَلَیْهِمْ۔ لوٹ ڈالنا۔
اَشَعَّ۔ اِشْعَاعًا۔ المَاءَ ونحوَهٗ۔ پانی وغیرہ بکھیرنا۔ الشَّمْسُ۔ سورج کا اپنی کرنیں پھیلانا۔ الزَّرْعُ۔ کھیتی کا خوشہ نکالنا۔ السُّنْبُلُ۔ بالی کا دانوں سے پُر ہونا۔
اِنْشَعَّ۔ الذِّئْبُ فِی الغَنَمِ۔ بھیڑیے کا بکریوں میں تباہی مچانا۔
الشُّعُّ۔ مکڑی کا جالا۔ شُعُّ الشَّمْسِ۔ سورج کی کرن۔
الشُّعَاعُ۔ سورج کی کرن۔ ج۔ اَشِعَّةٌ و شُعُعٌ و شِعَاعٌ۔
الشَّعَاعُ۔ مص۔ خون وغیرہ کا بکھرنا۔ ہلکا سایہ۔ مِنَ اللَّبَنِ۔ زیادہ پانی ملا ہوا دودھ۔ ہر بکھری ہوئی چیز۔ کہتے ہیں "ذَهَبُوْا شَعَاعًا" وہ بکھر گئے۔ طَارَ قَلْبُهٗ شَعَاعًا۔ اس کا دل غموں سے پراگندہ ہو گیا۔
شُعَاعُ۔ السُّنبل و شَعَاعَهٗ و شِعَاعَهٗ و شَعَّهٗ۔ خوشہ کا خار۔
الشَّعُّ و الشَّعِیْعُ۔ جلدی۔ والشَّعُّ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ متفرق۔
شَعَبَ (ف) شَعْبًا۔ الشَّیْءَ۔ جمع کرنا۔ متفرق کرنا۔ درست کرنا۔ بگاڑنا (ضد)

پھاڑنا۔ الشیءُ۔ ظاہر ہونا۔ القومُ۔
متفرق ہونا۔ الرجلُ۔ مرنا۔
شَعَبَتْہُ المَنِیَّۃُ۔ موت کا اچانک
آن لینا۔ فُلَانًا۔ مشغول کرنا۔
اللجامُ الفرسَ۔ لگام کا گھوڑے
کو روکنا۔ اور پھیرنا۔ اَشْعِبْ لِی
شُعْبَۃً مِنَ المَالِ۔ مجھے اپنے مال
میں سے ایک حصہ دو۔ ساتھیوں کو
چھوڑ کر قوم کی طرف رخ کرنا۔ الاَمِیرُ
رَسُولًا اِلٰی مَوْضِعِ کَذَا۔ ایلچی بنا کر
بھیجنا۔
شَعِبَ (س) شَعَبًا۔ الرجلُ اَوِ الثَّورُ۔
آدمی کے دونوں شانوں اور بیل کے
دونوں سینگوں کے مابین فاصلہ ہونا۔
شَعَّبَ و اَشْعَبَ۔ عَنْہُ۔ ہمیشہ کے
لیے جدا ہونا۔ اَشْعَبَ الرجلُ۔ مرنا
شَاعَبَ و شَاعَبَتْ۔ نَفْسُہٗ۔ مرنا۔
شَاعَبَ الحَیٰوۃَ۔ ہلاک کرنا۔
صَاحِبَہٗ۔ جدا ہونا۔ دور ہونا۔
تَشَعَّبُوا۔ متفرق ہونا۔ بکھرنا۔ تَشَعَّبَ
الزَّرْعُ۔ شاخدار ہونا۔ النَّہرُ۔
نہر کی شاخیں نکلنا۔ عَنْہُ۔ دور
ہونا۔ تَشَعَّبَتْہُمُ الفِتْنَۃُ۔ فتنہ و فساد
نے ایک دوسرے سے جدا کر دیا۔ یا
متفرق کر دیا۔ تَشَعَّبَتْ اَغْصَانُ
الشَّجَرَۃِ۔ درخت کی شاخوں کا ادھر
ادھر پھیل جانا۔ الشیءُ۔ درست ہونا
اِنْشَعَبَ۔ عَنْہُ۔ دور ہونا۔ اَغْصَانُ
الشَّجَرَۃِ۔ درخت کی جڑ سے شاخیں
پھوٹنا۔ الطَّرِیقُ او النَّہرُ۔ راستہ یا
نہر کا پھٹنا۔ اِنْشَعَبَ بِہِ القَوْلُ۔
بات میں بات نکلنا۔
الشَّعْبُ۔ مص۔ بڑا قبیلہ۔ لوگوں کی جماعت
مثل۔ دوری۔ دور۔ سر کے ٹکڑوں کے
جوڑ کی جگہ۔ دراڑ۔ شگاف۔ ج۔

شُعُوبٌ
الشُّعُوبِیَّۃُ۔ ایک فرقہ ہے۔ جو عرب کو عجم پر
ترجیح نہیں دیتا۔ واحد (شُعُوبِیٌّ)
الشِّعْبُ۔ پہاڑی راستہ۔ درہ۔ پانی کا
راستہ۔ بڑا قبیلہ۔ کونہ۔ کنارہ۔ ج۔
شِعَابٌ۔ شَغَلَتْ شِعَابِی جَدْوَاکَ
بال بچوں پر خرچ کرتے مجھ کو دوسروں
پر فضل و کرم کرنے سے باز رکھا۔
الشَّعَبُ۔ مص۔ دونوں شانوں یا دونوں
کندھوں یا سینگوں کے درمیان کا فاصلہ۔
الشُّعْبَۃُ۔ فرقہ۔ گروہ۔ درخت کی شاخ۔
دونوں کندھوں یا سینگوں کے درمیان
کا فاصلہ۔ پانی بہنے کی جگہ۔ بڑی وادی
جو کھیتی کو سیراب کرے۔ کسی چیز کا حصہ۔
پہاڑ کی دراڑ۔ ج۔ شُعَبٌ و شِعَابٌ
شُعَبُ الدَّہْرِ۔ حالاتِ زمانہ۔
شُعَبُ السَّفُّودِ۔ سیخ کے دندانے
جن میں گوشت بھوننے کے لیے لگاتے
ہیں۔ شُعَبَتَا اللَّہَبِ... شُعَبُ الجِسْمِ
ہاتھ پاؤں۔ شُعْبَتَا الرَّحْلِ۔ کجاوہ کے آگے
پیچھے کا حصہ۔ ھٰذِہٖ مَسْئَلَۃٌ کَثِیرَۃُ
الشُّعَبِ۔ اس مسئلہ سے بہت سی
تفریعات نکلتی ہیں۔
شَعْبَانُ۔ قمری سال کا آٹھواں مہینہ۔ ج۔
شَعْبَانَاتٌ و شَعَابِینُ۔
شَعُوبُ۔ موت (غیر منصرف ہے)
الاَشْعَبُ۔ کندھوں یا سینگوں کے درمیان
بہت فاصلہ رکھنے والا۔ لمبے سینگ
والا۔ مؤنث شَعْبَاءُ۔ ج۔ شُعْبٌ۔
الشَّعَّابُ۔ دراڑ کو جوڑنے والا۔ پیشہ کا نام
(الشِّعَابَۃُ)
الشَّعِیبُ۔ پالان۔ پرانی مشک۔ توشہ دان
ج۔ شُعُبٌ۔
الشَّاعِبَانِ۔ دونوں کندھے
المَشْعَبُ۔ راستہ۔ ھٰذَا مَشْعَبُ الحَقِّ۔

پوتی کا راستہ ہے۔ ج۔ مَشَاعِبُ۔
المِشْعَبُ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔ برما۔
المُشَعَّبُ۔ درست کیا ہوا۔ شَعْبَذَ۔
شعبدہ بازی کرنا۔
شَعِثَ (س) شَعَثًا۔ الاَمْرُ۔ پراگندہ ہونا
(۔ شَعَثًا و شُعُوثَۃً)۔ الشَّعْرُ۔
بالوں کا غبار آلود اور بکھرے ہوئے ہونا
پراگندہ بالوں والا اَشْعَثُ، مؤنث
شَعْثَاءُ۔ ج۔ شُعْثٌ۔
شَعَّثَ۔ الشیءَ۔ بکھرنا۔ پراگندہ کرنا۔
ہٗ بِخَیْرٍ۔ بھلائی پہنچانا۔ مِنْ
فُلَانٍ۔ چشم پوشی کرنا۔ مِنْہُ
شَیْئًا۔ لے لینا۔ نکال لینا۔ عَنْہُ
مدافعت کرنا۔ حفاظت کرنا۔ مِنَ
الطَّعَامِ۔ تھوڑا سا کھانا۔ الشَّاعِرُ۔
شعر میں تشعیث جاری کرنا۔ تشعیث علم
عروض کی اصطلاح میں فاعلاتن کے
وتد میں سے ایک متحرک حذف کر دینے
کو کہتے ہیں۔
تَشَعَّثَ۔ بکھرنا۔ پراگندہ ہونا۔ مِنَ
الطَّعَامِ۔ تھوڑا کھانا کھانا۔ الشَّعْرُ۔
بالوں کا غبار آلود اور بکھرا ہوا ہونا۔
الشِّعْرُ۔ شعر میں تشعیث جاری ہونا۔
الشَّعَثُ۔ کام کی پراگندگی۔
الشَّعَثُ۔ مص۔ لَمَّ اللّٰہُ شَعَثَہُمْ۔ اللہ
تعالیٰ نے ان کے امر کو جمع کر دیا۔
الشَّعِثُ و الشَّعْثَانُ۔ بکھرے ہوئے غبار
آلود بالوں والا۔
شَعَرَ (ن) شِعْرًا و شَعْرًا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے
کے اندر بال لگانا یا بھرنا۔ الرجلُ۔
شعر کہنا۔ لِفُلَانٍ۔ کسی کے لیے
شعر کہنا۔
شَعَرَ (ن) و شَعُرَ (ک) شِعْرًا و شَعْرًا و
شِعْرَی و شَعْرَی و شُعْرَی و شِعْرَۃً
و شُعُورًا و شُعُورَۃً و مَشْعُورًا ہٗ

مَشْعُوْرَةً وَمَشْعُوْرًا بِهٖ۔ جاننا
محسوس کرنا۔ لَهٗ سمجھنا۔
شَعِرَ (س) شَعَرًا۔ لمبے اور زیادہ بالوں
والا ہونا۔
شَعَّرَ۔ الجَنِیْنُ۔ ماں کے پیٹ میں بچہ
کے بال نکلنا۔ الثَوْبَ وَنَحْوَہٗ۔
کپڑے وغیرہ میں بال بھرنا۔
اَشْعَرَ۔ الجَنِیْنُ۔ ماں کے پیٹ میں
بچہ کا بال دار ہونا۔ الثَوْبَ کپڑے
وغیرہ میں بال بھرنا۔ ہٗ الاَمْرَ و
بِالاَمْرِ۔ خبر دینا۔ آگاہ کرنا۔ ہٗ
الشِعَارَ۔ شعار پہنانا۔ بدن سے
لگنے والا کپڑا پہنانا۔ کہتے ہیں اَشْعَرَ
الهَمُّ قَلْبِیْ: فکر نے میرے دل
کو پکڑ لیا۔ اَشْعَرَ لِکَذَا۔ چپکانا۔
القَوْمُ۔ قوم کا اپنے لیے کوئی خاص
علامت رکھنا۔ ایک دوسرے کو خاص
علامت سے پکارنا۔ اَمْرَ فُلَانٍ۔
مشہور کرنا۔ الرَجُلَ۔ کسی کو برے
نام سے مشہور کرنا۔ ہٗ شَرًّا۔ شر
سے ڈھانپ لینا۔
شَاعَرَ۔ شعروں میں مقابلہ کرنا۔
اُشْعِرَ۔ المَلِکُ۔ بادشاہ کا قتل ہونا۔
تَشَعَّرَ الجَنِیْنُ۔ شکم مادر میں
بچہ کے بال نکل آنا۔
تَشَاعَرَ۔ بناوٹی شاعر بننا۔
اِسْتَشْعَرَ۔ الجَنِیْنُ۔ ماں کے پیٹ
میں بچہ کے بال نکلنا۔ الشِعَارَ۔
شعار پہننا۔ القَوْمُ۔ قوم کا لڑائی میں
ایک دوسرے کو خاص علامت سے
پکارنا۔ بِالثَوْبِ کپڑے کو اور کپڑوں
کے نیچے پہننا۔ اِسْتَشْعِرْ خَوْفَ
اللّٰهِ: اللہ کے خوف کو اپنے دل
کے لیے شعار بنالو۔
الشَعْرُ و الشَعَرُ۔ بال۔ ج۔ اَشْعَارٌ و
شِعَارٌ و شُعُوْرٌ۔ واحد (شَعْرَةٌ)
ج۔ شَعَرَاتٌ۔ شَعْرُ الغُوْلِ۔ ایک
قسم کی نبات۔
الشِعْرُ۔ مص۔ منظوم کلام۔ موزوں کلام۔ ج۔
اَشْعَارٌ "لَیْتَ شِعْرِیْ فُلَانًا
اَوْ عَنْ فُلَانٍ اَوْ بِفُلَانٍ مَا صَنَعَ"۔
کاش میں جانتا ہوتا کہ فلاں نے کیا کیا۔
الشِعْرَةُ۔ بادل کا ایک ٹکڑا۔ (والشِعْرَاءُ)
زیر ناف بال اگنے کی جگہ۔
الشَعِرُ و الشَعْرَانِیُّ۔ لمبے اور بہت بال
رکھنے والا۔
الشَعْرَاءُ۔ درختوں والی جگہ۔ گھنے اور گنجان
درخت جہاں لوگ سردی کے موسم میں
گرمی حاصل کریں اور گرمی کے موسم میں
سایہ لیں۔ درخت۔ وہ لباس جو
جسم کے ساتھ لگا ہوا ہو۔ شَعَائِرُ
الحَجِّ۔ حج کے احکام و رسوم۔ واحد
(شَعَارَةٌ)
الشِعَارُ۔ خاص لفظ جو فوج میں مقرر ہوتا
ہے اور جس سے اپنے آدمیوں کو پہچانا
جاتا ہے اور لڑائی کے وقت اس لفظ
سے ایک دوسرے کو پکارتے ہیں۔
اس کو سِتُّ اللَّیْلِ۔ بھی کہتے ہیں۔
لڑائی یا سفر میں مقررہ علامت۔ جسم
سے لگنے والا کپڑا۔ گھوڑے کی جھول۔
کڑک۔ گنجان درخت۔ ج۔ اَشْعِرَةٌ
و شُعُرٌ۔ شِعَارُ الحَجِّ۔ حج کے
مناسب رسوم۔ شِعَارُ المَمْلَکَةِ
حکومت کی علامات۔ واحد (شِعَارَةٌ)
الشَعِیْرُ۔ جو۔ واحد (شَعِیْرَةٌ) ج۔
شَعِیْرَاتٌ۔ نیز آنکھ کی پلک میں
جو دانہ نکلنے والی گرانی کو بھی شَعِیْرَةٌ
بولتے ہیں۔
الشَعِیْرَةُ۔ علامت۔ ج۔ شَعَائِرُ
الشَعِیْرِیُّ۔ شعیر کی طرف منسوب۔ جو
فروش۔
الاَشْعَرُ۔ بہت اور لمبے بال رکھنے والا۔ مؤنث۔
شَعْرَاءُ۔ ج۔ شُعْرٌ۔ فُلَانٌ اَشْعَرُ
الرَقَبَةِ۔ فلاں مضبوط گردن والا ہے
گویا کہ شیر ہے۔ الاَشْعَرُ۔ ج۔
اَشَاعِرُ۔ جانور کے کھر کے آس پاس
کی کھال۔ ناخن کے نیچے نکلنے والا گوشت
"هٰذَا البَیْتُ اَشْعَرُ مِنْ هٰذَا" یہ
شعر اس سے اچھا ہے۔
الشَعْرَاءُ۔ مؤنث الاَشْعَرُ۔ پوستین۔
جانوروں پر بیٹھنے والی مکھی۔ لوگوں کی
کثرت اور بھیڑ۔ ایک قسم کا آڑو۔
اَرْضٌ شَعْرَاءُ۔ بہت درختوں والی
زمین۔ دَاهِیَةٌ شَعْرَاءُ۔ سخت
مصیبت۔ ج۔ شُعْرٌ۔
الشَاعِرُ۔ فا۔ شعر کہنے والا۔ ج۔ شُعَرَاءُ
مؤنث۔ شَاعِرَةٌ۔ ج۔ شَوَاعِرُ و
شَاعِرَاتٌ۔ شِعْرٌ شَاعِرٌ۔ عمدہ
شعر۔
الشِعْرٰی۔ سخت گرمی میں طلوع کرنے والا
ایک ستارہ۔
الشُعْرُوْرُ۔ بہت کمزور شاعر۔ چھوٹی ککڑی۔
واحد (شُعْرُوْرَةٌ) ج۔ شَعَارِیْرُ۔
المَشْعَرُ۔ علامت۔ سایہ دار درخت۔ حج
کے رسوم ادا کرنے کی جگہ۔ ج۔ مَشَاعِرُ۔
المَشَاعِرُ۔ حواس۔
شَعْشَعَ۔ الشَرَابَ۔ شراب میں پانی ملانا۔
۔ الشَیْءَ۔ بعض کو بعض کے ساتھ ملانا۔
شَعْشَعَتِ الشَمْسُ۔ سورج کی
روشنی کا پھیل جانا۔ الضَوْءُ۔ روشنی
کا پھیلنا۔ شَعْشَعَ عَلَیْهِمُ الخَیْلَ۔
سواروں سے حملہ آور ہونا۔
تَشَعْشَعَ۔ الشَهْرُ۔ مہینہ کا اکثر حصہ
گذر جانا۔
الشَعْشَعُ والشَعْشَعَانُ والشَعْشَاعُ۔

والشَّعْشَعَانُ والشَّعْشَعَانِيُّ۔ لبا
خوبصورت۔ دانا، زیرک، سبک۔ ر۔
والمُشَعْشَعُ مِنَ الظِّلِّ۔ ہلکا سایہ۔
شَعَفَهُ (ف) شَعْفًا۔ الحُبُّ۔ محبت کا
دل پر غلبہ پانا۔ ہٗ بِالقَطِرَانِ۔ قطران
ملنا۔ الشیءَ الشیءَ۔ ایک چیز کا دوسری
پر چڑھنا۔
شَعِفَ (س) شَعَفًا۔ بِفُلانٍ وَ يُحِبُّ
فُلانٍ۔ فریفتہ ہونا۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی
کو شعف کی شکایت ہونا۔ صفت
(شَعْفَاءُ)
شُعِفَ۔ بِفُلانٍ۔ کسی کی محبت کا دل میں
بیٹھ جانا۔ محبت میں بے خود ہونا۔
الشَّعَفُ۔ مص۔ کوہان کی چوٹی۔ اونٹنی کی
ایک بیماری کا نام جس کے اثر سے اس
کی آنکھوں کے بال جھڑ جاتے ہیں۔
الشَّعْفَةُ۔ اسم مرۃ۔ بارش کا قطرہ۔ ہلکی بارش
جو زمین کی سطح کو تر کر دے۔
الشَّعَفَةُ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ بالوں کی زلف۔
لٹ۔ چوٹی۔ بلندی۔ ج۔ شَعَفٌ و
شُعُوفٌ وشِعَافٌ و شَعَفَاتٌ۔
اَشْعَافٌ۔ دیوانگی۔ محبت کی شیفتگی۔ فریفتگی۔
الشِّعَافُ۔ دیوانگی۔ محبت کی فریفتگی۔
المَشْعُوفُ۔ محبت میں شیفتہ۔ محبت کا دیوانہ۔
شَعَلَ۔ شَعْلًا۔ النَّارَ۔ آگ بھڑکانا۔
الامرَ۔ معاملہ کو غور سے دیکھنا۔
شَعِلَ (س) شَعَلًا واشْتَعَلَ الفَرَسُ۔
گھوڑے کا دم اور پیشانی پر سفید داغ
رکھنا۔ صفت (شَاعِلٌ و شَعِيلٌ و
اَشْعَلُ)۔
شَعَّلَ النَّارَ۔ آگ بھڑکانا۔ اَشْعَلَ النَّارَ۔
آگ بھڑکانا۔ ہٗ۔ غضب ناک کرنا۔
الجَمْعَ۔ جمعیت کو منتشر کرنا۔
الخَيْلَ فِي الغَارَةِ۔ سواروں کو چاروں
طرف پھیلانا۔ السَّقْيَ۔ خوب پانی

پلانا۔ اَشْعَلَتِ القِرْبَةُ۔ مشک کے
پانی کا ادھر ادھر سے ٹپکنا۔ الطَّعْنَةُ۔
جگہ جگہ سے خون رسنا۔ العَيْنُ۔
زیادہ آنسوؤں والی ہونا۔
اِشْعَلَّ۔ اِشْعِلَالًا واِشْعَالَّ۔
اِشْعِيلَالًا۔ رَأْسُ الرَّجُلِ۔ سر کے
بالوں کا کھڑا ہونا۔ الفَرَسُ۔ دم
یا پیشانی پر سفید داغ ہونا۔
تَشَعَّلَتْ واشْتَعَلَتْ۔ النَّارُ۔ آگ کا
بھڑکنا۔ اِشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَيْبًا۔ سر
کے بالوں میں بڑھاپے کی سفیدی کا پھیل
جانا۔ اِشْتَعَلَ فُلَانٌ۔ کسی کا غصہ
سے بھڑک جانا۔
الشَّعْلُ۔ مص۔ غُلَامٌ شَعْلٌ۔ جوشیلا
نوجوان۔
الشَّعَلُ۔ مص۔ گھوڑے کی دم اور پیشانی
کا سفید داغ۔
الشُّعْلَةُ۔ آگ کا شعلہ۔ آگ کی بھڑک۔ جلتی
لکڑی جس سے آگ بھڑکائی جائے۔ ج۔
شُعَلٌ۔
الشَّعِيلُ۔ باڑی وغیرہ کے نیچے ستاروں
کے مانند چمکنے والی چیز۔
الشَّعِيلَةُ۔ بھڑکتی ہوئی آگ۔ جلتی ہوئی بتی۔
ج۔ شُعُلٌ۔
الاَشْعَلُ۔ مِنَ النَّاسِ۔ وہ جس کی
آنکھوں میں پیدائشی سرخی ہو۔
المِشْعَلُ والمِشْعَالُ۔ ساقی۔ چھلنی۔ ج۔
مَشَاعِلُ ومَشَاعِيلُ۔
المَشْعَلُ والمَشْعَلَةُ۔ لیمپ۔ قندیل۔ ج۔
مَشَاعِلُ۔ المَشْعَلَةُ۔ چولہا۔
الشَّعْلُولُ۔ آگ کا شعلہ۔ لوگوں کا گروہ۔
ج۔ شَعَالِيلُ۔ "ذَهَبُوا شَعَالِيلَ"
وہ علیحدہ علیحدہ چلے گئے۔
شَعَمَ (ف) شَعْمًا۔ الرَّجُلَ۔ لوگوں
کے درمیان صلح کرانا۔

اَشْعَنَ۔ عَدُوَّهُ۔ دشمن کو پیشانی سے
پکڑ لینا۔
اِشْعَانَّ واِشْعَنَّ۔ شَعَرُهُ۔ بالوں کا
پراگندہ ہونا۔
الشَّعْنُ۔ سوکھنے کے بعد جھڑے ہوئے
پتے یا گھاس۔ شَعَرٌ مَشْعُونٌ۔
پراگندہ بال۔ رجلٌ مُشْعَانُّ۔
الرَّأْسِ۔ پراگندہ بالوں والا۔
شَعْنَبَ۔ الكَبْشُ۔ کان کی طرف مڑے
ہوئے سینگوں والا ہونا۔ صفت۔
(مُشَعْنَبٌ ومُشَعْنِبٌ)
شَعَا يَشْعُو شُعُوًّا۔ الشَّعَرُ۔ بالوں کا
کھڑا ہونا۔
شَعِيَتْ كَشَقِيَ شَعًا۔ الغَارَةُ۔ لوٹ
اور غارت کا پھیلنا۔ صفت (شَعْوَاءُ)
اَشْعَى۔ بِهِ۔ اہتمام کرنا۔ القومُ الغَارَةَ
ہر سمت لوٹ ڈالنا۔ غَارَةٌ شَعْوَاءُ
دور تک پھیلی ہوئی غارت۔ شَجَرَةٌ
شَعْوَاءُ۔ پھیلی ہوئی شاخوں والا
درخت۔
الشَّاعِي۔ فا۔ دور۔ متفرق۔ بشرکت حصہ۔
مؤنث۔ شَاعِيَةٌ۔ ج۔ شَوَاعٍ۔
کہتے ہیں "جَاءَتِ الخَيْلُ شَوَاعِيَ"
یعنی متفرق آئے۔
الشُّعَى۔ پراگندہ بالوں کا گچھا۔ واحد
(شُعْوَةٌ)۔
شَعْوَذَ شَعْوَذَةً۔ مداری کا تماشا کرنا۔
شعبدہ بازی کرنا۔ صفت (مُشَعْوِذٌ و
مُشَعْوَذٌ)
شَغَبَ (ف) وشَغِبَ (س) شَغْبًا و
شَغَبًا وشَغْبَ۔ القومَ وبِهِمْ و
عَلَيْهِمْ۔ فتنہ وفساد برپا کرنا۔ تباہی
ڈالنا۔ صفت (شَغِبٌ وشَغْبٌ و
شَغَّابٌ ومِشْغَبٌ ومُشَاغِبٌ و
ذُو مَشَاغِبَ)

شَغَبَ (ف) شَغْبًا - عَنِ الطَّرِیْقِ - راستہ سے ہٹنا - پھر جانا۔
شَاغَبَہٗ - جھگڑا کرنا۔
تَشَاغَبَ - الرجُلُ - نافرمانی کرنا۔
الشَّغْبُ و الشَّغَبُ - مص - شور و غوغا۔
الشَّغُوْبُ - شرانگیز - جھگڑالو۔
تَشَغْبَبَتِ - الرِّیْحُ - ہوا کا پیچ کھا کر چلنا۔
شَغَرَتْ (ن) شُغُوْرًا - الارضُ - ملک کا بغیر محافظ کے ہونا۔ صفت (شَاغِرَۃٌ)۔ الرجُلُ - دور ہونا - البئرُ - چاہ کا گھٹنا - النَّاسُ - لوگوں کا متفرق ہونا۔
شَغَرَہٗ (ن) شَغْرًا و شِغَارًا - عَنْ بَلَدِہٖ - شہر بدر کرنا - جلاوطن کرنا۔
شَغَرَ (ف) شَغْرًا - الکلبُ - کتے کا ایک ٹانگ اٹھا کر پیشاب کرنا - الناقۃُ - اونٹنی کا ایک ٹانگ اٹھا کر بچہ کو مارنا۔
شَاغَرَہٗ مُشَاغَرَۃً و شِغَارًا - اپنی بہن یا بیٹی کو کسی کے نکاح میں اس شرط پر دینا کہ وہ بھی اپنی بہن یا بیٹی کو بغیر مہر کے اس کے نکاح میں دے دے - الرجُلَانِ عَلَیْہِ - حملہ کرنا - غلبہ کرنا۔
اَشْغَرَ - المنھلُ - چشمہ کا راستہ سے ایک طرف ہونا - دور ہونا - الرُّفْقَۃُ - ساتھیوں کا راستہ سے جدا ہونا - الحِسَابُ عَلَیْہِ - حساب کا انتشار اور پھیلاؤ کے سبب قابو میں نہ آنا۔
اِشْتَغَرَ - الحِسَابُ عَلَیْہِ - حساب کا خلط ملط اور پیچیدہ ہونے کی وجہ سے قابو میں نہ آنا - ضبط میں نہ آسکنا - الامرُ - بڑا اور وسیع ہونا - خلط ملط ہونا - عَلَیْہِ - دست درازی کرنا - فخر کرنا - الحَرْبُ بَیْنَ القَوْمَیْنِ - دونوں قوموں کے درمیان لڑائی کا وسیع پیمانہ پر چھڑنا اور سخت و سنگین ہونا - فِی الفَلَاۃِ - بیابان میں دور تک جانا۔
تَشَغَّرَ - البعیرُ - اونٹ کا تیز دوڑنا - فِی اَمْرٍ قَبِیْحٍ - دیر تک رہنا - انتہا کو پہنچنا - کہتے ہیں "تفرقوا شَغَرَ بَغَرَ و شِغَرَ بِغَرَ" - وہ ہر طرف بکھر گئے - اِنَاءٌ شَغَّاسٌ - خالی برتن۔
الشِّغَارُ - مص - دستکار - جلاوطنی - بِئْرٌ شِغَارٌ و آبَارٌ شِغَارٌ - بہت پانی والا کنواں یا کنوئیں۔
الشَّغَارَۃُ - چقماق - الشَّغِیْرُ - بدخلق۔
المِشْغَرُ - چھوٹی برچھی جس سے وحشی جانوروں کو بھگایا جاتا ہے۔
الشَّغْزَبِیَّۃُ - پہلوان کا اپنے مقابل کی ٹانگ میں ٹانگ ڈال کر گرانا - پچھاڑنا - لنگڑی مارنا۔
شَغَزَ (ف) شَغْزًا - عَلَیْھِمْ - زیادتی کرنا - دست درازی کرنا - بَیْنَھُمْ - بھڑکانا - فساد ڈالنا - الشَّغِیْزَۃُ - سوا۔
شَغْزَبَہٗ - کسی کو لنگڑی مار کر گرانا - پچھاڑنا۔
تَشَغْزَبَتِ - الرِّیْحُ - ہوا کا پیچ کھا کر چلنا۔
شَغْشَغَ - الشیءَ - اندر کرنا - باہر لانا - شَغْشَغَ الطَّاعِنُ - نیزہ باز کا زخم خوردہ کے جسم میں نیزہ کو پھیرنا - ہلانا - المُلْجَمُ - سوار کا لگام کو جھٹکارنا اور جانور کو دبا دینا - فِی الاَمْرِ - جلدی کرنا - فِی الشُّرْبِ - کم کرنا - فِی الاِنَاءِ مَاءً اَو غَیْرَہٗ - برتن میں پانی وغیرہ بغیر بھرنے کے ڈالنا - البِئْرَ - کنوئیں کو گدلا کرنا۔
شَغَفَہٗ (ف) شَغْفًا - دل کی جھلی کو صدمہ پہنچانا - فُؤَادَہٗ - دل پر چھا جانا - غالب آنا - الیَبِیْسُ - خشک گھاس کا سبز گھاس والا ہونا۔
شَغِفَ (س) شَغَفًا و شُغُفًا - بِہٖ - کسی کی محبت میں فریفتہ ہونا - شَغَفَ حُبُّہٗ - محبت کا دل کی جھلی تک پہنچنا۔
تَشَغَّفَ - النَّاسَ - وسوسہ ڈال کر پراگندہ کرنا۔
الشَّغَفُ - مص - دل کا غلاف - دل کا پردہ۔
الشُّغُفُ - مص - انتہائی محبت۔
الشِّغَافُ - دل کا پردہ - سویداء قلب - ج شُغُفٌ و اَشْغِفَۃٌ۔
الشُّغَافُ - دائیں طرف کی پسلیوں کے نیچے کا درد۔
شَغَلَہٗ (ف) شَغْلًا و شُغْلًا و اَشْغَلَہٗ - بِکَذَا - مشغول کرنا - کام میں لگانا - عَنْہُ - غافل کرنا - شُغِلَ عَنْہُ - بِکَذَا - مشغول رہنا - کسی کام میں لگا رہنا۔
شَغَّلَہٗ - بہت کام دینا - بہت مشغول رکھنا۔
تَشَغَّلَ و تَشَاغَلَ و اِشْتَغَلَ - بِکَذَا - مشغول ہونا - اِشْتَغَلَ قَلْبُہٗ - دل کا فکرمند ہونا - پریشان ہونا - اِشْتَغَلَ فِیْہِ السُّمُّ - زہر کا اثر کر جانا - الدَّوَاءُ فِیْہِ - دوا کا فائدہ مند ہونا - تَشَاغَلَ عَنْہُ - غافل ہونا۔
الشُّغْلُ و الشُّغُلُ و الشَّغْلُ و الشَّغَلُ - مشغولیت - مصروفیت - کام - ج - اَشْغَالٌ و شُغُوْلٌ - الشُّغْلُ - بھاؤ۔
الشُّغْلَۃُ - اسم مرۃ - کھلیان - غلہ کا ڈھیر - ج - شُغَلٌ۔
الشَّغِلُ - مشغول - کام والا۔
الاُشْغُوْلَۃُ و المَشْغَلَۃُ - کام - المَشْغُوْلُ - مفع - بھرا ہوا - دَارٌ مَشْغُوْلَۃٌ - آباد گھر - جَارِیَۃٌ مَشْغُوْلَۃٌ - شوہر والی لڑکی - مَالٌ مَشْغُوْلٌ - تجارت میں لگایا ہوا مال۔
الشَّغَمُ - حریص - الشُّغْمُوْمُ و الشُّغْمِیْمُ - لمبا - خوبصورت۔

الشُّغْنَةُ۔ تر شاخ۔ ج۔ شُغَنٌ۔

الشُّغْنُبُ و الشُّغْنُوبُ۔ نازک و تر شاخ۔

شَغَتْ تَشْغُوْا شُغُوًّا و شَغِيَتْ۔ تَشْغَى شَغًا۔ السِنُّ۔ دانت کا دوسرے دانتوں سے بڑھنا۔ دانت کا ناہموار ہونا۔ دانت کی صفت۔ (شَاغِيَةٌ) ج۔ شَوَاغٍ۔ رکھنے والا۔ (اَشْغٰى) مونث۔ شَغْوَاءُ وَشَغْيَاءُ۔ ج۔ شُغْوٌ۔

اَشْغَى اِشْغَاءً۔ القَوْمُ بِهٖ۔ مخالفت کرنا۔ فُلَانٌ دَابَّهٗ۔ پریشان کرنا۔ پراگندہ کرنا۔

الشَّغْوَاءُ۔ عقاب۔

شَفَّ (ض) شُفُوْفًا و شَفِيْفًا و شَفَفًا۔ الشیءُ۔ چیز کا اس قدر پتلی اور شفاف ہونا کہ دوسری طرف کی چیز دکھائی دے صفت (شَفِيْفٌ وشَفَّافٌ)۔ عَنْهُ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا چھوٹا ہونا۔ (۔ شُفُوْفًا) الجِسْمُ۔ جسم کا لاغری سے پتلا ہونا۔ شَفًّا، الشیءَ۔ زیادہ ہونا۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔ هٰذَا دِرْهَمٌ يَشِفُّ قَلِيْلًا۔ یہ درہم تھوڑا سا کم ہے۔ حرکت کرنا۔ لَهُ الاَمْرُ۔ دائم رہنا۔ ہمیشہ رہنا۔ قائم رہنا۔ شَفِيْفًا، فَمُ فُلَانٍ۔ سردی کی وجہ سے دانتوں اور مسوڑھوں میں درد ہونا۔

شَفَّهٗ (ن) شَفًّا و شُفُوْفًا و شَفَّفَهٗ۔ المَرَضُ اَوِ الهَمُّ۔ بیماری یا غم کا کسی کو دبلا کرنا۔ کمزور کرنا۔ شَفَّ المَاءَ سب پانی پی جانا۔

اَشَفَّهٗ۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی کو کسی پر فضیلت دینا۔ اَشَفَّ الفَمُ۔ منہ کا بدبودار ہونا۔ اَشَفَّ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی پر برتری اور فوقیت لے جانا۔ الدِّرْهَمَ۔ درہم کو زیادہ کرنا یا کم کرنا۔

اِشْتَفَّ و تَشَافَّ۔ مَا فِی الاِنَاءِ۔ برتن کی تمام چیز پی جانا۔

اِسْتَشَفَّ۔ لَهُ السِّتْرُ۔ پردے کے پار کی چیز نظر آجانا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے کا عیب دیکھنے کے لیے اس کو روشنی میں پھیلانا۔ الشیءَ۔ غور سے دیکھنا۔ الکِتَابَ۔ کتاب میں غور و خوض کرنا ۔ کے پار کی چیز دیکھنا۔ مَا فِی الاِنَاءِ برتن کی سب چیز پی جانا۔ اِلَيْهِ پوری پوری رغبت کرنا۔ فِیْ تِجَارَتِهٖ۔ تجارت میں فائدہ حاصل کرنا۔

الشَّفُّ و الشِّفُّ۔ پتلا کپڑا یا باریک پردہ ہوا۔ زیادتی۔ نقصان۔ ایک قسم کی بدبودار پھنسی۔ ج۔ شُفُوْفٌ۔

شَفٌّ۔ تھوڑی اور کم چیز کو بھی کہتے ہیں۔

الشَّفِيْفُ۔ مص۔ سورج کی گرمی کی تیزی۔ ٹھنڈک تیزی۔ سرد ہوا ج۔ شِفَافٌ۔ ثَوْبٌ شَفِيْفٌ۔

الشَّفَفُ۔ مص۔ کم۔ تھوڑا۔ ہلکا پن۔ تنگ حالی۔

الشَّفَّانُ۔ بارش والی ٹھنڈی ہوا۔

الشُّفَافَةُ۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ شُفَافَةُ النَّهَارِ۔ دن کا بقیہ حصہ۔ فُلَانٌ اَشَفُّ مِنْ فُلَانٍ۔ فلاں فلاں سے تھوڑا سا بڑا ہے۔

المَشْفُوْفُ۔ بدبودار پھنسیوں والا۔

شَفْتَرَ و اِشْفَتَرَّ۔ القَوْمُ۔ متفرق ہونا۔ اِشْفَتَرَّ العُوْدُ۔ لکڑی کا ٹوٹنا۔ السِّرَاجُ۔ چراغ کا چوڑی بتی والا ہونا۔

شَفَرَ (س) شَفَارَةً۔ گھٹنا۔ کم ہونا۔ شَفَرَ۔ المَالُ۔ مال کا کم ہونا۔ الشَّمْسُ سورج کا ڈوبنے کے قریب ہونا۔ عَلَی الاَمْرِ۔ کسی امر کی طرف متوجہ ہونا۔ الشیءَ۔ جڑ سے اکھیڑنا۔

الشُّفْرُ۔ ج۔ اَشْفَارٌ۔ (و الشَّفِيْرُ) پلک کی جڑ۔ ہر چیز کا کنارہ۔ مِنَ الوَادِیْ۔ وادی کا اوپری کنارہ۔ کہتے ہیں: مَا فِی الدَّارِ شَفْرٌ و شُفْرٌ و شَفْرَةٌ۔ گھر میں کوئی نہیں۔

الشَّفْرَةُ۔ بڑی اور چوڑی چھری۔ تلوار کی دھار۔ نیزے کے پھل کا پہلو۔ موچی کی رانپی۔ ج۔ شَفْرٌ و شِفَارٌ و شَفَرَاتٌ۔ عَيْشٌ مُشَفَّرٌ۔ تنگ زندگی۔

المِشْفَرُ۔ شدت۔ روک۔ زمین کا ریت کا ایک قطعہ۔ ہونٹ۔ اونٹ کا ہونٹ۔ ج۔ مَشَافِرُ۔

شَفَزَهٗ (ض) شَفْزًا۔ لات مارنا۔

شَفْشَفَ۔ الرجلُ۔ کانپنا۔ بدخلق ہونا۔ صفت (مُشَفْشِفٌ و مُشَفْشَفٌ) بہ۔ مل جانا۔ الدَّوَاءَ عَلَی الجُرْحِ۔ دوا کو زخم پر چھڑکنا۔ بُرکنا۔ الهَمُّ فُلَانًا۔ غم کا کسی کو لاغر کرنا۔ دبلا کرنا۔ الصَّقِيْعُ النَّبَاتَ۔ پودے کو پالا مارنا۔ الحَرُّ اَوِ البَرْدُ۔ الشیءَ۔ خشک کرنا۔ عَلَيْهِ۔ ڈرنا۔

تَشَفْشَفَ۔ النَّبَاتُ۔ سوکھنے لگنا۔

الشَّفْشَافُ۔ اولوں والی بارش۔ سرد ہوا۔ ثَوْبٌ شَفْشَافٌ۔ چھنا کپڑا۔ چھدری بناوٹ کا کپڑا۔

شَفَعَ (ف)، شَفْعًا۔ الشیءَ۔ جفت کرنا دوہرا کرنا۔ جَارَهٗ۔ پڑوسی کو حق شفع دینا۔ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کا بچہ رکھتے ہوئے حاملہ ہونا۔ کہتے ہیں: شَفَعَ لِیَ الاَشْخَاصُ: کمزوری نظر کی وجہ سے

ایک چیز کا دو دکھائی دینا۔ ایسی آنکھ (شَافِعَۃٌ) کہلاتی ہے۔

شَفَعَ (ف) شَفَاعَۃً۔ لِفُلَانٍ اَوْ فِیْہِ اِلٰی زَیْدٍ۔ سفارش کرنا۔ شَفَعَ عَلَیْہِ بِالْعَدَاوَۃِ۔ کسی کے برخلاف مدد دینا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ یُعَادِیْنِیْ وَلَہٗ شَافِعٌ" فلاں شخص مجھ سے عداوت رکھتا ہے اور اس کا ایک مددگار ہے جو میری دشمنی پر اس کی مدد کرتا ہے۔ لِفُلَانٍ فِی الْمَطْلَبِ۔ کسی کے مطلب میں کوشش کرنا۔

شَفَّعَ ۔ الشَّیْءَ۔ جفت بنانا۔ شَفَّعَنِیْ فِیْ فُلَانٍ۔ سفارش ماننا۔

تَشَفَّعَ ۔ لِیْ وَاِلَیَّ بِفُلَانٍ اَوْ فِیْ فُلَانٍ۔ سفارش کرنے کے لیے کہنا۔

اِسْتَشْفَعَ ۔ زَیْدًا اِلٰی عَمْرٍو۔ سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔ بِفُلَانٍ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی سے کسی پر مدد چاہنا۔

الشَّفْعُ ۔ مص۔ جفت۔ وہ عدد جو دو پر برابر تقسیم ہو "اَشَفْعٌ هُوَ اَمْ وَتْرٌ" کیا وہ جفت ہے یا طاق؟ ج۔ اَشْفَاعٌ ۔ وشِفَاعٌ۔

الشُّفْعَۃُ ۔ زمین یا مکان کی ہمسائیگی کی وجہ سے حق خرید۔ حق شفعہ۔ دیوانگی آنکھ۔ مِنَ الضُّحٰی۔ چاشت کی دو رکعتیں۔ ج۔ شُفَعٌ۔

الشَّافِعُ ۔ فا۔ نَاقَۃٌ شَافِعٌ۔ بچہ والی حاملہ اونٹنی۔ عَیْنٌ شَافِعَۃٌ۔ بوجہ کمزوری کے ایک کو دو دیکھنے والی آنکھ نَاقَۃٌ شَفُوْعٌ۔ ایک ہی مرتبہ دوہنے میں دو برتن بھرنے والی اونٹنی۔

الشَّفِیْعُ ۔ سفارشی۔ حق شفعہ والا۔ ج۔ شُفَعَاءُ۔ الشَّفِیْعُ مِنَ الْعَدَدِ۔ جفت۔

الْاَشْفَعُ ۔ لمبا۔

الْمُشَفَّعُ ۔ کامیاب سفارشی۔ مقبول الشفاعۃ۔

الْمَشْفُوْعُ ۔ مجنون۔ اِمْرَاَۃٌ مَشْفُوْعَۃٌ۔ وہ عورت جس کو نظر بد لگی ہو۔

شَفِقَ (س) شَفَقًا ۔ عَلَیْہِ۔ اصلاح و بھلائی کی فکر میں ہونا۔ رحم کرنا۔ مہربان ہونا۔ صفت (شَفِیْقٌ و شَفُوْقٌ و شَفِیْقٌ)۔ شَفِقَ مِنَ الْاَمْرِ۔ خوف کرنا۔ حرص کرنا۔ عَلَی الشَّیْءِ۔ بخل کرنا۔

شَفَّقَہٗ ۔ رحم دلانا۔ شَفِقَ الشَّیْءَ۔ کم کرنا۔ تھوڑا کرنا۔ الثَّوْبَ۔ ردی بُننا

اَشْفَقَ ۔ الشَّیْءَ۔ کم کرنا۔ عَلَیْہِ وَمِنْہُ ڈرنا۔ لالچ کرنا۔ عَلَی الصَّغِیْرِ۔ چھوٹے پر رحم کھانا۔ دل دکھانا۔ الرَّجُلُ شفق کا وقت پانا۔ الرِّیْحُ۔ ہوا کا تیز ہونا۔

الشَّفَقُ ۔ مص۔ غروب آفتاب کے بعد آسمان کے افق پر سرخی۔ مہربانی۔ ردی چیز دن۔ خوف۔ کنارہ۔ کمزور کپڑا۔ ج۔ اَشْفَاقٌ۔

الشَّفَقَۃُ ۔ مہربانی۔ رحم۔ خوف کے ساتھ مہربانی "اَخَذَنِیْ مِنْہُ شَفَقَۃٌ" مجھ کو اس پر رحم آیا۔

شَفَنَ (ف) وشَفِنَ (س) شُفُوْنًا ۔ الرَّجُلَ وَاِلَی الرَّجُلِ۔ ترچھی نگاہ سے دیکھنا۔ صفت (شَافِنٌ وشَفُوْنٌ)۔

الشَّفْنُ و الشَّفِنُ ۔ عقلمند۔ دانا۔ الشَّفْنُ انتظار۔ میراث کا منتظر۔

الشَّفُوْنُ ۔ بہت غیرت مند۔ ج۔ شُفُنٌ۔

الشَّفْنَتَرِیْ و الشَّفْنَتَرَی ۔ متفرق۔

شَفَہَ (ف) شَفْہًا ۔ فُلَانًا۔ ہونٹ پر مارنا۔ سوال کر کے سب کچھ خرچ کرا دینا۔ الْاِنَاءَ۔ سب پی کر برتن کو خالی کر دینا۔ "کَادَتِ الْعِیَالُ تَشْفَہُ مَالِیْ" یعنی قریب ہے کہ میرے عیال میرے مال کو ختم کر دیں۔ ہٗ عَنِ الْاَمْرِ۔ کام سے توجہ ہٹا دینا۔ غافل ہو جانا۔

شُفِہَ ۔ زَیْدٌ۔ بہت سائلین رکھنا۔ الشَّیْءُ۔ چیز کے طلب گاروں کا زیادہ ہونا۔ الطَّعَامُ۔ کھانا کھانے کے لیے بہت آدمیوں کا ہونا۔ صفت (مَشْفُوْہٌ)

شَافَہَہٗ ۔ شِفَاہًا و مُشَافَہَۃً۔ منہ در منہ بات کرنا۔ الشَّیْءَ۔ قریب کرنا۔

الشَّفَۃُ و الشِّفَۃُ ۔ مِنَ الْاِنْسَانِ۔ ہونٹ۔ ج۔ شِفَاہٌ و شَفَہَاتٌ۔ نسبت کے لیے (شَفِیٌّ و شَفَہِیٌّ و شَفَوِیٌّ)، تصغیر (شُفَیْہَۃٌ) کہتے ہیں۔ "هُوَ خَفِیْفُ الشَّفَۃِ" سوال کرنے میں بہت اصرار کرنے والا۔ یا کم سوال کرنے والا "لَہٗ فِی النَّاسِ شَفَۃٌ حَسَنَۃٌ" لوگوں میں وہ اچھائی کے ساتھ مشہور ہے۔ شَفَۃُ الشَّیْءِ۔ جانب کنارہ۔

الشَّافِہُ ۔ پیاسا۔ الشُّفَاہِیُّ و الْاَشْفَہُ۔ بڑے ہونٹوں والا۔ الْحُرُوْفُ الشَّفَہِیَّۃُ لبوں سے نکلنے والے حروف۔ جیسے بَ۔ فَ۔ مَ۔

الْمَشْفُوْہُ ۔ مفع۔ مَاءٌ مَشْفُوْہٌ۔ بہت آمد و رفت والا پانی "نَحْنُ لِفُلَانٍ مَشْفُوْہُ عَنَّا" فلاں ہم سے غافل ہے۔ اس کے پاس لوگوں کی بکثرت آمد و رفت ہے۔ "هُوَ مَشْفُوْہُ الْمَوَارِدِ" وہ بڑا مہمان نواز اور بخشش والا ہے۔

شَفَا یَشْفُوْ شَفْوًا ۔ الْہِلَالُ۔ چاند نکلنا۔ الشَّخْصُ۔ ظاہر ہونا۔ الشَّمْسُ۔ سورج ڈوبنے کے قریب ہونا۔

الشَّفَا ۔ غروب ہونے والے چاند کی کور۔ ہر چیز کا کنارہ باحد۔ تثنیہ۔ شَفَوَانِ۔ ج۔ اَشْفَاءٌ۔

الْاَشْفٰی۔ جس کے ہونٹ آپس میں نہ ملیں۔ کھلے ہونٹوں والا۔

شَفٰی یَشْفِیْ شِفَاءً۔ اللّٰہُ فُلَانًا مِنْ مَّرَضِہٖ۔ اللہ تعالیٰ کا کسی کے مرض کو کھو دینا۔ زائل کر دینا۔ صحت یاب کرنا۔ فُلَانٌ فُلَانًا۔ شفا مانگنا۔

۔ الشَّمْسُ۔ غروب کے قریب ہونا۔

(د) وشَفِیَ شَفًی الْھِلَالُ۔ غروب ہونا۔

شُفِیَ۔ الْمَرِیْضُ۔ بیمار کا تندرست ہونا۔ صحت پانا۔

اَشْفٰی۔ اِشْفَاءً۔ فُلَانًا۔ شفا طلب کرنا۔

۔ عَلَیْہِ۔ قریب ہونا۔ اسی سے ہے "اَشْفَی الْمَرِیْضُ عَلَی الْمَوْتِ" بیمار کا موت کے قریب آ پہنچنا۔ الْعَلِیْلُ۔ بیمار کا صحت پانے سے رُکنا۔ نہ پانا۔

۔ الْمُسَافِرُ۔ مسافر کا آخری رات کی چاندنی میں چلنا۔ الْمَرِیْضَ۔ بیمار کو دوا بتانا۔ کہتے ہیں "اَشْفِنِیْ" یعنی مجھے ایسی چیز بتاؤ جو شفا نصیب کرے۔

اَشْفَاہُ الشَّیْءَ۔ صحت بخش چیز دینا۔

تَشَفّٰی۔ مِنْ غَیْظِہٖ۔ غصہ سے ٹھنڈا ہونا۔ تَشَفّٰی مِنْ فُلَانٍ۔ دشمن کو ایذا دے کر دل ٹھنڈا کرنا (واشْتَفٰی) بِکَذَا۔ شفا حاصل کرنا۔

اِسْتَشْفٰی۔ بِہٖ۔ شفا طلب کرنا۔ فُلَانٌ یُسْتَشْفٰی بِرَاْیِہٖ۔ فلاں کی رائے سے شفا حاصل کی جاتی ہے۔ الْمَرِیْضُ مِنْ عِلَّتِہٖ۔ بیمار کا تندرست ہونا۔

الشِّفَاءُ۔ مص۔ دوا۔ ج۔ اَشْفِیَۃٌ۔ و جج۔ اَشَافٍ۔

الشَّافِیْ۔ فا۔ مِنَ الْاَدْوِیَۃِ و نَحْوِھَا فائدہ مند دوا۔ الْجَوَابُ الشَّافِیْ تسلی بخش جواب۔

الْاَشْفٰی ستالی۔ ج۔ اَشَافٍ۔

شَقَّ (ن) شَقًّا۔ الشَّیْءَ۔ پھاڑنا۔ متفرق کرنا۔ اور اسی سے ہے "شَقَّ عَصَا الْقَوْمِ" اس نے قوم کی جمعیت کو منتشر کر دیا۔

شَقَّ فُلَانٌ الْعَصَا۔ فلاں جماعت سے الگ ہو گیا۔

شَقَّ (ن) شَقًّا وَمَشَقَّۃً۔ الْاَمْرُ۔ کام کا دشوار ہونا۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی کو مشقت میں ڈالنا۔ الْبَرْقُ بجلی کا آسمان میں سیدھی پھیلنا۔ الْفَرَسُ گھوڑے کا رفتار میں ایک طرف جھکنا۔

(ن) شُقُوْقًا۔ النَّبْتُ۔ نبات کا اُگنا۔ پھوٹنا۔ نَابُ الْبَعِیْرِ۔ دانت نکلنا۔

(ن) شَقًّا۔ الصُّبْحُ۔ صبح کا طلوع کرنا۔

شَقَّقَ۔ الْحَطَبَ۔ لکڑی پھاڑنا۔ چیرنا۔

۔ الْکَلَامَ۔ کلام برمحل کہنا۔

شَاقَّہٗ شِقَاقًا وَمُشَاقَّۃً۔ مخالفت کرنا عداوت رکھنا۔

تَشَقَّقَ۔ الْحَطَبُ۔ لکڑی کا پھٹنا۔ چرنا۔

۔ الْفَرَسُ۔ گھوڑے کا لاغر ہونا۔ کہتے ہیں "تَشَقَّقَتْ عَصَاھُمْ بِالْبَیْنِ" ان کی جمعیت پراگندہ ہو گئی۔

تَشَاقَّ۔ الْقَوْمُ۔ باہم مخالفت کرنا۔ آپس میں عداوت رکھنا۔ الرَّجُلَانِ۔ آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ گتھنا۔ خوب جھگڑنا۔

تَشَاقُّوْا۔ ثِیَابَھُمْ۔ ایک دوسرے کے کپڑے پھاڑ دینا۔

اِنْشَقَّ۔ چیز کا شگاف دار ہونا۔ پھٹنا۔ چرنا۔ الْاَمْرُ۔ پراگندہ ہونا۔ الْفَجْرُ۔ صبح کا طلوع کرنا۔

اِشْتَقَّ۔ الشَّیْءَ۔ آدھا لینا۔ الْکَلِمَۃَ مِنَ الْکَلِمَۃِ۔ ایک کلمہ کو دوسرے سے مشتق کرنا۔ الْفَرَسُ فِیْ عَدْوِہٖ۔ گھوڑے کا دوڑنے میں دائیں بائیں جانا۔

۔ فِی الْکَلَامِ اَوِ الْخُصُوْمَۃِ۔ کلام یا خصومت میں اپنے نکتہ سے ہٹ جانا۔ الطَّرِیْقَ فِی الْفَلَاۃِ۔ بیابان میں راستہ طے کرنا۔

الشَّقُّ۔ مص۔ درز۔ پھٹن۔ تڑخن۔ صبح۔ پھٹی ہوئی جگہ۔ مشقت۔ چیز کا آدھا حصہ۔ ج۔ شُقُوْقٌ۔

الشِّقُّ۔ جانب۔ کنارہ۔ انسان کی ایک طرف۔ جس کی طرف انسان کی نظر ہو۔ مشقت۔ آدھا۔ "الْمَالُ بَیْنِیْ وَبَیْنَکَ شِقَّ الشَّعْرَۃِ اَوْ شَقَّ الشَّعْرَۃِ" مال میرے اور تمہارے درمیان برابر برابر ہے۔

الشِّقَّۃُ۔ کپڑے وغیرہ کا لمبا ٹکڑا۔ دھجی۔ پھاڑا ہوا ٹکڑا۔ پھٹا ہوا نصف حصہ۔ ج۔ شِقَقٌ و شِقَاقٌ۔

الشِّقَّۃُ و الشُّقَّۃُ۔ مسافت۔ دور کا سفر وہ راستہ جس کا طے کرنا راہرو کے لیے دشوار ہو۔ وہ رخ جہاں کا مسافر قصد کرے۔ مشقت۔ ج۔ شُقَقٌ۔

الشَّقِیْقُ۔ دو حصوں میں بٹی ہوئی چیز کا ایک حصہ۔ سگا بھائی۔ نظیر۔

الشَّقِیْقَۃُ۔ سگی بہن۔ باغات کے درمیان سخت زمین۔ بہت بارش۔ ۔ مِنَ الْبَرْقِ۔ افق میں پھیلنے والی بجلی آدھے سر کا درد۔ ج۔ شَقَائِقُ۔ شَقَائِقُ النُّعْمَانِ۔ گل لالہ۔ واحد شَقِیْقَۃُ النُّعْمَانِ۔

الْاَشَقُّ۔ مِنَ الْخَیْلِ۔ دائیں بائیں دوڑنے والا گھوڑا۔ فَرَسٌ اَشَقُّ الْمَنْخِرَیْنِ۔ کشادہ نتھنوں والا گھوڑا۔

الْمَشَقَّۃُ و الْمِشَقَّۃُ۔ صعوبت۔ تکلیف۔ محنت۔ ج۔ مَشَاقُّ و مَشَقَّاتٌ۔

شَقَا (ف) شَقْوًا وَشُقُوْءًا۔ النَّابُ۔ کچلی اُگنا۔ شَعْرُ الرَّاْسِ۔ سر کے بال

میں کنگھا کرکے مانگ نکالنا۔ رَاسَهٗ سر پھاڑنا۔ فُلَانًا۔ کسی کی مانگ پر مارنا۔
اَلْمِشْقَاءُ وَالْمِشْقَاءُ وَالْمِشْقَاةُ۔ کنگھا۔
شَقُحَ (ك) شَقَاحَةً۔ بدشکل ہونا۔ بدنما ہونا۔ صفت (شَقِيحٌ)
شَقَحَ (ف) شَقْحًا۔ الشیءَ۔ توڑنا۔ الجوزةَ۔ اخروٹ کی گری نکالنا۔ ہٗ اللّٰہُ۔ قبیح بنانا۔
شَاقَحَهٗ مُشَاقَحَةً۔ آپس میں گالی گلوچ کرنا۔
اَشْقَحَهٗ۔ دور کرنا۔ اَشْقَحَ و شَقَّحَ۔ البُسْرُ۔ کھجور کا رنگ پکڑنا۔ النَّخْلُ۔ درخت خرما پر کھجور کا گدر ہونا۔ شُقْحًا لَهٗ۔ دوری ہو اس کے لیے۔
اَلْاَشْقَحُ۔ سرخ زرد رنگ ملا ہوا۔ مؤنث شَقْحَاءُ۔ ج۔ شُقْحٌ۔
الشُّقْحِيُّ۔ سرخ رنگ کا۔
شَقِذَ (س) شَقَذًا۔ نظر بد تیزی سے لگانا۔ بے نیند ہونا۔ صفت (شَقْذٌ و شَقِذٌ و شَقِيذٌ و شَقْذَان)
شَقَذَ (ض) شَقْذًا و شَقِذَ (س) شَقَذًا۔ دور چلا جانا۔
شَاقَذَهٗ۔ دشمنی کرنا۔ دور کرنا۔
اَشْقَذَهٗ۔ دھتکارنا۔
الشَّقَذُ و الشُّقْذُ و الشِّقْذُ۔ گرگٹ کا بچہ۔ ج شِقْذَان و شَقَاذِی۔
الشَّقَذُ۔ مص۔ کہتے ہیں: مَا لَهٗ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ: اس کے پاس کچھ نہیں۔ مَا بِهٖ شَقَذٌ وَلَا نَقَذٌ۔ اس میں کوئی نقص نہیں۔
الشِّقْذَانُ۔ بھیڑیا۔ حشرات الارض۔ کیڑے مکوڑے۔ بھٹ تیتر کے چوزے۔
الشَّقَذَان مص۔ ج۔ شقذان و الشِّقذ و الشَّقَذ۔ گرگٹ۔ بھیڑیا۔

شَقِرَ (س) وشَقُرَ (ك) شَقَرًا وشُقْرَةً۔ سرخ و زرد رنگ ہونا۔ صفت (اَشْقَرُ) مؤنث۔ شَقْرَاءُ۔ ج۔ شُقْرٌ۔
اِشْقَرَّ۔ گہرا سرخ و زرد رنگ ہونا۔
الشُّقُورُ۔ اہم کام۔ ضروری کام۔ ج۔ شُقُورٌ۔ بَثَّهٗ شُقُورَهٗ۔ اس نے اس سے اپنے حالات کی شکایت کی۔
الشُّقَرُ۔ مرغ۔ جھوٹ۔ جَاءَ بِالشُّقَرِ وَ البُقَرِ۔ وہ جھوٹ اور مصیبت لایا۔
الشَّقِرُ والشَّقِرَان والشُّقَّارَى۔
الشُّقَّارَى۔ سرخ رنگ کی نبات۔ یا گل لالہ
الشَّقِرَّاق و الشِّقِرَّاق۔ فاختہ سے بڑا ایک پرندہ۔
شَقْشَقَ شَقْشَقَةً۔ الجَمَلُ۔ اونٹ کا بلبلانا۔ الطَّيْرُ۔ پرندہ کا آواز کرنا۔
الشِّقْشِقَةُ۔ اونٹ کے منہ کا جھاگ جو وہ بوقت مستی نکالتا ہے۔ ج۔ شَقَاشِق۔ فُلَانٌ شِقْشِقَةُ قَوْمِهٖ۔ فلاں اپنی قوم میں شریف اور فصیح ہے۔
شَقَّصَ۔ الذَّبِيحَةَ۔ ذبیحہ کو کاٹ پیٹ کر حصہ داروں کے لیے برابر حصے لگانا۔
الشِّقْصُ۔ حصہ۔ نصیب۔ چیز کا یا زمین کا ٹکڑا یا قطعہ۔
الشَّقِيصُ۔ شریک۔ شرکت۔ حصہ۔ عمدہ گھوڑا۔ بہت میں سے تھوڑا۔
المِشْقَصُ۔ چوڑا پھل یا چھوٹے پھل کا تیر۔ ج۔ مَشَاقِصُ۔
المُشَقِّصُ۔ قصائی۔
شَقَعَ (ف) شَقْعًا۔ فِي الْإِنَاءِ۔ برتن میں منہ ڈال کر پینا۔
الشَّقْقَفُ۔ ٹھیکری۔ ٹھیکری کے ٹکڑے۔ واحد (شَقَفَةٌ)
الشَّاقُوفُ۔ بڑا ہتھوڑا۔
شَقَلَ (ن) شَقْلًا۔ الدَّرَاهِمَ۔ دراہم کا وزن کرنا۔

شَقَنَ (ن) شُقُونًا۔ و اَشْقَنَ العَطِيَّةَ۔ بخشش کم دینا۔ اَشْقَنَ الرَّجُلُ۔
شَقُنَ (ك) شُقُونَةً۔ العَطَاءُ۔ کم ہونا۔ صفت (شَقْنٌ و شَقِنٌ و شَقِينٌ)
المِشْقَن۔ ہینگا۔ کل۔ جوتے ہوئے اور بوئے ہوئے کھیت کی مٹی کو برابر کرنے کا آلہ۔
شَقَا يَشْقُو شَقْوًا و اَشْقَى۔ اللّٰهُ فُلَانًا۔ بدبخت بنانا۔ اَشْقَى شَعْرَهٗ۔ کنگھی کرنا۔
شَقِيَ يَشْقَى شَقًا و شَقَاءً و شَقَاوَةً و شَقْوَةً و شِقْوَةً۔ بدبخت ہونا۔ صفت (شَقِيّ) ج۔ اَشْقِيَاء۔
شَاقَى۔ فُلَانًا۔ بدبختی میں بڑھنا۔ مقابلہ کرنا۔ ۔ ہٗ فِي الحَرْبِ و نَحْوِهَا۔ لڑائی وغیرہ میں مشغول کرنا۔ ۔ ہٗ عَلَى كَذَا۔ صبر کرنے میں مقابلہ کرنا۔
الشَّاقِي۔ ما۔ مِنَ الجِبَالِ۔ پہاڑ کا لمبا نکلا ہوا گوشہ۔ ج۔ شَوَاقٍ و شُقْيَان۔
الشَّقَا و الشَّقَاء۔ مص۔ سختی۔ بدبختی۔
المِشْقَى۔ کنگھی۔
شَكَّ (ن) شَكًّا۔ فِي الْاَمْرِ۔ شک و شبہ کرنا۔ صفت فاعلی (شَاك) صفت مفعولی (مشکوک) فِيهِ۔ عَلَيْهِ الْاَمْرُ۔ معاملہ مشتبہ ہونا۔ ہٗ بِالرُّمْحِ۔ نیزہ مار کر ہڈی تک بٹھا دینا۔ شَكَّتْ الشَّوْكَةُ رِجْلَهٗ۔ پاؤں میں کانٹا چبھنا۔ شَكَّ القَوْمُ بُيُوتَهُمْ۔ قوم کا اپنے گھروں کو ایک ڈھنگ یا ایک قطار پر بنانا۔ الخَيَّاطُ الثَّوْبَ۔ درزی کا کپڑے میں دور دور ٹانکے لگانا۔ اِلَيْهِ البِلَادَ۔ ملک طے کر کے پہنچنا۔ الشَّيْءَ اِلَى الشَّيْءِ۔ ایک چیز کو دوسری سے ملانا۔ عَلَيْهِ الْاَمْرُ و

دشوار ہونا۔ فِی السِّلَاحِ۔ پورے
ہتھیار پہننا۔ کامل مسلح ہونا۔ صفت
(شَاكُ السِّلَاحِ و شَاكٌّ فِی
السِّلَاحِ) ج۔ شُكَّاكٌ۔
شَكَّ (ف) شَكًّا۔ فُلَانًا و اِلَيْهِ۔
مائل ہونا۔
شَكَّكَهٗ۔ شک میں ڈالنا۔
تَشَكَّكَ۔ فِی الْاَمْرِ۔ کسی امر میں شک
کرنا۔ شبہ کرنا۔
اَلشَّكُّ۔ مص۔ شک شبہ۔ ہڈی میں چوڑی
سی درز۔ چوہے مارنے کی دوا۔ ج۔ شُكُوكٌ
اَلشِّكَّةُ۔ اسم۔ نوع۔ ہتھیار کلہاڑی وغیرہ
کو تنگ کرنے کے لیے لکڑی کا پچڑ۔ ج
شِكَكٌ۔
اَلشُّكَّةُ۔ مسافت۔
اَلشَّاكَّةُ۔ اَلشَّاكُّ کا مؤنث۔ حلق کا ورم۔
ج۔ شَوَاكُّ۔ بُيُوتٌ شُكَاكٌ۔ ایک
قطار میں بنے ہوئے مکانات۔
اَلشَّكَاكَةُ۔ زمین کا کونہ۔
اَلشَّكِيكَةُ۔ طریقہ۔ عادت۔ دَعْهُ
عَلٰی شَكِيكَتِهٖ۔ اس کو اس کی
عادت پر چھوڑ دو۔ فرقہ۔ میوہ کی
ٹوکری۔ ج۔ شَكَائِكُ و شُكُكٌ۔
اَلْمِشَكُّ۔ سوراخ کرنے کا اوزار۔ زرہ۔ ج
مَشَاكُّ۔
شَكَرَ (ن) شُكْرًا و شُكُورًا و شُكْرَانًا۔
الرَّجُلَ و لَهٗ۔ کسی احسان و بھلائی
پر تعریف کرنا۔ شکریہ ادا کرنا۔ شکر
کرنا۔ شَكَرَ اللّٰهُ سَعْيَكَ۔ اللہ تم کو
تمہاری کوشش کا بدلہ دے۔ صفت
(شَاكِرٌ) ج۔ شَاكِرُونَ و شُكَّرٌ۔
شَكِرَتْ (س) شَكَرًا۔ اَلنَّاقَةُ۔ اونٹنی
کے تھنوں کا دودھ سے بھر جانا۔ صفت
(شَكِرَةٌ) ج۔ شَكِرَاتٌ و شَكَارَی
و شَكْرَى و (مِشْكَار) اَلشَّجَرَةُ۔
درخت کی جڑ میں شاخ نکلنا۔
الرَّجُلُ۔ بخل کے بعد سخاوت کرنا۔
اَشْكَرَ۔ الضَّرْعُ۔ تھن کا دودھ سے بھرنا
صفت (شَكْرَانُ) مؤنث شَكْرَى
ج۔ شَكَارَى و شَكَارَی۔ عَيْنٌ
شَكْرَى۔ آنسوؤں سے بھری ہوئی
آنکھ۔
شَاكَرَهٗ۔ شکرگزاری دکھانا۔ الحدیث
گفتگو شروع کرنا
اِشْتَكَرَ۔ الضَّرْعُ۔ تھن کا دودھ سے
بھرنا۔ اِشْتَكَرَتِ الرِّيَاحُ۔ ہواؤں
کا تیز چلنا۔ السَّمَاءُ۔ آسمان کا بارش
برسانا۔ الرَّجُلُ فِی عَدْوِهٖ۔
دوڑنے میں کوشش کرنا۔ اِشْتَكَرَ
الْبَرْدُ اَوِ الْحَرُّ۔ سردی یا گرمی کا تیز
ہونا۔ الشَّجَرُ۔ درخت کی جڑ میں
شاخ نکلنا۔ الْجَنِينُ۔ پیٹ کے
بچہ کا روئیں دار ہونا۔
تَشَكَّرَ۔ لَهٗ۔ شکریہ ادا کرنا۔
اَلشَّكُورُ۔ بہت شکرگزار (مذکر و مؤنث)
ج۔ شُكُرٌ۔ اللہ تعالیٰ جو تھوڑے
عمل پر زیادہ بدلہ دیتا ہے۔
اَلشَّكِيرُ۔ بڑے درخت کی جڑ میں اُگنے
والی شاخ۔ بڑی گھاس میں چھوٹی گھاس۔
یا جیسے پھل یا بالوں میں چھوٹے پر
یا بال۔ وہ بال جو گری اور چہرہ کے
پاس ہوں۔ درخت کی چھال۔ شَكِيرُ
الْاِبِلِ۔ چھوٹے اونٹ۔
اَلشَّكْرَةُ۔ اسم مرۃ۔ ید الشَّكِيرَةِ تھنوں
کا دودھ سے بھرنا۔
اَلشُّوكُرَانُ و الشَّيْكُرَانُ و الشَّيْكَرَانُ
ایک زہریلا پودا۔
اَلشَّاكِرِیُّ۔ نوکر۔ غلام۔ ملازم۔ چاکر۔ ج۔
شَاكِرِيَّةٌ۔ الشَّاكِرِيَّةُ۔ نوکر کی
اجرت۔ عام لوگ شاکریہ۔ پڑھتے
سرے کی چھری کو کہتے ہیں۔
شَكَزَهٗ (ن) شَكْزًا۔ انگلی چبھونا۔ زبان
سے تکلیف دینا۔ شَكَزَهٗ بِالرُّمْحِ۔
نیزہ مارنا۔
اَلشَّكِزُ و الشَّيْكُزُ۔ بدخلق۔ الشَّكَّازُ۔
فسادی۔ بدخو۔
شَكُسَ (ك) شَكَاسَةً و شَكِسَ (س)
شَكَسًا۔ بخیل ہونا۔ سخت مزاج ہونا
صفت (شَكِسٌ و شَكْسٌ) ج۔
شُكْسٌ۔
شَاكَسَهٗ مُشَاكَسَةً۔ مخالفت کرنا۔ سختی
سے پیش آنا۔
تَشَاكَسَ۔ القومُ۔ آپس میں مخالفت کرنا۔
اَلشَّكِيسُ۔ نحوست۔ اَلْمِشْكَسُ۔ بخیل۔
سخت مزاج۔
اَلشَّكِصُ و الشَّكِيصُ۔ بدخلق۔
اَلشَّكِيصَةُ۔ وہ اونٹنی جس کے تھنوں
میں نہ دودھ ہو نہ وہ حاملہ ہو۔
شَكِعَ (س) شَكَعًا۔ الْمَرِيضُ۔ بیمار کا
بہت آہ و زاری کرنا۔ صفت (شَاكِعٌ
و شَكِعٌ و شَكُوعٌ)۔ الزَّرْعُ۔
کھیتی کا زیادہ دانوں والی ہونا۔
الرَّجُلُ۔ غضبناک ہونا۔ دردمند ہونا۔
شَاقَهُ يَشِيْقُهُ شَيْقًا۔ إِلَيْهِ۔ کس کر باندھنا کہتے ہیں "شَاقَ الطُّنُبَ إِلَى الوَتَدِ" یعنی رسی کو کھونٹی سے مضبوط باندھا۔

الشِّيْقُ۔ پہاڑ کی چوٹی یا اس کی دشوار جگہ۔ جانب۔ پہاڑ کی تنگ درز۔ جانور کی دم کے بال۔ ایک سمندری مچھلی۔ واحد (شِيْقَةٌ)

الشَّيَّالُ۔ بوجھ اٹھانے والا۔ بیلی۔ والشِّيَالَةُ۔ بیلی کا پیشہ۔

شَامَ يَشِيْمُ شَيْمًا۔ بدن پر تل ہونا۔ صفت (أَشْيَمُ)، مؤنث شَيْمَاءُ ج شِيْمٌ وشُوْمٌ۔ السَّيْفَ۔ تلوار کو میان میں کرنا۔ تلوار کو میان سے باہر کرنا۔ سو تضاد ضد۔ البرقَ۔ بجلی کے چمکنے اور برسنے کی سمت کو دیکھنا (شَيْمًا وشُيُوْمًا) الرجلُ۔ لڑائی میں جم کر حملہ کرنا۔ فی الشیءِ۔ داخل ہونا۔ الشیءَ فی الشیءِ۔ چھپانا۔ الشیءَ۔ تخمینہ لگانا۔ اندازہ کرنا۔ کہتے ہیں "شِمْ مَا بَيْنَهُمَا" یعنی ان دونوں کے درمیان اندازہ کرو۔

تَشَيَّمَ و اِشْتَامَ و اِنْشَامَ و الشَّتَامَ۔ فی الشیءِ أوِ الأمرِ۔ داخل ہونا۔ اِنْشَامَ الرجلُ۔ منظور نظر ہونا۔

تَشَيَّمَ۔ أبَاهُ۔ خصلت میں باپ کے مشابہ ہونا الشیءُ فی الشیءِ۔ داخل ہونا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا۔ کسی پر بڑھاپا آجانا۔

الشَّامَةُ۔ تل۔ زمین میں سیاہ نشان۔ چاند کے بیچ کی سیاہی۔ سیاہ اونٹنی۔ ج۔ شَامٌ و شَامَاتٌ "صَارُوْا شَامًا فِي البِلَادِ" وہ شہروں میں بکھر گئے۔ "مَالَهُ شَامَةٌ و لَا زَهْرَاءُ" اس کے پاس کچھ نہیں۔

الشِّيْمَةُ والشِّيَمَةُ۔ خلق۔ عادت۔ طبیعت۔ ج۔ شِيَمٌ۔

الشَّيْمُ۔ وہ زمین جو نہ کھودی گئی ہو اور اپنی سختی پر برقرار ہو۔

الشِّيَامُ۔ نرم زمین۔ مٹی۔

الشِّيَامُ۔ مٹی۔ چوہا۔ ج۔ شِيَمٌ۔

المَشِيْمُ والمَشُوْمُ والمَشْيُوْمُ۔ تل والا۔

المَشِيْمَةُ۔ وہ جھلی جس میں بچہ ماں کے پیٹ میں لپٹا ہوا ہوتا ہے اور ولادت کے وقت وہ بچہ کے ساتھ نکلتی ہے۔ ج۔ مَشِيْمٌ و مَشَايِمُ۔

شَانَهُ يَشِيْنُهُ۔ شَيْنًا۔ عیب لگانا۔

شَيَّنَ۔ الشِّيْنَ۔ حرف شین لکھنا۔

المَشَايِنُ۔ عیوب۔ مصائب۔

شَاهَهُ يَشِيْهُهُ۔ شَيْهًا۔ نظر بد لگانا۔

الشَّيُوْهُ۔ وہ آدمی جس کی نظر لگتی ہو۔ کہتے ہیں "هُوَ شَيُوْهٌ مِنْ أَشْيَهِ النَّاسِ" یعنی اسے سب سے زیادہ نظر لگتی ہے۔

الشَّائِيْ۔ چائے۔

۹۰
ص

صَئِبَ (س) صَأَبًا۔ مِنَ الشَّرَابِ۔ شراب سے سیراب ہونا۔ بھرنا۔

صَيَّبَ و أَصْأَبَ۔ الرأسُ۔ سر کا لیکھوں سے پر ہونا۔

الصُّؤَابَةُ۔ لیکھ۔ جوں کا انڈا۔ ج۔ صُؤَابٌ وصِئْبَانٌ۔

الصِّئْبَانُ۔ چھوٹے چھوٹے اولے۔

المُصْأَبُ۔ شراب سے بھرا ہوا یا سیر شدہ۔

صَأْصَأَ۔ الجروُ۔ پلے کا آنکھ کھولنے کے قریب ہونا۔ الرجلُ۔ بزدل ہونا۔ و تَصَأْصَأَ۔ مِنْهُ۔ ڈرنا۔ مطیع ہونا۔

الصِّئْصَاءُ۔ ردی کھجوریں۔

الصِّئْصِئَةُ۔ مرغ۔ مرغ کی ٹانگ کا خار۔

صَئِكَ (س) صَأَكًا۔ بدبودار پسینہ آنا۔

- الدمُ۔ خون کا جمنا۔ بہنا۔ چمٹنا۔
صَاءَکَہٗ مُصَاءَکَۃً۔ سختی سے پیش آنا تنگی ڈالنا۔
الصَّئِلُ۔ من الرجالِ۔ مضبوط آدمی۔
صَئُلَ یَصْؤُلُ صَآلَۃً۔ البعیرُ۔ اونٹوں کا لوگوں پر حملہ آور ہونے لگنا اور ان کو مار ڈالنا۔ صفت (صَئُوْلٌ)
صَأَلَ یَصْئِلُ صَئِیْلاً۔ الفرسَ۔ گھوڑے کا ہنہنانا۔
صَأَمَ یَصْأَمُ صَأْمًا۔ الجَیْشَ علیَ القومِ۔ قوم پر فوج کشی کرنا۔
صَئِمَ یَصْأَمُ صَأَمًا۔ بہت پانی پینا۔
الصَّائِمُ۔ پیاسا۔
صَأَیَ یَصْئِیُ (ض۔ ف) و یَصْأیُ و صُئِیًّا و صَئِیًّا و صِئِیًّا و تَصَأءی۔ الفرخُ۔ چوزہ کا چوں چوں کرنا۔ بچھو کا آواز کرنا۔ اوراسی سے مثل مشہور ہے "یَلْدَغُ وَیَصْئِیْ" کہ بچھو ڈستا بھی ہے اور آواز بھی نکالتا ہے یعنی وہ نقصان بھی دیتا ہے ۔ اور شکایت بھی کرتا ہے۔ اور کہتے ہیں۔ "جَاءَ بِمَا صَأَیَ وَصَمَتَ" وہ مال ناطق اور صامت لایا یعنی جانور بھی لایا اور اسباب بھی۔
أَصْأَیَ۔ الفرخُ۔ چوں چوں کرانا۔
صَبَّ (ن) صَبًّا۔ الماءَ۔ پانی گرانا۔ بہانا
- فی الوادی۔ وادی میں اترنا۔ - الدِّرعَ۔ زرہ پہنانا۔ صَبَبْتُ الدِّرعَ عَلیٰ فُلَانٍ۔ میں نے فلاں کو زرہ پہنائی۔ کہتے ہیں "صَبَّتْ علیه البَلَاءَ مِنْ صَبَبٍ"۔ اس نے اس پر اوپر سے مصیبت ڈالی۔ - صَبَّ رِجلَهٗ فِی القَیْدِ۔ پاؤں میں بیڑی پہنائی۔
صَبَّ (ض) صَبًّا۔ المَاءُ۔ پانی کا بہنا۔ گرنا۔
صُبَّ۔ الشیئُ۔ مٹایا جانا۔
صَبَّ (س) صَبَابَۃً۔ الیهِ۔ عاشق ہونا فریفتہ ہونا۔
أَصَبَّ إِصْبَابًا۔ القومُ۔ قوم کا نیچے اترنا۔
إِنْصَبَّ۔ الماءُ۔ پانی گرنا۔ - علیهِ۔ اترنا۔ کہتے ہیں "إِنْصَبَّتْ قَدَمَاهُ فی الوادی" یعنی ٹھہر گئے۔
إِصْطَبَّ۔ الماءُ۔ پانی گرنا۔
إِصْطَبَّ وتَصَابَّ۔ الماءَ۔ بقیہ پانی پینا۔ إِصْطَبَّ وتَصَابَّ العَیشَ باقی ماندہ زندگی گذارنا۔
تَصَبَّبَ۔ الماءُ ونحوُهٗ۔ بہنا۔
الصَّبُّ۔ مص۔ عاشق۔ ج۔ صَبُّوْنَ۔ مؤنث۔ صَبَّۃٌ۔ ج۔ صَبَّاتٌ۔ مَاءٌ صَبٌّ۔ بہا ہوا پانی۔
الصُّبُّ والصُّبَّۃُ۔ گرایا ہوا کھانا وغیرہ۔
الصُّبَّۃُ۔ لوگوں کی جماعت۔ گھوڑے یا اونٹوں یا بکریوں کا گلہ۔ تھوڑا مال۔ برتن میں بچا ہوا پانی۔ یا دودھ یا شوربا
الصَّبَبُ۔ نہر یا راستہ وغیرہ کا ڈھلوان۔ زمین یا راستہ کا نشیب۔ ج۔ أَصْبَابٌ۔
الصُّبَابَۃُ۔ برتن میں پانی وغیرہ کا بقیہ۔ ج صُبَابَاتٌ۔ کہتے ہیں "لَمْ أُدْرِكْ مِنَ العَیْشِ إِلَّا صُبَابَۃً" یعنی مجھے بچی کھچی زندگی ملی ہے۔
الصَّبَابَۃُ۔ سوزش عشق۔ سخت محبت۔
الصَّبِیْبُ۔ زرد رنگ۔ اولہ۔ عمدہ شہد۔ پسینہ۔ خون۔ غلام کا نچوڑ۔ سرخ رنگ۔ اوپر سے گرائی ہوئی چیز۔ تلوار کی دھار۔
المَصَبُّ۔ گرنے کی جگہ۔ دریا کا دہانہ۔ ج۔ مَصَابٌّ۔
المِصَبُّ۔ سانچہ۔ جس میں حروف وغیرہ ڈھالے جاتے ہیں۔
المَصْبُوْبُ۔ مفع۔ گرایا ہوا۔ برانگیختہ کیا ہوا۔
صَبَأَ (ف) و صَبُؤَ (ك)، صَبْأً و صُبُوْءًا۔ مذہب تبدیل کرنا۔ صابی ہونا۔ صفت (صَابِئٌ)۔ - عَلَیْهِمْ۔ اچانک پہنچ جانا۔ - العَدُوَّ علیهم۔ دشمن کی رہنمائی کرنا۔ (ـ و أَصْبَأَ إِصْبَاءً) النابُ او النَّابُ۔ دانت یا نبات کا نکلنا۔ پھوٹنا۔ - و أَصْبَأَ القومَ۔ قوم پر اچانک پہنچ جانا۔
الصَّابِئُوْنَ و الصَّابِئَۃُ۔ ستاروں کی پرستش کرنے والی ایک قوم۔ بعض کے نزدیک وہ قوم جو خود کو دین نوح علیه السلام کا پیرو جانتی ہے۔
الصَّبَأْوَتُ و الصَّبَاؤُوْتُ۔ شان شوکت، جمال، طاقت (عبرانی)۔ - رَبُّ الصَّبَأْوت۔ شان والا۔
صَبَحَ (ف) صَبْحًا۔ القومُ۔ قوم کے پاس بوقت صبح آنا۔ - عَنِ الحَقِّ۔ حق ظاہر کرنا۔
صَبِحَ (س)، صَبَحًا و صَبْحَۃً۔ روشن و چمک دار ہونا۔ - الشَّعْرُ۔ بال کا چمکدار ہونا۔ - الحَدِیْدُ۔ لوہے کا چمکدار ہونا۔
صَبُحَ (ك)، صَبَاحَۃً۔ الوجهُ۔ چہرہ کا چمکدار اور روشن ہونا۔ - الغلامُ لڑکے کا صاحب جمال ہونا۔ صفت۔ (صُبَاحٌ و صَبِیْحٌ)
صَبَّحَهٗ۔ صبح کے وقت آنا۔ صبح کی شراب پلانا۔ - صَبَّحَ القومَ الماءَ۔ قوم کو چلا کر صبح کو پانی میں اتارنا۔ - الرجلَ صبح کو سلام کرنا۔
أَصْبَحَ۔ صبح میں داخل ہونا۔ نصف رات کو

جاگنا۔ اِلمِصْبَاحَ۔ چراغ جلانا۔
الحقُّ۔ حق ظاہر ہونا۔ اَصْبَحَ زَیْدٌ
عَالِمًا۔ زید عالم ہوگیا۔ اِصْبَحْ یا
رجلُ۔ خبردار اے شخص۔ کسی سے بدفال
لیتے وقت عرب کہا کرتے "صَبَّحَ
اللهُ لا صَبَاحَكَ"۔
تَصَبَّحَ۔ صبح کو سونا۔ صبح کا ناشتہ کرنا۔ تَصَبَّحَ
بِہٖ۔ صبح کو ملنا۔
تَصَابَحَ۔ بتکلف خوبصورت بننا۔
اِصْبَحَ۔ چراغ روشن کرنا۔ الرجلُ۔ صبح
کی شراب پینا۔
اِسْتَصْبَحَ۔ چراغ جلانا۔ روشن کرنا۔
الصُّبْحُ۔ دن کا اول حصہ۔ ج۔ اَصْبَاحٌ۔
الصُّبْحَةُ۔ مص۔ ناشتہ۔ سرخی مائل سیاہ
رنگ۔ د۔ والصَّبْحَةُ۔ صبح کی نیند۔
الصَّبَاحُ والصَّبِيْحَةُ والاُصْبُوْحَةُ
دن کا ابتدائی حصہ۔ عِمْ صَبَاحًا۔
تمہاری صبح اچھی ہو۔ یومُ الصَّبَاحِ۔
لوٹ کا دن۔
الصُّبَاحُ۔ شعلہ قندیل۔ غلامٌ صُبَاحٌ۔
حسین لڑکا۔ مؤنث۔ صُبَاحَةٌ۔ ج۔
صُبَاحٌ۔ الصُّبَاحِيَةُ۔ چوڑا نیزہ۔
الصُّبَاحِيُّ۔ بہت سرخ خون۔
الاَصْبَحُ۔ شیر۔ وہ بال جس میں خلقی سرخی
مائل سفیدی ہو۔ مؤنث۔ صَبْحَاءُ۔
ج۔ صُبْحٌ۔
الصَّبُوْحُ۔ ہر چیز صبح کے وقت کھائی یا
پی جانے والی۔ صبح کے وقت دوہا ہوا
دودھ۔ اَتَيْتُهُ ذَا اَصْبُوْحٍ۔ میں
اس کے پاس صبح کے وقت آیا۔
الصَّبِيْحُ۔ خوبصورت۔ ج۔ صِبَاحٌ۔
مؤنث صَبِيْحَةٌ۔ ج۔ صِبَاحٌ۔
الصَّبْحَانُ۔ خوبصورت ہونٹ۔ صَبْحِيْ۔
ج۔ صَبَاحِيْ۔ صبح کی شراب پینے والا۔
الصَّبَاحِيَةُ۔ خوبصورتی۔

المُصْبَحُ۔ صبح کرنا۔ صبح کا وقت۔ صبح کرنے
کا مقام۔ ج۔ المَصَابِحُ۔ بڑا پیالہ
چراغ۔
المِصْبَاحُ۔ چراغ۔ چوڑا نیزہ۔ صبح کی
شراب پینے کا بڑا پیالہ۔ ج۔ مَصَابِيْحُ۔
مَصَابِيْحُ النُّجُوْمِ۔ اعلام کواکب۔
صَبَرَ (ض) صَبْرًا۔ عَلَى الاَمْرِ۔ بہادری
سے برداشت کرنا۔ صفت (۱) صَابِرٌ
وصَبِيْرٌ وصَبُوْرٌ (۲) عَنِ الشَّيْءِ
رکنا۔ الدَّابَّةَ۔ جانور کو بلا چارہ
کے باندھے رکھنا۔ ہٗ۔ مجبور کرنا۔
لازم ٹھہرانا۔ ہٗ عَنِ الاَمْرِ۔ روکنا۔
قُتِلَ صَبْرًا۔ وہ قتل کرنے کے لیے
بند کیا گیا۔ حُلِفَ صَبْرًا۔ اس کو
قسم کھانے کے لیے بند کیا گیا۔
صَبَرَ (ن) صَبْرًا وصَبَارَةً۔ بِہٖ
ضامن بننا۔ ہٗ۔ ضامن دینا۔
اُصْبُرْنِيْ۔ مجھ کو ضامن دو۔
صَبَّرَہٗ۔ صبر دلانا۔ صبر کرنے کے لیے کہنا۔
۔ المَيِّتَ۔ مردہ کے پیٹ میں ایلوا رکھنا
تاکہ وہ سڑ نہ جائے۔ صَبَّرَ الكَاسَ
پیالہ کو کناروں تک بھرنا۔
اَصْبَرَ۔ اللَّبَنُ۔ دودھ کی کھٹاس کا تیز ہو کر
کڑواہٹ تک پہنچنا۔ الشَّيْءُ۔ ایلوے
کی طرح کڑوا ہونا۔ ہٗ۔ صبر دلانا۔
۔ الرجلُ۔ مصیبت میں پڑنا۔ بوتل
کو کارک سے بند کرنا۔ القَاضِيْ
فُلَانًا۔ قاضی کا خصم سے بدلہ دلانا۔
صَابَرَہٗ۔ صِبَارًا ومُصَابَرَةً۔ صبر میں
غالب آنا۔
تَصَبَّرَ۔ بناوٹی صبر کرنا۔ عليه۔ صبر
کرنا۔
اِصْطَبَرَ واَصْبَرَ۔ عليه۔ صبر کرنا۔
۔ مِنْہُ۔ بدلہ لینا۔
اِصْبَارَّ اِصْبِيْرَارًا۔ عليه۔ صبر کرنا۔

اِسْتَصْبَرَ۔ الشَّيْءُ۔ موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
الصَّبْرُ۔ بہادری مصیبت کی خاموشی سے
برداشت۔ شَهْرُ الصَّبْرِ۔ ماہِ
رمضان۔ يَمِيْنُ الصَّبْرِ۔ قید کر
کے لی ہوئی قسم۔
الصِّبْرُ والصُّبْرُ۔ چیز کا کنارہ۔ طرف
سفید بال۔ ج۔ اَصْبَارٌ۔ اَخَذَ
الشَّيْءَ بِاَصْبَارِهٖ۔ تمام کی تمام لے
لی۔ وَمَلَأَ الكَاسَ اِلَى اَصْبَارِهَا
یعنی پیالے کو کنارے تک بھر دیا۔
الصَّبْرُ والصُّبْرُ۔ کنکریلی زمین جو سخت
نہ ہو۔
الصَّبِرُ۔ برف۔ ج۔ اَصْبَارٌ۔
الصَّبِرُ۔ ایلوا۔ ج۔ صُبُوْرٌ۔ واحد
(صَبِرَةٌ) اس کی یا پرسکون نادر
طریقے پر آتا ہے۔
الصُّبْرَةُ۔ غلہ کا انبار۔ اَخَذَهُ صُبْرَةً
اس نے اس کو بے ناپے تولے سب کا
سب لے لیا۔ سخت پتھروں کا ڈھیر۔ ج۔
صِبَارٌ۔
الصَّابِرُ فَا۔ اَبُو صَابِرٍ۔ نمک۔
الصَّابُوْرَةُ۔ سواری یا کشتی یا جہاز وغیرہ
میں رکھا ہوا بوجھ جس کی وجہ سے وہ
ادھر ادھر نہ جھک سکے۔
الصَّبْرَةُ والصَّبَارَةُ۔ سردی کی شدت۔
صَبْرَةُ الشِّتَاءِ۔ سردی کا درمیانی
زمانہ۔
الصِّبَارُ۔ مص۔ کارک۔ ڈاٹ۔
الصَّبَارَةُ۔ ضمانت۔ سردی کی تیزی۔ د۔
والصُّبَارَةُ۔ چکنے پتھر۔
الصُّبَّارُ والصَّبَارُ۔ املی۔ ناگ پھنی۔
واحد صُبَّارَةٌ وصَبَّارَةٌ۔
الصَّبَّارَةُ۔ بنجر سخت زمین۔
الصَّبُوْرُ۔ ج۔ صُبُرٌ۔ حلیم۔ بردبار۔ اللہ
تعالیٰ کا اسم مقدس۔ د۔ والصَّبَّارُ۔

بہت صبر کرنے والا۔
الصَّبُورُ۔ مِنَ الرِّجالِ۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔
الصَّبِیْرُ۔ صبر کرنے والا۔ ضامن۔ قوم کا مکھیا اور چودھری۔ پہاڑ۔ ج۔ صُبَرَاءُ
الصَّبِیْرُ والصَّبِیْرَۃُ۔ چوڑی روٹی۔
اُمُّ صَبَّارٍ واُمُّ صَبُّوْرٍ۔ مصیبت۔
المَصْبُوْرُ۔ قتل کے لیے قید کیا ہوا۔ ڈھیر لگایا ہوا۔ مؤنث (مَصْبُوْرَۃٌ)
صَبْصَبَہٗ۔ متفرق کرنا۔ تَصَبْصَبَ اللَّیْلُ۔ رات کا اکثر حصہ گذرنا۔ الحَرُّ۔ گرمی کا سخت ہونا۔ علینا فلانٌ۔ بہت جری ہونا۔
تَصَبْصَبَ۔ متفرق ہونا۔
الصَّبْصَابُ والصَّبْصَبُ والصُّبَاصِبُ سخت، مضبوط۔
صَبَعَ (ف) صَبْعًا۔ بہ وعلیہ۔ انگلی سے اشارہ کرکے بتانا۔ صَبَعَہٗ (ف) صَبْعًا ومَصْبَعَۃً۔ متکبر بنانا اور اسی سے ہے یہ قول "مَنْ وَلَّاہٗ السُّلْطَانُ صَبَعَہُ الشَّیْطَانُ"۔ بادشاہ جس کو حاکم بناتا ہے شیطان اس کو متکبر بناتا ہے۔ انگلی پر مارنا۔ صَبَعَ الشَّیْءَ۔ کسی چیز میں انگلی ڈالنا۔ ۔ بَیْنَ القومِ۔ غیر کو قوم کا پتہ دینا۔ ۔ فی الطَّعامِ۔ کھانے میں انگلی ڈالنا۔
الاَصْبَعُ والإِصْبَعُ والاُصْبُعُ و الإِصْبِعُ والاَصْبِعُ والاُصْبَعُ والاَصْبُعُ والإِصْبُعُ والاُصْبِعُ۔ انگلی۔ مؤنث ہے کبھی مذکر بھی مستعمل ہوتا ہے۔ ج۔ اَصَابِعُ۔ اَصَابِعُ۔ اَصَابِعُ الفَتَیَاتِ۔ ایک قسم کا پھول۔ اَصَابِعُ العَذَارٰی یا اَصَابِعُ العَرُوْسِ۔ ایک لمبے دانہ کا انگور۔
الاُصْبُوْعُ۔ انگلی۔ ج۔ اَصَابِیْعُ۔
المَصْبَعَۃُ۔ غرور تکبر۔
المَصْبُوْعُ۔ متکبر
صَبَغَ (ن ض ف) صَبْغًا وصِبْغًا۔ الثَّوبَ۔ کپڑے کو رنگنا۔ یَدَہٗ فی الماءِ۔ پانی میں ہاتھ ڈبونا۔ یَدَہٗ بالعَمَلِ۔ کام میں مشغول ہونا۔ فُلانًا فی السَّہْمِ۔ کسی کو نعمتوں سے چھپانا۔ صَبَغَ بالماءِ۔ پانی سے بپتسمہ دینا۔
صَبِغَ (ن) صَبْغًا۔ ضَرْعُ النّاقۃِ۔ اونٹنی کے تھن کا بھرنا اور خوش رنگ ہونا۔
صَبَّغَ۔ صَبَغَ کا مبالغہ (۔ اَصْبَغَ) النَّخْلُ۔ کھجور کا پکنے لگنا۔ اَصْبَغَ علیہ النِّعْمَۃَ۔ کامل نعمت سے نوازنا۔
تَصَبَّغَ۔ فی دِیْنِہٖ۔ کسی پر دین کا رنگ اچھی طرح چڑھنا اور مذہب میں پختہ ہونا۔
اِصْطَبَغَ۔ سالن لگانا۔ بکذا۔ رنگین ہونا۔
الصِّبْغُ والصِّبَغُ۔ ج۔ اَصْبَاغٌ۔ و (الصِّبَاغُ) ج۔ اَصْبِغَۃٌ۔ و (الصِّبْغَۃُ) رنگ۔ الصِّبْغُ سالن جیسے سرکہ وغیرہ۔
الصِّبْغَۃُ۔ نوع۔ ملت۔ دین بپتسمہ کا رنگ۔
الصُّبْغَۃُ۔ پکی کھجور۔
الصِّبَاغَۃُ۔ رنگریزی۔
الصَّابِغُ۔ فا۔ رنگنے والا۔
الصَّبِیْغُ۔ رنگا ہوا۔ الصَّبَّاغُ۔ رنگنے والا۔ جھوٹا۔
الاَصْبَغُ۔ بڑا سیلاب۔ مِنَ الطَّیْرِ والشَّاءِ۔ سفید دم کا پرندہ یا بکری۔ مِنَ الخیلِ۔ وہ گھوڑا جس کی پیشانی یا اطراف کان سفید ہوں۔ مؤنث۔ صَبْغَاءُ ج۔ صُبْغٌ۔
الصَّبْغَۃُ۔ رنگائی کا کارخانہ۔
صَبَنَ (ض) صَبْنًا۔ الشَّیءَ عنہُ۔ روکنا باز رکھنا۔ دوسری طرف پھیر دینا۔ المقامِرُ الکَعْبَیْنِ۔ جواری کا پانسہ کو ہاتھ میں لے کر پھینکنے کے لیے درست کرنا۔
اِنْصَبَنَ واصْطَبَنَ۔ عنہُ۔ پھر جانا۔
الصَّابُوْنُ۔ صابن۔ کلمہ فارسی ہے۔ اس کے لیے عربی "غَاسُوْلٌ" ہے (صَابُوْنَۃٌ) ایک ٹکڑا۔ صابن بنانے یا بیچنے والا۔ الصَّبَّانُ اور الصَّابُوْنِیُّ۔
الصَّابُوْنِیَّۃُ۔ ایک قسم کا پودا جس کو صابن کی طرح استعمال کرتے ہیں۔
المَصْبَنَۃُ۔ صابن سازی کا کارخانہ۔
صَبَا یَصْبُوْ صَبْوَۃً وصُبْوَۃً وصُبُوًّا۔ اِلَیْہِ ولَہٗ۔ مشتاق ہونا۔
صَبَا یَصْبُوْ صَبْوًا وصُبُوًّا وصِبًا و صَبَاءً۔ بچپن کی طرف مائل ہونا۔ بچوں کی خصلت والا ہونا۔ صفت مذکر (صَابٍ) صفت مؤنث (صَابِیَۃٌ)
صَبَتْ صَبَاءً وصُبُوًّا۔ الرِّیحُ۔ پروائی ہوا چلنا۔
صُبِیَ واُصْبِیَ۔ القومُ۔ پروائی ہوا کا لگنا۔ اَصْبَی الرجلُ۔ بچہ والا ہونا۔ اَصْبَی الشَّیءُ فلانًا۔ کسی شے کا کسی کو شوق میں ڈالنا۔
صَبِیَ یَصْبٰی صَبَاءً واسْتَصْبٰی۔ بچوں کی طرح کام کرنا۔ صَبِیَ الیہِ۔ مشتاق ہونا۔ اِسْتَصْبَاہُ۔ بچوں جیسا سلوک کرنا۔ بچہ سمجھنا۔
صَابَی مُصَابَاۃً۔ نیزہ مارنا۔ نیزہ کو مارنے کے لیے جھکانا۔ السیفَ۔ تلوار کو میان میں الٹی طرف کرنا۔ الکلامَ۔ بے قاعدہ بولنا۔

تَصَبّٰى تَصَبِّيًا وتَصَابٰى تَصَابِيًا۔ کھیل
کود کی طرف مائل ہونا ۔ المرأةَ
عورت کو فریب دینا یا فریفتہ کرلینا۔
تَصَبَّا۔ الشیَٔ شوق میں ڈالنا۔
الصَّبَا۔ مص۔ پُروائی ہوا۔ اس کے مخالف
سمت چلنے والی ہوا دَبُور ہے۔
تثنیہ۔ صَبَوَانِ و صَبَیَانِ ۔ ج۔
صَبَوَاتٌ و اَصْبَاءٌ۔
الصِّبَا۔ شوق۔ الصِّبَاءُ و الصَّبَاءُ۔
بچپن۔
الصَّبْوَةُ۔ مص۔ بچپن۔
الصَّبِيُّ۔ بچہ۔ ج۔ صُبْیَانٌ و صِبْیَانٌ و
صُبْوَانٌ و صِبْوَانٌ و اَصْبِیَةٌ و
صِبْیَةٌ و صَبْیَةٌ و صُبْیَةٌ و
صِبْوَةٌ و اَصْبٍ۔ مؤنث صَبِیَّةٌ
ج۔ صَبَایَا۔ الصَّبِیَّةُ۔ لڑکی۔
الصَّبِيُّ۔ تلوار کی دھار۔ پاؤں کا پنجہ۔
الصَّبِیَّانِ۔ ٹھڈی کے قریب داڑھی
کے کنارے۔
الصُّبَیْلَةُ و الاُصَیْبِیَةُ۔ چھوٹے لڑکے۔
الصَّابِیَةُ۔ شمال مشرقی ہوا۔
صَتَّہٗ (ن) صَتًّا۔ زور سے دھکیلنا۔ ہاتھ
سے مارنا ۔ ہٗ بکلام او بداھیۃ۔
کسی پر تہمت لگانا یا کسی پر مصیبت
ڈالنا۔
صَاتَّہٗ مُصَاتَّةً و صِتَاتًا۔ کسی سے
جھگڑنا۔
تَصَاتَّ۔ القومُ۔ آپس میں جھگڑنا۔ لڑنا۔
الصَّتُّ و الصِّتُّ و الصُّتَّةُ۔ جماعت۔
الصِّتُّ و الصُّتَّةُ۔ ضد۔ ہٹ۔
نصتنت درپے۔ کہتے ہیں۔ ھُوَ بِصَتِّیَّتِهٖ
یعنی وہ اس کا درپے ہے۔ الصَّتِیْتُ
جماعت۔ آواز۔ شور۔
لَصَتِیْتٌ۔ کاموں میں مستعد و چست۔
صَتَعَہٗ (ف) صَتْعًا۔ پچھاڑنا ۔ ہٗ
کسی کا قصد کرنا ۔ تَصَتَّعَ۔ کسی
کام میں تردد کرنا۔
الصَّتَعُ۔ قوی نوجوان۔ گورخر۔
صَتَّمَ۔ الشیَٔ۔ چیز کو مکمل کرنا۔
تَصَتَّمَ۔ تیز دوڑنا۔
الصَّتْمُ و الصَّتَمُ۔ سخت مضبوط
خوب مضبوط۔
الصَّتْمَةُ و الصَّتِیمَةُ۔ سخت چٹان۔
المُصَتَّمُ۔ مفع۔ غیر نافذہ گلی یا وادی۔
صَحَّ (ن) صَحًّا۔ لوہے کو لوہے پر مارنے
سے ان میں سے آواز کا نکلنا۔
الصُّحُحُ و الصَّحِیحُ۔ لوہے پر لوہے
کے پڑنے کی جھنکار۔
صَحَّ (ض) صُحًّا و صِحَّةً و صَحَاحًا۔
تندرست ہونا ۔ الشیءُ۔ چیز کا ہر
عیب سے بری اور سالم ہونا۔ الخبرُ
خبر کا مطابق واقع کے ثابت ہونا۔ صفت
(صَحِیحٌ و صَحَاحٌ)
صَحَّحَ۔ المریضَ۔ بیمار کی بیماری کو دور کرنا۔
۔ الکتابَ۔ کتاب کی غلطی کو ٹھیک
کرنا۔
اَصَحَّ اِصْحَاحًا۔ کسی کو تندرست کرنا یا
پانا۔ مرض کو زائل کرنا۔ اَصَحَّ الرجلُ
آدمی کے بال بچوں یا اس کے مویشی کا
تندرست ہونا۔
تَصَحَّحَ۔ بکذا۔ کسی چیز سے علاج کرنا۔
اِسْتَصَحَّ۔ مِنْ مَرَضِہٖ۔ بیماری سے
تندرست ہونا ۔ الکلامَ۔ کلام کو
صحیح پانا۔
الصِّحَّةُ۔ تندرستی ۔ الصَّحَاحُ۔ مِنَ
الطریقِ۔ دشوار راستہ۔
الصَّحِیحُ۔ تندرست۔ عیب سے پاک۔ قابلِ
اعتماد۔ اَصِحَّاءُ و صِحَاحٌ و اَصِحَّةٌ
و صَحَائِحُ۔
المَصَحُّ۔ صحت کی جگہ۔
المَصَحَّةُ و المَصِحَّةُ۔ صحت بخشنے
والی۔ صحت قائم رکھنے والی۔ کہتے ہیں۔
الصَّوْمُ مَصَحَّةٌ۔ روزہ تندرستی کا
باعث ہے ۔ اَرْضٌ مَصَحَّةٌ۔
وبائی امراض سے پاک زمین یا وہ مقام جہاں
بیماریاں کم پیدا ہوتی ہیں۔
صَحِبَہٗ صُحْبَةً و صَحَابَةً و صِحَابَةً و
صَاحَبَہٗ مُصَاحَبَةً۔ ساتھی ہونا۔ دوستی
کرنا۔ ساتھ زندگی گذارنا۔
صَحَبَ (ف) صَحْبًا۔ المَذْبُوحَ۔ کھال
کھینچنا۔
اَصْحَبَ۔ الرجلُ۔ ساتھی والا ہونا۔ بیٹے
کا بالغ ہو کر اپنے مثل ہونا۔ بدقت تمام
مطیع و فرمانبردار ہونا۔ الماءُ۔ پانی کا
کائی والا ہونا۔ فلانًا۔ محفوظ رکھنا
۔ ہٗ عَنْ کَذَا۔ منع کرنا۔ روکنا۔
۔ ہٗ الشیءَ۔ ساتھ کر دینا۔ اَصْحَبَ
الزِّقُّ۔ مشک پر بال چھوڑ دینا۔
تَصَحَّبَ۔ منہٗ۔ شرم کرنا۔ فلانٌ مَا
یَتَصَحَّبُ مِنْ شیءٍ۔ فلاں شخص کسی
چیز سے نہیں بچتا، نہ شرماتا۔
اِصْطَحَبَ۔ فلانًا۔ حفاظت کرنا۔
اِصْطَحَبُوا۔ ایک دوسرے کے ہمراہ
ہونا۔ ایک دوسرے کا ساتھی ہونا۔
اِسْتَصْحَبَہٗ۔ ساتھی بننا۔ ساتھی بننے کے
لیے کہنا۔ ساتھی بنانا۔ اِسْتَصْحَبَہُ الشیءَ
کسی چیز کو اپنے ساتھ رکھنے کے لیے
کہنا۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو ساتھ کر دینا۔
الصَّاحِبُ۔ فا۔ ساتھی۔ ساتھ زندگی گذارنے
والا۔ مالک۔ گورنر۔ وزیر۔ صاحب حماۃ
حاکم حماۃ۔ صَاحِ۔ ترخیم صاحب کی۔
ج۔ صَحْبٌ و اَصْحَابٌ و صُحْبَةٌ و
صِحَابٌ و صُحْبَانٌ و صِحَابَةٌ و
صَحَابَةٌ۔ اور اَصْحَابٌ کی جمع
اَصَاحِبُ۔

الصَّاحِبَةُ۔ مؤنث الصَّاحِبُ۔ بیوی۔ ج۔ صَاحِبَاتٌ وصَوَاحِبُ۔

الصَّحَابَةُ۔ وہ بزرگ حضرات جن کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دیدار اور آپ کی صحبت نصیب ہوئی ہو۔ اور ایمان لائے ہوں، پھر ایمان ہی پر ان کا خاتمہ بھی ہوا ہو۔

الصَّحَابِیُّ۔ صحابہ کی طرف منسوب۔ ایک صحابی۔

المُصَاحِبُ۔ فا۔ ساتھ رہنے والا۔ دشواری سے مطیع وفرمانبردار ہونے والا۔

المُصْحَبُ۔ مفع۔ وہ پاگل جو اپنے دل سے باتیں کرے۔ عُودٌ مُصْحَبٌ۔ وہ لکڑی جس کا چھلکا چھیلا نہ گیا ہو۔ اَدِیْمٌ مُصْحَبٌ۔ وہ چمڑا جس پر سے بال دور نہ کیے جائیں۔

المُصْحِبُ والمِصْحَابُ۔ تابع۔ ذلیل۔ اَدِیْمٌ مُصْحِبٌ۔ جس چمڑے پر بال ہوں۔

المَصْحُوبُ۔ مفع۔ اَدِیْمٌ مَصْحُوبٌ۔ وہ چمڑا جس پر سے بال نہ اکھیڑے گئے ہوں۔ عُودٌ مَصْحُوبٌ۔ وہ لکڑی جس کا چھلکا نہ اتارا گیا ہو۔ اِذْهَبْ مَصْحُوبًا وَمُصَاحَبًا۔ صحیح سالم جاؤ۔

صَحَرَ (ف)، صَحْرًا۔ اللبنَ۔ دودھ ابالنا۔ صَحَرَتْهُ الشمسُ۔ دھوپ کا کسی کے دماغ کو تکلیف پہنچانا۔

صَحَرَ (ف)، صَحِیْرًا وصُحَارًا۔ الحمارُ۔ گدھے کا زور سے رینگنا۔

صَحِرَ (س)، صَحَرًا۔ سرخی مائل مٹیالہ رنگ ہونا۔ صفت (اَصْحَرُ) مؤنث صَحْرَاءُ۔ ج۔ صُحْرٌ۔ رنگ (الصُّحْرَةُ)

اَصْحَرَ۔ صحرا کی طرف نکلنا۔ المکانُ۔ جگہ کا وسیع وکشادہ ہونا۔ الامرَ وبالامرِ۔ ظاہر ہونا۔ الرجلُ۔ کانا ہونا۔

اِصْحَارَّ اِصْحِیْرَارًا۔ سرخی مائل مٹیالے رنگ والا ہونا۔

الصَّحْرَاءُ۔ بیابان جس میں نبات نہ ہو۔ ج۔ صَحَارَى وصَحَارٍ وصَحَارِيُّ وصَحْرَاوَاتٌ۔

الصَّحِیْرَةُ۔ ابلا ہوا دودھ جس میں گھی اور آٹا ملایا جائے۔

المُصَاحِرُ۔ اپنے مقابل سے بیابان میں لڑنے والا اور دھوکا نہ دینے والا۔

المُصْحَرُ۔ شیر۔

صَحْصَحَ۔ الامرُ۔ ظاہر ہونا۔

الصَّحْصَحُ والصَّحْصَاحُ والصَّحْصَحَانُ نباتات سے خالی ہموار زمین۔ ج۔ صَحَاصِحُ۔ التُّرَّهَاتُ الصَّحَاصِحُ وتُرَّهَاتُ الصَّحَاصِحِ۔ خرافات زٹلیات۔

الصُّحْصُحُ والصُّحْصُوحُ۔ مِنَ الرجالِ۔ باریک بین آدمی۔

المُصَحْصِحُ۔ سچی محبت رکھنے والا۔ بے ہودہ گو۔

صَحَّفَ۔ الکلمةَ۔ کلمہ کے پڑھنے یا لکھنے میں غلطی کرنا۔

اَصْحَفَ۔ الکتابَ۔ کتاب میں صحیفوں کو جمع کرنا۔

تَصَحَّفَ۔ القارِئُ۔ قاری کا پڑھنے میں غلطی کرنا۔

الصَّحْفَةُ۔ بڑا پھیلا ہوا پیالہ جو پانچ آدمیوں کو سیر کرنے کے لیے کافی ہو۔ ج۔ صِحَافٌ۔ الصِّحَافُ۔ پانی کے چھوٹے چھوٹے چشمے۔

الصِّحَافَةُ۔ اخبار نویسی۔ عَالَمُ الصِّحَافَةِ۔ اخبار نویس لوگ۔

الصَّحِیْفَةُ۔ لکھا ہوا کاغذ۔ ورق۔ صَحِیْفَةُ الوَجْهِ۔ چہرے کی کھال۔ کہتے ہیں: صُنْ صَحِیْفَةَ وَجْهِكَ: یعنی اپنے چہرے کی آبرو کو محفوظ رکھو۔ ج۔ صَحَائِفُ وصُحُفٌ۔

الصَّحِیْفُ۔ سطح زمین۔

الصَّحَّافُ۔ پڑھنے میں غلطی کرنے والا۔ کتب فروش۔

الصَّحَفِیُّ۔ کتابوں کے مطالعہ سے نہ کسی استاد سے علم حاصل کرنے والا۔ د۔ والمُصَحِّفُ، پڑھنے میں خطا کرنیوالا۔

المَصْحَفُ والمِصْحَفُ والمُصْحَفُ۔ کتاب۔ مجلد کتاب۔ قرآن مجید۔ ج مَصَاحِفُ۔

المُصَحَّفُ۔ مفع۔ بدلا ہوا۔

صَحِلَ (س)، صَحَلًا۔ صَوْتُهُ۔ بیٹھی ہوئی اور سخت آواز والا ہونا۔ صفت (صَحِلٌ وأَصْحَلُ)

اِصْطَحَمَ۔ الرجلُ۔ سیدھا کھڑا ہونا۔

اِصْحَامَّ۔ اِصْحِیْمَامًا۔ النباتُ۔ پودہ کا بہت ہرا ہونا۔ سبزی کا زردی سے ملنا صفت (اَصْحَمُ) مؤنث صَحْمَاءُ رنگ (الصُّحْمَةُ)۔ الارضُ۔ زمین کا متغیر نباتات والی ہونا۔ الزرعُ۔ کھیتی پر سردی کا اثر ہو کر خشک ہونا شروع ہونا۔

صَحَنَ (ف)، صَحْنًا۔ مارنا۔ صَحَنَهُ برِجْلِهِ۔ پاؤں سے مارنا۔ الرجلَ۔ کسی کو پیالہ میں کچھ دینا۔ ه دِینارًا۔ کسی کو دینار دینا۔ بینهم۔ اصلاح کرنا۔

الصَّحْنُ۔ چھوٹا پیالہ۔ بڑا پیالہ۔ گھر کا اندرونی حصہ، اور اسی سے ہے: فرس واسعُ الصَّحْنِ: صَحْنُ الدارِ۔ گھر کا صحن۔ الصَّحْنُ مِنَ الارضِ۔ ہموار زمین۔ ج۔ صُحُونٌ۔

الصَّحْنَانِ۔ جھانجھ۔ ایک قسم کا باجا۔

صَخَنَا۔ الاُذُنَيْنِ۔ کانوں کے اندرونی حصے۔
فرسٌ صَخُونٌ۔ لات مارنے والا گھوڑا۔
الصَّخْنَى و الصَّخْنَاةُ و الصَّخْنَاعَةُ۔ نمک
لگی ہوئی چھوٹی مچھلی۔
المِصْحَنَةُ۔ بڑے پیالہ کے مانند ایک
برتن۔
صَحَا يَصْحُو صَحْوًا (ن) وصُحُوًّا و صَحِيَ
يَصْحِي (س) صَحًا و اَصْحَى اِصْحَاءً
۔ اليومُ۔ دن کا بے بادل والا ہونا۔
صفت (صَحْوٌ و صَاحٍ و مُصْحٍ)
۔ السَّكْرَان۔ نشہ اتر جانا ۔
الرَّجُلُ بچپن کی جہالت کو چھوڑنا۔
باطل کو چھوڑنا۔ افاقہ پانا۔ صفت
(صَاحٍ) ج۔ صَاحُونَ و صُحَاةٌ
مؤنث۔ صَاحِيَةٌ ج۔ صَاحِيَاتٌ
و صَوَاحٍ۔
اَصْحَاهُ۔ ہوش میں لانا۔ افاقہ دینا۔
الصَّحْوُ۔ بے ابر صاف دن۔
المَصْحَاةُ۔ افاقہ کا سبب ۔ المِصْحَاةُ۔
پانی پینے کا پیالہ۔
صَخَّ (ن) صَخًّا۔ الحَدِيدَ بالحَدِيدِ۔
لوہے پر لوہے کو مارنا ۔ الصوتُ
الاُذُنَ ۔ آواز کا کان کو بہرا کر
دینا۔ (صَخًّا و صَخِيخًا)، الحَدِيدُ
لوہے پر سخت چیز مارنے سے لوہے
کا بجنا۔ لحَدِيثِهِ۔ بات کے لیے
کان لگانا۔
الصَّخَّةُ۔ اسم مرة۔ باری۔ د۔ والصَّخُّ
والصَّخِيخُ۔ پتھر یا لوہے کی آواز۔
الصَّخِيخُ۔ ڈرے ہوئے کوے کی آواز۔
الصَّاخَّةُ۔ بہرا کر دینے والی سخت
چیخ۔ مصیبت۔ قیامت۔
صَخِبَ (س) صَخَبًا۔ چیخنا۔ شور مچانا۔
صَاخَبَهُ مُصَاخَبَةً۔ ایک دوسرے
پر شور مچانا۔

تَصَاخَبَ۔ القومُ۔ باہم شور کرنا۔ اور
ایک دوسرے کو مارنا۔
اِصْطَخَبَتِ۔ الطيرُ او الضَّفَادِعُ۔
پرندوں یا مینڈکوں کا مخلوط آوازیں
کرنا۔
الصَّخَبُ۔ مص۔ شور۔
الصَّاخِبُ والصَّخِبُ و الصَّخَّابُ و
الصَّخُوبُ والصَّخْبَان (اخیر کی
جمع صُخْبَانٌ) چلّانے والا ۔ شور
مچانے والا۔ مؤنث (صَخِبَةٌ و
صَخُبَّةٌ و صَخَّابَةٌ و صَخُوبٌ و
صَخْبَى)
صَخِدَ (س) صَخَدًا و صَخَدَانًا۔ اليومُ۔
دن کا سخت گرم ہونا۔
صَخَدَتْهُ (ف) صَخْدًا۔ الشمسُ
جلانا۔ الصُّرَدُ۔ لٹورے کا آواز کرنا۔
صَخَدَ (ف) صُخُودًا۔ اليهِ۔ کان لگانا۔
اَصْخَدَ۔ الحرُّ۔ گرمی کا سخت و تیز ہونا۔
۔ الرجلُ۔ گرمی میں داخل ہونا ۔
الحِرْبَاءُ۔ گرگٹ کا دھوپ کھانا۔
الصَّاخِدَةُ۔ دوپہر۔
الصَّخْدَانُ و الصَّخَدَانُ۔ سخت گرم
دن۔ صَيْخَدُ۔ الشمسِ۔ چشمۂ
آفتاب۔ هَاجِرَةٌ صَيْخُودٌ۔
سخت گرم دوپہر۔ صَيَاخِيدُ۔
صَيَاخِيدُ الحَرِّ۔ گرمی کی تیزی۔
کہتے ہیں "اَقْبَلَتْ صَيَاخِيدُ
الحَرِّ۔ گرمی کی تیزی و سختی آگئی۔
المَصْخَدَةُ۔ دوپہر۔ ج۔ مَصَاخِدُ
المُصْطَخِدُ۔ سیدھا کھڑا ہونے والا۔
صَخَّرَهُ۔ مطیع کرنا۔
اَصْخَرَ۔ المكانُ۔ کسی جگہ کا بہت
چٹانوں والا ہونا۔ صفت (مُصْخِرٌ)
الصَّخْرَةُ و الصَّخَرَةُ۔ چٹان۔ ج۔
صَخْرٌ و صَخَرٌ و صُخُورٌ، و

صُخُورَةٌ و صَخَرَاتٌ۔ کہتے ہیں۔
"فلانٌ صَخْرَةُ الوادي" یعنی فلاں
بہت مستقل ہے۔
الصَّخِرُ۔ مِنَ الاَمْكِنَةِ۔ چٹانی جگہ۔
"هُوَ صَخِرُ الوَجْهِ او اَصْخَرُ الوَجْهِ"
وہ بے حیا ہے۔
الصَّاخِرُ۔ لوہے سے لوہا ٹکرانے کی آواز۔
الصَّاخِرَةُ۔ پانی پینے کے لیے مٹی کا برتن۔
صَخَفَ (ف) صَخْفًا۔ الارضَ۔ زمین کھودنا۔
المِصْخَفَةُ۔ کھودنے کا آلہ۔ کدال۔
پھاوڑہ۔ ج۔ مَصَاخِفُ۔
صَخَمَتْهُ (ن) صَخْمًا۔ الشمسُ۔ دھوپ
کا کسی کو جھلس دینا۔
اِصْطَخَمَ ۔ الرجلُ۔ سیدھا کھڑا ہونا
صَخِيَ يَصْخَى ۔ الثوبُ۔ کپڑے کا میلا
کچیلا ہونا۔ صفت (صَخٍ)
الصَّخَاةُ۔ میل کچیل، ایک قسم کی سبزی۔
صَدَّهُ (ن)، صَدًّا۔ عَنْ كَذَا۔ ہٹانا۔
منع کرنا۔
صَدَّ (ن ض)، صَدًّا و صُدُودًا۔ عَنْهُ۔
اعراض کرنا۔ مائل ہونا۔ صفت (صَادٌّ)
ج۔ صُدَّادٌ۔ مؤنث۔ صَادَّةٌ۔ ج
صَوَادُّ و صُدَّادٌ۔
صَدَّ (ن ض)، صَدِيدًا ۔ مِنَ الشيءِ۔
چیخنا چلانا۔
صَادَّهُ۔ مدافعت کرنا۔
صَدَّدَ۔ تالی بجانا ۔ الجرحُ۔ زخم کا
پیپ دینا۔
اَصَدَّهُ۔ عن كذا۔ منع کرنا۔ روکنا۔
الجرحُ۔ زخم کا پیپ دینا یا اس کی
پیپ کا بہنا۔
تَصَدَّدَ۔ لَهُ۔ درپے ہونا۔
اِصْطَدَّتِ۔ المرأةُ۔ عورت کا
پردہ کرنا۔
الصَّدُّ۔ ھ د۔ والصُّدُّ، پہاڑ، بلند بادل

وادی کا کنارہ۔ ج۔ اَصْدَادٌ و صُدُوْدٌ۔
الصَّدَدُ۔ قصد، کہتے ہیں "هُوَ صَدَدُكَ" وہ تمہارا مقصود ہے۔ ارادہ۔ درپے، میلان سکتے ہیں "لَاُقِيمَنَّ صَدَدَكَ" یعنی میں تیری کجی درست کردوں گا۔ کنارہ قریب، سامنے، کہتے ہیں "دَارِی صَدَدَ دَارِهٖ" میرا گھر اس کے گھر کے سامنے یا قریب ہے۔
الصِّدَادُ۔ پردہ۔ ج۔ اَصِدَّةٌ۔
الصَّدُوْدُ۔ روکنے والا۔ چھوٹی کرتی۔
الصَّدِيْدُ۔ ہ۔ پلچھو۔ خون ملی پیپ — صَدِيْدُ الفِضَّةِ۔ پگھلی ہوئی چاندی
الصُّدَّادُ۔ سانپ، چھپکلی۔ پانی کی طرف جانے والا راستہ۔ ج۔ صَدَائِدُ۔
صَدِئَ (س) صَدَأً و صُدُوْءً، صَدَاءَةً — الحَدِيْدُ۔ لوہے کا زنگ آلود ہونا صفت (صَدِئٌ) مؤنث صَدِئَةٌ — الشيءُ۔ کسی چیز کا رنگ میں زنگ کے مشابہ ہونا۔ زنگاری رنگ کا ہونا۔ صفت (اَصْدَأُ) مؤنث صَدْاءُ۔ — الرجلُ۔ سیدھا کھڑا ہو کر دیکھنا۔
صَدَأَ (ف) صَدْأً و صَدَّأَ و تَصْدِئَةً — الشيءَ۔ زنگ دور کرنا — المِرْآةَ۔ آئینہ کو صاف کرنا
اَصْدَأَهٗ۔ مورچے والا جیسا بنانا۔
تَصَدَّأَ۔ لَهٗ۔ درپے ہونا۔
الصَّدَأُ۔ زنگ، مورچہ۔ رجلٌ صَدَأٌ۔ نازک جسم آدمی۔
الصَّدِئُ۔ زنگ لگی ہوئی چیز۔ الصُّدْأَةُ۔ زنگاری رنگ۔
صَدَحَ (ف) صَدْحًا و صُدَاحًا — الرجلُ او الطائرُ۔ آدمی یا پرندہ کا بلند آوازی سے سُر نکالنا۔ صفت (صَادِحٌ و صَدَّاحٌ و صَيْدَحٌ و صَيْدَاحٌ و صَدُوْحٌ و مِصْدَحٌ و مِصْدَاحٌ)
الصَّدَحُ۔ علم، نشان، خالی مکان، پتھریلی پہاڑی۔ شيءٌ صَدَحٌ۔ کالی چیز۔ ج۔ صِدْحَانٌ۔
الصَّدْحَةُ و الصُّدْحَةُ و الصَّدَحَةُ تعویذ کے طور پر استعمال کیا جانے والا منکا یا مُہرہ۔
صَدَرَ (ن ض) صَدْرًا و مَصْدَرًا — عَنِ المكانِ و عَنِ الماءِ۔ واپس پھرنا — إِلَى المكانِ۔ جانا — الرجلَ عَن كذا۔ واپس کرنا۔ (ن) صُدُوْرًا الامرُ۔ پیدا ہونا۔ واقع ہونا۔ مِنْهُ۔ ظاہر ہونا — عنهُ۔ پیدا ہونا۔ نتیجہ نکلنا — صَدَرَهٗ صَدْرًا۔ سینہ پر مارنا۔
صُدِرَ۔ سینہ میں درد ہونا۔ صفت (مَصْدُوْرٌ)
صَدَّرَهٗ۔ واپس کرنا آگے بڑھا کر صدر مجلس بنانا — صَدَّرَ الكتابَ بكذا۔ کتاب میں دیباچہ لگانا — الفرسُ۔ گھوڑے کا آگے بڑھنا۔
اَصْدَرَهٗ۔ عن كذا۔ واپس کرنا۔ اَصْدَرَ الامرَ۔ ظاہر کرنا — الرجلَ لے جانا — فلانٌ يُوْرِدُ ولا يُصْدِرُ۔ فلاں کام شروع کرتا ہے مگر پورا کرکے نہیں چھوڑتا۔
صَادَرَهٗ۔ على الشيءِ و بِهٖ۔ اصرار کے ساتھ مطالبہ کرنا۔
تَصَدَّرَ۔ صدر مجلس میں بیٹھنا — تَصَدَّرَ المجلسَ۔ مجلس میں سینہ نکال کر بیٹھنا۔ — الفرسُ۔ گھوڑے کا آگے سینہ نکالنا۔
الصَّدْرُ۔ ہ۔ ہر چیز کا سامنے سے اوپر کا حصہ، سینہ۔ ہر چیز کا شروع۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔ صَدْرُ القومِ۔ قوم کا رئیس۔
الصَّدْرُ الاَعْظَمُ۔ وزیر اعظم۔ ج۔ صُدُوْرٌ۔ نَبَاتُ الصَّدْرِ۔ افکار۔ ذَاتُ الصَّدْرِ۔ سینہ کی ایک بیماری۔ صَدْرُ الوَادِی۔ وادی کی اونچی اور سامنے کی جگہیں۔ بَعِيْدُ الصَّدْرِ۔ غیر مہربان۔
الصَّدَرُ۔ پانی سے واپسی۔ مسافر کی واپسی۔
الصَّادِرُ۔ فا۔ واپس ہونے والا۔ اس کا زیادہ تر اطلاق پانی سے واپس ہونے پر ہے۔ اس کا مقابل وَارِدٌ ہے۔ یعنی پانی پر آنے والا۔ "مَا لَهٗ صَادِرٌ وَلَا وَارِدٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔
الصُّدْرَةُ۔ مِنَ الانسانِ۔ سینہ یا سینہ کا بالائی حصہ۔
الصُّدْرَةُ۔ سینہ کو ڈھانکنے والا کپڑا۔ مثلاً واسکٹ۔ صَدْرِيَّةٌ۔ واسکٹ۔
التَّصْدِيْرُ۔ اونٹ کا تنگ۔
الصِّدَارُ۔ صدری۔ اونٹ کے سینہ کا نشان۔
الصَّدَارَةُ۔ تقدم۔ وزیر اعظم کا عہدہ (و الصَّدِيْرَةُ) ج۔ صَدَائِرُ۔ سینہ کا اوپر کا حصہ۔
الاَصْدَرُ۔ مضبوط بڑے سینہ والا —
الاَصْدَرَانِ۔ کنپٹیوں کی دو رگیں۔
المَصْدَرُ۔ جائے صدور۔ ج۔ مَصَادِرُ۔
المُصْدِرُ۔ فا۔ کاموں کا پورا کرنے والا۔
المُصْدَرُ۔ چوڑے سینہ والا۔ مضبوط سینہ والا آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ شیر، بھیڑیا۔
صَدَعَ (ف) صُدُوْعًا — الى كذا۔ مائل ہونا۔
صَدَعَ (ف) صَدْعًا — الشيءَ۔ پھاڑنا۔ مگر جدا نہ کرنا — القومَ۔ متفرق کرنا — الامرَ۔ ظاہر کرنا — بالحقِّ۔ حق کو کھلے طور سے اظہار کرنا — فی الامرِ۔ کام کر گذرنا — الامرُ

بالحق۔ حق کا فیصلہ کرنا۔ فلانًا۔
قصد کرنا۔ صَدَعَہٗ عَنْ کَذَا۔
روکنا۔ النَّھرَ۔ عبور کرنا۔ فِی
المکانِ۔ گذرنا۔ اللَّیْلَ۔ رات
میں چلنا۔
صُدِعَ وصُدِّعَ۔ دردِ سر لاحق ہونا۔ بصفت
مَصْدُوْعٌ۔
صَدَّعَ۔ الشیئَ۔ پھاڑنا۔ الفَلَاۃَ
او النَّھرَ۔ بیابان یا نہر کو عبور کرنا۔
تَصَدَّعَ۔ القومُ۔ قوم کا متفرق ہونا۔
تَصَدَّعَتِ الارضُ بفلانٍ۔ وہ
شخص زمین میں کہیں غائب ہوگیا یعنی بھاگ
گیا۔ تَصَدَّعَ وانْصَدَعَ۔ الشیئُ
پھٹنا۔ اِنْصَدَعَ الصَّباحُ۔ صبح
کا روشن ہونا۔
الصَّادِعُ۔ فا۔ قاضی۔ جبلٌ صادِعٌ۔
لمبائی میں پھیلا ہوا پہاڑ۔ صُبْحٌ
صَادِعٌ۔ روشن صبح۔
الصَّدْعُ۔ (ہ) سخت چیز کی دراڑ۔ پھٹن۔
ج۔ صُدُوْعٌ۔ (۔ و الصَّدَعُ)
چھریرے بدن کا آدمی۔ مضبوط جوان۔
صَدَعَ الحَدِیْدِ۔ لوہے کا زنگ۔
الناسُ عَلَیْھِمْ صَدْعٌ وَاحِدٌ۔
لوگ ان کی عداوت پر متفق ہیں۔
الصِّدْعُ۔ لوگوں کی جماعت۔ دو حصوں
میں چری ہوئی چیز کا ایک حصہ۔ رَأَیْتُ
بینھُمْ صَدَعَاتٍ: میں نے ان میں
خواہشات وآرا میں اختلاف دیکھا۔
"واَصْلِحُوْا مَا فِیْکُمْ مِنَ الصَّدَعَاتِ"
اپنے آپس کے اختلافات کو دور کرو،
اور متحد و متفق ہو جاؤ۔
الصِّدْعَۃُ۔ ج۔ صِدَعٌ (و الصَّدِیْعُ)
ج۔ صُدُعٌ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ دو برابر
میں پھٹی ہوئی چیز کا نصف۔ الصَّدِیْعُ
دردِ سر والا۔ صبح۔ پھٹا ہوا کپڑا۔ زرہ کے

نیچے پہننے کا کپڑا۔
اَلصُّدَاعُ۔ دردِ سر۔ التَّصْدَاعُ۔ تفریق۔
المَصْدَعُ۔ سخت زمین میں نرم راستہ۔ ج۔
مَصَادِعُ۔
المِصْدَعُ۔ چوڑا پھل۔ خطیبٌ مِصْدَعٌ
بلیغ خطیب۔
صَدَغَہٗ (ف) صَدْغًا۔ عن الامرِ۔
واپس کرنا۔ ہٹانا۔ سیدھا کرنا۔
صَدَغَہٗ (ف) صَدْغًا۔ کندھے سے
کندھا ملا کر چلنا۔
صَدَغَ (ن) صَدْغًا وصُدُوْغًا۔ اِلَی
الشیئِ۔ مائل ہونا۔
صَدُغَ (ک) صَدَاغَۃً۔ الرجلُ۔
کمزور ہونا۔
صُدِغَ۔ کنپٹی کے درد والا ہونا۔
صَادَغَہٗ۔ شانے سے شانہ ملا کر چلنے
میں مقابلہ کرنا۔
الصُّدْغُ۔ کنپٹی۔ کنپٹی پر لٹکنے والے بال۔
ج۔ اَصْدَاغٌ۔
الصَّدَغُ۔ ٹیڑھا پن۔ کجی۔
الصِّدَاغُ۔ کنپٹی پر نشان
الصَّدِیْغُ۔ کمزور ناتوان۔ تین دن کا بچہ۔
الاَصْدَغَانِ۔ کنپٹی کی دو رگیں۔
المِصْدَغَۃُ۔ تکیہ۔
صَدَفَ (ن ض) صَدْفًا وصُدُوْفًا۔
پھر جانا۔
صَدَفَ (ض) صَدْفًا۔ عنہٗ۔ اعراض
کرنا۔ فلانًا۔ پھیر دینا۔ ہٹانا۔
اَصْدَفَہٗ۔ عنہٗ۔ پھیر دینا۔ ہٹا دینا
صَادَفَہٗ۔ ارادہ سے یا اتفاقیہ ملاقات کرنا۔
تَصَادَفَا۔ باہم ملاقات کرنا۔
تَصَدَّفَ۔ عَنْ۔ اعراض کرنا۔
الصَّدَفُ۔ سیپی۔ واحد صَدَفَۃٌ
ج۔ اَصْدَافٌ۔ صَدَفَۃُ الاُذُنِ۔
کان کا جوف۔ الصَّدَفُ فِی

الخَیْلِ۔ گھوڑوں کی رانوں کے درمیان
کی نزدیکی اور سموں کا بُعد۔ الصَّدَفُ
والصَّدَفَۃُ۔ جانب۔ کنارہ۔
الصَّدَفُ والصُّدُفُ والصُّدْفُ
والصَّدْفُ۔ پہاڑ کا کنارہ۔
الاَصْدَافُ۔ سمندر کی موجیں۔ الصُّدْفَۃُ
اتفاقی ملاقات۔
الصَّدُوْفُ۔ گندہ ذہن۔ بہت اعراض
کرنے والا۔
المَصْدُوْفُ۔ مفع۔ چھپا ہوا۔
صَدَقَ (ن) صَدْقًا وصِدْقًا و
مَصْدُوْقَۃً وتَصْدَاقًا۔ سچ بولنا۔
۔ فِی وَعْدِہٖ ووَعِیْدِہٖ۔ پورا کرنا۔
۔ فِی الحَمْلَۃِ۔ حملہ میں بہادری
دکھانا۔ ہٗ النَّصِیْحَۃَ او المحبّۃَ
بے لوث نصیحت یا محبت کرنا۔ ہٗ
الحَدِیْثَ۔ سچی خبر دینا۔
صَدَّقَہٗ۔ سچا ٹھہرانا۔ سچا سمجھنا۔
صَادَقَہٗ صِدَاقًا ومُصَادَقَۃً۔ دوست
بننا۔ صَادَقَہٗ المَوَدَّۃَ۔ خالص
دوستی کرنا۔
اَصْدَقَ۔ الابنۃَ۔ بیٹی کا مہر مقرر کرنا۔
تَصَدَّقَ۔ خیرات دینا۔ عَلَی الفَقِیْرِ
بکذا۔ خیرات کے طور پر دینا۔
تَصَادَقَا۔ ایک دوسرے سے دوستی
کرنا۔ تَصَادَقَا الحَدِیْثَ اَوِ
المَوَدَّۃَ وفیھا۔ ایک دوسرے سے
سچی بات کرنا اور سچی دوستی رکھنا۔
الصَّدَاقُ (رمح) سیدھا سخت نیزہ۔ کامل
شئے۔ ج۔ صُدُقٌ وصُدْقٌ و
صَدْقُوْنَ۔ مؤنث صَدْقَۃٌ۔ ج۔
صَدْقَاتٌ۔
الصِّدْقُ۔ سچ۔ فضیلت۔ صلاح۔ سختی
مضبوطی۔ رجلٌ صِدْقٌ۔ بڑا سچا
آدمی۔

الصَّدَقَةُ۔ خیرات۔ ج۔ صَدَقَاتٌ۔
الصَّدُقَةُ والصُّدْقَةُ والصُّدُقَةُ والصَّدْقَةُ۔ مہر۔ ج۔ اَصْدِقَةٌ وصُدُقٌ۔
الصَّدَاقَةُ۔ سچی دوستی۔
الصَّادِقُ۔ فا۔ تَمْرٌ صَادِقُ الحَلَاوَةِ۔ بہت شیریں کھجور۔ نِيَّةٌ صَادِقَةٌ خالص نیت۔ حَمْلَةٌ صَادِقَةٌ سخت حملہ۔
الصَّدُوقُ۔ ہمیشہ سچ بولنے والا۔ ج۔ صُدُقٌ وصُدْقٌ۔
الصَّدِيقُ۔ پیارا دوست۔ ج۔ اَصْدِقَاءُ وصُدَقَاءُ وصُدْقَانٌ۔ وجج اَصَادِقُ۔ مؤنث۔ صَدِيقَةٌ۔
الصِّدِّيقُ۔ ج۔ صِدِّيقُونَ۔ بہت سچ بولنے والا۔ سچائی میں کامل۔ عمل سے اپنی بات کو سچا کر دکھانے والا۔ بڑا نیک۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے خلیفہ حضرت ابوبکرؓ کا لقب۔
المِصْدَاقُ۔ کسی کی سچائی کا گواہ۔ ذُوْ مِصْدَقٍ۔ بہادر جنگ جو۔ تیز دوڑنے والا۔
المَصْدُوقَةُ۔ (د) سچائی۔
صَدَمَهُ (ض) صَدْمًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا آپڑنا۔
صَادَمَهُ مُصَادَمَةً۔ مارنا۔
اِصْطَدَمَ وتَصَادَمَ۔ الفارسان۔ ایک دوسرے کو مارنا۔ ایک دوسرے کے مزاحم ہونا۔
الصِّدَامُ۔ چارپایوں کے سر کی ایک بیماری کا نام۔
الصَّدْمَةُ۔ اسم مرۃ۔ ایک دفعہ۔ ضَرَبَهُ بِصَدْمَةٍ۔ ایک ہی دفعہ میں پچھاڑ دیا۔ اَعْطَاهُ رِزْقَ شَهْرَيْنِ صَدْمَةً۔ وہ مہینہ کی روزی ایک ہی مرتبہ دے دی۔
الصُّدْمَتَانِ والصَّدَمَتَانِ۔ پیشانی کے دونوں جانب۔
الاَصْدَمُ۔ وہ شخص جس کی پیشانی کے دونوں جانب سے بال اڑ گئے ہوں۔
رَجُلٌ مِصْدَمٌ۔ جنگجو بہادر آدمی۔
صَدَّ الصَّدُّ وصَدًّا وصَدًّى ـ بِيَدِهِ۔ دونوں ہاتھوں سے تال بجانا۔
صَدِيَ يَصْدَى صَدًى۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت۔ (صَدٍ وصَادٍ و صَدْيَانٌ) مؤنث۔ صَدْيَا و صَادِيَةٌ۔ ج۔ صَوَادٍ۔ صَدِيَ۔ الشيءُ۔ لمبا ہونا۔
صَادَهُ مُصَادَاةً۔ مقابلہ کرنا۔ مدارات کرنا۔
صَدَّى تَصْدِيَةً۔ بِيَدَيْهِ۔ دونوں ہاتھوں سے تال بجانا۔
اَصْدَى۔ اِصْدَاءً۔ مرنا۔ الجبلُ۔ پہاڑ کا گونجنا۔ پہاڑ سے آواز بازگشت آنا۔
تَصَدَّى۔ لَهُ۔ درپے ہونا سامنے آنا۔ لِلْاَمْرِ کسی معاملہ کے لیے متوجہ ہونا۔
الصَّدَى۔ سخت پیاس۔ آواز بازگشت۔ دماغ۔ انسانی لاش۔ تعرض۔ ج۔ اَصْدَاءٌ۔ صَمَّ صَدَاهُ۔ اس کی گونج خاموش ہوگئی ہے یعنی وہ مر گیا۔ اَصَمَّ اللّٰهُ صَدَاهُ۔ اللہ اس کو مار دے۔
الصَّدَى۔ ایک چھوٹے سر کا الو جو تاریک ویرانوں میں رہتا ہے۔ اس کو ہامہ بھی کہتے ہیں۔ عرب کا خیال تھا کہ جس مقتول کا بدلہ نہ لیا جائے۔ اس کے سر سے ایک الو پیدا ہوتا ہے جو اس کے سر پر یہ کہتا رہتا ہے کہ مجھے پلاؤ مجھے پلاؤ۔ تا آنکہ اس کے قاتل کو قتل کیا جائے۔
صَرَّ (ن) صَرًّا۔ الصُّرَّةَ۔ تھیلی باندھنا۔ الدَّرَاهِمَ فِي الصُّرَّةِ۔ دراہم کو تھیلی میں رکھنا۔ الفرسُ اُذُنَهُ و بِاُذُنِهِ۔ گھوڑے کا کان کھڑے کرنا۔ الناقةَ وبالناقةِ۔ اونٹنی کے تھن باندھنا تاکہ اس کا بچہ دودھ نہ پی سکے۔
صَرَّ (ض) صَرًّا وصَرِيرًا۔ الشيءُ۔ چوں چوں کرنا۔ الرجلُ۔ زور سے چلانا۔ پیاسا ہونا۔ الاُذُنُ۔ کان بجنا۔
صُرَّ۔ النَّبَاتُ۔ پودہ کو ٹھنڈی ہوا کا مار جانا۔ صَرَّتِ الناقةُ۔ آگے بڑھنا۔
صَرَّرَ۔ اُذُنَهُ۔ سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔
صَارَّهُ مُصَارَّةً۔ علی کذا۔ مجبور کرنا۔
اَصَرَّ۔ علی الاَمْرِ۔ اپنے ارادہ پر جما رہنا۔ برائی اور گناہوں میں اس کا استعمال زیادہ تر ہے۔ السُّنْبُلُ۔ خوشوں کا خار نکالنا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا سننے کے لیے کان کھڑے کرنا۔
الصِّرُّ والصِّرَّةُ۔ ٹھنڈ۔ رِيحٌ صِرٌّ۔ سخت ٹھنڈی ہوا یا تیز آواز والی ہوا۔
الصِّرَّةُ۔ زور کی چیخ۔
الصَّرَّةُ۔ شور و غل چیخ پکار۔ لڑائی کی سختی یا گرمی وغیرہ کی تیزی۔ ترش روئی۔ جماعت تعویذ کے قبرے۔
الصُّرَّةُ۔ تھیلی۔ بٹوہ۔ ج۔ صُرَرٌ۔
يَمِينٌ صِرَّى۔ سخت قسم۔
الصَّرَرُ۔ بالیاں جو اپنے خار نکال رہی ہوں۔ واحد صَرَرَةٌ۔
الصَّارُّ۔ فا۔ گنجان درخت۔
الصَّارَّةُ۔ حاجت۔ پیاس۔ ج۔ صَوَارُّ۔
الصَّرُورُ والصَّارُورُ والصَّرُورِيُّ۔
الصَّارُورِيُّ۔ کنوارہ۔ جس نے حج نہ کیا ہو۔

الصَّرَارِيُّ ۔ ملاح ۔ ج ۔ صَرَارِيُّوْنَ ۔
الصِّرَارُ ۔ اونٹنی کے تھن باندھنے کی ڈوری ۔
وہ بلند جگہ جہاں پانی نہ چڑھ سکے ۔
ج ۔ اَصِرَّةٌ ۔
الصَّرَّارُ ۔ صارّ کا اسم مبالغہ ۔ صَرَّارُ
اللیل ۔ جھینگر ۔ الصَّرَّارَةُ ۔
سانپ کھا جانے والا ایک قسم کا عقاب ۔
الصَّرِيْرَةُ ۔ تھیلی میں رکھے ہوئے دراہم ۔
ج ۔ صَرَائِرُ ۔
المَصَّارُ ۔ آستین ۔
المَصْرُوْرُ ۔ مفع ۔ بندھا ہوا ۔ قیدی ۔
صَرَبَ (ض) صَرْبًا ۔ کاٹنا ۔ کمانا ۔ دودھ کو
ترش بنانا ۔ پیشاب یا دودھ کو روکنا ۔
بچہ کا کئی دن پاخانہ نہ کرنا ۔
صَرِبَ (س) صَرَبًا ۔ اللَّبَنُ ۔ دودھ کا
تھن میں جمع ہو جانا ۔
اَصْرَبَ ۔ اِلَيْهِ مالا ۔ دینا ۔
ترش دودھ کا کھانا یا پینا ۔
اِصْطَرَبَ ۔ اللَّبَنَ فِي الوَطْبِ ۔ دودھ
کو ترش کرنے کے لیے برتن میں تھوڑا
تھوڑا جمع کرنا ۔
اِصْرَأَبَّ ۔ الشیُّ ۔ صاف اور چکنا ہونا ۔
الصَّرْبُ والصَّرِبُ ۔ بہت ترش دودھ ۔
سرخ گوند ۔ ببول کا گوند ۔ واحد (صَرْبَةٌ
وصَرَبَةٌ)
الصِّرْبُ ۔ غریب عربوں کے تھوڑے گھر ۔
الصَّرِيْبُ ۔ ترش دودھ ۔ ج ۔ صُرُبٌ ۔
المَصْرُوْبُ ۔ مفع ۔ جمع کیا ہوا کھٹا دودھ ۔
المِصْرَبُ ۔ وہ برتن جس میں دودھ جمع کیا
جائے ۔ ج ۔ مَصَارِبُ ۔
صَرَّجَ ۔ الحوضَ ۔ حوض کو چونا مٹی ملا کر
بنانا ۔ الحوضَ بالنُّوْرَةِ ۔ حوض پر
چونے کی قلعی کرنا ۔
الصَّارُوْجُ ۔ چونا مٹی ملا ہوا ۔
صَرُحَ (ک) صَرَاحَةً وصُرُوْحَةً ۔
صاف ہونا ۔ خالص ہونا ۔ واضح ہونا ۔
صفت (صَرِيْحٌ) ج ۔ صُرَحَاءُ
مؤنث (صَرِيْحَةٌ)
صَرَحَ (ف) صَرْحًا ۔ الامرَ ۔ ظاہر کرنا
واضح کرنا ۔
صَرَّحَ ۔ المُتَكَلِّمُ ۔ متکلم کا صاف صاف
کہنا ۔ بِمَا فِي نَفْسِهٖ ۔ ظاہر کرنا ۔
۔ الامرَ ۔ واضح کرنا ۔ الاَمْرُ ۔
واضح ہونا ۔ ظاہر ہونا (متعدی ولازم) ۔
النَّهَارُ ۔ دن میں بادل ہٹ کر صاف
دھوپ نکل آنا ۔ الخَمْرُ ۔ شراب
کے جھاگ دور ہونا ۔ صَرَّحَتِ
السَّنَةُ ۔ یعنی کال پڑ گیا اور سختی و تنگی
کے علاوہ کچھ نہ رہا ۔ صَرَّحَ الرَّامِي ۔
تیر انداز کا نشانہ خطا کرنا ۔ ایک مثل ہے کہ
صَرَّحَ الحَقُّ عَنْ مَحْضِهٖ ۔ یعنی حق
پوشیدگی کے بعد واضح ہو گیا ۔
اَصْرَحَ ۔ الامرَ ۔ بیان کرنا ۔ صاف
واضح کرنا ۔
صَارَحَهٗ صِرَاحًا ومُصَارَحَةً ۔ صاف
صاف بیان کرنا ۔ شَتَمَهٗ مُصَارَحَةً
او صِرَاحًا ۔ یعنی اس نے رو در رو
گالی دی ۔ صَارَحَ وصَرَّحَ بِمَا فِي
نَفْسِهٖ ۔ دل کی بات کو ظاہر کر دینا ۔
اِنْصَرَحَ ۔ الحَقُّ ۔ ظاہر ہونا ۔ منکشف
ہونا ۔
تَصَرَّحَ ۔ الزَّبَدُ عَنِ الخَمْرِ ۔ شراب
پر سے جھاگ دور ہونا ۔
الصَّرْحُ ۔ مع ۔ محل ۔ ہر بلند عمارت ۔ ج ۔
صُرُوْحٌ ۔
الصَّرْحَةُ ۔ سخت زمین ۔ صَرْحَةُ
الدَّارِ ۔ گھر کا صحن ۔ ج صَرَحَاتٌ ۔
الصَّرْحُ والصَّرَاحُ والصِّرَاحُ و
الصُّرَاحُ ۔ ہر خالص شے ، کہتے ہیں ۔
کَاسٌ صُرَاحٌ ۔ یعنی اس جنس یا مسالہ
میں کوئی ملاوٹ نہیں ۔
الصَّرَاحَةُ والصُّرُوْحَةُ ۔ خلوص ، وضاحت
الصُّرَاحِيَةُ ۔ مِنَ الخَمْرِ ۔ خالص شراب ۔
كَذِبٌ صُرَاحِيَةٌ ۔ کھلا جھوٹ جس کو
لوگ جانتے ہوں ۔ الصُّرَاحِيُّ ۔ ظاہر
واضح ۔ يَوْمٌ مُصَرِّحٌ و مُصَرَّحٌ ۔ وہ
دن جس میں ابر نہ ہو ۔
صَرَخَ (ن) صُرَاخًا وصَرِيْخًا ۔ زور سے
چیخنا ۔ فریاد کرنا ۔ القومَ ۔ فریاد رسی
کرنا ۔ مدد کرنا ۔
اَصْرَخَهٗ ۔ فریاد رسی کرنا ۔ مدد کرنا ۔
تَصَرَّخَ ۔ بتکلف چیخنا ۔
تَصَارَخَ واصْطَرَخَ ۔ القومُ ۔ ایک
دوسرے کو چلا کر پکارنا ، ایکدوسرے
سے مدد چاہنا ۔
اِسْتَصْرَخَ ۔ مدد طلب کرنا ۔
الصَّارِخُ ۔ فا ۔ مرغ ۔
الصَّارِخَةُ ۔ الصَّارِخُ کا مونث ۔ فریاد
رسی ۔ دادخواہی ۔ دادخواہ کی آواز ۔ تم
کہتے ہو ۔ سَمِعْتُ صَارِخَةَ القَوْمِ ۔
ہم نے قوم کی دادخواہی کی آواز سنی ۔
الصَّرَّاخُ ۔ بہت چیخنے والا ۔ مور ۔
الصَّرِيْخُ (ھ) فریاد رس ۔ دادخواہ ۔ ج
صُرَخَاءُ ۔
صَرِدَ (س) صَرَدًا ۔ السَّهْمُ ۔ تیر کا
نشانہ خطا کر جانا ۔ تیر کا نشانہ پر بیٹھنا (ضد)
۔ الرجلُ ۔ آدمی کا سردی برداشت
کرنے میں مضبوط ہونا ۔ سردی برداشت
کرنے میں کمزور ہونا (ضد) ۔ السِّقَاءُ
جھاگ کا ٹکڑے ٹکڑے ہو کر نکلنا ۔
صَرِدَ قَلْبِي عَنْهُ ۔ میرا دل اس سے
کھنچ گیا ۔
صَرَدَ (ن) صَرْدًا و اَصْرَدَ ۔ الرَّامِي
السَّهْمَ ۔ تیر انداز کا تیر کو ٹھیک
نشانہ پر بٹھانا ۔ اَصْرَدَ السَّهْمُ ۔ تیر

کا نشانہ خطا کرنا۔
صَرَّدَ۔ الشیءَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ العَطاءَ۔ بخشش کم دینا۔ الرجُلَ تھوڑا پانی دینا۔
الصَّرْدُ (ہ) ہر خالص شے۔ پہاڑ کی سب سے اونچی جگہ۔ بڑا لشکر۔ سردی مَاتَ صَرْدًا۔ سخت ٹھنڈ سے مرگیا۔ ج۔ صُرُوْدٌ۔
الصَّرْدُ۔ بڑا لشکر۔ بھالے کی کیل جس میں نیزہ لگایا جاتا ہے۔
الصَّارِدُ فا۔ سَہْمٌ صَارِدٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔
الصَّوَارِدُ۔ سرد ہوائیں۔
الصُّرَدُ۔ موٹے سر سفید پیٹ اور سبز پیٹھ کا ایک پرندہ جو چھوٹے پرندوں کو شکار کرتا ہے۔ لٹورا۔ ج۔ صِرْدَانٌ۔
الصُّرَدَانِ۔ زبان کے نیچے کی دو رگیں۔
الصَّرِدُ مِنَ الخیلِ۔ وہ گھوڑا جس کی پیٹھ زین سے لگ گئی ہو۔ مِنَ الرجال۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔
الصُّرَّادُ و الصُّرَیْدُ۔ پانی سے خالی پتلا بادل۔ نَعجَۃٌ صَرِیدَۃٌ۔ سردی کھائی ہوئی بھیڑ۔ ج۔ صَرَائِدُ۔
المِصْرَادُ۔ درخت سے خالی زمین۔ سردی برداشت کرنے والا یا نہ کرنے والا۔ سَہْمٌ مِصْرَادٌ۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔
المُصْطَرِدُ۔ سخت غصہ والا۔
صَرْصَرَ۔ الصُّرَدُ او الصَّقْرُ۔ لٹورے یا شکرے کا آواز نکالنا۔ الرجلُ زور سے چلانا۔ الشیءُ۔ چیز کے منتشر اطراف کو جمع کرنا۔
الصَّرْصَرُ مِنَ الرِیَاحِ۔ تیز چلنے والی

یا سخت ٹھنڈی ہوا۔ مرع۔ د۔ و الصُّرْصُرُ) ج۔ صَرَاصِرُ۔ و الصُّرْصُوْرُ۔ ج۔ صَرَاصِیْرُ۔ جھینگر جھیرا۔ الصُّرْصُوْرُ۔ کشتی۔
الصِّرَاطُ۔ راستہ۔ ج۔ صُرُطٌ۔
الصُّرَاطُ۔ لمبے کانٹے والی تلوار۔
صَرَعَہٗ (ف) صَرْعًا و صِرْعًا و مَصْرَعًا۔ زمین پر گرا دینا۔ الشعرَ او البابَ شعر کو دو مصرعوں اور دروازہ کو دو کواڑوں والا بنانا۔
صُرِعَ۔ مرگی کی بیماری والا ہونا۔ صُرِعَ الشَّجَرُ۔ کاٹ کر ڈالا ہوا درخت۔
صَرَّعَہٗ۔ زور سے گرانا۔ زور سے پچھاڑنا۔
صَارَعَہٗ صِرَاعًا و مُصَارَعَۃً۔ کشتی لڑنا۔
تَصَارَعَ و اصْطَرَعَ۔ الرجُلانِ۔ باہم کشتی لڑنا۔
اِنْصَرَعَ۔ پچھڑنا۔ گرنا۔
تَضَرَّعَ۔ لِصَاحِبِہٖ۔ کسی کے آگے عاجزی کرنا۔ کہتے ہیں "مَا زِلْتُ اَتَضَرَّعُ لَہٗ حَتّٰی اَجَابَنِیْ" یعنی میں برابر اس سے عاجزی کرتا رہا، حتیٰ کہ اس نے منظور کر لیا۔
الصَّرْعُ۔ مص۔ مرگی۔ مثل، مقابل، قسم۔ ج۔ اَصْرُعٌ و صُرُوْعٌ۔ و الصَّرْعَانِ۔ رات و دن، صبح و شام۔ اَتَیْتُہٗ صَرْعَیِ النَّہَارِ۔ میں اس کے پاس صبح و شام آیا۔ ھُوَ ذُوْ صَرْعَیْنِ۔ وہ دو قسم کا ہے، یعنی دو رنگ کا ہے۔ تَرَکْتُہُمْ صَرْعَیْنِ۔ میں نے انھیں مختلف حال میں چھوڑا۔
الصِّرْعُ۔ مص۔ مثل قسم، رسی کی لڑی۔ ج۔ اَصْرُعٌ و صُرُوْعٌ۔ کشتی

لڑنے والا۔
الصَّرْعَۃُ۔ اسم مرۃ۔ حالت۔ ھُوَ یَفْعَلُ عَلٰی کُلِّ صَرْعَۃٍ۔ وہ ہر حال میں اس کو کرتا ہے۔
الصُّرْعَۃُ۔ جس کو لوگ اکثر پچھاڑ دیں۔ اکثر پچھڑنے والا۔
الصُّرَعَۃُ و الصَّرَّاعُ و الصُّرَّاعَۃُ و الصِّرِّیْعُ۔ و الصَّرُوْعُ۔ وہ شخص جو لوگوں کو اکثر پچھاڑ دے۔ الصُّرَعَۃُ بردبار۔ حلیم۔ الصُّرُعُ۔ جمع صَرُوْع کی ہے۔
الصِّرَاعَۃُ۔ کشتی کا فن۔
الصَّرِیْعُ۔ ج۔ صَرْعٰی۔ پچھاڑا ہوا۔ مجنون۔ بَاتَ صَرِیْعُ الکَاْسِ مجنون ہو کر رات گذاری۔ ج۔ صُرُعٌ۔ درخت کی جھکی ہوئی شاخ۔
المَصْرَعُ۔ (ہ) پچھاڑنے کی جگہ۔ اکھاڑا
المِصْرَاعُ۔ من الباب۔ دروازہ کا ایک پٹ۔ عوام اس کو دَرْفَۃٌ کہتے ہیں مِنَ الشِّعْرِ۔ شعر کا ایک مصرعہ۔ ج۔ مَصَارِیْعُ۔
صَرَفَہٗ (ض) صَرْفًا۔ واپس کرنا۔ ہٹانا۔ صَرَفَ اللہُ قُلُوْبَہُمْ۔ اللہ ان کے دلوں کو گمراہ کر دے۔ صَرَفَ الشَّرَابَ۔ خالص شراب پینا۔ الدَّنَانِیْرَ۔ دنانیر کو دراہم سے یا دوسرے دنانیر سے بدلنا۔ المَالَ۔ خرچ کرنا۔ الکَلِمَۃَ۔ کلمہ پر جر و تنوین لانا۔ منصرف بنانا۔
صَرَفَ (ن) صَرِیْفًا۔ بِنَابِہٖ۔ دانت پیسنا۔ البَابُ۔ دروازہ کا کھولتے یا بند کرتے وقت چوں چوں کرنا۔
صَرَّفَہٗ۔ صرفہ کا مبالغہ۔ صَرَّفَ الشیءَ۔ بیچنا۔ الدَّرَاہِمَ۔ دراہم کو بدلنا۔ الخَمْرَ۔ خالص شراب

پینا۔ الکلام۔ بات سے بات
نکالنا۔ ہٗ فی الامر۔ کوئی کام
کسی کو سپرد کرنا۔ صَرَّفَ الماءَ
پانی جاری کرنا۔ اَللّٰہُ الرِّیاحَ۔
اللہ کا ہواؤں کو ایک طرف سے
دوسری طرف پھیر دینا۔
صَارَفَہٗ۔ مبادلہ کرنا۔
اَصْرَفَہٗ۔ عَنْ کَذَا روکرنا۔ ہٹانا۔
اَصْرَفَ الشَّرَابَ۔ شراب میں
کچھ نہ ملانا۔
تَصَرَّفَ۔ فِی الْاَمْرِ۔ کسی معاملہ میں
تصرف کرنا۔ کام میں دخل پانا۔
تَصَرَّفَتْ بِہٖ الْاَحْوَالُ۔ گردش ہائے
زمانہ کا کسی پر قابو پا لینا۔
اِنْصَرَفَ۔ الرجلُ۔ واپس ہونا۔ باز
رہنا۔ اِنْصَرَفَتِ الْکَلِمَۃُ۔ کلمہ کا
منصرف ہونا۔
اِصْطَرَفَ۔ (ہ) کسب معاش کے لیے
چلنا پھرنا۔ مشغول ہونا۔ الدَّرَاہِمَ
بدلنا۔
اِسْتَصْرَفَ اللّٰہُ المَکَارِہَ۔ تکالیف کو
پھیر دینے کے لیے اللہ تعالیٰ سے
التجا کرنا۔
اَلصَّرْفُ (ہ) ایک علم کا نام ہے۔ جس
میں کلمات عربیہ کے صیغوں کی وضع و
ہیئت سے بحث کی جاتی ہے۔
صَرْفُ الدَّہْرِ و صُرُوْفُہٗ۔ زمانہ
کی گردشیں یا حادثات۔ لَہٗ عَلَیَّ
صَرْفٌ۔ اس کو مجھ پر فضیلت ہے
صَرْفُ الْحَدِیْثِ او الکلامِ۔ کلام کی
زیادتی اور اس کی تزئین۔
اَلصِّرْفُ۔ خالص۔ الصَّرْفَانِ و
الصِّرْفَانِ۔ رات و دن۔
الصَّرَفَانُ۔ موت، پیتل اور سیسہ۔
الصِّرَافَۃُ۔ صراف کا پیشہ۔

الصَّرْفَۃُ۔ ایک منکا جس کو تعویذ کے
لیے استعمال کرتے ہیں۔ چاندی ایک
منزل۔ اونٹنی کو صبح کے وقت دودھ
کر دوسری آنے والی صبح تک چھوڑ
دینا۔
الصَّرِیْفُ۔ مص۔ خالص چاندی۔
صَرِیْفُ البَابِ۔ دروازہ کی آواز
صَرِیْفُ القَلَمِ۔ قلم چلنے کی آواز۔
د۔ والمَصْرُوْفُ۔ ہر خالص شے۔
درخت کا خشک شدہ حصہ۔
الصَّرِیْفَۃُ۔ الصَّرِیْفُ کا مؤنث۔ درخت
خرما کی خشک شاخ۔ ج۔ صُرُفٌ و
صِرَافٌ و صَرِیْفٌ۔ تَصَارِیْفُ
الدَّہْرِ۔ گردش ہائے زمانہ۔ حوادث
زمانہ۔
الصَّرَّافُ و الصَّرِفُ و الصَّیْرَفِیُّ
ج۔ صَیَارِفَۃٌ۔ روپیہ پرکھنے والا۔
نقدی کی تجارت کرنے والا۔
الصَّرَّافُ و الصَّرْفِیُّ علم صرف
جاننے والا۔
المُتَصَرِّفُ۔ ایک صوبہ کا حاکم۔
المُتَصَرِّفِیَّۃُ۔ صوبہ گورنری کا عہدہ
صَرْقَعَ۔ اَصَابِعَہٗ۔ انگلیاں چٹخانا۔
صَرُمَ (ک) صَرَامَۃً۔ السَّیْفُ او
الرجلُ۔ تلوار کا کاٹنا۔ آدمی کا
بہادر ہونا۔
صَرَمَ (ض) صَرْمًا و صُرْمًا۔ الحَبْلَ۔
رسی کا توڑنا۔ الشیءَ۔ کاٹنا۔
فُلَانًا۔ چھوڑنا۔ گفت گو بند کرنا۔
فلانٌ عِنْدَنَا شَہْرًا۔ ایک ماہ
اقامت کرنا۔ صَارَمَہٗ مُصَارَمَۃً
علیحدہ ہونا۔
اَصْرَمَ۔ الرجلُ۔ محتاج ہونا۔ النَّخْلُ
کھجور کے چننے کا وقت قریب آنا۔
تَصَرَّمَ۔ الرجلُ۔ بہادری کرنا۔

وانْصَرَمَ۔ کٹنا۔ ٹوٹنا۔ تَصَرَّمَتْ
وانْصَرَمَتِ السَّنَۃُ۔ سال کا ختم ہونا
گذرنا۔
تَصَارَمَ۔ القومُ۔ باہم قطع تعلق کرنا۔
اِصْطَرَمَ۔ الشیءَ۔ کاٹنا۔
الصَّرْمُ۔ مص۔ کھال (چرم کا معرب ہے)
۔ الصَّرَّامُ۔ کھال کا بیچنے والا۔ چرم
فروش۔
الصِّرْمُ۔ جماعت۔ گھروں کا اجتماع۔ قسم
چمڑے کا موزہ۔ ج۔ اَصْرَامٌ و
اَصَارِمُ و اَصَارِیْمُ و صُرْمَانٌ۔
الصُّرْمُ۔ مص۔ قطع تعلق۔
الصِّرْمَۃُ۔ قسم۔ اونٹوں کا گلہ۔ بادل یا
چاندی کا ٹکڑا۔ ج۔ صِرَمٌ۔
الصَّارِمُ۔ فا۔ بہادر، شیر، شمشیر بُرّاں۔
ج۔ صَوَارِمُ۔
الصَّرَامَۃُ۔ مص۔ خود رائے آدمی۔ اپنی
رائے کا پکا۔
الصَّرُوْمُ۔ کاٹنے والی تلوار۔ اچھی طرح
کاٹنے والا۔
الصُّرَامُ۔ لڑائی۔ جنگ۔ مصیبت۔
الصَّرِیْمُ۔ کٹا ہوا۔ رات یا اس کا ایک
حصہ۔ صبح۔ دودھ پینے سے روکنے
کے لیے بکری کے بچہ کے منہ میں لگائی
ہوئی لکڑی۔ وہ زمین جس پر سے فصل
کاٹ لی گئی ہو۔ وہ غلہ جو کھیت سے
کٹ چکا ہو۔ صَرِیْمَا اللَّیْلِ۔ رات
کا اول و آخر حصہ۔
الصَّرِیْمَۃُ۔ عزیمت۔ رات کا ایک حصہ۔
الصَّیْرَمُ۔ پکی رائے والا۔ مصیبت۔ دن
میں ایک بار کا کھانا۔
الاَصْرَمُ۔ جس کے کانوں کے کنارے
کٹے ہوئے ہوں۔ مؤنث صَرْمَاءُ
ج۔ صُرْمٌ (د) المُصْرِمُ۔ مفلس
بہت بال بچے والا

الاَصْرَمَانِ۔ رات دن، بھیڑیا اور کتا۔
الصَّرْمَاءُ۔ الاَصْرَمُ کا مونث، بے آب بیابان۔ باندی کم دودھ والی اونٹنی۔
المَصْرِمُ۔ تنگ جگہ۔ جلد سیلاب لانے والی جگہ۔
الصُّرْنَايَةُ۔ بانسری کی قسم کا ایک باجہ شہنائی۔
صَرَا يَصْرُو صَرْوًا — اِلَيْهِ۔ دیکھنا۔
صَرَى يَصْرِي صَرْيًا — الشيءَ۔ دفع کرنا۔ دور کرنا۔ صَرَى بَوْلَهُ۔ پیشاب روک دینا — فلانًا۔ کسی کو بچانا۔ منع کرنا۔ ہلاکت سے خلاصی بخشنا۔ الشيءُ۔ بلند ہونا۔ پست ہونا (ضد) — القومَ۔ قوم سے آگے نکلنا — عَنْهُمْ۔ قوم سے پیچھے رہنا (ضد) — بَيْنَهُمْ۔ فیصلہ کرنا۔
صَرِيَ يَصْرَى صَرًى — الماءُ۔ پانی کا زیادہ رکے رہنے سے متغیر ہونا — اللَّبَنُ۔ دودھ کا مزہ بدلنا۔ فلانٌ فِي يَدِ فلانٍ۔ کسی کا کسی کے ہاتھ میں قید و محبوس رہنا۔ الدَّمْعُ آنسو کا آنکھ میں ڈبڈبانا۔
صَرِيَتْ وَاَصْرَتِ — النَّاقَةُ۔ اونٹنی کے تھنوں میں دودھ اتر آنا۔
صَرَّى تَصْرِيَةً — الشَّاةَ۔ بکری کا دودھ زیادہ بتانے کے لیے دودھ تھن میں روک دینا اور اس کو نہ دوہنا۔
الصَّرَى۔ چیز کا بقیہ۔
الصَّرَى۔ زیادہ ٹھہرایا ہوا پانی۔
الصَّارِي۔ فا۔ ملاح۔ ج۔ صُرَّاءُ و صَرَارِيُّ وصَرَارِيُّونَ۔ بادبان کا ڈنڈا۔ ج۔ صَوَارٍ۔
الصَّارِيَةُ۔ الصَّارِي کا مونث۔ وہ کنواں جس کا پانی زیادہ ٹھہرنے کی وجہ سے متغیر ہو جائے۔

الصَّرَاةُ والصُّرَّى والمُصَرَّاةُ۔ مِنَ الشَّاءِ او النُّوقِ۔ وہ بکری یا اونٹنی جس کو کئی روز تک نہ دوہا گیا ہو تاکہ دودھ تھنوں میں جمع ہو جائے۔
المِصْطَبَةُ والمِصْطَبَّةُ۔ چبوترہ۔
المِصْطَبُ۔ لوہار کی نہائی۔
المِصْطَحُ۔ خشک صحرا۔ کھلیان۔ ج۔ مَصَاطِحُ۔
صَطَرَ (ن) صَطْرًا لکھنا۔ صَيْطَرَ داروغہ ہونا۔ المُصْطَحُ۔ فصیح بلیغ۔
الاُصْطُمَّةُ۔ چیز کا بڑا حصہ۔ جمع ہونے کی جگہ، وسط۔
صَعُبَ (ك) صُعُوبَةً۔ عليه الامرُ۔ دشوار ہونا۔ صفت (صَعْبٌ) مونث صَعْبَةٌ۔ ج۔ صِعَابٌ۔
اَصْعَبَ۔ الامرُ۔ کام کا دشوار ہونا — الشيءَ مشکل پانا — الجَمَلَ۔ اونٹ پر سواری نہ لینے کی وجہ سے اس کا بے قابو ہو جانا۔
صَاعَبَهُ مُصَاعَبَةً۔ سختی کرنا۔
صَعَّبَهُ۔ مشکل بنانا۔
تَصَعَّبَ۔ مشکل ہونا — الامرَ۔ مشکل بنانا۔
تَصَاعَبَ۔ باہم سختی کرنا۔
اِسْتَصْعَبَ۔ مشکل پانا۔ دشوار ہونا۔
الصَّعْبُ صم۔ دشوار۔ خوددار۔ شیر۔
الصَّعُوبُ۔ مشکل، دشوار۔ ج۔ صُعُبٌ۔
الصَّعْبُوبُ۔ دشوار۔
المَصَاعِبُ۔ سختیاں، مشقتیں۔
المُصْعَبُ۔ سانڈ۔ وہ گھوڑا جس پر سواری نہ لینے کی وجہ سے سرکش ہو گیا ہو۔ ج۔ مَصَاعِبُ ومَصَاعِيبُ۔ کہتے ہیں۔ جِمَالٌ مَصَاعِبُ مَصَاعِيبُ یعنی سرکش اونٹ۔

صَعْتَرَ — النَّمْلُ شہد کی مکھی کا پہاڑی پودینہ کھانا — الرجلُ الشيءَ۔ زینت دینا۔
الصَّعْتَرُ۔ پہاڑی پودینہ۔ الصَّعْتَرِيُّ۔ چالاک، شریف، بہادر۔
صَعِدَ (س) صُعُودًا وصَعَدًا وصُعْدًا — فِي السُّلَّمِ سیڑھی پر چڑھنا۔ بہ۔ چڑھانا (صُعُودًا) المكان نیچے دیکھتے ہوئے چڑھنا۔
صَعَّدَ۔ فِي وعَلَى الجَبَلِ۔ پہاڑ پر چڑھنا — فِي الوَادِي۔ وادی میں اترنا — صَعَّدَ فِيهِ النَّظَرَ۔ اس نے اس کو غور سے اوپر نیچے دیکھا۔
اَصْعَدَ۔ مکہ کو جانا — فِي الارضِ۔ اونچی زمین کی طرف سفر کرنا۔ فِي الوَادِي۔ وادی میں اترنا — فِي العَدْوِ۔ تیز دوڑنا — هُ۔ چڑھانا۔ اَصْعَدَتِ السَّفِينَةُ۔ کشتی کا بادبان تننا اور ہوا کا کشتی کو لے چلنا۔
تَصَعَّدَ وتَصَاعَدَ۔ چڑھنا۔ تَصَعَّدَ و تَصَاعَدَهُ الامرُ۔ کام کسی پر دشوار ہونا۔ تَصَعَّدَ النَّفَسُ۔ سانس مشکل سے نکلنا۔
اِصَّعَّدَ۔ چڑھنا۔
الصَّاعِدُ۔ فا۔ بَلَغَ كَذَا فَصَاعِدًا۔ یعنی اس سے اوپر اس کا نصب حالیت کی وجہ سے ہے۔
الصَّعَّادُ۔ بہت چڑھنے والا۔
الصُّعُدُ۔ بلندی هٰذَا النَّبَاتُ يَنْمُو صُعُدًا۔ یہ پودہ بلندی میں بڑھتا ہے۔
الصَّعَدُ۔ مشقت۔ عَذَابٌ صَعَدٌ۔ سخت عذاب۔
الصَّعِيدُ۔ مٹی۔ قبر۔ راستہ، زمین کا بلند حصہ۔ ج۔ صُعُدٌ وصُعُدَاتٌ و

صُعْدَانُ - الصَّعِيْدُ - مصر کے چند شہروں کے نام -

الصُّعُوْدُ - مو - چڑھائی - خَمِيْسُ الصُّعُوْدِ جمعرات کا دن جس میں حضرت عیسیٰ علیٰ نبینا و علیہ السلام آسمان پر تشریف لے گئے تھے -

الصَّعُوْدُ - چڑھائی - بلندی کی طرف جانے والا راستہ - دشوار گذار گھاٹی - ج - صُعُدٌ و اَصْعِدَةٌ و صَعَائِدُ -

الصُّعَدَاءُ - غم یا تکان سے لمبا سانس - الصُّعَدَاءُ - مشقت -

الصَّعْدَةُ - صَعَدَ کا اسم مرۃ - سیدھا نیزہ - ج - صِعَادٌ و صَعَدَاتٌ -

الصَّعُوْدَاءُ - دشوار گذار گھاٹی -

المُصَعَّدُ - مِنَ الْاَشْرِبَةِ - دوا کا جوہر جو آگ پر گرم کر کے لیا جاتا ہے -

المِصْعَادُ - درخت خرما پر چڑھنے کی رسی -

صَعِرَ (س) صَعَرًا - وَجْهُهُ - منہ کا ٹیڑھا ہونا - صفت (اَصْعَرُ) مونث صَعْرَاءُ - ج - صُعْرٌ - رَاسُهُ - سر کا چھوٹا ہونا -

صَعَّرَ و صَاعَرَ و اَصْعَرَ - خَدَّهُ - تکبر سے رخساروں کو ٹیڑھا کرنا - کبھی خِلْقَةً ایسا ہوتا ہے

تَصَعَّرَ و تَصَاعَرَ - تکبر سے رخسارہ ٹیڑھا کرنا -

صَعْرَرَ - الشيءَ - گھمانا - تَصَعْرَرَ - گھومنا -

اِصْعَنْرَرَ و اِصْعَنْرَى - پیچ و تاب کھانا اِصْعَنْرَتِ الْاِبِلُ - اونٹ تیز چلے

الصَّعَّارُ - متکبر مغرور

الصُّعْرُوْرُ و الصُّعْرُوْرَةُ - درخت کا جما ہوا رس - ج - صَعَارِيْرُ -

الصُّعْرُوْرَةُ - گبریلے کی گولی -

صَعْصَعَ - القومَ - قوم کو متفرق کرنا - الشيءَ - حرکت دینا - مِنْ فُلَانٍ ڈرنا - رَاسَهُ بِالدُّهْنِ - سر کو تیل سے چکنا کرنا -

تَصَعْصَعَ - حرکت کرنا - متفرق ہونا - الرجلُ - بزدل ہونا - ذلیل ہونا - عاجزی کرنا - تَصَعْصَعَ بِهِمُ الدَّهْرُ - زمانہ نے ان کو بکھیر دیا - تتر بتر کر دیا -

الصَّعْصَعُ - متفرق - (ر - و الصُّعْصُعُ) ایک پرندہ ہے - ج - صَعَاصِعُ -

صَعِفَ صَعْفًا - کانپنا -

اَصْعَفَ - الزَّرْعُ - غلے سے چھلکا اترنے کے قابل ہونا - صفت - (صَعِيْفٌ)

الصَّعْفَةُ - ٹھنڈ یا خوف سے کپکپی -

الصَّعْفَقُ و الصَّعْفُوْقُ و الصَّعْفَقِيُّ - نادار - خریدار - بے سرمایہ کا گاہک - کمزور - بزدل - بے ہتھیار -

الصَّعْفُوْقُ - کمینہ - ج - صَعَافِيْقُ و صَعَافِقَةٌ -

صَعَقَتْ (ف) صَاعِقَةً - السَّمَاءُ القومَ - بجلی گرانا - صُعِقَتْهُمُ الصَّاعِقَةُ - بجلی گرنا -

صَعِقَ (س) صَعَقًا - الرَّعْدُ - بادل کا زور سے گرجنا - الرَّكِيَّةُ - کنوئیں کا گر جانا - د - وصُعِقَ صَعْقًا و صَعَقًا و صَعْقَةً و تَصْعَاقًا گرج کی آواز سے غشی طاری ہونا - صفت صَعِقٌ - مرنا - صَعِقَ الثَّوْرُ - بیل کا زور سے ڈکارنا -

اَصْعَقَتْهُ - السَّمَاءُ - آسمان کا کسی پر بجلی گرانا - اَصْعَقَهُ - قتل کر دینا -

الصَّعْقُ (د) چیخ - موت -

الصُّعَاقُ - بادل کی گرج و کڑک

الصَّاعِقَةُ - مو - زمین پر گرنے والی بجلی - موت - ہر مہلک عذاب - عذاب کی چیخ - ج - صَوَاعِقُ -

المَصْعُوْقُ - غشی والا - اچانک مرنے والا -

الصُّعْقُرُ - مچھلی کے انڈے -

صَعِلَ (س) صَعَلًا و اِصْعَالَّ - چھوٹے سر اور پتلی گردن والا ہونا - صفت - (اَصْعَلُ) مونث صَعْلَاءُ - ج صُعْلٌ -

الصَّعْلُ - چھوٹے سر والا شترمرغ یا آدمی یا کھجور - لمبا - وہ گدھا جس کے بال جھڑ گئے ہوں -

صَعْلَكَهُ صَعْلَكَةً - محتاج بنانا - دبلا کرنا -

تَصَعْلَكَ - محتاج ہونا -

الصُّعْلُوْكُ - فقیر - محتاج - کمزور - ج - صَعَالِيْكُ و صَعَالِكُ - صَعَالِيْكُ العَرَبِ - عرب کے چور اور فقراء -

اَصْعَنَ - الرجلُ - چھوٹے سر اور کم عقل والا ہونا -

اِصْعَنَّ - الشيءُ - باریک اور نازک ہونا -

صَعَا يَصْعُو صَعْوًا - پتلا اور چھوٹا ہونا -

الصَّعْوُ (د) چھوٹی چڑیاں - واحد صَعْوَةٌ ج - صَعَوَاتٌ - ممولا - بیا - ج - صِعَاءٌ و اَصْعَاءٌ - نَاقَةٌ صَعْوَةٌ چھوٹے سر والی اونٹنی -

الصُّغْبُ - لیکھیں - جوؤں کے انڈے -

صَغِرَ (س) و صَغُرَ (ک) صِغَرًا و صَغَارَةً و صِغَرًا و صُغْرَانًا - چھوٹا ہونا -

صَغُرَ (ک) صِغَرًا و صُغْرًا و صَغَارًا و صَغَارَةً و صُغْرَانًا - ذلیل و خوار ہونا - صَغُرَتِ الشَّمْسُ - سورج کا غروب کی طرف مائل ہونا -

صَغُرَ (ن) وصَغِرَ (س) صَغَرًا ۔ القومَ قوم میں چھوٹا ہونا ۔ فلانًا کسی سے چھوٹا ہونا ۔ ہم کہتے ہیں : مَا صَغَرَنِي اِلّا بِسَنَةٍ ۔ وہ مجھ سے صرف ایک سال چھوٹا ہے ۔

صَغَّرَهٗ و أَصْغَرَهٗ ۔ چھوٹا بنانا ۔ ذلیل کرنا ۔ أَصْغَرَتِ الأرضُ ۔ زمین کا چھوٹے پودوں والی ہونا ۔

تَصَاغَرَ ۔ الرجلُ ۔ حقیر ہونا ۔ بے قدر ہونا ۔

اِسْتَصْغَرَهٗ ۔ چھوٹا سمجھنا ۔ چھوٹا پانا ۔

الصِغْرَةُ ۔ سب سے چھوٹی اولاد ۔ قوم میں سب سے چھوٹا ۔ أَنَا مِنَ الصِغْرَةِ ۔ میں چھوٹے لوگوں میں سے ہوں ۔

الصَغَارُ والصُغْرُ ۔ ذلت ، حقارت ، کمزوری ، کمی ، ظلم ۔

الصَغَارَةُ ۔ مص ۔ چھوٹا پن ، بعض کے نزدیک الصَغَارَة ۔ قدر و منزلت میں چھوٹا پن ، اور الصِغَرُ ۔ جسامت میں چھوٹا ہونا ۔

الصَغَارُ والصُغْرَانُ ۔ چھوٹا ۔

الصَاغِرُ ۔ فا ۔ ذلیل ، حقیر ، ذلت اور ظلم برداشت کرنے والا ۔ ج ۔ صَغَرَةٌ و صَاغِرُونَ ۔

الصَغِيرُ ۔ چھوٹا ۔ ج ۔

الأَصْغَرُ ۔ اسم تفضیل ۔ ج ۔ أَصَاغِرُ و أَصَاغِرَةٌ و أَصْغَرُونَ ۔ مؤنث ۔ صُغْرَى ۔ ج ۔ صُغَرٌ ۔

الأَصْغَرَانِ ۔ دل و زبان ، اور اسی سے ہے المَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ ۔ کہ آدمی کی قدر و منزلت دو چھوٹی چیزوں دل و زبان سے ہے ۔

صَغَا يَصْغُو وَيَصْغَى صَغْوًا و صَغِيَ يَصْغَى صَغًى و صُغِيًّا ۔ إِلَيْهِ ۔ مائل ہونا ۔ النجومُ او الشمسُ ڈوبنے لگنا ۔ صفت ۔ صَغْوَاءُ ۔ ج صَوَاغٍ ۔

أَصْغَى إِصْغَاءً ۔ إِلَى حَدِيثِهِ ۔ کان لگانا کان دھرنا ۔ إِلَيْهِ ۔ سننے کے لیے جھکنا ۔ الإِنَاءَ ۔ برتن جھکانا ۔ الشيءَ ۔ کم کرنا ۔ گھٹانا ۔ الصِغْوُ ۔ کنویں کا کنارہ ۔ ڈول کے دوہرے کنارے ۔ چمچہ کا گڑھا ۔ ج ۔ أَصْغَاءٌ

پڑنا۔ الکَذِبَ۔ بلاوجہ جھوٹ بولنا۔
۔ عِرْضَهٗ۔ گالی دینا بے آبرو کرنا۔
عَبَطَتِ الرِّیْحُ وَجْهَ الاَرْضِ۔
ہوا کا سطح زمین کو صاف کردینا۔ الشیءُ
چیز کا پھٹ جانا۔
اَعْبَطَهُ۔ الموتُ۔ بحالت تندرستی و
جوانی مرجانا۔
اِعْتَبَطَ۔ الذَّبِیْحَةَ۔ موٹا جانور ذبح کرنا۔
الموتُ۔ بحالت صحت و جوانی موت
آنا۔ الرَّجُلَ۔ ظلماً قتل کرنا۔ العِرْضَ
گالی دینا۔ بے آبرو کرنا۔ الرَّجُلُ۔ بخار
آنا۔ زخمی کرنا۔
العَبْطُ۔ سفید جھوٹ۔ خالص بہتان۔ کہتے
ہیں "مَاتَ عَبْطَةً" تندرست
جوان مرگیا۔
العَبِیْطُ۔ وہ ذبح کردہ جانور جو موٹا تازہ
تندرست ہو۔ ج۔ عُبُطٌ و عِبَاطٌ۔
اَدِیْمٌ عَبِیْطٌ۔ پھٹا ہوا چمڑا۔ دَمٌ
عَبِیْطٌ۔ تازہ خون۔
الاِعْتِبَاطُ۔ اِعْتَبَطَ کا مصدر۔ الحَذْفُ
الاِعْتِبَاطِیُّ عِنْدَ النُّحَاةِ۔ بلا
سبب کے حذف کرنا۔
العَوْبَطُ۔ مصیبت۔ وہ حصہ جہاں پانی
زیادہ ہو۔ ج۔ عَوَابِطُ۔
عَبْعَبَ الجَیْشُ۔ لشکر کا شکست کھانا۔
تَعَبْعَبَ۔ الشیءَ۔ چیز کو بالکل برباد
کردینا۔
العَبْعَبُ۔ چوڑا کپڑا۔ نرم کمبل جو اونٹ کے
بالوں سے بنا ہو۔
العَبْعَابُ۔ بلند قامت، کشادہ حلق والا۔
تَامُّ الخِلْقَةِ۔
عَبِقَ (س)، عَبَقًا و عَبَاقَةً و عَبَاقِیَةً۔
الطِّیْبُ بِهٖ۔ خوشبو لگنا۔ المَکَانُ
بِالطِّیْبِ۔ جگہ کا خوشبو سے مہک جانا

فُلَانٌ بالشیٔ۔ حریص ہونا۔ بالمکان
اقامت کرنا۔
عَبِقَ۔ رَائِحَۃُ الطِّیبِ۔ خوشبو پھیلانا۔
العَبِقَۃُ۔ گھی وغیرہ کا بقیہ۔
العَبِقُ۔ خوشبودار۔ وہ چیز جس سے خوشبو
مہکے۔ کہتے ہیں "رجُلٌ عَبِقٌ لَبِقٌ"
ظریف، خوش مزاج آدمی۔
العَبَاقِیَۃُ۔ مکار، مصیبت، چہرہ کا نشان
زخم، شاطر، چور۔
عَبْقَرَ۔ عَبْقَرَۃً۔ السَّرَابُ۔ سراب چمکنا۔
عَبْقَرُ۔ ایک مقام جہاں بقولِ عرب جنّات
بہت رہتے ہیں۔
العَبْقَرِیُّ۔ منسوب عبقر کی طرف۔ سردار۔
ہر چیز سے برتر، تعجب انگیز۔ مؤنث
عَبْقَرِیَّۃٌ۔ العَبَاقِرِیُّ۔ ایک قسم
کا عمدہ فرش۔
عَبَكَ (ن) عَبْكًا۔ الشیٔ بالشیٔ۔ ملانا۔
العَبَكَۃُ۔ ٹکڑا۔ مشک کا میل۔ رسی کی گرہ۔
کہا جاتا ہے "یَبْلَی الحَبْلُ و تَبْقَی
العَبَكَۃُ" یعنی رسی میل گئی۔ مگر بل
نہ گیا۔
عَبَلَ (ض) عَبْلًا۔ الشجرۃَ۔ درخت سے
پتے جھاڑنا۔ الحَبْلَ۔ رسی بٹنا۔
الشیٔ۔ کاٹنا۔ روکنا۔ بہ۔ لے گیا۔
۔ الشجرُ۔ پتے نکلنا۔
عَبِلَ (س) عَبَلًا و عَبُلَ (ک) عُبُولًا
و عَبَالَۃً۔ موٹا ہونا۔ صفت عَبْلٌ و
عَبِلٌ۔ ج۔ عِبَالٌ و عَابِلٌ۔ ج۔ عُبُلٌ
مؤنث عَبْلَۃٌ۔ ج۔ عَبْلَاتٌ و
عِبَالٌ۔
اَعْبَلَ۔ موٹا ہونا۔ سفید ہونا۔ الشجرُ۔ درخت
کا لپٹی ہوئی پتیوں والا ہونا۔
العَبَلُ۔ لپٹی ہوئی پتیاں۔ گری ہوئی پتیاں
ج۔ اَعْبَالٌ۔
العُبَیلُ۔ موٹا۔ مؤنث عُبَیلَۃٌ۔

الاَعْبَلُ۔ ایک سخت پتھر جو سفید، سرخ اور
کالا ہوتا ہے۔ ج۔ اَعْبُلٌ۔
العَبَالُ۔ جنگلی گلاب۔
العَبْلَاءُ۔ چٹان۔ سفید چٹان۔ ج۔ عِبَالٌ۔
المِعْبَلَۃُ۔ تیر کا لمبا چوڑا پھل۔ ج۔ مَعَابِلُ۔
العَبُولُ۔ موت۔
عَبُمَ (ک) عَبَامَۃً و عَبَامًا۔ بیوقوف
ہونا۔ مَاءٌ عُبَامٌ۔ بہت پانی۔
العَبَامُ۔ سست۔ تھکا ماندہ۔ موٹا۔ بیوقوف
بے عقل، بے ادب۔ بزدل۔ ج۔
عُبُمٌ۔
العَبَامَاءُ۔ بیوقوف۔
عَبَنَ (ن) عَبْنًا۔ کھردرا اور موٹا ہونا۔
صفت عبنٌ و عَبَنَّی۔ مؤنث۔
عَبَنَّاۃٌ۔ ج۔ عَبَنَّیَاتٌ۔
العَبْهَرُ۔ نرگس کا پھول، چنبیلی۔ و
العَبَاهِرُ۔ بھرے جسم والا۔ لمبا۔
عَبْهَلَہُ۔ عتاب کیا۔ عَبْهَلَ الابلَ۔ اونٹ
کو آزاد چھوڑ دیا۔
العَبَاهِلُ۔ مِنَ الابلِ۔ آزاد اونٹ۔
العَبَاهِلَۃُ۔ وہ یمنی بادشاہ جو اسلامی
دور سلطنت میں اپنی سلطنت پر چھوڑ
دیئے گئے تھے۔ واحد عَبْهَلٌ۔
عَبَا یَعْبُو عَبْوًا۔ چہرے کا دمکنا۔
المتاعَ۔ تیار کرنا۔ جَارِیَۃٌ عَابِیَۃٌ۔
حسین لڑکی۔
عَبَّی تَعْبِیَۃً۔ الجَیْشَ۔ لشکر کو
ترتیب دینا۔
تَعَبَّی۔ تیار رہنا۔
العِبْءُ۔ حصہ۔ کہتے ہیں "ھٰذَا عِبْئُكَ
بَنِی الحَزُوْرِ" ذبح کردہ جانور سے
یہ تمہارا حصہ ہے۔ رجُلٌ عَبَاءٌ
وعَبِیٌّ۔ بھاری جسم والا۔ الامرد۔ احمق۔
العَبَایَۃُ۔ چوغہ۔ ج۔ عَبَایَاتٌ و عَبِیٌّ۔
عَتَّہُ (ن) عَتًّا۔ بالمسئلۃِ۔ سوال کرنے

میں اصرار کرنا۔ ـہٗ بالکلام۔ جھڑکی
دینا۔
عَاتَّہٗ۔ جھگڑا کرنا۔ بار بار بات کو دہرانا۔
العَتَتُ۔ درشتی کلام۔
عَتَبَ (ن ض) عَتْبًا و عُتْبَانًا و مَعْتَبًا و
مَعْتَبَۃً و مَعْتِبَۃً عَلَیْہِ۔ سرزنش
کرنا۔ خفگی کرنا۔ عَتْبًا و عِتَابًا و
عِتِّیبَی۔ فُلَانًا۔ ملامت کرنا (عَتْبًا
و عَتَبَانًا و تَعْتَابًا۔ ایک پاؤں پر
کودنا۔ البعیرُ۔ تین ٹانگوں پر چلنا۔
عَتَبَانًا۔ البَرقُ۔ بجلی بار بار چمکنی۔
مِنْ مکانٍ اِلٰی مکانٍ و مِنْ قولٍ
اِلٰی قولٍ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ
یا ایک بات سے دوسری بات کی طرف
منتقل ہونا۔
عَتَّبَ۔ الرجلُ۔ دیر کرنا۔ الباب۔ دہلیز
بنانا۔ عَاتَبَہٗ عِتَابًا و مُعَاتَبَۃً
۔ علی کذا۔ ملامت کرنا۔ غصہ کرنا۔
ناز سے خطاب کرنا۔
اَعْتَبَہٗ۔ سبب ناراضگی کو دور کرنا۔ راضی کرنا۔
اَعْتَبَ۔ عَنْہُ۔ پھر جانا۔
تَعَتَّبَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے پر اظہار
ناراضی کرنا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ لَا یَتَعَتَّبُ
بشیٔ و لا یُتَعَتَّبُ علیہ فی شیٔ"۔
اس پر عیب نہیں لگایا جاتا۔ تَعَتَّبَ
بابَ فلانٍ۔ چوکھٹ کو پھلانگ جانا۔
چوکھٹ پر پڑا رہنا۔
تَعَاتَبَ۔ الرجلانِ۔ ایک دوسرے پر
عتاب کرنا۔ ایک دوسرے کے ساتھ ناز
سے گفتگو کرنا۔
اِعْتَتَبَ۔ میانہ روی اختیار کرنا۔ الطریقَ
آسان راہ کو چھوڑ کر دشوار راہ اختیار کرنا
۔ منہ و عنہ۔ پھر جانا۔
اِسْتَعْتَبَہٗ۔ رضامند کرنا۔ رضامندی طلب
کرنا۔ کہتے ہیں "اِسْتَعْتَبْتُہٗ فَاَعْتَبَنِی"۔

میں نے اس سے رضامندی طلب کی تو
اس نے مجھے رضامند کر دیا۔ اسی سے
ہے "مَا بَعْدَ الْمَوْتِ مُسْتَعْتَبٌ":
موت کے بعد طلب رضا کا موقع نہیں۔
الْعَتَبُ۔ لنگڑا پن۔ کہتے ہیں "بِرِجْلِهِ
عَتَبٌ": اس کے پاؤں میں لنگ ہے۔
الْعَتِبُ۔ بہت عتاب کرنے والا۔
الْعَتَبُ۔ سبابہ اور بیچ کی انگلی یا بیچ والی
اور چھنگلیا کے پاس والی انگلی کا درمیانی
حصہ۔ فساد۔
الْعَتَبُ والْعَتَبَةُ۔ امر مکروہ۔ سختی۔ سخت
زمین۔
الْعَتَبَةُ۔ چوکھٹ۔ سیڑھی کا زینہ۔ ج۔
عَتَبٌ وعَتَبَاتٌ۔ عَتَبَاتُ الْمَوْتِ
موت کی سختیاں۔
الْعُتْبَةُ۔ وادی کا موڑ۔
الْعُتْبَى۔ رضا۔
الْأُعْتُوبَةُ۔ سبب عتاب۔ ج۔ أَعَاتِيبُ۔
الْعَتُوبُ۔ وہ شخص جس پر عتاب کا اثر نہ
ہو۔ راہ۔
الْمَعْتَبَةُ والْمَعْتِبَةُ۔ مص۔ عتاب۔
غضب۔
الْمَعْتُوبُ۔ مفع۔ جس پر عتاب کیا جائے۔
أُمُّ عِتْبَانَ۔ أُمُّ عَتَّابٍ۔ بجو۔
عَتُدَ (ك)، عَتَادًا وعَتَادَةً۔ الشَّيْءُ۔
تیار ہونا۔ آمادہ ہونا۔
عَتَّدَ وأَعْتَدَ۔ الشَّيْءَ۔ تیار کرنا۔
تَعَتَّدَ۔ فِي صَنْعَتِهِ۔ کام کو غور سے
کرنا۔
الْعَتَادُ۔ وہ سامان جو کسی مقصد کے لیے تیار
کیا جائے۔ سامان جنگ۔ بڑا پیالہ۔ ج۔
أَعْتُدٌ وعُتُدٌ، أَعْتِدَةٌ۔
الْعَتَدُ والْعَتِدُ۔ مِنَ الْخَيْلِ۔ دوڑ کے
لیے تیار گھوڑا۔ مضبوط، کامل الخلقت
(مذکر ومؤنث)

الْعُتْدَةُ۔ سامان۔ کہتے ہیں "خُذْ لِلْأَمْرِ
عُتْدَتَهُ"۔ کام کے لیے اس کا سامان
لے لو۔ ج۔ عُتَدٌ۔
الْعَتُودُ۔ برہ یک سالہ۔ ج۔ أَعْتِدَةٌ و
عِدَّانٌ۔
الْعَتِيدُ۔ تیار۔ آمادہ۔ بھاری جسم کا۔
الْعَتِيدَةُ۔ مؤنث عَتِيدٌ۔ سنگھار دان
عَتَرَ (ض)، عَتْرًا۔ الشَّيْءُ۔ مضبوط ہونا
(۔ تَعْتَارًا)، الْعَتِيرَةَ۔ ذبح کرنا
۔ عَتْرًا وعَتَرَانًا۔ الرُّمْحُ۔ ہلانا۔
الْعِتْرُ۔ اصل۔ اسی سے ضرب المثل ہے۔
"عَادَتْ إِلَى عِتْرِهَا لَمِيسُ":
لمیس اپنی اصل کی طرف لوٹ گئی۔ یہ
ضرب المثل ایسے شخص کے لیے بولی
جاتی ہے جو اپنی پرانی عادت کی طرف
پھر لوٹے۔ الْعِتْرُ۔ ہر وہ جانور جو
ذبح کیا جائے۔ بکواس۔ والْعَتِيرَةُ
وہ بکری جس کو زمانہ جاہلیت میں ماہ
رجب میں بتوں کے نام پر ذبح کیا جاتا
تھا۔ ج۔ عَتَائِرُ۔
الْعِتْرَةُ۔ کنبہ، اولاد، خالص مشک کا
ٹکڑا۔ خوشگوار تھوک۔ مرزنجوش۔
دانتوں کی تیزی اور صفائی۔
الْعَتَارُ۔ عضو تناسل۔
الْعَتَّارُ۔ بہادر۔ مضبوط گھوڑا۔ سخت خالی
مقام۔ الْمُعْتَوِرُ مِنَ الرِّجَالِ۔
موٹا آدمی۔ لغت عوام میں شریر آدمی
کو کہتے ہیں۔
عَتْرَسَهُ۔ سخت کھینچنا۔ سختی سے پکڑنا۔
عَتْرَسَهُ مَالَهُ۔ مال غصب کر لیا۔
الْعِتْرِسُ والْعَتَرِيسُ۔ سختی سے کھینچنے
والا۔ بڑے ڈیل کا موٹے جوڑوں والا۔
شیر، مرغ۔
الْعِتْرِيسُ۔ سخت سرکش، غضبناک۔ بلا
مصیبت۔

الْعَنْتَرِيسُ۔ موٹی مضبوط اونٹنی
الْعُتْرُسَانُ۔ مرغ۔
عَتَرَفَ۔ لَهُ۔ سخت ہونا۔
تَعَتْرَفَ۔ اظہار بزرگی کرنا۔
الْعِتْرِيفُ والْعُتْرُوفُ۔ خبیث، بدکار
مضبوط اونٹ۔ ج۔ عَتَارِيفُ۔
الْعُتْرُفَانُ۔ مرغ۔
عَتَفَ (ض)، عَتْفًا۔ الشَّعْرَ۔ بال اکھیڑنا۔
الْعِتْفُ۔ مِنَ اللَّيْلِ۔ رات کا ایک حصہ۔
عَتَقَ (ض)، عَتْقًا وعِتْقًا۔ عَتَاقًا و
عَتَاقَةً۔ الْعَبْدُ۔ آزاد ہونا۔ صفت
(عَتِيقٌ وعَاتِقٌ)
عَتُقَ (ن)، عَتْقًا وعِتْقًا وعَتُقَ (ك)،
عَتَاقَةً۔ پرانا ہونا۔ الشَّيْءُ۔ درست
ہونا۔ الْخَمْرُ۔ شراب کا پرانی اور عمدہ
ہونا۔ صفت عَاتِقٌ وعَتِيقٌ۔ عُتَاقٌ۔
الْيَمِينُ عَلَيْهِ۔ قسم واجب ہوئی۔
أَعْتَقَ۔ الْعَبْدَ۔ غلام کو آزاد کرنا۔ الْفَرَسَ
تیز دوڑنا۔ مَالَهُ۔ درست کرنا۔
عَتَّقَ۔ الْخَمْرَ۔ پرانی کرنا۔ عَتَّقَ الثَّوْبَ
پرانا کرنا۔ فُلَانًا بِفِيهِ۔ منہ سے
کاٹ کھانا۔
الْعِتْقُ۔ مص۔ خالص الاصل ہونا، جمال،
شرافت، نجابت، آزادی۔ کنگی۔
الْعُتُقُ۔ کنگی، آزادی۔ عَاتِقٌ بمعنی
کاندھا کی جمع
الْعَاتِقُ (ف)، کاندھا۔ ج۔ عَوَاتِقُ، عُتُقٌ۔
کشادہ مشک۔ عمدہ شراب۔ کنواری۔
ج۔ عُتُقٌ۔ عَاتِقُ الثُّرَيَّا۔ نام ستارہ
والْعَاتِقَةُ۔ پرانی سرخ کمان۔
الْعُتَاقُ۔ پرانی عمدہ شراب۔
الْعَتِيقُ۔ پرانا۔ آزاد کردہ غلام۔ کریم،
عمدہ۔ ج۔ عُتَقَاءُ، عُتُقٌ۔ فرسٌ
عَتِيقٌ۔ خوش منظر گھوڑا۔ ج۔ عِتَاقٌ۔
الْبَيْتُ الْعَتِيقُ۔ خانہ کعبہ۔ أَمَةٌ

عَتِيقٌ ۔ آزاد کردہ لونڈی۔
اَلْمُعَتَّقَةُ ۔ پرانی عمدہ شراب۔ ایک قسم کا عطر۔
عَتَكَ (ض) عَتْكًا و عُتُوكًا ۔ لڑائی میں حملہ کرنا۔ الفرسُ ۔ گھوڑے کا کاٹنے کے لیے حملہ کرنا۔ عَتَكَ البَلَدَ ۔ شہر پر ظلم کرنا۔ عَلَى الأَمْرِ ۔ کسی کام پر اقدام کرنا۔ إِلَى المَكَانِ ۔ مائل ہونا۔ عليه بخيرٍ او شرٍّ ۔ بھلائی یا برائی سے پیش آنا۔ اللَّبَنُ ۔ دودھ کھٹا ہونا۔ القوسُ ۔ کمان کا پرانی ہونے کی وجہ سے سرخ ہونا۔ صفت عَاتِكَةٌ ۔ ج ۔ عَوَاتِكُ ۔
العَاتِكُ ۔ فا ۔ شراب، خالص۔ النَّبِيذُ العَاتِكُ ۔ صاف شراب، احمر۔ عَاتِكٌ ۔ تیز سرخ۔
العَتْكُ ۔ مص ۔ زمانہ۔ کہتے ہیں "مَضَى عليه عَتْكٌ" ایک زمانہ گذر گیا۔
العَتِيكُ ۔ کہنگی کی وجہ سے سرخ۔ مِنَ الأَيَّامِ ۔ سخت گرمی والے دن۔
عَتَلَهُ (ن ض) عَتْلًا ۔ سختی سے کھینچنا۔ الشيءَ ۔ اٹھانا۔
عَتِلَ (س) عَتَلًا ۔ برائی کی طرف جلدی کرنا۔ صفت (عَتِيلٌ)۔
اِنْعَتَلَ ۔ کھنچ جانا۔ و تَعَتَّلَ ۔ جگہ سے نہ ہٹنا۔
العَتَلَةُ ۔ بہت ڈھیلا۔ کدالا۔ بڑی لاٹھی۔ ج ۔ عَتَلٌ ۔
العُتُلُّ ۔ بہت کھانے والا۔ سرکش۔ سخت مزاج۔ سخت۔
العَتَّالُ ۔ باربردار۔ قلی۔ پیشے کا نام العِتَالَةُ ۔
العَتِيلُ ۔ مزدور۔ خادم۔ ج ۔ عُتُلٌ ۔
عُتَلَاءُ ۔ دَاءٌ عَتِيلٌ ۔ سخت مرض۔
المِعْتَلُ ۔ کھینچنے میں قوی اور مضبوط۔

عَتَمَ (ض) عَتْمًا ۔ اللیلُ ۔ رات کا ایک حصہ گذر جانا۔ عَنِ الأَمْرِ ۔ کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَى الضَّيْفِ ۔ مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔
عَتَّمَ ۔ عَنِ الأَمْرِ ۔ کام کرتے کرتے رک جانا۔ قِرَاهُ ۔ مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ کہتے ہیں "مَا عَتَّمَ أَنْ وَقَفَ بِنَا" دیر نہیں کی۔ "حَمَلَ عَلَيْهِمْ فَمَا عَتَّمَ" حملہ کیا، تو منہ نہیں پھیرا۔ الرجلُ ۔ تاریکی میں چلنا۔ الطائرُ ۔ پرندہ کا انسان کے سر پر پھڑپھڑانا۔
أَعْتَمَ ۔ قِرَى الضَّيْفِ ۔ مہمانی کے کھانے میں دیر کرنا۔ دیر ہونا (لازم و متعدی) حَاجَتَهُ ۔ مؤخر کرنا ۔ حَاجَتُهُ ۔ مؤخر ہونا ۔ اللَّيْلُ ۔ رات کا ایک حصہ گذر گیا۔ الرجلُ ۔ تاریکی میں چلنا یا داخل ہونا۔ عَنِ الأَمْرِ ۔ کام کرتے کرتے رک جانا۔
عَتَمَتْ (ن ض) عَتْمًا ۔ أَعْتَمَتْ و تَعَتَّمَتْ و اسْتَعْتَمَتْ ۔ النَّاقَةُ ۔ عشاء کے وقت دوہی جانا۔ صفت عَاتِمَةٌ ۔ ج ۔ عَاتِمَاتٌ و عَوَاتِمُ ۔
اِسْتَعْتَمَ الرجلَ ۔ دیر کرانا۔ النَّعَمَ ۔ دوہنے میں دیر کرنا۔
العُتُمُ و العُتْمُ ۔ جنگلی زیتون کا پیڑ۔ واحد عُتُمَةٌ و عُتْمَةٌ ۔
العَتَمَةُ ۔ رات کی پہلی تہائی کی اندھیری۔ دیر کرنا۔
العَاتِمُ (فا) کہتے ہیں "جَاءَنَا ضَيْفٌ عَاتِمٌ" ہمارے پاس دیر میں مہمان آیا۔ مؤنث عَاتِمَةٌ ۔ النُّجُومُ العَاتِمَاتُ ۔ وہ ستارے جو غبار وغیرہ کی وجہ سے تاریک ہو جائیں۔
العَتُومُ ۔ اونٹنی، عشاء کے وقت دودھ دینے والی۔
العَتُومَةُ ۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
المِعْتَامُ ۔ دیر کرنے والا۔ رَجُلٌ مِعْتَامُ القِرَى ۔ دیر میں مہمانی کا کھانا پیش کرنے والا۔

عَتَنَهُ (ض ن) عَتْنًا ۔ إِلَى السِّجْنِ ۔ قید خانے کی جانب زور سے دھکیلنا۔
أَعْتَنَ ۔ عَلَى غَرِيمِهِ ۔ قرضدار پر سختی کرنا۔ تکلیف پہنچانا۔
العَاتِنُ و العَتُونُ ۔ قوی ۔ ج ۔ عُتُنٌ ۔
العَتِنُ ۔ مِنَ الرِّجَالِ ۔ سخت حملہ کرنے والا۔
عَتِهَ (س) عُتِهَ ، عَتَهًا عُتْهًا و عَتَاهًا عُتَاهًا و عَتَاهَةً و عَتَاهِيَةً ۔ کم عقل ہونا۔ مدہوش ہونا۔ صفت مَعْتُوهٌ و مُعَتَّهٌ و عَتَاهِيَةٌ ۔ فِي العِلْمِ ۔ حریص ہونا۔ عَتِهَ فُلَانٌ فِي فُلَانٍ ۔ تکلیف پہنچانے کا خواہش مند ہونا۔ صفت عَتِيهٌ ۔ ج ۔ عُتَهَاءُ ۔
تَعَتَّهَ ۔ جاہل بننا۔ پاگل بننا۔ عَنْهُ ۔ تغافل برتنا۔
العُتَاهِيَةُ و العَتَاهَةُ ۔ مص ۔ جنون اور وحشت سے پاگل لوگ۔
العَتَاهَةُ ۔ گمراہی۔ بیوقوفی۔
عَتَا يَعْتُو عُتُوًّا عُتِيًّا و عِتِيًّا ۔ تکبر کرنا۔ حد سے گذرنا۔ صفت عَاتٍ ۔ ج ۔ عُتَاةٌ و عُتِيٌّ ۔ عَنِ الأَدَبِ ۔ ادب کو قبول نہ کرنا۔
العَاتِي ۔ فا ۔ سرکش۔ لَيْلٌ عَاتٍ ۔ بہت اندھیری رات۔
العَتِيُّ ۔ سرکش ۔ ج ۔ أَعْتَاءٌ ۔
عَتِيَ يَعْتَى بمعنی عَتَا يَعْتُو ۔
تَعَتَّى تَعَتِّيًا ۔ نافرمانی کرنا۔ اطاعت نہ کرنا۔
عَتَّهُ (ن) عَتًّا ۔ اصرار کرنا۔ عَتَّتِ العُثَّةُ الصُّوفَ ۔ کپڑے کا اون کو چاٹ لینا۔ عَتَّتِ الحَيَّةُ فُلَانًا ۔ سانپ کا

ڈس لینا۔ سانپ کے پھونکنے سے بال
گر جانا۔
عَثَّثَ تَعْثِیْثًا۔ عَاثَّ عِثَاثًا و مُعَاثَّةً۔
فِی غِنَائِہٖ۔ سُر نکالنا۔
اِعْتَثَّهٗ۔ عِرْقُ سُوْءٍ۔ بد اصلی کو نیکی سے
روک دینا۔
العِثُّ۔ ایک قسم کے سانپ جو خشک سالی
میں ایک دوسرے کو کھا جاتے ہیں۔
ج۔ عِثَاثٌ۔
العَثَّاءُ۔ سانپ۔
العُثَّةُ۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ دبلی پتلی عورت
گمنام حقیر عورت۔ ج۔ عِثَاثٌ۔
العُثَّةُ۔ اون چاٹنے والا کیڑا۔ ج۔ عُثٌّ۔
عُثَثٌ۔ بڑھیا۔ بیوقوف عورت۔
بدزبان گمنام عورت۔
عَثَجَ (ض) عَثْجًا۔ آہستہ آہستہ پینا۔
العَثَجُ۔ رات کا حصہ۔ ر۔ العَثَجُ و
العُثْجَةُ۔ لوگوں کی جماعت۔
عَثَرَ (ن ض) عَثِرَ (س) عَثُرَ (ک)
عَثْرًا و عِثِیْرًا و عِثَارًا۔ گرنا۔
الفرسُ۔ گھوڑا پھسلا اور اوندھا ہوا۔
- العِرْقُ۔ رگ نے حرکت کی۔ کہتے
ہیں "عَثَرَ بِهِمُ الزَّمَانُ"۔ زمانے
نے تباہی ڈال دی۔ عَثَرَ جَدُّهٗ۔
ہلاک ہو گیا۔
عَثَرَ (ن) عَثْرًا و عُثُوْرًا۔ عَلَى السِّرِّ
و غَیْرِهٖ۔ بھید پر مطلع ہوا۔
عَثَّرَهٗ و اَعْثَرَهٗ۔ پھسلایا۔ اَعْثَرَهٗ
عَلَى السِّرِّ و غَیْرِهٖ۔ بھید بتا دیا۔
اَعْثَرَ بِهٖ عِنْدَ الْاَمِیْرِ۔ عیب
لگایا۔ طعنہ دیا۔
تَعَثَّرَ الرَّجُلُ و الفرسُ و الجملُ۔ یعنی
عَثَرَ۔ لِسَانُهٗ۔ زبان رکی۔
العِثْرُ۔ عقاب۔ و العِثْرُ۔ جھوٹ۔
العَثْرَةُ۔ لغزش۔ جہاد۔ لڑائی۔ گرنا

ج۔ عَثَرَاتٌ۔
العَثُوْرُ۔ بہت گرنے والا۔ بہت پھسلنے والا۔
العَاثِرُ۔ جھوٹا۔
العَاثُوْرُ۔ شیر کے شکار کرنے کے لیے گڑھا
کنواں۔ ج۔ عَوَاثِرُ و عَوَاثِیْرُ۔
ر۔ العِثَارُ۔ پھسلن۔ بدی۔ مکروہ۔
ہلاکت کی جگہ۔ جب کوئی تکلیف میں
پڑ جائے تو کہتے ہیں "وَقَعَ فُلَانٌ
فِی عَاثُوْرِ شَرٍّ"۔ فلاں سختی میں
مبتلا ہو گیا۔
العِثْیَرُ۔ مٹی۔ غبار۔ و العِثْیَرُ و العَیْثُوْرُ۔
مخفی نشان۔
عَثْكَلَ۔ الهَوْدَجَ۔ ہودہ کو جھالر سے
مزین کیا۔ الرجلُ۔ سست رفتار سے
دوڑا۔ العِذْقُ۔ بہت گچھے دار ہوا۔
العُثْكُوْلُ و العُثْكُوْلُ و العِثْكَالُ۔
کھجوروں کا گچھا۔ ج۔ عَثَاكِیْلُ۔
العُثْكُوْلَةُ۔ وہ جھالر جو ہودج میں
لٹکائے جائیں۔
عَثِلَ (س) عَثَلًا۔ الشیءُ۔ بکثرت ہونا موٹا
ہونا۔ صفت (عَثِلٌ و عَثَلٌ)۔
عَثَلَتْ (ن) عَثْلًا۔ یَدُهٗ۔ ٹوٹنے کے
بعد ٹیڑھا جڑنا۔
العَثَلُ۔ بکری کے اوجھ کے اوپر کی چربی
کی چادر۔
العَثُوْلُ۔ بیوقوف۔ ج۔ عُثُلٌ۔
العَثِیْلُ۔ بجو۔ نر۔
العِثْوَلُ۔ جس کے سر اور جسم پر بہت سے
بال ہوں۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ اجڈ۔ اکھڑ۔
عَثَمَ (ن) عَثْمًا۔ العَظْمُ المَكْسُوْرُ
ٹوٹی ہوئی ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔ العَظْمُ
ہڈی کو ناہموار جوڑنا۔
اِعْتَثَمَ۔ بِهٖ۔ مدد طلب کی۔ نفع اٹھایا۔
بِیَدِهٖ۔ جھکایا۔
العَیْثُوْمُ۔ بجو۔ ہاتھی۔

العَیْثَمِیُّ۔ گورخر۔
العُثْمَانُ۔ حباری کا بچہ۔ سانپ، سنپولیا۔
اژدھے کا بچہ۔ ابو عُثْمَانَ۔ سانپ۔
عَثَنَ (ن) عَثْنًا و عِثَانًا و عُثُوْنًا۔ فِی
الجَبَلِ۔ پہاڑ پر چڑھنا۔ ر۔ و عَثَّنَ
الثَّوْبَ۔ کپڑے کو دھونی دی۔ و
عَثَنَتْ و عَثَّنَتِ۔ النارُ۔ آگ سے
دھواں نکلا۔ کہتے ہیں "عَثَّنَ عَلَى
القَوْمِ"۔ فساد پیدا کر دیا۔
عَثِنَ (س) عَثَنًا۔ الثَّوْبُ۔ کپڑا
خوشبودار ہوا۔
تَعَثَّنَ۔ دھونی لگائی۔
العُثَانُ۔ مع۔ غبار۔ دھواں۔ ج۔ عَوَاثِنُ۔
العَثَنُ۔ دھواں، غبار۔ چھوٹا بت۔
العَثِنُ و المَعْثُوْنُ۔ وہ کھانا جو دھواں
لگنے سے بگڑ گیا ہو۔
العِثْنُ۔ ناظم مالیات۔ روئی رنگی ہوئی۔
المُعَثَّنُ۔ مفع۔ بڑی داڑھی والا۔
العُثْنُوْنُ۔ داڑھی۔ مِنَ المَطَرِ و الرِّیحِ
بارش یا ہوا کی ابتداء۔ ج۔ عَثَانِیْنُ۔
عَثَا یَعْثُوْ عُثُوًّا۔ عَثِیَ یَعْثَى و
عَثِیَ یَعْثِی عُثِیًّا و عَثَیَانًا۔ فساد،
کفر یا غرور میں مبالغہ کرنا۔ صفت
عَاثٍ۔ ج۔ عُثَاةٌ و عُثِیٌّ و عِثِیٌّ۔
العُثْوَةُ۔ دراز زلف۔ ج۔ عُثًى۔
الاَعْثَى۔ سیاہی مائل رنگ والا۔ احمق۔
کثیر بالوں والا۔
العَثْوَاءُ۔ بجو۔
العِثْیَانُ۔ مذکر بجو۔
عَجَّ (ن ض) عَجًّا و عَجِیْجًا۔ چلانا۔
آواز کرنا ـــ الناقةَ۔ اونٹنی کو
عاج عاج کہہ کر ہانکنا و اَعْجَجْتُ)
الرِّیحُ۔ ہوا کا غبار اڑا دینا۔ کہتے ہیں۔
"لَهٗ رَائِحَةٌ تَعُجُّ فِی المَسْجِدِ"۔
اس کی بو ہے جو مسجد میں بھڑک اٹھتی ہے

عَجَّجَ - الغُبَارَ - غبار اڑانا - البَيْتَ مِنَ الدُّخَانِ - مکان کو دھوئیں سے بھر دینا۔
تَعَجَّجَ - دھوئیں سے بھر جانا۔
العُجَّةُ - ایک قسم کا کھانا - جو انڈا آٹے گھی یا تیل میں ملا کر پکایا جاتا ہے، خاگینہ۔
العَجَاجُ - غبار - دھواں - بیوقوف - ادنیٰ لوگ - واحد العَجَاجَةُ۔
العَجَاجَةُ - غبار - بہت سارے اونٹ۔ کہتے ہیں "لَبَدَ عَجَاجَتَهُ" جس کام میں تھا اس سے رک گیا۔ لَفَّ عَجَاجَتَهُ عَلَيْهِمْ - غارت ڈالی۔
العَجَّاجُ - چیخنے والا۔ چلانے والا۔ غبار اڑانے والا - يَوْمٌ عَجَّاجٌ - گرد و غبار والا دن۔
رِيحٌ مِعْجَاجٌ - غبار اڑانے والی ہوا۔
عَجِبَ (س) عَجَبًا - مِنَ الأَمْرِ وَلَهُ - تعجب کرنا - اليه - پسند کرنا۔
أَعْجَبَهُ وَعَجَّبَهُ - تعجب میں ڈال دینا۔
أُعْجِبَ بِالشَّيْءِ - خوش ہونا - تعجب کرنا - أُعْجِبَ بِنَفْسِهِ - غرور کرنا، تکبر کرنا۔ کہا جاتا ہے "مَا أَعْجَبَهُ بِرَأْيِهِ" وہ اپنی رائے پر مغرور ہے۔ (یہ شاذ ہے اس لیے کہ فعل تعجب مجہول سے بنایا گیا ہے)
تَعَجَّبَ وَاسْتَعْجَبَ - مِنْهُ - تعجب کرنا۔ کہتے ہیں "تَعَجَّبَنِي فُلَانٌ" فلاں نے مجھے فریفتہ کر دیا اور فتنے میں ڈال دیا۔
العَجْبُ - ہر چیز کا پچھلا حصہ - دم کی جڑ۔ ج - عُجُوبٌ۔
العُجْبُ - فخر، تکبر، خود بینی، پیش آنے والی چیز سے انکار۔
العَجَبُ - حیرانی، تعجب - مِنَ اللهِ - رضا - ج - أَعْجَابٌ۔
العُجَابُ وَالعُجَّابُ وَالعَجِيبُ - وہ چیز جس پر تعجب کیا جائے۔ العُجَابُ تعجب کی حد سے بڑھ جانا۔ مبالغہ کے واسطے عَجَبٌ عُجَابٌ اور عَجَبٌ عَجِيبٌ کہتے ہیں۔
العَجِيبَةُ - جس چیز پر تعجب کیا جائے۔ ج - عَجَائِبُ۔
الأُعْجُوبَةُ - جس چیز پر تعجب کیا جائے۔ - مِنَ النِّيَاقِ - موٹی اونٹنی۔
رَجُلٌ تِعْجَابَةٌ - عجیب باتوں والا۔
التَّعَاجِيبُ - عجائبات، اس کا واحد نہیں ہے۔
العَجْدَةُ - کوا - ج - عَجْدٌ۔
العُجْدُ وَالعَجْدُ - انگور کا دانہ، خشک انگور کا دانہ۔
عَجَرَ (ن)، عَجْرًا عُنُقَهُ - گردن موڑ دینا - بِالسَّيْفِ - تلوار سے حملہ کرنا۔ القَاضِي عَلَيْهِ - قاضی کا تصرف سے روک دینا۔ بِالعَصَا - لاٹھی مار کر بدھی ڈال دینا۔ الشَّيْءَ - پھاڑ دینا۔ (ر - عَجَرًا وَعَجَرَانًا وَعَاجِرًا) خوف سے جلدی گذرنا۔
عَجِرَ (س) عَجَرًا - موٹا ہونا۔ بڑے پیٹ کا ہونا۔ صفت أَعْجَرُ - الفَرَسُ - موٹا ہونا۔ سخت ہونا۔
تَعَجَّرَ - بَطْنُهُ - موٹا ہونے کی وجہ سے پیٹ کا سلوٹ دار ہو جانا۔
اِعْتَجَرَ - عمامہ لپیٹنا - اِعْتَجَرَتِ المَرْأَةُ - اوڑھنی ڈال لینا۔
العَجْرُ - اُبھار، جسم کی مقدار۔
العُجْرَةُ - گرہ، دھاگے، لاٹھی یا رگوں کی۔ کہتے ہیں "ذَكَرَ عُجَرَهُ وَبُجَرَهُ" اس کے عیوب بیان کر دیئے / سب ظاہر و پوشیدہ باتیں کہہ دیں۔
العَجُّورُ - ایک قسم کا خربوزہ۔
الأَعْجَرُ - بڑے پیٹ والا۔ بہت بھرا ہوا۔ گرہ دار۔ مؤنث عَجْرَاءُ - ج - عُجْرٌ۔
التِّعْجَارُ - گرہ دار عصا۔
العَجَّارُ - گوندھے ہوئے آٹے کا پیڑہ کھانے والا۔
العَجَاجِيرُ - گندھے ہوئے آٹے کے پیڑے۔
العُجْرُورُ - ہوا کی وجہ سے ریت کی دھاری۔ ج - عَجَارِيرُ۔
المِعْجَرُ - عورت کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔
المُعْتَجَرُ - بندھا ہوا عمامہ۔
عَجْرَدَهُ - ننگا کیا۔
تَعَجْرَدَ - ننگا ہونا۔ صفت مُعَجْرِدٌ۔
العَجْرَدُ - ہلکا پھلکا، تیز، سخت، عضو تناسل۔
العَجَارِدُ - عضو تناسل۔
العَجَرَّدُ - بہادر، ننگا۔
العَنْجَرِدُ - بدگو عورت۔
تَعَجْرَفَ - تکبر کرنا۔ سرکشی کرنا۔
العُجْرُفَةُ - غرور۔ کلام میں اکھڑ پن ہونا۔ کہتے ہیں "فِي الجَمَلِ عَجْرَفَةٌ وَعَجْرَفِيَّةٌ" اونٹ چلنے میں بے پرواہ۔
عَجَارِفُ الدَّهْرِ وَعَجَارِيفُهُ - مصائب۔ سختیاں۔ عَجَارِفُ المَطَرِ وَعَجَارِيفُهُ - بارش کی شدت۔
عَجْرَمَ الرَّجُلُ - تیز دوڑنا۔
العَجْرَمُ - العُجْرُمُ - سخت آدمی۔
العَجْرَمَةُ - اونٹوں کا ریوڑ سو کا دو سو کا یا پچاس سے دو سو تک کا۔
عَجَزَتْ (ن)، وَعَجُزَتْ (ك) عُجُوزًا - المَرْأَةُ - عورت بوڑھی ہو گئی۔
عَجَزَ (ض)، عَجِزَ (س)، عَجْزًا وَعُجُوزًا وَعَجَزَانًا وَمَعْجِزًا وَمَعْجَزًا وَمَعْجِزَةً وَمَعْجَزَةً - عَنْ كَذَا - قادر نہ ہونا۔ طاقت نہ رکھنا۔ عاجز ہونا۔ کہتے ہیں "عَجَزَ فُلَانٌ عَنِ العَمَلِ" بوڑھا ہو گیا۔ قدرت نہیں رکھتا۔ صفت عَاجِزٌ - ج - عَوَاجِزُ وَعَجَزَةٌ۔
عَجَّزَهُ - عاجز کر دینا۔ عجز کی طرف منسوب کرنا۔

روک دینا۔ المرأۃُ۔ بوڑھی ہونا۔
عَاجَزَہٗ۔ عاجز کردینا۔ عاجز پانا۔ اَعْجَزَہٗ الشیءُ۔ چیز قبضہ سے نکل جانا۔ اَعْجَزَ فِی الکلامِ۔ مقصود کو اچھے طور پر ادا کیا۔
عَاجَزَہٗ مُعَاجَزَۃً۔ مسابقت کرنا۔
عَاجَزَ الرجلُ۔ عاجز ہونا۔
تَعَاجَزَ۔ عجز کا دعویٰ کرنا۔ البعیرُ۔ اونٹ کے چوتڑ پر سوار ہونا۔
اِسْتَعْجَزَہٗ۔ عاجز پانا۔
العَجُزُ۔ تلوار۔ ر۔ والعُجْزُ والعِجْزُ والعَجْزُ والعَجِزُ، پچھلا حصہ۔ سُرین عُجُزُ بیتِ الشعرِ۔ مصرعہ ثانی۔ ج۔ اَعْجَازٌ۔ نَبَاتُ العَجُزِ۔ تیر۔ اَعْجَازُ النخلِ۔ کھجور کے درخت کی جڑیں۔ کہتے ہیں "رَکِبَ اَعْجَازَ الاِبلِ"۔ ذلت و مصیبت میں مبتلا ہوا۔
رَجُلٌ عَجُزٌ وعَجِزٌ۔ عاجز مرد۔ کہتے ہیں "ھُوَ عُجْزَۃُ اَبِیْہِ وعِجْزَتُہٗ"۔ وہ اپنے باپ کا آخری لڑکا ہے (مذکر و مؤنث واحد، جمع)۔ وُلِدَ بِعَجْزَۃٍ۔ والدین کے بوڑھا ہونے پر پیدا ہوا۔
العِجَازُ والعِجَازَۃُ۔ وہ پٹھا جس سے تلوار کے دستہ کو باندھتے ہیں۔
العِجَازَۃُ والاِعْجَازَۃُ۔ وہ گدی جس کو عورتیں سُرین پر موٹا معلوم ہونے کے لیے باندھتی ہیں۔
العَجُوزُ۔ بڑھیا۔ ج۔ عُجُزٌ وعَجَائِزُ۔
العَجُوزُ۔ شراب، مصیبت، کشتی۔ راستہ، ہانڈی، کمان۔ آگ۔ موت، کھجور کا درخت، اونٹنی۔ سوئی، زمین، خرگوش، شیر، ہر چیز کا ہزار۔ کنواں۔ دریا۔ بھاؤ، گائے، سوداگر، ڈھال۔ توبہ، بیل، بھوکا، تیروان۔ بڑا پیالہ۔ بھوک۔ دوزخ۔

لڑائی، نیزہ۔ بخار، خیمہ۔ آفتاب کا ہالہ، عورت کی قمیص، دنیا۔ بھیڑیا۔ جھنڈا۔ گدھ، رعشہ، گھوڑی، فلک، گھی، گرم ہوا برس۔ آفتاب، خط، باڑ، حجرہ، بجو گورخر مادہ۔ بجو۔ بچھو۔ چاندی، قبلہ، مشک، دیگ کا پایہ۔ پادشاہ، داہنا ہاتھ۔ تلوار کی دھار۔ عافیت، پرہیزگاری قبضہ۔ تلوار کی میخ۔ اَیّامُ العجوزِ۔ جاڑے کے آخری سات دن سخت سردی والے، جس کے چار دن آخر فروری میں اور تین دن مارچ میں ہوتے ہیں۔ عوام ان کو مُسْتَقْرِضَات کہتے ہیں۔ ان دنوں کے نام یہ ہیں:۔ صِنٌّ۔ صِنَّبْرٌ، وَبْرٌ۔ اٰمِرٌ۔ مُؤْتَمِرٌ، مُعَلِّلٌ، مُطْفِئُ الجمرِ یا مُکْفِئُ الظعنِ۔
الاَعْجَزُ۔ بڑے سرین والا۔ کِیْسٌ اَعْجَزُ۔ بھری تھیلی۔
العَاجِزُ۔ مذ ج۔ عَوَاجِزُ۔ ثَوْبٌ عَاجِزٌ تنگ جامہ۔ اِمْرَأَۃٌ عَاجِزٌ و عَاجِزَۃٌ۔ عاجز عورت
العَجْزَاءُ۔ مؤنث اَعْجَزُ۔ ریت کا اونچا ٹیلہ۔
المُعْجَزُ۔ پیالہ۔
المِعْجَازُ۔ ماہ۔ ہمیشہ عاجز رہنے والا۔
المُعْجِزَۃُ۔ وہ خارقِ عادت بات جس کو اللہ تعالیٰ کسی نبی کے ہاتھ پر ظاہر کرے اور دوسرے وہ کام نہ کر سکیں۔ ج۔ مُعْجِزَاتٌ۔
المَعْجُوزُ۔ مم۔ جس سے سوال کرنے میں اصرار کیا جائے۔
العَجِیْزَۃُ۔ عورت کا سرین۔ مرد کے لیے بھی آتا ہے۔ ج۔ عَجِیْزَاتٌ۔
عَجَسَ (ض) عَجْسًا۔ عَنْ حَاجَتِہٖ۔ باز رکھنا۔ عَجَسَ علی الشیءِ۔ مضبوطی سے پکڑنا۔
تَعَجَّسَ۔ پیچھے ہٹنا۔ الامرَ۔ کسی کام کے درپے ہونا۔ پیچھا کرنا۔ بالقومِ۔ دیر کرانا۔ تَعَجَّسَہٗ۔ راوی کو کمزور سمجھنا۔ تَعَجَّسَہٗ عَنْ حَاجَتِہٖ۔ ضرورت سے روکنا۔
العُجْسَۃُ۔ رات کی اندھیری۔ رات کی ایک گھڑی۔
العَجُوْسُ۔ بوجھل بادل، مسلسل بارش۔
العَجَاسَاءُ۔ اونٹوں کا بڑا ریوڑ۔
المَعْجِسُ۔ کمان کا قبضہ۔
عَجْعَجَ عَجْعَجَۃً۔ بہت چیخنا۔
العَجْعَاجُ۔ بہت چیخنے والا۔ من الخیلِ۔ اصیل گھوڑا۔ کہنہ سال گھوڑا۔
العَجْعَجَۃُ۔ چیخ۔ ج۔ عَجَاجٌ۔
عَجَفَ (ن) عُجُوْفًا۔ کھانا چھوڑ دینا۔
عَجَفَ (ض) عَجْفًا و عُجُوْفًا و عَجَّفَ نَفْسَہٗ عَنِ الطعامِ۔ بھوک کے باوجود دوسروں کو کھلانے کی خاطر بھوکا رہنا۔ نَفْسَہٗ عَلَی المریضِ۔ صبر کے ساتھ تیمارداری کرنا۔ نَفْسَہٗ عَلٰی فُلَانٍ۔ گمراہی کو برداشت کرنا۔ اور مواخذہ نہ کرنا۔
عَجَفَ (ن ض) و اَعْجَفَ الدَّابَّۃَ۔ جانور کو لاغر کردینا۔ اَعْجَفَ القومُ۔ دُبلے جانوروں کا مالک ہونا۔ عَجَفَ عَنْ فُلَانٍ۔ دور کرنا۔ اَعْجَفَ بِنَفْسِہٖ عَلَی المریضِ۔ صبر کے ساتھ تیمارداری کرنا۔
عَجِفَ (س)، عَجُفَ (ک)، عَجَفًا۔ کمزور ہونا دُبلا ہونا۔ صفت مذکر عَجِفٌ و اَعْجَفُ۔ مؤنث عَجِفٌ عَجْفَاءُ۔ ج۔ عِجَافٌ۔ البلادُ۔ بارش نہ ہونا۔ کہتے ہیں۔ "نَزَلُوْا فِی بِلَادٍ عِجَافٍ"۔ غیر بارش شدہ شہروں میں اترے۔

عَجَفَ۔ الرجلُ۔ آسودگی کے ساتھ کم کھانا
نَفْسَهٗ عَنِ الطَّعَامِ۔ کھانا چھوڑ دینا۔
العِجَافُ۔ اندائن، نمانہ۔ عَجْفَاءُ کی جمع
خلاف قیاس۔
التَعَجُّفُ۔ تنگ حالت۔
العَجِیْفُ۔ لاغر، دُبلا۔ ج۔ عَجْفٰی۔
عَجِلَ (س) عَجَلاً و عَجَلَةً۔ جلدی کرنا۔
کہتے ہیں: عَجِلَ بِهٖ اِلَيْهِ۔ ایک کام
سے دوسرے کی طرف جلدی کی۔ الامرَ
دیر سمجھ کر دوسرا کام کرنا۔
عَجَّلَ۔ جلدی کرنا۔ ہٗ۔ سبقت کرنا۔ برانگیختہ
کرنا۔ لَهٗ مِنَ الثَّمَنِ کذا۔ پیش کرنا۔
۔ اللحمَ۔ گوشت کو جلدی پکانا۔
اَعْجَلَهٗ۔ سبقت کرنا۔ برانگیختہ کرنا۔ اَعْجَلَ
الشيءَ۔ جلدی کرنا۔ اَعْجَلَتِ۔
النَّاقَةُ۔ قبل از وقت بچہ جننا۔
عَاجَلَهٗ مُعَاجَلَةً۔ بِذَنْبِهٖ۔ جلدی
مواخذہ کرنا اور سزا دے دینا۔ بِضَرْبَةٍ
مارنے میں سبقت کرنا۔ اور آگے
بڑھ جانا۔
تَعَجَّلَ۔ فِي الامرِ۔ جلدی کرنا۔ الامرَ۔
جلدی کام کرنا۔
اِسْتَعْجَلَهٗ۔ برانگیختہ کرنا۔ جلدی کرنے کا حکم
دینا۔ سبقت کر کے آگے بڑھ جانا۔
العِجْلُ۔ بچھڑا۔ ج۔ عُجُوْلٌ۔ عِجْلَةٌ، عِجَالٌ۔
العَجَلَةُ۔ پہیا۔ رہٹ۔ ج۔ عَجَلٌ و
عِجَالٌ۔
العُجْلُ و العُجْلَةُ و العُجَالَةُ۔ جو کام
جلدی کیا جائے۔ جو کھانا موجود ہو۔ مہمان
کے لیے جو کچھ جلدی تیار کیا جائے۔
العَجَلَةُ۔ جلدی، ہلکا پن۔ گارا، کیچڑ۔
سامان لادنے کی گاڑی۔ رہٹ۔ ج۔
عَجَلٌ و عِجَالٌ و اَعْجَالٌ۔
العَاجِلُ۔ العَجِلُ العَجِیْلُ۔ جلد باز۔
العَاجِلَةُ۔ مؤنث عَاجِل۔ دنیا۔

العِجُوْلُ۔ بچھڑا۔ ج۔ عَجَاجِیْلُ۔
العَجْلَانُ۔ مؤنث عَجْلٰی۔ ج۔ عَجَالٰی و
عُجَالٰی و عِجَالٌ۔ العَجُوْلُ۔ ج
عُجُلٌ۔ و العَجِیْلُ۔ ج۔ عِجَالٌ۔
جلد بازی کرنے والا۔
العِجِّیْلُ و العَجَّالُ۔ بہت جلد باز۔
العَجُوْلُ۔ موت۔ بچے کو کھو دینے والی
المرأۃ عورت۔
العَجِیْلُ۔ ناشتہ، پانی، جو مہمان کے لیے
فوراً لایا جائے۔
العُجَیْلَةُ۔ العُجَیْلٰی العُجَیْلُ۔ تیز چال
کہتے ہیں: "سَارَ العُجَیْلَ" تیز چال چلا
اس کا ضد هُوَیْنَا ہے۔
المِعْجَالُ۔ برانگیختہ کرنے والا۔ سبقت لے
جانے والا۔ ج۔ مَعَاجِیْلُ۔ مَعَاجِیْلُ
الطریق۔ مختصر راہیں۔ اِمْرَأَةٌ
مِعْجَالٌ۔ قبل از وقت بچہ جننے والی
عورت۔ طَرِیْقٌ مُسْتَعْجِلَةٌ۔ مختصر
راستہ، قریب کا راستہ۔
عَجَمَ (ن) عَجْمًا و عُجُوْمًا۔ العُوْدَ۔ دانت
سے کاٹ کر لکڑی کی سختی یا نرمی معلوم کرنا
۔ السیفَ۔ تجربہ کے لیے تلوار کو حرکت
دینا۔ الشیءَ۔ امتحان کرنا۔ آزمایش
کرنا۔ صفت عَاجِمٌ۔ ج۔ عُجَّمٌ۔
(۔ عَجْمًا) الکتابَ او الحروفَ۔
نقطہ لگانا۔ الکتابَ۔ حروف پر اچھی
طرح وقف نہ کرنا۔
عَجَمَتْهُ الاُمُوْرُ۔ عادی بنانا۔ کہتے ہیں۔
"مَا عَجَمَتْهُ عَیْنِیْ مُنْذُ کَذَا": فلاں
وقت سے نہیں دیکھا۔ "رَأَیْتُ
فُلَانًا فَجَعَلَتْ عَیْنِیْ تَعْجُمُهٗ
کَاَنَّهَا تَعْرِفُهٗ و عَجَمَ عُوْدَ
فُلَانٍ": اس کی آزمایش کی، اور
حال کی تحقیقات کی۔
اَعْجَمَ و عَجَّمَ۔ الکتابَ۔ اعراب نہ

لگانا۔ نقطہ اور حرکات لگا کر یا تفسیر کر
کے ابہام کو دور کرنا۔ اَعْجَمَ البَابَ۔
دروازے میں تالا لگانا۔ الکلامَ۔ عجمی
زبان میں بات کرنا۔
عَجُمَ (ک) عُجْمَةً۔ لکنت کا ہونا۔ صفت
اَعْجَمُ۔ مؤنث عَجْمَاءُ۔ ج۔ عُجْمٌ۔
عَاجَمَهٗ۔ تجربہ کرنا۔ کہتے ہیں: "عَاجَمْتُ
الاُمُوْرَ و عَاجَمَتْنِیْ": میں نے معاملات
کی آزمایش کی اور معاملات نے میری۔
تَعَاجَمَ۔ القومُ۔ کنایہ کرنا۔ توریہ کرنا۔
الرجلُ۔ اجنبی ہونا۔ عجمی ظاہر کرنا۔
اِعْتَجَمَ علیهِ الکلامُ۔ دشوار ہونا۔
مبہم ہونا۔
اِسْتَعْجَمَ۔ عاجزی کی بنا پر خاموش ہونا۔
القِرَاءَةَ۔ پڑھنے پر قادر نہ ہونا۔
علیهِ الکلامُ۔ کلام دشوار ہونا۔ مبہم ہونا
العَجْمُ و العُجْمُ۔ دُم کی جڑ۔
العَجَمُ۔ فارس۔ فارسی لوگ (۔ والعَجَمُ)
غیر عرب۔
العَجَمُ و العُجَامُ۔ چھوارے کی گٹھلی، گٹھلی،
کہتے ہیں: "لَیْسَ لِهٰذَا الرُّمَّانِ۔
عَجَمٌ۔ واحد عَجَمَةٌ و عُجَامَةٌ۔
العَجَمَةُ۔ خرما کا درخت۔
العَجْمَةُ۔ اسم مرۃ۔ سخت چٹان۔ ج۔
عَجَمَاتٌ۔
العُجْمَةُ و العُجْمَةُ۔ ابہام کھول کر بیان
نہ کرنا۔ ریت کا ڈھیر۔
الاَعْجَمُ۔ غیر عربی، اگرچہ فصیح عربی بولتا ہو۔
جو صاف کھول کر بیان نہ کرے۔ اگرچہ
عربی ہو۔ گونگا۔ ج۔ اَعْجَمُوْنَ۔
اَعَاجِمُ۔
العَجْمَاءُ۔ مؤنث اَعْجَمُ۔ چوپایہ۔ ج
عَجْمَاوَاتٌ۔ ریت کا ٹیلہ جس میں
درخت نہ ہو۔
الاَعْجَامُ۔ غیر عرب۔

العجّام۔ بڑی چمگادڑ۔
الأعجمیّ و العجمیّ۔ غیر عرب، جو عجم کی جانب منسوب ہو۔
العواجم۔ دانت مفرد۔ عاجمۃ۔
رجل صلب المعجم۔ جو شخص آزمائش کے وقت سخت ہو۔
المعجم۔ مفع۔ مصدر میمی۔ حروف تہجی۔
باب معجم۔ بند دروازہ۔ لغت کی کتاب کو معجم کہتے ہیں کہ وہ ابہام کو دور کرتی ہے۔
عجن (ن ض) عجنًا۔ الدقیق۔ آٹا گوندھنا۔ ۔ علی العصا۔ لاٹھی پر ٹیک لگانا۔ الرجل۔ ہاتھوں پر ٹیک لگا کر اٹھنا۔ صفت عاجن۔ ج۔ عجّن۔ کہتے ہیں "فلانٌ عجن وخبز" یعنی بوڑھا ہوگیا۔
أعجن۔ الرجل۔ کہنہ سال ہوجانا۔
اعتجن الدقیق۔ آٹا گوندھنا۔ فلانٌ۔ خمیر بنایا۔
تعجّن الشیء۔ گندھ جانا۔ خمیر ہوجانا۔
العجن۔ من الجمال۔ موٹا اونٹ۔
العجناء۔ کم دودھ والی اونٹنی۔ بہت موٹی اونٹنی۔
العجین۔ گندھا ہوا آٹا۔ ہیجڑا۔ ج۔ عجن۔
العجن۔ ڈھیلے بدن والا (مذکر و مؤنث)
العجینۃ۔ گندھے آٹے کا پیڑا۔ ہیجڑا۔ بیوقوف۔ جماعت۔ أم عجینۃ۔ گدھا۔
العجان۔ گردن۔ سُرین۔ ٹھوڑی کے نیچے کا حصہ۔ خصیتین اور مقعد کا درمیانی حصہ۔ ج۔ عجن و أعجنۃ۔
العجّان۔ بہت آٹا گوندھنے والا۔ بیوقوف۔
عاجنۃ المکان۔ مکان کا درمیانی حصہ۔
المعجن و المعجنۃ۔ آٹا گوندھنے کا برتن۔
عجّه بینهما۔ جدائی کرادینا۔
تعجّه۔ جاہل بننا۔ الامر۔ ملتبس ہونا۔
العجاهن۔ سید۔ غیر خالص النسب خادم باورچی۔ ج۔ عجاهنۃ۔
عجا یعجو عجوًا و عجاءً۔ البعیر۔ اونٹ کا بلبلانا اور سرکش ہونا۔ عجت الأمّ الولد۔ بچہ کو مدت رضاعت کے بعد دودھ پلایا۔ فلانٌ فاهُ۔ منہ کھولنا۔
عجاه اللبن۔ دودھ کا غذا ہونا۔ کہتے ہیں "لقی فلانٌ ما عجاه" سختی میں مبتلا ہونا۔ وعاجی الولد، علاوہ ماں کے کسی دوسری عورت کا دودھ پلانا یا دودھ روک کر غذا دینا۔
عجّاه عجی۔ وجهه۔ منہ ٹیڑھا کرنا۔
عجی (س) عجی۔ الصبیّ۔ دودھ کے علاوہ کسی اور چیز سے پرورش پانا۔
العجیّ۔ ماں کو کھودینے والا۔ اور دوسری کے دودھ سے پرورش پانے والا۔ مؤنث عجیّۃ۔ ج۔ عجایا۔
العُجیّ۔ وہ بچہ جس کی ماں نے مدت رضاعت کے بعد دودھ پلایا ہو۔ وہ بچہ جس نے دوسری عورت کے دودھ سے پرورش پائی ہو۔ مؤنث عجیّۃ۔ ج۔ عُجایا و عَجایا۔
العَجوۃ والعجاوۃ۔ عمدہ قسم کی کھجور۔
العُجاوۃ والعِجاوۃ والعُجوۃ۔ وہ دودھ جو یتیم کو پلائیں۔
عجت تعجی۔ عجیًا۔ المرأۃ صبیّها۔ عورت نے بچہ کو دودھ پلایا۔
العجایۃ و العُجایۃ۔ عمدہ قسم کی کھجور۔ جانور کے بند و بست کا پٹھا۔ ج۔ عُجی و عُجیّ و عَجایا۔
عدّ (ن) عدًّا و تعدادًا۔ الشیء۔ شمار کرنا۔ گننا۔ گمان کرنا۔ کہتے ہیں۔ "عددت زیدًا صادقًا" میں نے زید کو سچا گمان کیا۔
عدّد۔ المیّت۔ مرے کی خوبیاں بیان کرنا شمار کرنا۔ الشیء۔ شمار کیا۔ عدد والا کر دینا۔ المال۔ زمانے کے لیے ساز و سامان بنانا۔
أعدّه للأمر۔ تیار کرنا۔ حاضر کرنا۔
عادّه عدادًا و معادّۃً۔ لڑائی میں مقابلہ کرنا۔ الشیء القوم۔ چیز کو قوم پر برابر برابر تقسیم کرنا۔
تعدّد و تعادّ۔ عدد میں زیادہ ہونا۔ کہتے ہیں "هم یتعدّدون و یتعادّون علی ألف" وہ ہزار سے زائد ہیں۔
اعتدّ۔ شمار ہونا "هذا شیءٌ لا یعتدّ به" یہ ایسی چیز ہے جس کا اعتبار نہیں کیا جاتا اور التفات نہیں کیا جاتا۔ اعتدّ الأمر تجارۃً۔ معاملہ کو تجارت سمجھنا۔ عام لوگ کہتے ہیں۔ "اعتدّ بنفسه" اپنے نفس پر اعتماد کیا۔
استعدّ۔ للأمر۔ تیار ہونا۔
العدد۔ شمار۔ گنتی۔ گنا ہوا۔ من الإنسان آدمی کی عمر کے سال۔ ج۔ أعداد۔
العِداد۔ عطا۔ دیوانگی کا اثر۔ ہمسر حریف موت کا وقت۔ پیشی کا دن۔ کمان کی آواز۔ شمار۔ کہتے ہیں "هو فی عدادهم" وہ بھی ان میں ہے۔
(۔ والعِداد) من الوجع۔ وقت مقررہ پر درد کا بڑھنا۔ کہتے ہیں "به مرض عداد" اس کا مرض وقت مقررہ پر لوٹتا ہے۔
العِدّ۔ وہ جاری پانی جو منقطع نہ ہو۔ کثرت۔ کہتے ہیں "هذا أكثر من عدّ" یہ بہت سارے میں سے تھوڑا سا ہے۔ پرانا کنواں۔ ہمسر کہتے ہیں "هو عِدّك" وہ تمہارا ہمسر ہے۔ ج۔ أعداد۔
العِدّۃ۔ جماعت۔ چند۔ تعداد۔ کہتے ہیں۔ "عندی عدّۃ کتب" میرے پاس چند کتابیں ہیں۔ عدّۃ المرأۃ۔ عورت کی طلاق یا شوہر کی وفات پر سوگ کا

زمانہ۔ ج۔ عِدَدٌ۔
اَلْعُدَّةُ۔ تیاری۔ کہتے ہیں: "کُوْنُوْا عَلٰی عُدَّةٍ" تیار ہو۔ سامان جنگ وغیرہ۔ کہتے ہیں: "اَخَذَ لِلْاَمْرِ عُدَّتَہٗ" معاملے کے لیے سامان لے لیا۔ ج۔ عُدَدٌ۔
(سـ و العُدَدُ) مہاسے۔ وہ پھنسیاں جو چہرے پر نکلتی ہیں۔
اَلْعَدَّانُ و اَلْعِدَّانُ۔ کسی چیز کا زمانہ یا موسم، یا زمانے کا اول اور بہتر حصہ۔ کہتے ہیں: "کَانَ ذٰلِکَ فِیْ عَدَّانِ الشَّبَابِ وَعَلٰی عِدَّانِ مُلْکِہٖ" ج۔ عَدَادِیْنُ۔
اَلْعَدَدِیُّ۔ منسوب عدد کی طرف۔ جو چیز گنتی سے بیچی جائے۔
اَلْعَدِیْدُ۔ شمار۔ عدد۔ کہتے ہیں: "مَا اَکْثَرَ عَدِیْدَھُمْ" ان کا شمار کس قدر زیادہ ہے۔ شمار کیا ہوا۔ ہمسر، ہم شکل، حصہ۔ کہتے ہیں: "ھٰذِہِ الدَّرَاھِمُ عَدِیْدُ ھٰذِہٖ" یہ درہم اس کی مقدار میں ہیں۔ اَلْعَدِیْدُ مِنَ الْقَوْمِ۔ جو شخص قوم میں شمار کیا جائے۔ اَیَّامٌ عَدِیْدَةٌ۔ چند دن۔ ج۔ عَدَائِدُ۔
اَلْعَدَائِدُ۔ بہت سے ہم شکل۔ تقسیم کردہ مال، میراث۔
اَلْعَدِیْدَةُ۔ حصہ۔
اَلْمُعِدُّ۔ فا۔ پورے سامان والا۔
عَدَرَ (ن) عَدْرًا و عُدَارَةً۔ جرأت کرنا دلیری کرنا۔
عَدِرَ (س) عَدَرًا و اِعْتَدَرَ۔ المَکَانُ پانی زیادہ ہونا۔ اِعْتَدَرَ الْمَطَرُ۔ بکثرت برسنا۔
اَلْعَادِرُ۔ فا۔ جھوٹا۔ پھسلنے والا۔
اَلْعَدَّارُ۔ ملاح۔
اَلْعَدْرُ و اَلْعُدْرُ۔ کثیر موسلادھار بارش۔
عَدَسَہٗ (ض) عَدْسًا۔ خدمت کرنا۔
عَدَسَ الْمَوَاشِیْ۔ جانوروں کو چرانا۔
الشَّیْئَ۔ سخت روند ڈالنا۔ عَدْسًا و عَدَسَانًا، عِدَاسًا، عُدُوْسًا)۔ فِی الْاَرْضِ۔ جانا۔ کہتے ہیں: "عَدَسَتْ بِہِ الْمَنِیَّةُ" اسے موت لے گئی۔
عَدِسَ۔ پھنسیوں والا ہونا۔ صفت مَعْدُوْسٌ۔
عَادَسَ الرَّجُلُ۔ ہمیشہ سفر میں رہنا۔
اَلْعَدَسُ۔ مسور۔ واحد۔ عَدَسَةٌ۔
اَلْعَدَسَةُ۔ پھنسی۔ اَلْعَدَسَةُ۔ و اَلْعَدَسِیَّةُ۔ عِنْدَ عُلَمَاءِ الطَّبِیْعَةِ شیشے کے ٹکڑے جو بطور آلات نظر استعمال کیے جاتے ہیں۔
عَدَسْ۔ اسم صوت۔ خچر ہانکنے کے واسطے نام، خچر۔
عَدَفَ (ض) عَدْفًا، تَعَدَّفَ۔ تھوڑا کھانا۔ کہتے ہیں: "مَا عَدَفْتُ اَوْ مَا تَعَدَّفْتُ الْیَوْمَ" میں نے آج تھوڑا سا بھی نہیں کھایا۔ چہ جائیکہ بہت سا۔
اِعْتَدَفَ الثَّوْبَ۔ کپڑے کا ٹکڑا لینا۔
اَلْعَدَفُ۔ تھوڑا سا عطیہ۔ تھوڑا چارہ۔ کہتے ہیں: "مَا ذُقْنَا عَدْفًا، عَدَفًا، عُدَافًا، عَدُوْفًا، عَدُوْفَةً" کھانے پینے کی کوئی چیز نہیں چکھی۔
اَلْعُدُفُ۔ تھوڑا چارہ۔ ج۔ عُدُوْفٌ۔
اَلْعِدْفُ۔ لوگوں کی جماعت۔ رات کا ایک حصہ۔
اَلْعِدْفَةُ۔ لوگوں کی جماعت، ہر چیز کا ٹکڑا۔ دس سے پچاس تک (ـ و اَلْعَدَفَةُ) زمین کے اندر پیڑ کی جڑ۔ ج۔ عَدَفٌ۔
اَلْعَیْدَفُ۔ ہر چیز کا ٹکڑا۔
عَدَقَ (ض) عَدْقًا و عَدِقَ (س) عَدَقًا وعَدَّقَ و اَعْدَقَ۔ یَدَہٗ۔ حوض یا کنویں کے کنارے میں ہاتھ ڈالنا، کسی چیز کی تلاش کے لیے۔ ـ بِظَنِّہٖ۔ کسی کام کو اپنی غالب رائے سے کرنا کہ جس پر یقین نہ ہو۔
اَلْعَدَاقَةُ۔ ڈول نکالنے کا کانٹا جو تین شاخوں والا ہو۔ ج۔ عَدَقٌ۔
اَلْعَوْدَقُ و اَلْعَوْدَقَةُ۔ ڈول نکالنے کا تین شاخوں والا کانٹا۔ ج۔ عُدُقٌ۔
عَدَكَ (ن) عَدْكًا۔ الصُّوْفَ۔ اون کو دھننے کے واسطے ڈنڈے سے مارنا۔
اَلْمِعْدَكَةُ۔ ڈنڈا۔ اون دھننے کا۔
عَدَلَ (ض)، عَدْلًا۔ السَّهْمَ۔ تیر کو سیدھا کرنا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ۔ برابری کرنا۔ بِرَبِّہٖ۔ شرک کرنا۔ الطَّرِیْقُ ٹیڑھا ہونا۔ عَدْلًا و عُدُوْلًا اِلَیْہِ رجوع کرنا۔ واپس ہونا۔ فُلَانًا۔ موازنہ کرنا۔ ـہٗ فِی الْمَحْمَلِ۔ ساتھ سوار ہونا۔ کہا جاتا ہے: "مَا یَعْدِلُکَ عِنْدِیْ شَیْئٌ" تمہارے مشابہ کوئی چیز نہیں۔
(ـ عَدْلًا و عَدَالَةً و عُدُوْلَةً و مَعْدِلَةً و مَعْدَلَةً) انصاف کیا۔ صفت عَادِلٌ۔ ج۔ عُدُوْلٌ۔
عَدُلَ (ك) عَدَالَةً۔ عادل ہونا۔ گواہی کے قابل ہونا۔
عَدِلَ (س)، عَدَلًا۔ ظلم کرنا۔
عَدَّلَ الشَّاهِدَ۔ معتبر جاننا۔ الشِّعْرَ۔ شعر کو درست وزن پر کرنا۔ المَتَاعَ۔ سامان کو دو برابر حصوں میں کرنا۔ دو گٹھریاں بنانا۔ کہتے ہیں: "شَرِبَ حَتّٰی عَدَّلَ" اس قدر پیا کہ پیٹ گٹھری کی طرح ہو گیا۔ (ـ و اَعْدَلَ)، الشَّیْئَ۔ سیدھا کرنا۔ ہموار کرنا۔
عَادَلَہٗ عِدَالًا و مُعَادَلَةً۔ موازنہ کرنا۔ ـہٗ فِی الْمَحْمِلِ۔ ساتھ سوار ہونا۔ الشَّیْئُ۔ ٹیڑھی ہونا۔ فِی الْاَمْرِ۔ متردد ہونا۔ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ۔ برابری کرنا۔ کہتے ہیں: "عَادَلَ بَیْنَ الْاَمْرَیْنِ" جبکہ دو باتیں پیش آئیں اور سمجھ میں نہ آئے

کر کس کو اختیار کریں۔ قطع العدال
فی امرہ۔ پختہ ارادہ کرنا۔
انعدل۔ عن الطریق۔ ہٹ جانا۔
اعتدل۔ سیدھا ہوا۔ دو حالتوں میں
متوسط حال اختیار کرنا۔
العادل۔ فا متحرک۔ ج۔ عدول۔
العدل۔ انصاف۔ عادل۔ کہتے ہیں۔
رجل عدل۔ امرأۃ عدل و
عدلۃ و رجال عدل۔ نظیر، مثیل،
ج۔ اعدال۔ العدل۔ پیمانہ، بدلہ
معاملات میں اعتدال، برابری۔ امر
معتدل۔ سیدھا معاملہ۔
العدل۔ نظیر۔ مثیل۔ قیمت۔ کہتے ہیں۔
خذ عدلہ کذا و کذا۔ اس کی اتنی
قیمت لے لو۔ گون جانور کی پیٹھ پر ایک
طرح کا بوجھ۔ ج۔ عدول و
اعدال۔
العدل۔ دوگونوں کی برابری۔
العدالۃ و العدولۃ۔ معتبر گواہ۔ بعض
کے نزدیک عدلۃ واحد ہے۔ اور
عدلۃ۔ جمع ہے۔
العدیل۔ عادل۔
العدیل۔ نظیر، مثل، رویف۔ ج۔
عدلاء۔
الاعتدال۔ برابری، تناسب۔ الاعتدال
الربیعی۔ رات دن کا برابر ہونا۔
موسم ربیع میں۔ الاعتدال الخریفی۔
موسم خریف میں رات دن کا مساوی
ہونا۔
المعدل و المعدول۔ پھرنے کی جگہ کہتے
ہیں۔ "مالہ معدل او معدول
عن کذا"۔ اس کے لیے فلاں بات
سے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں۔ اخذ
معدل الباطل۔ باطل راہ اختیار
کرنا۔

معدلات البیت۔ گھر کے کونے۔
عدم (س)، عدما و عدما۔ المال۔
کم کرنا، نیست کرنا، کم کرنا۔ کہتے ہیں۔
"ما یعدمنی ھذا الامر" یہ معاملہ
مجھ سے تجاوز نہیں کرتا۔
عدم (ک)، عدامۃ۔ بیوقوف ہونا۔
اعدم اعداما۔ الرجل۔ محتاج ہونا۔
صفت معدم و عدیم۔ ۔ الشیٔ
محروم کر دینا۔ اعدمنی الشیٔ۔
چیز نہ پائی۔ اعدم فلانا۔ منع کرنا۔
العدم و العدم و العدم۔ فقدان۔
العدام۔ نیستی۔
العدیم۔ فقیر، محتاج۔
العدیم۔ بیوقوف۔ دیوانہ۔ فقیر۔ غیر موجود۔
کہتے ہیں "ھو عدیم النظیر" اس
جیسا کوئی نہیں۔ ج۔ عدماء۔
ارض عدماء۔ ویران زمین۔
المعدوم۔ مفع۔ ضد۔ موجود۔
عدن (ض)، عدنا۔ الارض۔ زمین میں
کھاد ڈالنا۔ الحجر۔ اکھاڑنا۔
عدن (ن ض)، عدنا و عدونا۔
بالمکان۔ اقامت کی۔ البلاد۔ وطن
بنایا۔ اسی سے جنات عدن ہے۔
عدن۔ الارض۔ کھاد ڈالنا۔ الارض۔
زمین کھودی۔ الشارب۔ پینے والا
سیر ہوا۔
عدن۔ یمن کے ایک شہر کا نام ہے۔
العدنی۔ منسوب عدن کی طرف۔ عمدہ
اخلاق والا۔
جنۃ عدن۔ بہشت کا نام۔
العدان۔ سمندر کا کنارہ، کنارۂ دریا۔
العدانۃ۔ گروہ۔ ج۔ عدانات کہتے
ہیں "اتانا عدانات" ہمارے پاس
مختلف گروہ آئے۔
العدینۃ۔ ڈول کا پیوند۔

العیدانۃ۔ کھجور کا لمبا درخت۔ ج۔
عیدان۔
المعدن۔ سونے وغیرہ کی کان۔ ہر چیز کا
منبع۔ گرمی سردی کا رہائشی مکان۔ کہتے
ہیں "فلان معدن الخیر" فلاں
بھلائی کا منبع ہے۔ ج۔ معادن۔
المعدن۔ ہتھوڑا۔ وہ اوزار جس سے پتھر
نکالے اور توڑے جاتے ہیں۔
المعدان۔ کان کھودنے والا۔ سونا
چاندی نکالنے والا۔
عدا یعدو عدوا و عدوانا، عدوا
تعداء و عدا۔ دوڑنا۔ عدوا و
عدوانا، فلانا عن الامر۔ معاملہ
سے باز رکھنا۔ علیہ۔ حملہ کرنا۔ الامر
و عن الامر۔ چھوڑ دینا۔ کہتے ہیں۔
"عدا طورہ او قدرہ" اس نے
مرتبہ سے تجاوز کیا۔ (ن)۔ عدوا و
عدوا و عداء و عدوانا و عدوانا
و عدوی۔ علیہ۔ ظلم کرنا۔ کہتے ہیں۔
"ما عدا مما بدا"۔
عدا اما۔ مصدریہ کے ساتھ یا اس کے بغیر
کلمہ استثناء ہے اور تمام احکام میں خلا
کی مانند ہے۔ کہتے ہیں "جاء القوم
عدا زیدا و عدا زید" نصب و جر
کے ساتھ۔ اور "ما عدا زیدا" صرف
نصب کے ساتھ آتا ہے۔
عدی یعدی عدا۔ بفلان۔ بغض
رکھنا۔ عدی علی فلان۔ ظلم کیا گیا۔
مال چوری کیا گیا۔
عدّی۔ عن الامر۔ چھوڑ دیا۔ کہتے ہیں۔
"عدّ عما تری" اپنی نگاہ پھیر لے۔
فلانا عن الامر۔ کسی کو کسی معاملے
سے باز رکھا۔ الشیٔ۔ نافذ کیا۔
الفعل۔ فعل لازم کو متعدی بنایا۔
عادی عداء و معاداۃ۔ فلانا۔ جھگڑا

کیا۔ دشمن ہوا۔ بَیْنَ الصَّیْدَیْنِ۔
ایک دوڑ میں دو شکار مارے۔ الشَّیْءَ۔
دور کیا۔
اَعْدٰی۔ الرجلُ۔ دوڑ کے لیے اکسایا۔
فلانًا علٰی فُلَانٍ۔ مدد کی۔ قوت
پہنچائی۔ الامرَ۔ معاملہ کی جانب
دوسرے کو بڑھایا۔ اَعْدَاہُ شَرًّا۔
شر پہنچایا۔ ہٗ مِنْ عِلَّتِہٖ او خُلُقٍ۔
بیماری لگادی یا عادی بنایا۔ کہتے ہیں۔
"قَرِیْنُ السُّوْءِ یُعْدِی قَرِیْنَہٗ" برا
ساتھی ہم نشین کو برا بنا دیتا ہے۔
اَعْدٰی علیہِ۔ ظلم کیا۔ فِی کَلَامِہٖ
زیادتی کی۔
تَعَدّٰی۔ الشیءَ۔ تجاوز کیا۔ علیہِ۔ ظلم
کیا۔ الفعلُ۔ متعدی ہوا۔ الشیءَ
اِلٰی اٰخَرَ۔ تجاوز کرایا۔
تَعَادَی القومُ۔ ایک دوسرے سے دشمنی
کی۔ دوڑ میں مقابلہ کیا۔ الرجلُ۔
دور ہوا۔ مَا بَیْنَھُمْ۔ اختلاف ہوا
فساد ہوا۔ المکانُ۔ ناہموار ہوا۔
تَعَادَتِ النَّوَائِبُ۔ مصیبتیں پے در پے
ہوں۔ کہتے ہیں "تَعَادَی القَوْمُ"
ان میں پھوٹ لگ گئی۔
اِعْتَدٰی الحقَّ وعَنِ الحقِّ و فَوْقَ
الحقِّ۔ تجاوز کرنا۔ علٰی فُلَانٍ ظلم کرنا۔
اِسْتَعْدٰی۔ الرجلَ۔ مدد طلب کرنا۔ الفرسَ
گھوڑے کو دوڑانا۔
العَدَاءُ۔ مشغولیت۔ سختی (ر۔ والعِدَاءُ)
ایک دفعہ کی دوڑ۔ کہتے ہیں۔ "عَدَا
الفَرَسُ عِدَاءً و عَدَاءً وَاحِدًا"۔
ایک دوڑ لگائی۔ عَدَاءُ الوَادِی۔
وادی کا درمیان۔
العِدٰی والعِدَاءُ۔ العِدٰی۔ وہ چھوٹا
پتھر جس سے کچھ چھپایا جائے۔
العِدٰی والعَدٰی۔ جانب۔ ج۔ اَعْدَاءٌ

العِدٰی۔ ج۔ اَعْدَاءٌ۔ عدو یعنی دشمن۔ عدو
ہونے والا مسافر۔ وادی کا کنارہ۔
العُدٰی۔ عدو کا اسم جمع۔ بلند مقامات۔
العُدْوٰی۔ فساد، متعدی امراض۔
العَدَاوَۃُ۔ دشمنی، دوری۔
العَدْوَۃُ۔ دور مقام (ر۔ والعُدْوَۃُ و
العِدْوَۃُ) بلند جگہ۔ وادی کا کنارہ۔
وادی کی ایک جانب۔ ج۔ عِدَاءٌ و
عِدَوَاتٌ۔
العَدْوَۃُ۔ ایک مرتبہ کی دوڑ۔ وادی کا کنارہ۔
العُدَوَاءُ۔ سخت اور خشک زمین۔ دوری،
مشغولیت۔ عُدَوَاءُ الشَّوْقِ۔ شدائد
وتکالیف شوق۔ عُدَوَاءُ الشُّغْلِ۔
شغل کے موانع۔ کہتے ہیں "طَالَتْ
عُدَوَاؤُھُمْ" ان کا افتراق اور دوری
بڑھ گئی۔
العُدْوَانُ۔ خالص ظلم۔ کہتے ہیں "لَا عُدْوَانَ
عَلَیَّ" میرے اوپر کوئی مجال نہیں۔
العَدَوَانُ۔ تیز دوڑ۔ ذِئْبٌ ذُوْ عَدَوَانٍ۔
لاگو بھیڑیا۔
العَدَّاءُ۔ تیز دوڑنے والا۔
عَدِیٌّ۔ ایک قبیلہ کا نام۔ وہ جماعت جو قتل و
قتال کے لیے تیار ہو۔
العَدُوُّ۔ دشمن۔ ج۔ اَعْدَاءٌ۔ جج اَعَادٍ۔
العَادِی۔ فا۔ دشمن، ظالم، حد سے بڑھنے
والا۔ اُچکنے والا۔ چور، شیر۔ عَادِی
العَوَادِی۔ ایسے ضروری کام جو دوسرے
کاموں سے باز رکھیں۔ ج۔ عُدَاۃٌ۔
عَادِیَا الکَرِیْمِ۔ سخی کی دونوں جانبین۔
العَادِیَۃُ۔ عادی کا مؤنث۔ وہ جماعت جو
قتل وقتال کے لیے تیار ہو۔ لوٹنے والے
گھوڑے سوار۔ دوری، مشغولیت، غصہ
کی تیزی۔ عَادِیَۃُ السَّمِّ۔ زہر کا اثر۔
کہتے ہیں "دَفَعْتُ عَنْكَ عَادِیَۃَ
فُلَانٍ" میں نے تجھ سے فلاں کا ضرر

دور کر دیا۔ ج۔ عَوَادٍ۔ عَوَادِی الدَّھْرِ
گردشیں، موانع۔ کہتے ہیں۔ "صَرَفَتْہٗ
عَنْ کَذَا عَوَادٍ" اس کو موانع نے
روک دیا۔
المَعْدٰی۔ گزرگاہ۔ کہتے ہیں "مَا لِی عَنْ
فُلَانٍ مَعْدٰی" میرے لیے فلاں شخص
سے گزر جانے کی جگہ نہیں ہے۔
عَذِبَ (س) عَذَبًا۔ سخت پیاس کی وجہ سے
کھانا پینا چھوڑ دینا۔ صفت عَذُوْبٌ
وعَاذِبٌ۔ عنہُ۔ باز رہنا۔ ہٗ۔
منع کرنا۔ عَذَبَ السَّوْطَ۔ کوڑے میں
پھندا لگانا۔
عَذِبَ (س) عَذَبًا۔ الماءُ۔ کائی دار پانی
ہونا۔ صفت عَذِبٌ۔
عَذُبَ (ک) عُذُوْبَۃً وعُذُوْبًا۔ الشرابُ۔
میٹھا اور خوشگوار ہونا۔
اَعْذَبَ۔ میٹھے پانی پر پہنچنا۔ کائی، کوڑا کرکٹ
دور کرنا۔ القومُ۔ میٹھے پانی والی ہونا۔
اللہُ الماءَ۔ میٹھا پانی کر دینا۔ عنہُ۔
باز رہنا۔ ہٗ عَنِ الامرِ۔ منع کرنا۔
کہتے ہیں "اَعْذِبْ نَفْسَكَ عَنْ کَذَا"
اپنے آپ کو اس سے روکو۔
عَذَّبَہٗ۔ عذاب دیا۔ عَذَّبَہٗ عَنِ الشَّیْءِ۔
منع کرنا۔ عَذَّبَ السَّوْطَ۔ کوڑے میں
پھندا لگانا۔ الشیءَ۔ روکنا۔
اِعْتَذَبَ۔ عمامے کے دو شملے لٹکانا۔
اِسْتَعْذَبَ الشیءَ۔ میٹھا اور خوشگوار پانا۔
میٹھا اور خوشگوار پانی طلب کرنا۔ کہتے
ہیں "خَرَجَ یَسْتَعْذِبُ المَاءَ" میٹھا
پانی لانے کے لیے جانا۔ عَنْ کَذَا۔
باز رہنا۔
العَذْبُ۔ مو۔ خوشگوار کھانا پانی۔ مَاءٌ
عَذْبٌ۔ میٹھا پانی۔ العَذْبُ۔ ایک
قسم کا درخت۔
العَذَبُ۔ مو۔ کوڑا کرکٹ۔ تنکا۔ ترازو کی

زبان۔ درخت کی شاخیں۔ ہر شے کے اطراف، عمامہ کا شملہ۔ واحد عَذَبَۃٌ۔
العَذَبَۃُ۔ تنکا۔ والعُذْبَۃُ و العَذَبَۃُ کانٹا۔ ج۔ عَذَبَاتٌ۔
العَاذِبُ۔ فا۔ وہ شخص جس کے اور آسمان کے درمیان کوئی چیز حائل نہ ہو۔ مِنَ الدَّوَابِّ۔ وہ جانور جو کھڑا ہو اور کھاتا پیتا نہ ہو۔ ج۔ عُذُوبٌ۔
العَذُوبُ۔ بمعنی عاذب۔ مِنَ الدَّوَابِّ۔ شدت پیاس کے سبب چارے کو نہ کھانے والا۔
العَذَابُ۔ ہر وہ شے جو انسان کے لیے باعث مشقت ہو۔ تکلیف، سزا۔ ج۔ اَعْذِبَۃٌ۔
عَذَجَ (ض) عَذْجًا۔ الماءَ۔ پانی پینا۔ فلانًا۔ گالی دینا۔
المِعْذَجُ۔ غیرت مند، بد اخلاق۔ بہت ملامت کرنے والا۔
عَذَرَہٗ (ض) عُذْرًا و عُذُرًا و عُذْرَی۔ مَعْذُرَۃً و مَعْذِرَۃً۔ عَلٰی او فِی مَا صَنَعَ۔ الزام سے بری کرنا۔ عذر قبول کرنا۔
عَذَرَ (ض) عَذْرًا و عُذْرًا۔ گناہوں کا زیادہ ہونا۔ عَذْرًا، الغلامَ۔ لڑکے کی ختنہ کرنا۔
عَذَرَ (ض ن) عَذْرًا و عِذَارًا۔ الفرسَ بالعِذَارِ۔ گھوڑے کے پوری لگانا۔ الصَّبِیُّ العَاذُورُ۔ بچے کو درد حلق ہونا اور تکلیف پہنچانا۔
عُذِرَ۔ الصَّبِیُّ۔ درد حلق ہونا۔
عَذَّرَ۔ عذر کا ثابت نہ ہونا۔ ہٗ عذر کرنے میں مبالغہ کرنا۔ عَذَّرَ الغلامُ۔ لڑکے کے رخسارہ پر سبزہ اگ آنا، بھیگنا۔ الدَّارَ۔ نشانات مٹانا۔ فِی الاَمْرِ۔ کوشش کے بعد کوتاہی کرنا۔

اَعْذَرَہٗ۔ فِی او عَلٰی مَا صَنَعَ۔ الزام سے بری کرنا۔ الرجلُ۔ عذر ظاہر کرنا۔ مِنْ نَفْسِہٖ۔ بکثرت گناہ کرنا۔ انصاف کرنا۔ فی الاَمْرِ۔ کوتاہی کرنا اور کوشش نہ کرنے کے باوجود کوشش والا سمجھنا۔ ۔ الفرسَ۔ پوری باندھنا۔ الغُلَامَ۔ لڑکے کی ختنہ کرنا۔ ہٗ فِی ظَهْرِہٖ۔ مار کر بدھی ڈال دینا۔ کہتے ہیں "ضَرَبَہٗ حَتّٰی اَعْذَرَ مَتْنَہٗ" اتنا مارا کہ پیٹھ پر زخم کے نشان ڈال دیے۔ بِفُلَانٍ۔ زخم کا نشان چھوڑنا۔ کہتے ہیں "ضُرِبَ فُلَانٌ فَاَعْذَرَ" مارتے مارتے ہلاکت کے قریب پہنچا دیا گیا۔ اَعْذَرَتِ الدَّارُ۔ بہت پلید ہونا۔
عَاذَرَہٗ مُعَاذَرَۃً۔ عذر ثابت نہ ہونا۔
تَعَذَّرَ۔ عَلَیْہِ الاَمْرُ۔ دشوار ہونا۔ باز رہنا ۔ عَنِ الاَمْرِ۔ پیچھے ہٹنا۔ الرَّسْمُ۔ مٹ جانا۔ الرجلُ۔ اپنے لیے حجت کرنا بھاگنا۔ الشیءُ۔ پلیدی سے لتھڑ جانا۔ فلانٌ مِنَ الذَّنْبِ۔ گناہ سے بری ہونا۔
اِعْتَذَرَ۔ عَنْ و مِنْ فِعْلِہٖ۔ عذر بیان کرنا۔ ۔ عَنْ فُلَانٍ۔ کسی کے عذر قبول کرنے کو کہنا۔ الرجلُ۔ صاحب عذر ہونا۔ ۔ اِلَیْہِ۔ عذر پیش کرنا۔ الرَّسْمُ۔ نشان کا مٹنا۔
اِسْتَعْذَرَ۔ اِلَیْہِ۔ عذر پیش کرنا۔
العُذْرُ۔ حجت جس کی بنا پر عذر کیا جائے۔ ج۔ اَعْذَارٌ۔ عَلَیْہِ کا بیان۔ اسی سے ہے جو جنگ کے موقعہ پر کہا جاتا ہے۔ "لِمَنِ العُذْرُ" کس کے لیے غلبہ ہے۔ کہتے ہیں "ہُوَ اَبُو عُذْرِ ھٰذَا الکَلَامِ" وہ اس کلام کا پہلا بولنے والا ہے۔
الھَوَی العُذْرِیُّ۔ پاکیزہ محبت۔
العِذَارُ۔ پوری۔ ج۔ عُذُرٌ۔ رخسار

رخسارے پر کان کے مقابل بال۔ حیا۔ کہتے ہیں "خَلَعَ عِذَارَہٗ ہُوَ خَلِیْعُ العِذَارِ" وہ پابند ہوا ہے۔ گمراہیوں میں مبتلا ہے۔ بے پرواہ ہے۔ جیسے بلا رسی کا جانور آزاد ہوتا ہے۔ لَوَی عِذَارَہٗ عَنْہُ۔ نافرمانی کی۔ العِذَارُ مِنَ النَّصْلِ۔ تیر کے پھل کے دونوں طرف کی دھار۔
العِذَارُ۔ ختنہ یا تعمیر مکان کا کھانا۔
العِذْرَۃُ۔ عذر۔ ج۔ عِذَرٌ۔
العُذْرَۃُ۔ بکارت۔ تیز رفتار گھوڑے کو نظر بد سے بچانے کا نشان جو پیشانی پر لٹکایا جائے۔ بالوں کا گچھا۔ گھوڑے کی گردن کے بال۔ العُذْرَۃُ پیشانی ختنہ کی کھال۔ ایک ستارہ کا نام جس کے نکلنے سے گرمی بڑھتی ہے۔ درد حلق۔ ج۔ عُذَرٌ۔
العَذِرَۃُ۔ پاخانہ۔ گیہوں کا ردی حصہ۔ مکان کے سامنے کا صحن۔ ج۔ عَذِرَاتٌ۔
العَاذِرُ۔ فا۔ نشان زخم۔ العَاذِرَۃُ پاخانہ۔ العَاذِرُ۔ رگ استحاضہ۔
العَذِیْرُ۔ عاذر، مددگار۔ ج۔ عُذَرَاءُ۔ مؤنث عَذِیْرَۃٌ۔ العَذِیْرُ والعذیرۃُ نئی خوشی کا کھانا۔ العَذِیْرَۃُ۔ نشان زخم۔
العَاذُورُ۔ درد گلو۔ علامت۔ ج۔ عَوَاذِیْرُ۔
الاِعْذَارُ۔ نئی خوشی کا کھانا۔
العَذْرَاءُ۔ باکرہ۔ دُرِّ ناسفتہ۔ ج۔ عَذَارٰی و عَذَارِیُّ۔ عَذْرَاوَاتٌ۔ حضرت مریم کا لقب ہے۔
العُذْرٰی والمَعْذُرَۃُ والمَعْذِرَۃُ و المَعْذَرَۃُ۔ عذر، بہانہ۔ ج۔ مَعَاذِرُ۔
المِعْذَارُ۔ عذر، بہانہ۔ ج۔ مَعَاذِیْرُ۔
عَذَفَ (ض) عَذْفًا۔ مِنَ الطَّعَامِ چکھنا
تَعَذَّفَ۔ الطَّعَامَ۔ کھانا۔ کہتے ہیں کہ "مَا ذُقْتُ عَذْفًا و لَا عَذُوْفًا و لَا عُذَافًا"۔

میں نے کچھ نہیں چکھا۔
سَمٌّ عُذَافٌ۔ زہر قاتل۔
العُذَافِرُ شیر۔ مضبوط اونٹ۔ ج۔
عَذَافِرَةٌ وعَذَفُورٌ مضبوط اونٹ۔
عَذَقَ (ض) عَذْقًا وعَذَّقَ۔ النخلة کھجور کے درخت کی شاخ کاٹنا۔
عَذَقَ فلانًا بِشَرٍّ۔ تہمت لگانا۔
عَذَقَهُ اِلیٰ کذا۔ منسوب کرنا۔
عَذَقَ واَعْذَقَ الشَّاةَ۔ بکری کے رنگ کے خلاف کسی اور رنگ کی اون سے نشان لگانا۔
اِعْتَذَقَ۔ دو شملے لٹکانا۔ اِعْتَذَقَهُ بکذا۔ کسی چیز کے ساتھ خاص کرنا۔
العَاذِقُ۔ فا۔ کھجور کے درخت کی حفاظت و خدمت کرنے والا۔ ج۔ عَاذِقُونَ و عُذَّاقٌ۔
العَذْقُ۔ کھجور کا پھل دار درخت۔ ج۔ اَعْذُقٌ و عُذَاقٌ۔
العِذْقُ۔ انگور کا گچھا۔ مِنَ النخلِ۔ کھجور کا خوشہ۔ ج۔ عُذُوقٌ و اَعْذَاقٌ
العِذْقُ۔ شاخوں والی ٹہنی۔ عزت۔ کہتے ہیں۔ "فِی بَنِی فُلَانٍ عِذْقٌ کَهْلٌ"۔ بنی فلاں میں انتہائی عزت ہے۔
العَذِقُ۔ ہوشیار۔ چرب زبان۔
طِیبٌ عَذِقٌ۔ تیز خوشبو۔
العَذْقَةُ والعُذْقَةُ۔ بکری کے رنگ کے خلاف اون کا نشان۔
عَذَلَهُ (ن ض) عَذْلًا وعَذَلَهُ۔ ملامت کرنا۔ صفت عَاذِلٌ۔ ج۔ عُذَّلٌ و عُذَّالٌ، عَذَلَةٌ و عَاذِلُونَ۔ مؤنث عَاذِلَةٌ۔ ج۔ عَوَاذِلُ، عَاذِلَاتٌ۔
تَعَاذَلَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔
تَعَذَّلَ واَعْتَذَلَ۔ اپنے آپ کو ملامت کرنا۔ ملامت سے متاثر ہونا۔ اِعْتَذَلَ

الیَوْمُ۔ دن کا سخت گرم ہونا۔
اِعْتَذَلَ الرجلُ عَلَی الشیءِ۔ پختہ ارادہ کرنا۔
العَذْلُ و العَذَلُ و التَّعْذَالُ۔ ملامت۔
اَیَّامٌ عُذَّلٌ او مُعْتَدِلَاتٌ۔ سخت گرم دن۔
العُذَلَةُ والعَذُولُ و العَذَّالُ و العَذَّالَةُ۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذَّالَةُ۔ مؤنث عَذَّال۔ سُرین۔
العَاذِلُ۔ فا۔ رگِ استحاضہ۔
المُعَذَّلُ۔ مفع۔ فیاضی کی بنا پر ملامت کیا گیا۔
عَذْلَجَ۔ السِقَاءَ۔ مشکیزہ بھرنا۔ الوَلَدَ وغیرہٗ۔ لڑکے کو اچھی غذا دینا۔
عَیْشٌ عِذْلَاجٌ۔ خوشگوار زندگی۔
العُذْلُوجُ۔ اچھی غذا سے پرورش شدہ بچہ۔
المُعَذْلَجُ۔ پر گوشت خوبصورت جسم والا۔ مؤنث مُعَذْلَجَةٌ۔
عَذَمَ (ض)، عَذْمًا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا کاٹ کھانا۔ الرجلُ۔ اپنے آپ سے مدافعت کرنا۔ ہٗ۔ ملامت کرنا۔
عَذِمَ (س)، عَذْمًا۔ گالی دینا۔
اَعْذَمَهُ۔ عَنْ نَفْسِهٖ۔ روک دینا۔ منع کرنا۔
العَذُومُ۔ بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔ ج۔ عُذُمٌ۔
العَذَّامُ۔ بہت کاٹ کھانے والا۔ بہت ملامت کرنے والا۔
العَذِیمَةُ۔ ملامت، اس کھجور کا درخت جس میں گٹھلی نہ ہو۔ ج۔ عَذَائِمُ۔
عَذَا یَعْذُو عَذْوًا و عَذِیَ یَعْذَی عَذًی و عَذُوَ یَعْذُو عَذَاوَةً۔ المکانُ۔ اچھی ہوا والا ہونا۔ پانی اور وبائی امراض سے دور ہونا۔
اِسْتَعْذَی المکانَ۔ اچھی ہوا والا سمجھنا۔

اَرْضٌ عَاذِیَةٌ، عَذِیَةٌ، عَذِیَّةٌ، عَذَاةٌ عمدہ آب و ہوا والی زمین۔
العِذْیُ۔ کھیت جس کی سیرابی صرف بارش کے پانی سے ہو۔ ج۔ اَعْذَاءٌ۔
عَرَّ (ن ض)، عَرًّا و عُرَّ الجَمَلُ۔ خارش زدہ ہونا۔ صفت عَرٌّ و اَعَرُّ و عَارٌّ و مَعْرُورٌ۔
عَرَّهٗ (ن)، عَرًّا۔ غمگین کرنا۔ سائل بن کر آنا۔
عَرَّهٗ بِشَرٍّ۔ برائی سے ملوث کرنا۔
(ـ و عَرَّرَ) الارضَ، زمین میں کھاد ڈالنا۔
عَرَّ (ض)، عِرَارًا، عَارَّ مُعَارَّةً عِرَارًا۔ الظَّلِیمُ۔ شتر مرغ کا چیخنا۔ اَعَرَّتِ الدَّارُ۔ گھر کا گندہ ہونا۔
تَعَارَّ۔ نیند میں بولتے ہوئے بیدار ہونا۔
اِعْتَرَّهٗ و اِعْتَرَّ بِهٖ اِعْتِرَارًا۔ بغیر سوال کے بخشش کے لیے آنا۔
اِسْتَعَرَّهُمُ الجَرَبُ۔ کھجلی پھیل جانا۔
العَارُورُ و العَارُورَةُ۔ منحوس آدمی۔ قوم پر بے حرمتی لانے والا۔ بے کوہان کا اونٹ۔
العَرَرُ و العُرُورُ۔ خارش۔
العَرُّ۔ کھجلی والا۔ کھجلی، عیب، برائی، وہ بچہ جس کا دودھ جلد چھڑا دیا گیا ہو۔
العَرَّةُ۔ اسم مرۃ۔ مؤنث العَرّ۔ جنگ کی سختی۔ بری عادت، عیب۔
العُرَّةُ۔ کھجلی، پرندہ کی بیٹ۔ لڑکا، مینگنی، گوبر کوہان کی چربی۔ ناگوار بات کا پیش آنا۔ گناہ جنون جو انسان کو لگے۔ کہتے ہیں۔ "بِهٖ عُرَّةٌ" اس کو جنون ہے۔
الاَعَرُّ۔ خارش زدہ مرد یا اونٹ۔ مؤنث عَرَّاءُ۔ ج۔ عُرٌّ۔ العَرَّاءُ۔ لڑکی۔
العَرَارُ۔ ایک پھول کا نام جس کو گاؤ چشم کہتے ہیں۔ جنگلی نرگس۔ واحد عَرَارَةٌ۔
العِرَارُ۔ قصاص، خون کا بدلہ۔

العُوَارُ۔ گناہ۔ قصور
العَرَادَۃُ۔ تندی، سختی۔ بلندی، بدخلقی۔
العَوِیْرُ۔ اجنبی۔
المَعَرَّۃُ۔ گناہ۔ تکلیف، بدی، ڈانٹ، قصور، عیب، بری بات، سختی۔ گالی، غصہ سے چہرے کا رنگ بدل جانا۔ ستارہ کہکشاں کے علاوہ۔ ایک شہر کا نام۔ مَعَرَّۃُ الجَیْشِ۔ وہ لشکر جو نادانی سے قوم کی کھیتی کھالے۔
المُعْتَرُّ۔ فقیر بغیر سوال کیے بخشش کے درپے ہونے والا۔
عَرُبَ (ک)، عُرُوْبَۃً وعُرُوْبِیَّۃً وعَرَابَۃً وعَرْبًا وعُرُوْبًا۔ فصیح عربی بولنا۔ فصیح عربی زبان ہونا۔
عَرِبَ (س)، عَرَبًا۔ بگڑے ہوئے معدہ والا ہونا۔ المِعْدَۃُ۔ فاسد ہونا۔ الجرحُ۔ ورم ہونا اور پیپ پڑجانا۔ البئرُ۔ کنویں میں بہت پانی ہونا۔ الرجُلُ۔ لکنت کے بعد فصیح ہونا۔
عَرَّبَ (ض)، عَرْبًا۔ الطعامَ۔ کھانا۔
عَرَّبَ المَنْطِقَ۔ اعرابی غلطی سے پاک کرنا۔ الکتابَ ونحوہٗ۔ عربی میں ترجمہ کرنا۔ علیہ فِعْلَہٗ۔ قبیح بتانا۔ قولَہٗ۔ ادا کر دینا۔ عنہٗ لسانُہٗ۔ فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا۔ عَنْ صَاحِبِہٖ۔ اپنے ساتھی کی طرف سے بولنا اور دلیل بیان کرنا۔ الرجُلُ۔ عربی گھوڑا لینا۔ المُشْتَرِیْ۔ بیعانہ دینا۔ الرجُلُ۔ قبیح بات کہنا۔ بِحُجَّتِہٖ۔ دلیل کو اچھی طرح بیان کرنا۔ الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ۔ عربی بنا دینا۔
اَعْرَبَ۔ الشیءَ۔ ظاہر کرنا۔ عَنْ حَاجَتِہٖ۔ صاف بیان کرنا۔ کلامَہٗ۔ فصاحت سے بولنا اور غلطی نہ کرنا۔ بالکلامِ۔ بیان کرنا۔ بِحُجَّتِہٖ۔ عمدہ دلیل بیان کرنا۔ الاِسْمَ الاَعْجَمِیَّ۔ عربی بنا دینا۔ الکَلِمَۃَ۔ اعراب لگانا۔ الفرسَ۔ دوڑانا۔ الفرسَ العَرَبِیَّ۔ ہنہنانے سے عربی گھوڑے کو غیر عربی گھوڑے سے ممتاز کیا۔ اَعْرَبَ الرجُلُ۔ اونٹ اور عربی گھوڑوں کا مالک ہونا۔ المُشْتَرِیْ۔ بیعانہ دینا۔ الرجُلُ۔ کلام میں غلطی نہ کرنا۔ فحش بات کہنا۔
تَعَرَّبَ۔ عربی اخلاق اختیار کرنا۔ اہل عرب کی مشابہت کرنا۔ دیہات میں قیام کرنا۔ اعرابی بننا۔
اِسْتَعْرَبَ۔ عربوں میں داخل ہونا۔ قبیح بات کہنا۔
العُرْبُ والعَرَبُ۔ عرب کے باشندے۔ ج۔ اَعْرُبٌ وعُرُوْبٌ۔
العَرَبُ والعَرْبَاءُ والعَارِبَۃُ والعَرِبَۃُ والعَرَبِیَّۃُ۔ خالص عربی لوگ۔ لفظ عرب اس مقام پر بتاویل طائفہ مؤنث ہے۔
العَرَبُ والمُسْتَعْرِبَۃُ والمُتَعَرِّبَۃُ۔ وہ غیر ملکی جو عرب میں آباد ہوگئے۔
العَرَابَۃُ والعِرَابَۃُ۔ فحش بدگوئی۔
العَرِبُ والعِرْبُ۔ مِنَ الماءِ۔ کثیر صاف پانی۔ رجلٌ عَرِبٌ۔ تیز زبان مرد۔ بئرٌ عَرِبَۃٌ۔ بہت پانی والا کنواں۔ مِعْدَۃٌ عَرِبَۃٌ۔ فاسد معدہ۔ رجلٌ عَرِیْبٌ۔ فصیح مرد۔ رجلٌ عَرْبَانِیُّ اللِّسَانِ۔ فصیح مرد۔
العَرَبِیُّ۔ خالص عرب کا باشندہ، اگرچہ کسی دوسرے ملک میں رہتا ہو۔
العَرَبِیَّۃُ۔ مؤنث۔ العَرَبِیُّ اللُّغَۃُ العَرَبِیَّۃُ۔ عربی زبان۔
الاَعْرَابِیُّ۔ عرب کا دیہاتی۔
الاَعْرَابُ۔ عرب دیہات کے رہنے والے۔ واحد اَعْرَابِیٌّ۔
العَرَبَۃُ۔ نہر جو تیز بہتی ہو۔ نفس۔ ج عَرَبٌ وعَرَبَاتٌ۔
العَرَبَاتُ۔ وہ کشتیاں جو دور عباسیہ میں دجلے میں بندھی رہتی تھی، جن سے پُل کا کام لیا جاتا ہے۔ آج کل بگھی پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔
العَرَّابُ۔ عند النصاریٰ۔ وہ مقدس مرد جو بپتسمہ دیے ہوئے شخص کا باپ بنایا جاتا ہے۔ عَرَّابَۃٌ۔ وہ عورت جو ماں بنتی ہے۔
الاَعْرَابِیَّۃُ۔ عربی دیہاتیت۔ کہتے ہیں "ھُوَ اَعْرَبُھُمْ اَحْسَابًا"۔ وہ حسب کے اعتبار سے خالص ہے۔ واَعْرَبُھُمْ اَلْسِنَۃً۔ اور زبان کے لحاظ سے فصیح ہے۔ خیلٌ او ابلٌ عِرَابٌ واَعْرُبٌ۔ خالص عربی گھوڑے یا اونٹ۔
العُرْبَانُ۔ عرب۔
العَرُوْبُ والعَرُوْبَۃُ۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ بہت ہنسنے والی عورت۔ شوہر کی نافرمان عورت۔
عَرُوْبَۃٌ او یومُ العَرُوْبَۃِ۔ روز جمعہ کہتے ہیں "مَا بِالدَّارِ مُعْرِبٌ او عَرِیْبٌ"؛ گھر میں کوئی نہیں۔
الاِسْمُ المُعَرَّبُ۔ عربی بنایا ہوا اسم، جیسے ریشم سے اَبْرِیْشَم۔
عَرْبَدَ عَرْبَدَۃً۔ بدخلق ہونا۔ صفت۔ عَرْبِیْدَۃٌ مُعَرْبِدٌ۔
العِرْبِدُ والعِرْبَدُّ۔ سخت چیز۔ کہتے ہیں "غَضِبَ غَضَبًا عِرْبِدًا"۔ سخت غضب ناک ہوا۔ مذکر سانپ۔
عَرْبَنَہٗ۔ بیعانہ دینا۔
العُرْبُوْنُ والعَرَبُوْنُ والعُرْبَانُ۔ بیعانہ ج۔ عَرَابِیْنُ۔ عام لوگ عُرْبُوْنٌ کہتے ہیں۔
عَرَتَ (ض ن ف)، الرُّمْحُ۔ نیزہ سخت ہونا۔ البرقُ ونحوہٗ۔ بجلی وغیرہ چمکنا۔ برقٌ اور رُمْحٌ عَرَّاتٌ۔ بہت حرکت کرنے والا نیزہ یا بجلی۔

الْعَرْتَبَةُ۔ ناک یا ناک کا نرم حصہ۔ اوپر والے ہونٹ کا بیچ کا گڑھا۔

الْعَرْتَمَةُ۔ ناک کا اگلا حصہ۔ کہتے ہیں۔ "فَعَلَهٗ عَلٰی عَرْتَمَتِهٖ۔ اس کے مزاج کے برخلاف کیا۔

عَرَجَ (ن ن)، عُرُوْجًا و مَعْرَجًا۔ فِی السُّلَّمِ۔ سیڑھی پر چڑھنا۔ عَلَی الشَّیْءِ۔ وفیہ۔ چڑھنا۔ عُرِجَ بِهٖ۔ چڑھایا جانا۔

عَرَجَ و عَرِجَ (ف س)، عَرَجًا۔ لنگڑانا۔ صفت اَعْرَجُ۔ ج۔ عُرْجٌ، عُرْجَانٌ مؤنث عَرْجَاءُ۔

عَرِجَتْ (س)، وعَرُجَتْ (ك)، عَرَجًا۔ الشَّمْسُ۔ آفتاب کا مائل بغروب ہونا۔

عَرَّجَ۔ ٹھیرنا۔ ایک طرف سے دوسری طرف جھکنا۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ چھوڑنا۔ تجاوز کرنا۔ ۔ الثَّوْبَ۔ پیچیدہ دھاری دار بنانا۔ البِنَاءَ او النَّهْرَ۔ جھکاؤ کے ساتھ بنانا۔ الرَّجُلُ۔ آفتاب کے غروب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ لَا یُعَرِّجُ عَلٰی قَوْلِهٖ" اس کی بات پر اعتماد نہیں کیا جاتا۔ (د۔ وتَعَرَّجَ) جھکنا۔ عَلَی المَکَانِ۔ سواری کے جانور کو باندھنا اور اقامت کرنا۔

اَعْرَجَ۔ آفتاب کے غائب ہونے کے وقت داخل ہونا۔ اَعْرَجَهُ اللّٰهُ۔ لنگڑا کر دینا۔

تَعَارَجَ۔ بتکلف لنگڑا بننا۔

اِنْعَرَجَ الشَّیْءُ۔ مڑنا۔ ٹیڑھی ہونا۔ الطَّرِیْقُ جھکنا۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ تجاوز کرنا۔ چھوڑ دینا۔ القَوْمُ عَنِ الطَّرِیْقِ۔ بھٹک جانا۔

الْعَرَجُ والْعَرَجَانُ۔ لنگڑا پن۔ لنگڑے کی چال۔

الْعَرْجَاءُ۔ مؤنث اَعْرَجُ۔ لنگڑی عورت، بجو۔

الْعَرْجَةُ والْعُرْجَةُ۔ جس پر توقف کیا جائے۔ امْرٌ عَرِیْجٌ۔ غیر مستحکم کام۔

الْعُرَیْجَاءُ۔ دوپہر دن میں ایک مرتبہ کھانا۔

الْمِعْرَجُ والْمَعْرَجُ والْمِعْرَاجُ۔ سیڑھی۔ چڑھنے کی جگہ۔ ج۔ مَعَارِجُ و مَعَارِیْجُ۔

الْمُنْعَرَجُ مِنَ الْوَادِی۔ وادی کا موڑ۔

عَرْجَنَ۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے پر شاخوں کی شکل بنانا۔

الْعُرْجُوْنُ۔ کھجور کے گچھے کی جڑ جو ٹیڑھی ہوتی ہے اور گچھے کے کاٹنے کے بعد درخت پر خشک ہو کر باقی رہتی ہے۔ ج۔ عَرَاجِیْنُ۔

الْعُرْجُدُ والْعُرْجُدُّ۔ بمعنی عُرْجُوْنٌ۔

عَرَدَ (ن)، عَرْدًا۔ الْحَجَرَ۔ پتھر کو دور پھینکنا۔ (ــ عُرُوْدًا و اَعْرَدَ) ۔ النَّبَاتُ او النَّابُ۔ پودے یا دانت کا پورا نکل آنا اور سخت ہونا۔ الشَّجَرُ درخت کا موٹا اور بڑا ہونا۔

عَرِدَ (س)، عَرَدًا و عَرَّدَ۔ بھاگنا۔ بیماری کے بعد بدن کا قوی ہونا۔ عَرَّدَ السَّهْمُ فِی الرَّمِیَّةِ۔ تیر پار ہونا۔ عَرَّدَ النَّجْمُ۔ ستارہ کا بلند ہونا۔ بیچ آسمان میں پہنچنے کے بعد مائل بغروب ہونا۔ عَرَّدَ الرَّجُلُ۔ راہ کو چھوڑ کر مڑ جانا۔

الْعَرْدُ والْعَرِدُ والْعُرُدُ۔ بہت سخت۔

الْعَرَادَةُ۔ مادہ ٹڈی۔ حالت۔ اسی سے ہے "هُوَ فِی عَرَادَةِ خَیْرٍ" وہ اچھی حالت میں ہے۔

الْعَرَّادَةُ۔ پتھر پھینکنے کا آلہ۔ ج۔ عَرَّادَاتٌ۔

الْعَرِیْدُ۔ طور طریقہ۔ عادت۔ کہتے ہیں۔ "هٰذَا عَرِیْدُهٗ" یہ اس کی عادت ہے۔

عَرْدَسَهٗ۔ پچھاڑنا۔

الْعَرَنْدَسُ۔ بڑا سیلاب۔ بڑا شیر۔

عِزٌّ عَرَنْدَسٌ۔ ثابت رہنے والی عزت۔

عَرَزَ (ض)، عَرْزًا۔ الشَّیْءَ۔ سختی سے کھینچنا۔ الرَّجُلَ۔ ملامت کرنا۔ و عَرِزَ (س)، عَرْزًا)۔ الشَّیْءُ۔ سخت ہونا۔ سکڑ جانا۔

عَرَّزَ۔ سکڑنا۔ الشَّیْءَ۔ پوشیدہ کرنا۔

عَارَزَهٗ۔ دشمنی کرنا۔ مخالفت کرنا۔

عَارَزَ و تَعَارَزَ۔ الشَّیْءُ۔ سکڑ جانا۔

اَعْرَزَ۔ الشَّیْءَ۔ فاسد کرنا۔ بگاڑ دینا۔

تَعَرَّزَ۔ علیہ۔ دشوار ہونا۔

اِسْتَعْرَزَ الشَّیْءُ۔ سکڑ جانا۔ الرجلُ۔ سخت ہونا۔

الْعِرْزَالُ۔ شیر کا مسکن، مچان پالیز والے کا چھوٹا سا مکان جو جنگ کے موقعہ پر بادشاہ کے لیے بنایا جاتا ہے۔ سانپ کی بلی۔ ٹٹی۔ دکان۔ لوگوں کا گروہ۔ مشکیزے کا منہ۔ قَوْمٌ عَرَازِیْلُ۔ چوروں کی جماعت۔

الْعِرْزِمُ۔ پرانا سانپ۔

الْعِرْزَمُ والْعَرَازِمُ والْعِرْزَامُ۔ شیر۔

عَرَسَ (ن)، عَرْسًا۔ خوشی میں رہنا۔ عنہُ پھر جانا۔ عُرُوْسًا عُرُوْسًا۔ جماع کرنا۔

عَرَسَ (ن ض)، عَرْسًا۔ البَعِیْرَ۔ اونٹ کی گردن کو اگلے پاؤں سے باندھنا۔ در آنحالیکہ وہ بیٹھا ہوا ہو۔

عَرِسَ (س)، عَرَسًا۔ الرجلُ۔ اترانا۔ بِهٖ چمٹ جانا۔ محبت کرنا۔ منہُ۔ بے خود ہونا۔ صفت عَرِسٌ۔ الشَّیْءُ۔ سخت ہونا۔ الشَّرُّ بَیْنَهُمْ۔ ہمیشہ رہنا۔ عنہُ بزدل ہونا۔ پیچھے ہٹنا۔ عَلٰی مَا عِنْدَهٗ۔ باز رہنا۔ بخل کرنا۔

اَعْرَسَ۔ دلہن لانا۔ پکڑنا۔ محبت کرنا۔ الرجلُ۔ چکی کے ایک پاٹ کو دوسرے پر پیسنے کے لیے رکھنا۔ بِاَهْلِهٖ۔ جماع کرنا۔ وعَرَّسَ، القومُ۔ آخر

شب میں آرام کے لیے اترنا۔

تَعَرَّسَ۔ لِامْرَأَتِهٖ۔ فریفتہ ہونا۔

إِعْتَرَسَ۔ القومُ عنہُ۔ متفرق ہونا۔ جدا ہونا۔

العَرْسُ۔ مص۔ رسی۔ خیمے کے بیچ کا کھمبا۔ (۔ والعُرْسُ) اونٹ کا چھوٹا بچہ۔ ج۔ أَعْرَاسٌ۔

العِرْسُ۔ دلہن۔ عِرْسُ المَرْأَةِ۔ دولہا۔ ج۔ أَعْرَاسٌ۔ اِبْنُ عِرْسٍ۔ نیولا۔ ج بَنَاتُ عِرْسٍ۔ (مذکر و مؤنث)

العُرْسُ و العُرُسُ۔ زفاف۔ طعام ولیمہ۔ ج۔ أَعْرَاسٌ و عُرُسَاتٌ۔

العِرَاسُ۔ وہ رسی جس سے اونٹ کو باندھا جائے۔

العَرُوسُ۔ دولہا دلہن۔ جمع کے لیے کہتے ہیں۔ "هُمْ عُرُسٌ وهُنَّ عَرَائِسُ" اور دفع التباس کے لیے عورت پر عَرُوسَةٌ کا اطلاق کرتے ہیں۔ ج۔ عَرَائِسُ۔

العَرِيسُ۔ عند المولدین۔ دلہن۔

العِرِّيسُ والعِرِّيسَةُ۔ بیشۂ شیر۔

العَرَّاسُ و المِعْرَسُ و المُعَرِّسُ۔ اونٹ کے چھوٹے بچوں کو بیچنے والا۔

المُعَرَّسُ و المُعْرَسُ۔ آخر رات میں اترنے کی جگہ۔

عَرَشَ (ن ض) عَرْشًا۔ لکڑی کا مکان بنانا۔ — البیتَ۔ گھر بنانا۔ العَرْشَ۔ چھت بنانا۔ تخت بنانا۔ — البئرَ۔ کنویں کے نچلے حصہ کو قد آدم پتھر سے بنا کر لکڑی سے بنانا۔ عَرْشًا و عُرُوشًا۔ الکرمَ۔ انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔

عَرَشَ (ض) عُرُوشًا۔ بالمکانِ۔ اقامت کرنا۔

عَرِشَ (س) عَرَشًا و عَرْشًا۔ متحیر ہونا۔ — بِغَرِیمِهٖ۔ سخت پکڑنا۔ — عنہُ۔ پھر جانا چھوڑ دینا۔

عَرَّشَ الکرمُ۔ انگور کی بیل ٹٹی پر چڑھنا۔ — الکرمَ۔ انگور کی بیل کو ٹٹی پر چڑھانا۔ — البیتَ۔ چھت بلند کرنا۔ الطائرُ۔ بلند ہو کر بازوؤں سے سایہ کرنا۔ (۔ و أَعْرَشَ) ٹٹی بنانا۔ سایہ کے لیے چھولداری بنانا۔

تَعَرَّشَ و تَعَرْوَشَ۔ بالامر۔ چمٹا رہنا۔ — بالمکانِ۔ ثابت رہنا۔ تَعَرَّشَ الدابَّةَ۔ سوار ہونا۔

إِعْتَرَشَ۔ ٹٹی بنانا۔ سایہ کے لیے چھولداری بنانا۔ إِعْتَرَشَتِ الدَّوَالِي عَلَى الخَشَبِ۔ انگور کی بیل چڑھانا، اور لٹکانا۔ و أَعْرَوْرَشَ الدابَّةَ۔ سوار ہونا۔

العَرْشُ۔ تخت شاہی۔ کسی چیز کا ستون۔ کسی چیز کا قوام۔ کہتے ہیں۔ "ثُلَّ عَرْشُهٗ" اس کی عزت جاتی رہی اور معاملہ کمزور پڑ گیا۔ العَرْشُ مِنَ البیتِ۔ چھت — مِنَ القومِ۔ رئیس، سردار۔ وہ لکڑی جس سے کنویں کے اوپر کا حصہ بنایا جائے۔ شامیانہ۔ خیمہ۔ مکان جس میں سایہ لیا جائے۔ محل۔ قدم کی پشت کا بلند حصہ۔ کنویں کی من۔ عَرْشُ الطائرِ۔ گھونسلا۔ عَرْشُ الکرمِ۔ انگور کی ٹٹی۔ ج۔ عُرُوشٌ و العَرِيشَةُ۔ پالکی۔

عَرَصَ (ض)، عَرْصًا و عَرِصَ (س) عَرَصًا — البرقُ۔ بجلی کا پراگندہ ہو کر چمکنا۔ صفت عَرِصٌ و عَرَصٌ۔ — الرجلُ۔ خوش ہونا۔

عَرَّصَ۔ البعیرَ۔ اونٹ کو سدھانا۔ — اللحمَ۔ گوشت کو خشک کرنے کے واسطے میدان میں ڈالنا۔

أَعْرَصَ۔ الشیءُ۔ مضطرب ہونا۔

تَعَرَّصَ۔ بالمکانِ۔ اقامت کرنا۔

إِعْتَرَصَ۔ الغلامُ۔ کھیل کود کرنا۔ خوش ہونا۔ الجلدُ۔ کھال پھڑکنا۔ البرقُ بجلی کا پراگندہ چمکنا۔ الرجلُ۔ اچھلنا کودنا۔

العَرْصَةُ۔ گھر کا صحن۔ وہ جگہ جس میں کوئی عمارت نہ ہو۔ ج۔ عِرَاصٌ أَعْرَاصٌ، عَرَصَاتٌ۔

العَرَّاصُ۔ بہت پراگندہ چمکنے والی بجلی۔ گرج اور بجلی والا بادل۔ نرم نیزہ۔

المِعْرَاصُ۔ نیا چاند۔

عَرْصَفَ عَرْصَفَةً۔ کھینچ کر لمبائی میں پھاڑ دیا۔

العُرْصُوفُ و العِرْصَافُ۔ پالان کی میخ۔ ج۔ عَرَاصِيفُ۔ العِرْصَافُ۔ پٹھے کا کوڑا۔ سونڈ کی نرم ہڈی۔

العَرْصَمُ۔ بہت کھانے والا۔ خوش

العِرْصَمُّ۔ دبلا۔ مضبوط۔ قوی الشیر —۔

العِرْصَامُ والعَرْصَمُ۔ شیہ

العُرْصُومُ۔ بخیل۔

عَرَضَ (ض) عَرْضًا۔ الشیءَ بِفلانٍ۔ پیش کرنا۔ — الشیءَ علیہِ۔ دکھلانا۔ — المتاعَ لِلبیعِ۔ سامان کو فروخت کے لیے خریداروں کے سامنے پیش کرنا۔ — الجُندَ۔ فوج کا جائزہ لینا۔ — لہٗ مِنْ حَقِّهٖ ثَوْبًا۔ حق کے بدلہ میں دینا۔ عَرَضَ لہٗ عارضٌ مِنَ الحُمّٰی۔ بخار آنا۔ — القومَ عَلَى السیفِ۔ قوم کو تلوار سے مارنا۔ — الحصیرَ۔ چٹائی بچھانا۔ کہتے ہیں: "عَرَضَ عَرْضَ او عُرُوضَ فلانٍ" فلاں شخص کی سی چال چلا۔ "لا تَعْرِضْ عَرْضَ فلانٍ" برائی سے یاد نہ کرو۔ — عَرَضَ الرجلُ۔ بغیر کسی بیماری یا سبب کے مرجانا۔ — الفرسُ۔ گھوڑا دوڑنے لگا۔ عَرَضَ لِي عارضٌ۔ کسی مانع کا پیش آنا۔

عَرَضَ (ض)، و عَرُضَ (س) عَرَضًا۔ ظاہر ہونا

اور ہمیشہ نہ رہنا۔

عَرَّضَ (عَرَضَ ت) عَرْضًا۔ العُودَ عَلَى الإِنَاءِ۔ برتن پر لکڑی کو چوڑائی میں رکھنا۔

عَرُضَ۔ مجنون ہونا۔

عَرَضَ (ن) عَرْضًا۔ مکہ و مدینہ یا ان کے اطراف میں جانا۔ الکتابَ۔ زبانی پڑھنا۔

عَرُضَ (ک) عِرَضًا و عَرَاضَةً۔ چوڑا ہونا۔ صفت عَرِيضٌ و عُرَاضٌ۔

عَرَّضَ لَهُ بِهِ۔ تعریض کرنا۔ کسی پر ڈھال کر بات کہنا۔ الشیءَ۔ چوڑا کرنا۔ المَتَاعَ۔ سامان کو سامان کے بدلے فروخت کرنا۔ الکاتبُ۔ مبہم کرنا۔ الشیءَ لِلشیءِ۔ مقابل کرنا۔ کہتے ہیں۔ "عَرَّضْتَ مَالَكَ لِلْهَلَاكِ" تو نے اپنے مال کو بربادی کے لیے پیش کر دیا۔ ہٗ مِنْ مَالِهِ بِكَذَا۔ بدلہ دینا۔ فُلانٌ عمدہ رائے والا ہونا۔

أَعْرَضَ۔ عنہُ۔ منہ موڑنا۔ الشیءَ۔ چوڑا کرنا۔ المَسْأَلَةَ۔ طویل سوال کرنا۔ فِي المَكَارِمِ۔ بہت فیاض ہونا۔ الأَمْرُ۔ ظاہر ہونا۔ کہتے ہیں "عَرَضْتُهُ فَأَعْرَضَ" میں نے اسے ظاہر کیا تو وہ ظاہر ہوگیا۔ الثوبُ۔ چوڑا ہونا۔ کہتے ہیں "أَعْرَضَ لَكَ الخَيْرُ" تمہیں بھلائی کی قدرت ہے۔ أَعْرَضَ لَكَ الظَّبْيُ فَارْمِهِ۔ ہرن سامنے ہے تیر مارو۔

عَارَضَهُ مُعَارَضَةً و عِرَاضًا۔ پھر جانا۔ یکسو ہونا۔ عَارَضَ الکتابَ بالکتابِ۔ کتاب کا کتاب سے مقابلہ کرنا۔ الرَّجُلَ۔ کلام پر نقص وارد کرنا۔ مقاومت کرنا۔ دوسرے کی طرح کام کرنا۔ ہٗ فِي المَسِيرِ۔ چلنے میں برابری کرنا۔ عَارَضَ الرَّجُلُ۔ راہ میں ایک جانب ہوا۔ کہتے ہیں "عَارَضَهُ فَعَرَضَهُ" اس نے معارضہ میں مقابلہ کیا اور غالب رہا۔

تَعَرَّضَ۔ الأَمْرُ، لِلأَمْرِ، إِلَى الأَمْرِ۔ درپے ہونا۔ طلب کرنا۔ الشیءُ۔ ٹیڑھی ہونا۔ ایک جانب کو ظاہر کرنا۔ فاسد ہونا۔

تَعَارَضَ۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔

اِعْتَرَضَ۔ چوڑائی میں ہونا۔ لَهُ۔ منع کرنا۔ البَعِيرَ۔ سرکش اونٹ پر سوار ہونا۔ لَهُ بِسَهْمٍ۔ سامنے آکر تیر مارنا۔ عِرْضَهُ۔ عیب نکالنا۔ آبرو گھٹانا۔ دُونَ الشیءِ۔ حائل ہونا۔ روک لینا۔ القَائِدُ الجُنْدَ۔ ایک ایک کر کے پیش کرنا۔ علیہ مِنْ قولٍ او فعلٍ۔ اعتراض کرنا۔ خطا کی طرف منسوب کرنا۔ الشیءُ۔ تکلیف کرنا۔ کہتے ہیں "عَرَضْتُهُ فَاعْتَرَضَ" اس نے پیش کیا، تو وہ پیش ہوا۔

اِسْتَعْرَضَ۔ چوڑی چیز طلب کرنا۔ الشیءَ۔ پیش کرنے کو کہنا۔ ہٗ۔ کسی سے کہا کہ جو کچھ ہے دکھاؤ۔ القومَ۔ بغیر دریافت حال قتل کرنا۔ کہتے ہیں "اِسْتَعْرَضَ يُعْطِي مَنْ أَقْبَلَ وَ أَدْبَرَ" بغیر سوال کے ہر آنے جانے والے کو دیتا ہے۔

اِسْتَعْرِضِ العَرَبَ۔ جس عرب سے چاہو دریافت کرلو۔

العَرُوضُ۔ اسباب، سامان۔ ج۔ عُرُوضٌ پہاڑ یا پہاڑ کا پہلو۔ بڑا لشکر۔ چوڑائی۔ وسعت۔ جزن۔ وادی۔ بہت ٹڈیاں۔ بادل۔ مِنَ اللَّيْلِ۔ رات کا ایک حصہ۔ ج۔ عُرُوضٌ عِرَاضٌ أَعْرَاضٌ جزا سزا کا دن۔

العَرْضُ۔ التجا۔ گذارش۔ کہتے ہیں "الشیءُ عَرْضَ عَيْنِي" چیز میری نگاہ کے سامنے ہے۔ اِشْتَرَيْتُ المَتَاعَ بِعَرْضٍ۔ سامان کو سامان کے بدلے خریدا۔ وعَرْضُ الحَالِ عِندَ الكُتَّابِ۔ حاکم کو درخواست دینا۔ جمع کے لیے عُرُوضُ الأَحْوَالِ بولتے ہیں۔ أَعْرَاضُ الشَّجَرِ۔ درخت کی پھنگیاں۔

العِرْضُ۔ اچھی خصلت۔ عزت۔ باعث عزت فخر۔ ج۔ أَعْرَاضٌ۔ کہتے ہیں "هُوَ نَقِيُّ العِرْضِ" وہ عیب اور گالی گلوچ سے پاک ہے۔ "ذَوُو العِرْضِ مِنَ القَومِ" اشراف قوم سے ہے۔ "هُوَ عَفِرُ العِرْضِ" وہ خاندان کا کمینہ ہے۔ العِرْضُ۔ نفس۔ کہتے ہیں "أَكْرَمْتُ عنهُ عِرْضِي" میں نے اس سے اپنے نفس کو بچایا۔ جسم۔ جسم کی بُو۔ مسامات۔ وادی۔ شہر کا کنارہ۔ وہ وادی جس میں درخت پانی اور آبادی ہو۔ ج۔ عُرُوضَاتٌ۔ بہت ٹڈیاں۔ بڑا لشکر۔ بڑا بادل۔ العِرْضُ مِنَ النَّاسِ۔ بیہودگی سے پیش آنے والا۔

العُرْضُ۔ جانب، کنارہ، دامن کوہ۔ مِنَ البَحْرِ او النَّهْرِ۔ سمندر یا دریا کا بیچ۔ مِنَ الحَدِيثِ۔ بہتر اور بڑی بات۔ مِنَ السَّيْفِ او العُنُقِ۔ تلوار یا گلے کی ایک جانب۔ کہتے ہیں "نَظَرَ إِلَيهِ عَنْ عُرْضٍ وَكَلَّمَهُ عَنْ عُرْضٍ" گوشہ چشم سے دیکھا اور ایک جانب ہو کر بات کی۔ خَرَجُوا يَضْرِبُونَ النَّاسَ عَنْ عُرْضٍ۔ نکل کر مارنا شروع کر دیا اور پرواہ نہ کی کہ کس کو مار رہے ہیں، اور کیوں مار رہے ہیں۔ اِضْرِبْ بِهِ عُرْضَ الحَائِطِ۔ دیوار کے ایک گوشہ میں پھینک دو اور اعراض کرو۔ هُوَ مِنْ عُرْضِ النَّاسِ۔ وہ معمولی لوگوں میں سے ہے۔

العَرَضُ۔ متاع۔ سامان۔ عارضہ۔ غیر دائمی۔

کہتے ہیں "هٰذَا الْاَمْرُ عَرَضٌ" یہ امر زائل ہونے والا ہے۔ بخشش۔ غنیمت۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ۔ جو قائم بالذات نہ ہو کسی جوہر کے ساتھ قائم ہو۔ ج۔ اَعْرَاضٌ۔ کہتے ہیں "فَعَلَهٗ عَرَضًا" بغیر سوچے سمجھے کیا۔

اَلْعِرْضَةُ۔ پیش کرنے کی نوعیت۔ اَلْعِرْضُ کا مؤنث ہے۔ بیہودگی سے پیش آنے والی عورت۔

اَلْعُرْضَةُ۔ ہمت، کشتی لڑنے کا داؤ پیچ۔ ارادہ، نشانہ، قوت۔ کہتے ہیں "هُوَ عُرْضَةٌ لِکَذَا" وہ اس کی طاقت رکھتا ہے۔ هُوَ عُرْضَةٌ لِلنَّاسِ۔ وہ لوگوں کے طعن و تشنیع کا نشانہ ہے۔ هُوَ عُرْضَةٌ لِلْکَلَامِ۔ وہ اعتراضات کا نشانہ ہے۔ جَعَلْتُهٗ عُرْضَةً۔ ہم نے اسے نشانہ بنایا۔

اَلْعُرْضِیُّ۔ جو زمین پر قائم نہ رہ سکے۔ مِنَ الْاِبِلِ۔ سرکش اونٹ جو ابھی اچھی طرح نہ سدھایا گیا ہو۔

اَلْعِرَاضُ۔ جانب، گوشہ، کنارہ۔ حصہ۔ اونٹ کے ران کی چوڑائی میں علامت کے لیے نشان۔ عِرَاضُ الْحَدِیْثِ۔ بڑی اور بہتر بات۔ ج۔ عُرُضٌ۔

اَلْعُرَاضُ وَالْعُرُضُ۔ چوڑا۔

اَلْعُرَاضَةُ۔ عُرَاض کا مؤنث، وہ ہدیہ جو مسافر پیش کرے۔

اَلْعِرِّیْضُ۔ جو شر کے ساتھ پیش آئے۔

اَلْعَرُوْضُ۔ اشعار کا وزن۔ مصرعہ اولیٰ کا جزو آخر۔ سرکش اونٹنی جو ابھی سدھائی نہ گئی ہو۔ ج۔ اَعَارِیْضُ۔ مکہ و مدینہ و مضافات کے گوشہ۔ دامن کوہ کا راستہ بادل۔ بہت چیز۔ چلنے میں سامنے کی جگہ۔ مِنَ الْکَلَامِ۔ مضمون۔ کہتے ہیں۔ "هٰذِهِ الْمَسْاَلَةُ عَرُوْضُ هٰذِهٖ" یہ مسئلہ اس کی نظیر ہے۔

اَلْعَرُوْضِیُّ۔ علم عروض کا عالم۔

اَلْعَارِضُ۔ فا۔ رخسارہ، بادل، پہاڑ، عارضی چیز۔ کہتے ہیں "عَرَضَ عَارِضٌ" مانع نے روک دیا۔

اَلْعَارِضَةُ۔ مؤنث اَلْعَارِضُ۔ وہ دانت جو منہ کے عرض میں ہیں۔ وہ دانت جو ہنستے وقت ظاہر ہوتے ہیں پیش آنے والی بات۔ دروازے کے اوپر کی لکڑی۔ جس میں دروازہ گھومتا ہے۔ رخسارہ۔ گوشہ۔ حاجت۔ ج۔ عَوَارِضُ۔

اَلْعَوَارِضُ۔ مکان کی چھت کی لکڑیاں جو عرض میں رکھی ہوئی ہوں۔

اَلْعَارِضَةُ۔ عمدہ رائے۔ کلام کی تنقیح۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ ذُوْ عَارِضَةٍ" فلاں شخص صاحب بیان، فی البدیہہ کہنے والا اور فصیح ہے۔

اَلْعَرِیْضُ۔ چوڑا۔ ج۔ عِرَاضٌ۔ دُعَاءٌ عَرِیْضٌ۔ لمبی چوڑی دعا۔ هُوَ عَرِیْضُ الْبِطَانِ۔ وہ مالدار ہے۔

اَلْعَرِیْضُ۔ خصی بکرا۔

اَلْعَرِیْضَةُ۔ مؤنث اَلْعَرِیْضُ۔ کیفیت کا پیش کرنا۔

اَلتَّعْرِیْضُ۔ فِی الْکَلَامِ۔ دوسرے پر ڈھال کر بات کرنا۔

اَلْمِعْرَاضُ۔ توریہ کرنا۔ مِنَ الْکَلَامِ۔ مضمون۔ بغیر پر کا تیر جس کا درمیانی حصہ موٹا ہو۔ ج۔ مَعَارِیْضُ۔

اَلْمَعْرِضُ۔ پیش کرنے کی جگہ۔ مصنوعات کے پیش کرنے کی جگہ۔ کہتے ہیں "ذَکَرْتُهٗ فِیْ مَعْرِضِ کَذَا"۔

اَلْمِعْرَضُ۔ دلہن کی شب عروسی کے کپڑے۔

اَلْکَلَامُ الْمُعَرَّضُ۔ مبہم کلام۔ ج۔ مَعَارِیْضُ وَمَعَارِضُ۔ کہتے ہیں "اِنَّ فِی الْمَعَارِیْضِ لَمَنْدُوْحَةً عَنِ الْکَذِبِ"۔ تعریض میں جھوٹ سے بچنے کی گنجائش ہے۔

اَلْمَعْرُوْضُ۔ عرضی جو حکام کے سامنے پیش کی جائے۔

عَرَطَ (ن)، عَرْطًا۔ اِعْتَرَطَ عِرْضَ فُلَانٍ۔ غیبت کرنا۔ اِعْتَرَطَ الرَّجُلُ۔ دور چلا جانا۔

عَرَیْطٌ وَاُمُّ عِرَیْطٍ وَاُمُّ الْعَرِیْطِ۔ بچھو۔

اَلْعَرْطَنِیْثَا۔ بخور مریم کی جڑ۔

عَرْعَرَ۔ اَلْقَارُوْرَةَ۔ شیشی بند کرنا۔ کارک لگانا۔ کارک علیحدہ کرنا۔ اَلْعَیْنَ۔ آنکھ پھوڑ دینا۔

اَلْعَرْعَرُ۔ ایک درخت سرو کی مانند۔ واحد عَرْعَرَةٌ۔

اَلْعُرَاعِرُ۔ بدخلقی۔ کہتے ہیں "رَکِبَ عُرْعُرَهٗ" بدخلق ہوا۔ نتھنوں کے بیچ کا حصہ۔ پیڑو۔

اَلْعُرْعُرَةُ وَالْعَرْعَرَةُ۔ بوتل کا کارک۔ عُرْعُرَةُ الْجَبَلِ۔ پہاڑ کی چوٹی۔ ج۔ عَرَاعِرُ۔

اَلْعُرَاعِرُ۔ شریف سردار۔ مِنَ الْاِبِلِ۔ موٹا اونٹ۔ ج۔ عَرَاعِرُ۔ اَلْعَرَاعِرُ کوہان کے کنارے۔

اَلْعَارُوْرَةُ۔ منحوس مرد۔ گندا مرد۔ سب سے کوہان والا اونٹ۔

عَرَفَ (ض)، عِرْفَةً، عِرْفَانًا، رِعِرِفَانًا، مَعْرِفَةً۔ اَلشَّیْءَ۔ پہچاننا۔ جاننا۔ بِذَنْبِهٖ۔ اقرار کرنا۔ فُلَانٌ لِلْاَمْرِ۔ صبر کرنا۔

عَرَفَ (ن) عِرَافَةً۔ عَلَی الْقَوْمِ۔ چودھری ہونا۔ قوم کا انتظام کرنا۔ قوم کی سیاست کرنا۔ عَرَفَا الْفَرَسَ۔ گھوڑے کے ایال کاٹنا۔

عَرُفَ (ك)، عَرَافَةً۔ چودھری ہونا۔ عَرْفًا وَعَرَافَةً، بہت خوشبو لگانا خوشبو عمدہ ہونا۔

عَرِفَ (س)، عَرْفًا۔ خوشبو چھوڑ دینا۔

عَرِفَ - الرجلُ۔ ہتھیلی میں پھوڑا ہونا۔ صفت مَعْرُوْفٌ۔
عَرَّفَ الشیئَ۔ خوشبودار کرنا۔
عَرَّفَہُ الْاَمْرَ۔ واقف کرانا۔
عَرَّفَہُ بِفُلَانٍ۔ تعارف کرانا۔ عَرَّفَ لِلضَّالَّۃِ۔ گم شدہ چیز کو ڈھونڈنا۔
الطَّعَامَ۔ سالن زیادہ کرنا۔ الاِسْمَ نکرہ کو معرفہ بنانا۔ الحُجَّاجَ۔ حاجیوں کا عرفہ میں ٹھہرانا۔ و اَعْرَفَ۔
فلانًا۔ خطا پر مطلع کرنا اور معاف کرنا۔
اَعْرَفَ الفرسُ۔ گھوڑے کا لمبے ایال والا ہونا۔
تَعَرَّفَ۔ الاسمُ۔ نکرہ کا معرفہ بننا۔
الشیئَ۔ طلب کرنے کے بعد پہچان لینا۔
الضَّالَّۃَ۔ گم شدہ کو تلاش کرنا۔ بِفُلَانٍ آشنا ہونا۔ الیہ۔ واقف کرنا۔
تَعَارَفَ القومُ۔ ایک دوسرے کو پہچاننا۔
اِعْتَرَفَ۔ بِالشیئِ۔ اقرار کرنا۔ ذلیل ہونا۔
تابعدار ہونا۔ الشیئَ پہچاننا۔ بہٖ۔
رہنمائی کرنا۔ الرجلَ۔ دریافت کرنا۔
الیہ۔ نام اور حال کی اطلاع کرنا۔
لِلْاَمْرِ۔ صبر کرنا۔ الضَّالَّۃَ۔ ملکیت ظاہر کرنے کے لیے اس کے اوصاف بتانا۔
اِسْتَعْرَفَ۔ الشیئَ۔ پہچاننا۔ اِلیٰ فُلَانٍ واقفیت کے لیے نسبت بیان کرنا۔
اِعْرَوْرَفَ۔ لِلشَّرِّ۔ برائی کے لیے آمادہ ہونا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا ایال والا ہونا
۔ البحرُ۔ سمندر کی موجیں بلند ہونا۔
النخلُ۔ درخت خرما کا گنجان ہونا۔
الدَّمُ۔ خون جھاگ والا ہونا۔ الراکبُ الفرسَ۔ گھوڑے کی ایال پر سوار ہونا۔
الرجلُ۔ درخت خرما پر چڑھنا۔
العَرْفُ۔ بُو۔ اکثر اس کا استعمال خوشبو کے لیے ہوتا ہے۔ کہتے ہیں "مَا اَطْیَبَ عَرْفَہٗ" اس کی خوشبو کتنی اچھی ہے۔

العُرْفُ۔ بخشش۔ بھلائی، عطیہ، اقرار۔ کہتے ہیں "لَہٗ عَلَیَّ اَلْفٌ عُرْفًا" میرے اوپر اس کے ہزار احسان ہیں۔ مجھے اس کا اقرار ہے۔ ایال، مرغ کی کلغی۔ نیکی۔
العُرْفُ۔ موج، اونچی جگہ، آگے پیچھے۔ کہتے ہیں "جَاءَ القومُ عُرْفًا" قوم آگے پیچھے آئی۔ ج۔ عُرَفٌ و اَعْرَافٌ۔
العُرْفُ۔ اصطلاح تسلیم شدہ باتیں۔
عُرْفُ اللِّسَانِ۔ اصطلاح لغوی۔
عُرْفُ الشَّرْعِ۔ اصطلاحِ شرعی۔
العِرْفُ والعُرْفُ۔ صبر۔
العُرُفُ۔ ایال، ریت کی اونچی جگہ۔
العَرْفَۃُ۔ ہوا۔ ہتھیلی کا زخم۔ د۔ والعِرْفَۃُ دریافت سوال۔
العُرْفَۃُ۔ دو چیزوں کی درمیانی حد۔ ریت کی اونچی جگہ۔ ج۔ عُرَفٌ۔
عَرَفَۃُ۔ مکہ کے قریب ایک پہاڑ کا نام۔ نویں ذی الحجہ۔
عَرَفَاتٌ۔ مکہ سے بارہ میل کے فاصلہ پر ایک پہاڑی جو حاجیوں کے لیے نویں تاریخ ذی الحجہ میں وقوف کرنے کی جگہ ہے نسبت کے لیے عَرَفِیٌّ آتا ہے۔
العِرَافَۃُ۔ پیشہ نجوم۔
العَرَّافُ۔ نجومی، طبیب۔
العِرْفَانُ۔ مص۔ معروف۔
العِرِفَّانُ والعُرُفَّانُ۔ اقرار کرنے والا۔ بتلانے والا۔
الاِعْتِرَافُ۔ مص۔ پادری کے سامنے اقرار گناہ کرنا۔
العَارِفُ۔ فا۔ صبر کرنے والا۔ کہتے ہیں "ھٰذَا اَمْرٌ عَارِفٌ" یعنی معروف ہے
العَارِفَۃُ۔ مؤنث عارف۔ معروف۔ عطیہ۔ ج۔ عَوَارِفُ۔
العَرُوْفُ۔ عارف۔ صبر کرنے والا۔ ج۔ عُرُفٌ۔

العَرُوْفَۃُ۔ جاننے والا۔ عالم۔
العَرِیْفُ۔ جاننے والا۔ عالم۔ اپنے ساتھیوں کا تعارف کرانے والا۔ قوم کے معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔ نقیب۔ اور یہ رئیس سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اسی سے ہے۔ عَرِیْفُ المَکَاتِبِ۔ مانیٹر۔ ج۔ عُرَفَاءُ
اَمْرٌ عَرِیْفٌ۔ امر معروف
الاَعْرَفُ۔ اسم تفضیل۔ کلغی والا۔ ایال والا۔
حَزْنٌ اَعْرَفُ۔ بلند جگہ۔
العَرْفَاءُ۔ مؤنث اَعْرَفُ۔ بجو۔ قُلَّۃٌ عَرْفَاءُ۔ بلند چوٹی۔ ج۔ عُرْفٌ۔
الاَعْرَافُ۔ بہشت و جہنم کے درمیان ایک مقام ہے۔ ایک قسم کی کھجور کا پیڑ۔
اَعْرَافُ الرِّیَاحِ والسَّحَابِ۔ ابتدائی ہوائیں، بلند بادل۔ اَعْرَافُ الحِجَابِ او الرَّمْلِ۔ حجاب اور ریت کی بلندیاں
۔ الاَعْرَافُ۔ کلام پاک کی ایک سورۃ کا نام ہے۔
المَعْرِفَۃُ۔ حقیقت کو پا لینا۔
المَعْرَفُ والمَعْرِفُ۔ چہرہ۔ چہرے کے محاسن۔ ج۔ مَعَارِفُ۔ کہتے ہیں "ھُمْ غُرُّ المَعَارِفِ شُمُّ المَرَاعِفِ" وہ روشن چہرے اور اونچی ناک والے ہیں
۔ المَعَارِفُ۔ علوم۔
مَعَارِفُ الرجلِ۔ شناسا لوگ۔ کہتے ہیں "ھُوَ مِنَ المَعَارِفِ" وہ مشہور لوگوں سے ہے۔
المَعْرَفَۃُ۔ ایال کے اگنے کی جگہ۔ ج۔ مَعَارِفُ۔
المَعْرُوْفُ۔ مفع۔ مشہور، خیر، رزق، احسان
ارضٌ مَعْرُوْفَۃٌ۔ اچھی بو والی زمین۔
العَرْفَجُ۔ ایک درخت جو نرم زمین میں اگتا ہے۔ ج۔ عَرَافِجُ۔
العَرَافِجُ۔ وہ ریت جس میں راہ نہ ہو۔
عَرَقَ (ن) عَرْقًا وَمَعْرَقًا۔ العَظْمَ۔

ہڈی کے اوپر سے سارا گوشت کھا جانا کہتے ہیں "عَرَقَتْهُ الْخُطُوبُ" مصائب نے اس کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔ الطریقَ۔ مسافت طے کرنا (ن۔ عَرْقًا و عُرُوقًا)، فی الارضِ۔ سفر کرنا۔

عَرِقَ عَرَقًا۔ دُبلا ہونا، کم گوشت ہونا۔

عَرِقَ (س)، عَرَقًا۔ پسینہ آنا۔ صفت۔ عَرِقٌ۔ الحائطُ۔ دیوار تر ہونا۔ الرجلُ کاہل ہونا۔

عَرَّقَ۔ پسینہ لانا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ۔ الشجرُ۔ لمبی جڑ والا ہونا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ الخمرَ۔ شراب میں تھوڑا سا پانی ملانا۔ عَرَّقَ و اَعْرَقَ الإناءَ۔ برتن میں تھوڑا پانی ڈالنا۔ اَعْرَقَ الرجلُ۔ عراق کی طرف ہونا۔ خاندانی شریف ہونا۔

اِعْتَرَقَ الشَّجَرُ۔ لمبی جڑ والا ہونا۔ العَظْمَ۔ ہڈی کا گوشت سب کھا لینا۔ ۔القومُ۔ عراق کی طرف جانا۔ کہتے ہیں تَعَرَّقَتْهُ الخُطُوبُ۔ مصائب نے اس کو چاروں طرف سے گھیر لیا۔

اِسْتَعْرَقَ۔ پسینہ لینے کے لیے گرمی کے درپے ہونا۔ الشَّجَرُ۔ لمبی جڑ والا ہونا۔

العَرْقُ۔ ہڈی جس سے گوشت اتار لیا گیا ہو۔ ج۔ عِرَاقٌ و عُرَاقٌ۔

العِرْقُ۔ اصل۔ مِنَ البَدَنِ۔ رگ۔ دشوار گذار پہاڑ۔ چھوٹا پہاڑ، تھوڑا پانی۔ شور زمین۔ دودھ۔ اولاد کثیر، ریت کی باریک اور لمبی دھاری۔ ج۔ عُرُوقٌ و اَعْرَاقٌ و عِرَاقٌ۔ دَاءُ عِرْقِ النَّسَاءِ۔ درد کی ایک قسم جو ران سے شروع ہو کر گھٹنے یا قدم تک پہنچتا ہے۔

العَرَقُ۔ صف۔ پسینہ۔ دیوار کی تری، دودھ جو نکہ گوں سے کھنچ کر تھن میں پہنچتا ہے دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھروں کی قطار۔ عوام اسے مِدْکَاکٌ کہتے ہیں۔ پہاڑ کے راستے ایک قطار میں اونٹوں کے چلنے کے نشان۔ دوڑ۔ کہتے ہیں۔ "جَرَى الفَرَسُ عَرَقًا و عَرَقَيْنِ" گھوڑا ایک یا دو مرتبہ دوڑا۔ مِنَ التَّمْرِ۔ کھجور کا رس۔ عَرَقُ الخِلَالِ۔ دوست کا عطیہ۔ عرق کا استعمال شراب کے لیے بھی ہوتا ہے۔ کہتے ہیں "لَقِيتُ مِنْهُ عَرَقَ القِرْبَةِ و تَجَشَّمْتُ اِلَيْكَ عَرَقَ القِرْبَةِ" شدت اور مشقت سے کنایہ کرتے ہیں۔ مطلب یہ کہ میں نے ایسی مشقت اٹھائی، جیسے مشک کا اٹھانے والا اٹھاتا ہے کہ اس کو بوجھ کی وجہ سے پسینہ آجاتا ہے۔

العَرَقِيَّةُ۔ عمامہ اور ٹوپی کے نیچے کا کپڑا۔

العُرَقُ و العُرَقَةُ۔ بہت پسینہ والا۔

العَرْقَةُ۔ اسم مرۃ۔ گوشت کا ٹکڑا۔ پہاڑی راستہ۔

العِرْقَةُ۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔ ج۔ عِرَقٌ و عِرَقَاتٌ۔

العِرْقَاةُ و العِرْقَاةُ۔ اصل۔ درخت کی جڑ کا ریشہ۔

العَرْقَاةُ و العَرْقُوَةُ۔ ڈول کے منہ کی لکڑی۔ ج۔ العَرَاقِيُّ۔

العَرَقَةُ۔ دیوار میں کچی اینٹوں یا پتھر کی قطار گھوڑوں یا پرندوں کی قطار۔ شہتیر، دھنی، خیمہ کے ارد گرد کا پھندا۔ ج۔ عَرَقٌ و عَرَقَاتٌ۔

العَرِيقُ و المُعْرَقُ۔ شرافت خاندان۔ کمینہ پن۔ غُلامٌ عَرِيقٌ۔ دبلا لڑکا (ج۔ و الاَعْرَاقُ)، صاحب اصل۔ کہتے ہیں۔ "هُوَ اَعْرَقُ مِنْكَ فِي كَذَا" وہ تم سے زیادہ فلاں چیز میں صاحب اصل ہے۔

العِرَاقُ۔ طول میں سمندر کا کنارہ۔ پر کا جوف ۔ مِنَ الدَّارِ۔ گھر کا صحن۔ مِنَ الظُّفْرِ ناخن کے آس پاس کا گوشت۔ مِنَ الاُذُنِ۔ کان کا گھیرا۔ مِنَ النَّهْرِ۔ ندی کا کنارہ۔ ج۔ اَعْرِقَةٌ، عُرُقٌ، عُرُقٌ۔ والعِرَاقُ۔ ملک عراق جو عبادان سے موصل تک طولاً اور قادسیہ سے حلوان تک عرضاً ہے۔ العِرَاقَانِ۔ کوفہ، بصرہ۔

العُرَاقُ۔ وہ ہڈی جس کا گوشت کھا لیا گیا ہو، کثیر باران۔ عُرَاقُ الدَّثِّ۔ روئیدگی بارش کے بعد کی۔

العُرَاقَةُ۔ کثیر بارش۔

العَوَارِقُ۔ داڑھیں۔

المِعْرَقُ۔ وہ چیز جس سے ہڈی کا گوشت اتاریں۔ چھری وغیرہ۔

رجلٌ مُعْرَقٌ و مَعْرُوقُ العِظَامِ۔ دُبلا۔

عَرْقَبَ الرجلُ۔ حیلہ کرنا۔ الدَّابَّةَ۔ کونچیں کاٹنا۔ کھڑا کرنے کے لیے کونچیں اٹھانا۔

تَعَرْقَبَ۔ حیلہ کرنا۔ عرقوب کے مانند ہونا۔ عَنِ الاَمْرِ۔ باز رہنا۔ پہاڑی کی تنگ راہوں میں چلنا۔ لِخَصْمِهِ۔ دشمن کے لیے مخفی طریقہ اختیار کرنا۔

العُرْقُوبُ۔ کونچ، ایڑی کے اوپر کا پٹھا۔ وادی کا موڑ، پہاڑی راہ، حیلہ۔ ج۔ عَرَاقِيبُ۔ عَرَاقِيبُ الاُمُورِ مشکل کام عُرْقُوب ایک شخص کا نام ہے جو جھوٹ اور وعدہ خلافی میں مشہور تھا۔

عَرْقَصَ الغُلَامُ۔ لڑکے کا ناچنا۔ عَرْقَصَتِ الحَيَّةُ۔ سانپ کا رینگنا۔

عَرْقَلَ۔ توسط سے ہٹ جانا۔ الاَمْرَ۔ دشوار کر دینا۔ علیه الکلامَ۔ ٹیڑھا کرنا۔

تَعَرْقَلَ۔ الامرُ۔ پیچیدہ ہونا۔ الکلامُ۔ ٹیڑھا ہونا۔

العِرْقَالُ۔ گمراہ، کج رو۔

الْعِرْقِيْلُ - انڈے کی زردی۔

الْعَرَاقِيْلُ مصیبتیں، عَرَاقِيْلُ الْأُمُوْرِ دشوار معاملات۔

الْعَرْكَلِيُّ - ناز کی چال۔

عَرَكَ (ن)، عَرْكًا- الْأَدِيْمَ - چمڑے کو ملنا۔ - هُ الدَّهْرُ - زمانے کا کسی کو تجربہ کار بنا دینا۔ الشَّيْءَ - رگڑتے رگڑتے مٹا دینا۔ الْمَاشِيَةُ النَّبَاتَ - جانور کا ساری نباتات کو کھا جانا۔ الْمَاشِيَةُ الْأَرْضَ چارے سے خالی کر دینا۔ عَرْكًا و عِرَاكًا، عُرُوْكًا الْمَرْأَةُ - عورت کا حائضہ ہونا کہتے ہیں "عَرَكَ الْأَذٰى بِجَنْبِهٖ" اس نے مشقت اٹھائی۔

عَرِكَ (س)، عَرَكًا - سخت حملہ آور ہونا۔ صفت عَرِكٌ۔

عَارَكَهٗ مُعَارَكَةً وعِرَاكًا - مقابلہ کرنا۔ مزاحمت کرنا کہتے ہیں "اَوْرَدَ اِبِلَهٗ عِرَاكًا" سارے اونٹوں کو پانی پلایا۔

تَعَرَّكَ - الشَّيْءُ - مل جانا۔

تَعَارَكَ الرَّجُلَانِ - ایک دوسرے کے ساتھ مقاتلہ کرنا۔

اِعْتَرَكُوْا - آپس میں جنگ کرنا - اِعْتَرَكَ النَّاسُ فِي الْمَعْرَكَةِ اَوِ الْخُصُوْمَةِ لوگوں کا میدان جنگ میں قتل وقتال کے لیے بھل پڑنا - الْاِبِلُ فِي الْوِرْدِ - اونٹوں کا گھاٹ پر بھیڑ کرنا - الرِّجَالُ فِي الْحَرْبِ - انبوہ کرنا اور ایک دوسرے کو رگڑنا۔

الْعِرْكُ والْعَرْكُ - آواز۔

الْعَرَكِيُّ - مچھلی کا شکاری - ج - عَرَكٌ - جج - عُرُوْكٌ۔

الْعَرْكَةُ - بار بار کہتے ہیں "لَقِيْتُهٗ عَرْكَةً وعَرَكَاتٍ"۔

الْعُرَكَةُ - مشقت برداشت کرنے والا۔

الْعَرِيْكَةُ - کوہان، نفس، طبیعت، عادت۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ لَيِّنُ الْعَرِيْكَةِ" یعنی نرم خو ہے "هُوَ شَدِيْدُ الْعَرِيْكَةِ" وہ سخت مزاج ہے - ج - عَرَائِكُ۔

الْمَعْرَكُ والْمَعْرَكَةُ والْمَعْرُكَةُ - میدان جنگ - ج - مَعَارِكُ۔

الْمُعْتَرَكُ - میدان جنگ - مُعْتَرَكُ الْمَنَايَا - ساٹھ ستر کے درمیان انسانی عمر۔

الْمَعَارِكُ - جنگجو، سخت حملہ آور۔

الْمَعْرُوْكُ - مفع - مَاءٌ مَعْرُوْكٌ - جہاں بھیڑ ہو - اَرْضٌ مَعْرُوْكَةٌ - جس زمین کو جانوروں نے چر کر صاف کر دیا ہو۔ رَمْلٌ مَعْرُوْكٌ وعَرِيْكٌ - جمع شدہ ریت، ایک دوسرے میں داخل۔

عَرْكَسَ - الشَّيْءُ - تہ برتہ ہونا - الشَّيْءَ - تہ برتہ کرنا۔

اِعْرَنْكَسَ - جمع ہونا اور تہ برتہ ہونا - الشَّعْرُ - بال سخت کالے ہونا۔

عَرَمَ (ن ض)، عَرْمًا - الْعَظْمَ - ہڈی سے گوشت اتارنا - الصَّبِيُّ اُمَّهٗ - بچے کا ماں کا دودھ پینا - الْاِبِلُ الشَّجَرَ - اونٹ کا درخت کے پتے کھانا - فُلَانًا - تکلیف پہنچانا۔

عَرَمَ (ن ض)، عُرَامًا وعَرِمَ (س) وعَرُمَ (ك)، عَرَامَةً - شدید ہونا - شوخ ہونا - خوش ہونا - بدخلق ہونا - خراب ہونا۔ صفت عَرِمٌ وعَارِمٌ۔

عَرَّمَ - الشَّيْءَ - خلط ملط کرنا۔

اَعْرَمَ - بے گناہ پر تہمت لگانا۔

تَعَرَّمَ - الْعَظْمَ - ہڈی سے گوشت اتارنا - ہڈی سے گوشت اتارنا۔ تَعَرَّمَ - بہت زیادہ خوش ہونا اور سا کرنا۔

اِعْتَرَمَ الْفَرَسُ - گھوڑے کا دوڑ میں قدم رکھنا۔ منہ زور ہونا - الصَّبِيُّ ثَدْيَ اُمِّهٖ - بچے کا ماں کے پستان کو چوسنا۔

الْعَارِمُ - فا - بدخلق، موذی - ج - عُرَمَةٌ۔ مؤنث عَارِمَةٌ - ج - عَوَارِمُ و عَارِمَاتٌ - يَوْمٌ عَارِمٌ - نہایت ٹھنڈا دن۔

الْعَرْمُ - چکناہٹ۔

الْعَرَمُ والْعُرْمَةُ - سیاہی سپیدی ملی ہوئی، چھوٹے چھوٹے سیاہ سپید نقطے، بکری کے ہونٹ کی سپیدی، ایسی بکری کو عَرْمَاءُ اور بکرے کو اعرم کہتے ہیں (د - والعَرَمَةُ) گیہوں کا ڈھیر جو دائیں چلانے کے بعد بھوسہ نکالنے کے لیے جمع کیا جاوے۔

الْعَرَمَةُ - کھانے کی بو - الْعَرِمُ - ہانڈی کا میل۔

الْعَرِمَةُ - وہ پشتہ جو وادی کے عرض میں ہو - ج عَرِمٌ یا عَرِمٌ - کا لفظ ایسی جمع ہے جس کا کوئی واحد نہیں - الْعَرِمُ - زرچوہا - شدید بارش، وادی، وادی کے پشتے۔

الْعُرْمُ - سنگ خوار پرند کا انڈا۔

الْعُرَامُ - مِنَ الْجَيْشِ - فوج کی تیزی وکثرت - مِنَ الرَّجُلِ - بدخلقی کہتے ہیں "بِهٖ شَرَّةٌ وعُرَامٌ" اس میں تیزی اور بدخلقی ہے - ہانڈی کا میل۔

الْعَرِيْمُ - مصیبت - ج - عُرْمَانٌ۔

الْاَعْرَمُ - رنگ برنگ، غیر مستقل - ریوڑ بھیڑ یا بکری کا - غیر مختون - ج - عُرْمَانٌ، جج عَرَامِيْنُ۔

الْعَرْمَاءُ - مؤنث اَعْرَم - چتی دار سانپ۔

الْعَرَمْرَمُ - سخت - بے شمار لشکر۔

الْعَرْمِسُ - چٹان - مضبوط اونٹنی۔

الْعَرْمَضُ والْعِرْمَاضُ - کائی۔

عَرَنَ (ن ض)، عَرْنًا - السِّهَامَ - تیروں کو ترتیب سے رکھنا - عَلَى الشَّيْءِ - کسی چیز کا عادی ہونا - الْبَعِيْرَ - اونٹ کی ناک میں لکڑی ڈالنا۔

عَرِنَتْ (س)، عَرَنًا - الدَّابَّةُ - عرنہ کی بیماری لگنا - صفت برائے مذکر عَرِنٌ - و برائے مؤنث عَرِنَةٌ عَرِيْنَةٌ - (د - عِرَانًا، گھر دور ہونا۔

عَرَنَ ۔ اللَّحْمَ ۔ نیزے میں میخ لگانا

اَعْرَنَ الرجلُ ۔ ہمیشہ گوشت کھانا۔

العَرَنُ ۔ مص۔ پکا گوشت، دھواں۔

العُرَنُ والعِرَانُ والعُرُنَةُ ۔ وہ بیماری جس میں جانور کے پچھلے پاؤں کے بال گرجاتے ہیں۔ جانور کے پاؤں کا پھٹنا۔

العِرَانُ ۔ وہ لکڑی جو اونٹ کے ناک میں ڈالی جائے۔ دوری، بجو کا بھٹ۔ نیزے کی میخ، ہمسر۔ جنگ۔

العَرِينُ ۔ صحن، جھاڑی، گوشت، آواز، شیر وغیرہ کا پھاڑا ہوا۔ عزت۔ ج۔ عُرُنٌ۔ د۔ والعَرِينَةُ شیر، بجو اور بھیڑیے کی جھاڑی، سانپ کی بلی

العِرْنِينُ ۔ ناک کا سخت حصہ، سردار۔ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔ ہر چیز کا پہلا حصہ۔ ج۔ عَرَانِينُ۔

العِرْنَاسُ ۔ پہاڑ کا نکلا ہوا حصہ۔ ایک پرندہ کبوتر کے مانند۔ لکڑی یا لوہے کا ٹکڑا۔ جس میں کاتنے والی روئی کے گالے کو لپیٹ کر کاتتی ہے۔ جوار کا بھٹہ، عام لوگ عَرْنُوسٌ کہتے ہیں۔ ج۔ عَرَانِيسُ۔

عَرَا يَعْرُو عَرْوًا ۔ فُلَانًا أَمْرٌ۔ پیش آنا۔ فُلَانًا۔ عطیہ مانگنے کے لیے ارادہ کرنا۔ صفت فاعلی عَارٍ اور مفعول مَعْرُوٌّ۔ القَمِيصَ۔ کاج بنایا۔ وعُرِيَ۔ بخار کی سردی لگی۔ صفت عَارٍ۔ ج۔ عُرَاةٌ مَعْرُوٌّ۔ اور عُرِيَ الرجلُ۔ خوف سے کپکپانا۔

اَعْرٰى وعَرّٰى ۔ القَمِيصَ۔ کرتے میں کاج بنانا۔ اَعْرٰى صَاحِبَهٗ۔ چھوڑ دینا۔

اِعْتَرٰى اِعْتِرَاءً ۔ فُلَانًا۔ عطیہ مانگنے کے لیے جانا۔ اِعْتَرَاهُ أَمْرٌ۔ لاحق ہونا۔

العِرْوُ ۔ گوشہ۔ وہ شخص جو معاملات کا اہتمام نہ کرے۔ لوگوں کا گروہ۔ ج۔ اَعْرَاءٌ۔ کہتے ہیں۔ اَنَا عِرْوٌ مِنْ كَذَا۔ میں فلاں چیز سے خالی ہوں۔ دیکھا اَعْرَاءٌ مِنَ النَّاسِ۔ اس کے ساتھ گروہ ہے۔

العُرَوَاءُ ۔ بخار کی سردی۔

العُرْوَةُ ۔ مِنَ الإبْرِيقِ وَنَحْوِهٖ۔ چھاگل اور لوٹے کا دستہ۔

العُرْوَةُ والعُرْىٰ والعِرَىٰ ۔ کاج

مَعْرُوَّةٌ ۔ گنجان درخت، وہ درخت جس کے پتے جاڑے میں نہ گریں۔ نفیس مال۔ قابل اعتماد چیز۔ کہتے ہیں۔ اَنَا عُرْوَةٌ مِنْهُ۔ میں اس سے خالی ہوں۔ اَلْقٰى اِلَيْهِ العُرٰى۔ اس نے فلاں کو معاملہ سپرد کر دیا۔

عَرِيَ يَعْرٰى عُرْيَةً وعُرْيًا ۔ مِنْ ثِيَابِهٖ ننگا ہونا۔ صفت عَارٍ و عُرْيَانٌ۔ ج عُرَاةٌ۔ مؤنث عَارِيَةٌ و عُرْيَانَةٌ۔ ج۔ عَوَارٍ و عَارِيَاتٌ۔ عَرِيَ مِنَ العَيْبِ وغَيْرِهٖ۔ عیب وغیرہ سے پاک ہونا۔ صفت عَرٍ۔ د۔ عَرِيَتِ اللَّيْلَةُ۔ رات ٹھنڈی ہونا۔

عَرَاهُ يَعْرُوهُ عَرْيًا ۔ الأَمْرُ۔ پیش آنا۔

عَرّٰى تَعْرِيَةً ۔ الرجلَ الثَوبَ ومِنَ الثَوبِ۔ ننگا کرنا۔ هُ مِنَ الأَمْرِ۔ علیحدہ کرنا۔ چھڑا لینا۔ الرجلَ۔ بیکار کردینا، چھوڑ دینا۔ الشَيْءَ۔ دستہ لگانا۔ کہتے ہیں۔ عَرَّاهُ بِعُرًى وَثِيقَةٍ۔ مضبوط دستہ لگایا۔

اَعْرٰى اِعْرَاءً ۔ الرجلَ الثَوبَ ومِنَ الثَوبِ۔ ننگا کرنا۔ کپڑے اتار لینا۔ فُلَانًا النَّخْلَةَ۔ ایک سال کے لیے پھل ہبہ کرنا۔ فُلَانًا صَدِيقَهٗ۔ دور ہونا اور مدد نہ کرنا۔ الرجلُ۔ رات کی ٹھنڈ لگنا۔ کھلے میدان میں چلنا۔ یا اقامت کرنا۔

تَعَرّٰى تَعَرِّيًا ۔ مِنْ ثِيَابِهٖ کپڑے اتار لینا۔ ننگا ہونا۔

اِعْرَوْرٰى اِعْرِيرَاءً ۔ تنہا سفر کرنا۔ الفرسَ ننگی پیٹھ سوار ہونا۔ اَمْرًا قَبِيحًا۔ برا کام کرنا۔

العَرَىٰ ۔ گوشہ، میدان۔ سردی۔

العَرَاءُ ۔ کھلا میدان۔ ج۔ اَعْرَاءٌ۔

العَرَاةُ ۔ میدان۔ مکان کا صحن۔ سردی کی شدت۔

فَرَسٌ عُرْيٌ ۔ ننگی پیٹھ والا گھوڑا۔ بغیر زین کا گھوڑا۔ ج۔ اَعْرَاءٌ۔

الأَعْرَاءُ ۔ آزاد۔ بے پرواہ۔ واحد عُرْيٌ۔

العُرْيَةُ والعِرْيَةُ ۔ ننگا پن۔

العَارِيَةُ ۔ ادھار چیز۔

العُرْيَانُ ۔ ننگا۔ عُرْيَانُ النَّجِيِّ۔ جو اپنے بھید کو نہ چھپائے۔

العَرِيُّ ۔ ٹھنڈی ہوا۔

العَرِيَّةُ ۔ ٹھنڈی ہوا، کھجور کا درخت جس کا پھل کھا لیا گیا ہو۔ کھجور کا درخت جس کے مالک نے دوسرے کو پھل کھانے کے لیے دے دیا ہو۔ ج۔ عَرَايَا۔ کہتے ہیں۔ نَخْلُهُمْ عَرَايَا۔ ان کے کھجور کے درخت ہبہ شدہ ہیں، وہ سخاوت کی بنا پر دوسروں کو دے دیتے ہیں۔

المُعَرّٰى او المَعْرَاةُ ۔ ننگا پن، بدن کا وہ حصہ جو کپڑوں سے نہ چھپایا جاتا ہے جیسے ہاتھ چہرہ وغیرہ۔ ج۔ مَعَارٍ۔ المَعَارِي بنجر مقامات۔ بچھو۔

عَزَّ (ض) عِزًّا و عِزَّةً و عَزَازَةً ۔ عزیز ہونا قوی ہونا۔ کمزور ہونا۔ الشَيْءُ۔ قلیل ہونا کمیاب ہونا۔ دشوار ہونا۔ الماءُ۔ بہنا۔ عَزَّ عَلَيْهِ عِزًّا۔ کریم ہونا کہتے ہیں۔ عَزَّ عَلَيَّ اَنْ تَفْعَلَ۔ مجھے گراں ہے کہ تم ایسا کرو۔

عَزَّهٗ (ن) عِزًّا ۔ قوی کرنا۔ عزت کی کوشش میں غالب کرنا

عَزَّزَهٗ - مدد کرنا - عزت کرنا - معزز بنانا -
عَازَّهٗ مُعَازَّةً - حصولِ عزت میں مقابلہ کرنا - گفتگو میں غالب ہونا -
أَعَزَّهٗ إِعْزَازًا - عزیز بنانا - محبت کرنا -
أَعَزَّتِ الْبَقَرَةُ - وضع حمل دشوار ہونا - کہتے ہیں: أُعْزِزْتُ بِمَا أَصَابَكَ: جو کچھ تم پر گذری، مجھے اس سے تکلیف ہوئی -
اِعْتَزَّ - قوی ہونا - بِهٖ - اپنے آپکو طاقتور سمجھنا - فخر کرنا - عَلٰی فُلَانٍ - بزرگی جتانا - غالب آنا -
تَعَزَّزَ - قوی ہونا - بِهٖ - فخر کرنا - لَحْمُهٗ - سخت اور ٹھوس ہونا -
اِسْتَعَزَّ - عَلَيْهِ - سختی کرنا - غالب ہونا - اَللّٰهُ بِفُلَانٍ - مار دینا - کہتے ہیں - يُسْتَعَزُّ بِحَقِّيْ - وہ میرے اوپر غالب آگیا - اُسْتُعِزَّ بِعَلِيْلٍ - بیماری کا بڑھنا اور اس کی عقل پر غالب آجانا -
اَلْعِزُّ - عزت - سخت بارش - رَجُلٌ عِزٌّ - قوی - کہتے ہیں: جِئْ بِهٖ عِزًّا بِزًّا: جس طرح ہوسکے لے آؤ -
اَلْعِزَّةُ - ہرن کا مادہ بچہ -
اَلْعِزَّةُ - مقابلہ حصولِ عزت میں غالب آنا - غیرت -
اَلْعَزِيْزُ - شریف - قوی - نادر - معزز - وہ بادشاہ جس کا حصول دشوار ہو اور کسی سے مغلوب نہ ہوسکے، نہ کوئی اسے عاجز کرسکے اور اس جیسا کوئی نہ ہو - اللہ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ہے - ج عِزَازٌ و أَعِزَّاءُ و أَعِزَّةٌ - مصر کے حاکم کا لقب -
اَلْأَعَزُّ - اسم تفضیل - عزیز -
اَلْعُزّٰی - عزیزہ، شریفہ، أَعَزُّ کا مؤنث - ایک قریشی بت کا نام -
اَلْعَزَّاءُ - سختی، سخت سال - بڑی تنگی
بارش -
اَلْمِعْزَازُ - سخت مرض والا -
اَلْمَعْزُوْزَةُ - سختی - وہ زمین جس پر سخت بارش ہوئی ہو -
عَزَبَ (ن)، عُزُوْبَةً و عُزُوْبِيَّةً - بے شوہر کے ہونا - مجرد رہنا -
عَزَبَ (ن ض) دور ہونا - غائب ہونا - پوشیدہ ہونا - صفت عَازِبٌ - عَزَبَتِ الْأَرْضُ - زمین ویران ہونا -
عَزَّبَ - دیر تک غائب رہنا - شروع کیے ہوئے کو چھوڑ دینا -
أَعْزَبَ - دور ہونا - هٗ - دور کرنا - بے شوہر کر دینا -
تَعَزَّبَ - مجرد رہنے کے بعد گھر آباد ہونا -
اَلْعَازِبُ - فا - دور کی چراگاہ -
اَلْعَازِبَةُ - مؤنث عازب - بیوی - ج - عَوَازِبُ -
اَلْعَزَبُ - وہ مرد یا عورت جس کا جوڑا نہ ہو - بعض کہتے ہیں کہ مرد کے لیے عَزَبٌ اور عورت کے لیے عَزَبَةٌ آتا ہے - ج عُزَّابٌ و أَعْزَابٌ -
اَلْأَعْزَبُ - جس کے اہل و عیال نہ ہوں - وہ شخص جو اپنے مال اور اہل و عیال سے دور ہو - مؤنث عَزْبَاءُ - ج - عُزْبٌ -
اَلْمِعْزَبَةُ - باندی، لونڈی - ج - والمَعَازِبُ، بیوی -
اَلْمِعْزَابُ و الْمِعْزَابَةُ - جو شخص اپنے جانوروں کو چراگاہ میں دور لے جائے - الْمِعْزَابَةُ - جس کے اہل و عیال نہ ہوں، جو دیر تک کنوارہ رہے -
عَزَجَ (ن)، عَزْجًا - الرَّجُلَ - دفع کرنا - الْأَرْضَ بِالْمِسْحَاةِ - بیلچہ سے زمین کو الٹ پلٹ کرنا - جماع کرنا -
عَزَدَ (ض)، عَزْدًا - جماع کرنا -
عَزَرَهٗ (ض)، عَزْرًا - ملامت کرنا - مدد کرنا -
جماع کرنا - هٗ عَنْ كَذَا - منع کرنا - واپس کرنا - هٗ عَلَى الْأَمْرِ - خبر دینا - هٗ عَلَى الْفَرَائِضِ و الاحکام - فرائض و احکام سے واقف کرا دینا -
عَزَّرَهٗ - ملامت کرنا - ادب دینا - بہت مارا، تعظیم کی، مدد کی -
اَلْعَزْوَرُ و اَلْعَزَوَّرُ - بد اخلاق -
اَلْعَزْوَرَةُ - مؤنث عزور - ٹیلہ -
اَلْعَزَائِدُ - لکڑیاں - درختوں کا بقایا (بغیر واحد کے جمع ہے)
اَلْعَزِيْزُ و الْعَزَائِزُ - کٹی گھاس کی قیمت -
عَزْرَائِيْلُ - ملک الموت کا نام -
عَزْعَزَهٗ - عزت میں غالب آنا -
عَزَطَ (ن)، عَزْطًا - جماع کرنا -
عَزَفَتْ (ن ض)، عَزْفًا و عُزُوْفًا - بِنَفْسِهٖ عَنِ الشَّيْءِ - بے رغبتی کرنا - ملول ہونا - عَزْفًا نَفْسَهٗ عَنْ كَذَا - منع کرنا - عَزْفًا و عَزِيْفًا - آواز دینا - گالی دینا -
عَزَّفَ - آواز دینا -
أَعْزَفَ - ہوا کی سرسراہٹ سننا -
تَعَازَفُوْا - ایک دوسرے کے سامنے رجز پڑھنا - آپس میں فخر کرنا - ایک دوسرے کی ہجو کرنا -
اِعْزَوْزَفَ - لِلشَّرِّ - برائی کے لیے آمادہ ہونا -
اَلْعَازِفُ - آلاتِ لہو و لعب سے کھیلنے والا - گویا -
اَلْعَزْفُ - صدائے دف - ہوا کی سرسراہٹ -
اَلْعُزَّفُ - صحرائی کبوتر -
اَلْعَزُوْفُ و الْعَزُوْفَةُ - جو شخص دوستی پر قائم نہ رہے، کہتے ہیں: هُوَ عَزُوْفٌ عَنِ اللَّهْوِ: وہ لہو و لعب سے دور رہتا ہے - ج - عِزَافٌ و عَزُوْفَةٌ میں تائے مبالغہ ہے تانیث کے لیے نہیں ہے -

الْمُعْزَافُ ۔ بمعنی عَزَف ۔ مم ۔
الْعَزَّافُ ۔ بہت باجا بجانے والا ۔ بہت گانے والا ۔ سحابٌ عَزَّافٌ ۔ بادل ، جو بہت گرجتا ہو ۔
الْمِعْزَفُ والْمِعْزَفَةُ ۔ گانے بجانے کے آلات ۔ ج ۔ مَعَازِفُ ۔
عَزَقَ (ن) ، عَزْقًا ۔ تیز دوڑنا ۔ الْخَيْلَ ۔ عَنِيَ ۔ روک لینا ۔ ۂ ضَرْبًا ۔ خوب مارنا
عَزَقَ (ض) ، عَزْقًا ۔ الارضَ ۔ زمین کو کھودنا ۔ کھود کر پانی نکالنا ۔
عَزِقَ (س) ، عَزَقًا ۔ بہ ۔ چپکنا
الْعَزِقُ ۔ بد اخلاق ۔ ج ۔ عُزُقٌ ۔
الْعَزُوقُ والْعَزْوَقُ ۔ پستہ بے مغز ۔ رجلٌ عَزُوقٌ ۔ سخت مزاج ، بخیل بدعادت ۔
الْعَزِيقُ ۔ مِنَ الارضِ ۔ پست زمین ۔
الْمِعْزَقُ والْمِعْزَقَةُ ۔ آلہ جو ہوا میں اٹھا کر گیہوں کو صاف کرتا ہے ۔ کھودنے کے اوزار جیسے پھاوڑا ، کدال ، بیلچہ ۔ ج ۔ مَعَازِقُ ۔
الْمُتَعَزِّقُ ۔ بد اخلاق انسان
عَزَلَهُ (ض) ، عَزْلاً ۔ عن كذا ۔ جدا کردینا ۔ ۔ فلاناً عَنْ مَنْصِبِهِ ۔ علیحدہ کردینا ۔ معزول کردینا ۔ ۂ عَنْ عَمَلِهِ ۔ باز رکھنا ۔
عَزَّلَهُ ۔ ایک جانب کردینا ۔
تَعَزَّلَ واعْتَزَلَ الشیءَ وعنهُ ۔ جدا ہونا ۔
تَعَازَلَ ۔ القومُ ۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا ۔
الْعَزَلُ ۔ بے ہتھیار و بے سامان ہونا ۔ عَزَلُ الحِمَارِ ۔ گدھے کا پچھلا حصہ ۔ الْعَزَلَةُ ۔ سرین کی ہڈی کا سرا ۔ جو بیٹھنے پر زمین پر لگتا ہے ۔
الْعَزْلُ والعِزَالُ ۔ کمزوری ۔
الْعُزْلَةُ ۔ جدائی ، گوشۂ تنہائی ۔

الْعُزُلُ ۔ بے ہتھیار مرد ۔ ج ۔ اَعْزَالٌ ۔
الاَعْزَلُ ۔ ریت کا اکیلا ڈھیر ۔ بادل جس میں بارش نہ ہو ۔ بے ہتھیار ۔ ج ۔ عُزْلٌ و اَعْزَالٌ و عُزَّلٌ و عُزْلانٌ ۔ مؤنث ۔ عَزْلاءُ ۔ الاَعْزَلُ مِنَ الدَّوَابِّ ۔ دُم کو جھکا کر کے چلنے والا ۔ مِنَ الطَّيْرِ ۔ وہ پرند جو اڑنے پر قادر نہ ہو ۔
الاَعْزَلُ ۔ نام ایک ستارہ کا جس کا مقابل رامح ہے ۔
الْعَزْلاءُ ۔ الاَعْزَلُ کا مؤنث ۔ دُبر ، مشک کا منہ ۔ ج ۔ الْعَزَالِي والعَزَالَى ۔ کہتے ہیں " اَرْسَلَتِ السَّمَاءُ عَزَالِيَهَا " آسمان نے دہانے کھول دیے ۔ شدت بارش ۔ کہتے ہیں " هُوَ عَنِ الحَقِّ بِمَعْزِلٍ " وہ حق سے دور ہے ۔
الْمُعْتَزِلَةُ والعُزَّالُ ۔ قدریہ کی ایک جماعت جو اہل سنت وجماعت وخوارج کو گمراہ سمجھ کر علیحدہ ہوگئے تھے ۔
الْمِعْزَالُ ۔ علیحدہ چرنے والا ۔ سفر میں الگ اترنے والا ۔ خود رائے ، بے ہتھیار ، کمزور احمق ۔ ج ۔ مَعَازِيلُ ۔
عَزْلَبَ عَزْلَبَةً ۔ جماع کرنا ۔
عَزَمَ (ض) ، عَزْمًا و عُزْمًا و مَعْزَمًا و مَعْزِمًا و عَزِيمًا و عَزْمَةً و عَزِيمَةً و عُزْمَانًا ۔ الامرَ و عليه ۔ پختہ ارادہ کرنا ۔ الرجلُ ۔ کوشش کرنا ۔ الامرُ ۔ واجب ہونا ۔ فلانٌ على فلانٍ ۔ قسم دینا ۔ کہتے ہیں " عَزَمْتُ عَلَيْكَ لَتَفْعَلَنَّ اَوْ اَلَا فَعَلْتَ او لَمَّا فَعَلْتَ " قسم دیتا ہوں ۔ و عَزَمَ الرَّاقِي ۔ منتر پڑھنا ۔
اِعْتَزَمَ الامرَ و عليه ۔ ارادہ کرنا ۔ الطريقَ ۔ بغیر ٹھہرے گزرنا ۔ الفرسُ في عِنَانِهِ ۔ سرکشی کرنا ۔
تَعَزَّمَ الامرَ و على الامرِ ۔ ارادہ کرنا ۔

الْعَزْمُ ۔ پختہ ارادہ ۔
الْعَزْمَةُ ۔ خاندان ، قبیلہ ۔ ج ۔ عَزْمٌ ۔
الْعَزْمَةُ ۔ حق ، واجب ۔ ج ۔ عَزَمَاتٌ ۔ عَزَمَاتُ اللهِ و عَزَائِمُ اللهِ ۔ اللہ کے حقوق و فرائض ۔ کہتے ہیں " مَا لَهُ عَزْمَةٌ " اس کو ثبات و صبر نہیں ۔
الْعَزْمِيُّ ۔ کھل کھیلنے والا ۔ وفادار ۔ عہد کو پورا کرنے والا ۔
اُمُّ العَزْمِ والعِزْمَةِ واُمُّ عِزْمَةٍ ۔ دُبر ۔
الْعَزِيمُ ۔ تیز دوڑ
الْعَزِيمَةُ ۔ پختہ ارادہ ، منتر ۔ ج ۔ عَزَائِمُ ۔
الْعَازِمُ ۔ فا ۔ ج ۔ عَزَمَةٌ و عَازِمُونَ ۔ اَمْرٌ عَازِمٌ ۔ وہ کام جس کا پختہ ارادہ ہو ۔
الْعَزُومُ ۔ اپنے عزم پر قائم رہنے والا ۔ بڑھیا عورت ۔ دُبر ۔ ج ۔ عُزُمٌ ۔
الْعَزَّامُ ۔ صیغہ مبالغہ ، شیر ۔
الْمُعَزِّمُ ۔ فا ۔ منتر پڑھنے والا ۔
عَزَا يَعْزُو عَزْوًا ۔ الشیءَ او فلاناً الی فلانٍ ۔ نسبت کرنا ۔ عَزَاءً ۔ الرجلُ ۔ صبر کرنا ۔
عَزَا يَعْزُو عَزْوًا و تَعَزَّى تَعَزِّيًا ۔ اِعْتَزَى و اعْتِزَاءً ۔ بفلانٍ و الی فلانٍ ۔ منسوب ہونا ۔ اپنے آپ کو دوسرے کی طرف منسوب کرنا ۔ خواہ سچ ہو یا جھوٹ اسم عزاء ہے ۔ اسی سے ہے اِعْتَزَى بِعَزَاءِ الجَاهِلِيَّةِ ۔
الْعِزَةُ ۔ گروہ مردم ۔ ج ۔ عِزًى و عِزُونَ ۔
الْعِزْوَةُ ۔ انتساب ، صبر ۔
عَزَى يَعْزِي عَزْيًا ۔ الشیءَ او فلاناً الی فلانٍ ۔ نسبت کرنا ۔
عَزِيَ يَعْزَى عَزَاءً ۔ مصیبت پر صبر کرنا ۔ صفت مذکر عَزٍ ۔ صفت مؤنث عَزِيَةٌ ۔
عَزَّى تَعْزِيَةً ۔ الرجلَ ۔ تسلی دینا ۔
تَعَزَّى تَعَزِّيًا ۔ اليه ۔ منسوب ہونا ۔ عنه ۔ صبر کرنا ۔ تسلی حاصل کرنا ۔

تعازی تعازیًا۔ القومُ۔ ایک دوسرے کو تسلی دینا۔

العزیُّ۔ صابر۔

العِزیَۃُ۔ انتساب۔

الاِعتزاءُ۔ دعوی کرنا۔ جنگ میں کوئی خاص علامت۔

عَسَّ (ن)، عَسًّا و عَسَسًا۔ رات میں پاسبانی کرنا۔ الخبرَ۔ دیر سے پہنچنا۔

عَسَّ القومَ۔ تھوڑا کھانا کھلانا۔

اِعتَسَّ۔ رات کے وقت مشتبہ لوگوں پر مطلع ہونا۔ الشیَٔ۔ رات میں طلب کرنا۔ یا قصد کرنا۔ البلدَ۔ شہر میں داخل ہونا اور حالات سے مطلع ہونا۔

العَسَسُ۔ رات کے چوکیدار، یہ عاسٌّ کی جمع ہے۔

العُسُّ۔ بڑا پیالہ، بڑا برتن۔ ج۔ عِساسٌ، عِسسَۃٌ و اَعساسٌ و عُسُسٌ۔

العاسُّ۔ رات کا پاسبان۔ ج۔ عَسَسٌ و عُسیسٌ۔

العَسّاسُ۔ رات کا پاسبان۔

العَسُوسُ۔ وہ اونٹنی جو دودھ دوہتے وقت بدکے، بے برکت، مرد شکار کو ڈھونڈنے والا۔

المَعَسُّ۔ مطلب۔

اَعسَبَ۔ الذئبُ۔ بھیڑیے کا بھاگنا۔

اَعسَبَہٗ جَمَلَہٗ۔ اونٹ عاریت پر دینا۔

اِستَعسَبَ مِنہُ۔ ناپسند کرنا۔ فلانًا جَمَلَہٗ۔ اونٹ عاریت پر لینا۔

العَسبُ۔ نسل کہتے ہیں: "قَطَعَ اللّٰہُ عَسبَہٗ۔" اللہ اس کی نسل منقطع کر دے۔

العَسبَۃُ۔ اسم مرۃ۔ پہاڑ کی شگاف۔

العَسُوبُ۔ بڑا رئیس۔

المَعسِبُ۔ دُم کی ہڈیاں یا دوہاں پر بال اگنے کی جگہ۔ پشت پا۔ وہ کھجور کی ٹہنی جس کے پتے تراش دیے گئے ہوں، پہاڑ کا شگاف۔ ج۔

عُسُبٌ و عُسْبٌ و عُسْبانٌ۔

الیَعسُوبُ۔ نر مکھی شہد کی، شہد کی مکھیوں کا بادشاہ۔ رئیس اعظم۔ کہتے ہیں: "ھُوَ یَعسُوبُ قومِہٖ" وہ اپنی قوم کا رئیس اعظم ہے۔ ایک چھوٹا پرندہ۔ گھوڑے کے چہرے کی سپیدی۔ ج۔ یَعاسِیبُ۔

العُسبُرُ۔ چیتا۔ ج۔ عَسابِرُ۔

العُسبُرَۃُ۔ مادہ چیتا۔ تیز رفتار اصیل اونٹنی۔

العِسبارُ۔ بجو کے مشابہ ایک درندہ جو افریقہ میں پایا جاتا ہے۔ بھیڑیے کا بچہ۔

العُسبُورُ و العُسبُورَۃُ۔ کتے کا پلا جس کی ماں بھیڑن ہو۔

عَسَجَ (ن،ض)، عَسجًا و عَسَجانًا و عَسِیجًا۔ چلنے میں گردن کو اٹھانا۔

اِعسَنجَ۔ الشیخُ۔ بوڑھے آدمی کی کمر کا ٹیڑھا ہونا۔

العَوسَجُ۔ ایک درخت کانٹے دار۔ واحد عَوسَجَۃٌ۔

العَسجَدُ۔ سونا۔ جواہرات جیسے موتی یاقوت وغیرہ، موٹا مضبوط اونٹ۔

العَسجَدِیَّۃُ۔ شاہی سواریاں۔ دراصل ان اونٹنیوں کو کہا کرتے تھے جو نعمان بن منذر شاہ حیرہ کے لیے تیار کیے جاتے تھے۔

عَسجَرَ الطعامَ۔ کھانے میں نمک ڈالنا۔ الرجلُ۔ تیز نظر سے دیکھنا۔

العَسجَرُ۔ نمک۔

عَسَدَ (ض)، عَسدًا۔ الحبلَ۔ رسی کو مضبوط بٹنا۔ جاریتَہٗ۔ جماع کرنا۔

العِسوَدُ۔ بہت مضبوط، سانپ۔

عَسَرَ (ن،ض)، عَسرًا و عُسُرًا۔ الغریمَ۔ قرضدار سے روپیہ طلب کرنا جب کہ وہ تنگدست ہو۔ الزمانُ۔ سخت ہونا۔ ۔ علیٰ فلانٍ۔ مخالف ہونا۔ علیہ ما فی بطنہٖ۔ جو کچھ پیٹ میں ہو اس کا مشکل سے نکلنا۔

عَسَرَہٗ (ض)، عَسرًا۔ بائیں طرف سے آنا۔

عَسَرَتْ عَسرًا و عَسَرانًا۔ الناقۃُ۔ اونٹنی کا دوڑنے میں دُم اٹھانا۔ المرأۃُ۔ ولادت کا دشوار ہونا۔

عَسِرَ (س)، عَسَرًا۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنا۔ صفت مذکر اَعسَرُ۔ صفت مؤنث عَسراءُ ج۔ عُسْرٌ۔

عَسِرَ (س)، عُسرًا و عُسُرًا و عَسَرًا و مَعسُورًا و عَسَرًا (ک)، عُسرًا و عَسارَۃً۔ دشوار ہونا کہتے ہیں: "عَسِرَ علیہِ الاَمرُ" کام دشوار ہونا۔ الرجلُ۔ بدخلق ہونا۔ صفت عَسِرٌ و عَسِیرٌ۔

عَسَّرَ۔ الاَمرَ۔ دشوار کرنا۔ علیہ۔ تنگ کرنا۔ مخالف کرنا۔ ہٗ۔ بائیں طرف سے آنا۔

اَعسَرَ۔ تنگ دست ہونا۔ الغریمَ۔ قرضدار سے تنگدستی میں طلب کرنا۔

اَعسَرَتِ المرأۃُ۔ ولادت کا دشوار ہونا۔

عاسَرَہٗ مُعاسَرَۃً۔ تنگی کا معاملہ کرنا۔

تَعَسَّرَ و تَعاسَرَ۔ علیہِ الامرُ۔ دشوار ہونا پیچیدہ ہونا۔ علیہ القولُ۔ مشتبہ ہونا۔ تعاسر البَیِّعانِ۔ بائع اور مشتری متفق نہ ہوئے۔

اِعتَسَرَہٗ۔ مجبور کیا۔ الکلامَ۔ فی البدیہہ کہا۔

اِستَعسَرَ الاَمرُ۔ دشوار پانا۔ الامرُ علیہ۔ سخت پیچیدہ ہونا۔

العُسرُ و العُسُرُ۔ تنگدستی، سختی، تنگی۔

العُسرَۃُ و العُسرٰی و المَعسَرَۃُ و المَعسُرَۃُ۔ تنگی، سختی۔

الاَعسَرُ۔ بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا۔ کہتے ہیں: "فلانٌ اَعسَرُ یَسَرٌ" دونوں ہاتھ سے کام کرنے والا ہے۔ یوم اَعسَرُ۔ سخت اور منحوس دن۔

العُسرٰی۔ مؤنث الاَعسَرِ۔ تنگی، بدحواسی۔

المُعسِرُ۔ قرضدار پر تنگی کرنے والا۔

المعسورُ۔ تنگ حال۔

عسعس۔ اللیلُ۔ رات گزارنا۔ رات کا تاریک ہونا۔ السحابُ۔ بادل کا زمین سے قریب ہونا۔ الامرَ۔ مشتبہ کر دینا، معمہ بنا دینا۔ الشیَٔ۔ حرکت دینا۔

تعسعس۔ الذئبُ۔ بھیڑیے کا رات میں نکلنا۔ تعسعس الشیَٔ۔ سونگھنا۔

العسعسُ۔ وہ بھیڑیا جو رات میں شکار کا متلاشی ہو۔

العسعاسُ۔ رات میں شکار ڈھونڈنے والا بھیڑیا۔ سراب۔ ہلکی چیز۔

عسف (ض)، عسفًا۔ السلطانُ۔ ظلم کرنا۔ کا ظلم کرنا۔ خدمت لی۔ الدمعُ الجفونَ۔ آنسو بکثرت بہنا۔ الشیَٔ۔ زبردستی لے لینا۔ فی الامرِ۔ بغیر سوچے سمجھے کرنا۔ بفلانٍ۔ کسی کے لیے کام کرنا۔ الطریقَ و عن الطریقِ۔ راستے سے ہٹ جانا۔ المفازۃَ۔ جنگل کو بغیر مقررشدہ راستے کے طے کرنا۔ کہتے ہیں: "بات یعسفُ اللیلَ و باللیلِ۔" رات میں بے راہ چلنا۔

أعسف۔ رات میں بے راہ چلنا۔ غلام سے سخت کام لینا۔

عسّف۔ بغیر علامت و نشان کے چلنا۔ البعیرَ۔ تھکا دینا۔

تعسّف۔ فی القولِ۔ بے راہ روی کرنا۔ ایسے معنی لیے جس پر دلالت واضح نہ ہو۔ عن الطریقِ۔ ہٹ جانا۔ الامرَ۔ بے سوچے سمجھے اختیار کرنا۔ فلانًا۔ ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

اعتسف۔ عن الطریقِ۔ راستے سے ہٹنا۔ الطریقَ۔ بے جانے راہ چلنا۔ الامرَ۔ بے سمجھے بوجھے اختیار کرنا۔ فلانًا۔ ظلم کرنا۔ خدمت لینا۔

انعسف۔ الشیُٔ۔ مڑنا۔

العسفُ۔ ظلم، موت۔

العاسفُ۔ فا۔ من الابلِ۔ عُساف کی بیماری والا اونٹ۔ کہتے ہیں: "ناقۃٌ عاسفٌ"۔ ج۔ عواسیفُ۔

العُسافُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری جس میں سانس زیادہ آتا ہے۔

العسوفُ و العسّافُ و المِعسفُ۔ بہت ظالم۔

العسیفُ۔ مزدور۔ ج۔ عُسفاءُ، عِسفۃٌ۔

العسیفُ۔ بے جانے راہ چلنے والا۔ کہتے ہیں: "اخذوا فی معاسیفِ البیدِ و معامیہا" جنگل کے نامعلوم راستوں میں چلنے لگے۔

عسِق (س)، عسقًا و تعسّق بہ۔ چمٹنا۔ علیہ۔ طلب میں اصرار کرنا۔

العسَقُ۔ تنگ خوئی، اول شب کی تاریکی۔

العسیقۃُ۔ خواب شباب۔

عسقل السرابُ۔ سراب کا چمکنا۔

عسقلانُ۔ شام کے ساحل کا ایک شہر۔ الرأسِ۔ اوپر کا حصہ۔

العسقلُ۔ سانپ کی چھتری۔ ج۔ عساقلُ۔

العساقلُ و العساقیلُ۔ سراب، متفرق بادل۔ صاحب صحاح لکھتا ہے کہ ان کا واحد نہیں سنا۔

عسِک (س)، عسکًا۔ بہ۔ لازم ہونا، چمٹنا۔

عسکر۔ القومُ۔ جمع ہونا۔ اللیلُ۔ تاریکی کا بڑھنا۔ الشیَٔ۔ جمع کرنا۔ جمع کردہ چیز کو "معسکَر" کہتے ہیں۔

العسکرُ۔ جمع لشکر۔ ج۔ عساکرُ۔ ہر چیز کا بہت سا حصہ۔ کہتے ہیں: "انجلت عنہ عساکرُ الہمِّ" غم کی کثرت دور ہو گئی۔

العسکرۃُ۔ سختی، خشک سالی۔

عسَل (ن ض)، عسلًا و عسّل الطعامَ۔ کھانے میں شہد ملانا۔ عسَل و عسّل القومَ۔ شہد کھلانا۔ شہد کا توشہ دینا۔

عسّلتِ النحلُ۔ مکھیوں نے شہد بنایا۔ عسِل الشیُٔ۔ شہد جیسی ہونا۔

عسَل النائمُ۔ اونگھنا۔

عسَل (ض)، عسَلًا و عُسُولًا و عسلانًا۔ الرمحُ۔ خوب حرکت کرنا۔ المرأۃَ۔ جماع کرنا۔

عسَل (ن)، عسلًا و عسلانًا۔ الماءُ۔ ہوا کی وجہ سے لہرانا۔

استعسل۔ شہد طلب کرنا۔ استعسلتِ النحلُ۔ مکھیوں کا شہد بنانا۔ کہتے ہیں "عسلًا لہٗ" بمعنی "تعسًا لہٗ"۔ اس کے لیے ہلاکت ہو۔

العسلُ۔ شہد (مذکر و مؤنث)۔ ج۔ أعسالٌ و عُسُلٌ و عُسْلٌ و عُسُولٌ و عُسلانٌ۔ تھوڑے کو "عسلۃ" کہتے ہیں۔ العسلُ۔ شیرہ کھجور کہتے ہیں۔

"مالفلانٍ مضربُ عسلۃٍ" فلاں بے نسب ہے۔ "ماترک لہٗ مضربَ عسلۃٍ" گالی دی حتی کہ اس کے نسب کو کالعدم کر دیا۔

ابو عسلۃَ۔ بھیڑیا۔

العسلیُّ۔ برنگ شہد۔

العاسلُ۔ فا۔ د۔ و العسولُ۔ نیکوکار جس کی ثنا و صفت خوب معلوم ہو۔ ج۔ عُسُلٌ۔

العاسلُ۔ شہد نکالنے والا۔ ج۔ عُسّلٌ و عواسلُ۔ بھیڑیا۔ رمحٌ عاسلٌ، عسّالٌ و عسولٌ۔ نرمی کی وجہ سے حرکت کرنے والا۔

العسّالُ۔ بمعنی العاسلِ۔

خلیۃٌ عاسلۃٌ۔ شہد والا چھتہ۔

العسّالۃُ۔ شہد کی مکھی۔ شہد نکالنے والے۔

العسیلُ۔ عطرفروش کی جھاڑو جس سے وہ عطر جمع کرتا ہے۔ اونٹ اور ہاتھی کا

عضو تناسل۔ ج۔ عُسُلٌ۔
المَعْسَلَةُ والمُعْسُلَةُ۔ شہد کا چھتہ۔
المَعْسُولُ۔ مفع۔ رَجُلٌ مَعْسُولٌ۔
شیریں زبان۔ خوش آواز۔ مَعْسُولُ
المَوَاعِيدِ۔ سچے وعدوں والا۔
عَسْلَجَ۔ الشَّجَرُ۔ درخت پر نرم ٹہنیاں
نکلنا۔
العُسْلُوجُ۔ نرم ٹہنیاں۔ ج۔ عَسَالِيجُ۔
عَسْلَطَ۔ غیر مربوط کلام کرنا۔ كَلَامٌ
مُعَسْلَطٌ۔ غیر مربوط بات چیت۔
العَسْلَقُ۔ سراب۔ بھیڑیا۔ شیر نر۔ شتر مرغ۔
شکاری، درندہ۔ بدعادت، چست و
چالاک، دراز گردن۔ لومڑی۔ ج۔
عَسَالِقُ۔
عَسَمَ (ض) عَسْمًا و عُسُوْمًا۔ فِي الأَمْرِ۔
لالچ کرنا۔ کوشش کرنا۔ عَسَمَتْ عَيْنُهُ
آنکھ کا بھر پڑنا۔ آنکھ بند ہونا۔ بقول
بعض پلک چپک جانا۔
عَسِمَ (س) عَسَمًا۔ القَدَمُ أَوِ الكَفُّ۔
خشک ہو کر ٹیڑھا ہو جانا۔ صفت مذکر
أَعْسَمُ۔ صفت مؤنث عَسْمَاءُ۔
أَعْسَمَ۔ يَدَهُ۔ خشک کر دینا۔ أَعْسَمَتْ
عَيْنُهُ۔ آنکھ کا بہنا۔ بقول بعض
بند ہونا۔
اِعْتَسَمَ۔ کمائی کرنا۔ فلانًا۔ کسی کو اس کی
طمع کی چیز دینا۔
العَسُومُ۔ بال بچوں کو تکلیف پہنچانے والا۔
ج۔ عُسُمٌ۔
العَاسِمُ۔ بمعنی عَسُومٌ۔
العَسَمَةُ والعُسُومُ۔ خشک روٹی کے
ٹکڑے۔ العُسُومُ۔ قلت۔
المَعْسَمُ۔ جائے طمع۔ کہتے ہیں کہ "مَالَكَ
بَنِي فُلَانٍ مَعْسَمٌ"۔
عَسِنَ (س) عَسَنًا۔ الكَلَأُ فِي
الدَّابَّةِ۔ گھاس ہضم ہو جانا اور جانور کا
موٹا ہو جانا۔ عَسِنَتِ الدَّابَّةُ۔ چارہ
ہضم ہونا اور جانور موٹا ہونا۔
تَعَسَّنَ۔ الشَّيءَ۔ پتہ نشان تلاش کرنا۔
أَبَاهُ۔ مشابہ ہونا۔ أَعْسَنَ
المَكَانُ۔ کچھ سبزی اگنا۔
العَسَنُ۔ چربی۔ بالوں کی لمبائی اور خوبصورتی
مع سپیدی۔
العِسْنُ۔ شبیہ و نظیر۔ د۔ والعُسُنُ
چربی۔ العَسُونُ والأَعْسَنُ۔ موٹا
ج۔ عُسْنٌ۔
أَعْسَانُ۔ الشَّيءِ۔ نشان۔ کہتے ہیں "هُوَ
عَلَى أَعْسَانٍ مِنْ أَبِيهِ" وہ باپ
کے مشابہ ہے۔
العَسَنْجُ۔ مذکر، شتر مرغ۔
عَسَا يَعْسُو عَسَاءً و عُسُوًّا۔ النَّبَاتُ
نبات کا موٹا اور سخت ہونا۔ عَسَتْ
يَدُهُ۔ کام کرنے کی وجہ سے ہاتھ سخت
ہونا۔ اللَّيْلُ۔ رات کی تاریکی زیادہ
ہونا۔ عَسَا يَعْسُو عَسْوًا، عُسُوًّا
عُسِيًّا، عَسَاءً و عَسْوَةً۔ الشَّيْخُ
بوڑھا ہونا۔
العَسْوُ۔ مص۔ موم۔
العَاسِي۔ فا۔ سخت مزاج۔
العِسْوَةُ۔ بڑھاپا۔
عَسِيَ يَعْسَى عَسًى۔ النَّبَاتُ۔ نباتات
کا سخت ہونا۔
عَسَى۔ افعال مقاربہ سے ہے۔ جامد ہے
محبوب چیز میں امید کے لیے اور مکروہ بات
میں خوف کے لیے آتا ہے۔
العَسِيُّ، العَسِيُّ و المَسْعَاةُ۔ بِالأَمْرِ
لائق، مناسب۔
أَعْسِ بِهِ۔ فعل تعجب ہے بمعنی أَخْلِقْ بِهِ
کس قدر لائق ہے۔
العَاسِي۔ فا۔ درخت خرما۔ بقول ابی عبید
درخت خرما کا گچھا۔
اليَعْسَاءُ۔ قریب بلوغ لڑکی۔
عَشَّ (ن) عُشُوشَةً و عَشَاشَةً و عَشَشًا
۔ البَدَنُ۔ لاغر ہونا۔ صفت عَشٌّ۔
عَشَّشَ۔ الطَّائِرُ۔ پرند کا گھونسلا بنانا۔
عَشَّشَتِ النَّخْلَةُ۔ کھجور کی شاخوں
کا کم ہونا۔ عَشَّشَ الكَلَأُ۔ گھاس
خشک ہونا۔ عَشَّشَ الخُبْزُ۔ روٹی میں
پھپھوندی لگنا اور خشک ہو جانا۔
أَعَشَّ۔ فلانًا عَنِ الأَمْرِ۔ روکنا۔ باز
رکھنا۔ الظَّبْيَ۔ ہرن کو بھٹ میں بھڑکایا
۔ البَدَنَ۔ بدن کو لاغر کرنا۔ الرَّجُلُ۔
کم درختوں والی زمین میں پہنچنا۔
اِعْتَشَّ۔ گھونسلا بنانا۔ البَدَنَ۔ جسم کو
لاغر کرنا۔
اِنْعَشَّ۔ الثَّوبُ۔ کپڑے کا پیوند والا ہونا۔
العَشُّ۔ مص۔ تھوڑی عطا۔ رَجُلٌ عَشٌّ۔
لاغر بدن والا۔
العَشُّ والعُشُّ۔ گھونسلا۔ ج۔ عِشَاشٌ و
عِشَشَةٌ و أَعْشَاشٌ و عُشُوشٌ۔
العَشَّةُ۔ کھجور کا درخت کم شاخوں والا۔
خراب جگہ میں اگا ہوا درخت۔ کم درختوں
والی زمین۔
المَعَشُّ۔ مطلب۔
المُعَشِّشُ۔ مفع۔ وہ جگہ جہاں پرندہ
گھونسلا بنائے۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا۔ خشک ہونا۔
عَشِبَ (س) عَشَبًا و عَشُبَ (ك) عَشَابَةً
۔ المَكَانُ۔ سبز گھاس والا ہونا۔ صفت
عَاشِبٌ۔
عَشُبَ (ك) عَشَابَةً و عُشُوبَةً۔
الرَّجُلُ۔ پست قد۔ بدصورت ہونا۔
صفت عَاشِبٌ۔
عَشُبَ (ك) عَشَابَةً و عُشُوبَةً۔
الرَّجُلُ۔ پست قد۔ بدصورت ہونا۔
صفت مذکر عَشَبٌ۔ صفت مؤنث عَشَبَةٌ۔

اَعْشَبَ۔ القومُ۔ سبز گھاس پر پہنچنا۔
کہتے ہیں" اَعْشَبْتَ فَانْزِلْ" ہرے
بھرے مقام پر پہنچ گئے تو اتر پڑو۔
اَعْشَبَ وعَشَّبَ۔ المکانُ۔ سبز گھاس
اگانا۔
اِعْتَشَبَ وتَعَشَّبَ۔ سبز گھاس چرنا۔
موٹا ہونا۔
اِعْشَوْشَبَ۔ سبز گھاس پر پہنچنا۔ المکانَ
بہت سبز گھاس والا ہونا۔
العُشْبُ۔ سبز گھاس۔ ج۔ اَعْشَابٌ
واحد عُشْبَةٌ۔
العَشَبَةُ۔ بڑھاپے کی وجہ سے ٹیڑھی کمر
والا مرد یا عورت۔
العَشَابَةُ۔ سبز گھاس کی کثرت۔
العَشِبُ والعَشِيبُ والمَعْشَبُ و
المِعْشَابُ۔ سبز گھاس والی جگہ۔
ارضٌ عَاشِبَةٌ وعَشِبَةٌ وعَشِيبَةٌ۔
مُعْشِبَةٌ ومِعْشَابٌ۔ بہت سبز گھاس
والی سرزمین۔
التَعَاشِيبُ۔ سبز گھاس کے متفرق قطعات۔
العَشَّابُ۔ سبز گھاس والا۔ سبزی والا۔
عَشَرَ (ض) عَشْرًا۔ دس میں سے ایک
لینا۔ نو پر ایک زائد۔ القومَ۔ قوم
میں دسواں ہونا۔ النَاقَةُ۔ اونٹنی
دس ماہ کی حاملہ ہوئی۔
عَشَرَ (ن) عَشْرًا وعُشُورًا وعَشَّرَ۔
المَالَ۔ دسواں حصہ لینا۔ القومَ۔
قوم کے مال کا دسواں حصہ لینا۔ دسواں
ہونا۔ عَشَّرَ الحِمَارُ۔ گدھے کا دس
بار رینگنا۔ عَشَّرَتِ النَاقَةُ۔ اونٹنی
کا دس ماہ کی حاملہ ہونا۔
اَعْشَرَ۔ العَدَدَ۔ دس کر دینا۔ القومُ۔
دس ہونا۔ اَعْشَرَتِ النَاقَةُ۔ اونٹنی
دس ماہ کی حاملہ ہونا
عَاشَرَهُ مُعَاشَرَةً۔ مل جل کر رہنا۔

اِعْتَشَرَ وتَعَاشَرَ۔ القومُ۔ ایکدوسرے
کے ساتھ رہنا۔
العِشْرُ۔ دسواں حصہ اونٹ کا دسویں دن
یا نویں دن گھاٹ پر جانا۔ ج۔
اَعْشَارٌ۔
العُشْرُ۔ دسواں حصہ۔ ج۔ عُشُورٌ و
اَعْشَارٌ۔ الاَعْشَارِ۔ پرندے کے اگلے
بڑے پر۔
العُشَرُ۔ ہر ماہ کی دسویں، گیارہویں اور
بارھویں رات۔
العَشَرَةُ۔ دس۔ یہ مذکر کے لیے ہے، کہتے
ہیں" عَشَرَةُ رِجَالٍ" اور مؤنث
کے لیے عَشْرُ نِسَاءٍ، جب اس کو
دوسرے عدد کے ساتھ ملایا جاتا ہے
تو گیارہ اور بارہ میں موافق قیاس مذکر
کے لیے دونوں جزو مذکر لاتے ہیں جیسے
اَحَدَ عَشَرَ رَجُلًا۔ اور مؤنث کے
لیے دونوں جزو مؤنث لاتے ہیں جیسے
اِحْدٰى عَشْرَةَ اِمْرَاَةً۔ اس کے
بعد انیس تک مذکر کی صورت میں پہلا
جزو مؤنث اور دوسرا جزو مذکر لاتے
ہیں جیسے خَمْسَةَ عَشَرَ رَجُلًا اور
مؤنث کی حالت میں پہلا جزو مذکر اور
دوسرا جزو مؤنث لاتے ہیں جیسے
خَمْسَ عَشْرَةَ اِمْرَاَةً۔ ج۔ عَشَرَاتٌ۔
العِشْرُونَ۔ بیس۔ (مذکر و مؤنث)
العِشْرَةُ۔ صحبت۔ مخالطت۔
العَاشِرُ۔ فا۔ دسواں۔ دسویں دن گھاٹ
پر جانے والا۔ ج۔ عُشَّرٌ۔ مؤنث
عَاشِرَةٌ۔ ج۔ عَوَاشِرُ۔ العَوَاشِرُ۔
پرندے کے اگلے بڑے پر۔ العَشُورٰى،
العَاشُورُ، العَاشُورَاءُ۔ و
العَاشُورٰى۔ محرم کی دسویں تاریخ۔
العَشَّارُ۔ دسواں حصہ لینے والا۔
العُشَرَاءُ۔ مِنَ النُوقِ۔ آٹھ یا دس ماہ

کی حاملہ۔ ج۔ عِشَارٌ۔ عَشَرَوَاتٌ
وہ اونٹنی جو بچہ جن چکی ہو۔
العُشَرَاءُ والعُوَيْشَرَاءُ۔ گلی ڈنڈا۔ کہتے
ہیں" جَاءُوْا عُشَارَ ومَعْشَرَ۔ دس
دس آئے (یہ دونوں کلمے وصفیت اور
عدل کی بنا پر غیر منصرف ہیں۔
ثوبٌ عُشَارِيٌّ۔ دس گز لمبا۔ غُلَامٌ
عُشَارِيٌّ۔ دس سال کا۔ مؤنث۔
عُشَارِيَةٌ۔
عُشَارَةٌ۔ دسواں حصہ۔
الاَعْشَارِيُّ۔ اعشار۔ ج۔ عشر کی
طرف منسوب۔
العَشِيرُ۔ قبیلہ، قریب۔ دوست۔ زوج۔
زوجہ۔ ج۔ عُشَرَاءُ۔
العَشِيرُ۔ دسواں حصہ۔ ج۔ اَعْشِرَاءُ۔
العَشِيرَةُ۔ خاندان۔ عَشِيرَةُ الرَّجُلِ۔
برادران۔ باپ کی جانب سے قریبی لوگ۔
ج۔ عَشَائِرُ وعَشِيرَاتٌ۔
الاَعْشَرُ۔ بے وقوف۔
المَعْشَرُ۔ جماعت، آدمی کے اہل۔ جن و انسان
ج۔ مَعَاشِرُ۔
المِعْشَارُ۔ دسواں حصہ۔ نَاقَةٌ مِعْشَارٌ
بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
العَشَارِبُ والعَشْرَبُ۔ شیر۔ رجلٌ
عَشَارِبٌ۔ دلیر مرد۔
عَشْزَرَ (ض)، عَشْزَنَةً۔ کسی بھی ٹانگ والے
کی طرح چلنا۔ عَلٰى عَصَاهُ۔ لاٹھی پر
ٹیک لگانا۔
العَشْوَزُ۔ دشوار راستہ یا زمین۔ ج۔
عَشَاوِزُ۔ والعَشَوَّزُ۔ مضبوط۔ قوی،
موٹا۔
عَشِقَهُ عِشْقًا وعَشَقًا ومَعْشَقًا۔ بہت
محبت کرنا۔ محبت میں حد سے بڑھ جانا۔
صفت مذکر عَاشِقٌ۔ ج۔ عُشَّاقٌ۔
عَاشِقُونَ۔ صفت مؤنث عَاشِقَةٌ۔

وعاشِق - ج - عَوَاشِق ۔ عَشِقَ ۔
بالشیٔ - چمٹنا ۔
تَعَشَّقَ - بتکلف عاشق بننا ۔ ۂ - بہت
محبت کرنا ۔
العِشْقُ - محبت کی زیادتی ۔ پارسائی اور غیر
پارسائی دونوں طرح ہوتا ہے ۔
العَشَقَةُ - عشق پیچاں ۔ پیلو ۔ ج ۔
عَشَقٌ ۔
العَشِیْقُ - عاشق معشوق ۔ العِشِّیْقُ و
العَشُوْقُ - پھولوں کے پودوں کی دیکھ
بھال کرنے والا ۔ ج ۔ عُشُقٌ ۔
العَشَّاقُ و العِشِّیْقُ ۔ بہت زیادہ
عشق والا ۔
عَشِمَ دس، عَشَمًا و عُشُومًا و تَعَشَّمَ
- الشیٔ - خشک ہونا ۔
العَشَمُ - لالچ - خُبْزٌ عَشِمٌ - سوکھی یا
خراب روٹی ۔
العَشَمَةُ - لالچ ۔ خشک روٹی ۔ لاغری کی وجہ
سے خشک ۔ پیر فرتوت (مذکر مؤنث)
کہتے ہیں " شَیْخٌ عَشَمَةٌ و عَجُوزٌ
عَشَمَةٌ " ۔
خُبْزٌ عَیْشُومٌ - خشک یا خراب شدہ روٹی ۔
الاَعْشَمُ - دو مخلوط رنگ ۔ خشک درخت
عمر رسیدہ بوڑھا ۔ مؤنث عَشْمَاءُ ۔
عَشَنَ دن، عَشْنًا ، اَعْشَنَ و عَشَّنَ و
اِعْتَشَنَ - اٹکل سے بات کہنا ۔ تخمینہ
اَعْنَتَ۔ الْجَابِرُ الْكَسِيْرَ۔ جڑے ہوئے کو توڑنا۔ کسی چیز کی دیکھ بھال نہ کرنے سے فساد کا زیادہ ہونا۔
الرَّاكِبُ الدَّابَّةَ۔ جانور پر سختی سے زیادہ لادنا۔ الرَّجُلَ۔ ہلاکت میں ڈالنا
تَعَنَّتَهُ۔ تکلیف پہنچانا۔ کسی کی لغزش کی جستجو کرنا۔ تَعَنَّتَ الرَّجُلَ وَعَلَيْهِ فِي السُّؤَالِ۔ بطریق تلبیس سوال کرنا۔
الْعَنُوْتُ۔ دشوار گذار ٹیلہ۔
عَنْتَرَ عَنْتَرَةً۔ لڑائی میں بہادری کرنا۔ عَنْتَرَهُ بِالرُّمْحِ۔ نیزہ مارنا۔ عَنْتَرَ الْعُنَّةَ۔ مکھی بھنبھنانا۔
الْعَنْتَرُ وَالْعُنْتُرُ۔ مکھی۔ نیلی مکھی۔ واحد عَنْتَرَةٌ ہے
عَنْتَلَ۔ الشَّيْءَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔
الْعُنْتُلُ۔ سخت۔ ضِبَاعٌ عَنَاتِلُ۔ وہ بجو جو شکار کو ٹکڑے ٹکڑے کر دیں۔
الْعَنْثَةُ الْعُنْثَةُ وَالْعِنْثَةُ۔ ایک مخصوص گھاس، جبکہ وہ خشک اور سیاہ ہو جائے، نجلی نام۔ ج۔ عِنَاثٌ

العَنْشُوَةُ ۔ العُنْشُوَةُ بھی عَنْشَفَةٌ ۔ ج ۔ عَنَاشِي ۔ العَنْشُوَةُ طوراتی کے بال ۔

عَنَجَ عَنْجًا وَاَعْنَجَ ۔ الشیءَ ۔ کھینچنا ۔ الدَّلْوَ ۔ ڈول کو رسی سے باندھنا ۔

العِنَاجُ ۔ دردِ پشت ۔ وہ رسی جس کو بڑے ڈول کے نیچے باندھتے ہیں ۔ ج اَعْنِجَةٌ و عُنُجٌ ۔

عَنْجَةُ ۔ الهَوْدَجِ ۔ ہودے کے روانے کا بازو ۔

العَنْجَجُ ۔ بڑا ۔

العُنْجُجُ ۔ جنگلی ریحان ۔

العُنْجُوجُ ۔ عمدہ گھوڑا ، عمدہ اونٹ ، اول جوانی ۔ ج ۔ عَنَاجِيجُ ۔

عَنْجَرَ عَنْجَرَةً ۔ ہونٹوں سے سیٹی بجانا ۔

العُنْجُورَةُ ۔ شیشی کا غلاف ۔

العُنْجُهُ ۔ بڑی موٹی شے ، اکھڑ مرد ۔

عِنْدَ ۔ ظرفِ مکان و زمان ۔ جیسے وَقَفْتُ عِنْدَ البَابِ وَسَافَرْتُ عِنْدَ مَغِيبِ الشَّمْسِ ۔ مِنْ کے داخل ہونے سے مجرور ہو جاتا ہے ۔ جیسے اَتَيْتُ مِنْ عِنْدِهٖ ۔

عَنَدَ (ن ض) عَنِدَ (س) عَنُدَ (ك) ، عُنُودًا عَنِ الطَّرِيقِ او القَصْدِ ۔ تجاوز کرنا ۔ ہٹ جانا ۔ مائل ہونا ۔ الرَّجُلُ ۔ جان بوجھ کر حق کی مخالفت کرنا ۔ صفت عَنِيدٌ ۔ ج ۔ عُنُدٌ ۔ (ر ۔ و اَعْنَدَ) العِرْقُ ۔ رگ سے لگاتار خون بہنا ۔ اَعْنَدَ فُلَانًا ۔ مقابلہ کرنا ۔

عَنَدَ (ن) ، عُنُودًا عَنْ اَصْحَابِهٖ ۔ سفر میں علیحدہ ہو جانا ۔

عَانَدَهٗ مُعَانَدَةً وعِنَادًا ۔ عنا ۔ مدہ ہونا مقابلہ کرنا ۔ الشیءَ ۔ لازم ہونا ۔ الرَّجُلَ ۔ کسی کے جیسا کام کرنا ۔

تَعَانَدَ ۔ القَوْمُ ۔ بعض کا بعض کی مخالفت کرنا ۔

اِسْتَعْنَدَ ۔ الفَرَسُ ۔ گھوڑے کا سرکشی کرنا منہ زور ہونا ۔ ہٗ القَيْءُ ۔ غالب ہونا ۔ فُلَانًا ۔ ارادہ کرنا ۔

العَانِدُ ۔ فا ۔ میانہ روی سے ہٹنے والا ۔ ج ۔ عُنَّدٌ و عَوَانِدُ ۔ کہتے ہیں ۔ طَعَنَهٗ طَعْنًا عَانِدًا ۔ دائیں بائیں نیزہ مارنا ۔ دَمٌ عَانِدٌ ۔ ایک سمت بہنے والا خون ۔

العِنْدُ ۔ دل ، معقول ۔

العَنَدُ ۔ جانب ۔ کہتے ہیں " هُوَ يَمْشِي وَسْطًا لَا عَنَدًا " ۔ وہ بیچ میں چلتا ہے ۔ کنارے پر نہیں چلتا ۔

العُنْدُ والعِنْدُ والعَنْدُ ۔ کونہ ۔

العَنُودُ ۔ میانہ روی سے ہٹنے والا ۔ ج عُنُدٌ ۔ کہتے ہیں سَحَابَةٌ عَنُودٌ ۔ موسلا دھار برسنے والا ۔ عَقَبَةٌ عَنُودٌ ۔ دشوار گذار گھاٹی ۔ رَجُلٌ عَنُودٌ ۔ جو شخص کسی کے ساتھ نہ اترے بلکہ تنہا اترے ۔

عَنْدَرَ ۔ المَطَرُ ۔ سخت بارش ہونا ۔

عَنْدَلَ عَنْدَلَةً ۔ الهَزَارُ ۔ بلبل کا چہچہانا ۔

العَنْدَلِيبُ ۔ بلبل ۔ ج ۔ عَنَادِلُ ۔

العَنْدَمُ ۔ دم الاخوین ۔

عَنَزَ (ن) ، عَنْزًا ۔ نیزہ مارنا ۔ عَنَزَ ، اِعْتَنَزَ ، اِسْتَعْنَزَ ۔ عَنْهُ ۔ علیحدہ ہونا اور ایک گوشے میں اترنا

اَعْنَزَ ۔ الشیءَ ۔ جھکانا ۔

تَعَنَّزَ ۔ لوگوں سے علیحدہ ہونا ۔

العَنْزُ ۔ مم ۔ بکری ، مادہ چکور ، شکرہ مادہ ہرنی ، گدھ مادہ ۔ ج ۔ عِنَازٌ و اَعْنُزٌ و عُنُوزٌ ۔

العَنْزَةُ ۔ بکری ۔

العَنَزَةُ ۔ ڈنڈا جس کے نیچے پھل لگا ہوا ہو ۔ عَنَزَةُ الفَاسِ ۔ پھاوڑے کی دھار ۔ ج ۔ عَنَزٌ و عَنَزَاتٌ ۔

العَنُوزُ والعَنِيزُ ۔ مبتلائے مصیبت ۔

عَنَسَ (ض) ، عَنْسًا ۔ العُوْدَ ۔ لکڑی کو جھکایا ۔ موڑا ۔

عَنَسَتْ (ن ض) ، عَنِسَتْ (س) عُنُوسًا عِنَاسًا ۔ عَنَّسَتْ و عُنِّسَتْ و اَعْنَسَتْ ۔ الجَارِيَةُ ۔ لڑکی کا بالغ ہونے کے بعد بغیر شادی کے رہنا ۔ صفت عَانِسٌ ۔ ج ۔ عَوَانِسُ و عُنَّسٌ و عُنَّسٌ و عُنُوسٌ ۔ عَنَسَ الرَّجُلُ ۔ بڑی عمر تک بغیر شادی کے رہنا ۔ صفت عَانِسٌ و اَعْنَسَ ۔ الشیءَ ۔ متغیر کرنا ۔ اَعْنَسَ الشَّيْبُ وَجْهَهٗ ۔ بڑھاپے کا چہرے کو بدل دینا ۔ کہتے ہیں " فُلَانٌ لَمْ تُعْنِسْ وَلَمْ تُعْنِسُ السِّنُّ وَجْهَهٗ " ۔ کبر سنی نے فلاں کے چہرے کو متغیر نہیں کیا ۔ عَنَّسَ الجَارِيَةَ اَهْلُهَا ۔ لڑکی کو نکاح کرنے سے گھر والوں نے روکے رکھا ۔ صفت مُعَنَّسَةٌ ۔ ج مُعَنَّسَاتٌ و مُعَانِسُ ۔

عَنِسَ (س) ، عَنَسًا ۔ ہر وقت آئینہ دیکھنا

العَنْسُ ۔ مم ۔ عقاب ۔ اونٹنی ، طاقتور ۔ ج ۔ عِنَاسٌ و عُنُوسٌ ۔

العِنَاسُ ۔ آئینہ ۔ ج ۔ عُنُسٌ ۔

عَنَشَ (ن ض) ، عَنْشًا ۔ العُوْدَ ۔ لکڑی کو موڑنا ۔ جھکانا ۔ الرَّجُلَ ۔ تکلیف پہنچانا ۔ غضبناک کرنا ۔

عَانَشَهٗ مُعَانَشَةً و عِنَاشًا ۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹنا ۔ مفاخرت کرنا ۔

اِعْتَنَشَهٗ ۔ لڑائی میں ایک دوسرے سے لپٹ جانا ۔ ظلم کرنا ۔

تَعَانُقًا۔ ایک دوسرے سے معانقہ کرنا۔
تَعَنْقَشَ۔ المَالَ۔ ہر طریقے سے مال جمع کرنا۔
الاَعْنَشُ۔ بھینگا۔
العُنْصُرُ و العُنْصَرُ۔ جڑ۔ کہتے ہیں "اِنَّهٗ لَكَرِيْمُ العُنْصُرِ: وہ اصل کے اعتبار سے شریف ہے، حسب، ہمت ضرورت، ہیولیٰ، مصیبت، مادہ جسم بسیط۔ ج۔ عَنَاصِرُ۔ قدماء کے نزدیک عنصر چار تھے، آگ، پانی، ہوا، مٹی۔
عِيْدُ العُنْصُرَةِ۔ عیسائیوں کی ایک عید جو عید فصیح کے بعد ہوتی ہے اور یہودیوں کے نزدیک طور سینا پر نزولِ احکامِ شریعت کی یادگار میں عید ہے۔
العُنْصُلُ و العُنْصَلُ و العُنْصُلَاءُ و العُنْصَلَاءُ۔ جنگلی پیاز جس کو بَصَلُ الفار بھی کہتے ہیں۔
العُنْصُوَةُ و العِنْصُوَةُ و العُنْصُوَةُ و العِنْصِيَةُ و العِنْصَاةُ۔ تھوڑے سے متفرق بال یا گھاس وغیرہ۔ ج۔ عَنَاصٍ۔
العُنْظُبُ و العُنْظُبَانُ و العُنْظُوبُ۔ ایک قسم کی ٹڈی۔ مؤنث۔ عُنْظُوبَةٌ۔
عَنْظَى۔ بِهٖ۔ ٹھٹھا کرنا۔ بری بات سنانا۔ گالی دینا۔
العُنْظُوَانُ و الحِنْظِيَانُ۔ فحش بکنے والا۔
العُنْظُوَانُ۔ ایک قسم کی کھٹی گھاس۔
العُنْظُوَانَةُ۔ عُنْظُوَان کا واحد ہے۔ مادہ ٹڈی۔ ج۔ عُنْظُوَانَاتٌ۔
عَنْعَنَ عَنْعَنَةً۔ ہمزہ کو عین کی طرح پڑھنا۔ الرَّاوِيُ۔ روایت کو عَنْ فُلَانٍ عَنْ فُلَانٍ کہہ کر بیان کرنا
عَنُفَ (ك)، عُنْفًا و عَنَافَةً۔ بِالرَّجُلِ و عليه۔ سختی کرنا۔ صفت عَنِيْفٌ۔ ج۔ عُنُفٌ۔
عَنَّفَهٗ و اَعْنَفَهٗ۔ سختی سے معاملہ کرنا۔
عَنَّفَهٗ۔ سختی سے جھڑکنا۔ عتاب کرنا۔
اَعْنَفَ الاَمْرَ۔ سختی سے لینا۔
اِعْتَنَفَ الاَمْرَ۔ سختی سے لیا۔ الشَّيْءَ۔ شروع کرنا۔ المَجْلِسَ۔ مجلس سے پھر جانا۔
العَنْفُ و العِنْفُ و العُنْفُ۔ سختی، سنگدلی۔
العُنْفَةُ و العُنُفَةُ۔ ابتداء، شروع
الاَعْنَفُ۔ سختی سے پیش آنے والا۔
عُنْفُوَانُ الشَّبَابِ و عُنْفُوَتُهٗ۔ ابتدائے جوانی۔ عُنْفُوَانُ الخَمْرِ۔ شراب کی تیزی۔
المَعْنَفَةُ۔ سببِ درشتی۔
تَعَنْفَصَ۔ شیخیں مارنا۔ شیخی بگھارنا۔
العَنْفَقَةُ۔ داڑھی بچہ۔ ج۔ عَنَافِقُ۔
عَنِقَ (س)، عَنَقًا۔ لمبی گردن والا ہونا۔ صفت اَعْنَقُ۔
عَنَّقَ۔ طَلْعُ النَّخْلِ۔ کھجور کا شگوفہ لمبا ہونا۔ عَنَّقَهٗ۔ گردن پکڑنا۔
عَنَّقَ عليه۔ چلنا اور گردن اٹھا کر دیکھنا۔
عَانَقَهٗ مُعَانَقَةً و عِنَاقًا۔ بغل گیر ہونا، گلے لگانا۔ عَانَقَتِ الاِبِلُ۔ اونٹوں کا تیز چلنا۔
اَعْنَقَ۔ الزَّرْعُ۔ کھیتی کا لمبا ہونا۔ توشہ نکالنا۔ الكَلْبُ۔ پٹہ ڈالنا۔ النَّجْمُ۔ غائب ہونا۔ اَعْنَقَتِ البِلَادُ۔ دور دور ہونا۔ الدَّابَّةُ۔ جانور کا لمبے لمبے قدم ڈال کر تیز چلنا۔ الرِّيْحُ۔ ہوا کا مٹی اڑانا۔
تَعَنَّقَ۔ اليَرْبُوْعُ۔ جنگلی چوہے کا بل میں گھسنا۔
تَعَانَقَ۔ الرَّجُلَانِ۔ گلے ملنا۔
اِعْتَنَقَ۔ الشَّيْءَ۔ لازم ہونا۔ سختی سے پکڑنا۔ اِعْتَنَقَ الرَّجُلَانِ۔ لڑائی وغیرہ میں ایک نے دوسرے کے گلے کو پکڑا۔
العُنُقُ و العُنْقُ۔ گلا، مذکر و مؤنث، ج۔ اَعْنَاقٌ۔ عُنُقُ كُلِّ شَيْءٍ۔ ہر چیز کا اول حصہ۔ کہتے ہیں "مَاتَ فُلَانٌ فِي عُنُقِ الصَّيْفِ: فلاں ابتداء موسم گرما میں مر گیا۔ قَدْ اَخَذَ بِعُنُقِ السِّتِّيْنَ۔ وہ ساٹھ سال کے لگ بھگ پہنچ گیا۔ وَكَانَ ذٰلِكَ عَلٰى عُنُقِ الدَّهْرِ۔ زمانہ قدیم سے تھا۔ وَلَهٗ عُنُقٌ فِي الخَيْرِ۔ اس کے لیے پہلے ہی سے نیکی میں سبقت ہے۔ وَهُمْ عُنُقٌ اِلَيْكَ۔ وہ لوگ تیری طرف مائل ہیں۔ تیرے منتظر ہیں۔ والعُنُقُ۔ رئیس لوگ۔ جماعت۔
العَنَقُ۔ مص۔ جانور کی تیز چال۔
العَنَاقُ۔ بکری کا بچہ جو سال بھر کا نہ ہوا ہو۔ ج۔ اَعْنُقٌ و عُنُوقٌ۔ عَنَاقُ الاَرْضِ۔ ایک شکاری جانور بلی کی قسم سے۔ العَنَاقُ۔ مصیبت (د) والعَنَاقَةُ (ع) سختی و محرومی۔
الاَعْنَقُ۔ لمبی گردن والا۔
العَنْقَاءُ۔ اَعْنَق کا مؤنث۔ ج۔ عُنْقٌ۔ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ و العَنْقَاءُ المُغْرِبُ و المُغْرِبَةُ۔ ایک فرضی پرند۔ مصیبت، ٹیلہ کی چوٹی۔ اگر کسی چیز کی بربادی کی خبر دینی ہوتی ہے تو کہتے ہیں "حَلَّقَتْ بِهٖ فِي الجَوِّ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ" یعنی عنقائے مغرب اس کو فضا میں لے اڑا۔ هَضْبَةٌ عَنْقَاءُ۔ بلند ٹیلہ۔

العُنْقَاءُ۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔
العَنِيقُ۔ گردن۔ بغل گیر ہونے والا۔
المُعْنِقُ۔ تیز دوڑنے والا۔ زمین کا سخت اور بلند حصہ۔ لمبی گردن والا۔ ج۔ مَعَانِيقُ۔
المِعْنَاقُ۔ عمدہ گردن والا گھوڑا۔ یا تیز دوڑنے والا۔ ج۔ مَعَانِيقُ۔
المِعْنَقَةُ۔ پٹہ، ہار۔
عَنْقَشَ بالشيءِ۔ چمٹنا۔
تَعَنْقَشَ بِهِ۔ سخت ہونا۔ زچ کھانا۔
عَنَكَ (ن) عُنْكًا و عُنُوكًا و تَعَنَّكَ۔ الرَّمْلُ۔ ریت کا ڈھیر ہو کر بلند ہونا صفت عَنِيكٌ۔ ج۔ عُنُكٌ۔
عَنَكَ البابَ۔ دروازہ بند کرنا۔ الرجلُ۔ سفر کرنا۔ العَرُوسُ۔ حملہ کرنا اور پھرنا۔
عَنَّكَهُ۔ ملامت کرنا اور مشقت میں ڈالنا۔
أَعْنَكَ۔ الرَّجُلُ۔ ریت کے تودہ پر لوٹنا۔ البابَ۔ دروازہ بند کرنا۔
العُنْكُ۔ تودۂ ریگ۔
العَنْكَبُوتُ۔ مکڑی۔ ج۔ عَنَاكِبُ و عَنَاكِيبُ۔
العَنْكَبَةُ و العَنْكَبَاةُ و العَكْنَبَاةُ۔ مکڑی مادہ۔ ج۔ عَنَاكِبُ و عَنَاكِيبُ۔
عَنَمَ۔ البَنَانَ۔ پوروں کو عنم سے رنگنا۔
أَعْنَمَتِ۔ الماشِيَةُ۔ جانور کا عنم گھاس چرنا۔
العَنَمُ۔ ایک درخت جس کا پھل سرخ ہوتا ہے۔ جس کے ساتھ رنگے ہوئے پوروں کو تشبیہ دیتے ہیں۔ واحد العَنَمَةُ۔
العَنَمُ۔ انگور کی بیل کے دھاگے جو ٹٹیوں سے لپیٹے جاتے ہیں۔
العَنَمَةُ۔ انسان کے ہونٹ کی پھٹن۔

العَنْهَجُ۔ خوب صورت چہرہ۔ شرقی جھلکی ہوئی۔
العَيْنُومُ۔ مینڈک۔
عَنَا يَعْنُوا عَنَاءً و عُنُوًّا۔ لَهُ خضوع کرنا۔ جھکنا۔ فرماں بردار ہونا۔ ذلیل ہونا۔ صفت عَانٍ و عَنِيٌّ۔ مؤنث عَانِيَةٌ و عَنِيَّةٌ۔ الشيءُ ظاہر کرنا۔ عَنَتِ الارضُ بالنَّبَاتِ سبزی اگانا۔ عَنَاهُ الامرُ۔ غم میں ڈالنا۔ عَنَا الامرُ عليه۔ دشوار ہونا۔ عَنَتِ الامورُ بفلانٍ۔ نازل ہونا۔ (ے۔ عَنْوًا) الکتابَ۔ عنوان لکھنا۔ خط پر پتہ لکھنا۔
عَنَا يَعْنُوا عَنْوَةً۔ زبردستی لے لینا۔ صلح سے لینا۔
عَنَا يَعْنُوا، عَنِيَ يَعْنَا عَنًا۔ فِي القومِ قیدی ہونا۔ صفت عَانٍ۔ ج۔ عُنَاةٌ۔ مؤنث عَانِيَةٌ۔ ج۔ عَانِيَاتٌ و عَوَانٍ۔
عَنَّى تَعْنِيَةً۔ الرجلَ۔ قید کرنا۔
أَعْنَى إِعْنَاءً۔ الرجلَ۔ فرمانبردار کرنا۔ ذلیل کرنا۔ أَعْنَتِ الامطارُ النَّبَاتَ۔ اگانا۔
العَانِي۔ بہتا ہوا خون یا پانی۔
العَنْوُ و العَنَا۔ گوشہ، کنارہ۔ ج۔ أَعْنَاءٌ۔ کہتے ہیں جَاءَنَا أَعْنَاءٌ مِنَ النَّاسِ۔ ہمارے پاس مختلف قبیلوں کے لوگ آئے۔
عَنْوَنَ عَنْوَنَةً۔ الکتابَ۔ دیباچہ لکھنا۔
عُنْوَانُ الکتابِ و عِنْوَانُهُ عُنْيَانُهُ عِنْيَانُهُ۔ کتاب کا دیباچہ۔ عُنْوَانُ كُلِّ شيءٍ۔ جس کے ظاہر سے باطن کا حال معلوم ہو۔ کہتے ہیں۔ الظَّاهِرُ عُنْوَانُ البَاطِنِ۔ ظاہر باطن کا آئینہ

ہوتا ہے۔
عَنِيَ يَعْنَى عَنْيًا۔ الامرُ بفلانٍ۔ واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ فيهِ الاَكْلُ۔ مفید ہونا۔ الارضُ بالنَّبَاتِ۔ اگانا۔
(ـ عَنْيًا و عِنَايَةً) بِمَا قَالَهُ كذا۔ مراد لینا۔
عَنَى۔ اللهُ بِهِ عِنَايَةً۔ حفاظت کرنا۔
عَنَى يَعْنِي عِنَايَةً و عُنِيًّا۔ الامرُ فلانًا۔ مشغول کرنا۔ فکرمند کرنا۔ عُنِيَ بالامرِ و عَنِيَ بِهِ عِنَايَةً يَعْنَى عَنًا۔ مشغول ہونا۔ فکرمند ہونا۔ مشقت برداشت کرنا۔ صفت۔ عَانٍ و عَنٍ۔
عَنِيَ يَعْنَى عَنًا (س)۔ الاكلُ فيهِ۔ مفید ہونا۔
عَنِيَ يَعْنَى عَنَاءً۔ تھکنا۔
عَنَّى تَعْنِيَةً، أَعْنَى إِعْنَاءً۔ الرجلَ تکلیف پہنچانا۔ دشواریات کی تکلیف دینا۔ الکتابَ۔ دیباچہ لکھنا۔ کہتے ہیں۔ مَا أَعْنَى شَيْئًا۔ کسی شے کو فائدہ نہیں پہنچایا۔
عَانَى مُعَانَاةً۔ الشيءَ۔ تکلیف برداشت کرنا۔ الرجلُ مَالَهُ۔ مال کی حفاظت کرنا۔ ہ۔ مدارات کرنا۔ الهُمُومُ فلانًا۔ تفکرات کا پیش آنا۔
تَعَنَّى تَعَنِّيًا۔ برداشت کرنا۔ تھکنا۔ الامرَ۔ برداشت کرنا۔ تکلیف اٹھانا۔ في الامرِ۔ قصد کرنا۔ الحُمَّى فلانًا۔ بخار بار بار آنا۔
إِعْتَنَى إِعْتِنَاءً۔ بالامرِ۔ اہتمام کرنا۔ پرواہ کرنا۔ الامرُ۔ واقع ہونا۔ نازل ہونا۔ کہتے ہیں۔ هُوَ بِهِ أَعْنَى وہ زیادہ اہتمام کرنے والا ہے۔
العَنِيُّ۔ اہتمام کرنے والا۔ مؤنث عَنِيَّةٌ۔

الْعُنْيَانُ۔ عنوان۔
الْعَنْيَةُ و الْعَنَاءُ والْعَنَا۔ تھکن۔
الْمَعْنٰی۔ مقصود، معنی۔ الْکلام۔ کلمہ کا مدلول۔ کلام کا مضمون۔ ج۔ مَعَانٍ معانی۔ انسانی صفاتِ محمودہ کے لیے بھی آتا ہے۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ حَسَنُ الْمَعَانِی۔ فلاں اچھے اوصاف والا ہے۔
الْمَعْنَوِیُّ۔ منسوب بمعنی۔
مَعْنِیُّ الْکلام۔ مَعْنَاتُهٗ و مَعْنِیَّتُهٗ۔ کلام کا مدلول۔
عَهِدَ (س)، عَهْدًا۔ الْاَمْرَ۔ پہنچانا۔ الشَّیْئَ۔ حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرتے رہنا۔ فُلَانٌ وَعْدَهٗ۔ حفاظت کرنا اور پورا کرنا۔ عَهِدَ اللّٰهَ۔ توحید بیان کرنا۔ فُلَانًا بِمَکَانِ کَذَا۔ ملاقات کرنا۔ کہتے ہیں "عَهْدِی بِهٖ قَرِیْبٌ" میری ملاقات اس سے قریب ہے۔
عَهِدَ اِلٰی فُلَانٍ۔ وصیت کرنا، اور شرط لگانا۔ اِلَیْهِ فِی کَذَا۔ وصیت کرنا اور ذمہ دار بنانا۔
عُهِدَ۔ الْمَکَانُ۔ موسم ربیع کی پہلی بارش ہونا۔
عَاهَدَهٗ۔ معاہدہ کرنا۔ حلیف بنانا۔
اَعْهَدَ۔ فُلَانًا مِنْ کَذَا۔ امین بنانا۔ بری کرنا۔ ضمانت کرنا۔
تَعَاهَدَ۔ الْقَوْمُ۔ ایک دوسرے سے معاہدہ کرنا۔ حلیف بنانا۔
تَعَاهَدَ و تَعَهَّدَ، اِعْتَهَدَ۔ الشَّیْئَ۔ حفاظت کرنا۔ دیکھ بھال کرنا۔ عہد کرنا۔ تجدید کرنا، تَعَهَّدَ و اَعْتَهَدَ۔ اَمْلَاکَهٗ۔ اپنے املاک کی حفاظت و اصلاح کرنا۔ تَعَاهَدَ بھی اسی معنی میں مستعمل ہے۔
اِسْتَعْهَدَ۔ فُلَانٌ مِنْ صَاحِبِهٖ۔ عہد لینا۔ اِسْتَعْهَدَ فُلَانًا مِنْ نَفْسِهٖ اپنے حوادثِ نفس کا ذمہ دار ٹھیرانا۔
الْعَهْدُ۔ مص۔ وفا، ضمان۔ امان، ذمہ۔ دوستی، وصیت، میثاق، قسم، شاہی فرمان۔ ج۔ عُهُوْدٌ۔ وہ مقام جہاں کسی چیز کے بارے میں عہد کیا گیا ہو۔ وَلِیُّ الْعَهْدِ۔ بادشاہ کا جانشین، کہتے ہیں "کَانَ ذٰلِکَ فِی اَوْ عَلٰی عَهْدِ فُلَانٍ۔ فلاں کے دور میں تھا۔ عَهْدِی بِهٖ اَنَّهٗ کَرِیْمٌ۔ میرے علم میں وہ کریم ہے۔ هُوَ قَرِیْبُ الْعَهْدِ بِکَذَا، وہ قریب الحال ہے۔ عَلَیَّ عَهْدُ اللّٰهِ لَاَفْعَلَنَّ کَذَا۔ قسم بخدا میں ایسا کروں گا۔ کہتے ہیں "مَتٰی عَهْدُکَ بِفُلَانٍ۔ تم نے اس کو کب دیکھا۔ الْعَهْدُ الْقَدِیْمُ۔ بائبل کی وہ کتابیں جو مسیح علیہ السلام سے پہلے لکھی گئیں۔ الْعَهْدُ الْجَدِیْدُ۔ بائبل کی وہ کتابیں جو حضرت عیسٰی کے بعد لکھی گئیں۔
الْعَهْدُ والْعَهْدَةُ والْعِهْدَةُ۔ ربیع کی پہلی بارش۔ ج۔ عِهَادٌ۔
الْعِهَادَةُ۔ فصل ربیع کی پہلی بارش۔
الْعُهْدَةُ۔ ضمان، کفالت، اصلاح کے لیے واپسی۔ کہتے ہیں "لِیْ فِی الْاَمْرِ عُهْدَةٌ" میں اصلاح کے لیے عنقریب لوٹوں گا۔ خطا یا عقل کا نقص۔ کہتے ہیں "فِی خَطِّهٖ عُهْدَةٌ" اس کا خط ردی ہے۔
الْعَهِدُ۔ عہدے کو پسند کرنے والا۔ معاملات کی دیکھ بھال کرنے والا۔
الْعِهْدَانُ۔ ضمانت، کفالت۔
الْعَهِیْدُ۔ معاہدہ کرنے والا۔ معاہدہ کیا ہوا۔ پرانا۔
الْمَعْهَدُ۔ وہ جگہ جہاں کوئی چیز معہود ہو لوگوں کی واپسی کی جگہ۔ ج۔ مَعَاهِدُ۔
الْمَعْهُوْدُ۔ مفع۔ معروف و مشہور۔
عَهَرَ (ف)، عَهْرًا و عِهْرًا و عُهُوْرًا عَهَارَةً و عُهُوْرَةً و عَهِرَ (س)، عَهَرًا۔ اِلَیْهَا۔ زنا کے لیے جانا۔ صفت مذکر عَاهِرٌ۔ ج۔ عُهَّارٌ۔ صفت مؤنث عَاهِرٌ و عَاهِرَةٌ ج۔ عَوَاهِرُ۔
عَاهَرَهَا عِهَارًا۔ زنا کے لیے جانا۔
الْعَیْهَرُ۔ زنا کے لیے جانے والا۔ زناکار۔
الْعَاهِلُ۔ بڑا بادشاہ۔ بے خاوند عورت۔ ج۔ عَوَاهِلُ۔
عَهَنَ (ن)، عَهْنًا۔ بِالْمَکَانِ۔ اقامت کرنا۔ مِنَ الْمَکَانِ۔ نکلنا۔ فِی الْعَمَلِ کوشش کرنا۔ اِلٰی فُلَانٍ۔ عہد لینا۔ بِفُلَانٍ مُرَادَهٗ۔ جلدی پورا کرنا۔ الشَّیْءُ۔ ہمیشہ ہونا اور ثابت ہونا۔
عَهَنَتْ (ن ض)، عُهُوْنًا۔ جَرَائِدُ النَّخْلِ۔ کھجور کا درخت خشک ہونا۔
عَهَنَ (ض)، عَهْنًا۔ الْغُصْنُ۔ شاخ کا لچکنا اور ٹوٹنے کے قریب ہونا۔
عَهِنَ (س)، عَهَنًا۔ لَهٗ کَذَا۔ جلدی کرنا۔ الشَّیْءُ۔ حاضر ہوا۔
الْعِهْنُ۔ اون۔ رنگی ہوئی اون۔ ج۔ عُهُوْنٌ۔ کہتے ہیں "هُوَ عِهْنُ مَالٍ"۔ وہ مال کا بہترین منتظم ہے۔
الْعُهْنَةُ۔ شاخ کی لچک جو ٹوٹنے کے قریب ہو۔
الْعِهْنَةُ۔ اون۔ رنگی ہوئی اون کا ٹکڑا۔ ایک درخت جس کا سرخ پھول ہوتا ہے۔
الْعَاهِنُ۔ فقیر، حاضر، ثابت۔ جلدی کرنے والا۔ ڈھیلا۔ کاہل۔
الْعَوَاهِنُ۔ درخت خرما کی خشک شاخیں عَاهِنَةٌ کی جمع ہے۔ کہتے ہیں "رَمَی الْکَلَامَ عَلٰی عَوَاهِنِهٖ" جو کچھ منہ پر آیا کہہ دیا خواہ صحیح ہو یا غلط۔

عَاقَ يَعُوقُ عَوْقًا وَعَوَّقَ۔ فُلَانًا۔
عَنْ كَذَا۔ ہٹا دینا۔ یہاں تک کہ ٹھہر
ہو جائے۔ عَوَّقَهُ۔ دیر کرانا۔
تَعَوَّقَ۔ ٹھہر جانا۔
اَلْمَعَاقُ۔ مذہب۔ مسلک۔ گنجائش۔
کہتے ہیں: اِنَّ لِي عَنْ هٰذَا الْاَمْرِ
لَمَعَاقًا: میرے لیے اس میں گنجائش
ہے۔ اس لیے کہ اس کا چھوڑنا ممکن
نہیں ہے۔
عَاجَ يَعُوجُ عَوْجًا وَمَعَاجًا۔ بالمکان
اقامت کرنا۔ فلانًا بالمکان۔ مقیم
کرانا۔ السَّائِرُ غَيْرًا۔ اِلَى اَوْ عَلَى
المکان۔ مائل و متوجہ ہونا۔ فُلَانٌ
عَمَّا عَزَمَ عَلَيْهِ۔ پختہ ارادہ سے
ہٹ جانا۔ البعیرَ۔ اونٹ کو لگام
سے پھیرنا۔ کہتے ہیں: مَا اَعُوجُ
بِكَلَامِهِ: اس کی بات کی میں پرواہ
نہیں کرتا۔ عِيَاجًا وَعَوَجًا۔ الیه
مائل ہونا۔
عَوِجَ يَعْوَجُ عَوَجًا۔ العُودُ وَنَحْوُهُ
لکڑی کا ٹیڑھا ہونا۔ الانسانُ۔ بدخلق
ہونا۔ صفت اَعْوَجُ۔
عَوَّجَ تَعْوِيجًا۔ العُودَ وَنَحْوَهُ۔ لکڑی
کو ٹیڑھا کرنا۔ العَصَا وَنَحْوَهُ۔
ہاتھی دانت جڑنا۔ صفت مفعول
مُعَوَّجٌ، ریشمین میں: النَّاقَةَ
اونٹنی کو پھیرنا۔ عَوَّجَهُ عَنِ الشَّيْءِ
باز رکھنا۔
تَعَوَّجَ تَعَوُّجًا وَاعْوَجَّ اِعْوِجَاجًا۔
العُودُ۔ لکڑی کا ٹیڑھی ہونا۔
اِنْعَاجَ اِنْعِيَاجًا۔ علیہ۔ مڑنا۔
العَاجُ۔ ہاتھی دانت۔ العَاجَةُ۔ ہاتھی
دانت کا ٹکڑا۔
العَوَّاجُ۔ ہاتھی دانت کا بیچنے والا۔
العَوَجُ۔ ٹیڑھا پن۔ و پیچیدگی۔

الْعَوْجَاءُ۔ مؤنث اَعْوَجُ۔ کمان۔ دبلی
اونٹنی۔ ج۔ عُوجٌ۔
اَلْمَعَاجُ۔ مص۔ ٹھہرنے کی جگہ۔
عَادَهُ يَعُودُهُ عَوْدًا۔ ہٹانا۔ عَادَ
السَّائِلَ۔ واپس کرنا۔ عَادَ فُلَانًا
بِالْمَعْرُوفِ۔ احسان اور بھلائی کرنا۔
عَادَ يَعُودُ عَوْدًا، عَوْدَةً وَمَعَادًا
۔ لِكَذَا وَاِلَى كَذَا۔ کسی کی طرف
مائل ہونا۔ اعراض کے بعد واپس ہونا۔
کہتے ہیں: عَادَ عَلَيَّ مِنْ فُلَانٍ
مَكْرُوهٌ: فلاں کی جانب سے مجھے
تکلیف پہنچی۔
عَادَ يَعُودُ عَوْدًا وَعِيَادًا۔ الشَّيْءَ۔
دوبارہ کرنا۔ اسی سے ضرب المثل
ہے: الْعَوْدُ اَحْمَدُ۔ عَادَ الْاَمْرُ
كَذَا: بمعنی صَارَ۔ یہ افعال ناقصہ
سے ہے، کبھی ایک حالت سے دوسری
حالت کی طرف انتقال کے لیے آتا
ہے جیسے عَادَ فُلَانٌ شَيْخًا۔
فلاں جوان سے بوڑھا ہو گیا۔
عَادَهُ عَوْدًا۔ عادت بنا لینا۔
عَادَ يَعُودُ عَوْدًا وَعِيَادًا، عِيَادَةً
وَعُوَادًا۔ المَرِيضَ۔ بیمار پرسی
کرنا۔ صفت مذکر عَائِدٌ۔ ج۔
عَوَّادٌ، عُوَّدٌ، عُوَّادٌ۔ صفت مؤنث
عَائِدَةٌ۔ ج۔ عُوَّدٌ۔ صفت
مفعول۔ مَعُودٌ وَمَعْوُودٌ۔
عَوَّدَهُ۔ فلانًا كَذَا۔ عادی بنا دینا۔
البعیرُ۔ اونٹ کا بوڑھا ہونا۔
الرجلُ۔ عمر رسیدہ ہونا۔
عَهَّدَ تَعْهِيدًا۔ ہمیشہ حاضر ہونا۔
عَاوَدَهُ مُعَاوَدَةً وَعِوَادًا۔ الرجلُ۔
پہلے معاملہ کی طرف واپس ہونا۔
الشَّيْءَ۔ عادت بنا لینا۔ کہتے ہیں:
عَاوَدَتْهُ الحُمّٰى۔ بار بار بخار آیا۔

عَاوَدَهُ بِالْمَسْأَلَةِ۔ بار بار
سوال کرنا۔
اَعَادَ اِعَادَةً۔ الْاَمْرَ اَوِ الْكَلَامَ۔
لوٹانا، دوہرانا۔ الشَّيْءَ۔ عادت بنا
لینا۔ طاقت رکھنا۔ الشَّيْءَ اِلَى
مَكَانِهِ۔ اس کی جگہ کی طرف لوٹانا۔
کہتے ہیں: فُلَانٌ مَا يُعِيدُ وَمَا
يُبْدِئُ: کوئی حیلہ نہیں کر سکتا۔
رَاَيْتُ فُلَانًا مَا يُبْدِئُ وَمَا يُعِيدُ۔
کچھ بات نہیں کرتا۔ نہ ابتداءً، نہ
انتہاءً۔
تَعَوَّدَ تَعَوُّدًا۔ الْمَرِيضَ۔ بیمار پرسی کرنا
۔ الشَّيْءَ۔ عادی ہونا۔
اِعْتَادَ اِعْتِيَادًا۔ الشَّيْءَ۔ عادی ہونا۔
تَعَاوَدَ۔ الْقَوْمُ فِي الْحَرْبِ۔ ہر گروہ
کا اپنے ساتھیوں کے پاس واپس لوٹنا۔
اِسْتَعَادَ اِسْتِعَادَةً۔ لوٹنے کی درخواست
کرنا۔ الشَّيْءَ فُلَانًا وَمِنْ فُلَانٍ۔
لوٹانے کو کہنا۔ الشَّيْءَ۔ عادی ہونا۔
خوگر ہونا۔
عَادٌ۔ عرب بائدہ کا ایک شخص، ایک پرانا
قبیلہ جو اسی کے نام سے مشہور ہے
کہتے ہیں: مَا اَدْرِي اَيُّ عَادٍ هُوَ؟
مجھے نہیں معلوم، وہ کون ہے۔
العَادِيُّ۔ جس کام کی عادت ہو۔ پرانی
چیز۔ قدیم اقوام کے کھنڈرات۔ ج
عَادِيَّاتٌ۔
العَوْدُ۔ مص۔ بوڑھا اونٹ، بوڑھی بکری
ج۔ عِوَدَةٌ۔ پرانا راستہ۔ کہتے ہیں
رَجَعَ عَوْدَهُ عَلَى بَدْئِهِ اَوْ رَجَعَ
عَوْدُهُ عَلَى بَدْئِهِ۔ اس کا سفر ختم
نہیں ہوا اور واپس آ گیا۔
العُودُ۔ لکڑی۔ کٹی ہوئی شاخ۔ ایک قسم
کی خوشبو جس کو بطور بخور استعمال
کرتے ہیں۔ زبان کی جڑ کی ہڈی۔ سارنگی۔

ج۔ عِیدَانٌ، اَعْوَادٌ، اَعْوُدٌ۔
عُوْدُ الصَّلِیْبِ، عُوْدُ الْفَرَجِ۔ عُوْدُ الْاِنْجَبَارِ۔ دواؤں کے نام۔

اَلْعِیْدُ۔ عید۔ ہر وہ دن جس میں کسی بڑے آدمی یا کسی بڑے واقعہ کی یاد منائی جائے۔ کہتے ہیں کہ عید کو اس لیے عید کہتے ہیں کہ وہ ہر سال لوٹ کر آتی ہے دراصل عِوْدٌ تھا، اس کی جمع حسب قاعدہ اَعْوَادٌ ہونی چاہیے تھی، مگر عود بمعنی لکڑی کی جمع سے فرق کرنے کے لیے اَعْیَادٌ آتی ہے۔ اَلْعِیْدُ۔ بار بار آنے والا مرض یا غم وغیرہ۔

اَلْعَادَةُ۔ عادت۔ ج۔ عَادَاتٌ، عِیْدٌ، عَادٌ، عَوَائِدُ (گویا عَوَائِدُ عَائِدَةٌ کی جمع ہے)

اَلْعَوَّادُ۔ سارنگی بجانے والا۔

اَلْاَعْوَدُ۔ زیادہ مفید و النفع، کہتے ہیں "هٰذَا اَعْوَدُ عَلَیْکَ" یہ تمہارے لیے نافع ترین ہے۔

اَلْعَائِدَةُ۔ مؤنث عَائِدٌ۔ ج۔ عُوَّدٌ و عَوَائِدُ و عَائِدَاتٌ۔ بھلائی، صلہ مہربانی، منفعت۔ ج۔ عَوَائِدُ۔

اَلْعَوَائِدُ۔ محصول۔

اَلْعَوَادُ۔ مہربانی، بھلائی کا کام۔ کہتے ہیں "اِنَّ لَکَ عِنْدَنَا عَوَادًا حَسَنًا" ہمارے پاس تمہارے لیے وہ ہے جو تم پسند کرو (عواد تثلیث عین کے ساتھ آتا ہے)

اَلْعُوَادَةُ۔ مم۔ جو ایک مرتبہ لانے کے بعد دوبارہ مہمان کے لیے لایا جائے۔ کہتے ہیں: لَکَ الْعُوَادَةُ، لَکَ الْعَوْدُ وَالْعَوْدَةُ۔ تمہارے لیے واپسی کا حق ہے۔

اَلْمَعَادُ۔ مم۔ لوٹنے کی جگہ۔ آخرت جنت حج (۔ وَالْمَعَادَةُ) رونے، نوحہ کرنے کی جگہ۔ ج۔ مَعَاوِدُ۔

اَلْمُعِیْدُ۔ فا۔ حاذق، تجربہ کار، عالم بامور۔ بار بار جہاد کرنے والا۔ کہتے ہیں فَرَسٌ مُبْدِءٌ مُعِیْدٌ۔ سدھایا ہوا گھوڑا۔

اَلْمُعَاوِدُ۔ فا۔ ہمیشگی کرنے والا۔ اپنے کام میں ماہر۔ جوانمرد۔

اَلْمُتَعَیِّدُ۔ غضب ناک، سخت ظالم۔

عَاذَ یَعُوْذُ عَوْذًا وَمَعَاذًا، عِیَاذًا، مُعَاذَةً، تَعَوَّذَ۔ اِسْتَعَاذَ۔ بِفُلَانٍ مِنْ کَذَا۔ پناہ مانگنا

عَاذَ بِالشَّیْءِ۔ لازم ہونا۔

عَوَّذَ تَعْوِیْذًا، اَعَاذَ اِعَاذَةً، اَعْوَذَ اِعْوَاذًا۔ الرَّجُلَ۔ حفاظت کرنا۔ دعا کرنا۔ اُعِیْذُکَ بِاللّٰهِ کرنا۔ جادو کرنا۔ عَوَّذَ الرَّجُلَ۔ کسی کو تعویذ پہنانا۔

تَعَاوَذَ۔ الْقَوْمُ۔ ایک دوسرے کی پناہ لینا۔ ایک دوسرے پر بھروسہ کرنا۔

اَلْعَوْذُ۔ پناہ، کہتے ہیں۔ "عَوْذٌ بِاللّٰهِ مِنْکَ" میں تم سے خدا کی پناہ مانگتا ہوں۔

اَلْعِیَاذُ۔ مم۔ پناہ کی جگہ۔ کہتے ہیں۔ اَلْعِیَاذُ بِاللّٰهِ مِنْکَ۔ میں تم سے اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

اَلْعَوَذُ۔ جائے پناہ۔ کراہت۔ درختوں سے گرے ہوئے پتے۔ ناکس و فرومایہ لوگ۔

اَلْعُوْذَةُ۔ ج۔ عُوَذٌ۔ وَالتَّعْوِیْذُ۔ ج۔ تَعَاوِیْذُ وَالْمَعَاذَةُ۔ ج۔ مَعَاذَاتٌ تعویذ، وہ اسماء و آیات، جو دفع مرض کے لیے گلے وغیرہ میں باندھے جاتے ہیں۔

اَلْعَوَاذُ۔ کراہت، کہتے ہیں "مَا تَرَکْتُ فُلَانًا اِلَّا عَوَاذًا مِنْهُ" فلاں کو میں نے صرف کراہت کی بنا پر چھوڑا۔

اَلْعَائِذُ۔ فا۔ ج۔ عُوَّذٌ۔ نئی جننے والی ہرنی، اونٹ یا گھوڑا۔ ج۔ عُوْذٌ و عُوْذَانٌ۔ جج۔ عُوْذَاتٌ۔

اَلْعَائِذَةُ۔ مؤنث عَائِذٌ۔ ج۔ عَوَائِذُ وَعَائِذَاتٌ۔ اَلْعَوَائِذُ۔ چار ستارے جن کے درمیان میں ایک ستارہ اُبَع نام کا ہے۔

اَلْمَعَاذُ۔ مم۔ پناہ گاہ۔ جادو۔ کہتے ہیں "مَعَاذَ اللّٰهِ وَمَعَاذَ وَجْهِ اللّٰهِ وَمَعَاذَةَ اللّٰهِ وَمَعَاذَةَ وَجْهِ اللّٰهِ" اللہ کی پناہ لیتا ہوں۔

اَلْمُعَوَّذُ۔ پٹکا ڈالنے کا مقام۔ تعویذ لٹکانے کا مقام۔ گھروں کے آس پاس اونٹوں کی چراگاہ۔

اَلْمُعَوَّذُ وَالْمُعَوَّذُ وَالْعَوَّذُ۔ کانٹوں یا درختوں کی جڑیں۔ پتھر کے نیچے کی نباتات۔

عَارَهُ یَعُوْرُهُ عَوْرًا۔ کانا کر دینا۔ عَارَ الشَّیْءَ۔ لے جانا اور تلف کر دینا۔ وَاَعَارَ عَیْنَ الْمَاءِ اَوِ الرَّکِیَّةِ۔ پانی کے چشمے یا کنوئیں کو بند کر دینا۔

عَارَتْ عَیْنُ الْمَاءِ اَوِ الرَّکِیَّةُ۔ پانی کے چشمے کا کنوئیں کا بند ہونا۔

عَوِرَ یَعْوَرُ عَوَرًا وَاَعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ صفت مذکر اَلْاَعْوَرُ۔ صفت مؤنث عَوْرَاءُ۔ ج۔ عُوْرٌ و عُوْرَانٌ۔

عَوَّرَهُ۔ کانا کرنا۔ ٥ عَنِ الْاَمْرِ۔ باز رکھنا۔ عَوَّرَ عَلَیْهِ اَمْرَهُ۔ قباحت ظاہر کرنا۔ عَوَّرَ الْمَکَایِیْلَ۔ پیمانوں کا اندازہ لگانا۔ عَیْنَ الْبِئْرِ۔ کنوئیں کو مٹی سے بھر دینا۔ عَنْ فُلَانٍ۔ دوسرے کی طرف سے جھوٹ بولنا۔ ۔ فُلَانًا۔ لوٹا دینا اور ضرورت پوری نہ کرنا۔

أَعْوَرَهُ إِعْوَارًا۔ کانا کر دینا۔ أَعْوَرَ الشَّيْءُ۔ ظاہر ہونا۔ چھپے ہوئے اعضاء کا ظاہر ہو جانا۔
أَعْوَرَ۔ الفَارِسُ۔ سوار میں نیزہ لگنے کی جگہ کا واضح ہونا۔ الرَّجُلُ۔ شک کرنا۔
أَعَارَهُ إِعَارَةً۔ الشَّيْءَ ومِنَ الشَّيْءِ۔ مانگی ہوئی چیز دینا۔ عَاوَرَ الشَّيْءَ۔ انتظار کرنا
عَاوَرَهُ۔ الشَّيْءَ مُعَاوَرَةً۔ مانگی ہوئی چیز دینا۔ عَاوَرَ الشَّيْءَ۔ انتظار کرنا۔ عَاوَرَ الشَّمْسَ۔ انتظار کرنا۔ عَاوَرَهُ الشَّيْءَ۔ جیسا کوئی کرے ویسا ہی اس کے ساتھ معاملہ کرنا۔
عَاوَرَ وعَايَرَ۔ المَكَايِيلُ۔ پیمانوں کا اندازہ کرنا۔
إِعْوَرَّ۔ کانا ہونا۔ إِعْوَرَّتْ وإِعْوَارَّتِ العَيْنُ۔ آنکھ کانی ہونا۔
تَعَوَّرَ۔ العَارِيَةَ۔ کوئی چیز مانگنا۔ ر۔ و تَعَاوَرَ وإِعْتَوَرَ القَوْمُ الشَّيْءَ۔ باری باری لینا۔ دست بدست لینا۔ کہتے ہیں: تَعَاوَرَتِ الرِّيَاحُ رَسْمَ الدَّارِ۔ مکان کے نشانات و آثار پر مختلف قسم کی ہواؤں کا کبھی جنوبی، کبھی شمالی، کبھی غربی اور کبھی شرقی، کا چلنا۔
إِسْتَعْوَرَ۔ الرَّجُلُ۔ تنہا ہونا۔
إِسْتَعَارَ۔ الشَّيْءَ مِنْ فُلَانٍ وَاسْتَعَارَ فُلَانًا الشَّيْءَ۔ کسی سے کوئی چیز عاریۃً مانگنا۔ اسی سے ہے۔ أَرَى الدَّهْرَ يَسْتَعِيرُ ثِيَابِي۔ میں دیکھتا ہوں کہ زمانہ میرے کپڑے عاریت دینے کو کہتا ہے۔ یہ اس وقت بولتے ہیں جبکہ آدمی بوڑھا ہو جائے اور اسے موت کا خوف ہو۔

العَوْرَةُ۔ وہ خلل جو سرحدات پر ہو، اور جس سے ڈر ہو۔ العَوْرَةُ مِنَ الرِّجَالِ۔ شگاف۔ مِنَ الشَّمْسِ جائے طلوع و غروب، ہر وہ امر جس سے شرم کی جائے، انسان کے وہ عضو جن کو شرم کی وجہ سے چھپایا جاتا ہے۔ ج۔ عَوْرَاتٌ وعَوَرَاتٌ۔
العَائِرُ۔ ئما۔ جس کی آنکھ میں تنکا ہو۔ آنکھ کا دکھنا۔ تنکا، ہر وہ چیز جو آنکھ کو تکلیف دے۔ العَائِرُ مِنَ السِّهَامِ أَوِ الحِجَارَةِ۔ وہ تیر یا پتھر جس کا پھینکنے والا معلوم نہ ہو۔ کہتے ہیں:۔ أَصَابَهُ سَهْمٌ أَوْ حَجَرٌ عَائِرٌ۔ اس کو ایسا تیر یا پتھر لگا جس کا پھینکنے والا معلوم نہیں۔
العَائِرَةُ۔ مؤنث عَائِرٌ۔ کثرت، کہتے ہیں لَهُ مِنَ المَالِ عَائِرَةُ عَيْنَيْنِ۔ اس کے پاس اتنا مال ہے جو آنکھوں کو بھر دیتا ہے۔ عَيْنٌ عَائِرَةٌ۔ تنکے والی آنکھ۔ ج۔ عَوَائِرُ۔
العَوَائِرُ مِنَ الجَرَادِ۔ ٹڈیوں کی مختلف ڈاریں۔
العَارَةُ والعَارِيَةُ والعَارِيَّةُ۔ مانگی ہوئی چیز۔ وہ چیز جس کا آپس میں لین دین کریں۔ ج۔ عَوَارٍ وعَوَارِيُّ۔
العَوَارُ۔ بتثلیث العین۔ عیب، کپڑے کا پھٹنا۔
الأَعْوَرُ۔ کانا، مؤنث عَوْرَاءُ۔ ج۔ عُورٌ، عُورَانٌ، عِيرَانٌ۔ المَعَانِي العُورُ۔ مشکل معانی۔ فَلَاةٌ عَوْرَاءُ۔ بے آب جنگل۔ كَلِمَةٌ عَوْرَاءُ۔ بری بات۔ الأَعْوَرُ۔ کوا۔ ردی ضعیف، بزدل۔ بری ہدایت دینے والا۔ کتاب پھٹی ہوئی۔ وہ شخص جس کا سگا بھائی نہ ہو۔ وہ راہ جس میں کوئی نشان نہ ہو۔

ج۔ أَعَاوِرُ۔
العَوِزُ۔ ردی بات، عادت۔ شَيْءٌ عَوِزٌ وہ شے جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔ مؤنث عَوِزَةٌ۔
العُوَيْرُ۔ کوا۔
العِيرَانُ۔ ٹڈیوں کی مختلف ڈاریں۔
العُوَّارُ۔ تنکا۔ ابابیل، راہ سے ناواقف کمزور، بزدل۔ ج۔ عَوَاوِيرُ۔
المُعَارُ۔ گھوڑا جو دبلا کیا گیا ہو۔ بعض کے نزدیک دُم نچے ہوئے گھوڑے کو کہتے ہیں۔
المُعْوِرُ۔ مِنَ الأَمْكِنَةِ۔ خوفناک، رَجُلٌ مُعْوِرٌ۔ بری سیرت والا۔ شَيْءٌ مُعْوِرٌ۔ جس کا کوئی نگہبان نہ ہو۔
عَازَ يَعُوزُ عَوْزًا۔ الشَّيْءُ۔ مشکل ہونا۔ باوجود ضرورت کے چیز کا کمیاب ہونا۔ الأَمْرُ۔ سخت ہونا۔ الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔ صفت عَوِزٌ وعَائِزٌ وأَعْوَزُ۔
أَعْوَزَ إِعْوَازًا۔ الرَّجُلُ۔ محتاج اور بدحال ہونا صفت مُعْوِزٌ و مُعْوَزٌ۔ أَعْوَزَهُ المَطْلُوبُ۔ مقصود کا عاجز کر دینا۔ اور حصول کو مشکل بنا دینا۔ أَعْوَزَ فِي الشَّيْءِ۔ محتاج ہونا اور قادر نہ ہونا۔ أَعْوَزَ الشَّيْءُ۔ دشوار ہونا۔ الدَّهْرُ فُلَانًا۔ زمانے کا کسی کو محتاج کر دینا۔
إِعْوَزَّ إِعْوِزَازًا۔ حیلہ کرنا۔ بدحال ہونا۔
العَوْزُ۔ مص۔ دانہ انگور۔ واحد عَوْزَةٌ
العَوَزُ۔ ضرورت، تنگی۔
المِعْوَزُ والمِعْوَزَةُ۔ پرانا بوسیدہ کپڑا۔ وہ کپڑا جس سے دوسرے کپڑے کی حفاظت ہو۔ ج۔ مَعَاوِزُ ومَعَاوِزَةٌ۔
عَاسَ يَعُوسُ عَوْسًا وعَوَسَانًا۔ شب کے وقت چکر لگانا۔ عَلَى عِيَالِهِ۔ اولاد

کے لیے محنت سے کمانا۔ عِمَالَةً۔ خوراک دینا۔ عَوْسًا و عِيَاسَةً، الذِّئْبُ۔ بھیڑیے کا رات میں خوراک تلاش کرنا۔ عَوْسًا، الشیءَ۔ تعریف کرنا۔ مَعِيشَتَهُ، درست کرنا۔

عَوِسَ يَعْوَسُ عَوَسًا۔ ہنستے وقت رخسارے میں گڑھا پڑنا۔ صفت اَعْوَسُ۔

العُوسُ۔ سفید مینڈھے، نسبت کے لیے عُوسِيٌّ کہتے ہیں۔ كَبْشٌ عُوسِيٌّ۔

العَوَّاسُ۔ مبالغہ کا صیغہ ہے۔

عَاصَ يَعَاصُ و عَوِصَ يَعْوَصُ عِيَاصًا و عَوَصًا۔ الشیءُ۔ سخت ہونا۔ مشکل ہونا۔ الکلامُ۔ کلام کا سمجھنے میں دشوار ہونا۔

اِعْتَاصَ اِعْتِيَاصًا۔ الاَمْرُ عَلَيْهِ۔ سخت ہونا، دشوار ہونا۔ پیچیدہ ہونا جس کی بنا پر صواب کو نہ پایا جاسکے۔

عَوَّصَ۔ عمل و قوت میں راہ راست پر نہ ہونا۔ الشاعرُ اَوِ الخَطِيبُ، ایسا شعر یا کلام کہنا جس کا سمجھنا دشوار ہو۔

اَعْوَصَ عَوْصًا عِيَاصًا۔ و العِيَاصُ اِعْوَاصًا بِخَصْمِهِ و عَلَى خَصْمِهِ دلیلوں سے حیران کر دینا۔ فِي الكلامِ باریک بات کہنا۔

عَاوَصَهُ مُعَاوَصَةً۔ کشتی لڑنا۔ پچھاڑ دینا۔

الاَعْوَصُ۔ باریک بات۔ مؤنث۔ عَوْصَاءُ۔

العَوْصَاءُ۔ مؤنث اَعْوَصُ۔ سختی، ضرورت كَلِمَةٌ عَوْصَاءُ۔ نادر بات۔

العَوِصُ۔

العَائِصُ و العَوْصُ و العَيْصَاءُ، دقتی ضرورت۔ العَوْصُ۔ نفس، قوت، حرکت۔

العُوَيْصُ۔ مِنَ الاُمُورِ دشوار۔ مِنَ الکلامِ جس کا سمجھنا دشوار ہو۔ مِنَ الدَّوَاهِي۔ سخت مصائب۔ مؤنث عُوَيْصَةٌ۔ العُوَيْصَةُ۔ سختی، نفس، قوت، حرکت۔

عَاضَ يَعُوضُ عَوْضًا، عِوَضًا عِيَاضًا و عَوَّضَ، عَاوَضَ، اَعَاضَ اِعَاضَةً۔ فُلَانًا مِنْ كَذَا۔ بدلہ دینا۔

تَعَوَّضَ وَ اعْتَاضَ۔ مِنْهُ۔ بدلہ لینا۔

اِعْتَاضَ اِسْتَعَاضَ۔ فُلَانًا۔ بدلہ مانگنا

عَوْضُ۔ یہ کلمہ مبنی ہے، تینوں حرکتوں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے، اسم ظرف ہے۔ مستقبل کے استغراق کا کام دیتا ہے۔ جیسے لَا اُفَارِقُكَ عَوْضُ۔ میں کبھی تجھ سے جدا نہ ہوں گا۔ استغراق ماضی کے لیے بھی آتا ہے جیسے مَا رَاَيْتُ مِثْلَهُ عَوْضُ۔ میں نے اس جیسا کبھی نہیں دیکھا۔ یہ نفی کے ساتھ خاص ہے، بحالت اضافت معرب ہوتا ہے۔ جیسے لَا اَفْعَلُهُ عَوْضَ العَائِضِينَ۔ میں ایسا کبھی نہیں کروں گا۔

العِوَضُ۔ ج۔ اَعْوَاضٌ۔ العَائِضُ و المَعُوضَةُ۔ بدلہ۔

عَاطَتْ (ن)، عَوْطًا و تَعَوَّطَتْ، تَعَوُّطًا۔ النَّاقَةُ اَوِ النَّاقَةُ۔ عورت یا اونٹنی کا کئی سال تک حاملہ نہ ہونا، بغیر بانجھ ہوئے۔ العَنَقُ۔ گردن لمبی ہونا۔

العَائِطُ۔ جو بغیر بانجھ پن کے کئی سال حاملہ نہ ہو۔ ج۔ عُوطٌ و عَوَائِطُ، عِيطٌ عُوَّطٌ، عِيطَاتٌ۔

عَافَ يَعُوفُ عَوْفًا۔ الطَّائِرُ۔ پرند کا منڈلانا۔

تَعَوَّفَ۔ الاَسَدُ۔ شیر کا رات میں شکار ڈھونڈنا اور اس کو پھاڑنا۔

العَافُ۔ نرم۔

العَوْفُ۔ مم۔ حال، حصہ، مہمان، مرغ، شیر، بھیڑیا۔ آل اولاد کے لیے محنت برداشت کرنے والا، پرندہ، ایک خوشبودار نباتات۔ اَبُو عَوْفٍ۔ نر ٹڈی۔ اُمُّ عَوْفٍ۔ مادہ ٹڈی۔

العُوَافُ و العُوَافَةُ۔ وہ شکار جس کو رات کے وقت شیر مارے، غنیمت

عَاقَهُ يَعُوقُهُ عَوْقًا، عَوَّقَهُ، اَعَاقَهُ اِعَاقَةً، اِعْتَاقَهُ اِعْتِيَاقًا۔ عَنْ كَذَا۔ روکنا۔ باز رکھنا، ہٹا دینا۔ کہتے ہیں: اَعْوَقَنِي الزَّادُ اَوِ الدَّابَّةُ اِعْوَاقًا۔ مجھے سفر سے توشہ یا سواری نے باز رکھا۔

تَعَوَّقَ۔ پیچھے ہٹنا۔ تَعَوَّقَ فُلَانًا۔ باز رکھنا۔ روک دینا۔

العَوْقُ و العُوقُ۔ روکنے والا۔ بے فیض انسان، لوگوں کو اچھے کاموں سے روکنے والا۔ وادی کا موڑ۔ ج۔ اَعْوَاقٌ۔

العُوَقُ، العَوَقُ، العِوَقُ، العَيِّقُ، العُوَّقُ العُوقَةُ۔ بزدل۔ روکنے والا۔ رَجُلٌ عُوَقَةٌ، عُوَّقَةٌ، عُوَّقٌ، عَوِقٌ، عَيِّقٌ۔ لوگوں کو بھلے کاموں سے روکنے والا۔

العَوِيقُ۔ بھوک۔

العَائِقُ۔ فا۔ ہر روکنے والی چیز۔ ج۔ عَوَائِقُ و عُوَّقٌ، عَوَائِقُ الدَّهْرِ۔ مشاغل زمانہ۔

العَائِقَةُ۔ مؤنث عَائِقٌ۔ عمل سے رکاوٹ ج۔ عَوَائِقُ۔

العَيُّوقُ۔ ایک ستارہ جو ثریا کے پیچھے ہوتا ہے۔

الغَوَاقُ والعَوِيقُ۔ جانور کے پیٹ کی آواز جو چلنے میں نکلتی ہے۔
عَاكَ يَعُوكُ عَوْكًا وعَكَاكًا۔ علیہ حملہ کیا۔ متوجہ ہوا۔ بہ۔ پناہ لی۔
مَعَاكَةً۔ کمائی کی۔ صفت عَائِكٌ۔
تَعَاوَكَ۔ القومُ۔ باہم لڑنا۔
اِعْتَوَكَ۔ القومُ۔ ہجوم کرنا۔
العَوْكُ۔ مص۔ کہتے ہیں: "مَا بِهِ عَوْكٌ"۔ اس میں کوئی حرکت نہیں۔
العَوِيكَةُ والمَعُوكَةُ۔ لڑائی۔
المَعَاكُ۔ پناہ گاہ، راستہ، برداشت۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا۔ فِي حُكْمِهِ۔ ظلم کرنا۔ سیدھی راہ سے ہٹنا۔ یَعُولُ عَوْلًا، عَالَ يَعِيلُ عَيْلًا، فِي المِيزَانِ۔ خیانت کرنا۔ المِيزَانُ گھٹنا۔ امرُ القومِ۔ مضطرب ہونا۔ الطعمُ عَوْلًا۔ بھاری ہونا۔ عَالَتِ النَّاقَةُ ذَنَبَهَا۔ اونٹنی کا دُم اٹھانا۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا وعِيَالَةً۔ کثیر اولاد ہونا۔
عَالَ يَعُولُ عَوْلًا وعِيَالَةً، عُوُولًا۔ الرَّجُلُ عِيَالَهُ۔ آل اولاد کے معاش کی کفایت کرنا۔ المَعِيشَةُ کفالت کرنا۔ کہتے ہیں: "عَالَ عَوْلُهُ عِيلَ عَوْلُهُ"۔ اس کی ماں نے اسے گم کر دیا۔
عَالَ وعَيْلَ۔ صَبْرُهُ۔ بے صبرا ہونا۔ الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔ صفت مَعُولٌ۔
أَعَالَ إِعَالَةً، أَعْوَلَ إِعْوَالًا، أَعْيَلَ إِعْيَالًا۔ الرَّجُلُ۔ بہت اولاد والا ہونا۔ أَعَالَ الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔
أَعَالَ وأَعْيَلَ۔ حریص ہونا۔ صفت مُعْوِلٌ، مُعِيلٌ، أَعَالَ عِيَالَهُ۔ اہل وعیال کی روزی کے لیے کافی ہونا۔
أَعْوَلَ۔ چلا کر رونا۔ عَلَى فُلَانٍ وبِهِ۔ مدد طلب کرنا۔ بھروسہ کرنا۔ کہتے ہیں۔ "عَوِّلْ عَلَيَّ بِمَا شِئْتَ"۔ جو چاہو مدد لو۔ عَوَّلَ عَلَيْهِ مُعَوَّلًا کہتے ہیں مگر تعویلًا نہیں کہتے اور اسم العَوْلُ ہے۔ اور کہتے ہیں: "عَوَّلْنَا إِلَى فُلَانٍ فِي حَاجَتِنَا فَوَجَدْنَاهُ نِعْمَ المُعَوَّلُ"۔ ہم نے فلاں شخص سے اپنی ضرورت میں پناہ مانگی تو وہ بہترین پناہ گاہ ثابت ہوا۔
عَيَّلَ تَعْيِيلًا۔ عِيَالَهُ۔ اہل وعیال کی معاش کے لیے کافی ہونا۔
اِعْتَوَلَ اِعْتِوَالًا۔ چلا کر رونا۔ کہتے ہیں "مَا لَهُ عَالٌ وَلَا مَالٌ"۔ اس کے پاس کچھ نہیں ہے۔
العَوْلُ والعَوْلَةُ والعَوِيلُ۔ چیختے ہوئے گریہ وزاری کرنا۔ العَوْلُ۔ ہر ایک تکلیف دہ کام۔ آل واولاد کی خوراک۔ مدد طلب کیا ہوا۔
العَوْلُ۔ مدد طلب کرنا، بھروسہ، عمدہ، کہتے ہیں: "فُلَانٌ وَكَلْتُ حَقَّ النَّاسِ"۔ فلاں شخص میرے سب قابلِ اعتماد ہے۔
العَالَةُ۔ شترمرغ۔ بارش سے بچنے کے واسطے جھونپڑی جو لکڑی وغیرہ کی ہو۔
عَيِّلٌ۔ الرَّجُلُ۔ گھر کے وہ آدمی جن کا نان نفقہ واجب ہو مذکر ومؤنث دونوں کو شامل ہے۔ ج۔ عِيَالٌ، عَيَائِلُ، عَالَةٌ۔
المِعْوَلُ۔ کدال، پھاوڑا۔ ج۔ مَعَاوِلُ۔
المُعَوَّلُ۔ جس سے فریاد کی جائے، جس پر بھروسہ کیا جائے۔
عَامَ يَعُومُ عَوْمًا۔ فِي المَاءِ۔ تیرنا۔ صفت عَائِمٌ۔ عَامَتِ السَّفِينَةُ فِي المَاءِ۔ کشتی چلنا۔ عَامَ الزِّمَامُ۔ لگام ہلنا۔ عَامَتِ النُّجُومُ۔ ستاروں کا چلنا۔
عَوَّمَ۔ کٹی کھیتی کو دستہ دستہ رکھنا۔ عَوَّمَ السَّفِينَةَ۔ کشتی چلانا۔ الكَرْمُ۔ ایک سال چھوڑ کر انگور کے درخت کا پھل لانا۔ عَاوَمَ فُلَانٌ فُلَانًا۔ سال بھر کے لیے کرایہ پر معاملہ کرنا۔
أَعْوَمَ إِعْوَامًا۔ ایک سالہ ہونا۔ اوّل سال میں ہونا۔
العَامُ۔ عَامَةٌ کی جمع ہے، دن، سال۔ ج۔ أَعْوَامٌ۔ تصغیر عُوَيْمٌ۔ نسبت کے لیے عَامِيٌّ آتا ہے۔
العَامَةُ۔ عامہ کا پیچ، سوار کا سر جو میدان میں دور سے نظر آئے۔ گھنٹی۔ العَامَةُ کٹی ہوئی کھیتی کے جمع شدہ گٹھے۔ ج۔ عَامٌ۔
العُومَةُ۔ ایک کیڑا جو پانی میں تیرتا ہے۔ ایک قسم کا سانپ۔ ج۔ عُوَمٌ۔
العَوَّامُ۔ مبالغہ عائم۔ تیز چال والا گھوڑا۔
العَوَّامَةُ۔ بنسی کی ڈوری کی وہ لکڑی وغیرہ جو پانی پر تیرتی ہے جس کی حرکت سے اندازہ ہوتا ہے کہ مچھلی پھنس گئی ہے۔
العُوَّامُ۔ سوار کا سر جو دور سے میدان میں نظر آئے۔ کہتے ہیں کہ "لَقِيتُهُ ذَاتَ العُوَيْمِ"۔ یعنی میں سالوں میں کسی سال ملا۔
المُتَعَامُ۔ جہاز، کشتی۔
عَانَتْ تَعُونُ عَوْنًا۔ المَرْأَةُ۔ عورت کا ادھیڑ عمر والی ہونا۔
عَوَّنَهُ، تَعْوِينًا، عَاوَنَهُ، مُعَاوَنَةً، عِوَانًا، أَعَانَهُ إِعَانَةً عَلَى الشَّيْءِ۔ مدد کرنا۔ تَعَوَّنَتِ المَرْأَةُ۔ ادھیڑ عمر والی ہونا۔

اَعَانَہُ مِنْہُ، کسی کو رہائی دینا۔

تَعَاوَنَ واعْتَوَنَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا۔

اِسْتَعَانَ فلانًا وبفلانٍ۔ مدد مانگنا۔

العَوْنُ۔ مص۔ مددگار۔ مدد کرنا۔ خادم۔ دو احد، جمع، مذکر، مؤنث۔ ج۔ اَعْوَانٌ۔

العَانَۃُ۔ گدھی۔ گورخر کا ریوڑ۔ پیڑو۔ ج۔ عُوْنٌ، عَانَاتٌ۔

العَوَانُ۔ بارش شدہ زمین، وہ جنگ جو بار بار ہو۔ الحَرْبُ العَوَانُ۔ سخت لڑائی۔ العَوَانُ۔ ادھیڑ عمر۔ ج۔ عُوْنٌ۔

العَوَانَۃُ۔ کھجور کا لمبا درخت، ایک کیڑا جو ریت میں ہوتا ہے۔ ایک جانور جو سہہ سے مشابہ ہوتا ہے۔

المَعَانَۃُ، المَعُوْنَۃُ، المَعُوْنُ۔ مدد۔

المِعْوَانُ۔ بہتر مددگار۔ بہت مددگار۔ ج۔ مَعَاوِیْنُ۔

المُتَعَاوِنَۃُ۔ بوڑھی عورت۔

عَاہَ یَعُوْہُ عَوْہًا وعِیْہَۃً۔ الزَّرْعُ کھیتی کا آفت زدہ ہونا۔ الرَّجُلُ۔ آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ صفت عَائِہٌ، عَاہٌ، عَاہٌ، اَعْوَہٌ۔

عَوَّہَ۔ الرجلَ۔ آفت پہنچانا۔ د۔ اَعَاہَ، اَعْوَہَ اَعَاہَۃً، اِعْوَاہًا

تَعَوَّہَ تَعَوُّہًا، آفت رسیدہ کھیت یا جانوروں کا مالک ہونا۔ عَوَّہَ القومُ۔ کچھ دیر سونے کے لیے سفر میں ٹھیرنا۔ عَوَّہَ عَلَیْہِمْ۔ ٹھیرنا، اقامت کرنا۔

العَاہَۃُ۔ آفت۔ اَہْلُ العَاہَاتِ آفت رسیدہ لوگ۔

المَعْیُوْہُ والمَعُوْہُ والمَعِیْہُ۔ وہ

المَوَاشِی وغیرہا۔ آفت رسیدہ

عَوٰی یَعْوِیْ عُوَاءً، عَیًّا، عَوَّۃً، عَوِیَّۃً۔ الکلبُ اَوِ الذِّئْبُ و ابنُ آوٰی۔ بھونکنا۔ کہتے ہیں۔ فلانٌ مَا یَعْوِیْ وَمَا یَنْبَحُ۔ کمزور ہے۔ ۔القومَ اِلَی الفِتْنَۃِ۔ بلانا۔ د۔ عَوَاہُ یَعْوِیْہِ عَیًّا، عَنِ الشَّیْءِ باز رکھنا۔ عَوَی القوسَ ونحوَہُ۔ کمان کو جھکانا۔ الحَبْلَ اَوِ الشَّعْرَ رسی یا بال کو بٹنا۔ عَنِ الرَّجُلِ جواب دینا اور غیبت کرنے والے کو جھٹلانا۔

اِعْتَوٰی اِعْتِوَاءً۔ الشَّیْءَ۔ موڑنا۔ الکلبُ کتے کا بھونکنا۔ عَاوَی الکلبَ مُعَاوَاۃً۔ بھونک کر کتے کو بھونکنے پر اکسانا۔

تَعَاوٰی تَعَاوِیًا۔ القومُ عَلٰی فلانٍ کسی پر ہجوم کرنا۔

اِنْعَوٰی اِنْعِوَاءً۔

اِسْتَعْوٰی اِسْتِعْوَاءً۔ القومَ۔ فریاد کرنا فتنہ پر ابھارنا۔ ۔ ہٗ۔ بھونکوانا۔

العَوَّاءُ۔ کتا جو خوب بھونکتا ہو۔

العَوَّۃُ۔ مص۔ آواز، شور۔ د۔ العُوَّۃُ۔ چوتڑ۔

المُعَاوِیَۃُ۔ کتیا۔ لومڑی کا بچہ۔

عَابَ یَعِیْبُ عَیْبًا۔ الشیءَ۔ عیب دار بنانا۔ صفت فاعلی۔ عَائِبٌ۔ صفت مفعولی۔ مَعِیْبٌ، مَعْیُوْبٌ۔ فلانًا عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عَابَ الشیءُ۔ عیب دار ہونا۔ صفت عَائِبٌ۔

عَیَّبَ، تَعَیَّبَ۔ الرجلَ۔ عیب کی طرف منسوب کرنا۔ عیب دار بنانا۔

تَعَایَبَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔

العَیْبُ۔ مص۔ برائی۔ ج۔ عُیُوْبٌ۔

العَیْبَۃُ۔ ایک بار عیب جوئی کرنا، چمڑے کی زنبیل۔ کپڑوں کے محفوظ رکھنے کا صندوق۔ ج۔ عِیَبٌ، عِیَابٌ، عَیْبَاتٌ۔ العَیْبَۃُ مِنَ الرَّجُلِ بھید کی جگہ۔

العَابُ۔ عیب، برائی۔

العَیَّابُ، العَیَّابَۃُ، العُیَبَۃُ۔ بڑا عیب جو۔

المَعَابُ المَعَابَۃُ۔ عیب، برائی۔ ج۔ مَعَایِبُ۔

المَعِیْبُ والمَعْیُوْبُ۔ عیب دار۔

المُعَیِّبُ۔ زنبیل ساز۔

عَاثَ یَعِیْثُ عَیْثًا، عُیُوْثًا، عَیَثَانًا۔ الشیءَ۔ فاسد کرنا۔ فی مالِہِ۔ فضول خرچی کرنا اور خرچ کرنے میں جلدی کرنا۔ صفت مذکر عَیْثَانٌ۔ صفت مؤنث عَیْثٰی۔

عَیَّثَ۔ اندھیرے میں ہاتھوں سے ٹٹولنا۔ کہتے ہیں۔ عَیَّثَ یَفْعَلُ کذا۔ وہ ایسا کرنے لگا۔

تَعَیَّثَتِ الاِبلُ۔ سیرابی سے کم پینا۔

العَیُوْثُ والعَیَّاثُ۔ بہت فساد مچانے والا۔ د۔ والعَائِثُ، شیر۔

العَیْثَۃُ۔ ایک بار کی فساد انگیزی، نرم سرزمین۔

عَاجَ یَعِیْجُ عَیْجًا بالشیءِ۔ پرواہ کرنا۔ کہتے ہیں۔ لَا اَعِیْجُ بِکَلَامِہٖ۔ میں اس کی بات کی پرواہ نہیں کرتا۔ مَا عِجْتُ بالشیءِ۔ میں اس پر راضی نہیں۔ شَرِبْتُ الدَّوَاءَ فما عِجْتُ بِہٖ۔ میں نے دوائی پی تو کچھ فائدہ نہ ہوا۔ (یہ ہمیشہ منفی استعمال ہوتا ہے)

عَارَ یَعِیْرُ عَیْرًا۔ حیرانی کے ساتھ آنا جانا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا ناک کی سیدھ میں

بھاگنا کہ کوئی چیز اسے نہ پھیر سکے۔
اسم العیار۔ فلانًا۔ عیب لگانا۔
عَارَتِ القَصِیدَۃُ۔ قصیدہ کا مشہور ہونا۔
عَیَّرَ۔ فُلانًا۔ عار کی طرف نسبت کرنا۔ کسی کام کی برائی بیان کرنا۔ کہتے ہیں: عَیَّرَہٗ کذا، عَیَّرَہٗ بِکذا۔ عار دلانا۔ عَیَّرَ الماءُ۔ کائی والا ہونا۔
عَایَرَ مُعَایَرَۃً، عِیَارًا۔ المِکْیَالَ اَوِ المِیْزَانَ۔ اندازہ کرنا۔ جانچنا۔ عَایَرَ فُلانًا۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
اَعَارَ اِعَارَۃً۔ الفَرَسَ۔ چرنے کے لیے چھوڑ دینا۔ موٹا کرنا۔
تَعَایَرَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کا عیب بیان کرنا۔ ایک دوسرے کو شرم دلانا۔
العَارُ۔ عیب، ہر وہ قول و فعل جس سے آدمی کو شرم آئے۔ ج۔ اَعْیَارٌ۔
العَیْرُ۔ مص۔ گدھا۔ گورخر۔ گورخر کے معنوں میں زیادہ استعمال ہوتا ہے۔ ج۔ اَعْیَارٌ، عِیَارٌ، عُیُوْرٌ، عُیُوْرَۃٌ، عَیْرَاتٌ۔ مؤنث عَیْرَۃٌ۔
العَیْرُ۔ ہر ابھری چیز۔ آنکھ کی پتلی۔ پلک۔ کھونٹی۔ لکڑی جو ہودج کے آگے لگی ہوتی ہے۔ پہاڑ۔ سردار، بادشاہ، ڈھول۔ عَیْرُ القَدَمِ۔ قدم کے بیچ کا ابھرا ہوا حصہ۔ عَیْرُ الوَرَقَۃِ۔ پتے کا درمیانی خط۔
العِیْرُ۔ قبیلہ حمیر کا قافلہ۔ پھر تمام قافلوں پر اس کا اطلاق ہونے لگا۔ ج۔ عِیْرَاتٌ۔
العَائِرُ۔ فا۔ حیران، مزدور، چکر لگانے والا۔ سَھْمٌ عَائِرٌ۔ جس تیر کا پھینکنے والا نہ معلوم ہو۔ شَاۃٌ عَائِرَۃٌ۔ بکری جو دو گلوں کے درمیان پریشان پھرے کہ کدھر جائے۔

العِیَارُ۔ ج۔ عُیُرٌ۔ عِیَارُ الشَّیءِ۔ ہر چیز کا اندازہ۔ ج۔ عِیَارَاتٌ۔ عِیَارُ الدَّرَاھِمِ وَالدَّنَانِیْرِ۔ دراہم و دنانیر کا ٹھپہ۔
العَیَّارُ۔ بہت پھرنے والا۔ آوارہ گرد۔ فَرَسٌ عَیَّارٌ۔ تیز رفتار گھوڑا۔
المِعْیَارُ۔ کسوٹی۔ ج۔ مَعَایِیْرُ۔
المُعَارُ۔ مِنَ الخَیْلِ۔ گھوڑا جو مع سوار کے راستے سے ایک طرف ہو جائے۔
المَعَایِرُ۔ عیوب۔
المُسْتَعِیْرُ۔ جو گدھے کے مشابہ ہو۔ موٹا گھوڑا۔
اَعْبَسَ اِعْبَاسًا۔ الزَّرْعُ۔ کھیتی کا مرجھانا۔ خشک ہونا۔
تَعَیَّسَتِ الاِبِلُ۔ بھورے رنگ والا ہونا۔
العَیَسُ والعِیْسَۃُ۔ بھورا رنگ۔
العِیْسُ۔ بھورے رنگ کا اونٹ۔ واحد مذکر اَعْیَسُ، واحد مؤنث عَیْسَاءُ۔
العَیْسُ۔ عمدہ قسم کے اونٹ۔
العَیْسَاءُ۔ ٹڈی مادہ۔
عِیْسٰی۔ عبرانی کلمہ ہے۔ مسیح علیہ السلام کا نام ہے۔ نسبت کے لیے عِیْسَوِیٌّ اور عِیْسِیٌّ آتا ہے۔
عَاشَ یَعِیْشُ عَیْشًا، عِیْشَۃً، مَعَاشًا، مَعِیْشًا، مَعِیْشَۃً، عَیْشُوْشَۃً۔ زندہ رہنا۔
عَیَّشَہٗ، اَعَاشَہٗ اِعَاشَۃً۔ زندہ رکھنا۔
عَایَشَہٗ۔ ساتھ زندگی گذارنا۔
تَعَیَّشَ۔ اسباب زندگی کے لیے کوشش کرنا۔
تَعَایَشُوْا۔ بِالاُلْفَۃِ وَالمَوَدَّۃِ۔ محبت پیار سے ایک ساتھ زندگی گذارنا۔
العَائِشُ۔ فا۔ کہتے ہیں: ھُوَ رَجُلٌ عَائِشٌ: اس کی اچھی حالت ہے۔
العَیْشُ۔ مص۔ زندگی، کھانا، روٹی ر۔ و

العِیْشَۃُ۔ زندگی کی حالت۔
العَیَّاشُ۔ روٹی فروخت کرنے والا۔ کھانا فروخت کرنے والا۔ عائش کا مبالغہ۔
المَعَاشُ والمَعِیْشَۃُ۔ کھانے پینے کی جس چیز سے گذران ہو سکے، ذریعہ زندگی۔ المعاش۔ زندگی کے گذران کو ڈھونڈنا، وقت، زمانہ۔ ج۔ مَعَایِشُ۔
المُتَعَیِّشُ۔ فا۔ جس کے پاس گذر بسر کے لیے کچھ ہو۔
العِیْصُ۔ گنجان جھاڑی، اچھے درختوں کے اگنے کا مقام۔ اصل۔ کہتے ہیں: "ھُوَ مِنْ عِیْصٍ کَرِیْمٍ": وہ شریف اصل ہے۔ ج۔ اَعْیَاصٌ، عِیْصَانٌ۔
المَعِیْصُ۔ درختوں کے اگنے کا مقام۔
عَاطَتْ تَعِیْطُ عَیْطًا۔ العُنُقُ۔ گردن کا لمبی ہونا۔ صفت مذکر۔ اَعْیَطُ۔ مؤنث عَیْطَاءُ۔ ج۔ عِیْطٌ۔
عَیَّطَ تَعْیِیْطًا۔ چیخنا۔ چلانا۔
تَعَیَّطَ۔ غضب ناک ہونا۔ القَوْمُ۔ چیخنا، شور مچانا۔ تَعَیَّطَتِ العُنُقُ۔ گردن لمبی ہونا۔ تَعَیَّطَ العُوْدُ۔ لکڑی سے پانی جیسا بہہ کر گوند بننا۔
العِیَاطُ۔ چیخ، پکار۔
العَائِطُ۔ فا۔ چیخنے والا۔ ج۔ عُوْطٌ، عِیْطٌ، عُیَّطٌ، عُوْطَطٌ، عِیْطَاتٌ۔ مبالغہ کے لیے کہتے ہیں عَائِطٌ، عِیْطٌ عُوْطٌ، عُوْطَطٌ۔
ھَضْبَۃٌ عَیْطَاءُ۔ اونچا ٹیلہ۔
عَافَ یَعِیْفُ، یَعَافُ عَیْفًا، عِیَافًا، عَیَفَانًا۔ الطَّعَامَ وغیرہ۔ کراہت کی بنا پر چھوڑ دینا۔
عَافَ یَعِیْفُ عِیَافَۃً۔ الطَّیْرَ۔ پرند اڑا کر فال لینا۔
عَافَتْ تَعِیْفُ عَیْفًا۔ الطَّیْرُ۔ منڈلانا۔ اسم عَیْفَۃٌ ہے۔

أَعَافَ إِعَافَةً۔ اَلْقَوْمُ۔ پانی ناپسند کرنے والے جانوروں کا مالک ہونا۔
اِعْتَافَ اِعْتِيَافًا۔ سفر کے لیے توشہ لینا۔
۔ اَلطَّعَامَ وَغَيْرَهُ۔ ناپسندیدگی کی بنا پر چھوڑ دینا۔
اَلْعَائِفُ۔ فا۔ شگن لینے والا۔
اَلْعَيْفَةُ۔ ایک بار مکروہ جاننا۔ عَيْفَةُ الطَّائِرِ۔ منڈلانا۔ پرند کا چکر۔
اَلْعِيْفَةُ۔ کراہت کی نوعیت، عمدہ مال۔
اَلْعَيُوفُ، اَلْعَيُوفُ۔ شگون لینے والا۔
نُسُوْرٌ عَوَائِفُ۔ مقتولوں پر منڈلانے والے گدھ۔
اَلْعَيَّافُ۔ نفرت کرنے کا عادی۔
اَلْمَعِيْفُ۔ مکروہ۔
اَلْمُتَعَيِّفُ۔ شگون لینے والا۔ فال نکالنے والا۔
عَاقَ يَعِيْقُ عَيْقًا بمعنی عَاقَ يَعُوْقُ عَوْقًا۔
عَاكَ يَعِيْكُ عَيْكًا۔ مونڈھے کو ہلاتے ہوئے چلنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا، عُيُوْلًا، عُيُوْلًا۔ فِی الْاَرْضِ۔ چلنا پھرنا۔
عَالَ يَعِيْلُ عَيْلًا، عَيْلَةً، عُيُوْلًا، مَعِيْلًا۔ محتاج ہونا۔ صفت عَائِلٌ مؤنث عَائِلَةٌ۔ اسم عَيْلَةٌ۔ عَالَ الرَّجُلُ۔ بہت اولاد والا ہونا۔
عَيَّلَ، کثیر اولاد ہونا۔ عِيَالَةً۔ معاش کی طرف سے کافی ہونا۔ اَلْقَوْمَ۔ عیال بنا لینا، بیکار چھوڑ دینا۔ فَرَسَهُ۔ مہمل کر دینا۔ بیکار چھوڑ دینا۔
أَعْيَلَ إِعْيَالًا۔ کثیر العیال ہونا۔ صفت مذکر مُعِيْلٌ۔ صفت مؤنث مُعِيْلَةٌ۔
تَعَيَّلَ۔ فِی الْمَشْیِ۔ نازو انداز سے چلنا۔
اَلْعَائِلُ۔ فا۔ محتاج۔ ج۔ عَالَةٌ، عُيَّلٌ، عِيْلٌ، عِيَّلٌ۔

اَلْعَيْلَانُ۔ نر بجو۔
عَيِّلٌ۔ الرَّجُلِ۔ گھر کے افراد۔ ج۔ عَيَائِلُ۔
عَيْلَةُ الرَّجُلِ وَعَائِلَتُهُ۔ گھر کے لوگ جن کا نان نفقہ واجب ہو۔ کہتے ہیں أَمْسَيْتُ أَنَا عَيْلَةً۔ میں فقیر ہو گیا۔
اَلْعَالَةُ۔ فاقہ۔
اَلْعَيَّالُ۔ ناز سے چلنے والا۔
اَلْعِيَالَةُ وَالْمَعَالَةُ۔ لِلْبُرِّ وَنَحْوِهِ وغیرہ۔ چارہ۔
رَجُلٌ مُعَيَّلٌ۔ صاحب عیال، اہل و عیال والا۔
عَامَ يَعَامُ يَعِيْمُ عَيْمًا، عَيْمَةً۔ دودھ کا خواہش مند ہونا۔
أَعَامَهُ إِعَامَةً۔ اَللّٰهُ۔ بغیر دودھ کے چھوڑنا۔ أَعَامَ الرَّجُلُ۔ بغیر دودھ کے رہنا۔ اَلْقَوْمُ۔ دودھ کم ہونا۔
اِعْتَامَ اِعْتِيَامًا۔ عمدہ مال چھانٹ لینا۔
اَلْعَيْمَةُ۔ دودھ کی بہت خواہش۔
اَلْعِيْمَةُ۔ عمدہ مال۔
اَلْعَامُ۔ دن۔ کہتے ہیں "سِرْنَا الْعِيَامَ كُلَّهُ" سارے دن چلتا رہا۔
اَلْعَيْمَانُ۔ دودھ کا خواہش مند مؤنث عَيْمٰى۔ ج۔ عَيَامٰى۔
عَانَ يَعِيْنُ عَيْنًا۔ اَلرَّجُلَ۔ نظر لگانا۔ صفت عَائِنٌ۔ صفت مفعول مَعِيْنٌ، مَعْيُوْنٌ۔ ۔ عَيْنًا، عَيَانًا، عَيَنَانًا۔ اَلْمَاءُ أَوِ الدَّمْعُ۔ پانی یا آنسو کا جاری ہونا۔
عَانَتِ الْبِئْرُ۔ کنویں کا بہت پانی والا ہونا۔ کہتے ہیں "حَفَرْتُ حَتّٰى عِنْتُ" میں نے کھودا حتی کہ پانی کے چشمے تک پہنچ گیا۔ ۔ عِيَانَةً۔ اَلْقَوْمَ۔ خبر لانا۔ ۔ عَلَى الْقَوْمِ۔ جاسوس بننا۔
عَيِنَ يَعْيَنُ عَيَنًا، عِيْنَةً۔ آنکھ کی خوب چوڑی پتلی والا ہونا۔
عَيَّنَ تَعْيِيْنًا۔ اَلشَّجَرُ۔ سرسبز ہونا، شگوفہ دار ہونا۔ اَلتَّاجِرُ۔ سامان کو ایک مدت کے وعدے پر فروخت کرنا، اور پھر پہلی قیمت سے کم میں دوبارہ خرید لینا۔ اَلْعَيْنَ۔ حرف عین لکھنا۔ اَللُّؤْلُؤَةَ۔ پرونا۔ اَلْقِرْبَةَ۔ مشک میں پانی ڈالنا تاکہ سلائی کے سوراخ بند ہو جائیں۔ اَلْحَرْبَ بَيْنَنَا۔ لڑائی کرانا۔ اَلشَّيْءَ۔ خاص کرنا۔ علیحدہ کرنا۔ فُلَانًا۔ برائیوں کو منہ در منہ کہنا۔ عَلٰى فُلَانٍ۔ جاسوسی کرنا۔ عَلَى السَّارِقِ۔ تہمت والوں میں سے چور کو متعین کرنا۔ ۔ اَلشَّيْءَ لِفُلَانٍ۔ کسی کے لیے مخصوص کرنا، کہتے ہیں "مَا عَيَّنَ لِيْ بِشَيْءٍ وَمَا عَيَّنَنِيْ بِشَيْءٍ" مجھے کچھ نہیں دیا۔
أَعَانَ إِعَانَةً۔ عون کا مادہ دیکھو۔ کہتے ہیں "حَفَرْتُ حَتّٰى أَعْيَنْتُ" میں نے کھودا حتی کہ پانی کے چشمے تک پہنچ گیا۔ مَا أَعْيَنَهُ۔ وہ کس قدر بدنظر ہے۔
عَايَنَهُ عِيَانًا مُعَايَنَةً۔ خود دیکھنا۔ معائنہ کرنا۔
تَعَيَّنَهُ۔ نظر بد لگانا۔ تَعَيَّنَ الرَّجُلُ۔ یقینی طور پر دیکھنا۔ تَعَيَّنَ الشَّيْءَ۔ دیکھنا۔ اَلْجِلْدُ۔ کھال کا آبلہ دار ہونا۔ اَلرَّجُلُ۔ کسی چیز کے حصول کے لیے توقف کرنا۔ تَعَيَّنَ عَلَيْهِ الشَّيْءُ۔ معین طور کا لازم ہونا۔ اَلسِّقَاءُ۔ کہنگی کی وجہ سے چھوٹے چھوٹے دانوں کا پڑنا۔
اِعْتَانَ۔ اَلشَّيْءَ۔ عمدہ لے لینا۔ ادھار خریدنا۔ اَلْقَوْمَ۔ خبر لانا۔ لَهُمْ كَذَا۔ ملکوں کا جاسوسی کرنا۔
اَلْعَائِنُ۔ فا۔ کہتے ہیں "مَا بِالدَّارِ عَائِنٌ"

کوئی نہیں ہے۔ شَرِبْتُ مِنْ عَائِنِهَا۔
بہتے پانی سے پیا۔
العَائِنَةُ۔ مؤنث عَائِنٌ۔ کہتے ہیں "لَقِیْتُهُ
اَوَّلَ عَائِنَةٍ او آوَّلَ عَائِنَةٍ" ہر
شے سے پہلے ملا۔ عَائِنَةُ بَنِیْ فُلَانٍ
مال اور حاملین مال۔
العَیْنُ۔ مع۔ آنکھ، آنکھ کا ڈھیلا۔ پلک
وغیرہ سمیت سب پر اطلاق ہوتا ہے۔
مؤنث ہے۔ ج۔ اَعْیُنٌ، عُیُوْنٌ،
عِیُوْنٌ، اَعْیَانٌ۔ جج اَعْیُنَاتٌ۔
تصغیر عُیَیْنَةٌ۔
العَیْنُ۔ اہل شہر، اہل خانہ، بدنظری، کہتے
ہیں بِهِ عَیْنٌ۔ وہ بدنظر ہے۔ انسان،
اسی سے ہے "مَا بِالدَّارِ عَیْنٌ" کوئی
نہیں ہے۔ خاص، واضح، کہتے ہیں۔
ذَکَرَ الْحَقَّ بِعَیْنِهِ۔ خاص طریقہ پر
حق کو بیان کیا۔ نفیس، عزت، جھنڈا
عَیْنُ الْاِبْرَةِ۔ سوئی کا ناکہ۔ دیدبان
جاسوس، جماعت، ہر موجود چیز، کہتے
ہیں۔ بِعْتُهُ عَیْنًا بِعَیْنٍ۔ موجود کو
موجود کے ساتھ بیچا۔ عمدہ شے، کمال
کے پھولے چھوٹے ملنے، دینار، نقد
موجودات۔ ذات شے کہتے ہیں۔ هُوَ
هُوَ عَیْنًا او بِعَیْنِهِ۔ سعد، سوار، شریف
قوم، کمالد۔ ہراول دستہ، آفتاب،
شعاع آفتاب۔ مال تیار مال، نالی
کے پانی کے گرنے کا مقام، کنوئیں کے
پانی پھوٹنے کی جگہ، پانی کا چشمہ۔ ج۔
اَعْیُنٌ، عُیُوْنٌ۔ ترازو کا جھکاؤ، گوشہ
نظر، دیکھنے کی جگہ۔ کہتے ہیں "فُلَانٌ
عَیْنٌ عَلٰی عَیْنِ فُلَانٍ" فلاں کا نگہبان
ہے۔ هُوَ عَبْدُ عَیْنٍ اَوْ صَدِیْقُ
عَیْنٍ۔ وہ دکھاوے کا خادم یا دوست
ہے۔ لَقِیْتُهُ عَیْنَ عَنَّةٍ۔ میں اس
سے ملا کہ اس نے مجھے نہیں دیکھا لَقِیْتُهُ

اَوَّلَ عَیْنٍ۔ میں نے سب سے پہلے
ملاقات کی۔ لَا تَطْلُبْ اَثَرًا بَعْدَ
عَیْنٍ۔ معائنہ کے بعد اثر کو طلب مت
کرو۔ یہ ایسے موقع کے لیے ضرب المثل
ہے کہ کوئی شخص کسی چیز کو دیکھے اور
چھوڑ دے اور گم ہو جائے پر اس کے
اثر کے درپے ہو جائے۔ صَارَ خَبَرًا
بَعْدَ عَیْنٍ وَاَنْتَ عَلٰی عَیْنِیْ۔ تم
میری حفاظت میں ہو، میری نگاہ میں
تمہاری عزت ہے۔ مَا هُوَ بِعُرْضِ
عَیْنٍ۔ وہ قریب ہے۔ فَعَلَهُ عَلٰی
عَیْنٍ وَعَلٰی عَیْنَیْنِ وَعَمْدَ عَیْنٍ
وَعَمْدَ عَیْنَیْنِ وَعَمْدًا عَلٰی
عَیْنٍ۔ یقین کے ساتھ کوشش کی۔
لَكَمَ عَیْنَیْهِ۔ طمانچہ مارنا اور برا بھلا
کہنا۔ اَنْعَمَ اللّٰهُ بِكَ عَیْنًا۔ اللہ آنکھ
ٹھنڈی رکھے
العِیْنُ۔ بیل گائے۔
العَیِّنُ۔ مع۔ اہل شہر، جماعت۔
العِیَانُ۔ مص۔ شخص، کہتے ہیں لَقِیْتُهُ عِیَانًا۔
اس نے ملاقات کی یا دیکھا،
اور اس کے دیکھنے میں کوئی شک نہیں
العِیَانُ۔ ہل کا پھل۔ ج۔ عُیُنٌ،
اَعْیِنَةٌ۔
العَیْنَةُ۔ عمدہ مال۔ عَیْنَةُ الْخَیْلِ۔ عمدہ
گھوڑے۔ العَیْنَةُ مِنَ الْعَنْجَةِ۔
بکری کی آنکھ کا حلقہ۔ عَیْنَةُ الْحَرْبِ
مادہ جنگ۔ ثَوْبٌ عَیْنَةٌ۔ عمدہ کپڑا۔
بَیْعُ الْعِیْنَةِ۔ کسی چیز کو اصل قیمت سے
زیادہ ادھار بیچنا۔
العِیَانِیَّةُ۔ مِنَ الطُّیُوْرِ۔ مینی گاؤ۔
العِیْنِیَّةُ۔ چین کی طرف منسوب۔
العُیُوْنُ۔ بدنظر۔ ج۔ عِیْنٌ و عُیُنٌ۔
الاَعْیَنُ۔ جس کی پتلی بڑی اور چوڑی ہو۔
مؤنث عَیْنَاءُ۔ ج۔ عِیْنٌ۔ الاَعْیَنُ

جنگلی بیل۔ العَیْنَاءُ۔ خوبصورت آنکھوں
والی عورت۔ بہترین کلمہ۔ کہتے ہیں اَرْضٌ
عَیْنَاءُ۔ سرسبز زمین۔
المُعَایَنَةُ۔ مص۔ بہادری۔
المَعَانُ۔ منزل، کہتے ہیں "هُمْ مِنْكَ
بِمَعَانٍ" وہ لوگ ایسے مقام پر ہیں کہ
تم انہیں دیکھ سکتے ہو۔
العَیَّانُ والمِعْیَانُ۔ بہت نظر لگانے والا۔
المَاءُ المَعِیْنُ والمَعْیُوْنُ۔ جاری پانی۔
عَیْنٌ مَعْیُوْنَةٌ۔ وہ چشمہ جس میں پانی
بہت ہو۔
المُعَیِّنُ۔ اسم فاعل از تعیین، علم ہندسہ کی
اصطلاح میں ایسی شکل مسطح کا نام جس
کے چاروں ضلعے مستقیم و متساوی ہوں۔
لیکن زاویے قائمہ نہ ہوں۔
المُعَیَّنُ۔ اسم مفعول از تعیین۔ سانڈ۔
نرگاؤ۔ آنکھیں بڑی ہونے کی وجہ سے
یہ نام پڑا۔
ثَوْبٌ مُعَیَّنٌ۔ وہ کپڑا جس کے نقش و نگار
میں وحشی جانوروں کی آنکھوں کے مثل
خانے ہوں۔ نیز بولتے ہیں۔ نِیَّةٌ
مُعَیَّنَةٌ و مُعَیِّنَةٌ۔ یعنی واضح اور
کھلا ہوا ارادہ۔
المُعْتَانُ۔ پیشوائے قوم۔ سبزہ اور پانی کی
تلاش کرنے والا۔
عَاهَ (ض)، عَیْهًا۔ آفت نازل ہونا۔
العَایِهَةُ۔ چیخ، پکار۔
العَاهَةُ۔ آفت۔
اَرْضٌ مَعْیُوْهَةٌ۔ آفت زدہ سرزمین۔
عَیِیَ یَعْیٰ وعَیَّ یَعِیُّ (س)، عَیًّا و عَیَاءً
۔ بِاَمْرِهِ او عَنْ اَمْرِهِ۔ کام سے عاجز
ہو جانا، درست نہ کر سکنا۔ صحت
مراد کا جلوہ گر نہ ہونا۔ عَیَّ الاَمْرَ۔ کام
سے ناواقف ہونا۔ عَیِیَ (س) عَیًّا
فِی المَنْطِقِ۔ کلام کرتے کرتے ایک

دم رُک جانا۔ عَیٌّ و عَیِیٌّ۔ وہ شخص جو بولنے سے عاجز ہو گیا ہو۔
عَیَّا تَعْبِیَةً و عَایَا مُعَایَاةً۔ الرجلُ۔ ایسا کلام کرنا جس کا مطلب سمجھ میں نہ آئے۔
عَایَا صَاحِبَهٗ۔ ساتھی سے ایسی بات کرنا جس کا مطلب اس کی سمجھ میں نہ آئے۔
اَعْیَا اِعْیَاءً۔ المَاشِیُ۔ پیدل چلنے والے کا تھک جانا۔ اِعْیَا۔ عجز سے کمتر ہے۔
اَعْیَاهُ۔ کسی کو تھکا دینا۔

اَعْیَا الدَّاءُ الطَّبِیْبَ۔ بیماری کا لا علاج ہو جانا کہ طبیب عاجز ہو جائے۔
اَمْرُ علیه۔ کام کا کسی پر دشوار ہو جانا کہ عاجز ہو جائے
تَعَایَا الاَمْرُ علیه و تَعَیَّا علیه و تَعَایَاهُ۔ کسی پر کام کا دشوار ہو جانا۔
تَعَایَا و تَعَیَّا و اسْتَعْیَا۔ بالامر۔ کام کو درست نہ کر سکنا۔
العَیَاءُ۔ مص۔ عاجز ہو جانا۔ دَاءٌ عَیَاءٌ۔

وہ بیماری جس سے صحت نہ ہو۔
العَیُّ۔ عاجز، تھکا ہوا۔ ج۔ اَعْیَاءٌ۔
العَیِیُّ۔ عاجز از کلام۔ تھکا ہوا۔ ج۔ اَعْیِیَاءُ و اَعْیِیَةٌ۔
العَیَّانُ۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔
الاُعْیِیَّةُ۔ وہ کلام جس کے بیان کرنے سے عجز واقع ہو جائے۔
المُعْیِیُ۔ تھکا ہوا۔ عاجز۔

❁ ❁ ❁

١٠٠٠

غ

غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا۔ کئی روز کے بعد ملاقات کے لیے آنا۔ غَبَّ عَنْهُ۔ ایک دن آنا اور ایک دن نہ آنا۔
غَبَّتْ عَلَیْهِ الحُمّٰی۔ تیسرے دن کا بخار آنا۔ غَبَّ عِنْدَهٗ۔ کسی کے پاس رات گذارنا۔ غَبَّ الرَّاْیَ۔ سوچ سمجھ کر رائے قائم کرنا۔
غَبَّ (ن) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا و غُبُوْبَةً۔ الطَّعَامَ۔ کھانے کا باسی ہو جانا۔ سڑ جانا۔
غَبَّتِ الاُمُوْرُ۔ کاموں کا انجام کو پہنچ جانا۔
غَبَّتْ (ض) غَبًّا و غِبًّا و غُبُوْبًا۔ المَاشِیَةُ۔ چوپائے کا ایک دن پانی پینا اور ایک دن نہ پینا۔
غَابَّةٌ۔ ایسا چوپایہ جو ایک دن پیے اور ایک دن نہ پیے۔ ج۔ غَوَابُّ و غَابَّاتٌ۔
اَغَبَّ۔ المَاشِیَةَ۔ چوپائے کو ایک دن پینے اور ایک دن نہ پینے کا عادی بنانا۔
اَغَبَّ۔ القومَ۔ لوگوں سے ایک دن ناغہ کر کے ملنا۔ اَغَبَّتْهُ الحُمّٰی و اَغَبَّتْ علیه۔ تیسرے دن کا بخار چڑھنا۔

اَغَبَّ الطَّعَامُ۔ کھانے کا متعفن ہو جانا سڑ جانا۔ اَغَبَّ عِنْدَهٗ۔ کسی کے پاس رات بسر کرنا۔
غَبَّبَ۔ الشَّیءُ۔ چیز کا بگڑ جانا۔ فِی الاَمرِ۔ کام میں مبالغہ اور کوشش نہ کرنا
غَبَّبَ عَنْهُمْ۔ لوگوں کی جانب سے مدافعت کرنا۔ غَبَّبَ الذِّئْبُ۔ بھیڑیے کا بکری کو حلق سے پکڑنا۔
الغَابُّ۔ اسم فاعل۔ باسی گوشت، نَجْمٌ غَابٌّ۔ ستارۂ ثابت۔
الغِبُّ۔ مصدر۔ انجام۔ بمعنی بعد۔ حُمَّی الغِبِّ۔ تیسرے دن کی باری کا بخار۔ حُمَّی غِبٌّ۔ بترکیب توصیفی بھی بولتے ہیں۔ مَاءٌ غِبٌّ۔ پانی جو دور ہو ج۔ اَغْبَابٌ۔
الغِبُّ۔ سمندر کا ایسا پانی جو خشکی کی تہوں میں گھس گیا ہو۔ نرم زمین۔ ج۔ اَغْبَابٌ غُبُوْبٌ و غُبَّانٌ۔
الغُبَّةُ۔ زندگی بسر کرنے کا ضروری سامان۔
الغَبَبُ۔ مرغ اور گائے وغیرہ کے جبڑے کے نیچے کا لٹکا ہوا گوشت۔ ج۔ اَغْبَابٌ۔

الغَبِیْبُ۔ باسی گوشت، پہاڑ یا زمین پر پانی بہنے کا تنگ اور چھوٹا نالہ۔
الغَبِیْبَةُ۔ صبح کا دودھ جو رات سے ہی دوہ لیا جائے، پھر صبح کو بلو کر مکھن نکال لیا جائے۔
التَّغْبِبَةُ۔ جھوٹی گواہی۔
المَغَبَّةُ۔ انجام شے، بولتے ہیں۔ لِلاَمْرِ مَغَبَّةٌ و غِبٌّ۔ یعنی اس کام کا آخری نتیجہ اور انجام ہے۔
غَبَثَ (ن) غَبْثًا۔ الجُبْنَ بالسَّمْنِ۔ پنیر کو گھی میں ملانا۔
اِغْبَثَّ اِغْبِثَاثًا۔ رنگ کا خاکی ہو جانا۔
الاَغْبَثُ۔ خاکی رنگ والی چیز۔
الغُبْثَةُ۔ مٹیالا پن۔
غَبَجَ۔ (ن) غَبْجًا۔ الماءَ۔ لگاتار گھونٹ بھر کر پینا۔ غٹ غٹ پینا۔
الغُبْجَةُ۔ گھونٹ۔
غَبَرَ (ن) غُبُوْرًا۔ گذر جانا۔ ٹھہر جانا۔ گرد آلود ہونا۔
غَبِرَ (س) غَبَرًا۔ الجُرْحُ۔ زخم کا فساد کے باوجود بھر جانا اور پھر پھوٹ پڑنا۔ ناسور بن جانا۔ ایسے زخم والے شخص کو

غَبِرٌ کہتے ہیں اور اس کے معنی گرد آلود کے بھی ہیں۔

غَبَّرَ تَغْبِيْرًا۔ غبار اٹھانا۔ غَبَّرَ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو غبار آلود کر دینا۔ غَبَّرَ الرَّجُلُ تہلیل پڑھنا پڑھتے ہوئے یا گاتے ہوئے آواز لرزدار نکالنا۔ گٹکری بھرنا۔ محاورہ میں بولتے ہیں۔ غَبَّرَ فِی وَجْہِ فُلَانٍ۔ دوڑ میں فلاں سے آگے نکل جانا گویا اس کے چہرے کو غبار آلود بنا دینا۔

اَغْبَرَ۔ غبار اٹھانا۔ گرد آلود ہو جانا۔ اَغْبَرَ فِی الْاَمْرِ۔ کام پر توجہ کرنا، اور کوشش کرنا۔

اَغْبَرَتِ السَّمَاءُ۔ آسمان سے شدید بارش برسنا۔

اِغْبَرَّ۔ غبار آلود ہونا۔ اِغْبَرَّ الْيَوْمُ۔ دن بھر شدید غبار رہنا۔

الغِبْرُ۔ کینہ، دل کدورت۔

الغُبْرُ۔ ج۔ اَغْبَارٌ و الغُبَّرُ ج۔ غُبَّرَاتٌ باقی ماندہ شے بچی کھچی شے، باقی ماندہ اثرات بیماری کو غُبَّرُ الْمَرَضِ کہتے ہیں۔

الغُبْرَةُ۔ غباری رنگ۔ الغَبَرَةُ و الغُبَارُ خاک یا خاک کے باریک ذرات۔

الغَبَرُ۔ بقاو ثبات۔ دَاهِيَةُ الْغَبَرِ۔ نہ ٹلنے والی سخت مصیبت۔ الغَبَرُ۔ خاک

غَفَلَ (ن)، غُفُولاً و غَفْلَةً و غَفَلاً۔ عنهُ۔ غافل ہونا۔ بھولنا۔ چھوڑنا۔ ۔ الشيءَ۔ چھپانا۔
غَفَّلَهُ۔ غافل بنانا یا غافل سمجھنا۔ غَفَّلَ الشيءَ۔ چھپانا۔
أَغْفَلَ۔ الشيءَ۔ چھوڑ دینا۔ ۔ هُ۔ غافل نام رکھنا یا غافل شمار کرنا۔ ۔ الكتابَ۔ نقطے نہ لگانا۔ ۔ هُ۔ کام کے وقت کو پوچھنا اور فراغت کا انتظار نہ کرنا۔
غَافَلَهُ و تَغَفَّلَهُ و اِغْتَفَلَهُ و اِسْتَغْفَلَهُ۔ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔
اِغْتَفَلَهُ۔ غافل جاننا۔
تَغَافَلَ۔ غافل بتکلف بننا۔ غافل ہونے کا بہانہ کرنا۔ غفلت کے وقت کا انتظار کرنا۔ تَغَافَلَ عَنِ الأمرِ۔ بھولنا۔
الغَفْلُ۔ مص۔ فراخی زندگی۔ هُوَ فِي غَفْلٍ مِنْ عَيشِهِ۔
الغُفْلُ۔ بے علامت۔ بے حسب آدمی۔ ۔ مِنَ الشِّعرِ۔ جس کا قائل معلوم نہ ہو۔ ۔ مِنَ الأرضِ۔ غیر آباد زمین۔ ۔ مِنَ الرِّجالِ۔ وہ شخص جس سے نہ کسی بھلائی کی امید ہو اور نہ اس کے شر کا خطرہ۔ ۔ مِنَ الكُتُبِ۔ جس کا مصنف نہ معلوم ہو۔ ۔ مِنَ الشُّعَراءِ۔ مجہول شاعر۔ ج۔ أَغْفَالٌ۔
الغَافِلُ۔ فا۔ ج۔ غَافِلُونَ و غُفُولٌ و غُفَّلٌ۔
الغَفْلانُ۔ غافل۔ الغُفْلانُ۔ غافل غفلت و لاپروائی۔
المَغْفَلَةُ۔ لب زیریں کے بال۔
المُغَفَّلُ۔ منع۔ بے خبر آدمی۔ سادہ لوح۔
غَفَا يَغْفُو اغْفُوًّا و غُفُوًّا و غَفِيَ يَغْفَى غَفْيَةً و أَغْفَى۔ اونگھنا۔ ہلکی نیند لینا۔ غَفَا الشيءُ۔ چیز کا پانی پر تیرنا۔ الغَفْوَةُ۔ اونگھ۔ نیند کی جھپکی۔
غَفَى يَغْفِي غَفْيًا و أَغْفَى۔ الطَّعامَ۔ غلہ کو صاف کرنا۔ أَغْفَى الطَّعامُ۔ غلہ میں بہت کوڑا کرکٹ ہونا۔ أَغْفَى الرجلُ۔ آدمی کا کھلیان میں بھوسہ پر سو جانا۔
اِنْغَفَى۔ الشيءُ۔ ڈٹنا۔ الغَفَى۔ گیہوں کا چھلکا۔
الغُفَاءُ۔ تنکے اور چھوٹے گیہوں جو گیہوں میں ملے ہوئے ہوتے ہیں۔
الغَفْيَةُ۔ وہ بلند ٹیلہ جس پر پانی نہ چڑھ سکے۔
الغُفَاعَةُ۔ آنکھ کی سفیدی۔
غَقَّ (ض)، غَقًّا و غَقِيقًا۔ القَارُ۔ قار کا جوش کھانا اور آواز نکالنا۔ ۔ الصَّقرُ۔ شکرہ کا آواز نکالنا۔ غَقَّ الماءُ و غَقِيقَةً۔ کشادگی سے تنگی میں آنے پر پانی کی آواز۔
غَلَّهُ (ن)، غَلاًّ۔ فِي الشيءِ۔ داخل کرنا۔
غَلَّ المَفَازَةَ۔ ریگستان میں داخل ہونا۔ ۔ الشيءَ۔ چیز کو چوری سے سامان میں رکھ لینا۔ الماءُ بَينَ الأشجارِ۔ پانی کا درختوں کے درمیان جاری ہونا۔ ۔ بَصَرُهُ۔ نگاہ کا راہ راست سے بھٹک جانا۔ ۔ غُلُولاً۔ خیانت کرنا۔ ۔ فِي الشيءِ۔ داخل ہونا۔ ۔ فِي البِلادِ۔ ملک میں گھستے ہوئے دور تک چلا جانا۔
غَلَّ (ن)، غَلاًّ و غَلَّلَ۔ الغِلالَةَ۔ غلالہ پہننا۔ غَلَّهُ و غَلَّلَهُ۔ ہتھکڑی یا طوق ڈالنا۔
غَلَّ (ض)، غِلاًّ و غَلِيلاً۔ صَدرُهُ۔ کینہ سے سینے کا پر ہونا۔
غُلَّ غُلاًّ و غُلَّةً۔ سخت پیاسا ہونا۔ صفت (غَلِيلٌ و مَغْلُولٌ و مُغْتَلٌّ)
أَغَلَّ۔ الرجلُ۔ خیانت کرنا۔ أَغَلَّتِ الأرضُ۔ زمین کا غلہ پیدا کرنا۔ غلہ والی ہونا۔ أَغَلَّ البَصَرَ۔ تیز نظر کرنا۔
أَغَلَّهُ۔ خیانت کی طرف منسوب کرنا۔ ۔ عَلَى عِيالِهِ۔ بال بچوں کے لیے غلہ لانا۔ ۔ الخَطِيبُ۔ خطیب و واعظ کا اپنے کلام میں حق بجانب نہ ہونا۔ الجَازِرُ فِي الجِلدِ۔ قصاب کا کھال کھینچتے وقت کچھ گوشت اور چربی کو کھال میں لگا چھوڑنا۔
اِنْغَلَّ و تَغَلَّلَ۔ فِي الشيءِ۔ داخل ہونا۔
اِغْتَلَّ۔ الضَّيعَةَ۔ جائداد کا غلہ لینا۔ ۔ الثوبَ۔ کپڑے کا اور کپڑوں کے نیچے پہننا۔
اِغْتَلَّ و تَغَلَّلَ۔ بِالغَالِيَةِ۔ خوشبو لگانا۔
اِسْتَغَلَّ۔ الأرضَ۔ زمین سے غلہ لینا۔ ۔ عَبدَهُ۔ غلام کو غلہ لانے پر مجبور کرنا۔
الغِلُّ۔ کینہ۔ کھوٹ۔
الغُلُّ۔ پیاس۔ ہتھکڑی۔ طوق۔ ج۔ أَغْلالٌ و غُلُولٌ۔

الغَلَّةُ - گھر کے کرایہ کی آمد یا زمین کا ماحصل۔ ج۔ غَلَّاتٌ و غِلَالٌ۔

الغُلَّةُ - سخت پیاس۔ کپڑوں کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ وہ چیز جس میں کوئی چیز چھپ جائے۔ کونے کے سر پر باندھنے کا کپڑا۔ ج۔ غُلَلٌ۔

الغَلَلُ - پیاس۔ درختوں کے درمیان بہنے والا پانی۔ چھلنی۔ وہ گوشت جو کھال اتارتے وقت کھال پر رہ جائے۔ ج۔ اَغْلَالٌ۔

الغِلَالَةُ - شلوکہ جو کپڑوں یا زرہ کے نیچے پہنتے ہیں۔ زرہ کے دو حلقوں کو جوڑنے والی میخ۔

الغَلِيلُ - سخت پیاسا۔ سخت پیاس۔ کینہ، محبت یا غم کی گرمی۔

الغَلِيلَةُ - مؤنث الغليل۔ زرہ یا زرہ کے نیچے پہننے کا کپڑا۔ ج۔ غَلَائِلُ۔

المِغْلَالُ - بہت غلہ والا۔

المُغْتَلُّ - پیاسا۔ اَنَا مُغْتَلٌّ اِلَيْهِ۔ میں اس کا مشتاق ہوں۔

المُغَلَّاتُ و المُسْتَغَلَّاتُ - زمین کا نفع کرایہ کی شکل کی یا غلہ کی صورت میں۔

غَلَبَ الرَّجُلَ و غَلَبَ عَلَيْهِ (ض) غَلْبًا و غَلَبًا و غَلَبَةً و مَغْلَبًا و مَغْلَبَةً و غُلُبَّى و غِلِبَّى و غُلُبَّةً و غَلَابِيَةً و اغْتَلَبَهُ - غالب آنا۔

غَلِبَ (س) غَلَبًا - موٹی گردن والا ہونا۔ صفت (اَغْلَبُ) مؤنث غَلْبَاءُ۔ ج۔ غُلْبٌ۔

غَلَّبَهُ - غالب کرنا۔ غَالَبَهُ غِلَابًا و مُغَالَبَةً - غلبہ پانے کے لیے مقابلہ کرنا۔ غالب ہونا۔

تَغَلَّبَ - عَلَى البَلَدِ - شہر پر بزور قابو پالینا۔

تَغَالَبُوا - عَلَى بَلَدٍ - شہر پر غالب ہونے کے لیے ایک دوسرے پر غالب آنے کی کوشش کرنا۔

اِغْلَوْلَبَ - العُشْبُ - گھاس کا گھنا ہونا - القَوْمُ۔ قوم کا کثیر ہونا۔

اِسْتَغْلَبَ - عَلَيْهِ الضَّحِكُ۔ ہنسی کا غالب آجانا۔

الغَلَّابُ - بہت غلبہ پانے والا۔ ج۔ غَلَّابُونَ۔

الغَالِبُ - فا۔ ج۔ غَالِبُونَ و غَلَبَةٌ۔ غالب آنے والا۔

الأَغْلَبُ - اسم تفضیل۔ زیادہ طاقتور، اکثر۔

الغَلْبَاءُ - مؤنث الاَغْلَب۔ گھنے درختوں کا باغیچہ۔ بڑا اونچا ٹیلہ۔ بڑا قبیلہ۔

الغُلُبَّةُ - مص - مِنَ الرِّجَالِ - بہت جلد غالب آنے والا۔

المُغَلَّبُ - مفع۔ غالب ظاہر کیا ہوا۔ بار بار مغلوب کیا ہوا۔

المَغْلَبَةُ - مص۔ غلبہ فتح۔ فتح کی جگہ۔

غَلَتَ (ن) غَلْتًا - البَيْعَ اَوِ الشِّرَاءَ - خرید و فروخت و فسخ کرنا۔

غَلِتَ (س) غَلَتًا - حساب میں غلطی کرنا۔

تَغَلَّتَهُ و اغْتَلَتَهُ - اچانک آپکڑنا۔

الغَلْتَةُ - رات کا پہلا حصہ۔ الغُلْتَةُ - حسابی غلطی۔

غَلِثَ (س) غَلَثًا - القَوْمُ - سختی سے مقابلہ کرنا۔ و اغْتَلَثَ الزَّنْدُ - چقماق کا آگ نہ دینا۔

غَلَثَ (ض) غَلْثًا - الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ - ملانا۔

الغَلَثُ - مص - کوڑا کرکٹ جو غلہ میں ملا ہوا ہو۔

الغَلِثُ - مجنون - و المُغَالِثُ - سخت لڑاکا۔

الغَلِثُ و الغَلِيثُ و المَغْلُوثُ - مِنَ البُرِّ - کوڑا کرکٹ ملا ہوا گیہوں۔

غَلَجَ (ض) غَلْجًا و غَلَجَانًا - الفَرَسُ - گھوڑے کا برابر رفتار پر چلنا۔

تَغَلَّجَ - عَلَيْهِ - ظلم کرنا - الغُلُجُ - جوانی کا عمدہ حصہ۔

الاُغْلُوجُ - نرم و نازک ٹہنی ج۔ اَغَالِيجُ۔

غَلَّسَ - فِي العَمَلِ - آخر شب کی تاریکی میں کام کرنا - المَاءَ - آخر رات کی تاریکی میں پانی پر پہنچنا - و اَغْلَسَ - آخر شب کی تاریکی میں چلنا۔

الغَلَسُ - آخر شب کی تاریکی۔ ج۔ اَغْلَاسٌ۔

غَلَصَهُ (ن) غَلْصًا و غَلْصَمَهُ غَلْصَمَةً - حلق کاٹنا۔ حلق پکڑنا۔

الغَلْصَمَةُ - مص - سر اور گردن کے درمیان کا گوشت۔ جماعت۔ قوم۔ سرداران قوم۔ ج۔ غَلَاصِمُ۔ هُوَ فِي غَلْصَمَةٍ مِنْ قَوْمِهِ۔ وہ اپنی قوم میں معزز شخص ہے۔

غَلِطَ (س) غَلَطًا - فِي الاَمْرِ - غلطی کرنا۔ صفت غَالِطٌ - صفت مفعولی (مَغْلُوطٌ فِيهِ)۔

غَلَّطَهُ - غلطی کی نسبت کرنا۔

غَالَطَهُ غِلَاطًا و مُغَالَطَةً و اَغْلَطَهُ - غلطی میں ڈالنا۔

تَغَالَطَ - القَوْمُ - ایک دوسرے کو غلطی میں ڈالنا۔

المَغْلَطَةُ - ج۔ مَغَالِطُ - و الاُغْلُوطَةُ - ج۔ اُغْلُوطَاتٌ و اَغَالِيطُ و الغَلُوطَةُ وہ مبہم مسئلہ یا بات جس سے آدمی کو غلطی میں ڈالا جائے۔ وہ چیز جس میں غلطی کی جائے یا کثرت سے جس میں غلطی واقع ہو۔ مَسْئَلَةٌ غَلُوطٌ - بہت پیچیدہ مسئلہ۔

المِغْلَاطُ - غلطی کرنے کا عادی۔

غَلُظَ (ک ض) غِلَظًا و غَلَاظَةً، غِلْظًا و

غَلُظَ غِلَظًا و غِلْظَةً و غُلْظَةً و
غِلَاظَةً۔ موٹا ہونا۔ گاڑھا ہونا۔ سخت
ہونا۔ صفت (غَلِيظٌ) ج۔ غِلَاظٌ
و غَالِظٌ ج۔ غَلْظَةٌ۔ غَلُظَتِ
السُّنْبُلَةُ۔ بالی میں دانہ پڑنا۔ الرَّجُلُ
سخت و تند خو ہونا۔
غَلَّظَهُ۔ موٹا یا گاڑھا یا کھردرا یا مشکل بنانا
قسم کو مضبوط کرنا۔ عَلَيْهِ فِي الْيَمِينِ
قسم میں سختی کرنا۔
أَغْلَظَ۔ الْمُسَافِرُ۔ مسافر کا سخت زمین
پر اترنا۔ الشَّيْءَ۔ چیز کو گاڑھا پانا۔
لَهُ فِي الْقَوْلِ۔ کسی سے سخت
کلامی کرنا۔
غَالَظَهُ مُغَالَظَةً۔ دشمنی کرنا، مقابلہ کرنا۔
اِسْتَغْلَظَ۔ موٹا ہونا۔ موٹا پانا۔ سخت ہونا۔
الْغِلَاظُ۔ گاڑھا۔ موٹا۔ سخت۔
الْغَلْظُ۔ ناہموار سخت زمین۔ الْغِلْظَةُ۔
موٹائی۔ ناہمواری۔ کھردرا پن۔ سخت
کلامی۔ شدت۔ بَيْنَهُمْ غِلْظَةٌ۔
ان کے درمیان عداوت ہے۔
غَلْغَلَ غَلْغَلَةً و تَغَلْغَلَ۔ چلنے میں
جلدی کرنا۔ غَلْغَلَ و تَغَلْغَلَ۔ فِي
الشَّيْءِ۔ سختی سے داخل ہونا۔ رِسَالَةٌ
مُغَلْغَلَةٌ۔ ایک شہر سے دوسرے شہر
پہنچایا ہوا پیغام۔
الْغَلْغَلُ۔ درخت کی گہری جڑ۔ ج۔
غَلَاغِلُ۔
غَلَفَ (ن) غَلْفًا۔ الشَّيْءَ۔ ڈھانکنا۔
غلاف میں ڈالنا۔
غَلِفَ (س) غَلَفًا۔ ختنہ شدہ نہ ہونا۔
غَلَّفَ۔ الشَّيْءَ۔ غلاف میں ڈالنا۔ ڈھانکنا
چھپانا۔
أَغْلَفَ۔ الشَّيْءَ۔ چیز کے لیے غلاف بنانا۔
غلاف میں ڈالنا۔
تَغَلَّفَ و اِغْتَلَفَ۔ غلاف میں ہونا۔

تَغَلَّفَ الرَّجُلُ۔ داڑھی میں غالیہ
خوشبو لگانا۔
الْغَلْفُ۔ ایک درخت جس سے چمڑا
رنگتے ہیں۔
الْغُلْفَةُ۔ وہ کھال جس کو ختنہ کرنے والا
کاٹتا ہے۔ ج۔ غُلَفٌ۔
الْغُلْفَتَانِ۔ مونچھوں کی دونوں طرفیں۔
الْأَغْلَفُ۔ ختنہ نہ کیا ہوا۔ قَلْبٌ أَغْلَفُ
وہ دل جو نہ سمجھے نہ یاد رکھے۔ عَامٌ
أَغْلَفُ۔ سرسبزی و ارزانی کا سال۔
الْغِلَافُ۔ غلاف۔ نیام۔ لفافہ۔ کیس۔ ج
غُلُفٌ و غُلْفٌ و غُلَفٌ۔
الْغَلْفَاءُ مؤنث الْأَغْلَفِ۔ ج۔ غُلْفٌ۔
أَرْضٌ غَلْفَاءُ۔ نہ چری ہوئی زمین۔
سَنَةٌ غَلْفَاءُ۔ ارزانی کا سال۔
غَلِقَ (س) غَلَقًا۔ تنگ دل ہونا۔
غضبناک ہونا۔ بدخلق ہونا۔ صفت
(غَلِقٌ) الرَّهْنُ فِي يَدِ الْمُرْتَهِنِ۔
رہن کا مرتہن کی ملک میں آنا۔
أَغْلَقَ و غَلَّقَ۔ الْبَابَ۔ دروازہ
بند کرنا۔
أُغْلِقَ۔ عَلَيْهِ الْأَمْرُ۔ معاملہ اس پر
مبہم رہا۔ أُغْلِقَ الْقَاتِلُ فِي يَدِ الْوَالِي
قاتل کا حاکم کے حوالہ ہونا۔ اسم
(الْغَلَاقُ)
أَغْلَقَهُ۔ عَلَى كَذَا۔ مجبور کرنا۔
غَالَقَهُ مُغَالَقَةً۔ شرط لگانا۔
تَغَالَقَ۔ الْقَوْمُ۔ باہم شرط لگانا۔
اِنْغَلَقَ۔ الْبَابُ۔ دروازہ بند ہونا۔ کھلنا
مشکل ہونا۔
اِسْتَغْلَقَ۔ الْبَابُ۔ دروازہ کا کھلنا
دشوار ہونا۔ الْكَلَامُ عَلَى فُلَانٍ
گفتگو کا بند ہو جانا۔
الْغَلَقُ۔ قفل تالا۔ بڑا دروازہ۔ معماروں
کی اصطلاح میں وہ پتھر جو محراب یا

قُبّہ کے بیچ میں لگایا جاتا ہے۔ ج۔
أَغْلَاقٌ۔ و جج أَغَالِيقُ۔ كَلَامٌ
غَلِقٌ و مُغْلَقٌ۔ مشکل اور دشوار فہم
کلام۔ بَابٌ غَلَقٌ۔ بند کیا ہوا دروازہ۔
الْمِغْلَقُ۔ جوئے کے تیروں میں سے ایک
فائدہ بخش تیر۔ ج۔ مَغَالِقُ۔
غَلِمَ (س) غَلَمًا و غُلْمَةً و اِغْتَلَمَ
شہوت پرست ہونا۔ صفت (غَلِمٌ
و غَلِيمٌ و مُغْتَلِمٌ) مؤنث غَلِمَةٌ
و [illegible] و غَلِيمَةٌ و مُغْتَلِمَةٌ۔
اِغْتَلَمَ الشَّرَابُ۔ شراب کا جوش
مارنا۔ اِغْتَلَمَتِ الْأَمْوَاجُ۔ موجوں
کا زور سے اٹھنا۔
الْغُلَامُ۔ نوجوان۔ غلام۔ مزدور۔ ج۔
غِلْمَانٌ و غِلْمَةٌ و أَغْلِمَةٌ
الْغُلَامَةُ۔ مؤنث غُلَامٌ۔ لونڈی۔
الْغُلُومَةُ و الْغُلَامِيَّةُ و الْغُلُومِيَّةُ۔
نوجوانی کی حالت۔ جوانی۔ الْغَيْلَمُ
کچھوا۔ مینڈک۔ کنوئیں میں پانی کا سوت
بہت بالوں والا نوجوان۔ مَا فِي الدَّارِ
غَيْلَمٌ۔ گھر میں کوئی نہیں۔
غَلَى (ض) غَلْيًا۔ الشَّبَابُ۔ جوان کا
پرجوش ہونا۔ غُلْوَانُ الشَّبَابِ۔
آغاز شباب اور نشاط جوانی۔
غَلَا يَغْلُو غُلُوًّا۔ زیادہ ہونا۔ بلند ہونا۔
النَّبْتُ۔ پودے کا گنجان اور بڑا ہونا
۔ بِالدِّينِ۔ دین میں جوشیلا اور
مضبوط ہونا۔
غَلَا غَلَاءً۔ السِّعْرُ۔ نرخ کا مہنگا یا
سستا ہونا۔ بھاؤ بڑھ جانا۔ صفت
(غَالٍ و غَلِيٌّ)
غَلَا يَغْلُو غَلْوًا و غُلُوًّا۔ السَّهْمَ و
بِالسَّهْمِ۔ تیر کو انتہائی دور تک
پھینکنا۔ فِي الْأَمْرِ۔ مبالغہ کرنا۔ حد
سے بڑھنا۔ بِالشَّيْءِ۔ قیمت چڑھنا۔

مہنگی قیمت پر خریدنا۔ غَالَی الرجلَ۔
خوبی میں کسی آدمی کا مقابلہ کرنا۔
اَغْلَی۔ الشیءَ۔ مہنگا پانا۔ مہنگا خریدنا۔
السِعْرَ۔ بھاؤ کو گراں کرنا۔ الکَرْمَ
انگور کی بیل کے پتے اتارنا۔
اَغْلَی وتَغَالَی واغْلَوْلَی۔ الشجرُ۔
درخت کا گنجان اور بڑا ہونا۔
اِغْتَلَی۔ البعیرُ۔ اونٹ کا جلدی چلنا۔
اِسْتَغْلَی۔ الشیءَ۔ مہنگا پانا۔
الغَالِی۔ فا۔ ج۔ غُلَاۃٌ۔ مؤنث غالِیَۃٌ۔
ج۔ غَالِیَاتٌ وغَوَالٍ۔ الغَالِی
چربی دار گوشت۔ بِعْتُہُ بالغَالِی
و بالغُلِیِّ۔ میں نے اس کو مہنگا
فروخت کیا۔
الغَلَاءُ۔ مص۔ مہنگائی۔ ایک قسم کی چھوٹی
مچھلی۔ ج۔ اَغْلِیَۃٌ۔
الغُلَوَاءُ۔ والغُلْوَاءُ۔ حد سے گزرنا۔ و
الغُلَوَاتُ۔ جوانی کا آغاز اور نشاط۔
الغَلْوَۃُ۔ تیر مارنے کا انتہائی فاصلہ۔ ج
غَلَوَاتٌ وغِلَاءٌ۔
المِغْلَی والمِغْلَاۃُ۔ تیر جو بہت دور فاصلے
پر مارا جائے۔ ج۔ مَغَالٍ۔
غَلَی یَغْلِی غَلْیًا وغَلَیَانًا۔ جوش مارنا۔
غَلَّی تَغْلِیَۃً واَغْلَی اِغْلَاءً۔ القِدْرَ۔
ہانڈی کو ابالنا اور جوش دینا۔
الرجلَ۔ دور سے اشارہ سے سلام
کرنا۔
تَغَلَّی۔ خوشبو لگانا۔ الغَالِیَۃ۔ ایک مرکب
خوشبو ہے جو مشک عنبر اور کافور سے
بنتی ہے۔ ج۔ غَوَالٍ۔
غَمَّہُ (ن) غَمًّا۔ ڈھانکنا۔ غمگین کرنا۔
غَمَّ الیومُ۔ دن کا بہت گرم ہونا۔
القمرُ النجومَ۔ چاند کا ستاروں
کی روشنی کو ماند کر دینا۔ الشیءُ الشیءَ۔
غالب ہونا۔

غُمَّ۔ علیہِ الامرُ۔ معاملہ کا مخفی ہونا۔
پوشیدہ و مبہم ہونا۔
غَمَّ (س) غَمَمًا۔ لمبے بالوں والا ہونا۔
صفت ذ اَغَمُّ۔ مؤنث غَمَّاءُ۔
ج۔ غُمٌّ۔
اَغَمَّہُ۔ غمگین کرنا۔ اَغَمَّ الیومُ۔ دن
کا سخت گرمی والا ہونا۔ اَغَمَّتِ
السماءُ۔ آسمان کا بادل والا ہونا۔
مَا اَغَمَّکَ لِی وعَلَیَّ واِلَیَّ۔ کس
چیز نے تم کو میرے لیے غمگین بنایا۔
غَامَّہُ مُغَامَّۃً۔ ایک دوسرے کو
غمگین کرنا۔
تَغَامَّ۔ غم کا اظہار کرنا۔
اِنْغَمَّ۔ ڈھک جانا۔ و اِغْتَمَّ۔ غمگین
ہونا۔ اِغْتَمَّ النباتُ۔ نباتات
کا لمبا ہونا اور بہت ہونا۔ اُغْتُمَّ
الرجلُ۔ پوشیدہ ہونا۔
الغَامُّ۔ گرم دن۔ غم کا دن۔
الغَمُّ۔ ج۔ غُمُومٌ۔ والغُمَّۃ۔ ج۔
غُمَمٌ۔ غم۔ بے چینی۔ ج۔ غُمُومٌ۔
یومٌ غَمٌّ۔ گرم دن۔ ھُوَ فِی غُمَّۃٍ
وہ حیرت میں ہے۔ لَیْلَۃٌ غَمٌّ وغَمَّۃٌ۔
گرم یا غم کی رات۔
الاَغَمُّ۔ مِنَ السحابِ۔ گہرا ہوا بادل
گھٹا ٹوپ بادل۔
الغُمَّی۔ شدت تاریکی۔ غبار۔
الغَمَامُ۔ بادل۔ غَمَامَۃٌ۔ بادل کا ٹکڑا
ج۔ غَمَائِمُ۔
الغِمَامُ۔ زکام۔ الغِمَامَۃُ۔ منہ پر کا
چھینکا۔ کبھی اس بندھن کو بھی غمامہ
کہتے ہیں جو گھوڑے کی دو آنکھوں پر
اس غرض سے باندھا جاتا ہے کہ وہ
صرف سامنے دیکھ سکے، نہ دائیں بائیں
الغَمَّاءُ۔ الغُمَّی۔ غم۔ اندوہ۔ بے چینی۔
گھبراہٹ۔ مصیبت۔

الغَمِیْمُ۔ گرم کر کے گاڑھا کیا ہوا دودھ۔
الغُمُومُ۔ ج۔ غَمٌّ۔ چھوٹے مخفی ستارے
ارضٌ مُغْتَمَّۃٌ۔ بہت نباتات
والی زمین۔
غَمَتَ (ن) غَمْتًا۔ الطعامُ۔ کھانے
کا دل پر ثقیل ہونا اور انسان کو
مدہوش کر دینا۔ ہ فی الماءِ۔ پانی
میں غوطہ دینا۔ الشیءَ۔ ڈھانکنا۔
غَمِتَ (س) غَمَتًا۔ کھانے کا دل پر
ثقیل ہو کر انسان کو مدہوش کر دینا۔
غَمَجَ (ن) غَمْجًا و غَمِجَ (س)
غَمَجًا۔ الماءَ۔ گھونٹ گھونٹ کر کے
برابر پانی پینا۔
الغُمْجَۃُ والغُمُجَۃُ۔ گھونٹ۔ ج۔ غُمَجٌ
غَمَدَ (ن ض) غَمْدًا۔ السیفَ۔ تلوار
کو میان میں کرنا۔ الشیءَ چھپانا۔
الامرَ۔ اصلاح کرنا۔
غَمِدَتْ (س) غَمَدًا۔ کنویں کے پانی کا
زیادہ یا کم ہونا (ضد) غَمِدَ اللیلُ۔
رات کا تاریک ہونا۔
اَغْمَدَ۔ السیفَ۔ تلوار کو میان میں کرنا
۔ الاشیاءَ۔ ایک دوسرے میں
داخل کرنا۔
غَمَّدَہُ و تَغَمَّدَہُ۔ قصور چھپانا۔
تَغَمَّدَہُ اللّٰہُ برحمتِہِ۔ اپنی رحمت
میں چھپا لینا۔ رحمت کے سایہ میں رکھنا
تَغَمَّدَ الاناءَ۔ برتن بھرنا۔
اِغْتَمَدَ۔ اللیلَ۔ رات میں داخل ہونا۔
الغِمْدُ۔ تلوار کا میان۔ کیس۔ غلاف۔
ج۔ غُمُودٌ و اَغْمَادٌ۔ سفینۃٌ
غَامِدٌ و غَامِدَۃٌ۔ بھری ہوئی کشتی
ج۔ غَوَامِدُ۔ بئرٌ غَامِدٌ و
غَامِدَۃٌ۔ کنویں کے پانی کا مٹی سے
ڈھکا ہوا ہونا۔
غَمَرَہُ (ن) غَمْرًا۔ الماءُ۔ پانی کا ڈھانکنا۔

غَمِرَ (س)، غِمْرًا و غُمْرًا۔ صَدْرُہٗ عَلَیَّ۔ کینہ سے بھر جانا۔ غَمِرَتْ یَدُہٗ ہاتھ میں گوشت کی چربی کا لگ جانا۔

غَمُرَ (ن)، غَمَارَۃً و غُمُورَۃً۔ الماءُ۔ پانی زیادہ ہونا۔ الرجلُ۔ آدمی کا جاہل ہونا۔

غُمِرَ۔ علیہ۔ بے ہوشی طاری ہونا۔ غَمَّرَ وَجْھَہٗ۔ چہرے پر زعفران ملنا۔ بالشیءِ۔ چیز کو پھینک دینا۔

اَغْمَرَہٗ۔ الحرُّ۔ گرمی کا کم ہو کر سفر پر جرأت دلانا۔

غَامَرَہٗ مُغَامَرَۃً۔ سخت لڑائی لڑنا اور موت کی پروا نہ کرنا۔

اِغْتَمَرَ و تَغَمَّرَ۔ چہرہ پر زعفران ملنا۔

اِغْتَمَرَ و اِنْغَمَرَ۔ پانی میں ڈوبنا۔ اِغْتَمَرَ الماءُ الشیءَ۔ پانی کا کسی شے کو ڈبو دینا۔

الغَمْرُ۔ مص۔ بہت پانی، سمندر کا بڑا حصہ پورا کپڑا۔ شریف۔ وسیع الاخلاق۔ ج۔ غِمَارٌ و غُمُورٌ۔ لیلٌ غَمْرٌ بہت تاریک رات۔ غَمْرُ النَّاسِ لوگوں کی جماعت۔ غَمْرُ الرِّدَاءِ فیاض و سخی اور صاحب الخیر۔

الغُمْرُ و الغِمْرُ و الغُمُرُ۔ ناتجربہ کار۔ جاہل۔ ج۔ اَغْمَارٌ۔

الغِمْرُ۔ کینہ۔ پیاس۔ الغُمْرُ۔ زعفران۔ ورس سے بنائی ہوئی ایک چیز جو منہ پر لگاتے ہیں۔

الغَمَرُ۔ مص۔ ناتجربہ کار۔ جاہل۔ کینہ، گوشت کی چکناہٹ۔ غَمَرُ النَّاسِ لوگوں کی جماعت۔

الغُمَرُ چھوٹا پیالہ۔ ج۔ غِمَارٌ و اَغْمَارٌ۔

الغَمِرُ۔ بہت چربی دار۔ غَمْرَۃُ الشیءِ سختی۔ ج۔ غَمَرَاتٌ و غِمَارٌ و غُمَرٌ۔ غَمَرَاتُ المَوْتِ۔ موت کی تکالیف و سختیاں۔

الغُمْرَۃُ۔ زعفران۔ الغَمَارَۃُ۔ جہالت و ناواقفیت (ج) والغُمَارُ و الغِمَارُ و الغُمَارَۃُ، لوگوں کی جماعت۔ انبوہ۔

الغَامِرُ۔ فا۔ اجاڑ زمین۔ الماءُ الغامرُ بہت پانی۔

الغَمِیْرُ۔ بہت پانی۔

المُغْتَمِرُ۔ مدہوش۔

المَغْمُورُ۔ مفع۔ گمنام۔ غیر مشہور۔ مقہور۔

غَمَزَ (ض)، غَمْزًا۔ ہاتھ سے ٹٹولنا۔ القَنَاۃَ۔ نیزہ کو آزمانے کے لیے دانتوں سے چبانا۔ ہٗ بالعینِ اَوِ الجَفْنِ اَوِ الحاجبِ۔ آنکھ یا ابرو وغیرہ سے اشارہ کرنا۔ غَمَزَ بالرجلِ و علیہ۔ طعنہ دینا اور برائی کی کوشش کرنا۔ غَمَزَ عَیْبُہٗ و دَاؤُہٗ۔ ظاہر ہونا۔ غَمَزَتِ الدَّابَّۃُ۔ جانور کا لنگڑا ہونا۔ غَامَزَہٗ مُغَامَزَۃً۔ عیب لگانا۔

اَغْمَزَ۔ فیہ۔ عیب لگانا۔ شان گھٹانا۔ گھٹیا مال جمع کرنا۔

تَغَامَزَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کی طرف آنکھوں سے اشارہ کرنا۔

اِغْتَمَزَہٗ۔ طعنہ دینا۔ الکلمۃَ۔ کلمہ کو کمزور سمجھنا۔

الغُمْزُ۔ نکمے مویشی۔ کمزور آدمی۔ ج۔ غُمُوزٌ و اَغْمَازٌ۔

الغَامِزُ۔ فا۔ نیزے کی آزمائش کرنے والا۔

الغَمَّازُ۔ اسم مبالغہ۔ مؤنث غَمَّازَۃٌ۔

الغَمِیْزُ۔ نمایاں عیب۔

المَغْمَزُ۔ عیب۔ طعن یا طمع کی جگہ۔ ج۔ مَغَامِزُ۔

الغَمِیْزَۃُ۔ کمزوری۔ عقل یا عمل کی برائی۔ نقص۔ المَغْمُوزُ۔ متہم۔

غَمَسَ (ض)، غَمْسًا۔ الشیءَ فی الماءِ۔ پانی میں ڈبونا۔ غوطہ دینا۔ السِّنَانَ فی صَدْرِہٖ۔ بھالے کو سینہ میں داخل کرنا۔ غُمُوسًا۔ النَّجْمُ۔ ستارہ کا ڈوبنا۔

غَمَّسَہٗ۔ زور سے ڈبونا۔ غَمَّسَ الشُّرْبَ کم پینا۔ الاِبلَ۔ اونٹ کو پانی پلا کر واپس لے جانا۔

غَامَسَ مُغَامَسَۃً۔ اپنی جان کو لڑائی یا خطرہ میں ڈالنا۔ فلانًا۔ ایک دوسرے کو پانی میں غوطہ دینا۔ فی الاَمرِ۔ جلدی کرنا۔

اِنْغَمَسَ و اِغْتَمَسَ۔ فی الماءِ۔ پانی میں غوطہ لگانا۔ فی الشیءِ۔ داخل ہونا۔

الغَمُوسُ۔ مصیبت میں ڈالنے والا معاملہ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ سخت، بہادر۔ طَعْنَۃٌ غَمُوسٌ۔ پار ہو جانے والی نیزہ کی ضرب۔ الیَمِیْنُ الغَمُوسُ جھوٹی قسم جو ارادۃً کھائی جائے۔ ج۔ غُمُسٌ۔

الغَمِیْسُ۔ تاریکی۔ لَیْلٌ غَمِیْسٌ۔ تاریک رات (ج) والغَمِیْسَۃُ، جھاڑی درختوں کا جھنڈ۔

الغَمَّاسَۃُ۔ مرغابی۔ پنڈبی۔ ج۔ غَمَّاسٌ۔

غَمِشَ (س)، غَمَشًا۔ آنکھ بہنے کے ساتھ چندھا ہونا۔ صفت (اَغْمَشُ)

غَمَصَہٗ (ض)، غَمِصَہٗ (س)، غَمْصًا۔ حقیر جاننا۔ غَمَصَ النِّعْمَۃَ۔ نعمت کی ناشکری کرنا۔ علیہ۔ جھوٹ تولنا۔ علیہ کلامَہٗ۔ عیب لگانا۔ غَمِصَ (س)، غَمَصًا۔ آنکھ کا کیچڑ والی ہونا۔ غَمِصَتْ عَیْنُہٗ۔ آنکھ کا کیچڑ بہانا۔ صفت (اَغْمَصُ)، آنکھ۔ غَمْصَاءُ ج۔ غُمْصٌ۔

اِغْتَمَصَهٗ ۔ حقیر جاننا ۔ گھٹیا سمجھنا ۔
الغَمَصُ ۔ مص ۔ آنکھ کا کیچڑ ۔
الغَمُوْصُ ۔ جھوٹا ۔ یَمِیْنٌ غَمُوْصٌ ۔ جھوٹی قسم ۔ رجلٌ مَغْمُوْصٌ علیهِ ۔ دین یا حسب میں عیب لگایا ہوا آدمی ۔
غَمَضَ (ن)، وغَمُضَ (ك)، غُمُوْضًا ۔ الکلامُ ۔ کلام کا دقیق و پیچیدہ ہونا ۔
غَمَضَ (ن ض)، غُمُوْضًا ۔ السَّیْفُ فِی اللَّحْمِ ۔ تلوار کا گوشت میں گھسنا ۔ چھپنا ۔ الرجلُ فِی الارضِ ۔ ملک میں پھرنا ۔ عنهُ فی البَیْعِ ۔ خرید و فروخت میں نرمی و رعایت برتنا ۔
غَمِضَ (س)، غُمُوْضَةً و غَمَاضَةً ۔ المکانُ ۔ جگہ کا پست ہونا ۔
غَمَّضَ و اَغْمَضَ ۔ عَیْنَهٗ ۔ آنکھ بند کرنا ۔ عنهُ فِی البَیْعِ ۔ خرید و فروخت میں رعایت و نرمی برتنا ۔ غَمَّضَ الکلامَ ۔ کلام کو مبہم کرنا ۔ غَمَّضَ عَنِ الاِسَاءَةِ ۔ چشم پوشی کرنا ۔ اَغْمَضَتِ العَیْنُ فُلَانًا ۔ آنکھ کا کسی کو حقارت سے دیکھنا ۔ اَغْمَضَ عَنِ الشَّیْءِ ۔ تجاوز کرنا ۔ چشم پوشی کرنا ۔ اَغْمَضَ عَلَی کَذَا ۔ موافقت کرنا ۔ اَغْمَضَ فِی السِّلْعَةِ ۔ سامان کے گھٹیا ہونے کی وجہ سے اس کی قیمت گھٹانا ۔ حَدَّ السَّیْفِ ۔ تلوار کی دھار کو باریک کرنا ۔ فُلَانًا ۔ دوڑ میں کسی سے آگے نکل جانا ۔
اِنْغَمَضَ ۔ طَرْفُهٗ ۔ آنکھ بند ہونا ۔
اِغْتَمَضَ ۔ البرقُ ۔ بجلی کا چمکنا بند ہونا ۔ ۔ الرجلُ عَنِ الاِسَاءَةِ ۔ چشم پوشی کرنا ۔ مَا اغْتَمَضَتْ عَیْنَایَ ۔ میری آنکھ نہیں لگی ۔
الغَمْضُ ۔ مص ۔ پست زمین ۔ ج ۔ غُمُوْضٌ و اَغْمَاضٌ ۔ فلانٌ ذُوْ غَمْضٍ ۔ فلاں گمنام و ذلیل ہے ۔
الغُمْضُ و الغِمَاضُ و الغُمَاضُ و التَّغْمَاضُ ۔ آنکھ کی جھپکی نیند ۔ مَا اکْتَحَلَتْ عَیْنِیْ غُمْضًا اَوْ غِمَاضًا اَوْ اِغْمَاضًا اَوْ تَغْمَاضًا اَوْ تَغْمِیْضًا ۔ میری آنکھ نہیں لگی ۔
الغَامِضُ ۔ فا ۔ پست زمین ۔ ج ۔ غَوَامِضُ گمنام ۔ ذلیل ۔ امرٌ غامِضٌ ۔ مبہم معاملہ ۔ الخَلْخَالُ الغَامِضُ ۔ پازیب جو پنڈلی کو بھر دے ۔ الغَامِضُ مِنَ الکُعُوْبِ و السُّوْقِ ۔ موٹا ٹخنہ یا موٹی پنڈلی ۔ غَوَامِضُ الابلِ ۔ چھوٹے اونٹ ۔
الغَامِضَةُ ۔ مؤنث الغَامِضُ ۔ ج ۔ غَامِضَاتٌ و غَوَامِضُ ۔ الدَّارُ الغَامِضَةُ ۔ گھر جو راستوں سے کنارہ پر ہو ۔
الغَمِیْضَةُ ۔ عیب ۔ الغُمُوْضَةُ ۔ عیب ۔
المَغْمَضُ ۔ پست زمین ۔ ج ۔ مَغَامِضُ ۔
المُغْمِضَاتُ ۔ گناہ جو جان بوجھ کر کیے جائیں ۔ مُغْمِضَاتُ اللیلِ ۔ رات کی تاریکیاں ۔
غَمَطَهٗ (ض)، و غَمِطَهٗ (س)، غَمْطًا ۔ حقیر جاننا ۔ حقارت کرنا ۔ غَمَطَ النِّعْمَةَ ۔ نعمت کی ناشکری کرنا ۔ الحَقَّ ۔ حق کا انکار کرنا ۔ المَاءَ ۔ زور سے پانی کا گھونٹ بھرنا ۔ الذَّبِیْحَةَ ۔ ذبح کرنا ۔
اَغْمَطَ ۔ علیهِ الشَّیْءُ ۔ ہمیشہ ہونا ۔ دائمی ہونا ۔
غَامَطَ مُغَامَطَةً ۔ فِی الشُّرْبِ ۔ لگاتار گھونٹ لینا ۔
تَغَمَّطَ ۔ علیهِ التُّرَابُ ۔ مٹی سے ڈھانکنا یہاں تک کہ مار ڈالنا ۔
اِغْتَمَطَهٗ ۔ دوڑ میں ہارنے کے بعد آگے بڑھ جانا ۔ هٗ بالکلامِ ۔ غالب ہونا ۔
اِغْتَمَطَ الشَّیْءَ ۔ نکل جانا اور پھر کوئی نشان نہ ملنا ۔
الغَمْطُ ۔ مص ۔ پست زمین ۔
غَمْغَمَ غَمْغَمَةً ۔ الثَّوْرُ ۔ بیل کا خوف کے وقت ڈکارنا ۔ الاَبْطَالُ ۔ بہادروں کا لڑائی میں آوازیں نکالنا ۔ الکلامَ ۔ غیر واضح کلام کہنا ۔ الصَّبِیُّ ۔ بچہ کا دودھ کے لیے پستانوں پر رونا ۔
تَغَمْغَمَ ۔ الرجلُ ۔ واضح کلام نہ کہنا ۔ ڈوبے ہوئے کا پانی کے نیچے گڑگڑانا ۔
الغَمْغَمَةُ ۔ مص ۔ خوف کے وقت بیلوں کی، یا لڑائی کے وقت بہادروں کا شور ۔ غیر واضح کلام ۔ ج ۔ غَمَاغِمُ ۔
غَمَقَ (ن)، و غَمِقَ (س)، و غَمُقَ (ك)، غَمَقًا ۔ المکانُ ۔ تر و نمناک ہونا ۔ ۔ النَّبَاتُ ۔ نباتات کا نمناکی سے خراب ہونا ۔ صفت (غَمِقٌ)، مؤنث غَمِقَةٌ ۔
غُمِقَ ۔ البعیرُ ۔ اونٹ کا غمقہ کی بیماری میں مبتلا ہونا ۔
الغُمْقَةُ ۔ پیٹ میں لگنے والی بیماری ۔
المَغْمُوْقُ ۔ غمقہ کی بیماری میں مبتلا ۔
غَمَلَ (ن)، غَمْلًا ۔ الشَّیْءَ ۔ چھپانا ۔ فلانًا ۔ پسینہ لینے کے لیے ڈھانکنا ۔ البُسْرَ ۔ گدر کھجور کی پال دبانا ۔ العِنَبَ فِی الزَّبِیْلِ ۔ انگور کو زنبیل میں تہ بہ تہ رکھنا ۔ الشَّیْءَ ۔ درست کرنا ۔ ۔ و تَغَمَّلَ، النَّبَاتُ ۔ ایک دوسرے پر چڑھنا ۔ الشَّیْءُ ۔ وسیع ہونا ۔
غَمِلَ (س)، غَمَلًا ۔ تہ بہ تہ ہونے کی وجہ سے بدبودار ہونا ۔ الجرحُ ۔ پٹی کی وجہ سے زخم کا خراب ہونا ۔ صفت (غَمِلٌ)،
اَغْمَلَ ۔ الاِهَابَ ۔ کچے چمڑے کا چھوڑ

دینے سے خراب ہونا
اِنْغَمَلَ - الْاَدِیْمُ - چمڑے کا خراب ہونا
صفت غَمِیْلٌ۔
الغَمِیْلُ ۔ پیچیدہ اگی ہوئی نصی گھاس۔
پست زمین۔ ج۔ غُمُلٌ۔
المَغْمُوْلُ - مفع - گمنام
الغَمْلَجُ والغَمَلَّجُ والغِمْلَاجُ و
الغُمْلُوْجُ والغُمْلِیْجُ - غیر مستقل
مزاج آدمی. مؤنث غَمْلَجَۃٌ وغَمَلَّجَۃٌ
وغُمْلُوْجَۃٌ وغُمْلِیْجَۃٌ۔
الغُمْلُجُ والغُمْلِیْجُ - موٹا۔ لمبا۔
الغُمْلُوْجُ ۔ سایہ میں اگی ہوئی شاخ۔
ج۔ غَمَالِیْجُ۔
غَمَنَ (ن) غَمْنًا - الشَّیْءَ - چھپانا -
البُسْرَ - گدر کھجور کی پال دبانا۔ فلانًا
کسی پر کپڑے ڈال کر پسینہ لانا۔
غُمِنَ وَ اُغْمِنَ - فِی الْاَرْضِ ۔ دفن کیا جانا
یا ہونا۔ زمین میں غائب ہونا۔
غَمَا یَغْمُوْا غَمْوًا - البیتَ گھر کو مٹی
سے اور لکڑی سے پاٹنا۔
الغَمَا - مکان کی چھت یا چھت کی مٹی وغیرہ
تثنیہ غَمَوَانِ - ج۔ اَغْمِیَۃٌ و
اَغْمَاءٌ۔
غَمِیَ (ض) غَمْیًا وغَمًی - البیتَ بمعنی
غَمَا یَغْمُوْا۔
غُمِیَ واُغْمِیَ - الیومُ - دن بھر ابر
چھایا رہنا۔
غُمِیَ واُغْمِیَ - عَلَی الْمَرِیْضِ - بیمار
پر بے ہوشی طاری ہونا۔ صفت مُغْمًی
ومُغْمًی علیہ۔
الغُمْیُ - وہ چیز جس سے پسینہ لانے کے
لیے گھوڑے کو ڈھانپا جائے۔ رَجُلٌ
غَمًی - غشی والا آدمی۔ رِجَالٌ غَمًی
واَغْمَاءٌ - غشی والے آدمی (ــ و
الغِمَاءُ - گھر کی چھت۔ ج۔ اَغْمَاءٌ و

اَغْمِیَۃٌ۔
غَنَّ (ف) غَنًّا - النَّخْلُ - کھجور کا پکنا -
درخت خرما کا پکی کھجور لانا - الوادیُ
وادی میں درخت زیادہ اگنا - (ـ غُنًّا
وغُنَّۃً) گنگنانا۔
غَنَّنَ - الرَّوْضَ - باغ کو سرسبز اور ہرا
بھرا کرنا۔
اَغَنَّ - الشَّجَرُ - درخت کا پکنا -
الوَادِیُ - وادی کا زیادہ درخت والی
ہونا - الرَّوْضَ - باغ کو سرسبز اور
ہرا بھرا کرنا - الذُّبَابُ - مکھی کا
بھنبھنانا - الرَّجُلُ - نرم آواز نکالنا۔
الغُنَانُ - مکھی کی بھنبھناہٹ - الغُنَّۃُ
گنگناہٹ۔
الاَغَنُّ - گنگنانے والا - بہت درختوں
اور گھاس والی وادی - مؤنث غَنَّاءُ۔
القَرْیَۃُ الغَنَّاءُ - آباد گاؤں۔
غَنِثَ (س) غَنَثًا - الرجلُ - سانس
لے کر پینا - غَنِثَتْ نَفْسُہٗ -
جی متلانا۔
تَغَنَّثَ - الشَّیْءُ - بوجھل ہونا۔ بھاری ہونا
چمٹنا۔
غَنِجَ (س) غَنَجًا وتَغَنَّجَ - ناز و نخرہ
کرنا۔ صفت غَنِجٌ ومِغْنَاجٌ مؤنث
غَنِجَۃٌ ومِغْنَاجٌ۔
الغُنُجُ والغَنَجُ والغُنَاجُ - ناز و نخرہ۔
الغُنَاجُ - کاجل جس کو عورتیں خلا گوندنے کے
لیے استعمال کرتی ہیں۔
الاُغْنُوْجَۃُ - ناز و نخرہ کرنے کی چیز - ج۔
اَغَانِیْجُ۔
الغُنْدُرُ والغُنْدَارُ - مِنَ الغِلْمَانِ
موٹا تازہ لڑکا۔
غَنِصَ (س) غَنَصًا - تنگ سینہ والا ہونا۔
غَنَظَ (ض) غَنْظًا - قریب بہ ہلاکت ہونا۔
- الاَمْرُ فلانًا - مشکل ہونا - غَنَّظَہٗ

واَغْنَظَہٗ - غصہ سے بھر دینا۔
غَانَظَہٗ - سختی کرنا۔ ایک دوسرے کو مشقت
میں ڈالنا۔
الغَنْظُ والغَنَظُ والغِنَاظُ والغَنَاظُ -
لازمی رنج وغم۔
المَغْنُوْظُ - مفع - غمگین۔
غَنِمَ (س) غُنْمًا - الشَّیْءَ - مفت پانا۔
(ـ غُنْمًا وغَنْمًا وغَنِیْمَۃً
وغُنْمَانًا) غنیمت حاصل کرنا۔
غَنَّمَہٗ - حصہ سے زائد دینا۔
اَغْنَمَہٗ - الشَّیْءَ - غنیمت بنانا۔
تَغَنَّمَ واغْتَنَمَ واسْتَغْنَمَ - الشیءَ -
غنیمت سمجھنا۔ تَغَنَّمَ فلانٌ - بکریاں
حاصل کرنا۔
الغَنِیْمَۃُ - ج۔ غَنَائِمُ۔ والغُنْمُ - ج
غُنُوْمٌ والمَغْنَمُ - غنیمت جو جنگ
میں حاصل کی جائے۔ کمائی۔ غَنِیْمَۃٌ
بَارِدَۃٌ - غنیمت جو بغیر مشقت کے
ملے۔
الغَنَمُ - مع - بکریاں - واحد (شَاۃٌ) ج۔
اَغْنَامٌ وغُنُوْمٌ واَغَانِمُ - غَنَمٌ
مُغْنَمَۃٌ ومُغَنَّمَۃٌ - بہت تعداد
والا بکریوں کا ریوڑ۔
الغَنَّامُ - چرواہا - بہت بکریوں والا - بہت
مال غنیمت حاصل کرنے والا۔
المَغْنَمُ - غنیمت - ج۔ مَغَانِمُ۔
غُنَامَاكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا - تمہاری
کوشش کی انتہا یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔
الغُنْوَۃُ - غنی - بے نیازی۔
غَنِیَ (س) غِنًی - الرجلُ - نکاح کرنا
غَنِیَتِ المَرْاَۃُ - عورت کا خوبصورت
ہونے کی وجہ سے بناؤ سے بے نیاز
ہونا - (غِنًی مَغْنًی) بالمکانِ -
کسی جگہ ٹھہرنا - صفت (غَانٍ) -
فلانٌ - زندہ رہنا (- غِنًی غَنَاءً

وَغُنْیَانًا، مالدار ہونا۔ بِالشَّیْءِ عَنْ
غَیْرِہٖ۔ کفایت کرنا۔ بس کرنا۔
غَنّٰی تَغْنِیَۃً۔ آواز کرنا۔ الشِّعْرَ وَ
بِالشِّعْرِ۔ گانا و شعر پڑھنا۔ بِالْمَرْأَۃِ
عورت کے حسن و جمال کی تعریف کرنا۔
— الشَّاعِرُ بِفُلَانٍ۔ مدح کرنا۔ ہجو
کرنا۔
غَنّٰی وَ اَغْنٰی۔ مالدار بنانا۔
اَغْنٰی اِغْنَاءً۔ الرَّجُلُ۔ مالدار کرنا —
عَنْہُ۔ کافی ہونا۔ اَغْنٰی عَنْہُ غَنَاءَ
فُلَانٍ وَ مَغْنَاہُ وَ مُغْنَاہُ وَ مَغْنَاتَہٗ
وَ مُغْنَاتَہٗ۔ قائم مقام ہونا۔ اَغْنٰی
عَنْہُ۔ دور کرنا۔ ھٰذَا مَا یُغْنِیْ
عَنْکَ شَیْئًا۔ یہ تجھے کوئی فائدہ نہیں
دے گا۔
تَغَنّٰی تَغَنِّیًا۔ مالدار ہونا۔ تَغَنَّتِ
الْمَرْأَۃُ۔ عورت کا نکاح نہ کرنا۔
تَغَانٰی۔ ایک دوسرے سے غنی ہونا۔
اِسْتَغْنٰی۔ بے نیاز ہونا۔ عَنْہُ بِہٖ۔ اکتفا
کرنا — اللّٰہَ۔ خدا تعالیٰ سے دعا کرنا
کہ وہ غنی کر دے۔
اَلْغِنٰی وَ الْغِنْیَۃُ وَ الْغُنْیَۃُ وَ الْغُنْیَانُ
کفایت۔ دولت مندی۔ مَالَہٗ عَنْہُ
غِنًی وَ غُنْیَۃٌ وَ غُنْیَانٌ۔ اس کے
بغیر اس کو چارہ نہیں۔
اَلْغِنٰی وَ الْغَنَاءُ۔ کفایت، دولت۔ کہتے
ہیں لَاغَنَاءَ عَنْہُ۔ ضروری ہے۔ اس
سے چارہ نہیں۔
اَلْغِنَاءُ۔ مِنَ الصَّوْتِ۔ گیت، سُر،
راگ۔
اَلْاُغْنِیَّۃُ وَ الْاِغْنِیَّۃُ وَ الْاُغْنِیَۃُ وَ
الْاِغْنِیَۃُ۔ گیت، سُر، راگ۔ ج۔
اَغَانِیُّ وَ اَغَانٍ۔
اَلْغَنِیُّ۔ دولت مند، مالدار، مکتفی۔ ج۔
اَغْنِیَاءُ۔

اَلْغَانِیْ۔ فا۔ غنی۔
اَلْغَانِیَۃُ۔ مؤنث غانی۔ حسن و جمال کی وجہ
سے زینت و آرائش سے بے نیاز۔
عورت، شادی شدہ عورت۔ ج۔
غَانِیَاتٌ وَ غَوَانٍ۔
اَلْمَغْنٰی۔ منزل۔ رہنے کی جگہ۔ ج۔ مَغَانٍ
مَالَہٗ عَنْہُ مَغْنًی۔ وہ اس سے بے
پرواہ نہیں ہو سکتا۔
غَہِبَ (س) غَہَبًا وَ اَغْہَبَ — عَنْہُ
غافل ہونا۔ بھولنا۔
اِغْتَہَبَ۔ اندھیرے میں چلنا — غَہَبًا۔
بلا ارادہ و بلا قصد کوئی کام کرنا۔
اَلْغَیْہَبُ۔ تاریکی، بہت سیاہ گھوڑا۔
بہت تاریک رات۔ کند ذہن۔ غافل۔
کمزور۔ ج۔ غَیَاہِبُ۔
اَلْغَیْہَبَانُ۔ تاریکی۔ پیٹ۔
اَلْغَیْہَبَۃُ۔ مؤنث غَیْہَبٌ۔ لڑائی کا
شور۔
غَاثَہٗ یَغُوْثُہٗ غَوْثًا وَ اَغَاثَہٗ اِغَاثَۃً
وَ مَغُوْثَۃً۔ مدد کرنا۔
غَوَّثَ۔ الرَّجُلُ۔ مدد کے لیے چلانا
اِسْتَغَاثَ۔ الرَّجُلَ وَ بِہٖ۔ مدد چاہنا۔
اَلْغَوْثُ وَ الْغُوَاثُ وَ الْغَوَاثُ۔ مدد۔
اَلْغَوْثُ وَ الْغِیَاثُ وَ الْغُوَیْثُ۔ خوراک
وغیرہ کی مدد۔
اَلْمَغَاوِثُ۔ پانی۔
غَاجَ یَغُوْجُ غَوْجًا وَ تَغَوَّجَ —
الْغُصْنُ۔ شاخ کا بڑھنا۔ دوہرا
ہونا۔ تَغَوَّجَ — الرَّجُلُ فِیْ
مِشْیَتِہٖ۔ چال میں لچکنا۔
غَارَ یَغُوْرُ غَوْرًا۔ پستی کی طرف آنا۔
الْمَاءُ۔ پانی کا زمین میں جذب ہونا
صفت غَائِرٌ۔ النَّہَارُ۔ دن کا
سخت گرم ہونا۔ الرَّجُلُ۔ دوپہر میں
سونا۔ الشَّیْءَ اَوِ الْقَوْمَ۔ طلب کرنا۔

تلاش کرنا۔
غَارَتْ تَغُوْرُ غَوْرًا وَ غُؤُوْرًا۔ عَیْنُہٗ
آنکھ کا دھنس جانا۔ (ن) غَوْرًا وَ غُؤُوْرًا
وَ غِیَارًا، فِی الْاَمْرِ۔ کسی معاملہ میں
گہری نظر سے دیکھنا — فِی الشَّیْءِ۔
داخل ہونا۔
غَارَتْ غِیَارًا وَ غُؤُوْرًا — الشَّمْسُ۔
سورج کا ڈوبنا۔
غَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا — الْمَاءُ۔ پانی کا
زمین میں جذب ہونا — الرَّجُلُ۔ دوپہر
میں چلنا، اترنا یا سونا — الْقَوْمَ۔
شکست دینا۔
غَوَّرَتِ الشَّمْسُ اَوِ النُّجُوْمُ۔ ڈوبنا۔
غروب ہونا۔
غَوَّرَ۔ النَّہَارُ۔ سورج کا ڈھل جانا۔
اَغَارَ اِغَارَۃً۔ چلنے میں تیزی کرنا۔ پستی
کی طرف آنا۔ ملک میں سفر کرنا —
الْحَبْلَ۔ رسی مضبوط بٹنا۔
اَغَارَ اِغَارَۃً وَ غَارَۃً وَ مُغَارًا —
عَلَیْہِمْ۔ لوٹ ڈالنا — الْفَرَسُ۔
گھوڑے کا تیز دوڑنا۔ بِھِمْ وَ اِلَیْہِمْ
مدد دینے کے لیے آپہنچنا۔
غَاوَرَ مُغَاوَرَۃً۔ الْعَدُوَّ۔ دشمن پر
لوٹ ڈالنا۔ الْقَوْمُ۔ ایک دوسرے
پر لوٹ ڈالنا۔
تَغَوَّرَ۔ پستی کی طرف آنا — ظَاہِرُ
الْعَیْنِ۔ دھنسنا۔
تَغَاوَرَ۔ الْقَوْمُ۔ بعض کا بعض پر لوٹ
ڈالنا۔
اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا۔ نفع اندوز ہونا۔ غلہ
حاصل کرنا۔
اِسْتَغَارَ۔ عَلَیْہِمْ۔ لوٹ ڈالنا۔ الرَّجُلُ
پست زمین میں اترنے کا ارادہ کرنا۔
موٹا ہونا — الْجُرْحُ۔ زخم کا سوجنا
اِسْتَغْوَرَ اِسْتِغْوَارًا۔ غلہ مانگنا۔

الغَارُ۔ کھوہ۔ غار۔ ج۔ اَغْوَارٌ وغِیْرَانٌ
ایک قسم کا درخت۔ واحد (غَارَۃٌ)،
غبار۔ بڑا لشکر۔ انگور کے پتے۔
غیرت۔ چارہ۔ زنخدان۔ خانۂ چشم
کی ہڈیاں۔ اوپر نیچے کے تالو۔
الغَارَۃُ۔ مص۔ غارت گری۔ لوٹ۔ ج
غَارَاتٌ۔ تیز غارت ڈالنے کے لیے
گھوڑے۔ حَبْلٌ شَدِیْدُ الغَارَۃِ۔
مضبوط بٹی ہوئی رسی۔ شَنَّ الغَارَۃَ
عَلَیْھِمْ۔ غارت گری کے لیے گھوڑوں
کو ہر طرف سے چڑھا لانا۔
الغَوْرُ۔ مص۔ پست زمین، زمین میں جذب
ہونے والا پانی۔ گڑھا۔ غار۔ کہتے ہیں
"فلانٌ بَعِیْدُ الغَوْرِ" فلاں گہری
نظر کا آدمی ہے۔ عَرَفْتُ غَوْرَ
المَسْأَلَۃِ۔ مسئلہ کی حقیقت کو میں
پہچان گیا۔
الغَائِرَۃُ۔ مونث غَائِرٌ۔ دوپہر۔ دوپہر
کا سونا۔
الغَوْرَۃُ۔ سورج۔ قیلولہ۔
الغِوَرُ۔ خون بہا۔
الغَوْرِی۔ گہرائی۔
المَغَارُ والمُغَارُ والمَغَارَۃُ والمُغَارَۃُ
غار۔ لوٹ۔ ج۔ مَغَاوِرُ ومَغَارَاتٌ
۔المُغَارُ۔ لوٹ کی جگہ۔
المِغْوَارُ والمُغَاوِرُ۔ مِنَ الرِجَالِ۔
بہت لوٹ ڈالنے والے۔ فَرَسٌ
مِغْوَارٌ۔ تیز گھوڑا۔
غَازَہٗ یَغُوْزُہٗ غَوْزًا۔ قصد کرنا۔
الغَازُ۔ پٹرول، گیس (دخیل)، ج۔
غَازَاتٌ۔
غَاصَ یَغُوْصُ غَوْصًا وغِیَاصًا و
غِیَاصَۃً ومَغَاصًا۔ فِی المَاءِ۔
پانی میں غوطہ لگانا۔ صفت (غَائِصٌ)،
ج۔ غُوَّاصٌ وغَاصَۃٌ۔ غَاصَ
عَلَی الشَّیءِ۔ اچانک آجانا۔ غَاصَ عَلَی
المَعَانِی۔ معانی کی تہ کو پہنچنا۔
غَوَّصَہٗ۔ فِی المَاءِ۔ پانی میں غوطہ دینا۔
الغَوَّاصُ۔ بہت غوطہ لگانے والا۔ موتی
وغیرہ نکالنے کے لیے سمندر میں غوطہ
لگانے والا۔
الغِیَاصَۃُ۔ غوطہ زنی کا پیشہ۔
الغَوَّاصُ۔ ایک قسم کا پرندہ
الغَوَّاصَۃُ۔ آبدوز کشتی۔ سب میرین کشتی۔
المَغَاصُ۔ مص۔ غوطہ لگانے کی جگہ۔ پنڈلی
کا اوپر کا حصہ۔ ج۔ مَغَاوِصُ۔
غَاطَ یَغُوْطُ غَوْطًا۔ الحُفْرَۃَ۔ گڑھا
کھودنا۔ فیہ۔ داخل ہونا۔ ریت میں
پاؤں گھس جانا۔ فی المَاءِ۔ پانی میں
غوطہ لگانا۔
غَوَّطَ۔ البِئْرَ۔ کنویں کو گہرا کھودنا۔
الطَّعَامَ۔ کھانے کے بڑے بڑے
لقمے نگلنا۔
تَغَوَّطَ۔ پاخانہ کرنا۔ تَغَاوَطَا فِی المَاءِ۔
ایک دوسرے کو غوطہ دینا۔
اِنْغَاطَ۔ العُوْدُ۔ لکڑی کا مڑنا۔
الغَائِطُ۔ فا۔ پاخانہ۔ قضائے حاجت کی
جگہ۔ پست زمین۔
الغَوْطُ والغَاطُ والغَوْطَۃُ۔ پست
زمین۔ ج۔ غُوُوْطٌ واَغْوَاطٌ و
غِیَاطٌ وغِیْطَانٌ۔ الغَاطُ۔
جماعت۔
الغُوْطَۃُ۔ شام میں ایک جگہ کا نام۔ جہاں
پانی اور درختوں کی بڑی کثرت ہے۔
اس کو غُوْطَۃُ دِمَشْقَ بھی کہتے ہیں۔
بِئْرٌ غَوِیْطَۃٌ۔ گہرا کنواں۔
الغَاغُ۔ پودینہ۔ واحد (غَاغَۃٌ)
الغَاغَۃُ۔ بہت سے مختلط لوگ۔
الغَوْغَاءُ۔ وہ ٹڈی جس کے پر نکل آئے
ہوں۔ یا اڑنے کے لیے تیار ہو۔ بہت
سے مختلف لوگ۔ کمینے لوگ، شری
لوگ
غَالَہٗ یَغُوْلُہٗ غَوْلًا واِغْتَالَہٗ۔ ہلاک
کرنا۔ اچانک پکڑ لینا۔ شراب میں کسی
کا مدہوش ہونا۔
غَاوَلَ مُغَاوَلَۃً۔ جلدی چلنا۔ تَغَاوَلَا
ایک دوسرے سے سبقت کرنا۔
تَغَوَّلَ۔ معاملہ کا ابتر ہونا۔ مختلف رنگ یا
شکل اختیار کرنا۔ گوناگوں ہونا۔ دگرگوں
ہونا۔ ریگستان میں بے راہ ہونا۔
چھلاوہ کا کسی کو بے راہ کر دینا۔
الغَوْلُ۔ مص۔ دردسر۔ مدہوشی۔ ریگستان
کی دوری۔ مشقت۔ پست زمین۔
بہت مٹی۔
الغُوْلُ۔ مصیبت، ہلاکت۔ ج۔ اَغْوَالٌ
وغِیْلَانٌ۔ چھلاوہ۔ غول بیابانی۔ ج
اَغْوَالٌ۔ سانپ۔ ہر وہ چیز جس سے
عقل زائل ہو۔ گوناگوں شکلیں اختیار
کرنے والا جن اور جادوگر۔ موت۔
الغِیْلَۃُ۔ پوشیدہ قتل۔
الغَائِلَۃُ۔ مصیبت۔ ہلاکت۔ فساد، شر
ج۔ غَوَائِلُ۔
الاَغْوَلُ۔ مِنَ العَیْشِ۔ آسودہ زندگی
المِغْوَلُ۔ ہلاک کرنے کا آلہ۔ لمبی پیکان۔
لاٹھی جس کے اندر پتلی سی تلوار ہوتی
ہے۔ گپتی۔
المَغَالَۃُ۔ ہلاکت، نقصان۔
غَوَی یَغْوِی غَیًّا وغَوِیَ یَغْوِی۔
غَوَایَۃً۔ گمراہ ہونا۔ ناکام و محروم
ہونا۔ ہلاک ہونا۔ وغَوَّی واَغْوَی
الرجلُ۔ گمراہ کرنا۔
غَوِیَ یَغْوَی وغَوَی یَغْوِی غَوًی۔
الفَصِیْلُ۔ اونٹ کے بچہ کو بدہضمی
ہونا اور لاغری سے قریب بہ ہلاکت ہونا
صفت (غَوٍ)

تغاوی۔ بتکلف گمراہ و جاہل بننا۔
استغوی۔ الرجل۔ گمراہ کرنا۔ کہتے ہیں "بت غوی و غویا و مغویا و مغویا" میں نے رات اکیلے گذاری۔
الغیۃ والھیۃ۔ گمراہی۔ انہ ولد غیۃ۔ وہ حرام زادہ ہے۔ ولد الزنا ہے۔
الغاوی۔ فا۔ ج۔ غاوون و غواۃ راس غاو۔ چھوٹا سر۔ والغوی والغوی والغیان، گمراہ، خواہش پرست۔
الغاویۃ۔ مؤنث غاوی۔ پانی سے بھری مشک۔
الاغویۃ۔ مصیبت، ہلاکت۔ درندوں کے شکار کے لیے گڑھا۔ ج۔ اغاوی۔
المغواۃ۔ ج۔ مغاو والمغواۃ۔ ج۔ مغویات۔ گمراہی کی جگہ۔
غاب یغیب غیبا و غیبۃ و غیابا و غیوبا و مغیبا۔ عنہ۔ دور ہونا جدا ہونا۔ غابت الشمس غیابا و غیوبۃ۔ سورج کا ڈوبنا۔ چھپنا۔ الشیء عن فلان۔ پوشیدہ ہونا۔ غیر حاضر ہونا۔ عن بلادہ۔ سفر کرنا۔
غاب یغیب غیابا و غیابا و غیبۃ و غیابۃ و غیوبۃ۔ الشیء فی الشیء۔ چھپنا۔
غابہ غیبۃ و اغتابہ اغتیابا۔ عیب گیری کرنا۔ غیبت کرنا۔
غیبہ۔ دور کرنا۔ غیبہ غیابہ۔ اس کو اس کی قبر نے چھپالیا، یعنی وہ اپنی قبر میں دفن ہوا۔
اغابت۔ المراۃ۔ عورت کے خاوند کا غائب و غیر حاضر ہونا۔ صفت (مغیب و مغیبۃ و مغیب)
غایبہ مغایبۃ۔ غائبانہ کہنا۔ تغیب عنہ۔ غائب ہونا۔
تغایب۔ القوم۔ غائب ہونا۔
الغیب۔ مص۔ شک، غائب و پوشیدہ چیز۔ راز۔ بھید۔ پست زمین۔ ج۔ غیاب و غیوب۔
الغیبۃ والغیابۃ۔ پست زمین۔ قبر الغیابۃ من کل شیء۔ پردہ۔ من الوادی او الجب۔ وادی یا کنویں کی گہرائی۔
الغیبۃ۔ بدگوئی، غیبت۔
الغائب۔ فا۔ ج۔ غیب و غیب و غیاب و غائبون۔ غیر حاضر۔
الغابۃ۔ بانس کی جھاڑی۔ پست زمین لوگوں کی جماعت۔ لمبا نیزہ۔ ج۔ غاب و غابات۔ غابۃ البحر سمندری کیڑوں کا متحجر درخت۔
الغیاب۔ مص۔ قبر۔ غیاب الشجر و غیابہ۔ درخت کی جڑیں۔
الغیوب و الغیاب۔ غائب کا اسم مبالغہ
الغیوبۃ۔ غروب۔
غاث یغیث غیثا۔ اللہ البلاد۔ ملک پر بارش برسانا۔ غاث الغیث الارض۔ بارش کا زمین پر برسنا۔ صفت (مغیثۃ و مغیوثۃ)
غاث النور۔ نور کا روشن ہونا۔
تغیث۔ البعیر۔ اونٹ کا موٹا ہونا۔
الغیث۔ بارش، بارش سے اگی ہوئی گھاس۔ کبھی بادل کو بھی غیث بولتے ہیں۔ ج۔ غیوث و اغیاث و۔ غیث مغیث۔ عام بارش۔ سحاب غیث۔ بہت بارش برسانے والا بادل۔
غید یغید غیدا۔ الغلام۔ جھکی ہوئی گردن والا ہونا۔ نرم کندھوں والا ہونا۔ صفت مذکر (اغید) صفت مؤنث غیداء۔ ج۔ غید۔
تغاید۔ فی مشیتہ۔ نزاکت کی وجہ سے چلنے میں جھکنا۔
الغید۔ مص۔ نزاکت۔ الاغید۔ نرم و نازک پودہ۔ مکان اغید۔ بہت نباتات والی زمین۔
الغادۃ۔ نازک و نرم اندام عورت۔ تروتازہ درخت۔ ج۔ غادات۔ غیدان الشباب۔ آغاز جوانی۔ غید غید جلدی کرو، جلدی کرو۔
غیدق۔ المطر۔ بارش زیادہ برسنا۔
الغدق۔ مص۔ بہت پانی۔
الغیداق۔ سرسبز۔ فیاض (۔ والغیدق والغیدقان)، نرم و نازک، ملائم۔
غار یغار غیرۃ و غیرا و غارا۔ الرجل علی امراتہ من فلان وھی علیہ من فلانۃ۔ غیرت کرنا۔ صفت (غیران و غیور و مغیار) مؤنث غیور و غیری۔ ج۔ غیاری و غیاری و غیر و مغاییر۔ اسم (الغیرۃ)
غارہ یغیرہ غیارا۔ نفع دینا۔ غارہ بخیر۔ خیر کا فائدہ پہنچانا۔
غارہ یغیرہ غیرا و غیرۃ۔ دیت دینا۔ خون بہا دینا۔ غیر الشیء۔ بدلنا۔ تبدیل کرنا۔
غایرہ غیارا و مغایرۃ۔ تبادلہ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ بیع میں مقابلہ کرنا۔ غیر ہونا۔
اغارہ اغارۃ۔ غیرت پر ابھارنا۔ الرجل امراتہ۔ مرد کا دوسری شادی کر کے پہلی بیوی کو غیرت دلانا۔
تغیر۔ بدل جانا۔ علی امراتہ۔ عورت پر غیرت کرنا۔
تغایر۔ ایک دوسرے پر غیرت کرنا۔

اشیاء کا مختلف ہونا۔
اِغْتَارَ اِغْتِیَارًا ۔ الرجلُ ۔ رسد مہیا کرنا۔
الغَیْرُ ۔ مص ۔ تبدیلی ۔ اختلاف ۔ بَنَاتُ غَیْرٍ ۔ جھوٹ و باطل ۔ غَیْرُ ۔ سوائے بمعنی لا ۔ فَعَلَهٗ غَیْرَ مَرَّةٍ ۔ اس نے اس کو کئی بار کیا ۔ عِنْدِیْ رَجُلٌ لَا غَیْرُ ۔ میرے پاس صرف ایک آدمی ہے ، اور نہیں ۔ قَبَضْتُ عَشَرَةً لَا غَیْرَهَا اَوْ لَا غَیْرُ ۔ میں نے دس سے زیادہ نہیں لیے ۔ جَاءَ الْقَوْمُ غَیْرَ فُلَانٍ ۔ فلاں کے سواسب قوم آئی ۔
غَیْرَ اَنَّ ۔ تاہم ۔ غِیَرُ الدَّهْرِ ۔ زمانہ کے حادثات ۔
الغِیْرَةُ ۔ خون بہا ۔ دیت ۔ نخوت ۔ غیرت ۔ گندم کا ذخیرہ ۔ ج ۔ غِیَرٌ ۔
الغَیْرِیَّةُ ۔ غیرت کے خلاف ۔ دو چیزوں میں سے ہر ایک کا ایک دوسرے کے خلاف ہونا ۔
المَغْیِرُ و المَغْیُوْرُ ۔ بارش سے سیراب شدہ جگہ ۔
غَاضَ یَغِیْضُ غَیْضًا و مَغَاضًا ۔ و تَغَیَّضَ و انْغَاضَ ۔ الماءُ ۔ پانی کا کم ہونا ۔ نیچے اتر جانا ۔ الثَّمَنُ ۔ قیمت کا گھٹنا ۔
غَاضَ و غَیَّضَ و اَغَاضَ ۔ الماءَ اَوِ الثَّمَنَ ۔ پانی یا قیمت کو کم کرنا ۔ دَمْعَهٗ ۔ آنسو روکنا ۔
الغَیْضُ ۔ مص ۔ تھوڑی مقدار ۔ کچی غیر مکمل اسقاط شدہ بچہ ۔
الغَیْضَةُ ۔ جنگل ۔ بن ۔ بہت درختوں والی دلدلی جگہ ۔ ج ۔ غِیَاضٌ و اَغْیَاضٌ و غَیْضَاتٌ ۔
المَغِیْضُ ۔ پانی کے جمع ہونے کی جگہ ۔ ج ۔ مَغَایِضُ ۔
غَاطَ یَغِیْطُ غَیْطًا ۔ فِیْهِ ۔ داخل ہونا ۔
المُغَایَطَةُ ۔ خصومت
الغَیْطُ ۔ باغ ۔
غَاظَهٗ یَغِیْظُهٗ غَیْظًا و غَیْظَةً و اَغَاظَهٗ و غَایَظَهٗ ۔ غصہ دلانا ۔ غصہ پر آمادہ کرنا ۔
تَغَیَّظَ ۔ الحَرُّ ۔ گرمی کا تیز ہونا ۔ و (اِغْتَاظَ) غصہ ہونا ۔ ناراض ہونا ۔
الغَیْظُ ۔ مص ۔ غصہ یا سخت غضب ۔
الغِیَاظُ ۔ غم ، مشقت ۔ المُغَیَّظُ ۔ ناراض ، رنجیدہ ۔
غَافَتْ تَغِیْفُ غَیْفَانًا و اَغْیَفَتْ و تَغَیَّفَتْ ۔ الشَّجَرَةُ ۔ درخت کا دائیں بائیں لٹکی ہوئی شاخوں والا ہونا ۔ صفت (غَیْفَاءُ)
غَیَّفَ ۔ بھاگنا ۔ بزدل ہونا ۔ (و تَغَیَّفَ) عَنِ الاَمْرِ ۔ کام سے ہٹنا ۔
اَغَافَ ۔ الغُصْنَ ۔ شاخ کو جھکانا ۔
الغَافُ ۔ ایک بہت میٹھے پھل کا درخت ۔ واحد (غَافَةٌ)
الغَیْفُ ۔ پرندوں کا جھنڈ یا غول ۔
الاَغْیَفُ ۔ نازک بدن ۔ عَیْشٌ اَغْیَفُ ۔ آسودہ زندگی ۔ شَجَرَةٌ غَیْفَاءُ ۔ جھکی ہوئی شاخوں والا درخت ۔
الغَیَّافُ ۔ بہت لمبی داڑھی والا ۔
الغَیْفَانُ و الغَیَفَانُ ۔ متکبرانہ چال ۔
غَیَّقَ ۔ المالَ ۔ بگاڑنا ۔ فاسد کرنا ۔ فِیْ رَأْیِهٖ ۔ غیر مستقل مزاج ہونا ۔ الطَّائِرُ ۔ پرندہ کا اپنی جگہ پر پھڑپھڑانا ۔ بَصَرَهٗ ۔ نگاہ کو پھیرنا ۔
تَغَیَّقَتْ ۔ العَیْنُ ۔ آنکھ کا تاریک ہونا ۔
غَاقِ ۔ مبنی علی الکسر ۔ کوے کی آواز کی حکایت کائیں کائیں ۔
الغَاقُ ۔ کوا ۔ (د) ۔ و الغَاقَةُ ، مرغابی ۔
غَالَتْ تَغِیْلُ غَیْلًا و اَغَالَتْ اِغَالَةً ۔ المَرْأَةُ وَلَدَهَا ۔ بچہ کو حاملہ ہونے کی حالت میں دودھ پلانا ۔ صفت (مُغَائِلَةٌ و مُغِیْلٌ و مُغْیِلٌ)
غَالَهٗ یَغِیْلُهٗ غِیَالًا و غِیَالَةً و غُؤُوْلًا ۔ چرانا ۔
اَغْیَلَتْ اِغْیَالًا ۔ المَرْأَةُ وَلَدَهَا ۔ حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ کو دودھ پلانا ۔ الشَّجَرَةُ ۔ درخت کا بڑا اور گنجان ہونا ۔ الغَنَمُ ۔ بکری کا سال میں دو دفعہ بچہ دینا ۔
تَغَیَّلَ ۔ القومُ ۔ قوم کے مویشیوں کا زیادہ ہونا ۔
تَغَیَّلَتْ و اسْتَغْیَلَتْ ۔ الشَّجَرَةُ ۔ درخت کا گنجان شاخوں والا ہونا ۔ صفت (مِغْیَال)
اِغْتَالَ اِغْتِیَالًا ۔ الغلامُ ۔ لڑکے کا موٹا تازہ ہونا ۔
الغَیْلُ ۔ مص ۔ حاملہ عورت کا دودھ ۔ بہت موٹا لڑکا ۔ مؤنث غَیْلَةٌ ۔ زمین پر بہنے والا پانی ۔ وہ وادی جس میں چشمے جاری ہوں ۔ دور کی چیز جو نزدیک نظر آئے ۔ ج ۔ اَغْیَالٌ ۔
الغِیْلُ ۔ بن ۔ جنگل ۔ بہت شاخوں والا گنجان درخت ۔ پانی والی وادی ۔ شیر کی جگہ ۔ ج ۔ اَغْیَالٌ و غُیُوْلٌ ۔
الغِیْلَةُ ۔ دھوکا ۔ غفلت سے مار ڈالنا ۔ حمل کے وقت دودھ پلانا ۔
الغَائِلَةُ ۔ شر ، پوشیدہ کینہ ۔ حوض کا شگاف ۔ ج ۔ غَوَائِلُ ۔ الغَوَائِلُ ۔ مصیبتیں ۔
المَغَالَةُ ۔ شر ۔ برائی ۔
الاَغْیَلُ ۔ پر گوشت ۔ موٹا ۔
الغَیَّالُ ۔ شیر ۔ المِغْیَالُ ۔ گھنا سایہ دار درخت ۔
غَامَتْ تَغِیْمُ غَیْمًا و غُیُوْمًا و غَیَّمَتْ و اَغَامَتْ

اِغَامَةً وَاَغْيَمَتْ اِغْيَامًا و تَغَيَّمَتْ - السَّمَاءُ - آسمان کا بادل والا ہونا - غَامَ البعيرُ - اونٹ کا پیاسا ہونا - صفت غَيْمَانُ - مؤنث غَيْمَى - اَغْيَمَ القومُ - پیاسا ہونا - اَغْيَمُوا فِي المكانِ - اقامت کرنا۔

غِيْمَ - البعيرُ - اونٹ کا پیاسا ہونا صفت مَغْيُوْمٌ۔

الغَيْمُ - مص - بادل - ج - غُيُوْمٌ - واحد (غَيْمَةٌ) پیاس - اونٹ کی ایک پیاس لگانے والی بیماری - يَوْمٌ غَيُوْمٌ - بدلی کا دن۔

غَانَ يَغِيْنُ غَيْنًا - پیاسا ہونا - غَانَتْ نَفْسُهُ - جی متلانا۔

غَانَتْ وَغِيْنَتِ السَّمَاءُ - آسمان پر بادل چھا جانا۔

غِيْنَ وَاُغِيْنَ - عَلٰى قَلْبِهِ - خواہشات کا غالب ہونا۔

اَغَانَ - السَّحَابُ السَّمَاءَ - بادل کا آسمان پر چھا جانا۔

غَيَّنَ - غَيْنًا - حرف غین لکھنا۔

الغَيْنُ - مص - حروف تہجی میں سے ایک حرف بادل۔

الغَيْنَةُ - گھنے درخت - الغِيْنَةُ - پیپ مردار سے بہنے والا مادہ - درختوں کا جھنڈ۔

الاَغْيَنُ - مِنَ الشَّجَرِ وَالنَّبَاتِ - سرسبز و لمبا درخت - مؤنث غَيْنَاءُ - ج - غِيْنٌ۔

الغَيْهَبُ - تاریکی۔

غَيَّا تَغْيِيَةً وَاَغْيَا اِغْيَاءً - الغَايَةَ اى الرَايَةَ - جھنڈا گاڑنا - غَيَّا لِلْقَوْمِ - جھنڈا گاڑنا - الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ - پرندہ کا پھڑپھڑانا - اَغْيَا السَّحَابُ - بادل کا ایک جگہ پر ٹھہر جانا - اَغْيَا الرجلُ - شرافت اور معاملہ میں انتہا تک پہنچنا - الفرسُ فِي مُسَابَقَةٍ - گھوڑے کا گھوڑ دوڑ میں حد مقررہ پر پہنچنا۔

غَايَا مُغَايَاةً - القومُ فَوْقَ رَاسِهِ بِالسُّيُوْفِ - سر پر تلواروں کا بلند کرنا۔

تَغَايَتْ - الطَّيْرُ عَلَى الشَّيْءِ - پرندہ کا گھومنا - منڈلانا - تَغَايَوْا عَلَيْهِ حَتّٰى قَتَلُوْهُ - انھوں نے ایک دوسرے کو اس کے خلاف مدد دی اور قتل کر دیا۔

الغَايَةُ - انتہا - مدت - جھنڈا - مقصود و فائدہ - نتیجہ - ج - غَايَاتٌ وَغَايٌ - نسبت کے لیے غَائِيٌّ - غَايَتُكَ اَنْ تَفْعَلَ كَذَا - تمھاری انتہائی طاقت یہ ہے کہ تم ایسا کرو۔

الغَايَةُ - پھڑپھڑانے والا پرندہ - چڑیوں کے شکار کی نے - اَنْتَ بَعِيْدُ الغَايَةِ - تمھاری رائے درست ہے۔

الغَايَةُ - سورج کی شعاع کی روشنی - کنویں کی گہرائی - ہر چیز جو سایہ کرے جیسے بادل و غبار - ج - غَيَايَاتٌ۔

المُغَيَّا - ایسا مقصد جس کی کوئی غایت ہو سکتی ہیں - الغَايَةُ لَا تَدْخُلُ فِي المُغَيَّا - حد محدود میں داخل نہیں۔

* * *

۸۰

ف

الفاء - یہ حرف عطف ہے جو کہ کئی معنوں میں مستعمل ہے۔

۱- ترتیب - جیسے قَامَ زَيْدٌ فَعَمْرٌو

۲- تعقیب - جیسے جَلَسَ زَيْدٌ فَقَتَلَهُ۔

۳- سببیت - جیسے ضُرِبَ زَيْدٌ فَمَاتَ۔

۴- یہ فاء حرف رابطہ ہے اس لیے جواب شرط میں آتی ہے - جیسے - اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَنِيْ فَاحْفَظُوْا وَ صَايَاىَ - نیز شبہ جواب شرط میں بھی آتی ہے جیسے اَلَّذِيْ يَاْتِيْنِيْ فَلَهُ دِرْهَمٌ۔

۵- حرف فاء ناصبہ ہے جو کہ مضارع پر بتقدیر اَنْ داخل ہوا کرتی ہے - جیسے زُرْنِيْ فَاُكْرِمَكَ۔

۶- ف استیناف کے لیے بھی آتی ہے جیسے يَقُوْلُ لَهُ كُنْ فَيَكُوْنُ - اس میں يَكُوْنُ کو رفع ہے اس لیے کہ اصل عبارت فَهُوَ يَكُوْنُ ہے۔

۷- ف زائدہ ہوتی ہے جیسے - زَيْدًا فَلَا تَضْرِبْهُ وَخَرَجْتُ فَاِذَا الاَسَدُ فِي الدَّارِ - وَلَمَّا قُمْتُ فَقُمْنَا۔

اَفْتَاتَ - بِرَايِهِ - رائے میں متفرد ہونا - عَلَى البَاطِلِ - امر باطل کو گھڑ لینا۔

اُفْتِيْتَ - اچانک مر گیا۔

فَادَهُ (ف) فَادًا - دل پر مارنا - دل پر لگنا - الخَوْفُ فلانًا - بزدل بنانا - اللَّحْمُ فِي النَّارِ - گوشت بھوننا۔

الخُبزَ۔ روٹی کو بھوبل میں ڈالنا۔

فَئِدَ فَأَدًا وفَیِدَ (س)، فَأْدًا۔ دل کی بیماری والا ہونا۔

اِفْتَأَدَ۔ الرجلُ۔ بھوننے کے لیے آگ جلانا۔ اللَّحمَ فِی النارِ۔ گوشت بھوننا۔

تَفَأَدَتِ۔ النارُ۔ آگ کا جلنا۔

الفُؤَادُ۔ دل۔ بسا اوقات عقل پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ ج۔ اَفْئِدَةٌ۔

الفَئِیدُ۔ آگ میں بُھنا ہوا۔ ایسا بزدل جس میں دلاوری کا نام نہ ہو۔

الأُفْؤُودُ۔ بھوبل میں پکی ہوئی روٹی۔ بھوبل میں روٹی رکھنے کی جگہ۔ ج۔ اَفَائِیدُ۔

المُفْتَأَدُ۔ آگ جلنے کی جگہ۔

المِفْأَدُ والمِفْآدُ والمِفْأَدَةُ۔ آگ کریدنے کا لوہا۔ لکڑی۔ سیخ۔ ج۔ مَفَائِدُ ومَفَائِیدُ۔

المَفْؤُودُ۔ دل کی بیماری والا۔ بزدل۔ بھوبل کی پکی ہوئی روٹی۔ بُھنا ہوا گوشت۔

فَأَدَ (ف)، فَأْدًا۔ التُّرَابَ۔ مٹی کھودنا۔ الشیءَ۔ دفن کرنا۔ چھپانا۔

فَئِرَ (س)، فَأْرًا۔ المکانُ۔ بہت چوہے والا مکان ہونا۔

الفَأرُ۔ چوہا۔ ج۔ فِئْرَانٌ وفِئَرَةٌ۔ اس کا واحد فَأرَةٌ۔ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے مستعمل ہے۔

الفَأرَةُ۔ مشک کا نافہ۔

مکانٌ فَئِرٌ وارضٌ فَئِرَةٌ ومَفَأرَةٌ۔ بہت چوہوں والا مکان۔ بہت چوہوں والی زمین۔

فَأَسَ (ف)، فَأْسًا۔ الخَشَبَةَ۔ لکڑی کو کلہاڑے سے پھاڑنا۔ الرجلَ۔ کلہاڑی سے مارنا۔ سر کے پچھلے حصہ پر لگنا۔

الفَأسُ۔ کلہاڑی۔ کبھی بغیر ہمزہ کے بھی بولا جاتا ہے (فاس)، اور یہ مؤنث سماعی ہے۔ ج۔ اَفْؤُسٌ وفُؤُوسٌ۔

فَأسُ الرَّأسِ۔ سر کے پچھلے حصہ کی ابھری ہوئی ہڈی۔ فَأسُ الفَمِ۔ منہ کا وہ کنارہ جس میں دانت ہیں۔ فَأسُ اللِّجَامِ۔ لگام کا وہ لوہا جو گھوڑے کے منہ میں ہوتا ہے۔

فَأْفَأَ فَأْفَأَةً۔ الرجلُ۔ حرف فاء کا کثرت سے بولنا۔ صفت (فَأْفَأٌ و فَأْفَاءٌ)

فَأَقَ (ن)، فُؤَاقًا۔ ہچکی آنا۔

الفُؤَاقُ۔ وہ ہوا جو معدہ سے نکلتی ہے۔ یعنی ڈکار۔

فَأَّلَهُ تَفْئِیلًا۔ بِالشیءِ۔ فال لینا۔

تَفَأَّلَ وتَفَاءَلَ وافْتَأَلَ۔ بِهِ۔ اچھی فال لینا۔

الفَألُ۔ نیک شگون، جیسے مریض کسی کو "یَا سَالِمُ" کہتے ہوئے سنے تو اس سے یہ سمجھے کہ صحت ہو جائے گی۔ کہا جاتا ہے "لَا فَألَ عَلَیْكَ" یعنی تیرے اوپر کوئی ضرر نہیں۔ ج۔ فُؤُولٌ وافْؤُلٌ۔

فَأَمَ (ف)، فَأْمًا۔ مِنَ المَاءِ۔ پانی سے سیراب ہونا۔

فَأَمَ وفَئِمَ فَأْمًا وتَفَأَّمَ۔ البعیرُ۔ گھاس سے منہ بھرنا۔

فَأَّمَ واَفْأَمَ۔ القَتَبَ۔ پالان کو وسیع کرنا۔ اَفْأَمَ الدَّلوَ۔ ڈول بھرنا۔

الفِئَامُ۔ لوگوں کی جماعت۔ اس لفظ کا واحد نہیں آتا ہے۔ ج۔ فُؤُمٌ کہا جاتا ہے۔ قَطَّعُوهُ (فُؤُومًا) یعنی ٹکڑے ٹکڑے کر دیے۔

فَأَی یَفْأَی فَأْوًا وفَأْیًا۔ رَأسَ فلانٍ۔ کسی کے سر کو تلوار سے پھاڑ دینا۔

اَنْفَأَی۔ تنگ وادی میں پڑنا۔

تَفَأَّی۔ القَدَحُ۔ پیالہ کا پھٹنا۔

اِنْفَأَی۔ کھلنا۔ الشیءُ۔ پھٹنا۔

الفَأوُ۔ دو پہاڑوں کے درمیان شگاف پڑنا۔ وادی میں تنگ جگہ کا ہونا۔ چکنی جگہ، ریت کا تودہ۔ رات۔ آفتاب غروب ہونے کی جگہ۔ پہاڑوں کے درمیان عمدہ زمین۔

الفِئَةُ۔ جماعت، گروہ۔ ج۔ فِئَاتٌ و فِئُونٌ۔

فَتَّ (ن)، فَتًّا وفَتَّتَ۔ الشیءَ۔ انگلیوں سے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔ کہا جاتا ہے "فَتَّ فِی سَاعِدِهِ" یعنی اس نے اس کو کمزور کر دیا۔ فَتَّ فِی عَضُدِهٖ یعنی اس کی قوت توڑ دی۔ اور اس کے اعوان وانصار کو متفرق کر دیا۔

اِنْفَتَّ وتَفَتَّتَ۔ ٹوٹنا۔

الفَتُّ۔ مص۔ پتھر میں پھٹن۔ کہا جاتا ہے "هُمْ اَهْلُ بَیْتٍ فَتٍّ وفِتٍّ وفُتٍّ"۔ وہ لوگ منتشر ہیں۔

الفَتَّةُ والفُتَّةُ۔ خشک مینگنیاں، جو توڑی جائیں اور چقماق کے نیچے رکھ کر آگ روشن کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا لَا یُسَاوِی فَتَّةً" یہ مینگنی کے برابر نہیں ہے۔ کھجوروں کا ڈھیر۔

الفُتَاتُ۔ چورا۔ المَفْتُوتُ۔ چورا۔

الفَتِیتَةُ۔ ریزہ ریزہ شدہ چیز کا ایک ٹکڑا ج۔ فَتَائِتُ۔

الفَتِیتُ والفَتُوتُ والمَفْتُوتُ۔ چورا کیا ہوا۔

فَتَأَ (ف)، فَتْأً۔ النارَ۔ آگ بجھانا۔ هُ عن الامرِ۔ کسی کام سے روک دینا۔

فَتِیءَ (س)، فَتْأً۔ عنهُ۔ رُکنا۔ بھولنا۔ کہا جاتا ہے "مَا فَتَأَ وَمَا فَتِیءَ یَفْعَلُ ذٰلِكَ" ہمیشہ یہ کرتا رہا۔ اور یہ افعال ناقصہ میں سے ہے اور

سوائے ماضی و مضارع کے دوسرے
افعال کا اس سے استعمال نہیں ہوتا۔
فَتَحَ (ف) فَتْحًا۔ البابَ۔ دروازہ
کھولنا۔ القَنَاۃَ۔ پانی لینے کے لیے
نالی نکالنا۔ البِلَادَ۔ ملک پر غلبہ
حاصل ہونا۔ مالک ہونا۔ فتح کرنا۔
الحاکِمُ بَیْنَ النَّاسِ۔ حاکم کا
فیصلہ کرنا۔
فَتَحَ۔ اللّٰہُ علیہِ۔ سکھلا دینا۔ معرفت
بخشنا۔ سِرَّہٗ عَلٰی فلانٍ۔ کسی پر
بھید ظاہر کرنا۔
فَتَحَ فَتْحًا و فُتَاحَۃً۔ اللّٰہُ عَلٰی فلانٍ
مدد کرنا۔
فَتَّحَ۔ بمعنی فَتَحَ۔ تشدید کے ساتھ مبالغہ
کے لیے آتا ہے۔
تَفَتَّحَ۔ کھلنا مطاوع فَتَّحَ ہے۔ فِی
الکلامِ و بالمالِ عَلٰی فلانٍ۔ اظہار
کرنا اور فخر کرنا۔ تَفَتَّحَتِ الْاَکْمَۃُ
عَنِ النَّوْرِ۔ کلی کا کھلنا۔
اِنْفَتَحَ۔ فتح کا مطاوع آتا ہے۔ اِفْتَتَحَ
عَنِ الشَّیءِ۔ کسی شے کو کھول دینا۔
فَاتَحَہٗ۔ فیصلہ کے لیے لے جانا۔
بالامرِ۔ پہلے مخاطب کرنا۔ فلانًا
بھاؤ کیا اور کچھ نہ دیا۔ البَیْعَ۔ بیع
میں آسانی کرنا۔
تَفَاتَحَ۔ القومُ کلامًا بینَھُم۔ آپس
میں چپکے چپکے باتیں کرنا۔
اِفْتَتَحَ۔ البلادَ۔ ملک فتح کرنا۔
اِسْتَفْتَحَ۔ الابوابَ۔ دروازہ کھلوانا
کھولنا۔ الامرَ بکذا۔ شروع کرنا
۔ الرجلُ۔ مدد طلب کرنا۔
الفَاتِحُ۔ فا۔ ج۔ فَتَحَۃ و فَاتِحُوْنَ۔
الفَتْحُ۔ مص۔ مدد۔ وہ روزی جو حق تعالیٰ
عنایت فرمائے۔ دریاؤں کا جاری پانی
موسم بہار کی پہلی بارش۔ ج۔ فُتُوحٌ۔

یَوْمُ الفَتْحِ۔ قیامت کا دن۔
الفَتْحَۃُ۔ ایک قسم کی حرکت جس سے
منہ کھل جاتا ہے۔
الفُتُوحَاتُ۔ لڑائی سے جو ممالک فتح
ہوں۔
الفَتْحَۃُ۔ ایک مرتبہ کھولنا۔ حرکتِ زبر کو
بھی کہتے ہیں۔
الفَتَاحَۃُ۔ مص۔ مدد۔
الفِتَاحَۃُ و الفُتَاحَۃُ۔ دو دشمنوں کے
درمیان فیصلہ۔ کہا جاتا ہے "بَیْنَھُمَا
فُتَاحَاتٌ" یعنی ان دونوں کے درمیان
خصومتیں ہیں۔
الفُتُحُ۔ کھلا ہوا وسیع دروازہ کھلی ہوئی
وسیع شیشی۔
الفُتْحَۃُ۔ کشادگی، اپنے علم و ادب یا
مال پر فخر کرنا۔ ج۔ فُتَحٌ۔
الفَاتِحَۃُ۔ مِنَ الشَّیءِ۔ ابتداء۔ اور
اسی سے ہے فَاتِحَۃُ الکتاب۔ ج
فَوَاتِحُ۔
الفَتُوحُ۔ موسم بہار کی پہلی بارش۔ ج۔
فُتُحٌ۔
الفُتَاحُ و الفِتَاحُ و الفُتُوحَۃُ۔ حکومت
الفَتَّاحُ۔ صیغہ مبالغہ۔ حاکم۔ قاضی۔
الاِسْتِفْتَاحُ۔ مص۔ اور حرف اِسْتِفْتَاح
نحویوں کے نزدیک "اَلَا" ہے۔
المَفْتَحُ۔ خزانہ۔ دفینہ۔ ج۔ مَفَاتِحُ۔
المِفْتَحُ۔ پانی کی نالی۔ کنجی۔ ج۔ مَفَاتِحُ۔
المِفْتَاحُ۔ کنجی۔ ج۔ مَفَاتِیْحُ۔
فَتِخَ (س) فَتَخًا۔ ڈھیلے، نرم اور کمزور
جوڑوں والا ہونا۔ صفت (اَفْتَخُ)
فَتَخَ (ف) فَتْخًا و فَتَّخَ۔ اَصَابِعَہٗ۔
انگلیوں کو مروڑنا۔ نرم کرنا۔
اَفْتَخَ۔ الرجلُ۔ سانس پھولنا۔ تھکنا۔
تَفَتَّخَ۔ چھلا پہننا۔
الفَتْخَۃُ و الفَتَخَۃُ۔ چھلا۔ بغیر نگینہ کی

انگوٹھی۔ نگینہ والی انگوٹھی کو خَاتَم
کہتے ہیں۔ ج۔ فَتَخٌ و فَتَخَاتٌ و
فُتُوخٌ و فِتَاخٌ۔ فُتُوخُ الاَسَدِ
شیر کے پنجے۔
الاَفْتَخُ۔ نرم کمزور اور ڈھیلے جوڑوں والا۔
مؤنث فَتْخَاءُ۔ ج۔ فُتْخٌ۔ اَسَدٌ
اَفْتَخُ۔ چوڑے ہاتھ پاؤں والا شیر
رجلٌ اَفْتَخُ الطَّرْفِ۔ کمزور نگاہ
والا مرد۔
الفَتْخُ و الفَتَخَۃُ۔ گٹے سے بازو تک
کا اندرونی حصہ۔
فَتَرَ (ن ض) فُتُوْرًا و فُتَارًا و تَفْتَارًا
تیزی کے بعد ساکن ہونا۔ سختی کے بعد
نرم پڑنا۔ الماءُ۔ حرارت کم ہونا۔
عَنِ العَمَلِ۔ کوتاہی کرنا۔
فَتَرَ فُتُوْرًا و فَتْرًا۔ جِسْمُہٗ۔ نرم اور
کمزور جوڑوں والا ہونا۔
فَتَرَ فَتْرَۃً و فُتُوْرًا۔ الحَرُّ۔ کم ہونا
فَتْرَۃً فَتْرًا۔
فَتَّرَ۔ تیزی کے بعد ساکن ہونا اور سختی کے
بعد نرم پڑنا۔ السَّحَابُ۔ بادل کا
ٹھہرنا۔ آمادہ بارش ہونا۔ ہٗ۔ سکون
و نرمی پر آمادہ کرنا۔ الماءَ۔ گرم پانی
کی حرارت کو کم کرنا۔
اَفْتَرَ۔ کمزور پلکوں والا ہونا۔ الشَّرابُ۔
شراب کا مست کر دینا۔ الدَّاءُ اَوِ
السُّکْرُ۔ بیماری یا نشہ کا کسی کو کمزور و
ضعیف کر دینا۔
اِسْتَفْتَرَ۔ الفرسَ۔ گھوڑے کو مشقت
سے آزاد کر دینا۔
الفَتْرُ۔ کمزوری۔ ج۔ فُتُوْرٌ۔
الفِتْرُ۔ (ن ض) انگشت شہادت اور
انگوٹھے کے سروں کے درمیان کا حصہ۔
کھلی ہوئی حالت میں۔
الفَتْرُ۔ کھجور کی چٹائی جس پر آٹا چھانا

جاتاہے۔

الفَترَۃُ۔ سُستی۔ کمزوری، صلح۔ بخار کی دو باریوں کے درمیان کا زمانہ۔ دو نبیوں کے درمیان کا زمانہ۔ ج۔ فَتَرات۔

الفِترُ۔ ایک قسم کی مچھلی جس کے پکڑنے سے کپکپی پیدا ہو جاتی ہے۔

الفُتارُ۔ مص۔ ابتدائی غشی۔ ماءٌ فاتُورٌ۔ نیم گرم پانی۔

فَترَصَہٗ فَترَصَۃً۔ کاٹنا۔

فَتَشَ (ض)، فَتشًا وفَتَّشَ۔ الشیءَ۔ ڈھونڈنا تلاش کرنا۔ فَتَشَ وفَتَّشَ عنہ۔ سوال کرنا اور بحث کرنا۔

الفَتّاشُ۔ صیغہ مبالغہ۔ بہت جستجو کرنے والا بہت تلاش کرنے والا۔

فَتَغَ (ف)، فَتغًا۔ الشیءَ۔ روند کر ریزہ ریزہ کرنا۔

تَفَتَّغَ۔ ریزہ ریزہ ہونا۔

فَتفَتَ اِلَیہِ۔ فَتفَتَۃً۔ چپکے چپکے بات کہنا۔ کہا جاتا ہے "ماھٰذِہِ الفَتفَتَۃُ والدَّندَنَۃُ"۔

الفَتافِتُ۔ پوشیدہ باتیں۔

فَتَقَ (ن، ض)، فَتقًا وفَتَّقَ۔ الشیءَ۔ پھاڑنا۔ الثوبَ۔ کپڑے کی سیون توڑنا ادھیڑنا۔ المِسکَ۔ مشک کی خوشبو نکالنا۔ العَجِینَ۔ گندھے ہوئے آٹے میں خمیر ڈالنا۔ بَینَ القومِ۔ قوم میں اختلاف پیدا کرنا۔ الکلامَ۔ واضح کرنا۔

فَتِقَ (س)، فَتَقًا۔ المکانُ۔ سرسبز ہونا۔

اَفتَقَ۔ القومُ۔ قوم کا خوشحال ہونا۔

تَفَتَّقَ۔ قَرنُ الشَّمسِ۔ آفتاب کا بادلوں میں سے ظاہر ہونا۔ السَّحابُ۔ بادل کا کھل جانا۔ الرجلُ۔ مختلف مصائب وآفات میں مبتلا ہونا۔

تَفَتَّقَ وانفَتَقَ۔ پھٹنا۔ وانفَتَقَتِ الماشِیَۃُ۔ مویشی کا موٹا ہونا۔ تَفَتَّقَ فلانٌ بالکلامِ۔ زبان کا رواں ہونا۔

الفَتقُ۔ مص۔ کشادہ جگہ۔ کہا جاتا ہے۔ "خَرَجَ فلانٌ اِلٰی فَتقٍ" فلاں آدمی ایسے مقام کی طرف گیا جہاں بارش نہیں اور اس کے ارد گرد بارش ہے۔ ج۔ فُتُوقٌ۔ کہا جاتا ہے "عامٌ ذُو فُتُوقٍ" کم بارش کا سال۔ سرسبزی، قحط سالی۔ زندگی میں خلل۔ ایک بیماری کا نام جو نیچے کی کھال میں ہوتی ہے۔

الفَتقُ والفَتَقُ۔ صبح۔

الفِتاقُ۔ بڑا بوریا۔ آفتاب۔ آفتاب کی شعاع۔ درخت خرما کی سفید جڑ۔ مختلف دواؤں کا مرکب۔ دوائیوں کے ایک خاص مرکب کا نام۔

الفُتُوقُ۔ آفات۔ جیسے مرض۔ بھوک۔ فقری۔ تھوڑی بارش۔

الفَتِیقُ۔ موٹاپے سے پھٹ جانا۔ الصُّبحُ الفَتِیقُ۔ چمکنے والی صبح۔ رَجُلٌ فَتِیقُ اللِّسانِ۔ تیز زبان مرد۔ اِمرَأَۃٌ فُتُقٌ ومُتَفَتِّقَۃٌ۔ تیز زبان۔ جلد جواب دینے والی عورت۔

المَفتُوقُ۔ مفعو۔ فتق کی بیماری والا۔

الفَیتَقُ۔ دربان۔ بڑھئی، لوہار۔ بادشاہ۔

مَفتَقُ۔ القَمِیصِ۔ قمیص کا گریبان۔

فَتَكَ (ن، ض)، فَتکًا وفِتکًا وفُتکًا وفُتُوکًا۔ الرجلُ۔ دلیر ہونا۔ بہادر ہونا۔ نڈر ہونا۔ بِفُلانٍ۔ غفلت میں پکڑنا یا قتل کرنا۔ فی الاَمرِ۔ کسی کام میں اصرار کرنا۔ مبالغہ کرنا۔

فَتَكَ (ن، ض)، فُتُوکًا۔ فی صَناعَتِہٖ۔ اپنے پیشہ میں ماہر ہونا۔ فی الخُبثِ۔ خباثت میں مبالغہ کرنا۔ القُطنَ۔ روئی دھننا۔

اَفتَكَ۔ الرجلُ۔ فتک کے ہم معنی ہے۔

فاتَکَہٗ مُفاتَکَۃً۔ کھلم کھلا قتال کرنا۔

فاتَكَ الشیءَ والاَمرَ۔ کسی کام کو سختی سے کرنا۔ ہٗ۔ ہنرمندی میں مقابلہ کرنا۔ مانگی ہوئی قیمت دینا۔

تَفَتَّكَ۔ بِاَمرِہٖ۔ خود رائی سے کام کرنا اور کسی سے مشورہ نہ کرنا۔

الفاتِكُ۔ فا۔ دلیر، بہادر۔ ج۔ فُتّاكٌ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فاتِكُ القَلبِ"۔ وہ کام کر گزرنے والا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ "ما اَفتَکَہٗ" یعنی وہ بہت جھگڑالو ہے۔

فَتَلَ (ض)، فَتلًا وفَتَّلَ۔ الحَبلَ۔ رسی بٹنا۔ وَجھَہٗ عَنھُم۔ ان سے اپنے چہرہ کو چھپا لیا۔ ذُؤابَتَہٗ فلانٌ۔ یعنی اس کو رائے سے ہٹا دیا۔ — البُلبُلُ۔ چہچہانا۔ مثل ہے "ما زالَ الفَتِیلُ مِن فُلانٍ فِی الذِّروَۃِ والغارِبِ" یعنی وہ فلاں کی فریب دہی کے لیے چکر لگاتا ہے۔

فَتِلَ (س)، فَتَلًا۔ بعید پہلوؤں والا ہونا۔ صفت (اَفتَلُ)، مؤنث فَتلاءُ۔

تَفَتَّلَ وانفَتَلَ۔ رسی وغیرہ بٹ جانا۔ مطاوع فَتَلَ کا ہے۔

الفَتلَۃُ۔ فَتَلَ کا اسم جو مرتبہ کے لیے آتا ہے۔ ہاتھ کے پٹھے کی سختی۔ بیری اور ببول کے دانے رکھنے کا برتن۔ ج۔ فَتلٌ۔

الفَتَلَۃُ۔ درخت عُرفُط اور عضاۃ کا دانہ۔ ج۔ فَتَلٌ۔ کہا جاتا ہے "ما اَغنٰی عَنکَ فَتلَۃً اَو فَتَلَۃً" یعنی میں تم کو کچھ بھی فائدہ نہ دوں گا۔

الفَتِیلُ۔ بٹی ہوئی بتی۔ مؤنث فَتِیلَۃٌ۔ کھجور کی گٹھلی کے شگاف میں باریک بتی۔ د۔ الفَتِیلَۃُ۔ وہ بتی جس سے چراغ

فَارَقَهُ فِرَاقًا و مُفَارَقَةً۔ علیحدگی و جدائی اختیار کرنا۔

تَفَرَّقَ تَفَرُّقًا و تَفِرَّاقًا و اِفتَرَقَ و تَفَارَقَ۔ ضد ہیں تَجَمَّعَ و اِجتَمَعَ اور تَجَامَعَ کی۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّقَت بِهِمُ الطُّرُقُ"۔ یعنی ہر ایک ان میں سے الگ الگ متفرق راستوں میں چل دیا۔

اِنفَرَقَ۔ عَنهُم۔ جدا ہونا۔ لَهُ الطَّرِيقُ راستہ کا واضح ہونا۔

الفَرقُ۔ مص۔ سر کے بالوں کا درمیانی راستہ یعنی مانگ۔ کتان۔

الفِرقُ۔ بالکسر۔ بچوں کی ٹولی۔ جماعت، گروہ۔ القِسمُ۔ یعنی ہر چیز کا تقسیم میں آیا ہوا حصہ۔ الفِلقُ مِنَ الشَّيءِ۔ کسی چیز کا ٹوٹا ہوا ٹکڑا۔ الفِرقُ، ٹیلہ، موج۔ بکری وغیرہ کا ریوڑ۔

الفَرَقُ۔ مص۔ گھبراہٹ۔ صبح یا ابتدائے صبح۔ ج۔ اَفرَاقٌ و اَفرُقٌ۔ الفَرَقُ۔ سامنے کے دو دانتوں کا فاصلہ اور دوری۔ فِي الخَيلِ گھوڑے کے ایک سرین کا دوسرے سے اٹھا ہوا ہونا جو کہ ناپسندیدہ ہے۔

الفُرقَانُ۔ مص۔ ہر وہ چیز جس سے حق و باطل میں امتیاز ہو۔ دلیل۔ مدد۔ صبح، سحر، اول صبح۔ توراۃ۔ قرآن۔

الفُرُقُ۔ ایک پیمانہ جس میں تین صاع، یا سولہ رطل آئے۔

الفِرقَةُ۔ لوگوں کی ایک جماعت۔ ج۔ فِرَقٌ۔

الفُرقَةُ و الفِرَاقُ۔ جدائی۔

الفَرِقُ و الفَرُوقُ و الفَارُوقُ و الفَرُوقُ و الفَرُّوقُ۔ بہت گھبرانے والا۔ مؤنث فَرِقَةٌ و فَرُوقَةٌ۔ نَبتٌ فَرِقٌ۔ متفرق یا چھوٹی گھاس جو زمین کو نہ چھپا سکے۔

الفَرُوقَةُ و الفَرُّوقَةُ و الفَارُوقَةُ۔ مرد عورت دونوں کے لیے بولا جاتا ہے۔ بہت گھبرانے والا۔ بزدل۔

الفَرِيقُ۔ ریوڑ۔ آدمیوں کا ایک گروہ اور بڑی جماعت۔ فَرِيقُ الخَيلِ۔ دوسروں سے آگے بڑھنے والا گھوڑا۔ ج۔ اَفرِقَاءُ و اَفرِقَةٌ و فُرُوقٌ۔

الفَرِيقَةُ۔ بکریوں کا ریوڑ۔ ایک قسم کا کھانا جو زچہ کے لیے پکایا جاتا ہے۔

الاَفرَقُ۔ مانگ والا۔ جس کے داڑھی کے یا پیشانی کے بال جدا کیے ہوئے ہوں جس کے دانت جدا جدا ہوں۔ دِيكٌ اَفرَقُ وہ مرغ جس کی کلغی شاخ در شاخ ہو تَيسٌ اَفرَقُ۔ وہ مینڈھا کہ جس کے سینگوں میں دوری ہو۔ مؤنث فَرقَاءُ۔

الفَارِقُ۔ فا۔ مؤنث فَارِقَةٌ۔ ج۔ فَوَارِقُ و فَارِقَاتٌ۔ بادل کا وہ ٹکڑا جو دوسرے بادلوں سے علیحدہ ہو وہ اونٹنی جو درد زہ شروع ہو جانے پر دوسرے اونٹوں سے علیحدہ ہو کر اکیلی ہو گئی ہو۔ ج۔ فَوَارِقُ و فُرَّقٌ و فُرُقٌ و فُرَّاقٌ۔ الفَارِقُ۔ ہر وہ چیز جو حق و باطل کو جدا کر دے۔

الفَارُوقُ۔ ہر وہ شخص جو امور میں فیصلہ کرے اور یہ لقب ہے حضرت عمرؓ بن خطاب رضی اللہ عنہ کا۔ کہا جاتا ہے۔ ضَمَّ تَفَارِيقَ مَتَاعِهِ۔ اس نے اپنے متفرق سامان کو اکٹھا کیا۔ اور کہا جاتا ہے "اَخَذَ حَقَّهُ بِالتَّفَارِيقِ" یعنی اس نے اپنا حق تھوڑا تھوڑا کر کے لیا۔

المَفرَقُ و المَفرِقُ۔ مِنَ الطَّرِيقِ۔ راستہ کا وہ حصہ جہاں سے مختلف راستے نکلیں۔ المَفرَقُ مِنَ الشَّعرِ۔ بالوں کا وہ حصہ جہاں سے ان کو علیحدہ علیحدہ کر کے مانگ

نکالی جاتی ہے۔ جدائی کی جگہ۔ ج۔ مَفَارِقُ۔ کہا جاتا ہے "دَقَّقَهٗ عَلٰی مَفَارِقِ الْحَدِیْثِ" یعنی اس کو حدیث اور گفتگو کے واضح طریقوں پر مطلع کیا۔

اَلْفَرْقَدُ۔ وہ ستارہ جو قطب شمالی کے قریب ہے اور اس سے لوگ راستہ معلوم کرتے ہیں۔ اور اس کی دوسری جانب میں ایک دوسرا ستارہ ہے جو اس سے روشنی میں کم ہے۔ پھر دونوں کو فَرْقَدَان کہتے ہیں۔ اَلْفَرْقَدُ مِنَ الْاَرْضِ۔ سخت ہموار زمین۔ اَلْفَرْقَدُ نیل گائے کے بچہ کو بھی کہتے ہیں۔ ج فَرَاقِدُ۔

فَرْقَعَ فَرْقَعَةً (دُبُرُهَا) عَلَا۔ تیز دوڑنا۔ گوز کرنا (پاخانہ کے راستہ سے ہوا کا خارج ہونا) صفت فِرْقَاعٌ۔ فَرْقَعَ الْاَصَابِعَ۔ انگلیاں چٹخانا۔ فلانا۔ گردن مروڑنا۔

تَفَرْقَعَ وَافْرَنْقَعَ۔ فَرْقَعَ کے مطاوع ہیں بمعنی انگلیوں کا چٹخنا۔ اِفْرَنْقَعَ عَنْهُ۔ کسی سے علیحدہ ہو کر دور ہو جانا۔

فَرَكَ (ن) فَرْكًا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے کو ملنا۔ الشَّیْءَ عَنِ الثَّوْبِ۔ کسی چیز کو رگڑ کر یا کھرچ کر کپڑے سے زائل کر دینا۔ الْجَوْزَ وَنَحْوَهٗ۔ اخروٹ وغیرہ کو رگڑ کر چھلکا اتار دینا۔

فَرِكَتْهُ (س) فَرْكًا وَفِرْكًا وَفُرُوْكًا وَفِرْكَانًا۔ بغض رکھنا اور کہا گیا ہے کہ یہ میاں بیوی کے بغض کے لیے مخصوص ہے۔

فَرِكَتْ (س) فَرَكًا۔ الْاُذُنُ۔ کان کی جڑ کا ڈھیلا ہونا۔ صفت فَرِكَةٌ وَفَرْكَاءُ۔

فَرَّكَهٗ۔ رگڑنے میں مبالغہ کرنا۔ یعنی بار بار رگڑنا۔

فَارَكَهٗ مُفَارَكَةً۔ ایک دوسرے کو چھوڑ بیٹھنا۔

اَفْرَكَ۔ السُّنْبُلُ بمعنی صار فَرِيْكًا۔ یعنی جب اس قابل ہو جائے کہ اس کو مل کر اس کے دانے کھائے جائیں۔

تَفَرَّكَ۔ رفتار یا گفتگو میں اٹکنا۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ وَانْفَرَكَ، فَرَكَ اور فَرَّكَ کے مطاوع ہیں۔ کہا جاتا ہے "اِنْفَرَكَ مَنْكِبُ فُلَانٍ" یعنی فلاں کا مونڈھا اتر گیا۔ اپنی جگہ سے ہٹ گیا۔

اِسْتَفْرَكَ۔ الْحَبُّ فِي السُّنْبُلَةِ۔ دانہ کا خوشہ میں سخت اور موٹا ہونا۔

اَلْفِرْكُ۔ بغض۔ بغض زوجین۔

اَلْفَرِيْكُ۔ چھلکا اترا ہوا۔ کہا جاتا ہے "لَوْزٌ فَرِيْكٌ" چھلا ہوا بادام۔

اَلْفَارِكُ۔ فا۔ اِمْرَاَةٌ فَارِكٌ" یعنی شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔ ج۔ فَوَارِكُ۔

اَلْفَرُوْكُ۔ بغض رکھنے والا۔ شوہر سے بغض رکھنے والی عورت۔

اَلْفَرِيْكُ۔ چھلکے سے نکلا ہوا دانہ۔ اور وہ کھانا جو گھی میں ملا کر بنایا جائے۔

اَلْمَفْرُوْكُ۔ مفعم۔ مِنَ الْاِبِلِ۔ وہ اونٹ جس کے مونڈھے اپنی جگہ سے ہٹ گئے ہوں۔ مِنَ الثِّيَابِ۔ بہت گھسا رگڑا ہوا کپڑا۔

اَلْمُفَرَّكُ۔ چھوڑا ہوا۔ مبغوض۔

اَفْرَمَ۔ الْاِنَاءَ۔ برتن کو بھرنا۔

اَلْاَفْرَمُ۔ گرے ہوئے حالت والا۔

اَلْفَرْمَانُ۔ پروانہ شاہی (رعایا کے لیے شاہی احکام) ج۔ فَرَامِيْنُ۔

اَلْفُرْنُ۔ وہ جگہ جو تنور کے علاوہ روٹی پکانے کے لیے بنائی گئی ہو۔ ج۔ اَفْرَانٌ۔

اَلْفَرَّانُ۔ منتظم مطبخ۔ روٹی پکانے والا۔

اَلْفَارِنَةُ۔ روٹی پکانے والی۔

اَلْفُرْنِيُّ۔ موٹی گول روٹی۔ واحد فُرْنِيَّةٌ ہے سخت بدن کا آدمی۔

اَلْفِرِنْدُ۔ انار کا دانہ۔ تلوار۔ جوہر تلوار۔ تلوار کا نقش و نگار۔ کہا جاتا ہے "سَيْفٌ فِرِنْدٌ" بے مثل تلوار۔ ج۔ فَرَانِدُ۔

اَلْفِرِنْدُ۔ ایک قسم کا کپڑا۔ یہ فارسی لغت پرند کا معرب ہے۔

اَلْاِفْرِنْدُ۔ جوہر تلوار۔ تلوار کے نقش و نگار۔ ج۔ اِفْرِنْدَاتٌ۔

فَرِهَ (س) فَرَهًا۔ خوش ہونا۔ اکڑنا۔ صفت (فَرِهٌ)

فَرُهَ (ك) فَرَاهَةً وَفُرُوْهَةً وَفَرَاهِيَةً ماہر ہونا۔ حاذق ہونا۔ خوش ہونا۔ سبک ہونا۔ صفت (فَارِهٌ)

اَفْرَهَ۔ الرَّجُلُ۔ چست و چالاک غلام حاصل کرنا۔

اِسْتَفْرَهَ۔ الدَّوَابَّ۔ عمدہ جانور چھانٹنا۔

اَلْفَارِهُ۔ ایسا چالاک جس کی مہارت ظاہر ہو خوب کھانے والا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَارِهٌ وَجَارِيَةٌ فَارِهَةٌ" ج۔ فُرْهٌ وَفُرَّهَةٌ وَفُرْهَةٌ وَفُرَهَةٌ وَفُرُهٌ۔

اَلْفَارِهَةُ۔ فَارِهٌ کا مؤنث۔ خوب صورت جوان لڑکی۔ ج۔ فَوَارِهُ وَفُرْهٌ۔

اَلْاَفْرَهُ۔ کھلا ہوا ماہر۔

فَرْهَدَ۔ پھولنا۔ فَرْهَدَتْ نَفْسُهٗ۔ سانس کا پھولنا اور تنگ ہونا۔

تَفَرْهَدَ۔ الْغُلَامُ۔ لڑکے کا موٹا ہونا۔

اَلْفُرْهُدُ وَالْفَرْهَدُ وَالْفُرْهُوْدُ۔ موٹا تازہ حسین لڑکا۔

اَلْفُرْهُوْدُ۔ ایضاً۔ بکری یا پہاڑی بکری کا بچہ۔ ج۔ فَرَاهِيْدُ۔

فَرَّى تَفْرِيَةً۔ الْجُبَّةَ۔ جبہ پر پوستین لگانا۔

إفْتَرٰی۔ الفَرْوَ۔ پوستین پہننا۔
الفَرْوَۃُ۔ مع بالوں کے سر کی کھال۔ عورت کا سربند۔ اوڑھنی۔ تاج۔ تونگری۔ مالداری۔ کہا جاتا ہے "ضَرَبَہٗ عَلٰی اُمِّ فَرْوَتِہٖ" اس کی کھوپری پر مارا۔
الفَرْوَۃُ۔ فقیر کی جھولی۔ تھیلہ جس میں صدقہ کا مال رکھتا ہو۔ اونٹ کے بالوں سے تیار کردہ چادر۔ کمبل۔ د۔ والفَرْوُ وہ پوستین جس کا اندرونی حصہ (لومڑی، بلی وغیرہ) جانوروں کی کھال سے تیار کیا جاتا ہے۔ ج۔ فِرَاءٌ۔
الفَرَّاءُ۔ پوستین کا بنانے والا۔
فَرْوَزَ فَرْوَزَۃً۔ مرنا۔
فَرٰی یَفْرِی فَرْیًا۔ علیہ الکَذِبَ۔ کسی کے ذمہ بہتان اور جھوٹی بات لگا دینا۔ الارضَ۔ زمین میں چلنا۔ المَزَادَۃَ۔ توشہ دان بنانا۔ البَرْقُ بجلی کا آسمان میں چمکنا۔
فَرٰی وفَرّٰی۔ الشیءَ۔ کاٹنا۔ پھاڑنا۔ چیرنا۔
فَرِیَ یَفْرٰی فَرًی۔ دہشت زدہ، اور متحیر ہونا۔
اَفْرٰی۔ الشیءَ۔ کاٹنا۔ پھاڑنا۔ درست کرنا۔ فلانًا۔ ملامت کرنا۔
تَفَرّٰی تَفَرِّیًا و اِنْفَرٰی اِنْفِرَاءً۔ پھٹنا۔ کہا جاتا ہے "تَفَرَّتِ الارضُ بِالعُیُونِ" زمین میں چشمے پھوٹ پڑے۔
اِفْتَرٰی اِفْتِرَاءً۔ علیہ الکَذِبَ۔ کسی پر تہمت لگانا۔ جھوٹ باندھنا۔
الفَرْیَۃُ۔ فَرٰی کا اسم مرۃ۔
الفِرْیَۃُ۔ جھوٹ۔ تہمت۔
الفَرِیُّ۔ پھٹا ہوا۔ بنائی ہوئی اور گھڑی ہوئی بات، عجیب شے۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ یَفْرِی الفَرِیَّ" فلاں شخص تعجب خیز اور حیرت انگیز کام کرتا ہے اور اسی سے قرآن مجید میں ہے یہ آیۂ کریمہ "لَقَدْ جِئْتِ شَیْئًا فَرِیًّا" یعنی تم نے ایسا کام کیا، حیرت و تعجب ہے۔ مؤنث۔ فَرِیَّۃٌ۔ اور کہتے ہیں "الفَرِیَّۃُ الفَرِیَّۃُ" جلدی جلدی (الفَرِیُّ و الفَرِیَّۃُ) بڑا ڈول۔
الفَرَا۔ تعجب۔ بزدل۔ کہا جاتا ہے "ھٰذَا اَفْرَی الفَرٰی" یعنی تمام جھوٹوں سے بڑا جھوٹ۔

فَزَّ (ن)، فَزًّا۔ اکیلا ہونا۔ عنہٗ۔ جدا ہونا۔ عدول کرنا۔ الظَّبْیُ۔ ہرن کا گھبرانا۔ ہٗ۔ دھوکا دے کر غالب آنا ہوش اڑا دینا۔ گھبرا کر نکال لینا۔ فَزَّہٗ عَنْ مَکَانِہٖ۔ اس کے مکان سے نکالنا اور باہر لے آنا۔
فَزَّ (ض)، فَزِیزًا۔ الجُرْحُ۔ زخم سے خون پیپ وغیرہ کا بہنا۔ فَزَازَۃً و فُزُوزَۃً مضطرب ہونا۔ بھڑک اٹھنا۔
اَفَزَّہٗ۔ گھبرا دینا۔
اِفْتَزَّ۔ علیہ۔ غالب ہونا۔
تَفَازَّ۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک دوسرے کے مقابلہ کے لیے میدان میں نکل آنا۔
اِسْتَفَزَّہٗ۔ ہلکا جاننا۔ ذلیل سمجھنا۔ مضطرب کر دینا۔ گھر سے باہر نکال لانا۔ قتل کرنا۔ اِسْتَفَزَّہٗ مِنَ الشیءِ۔ نکالنا۔
الفَزُّ۔ م۔ ہلکا پھلکا آدمی۔ نیل گائے کا بچہ ج۔ اَفْزَازٌ۔
الفَزَّۃُ۔ اضطرابی حالت میں کودنا۔ کہا جاتا ہے "قَعَدَ مُسْتَفِزًّا" یعنی غیر مطمئن ہو کر بیٹھنا۔

فَزَرَہٗ (ن)، فَزْرًا۔ پھاڑنا۔ فرج کرنا۔ توڑنا۔ ۔ بالعَصَا۔ لاٹھی سے پیٹھ پر مارنا۔ الشیءَ مِنَ الشیءِ۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے جدا کرنا۔
فَزَرَ (ن)، فُزُورًا۔ پھٹنا۔
فَزِرَ (س)، فَزَرًا۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ پڑ جانا۔ صفت اَفْزَرُ۔
فَزَّرَ و اَفْزَرَ۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو ریزہ ریزہ کرنا۔
تَفَزَّرَ و اِنْفَزَرَ۔ پھٹنا۔ ٹکڑے ہونا۔ الثوبُ۔ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔
الفِزْرُ۔ بکریوں کا چھوٹا سا ریوڑ۔ اور کہا گیا ہے کہ دس اور چالیس بکریوں کے درمیان۔ بکری کا بچہ۔ شیر ببر کا بچہ۔ جڑ۔ غدود جو ران کے اوپر کے حصہ میں نکلے۔
الفِزَرُ۔ پھٹن۔ شگاف۔ (گویا کہ یہ فِزْرَۃٌ کی جمع ہے)
الفُزُورُ۔ پھٹن۔ شگاف۔
الفُزْرَۃُ۔ پیٹھ یا سینہ میں گانٹھ۔ کشادہ راستہ۔ ج۔ فُزَرٌ۔
الفَازِرُ۔ فا۔ وہ کالی چیونٹی جس میں سرخی ہو۔ کشادہ طویل راستہ۔
الفَازِرَۃُ۔ فَازِرٌ کا مؤنث۔ ریگستان کا راستہ۔
الفَزْرَاءُ۔ اَفْزَرُ کا مؤنث، پرگوشت عورت قریب البلوغ لڑکی۔ ج۔ فُزْرٌ۔
الفَزَارَۃُ۔ چیتے کی مادہ۔ یہ مؤنث من غیر لفظہ ہے۔
المَفْزُورُ۔ مفع۔ کبڑا۔

فَزَعَ (ف)، فَزْعًا و فِزْعًا۔ منہٗ۔ خوف کرنا۔
فَزِعَ (س)، فَزَعًا۔ دہشت زدہ ہونا۔ خائف ہونا۔ الیہ۔ فریاد چاہنا۔ پناہ لینا۔ الرَّجُلُ۔ فریاد رسی کرنا۔ مدد کرنا۔ مِنْ نَوْمِہٖ۔ بیدار ہونا۔ فَزِعًا، لِمَجِیْءِ فلانٍ۔ یعنی کسی کے آنے کی وجہ سے تیاری کرنا۔
اَفْزَعَہٗ۔ خوف دلانا۔ گھبراہٹ دور کرنا۔ اَفْزَعَ القومَ۔ فریاد رسی کرنا۔ اَفْزَعَہٗ

مِنَ النَّوْمِ۔ بیدار کرنا۔ اَفْزَعَ عَنْهُ۔ گھبراہٹ زائل کر دینا۔
فَزَّعَهُ۔ خوف دلانا۔ فَزَّعَ عَنْهُ۔ گھبراہٹ دور کرنا۔
اَلْفَزَعُ۔ مص۔ گھبراہٹ۔ فریاد رسی۔
اَلْفُزَاعَةُ۔ وہ شخص جس سے لوگ گھبرائیں۔
اَلْفُزَعَةُ۔ جو شخص لوگوں سے بہت گھبراتا ہو۔
اَلْفَازِعُ۔ خائف۔ فریادی۔ ج۔ فُزَّعَةٌ۔
اَلْفَزِعُ و اَلْفَازِعُ۔ خائف۔ فریادی۔
اَلْفَزَّاعَةُ۔ بہت گھبرانے والا۔ وہ شخص جو لوگوں کو بہت گھبرا دے۔ کھیت کا اُجکا۔ یعنی وہ پتلے جو کھیت میں وحشی جانوروں کے ڈرانے کے لیے کھڑی کر دی جائے۔
اَلْمَفْزَعُ و اَلْمَفْزَعَةُ۔ جائے پناہ۔ کہا جاتا ہے" فُلَانٌ مَفْزَعٌ او مَفْزَعَةٌ لِلنَّاسِ" فلاں شخص لوگوں کے لیے جائے پناہ ہے، یعنی جب ان کو کوئی مہم درپیش ہو تو اس کے پاس گھبرائے ہوئے جاتے ہیں اور پناہ لیتے ہیں۔ دونوں صیغے واحد و جمع اور مذکر و مؤنث کے لیے یکساں مستعمل ہوتے ہیں۔
اَلْمُفَزَّعُ۔ بہادر۔ بزدل۔
فَسَأَهُ (ف) فَسْأً۔ لاٹھی سے مارنا۔ عَنْ كَذَا۔ روکنا۔
فَسَّأَ و فَسَّاءَ تَفْسِيئَةً و تَفْسِيئًا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑا پھاڑنا۔
فَسِئَ (س) فَسَأً۔ پیٹھ کا اندر گھس جانا اور سینہ کا باہر نکل آنا۔ صفت اَفْسَأُ مؤنث فَسْآءُ۔
تَفَسَّأَهُ۔ لاٹھی سے مارنا۔ تَفَسَّأَ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا پھٹنا۔ بوسیدہ ہونا۔ اَلْمَرَضُ فِيهِمْ۔ بیماری پھیلنا۔
تَفَاسَأَ تَفَاسُؤًا۔ الرَّجُلُ۔ پیٹھ اور سرین کو نکالنا۔

اَلْفُسْتُقُ و اَلْفُسْتَقُ۔ پستہ کا درخت۔
اَلْفُسْتُقِيُّ۔ پستئی رنگ والا۔
اَلْفُسْتَانُ۔ عورتوں کا ایک لباس بمنزلہ قبا کے۔ ج۔ فَسَاتِينُ۔
فَسَجَ۔ پیشاب کرنے کے لیے ٹانگیں پھیلانا۔
اَفْسَجَ۔ عَنْهُ۔ چھوڑنا۔
فَسَحَ (ف) فَسْحًا۔ کشادہ قدم رکھنا۔ لَهُ فِي السَّفَرِ۔ پروانہ راہداری دینا۔
فَسَحَ فُسُوحًا و فَسْحًا۔ لَهُ فِي الْمَجْلِسِ مجلس میں جگہ دینا۔
فَسُحَ (ک) فَسَاحَةً۔ المَكَانُ۔ وسیع ہونا۔ صفت فَسِيحٌ و فُسَاحٌ و فُسُحٌ۔ و فُسُحْسُحٌ۔ مبالغہ کے لیے میم کی زیادتی کے ساتھ۔
اَفْسَحَ۔ المَكَانُ۔ وسیع ہونا۔
فَسَّحَ۔ المَكَانَ۔ وسیع کرنا۔ لَهُ فِي الْمَجْلِسِ۔ اس کے لیے مجلس میں جگہ کر دی۔
تَفَسَّحَ۔ کشادہ ہونا۔ لَهُ۔ کشادگی کرنا۔ کہا جاتا ہے" تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ" در تَفَاسَحُوا" یعنی مجلس میں کشادگی کرو۔ دوسروں کے لیے جگہ نکالو۔
اِنْفَسَحَ۔ المَكَانُ۔ کشادہ ہونا۔ صَدْرُهُ۔ کشادہ دل ہونا۔ اِنْفَسَحَ طَرْفُهُ۔ ضد ہے ضاق کی یعنی تنگ دل ہونا، وسیع النظر ہونا۔ دور تک دیکھنا۔
اَلْفُسْحَةُ۔ مص۔ سفر کے لیے اجازت نامہ۔ (پاسپورٹ، ویزا وغیرہ)
اَلْفُسْحَةُ۔ گنجائش۔ مکانوں وغیرہ کے درمیان کی کشادگی۔ ج۔ فُسَحٌ۔
اَلْفَيْسَحِيُّ۔ دونوں قدموں کے درمیانی فاصلہ کا بعید ہونا۔ کہا جاتا ہے" هُوَ يَمْشِي الْفَيْسَحِيَّ" یعنی وہ کشادہ قدم رکھ کر چلتا ہے۔

فَسَخَ (ف) فَسْخًا۔ جاہل ہونا۔ ضعیف العقل ہونا۔ رَأْيَ فُلَانٍ۔ فاسد کر دینا۔ الْأَمْرَ و الْعَقْدَ۔ توڑ دینا۔ معاملہ کو فسخ کر دینا۔ الشَّيْءَ۔ جدا جدا کرنا۔ الْعُودَ او الْمَفْصِلَ۔ لکڑی یا جوڑ کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا۔ الثَّوْبَ عَنْهُ۔ کپڑے کو اتار کر ڈالنا۔
فَسَخَ (ف) فَسْخًا و فَسِخَ (س) فَسَخًا۔ الرَّأْيُ۔ رائے کا فاسد ہونا۔
فَسَّخَهُ۔ فسخ کرنے میں مبالغہ کرنا۔
فَاسَخَهُ۔ الْعَقْدَ او الْبَيْعَ۔ و تَفَاسَخَا۔ الْعَقْدَ او الْبَيْعَ۔ عقد یا بیع کے توڑنے پر متفق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے۔ تَفَاسَخَتِ الْأَقَاوِيلُ۔ یعنی اقوال متناقض ہو گئے۔
اَفْسَخَ۔ الْكِتَابَ۔ بھولنا۔
تَفَسَّخَ۔ ٹکڑے ٹکڑے ہونا۔ تَفَسَّخَ الشَّعْرُ عَنِ الْجِلْدِ۔ بال کا کھال سے جھڑ جانا۔ (اور یہ میت کے لیے خاص ہے)
اِنْفَسَخَ۔ الْعَزْمُ او الْعَقْدُ۔ ارادہ یا معاملہ کا ٹوٹ جانا۔ ختم ہو جانا۔
اَلْفُسْخَةُ۔ فسخ کا اسم مرۃ۔ یعنی فسخ شدہ کا ایک ٹکڑا۔ کہا جاتا ہے" رَجُلٌ فُسْخَةٌ" یعنی کمزور بدن یا ضعیف العقل مرد۔
اَلْفَسِخُ و اَلْفَسِيخُ۔ وہ شخص جو اپنی حاجات میں کامیاب نہ ہو۔ اور اپنے امور کا صحیح انتظام نہ کر سکے۔ کمزور بدن یا کمزور عقل والا۔ وہ کمزور جس کا ارادہ شدت کے وقت ٹوٹ جائے۔
فَسَدَ (ن، ض)، و فَسُدَ (ک) فَسَادًا و فُسُودًا۔ خراب ہونا۔ بگڑ جانا۔ یہ صَلَحَ کی ضد ہے۔ صفت فَسِيدٌ۔ ج فَسْدَى و اَفَاسِدُ۔

أَفْسَدَ فَا وَفَسَّدَ فَا - خراب کرنا۔ بگاڑنا۔
فَاسَدَ - القومَ - قوم کے ساتھ بدسلوکی کرنا کہ جس سے وہ فساد پر آمادہ ہو جائے۔
تَفَاسَدَ - القومُ - قطع رحمی کرنا اور آپس میں مخالفت و دشمنی ہو جانا۔
إِسْتَفْسَدَ - فساد چاہنا۔ یہ إِسْتَصْلَحَ کی ضد ہے۔ إِسْتَفْسَدَ القومَ یعنی قوم سے بدمعاملگی کرکے اپنا مخالف و دشمن بنا لینا۔
الفَسَادُ - مص - کمیل کود۔ ظلماً مال لینا۔
المَفْسَدَةُ - مص - بمعنی فساد یا سبب فساد - ج - مَفَاسِدُ۔
فَسَرَ (ن ض)، فَسْرًا - الامرَ - واضح کرنا۔ مراد بتانا - المُغَطّٰی - ڈھکی ہوئی چیز کو کھول دینا۔
فَسَّرَ (ن ض)، فَسْرًا وَتَفْسِرَةً - الطَّبِيبُ - طبیب کا مریض کے قارورہ کو دیکھ کر اس کا حال معلوم کرنا۔
فَسَّرَهُ - واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔
تَفَسَّرَ وَاسْتَفْسَرَ - فلانًا عَنِ الامرِ وَاسْتَفْسَرَهُ الامرَ - واضح کرنے کو کہنا۔
التَّفْسِيرُ - مص - تاویل - پردہ ہٹانا - وضاحت کرنا۔ بیان واضح - ج - تَفَاسِيرُ۔
حرفا التفسیر - أَيْ - و - أَنْ۔ یعنی تفسیر کے لیے دو حروف مستعمل ہیں۔ أَيْ اور أَنْ - أَيْ سے مبہم کی تفسیر کی جاتی ہے جیسے "هٰذَا عَسْجَدٌ أَيْ ذَهَبٌ" اور أَنْ سے قول کے معنی اور مراد کی تفسیر کی جاتی ہے۔ جیسے "نَادَيْتُكَ أَنِ افْعَلْ كَذَا" اس میں أَنِ افْعَلْ نَادَيْتُكَ کی تفسیر ہے یعنی میری ندا اور پکارنے کا مقصد تجھے اس کام کا حکم دینا تھا۔

التَّفْسِرَةُ - مص - مریض کا قارورہ - ہر وہ چیز جس سے دوسری چیز پر استدلال کریں۔
الفُسَّاطُ وَالفُسْطَاطُ وَالفِسْطَاطُ - خیمہ، اون کا خیمہ - ج - فَسَاطِيطُ - وَالفُسْطَاطُ - بضم الفاء، ایک پرانے شہر کا نام ہے۔
الفَسِيطُ - ناخن کا تراشہ - واحد فَسِيطَةٌ۔
الفَسْفَسُ وَالفَسْفَاسُ - بیوقوف - ایک بدبودار گھاس - ج - فَسَافِسُ و فَسَافِيسُ۔
الفُسَافِسُ - مچھر۔
الفُسَيْفِسَاءُ - رنگ برنگ کے چھوٹے چھوٹے پتھروں کے ٹکڑے جن کو جوڑ کر مختلف شکلیں اور قسم قسم کی صورتیں بنا لیتے ہیں۔
فَسَقَ (ن ض)، وَفَسُقَ (ك)، فِسْقًا و فُسُوقًا - حق و صلاح کے راستہ سے ہٹ جانا - بدکار ہونا صفت فَاسِقٌ - ج - فَسَقَةٌ وَفُسَّاقٌ وَفَاسِقُونَ۔ مؤنث فَاسِقَةٌ - ج - فَاسِقَاتٌ و فَوَاسِقُ۔
إِنْفَسَقَ - الرُّطَبُ عَنْ قِشْرِهٖ - چھلکے سے نکل آنا۔
فَسَّقَهُ - فسق کی طرف نسبت کرنا۔
الفِسْقِيَّةُ - حوض - وضو کرنے کی جگہ - ج - فَسَاقِي۔
الفِسِّيقُ وَالفُسَّاقُ وَالفُسَيْقُ - بہت بڑا بدکار - یا ہمیشہ بدکاری کرنے والا - کہا جاتا ہے "یَا فُسَقُ" یعنی أَيُّهَا الفَاسِقُ، اور یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے جیسے یَا خُبَثُ۔
الفَاسِقِيَّةُ - پگڑی باندھنے کا ایک مخصوص طریقہ - کہا جاتا ہے "تَعَمَّمَ فُلَانٌ الفَاسِقِيَّةَ" یعنی اس طرز پر عمامہ باندھا۔
فَسَاقِ - بروزن قَطَامِ - عورت کے لیے گالی ہے اور ندا ہی کی صورت میں مستعمل ہے - کہا جاتا ہے "یَا فَسَاقِ" بمعنی یَا فَاسِقَةُ۔
الفُوَيْسِقَةُ - فاسقہ کی تصغیر - چوہیا۔
فَسِلَ (س)، وَفَسُلَ (ك)، فَسَالَةً و فُسُولَةً - وَفُسِلَ - فرومایہ ہونا۔ کمینہ ہونا - بے مروت ہونا۔
فَسَلَ (ن)، فَسْلًا - الصَّبِيَّ - بچہ کا دودھ چھڑانا۔
أَفْسَلَ - الفَسِيلَةَ - کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا - قلم لگانا۔
أَفْسَلَ وَفَسَّلَ - دَرَاهِمَهٗ وَمَتَاعَهٗ - دراہم اور سامان کو کھوٹا اور بے وقعت کرنا۔
إِفْتَسَلَ - الفَسِيلَةَ - کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا - قلم لگانا۔
الفُسَالَةُ - مِنَ الحَدِيدِ وَنَحْوِهٖ - لوہے کے وہ ریزے جو کوٹتے وقت زمین پر گریں۔
الفَسْلُ - مص - انگور کا قلم - وہ کمزور جس میں مروت و جرأت نہ ہو - ہر ردی چیز - ج - أَفْسُلٌ وَفُسُولٌ وَفِسَالٌ وَفُسْلٌ وَفُسُولَةٌ وَفُسَلَاءُ وَأَفْسَالٌ - کہا جاتا ہے "دِرْهَمٌ فُسْلٌ وَدَرَاهِمُ فُسُولٌ" خراب کھوٹے درہم۔
الفِسْلُ - بیوقوف۔
الفَسِيلَةُ - کھجور کا پودہ جو کہ ایک جگہ سے اکھیڑ کر دوسری جگہ لگایا جائے - ہر درخت کا قلم - ج - فَسِيلٌ وَفَسَائِلُ - اور جج - فُسْلَانٌ۔
الفُسُولَةُ - مص - فتور - سستی۔
المَفْسُولُ - رذیل - وہ کمزور جس میں مروت و جلادت نہ ہو۔

فَسَا يَفْسُوْ فَسْوًا وَ فُسَاءً ۔ بلا آواز کے گوز کرنا۔
تَفَاسٰی۔ اخراج ریاح کے لیے سرین اٹھانا۔
الفُسَاءُ۔ مص۔ بلا آواز کا گوز۔ پھسکی۔
الفَسْوَةُ۔ ایک مرتبہ کی پھسکی۔ ج۔ فَسَوَاتٌ
فَسَوَاتُ الضِّبَاعِ۔ کماۃ کی ایک قسم (کماۃ ایک گھاس ہے جس کو لوگ سانپ کی چھتری اور بعض بلاد میں کھمبی بولتے ہیں۔
الفَاسِيَةُ والفَاسِيَاءُ۔ گبریلا۔ ج۔ فَوَاسٍ
الفَسُوُّ والفَسَّاءُ۔ بہت گوز کرنے والا۔
المَفْسٰی۔ دُبر۔ گوز نکلنے کی جگہ۔
فَشَّ (ن)، فَشًّا۔ ڈکار لینا۔ آہستہ آہستہ پھونکنا۔ الوَطْبَ۔ دودھ کی مشکیزہ کا سربند کھول کر بھری ہوئی ہوا کا نکالنا۔ مکھن نکالنا۔ النَاقَةَ۔ اونٹنی کو جلدی سے دوہنا۔ البابَ۔ دروازہ کو کسی تدبیر اور چالاکی سے بغیر کنجی کے کھولنا۔ بَيْنَ القومِ۔ چغل خوری کرنا۔ السِقَاءَ۔ پانی کی مشکیزہ کا منہ کھول کر ہوا کا نکالنا۔
اِنْفَشَّ۔ الجُرْحُ۔ زخم کی سوجن میں سکون اور کمی ہونا۔ اللَّبَنُ۔ دودھ جاری ہونا۔ الرجُلُ عَنِ الامرِ۔ سستی اور کاہلی کرنا۔ اِنْفَشَّتِ الرِيحُ۔ مشک وغیرہ کا منہ اور تسمہ کھلنے سے ہوا کا نکلنا۔ عِلَّةُ فلانٍ۔ بیماری کا زائل ہونا۔
الفَشُّ۔ مص۔ والفُشُوشُ۔ بے وقوف کمزور رائے والا۔ باطل پر فخر کرنے والا۔ موٹا کمبل۔ خُرّدب جس کو خرنوب بھی کہتے ہیں۔ وہ جگہ جہاں پانی جمع ہو جائے اور ٹھہرا رہے۔ والفَشُوشُ۔ پانی ٹپکنے والی مشک۔
الفَشَّاشُ۔ صیغہ مبالغہ۔ بہت ٹپکنے والی۔

الفَشِيشُ۔ آواز۔ اور اسی سے ہے۔ فَشِيشُ الأَفْعٰی۔ سانپ کی کھال کی آواز جو خشک زمین پر چلتے وقت نکلتی ہے۔
الفَاشُوشُ۔ ارادہ اور رائے کا کمزور۔
رَجُلٌ مُنْفَشٌ۔ المَنْخَرَيْنِ۔ چھوٹے بانسہ اور پھولے ہوئے نتھنوں والا۔
فَشَجَ (ض)، فَشْجًا وفَشَّجَ وتَفَشَّجَ وانْفَشَجَ۔ الرجُلُ او البعيرُ۔ مرد یا اونٹ کا پیشاب کرنے کے لیے ٹانگیں پھیلانا۔
فَشَخَ (ف)، فَشْخًا۔ ظلم کرنا۔ بچوں کا کھیل میں طمانچہ مارنا۔ فَشَخَ فِي اللَّعِبِ۔ کھیل میں جھوٹ بولنا۔ اور ظلم کرنا۔
فَشَّجَ۔ الرجُلُ۔ اپنے جوڑوں کو ڈھیلا کرنا۔
اِنْفَشَطَ۔ العُودَ۔ تر لکڑی کا ٹوٹ جانا۔
فَشَعَتْ (ف)، فَشْعًا۔ الدُرَّةُ۔ چینا کے اطراف کا سوکھنا۔
فَشَغَهُ (ف)، فَشْغًا۔ بلند ہو کر ڈھانپ لینا۔ بالسَوْطِ۔ کوڑا لے کر چڑھ جانا اور مارنا۔ صفت فَاشِغٌ۔ مؤنث فَاشِغَةٌ۔ الشیءُ۔ وسیع ہونا۔ منتشر ہونا۔
أَفْشَغَهُ۔ بالسوطِ۔ کوڑے سے مارنا۔ فَشَّغَ۔ بمعنی فَشَغَ۔ فَشَّغَهُ النومُ۔ نیند کا غلبہ کرنا۔
تَفَشَّغَ۔ الشَيْبُ فِيهِ وتَفَشَّغَهُ۔ بڑھاپے کا ظاہر ہونا اور تمام قوی اور اعضاء بدن میں پھیل جانا۔ البُيُوتَ۔ گھروں میں داخل ہو کر غائب ہو جانا۔ الرجُلُ۔ موٹے کھردرے کپڑے پہننے کی وجہ سے کسل مند ہونا۔ تَفَشَّغَتِ الغُرَّةُ۔ پیشانی کے سفید بالوں کا پھیل کر آنکھ کو گھیر لینا۔

اِنْفَشَغَ۔ الشیءُ۔ کشادہ ہونا۔ بہت ہونا۔ ظاہر ہونا۔
الفَشْغَةُ۔ اسم مرۃ۔ نرکل کا گودا۔
نَاصِيَةٌ فَاشِغَةٌ وفَشْغَاءُ۔ پیشانی جس کے منتشر بال آنکھوں کو ڈھانپ لیں۔
الفُشَاغُ والفُشَّاغُ۔ اکاس بیل (وہ گھاس جو بغیر پتوں کے ہوتی ہے اور درختوں پر چڑھ کر ان کو خراب کر دیتی ہے)
الفِشَاغُ۔ کاہلی۔
الأَفْشَغُ۔ مینڈھا جس کے سینگ دائیں بائیں نکلے ہوئے ہوں۔ رَجُلٌ أَفْشَغُ الأَسْنَانِ۔ جس کے دانت آگے پیچھے نکلے ہوئے ہوں۔ برابر نہ ہوں۔ مؤنث فَشْغَاءُ۔ ج۔ فُشْغٌ۔
المِفْشَغُ۔ جو اپنے ساتھی اور دوست سے برا سلوک کرے۔
المُفَشَّغُ۔ بے فیض احسان جتانے والا۔
فَشْفَشَ۔ رائے کا کمزور ہونا۔ بہت زیادہ جھوٹ بولنا۔ غیر کی چیز کو اپنی طرف منسوب کرنا۔ صفت فَشْفَاشٌ۔ فَشْفَشَ بِبَوْلِهِ۔ پیشاب کی چھینٹے دینا۔
الفَشْفَاشُ۔ مِنَ النُوقِ۔ وہ اونٹنی کہ جس کا دودھ نکالتے وقت دودھ کی دھاریں ادھر ادھر پڑیں۔
الفَشْفَاشَةُ۔ وہ چیز جس میں میلا پن (سختی) نہ ہو۔ کہا جاتا ہے "تَخْرُجُ الزُبْدَةُ فَشْفَاشَةً" یعنی مکھن نرم نکلتا ہے۔
فَشِقَ (س)، فَشَقًا۔ بہت حرص کرنا۔ حرص کی ایسی زیادتی جس کی وجہ سے کبھی کسی چیز کو اٹھائے اور کبھی اس کو چھوڑ کر دوسری اٹھائے۔ جس کا انجام بعض اوقات دونوں کا ہاتھ سے نکل جانا ہوتا ہے۔ ہ۔ اچانک آجانا۔ الظَبْيُ۔ ہرن کے

سینگوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔ صفت أَفْشَقُ۔ مؤنث۔ فَشْقَاءُ۔
فَشَقَ (ض) فَشْقًا۔ الشیءَ۔ توڑنا۔
فَاشَقَهُ۔ اچانک آجانا۔
تَفَشَّقَ۔ بثوبٍ۔ کپڑے کو بدھی جیسا بنا کر پہننا۔
الفَشْقُ۔ مص۔ دوڑنا بھاگ جانا۔ نشاۃ۔
الفَشَكُ۔ کارتوس۔ واحد۔ فَشَكَةٌ (یہ کلمہ دخیل ہے)
فَشِلَ (س) فَشَلًا۔ لڑائی اور شدت کے وقت بزدلی کرنا۔ دیر لگانا۔ باہر نہ نکلنا صفت فَشِيلٌ و فَشِلٌ و فَشُلٌ۔ ج۔ فُشْلٌ و أَفْشَالٌ۔
فَشَلَ (ن ض) فَشْلًا۔ لحيتَهُ۔ ڈاڑھی کو پھٹکارنا۔
فَشَّلَتْ و تَفَشَّلَتْ و افْتَشَلَتْ۔ المرأةُ۔ عورت کے لیے پالکی کا پردہ بنانا۔
تَفَشَّلَ۔ الماءُ۔ پانی بہنا۔ تَفَشَّلَ الرجلُ منهم امرأةً۔ نکاح کرنا۔
الفِشْلُ۔ ج۔ فُشُولٌ۔ و المِفْشَلُ ج۔ مَفَاشِلُ۔ پالکی کا پردہ۔ ہودج کا پردہ۔ ہودج کے اندر بچھانے کی چیز۔
المِفْشَلُ۔ وہ شخص جو غیر قوم میں شادی کرے تاکہ اولاد لائق ہو۔
التَّفْشِيلُ۔ مص۔ تھن میں بقیہ دودھ۔ ج تَفَاشِيلُ۔
فَشَا يَفْشُو (ن) فَشْوًا و فُشُوًّا و فُشِيًّا۔ خَبَرُهُ و فَضْلُهُ او سِرُّهُ۔ خبر یا فضیلت یا بھید کا پھیل جانا اور شہرت پانا۔ فَشَتِ الماشيةُ۔ چراگاہ میں جانا۔ امورُهُمْ۔ امور کا متفرق ہونا۔ اور کہا جاتا ہے۔ فَشَتْ عليه ضَيْعَتُهُ: اس کی جائداد کا انتظام بکھر گیا۔ سمجھ میں نہیں آتا کہ کس کو سنبھالے۔

أَفْشَى إِفْشَاءً۔ الشیءَ۔ پھیلانا۔ شہرت دینا۔ سِرَّهُ لفلانٍ۔ بھید ظاہر کرنا۔ الرجلُ۔ بہت جانوروں والا ہونا۔
تَفَشَّى تَفَشِّيًا۔ المرضُ القومَ و بهم۔ قوم میں بیماری پھیلنا۔ تَفَشَّتِ القُرحةُ۔ زخم کا چوڑا ہونا۔
الفَشَاءُ۔ مویشیوں کی پیداوار اور زیادتی۔
الفَشْيَانُ۔ بے ہوشی۔
الفَشْوَةُ۔ عورت کی خوشبوؤں کے رکھنے کا ڈبہ۔ عطردان۔
الفَاشِي۔ فا۔ مؤنث فَاشِيَةٌ۔ ج۔ فَوَاشٍ (ر۔ والفَوَاشِي) پھیلے ہوئے مویشی۔
التَّفَشِّي۔ مص۔ بولتے وقت حرف کو مفخم کرنا۔
فَصَّ (ض) فَصًّا و انْفَصَّ۔ كذا من كذا۔ جدا کرنا۔ اکھاڑنا۔
فَصَّ (ض) فَصِيصًا۔ الجرحُ۔ زخم سے خون پیپ کا بہنا۔ العرقُ۔ پسینہ ٹپکنا۔ الولدُ۔ بچہ کا آہستہ آہستہ رونا۔ فَصَّ الجُندُبُ۔ ٹڈی کا آواز نکالنا۔
فَصَّصَ۔ الخاتمَ۔ انگوٹھی پر نگینہ لگانا۔ بعينه۔ گھورنا۔
أَفَصَّ۔ إليه شيئًا من حقه۔ کسی کو اپنے حق کا کچھ حصہ نکال کر دینا۔
انْفَصَّ۔ منه۔ جدا ہونا۔
اسْتَفَصَّ۔ منه شيئًا۔ کسی سے کسی چیز کو علیحدہ کر دینا۔
الفَصُّ ج الفُصُوصُ و الفِصُّ و الفُصُّ۔ وہ قیمتی پتھر جو انگوٹھی میں لگاتے ہیں۔ اس میں اگرچہ فاء میں تینوں حرکتیں فتحہ، کسرہ، ضمہ مستعمل ہیں، لیکن فتحہ اعلیٰ اور افضل ہے۔ الفَصُّ تینوں حرکتوں کے ساتھ۔ آنکھ کی سیاہی۔ لہسن کا جوا۔ اصل امر۔ حقیقة الامر مرد و ہڈیوں کے ملنے کی جگہ

فَصُّ الماءِ۔ بلبلہ۔ ج۔ فُصُوصٌ و فِصَاصٌ و أَفُصٌّ۔
الفَصَّاصُ۔ نگینہ لگانے والا۔
الفَصِيصُ۔ صاف چکنی گٹھلی گویا کہ روغن ملی ہوئی ہے۔
فَصَحَ (ف) فُصُوحًا۔ الصبحُ فلانًا۔ صبح ظاہر ہونا۔
فَصُحَ (ك) فَصَاحَةً۔ فصیح ہونا۔ خوش بیان ہونا۔ صفت فَصِيحٌ۔ الأعجميُّ۔ عربی زبان میں گفتگو کرنا۔ اللبنُ۔ دودھ سے جھاگ کا اتار لینا۔ صفت فَصْحٌ و فَصِيحٌ۔
فَصَّحَ۔ اللبنُ۔ دودھ کا بے جھاگ ہونا۔
أَفْصَحَ۔ فصاحت سے بولنا۔ فصیح ہونا۔ مراد کو ظاہر کرنا۔ عن كذا۔ خلاصہ کرنا۔ عن الشیءِ۔ ظاہر کرنا۔ بیان کرنا۔ من كذا۔ نکل جانا۔ رہائی پانا۔ الامرُ۔ واضح ہونا۔ اللبنُ۔ دودھ کا بے جھاگ ہونا۔ الصبحُ۔ صبح کی روشنی پھیلنا۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا صاف طور پر ہنہنانا۔ البولُ۔ پیشاب صاف رنگ کا ہونا۔ النصارى او اليهودُ۔ نصاریٰ یا یہود کا عید منانا۔ یا ان کی عید کا زمانہ آنا۔
تَفَصَّحَ۔ زبان آور ہونا۔ عمدہ خوش بیان ہونا (ر۔ وتَفَاصَحَ) بتکلف فصیح ہونا۔ یا فصیحوں کی مشابہت اختیار کرنا۔
الفَصَاحَةُ۔ مص۔ بیان۔ کلام کا تعقید سے خالی ہونا۔ اور یہ متکلم، کلام، کلمہ تینوں کی صفت میں واقع ہوتا ہے۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ فَصِيحٌ"، كلامٌ فَصِيحٌ۔ كَلِمَةٌ فَصِيحَةٌ۔
الفَصِيحُ۔ فصاحت والا۔ ج۔ فُصُحٌ و فُصَحَاءُ و فِصَاحٌ۔ مؤنث فَصِيحَةٌ۔ ج۔ فَصَائِحُ و فَصِيحَاتٌ۔

الفِصْحُ۔ عیسائیوں کی عید کا دن۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے سولی چڑھنے کی یادگار ہیں۔ فِصْحُ الْیَھُوْدِ۔ یہودیوں کی عید کا دن مصر سے نکلنے کی یادگار میں۔ کہا جاتا ہے "یومٌ فِصْحٌ" بے بادل کا دن۔

المُفْصِحُ۔ واضح۔ یومٌ مُفْصِحٌ۔ بے بادل کا دن۔

فَصَحَ (ف) فُصُحًا۔ عَنِ الْاَمْرِ۔ کسی معاملہ میں جان بوجھ کر غفلت کرنا۔ العُوْدَ والمفصلَ۔ لکڑی یا جوڑ کو اکھیڑنا۔

فُصِحَ۔ فلانٌ۔ خرید و فروخت میں نقصان اٹھانا۔

الفَصِیْحُ والفَصِیْحَۃُ والفاصِحَۃُ۔ کمزور عقل، اس میں ۃ مبالغہ کے لیے ہے۔

فَصَدَ (ض) فَصْدًا اور فِصَادًا۔ المریضَ۔ رگ کھولنا۔ لَہٗ عَطاءً۔ کسی کو جاگیر دینا۔ وافتصَدَ العِرْقَ رگ کھولنا۔

فَصَّدَ۔ الشیءَ۔ تھوڑے سے پانی میں بھگونا۔

اَفْصَدَتِ۔ الشَّجَرَۃُ۔ درخت کے کونپلیں نکلنا۔

تَفَصَّدَ۔ الدَّمُ۔ خون بہنا۔ کہا جاتا ہے "جاءَ یَتَفَصَّدُ عَرَقًا" پسینہ بہتے ہوئے آنا۔

اِنْفَصَدَتْ۔ الشَّجَرَۃُ۔ درخت کے کونپل نکلنا۔

اِنْفَصَدَ۔ الدَّمُ۔ خون بہنا۔

الفَصْدُ و الفَصِیْدُ۔ کھجور خون کے ساتھ مخلوط کیا ہوا۔

الفَصِیْدُ بمعنی مفصود یعنی وہ شخص کہ جس کے فصد کی گئی ہو۔ وہ خون جس کو آنتوں میں بھر کر بھونا اور بھونا گیا ہو۔

مِفْصَدٌ۔ نشتر۔ فصد کرنے کا آلہ۔

فَصَعَ (ف) فَصْعًا۔ التَّمْرَۃَ۔ دو انگلیوں سے دبا کر کھجور کا چھلکا علیحدہ کرنا۔ عِمَامَتَہٗ عَنْ رَاْسِہٖ۔ سر سے عمامہ اتارنا۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو انگلیوں سے دبانا تاکہ نرم ہو جائے اور اندرونی حصہ نکل جائے۔ (ر) وفَصَّعَ۔ لَہٗ بکذا۔ عطا کرنا۔ الشیءَ مِنْ کذا۔ ایک چیز کو دوسری سے نکالنا۔ الرُّطَبَۃَ۔ تر کھجور کو دو انگلیوں سے دبانا کہ چھلکا علیحدہ ہو جائے۔

اِنْفَصَعَ۔ الشیءُ مِنْ کذا۔ نکلنا۔

اِفْتَصَعَ۔ حَقَّہٗ مِنْہُ۔ اپنا پورا حق زبردستی لینا۔

الفُصْعان۔ ہمیشہ ننگے سر رہنے والا۔

الفُصْعُعُ۔ چوہیا۔

فَصْفَصَ فَصْفَصَۃً۔ الکلامَ۔ جلدی بولنا۔ الدَّابَّۃَ۔ فِصْفِصہ گھاس جانوروں کو کھلانا۔

تَفَصْفَصَ۔ القومُ عَنْ فلانٍ۔ جدا ہونا۔

الفِصْفِصَۃُ۔ جانوروں کے کھانے کی ایک گھاس۔ یہ لفظ اسی وقت تک بولا جاتا ہے جب تک وہ گھاس ہری ہو۔ ج۔ فَصَافِصُ۔ عوام اس کو فِصْفِصَۃ بولتے ہیں۔

الفُصَافِصُ۔ پختہ ارادہ والا۔

فَصَلَ (ض) فَصْلًا۔ الشیءَ۔ قطع کرنا، جدا کرنا۔ ممتاز اور علیحدہ کرنا۔ مقرر، ثابت کرنا۔ اور اسی سے ہے فَصْلُ الخُصُوْمَاتِ یعنی جھگڑوں کو فیصلہ کر کے قطع کر دینا۔

فَصَلَ بَیْنَھُمَا۔ دو چیزوں کے درمیان رکاوٹ اور حائل ہونا۔ فَصَلَ الوَلَدَ عَنِ الرَّضَاعِ۔ بچہ کا دودھ چھڑانا۔

فَصَلَ (ن) فُصُوْلًا۔ الکرمُ۔ انگور کی بیل میں دانہ بیٹھنا۔ الرجلُ عَنِ البَلَدِ۔ شہر سے نکل جانا۔

فَصَّلَ۔ الکلامَ۔ وضاحت اور تفصیل کرنا۔ (یہ اَجْمَلَ کی ضد ہے)۔ الشیءَ۔ چند متمائز ٹکڑے کر دینا۔ یا ایک باب کو چند فصلوں پر منقسم کرنا۔ الثوبَ۔ کپڑے کو سینے کے لیے قطع کرنا۔ القَصَّابُ الشاۃَ۔ بکری کاٹ کر علیحدہ علیحدہ ٹکڑے رکھنا۔ العِقْدَ۔ ہار کے دو ہم رنگ موتیوں یا پتھروں کے درمیان میں ایک دوسرے رنگ کا موتی یا پوتھ ڈالنا۔

فَاصَلَ۔ شَرِیْکَہٗ۔ شرکت کے معاملہ سے علیحدگی اختیار کرنا۔

اَفْصَلَ۔ المَوْلُوْدَ۔ بچہ کا دودھ چھڑانے کا وقت آ پہنچنا۔

اِنْفَصَلَ۔ جدا ہونا (یہ اِتَّصَلَ کی ضد ہے)۔ عنہ۔ علیحدگی اختیار کرنا۔

تَفَصَّلَ۔ ہر ہر عضو کے ٹکڑے ہو جانا اور کٹنا۔

تَفَاصَلَتِ الاَشْیَاءُ۔ بعض کا بعض سے جدا ہونا۔

اِفْتَصَلَ۔ الوَلَدَ عَنِ الرَّضَاعِ۔ بچہ کا دودھ چھڑانا۔ النَّخْلَۃَ عَنْ مَوْضِعِھَا۔ کھجور کے پودے کو اکھیڑ کر دوسری جگہ لگانا۔

اِسْتَفْصَلَ۔ تفصیل طلب کرنا۔

الفَصْلُ۔ مص۔ دو چیزوں کے درمیان کی روک۔ دو زمینوں کے درمیان کی حد۔ یعنی ڈول اور بند۔ مِنَ الجَسَدِ۔ ہر دو ہڈیوں کے ملنے کی جگہ، جس کو جوڑ کہتے ہیں اور موضع الفصل کہنا خلاف اصل ہے۔ کہا جاتا ہے "لِلنَّسَبِ اُصُوْلٌ و فُصُوْلٌ" یہاں فصول سے مراد فروع ہے۔ الفَصْلُ مِنَ الکتابِ۔ کتاب کا ایک مستقل ٹکڑا۔ الفَصْلُ۔

سال کے چار موسموں اور حصوں میں سے ایک حصہ۔ اور وہ چار حصے یہ ہیں موسم بہار۔ گرمی۔ خریف۔ سردی۔ ج فُصُولٌ۔ الفَصْلُ۔ حق و باطل کے درمیان فیصلہ۔ قولٌ فَصْلٌ۔ قول حق جس میں باطل کا شائبہ نہ ہو۔ یومُ الفَصْلِ۔ قیامت کا دن، جس میں جنتی اور دوزخی ہونے کا فیصلہ ہوگا۔ اور فَصْلُ الخِطَابِ سے مراد وہ خطاب ہے جو حق و باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والا ہو۔ نیز فصل الخطاب، خطیب کے قول اما بعدُ کو بھی کہتے ہیں۔

الفَصْلَةُ۔ فصل کا اسم مرۃ۔ کھجور کا پودہ جو ایک جگہ سے دوسری جگہ پر لگایا گیا ہو۔

الفَصِيلُ۔ شہر پناہ کے سامنے چھوٹی دیوار۔ اونٹنی یا گائے کا بچہ جو ماں سے علیحدہ کیا گیا ہو۔ ج۔ فِصَالٌ و فُصْلَانٌ و فِصْلَانٌ۔

الفَصِيلَةُ۔ فَصِيل کا مؤنث۔ ران کے گوشت کا پارچہ یا کسی اور حصہ بدن کا ٹکڑا۔ قبیلہ اور خاندان کے وہ قریبی رشتہ دار جن کو کنبہ اور گھرانہ کے لوگ کہا جاتا ہے۔ ج۔ فَصَائِلُ۔ کہا جاتا ہے: جَاءُوا بِفَصِيلَتِهِمْ۔ یعنی وہ سب آئے۔

الفَصَّالُ۔ انعام حاصل کرنے کے لیے لوگوں کی تعریفیں کرنے والا۔ سَيْفٌ فَصَّالٌ۔ تلوار قاطع۔

الفِصَالُ۔ دودھ چھڑانا۔

الفَاصِلُ۔ فا۔ حُكْمٌ فَاصِلٌ۔ نافذ ہونے والا حکم۔

الفَاصِلَةُ۔ فَاصِل کا مؤنث۔ ہار کے دو مہروں کے درمیان ایک دوسرے رنگ کا مہرہ۔ الفَاصِلَةُ الصُّغْرٰى فِی علم العروض۔ علم عروض کی اصطلاح میں اس صورت کو کہتے ہیں کہ کسی کلمہ میں تین حرف متحرک کے بعد چوتھا حرف ساکن ہو۔ جیسے ضَرَبَتْ۔ اور الفَاصِلَةُ الكُبْرٰى یہ ہے کہ چار حرف متحرک ہوں۔ اور پانچواں ساکن جیسے ضَرَبَكُمْ اور سجع میں فاصلہ کا درجہ وہی ہے جو شعر میں قافیہ کا ہے۔ ج۔ فَوَاصِلُ۔

الفَيْصَلُ۔ حاکم۔ قاضی۔ وہ حکم اور فیصلہ جو حق و باطل میں امتیاز کرے۔ جو چیز چند امور میں فیصلہ کردے۔ تلوار قاطع۔ ج فَيَاصِلُ۔ فَيْصَلٌ۔ عراق کے بادشاہوں کا لقب ہے۔ حُكْمٌ فَيْصَلٌ۔ نافذ شدہ حکم۔ حُكُومَةٌ فَيْصَلٌ۔ نافذ ہونے والی حکومت۔ ضَرْبَةٌ فَيْصَلٌ۔ وہ مار جو دو ہمسروں میں فیصلہ کن ہو۔

الفَيْصَلِيُّ۔ حاکم۔ جج۔

المِفْصَلُ۔ بدن کے اعضاء کا جوڑ۔ ج۔ مَفَاصِلُ۔

المَفَاصِلُ۔ ایک دوسرے سے ملے ہوئے پتھر۔ دو پہاڑوں کے درمیان کی ریگستانی یا پتھریلی زمین جس کا پانی نہایت ہلکا اور صاف ہوتا ہے۔ دَاءُ المَفَاصِلِ۔ وہ بیماری کہ جس میں بدن کے جوڑوں میں اور ان کے اطراف میں درد ہوتا ہے۔

المِفْصَلُ۔ زبان۔

المِفْصَالُ۔ جس کی عادت فیصلہ کی ہو۔

المُفَصَّلَةُ۔ بڑھئیوں کی اصطلاح میں اس قبضہ کو کہتے ہیں کہ جو کواڑوں میں اور دروں میں کسے جاتے ہیں۔ اور ان کے ذریعہ کواڑ دروازہ کی بازو سے علیحدہ رہتا ہے۔

فَصَمَ (ض) فَصْمًا۔ الدُّمْلُجَ وَنَحْوَهُ۔ بازوبند وغیرہ کو بغیر جدا کیے ہوئے توڑنا ۔ الشَّيْءَ۔ کاٹنا۔

فُصِمَ۔ البَيْتُ۔ مکان کا گرنا۔

أَفْصَمَ۔ عَنْهُ المَطَرُ او الحُمّٰى۔ بارش یا بخار کا منقطع ہونا۔

تَفَصَّمَ و اِنْفَصَمَ۔ منقطع ہونا۔ بغیر جدائی کے ٹوٹنا۔ پھٹنا۔

الفَصِيمُ و الأَفْصَمُ و المُنْفَصِمُ۔ ٹوٹا ہوا۔ کٹا ہوا۔ پھٹا ہوا۔

فَصَى يَفْصِي فَصْيًا۔ الشَّيْءَ مِنَ الشَّيْءِ وعَنْهُ۔ جدا ہونا۔ زائل کرنا۔

فَصّٰى تَفْصِيَةً۔ اللَّحْمَ مِنَ العَظْمِ او عَنِ العَظْمِ۔ گوشت کو ہڈی سے علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔ چھڑانا۔

فَاصَاهُ مُفَاصَاةً۔ جدا ہونا۔

أَفْصٰى إِفْصَاءً۔ خیر یا شر سے نکل جانا۔ عَنَّا المَطَرُ۔ بارش کا منقطع ہونا۔ الصَّائِدُ۔ شکاری کے جال میں شکار کا نہ پھنسنا۔

تَفَصّٰى تَفَصِّيًا و اِنْفَصٰى اِنْفِصَاءً۔ مِنْ او عَنِ الشِّدَّةِ او غَيْرِهَا۔ رہائی پانا۔ کہا جاتا ہے۔ تَفَصّٰى مِنَ الدُّيُونِ۔ قرض سے نجات پائی۔ تَفَصّٰى الرَّجُلُ مِنَ الرَّجُلِ أَوْ عَنْهُ۔ جدا ہونا ۔ الشَّيْءَ۔ پورا لینا۔

الفَصَى۔ خشک انگور کا دانہ۔ واحد فَصَاةٌ۔

الفُصْيَةُ و الفَصِيَّةُ۔ خیر سے محرومی شر سے رہائی۔ مَا بَيْنَ الحَرِّ والبَرْدِ۔ موسم کا اعتدال۔ کہا جاتا ہے۔ يَوْمٌ فُصْيَةٌ ويَوْمٌ فُصْيَةٍ۔ يَوْمٌ مُفْصٍ ولَيْلَةٌ فُصْيَةٌ و فُصْيَةٍ ولَيْلَةٌ فُصْيَةٌ معتدل دن رات۔ نہ گرم ہو نہ سرد۔

فَصَّ (ن) فَصًّا۔ الشَّيْءَ۔ توڑ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ فَصَّ خَتْمَ الكِتَابِ و الخَتْمَ عَنِ الكِتَابِ۔ مہر کھولنا ۔ اللُّؤْلُؤَةَ۔ موتی پرونا ۔ القَوْمَ۔ قوم کو متفرق کرنا۔ جیسے کہتے ہیں فَصَّ

اللہ جمعہم" اللہ تعالیٰ ان کی جمعیت کو متفرق کر دے۔ و فضضت حلقۃ القوم۔ میں نے قوم کے حلقہ کو توڑ دیا۔ فضّ الدموع۔ آنسو بہانا۔ ۔ الشیءَ علی القوم۔ تقسیم کرنا۔ ۔ ما بینہما۔ کاٹ دینا۔ اللہُ فاہُ دانتوں کا گرا دینا۔ اور اسی سے ہے "لا فُضَّ فوک" اس شخص کے لیے جو بہترین گفتگو کرے دعا ہے کہ تمہارے دانت نہ گرائے جائیں۔

فضّض۔ الشیءَ۔ کسی چیز پر چاندی کا ملمع کرنا چاندی کی جڑائی کرنا۔

أفضّ۔ العطاءَ۔ بہت دینا۔

انفضّ۔ ٹوٹنا۔ انفضّت الدموع۔ آنسو بہنا (ب) و تفضّض، متفرق ہونا۔

افتضّ۔ الماءَ۔ پانی آہستہ گرانا۔

الفضّ۔ مص۔ بکھرے ہوئے لوگ۔ کہا جاتا ہے "فی المدینۃ فضّ" یعنی شہر میں متفرق لوگ ہیں۔ "و تمرٌ فضٌّ" متفرق کھجوریں۔

الفضاض (د) الفضاض و الفضاضۃ ریزے، ٹکڑے۔ کہا جاتا ہے "طاروا فضاضًا" یعنی متفرق ہو کر اڑ گئے۔

الفضیض و الفضض۔ وہ پانی جو نہلاتے وقت ادھر ادھر بکھر جائے۔ ہر متفرق و منتشر چیز۔ کہا جاتا ہے "خرج فضضٌ من الناس" یعنی متفرق فرقے نکلے۔ الفضیض۔ ٹوٹا ہوا۔ خوشگوار پانی یا بہتا ہوا پانی۔

الفضّۃ۔ چاندی (ب) والفضّۃ، وہ زمین جہاں پتھر ایک دوسرے کے اوپر بکھرے ہوئے ہوں۔

الفاضّۃ۔ فاضّ کا مؤنث۔ مصیبت۔ ج فواضّ۔

المفضاض و المفضّ و المفضّۃ۔ بینگا مونگری۔

الفضفضۃ۔ کشادگی۔

الفضفاض۔ کشادہ۔

تفضّج۔ الرجلُ عرقًا و بالعرق۔ بال کی جڑوں میں پسینہ آنا اور تر ہونا ۔ وسیع ہونا۔ جسدہ بالشحم۔ جسم کا موٹاپے سے پھٹ جانا۔

انفضج۔ الرجلُ عرقًا و بالعرق۔ بمعنی تفضّج۔ انفضج الامرُ۔ ڈھیلا اور کمزور ہونا۔ انفضج البدنُ بدن کا بہت موٹا ہونا۔ القرحۃُ۔ زخم کا کشادہ ہونا۔ الافقُ۔ ظاہر ہونا۔

الفضیج۔ پسینہ۔

فضحہ (ف)، فضحًا۔ برائیاں ظاہر کرنا۔ رسوا کرنا۔ فضح المعمّی۔ معمہ حل کرنا۔ القمرُ النجومَ۔ چاند کا ستاروں پر غالب آنا۔ الصبحُ۔ صبح طلوع ہونا۔ الصبحُ فلانًا۔ روشنی کا غالب ہونا۔

فضح (س)، فضحًا۔ تھوڑا سفید ہونا۔ صفت أفضح۔ مؤنث فضحاءُ۔ ج۔ فُضح۔

فضّح و أفضح۔ الصبحُ۔ صبح طلوع ہونا۔ النخلُ۔ درخت خرما کا سرخ یا زرد پھل والا ہونا۔

فاضحہ و تفاضحا۔ ایک دوسرے کو رسوا کرنا۔ ایک دوسرے کی برائیوں کو ظاہر کرنا۔

افتضح۔ الامرُ۔ مشہور ہونا۔ الرجلُ۔ رسوا ہونا۔ برائیاں ظاہر ہونا۔

الفاضح۔ فا۔ صح۔

الفضّاح۔ صیغہ مبالغہ۔

الفضوح و الفضاحۃ و الفضوحۃ۔ والفضاح۔ رسوائی۔ برائیوں کا ظاہر ہونا۔

الفضوح۔ رسوا کرنے والا۔ رسوا شدہ۔

الفضیحۃ۔ مال یا مویشی میں بدانتظامی۔

الفضیحۃ۔ فضیح کا مؤنث۔ عیب۔ رسوائی۔ ج۔ فضائح۔

المفضحۃ۔ سبب رسوائی۔ ج۔ مفاضح۔

فضخہ (ف)، فضخًا۔ الشیءَ۔ کھوکھلی چیز کو توڑنا۔ الرأسَ۔ سر کچلنا۔ العینَ۔ آنکھ پھوڑنا۔

أفضخ۔ العنقودُ۔ انگور کے گچھے کا نچوڑے جانے کے قابل ہونا۔

انفضخ۔ ٹوٹنا۔ کشادہ ہونا۔ انفضخت القرحۃُ۔ زخم کا کشادہ ہونا۔ انفضخ زیدٌ۔ بہت رونا۔ الدلوُ۔ ڈول کا چھلکنا۔

افتضخ۔ البسرَ۔ کچی کھجور کی نبیذ بنانا۔

فضخ۔ الماءِ۔ پانی کی چھلک۔

الفضوخ۔ وہ شراب جو پینے والے کو مست بنا دے۔

الفضیخ۔ شیرۂ انگور۔ کھجور کی شراب۔ بہت پانی ملا ہوا دودھ۔

فضفض فضفضۃً۔ الثوبُ او العیشُ کشادہ ہونا۔ ۔ ہٗ۔ کشادہ کرنا۔

الفضفاض۔ کشادہ کپڑا۔ خوش عیش۔ فیاض أرضٌ فضفاضۃٌ۔ وہ زمین جس میں بارش کا پانی بہت جمع ہو۔ ج م ع فضفاضۃ و فضافضۃ۔ کشادہ سحابۃٌ فضفاضۃٌ و فضافضۃٌ۔ بہت پانی والی بدلی۔ جاریۃٌ فضفاضۃٌ پُرگوشت اور لمبے جسم والی لڑکی۔

فضل (ن)، و فضِل (س)، فضلًا۔ باقی رہنا۔ زائد ہونا۔ فضلہ فضلہٗ۔ فضل میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے "فضل فلانٌ علی غیرہ" جبکہ کوئی شخص فضل میں دوسرے پر غالب ہو جائے۔

فضِل (س) و فضُل (ن)، فضلًا۔ صاحبِ

فضل ہونا۔ صاحب فضیلت ہونا۔
فَضَّلَهٗ۔ عَلٰی غَیْرِہٖ۔ کسی پر فضل کا حکم لگانا۔ ترجیح دینا۔
فَاضَلَهٗ فِضَالًا وَ مُفَاضَلَةً۔ فضل میں فخر کرنا۔ فَاضَلَ بَیْنَ الشَّیْئَیْنِ۔ دو چیزوں کے درمیان فضل کا مقابلہ کرنا۔
اَفْضَلَ۔ عَلَیْهِ۔ بڑھنا۔ بھلائی کرنا۔ مہربانی کرنا۔ عَلَیْهِ فِی الْحَسَبِ۔ حسب میں بڑھ جانا۔ اَفْضَلَ عَلَیْهِ۔ زیادہ ہونا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُ صَفَّهُمْ قَدْ اَفْضَلَ عَلٰی صَفِّنَا" میں نے ان کی صف کو دیکھا کہ ہماری صف سے بڑھ گئی ہے۔
اَفْضَلَ وَاسْتَفْضَلَ۔ مِنَ الشَّیْءِ۔ بقیہ چھوڑ دینا۔
تَفَضَّلَ۔ عَلَیْهِ۔ مہربانی کرنا۔ فضل کا دعویٰ کرنا۔ الرجلُ۔ شب خوابی کا لباس پہننا۔ یا کام کاج کے لیے لباس پہننا۔
تَفَاضَلَ۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک کا دوسرے پر فضل کا دعویٰ کرنا۔
الفَضْلُ۔ احسان۔ زیادتی۔ بقیہ۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ لا یملک درهمًا فضلًا عن دینارٍ" فلاں آدمی درہم کا مالک نہیں، چہ جائیکہ دینار کا مالک ہو۔ گویا کہ یوں کہا گیا لا یملک درهمًا فکیف یملک دینارًا۔ یعنی درہم کا مالک نہیں تو دینار کا کیسے ہو سکتا ہے اور کہا جاتا ہے "فی یدہٖ فضل الزِّمَامِ" اس کے ہاتھ میں لگام کا کنارہ ہے۔ ج۔ فُضُوْلٌ۔
الفُضُوْلُ۔ حاجت سے زائد مال۔ فُضُوْلُ البَدَنِ۔ جو طبعی طور پر بدن کے منافذ سے نکلے۔ جیسے پسینہ۔ تھوک وغیرہ۔
الفَضْلَةُ۔ فضل کا اسم مرۃ۔ بقیہ خراب۔ ج۔ فَضَلَاتٌ وَفِضَالٌ۔ ر۔ وَالفُضُلُ وَالفِضَالُ) وہ کپڑا جو نیند کے وقت یا کام کرتے وقت پہنا جائے یا جس کو گھر میں استعمال کیا جائے۔ کہا جاتا ہے۔ رَجُلٌ فُضُلٌ۔ کام کاج کے کپڑے پہننے والا مرد۔ اور اسی طرح اِمْرَاَةٌ فُضُلٌ۔ کام کاج کے کپڑے پہننے والی عورت۔
الفُضَالَةُ۔ بقیہ شے۔ ج۔ فُضَالَاتٌ۔
الفَضَّالُ۔ صیغہ مبالغہ۔ بہت فضل والا۔
الفَضِیْلَةُ۔ خوبی۔ زیادتی۔ فضل میں بلند مرتبہ۔ ج۔ فَضَائِلُ۔
الفَاضِلُ۔ فا۔ صاحب فضل۔ صاحب فضیلت ج تصحیح۔ فَاضِلُوْنَ۔ ج تکسیر۔ فُضَلَاءُ۔ مؤنث فَاضِلَةٌ۔ ج۔ فَاضِلَاتٌ وَفَوَاضِلُ۔
الفَاضِلَةُ۔ فضل میں بلند مرتبہ۔ ہبہ۔ نعمت۔
فَوَاضِلُ۔ المالِ۔ مال کے منافع۔
الفَضُوْلُ۔ صیغہ مبالغہ۔ بہت فضل کرنے والا۔
الفُضُوْلُ۔ مال غنیمت میں سے تقسیم کے بعد جو بچ رہے۔
الفُضُوْلِیُّ۔ بے فائدہ چیزوں میں مشغول ہونے والا۔ دو شخصوں کے معاملہ میں خود بخود دخل دینے والا۔
الفَضِیْلُ۔ صاحب فضیلت۔ صاحب فضل ج۔ فُضَلَاءُ۔
الاَفْضَلُ۔ فضل میں بڑھا ہوا۔ ج تصحیح اَفْضَلُوْنَ۔ ج تکسیر۔ اَفَاضِلُ۔ مؤنث فُضْلٰی ج۔ فُضْلَیَاتٌ وَفُضَلٌ۔
المِفْضَلُ والمِفْضَلُ۔ بہت فضل والا۔
مُفَضَّلٌ۔ وہ شخص جس کے متعلق فضل کا حکم لگایا گیا ہو۔
المِفْضَلُ وَالمِفْضَلَةُ۔ وہ کپڑا جو کام کرتے وقت یا سوتے وقت پہنا جائے۔ یا گھر میں پہننے کا کپڑا۔ ج۔ مَفَاضِلُ۔
المِفْضَالُ۔ بہت فضل والا۔ مؤنث۔ مِفْضَالَةٌ۔
فَضَا (ن)، یَفْضُوْ فُضُوًّا وَفَضَاءً۔۔۔ المکانُ۔ جگہ کشادہ ہونا۔ خالی ہونا۔ صفت (فاضٍ)۔ ر۔ فُضُوًّا) الشَّجَرُ بالمکانِ۔ درخت بہت ہونا۔
اَفْضٰی اِفْضَاءً۔ المکانُ۔ جگہ وسیع ہونا۔ ۔ المکانَ۔ جگہ وسیع کرنا۔ اِلَیْهِ بِسِرِّہٖ۔ بھید کو ظاہر کر دینا۔ بِهٖ اِلٰی کَذَا۔ پہنچانا۔ بفلانٍ۔ کشادہ میدان کی طرف لے جانا۔ الرجلُ۔ محتاج ہونا۔
الفَاضِیْ۔ فا۔ کشادہ۔ کہا جاتا ہے یہ "مَقَامٌ فَاضٍ" کشادہ مقام کھلی ہوا۔ خالی۔
الفَضَاءُ۔ وسیع زمین۔ میدان۔ ج۔ اَفْضِیَةٌ۔ کہا جاتا ہے "مکانٌ فَضَاءٌ" کشادہ مکان۔
الفِضَاءُ۔ زمین پر جاری پانی۔ بسا اوقات پاخانہ کے لیے کنایہ کرتے ہیں۔
الفَضَا۔ خشک انگور کا دانہ۔ سَمِّهِمْ فَضًا اکیلا تیر۔ طَعَامٌ فَضًا۔ ملا جلا کھانا۔ کہا جاتا ہے "اِنَّ اَمْرَهُمْ فَضًا عَلَیْهِمْ" یعنی ان کا کوئی امیر نہیں۔
فَطَاَہٗ (ف) فَطْأً۔ توڑنا۔ بِهِ الاَرْضَ۔ زمین پر پٹک دینا۔ بِهٖ عَنْ رَاْیِہٖ۔ رائے سے ہٹا دینا۔ القومَ۔ ایسی چیز لانا جو قوم کو پسند نہ ہو۔
فَطِئَ (س)، فَطَأً۔ دھنسی ہوئی پیٹھ اور ابھرے ہوئے سینہ والا ہونا۔ صفت اَفْطَأُ۔ مؤنث فَطْاَةٌ۔ ج۔ فُطْءٌ۔
فَاطَاَ مُفَاطَاَةً۔ بِهِ الاَرْضَ۔ زمین پر پٹک دینا۔
اَفْطَاَ اِفْطَاءً۔ فراخ حال ہونا۔ بد خلق ہونا۔ ۔ فلانًا۔ کھلانا۔
تَفَاطَاَ۔ سینہ ابھارنا اور پیٹھ دھنسانا۔

عَنْهُ۔ پیچھے ہٹنا۔ عَنِ الْقَوْمِ۔ شکست کھانا اور حملہ آور ہونے کے بعد لوٹنا۔

الْفُطَاةُ۔ سینہ کا ابھرنا اور پیٹھ کا دھنسنا۔

فَطَحَ (ف) فَطْحًا وَفَطَّحَ۔ الشَّيْءَ۔ چوڑا کرنا۔ الْعُوْدَ۔ لکڑی کو چھیلنا، اور چوڑا کرنا۔ هٗ بِالْعَصَاءِ۔ لاٹھی سے مارنا۔

فَطِحَ (س) فَطَحًا۔ رَاسُهٗ اَوْ اَنْفُهٗ۔ سر یا ناک کا چوڑا ہونا۔ صفت اَفْطَحُ۔

رَاسٌ مُفَطَّحٌ۔ چوڑا سر۔

الْفِطَحْلُ۔ بڑا سیلاب۔ جَمَلٌ فِطَحْلٌ۔ موٹا اونٹ۔ ج۔ فَطَاحِلُ۔ فَطَاحِلُ الْعُلَمَاءِ۔ بڑے علماء۔ زَمَنُ الْفِطَحْلِ بہت پرانا زمانہ۔ اور لوگوں نے کہا ہے۔ وہ زمانہ کہ جس میں آدمی پیدا نہ ہوئے تھے۔

فَطَرَ (ن) فَطْرًا۔ الشَّيْءَ۔ پھاڑنا۔ الْاَمْرَ۔ پیدا کرنا۔ شروع کرنا۔ الْعَجِيْنَ خمیر ہونے سے پہلے روٹی پکانا۔ نَابُ الْبَعِيْرِ۔ اونٹ کے دانت ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ الشَّاةَ۔ انگلیوں کے اطراف سے بکری کو دوہنا۔

فَطَرَ فَطْرًا وَفِطْرًا وَفُطُوْرًا۔ الصَّائِمُ۔ روزہ دار کا افطار کرنا۔

اَفْطَرَ الصَّائِمُ۔ کھانا اور پینا۔ افطار کا وقت قریب ہونا۔ صفت مُفْطِرٌ۔ ج مَفَاطِيْرُ۔ کہا جاتا ہے "قَوْمٌ مَفَاطِيْرُ"۔

اَفْطَرَ وَفَطَّرَ۔ روزہ افطار کرانا۔ ناشتہ دینا۔

فَطَّرَ الشَّيْءَ۔ پھاڑنا۔

تَفَطَّرَ وَانْفَطَرَ۔ پھٹنا۔ تَفَطَّرَتْ وَانْفَطَرَتْ۔ الْاَرْضُ بِالنَّبَاتِ۔ زمین کا پھٹنا۔ اور نباتات کا نکلنا۔

اِنْفَطَرَ الْقَضِيْبُ۔ شاخ کے پتوں کا نکلنا شروع ہونا۔

اِفْتَطَرَ الْاَمْرَ۔ ایجاد کرنا۔

الْفَطْرُ۔ پھٹن۔ ج۔ فُطُوْرٌ۔

الْفِطْرُ۔ انگور جبکہ اس کا سرا ظاہر ہو۔

الْفِطْرُ وَعِيْدُ الْفِطْرِ۔ ماہ رمضان المبارک کے بعد عید۔

الْفُطْرُ۔ نباتات جو زمین سے اُگے۔ سانپ کی چھتری کی ایک قسم۔ واحد فُطْرَةٌ۔

الْفِطْرَةُ۔ وہ صفت کہ ہر موجود اپنی ابتدائے پیدائش میں اس کے ساتھ متصف ہو طبعی حالت، دین، سنت، طریقہ پیدائش۔ ج۔ فِطَرٌ۔

الْفَطُوْرُ وَالْفَطُوْرِيُّ۔ افطاری، ناشتہ۔

الْفَطِيْرُ۔ ہر وہ چیز جو وقت سے پہلے جلدی میں کی جائے۔ کہا جاتا ہے "هٰذَا رَاْيٌ فَطِيْرٌ" یعنی بدیہی رائے جو بغیر سوچے دل میں آئے۔ عَجِيْنٌ فَطِيْرٌ۔ بے خمیر کا گندھا ہوا آٹا۔ خُبْزٌ فَطِيْرٌ۔ تازہ روٹی۔ الْفَطِيْرُ۔ تازہ دودھ۔ عِيْدُ الْفَطِيْرِ۔ یہودیوں کی ایک عید۔

سَيْفٌ فُطَارٌ۔ کند تلوار۔

الْفُطَارِيُّ۔ بے نفع مرد۔

الْاُفْطُوْرُ۔ ناک اور چہرہ میں پھٹن۔ ج۔ اَفَاطِيْرُ۔

الْفَاطِرُ۔ جس کے دانت نکل آئے ہوں۔

فَطِسَ (س) فَطَسًا۔ چپٹی ناک والا ہونا۔ صفت اَفْطَسُ۔ اور چپٹی ناک کو بھی اَفْطَسُ کہتے ہیں۔ مؤنث فَطْسَاءُ۔ ج۔ فُطْسٌ۔

فَطَسَ (ض) فُطُوْسًا۔ مرنا۔ صفت فَاطِسٌ (ـ فَطْسًا) الْحَدِيْدَ۔ لوہے کو چوڑا کرنا۔ هٗ بِالْكَلِمَةِ۔ رو برو کہنا۔

الْفَطْسُ۔ مص۔ حَبُّ الْآسِ۔ واحد فَطْسَةٌ۔

الْفَطْسَةُ۔ مہرہ جس کا تعویذ بنایا جائے۔

الْفَطَسَةُ۔ ناک کا چپٹا پن۔

الْفِطِّيْسُ۔ بڑا ہتھوڑا۔ ج۔ فَطَاطِيْسُ۔

الْفِنْطِيْسَةُ۔ سور کی تھوتھنی۔ انسان کا ہونٹ۔ ہر درندہ کا ہونٹ۔

فَطَمَ (ض) فَطْمًا۔ الْحَبْلَ۔ رسی کاٹنا۔

فَطَمَ الْوَلَدَ۔ بچہ کا دودھ چھڑانا۔

فَطَمَهٗ عَنِ الْعَادَةِ۔ روکنا۔ منع کرنا۔ چھڑانا۔ کہا جاتا ہے "لَاَفْطِمَنَّكَ عَمَّا اَنْتَ عَلَيْهِ" یعنی میں تمہارے لالچ کو منقطع کر دوں گا۔

اَفْطَمَ۔ الرَّضِيْعُ۔ دودھ پیتے بچہ کا دودھ چھڑانے کے وقت پر پہنچنا۔ بچہ کا دودھ چھڑانے کے قریب ہونا۔

اِنْفَطَمَ۔ دودھ چھٹنا۔ عَنْهُ۔ رُکنا۔ باز رہنا۔

تَفَاطَمَ۔ الْقَوْمُ۔ ایسے جانوروں کے بچوں والا ہونا جو دودھ چھڑانے کے بعد اپنی ماں سے لپٹے رہیں۔

الْفِطَامُ۔ دودھ چھڑانا۔ دودھ چھڑانے کا زمانہ۔

الْفَطِيْمُ۔ دودھ چھڑایا ہوا۔ ج۔ فُطُمٌ۔

نَاقَةٌ۔ فَاطِمٌ وَفَاطِمَةٌ۔ وہ اونٹنی جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔ فَاطِمَةُ الزَّهْرَاءُ۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی صاحبزادی کا اسم شریف۔

الْفُطَيْمَةُ۔ وہ بکری جس کا بچہ دودھ سے چھڑا دیا گیا ہو۔

فَطَنَ (ن) وَفَطُنَ (ك) وَفَطِنَ (س) فَطْنًا وَفِطْنًا وَفُطْنًا وَفَطَنًا وَفُطُنًا وَفِطْنَةً وَفَطَانَةً وَفِطَانَةً وَفُطُوْنَةً وَفَطَانِيَةً وَفُطَانِيَةً۔ لِلْاَمْرِ وَبِهٖ وَاِلَيْهِ۔ ادراک کرنا۔ سمجھنا۔ ماہر ہونا۔

فَطَّنَهٗ۔ بِالْاَمْرِ وَلَهٗ وَاِلَيْهِ۔ سمجھانا۔ فَطَّنَ

التلمیذَ۔ شاگرد کو سمجھدار بنانا۔

فَاطَنَہٗ مُفَاطَنَۃً۔ بالکلام۔ سمجھانے کے لیے کلام کو لوٹانا۔

تَفَطَّنَ۔ لِلکلامِ۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے۔ "تَفَطَّنْ لِمَا اَقُوْلُ لَکَ" یعنی جو کچھ میں تم سے کہہ رہا ہوں اس کو سمجھو۔

اَلفِطْنَۃُ۔ مہارت۔ سمجھ۔ ج۔ فِطَنٌ۔

اَلفَاطِنُ و الفَطِنُ و الفَطِیْنُ و الفَطُوْنُ و الفَطُنُ و الفَطِنُ۔ زیرک، سمجھ دار۔ ج۔ فُطُنٌ و فُطْنٌ۔

اَلفَطُوْنَۃُ۔ زیرک، سمجھ دار۔ ہوشیار۔

فَطَا (ن)، یَفْطُوْا فَطْوًا۔ الدَّابَّۃَ۔ جانور کو تیز ہانکنا۔

فَظَّ (س)، فَظَاظَۃً و فِظَاظًا و فَظَظًا۔ سخت کلام اور بدخلق ہونا۔

فَظَّ (ن)، فَظًّا و افْتَظَّ۔ جنگلوں میں اوجھ کا پانی نچوڑنا۔ اور پینا۔ اور یہ اس طریقہ پر ہوتا ہے کہ اونٹوں کو سیراب کردیتے ہیں۔ اور پھر ان کے منہ کو باندھ دیتے ہیں تاکہ جگالی نہ کرنے پائیں اور پھر جب پیاس لگتی ہے تو اونٹ کا پیٹ چاک کرکے اوجھ کو نچوڑتے ہیں اور پیتے ہیں۔

اَلفَظُّ۔ مص۔ بہت بدخلق اور سخت کلام۔ ج۔ اَفْظَاظٌ۔ اوجھ کا پانی جو جنگلوں میں اونٹ کی اوجھ سے نچوڑ کر پیا جاتا ہے۔ ج۔ فِظَاظٌ و فُظُوْظٌ۔

اَلفَظُّ۔ بری شکل وصورت کا ایک آبی جانور اور اس کے نیچے اوپر کے جبڑے میں دو لمبے لمبے دانت ہوتے ہیں۔

اَلفَظَاظَۃُ۔ نکما۔

فَظُعَ (ک)، فَظَاعَۃً۔ الامرُ۔ قباحت بڑھ جانا۔ قباحت میں حد سے گذر جانا۔ صفت فَظِعٌ و فَظِیْعٌ۔

فَظِعَ (س)، فَظَعًا۔ الاِنَاءُ۔ برتن کا بھر جانا۔ فلانٌ بالاَمرِ و مِنَ الاَمرِ۔ کام کو بڑا سمجھنا اور اس کے انجام دینے کے لیے اعتماد نہ کرنا۔

اَفْظَعَ الاَمرُ۔ قباحت بڑھنا۔ اَفْظَعَہٗ۔ امر قبیح میں ڈالنا۔ اُفْظِعَ الاَمرَ۔ قبیح پانا۔ اُفْظِعَ۔ اَمْرٌ قَبِیْحٌ مصیبت کا نازل ہونا۔

فَظَّعَ۔ الاَمرَ۔ قبیح بنانا۔ مبالغہ کرنا۔

تَفَظَّعَ و اسْتَفْظَعَ الاَمرَ۔ قبیح پانا۔

اَلفَظِیْعُ۔ خوشگوار پانی یا آب زلال۔

اَفْظَی اِفْظَاءً۔ الرجلُ۔ بدخلق ہونا۔

فَعْفَعَ فَعْفَعَۃً۔ بالغَنَمِ۔ بکریوں کو فعفع کہہ کر ہانکنا۔ اور اس آواز کو فعفع یا فعفاع کہتے ہیں۔

تَفَعْفَعَ۔ الرجلُ فی امرِہٖ۔ جلدی کرنا۔

فَعَلَ (ف)، فَعْلًا۔ کرنا۔ بنانا اور اسم اس سے الفِعْلُ ہے۔

فَعَّلَ۔ البیتَ الشعریَّ۔ تقطیع کرنا اور وزن تقطیع کا ایسے اجزا سے ہو۔ جس کا مادہ ف ع ل ہے۔

اِنْفَعَلَ۔ ہو جانا۔ متاثر ہونا۔

اِفْتَعَلَ۔ الشیءَ۔ ایجاد کرنا۔ الخطَّ جعلسازی کرنا۔ کہا جاتا ہے "اِفْتَعَلَ عَلَیْہِ زُوْرًا و کَذِبًا" اس نے اس پر جھوٹ و بہتان باندھا۔

اَلفِعْلُ۔ کام۔ ج۔ فِعَالٌ و اَفْعَالٌ۔ جج اَفَاعِیْلُ۔

الاَفَاعِیْلُ و التَّفَاعِیْلُ۔ علم عروض کی اصطلاح میں اشعار کے اوزان۔ اور وہ چار ہیں۔ فَعُوْلُنْ مَفَاعِیْلُنْ مَفَاعَلَتُنْ و مُفَاعِلَاتُنْ۔ اور بقیہ اوزان ان ہی چار سے ماخوذ ہیں۔

اَلفَعْلَۃُ۔ فعل کا اسم مرۃ۔

اَلفِعْلَۃُ۔ عادت۔

اَلفَعَالُ۔ اچھا فعل، کرم۔ اور کبھی شر میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

اَلفِعَالُ۔ بکسر الفاء۔ فعل کی جمع۔ جس کو بہت سے آدمی کریں۔ فِعَالُ النَّاسِ کلہاڑے کا دستہ۔ ج۔ فُعُلٌ۔

اَلفَاعِلُ۔ فا۔ ج۔ فَاعِلُوْنَ و فَعَلَۃٌ۔ مؤنث فَاعِلَۃٌ۔ ج۔ فَاعِلَاتٌ و فَوَاعِلُ۔

اَلمُفْتَعَلُ۔ مفع۔ ہر وہ چیز جو بغیر خیال سابق کے بنائی جائے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فلانٌ بالمُفْتَعَلِ" یعنی فلاں نے بڑا کام کیا۔ شِعْرٌ مُفْتَعَلٌ۔ عجیب و غریب شعر۔

فَعَمَ (ف)، فَعْمًا و فَعَّمَ و اَفْعَمَ۔ الاِنَاءَ۔ برتن بھرنا۔ اَفْعَمَ المِسْکُ البَیْتَ۔ مہکانا۔ خوشبو سے گھر کو بھر دینا۔ الرجلَ۔ خوشی سے بھر دینا۔ خوش کرنا۔

فَعَمَ (ف) و فَعِمَ (س)، فَعْمًا و اَفْعَمَ۔ الرجلُ۔ غضبناک کرنا۔

فَعُمَ (ک)، فَعَامَۃً و فُعُوْمَۃً۔ الاِنَاءُ و السَّاعِدُ۔ بھر جانا۔ صفت فَعْمٌ و فَعْمَلٌ (لام کی زیادتی کے ساتھ)، کہا جاتا ہے "ہُوَ فَعْمُ الاَعْضَاءِ" وہ تنومند ہے۔

اِفْعَوْعَمَ۔ بھر جانا۔ بہہ پڑنا۔

سَیْلٌ مُفْعَوْعِمٌ۔ بھر دینے والا سیلاب۔

الاَفْعَمُ۔ بھرنے کی وجہ سے چھلکنے والا۔

فَعَّی تَفْعِیَۃً۔ الجَمَلَ۔ اونٹ پر سانپ کی شکل کا نشان بنانا۔

تَفَعَّی۔ بدخلقی میں سانپ کی طرح ہونا۔

الفَاعِی۔ غصہ میں جھاگ نکالنے والا۔

الفَاعِیَۃُ۔ فاعی کا مؤنث۔ چڑچڑی عورت۔ حنا کے پھول۔

الاَفْعَی۔ بڑا سانپ۔ خبیث قسم کا سانپ۔ اس کی بہت سی قسمیں ہیں اور ہر ایک

زہریلا ہوتا ہے۔ ج۔ آفاعٍ۔
الاَفَاعِی۔ رگیں۔ جو بن ران کی رگ سے پھیلتی ہیں۔
الاُفْعُوَانُ۔ نرسانپ۔
ارضٌ مَفْعَاةٌ۔ سانپوں والی سرزمین۔
الاَفْعَاءُ۔ خوشبوئیں۔
المَفْعَاةُ۔ سانپ کی شکل کا نشان۔
فَغَّ (ن)، فَغَّۃً۔ الطِیبُ۔ خوشبو مہکنا۔ بھڑکنا۔ کہا جاتا ہے "فَغَّتْنِی الرَّائِحَۃُ فَغًّا"۔ یعنی مجھ پر بہترین خوشبو مہکی۔
فَغَوَ (ن ف)، فَغْوًا۔ فَاہٗ۔ منہ کھولنا۔
فَغَرَ و انْفَغَرَ۔ فُوہٗ۔ منہ کھلنا۔ انْفَغَرَ النَّوْرُ۔ کلی کھلنا۔
الفَغْرُ۔ مص۔ گلاب کا پھول۔ جبکہ وہ کھل جائے۔
الفَغْرَۃُ۔ فغر کا اسم مرۃ۔ کہا جاتا ہے "وُلِدَ بِالفَغْرَۃِ"۔ یعنی ثریا کے طلوع ہونے کی ابتدا میں پیدا ہوا۔ اور یہ جاڑے کے زمانہ میں ہوتا ہے۔
الفُغْرَۃُ۔ وادی کا دہانہ۔ ج۔ فُغَرٌ۔
الفَاغِرُ۔ ایک چھوٹے سے جانور کا نام۔
الفَاغِرَۃُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔ کباب۔ بیخ نیلوفر۔
المَفْغَرَۃُ۔ وسیع زمین۔ پہاڑ کا شگاف۔ غار سے چھوٹا۔
فَغَمَ (ف)، فَغْمًا و فُغُومًا۔ الطِیبُ فلانًا۔ ناک کو خوشبو سے بسا دینا۔
(۔ و فَاغَمَ مُفَاغَمَۃً) فلانًا۔ بوسہ لینا۔
فَغَمَ (ف)، فُغُومًا و تَفَغَّمَ۔ الوَرْدُ۔ پھول کھلنا۔
فَغِمَ (س)، فَغَمًا۔ بالشَّیْءِ۔ مشتاق ہونا حریص ہونا۔ بالمکانِ۔ اقامت کرنا۔
اَفْغَمَ۔ المکانَ۔ گھر کو خوشبو سے بسا دینا۔ الاناءَ۔ برتن کو بھر دینا۔ الرجلَ۔ خوشی سے بھر دینا۔

تَفَاغَمَا۔ ایک دوسرے کو بوسہ دینا۔
اِنْفَغَمَ۔ المکانُ۔ خوشبو سے بھر جانا۔ و انْفَغَمَ۔ الزُّکَامُ۔ زکام اچھا ہونا۔
الفَغْمُ۔ مص۔ کھانے کا وہ حصہ جو دانتوں کے درمیان سے نکالا جائے۔
فَغْمَۃُ۔ الطِیبِ۔ خوشبو کی بھڑک۔
الفُغْمُ و الفُغُمُ۔ مِنْہُ۔ ٹھوڑی مع جبڑوں کے۔
الفَغِمُ۔ مشتاق۔ حریص۔ کہا جاتا ہے "کَلْبٌ فَغِمٌ عَلَی الصَّیْدِ"۔ کتا شکار کا حریص ہے۔
المُفْغَمُ۔ منعم۔
المَفْغُومُ۔ زکام زدہ۔ شَیٌّ مَفْغُومٌ۔ خوشبو سے بسایا ہوا۔
فَغَا یَفْغُو فَغْوًا۔ الامرُ۔ پھیلنا۔ الزرعُ۔ کھیتی کا خشک ہونا۔
اَفْغَی۔ الرَّیْحَانُ۔ شگوفہ دار ہونا۔ فلانٌ غنا کے بعد محتاج ہونا۔ حُسن کے بعد بدصورت ہونا۔ طاعت کے بعد نافرمان ہونا۔ اَفْغَاہٗ۔ غضبناک کرنا۔ اَفْغَی الشَّجَرُ۔ درخت میں کلی کھلنا۔
الفَغْوُ۔ حنا کا پھول۔
الفَاغِیَۃُ۔ حنا کی کلی۔ اور کہا گیا ہے کہ فاغیہ اس پھول کو کہتے ہیں جو حنا کی شاخ کو الٹا لگانے سے نکلتا ہے اور وہ حنا کے پھول سے زیادہ اچھا ہوتا ہے اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ فاغیہ ہر خوشبودار کلی کو بھی کہتے ہیں۔
الفَغْوَۃُ۔ خوشبو۔ کہا جاتا ہے "فَغْوَۃُ الطِیبِ"۔ خوشبو کی بھڑک۔
فَقَأَ (ف)، فَقْأً و فَقَّأَ تَفْقِئَۃً۔ الدُّمَّلَ۔ پھوڑے کو چیرنا۔ شگاف کرنا۔ العَیْنَ۔ آنکھ پھوڑنا۔
تَفَقَّأَ و انْفَقَأَ۔ شگاف ہونا۔ پھوٹنا۔
الفَقْءُ۔ وہ باریک سی جھلی جو جنین کے سر کے ارد گرد ہوتی ہے اور ولادت کے وقت پھٹ جاتی ہے۔ ج۔ فُقُوءٌ۔
الفَقْأَۃُ و الفَاقِئَاۃُ۔ بمعنی الفَقْءُ۔
الفَقْءُ و الفَقِیءُ۔ پتھر کا گڑھا۔ سخت زمین کا گڑھا جس میں پانی جمع ہو جائے۔
فَقَحَ (ف)، فَقْحًا و فَقَّحَ۔ الجَرْوُ۔ کتے کے پلے کی آنکھیں کھلنا۔ النباتُ۔ نباتات کا کلی دار ہونا۔ شگوفہ کھلنا۔
تَفَقَّحَ۔ کھلنا۔ شر کے لیے آمادہ ہونا۔
تَفَاقَحَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے کی طرف پیٹھ کرنا۔
الفَقْحَۃُ۔ مِنَ النَّبْتِ۔ کلی۔ دُبر کا حلقہ۔ ج۔ فِقَاحٌ۔
الفَقَاحَۃُ۔ ہتھیلی۔
الفُقَّاحُ۔ مِنْ کُلِّ نَبْتٍ۔ کلی۔ کہا جاتا ہے "فلانٌ مُتَفَقِّحٌ لِلشَّرِّ"۔ یعنی فلاں شر کے لیے آمادہ ہے۔
فَقَدَہٗ (ض)، فَقْدًا و فِقْدَانًا و فُقْدَانًا و فُقُودًا و افْتَقَدَہٗ۔ گم ہونا۔ معدوم ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا افْتَقَدْتُہٗ مُذْ افْتَقَدْتُہٗ"۔ یعنی جب سے میں نے اس کو گم کیا ہے۔ تلاش نہیں کیا۔
اَفْقَدَہٗ۔ الشَّیْءَ۔ گم کرانا۔
تَفَقَّدَہٗ و افْتَقَدَہٗ۔ گمشدہ کی تلاش کرنا۔
تَفَاقَدَ۔ القومُ۔ بعض کا بعض کو کھونا۔
الفَاقِدُ۔ وہ عورت جس کا شوہر یا لڑکا مر گیا ہو۔
الفَقِیدُ۔ گمشدہ۔ کہا جاتا ہے "مَاتَ غَیْرُ فَقِیدٍ او غَیْرَ مَفْقُودٍ"۔ یعنی وہ مر گیا اور اس کے مرنے کی کوئی پروا نہیں۔
فَقَرَ (ن ض)، فَقْرًا و فَقَّرَ۔ کھودنا۔ الخَرَزَ۔ موتی پرونے کے لیے بیندھنا۔ الشَّیْءَ۔ کاٹنا۔ اثر کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "فَقَرَتْہُ و فَقَّرَتْہُ الدَّاہِیَۃُ"۔ اس پر ایسی مصیبت نازل ہوئی جس نے اس کی

ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دے۔ الفَصِیلَۃُ زمین کو پودا لگانے کے لیے کھودنا۔

فَقِرَ (س) فَقَرًا۔ ریڑھ کی ہڈی میں مرض یا شکستگی کی وجہ سے درد ہونا۔ صفت فَقِیرٌ و فَقِرٌ و مَفْقُورٌ۔

فَقُرَ (ک) فَقَارَۃً و افتقر۔ مفلس ہونا۔ اِفْتَقَرَ اِلَیْہِ۔ محتاج ہونا۔ صفت فَقِیرٌ۔ ج۔ فُقَرَاءُ۔ مؤنث فَقِیرَۃٌ۔ ج۔ فَقِیرَاتٌ و فَقَائِرُ و فُقَرَاءُ۔

اَفْقَرَہٗ۔ مفلس بنانا۔ ہٗ الصَّیْدُ۔ شکار کا اپنی جانب سے موقع دینا۔ ہٗ الارضَ زمین کو کھیتی کرنے کے لیے مستعار دینا۔ ہٗ ظَھْرَ مُھْرِہٖ۔ سواری کے لیے بچھیرا مستعار دینا۔ اَفْقَرَ ظَھْرُ المُھْرِ۔ بچھیرے کا سواری کے قابل ہونا۔

تَفَاقَرَ۔ فقیری ظاہر کرنا۔

الفَقْرُ۔ مفلسی۔ غم۔ ج۔ فُقُورٌ و مَفَاقِرُ۔ پھٹن۔ کاٹ۔ ج۔ اَفْقُرٌ۔

الفُقْرُ۔ مفلسی۔ جانب۔ ج۔ فُقَرٌ۔

الفَقْرَۃُ۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج۔ فَقَرٌ۔

الفِقْرَۃُ۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج۔ فِقَرٌ و فِقِرَاتٌ و فِقَرَاتٌ۔

الفَقَارَۃُ۔ ریڑھ کی ہڈی۔ ج۔ فَقَارٌ۔

ذُو الفَقَارِ۔ سیدنا علی کرم اللہ وجہہ کی تلوار کا لقب ہے۔ فَقَارُ الجَوْزَاءِ۔ برج جوزا کے ستارے۔

الفِقْرَۃُ۔ فقر کا اسم نوع۔ نشان۔ پہاڑ یا کسی اور چیز کا۔ کلام یا جملہ کا لطیف نکتہ قصیدہ کا عمدہ شعر۔ ج۔ فِقَرٌ۔

الفُقْرَۃُ۔ قرب۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مِنْکَ فُقْرَۃٌ" یعنی وہ تم سے قریب ہے۔

الفُقْرَۃُ۔ گڑھا۔ گریبان۔ امر عظیم۔ ج۔ فُقَرٌ و فُقْرَاءُ۔

الفَقَارِیُّ۔ فقار ظہر کی طرف منسوب۔

الفَاقِرَۃُ۔ سخت مصیبت جو گویا کہ ریڑھ کی ہڈی کو توڑ دے۔ ج۔ فَوَاقِرُ۔

الفَقِیرُ۔ مفلس۔ محتاج۔ مؤنث۔ فَقِیرَۃٌ۔ ج۔ فَقِیرَاتٌ و فَقَائِرُ و فُقَرَاءُ۔ حوض کی نالی۔ گڑھا جس میں کھجور کا پودا لگایا جائے۔ عوام اسے بیش کہتے ہیں۔ ترتیب وار کنویں جن کا پانی ایک دوسرے میں جاتا ہو۔ رَکِیَّۃٌ فَقِیرَۃٌ کھدا ہوا کنواں۔

الفَیْقَرُ۔ مصیبت۔

المُفْقَرُ۔ قوی مرد۔ سواری کے قابل بچھیرا۔

المَفَاقِرُ۔ اسباب فقر۔ اس کے لیے کوئی واحد نہیں ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ فقر کی جمع ہے۔ خلاف قیاس جیسے حَسَنٌ کی جمع مَحَاسِنُ۔ اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ یہ مَفْقَرَۃٌ بمعنی فَقْر کی جمع ہے۔

المُفَقَّرُ۔ مضبوط ریڑھ کی ہڈی والا مرد۔ کہا جاتا ہے "سَیْفٌ مُفَقَّرٌ" وہ تلوار جس کی پشت پر ہموار خراشے ہوں۔ رَجُلٌ مُفَقَّرٌ۔ فرمانبردار مرد۔

فَقَسَ (ض) فَقْسًا۔ البَیْضَۃَ۔ انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔ پھاڑنا۔ الطَّائِرُ بَیْضَتَہٗ۔ پرندہ کا انڈے کو توڑنا اور بچہ نکالنا۔ الحیوانَ۔ قتل کرنا۔ الرَّجُلَ بالوں کو پکڑ کر پیچھے گھسیٹنا۔ ہٗ عَنِ الاَمْرِ۔ زبردستی ہٹانا۔ فَقَسَ الشَّیْءَ۔ چھین لینا۔

فَقَسَ فُقُوسًا۔ اچانک مرنا۔ کودنا۔

تَفَقَّسَ و اِنْفَقَسَ۔ الشَّیْءُ۔ الٹ جانا۔

تَفَاقَسَ۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک دوسرے کے بالوں کو پکڑ کر نیچے گھسیٹنا۔

الفُقَاسُ۔ جوڑوں کا مرض۔

الفَقُّوسُ۔ خربوزہ کی ایک قسم۔ واحد فَقُّوسَۃٌ۔

المِفْقَاسُ۔ جال کی لکڑی جو پرندے پر الٹ جاتی ہے۔

فَقَشَ (ن) فَقْشًا۔ البَیْضَۃَ۔ انڈے کو ہاتھ سے توڑنا۔

فَقَصَ (ض) فَقْصًا و فَقَّصَ۔ البَیْضَۃَ و نَحْوَھَا۔ انڈے وغیرہ کو ہاتھ سے توڑنا پھاڑنا۔ صفت مفعولی۔ فَقِیصَۃٌ و مَفْقُوصَۃٌ۔

تَفَقَّصَتْ و انْفَقَصَتْ۔ البَیْضَۃُ عَنِ الفَرْخِ۔ انڈہ ٹوٹ کر بچہ کا ظاہر ہونا۔

فقط۔ یہ مرکب کلمہ ہے جو فاء اور قط سے مرکب ہے اور اس کے معنی لاغیر کے ہیں یعنی صرف، بس۔

فَقَّطَ۔ الحِسَابَ۔ تعیین مقدار کے بعد فقط لکھنا تاکہ کوئی کچھ بڑھا نہ سکے۔

فَقَعَ (ف ن) فَقْعًا و فُقُوعًا۔ لَوْنُہٗ رنگ کا صاف اور خالص ہونا یا گہرا زرد ہونا۔ الرجلُ۔ سخت گرمی سے مرجانا۔ الغُلَامُ۔ لڑکے کا بڑھنا۔ (ف۔ فَقْعًا) الشَّیْءَ۔ چرانا۔ کہا جاتا ہے فَقَعَتْہُ الفَوَاقِعُ۔ یعنی اس کو مصائب نے ہلاک کر دیا۔

فَقِعَ (س) فَقَعًا۔ سرخ رنگ ہونا۔ گہرا رنگ ہونا۔ اور اس کا استعمال اکثر زرد رنگ کے لیے ہوتا ہے۔

فَقَّعَ۔ بے معنی گفتگو کرنا۔ اَصَابِعَہٗ۔ انگلیاں چٹخانا۔ الوَرْدَۃَ۔ گلاب کی پتی کو ایک ایک ہاتھ پر رکھ کر دوسرے ہاتھ سے مار کر پھاڑنا اور آواز نکالنا۔ الاَدِیْمَ۔ چمڑے کو سرخ رنگنا۔

اَفْقَعَ۔ محتاج ہونا۔ برا حال ہونا۔

تَفَاقَعَتْ۔ عَیْنَاہُ۔ آنکھوں کا سفید ہونا۔

الفَقَعُ۔ پھٹنا۔

الفَقْعُ و الفِقْعُ۔ سانپ کی چھتری جو نرم اور سفید ہوتی ہے۔ ج۔ اَفْقُعٌ و فُقُوعٌ و فِقَعَۃٌ۔ الفَقْعُ۔ محتاجی۔

الفَاقِعُ۔ ف۔ خالص صاف رنگ اور مشہور۔

یہ ہے کہ یہ صفت کے طور پر زرد رنگ
کے لیے مستعمل ہے۔
الفَاقِعَةُ۔ فاقع کا مؤنث۔ مصیبت۔ ج۔
فَوَاقِعُ۔
الْأَفْقَعُ۔ بہت زیادہ سفید مؤنث فَقْعَاءُ
ج۔ فُقْعٌ۔
الفَقِیعُ۔ مرد سرخ فام۔ کبوتر کی ایک قسم۔
واحد۔ فَقِیعَةٌ۔
الفَقْعُ۔ سخت سپیدی۔
لَوْنٌ فُقَاعِیٌّ۔ گہرا رنگ۔ کہا جاتا ہے "اَبْیَضُ
فُقَاعِیٌّ"۔ بہت سپید۔
الفَقَاعُ۔ بڑا سخت خبیث۔
الفُقَّاعُ۔ جو کی شراب۔
الفُقَّاعِیُّ۔ جو کی شراب بیچنے والا۔
الفُقَّاعَةُ۔ بلبلہ۔ ج۔ فَقَاقِیعُ۔
المُفَقَّعُ۔ لوکدار موزہ۔
المُفَقَّعَةُ۔ ایک کالے رنگ کا پرندہ جس کی
دم کی جڑ سفید ہوتی ہے۔
فَقْفَقَ فَقْفَقَةً۔ سخت محتاج ہونا۔
الکلبُ۔ کتے کا ڈر کی وجہ سے بھونکنا۔
۔ و تَفَقْفَقَ الرجلُ فی کلامِہ۔
حلق سے نکالنا۔
الفَقْفَاقُ و الفَقْفَاقَةُ۔ بے وقوف۔
بکواس کرنے والا۔
فَقَلَ (ن) فَقْلًا۔ البَیْدَرَ۔ کھلیان میں
غلہ بکھیرنا۔
اَفْقَلَ۔ المکانُ۔ سرسبز ہونا۔
الفَقْلُ۔ مص۔ سرسبزی۔
المِفْقَلَةُ۔ غلہ بکھیرنے کا آلہ۔ ج مَفَاقِلُ
فَقَمَ (ن) فَقْمًا و تَفَقَّمَ۔ الرجلَ او
الکلبَ۔ ناک پکڑنا۔
فَقِمَ (س) فَقَمًا۔ الاناءُ۔ پُر ہونا۔ کہا
جاتا ہے "اَکَلَ الرجلُ حتی فَقِمَ"۔
مرد نے کھایا یہاں تک کہ تخمہ ہوگیا۔ ۔
فَقَمًا و فُقْمًا، الرجلُ۔ سامنے کے

دانتوں کا باہر نکلنا۔ صفت اَفْقَمُ۔
مؤنث فَقْمَاءُ۔ ج۔ فُقْمٌ۔ الرجلُ
اکڑنا۔
فَقُمَ (ک) فَقَمًا و فَقَامَةً و فُقُومًا و فَقِمَ
(س) تَفَاقُمًا و تَفَاقَمَ۔ الامرُ۔
عظیم ہونا اور ناہموار ہونا۔ صفت
اَفْقَمُ۔ تَفَقَّمَ الشیءُ۔ وسیع ہونا۔
الفُقْمُ و الفُقُمُ۔ کتے کی تھوتھنی کا کنارہ۔
ایک جبڑا یا دونوں جبڑے۔
الفُقْمُ۔ سمجھدار آدمی جو اپنے مقابل پر
غالب آئے۔
الفَقَمُ۔ مص۔
الفُقْمَةُ و الفُقَمَةُ۔ ایک قسم کی مچھلی جو
کہ سمندروں میں ہوتی ہے اور یہ دودھ
دینے والے جانوروں میں شمار ہوتی ہے۔
فَقِهَ (س) فِقْهًا و فَقَهًا۔ الشیءَ او
الکلامَ۔ سمجھنا۔ کہا جاتا ہے "فَقِهَ
عَنْهُ الکلامَ"۔ اس نے اس کی گفتگو کو
سمجھ لیا۔ و تَفَقَّهَ۔ الرجلُ۔ علم فقہ
سیکھنا اور حاصل کرنا۔
فَقُهَ (ک) فَقَاهَةً۔ الرجلُ۔ علم میں
غالب ہونا۔
فَقَّهَ و اَفْقَهَ۔ فلانًا۔ سکھانا۔ سمجھانا۔
فَاقَهَ۔ فلانًا۔ فقہ میں غالب ہونا۔
الفِقْهُ۔ کسی شے کا جاننا اور سمجھنا۔ احکام
شرعیہ کا علم۔ ادلہ تفصیلیہ کے ساتھ
فقاہت۔ زیرکی۔
الفَقِیهُ و الفَقُهُ و الفَقِیهَةُ۔ بہت
سمجھدار۔ ذکی۔ عالم۔ علم فقہ کا جاننے والا۔
ج۔ فُقَهَاءُ۔ مؤنث فَقِیهَةٌ و فَقِیهَةٌ
ج۔ فُقَهَاءُ و فَقَائِهُ۔
المُسْتَفْقِهَةُ۔ لوحہ کرنے والی کا ساتھ
دینے والی عورت۔
فَقَا یَفْقُو فَقْوًا۔ اَثَرَهُ۔ کسی کے نشان
قدم پر جانا۔ پیچھے جانا۔

فَقْوَةُ۔ السہمِ۔ سوفار تیر۔ ج۔ فُقًی۔
فَلَكَ (ن) فُكُوكًا و فَكُوكًا۔ الرجلُ۔ بہت
بوڑھا ہونا۔
فَكَّ (ن) فَكًّا۔ الشیءَ۔ جدا جدا کرنا۔
العُقْدَةَ۔ گرہ کھولنا۔ العَظْمَ۔ ہڈی
کو اس کی جگہ سے ہٹا دینا۔ الخَتْمَ
مہر کو توڑ دینا۔
فَكَّ (ن) فَكًّا و فَكَاكًا و فِكَاكًا۔ الأسیرَ
قیدی کو چھڑانا۔ یَدَهُ۔ ہاتھ کھولنا۔
فَكَّ الإدغامَ۔ ادغام کو اٹھا دینا۔ جیسے
لَا تَمْدُدْ۔ لَا تَمُدَّ میں۔
فَكَّ (س) فَكًّا و فُكُوكًا و افْتَكَّ۔ الرهنَ
رہن چھڑانا۔
فَكَّ (س) فَكَكًا۔ و الفَكُّ۔ العظمُ۔
ہڈی کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا۔
فَكَّ (ن س) فَكًّا و فَكَّةً۔ سست اور
بیوقوف ہونا۔
اَفَكَّ۔ الظبیُ من الحبالةِ۔ ہرن کا جال
میں سے نکل بھاگنا۔
فَكَّكَهُ۔ علیحدہ علیحدہ کرنا۔ چھڑانا۔
تَفَكَّكَ۔ الگ الگ ہونا۔ چھٹنا۔ تَفَكَّكَتْ
المُتَفَكِّكَةُ۔ ضعیف الحرکاتی کی چال چلنا۔
انْفَكَّ۔ جدا ہونا۔ کھلنا۔ العبدُ۔ غلام کا
آزاد ہونا۔ کہا جاتا ہے "مَا انْفَكَّ
یَفْعَلُ کذا"۔ وہ ہمیشہ ایسا کرتا رہا۔ یہ
افعال ناقصہ میں سے ہے اور ما حرف
نفی اس کے لیے لازم ہے۔
استَفَكَّهُ۔ رہائی طلب کرنا۔
الفَكُّ۔ مص۔ جبڑا۔ ج۔ فُكُوكٌ۔
الفِكَاكُ و الفَكَاكُ۔ وہ شے جس سے رہن
وغیرہ کو چھڑایا جائے۔
الفَاكُّ۔ فا۔ بہت بوڑھا۔ بہت بیوقوف۔
ج۔ فَكَكَةٌ و فُكَّاكٌ۔
الفَكَّاكُ۔ صیغہ مبالغہ۔
الأَفَكُّ۔ وہ شخص جس کی ہڈی جوڑ سے ہٹ

گئی ہو۔ مؤنث فَکَّاوٌ۔ ج۔ فُکٌ۔
فَکَرَ (ض) فِکرًا و فُکُورًا و فَکَّرَ و اَفکَرَ و تَفَکَّرَ۔ فِی الامرِ۔ سوچنا۔ غور کرنا۔ تامل کرنا۔
الفِکرُ۔ غور و فکر۔ ج۔ افکار۔ کہا جاتا ہے۔ "مَالِی فِی الامرِ فِکرٌ او فَکرٌ" یعنی مجھے اس معاملہ میں کوئی حاجت نہیں۔ "وَلِی فِی الامرِ فِکرٌ" اور میرے لیے اس معاملہ میں غور و فکر ہے۔
الفِکرَۃُ و الفِکرٰی۔ کسی معاملہ میں سوچ بچار۔ غور و فکر۔ ج۔ فِکَرٌ۔
الفِکِّیرُ و الفَیکَرُ۔ بہت سوچ بچار کرنے والا۔
فَکَعَ (س) فَکَعًا و فُکُوعًا۔ الرجلُ۔ غم یا غصہ کی وجہ سے سر جھکانا۔
فَکَعَ (ف) فَکعًا و فُکُوعًا۔ جانا۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبَ فَمَا یُدرٰی اَینَ فَکَعَ" وہ گیا لیکن نہ معلوم کہاں گیا۔
الفَکَعُ۔ کمانسی۔
اِفتَکَلَ۔ فِی فِعلِہٖ۔ کام کو اچھی طرح انجام دینا۔
الاَفکَلُ۔ لوگوں کی جماعت۔ کپکپی۔ کہا جاتا ہے۔ "اَخَذَہٗ اَفکَلٌ" جبکہ خوف یا سردی سے کانپنے لگے۔ "جَاءَنِی القَومُ بِاَفکَلِھِم وَ بِاَکلَلِھِم" یعنی میرے پاس تمام قوم آ گئی۔
المَفکُولُ۔ کپکپی والا۔
فَکَنَ (ن) فَکنًا۔ فِی الکِذبِ۔ جھوٹ بولنے میں مبالغہ کرنا۔
تَفَکَّنَ۔ تعجب کرنا۔ فکر کرنا۔ افسوس کرنا۔ پشیمان ہونا۔
فَکِہَ (س) فَکَھًا و فَکَاھَۃً۔ خوش طبعی۔ ہنسنے ہنسانے والا ہونا۔ صفت فَاکِہٌ و فَکِہٌ و فَکِیھَانٌ۔ مِنہُ۔ تعجب کرنا۔ بِالشَّیءِ۔ متعجب ہونا۔ کہا جاتا ہے "لَو سَمِعتَ حَدِیثَ فُلَانٍ لَمَا فَکِھتَ لَہٗ" اگر تم فلاں شخص کی بات سنو تو متعجب نہیں ہوگے۔
فَکَّہَ۔ الرجلَ۔ میوہ کھلانا۔ کلام شیریں کر کے خوش کرنا۔
تَفَکَّہَ۔ میوہ کھانا۔ بِالشَّیءِ۔ لذت حاصل کرنا۔ بِالرَّجُلِ۔ فائدہ اٹھانا۔ مِنہُ۔ تعجب کرنا۔ پشیمان ہونا۔ بِفُلَانٍ۔ غیبت کرنا۔ کہا جاتا ہے "تَرَکتُ القَومَ یَتَفَکَّھُونَ بِعِرضِ فُلَانٍ" یعنی میں نے لوگوں کو ایسی حالت میں چھوڑا کہ وہ فلاں کی غیبت سے لذت حاصل کر رہے تھے۔
فَاکَہَ مُفَاکَھَۃً۔ الرجلَ۔ مزاح کرنا۔
تَفَاکَہَ۔ القومُ۔ آپس میں خوش طبعی کرنا۔ مذاق کرنا۔
اِلفُکَاھَۃُ و الفَکِیھَۃُ۔ خوش طبعی۔
الاُفکُوھَۃُ۔ خوش طبعی۔ تعجب انگیز۔
الفَکِہُ۔ خوش طبع۔ خود پسند۔ اکڑ باز۔ میوہ خور۔ مؤنث فَکِھَۃٌ۔ ج۔ فَکِھَاتٌ۔
الفَاکِہُ۔ فا میوہ والا۔ خوش طبع۔
الفَاکِھَۃُ۔ فَاکِہٌ کا مؤنث۔ ہر قسم کا پھل۔ جس کو کھا کر لذت حاصل کی جائے۔ ج۔ فَوَاکِہُ۔ فَاکِھَۃُ الشِّتَاءِ۔ موسم سرما کے پھل جبکہ زیادہ عمدہ ہوتے ہیں۔
الاَفکَہُ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ مِن اَفکَہِ النَّاسِ" یعنی فلاں شخص بہت مزاح کرنے والا ہے۔
الفَاکِھَانِیُّ۔ میوہ فروش۔
فَلَّ (ن) فَلًّا و فَلَّلَ۔ السَّیفَ۔ تلوار کو دندانہ دار کرنا۔ القومَ۔ قوم کو شکست دینا۔
فَلَّ (ض) فَلًّا۔ عَن فُلَانٍ عَقلُہٗ۔ عقل زائل ہونے کے بعد لوٹ آنا۔
اَفَلَّ۔ الرجلُ۔ مال ضائع ہونا۔ القومُ۔ قوم کا بنجر زمین پر پہنچنا۔
تَفَلَّلَ و انفَلَّ۔ القومُ۔ قوم کا شکست کھانا۔ وا فتَلَّ، السَّیفُ۔ تلوار کا دندانہ دار ہونا۔
استَفَلَّ۔ السَّیفَ۔ تلوار کو دندانہ دار کرنا۔ الشَّیءَ۔ کسی چیز کا ادنیٰ حصہ لینا۔
رَجُلٌ فَلٌّ و قَومٌ فَلٌّ۔ شکست خوردہ۔ واحد و جمع برابر ہیں اور کبھی اَفلَالٌ و فُلُولٌ جمع لاتے ہیں۔
الفَلُّ۔ مص۔ تلوار کی دھار میں ٹوٹ یا دندانہ۔ ج۔ فُلُولٌ۔ وہ شے جو کسی چیز سے گرے جیسے لوہے کا برادہ اور آگ کی چنگاری۔ جماعت۔ ج۔ فُلُولٌ و فِلَالٌ۔
الفَلُّ۔ خشک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ فَلٌّ مِنَ الخَیرِ" وہ خیر سے خالی ہے۔ ج۔ فَلٌّ و اَفلَالٌ۔
الفِلُّ و الفِلِّیَّۃُ۔ خشک زمین جس میں کچھ نہ اگے۔ ج۔ فَلَالِیُّ۔
الفُلُّ۔ پھول جو چنبیلی کے مشابہ ہوتا ہے اور اس کی خوشبو تیز ہوتی ہے۔
الفَلَلُ۔ تلوار کی دھار کا کند ہونا۔
الفَلَّۃُ۔ تلوار کی دھار کا دندانہ۔
سَیفٌ فَلِیلٌ و فَلٌّ و مَفلُولٌ و مُنفَلٌّ۔ کند تلوار۔ دندانہ دار تلوار۔
کَتِیبَۃٌ فَلِیلٌ۔ شکست خوردہ فوج۔
الفَلِیلُ۔ جماعت (ر۔ والفَلِیلَۃُ)۔ مجتمع بال۔
فَلَتَہٗ (ض) فَلتًا و اَفلَتَ۔ رہا کرنا۔ چھوڑنا
فَلَتَ و اَفلَتَ و تَفَلَّتَ و انفَلَتَ۔ رہا ہونا۔ چھوٹنا۔ اَفلَتَ و تَفَلَّتَ۔ اِلی الشَّیءِ۔ جھگڑا کرنا۔ تَفَلَّتَ عَلَیہِ۔ کودنا۔ حملہ کرنا۔
فَالَتَہٗ فِلَاتًا و مُفَالَتَۃً۔ اچانک آنا۔ پانا۔
فَلَتَ و اَفلَتَ و تَفَلَّتَ و انفَلَتَ۔ رہا ہونا

چھوٹنا۔" افلت وتفلّت الی الشیءِ"
جھگڑا کرنا۔ تَفَلَّتَ علیہِ۔ کودنا۔
فَالَتَہٗ فِلَاتًا و مُفَالَتَۃً۔ اچانک آنا۔
پانا۔
افتَلَتَ۔ الکلامَ۔ فی البدیہہ کہنا۔
الامرَ۔ بلا توقف کام کرنا۔ علیہِ۔
بغیر دوسرے کے کام کو پورا کر دینا۔
الشیءَ۔ جلدی سے لینا۔ پکڑنا۔
اُفتُلِتَ۔ اچانک مرنا۔ بِاَمْرِ کذا۔
تیاری کرنے سے پہلے کسی کام میں لگنا۔
الشیءَ۔ کسی چیز کا اس سے اچانک
لیا جانا۔
اُستُفْلِتَ۔ الشیءَ مِن یدِہٖ۔ چھین لینا۔
الفَلْتُ۔ رہائی۔ چھوٹنا۔ کہا جاتا ہے "مَا
لَکَ مِنْہُ فَلْتٌ" تیرے لیے اس سے
چھٹکارا نہیں۔
فرسٌ فَلَتَانٌ۔ ج۔ فِلْتَانٌ د۔ و فُلْتٌ
فَلَتٌ تیز رفتار گھوڑا۔ رجلٌ فَلَتَانٌ
چست، ذہین، تیز طبیعت، خیر کی طرف
دوڑنے والا۔
فَلْتَۃٌ۔ فلت کا اسم مرۃ ہے۔ بمعنی ایک
مرتبہ چھوٹنا۔ جو کام عجلت میں بغیر استحکام
کے ہو جائے۔ مہینہ کی آخری رات۔ ج
فَلَتَاتٌ۔ فلتات الکلام۔ کلام کی
لغزشیں۔ لایعنی باتیں۔ کہا جاتا ہے۔
"خَرَجَ الرجلُ فَلْتَۃً" اچانک نکل
آیا۔ "وحَدَثَ الامرُ فَلْتَۃً" بغیر
سوچے کسی واقعہ کا ہو جانا۔ "وھُوَ فِی
بُردۃٍ لَہٗ فَلْتَۃٌ" یعنی وہ ایسی چھوٹی
اور تنگ چادر میں تھا جس کے دونوں
کنارے مل نہیں سکتے۔
کِسَاءٌ فَلُوتٌ۔ ایسی چھوٹی اور تنگ چادر جس
کے دونوں کنارے پہننے والے کے جسم پر
نہ مل سکیں۔
فَلَجَ (ض ن) فَلْجًا و فُلُوجًا۔ الشیءَ۔ پھاڑنا

دو ٹکڑے کرنا۔ الحَرَّاثُ الارضَ۔
کاشتکار کا زمین کو جوتنا۔ الوالی
الجزیۃَ بینھم وعلیھم۔ والی
کا جزیہ کو قوم پر حصہ وار مقرر کرنا۔ جزیہ
مقرر کرنا۔
فَلَجَ فَلْجًا و فُلُجًا۔ القومَ او علی القومِ۔
کامیاب ہونا۔ فَلَجَ سَہْمُہٗ۔ تیر کا
کامیاب ہونا۔ فَلَجَ الرجُلُ بمقصدِہٖ
کامیاب ہونا۔ علی خَصْمِہٖ۔ مقابل پر
غالب آنا۔ لَہٗ۔ مقابل کے برخلاف
اس کے حق میں فیصلہ کرنا۔ بِحُجَّتِہٖ
ثابت کرنا۔
فَلِجَ (س) فَلَجًا و فَلْجَۃً۔ قدموں یا ہاتھوں
یا دانتوں کے درمیان فاصلہ ہونا۔ صفت
اَفْلَجُ۔ مؤنث فَلْجَاءُ۔ ج۔ فُلْجٌ۔
فالج زدہ ہونا۔
فُلِجَ۔ فالج میں مبتلا ہونا۔
فَالَجَہٗ فَفَلَجَہٗ۔ کامیابی میں ایک دوسرے
پر غالب آنے کی کوشش کر کے غالب
آ جانا۔
فَلَّجَ۔ الشیءَ۔ تقسیم کرنا۔ الامرَ۔ نظر و فکر
اور تدبر کرنا۔
اَفْلَجَ۔ مطلوب میں کامیاب ہونا۔ علی
خَصْمِہٖ۔ مقابل پر غالب آنا اور کامیاب
ہونا۔ اَللّٰہُ فلانًا علی فلانٍ۔ اللہ
نے فلاں کو فلاں پر غلبہ دے دیا۔ اللّٰہُ
بُرْھَانَہٗ۔ دلیل ظاہر کرنا۔ دلیل پیش
کرنا۔ لِی۔ مقابل کے برخلاف میرے
حق میں فیصلہ کیا۔
تَفَلَّجَ۔ پھٹنا۔
انْفَلَجَ۔ الصُّبْحُ۔ صبح کا روشن ہونا۔
الفَلْجُ۔ مص۔ آدھا۔ چاند بھر۔ فُلُوجٌ۔
د۔ وَ الفَلَجُ و الفَلْجَۃُ) کامیابی
فتح مندی۔
الفِلْجُ۔ آدھا ر۔ والفَالِجُ) ایک قسم کا

پیمانہ۔ ج۔ فَوَالِجُ۔
الفَلَجُ۔ مص۔ وحشی جانور کے قدم پھٹنا اور
ٹخنے کا ہٹ جانا۔
الفَالِجُ۔ فا۔ ایک مرض ہے جو بدن کے ایک
حصہ اور جانب میں پیدا ہو کر اس
جانب کے احساس اور حرکت کو باطل کر
دیتا ہے۔ دو کوہان والا اونٹ۔ مِنَ
السِّھَامِ۔ کامیاب تیر۔
الفَلِیْجَۃُ۔ خیمہ کا ایک حصہ اور ٹکڑا۔
المُفَلَّجَۃُ۔ مِنَ الاَسْنَانِ۔ کشادہ دانت
المَفْلُوْجُ۔ فالج زدہ۔ ج۔ مَفَالِیْجُ۔
فَلَحَ (ن)، فَلْحًا۔ الارضَ۔ زمین جوتنا۔
فلانًا۔ مکر کرنا۔ فَلَاحَۃً) لِلقومِ و
بالقومِ۔ خرید و فروخت میں دھوکا دینا۔
نقصان پہنچانا۔
فَلِحَ (س)، فَلَحًا۔ نیچے کا ہونٹ پھٹا ہوا
ہونا۔ صفت اَفْلَحُ۔ مؤنث فَلْحَاءُ۔
ج۔ فُلْحٌ۔
فَلَّحَ۔ بہٖ۔ ٹھٹھا کرنا۔ استہزاء کرنا۔ مکر کرنا۔
اَفْلَحَ۔ الرَّجُلُ۔ مطلوب میں کامیاب ہونا۔
کوشش میں کامیاب ہونا۔ کام کا درست
ہونا۔ بالشیءِ۔ زندگی گذارنا۔
اِسْتَفْلَحَ۔ بہٖ۔ کامیاب و فتح مند ہونا۔
الفَلْحُ۔ مص۔ پھٹن۔ ج۔ فُلُوحٌ۔
الفَلَحُ و الفَلْحَۃُ۔ نیچے کے ہونٹ کی
پھٹن۔ د۔ والفَلَاحُ) کامیابی۔ خوشحالی
بقا۔ نجات۔ اذان میں کہا جاتا ہے۔
"حَیَّ عَلَی الفَلَاحِ" یعنی کامیابی اور
نجات کے راستہ پر آؤ۔
الفِلَاحَۃُ و الفَلَاحَۃُ۔ کھیتی باڑی۔
الفَلَّاحُ۔ کاشتکار۔ ملاح۔ کرایہ پر دینے
والا۔ ج۔ فَلَّاحَۃٌ و فَلَّاحُوْنَ۔
المَفْلَحَۃُ۔ باعث کامیابی۔
مُتَفَلِّحٌ۔ الشَّفَۃِ او الیَدَیْنِ او
القَدَمَیْنِ۔ سردی کی وجہ سے جس کے

ہاتھ، پیر، ہونٹ پھٹ گئے ہوں۔

فَلَخَ (ف) فَلْخًا۔ الشیءَ۔ پھاڑنا۔ الاَمْرَ واضح کرنا۔

فَلَّخَهٗ۔ مارنا

الفَیْلَخُ۔ ہاتھ کی چکی۔ ج۔ فَیَالِخُ۔

فَلَذَ (ض)، فَلْذًا۔ لَهٗ مِنَ المالِ شَیْئًا۔ مال میں سے کچھ تھوڑا سا دینا۔

فَلَّذَ۔ الشیءَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

افتَلَذَ۔ المالَ۔ اپنے مال میں سے تھوڑا سا لینا۔ افتلذ۔ مِن فلانٍ حَقَّهٗ۔ کسی سے اپنا حق لینا اور چھینا۔

الفِلْذُ۔ اونٹ کا کلیجہ۔ ج۔ اَفْلَاذٌ۔ و اَفْلَاذُ الارض۔ زمین کے خزانے۔

الفِلْذَةُ۔ جگر یا گوشت یا سونے وغیرہ کا ٹکڑا ج۔ فِلَذٌ و فِلْذٌ و اَفْلَاذٌ۔

الفَالُوذُ و الفَالُوذَجُ و الفَالُوذَقُ۔ فالودہ ایک حلوہ جو کہ میدہ اور شہد اور پانی سے ملا کر تیار کیا جاتا ہے (یہ کلمہ دخیل ہے)، ج۔ فَوَالِیذُ۔

الفُولَاذُ۔ فولاد۔ لوہا (یہ کلمہ دخیل ہے)، ج۔ فَوَالِیذُ۔

المَفْلُوذُ۔ مِنَ السُّیُوفِ۔ فولاد کی بنی ہوئی تلوار۔

الفِلِزُّ و الفِلَزُّ و الفُلُزُّ۔ ایک قسم کا سفید تانبا۔ لوہے کا میل۔ زمین کی تمام دھاتیں۔ بڑا سخت آدمی۔ بخیل۔ جس پر تلوار کھار کر آزمایا جائے۔

فَلَّسَ۔ القَاضِی فلانًا۔ قاضی کا کسی کو مفلس یعنی دیوالیہ قرار دینا۔

اَفْلَسَ۔ مال باقی نہ رہنا اور ایسا حال ہو جانا کہ یہ کہا جانے لگے کہ اس کے پاس پیسہ تک نہیں۔ مفلس قلاش ہے۔ صفت مُفْلِسٌ۔ ج۔ مُفْلِسُونَ و مَفَالِیسُ۔

الفَلْسُ۔ پیسہ۔ ج۔ اَفْلُسٌ و فُلُوسٌ۔

فُلُوسُ السَّمَكِ۔ مچھلی کے اوپر کے چھلکے اور کھرنڈ۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ فَلْسٌ مِنْ کُلِّ خَیْرٍ" یعنی اس میں کوئی خیر اور بھلائی نہیں۔ ہر قسم کی بھلائی سے خالی ہے۔

الفَلَّاسُ۔ صراف۔ پیسے فروخت کرنے والا۔

المُفَلَّسُ۔ مفع۔ وہ آدمی یا جانور جس کی کھال پر مچھلی جیسے کھرنڈ ہوں۔

تَفَلْسَفَ۔ بتکلف فلسفی بننا۔ علمی اور حکمت کی باتوں میں بحث کرنا۔ ماہر و حاذق ہونے کا دعویٰ کرنا۔

الفَلْسَفَةُ۔ حکمت۔ مسائل علمیہ میں غور و فکر۔ اشیاء کے حقیقی نفس الامری حالات معلوم کرنا۔ مبادی اور علل کا بقدر طاقت بشریہ معلوم کرنا۔

الفَیْلَسُوفُ۔ فلسفہ کا عالم ماہر۔ ارسطوطالیس ج۔ فَلَاسِفَةٌ۔

فَلَّصَ۔ الرجلُ۔ چھڑانا۔

اَفْلَصَ و انْفَلَصَ و تَفَلَّصَ۔ رہائی پانا۔

فَلَطَ (ن)، فَلْطًا۔ عَنِ الشیءِ۔ کسی شے سے وحشت زدہ اور حیران ہونا۔

فَلَّطَهٗ۔ اچانک آنا۔ پانا۔

اَفْلَطَهٗ۔ الامرُ۔ کسی امر کا اچانک پیش آنا۔

اُفْتُلِطَ۔ بالاَمْرِ۔ اچانک مشغول کیا جانا۔

انْفَلَطَ۔ اچانک۔

فَلْطَحَ و فَلْطَحَةً۔ القُرْصَ۔ ٹکیہ کو پھیلانا۔ چوڑا کرنا۔

المُفَلْطَحُ۔ چوڑا کیا ہوا۔

فَلَعَ (ف)، فَلْعًا و فَلَّعَ۔ الشیءَ۔ پھاڑنا۔

تَفَلَّعَ۔ پھٹنا۔

انْفَلَعَ۔ پھٹنا اور ٹکڑے ہو جانا۔

الفَلْعُ و الفِلْعُ۔ قدم وغیرہ کی پھٹن۔ ج۔ فُلُوعٌ۔

الفِلْعَةُ۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔ ج۔ فِلَعٌ۔

الفَالِعَةُ۔ مصیبت عظیم۔ ج۔ فَوَالِعُ۔

سَیْفٌ فَلُوعٌ۔ ج۔ فُلُعٌ۔ (۔ و مِفْلَعٌ) تلوار قاطع۔

مَزَادَةٌ مُفَلَّعَةٌ۔ چمڑے کے ٹکڑوں سے بنا ہوا توشہ دان۔

فَلَغَ (ف)، فَلْغًا۔ رَاْسَهٗ۔ سر توڑنا۔ کچلنا۔ زخمی کرنا۔

تَفَلَّغَ۔ الشیءُ۔ ریزہ ریزہ ہونا۔

فَلْفَلَ۔ الطعامَ۔ کھانے میں مرچ ڈالنا۔

فَلْفَلَ و تَفَلْفَلَ۔ چھوٹے چھوٹے قدم رکھنا ناز اور تکبر سے چلنا۔ تَفَلْفَلَتْ حلماتُ الضرعِ۔ پستان کے بالائی حصہ کا سیاہ ہونا۔ تَفَلْفَلَ شعرُ الاَسْوَدِ۔ بال کا سخت گھنگھریالا ہونا۔

الفُلْفُلُ و الفِلْفِلُ۔ مرچ۔ واحد فِلْفِلَةٌ (یہ کلمہ دخیل ہے)

الفُلَیْفِلَةُ۔ ایک نباتات کی قسم ہے، جس کی دو قسمیں ہیں۔ ایک قسم مرچ کے مانند تیز ہوتی ہے اور دوسری قسم میں تیزی نہیں ہوتی۔

شَرَابٌ مُفَلْفَلٌ۔ تیز شراب جو پیتے وقت مرچ کی طرح منہ کو جلا دے۔ شَعْرٌ مُفَلْفَلٌ۔ بہت گھنگھریالے بال۔

فَلَقَ (ض)، فَلْقًا و فَلَّقَ۔ الشیءَ۔ پھاڑنا۔

فَلَقَ اللّٰهُ الصُّبْحَ۔ رات کی تاریکی پھاڑ کر صبح کی روشنی ظاہر کرنا۔

اَفْلَقَ۔ الشاعرُ۔ عجیب کلام کہنا۔ صفت مُفْلِقٌ۔ اَفْلَقَ بالاَمْرِ۔ ماہر ہونا۔

تَفَلَّقَ۔ پھٹنا۔ دوڑنے میں کوشش کرنا۔

انْفَلَقَ۔ پھٹنا۔

الفَالِقُ۔ فا۔ پہاڑ کا شگاف۔

الفَالِقَةُ۔ فالق کا مؤنث۔ دو ٹیلوں کے درمیان ہموار زمین۔

الفَلْقُ۔ مص۔ شگاف۔ ج۔ فُلُوقٌ۔ فَلْقُ الرَّاْسِ۔ مانگ۔ وسط۔

الفِلْقُ۔ امرِ عجیب۔ مصیبت۔ پھاڑی ہوئی چیز کا آدھا۔

الفَلَقُ۔ صبح۔ کل مخلوق۔ اشکال کے بعد حق کی وضاحت کرنا۔ دو ٹیلوں کے درمیان ہموار زمین۔ دوزخ۔ پہاڑ کا شگاف۔ ج۔ فُلْقَان۔ پیالہ کی تلی میں جو دودھ باقی رہ جائے، حقارت کے طور پر کہا جاتا ہے۔ "یا ابنَ شَارِبِ الفَلَقِ"۔ وہ لکڑی کہ جس میں رسی کے کنارے باندھ کر مجرم کے دونوں پیروں میں ڈالی جاتی تھی۔ والفَلَقُ مِنَ اللَّبَنِ۔ پھٹا ہوا دودھ۔ ج۔ اَفْلَاقٌ۔

الفَلْقَةُ۔ پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔

الفِلْقَةُ۔ ج۔ فِلَقٌ۔ والفُلَاقَةُ۔ ج۔ فُلَاقٌ۔ ایک ٹکڑا۔ الفِلْقَةُ۔ پھٹی ہوئی چیز کا آدھا۔ مصیبت۔ ج۔ فِلَقٌ۔

الفَلِيقُ والفَلِيقَةُ والمَفْلَقَةُ والفَلَقِيُّ مصیبت۔ امرِ عجیب۔ الفَلِيقُ۔ گردن کی ابھری ہوئی رگ کو بھی کہتے ہیں۔

الفُلْقَانُ۔ خالص جھوٹ۔

لَبَنٌ فُلَاقٌ وفَلُوقٌ۔ جما ہوا دودھ۔ کہا جاتا ہے "صَارَ اللَّبَنُ فُلَاقًا وفِلَاقًا و اَفْلَاقًا"۔ یعنی ترشی کی وجہ سے دودھ پھٹ کر ٹکڑے ٹکڑے ہو گیا۔

التَّمْرُ الفَلِيقُ والتَّمْرُ المُفَلَّقُ۔ خشک پھل جو کہ پھٹ کر گٹھلی سے جدا ہو گیا ہو۔

الفَيْلَقُ۔ بڑا لشکر۔ بڑا آدمی۔ ج۔ فَيَالِقُ۔ رَجُلٌ فَيْلَقٌ۔ کانا مرد۔ اِمْرَأَةٌ فَيْلَقٌ بڑی چالاک شور مچانے والی عورت۔

المُفْلِقُ۔ فا۔ شَاعِرٌ مُفْلِقٌ۔ انوکھا کلام کہنے والا شاعر۔

المِفْلَاقُ۔ فواحش اور منکر کام کرنے والا۔ مفلس قلاش۔ ج۔ مَفَالِيقُ۔ رَجُلٌ مِفْلَاقٌ۔ برا آدمی۔ کمینہ اور رذیل آدمی۔

فَلْقَحَ۔ مَا فِي الإِنَاءِ۔ جو کچھ برتن میں ہو سب کو پی جانا۔

تَفَلْقَحَ۔ إِلَى القَوْمِ۔ خوشخبری دینا۔

الفَلْقَحِيُّ۔ ہنس مکھ۔

فَلَكَ (ن) فُلُوكًا۔ ثَدْيُ الجَارِيَةِ۔ لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔

فَلَّكَتْ وفَلْكَتْ۔ الجَارِيَةُ۔ لڑکی کا گول پستان والی ہونا۔ صفت فَالِكٌ۔ ج۔ فَوَالِكُ۔

فَلَّكَ وأَفْلَكَ۔ الثَّدْيُ۔ پستان کا گول ہونا۔ الرَّجُلُ فِي الأَمْرِ۔ کسی معاملہ میں اصرار کرنا۔

تَفَلَّكَ واسْتَفْلَكَ۔ ثَدْيُ الجَارِيَةِ لڑکی کے پستان کا گول ہونا۔

الفَلَكُ۔ آسمان۔ ستاروں کے چکر لگانے کی جگہ۔ ج۔ فُلُكٌ وفُلْكٌ وأَفْلَاكٌ۔ (ـ وا لفَلَكُ) مِنْ كُلِّ شَيْءٍ۔ ہر شے کا گول اور بڑا حصہ۔ مِنَ البَحْرِ۔ موج دریا۔ جہاں پانی ہر طرف سے جمع ہو کر چکر کھانے لگے۔ ریت کا وہ ٹیلہ جس کے اردگرد کھلا میدان ہو۔ زمین کے وہ ٹکڑے جو اردگرد کی زمین سے بلند ہوں۔ واحد فَلْكَةٌ وفَلَكَةٌ۔ ج۔ فِلَاكٌ۔

الفَلِيكُ۔ ابھری ہوئی ہڈیوں والا۔ سخت جوڑوں والا۔ وہ آدمی جس کے زانو کی چپنی میں ورم ہو۔ رَجُلٌ فَلِيكٌ۔ بڑے سرین والا مرد۔

الفَلَكِيُّ۔ فلک کی جانب منسوب۔ آسمان اور سماوی چیزوں کا جاننے والا۔

الفَلْكَةُ۔ فلک کا واحد یعنی ایک آسمان ہر وہ چیز جو ابھری ہوئی بلند اور گول ہو۔ ج۔ فَلَكٌ وفِلَكٌ۔ فَلْكَةُ المِغْزَلِ چرخے کا دمکڑا۔ ج۔ فِلَكٌ۔

الفُلْكُ۔ کشتی۔ یہ مذکر اور مؤنث دونوں کے لیے یکساں مستعمل ہے۔

الأَفْلَكُ۔ وہ شخص جو ریت کے ایسے ٹیلہ کا چکر لگائے جس کے چاروں طرف میدان ہو۔

الإِفْلِيكَانُ۔ حلق کے کوے کے اردگرد گوشت کے دو ٹکڑے۔

المُفْلِكُ والمُفَلَّكُ۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ گول پستان والی عورت۔

إِفْتَلَمَ۔ أَنْفَهُ۔ ناک کا ٹنا۔

فُلَانٌ وفُلَانَةُ۔ ذوی العقول کے ناموں کی جگہ بطور کنایہ بولے جاتے ہیں۔ اسی لیے ان پر الف لام (علامت معرفہ) داخل نہیں ہوتے۔ فُلَانَةُ۔ غیر منصرف ہے۔ کہا جاتا ہے "جَاءَ فُلَانٌ وجَاءَتْ فُلَانَةُ"۔ کبھی کبھی غیر ذوی العقول کے لیے بھی کنایہ ہوتے ہیں۔ اس وقت الف لام ان پر داخل ہوتا ہے۔ تم کہتے ہو۔ "رَكِبْتُ الفُلَانَ۔ حَلَبْتُ الفُلَانَةَ": فلاں جانور پر سواری کی اور فلاں جانور کا دودھ دوہا۔

فَلَا يَفْلُو (ن) فَلَاءً وفُلُوًّا۔ سفر کرنا۔ بِالسَّيْفِ۔ تلوار سے مارنا۔ القَوْمَ۔ قوم کے درمیان میں آنا (ـ وأَفْلَى و افْتَلَى) الصَّبِيَّ او المُهْرَ۔ بچہ یا بچھیرے سے دودھ چھڑانا اور ماں سے جدا کرنا۔ الغُلَامَ۔ لڑکے کی پرورش کرنا۔ افْتَلَاهُ لِنَفْسِهِ۔ اپنے لیے لینا۔ أَفْلَى الرَّجُلُ۔ جنگل کی طرف جانا یا اس میں داخل ہونا۔ أَفْلَتِ الفَرَسُ گھوڑی کا بچھیرے والی ہونا۔ یا بچھیرے کے دودھ چھڑانے کے وقت پر پہنچنا۔ صفت۔ مُفْلٍ و مُفْلِيَةٌ۔

الفِلْوُ۔ ج۔ أَفْلَاءٌ وفِلَاءٌ و الفَلُوُّ و الفُلُوُّ۔ ج۔ أَفْلَاءٌ وفَلَاوَى۔ بچھیرا۔ یا گدھے کا بچہ جو دودھ چھڑانے کے زمانہ میں ہو یا جس کا دودھ چھڑا دیا گیا ہو۔

مؤنث فِلْوَةٌ و فُلُوَّةٌ۔
الفَلَاةُ۔ وسیع بیابان۔ ج۔ فَلَوَاتٌ و فَلًا و فُلِيٌّ و فِلِيٌّ۔ اور فَلًا کی جمع اَفْلَاءٌ
فَلَا يَفْلُو فَلْيًا۔ الامرَ۔ تامل اور غور و فکر کے بعد موجہ کرنا۔ الشِّعْرَ۔ شعر میں غور کر کے اس کے معانی اور غرائب کا استخراج کرنا۔ فَلَاهُ بالسَّيْفِ۔ تلوار سے مارنا۔ فَلَى زَيْدًا فِي عَقْلِهِ۔ آزمائش کرنا۔ و فَلَى تَفْلِيَةً رَاْسَهُ او ثَوْبَهُ۔ سر یا کپڑے سے جوئیں نکالنا۔
فَلَى (س) يَفْلَى فَلًا۔ الشيءُ۔ کٹنا۔
فَلَى و اَفْلَى و اِفْتَلَى۔ القومَ۔ درمیان میں آنا۔ اِفْتَلَى القومَ بِعَيْنِهِ۔ غور سے دیکھنا۔
تَفَلَّى۔ سر یا کپڑے میں سے جوئیں نکالنا۔ الطائرُ۔ پرندہ کا چونچ سے پروں کو کھجلانا۔
تَفَالَى و اِسْتَفْلَى۔ کسی سے جوئیں نکالنے کی خواہش کرنا۔ تَفَالَتِ النساءُ۔ ایک دوسرے کی جوئیں نکالنا۔ تَفَالَتِ الحُمُرُ۔ گدھوں کا ایک دوسرے کے بدن سے رگڑنا اور کھجلی مٹانا۔
اِسْتَفْلَاءٌ۔ تلوار سے سر یا گلے کے درپے ہونا
الفِلَايَةُ۔ جوئیں نکالنا۔
الفَالِيَةُ۔ چھری۔ داغدار کیڑا جو سانپوں کے بلوں کے قریب رہا کرتا ہے اور اسی وجہ سے اس کو فَالِيَةُ الاَفَاعِي بھی کہتے ہیں فَالِيَةُ الاَفَاعِي۔ مقدمات شر کا پیش خیمہ۔
الفَمُ و الفُمُ و الفِمُ۔ مِنَ الانسانِ۔ منہ۔ یہ اصل وضع کے لحاظ سے فُوهٌ ہے اس کا تثنیہ فَمَانِ و فَمَوَانِ و فَمَيَانِ۔ ج۔ اَفْمَامٌ۔ اور اَفْوَاهٌ (باعتبار اصل کے) اور نسبت کرتے وقت

فَمَوِيٌّ اور فَمِيٌّ استعمال ہوتے ہیں۔
فَنَّ (ن) فَنًّا۔ الشيءَ۔ مزین کرنا۔ الرجلَ مشقت میں ڈالنا۔ فَنَّهُ فِي البَيْعِ۔ نقصان دینا۔ فَنَّ الدَّيْنَ۔ قرض کو ٹالنا۔ فَنَّ الاِبِلَ۔ اونٹ کو دفع کرنا ہانکنا۔
فَنَّنَ۔ الشيءَ بالشيءِ۔ ملانا۔ الناسَ جُدا جُدا کرنا۔ لوگوں کی مختلف قسمیں اور جماعتیں مقرر کرنا۔ رَايَهُ۔ طرح طرح کی رائے بدلنا۔
تَفَنَّنَ۔ الشيءُ۔ قسم بہ قسم ہونا۔ مضطرب ہونا (۔ و اِفْتَنَّ) فِي الحَدِيثِ۔ بات کو عمدگی اور خوش اسلوبی سے بیان کرنا۔ اِفْتَنَّ فِي خُصُومَتِهِ۔ جھگڑے میں توسع کرنا۔
الفَنُّ۔ مص۔ ہر شے کی ایک نوع اور قسم۔ حال۔ ج۔ اَفْنَانٌ و فُنُونٌ۔ جج۔ اَفَانِينُ۔ اَفَانِينُ الكلامِ۔ کلام کے مختلف اسلوب۔ کہا جاتا ہے "لَقِيتُ مِنْهُ فَنًّا" یعنی اس سے مجھے تکلیف پہنچی۔ اور کہا جاتا ہے "هُوَ فَنُّ عِلْمٍ" وہ علم کے ساتھ بہتر تعلق رکھنے والا ہے۔
الفَنَنُ۔ سیدھی شاخ۔ ج۔ اَفْنَانٌ۔ جج اَفَانِينُ۔
الفَنَّةُ۔ فَنَّ کا اسم مرۃ۔ زمانہ کی ایک مدت۔
الفَنَّاءُ۔ بہت گھاس۔
شَجَرَةٌ فَنَّاءُ و فَنْوَاءُ۔ بہت شاخ والا درخت۔
الفَيْنَانُ۔ لمبے بال والا مرد۔ شَعْرٌ فَيْنَانٌ۔ لمبے لمبے خوبصورت بال۔
الاُفْنُونُ۔ شے کی ایک قسم۔ کھجان جوانی ابتدا و حوانی۔ پھیلا بادل۔ مضطرب کلام۔ سانپ۔ ج۔ اَفَانِينُ۔
المِفَنُّ۔ عجیب ایجادات کرنے والا۔ مؤنث مِفَنَّةٌ۔

المُفَنِّيَةُ۔ بدخلق بوڑھی عورت۔
المُتَفَنِّنُ۔ فا۔ اِ(تَفَنَّنَ)۔ گوناگوں حالات والا۔ گوناگوں صنعت والا۔
الفَنْدُ۔ جماعت۔
الفَنَاءُ۔ کثرت۔
الفَنَاجِرَةُ۔ وہ گھوڑے سوار جو سواری میں ماہر ہوں۔
الفِنْجَانُ۔ مٹی شیشے وغیرہ کا چھوٹا گلاس اور برتن۔ ج۔ فَنَاجِينُ (کلمہ دخیل ہے)
فَنْخَهُ (ف) فَنْخًا و فَنَّخَهُ۔ غالب ہونا۔ مذلل اور مطیع بنانا۔ فَنَخَ عَظْمَهُ۔ بغیر چیرے اور خون نکالے ہڈی کو توڑنا۔
فَنَخَهُ۔ فَنْخًا و فُنُوخًا۔ خوب اچھی طرح قتل کرنا۔
اَفْنَخَ۔ رَاْسَهُ۔ سر کچلنا۔
تَفَنَّخَهُ۔ مقہور کرنا۔ بہت بری طرح سے ذلیل کرنا۔
الفَنِيخُ۔ نرم کمزور۔ بوڑھا۔
المِفْنَخُ۔ دشمنوں کی سرکوبی کر کے ان کو ذلیل کرنے والا۔
فَنْخَرَ فَنْخَرَةً۔ نتھنے پھیلانا۔
الفُنَاخِرُ۔ بڑی ناک والا۔ (و الفُنْخُورُ) بڑے ڈیل ڈول والا۔ مؤنث فُنَاخِرَةٌ و فُنْخُرَةٌ۔
الفُنْخِيرَةُ۔ بہت فخر کرنے والا۔
فَنِدَ (س) فَنَدًا و اَفْنَدَ۔ سٹھیانا۔ بڑھاپے کی وجہ سے ضعیف العقل ہونا اور بہکی ہوئی باتیں کرنے والا۔ جھوٹ بولنا۔ فِي الرَّاْيِ او القولِ۔ خطا کرنا۔ اَفْنَدَهُ خطاکار ٹھہرانا۔ اَفْنَدَهُ الكِبَرُ۔ بڑھاپے کا کسی کو ضعیف العقل کر دینا۔
فَنَّدَهُ۔ جھٹلانا۔ ملامت کرنا۔ خطاکار ٹھہرانا
فَنَّدَ فِي الشَّرَابِ۔ شراب پر مداومت کرنا۔ فَنَّدَ الفرسَ۔ گھوڑے کو دبلا اور چھریرا بنانا۔ عَاكَدَ و تَفَنَّدَ، فُلَانًا

عَلَی الاَمرِ۔ کسی کام کی طلب کرنا۔ یا ارادہ رکھنا۔ تَفَنَّدَ مِنْ کَذَا۔ نادم و پشیمان ہونا۔

اَلفَنَدُ۔ مص عاجزی۔ کفرانِ نعمت۔ ج۔ فِنَادُ۔

اَلفَنَدُ۔ بڑا پہاڑ۔

اَلفِنْدُ۔ بڑا پہاڑ۔ ٹہنی نوح منفق۔ اور مجتمع قوم۔ وہ زمین جس پر بارش نہ ہوئی ہو۔ ج۔ فُنُودٌ و اَفْنَادٌ۔ کہا جاتا ہے "اَتَوْا اَفْنَادًا" یعنی جماعتیں بن گئے۔ اَفْنَادُ اللَّیلِ۔ رات کے حصے۔

اَلفُنْدُقُ۔ سرائے۔ ج۔ فَنَادِقُ۔ بندوق۔

اَلفُنْدَاقُ۔ حساب کا رجسٹر۔ ج۔ فَنَادِیقُ (دخیل)

اَلفَنَارُ۔ مشعل۔ روشنی کا منارا۔ ج۔ فَنَارَاتٌ

اَلفَانُوسُ۔ چغل خور۔ مشعل۔ لالٹین۔ ج۔ فَوَانِیسُ۔

فَنَّشَ۔ فِی الاَمرِ۔ ڈھیل دینا۔

اَلفِنْطَاسُ۔ کشتی اور جہاز میں میٹھے پانی کا حوض۔ میٹھے پانی کے تقسیم کرنے کا پیالہ۔ ج۔ فَنَاطِیسُ۔ اَلفِنْطَاسُ چوڑی ناک۔

اَلفِنْطِیسُ۔ کمینہ۔ چوڑی ناک والا۔ وہ ناک جس کے نتھنے چوڑے ہوں اور بانسہ چپٹا پھیلا ہوا ہو۔ ج۔ فَنَاطِیسُ۔

اَلفِنْطِیسَةُ۔ سور کی تھوتھنی۔

فَنِعَ (س) فَنَعًا۔ مالدار ہونا۔ صفت فَنِعٌ و فَنِیعٌ۔

اَلفَنَعُ۔ مص۔ سخاوت کی زیادتی۔ فضل واسع ہر شے کی کثرت۔ مشک کی مہک۔

اَلمُفَنَّعُ۔ اچھی شہرت والا۔ نیکنام۔

فَنَّقَ و فَانَقَ۔ الغُلَامَ۔ ناز و نعمت سے پالنا

اَفْنَقَ۔ سختی کے بعد صاحب نعمت ہونا۔

تَفَنَّقَ۔ الغُلَامُ۔ ناز و نعمت سے زندگی بسر کرنا۔ اچھی زندگی گذارنا۔ فِی الاَمرِ۔ مبالغہ کرنا۔

جَارِیَةٌ فُنُقٌ و مُفَنَّاقٌ۔ ناز و نعمت میں پلی ہوئی لڑکی۔

اَلفَنِیقُ۔ نر اونٹ کہ جس کو بوجہ اس کی شرافت کے نہ تو سواری کے کام میں لادیں اور نہ اس کو تکلیف پہنچائیں۔ ج۔ فُنُقٌ۔ جج۔ اَفْنَاقٌ۔

اَلفُنُقَةُ۔ وہ پورا جو کون سے چھوٹا ہو۔ ناز و نعمت میں پلی ہوئی عورت۔ ج۔ فَنَائِقُ۔

عَیشٌ مُفَانِقٌ۔ خوش عیش زندگی

فَنَكَ (ن) فُنُوكًا۔ بِالمَكَانِ۔ اقامت کرنا (ر۔ و اَفْنَكَ) عَلَی الاَمرِ۔ مداومت کرنا۔ فِی الاَمرِ۔ اصرار کرنا۔ جھوٹ بولنا۔

فَانَكَ مُفَانَكَةً۔ فِی الاَمرِ۔ دخل دینا (ر۔ و فَنَّكَ تَفْنِیكًا) فِی الشَّرِّ و الكَذِبِ۔ جھوٹ اور شر میں انہماک۔ اصرار کرنا۔

اَلفُنْكُ و الفَنَكُ۔ تعجب۔ اَلفَنَكُ۔ رات کا حصہ۔ لومڑی کی جنس سے ایک جانور جو لومڑی سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے۔ اور جس کی کھال کی پوستین بہت عمدہ ہوتی ہے۔

اَلفِنْكُ۔ دروازہ (ر۔ و الفُنْكُ) رات کا ٹکڑا۔

اَلفَنِیكُ۔ انسان کے جبڑوں کے ملنے کی جگہ (ر۔ و الاِفْنِیكُ) پرندہ کی دم نکلنے کی جگہ۔

اَلمُتَفَنِّكَةُ۔ بے وقوف عورت

اَلفَنَاةُ۔ مینگنی ج۔ فَنَوَاتٌ۔ مکو کا دانہ۔ ج۔ فَنًا۔

شَجَرَةٌ فَنْوَاءُ۔ بہت شاخوں والا سایہ دار درخت۔

فَنِیَ (س) و فَنَیٰ یَفْنِیٰ (ض) فَنَاءً۔ معدوم ہونا۔ الرَّجُلُ۔ بہت بوڑھا ہونا۔ کہا جاتا ہے "صَارَ زَیدٌ شَیْخًا فَانِیًا" یعنی زید بہت بوڑھا ہو گیا۔

فَانیٰ مُفَانَاةً۔ الرَّجُلُ۔ مدارات کرنا۔ تسکین دینا۔ کہا جاتا ہے "کَانَ یُفَانِی الاَیَّامَ زَاهِیًا" یعنی وہ زمانے کو کھیل کود میں بسر کرتا ہے۔ المَالَ۔ اصلاح کرنا۔

اَفْنیٰ اِفْنَاءً۔ الشَّیءَ۔ معدوم کرنا۔ ہلاک کرنا۔

تَفَانیٰ۔ القَومُ۔ بعض کا بعض کو ہلاک کرنا

اَلفَانِی۔ فا۔ بہت زیادہ بوڑھا گویا کہ فنا کے قریب ہے۔

اَلفَنَاءُ۔ مص۔ بقا کی ضد۔ ہلاکت۔

اَلفِنَاءُ۔ گھر کے سامنے کا میدان۔ صحن۔ ج۔ اَفْنِیَةٌ و فُنِیٌّ۔ کہا جاتا ہے "هُوَ مِنْ اَفْنَاءِ النَّاسِ" وہ غیر معروف النسب ہے۔ واحد فِنْوٌ۔

فَهَّ (ف) و فَهِهَ (س) فَهَاهَةً۔ بول چال میں درماندہ و عاجز ہونا۔ صفت فَهٌّ و فَهِیهٌ۔

فَهَّ (س) فَهًّا۔ الشَّیءَ و عَنِ الشَّیءِ۔ بھولنا۔

فَهَّهَ و اَفَهَّ۔ اللّٰهُ الرَّجُلَ۔ عاجز کرنا۔ اَفَهَّهُ الشَّیءَ۔ کسی شے کو بھلوانا۔

اَلفَهَّةُ۔ فَهٌّ کا مونث۔ عاجزی۔ غفلت

فَهِدَ (س) فَهَدًا۔ سونے میں یا انگڑائی لینے میں یا غصہ میں تیندوے جیسا ہونا۔ کسی ضروری کام سے غفلت کر کے سو جانا صفت فَهِدٌ و فَهِیدٌ۔ فَهِدَ عَنهُ غافل ہونا۔

فَهَدَ (ن) فَهْدًا۔ لِفُلَانٍ۔ کسی کے لیے اس کی غیبت میں بھلائی اور فعل جمیل کرنا۔

الفَہْدُ ۔ درندہ کی ایک نوع جو کتے سے بڑا
اور چیتے سے چھوٹا ہوتا ہے۔ اس کے
بدن پر چھوٹے چھوٹے سیاہ داغ
ہوتے ہیں۔ اس کو تیندوا کہتے ہیں۔
ج۔ فُہُوْدٌ و اَفْہُدٌ ۔
الفَہْدَۃُ ۔ فہد کا مؤنث۔ تیندوے کی
مادہ ۔ ج۔ فَہَدَاتٌ ۔
الفَہَّادُ ۔ تیندووں والا۔ تیندوے کو شکار
سکھانے والا۔
الفَوْہَدُ ۔ مؤنث فَوْہَدَۃٌ ۔ والاُفْہُوْدُ
موٹا تازہ۔ قریب البلوغ لڑکا۔ ج
اَفَاہِیْدُ ۔
فَہَرَ ۔ الفرسُ ۔ اوالرجلُ ۔ چلنے میں
تھکن اور عجز کا پیدا ہونا ۔
اَفْہَرَ ۔ یہودیوں کی عید میں یا ان کے
بیت العلم میں حاضر ہونا۔
فُہْرٌ ۔ یہودیوں کی عید۔ بیت العلم ۔
اَفْہَرَ ۔ زَیْدٌ ۔ موٹائی اور گوشت کے مجتمع
ہوجانے سے بدزیب ہونا۔
تَفَہَّرَ ۔ فِی المالِ او الکلامِ ۔ مال اور کلام
میں توسع ہونا ۔
الفِہْرَۃُ ۔ عِنْدَ الاَطِبَّاءِ ۔ وہ باریک پتھر
جس سے دوا رگڑی جائے یا پیسی جائے۔
المَفَاہِرُ ۔ سینہ کا گوشت ۔
الفِہْرِسُ والفِہْرِسْتُ ۔ وہ کتاب جس
میں کتابوں کے نام جمع کیے جائیں۔ کتاب
کے اول یا آخر میں چند اوراق جس میں
کتاب کے ابواب وفصول بیان کر دیے
جائیں۔ ج۔ فَہَارِسُ ۔
فَہَصَہٗ (ف) فَہْصًا ۔ توڑنا ۔ کچلنا ۔
فَہَقَ (ف) فَہْقًا ۔ الرجلَ ۔ چنبر گردن
پر مارنا۔
فَہِقَ (س) فَہَقًا و فُہُوْقًا ۔ الاِنَاءُ ۔ برتن کا
لبریز ہو کر چھلکنا۔
اَفْہَقَ ۔ الاِنَاءَ ۔ برتن کو بھرنا ۔ البرقُ
وغیرہٗ ۔ بجلی وغیرہ کا پھیل جانا ۔
الفَہْقَۃُ ۔ گردن کی جڑ کی ہڈی جو کہ اول الفقار
کہلاتی ہے۔ ج۔ فِہَاقٌ ۔
الفَاہِقَۃُ ۔ وہ زخم جس سے خون جاری ہو۔
بِئْرٌ مِفْہَاقٌ ۔ بہت پانی والا کنواں۔
المُتَفَیْہِقُ ۔ کشادہ ۔
فَہِمَ (س) فَہْمًا و فَہَمًا و فَہَامَۃً و
فِہَامَۃً و فَہَامِیَۃً ۔ الامرَ او المعنی
کسی امر یا معنی کا جاننا ۔ سمجھنا۔
فَہَّمَہٗ و اَفْہَمَہٗ ۔ الامرَ ۔ سمجھانا۔
تَفَہَّمَ ۔ الکلامَ ۔ کلام کو تھوڑا تھوڑا کر
کے سمجھنا۔
تَفَاہَمَ ۔ القومُ ۔ بعض کا بعض سے سمجھنا۔
اِسْتَفْہَمَہٗ ۔ الامرَ ۔ بات دریافت کرنا۔
یا سمجھانے کی درخواست کرنا۔
الفَہْمُ ۔ مص ۔ سمجھ۔ کسی چیز کا تصور۔
الفَہِمُ ۔ سمجھ دار یعنی جلدی سمجھنے والا۔
الفَہَّامَۃُ ۔ بہت سمجھنے والا۔ یہاں پر تا
مبالغہ کے لیے ہے۔
الفَہِیْمُ ۔ سمجھ دار۔ ج۔ فُہَمَاءُ ۔
فَہَا یَفْہُوْ (ن) فَہْوًا ۔ عَنِ الامرِ ۔
بھولنا۔
الاَفْہَاءُ ۔ بیوقوف لوگ۔
فَاتَ (ن) یَفُوْتُ فَوْتًا و فَوَاتًا ۔ الامرُ ۔
گزرنا۔ کام کرنے کا وقت جاتا رہنا۔
فَاتَہٗ الامرُ ۔ کسی کام کا نہ ہونا اور
ہاتھ سے نکل جانا۔ فَاتَہٗ فلانٌ فِی
کذا ۔ آگے بڑھنا۔ الشیءَ ۔ تجاوز
کرنا۔
اَفَاتَہٗ اِفَاتَۃً ۔ الامرَ ۔ گزار دینا۔
تَفَوَّتَ ۔ عَلَیْہِ فِی مَالِہٖ ۔ غلبہ کر کے
اس کا مال لے جانا۔
تَفَاوَتَ تَفَاوُتًا و تَفَاوَتًا و تَفَاوِتًا ۔
الشیئانِ ۔ دو چیزوں میں اختلاف
اور دوری کا ہونا۔ فِی الفَضْلِ فضل و
کمال میں مختلف اور متباین ہونا۔
اِفْتَاتَ ۔ الکلامَ ۔ نئی بات کہنا۔ بڑا بڑا
خود رائی کرنا۔ بِاَمْرِہٖ ۔ کسی کام کو بغیر
دوسروں کے مشورہ کے خود کر لینا۔
عَلٰی فلانٍ فی الامرِ ۔ حکم کرنا۔ فیصلہ
کرنا۔ افتاتَہُ الامرُ ۔ فوت ہونا۔
کہا جاتا ہے ۔ "فلانٌ لَا یُفْتَاتُ علیہِ"
یعنی فلاں کی اجازت کے بغیر کوئی کام
نہیں کیا جاتا۔
الفَوْتُ ۔ مص ۔ دو انگلیوں کے درمیان کشادگی
ج۔ اَفْوَاتٌ ۔ کہا جاتا ہے "جَعَلَ اللّٰہُ
رِزْقَہٗ فَوْتَ فَمِہٖ" یعنی اللہ تعالٰے
نے اس کے رزق کو ایسا بنایا ہے کہ
وہ دیکھتا ہے اور اس تک پہنچتا نہیں۔
الفَوَاتُ ۔ مص ۔ مَوْتُ الفَوَاتِ ۔ اچانک
موت۔
الفُوَیْتُ ۔ خود رائے۔ جو کسی سے مشورہ نہ
کرے۔ یہ مذکر و مؤنث دونوں کے لیے
یکساں ہے۔
فَاحَ (ن) یَفُوْحُ فَوْحًا ۔ المِسْکُ ۔
مشک کی خوشبو کا پھیلنا۔ مہکنا
فَاحَ النَّہَارُ ۔ دن کا ٹھنڈا ہونا۔
فَوَّحَ ۔ عَنْ نَفْسِہٖ ۔ ٹھنڈا کرنا۔
اَفَاحَ ۔ الرجلُ ۔ جلدی کرنا ۔ الفرسُ ۔
گھوڑے کا دوڑنا۔
اُسْتُفِیْحَ ۔ ہلکا سمجھا جانا۔ ذلیل سمجھا جانا۔
الفَوْجُ ۔ جماعت۔ گروہ۔ عرف میں مسلح
عسکری۔ ج۔ اَفْوَاجٌ و فُوُوْجٌ وجج
اَفَاوِجُ و اَفَایِجُ و اَفَاوِیْجُ ۔
الفَائِجَۃُ ۔ جماعت۔ سخت زمین یا ریت کے
دو ٹیلوں کے درمیان میں کشادہ جگہ۔
فَاحَتْ تَفُوْحُ فَوْحًا و فُوُوْحًا و فَوَحَانًا
۔ القِدْرُ ۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔
فَاحَتِ الشَّجَّۃُ ۔ زخم کا خون
پھینکنا۔

فَاحَ وَتَفَاوَحَ ۔ الزَّهْرُ۔ پھول کا مہکنا۔ خوشبو بھڑکنا۔ فَاحَ الْمِسْكُ اَوِ الطِّيْبُ ۔ مشک یا خوشبو کا بھڑکنا۔
اَفَاحَ ۔ الدَّمَ ۔ خون گرانا ۔ الْقِدْرَ ۔ ہانڈی کو جوش دینا ۔
فَوْحٌ ۔ الْحَرِّ ۔ گرمی کی شدت ۔
فَاحَتْ تَفُوْحُ فَوْحَانًا ۔ الرِّيْحُ ۔ ہوا چلتے وقت آواز نکلنا ۔
فَاخَ وَاَفَاخَ ۔ الرجلُ ۔ گوز کرنا ۔
اَفَاخَ الزِّقَّ ۔ مشک کا منہ کھول کر ہوا نکالنا ۔
فَادَ (ن) يَفُوْدُ فَوْدًا ۔ مرنا ۔ فَادَ الشَّيْءَ بِالشَّيْءِ ۔ ملانا ۔ المالُ لِفُلَانٍ ۔ ثابت ہونا ۔ اور اس کا اسم الْفَائِدَةُ آتا ہے ۔
اَفَادَ اِفَادَةً ۔ الرجُلَ ۔ مارنا ۔ ہلاک کرنا ۔ فُلَانٌ الْمَالَ ۔ مال جمع کرنا ۔ کمائی کرنا ۔ فُلَانًا مَالًا اَوْ عِلْمًا ۔ مال اور علم عطا کرنا ۔ نفع پہنچانا ۔
تَفَوَّدَ ۔ الْوَعِلُ فَوْقَ الْجَبَلِ ۔ پہاڑی بکری کا پہاڑ پر چڑھنا ۔
اِسْتِفَادَةٌ ۔ حاصل کرنا ۔
الْفَوْدُ ۔ مص ۔ کنپٹی ۔ کنپٹی کے بال ۔ کہا جاتا ہے " بَدَا الشَّيْبُ بِفَوْدَيْهِ " یعنی اس کی دونوں کنپٹیاں سفید ہو گئیں ۔
الْفَوْدُ ۔ بڑا تھیلا ۔ گون ۔ فوج ۔ کنارہ فَوْدَا الْخِبَاءِ اَوِ الْوَادِيْ ۔ خیمہ یا وادی کا ایک کنارہ ۔ ج ۔ اَفْوَادٌ ۔
الْمِفْوَادُ ۔ تلف کرنے والا ۔
الْفَوْدَجُ ۔ ہودج ۔ دلہن کی پالکی ۔
فَارَتْ تَفُوْرُ فَوْرًا وَفَوَرَانًا وَفُؤُوْرًا ۔ الْقِدْرُ ۔ ہانڈی کا جوش میں آنا ۔ اور ابلنا ۔ فَارَ الْمَاءُ ۔ پانی کا زمین سے پھوٹنا اور بہنا ۔ الْعِرْقُ ۔ رگ کا مضطرب ہونا ۔ پھڑکنا ۔

فَارَ وَفُؤُوْرًا وَفَوَارَانًا ۔ الْمِسْكُ ۔ خوشبو کا بھڑکنا ۔ فَارَ فَوْرًا وَاَفَارَ ۔ الْقِدْرَ ہانڈی کو جوش دینا ۔ فَارَ الْمِيْزَانُ ۔ ترازو کے زبان کے ادھر ادھر کے لوہے بنانا ۔
الْفَارُ ۔ چوہا ۔ واحد ۔ فَارَةٌ ۔ فَارَةُ الْاِبِلِ اونٹوں کی کھال کے تر ہو جانے کے بعد کی بدبو ۔
الْفَوْرُ ۔ مص ۔ بہت جلدی ۔ کہا جاتا ہے ۔ رَجَعَ مِنْ فَوْرِهِ ۔ بلا توقف بہت جلدی واپس ہوا ۔ فَوْرُ كُلِّ شَيْءٍ ۔ ہر چیز کا اول ۔
الْفُوْرُ ۔ ہرنیاں ۔ واحد فَائِرٌ ۔ کہا جاتا ہے ۔ " لَا اَفْعَلُهُ مَا لَالَاَتِ الْفُوْرُ " میں اس کو نہیں کروں گا جب تک ہرنیاں اپنی دم ہلاتی رہیں گی ، یعنی کبھی نہیں کرونگا ۔
الْفَوْرَةُ ۔ مِنَ الْحَرِّ اَوِ الْغَضَبِ ۔ گرمی یا غصہ کی تیزی ۔ فَوْرَةُ النَّهَارِ ۔ دن کی ابتدا ۔ النَّاسِ ۔ لوگوں کے جمع ہونے کی جگہ ۔ الْعِشَاءِ ۔ عشاء کی نماز کے بعد کا وقت ۔ کہا جاتا ہے " اَخَذْتُ الشَّيْءَ بِفَوْرَتِهِ " یعنی میں نے اس کی چیز کو اس کی ابتدا ہی میں لے لیا ۔
الْفِيَارَانِ ۔ ترازو کی زبان کے ادھر ادھر کے لوہے ۔
الْفَائِرُ ۔ فا ۔ کہا جاتا ہے " فَارَ فَائِرُهُ " یعنی اس کا غصہ بھڑکا ۔
الْفُوَارَةُ ۔ ہانڈی کا ابال ۔
الْفَوَّارُ ۔ مبالغہ کا صیغہ ۔ بہت جوشیلا ۔
الْفَيُّوْرُ ۔ بہت جلدی غضبناک ہونے والا ۔
الْفَوَّارَةُ ۔ فَوَّارٌ کا مؤنث ۔ پانی کا چشمہ ۔ فوارہ ۔
فَازَ (ن) يَفُوْزُ فَوْزًا ۔ بِالْاَمْرِ ۔ کامیاب ہونا ۔ مِنَ الْمَكْرُوْهِ ۔ نجات پانا ۔ الرَّجُلُ ۔ ہلاک ہو جانا ۔ مر جانا ۔

فَوَّزَ تَفْوِيْزًا ۔ الرجُلُ ۔ گندنا ۔ مرنا ۔ الطَّرِيْقُ ۔ ظاہر ہونا ۔ الرَّاعِيْ بِاِبِلِهِ ۔ چرواہے کا اپنے اونٹوں کے ساتھ جنگل طے کرنا ۔ وَتَفَوَّزَ ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا ۔
اَفَازَ ۔ فُلَانًا بِكَذَا ۔ کامیاب کرانا ۔
الْفَازَةُ ۔ دو کھمبوں والا سائبان ۔ خیمہ ۔ کہا جاتا ہے " ضَرَبَ الْفَازَةَ بِالْمَفَازَةِ " اس نے بیابان میں خیمہ لگایا ۔
الْمَفَازَةُ ۔ نجات کی جگہ یا نجات کا سبب ۔ کامیابی کی جگہ یا اس کا سبب ۔ ہلاکت کی جگہ یا سبب ۔ وہ بیابان جس میں پانی نہ ہو ۔ ج ۔ مَفَازَاتٌ وَمَفَاوِزُ ۔
فَوَّضَ تَفْوِيْضًا ۔ اِلَيْهِ الْاَمْرَ ۔ اختیار سپرد کر دینا اور حاکم بنا دینا ۔ الْمَرْاَةَ ۔ عورت کا بغیر مہر کے نکاح کر دینا ۔
فَاوَضَهُ مُفَاوَضَةً ۔ فِي الْاَمْرِ ۔ برابر ہونا برابر کا شریک ہونا ۔ باہم بات چیت کرنا ۔ اور مذاکرہ کرنا ۔
تَفَاوَضَ ۔ الْقَوْمُ فِيْ كَذَا ۔ بعض کا بعض کے ساتھ شریک ہونا ۔ الشَّرِيْكَانِ فِي الْمَالِ ۔ برابر کا شریک ہونا ۔
تَفَاوَضُوْا فِي الْحَدِيْثِ ۔ بات چیت شروع کرنا ۔ کہا جاتا ہے " قَوْمٌ فَوْضَى " ایسی جماعت کہ جس کا کوئی سردار نہ ہو ۔ سب برابر کے درجہ کے ہوں ۔
اَمْرُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وَفَوْضُوْضَى وَفَوْضُوْضَاءُ ۔ یہ لوگ ایسے شریک ہیں کہ ان میں سے ہر ایک شخص دوسرے کے معاملہ میں تصرف کا حق رکھتا ہے ۔ اَمْوَالُهُمْ فَوْضَى بَيْنَهُمْ وَفَوْضُوْضَى وَفَوْضُوْضَاءُ ۔ یعنی وہ سب مال میں برابر کے شریک ہیں ، کسی کو دوسرے پر ترجیح نہیں ۔ کہا جاتا ہے " شِرْكَةُ مُفَاوَضَةٍ " ایسی شرکت کہ جس میں تمام

شریک مال اور تصرف اور دین کے لحاظ سے برابر ہوں اور ہر ایک دوسرے کا وکیل اور کفیل ہو۔ اور اس کے مقابلہ میں شرکۃ عنان ہے۔ اس میں تصرف میں سب برابر نہیں ہوتے اور نہ کوئی ایک دوسرے کا کفیل۔ مُفَاوَضَۃُ العُلَمَاءِ۔ علمی مسائل میں مذاکرہ اور مباحثہ کہ جس کی وجہ سے ایک کو دوسرے کی تحقیق معلوم ہو جائے۔

الفُوطَةُ - پیٹی۔ جس کو خدام، چپراسی اردلی وغیرہ استعمال کرتے ہیں۔ ج۔ فُوَطٌ۔ اور عوام کے نزدیک دستی رومال کو بھی کہتے ہیں کہ جس سے ہاتھ پونچھے جائیں۔ نیز اس کو المنشفۃ بھی کہتے ہیں۔

فَوَّطَهُ - پٹکہ اور پیٹی کا پہنانا۔

فَاطَ (ن) یَفُوطُ فَوْطًا وَفَوَاطًا - مرنا۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَوْطُهُ" یعنی اس کی موت کا وقت قریب آگیا۔

الفَوْعَةُ - مِنَ الطِّيبِ۔ خوشبو کی مہک - مِنَ السُّمِّ۔ زہر کی تیزی - مِنَ الشَّبَابِ - جوانی کی ابتدا۔

فَاغَ (ن) یَفُوغُ فَوْغًا - الطِّيبُ۔ خوشبو بھڑکنا۔ مہکنا۔

الفَوْغَةُ - مِنَ الطِّيبِ۔ خوشبو کی بھڑک۔

الفَائِغَةُ - تیز خوشبو جو ناک کو بھر دے۔

الفَوَغُ - منہ کی موٹائی۔

الأَفْوَغُ - موٹے منہ والا۔ کہا جاتا ہے "فَمٌ أَفْوَغُ" موٹا منہ "وَرَجُلٌ أَفْوَغُ" موٹے منہ والا مرد۔

فَافَ یَفُوفُ فَوْفًا - انگوٹھے اور شہادت کی انگلی کے ناخنوں کو ملا کر سائل کو اشارہ کرنا کہ تجھے اتنا سا بھی نہ ملے گا یعنی تجھے کچھ نہیں دونگا۔

الفَوْفُ والفُوفُ - گائے بیل کا مثانہ۔ جوانوں کے ناخنوں کی سفیدی۔ واحد فُوفَةٌ وفُوفَةٌ۔ ج۔ أَفْوَافٌ۔

الفُوفُ والفُوفَةُ - غلہ کے دانوں کے اوپر کا چھلکا۔

ثَوبٌ أَفْوَافٍ وثَوبٌ مُفَوَّفٌ - باریک کپڑا۔ وہ کپڑا جس میں طول میں سفید دھاریاں ہوں۔

فَاقَ (ن) یَفُوقُ فَوْقًا وفَوَاقًا - الشَّيءُ۔ بلند ہونا - أَصْحَابَهُ بِالفَضْلِ والعِلْمِ۔ ہمعصروں سے بڑھ جانا۔ فَوَاقًا، ہچکی آنا - فُوَاقًا وفُؤُوقًا، الرَّجُلُ۔ مرنا۔ مرتے وقت سانس کا نکلنے کے قریب ہونا۔

فَاقَ فَوْقًا - السَّهْمَ۔ سوفار تیر کو توڑنا - الشَّيءَ۔ توڑنا۔

فَاقَ یُفَاقُ وفَوِقَ یَفْوَقُ فَاقًا وفَوْقًا وفَوَقًا - السَّهْمُ۔ سوفار میں کجی یا شکستگی پیدا ہونا۔

فَوَّقَهُ - عَلَى قَوْمِهِ۔ فضیلت دینا۔ فَوَّقَ السَّهْمَ۔ تیر میں سوفار لگانا - الفَصِيلَ۔ بچہ کو رک رک کر دودھ پلانا۔

أَفَاقَ إِفَاقَةً - مِنْ مَرَضِهِ۔ صحتیاب ہونا - الحَالِبُ۔ دو دفعہ کے دودھ دوہنے کے بیچ میں ٹھہر جانا۔ أَفَاقَتِ النَّاقَةُ۔ اونٹنی کے تھن میں دودھ جمع ہونا۔ صفت مُفِيقٌ ومُفِيقَةٌ۔ ج۔ مَفَاوِيقُ - أَفَاقَ السَّكْرَانُ مِنْ سُكْرِهِ۔ نشہ سے ہوش میں آنا - مِنَ النَّوْمِ - بیدار ہونا - المَجْنُونُ مِنْ جُنُونِهِ - دیوانگی کے بعد عقل کا لوٹ آنا - الزَّمَانُ۔ تنگی کے بعد فراخی لانا - عَنْهُ النُّعَاسُ - نیند کا اچٹ جانا اور بے چین کر دینا - مِنْ غَفْلَتِهِ۔ چوکنا ہونا۔ وأَفْوَقَ أَفْوَاقًا وأَفْوَقَ إِيفَاقًا، السَّهْمَ تیر پھینکنے کے لیے وتر قوس پر سوفار رکھنا۔

تَفَوَّقَ - الشَّرَابَ۔ تھوڑا تھوڑا کر کے پینا - عَلَى قَوْمِهِ۔ اپنی برتری دکھلانا - النَّاقَةَ: ایک مرتبہ دوہنے کے بعد بچہ کو دودھ میں لگا کر دوبارہ دوہنا - الفَصِيلُ پہلی بار دودھ نکالنے کے بعد بچہ کا تھنوں میں لگنا اور دودھ پینا - مَالَهُ۔ ٹھہر ٹھہر کر خرچ کرنا۔

اِنْفَاقَ اِنْفِيَاقًا - السَّهْمُ۔ سوفار ٹوٹنا - الجَمَلُ - اونٹ کا لاغر ہونا۔ ہلاک ہونا۔

اِفْتَاقَ - الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔ فقیر ہونا۔

اِسْتَفَاقَ - الرَّجُلُ مِنْ نَوْمِهِ أَوْ مَرَضِهِ أَوْ غَفْلَتِهِ۔ نیند سے بیدار ہونا - مرض سے صحت یاب ہونا۔ غفلت سے ہوشیار ہونا - النَّاقَةَ۔ اونٹنی کو مہلت دے کر دوبارہ دوہنا۔

الفَاقُ - کھانے سے بھرا ہوا بڑا پیالہ۔ جنگل، کنگھا۔

الفَاقَةُ - حاجت۔ فقر۔ محتاجی، بھوکا رہنا۔

فَوْقُ - م۔ نقیض ہے تَحْتُ کی یعنی اوپر۔ اور یہ ظرف مکان ہے، کبھی زمانے کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے جیسے أَقَمْتُ فَوْقَ شَهْرٍ۔ یعنی میں نے ایک مہینہ سے زیادہ قیام کیا۔ کبھی زیادتی اور فضل پر دلالت کرتا ہے جیسے العَشَرَةُ فَوْقَ التِّسْعَةِ - اور هٰذَا فَوْقَ ذَاكَ۔ اور کبھی بطور اسم کے استعمال ہوتا ہے۔ کقولہ۔ وَإِذَا ذُكِرَتْ فَكُلٌّ فَوْقٌ دُونٌ۔

الفَوْقَانِيُّ - اوپر والا۔ تحتانی کی نقیض۔

الفُوقُ - سوفار۔ ج۔ فُوَقٌ وأَفْوَاقٌ۔ زبان کا کنارہ۔ پہلا راستہ۔ کہا جاتا ہے۔ "مَا ارْتَدَّ عَلَى فُوقِهِ" یعنی گیا، اور لوٹا نہیں۔ "وَلَهُ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُو فُوقٍ" یعنی اس کے لیے اس میں کثیر اور

کامل حصہ ہے۔ اور کہا جاتا ہے: "هُوَ أَعْلَاهُمْ فُوقًا" وہ ان میں سب سے زیادہ حصے والا ہے۔

الفُوقُ۔ سوفار میں کجی اور شکستگی۔

الفُوقَةُ۔ سوفار۔ ج۔ فُوَقٌ و فُقًا۔

الفِيقَةُ۔ وہ دودھ جو دو دفعہ دوہنے کے وقت درمیان میں تھن میں جمع ہو جائے۔ مِنَ اللَّيْلِ۔ رات کا اکثر حصہ۔ فِيقَةُ الضُّحَى۔ چاشت کی ابتدا۔ ج۔ فِيَقٌ و فِيَقٌ و فِيقَاتٌ و أَفْوَاقٌ و أَفَاوِيقُ۔ جیسے تم بولتے ہو: "أَرْضَعَنِي أَفَاوِيقَ بِرِّهِ" یعنی اس نے میرے ساتھ بہترین احسانات کیے۔ الأَفَاوِيقُ وہ پانی جو بادل میں جمع ہو جائے اور تھوڑا تھوڑا برسے۔

الفَوَاقُ و الفُوَاقُ م۔ دو دفعہ دوہنے کے درمیان کا وقت۔ دوہنے والے کے ہاتھ سے تھنوں کو دبانے اور ہاتھ کھولنے کے درمیان کا وقت۔ اور اسی سے ان کا قول ہے: "أَمْهِلْنِي قَدْرَ فُوَاقِ حَالِبٍ" یعنی مجھے ذرا سی مہلت دو۔ وَلَهُ مِنْ كَذَا سَهْمٌ ذُو فُوَاقٍ۔ اس کے لیے فلاں شے سے حصہ کامل ہے۔ الفُوَاقُ۔ جان کنی کے وقت کی ہچکی۔ اس کو عوام حازوقہ کہتے ہیں۔ ج۔ أَفْوِقَةٌ و أَفِيقَةٌ۔ جج۔ أَفْوِقَاتٌ۔

الفُوَاقُ۔ افاق کا اسم ہے۔

اسْتَفَاقَ۔ العَلِيلُ۔ بیماری کے بعد نقاہت کا لاحق ہونا۔

الفَائِقُ۔ فا۔ ہر نوع میں خالص اور عمدہ شے۔ ج۔ فَائِقُونَ و فُوقَةٌ۔ الفَائِقُ سر اور گردن کے جوڑ کی جگہ۔ السَّهْمُ الأَفْوَقُ۔ وہ تیر جس کا سوفار ٹوٹ گیا ہو۔

شَاعِرٌ مُفِيقٌ۔ شاعر بلیغ۔ اونچے درجہ کا شاعر۔

طَعَامٌ مُفَوَّقٌ۔ وہ کھانا جو تھوڑا تھوڑا لیا جائے۔

الفُولُ۔ لوبیا۔

الفَوَّالُ۔ لوبیا بیچنے والا۔ لوبیا پکانے والا۔

فَوَّمَ۔ روٹی پکانا۔

الفُومُ۔ لہسن، گیہوں، چنا، روٹی، ہر وہ غلہ جس کی روٹی پکائی جائے۔ ج۔ فُومَاتٌ۔

الفُومَةُ۔ فُومٌ کا واحد۔ خوشہ۔ ایک چٹکی۔ یعنی اتنی مقدار جو دو انگلیوں سے اٹھائی جائے۔ ج۔ فُومٌ۔

الفَامِيُّ۔ سبزی فروش۔ کنجڑا۔

فَاهَ يَفُوهُ فَوْهًا و تَفَوَّهَ۔ بِكَذَا۔ بولنا۔ و تَفَوَّهَ المَكَانَ۔ مکان کی فراخی میں داخل ہونا۔

فَوِهَ (س) فَوَهًا۔ فراخ دہن ہونا۔

فَوَّهَهُ۔ فراخ دہن بنانا۔

فَاوَهَ مُفَاوَهَةً و فَاهَى مُفَاهَاةً۔ فلانًا۔ گفتگو کرنا۔ فخر کی باتیں کرنا۔

تَفَاوَهَ۔ القومُ بِكَذَا۔ آپس میں گفتگو کرنا۔

اسْتَفَاهَ اسْتِفَاهًا و اسْتِفَاهَةً۔ کمی کے بعد خوراک کا بڑھ جانا۔

الفُوهُ و الفَاهُ و الفِيهُ۔ منہ۔ ج۔ أَفْوَاهٌ۔

فُو۔ اسمائے ستہ مکبرہ میں سے ایک ہے۔ اس کا اعراب حالت رفعی میں واؤ، حالت نصبی میں الف اور حالت جری میں یاء کے ساتھ آتا ہے۔ بشرطیکہ مفرد مکبر ہو اور یائے متکلم کے علاوہ کسی دوسرے اسم کی طرف مضاف ہو۔ پس اس کا استعمال بحسب عوامل مختلف فُوهُ، فَاهُ، فِيهِ ہوگا۔ مثل فَمُهُ فَمَهُ فَمِهِ۔ تم کہتے ہو۔ سَقَطَ لِفِيهِ۔ یعنی وہ اپنے منہ کے بل گر پڑا۔ كَلَّمْتُهُ فَاهُ إِلَى فِيَّ۔ یعنی میں نے اس سے رو برو گفتگو کی۔ اس میں فَاهُ حال ہونے کی وجہ سے منصوب ہے اور مبتدا قرار دے کر رفع بھی جائز ہے اور یہ بھی جائز ہے کہ پورے جملہ کو حال قرار دیا جائے اور كَلَّمْتُهُ فُوهُ إِلَى فِيَّ کہا جائے۔

الفُوَيْهُ۔ فُوه کی تصغیر۔ چھوٹا منہ۔

الفَوَهُ۔ منہ کی کشادگی۔ دانتوں کا لمبا ہونا اور ہونٹوں سے باہر نکلنا۔

الفُوَّهُ و الفُوَّةُ۔ باریک لمبی اور سرخ رنگ کی ایک درخت کی جڑیں جو رنگائی کے کام میں آتی ہیں اور بعض امراض کے علاج میں بھی مستعمل ہیں۔

الفَوْهَةُ۔ فَاهَ کا اسم مرۃ۔ منہ۔

الفُوَّهَةُ۔ مِنَ الوَادِي و الطَّرِيقِ و جَبَلِ النَّارِ۔ وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج۔ فُوَّهَاتٌ۔

الفَيِّهُ۔ بہت بولنے والا۔ بلیغ۔ بہت کھانے والا۔ آدمی یا جانور۔ مؤنث فَيِّهَةٌ۔

الفُوَّهَةُ۔ اول شے۔ مِنَ الوَادِي و الطَّرِيقِ و جَبَلِ النَّارِ۔ وادی یا راستہ یا آتش فشاں پہاڑ کا دہانہ۔ ج۔ فُوَّهَاتٌ و أَفْوَاهٌ و فَوَائِهُ۔

الفُوَّهَةُ۔ گفتگو۔ غیبت۔ کہا جاتا ہے "فُلَانٌ يَخَافُ فُوَّهَةَ النَّاسِ" یعنی فلاں شخص لوگوں کی غیبت سے خائف رہتا ہے۔ "إِنَّهُ لَذُو فُوَّهَةٍ" وہ بڑا تیز زبان، بد زبان ہے۔ "إِنَّ رَدَّ الفُوَّهَةِ لَشَدِيدٌ" منہ سے نکلی ہوئی بات لوٹانا دشوار بات ہے۔

الأَفْوَهُ۔ چوڑے منہ والا۔ مؤنث فَوْهَاءُ۔ ج۔ فُوهٌ۔ طَعْنَةٌ فَوْهَاءُ۔ نیزے کا وسیع زخم۔

الأَفْوَاهُ۔ ج۔ أَفَاوِيهُ۔ مصالحے۔ خوشبو کی ڈبیاں۔ قسمیں۔ واحد فُوهٌ۔

المُفَوَّهُ۔ بڑا بولنے والا۔ بلیغ۔ کہا جاتا ہے

خطیبٌ مُفَوَّہٌ۔ عمدہ خطبہ دینے والا۔
شَرَابٌ مُفَوَّہٌ۔ خوشبو ملی ہوئی شراب۔
المفوّہ والمفوّی۔ فُوَّۃٌ سے رنگا ہوا۔
الفُوّۃ۔ وہ گھاس کہ جس سے مرض وجع الجنب اور داء الثعلب کا علاج کرتے ہیں۔
ارضٌ مُفْوَاۃٌ۔ وہ زمین جس میں گھاس بہت ہو۔

فِیْ۔ حرف جر۔ معانی ذیل پر دلالت کرتا ہے ظرفیت جیسے الخَمْرُ فِی الزق۔ مصاحبت جیسے قُمتُ فِی شروق الشمس۔ تعلیل جیسے قُتِلَ فی ذنبہ۔ المقایسۃ جیسے مَا علمی فی بحرہ الاقطرۃ۔ استعلاء جیسے لَاُصَلِّبَنَّکُمْ فِی جُذُوعِ النخل ای علی جذوعھا۔ نیز باء، الی، من کا مرادف ہے اور یہ معنی بھی ہے جیسے اَنْتَ بَصِیْرٌ فِی عَمَلِکَ۔ و رَدَّ یَدَاہُ فِی جَنْبِہٖ۔ ومَضَتْ عَلَیَّ ثَلٰثَۃُ اَشْہُرٍ فی ثلٰث سنین۔

فَاءَ یَفِیْءُ فَیْئًا۔ لوٹنا۔ الظِّلُّ۔ سایہ کا ہٹ جانا۔ الغنیمۃَ۔ مال غنیمت کو کو لینا اور غنیمت قرار دینا۔
فَاءَ فَیْئًا وفُیُوْءً۔ الامرَ۔ کسی بات اور امر کی طرف رجوع کرنا۔
فَیَّأَ تَفْیِئَۃً۔ الشجرُ۔ درخت کا سایہ دار ہونا۔
فَیَّأَتْ۔ الریاحُ الغصونَ۔ ہوا کا ٹہنیوں کو ہلانا۔
اَفَاءَ اِفَاءَۃً۔ الظِّلَّ۔ سایہ کا لوٹنا۔ اَفَاءَہٗ۔ الی کذا۔ لوٹانا۔ اَفَاءَ اللّٰہُ علیہ مَالَ القوم۔ قوم کے مال کو غنیمتاً دلانا اَفَاءَ عَلَی القوم فَیْئًا۔ ایک قوم کا مال لے کر دوسروں کو بطور غنیمت کے دینا۔
تَفَیَّأَ تَفَیُّؤًا۔ الظِّلُّ۔ سایہ کا پلٹنا۔ الشجرۃَ وفی الشجرۃ۔ درخت سے سایہ حاصل کرنا۔ سایہ ڈھونڈنا۔ کہا جاتا ہے تَفَیَّأَ بِفَیْئِہٖ۔ کسی کی پناہ لینا۔
استفاءَ استفاءۃً۔ لوٹنا۔ المالَ۔ مال غنیمت لینا۔ الاَخبارَ۔ خبروں کی دیکھ بھال کرنا۔
الفَیْءُ۔ سایہ۔ غنیمت۔ خراج۔ ج۔ اَفْیَاءٌ وفُیُوْءٌ۔
الفَیْءُ۔ پرندوں کی ایک ٹکڑی۔
الفَیْئَۃُ۔ اسم مرۃ۔ رجوع۔ کہا جاتا ہے۔ اَنَّہٗ حَسَنُ الفَیْئَۃِ۔ وہ بہتر واپسی والا ہے۔ کہا جاتا ہے "دَخَلَ عَلٰی کَفِیْئَۃِ فلانٍ" یعنی فلاں کے نقش قدم پر داخل ہوا۔
المُفَاءُ۔ افاء کا اسم مفعول۔
المَفْیَاۃُ والمَفْیُوْءَۃُ۔ وہ جگہ جہاں دھوپ نہ آئے، ہمیشہ سایہ رہے۔ سایہ دار جگہ۔

اَفَاجَ۔ فی عَدْوِہٖ۔ دوڑنے میں دیر کرنا۔ القومُ فی الارضِ۔ ملک میں پھیل جانا۔
الفَیْجُ۔ پیک۔ پیامبر۔ ایلچی۔ ہرکارہ۔ خادم۔ لوگوں کی جماعت۔ پست زمین۔ ج فُیُوْجٌ (یہ کلمہ دخیل ہے)
الفَاثِجَۃُ۔ دو پہاڑوں کے درمیان وادی ج۔ فَوَاثِجُ۔

فَاحَ یَفِیْحُ فَیْحًا وفَیَحَانًا۔ الحرُّ۔ گرمی کا تیز ہونا۔ فَاحَتِ القِدْرُ۔ ہانڈی کا جوش مارنا۔
فَاحَ فَیْحًا وفُیُوْحًا۔ الکریمُ۔ سرسبز ہونا۔ الدَّمُ۔ خون گرنا۔ بہنا۔ الشجّۃُ۔ زخم کا بہت مقدار میں خون بہانا۔
فَاحَ یَفِیْحُ وفَاحَ یَفَاحُ فَیَحًا۔ کشادہ ہونا۔ فَاحَتِ الغَارَۃُ۔ غارت کا وسیع ہونا منتشر ہونا۔
فَیَّحَ۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو کثرت اور وسعت کے ساتھ تقسیم کرنا اور اسی سے ہے۔ "لَوْ مَلَکْتُ الدُّنْیَا لَفَیَّحْتُہَا فِی یومٍ واحدٍ" اگر میں دنیا کا مالک ہو جاتا تو ایک ہی دن میں لوگوں پر تقسیم کر دیتا۔
اَفَاحَ۔ القِدْرَ۔ جوش دینا۔ اَفَاحَ الدِّمَاءَ خون بہانا۔
الفَیْحُ والفَیَحُ۔ کشادگی۔
فَیَاحِ۔ اسم ہے غارت کا۔ کہا جاتا ہے۔ فَیْحِیْ فَیَاحِ۔ اے غارت پھیل جا اور منتشر ہو جا۔ غارت۔ لوٹ ڈالنے والے گھوڑوں کو کہتے ہیں۔
الفَیَّاحُ۔ صیغہ مبالغہ۔ فیاض۔ بَحْرٌ فَیَّاحٌ۔ بہت وسیع سمندر۔ رجلٌ فَیَّاحٌ۔ فیاض مرد۔ بڑا سخی آدمی۔ مؤنث فَیَّاحَۃٌ۔
الاَفْیَحُ۔ کشادہ۔ مؤنث فَیْحَاءُ۔ ج فِیْحٌ۔
الفَیْحَاءُ۔ وسیع مکان۔ نیز مذکور الذیل شہروں کا لقب بھی ہے۔ بصرہ، دمشق، طرابلس شام۔

فَاخَ یَفِیْخُ فَیْخًا وفَیَخَانًا بمعنی فَاحَ۔ یَفُوْخُ وادی۔

فَادَ یَفِیْدُ فَیْدًا۔ مرنا۔ فَادَ المالُ لَہٗ ثابت ہونا۔ اور بعضوں نے کہا کہ مال کا جاتا رہنا۔ فَادَتْ لَہٗ فَائِدَۃٌ حاصل ہونا۔
فَادَ وفَیَّدَ۔ الرجلُ۔ ناز سے چلنا۔ فَیَّدَ اُلّو کی آواز سے بدفالی لینا۔
اَفَادَ اِفَادَۃً۔ الرجلَ عِلْمًا او مَالًا۔ علم یا مال کا عطا کرنا۔ اَفَادَ الرجلُ۔ مار ڈالنا۔ الجزورَ۔ ذبح کرنا۔
استفادَ۔ مِنْہُ عِلْمًا او مالًا۔ علم یا مال

حاصل کرنا۔
تَفَایَدَ۔ القومُ بالمالِ۔ ہر ایک کا دوسرے کو فائدہ پہنچانا۔
تَفَیَّدَ۔ الرجلُ۔ ناز سے چلنا۔
الفَیْدُ۔ زعفران کی پتی۔
الفَائِدَۃُ۔ وہ زیادتی جو انسان کو حاصل ہو۔ علم یا مال وغیرہ سے انسان جو چیز حاصل کرے۔ ج۔ فَوَائِد۔
الفَیَّادُ۔ اُلّو نر۔ والفَیَّادَۃُ۔ ناز سے چلنے والا۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ یَمْشِیْ عَلَی الاَرْضِ [illegible] مَیَادًا" وہ زمین پر ناز سے اکڑتا ہوا چلتا ہے۔
الفَیْرُوْزُ والفَیْرُ[illegible] والفَیْرُوْزَجُ و الفِیْرُوْزَجُ۔ ایک قسم کا قیمتی پتھر۔
فَاشَ یَفِیْشُ فَیْشًا۔ فخر کرنا۔ تکبر کرنا۔ صفت فَائِشٌ۔
فَیَّشَ۔ عَنِ الامرِ۔ بزدلی کرنا۔ پیچھے ہٹنا۔
فَایَشَہٗ فِیَاشًا و مُفَایَشَۃً۔ مفاخرت کرنا
فَایَشَ الرجلُ۔ [illegible] ڈینگ مارنا فضول دھمکی دے دینا۔
تَفَیَّشَ۔ الامرَ۔ لغو دعوی کرنا۔ عَنْہُ۔ عاجزی سے پلٹ جانا۔
تَفَایَشَ۔ القومُ۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔
الفَیَّاشُ۔ بہت فضیلت والا سوار۔ فخر کرنے والا۔
الفَیُوْشُ۔ فخر کرنے والا۔ بزدل کمزور۔
فَاصَ یَفِیْصُ فَیْصًا۔ فِی الارضِ۔ جانا۔ مِنْہُ۔ ہٹ جانا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا فِصْتُ اَفْعَلُ" یعنی ہمیشہ کرتا رہوں گا۔ فَاصَلَہٗ۔ جدا ہونا۔
اَفَاصَ۔ الکلامَ۔ ظاہر کرنا۔ اَفَاصَتْ یَدُہٗ۔ انگلیوں کا کسی چیز کے پکڑنے سے عاجز رہنا۔ کہا جاتا ہے "مَا لَکَ عَنْہُ مَحِیْصٌ" تمہارے لیے ہٹنے کی کوئی جگہ نہیں۔
فَاضَ یَفِیْضُ فَیْضًا و فَیَضَانًا و فُیُوْضًا و فُیُوْضَۃً و فَیْضُوْضَۃً۔ السیلُ۔ کثرت سے ہونا اور وادی کے کنارہ سے بہنا۔ فَاضَ کُلُّ سَائِلٍ۔ جاری ہونا۔ کہا جاتا ہے "فَاضَتْ عَیْنُہٗ" یعنی آنسو بہہ پڑے۔ فَاضَ الخَبَرُ۔ پھیل جانا۔ الشیءُ۔ بہت ہونا۔ ر۔ فَیْضًا و فُیُوْضًا مرنا۔ فَاضَتْ نَفْسُہٗ۔ روح نکلنا۔ فَیْضًا، الاناءُ۔ برتن کا بھرنا۔ صَدْرُہٗ بالسِّرِّ۔ بھید کو چھپا نہ سکا۔
اَفَاضَ اِفَاضَۃً۔ الدمعَ۔ آنسو بہانا۔ الماءَ۔ پانی گرانا۔ الاناءَ۔ برتن کو لبریز کردینا۔ القومُ مِنَ المکانِ۔ متفرق و منتشر ہوجانا۔ القومُ فِی الحدیثِ۔ گفتگو میں مشغول ہوجانا۔ القومُ عَلَی الرجلِ۔ غالب ہوجانا۔ بالشیءِ۔ پھینکنا، دفع کرنا۔ اور کہا جاتا ہے "مَا اَفَاضَ بِکَلِمَۃٍ" یعنی کچھ نہیں بولا۔
تَفَیَّضَ۔ الجفنُ۔ آنسو بہانا۔
استَفَاضَ استِفَاضَۃً۔ الخبرُ۔ پھیلنا۔ المکانُ۔ کشادہ ہونا۔ الوادی شَجَرًا۔ وادی کا وسیع ہونا اور اس میں بہت درختوں کا ہونا۔ القومُ فِی الحدیثِ۔ مشغول ہونا۔ الرجلُ۔ پانی بہانے کو کہنا۔ القِدَاحَ و بالقِدَاحِ۔ تیر سے جوا کھیلنا۔
الفَیْضُ۔ مص۔ موت۔ کہا جاتا ہے "ذَھَبْنَا فِی فَیْضِ فُلَانٍ" یعنی فلاں کے جنازہ میں گئے۔ مِنَ الخَیْلِ۔ بہت تیز گھوڑا۔ ج۔ فُیُوْضٌ و اَفْیَاضٌ۔ کہا جاتا ہے۔ مَاءٌ فَیْضٌ۔ بہت پانی۔ اَعْطَاہٗ غَیْضًا مِنْ فَیْضٍ۔ اس نے بہت میں سے تھوڑا دیا۔ رجلٌ فَیْضٌ۔ بہت سخاوت کرنے والا۔
الفَیَّاضُ۔ بہت پانی۔ رجلٌ فَیَّاضٌ۔ بہت بخشش کرنے والا۔
حَدِیْثٌ مُفَاضٌ و مُسْتَفِیْضٌ و مُسْتَفَاضٌ پھیلی ہوئی بات۔
دِرْعٌ مُفَاضَۃٌ۔ کشادہ زرہ۔
فَاظَ یَفِیْظُ فَیْظًا و فَیْظَانًا و فُیُوْظًا و فَیْظُوْظَۃً۔ مرنا۔
اَفَاظَہٗ۔ اللہُ۔ موت دینا۔ کہا جاتا ہے۔ "ضَرَبْتُہٗ حَتّٰی اَفَظْتُ نَفْسَہٗ" میں نے اس کو مارا یہاں تک کہ قتل کردیا
الفَیْظُ۔ موت۔ کہا جاتا ہے "حَانَ فَیْظُہٗ" اس کی موت آگئی۔
الفَیْفُ۔ ج۔ اَفْیَافٌ و فُیُوْفٌ والفَیْفَی والفَیْفَاءُ والفَیْفَاۃُ، ج۔ فَیَافٍ۔ وہ جنگل جس میں پانی نہ ہو۔ ہموار جگہ۔ والفَیْفُ مِنَ الارضِ۔ مختلف ہواؤں والی زمین۔ الفَیْفَاءُ۔ چکنا پتھر۔
فَاقَ یَفِیْقُ فَیْقًا۔ جان دینا۔ مرنا۔
اَفْیَقَ اِفْیَاقًا۔ الشاعرُ۔ عجیب کلام کہنا۔
الفَیْقُ۔ مص۔ مرغی کی آواز۔
فَالَ یَفِیْلُ فَیْلَۃً و فُیُوْلَۃً و فَیْلُوْلَۃً۔ رَایُہٗ۔ رائے میں کمزور ہونا۔ غلط ہونا۔ صفت فَائِلُ الرأیِ و فَالُہٗ و فَیْلُہٗ و فَیِّلُہٗ و فِیْلُہٗ۔ ضعیف الرائے ہونا
فَالَ الرجلُ۔ ہاتھی جیسا ہونا۔
فَیَّلَ۔ رَایَہٗ۔ غلط اور برا کہنا۔ الرجلُ فِی رایِہٖ۔ صواب کو نہ پہنچنا۔
تَفَیَّلَ۔ رایُہٗ۔ کمزور ہونا۔ النَّبَاتُ۔ نباتات کا بڑھنا۔ الشبابُ۔ جوانی کا ڈھلنا۔ الرجلُ۔ موٹا ہونا۔
الفَالُ۔ شگون۔
الفِیْلُ۔ ہاتھی۔ ج۔ اَفْیَالٌ و فِیَلَۃٌ و فُیُوْلٌ۔ مؤنث فِیْلَۃٌ۔ الفَیِّلُ۔ مرد فرومایہ

دَاءُ الفِيلِ۔ ایک بیماری ہے جس میں پاؤں سوج جاتا ہے، اس کو فیل پا کہتے ہیں۔
الفَیَّالُ۔ ہاتھی کا محافظ، مہاوت۔ ج فَیَّالَۃٌ
فَالُ۔ الرای وفَائِلُہٗ وفِیلُہٗ۔ کمزور رائے والا۔
فَیُلُ۔ اللحمِ۔ بہت گوشت والا۔ الرای ضعیف الرائے۔ ج۔ اَفْیَالٌ۔
الفَیَالَۃُ۔ رائے کی کمزوری۔

الفُیُولَۃُ۔ ہاتھی کے بچے۔
الفَیْلَجَۃُ۔ ریشم کے کیڑے کا جال۔ ج فَیَالِجُ۔
الفَیْلَقُ۔ بڑا لشکر، بڑا آدمی۔ ج۔ فَیَالِقُ۔
الفَیْلَمُ۔ بزول، کشادہ منکہ کا کنواں۔ کنگھا۔ دسترخوان کے نیچے بچھانے کا چمڑا۔ تلچھٹ کی کثرت۔ ج۔ فَیَالِمُ۔
(۔ والفَیْلَمَانِیُّ) بہت قدآور موٹا آدمی۔

فَانَ یَفِیْنُ فَیْنًا۔ آنا۔
الفَیْنَۃُ۔ زمانہ۔ وقت۔
الفَیْنَانُ۔ خوبصورت لمبے بالوں والا۔ مؤنث فَیْنَانَۃٌ۔
تَفَیْهَقَ۔ فِي الکلامِ۔ بہت پھیلا کر گفتگو کرنا۔
۔فِي مَشْیِهٖ۔ ناز سے چلنا۔ علیه کذا۔ بڑا بننا۔
الفَیْهَقُ۔ ہر کشادہ چیز۔ ج۔ فَیَاهِقُ۔

۱۰۰
ق

قَأَبَ قَأْبًا (ف)، الطعامَ۔ کھانا کھانا۔
قَأَبَ الماءَ۔ پانی پینا۔
قَئِبَ قَأْبًا وقَأَبًا (س)۔ مِنَ الشَّرابِ۔ زیادہ مقدار میں پینا۔
القَوْأَبُ۔ القَوْأَبِيُّ۔ مِنَ الاناءِ۔ وہ برتن جس میں زیادہ پانی سماتا ہو۔
القَؤُوبُ۔ المِقْأَبُ۔ زیادہ پینے والا۔
القَأْقَاءُ۔ کوّوں کی آواز۔
القِیْقِیُّ۔ انڈے کی سفیدی۔
قَأَیَ قَأْیًا (ف)۔ الرجلُ۔ حریف کا حق مان لینا۔ مطیع ہونا۔
قَبَّ قَبًّا (ض ن)۔ النباتُ۔ گھاس کا خشک ہونا۔ قَبَّ الشیءَ۔ اس کے اطراف کو جمع کرنا۔ قَبَّ القُبَّۃَ۔ گنبد تعمیر کرنا۔
قَبَّ قَبًّا (ن)۔ یَدَ فلانٍ۔ کسی کا ہاتھ کاٹنا۔
قَبَّ قُبُوبًا (ض)۔ اللحمُ ونحوُہٗ۔ گوشت وغیرہ کا خشک ہونا۔ تروتازگی کا جاتا رہنا۔
قَبَّ۔ القومُ۔ قوم کا جھگڑے میں شور کرنا۔
قَبَّ قَبًّا وقَبِیبًا (ض)۔ الاَسَدُ او الفحلُ۔ دانت چبانے کی آواز آنا۔ قَبَّبَ سطحَ الثوبِ۔ کپڑے کو لپیٹنا۔

قَبَّ وقَبِبَ قَبَبًا (س)۔ الخَصْرُ والبطنُ۔ کوکھ اور پیٹ کا پتلا اور دبلا ہو جانا۔
قَبَّبَ۔ الرجلُ۔ گنبد تعمیر کرنا۔ قَبَّبَ البیتَ۔ مکان پر گنبد بنانا۔ قَبَّبَ التمرُ۔ کھجور کا خشک ہو جانا۔ قَبَّبَ الشیءَ۔ کسی چیز کے اطراف کو اکٹھا کرنا۔
تَقَبَّبَ القُبَّۃَ۔ گنبد میں داخل ہونا۔
اِقْتَبَّ یَدَہٗ۔ کسی کا ہاتھ کاٹنا۔
القَبُّ۔ نر، سانڈ، قوم کا سردار۔
القَبُّ۔ ہر دو سرین کے درمیان اٹھی ہوئی ہڈی۔
القَبَبُ۔ کوکھ کا پیٹ کا دبلا پن۔
القُبَّۃُ۔ عمارت جس کی چھت گول اور اندر سے خالی ہو۔ گنبد۔ ج۔ قِبَابٌ و قُبَبٌ۔ قُبَّۃُ الاسلامِ۔ بصرہ۔
قُبَّۃُ الشهادۃِ۔ (یہود کے نزدیک) ایک خیمہ جس میں یہود تابوت عہد پوشیدہ کرتے تھے اور اس کو قُبَّۃُ الزمانِ بھی کہا جاتا ہے۔ القُبَّۃُ الخضراءُ او الزرقاءُ۔ آسمان۔
فُلَانٌ الْقِيَادَ۔ خوشی سے تابعدار
ہو جانا اور بعض نے کہا ہے کہ مجبورًا
تابعدار ہونا۔ فَرَسٌ قَيْدٌ وَ
قَيِّدٌ۔ ج قُيُوْدٌ وَقُوْدٌ۔
فرمانبردار گھوڑا۔
اَلْقَوَّادُ۔ اسم مبالغہ ہے
اَلْاَقْوَدُ۔ مطیع اور فرمانبردار گھوڑا
کم التفات کرنے کی وجہ سے سخت گردن
والا۔ [illegible] کسی چیز کی طرف ایسی
توجہ کرے کہ [illegible] نہ ہٹائے۔
وَالْمُقَوَّدُ۔ طویل پہاڑ۔
اَلْقَائِدُ۔ فاعل ج قُوَّادٌ وَقُوَّدٌ
وَقَادَةٌ ج ج قَادَاتٌ
زمین میں پہاڑ کا لمبا ٹکڑا۔ پہاڑ کا نکلا
ہوا حصہ۔
اَلْقَائِدَةُ۔ مؤنث قائد۔ زمین کا لمبا
ٹیلہ۔ اَعْطَاهُ مَقَادَتَهٗ (اس کا
تابعدار ہو گیا)۔
اَلْمِقْوَدُ۔ رسی وغیرہ جس سے چوپایہ
کو آگے کی طرف کھینچا جائے۔ ج:
مَقَاوِدُ۔
اَلْمَقُوْدُ۔ مفعول۔ اصل کی رعایت
کرتے ہوئے مَقْوُوْدٌ بھی بولا
جاتا ہے۔ طَرِيْقٌ مُنْقَادٌ۔
سیدھا راستہ۔
قَارَ يَقُوْرُ قَوْرًا۔ پیر کے پنجوں
پر چلنا تاکہ آہٹ نہ ہو۔ اَلصَّيْدَ
شکار کو دھوکا دینا ـــــ فُلَانًا
کسی کی آنکھ پھوڑنا۔ وَقَوَّرَ تَقْوِيْرًا
وَاقْتَارَ اِقْتِيَارًا وَاقْتَوَرَ
اِقْتِوَارًا۔ اَلشَّيْءَ: کسی کے درمیان
میں سے گول ٹکڑے کاٹنا۔ اِقْتَارَ
الرَّجُلُ۔ محتاج ہونا۔ اِقْتَارَ
حَدِيْثَهُمْ۔ گفتگو سے بحث کرنا
قَوِرَ يَقْوَرُ قَوَرًا (س) اَلرَّجُلُ
کانا ہونا۔
تَقَوَّرَ السَّحَابُ۔ بادل کا ٹکڑے
ٹکڑے ہونا۔ گول گول ٹکڑے ہونا
اَللَّيْلُ۔ رات کا زیادہ حصہ گزر جانا
اَلْحَيَّةُ۔ سانپ کا کنڈلی مار کر بیٹھنا
اِنْقَارَ اِنْقِيَارًا۔ واقع ہونا۔
اِنْقَارَتِ الْبِئْرُ۔ کنویں کا منہدم ہونا
اِنْقَارَ بِهٖ۔ مائل ہونا۔
اِقْوَرَّ اِقْوِرَارًا۔ اَلْفَرَسُ۔ گھوڑے کا
دبلا ہونا۔ اَلْجِلْدُ۔ اینٹھنا۔ اکڑنا
لاغری کی وجہ سے سکڑنا۔ ڈھیلی پڑنا
اِقْوَرَّتِ الْاَرْضُ۔ زمین کی نباتات
کا ختم ہونا۔ فُلَانٌ۔ فربہ ہونا۔
اَلْقَارُ۔ ایک سیاہ رنگ کا مادہ جس کو کشتی وغیرہ
پر ملتے ہیں۔ بعض کے نزدیک تارکول کا نام
ہے۔ ایک تلخ درخت۔ واحد قَارَةٌ
اونٹوں کی ایک بڑی جماعت۔
اَلْقَوْرُ۔ مصدر۔ نئی روئی یا سوت کی رسی۔
اَلْقَارَةُ۔ چھوٹی پہاڑی جو دوسرے پہاڑوں

کے سلسلہ سے علیحدہ ہو۔ مادہ، ریچھ۔ ج
قَائِرٌ وَقَارَاۃٌ وَقُوُوْرٌ وَقِیْرَانٌ
اَلْقُوَارَۃُ۔ کپڑے کے درمیان سے کاٹی ہوئی
چندی کسی چیز کے اطراف سے کاٹا ہوا
حصہ۔ وہ چیز جس میں سے کوئی ٹکڑا کاٹ
لیا گیا ہو۔
اَلْاَقْوَرُ۔ فراخ، کشادہ۔ ج۔ قُوْرٌ اور
اَلْاَقْوَرِیَاتُ وَالْاَقْوَرُوْنَ۔ بڑی
مصیبتیں بلائیں۔
اَلْمَقْوُوْرُ۔ مفعول۔ تارکول ملا ہوا۔ لاغر
گھوڑا۔
قَوَّزَ تَقْوِیْزًا۔ النبت۔ کثیر ہونا۔
بہت گھاس اُگنا۔
تَقَوَّزَ الْبَیْتُ۔ مکان کا منہدم ہونا۔
اَلْوَعِلُ۔ پہاڑی بکرے کا دوڑنا
اِقْتَازَہُ النَّمِرُ۔ چیتے کا کھا جانا۔
قَاسَ یَقُوْسُ قَوْسًا اَلْقَوْمَ۔ قوم
سے سبقت لے جانا۔ الشیَٔ بِالشیءِ عَلٰی غَیْرِہٖ
وَبِہٖ کسی چیز کو کسی مثال پر اندازہ کرنا۔
قَوِسَ قَوَسًا (س) وَقَوَّسَ و
اِسْتَقْوَسَ۔ الرَّجُلُ۔ کمر کا جھک
جانا۔ — قَوَّسَتِ السَّحَابَۃُ
بادل کا مسلا دھار بارش برسانا۔
قَاوَسَنِیْ فَقُسْتُہٗ اَقُوْسُہٗ
اُس نے کمان کی عمدگی میں میرا مقابلہ کیا
اور میں اُس سے عمدہ کمان والا ثابت
ہوا۔
تَقَوَّسَ۔ مڑنا اور کمان کی طرح ہونا۔
قَوْسًا۔ کمان کا اٹھانا۔
قَوَّسَہُ الشَّیْبُ۔ بڑھاپے کا
بالوں کو آدھے کالے اور آدھے سیاہ کرنا
اقْتَاسَ الشیَٔ بِہٖ۔ کسی چیز کا اندازہ کرنا
— بِفُلَانٍ۔ کسی کی اقتدا کرنا۔
اَلْقَوْسُ۔ مصدر۔ کمان۔ مونث ہے اور
مذکر بھی مستعمل ہے تصغیر قُوَیْسَۃٌ

وَقُوَیْسٌ ج۔ قِسِیٌّ وَقُسِیٌّ وَاَقْوَاسٌ
وَقِیَاسٌ وَاَقْوُسٌ وَاَقْیَاسٌ نسبت
الی القوس کے لیے قَسَوِیٌّ۔ کہا جاتا
ہے تخصیص کے لیے قوس کی اضافت کر
دیتے ہیں جیسے قَوْسُ مَنْدَفٍ۔
(دھنئے کی کمان)۔ قَوْسُ نَبْلٍ
(تیر کی کمان) وغیرہ — اَلْقَوْسُ۔
ہر وہ چیز جو کمان کی شکل پر ہو۔ جیسے
پل کے دروازہ جات۔ محراب وغیرہ
قَوْسُ قُزَحَ دھنک گو۔ قَوْسُ
الرَّجُلِ جھکی ہوئی پیٹھ۔
اَلْقُوْسُ۔ راہب کا معبد۔ شکاری کا گھر
اَلْاَقْوَسُ۔ جھکی ہوئی کمر والا۔ ریت کا
اونچا تودہ جو گھیرے کی طرح ہو —
لَیْلٌ اَقْوَسُ۔ سخت اندھیری رات
— بَلَدٌ اَقْوَسُ۔ دور دراز شہر
وَالْقُوْسُ وَالْمُقَوَّسُ مِنَ الْاَیَّامِ
لمبے اور کٹھن ایام۔
اَلْقَوَّاسُ۔ کماندار۔ کمان بنانے والا۔
کمان چلانے والا — اَلْقَوَّاسُ۔
راہب و پادری و سفیر کا خادم۔ اس
کی خاص وردی ہوا کرتی ہے۔
اَلْقَیَّاسُ۔ کمان ساز۔ وَالْمُقَاوِسُ
گھوڑوں کو چھوڑنے والا۔
اَلْقُوَیْسُ وَالْقُوَیْسَۃُ۔ چھوٹی سی
کمان — اَلْقُوَیْسَۃُ۔ ایک
گھاس کا نام۔
اَلْمُقْوَسُ۔ کمان رکھنے کا ظرف۔ میدان
— رسی جس پر گھوڑ دوڑ کے وقت
صف بنائی جاتی ہے۔ وہ جگہ جہاں سے
گھوڑے جاری ہونا شروع ہوتے ہیں
ج۔ مَقَاوِسُ۔
تَقَوَّضَ۔ بعض کا بعض میں داخل ہونا۔
اَلْقَوْصَرَۃُ وَالْقَوْصَرَّۃُ۔ بانس کا
ظرف جس میں کھجور وغیرہ رکھی جاتی ہیں۔

قَاضَ یَقُوْضُ قَوْضًا وَقَوَّضَ۔ البناءَ
منہدم کرنا۔ قَوَّضَ الصُّفُوْفَ وَ
الْمَجَالِسَ۔ منتشر و متفرق کرنا۔ کہا
جاتا ہے بَنٰی فُلَانٌ ثُمَّ قَوَّضَ۔
(فلاں نے پہلے اچھا کیا پھر برا کیا)۔
تَقَوَّضَ۔ آمد و رفت رکھنا اور کسی جگہ
قرار نہ پکڑنا — اَلْحَلَقُ وَالصُّفُوْفُ
حلقوں یا صفوں کو منتشر و پراگندہ ہونا
تَقَوَّضَ وَانْقَاضَ الْبِنَاءُ۔
عمارت کا منہدم ہونا۔
اَلْقَوْطُ۔ بکریوں کا گلہ۔ ج۔ اَقْوَاطٌ
اَلْقَوْطَۃُ۔ بڑا ٹوکرا۔ ڈالا۔
اَلْقَوَّاطُ۔ بکریوں کے گلہ کا چرواہا
قَاعَ یَقُوْعُ قَوْعًا۔ پچھلے پاؤں لوٹنا
وَتَقَوَّعَ۔ ٹیڑھے ہو کر اور ادھر ادھر
پیچ بیچ کر چلنا جیسے کہ کانٹے دار جگہ میں
آدمی چلتا ہے۔
اَلْقَاعُ۔ نرم اور پست زمین جس سے پہاڑ
اور ٹیلے وغیرہ دور ہوں ج۔ اَقْوَاعٌ
وَاَقْوُعٌ وَقِیْعٌ وَقِیْعَانٌ۔ قِیْعَۃٌ
اَلْقُوْعُ۔ مصدر۔ گیہوں اور کھجور وغیرہ
خشک کرنے کا کھلیان ج۔ اَقْوَاعٌ
اَلْقَاعَۃُ۔ مکان کا صحن۔ ج۔
اَلْقَوَّاعُ۔ چیخنے والا بھیڑیا
اَلْقُوَاعُ۔ خرگوش۔ مونث۔
قَافَ یَقُوْفُ قَوْفًا وَاقْتَافَ
اَثَرَ فُلَانٍ۔ کسی کے نقش قدم پر چلنا۔
پیروی کرنا۔
تَقَوَّفَ اَثَرَ فُلَانٍ۔ کسی کی اتباع کرنا
تَقَوَّفَہٗ فِی الْمَجْلِسِ۔ محفل میں کسی
کے کلام کو پکڑنا اور اس کو کہنا کہ اس
اس طرح کہو۔ هُوَ یَتَقَوَّفُ عَلٰی
مَالِیْ (وہ مال کو مجھ سے روکتا ہے)۔
اَلْقَائِفُ۔ فاعل بچے کے اعضاء کو دیکھ
کر اور فراست سے نسب کو پہچاننے

والاج قافة - والقوائف و
القواف - آثار کو پہچاننے والا اور
جستجو کرنے والا -
الاقوف - اسم تفضیل هو اقوف الناس
بلا قدہ وہ لوگوں میں سب سے زیادہ
جستجو کرنیوالا ہے -
القوف - کان کا اوپر کا حصہ
القوفي - ہر خوشبو دار دھونی
القاف والقوف والقوفة
من القفية - وہ بال جو گدی کے
اوپر کے گڑھے میں سے لٹکتے ہیں -
اخذته بقوف رقبته (میں نے
اس کو پوری گردن کے ساتھ پکڑ لیا)
قاقت تقوق قوقا - الدجاجة
مرغی کا کڑکڑانا
القاق - جلد طیش میں آنے والا احمق
والقوق والقيق من الرجال
لمبا لنگا آدمی - القاق والقوق
ایک پانی کا پرندہ -
القادوق - ایک لمبی ٹوپی جو اکثر ممالک
عرب میں استعمال ہوتی ہے ج
قواديق - (مگر دخیل ہے)
القوقة - ایک پرندہ جو غیر آباد جگہوں
کو پسند کرتا ہے -
قوقات قوقاة - الدجاجة
مرغی کا کڑکڑانا -
قوقال قوقلة - الرجل في الجبل
پہاڑ پر چڑھنا
قوقا قوقاة وقيقاءا - چیخنا
پکارنا -
قال يقول قولا وقالا وقيلا
وقولة ومقالا ومقالة
بولنا - کہنا - بكذا - حکم لگانا اعتقاد
رکھنا — بيده - ہاتھ جھکانا اور
پکڑنا — برأسه - سر سے اشارہ

کرنا - برجليه - چلنا - عنه -
روایت کرنا - عليه - بہتان اور اتہام
لگانا - الحائط - دیوار کا گرنا -
له - مخاطب ہونا - فيه وعنه -
اجتہاد کرنا — بثوبه - کپڑا اونچا
اٹھانا — به - پسند کرنا اور
اپنے واسطے خاص کرنا - القوم
بفلان - قتل کرنا - نیز یعنی مرنا -
غالب آنا - مائل ہونا - متوجہ ہونا -
استراحت کرنا بھی مستعمل ہے نیز
کام کی تیاری اور قابلیت کے لئے
بھی آتا ہے جیسے قال فاكل
(تیار ہو کر کھا لیا) قال فضرب
(مارنے کے لئے مستعد ہوا اور پھر مارا)
نیز ظن کے معنی میں بھی آتا ہے اور پھر
ظن ہی کا عمل بھی کرتا ہے بشرطیکہ لفظ
استقبال اور صیغہ مخاطب کا ہو اور
اس کے پہلے استفہام ہو اور فعل و
استفہام کے درمیان میں ظرف کے علاوہ
کوئی فاصل نہ ہو جیسے أتقول
زيدا منطلقا کیا تو زید کو چلنے والا
گمان کرتا ہے - بعض نحوی قال
کو بلا کسی قید کے ظن کے معنی میں لاتے
ہیں یعنی خواہ مستقبل میں ہو یا ماضی
میں اور خواہ مخاطب میں ہو یا نہ ہو
جیسے قلت زيدا منطلقا (میں
نے زید کو چلنے والا گمان کیا)
قول وأقال أقالة وأقول
اقوالا فلانا ما لم يقل
کسی پر ناگفتہ قول کا دعوی کرنا کسی
کی طرف بلا کہے کوئی بات منسوب کرنا
— قوله - بولنا سکھانا - کسی کو بولنے
کے لئے حکم دینا قاوله مقاولة
في الامر - کسی سے کسی معاملے میں بحث
اور جھگڑا کرنا -

تقول عليه القول - کسی پر جھوٹ تھوپنا
تقاولوا في الامر - کسی معاملہ میں باہم
گفتگو کرنا -
اقتال الشيء - کسی چیز کو منتخب کرنا
عليهم - مقصد کا مطالبہ کرنا بالثوب
ثوبا - ایک کپڑے کو دوسرے سے
بدلنا -
القال والقيل - مصدر - بات گفتگو
— القال : آغاز سوال کہنے والا
رجل قال - بہت بولنے والا آدمی
— القيل ، جواب -
القيل - رئیس ، سردار ، حمیر کے سلاطین
میں سے ایک بادشاہ ج اقوال
واقيال وقيول -
القول - کلام ، بات - لفظ - ج ،
اقوال جج اقاويل -
القائل - قائل ج قول وقيل
وقالة وقول -
القالة والقولة والمقال
والمقالة - قول ، بات المقالة
کتاب کا ایک حصہ مقالہ القالة
لوگوں میں فاش شدہ بات خواہ اچھی ہو
خواہ بری - دوپہر میں سونا -
القولة والقوال والقوالة و
القوول والقؤول ج ،
قول وقول والتقولة و
التقوالة - شیریں کلام والا -
بہت بولنے والا القوال - گانیوالا
گویا - ج قوالون المقول
والمقوال واضح کلام والا - خوش
بیان - شیریں زبان المقول - زبان
ج مقاول ومقاولة - امرأة
مقول ومقوالة - چرب زبان
اور خوش کلام عورت -
المقول والمقوول - اسم مفعول

قِيمَةٌ مُقَوَّلَةٌ - وہ کلمہ جو بار بار دہرایا جائے ۔

قَامَ يَقُومُ قَوْمًا وَقَوْمَةً وَقِيَامًا وَقَامَةً - کھڑا ہونا - قیام کرنا - چلنے سے رُکنا چلتے چلتے کو کہا جاتا ہے ۔ قُمْ لِي (میرے لئے ذرا ٹھہرو) اَلْمَاءُ: پانی کا کسی راستہ کے نہ ملنے سے ٹھہرنا قَامَتْ بِهٖ دَابَّتُهٗ - سواری کا تھک جانا اور رُک جانا - قَامَ مِيزَانُ النَّهَارِ - دن کا نصف ہونا - اَلْاَمْرُ اعتدال پر آنا - اَلْمَاءُ: پانی کا جمنا - قَامَتِ السُّوْقُ - بازار کا گرم ہونا قَامَ الْحَقُّ - حق ثابت اور ظاہر ہونا - اَلْمَتَاعُ بِكَذَا: کسی چیز کے بدلے میں اسباب کا معاملہ طے ہونا - عَلَى الْاَمْرِ: قائم و برقرار رہنا - بِهٖ ظَهْرُهٗ: کسی چیز سے پیٹھ کو دردناک کرنا - بِالْاَمْرِ: کسی کام کا ذمہ دار ہونا - عَلَى الْاَمْرِ: نگہبانی کرنا عَلٰى غَرِيْمِهٖ: قرض دار سے مطالبہ کرنا فِي الصَّلٰوةِ: نماز شروع کرنا اَهْلَهٗ - اہل وعیال کے کام انجام دینا اور خبرگیری کرنا - کہا جاتا ہے قَامَ يَفْعَلُ كَذَا (وہ ایسا کرنے لگا) قَامَتِ الصَّلٰوةُ - نماز شروع کرنا - کہا جاتا ہے قَامَ بِيْ وَقَعَدَ میری طرف سے بُری خبریں پھیلائیں ۔

قَوَّمَ الشَّيْءَ: کسی چیز کی تعیین وتعدیل کرنا - اسی سے بنایا گیا ہے تَقْوِيْمُ الْبُلْدَانِ کیونکہ اس میں شہروں کا طول وعرض بیان کیا جاتا ہے - قَوَّمَ دَرْأَهٗ ٹیڑھے پن کو سیدھا کرنا - اَلْمَتَاعَ - اسباب کی قیمت مقرر کرنا -

قَاوَمَهٗ قِوَامًا وَمُقَاوَمَةً - کسی کے ساتھ قیام کرنا - مقابلہ کرنا - قائم مقام ہونا - قَاوَمَ الثَّمَنُ الْمَتَاعَ - قیمت سامان کے قائم مقام ہے ۔

اَقَامَ اِقَامَةً وَقَامَةً - کھڑا کرنا اَقَامَ الْمَائِلَ اَوِ الْمُعْوَجَّ ٹیڑھے کو سیدھا کرنا صیغہ تعجب میں مَا اَقْوَمَهٗ بھی کہا جاتا ہے مگر شاذ ہے کیونکہ مزید فیہ سے صیغہ تعجب نہیں آتا ہے ۔ اَقَامَ الشَّيْءَ - کسی چیز کو قائم ودائم رکھنا - بِالْمَكَانِ کسی جگہ ہمیشہ رہنا - وطن بنانا — اَلْحَقَّ - حق کو ظاہر کرنا — اَلصَّلٰوةَ نماز کو پورا کرنا — لِلصَّلٰوةِ - نماز کے لئے تکبیر کہنا — اَلسُّوْقَ - بازار لگانا ۔

تَقَوَّمَ الشَّيْءُ - سیدھا ہونا - قَوَّمْتُهٗ فَتَقَوَّمَ (میں نے اس کو سیدھا کیا تو وہ سیدھا ہوگیا) ۔

تَقَاوَمَ الْقَوْمُ الشَّيْءَ بَيْنَهُمْ: کسی چیز کی اپنے درمیان میں قیمت مقرر کرنا — تَقَاوَمُوْا فِي الْحَرْبِ لڑائی میں ایک دوسرے کے دوش بدوش کھڑا ہونا ۔

اِقْتَامَ اِقْتِيَامًا اَنْفَهٗ: ناک کاٹنا ۔

اِسْتَقَامَ اِسْتِقَامَةً - سیدھا ہونا - معتدل ہونا - اِسْتَقَامَ لَهُ الْاَمْرُ (اس کا کام ٹھیک ہوگیا) اَلْمَتَاعَ سامان کی قیمت مقرر کرنا - اَلشِّعْرُ شعر کا موزوں ہونا ۔

اَلْقَوْمُ - لوگوں کی ایک جماعت ج: اَقْوَامٌ وَاَقَاوِمُ وَاَقَائِمُ وَاَقَاوِيْمُ قَوْمُ الرَّجُلِ وہ رشتہ دار جو ایک دادا کی اولاد ہوں اَلْقَوْمُ: دشمن ج: قِيمَانٌ — وَالْقَوْمُ کسی جگہ مقیم ہونا اَلْقَوْمُ - قصد اراده

اَلْقَوْمَةُ - مصدر - اسم مرة - انسان کا قد رکوع کے بعد سیدھا کھڑا ہونا ۔

اَلْقَوَامُ - سیدھا پن - اعتدال ۔ قَوَامُ الْاِنْسَانِ انسان کا قد اور اس کی خوبصورت لمبائی - اَلْقَوَامُ وَالْقِوَامُ - وہ روزی جو انسان کی زندگی کو کافی ہو قوت لایموت

قِوَامُ الْاَمْرِ وَقِيَامُهٗ کسی معاملہ کا دارومدار اور اس کا نظام یا انتظام هُوَ قِوَامُ اَهْلِهٖ وَقِيَامُهُمْ (وہ اپنے اہل وعیال کا ذمہ دار و مدار ہے) اَلْقِوَامُ سیدھا رُمْحٌ قِوَامٌ - سیدھا نیزہ ۔

اَلْقُوَامُ - چوپایوں کے پاؤں کی ایک بیماری

اَلْقَامَةُ - مصدر - لوگوں کا گروہ اَلْقَامَةُ مِنَ الْاِنْسَانِ آدمی کا قد - ج: قَامَاتٌ وَقِيَمٌ - کنویں پر پانی کھینچنے کی چرخی اور اس کا سامان — اِسْتَقَوْا عَلَى الْقَامَةِ (انہوں نے چرخی پر پانی نکالا)

اَلْقِيَامَةُ - موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونا - يَوْمُ الْحَشْرِ - قبور سے اٹھنے کا دن ۔

اَلْقِيْمَةُ - قام سے اسم نوع - قیمت ج قِيَمٌ - قِيْمَةُ الْاِنْسَانِ آدمی کا قد ۔

اَلْقِيْمِيُّ - قیمت کی طرف منسوب

اَلْاِقَامَةُ - مصدر - اِقَامَةُ الْجُنْدِيِّ فوجی کی ڈیوٹی - ج اِقَامَاتٌ - طَوَى بِسَاطَ الْاِقَامَةِ کوچ کرنا

اَلتَّقْوِيْمُ - مصدر تَقْوِيْمُ الْبُلْدَانِ شہروں کے طول وعرض اور اُن کی اراضی کے محصول وغیرہ کا بیان - ڈاکوں اور اُن کے متعلقات کو بھی تَقْوِيْمٌ کہا جاتا ہے جنتری ج: تَقَاوِيْمُ ۔

اَلْقَیِّمُ عَلَی الْاَمْرِ۔ کسی چیز کا با اختیار متولی جیسے قیم وقف وغیرہ۔ مونث و قَیِّمَۃٌ قَیِّمُ الْمَرْاَۃِ۔ شوہر آمرٌ قَیِّمٌ۔ سیدھا معاملہ۔ اَلْدِّیَانَۃُ الْقَیِّمَۃُ۔ دین مستقیم۔ ذٰلِکَ دِیْنُ الْقَیِّمَۃِ (یہ اُمت مستقیمہ کا دین ہے)
اَلْقَائِمُ۔ فاعل۔ ج قُوَّامٌ و قُیَّمٌ وَقُوَّامٌ وَقُیَّامٌ و قِیَمٌ و قِیَامٌ قَائِمُ السَّیْفِ۔ تلوار کا قبضہ قَائِمُ الْمَاءِ۔ وہ اونچی ٹنکی یا عمارت جہاں سے پانی تقسیم ہوتا ہے میزاب۔
اَلْقَائِمُ مَقَامٍ۔ ارباب سیاست کے نزدیک۔ اسسٹنٹ کمشنر۔ ج: قُوَّامُ الْمَقَامَاتِ۔
اَلْقَائِمَۃُ۔ مونث۔ قائم۔ ج قَائِمَاتٌ وَقَوَائِمُ قَائِمَۃُ السَّیْفِ تلوار کا قبضہ۔ قَائِمَۃُ الدَّابَّۃِ۔ چوپایہ کی ٹانگ قَائِمَۃُ الْخِوَانِ اَوِ السَّرِیْرِ کھانے کی میز کا یا تخت کا پایہ ج: قَوَائِمُ۔ اَلْقَائِمَۃُ کتاب کا ورق۔ فہرست اَلْعَیْنُ الْقَائِمَۃُ۔ وہ آنکھ جس کی بینائی زائل ہو گئی ہو مگر آنکھ کلی حالت قائم ہو۔
قَوْمِیَّۃُ الْاَمْرِ۔ معاہدہ کا مدار قَوْمِیَّۃُ الْاِنْسَانِ وَقَوْمِیَّتُہٗ۔ آدمی کا قد
اَلْقَوَامُ۔ خوبصورت قد والا۔ معاملہ کا ذمہ دار و کفیل۔ معاملہ کی ذمہ داری کو پورا کرنے پر قادر۔ امیر۔ ج: قَوَّامُوْنَ
اَلْقَوِیْمُ۔ معتدل۔ اچھے قد والا۔ ج قِیَامٌ
اَلْقَیَّامُ وَالْقَیُّوْمُ۔ وہ ذات جس کی ابتدا نہ ہو۔ وہ ذات جو خود بخود قائم ہو۔ یہ دونوں باری تعالیٰ کے نام ہیں
اَلْاَقْوَمُ۔ افعل التفضیل۔ بولا جاتا ہے
فُلَانٌ اَقْوَمُ کَلَامًا مِنْ فُلَانٍ (فلاں شخص فلاں سے زیادہ سیدھی بات کہتا ہے۔)
اَلْمَقَامُ۔ دونوں قدموں کی جگہ جہاں قدم رکھ کر کھڑے ہوں۔ جائے قیام مرتبہ۔ ج مَقَامَاتٌ۔
اَلْمُقَامُ۔ ٹھہراؤ۔ ٹھہرنے کی جگہ یا وقت
اَلْمَقَامَۃُ۔ مجلس۔ سرداری۔ لوگوں کی جماعت و خطبہ یا وعظ یا روایت جو لوگوں کے اجتماع میں بیان کیا جائے ج مَقَامَاتٌ۔ اسی سے بنایا گیا ہے اَلْمَقَامَاتُ الْحَرِیْرِیَّۃُ۔ حریری کی مشہور کتاب ہے۔
اَلْمِقْوَمُ۔ ہل کی وہ لکڑی جو کسان ہل چلاتے وقت اپنے ہاتھ میں پکڑتا ہے
اَلْمُقَامَۃُ۔ اقامت۔ لوگوں کی جماعت جائے قیام۔
اَلْمُقِیْمُ۔ فاعل۔ ھٰذَا اَمْرٌ مُقِیْمٌ مُقْعِدٌ (یہ معاملہ پریشان کن ہے)
تَقَوَّنَ الرَّجُلُ۔ کسی کو برا بھلا کہنا۔
اَلْقَوْنَۃُ مِنَ الْحَدِیْدِ اَوِ النُّحَاسِ لوہے یا تانبے کا وہ ٹکڑا جس سے پیوند لگایا جاتا ہے۔ ج قُوَنٌ
اَلْقَانُ۔ ایک درخت کا نام
اَلْقَاقُوْنُ۔ ایک قسم کی لکڑی۔
قَوَّہَ تَقْوِیْھًا الرَّجُلُ۔ چیخنا پکارنا ــ الصَّیْدَ۔ شکار کو کسی جگہ کی طرف گھیرنا۔
تَقَاوَہَ الرَّجُلَانِ۔ دو آدمیوں کا چیخنا اور ایک دوسرے کو پہچانا۔
اِسْتَقْوَھَہٗ۔ شکار کو گھیرنے کے لئے کسی کو کہنا۔
اَیْقَہَ۔ اطاعت کرنا سمجھنا۔ اَیْقَہٗ لِھٰذَا (اس کو سمجھ)
اَیْقَہَ وَاسْتَقَہَ۔ اطاعت کرنا
یہ دونوں لفظ اَوْقَہَ۔ اور اِسْتَوْقَہَ
اَلْقَاہُ۔ اطاعت۔ جاہ و مرتبہ۔ خوشحالی مَا لَکَ عَلَیَّ قَاہٌ (تجھ کو مجھ پر کوئی غلبہ و قدرت نہیں ہے)۔
اَلْقَاھِیُ۔ خوش حال
قَوِیَ یَقْوٰی (س)، قُوَّۃً طاقت ور ہونا عَلَی الْاَمْرِ۔ کسی کام کی طاقت و قدرت رکھنا۔ قَوِیَ سخت بھوکا ہونا۔ اَلْمَطَرُ بارش رکنا۔ قَوِیَتْ قِیًّا وَقَوَایَۃً الدَّارُ۔ گھر کا خالی ہونا۔
قَوَّی الرَّجُلَ اَوِ الشَّیْءَ۔ طاقتور بنانا۔
قَاوٰی مُقَاوَاۃً۔ الرَّجُلَ قوت میں غالب آنا۔ قَاوَانِیْ فَقَوَیْتُہٗ (اس نے مجھ پر غلبہ کی کوشش کی، میں اس پر غالب آ گیا)۔
اَقْوٰی اِقْوَاءً۔ محتاج ہونا۔ چٹیل میدان میں اترنا۔ مالدار ہونا۔ قوی جانور کا مالک ہونا۔ اَقْوَتِ الدَّارُ۔ گھر کا ساکنین سے خالی ہونا۔ اَقْوَی الْقَوْمُ۔ زادِ راہ ختم ہونا۔ اَلرَّجُلُ، بھوکا اور کھانے کے لئے کوئی چیز نہ ہونا
اَقْوَی الْبُقْعَۃَ۔ جگہ کو خالی کرنا
اَقْوَی الشِّعْرَ۔ شعر کے قافیہ کو مختلف کرنا یعنی کسی کو رفع دینا اور کسی کو جر دینا ــ اَلْحَبْلَ۔ رسی کے کچھ حصہ کو دوسرے حصہ سے موٹا کرنا
تَقَوّٰی۔ شدید و مضبوط ہونا۔ قوی ہونا
تَقَاوٰی تَقَاوِیًا۔ بھوکا رہ کر رات گذارنا۔ اَلْقَوْمُ الْمَتَاعَ بَیْنَھُمْ قوم کا کسی سامان کی قیمت کو بڑھانا حتیٰ کہ انتہائی قیمت تک پہنچانا۔
اَلْقَوْمُ الدَّلْوَ۔ قوم کا ڈول سے منہ لگا کر ممکنہ مقدار کو پینا۔
اِقْتَوٰی اِقْتِوَاءً اَلْمَتَاعَ۔ سامان کو قیمت بڑھانے کے بعد خریدنا۔

شَیْئًا بِشَیْءٍ۔ ایک چیز کو دوسری
چیز سے تبدیل کرنا قَاوَی عَلَی فُلَانٍ۔
کسی پر عتاب کرنا — اَلرَّجُلُ
سخت اور مضبوط ہونا۔ قوی ہونا
الشَّیْءَ۔ اپنے لئے مخصوص کرنا۔
اِسْتَقْوَی اِسْتِقْوَاءً۔ قوی و طاقتور
ہونا۔
اَلْقَوَاءُ وَالْقِوَاءُ ج اَقْوَاءٌ وَالْقِیُّ
وَالْقَوَایَۃُ وَالْقَوِیُّ چٹیل
میدان۔ خالی جگہ۔ اَلْقَوَاءُ وَ
الْقَوَایَۃُ جس زمین پر بارش نہ
ہوئی ہو مَنْزِلٌ قَوَاءٌ۔ وہ جگہ
جہاں کوئی ہمدرد نہ ہو۔
اَلْقَوَاءُ وَالْقَوَی۔ بھوک۔ بَاتَ
الْقَوَی اَوِ الْقَوَاءَ۔ رات بھوکا
رہ کر گزاری)۔
اَلْقُوَّۃُ۔ طاقت۔ زور۔ ج قُوَّاتٌ
وَقُوًی وَقِوًی۔ رسی کی ایک
لڑی۔ رسی کے دھاگوں میں سے ایک
دھاگہ ج، قُوًی۔ اَلْقُوَی عقل
اَلْقَاوِیْ۔ فاعل پکڑنے والا۔ لینے والا
بَلَدٌ قَاوٍ۔ آبادی سے خالی شہر
اَلْقَاوِیَۃُ۔ مؤنث قاوی۔ انڈا۔
کم بارش کا سال اِبِلٌ قَاوِیَاتٌ
بھوکے اونٹ۔
اَلتَّقَاوِیْ۔ مصدر تَقَاوِی الْاَمْطَارِ
بارش کی قلت۔
اَلْقَوِیُّ۔ قوت والا ج اَقْوِیَاءُ
اَلْمُقْوِیْ۔ فاعل۔ اَلْفَرَسُ الْمُقْوِیْ
طاقتور گھوڑا بَلَدٌ مُقْوٍ۔ وہ
شہر جس میں بارش نہ ہوئی ہو۔
قَاءَ یَقِیْءُ (ض) قَیْئًا۔ مَا اَکَلَہٗ۔
کھایا پیا منہ سے ڈال دینا۔ فاعل
قَاءٍ۔ قَاءَتِ الطَّعْنَۃُ الدَّمَ
نیزہ کا خون جاری کرنا قَاءَتِ الْاَرْضُ
الْکَمْاَۃَ۔ زمین میں کھنبی اگانا۔
قَاءَ الرَّجُلُ نَفْسَہٗ۔ دم توڑنا
مرجانا۔
قَیَّأَ تَقْیِئَۃً وَاَقَاءَ اِقَاءَۃً۔
فُلَانًا مَا اَکَلَہٗ۔ قے کرانا۔
تَقَیَّأَ تَقَیُّؤًا وَاسْتَقَاءَ اِسْتِقَاءَۃً
جبراً قے کرنا۔
اَلْقُیَاءُ۔ قے۔
اَلْقَیُوْءُ وَالْقَیُّوْءُ۔ بہت قے کرنے والا
اَلْمُقَیِّئُ۔ قے آور دوا
اَلْقِیْتَارُ وَالْقِیْتَارَۃُ ج قَیَاتِیْرُ
اَلْقِیْثَارُ وَالْقِیْثَارَۃُ ج قَیَاثِیْرُ
سارنگی۔ وائلن ایک باجہ کا نام
قَاحَ یَقِیْحُ (ض) قَیْحًا وَ قَیَّحَ
وَاَقَاحَ وَتَقَیَّحَ الْجُرْحُ پیپ
پڑنا پیپ کا زخم سے بہنا۔
اَلْقَیْحُ۔ پیپ خالص جس میں خون یا
کچھ ملا ہوا نہ ہو۔
قُیِّدَ الرَّجُلُ۔ قید ہونا۔
قَیَّدَہٗ تَقْیِیْدًا۔ پاؤں میں بیڑی
ڈالنا۔ جانے سے روک دینا قَیَّدَہٗ
بِالْاِحْسَانِ۔ احسان سے کسی کا دل
ہاتھ میں لینا۔ قَیَّدَ الْکِتَابَ
رفع التباس کے لئے زیر و زبر لگانا
— اَلْکَاتِبُ اَوِ الْمُتَکَلِّمُ۔ کاتب
یا متکلم کا اپنی غرض کو معین کرنا اور
اپنے کلام کے معنی کو مقرر کرنا اس
کے مقابلہ میں لفظ اِطْلَاقٌ ہے
اَلْحِسَابَ۔ حساب تحریر کرنا۔
اَلْخَطَّ۔ خط پر نقطے اور زیر و زبر
لگا کر مشکل کرنا۔
تَقَیَّدَ۔ قید ہونا۔
اَلْقَیْدُ۔ وہ رسی یا زنجیر جو جانور
کے پیر میں باندھی جاتی ہے تاکہ بھاگ
نہ سکے ج قُیُوْدٌ وَاَقْیَادٌ —
قَیْدُ الْاَسْنَانِ۔ مسوڑھے۔
استعارۃ۔ کہا جاتا ہے فَرَسٌ
قَیْدُ الْاَوَابِدِ۔ نہایت تیز رفتار
گھوڑا گویا کہ وہ گھوڑا تیز رفتاری
کی وجہ سے وحوش کو بھی پیچھے چھوڑ
دیتا ہے اور ان کے لئے بمنزلہ قید
کے ہے۔
اَلْقَیْدُ وَالْقِیْدُ وَالْقَادُ۔ مقدار
اندازہ۔ بَیْنَہُمَا قَیْدُ رُمْحٍ
اَوْ قَادُ رُمْحٍ (ان کے درمیان ایک
نیزہ کی مقدار فاصلہ ہے)۔
اَلْقِیَادُ۔ جانور کو کھینچنے کی رسی۔
اَلْقَیِّدُ مِنَ الْخَیْلِ اَوِ الْاِبِلِ
تابعدار اور سدھایا ہوا۔
اَلْمُقَیَّدُ۔ مفعول۔ اونٹ وغیرہ جس
کو قید کیا گیا ہو۔ ج۔ مَقَایِیْدُ
عورت کے پاؤں میں پازیب پہننے کی
جگہ۔ گھوڑے کے پیر میں رسی یا
زنجیر باندھنے کی جگہ۔ اونٹ کے پیر
کی وہ جگہ جس میں زنجیر ڈال کر اس
کو چرنے کے لئے چھوڑ دیا جاتا ہے
اَلْمُقَیَّدُ مِنَ الشَّعْرِ۔ بندھے ہوئے
یا گندھے ہوئے بال کِتَابٌ مُقَیَّدٌ
زیر و زبر لگے ہوئے الفاظ والی کتاب
اِمْرَاَۃٌ مُقَیَّدَۃُ الْعِسَادِ آزاد
عورت جو کنیز نہ ہو۔
قَیَّرَ الشَّیْءَ۔ تارکول ملنا۔
اِقْتَارَ الْحَدِیْثَ۔ کسی بات کے متعلق
بحث کرنا۔
اَلْقِیْرُ وَالْقَارُ۔ اونٹوں اور کشتیوں پر
ملنے کا ایک سیاہ روغن۔ بعض نے کہا
ہے کہ تارکول ہے۔
اَلْقَیَّارُ۔ قار فروش۔
اَلْقَیُّوْرُ۔ گمنام نسب والا۔ بولا جاتا
ہے ہٰذَا اَقْیَرُ مِنْ ذَاکَ

(یہ اُس سے زیادہ مکمل ہے)
اَلْقِیْرَاطُ ۔ ایک وزن ہے۔
قَیْرَوَانُ ۔ مغرب میں ایک شہر کا نام ہے
اَلْقَیْرَوَانُ ۔ گھوڑوں کا گروہ ۔ لشکر
کا بڑا حصہ ۔ قافلہ ۔ کارواں ج:
قَیْرَوَانَاتٌ (دخیل ہے)۔
قَاسَ یَقِیْسُ (ض) قَیْسًا وَقِیَاسًا
اٹھلا کر اور ادا سے چلنا ۔ تیز چلنا ۔
بھوکا ہونا قَاسَہٗ کسی سے سابق ہونا
قَیْسًا الطَّبِیْبُ الْجِرَاحَۃَ ۔ طبیب
کا زخم کی گہرائی ناپنا ۔ فاعل ۔ قَائِسٌ
الشَّیْءَ بِغَیْرِہٖ وَعَلَیْہِ وَاِلَیْہِ
کسی چیز کے نمونہ پر اندازہ کرنا۔
قَایَسَ قِیَاسًا وَمُقَایَسَۃً بَیْنَ
الْاَمْرَیْنِ دونوں چیزوں کے درمیان
موازنہ کرنا الشَّیْءَ بِکَذَا اَوْ اِلٰی کَذَا
کسی چیز کی مثال سے اندازہ کرنا ۔
الرَّجُلَ : ایک دوسرے کے مقابلے میں
اندازہ کرنا قَایَسَہٗ اِلٰی کَذَا ۔ کسی
چیز میں سبقت لے جانا۔
تَقَیَّسَ ۔ قبیلہ قیس غیلان کے مشابہ
ہونا ۔ قبیلہ قیس کی طرف منسوب ہونا
قبیلہ قیس سے تعلق رکھنا خواہ حلیف
ہونے کے سبب سے یا پڑوس کے سبب
سے یا ولادت کے سبب سے
اِنْقَاسَ ۔ اندازہ میں آنا۔
اِقْتَاسَ الشَّیْءَ ۔ کسی چیز کا اندازہ کرنا
اِقْتَاسَ بِاَبِیْہِ ۔ اپنے باپ کے نقش
قدم پر چلنا ۔
اَلْقَاسُ وَالْقِیْسُ ۔ مقدار ۔ اندازہ
بَیْنَہُمَا قَاسُ رُمْحٍ اَوْ قِیْسُ رُمْحٍ
ان دونوں کے درمیان ایک نیزہ کی
مقدار فاصلہ ہے ۔
اَلْقِیَاسُ ۔ مصدر ھٰذَا قِیَاسُ ذٰلِکَ
(یہ اُس کے مشابہ ہے)۔

اَلْقِیَاسُ فِی الْمَنْطِقِ ۔ چند قضیوں
سے مرکب قول جس کو تسلیم کرنے کی وجہ
سے ایک اور قول لامحالہ تسلیم کرنا پڑے
اَلْقِیَاسِیُّ ۔ جو چیز قیاس یا تقاضائے
قیاس کے مطابق ہو۔
اَلْقَیَّاسُ ۔ بہت قیاس کرنے والا۔
اَلْمِقْیَاسُ ۔ مقدار، پیمانہ وہ اندازہ
جس کے ذریعہ دوسری چیزوں کا اندازہ
اور تخمینہ کیا جائے ج مَقَایِیْسُ ۔
اَلْقَیْسَرِیُّ ۔ بڑا مِنَ الْاِبِلِ عَظِیْمُ الْجُثَّۃِ
اونٹ ۔ ج ۔ قَیَاسِرُ وَقَیَاسِرَۃٌ
قَیْسَارِیَۃُ قَیْصَرِیَّۃٌ کی تحریف
ہے ۔ کئی شہروں کا نام ہے جو شاہانِ
روم کے نام پر رکھے گئے ہیں ۔ اُن میں
سے زیادہ مشہور قَیْسَارِیَۃُ ۔
فلسطین اور قیساریۃ فیلس
اور قیساریہ کپادوکیا ہیں۔
قَاصَتْ تَقِیْصُ (ض) قَیْصًا السِّنُّ
دانت کا جڑ سے گرنا ۔ قَاصَ الْبَطْنُ
پیٹ کا متحرک ہونا۔
اِنْقَاصَ وَتَقَیَّصَ الْحَائِطُ ۔ دیوار کا
جھکنا اور گرنا ۔ الضِّرْسُ ۔ ڈاڑھ
کا گرنا یا لمبائی میں چر جانا تَقَیَّصَتِ
الْبِئْرُ ۔ کنویں کا ڈھا جانا ۔
اِنْقَاصَتِ الْبِئْرُ ۔ کنویں میں اتنا
زیادہ پانی ہونا کہ ڈھانے کے
قریب ہو جائے ۔
قَاضَ یَقِیْضُ قَیْضًا ۔ الشَّیْءَ ۔ کسی چیز
کو چیرنا ۔ پھاڑنا ۔ الشَّیْءُ ۔ چرنا ۔
پھٹنا ۔ السِّنُّ ۔ دانت کا ہلنا ۔
الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ ۔ ایک چیز کو کسی چیز
کے ساتھ تشبیہ دینا ۔ الشَّیْءَ مِنَ
الشَّیْءِ ۔ ایک چیز کو دوسری کے بدلہ
میں لینا۔
قِیْضَتِ الْبِئْرُ ۔ کنویں میں بہت پانی

ہونا ۔
قَیَّضَ اللّٰہُ لَہٗ کَذَا ۔ قادر بنانا ۔
مقدر کرنا اَللّٰہُ فُلَانًا لِفُلَانٍ
خدا کا کسی کو کسی کے پاس لانا ۔
قَایَضَ قِیَاضًا وَمُقَایَضَۃً فُلَانًا
بِکَذَا ۔ کسی سے کوئی چیز تبدیل کرنا ۔
تَقَیَّضَتِ الْبَیْضَۃُ ۔ انڈے کا پھوٹ
جانا ۔ تَقَیَّضَ لَہٗ کَذَا ۔ کسی کے
لئے مقدر ہونا اور سبب بننا تَقَیَّضَ
اَبَاہُ ۔ باپ کے مشابہ ہونا وَانْقَاضَ
الْحَائِطُ ۔ دیوار کا گرنا منہدم ہونا
اِنْقَاضَتِ الرَّکِیَّۃُ اَوِ السِّنُّ
طول میں چر جانا ۔ لمبائی میں پھٹ جانا
تَقَایَضَ تَقَایُضًا الرَّجُلَانِ ایک
دوسرے سے تبدیل و عوض کرنا ۔
اِقْتَاضَ الشَّیْءَ ۔ کوئی چیز جڑ سے اکھاڑنا
اَلْقَیْضُ ۔ مصدر ۔ انڈے کا خشک
چھلکا وَالْقِیَاضُ مساوی و ہم قیمت
ھٰذَا قَیْضٌ اَوْ قِیَاضٌ لِکَذَا (یہ
اس کے مساوی و مماثل ہے) ھُمَا
قَیْضَانِ (وہ دونوں ایک جیسے ہیں)۔
اَلْقِیْضَۃُ ۔ ہڈی کا چھوٹا ٹکڑا ۔ کرچ ج
قِیَضٌ ۔
اَلْقَیْضُ وَالْقَیْضَۃُ ۔ وہ پتھر جس کو
گرم کر کے بکری کی گدی کو داغ دیتے ہیں
اَلْمَقِیْضُ ۔ انڈوں کے چھلکوں کی جگہ بیضۃٌ
مَقِیْضَۃٌ ۔ پھوٹا ہوا انڈا ۔
قَاظَ یَقِیْظُ (ض) قَیْظًا الْیَوْمُ ۔ دن کا
شدید گرم ہونا و قَیَّظَ تَقْیِیْظًا وَاقْتَاظَ
اَلْقَوْمُ بِالْمَکَانِ ۔ قوم کا موسم گرما میں
کسی جگہ مقیم رہنا قِیْظُوْا ۔ قوم پر گرمی کی بارش
پڑنا قَیَّظَہُ الشَّیْءُ ۔ کسی چیز کا گرمی
کے موسم کے لئے کافی ہونا ۔
قَایَظَہٗ قِیَاظًا وَمُقَایَظَۃً ۔ کسی کے ساتھ
گرمی کا موسم گزارنا ۔ گرمی کی مدت بھر کا کسی

کے ساتھ معاملہ کرنا۔

اَلْقَیْظُ۔ سخت گرمی۔ سخت گرمی کا موسم۔ ج، اَقْیَاظٌ وَقُیُوْظٌ۔

اَلْقَائِظُ وَالْقَیِّظُ سخت گرم۔ یَوْمٌ قَائِظٌ سخت گرم دن۔ قَیْظٌ قَائِظٌ۔ انتہائی شدید گرمی۔

اَلْقَیْظِیُّ۔ گرمی کے موسم میں پیدا ہونے والا

اَلْمَقَاظُ وَالْمَقِیْظُ وَالْمُقَیَّظُ۔ وہ جگہ جہاں موسم گرما کے وقت قیام کیا جائے۔

اَلْمُقَیِّظَۃُ۔ موسم گرما تک سرسبز رہنے والی سبزی۔

قَاعَ یَقِیْعُ قَیْعًا۔ اَلْخِنْزِیْرُ سور کا چلانا

قَیَّفَ وَتَقَیَّفَ اَثَرَہٗ۔ نشان کی تفتیش کرنا۔

اَلْقِیَافَۃُ۔ نشانات سے پتہ لگانا۔ سراغ لگانا

قَاقَتْ تَقِیْقُ قَیْقًا۔ اَلدَّجَاجَۃُ۔ مرغی کا کُڑکُڑانا۔

اَلْقِیْقُ۔ احمق۔ کم عقل۔ ایک پرندہ کا نام جو کبوتر کے برابر ہوتا ہے اُس کے دونوں بازو پر مختلف رنگ کی لکیریں ہوتی ہیں اور دُم کالی ہوتی ہے یہ جانور بہت بولتا ہے اور اس کو اَبُوْ زُرَیْق کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے

قَیْقَیَۃُ الْبَیْضَۃِ انڈے کے بالائی سخت چھلکے کے نیچے والا باریک پردہ۔

اَلْقِیْقَاۃُ وَالْقِیْقَاءَۃُ۔ موٹی سطح والی سخت زمین ج، قَوَاقٍ وَقَیَاقٍ وَقِیْقٌ

اَلْقَیْقَبُ۔ ایک درخت جس کو فارسی میں آزاد درخت کہا جاتا ہے۔ گھوڑے کی زین کا تسمہ۔ لگام کا وہ حصہ جس کے درمیان میں منہ میں رہنے والا لوہا ہوتا ہے وَالْقَیْقَبَانُ گھوڑے کی زین۔ لکڑی جس سے زین بنائی جاتی ہے قَالَ یَقِیْلُ (ض) قَیْلًا وَقَائِلَۃً وَقَیْلُوْلَۃً وَمَقَالًا وَمَقِیْلًا دوپہر میں سونا۔ قیلولہ کرنا۔ قَیْلًا دودھ دوہنا اور دوپہر کے وقت پینا۔

قَیَّلَہٗ۔ کسی کو دوپہر کے وقت پلانا

قَایَلَہٗ۔ معاوضہ دینا۔ تبادلہ کرنا۔

اَقَالَہٗ اِقَالَۃً اَلْبَیْعَ۔ بیع کو فسخ کرنا اَللّٰہُ عَثْرَتَکَ۔ گر پڑنے کے بعد خدا کا اُٹھا دینا۔ غلطی سے درگزر کرنا اَقَالَ الْاِبِلَ۔ دوپہر کے وقت اونٹوں کو سیراب کرنا

تَقَیَّلَ۔ دوپہر کے وقت سونا۔ تَقَیَّلَ اَبَاہُ۔ باپ کے مشابہ ہونا۔ اَلْمَاءُ۔ پانی کا جمع ہونا۔ تَقَیَّلَتِ الْاِبِلُ اونٹوں کا دوپہر میں پانی پینا۔

تَقَایَلَ الرَّجُلَانِ الْبَیْعَ۔ بیع کو طے کرنے کے بعد فسخ کرنا۔

اِقْتَالَ شَیْئًا بِشَیْءٍ۔ ایک چیز کو دوسری چیز سے تبدیل کرنا۔

اِسْتَقَالَہٗ اِسْتِقَالَۃً اَلْبَیْعَ۔ کسی سے بیع کو فسخ کرنے کا مطالبہ کرنا۔

اِسْتَقَالَہٗ عَثْرَتَہٗ۔ کسی سے کہنا کہ اس کی خطا سے درگزر کر دے۔ گرے ہوئے کو اٹھانے کے لئے کہنا۔

اَلْقَیْلُ۔ سردار۔ حمیر خاندان کے بادشاہوں میں سے کوئی بادشاہ۔ وہ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

اَلْقَیْلُ وَالْقَیُّوْلُ۔ وہ دودھ جو دوپہر کو پیا جائے۔

اَلْقَیْلَۃُ وَالْقَیُّوْلَۃُ۔ وہ اونٹنی جس کو دوپہر میں دوہا جائے۔

اَلْقَائِلُ۔ دوپہر میں سونے والا ج، قُیَّلٌ وَقُیُّلٌ وَقُیَّالٌ۔

اَلْقَائِلَۃُ۔ مؤنث قائل۔ دوپہر کا وقت۔

اَلْقَائِلَۃُ وَالْقَیْلُوْلَۃُ۔ دوپہر میں سونا دوپہر میں آرام کرنا خواہ نیند نہ آئے۔

رَجُلٌ قَیَّالٌ۔

اَلْاِقَالَۃُ مصدر۔ بیع کو فسخ کرنا

اَلتَّقْیِیْلُ مصدر قیلولہ کرانا

دوپہر میں سونا۔ دوپہر میں آرام کرنا۔

اَلْمِقْیَلُ۔ دوپہر میں دودھ جانے کے لئے بڑا برتن دَوْحَۃٌ مِقْیَالٌ۔ وہ درخت جس کے نیچے بہت زیادہ قیلولہ کیا جائے

قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا۔ اَلْحَدِیْدَ۔ لوہے کو ہموار و درست کرنا قَانَ الْاِنَاءَ۔ برتن کی اصلاح و مرمت کرنا اَلشَّیْءَ۔ جمع کرنا۔ ملانا۔ اَللّٰہُ فُلَانًا عَلٰی کَذَا۔ کسی خاص وضع پر پیدا کرنا قَانَتِ الْمَرْاَۃُ الْمَرْاَۃَ۔ ایک عورت کا دوسری عورت کے لیے بناؤ سنگھار کرنا۔

قَانَ یَقِیْنُ قَیْنًا وَقِیَانَۃً۔ لوہار ہونا لوہے کا کام کرنا۔

قَیَّنَہٗ۔ زیب و زینت کرنا۔

تَقَیَّنَ۔ مزین ہونا۔ اَلنَّبْتُ۔ نباتات کا خوبصورت ہونا۔

اِقْتَانَ اِقْتِیَانًا۔ اَلنَّبْتُ نباتات کا خوبصورت ہونا۔ اَلرَّوْضَۃُ۔ باغ کا سرسبز و شاداب ہونا۔ اَلرَّجُلُ۔ زیب و زینت والا ہونا۔

اَلْقَانُ۔ ایک درخت ہے جس سے کمانیں بنتی ہیں۔ واحد قَانَۃٌ ہے۔

اَلْقَیْنُ ج قِیَانٌ۔ غلام۔ ج قُیُوْنٌ وَاَقْیَانٌ۔ لوہار۔ ہر کاریگر کو بھی کہتے ہیں۔

اَلْقَیْنَۃُ۔ گانے والی لونڈی کنیز۔ نائن۔ بناؤ سنگھار کرنے والی۔ ریڑھ کی ہڈی کا سب سے نیچے والا منکا۔ ج، قِیَانٌ۔

اَلْمُقَیِّنَۃُ۔ مؤنث مُقَیِّنٌ زیب و زینت کرنے والی عورت بناؤ سنگھار کے فرائض انجام دینے والی عورت۔ ماشطہ۔

ك

لَك - ۱- ضمیر منصوب اور مجرور مخاطب کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے جیسے ضَرَبَكَ - كِتَابُكَ - وضَرَبَكُمَا و كِتَابُكُمَا - ضَرَبَكُمْ و كِتَابُكُمْ وضَرَبَكُنَّ و كِتَابُكُنَّ۔

۲- حرف جار کبھی تشبیہ کے لیے ہوتا ہے، جیسے زَيْدٌ كَالْأَسَدِ - اور کبھی تعلیل کے لیے جیسے اُذْكُرُوا اللهَ كَمَا هَدَاكُمْ - اللہ کو یاد کرو کیونکہ اس نے تمھیں ہدایت دی - کبھی تاکید کے لیے آتا ہے۔ اس صورت میں یہ زائد ہوتا ہے - جیسے لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ۔

۳- حرف غیر جار - اس صورت میں بھی خطاب کا مفہوم متصور ہوتا ہے - اور اسم اشارہ ضمیر منصوب منفصل، اور بعض اسماء افعال کے ساتھ آتا ہے جیسے ذٰلِكَ - تِلْكَ - إِيَّاكَ و رُوَيْدَكَ۔

كَئِبَ يَكْئَبُ (س)، كَأْبًا و كَأْبَةً و كَآبَةً - غمگین ہونا - شکستہ دل ہونا - بری حالت میں ہونا - صفت كَئِبٌ و كَئِيبٌ - مجازاً کہا جاتا ہے أَرْضٌ كَئِيبَةُ الْوَجْهِ۔

أَكْأَبَ الرَّجُلُ - مرد کا غمگین ہونا - ہلاکت میں واقع ہونا - الرَّجُلَ - رنج پہنچانا۔

إِكْتَأَبَ - رنجیدہ ہونا۔

الكَآبَاءُ - سخت رنج - إِمْرَأَةٌ كَآبَاءُ - سخت رنجیدہ عورت - کہتے ہیں - مَا أَكْآبَهُ - وہ کس قدر رنجیدہ ہے۔

الْمُكْتَئِبُ - رَمَادٌ مُكْتَئِبٌ - سیاہی مائل راکھ۔

كَأَجَ (ف)، كَأْجًا - الرَّجُلُ - زیادہ بیوقوف ہونا۔

الكَأَاجُ - نادانی - حماقت۔

كَأَدَ (ف)، كَأْدًا - دل شکستہ اور رنجیدہ ہونا - غم سے برا حال ہونا۔

تَكَأَّدَ و تَكَاءَدَ - الْأَمْرُ فُلَانًا - کام کا مشکل ہو جانا - الْأَمْرَ - کسی کام میں تکلیف اٹھانا۔

اِكْوَأَدَّ - الشَّيْخُ - بڑھاپے کی وجہ سے رعشہ ہونا۔

الكَأْدَاءُ - رنج، سختی، پرہیز - اندھیری رات۔

عَقَبَةٌ كَأْدَاءُ و كَؤُودٌ - پیچیدہ گھاٹی۔

الكُؤُودَاءُ - رنج یا تھکن کی وجہ سے سانس کی تنگی۔

الكَأْسُ - پیالہ (مؤنث)، ج - كُؤُوسٌ و أَكْؤُسٌ و كَاسَاتٌ و كِئَاسٌ۔

كَأْسُ الزَّهْرَةِ - سبز پتوں کا غلاف جو پھول کے چاروں طرف ہو۔

الكَأْسُ - شراب۔

كَأَصَهُ (ف)، كَأْصًا - ذلیل کرنا - مغلوب کرنا - الشَّيْءَ - کسی چیز کا بہت کھانا یا پینا - محاورہ ہے كَأَصْنَا عِنْدَهُ مِنَ الطَّعَامِ مَا شِئْنَا - ہم نے اس کے پاس جو کچھ چاہا خوب کھایا۔

كَأْكَأَ كَأْكَأَةً - کمزور ہونا - بزدل ہونا اور پیچھے ہٹنا - الْقَوْمَ عَلَيْهِ - قوم کا کسی پر جمع ہونا - فِي كَلَامِهِ - گفتگو میں عاجز ہو جانا اصابت نہ کرسکنا۔

الكَأْكَاءُ - بزدلی - چور کی بھاگتے وقت کی دوڑ۔

الْمُتَكَأْكِئُ - ٹھگنا، پستہ قد۔

كَأَلَ (ف)، كَأْلًا و كَأْلَةً و كُؤُولَةً - قرض کے بدلے میں کوئی چیز قرض خریدنا یا بیچنا۔

اِكْوَأَلَّ اِكْوِئْلَالًا - پستہ قد ہونا۔

كَأَنَ (ف)، كَأْنًا - الرَّجُلُ - سخت ہونا۔

كَأَنَّ - حرف مشبہ بالفعل ہے۔ اسم کو نصب دیتا ہے اور خبر کو رفع - یہ ذیل کے معانی میں مستعمل ہے۔

۱- تشبیہ جیسے كَأَنَّ زَيْدًا أَسَدٌ - گویا زید شیر ہے۔

۲- اس کا اصل اور عام استعمال یہی ہے۔

۳- شک اور گمان جیسے كَأَنَّ زَيْدًا قَائِمٌ - شاید زید کھڑا ہے۔

۴- تقریب جیسے كَأَنَّكَ بِالشِّتَاءِ مُقْبِلٌ - قریب ہے کہ تمھارے پاس موسم سرما آئے۔

كَأَى (ف)، يَكْأَى - كَأْيًا - الرَّجُلَ - گفتگو سے تکلیف پہنچانا - أَكْأَى عَنْهُ - ناپسند کرنا۔

كَأَيِّنْ یا كَأَيٍّ - یہ اسم کاف تشبیہ اَیّ سے مرکب ہے - كَمْ خبریہ کی طرح عام طور پر کثرت اور بہت کے معنوں میں آتا ہے جیسے كَأَيٍّ مِنْ رَجُلٍ - یا كَأَيٍّ رَجُلًا رَأَيْتُ - میں نے بہت سے آدمی دیکھے - یہ لفظ بہت کم استفہام کے معنی میں استعمال ہوتا ہے جیسے حضرت ابن ابی ابن کعب سے حضرت مسعود نے پوچھا تھا - كَأَيٍّ تَقْرَأُ سُورَةَ الْأَحْزَابِ - تم کتنی مرتبہ سورہ احزاب پڑھتے ہو - انھوں نے جواب دیا تہتر مرتبہ۔

كَبَّ (ن)، كَبًّا - الْإِنَاءَ - برتن کو اوندھا کر دینا - الرَّجُلَ عَلَى وَجْهِهِ - پچھاڑ

دینا۔ الغزلَ۔ کاتتے ہوئے سوت کا گولہ بنانا۔ الشیُٔ۔ بھاری ہونا۔

کَبَّبَ۔ کباب بنانا۔

اَکَبَّ۔ فُلَانًا۔ پچھاڑ دینا۔ الرجلُ۔ پچھڑ جانا۔ عَلَی العَمَلِ و غیرِہٖ۔ پورے انہاک کے ساتھ وغیرہ میں مشغول ہونا۔ اَکَبَّ عَلَیْہِ۔ کسی کو بچانے کے لیے اس پر چھا جانا۔

تَکَبَّبَ۔ کپڑے میں لپٹنا۔ الرَّمْلُ و الشَّجَرُ۔ ریت یا درخت کا تہ بہ تہ ہونا۔

تَکَبَّبَتِ الاِبِلُ۔ اونٹوں کا بیماری وغیرہ کی وجہ سے گرنا۔

تَکَابَّ۔ القومُ عَلَی الشیءِ۔ کسی چیز پر بھیڑ لگا کر جمع ہونا۔

اِنْکَبَّ۔ عَلَی الاَمْرِ۔ کسی کام میں محو ہو جانا۔

الکَبُّ۔ ایک قسم کی کڑوی گھاس۔

الکَبَّۃُ۔ گھوڑوں کی جماعت۔ بڑے اونٹ۔ بوجھ۔ کُبَّۃُ الغَزْلِ و الخُیُوْطِ۔ کاتے ہوئے سوت یا دھاگے کا گولہ۔ ج۔ کُبَبٌ۔

الکُبَّۃُ و الکَبَّۃُ۔ لڑائی کا حملہ۔ کہا جاتا ہے کَانَتْ لَہُمْ کَبَّۃٌ فِی الحَرْبِ۔ انھوں نے لڑائی میں بہت شور و غل کیا۔ بھیڑ۔ دو گھوڑوں کے درمیان ٹکراؤ۔ الکَبَّۃُ۔ لوگوں کی جماعت۔

کُبَّۃُ النَّارِ۔ آگ کا بڑا حصہ۔

کُبَّۃُ الشِّتَاءِ۔ سردی کا ایک دم شدت کے ساتھ آنا۔

الکَبَابُ۔ کباب، جو آگ پر بھونا جاتا ہے۔

الکُبَابُ۔ بہت سے اونٹ اور بکری۔ چپکنے والی مٹی۔ تہ بہ تہ ریت۔

المُکَبُّ۔ دھاگا یا سوت لپیٹنے کی ریل۔ ج۔ مُکَبَّاتٌ و مُکَابٌّ۔

المُکِبُّ و المِکْبَابُ۔ زمین کی طرف بہت نظر کرنے والا۔

کَبَتَہٗ (ض)، کَبْتًا۔ پچھاڑنا۔ ذلیل کرنا۔ لوٹانا۔ پھیرنا۔ توڑنا۔ غصے سے رد کرنا۔ ہلاک کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ کَبَتَہٗ لِوَجْہِہٖ۔ اس نے اسے منہ کے بل گرا دیا۔ کَبَتَ فُلَانٌ غَیْظَہٗ فِی جَوْفِہٖ۔ فلاں نے اپنے غصے کو اندر ہی اندر ضبط کر لیا۔ کَبَتَ اللّٰہُ العَدُوَّ۔ خدا دشمن کو ذلیل کرے۔

اِنْکَبَتَ۔ کَبَتَ کا تابع یعنی پچھڑ گیا۔ ذلیل ہوا۔ لوٹ گیا۔ پھر گیا۔

المُکْتَبِتُ۔ رنج سے بھرا ہوا۔ رنجیدہ۔

کَبِثَ (س)، کَبَثًا۔ اللَّحْمُ۔ گوشت کا خراب اور بدبودار ہونا۔ صفت کَبِیْثٌ و مَکْبُوْثٌ۔

کَبَثَ السَّفِیْنَۃَ۔ کشتی کو زمین کی طرف جھکانا۔ ایک کشتی کا سامان دوسری کشتی میں رکھنا۔

کَبَحَ (ف)، کَبْحًا۔ الدَّابَّۃَ بِاللِّجَامِ۔ چوپائے کو لگام کھینچ کر ٹھہرانا۔ کَبَحَہٗ عَنِ الحَاجَۃِ۔ ضرورت سے باز رکھنا۔

کَبَحَہٗ بِالسَّیْفِ۔ تلوار سے مارنا۔

کَبَحَ الحَائِطُ السَّہْمَ۔ دیوار کا تیر کو واپس کرنا اور گھسنے نہ دینا۔

اَکْبَحَ۔ الدَّابَّۃَ بِاللِّجَامِ۔ چوپایہ کو لگام کھینچ کر لوٹانا۔

کَابَحَہٗ مُکَابَحَۃً۔ ایک دوسرے کو گالی دینا اور برا بھلا کہنا۔

اَکْبَحَ المَکَانُ۔ مکان کا بلند ہونا۔ صفت مُکْبِحٌ و مُکْبَحٌ۔

الکَابِحُ۔ فا۔ بدشگونی اور بدفالی کی چیز۔ ج۔ کَوَابِحُ۔ بَعِیْرٌ اَکْبَحُ۔ سخت اونٹ۔

کَبَدَہٗ (ن ض)، کَبْدًا۔ جگر پر مارنا۔ کَبَدَ الاَمْرَ۔ کسی کام کا ارادہ کرنا۔ البَرْدُ القَوْمَ۔ سردی کا تکلیف دہ ہونا۔

کَبِدَ (س)، کَبَدًا و کُبِدَ۔ درد جگر میں مبتلا ہونا۔ صفت مَکْبُوْدٌ۔

کَابَدَ کِبَادًا و مُکَابَدَۃً۔ الاَمْرَ۔ کسی کام میں تکلیف برداشت کرنا۔ المُسَافِرُ اللَّیْلَ۔ مسافر کا رات کی تکلیفیں برداشت کرتے ہوئے سفر جاری رکھنا۔

کَبَّدَتِ الشَّمْسُ السَّمَاءَ۔ سورج کا آسمان کے درمیان پہنچ جانا۔

تَکَبَّدَ۔ الاَمْرَ۔ کسی کام کا ارادہ کر لینا۔ تکلیف اٹھانا۔ المَکَانَ۔ مکان کے وسط میں پہنچنا۔ الشَّمْسُ السَّمَاءَ۔ سورج کا آسمان کے وسط میں پہنچنا۔ اللَّبَنُ۔ دودھ کا گاڑھا ہونا۔

الکَبْدُ و الکِبْدُ و الکَبِدُ۔ مِنَ الاَعْضَاءِ۔ جگر، کلیجہ (مذکر و مؤنث)۔ ج۔ اَکْبَادٌ و کُبُوْدٌ۔

الکَبِدُ۔ اندرونی حصہ۔ درمیانی حصہ۔ کسی چیز کا بڑا حصہ۔

کَبِدُ القَوْسِ۔ کمان کے علاقے کے دونوں طرف کا درمیانی حصہ۔

کَبِدُ الاَرْضِ۔ زمین کی کانوں کی چیزیں۔ جیسے سونا چاندی وغیرہ۔ کہا جاتا ہے فُلَانٌ تُضْرَبُ اِلَیْہِ اَکْبَادُ الاِبِلِ۔ فلاں کی طرف لوگ علم وغیرہ حاصل کرنے کے لیے سفر کر کے آتے ہیں۔

الکَبْدُ و الکَبَدُ و الکَبْدَاءُ و الکُبَیْدَاءُ و الکُبَیْدَاۃُ۔ مِنَ السَّمَاءِ۔ آسمان کا وسط۔

الکَبْدَاءُ۔ ہتھ چکی۔ ریت کا وہ تودہ جس کا درمیانی حصہ بڑا ہو۔ وہ کمان جس کا

دستہ پوری ہتھیلی میں پکڑا جا سکے۔
اَلْکَبَدُ۔ پیٹ کا بڑا ہونا۔ مشقت۔ ہوا۔ سختی۔ ریت کا درمیانی حصہ۔
اَلْکَبْدَۃُ۔ کبد کا اسم مرۃ۔ محبت کا مہرہ۔
اَلْکُبَادُ۔ درد جگر۔ اَلْکُبَّادُ۔ چکوترہ (عامی زبان میں)
اَلْاَکْبَدُ۔ ایک قسم کا پرندہ۔ درمیان سے موٹا، آہستہ سے چلنے والا۔ بڑے جگر والا۔ وہ شخص جس کے جگر کی جگہ بلند ہو۔ مؤنث کَبْدَاءُ۔ ج۔ کُبْدٌ۔
اَلْکَابِدُ۔ رفا، مشقت برداشت کرنا۔
کَبِرَ (س)، کِبَرًا و مَکْبَرًا۔ فِي السِّنِّ۔ عمر رسیدہ ہونا۔
کَبَرَ (ن)، کَبْرًا۔ فُلَانًا بِالسِّنِّ۔ کسی سے عمر میں بڑا ہونا۔
کَبُرَ کِبَرًا و کُبَارَۃً۔ فِي الْقَدْرِ۔ مرتبہ میں بڑا ہونا۔
کَبُرَ عَلَيْهِ الْاَمْرُ۔ کام کا دشوار ہونا۔ سخت ہونا۔ بھاری ہونا۔
کُوبِرَ الرَّجُلُ فِي مَالِهٖ۔ مال کا ظلم اور زبردستی سے لے جانا۔ صفت مُکَابَرٌ عَلَيْهِ۔
کَبَّرَ تَکْبِيرًا و کِبَّارًا۔ اللہ اکبر کہنا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو بڑا بنانا۔
کَابَرَہٗ۔ دشمنی رکھنا۔ مخالفت کرنا۔ غلبہ حاصل کرنا۔ عَلٰی حَقِّهٖ۔ حق کا انکار کرنا۔ اَکْبَرَ الْاَمْرَ۔ کام کو بڑا سمجھنا۔ الرَّجُلَ۔ بڑا شمار کرنا۔ تعظیم کرنا۔
تَکَبَّرَ و تَکَابَرَ۔ تکبر کرنا۔ مغرور ہونا۔
تَکَابَرَ الرَّجُلُ۔ اپنے آپ کو بڑا اور بلند مرتبہ ظاہر کرنا۔
اِسْتَکْبَرَ۔ تکبر کرنا۔ الْاَمْرَ۔ کام کو بڑا سمجھنا۔
اَلْکِبْرُ۔ تکبر۔ بڑا گناہ۔

اَلْکُبْرُ و اَلْکِبْرُ۔ کسی چیز کا بڑا حصہ۔ شرافت و بلندی۔
اَلْکِبَرُ۔ کفر و شرک۔
اَلْکِبَرُ و اَلْکِبْرَۃُ و اَلْکَبْرَۃُ۔ بڑھاپا۔
اَلْکُبْرَۃُ۔ گناہ عظیم۔ کہا جاتا ہے هُوَ کُبْرُهُمْ و کِبْرَتُهُمْ و کُبُرُهُمْ و کُبُرَّهُمْ و کِبْرَتُهُمْ و اِکْبِرَّتُهُمْ و اَکْبِرَّتُهُمْ۔ وہ ان کا بڑا بوڑھا ہے یا نسب میں ان سے زیادہ قریب ہے۔ "فُلَانٌ کِبْرَۃُ وُلْدِ اَبِيْهِ" فلاں اپنے باپ کی اولاد میں آخر ہے۔ اس میں واحد، جمع، مذکر، مؤنث سب برابر ہیں۔
اَلْکَبَرُ۔ ڈھول (دخیل) ج۔ کِبَارٌ و اَکْبَارٌ۔ ایک درخت کا نام۔
اَلْکِبْرِيَا۔ بزرگی، عظمت، غرور۔
اَلْکُبَارُ و اَلْکُبَّارُ و اَلْکَابِرُ۔ بڑا۔
اَلْکَابِرُ۔ بلند مرتبہ، سردار۔ مورث اعلیٰ۔
اَلْکَبِيرُ۔ بڑا۔ ج۔ کِبَارٌ و کُبَرَاءُ۔ معلم۔ رئیس۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے مبارکہ میں سے ہے۔
اَلْکَبِيرَۃُ۔ کبیر کا مؤنث۔ بڑا گناہ۔ ج کَبِيرَاتٌ و کَبَائِرُ۔
اَلْاَکْبَرُ۔ اسم تفضیل۔ کہا جاتا ہے الْاَکْبَرُ و الْاَصْغَرُ یعنی کبیر و صغیر۔ ج۔ اَکَابِرُ و اَکْبَرُونَ۔ اَکَابِرُ الْقَوْمِ۔ قوم کے شریف لوگ۔ کہا جاتا ہے۔ فُلَانٌ اَکْبَرَ النَّهَارِ فلاں میرے پاس دن چڑھے آیا۔
اَلْاَکْبَرُ و الْاُکْبُرُ۔ ایک میٹھی چیز جو خشک حلوے کی مانند بہت زیادہ میٹھی نہیں ہوتی۔ موم اور شہد کے علاوہ ہے جسے موم کی مکھی موم کی طرح جمع کرتی ہے۔
اَلْکُبْرٰی۔ اکبر کا مؤنث ہے ج کُبَرٌ

وکبریات۔ کہا جاتا ہے "هٰذِهِ الْجَارِيَةُ مِنْ کُبْرٰی بَنَاتِ فُلَانٍ" یہ لڑکی فلاں کی بڑی لڑکیوں میں سے ہے۔
اَلْمَکْبَرُ و الْمَکْبَرَۃُ و الْمَکْبُرَۃُ۔ عمر کی بڑائی۔ اَلْمَکْبُورَاءُ۔ اسم جمع بمعنی کُبَرَاءُ۔ کَبَرَتِ الشَّیْءَ۔ کسی چیز پر گندھک ملنا۔
اَلْکِبْرِيتُ۔ گندھک۔ سرخ ہونا۔ سرخ یاقوت۔ محاورہ ہے "ذَهَبٌ کِبْرِيتٌ و فِضَّةٌ کِبْرِيتٌ"۔ خالص سونا چاندی۔
کَبَسَ (ض)، کَبْسًا۔ عَلَى الشَّیْءِ۔ دبانا اور بھینچنا۔ الْبِئْرَ۔ کنویں کو مٹی سے پاٹنا۔ دَاسَهٗ فِي الثَّوْبِ۔ سر کو کپڑے میں داخل کرنا۔ الْقَوْمَ دَارَهٗ گھر پر اچانک حملہ کرنا۔ السَّنَةَ بِيَوْمٍ۔ سال میں ایک دن زیادہ کرنا۔ النَّاصِيَةُ جَبْهَتَهٗ۔ پیشانی کو چھپا لینا۔
کَبِسَ (س)، کَبَسًا۔ سر کا بڑا ہونا۔ صفت اَکْبَسُ۔ مؤنث کَبْسَاءُ۔ ج۔ کُبْسٌ۔
کَبَّسَ۔ الْجَسَدَ۔ جسم کو ہاتھوں سے مل کر نرم کرنا۔ عَلَى الشَّیْءِ۔ کسی چیز میں گھس جانا۔
تَکَبَّسَ و اِنْکَبَسَ۔ النَّهْرُ و الْبِئْرُ۔ نہر یا کنویں کا مٹی سے بھر جانا۔
تَکَبَّسَ الرَّجُلُ۔ سر کو گریبان میں داخل کرنا۔ عَلَى الشَّیْءِ۔ گھس پڑنا۔
اَلْکِبْسُ۔ کنواں پاٹنے کی مٹی۔ بڑا سر۔ پہاڑ کی جڑ میں غار۔ خزانہ، اصل۔ مٹی کا گھر۔
اَلْکِبَاسَةُ۔ کھجوروں کا گچھا۔ ج۔ کَبَائِسُ
جِبَالٌ کُبْسٌ و کُنَّيْسٌ۔ سخت پہاڑ۔

الکَابُوْسُ - ایک قسم کی بیماری جس میں آدمی نیند کی حالت میں ایسا محسوس کرتا ہے کہ کوئی چیز اس کا گلا گھونٹ رہی ہے۔ یہ مرگی کی ابتدا ہے۔

الکُبَّاسُ۔ سر کو کپڑے میں لپیٹ کر سونے والا۔ بڑے سر والا۔ پُر گوشت۔ هَامَةٌ کُبَاسٌ۔ گول موٹی کھوپڑی۔

الکَبْسَةُ۔ اچانک حملہ۔

الکَابِسَةُ۔ کابس کا مؤنث۔ اَرْنَبَةٌ کَابِسَةٌ۔ اوپر کے ہونٹ پر جھکا ہوا ناک کا بانسہ۔ نَاصِيَةٌ کَابِسَةٌ۔ پیشانی پر لٹکے ہوئے بال۔

الکَبِيْسُ۔ ایک قسم کی کھجور۔ ایک قسم کا زیور جس کے خول میں خوشبو بھری ہوتی ہے۔ السَّنَةُ الکَبِيْسَةُ۔ لیپ کا سال جس میں فروری کا مہینہ ۲۹ دن کا ہوتا ہے۔ اور یہ ہر چار سال کے بعد آتا ہے (جو چار پر برابر تقسیم ہو جائے)۔

المِکْبَسُ۔ ج۔ مَکَابِسُ۔ والمِکْبَاسُ ج۔ مَکَابِيْسُ۔ اون یا کاغذ وغیرہ دبانے کا آلہ۔ استری۔

المَکَابِيْسُ۔ وہ لوگ جو دوسروں کے گھروں میں اکثر گھس آتے ہوں۔

المُکَبِّسُ۔ فا۔ سرنگوں۔ سر نیچے رکھنے والا۔ لوگوں میں گھس کر مال دبانے والا۔

کَبَشَ (ن)، کَبْشًا۔ الشَّیءَ۔ کسی چیز کو پوری مٹھی میں لینا۔

الکَبْشُ۔ مینڈھا جو دو سال کا ہو۔ اور بقول بعض چار سال کا ہو ج۔ کِبَاشٌ اَکْبَاشٌ و اَکْبُشٌ و کُبُوْشَةٌ۔

الکَبْشُ۔ قوم کا سردار۔ بڑا پتھر جو دیوار پر نشانہ کرنے کے لیے لگایا جائے ایک جنگی آلہ جو محاصرہ کے موقعہ پر قلعوں کی دیواروں پر سنگباری کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

الکَبَاشُ۔ بہادر افراد۔ ہیرو۔

الکَبَّاشُ۔ مینڈھوں والا۔

کَبَعَ (ف)، کَبْعًا۔ الشَّیءَ۔ کاٹنا۔ کَبَعَهُ عَنْ کَذَا۔ کسی چیز سے روکنا۔ منع کرنا۔ الدَّرَاهِمَ۔ دراہم کو پرکھنا اور وزن کرنا۔

کَبَعَ (ف)، کُبُوْعًا۔ ذلیل ہونا۔ عاجزی کرنا۔

کَبَّعَ الشَّیءَ۔ ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔

الکَبَعُ۔ ایک قسم کی بڑی مچھلی جس کا دوسرا نام جَمَلُ البَحْرِ بھی ہے۔

کَبْکَبَهُ کَبْکَبَةً و کِبْکَابًا۔ الشَّیءَ۔ الٹا پچھاڑنا۔ المَوَاشِيَ النَّافِرَةَ۔ بھاگے ہوئے جانوروں کو دوبارہ جمع کرنا۔ الشَّیءَ۔ گڑھے میں پھینکنا۔

تَکَبْکَبَ۔ فِي ثِيَابِهِ۔ کپڑے میں لپٹنا۔ القَوْمُ۔ جمع ہونا

الکُبْکُبُ و الکُبْکِبُ۔ ایک قسم کا کھیل

الکَبْکَبَةُ (تثلیث الکافین)۔ والکُبْکُوْبُ والکُبْکُوْبَةُ۔ لوگوں یا گھوڑوں کی جماعت۔

الکُبَکِبُ والکُبَاکِبُ۔ گٹھے بدن والا۔

کَبَلَهُ (ض)، کَبْلًا و کَبَّلَهُ۔ بیڑی ڈالنا قید کرنا۔

کَبَلَهُ و کَابَلَهُ مُکَابَلَةً۔ الدَّيْنَ۔ قرض ادا کرنے میں ٹال مٹول کرنا۔ ادائے قرض میں تاخیر کرنا۔

کَابَلَ۔ الدَّارَ۔ مکان کے خریدنے میں تاخیر کرنا تاکہ دوسرا شخص خریدے اور پھر شفعہ سے لیا جائے۔

تَکَبَّلَ۔ بیڑی میں جکڑا جانا۔ قید ہونا۔ تابع۔ کَبَّلَ و اِکْتَبَلَ۔ الاَسِيْرَ قیدی کو بیڑی میں جکڑنا۔ الکَبْضُ۔ ہتھیلی کو باندھنا۔ خَيْبَرُهُ۔ روک کے رکھنا۔

الکَبْلُ و الکِبْلُ۔ بیڑی۔ بڑی بیڑی۔ ج۔ کُبُوْلٌ و اَکْبَالٌ۔

الکَبْلُ۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا وہ کنارہ جہاں چمڑا مڑھا ہوا ہو۔ بہت بالوں والی پوستین۔

الکَبَلُ و الکَابِلُ۔ تنگ کپڑا یا پوستین وغیرہ۔ کہا جاتا ہے "فَرْوٌ کَبَلٌ وَ کَابِلٌ"۔

الکَابُوْلُ۔ شکاری کا جال۔

کَبَنَ (ن ض) کَبْنًا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے کو اندر موڑ کر سینا۔ الشَّیءُ۔ غائب ہونا۔ عَنِ الشَّیءِ۔ کسی چیز سے بددل ہونا۔ باز رہنا۔ عَنْهُ لِسَانَهُ۔ زبان روک لینا۔ هَدِيَّتَهُ۔ تحفہ روک لینا۔

کَبَنَ (ض)، کَبْنًا و کُبُوْنًا۔ الظَّبْيُ۔ ہرن کا زمین سے چمٹنا۔ الرَّجُلُ۔ سامنے والے اوپر یا نیچے کے دانتوں کا منہ کے اندر گھس جانا۔ پڑوسی کو چھوڑ کر دوسرے کے ساتھ احسان کرنا۔ آہستہ آہستہ دوڑنا۔ موٹا ہونا۔ مطمئن ہونا۔

اَکْبَنَ لِسَانَهُ عَنْهُ۔ زبان روکنا۔

اِکْبَانَّ اِکْبِئْنَانًا۔ سمٹنا۔ سکڑنا۔ الظَّبْيُ ہرن کا زمین سے چمٹنا۔ الرَّجُلُ۔ لوٹ جانا۔

الکُبْنُ مص۔ ڈول کا کنارہ۔ ڈول کا موڑ کر سلا ہوا کنارہ۔

الکُبُنُّ و الکُبُنَّةُ۔ بخیل۔ کنجوس۔

الکُبُنَّةُ۔ خشک روٹی۔

الکُبَانُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔

المَکْبُوْنُ۔ صفع۔ کبان کی بیماری والا اونٹ۔ مِنَ الخَيْلِ۔ چھوٹی ٹانگوں والا گھوڑا ج۔ مَکَابِيْنُ۔ رَجُلٌ مَکْبُوْنٌ

الاَصَابِعُ۔ سخت اور منضبط انگلیوں والا مرد۔ مؤنث مَکْبُوْنَۃٌ۔

کَبَا یَکْبُوْ کَبْوًا وکُبُوًّا۔ لِوَجْھِہٖ۔ منہ کے بل گرنا۔ الزَّنْدُ۔ چقماق سے آگ نہ نکلنا۔

کَبَتِ النَّارُ۔ آگ کی چنگاری کا راکھ میں پوشیدہ ہونا۔ کَبَتِ النُّوْرُ۔ روشنی کم ہونا۔ النَّبَتُ۔ نباتات کا مرجھانا۔ الغُبَارُ۔ غبار کا اوپر چڑھنا۔ الجَمْرُ۔ چنگاری کا بلند ہونا۔ لَوْنُ الصُّبْحِ اَوِ الشَّمْسِ۔ صبح یا آفتاب کا تاریک ہونا۔ السَّھْمُ۔ تیر کا نشانہ پر نہ لگنا۔ مَاءً فِی الزِّعَاءِ۔ برتن میں پانی ڈالنا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو صاف کرنا۔ الکُوْزَ۔ کوزہ سے گرا دینا۔ البَیْتَ۔ گھر میں جھاڑو دینا۔

کَبَّی تَکْبِیَۃً۔ النَّارَ۔ آگ پر راکھ ڈالنا۔ ثَوْبَۃً بِالکِبَاءِ۔ کپڑے کو عود بخور سے دھونی دینا۔

اَکْبٰی اِکْبَاءً۔ الزَّنْدُ۔ چقماق سے آگ نہ نکلنا۔ چقماق سے دھواں نکلنا۔

اَکْبٰی وَجْھَہٗ۔ چہرہ تبدیل کرنا۔

کَابَا مُکَابَاۃً۔ السَّیْفَ۔ تلوار کا میان میں رکھنا۔

تَکَبّٰی۔ عَلَی المِجْمَرِ۔ عودان پر کپڑے ڈالنا۔

اِکْتَبٰی بِالعُوْدِ۔ عود سے دھونی دینا۔

اِنْکَبٰی۔ منہ کے بل گرنا۔

الکُبَاءُ۔ بلند۔

الکِبَا والکِبٰی۔ ج۔ کِبَاءٌ۔ والکُبَۃُ ج کُبُوْنٌ۔ کوڑا کرکٹ۔

الکِبَاءُ۔ زمین پر پڑی ہوئی متفرق چیزیں پانی کے چاروں طرف سخت جھاگ۔

الکِبَاءُ۔ دھونی دینے کی عود۔ ج کُبِیٌّ۔

الکَبْوَۃُ۔ کبا کا اسم مرۃ۔ تیرگی۔

الکُبُوْرَۃُ۔ دھونی دینے کی انگیٹھی۔

الکَابِیْ۔ فا۔ محاورہ ہے "فُلَانٌ کَابِی الرَّمَادِ۔ فلاں بہت راکھ والا ہے یہ اس بات کا کنایہ ہے کہ وہ مہمان نواز ہے۔ الفَحْمُ الکَابِیْ۔ بجھا ہوا کوئلہ جو آگ سے خالی ہو۔ رَجُلٌ کَابٍ۔ جو بھلائی کی طرف لانے کے باوجود متوجہ نہ ہو۔ غُبَارٌ کَابٍ بہت غبار۔

الکَابِیَۃُ۔ کابی کا مؤنث۔ جھاگ۔ نَارٌ کَابِیَۃٌ۔ راکھ میں دبی ہوئی آگ۔

کَتَّہٗ (ن)، کَتًّا۔ شمار کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ اَتَانَا بِجَیْشٍ مَا یُکَتُّ۔ وہ ہمارے اوپر بیشمار فوج لے کر آیا۔

کَتَّ و اَکَتَّ و اَکْتَتَّ۔ الکَلَامُ فِیْ اُذُنِہٖ۔ کان میں چپکے چپکے کہنا۔

کَتَّ (ن) کَتِیْتًا۔ آہستہ آہستہ چلنا۔

کَتَّ (ض) کَتًّا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا آہستہ آہستہ چلنا، بڑبڑانا۔ کَتَّتَ۔ القِدْرُ۔ ہانڈی کا اُبلنا۔ کَتَّ الرَّجُلَ۔ مرد کو ذلیل کرنا۔ رنجیدہ کرنا۔

اِکْتَتَّ الحَدِیْثَ۔ بات سننا۔

تَکَاتَّ النَّاسُ۔ لوگوں کا شور کے ساتھ جمع ہونا۔

الکَتُّ۔ مص۔ کم گوشت (مرد یا عورت) دُبلا۔

الکَتَّۃُ۔ کت کا اسم مرۃ۔ زمین کی سبزی۔

الکُتَّۃُ۔ ردی مال۔

الکَتِیْتُ۔ مص۔ ہانڈی اور شراب اُبلنے کی آواز۔ بخیل۔ محاورہ ہے "رَجُلٌ کَتِیْتُ الیَدَیْنِ۔ یعنی بخیل مرد۔

الکَتِیْتَۃُ۔ ایک قسم کا حلوہ۔

کَتَبَ (ن)، کَتْبًا وکِتَابًا وکِتْبَۃً و کِتَابَۃً۔ الکِتَابَ۔ لکھا۔ کَتَبَ عَلَیْہِ کَذَا۔ کسی چیز کے متعلق فیصلہ کرنا۔ واجب کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَتَبَ اللّٰہُ عَلٰی عِبَادِہِ الطَّاعَۃَ وعَلٰی نَفْسِہِ الرَّحْمَۃَ۔ اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کو اطاعت کا حکم دیا ہے اور اپنی ذات پر رحمت کو ضروری قرار دیا ہے۔

کَتَبَ القِرْبَۃَ کَتْبًا۔ مشک کو دوہرے تسموں سے سینا۔

کَتَّبَ الکِتَابَ۔ لکھنا۔ الوَلَدَ۔ بچے کو لکھنا سکھانا۔ الجُنُوْدَ۔ فوج کو تیار کرنا اور انھیں دستوں میں تقسیم کرنا۔

کَاتَبَہٗ مُکَاتَبَۃً۔ خط وکتابت کرنا۔ ساتھ مل کر لکھنا۔

کَاتَبَ العَبْدَ۔ غلام کو مال معین کے ادا کرنے کی شرط پر آزاد کرنے کا معاہدہ کرنا۔

اَکْتَبَہٗ۔ لکھنا سکھانا۔ اسے لکھنے والا پانا۔ القَصِیْدَۃَ۔ قصیدہ لکھوانا۔ القِرْبَۃَ۔ مشک کا باندھنا۔

تَکَتَّبَ الرَّجُلُ۔ کپڑے سمیٹ کر ہوشیار رہنا۔

تَکَتَّبَ الکَتَائِبُ۔ فوج کے دستوں کا جمع ہونا۔

تَکَاتَبَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے سے خط وکتابت کرنا۔

اِکْتَتَبَ الکِتَابَ۔ لکھنا۔ املا کرانا۔ لکھانا۔ لکھنے کی درخواست کرنا۔ اِکْتَتَبَ القِرْبَۃَ۔ مشک کو دوہرے تسمے سے سینا۔ بَطْنُہٗ۔ بند ہونا۔ الرَّجُلُ۔ رجسٹر میں اپنا نام لکھنا۔ اسی سے ہے "اِکْتَتَبَ بِمَالٍ اَوْ اِعَانَۃٍ" اس کا نام اور اس کی مالی امداد لکھی گئی ہے۔

اِسْتَکْتَبَہٗ۔ الشَّیْءَ۔ کسی سے کچھ لکھنے کو کہنا۔ القَصِیْدَۃَ۔ نظم املا کرانے کو

کہنا۔ غُلَامَ۔ لڑکے کو کاتب بنانا۔
الکِتْبَةُ۔ مص۔ کتاب کی نقل۔ حالت کسی حصہ یا رزق کا رجسٹر میں درج ہونا۔
الکُتْبَةُ۔ سینے کا تسمہ۔ مشک وغیرہ کی درز۔
الکِتَابُ۔ مص۔ جس میں لکھا جائے۔ خط، صحیفہ۔ فرض۔ حکم۔ اندازہ۔ ج۔ کُتُبٌ وکُتْبٌ۔ والکِتَابُ عَلَی الْاِطْلَاقِ ہر وہ کتاب جو اللہ کی طرف سے نازل ہو۔ الہامی کتاب۔ اَهْلُ الْکِتَابِ وہ لوگ جو الہامی اور آسمانی کتاب کے پیرو ہوں۔ اُمُّ الْکِتَابِ۔ اصل کتاب۔ سُورۂ فاتحہ۔
الکُتُبِیُّ۔ کتابوں کا محافظ۔ کتب فروش۔
الکِتَابَةُ۔ جو لکھا جائے۔ مال معین کے ادا کرنے پر غلام کو آزاد کرنا۔
الکَتِیْبُ۔ بندھن سے بندھی ہوئی مشک۔
الکَتِیْبَةُ۔ لشکر کا ایک حصہ۔ گھوڑوں کا ریوڑ۔ ج۔ کَتَائِبُ۔
الکَاتِبُ۔ اسم فاعل۔ عالم، منشی، محرر۔ ج۔ کَاتِبُوْنَ۔ کَتَبَةٌ وکُتَّابٌ۔
الکُتَّابُ۔ ج۔ کَاتِبٌ۔ مَکْتَبٌ۔ تعلیم گاہ۔ ج۔ مَکَاتِیْبُ۔
المَکْتَبُ۔ تعلیم گاہ۔ لکھنے کی جگہ۔ ج مَکَاتِبُ۔
المُکْتِبُ۔ فا۔ رَجُلٌ مُکْتِبٌ۔ جس کے پاس کتابیں ہوں۔ جسے لوگ لکھتے رہتے ہوں۔
المُکَتِّبُ۔ کتابت کی تعلیم دینے والا۔
المَکْتُوْبُ۔ مفع۔ خط جو کوئی دوسرے شخص کے پاس بھیجے۔ ج۔ مَکَاتِیْبُ۔
کَتَحَ (ف) کَتْحًا۔ الطَّعَامَ۔ شکم سیر ہو کر کھانا۔
کَتَحَتِ الرِّیْحُ۔ ہوا کا گرد و غبار اڑانا – الدَّبَی الْاَرْضَ۔ کیڑے مکوڑوں کا

نباتات اور درخت وغیرہ کو چاٹ جانا۔
الکَتَدُ و الکَتِدُ۔ دونوں انسانی کندھوں کے درمیان کا حصہ۔ ج۔ اَکْتَادٌ و کُتُوْدٌ۔ کہا جاتا ہے "خَرَجُوْا عَلَیْنَا اَکْتَادًا و اَکْتَادًا" وہ ہمارے خلاف گروہ در گروہ ہو کر نکلے۔
الاَکْتَدُ۔ وہ شخص جس کے کاندھوں کا درمیانی حصہ ابھرا ہوا ہو۔
الکَتَرُ و الکِتْرُ و الکَتَرُ و الکَتْرَةُ۔ بلند کوہان۔
الکِتْرُ۔ بلندی، عمارت، اندازہ، چھوٹا ہودہ۔ ہر چیز کا درمیانی حصہ۔
الکَتْرُ و الکَتَرَةُ۔ لڑکھڑاہٹ کی چال۔
الکُتْرَةُ۔ قبہ۔ گنبد۔ کوہان کا ایک ٹکڑا۔
کَتَشَ کَتْشًا۔ لِاَهْلِهٖ۔ کمانا۔
کَتِعَ (س) کَتَعًا۔ سکڑنا۔ ٹھنگنا ہونا – فِی الْعَمَلِ۔ مستعد ہونا۔ کوشش کرنا۔
کَتَعَ (ف) کَتْعًا۔ بِهٖ۔ لے جانا – کُتُوْعًا۔ فِی الْاَرْضِ۔ دور ہونا اور بھاگنا۔
کَتَّعَ اللَّحْمَ۔ گوشت کے ٹکڑے کرنا۔
کَاتَعَهُ اللّٰهُ۔ خدا اسے تباہ کرے۔
تَکَاتَعَ۔ الرَّجُلَانِ۔ ایک دوسرے کا پیچھا کرنا۔
الکُتَعُ۔ ج۔ کِتْعَانٌ والکُتَیْعُ۔ ذلیل۔
الکُتَیْعُ۔ تن تنہا۔ اکیلا۔ کہا جاتا ہے "مَا بِالدَّارِ کُتَیْعٌ او کُتَاعٌ" یعنی گھر میں ایک بھی نہیں۔ حَوْلٌ کُتَیْعٌ پورا سال۔
الکُتْعَةُ۔ ج۔ کِتَاعٌ۔ و الکُتَعَةُ۔ ج کُتَعٌ۔ و الکُتْعَةُ۔ ج۔ کُتَعٌ۔ چھوٹا ڈول۔
کُتَعُ۔ ج۔ کَتْعَاءُ جو مؤنث کی تاکید میں مستعمل ... کہا جاتا ہے

"اِشْتَرَیْتُ هٰذِهِ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے اس کے سارے گھر کو خرید لیا۔ "رَاَیْتُ اَخَوَاتِكَ جُمَعَ کُتَعَ" میں نے تیری تمام بہنوں کو دیکھا۔ کُتَعَ وصف اور عدل کے دو اسباب کی بنا پر غیر منصرف ہے اور کُتَعَ کو جُمَعَ کے بعد استعمال کرتے ہیں۔ یہ جُمَعَ کے بغیر تنہا نہیں آتا۔ کیونکہ یہ اس کا تابع ہے۔
الاَکْتَعُ۔ لنجا۔ جس کی انگلیاں ہتھیلی کی طرف مڑی ہوئی ہوں۔ یہ لفظ اَجْمَعُ کا تابع بھی ہے۔ اس موقع پر اَجْمَعُ کے بغیر استعمال نہیں ہوتا۔ کہا جاتا ہے "رَاَیْتُهُمْ اَجْمَعِیْنَ اَکْتَعِیْنَ" میں نے ان سب کو دیکھا۔ مؤنث کَتْعَاءُ۔
الکَتْعَاءُ۔ لونڈی۔ یہ بھی مؤنث کی تاکید کے لیے جَمْعَاءُ کا تابع ہے۔ مثال۔ "اِشْتَرَیْتُ الدَّارَ جَمْعَاءَ کَتْعَاءَ" میں نے سارا کا سارا مکان خرید لیا۔ دَاعٍ مُکْتِعٌ۔ منفرد ہے۔ یہ محاورہ بھی ہے۔ "جَاءَ مُکْتِعًا و مُکَوْتِعًا" وہ تیز رفتاری سے آیا۔
کَتَفَ (ض) کَتْفًا و کَتِیْفًا۔ آہستہ چلنا یا کندھا ہلاتے ہوئے چلنا۔ کجاوہ کے دونوں کناروں کو ایک دوسرے کے ساتھ باندھنا۔ – فِی الْاَمْرِ۔ نرمی کرنا۔ کَتْفًا و کِتَافًا۔ الرَّجُلَ۔ مرد کی مشکیں کسنا۔ کندھے پر مارنا – السَّرْجُ بِالدَّابَّةِ۔ زین کا کندھے کو زخمی کرنا۔ الْاِنَاءَ۔ برتن کو لوہے وغیرہ کے پتر سے جوڑنا – الْاَمْرَ۔ کسی کام کو ناپسند کرنا۔ کَتْفًا و کَتَفَانًا – الطَّائِرُ۔ پرندہ کا بازوؤں کو پیچھے کی طرف ملا کر اڑنا۔

كَتِفَ (س) كَتَفًا چوڑے یا بڑے کندھوں والا ہونا۔ کندھے میں درد یا تکلیف ہونا
كَتِفَ الرَّجُلُ۔ مرد کا آہستہ چلنا۔
كَتَّفَ الرَّجُلَ۔ کسی کی مشکیں کسنا۔ کندھوں کے پیچھے ہاتھوں کو باندھنا۔
الْإِنَاءَ۔ برتن کو لوہے وغیرہ کے پترے سے جوڑنا۔ اللَّحْمَ وَنَحْوَهُ۔ گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا۔
الْفَرَسُ۔ گھوڑے کا چلنے میں کندھوں کو ہلانا۔
تَكَتَّفَ۔ سینے پر ہاتھ باندھنا
تَكَاتَفَتِ الْخَيْلُ۔ گھوڑے کا چلنے میں کندھوں کو اٹھانا۔
الْكَتِفُ وَالْكِتْفُ وَالْكَتْفُ۔ شانہ۔ کندھا۔ مونث ہے۔ ج۔ كِتَفَةٌ و أَكْتَافٌ۔ ضرب المثل ہے "إِنَّهُ لَيَعْلَمُ مِنْ أَيْنَ تُؤْكَلُ الْكَتِفُ" اس چالاک شخص کے حق میں بولتے ہیں جو معاملات کے داؤ پیچ سے خوب واقف ہو۔
الْكَتَفُ۔ کندھے کے درد کی وجہ سے جانوروں کی لنگڑاہٹ۔ کندھے کی کوتاہی وکمی۔
الْكُتَافُ۔ کندھے کا درد۔
الْكِتَافُ۔ مشکیں کسنے کی رسی۔ ج۔ أَكْتِفَةٌ وكُتُفٌ وكُتْفٌ۔
الْكَاتِفُ۔ فا۔ ناپسند کرنے والا۔
الْأَكْتَفُ۔ مِنَ الْخَيْلِ وَالْجِمَالِ۔ وہ گھوڑا یا اونٹ جس کے کندھے میں درد ہو۔ مونث كَتْفَاءُ۔ ج۔ كُتْفٌ۔
الْأَكْتَفُ مِنَ الرِّجَالِ۔ وہ مرد جس کے کندھے میں درد ہو۔ مِنَ الْخَيْلِ وہ گھوڑا جس کے کندھے کے اوپر کا حصہ چوڑا ہو اور اس میں کشادگی ہو۔
الْكَتِيفُ۔ لوہے وغیرہ کا چوڑا پتر۔ چوڑی تلوار۔ ج۔ كُتُفٌ۔
الْكَتِيفَةُ۔ دروازے کی بلی یا چٹخنی۔ جماعت کینہ۔ ج۔ كَتَائِفُ۔
الْكَتَفَانُ وَالْكِتْفَانُ۔ ٹڈیاں جو پہلی مرتبہ اڑیں۔ اس کا واحد كُتْفَانَةٌ ہے۔
الْمُكْتَافُ۔ وہ جانور جس کا شانہ زین سے زخمی ہو گیا ہو۔
كَتْكَتَ الرَّجُلُ۔ بغیر قہقہہ کے ہنسنا۔
تَكَتْكَتَ۔ آہستہ آہستہ چلنا۔ چھوٹے چھوٹے قدم سے تیز چلنا۔
الْكُتْكَاتُ۔ جلدی جلدی بہت بولنے والا۔
كَتَلَهُ (ن) كَتْلًا۔ قید کرنا۔ باز رکھنا۔
كَتِلَ (س) كَتَلًا۔ چمٹنا۔ صفت كَتِلٌ۔
الْحِمَارُ۔ گدھے کا زمین پر لوٹنے سے غبار آلود ہونا۔
كَاتَلَهُ اللّٰهُ۔ اللہ اسے غارت کرے۔
كَتَّلَ الشَّيْءَ۔ کسی چیز کو جمع کرنا اور اسے گول بنانا۔
تَكَتَّلَ الْقَصِيرُ۔ پستہ قد کا چھوٹے چھوٹے قدم سے چلنا جیسے وہ لڑھک رہا ہو۔ الشَّيْءُ۔ جمع ہونا۔ تہ بتہ ہونا اور گول ہونا۔
اِنْكَتَلَ۔ گندھنا۔ جانا۔
الْكُتْلَةُ مِنَ الطِّينِ وَنَحْوِهٖ۔ مٹی وغیرہ کا جمع شدہ تہ بتہ ڈھیر۔ گوشت کا ٹکڑا۔ کھجور کا گچھا۔ ج۔ كُتَلٌ۔
الْكُتَالُ۔ نفس۔ ضرورت وحاجت جو پوری کی جائے۔ مشقت۔ درست کیا ہوا لباس یا کھانا۔ تنگ زندگی۔ گوشت۔ قوت۔
الْكُتْلُ۔ موٹاپا۔ کہاوت ہے۔ أَلْقَى عَلَيْهِ كُتَالَهُ۔ اس نے اس پر اپنا بوجھ ڈالا۔
الْكَتِيلَةُ۔ درخت خرما جو ہاتھ سے اونچا ہو۔ ج۔ كَتَائِلُ۔
الْأَكْتَلُ۔ سخت مصیبت۔
الْمِكْتَلُ وَالْمِكْتَلَةُ۔ کھجور کے پتوں سے بنا ہوا ٹوکرا۔ ج۔ مَكَاتِلُ۔
الْمُكْتَتِلُ۔ مصائب زمانہ میں سے ایک مصیبت۔
الْكَاثُولِيكُ۔ رومن کیتھولک جو پطرس کے جانشین، پاپائے روم کے پیرو ہیں واحد کاثولیکی اور جمع کاثولیکیون (یہ لفظ دخیل ہے)
كَتَمَ (ن) كَتْمًا وكِتْمَانًا وكَتَّمَ و اِكْتَتَمَ۔ الشَّيْءَ کسی چیز کو پوشیدہ کرنا۔ چھپانا۔ بعض اوقات كَتَمَ دو مفعولوں کے ساتھ متعدی ہوتا ہے۔ جیسے كَتَمْتُ زَيْدًا الْحَدِيثَ۔ میں نے زید سے بات چھپائی۔ مفعول اول میں مِنْ بھی بڑھایا جاتا ہے۔ جیسے كَتَمْتُ مِنْ زَيْدٍ الْحَدِيثَ۔
كَتَّمَ الشَّيْءَ۔ کسی چیز کو بہت چھپانا (مبالغہ)
اِكْتَتَمَ الشَّيْءُ۔ زرد ہونا۔
كَتَمَ (ن) كُتُومًا وكِتَامًا۔ الْإِنَاءَ۔ برتن کا دودھ یا پینے کی چیز کو بہنے سے روک رکھنا۔
كَاتَمَهُ مُكَاتَمَةً۔ السِّرَّ۔ بھید چھپانا۔ كَاتَمَهُ الْعَدَاوَةَ۔ دشمنی کو چھپانا۔
تَكَاتَمَ۔ الرَّجُلَانِ الْحَدِيثَ۔ ایک دوسرے سے بات پوشیدہ رکھنا۔
اِنْكَتَمَ۔ چھپنا۔ کتم کا تابع۔
اِسْتَكْتَمَ۔ السِّرَّ فُلَانًا۔ کسی کو بھید چھپانے کے لیے کہنا۔
الْكِتْمَةُ۔ پوشیدگی۔
الْكَتَمُ والْكِتْمَانُ۔ وہ وسمہ جس سے خضاب بناتے ہیں اور اس سے لکھنے کے لیے روشنائی بناتے ہیں۔
الْكَاتِمُ۔ فا۔ کہا جاتا ہے "سِرٌّ كَاتِمٌ" بمعنی مَكْتُومٌ۔ یعنی چھپا ہوا۔ بھید۔

قَوْسٌ كَاتِمَةٌ۔ ثابت کمان جس میں
کوئی شگاف وغیرہ نہ ہو۔
الكَتْمَةُ۔ کتم کا اسم مرۃ ہے۔ محاورہ
ہے "مَا رَاجَعْتُهُ كَتْمَةً" میں
نے اس سے ایک لفظ بھی جواب
میں نہیں کہا۔
الكُتَمَةُ و الكِتَامُ و الكِتْمَانُ۔ بھید
کو بہت چھپانے والا۔
الكَتُومُ۔ بھید چھپانے والا۔
الكَتِيمُ۔ مِنَ القِسِيِّ۔ ثابت اور
درست کمان۔ یا وہ کمان جس سے
آواز نہ نکلے۔ خَرْزٌ كَتِيمٌ۔ درز جو
کشادہ نہ ہو اور پانی نہ ٹپکے۔
الأَكْتَمُ۔ بڑے پیٹ والا بشکم سیر۔
المُكْتَتِمُ۔ فا۔ سَحَابٌ مُكْتَتِمٌ۔
بادل جس میں گرج نہ ہو۔
كَتِنَ (س) كَتَنًا۔ الوَسَخُ عَلَى الشَّيْءِ۔
میل کا کسی چیز پر جمنا۔ الشَّيْءُ۔ میل
کچیل لگنا۔ دھوئیں سے سیاہ ہونا۔
النَّخْلَةُ۔ درخت خرما کی جڑوں پر
مٹی چڑھ جانا۔ فلانٌ۔ سیاہ لب ہونا۔
كَتَّنَ و أَكْتَنَ۔ الشَّيْءَ۔ کسی چیز کو چپکانا
تَكَتَّنَتِ المَرْأَةُ۔ عورت کا برقع دستانے
اور موزے پہننا۔
الكَتَنُ۔ ہونٹ کی سیاہی۔ دیوار کا دھوئیں
سے سیاہ ہونا۔ میل کچیل چپکنا۔ کھجور
کی جڑ کی مٹی۔
الكِتْنُ و الكَتِنُ۔ پیالہ۔ سِقَاءٌ كَتِنٌ۔
میلی کچیلی مشک۔
الكَتَّانُ۔ السی کا پودا جس سے کپڑے
تیار ہوتے ہیں۔
الكَتَّانُ۔ سبز کائی جو پانی کے اوپر ہوتی
ہے۔ لَبِسَ المَاءُ كَتَّانَهُ۔ پانی پر
کائی جم گئی، اس کا سر سبز ہو گیا۔
الكَتُّونَةُ۔ کاہن کی قمیص جسے وہ خدمت
کے موقع پر پہنتا ہے۔ (دخیل)
كَتَا يَكْتُو كَتْوًا۔ چلنے میں قریب قریب
قدم رکھنا۔
اِكْتَى اِكْتِاءً۔ دشمن پر غالب آنا۔
اِكْتَوَى اِكْتِيتَاءً۔ بہت غصہ میں ہونا
بغیر عمل کے بہت زیادہ اپنی تعریف
کرنا۔
كَثَّ (ض) كَثَاثَةً وَكُثُوثَةً وَكَثَّ
(س) كَثَثًا۔ گاڑھا اور گھنا ہونا۔
الشَّعْرُ۔ بالوں کا گھنا ہونا۔
اللِّحْيَةُ۔ داڑھی کا گھنی اور گھونگھریالی
ہونا۔ بِسَلْحِهِ۔ پاخانہ کرنا۔
أَكَثَّ۔ الرَّجُلُ۔ مرد کا گھنی داڑھی رکھنا۔
صفت كَثٌّ۔ ج۔ كِثَاثٌ۔
أَكَثُّ۔ مؤنث كَثَّاءُ۔ ج۔ كُثٌّ۔
الكَثُّ و الكَثِيثُ۔ گھنی۔ کثیف۔ کہا
جاتا ہے "هُوَ كَثُّ اللِّحْيَةِ و
كَثِيثُهَا" وہ مرد گھنی داڑھی والا
ہے۔ "اِمْرَأَةٌ كَثَّةٌ" و "كَثَّاءُ"
گھنے بال والی عورت۔
الكَثِيثُ۔ جن وغیرہ کا باریک دھاگا
جو بکھر جائے۔
الكَاثُّ۔ کٹی ہوئی کھیتی کے منتشر دانے
جو دوبارہ اگ آئیں۔
كَثَأَ (ف) كَثْأً وَكَثَاءً و كُثُوءًا۔
اللَّبَنُ وَنَحْوُهُ۔ دودھ کا پانی کے
اوپر آنا اور صاف پانی کا نیچے آنا۔
القِدْرُ۔ ہانڈی کا جھاگ دینا۔
اللِّحْيَةُ۔ داڑھی کا لمبا اور گھنا ہونا۔
الزَّرْعُ۔ کھیتی کا سخت اور گنجان
ہونا۔ القِدْرَ۔ ہانڈی سے جھاگ
علیحدہ کرنا۔ الرَّجُلُ۔ مرد کا بالائی
کھانا۔ أَوْبَارُ الإِبِلِ۔ اونٹ کے
بال کا نکلنا۔
اِكْثَأَتِ اللِّحْيَةُ۔ داڑھی گھنی اور
لمبی ہونا۔
الكَثْأَةُ و الكُثْأَةُ۔ مِنَ اللَّبَنِ۔
بالائی۔ مِنَ المَاءِ۔ وہ چیز جو پانی کی
سطح کے اوپر آ جائے۔ خُذْ كَثْأَةَ
قِدْرِكَ۔ اپنی ہانڈی کے جھاگ
علیحدہ کرو۔
كَثَبَ (ن ض) كَثْبًا۔ الشَّيْءَ۔ کسی چیز کو
جمع کرنا۔ الشَّيْءُ۔ جمع ہونا۔ القَوْمُ
اکٹھا ہونا۔ فِي المَكَانِ۔ داخل ہونا
۔ المَاءَ۔ پانی گرانا۔ التُّرَابَ۔
مٹی اڑانا۔ عَلَيْهِ۔ کسی پر حملہ کرنا
۔ الصَّيْدُ فُلَانًا۔ شکار کا قریب
ہونا۔ کہاوت ہے "كَثَبَكَ الصَّيْدُ
فَارْمِهِ" شکار تمہارے قریب
ہے، تیر چلاؤ۔ جَاءَ يَكْثُبُهُ۔ وہ
اس کے پیچھے آیا۔
كَثُبَ۔ لَبَنُ النَّاقَةِ۔ اونٹنی کا دودھ
کم ہونا۔
كَثَّبَ الشَّيْءُ۔ کسی چیز کا کم ہونا۔
كَاثَبَ القَوْمَ۔ قوم سے قریب ہونا۔
أَكْثَبَ الرَّجُلُ و إِلَيْهِ و مِنْهُ و لَهُ۔
قریب ہونا۔ فلانًا۔ کسی کو تھوڑا
پلانا۔
اِنْكَثَبَ الرَّمْلُ۔ ریت کا جمع ہونا اور
ایک دوسرے پر منتشر ہونا۔
الكَثَبُ۔ قریب۔ نزدیکی۔ کہا جاتا ہے
"رَمَاهُ مِنْ كَثَبٍ أَوْ عَنْ كَثَبٍ"
اس نے اس کو قریب سے مارا۔
الكُثْبَةُ۔ تھوڑا پانی یا دودھ۔ ہر تھوڑی
جمع شدہ چیز۔ پہاڑ کے درمیان پست
زمین۔ ج۔ كُثَبٌ۔
الكَاثِبَةُ۔ كَاثِبٌ کا مونث۔ مِنَ
الفَرَسِ۔ گھوڑے کی پیٹھ کا بالائی
حصہ۔ ج۔ كَوَاثِبُ۔
الكُثَّابُ۔ بہت۔ کثیر۔

الکُثَاب و الکُثّاب۔ بغیر پیکان اور بغیر پر کا تیر۔
الکَثِیب۔ ریت کا ٹیلہ۔ ج کُثُب و کُثبان و اَکثِبَۃ۔
الکُثْبَاء۔ مٹی۔
کَثِجَ (ن)، کَثْجًا۔ مِنَ الطَّعَامِ۔ بقدر کفایت کھانا۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلے جانا۔
کَثَحَ (ف)، الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو جمع کرنا، بکھیرنا۔
کَثَحَتِ الرِّیحُ التُّرابَ عَلَیْہِ۔ ہوا کا غبار اڑانا۔
کَثِحَ۔ مِنَ الْمَالِ۔ مال خواہش کے مطابق ہونا۔
کَثَحَ۔ عَنْ کَذَا۔ کھولنا۔ کہا جاتا ہے "کَثَحَتْہُ الرِّیحُ۔ اس کو ہوا نے کھول دیا۔
تَکَاثَحَ الْقَوْمُ بِالسُّیُوفِ۔ آپس میں شمشیر زنی کرنا۔
تَکَثَّحَ بِالْحَصَی۔ بے تکلف کنکریوں سے مارنا۔
الکُثْحَۃُ مِنَ النَّاسِ۔ چھوٹی سی جماعت
کَثُرَ (ک)، کَثْرَۃً و کَثَارَۃً۔ بہت ہونا صفت کثرۃ۔ کَثِیرٌ و کُثَارٌ و کَاثِرٌ و کَیْثَرٌ۔
کَثَرَ (ن)، کَثْرًا۔ الرَّجُلَ۔ کثرت میں غالب ہونا۔
کَثَّرَہٗ۔ زیادہ کرنا۔
اَکْثَرَ۔ الرَّجُلُ۔ بہت مالدار ہونا۔ بہت لانا۔ الشَّیْءَ۔ زیادہ کرنا۔ کسی چیز کو بہت شمار کرنا یا افراط سے پانا۔ النَّخْلُ۔ درخت خرما کا شگوفہ دار ہونا۔ کہا جاتا ہے "اَکْثَرَ اللّٰہُ فِینَا مِثْلَکَ"۔ خدا تعالیٰ تمہارے جیسے کو ہمارے اندر داخل کرے۔
کَاثَرَہٗ۔ کثرت میں غالب آنا۔ کثرت مال یا کثرت عدد پر فخر کرنا۔ کَاثَرَ الْمَاءَ۔ پینے کے لیے پانی زیادہ چاہنا۔
تَکَثَّرَ بِمَالِ غَیْرِہٖ۔ دوسرے کے مال سے غنی ہونا۔ مِنَ الشَّیْءِ۔ کسی چیز سے بہت لینا۔ بِالْکَلَامِ۔ بہت گفتگو کرنا۔ فُلَانٌ۔ کثرت ظاہر کرنا۔
تَکَاثَرَ الْقَوْمُ۔ بہت ہونا۔ کثرت میں ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو بہت سمجھنا یا بہت شمار کرنا۔ مِنَ الشَّیْءِ۔ کسی چیز کو بہت کرنا یا اس کی بہت خواہش کرنا۔
الکِثْرُ و الکُثْرُ۔ بہت۔ قِلٌّ اور قُلٌّ کی ضد۔
کُثْرُ۔ الشَّیْءِ۔ چیز کی بہتات۔ کہاوت ہے "اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلَی الْقِلِّ وَ الْکُثْرِ" کمی اور زیادتی پر خدا کا شکر ہے۔
الکَثْرَۃُ۔ بہتات۔ زیادتی۔
الکِثْرَۃُ۔ بالکسر (زیر کے ساتھ) یہی معنی ہے۔ مگر یہ تلفظ صحیح نہیں ہے۔ بعض نے قلت کے لفظ کے ساتھ اسے صحیح کہا ہے جیسے اَلْقِلَّۃُ و الکِثْرَۃُ۔
الکَثَرُ۔ مِنَ النَّبِیذِ و نَحْوِہٖ۔ نبیذ وغیرہ کی زیادتی۔
الکَثِیرُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "رِجَالٌ کَثِیرٌ و کَثِیرَۃٌ و کَثِیرُونَ۔ و نِسَاءٌ کَثِیرٌ و کَثِیرَۃٌ و کَثِیرَاتٌ"۔ کہا جاتا ہے "کَثِیرًا مَا یَفْعَلُونَ کَذَا"۔ اس میں کثیرًا ظرفیت کی بناء پر منصوب ہے۔ اس لیے کہ یہ احیانًا کی صفت ہے اور مَا تاکید کے لیے زائد مستعمل ہے۔ بعض نے مفعول مطلق ہونے کی وجہ سے اسے منصوب مانا ہے اور مَا کثرت میں مبالغہ کے معنوں میں زائد ہے
الکُثَارُ۔ بہت۔
الکِثَارُ۔ جماعتیں، کہا جاتا ہے "فی الدار کُثَارٌ او کِثَارٌ مِنَ النَّاسِ"۔ گھر میں لوگوں کی جماعتیں ہیں۔ یہ الفاظ صرف جانداروں کے لیے مستعمل ہیں۔ بے جان چیزوں کے لیے نہیں ہیں۔
الکَیْثَرُ۔ بہت فیاض مرد۔
المُکْثِرُ۔ مالدار۔
المِکْثَارُ و المِکْثِیرُ۔ بہت بولنے والا۔ (مذکر و مؤنث دونوں کے لیے)۔
المَکْثُورُ۔ مغمور مغلوب۔ وہ شخص جس پر بہت سے آدمی جمع ہو جائیں اور اسے دبالیں۔ وہ شخص جس کا سرمایہ ختم ہو جائے۔ اور اس پر لوگوں کے حقوق اور مطالبات بہت زیادہ ہو جائیں۔
کَثَعَ (ف)، کَثْعًا۔ اللَّبَنُ۔ دودھ کا گاڑھا اور بالائی والا ہونا۔
کَثَعَتْ (ف)، کُثُوعًا و کَثْعَتْ۔ بکری کے پیٹ کا نرم اور ڈھیلا ہونا۔
کَثَعَتْ (ف)، کَثْعًا و کُثُوعًا و کَثِعَتْ (س) کَثَعًا۔ الشَّفَۃُ۔ ہونٹ سے بہت خون نکلنا۔ یہاں تک کہ الٹنے کے قریب ہو جائے۔ ایسے ہونٹ کو کَاثِعَۃ اور ایسے ہونٹ والے کو اَکْثَع کہتے ہیں
کَثَّعَ اللَّبَنُ او الغَنَمُ۔ یعنی کَثَعَ۔
کَثَّعَتِ الْاَرْضُ۔ زمین سے نباتات کا ظاہر ہونا۔ القِدْرُ۔ ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔ الجُرْحُ۔ زخم کے اوپر کے حصہ کا اچھا ہونا۔ لِحْیَۃُ فُلَانٍ۔ ڈاڑھی لمبی اور گھنی ہونا۔ فُلَانٌ السِّقَاءَ۔ مشکیزہ کے اوپر کی چکناہٹ کو کھانا۔
الکُثْعَۃُ و الکُثَعَۃُ۔ بالائی۔ ہانڈی کے جھاگ۔ الکُثْعَۃُ۔ اوپر کے ہونٹ کے درمیان کا فرق یا گڑھا۔

الکَثِعَۃُ۔ گارا۔ کیچڑ۔ گیلی مٹی۔
المُکْثِعُ۔ فا۔ اِمْرَأَۃٌ مُکْثِعَۃٌ " وہ عورت جس کے ہونٹوں یا مسوڑھوں سے بہت خون نکلے۔
کَثُفَ (ک) کَثَافَۃً وتَکَاثُفَ۔ موٹا ہونا۔ بہت ہونا۔ گنجان ہونا۔ صفت کَثِیْفٌ۔ دودھ۔
کَثَّفَہٗ۔ موٹا کرنا۔ کثیف کرنا۔ گاڑھا کرنا۔
اَکْثَفَ مِنْہُ۔ قریب ہونا۔ امکان۔
اِسْتَکْثَفَ۔ کسی چیز کا کثیف یا گاڑھا ہونا۔ الشیَٔ۔ کسی چیز کو کثیف پانا یا سمجھنا۔ الأمرُ۔ کسی کام کا بلند اور اونچا ہونا۔
الکِثْفُ۔ جماعت۔
الکَثِیْفُ۔ کثافت والا۔ گاڑھا۔ کہا جاتا ہے "رَجُلٌ کَثِیْفٌ" سخت اور بدحالی کی زندگی بسر کرنے والا مرد۔
الکُثَافُ۔ بہت۔
کَثْکَثَ الرَّجُلُ۔ گھنی ڈاڑھی ہونا۔
الکِثْکِثُ و الکَثْکَثُ۔ مٹی۔ سنگریزے
کَثَلَ (ن) کَثْلًا۔ الشیَٔ۔ جمع کرنا۔
الکُثْلُ۔ گروہ۔ جماعت۔
الکَوْثَلُ و الکَوْثَلُ۔ کشتی کا دنبالہ۔
الکَاثُولِیْکُ۔ مذہب کیتھولک فرقہ۔
کَثَمَ (ض) کَثْمًا۔ الشیَٔ۔ جمع کرنا۔ الأثرَ۔ اتباع کرنا۔ پیروی کرنا۔ الشیَٔ۔ منہ میں رکھ کر توڑنا۔
کَثَمَہٗ مِنَ الأمرِ۔ کسی چیز سے باز رکھنا۔
کَثِمَ (س) کَثَمًا۔ شکم سیر ہونا۔ بڑے پیٹ والا ہونا۔ صفت أَکْثَمُ۔
کَاثَمَہٗ۔ قریب لانا۔ میل ملاپ رکھنا۔
أَکْثَمَ۔ القِرْبَۃَ۔ مشک بھرنا۔ فی بَیْتِہٖ۔ گھر میں روپوش ہونا۔
اَکْثَمَہٗ۔ الصَّیْدُ۔ شکار کا قریب ہونا۔

تَکَثَّمَ۔ حیران ہونا۔ توقف کرنا۔ چھپنا۔
اِنْکَثَمَ۔ غمگین ہونا۔ عَنْ وَجْہِ کَذَا۔ پھر جانا۔
الکَثَمُ و الکَاثِمُ۔ عَنِ الطِّیْنِ و نحوہٖ۔ گاڑھا کیچڑ وغیرہ۔
کَثَمُ۔ الطَّرِیْقِ۔ راستہ کا ظاہری حصہ کہا جاتا ہے "رَمَاہُ عَنْ کَثَمٍ" اس نے اس پر قریب سے تیر مارا۔
الأَکْثَمُ۔ چوڑا راستہ۔ وَطْبٌ أَکْثَمُ دودھ سے بھرا ہوا برتن۔
الکُثْعُلَۃُ۔ گلدستہ۔
الکُحُّ۔ خالص۔ کہاوت ہے "ھُوَ عَرَبِیٌّ کُحٌّ" وہ خالص عربی ہے۔
کَحَبَ۔ الکَرْمُ۔ کچا انگور ظاہر ہونا۔
الکَحْبُ۔ کچا انگور۔ واحد کَحْبَۃٌ۔
الکَاحِبُ۔ بہت۔ کہا جاتا ہے "عِنْدَہٗ دَرَاھِمُ کَاحِبَۃٌ" اس کے پاس بہت درہم ہیں۔
کَحَتَ (ف) کَحْتًا۔ لَہٗ مِنَ المَالِ۔ دونوں ہاتھوں سے مال دینا۔
کَحَصَ (ف) کُحُوْصًا۔ الأثرُ۔ نشان مٹنا۔ الظَّلِیْمُ۔ شتر مرغ کا زمین میں اس طرح جانا کہ وہ دکھائی نہ دے۔ الرَّجُلُ۔ پیٹھ موڑ کر بھاگنا۔ کَحْصًا۔ البِلَی فُلَانًا۔ مٹانا۔ محو کرنا۔ بِرِجْلِہٖ۔ پاؤں سے کریدنا۔ الأرضَ۔ زمین سے غبار اڑانا۔ الشیَٔ۔ کوٹنا۔ کَحْصًا و کَحَّصَ۔ الأثرَ۔ نشان مٹانا۔
الکَاحِصُ۔ فا۔ پیر سے کریدنے والا۔ مؤنث کَاحِصَۃٌ۔ ج۔ کَوَاحِصُ۔ أَطْلَالٌ کَوَاحِصُ۔ مکان کے مٹے ہوئے نشانات۔
کَحَطَ (ف) کَحْطًا۔ الطَّعَامُ۔ قحط۔ خشک سالی ہونا۔ صفت کَاحِطٌ۔

الکُحْکُوْحُ۔ جسم کے اعضاء۔
کَحَلَ (ف ن) کَحْلًا و کَحَلَ۔ العَیْنَ آنکھوں میں سرمہ لگانا۔ صفت کَاحِلٌ و کَحَّالٌ۔ کَحَلَ السُّھَادُ عَیْنَہٗ۔ بیداری کا کنایہ ہے۔ بیخوابی۔
کَحِلَ (ف) کَحْلًا و اَکْحَلَ۔ العَامُ۔ سخت خشک سالی ہونا۔ السِّنُوْنَ القَوْمَ۔ قحط پڑنا۔
کَحَّلَ و أَکْحَلَ و تَمَکْحَلَ و اِکْتَحَلَ و اِکْحَالَّ۔ المَکَانُ بِالخُضْرَۃِ کسی جگہ نباتات کی ابتدائی سبزی ظاہر ہونا۔
کَحِلَتْ کَحْلًا و اِکْحَالَّتْ۔ العَیْنُ۔ آنکھ کا سرگیں ہونا۔
کَحِلَ الرَّجُلُ۔ سرگیں آنکھ والا ہونا۔
تَکَحَّلَ و اِکْتَحَلَ۔ آنکھوں میں سرمہ لگانا۔
اِکْتَحَلَ۔ فُلَانٌ۔ نرمی کے بعد سختی میں مبتلا ہونا۔ السُّھَادَ۔ بیدار رہنا۔ اور نیند نہ آنا۔ وَجْھُہٗ بِالصُّبْحِ۔ چہرہ پر صبح کا اثر ظاہر ہونا۔ محاورہ ہے "مَا اکْتَحَلْتُ عَیْنِی بِکَ" میں نے تم کو نہیں دیکھا۔
الکَحْلُ۔ مص۔ سخت قحط کا سال۔
کَحَلُ کَحْلُ کَحْلَۃُ۔ غیر منصرف ہیں۔ آسمان کے نام ہیں۔ کہا جاتا ہے "صَرَّحَتْ کَحْلُ" جبکہ آسمان میں بادل نہ ہوں۔
الکُحْلُ۔ سنگ سرمہ۔ ہر وہ چیز جو آنکھوں میں شفا کے لیے ڈالی جائے۔ مال کثیر۔
الکَحَلُ۔ پیدائشی طور پر آنکھوں کا سرگیں ہونا۔
الکِحَالُ۔ سنگ، سرمہ۔
الکَحْلُ و الکَحْلَۃُ۔ مہرۂ تعویذ اور

بقول بعض جبرہ نظر بد۔ عَیْنٌ کَحِیْلٌ و کَحِلٌ و کَحِیْلَۃٌ۔ سرگیں آنکھ۔ ج۔ کَحْلیٰ و کَحَائِلُ۔
اَعْیُنٌ کَحْلَاءُ۔ سرگیں آنکھیں۔
اَلْکَحِیْلُ۔ نفط۔ قطران جو اونٹوں پر ملا جاتا ہے۔
اَلْاَکْحَلُ۔ سرگیں عرق۔ بازو کی ایک رگ کا نام جس کی فصد کھولی جاتی ہے۔
اَلْکَحْلَاءُ۔ اَلْاَکْحَلُ کا مونث۔ ج۔ کُحْلٌ۔ وہ عورت جس کی آنکھیں بہت سیاہ ہوں۔ سفید جسم اور سیاہ آنکھوں والا مینڈھا۔
اَلْکَحْلَاءُ و اَلْکُحَیْلَاءُ۔ گاؤزبان۔
اَلْکَحَّالُ۔ سرمہ ساز۔
اَلْمِکْحَلُ و اَلْمِکْحَالُ۔ سرمہ کی سلائی
مُکْحُلَۃٌ۔ سرمہ دانی۔
کَحَی یَکْحِیْ کَحْیًا۔ اَلشَّیْءُ۔ خراب ہونا فاسد ہونا۔
کَخَّ (ض) کَخًّا و کَخِیْخًا۔ فِیْ نَوْمِہٖ۔ خراٹے لینا۔
کَدَّ (ن) کَدًّا۔ سخت کام کرنا۔ روزی تلاش کرنا۔ سائل کی طرح انگلی سے اشارہ کرنا۔ مانگنے میں اصرار کرنا۔
الرَّجُلَ۔ تھکانا۔ الرَّأْسَ۔ سر میں کنگھی کرنا یا سر کو بہت کھجانا۔
الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو ہاتھ سے چھیننا۔
کَدَّدَہٗ۔ سختی سے ہٹانا اور جدا کرنا۔
تَکَدَّدَ۔ تکلیف برداشت کرنا۔
اَکَدَّ و اکْتَدَّ۔ کنجوسی کرنا۔
اِکْتَدَّ۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو ہاتھ سے چھیننا۔
اِکْتَدَّہٗ و اِسْتَکَدَّہٗ۔ کام میں محنت کرانا۔
اَلْکَدُّ۔ مص۔ کوشش، محنت، وہ چیز جس میں کوئی چیز کوٹی جائے جیسے ہاون۔

محاورہ ہے "لَیْسَ ھٰذَا مِنْ کَدِّکَ وَلَا مِنْ کَدِّ اَبِیْکَ" یہ تمھاری اور تمھارے باپ کی کوشش سے حاصل نہیں ہوئی۔
اَلْکِدَّۃُ و اَلْکَدِیْدُ۔ سخت زمین۔
اَلْکَدِیْدُ۔ موٹا موٹا پسا ہوا نمک۔ وادی سے زیادہ فراخ زمین۔
اَلْکُدَادَۃُ و اَلْکُدَدَۃُ و اَلْکَدَدَۃُ ہانڈی کی کھرچن۔
کُدَادَۃُ السَّمْنِ۔ گھی کی تلچھٹ۔
کُدَادَۃُ الْکَلَاءِ۔ تھوڑی گھاس۔
اَلْکَدُوْدُ۔ بہت محنت کرنے والا آدمی۔ بخیل۔ بِئْرٌ کَدُوْدٌ۔ وہ کنواں جس کا پانی مشکل سے نکل سکے۔
اَلْاَکِدَّۃُ۔ چری ہوئی چراگاہ کا بقیہ حصہ۔
قَوْمٌ اَکَادِیْدُ و کَادِیْدُ۔ ان الفاظ کا واحد مستعمل نہیں ہے۔ کہا جاتا ہے "رَأَیْتُھُمْ اَکَادِیْدَ و کَادِیْدَ" میں نے انھیں ٹولیوں میں دیکھا۔
إِبِلٌ اَکْدَادٌ۔ تیز چلنے والے اونٹ۔
اَلْمِکَدُّ۔ کنگھی۔
اَلْمَکْدُوْدُ۔ مفعو۔ مغلوب۔ اَرْضٌ مَکْدُوْدَۃٌ۔ کھروں سے روندی ہوئی زمین۔
کَدَأَ و کَدُؤَ (ف س) کَدْأً و کُدُوْءًا۔ النَّبْتُ۔ نباتات کا سردی یا پانی نہ پہنچنے کی وجہ سے مرجھانا۔ اور نہ بڑھنا۔
کَدِیءَ کَدَأً (س) الْغُرَابُ۔ کوے کا قے کرنے جیسی آواز نکالنا۔ البَقْلُ۔ سبزیوں کا چھوٹا اور خراب ہونا۔
الْاِبِلُ۔ اونٹ کا کم بال والا ہونا۔
کَدَأَ و کَدَّأَ۔ البَرْدُ النَّبَاتَ۔ سردی کا نباتات کو زمین سے اوپر بڑھنے نہ دینا۔ اَرْضٌ کَادِئَۃٌ۔

اَلْاَوْبَارِ۔ کم بال والے اونٹ۔
اَلْکُدَابُ و الْکَدَبُ و الْکَدِبُ۔ جوانوں کے ناخن کی سفیدی۔ واحد کَدَبَۃٌ۔
دَمٌ کَدِبٌ۔ تازہ خون۔
کَدَجَ (ن) کَدْجًا۔ الرَّجُلُ۔ بقدر کفایت پینا۔
کَدَحَ (ف) کَدْحًا۔ فِی الْعَمَلِ۔ کام میں بہت محنت کرنا۔
کَدَحَ۔ لِعِیَالِہٖ۔ اہل وعیال کے لیے کمانا۔ رَأْسَہٗ بِالْمُشْطِ۔ کنگھی سے سر کے بالوں کو علیحدہ کرنا۔
کَدَّحَ الْوَجْہَ۔ چہرہ کو نوچنا۔
اِکْتَدَحَ۔ لِعِیَالِہٖ۔ اہل وعیال کے لیے رزق کمانا۔
تَکَدَّحَ الْجِلْدُ۔ خراش آنا۔ کہا جاتا ہے "وَقَعَ مِنَ السَّطْحِ فَتَکَدَّحَ" وہ چھت سے گر پڑا اور اسے خراش آئی۔
اَلْکَدْحُ۔ مص۔ خراش۔ ج۔ کُدُوْحٌ۔
کَدَرَ (ن) کَدُرَ (ک)، و کَدِرَ (س)، کَدَرًا و کُدَارَۃً و کُدُوْرًا و کُدُوْرَۃً و کُدْرَۃً۔ گدلا ہونا۔ میلا ہونا۔ کَدَرَ عَلٰی فُلَانٍ۔ وہ فلاں پر ناراض ہوا۔ کَدِرَ الْعَیْشُ۔ زندگی تلخ ہوئی۔
کَدَّرَ۔ الشَّیْءَ۔ گدلا کرنا، میلا کرنا۔ کہا جاتا ہے "کَدَّرَ عَیْشَ فُلَانٍ" فلاں کی زندگی تلخ کر دی۔
تَکَدَّرَ و اَکْدَرَ۔ الشَّیْءُ۔ گدلا ہونا میلا ہونا۔
اِنْکَدَرَ۔ فِی السَّیْرِ۔ تیز دوڑنا۔ عَلَیْہِ الْقَوْمُ۔ قوم کا کسی پر ٹوٹ پڑنا۔
اَلْکُدْرَۃُ۔ مص۔ مِنَ الْاَلْوَانِ۔ مٹیالا۔
اَلْکُدَرَۃُ۔ مِنَ الْحَوْضِ۔ کیچڑ یا کائی وغیرہ۔ کاٹی ہوئی کھیتی کا مٹھی بھر حصہ۔

ج۔ کُدُرٌ۔

الکِدْرُ والکُدْرُ والکَدِیْرُ۔ مِنَ العَیْشِ اَوِالاَلْوَانِ وغیرِ ذٰلِکَ۔ غیر صاف۔ میلا۔ گدلا۔ مکدر۔

الکُدَادِرُ۔ سخت قوی بدن کا جوان۔

حِمَارٌ کُدُرٌ۔ بھدا موٹا گدھا۔

الکُدَارَۃُ۔ ہانڈی میں گھی کی تلچھٹ۔

الاَکْدَرُ۔ مٹیالا۔ مکدر۔ مؤنث کَدْرَاءُ۔ ج۔ کُدْرٌ۔ سخت سیلاب۔ عَیْشٌ اَکْدَرُ۔ مکدر زندگی۔

کَدَسَہٗ (ض)، کَدْسًا وکُدَاسًا۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔ کَدَسَ بِہِ الاَرْضَ۔ زمین پر پچھاڑ دینا۔ کَدَسَتِ الدَّابَّۃُ۔ چوپائے کا چھینکنا۔ المُثْقَلُ فِیْ سَیْرِہٖ۔ گراں بار آدمی کا دوڑنا۔ الخَیْلُ۔ گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر سوار ہونا۔ کَدْسًا۔ بدشگونی کرنا۔ بدفالی لینا۔

کَدَّسَ الحَصِیْدَ۔ کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر لگانا۔

تَکَدَّسَ۔ کَدَّسَ کا تابع۔ ڈھیر ایک دوسرے کے اوپر ہونا۔ تَکَدَّسَتِ الخَیْلُ۔ گھوڑوں کا چلنے میں ایک دوسرے پر سوار ہونا۔

تَکَدَّسَ۔ الرَّجُلُ۔ کندھے ہلاتے ہوئے سینہ ابھار کر تیز چلنا۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا گرانبار کی مانند چلنا۔

الکُدَاسَۃُ والکُدَاسُ۔ جانوروں کی چھینک۔ کبھی انسان کے لیے بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

الکُدَاسُ۔ مِنَ الثَّلْجِ اَوِالحَصِیْدِ اَوْمَا اَشْبَہَہٗ۔ برف یا کٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔

الکُدْسُ۔ ج۔ اَکْدَاسٌ۔ والکُدَّاسُ ج۔ کَدَادِیْسُ۔ کاٹی ہوئی کھیتی کا ڈھیر۔

اَکْدَاسُ الرَّمْلِ۔ ریت کا تہ بتہ ڈھیر۔

الکُدَاسَۃُ۔ ایک دوسرے پر اکٹھا کیا ہوا ڈھیر۔

الکَادِسُ۔ فا۔ وہ چیز جس سے بدفالی لی جائے، جیسے چھینک وغیرہ۔ ج۔ کَوَادِسُ۔

المُتَکَادِسُ۔ فا۔ مِنَ الشَّجَرِ۔ گنجان درخت۔

کَدَشَہٗ (ض)، کَدْشًا۔ خراش لگانا۔ تلوار یا نیزے سے مارنا۔ سختی سے ہٹانا۔ کاٹنا۔ نکال دینا۔

کَدَشَ۔ لِعِیَالِہٖ۔ اہل وعیال کے لیے روزی تلاش کرنا۔

اَکْدَشَ واِکْتَدَشَ۔ مِنْ فُلَانٍ عَطَاءً۔ کسی سے بخشش حاصل کرنا۔ بِخَبَرٍ۔ تھوڑی سی خبر دینا۔

تَکَدَّشَ۔ الرَّجُلُ۔ کسی کے پیچھے کے دھکے سے کرنا۔

الکُدُشُ۔ زخم۔ کہا جاتا ہے "جِلْدٌ کُدُشٌ" زخمی کھال۔

الکَدَّاشُ۔ بہت کمانے والا۔ باصرار مانگنے والا۔

کَدَعَہٗ (ف)، کَدْعًا۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔

الکُدْعَۃُ۔ ذلیل ورسوا ہونا۔

اَکْدَفَ۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کے ٹاپ کی آواز سنائی دینا۔

الکَدَفَۃُ۔ گھوڑے کی ٹاپ یا پاؤں کی آواز۔

کَدْکَدَ۔ الرَّجُلُ۔ بہت زیادہ ہنسنا۔ چلنے میں گرانبار ہونا۔ عَلَیْہِ۔ حملہ کرنا۔

کَدْکَدَہٗ وتَکَاکَدَہٗ۔ سختی سے ہٹانا اور نکال دینا۔

الکَدْکَدَۃُ۔ مص۔ سخت چیز پر کسی چیز کے مارنے کی آواز۔

کَدَمَ (ن ض)، کَدْمًا۔ اگلے دانتوں سے کاٹنا اور نوچنا۔ الصَّیْدَ۔ شکار کو بھگانا۔ محاورہ ہے: "کَدَمَ فِیْ غَیْرِ مَکْدَمٍ" بے موقع طلب کیا۔

کَادَمَتِ الدَّابَّۃُ الحَشِیْشَ۔ چوپائے کا گھاس پر اچھی طرح سے قادر نہ ہونا۔

اُکْدِمَ۔ الاَسِیْرُ۔ قیدی کا اچھی طرح سے باندھا جانا۔

تَکَادَمُوْا بِالاَفْوَاہِ۔ ایک دوسرے کو دانت سے کاٹنا۔

الکَدَمُ۔ اثر، نشان۔ ج۔ کُدُوْمٌ۔

الکُدَمُ۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔ بہت جنگ جو۔ سبز سر کالی ٹڈی۔ واحد کُدَمَۃٌ۔

الکَدْمَۃُ۔ کدم کا اسم مرۃ۔ داغ۔ نشان۔

الکَدَمَۃُ۔ حرکت۔

الکُدُوْمُ والکَدَّامُ۔ دانتوں سے بہت کاٹنے والا۔

الکُدَامُ۔ گھاس کی شکستہ جڑیں جو بارش کے بعد پھر اگ آئیں۔ بوڑھا مرد۔

الکُدَامَۃُ۔ کھائی ہوئی چیز کا بقیہ حصہ۔ دانت سے کاٹ کر علٰحدہ کیا ہوا۔

الکُدَامَۃُ والکُدَامُ۔ کھائی ہوئی چیز کا بقیہ حصہ۔

المَکْدَمُ۔ دانت سے کاٹنے کی جگہ۔

المُکْدَمُ مِنَ الحِبَالِ وَالاَکْسِیَۃِ۔ مضبوط بٹی ہوئی رسیاں وغیرہ۔ قَدَحٌ مُکْدَمٌ۔ موٹے دل کا شیشہ کا پیالہ۔

اَسِیْرٌ مُکْدَمٌ۔ رسی سے بندھا ہوا قیدی۔

المَکْدُوْمُ۔ دانت سے کاٹا ہوا۔ رَجُلٌ مُکَدَّمٌ۔ جنگ کا زخمی شدہ۔

کَدَنَ کَدْنًا۔ بالثَّوبِ۔ پٹکا باندھنا۔

الکُدُنُ والکِدَانُ۔ کپڑا جس کو عورت

پردے میں پہنے ۔ پالکی ، کجاوہ ۔ جانور کی ٹانگ کی کھال جس کو دباغت دینے کے بعد ہاون کی طرح دوا وغیرہ کوٹنے کے استعمال میں لاتے ہیں ۔ ج ۔ کُدُوْنٌ ۔

الکِدْنَۃُ ۔ کوہان ۔

الکِدْنَۃُ والکُدْنَۃُ ۔ چربی اور گوشت کی کثرت ۔

الکَدَانَۃُ ۔ فرومائگی ۔ نا اہلی ۔

الکَدِنُ ۔ بہت چربی اور گوشت والا ۔ مؤنث کَدِنَات ۔

الکَدَنُ ۔ ٹیلا ۔

الکَدَّانُ ۔ نرم پتھر ۔ رسی کا ٹکڑا کَدَّانَۃٌ ہے ۔ یہ کَذَّان کی تحریف ہے ۔

کَدَّہُ (ف) کَدْھًا و کَدَّۃً ۔ الشَّیْئَ ۔ کسی چیز کو توڑنا ۔ بِالْحَجَرِ ۔ پتھر سے سخت رگڑنا ۔ عَلَیْہِ ۔ کسی پر غالب ہونا ۔ الھَمُّ ۔ فکر سے پریشان ہونا ۔ کہا جاتا ہے "ھُوَ مَکْدُوْدٌ مِنَ الھَمِّ" : وہ غم کی وجہ سے پریشان ہے ۔ لِاَھْلِہٖ ۔ اہل وعیال کیلیے محنت سے کمانا ۔ شَعْرَہٗ بِالْمُشْطِ ۔ کنگھی سے بالوں میں مانگ نکالنا ۔

تَکَدَّہَ ۔ ٹوٹنا ۔

الکَادِہُ ۔ فا ۔ توڑنے والا ۔ ج ۔ کُدَّہٌ ۔

الکَدْہُ ۔ مص ۔ خراش ، پتھر کی رگڑ کا اثر ج ۔ کُدُوْدٌ ۔

کَدَا یَکْدُوْ کَدْوًا و کُدُوًّا ۔ النَّبْتُ ۔ فصل خراب ہونا ۔ الاَرْضُ ۔ زمین سے پیداوار کا دیر سے ہونا ۔

کِدَاءً ۔ الشَّیْئَ ۔ کسی چیز کو کاٹنا منع کرنا ۔

کَدِیَ یَکْدَیٰ کَدًا ۔ بِالْعَظْمِ ۔ ہڈی کا گلے میں اٹکنا ۔ الْمِسْکُ ۔ مشک کا بے خوشبو ہونا ۔ صفت کَدٍ و کَدِیٌّ ۔

کَدِیَتْ ۔ اَصَابِعُہٗ ۔ انگلیوں کا کھودنے کی وجہ سے تھکنا ۔

تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا ۔ محنت مشقت برداشت کرنا ۔

کَدَیٰ یَکْدِیْ کَدْیًا ۔ الرَّجُلَ ۔ کسی کو روکنا اور مشغول رکھنا ۔ الوَجْہُ ۔ چہرہ کو نوچنا ۔ الرَّجُلُ ۔ دینے میں بخل کرنا ۔

اَکْدَیٰ اِکْدَاءً ۔ الرَّجُلُ کَدَاۃً عَنْ کَذَا ۔ کسی چیز سے باز رکھنا روکنا ۔

اَکْدَی الْمَعْدِنُ ۔ کان سے جواہرات کا نہ نکلنا ۔ الحَافِرُ ۔ کھودتے کھودتے سخت زمین تک پہنچنا اور آگے نہ پہنچ سکنا ۔ محاورہ ہے ۔ "سَاَلَہٗ فَاَکْدَیٰ" : اس نے اس سے سوال کیا تو اس کو سخت زمین کی مانند پایا اور وہ کچھ نہ دے سکا ۔ النَّبْتُ ۔ نباتات کا سردی کی وجہ سے چھوٹا ہونا ۔ العَامُ ۔ قحط سالی ہونا ۔ المَطَرُ ۔ بارش کم ہونا ۔ الرَّجُلُ ۔ مرد کا خوشحالی کے بعد محتاج ہونا ۔

کَدَّیٰ تَکْدِیَۃً ۔ سوال کرنا ۔ خیرات مانگنا ۔

تَکَدَّیٰ تَکَدِّیًا ۔ بخشش طلب کرنا ۔

الکُدْیَۃُ ۔ سخت ٹھوس زمین ۔ بڑی سخت چٹان ۔ ج ۔ کُدًی ۔ بخشش کا مطالبہ ۔ باصرار بھیک مانگنے کا پیشہ ۔ زمانے کی سختی ۔

الکَدَاۃُ والکَدَایَۃُ ۔ مٹی یا غلے کا ڈھیر ۔

الکَادِیَۃُ ۔ زمانہ کی سختی ۔

کَذَّ (ن) کَذًّا ۔ کھردرا ہونا ۔

الکَذُّ ۔ نرم پتھر پر چلنا ۔

الکَذَّانُ ۔ نرم پتھر ، واحد کَذَّانَۃٌ ۔

کَذَبَ (ض) کِذْبًا و کَذِبًا و کَذْبَۃً و کِذْبَۃً و کِذَّابًا و کِذَابًا ۔ جھوٹ بولنا ۔ جان بوجھ کر غلط خبر دینا ۔

کَذَبَتِ العَیْنُ ۔ آنکھ کا دھوکا دینا ۔

کَذَبَ الرَّاْیُ ۔ رائے کا حقیقت کے خلاف ہونا ۔ کہا جاتا ہے "کَذَبَتْکَ عَیْنُکَ" : تمہاری آنکھ نے حقیقت کے خلاف مشاہدہ کیا ۔

کَذَبَ السَّیْرُ ۔ چلنے میں کوشش نہ کرنا ۔

کَذَبَ القَوْمُ السُّرَیٰ ۔ لوگ رات کو نہیں چل سکے ۔ یہ فعل کبھی مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے "کَذَبَہُ الحَدِیْثَ" : اس نے غلط خبر دی اور خلاف واقعہ بیان کیا مشدد ہونے کی صورت میں صرف ایک مفعول آتا ہے ۔

کُذِبَ الرَّجُلُ ۔ اسے جھوٹی خبر دی گئی ۔

کَذَّبَہٗ ۔ جھٹلانا ۔ دروغ بیانی کا الزام لگانا ۔

کَذَّبَ عَنْ اَمْرٍ اَرَادَہٗ ۔ کسی بات کا ارادہ کرتے ہوئے رک جانا ۔ عَنَّا الحَرُّ ۔ گرمی کا کم ہونا ۔ عَنْ فُلَانٍ ۔ فلاں کی طرف سے جواب دینا اور تردید کرنا ۔ کہا جاتا ہے "مَا کَذَّبَ اَنْ فَعَلَ کَذَا" : اس نے ایسا کام کرنے میں دیر نہیں کی ۔

کَذَّبَ نَفْسَہٗ ۔ اپنے جھوٹ کا اقرار کرنا ۔

۔ تَکْذِیْبًا و کِذَّابًا ۔ بِالْاَمْرِ ۔ کسی چیز سے انکار کرنا ۔ ارشاد کیا گیا ہے "کَذَّبَ بِاٰیَاتِ رَبِّہٖ" : اس نے اپنے پروردگار کی آیات کا انکار کیا ۔

اَکْذَبَہٗ ۔ جھوٹ پر آمادہ کرنا ۔ جھوٹا سمجھنا ۔

أَكْذَبَ نَفْسَهُ۔ جھوٹ بولنے کا اقرار کرنا۔ کہا جاتا ہے: أَكْذَبَ فُلَانٌ۔ جبکہ آواز دی جائے اور وہ خاموش پڑا رہے اور یہ ظاہر کرے کہ وہ سویا ہوا ہے۔ اس کا اسم الأَكْذَابُ ہے۔
كَاذَبَهُ كِذَابًا وَمُكَاذَبَةً۔ جھٹلانا کسی کو یہ کہنا کہ تو جھوٹ بولتا ہے۔
تَكَذَّبَ۔ بتکلف جھوٹ بولنا۔ فُلَانًا وَعَلَيْهِ۔ جھوٹا سمجھنا۔
تَكَاذَبَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کو جھوٹا کہنا۔
الكِذَّاب۔ بتثلیث الکاف۔ والكُذَّابِي والكُذُبَّانُ۔ جھوٹ۔
الأُكْذُوبَةُ۔ جھوٹ۔ ج۔ أَكَاذِيبُ۔
الكَاذِبُ۔ فا۔ ج۔ كَذَبَةٌ وَكُذَّابٌ وَكُذُبٌ۔
الكَاذِبَةُ۔ کاذب کا مؤنث۔ ج۔ كَاذِبَاتٌ وَكَوَاذِبُ۔ جھوٹ۔
الكَذُوبُ۔ ج۔ كُذُبٌ۔ والكَيْذَبَانُ و الكَيْذُبَانُ والكَيْذُبَانُ۔ بڑا جھوٹا۔ الكَذُوبُ۔ نفس۔
المَكْذَبَةُ والمَكْذُبَةُ۔ ج۔ مَكَاذِبُ والمَكْذُوبُ والمَكْذُوبَةُ۔ مَكَاذِيبُ۔ جھوٹ۔
التَّكَاذِيبُ۔ جھوٹی باتیں، لغو و باطل باتیں۔
كَذَا۔ دو طریقوں سے مستعمل ہے۔
۱۔ دونوں لفظ یعنی کاف حرف تشبیہ اور ذا اسم اشارہ اپنی اصلی حالت پر برقرار رہیں۔ جیسے رَأَيْتُ زَيْدًا فَاضِلًا وَرَأَيْتُ عَمْرًا كَذَا۔ میں نے زید کو قابل دیکھا اور میں نے عمرو کو بھی ایسا دیکھا۔ اس صورت میں ھا کلمہ تنبیہ بھی داخل ہوتا ہے اور کہا جاتا ہے هٰكَذَا۔
۲۔ یہ لفظ صرف انہی دو کلموں سے مرکب ہو (ھا) داخل نہیں ہوگی اور اس سے تعداد کی طرف اشارہ اور کنایہ ہوگا۔ جیسے قَبَضْتُ كَذَا وَكَذَا دِرْهَمًا۔ میں نے اتنے اور اتنے درہم وصول کیے۔ یا تعداد کے علاوہ دوسری چیز کی طرف کنایہ ہوگا جیسے بِمَكَانِ كَذَا وَكَذَا۔
كَرَّ (ن) كَرًّا وَكُرُورًا۔ لوٹنا۔ مڑنا۔ جیسے اِنْهَزَمَ عَنْهُ ثُمَّ كَرَّ عَلَيْهِ۔ اس نے اس سے شکست کھائی، اور پھر حملہ کے لیے لوٹ پڑا۔ یعنی پینترا بدلنے کے لیے وہ بھاگا، پھر اس نے دوبارہ حملہ کیا۔ صفت كَرَّارٌ ہے۔ محاورہ ہے "الجو يَصْلُحُ لِلْكَرِّ وَالفَرِّ۔ گھوڑا گھومنے اور حملہ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ ۔ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ۔ رات دن کا باری باری آنا۔
كَرَّ كَرًّا۔ الرَّجُلُ۔ لوٹانا۔ وكُرُورًا وتَكْرَارًا۔ الفَارِسُ عَلَى العَدُوِّ۔ شہسوار کا دشمن پر حملہ کرنا، اور ٹوٹ پڑنا۔
كَرَّ (ن) كَرِيرًا۔ المَرِيضُ۔ مریض کا جان دے دینا۔
كَرَّ كَرًّا۔ صَدْرُهُ۔ گلا گھونٹے ہوئے کی طرح آواز نکلنا۔
كَرَّرَ تَكْرَارًا وتَكْرِيرًا وتَكِرَّةً۔ الشَّيْءَ۔ کسی کو بار بار کرنا۔
تَكَرَّرَ۔ بار بار ہونا۔
الكَرُّ۔ مص۔ کھجور کے پتوں کی کھجور کے درخت پر چڑھنے کی رسی۔ جہاز کا رسہ ج۔ كُرُورٌ۔
الكُرُّ۔ کنواں۔ ج۔ كِرَارٌ۔ ایک پیمانہ جو چالیس اردب کا بیان کیا جاتا ہے۔ چادر۔ ج۔ أَكْرَارٌ۔
الكَرُّ۔ نماز پڑھنے کا رومال۔ ج۔ أَكْرَارٌ وكُرُورٌ۔
الكَرَّةُ۔ لڑائی میں حملہ۔ مولدین یا حساب دانوں کے نزدیک ایک لاکھ۔ ج۔ كَرَّاتٌ۔ بٹی ہوئی بینگنیاں۔ جس سے زرہ کو صاف کیا جاتا ہے۔ صبح و شام۔ ان دونوں کو كَرَّتَانِ و قَرَّتَانِ کہتے ہیں۔
الكَرِّيّ۔ لڑائی میں حملہ۔
الكَرِيرُ۔ گلا گھونٹے ہوئے کی طرح ڈھلے ہوئے کی مانند سینے کی آواز غبار وغیرہ کی وجہ سے گلو گرفتگی۔
الكَرَّارُ والمِكَرُّ۔ لڑائی میں دوبارہ بہت حملہ کرنے والا۔ فَرَسٌ مِكَرٌّ مِفَرٌّ۔ گھوڑا ایسا سدھا ہوا ہو کہ حملے کے وقت حملہ کرے۔ اور جب بھاگنے کا ارادہ ہو تو لے کر بھاگ جائے۔ نَاقَةٌ مِكَرَّةٌ۔ وہ اونٹنی جس کو ایک دن میں دو مرتبہ دوہا جائے۔
كَرَبَ (ن) كَرْبًا۔ الحَبْلَ۔ رسی بٹنا۔ ۔ القَيْدَ عَلَى المُقَيَّدِ۔ قیدی پر بیڑی کو تنگ کرنا۔ ۔ هُ الأَمْرُ۔ کام کا دشوار ہونا۔ ۔ هُ الغَمُّ۔ سخت رنج ہونا۔ ۔ الدَّلْوَ۔ ڈول کے دستے میں چھوٹی رسی باندھنا۔ کھجور کے درخت کے تنے سے متصل ٹہنی کی جڑ لینا۔
كَرُوبًا۔ غریب ہونا۔ ۔ النَّارُ۔ آگ بجھنے لگنا۔ آفتاب کا غروب ہونے کے قریب ہونا۔ فُلَانٌ۔ کھجور کے تنے کے قریب چنی ہوئی کھجوریں کھانا۔ ۔ بے آب وگیاہ والی زمین میں کھیتی کرنا۔
كَرَبَ النَّاقَةَ۔ اونٹنی کو بوجھل کرنا۔
كَرَبَ فعل مقارب بھی ہے۔ جیسے

کَرَبَ یَفْعَلُ۔ وہ کرنے لگا۔
کَرَبَ کَرْبًا وکِرَابًا۔ الْاَرْضَ لِلزَّرْعِ۔ کھیتی کے لیے زمین جوتنا۔
کَرِبَ کَرْبًا۔ الرَّجُلُ۔ ڈول کے دستہ کی رسی کا ٹوٹنا۔
کُرِبَ۔ رنج وغم ہونا۔
کَرَّبَ۔ الدَّلْوَ۔ ڈول کے دستہ پر چھوٹی رسی باندھنا۔ الرَّجُلُ۔ بے آب وگیاہ زمین میں کھیتی کرنا۔ تنہ کے قریب گری ہوئی کھجوریں کھانا۔
اَکْرَبَ۔ قریب ہونا۔ الْاَمْرَ۔ کام کا قریب الوقوع ہونا۔ الْاِنَاءَ۔ برتن کا بھرنے کے قریب ہونا۔ فِی السَّیْرِ تیز چلنا۔ الْقِرْبَۃَ۔ مشک بھرنا۔
کَارَبَہٗ مُکَارَبَۃً وکِرَابًا۔ ایکدوسرے کے قریب ہونا۔
تَکَرَّبَ۔ تنہ کے قریب کی کھجوریں چننا۔
اِکْتَرَبَ اِکْتِرَابًا واَکْرَابَّ اِکْرِبْبَابًا۔ سخت رنجیدہ ہونا۔
الْکَرْبُ۔ ج۔ کُرُوْبٌ۔ والْکُرْبَۃُ۔ ج کُرَبٌ۔ رنج ومشقت۔
الْکَرَبُ۔ ڈول کے رسے کو اس کے لکڑی کے دستے سے ملانے والی چھوٹی رسی۔ کھجور کی ٹہنی کی موٹی چوڑی جڑ۔ واحد کَرَبَۃٌ۔
الْکَرَبَۃُ۔ وہ لکڑی جس میں خیمے کے ڈنڈے کا سرا رکھا جاتا ہے۔
الْکَرَابَۃُ۔ سخت مصیبت۔ ج۔ کَرَائِبُ۔ والْکُرَابَۃُ۔ کھجور جو ٹہنی کی جڑ سے کٹنے کے بعد چنی جائے۔ ج۔ اَکْرِبَۃٌ۔
الْکِرَابُ۔ وادی میں پانی کے نالے۔ واحد کَرَبَۃٌ۔
الْکَرُوْبِیُّوْنَ والْکَرُوْبِیَّۃُ۔ فرشتوں کے سردار۔ مقرب فرشتے۔ عبرانی زبان میں کَرُوْبِیْمُ کہتے ہیں۔ ج۔ کَرُوْبٌ۔ کبھی عبرانی لفظ کو بھی استعمال کرتے ہیں۔ واحد کَرُوْبٌ۔
الْکَرِیْبُ۔ بانس کی گرہ۔ نانبائی کا بیلن۔
الْکَرِیْبُ۔ مِنَ الْاَرْضِ۔ بے آب و گیاہ زمین۔ والْمَکْرُوْبُ۔ رنجیدہ پریشان۔
الْکَرِیْبَۃُ۔ کریب کا مؤنث۔ سخت مصیبت۔ ج۔ کَرَائِبُ۔ کہا جاتا ہے۔ مَا فِی الدَّارِ کُرَّابٌ۔ گھر میں کوئی نہیں ہے۔
الْاِکْرَابُ۔ مص۔ جلدبازی۔ محاورہ ہے "خُذْ رِجْلَیْکَ بِالْاِکْرَابِ" جانے میں جلدی کرو۔
الْمُکْرَبُ۔ مِنَ الْمَفَاصِلِ۔ پٹھوں سے بھرا ہوا مضبوط رسی کا عمارت یا جوڑ وغیرہ۔ حَافِرٌ مُکْرَبٌ۔ مضبوط گھر۔
الْکُرْبَجُ۔ دکان یا دکان کا سامان۔ ج کَرَابِجُ۔ (دخیل)
کَرْبَدَ۔ فِیْ عَدْوِہٖ۔ دوڑنے میں زور لگانا۔ تیز دوڑنا۔
کَرْبَسَ۔ بیڑی پڑے ہوئے شخص کی طرح چلنا۔
تَکَرْبَسَ۔ مِنْ ظَهْرِ فَرَسِهٖ۔ گھوڑے کی پیٹھ سے گر پڑنا۔
الْکِرْبَاسُ۔ کھردرا کپڑا۔ شراب چھاننے کی چیز۔ ج۔ کَرَابِیْسُ۔ رَجُلٌ مُکَرْبَسُ الرَّأْسِ۔ گول سر والا مرد۔
کَرْبَشَ۔ چھلانگ لگانے کے لیے ٹانگوں کو اکٹھا کرنا۔ بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو لیٹنا اور باندھنا۔
تَکَرْبَشَ۔ الْجِلْدُ۔ کھال کا سکڑنا۔
کَرْبَعَہٗ۔ پچھاڑنا۔ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ۔ کسی چیز کو تلوار سے کاٹنا۔ قَوَائِمَہٗ ٹانگیں جدا کرنا۔
تَکَرْبَعَ۔ پیٹھ کے بل گرنا۔
کَرْبَلَ۔ کیچڑ میں چلنا۔ پانی میں گھسنا۔ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ۔ ایک چیز کو دوسری چیز میں ملانا۔ الْحِنْطَۃَ۔ گیہوں چھاننا۔ صاف کرنا۔
الْکِرْبَالُ۔ گیہوں چھاننے کی چھلنی۔ روئی دھننے کی کمان۔ ج۔ کَرَابِیْلُ۔
الْکَرْبَلَۃُ۔ مص۔ پاؤں کی سستی اور نرمی۔ کہاوت ہے۔ جَاءَ یَمْشِیْ مُکَرْبِلًا۔ وہ اس طرح آیا۔ گویا کیچڑ میں چل رہا ہے۔
کَرْتَحَہٗ۔ پچھاڑنا۔ تَکَرْتَحَ فِیْ مَشْیِهٖ۔ تیز گذر جانا۔
کَرَثَ (ن ض)، کَرْثًا واَکْرَثَ۔ الْغَمُّ فُلَانًا۔ بہت رنجیدہ ہونا۔
انْکَرَثَ الْحَبْلُ۔ رسی کا ٹوٹنا۔
اِکْتَرَثَ۔ لِلْاَمْرِ۔ کام کی پرواہ کرنا۔ کہتے ہیں "هُوَ لَا یَکْتَرِثُ بِهٰذَا الْاَمْرِ" وہ اس معاملہ میں پرواہ نہیں کرتا۔
الْکُرَّاثُ والْکَرَّاثُ۔ گیندنا۔ ایک بدبودار قسم کی ترکاری۔ جس کی بعض قسمیں پیاز اور بعض لہسن کے مشابہ ہوتی ہیں اور بعض کے سرے نہیں ہوتے۔ واحد کُرَّاثَۃٌ۔
الْکَارِثُ۔ سخت غم انگیز معاملہ یا واقعہ ج۔ کَوَارِثُ۔
الْکَرِیْثُ۔ غم انگیز معاملہ۔ کہا جاتا ہے۔ یَتَّنَۃٌ یَکْرِیْثُ الْاَمْرِ۔ جبکہ کوئی پیچھے ہٹے اور بزدلی اختیار کرے۔
کَرْثَاَ وتَکَرْثَاَ۔ الشَّعْرُ ونَحْوُہٗ۔ بال وغیرہ کا گنجان ہونا۔
الْکِرْثِئُ۔ تہ بہ تہ بادل۔ انڈے کے اوپر

کا چھلکا۔
الکُرْثِئَۃُ و الکُرْثَاَۃُ ۔ گنجان نباتات۔
کَرِجَ رس، کَرَجًا و کَرَّجَ و اَکْرَجَ و
تَکَرَّجَ ۔ الخُبْزُ ۔ روٹی کا خراب
ہونا۔ پھپھوندی لگنا۔ عوام عفن
کہتے ہیں۔
الکُرَّجُ ۔ ایک قوم کا نام۔ واحد کُرَّجِیٌّ
الکُرَّجِیُّ ۔ بچھیرے کی شکل کی ایک چیز
جس پر کھیلا جاتا ہے۔
الکُرَّجُ ۔ مخنث
الکُرْخُ ۔ راہب کا گھر۔ ج۔ اَکْرَاخٌ۔
کَرَخَ رف، کَرْخًا ۔ الماءَ اِلٰی
مَوَاضِعِہٖ ۔ پانی کو اس کے مقامات
تک لے جانا۔
کَرَدَ رن، کَرْدًا ۔ الدَّابَّۃَ ۔ جانور
کو ہانکنا۔ العَدُوَّ ۔ دشمن کو دور
کرنا۔ الشَّیْءَ ۔ کسی چیز کو کاٹنا۔
کَارَدَہٗ مُکَارَدَۃً ۔ دور کرنا۔ نکالنا
ہٹانا۔
الکَرْدُ ۔ گردن کی جڑ۔ کہتے ہیں "اَخَذَہٗ
بِکَرْدِہٖ اَوْ بِکَرْدَنِہٖ": اس نے
اسے گردن سے پکڑ لیا۔
الکُرْدُ و الاَکْرَادُ ۔ ایشیاء کی ایک قوم
کا نام۔ واحد کُرْدِیٌّ۔
کَرْدَحَ ۔ پستہ قد کی طرح دوڑنا۔ فُلَانًا ۔
کسی کو پچھاڑنا۔
تَکَرْدَحَ ۔ فِیْ عَدْوِہٖ ۔ پستہ قد کی
طرح دوڑنا۔ فلانًا ۔ کسی کو پچھاڑنا
الکُرْدُحُ ۔ بڑھیا، مضبوط اور سخت مرد۔
الکُرَادِحُ ۔ پستہ قد
الکُرْدَاحُ ۔ دوڑنے میں چھوٹے چھوٹے
قدم اٹھانے والا۔
الکَرْدَحَۃُ ۔ مص۔ تیز دوڑنا
المُکَرْدِحُ ۔ فا۔ ذلیل و حقیر۔
کَرْدَسَ ۔ الخَیْلَ ۔ گھوڑوں کو جمع کر

کے دستہ دستہ بنانا۔ الشَّیْءَ ۔ کسی
چیز کو باندھنا۔ بیڑی ڈالنا۔ بیڑی
پڑے ہوئے کی طرح چلنا۔ الحِمَارَ ۔
گدھے کو تیز چلانا۔ الرَّجُلَ ۔ کسی
کو پچھاڑنا۔
کُرْدِسَ ۔ الرَّجُلُ ۔ ہاتھ پاؤں اکٹھا
باندھا جانا۔
تَکَرْدَسَ ۔ سکڑنا اور ایک کا دوسرے
پر جمع ہونا۔
الکُرْدُوْسُ ۔ کندھے کی ہڈی
الکُرْدُوْسَۃُ ۔ گھوڑوں کا بڑا گلہ۔ ہر
وہ ہڈی جس پر گوشت ہو۔ ہر جوڑ کی
دونوں ہڈیاں۔ ج۔ کَرَادِسُ و
کَرَادِیْسُ ۔ کَرَادِیْسُ الفَرَسِ
گھوڑے کے جوڑ۔
المُکَرْدَسُ ۔ گٹھے بدن والا۔
کَرْدَمَ ۔ موٹے پستہ قد آدمی کی طرح
دوڑنا۔ القَوْمَ ۔ قوم کو جمع کرنا۔
تَکَرْدَمَ ۔ گھبرا کر دوڑنا۔
الکُرْدُمُ و الکُرْدُوْمُ ۔ مِنَ الرِّجَالِ
موٹا پستہ قد۔ ج۔ کَرَادِمُ و
کَرَادِیْمُ۔
الکُرْدُمُ ۔ بہادر۔
کَرَزَ رض، کُرُوْزًا ۔ داخل ہونا۔
پوشیدہ ہونا۔ اِلٰی فُلَانٍ ۔ پناہ لینا
کَرَزَ کَرْزًا ۔ وعظ کرنا اور انجیل کی
بشارت دینا۔
کَرَّزَ ۔ البَازِیَ ۔ باز کو سدھانے کے
لیے اس کی آنکھوں کو سینا اور کھلانا۔
کَرَّزَ ۔ البَازِیُ ۔ باز کے پروں کا گرنا۔
کَارَزَ مُکَارَزَۃً ۔ اِلَی المَکَانِ ۔
دوڑ کر کسی جگہ چھپنا۔ عَنْہُ ۔ بھاگنا
۔ ۃ ۔ بھاگنا اور عاجزی ظاہر کرنا۔
القَوْمُ ۔ قوم کا ایک چیز کو چھوڑ کر
دوسری چیز کو لینا۔

الکُرْزُ ۔ چرواہے کا تھیلا۔ چھوٹی بوری۔
کُرْزُ الجُعَلِ ۔ گبریلا کی گولی۔ ج۔
اَکْرَازٌ و کِرَزَۃٌ۔
الکُرَّزُ ۔ ایک درخت جس کا پھل شفتالو
یا آڑو کی مانند مگر اس سے چھوٹا ہوتا
ہے۔ واحد کُرَّزَۃٌ۔
و الکُرَّزُ ۔ حاذق۔ بخیل۔ باز۔ ج۔
کَرَارِزَۃٌ۔
الکَارِزُ و الکَارُوْزُ ۔ واعظ اور انجیل
کی بشارت دینے والا۔
الکُرَّازُ ۔ ج۔ کِرْزَان۔ الکُرَّازُ
شیشی یا تنگ منہ کا کوزہ۔
الکُرَّازُ ۔ چرواہے کا تھیلا۔ کھانے والا
بے سینگ کا مینڈھا۔ مِنَ المَعْزِ
گھنٹی والی بکری، جس کے پیچھے باقی
ریوڑ ہوتا ہے۔ ج۔ کَرَارِیْزُ۔
الکَرِیْزُ ۔ ترش دودھ سے بنایا ہوا پنیر
الکَرَازَۃُ ۔ عیسائی تعلیمات کا وعظ۔
کَرْزَمَ کَرْزَمَۃً ۔ الرَّجُلُ ۔ دوپہر
کے وقت کا کھانا۔
الکُرْزُمُ ۔ بہت کھانے والا۔ چھوٹی
ناک والا۔ کلہاڑا۔
الکِرْزِمُ و الکِرْزِیْمُ ۔ کلہاڑا۔
سخت مصیبت۔ ج۔ کَرَازِمُ و
کَرَازِیْمُ۔
کَرَّسَ ۔ البِنَاءَ ۔ عمارت کی بنیاد رکھنا۔
۔ الاُسْقُفُ البِیْعَۃَ و الاَوَانِیَ
الکَنِیْسَۃَ و غَیْرَہَا ۔ وقف کرنا۔
خدا کی خدمت کے لیے مخصوص کرنا۔
(نصرانی دخیل لفظ)
اَکْرَسَ ۔ المَکَانُ ۔ بول و براز سے
آلودہ ہونا۔
اَکْرَسَۃٌ ۔ بول و براز والی جگہ میں داخل
کرنا۔
تَکَرَّسَ ۔ بنیاد رکھا جانا۔ وقف ہونا۔

الشیءُ۔ چمٹنا اور سخت ہونا۔
اُسُّ البناءِ۔ عمارت کی بنیاد کا مضبوط ہونا اور تہ بہ تہ ہونا۔
الحبَّ و نحوَہٗ۔ دانہ وغیرہ جمع کرنا۔

اِنْکَرَسَ۔ عَلَیْہِ۔ اوندھا ہونا۔ فِی الشیءِ۔ کسی چیز میں اوندھا ہو کر داخل ہونا۔

الکِرْسُ۔ ہر چیز کا ڈھیر۔ بول و براز سے لتھڑی ہوئی جگہ۔ بکریوں کے بچوں کا باڑا۔ جڑ، اصل۔ ج۔ آکْرَاسٌ۔ جج۔ آکَادِسُ و آکَادِیْسُ۔
کِرْسُ الحَوْضِ۔ حوض کے اردگرد بول و براز سے آلودہ جانوروں کا باڑہ

الکُرَّاسَۃُ و الکُرَّاسُ۔ کتاب کا جزو۔ پمفلٹ۔ رسالہ۔ چھوٹا مجموعہ جو کتاب سے کمتر ہو۔ ج۔ کَرَادِیْسُ۔

الکُرْسِیُّ۔ تخت۔ کرسی جس پر بیٹھا جائے۔ ج۔ کَرَاسِیُّ و کَرَاسِی۔ کُرْسِیُّ الاُسْقُفِ۔ پادری کی قیام گاہ۔ کُرْسِیُّ المَلِكِ۔ تخت شاہی۔ و الکُرْسِیُّ۔ علم۔ کہا جاتا ہے۔ "ھُوَ مِنْ اَھْلِ الکُرْسِیِّ" یعنی وہ اہل علم میں سے ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے۔ اِجْعَلْ لِھٰذَا الحَائِطِ کُرْسِیًّا۔ اس دیوار کے لیے پشتہ بنا دو۔ کُرْسِیُّ الجَوْزَاءِ۔ ستارے

الکُرَّبَاسُ۔ علاء۔
الکِرْبَاسُ۔ چھت کے اوپر کا پاخانہ۔ ج۔ کَرَابِیْسُ۔

الکُرْدُوْسُ۔ بڑے سر والا۔ ہر ضخیم چیز۔ سیاہ۔

المُکَرْدَسُ و المُکَرَّسُ۔ مِنَ القَلَائِدِ۔ وہ ہار جو دھاگوں میں علیحدہ علیحدہ موتی اور مہروں سے گوندھ کر بڑے مہروں سے جوڑا ہوا ہار۔

المُکَرَّسُ۔ جوان پستہ قد۔ پُر گوشت۔

کَرْسَعَ کَرْسَعَۃً۔ الرَّجُلُ۔ دوڑنا۔ فلانًا۔ گٹے کے چھنگلیا والے حصہ پر مارنا۔

الکُرْسُوْعُ۔ گٹے کا چھنگلیا کی طرف کا حصہ ج۔ کَرَاسِیْعُ۔ کُرْسُوْعُ القَدَمِ۔ ٹخنے کا جوڑ۔

الکَرْسَعَۃُ و الکُرْسُوْعَۃُ۔ لوگوں کی جماعت۔

المُکَرْسَعُ۔ گٹے کی چھنگلیا کی طرف کا ابھرا ہوا حصہ۔

کَرْسَفَ۔ الدَّابَّۃَ۔ چوپائے کی کونچ کاٹنا۔ البَعِیْرَ۔ اونٹ کے پاؤں باندھنا۔ الدَّوَاۃَ۔ دوات میں صوف ڈالنا۔

تَکَرْسَفَ۔ کَرْسَفَ کا تابع۔ کونچ کٹنا۔ پاؤں بندھنا۔ دوات میں صوف ہونا۔ الشیءَ۔ کسی چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا۔ گھسنا۔

الکُرْسَافَۃُ۔ آنکھ کی کدورت۔

الکُرْسُفُ و الکُرْسُوْفُ۔ روئی۔

الکُرْسُفَۃُ و الکُرْسُوْفَۃُ۔ روئی کا ٹکڑا۔ دوات کا صوف۔

الکَرْسَنَۃُ و الکِرْسِنَّۃُ۔ ایک پودا جس کا بیج غلاف میں ہوتا ہے۔ یہ مویشیوں کے چارے کے کام میں آتا ہے۔ اس کے بیج کو گاؤدانہ کہتے ہیں اور وہ دوا میں استعمال ہوتا ہے۔

کَرِشَ (س) کَرَشًا۔ الجِلْدُ۔ کھال کا آگ کے اثر سے سکڑنا۔ الرَّجُلُ۔ تنہائی کے بعد کسی کے پاس لشکر جمع ہونا۔

کَرَّشَ۔ ترشروئی کرنا۔ مُکَرِّشَۃٌ۔ ایک قسم کا کھانا تیار کرنا۔

تَکَرَّشَ۔ وَجْھُہٗ۔ ترشرو ہونا۔ سکڑنا۔ القومُ۔ قوم کا جمع ہونا۔

اِسْتَکْرَشَ۔ الجدی۔ بکری کے بچے کے پیٹ کا بڑا ہونا۔ اور اس کا کھانے لگنا۔

اِسْتَکْرَشَتْ۔ اَنْفَحَۃُ الجدی۔ بکری کے بچے کی آنت (اِنْفَحَۃٌ) کا اوجھ (کرش) جبکہ وہ گھاس چرنے لگے۔ الرَّجُلُ۔ مرد کا تیوری چڑھانا اور سکیڑنا۔

الکِرْشُ و الکَرِشُ۔ جگالی کرنے والے جانور کی اوجھ جو ان کے لیے انسانی معدہ کی مانند ہوتی ہے (مؤنث) ج کُرُوْشٌ۔

الکِرْشُ و الکَرِشُ۔ لوگوں کی جماعت۔ مرد کے اہل و عیال، چھوٹی اولاد۔ عمدہ قسم کی گھاس۔ خوشبو کا ڈبہ۔ کپڑے کی گٹھڑی۔ ج۔ اَکْرَاشٌ و کُرُوْشٌ۔

کَرِشُ۔ القومِ۔ قوم کا بڑا حصہ۔
کَرِشُ کُلِّ شیءٍ۔ ہر چیز کا اجتماع۔

المُکَرِّیشَۃُ۔ اوجھ میں پکا ہوا کھانا۔

الاَکْرَشُ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ بڑے پیٹ والا۔ بقول بعض زیادہ مال والا۔ مؤنث کَرْشَاءُ۔ ج۔ کُرْشٌ۔
قَدَمٌ کَرْشَاءُ۔ پُر گوشت بھرے ہوئے تلوے اور چھوٹی انگلیوں والا قدم۔ دَلْوٌ کَرْشَاءُ۔ بڑا ڈول۔
اَتَانٌ کَرْشَاءُ۔ بھرے ہوئے کمر کی گدھی۔

المُکَرَّشَۃُ۔ کھانا جو گوشت، چربی اور اوجھ ملا کر پکاتے ہیں۔

کَرِصَ (ض) کَرْصًا۔ الشیءَ۔ کسی چیز کو کاٹنا۔ ہاتھ سے نچوڑنا۔

کَرَّصَ۔ پنیر کھانا۔

اِكْتَرَصَ - الشيءَ - جمع کرنا۔
الكَرِيْصُ - ترش دودھ سے بنا ہوا پنیر، پنیر بنانے کی جگہ۔
المِكْرَصُ - دودھ دوہنے کا برتن۔
كَرَصَ (ن)، كَرْصًا - الشيءَ - ایکدوسرے پر اکٹھا کرنا۔
كَرَظَ (ن)، كَرْظًا - فِي عِرْضِ فُلَانٍ - عزت میں بٹہ لگانا۔ کہا جاتا ہے۔ "هُوَ مَكْرُوْظُ الْحَسَبِ" اس کے حسب میں عیب لگایا گیا ہے۔
كَرَعَ (ف) وكَرِعَ (س)، كَرْعًا وكُرُوْعًا - فِي الْمَاءِ اَوِ الْإِنَاءِ - پانی یا برتن میں منہ لگا کر پانی پینا۔
كَرَعَهٗ (ف)، كَرْعًا - پنڈلی پر تیر مارنا۔
كَرِعَ كَرَعًا - پنڈلی کی تکلیف میں مبتلا ہونا - پایہ کھانے کا شوقین ہونا - باریک پنڈلی والا ہونا - السَّاقُ - پنڈلی کے اگلے حصہ کا باریک ہونا۔
كَرَعَتِ السَّمَاءُ - آسمان کا بارش برسانا۔
اَكْرَعَهُ الصَّيْدُ - شکار کا قریب اور دسترس میں ہونا۔
اَكْرَعَ - القومُ - منہ لگا کر پینے کے قابل پانی پانا۔
تَكَرَّعَ - الرَّجُلُ - اطراف پر پانی بہانا۔
الكَرَعُ - مص - منہ لگا کر پینے کے قابل پانی۔ جانور کی ٹانگیں۔ ذلیل اوباش انسان کمینہ۔ یہ لفظ واحد و جمع دونوں کے لیے مستعمل ہے۔ رَجُلٌ كَرَعٌ و رِجَالٌ كَرَعٌ دونوں طرح کہا جاتا ہے۔
الكُرَاعُ - مِنَ الْبَقَرِ وَالْغَنَمِ - گائے بکری کے پائے (مذکر و مؤنث) اور بقول بعض الكُرَاعُ مِنَ الدَّوَابِّ - ٹخنوں سے نیچے کا حصہ۔ والكُرَاعُ مِنَ الْإِنْسَانِ - گھٹنے سے نیچے کی پنڈلی کا اگلا حصہ ہے۔ ج۔ اَكْرُعٌ و اَكَارِعُ۔
الكُرَاعُ - گھوڑے، خچر، گدھے۔ ہر چیز کا کنارہ۔ كُرَاعُ الارضِ۔ زمین کا گوشہ۔ کہا جاتا ہے "اِمْشِ فِي كُرَاعِ الطَّرِيْقِ" راستے کے کنارے پر چلو۔
اَكَارِعُ الْاَرْضِ - زمین کی آخری حد میں اور کنارے۔
الكَرَّاعِيُّ - پائے بیچنے والا۔
الكَارِعُ - فلہ پانی میں گھسنے والا - خواہ پانی پیے یا نہ پیے۔
الكَارِعَاتُ - پانی کے اوپر کھجور کا درخت
الكَارِعَةُ - مؤنث۔ ج۔ كَارِعَاتٌ۔
الكَرِيْعُ - برتن نہ ہونے کی وجہ سے اوک سے پینے والا۔
الكَرَّاعُ - اسم مبالغہ۔ کمینوں سے دوستی کرنے والا۔ بارش کے پانی سے سیراب کرنے والا۔
المَكْرَعُ - جانوروں کے پانی پینے کی جگہ ج۔ مَكَارِعُ۔
فَرَسٌ مُكْرَعُ الْقَوَائِمِ - مضبوط اور سخت ٹانگوں والا گھوڑا۔
المُكْرَعَةُ - مِنَ النَّخِيْلِ وَغَيْرِهِ - پانی میں لگایا ہوا درخت۔
كَرَفَ (ن ض)، كَرْفًا وكِرَافًا و اَكْرَفَ - الحِمَارُ وغيرُهُ - گدھے کا پیشاب کو سونگھ کر سر اٹھانا اور ہونٹوں کو پلٹنا۔
الكَرْفُ - ایک ہی چمڑے کا ڈول۔
كَرِفَاتُ الْقِدْرِ - ہانڈی کا ابلنے کے لیے جھاگ نکالنا۔
كَرْفَاءُ القومِ - قوم کا خلط ملط ہونا۔
تَكَرْفَأَ السَّحَابُ - بادل کا تہ بتہ ہونا۔
الكِرْفِئُ - اونچا بادل۔ كِرْفِئَةٌ۔ اونچے بادل کا ٹکڑا - انڈے کا اوپر کا حصہ۔
المُكَرْفَعُ - بدصورت۔
كَرْفَسَ كَرْفَسَةً - بیڑی پڑے ہوئے کی طرح چلنا - البعيرَ - اونٹ کو تنگ باندھنا۔
تَكَرْفَسَ - ملنا۔ ایک چیز کا دوسری چیز میں داخل ہونا۔
الكَرْفَسُ - روٹی۔
الكَرَفْسُ - اجوائن (دخیل)
الكُرْكِيُّ - سارس - ج - كَرَاكِيُّ۔
الكَرْكَدَّنُ - گینڈا۔ اس کو مِرْمِيْسٌ بھی کہتے ہیں۔ عوام كَرْكَدَّنٌ کہتے ہیں۔
كَرْكَرَ كَرْكَرَةً - الشيءَ - کسی چیز کو بار بار دوہرانا۔ اعادہ کرنا۔ الرَّحَى - چکی گھمانا - الحَبَّ - دانہ پیسنا - الشيءَ - کسی چیز کو جمع کرنا۔ الرَّجُلَ - کسی آدمی کو قید کرنا۔ فِي الضَّحِكِ - بہت ہنسنا۔ الرَّجُلُ - ہنسنا - شکست کھانا۔ الرِّيَاحُ السَّحَابَ - ہوا کا بادل کو اڑا دینا۔ بادل کو منتشر کرنے کے بعد اسے اکٹھا کرنا۔ - الْاَمْرَ عَنْهُ - دفع کرنا۔ ہٹانا۔ رد کرنا - بِالدَّجَاجَةِ - مرغی کو پکار کر بلانا۔
تَكَرْكَرَ - فِي الْاَمْرِ - کسی کام میں تردد کرنا - الماءُ - پانی کا نالیوں میں لوٹ جانا - الطَّائِرُ - پرندے کا فضا میں منڈلانا۔
الكُرْكُرُ - ایک آبی پرندہ۔
الكَرْكَرَةُ - مص - گاڑھا دودھ - پیٹ کی گڑگڑاہٹ۔
الكِرْكِرَةُ - سُم والے جانور کا سینہ۔ لوگوں کی جماعت۔ ج۔ كَرَاكِرُ۔

گھوڑے کے جوڑ۔
اَلْکُرْکُوْرَۃُ۔ گہری وادی۔
کَرْکَسَ الشَّیْءَ۔ رد کرنا۔ ہٹانا۔
الدَّابَّۃَ۔ چوپائے کو باندھنا۔ و
تَکَرْکَسَ الْاِنْسَانَ۔ اوپر سے نیچے لڑھکنا۔
اَلْکُرْکُمُ۔ زعفران۔ مصطگی۔ ایک نباتات کی جڑ کہ وہ ورس ہے یا اس کے مشابہ۔
اَلْکُرْکَنْدُ۔ سرخ رنگ کا گوند۔ گینڈا۔
کَرُمَ (ك) کَرَمًا وکَرَمَۃً وکَرَامَۃً۔ معزز و شریف ہونا۔ آسانی سے دینا۔ بخشش کرنا۔ فیاض ہونا۔ السَّحَابُ۔ بارش لانا۔
کَرَمَہٗ (ن) کَرْمًا۔ کرم میں غالب ہونا۔ کہا جاتا ہے۔ کَارَمَہٗ فَکَرَمَہٗ۔ اس نے اس سے کرم میں مقابلہ کیا اور غالب آگیا۔
کَرَّمَہٗ تَکْرِیْمًا وتَکْرِمَۃً۔ تعظیم کرنا۔ عزت دینا۔
کَرَّمَ۔ السَّحَابُ۔ بادل میں بہت پانی ہونا۔
کَارَمَہٗ۔ کرم میں مقابلہ کرنا۔
کَارَمْتُ فُلَانًا۔ میں نے اس کے پاس تحفہ بھیجا تاکہ وہ مجھے اس کا بدلہ دے۔
اَکْرَمَ۔ شریف اولاد والا ہونا۔ فُلَانًا۔ کسی کی تعظیم کرنا۔ نَفْسَہٗ عَنِ الْمَعَاصِیْ۔ اپنے آپ کو گناہوں سے بچانا۔ اور محفوظ رکھنا، تعجب کے موقع پر بھی بولا جاتا ہے۔ جیسے "مَا اَکْرَمَہٗ لِیْ"۔ وہ میری کس قدر زیادہ تعظیم کرتا ہے۔ مگر یہ فعل رباعی ہونے کی وجہ سے شاذ ہے۔
تَکَرَّمَ۔ بہ تکلف کرم کرنا۔ و تَکَارَمَ عَنْ کَذَا۔ بچنا۔ دور رہنا۔

اِسْتَکْرَمَ۔ عمدہ چیزوں کا انتخاب کرنا۔ ۔ الشَّیْءَ۔ عمدہ چیز طلب کرنا۔ کریم پانا۔
اَلْکَرَمُ۔ مص۔ درگزر۔ بخشش۔ فیاضی۔ ہار میں ایک قسم کی کاریگری۔
اَلْکَرَمُ۔ صفت بمعنی کریم وطیب۔ یہی لفظ واحد، جمع، مذکر و مؤنث سب کے لیے مستعمل ہے۔ جیسے رَجُلٌ کَرَمٌ و نِسَاءٌ کَرَمٌ و اَرْضٌ کَرَمٌ۔
اَلْکَرْمُ۔ انگور کی بیل۔ گنجان درختوں والا باغ جس کے چاروں طرف دیواریں ہوں (عامیہ)۔ ج۔ کُرُوْمٌ۔ بِنْتُ الْکَرْمِ او الْکَرْمَۃِ او الْکُرُوْمِ شراب۔ ہار۔
اَلْکَرْمَۃُ۔ انگور کی بیل۔ یہ "کرم" سے خاص ہے۔ ران کی ہڈی کا گول سرا۔ کہا جاتا ہے: رَجُلٌ کَرْمَۃٌ۔ کریم مرد۔
اَلْکَرَامَۃُ۔ مص۔ کہا جاتا ہے "اَفْعَلُ ذٰلِکَ حُبًّا وکَرَامَۃً لَکَ"۔ میں اسے تمہاری محبت اور تعظیم کے خیال سے کرتا ہوں۔ "لَہٗ عَلَیَّ کَرَامَۃٌ"۔ اسے مجھ پر بزرگی حاصل ہے۔
اَلْکَرَامَۃُ۔ خلاف عادت کام کا اولیاء اللہ کی طرف سے ظاہر ہونا۔ کَرْمًا و کَرْمَۃً وکَرْمَۃً وکُرْمَی و کُرْمَانًا وکُرْمَۃً۔ عَیْنٍ لَکَ۔ تمہاری تعظیم کے لیے۔
اَلْاُکْرُوْمَۃُ۔ کریمانہ فعل۔
اَلتَّکْرِمَۃُ۔ مص۔ تکیہ، جس کے پاس انسان کو عزت کے طور پر بٹھایا جائے
اَلْکَرِیْمُ۔ بخشش کرنے والا۔ درگذر کرنے والا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں

سے ہے۔ رَجُلٌ کَرِیْمٌ۔ سخی مرد۔ ج۔ کِرَامٌ وکُرَمَاءُ۔ لفظ کریم کا اطلاق ہر اچھی، عمدہ اور قابل تعریف چیز پر کیا جاتا ہے۔ جیسے رِزْقٌ کَرِیْمٌ۔ اچھی روزی۔ قَوْلٌ کَرِیْمٌ۔ عمدہ بات۔ کِتَابٌ کَرِیْمٌ۔ مفید اور پسندیدہ کتاب۔ وَجْہٌ کَرِیْمٌ۔ پاکیزہ چہرہ۔
اَلْکَرِیْمَانِ۔ حج و جہاد۔
اَلْکَرِیْمَۃُ۔ کَرِیْمٌ کا مؤنث۔ ج۔ کَرِیْمَاتٌ وکَرَائِمُ وکِرَامٌ۔
اَلْکَرِیْمَۃُ۔ ہر عضو شریف۔ جیسے ہاتھ اور کان۔
اَلْکَرِیْمَتَانِ۔ دونوں آنکھیں۔ کَرِیْمَۃُ الرَّجُلِ۔ بیٹی۔
اَلْکَرِیْمَۃُ۔ کرم اور شرافت والا۔ جیسے فُلَانٌ کَرِیْمَۃُ قَوْمِہٖ۔ فلاں اپنی قوم میں شریف ہے۔ اس میں تاء مبالغہ کے لیے ہے۔
کَرَائِمُ الْمَالِ۔ عمدہ اور بہترین مال۔
اَلْکُرَامُ۔ کریم۔ ج۔ کُرَامُوْنَ۔
اَلْکَرَّامُ۔ انگور کی بیل والا اور اس کی نگہبانی کرنے والا۔
اَلْکُرَّامُ والْکُرَّامَۃُ۔ بہت زیادہ کرم کرنے والا۔ ج۔ کُرَّامُوْنَ۔
اَلْمَکْرُمَانُ۔ کریم۔ بہت وسیع اخلاق والا۔ یہ ندا ہی کے لیے مخصوص ہے اس طرح کہا جائیگا۔ یَا مَکْرُمَانُ۔
اَلْمَکْرَمُ والْمَکْرُمَۃُ۔ شریف۔ فیاض۔ ج۔ مَکَارِمُ۔ اَرْضٌ مَکْرُمَۃٌ لِلنَّبَاتِ۔ عمدہ زرخیز زمین۔
اَلْمَکْرُمُ والْمَکْرُمَۃُ۔ کریمانہ فعل۔ کرم۔ کہا جاتا ہے "فِعْلُ الْخَیْرِ مَکْرُمَۃٌ"۔ نیک کام کرم یا تعظیم کا ذریعہ ہے۔

اِیکْرَامٌ ۔ لوگوں کی عزت کرنے والا۔
بہت فیاض۔

المُکَرَّمُ ۔ مفع ۔ معزز شخص۔

الکُرُنْبُ و الکَرُنْبُ ۔ کرم کلا ۔ بندگوبھی۔

الکُرُنْبِیَةُ ۔ ایک قسم کا کھانا جو کرم کلا سے
بنایا جاتا ہے۔

کَرَنَفَ ۔ الکَرَانِیْفَ ۔ کھجور کے تنہ کو
ٹہنیوں، باقی ماندہ شاخوں کی جڑوں کو
کاٹنا۔

کَرْنَفَهُ بِالْعَصَا ۔ لاٹھی سے مارنا۔

کَرْنَفَ الشَّیْءَ بِالسَّیْفِ ۔ کسی چیز کو تلوار
سے کاٹنا ۔ النَّخْلَةَ ۔ کھجور کے تنہ
کو ٹہنیوں کے باقی ماندہ حصہ سے
صاف کرنا۔

الکِرْنَافُ و الکُرْنَافُ ۔ کھجور کی ٹہنیوں کو
کاٹ لینے کے بعد تنہ کا باقی ماندہ حصہ ۔
واحد کُرْنَافَةٌ ۔ ج ۔ کَرَانِیْفُ ۔

اَنْفٌ مُکَرْنَفٌ ۔ موٹی ناک۔

کَرِهَ (س) کُرْهًا و کَرْهًا و کَرَاهَةً و
کَرَاهِیَةً و مَکْرَهَةً و مَکْرُهَةً ۔
الشَّیْءَ ۔ ناپسند کرنا ۔ اسم فاعل
کَارِهٌ ۔ اسم مفعول مَکْرُوْهٌ ۔

کَرُهَ (ک) کَرَاهَةً و کَرَاهِیَةً ۔
الاَمْرُ و المَنْظَرُ ۔ بدنما ہونا ۔ صفت
کَرِیْهٌ ۔

اَکْرَهَ ۔ فُلَانًا عَلَی الاَمْرِ ۔ زبردستی کام
پر مجبور کرنا ۔ الرَّجُلُ ناپسندیدہ
کام پر آمادہ کرانا۔

تَکَرَّهَ و تَکَارَهَ ۔ الشَّیْءَ ۔ کسی چیز کو
ناپسند کرنا۔

تَکَرَّهَ و تَکَارَهَ ۔ غصہ ہونا۔

اِسْتَکْرَهَ الشَّیْءَ ۔ کسی چیز کو برا سمجھنا یا پانا۔

الکَرْهُ و الکُرْهُ ۔ مص ۔ انکار ۔ جبریہ
مشقت ۔ بعض کے بقول کُرْهٌ بالضم
وہ کام جس پر خود اپنے آپ کو مجبور
کیا جائے اور کَرْهٌ بالفتح جو دوسروں
کو زبردستی سے کیا جائے ۔ کہا جاتا ہے
شَیْءٌ کَرْهٌ ۔ ناپسندیدہ چیز ۔ رَجُلٌ
کَرْهٌ ۔ ناپسندیدہ شخص ۔ وَجْهٌ
کَرْهٌ ۔ قبیح چہرہ ۔ فَعَلَهُ کَرْهًا ۔
اس نے اسے مجبور کیا۔

الکَرِیْهُ ۔ کریہہ ۔ قبیح۔

الکَرَاهَةُ ۔ مص ۔ سخت زمین۔

الکَرَاهِیْنُ ۔ کراہت ۔ کہا جاتا ہے
"اَتَیْتُكَ کَرَاهِیْنَ اَنْ تَغْضَبَ"
میں تیرے پاس تیرے ناراض ہونے کی
کراہت کی وجہ سے آیا۔

الکَرِیْهَةُ ۔ مؤنث کَرِیْهَةٌ ۔ لڑائی کی
شدت ۔ مصیبت ۔ ج ۔ کَرَائِهُ ۔

ذُو الکَرِیْهَةِ ۔ شمشیر قاطع ۔ کہا جاتا
ہے "لَقِیْتُ دُوْنَهُ کَرَائِهَ و
مَکَارِهَ" میں اس کے قریب مصائب
و مکروہات سے دوچار ہوا۔

المَکْرَهُ ۔ مکروہ ۔ ج ۔ مَکَارِهُ ۔

المَکْرَهَةُ المَکْرُهَةُ ۔ ناپسندیدہ،
اور دشوار کام ۔ ج ۔ مَکَارِهُ ۔

المَکْرُوْهُ ۔ مفع ۔ شر ۔ ناپسندیدہ چیز۔

المَکْرُوْهَةُ ۔ سختی ۔ شدت ۔ کہا جاتا ہے
"هُوَ ذُوْ مَکْرُوْهَةٍ" ۔ وہ سختی
میں ہے۔

کَرَا یَکْرُوْ کَرْوًا ۔ الاَرْضَ ۔ زمین
کھودنا ۔ الاَمْرَ ۔ کسی کام کو بار بار
کرنا ۔ البِئْرَ ۔ کنویں کا من درخت
کے تنوں سے بنانا ۔ بِالکُرَةِ ۔
گیند سے کھیلنا۔

کَرَتِ الدَّابَّةُ ۔ جانور کا تیز دوڑنا۔

کَرِیَتْ تَکْرِی کَرًا ۔ السَّاقُ ۔
پنڈلی کا پتلا ہونا ۔ المَرْاَةُ ۔ عورت
کے بازوؤں کا موٹا ہونا۔

الکَرَا ۔ بازوؤں کا ضخیم اور موٹا ہونا ۔ قدم
کے پنجوں کا قریب ہونا ۔ اور ایڑیوں کا
دور ہونا ۔ پنڈلیوں کی باریکی ۔ کَرَوَانٌ
کا مذکر۔

الکَرَوَانُ ۔ بھورے رنگ اور لمبی چونچ کا
ایک پرندہ ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ وہ
رات کو نہیں سوتا ہے ۔ اس کا نام
اس کی عادت کے خلاف ہے ۔ کیونکہ
کرٰی کے معنی نیند کے ہیں ۔ مؤنث
کَرَوَانَةٌ ۔ ج ۔ کِرْوَانٌ و
کَرَاوِیْنُ ۔

الکُرَةُ ۔ ہر وہ چیز جسے تم گھما سکو ۔ ہر گول
چیز ۔ صفت نسبتی کُرَوِیٌّ ۔ کُرِیٌّ ۔
ج ۔ کُرًی و کُرِیْنٌ و کِرِیْنٌ و
کُرَاتٌ و اُکَرٌ ۔

الکَرَوِیَا و الکَرَوِیَاءُ ۔ زیرہ (دخیل)

کَرَی یَکْرِی کَرْیًا ۔ الرَّجُلُ ۔ تیز دوڑنا
۔ النَّهْرَ ۔ نہر یا دریا میں گڑھا کھودنا
۔ بِالکُرَةِ ۔ گیند کھیلنا۔

کَرِیَ یَکْرَی (س) کَرًی ۔ اونگھنا ۔ صفت
کَرٍ کَرْیَانُ و کَرِیٌّ ۔

کَارَاهُ مُکَارَاةً و کِرَاءً ۔ الدَّابَّةَ
اَوِ الدَّارَ ۔ چوپائے یا گھر کو کرائے پر
دینا ۔ صفت مُکَارٍ ۔

اَکْرَی اِکْرَاءً ۔ الشَّیْءُ ۔ زیادہ ہونا ۔
کم ہونا (ضد) ۔ فُلَانٌ ۔ کسی کا خدا
کی عبادت میں بیدار رہنا ۔ الاَمْرَ ۔
کسی کام کو ملتوی کرنا ۔ پیچھے ڈالنا ۔
الحَدِیْثَ ۔ گفتگو دراز کرنا ۔ فُلَانٌ ۔
دَابَّتَهُ اَوْ دَارَهُ ۔ چوپائے یا گھر کو
کرایہ پر دینا۔

الکَرْوُ و الکُرُوُّ و الکُرْوَةُ ۔ اسم ہے۔

تَکَرَّی تَکَرِّیًا ۔ سونا۔

اِکْتَرَی ۔ مِنْهُ الدَّارَ و غَیْرَهَا ۔ مکان
وغیرہ کرایہ پر لینا۔

الکِرَاءُ و الکِرْوَةُ ۔ کرایہ۔

الکَرِیُّ۔ اونٹ والا۔ کرایہ پر لینے والا۔
کرایہ پر دینے والا۔ ج۔ مُکَارُوْنَ۔
اب اکثر گدھے اور خچر والوں پر بولا
جاتا ہے۔
المُکْرِیُّ۔ مِنَ الْاِبِلِ۔ آہستہ اور
نرم رفتار اونٹ۔
کَزَّ (ن)، کَزًّا۔ الشَّیْءَ۔ تنگ کرنا۔
کَزَّتْ خَطَاهُ۔ اس کے قدم قریب ہو
گئے۔ المَرْأَةُ مُلُجَهَا۔ عورت کا
بازو بند سے بازو کو بھر دینا۔ کَزَازَةً
وکُزُوْزَةً۔ سکڑنا۔ خشک ہونا۔
کُزَّ۔ سردی سے لرزہ طاری ہونا۔ زکام ہونا
اَکَزَّ۔ اللّٰهُ فُلَانًا۔ اللہ کا کسی کو لرزہ
(کپکپی کی بیماری) میں مبتلا کرنا۔ صفت
مفعولی۔ مَکْزُوْزٌ۔
اِکْتَزَّ۔ سکڑنا۔
الکَزُّ۔ مص۔ سکڑا ہوا۔ خشک۔ کہا جاتا
ہے "وَجْهٌ کَزٌّ"۔ بد صورت
چہرہ۔ ذَهَبٌ اَوْ جَمَلٌ کَزٌّ۔
بہت ٹھوس یا مضبوط سونا یا اونٹ۔
فُلَانٌ کَزُّ الْیَدَیْنِ۔ فلاں بخیل
ہے۔ ج۔ کُزٌّ۔
الکَزَّةُ۔ کَزٌّ کا مونث ہے۔ کہاوت
ہے "قَوْسٌ کَزَّةٌ"۔ ایسی کمان
جس کی لکڑی خشک ہے، مڑتی نہیں
ہے۔ بَکَرَةٌ کَزَّةٌ۔ سخت و
تنگ چرخی۔
الکَزَزُ۔ بخل۔ کنجوسی۔
الکُزَازُ و الکُزَّازُ۔ سخت سردی سے
لرزہ یا ایک بیماری۔
کَزِبَ (س)، کَزَبًا۔ پاؤں کی ہڈیوں کا چھوٹا
ہونا اور سکڑنا۔
الکُزْبُرَةُ و الکُزْبَرَةُ۔ دھنیا کا پودا۔
دھنیا کو جلجان بھی کہتے ہیں۔
کَزَمَ (ن)، کَزْمًا۔ منہ بند کرنا اور خاموش
رہنا۔ الجَوْزَةَ و نَحْوَهَا۔ اخروٹ
وغیرہ کو اگلے دانتوں سے توڑنا اور
گری نکالنا۔
کَزَمَهُ۔ دانتوں سے سخت کاٹنا۔
کَزِمَ (س)، کَزَمًا۔ بخیل ہونا۔ بہت
شائق ہونا۔ ناک یا انگلی کا چھوٹا
ہونا۔ صفت اَکْزَمُ۔ پیش قدمی
سے ڈرنا۔
کَزَمَ۔ البَرْدُ اَصَابِعَهُ۔ سردی کا
انگلیوں کو سکیڑنا۔
اَکْزَمَ۔ سکیڑ۔ الطَّعَامَ۔ بہت
کھانا۔ یہاں تک کہ خواہش باقی نہ
رہے۔
تَکَزَّمَ۔ الفَاکِهَةَ۔ پھل کو چھیلے بغیر
کھانا۔
الکَزْمُ۔ تنگ ہتھیلی۔ چھوٹی انگلیوں والا۔
الکَزَمُ۔ بخل۔ بہت کھانا۔ ناک یا انگلیوں
کی کوتاہی۔ گھوڑے وغیرہ کے ہونٹ
کی چھوٹائی اور موٹائی۔ کہا جاتا ہے۔
"فِیْ یَدِهٖ کَزَمٌ"۔ اس کے ہاتھ
بھلائی کے لیے نہیں کھلے ہوئے ہیں۔
الکِزَمُ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ بزدل۔ ڈرپوک
الکُزْمَانُ۔ مِنَ الرِّجَالِ۔ اتنا کھانے
والا کہ لوگ اسے ناپسند کرنے لگے۔
المُکْزِمُ۔ چھوٹی ہتھیلی اور پاؤں والا۔
کَسَّ (ن)، کَسًّا۔ باریک کوٹنا تاکہ وہ
ستو کی طرح ہو جائے۔
کَسِسَ (س)، کَسَسًا۔ چھوٹے دانت ہونا
تالو کا چھوٹا ہونا۔ صفت اَکَسُّ۔
مونث کَسَّاءُ۔ ج۔ کُسٌّ۔
الکَسِیْسُ۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔ شکر۔ بقول
بعض جو اور چنا سے بنی ہوئی شراب
کھجور کی نبیذ۔ خشک کیا ہوا گوشت
جسے سفر میں توشہ کے لیے کوٹ کر
ستو کی طرح باریک کر لیتے ہیں۔
المَکْسُوْسُ۔ مفعو۔ ٹوٹی ہوئی روٹی۔
کَسَأَهُ (ف)، کَسْأً۔ پیچھا کرنا۔
کَسَأَ۔ الدَّابَّةَ۔ چوپائے کو ہانکنا۔
القَوْمَ۔ جھگڑے میں غالب آنا۔
کَسَأَهُ۔ بِالسَّیْفِ۔ تلوار سے مارنا۔
الکَسْءُ۔ مِنَ اللَّیْلِ۔ رات کا ایک حصہ۔
الکُسْءُ و الکُسُوْءُ۔ مِنْ کُلِّ شَیْءٍ۔
پچھلا حصہ۔ ج۔ اَکْسَاءٌ۔ کہا جاتا
ہے کَبَّ کُسْأَهُ۔ وہ گردن کے بل
گرا۔ اَتَیْنَا فِیْ اَکْسَاءِ الشَّهْرِ۔
ہم مہینے کے آخر میں آئے۔ مَرُّوْا
فِیْ اَکْسَاءِ الْمُنْهَزِمِیْنَ اَوْ عَلٰی
اَکْسَائِهِمْ۔ وہ شکست خوردہ
جماعت کے نقش قدم پر اور ان کے
پیچھے گذرے۔
کَسَبَ (ض)، کَسْبًا و کِسْبًا و تَکَسَّبَ
و اِکْتَسَبَ۔ مَالًا اَوْ عِلْمًا۔ مال
یا علم حاصل کرنا۔ طلب کرنا۔ نفع
حاصل کرنا۔ الشَّیْءَ۔ کسی چیز کو جمع
کرنا۔ الاِثْمَ۔ بار گناہ اٹھانا۔
لِاَهْلِهٖ۔ اہل وعیال کے لیے روزی
تلاش کرنا۔
کَسَّبَ و کَسَبَ و اَکْسَبَ۔ فُلَانًا
مَالًا اَوْ عِلْمًا۔ کسی کو مال یا علم
حاصل کرانا۔
اِسْتَکْسَبَ و تَکَسَّبَ۔ فُلَانًا۔
کمائی کرانا۔
تَکَسَّبَ۔ الرَّجُلُ۔ کمانے کی کوشش کرنا
الکَسْبُ۔ مص۔ کمائی۔
الکِسْبَةُ و الکَسْبَةُ۔ کمائی۔
الکَاسِبُ۔ (اسم فاعل)،
الکَاسِبَةُ۔ کاسب کا مونث۔ ج۔
کَوَاسِبُ۔
اُمُّ کَاسِبٍ۔ بھیڑیا۔
الکَوَاسِبُ۔ انسان یا پرندے کے اعضاء

الکَسُوْبُ و الکَسَّابُ۔ بہت کمائی کرنے والا۔
المَکْسَبُ و المَکْسِبُ و المَکْسَبَۃُ۔ کمائی۔ ج۔ مَکَاسِبُ۔
الکُسْبُرَۃُ۔ دھنیا۔
کَسَحَ (ف) کَسْحًا۔ البَیْتَ۔ گھر میں جھاڑو دینا۔
کَسَحَتِ الرِّیْحُ الاَرْضَ۔ ہوا کا زمین سے مٹی اڑانا۔ الشَیْئَ۔ کسی چیز کو قطع کرنا اور تباہ کرنا۔ کہا جاتا ہے۔ "اَتَیْنَا بَنِیْ فُلَانٍ فَکَسَحْنَاھُمْ" ہم فلاں کے بیٹوں کے پاس آئے اور ہم نے ان کو تباہ کر دیا۔
کَسِحَ (س) کَسْحًا۔ ہاتھ پاؤں کی حس و حرکت کا معطل ہونا۔ ایک پاؤں کے بھاری ہونے پر گھسٹ کر چلنا۔ صفت اَکْسَحُ۔ ج۔ کُسْحَانٌ۔ کہا جاتا ہے "مَا اَکْسَحَہٗ" وہ کس قدر بوجھل ہے۔
کَاسَحَہٗ مُکَاسَحَۃً۔ بہت سخت جھگڑا کرنا۔
اِکْتَسَحَ۔ الشَیْئَ۔ لے جانا۔ کہا جاتا ہے "اَغَارُوْا عَلَیْھِمْ فَاکْتَسَحُوْھُمْ" انھوں نے ان پر غارت کی اور ان کا سارا مال لے گئے۔
الکَسْحُ۔ مص۔ عاجزی۔
الکُسَاحُ۔ کولہا کرگٹ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی کے لیے مستعمل ہوتا ہے۔
الکَسِیْحُ۔ وہ شخص جس سے تم مدد طلب کرو مگر وہ تمھاری مدد نہ کرے۔
الاَکْسَحُ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا۔ لنگڑا لنجا۔ ج۔ کُسْحَانٌ۔
الکَسِیْحُ و الکَسِیْحُ و الکُسْحَانُ بمعنی اَکْسَحُ۔ ہاتھ پاؤں کی بے حسی والا لنگڑا۔ لنجا۔

الکُسَاحُ۔ اونٹوں کی ایک بیماری۔
المِکْسَحَۃُ۔ جھاڑو۔
المُکَسَّحُ۔ چھیل کر صاف کیا ہوا جیسے عُوْدٌ مُکَسَّحٌ۔ تراشی ہوئی لکڑی۔
المَکْسُوْحُ۔ مفعو۔ جَمَلٌ مُکَسَّحٌ۔ سخت لنگڑا اونٹ۔
کَسَدَ و کَسُدَ (ن ك) کَسَادًا و کُسُوْدًا۔ الشَیْئُ۔ گاہکوں کی کمی کی وجہ سے رائج نہ ہونا۔ جیسے کَسَدَتِ السُّوْقُ۔ بازار کا مندا ہونا۔ شی کی صفت۔ کَاسِدٌ و کَسِیْدٌ۔ و السُّوْقُ کَاسِدٌ و کَاسِدَۃٌ و اَکْسَدُ۔
اَکْسَدَ القَوْمُ۔ قوم کے بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَتِ السُّوْقُ۔ بازار کا مندا ہونا۔ اَکْسَدَ الشَیْئُ۔ کسی چیز کا مندا ہونا۔
اِنْکَسَدَتِ الغَنَمُ اِلَی الغَنَمِ۔ واپس ہونا۔ لوٹنا۔
الکُسْدُ۔ قسط۔ ایک دوا کا نام ہے۔
الکَسِیْدُ۔ مندا۔ کھوٹا۔ گھٹیا۔
کَسَرَ (ض) کَسْرًا۔ العُوْدَ وَ کُلَّ صُلْبٍ توڑنا۔ العَسْکَرَ۔ لشکر کو شکست دینا۔ الوَصِیَّۃَ۔ وصیت کو توڑنا اور منسوخ کرنا۔ مخالفت کرنا۔ الشِّعْرَ۔ شعر کا وزن درست نہ کرنا اور اسے توڑ دینا۔ الطَّائِرُ جَنَاحَیْہِ۔ پرندے کا اڑنے کے لیے پروں کو سمیٹنا۔ الحَرْفَ۔ حرف کو زیر دینا۔ الوِسَادَۃَ۔ تکیہ کو موڑ کر سہارا لینا۔ المَتَاعَ۔ سامان کا ایک ایک کر کے آہستہ آہستہ بیچنا۔ مِنْ طَرْفِہٖ وَ عَلٰی طَرْفِہٖ۔ نیچی نظر کرنا۔ فُلَانًا عَنْ مُرَادِہٖ۔ کسی کو اس کے مقصد سے پھیرنا۔
کَسَرَ [illegible]

کا اترنے کے لیے پروں کو سمیٹنا۔
کَسِرَ (س) کَسَرًا۔ کاہل اور سست ہونا۔
کَسَّرَ۔ بمعنی کَسَرَ (مجرد) مبالغہ اور تاثیر کے لیے تشدید ہے۔
کَسَّرَتِ المِرْاٰۃُ و نَحْوُھَا النُّوْرَ بمعنی کَذَا فَتَکَسَّرَ۔ آئینے نے اس پر روشنی ڈالی اور اس پر روشنی پڑ گئی۔
کَسَّرَ۔ الکَلِمَۃَ۔ جمع مکسر بنانا (اصطلاح اہل صرف)
کَسَّرَ۔ الکِتَابَ عَلٰی عِدَّۃِ اَبْوَابٍ۔ کتاب کو چند ابواب پر تقسیم کرنا۔
تَکَسَّرَ۔ ٹوٹنا۔ الشَیْئَ۔ کسی چیز کو توڑنا۔
اِنْکَسَرَ۔ ٹوٹنا۔ العَسْکَرُ۔ لشکر کا شکست کھانا اور منتشر ہونا۔ صفت دونوں لحاظ سے مَکْسُوْرٌ ہے۔ اور مُنْکَسِرٌ نہیں بولا جاتا۔ الحَرُّ۔ گرمی کم ہونا۔ العَجِیْنُ۔ گندھے ہوئے آٹے کا زم ہونا اور خمیر ہو جانا۔ عَنِ الشَیْئِ۔ کسی چیز سے عاجز ہو جانا۔
اِکْتَسَرَ۔ الشَیْئَ۔ کسی چیز کو توڑنا۔
مَاقَ يَمُوْقُ مَوْقًا وَمُوْقًا وَمَوَاقَةً وَمُوُوْقًا ـــ الرَّجُلُ۔ بے وقوف ہونا۔ ہلاک ہونا۔
تَمَاوَقَ۔ پاگل پن دکھانا۔
اِنْمَاقَ اِنْمِيَاقًا۔ ہلاک ہونا۔
اِسْتَمَاقَ اِسْتِمَاقَةً۔ بے وقوف سمجھنا۔
اَلْمَائِقُ۔ بے وقوف۔ ہلاک ہونے والا ج مُوْقَى۔
اَلْمُوْقُ۔ مص بے وقوف۔ غبارت۔ غبار۔ پر دار چیونٹی۔ گوشۂ چشم۔ باریک موزہ پر موٹا موزہ۔ ج اَمْوَاقٌ۔
مَالَ يَمُوْلُ وَيَمَالُ مَوْلًا وَمُؤُوْلًا بہت مال والا ہونا۔ مالدار ہونا۔
مَالَهُ يَمُوْلُهُ مَوْلًا وَاَمَالَهُ اِمَالَةً۔ مال دینا۔
مَوَّلَهُ مال دار بنانا۔ تَمَوَّلَ الْمَالَ۔ مال جمع کرنا ـــ (اِسْتَمَالَ) مال حاصل کرنا یا بہت مالدار ہونا۔
اَلْمَالُ ج اَمْوَالٌ۔ مال۔ دولت۔ اہل بادیہ کے نزدیک مال کا اطلاق مویشی پر

ہوتا ہے (مذکر و مؤنث) کہتے ہیں " خَرَجَ اِلَى مَالِهِ " یعنی وہ اپنی جائداد یا اونٹوں کی طرف گیا۔ ج
مَالَةٌ وَمَالُوْنَ۔ بہت مال والا کہتے ہیں رَجُلٌ مَالٌ بہت مال دار آدمی۔ مؤنث: مَالَةٌ ج مَالَةٌ و مَالَاتٌ
اَلْمَوْلُ۔ مکڑی۔ واحد (مَوْلَةٌ)
اَلْمَالِيَّةُ۔ دولت۔ مال کے متعلق۔ شاہی خزانہ۔
اَلْمَوِّلُ وَالْمُمِيْلُ۔ بہت مالدار۔
اَلْمُوَيْلُ۔ تھوڑی دولت۔
مُيِّمَ مَوْمًا۔ الرَّجُلُ۔ برسام کی بیماری والا ہونا یا سیاہ قسم کی چیچک میں مبتلا ہونا کہ سارا جسم بکثرت زخم بن جائے صفت مفعول (مَمُوْمٌ)
مَوَّمَ۔ مِيْمًا۔ میم لکھنا۔
اَلْمَوْمَاءُ وَالْمَوْمَاةُ۔ وسیع بیابان یا بے آب و بیابان ج مَوَامِي
اَلْمُوْمِيَاءُ۔ ایک قسم کی دوا۔ مصریوں کے طریق پر حنوط لگائے ہوئے اجسام۔
مَانَهُ يَمُوْنُهُ مَوْنًا وَمَوُوْنَةً و مَؤُوْنَةً۔ کسی کا خرچ برداشت کرنا صفت مَائِنٌ)
مَانَ الْاَرْضَ۔ کھیتی کے لئے زمین جوتنا۔
تَمَوَّنَ۔ خرچ جمع کرنا۔ بال بچوں پر زیادہ خرچ کرنا۔
اَلْمُؤُوْنَةُ۔ خرچ۔ گذارے کے لائق ذخیرہ۔ ج مُؤَنٌ۔
بَيْتُ الْمُؤُوْنَةِ۔ گذارہ جمع کرنے کا کمرہ۔ اسٹور ہاؤس۔
اَلْمَوَّانُ۔ ذخیرہ رکھنے والا۔ ذخیرہ مہیا کرنے والا
مَاهَتْ تَمُوْهُ مَوْهًا وَمُؤُوْهًا۔ اَلْبِئْرُ

کنویں کا زیادہ پانی والا ہونا۔
— السَّفِینَةُ، کشتی میں پانی داخل ہونا
مَاهَ یَمُوهُ مَوْهًا۔ الرَّجُلَ۔ پانی پلانا۔
— الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ۔ ملانا۔
أَمَاهَ إِمَاهَةً وَأَمْوَهَ إِمْوَاهًا
— الشَّیْءَ: ملانا — الشَّیْءُ: ملنا —
الرَّجُلَ۔ پانی پلانا — اَلْحَوْضَ، حوض
میں پانی جمع کرنا — الدَّوَاةَ، دوات
میں پانی ڈالنا — البِئْرَ۔ کنواں کھود
کر پانی نکالنا — السِّکِّینَ:
چھری پر پانی چڑھانا۔
أَمَاهَتِ السَّمَاءُ۔ آسمان کا بہت
پانی برسانا — اَلْأَرْضُ: بہت پانی
والی ہونا۔
مَوَّهَ الْمَکَانُ، پانی والی ہونا — اَلْقِدْرَ
ہانڈی میں بہت پانی ڈالنا —
الشَّیْءَ بِالذَّهَبِ أَوِ الْفِضَّةِ وَنَحْوِهَا
گلٹ کرنا یا چاندی سونے کا پانی چڑھانا
— عَلَیْهِ الْأَمْرَ أَوِ الْخَبَرَ۔ خلافِ واقعہ
جھوٹا بیان سنانا۔
تَمَوَّهَ۔ گلٹ ہونا۔
— العِنَبُ: انگور میں رس پڑ کر پکنے
کے قریب ہونا — اَلْمَکَانُ بِالْبَقْلِ
جگہ کا سبزہ زار ہونا۔
اَلْمَاءُ۔ پانی (اصل مَوَهٌ) ہے تصغیر
مُوَیْهٌ۔ نسبت کے لئے مَائِیٌّ و
مَاوِیٌّ و مَاهِیٌّ ج مِیَاهٌ و أَمْوَاهٌ
و مَاءُ الْوَرْدِ و مَاءُ الزَّهْرِ و
نَحْوِهِمَا۔ گلاب وغیرہ کا پانی جو عرق
کی شکل میں کھینچا جائے۔
مَاءُ الْوَجْهِ و مَاءُ الشَّبَابِ
چہرہ کی رونق اور جوانی کی تازگی۔
مَاءُ السَّیْفِ۔ تلوار کی آب و تاب
بَنَاتُ الْمَاءِ۔ آبی جانور۔
مفرد: اِبْنُ الْمَاءِ

اَلْمَاءُ الْأَزْرَقُ۔ موتیا بند۔
اَلْمَاهُ۔ پانی نسبت کے لئے مَاهِیٌّ رَجُلٌ
مَاهُ الْفُؤَادِ۔ بزدل آدمی
اَلْمَاءَهُ۔ پانی۔ تصغیر۔ مُوَیْهَه
اَلْمُوهَةُ وَالْمُوَاهَةُ مِنَ الْوَجْهِ
چہرہ کی رونق و خوبصورتی۔
اَلْمَاهَةُ۔ مص چیچک
بِئْرٌ مَاهَةٌ۔ بہت پانی والا کنواں
اَلْمَاهِیَةُ۔ مونث اَلْمَاهِیّ
مَاهِیَّةُ الشَّیْءِ۔ چیز کی حقیقت۔
ج مَاهِیَّاتٌ۔
اَلْمَائِیَّةُ وَالْمَاوِیَّةُ مِنَ الشَّجَرِ
رس وہ سیال مٹی جس سے درخت کو
غذا حاصل ہو۔
اَلْمَاوِیَّةُ آئینہ۔ ج مَاوِیٌّ
رَکِیَّةٌ مَیْهَةٌ۔ بہت پانی والا کنواں
اَلْأَمْوَهُ۔ بہت پانی والا۔
اَلْمُمَوَّهَةُ معع۔ ناخن دار آنکھ
مَاتَ یَمُوتُ مَوْتًا مرنا۔
مَاثَ یَمِیثُ مَیْثًا وَمَیَثَانًا۔
الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ۔ پانی میں حل کرنا۔
مَیَّثَ الرَّجُلَ۔ ذلیل کرنا۔
تَمَیَّثَ۔ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ حل ہونا۔
— الرَّجُلُ، ذلیل ہونا۔
تَمَیَّثَتِ الْأَرْضُ۔ زمین کا بارش
سے نرم ہونا۔
اَلْحَرَارَةُ۔ ٹھنڈی ہونا۔
انْمَاثَ اِنْمِیَاثًا۔ الشَّیْءُ فِی الْمَاءِ۔
پانی میں حل ہونا۔
اِمْتَاثَ۔ الرَّجُلُ۔ زندگی کا آرام پانا
— الْأَقِطَ۔ پنیر پانی میں بھگو رکھانا
— الشَّیْءَ فِی الْمَاءِ۔ حل کرنا۔
الْمَیْثُ۔ نرم۔
أَرْضٌ مَیْثَاءُ۔ نرم زمین۔
مَاجَ یَمِیجُ مَیْجًا الشَّیْءُ مختلط ہونا

ملا ہوا ہونا۔
مَاحَ یَمِیحُ مَیْحًا وَمَیْحُوحَةً۔
پانی سے چلو بھرنا۔
— أَصْحَابَهُ۔ ساتھیوں کے لئے چلو چلو
پانی پینا — الرَّجُلَ، نفع دینا۔
— هُ عِنْدَ الْأَمِیرِ۔ سفارش کرنا۔
مَاحَتِ الرِّیحُ الشَّجَرَةَ۔ ہوا کا
درخت کو جھکا دینا — مَاحَ الرَّجُلُ
نخرے اور تکبر سے چلنا۔
مَاحَ یَمِیحُ مَیْحًا وَمِیَاحَةً دینا
مَیَّحَ تَمْیِیحًا الغُصْنُ أَوِ السَّکْرَانُ۔
جھکنا ہلنا۔
مَایَحَ مُمَایَحَةً۔ خلط ملط ہونا۔
اِمْتَاحَ الْمَاءَ۔ چلو لینا — الرَّجُلَ
بخشش طلب کرنا۔
تَمَیَّحَ۔ ناز و انداز سے چلنا۔ دائیں
بائیں جھکنا۔
تَمَایَحَ۔ ڈگمگانا۔
اِسْتَمَاحَ اِسْتِمَاحَةً۔ بخشش مانگنا
یا سفارش کرنے کی درخواست کرنا۔
اَلْمَائِحُ ج مَاحَةٌ وَالْمِیَاحُ۔ چلو
سے پانی پلانے کی درخواست کرنے والا۔
مَادَ یَمِیدُ مَیْدًا وَمَیَدَانًا۔
حرکت کرنا۔ ہلنا۔ کانپنا۔
مَادَتْ بِهِ الْأَرْضُ۔ زمین اس
کے ساتھ گھوم گئی — اَلْغُصْنُ:
شاخ کا جھکنا۔ ہلنا — الرَّجُلُ:
تکبر اور ناز سے چلنا۔ سر جھکانا۔
مَادَ الرَّجُلَ۔ زیارت کرنا۔ نیکی
کا سلوک کرنا۔
تَمَایَدَ۔ نشاط سے جھومنا۔
تَمَیَّدَتِ الْمَرْأَةُ۔ عورت کا ناز
سے چلنا۔
اِمْتَادَ اِمْتِیَادًا۔ بخشش مانگنا
اَلْمَائِدُ۔ جھکنے والا۔ چکر کھانے والا ج

ج مَیَادِی۔
اَلْمَائِدَۃُ ۔ مؤنث اَلْمَائِدُ ۔ کھانا چنا ہوا دسترخوان۔ کھانا۔ زمین کا دائرہ ج، مَوَائِدُ وَ مَائِدَاتٌ۔
اَلْمِیْدَۃُ ۔ کھانا۔ کھانا چنا ہوا دسترخوان
مَیْدَ اَنْ (بجائے بَیْدَ اَنْ) کیوں کر، حتی کہ۔
مِیْدَی ۔ بِعَجْدٍ ۔ اس لئے۔
فَعَلْتُهٗ مِیْدَی ذٰلِكَ ۔ اس نے اس کو اس وجہ سے کیا۔
دَارِیْ بِمِیْدَی دَارِہٖ ۔ میرا گھر اس کے گھر کے مقابل ہے۔
مِیْدَاءُ ۔ پیمانہ ۔ مقدار۔ سڑک کی لمبائی
اَلْمَیْدَانُ وَالْمِیْدَانُ ۔ گھوڑے دوڑانے یا کھیل کود کے لئے کشادہ میدان ج، مَیَادِیْنُ
اَلْمَیَّادُ ۔ بہت ہلنے والا ۔ مؤنث مَیَّادَۃٌ
اَلْمُمْتَادُ ۔ بخشش مانگنے والا جس سے بخشش مانگی جائے۔
مَارَ یَمِیْرُ مَیْرًا وَ اَمَارَ ۔ عِیَالَهٗ ؛ عیال کے لئے خوراک لانا
—— الدَّوَاءَ وَنَحْوَہٗ ۔ دوا وغیرہ گھلانا۔
مَارَ الصُّوْفَ اُون دھننا۔
اَمَارَ اَوْدَاجَهٗ ۔ رگیں کاٹنا۔
مَایَرَہٗ مُمَایَرَۃً ۔ خوراک لانا نقل اُتارنا۔
تَمَایَرَ تَمَایُرًا ۔ مَا بَیْنَ الْقَوْمِ ۔ فساد پڑنا۔
اِمْتَارَ ۔ خوراک مہیا کرنا۔
اَلْمَیْرُ ۔ مص ۔ کھانا ۔ خوراک۔
اَلْمِیْرَۃُ ۔ ذخیرہ کی ہوئی خوراک ج مِیَرٌ
اَلْمَائِرُ ۔ اسم فاعل ۔ خوراک لانے والا۔

ج مَیَّارٌ وَمَیَّارَۃٌ
اَلْمَیَّارُ ۔ خوراک لانے والا۔
اَلْمَوَّارَۃُ ۔ دھننے میں اون کا گرا ہوا حصہ
مَازَ یَمِیْزُ مَیْزًا وَمَیَّزَ وَاَمَازَ ۔ الشَّیْءَ : علیحدہ کرنا۔ جدا کرنا۔
—— الشَّیْءَ : چیز کو دوسری چیزوں پر ترجیح دینا۔ فوقیت دینا۔
مَازَ فُلَانٌ ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا۔
تَمَیَّزَ وَانْمَازَ اِنْمِیَازًا وَاِمْتَازَ اِمْتِیَازًا وَاسْتَمَازَ وَاسْتِمَازَۃً جدا ہونا۔
تَمَیَّزَ فُلَانٌ مِنَ الْغَیْظِ ۔ غصہ سے پھٹ پڑنا۔
تَمَیَّزَ الْقَوْمُ ۔ ایک دوسرے سے جدا ہونا
اِسْتَمَازَ ۔ علیحدہ ہونا۔
تَمَایَزَ الْقَوْمُ ۔ پھٹ جانا مختلف گروہوں میں بٹ جانا۔
اَلْمَیْزُ وَالْمِیْزُ ۔ مضبوط پٹھوں والا
اَلتَّمْیِیْزُ ۔ مَیَّزَ ۔ کا مصدر ۔ ایک قوت نفسانی جس سے معانی کا استنباط ہو۔
سِنُّ التَّمْیِیْزِ ۔ سمجھ کی عمر، برائی بھلائی پہچاننے کی عمر۔
اَلْاِمْتِیَازُ ۔ پروانہ ۔ سند ۔ خاص حق ۔ ج اِمْتِیَازَاتٌ۔
مَاسَ یَمِیْسُ مَیْسًا وَمَیَسَانًا وَتَمَیَّسَ ۔ الرَّجُلُ ۔ ناز و نخرہ سے چلنا صفت (مَائِسٌ وَمَیَّاسٌ وَ مَیْسَانُ وَمَیُوْسٌ۔
مَیَّسَ ۔ الثَّوْبَ ۔ کپڑے کا دامن بنانا
اَلْمَیْسُ ۔ مص ۔ ایک بڑا درخت واحد (مَیْسَۃٌ)
اَلْمَیْسُ ۔ ایک قسم کی کشمش ۔ دو بیلوں کے درمیان کی لمبی لکڑی ۔ کجاوہ
اَلْمَیَّاسُ ۔ شیر ۔ بھیڑیا۔

اَلْمَیْسَانُ ۔ بہت تیز چمکنے والا ستارہ ج ۔ مَیَاسِیْنُ۔
مَاشَ یَمِیْشُ مَیْشًا اَلشَّیْءَ بِالشَّیْءِ ملانا
—— النَّاقَۃَ ۔ اونٹنی کا نصف دودھ دوہنا —— الْخَبَرَ ۔ بعض خبر بتانا ۔ بعض چھپانا۔
مَاطَ یَمِیْطُ مَیْطًا وَمَیَطَانًا وَاَمَاطَ اِمَاطَۃً ۔ عَنْ کَذَا ۔ دور ہو جانا ۔ علیحدہ ہونا۔
مَاطَہٗ وَاَمَاطَہٗ وَمَاطَ بِہٖ ہٹانا دور کرنا ۔ مَاطَ الرَّجُلُ ظلم کرنا
—— فُلَانًا ۔ ڈانٹنا ۔ ہٹانا۔
—— الشَّیْءَ ، جانا ۔
مَیَّطَ تَمْیِیْطًا ۔ بَیْنَهُمَا ۔ مائل کرانا۔
تَمَایَطَ الْقَوْمُ ۔ ایک دوسرے سے دور ہونا ۔ فساد واقع ہونا۔
مَایَطَ ۔ بَیْنَ ۔ الشَّیْئَیْنِ ترجیح دینا
اَلْمَیْطُ ۔ کہتے ہیں "مَا عِنْدَہٗ مَیْطٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔
اَلْمِیَاطُ ۔ ڈانٹ ۔ نفرت جھکاؤ اور تیامد ۔ "ھُمْ فِیْ ھِیَاطٍ وَمِیَاطٍ" وہ گھبراہٹ میں ہیں، وہ آمد و رفت میں ہیں۔
مَاعَ یَمِیْعُ مَیْعًا ۔ الشَّیْءُ ۔ زمین میں پھیل کر بہنا گھوڑے کا دوڑنا۔
—— وَانْمَاعَ اِنْمِیَاعًا وَتَمَیَّعَ تَمَیُّعًا ۔ الشَّیْءُ ۔ کسی چیز کا پگھل کر بہنا صفت (مَائِعٌ) مؤنث مَائِعَۃٌ
اَمَاعَ اِمَاعًا وَاِمَاعَۃً بہانا۔
مَیْعَۃُ ۔ الشَّیْءِ ۔ اوّل شے یا اصل شے۔
مَیْعَۃُ الشَّبَابِ ۔ آغاز جوانی
مَیْعَۃُ الْفَرَسِ ۔ گھوڑے کی دوڑ کا آغاز —— اَلْمَیْعَۃُ ۔ زمین پر گرائی چیز کا سیلان ۔ ایک خوشبودار گوند
اَلْمَائِعُ ۔ بہنے والی چیز ۔ مؤنث اَلْمَائِعَۃُ

مؤنث اَلمَائِعَۃُ۔
گھوڑے کی پیشانی کے بال ج:
مَوَائِعُ۔
مَالَ یَمِیلُ مَیلاً وَ تَمیَالاً وَ مَیلاناً
وَ مَیلُولَۃً وَ مَمَالاً وَ مَمِیلاً۔
— اِلَی المَکانِ۔ لوٹنا۔
اِلَی الشَّیءِ اَو الشَّخصِ۔ رغبت کرنا
محبت کرنا — عَنِ الطَّرِیقِ۔ تجاوز کرنا
چھوڑ دینا — اَلحَائِطُ: دیوار کا
جھکنا — الحَاکِمُ فِی الحُکمِ: حاکم کا فیصلہ
میں ظلم و ناانصافی سے کام لینا۔
— عَلَیہِمُ الدَّھرُ۔ زمانہ کا مصائب
و حوادث لانا — مَالَ بِفُلَانٍ:
غالب آنا — مَالَ الشَّیءَ: جھکانا
مَالَتْ تَمِیلُ مُیُولاً۔ الشَّمسُ: سورج
کا ڈھلنا یا ڈوبنے کے قریب قریب
ہونا۔ مَالَ النَّہَارُ اَوِ اللَّیلُ
دن یا رات کا ختم ہونے کے قریب ہونا
مَالَ بِنَا الطَّرِیقُ۔ راستہ
ہمارے لئے لمبا ہو گیا۔
مَیِلَ مَیَلاً۔ پیدائشی کج ہونا۔
صفت (اَمیَلُ)
مَیَّلَ تَمیِیلاً۔ الشَّیءَ۔ پیدائشی کج
ہونا۔ جھکانا۔ فِی الاَمرِ۔ شک
کرنا — بَینَ الاَمرَینِ۔ دو
کاموں میں پس و پیش کرنا۔ مثلاً
کہتے ہیں "قُرِّبَ لَہُ طَعَامًا
فَمَیَّلَ فِیہِ لِحَاجَۃٍ" یعنی کھانا
سامنے آنے پر اس کی کمی کی وجہ
سے متردد ہوا کہ اس کو کھائے یا
چھوڑ دے۔

اَمَالَ اِمَالَۃً۔ الشَّیءَ۔ جھکانا۔
— یَدَہُ بِالقَوسِ۔ گھوڑے کی لگام
ڈھیلی کرنا۔
اَمَالَتِ المَرأَۃُ۔ نقاب اتارنا
اَمَالَ القَارِیءُ۔ قاری کا پڑھنے میں امالہ کرنا
مَایَلَہُ مُمَایَلَۃً۔ موافقت کرنا۔ مدد
دینا۔ حملہ کرنا۔ جھکنا۔ محبت کرنا۔
ترجیح دینا۔
تَمَیَّلَ وَ تَمَایَلَ تَمَایُلاً فِی مَشیِہٖ
ناز و نخرے سے چلنا۔
بَینَہُم تَمَایُلٌ۔ ان میں اختلاف
و فساد ہے
اِستَمَالَ اِستِمَالَۃً۔ مائل ہونا
— فُلَاناً وَ بِقَلبِہٖ۔ جھکنا۔ مہربانی
چاہنا — مَا فِی الوِعَاءِ: جو کچھ برتن
میں ہو اس کو لے لینا۔
اِمتَالَ۔ دونوں کف یا ذراع سے ناپنا
اَلمِیلُ۔ سرمہ لگانے کی سلائی۔ زخم
وغیرہ ناپنے کا آلہ۔ میل کا پتھر۔ نظر کی
حد۔ چار ہزار ہاتھ کا فاصلہ۔ ج:
اَمیَالٌ وَ اَمیُلٌ وَ مُیُولٌ
المِیلَۃُ۔ وقت۔ زمانہ۔ لمحہ ج:
مِیَلٌ۔ اَلدَّھرُ مِیَلٌ
زمانہ گردشوں والا ہے۔
اَلاِمَالَۃُ۔ مص۔ اَمَالَ فِی القِرَاءَۃِ
فتحہ کو کسرہ کی طرف اور الف کو یاء کی
جانب جھکانا۔
اَلاَمیَلُ۔ زیادہ جھکا ہوا۔ بزدل۔
زیادہ ہمدرد۔ کج۔ زین سے ایک
طرف کو جھکنے والا۔ بے ہتھیار۔
مؤنث مَیلَاءُ۔

اَلمَیلَاءُ۔ گنجان درخت۔ ریت
کا ٹیلہ۔ پگڑی باندھنے کا طرز۔
اَلمَائِلُ۔ فا۔ ج مُیَّلٌ وَ مَالَۃٌ
مؤنث مَائِلَۃٌ ج مَائِلَاتٌ
و مَوَائِلُ۔
اَلمَیَّالُ۔ بہت جھکنے والا۔ مؤنث
مَیَّالَۃٌ۔
مَانَ یَمِینُ مَیناً۔ جھوٹ بولنا۔
صفت (مَائِنٌ وَ مَیَّانٌ و
مَیُونٌ)۔
مَانَ الاَرضَ۔ زمین کو کھیتی کے لئے
جوتنا۔
تَمَایَنَ القَومُ۔ ایک دوسرے پر
جھوٹ بولنا۔
المَانُ۔ ہل کا پھل یا پھاوڑا۔
المَینُ۔ جھوٹ ج مُیُونٌ
المِینَا و المِینَاءُ۔ بندرگاہ ج مَوَانٍ
و مَوَانِی۔
المِینَاءُ۔ آبگینہ۔
مَاہَ یَمِیہُ مَیہاً و مَیہَۃً۔ السَّیفَ
و غَیرَہٗ بِمَاءِ الذَّھَبِ
تلوار وغیرہ پر سونے کا پانی چڑھانا
— فُلَاناً۔ پانی پلانا۔
مَاھَتِ البِئرُ۔ کنویں کا بہت پانی
والا ہونا۔
مَاہَ یَمِیہُ مَیہَۃً و مَاھَۃً
و مَیہاً۔ الرَّکِیَّۃَ۔ کنویں
کے پانی کو زیادہ کرنا۔
اَلمَاھَۃُ و المِیہَۃُ۔ کنویں کے
پانی کی کثرت۔

ن

ن۔ حرف ن پانچ طرح کا ہوتا ہے۔
(۱) نون تاکید۔ اس کی دو قسمیں ہیں خفیفہ
اور ثقیلہ۔ یہ دونوں فعل کے ساتھ
مختص ہیں جیسے لَیَکُونَنَّ مِنَ
الصَّاغِرِینَ۔ وَلَا تَحسَبَنَّ اللّٰہَ
غَافِلاً۔ ماضی کی تاکید اس سے جائز

نہیں۔ البتہ امر کی تاکید جائز ہے اور فعل
مضارع کی تاکید واجب جب کہ جواب
قسم ہو اور لام قسم سے کسی اجنبی کا فاصلہ
نہ ہو اور فعل مثبت مستقبل ہو جیسے تَاللّٰهِ
لَاَكِيْدَنَّ اَصْنَامَكُمْ۔ اور جب جواب
قسم ہو اور شروط مذکورہ نہ پائی جائیں تو
تاکید ممتنع ہے اور ان صورتوں کے
علاوہ میں تاکید و عدم تاکید ہر دو روا
ہیں لیکن طلب میں تاکید زیادہ ہوتی ہے

(۲) نون تنوین۔ یہ نون ساکنہ زائدہ اسم
کے آخر میں آتا ہے پڑھا جاتا ہے
لکھا نہیں جاتا جیسے كِتَابٌ

(۳) نون تانیث۔ یہ یا تو خفیفہ مفتوحہ
ہوتا ہے جو فعل کے ساتھ لاحق ہوتا
ہے جیسے ضَرَبْنَ و يَضْرِبْنَ و
اِضْرِبْنَ اور یہ ضمیر ہے یا وہ مشددہ
و مفتوحہ ہوتا ہے جو مونث پر دلالت
کرنے کے لیے ضمیروں کے ساتھ متصل
ہو کر آتا ہے جیسے عَلَّمَكُنَّ و
مِنْهُنَّ و ضَرَبَهُنَّ۔ اور یہ حرف
ہے۔

(۴) نون وقایہ۔ یہ یائے متکلم سے پہلے
آتا ہے جیسے ضَرَبَنِي و اَنَّنِي

(۵) نون زائدہ۔ یہ بھی دو قسم کا ہے ایک
وہ جو فعل مضارع کے ساتھ لاحق ہوتا
ہے جب کہ ضمیر تثنیہ کے ساتھ متصل
ہوتا ہے جیسے يَضْرِبَانِ و تَضْرِبَانِ
یا ضمیر مونث حاضر کے ساتھ متصل
ہو جیسے تَضْرِبِيْنَ یا جمع مذکر کے
ساتھ جیسے يَضْرِبُوْنَ و تَضْرِبُوْنَ
ان حالات میں مثنی میں مکسور رہتا ہے
اور باقی جگہ مفتوح۔ دوسرا وہ جو اسم
مثنی کے ساتھ لاحق ہوتا ہے اور
مکسور ہوتا ہے جیسے الزَّيْدَانِ
اور جمع مذکر کے ساتھ اور مفتوح ہوتا
ہوتا ہے جیسے اَلزَّيْدُوْنَ۔

نَا۔ ضمیر جمع متکلم ہے اور رفع نصب
جر میں مشترک ہے جیسے رَبَّنَا اِنَّنَا
سَمِعْنَا۔

نَأَتَ (ض) نَأَتًا و نَئِيْتًا۔ گریہ زاری
کرنا۔ حسد کرنا۔ اَلنَّأْتُ شَبْر۔

نَأَتَ (ف) نَأْتًا و مَنْأَتًا۔ عَنْهُ
دور ہونا۔ دیر لگانا۔ اَلرَّجُلُ
کوشش کرنا۔

اَنْأَتَهُ اِنْآتًا۔ دور کرنا۔ کہتے ہیں
سَعَى سَعْيًا نَأْتًا و مِنْأَتًا۔
وہ سست چال چلا۔

نَأَجَ (ف) نُؤُوْجًا۔ فِي الْاَرْضِ۔ ملک
میں جانا۔ اَلْاَمْرَ۔ معاملہ کو پیچھے
ڈالنا۔ ر۔ نَئِيْجًا اِلَى اللّٰهِ فِي
الدُّعَاءِ۔ برقت دعا خدا تعالی کے
آگے گریہ و زاری کرنا۔ نَأَجَتِ
الرِّيْحُ۔ ہوا کا تیز ہونا۔ الرِّيْحُ
الْمَوْضِعَ۔ ہوا کا تیز گذرنا۔

نَأَجَ (ف ض) نَأْجًا و نُؤَاجًا الثَّوْرُ
بیل کا آواز نکالنا۔

نَئِجَ (س) نَأَجًا۔ آہستہ کھانا۔
نُؤِجَ۔ سخت ہوا لگنا۔

النَّأْجَةُ۔ سخت و تند ہوا ج نَأْجَاتٌ
النَّأَّاجُ۔ بہت آواز نکالنے والا تیز
رَجُلٌ نَأَّاجٌ۔ بلند آواز آدمی
النَّئِيْجُ۔ ہوا کی سائیں سائیں کی آواز
رِيْحٌ نَؤُوْجٌ۔ تیز چلنے والی ہوا
ج، نَوَائِجُ۔

المَنْؤُوْجُ مفع۔ حَدِيْثٌ مَنْؤُوْجٌ
پیچیدہ بات۔

نَأَدَهُ (ف) نَأْدًا۔ حسد کرنا۔ مصیبت
نازل ہونا۔ زمین کا بہت چشموں والی
ہونا۔

النَّآدُ و النَّأْدَى و النَّؤُوْدُ۔ مصیبت

نَأَرَتْ (ف) نَأْرًا۔ نَائِرَةٌ فِي النَّاسِ
لوگوں میں ہیجان ہونا۔

النُّؤُوْرُ۔ کاجل۔ کوئلوں کا دھواں۔

نَأَشَ (ف) نَأْشًا و تَنَاؤُشًا۔
الشَّيْءَ۔ پکڑنا۔ گرفت کرنا۔ الْاَمْرَ
موخر کرنا۔ الشَّيْءَ دور کرنا۔ ہ اللّٰهُ
زندہ کرنا اور بلند کرنا۔ الرَّجُلُ مِنْ
مَكَانِهِ جگہ سے اٹھنا۔

تَنَاءَشَ۔ پیچھے رہنا۔ دور ہونا۔
الشَّيْءَ۔ دور سے لینا۔

اِنْتَأَشَ۔ پیچھے رہنا۔ دور ہونا۔
الشَّيْءَ فُلَانًا۔ جلدی میں ڈالنا۔
۔ بِغَنَمِهِ۔ بکریوں کے ساتھ کوچ
کرنا۔ فُلَانًا بِعَلِيٍّ۔ سمجھنا۔

اَلنَّؤُوْشُ۔ قوی۔ غالب۔

اَلنَّئِيْشُ۔ دور۔ فَعَلَهُ نَئِيْشًا اس
نے اس کو آخر میں کر دیا۔ جَاءَ
نَئِيْشًا۔ وہ دیر سے آیا۔ لَحِقْنَا
نَئِيْشًا مِنَ النَّهَارِ۔ وہ ہم سے دن
کے ختم پر آملا۔

نَأَفَ (ف) نَأْفًا فِي الْاَمْرِ۔ کوشش
کرنا

نَئِفَ (س) نَأْفًا مِنَ الشَّرَابِ
سیراب ہونا۔ الرَّجُلُ۔ نفرت کرنا
۔ الشَّيْءَ۔ کھانا۔

نَأَلَ (ف) نَأْلًا و نَئِيْلًا و نَأَلَانًا۔
الْفَرَسُ۔ گھوڑے کا ہل کر چلنا۔
صفت (نَؤُوْلٌ) الرَّجُلُ۔ سر
اٹھا کر ہلاتے ہوئے چلنا۔ فُلَانًا
حسد کرنا۔

نَأَمَ (ف ض) نَئِيْمًا۔ آہستہ رونا۔
آہ بھرنا۔ کمان کا آواز کرنا۔ شیر کا
دھاڑنا۔

النَّأْمَةُ۔ آواز۔ نغمہ۔ شور۔ اَسْكَتَ
اللّٰهُ نَأْمَتَهُ۔ خدا اس کو مار دے۔

نَأْنَأَ نَأْنَأَةً وَتَنَأْنَأَ - عَنِ الْأَمْرِ سست ہونا - عاجز ہونا - قاصر ہونا - فِي الرَّأْيِ رائے میں کمزور ہونا صفت رَنَأْنَأٌ وَنَأْنَاءٌ - فُلَانًا - اچھی غذا دینا - ارادہ سے روکنا - باز رکھنا۔

نَأَى يَنْأَى نَأْيًا - فُلَانًا وَنَأَى عَنْ فُلَانٍ - دور ہونا صفت (نَاءٍ) مؤنث نَائِيَةٌ۔

نَأَى وَأَنْأَى وَانْتَأَى خیمہ کے گرد چوبچہ کھودنا۔

نَادَى مُنَاءَاةً - الرَّجُلَ - دور کرنا - الشَّرَّ عَنْ فُلَانٍ کسی سے برائی دور کرنا - ہٹانا۔

أَنْأَى - فُلَانًا عَنْهُ - دور کرنا۔

تَنَادَى تَنَائِيًا وَانْتَأَى انْتِئَاءً - دور ہونا — النَّأْيُ وَالنُّؤْيُ وَالنِّئْيُ وَالنُّؤَى خیمہ کے گرداگرد کی نالی یا چوبچہ ج أَنْآءٌ وَأَنْآءٌ وَنُئِيٌّ وَنِئِيٌّ۔

النَّائِي - دور

الْمُنْتَأَى - دور جگہ۔

النَّأْيُ - بانسری

نَبَّ (ض) نَبًّا وَنَبِيبًا وَنُبَابًا — التَّيْسُ عِنْدَ هِيَاجِهِ - مینڈھے کا جوش کے وقت آواز نکالنا۔

نَبَّبَ تَنْبِيبًا - النَّبَاتُ - پودہ کا پوریوں والا یا گانٹھ دار ہونا۔

تَنَبَّبَ - الْمَاءُ - پانی کا بہنا۔

النَّبَّةُ - سیبو۔

الْأُنْبُوبُ - بانس یا نرکل وغیرہ کا پودا - دو گرہوں کے درمیان کا حصہ - ہر گول جوف دار چیز پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے — أُنْبُوبُ الْمَاءِ - نالی — أُنْبُوبُ الْكُوزِ - کوزہ کی ٹونٹی — الْأُنْبُوبُ مِنَ الشَّجَرَةِ - درختوں کی قطار - أَنَابِيبُ الرِّئَةِ پھیپھڑے کی سانس لینے کی نالیاں۔

الْأُنْبُوبُ وَالْأُنْبُوبَةُ - بانس یا نرکل کا پودا۔

نَبَأَ (ف) نَبْأً وَنُبُوءًا — الشَّيْءُ: بلند ہونا - ظاہر ہونا — نَبَأَ سَمْعِي عَنْ كَذَا - میرے کان نے اس سے نفرت کی — عَلَى الْقَوْمِ - ظاہر ہونا - برآمد ہونا — مِنْ أَرْضٍ إِلَى أَرْضٍ - ایک زمین سے دوسری زمین کی طرف جانا۔

نَبَأَ (ف) نَبْأً - آہستہ آواز نکالنا۔

نَبَّأَ تَنْبِئَةً وَتَنْبِيئًا وَأَنْبَأَ — فُلَانًا الْخَبَرَ وَبِالْخَبَرِ - خبر دینا — أَنْبَأَ - ہٹانا - ایک ملک سے دوسرے ملک کو نکال دینا۔

نَابَأَهُ مُنَابَأَةً - ایک دوسرے کو خبر دینا — تَنَابَأَ الْقَوْمُ - قوم سے دور رہنا - قوم کے پڑوس کو چھوڑ دینا۔

تَنَبَّأَ تَنَبُّؤًا - نبوت کا دعویٰ کرنا۔

اِسْتَنْبَأَ - الرَّجُلَ - خبر دریافت کرنا — النَّبَأَ - خبر کی تفتیش کرنا۔

النَّبَأُ - خبر ج أَنْبَاءٌ۔

النَّبْأَةُ - کمزور آواز - کتوں کی آواز۔

النُّبُوءَةُ وَالنُّبُوَّةُ - خدا تعالیٰ کی طرف سے الہام پاکر غیب کی بات بتانا - پیشین گوئی کرنا۔

النَّبِيءُ وَالنَّبِيُّ - اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام کی بنا پر غیب کی باتیں بتانے والا - پیشین گوئی کرنے والا - خدا تعالیٰ کے متعلق خبریں دینے والا - نسبت کے لئے نَبَوِيٌّ ج أَنْبِيَاءُ وَنَبِيئُونَ وَأَنْبَاءٌ وَنُبَآءُ - مؤنث نَبِيئَةٌ ج نَبِيئَاتٌ — النَّبِيُّ - واضح راستہ - ٹیڑھی بلند جگہ - ایک جگہ سے دوسری جگہ جانے والا۔

النَّكْدِيُّ - فا ٹیڑھی بلند جگہ۔

نَبَتَ (ن) نَبْتًا وَنَبَاتًا — الْمَكَانُ سبزی والی ہونا — الْبَقْلُ: سبزی کا زمین سے پھوٹنا (— نُبُوتًا) ثَدْيُ الْجَارِيَةِ لڑکی کے پستانوں کا ابھرنا۔

نَبُتَ (ن) نَبَتَةً وَنَبَاتًا - الْإِنْسَانُ جوان ہونا۔

أَنْبَتَ - الْمَكَانُ - جگہ کا سبزہ اگانا۔ — الْبَقْلُ: سبزی کا اگانا یا اگنا۔ الْغُلَامُ: لڑکے کا جوان ہونا صفت مَنْبُوتٌ۔

نَبَّتَ - الشَّجَرَ - غلہ بونا - پودہ لگانا - بچہ کی پرورش کرنا۔

تَنَبَّتَ الشَّيْءُ - ظاہر ہونا۔

النَّبْتُ - مص - سبزی ج نُبُوتٌ - واحد نَبْتَةٌ۔

النَّبَاتُ مص - جو کچھ زمین اگائے جیسے پودا - بیل گھاس واحد نَبَاتَةٌ ج نَبَاتَاتٌ وَأَنْبِتَةٌ — عِلْمُ النَّبَاتِ - نباتات کا علم

النَّبَاتِيُّ - نبات کی طرف نسبت - علم نباتات کا ماہر

النَّابِتُ - فا - نئی اگی ہوئی سبزی۔ النَّابِتَةُ - مؤنث النَّابِتُ آدمیوں یا مویشیوں کے بچے ج نَوَابِتُ۔

النَّبُّوتُ - شاخ - چھڑی - ڈنڈا - ج نَبَابِيتُ۔

التَّنْبِيتُ - مص - درخت - پودا - درخت خرما کی چھانٹی ہوئی شاخیں ج تَنَابِيتُ۔

الْمَنْبِتُ - اگنے کی جگہ۔

الْمُنْبِتَاتُ - بہت نباتات والی زمین

الْيَنْبُوتُ - خشخاش کا پودا ج يَنَابِيتُ

واحد (یَنْبُوعَۃ)

نَبَثَ (ن) نَبْثًا - اَلْبِئْرَ - کنواں کھود کر مٹی نکالنا — اَلتُّرَابَ - کنویں وغیرہ سے مٹی نکالنا — عَنِ السِّرِّ او الْاَمْرِ - کسی بھید کا معاملے کی چھان بین کرنا — فُلَانٌ غضبناک ہونا

اِنْتَبَثَ - اَلتُّرَابَ - کنویں وغیرہ سے مٹی نکالنا - اَلشَّیْءَ - لینا -

تَنَابَثَ - اَلْقَوْمُ - آپس میں بحث کرنا

تَنَابَثَ الْقَوْمُ عَنِ السِّرِّ - لوگوں نے راز کے متعلق بحث کی -

اِسْتَنْبَثَ عَنِ السِّرِّ - بھید کی تحقیقات کرنے میں کوشش کرنا -

اَلنَّبْثُ - نشان - کھوج - ج اَنْبَاثٌ

اَلنَّبِیْثُ - شریر -

اَلنَّبِیْثَۃُ - کنویں یا نہر کی نکالی ہوئی مٹی - بھید - راز ج نَبَائِثُ

اَلْاُنْبُوْثَۃُ - بچوں کا ایک کھیل - وہ یہ کہ مٹی میں کوئی چیز چھپا دیتے ہیں جو اس کو ڈھونڈھ نکالتا ہے بس وہی جیت جاتا ہے -

نَبَجَ (ض) نَبِیْجًا - سخت آواز - سخت کلام ہونا - صفت نَبَّاجٌ

نَبَجَتْ (ن) نَبْجًا — اَلْقُبَجَۃُ - چکور یا تیتر کا اپنے سوراخ سے نکلنا

اَنْبَجَ - بولنے میں ہچکچانا - ٹیلہ پر بیٹھنا

اِنْتَبَجَ وَ تَنَبَّجَ - اَلْعَظْمُ: ہڈی کا سوجنا -

اَلنَّبَجَۃُ - ٹیلہ -

اَلنَّبَّاجُ - جھوٹا بھونکنے والا کتا -

اَلنُّبَّاجُ - ناکارہ آدمی گونڈ -

نُبَاجُ الْکَلْبِ - کتے کی آواز -

اَلنَّبَّاجَۃُ - مؤنث نَبَّاجٌ - بہری - بھڑتڑ

اَلنَّابِجَۃُ - مصیبت

اَلنَّبَاجُ - بلند ٹیلے -

اَلنَّبَجَانُ - دھکل ج نِبَاجٌ

اَلْمُنَبِّجُ - جھوٹے وعدے کرنے والا

نَبَحَ - (ف ض) نَبْحًا و نُبُوْحًا و نَبِیْحًا و نُبَاحًا و نِبَاحًا و تَنْبَاحًا — اَلْکَلْبُ - کتے کا بھونکنا - صفت - نَابِحٌ ج - نَوَابِحُ و نُبَّحٌ و نُبُوْحٌ

نُبَاحٌ - دراصل کتے کی آواز کے لئے ہے - مگر بطور مجاز ہرن بکرے کی آواز پر بھی اس کا اطلاق کرتے ہیں -

نَبَحَ - (ف) نُبَاحًا - الھدالھد زیادہ عمر والا ہونے کے سبب اس کی آواز کا جاری ہونا -

نَابَحَہٗ - مُنَابَحَۃً - اَلْکَلْبُ - کتے کا کسی پر بھونکنا -

اَنْبَحَہٗ وَاسْتَنْبَحَہٗ - بھونکانا

اَلْمُسْتَنْبِحُ - کتوں کو بھونکانے والا یعنی رات کو آنے والا -

اَلنَّبَّاحُ - بہت بھونکنے والا - سفید سیپی جو تعویذ کے طور پر استعمال ہوتی ہے واحد نَبَّاحَۃٌ کَلْبٌ نَبَّاحِیٌّ اونچی آواز سے جاگنے والا کتا -

اَلْمَنْبُوْحُ - گالی دیا ہوا -

نَبَخَ (ن ض) نُبُوْخًا - اَلْعَجِیْنُ - آٹے میں خمیر اٹھنا -

اَنْبَخَ - اَلْعَجِیْنَ - خمیر اٹھانا

اَلرَّجُلُ - نرم زمین میں کھیتی کرنا -

اَلنَّبْخُ وَ النَّبَخُ - چھالا - آبلہ

اَلنَّبْخَۃُ وَ النَّبَخَۃُ - نکتہ

اَلنَّابِخَۃُ - دور کی زمین تکبر اور سختی سے بولنے والا ج نَوَابِخُ

اَلْاَنْبَخُ - سخت اندام - ٹیلے تک والا - بہت مٹی - اَلْاَرْضُ اَلنَّبْخَاءُ اونچی ہوئی بلند زمین - نرم زمین

ج نَبَاخِیُّ

اَلنَّبَاخُ وَالْاَنْبِخَانُ — مِنَ الْعَجِیْنِ - پھولا ہوا ترش خمیر

نَبَذَ (ض) نَبْذًا - اَلشَّیْءَ - پھینکنا اَلْاَمْرَ - بیکار کرنا — اَلْعَهْدَ عہد توڑنا -

نَبَذَ وَ نَبَّذَ - اَلنَّبِیْذَ - نبیذ بنانا — اَلْعِنَبَ اَوِ التَّمْرَ انگور یا کھجور کا نبیذ بن جانا -

نَبَّذَ الشَّیْءَ - پھینکنا

نَبَذَ (ض) نَبْذًا و نَبَذَانًا اَلْعِرْقُ رگ کا حرکت کرنا -

نَابَذَہٗ مُنَابَذَۃً وَ نِبَاذًا - مخالفت کرنا اور دشمنی سے جدا ہونا -

— ہٗ اَلْحَرْبَ - اعلان جنگ کرنا

— ہٗ فِی الْبَیْعِ - بیع منابذہ کرنا - زمانہ جاہلیت کی ایک بیع جس میں مشتری بیع پر کنکر پھینکتا تھا اور کہتا تھا جس پر یہ کنکر لگ جائے وہ میری ہے - اسی کو بَیْعُ اِلْقَاءِ الْحَجَرِ اور بَیْعُ الْحَصَاۃِ بھی کہتے ہیں -

تَنَابَذُوْا - باہم اختلاف و دشمنی سے جدا ہونا -

اِنْتَبَذَ - اَلنَّبِیْذَ - نبیذ بنانا —

اَلْعِنَبُ اَوِ التَّمْرُ - نبیذ بننا —

عَنِ الْقَوْمِ - قوم سے الگ ہونا -

فُلَانٌ - عزلت نشین ہونا -

اَلنُّبْذُ - تھوڑی سی چیز - ج اَنْبَاذٌ - اَنْبَاذُ النَّاسِ اوباش لوگ -

اَلنُّبْذَۃُ وَالنَّبْذَۃُ - گوشہ، قطعہ ج - نُبَذٌ -

اَلنَّبِیْذُ - پھینکا ہوا - مؤنث نَبِیْذَۃٌ کھجوروں یا انگوروں سے بنی ہوئی شراب - انگوروں یا کھجوروں کا

(س) شراب ج أَنْبِذَةٌ
اَلْمَنْبُوْذُ مع حرام کا بچہ۔ بچہ جو راستہ
میں پھینک دیا گیا ہو۔
اَلنَّبَّاذُ ۔ نبیذ بیچنے والا۔
اَلْمَنْبَذَةُ ۔ تکیہ۔ سرانہ ج مَنَابِذُ
نَبَرَ (ض) نَبْرًا ۔ الغُلامُ لڑکے
کا بڑھنا ۔ اَلْمُغَنِّيْ ۔ گویے کا
آواز کو پست کرنے کے بعد اٹھانا
۔ الرَّجُلَ ۔ ڈانٹنا ۔ جھڑکنا ۔
ہ بِلِسَانِہٖ ۔ غیبت کرنا ۔ الْحَرْفَ
حرف پر ہمزہ لگانا ۔ الشَّيْءَ ۔ بلند کرنا
۔ الرُّمْحُ عَنْہُ ۔ تیزی سے نیزہ اٹھانا
اَنْبَرَ ۔ اَلْأَنْبَارَ ۔ انبار بنانا۔
اِنْتَبَرَ ۔ اَلْجُرْحُ ۔ زخم کا سوجنا
اَلْخَطِيْبُ ۔ خطیب کا منبر پر چڑھنا
۔ الْجَسَدُ ۔ بدن کا متورم ہونا ۔
اِنْتَبَرَتْ يَدُہٗ ۔ ہاتھ میں چھالا
پڑنا۔
اَلنَّبْرُ مص بے شرم ۔ جلدی سے لگائی
ہوئی ضرب۔
اَلنِّبْرُ ۔ چیچڑی ۔ ایک قسم کی مکھی ۔
پست قد ۔ کمینہ ج نِبَارٌ و أَنْبَارٌ
اَلنِّبْرُ و الأَنْبَارُ ۔ غلہ رکھنے کی
کوٹھڑی ج أَنَابِيْرُ و أَنَابِرُ و
أَنْبَارَاتٌ ۔
اَلنَّبْرَةُ ۔ اوپر کے ہونٹ کا درمیانی گڑھا
ہمزہ ۔ ورم ۔ آواز کی بلندی ۔ نمایاں
بلند چیز
اَلنُّبْرَةُ ۔ بڑا لقمہ ۔ ج نُبَرٌ
اَلنَّبِيْرُ ۔ پنیر ۔
اَلنَّبِيْرُ ۔ دانا آدمی
اَلنَّبَّارُ ۔ چلانے والا ۔ فصیح
اَلْمِنْبَرُ ۔ وہ بلند جگہ جس پر چڑھ کر
خطیب یا واعظ لوگوں کو خطاب
کرتا ہے ج مَنَابِرُ

قَصَائِدُ مَنْبُوْرَةٌ و مَنْبُوْرَةٌ
ہمزہ کے قافیہ والے قصیدے
اَلنِّبْرَاسُ ۔ لیمپ ۔ چراغ ۔ لالٹین ۔
نیزے کا سرا ۔ دلیر ۔ جرأت والا
شیر ج نَبَارِيْسُ ۔
اَلنَّبَارِيْسُ ۔ قریب قریب کنویں
اَلنِّبْرِيْسُ ۔ ہوشیار
نَبَزَہٗ (ض) نَبْزًا و نَبَزَہٗ ۔ برا
لقب دینا ۔ تَنَابَزُوْا بِالْأَلْقَابِ
ایک دوسرے کو شرم دلانا ۔ ایک دوسرے
کو برے لقب دینا ۔
اَلنَّبَزُ ۔ لقب ج ۔ أَنْبَازٌ
اَلنِّبْزُ ۔ برا ۔ کمینہ ۔
اَلنُّبَزَةُ ۔ برے لقب دینے والا ۔
نَبَسَ (ض) نَبْسًا و نَبْسَةً و
نَبَسَ ۔ بِالْمَجْلِسِ ۔ بولنا ۔ اس کا
استعمال نفی میں زائد ہے جیسے کہتے
ہیں ۔ مَا نَبَسَ بِكَلِمَةٍ ۔ وہ ایک کلمہ
بھی نہیں بولا ۔
السِّرَّ ۔ بھید چھپانا ۔ نَبَسَ الرَّجُلُ
آدمی نے حرکت کی یا جلدی کی ۔
اَنْبَسَ ۔ جلدی کرنا ۔ ذلت سے خاموش
ہونا ۔ النُّبُسُ ۔ بولنے والے
جلدی کرنے والے رَجُلٌ أَنْبَسُ
الْوَجْہِ ۔ ترش رو ۔ تیوری چڑھانے والا
مؤنث نَبْسَاءُ ج نُبْسٌ ۔
نَبَشَ (ن) نَبْشًا ۔ الشَّيْءَ الْمَسْتُوْرَ
ظاہر کرنا ۔ اَلْكُنُوْزَ مِنَ الْأَرْضِ
دفینہ کھود کر نکالنا ۔ اور اسی سے
ہے نَبَشَ الْقَبْرَ ۔ الْجُثَّۃَ
نکالنا ۔ السِّرَّ ۔ راز افشا کرنا
عَنِ الْأَسْرَارِ ۔ بھیدوں کو نکال
لینا ۔ نَبَشَ لِعِيَالِہٖ ۔ کنبے کے
لئے کمائی کرنا ۔
اِنْتَبَشَ ۔ الشَّيْءَ مِنَ الْأَرْضِ کھود کر

نکالنا ۔
اَلنُّبْشُ ۔ ایک قسم کا درخت
اَلنَّبِيْشَةُ ۔ کھودی ہوئی زمین یا کنواں
النَّبَّاشُ ۔ قبر کھودنے والا ۔
النِّبَاشَةُ ۔ گورکنی کا پیشہ ۔
الأُمْبُوْشُ ۔ کھدا ہوا ۔ الأُنْبُوْشُ
و الأُنْبُوْشَةُ ۔ جڑ سے اکھڑا ہوا
درخت ج ۔ أَنَابِيْشُ
أَنَابِيْشُ الْعَنْصَلِ ۔ جنگلی پیاز کی جڑیں
نَبَصَ (ض) نَبْصًا فِي الْمَجْلِسِ ۔ بولنا
اس کا استعمال نفی میں زائد ہے نَبَصَ
الشَّعْرُ بال اکھیڑنا ۔
نَبَصَ (ض) نَبِيْصًا ۔ الطَّائِرُ پرندہ
کا آہستہ سے چوں چوں کرنا ۔
النَّبْصُ مص ۔ سبزی کی کونپل ۔
النَّبْصَةُ کلمہ
نَبَضَ (ض) نَبْضًا و نَبَضَانًا ۔
الْعِرْقُ ۔ رگ کا تڑپنا ۔ حرکت کرنا ۔
نَبَضَتِ الْأَمْعَاءُ ۔ انتوں کا
مضطرب ہونا ۔ نَبَضَ الْبَرْقُ
بجلی کا ہلکے سے چمکنا (نَبْضًا) الشَّعْرَ
بال اکھیڑنا ۔
نَبَضَ (ن) نُبُوْضًا ۔ الْمَاءُ ۔ پانی
کا بہنا یا جذب ہونا ۔
نَبَضَ فِي الْقَوْسِ و أَنْبَضَ الْقَوْسَ
و عَنِ الْقَوْسِ و فِي الْقَوْسِ ۔
آواز نکلنے کے لئے کمان کی تانت
کو کھینچنا ۔
النَّبْضُ و النَّبَضُ دل اور شریان
کی حرکت و تڑپ جس سے بدن کی
صحت و بیماری کا پتہ لگایا جاتا ہے
ج أَنْبَاضٌ ۔ النَّبْضَةُ ۔
نبض کی ایک ضرب ۔
فُؤَادٌ نَابِضٌ و نَبِضٌ و نَبِيْضٌ ۔
ہوشیار ۔ دل ج ۔ فی و الاول ۔

اَلنَّابِضُ۔ قا۔ تیرانداز۔ پٹھا۔ نَبَضَ
نَابِضُهٗ۔ اس کا غصہ بھڑک گیا۔
اَلْمَنْبِضُ۔ وہ جگہ جہاں طبیب ہاتھ
رکھ کر نبض کی حالت دریافت کرتا
ہے ج مَنَابِضُ۔
نَبَطَ (ن ض) نَبْطًا و نُبُوطًا۔ اَلْمَاءُ
پانی کا پھوٹ نکلنا۔
نَبَطَ (ن ض) نَبْطًا و نَبَطَ و نَبَّطَ
و تَنَبَّطَ و اِسْتَنْبَطَ۔ اَلْبِئْرَ۔
کنویں سے پانی نکالنا۔ نَبَطَ و
اَنْبَطَ و اِسْتَنْبَطَ۔ الشَّيْءَ:
پوشیدگی کے بعد ظاہر کرنا۔ اَنْبَطَ
اَلْحُكْمَ۔ اجتہاد سے نکالنا۔
اَنْبَطَ فِيهِ اثر کرنا۔ اِسْتَنْبَطَهٗ
ایجاد کرنا۔ اِسْتَنْبَطَ الْفَقِيهُ:
فقیہ کا اپنی فہم سے کوئی بات نکالنا
اِسْتَنْبَطَ الْعَرَبُ۔ نبطی ہونا
تَنَبَّطَ: نبطیوں کے مشابہ ہونا یا ان
کی طرف منسوب ہونا۔
اِنْتَبَطَ۔ اَلْكَلَامَ۔ اپنے اجتہاد
سے بات نکالنا۔
اَلنَّبَطُ۔ کنویں کا پہلا پانی "فُلَانٌ قَرِيبُ
الثَّرَى بَعِيدُ النَّبَطِ" یہ اس کے
لئے کہا جاتا ہے جو وعدہ کرے مگر ایفا
نہ کرے۔ ج۔ اَنْبَاطٌ و نُبُوطٌ
آدمی کی اندرونی حالت۔ کہتے ہیں
لَا يُدْرَكُ نَبَطُهٗ۔ اس کی اندرونی
حالت اور اس کے علم کی تہ نہیں ملتی
گھوڑے کی بغل اور پیٹ کی
سفیدی
اَلنَّبَطُ۔ مخلوط لوگ عجمی لوگ جو
عراقین کے درمیان آباد ہوئے
تھے ج اَنْبَاطٌ و نَبِيطٌ۔
نَبَطِيٌّ و نَبَاطِيٌّ۔ منسوب بہ نبط
کلمہ نَبَطِيَّةٌ۔ عام کلمہ۔

اَلْاَنْبَطُ۔ مِنَ الْخَيْلِ۔ وہ گھوڑا جس
کے پیٹ اور بغل کے نیچے سفیدی
ہو۔ مؤنث نَبْطَاءُ ج نُبْطٌ۔
نَبَعَ (ن) و نَبَعَ (س) و نَبَعَ (ض)
نَبْعًا و نُبُوعًا و نَبَعَانًا۔ اَلْمَاءُ
پانی کا تھوڑا تھوڑا نکلنا۔
اَلنَّبْعُ مص۔ ایک قسم کا درخت
جس سے تیر کمان بنائے جاتے
ہیں۔ قَرَعُوا النَّبْعَ بِالنَّبْعِ
انھوں نے ایک دوسرے سے نیزہ
بازی کی "مَا رَأَيْتُ اَصْلَبَ
مِنْهُ نَبْعًا" میں نے اس سے
زیادہ سخت کسی کو نہیں دیکھا۔ پانی
کا چشمہ۔ جس شخص میں جودت رائے
ہو اس کے لئے کہتے ہیں لَوِ اقْتَدَحَ
بِالنَّبْعِ لَاَوْرَى نَارًا۔
اَلنَّبْعَةُ۔ اَلنَّبْعُ کا واحد۔ کمان
کو بھی کہتے ہیں۔ اصلیت۔ هُوَ
مِنْ نَبْعَةٍ كَرِيمَةٍ۔ وہ شریف
الاصل ہے۔
اَلنَّابِعَةُ۔ مؤنث النَّابِعُ ج:
نَوَابِعُ۔ نَوَابِعُ الْبَعِيرِ۔
اونٹ کے پسینہ والے اعضاء
اَلنَّبِيعُ۔ پسینہ۔
اَلنَّبَّاعَةُ۔ بچہ کی نرم چندیا یا
تالو سخت ہونے پر اس کا نام
"یافوخ" ہوتا ہے۔
اَلْمَنْبَعُ۔ چشمہ۔ ج مَنَابِعُ۔
اَلْيَنْبُوعُ۔ چشمہ۔ بہت پانی والا
نالا۔ ندی ج يَنَابِيعُ۔
نَبَغَ۔ (ف ن ض) نَبْغًا و نُبُوغًا
۔۔ الشَّيْءُ: نکلنا۔ ظاہر ہونا۔
اَلْمَاءُ۔ پانی کا چشمہ سے نکلنا۔
اَلْوِعَاءُ بِالدَّقِيقِ چھننا۔
الشَّيْءُ۔ [illegible] ظاہر ہونا۔

وَ اَشْعَارِ سر میں بھوسی ہونا۔ الرَّجُلُ،
اچھے شعر کہنا۔ فِي الْعِلْمِ وَغَيْرِهِ
فائق ہونا۔ فِي الدُّنْيَا۔ آسائش کی
زندگی گزارنا۔
اَنْبَغَ۔ اَلْبَلَدُ۔ شہر میں بہت آنا جانا۔
۔ النَّاخِلُ۔ آٹا چھاننا۔
اَلنُّبْغُ و النُّبَاغُ۔ چکی کا غبار
نَبَغَةُ الْقَوْمِ۔ قوم کے برگزیدہ لوگ
اَلنَّابِغَةُ۔ ج نَوَابِغُ۔ فصیح خوش بیان
بڑی شان والا۔
اَلنَّوَابِغُ۔ آٹھ مشہور شاعروں کا لقب
نسبت کے لئے نَابِغِيٌّ۔
اَلنَّابِغَةُ۔ کلمہ فصیح
اَلنَّبِيغُ۔ بڑی شان والا ج نُبَغَاءُ
اَلنُّبَاغُ و النُّبَّاغُ و النُّبَاغَةُ
و النُّبَّاغَةُ۔ آٹا۔ سر کی بھوسی
نَبَقَ۔ (ن) نَبْقًا۔ الشَّيْءُ، نکلنا۔
ظاہر ہونا۔ الرَّجُلُ۔ لکھنا۔
نَبَّقَ۔ الشَّيْءُ اَوِ الرَّجُلُ: لکھنا۔
اَلْكِتَابَ۔ کتاب پر ترتیب وار
لکیریں کھینچنا۔ الشَّجَرَ۔ درختوں
کو ترتیب وار لگانا۔ النَّخْلُ،
خراب ہونا اور کھجوروں کا بیروں
کی طرح چھوٹا ہونا۔
نَبَقَ و نَبَّقَ و اَنْبَقَ۔ وادی میں
ایک قطار پودا لگانا۔
اِنْتَبَقَ۔ اَلْكَلَامَ۔ کلام نکلوانا۔
اَلنَّبِيقُ۔ مع۔ میٹھا آٹا جو کھجور کے
گودے سے بنایا جاتا ہے۔
اَلنَّبْقُ و النِّبْقُ و النَّبِقُ و
النَّبِقُ۔ بیری کا پھل واحد نَبِقَةٌ
اَلنَّبِيقَةُ۔ انگور کے خوشے نکلنے کی جگہ
میں گرہ۔ ج نَبَائِقُ۔
نَبَكَ (ن) نُبُوكًا و اَنْتَبَكَ۔
اَلْمَكَانُ۔ جگہ کا بلند ہونا۔

اَلنَّابِكُ ۔ بلند جگہ ج ۔ نَوَابِكُ
اَلنَّبَكَةُ وَ النَّبْكَةُ ۔ چوٹی دار ٹیلہ یا چھوٹا ٹیلہ ج نَبَكٌ و نَبْكٌ و نِبَاكٌ و نُبُوكٌ ۔ اَلنَّبْكَةُ ۔ درخت کی جڑ ۔

نَبَلَ (ن) نَبْلًا ۔ الرَّجُلَ ۔ تیر مارنا ۔ یا تیر دینا ۔ بِالطَّعَامِ ۔ تھوڑا تھوڑا دے کر کھلانا ۔ مشغول رکھنا ۔ الرَّجُلُ ؛ آدمی کا تیز چلنا ۔ اَلْاِبِلَ اونٹ کو تیز ہانکنا ۔ ہ شرافت و نجابت میں غالب آنا ۔ بِہٖ نرمی برتنا ۔ عَلَی الْقَوْمِ ۔ تیر چُننا ۔

نَبُلَ (ك) نَبَالَةً ۔ شریف و نجیب ہونا صفت نَبْلٌ و نَبِيْلٌ ۔ مؤنث نَبْلَةٌ و نَبِيْلَةٌ ۔ ج نِبَال و نَبَائِل و نَبْلَات و نَبِيْلَات

نَبَّلَ ۔ الرَّجُلَ ۔ تیر دینا ۔
اَنْبَلَهُ ۔ تیر دینا ۔ اَنْبَلَ الْقِدَاحَ خراب ہوئے تیر بنانا ۔ اَلنَّخْلُ کی بھی کھجوروں والی ہونا ۔

نَابَلَهُ مُنَابَلَةً ۔ شرافت و نجابت میں غالب آنا ۔

تَنَبَّلَ ۔ سمجھدار ہونا ۔ صاحب شرافت ہونا ۔ مرجانا ۔ شرفا کے مانند بننا ۔ حادثہ کا بڑا ہونا

تَنَابَلَ ۔ الْقَوْمُ ؛ ایک دوسرے سے تیر اندازی یا تیر بنانے میں مقابلہ کرنا ۔

اِنْتَبَلَ ۔ مرجانا ۔ فُلَانًا ۔ قتل کرنا ۔ الْخَطْبُ ۔ حادثہ کا بڑا ہونا ۔ لِلْاَمْرِ آگاہ ہونا تیار ہونا ۔ الشَّیْءَ ۔ یک بیک پھرتی سے اٹھا لینا ۔

اِسْتَنْبَلَ ۔ تیر مانگنا ۔ مال سے عمدہ حصہ لینا ۔

اَلنَّبْلُ مص ۔ تیر ۔ واحد نَبْلَةٌ ج : نِبَال و اَنْبَال و نُبْلَان ۔

نَبْلُ الدَّهْرِ ؛ حوادث زمانہ

اَلنُّبْلُ ۔ ذکاوت ، نجابت ۔ شرافت ، فضیلت ۔ کمال جسم ۔

اَلنَّبَلُ وَ النُّبَلُ ۔ بڑے یا چھوٹے پتھر ۔ واحد نَبَلَةٌ و نُبْلَةٌ
رَجُلٌ نَبْلٌ ۔ شریف آدمی مؤنث نَبْلَةٌ ۔

اَلنُّبْلَةُ ۔ عطیہ ۔ ثواب و جزا ۔ چھوٹا لقمہ ۔ نُبْلَةُ كُلِّ شَيْءٍ ۔ ہر شے کا عمدہ حصہ ۔ ج نُبُلَات ۔

اَلنَّبَالَةُ ۔ مص ۔ ذکاوت ۔ نجابت و شرافت ۔ فضیلت ۔
اَلنِّبَالَةُ ۔ تیر سازی
النُّبَالَةُ ۔ تیاری
اَلنَّبْلُ وَ النَّبِيْلُ ۔ صاحب نجابت و فضیلت ۔ اَلنَّبِيْلُ ۔ بڑے جسم والا ۔ ج نِبَال ۔

اَلنَّبِيْلَةُ ۔ مردار ۔ ج نَبَائِلُ ۔

اَلنَّابِلُ ج نُبَّل و نَبَلٌ وَ النُّبَّال ج نَبَالَة ۔ تیر والا ۔ تیر ساز ۔ تیر انداز ۔ ماہر تیر انداز ۔ جب کوئی معاملہ گڑبڑ ہو جائے تو کہتے ہیں ۔
اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ ۔

اَلْاَنْبَلُ ۔ تیر اندازی میں زیادہ ماہر

اَلتَّنْبَالُ وَ التِّنْبَالَةُ ۔ پست قد ۔ سست ۔

نَبِهَ (س) نَبَهًا ۔ لِلْاَمْرِ ۔ سمجھ جانا ۔
نَبِهَ (س) نَبَهًا ۔ مِنْ نَوْمِہٖ ۔ نیند سے جاگنا ۔

نَبَهَ (ن) و نَبِهَ (س) و نَبُهَ (ك) نَبَاهَةً ۔ شریف ہونا ۔ مشہور ہونا صفت (نَابِهٌ و نَبِهٌ و نَبْهٌ و نَبِيْهٌ) ۔

نَبَّهَهُ ۔ مِنْ نَوْمِہٖ ۔ نیند سے جگانا ۔ بیدار کرنا ۔ ہ عَلَی اَوْ اِلَی الْاَمْرِ ۔

واقف کرنا ۔ آگاہ کرنا ۔ نَبَّهَ بِاِسْمِہٖ اس نے اس کے نام کو مشہور کیا ۔

اَنْبَهَ ۔ الْحَاجَةَ ۔ بھول جانا ۔ ہ مِنَ النَّوْمِ ۔ جگانا ۔

تَنَبَّهَ ۔ مِنْ نَوْمِہٖ ۔ نیند سے بیدار ہونا ۔ عَلَی اَوْ لِلْاَمْرِ ۔ واقف ہونا سمجھنا

اِسْتَنْبَهَ ۔ مِنْ نَوْمِہٖ ۔ بیدار ہونا ۔

اَلنُّبْهُ ۔ دانائی ۔ سمجھ ۔

النَّبَهُ ۔ مص ۔ کھوئی ہوئی چیز جو بغیر تلاش کے مل جائے ۔ موجودہ چیز ۔ مشہور

اَلنَّبَاهَةُ ۔ شرافت ۔ سمجھ ۔ شہرت ۔

اَلنَّابِهُ وَ النَّبْهُ و النَّبِهُ و النَّبِيْهُ شریف ۔ سمجھدار ۔ شرافت والا شہرت والا ج نُبَهَاءُ اَمْرٌ نَابِهٌ بڑا کام ۔

النَّبَاهُ ۔ بلند ۔ نمایاں ۔

اَلْمَنْبَهَةُ ۔ یاد کرانے کا ذریعہ

نَبَا يَنْبُو نَبْوَةً و نُبُوًّا و نِبِيًّا ۔ بَصَرُهٗ ۔ نظر دھندلی ہونا ۔ صفت (نَابٍ) الشَّیْءُ ۔ دور ہونا پیچھے ہونا اپنی جگہ قرار نہ پکڑنا (نَبْوًا و نَبْوَةً) السَّيْفُ عَنِ الضَّرِيْبَةِ ۔ مضروب سے تلوار کا اُچٹ جانا اور کاٹ نہ کرنا ۔ جَنْبُهٗ عَنِ الْفِرَاشِ بستر پر بے چین و بے آرام ہونا ۔ اَلسَّهْمُ عَنِ الْهَدَفِ تیر کا نشانہ سے چوک جانا ۔ اَلطَّبْعُ عَنِ الشَّیْءِ نفرت کرنا ۔ عَنِ الشَّیْءِ ۔ داخل ہونا بِیْ فُلَانٌ ۔ ظلم کرنا ۔ کہتے ہیں ۔ نَبَتْ بِیْ تِلْكَ الْاَرْضُ مجھے یہ زمین موافق نہ ہوئی ۔ اَلْمَكَانُ بِفُلَانٍ کسی جگہ کا موافق نہ آنا ۔ عَلَيْهِ الْاَمْرُ اَوِ الصَّاحِبُ ۔ نمکرانہ ہونا ۔ صاف نہ ہونا ۔

اَنْبَی ۔ السیف ۔ تلوار کو کند کرنا۔
النَّبْوَۃَ ۔ مص ۔ نَبْوَۃُ الزَّمَانِ زمانہ کی سختی (و النَّبَاوَۃ) بلند زمین
اَلنَّبَاوَۃ ۔ شرافت و ریاست کی طلب ۔ آگے بڑھنا۔
اَلنُّبُوُّ ۔ بلندی۔
اَلنَّابِی ۔ چوکنے والی تلوار یا تیر ۔ مڑنا لڑائی میں پشت دینے والا۔
اَلنَّابِیَۃ مؤنث النَّابِی ۔ کسی ہوئی کمان۔
نَتَّتَ (ض) نَتِیْتًا ۔ القِدْرُ ۔ ہانڈی کا اُبلنا۔
نَتَّ (ن) نَتًّا و نَتِیْتًا ۔ مُغْضَبٌ غصہ سے تھنے پھلانا۔
نَتَّتَ ۔ الخَبَرَ ۔ خبر بیان کرنا۔
تَنَتَّتَ ۔ الرَّجُلُ ؛ صفائی کے بعد گندہ ہونا۔
اَلنُّتَّۃ ۔ چھوٹا سا گڑھا جس میں پانی جمع ہو۔
نَتَأَ (ف) نَتْأً و نُتُوْءًا ۔ الشَّیْءُ ؛ اپنی جگہ سے ہٹنا مگر جدا نہ ہونا ۔ بلند ہونا ۔ پھولنا ۔ اَلْقُرْحَۃُ ۔ زخم کا متورم ہونا ۔ الثَّدْیُ ۔ پستان کا اُبھرنا ۔ الجَارِیَۃُ ؛ لڑکی کا بالغ ہونا ۔ عَلَی القَوْمِ ۔ ظاہر ہونا۔
اِنْتَتَأَ ۔ مقابلہ کرنا ۔ بلند ہونا۔
النَّاتِیُٔ ۔ فا ۔ ہر اُبھری ہوئی بلند چیز
النُّتُوءُ ۔ مص ۔ (۔ و النَّتَاءُ) ٹیلہ
نَتَجَ (ض) نَتْجًا ۔ اَلنَّاتِجُ مِنَ البَہَائِمِ ۔ جانور کے جننے میں اس کی خبر گیری کرنا ۔ صفت (نَاتِج) جانور (مَنْتُوْجَۃ) بچہ نَتِیْجَۃ
نَتَجَ ۔ الشَّیْءُ مِنَ الشَّیْءِ نتیجہ نکلنا۔
نُتِجَتْ و نَتَجَتْ نَتَاجًا و اُنْتِجَتْ

اَلبَہِیْمَۃُ وَلَدًا ۔ بچہ جننا۔
نُتِجَ ۔ الوَلَدُ ۔ بچہ کا جنا جانا۔
نَتَجَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ ہوا نے بادل سے بارش برسائی ۔
نُتِجَ القَوْمُ ۔ قوم کی مویشی کا جننا
نَتَجَ بمعنی نُتِجَ ۔
اَنْتَجَ ۔ القَوْمُ ۔ حاملہ واؤں والا ہونا
اَنْتَجَتِ البَہِیْمَۃُ ۔ جننے کے قریب ہونا صفت (نَتُوْج)
تَنَتَّجَتِ البَہِیْمَۃُ ۔ جننے کی حالت میں ہونا۔
اِنْتَتَجَتْ و تَنَاتَجَتْ ۔ الاِبِلُ ، بچہ دینا ۔ جننا۔
اِسْتَنْتَجَ ۔ بچہ جنوانا ۔ نتیجہ نکالنا۔
النِّتَاج ۔ جانوروں کے بچہ جننے کی حالت ۔ بِالنَّاقَۃِ نِتَاجٌ ۔ اونٹنی حاملہ ہے۔
اَلنَّتِیْجَۃُ ۔ بچہ ۔ نتیجہ ج نَتَائِج ۔ غَنَمُ فُلَانٍ نَتَائِجُ ۔ فلاں کی بکریاں ایک ہی عمر کی ہیں۔
النَّاتِجُ ۔ فا ۔ جنانے والا۔
النَّتُوْج جننے کے قریب جانور
اَلمَنْتِج ۔ بچہ جننے کا وقت
المُنْتَجَۃُ ۔ جانور کی ڈبر
نَتَحَ (ن ض) نَتْحًا و نُتُوْحًا ۔ العَرَقُ بدن سے پسینہ نکلنا ۔ الدَّسَمُ مِنَ الاِنَاءِ ۔ چکنائی کا برتن سے رسنا
نَتَحَہُ الحَرُّ ۔ گرمی کا پسینہ لانا ۔ پسینہ نکالنا۔
اِسْتَنْتَحَ ۔ الشَّیْءَ ، اکھیڑنا
النَّتْح ۔ مص ۔ پسینہ۔
النُّتُوْحُ ۔ مص ۔ درخت کا گوند ذَقٌّ نَتَّاحٌ رسنے اور ٹپکنے والی مشک۔
اَلمَنْتَحُ ۔ جسم کے مسام
المَنْتَحَۃ ۔ سُرین۔

نَتَخَ نَتْخًا (ض) الشَّیْءَ ۔ نکالنا ۔ اکھیڑنا ۔ نَتَخَ القَلَّامُ الضِّرْسَ ۔ دانت اکھیڑنے والے نے داڑھ اکھیڑلی ۔
نَتَخَتْہُ المَنِیَّۃُ مِنْ بَیْنِ قَوْمِہٖ موت نے اس کو قوم میں سے نکال لیا ۔
نَتَخَ البَازِیُّ اللَّحْمَ ، باز کا چھینے سے گوشت لے اڑنا ۔ اِلَیْہِ بِبَصَرِہٖ دیکھنا ۔ الثَّوْبَ بِالذَّہَبِ ۔ سونے کے تاروں سے کپڑا بننا ۔ فُلَانًا ذلیل کرنا ۔ نَتِیْخًا و نَتْخًا ۔ بالمکان اقامت کرنا۔
المِنْتَاخ ۔ زنبور ۔ موچنا ۔ چمٹا۔
نَتَرَ (ن) نَتْرًا ۔ الشَّیْءَ ۔ زور سے کھینچنا ۔ اُچک لینا ۔ اَلقَوْسَ ، کمان کھینچنا ۔ الثَّوْبَ بِالاَصَابِعِ اَوِ الاَضْرَاسِ ۔ کپڑے کو انگلیوں یا دانتوں سے پھاڑنا ٹکڑے ٹکڑے کرنا ۔ الکَلَامَ سخت کلامی کرنا ۔ ہ بِالرُّمْحِ ۔ نیزہ زور سے مارنا۔
نَتِرَ (س) نَتَرًا ۔ الشَّیْءُ ، خراب و ضائع ہونا۔
اِنْتَتَرَ ۔ کھنچا جانا۔
اَلنَّتْرُ ۔ مص ۔ کمزوری ۔ سستی ۔ سختی
النَّتْرَۃ ۔ پار گزرنے والی ضرب ۔ ج نَتَرَات
النَّاتِرَۃ ۔ ج ، نَوَاتِرُ ۔ تانت ٹوٹی ہوئی کمان۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا ۔ الشَّوْکَۃَ و نَحْوَھَا کانٹا وغیرہ نکالنا ۔ المِشْعَرَۃ ۔ بال اکھیڑنا ۔ نوچنا ۔ الجَرَادُ الاَرْضَ ٹڈی کا سبزی کھا جانا ۔ الرَّجُلُ لِعِیَالِہٖ اہل و عیال کے لئے کمانا ۔ ہ بِالعَصَا لاٹھی مارنا ۔ الحَجَرَ بِرِجْلِہٖ ۔ پتھر کو پاؤں سے ہٹانا ۔
نَتَشَ (ض) نَتْشًا و تَمْتَاشًا ۔

الرَّجُلَ ۔ بدگوئی کرنا ۔
اَنْتَشَ ۔ النَّبَاتُ ۔ نبات کا شروع شروع پھوٹنا ۔ الثَّوْبُ ۔ کپڑا پرانا ہونا ۔
النَّتْشُ ۔ شروع اگا ہوا سبزہ ۔ ناخن کے جڑ کی سفیدی ۔
اَلْمِنْتَاشُ ۔ موچنا ۔
تَنَاتِيشُ الدَّيْنِ ۔ قرض کا بقایا ۔
نَتَضَ (ن) نُتُوْضًا ۔ الجلد ۔ بیماری سے کھال کا چھلکے دار ہونا ۔
نَتَعَ (ن ض) نُتُوْعًا ۔ الدَّمُ مِنَ الْجُرْحِ اَوِ الْمَاءُ مِنَ الْعَيْنِ ۔ خون کا زخم سے پانی کا چشمہ سے تھوڑا نکلنا ۔ صفت ۔ نَاتِعٌ ۔
اَنْتَعَ ۔ الرَّجُلُ ۔ بہت پسینہ آنا ۔ اَلْقَيْءَ ۔ بہت قے ہونا ۔
نَتَّعَ (ن ض) الرَّجُلَ ۔ عیب لگانا ۔ غیبت کرنا ۔
اَنْتَعَ ۔ منبی الجانا — کا غیبت کرنا
المِنْتَعُ ۔ غیبت کرنے کا عادی ۔
نَتَفَ (ض) نَتْفًا ۔ نَتَّفَ و اَنْتَفَ — الرِّيْشَ اَوِ الشَّعْرَ وَنَحْوَهُ ۔ بال و پر وغیرہ اکھیڑنا ۔ نوچنا ۔ نَتَفَ فِي الْقَوْسِ ۔ آہستہ کھینچنا ۔
اَنْتَفَ ۔ اَلْكَلَأُ ۔ گھاس کا اکھیڑے جانے کے قابل ہونا ۔
اِنْتَتَفَ و تَنَتَّفَ و تَنَاتَفَ ۔ الشَّعْرُ اَوِ الرِّيْشُ ۔ بال و پر اکھیڑنا
النُّتْفَةُ ۔ اکھیڑی ہوئی گھاس وغیرہ ۔ ج نُتَفٌ ۔
اَلنُّتْفَةُ ۔ تھوڑا تھوڑا علم وغیرہ سیکھا ہوا سطحی آدمی
النُّتَافُ و النُّتَافَةُ ۔ اکھیڑنے سے گرے ہوئے بال وغیرہ ۔
اَلنَّتِيْفُ و النَّتِيْفَةُ ۔ بال اکھیڑا ہوا

النَّتُوْفُ ۔ داڑھی نوچنے کا شوقین ۔
المِنْتَافُ ۔ موچنا ۔
نَتَقَ (ن ض) نَتْقًا ۔ اَلْجِرَابَ ۔ توشہ دان جھاڑنا ۔ الجلدَ ۔ کھال کھینچنا — الشَّيْءَ ۔ پھاڑنا ۔ ہلانا ۔ بلند کرنا ۔ پھیلانا — نَتَقَتِ الْمَرْأَةُ اَوِ النَّاقَةُ ۔ عورت یا اونٹنی کا بہت اولاد و بچہ والی ہونا ۔ صفت (نَاتِقٌ و مِنْتَاقٌ) عوام نَتَقَ و نِتَاقٌ قے کو کہتے ہیں ۔
نَتَقَ (ن ض) نُتُوْقًا ۔ موٹا ہونا ۔
نَتَقَتْ (ض) نَتْقًا و نُتُوْقًا — الدَّابَّةُ رَاكِبَهَا و بِرَاكِبِهَا ۔ جانور کا اپنے سوار کو تھکا دینا ۔
اَنْتَقَ ۔ توشہ دان جھاڑنا ۔ دوسرے کے مکان کے سامنے مکان بنانا ۔ بہت اولاد والی عورت سے شادی کرنا
اِنْتَتَقَ الشَّيْءُ ۔ کھنچ جانا ۔ اَلْجِرَابُ ۔ توشہ دان کا جھڑنا ۔
اَلنَّاتِقُ ۔ فا ۔ آگ نکالنے والا ۔ چقماق اپنے سوار کو تھکانے والا جانور ۔
نَتَلَ (ض) نَتْلًا ۔ الشَّيْءَ ۔ آگے کی طرف کھینچنا ۔ فُلَانًا ۔ جھڑکنا — الْجِرَابَ ۔ تھیلہ کو جھاڑنا ۔ خالی کرنا — نَتْلًا و نُتُوْلًا و نَتَالًا مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ ۔ ساتھیوں سے آگے بڑھ جانا ۔
اِنْتَتَلَ ۔ سبقت کرنا ۔
تَنَاتَلَ ۔ النَّبْتُ ۔ نباتات کا گنجان ہونا ۔ اور بعض کا بعض سے بڑا ہونا
اِسْتَنْتَلَ ۔ مِنْ بَيْنِ اَصْحَابِهِ ۔ پیش قدمی کرنا — لِلْاَمْرِ ۔ کام کے لئے تیار ہونا — اَلْقَوْمُ عَلَى الْمَاءِ ۔ پانی پر پہلے پہنچنا ۔
النَّتْلُ و النَّتَلُ ۔ پانی سے بھرا ہوا

شتر مرغ کا انڈا جو ریت میں دبایا جاتا ہے ۔
النَّتِيْلَةُ ۔ وسیلہ ۔ قرابت
نَتَنَ (ض) و نَتِنَ (س) نَتْنًا و نَتَنًا (ک) نَتَانَةً و نُتُوْنَةً و اَنْتَنَ بدبودار ہونا صفت (نَتِنٌ و نَتِيْنٌ و مُنْتِنٌ و مِنْتِنٌ ۔ مؤنث نَتِنَةٌ نَتْنَى ۔
نَتَّنَ ۔ الشَّيْءَ ۔ بدبودار کرنا ۔
اَلنُّتَيْتُوْنُ ۔ ایک بدبودار درخت ۔
المِنْتِيْنُ ۔ بدبودار ج: مَنَاتِيْنُ ۔
اَلْمَنَاتِنُ ۔ بدبو کی جگہیں واحد ۔ مَنْتَنٌ
نَتَا يَنْتُو نُتُوًّا ۔ اَلْعُضْوُ ۔ عضو کا متورم ہونا ۔ سوجنا ۔ صفت نَاتٍ
اَلتَّنَاتِي ۔ اِنْتَاءَ ۔ پیچھے ہٹنا — و شکل و سیرت میں موافق ہونا ۔
تَنَتَّى ۔ عَلَيْهِ ۔ حملہ کرنا ۔
اِسْتَنْتَى ۔ اِسْتِنْتَاءً ۔ پھنسی پھوٹنا
نَثَّ (ض) نَثًّا و نَثِيْثًا ۔ الزِّقُّ ۔ مشک کا رسنا ۔ الرَّجُلُ ۔ آدمی کا موٹاپے کی وجہ سے پسینہ دار ہونا — اَلْعَظْمُ ۔ ہڈی سے چربی بہنا ۔
تَنَاثَّ الْقَوْمُ الْاَخْبَارَ ۔ ایک دوسرے کو خبر بتانا ۔
النَّثُّ ۔ نمناک دیوار
النَّثَاثُ ۔ زخم پر ملنے کا تیل ۔
اَلنَّثِيْثَةُ ۔ مشک سے ٹپکا ہوا ۔
اَلنَّثَّاثُ و المِنَثُّ ۔ بات یا راز کو بہت پھیلانے والا ۔
النُّثَّاثُ ۔ غیبت کرنے والے ۔ واحد (نَاثٌّ)
اَلْمِنَثَّةُ ۔ روئی کا ٹکڑا جس کے ساتھ زخم پر تیل لگایا جاتا ہے ۔ ج مَنَاثُّ و مِنَثَّاتٌ ۔
نَثَجَ (ض) نَثْجًا ۔ بَطْنُهُ ۔ بِالسِّكِّيْنِ ۔

پیٹ پھاڑنا — مَا فِي بَطْنِهٖ - آنتوں
کو خالی کرنا -
اِسْتَنْثَجَ - اَحَدَ الْعَدَالَتَيْنِ دھیلا پڑنا
اَلنَّثْجُ - نامبارک بزدل -
اَلْمُنْثَجَةُ - سُرین -
نَثَدَ (س) نُثُوْدًا - الرَّجُلُ ٹھہرنا
اَلْكَمْأَةُ - سانپ کی چھتری کا اُگنا -
نَثَرَ (ن ض) نَثْرًا وَ نِثَارًا - الشَّيْءَ
بکھیرنا - چھڑکنا - نثر میں کلام کرنا -
— الدِّرْعَ عَنْهُ - زرہ کو اُتار دیا
کہتے ہیں نَثَرَتِ الْمَرْأَةُ بَطْنَهَا
عورت کے بہت بچے ہوئے -
نَثَرَتْ - (ض) نَثِيْرًا - الدَّابَّةُ
جانور کا چھینکنا -
اَنْثَرَ - ناک جھاڑنا — ناک کے بل
گرانا -
نَثَّرَ - الشَّيْءَ - بکھیرنا -
تَنَثَّرَ وَ تَنَاثَرَ وَ اِنْتَثَرَ الشَّيْءُ
بکھرنا - تَنَاثَرَ الْقَوْمُ - قوم کے
لوگ بیمار ہوئے اور مرے -
اِنْتَثَرَ وَ اسْتَنْثَرَ - ناک میں پانی ڈال
کر اس کو جھاڑنا -
اَلْمَنْثُوْرُ - نثر - غیر منظوم -
اَلنُّثْرَةُ - کلام نثر کا ایک ٹکڑا -
نتھنا اور اس کا گرد اگرد - چھینک -
کشادہ زرہ - دونوں طرف مونچھوں
کے درمیان کا گڑھا -
اَلنَّثِرُ وَ الْمِنْثَرُ وَ النَّيْثَرَانُ -
باتونی - راز افشا کرنے والا - رَجُلٌ
نَثُوْرٌ وَ امْرَأَةٌ نَثُوْرٌ - بہت اولاد
والا مرد یا بہت اولاد والی عورت -
اَلنَّثِيْرُ - بکھرا ہوا -
اَلنُّثَارَةُ وَ النُّثَارُ وَ النَّثَرُ - بکھری
ہوئی چیزیں -
اَلنِّثَارُ مص - روپیہ پھل وغیرہ جو دعوت
یا شادی میں بکھیرا جاتا ہے -
اَلنَّاثِرُ - فا - نثر لکھنے والا - یا بولنے والا
وہ کھجور کا درخت جو کچی کھجوریں گرا دے -
اَلْمِنْثَرُ - مفعو - ناکارہ - کمزور آدمی -
اَلْمِنْثَارُ - کھجور کا درخت جو کچی کھجوریں گرائے
اَلْمَنْثُوْرُ - مفعو - مِنَ الْكَلَامِ - نثر غیر
منظوم - ایک تیز خوشبو کا پودا -
نَثَطَ (ن) نَثْطًا - خاموش کرنے کے لئے
زمین پر دبانا - فُلَانًا - بوجھل کرنا -
اَلْكَمْأَةُ - سانپ کی چھتری کا زمین سے
نکلنا (نَثْطًا وَ نُثُوْطًا) ساکن ہونا
قرار پانا -
نَثَّطَهُ - خاموش کرنا - ٹھنڈا کرنا —
آرام دینا -
اَنْثَعَ - بہت قے کرنا - الْقَيْءَ اَوِ الدَّمَ
قے یا خون کا نکلنا -
نَثَلَ (ن) نَثْلًا - الْفَرَسُ وَ كُلُّ ذِيْ
حَافِرٍ - سم والے جانور کا لید کرنا -
نَثَلَ (ن ض) وَ اِنْتَثَلَ - الْبِئْرَ
کنویں سے مٹی نکالنا - الْجِرَابَ :
توشہ دان جھاڑنا - خالی کرنا -
اَلْكِنَانَةَ - ترکش کو تیروں سے خالی کرنا
اور بکھیرنا - نَثَلَ الدِّرْعَ عَنْهُ - زرہ
کو اُتارنا - پھینکنا - اَللَّحْمَ فِي الْقِدْرِ
گوشت کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے ہانڈی
میں ڈالنا - عَلٰى فُلَانٍ دِرْعَهُ - زرہ
پہنانا -
اَنْثَلَ - الْبِئْرَ - کنویں کی مٹی نکالنا -
تَنَاثَلَ الْقَوْمُ - اکٹھے ٹوٹ پڑنا
اِسْتَنْثَلَ - الْكِنَانَةَ - ترکش سے تیروں
کو نکال کر بکھیرنا -
اَلْمَنْثُوْلُ - کھودا ہوا -
اَلنَّثْلَةُ - کشادہ زرہ - مونچھوں کے
درمیان کا گڑھا -
اَلنَّثِيْلُ - لید -
اَلنُّثَالَةُ وَ النَّثِيْلَةُ - کنویں سے نکالی
ہوئی مٹی - بقیہ - موٹا گوشت
اَلْمِنْثَلَةُ - زنبیل -
نَثَمَ (ض) نَثْمًا وَ اِنْتَثَمَ - فحش بکنا
نَثَا يَنْثُوْ نَثْوًا - الْحَدِيْثَ - بات
پھیلانا - الشَّيْءَ - متفرق کرنا —
فُلَانًا - غیبت کرنا — عَلَيْهِ الْقَوْلَ
کسی کی طرف سے بات کی خبر دینا -
تَنَاثَى - الْقَوْمُ الْحَدِيْثَ - ایک دوسرے
کو بات یاد کرانا -
اَلنَّاثِيْ - فا - غیبت کرنے والا -
اَلنَّثْوَةُ - لوگوں کی عیب جوئی -
اَلنَّثَا - کسی کے بارے میں اچھی یا بری
خبر -
نَثِيَ يَنْثَى نَثْيًا - الْخَبَرَ - خبر بیان کرنا
پھیلانا -
اَنْثَى - مِنَ الشَّيْءِ - ناک چڑھانا -
فُلَانًا - غیبت کرنا -
نَجَّ (ض) نَجًّا - الشَّيْءَ مِنْ فِيْهِ -
منہ سے پھینکنا -
نَجَأَهُ (ف) نَجْأً وَ نَجَاءَةً وَ اِنْتَجَأَهُ
نظر بد لگانا - رَجُلٌ نَجُوْءُ الْعَيْنِ وَ
نَجُوْءُهَا وَ نَجِئُهَا وَ نَجِيْئُهَا -
نظر بد بہت لگانے والا -
نَجَأَةُ - السَّائِلِ - درویش کی کھانے کی
طرف بہت للچائی ہوئی نظر -
نَجُبَ (ك) نَجَابَةً — اَلْوَلَدُ :
شریف الاصل ہونا - اچھے صفات والا
ہونا - صفت (نَجِيْبٌ)
نَجَبَ (ن ض) نَجْبًا وَ نَجَّبَ وَ
اِنْتَجَبَ - الشَّجَرَةَ - درخت
کی چھال اتارنا - وَ اِنْتَجَبَ الشَّيْءَ
چننا - پسند کرنا -
اَنْجَبَ بمعنی نَجُبَ — الرَّجُلُ - شریف
اولاد کا باپ ہونا -

اِسْتَنْجَبَ۔
النَّجَبُ وَالنَّجَبَۃُ۔ سخی۔ شریف
النَّجَبُ مِنَ الشَّجَرِ۔ درخت یا بید کی چھال۔
النَّجَابَۃُ۔ خاندانی شرافت۔ فیاضی
النَّجِیْبُ۔ شریف۔ شریف خاندان
ج اَنْجَابٌ وَنُجَبَاءُ وَنُجُبٌ۔
مؤنث نَجِیْبٌ وَنَجِیْبَۃٌ۔ ج نَجَائِبُ۔
نَجَائِبُ وَنَوَاجِبُ۔ عمدہ حصے خالص حصے۔
اَلْمِنْجَابُ (مذکر مؤنث) ج مَنَاجِیْبُ۔
وَالْمُنْجِبُ ج مَنَاجِبُ۔ مؤنث مُنْجِبَۃٌ۔ شریف بیٹوں والا۔
نَجَثَ (ن) نَجْثًا وَتَنَجَّثَ۔ عَنِ الْاَمْرِ نکتہ چینی کرنا۔ بحث کرنا۔ الشَّیْءَ نکالنا
نَجَثَ الْقَوْمَ۔ قوم سے فریاد کرنا
تَنَاجَثَ الْقَوْمُ الْاَخْبَارَ۔ ایک دوسرے سے اَفْشَاءِ راز کرنا۔
اِنْتَجَثَ وَاسْتَنْجَثَ الشَّیْءَ۔ نکالنا
اِسْتَنْجَثَ لِلشَّیْءِ۔ درپے ہونا۔
النُّجُثُ وَالنَّجِیْثُ۔ دل کے اوپر کی جھلی زرہ۔ ج اَنْجَاثٌ ـــ رَجُلٌ نَجِثٌ خبروں کی جستجو رکھنے والا۔
اَلنَّجَّاثُ۔ امور کی بہت چھان بین کرنیوالا۔
اَلنَّجِیْثُ۔ پوشیدہ بھید۔ نشانہ بست مغاک۔
اَلنَّجِیْثَۃُ۔ بری خبر جو ظاہر ہو جائے۔
نَجَحَ (ف) نُجْحًا وَنُجُوْحًا وَنَجَاحًا۔ اَلْاَمْرُ۔ آسان ہونا۔ سہل ہونا۔ کام پورا ہونا۔ کامیاب ہونا۔
نَجَّحَہٗ۔ کامیاب بنانا۔
اَنْجَحَ۔ کامیاب بنانا یا ہونا۔ اَللّٰہُ حَاجَتَہٗ۔ حاجت پوری کرنا۔
اَنْجَحْتُ حَاجَتَہٗ۔ حاجت پوری ہونا صفت مُنْجِحٌ (ج) مَنَاجِحُ وَمَنَاجِیْحُ۔ اَنْجَحَ (ب) غالب آنا
تَنَجَّحَ الْحَاجَۃَ۔ وعدہ کرنے والے سے حاجت روائی کا تقاضا کرنا۔
تَنَاجَحَتْ۔ عَلَیْہِ اَحْلَامُہٗ اَوْ مَسَاعِیْہِ۔ کوششوں یا خوابوں کا برابر سچا نکلنا
اِسْتَنْجَحَ۔ فُلَانًا حَاجَتَہٗ۔ کسی سے تقاضائے حاجت کا سوال کرنا۔
اَلنَّجَاحُ وَالنُّجْحُ۔ کامیابی
النَّجَاحَۃُ۔ صبر
اَلنَّاجِحُ۔ فا۔ سَیْرٌ نَاجِحٌ۔ تیز چال۔
النَّجِیْحُ۔ صاحب الرائے۔ صبر والا۔ مؤنث نَجِیْحَۃٌ۔
نَجَخَ (ف) نَجْخًا۔ فخر کرنا۔ التَّنُّوْرُ۔ تنور کا جوش میں آنا۔ السَّیْلُ۔ یک بیک امنڈ آنا ـــ اَلْبَعِیْرُ۔ اونٹ کا بدہضمی والا ہونا۔ صفت نَجِخٌ۔ اَلْبِئْرَ۔ کنواں کھودنا۔
تَنَاجَخَ۔ اَلْمَوْجُ۔ موج کا ایک دوسرے سے ٹکرانا۔ تَنَاجَخَا۔ آپس میں تکبر و فخر کرنا۔
اَلنَّاجِخُ۔ فا۔ کھانسنے والا۔ سمندر کا شور
النَّاجِخُ وَالنَّجُوْخُ۔ شور کرنیوالا سمندر
سَیْلٌ نَاجِخٌ۔ بہت تیز بہنے والا سیلاب جو زمین کو کھود ڈالے۔
نَاجِخَۃُ الْمَاءِ وَنَجِیْخَتُہٗ۔ پانی کی آواز۔
اَلنُّجَاخُ۔ کھانسنے والے کی آواز
نُجَخَاتُ الْمَاءِ۔ پانی کی بوچھاڑیں
نَجَدَہٗ (ن) نَجْدًا۔ مدد کرنا۔ غالب آنا
نَجَدَ (ن) نُجُوْدًا۔ اَلْاَمْرُ۔ ظاہر ہونا۔ واضح ہونا ـــ اَلْبَدَنُ عَرَقًا بدن سے پسینہ بہہ پڑنا۔ الشَّیْءُ مِنَ الْاَرْضِ نکلنا۔
نَجِدَ (س) نَجَدًا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کو کام یا گھبراہٹ سے پسینہ آنا صفت (نَجِدٌ) تھکنا۔ کند ذہن ہونا۔
نُجِدَ نَجْدًا ـــ الرَّجُلُ۔ غمگین ہونا۔ صفت (مَنْجُوْدٌ وَنَجِیْدٌ)
نَجُدَ (ك) نَجْدَۃً وَنَجَادَۃً۔ بہادر ہونا دوسروں سے جو امور نہ ہوسکیں ان کو کر گذرنا ـــ (ر) نُجُوْدًا ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ صفت نَاجِدٌ و نَجُدٌ۔
نَجَّدَ۔ البَیْتَ۔ گھر کو زینت دینا النَّجَّادُ الفَرْشَ۔ فرش ساز کا فرش کو درست کرنا۔ سینا۔ الدَّھْرُ فُلَانًا۔ زمانہ کا کسی کو تجربہ کار بنانا۔ الرَّجُلُ۔ دوڑنا
نَاجَدَہٗ مُنَاجَدَۃً۔ مدد دینا۔ لڑائی کے واسطے نکلنا۔ مقابلہ کرنا۔
اَنْجَدَہٗ۔ مدد دینا۔ ملک نجد کو جانا یا نجد میں پہنچنا۔ رنج سے پسینہ بہانا۔ عمارت کا بلند ہونا ـــ آسمان کا صاف ہونا۔ دعوت قبول کرنا۔
تَنَجَّدَ۔ الشَّیْءُ۔ بلند ہونا۔
اِسْتَنْجَدَ۔ بہادر ہونا۔ فُلَانًا وَبِہٖ ـــ علیہ۔ ڈرنے کے بعد کسی پر دلیر ہونا
نَجْدٌ۔ مم ملک نجد
النَّجْدُ۔ ج اَنْجُدٌ وَنُجُوْدٌ وَاَنْجَادٌ وَاَنْجِدَۃٌ۔ بلند زمین کہتے ہیں ھُوَ طَلَّاعُ اَنْجُدٍ وَاَنْجِدَۃٍ وَنِجَادٍ وطَلَّاعُ النِّجَادِ۔ کاموں کا منتظم اور مشکلات کو اچھی طرح سر کرنے والا۔
ج۔ نِجَادٌ و نُجُوْدٌ۔ گھر کو آرائش و زیبائش دینے والی اشیاء مثلاً فرش دریاں تکیے وغیرہ۔ اَلنَّجْدُ۔ ابھرا راستہ۔ درختوں سے خالی زمین۔ غم۔ ابھری پستان۔ بلند راستہ۔ رَجُلٌ نَجْدٌ و نَجِدٌ و نَجُدٌ۔ بہادر۔ کٹھن کاموں کو کر گذرنے والا۔ دعوت کو جلد قبول کرنیوالا

ج ۔ اَنْجَاد

اَلنَّجَدُ ۔ پسینہ، گھر کا سامان ج ۔ اَنْجَاد

اَلنَّجْدَةُ ۔ مص ۔ دلیری ۔ طاقت ۔ لڑائی

گھبراہٹ ۔ ج نَجَدَات ۔

اَلنِّجَاد ۔ تلوار کا پرتلہ ۔ طَوِیْلُ النِّجَادِ

لمبے قد والا آدمی ۔

اَلنِّجَادَةُ ۔ فرش سازی کا پیشہ ۔ دری

بافی ۔

اَلنَّجِیْد ۔ بہادر ۔ مشکل کاموں کو سر کرنیوالا

شیر ۔ غمگین ۔ ج نُجُد و نُجَدَاءُ

اَلنَّاجِدُ ۔ نا ۔ مؤنث نَاجِدَةٌ ج:

نَوَاجِدُ ۔

اَلنَّجَّاد ۔ فرش ساز

نُجُوْد ۔ اَلْبَیْتِ ۔ مکان کی آرائش کے

لیے دیواروں کے پردے ۔

اَلنَّجُوْدُ ۔ لمبی گردن والا ۔ چلنے میں آگے

رہنے والا ۔ زیرک عورت ۔

اَلنَّاجُوْد ۔ شراب ، شراب کا برتن ،

خون ، زعفران ج نَوَاجِیْد

اَلْمِنْجَدُ ۔ موتیوں اور سونے کی مالا ۔

چھوٹا پہاڑ ۔ ج مَنَاجِدُ ۔

اَلْمِنْجَدَةُ ۔ اون وغیرہ دھننے کی لکڑی

کا آواز ۔ جانور کو ہانکنے کی لاٹھی

ج مَنَاجِدُ ۔ رَجُلٌ مِنْجَادٌ ۔

بہت مدد کرنے والا آدمی ۔

اَلْمَنْجُوْدُ ۔ غمزدہ ۔ ہلاک ہونے والا ۔

نَجَذَهُ (ف) نَجْذًا ۔ داڑھوں

سے کاٹنا ۔ اصرار کرنا ۔

نَجَّذَهُ ۔ تجربہ کرنا ۔ آزمانا ۔

نَجَّذَتْهُ التَّجَارِبُ تجربہ کار بنانا

۔ ہ البَلَایَا ۔ مبتلائے مصائب ہونا

اَلنَّاجِذُ ۔ فاج نَوَاجِذُ ۔ داڑھ ۔

کہتے ہیں عَضَّ عَلَی نَاجِذِہٖ وہ

بالغ ہوگیا ۔ ضَحِکَ حَتّٰی بَدَتْ

نَوَاجِذُہٗ ۔ وہ بہت ہنسا ۔

اَبْدَتِ الْحَرْبُ نَاجِذَیْهَا ۔ لڑائی

تیز ہوگئی ۔ عَضَّ الرَّجُلُ عَلَی نَاجِذِہٖ

اس نے صبر کیا ۔

اَلْمَنَاجِذُ ج جُلْذٌ ۔ چھچھوندریں ۔

نَجَرَ (ن) نَجْرًا ۔ اَلْیَوْمُ ۔ دن کا گرم

ہونا ۔ اَلْمَاءَ ۔ پانی کا گرم پتھروں سے

گرم ہونا ۔ الرَّجُلَ ۔ کسی کو مار کر ہٹانا

الْخَشَبَ ۔ لکڑی کو چھیلنا اور ہموار کرنا

الشَّیْءَ ۔ ارادہ کرنا ۔ اَلْاِبِلَ

اونٹ کو ہانکنا ۔

نَجِرَ (س) نَجَرًا ۔ سخت پیاس لگنا ۔

اَنْجَرَ ۔ فُلَانًا ۔ دودھ و آٹے کا بنا ہوا

کھانا کھلانا ۔

اَلنَّجْرُ ۔ اصل حسب ۔ رنگ ۔ گرمی

اَلنَّجَرُ ۔ سخت نہ بجھنے والی پیاس

اَلنَّاجِرُ ۔ گرمیوں کے مہینوں میں سے ہر

ایک مہینہ ۔

اَلنِّجَارُ و اَلنُّجَارُ ۔ اصل حسب رنگ

اَلنِّجَارَةُ ۔ بڑھئی کا پیشہ ۔

اَلنُّجَارَةُ ۔ لکڑی کی چھیلن ۔

اَلنَّجَّارُ ۔ بڑھئی ۔

اَلنَّجِیْرَةُ ۔ لکڑی کی چھت ۔ دودھ آٹے

اور گھی سے بنا ہوا کھانا ۔ گرم پتھر سے

گرم کیا ہوا پانی نَجْرَاء ۔

اَلنَّجْرَان ۔ دروازہ کی چول ۔ پیاسا ۔ یمن

کا ایک ضلع ۔ نَجِرٌ و نَجْرَیٰ سخت پیاسا

اَلْاَنْجَرُ و اَلْاَنْجَرَةُ ۔ کشتی یا جہاز کا لنگر

ج اَنَاجِر ۔

اَلْمَنْجَرُ ۔ مقصد جو راستے سے ہٹا ہوا نہ ہو

اَلْمِنْجَرَةُ ۔ پانی کو گرم کرنے کے لیے گرم پتھر

اَلْمِنْجَرُ ۔ اونٹوں کو بہت تیز ہانکنے والا

رندہ ۔

اَلْمَنْجُوْرُ ۔ معر کنویں سے پانی نکالنے کی چرخی

نَجَزَ (ن) نَجْزًا ۔ اَلْحَاجَةَ حاجت

پوری کرنا ۔ بِالْوَعْدِ ۔ وعدے میں

۔ اَلْوَعْدُ ۔ حاضر ہونا ۔ جلدی ہونا ۔

پورا ہونا ۔

نَجَزَ و نَجِزَ (س) ختم ہونا ۔ فنا ہونا

۔ اَلْکَلَامُ ۔ کلام کا منقطع ہونا ۔

نَجَّزَ ۔ اَلْحَاجَةَ ۔ حاجت پوری کرنا ۔

اَنْجَزَ ۔ اَلْحَاجَةَ ۔ حاجت پوری کرنا

۔ اَلْوَعْدَ ۔ وعدہ وفا کرنا ۔

۔ عَلَی الْقَتِیْلِ ۔ مقتول کا کام تمام کرنا

نَاجَزَهُ ۔ مقابلہ پر نکلنا ۔ لڑائی کرنا ۔

تَنَجَّزَ ۔ الشَّرَابَ ۔ پینے میں اصرار کرنا ۔

(۔ و اِسْتَنْجَزَ) اَلْحَاجَةَ اَوِ

الْوَعْدَ ۔ حاجت روائی یا وعدہ وفائی

چاہنا ۔

تَنَاجَزُوْا ۔ آپس میں لڑنا جھگڑنا ۔

مقابلہ کرنا ۔

اَلنُّجْزُ و اَلنَّجَازُ ۔ حصول ۔ وفائے عہد

هُوَ عَلَی نَجَزِ حَاجَتِهِ ۔ وہ اپنا کام

پورا کرنے کے نزدیک ہے ۔

اَلنَّجِزُ و اَلنَّاجِزُ ۔ حاضر ۔ نقد ۔ کہتے

ہیں بِعْتُهُ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ میں نے

اس کو ہاتھوں ہاتھ بیچا ۔ نقد روپے

پر فروخت کیا ۔

نَجِسَ (س) نَجَسًا و نَجُسَ (ک) نَجَاسَةً

گندا ہونا ۔ ناپاک ہونا ۔ صفت ۔

نَجْسٌ و نِجْسٌ و نَجَسٌ و نَجِسٌ

و نَجُسٌ ۔ ج اَنْجَاسٌ ۔

نَجَّسَهُ و اَنْجَسَهُ ۔ ناپاک کرنا ۔

نجس کرنا نَجَّسَ الصَّبِیَّ وَلَدَهُ ۔

نظر بد سے بچاؤ کے لیے بچہ پر تعویذ وغیرہ

لٹکانا ۔

تَنَجَّسَ ۔ نجس ہونا ۔ اَلثَّوْبُ ۔ کپڑے کا

نجاست سے بھرنا ۔ نجاست سے نکلنا

دَاءٌ نَجِسٌ و نَاجِسٌ و نَجِیْسٌ ۔

لاعلاج بیماری

اَلْمُنَجِّسُ ۔ تعویذ کرنے والے ۔

نَسَبَ (ن ض) نَسَبًا و نِسْبَۃً - الرَّجُلَ - نسب بیان کرنا - نسب دریافت کرنا - نَسَبَہٗ اِلٰی فُلَانٍ منسوب کرنا - (ن - نَسَبًا و نَسِیْبًا و مَنْسِبَۃً) الشَّاعِرُ بِالْمَرْأَۃِ تشبیب کہنا - غزل میں عورت کی خوبی بیان کرنا
نَاسَبَہٗ مُنَاسَبَۃً - مشابہ کرنا - نسب میں شریک ہونا۔
تَنَسَّبَ الرَّجُلُ - اَلَیْکَ - خاندان یا نسب میں ہونے کا دعویٰ کرنا۔
تَنَاسَبَا - باہم مشابہ ہونا - تَنَاسَبَ الْقَوْمُ اِلٰی اَحْسَابِہِمْ - منسوب ہونا۔
اِنْتَسَبَ - الرَّجُلُ - نسب ظاہر کرنا - اِلٰی اَبِیْہِ منسوب ہونا۔
اِسْتَنْسَبَ - نسب بیان کرنا - الرَّجُلَ نسب پوچھنا۔
اَلنَّسَبُ - قرابت - رشتہ داری - ج اَنْسَابٌ۔
اَلنِّسْبَۃُ و النُّسْبَۃُ - قرابت دو چیزوں کے درمیان ربط و تعلق - اعداد کے درمیان کی نسبت۔
النَّسِیْبُ - مص مناسب - قریبی - رشتہ دار - خاندانی - عورتوں کے متعلق لطیف شعر ج: اَنْسِبَاءُ و نُسَبَاءُ۔
اَلنَّسَابَۃُ - رشتہ داری۔
النَّسَّابُ ج نَسَّابُوْنَ و النَّسَّابَۃُ ج نَسَّابَاتٌ - نسب کا علم رکھنے والا - شجرہ کا جاننے والا۔
اَلْاَنْسَبُ - زیادہ مناسب - زیادہ لائق - زیادہ آرام دہ۔
المُنَاسِبُ - فا - مشابہ - رشتہ دار
المَنْسُوْبُ - مفع - عشقیہ غزل ج۔ مَنَاسِیْبُ۔
نَیْسَبَ - بَیْنَہُمَا - چغلخوری کے لئے دوڑ دھوپ کرنا۔
النَّیْسَبُ - چیونٹیوں کی قطار یا اُن کا راستہ۔ (و النَّیْسَبَان) سیدھا واضح راستہ۔
النَّاسُوْتُ - انسان - انسانی فطرت
نَسَجَ (ن ض) نَسْجًا - الثَّوْبَ - کپڑا بننا - اَلْکَلَامَ کلام کو مخصص کرنا - آراستہ کرنا - الشَّاعِرُ الشِّعْرَ - شعر نظم کرنا - الْغَیْثُ النَّبَاتَ - بارش کا نباتات کو گنجان اُگانا - نَسَجَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ اَوِ الْمَاءَ - ہوا کا پانی یا ریت پر لہریں پیدا کرنا۔
اِنْتَسَجَ - بُنا جانا - دھاری والا ہونا۔
اَلنَّسْجُ - مص - ثَوْبٌ نَسْجُ الْیَمَنِ یمن کا بُنا ہوا کپڑا
النِّسَاجَۃُ - بُننے کا پیشہ۔
النَّسَّاجُ - کپڑا بُننے والا کلام آراستہ کرنے والا - جھوٹا۔
اَلنَّسِیْجُ - بُنا ہوا - ج نُسُجٌ - ھُوَ نَسِیْجُ وَحْدِہٖ - وہ لاثانی ہے۔
المَنْسَجُ - جائے نمازیں۔
النَّسِیْجَۃُ - مؤنث - النَّسِیْجُ - ج نَسَائِجُ۔
اَلمِنْسَجُ و المِنْسَاجُ - کرگہ۔
نَسِحَ (س) نَسَحًا - طمع کرنا لالچ کرنا۔
نَسَحَ (ن) نَسْحًا - التُّرَابَ مٹی بھرنا
النَّسَحُ و النُّسَاحُ - کھجوروں کا کوڑا کرکٹ۔
اَلمِنْسَحُ - غبار اڑانے کا آلہ۔
نَسَخَ (ف) نَسْخًا - الشَّیْءَ - زائل کرنا - باطل کرنا - مسخ کرنا - مٹانا - الْکِتَابَ - کتاب کو حرف بحرف نقل کرنا
نَاسَخَہٗ مُنَاسَخَۃً - ایک دوسرے کو محو کرنا۔
تَنَاسَخَا - ایک دوسرے کو محو کرنا - ایک دوسرے کے پیچھے آنا - زمانہ کا پے درپے آنا - روح کا ایک جسم سے دوسرے جسم میں منتقل ہونا - تَنَاسَخَ الْوَرَثَۃُ - میراث بٹنے سے پہلے بعض وارثوں کا مر جانا۔
اِنْتَسَخَ - الشَّیْءَ - زائل کرنا - الْکِتَابَ کتاب کو نقل کرنا - الشَّیْءُ الشَّیْءَ - ایک چیز کا دوسری چیز کے قائم مقام ہونا
اِسْتَنْسَخَ - الشَّیْءَ - جیسی نسخہ لکھنے کو کہنا - بَلْدَۃٌ نَسِیْخَۃٌ و نَسِیْخَۃٌ دور کا شہر۔
النُّسْخَۃُ - نقل کی ہوئی کتاب - وہ کتاب جس سے نقل کی جائے - ج نُسَخٌ۔
النَّاسِخُ - فا - کتابوں کو نقل کرنے والا -

التَّنَاسُخُ مص۔ روح کا ایک بدن سے دوسرے بدن میں منتقل ہونا۔ ایسا عقیدہ رکھنے والوں کو تَنَاسُخِیَّۃ کہتے ہیں۔

نَسَرَہٗ (ن) نَسْرًا۔ عَنْہُ۔ اُتارنا۔ اُدھیڑنا۔ الجُرْحَ۔ اللَّحْمَ۔ شگاف کردینا الرَّجُلَ۔ تہمت لگانا۔ بدگوئی کرنا۔

نَسَرَہٗ (ض ن) نَسْرًا۔ البَازِیُّ۔ باز کا چونچ سے گوشت نوچنا۔

نَسَّرَ۔ الحَبْلَ۔ رسی کا بل کھولنا۔

تَنَسَّرَ۔ گدھوں کا شکار کرنا۔ الحَبْلُ رسی کا ٹوٹنا۔ الجَرْحُ۔ زخم کا پھول اور پھٹ کر مواد بہانا۔ الثَّوْبُ وَ نَحْوُہٗ۔ کپڑے وغیرہ کا گھس گھس کر ختم ہوجانا۔

اِسْتَنْسَرَ۔ الطَّائِرُ۔ قوت میں گدھ کی طرح ہونا۔ کہتے ہیں اِنَّ البُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ۔ یعنی ہماری زمین میں کمزور چیز بھی طاقت ور ہوجاتی ہے۔

النَّسْرُ۔ گدھ۔ اس کی کنیت اَبُو الْاَبْرَدِ وَ اَبُو الْاَصْبَغِ وَ اَبُو مَالِکٍ وَ اَبُو المِنْہَالِ و ابو یحییٰ ہے۔ مادہ کی کنیت اُمِّ قَشْعَمٍ ہے ج نُسُورٌ وَ اَنْسُرٌ وَ نِسَارٌ۔

النَّسْرُ۔ گھوڑے کے سُم کا اندرونی غدود۔ ج نُسُورٌ۔ النَّسْرَانِ۔ دو ستارے ایک النَّسْرُ الطَّائِرُ دوسرا النَّسْرُ الوَاقِعُ۔

النَّاسُورُ۔ ناسور۔ ہمیشہ بہنے والا زخم ج نَوَاسِیرُ۔

النُّسَارِیَّۃُ۔ عقاب۔

المِنْسَرُ وَ المَنْسِرُ۔ شکاری پرندہ کی چونچ بڑے لشکر کے آگے رہنے والا دستہ فوج۔ ج مَنَاسِرُ۔

النِّسْرِیْنُ۔ گل سیوتی۔

نَسَغَتْ (ن) نَسْغًا و نُسُوْغًا و نَسَغَتْ الاَسْنَانُ۔ دانتوں کا ڈھیلے مسوڑھوں والا ہونا۔ نَسَغَ فُلَانٌ فِی الاَرْضِ ملک میں پھرنا۔ نُسُوْغًا۔ الشَّیْءُ دراز ہونا۔

اَنْسَغَ۔ الرَّجُلُ۔ پڑوسیوں کو بہت ایذا دینا۔ شمالی ہوا کھانا۔

اِنْتَسَغَتْ۔ الاِبِلُ۔ اونٹوں کا چراگاہ میں پھیل جانا۔

النَّاسِغُ۔ فا۔ لمبی گردن۔

النِّسْعُ۔ ہاتھ کا جوڑ۔ اونٹ کے تنگ کا تسمہ ج نُسُعٌ و نِسَعٌ و نُسُوْعٌ و اَنْسُعٌ۔ اَنْسَاعُ الطَّرِیْقِ راستہ کے نشانات۔

النِّسْعُ و الرِّیْحُ النِّسْعِیَّۃُ والمِنْسَعُ شمالی ہوا۔

النُّسُوْعُ مص۔ لمبائی

المِنْسَعَۃُ۔ لمبی نباتات والی زمین۔

نَسَغَ (ن) نَسْغًا۔ اللَّبَنَ بِالمَاءِ۔ دودھ میں پانی ملانا۔

نَسَغَہٗ بِالسَّوْطِ چابک مارنا۔ ہٗ بِکَذَا۔ تہمت لگانا۔ ہٗ بِکَلِمَۃٍ طعن و تشنیع کرنا۔ الخُبْزَۃَ۔ روٹی پر لوہے وغیرہ سے گودنا۔ فِی الاَرْضِ جانا۔

نَسَغَتْ و نَسَّغَتْ۔ الاَسْنَانُ۔ دانتوں کی جڑیں ڈھیلی پڑنا۔ نَسَّغَتِ الشَّجَرَۃُ کٹنے کے بعد درخت کا پھوٹ آنا۔ نَسَّغَہٗ۔ نیزہ مارنا۔

اِنْتَسَغَتْ۔ الاِبِلُ۔ اونٹوں کا چراگاہ میں بکھر جانا۔ الرَّجُلُ۔ سرین کھجایا کرنا

النَّاسِغُ۔ فا۔ رَجُلٌ نَاسِغٌ۔ نیزہ بازی میں ماہر۔ ج نُسَّغٌ۔

النُّسْغُ۔ کٹے ہوئے درخت سے بہنے والا پانی

المِنْسَغُ۔ پسینہ۔

المِنْسَغَۃُ۔ جسم گودنے کا آلہ یا روٹی گودنے کی چیز

نَسَفَ (ض) نَسْفًا۔ البِنَاءَ۔ عمارت کو جڑ سے اکھیڑنا۔ الجِبَالَ۔ پہاڑوں کو گرانا۔ الشَّیْءَ چھاننا۔ الحَبَّ بِالمِنْسَفِ۔ غلہ کو چھاج سے پھٹکنا۔ ن۔ و اَنْسَفَتِ الرِّیْحُ التُّرَابَ۔ ہوا کا مٹی کو اکھیڑنا۔ اڑانا۔

نَسَفَہٗ (ن) نَسْفًا و نُسُوْفًا۔ دانت سے کاٹنا۔ نَسَفَ الاِنَاءُ۔ برتن کا بھر کر بہہ جانا۔

اِنْتَسَفَ۔ البِنَاءَ۔ یعنی نَسَفَہٗ الشَّیْءَ اکھیڑنا

اِنْتَسَفَ الکَلَامَ۔ کان میں بات بتانا۔

اُنْتُسِفَ۔ لَوْنُہٗ۔ رنگ متغیر ہونا۔

تَنَسَّفَ۔ فِی الصَّحْرَاءِ۔ کشتی میں پچھاڑنا

النَّسِفَۃُ و النَّسَفَۃُ۔ پاؤں مانجھنے کا جھانواں۔ ج نِسَفٌ و نُسَفٌ و نُسُفٌ و نِسَافٌ۔

النُّسَافَۃُ۔ غلہ کا پھوٹک، دودھ کے جھاگ زمین کا غبار۔

النَّسِیْفُ۔ بھید۔ کَلَامٌ نَسِیْفٌ۔ پوشیدہ گفتگو۔ شَیْءٌ نَسِیْفٌ چھانی ہوئی چیز

النَّسُوْفُ۔ اونٹ جو گھاس کو جڑ سے اکھیڑ لے ج مَنَاسِیْفُ

النَّسْفَانُ۔ مِنَ الاٰنِیَۃِ۔ بھر کر بہنے والا برتن۔

المِنْسَفُ و المِنْسِفُ۔ گدھے کی تھوتھنی ج مَنَاسِفُ۔

المِنْسَفُ۔ چھاج۔ سوپ

المِنْسَفَۃُ۔ چھلنی عمارت اکھیڑنے کا آلہ

نَسَقَ (ن) نَسْقًا۔ الدُّرَّ وَنَحْوَہٗ موتی وغیرہ پرونا۔ الکَلَامَ۔ کلام کو ترتیب دینا

نَسَّقَ۔ الشَّیْءَ۔ ترتیب دینا تنظیم کرنا۔

ناسَقَ - بَینَهُما - ایک دوسرے کے پیچھے
چلنا - قطار میں چلنا -
اَنْسَقَ - الرَّجُلُ - سجع کہنا
اِنْتَسَقَتْ و تَنَاسَقَتْ و تَنَسَّقَتْ
الاَشْیاءُ - بالترتیب ہونا نظم میں ہونا
ہونا - تَنَاسَقَ کَلامُہٗ - کلام کا ترتیب
وار ہونا صفت مُتَنَاسِقٌ -
النَّسَقُ - بالترتیب - جاءَ القَومُ و جاءَتِ
الخَیلُ نَسَقًا - لوگ بالترتیب آئے گھوڑے
بالترتیب آئے غَرَسْتُ النَّخلَ نَسَقًا
میں نے کھجور کے درختوں کو ایک قطار
میں لگایا - حُرُوفُ النَّسَقِ و النَّسْقِ
حروف عطف -
النَّسِقُ - بالترتیب
نَسَكَ (ن) نَسْكًا و نِسْكًا و نُسُكًا و
نُسْكًا و نُسُوكًا و نَسَكَةً و
مَنْسَكًا - الرَّجُلُ - زاہد بنا، درویش
بنا - لِلّٰہِ - خدا کے لئے قربانی کرنا -
نَسْكًا الثَّوبَ - کپڑے کو دھو کر پاک کرنا
- البَیتَ - گھر میں آنا - اِلیٰ طَرِیقَةٍ
جَمِیلَةٍ - مداومت کرنا -
نَسُكَ (ک) نَسَاكَةً - درویش بننا -
تَنَسَّكَ - عبادت - خدا تعالیٰ کا ہر
ایک حق - المَنْسَكُ - مانوس جگہ -
النُّسُكُ و النُّسْكُ - نذر جو اللہ کے
لئے پیش کی جائے - ذبیحہ -
النُّسُكُ - چاندی کا ٹکڑا - خون
النَّسِیكُ - سونا - چاندی
النَّسِیكَةُ - ذبیحہ - سونے چاندی کا
ٹکڑا ج نَسَائِكُ -
النَّاسِكُ - فا - عابد - زاہد ج نُسَّاكٌ
عَشَبٌ نَاسِكٌ - بہت سبز گھاس
اَرضٌ نَاسِكَةٌ - تازہ بارش والی
سرسبز زمین -
المَنْسَكُ - مانوس جگہ (ر - و المَنْسِكُ)
قربانی کی رسم - قربانی کی جگہ ج :
مَنَاسِكُ - مَنَاسِكُ الحَجِّ -
حج کی عبادات -
المَنْسُوكُ - مفع ثَوبٌ مَنْسُوكٌ -
پانی سے دھلا ہوا پاک کپڑا چھوٹے
بالوں والا مادہ گھوڑا -
نَسَلَ (ن) نَسْلًا - الصُّوفَ اَوِ الرِّیشَ
جھاڑنا گرنا - الوَلَدَ و بِالوَلَدِ
جننا - الرَّجُلُ - بہت اولاد والا
ہونا -
نَسَلَ (ن) نُسُولًا - الرِّیشُ اَوِ الصُّوفُ
پر یا اون کا جھڑنا گرنا -
نَسَلَ (ن ض) نَسْلًا و نَسَلًا و نَسَلَانًا
- فِی مَشْیِہٖ - تیز چلنا -
اَنْسَلَ - الصُّوفَ اَوِ الرِّیشَ - اون یا
پر گرانا - الصُّوفُ - اون گرنا -
الوَلَدَ الوَلَدَ - پیدا کرنا - فِی
عَدْوِہٖ - تیز دوڑنا - القَومَ :
آگے بڑھنا - الدّابَّةُ - جانور کے
بال گرنے کا زمانہ قریب آنا -
تَنَاسَلَ - القَومُ - بعض کا بعض سے
پیدا ہونا - پیدائش سے تعداد میں بڑھنا
النَّسْلُ - مص - خلق - اولاد - ذریت -
ج اَنْسَال
اَلنَّسَلُ - مص - تھن سے خود بخود نکلنے والا
دودھ - سبز انجیر سے نکلنے والا دودھ
اَلنُّسَالُ و النُّسَیلُ - گرے ہوئے پر یا
بال یا اون - واحد نُسَالَةٌ
النَّسِیلَةُ - بچہ - بتی - شہد جو چھتے سے
بہہ نکلے -
النَّسُولَةُ مِنَ المَوَاشِی - نسل بڑھانے
کے لئے مویشی - بہت نسل والے مویشی
اَلنَّاسِلُ - فا - تیز رفتار ج نُسَّلٌ
اَلنَّسُولُ و النَّسَّالُ - تیز دوڑنے والا
نَسَمَ (ض) نَسْمًا - البَعِیرُ الاَرضَ
بِخُفِّہٖ - اونٹ کا زمین پر پاؤں مار کر
نشان ڈالنا -
نَسَمَتْ (ض) نَسْمًا و نَسِیمًا و
نَسَمَانًا - الرِّیحُ - ہوا کا آہستہ
چلنا (- نَسْمًا و نَسِیمًا - (س)
نَسَمًا) الشَّیءُ - متغیر ہونا -
نَسُمَ (ک) نَسَامَةً - المَکَانُ - جگہ کا
بہت چشموں والی ہونا -
نَسَّمَ - فِی الاَمرِ - شروع کرنا - النَّسَمَةَ
زندہ کرنا - آزاد کرنا - الاَسِیرَ - رہا کرنا
نَاسَمَہٗ مُنَاسَمَةً و نِسَامًا - قریب
ہونا - نزدیک ہونا - کانا پھوسی کرنا -
تَنَسَّمَ - الرَّجُلُ - سانس لینا -
تَنَسَّمَتِ الرِّیحُ - ہوا کا آہستہ
چلنا - الجَمْرُ - چنگاری کا بھڑکنا
تَنَسَّمَ المَکَانُ بِالطِّیبِ - جگہ
کا خوشبو سے مہک جانا - تَنَسَّمْتُ
مِنہُ عِلمًا - میں نے اس سے علم حاصل
کیا - الرِّیحَ - بو سونگھنا - بو پانا -
الوَلَدُ - پیٹ کے بچہ کا جسم پکڑنا اور
جاندار ہونا -
اَلنَّاسِمُ - فا - قریب الموت - بیمار -
اَلنَّسَمُ - مص - نفس و روح - آہستہ
چلنے والی ہوا - زندگی کا سانس (ج
اَنْسَام) - المَنْسَمُ - ناک - مٹا
ہوا راستہ - دودھ یا چکنائی کی بو -
اَلنَّسَمَةُ - روح - سانس - آدمی -
مرض ربو - زندہ ہستی - غلام - لونڈی
ج نَسَمٌ و نَسَمَات -
النَّسِیمُ - مص - نرم ہوا - ٹھنڈی ہوا
ج نِسَام -
الاَنَاسِمُ - مفرد (اَنْسَام) آدمی لوگ
المَنْسِمُ - اونٹ کا تلوا - شتر مرغ کا
پاؤں - نشان - کھوج - راستہ
ج مَنَاسِمُ -

نَسْنَسَ - الطَّائِرُ - پرندہ کا تیز اڑنا -
اونٹ کو تیز ہانکنا ہوا کا چلنا - کمزور ہونا
النَّسْنَاس - بن مانس - ایک خیالی انسانی
شکل کا جانور - لنگور - نَسَانِسُ
الْإِنْسَانِ - انسان کی مشقت وصبر
النِّسْنَاس - سخت بھوک -
نَسَا يَنْسُو نَسْوَةً - الرَّجُلُ - کام چھوڑ
دینا -
أَنْسَاهُ إِنْسَاءً - الشَّيْءَ - کسی چیز کے
چھوڑنے کا حکم دینا -
النَّسَا - ایک رگ جو سرین سے ٹخنے تک
جاتی ہے ج أَنْسَاءُ -
النَّسْوَةُ - مص - دودھ کا ایک گھونٹ -
النِّسْوَةُ والنُّسْوَةُ والنِّسَاءُ والنِّسْوَانُ
والنُّسْوَانُ والنِّسْنِيَانُ - عورتیں
مَرْأَةٌ کی جمع - نسبت کے لئے نِسْوِيٌّ
ونُسْوِيٌّ - تصغیر - نُسَيَّةٌ اور نُسَيَّاتٌ
بھی کہتے ہیں -
الْمَنْسُوُّ - عرق النساء کی بیماری والا -
نَسِيَ يَنْسَى نَسًى - عرق النساء کی بیماری
میں مبتلا ہونا - صفت نَسٍ و نَسِيٌّ
مؤنث نَسِيَةٌ و نَسْيَاءُ -
نَسَى يَنْسِي نَسْيًا - الرَّجُلَ - عرق النساء
بیمار نا -
نَسِيَ يَنْسَى نَسْيًا ونِسْيًا ونِسْيَانًا ونِسْيَانَةً
ونَسَاوَةً - الشَّيْءَ - چیز کو بھولنا -
نَسَّى وَأَنْسَى - الرَّجُلَ - الشَّيْءَ - کسی کو
کوئی چیز بھلانا
تَنَاسَى - الشَّيْءَ - بھولنے کا بہانہ کرنا
النَّسِيُّ والنِّسْيُ - بھولی ہوئی چیز - ادنیٰ
چیزیں جو قافلہ چھوڑ جائے ج أَنْسَاءٌ
النَّسْيَانُ والنَّسَّاءُ - بہت بھولنے والا
جو اپنی قوم میں شمار نہ ہو -
الْمَنْسِيُّ - مفع - بھولی ہوئی چیز - عرق النساء
میں مبتلا -

الْمِنْسَأَةُ - لاٹھی
نَشَّ (ن) نَشًّا - الدَّابَّةَ - جانور کو آہستہ ہانکنا
مشک وغیرہ کو باریک کرکے ملانا -
نَشَّ (ض) نَشًّا و نَشِيشًا - الْمَاءُ فِي
الْكُوزِ الْجَدِيدِ - پانی کا نئے کوزے میں
آواز کرنا - اللَّحْمُ - گوشت کا ہانڈی یا
کڑاہی میں آواز کرنا - الْغَدِيرُ - تالاب
کا پانی خشک ہوتے لگنا - النَّبِيذُ
نبیذ کا جوش مارنا - الرُّطَبُ - خشک
ہونا -
نَشَّتِ اللَّحْمَةُ - گوشت کے ٹکڑے
کا پانی ٹپکانا -
النَّشُّ - مص - ہر چیز کا نصف -
النَّشَّاشُ - پانی جذب کرنے والا -
أَرْضٌ نَشَّاشَةٌ - شناک زمین جس میں کچھ
نہ اُگے -
النَّشِيشُ - مص - جوش کھانے والے پانی
کی سنسناہٹ - أَرْضٌ نَشِيشَةٌ
شورزمین -
الْمِنَشَّةُ - چھری -
نَشَأَ (ف) ونَشُوءٌ (ك) نَشْأً ونُشُوءًا
ونَشْأَةً ونَشَاءَةً ونَشَاءَةً -
الشَّيْءُ - پیدا ہونا - زندہ ہونا - الطِّفْلُ
بچے کا جوانی کو پہنچنا - اسم الشَّيْءُ
نَشَأَتِ السَّحَابَةُ - گھٹا اٹھنا -
أَنْشَأَهُ إِنْشَاءً - پالنا - پرورش کرنا -
أَنْشَأَ اللَّهُ السَّحَابَ - خدا تعالیٰ کا
بادل کو اٹھانا - الشَّيْءَ - پیدا کرنا -
اللَّهُ الشَّيْءَ - پیدا کرنا - اللَّهُ الْخَلْقَ
شروع کرنا - أَنْشَأَ الْحَدِيثَ وَالْكَلَامَ
وضع کرنا - ابتدا کرنا - زَيْدٌ - عمدہ
شعر کہنا یا بہترین خطبہ دینا - فُلَانٌ
دَارًا - تعمیر شروع کرنا أَنْشَأَ فُلَانٌ
يَضْرِبُ فُلَانًا - مارنے لگا - مِنَ الْمَكَانِ
نکلنا -

نَشَّأَهُ تَنْشِئَةً - پالنا -
تَنَشَّأَ اسْتَنْشَأَ - الْأَخْبَارَ - خبروں کی
حقیقت کا پتہ لگانا - الْعَلَمَ فِي الْمَفَازَةِ
جھنڈا کھڑا کرنا - فُلَانًا قَصِيدَةً أَوْ
خُطْبَةً - قصیدہ یا خطبہ کی فرمائش کرنا
النَّشْءُ - مص - نسل - اولاد - اونٹ کے
چھوٹے بچے - اونچا بادل یا بادل کا وہ
حصہ جو پہلے ظاہر ہو ج نَشَاءٌ -
النَّشِيءُ - بادل کا وہ حصہ جو پہلے ظاہر ہو
النَّشْأَةُ والنَّشِيئَةُ - نباتات کی نازک
کونپلیں -
النَّاشِئُ - فا - جوانی کے نزدیک پہنچا ہوا
لڑکا یا لڑکی ج نَشْءٌ ونُشَّاءٌ و
نَاشِئَةٌ - رات کو ظاہر ہونے والا -
یا شروع ہونے والا ج نَوَاشِئُ -
النَّاشِئَةُ - مؤنث النَّاشِئِ - دن یا رات
کا آغاز - سونے کے بعد اٹھنا نوجوان
لڑکی ج نَوَاشِئُ -
الْمَنْشَأُ - پیدا ہونے کی جگہ -
الْمُنْشَأُ والْمُسْتَنْشَأُ - بلند جھنڈا
بلند نشان راہ -
نَشِبَ (س) نَشَبًا ونُشُوبًا ونُشْبَةً
- الشَّيْءُ فِي الشَّيْءِ - چمٹنا - لگ جانا
- الْعَظْمُ فِي حَلْقِهِ - حلق میں ہڈی پھنسنا -
نَشِبَ مَنْشَبَ سُوءٍ - وہ پیچیدہ کام
میں پھنس گیا - مَا نَشِبَ أَوْ لَمْ
يَنْشَبْ أَنْ فَعَلَ - اس نے ایسا کرنے
میں دیر نہ لگائی - مَا نَشِبَ يَقُولُ
اس نے کہنا بند نہیں کیا - نُشُوبًا
الْحَرْبُ بَيْنَ الْقَوْمِ - گھمسان کی
لڑائی ہونا - الْأَمْرُ فُلَانًا - لازم ہونا
فِيهِ - خریدنا -
نَشَّبَهُ وأَنْشَبَهُ فِي كَذَا - چمٹانا -
چسپاں کرنا - أَنْشَبَهُ بِحِبَالَتِهِ - اس
نے اس کو جال میں پھنسایا -

نَاشَبَہٗ مُنَاشَبَۃً ۔ الحَرْبَ ۔ کھلم کھلا لڑائی کرنا ۔
تَنَشَّبَ ۔ فِیْہِ ۔ پھنس جانا ۔ دل کے ساتھ محبت کا چمٹنا ۔
اِنْتَشَبَ فِیْہِ ۔ چمٹنا ۔ الحَطَبَ ۔ لکڑی جمع کرنا ۔
تَنَاشَبُوْا ۔ آپس میں چمٹنا ۔ بھیڑ کرنا ۔
النَّشَبُ ۔ مص ۔ (ــ والنَّشَبَۃ) جائیداد منقولہ وغیر منقولہ ۔ زمین اور مویشی ۔
النُّشْبَۃُ ۔ مص (ــ والنُّشُبَۃ) کام میں پھنس کر رہائی نہ پانے والا آدمی ۔
نُشْبَۃُ ۔ بھیڑیئے کا اسم علم ۔
النُّشَّابُ ۔ تیر ۔ ج نَشَاشِیْب ۔ واحد نُشَّابَۃٌ ۔
النَّاشِبُ ۔ فا ۔ تیروں والا ۔ تیر انداز ۔
النَّاشِبَۃَ ۔ مؤنث النَّاشِب ۔ تیر انداز لوگ ۔
النَّشِیْبُ ۔ چمٹنے والا ۔
النَّشَّابُ ۔ بہت چمٹنے والا ۔ تیر ساز و تیر انداز ۔
النَّشَّابُ ۔ تیر مارنے والا ۔ تیر ساز ۔ بہت چمٹنے والا ۔ قَوْمٌ نَشَّابَۃٌ ۔ تیر انداز لوگ ۔
المَنْشَبُ ۔ چمٹنے کی جگہ ۔
المَنْشَبَۃُ ۔ مال ۔ مویشی
نَشَجَ (ض) نَشْجًا و نَشِیْجًا ۔ الباکی روتے سے ہچکی بندھنا ۔
نَشَجَتِ القِدْرُ ۔ ہانڈی کا کھدکھدانا
نَشَجَ الضِّفْدَعُ ۔ مینڈک کا ٹرّاتے وقت آواز دہرانا ۔
المُطْرِبُ ۔ گویے کا دوسروں کے درمیان وقفہ کرنا ۔
المَنْشَجُ ۔ پانی بہنے کی جگہ ۔ ج اَلْمَنَاشِجُ ۔
النَّشِیْجُ ۔ مص ۔ آواز
نَشَحَ (ف) نَشْحًا و نُشُوْحًا ۔ الرَّجُلُ

پرچ کر نہ پینا ۔ سیر ہو کر پینا ۔
النَّشُوْحُ ۔ تھوڑا پانی
النُّشُحُ ۔ مست لوگ ۔ مفرد (نَشُوْحٌ)
النَّشَّاحُ ۔ مِنَ الآنِیَۃِ ۔ چھلکتا ہوا برتن
نَشَدَ (ن ض) نَشْدًا و نِشْدَانًا و نِشْدَۃً ۔ الضَّالَّۃَ ۔ گم شدہ کو ڈھونڈھنا ۔ آواز دے کر پوچھنا ۔
فُلَانًا ۔ پہچاننا ــ ہ اللّٰہَ و بِاللّٰہِ ۔ قسم دینا (ــ نَشْدًا) الرَّجُلَ کسی سے اَنْشُدُکَ اللّٰہَ کہنا ۔
نَشَدَ عَهْدَہٗ اَوْ وَعْدَہٗ ۔ عہد یا وعدہ یاد دلانا ۔
اَنْشَدَ ۔ الضَّالَّۃَ ۔ گم شدہ کے بارے میں پوچھنا ۔ پتہ لگانا ۔ گم شدہ کی تشہیر کرنا ۔ اَنْشَدَہٗ الشِّعْرَ ۔ شعر پڑھنا
اَنْشَدَ بِالقَوْمِ ۔ ہجو کرنا ــ زَیْدًا اَوْ لِزَیْدٍ ۔ جواب دینا ۔
نَاشَدَہٗ مُنَاشَدَۃً و نِشَادًا ۔ قسم دلانا
تَنَشَّدَ ۔ الاَخْبَارَ ۔ خبروں کی اطلاع دینا
تَنَاشَدُوْا ۔ الاَشْعَارَ ۔ ایک دوسرے کو شعر سنانا ۔
اِسْتَنْشَدَہٗ ۔ الشِّعْرَ ۔ شعر پڑھنے کی درخواست کرنا ۔ نِشْدَکَ اللّٰہَ اِلَّا فَعَلْتَ ۔ میں تجھے خدا کی قسم دیتا ہوں کہ یہ کام کر ۔
النَّاشِدُ ۔ فا ۔ طلب کرنے والا ۔ تشہیر کرنے والا ۔ النَّاشِدُوْنَ گم شدہ کا پتہ لگا کر مالک تک پہنچانے والے
النِّشْدَۃُ ۔ مص ۔ آواز ۔
النَّشِیْدُ ۔ آواز کی بلندی (ــ والنَّشِیْدَۃ) ج ۔ نَشَائِدُ ۔ والاُنْشُوْدَۃ ۔ ج اَنَاشِیْدُ ۔ مجلس میں سنائی ہوئی نظم
نَشِیْدُ الاَنَاشِیْدِ ۔ بائبل کی ایک کتاب
النَّشَّادُ ۔ گم شدہ کی تلاش کرنے والا

النَّشَادِرُ وَالنُّوْشَادِرُ ۔ نوشادر
نَشَرَ (ن ض) نَشْرًا ۔ الثَّوْبَ ۔ کپڑا پھیلانا ۔ الخَبَرَ ۔ خبر مشہور کرنا ۔ ــ الشَّیْءَ ۔ بکھیرنا ۔ الخَشَبَ ۔ لکڑی چیرنا ۔ عَنِ المَجْنُوْنِ اَوِ المَرِیْضِ ۔ منتر پھونکنا ۔ نَشَرَتِ الرِّیْحُ ۔ بادل کے دن ہوا چلنا ۔
نَشَرَ (ن) نُشُوْرًا ۔ الشَّجَرُ ۔ درخت کا پتے لانا ۔ نَشَرَتْ اَوْرَاقُ الشَّجَرِ درخت کے پتوں کا بڑھنا اور پھیلنا ۔ الاَرْضُ ۔ زمین کا بہار کے ابر کے بعد سرسبز ہونا
نَشَرَ (ن) نَشْرًا و نُشُوْرًا ۔ اللّٰہُ المَوْتٰی مُردوں کو زندہ کرنا ۔ نَشَرَ و نَشِرَ المَوْتٰی ۔ زندہ ہونا ۔ صفت : نَاشِرُوْنَ ۔
نَشَرَتْ (س) نَشَرًا ۔ المَوَاشِیُ ۔ مویشی کا رات کو پھیل کر چرنا ۔
نَشَّرَ ۔ الثَّوْبَ و نَحْوَہٗ ۔ کپڑے وغیرہ کو پھیلانا ۔ عَنِ المَرِیْضِ اَوِ المَجْنُوْنِ بیمار یا مجنون پر منتر پھونکنا ۔
اَنْشَرَ ۔ اللّٰہُ المَیِّتَ ۔ اللہ کا مردے کو زندہ کرنا ۔ الاَرْضَ ۔ زمین کو سیراب کرکے زندہ کرنا ۔
تَنَشَّرَ الشَّیْءُ ۔ پھیلنا ۔
اِنْتَشَرَ الشَّیْءُ ۔ پھیلنا ۔ النَّهَارُ ۔ دن چڑھنا ــ الخَبَرُ ۔ خبر مشہور ہونا
الاِبِلُ ۔ اونٹوں کا متفرق ہونا ــ الرَّجُلُ ۔ سفر شروع ہونا ۔
تَنَاشَرُوْا ۔ الثِّیَابَ ۔ کپڑا پھیلانے میں ایک دوسرے کی مدد کرنا ۔
اِسْتَنْشَرَ ۔ الخَبَرَ ۔ خبر پھیلانے یا شائع کرنے کی درخواست کرنا ۔
اَلنَّشَرُ ۔ مص ۔ خوشبو یا صرف بُو ۔ اُگنے کی ابتداء ۔ خارش ۔

النَّشْرُ و النَّشَرُ۔ بغیر سردار کے بکھری ہوئی قوم ۔ یَوْمُ النَّشْرِ و یَوْمُ النُّشُوْرِ۔ قیامت کا دن ۔

النَّشْرَۃُ۔ بادِ نسیم ۔ اشتہار ۔ ج: نَشَرَاتٌ۔

النُّشْرَۃُ ۔ افسوں ۔ منتر

النُّشَارَۃُ ۔ لکڑی کا بُرادہ

النَّاشِرَۃُ ۔ مونث النَّاشِرِ ۔ نَوَاشِرُ کا واحد ۔ نَوَاشِرُ ۔ ہاتھ کے رگ پٹھے

النَّشُوْرُ ۔ بادل کو گھیرنے والی ہوا ۔ ج نُشُرٌ ۔

النَّشِیْرُ ۔ اِزار ۔ تہ بند ۔ وہ کھیتی جو کاٹ کر جمع کی گئی ہو ۔

التَّنَاشِیْرُ ۔ مدرسے کے بچوں کی بے ترتیب لکیریں ۔

المِنْشَارُ ۔ آرہ ج مَنَاشِیْرُ ۔

اَلْمِنْشَارُ ۔ پنجہ دار لکڑی جس سے گیہوں وغیرہ کو بھوسے سے علیحدہ کرتے ہیں ۔ جَمَلٌ ایک سمندری مچھلی ۔ اس کو اَبُو مِنْشَارٍ بھی کہتے ہیں ۔

المَنْشُوْرُ ۔ مفعو ۔ شاہی فرمان ۔

المَنْشَرُ ۔ کپڑے وغیرہ پھیلانے کی جگہ ۔

المَنْشُوْرَۃُ ۔ سخی و شریف عورت ۔

نَشَزَ (ن ض) نَشْزًا فِی اَوْ عَنْ مَکَانِہٖ ۔ بلند ہونا ۔ اٹھنا ۔ رکنا ۔ الرَّجُلُ بیٹھے ہوئے کا اٹھنا ۔ اونچی زمین پر جا نکلنا ۔ القَوْمُ فِی مَجْلِسِہِمْ مجلس میں لوگوں کا سمٹ جانا یا اٹھ جانا ۔ نَشَزَتْ نَفْسُہٗ گھبراہٹ سے دل دھڑکنا ۔

نَشَزَتْ (ن ض) نُشُوْزًا ۔ اَلْمَرْاَۃُ بِزَوْجِہَا و مِنْہُ و عَلَیْہِ عورت کا نافرمان ہونا ۔ نفرت کرنا ۔ صفت ر نَاشِزٌ و نَاشِزَۃٌ ج نَوَاشِزُ ۔ نَشَزَ بَعْلُہَا عَلَیْہَا و مِنْہَا ۔ خاوند کا عورت پر ظلم کرنا ستا کر تکلیف دینا ۔ بِالْقَوْمِ فِی الخُصُوْمَۃِ ۔ قوم سے جھگڑنے کے لئے اٹھ کھڑا ہونا ۔

نَشَزَ (ض) نَشْزًا ۔ بِقَرْنِہٖ ۔ سینگ سے اٹھا کر پچھاڑ دینا ۔

اَنْشَزَ ۔ الشَّیْءَ ۔ جگہ سے اٹھانا ۔ بلند کرنا ۔ اللّٰہُ عِظَامَ الْمَیِّتِ مردے کی ہڈیوں کو ترکیب دے کر اس کو زندہ کرنا ۔

النَّشْزُ ۔ مص ۔ نُشُوْزٌ ۔ و النَّشَزُ ج نِشَازٌ و اَنْشَازٌ ۔ اونچی جگہ ۔ مِنَ الرِّجَالِ ۔ قوی ۔ بڑے ڈیل ڈول کا موٹا آدمی ۔

النَّشَازُ ۔ اونچی جگہ ۔

النَّاشِزُ ۔ فا ۔ ابھرا ہوا ۔ جگہ سے اٹھا ہوا ۔ دھڑکنے والی رگ ۔

النَّشِیْزَۃُ و النَّشْزَۃُ ۔ مِنَ الدَّوَابِّ وہ سواری جس کی پیٹھ پر زین یا سوار نہ ٹھہر سکے ۔

نَشَصَ (ض ن) نُشُوْصًا ۔ السَّحَابُ ۔ بادل کا بلند ہونا ۔ النَّفْسُ ۔ دل دھڑکنا ۔ الصُّوْفُ اَوِ الشَّعْرُ ۔ اون یا بال کا نکلنا اور جلد سے چمٹا ہوا ہونا ۔

نَشَصَتِ السِّنُّ ۔ دانت کا لمبا ہونا

نَشَصَ الشَّیْءَ ۔ چیز نکالنا ۔ فُلَانًا نیزہ مارنا ۔ عَنْ بَلَدِہٖ ۔ شہر یا ملک سے نکل جانا ۔ علیحدہ ہونا ۔ نَشَصَتِ الْمَرْاَۃُ عَنْ زَوْجِہَا ۔ بیوی کا نافرمان ہونا ۔ نفرت کرنا ۔ صفت نَاشِصٌ ۔

اَنْشَصَہٗ ۔ عَنْ بَلَدِہٖ اَوْ بَیْتِہٖ ۔ شہر یا گھر سے نکال دینا ۔

نَشَّصَہٗ ۔ بلند کرنا ۔

تَنَشَّصَ ۔ لِکَذَا ۔ اٹھنا اور تیاری کرنا

اِنْتَشَصَ ۔ الشَّجَرَۃَ ۔ درخت کو جڑ سے اکھیڑنا ۔

اِسْتَنْشَصَتِ الرِّیْحُ السَّحَابَ ہوا کا بادل کو اٹھانا ۔

اَلنِّشَاصُ و النَّشَاصُ ۔ تہ بتہ بلند بادل فوج ج نُشُصٌ و نَشَائِصُ ۔

النَّشُوْصُ و النَّشِیْصُ ۔ کھڑا کیا ہوا نیزہ ۔ بڑے کوہان والی اونٹنی

نَشِطَ (س) نَشَاطًا ۔ چست ہونا ۔ ہشاش بشاش ہونا ۔ صفت ۔ نَاشِطٌ و نَشِیْطٌ ۔ نَشِطَتِ الدَّابَّۃُ ۔ جانور کا موٹا ہونا ۔

نَشَطَ (ض) نَشْطًا ۔ مِنَ الْمَکَانِ ۔ نکلنا ۔ مِنْ بَلَدٍ اِلٰی بَلَدٍ ۔ ایک شہر سے نکل کر دوسرے شہر میں جانا ۔

نَشَطَ (ن) نَشْطًا ۔ الحَبْلَ ۔ رسی میں گرہ لگانا ۔ العُقْدَۃَ ۔ گرہ کو مضبوط کرنا ۔ الدَّلْوَ مِنَ الْبِئْرِ ۔ ڈول کو کنویں سے بغیر چرخی کے نکالنا ۔ زَیْدًا ۔ نیزہ مارنا ۔ نَشَطَتْہُ الْحَیَّۃُ ۔ سانپ کا ڈسنا ۔

نَشَّطَ ۔ الحَبْلَ ۔ رسی میں گرہ لگانا ۔ ہٗ اِلٰی اَوْ فِی الْعَمَلِ ۔ جرات دلانا ۔ چست بنانا ۔

اَنْشَطَہٗ ۔ چست بنانا ۔ اَنْشَطَ الرَّجُلُ ۔ چست چالاک لوگوں والا یا جانوروں والا ہونا ۔ اَنْشَطَتْہُ الْحَیَّۃُ ۔ سانپ کا ڈسنا ۔

اَنْشَطَ الْحَبْلَ ۔ رسی میں گرہ دینا ۔ العُقْدَۃَ اَوِ الْعِقَالَ ۔ گرہ کھولنا ۔ البَعِیْرَ مِنْ عِقَالِہٖ ۔ اونٹ کو چھوڑنا ۔ آزاد کرنا ۔ الکَلَأُ الدَّابَّۃَ ۔ گھاس کا جانور کو موٹا کرنا ۔

تَنَشَّطَ ۔ ہشاش بشاش ہونا ۔ لِلْعَمَلِ خوشی سے تیار ہو کر کام میں لگنا ۔

تَنَشَّطَتِ النَّاقَۃُ فِی سَیْرِہَا ۔ اونٹنی نے چلنے میں تیزی کی ۔

تَنَشَّطَ الْمَفَازَةَ - بیابان کو جلدی سے عبور کرنا۔
اِنْتَشَطَ - الْحَبْلَ - رسی کو کھولنے کے لئے کھینچنا - اَلْحَبْلُ - رسی کا کھلنا ـــ اَلسَّمَکَةَ - مچھلی کے چھلکے اتارنا الشَّیْءَ - چھینا - مضبوط کرنا - فُلَانًا اِلٰی کَذَا - کھینچنا یا بلند کرنا -
اِسْتَنْشَطَ - الْجِلْدُ - کھال کا جھری دار ہونا -
النَّشْطُ - مص - تیزی و عجلت سے ڈنک مارنا -
النَّاشِطُ - چست - پھرتیلا - پھرنے والا جنگلی بیل - طَرِیْقٌ نَاشِطٌ - بڑے راستے سے دائیں بائیں نکلنے والا راستہ -
النَّاشِطَةُ - النَّاشِطُ کا مؤنث ج نَاشِطَاتٌ و نَوَاشِطُ - النَّوَاشِطُ مِنَ الْمَسَائِلِ - بڑے مسئلہ سے نکلے ہوئے مسائل - واحد (نَاشِطٌ -)
اَلنَّشِیْطُ - خوش چست - ہشاش بشاش جیسے اہل و عیال یا چست جانوروں والا - ج نِشَاطٌ - و نَشَاطَی
النَّشُوْطُ - ایک قسم کی مچھلی بِئْرٌ نَشُوْطٌ گہرا کنواں -
بِئْرٌ اَنْشَاطٌ و اِنْشَاطٌ - کم گہرائی کا کنواں کہ ایک ہی بار کھینچنے میں اس سے ڈول باہر نکل آئے -
النَّشِیْطَةُ مؤنث اَلنَّشِیْطُ - راستہ ہی میں ہاتھ لگ جانے والا مال غنیمت -
الْاُنْشُوْطَةُ - آسانی سے کھلنے والی گرہ ج اَنَاشِیْطُ -

اَلْمُنْشَطُ - بہت چست -
اَلْمُنْتَشَطُ - خوش دل -
نَشَطَ (ن) نُشُوْطًا - اَلنَّبَاتُ - نباتات کا نمودار ہونا -
نَشَغَ (ف) نَشْغًا - الرَّجُلُ - سسکی لینا ـــ الشَّیْءَ - چیز کو زور سے نکالنا -
اَلطِّیْبَ - خوشبو - سونگھنا ـــ فُلَانًا الدَّوَاءَ - منہ میں دوا ڈالنا ـــ ہ اَلْکَلَامَ - کلام سمجھانا تلقین کرنا -
نَشَغَ (ف) نُشُوْغًا - قریب المرگ ہوکر صحتیاب ہونا -
نُشِغَ نَشْغًا بِکَذَا - مشتاق ہونا - فریفتہ ہونا - صفت : مَنْشُوْغٌ بِہٖ -
اَنْشَغَہٗ - الدَّوَاءَ - دوا منہ میں ڈالنا - کلام سمجھانا - تلقین کرنا
اِنْتَشَغَ - ناک میں دوا ڈالنا ـــ الشَّیْءَ - چیز کو سختی سے کھینچنا -
النَّشُوْغُ - نسوار - ناک یا منہ میں ڈالنے کی دوا - سانس کو پھولانے والی ہر ایک چیز
اَلنَّاشِغُ - فا - ابھرا ہوا -
النَّشْغُ - خراب مزے کا پانی
اَلنُّشَاغَةُ - ہاتھ سے نکال کر پھینکی ہوئی چیز
الْمِنْشَغُ وَ الْمِنْشَغَةُ - وہ ظرف جس میں ناک یا منہ میں ڈالنے کی دوا رکھی جائے -
نَشَغَ (ف) نَشْغًا - الْمَاءُ - پانی کا بہنا ـــ ہ بِالرُّمْحِ - نیزہ مارنا ـــ ہ اَلْکَلَامَ - کلام سمجھانا - تلقین کرنا ـــ الصَّبِیَّ - بچہ کے منہ میں دوا ٹپکانا ـــ الْمَاءَ - اوک سے پانی پینا ـــ الرَّجُلُ - سسکی لینا -

یہاں تک کہ بے ہوشی کے قریب ہونا -
نُشِغَ الصَّبِیُّ - بچہ کے منہ میں دوا کا ڈالا جانا - بِالشَّیْءِ - مشتاق ہونا - صفت مَنْشُوْغٌ بِہٖ
اَنْشَغَ - عمدہ علیحدہ ہونا ـــ ہ - اَلْکَلَامَ تلقین کرنا -
النَّاشِغُ - فا - نَشَّغٌ مؤنث نَاشِغَةٌ ج نَوَاشِغُ و نَاشِغَاتٌ -
النَّوَاشِغُ - وادی میں پانی کے بہنے کے راستے -
النَّشْغَةُ - لمبی سانسوں میں سے ایک سانس - موت کے وقت سسکی ج نَشَغَاتٌ
النَّشُوْغُ - نسوار - ناک میں ڈالنے کی دوا - سانس کو پھولانے والی ہر ایک چیز - بچہ یا مریض کے منہ میں ٹپکنے والی دوا -
الْمِنْشَغُ و الْمِنْشَغَةُ - منہ یا ناک میں دوا ٹپکانے کا برتن -
نَشِفَ (س) و نَشَفَ (ن) نَشْفًا - الثَّوْبُ الْعَرَقَ اَوِ الْحَوْضُ الْمَاءَ - کپڑے کا پسینے کو یا حوض کے پانی کو جذب کرلینا - اَلْمَاءُ فِی الْاَرْضِ پانی کا زمین میں جذب ہونا - نَشِفَتِ الْبِئْرُ - کوئیں کا پانی ختم ہونا -
نَشَفَ (ض) نَشْفًا - الْمَاءَ - پانی کو چیتھڑے وغیرہ سے پونچھنا - خشک کرنا -
نَشَّفَ بمعنی نَشَفَ
نَشَّفَتِ النَّاقَةُ - بچہ پیدا ہونے کے قریب زمانہ میں اونٹنی کے تھنوں کا کبھی بھرا ہوا ہوتا اور کبھی خشک ہوتا - صفت (مُنَشِّفٌ)
اَلنَّشَفَةُ - جھاگ والا دودھ پلانا
تَنَشَّفَ الثَّوْبُ الْعَرَقَ - کپڑے کا پسینے کو چوس لینا ـــ الرَّجُلُ :

کپڑے وغیرہ کے ٹکڑے سے بدن کو پونچھنا۔
اِنْتَشَفَ۔ جھاگ والا دودھ پینا۔ الوَسَخَ و نَحْوَہٗ۔ میل وغیرہ پونچھنا۔
النَّشَفُ۔ پانی کا جذب ہونا۔
النِّشْفَۃُ و النُّشْفَۃُ۔ تھوڑی چیز جو برتن میں باقی رہ جائے۔ النُّشْفَۃُ۔ ہانڈی سے گرم گرم نکال ہوئی چیز جس کو کھایا جائے۔
النُّشْفَۃُ و النَّشْفَۃُ۔ جھانواں۔ ج۔ نَشَف و نِشَف و نُشَف و نِشَاف۔
النُّشْفَۃُ و النُّشَافَۃُ۔ دودھ دوہتے وقت کے جھاگ۔ النُّشَافَۃُ۔ جذب شدہ پانی۔ گرم گرم ہانڈی سے نکال ہوئی چیز۔
المَنْشَفَۃُ و المِنْشَفَۃُ۔ پانی پونچھنے کا کپڑا جھاڑن۔
المِنْشَفَۃُ۔ تولیہ۔ ج۔ مَنَاشِفُ۔
نَشِقَ (س)۔ نَشْقًا و نَشَقًا۔ الرِّیحَ۔ سونگھنا۔ فِی الحِبَالَۃِ۔ پھندے میں پھنسنا۔
اَنْشَقَہٗ۔ المِسْکَ و نَحْوَہٗ۔ مشک وغیرہ سونگھانا۔ الظَّبْیَ فِی الْحِبَالَۃِ۔ ہرن کو جال میں پھنسانا۔ ہٗ النَّشُوقَ نسوار سونگھانا۔
تَنَشَّقَ وَانْتَشَقَ وَاسْتَنْشَقَ۔ المَاءَ فِی اَنْفِہٖ۔ ناک میں پانی ڈالنا۔
النُّشْقَۃُ۔ بکری وغیرہ کی گردن کا پٹہ۔ ج۔ نُشَق۔
النَّشِقُ۔ کسی کام میں پھنس کر چھٹکارا نہ پانے والا آدمی۔
النَّشْقُ و النَّشَقُ۔ سونگھنا۔
النَّشُوقُ۔ نسوار۔ سونگھنے کی دوا۔
المَنْشَقُ۔ ناک۔ ج۔ مَنَاشِقُ۔

المَنْشَقَۃُ۔ نسوار رکھنے کی ڈبیہ وغیرہ۔
نَشَلَ (ن)۔ نُشُولًا۔ الرَّجُلُ۔ آدمی کا دبلا ہونا۔
نَشَلَ (ن ض)۔ نَشْلًا۔ الشَّیْءَ۔ چیز کو جلد اُچک لینا۔ چھین لینا۔ الخَاتَمَ۔ انگوٹھی اتارنا۔ نَشَلَتِ الحَیَّۃُ الرَّجُلَ۔ سانپ کا آدمی کو ڈس لینا۔ — اللَّحْمَ۔ گوشت کو بغیر مسالہ کے پکانا۔ گوشت کو ہانڈی میں سے بغیر چمچے کے ہاتھ ہی سے نکالنا۔
اَنْشَلَ وَانْتَشَلَ۔ اللَّحْمَ مِنَ القِدْرِ۔ گوشت کو ہانڈی سے نکالنا۔ مَا عَلَی العَظْمِ بِفِیْہِ۔ منہ سے ہڈی پر سے گوشت چھڑا کر کھانا۔
النَّشِلُ۔ بغیر مسالہ کے پکایا ہوا گوشت۔
النَّشَّال۔ ہانڈی سے گوشت نکالنے کا عادی۔
النَّشِیْلُ۔ کنویں سے تازہ نکالا ہوا پانی۔ تھن سے نکالا ہوا دودھ۔ پتلی تلوار۔ بغیر چمچہ کے ہاتھ سے نکالا ہوا گوشت۔ بغیر مسالہ کے پکایا ہوا گوشت۔
المَنْشَلَۃُ۔ انگلی کا وہ حصہ جو انگشتری کے نیچے ہو۔
المِنْشَل والمِنْشَال۔ گوشت نکالنے کی کنڈی دار سیخ۔ ج۔ مَنَاشِلُ۔
نَشِمَ (س)۔ نَشَمًا۔ الثَّوْرُ۔ بیل کا سیاہ سفید داغوں والا ہونا۔ صفت اَنْشَمُ۔
نَشَّمَ۔ اللَّحْمُ۔ گوشت کا بگڑ کر بدبودار ہونا۔ الاَرْضُ۔ زمین سے پانی کا رسنا۔ فِی فُلَانٍ۔ بدگوئی کرنا۔ طعن کرنا۔ فِی الشَّرِّ۔ شرارت میں پڑنا۔ اللّٰہُ ذِکْرَ فُلَانٍ۔ ذکر بلند کرنا۔ شہرت دینا۔ و تَنَشَّمَ فِی الاَمْرِ۔ کام شروع کرنا۔ تَنَشَّمَ

مِنْہُ عِلْمًا۔ علم حاصل کرنا۔
النَّشَمُ۔ مف۔ وہ درخت جس سے کمانیں بنائی جاتی ہیں۔
المَنْشَمُ و المَنْشِمُ۔ ایک قسم کی خوشبو۔
المَنْشِمُ۔ ایک عطر فروش عورت جس کے عطر کو جب لگاتے تھے تو لڑائی تیز ہو جاتی تھی۔
نَشْنَشَ نَشْنَشَۃً۔ الجِلْدَ۔ کھال اُتارنا۔ الشَّیْءَ۔ زور سے ہٹانا۔ الثَّوْرَ۔ بیل کو چلانا ہانکنا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے اتارنا۔ الوِعَاءَ۔ برتن کو جھاڑنا۔ السَّلَبَ۔ لینا۔ نَشْنَشَتِ القِدْرُ۔ ہانڈی کا جوش کھاتے وقت آواز کرنا۔
نَشْنَشَ الرَّجُلُ۔ کام میں جلدی کرنا۔ اللَّحْمَ۔ گوشت جلدی کھانا۔
تَنَشْنَشَ۔ الشَّجَرُ۔ درخت کی چھال اتارنا۔
النَّشْنَشَۃُ۔ مص۔ کاغذ یا نئے کپڑے کی کھڑکھڑاہٹ۔
النَّشَّاش و النَّشْنَش و النَّشْنَشِیُّ۔ چست۔ پھرتیلا۔ اَرْضٌ نَشَّاشَۃٌ۔ کھاری بنجر زمین۔
نَشِیَ یَنْشَی نَشْوَۃً و نِشْوَۃً و نُشْوَۃً و تَنَشَّی و اَنْتَشَی و اسْتَنْشَی۔ الرِّیحَ۔ سونگھنا۔ نَشِیَ بِالشَّیْءِ۔ بار بار کرنا۔
نَشِیَ یَنْشَی نَشْوًا و نَشْوَۃً و نِشْوَۃً و نُشْوَۃً و نَشِیَ و تَنَشَّی و اَنْتَشَی۔ مست ہونا۔ نشہ میں ہونا۔
نَشَّی و اسْتَنْشَی۔ الخَبَرَ۔ خبر دریافت کرنا۔
النَّشَا۔ عمدہ خوشبو۔ بُو۔ ج۔ اَنْشَاءٌ۔ و النَّشَاءُ۔ نشاستہ۔
النَّشَاۃُ۔ سوکھا درخت۔ ج نَشًا۔
النَّشْوَۃُ۔ اسم مرۃ۔ شراب کی بدمستی یا ابتدائے مستی۔ بُو۔

النَّشْوَةُ ۔ پہلی خبر ۔
النَّشِیلَۃُ ۔ بو ۔ ج ۔ نَشَایَا ۔
النَّشْوَان ۔ بدمست ۔ مؤنث نَشْوَۃ ۔ ج ۔ نَشَاوٰی ۔
النُّشْیَان ۔ سب سے پہلے خبر کو دریافت کرنے والا ۔
نَصَّ (ن) نَصًّا ۔ الشیءَ ۔ بلند کرنا ظاہر کرنا ۔ حرکت دینا ۔ الحَدِیْثَ ۔ حدیث کی سند بیان کرنا ۔ الرَّجُلَ ۔ پوری طرح دریافت کرنا ۔ النَّاقَةَ ۔ اونٹنی کو تیز ہانکنا ۔ المَتَاعَ ۔ سامان کو ایک دوسرے پر چننا ۔ العَرُوْسَ ۔ دلہن کو چھپر کھٹ پر بٹھانا ۔
نَصَّ (ض) نَصِیْصًا ۔ الشِّوَاءُ عَلَی النَّارِ ۔ گوشت کے بھنتے وقت چرچرانا ۔ نَصَّتِ القِدْرُ ۔ ہانڈی کا جوش مارنا ۔
نَصَّصَ و نَاصَّ مُنَاصَّةً ۔ غَرِیْمَهٗ ۔ قرضدار سے جھگڑنا اور اس کو بہت تنگ کرنا ۔ نَصَّصَ المَتَاعَ ۔ سامان کو تہ بہ تہ رکھنا ۔
اِنْتَصَّ ۔ الشیءُ ۔ بلند ہونا ۔ سیدھا کھڑا ہونا ۔ اِنْتَصَّ الرُّمْحُ ۔ نیزہ کا سیدھا کھڑا ہونا ۔ سکڑنا ۔
اِنْتَصَّتِ العَرُوْسُ ۔ دلہن کا حجلۂ عروسی میں بیٹھنا ۔
تَنَاصَّ ۔ القَوْمُ ۔ قوم کا بھیڑ کرنا ۔
النَّصُّ ۔ مص ۔ صریح کلام ۔ ج ۔ نُصُوْص ۔ والنَّصُّ مِنْ کُلِّ شَیءٍ ۔ انجام ۔ انتہا ۔ النَّصُّ مِنَ الکَلَامِ ۔ ایسا کلام جس میں تاویل کی گنجائش نہ ہو ۔
النَّصَّۃُ ۔ اسم مرۃ ۔ چٹیا ۔
النُّصَّۃُ ۔ پیشانی پر لٹکے ہوئے بال ۔ ج ۔ نُصَص و نِصَاص ۔

التَّنْصِیْصُ ۔ مص ۔ تَنْصِیْصُ القَوْمِ ۔ لوگوں کی تعداد ۔
المَنَصَّۃُ ۔ چھپر کھٹ ۔ المِنَصَّۃُ ۔ دلہن کے بٹھانے کی کرسی ۔ پیوند لگے ہوئے کپڑے ۔ پاؤں سے روندے ہوئے فرش ۔ ج ۔ مَنَاصّ ۔ وُضِعَ عَلَی المِنَصَّۃِ ۔ اس کی بے عزتی کی گئی ۔
النَّصَّاص ۔ ناک ہلانے والا ۔
المَنْصُوْصُ عَلَیْهِ ۔ معین ۔ مقرر ۔
نَصَاہٗ (ف) نَصْوًا ۔ پیشانی کے بال پکڑنا ۔ الرَّجُلَ ۔ ڈانٹنا ۔ دفع کرنا ۔
نَصَبَهٗ (ض ف) نَصْبًا ۔ المَرَضُ او الهَمُّ ۔ تھکانا ۔ درد مند کرنا ۔ نَصَبَ الشیءَ ۔ بلند کرنا ۔ کھڑا کرنا ۔ گاڑنا ۔ الشَّجَرَۃَ ۔ درخت کو لگانا ۔ الحَرْبَ ۔ لڑائی کی بنیاد رکھنا ۔ لَهُ الشَّرَّ ۔ برائی ظاہر کرنا ۔ لَهٗ رَأْیًا ۔ رائے دینا ۔ لِفُلَانٍ ۔ کسی سے دشمنی رکھنا ۔ الکَلِمَۃَ ۔ نصب لگانا یا منصوب پڑھنا ۔ الأَمِیْرُ فُلَانًا ۔ کسی کو عہدہ دینا ۔
نَصِبَ (س) نَصَبًا ۔ تھکنا ۔ فِی الأَمْرِ ۔ کوشش کرنا ۔
نَصَّبَ ۔ الشیءَ ۔ رکھنا ۔ بلند کرنا ۔ الأَمِیْرُ فُلَانًا ۔ امیر کا کسی کو عہدہ دینا ۔
اَنْصَبَهٗ ۔ تھکانا ۔ حصہ مقرر کرنا ۔ هٗ المَرَضُ ۔ درد مند کرنا ۔ اَنْصَبَ الحَدِیْثَ ۔ حدیث کی سند بیان کرنا ۔ السِّکِّیْنَ ۔ چھری میں دستہ لگانا ۔
نَاصَبَهٗ مُنَاصَبَۃً ۔ دشمنی کرنا ۔ مقابلہ کرنا ۔ هُ الحَرْبَ او العَدَاوَۃَ ۔ لڑائی کا اعلان کرنا ۔ دشمنی ظاہر کرنا ۔
اِنْتَصَبَ ۔ کھڑا ہونا ۔ بلند ہونا ۔ الحَرْفُ ۔ حرف پر زبر ہونا ۔

الطَّاهِیُ ۔ پکانے والے کا ہانڈی چڑھانا ۔
تَنَصَّبَ ۔ کھڑا ہونا ۔ الغُبَارُ و نَحْوُهٗ ۔ غبار وغیرہ کا بلند ہونا ۔
تَنَاصَبُوْا ۔ الشیءَ ۔ چیز کو آپس میں بانٹ لینا ۔
النَّصْبُ ۔ مص ۔ کھڑا کیا ہوا جھنڈا ۔ بلا ۔ مرض نتیجہ ۔ نحویوں کے نزدیک ایک حرکت اعرابی ۔ نَصْبُ العَرَبِ ۔ حدی سے مشابہ ایک راگ ۔
النِّصْبُ ۔ حصہ ۔
النُّصْبُ و النُّصُبُ ۔ کھڑی کی ہوئی چیز ۔ هٰذَا نُصْبَ عَیْنِیْ ۔ وہ میری آنکھوں کے سامنے ہے ۔ بت ۔ ج ۔ اَنْصَاب ۔ بیماری ۔ مصیبت ۔ النُّصُبُ ۔ حصہ ہر وہ چیز جو علامت مقرر کی جائے ۔ ج ۔ نِصَاب ۔
الأَنْصَاب ۔ پتھر جو جاہلیت میں کعبہ کے ارد گرد کھڑے کئے گئے تھے اور ان پر جانور ذبح کیے جاتے تھے ۔
النَّصَبُ ۔ مص ۔ کھڑی کی ہوئی علامت ۔ ج ۔ اَنْصَاب ۔
النَّصِبُ ۔ بیمار ۔ مبتلائے درد ۔
النَّصْبَۃُ ۔ نصب کا اسم مرۃ ۔ نصب کی علامت ۔ گاڑنے کے لیے پودا ۔
النِّصْبَۃُ ۔ گاڑنے کی نوعیت ۔
النُّصْبَۃُ ۔ راستہ بتانے والے ستون ۔ ج ۔ نُصَبٌ ۔
النِّصَاب ۔ اصل ۔ مرجع ۔ سورج ڈوبنے کی جگہ ۔ ہر چیز کا اول ۔ چھری کا دستہ ۔ مال کی وہ مقدار جس پر زکوٰۃ واجب ہوتی ہے ۔ ج ۔ نُصُب ۔
النَّصِیْبُ ۔ حصہ ۔ حوض ۔ پھندا ۔ ج ۔ اَنْصِبَۃ و اَنْصِبَاء و نُصُب ۔
النَّصِیْبَۃُ ۔ ج ۔ نَصَائِب ۔ حوض کے

. گرداگرد پتھر۔
النَّاصِبُ۔ فا۔ تیز چلنے والا۔ تباہ کن رنج۔
تکلیف دہ زندگی۔ ج۔ نَوَاصِبُ۔
النَّصَّابُ۔ ہر کام میں خود گھسنے والا۔
الأَنَاصِيبُ والتَّنَاصِيبُ۔ راستہ پر کھڑے
کیے ہوئے نشانات۔
الأَنْصَبُ۔ کھڑے سینگوں والا۔ مؤنث
نَصْبَاءُ۔ نَاقَةٌ نَصْبَاءُ۔ ابھرے
ہوئے سینہ والی اونٹنی۔ ج۔ نُصُبٌ۔
المَنْصِبُ۔ اصل۔ مرجع۔ حسب و شرافت
درجہ۔ عہدہ۔ رتبہ۔ ج۔ مَنَاصِبُ۔
المِنْصَبُ۔ تین پایوں والا لوہے کا چولھا۔
المَنْصَبَةُ۔ تھکان، رنج۔ مصیبت۔
المُنَصَّبُ۔ مفع۔ أَسْنَانٌ مُنَصَّبَةٌ
خوبصورت ترتیب وار دانت
المَنْصُوبُ۔ مفع۔ زبر والا کلمہ۔
المَنْصُوبَةُ۔ مؤنث المَنْصُوبُ۔ حیلہ۔
نَصَتَ (ض)، نَصْتًا وأَنْصَتَ وانْتَصَتَ
۔ لَهُ۔ چپ رہ کر بات سننا۔ چپ چاپ
سننا۔ أَنْصَتَهُ۔ چپ کرنا۔
تَنَصَّتَ۔ چپ اور خاموش رہنے کی
کوشش کرنا۔
اِسْتَنْصَتَ۔ سننے کے لیے چپ چاپ
کھڑا ہونا۔ ہٗ۔ خاموش رہنے کے
لیے کہنا۔
النُّصْتَةُ۔ خاموشی۔
نَصَحَ (ف)، نَصْحًا ونُصْحًا ونَصَاحَةً
ونِصَاحَةً ونَصَاحِيَةً۔ فُلَانًا و
لِفُلَانٍ۔ نصیحت کرنا۔ خالص اور سچی
دوستی کرنا۔ صفت نَاصِحٌ۔ ج
نُصَّاحٌ ونُصَّحٌ۔
نَصَحَ (ف)، نَصْحًا ونُصُوحًا۔ الشَّيْءُ۔
خالص ہونا۔ صاف ہونا۔ تَوْبَتَهُ۔ سچی
اور پختہ توبہ کرنا۔ العَمَلَ۔ خالص
طریقے سے کرنا۔ العَسَلَ۔ شہد صاف

کرنا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑا سینا۔ الغَيْثُ
البَلَدَ۔ بارش کا زمین کو سیراب کر کے
سبزہ سے ڈھک دینا۔
نَاصَحَهُ مُنَاصَحَةً۔ ایک دوسرے کو
نصیحت کرنا۔ نَفْسَهُ بالتَّوْبَةِ۔ خالص
توبہ کرنا۔
أَنْصَحَ۔ الرَّاعِي الإِبِلَ۔ چرواہے کا
مویشی کو سیراب کرنا۔
تَنَصَّحَ۔ بہت نصیحتیں کرنا۔ نصیحت کرنے
والوں کے مشابہ بننا۔ الثَّوْبَ۔
کپڑا سینا۔
اِنْتَصَحَ۔ نصیحت قبول کرنا۔ فُلَانًا۔
خیر خواہ جاننا۔
اِسْتَنْصَحَهُ۔ خیر خواہ سمجھنا۔
النِّصَاحُ۔ سینے کا دھاگا۔ ڈوری۔ ج۔
نُصُحٌ ونِصَاحَةٌ۔
النِّصَاحَاتُ۔ چمڑے جو آپس میں سلے ہوئے
ہوں۔ پھندے۔ واحد۔ نِصَاحَةٌ۔
النَّاصِحُ۔ خالص شہد وغیرہ۔ نَاصِحُ
الجَيْبِ۔ پاک دل مخلص۔
النَّاصِحُ والنَّصَّاحُ والنَّاصِحِيُّ۔ درزی۔
النَّصِيحُ۔ مخلص۔ خیر خواہ۔ ج۔ نُصَحَاءُ۔
النَّصُوحُ۔ نصیحت کرنے والا مرد یا عورت۔
تَوْبَةٌ نَصُوحٌ۔ سچی توبہ۔
النَّصِيحَةُ۔ اخلاص۔ خیر خواہی۔ ج۔
نَصَائِحُ۔
المِنْصَحُ والمِنْصَحَةُ۔ سوئی۔
المُتَنَصَّحُ۔ مفع۔ سلا ہوا یا پیوند لگا
ہوا کپڑا۔
نَصَرَهُ (ن)، نَصْرًا۔ مدد کرنا۔ ۔ مِنْ و
عَلَى عَدُوِّهِ۔ دشمن سے خلاصی دلانا۔
کسی کے برخلاف مدد دینا۔ نَصَرَ
الغَيْثُ الأَرْضَ۔ بارش کا زمین کو
بہت سیراب کرنا۔ عالمگیر طریقے سے برسنا
۔ فُلَانًا۔ دینا۔

نَصِرَتْ۔ الأَرْضُ۔ زمین پر بارش برسنا۔
نَصَّرَهُ۔ نصرانی بنانا۔
نَاصَرَهُ مُنَاصَرَةً۔ ایک دوسرے کی مدد کرنا
تَنَصَّرَ۔ نصرانی بنانا۔
تَنَاصَرَتِ الأَخْبَارُ۔ خبروں کا ایک دوسرے
کی تصدیق کرنا۔
اِنْتَصَرَ۔ غالب آنا۔ کامیاب ہونا۔ ظالم سے
بچنا۔ مِنْ عَدُوِّهِ۔ دشمن سے انتقام
لینا۔ عَلَى خَصْمِهِ۔ غالب ہونا۔
اِسْتَنْصَرَهُ۔ مدد چاہنا۔ اِسْتَنْصَرَ
بِهِ۔ فریاد کرنا۔ فُلَانًا عَلَى فُلَانٍ۔
کسی کے خلاف مدد کرنے کی درخواست
کرنا۔
النَّصْرُ۔ مص۔ مددگار۔ ج۔ ناصر کی جیسے
رَكْبٌ جو رَاكِبٌ کی۔ المَنْصُورُ۔ بارش
النَّصْرَةُ۔ پوری بارش۔
النُّصْرَةُ۔ مدد۔ بہترین مدد۔ کامل بارش
النَّصْرَانِيُّ۔ شہر ناصرة کی طرف منسوب۔
حضرت عیسیٰ علی نبینا و علیہ السلام کے
دین پر چلنے والے لوگ۔ ج۔ نَصَارَى۔
۔ مؤنث نَصْرَانِيَّةٌ۔
النَّصْرَانِيَّةُ۔ نصرانیوں کا مذہب۔
النَّصْرَانُ۔ نصرانی۔ مؤنث نَصْرَانَةٌ۔
النَّاصِرُ۔ فا۔ ج۔ نَاصِرُونَ ونُصَّارٌ۔
ونُصُرٌ وأَنْصَارٌ۔ الأَنْصَارُ۔ نبی کریم
صلی اللہ علیہ وسلم کے مددگار اور معاونین
باشندگانِ مدینہ۔ نسبت کے لیے
أَنْصَارِيٌّ۔ وادی کی طرف پانی بہنے کی
نالی۔ ج۔ نَوَاصِرُ۔
النَّاصِرَةُ۔ مؤنث النَّاصِرُ۔ نَاصِرَةٌ
وہ شہر جہاں حضرت عیسیٰ علی نبینا و
علیہ السلام کی پیدائش ہوئی تھی۔ نسبت
کے لیے نَاصِرِيٌّ۔
النَّصُورُ والنَّصِيرُ۔ مددگار۔
النَّصِيرُ۔ مددگار۔ ج۔ نُصَرَاءُ وأَنْصَارٌ۔

النَّصِيْرَةُ۔ مؤنث النَّصِيْرِ۔ عطیہ۔ ج۔ نَصَائِرُ۔

النُّصَيْرِيَّةُ۔ غالی شیعوں کا ایک فرقہ جو شام کے شمال میں سکونت پذیر ہیں اور اپنے عقیدے کو چھپاتے ہیں۔ واحد نُصَيْرِيٌّ۔

النَّاصُوْرُ۔ ناسور۔ ج۔ نَوَاصِيْرُ۔

النَّصَّارُ۔ بہت مدد کرنے والا۔

الْمَنْصُوْرُ۔ مفع۔ اَرْضٌ مَّنْصُوْرَةٌ۔ بارش سے سیراب زمین۔

نَصَعَ (ف) نُصُوْعًا و نَصَاعَةً۔ الشَّيْءُ۔ خالص ہونا۔ د۔ نُصُوْعًا۔ الاَمْرُ۔ معاملہ کا ظاہر ہونا۔ واضح ہونا۔ اللَّوْنُ۔ بہت سفید ہونا۔ الشَّارِبُ۔ پیاسے کا پیاس بجھانا۔ الاُمُّ بِهٖ۔ بچہ جننا۔ و اَنْصَعَ بِالْحَقِّ۔ حق کا اقرار کرکے اس کو ادا کرنا۔ اَنْصَعَ لِلشَّرِّ۔ برائی کے درپے ہونا۔

النَّصْعُ و النِّصْعُ و النَّصَعُ۔ بہت سفید چمڑا یا کپڑا۔

النِّصَعُ۔ چمڑے کا فرش جس پر مجرم قتل کیا جاتا تھا۔

النَّاصِعُ و النَّصِيْعُ۔ خالص۔ صاف۔ حَقٌّ نَاصِعٌ۔ ظاہر حق۔ حَسَبٌ نَاصِعٌ۔ خالص حسب۔

الْمَنَاصِعُ۔ قضائے حاجت کی جگہیں۔ واحد مَنْصَعٌ۔

نَصَفَهٗ (ن ض) نَصْفًا۔ دن وغیرہ کا آدھے تک پہنچنا۔ نَصَفْتُ عُمْرِيْ۔ میں اپنی آدھی عمر تک پہنچ گیا ہوں۔ و نَصَفْتُ الْكِتَابَ۔ میں آدھی کتاب تک پہنچا۔ نَصَفَ النَّهَارُ وَغَيْرُهٗ۔ دن وغیرہ کا نصف تک پہنچنا۔ د۔ نَصْفًا و نَصَافًا و نِصَافًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً۔ الرَّجُلَ۔ خدمت کرنا۔

نَصَفَ (ن) نَصْفًا و نَصَافَةً و نِصَافَةً۔ الشَّيْءَ۔ آدھی چیز لے لینا۔ القَوْمَ۔ قوم سے آدھا لے لینا۔ الشَّيْءَ بَيْنَ الرَّجُلَيْنِ۔ ایک چیز کو دو آدمیوں میں آدھا آدھا بانٹ دینا۔ القَدَحَ۔ پیالہ کی آدھی چیز پی جانا۔

نَصَفَ (ن) نُصُوْفًا۔ النَّخْلُ۔ درخت خرما کا آدھی پختہ کھجوروں والا ہونا۔

نَصَّفَ۔ الشَّيْءَ۔ آدھا آدھا کرنا۔ نصف لینا۔ النَّهَارُ۔ دن کا آدھا ہونا۔ رَأْسُ فُلَانٍ۔ سر کا آدھا سفید ہونا اور آدھا سیاہ رہنا۔ الرَّجُلُ۔ آدمی کا ادھیڑ عمر تک پہنچنا۔ الجَارِيَةَ۔ لڑکی کو اوڑھنی اوڑھانا۔ النَّخْلُ۔ درخت خرما میں بعض کھجوروں کا سُرخ ہونا اور بعض کا سبز رہنا۔

اَنْصَفَ۔ الشَّيْءُ۔ نصف تک پہنچنا۔ الشَّيْءَ۔ آدھا لینا۔ الرَّجُلُ۔ منصف ہونا۔ المُسَافِرُ۔ مسافر کا نصف النہار میں چلنا۔ الخَصْمَيْنِ۔ دو خصموں کے درمیان انصاف سے فیصلہ کرنا۔ مِنْ فُلَانٍ۔ کسی سے اپنا پورا حق لے لینا۔ فلانًا۔ خدمت کرنا۔ المَاءُ الاِنَاءَ۔ پانی کا آدھے برتن تک پہنچنا۔

نَاصَفَهٗ مُنَاصَفَةً۔ آدھا آدھا بانٹ لینا۔ نَاصَفَهُ المَالَ۔ آدھا مال دینا۔

تَنَصَّفَ۔ الاَمِيْرَ۔ امیر سے انصاف کی درخواست کرنا۔ الشَّيْبُ فُلَانًا۔ تمام بال سفید ہونا۔ الرَّجُلَ۔ خدمت کرنا۔ فُلَانٌ فُلَانًا۔ خدمت لینا۔ بھلائی طلب کرنا۔ مطیع ہونا۔ الشَّيْءَ۔ آدھا لینا۔

اِنْتَصَفَ۔ النَّهَارُ وَغَيْرُهٗ۔ دن وغیرہ کا نصف تک پہنچنا۔ سَهْمُهٗ فِي الصَّيْدِ۔ تیر کا شکار کے بدن میں آدھے تک گھس جانا۔ الشَّيْءَ۔ آدھی لینا۔

تَنَصَّفَ و اَنْتَصَفَ۔ مِنْ فُلَانٍ۔ انصاف چاہنا۔ حق لینا۔ انتقام لینا۔

تَنَاصَفَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے سے انصاف کرنا۔

اِسْتَنْصَفَ۔ انصاف چاہنا۔ مِنْ فُلَانٍ۔ اپنا حق کسی سے پورا لے لینا۔

النِّصْفُ۔ بتثلیث النون۔ چیز کا آدھا حصہ ج۔ اَنْصَافٌ۔

النَّصَفُ۔ درمیانی عمر والا۔ رَجُلٌ نَصَفٌ ج۔ نَصَفُوْنَ و اَنْصَافٌ۔ اِمْرَاَةٌ نَصَفٌ۔ ج۔ نُصُفٌ و نُصُفٌ و اَنْصَافٌ۔ د۔ و النَّصَفَةُ۔ عدل و انصاف۔

النِّصْفُ۔ انصاف۔ ج۔ اَنْصَافٌ۔

النَّصِيْفُ۔ آدھا۔ سر کو چھپانے والی ہر چیز مثلاً اوڑھنی عمامہ وغیرہ۔ مِنَ البُرْدِ۔ دو رنگی چادر۔

النَّاصِفُ۔ فا۔ خادم۔ ج۔ نَصَفٌ و نَصَفَةٌ و نُصَّافٌ۔

النَّاصِفَةُ۔ مؤنث النَّاصِفِ۔ نَاصِفَةُ المَاءِ۔ پانی کی نالی۔ ج۔ نَوَاصِفُ۔

النَّصْفَانُ۔ مِنَ الاٰنِيَةِ و نَحْوِهَا۔ وہ برتن وغیرہ جو آدھے حصے تک بھرا ہو۔

الاَنْصَفُ۔ بہت انصاف کرنے والا۔

المَنْصَفُ و المَنْصِفُ۔ مِنَ الطَّرِيْقِ۔ سڑک کا درمیان۔

المِنْصَفُ و المَنْصَفُ۔ خادم۔ مؤنث منصفة۔ ج۔ مَنَاصِفُ۔

المُنَصَّفُ۔ مفع۔ وہ رس وغیرہ جو پک کر نصف رہ گیا ہو۔

مُنْتَصَفُ - الشَّيءِ و مُنْتَصَفَهُ - چیز کا درمیان۔

المُتَنَاصِفُ - مِنَ الرِّجَالِ - سڈول بدن والا۔ برابر برابر اجزا والا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا - السَّهْمَ - تیر میں پیکان لگانا - السَّهْمُ - پیکان لگنا۔

نَصَلَ (ن) نَصْلًا و نُصُولًا - مِنْ كَذَا - نکلنا۔ نَصَلَتِ اللِّحْيَةُ - داڑھی پر سے خضاب کا رنگ اتر جانا - السَّعَةُ او اللَّحْمَةُ - ڈنک کا اثر جاتا رہنا - مِنْ بَيْنِ الْجِبَالِ - ظاہر ہونا - النَّاقَةُ - اونٹنی کا اونٹوں سے آگے نکل جانا۔

نَصَّلَ و اَنْصَلَ - السَّهْمَ - تیر میں پیکان لگانا - اَنْصَلَ السَّهْمَ - پیکان نکالنا - اَنْصَلَ الشَّيءَ مِنَ الشَّيءِ - نکالنا - تَنَصَّلَ الشَّيءَ - نکالنا - پسند کرنا - الرَّجُلُ - کسی کے پاس سے سب کچھ لے لینا - مِنْ كَذَا - نکلنا - اللِّحْيَةُ - داڑھی سے خضاب کا رنگ اترنا - کَمَدُ فُلَانٍ - رنج و غم دور ہونا۔

اِنْتَصَلَ - السَّهْمُ - پیکان نکلنا۔

تَنَاصَلَ - نکلنا - ظاہر ہونا۔

اِسْتَنْصَلَهُ - نکالنا - گرمی کا جھاڑی کے شگوفے گرانا - ہوا کا خشک پودے اکھیڑنا۔

النَّصْلُ - تیر کا پیکان - نیزہ یا تلوار یا چھری کا پھل - بہت دفعہ تلوار کو بھی نصل کہتے ہیں - ج - نِصَالٌ و اَنْصُلٌ و نُصُولٌ۔

نَصْلُ الرَّأْسِ - سر کی چوٹی۔

النَّصْلَانِ - پیکان اور بھالا۔

النَّصْلَةُ - ایک پیکان۔

النَّصِيلُ - کلسارا - سر کا بالائی حصہ - تالو - سر اور گردن کا جوڑ - صاف کیا ہوا گیہوں - وادی کی شاخ - نَصِيلُ الْحَجَرِ - پتھر کی سطح - ج - نُصُلٌ۔

النَّصِيلُ و المِنْصَلُ و المِنْصَالُ - لمبا کوٹنے کا پتھر۔

المُنْصُلُ و المُنْصَلُ - تلوار - ج مَنَاصِلُ۔

النَّصَمَةُ - وہ تصویر جس کی تعظیم کی جائے۔

نَصْنَصَ - البَعِيرُ - اونٹ کا دونوں زانوں زمین پر ٹکا کر اٹھنے کے لیے ہلنا - الشَّيءَ - ہلانا - فِي مَشْيِهِ - چلنے میں جھومنا۔

نَصَا يَنْصُو نَصْوًا و اَنْصَى - الرَّجُلَ - پیشانی سے پکڑنا - نَصَتِ المَاشِطَةُ المَرْأَةَ - پیشانی کے بالوں میں کنگھی کرنا - نَصَا فُلَانٌ الثَّوبَ - کپڑا دور کرنا - اتارنا۔

نَاصَى نِصَاءً و مُنَاصَاةً - ایک دوسرے کو پیشانی سے پکڑنا - ایک دوسرے سے متصل ہونا۔

تَنَصَّى - الرَّجُلُ القَومَ - قوم کی بہترین عورت سے شادی کرنا۔

تَنَاصَى - القَومُ - ایک دوسرے کی پیشانی کے بالوں کو پکڑنا - الاَغْصَانُ و نَحْوُهَا - ہولے ٹہنیوں کا ایک دوسرے میں گھسنا۔

النَّصْوُ - مص - پیٹ کا مروڑ یا درد۔

النَّاصِيَةُ - پیشانی یا پیشانی کے بال جب دراز ہوں - ج - نَوَاصٍ و نَاصِيَاتٌ - نَوَاصِي النَّاسِ - قوم کے بڑے لوگ۔

المُنْتَصَى - دو وادیوں کے اتصال کی جگہ - دو وادیوں کے اوپر کے حصہ کے ملاپ کی جگہ۔

اَلنِّصْيُ اَنْصَاءٌ [illegible] عالی ہونا۔

اِنْتَصَى اِنْتِصَاءً - الشَّعْرُ - بالوں کا دراز ہونا - الجَبَلُ او الاَرْضُ - پہاڑ یا زمین کا بلند ہونا - الشَّيءَ - پسند کرنا۔

النَّصِيُّ - ایک قسم کا عمدہ چارہ - واحد نَصِيَّةٌ ج - اَنْصَاءٌ - جج - اَنَاصٍ۔

النِّصْيُ - گردن کی ہڈی - ج - اَنْصِيَةٌ۔

النَّصِيَّةُ بمعنی نَصِيٌّ - مِنَ القَومِ و الاِبِلِ و غَيْرِهَا - چیدہ و برگزیدہ۔

النَّصِيَّةُ - بقیہ - ج - نَصِيٌّ - و جج اَنْصَاءٌ و اَنَاصٍ۔

نَضَّ (ض) نَضًّا و نَضِيضًا - الماءُ - پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا - رسنا - نَضَّ مَالُهُ - سامان کا نقدی میں تبدیل ہونا - الشَّيءَ - ظاہر کرنا - الطَّائِرُ جَنَاحَيْهِ - پرندہ کا اپنے بازوؤں کو ہلانا - العُودُ - لکڑی سے جلنے میں دوسرے سرے پر پانی نکلنا - مشک کا زیادہ بھرنے سے پھٹ جانا۔

نَضَّ (ض) نَضِيضًا - الاَمْرُ - ممکن ہونا - خُذْ مَا نَضَّ لَكَ مِنْ دَيْنٍ او ثَمَنٍ - جو مل سکے لے لو۔

تَنَضْنَضَ - الرَّجُلُ - بہت روپوں اور اشرفیوں والا ہونا - الشَّيءَ - حرکت دینا - ہلانا۔

اَنَضَّ و تَنَضَّضَ - الحَاجَةَ - حاجت پوری کرنا۔

تَنَضَّضَ و اسْتَنَضَّ - حَقَّهُ مِنْ فُلَانٍ - کسی سے اپنا حق تھوڑا تھوڑا وصول کرنا - تَنَضْنَضَ فُلَانًا - برانگیختہ کرنا۔

اِسْتَنَضَّ مَعْرُوفًا - تھوڑا تھوڑا کر کے فائدہ حاصل کرنا۔

النَّضُّ - مص - سونے و چاندی کے سکے۔

اَمْرٌ نَضٌّ - مکروہ امر۔

النَّاضُّ ۔ فا ۔ چاندی سونے کے سکّے ۔ اَمْرٌ نَاضٌّ ۔ ممکن امر ۔ مَاءٌ نَاضٌّ ۔ دیر تک ٹھہرنے والا پانی ۔
التَّنَضَّاضُ ۔ تھوڑا تھوڑا فائدہ حاصل کرنا ۔
النُّضَاضَۃُ ۔ مِنَ الْمَاءِ وَغَیْرِہٖ ۔ بچا ہوا پانی وغیرہ ۔ تھوڑا پانی ۔ آخری بچہ یِقَالُ نُضُوْضٌ ۔ وہ کنواں جس سے پانی رسے ۔
النَّضِیْضُ ۔ مص ۔ تھوڑا سا پانی وغیرہ ۔ ج ۔ نِضَاضٌ ۔ رَجُلٌ نَضِیْضُ اللَّحْمِ کم گوشت آدمی ۔ جَاءَ الْقَوْمُ بِاَقْصٰی نَضِیْضِھِمْ ۔ قوم اپنی آخری جماعت تک کو لائی ۔
النَّضِیْضَۃُ ۔ تھوڑی بارش ۔ ج ۔ اَنِضَّۃٌ وَنَضَائِضُ ۔ اِبِلٌ نَضِیْضَۃٌ وَنَضَائِضُ ۔ سیراب نہ ہونے والے پیاسے اونٹ ۔ النَّضَائِضُ ۔ گرم پتھر پر گوشت بھننے کی آواز ۔ واحد نَضِیْضَۃٌ ۔
نَضَبَ (ن) ، نَضُبًا ۔ الْمَاءُ ۔ پانی کا جاری ہونا ۔ بہنا ۔ نَضَبَ عُمْرُہٗ ۔ عمر ختم ہونا ۔
نَضَبَ (ن ض) ، نُضُوْبًا ۔ الْمَاءُ ۔ پانی کا زمین میں جذب ہونا ۔ عَنِ الشَّیْءِ کشادہ ہونا ۔ الْخَیْرُ ۔ کم ہونا ۔ عَیْنُہٗ ۔ آنکھ دھنس جانا ۔ نَضَبَتِ الْمَفَازَۃُ ۔ ریگستان کا دور تک پھیلا ہوا ہونا ۔ نَضَبَ الْقَوْمُ ۔ لوگوں کا دور ہونا ۔ فُلَانٌ ۔ مرنا ۔ نَضَبَ مَاءُ الْوَجْہِ ۔ بے شرم ہونا ۔ فُلَانٌ الثَّوْبَ ۔ کپڑا اتارنا ۔
نَضَّبَ ۔ الْمَاءُ ۔ پانی کا زمین میں بیٹھ جانا نَضَّبَتِ النَّاقَۃُ ۔ اونٹنی کا دودھ سے سوکھ جانا
اَنْضَبَ ۔ الْقَوْسَ ۔ کمان کی تانت کو کھینچنا تاکہ وہ آواز دے ۔
النَّاضِبُ ۔ فا ۔ غَدِیْرٌ نَاضِبٌ ۔ خشک تالاب ۔ مَکَانٌ نَاضِبٌ ۔ دور کی جگہ ج ۔ نُضَّبٌ ۔
التَّنْضُبُ ۔ ایک خاردار درخت ۔ ج ۔ تَنَاضِبُ ۔
نَضِجَ (س) ، نُضْجًا ۔ الثَّمَرُ اَوِ اللَّحْمُ ۔ پھل یا گوشت کا پکنا ۔ صفت نَاضِجٌ وَنَضِیْجٌ ۔ (۔ وَنَضَّجَتْ) النَّاقَۃُ اونٹنی کے بچے دینے کی مدت کا گزر جانا ۔ اور اس کا بچہ نہ دینا ۔
اَنْضَجَ ۔ الثَّمَرَ اَوِ اللَّحْمَ ۔ پھل یا گوشت کو پکانا ۔
اِسْتَنْضَجَ ۔ الْکُرَاعَ ۔ بکری کے پائے پکانا ۔
النُّضْجُ وَالنَّضْجُ ۔ پختگی ۔
نَضِیْجُ الرَّاْیِ ۔ مضبوط رائے والا ۔
الْمِنْضَاجُ ۔ گوشت بھوننے کی سیخ ۔
نَضَحَ (ف ض) ، نَضْحًا ۔ الْبَیْتَ بِالْمَاءِ ۔ گھر میں پانی چھڑکنا ۔ عَلَیْہِ الْمَاءَ ۔ کسی پر پانی چھڑکنا ۔ الْجِلْدَ ۔ کھال کو تر کرنا ۔ عَطَشَہٗ ۔ پیاس بجھانا ۔ سیر ہو کر نہ پینا ۔ الْبَعِیْرُ الْمَاءَ ۔ کھیت میں ڈالنے کے لیے نہر یا کنویں سے پانی لانا ۔ فُلَانًا بِالنَّبْلِ ۔ تیر اندازی کرنا ۔ نَضَحَ عَنْ نَفْسِہٖ ۔ مدافعت کرنا ۔
نَضَحَ الزَّرْعُ ۔ کھیتی کا ثمردار ہونا ۔ الشَّجَرُ ۔ درخت کا کلی دار ہونا ۔ النَّخْلَ ۔ درخت خرما کو اونٹنی کے ذریعہ پانی لا کر سیراب کرنا ۔
نَضَحَ (ف) ، نَضْحًا وَتَنْضَاحًا ۔ الْاِنَاءُ ۔ برتن کا رِسنا ۔ الْفَرَسُ ۔ گھوڑے کا پسینہ بہانا ۔ نَضَحَتِ الْعَیْنُ ۔ آنکھ کا آنسو بہانا ۔ اَسْمَاءُ الْقَوْمِ ۔ پانی برسانا ۔
اَنْضَحَ ۔ بمعنی نَضَحَ ۔ عِرْضَ فُلَانٍ ۔ آبرو خراب کرنا ۔
نَاضَحَ مُنَاضَحَۃً ۔ عَنْ کَذَا ۔ مدافعت کرنا ۔
تَنَضَّحَ ۔ مِنْ فُلَانٍ ۔ بری ہونا ۔
اِنْتَضَحَ ۔ الْمَاءُ عَلَیْہِ ۔ پانی کا چھڑکا جانا (۔ وَاسْتَنْضَحَ) الْمُتَوَضِّیُٔ ۔ وضو کرنے والے کا وضو کے بعد رومالی پر پانی چھڑکنا ۔
النَّضْحُ ۔ مص ۔ پانی کا چھڑکاؤ ۔ پانی جس سے کھیت سیراب کریں ۔
النَّضَحُ ۔ پانی کی طرح رقیق چیز ۔ ج ۔ نُضُوْحٌ وَاَنْضِحَۃٌ ۔
النَّضَحُ ۔ حوض ۔ ج ۔ نُضُوْحٌ وَاَنْضَاحٌ ۔
النَّضِیْحُ ۔ حوض ۔ پسینہ ۔ ج ۔ نُضُحٌ ۔
النَّاضِحُ ۔ فا ۔ پانی لادنے کا اونٹ ۔ مؤنث نَاضِحَۃٌ ۔ ج ۔ نَوَاضِحُ ۔ بارش پانی چھڑک کر سیراب کی ہوئی جگہ ۔
النَّضَّاحُ ۔ مبالغہ کے لیے ۔ کھجوروں کو سیراب کرنے والا ۔ پانی لادنے کے اونٹ کو ہانکنے والا ۔ مؤنث نَضَّاحَۃٌ ۔ قَوْسٌ نَضَّاحَۃٌ بِالنَّبْلِ ۔ تیر عمدہ پھینکنے والی کمان ۔
النَّضُوْحُ ۔ ایک قسم کی خوشبو ۔ منہ میں ڈالنے کی دوا ۔
التَّنْضَاحُ ۔ پسینہ ۔
الْمِنْضَحَۃُ وَالْمِنْضَحَۃُ ۔ پانی چھڑکنے کا آلہ ۔ جھارہ ۔
نَضَخَہٗ (ف) ، نَضْخًا ۔ چھڑکنا ۔ تر کرنا ۔
نَضَخَ (ف) ، نَضْخًا وَنَضَخَانًا ۔ الْمَاءُ ۔ پانی کا چشمہ سے زور سے پھوٹنا ۔
نَاضَخَہٗ مُنَاضَخَۃً وَنِضَاخًا ۔ ایک دوسرے پر چھڑکنا ۔
اِنْضَخَ وَانْضَاخَ ۔ عَلَیْہِ الْمَاءُ ۔ پانی

کا گرنا۔

إنتضخ۔ مص کپڑے پر خوشبو کا نشان۔

النضخة۔ بوچھار۔

النضاخ۔ موسلادھار بارش۔ عین نضاخة۔ ابلنے والا چشمہ۔

المنضحة۔ پانی چھڑکنے کا آلہ۔ جھارہ ج۔ مناضح۔ عام لوگ اس کو مرشة یا رشاشة کہتے ہیں۔

نضد (ض)، نضدًا و نضّد۔ المتاع۔ سامان کو ایک دوسرے پر چننا۔ یا ڈھیر لگانا۔ صفت مفعولی۔ منضود و نضید و منضّد۔

تنضدت الأسنان و نحوها۔ دانتوں کا باترتیب ہونا۔

إنتضد۔ القوم بمكان كذا۔ قوم کا کسی جگہ اکٹھا ہونا۔ ٹھہرنا۔

النضد۔ گھر کا چنا ہوا سامان۔ بخت۔ تہ بہ تہ بادل۔ عزت و شرافت۔ ج۔ أنضاد۔ أنضاد القوم۔ آدمیوں کی جماعت۔

أنضاد۔ الرجل۔ آدمی کے شریف چچا اور ماموں۔ أنضاد الجبال او السحاب۔ تہ بہ تہ پہاڑ یا بادل۔ (د۔ والنضود) ج۔ أنضاد و نضد۔ موٹی اونٹنی۔

النضيدة۔ بھری ہوئی چیز۔ تکیہ۔ ج نضائد۔

المنضدة۔ گھر کا سامان رکھنے کی ٹیبل۔

نضر (ن)، و نضِر (س)، و نضُر (ك)، نضرًا و نضرةً و نضارًا و نضورًا و نضارةً۔ الوجه او اللون او الشجر و غيرها۔ ملائم و تازہ اور خوبصورت ہونا۔ صفت ناضر و نضر و نضير۔

نضّر (ن)، نضرًا و نضّر۔ ه الله۔ تر و تازہ بنانا۔

أنضر۔ تر و تازہ ہونا۔ الشجر۔ درخت کا سبز پتے والا ہونا۔

إستنضر۔ الشئ۔ سرسبز پاتا یا شمار کرنا۔

النضر۔ ج۔ نِضار و أنضُر و النضار و النضير و الأنضر۔ سونا چاندی۔

النضار۔ ہر خالص شے۔ خالص سونا۔

النضار و النِضار۔ جھاؤ کا درخت۔ برتن بنانے کے کام کی عمدہ لکڑی۔

الناضر۔ خوبصورت۔ نرم و نازک سبز کا ہی شوخ رنگ۔

النضرة۔ نعمت۔ حسن۔ رونق۔ دولتمندی۔ پگھلایا ہوا سونا۔

نضف (ن ض)، نضفًا و نضِف (س)، نضفًا و أنتضف۔ الفصيل ما في الضرع امه۔ اونٹنی کے بچہ کا تمام دودھ چوس لینا۔

نضفه (ن)، نضفًا خدمت کرنا۔ نضف الحمار۔ گدھے کا گوز کرنا۔

أنضف۔ الجمل۔ اونٹ کا ڈُکی چلنا۔ — الرجل۔ کسی کا ہمیشہ جنگلی پودینہ کھانا۔

النضف۔ مص۔ جنگلی پودینہ۔

النضفان۔ ڈُکی چال۔

النضف و النضيف۔ ناپاک۔

الناضف۔ فا۔ د۔ والمنضف، بہت گوز کرنے والا۔ ج۔ مناضف۔

نضله (ن)، نضلًا۔ تیراندازی میں غالب آنا۔

نضِل (س)، نضلًا۔ البعير۔ اونٹ کا لاغر ہونا۔ تھکنا۔

ناضله نِضالًا و نيضالًا و مناضلة۔ تیراندازی میں مقابلہ کرنا۔ ناضل عنه۔ کسی کی حفاظت کرنا۔ حمایت کرنا۔

أنضله۔ لاغر کرنا۔ تھکانا۔

تنضله۔ نکالنا۔

إنتضله۔ نکالنا پسند کرنا۔

إنتضل و تناضل۔ تیراندازی میں مقابلہ کرنا۔ ایک دوسرے پر فخر کرنا۔

الناضل۔ فا۔ تیراندازی میں غالب۔ ج نضّال۔

تضنضن۔ الرجل۔ بہت درہم و دینار والا ہونا۔ لسانه۔ زبان ہلانا۔ ه۔ بے آرام کرنا۔

النضناض و النضناضة۔ من الحيات زبان ہلانے والا سانپ۔ ایک جگہ قرار نہ پکڑنے والا سانپ۔ ڈستے ہی ہلاک کر ڈالنے والا سانپ۔

نضا ينضو نضوًا۔ السيف من غمده۔ تلوار سونتنا یا نکالنا۔ الثوب عنه۔ کپڑا اتارنا۔ الرجل من ثوبه۔ ننگا کرنا۔ البلاد۔ طے کرنا۔ نضا الجرح۔ زخم کا ورم اترنا۔ — الماء۔ پانی کا خشک ہونا۔ — السيف۔ تلوار کا پار ہونا (د۔ نضوًا و نضيًّا)۔ الفرس۔ الخيل۔ سبقت لے جانا۔ آگے بڑھ جانا (د۔ نضوًا و نضوًّا)، الخضاب۔ خضاب کا رنگ اتر جانا۔

أنضى إنضاءً۔ البعير۔ لاغر کرنا۔ — الثوب۔ کپڑے کو بوسیدہ کرنا۔ فلانًا۔ دبلا جانور دینا۔

نضّى تنضيةً۔ ثوبه عنه۔ کسی کا کپڑا اتارنا۔

تنضّى۔ البعير۔ اونٹ کو لاغر و دبلا کرنا۔

إنتضى إنتضاءً۔ السيف۔ تلوار سونتنا۔ — الثوب۔ کپڑا بوسیدہ کرنا۔

النضو۔ لاغر جانور۔ مؤنث نضوة۔ بوسیدہ کپڑا۔ بہت مستعمل خراب تیر۔ پتلا تیر۔ لگام کا لوہا۔ ج۔ أنضاء۔

النُّعَاوَةُ - مِنَ الْعُصَابِ. چھڑایا ہوا خضاب.

النَّضِيُّ - لاغر جانور. بغیر پیکان اور پر کے تیر. کاندھے اور کان کے درمیان کا حصہ - مِنَ السَّهْمِ. پر اور پیکان کے درمیان کا حصہ. ج. اَنْضِيَةٌ.

نَضَى يَنْضِي نَضْيًا - السَّيْفَ. تلوار سونتنا. الثَّوْبَ. کپڑا اتارنا. و اَنْضَى وَ انْتَضَى الثَّوْبَ. بوسیدہ اور پرانا کرنا.

نَطَّ (ن) نَطًّا - الشَّيْءَ. باندھنا. کھینچنا.

نَطَّ (ض) نَطًّا. بکواس کرنا - فِي الْاَرْضِ. جانا - نَطِيطًا) بھاگنا. پھاندنا.

النَّطَّاطُ. بکواسی. بہت سیاحت کرنے والا. کودنے والا. لغو دعوے کرنے والا.

النَّطِيطُ. مص. مَكَانٌ نَطِيطٌ. دور کی جگہ. اَرْضٌ نَطِيطَةٌ. دور کی زمین.

الْاَنَطُّ. دور کا سفر. ج. نُطُطٌ.

نَطَبَهُ (ن) نَطْبًا و اَنْطَبَهُ. انگلی سے کان پر مارنا.

نَاطَبَهُ. مُنَاطَبَةً. بھڑکانا. جھگڑنا.

النَّاطِبَةُ. چھلنی کے سوراخ.

النِّطَابُ. سر. گردن کی رگ.

الْمِنْطَبُ و الْمِنْطَبَةُ. چھلنی. صافی.

الْمِنْطَبَةُ. بیوقوف.

نَطَحَهُ (ف ض) نَطْحًا. الثَّوْرُ و نَحْوُهُ. بیل کا سینگ سے مارنا.

نَطَحَ فُلَانًا. دفع کرنا. ہٹانا.

نَاطَحَهُ نِطَاحًا و مُنَاطَحَةً. بھی نَطَحَهُ.

اِنْتَطَحَ و تَنَاطَحَ - الْكَبْشَانِ. ایک دوسرے کے ٹکر مارنا. تَنَاطَحَتِ الْاَمْوَاجُ. موجوں کا آپس میں ٹکرانا.

النَّاطِحُ. فا. سامنے سے آنے والا وحشی یا پرندہ. کہتے ہیں "مَا لَهُ نَاطِحٌ وَلَا خَابِطٌ" اس کے پاس نہ بکری ہے نہ اونٹ. اَلنَّاطِحُ. منازل قمر میں دو ستاروں کا نام.

النَّطْحُ. مص. منازل قمر میں دو ستاروں کا نام.

النَّوَاطِحُ. سختیاں.

النَّطْحَةُ. لڑائی.

النَّطِيحُ. سینگ مارا ہوا. سینگ لگنے سے مرا ہوا. منحوس. وہ گھوڑا جس کی پیشانی میں دو دائرے ہوں. مؤنث نَطِيحَةٌ. ج. نُطْحَاءُ و نَطَائِحُ.

النَّطَّاحُ. بہت سینگ مارنے کا عادی.

نَطَرَ (ن) نَطْرًا و نِطَارَةً - الْكَرْمَ او الزَّرْعَ. انگوروں یا کھیتی کی نگہبانی اور حفاظت کرنے.

النِّطَارَةُ. مص. باغبانی. چوکیداری.

النَّاطِرُ و النَّاطُورُ. انگوروں یا کھیتی کا چوکیدار. نگہبان. ج. نُطَّارٌ و نَطَرَةٌ و نَوَاطِيرُ. و نُطَرَاءُ.

النُّطَّارُ. ڈراوا یا دھوکا جو پرندوں اور جانوروں کو ڈرانے کے لیے کھیت میں کھڑا کیا جاتا ہے.

نَطِسَ (س) نَطَسًا. ماہر ہونا. دانا ہونا.

تَنَطَّسَ. گفتگو یا لباس وغیرہ میں محتاط ہونا. امور کو گہری نظر سے دیکھنا.

تَنَطَّسَ الْاَخْبَارَ وَعَنِ الْاَخْبَارِ. خبروں کے بارے میں تجسس و کرید کرنا.

النَّطْسُ و النَّطِسُ و النَّطُسُ. عالم. گفتگو اور لباس وغیرہ میں محتاط.

النِّطِّيسُ و النِّطَاسِيُّ و النَّطَاسِيُّ. ماہر طبیب.

النُّطُسُ. ماہر اطباء.

النَّطَسَةُ. بہت احتیاط کرنے والا.

النَّاطُوسُ. جاسوس.

نُطِعَ نَطْعًا و اُنْتُطِعَ و اسْتُنْطِعَ - لَوْنُهُ. رنگ متغیر ہونا.

تَنَطَّعَ - فِي الْكَلَامِ. کلام میں غلو کرنا. تالو سے بولنا - فِي شَهَوَاتِهِ. مبالغہ کرنا - فِي عَمَلِهِ. اپنے کام میں ماہر ہونا - الرَّجُلُ. چمڑے کے دسترخوان پہ کھانا. سیر ہو کر کھانا.

النَّطْعُ و النِّطْعُ و النَّطَعُ و النِّطَعُ. وہ چمڑے کا فرش جس پر مجرم کو قتل کیا جاتا ہے. ج. اَنْطَاعٌ و نُطُوعٌ.

النِّطْعُ و النِّطَعُ. تالو کا اگلا حصہ. ج. نُطُوعٌ - الْحُرُوفُ النِّطْعِيَّةُ ت د ط. جن کا مخرج تالو کا اگلا حصہ ہے.

النُّطُعُ. باچھیں پھیلا کر بولنے والا.

النَّاطِعُ. خالص رنگ وغیرہ.

النَّطَّاعُ. کلام میں بہت غلو کرنے والا. جلدساز. ج. نَطَّاعُونَ.

نِطَاعُ الْقَوْمِ. قوم کا علاقہ.

النُّطَاعَةُ. وہ لقمہ جس کا نصف کھایا جائے اور نصف دسترخوان پر چھوڑ دیا جائے.

نَطَفَ (ن ض) نَطْفًا و تَنْطَافًا و نَطَفَانًا و نِطَافَةً - الْمَاءُ. پانی کا تھوڑا تھوڑا بہنا. الْقِرْبَةُ. مشک کا ٹپکنا. الْمَاءَ. پانی گرانا.

نَطَفَهُ و نَطَّفَهُ و اَنْطَفَهُ. بدکاری کا الزام لگانا. نَطَفَ الْمَرْأَةَ. عورت کو بالی پہنانا.

نَطِفَ (س) و نَطُفَ نَطَفًا و نَطَافَةً و نُطُوفَةً. عیب دار ہونا. ملزم ٹھہرایا جانا. تہمت لگایا جانا.

نَطِفَ - الشَّيْءُ. چیز کا خراب ہونا.

نَطِفَ الرَّجُلُ. بدہضمی والا ہونا.

تَنَطَّفَ ۔ الرَّجُلُ ۔ عیب دار ہونا ۔ بالیاں پہننا ۔ مِنْهُ ۔ نفرت کرنا ۔
النَّطَفُ ۔ مص ۔ عیب ۔ شر و فساد ۔
النُّطْفَة ۔ صاف پانی تھوڑا یا بہت ۔ سمندر ۔ مرد یا عورت کا نطفہ ۔ ج
نِطَاف و نُطَف (۔۔ والنُّطَافَة)
ڈول یا مشک وغیرہ میں بچا ہوا پانی ۔
النُّطَافَة ۔ ہر ٹپکنے والی چیز ۔
النُّطْفَتَانِ ۔ دو سمندر ۔ بحیرہ روم و بحیرہ قلزم ۔
النُّطْفَة و النَّطَفَة ۔ بالی ۔ شفاف موتی ۔ ج ۔ نُطَف ۔
النَّطِفُ ۔ پلید ۔ شکی آدمی ۔
النَّطُوف ۔ بارش والی رات ۔
نَطَقَ (ض) نَطْقًا و مَنْطِقًا و نُطُوقًا ۔ بولنا ۔ الکِتَابُ ۔ واضح کرکے بیان کرنا ۔
نَطَّقَهُ ۔ گفتگو کرانا ۔ پٹکا یا پیٹی باندھنا ۔
نَاطَقَهُ ۔ گفتگو کرنا ۔
اَنْطَقَهُ ۔ گفتگو کرانا ۔
تَنَاطَقَ ۔ الرَّجُلَانِ ۔ باہم گفتگو کرنا ۔
تَنَطَّقَ و اِنْتَطَقَ و تَمَنْطَقَ ۔ کمر میں پٹکا باندھنا ۔ الاَرضُ بالجِبَالِ زمین کا پہاڑوں سے گھرا ہوا ہونا ۔
اِنْتَطَقَ بِقَوْمِهٖ ۔ اپنی قوم سے طاقتور ہونا ۔ الرَّجُلُ ۔ گفتگو کرنا علم منطق حاصل کرنا ۔ فَرَسَهُ ۔ گھوڑے کو کھینچنا ۔
اِسْتَنْطَقَهُ ۔ گفتگو کرنا ۔ بولنے کو کہنا ۔
النُّطْق ۔ مص ۔ نطق ظاہری (گفتگو) و نطق باطنی (فہم و ادراک) ہر دو مراد ہوتے ہیں ۔
النَّطْقَة ۔ نَطَقَ کا اسم مرۃ ۔
النَّطِقُ ۔ بولنے والا ۔
النِّطَاقَة ۔ پیٹی ۔ کمر کا پٹکا ۔ جھالردار پیٹی ۔

کرٹ ۔ ج ۔ نُطُق ۔ عَقَدَ فُلَانٌ حُبُكَ النِّطَاق ۔ فلاں آدمی جانے کے لیے تیار ہوا یا کام کرنے کے لیے فارغ ہوا ۔
نِطَاقُ الجَوْزَاءِ ۔ وسط جوزا کے تین ستارے ۔ انتظام اور التئام کے لیے ضرب المثل ہیں ۔
النِّطَاقَةُ ۔ پرچہ ۔ پرزہ ۔
النَّاطِقُ ۔ فا ۔ بولنے والا ۔ سمجھ دار ۔
النَّاطِقَةُ ۔ مؤنث النَّاطِق ۔ کر ۔ نفس ناطقہ ۔
المَنْطِق ۔ کلام ۔ علم منطق ۔
المِنْطَق و المِنْطَقَة ۔ کمر باندھنے کا پٹکا یا پیٹی ۔ ج ۔ مَنَاطِق ۔ کبھی اسی سے فعل بنا کر تَمَنْطَقَ کہتے ہیں ۔ یعنی کمر پہ پٹکا باندھنا ۔ مِنْطَقَةُ الجَوْزَاءِ ۔ تین ستاروں کے نام
مِنْطَقَةُ العَوَاءِ ۔ ایک اور ستارے کا نام ۔
المِنْطِيق و النِّطِّيق ۔ خوش بیان ۔
المُنَطَّقُ ۔ مفع ۔ کر ۔ المُنَطَّقَة مِنَ المَعْزِ ۔ کمر میں سفیدی رکھنے والی بکری ۔
المُنْتَطِقُ ۔ رفیع الشان ۔ صاحب رسوخ ۔
المَنْطُوقُ ۔ بولا ہوا ۔
نَطَلَ (ن) نَطْلًا ۔ الخَمْرَ ۔ شراب نچوڑنا (۔ و نَطَّلَ) رَاسَ العَلِيلِ بالنَّطُولِ ۔ بیمار کے سر پر دوا کا نیم گرم پانی گرانا یا ملنا ۔
النَّطْل ۔ مص ۔ انگور کا چھلکا ۔ تھوڑا دودھ (۔ و النُّطْل) شراب کی تلچھٹ ۔ ابتدائی عمدہ شراب کے بعد کی بچی ہوئی شراب ۔
النُّطْلَة و النَّاطِلُ ۔ پانی یا دودھ وغیرہ کا گھونٹ ۔ پیمانے کا فضلہ ۔

النَّاطِلُ و النَّاطِلُ و النَّيْطَلُ و النَّاطُلُ شراب یا دودھ وغیرہ ناپنے کا برتن ۔
النَّيْطَلُ و النَّطْلَاءُ ۔ مصیبت ۔
النَّيْطَلُ ۔ ہلاکت ۔ موت ۔ ڈول ۔ ج نَيَاطِلُ ۔
الاُنْطُلَة ۔ مصیبتیں ۔
النَّطُول ۔ دوا میں جوش دیا ہوا پانی ۔ جس سے عضو ماؤف دھاریں ۔
المَنَاطِلُ ۔ شراب کشی کی مشینیں ۔
نَطْنَطَ ۔ الشَّیءَ ۔ کھینچنا ۔ الرَّجُلُ ۔ لمبے سفر والا ہونا (۔ و تَنَطْنَطَ) دور ہونا ۔ النَّطْنَط و النُّطْنُط و النَّطْنَاط ۔ لمبے قد والا ۔ ج ۔ نَطَائِط و نَطَانِيط ۔
نَطَا يَنْطُو نَطْوًا ۔ الحَبْلَ ۔ رسی کھینچنا ۔ الغَزْلَ ۔ بانا بننا ۔ المَنْزِلُ ۔ دور ہونا ۔ عَنْ فُلَانٍ ۔ چپ ہونا ۔
نَاطَى مُنَاطَاةً ۔ الرَّجُلَ ۔ لمبائی میں مقابلہ کرنا ۔ باہم نزاع کرنا ۔
اَنْطَى ۔ دینا ۔
تَنَاطَى ۔ القَوْمُ ۔ ایک دوسرے سے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔ تَنَاطَوا الکَلَامَ آپس میں گفتگو یا بحث کرنا ۔
النَّطْو ۔ دوری ۔
النَّطِيّ ۔ دور ۔ لمبا راستہ ۔
النَّطَاة ۔ کچی کھجور کا ڈنٹھل ۔ ج ۔ اَنْطَاء ۔
نَظَرَ (ن) و نَظِرَ (س) نَظَرًا و مَنْظَرًا و مَنْظَرَةً و تَنْظَارًا و نَظَرَانًا ۔ اِلَيْهِ ۔ دیکھنا ۔ غور سے دیکھنا ۔
نَظَرَ (ن) نَظْرًا ۔ فِي الاَمْرِ ۔ سوچنا ۔ فکر کرنا ۔ اندازہ کرنا ۔ الشَّیءَ ۔ انتظار کرنا ۔ بَيْنَ النَّاسِ ۔ حکم کرنا فیصلہ کرنا ۔ لِلْقَوْمِ ۔ رحم کرنا ۔ مدد دینا ۔ فُلَانًا ۔ متوجہ ہونا ۔ فُلَانًا الدَّيْنَ ۔ مہلت دینا ۔ الشَّیءَ ۔

مہلت سے دیکھنا۔ فُلَانٌ۔ کا بیہودہ اُنْظُرْنِیْ فُلَانًا۔ میرے لیے فلاں کو طلب کرو۔ دَارِیْ تَنْظُرُ اِلٰی دَارِہٖ وَتُنَاظِرُ دَارَہٗ۔ میرا گھر اس کے گھر کے مقابلے میں ہے۔ نَظَرَ الدَّھْرُ اِلٰی بَنِیْ فُلَانٍ۔ زمانہ نے فلاں کی اولاد کو ہلاک کر دیا۔

نَاظَرَہٗ مُنَاظَرَۃً۔ مشابہ ہونا۔ برابر ہونا۔ بحث کرنا۔ نَاظَرَ الْجَیْشُ الْاَلْفَیْنِ۔ لشکر دو ہزار کے قریب پہنچ گیا۔ فُلَانًا بِفُلَانٍ اَوِ الشَّیْءَ بِالشَّیْءِ۔ مشابہ ہونا۔

اَنْظَرَہٗ۔ الدَّیْنَ۔ ادائیگی قرض کے لیے مہلت دینا۔

تَنَظَّرَہٗ۔ آنکھ سے بغور دیکھنا۔ دیر کرنا۔ مہلت دینا۔

تَنَاظَرُوْا۔ فِی الْاَمْرِ۔ باہم کام میں مشقت اٹھانا۔ بحث کرنا۔ تَنَاظَرَ الْقَوْمُ۔ ایک دوسرے کو دیکھنا۔

اِنْتَظَرَہٗ۔ انتظار کرنا۔ امید رکھنا۔ دیر لگانا۔

اِسْتَنْظَرَہٗ۔ انتظار کرنا۔ مہلت چاہنا۔

النَّظَرُ۔ مص۔ نگاہ۔ دانائی۔ علم النظر والاستدلال۔ علم کلام۔ فِیْ ھٰذَا الْاَمْرِ نَظَرٌ۔ یہ معاملہ غور کے قابل ہے۔ بَیْنَنَا نَظَرٌ۔ ہمارے درمیان اس قدر دوری ہے کہ نگاہ نہیں پہنچ سکتی ہے۔ نَظَرًا۔ اِلٰی کَذَا و بِالنَّظَرِ اِلٰی کَذَا۔ یعنی اس کے لحاظ سے۔ النَّظَرُ۔ قوم جس کے خیمے ایک دوسرے کے سامنے یا پاس پاس ہوں۔

النَّظَرُ۔ مثل۔ مشابہ۔

النَّظْرَۃُ۔ لمحہ۔ ایک نگاہ۔ ایک نظر۔ برائی۔ قصور، رحمت۔ مہربانی۔

النَّظِرَۃُ۔ مہلت۔

النَّظَرِیُّ۔ علم استدلال۔

النَّظَرِیَّۃُ۔ فِی الْھَنْدَسَۃِ۔ دلیل سے ثابت کرنے کا محتاج قضیہ۔ ج نَظَرِیَّاتٌ۔

النِّظَارُ والنِّظَارَۃُ۔ فراست و دانائی۔

النَّاظِرُ۔ فا۔ آنکھ، آنکھ کی پتلی۔ کسی ادارہ کا ناظم جیسے نَاظِرُ الْخَارِجِیَّۃِ و ناظر البہ۔ ج۔ نُظَّارٌ۔

النَّاظِرُ۔ پیشانی سے ناک کے نتھنوں تک کی ہڈی۔ وہ آدمی امین جس کو بادشاہ تحقیقاتِ معاملات کے لیے بھیجے۔ ھُوَ شَدِیْدُ النَّاظِرِ۔ وہ تہمت سے بری ہے۔ النَّاظِرَانِ۔ ناک کے دو پہلوؤں کی دو رگیں۔

النَّاظِرُ والنَّاظُوْرُ۔ انگوروں کا محافظ۔

النَّاظُوْرُ۔ قوم کا سردار۔

النَّاظِرَۃُ۔ مؤنث النَّاظِرُ۔ آنکھ۔ ج نَوَاظِرُ۔ النَّوَاظِرُ۔ آنکھوں کی رگیں جو ناک تک پہنچتی ہیں۔

النَّظَّارُ۔ تیز دیکھنے والا۔ تیز گھوڑا۔

النَّظَّارَۃُ۔ بمعنی النَّاظِرِیْنَ۔ دوربین۔

النَّظُوْرُ والنَّظُوْرَۃُ والنَّظِیْرَۃُ و النَّاظُوْرَۃُ۔ قوم کا سردار (مفرد جمع، مؤنث مذکر)

النَّظِیْرُ۔ برابر کا۔ متساوی۔ ج۔ نُظَرَاءُ۔ مؤنث نَظِیْرَۃٌ۔ ج۔ نَظَائِرُ۔

نَظَائِرُ الْقَوْمِ۔ قوم کے شرفاء۔

نَظِیْرَۃُ الْقَوْمِ اَوِ الْجَیْشِ و نَظُوْرَتُھُمْ۔ فوج کا ہراول دستہ فوج کا سردار۔

الْمَنْظَرُ۔ نظارہ۔ دیکھنے کی جگہ۔ کُنْتُ عَنْ ھٰذَا الْمَقَامِ بِمَنْظَرٍ۔ میں اس مقام سے علیحدہ تھا۔ ج۔ مَنَاظِرُ۔ الْمَنَاظِرُ۔ بلند زمینیں

الْمَنْظَرَۃُ۔ مص۔ دیکھنے کی جگہ۔ کسی چیز کی طرف دیکھنے والی قوم۔

الْمَنْظَرِیُّ والْمَنْظَرَانِیُّ۔ خوش نما۔

الْمُنَاظِرُ۔ فا۔ مثل۔

الْمِنْظَارُ۔ آئینہ۔ ج۔ مَنَاظِیْرُ۔

الْمَنْظُوْرُ۔ مفعو۔ وہ شخص جس کی بھلائی کی امید رکھی جائے۔ نظر بد لگا ہوا۔

الْمَنْظُوْرَۃُ۔ مؤنث الْمَنْظُوْرُ۔ مصیبت عیب دار عورت۔

نَظُفَ (ن)، نَظَافَۃً۔ الشَّیْءُ۔ صاف ستھرا ہونا۔ صفت نَظِیْفٌ۔ مؤنث نَظِیْفَۃٌ۔ ج۔ نُظَفَاءُ۔ فُلَانٌ نَظِیْفُ السَّرَاوِیْلِ۔ فلاں پاکدامن ہے۔ نَظِیْفُ الْاَخْلَاقِ۔ مہذب۔

نَظَّفَ۔ الشَّیْءَ۔ صاف ستھرا کرنا۔

تَنَظَّفَ۔ الشَّیْءُ۔ صاف ستھرا ہونا۔ الرَّجُلُ۔ بتکلف صاف ستھرا بننا۔ نیک ہونا۔

اِنْتَظَفَ۔ الْفَصِیْلُ مَا فِیْ ضَرْعِ اُمِّہٖ۔ اونٹ کے بچے کا سب دودھ پی جانا۔

اِسْتَنْظَفَ۔ صاف طلب کرنا۔ سب لے لینا۔ خراج سب وصول کرنا۔

نَظَمَ (ض)، نَظْمًا و نِظَامًا۔ اللُّؤْلُؤَ و نَحْوَہٗ۔ موتی پرونا۔ آراستہ کرنا۔ موزوں کرنا۔ الشَّیْءَ اِلَی الشَّیْءِ۔ کسی چیز کو کسی چیز سے جوڑنا۔ الْاَمْرَ۔ برپا کرنا۔ قائم کرنا۔

نَظَّمَتْ و اَنْظَمَتْ۔ السَّمَکَۃُ او الدَّجَاجَۃُ۔ مچھلی یا مرغی کا انڈے والی ہونا۔

تَنَظَّمَ و انْتَظَمَ و تَنَاظَمَ۔ اللُّؤْلُؤُ و نَحْوُہٗ۔ موتی وغیرہ کا پرویا

جانا۔ تَنَظَّمَ وَانْتَظَمَ۔ الْاَمْرُ
کام کا درست ہونا۔ ٹھیک ہونا۔ و
اُنْتُظِمَ الصَّیْدُ۔ شکار کو
نیزے یا تیر سے چھید دینا۔ تَنَاظَمَتِ
الصُّخُوْرُ۔ چٹانوں کا ایک دوسرے
سے ملا ہوا ہونا۔
النَّظْمُ۔ مص۔ ٹڈی دل۔ ٹڈیوں کی
ایک قطار۔ نظم کیا ہوا موزوں کلام۔
النَّظْمُ۔ بعض ستارے مثلاً ثریا۔
نِطَاقُ الْجَوْزَاءِ۔ دبران۔
النِّظَامُ۔ مص۔ موتیوں کی لڑی کا دھاگا۔
ج۔ نُظُمٌ وَاَنْظِمَۃٌ وَ اَنَاظِیْمُ۔
۔ النِّظَامُ۔ رواج۔ عبادت۔ ترتیب
موافقت۔ باقاعدہ فوج۔ ھُمْ عَلٰی
نِظَامٍ وَاحِدٍ۔ وہ ایک طرز پر
ہیں۔
الْاَنْظَامُ۔ ریتلی پہاڑیوں کی قطار۔ مرغی
وغیرہ کی انڈے دانی میں انڈوں کی
قطار۔ لڑی کا دھاگا۔
النَّظَّامُ۔ بہت پرونے والا۔
التَّنْظِیْمُ۔ موزوں شعر وغیرہ۔
المَنْظُوْمُ۔ مص۔ شعر۔
المُنْتَظَمُ۔ ترتیب دینے کی جگہ۔ ج
مَنَاظِمُ۔
نَعٌّ۔ کمزور آدمی۔
النُّعَاعُ۔ نرم و نازک گھاس۔
نَعَبَ (ف ض) نَعْبًا وَنُعَابًا وَنَعِیْبًا وَ
نَعَبَانًا وَتَنْعَابًا۔ الغُرَابُ۔
کوے کا کائیں کائیں کرنا۔ جدائی سے
ڈرانا۔ المُؤَذِّنُ۔ مؤذن کا لمبی
گردن کرکے اذان دینا۔
نَعَبَتْ (ف) نَعْبًا۔ الْاِبِلُ۔ اونٹ کا
چلنے میں گردن دراز کرنا۔
النَّعْبُ۔ مص۔ تیز ہوا۔ نَاقَۃٌ نَاعِبَۃٌ
ج۔ نَوَاعِبُ وَنُعُوْبٌ۔ ج۔ نُعُبٌ

وَنُعَابَۃٌ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
النُّعَابُ۔ کوا۔ کوے کا بچہ۔
المِنْعَبُ وَالمُنْعِبُ۔ تیز رفتار اونٹنی۔
تیز رفتار گھوڑا۔ بیوقوف چلانے والا۔
نَعَتَہُ (ف) نَعْتًا۔ تعریف کرنا۔ بیان
کرنا۔ نَعَتَ الْکَلِمَۃَ۔ کلمہ کی
صفت لانا۔
نَعِتَ (س) نَعْتًا۔ اچھی صفات دکھانا۔
نَعُتَ (ک) نَعَاتَۃً۔ الرَّجُلُ۔ پیدائش
ہی سے اچھی صفات والا ہونا۔
الفَرَسُ۔ گھوڑے کا تیز رفتار ہونا۔
اَنْعَتَ۔ الرَّجُلُ۔ خوبصورت چہرے والا
ہونا۔ اچھے اخلاق والا ہونا۔
تَنَعَّتَ۔ الشَّیْءَ۔ چیز کا وصف بیان
کرنا۔
اِسْتَنْعَتَہُ۔ الشَّیْءَ۔ بیان کرنے کی
درخواست کرنا۔
النَّعْتُ۔ مص۔ صفت۔ ج۔ نُعُوْتٌ۔
النَّعِتُ وَالنَّعْتَۃُ وَالنَّعِیْتُ وَ
النَّعِیْتَۃُ وَالمُنْتَعِتُ۔ مِنَ
الْخَیْلِ۔ گھڑ دوڑ میں سبقت لے
جانے والا گھوڑا۔
نَعَثَ (ف) نَعْثًا وَاَنْتَعَثَ۔ الشَّیْءَ۔
لینا۔
نَعَثَ۔ فِیْ مَالِہٖ۔ بے جا صرف کرنا۔
فضول خرچ کرنا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کا
سفر کے لیے سامان لینا۔ القَوْمُ۔
کام میں جد و جہد کرنا۔
نَعْثَلَ۔ الشَّیْءَ۔ جمع کرنا۔ زیادہ دوڑنے
سے گھوڑے کا سست پڑنا۔
النَّعْثَلُ۔ بوڑھا احمق۔ نر بجو۔
النَّعْثَلَۃُ۔ حماقت۔ بوڑھے کی چال۔
نَعِجَ (س) وَنَعَجَ (ن) نَعَجًا وَ
نُعُوْجًا۔ اللَّوْنُ۔ خالص سفید
رنگ ہونا۔

نَعَجَتِ النَّاقَۃُ فِیْ سَیْرِھَا۔ اونٹنی کا
تیز دوڑنا۔
نَعِجَ (س) نَعَجًا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا
موٹا ہونا۔ الرَّجُلُ۔ بھیڑ کا گوشت
کھا کر کسی کا بدہضمی میں مبتلا ہونا۔
صفت نَعِجٌ۔
النَّعْجَۃُ۔ بھیڑ۔ ج۔ نِعَاجٌ وَنَعَجَاتٌ۔
نِعَاجُ الرَّمْلِ۔ گائے۔
اَنَاعِجَۃٌ۔ مِنَ النِّسَاءِ اَوِ النُّوْقِ
سفید رنگ عورت یا اونٹنی۔ نَاقَۃٌ
نَاعِجَۃٌ۔ تیز رفتار اونٹنی جس پر
بیٹھ کر جنگلی بھیڑوں کا شکار کیا جائے
اَرْضٌ نَاعِجَۃٌ۔ نرم زمین۔ ج۔ نَوَاعِجُ۔
النَّعْجُ۔ خالص سفیدی۔
نَعَرَ (ف ض) نَعِیْرًا وَنُعَارًا۔ الرَّجُلُ۔
خراٹے لینا۔ العِرْقُ مِنَ الدَّمِ۔
رگ سے خون پھوٹ نکلنا۔
نَعَرَ (ف) نَعْرًا۔ فِی الْبِلَادِ۔ جانا۔
القَوْمُ۔ جوش میں آنا اور جمع ہونا۔
اِلٰی فُلَانٍ۔ آنا۔ نَعَرَ فِی الْاَمْرِ۔
کسی کام کے لیے اٹھنا۔ کوشش کرنا۔
الرَّجُلُ۔ مخالفت کرنا۔ انکار کرنا۔
نَعِرَ (س) نَعَرًا۔ الحِمَارُ اَوِ
الفَرَسُ۔ گدھے یا گھوڑے کی ناک
میں مکھی گھس جانا اور اس کا بے چین
ہونا۔ صفت نَعِرٌ۔
نَعَّرَ۔ السَّھْمَ۔ تیر کی سیدھ دیکھنے
کے لیے اس کو ناخن پر گھمانا۔
اَنْعَرَ۔ الْاَرَاکُ۔ درخت پیلو کا پھلدار
ہونا۔
النُّعَرَۃُ۔ خراٹا۔ ج۔ نُعَرَاتٌ۔ نُعْرَۃٌ
النَّعْجِیْرُ۔ ہوا کا جھونکا اور شدت
گرما۔ جو طلوع ثریا کے وقت ہوتی ہے
النُّعَرَۃُ وَالنَّعَرَۃُ۔ تکبر۔ غرور۔ عظیم
بالشان کام۔

النُّعَرَۃ و النُّعَرَۃ ۔ ناک کا اندرونی و بالائی حصہ ۔ ہوا جو ناک میں داخل ہو کر حرکت پیدا کرے ۔ درخت پیلو کا پھل ۔ ایک قسم کی نیلے رنگ کی مکھی جو گدھوں اور گھوڑوں کے ناک میں گھس کر ایذا دیتی ہے ۔ ج ۔ نُعَر و نُعَرَات ۔

النَّاعِرُ ۔ نعا چیخنے والا ۔

النَّعُوْرُ ۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنے والا آدمی ۔ مؤنث نَعُوْرَۃ ۔

النَّعِیْرُ ۔ مص ۔ لڑائی وغیرہ کی چیخ پکار ۔

النَّعَّارُ ۔ شری ۔ فتنہ انگیز ۔ چیخنے والا ۔ مؤنث نَعَّارَۃ ۔ اِمْرَأَۃٌ نَعَّارَۃٌ شور مچانے والی بدزبان عورت ۔

النُّعَار ۔ ایک قسم کا پرندہ ۔

النَّعَّارُ و النَّعُوْرُ و النَّاعُوْرُ ۔ وہ رگ یا زخم جس سے خون پھوٹ کر نکل رہا ہو ۔ نِیَّۃٌ نَعُوْرٌ ۔ دور کی نیت ۔

النَّعَّارَۃ ۔ دستے والا مٹی کا لوٹا ۔

النَّاعُوْرُ و النَّاعُوْرَۃُ ۔ رہٹ ۔ ج ۔ نَوَاعِیْر ۔

نَعَسَ (ف ن) نَعْسًا ۔ الرَّجُلُ ۔ اونگھنا صفت (نَاعِس) ج ۔ نُعُس ۔ مؤنث نَاعِسَۃ ۔ ج ۔ نَاعِسَات و نَوَاعِس ۔ نَعَسَ جِسْمُہٗ او رَأْیُہٗ ۔ جسم یا رائے کمزور ہونا ۔

نَعَسَتِ السُّوقُ ۔ بازار کا ٹھنڈا یا ماند پڑنا ۔

اَنْعَسَہٗ ۔ سلانا ۔ فلانٌ ۔ سست بیٹوں والا ہونا ۔

تَنَاعَسَ ۔ سونے میں جان ڈالنا ۔ اونگھنے کا بہانہ کرنا ۔ البَرْقُ ۔ بجلی کا سست ہونا ۔

النُّعَاس ۔ اونگھ ۔ حواس کی سستی ۔

النَّعْسَان ۔ اونگھنے والا ۔ مؤنث ۔ نَعْسَی ۔

نَعَشَہٗ (ف) نَعْشًا ۔ اللّٰہُ ۔ بلند کرنا ۔ اٹھانا ۔ ہلاکت سے بچانا ۔ فقیری کے بعد دولت مندی نصیب کرنا ۔ الرَّبِیْعُ النَّاسَ ۔ خوشحال کرنا ۔ المَیِّتَ ۔ میت کا ذکر جمیل کرنا ۔ طَرْفَہٗ ۔ نگاہ اٹھا کر دیکھنا ۔ الشَّجَرَۃَ ۔ جھکے ہوئے درخت کو سیدھا کرنا ۔

نُعِشَ ۔ تابوت پر اٹھایا جانا ۔ صفت و مَنْعُوْش ، فلانٌ ۔ پھلنے کے بعد اٹھایا جانا ۔

نَعَشَہٗ و اَنْعَشَہٗ اللّٰہُ ۔ اٹھانا ۔ بلند کرنا

نَعَّشَ فُلانٌ فُلانًا ۔ نَعَشَکَ اللّٰہُ مِنْ عَثْرَتِکَ ۔ کہنا ۔

اِنْتَعَشَ ۔ سستی کے بعد چست ہونا ۔ سر اٹھانا ۔ مِنْ سَقْطَتِہٖ ۔ گرنے کے بعد اٹھنا ۔

النَّعْشُ ۔ مص ۔ بقا ۔ وہ چارپائی جس پر بادشاہ کے بیمار ہونے کے بعد اٹھاتے ہیں ۔ تابوت ۔ بَنَاتُ نَعْشٍ الکُبْرٰی ۔ قطب شمالی کے رخ میں سات ستارے ۔ انھیں کے قرب میں بَنَاتُ نَعْشٍ الصُّغْرٰی کے سات ستارے ہیں ۔

نَعَصَ (ف) نَعْصًا ۔ الشَّیْءُ ۔ حرکت دینا ۔ الجَرَادُ الأرْضَ ۔ ٹڈی کا نباتات چر جانا ۔

نَعِصَ (س) نَعَصًا ۔ جھکنا ۔

اِنْتَعَصَ ۔ حرکت کرنا ۔ الرَّجُلُ ۔ گرنے کے بعد اٹھنا ۔ غضبناک کرنا ۔

النَّاعِصَۃ ۔ معاونین و مددگار ۔

اَنْعَطَ ۔ الأکِلُ ۔ کھانے والے کا آدھا لقمہ کھانا اور آدھا ڈال دینا ۔

النُّعُطُ کھانے [illegible]

لوگ ۔ واحد نَاعِطٌ ۔

نَاعَفَہٗ مُنَاعَفَۃً ۔ دو راستوں میں چل کر ایک دوسرے سے سبقت کرنے کی کوشش کرنا ۔

اَنْعَفَ ۔ بلند جگہ بیٹھنا ۔

اِنْتَعَفَ ۔ بلند جگہ پر چڑھنا ۔ لِفُلانٍ در پے ہونا ۔ الشَّیْءَ ۔ دوسرے کے لیے چھوڑ دینا ۔ الرَّاکِبُ ۔ ظاہر ہونا ۔

النَّعْفُ ۔ وادی سے بلند اور پہاڑ سے پست ہموار جگہ ۔ ریت کا اگلا یا پتلا حصہ ۔ ج ۔ نِعَاف ۔

النُّعْفَۃ ۔ پاؤں کی پشت پر جوتے کا تسمہ ۔

النَّعَفَۃ ۔ گیسو ۔ شملہ ۔ گوشت میں خراب گرہ ۔ کجاوے کے تسمے ۔ اُذُنٌ نَاعِفَۃٌ و نَعُوْفٌ و مُنْتَعِفَۃٌ ۔ ڈھیلا کان ۔

المَنَاعِفُ ۔ مِنَ الجِبَالِ ۔ پہاڑوں کی چوٹیاں ۔

المُنْتَعَفُ ۔ سخت اور نرم زمین کے درمیان کی حد ۔

نَعَقَ (ف ض) نَعْقًا و نَعِیْقًا و نُعَاقًا و نَعَقَانًا ۔ الغُرَابُ ۔ کوے کا کائیں کائیں کرنا ۔ المُؤَذِّنُ ۔ مؤذن کا بلند آوازی سے اذان دینا ۔ الرَّاعِی بِغَنَمِہٖ ۔ چرواہے کا اپنی بکریوں کو ڈانٹنا اور للکارنا ۔

النَّعَّاق ۔ بہت کائیں کرنے والا ۔

النَّاعِقَانِ ۔ جوزا کے دو ستارے ۔

نَعَلَ (ف) نَعْلًا ۔ القَوْمَ ۔ جوتے عطا کرنا ۔ نَعَّلَ و نَعَلَ و اَنْعَلَ ۔ الدَّابَّۃَ ۔ جانور کے نعل لگانا ۔

نَعِلَ (س) نَعَلًا ۔ جوتا پہننا ۔

تَنَعَّلَ و اِنْتَعَلَ ۔ جوتا پہننا ۔ الثَّوْبَ ۔

کپڑے کو روندنا۔
النَّعْل بمعہ۔ جوتا۔ تصغیر نُعَیْلَۃ۔
نَعْلُ الدَّابَّۃِ۔ گھوڑے کا نعل۔ ج۔ نِعَال و اَنْعُل۔
النَّعْل۔ تلوار کے میان کا لوہے یا چاندی کا سرا۔ سخت و بنجر زمین۔ ج۔ نِعَال۔ اَخْضَرَّتْ نِعَالُ الْقَوْمِ۔ قوم کی زمین سرسبز ہوگئی۔
النَّعْلَۃ۔ ہر وہ چیز جس سے قدم کو زمین سے بچایا جائے۔
النَّاعِل۔ ج۔ بہت جوتے والا۔ گورخر۔
النِّعَال۔ نعل بند۔
المَنْعَل والمَنْعَلَۃ۔ سخت زمین۔
المُنْعَل۔ جوتے والا۔ کہتے ہیں۔ رَمَاهُ بِالمُنْعِلَاتِ۔ اس نے اس پر مصیبتیں ڈالیں۔
نَعِمَ (ف ن)، و نَعِمَ (س)، نَعْمَۃً و مَنْعَمًا۔ الرَّجُلُ۔ خوشحال ہونا۔ — عَیْشُہٗ۔ زندگی کا مزے دار اور عمدہ ہونا۔ نَعِمْتُ بِھٰذَا عَیْنًا۔ میں اس سے خوش ہوا۔ نَعِمَکَ اللّٰہُ عَیْنًا و نَعِمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا۔ خدا تمہاری آنکھ ٹھنڈی کرے۔ خدا تم پر فضل کرے۔
نَعِمَ (س)، نَعْمًا۔ العُوْدُ۔ لکڑی کا سرسبز و تر و تازہ ہونا۔
نَعُمَ (ک)، نُعُوْمَۃً۔ نرم و ملائم ہونا۔ نِعْمَ و نِعِمَّا (م)، نَعُمْتَ۔ کیسا عمدہ۔
نِعْمَ۔ الرَّجُلُ زَیْدٌ۔ و نِعْمَ رَجُلًا زَیْدٌ۔ زید اچھا آدمی ہے۔
نَعَّمَ۔ الشَّیْءَ۔ چیز کو نرم و ملائم بنانا۔ — الرَّجُلَ۔ آدمی کو خوشحال کرنا۔ کسی کو نعم کہنا۔ — القَوْمَ۔ لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔

اَنْعَمَ۔ الشَّیْءَ۔ نرم و ملائم کرنا۔ — فُلَانًا۔ آسودہ حال بنانا۔ اَنْعَمَ اللّٰہُ صَبَاحَکَ۔ خدا تمہاری صبح اچھی کرے۔ ہمزہ اور نون کو صاف کر کے عِمْ صَبَاحًا یا عِمْ صَبَاحًا بھی کہتے ہیں۔ اَنْعَمَ اللّٰہُ النِّعْمَۃَ عَلَیْہِ و اَنْعَمَہٗ بِالنِّعْمَۃِ۔ نعمت سے نوازنا۔ اَنْعَمَ اللّٰہُ بِکَ عَیْنًا۔ اللہ تمہاری وجہ سے اس کی آنکھیں ٹھنڈی کرے جس کو تم محبوب رکھتے ہو یا تمہاری آنکھیں اس سے ٹھنڈی کرے جس کو تم محبوب رکھتے ہو۔
اَنْعَمَ الرَّجُلُ۔ زیادہ کرنا۔ نعمت کو پہنچانا۔ — القَوْمَ۔ لوگوں کے پاس ننگے پاؤں آنا۔ اَنْعَمَ صَدِیْقَہٗ۔ دوست کو ننگے پاؤں چل کر رخصت کرنا۔
اَنْعَمَ۔ فِی الْاَمْرِ۔ کام میں مبالغہ کرنا۔ اچھی طرح کرنا۔ اَنْعَمَ النَّظَرَ فِی المَسْاَلَۃِ۔ مسئلہ میں غور کرنا۔
نَاعَمَ مُنَاعَمَۃً۔ الرَّجُلُ۔ آسودہ حال ہونا۔ — الرَّجُلَ۔ آسودہ حال بنانا۔ — الحَبْلَ و غَیْرَہٗ۔ رسی کو مضبوط کرنا۔
تَنَعَّمَ۔ الرَّجُلُ۔ آسودہ زندگی گذارنا۔ ننگے پاؤں چلنا۔ — فِیْ مَیْلِہٖ۔ مشغول کرنا۔ — فُلَانًا بِالمَکَانِ۔ ڈھونڈنا۔ — الدَّابَّۃَ۔ خوب اچھی طرح ہانکنا۔
تَنَاعَمَ۔ عمدہ زندگی گذارنا۔
نَعَمْ و نَعِمْ و نِعِمْ و نَعَامِ و نَحَمْ بھی کہتے ہیں۔ ہاں۔ یہ چار معانی کے لیے آتا ہے۔
۱۔ خبر کے بعد حرف تصدیق ہوتا ہے مثلاً قَامَ زَیْدٌ کے جواب میں قام [illegible]

۲۔ امر و نہی کے بعد اگر واقع ہو تو صرف وعدہ ہوتا ہے جیسے اِضْرِبْ زَیْدًا کے جواب میں (نعم) اَعِدُکَ بِضَرْبِہٖ کے معنی کو مفید ہے۔
۳۔ جب استفہام کے بعد واقع ہو تو صرف اعلام ہوتا ہے۔ جیسے اَقَامَ زَیْدٌ کے جواب میں (نعم) اعلمک بقیامہ۔ کے معنی دیتا ہے۔
۴۔ صدر کلام میں اگر آ جائے تو تاکید کو مفید ہوتا ہے۔ جیسے نَعَمْ اِنَّ رَبِّیْ قَادِرٌ۔
النُّعْمُ۔ خوشحالی۔ ج۔ اَنْعُمٌ۔
النَّعَمُ۔ اونٹ۔ مویشی۔ ج۔ اَنْعَام جج۔ اَنَاعِیْم۔
النَّعْمَۃ۔ بہتری۔ آسودگی۔ دولت۔ مویشی۔
النِّعْمَۃ۔ فائدہ۔ فضل۔ انعام۔ حق۔ ج۔ نِعَمٌ و اَنْعُمٌ و نِعْمَات و نِعَمَات و نِعِمَات۔ فُلَانٌ وَاسِعُ النِّعْمَۃِ۔ فلاں بہت مالدار ہے۔
النَّعْمَاءُ۔ ج۔ اَنْعُمٌ و النُّعْمٰی۔ بابرکت ہاتھ۔ النُّعْمٰی۔ آرام۔ آسودہ حالی۔ مال۔ سَاُنْعِمُکَ نُعْمَ عَیْنٍ و نُعْمَ عَیْنٍ و نَعْمَۃَ عَیْنٍ و نُعْمَۃَ عَیْنٍ و نِعْمَی عَیْنٍ و نُعْمٰی عَیْنٍ و نُعَیْمَ عَیْنٍ و نَعَامَ عَیْنٍ و نِعَامَ عَیْنٍ و نُعَامَ عَیْنٍ و نُعَامٰی عَیْنٍ۔ تمہارے اکرام کے لیے میں عنقریب ایسا کروں گا۔
النُّعْمَۃُ۔ خوشی۔ نُعْمَۃُ العَیْنِ۔ آنکھ کی ٹھنڈک۔
النُّعَامٰی۔ جنوبی ہوا۔
النَّعَامَۃ۔ شتر مرغ (مذکر و مؤنث) ج۔ نَعَام و نَعَامَات و نَعَائِم۔

مذکر کو ظَلِیْمٌ ، اور شتر مرغ کے گلہ
کو بنات الصَّعِیْق۔ بے وقوفی۔ اور
بھاگنے میں اس کی مثال دی جاتی ہے۔
النَّعَامَۃُ ۔ نفس۔ تاریکی۔ خوشی۔ آرام۔
جہالت۔ واضح راستہ۔ کنوئیں میں
اٹھا ہوا پتھر۔ راستہ کا نشان۔ پہاڑ
پر سائبان نما عمارت۔ دماغ کی جھلی۔
لوگوں کی جماعت۔ اِبْنُ النَّعَامَۃِ
پنڈلی کی ہڈی۔ قدم یا تلوا۔ نَفَرَتْ
نَعَامَتُہٗ۔ مرگیا یا کوچ کر گیا۔ جَاءَ
کَالنَّعَامَۃِ۔ محروم لوٹا۔ شَالَتْ
نَعَامَتُہٗ۔ مرگیا۔ شَالَتْ نَعَامَۃُ
القَوْمِ۔ لوگ اپنے گھروں کو خالی چھوڑ
کر متفرق ہوگئے۔ خَفِیْفُ النَّعَامَۃِ
ضعیف العقل۔
النَّعَامُ۔ بیابان۔ النَّعَامُ الصَّادِرُ و
الوَارِدُ۔ ستاروں کے نام۔
النَّعَائِمُ۔ چاند کی منزلوں میں سے ایک
منزل ہے جو آٹھ ستاروں سے مرکب
ہے۔ اس کی اور شتر مرغ کی ایک سی
شکل دکھائی دیتی ہے۔
النُّعُوْمَۃُ۔ مص۔ ملائمت۔
النُّعْمَانُ۔ خون۔ حیرہ کے بادشاہ کا لقب۔
شَقَائِقُ النُّعْمَانِ۔ گل لالہ۔
الإِنْعَامُ۔ مص انعام۔ ج۔ اِنْعَامَاتٌ۔
النَّاعِمُ۔ فا۔ مِنَ الثِّیَابِ۔ ملائم کپڑا۔
مِنَ العَیْشِ۔ آسودہ زندگی۔ مِنَ
النَّبَاتِ۔ سیدھا ہموار پودہ۔
النَّاعِمَۃُ۔ مؤنث النَّاعِمِ۔ آسودہ زندگی
والی۔ باغ۔
النَّعِیْمُ۔ آسودہ حالی۔ آرام۔ مال۔ نعیم
اللّٰہِ۔ اللّٰہ کا فضل۔
المِنْعَمُ۔ جادو۔
المِنْعَامُ۔ بڑا فیاض۔ کَلَامٌ مُنَعَّمٌ۔
نرم کلام۔

المُنَاعِمُ و المُتَنَاعِمُ۔ مِنَ النَّبَاتِ
سیدھا ہموار پودہ۔
المُنَعَّمُ و المُنَاعَمُ و المُتَنَاعِمُ و
المُتَنَاعِمُ۔ خوشحال۔ مالدار۔
نَعْنَعَ۔ لِسَانُ فُلَانٍ۔ زبان میں ہکلاپن ہونا۔
تَنَعْنَعَ۔ الشَّیْءُ۔ مضطرب ہونا۔ جھکنا۔
عنہ۔ دور ہونا۔
النَّعْنَعُ و النُّعْنَاعُ۔ پودینہ۔ واحد نَعْنَعَۃٌ
و نُعْنَاعَۃٌ۔
النُّعْنُعَۃُ۔ جانور کا پوٹا۔
نَعَا یَنْعُوْ نُعَاءً۔ السِّنَّوْرُ۔ بلی کا
میاؤں میاؤں کرنا۔
النَّعْوُ۔ ناک کے نیچے کا دائرہ۔ اونٹ کے
اوپر کے ہونٹ کا شگاف۔ گھوڑے
کے سم کے مؤخر حصہ کی دراڑ۔ تازہ
کھجور۔
نَعَی یَنْعَی نَعْیًا و نَعِیًّا و نُعْیَانًا۔ نَنَا
دالمَیِّتَ فُلَانًا۔ موت کی اطلاع دینا۔
نَعَی القَوْمَ۔ قوم کو میت کے دفن
کے لیے بلانا۔ نَعَیْتُہُ الشَّیْءَ۔ میں
نے اس کو کسی چیز کی خبر دی۔ عَلَی
القَوْمِ شَغْوًا تَهُمْ۔ عیب گیری
کرنا۔ هُوَ یَنْعَی عَلَی فُلَانٍ
ذُنُوْبَہٗ۔ کسی کے گناہوں اور عیبوں
کو ظاہر کرنا۔ شہرت دینا۔ فُلَانٌ
یَنْعَی فُلَانًا۔ کسی سے قصاص
طلب کرنا۔
اَنْعَی۔ علیہ شَیْئًا قَبِیْحًا۔ کسی کو کسی
بری بات پر طعنہ دینا۔ اَنْعَیْتُہُ
الشَّیْءَ۔ میں نے اس کو خبر دی۔
تَنَاعَی۔ القَوْمُ۔ طلب قصاص پر
اکسانے کے لیے مقتولین کی خبر موت
کو بیان کرنا۔
اِسْتَنْعَی۔ القَوْمُ۔ مقتولین کی خبر موت
بیان کرنا تاکہ سب کو طلب قصاص پر

ابھارا جاسکے۔ لوگوں کا متفرق ہونا۔ بکھر
جانا۔ اِسْتَنْعَی ذِکْرُ فُلَانٍ۔ کسی کا
ذکر مشہور کرنا۔ حُبُّ الخَمْرِ بِہٖ۔
شراب کی محبت کا دیر تک رہنا۔
الرَّاعِیُ الغَنَمَ۔ چرواہے کا آگے ہوکر
بکریوں کو اپنے پیچھے بلانا۔
النَّعِیَّۃُ۔ موت کی خبر۔ ج۔ نَعِیَّات۔
النَّاعِیْ۔ فا۔ موت کی خبر لانے والا۔
طعن و تشنیع کرنے والا۔ ج۔ نَاعُوْن
و نُعَاۃٌ و نُعْیَان۔
النَّعِیُّ۔ خبر موت لانے والا۔ جس کی موت
کی خبر دی جائے۔ نَعَاءِ۔ موت کی
خبر دے۔
المَنْعَی و المَنْعَاۃُ۔ موت کا پیغام۔ ج
مَنَاعٍ۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا۔ الرِّیْقُ۔ تھوک نگلنا۔
نَغَبَ (ن) نَغْبًا۔ الرَّجُلُ فِی الشُّرْبِ
گھونٹ گھونٹ پینا۔
نَغَبَ (ف) نَغْبًا۔ الطَّائِرُ۔ پرندہ کا
پانی پینا۔
النَّغْبَۃُ و النُّغْبَۃُ۔ گھونٹ۔ ج۔ نُغَبٌ۔
النُّغْبَۃُ۔ برا کام۔
نَغَتَ (ف) نَغْتًا۔ الشَّعْرَ۔ بال کھینچنا۔
النَّغْتُ۔ دائمی سخت مصیبت۔
نَغَرَتْ (ف ض)، و نَغِرَتْ (س) نَغِیْرًا
و نَغَرَانًا۔ القِدْرُ۔ ہانڈی کا ابلنا۔
نَغَرَ و نَغِرَ نَغْرًا و نَغَرَانًا۔ الرَّجُلُ
عَلَی فُلَانٍ۔ غضبناک ہونا۔
(صفت مذکر) نَغِرٌ۔ (صفت مؤنث)
نَغِرَۃٌ۔ النَّاقَۃُ۔ اونٹنی کو آواز
دینا۔ بلانا۔
نَغَرَ (س) نَغْرًا۔ مِنَ المَاءِ۔ بہت پانی
پینا۔ الرَّجُلُ۔ کینہ رکھنا۔
نَغَّرَ۔ الصَّبِیَّ۔ بچہ کو گدگدانا۔ بِالنَّاقَۃِ
اونٹنی کو آواز دے کر بلانا۔

تَنَغَّرَ۔ الرَّجُلُ۔ غصہ سے طیش میں آنا۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ دگرگوں ہونا۔ غضبناک ہونا۔
اَنْغَرَتِ الْبَيْضَةُ۔ انڈے کا خراب ہونا
تَنَاغَرَ۔ بھیس بدلنا۔
النَّغْرُ۔ مم۔ کھارے پانی کا چشمہ۔
النُّغَرُ۔ بُلبل۔ چڑیوں کے بچے۔ ج۔ نِغْرَانٌ۔
النَّغَّارُ۔ تیزمزاج۔ چڑچڑا۔ جُرْحٌ نَغَّارٌ۔ بہت خون بہانے والا زخم۔
نَغَزَ (ف) نَغْزًا۔ الصَّبِيَّ۔ بچہ کو گدگدانا۔ بَيْنَ الْقَوْمِ۔ قوم میں فساد ڈالنا۔ بعض کو بعض کے خلاف اکسانا۔
النَّغَّازُ۔ فتنہ انگیز۔
نَغَشَ (ف) نَغْشًا و نَغَشَانًا۔ بیقرار ہونا۔ ہلنا۔ هُوَ يَنْغَشُ اِلٰى فُلَانٍ۔ وہ فلاں کی طرف مائل ہے۔
تَنَغَّشَ و اِنْتَغَشَ۔ الشَّيْءُ۔ حرکت میں آنا۔ بے قرار ہونا۔ اِنْتَغَشَ و تَنَغَّشَ الرَّأْسُ بِالْقَمْلِ۔ سر کا جوؤں سے بھر جانا۔
النَّغْشَةُ۔ حرکت۔ اضطراب۔
النُّغَاشُ و النُّغَّاشُ و النُّغَاشِيُّ۔ بہت چھوٹے قد والا۔ بہت پستہ قد۔
النُّغَاشُ۔ رذیل۔ غنڈے۔
نَغِصَ (س) نَغَصًا۔ الْبَعِيرُ۔ اونٹ کا سیراب نہ ہونا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کی مراد پوری نہ ہونا۔
نَغَصَهُ (ف) نَغْصًا۔ پانی کے حصہ سے روک دینا یا بالکل پانی پینے نہ دینا۔
اَنْغَصَ و نَغَّصَ۔ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْعَيْشَ و نَغَّصَ عَيْشَهُ۔ زندگی کو بدمزہ کر دینا۔ نَغَّصَ فُلَانًا۔ زندگی مکدر کر دینا۔ اَنْغَصَ فُلَانًا رَغْبَتَهُ۔ کسی کے حاصل سوال کو پورے نہ دینا۔

نُغِّصَ تَنْغِيصًا۔ پوری خوشگواری نصیب نہ ہونا۔
تَنَغَّصَ۔ الْعَيْشُ۔ زندگی کا مکدر اور بدمزہ ہونا۔
تَنَاغَصَتِ الْإِبِلُ۔ اونٹوں کا بھیڑ کرنا۔
النُّغْصَةُ۔ وہ چیز جو مراد حاصل کرنے سے روک دے۔ ج۔ نُغَصٌ۔
نَغَضَ (ن ض) نَغْضًا و نُغُوضًا و نَغَضَانًا۔ کانپنا۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ نَغَضُوا اِلَى الْعَدُوِّ۔ دشمن کے مقابلہ کے لیے اٹھنا۔ الشَّيْءَ و بِالشَّيْءِ۔ حرکت دینا۔ نَغَضَ نَغْضًا۔ زیادہ ہونا۔ السَّحَابُ۔ بادل کا گہرا چھا جانا۔
اَنْغَضَ۔ الشَّيْءُ۔ ہلنا۔ بے قرار ہونا۔ رَأْسَهُ۔ تعجب یا مسخری سے سر ہلانا۔
النَّغِضُ۔ چلنے میں کانپنے والا۔ سر ہلانے والا۔
النَّاغِضُ۔ ج۔ نُغُضٌ۔ النَّاغِضُ مِنَ الْاِنْسَانِ۔ گردن کی جڑ۔
غَيْمٌ نَاغِضٌ۔ ایک دوسرے کے پیچھے چلنے والے بادل۔ ر۔ و النُّغْضُ مِنَ الْكَتِفِ۔ مونڈھے کے کنارے کی پتلی ہڈی۔
النَّغَّاضُ۔ مِنَ السَّحَابِ۔ آگے پیچھے چلنے والے بادل۔ رَجُلٌ نَغَّاضُ الْبَطْنِ۔ موٹے پیٹ والا کہ بسبب موٹاپے کے پیٹ پر بلیں پڑی ہوں۔
النَّغُوضُ۔ بڑے کوہان کی اونٹنی۔
نَغِفَ (س) نَغَفًا۔ الْبَعِيرُ۔ اونٹ کی ناک میں کیڑا ہونا۔
النَّغَفُ جمع۔ اونٹ اور بکری کی ناک میں پیدا ہونے والا کیڑا۔ واحد نَغَفَةٌ۔ النَّغَفُ۔ خشک رینٹھ۔
نَغَقَ (ن ض) نَغَاقًا و نَغِيقًا۔ الْغُرَابُ۔ کوے کا کائیں کرنا۔

النَّغَّاقُ۔ بہت کائیں کائیں کرنے والا۔
نَغِلَ (س) نَغَلًا۔ الْجِلْدُ۔ کھال کا دباغت میں خراب ہونا۔ الْجُرْحُ۔ زخم کا خراب ہونا۔ زخم میں چورہ رہ جانا۔
نَغِلَتْ نِيَّتُهُ۔ نیت بگڑ جانا۔
نَغِلَ قَلْبُهُ عَلَيَّ۔ کینہ رکھنا۔ بَيْنَهُمْ۔ فساد ڈالنا۔ چغلخوری کرنا۔
نَغَلَ (ن) نُغُولَةً۔ الْمَوْلُودُ۔ نسب بگڑنا۔ النِّغْلَةُ۔ اسم مصدر۔
اَنْغَلَ۔ الْجِلْدَ۔ چمڑا رنگنے میں خراب کر دینا۔ اسم النَّغْلَةُ۔
النَّغَلُ۔ مم۔ لوگوں کے درمیان شرانگیزی چغلخوری۔
النَّغْلَةُ۔ چغلخوری۔
النَّغْلُ و النَّغِلُ۔ مؤنث نَغْلَةٌ۔ و نَغِلَةٌ و النَّغِيلُ۔ خراب۔ فاسد۔ حرامی بچہ۔
النَّغِيلَةُ۔ چمڑے کو خراب کرنے والا کیڑا۔
نَغَمَ (ن ض) و نَغِمَ (س) نَغْمًا و نَغَمًا و تَنَغَّمَ۔ الرَّجُلُ۔ گانے میں سُر نکالنا۔ نَغَمَ فِي الشَّرَابِ۔ تھوڑا سا پینا۔ سَكَتَ فَمَا نَغَمَ بِحَرْفٍ۔ خاموش ہوا اور ایک حرف نہیں بولا۔
نَاغَمَ مُنَاغَمَةً۔ بہت آہستہ گفتگو کرنا۔
النَّغْمُ و النَّغَمُ۔ گانے میں سُر۔ ج۔ اَنْغَامٌ۔ جج۔ اَنَاغِيمُ۔
النَّغَّامُ۔ بہت سُر نکالنے والا۔
النَّغْمَةُ و النَّغَمَةُ۔ سریلی آواز۔ ج۔ نَغَمَاتٌ۔
نَغَا يَنْغُو نَغْوًا و نَغِيَ يَنْغَى نَغْيًا و اَنْغَى اِلَيْهِ۔ صاف صاف بات کرنا۔
نَاغَى۔ الصَّبِيَّ۔ بچہ کو باتوں سے خوش کرنا۔ الْمَرْأَةَ۔ عورت سے عشق بازی کرنا۔ الرَّجُلَ۔ مقابلہ کرنا۔ قریب ہونا۔

غالب ہونے کی کوشش کرنا۔ التَّوْبِيْجُ
السَّحَابَ۔ موج کا بادل کی طرف
اٹھنا۔
تَنَافَثَ۔ القَوْمُ۔ ایک دوسرے کا مقابلہ کرنا
غالب آنے کی کوشش کرنا۔
النَّافِثِيَّةُ۔ کلمہ۔
النَّفُوْثَةُ و النَّفِيْثَةُ۔ نغمہ۔ شعر۔ عمدہ
کلام۔ افواہ۔
نَفَثَ (ن)، نَفْثًا۔ الارضَ۔ زمین میں کوئی
چیز بونا۔
نَفَثَ (س)، نَفْثًا۔ السَّوِيْقَ۔ ستو پھانکنا۔
النَّفِيْثُ۔ ستو چھاننے کی میز وغیرہ۔ ج۔
نَفَائِثُ۔
النَّفِيْثَةُ و النُّفْثِيَّةُ و النُّفْثُ۔ کھجور کی پتیوں
کا بنا ہوا گول دسترخوان۔
النَّفِيْفُ۔ اونٹ کے پالان کا تنگ۔
النُّفَثَا۔ نباتات کے متفرق قطعات۔ چھوٹے
باغ۔ نازک چھوٹے پودے۔ واحد
(نُفَثَاةٌ)
نَفَثَتْ (س)، نَفْثًا و نَفَثَانًا و نَفِيْثًا و
نَافَثَتْ۔ القِدْرُ۔ ہانڈی کا زور
سے ابلنا۔ صفت نَفُوْثٌ۔
نَفَثَ و نَافَثَ۔ الرَّجُلُ۔ غضبناک ہونا
غصہ میں بھر جانا۔
النَّفِيْثَةُ۔ وہ آٹا جس پر پانی یا دودھ ڈالا
جائے۔
نَفَثَ (ن ض)، نَفْثًا و نَفَثَانًا۔ البُصَاقَ
مِنْ فِيْهِ۔ منہ سے تھوک پھینکنا۔
الجُرْحُ الدَّمَ۔ زخم کا خون نکالنا۔
الرَّجُلُ۔ تھوکنا۔ نَفَثَتِ الحَيَّةُ
السُّمَّ۔ سانپ کا زہر نکالنا۔
القَلَمُ۔ لکھنا۔ فلانًا۔ کسی پر جادو
کرنا۔ نَفَثَ اللّٰهُ فِيْ قَلْبِهِ۔ خدا
نے اس کے دل میں ڈالا۔ نَفَثَ فِيْ
رُوْعِيْ۔ مجھے الہام ہوا۔

تَنَافَثَهُ مُنَافَثَةً۔ پوشیدگی میں بات کہنا۔
النَّفْثُ۔ مص۔ بلغم۔ نَفْثُ الشَّيْطَانِ۔ غزلیہ
اشعار۔ مَا اَحْسَنَ نَفَثَاتُ فُلَانٍ۔
فلاں کے شعر کیسے اچھے ہیں۔
النُّفَاثَةُ۔ تھوک۔
النَّافِثُ و النَّفَّاثُ۔ جادوگر۔ مؤنث
نَافِثَةٌ و نَفَّاثَةٌ۔
النَّفِيْثُ۔ زخم سے بہنے والا خون۔
المَنْفُوْثُ۔ جادو کیا ہوا۔
نَفَجَ (ن)، نَفْجًا و نَفَجَانًا و نُفُوْجًا۔
الاَرْنَبُ او اليَرْبُوْعُ۔ خرگوش یا
جنگلی چوہے کا دوڑ کر نکل جانا۔
نَفَجَتِ الرِّيْحُ۔ ہوا کا تیزی سے
چلنا۔ الطَّرِيْقُ بِالقَوْمِ۔ راستہ
میں قوم کا اچانک نمودار ہونا۔ نَفَجَ
نَفْجًا۔ الاِنْسَانُ۔ جھوٹا فخر کرنا۔
۔ الفَرُّوْجَةُ۔ انڈے سے مرغی کے
بچے کا نکلنا۔ الاَرْنَبَ وَغَيْرَهَا۔
خرگوش کو بھڑکا کر نکالنا۔ الشَّيْءَ۔
اٹھانا۔ السِّقَاءَ۔ مشک بھرنا۔
اَنْفَجَ۔ الاَرْنَبَ۔ خرگوش کو بھڑکا کر
نکالنا۔ الحَالِبُ۔ دوہتے وقت
برتن کو تھن سے علیحدہ کرنا۔
تَنَفَّجَ و اِنْتَفَجَ۔ بلند ہونا۔ الرَّجُلُ۔
جھوٹی صفات پر فخر کرنا۔
اِنْتَفَجَ۔ الاَرْنَبُ۔ خرگوش کا دوڑنا۔
کھڑا ہونا۔
اِسْتَنْفَجَ۔ الشَّيْءَ۔ نکالنا۔ ظاہر کرنا۔
النَّافِجُ۔ فا۔ کرخت آواز۔
النَّافِجَةُ۔ مؤنث النَّافِجِ۔ بمعنی بارش
برسانے والا بادل۔ ہوا کا زور کا
جھونکا۔ پسلی۔ آخری پسلی۔ مشک کا
برتن۔ نافہ۔ ج۔ نَوَافِجُ۔
النَّفَّاجُ۔ مغرور۔ متکبر۔
النِّفَاجَةُ۔ آستین کے نیچے کا مربع ارم

النَّفِيْجَةُ۔ کمان۔ ج۔ نَفَائِجُ۔
النَّفِيْجُ۔ قوم میں اجنبی۔ ج۔ نُفُجٌ۔
النُّفُجُ۔ بزدل اور سست لوگ۔
هُوَ نَفُجُ الحَقِيْبَةِ۔ وہ موٹے
سُرین والا ہے۔
الاَنْفَجَانِيُّ۔ کلام میں افراط کرنے والا۔
المَنْفُوْجُ۔ وسیع پہلوؤں والا اونٹ۔
نَفَحَ (ف)، نَفْحًا و نَفَحَانًا و نُفُوْحًا و
نَفَاحًا۔ الطِّيْبُ۔ خوشبو مہکنا۔
نَفَحَتِ الرِّيْحُ۔ ہوا کا چلنا۔ نَفَحَ العِرْقُ
رگ سے خون نکلنا۔ نَفَحَتْ۔
الدَّابَّةُ الرَّجُلَ۔ کھُر کے سرے سے
جانور کا آدمی کو مارنا۔ نَفَحَ فُلَانًا
بِالسَّيْفِ۔ تلوار کی ہلکی سی ضرب لگانا
نَفَحَهُ بِكَذَا۔ دینا۔ نَفَحَ نَفْحَتَهُ۔
کنگھا کرنا۔ الشَّيْءَ۔ بٹانا۔ نَافَحَهُ
مُنَافَحَةً۔ جھگڑا کرنا۔
نَافَحَ۔ عَنْ فُلَانٍ۔ کسی کی جانب سے
مدافعت کرنا۔
اِنْتَفَحَ۔ بِفُلَانٍ۔ مقابلہ کرنا۔ اِلٰى مَوْضِعٍ
واپس آنا۔
النَّفْحُ۔ مص۔ النَّفْحُ مِنَ الرِّيَاحِ۔ سردی
میں ہوا کا چلنا۔ اور گرمی میں ہوا کے چلنے
کو اللَّفْحُ کہتے ہیں۔
النَّفْحَةُ۔ ہوا کا جھونکا۔ تیز بو۔ بخشش۔ خون
کا فوارہ۔ ج۔ نَفَحَاتٌ۔
النَّفُوْحُ۔ مِنَ النُّوْقِ۔ وہ اونٹنی جس کا
دودھ ٹپکتا رہے۔ مِنَ القِسِيِّ۔
تیر دور پھینکنے والی کمان۔ ریحٌ
نَفُوْحٌ۔ تیز چلنے والی ہوا۔
النَّفَّاحُ۔ فیاض۔ طَعْنَةٌ نَفَّاحَةٌ۔ زور
سے خون نکالنے والا نیزہ۔
النَّفِيْحُ و المِنْفَحُ۔ بے جا مداخلت کرنے والا۔
الاَنْفَحَةُ و الاِنْفَحَةُ و الاِنْفَحَّةُ۔ و
المِنْفَحَةُ۔ بکری کے بچے کے معدہ کا پنیر

نَفَخَ (ن) نَفْخًا و نَفِيْخًا۔ بِفَمِہٖ۔ پھونک مارنا۔ نَفَخَ الضُّحٰی۔ دن چڑھنا۔ نَفَخَتِ الرِّیْحُ۔ ہوا کا اچانک چلنا۔ نَفَخَ شِدْقَیْہِ۔ تکبر کرنا۔ نَفَخَ الشَّیْطَانُ فِیْ اَنْفِہٖ۔ اپنے متعلق ایسی ڈینگ مارنا جس کی کوئی حقیقت نہ ہو۔ نَفَخَہُ الطَّعَامُ سیر کرنا۔

تَنَفَّخَ۔ پھولنا۔ اِنْتَفَخَ۔ پھولنا۔

اِنْتَفَخَ۔ الشَّیْءُ۔ چیز کا بلند ہونا۔ النَّھَارُ۔ دن چڑھنا۔ الرَّجُلُ۔ بڑا بننا۔ تکبر کرنا۔

النَّفْخُ۔ مص۔ فخر۔ تکبر۔

النَّفَخُ۔ جانوروں کے ٹخنے کا ورم۔

النُّفُخُ۔ بھری جوانی والا۔

النَّفْخَۃُ۔ سانس۔ ریح۔ نَفْخَۃُ الشَّبَابِ۔ بھری جوانی۔ نَفْخَۃُ الرَّبِیْعِ۔ موسم بہار کی تر و تازگی۔

النُّفَّاخُ۔ ورم۔ پھلاؤ۔

النُّفَّاخَۃُ۔ پانی کا بلبلہ۔ مچھلی کے پیٹ کے اندر کا پھکنا۔ ج۔ نُفَّاخَات۔

النَّافِخُ۔ فا۔ مَا بِالدَّارِ نَافِخُ ضَرَمَۃٍ۔ گھر میں کوئی نہیں۔

النَّافُوْخُ (بچے یا فرخ کے) چندیا۔

النَّفِیْخُ۔ مص۔ آگ پھونکنے پر مقرر کیا ہوا۔

رَجُلٌ اَنْفُخَانٌ و اِنْفَخَانٌ۔ و اُنْفُخَانِیٌّ۔ پر گوشت موٹا۔

المِنْفَاخُ و المِنْفَخُ۔ لوہار کی دھونکنی۔ ج مَنَافِیْخُ و مَنَافِخُ۔ مَنَافِخُ الشَّیْطَانِ۔ شیطانی وسوسے۔

المَنْفُوْخُ۔ مفع۔ بڑے پیٹ والا۔ موٹا۔ بزدل۔

نَفِدَ (س)، نَفَدًا و نَفَادًا۔ الشَّیْءُ۔ ختم ہونا۔ فنا ہونا۔

نَفَدَ (ن)، نَفْدًا۔ القَوْمَ۔ لوگوں سے آگے بڑھ جانا۔

اَنْفَدَ۔ القَوْمُ۔ قوم کا مال اور توشہ ختم ہونا۔ اَنْفَدَتِ البِئْرُ۔ کنویں کے پانی کا سوکھ جانا۔ اَنْفَدَ الشَّیْءَ۔ چیز کو خرچ کر دینا۔ القَوْمَ۔ لوگوں کو چیر کر ان میں گھسنا اور بیچ میں چلنا۔

نَافَدَہٗ مُنَافَدَۃً۔ باہم حاکم کے پاس جانا۔ جھگڑا کرنا۔ ایک دوسرے کی حجت کو باطل کرنا۔

اِنْتَفَدَ و اسْتَنْفَدَ۔ الشَّیْءَ۔ فنا کرنا۔ خرچ کرنا۔ اِسْتَنْفَدَ وُسْعَہٗ۔ اپنی پوری طاقت لگا دینا۔ اِنْتَفَدَ الحَقَّ۔ پورا حق لے لینا۔ اللَّبَنَ۔ دودھ دوہنا۔

تَنَافَدَ الخَصْمَانِ اِلَی القَاضِیْ۔ اپنا فیصلہ قاضی کے پاس لے جانا۔ تَنَافَدَ القَوْمُ۔ آپس میں جھگڑنا۔

المُنَافِدُ۔ فا۔ مقدمہ باز۔ جھگڑالو۔

المُنْتَفِدُ۔ فا۔ قَعَدَ مُنْتَفِدًا۔ وہ الگ رہا۔

المُنْتَفَدُ۔ مفع۔ فِیْ ھٰذَا الشَّیْءِ مُنْتَفَدٌ عَنْ غَیْرِہٖ۔ اس چیز میں بہ نسبت غیر کے وسعت ہے۔

نَفَذَ (ن)، نَفْذًا و نُفُوْذًا و نَفَاذًا۔ السَّھْمُ الشَّیْءَ۔ چھید کر پار ہو جانا۔ نَفَذَ السَّھْمُ الرَّمِیَّۃَ و فِیْھَا و مِنْھَا۔ تیر کا شکار میں لگ کر پار ہو جانا۔ فُلَانٌ القَوْمَ۔ قوم سے آگے گذر جانا۔

نَفَذَ (ن)، نُفُوْذًا و نَفَاذًا۔ الاَمْرُ اَوِ القَوْلُ۔ حکم یا قول پورا ہونا۔ نَفَذَ الطَّرِیْقُ۔ راستہ کا شاہراہ ہونا۔ صفت (نَافِذٌ)۔ نَفَذَ الکِتَابُ اِلٰی [illegible]

الاَمْرَ۔ کام کامیابی سے چلانا۔ نَفَذَ لِوَجْھِہٖ۔ اپنی حالت پر گذرنا۔

نَافَذَہٗ۔ فیصلہ کے لیے جانا۔

نَفَّذَ و اَنْفَذَ۔ السَّھْمَ الرَّمِیَّۃَ تیر کو شکار کے پار کر دینا۔ الکِتَابَ اِلٰی فُلَانٍ۔ کتاب کسی کے پاس بھیجنا۔ الحَاکِمُ الاَمْرَ۔ حکم نافذ و جاری کرنا۔ الرَّجُلُ القَوْمَ۔ قوم کے بیچ میں چلنا۔ آگے گذر جانا۔ اَنْفَذَ عَھْدَہٗ۔ عمل میں لانا۔

تَنَافَذَ۔ القَوْمُ اِلَی الحَاکِمِ۔ فیصلہ کے لیے پیش کرنا۔

النَّفَذُ۔ جاری کرنا۔ چھلنی۔ نکلنے کی جگہ۔ ج۔ اَنْفَاذ۔

النَّافِذُ۔ فا۔ ہر کام کو کر گذرنے والا۔ طَرِیْقٌ نَافِذٌ۔ شاہراہ۔ اَمْرٌ نَافِذٌ ایسا حکم جس کی فرمانبرداری کی جائے۔

النَّافِذَۃُ۔ مؤنث النَّافِذ۔ کھڑکی۔ روشندان۔ ج۔ نَوَافِذُ۔ نَوَافِذُ و مَنَافِذُ الاِنْسَانِ۔ انسان کے جسم کے سوراخ۔ جیسے منہ ناک وغیرہ۔

النَّفَّاذُ و النَّفُوْذُ۔ ہر کام کو کر گذرنے والا۔ ہر کام میں طاق۔

النُّفْذَۃُ۔ مہرہ۔ ج۔ نُفَذ۔

النَّفِیْذُ۔ نافذ۔

المَنْفَذُ۔ گذرگاہ۔ باہر نکلنے کا راستہ۔ ج مَنَافِذُ۔

المَنْفُوْذُ۔ کسی چیز کے نفوذ کرنے کی جگہ۔ ج مَنَافِذ۔

المُنْفَسَحُ۔ کشادگی۔ گنجایش۔

نَفَرَتْ (ن ض)، نُفُوْرًا و نِفَارًا و نَفِیْرًا۔ الدَّابَّۃُ مِنْ کَذَا۔ جانور کا بدکنا۔ چھکنا۔ صفت نَافِرٌ و نَفُوْرٌ۔

نَفَرَ (ض)، نَفْرًا۔ مِنْ کَذَا۔ نفرت کرنا۔ ناپسند کرنا۔ عَنْ کَذَا۔ اعراض کرنا۔

القومُ۔ متفرق ہونا۔ نَفَرَ اِلَی الشّیءِ
جلدی کرنا۔ (نُفُورًا) العَیْنُ
وغیرُھَا۔ آنکھ کا سُوجنا۔ نَفَرَ (نَفْرًا)
فلانًا۔ غالب آنا۔ (نَفْرًا و نُفُورًا)
الحَاجُّ مِنْ مِنٰی۔ منٰی سے واپس
ہونا۔ (نَفْرًا و نُفُورًا و نِفَارًا
و نَفَرَانًا) الظَّبْیُ و غَیْرُہٗ۔
ہرن کا بھاگنا۔ دور ہونا۔ نِفَارًا
و نُفُورًا و نَفِیْرًا) القومُ لِلقِتَالِ
او الاَمْرِ۔ چل دینا۔
نَفَّرَہٗ۔ بھگانا۔ نَفَّرَہٗ عَلٰی فُلَانٍ۔
کسی پر غالب ہونے کا فیصلہ دینا۔
نَفَّرَہٗ الشّیءَ و عَلَی الشّیءِ و بِالشّیءِ
غالب ہونا۔ نَفَّرَ عَنْ فُلَانٍ۔ بُرا
لقب دینا۔
اَنْفَرَہٗ۔ بھگانا۔ اَنْفَرَ القومُ۔ قوم
کے اونٹوں کا بھاگ جانا۔ القومُ
فلانًا۔ مدد دینا۔ الحَاکِمُ فلانًا عَلٰی
فُلَانٍ۔ غلبہ کا حکم دینا۔
نَافَرَہٗ نِفَارًا و مُنَافَرَۃً۔ فیصلہ کے لیے
جانا۔ حسب ونسب میں فخر کرنا۔
تَنَافَرَ۔ الرَّجُلَانِ۔ آپس میں فیصلہ کے
لیے جانا۔ باہم فخر کرنا۔ القومُ لِلاَمْرِ
چل دینا۔
اِسْتَنْفَرَہٗ۔ بھگانا۔ اِسْتَنْفَرَ القومَ۔
قوم سے مدد چاہنا۔ قوم کو جنگ کے
لیے جمع کرنا۔ الظَّبْیُ۔ ہرن کا بھاگ
جانا۔ اِسْتَنْفَرَ فُلَانٌ ثَوْبِیْ۔
فلاں نے میرے کپڑے لے جا کر گم
کر دیے۔
النَّفْرُ۔ مص۔ جمع النَّافِرُ۔
النَّفْرُ و النَّفْرَۃُ۔ جنگ جوؤں کا گروہ۔
جھگڑوں کا گروہ۔ تین سے لے کر
دس تک کی جماعت۔ نَفْرَۃُ الرَّجُلِ
آدمی کا خاندان۔ عِفْرٌ نِفْرٌ۔ عِفْرِیْنٌ

نِفْرِیْتٌ۔ خبیث۔ سرکش۔
النَّفَرُ۔ سارے لوگ۔ تین سے لے کر دس
تک کی جماعت۔ ج۔ اَنْفَارٌ۔
ثَلَاثَۃُ نَفَرٍ او اَنْفَارٍ۔ تین آدمی۔
یَوْمُ النَّفَرِ۔ او النَّفْرِ او النَّفِیْرِ
او النُّفُوْرِ۔ ذی الحجہ کی بارھویں
تاریخ جبکہ حاجی منٰی سے واپس ہو کر
مکہ معظمہ کی طرف رُخ کرتے ہیں۔
النُّفْرَۃُ۔ حکم۔ فیصلہ د۔ و النُّفَرَۃُ،
نظر بد سے بچاؤ کے لیے بچوں کا
تعویذ۔
النِّفَارُ۔ مص۔ اَنْرِیخ ہونا۔
النُّفَارَۃُ۔ حکم۔ جو کچھ غالب مغلوب
سے لے۔
النَّافِرُ۔ غالب۔ ج۔ نَفَرٌ و نُفَّرٌ۔
النَّافِرَۃُ۔ مؤنث النَّافِرُ۔ رشتہ دار۔
واقف لوگ۔
النَّفُوْرُ و النَّفُوْرُ و المُسْتَنْفِرُ۔ بھاگنے
والا۔ بہت تیز بھاگنے والا۔
النَّفِیْرُ۔ مص۔ دس سے کم آدمیوں کا گروہ۔
لڑائی کی طرف کوچ کرنے والے لوگ۔
بگل۔ ج۔ اَنْفِرَۃٌ۔ و النَّفِیْرُ العَامُّ
عوام کا دشمن سے مقابلے کے لیے اٹھ
کھڑا ہونا۔
النَّفَارِیْرُ۔ چرواہے۔ واحد نُفْرُوْسٌ۔
المُسْتَنْفَرُ۔ مفعو۔ بھگایا ہوا۔
المَنْفُوْرُ۔ حصم۔ مغلوب
نَفَزَ (ض) نَفْزًا و نُفُوْزًا و نَفَزَانًا۔
الظَّبْیُ۔ ہرن کا ذقن بھرنا۔
نَفَّزَہٗ۔ کودانا۔ نَفَّزَتِ المَرْاَۃُ
وَلَدَھَا۔ عورت کا اپنے بچہ کو
اچھالنا۔ نَفَّزَ و اَنْفَزَ السَّھْمَ۔
تیر کی سیدھ دیکھنے کے لیے اس کو
ناخن پر گھمانا۔
تَنَافَزَ۔ باہم اچھلنا کودنا۔

النُّفَّیْزُ و النُّفَیْزَۃُ۔ کمھن جو ٹکی میں اکٹھا
نہ ہو سکے۔
النَّیْفُوْزَیٰ۔ مِنَ الظِّبَاءِ۔ بہت چھلانگیں
مارنے والا ہرن۔
نَفِسَ (س)، نَفْسًا و نَفَاسِیَۃً۔
بِالشّیءِ۔ بخل کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ
بِخَیْرٍ۔ حسد کرنا۔ (نَفَاسَۃً) الشّیءَ
عَلٰی فُلَانٍ۔ نا اہل سمجھنا۔
نَفَسَہٗ (ن)، نَفْسًا۔ بِنَفْسٍ۔ (ای
بِعَیْنٍ)، نظر بد لگانا۔
نَفِسَتْ (س)، و نُفِسَتْ و نَفْسًا و
نَفَاسَۃً و نِفَاسًا۔ المَرْاَۃُ
غُلَامًا۔ عورت کا بچہ جننا۔ نُفِسَ
فلانٌ۔ پیدا ہونا۔ صفت (مَنْفُوْسٌ)
نَفُسَ (ک)، نَفَاسَۃً و نِفَاسًا و
نُفُوْسًا و نَفَسًا۔ نفیس اور پسندیدہ
ہونا۔
نَفَّسَ تَنْفِیْسًا۔ عَنْہُ الکُرْبَۃَ۔ غم
سے دور کرنا۔ تسلی دینا۔ نَفَّسَ
فلانًا۔ کسی کو مہلت دینا یا اس کے
غم کو زائل کر دینا۔ نَفَّسَہٗ فِی الاَمْرِ۔
ترغیب دینا۔
نَافَسَ نِفَاسًا و مُنَافَسَۃً۔ فلانًا
فِی الاَمْرِ۔ باہم فخر کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
فِی الشّیءِ۔ مبالغہ کرنا۔ بیش قیمت کرنا۔
کرم میں مقابلہ کی رغبت کرنا۔
اَنْفَسَ۔ الشّیءُ۔ نفیس ہونا۔ الشّیءُ
فلانًا۔ پسند آنا۔ فلانًا فِی الشّیءِ۔
رغبت دلانا۔
تَنَفَّسَ۔ سانس لینا۔ الصُّبْحُ۔ صبح
کا روشن ہونا۔ القَوْسُ۔ کمان کا چٹخنا
۔ النَّھْرُ۔ نہر کا پانی زیادہ ہونا۔
النَّھَارُ۔ دوپہر ہونا۔ الرَّجُلُ۔
لمبی لمبی باتیں کرنا۔ الرَّجُلُ فِی الاِنَاءِ
پانی کا ایک ہی سانس میں پینا۔

تَنَفَّسَ الصُّعَدَاءَ ۔ تھکن یا غم سے
لمبے لمبے سانس لینا ۔
تَنَافَسَ ۔ القَوْمُ فِی الاَمْرِ ۔ مبالغہ کرنا ۔
بطور مقابلہ رغبت کرنا ۔
النَّفْسُ ۔ مؤ ۔ روح ۔ خون ۔ بدن ۔ هُوَ
عَظِيْمُ النَّفْسِ ۔ وہ بڑے جسم کا
ہے ۔ نظر بد ۔ شخص ۔ نَفْسُ الشَّیْءِ ۔
عین شے ۔ نَفْسُ الاَمْرِ ۔ حقیقت امر ۔
النَّفْسُ ۔ عظمت ۔ ہمت ۔ عزت ۔ ارادہ ۔
رائے ۔ عیب ۔ سزا ۔ پانی ۔ نفس سے اگر
روح مراد لیں تو وہ مؤنث ہوتا ہے ۔
جیسے کہتے ہیں ۔ خَرَجَتْ نَفْسُهٗ ۔
اگر شخص مراد ہو تو مذکر ہوتا ہے ۔
جیسے کہتے ہیں خَمْسَةَ عَشَرَ نَفْسًا ۔
ج ۔ اَنْفُسٌ و نُفُوْسٌ ۔ فِیْ نَفْسِیْ
اَنْ اَفْعَلَ كَذَا ۔ میرا ارادہ ہے کہ
میں ایسا کروں ۔ فُلَانٌ يُؤَامِرُ
نَفْسَيْهِ و يُشَاوِرُهُمَا ۔ یعنی فلاں
اپنے معاملہ میں متردد ہے ۔ اور اس کی
دو رائیں ہیں ۔ مگر کسی پر اس کو ثبات
نہیں ۔ خَرَجَتْ نَفْسُهٗ و جَادَ
بِنَفْسِهٖ ۔ وہ مر گیا ۔
النَّفَسُ ۔ مذ ۔ جھونکا ۔ سانس ۔ وسعت
مہلت ۔ کہتے ہیں ۔ اِعْمَلُوْا الخَيْرَ
وَ اَنْتُمْ فِیْ نَفَسِ البَقَاءِ ۔ عمل
خیر کرو اس حال میں کہ تم کو زندگی میں
مہلت نصیب ہو ۔ لمبی گفتگو ۔ گھونٹ ۔ ج ۔ اَنْفَاسٌ ۔ کہتے ہیں
هٰذَا شَرَابٌ ذُوْ نَفَسٍ ۔ یہ میٹھی
پسندیدہ شراب ہے ۔ نَفَسُ
السَّاعَةِ ۔ آخری زمانہ ۔ نَفَسُ
الشَّاعِرِ او المُؤَلِّفِ ۔ شاعر یا
مصنف کا اسلوب تحریر ۔
النِّفَاسُ ۔ مؤ ۔ زچگی ۔ ولادت کے بعد
کا خون ۔

النَّفْسَةُ ۔ مہلت ۔
النَّافِسُ ۔ فا ۔ حاسد ۔ قیمتی ۔ نظر بد والا ۔ جوئے
کا چوتھا یا پانچواں تیر ۔
النَّفِيْسُ ۔ بہت مال ۔ شَیْءٌ نَفِيْسٌ ۔
پسندیدہ عمدہ چیز ۔ اس کے مقابلہ
میں خسیس آتا ہے ۔ رَجُلٌ نَفِيْسٌ ۔
حاسد آدمی ۔
الاَنْفَسُ ۔ اسم تفضیل ۔ زیادہ وسیع
زیادہ قیمتی و مہنگا ۔
النُّفَسَاءُ و النَّفْسَاءُ و النَّفَسَاءُ ۔ زچہ ۔
تثنیہ نُفَسَاوَانِ ۔ ج ۔ نِفَاسٌ و
نُفُسٌ و نُفْسٌ و نُفَّسٌ و نُفَّاسٌ و
نَوَافِسُ و نُفَسَاوَاتٌ ۔
النَّفُوْسُ ۔ حاسد نگاہیں ۔
المَنْفُوْسُ ۔ نوزائیدہ بچہ ۔
المُتَنَفَّسُ ۔ سانس کا راستہ ۔
نَفَشَ (ن) نَفْشًا و نَفَّشَ ۔ القُطْنَ
او الصُّوْفَ ۔ روئی یا اون دھننا ۔
نَفَشَ نُفُوْشًا ۔ القَوْمُ ۔ قوم کا انزال
میں ہونا ۔ فُلَانٌ عَلَی الشَّیْءِ ۔ کھانے
کے لیے رخ کرنا ۔
نَفَشَتْ (ض ن) و نَفِشَتْ (س)
نَفْشًا ۔ الاِبِلُ او الغَنَمُ ۔ اونٹوں
یا بکریوں کا رات کو بغیر چرواہے کے
چرنا ۔ صفت نَافِشٌ و نَفَشَةٌ و نُفَّاشٌ
و نَوَافِشُ و نُفَّشٌ ۔ اسم النَّفَشُ ۔
اَنْفَشَ ۔ مویشی کو رات کے وقت چرواہے
کے چرنے کے لیے چھوڑنا ۔
تَنَفَّشَ و اِنْتَفَشَ ۔ پرندہ کا پروں کو
جھاڑنا ۔ بلی کا بال کھڑے کرنا ۔ لکڑی
کا پھولنا ۔
النَّفَشُ ۔ دھنی ہوئی روئی ۔ متفرق سامان
کلام وغیرہ کی کثرت ۔ نَفَرٌ و
... نَفَشٌ و نَوَافِشُ و
[illegible]

چرنے والے مویشی ۔
النَّفَّاشُ ۔ مغرور ۔ پھولا ہوا ۔ ایک قسم کا
بڑا لیموں ۔
المُنْتَفِشُ و المُتَنَفِّشُ ۔ پھولا ہوا اور
نرم ۔ چپٹی ناک ۔
نَفَصَ (ض) نَفْصًا و اَنْفَصَ ۔ بِبَوْلِهٖ ۔
پیشاب کرنا ۔
نَفَصَ و اَنْفَصَ ۔ بِالكَلِمَةِ ۔ جلدی
بولنا ۔ اَنْفَصَ فِی الضَّحِكِ ۔ بہت
ہنسنا ۔ الرَّجُلُ بِشَفَتَيْهِ ۔ ہونٹوں
سے اشارہ کرنا ۔
النُّفْصَةُ ۔ خون کا فوارہ ۔ ج ۔ نُفَصٌ ۔
النُّفَاصُ ۔ بھیڑوں کی کثرت ۔ پیشاب
کی بیماری ۔ النَّفِيْصُ ۔ میٹھا پانی ۔
المِنْفَاصُ ۔ بہت ہنسنے والا ۔
نَفَضَ (ن) نَفْضًا ۔ الثَّوْبَ ۔ کپڑا جھاڑنا
۔ الشَّجَرَةَ ۔ درخت کو ہلانا ۔
الوَرَقَ مِنَ الشَّجَرِ ۔ درخت سے
پتے گرانا ۔ المَكَانَ ۔ جگہ کی اچھی
طرح دیکھ بھال کرنا ۔ نَفَضَتْهُ
الحُمّٰی ۔ بخار کا کپکپا دینا ۔ نَفَضَ
الزَّرْعُ ۔ کھیتی کا آخری خوشہ نکالنا ۔
نَفَضَتِ الاِبِلُ ۔ اونٹنی کا سارے
بچے جننا ۔ المَرْأَةُ ۔ عورت کا
بہت اولاد والی ہونا ۔ نَفَضَ القَوْمُ
توشہ یا مال سے خالی ہونا ۔ نَفَضَ
الطَّرِيْقَ ۔ راستہ کو چوروں سے پاک
کرنا ۔ القَوْمُ حَلُوْبَتَهُمْ ۔ قوم
نے اپنے دودھ دینے والے جانوروں کا
سارا دودھ نکال لیا ۔ نَفَضَ الثَّوْبُ
او الصِّبْغُ ۔ رنگ کا ماند پڑنا ۔
الكَرْمُ ۔ انگور کی بیل میں خوشے
نکلنا ۔ فُلَانٌ ۔ چاروں طرف
دیکھنا ۔
نَفَضَ (ن) نُفُوْضًا ۔ المَرِيْضُ ۔ بیمار کا

تندرست ہونا۔

اَنْفَضَ۔ القومُ۔ قوم کا ختم شدہ یا تباہ شدہ مال والا ہونا۔ القومُ زَادَھُمْ قوم کا توشہ کو ختم کر دینا۔ اَنْفَضَ عَنْ دور کرنا۔

اِنْتَفَضَ۔ درخت کا ہلنا۔ کپڑے کا جھڑنا۔ انگور کا سرسبز ہونا۔ آدمی کا کانپنا۔

تَنَفَّضَ وَاسْتَنْفَضَ۔ المکانَ۔ جگہ کی اچھی طرح دیکھ بھال کرنا۔ الشیءَ۔ نکالنا۔ الاَمِیْرُ۔ امیر کا جاسوس بھیجنا۔

النَّفَضُ والنِّفَاضُ و النُّفَاضُ۔ و النُّفَاضَةُ۔ جھاڑے ہوئے سے گری ہوئی چیز۔ النُّفَاضَةُ۔ توشہ کا بقیہ جو جھاڑا جائے۔ النَّفَضُ۔ گرے ہوئے پتے یا کھجور۔

النَّفَاضُ۔ اَنْفَضَ القومُ زَادَھُمْ سے اسم۔ النِّفَاضُ۔ بچوں کی تہبند۔ ج۔ نُفُضٌ۔ مَا عَلَيْهِ نِفَاضٌ اس پر کوئی کپڑا نہیں۔

النُّفْضَةُ و النُّفَضَةُ و النُّفَاضُ و النُّفَضَاءُ۔ بخار کا لرزہ۔ النُّفْضَةُ کہیں کہیں پڑنے والی بارش۔

النَّفَضَةُ۔ جاسوسوں کی جماعت۔

النَّفَضَى والنَّفِيضَى و النُّفُضَى۔ کپکپی۔

النَّافِضُ۔ فا۔ لرزہ کا بخار۔ وہ کپڑا جس کا رنگ ماند پڑ جائے۔

النَّفُوضُ۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ بہت اولاد والی عورت۔

النَّفِيضَةُ۔ جاسوسوں کا گروہ۔ ج۔ نَفَائِضُ۔ النَّفَائِضُ۔ کنکروں کے ساتھ غیب کی باتیں بتلانے والے۔ دبلے اونٹ۔

الإِنْفَاضُ۔ مص۔ بھوک۔ حاجت۔

الاَنَافِيْضُ۔ درخت کے نیچے گرے ہوئے پھل۔ مفرد۔ اُنْفُوْضَةٌ۔

المِنْفَضُ۔ چھاج۔ سوپ۔ پنکھا۔ (والمِنْفَاضُ) چادر وغیرہ جس پر پتے یا میوے جھاڑے جائیں۔

المُنْفِضُ۔ مِنَ الدَّجَاجِ۔ انڈوں سے رک جانے والی مرغی۔

المَنْفُوْضُ۔ مفع۔ لرزہ والے تپ میں مبتلا۔

نَفِطَتْ (س)، نَفَطًا و نَفْطًا و نَفِيْطًا۔ يَدُهُ۔ ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نَفَطَ (ض)، نَفْطًا۔ غصہ سے آگ بگولا ہونا۔

نَفَطَتْ (ض)، نَفْطًا و نَفِيْطًا۔ العَنْزَةُ۔ بکری کا چھینکنا۔ القِدْرُ ہانڈی کا جوش مارنا۔ نَفَطَ الظَّبْيُ ہرن کا آواز نکالنا۔ الرَّجُلُ۔ کسی کا غیر مفہوم کلام کرنا۔

تَنَافَطَتْ۔ القِدْرُ۔ ہانڈی کا جھاگ پھینکنا۔

النَّفْطُ و النِّفْطُ۔ بہت جلد آگ پکڑنے والا ایک معدنی تیل۔

النَّفْطَةُ و النِّفْطَةُ و النَّفِطَةُ۔ چیچک۔ آبلہ جو کام کرنے سے ہاتھ پر ہو جاتا ہے۔

النَّفَّطَةُ۔ جلد غضبناک ہونے والا۔

النَّافِطَةُ۔ بکری۔ يَدٌ نَافِطَةٌ۔ آبلہ دار ہاتھ۔ رُغْوَةٌ نَافِطَةٌ۔ بلبلہ والے جھاگ۔

النَّفَّاطُ۔ کان سے نفط نکالنے والا۔ نفط پھینکنے والا۔ ج۔ نَفَّاطَةٌ و نَفَّاطُوْنَ۔

النَّفَاطَةُ و النَّفَّاطَةُ۔ نفط کی کان۔ پٹرول کا کنواں۔ ایک قسم کا چراغ۔ تانبے کا آلہ جس سے نفط پھینکا کرتے تھے۔

النَّفَاطَةُ۔ آبلہ۔

النَّفِيْطُ والمَنْفُوْطُ۔ آبلوں والا۔ مؤنث نَفِيْطَةٌ و مَنْفُوْطَةٌ۔

نَفَعَهُ (ف)، نَفْعًا۔ بِكَذَا۔ فائدہ دینا۔

اَنْفَعَ۔ الرَّجُلُ۔ کسی کا لاٹھیوں کی تجارت کرنا۔

اِنْتَفَعَ۔ بِهِ و مِنْهُ۔ فائدہ اٹھانا۔

اِسْتَنْفَعَهُ۔ فائدہ طلب کرنا۔

النَّفْعُ۔ فائدہ۔ نفع۔

النَّفَاعُ والنَّفِيْعَةُ۔ فائدہ۔ منفعت۔

النَّفْعَةُ۔ ایک بار کا فائدہ۔ ایک قسم کا عصا جس کو زمین پر فائدہ کے لیے مارتے ہیں۔ ج۔ نَفَعَاتٌ۔

النِّفْعَةُ۔ چمڑے کا تسمہ جو توشہ دان کے پہلوؤں پر لگا ہوتا ہے۔

النُّفَاعَةُ۔ ہر وہ چیز جس سے نفع اٹھایا جائے۔

النَّافِعُ۔ فا۔ اللہ تعالیٰ کے اسمائے حسنیٰ میں سے ایک اسم۔

النَّافِعَةُ۔ وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔

النَّفَّاعُ۔ بہت فائدہ دینے والا۔

المَنْفَعَةُ۔ ہر وہ چیز جس سے فائدہ اٹھایا جائے۔ فائدہ۔ ج۔ مَنَافِعُ۔ مَنَافِعُ الدَّارِ۔ گھر میں آرام کی چیزیں۔

نَفَفَتْ (ف)، نَفْفًا و نُفُوْفًا۔ و نَفِفَتْ (س)، نَفَفًا و تَنَفَّفَتْ يَدُهُ۔ ہاتھ کا آبلہ دار ہونا۔

نَفَقَ (ن)، نَفَاقًا و نَفِقَ (س)، نَفَقًا۔ الشیءُ۔ ختم ہونا۔ کم ہونا۔ نَفَقَ البَيْعُ۔ بیع کا رائج ہونا۔ نَفَقَتِ السُّوْقُ۔ گرم بازاری ہونا۔

نَفَقَ (ن)، نُفُوْقًا۔ الرَّجُلُ اوالدَّابَّةُ۔ مرنا۔ الجُرْحُ۔ زخم کا چھلنا۔

نَفَقَ (ن)، و نَفِقَ (س)، نَفَقًا۔ الیَربُوعُ۔ جنگلی چوہے کا اپنے سوراخ سے نکلنا۔ اپنے سوراخ میں داخل ہونا (ضد)

نافَقَ مُنافَقَةً و نِفاقًا۔ فی دِینِهٖ۔ دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنا۔ صفت مُنافِق۔

نَفَّقَ۔ البضاعةَ۔ سامان کو رواج دینا۔

اَنْفَقَ۔ محتاج ہونا۔ توشہ ختم ہونا۔ المالَ۔ مال صرف کرنا۔ خرچ کرنا۔ السِّلعةَ۔ سامان کو رواج دینا۔ القومُ۔ قوم کی تجارت خوب چلی۔

تَنَفَّقَ۔ الیَربُوعَ۔ جنگلی چوہے کو سوراخ سے باہر نکالنا۔ الیَربُوعُ۔ جنگلی چوہے کا سوراخ سے باہر نکلنا۔ سوراخ میں داخل ہونا۔

اِنْتَفَقَ۔ الرجلُ۔ سرنگ میں داخل ہونا۔

اِسْتَنْفَقَ۔ المالَ۔ مال ختم کرنا۔

النَّفَقُ۔ سرنگ۔ ج۔ اَنْفاق۔

النَّفِقُ۔ جلد منقطع ہونے والا۔

النِّفاق و المُنافَقَة۔ منافقت

النَّفَقَة۔ خرچ۔ ج۔ نَفَقات و نِفاق و اَنْفاق۔

النَّافِقُ۔ فا۔ بکنے کے قابل سامان۔ چلنے والی منڈی۔

النَّافِقَة۔ مشک کا نافہ۔

النَّافِقاء۔ ج۔ نَوافِق و النُّفَقَة و النُّفَقاء۔ جنگلی چوہے کا سوراخ۔

نَیْفَقُ السَّراوِیل۔ پاجامہ کا نیفہ۔

المِنْفاق۔ بہت خرچ کرنے والا۔

المُنافِق۔ دل میں کفر چھپا کر زبان سے ایمان ظاہر کرنے والا۔

نَفَلَ (ن)، نَفْلاً۔ قسم کھانا۔ الرجلَ۔ عطیہ دینا۔ نَفَلَه النَّفَلَ۔ زائد عطیہ دینا۔ نَفَلَ القائدُ الجُندَ۔ غنیمت بانٹنا۔ الرجلَ عن نَسِیئَة۔

نَفَّلَه۔ قسم کھلانا۔ حصہ سے زائد دینا۔ نَفَّلَ عن فلانٍ۔ ہٹانا۔

اَنْفَلَه۔ النَّفَلَ۔ غنیمت دینا۔ اَنْفَلَ لَه۔ قسم کھانا۔

تَنَفَّلَ۔ نفل نماز ادا کرنا۔ علی اَصْحابِهٖ۔ مال غنیمت اپنے ساتھیوں سے زیادہ لینا۔

اِنْتَفَلَ۔ نفلیں پڑھنا۔ الشیءَ مِن فلانٍ۔ طلب کرنا۔ مِن الاَمرِ او الکلامِ۔ بری ہونا۔ بیزار ہونا۔ مِن القومِ۔ قوم کی مدد سے دور رہنا۔

النَّفْل۔ واجبات اور ضروریات سے زائد کام۔

النَّفَل۔ مال غنیمت۔ ہبہ۔ بخشش۔ زیادتی ج۔ نِفال و اَنْفال۔ ایک قسم کی خوشبودار گھاس۔ واحد نَفَلَة۔

النَّافِلَة۔ غنیمت۔ عطیہ۔ بخشش۔ فرض سے علاوہ زائد بات۔ پوتا۔ ج۔ نَوافِل۔

النَّفَل۔ قمری ماہ کی چوتھی اور پانچویں اور چھٹی راتیں۔

النَّوْفَل۔ بہت فیاض۔ خوبصورت۔ نوجوان۔ ج۔ نَوْفَلُون۔ النَّوْفَل۔ سمندر۔ عطیہ۔ بجو۔

النَّوْفَلَة۔ نمک دانی۔

النَّفْنَف۔ ہوا۔ آسمان زمین کے درمیان کا خلا۔ دیوار کی چوٹی سے نیچے تک کا حصہ۔ پہاڑ کا سیدھا پہلو۔ کنویں کے کنارے سے تہ تک کا حصہ۔ بیابان۔ ج۔ نَفانِف۔ المنازل۔ گھر کے نواحی و اطراف و النَّفْنَف۔ دو پہاڑوں کے درمیان کا خلا۔ دور۔

نَفَهَ (ف)، نُفُوهًا۔ الرجلُ۔ کمزور دل ہونا۔ بزدل ہونا۔ الجملُ۔ اونٹ کا رام ہونا۔

نَفِهَتْ (س)، نَفَهًا۔ نَفْهَة۔ تھکنا۔ نَفَّهَ و اَنْفَهَ۔ النَّاقَةَ۔ اونٹنی کو تھکانا۔

اِسْتَنْفَهَ۔ الرجلُ۔ آرام لینا۔

النَّافِه۔ تھکا ہوا۔ ج۔ نُفَّه۔ و۔ المَنْفُوه۔ کمزور دل۔ بزدل۔

نَفَا یَنْفُو نَفْوًا و نَفَی یَنْفِی نَفْیًا و نَفْیَ۔ عن۔ ہٹانا۔ انکار کرنا۔ قید خانہ میں قید کرنا۔ نَفَی الرجلَ مِن بَلَدِه۔ شہر بدر کرنا۔ السَّیلُ الغُثاءَ۔ سیلاب کا کوڑا کرکٹ بہا لانا۔ السَّحابةُ الماءَ۔ بادل کا پانی برسانا۔

نَفَی یَنْفِی نَفْیًا و انْتَفَی۔ عنه۔ دور ہونا۔ الشَّعرُ۔ بال گرنا۔ اِنْتَفَی مِن وَلَدِه۔ بچے سے انکار کرنا۔

اِنْتَفَی فلانًا مِن فلانٍ۔ کراہت کے ساتھ اعراض کرنا۔ نَفَاهُ فَانْتَفَی اس نے اس کو ہٹایا۔ پس وہ ہٹ گیا۔

نَفَی یَنْفِی نَفْیًا و نَفَیانًا۔ الصیرفُ فی الدراهم۔ صراف کا روپے پرکھنے کے لیے چھان کر گھیرنا۔

نافاهُ مُنافاةً۔ ایک دوسرے کو دور کرنا۔

تَنافَی تَنافِیًا۔ الامرانِ۔ ایک دوسرے کو دفع کرنا۔ ایک دوسرے کے مخالف ہونا۔

نُفاءُ الشیءِ و نُفاتُه و نُفَیَتُه و نِفْیَتُه و نُفایَتُه و نَفایَتُه و نَفِیَّتُه۔ چیز کا وہ ردی حصہ جو دور کر دیا جائے۔ چیز کا بقیہ۔

النَّفِیَّة۔ کھجور کے پتوں کا دسترخوان جس پر گوشت یا روٹی رکھ کر خشک کیا جاتا ہے۔

ج۔ نَقَیات۔
النَّقَیان۔ مم۔ درختوں کی جڑوں میں ہوا سے جمع شدہ مٹی۔ بڑی فوج کے پیچھے آنے والے لوگ۔
النَّافِیُ۔ فا۔ دھتکارا ہوا۔ دور کیا ہوا۔
النَّفِیُ۔ نابود کیا ہوا۔ ہانڈی کے ادھر ادھر پھینکے ہوئے جھاگ۔ چکی کا پھینکا ہوا آٹا۔ گھوڑوں کے سموں سے بکھرے ہوئے مٹی پتھر وغیرہ۔ درختوں کی جڑوں میں ہوا سے جمع ہونے والی مٹی۔ لشکر کا بڑا حصہ جو ایک طرف کو ہو جائے۔ کھجور کے پتوں سے بنائی ہوئی ڈھال۔
اِبْنُ نَفِیٍ۔ وہ لڑکا جس کے بیٹا ہونے سے باپ انکار کرے۔
المَنْفِیُ۔ دور کیا ہوا۔ ہٹایا ہوا۔ پھینکا ہوا۔ جلاوطن کیا ہوا۔ دھتکارا ہوا۔ فِی الکَلَامِ۔ اثبات کے خلاف۔
المَنْفَیٰ۔ جلاوطن کی جگہ۔ ج۔ مَنَافٍ۔
نَقَّ (ض) نَقِیْقًا۔ الضِّفْدَعُ۔ مینڈک کا ٹرانا۔ مرغی۔ چکور۔ بچھو۔ شتر مرغ وغیرہ کے لیے بھی یہ لفظ مستعمل ہوتا ہے۔
نَقَّتْ۔ ضَفَادِعُ بَطْنِہٖ۔ وہ بھوکا ہو گیا۔
النَّقَاقُ۔ مینڈک۔
النَّقْنَقَۃُ۔ مینڈکی۔
النَّقُوْقُ۔ چلانے والا۔ ج۔ نُقُقٌ و نُقٌّ۔
نَقَبَ (ن) نَقْبًا۔ الحَائِطَ۔ دیوار میں سوراخ کرنا۔ الخُفَّ۔ موزے میں پیوند لگانا۔ فُلَانٌ فِی الاَرْضِ۔ جانا۔ عَنِ الاَخْبَارِ۔ خبروں کی تحقیق کرنا یا خبر دینا۔ الثَّوبَ۔ بغیر نیفہ کے پاجامہ بنانا۔ الخَیْلُ۔ دوڑنے میں گھوڑے کا ٹانگیں جوڑنا۔
نَقِبَ (س) نَقَبًا۔ الخُفُّ المَلْبُوسُ۔ پہنے ہوئے موزے کا پھٹا ہوا ہونا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کا گھسے ہوئے کھروالا ہونا۔ الرَّجُلُ۔ پہاڑی راستوں میں چلنا۔ فِی البِلَادِ۔ ملک میں جانا۔
نَقُبَ (ن)، نِقَابَۃً و نُقُوبَ (س)، نَقَبًا و نَقُبَ (ک)، نَقَابَۃً۔ عَلَی القَوْمِ۔ قوم کا سردار ہونا۔
نَقَّبَ۔ فِی الاَرْضِ۔ بھاگتے ہوئے ملک میں جانا۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ بات کی کرید و تحقیق کرنا۔
نَاقَبَہٗ نِقَابًا و مُنَاقَبَۃً۔ مناقب میں فخر کرنا۔ نَاقَبَہٗ نِقَابًا۔ اچانک ملنا۔ وَرَدْتُ المَاءَ نِقَابًا۔ میں پانی پر بغیر تلاش کے اچانک پہنچ گیا۔
اَنْقَبَ۔ فِی الاَرْضِ۔ ملک میں جانا۔ البَعِیْرُ۔ اونٹ کے گھسے ہوئے کھروالا ہونا۔ الرَّجُلُ۔ سردار فن ہونا۔
تَنَقَّبَ۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ بہت کرید و تحقیق کرنا۔ تَنَقَّبَتْ و اِنْتَقَبَتْ۔ المَرْأَۃُ۔ نقاب باندھنا۔
النَّقْبُ۔ مم۔ سوراخ۔ پہلو کا زخم و (النُّقْبُ) پہاڑی راستہ۔ ج۔ نِقَاب و اَنْقَاب۔ نَقْبُ العَیْنِ۔ موتیابند کے پانی کا علاج۔
النُّقْبَۃُ و النُّقَبُ و النَّقَبُ۔ کھجلی۔
النُّقْبَۃُ۔ منہ ڈھانکنے کی طرز۔ عَلَیْہِ نُقْبَۃٌ۔ اس پر نشان ہے۔
النُّقْبَۃُ۔ کھجلی کا شروع۔ رنگ۔ ڈھنگ۔ چہرہ۔ سوراخ۔ عورتوں کے پہننے کی واسکٹ۔ ج۔ نُقَبٌ۔
الاَنْقَاب۔ کان۔
النِّقَاب۔ مم۔ بڑا عالم۔ عورت کا منہ ڈھانکنے کا پردہ۔ پہاڑی سڑک۔ پیٹ۔ مثل ہے۔ فَرْخَانِ فِی نِقَابٍ یعنی دو شخص ایک دوسرے کے ساتھ شکل و شباہت میں مشابہ ہیں۔ ج۔ نُقُبٌ۔ نَقِیبَۃً، نِقَابًا۔ میں اس سے رُو در رُو یا بغیر وعدے کے ملا۔
النَّاقِبُ۔ فا۔ سوراخ کرنے والا۔ نقب لگانے والا۔ پہلو کا ناسور۔
النَّقَّابُ۔ کاموں میں گھس جانے والا۔ کاموں کو بہت دریافت کرنے والا۔
النَّقِیْبُ۔ قوم کا سردار یا نمبردار۔ قوم کا گواہ۔ قوم کا ضامن۔ نَقِیْبُ الاَشْرَافِ۔ لوگوں کے حالات کی تفتیش کرنے والا۔ ج۔ نُقَبَاءُ۔
النَّقِیْبُ۔ بانسری۔ ترازو کی زبان۔
النَّقِیْبَۃُ۔ روح۔ دل۔ فطرت۔ مزاج۔ عقل۔ مشورہ۔ رائے کا نفاذ۔ مَیْمُوْنُ النَّقِیْبَۃِ۔ مبارک خیال والا۔
المَنْقَبُ۔ جانور کے پیٹ میں سوراخ کرنے کی جگہ۔
المَنْقَبُ۔ پہاڑی راستہ۔ ج۔ مَنَاقِبُ۔
المِنْقَبُ۔ پہاڑی راستہ۔ بہت بحث و تحقیق کرنے والا عالم۔ و المِنْقَبَۃُ نشتر۔
المَنْقَبَۃُ۔ پہاڑی راستہ۔ دو گھروں کے درمیان کا تنگ راستہ۔ دیوار۔ اچھا کام۔ قابلیت۔ خوبی۔ ج۔ مَنَاقِبُ۔ مَنَاقِبُ الاِنْسَانِ۔ انسان کے عمدہ خصائل اور ستودہ اخلاق۔
نَقَتَ (ن) نَقْتًا۔ العَظْمَ۔ ہڈی کا گودا نکالنا۔ الشَّیْءَ المَدْفُوْنَ۔ دبی ہوئی چیز کو کھود کر نکالنا۔ الرَّجُلُ فِی السَّیْرِ۔ چلنے میں جلدی کرنا۔ الحَدِیْثَ۔ بات کو بیہودہ کرنا۔ فُلَانًا بِالکَلَامِ۔ بات سے ایذا دینا۔ الاَرْنَبُ بِیَدِہٖ۔ [illegible]

کھودنا۔ عَنِ الشَّیءِ۔ کھود کرید کرنا۔
نَقَّقَ۔ الرَّجُلُ۔ جلدی کرنا۔
تَنَقْنَقَۃ۔ مائل کرنا۔ مہربان بنانا۔
تَنَقَّثَ۔ قَبِیعَۃ۔ اپنی جائداد وغیرہ کی دیکھ بھال کرنا۔ النِّقَاث۔ بجو۔
النَّقْث۔ مص۔ چغلی۔
نَقْنَقَ نَقْنَقَۃً۔ الشَّیْخُ۔ بوڑھے کا چلنے میں مٹی اڑانا۔
نَقَحَ (ف) نَقْحًا و نُقُحًا۔ العَظْمَ۔ ہڈی کا گودا نکالنا۔ الجِذْعَ۔ تنے کی گانٹھیں کاٹ کر صاف کرنا۔ الشَّیءَ۔ چھیلنا اور ردی کو خالص سے جدا کرنا۔
نَقَّحَ و اَنْقَحَ۔ الکَلَامَ۔ کلام کی اصلاح و درستی کرنا۔ نَقَّحَت السُّنُونُ الرَّجُلَ۔ سالوں کا انسان کو کمزور کر دینا۔ اَنْقَحَ الرَّجُلَ۔ تلوار کی زیبائش اتارنا۔
تَنَقَّحَ۔ شَحْمُہٗ۔ چربی کم ہونا۔
اِنْتَقَحَ العَظْمَ۔ ہڈی کا گودا نکالنا۔
النُّقْحَۃ۔ موسم گرما کا سفید بادل۔
النِّقْح۔ تجربہ کار عالم۔
النُّقَح۔ خالص ریت۔
التَّنْقِیح۔ معنی کی وضاحت کے ساتھ الفاظ کا اختصار۔
نَقَخَہٗ (ف) نَقْخًا۔ مارنا۔ دماغ توڑنا۔ اِنْتَقَخَہٗ۔ ہڈی سے گودا نکالنا۔
النُّقَاخ۔ ٹھنڈا صاف پانی۔ نیند۔ عافیت امن۔ نُقَاخُ کُلِّ شَیءٍ۔ خالص۔
نَقَدَ (ن) نَقْدًا و تَنْقَادًا۔ الدَّرَاهِمَ۔ دراہم پرکھنا۔ الکَلَامَ۔ کلام کی خوبی اور برائی ظاہر کرنا۔ نَقَدَ فُلَانًا و بِفُلَانٍ الثَّمَنَ۔ قیمت نقد ادا کرنا۔ نَقَدَہٗ دِرْهَمًا۔ دینا۔

الطَّائِرُ الفَخَّ او الحَبَّ۔ پرندہ کا چونچ مارنا۔ الرَّجُلُ الشَّیءَ و اِلَی الشَّیءِ بِنَظَرِہٖ۔ چپکے چپکے دیکھنا یا تکنا۔ نَقَدَتْہُ الحَیَّۃُ۔ سانپ کا ڈسنا۔
نَقِدَ (س) نَقَدًا۔ الضِّرْسُ او القَرْنُ۔ داڑھ یا سینگ کا ٹوٹنا یا کھایا ہوا ہونا۔ صفت نَقِدٌ۔ الحَافِرُ۔ کھر کا چھلنا۔ الجِذْعُ۔ تنے کا کھوکھلا ہونا۔
اَنْقَدَ الشَّجَرُ۔ درخت کا پتے لانا۔
نَاقَدَہٗ مُنَاقَدَۃً۔ کسی معاملے میں جھگڑنا۔
تَنَاقَدَ۔ الدَّرَاهِمَ۔ دراہم پرکھنا۔
اِنْتَقَدَ۔ الدَّرَاهِمَ۔ روپے نقد وصول کرنا۔ کھوٹے روپے الگ کرنا۔ ۔ الشِّعْرَ عَلَی قَائِلِہٖ۔ شعر کے عیب ظاہر کرنا۔ الاَرَضَۃُ الجِذْعَ۔ دیمک کا تنہ کو کھوکھلا کر دینا۔ اِنْتَقَدَ الوَلَدُ۔ لڑکے کا جوان ہونا۔
النَّقْد۔ مص۔ پرونت اور اکی ہوئی قیمت۔ نقد روپیہ۔ ج۔ نُقُود۔
النَّقْدَان۔ سونا چاندی۔
النَّقِد و النُّقُد۔ کم گوشت والا۔ دیر سے جوان ہونے والا۔
النَّقَد۔ مص۔ بھیڑوں کی ایک قسم جن کی ٹانگیں چھوٹی اور چہرے بدشکل ہوتے ہیں۔ واحد نَقَدَۃ۔ (مذکر و مؤنث)۔ ج۔ نِقَاد و نِقَادَۃ۔
النَّقَدُ۔ سفلے لوگ۔ کمینے۔ النَّقَدُ مِنَ الصِّبْیَانِ۔ دیر سے جوان ہونے والا بچہ۔
النَّاقِدُ۔ فا۔ ج۔ نَقَدَۃ و نُقَّاد۔
الاَنْقَدُ و الاُنْقُدُ۔ سیہی۔
الاِنْقَد و الاِنْقِدَان۔ کچھوا۔

النَّقَّاد۔ روپے پرکھنے والا۔ تنقید کرنے والا۔ ایک چھوٹی قسم کی بھیڑوں کا چرواہا۔
مِنْقَاد۔ الطَّائِرِ۔ پرندے کی چونچ۔ ج۔ مَنَاقِید۔
نَقَذَ (ن) نَقْذًا و نَقَذًا و النَّقَذَ۔ فُلَانًا مِن کَذَا۔ نجات دلانا۔ خلاصی دلانا۔
تَنَقَّذَہٗ و اسْتَنْقَذَہٗ۔ مِن کَذَا۔ نجات دینا۔ چھڑانا۔
نَقِذَ (س) نَقَذًا۔ نجات پانا۔
النَّقَذ۔ سلامتی۔ نَقَذٌ لَکَ۔ تو محفوظ رہے۔
النَّقَذ و النَّقِیذ۔ چھڑایا ہوا۔ بچایا ہوا۔ "مَا لَہٗ نَقَذٌ و لا نَقَدٌ" اس کے پاس کچھ نہیں۔
النَّقِیذَۃ۔ غنیمت کا گھوڑا یا زرہ وغیرہ۔ ج۔ نَقَائِذ۔ هُوَ نَقِیذَۃُ بُؤْسٍ۔ سختی سے بچایا ہوا۔
نَقَرَہٗ (ن) نَقْرًا۔ مارنا۔ نَقَرَ العُودَ او الدُّفَّ۔ بانسری یا ڈھول بجانا۔ ۔ فُلَانًا۔ عیب لگانا۔ الشَّیءَ۔ چونچ سے سوراخ کرنا۔ الطَّائِرُ البَیْضَۃَ عَنِ الفَرْخِ۔ پرندہ کا بچہ نکالنے کے لیے انڈے میں سوراخ کرنا۔ نَقَرَ فِی الحَجَرِ۔ پتھر پر لکھنا۔ ۔ فِی النَّاقُورِ۔ بگل بجانا۔ الطَّائِرُ الحَبَّ۔ پرندہ کا دانہ چگنا۔ الحَجَرَ او الخَشَبَ۔ پتھر یا لکڑی کھودنا۔ نَقَرَ عَنِ الاَمْرِ۔ معاملہ کی چھان بین کرنا۔ نَقَرَ فُلَانٌ۔ چٹکی بجانا۔ زبان کو تالو سے لگا کر آواز نکالنا۔ نَقَرْتُ بِالرَّجُلِ۔ قوم میں سے علیحدہ بلانا۔ نَقَرَ السَّهْمُ الهَدَفَ۔ تیر کا نشانہ پر لگنا مگر پار نہ ہونا۔

نَقِرَ۔س، نَقَرًا۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ غضب ناک ہونا۔ نَقِرَتِ الشَّاۃُ۔ بکری کا نقرہ کی بیماری والا ہونا۔ نَقُرَ فُلَانٌ۔ کسی کا فقیر ہونا۔

نَقَّرَ۔ الطَّائِرُ فِی الْمَوْضِعِ۔ پرندہ کا جگہ کو انڈے دینے کے لیے نرم کرنا۔ فُلَانٌ بِاسْمِ فُلَانٍ۔ کسی کو نام لے کر پکارنا۔ الشَّیْئَ وَعَنِ الشَّیْئِ۔ چھان بین کرنا۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ کسی پر نکتہ چینی اور عیب گیری کرنا۔

نَاقَرَہٗ مُنَاقَرَۃً وَنِقَارًا۔ بات چیت میں جھگڑنا۔ مخالفت کرنا۔

اَنْقَرَ۔عَنْ۔ رُکنا۔ ضَرَبَہٗ فَمَا اَنْقَرَ عَنْہُ حَتّٰی قَتَلَہٗ۔ وہ اس کو مارنے سے نہ رُکا۔ یہاں تک کہ اس کو قتل کردیا۔

تَنَقَّرَ۔ الشَّیْئَ۔ چھان بین کرنا۔ عَلَی الْاَھْلِ اَوِالْمَالِ۔ بددعا کرنا۔

اِنْتَقَرَہٗ۔ پسند کرنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّیْئَ۔ چھان بین کرنا۔ اِنْتَقَرَہٗ وَاِنْتَقَرَ بِہٖ۔ قوم میں سے کسی کو علیحدہ بلانا۔ القومَ وبالقومِ۔ خاص خاص لوگوں کو بُلانا۔ اِنْتَقَرَتِ الْخَیْلُ بِحَوَافِرِھَا نَقْرًا۔ کھروں سے کھودنا۔ اِنْتَقَرَتِ السَّیْلُ نَقْرًا۔ سیلاب کا گڑھے ڈالنا۔ اِنْتَقَرَ الشَّیْئَ۔ کھنا۔

النَّاقِرُ۔ فا۔ نشانہ پر لگنے والا تیر۔ ج۔ نَوَاقِرُ۔

النَّاقِرَۃُ۔ النَّاقِرُ کا مؤنث۔ مصیبت۔ ٹھیک دلیل۔ ج۔ نَوَاقِرُ۔ اَتَتْنِیْ عَنْہُ نَوَاقِرُ۔ اس کی طرف سے مجھ کو ایذارساں باتیں پہنچیں۔

النَّاقُوْرُ۔ بگل۔ دل۔ ج۔ نَوَاقِیْرُ۔

النُّقَارَۃُ۔ چونچ بھر۔ پتھر پر لکھنے سے جو باقی رہے۔

النَّقْرُ۔مص۔ چٹکی کی آواز۔ پتھر کی کھائی۔

النَّقْرُ۔ کھجور کی گٹھلی کا چھوٹا سا گڑھا۔

النَّقْرُ۔ ناراضی۔

النَّقَرُ۔ کہتے ہیں۔ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الْعَقْرِ وَالنَّقْرِ۔ میں اللہ کے ذریعہ لنگڑے پن اور مال کے ضائع ہونے سے پناہ مانگتا ہوں۔

النَّقَرٰی۔ عیب۔ بَنَاتُ النَّقَرٰی۔ ذلیل عورتیں۔ دَعَوْتُھُمْ نَقَرٰی۔ میں نے ان کو خصوصیت سے بلایا۔

النَّقْرَۃُ۔ نَقَرَ کا اسم مرۃ۔ مَا اَثَابَہٗ نَقْرَۃً۔ اس نے اس کو کچھ بھی بدلہ نہیں دیا۔

النِّقْرَۃُ۔ باتوں میں ردّوکد اور جھگڑا۔

النُّقْرَۃُ۔ زمین میں چھوٹا سا گول گڑھا۔ چاندی سونے کا پگھلا ہوا ٹکڑا۔ آنکھ کا گڑھا۔ سرین کا گڑھا۔ گردن کے پچھلے حصہ کا گڑھا۔ ج۔ نُقَرٌ وَنِقَارٌ۔

النَّقَرَۃُ۔ بکریوں اور گایوں کی ٹانگوں میں پیدا ہونے والی بیماری۔

النَّقَّارُ۔ اسرار اور خبروں کی چھان بین کرنے والا۔ لکڑی یا پتھر پر کھودنے والا۔ لگام یا رکاب پر نقش و نگار کرنے والا۔ اس پیشہ کو نِقَارَۃ کہتے ہیں۔

النَّقَّارُ۔ چونچ مارنے والا پرندہ۔

النَّقَّارَۃُ۔ بڑا ڈھول۔

النَّقِیْرُ۔ آواز۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔ کھجور کا تنہ جس کو کھوکھلا کر کے سیڑھیاں یا کٹھرا بناتے ہیں۔ لکڑی کی جڑ جس کو کھود کر اس میں نبیذ بناتے ہیں۔ بہت غریب۔ ایک سیاہ رنگ کی مکھی۔ ج۔ اَنْقِرَۃٌ۔

النَّقِیْرَۃُ۔ چھوٹی کشتی۔

الْاُنْقُوْرُ۔ کھجور کی گٹھلی کا گڑھا۔

التَّنْقِیْرُ۔ سیٹی کے مشابہ آواز۔

الْمِنْقَرُ۔ کدال۔ چھینی۔ ج۔ مَنَاقِرُ۔

الْمُنْقُرُ وَالْمِنْقَرُ۔ لکڑی کا پیالہ۔ ج۔ مَنَاقِیْرُ۔ تنگ منہ کا چھوٹا کنواں۔ بہت پانی والا گہرا کنواں۔ حوض۔

الْمُنْقُرُ۔ بہت ترش دودھ۔

الْمِنْقَارُ۔ کدال۔ چونچ۔ چرمی موزے کی نوک۔ مِنْقَارُ الدَّجَاجَۃِ وَمِنْقَارُ الْغُرَابِ۔ دو ستارے۔

نَقْرَدَ نَقْرَدَۃً۔ فِی الْمَكَانِ۔ کسی جگہ اقامت کرنا۔

النِّقْرِسُ۔ نقرس کی بیماری۔ ہلاکت۔ بڑی مصیبت۔ ماہر راہنما۔ طبیب حاذق۔ گلاب کے پھول جیسی چیز، جس کو عورتیں سر میں رکھتی ہیں۔ ج۔ نَقَارِسُ۔

النِّقْرِیْسُ۔ ماہر راہنما۔ ماہر و ہوشیار طبیب۔

نَقَزَ (ض ن)۔ نَقْزًا وَنَقَزَانًا وَنِقَازًا۔ الظَّبْیُ۔ ہرن کا کودنا۔ چھلانگ مارنا۔ صفت (نَاقِزٌ)۔ نَقَزَہٗ عَنْھُمْ۔ دفع کرنا۔ ہٹانا۔

نَقَّزَتْ۔ الصَّبِیَّ اُمُّہٗ۔ ماں کا بچہ کو اچھالنا۔ نَقَّزَ فُلَانًا۔ کودانا۔

اَنْقَزَ۔ الرَّجُلُ۔ ہمیشہ صاف اور میٹھا پانی پینا۔ ردی مال حاصل کرنا۔ نقاز بیماری والے مویشی والا ہونا۔ فورًا قتل کر دینا۔ عَنِ الشَّیْئِ۔ رُکنا۔ باز رہنا۔

اِنْتَقَزَتْ۔ الشَّاۃُ۔ بکری کا نقاز کی بیماری والا ہونا۔

اِنْتَقَزَ۔ لِفُلَانٍ مِنْ۔ ردی مال دینا۔

النَّاقِزَۃُ۔ مؤنث النَّاقِزِ۔ نَوَاقِزُ الدَّابَّۃِ۔ چوپایوں کی ٹانگیں۔

النُّقَازُ۔ طاعون کی طرح جانوروں کی ایک

بیماری۔

النِّقْزُ۔ خسیس مال۔ گھٹیا لوگ۔

النُّقْزُ۔ کنواں۔

النَّقْزُ۔ لقب۔

النَّقَزُ۔ لقب۔ گھٹیا مال۔ رذیل طبقہ کے لوگ۔ واحد نَقَزَۃٌ۔

النِّقْوُ۔ صاف میٹھا پانی۔

النُّقَّازُ و النَّقَّازُ۔ ایک قسم کا پرندہ چڑیوں کے بچے۔ ج۔ نَقَاقِیْزُ۔

المَنْقُوْزُ۔ لقاز کی بیماری والا۔ مؤنث المَنْقُوْزَۃُ۔

نَقَسَ (ن) نَقْسًا۔ النَّاقُوْسَ بِالْخَشَبَۃِ۔ لکڑی سے ناقوس بجانا۔ النَّاقُوْسُ۔ ناقوس بجنا۔

نَقَسَ (ن) نُقُوْسًا۔ الشَّرَابُ۔ ترش ہونا۔ بَیْنَ الْقَوْمِ۔ فساد ڈالنا۔

نَقَسَہٗ (س) نَقْسًا۔ عیب لگانا۔ مسخری کرنا۔

نَقَّسَ۔ فُلَانًا۔ لقب دینا۔ الدَّوَاۃَ۔ دوات میں روشنائی ڈالنا۔ نَقَّسَ لَہُمْ بِنَاقُوْسِہٖ۔ ناقوس بجا کر لوگوں کو بلانا۔

نَاقَسَہٗ۔ عیب لگانا۔

اِنْتَقَسَ۔ ناقوس بجانا۔

النَّاقِسُ۔ فا۔ ترش۔ کھٹا۔

النِّقْسُ۔ کھجلی۔ ایک قسم کا ناقوس۔ ج۔ نُقُوْسٌ۔ رَجُلٌ نِقْسٌ۔ عیب گیر۔ لوگوں کے لقب رکھنے والا۔

النِّقْسُ۔ روشنائی۔ ج۔ اَنْقَاسٌ و اَنْقُسٌ۔

الْاَنْقَسُ۔ کنیززادہ۔ کھجلی والا۔

النَّقُوْسُ۔ ایک قسم کی نباتات۔

النَّاقُوْسُ۔ لوہے کا ٹکڑا جو لکڑی سے بجایا جائے۔ گھڑیال۔ ج۔ نَوَاقِیْسُ۔

نَقَشَ (ن) نَقْشًا۔ الشَّیْءَ۔ بیل بوٹے … ڈالنا۔ نقش و نگار کرنا۔ العَذْقَ۔ کھجور کے خوشہ کو پکانے کے لیے کانٹوں سے مارنا۔ الشَّوْکَۃَ مِنْ رِجْلِہٖ۔ پاؤں سے کانٹا نکالنا۔ مَرَابِعَ الْغَنَمِ۔ بکریوں کے باڑے کو کانٹوں وغیرہ سے صاف کرنا۔ عَنِ الشَّیْءِ۔ بہت وضاحت کرنا۔ فَصَّ الْخَاتَمِ۔ انگوٹھی کا نگینہ کھودنا۔ الشَّعْرَ بِالْمِنْقَاشِ۔ موچنے سے بال نوچنا۔ الرَّجُلَ۔ چٹکی کاٹنا۔ مَا نَقَشَ مِنْہُ شَیْئًا۔ اس نے اس سے کچھ نہیں پایا۔

نَقَّشَ الشَّیْءَ۔ نقش و نگار کرنا۔

نَاقَشَہٗ۔ الْحِسَابَ و فِی الْحِسَابِ۔ حساب کی تفصیل سختی سے لینا۔

اَنْقَشَ۔ عَلٰی غَرِیْمِہٖ۔ مقروض کو تنگ کرنا۔

تَنَقَّشَ۔ کسی سے اپنا پورا حق لے لینا۔

اِنْتَقَشَ۔ الشَّوْکَۃَ۔ کانٹا نکالنا۔ الشَّیْءَ۔ نکالنا۔ مِنْ زَیْدٍ جَمِیْعَ حَقِّہٖ۔ اپنا حق پورا لے لینا۔ اور کچھ نہ چھوڑنا۔

اِنْتَقَشَ۔ فُلَانًا۔ کسی کو پسند کرنا۔

اِنْتَقَشَ فُلَانٌ۔ نگینہ کھودنے کا حکم دینا۔ عَلٰی فَصِّہٖ کَذَا۔ نگینہ پر کھدوانا۔

النِّقَاشَۃُ۔ نقاشی کا پیشہ۔

النَّقْشُ۔ زمین میں نشان۔ نقش و نگار۔ ج۔ نُقُوْشٌ۔ النَّقْشُ۔ سوکھی کھجور جس کو توشہ میں رکھ کر پانی میں تر کریں۔

النَّقَّاشُ۔ نقش و نگار کرنے والا۔

النَّقِیْشُ۔ نظیر۔

المِنْقَشُ و المِنْقَاشُ۔ نقش و نگار … نکالنے کا اوزار۔ ج۔ مَنَاقِشُ و مَنَاقِیْشُ کہتے ہیں اِسْتَخْرَجْتُ مِنْہُ حَقِّیْ بِالْمَنَاقِیْشِ۔ میں نے اس سے اپنا قرضہ وصول کرنے میں بہت تکلیف اٹھائی۔

المَنْقُوْشُ۔ مفع۔ دینار۔ کچی کھجور جس کو پکانے کے لیے اس میں کانٹا چبھوئیں الشَّجَّۃُ المُنَقِّشَۃُ و المَنْقُوْشَۃُ زخم جس سے ہڈیاں نکالی جائیں۔

نَقَصَ (ن) نَقْصًا و تَنْقَاصًا و نُقْصَانًا۔ الشَّیْءُ۔ کم ہونا۔ گھٹنا۔

نَقَصْتُ الشَّیْءَ۔ میں نے چیز کو گھٹا دیا

نَقَصْتُ زَیْدًا حَقَّہٗ۔ حق کم کر دینا۔

نَقُصَ (ک) نَقَاصَۃً۔ الْمَاءُ۔ پانی کا میٹھا ہونا۔

اِنْتَقَصَ۔ الشَّیْءُ۔ چیز کا گھٹنا۔ کم ہونا۔ الشَّیْءَ۔ کم کرنا۔ الرَّجُلَ۔ عیب گیری کرنا۔

تَنَقَّصَ۔ فُلَانًا۔ کسی کی مذمت کرنا۔ عیب گوئی کرنا۔ الشَّیْءَ۔ آہستہ آہستہ کم کرنا۔

تَنَاقَصَ۔ الشَّیْءُ۔ آہستہ آہستہ گھٹنا۔

اِسْتَنْقَصَ۔ الثَّمَنَ۔ قیمت گھٹانے کے لیے کہنا۔ کم پانا۔ الرَّجُلَ۔ نقصان کی نسبت کرنا۔

النَّاقِصُ۔ فا۔ ناکمل۔ دِرْہَمٌ نَاقِصٌ۔ کم وزن کا درہم۔ ج۔ نُقَّصٌ۔

النَّقْصُ۔ مصدر بمعنی نقصان۔ ہر دو میں فرق یہ ہے کہ نقصان دین و عقل میں مستعمل نہیں۔ مثلاً کہہ سکتے ہیں۔ دخل علیہ نقص فی دینہ وعقلہ۔

النُّقْصَانُ۔ کمی۔ گھٹاؤ۔

النَّقِیْصُ۔ میٹھا پانی۔ ہر عمدہ و خوشبودار چیز۔

النَّقِيصَة - کینہ خصلت - برائی - عیب گیری - نکتہ چینی - بدی - ج - نَقَائِص -
الْمَنْقَصَة - نقصان - ج - مَنَاقِص -
نَقَضَ (ن) نَقْضًا - البِنَاءَ - عمارت ڈھانا - العَظْمَ - ہڈی توڑنا - الحَبْلَ - رسی کھولنا - العَهْدَ او الأَمْرَ - پختگی کے بعد خراب کرنا
نَقَضَ فُلَانٌ وِتْرَهُ - فلاں سے اپنا بدلہ لیا -
نَقَضَ (ض ن) نَقْضًا - المفصل و الاديم و نحوهما - جوڑ یا چمڑے کا چڑچڑانا - آواز کرنا -
نَاقَضَ مُنَاقَضَةً وَنِقَاضًا - مخالف ہونا -
أَنْقَضَتِ العُقَابُ - عقاب کا آواز نہ نکالنا - أَنْقَضَ أَصَابِعَهُ - انگلیاں چٹخانا - الكَمَاةَ وَعَنِ الكَمَاةِ - سانپ کی چھتری کو زمین سے نکالنا - بِالمَعْزِ - بکری کو بلانا - الحَمْلُ الظَّهْرَ - زیادہ بوجھ لادنا - بوجھل کرنا -
تَنَقَّضَ - الدَّمُ - خون کا ٹپکنا - الجُرْحُ - زخم سے خون بہنا - الحَبْلُ - رسی کا بل کھلنا - البَيْتُ - گھر کا چٹکنا - تڑخنا - تَنَقَّضَتْ عِظَامُهُ - ہڈیوں سے آواز نکلنا -
تَنَاقَضَ - البِنَاءُ او الحَبْلُ - عمارت کا تڑخنا - رسی کھلنا - القَوْلَانِ - دو قولوں کا ایک دوسرے کے مخالف ہونا - تَنَاقَضَا البَيْعَ - بیع کو آپس میں توڑنا -
إِنْتَقَضَ - البِنَاءُ او الحَبْلُ - عمارت کا تڑخنا یا رسی کا کھلنا - الجُرْحُ بعد برئه - زخم کا اچھا ہونے کے بعد خراب ہونا - الأَمْرُ بَعْدَ الْتِئَامِهِ - معاملہ سدھرنے کے بعد بگڑ گیا - إِنْتَقَضَتِ الطَّهَارَةُ - طہارت کا باطل ہونا - إِنْتَقَضَ عَلَيْهِ البَلَدُ - اہل شہر اس کی اطاعت سے نکلے - باغی ہو گئے -
النُّقَاضَة - رسی کی کھلی ہوئی لڑیاں -
النَّقْض - مفاعلتن کے ساتویں حرف کو حذف کر کے پانچویں کو ساکن کرنا -
النِّقْض - منہدم شدہ عمارت - ملبہ - سفر کی وجہ سے دبلا جانور - دوبارہ کاتا ہوا خیمہ یا کمبل - زمین کی پپڑی جو سانپ کی چھتری وغیرہ سے پھٹ جائے ج - أَنْقَاض و نُقُوض -
النُّقْض - عمارت کا ٹوٹا ہوا حصہ - ج - أَنْقَاض و نُقُوض -
النُّقْضُ - کشتی کا ایک پیچ -
النُّقْض - اُدھڑ کا دوبارہ کاتا ہوا -
النِّقْضَة - سفر سے دبلا جانور - ج - أَنْقَاض -
النَّقِيض - مخالف - مؤنث نَقِيضَة -
النَّقِيضُ مِنَ الأَدَمِ و الأَضْلَاعِ و المَفَاصِلِ و نحوها - آواز -
النَّقِيض - چوزے - بچھو - مینڈک - عقاب - شترمرغ کی آواز - نَقِيضُ السَّقْفِ - چھت کی لکڑی کی چرچراہٹ - نَقِيضُ كُلِّ شَيْءٍ - ہر چیز کا رفع اور عکس -
النَّقِيضَان - دو ایسی ضد چیزیں جن کا اجتماع ناممکن ہو -
النَّقِيضَة - پہاڑی راستہ - وہ نظم جو کسی نظم کے جواب میں ہو - ج - نَقَائِض -
التَّنَاقُض - مص - باہم مخالف ہونا -
نَقَطَ (ن) نَقْطًا - الحرفَ - حرف پر نقطہ لگانا - صفت فاعلی - نَقَّاط - صفت مفعول - مَنْقُوط - (ر) و نَقَّطَ بِهِ الزَّمَانُ - زمانہ کا موافق ہونا -
نَقَّطَ ثَوْبَهُ بِالمِدَادِ او الزَّعْفَرَانِ - کپڑے پر روشنائی یا زعفران سے نقطے لگانا - تَنَقَّطَ المَكَانُ - کسی جگہ گھاس کے مختلف قطعے واقع ہونا - فُلَانٌ الخَبَرَ - آہستہ آہستہ خبر لینا - تَنَقَّطْتُ الخُبْزَ - میں نے آہستہ آہستہ روٹی کھائی -
النَّاقِط - نا - غلام کا غلام -
النُّقْطَة - نقطہ - ج - نِقَاط و نُقَط -
مَا اخْتَلَفُوا فِي نُقْطَةٍ - انھوں نے تمام باتوں میں اتفاق کیا - نُقْطَةُ الدَّائِرَةِ - دائرہ کا مرکز - نُقَط و نُقَاط مِنَ الكَلَإِ - گھاس کے متفرق قطعے -
النَّقِيط - غلام کا غلام -
المَنْقُوط - مفع - المنقوط من الشِّعْرِ - وہ شعر جس کے تمام حروف نقطے والے ہوں - كِتَابٌ مَنْقُوط - اعراب لگی ہوئی کتاب -
نَقَعَ (ف) نَقْعًا - آواز بلند کرنا - الجَيْبَ - گریبان چاک کرنا - فُلَانًا - کسی کو قتل کرنا - الرِّيقَ - منہ میں تھوک جمع کرنا - المَوْتُ - موت زیادہ ہونا - فُلَانًا بِالشَّتْمِ - بری گالی دینا - بِالشَّرَابِ - شفا پانا - الدَّوَاءَ و غَيْرَهُ فِي المَاءِ - دوا وغیرہ کو پانی میں بھگوتا - الرَّجُلَ - مہمانوں کے لیے جانور ذبح کرنا -
نَقَعَ (ف) نُقُوعًا - الصَّوْتُ - آواز کا بلند ہونا - الصَّارِخُ بِصَوْتِهِ - مسلسل چلانا - لَهُ الشَّرَّ - کسی کے لیے شرارت تیار کرنا - مِنَ المَاءِ

دبہٖ۔ پانی سے سیراب ہونا۔ السّمُّ
فی انیابِ الحیّۃِ۔ سانپ کے
دانتوں میں زہر جمع ہونا۔ ما
نقعتُ بخبرہٖ۔ میں نے اس کی
تصدیق نہیں کی۔

نَقَعَ (ف) نَقْعًا و نُقُوْعًا۔ الماءُ
فی بطن الوادی۔ پانی کا وادی میں
جمع ہوکر بہت دیر ٹھہرنا۔ الماءُ
العطشَ۔ پانی کا پیاس کو بجھانا۔

اَنْقَعَ۔ الدّواءَ وغیرہ فی الماءِ۔
دوا وغیرہ کو پانی میں بھگونا۔ الصّارخُ
بصوتہٖ۔ لگاتار چلانا۔ الماءُ
فلانًا۔ سیراب کرنا۔ الماءُ۔ پانی
کا متغیر ہوکر زرد رنگ ہونا۔ الرّجلُ
معانی کے لیے جانور ذبح کرنا۔
الحیّۃُ السّمَّ فی انیابھا۔
سانپ کا زہر اپنے دانتوں میں جمع
کرنا۔ لفلانٍ شرًّا۔ کسی کے
لیے شر دل میں چھپانا۔ المیتَ۔
دفن کرنا۔ العطشُ۔ پیاس بجھنا۔

اِنْتَقَعَ۔ النّقیعۃَ۔ مہمانی کے لیے
جانور ذبح کرنا۔

اُنْتُقِعَ۔ لونُہٗ۔ غم اور گھبراہٹ سے
رنگ بدل جانا۔

اِسْتَنْقَعَ۔ الصّوتُ۔ آواز کا بلند ہونا
۔ الماءُ۔ پانی کا متغیر ہوکر زرد رنگ
ہونا۔ فلانٌ فی النّھرِ۔ نہر میں
گھس کر دیر تک اس میں نہانا۔
الماءُ فی الغدیرِ۔ پانی کا تالاب
میں جمع ہونا۔

اُسْتُنْقِعَ۔ لونُہٗ۔ رنگ بدلنا۔ الشیءُ
فی الماءِ۔ پانی میں بھگویا جانا۔

النّاقِع۔ فا۔ سمٌّ ناقعٌ۔ زہر قاتل
دواءٌ ناقعٌ۔ فائدہ مند دوا۔ دمٌ
ناقعٌ۔ تازہ خون۔

النّقْعُ۔ مص۔ جمع شدہ پانی۔ ج۔ اَنْقُعٌ۔
النّقعُ۔ غبار۔ ج۔ نِقاع۔ و
نُقُوع۔ النّقعُ۔ مکہ شریف
کے پاس ایک جگہ۔ سنگستانی زمین
جس میں پانی جمع ہو۔ نرم و ہموار
زمین۔ پانی ٹھہرنے کی جگہ۔ ج۔
نِقاع و اَنْقُع۔ نقعُ البئرِ۔
کنویں میں جمع شدہ پانی۔ کنویں کے
پانی کی زیادتی۔

النِّقاع۔ خشک انگور بھگونے کا برتن۔

النّقاعۃ۔ وہ پانی جس میں کوئی چیز
بھگوئی جائے۔

النّقعاء۔ نرم و ہموار زمین۔ سنگستانی
زمین جس میں پانی جمع ہو۔ غبار
آواز۔ ج۔ نِقاع۔

النّقّاع۔ ان فضیلتوں کا دعوی کرنے
والا جو درحقیقت اس میں نہ ہوں۔

النّقوع۔ ایک رنگ جس میں خوشبو
پڑی ہو۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ پانی میں
بھگوئی ہوئی چیز۔ فلانٌ نَقوعُ
اُذُنٍ۔ فلاں آدمی ہر بات مان
لیتا ہے۔

النّقیع۔ بھگوئی ہوئی کھجوروں کا شربت
شربت جو کشمش کو بھگو کر بنایا
جائے۔ میٹھا ٹھنڈا پانی۔ بہت
پانی والا کنواں۔ ج۔ اَنْقِعۃ۔ ہجین
وہ آدمی جس کی ماں غیر قوم کی ہو۔

النّقیعۃ۔ کھانا جو سفر سے آنے
والے کے لیے تیار کیا جائے۔ مہمان
کے لیے ذبح کیا ہوا۔ ج۔ نقائع۔

الانْقَع۔ زیادہ پیاس بجھانے والا۔ کہتے
ہیں "الرّشفُ اَنْقَعُ" یعنی
تھوڑا تھوڑا پینا پیاس کو زیادہ بجھاتا
ہے۔ جلد بازی کو چھڑانے کے لیے
یہ جملہ بولا جاتا ہے۔

الاُنْقُوعۃُ۔ ہر ایسی جگہ جس کی طرف پانی
بہہ کر آئے۔ اُنقوعۃُ المیزاب۔
پرنالے کی نالی۔

المُسْتَنْقَع۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔ تالاب
کا گھاٹ۔

المَنْقَع۔ سمندر۔ پانی جمع ہونے کی جگہ۔
پانی سے سیرابی۔ ج۔ مَناقِع۔

المِنْقَع۔ وہ برتن جس میں کوئی چیز بھگوئیں

المُنْقَع۔ مٹکا۔ پتھر کا پیالہ۔ بھگونے
کے قابل چیز۔ خالص سرد کیا ہوا دودھ
فلانٌ مُنْقَعٌ۔ فلاں کی رائے پر تسلی
ہوتی ہے۔

المُنْقُع۔ چھوٹی ہانڈی جس میں دودھ کھجوریں
بچے کے کھانے کے لیے ڈالی جائیں۔

المِنْقَعۃ۔ خشک انگور وغیرہ بھگونے کا برتن۔

نَقَفَ (ن) نَقْفًا۔ ھامۃَ الرّجلِ۔
کھوپڑی توڑنا۔ فلانًا۔ کسی کے ہلکی
ضرب لگانا۔ الفرخُ البیضۃَ۔ چوزے
کا انڈا پھوڑ کر نکلنا۔ الرّمانۃَ۔ انار
کو دانے نکالنے کے لیے چھیلنا۔ صفت
فاعلی (ناقف) صفت مفعولی (نقیف و
منقوف)۔ الشّرابَ۔ شراب کو
صاف کرنا۔ اس میں پانی ملانا۔ عن
الشیءِ۔ تفتیش کرنا۔ نقفَہٗ بظفرہٖ۔
ناخن سے چٹکی بھرنا۔

ناقَفَہٗ مُناقفۃً و نِقافًا۔ ایک دوسرے
کی کھوپڑی پر تلوار مارنا۔

اَنْقَفَ۔ الجرادُ الوادیَ۔ ٹڈی کا وادی
کو انڈوں سے بھر دینا۔ فلانًا
العظمَ۔ کسی کو ہڈی گودا نکالنے کے
لیے دینا۔ (و تنقّفَ) الحنظلَ۔
دانے نکالنے کے لیے اندرائن توڑنا۔

اِنْتَقَفَ۔ نکالنا۔ رجلٌ نِقافٌ
دوراندیش آدمی۔ فی نِقافٍ
واحدٍ۔ ایک ہی طریق پر۔ برابر برابر۔

النِّقْف و النَّقَفَة ۔ وہ بچہ جو ابھی انڈے
سے نکلا ہو۔
النَّقَفَة ۔ پہاڑ کی چوٹی یا ٹیلے پر چھوٹا
گڑھا۔
النَّقَّافَة ۔ سوال کرنے کا شوقین اور عادی ۔
النَّقِيف ۔ دیمک کا کھایا ہوا تنہ ۔ ج ۔
نُقُف ۔
المِنْقَاف ۔ پرندہ کی چونچ ۔ ایک قسم کی
کوڑی جو پالش کے کام آتی ہے ۔
المَنْقُوف ۔ مفع ۔ زرد رنگ ۔ دبلا ۔ کمزور
کم گوشت ۔ کرم خوردہ تنہ ۔ عَيْنَانِ
مَنْقُوفَتَانِ ۔ سرخ آنکھیں ۔
نَقَلَ (ن) نَقْلًا ۔ الشيءَ ۔ ایک جگہ سے
دوسری جگہ پر تبدیل کرنا ۔ الخُفَّ
البَعِيرِ او الثوبَ او النَّعْلَ ۔ پیوند
لگانا اور درست کرنا ۔ الكلامَ
عَنْ قَائِلِهِ ۔ روایت کرنا ۔ الكِتَابَ
کتاب نقل کرنا ۔ الكِتَابَ إلى
لغتہ کذا ۔ ترجمہ کرنا ۔
نَقَّلَ ۔ الشيءَ ۔ چیز کو زیادہ نقل کرنا ۔
۔ الخُفَّ او الثوبَ ۔ پیوند لگانا
اور درست کرنا ۔ نَقَّلَتِ الشَّجَّةُ
العَظْمَ ۔ ضرب کا ہڈی کو توڑ ڈالنا
۔ فلانٌ ضَيْفَهُ ۔ مہمان کو ناشتہ
کھلانا ۔
نَاقَلَ ۔ الفَرَسُ ۔ گھوڑے کا جلدی جلدی
پاؤں اٹھانا ۔ پتھروں سے بچ کر
ہوشیاری سے دوڑنا ۔ ایک دوسرے
کو روایت سنانا ۔
تَنَاقَلَهُ الأَقْدَاحَ ۔ ایک دوسرے کو
پیالے پکڑانا ۔ نَاقَلَ الشَّاعِرُ الشَّاعِرَ
شاعر کا شاعر سے مقابلہ کرنا ۔
انْتَقَلَ الخُفَّ او النَّعْلَ ۔ درست کرنا ۔
تَنَقَّلَ ۔ مِنْ مَكَانٍ إِلَى آخَرَ ۔ ایک جگہ
سے دوسری جگہ بدل جانا ۔ زیادہ منتقل
ہونا ۔ نقل کھانا ۔
إِنْتَقَلَ ۔ مِنْ ، إِلَى ۔ نقل مکانی کرنا ۔
إِلَى رَحْمَتِهِ الله ۔ مرجانا ۔ الفَرَسُ ۔
گھوڑے کا چلنے میں پچھلے پاؤں کو اگلے
پاؤں کی جگہ رکھنا ۔
النَّاقِل ۔ فا ۔ ج ۔ نَاقِلُونَ و نَقَلَة ۔
النَّاقِلَة ۔ مؤنث النَّاقِل ۔ ج ۔ نَوَاقِل
۔ نَوَاقِلُ الدَّهْرِ ۔ حوادثِ زمانہ ۔
النَّاقِلَةُ مِنَ النَّاسِ ۔ نقل مکانی
کے عادی لوگ ۔ نَوَاقِلُ العَرَبِ ۔
ایک قبیلے سے دوسرے قبیلے کی طرف
منتقل ہو کر اس کی طرف اپنی نسبت
کرنے والے لوگ ۔
النُّقَال ۔ نَاقَلَ کا مصدر ۔ چیزوں کے
چوڑے چھوٹے پھل ۔ واحد نُقْلَة ۔
النَّقَّال ۔ چیزوں کو ایک جگہ سے دوسری
جگہ منتقل کرنے والا ۔ فَرَسٌ نَقَّالٌ ۔
تیز رو گھوڑا ۔
النَّقَل ۔ مص ۔ پرانا جوتا یا موزہ ۔ وہ چیز
جو شراب کے ساتھ استعمال کی جائے
جیسے پستہ ، سیب وغیرہ ۔ ج ۔ نُقُول
و نُقُولَات ۔ مختصر راستہ ۔
النَّقْل ۔ اہل العربیہ کے نزدیک ایک لفظ
کو ایک معنی کے لیے وضع کرنے کے
بعد پھر اس کو دوسرے معنی کے لیے
وضع کرنا ۔
النِّقْل ۔ پرانا جوتا یا موزہ ۔
النُّقْل ۔ پرانا جوتا یا موزہ ۔ ج ۔ أَنْقَال
و نِقَال ۔ شور و شغب کے ساتھ
جواب ۔ ایک تیر سے نکال کر دوسرے
تیر میں لگایا ہوا پھل ۔ گری ہوئی عمارت
کا ملبہ ۔ چھوٹے پتھر ۔ مختصر راستہ
مَكَانٌ نَقِلٌ ۔ چھوٹے چھوٹے
پتھروں کی جگہ ۔ رَجُلٌ نَقِلٌ ۔ حاضر
جواب آدمی ۔ جھگڑالو ۔
النُّقْلَة ۔ انتقال ۔ چغلی ۔ ج ۔ نُقَل ۔
النِّقْلَة ۔ وہ عورت کہ عمر زیادہ ہونے
کے سبب اس کے پیغام نہ آئیں ۔ ج ۔
نِقَل ۔
النَّقِيل ۔ مسافر ۔ بارش کی زمین سے خشک
زمین میں آنے والا سیلاب ۔
النَّقِيلَة ۔ جوتے یا موزے کا پیوند ۔ ج ۔
نَقَائِل و نَقِيل ۔ فَرَسٌ مُنَاقِلٌ
و نِقَال و مِنْقَل ۔ تیز رو گھوڑا ۔
المَنْقَل ۔ پہاڑی راستہ ۔ مختصر راستہ ۔
بوسیدہ جوتا یا موزہ ۔
المَنْقَلَة ۔ سفر کی ایک منزل ۔ اونٹ
کے موزے کا پیوند ۔ أَرْضٌ مَنْقَلَة ۔
چھوٹے چھوٹے پتھروں والی زمین ۔
المِنْقَلَة ۔ نقل مکان کرنے کا ذریعہ ۔ ج
مَنَاقِل ۔ ایک قسم کا کھیل ۔
نَقَمَ (ض) و نَقِمَ (س) ، نَقْمًا و
تَنْقَامًا ۔ مِنْ فلانٍ ۔ سزا دینا ۔
الأَمْرَ عَلَى فلانٍ و مِنْ فلانٍ
ملامت کرنا ۔ عیب لگانا ۔ مکروہ جاننا
نَقَمَ فلانٌ وَتْرَهُ ۔ فلاں نے
بدلہ لے لیا (س) نَقَمًا ، الشيءَ ۔
جلدی کھانا ۔
إِنْتَقَمَ ۔ مِنْهُ ۔ سزا دینا ۔
النَّقَم ۔ مص ۔ راستہ کا درمیان ۔
النَّقْمَة و النِّقْمَة و النَّقِمَة ۔ بدلہ
سزا ۔ عذاب ۔ ج ۔ نِقَم و نَقِم
و نَقِمَات ۔
النَّقِيمَة ۔ اچھی طبیعت والا ۔
نَقْنَقَ ۔ الضِّفْدَعُ ۔ مینڈک کا ٹرانا ۔
النِّقْنِق ۔ نر شتر مرغ ۔
نَقِهَ (ف) نُقُوهًا و نَقَهًا (س) ، نَقَهًا
۔ فلانٌ مِنْ مَرَضِهِ ۔ صحت یاب
ہونا مگر کمزوری باقی رہنا ۔ صفت
نَاقِه ، ج ۔ نُقَّه ۔ (ـ) نَقْهًا و

نَقُوهًا و نَقَاهَةً و نَقَهَانًا) ـ
الحَدِيْثَ. بات سمجھنا. صفت نَقِهٌ
و نَاقِهٌ۔
اَنْقَهَ ـ مِنّی ۔ تندرست کرنا ـ فُلَانًا
الحَدِيْثَ. کسی کو بات سمجھانا ـ اِنْقَهْ
لِيْ سَمْعَكَ ۔ میری بات سن ۔
اِنْتَقَهَ ـ مِنَ الحَدِيْثِ. تسلی پانا ـ
مِنْ مَرَضِهٖ ۔ مرض سے نجات پانا۔
مگر کمزوری باقی رہنا۔
اِسْتَنْقَهَ ۔ بات پوچھنا ۔ سمجھنا ۔
النَّقْهَةُ ۔ صحت یابی ۔
نَقَا يَنْقُوْا نَقْوًا ـ العَظْمَ ۔ ہڈی کا
گودا نکالنا ۔
نَقِيَ يَنْقٰى نَقَاوَةً و نَقَاءً و نَقَاءَةً و
نَقَاوَةً و نُقَايَةً ۔ صاف ہونا ۔
خوبصورت ہونا ۔ خالص ہونا ۔ صفت
نَقِيٌّ ۔
نَقّٰى تَنْقِيَةً و اَنْقٰى اِنْقَاءً ۔ صاف
ستھرا کرنا ۔ پسند کرنا ۔
نَقّٰى و اَنْقٰى الطَّعَامَ ۔ غلہ کو کوڑے کرکٹ
سے صاف کرنا ۔
اَنْقَى البُرُّ ۔ گیہوں کا موٹے دانہ والا ہونا ۔
اَنْقَمَتِ الاِبِلُ و غَيْرُهَا ۔ اونٹ
کا موٹا ہونا ۔ صفت مُنْقِيَةٌ ۔ ج
مُنْقِيَاتٌ ۔
اِنْتَقَاهُ اِنْتِقَاءً ۔ پسند کرنا ۔ چننا ۔
اِنْتَقَى العَظْمَ ۔ ہڈی کا گودا نکالنا ۔
تَنَقَّاهُ تَنَقِّيًا ۔ چننا ۔
نُقَاوَةُ الشَّيْءِ و نُقَاوَتُهٗ و نُقَايَتُهٗ و
نَقَاتُهٗ ۔ عمدہ حصہ ۔ خلاصہ ۔ نُقَاوَةٌ
کی جمع نَقَايَا و نُقَاءٌ ۔ نُقَاوَةُ الطَّعَامِ
و نُقَاتُهٗ و نُقَايَتُهٗ و نُقَايَتُهٗ ۔
غلہ کا کوڑا کرکٹ ۔
النُّقَاوَةُ ۔ ایک قسم کی نباتات جس سے
کپڑے دھوئے جاتے ہیں ۔ ج ۔ نُقَاوَى

النَّقَا ۔ ریت کا ابھرا ہوا ٹیلہ ۔ تثنیہ ۔ نَقَوَانِ
و نَقَيَانِ ۔ ج ۔ اَنْقَاءٌ و نُقِيٌّ و
نُقْيَانٌ ۔
النَّقَا و النَّقْوُ و النِّقْوُ ۔ گودے دار ہڈی ۔
ج ۔ اَنْقَاءٌ ۔
النَّقْوَةُ ۔ عمدہ حصہ ۔
النَّقِيُّ ۔ صاف ستھرا ۔ ج ۔ نِقَاءٌ و اَنْقِيَاءُ
و نُقَوَاءُ ۔
الاَنْقٰى ۔ اسم تفضیل ۔ مؤنث نُقْوٰى ۔
رَجُلٌ اَنْقٰى ۔ باریک لمبی ہڈیوں والا
مؤنث نَقْوَاءُ
نَقَى يَنْقِي نَقْيًا ۔ العَظْمَ ۔ ہڈی کا
گودا نکالنا ۔
نَقِيَهٗ يَنْقَاهُ نَقَاءً ۔ ملاقات کرنا ۔
النِّقْيُ ۔ ہڈی کا گودا ۔ آنکھ کی چربی ۔ ج
اَنْقَاءٌ ۔
النَّقِيَّةُ ۔ کلمہ ۔
النَّقِيُّ ۔ صاف ستھرا ۔ ج ۔ نِقَاءٌ و اَنْقِيَاءُ
و نُقَوَاءُ ۔
المُنْتَقٰى ۔ راستہ ۔ سڑک ۔
نَكَّ (ن) نَكًّا ۔ عَلَى الغَرِيْمِ ۔ قرضدار
پر سختی کرنا ۔ العَمَلَ ۔ کام کو درست
کرنا ۔
نَكَأَ (ف) نَكْأً ۔ القُرْحَةَ ۔ زخم کو اچھا
ہونے سے پہلے چھیلنا ۔ العَدُوَّ
و فِي العَدُوِّ ۔ دشمنی میں قتل و غارت
ڈالنا ۔ خونریزی کرنا ۔ فُلَانٌ حَقَّهٗ
مِنْ فُلَانٍ ۔ کسی کا پورا حق ادا کرنا ۔
اِنْتَكَأَ اِنْتِكَاءً ۔ حَقَّهٗ مِنْ فُلَانٍ
کسی سے اپنا حق وصول کرکے قبضہ
کرنا ۔ نُوْكَأَةٌ نُكَأَةٌ جلدی ادا کرنے
والا ۔ ٹال مٹول نہ کرنے والا ۔
نَكَبَ (ن) نَكْبًا و نُكُوْبًا ۔ عَنْهُ ۔ ہٹ
جانا ۔ تجاوز کرنا ۔ نَكْبًا ۔ الشَّيْءَ و
بِهٖ ۔ پھینکنا ۔ الاِنَاءَ ۔ جو کچھ برتن میں

ہے گرادینا ۔ الكِنَانَةَ ۔ ترکش سے
سب کچھ بکھیر دینا ۔ نَكَبَتِ الحِجَارَةُ
رِجْلَهٗ ۔ پتھر کا پاؤں کو زخمی کرنا ۔
نَكْبًا و نَكَبًا) الدَّهْرُ فُلَانًا ۔ زمانہ
کا کسی کو مصیبت پہنچانا ۔ نَكَبَتْ
نُكُوْبًا ۔ الرِّيْحُ ۔ ہوا کا ٹیڑھا چلنا ۔
نَكَبَ (ن) نِكَابَةً و نُكُوْبًا ۔ فُلَانٌ عَلٰى
قَوْمِهٖ ۔ مددگار ۔ قابل بھروسہ ہونا ۔
نَكِبَ (س) نَكَبًا ۔ عَنِ الطَّرِيْقِ ۔ راستہ
سے ہٹ جانا ۔ البَعِيْرُ ۔ اونٹ کا
نکب بیماری والا ہونا ۔ الرَّجُلُ ۔
کسی کا کندھے کی بیماری والا ہونا ۔
نُكِبَ ۔ مصیبت زدہ ہونا ۔
نَكَّبَ ۔ عَنِ الطَّرِيْقِ ۔ راستہ سے ہٹ
جانا ۔ ایک طرف ہونا ۔ الشَّيْءَ ۔ ہٹانا
ایک طرف کرنا ۔
نَاكَبَهٗ ۔ مونڈھے کے مقابل ہونا ۔
تَنَكَّبَ ۔ عَنْهُ ۔ ہٹ جانا ۔ الگ ہونا ۔
بچنا ۔ کندھا موڑ کر دوسرے کی جانب
متوجہ ہونا ۔ عَلَى الشَّيْءِ ۔ ٹیک لگانا
كِنَانَتَهٗ او قَوْسَهٗ ۔ اپنے ترکش یا
اپنی کمان کو کندھے پر ڈالنا ۔
اِنْتَكَبَ ۔ الرَّجُلُ كِنَانَتَهٗ او قَوْسَهٗ
ترکش یا کمان کو کندھے پر ڈالنا ۔
النَّكْبُ ۔ مص ۔ مصیبت ۔ ج ۔ نُكُوْبٌ
النَّكِبُ ۔ پتھر سے زخمی پاؤں والا ۔
النَّكَبُ ۔ مص ۔ جھکاؤ ۔ اونٹوں کی ایک
بیماری جو مونڈھے میں پیدا ہوتی ہے ۔
الاَنْكَبُ ۔ بغیر کمان کا آدمی ۔ ایک شانہ
کو دوسرے شانے سے اونچا رکھنے والا ۔
النَّكْبَاءُ ۔ مؤنث الاَنْكَبِ ۔ رِيْحٌ نَكْبَاءُ
ٹیڑھی چلنے والی ہوا ۔ ج ۔ نُكْبٌ و
نَكْبَاوَاتٌ ۔
النُّكَيْبَاءُ ۔ شمال مشرقی ہوا ۔
النَّكْبَةُ ۔ مصیبت ۔ ج ۔ نَكَبَاتٌ ۔

النُّکْبَۃُ۔ بے اندازہ غلہ کا ڈھیر۔ ج نُکَبٌ۔
اَلنَّکِیْبُ۔ کھر کا گرداگرد۔
اَلمِنْکَابُ۔ ظالم۔ جفاکار۔
المَنْکِبُ۔ کندھا۔ شانہ۔ ج۔ مَنَاکِبُ
تَشَابَھَتْ مِنْھُمُ المَنَاکِبُ۔
وَالرُّؤُوْسُ۔ وہ سب ایک جیسے
ہیں۔ کوئی ان میں بڑھا ہوا نہیں۔
ھُوَ مَنْکِبَۃٌ کَذَا۔ وہ اس سے
خوش ہوا۔
المَنْکِبُ۔ پہلو۔ گوشہ۔ مددگار۔ محافظ
سطح مرتفع۔
المَنَاکِبُ۔ گدھ کے چھوٹے پر۔
المَنْکُوْبُ۔ مفع۔ مصیبت زدہ۔ وہ
شخص جس کا پاؤں پتھر سے زخمی ہو۔
نَکَتَ (ن)، نَکْتًا۔ الارضَ بِقَضِیْبٍ
اَوْ بِاَصْبَعِہٖ۔ غور و فکر کے وقت زمین
کو لکڑی یا انگلی سے کریدنا۔ النَّاسُ
بِالحَصٰی۔ لوگوں کا زمین پر کنکر پھینکنا
۔ الفرسُ۔ گھوڑے کا اُچھلنا۔
العَظْمَ۔ ہڈی کا گودا نکالنا۔ فُلَانًا
کسی کو سر کے بل گرانا۔ کِنَانَتَہٗ
ترکش سے بکھیر دینا۔
نَکَّتَ۔ الرُّطَبُ۔ کھجور کا سرخی پکڑنا۔
فِیْ قَوْلِہٖ۔ نکتہ چینی کرنا۔
اِنْتَکَتَ فُلَانٌ۔ کسی کا سر کے بل گرنا۔
النُّکْتَۃُ۔ داغ۔ زمین پر کریدنے کا نشان
ج۔ نُکَتٌ و نِکَاتٌ۔ النُّکْتَۃُ
آئینہ یا تلوار کا داغ۔ کلام کی باریکی
لطیفہ۔
النَّکَّاتُ۔ بڑا نکتہ چین۔ کلام میں نکتے
لانے والا۔
المَنْکُوْتُ۔ سر کے بل گرا ہوا۔
نَکَثَ (ض ن)، نَکْثًا۔ العَھْدَ او
البَیْعَ۔ عہد یا بیع توڑنا یا۔ فسخ کرنا
۔ الحَبْلَ۔ رسی کھولنا۔ السِّوَاکَ
مسواک کا سر نرم کرنا۔
اِنْتَکَثَ۔ الحَبْلُ وغیرُہٗ۔ رسی وغیرہ
کا کھلنا۔ السِّوَاکُ۔ مسواک کے
سرے کا نرم ہونا۔ فُلَانٌ مِنْ
حَاجَۃٍ اِلٰی اُخْرٰی۔ ایک کام سے
ہٹ کر دوسرے کام کی طرف متوجہ
ہونا۔
النُّکَاثُ۔ اونٹ کے منہ کی پھنسیاں۔
النُّکَاثَۃُ۔ رسی کا کھلا ہوا حصہ۔
النِّکْثُ۔ دوبارہ کاتنے کے لیے ادھیڑا
ہوا کمبل یا خیمہ۔ ج۔ اَنْکَاثٌ۔
النَّکِیْثُ۔ ادھیڑا ہوا۔ مؤنث نَکِیْثَۃٌ
النَّکِیْثَۃُ۔ نفس طبیعت۔ قوت۔ پوری
پوری کوشش۔ مشکل کام۔ قَالَ
قَوْلًا لَا نَکِیْثَۃَ فِیْہِ۔ اس نے
ایسی بات کہی جس میں خلاف وعدگی
نہیں۔ صَرَفَ فِیْہِ نَکِیْثَتَہٗ۔
اس نے اس میں بے انتہا کوشش
کی۔ وَقَعُوْا فِی النَّکِیْثَۃِ۔ وہ مشکل
کام میں پھنس گئے۔ ذُوْ نَکِیْثَۃٍ
حَسَنَۃٍ۔ اچھی طبیعت والا۔ ج
نَکَائِثُ۔
النَّکَّاثُ۔ بنی ہوئی یا بٹی ہوئی چیز کو
ادھیڑنے والا۔
المُنْتَکِثُ۔ دُبلا۔
نَکَحَ (ف ض)، نِکَاحًا و نَکْحًا۔ المَرْاَۃَ
عورت سے نکاح کرنا۔ نَکَحَتِ
المَرْاَۃُ۔ عورت کا نکاح کرنا۔ شادی
کرنا۔ صفت نَاکِحٌ و نَاکِحَۃٌ۔
نَکَحَ المَطَرُ الاَرْضَ۔ بارش مٹی
میں جذب ہو گئی۔ الدَّوَاءُ فُلَانًا
دوا کا کسی میں اثر کرنا۔ النُّعَاسُ
عَیْنَہٗ۔ نیند کا آنکھوں پر غالب
آنا۔
اَنْکَحَہٗ۔ المَرْاَۃَ۔ عورت سے شادی کرانا۔
تَنَاکَحُوْا۔ ایک دوسرے سے شادی کرنا
تَنَاکَحَتِ الاَشْجَارُ۔ درختوں کا
آپس میں مل جانا۔
اِسْتَنْکَحَ۔ الرَّجُلُ المَرْاَۃَ۔ مرد کا
عورت کو نکاح میں لانا۔ شادی کرنا۔
فِیْ بَنِیْ فُلَانٍ۔ نکاح کرنا۔ النومُ
عُیُوْنَھُمْ۔ نیند کا آنکھوں پر
غالب آنا۔
المَنَاکِحُ۔ عورتیں۔
نَکَخَ (ف)، نَکْخًا۔ فُلَانًا فِیْ حَلْقِہٖ۔
حلق میں مکا مارنا۔ نیزہ مارنا۔
نَکَدَ۔ (ن)، نَکْدًا۔ فُلَانًا حَاجَتَہٗ۔
کسی کو حاجت سے روک دینا۔ محروم
کرنا یا تھوڑا دینا۔ نَکَدَ الغُرَابُ
کوے کا بہت کائیں کائیں کرنا۔
القومُ الرَّجُلَ۔ بہت سوالوں سے
تنگ دست کر دینا۔ نُکِدَ الرَّجُلُ۔
بہت سوالوں والا اور کم بھلائی والا
ہونا۔
نَکِدَ (س)، نَکَدًا۔ العَیْشُ۔ گزران کا
تنگ ہونا۔ الرَّجُلُ۔ تنگ گزران
والا ہونا۔ نَکِدَتِ البِئْرُ۔ کنویں کا
پانی کم ہونا۔
نَکَّدَ۔ عَیْشَہٗ۔ زندگی کو تنگ کر دینا۔
فُلَانًا۔ کسی کی زندگی کو مکدر کرنا۔
نَاکَدَہٗ۔ تکلیف دینا۔ سختی برتنا۔
اَنْکَدَہٗ۔ کسی کو کم خیر پانا۔
تَنَکَّدَ عَیْشُہٗ۔ زندگی مکدر ہونا۔
تَنَاکَدَا۔ ایک دوسرے سے سختی برتنا۔
النَّاکِدُ۔ فا۔ نَاقَۃٌ نَاکِدٌ۔ کم دودھ والی
اونٹنی۔ وہ عورت جس کے بچے زندہ
نہ رہتے ہوں۔ ج۔ نُکُدٌ۔ رَجُلٌ
نَکِدٌ و نَکْدٌ و نَکَدٌ۔ درشت خو۔ کم
داد و دہش والا۔ ج۔ اَنْکَادٌ و مَنَاکِیْدُ۔

النُّکُدُ۔ بے دودھ والی اونٹنیاں۔ بہت
دودھ والی اونٹنیاں (ضد) واحد
نَکْدَاء۔
النُّکْدُ و النَّکَدُ۔ کم دادودہش۔ مَاءٌ
نَکَدٌ۔ کم پانی۔
الْاَنْکَدُ۔ کم دادودہش والا۔ مؤنث نَکْدَاء
ج۔ نُکْدٌ۔ عَطَاءٌ مُنَکَّدٌ و
مَنْکُوْدٌ۔ تھوڑا عطیہ۔ رَجُلٌ
مَنْکُوْدٌ۔ وہ شخص جس سے سوال
میں اصرار کیا جائے۔
نَکِرَ (س) نَکَرًا و نُکْرًا و نُکُوْرًا و
نَکِیْرًا۔ الامرَ۔ کسی امر سے ناواقف
ہونا۔ الرَّجُلَ۔ کسی کو نہ جاننا۔
نَکُرَ (ک) نَکَارَۃً۔ الامرُ۔ مشکل ہونا
دشوار ہونا۔
نَکَّرَہٗ۔ تبدیل کرنا۔ نَکَّرَ الاِسْمَ۔ اسم
کو نکرہ بنانا۔
نَاکَرَہٗ مُنَاکَرَۃً۔ مقابلہ کرنا۔ لڑنا۔ دھوکا
دینا۔
اَنْکَرَہٗ۔ جاہل ہونا۔ اَنْکَرَ حَقَّہٗ۔ انکار
کرنا۔ اَنْکَرَ عَلَیْہِ فِعْلَہٗ۔
عیب لگانا۔ منع کرنا۔
تَنَکَّرَ۔ الرَّجُلُ۔ اچھی حالت سے نکل کر
بدحال ہونا۔ بھیس بدلنا۔ فُلَانٌ۔ بد
خلق ہونا۔ لِفُلَانٍ۔ اجنبی ہونا۔
تَنَاکَرَ۔ جان بوجھ کر ناواقف بننا۔ الْاَمْرَ
ناواقف ہونا۔ القومُ۔ ایک دوسرے
سے اجنبیوں یا دشمنوں کا سا سلوک کرنا
اِسْتَنْکَرَ۔ الْاَمْرَ۔ کسی امر سے ناواقف
ہونا۔ اَمْرًا یَجْھَلُہٗ۔ نامعلوم امر کے
بارے میں پوچھنا۔
النَّکَارَۃُ۔ مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ جہالت۔
النَّکْرُ۔ مص۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔
النُّکْرُ۔ مص۔ چالاکی۔ سمجھ۔ ذہانت۔ برا
کام۔ سخت برا کام۔ رَجُلٌ نَکِرٌ و نَکُرٌ
و نَکُرٌ۔ چالاک۔ تیز فہم۔ ج۔ اَنْکَار۔
النُّکُرُ۔ مجہول۔ سخت کام۔
النَّکْرَاءُ۔ چالاکی۔ تیز فہمی۔ مجہول۔
ناشناختہ۔ مصیبت۔
نَکْرَاءُ الدَّھْرِ۔ زمانہ کی سختی۔
النَّکِرَۃُ۔ انکار۔ معرفہ کی ضد۔ خون یا پیپ
کا پھوڑا۔ ج۔ نَکِرَات۔
النَّکِرَۃُ۔ انکار سے اسم۔
النَّکِیْرُ۔ دگرگونی۔ اَمْرٌ نَکِیْرٌ۔ سخت
کام۔ حِصْنٌ نَکِیْرٌ۔ مضبوط قلعہ
المُنْکَرُ۔ مفع۔ وہ قول یا فعل جو اللہ تعالیٰ
کے خلافِ مرضی ہو۔ ج۔ مُنْکَرَات و
مَنَاکِیْرُ۔ رَجُلٌ مُنْکَرٌ۔ چالاک۔ سمجھدار
ج۔ مُنْکَرُوْنَ و مَنَاکِیْرُ۔
المَنْکُوْرُ۔ مفع۔ مجہول۔ ج۔ مَنَاکِیْرُ۔
المَنَاکِیْرُ۔ ناپسندیدہ امور۔
المُنَکَّرُ۔ اسم نکرہ۔ نقیض معرفہ۔
نَکَزَتْ (ن) نَکْزًا۔ الحَیَّۃُ فُلَانًا۔
سانپ کا کسی کو ڈسنا۔ فلاں کو مارنا
دفع کرنا۔ ہٹانا۔ الشَّیْءَ۔ چبھونا۔
الدَّابَّۃَ بِعَقِبِہٖ۔ جانور کو ایڑے
مارنا۔ نَکْزًا و نُکُوْزًا۔ الماءُ
پانی کا زمین میں جذب ہونا۔ البحرُ
خشک ہونا۔ البئرُ۔ کنویں کا پانی
کم ہونا۔
نَکِزَتْ (س) نَکَزًا۔ البئرُ۔ کنویں کے
پانی کا کم ہونا یا ختم ہونا۔
اَنْکَزَ۔ البئرَ۔ کنویں کے پانی کو ختم کرنا۔
النَّاکِزُ۔ فا۔ بِئْرٌ نَاکِزٌ۔ وہ کنواں جس کا
پانی ختم ہو گیا ہو۔ ج۔ نَوَاکِزُ۔
النُّکْزُ۔ رذیل لوگ۔ ہڈی میں بچا ہوا گودا
(ر۔ والنُّکُزُ) خالی۔
النَّکَّازُ۔ ایک قسم کا چھوٹے سر والا زہریلا
سانپ۔ ج۔ نَکَاکِیْزُ و نَکَّازَات
البئرُ النَّکُوْزُ۔ وہ کنواں جس کا پانی
ختم ہو گیا ہو۔ ج۔ نُکُزٌ۔
نَکَسَہٗ (ن) نَکْسًا۔ اوندھا کرنا۔ نَکَسَ
رَاْسَہٗ۔ ذلت سے سر جھکانا۔ الطَّعَامُ
وغیرُہٗ دَاءَ المَرِیْضِ۔ کھانے کا مرض
کو لوٹا دینا۔ الخِضَابَ۔ خضاب
بار بار لگانا۔
نُکِسَ المریضُ۔ دوبارہ بیمار پڑنا۔ الرَّجُلُ۔
کمزور ہونا۔ عاجز ہونا۔ الرَّجُلُ عَنْ
نُظَرَائِہٖ۔ اپنے ہم عمروں سے کوتاہی
کرنا۔
نَکَّسَہٗ تَنْکِیْسًا۔ اوندھا کرنا۔ نَکَّسَ
الفَرَسُ۔ گھوڑے کا اور گھوڑوں سے
نہ مل سکنا۔ صفت مُنَکِّسٌ
تَنَکَّسَ۔ اوندھا ہونا۔
اِنْتَکَسَ۔ سر کے بل گرنا۔ دوبارہ بیمار پڑنا۔
النَّاکِسُ۔ فا۔ سر جھکانے والا۔ ج۔ نَوَاکِسُ۔
النُّکَاسُ۔ بیماری کا عود۔
النُّکْسُ۔ مرض کا عود۔ گر کر سنبھلنا اور
پھر دوبارہ پہلے سے زیادہ زور سے
گرنا۔ تَعْسًا لَہٗ و نُکْسًا او تَعْسًا
لَہٗ و نَکْسًا۔ خدا اس پر مصیبت
ڈالے۔
النِّکْسُ۔ الٹے ہوئے سر والا تیر۔ کمان جس
میں شاخ کے سرے کو نچلا حصہ بنائیں
کمزور کمینہ بے خیر آدمی۔ پست قد۔ کرم
و سخاوت میں کوتاہی کرنے والا۔ ج۔
اَنْکَاس۔
النُّکُسُ۔ بہت بوڑھے لوگ۔ مفرد۔ نَاکِسٌ۔
المُنَکِّسُ۔ فا۔ آہستہ چلنے والا گھوڑا جو
سر سا اٹھائے۔ وہ گھوڑا جو اور گھوڑوں
سے نہ مل سکے۔
المَنْکُوْسُ۔ مفع۔ دوبارہ بیمار ہونے والا۔
مِنَ الاَوْلَادِ۔ پایل بچہ۔
نَکَشَ (ن ض) نَکْشًا۔ البئرَ۔ کنویں کی
مٹی نکالنا۔ الشَّیْءَ۔ چیز کو فنا کرنا۔

الشیءَ ومِنَ الشیءِ۔ فارغ ہونا۔
اِنْتَکَشَ۔ بمعنی نَکَشَ۔
المِنْکَش۔ معاملات میں غور و خوض کرنیوالا
المِنْکَاش۔ کنواں صاف کرنے کا آلہ۔
ج۔ مَنَاکِیْش۔
المَنْکُوْش۔ مفع۔ سَقَطٌ مَنْکُوْشٌ۔ ٹکڑا
جس میں سب کچھ نکال لیا گیا ہو۔
نَکَصَ (ن ض) نَکْصًا و نُکُوْصًا و
مَنْکَصًا عَنِ الاَمْرِ۔ کسی امر سے
رُکنا۔ باز رہنا۔ صفت نَاکِصٌ۔
نَکَصَ عَلٰی عَقِبَیْہِ۔ پہلے کام سے
ہٹ گیا۔
نَکَّصَہٗ۔ ہٹا دینا۔
اِنْتَکَصَ۔ الرَّجُلَ۔ ایڑیوں کے بل لوٹنا۔
المَنْکَصُ۔ ہٹنے کی جگہ۔
نَکَظَ (ن)، نَکْظًا۔ بہت بھوکا ہونا۔
فلانًا عَنْ حَاجَتِہٖ۔ جلدی کرانا۔
نَکِظَ (س)، نَکَظًا۔ حاجت میں جلدی
کرنا۔ لِلْخُرُوْجِ۔ نکلنے کے لیے جلدی
کرنا۔ الرَّحِیْلَ۔ کوچ قریب ہونا۔
نَکَّظَہٗ۔ عَنْ حَاجَتِہٖ۔ جلدی کرانا۔
نَکَّظَہٗ حَاجَتَہٗ۔ مشکل بنانا۔
تَنَکَّظَ۔ الرَّجُلُ۔ سفر میں حالت سخت ہونا
۔ عَلٰی فُلَانٍ۔ بخل کرنا۔ الاَمْرُ علیہِ
کسی پر کوئی معاملہ مشکل و پیچیدہ ہونا۔
النَّکْظُ و النُّکْظُ و النَّکَظَۃُ و النُّکْظَۃُ
و المُنْکَظَۃُ۔ کوشش۔ سفر کی سختی۔
جلدی۔
نَکَعَہٗ (ف)، نَکْعًا۔ عَنِ الاَمْرِ۔ جلدی
کرانا۔ رد کرنا۔ فلانًا۔ پاؤں کی پشت
سے مارنا۔ فلانًا حَقَّہٗ۔ حق روک
لینا۔ (نَکْعًا و نُکَاعًا) المَاشِیَۃَ۔
مویشی کے تھن کو مار کر دودھ نکالنا۔
فُلَانٌ عَنِ الحَاجَۃِ۔ بچنا۔ سستی
کرنا۔ مَا اَدْرِیْ اَیْنَ نَکَعَ۔ میں
نہیں جانتا۔ وہ کہاں گیا۔
نَکِعَ (س)، نَکَعًا۔ چھلی ہوئی ناک والا ہونا
نَکَّعَہٗ۔ عَنْ حَاجَتِہٖ۔ حاجت سے ہٹا
دینا۔ جلدبازی سے زندگی کو بے مزہ
کرنا۔
اَنْکَعَہٗ۔ رد کرد۔ دفع کرنا۔ تھکانا۔
عَنِ الاَمْرِ۔ جلدی کرانا۔ ہٹانا۔
اَنْکَعَتْ بِغْیَتُہٗ۔ مطلب فوت ہو
گیا۔ تَکَلَّمَ فَاَنْکَعَہٗ۔ اس نے
کلام کر کے اس کو خاموش کر دیا۔
النَّکِعُ۔ سرخی فام۔ چھلی ہوئی ناک والا۔
النَّکَعُ۔ سرخ رنگ۔ سرخی مائل سیاہ
رنگ۔
نُکْعَۃُ۔ الاَنْفِ۔ ناک کا کنارہ۔
النُّکَعَۃُ۔ سرخ رنگ ناک چھدا آدمی۔
بیوقوف بیٹھ کر جم جانے والا۔
النُّکُعَۃُ۔ ناک کا کنارہ۔ ایک سرخ
رنگ کے درخت کا پھل۔ قنا درخت
کا گوند۔ انسان کی سرخی ملی ہوئی
سیاہی۔
الاَنْکَعُ۔ سرخ چہرے والا جس کی ناک
چھل گئی ہو۔
المُنْکَعُ۔ پیچھے لوٹنے والا۔
نَکَفَ (ن)، نَکْفًا۔ عَنْ کَذَا۔ ناک بھوں
چڑھانا۔ رُکنا۔ الگ ہونا۔ صفت
نَاکِفٌ۔ غَیْثٌ لَا یُنْکَفُ۔ لگاتار
بارش۔ بَحْرٌ اَوْ جَیْشٌ لَا یُنْکَفُ۔
بے پایاں سمندر۔ بیشمار فوج۔
نَکِفَ (س)، نَکَفًا۔ مِنْہُ اَوْ عَنْہُ۔ ناک
بھوں چڑھانا۔ باز رہنا۔ بیزار ہونا۔
نَکِفَتِ الیَدُ۔ ہاتھ میں درد ہونا۔
نَاکَفَہٗ الکَلَامَ مُنَاکَفَۃً۔ ترکی بہ ترکی
جواب دینا۔
اَنْکَفَہٗ۔ پاک کرنا۔ دور کرنا۔ ۔ اَنْکَفَ
اللّٰہَ۔ پاکی بیان کرنا۔
تَنَاکَفُوْا۔ الکَلَامَ۔ آپس میں باری باری سے
گفتگو کرنا۔
اِنْتَکَفَ۔ الغَیْثَ۔ منقطع کرنا۔ القَوْمُ
قوم کا ایک ملک سے دوسرے ملک
میں جانا۔ الیہِ۔ مائل ہونا۔ الحَبْلُ
رسی کا کھل جانا۔ الرَّجُلُ۔ بیزار ہونا۔
العَرَقَ عَنْ جَبِیْنِہٖ۔ پیشانی سے
پسینہ پونچھنا۔
اِسْتَنْکَفَ۔ الرَّجُلُ۔ تکبر کرنا۔ مِنْ کَذَا
غرور و ننگ و عار کی وجہ سے رکنا۔
باز رہنا۔
النُّکَاف۔ اونٹ کے حلق کا ایک مرض جس
سے وہ جلد ہلاک ہو جاتا ہے۔
النَّکَفُ۔ جبڑے کی جڑ میں چھوٹے چھوٹے
غدود۔ واحد نَکَفَۃٌ۔
النُّکْفَتَان و النَّکَفَتَان۔ جبڑے کی دو
آگے نکلی ہوئی ہڈیاں۔ ج۔ نَکَفَات۔
النَّکَفَۃُ۔ کان کا درد۔
المَنْکُوْف۔ مفع۔ نکاف کی بیماری والا۔
نَکَلَ (ن ض)، نُکُوْلًا و نَکِلَ (س)، نَکَلًا۔
عَنْ کَذَا اَوْ مِنْ کَذَا۔ پیچھے ہٹنا۔
بزدل ہونا۔
نَکَلَ (ن)، نَکْلَۃً۔ بِفُلَانٍ۔ کسی کو
عبرت ناک سزا دینا۔
نَکِلَ (س)، نَکْلًا۔ سزا قبول کرنا۔
نَکَّلَ۔ بہٖ۔ مصیبت ڈالنا۔ قابل عبرت سزا
دینا۔ نَکَّلَہٗ عَنِ الشیءِ۔ باز رکھنا۔
یکسو کرنا۔
اَنْکَلَہٗ۔ عنہُ۔ ہٹانا۔ دفع کرنا۔
النَّاکِل۔ بزدل۔ کمزور۔
النَّکَال۔ عبرتناک سزا۔
النِّکْل۔ مضبوط بیڑی۔ ج۔ اَنْکَال و
نُکُوْل۔ لگام کا لوہا۔ دھار۔ اِنَّہٗ لَنِکْلُ
شَرٍّ۔ وہ شریروں کا تازیانہ ہے۔
النِّکْل۔ قوی آدمی۔ ہمسروں پر غالب ہونیوالا۔

مضبوط سدھا ہوا گھوڑا۔
النَّكْلَةُ ۔ عبرتناک سزا۔
النَّكَل ۔ عبرتناک سزا۔
المِنْكَل ۔ سزا کا سامان۔
النَّكْمَةُ ۔ مصیبت۔
نَكْنَكَ نَكْنَكَةً ۔ الامرَ ۔ کسی امر کی اصلاح کرنا۔ عَلَى غَرِيمِهِ ۔ قرضدار پر سختی کرنا۔
نَكَهَ (ف ض) نَكْهًا ۔ بِفُلَانٍ و عليه ۔ کسی کی ناک پر سانس لینا۔ نَكِهَتِ الشَّمْسُ ۔ سورج کی گرمی کا سخت ہونا۔
نَكِهَهُ و نَكَهَهُ ۔ (س ف) نَكْهًا ۔ منہ کی بو سونگھنا۔
نَكِهَ الرَّجُلُ ۔ منہ کی بو کا بدہضمی کی وجہ سے متغیر ہونا۔
اِسْتَنْكَهَهُ ۔ کسی کے منہ کی بو سونگھنا۔ منہ کی بو سونگھنے کا حکم دینا۔
النَّكْهَةُ ۔ منہ کی بو۔
نَكَى يَنْكِي نِكَايَةً ۔ العَدُوَّ وفِي العَدُوِّ دشمن پر غالب آکر قتل کرنا یا زخمی کرنا صفت فاعل نَاكٍ ، صفت مفعول مَنْكِيٌّ ۔ القُرْحَةَ ۔ زخم کو اچھے ہونے سے پہلے چھیلنا۔ شکست
نَكِيَ يَنْكَى نَكًى ۔ کھانا۔ مغلوب ہونا۔
النُّلْنُل ۔ کمزور۔ بوڑھا۔
نَمَّ (ن ض) نَمًّا ۔ الحديثَ ۔ چغلخوری کرنا۔ الحديثُ ۔ بات ظاہر ہونا ۔ بَيْنَ النَّاسِ ۔ بھڑکانا ۔ الكلامَ جھوٹ سے کلام کو زینت دینا۔ الشَّيْءُ کسی چیز کی خوشبو پھیلنا۔
النَّامّ ۔ فا ۔ ج ۔ نُمَّام ۔
النَّامَّةُ ۔ النام کا مؤنث ۔ حس ۔ حرکت زندگی۔
النَّمُّ ۔ مص ۔ چغلخور ۔ ج ۔ نَمُّونَ وَأَنِمَّاءُ و نُمٌّ ۔
النَّمَّام ۔ چغلخور ۔ ایک خوشبودار پودہ واحد نَمَّامَةٌ ۔
النَّمَّةُ ۔ سیاہی میں سفید یا سفیدی میں سیاہ داغ۔
النِّمَّةُ ۔ جوں۔
النَّمِيُّ ۔ خیانت ۔ عیب ۔ دشمنی ۔ انسان کا جوہر یا اس کی اصل ۔ مَا فِي الدَّارِ نُمِّيٌّ ۔ گھر میں کوئی نہیں۔
النُّمِّيَّةُ ۔ فاختہ ۔ طبیعت
النَّمُومُ ۔ چغلخور ۔
النَّمِيمُ و النَّمِيمَةُ ۔ چغلخوری ۔ حرکت لکھنے کی آواز ۔ لکھائی گفتگو کی بھنبھناہٹ ج ۔ نَمَائِمُ ۔
النَّمَمُ ۔ چغلخوری
المِنَمُّ ۔ چغلخور ۔
النَّمْءُ و النِّمْءُ ۔ چھوٹی چھوٹی جوئیں۔
نَمَرَ (ن) نَمْرًا ۔ فِي الجَبَلِ ۔ پہاڑ پر چڑھنا ۔
نَمِرَ (س) نَمَرًا ۔ الرَّجُلُ ۔ غضبناک و بدخلق ہونا ۔ السَّحَابُ ۔ بادل کا چیتے کے رنگ کا ہونا ۔
نَمَّرَ و تَنَمَّرَ ۔ غضبناک و بدخلق ہونا ۔
نَمَّرَ وَجْهَهُ تَنْمِيرًا ۔ ترشرو کر دینا ۔
أَنْمَرَ ۔ صاف پانی پینا ۔
تَنَمَّرَ ۔ رنگ یا خلق میں چیتے کی طرح ہونا ۔ لِفُلَانٍ ۔ بگڑنا ۔ خفا ہونا ۔ دھمکی دینا ۔ دھمکی دیتے وقت آواز بلند کرنا
النَّامِرَةُ و النَّامُورَةُ ۔ بھیڑیا وغیرہ شکار کرنے کے لیے لوہے کا کانٹا ۔
النَّامُورُ ۔ خون ۔
النَّمِرُ و النِّمْرُ و النَّمْرُ ۔ چیتا ۔ اس کی کنیت أَبُو الأَبْرَدِ یا أَبُو الأَسْوَدِ بھی ہے ۔ ج ۔ أَنْمُرٌ و أَنْمَارٌ و نُمُرٌ و نِمَارٌ و نِمَارَةٌ و نُمُورٌ و نُمُورَةٌ و نُمُرٌ ۔
النَّمِرُ ۔ صاف ستھرا پانی بے داغ حسب ۔ بہت ۔ مِنَ المَاءِ ۔ زود ہضم پانی ۔ ج ۔ أَنْمَارٌ ۔
النُّمْرَةُ ۔ داغ ۔ ج ۔ نُمَرٌ ۔
النَّمِرَةُ ۔ چیتے کی مادہ ۔ ایک دوسرے سے ملے ہوئے بادل کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے ۔ ج ۔ نَمِرٌ ۔
النَّمِرَةُ ۔ بھیڑیے کو شکار کرنے کے لیے لوہے کا ایک کانٹا جس میں گوشت لگا کر شکار کرتے ہیں ۔ چتکبرا رنگ ۔ دھاریدار چادر سیاہ سفید دھاریوں والی اون کی چادر ج ۔ نِمَارٌ ۔
النَّمِيرُ ۔ صاف ستھرا پانی ۔ بیداغ حسب ۔ بہت ۔ مِنَ المَاءِ ۔ گوارا ہونے والا پانی خواہ میٹھا ہو یا نہ ہو ۔
الأَنْمَرُ ۔ سیاہ سفید داغ والا ۔ مِنَ الخَيْلِ والنَّعَمِ ۔ سیاہ سفید دھبوں والا ۔ مختلف رنگ کے بادل ۔ مؤنث نَمْرَاءُ ج ۔ نُمْرٌ ۔
النُّمْرُقُ والنُّمْرُقَةُ والنِّمْرِقُ والنِّمْرِقَةُ و النَّمِرِقُ و النَّمِيرِقَةُ ۔ چھوٹا تکیہ ۔ زین کے نیچے ڈالنے کا گدیلا ۔
نَمَسَ (ض) نَمْسًا ۔ السِّرَّ ۔ بھید چھپانا ۔ الرَّجُلَ ۔ کسی سے چپکے چپکے باتیں کرنا ۔ بَيْنَ القَوْمِ ۔ فساد ڈالنا ۔
نَمِسَ (س) نَمَسًا ۔ السَّمْنُ و كُلُّ طِيبٍ و دُهْنٍ ۔ گھی یا تیل وغیرہ کا خراب ہونا ۔ صفت نَمِسٌ ۔
نَمَّسَ ۔ عليه الأَمْرَ ۔ غلط ملط کرنا ۔ چھپانا ۔ الشَّعْرُ ۔ بالوں کا چکنائی سے میلا ہونا ۔ السَّمْنُ أو الجُبْنُ ۔ گھی یا پنیر کا بدبودار ہونا ۔ صفت مُنَمِّسٌ ۔
نَامَسَ مُنَامَسَةً ۔ الصَّائِدُ ۔ شکاری کا گھات میں بیٹھنا ۔ فلانًا ۔ سرگوشی کرنا ۔

اَنْمَسَ ۔ بَیْنَ القومِ ۔ قوم میں فساد ڈالنا۔
تَنَمَّسَ ۔ الاَمْرُ ۔ کام کا خلط ملط ہونا ۔
ملتبس ہونا۔
اِنَّمَسَ اِنِّمَاسًا ۔ الرجلُ ۔ چھپنا ۔ فِی
الشیءِ ۔ داخل ہونا ۔
النَّامُوسُ ۔ رازدار ۔ وحی ۔ حاذق ۔ جھوٹا
چغلخور ۔ شکاری کی گھات کی جگہ (مالا)
راہب کا گھر ۔ شکاری کا جال ۔ دھوکا
فریب ۔ خفیہ حیلہ ۔ چیونٹی کی طرح کا
ایک کیڑا ۔ شیر کی جھاڑی ۔ ج ۔
نَوَامِیْسُ ۔ النَّامُوسُ ۔ شریعت ۔
النَّامُوسُ الاَکْبَرُ ۔ حضرت جبریل
علیہ السلام ۔
النَّامُوسَۃُ ۔ شیر کی جھاڑی ۔
النِّمْسُ ۔ نیولا ۔
النَّمَسُ ۔ گھی وخوشبو وغیرہ کی خرابی ۔
النَّمَسَۃُ ۔ بدبو ۔
النَّمَّاسُ ۔ چغلخور ۔
الاَنْمَسُ ۔ مٹیالا ۔ مؤنث نَمْسَاءُ ۔ ج ۔ نُمْسٌ
المُنَامِسُ ۔ سرگوشی کرنے والا ۔ گھات کی
جگہ میں داخل ہونے والا ۔
نَمَشَ (ن) نَمْشًا ۔ چغلی کھانا ۔ جھوٹ
بولنا ۔ الکلامَ ۔ جھوٹی بات بنانا ۔
الجَرَادُ الارضَ ۔ ٹڈی کا زمین کی
سبزی کو چر جانا ۔
نَمَّشَہٗ (ض) نَمْشًا ۔ منقش کرنا ۔
نَمِشَ (س) نَمَشًا ۔ دھاریدار ہونا ۔ صفت
اَنْمَشُ و نَمِشٌ ۔ نَقَشَ ۔ فِی
اُذُنِہٖ ۔ کانا پھوسی کرنا ۔
اَنْمَشَ بالرجلِ ۔ چغلخوری کرنا ۔ اَنْمَشَ
بَیْنَہُمْ ۔ فساد ڈالنا ۔
النَّمْشُ ۔ مص ۔ چکنی چپڑی بات ۔
النَّمَشُ ۔ مص ۔ داغ ۔ دھاری ۔ نقش ونگار
کے خطوط ۔
النَّمِیْشُ ۔ دھاریدار ۔ جوہردار تلوار ۔

الاَنْمَشُ ۔ داغدار ۔ دھاریدار ۔ مؤنث
نَمْشَاءُ ۔ ج ۔ نُمْشٌ ۔ رَجُلٌ
مُنَمِّشٌ ۔ مفسد آدمی ۔
نَمَصَ (ن) نَمْصًا ۔ الشعرَ والنبتَ ۔
بال یا نبات اکھیڑنا ۔
نَمَّصَ تَنْمِیْصًا و تَنَمَّصَ ۔ الشعرَ ۔
بال اکھیڑنا ۔
اَنْمَصَ ۔ النباتُ ۔ نباتات کا جانور کے
چرنے کے بعد دوبارہ اگنا ۔
تَنَمَّصَتْ ۔ الماشیۃُ ۔ مویشی کا پہلی
سبزی چرنا ۔ عورت کا پیشانی کے بال
اکھیڑنے کے لیے کہنا ۔
النِّمَاصُ ۔ سوئی کا دھاگا ۔
النُّمَاصُ ۔ چمٹی ۔ ج ۔ نُمُصٌ و اَنْمِصَۃٌ ۔
النَّمَصُ ۔ نرم وملائم بال ۔ چھوٹے چھوٹے
پر ۔ ابتدائی نباتات ۔ ایک قسم کی نرم
گھاس جس سے سرپوش وغیرہ بناتے ہیں ۔
النَّمِیْصُ ۔ اکھڑے ہوئے بال ۔ مِنَ
النَّبتِ ۔ سبزی جو مویشی کے چرنے
کے بعد پھوٹے ۔
المِنْمَصُ والمِنْمَاصُ ۔ موچنا ۔
نَمَّطَ تَنْمِیْطًا ۔ بِفلانٍ الشیءَ و عَلَی
الشیءِ ۔ رہنمائی کرنا ۔
اَنْمَطَ ۔ لَہُ العطاءَ ۔ کسی کو تھوڑی
بخشش دینا ۔
النَّمَطُ ۔ غالیچہ ۔ ٹوکرے کے مانند ایک
ظرف ۔ طریقہ ۔ راستہ ۔ نوع ۔ روش
زین پر ڈالنے کا کپڑا ۔ صوف کا کپڑا
جو ہودج پر ڈالا جاتا ہے ۔ ج
اَنْمَاطٌ و نِمَاطٌ ۔ نسبت کے لیے
اَنْمَاطِیٌّ و نَمَطِیٌّ ۔ لوگوں کی جماعت
جن کا معاملہ ایک ہو ۔ عَلَی ھٰذَا
النَّمَطِ ۔ اس طریقہ پر ۔ ھُمْ عَلَی
نَمَطٍ واحدٍ ۔ وہ ایک ہی قسم کے
ہیں ۔ مَا عِنْدَہٗ نَمَطٌ مِنَ العِلْمِ ۔

اس کے پاس علم کی کوئی قسم نہیں ۔
الاَنْمَطُ ۔ طریقہ ۔
النُّمْغَۃُ ۔ پہاڑ کی چوٹی ۔ مال کی زیادتی ۔
قوم کا بہترین حصہ ۔
النَّمَاغَۃُ ۔ سر کا بالائی حصہ ۔ بچہ کا نرم
حرکت کرتا ہوا تالو یا چندیا ۔
نَمَقَ (ن) نَمْقًا ۔ عینَ فلانٍ ۔ آنکھ پر
تھپڑ مارنا ۔ الکتابَ ۔ کتاب لکھنا ۔
نَمَّقَ الکتابَ ۔ کتاب کو خوبصورت لکھنا ۔
الجلدَ ۔ کھال کو منقش کرنا ۔
اَنْمَقَتْ ۔ النخلۃُ ۔ درخت خرما کے
بے گٹھلی کھجوروں والا ہونا ۔
النَّمْقُ ۔ کتاب ۔ سڑک کا درمیانی حصہ ۔
النَّمَقَۃُ ۔ بدبو ۔ ثوبٌ نَمِیْقٌ و مُنَمَّقٌ ۔
منقش کپڑا ۔
المُنَمَّقُ ۔ بناوٹی گفتگو ۔
نَمَلَ (ن) نَمْلًا و نَمِلَ (س) ، نَمْلًا و
اَنْمَلَ ۔ چغلی کھانا ۔ نَمَلَ و نَمِلَ ۔
فِی الشجرِ ۔ درخت پر چڑھنا ۔
نَمِلَتْ (س) ، نَمَلًا ۔ یدُہٗ ۔ ہاتھ کا
سُن ہونا ۔
تَنَمَّلَ ۔ القومُ ۔ حرکت کرنا ۔ بعض کا بعض
میں گھسنا ۔
النَّامِلُ ۔ فا ۔ چغلخور ۔
النَّامِلَۃُ ۔ عام چلتا ہوا راستہ ۔
النَّمْلُ والنُّمُلُ ۔ چیونٹی ۔ واحد نَمْلَۃٌ و
نُمُلَۃٌ (مذکر ومؤنث) ، ج ۔ نِمَالٌ ۔
النَّمَلُ ۔ پہلو کی پھنسیاں ۔
النَّمِلُ ۔ چغلخور ۔ بہت چیونٹیوں والی جگہ ۔
فَرَسٌ نَمِلٌ او نَمِلُ القوائمِ ۔
شوخ گھوڑا ۔ جو چلانہ کھڑا ہو ۔ رَجُلٌ
نَمِلٌ او نَمِلُ الاصابعِ ۔ پھرتیلا آدمی ۔
النَّمْلَۃُ ۔ جھوٹ ۔ جانور کے کھر کی پھٹن ۔ پہلو
کی پھنسیاں ۔ ایک سوزش دار پھنسی جو
جگہ بدلتی رہتی ہے ۔

النُّمْلَة۔ عوض کا بقیہ پانی۔ فَرَسٌ ذُو نُمْلَةٍ۔ بہت حرکت کرنے والا گھوڑا۔
النَّمِلَة۔ چغلی۔
النَّمَلَان۔ کسی چیز کے اوپر سے جھانکنا۔
النَّمَّال۔ چغلخور
النِّمِيلَة۔ چغلی۔
الأُنْمُلَة والأَنْمَلَة والإِنْمَلَة والأُنْمَلَة والأَنْمُلَة والأَنْمِلَة والإِنْمُلَة و الإِنْمِلَة۔ سرانگشت۔ بعض کے نزدیک انگلی کا اوپر کا پورا۔ ج۔ أَنَامِل و أُنْمُلَات (بتثلیث الحرفین)
النَّمْلَى والنَّمِلَة۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ ایک جگہ نہ ٹھہرنے والی عورت۔
المِنْمَلُ والمُنْمِلُ۔ چغلخور۔
المُنَمَّلُ و المُتَنَمِّلُ۔ مکتوب۔ گنجان لکھا ہوا
المَنْمُول۔ زبان چیونٹیوں کا خراب کیا ہوا۔
تَأَمَّلَ تَأَمُّلَةً۔ قیدی کی طرح چلنا۔
نَمْنَمَة۔ مزین و منقش کرنا۔ ہوا کا مٹی یا پانی کو دھاریدار بنانا۔
النِّمْنِمُ والنِّمْنِيمُ۔ ریت یا پانی پر ہوا کی بنائی ہوئی دھاری۔
النِّمْنِمُ والنُّمْنُمُ۔ جوانوں کے ناخنوں پر کی سفیدی۔ واحد نِمْنِمَة و نُمْنُمَة۔
المُنَمْنَمُ۔ مفعو۔ دھاریدار و نقش دار کپڑا۔ نَبْتٌ مُنَمْنَمٌ۔ آپس میں الجھی ہوئی نباتات۔ نَاقَةٌ مُنَمْنَمَةٌ موٹی اونٹنی۔
نَمِهَ (س) نَمَهًا۔ حیرت زدہ ہونا۔ صفت نَامِهٌ و نَمِهٌ۔
نَمَا يَنْمُو نُمُوًّا۔ زیادہ ہونا۔ بکثرت ہونا۔ بلند ہونا چڑھنا۔ الخِضَابُ۔ خضاب کا سرخی یا سیاہی میں زیادہ ہونا۔ الحَدِيثُ إِلَى فُلَانٍ۔ نسبت کرنا۔
النُّمُوُّ۔ مص۔ بڑھاؤ۔

النَّمْوَة۔ زیادتی۔
النَّمُوذَج والأُنْمُوذَج۔ نمونہ۔ ج۔ نَمُوذَجَات و أُنْمُوذَجَات۔
نَمَى يَنْمِي نَمْيًا ونُمِيًّا ونَمَاءً ونَمِيَّةً المَالُ وغيرُهُ۔ زیادہ ہونا۔ بکثرت ہونا۔ السِّعْرُ۔ بھاؤ کا چڑھنا گراں ہونا۔ الحِبْرُ فِي الكِتَابِ۔ روشنائی کا لکھنے کے بعد بہت سیاہ ہونا۔ الخِضَابُ فِي اليَدِ والشَّعْرِ۔ خضاب کی سیاہی کا زیادہ ہونا۔ الشَّيْءُ عَلَى الشَّيْءِ۔ کسی چیز سے بلند کرنا۔ النَّارَ۔ آگ کو زور سے بھڑکانا۔ الرَّجُلُ۔ آدمی کا موٹا ہونا۔ المَاءُ۔ پانی کا چڑھنا۔ الحَدِيثُ إِلَى فُلَانٍ۔ کسی کی جانب نسبت کرنا۔ الرَّجُلُ إِلَى أَبِيهِ۔ نسبت کرنا۔ نَمَتِ الإِبِلُ۔ اونٹوں کا موٹا ہونا۔ گرمی میں گھاس کی تلاش میں دور تک نکل جانا۔ الصَّيْدُ۔ شکار کا زخمی ہو کر کہیں چھپ کر مر جانا۔
نَمَّى تَنْمِيَةً۔ الشَّيْءَ۔ چیز کو بڑھانا۔ النَّارَ۔ آگ کو زور سے بھڑکانا۔ الحَدِيثَ إِلَى فُلَانٍ۔ کسی کو کوئی بات فساد کے ارادہ سے پہنچانا۔
أَنْمَى إِنْمَاءً۔ زیادہ کرنا۔ بڑھانا۔ الحَدِيثَ۔ چغلخوری کے طور پر پھیلانا۔ الصَّيْدَ۔ شکار کا زخمی ہو کر کہیں اوٹ میں مر جانا۔
أَنْمَى۔ الرَّاعِي الإِبِلَ۔ چرواہے کا اونٹوں کو دور تک لے جانا۔ أَنْمَاهَا الكَلَأُ۔ گھاس کا اونٹوں کو موٹا کرنا۔ أَنْمَى الكَرْمُ۔ انگور کی بیل میں گچھے دار شاخ ہونا۔
تَنَمَّى تَنَمِّيًا۔ الشَّيْءُ۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ جانا۔ اٹھنا۔

إِنْتَمَى إِنْتِمَاءً۔ فُلَانٌ إِلَى أَبِيهِ۔ منسوب ہونا۔ البَازِي۔ ایک جگہ سے دوسری جگہ بلند ہونا۔
النَّامِي۔ فا۔ نجات پانے والا۔
النَّامِيَة۔ مؤنث النَّامِي۔ بڑھنے کی طاقت مخلوق۔ مِنَ الإِبِلِ۔ موٹے اونٹ۔ نَامِيَةُ الكَرْمِ۔ انگور کی خوشہ دار شاخ۔ ج۔ نَوَامِي۔
النَّمَاة۔ چھوٹی جوں۔ ج۔ نَمًى۔
نَهَأَ يَنْهَأُ نَهْأً۔ الإِنَاءُ۔ برتن کا بھرنا۔
نَهِئَ يَنْهَأُ ونَهُؤَ يَنْهُؤُ نَهْأً ونَهَأً و نَهَاءَةً و نُهُوءًا و نَهَاوَةً۔ اللَّحْمُ۔ گوشت کا کچا رہنا۔ صفت نَهِيءٌ۔
أَنْهَأَ إِنْهَاءً۔ اللَّحْمَ۔ گوشت کو کچا رکھنا۔ الأَمْرَ۔ کام کو ادھورا کرنا۔
النَّاهِئ۔ پیٹ بھرا۔ سیراب۔
النُّهُوءَة۔ پکاؤ۔
نَهَبَ (ف ن) و نَهِبَ (س) نَهْبًا۔ الغَنِيمَةَ۔ غنیمت لوٹنا۔ القَوْمُ فُلَانًا۔ قوم کا کسی کو برا بھلا کہنا۔ نَهَبَهُ الكَلْبُ۔ کتے کا کسی کی ایڑی پر کاٹنا۔
نَاهَبَهُ مُنَاهَبَةً۔ دوڑنے میں مقابلہ کرنا غنیمت لوٹ لینا۔ کسی کو برا بھلا کہنا۔
أَنْهَبَ۔ الرَّجُلُ مَالَهُ۔ مال کو لٹانا۔
تَنَاهَبَتِ الإِبِلُ الأَرْضَ۔ ٹانگوں کے نیچے کرنا۔ تَنَاهَبَتِ الفَرَسَانِ۔ گھوڑوں کا دوڑنے میں ایک دوسرے سے سبقت کرنا۔
إِنْتَهَبَ۔ الفَرَسُ الشَّوْطَ۔ گھوڑے کا گھوڑدوڑ میں جیتنا۔
النَّهْب۔ مص۔ لوٹ۔ غنیمت۔ ج۔ نِهَاب۔ النَّهْب۔ ایک قسم کی دوڑ۔
النُّهْبَة و النُّهْبَى والنُّهَيْبَى والنُّهَيْبَى۔ لوٹ۔ غنیمت۔ حملہ۔
النَّهَّاب۔ بہت لوٹنے والا۔

المِنْہَبُ۔ گھوڑ دوڑ میں سبقت لے جانے والا گھوڑا۔

المُنْتَہَبُ۔ لوٹ۔ لوٹنے کی جگہ۔

النَّھَابِرُ و النَّھَابِیْرُ۔ ہلاکتیں۔ زمین یا ریت کے ابھرے ہوئے مقامات۔ بعض کے نزدیک ٹیلوں کے درمیان کے گڑھے۔ واحد نُھْبُرَۃٌ و نُھْبُوْرٌ و نُھْبُوْرَۃٌ۔ النَّھَابِرُ۔ جہنم۔

النَّھْبَرَۃُ۔ لمبی دبلی عورت یا وہ جو ہلاکت کے قریب ہو۔

نَھْبَلَ۔ الرَّجُلُ۔ عمر رسیدہ ہونا۔ لنگڑا ہونا۔

النَّھْبَلُ۔ عمر رسیدہ۔

النَّھْبَلَۃُ۔ بوجھل چال۔ موٹی اونٹنی۔

نَھَتَ (ض) نُھَاتًا و نَھِیْتًا۔ شیر کا دھاڑنا۔ گدھے کا رینگنا۔ آدمی کا رونا۔

النَّاھِتُ۔ فا۔ حلق۔

النَّھَّاتُ۔ رینگنے والا و المِنْھَتُ۔ شیر۔

نَھْتَرَ۔ فلانٌ علینا۔ جھوٹ بولنا۔

نَھَجَ (ض) و نَھِجَ نَھَجًا۔ الرَّجُلُ۔ ہانپنا۔

نَھِجَ (ف ن) نَھَجًا۔ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔ صفت نَھِجٌ۔

نَھَجَ (ف) نَھْجًا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے کو بوسیدہ کرنا۔ الأَمْرَ۔ واضح کرنا۔ ظاہر کرنا۔ الطَّرِیْقَ۔ راستہ چلنا۔

نَھَجَ (ف) نَھْجًا و نُھُوْجًا۔ الطَّرِیْقُ او الأَمْرُ۔ واضح ہونا۔

أَنْھَجَ۔ الطَّرِیْقُ او الأَمْرُ۔ واضح اور ظاہر ہونا۔ الطَّرِیْقَ او الأَمْرَ۔ ظاہر کرنا۔ واضح کرنا۔ الدَّابَّۃَ۔ جانور پر سواری سے کر اس کا سانس چڑھانا۔ فلانًا۔ کسی کا سانس چڑھانا۔ الثَّوْبَ۔ کپڑے کو بوسیدہ کرنا۔ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

إِنْتَھَجَ۔ الرَّجُلُ۔ چلتا یا واضح راستہ تلاش کرنا۔ الطَّرِیْقَ۔ راستہ کو ظاہر کرنا۔

إِسْتَنْھَجَ۔ الطَّرِیْقُ۔ راستہ کا واضح ہونا۔ فلانٌ سَبِیْلَ فلانٍ۔ وہ فلاں کے مسلک پر چلا۔ اس کا پیرو ہوا۔

النَّھْجُ۔ واضح راستہ۔

نَھْجُ البَلَاغَۃِ۔ بلاغت کا واضح طریقہ۔ حضرت علیؓ کے خطبات و نصائح کا مجموعہ۔

النَّھَجُ و النَّھِیْجُ۔ ہانپنا۔

المَنْھَجُ و المِنْھَجُ و المِنْھَاجُ۔ واضح راستہ۔ ج۔ مَنَاھِجُ۔

المُنْھَجُ۔ جلد بوسیدہ ہونے والا کپڑا۔

نَھَدَ (ف ن) نُھُوْدًا۔ الثَّدْیُ۔ پستان کا ابھرنا۔ نَھَدَتِ المَرْأَۃُ۔ عورت کا ابھرے ہوئے پستانوں والا ہونا۔ صفت نَاھِدٌ و نَاھِدَۃٌ۔ القِرْبَۃُ۔ مشک کا بھرنے کے قریب ہونا۔

نَھَدَ (ف) نَھْدًا۔ لِلْعَدُوِّ و إِلَی العَدُوِّ۔ دشمن پر جلدی حملہ کرنا۔ الھَدِیَّۃَ۔ ہدیہ کو بڑا سمجھنا یا بڑا کرنا

نَھَدَ (ف) نَھْدًا۔ الھَمُّ۔ الیہ۔ کھڑا ہونا

نَھُدَ (ک) نُھُوْدَۃً۔ الفَرَسُ۔ گھوڑے کا عمدہ اور مضبوط ہونا۔

نَاھَدَ کا مُنَاھَدَۃً۔ لڑائی میں مقابلہ کرنا۔

أَنْھَدَ۔ العَطِیَّۃَ۔ بخشش کو بڑھانا۔ الحَوْضَ او الإِنَاءَ۔ حوض یا برتن کو لبالب بھرنا۔ فلانًا۔ اٹھانا۔

تَنَھَّدَ۔ الرَّجُلُ۔ ٹھنڈا سانس بھرنا۔ عورت کی چھاتی کا ابھرنا۔

تَنَاھَدَ القَوْمُ۔ غلہ خریدنے کے لیے لوگوں کا برابر نفقہ نکالنا۔ اور جو نفقہ نکالا جائے وہ نِھْد ہے۔

تَنَاھَدَ القَوْمُ الشَّیْءَ۔ آپس میں کسی چیز کی لین دین کرنا۔ تَنَاھَدُوْا فِی الحَرْبِ۔ لڑائی میں ایک دوسرے پر حملہ کرنا۔

إِسْتَنْھَدَ ہٗ۔ لڑائی پر اکسانا۔

النَّاھِدُ۔ فا۔ ج۔ نُھَّدٌ و نُھَّادٌ۔ اٹھے ہوئے پستانوں والی عورت۔ ج۔ نَوَاھِدُ۔

النَّاھِدُ۔ شیر۔ غلامٌ نَاھِدٌ۔ بلوغ کے قریب پہنچنے والا لڑکا۔

النِّھَادُ۔ مقدار۔ اندازہ۔

النَّھْدُ۔ مص۔ بلند چیز۔ شیر۔ شریف آدمی۔ مضبوط عمدہ گھوڑا۔ مسکہ۔ پستان۔ ج۔ نُھُوْدٌ۔

النِّھْدُ۔ برابر کا حصہ۔ جو سفر کے ساتھی خرچ کے لیے جمع کریں۔

النَّھْدَاءُ۔ بلند ریت کا ٹیلہ۔ حوضٌ او إِنَاءٌ نَھْدَانُ۔ بھرا ہوا حوض یا برتن جو چھلکے نہیں۔

النَّھِیْدُ۔ گاڑھا مکھن۔

النَّھِیْدَۃُ۔ گاڑھا مکھن۔

المَنْھُوْدُ۔ الیہ۔ قصد کیا ہوا۔

المُنَاھَدَۃُ۔ مص۔ مخاصمت۔

نَھَرَ (ف) نَھْرًا۔ الدَّمُ۔ خون کا زور سے بہنا۔ الماءُ۔ پانی کا زمین پر بہ کر اپنے لیے نہر بنا لینا۔ النَّھْرَ۔ نہر کھود کر جاری کرنا۔ السَّائِلَ۔ سائل کو جھڑکنا۔ (و نَھِرَ (س) نَھَرًا) الحَافِرُ۔ کھود کر پانی تک پہنچ جانا۔

أَنْھَرَ۔ النَّھْرَ۔ نہر کو وسیع کرنا۔ نیزہ کے زخم کے لیے بھی آتا ہے۔ الدَّمَ۔ خون بہانا۔ الدَّمُ۔ خون کا بہنا۔ العِرْقُ۔ رگ کا خون نہ رکنا۔ فلانٌ۔ بھلائی نہ پانا۔ فِی العَدْوِ۔ دوڑنے میں سست ہونا تاخیر کرنا۔ الرَّجُلُ۔ دن کرنا۔ البَطْنُ۔ پیٹ چلنا۔ الحَافِرُ۔ کھودنے والے

کا پانی تک پہنچنا۔
اِنْتَهَرَ۔ السائلَ۔ سائل کو جھڑکنا۔ العرقَ رگ کا خون نہ رکنا۔ بَطْنُهٗ۔ پیٹ چلنا۔
اِسْتَنْهَرَ۔ النَّهْرُ۔ دریا کا اپنے بہنے کے لیے جگہ بنا لینا۔ الشئُ۔ وسیع ہونا۔
النَّاهِرُ۔ خا۔ سفید انگور۔
النَّهَار۔ دن۔ سورج نکلنے سے غروب تک کا وقت یا صبح صادق سے لے کر غروب آفتاب تک کا وقت جو شرعی دن شمار ہوتا ہے۔ ج۔ اَنْهُرٌ و نُهُرٌ۔
النَّهَار۔ قطا کا بچہ۔ نرالو۔ نر سرخاب۔ ج۔ اَنْهِرَة و نُهُرٌ۔
النَّهَارِی۔ وہ کھانا جو شروع دن میں کھایا جائے۔ ناشتہ۔
النَّهْرُ۔ ندی۔ دریا۔ ج۔ اَنْهُرٌ و اَنْهَار و نُهُرٌ و نُهُورٌ۔
النَّهَرُ۔ گنجایش۔
النَّهِرُ۔ سفید انگور۔ نَهَرٌ نَهِرٌ۔ چوڑی نہر نَهَارٌ نَهِرٌ۔ روشن دن۔ مَاءٌ نَهِرٌ بہت پانی۔
النَّهِيرُ۔ بہت۔
النَّهِيرَة۔ بہت دودھ دینے والی اونٹنی۔
الاَنْهَرُ۔ اسم تفضیل۔ نَهَارٌ اَنْهَرُ۔ بہت چمکیلا دن۔
الاَنْهَرَان۔ چاند کی منزلوں میں عوّا اور سماک ستارے۔
النَّاهُورُ۔ بادل۔ المُنْهَرُ۔ دریا کے پانی کے چلنے کی جگہ۔ قلعہ سے باہر پانی نکلنے کی نالی۔
المَنْهَرَة۔ کوڑا کرکٹ ڈالنے ڈالنے کی جگہ۔ گھورا
نَهَزَ (ف) نَهْزًا۔ دفع کرنا اور مارنا۔ سر ہلانا۔ چیز کا نزدیک آنا۔ چیز لینے کے لیے کسی کا اٹھنا۔ بچہ کا ماں کے تھن پر ٹکر مارنا۔ الدَّابَّةُ۔ جانور کا چلنے میں سینہ نکال کر چلنا۔ الدَّابَّةُ بِعَدَاوِیْهَا۔ جانور کا حفاظت کے لیے سر اٹھانا۔ بچہ جب دودھ چھڑانے کی مدت کے قریب پہنچتا ہے تو کہتے ہیں۔ نَهَزَ لِلْفِطَامِ۔ صفت مذکر نَاهِزٌ صفت مؤنث نَاهِزَة۔ بِالدَّلْوِ فِی البِئْرِ۔ کنویں میں ڈول ہلانا تاکہ وہ پانی سے بھر جائے۔ الدَّلْوَ مِنَ البِئْرِ ڈول کنویں سے نکالنا۔ قَيْحًا۔ پیپ پھینکنا۔ نَهَزَتْنِی اِلَيْكَ حَاجَةٌ مجھے ضرورت تمہارے پاس لائی۔
نَاهَزَهٗ مُنَاهَزَةً۔ نزدیک آنا۔ نَاهَزَ الخَمْسِيْنَ۔ وہ پچاس کے قریب پہنچا۔ نَاهَزَ الصَّيْدَ۔ شکار کو جا پکڑنا۔ الفُرْصَةَ۔ فرصت غنیمت سمجھنا۔
اَنْهَزَهٗ۔ دفع کرنا۔ اٹھانا۔
تَنَاهَزَا۔ باہم سبقت لے جانے میں مقابلہ کرنا۔
اِنْتَهَزَ۔ الفُرْصَةَ۔ فرصت کو غنیمت جاننا اور جلدی سے اٹھنا۔ الشئَ۔ چیز کو قبول کرنا اور لینے کے لیے شتابی کرنا۔ فِی الضَّحِكِ۔ بہت ہنسنا۔
النَّاهِزُ۔ فا۔ نَاهِزُ القَوْمِ۔ قوم کا سردار۔
النُّهَازُ و النِّهَازُ۔ مقدار۔ هٰذَا نُهَازُ ذٰلِكَ یہ اس کے اندازے کا ہے۔
النَّهْزُ۔ ہاتھ میں لینا۔ لینے کے لیے اٹھنا۔
النَّهَّازُ۔ سینہ نکال کر چلنے والا گدھا۔
النَّهُوزُ۔ شیر۔
النُّهْزَة۔ فرصت۔ ج۔ نُهَزٌ۔ مُنْهَزُ البِئْرِ۔ کنویں کا منہ۔
المُنَاهَزَة۔ مسابقت۔
نَهَسَ (ف)، وَنَهِسَ (س)، نَهْسًا۔ اللَّحْمَ اگلے دانتوں سے گوشت نوچنا۔ نَهَسَتْهُ الحَيَّةُ۔ سانپ کا کسی کو ڈسنا۔ نَهَسَ الكَلْبُ فُلَانًا۔ کتے کا
وَكَدَ يَكِدُ وَكْدًا - بالمکان اقامت کرنا -
وَ (وَكَدًا) الشَّيْءَ قصد کرنا - وَكَدَ الامرَ - مشق کرنا -
(وَكَّدَ وَاَوْكَدَ وَاَكَّدَ وَاٰكَدَ) العَهْدَ اَوِ السَّرْجَ - معاہدہ کو پکا کرنا زین کو مضبوط باندھنا -
تَوَكَّدَ وَتَأَكَّدَ - مضبوط ہونا - باندھا جانا -
الوَكْدُ - سعی و کوشش -
الوِكَادُ وَالاِكَادُ - ج وُكُدٌ - رسی یا تسمہ جس سے دودھ نکالتے وقت گائے کی ٹانگیں باندھتے ہیں -
الوَكَائِدُ وَالاَكَائِدُ - سخت مضبوط تسمہ -
الاَوْكَدُ وَالاَكَدُ - زیادہ ثابت قدم -
التَّوَاكِيدُ وَالتَّآكِيدُ وَالتَّكَايِيدُ - زین کے اگلے حصے کو باندھنے کے تسمے -
المُتَوَكِّدُ - کام کے لیے مستعد -
وَكَرَ يَكِرُ وَكْرًا وَوُكُورًا - الطائر - پرندہ کا اپنے گھونسلے میں آنا -
الظبی - ہرن کا کودنا -
وَكَرَهُ وَكْرًا - کسی کی ناک پر مکا مارنا -

(وَكَرًا وَوَكَّرَ وَاَوْكَرَ) الاناءَ - برتن بھرنا -
وَكَّرَ وَاَوْكَرَ - الطائر - پرندہ کا گھونسلہ بنانا -
تَوَكَّرَ - الصبی - بچہ کا شکم سیر ہونا -
الطائر - پرندے کے پوٹے بھرنا -
الوَكْرُ - ہر پرندہ کا گھونسلہ - ج اَوْكُرٌ وَاَوْكَارٌ وَوُكُورٌ وَ الوَكَرَى وَالوَكَرَى) دوڑ کی ایک قسم - نَاقَةٌ وَكَرَى - تیز رفتار اونٹنی -
الوَكْرَةُ - پرندہ کا گھونسلہ - ج وُكَرٌ -
الوَكِيرَةُ وَالوَكِيرُ وَالوَكِيرَةُ - وہ دعوت جو عمارت کے اختتام پر دی جاتی ہے -
وَكَزَهُ يَكِزُهُ وَكْزًا - ہٹانا - مکا مارنا -
وَكَزَهُ بالرمح - نیزہ مارنا -
وَكَزَ الرمحَ فی الارض - زمین پر نیزہ گاڑنا -
القِربةَ - مشک بھرنا - اَنْفَهُ - ناک توڑنا - وَكَزَ ظلالك - موڑنا -
تَوَكَّزَ الامرَ - کام کرنے کے لیے آمادہ ہونا -
علی عصاه - لاٹھی پر سہارا لینا - من الطعام - شکم سیر ہونا -
وَكَسَ يَكِسُ وَكْسًا - الشیءُ - کم ہونا -
وَكَسَ الشیءَ - چیز کو گھٹانا - اُوكِسَ فلان فی تجارته - تجارت میں نقصان اٹھانا -
وَكَسَ فلانًا الشیءَ - چیز کو گھٹانا - گلانا -
الجرحُ - کھولنا -
الوَكْسُ - سعد چاند کی وہ منزل جہاں آکر اس کو گہن لگتا ہے - منحوس ستارہ میں چاند کا آنا - زخم کی پیپ - لا وَكْسَ ولا شَطَطَ - نہ کم نہ زیادہ -
الاَوْكَسُ - زیادہ ناقص - حقیر - کمینہ -
وَكَظَ يَكِظُ وَكْظًا - وَوَاكَظَ علی الامر - کسی امر پر مداومت کرنا - وَكَظَةً -

ہٹا کر کنارے پر کرنا - تَوَكَّظَ علیه الامرُ - اس پر معاملہ پیچیدہ اور مشکل ہو گیا -
وَكَعَهُ يَكَعُهُ وَكْعًا - ڈسنا - سرزنش کرنا - وَكَعَ اَنْفَهُ ناک توڑنا -
الشاةُ - دودھ پیتے وقت بکری کے بچہ کا اپنی ماں کے تھن پر سر مارنا -
وَكِعَ يَوْكَعُ وَكَعًا - پاؤں سے کج پنجے والا ہونا - صفته اَوْكَعُ، مؤنث وَكْعَاءُ
وَكُعَ يَوْكُعُ وَكَاعَةً - کمینہ ہونا - چیز کا سخت ہونا - صفت (وَكِيعٌ)
اَوْكَعَ - الرجل - کم بھلائی والا ہونا - بے برکت ہونا - الشیءَ - چیز کو مضبوط کرنا - القدم - قدم کا موٹا اور سخت ہونا
الامرُ - مضبوط و سخت ہونا - السقاءَ - مشک کو مضبوط کرنا -
اِتَّكَعَ - الشیءُ - چیز کا مضبوط ہونا -
اِسْتَوْكَعَ - الرجل - مضبوط معدہ والا ہونا -
الفرخُ - چوزے کا موٹا ہونا -
الوَكِيعُ - سخت مضبوط - آگے چلنے والی بکری - وَكِيعٌ لَكِيعٌ و وَكُوعٌ لَكُوعٌ - کمینہ آدمی -
الاَوْكَعُ - کمینہ احمق -
المِيكَعُ - سخت مضبوط - محکم - تھیلا - بورا - المِيكَعَةُ - ہل کا پھل -
وَكَفَ يَكِفُ وَكْفًا وَوَكِيفًا وَوُكُوفًا وَوَكَفَانًا وَتَوْكَافًا - الدمعُ ونحوه - ٹپکنا -
البیتُ - گھر کی چھت ٹپکنا -
وَكَفَتْ وَكْفًا وَوَكِيفًا - العینُ الدمعَ - آنکھ کا آنسو بہانا -
وَكِفَ يَوْكَفُ وَكَفًا - الرجل گناہ کرنا - ظلم و نا انصافی کرنا -

اَوْکَیٰ اِیْکَاءً۔ القربۃ وَعَلیٰ مَا فی القربۃ۔ مشک کو بندھن سے باندھنا۔
الرجل۔ بخل کرنا۔ تیز دوڑنا۔
اِسْتَوْکیٰ۔ الوعاءُ۔ برتن کا بھر جانا۔
البطنُ۔ قبض ہونا۔
الوِکَاءُ۔ مشک وغیرہ کا بندھن۔ ہر سر بند برتن وغیرہ۔ ج اَوْکِیَۃ۔
المُوْکیٰ۔ مفم۔ بندھے ہوئے منہ کی مشک
وَلَبَ یَلِبُ وُلُوباً۔ داخل ہونا اور جلدی کرنا۔ الیکَ الشَّیُٔ۔ پہنچنا۔
الوَالِبُ۔ کسی چیز میں داخل ہونے والی چیز
الوَالبۃ۔ کھیت کی روئیدگی۔ اولاد و نسل۔
وَلَتَ یَلِتُ وَلْتاً وَاَوْلَتَ۔ فلاناً حقّہٗ کسی کا حق گھٹانا۔
وَلَثَ یَلِثُ وَلْثاً۔ فلاناً بالعَصَاءِ۔ لاٹھی سے مارنا۔ لہٗ عَهْداً۔ کمزور وعدہ کرنا۔ فلانٌ۔ کسی کا غلام سے کہنا کہ تو میرے مرنے کے بعد آزاد ہے۔
الوَلْث۔ مص۔ تھوڑی بارش۔ کچا عہد۔ برتن میں نبیذ کا بقیہ۔ آنکھ دکھ آنے کا اثر۔
وَلَجَ یَلِجُ وُلُوجاً وَلِجَۃً۔ البیتَ۔ گھر میں داخل ہونا۔ وُلِجَ الرجلُ۔ پیٹ کی بیماری والا ہونا۔
وَلَّجَ۔ المالَ۔ سائلین کے سوال سے بچنے کے لیے اپنی زندگی میں اپنا مال کسی کو دے دینا۔
اَوْلَجَہٗ اِیْلَاجاً وَاَتْلَجَہٗ اِتْلَاجاً داخل کرنا۔
تَوَلَّجَ تَوَلُّجاً وَاتَّلَجَ اِتِّلَاجاً۔ الیہ وفیہ داخل ہونا۔
اَلْوَلَجُ۔ ریت کا راستہ۔ اَلْوُلُجُ۔ اطراف و نواحی۔ کوچے۔ گلیاں۔ شہد کھانے کے چمچے۔ واحد۔ وِلَاجٌ

اَلْوَلَجَہ۔ داخل ہونے کی جگہ۔ وادی کا موڑ۔ وہ غار جس میں راہگیر بارش وغیرہ سے پناہ لیں۔ ج اَوْلَاج وَوَلَجٌ وَوَلَجَات۔
الوَلَجَہ والوَلُوْج۔ بہت داخل ہونا۔
وُلُوْجٌ خُرُوْجٌ۔ بہت اندر باہر آنے والا۔
الوَالِجَۃ۔ پیٹ کا درد۔ سانپ — درندے۔
الوَلِیْجَۃ۔ بھیدی۔ رازدار۔ جب کوئی اجنبی آدمی قوم کے ساتھ چپٹا رہے تو اس کے لیے کہتے ہیں — ھُوَ وَلِیْجَتُھُمْ۔
الوَلَّاج۔ بہت داخل ہونے والا۔
الوِلَاج۔ دروازہ۔ وادی۔ پست زمین۔ ج وُلُجٌ وَوُلُوج۔
التَّلَجُ۔ عقاب کا چوزہ۔
التَّوْلَجُ۔ وحشی جانوروں کے رہنے کی جگہ۔
المَوْلِجُ۔ داخل ہونے کی جگہ ج مَوَالِج۔
وَلَخَ یَلِخُ وَلْخاً۔ الدَّابَّۃ۔ جانور پر طاقت سے زیادہ بوجھ لادنا۔
الوَلِیْخَہ۔ ج وَلَائِخُ وَوَلِیْخ۔ بوری
وَلَخَہٗ یَلِخُہٗ وَلْخاً۔ تھپڑ مارنا۔
اَوْلَخَ۔ العشبُ۔ گھاس کا دراز اور موٹی ہونا۔
اِتَّلَخَ۔ الامرُ۔ معاملہ کا خلط ملط ہونا۔
اِسْتَوْلَخَتِ اِسْتِیْلَاخاً۔ الارض زمین کا تر ہونا۔
الوَلِیْخ۔ السی کا کپڑا۔
الوَلِیْخَۃ۔ جا بجا اگا ہوا دودھ۔ کیچڑ۔ ارضٌ وَلِخَۃٌ وَوَلِیْخَۃٌ وَمُوتَلِخَۃٌ پیچیدہ گھاس والی زمین۔
الوَلَخ۔ لمبی گنجان گھاس۔
وَلَدَتْ تَلِدُ لِدَۃً وَوِلَاداً وَوِلَادۃً وَاِلَادَۃً وَمَوْلِداً۔ الانثیٰ۔ جننا۔

صفت وَالِدٌ وَالِدَۃٌ۔ الارض النبات۔ زمین کا نباتات اگانا۔
وَلَّدَ۔ اَلْوَلَدَ۔ پرورش کرنا۔ پالنا۔ الشَّیَٔ مِنَ الشَّیِٔ ایک چیز سے دوسری چیز نکالنا۔ پیدا کرنا۔ الکلام او الحدیث۔ نیا پانا۔
القابلۃ المرأۃَ۔ بچہ جننا۔
اَوْلَدَتْ اِیْلَاداً المرأۃُ۔ بچہ جننے کا وقت قریب آجانا۔ الشاۃ۔ جننا۔
صفت مُوْلِدٌ۔ ج مَوَالِدُ وَمَوَالِید
تَوَلَّدَ الشیُٔ من غیرہٖ۔ پیدا ہونا۔
اِسْتَوْلَدَ۔ المرأۃَ۔ حاملہ کرنا۔ بچہ طلب کرنا
تَوَلَّدَ الشیَٔ من غیرہٖ۔ پیدا ہونا۔
الوَلَدُ والوُلْدُ والوِلْدُ والوَلْدُ۔ بچہ۔ مذکر مونث۔ تثنیہ جمع سب کو شامل ہے۔ کبھی جمع لاکر اولاد وِوِلْدَۃ کہتے ہیں۔
الوَالِد۔ باپ۔ ج وَالِدُوْن۔
الوَالِدَان۔ باپ ماں۔ شاۃ وَالِدٌ حاملہ بکری۔ ج وُلْدٌ۔
الوَالِدَۃ۔ ماں۔ ج وَالِدَات۔
اللِّدَۃ مص۔ ہم عصر ہم عمر۔ ایک ہی وقت میں پیدا شدہ۔ تثنیہ۔ لِدَان۔ ج لِدَات و لِدُوْن۔ تصغیر وُلَیْدَات وَوُلَیْدُوْنَ۔ اللِّدَۃ۔ پیدائش کا وقت۔
الوَلُوْد۔ مِنَ الشَّاۃِ۔ جننے والی بکری۔ بہت جننے والی۔ ج وُلُدٌ۔
الوُلُوْدِیَّۃ والوَلُوْدِیَّۃ۔ بچپن۔ بچی طبیعت نادانی۔
الولید۔ پیدا شدہ بچہ۔ غلام۔ ج وِلْدَۃٌ وَوِلْدَان۔ مونث ولیدۃ ج وَلَائِد۔ امّ الوَلِید مرغی۔ فعل ذالِکَ فی ولیدَتِہٖ اس نے ایسا اپنے بچپن میں کیا۔

المَوْلِدُ مع۔ پیدائش کی جگہ یا وقت ج مَوَالِدُ۔
المِیْلَادُ۔ پیدائش کا وقت۔
عِیْدُ المِیْلَادِ۔ حضرت مسیح کی پیدائش کا دن
المُوَلَّدُ۔ مفعم ۔ پیدا شدہ۔ عربی باپ اور عجمی ماں کا ۔
المُوَلِّدَۃُ۔ دائی۔
المُوَلَّدَۃُ نئی پیدا شدہ چیز۔
بَیِّنَۃٌ مُوَلَّدَۃٌ۔ بناوٹی دلیل۔ درلس۔
المَوْلُودُ۔ مفعم چھوٹا بچہ۔ ج۔ مَوَالِیدُ۔
وَلَذَ یَلِذُ وَلْذًا۔ الرجل۔ تیز چلنا۔ تیز حرکت کرنا۔
وَلَسَتْ تَلِسُ وَلْسًا وَوَلَسَانًا۔ الإبل تیز دوڑنا۔ صفت (وَلُوس) (وَ) الرجل۔ دھوکا دینا۔ خیانت کرنا۔ الحدیث۔ کنایہ سے بات کرنا۔
وَالَسَہُ مُوَالَسَۃً۔ فریب دینا۔ مداہنت کرنا۔ (و أَوْلَسَ) بالحدیث۔ کنایہ سے بات کرنا۔
تَوَالَسَ۔ القوم علیہ۔ کسی کے خلاف دھوکے اور خیانت میں ایک دوسرے کی پشت پناہی کرنا۔
الوَلَّاسُ۔ بھیڑیا۔
وَلَعَ یَلَعُ وَلْعًا۔ بحقہ۔ حق تلف کرنا۔ (ولعا ولعانًا) دوڑنے میں ہلکا پھلکا ہونا۔ جھوٹ بولنا۔ کہتے ہیں مَا أَدْرِی مَا وَلَعَہُ۔ مجھے نہیں معلوم اس کو کس چیز نے روک لیا۔
وَلِعَ یَوْلَعُ وَیَلَعُ وَلَعًا وَوُلُوعًا و أُوْلِعَ۔ إیلاعًا و تَوَلَّعَ بہ۔ شیفتہ ہونا۔ بہت محبت کرنا۔
وُلِعَ بہ۔ بھڑکایا جانا۔
وَلَّعَ۔ الثور۔ بیل کا دھاریدار ہونا۔ جسدَہُ۔ کسی کے جسم کو سفید داغوں والا بنانا۔ ہ بفلان۔ بھڑکانا۔
أَوْلَعَ إیلاعًا۔ فلانًا بکذا۔ بہت شائق بنانا۔ جوش دلانا۔ اِتَّلَعَ فلانًا والعتہ س کا حال مجھ سے مخفی ہے۔ مجھے نہیں معلوم وہ مرگیا یا زندہ ہے۔
اِنْتَلَعَ۔ فلانٌ۔ قلبی۔ فلاں نے میرا دل نکال لیا۔
الوَلَعُ۔ جھوٹ۔
الوَالِعُ۔ جھوٹا۔ ج وَلَعَۃٌ۔ مونث۔ والِعۃ۔ وَلْعٌ وَالِعٌ۔ بڑا جھوٹ۔
الوَلِعُ والوُلُوعُ والَلاعَۃ۔ بہت محبت اور تعلق والا۔
الوُلَعَۃُ۔ لایعنی بات کا شوقین یا متجسس
الوَلِیعُ۔ کھجور کا پھول جو غلاف میں ہو۔ واحد۔ ولیعۃ
المُوَلَّعُ۔ مفعم۔ برص والا۔ دھاری دار جانور
المُوَلَّعُ القلب وَالمُتَّلَعُ القلبِ۔ آشفتہ دل۔
وَلَغَ یَلَغُ وَوَلِغَ یَلِغُ وَیَوْلَغُ وَیَالَغُ وَلْغًا وَوُلُغًا وَوُلُوغًا وَوَلَغَانًا۔ الکلب الإناءَ وفی الإناءِ کتے کا برتن میں منہ ڈالنا۔ زبان سے چپڑ چپڑ کرکے پانی پینا۔
أَوْلَغَ إیلاغًا۔ الکلب۔ کتے کو پلانا۔
الوَلْغَۃُ۔ چھوٹا ڈول۔
المِیْلَغُ والمِیْلَغَۃُ۔ وہ برتن جس میں کتا منہ ڈال دے یا اس میں اس کو پلایا جائے۔ مَیَالِغُ۔
المُسْتَوْلِغُ۔ من الناس۔ عزت کی پروا نہ کرنے والا۔
وَلَفَ یَلِفُ وَلْفًا وَوِلَافًا وإِلَافًا و وَلِیفًا۔ البرق۔ بجلی کا لگاتار چمکنا۔ (ولیفًا) القوم۔ سب کا اکٹھا آنا۔
وَالَفَہُ وِلَافًا ومُوَالَفَۃً۔ محبت کرنا۔ مل جانا۔
تَوَالَفَتْ مُوَالَفَۃً ووِلَافًا۔ الشیئان۔ ایک دوسرے سے الفت کرنا۔
الوِلْفُ۔ دوست۔ صاحب۔
الوَلِیفُ والوُلُوفُ۔ لگاتار چمکنے والی بجلی۔
الوِلَافُ والوَلِیفُ۔ مع۔ ایک قسم کی دوڑ جس میں یکبارگی ٹانگیں زمین پر پڑتی ہیں۔
وَلَقَ یَلِقُ وَلْقًا۔ السیر۔ تیز چلنا۔ ہ۔ بالرمح۔ ہلکے سے نیزہ مارنا۔ ہ۔ بالسیف۔ تلوار مارنا۔ الحدیث پھیلانا۔ گھڑنا۔ عینہٗ۔ آنکھ پر مار کر پھوڑ دینا۔ فی کذبہ او سیرہ۔ جھوٹ بولتے رہنا۔
أُوْلِقَ إیلاقًا و أُلِقَ أَلْقًا۔ پاگل ہونا۔ صفت (مَأْلُوق ومُؤْلَق)
الوَلِیقَۃُ۔ آٹے دودھ اور گھی سے تیار کردہ کھانا۔
الأَوْلَقُ۔ پاگل پن۔
أَوْلَمَ إیلامًا۔ ولیمہ کرنا۔ فلانٌ۔ خلقت یا اخلاق و عقل میں مکمل ہونا۔
الوَلْمُ والوَلَمُ۔ بند۔ گھوڑے یا اونٹ کا تنگ۔
الوَلْمَۃُ۔ سب کا سب۔ چیز کا اجتماع۔
الوَلِیمَۃُ۔ شادی کی خوشی کی دعوت۔ ج وَلَائِمُ۔
تَوَلَّنَ۔ الرجلُ۔ مصیبت کے وقت بلند آواز سے چلانا۔
وَلَہَ یَلِہُ وَوَلِہَ یَلِہُ وَیَوْلَہُ وَلَہًا۔ وتَوَلَّہَ واتَّلَہَ۔ زیادتی غم سے عقل زائل ہونے کے قریب پہنچنا۔ شدت غم سے متحیر ہونا۔ صفت (وَالِہٌ وَالِہٌ وولہان) مونث وَالِہٌ۔ وَالِہَۃٌ وولہی۔ وَلَہَ الصبیُّ الی امہ۔ بچہ کا ڈکر ماں کی طرف لپکنا۔ الأم الی ولدِھا خواہش کرنا۔ منہ۔ ڈرانا۔
وَلَّہَ۔ الرجل۔ زیادتی غم میں ڈالنا۔ المرأۃَ۔ ماں کو بچہ سے جدا کرنا (و أَوْلَہَ) غم کا کسی کو سرگشتہ و حیران کرنا۔
اِتَّلَہَ۔ النبیذُ فلانًا۔ نبیذ کا کسی کو مدہوش کرنا

اسْتَوْلَهَ اسْتِيْلَاهًا۔ بدحواس ہونا۔ مَاءٌ مُوْلَهٌ وَمُوْلَهٌ۔ بیان میں چھوڑا ہوا پانی۔
الْمُوْلَهُ۔ مکڑی۔ الْمِيْلَهُ۔ حیران کن ریگستان۔ الْمِيْلَاهُ سخت ہوا۔
اِمْرَأَةٌ مِيْلَاهٌ بچہ کی موت پر بہت غم و صدمہ کرنے والی عورت ج مَوَالِيْهُ۔
وَلْوَلَتْ وَلْوَلَةً وَوَلْوَالًا۔ المرأۃ۔ عورت کا چیخنا۔ واویلا کرنا۔ کمان کا آواز کرنا۔
وَلِيَ وَوَلِيَ يَلِي وَلْيًا۔ فلانًا۔ قریب و نزدیک ہونا۔ متصل ہونا۔ بغیر فاصلہ کے پیچھے پیچھے جانا۔
وَلِيَ يَلِي وِلَايَةً وَوَلَايَةً الشئَ وعلیہ حاکم مقرر ہونا۔ متصرف ہونا۔ الرجل وعلیہ مدد دینا۔ البلدَ۔ شہر پر تسلط پانا۔ (وَلَايَةً) الرجل کسی سے محبت کرنا۔
وُلِيَ۔ موسم بہار کی بارش سے جگہ کا سیراب ہونا۔
وَلَّى تَوْلِيَةً۔ فلانا الامرَ۔ حاکم مقرر کرنا۔ انتظام سپرد کرنا۔
وَلَّاهُ۔ کذا۔ کسی کے پیچھے کرنا۔ وَلَّاهُ ظَهْرَهُ۔ اپنے پیٹھ کے پیچھے کرنا۔
وَلَّى الشئَ وعَنِ الشئِ۔ اعراض کرنا۔ منہ پھیرنا۔ دور ہونا۔
وَلَّى هَارِبًا۔ پیٹھ دے کر بھاگنا۔
أَوْلَى إِيْلَاءً۔ فلانا الامرَ۔ والی مقرر کرنا۔ ٭۔ معروفًا۔ کسی پر احسان کرنا۔
أَوْلَاهُ علی الیتیم۔ یتیم کے بارے میں وصیت کرنا۔
وَالَى وِلَاءً ومُوَالَاةً۔ الرجل۔ دوستی کرنا مدد کرنا۔ الشئَ لگاتار کرنا۔ الگ الگ کرنا۔ بینَ الامرین۔ پے درپے کرنا۔
تَوَلَّى تَوَلِّيًا۔ الامرَ کسی امر کی ذمہ داری لینا کام کے لیے مستعد ہونا۔ فلانًا۔ ولی مقرر کرنا۔ عنہ۔ اعراض کرنا۔ چھوڑ دینا۔ تَوَلَّى هَارِبًا۔ پیٹھ دے کر بھاگنا۔ الشئُ۔ لازم ہونا۔ رطب خشک ہونے لگنا۔
تَوَالَيَا تَوَالِيًا پے درپے کرنا۔ اِسْتَوْلَى اِسْتِيْلَاءً۔ علیہ غالب آنا۔ قدرت پانا۔ علی الغایۃ۔ انتہا کو پہنچنا۔ علی الشئِ۔ چیز پر قبضہ پانا۔
الوَلِيُ۔ قرب۔ نزدیکی۔ بارش کے بعد بارش
الوَلَاءُ۔ محبت۔ دوستی۔ نزدیکی رشتہ داری۔ مدد۔ ملکیت۔ آزاد کردہ غلام کے مال کی میراث۔ کہتے ہیں جَاءُوا علیٰ وَلَاءٍ اوْ عَلٰی وَلَاءٍ۔ وہ ایک دوسرے کے پیچھے آئے۔
الوَلِيُّ۔ ج أَوْلِيَةٌ۔ بہار کی بارش کے بعد دوسری بارش۔ ج أَوْلِيَاء محبت کرنے والا۔ دوست مددگار پڑوسی۔ حلیف۔ تابع۔ داماد۔ کام کا منتظم۔ اللّٰهُ وَلِيُّكَ۔ اللہ تیرا حافظ و نگران ہے۔ المؤمن وَلِيُّ اللّٰه۔ مومن اللہ کا فرمانبردار ہے۔
وَلِيُّ العَهْدِ۔ تخت کا وارث۔ وَلِيُّ الیتیم۔ یتیم کا سرپرست و والی۔
الوَلَايَةُ۔ وہ ملک جو ایک حاکم کے زیر نگیں ہو۔ ج وَلَايَات۔
الوِلَايَةُ۔ حکومت۔ امارت۔ سلطنت۔ ایک حاکم کا زیر نگیں علاقہ۔ الوِلَايَةُ والوَلَايَةُ۔ والوَلَاءَةُ۔ رشتہ داری۔ هُمْ علیٰ وِلَايَةٍ وَاحِدَةٍ۔ وہ سب میرے خلاف اکٹھے ہو گئے۔
الوَلِيَّةُ۔ مؤنث الوَلِيّ۔ قرب۔ عرق گیر۔ ج وَلِيَّات وَوَلَايَا۔ دَارٌ وَلِيَّةٌ نزدیک کا گھر۔
الوَالِي۔ وَالِي البلد۔ شہر کا قاضی اور اس پر حاکم ج وُلَاة
الأَوْلَى۔ زیادہ حقدار و لائق۔ تثنیہ الأَوْلَيَان ج الأَوْلُوْن والأَوَالِي۔ مؤنث۔ الوُلْيَا۔ تثنیہ الوُلْيَيَان۔ ج الوُلَى الوُلْيَيَات۔ أَوْلَى لَكَ۔ یہ کلمہ دھمکی کے لیے مستعمل ہے یعنی تباہی تمہارے نزدیک ہے بچ جاؤ۔
الْمَوْلَى۔ مالک۔ آقا۔ غلام۔ سردار۔ آزاد کرنیوالا۔ انعام دینے والا۔ وہ جس کو انعام دیا جائے محبت کرنے والا ساتھی۔ حلیف۔ پڑوسی۔ مہمان شریک بیٹا۔ چچا کا بیٹا۔ بھانجا۔ چچا۔ داماد۔ رشتہ دار۔ ولی تابع۔ ج المَوَالِي۔
المَوَالِيَا۔ ایک قسم کے اشعار جن کو گایا کرتے تھے اور جن کے آخر میں یا مَوَالِيَا کہا کرتے تھے۔ عوام مَوَّال کہتے ہیں۔ ج مَوَاوِيل۔
المَوْلِيُّ۔ وہ بچہ جو کسی کی نگرانی میں ہو۔ ج مَوْلِيَّة۔
المَوْلَوِيُّ۔ مولا کی طرف منسوب۔ زاہد۔
المَوْلَوِيَّةُ۔ مولویوں کے پہننے کی ٹوپی۔ شرفائے شباہت
المُتَوَالِي۔ نما۔ شیعوں کی جماعت۔
وَمَأَ يَمَأُ وَمْأً وَوَمَّأَ تَوْمِئَةً و أَوْمَأَ إِيْمَاءً ہاتھ یا سر یا ابرو وغیرہ سے اشارہ کرنا
وَاءَمَ مُوَاءَمَةً۔ کسی سے اتفاق کرنا۔
الوَامِئَةُ۔ مصیبت۔
المُوْمَأُ۔ الیہ۔ اشارہ کردہ۔ ذکر کیا ہوا۔
الوَمْحَةُ۔ دھوپ کا اثر۔
وَمِدَتْ تَوْمَدُ وَمَدًا۔ اللیلۃ رات کا سخت گرم اور گھٹن والی ہونا۔ صفت (وَمِدٌ ووَمِدَةٌ) وَمِدَ علیہ کسی پر غضبناک ہوا۔
الوَمَدَةُ۔ رات کی سخت گرمی۔
وَمَزَ يَمِزُ وَمْزًا بانفہٖ۔ ناک کو غصہ سے ہلانا۔ تَوَمَّزَ۔ اٹھنے کے لیے تیار ہونا۔
وَمَسَ يَمِسُ وَمْسًا۔ الشئَ بالشئِ رگڑنا۔
أَوْمَسَتِ المرأۃُ۔ عورت کا بدکار ہونا أَوْمَسَ العنب۔ انگور کا پکنے کے لیے نرم ہونا۔
الوُمْسَةُ۔ سفید تل۔
المُوْمِسُ والمُوْمِسَةُ۔ بدکار و فاجرہ عورت ج مُوْمِسَات ومَوَامِسُ ومَيَامِيس
وَمَضَ يَمِضُ وَمْضًا ووَمِيْضًا ووَمَضَانًا۔

البرق - بجلی کا ہلکے سے چمکنا - صفت وامض
أومض ایماضًا - البرق - بجلی کا چمکنا -
الرجل - رمز سے اشارہ کرنا - بجلی یا
آگ کی چمک دیکھنا - مسکرانا - أومضت
المرأة بعینها - عورت کا دزدیدہ
نگاہوں سے دیکھنا -
الومعة - بارش کی بوچھاڑ - پانی کا چھینٹا -
الومفہ - لمبا بال -
ومقہ یمقہ مقہ ومقًا - پیار کرنا -
محبت کرنا - وامقہ وماقًا ومومقة
ایک دوسرے سے محبت کرنا -
توامق - الرجلان دو آدمیوں کا آپس میں محبت کرنا
تومقہ - دوستی کرنا - الومیق
والموموق - محبوب پیارا -
ومہ یومہ ومھًا - النهار - دن کا بہت
گرم ہونا -
تومن - الرجل - بہت اولاد والا ہونا -
ومی تومیة - بالشیٔ لے جانا -
استومی علیہ غالب آنا -
المومات و المومأء - بیابان - ج -
الموامی - الونٌ - کمزوری -
انگلیوں سے بجانے کا چنگ -
ونب - جھڑکنا - ڈانٹنا -
الونج - ایک قسم کا بربط - وانحہ -
موانحة - موافقت کرنا -
ونم ینم ونمًا ونیمًا - الذباب -
مکھی کا ہگنا - بیٹ کرنا -
الونمة والونیم - مکھی کی بیٹ -
ونی یني ونی یونی ونیا ونیًا ونیًّا
ونیة ونیة ونی - سست ہونا
کمزور ہونا - تھکنا - صفت (وان)
مؤنث وانیة - کا چھوڑنا عن کذا
عمل چھوڑ دینا - الکم آستین چڑھانا -
السحابة - بادل کا برسنا لاینی یفعل
وہ لگاتار کرتا ہے -

ونی تونیة - کام کرنے میں سست ہونا - أونی ایناء
الرجل - کسی کو تھکانا - کمزور کرنا -
توانی توانیًا - فی حاجتہ سستی کرنا کوتاہی
کرنا - لاپرواہی برتنا -
الونا و سستی - امرأة ونانة و أناة و أنیة
سست حرکات والی عورت الونوة عقل کی کمزوری
الوناة والونیة - موتی - الوانی - نا - کمزور بدن
والا - نسیم وان - نرم نرم چلنے والی ہوا
الونی - موتی -
المینا و المیناء - بندرگاہ ج موانٍ ومواني
میناء الساعة - گھڑی کا ڈائل -
وهب یهب وهبًا ووهبًا وهبة المال
فلانًا و لفلان - مال بخشا - ہبہ کرنا - هبنی
(مذکر) هبینی (مؤنث) فعلت کذا
فرض کرو میں نے ایسا کیا - یہ معنی صرف امر
کے صیغہ کے ہوتے ہیں - هبا - هبوا
هبن - فرض کرو - (وهب یهب)
الرجل - فیاضی میں بڑھنا - واهبہ مواهبة
فیاضی میں مقابلہ کرنا -
أوهب ایهابًا - الأمر لفلان کسی کے لیے تیار ہونا
الشیٔ لفلان کسی کے لینے کے لیے ممکن ہونا -
الشیٔ لہ زیادہ و بکثرت ہونا -
أوهبت لکذا - میں نے اس پر قدرت پائی -
تواهب - القوم ایک دوسرے کو ہبہ کرنا -
اتهب اتهابًا - الهبة - ہبہ قبول کرنا -
استوهب استیهابًا - الهبة ہبہ طلب کرنا -
فلانٌ ومن فلان - ہبہ مانگنا -
الهبة - بخشش عطیہ - ج هبات -
الوهاب - الوهابة - الوهوب - بہت ہبہ کرنے والا
الوهبة والموهبة عطیہ - وهت یهت
وهتًا الشیٔ - دبانا - سختی سے روندنا -
أوهت اللحم گوشت کا بدبودار ہونا -
الوهتة - پست زمین ج وهت -
وهث یهث وهثًا وهثة - فی الشیٔ مشغول
ہونا - الشیٔ - سختی سے روندنا -

توهث توهثًا - فی الامر - خوب
غور کرنا -
وهجت - تهج وهجًا وهیجًا و
وهجانًا - النار او الشمس - آگ
یا سورج کا روشن ہونا -
أوهج - النار - آگ بھڑکانا -
توهج - آگ بھڑکنا - الحر - گرمی
کا تیز ہونا - یومنا - دن کا سخت
گرم ہونا - الجوهر - ہیرے کا چمکنا
رائحة الطیب - خوشبو پھیلنا -
الوهج - آگ کی بھڑک - سورج کی چمک
وهج الطیب - خوشبو کی مہک -
الوهیج - مع - جلنا - گرمی - خوشبو کی مہک -
الوهاج - تیز بھڑکنے والا -
وهد لہ الفراش - فرش بچھانا -
توهد الفراش - فرش بچھنا -
الوهد - پست زمین - ج أوهد و
وهدان - الوهدة - پست زمین
گڑھا - ج وهاد ووهد -
وهره یهره وهرًا او وهرة -
ناقابل خلاصی مشکل میں ڈالنا -
توهر - اللیل او الشتاء رات یا سردی
کا اکثر حصہ گزر جانا -
ہ - فی الکلام گفتگو میں کسی کو حیران
کر دینا -
استوهر واستیهر استیهارًا بہ
یقین کرنا -
الوهر - سورج کی شعاعوں کا زمین پر ایسی
تیزی سے پڑنا کہ ہوا میں بخارات کے
مانند اضطراب نظر آئے -
الوهرة - ایسی مشکل میں پھنسنا کہ اس
سے خلاصی نہ ہو سکے -
الوهران - ڈرنے والا -
وهزہ یهزہ وهزًا - روندنا -
ہاتھ سے مارنا یا ہٹانا - وهزہ علی

کذا۔ ترغیب دینا۔ وَهَنَ الشیءَ۔
توڑنا۔ وَهَنَہٗ۔ بوجھل کرنا۔
تَوَهَّنَ۔ زور سے روندنا۔ سست چال
چلنا۔ بوجھل قدموں سے چلنا۔
تَوَهَّنَ خَلْفَہٗ۔ وہ اس پر پیچھے سے
کودا۔
الوَهْنُ۔ مع۔ پست قد مضبوط آدمی۔
الوَهَانَۃُ۔ باحیا عورت کی چال۔
اَلاَوْهَنُ۔ اچھی چال والا۔ المُوهِنُ و
المُوَهِّنُ۔ بہت دبا کر چلنے والا۔
وَهَسَ يَهِسُ وَهْسًا۔ الشیءَ۔ توڑنا۔
کوٹنا۔ سخت روندنا۔ الرجل۔ تیز
چلنا۔ فی الامر۔ حیلہ کرنا۔ علیٰ قومہ۔
ظلم کرنا۔
وَاهَسَ مُوَاهَسَۃً۔ تیز چلنا۔ ۵ جھگڑنا۔
تَوَهَّسَ و تَوَاهَسَ۔ سست چلنا۔ تیز چلنا
اونٹ کا اچھی چال چلنا
الوَهْسُ۔ ۵ برائی چغلی۔
الوهسۃ۔ شارع عام۔
الوَهَّاسُ۔ شیر۔
وَهَصَ يَهِصُ وَهْصًا۔ الشیءَ الرخو۔ نرم
چیز کو توڑنا۔ سخت روندنا۔ زور سے
پھینکنا۔ زمین پر پٹکنا۔ الراس۔ سر
پھوڑنا۔ الحیوان۔ جانور کو خصی کرنا۔
الوَهْصَۃُ۔ پست زمین۔ الوَهَّاصُ۔ بہت
نیاص۔
المَوْهِصُ۔ پست زمین۔ ج مَوَاهِصُ
المُوَهَّصُ۔ والمُوَقَّصُ الخلق۔
مضبوط گٹھیلا آدمی۔
الوَهْصَۃُ۔ پست زمین۔
وَهَطَہٗ يَهِطُہٗ وَهْطًا۔ توڑنا۔ روندنا
نیزہ مارنا۔ مارنا۔
الرجل۔ کمزور و سست ہونا۔
اَوْهَطَہٗ۔ کمزور کرنا۔ سست کرنا۔
پچھاڑنا۔ مصیبت میں ڈالنا۔ پرندہ کا
بازو توڑنا۔
تَوَهَّطَ۔ ٹوٹنا۔ روندا جانا۔ الفراش
بچھانا۔ فی الطین۔ نرم مٹی میں غائب
ہونا۔
الوَهْطُ۔ مع۔ لاغری۔ جماعت۔ ج۔
اَوْهَاطٌ بینهم اوهاط۔ ان کے
درمیان جھگڑے اور شور و شر ہیں۔
الوَهْطُ۔ پست زمین ج وَهْطٌ و وِهَاطٌ
وَهَفَ يَهِفُ وَهْفًا و وَهِيفًا۔ الیٰ
کذا۔ قریب ہونا۔ النبات۔ سبز و
پتے والی ہونا۔ لَہٗ شَیءٌ من الدنیا
سامنے آنا۔ ظاہر ہونا۔ (وَهْفًا و
وِهَافًا) النصرانی۔ گرجا کی خدمت
کے لیے تیار ہونا۔
اَوْهَفَ اِيهَافًا۔ الشیءُ الی کذا قریب
ہونا۔ اوهف لہ الشیء سامنے آنا
ظاہر ہونا۔
الواهِفُ۔ ۵۔ گرجے کا خادم یا منتظم۔
الوِهَافَۃُ وَالوُهَيْفِيَّۃُ۔ گرجے کا انتظام
وَهَقَ يَهِقُ وَهْقًا۔ الدابۃ۔ جانور کی
گردن میں رسی ڈالنا۔ ۵ عن کذا
روکنا۔
وَاهَقَ مُوَاهَقَۃً۔ البعیر البعیر اونٹوں
کا چلنے میں گردن لمبی کرکے ایک دوسرے
سے مقابلہ کرنا۔
اَوْهَقَ۔ الدابۃ۔ جانور کی گردن میں
رسی ڈالنا۔
تَوَهَّقَ الحصیٰ۔ کنکریوں کا دھوپ سے
گرم ہونا۔ فلانًا فی الکلام گفتگو میں
کسی کو حیران کر دینا۔
تَوَاهَقَ۔ القوم فی الامر۔ مساوی طور
پر ایک ہی کام کرنا۔ مقابلہ کرنا۔
تَوَاهَقَتِ الابل۔ چلنے میں لمبی گردن کرکے
ایک دوسرے سے مقابلہ کرنا۔
الوَهْقُ وَالوَهَقُ۔ رسی جو کہ جانور کی گردن
میں ڈال کر پکڑتے ہیں۔ ج اَوْهَاقٌ۔
وَهَلَ يَهِلُ وَيَوْهَلُ وَهْلاً۔ الی الشیءِ۔
ایسی چیز کی طرف وہم جانا جس کا ارادہ
نہ ہو۔
وَهِلَ يَوْهَلُ وَهَلاً۔ کمزور ہونا۔ گھبرانا۔
صفت (وَهِلٌ) فی الامر و عنہ غلطی
کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّلَہٗ۔ خوف زدہ کرنا۔ گھبرا دینا۔
تَوَهَّلَہٗ۔ غلطی میں ڈالنا۔
اِسْتَوْهَلَ۔ کمزور ہونا۔ گھبرانا۔
الوَهْلُ والوَهْلَۃُ۔ گھبراہٹ۔ خوف
لقیتہ اول وهلۃ او اَوَّلَ وَهْلَۃٍ او
وَاهِلَۃٍ۔ میں نے اس سے سب سے
پہلے ملاقات کی۔
وَهَمَ يَهِمُ وَهْمًا فی الحساب۔ حساب
میں غلطی کرنا۔ بھولنا۔
وَهَّمَہٗ۔ وہم میں ڈالنا۔
اَوْهَمَ اِيهَامًا۔ وہم میں پڑنا۔
۵ وہم میں ڈالنا۔ فلانًا بکذا۔
تہمت لگانا۔ بدگمانی کرنا۔
کذا من الحساب۔ حساب کی رقم
چھوڑ دینا۔ الشیءَ۔ کل چھوڑ دینا۔
اِتَّهَمَہٗ۔ بکذا۔ تہمت لگانا۔ بدگمانی
کرنا۔ ۵ فی قولہ۔ سچائی میں شک
کرنا۔ اِتَّهَمَ الرجل۔ متہم ہونا۔
بدنام ہونا۔
تَوَهَّمَ فیہ الخیر۔ کسی چیز کے اندر
خیر معلوم کرنا۔
الوَهْمُ۔ دل میں گذرنے والا خطرہ۔
ج اَوْهَامٌ۔ قوت وہمیہ کو بھی وہم
کہتے ہیں جس سے محسوسات کے
جزئی معانی دریافت ہوتے ہیں
جیسے زید کی شجاعت یا سخاوت۔
کشادہ راستہ۔ بڑا آدمی۔ مضبوط
موٹا اور سدھا ہوا اونٹ۔ ج۔

اَوْہَام و وُہُمْ و وُہُوم۔ لَا وَہْمَ مِنْ کَذَا۔ اس سے کوئی چارہ نہیں۔
الوَہِمَۃ۔ موٹی اونٹنی۔ الوَاہِمَہ۔ قوتِ واہمہ۔ الوَہْمِیّ۔ وہمی۔
التُّہَمَۃ والتُّہْمَہ۔ تہمت۔ شک۔ الزام۔ ج۔ تُہَمٌ و تُہَمَات۔
التَّہِیم۔ مشکوک۔ المَوْہُوم مِنَ الاَشْیَاءِ۔ وہم کیا ہوا۔ تصور کیا ہوا۔ خیال کیا ہوا۔

وَہَنَہٗ یَہِنُہٗ وَہْنًا و اَوْہَنَہٗ۔ کمزور کرنا۔ وَہَنَ و اَوْہَنَ الرجل۔ آدھی رات میں داخل ہونا۔
وَہَّنَہٗ۔ کمزور کرنا۔
وَہَنَ و وَہِنَ یَہِنُ و وَہُنَ یَوْہُنُ وَہْنًا و وَہَنًا و وَہِنَ یَوْہَنُ وَہَنًا۔ کام یا بدن میں کمزور و سست ہونا۔
تَوَہَّنَ البعیر۔ اونٹ کا لیٹنا۔ الطائر۔ پرندہ کا زیادہ کھانے سے اڑنے پر قادر نہ ہونا۔
الوَہْنُ مِنَ الرِّجَالِ و الاِبِلِ۔ موٹا۔ پستہ قد۔ مِنَ اللَّیْلِ۔ آدھی رات یا اس کے کچھ بعد کا حصّہ۔
و الوَہَنُ۔ کام یا بدن کی کمزوری۔
الوَہُوْن۔ کمزور۔ الوَاہِن۔ ما۔ کمزور کندھے کی ایک رگ۔
الوَاہِنَۃ۔ مؤنث۔ الوَاہِن۔ کمزوری بازو۔ گردن کا مہرہ کے رنج کی ایک بیماری جو بڑھاپا کے وقت بازو و کندھے میں پیدا ہوتی ہے۔ سب سے نیچے کی پسلی۔
الوَہْنَانَۃ۔ مِنَ النِّسَاءِ۔ ناز پروردہ ہونے کے سبب کام میں سست عورت۔
المَوْہِن۔ مِنَ اللَّیْلِ۔ آدھی رات یا اس کے کچھ بعد کا حصّہ۔

المَوْہُوْن۔ کمزور۔ مؤنث۔ مَوْہُوْنَۃ۔
وَہْوَہَ وَہْوَہَۃً۔ فی صَوْتِہٖ۔ غم یا گھبراہٹ کی وجہ سے بڑبڑانا۔ الاسَدُ۔ شیر کا دھاڑنا۔ صفت۔ (وَہْوَاہٌ)
الوَہْوَاہُ وَالوُہْوُہُ مِنَ الخَیل۔ چست و تیز گھوڑا۔ رَجُلٌ وَہْوَاہٌ۔ بزدل آدمی۔
وَہَی وَوَہِیَ یَہِی وَہْیًا۔ الثَّوْبُ۔ کپڑے کا پھٹنا۔ الشیءُ۔ چیز کا ڈھیلے بندھن والی ہونا۔ بوسیدہ کمزور ہونا۔ الحَائِطُ۔ دیوار کا گرنے کے قریب ہونا۔ گرنا۔ الرَّجُل۔ بے وقوف ہونا۔ السحاب۔ بادل کا موسلا دھار برسنا۔
اَوْہَی۔ اِیْہَاءً۔ فلانًا۔ کمزور کرنا۔ خراب کرنا۔
الوَہْی۔ مص۔ چیز کی دراڑ۔ پھٹن۔ ج۔ وُہِیٌّ و اَوْہِیَۃ۔
الوَہْیَۃ۔ پھٹن۔ شگاف۔ الوَاہِی۔ ما۔ ج۔ وُہِیٌّ و وُہَاۃ۔ مؤنث۔ وَاہِیَۃ۔
الوَاہِیَۃ۔ موتی۔ ذبح کرنے کا موٹا جانور۔
الاَوْہِیَۃ۔ پہاڑ کی چوٹی سے لے کر وادی تک کا فاصلہ۔

وَاہًا و وَاہٌ و وَہَاۃَ و وَاہًا۔ کلمہ تعجب۔ وَاہًا لَہٗ وَ بِہٖ وہ کیسی عمدہ چیز ہے۔ وَاہًا علی مَا فَاتَ۔ افسوس اس پر جو ہاتھ سے جاتا رہا۔
وَیْ۔ کلمہ تعجب۔ جیسے وَیْ لِزَیْدٍ مجھے زید سے تعجب ہے۔ ڈانٹ کے لیے بھی آتا ہے اور وَیْل سے کنایہ کرتے ہیں۔ کہتے ہیں۔ وَیْکَ اسْتَمِعْ قَوْلِی۔ تیرا برا ہو میری بات پر کان لگا۔ دھمکی کے معنی بھی دیتا ہے کہتے ہیں وَیْ بِکَ یا فُلَان۔

وَیْب۔ بمعنی وَیْل۔ وَیْبَکَ وَوَیْبٌ لَکَ افسوس تجھ پر وَیْبٌ لِزَیْدٍ وَیْبَ لَہٗ اس پر افسوس
الوَیْبَۃ۔ بائیس یا چوبیس مُد کا ایک پیمانہ۔ مصیبت۔ شرمندگی۔ ج۔ وَیْبَات۔
وَیْحٌ۔ رحم و ترس کھانے کا کلمہ کبھی مدح اور تعجب کے موقع پر آتا ہے اور کبھی وَیْل کے معنی بھی دیتا ہے
وَیْحٌ وَ وَیْحًا لِزَیْدٍ۔ وَوَیْحَہٗ۔ زید کیسا ناخوش ہے۔ وَیْحَکَ۔ تجھ پر ہلاکت ہو۔
الوَاحُ والوَاحَۃ۔ ریگستان میں سبزہ زار
وَیْسٌ۔ بمعنی وَیْحٌ۔
الوَیْس۔ محتاجی۔ چاہی ہوئی چیز۔ نا چاہی ہوئی چیز۔ وَیْلَکَ وَیْلَۃَ وَیْلَکَ) تجھ پر ہلاکت و افسوس
وَیَّل تَوْیِیْلًا۔ فلانًا و لفلانٍ کسی کے لیے زیادہ برائی چاہنا۔ تَوَیَّلَ یا وَیْلِی کہکر رونا۔
تَوَایَلَ الرجلان۔ ایک دوسرے کے لیے برائی چاہنا
الوَیْل۔ شر و برائی کا نزول۔ ہلاکت۔ دوزخ کی ایک وادی۔ کہتے ہیں وَیْلَہ وَوَیْلَکَ وَوَیْلِی و وَیْلٌ لِزَیْدٍ و وَیْلًا لَہٗ اضافت نہ ہونے کی صورت میں نصب اضمار فعل کی بنا پر اور رفع ابتدا کی وجہ سے ہوتا ہے اور بصورت اضافت نصب ہی ہو سکتا ہے۔
وَیْلٌ وَائِلٌ وَ وَیْلٌ وَ وُیَیْل۔ بہت سخت مصیبت۔
وَیْلُمِّہٖ۔ کلمہ مرکب ہے اس کی اصل وَیْلٌ لِاُمِّہٖ ہے بمعنی بددعا کے پھر یہ تعجب و استحسان کے طور پر مستعمل ہونے لگا جیسے قَاتَلَہُ اللّٰہُ اور لَا اَبَ لَکَ کہتے ہیں رَجُلٌ وَیْلُمِّہٖ و وَیْلِمِّہٖ لام کے ضمہ اور کسرہ کے ساتھ یعنی چالاک تیز فہم آدمی۔
الوَیْمَۃ۔ تہمت۔ چغلی۔ الوَیْن۔ سیاہ انگور عنب۔
الوَیْنَۃ۔ سیاہ کشمش۔
وَیْہَ و وَیْہِ و وَیْہًا۔ ترغیب یا شکایت کا کلمہ۔ مفرد و جمع۔ مذکر۔ مؤنث سب کے لیے یکساں آتا ہے۔

ہ

ہ ۔ تین طرح استعمال ہوتی ہے:۔

(۱) ضمیر جیسے قَالَ لَہٗ صَاحِبُہٗ وَھُوَ یُحَاوِرُہٗ ۔ اس کو اس کے دوست نے کہا جب کہ وہ اس سے باتیں کر رہا تھا

(۲) حرف غیبت جیسے اِیَّاہُ اس کو

(۳) ارسکتہ جیسے ھُنَاہُ یہاں کا ہیڑ وہ کیا ہے وَازَیۡدَاہُ ہائے زید

ھا ۔ لو جیسے ھَا الکِتَابَ کتاب لو ضمیر مؤنث جیسے ضَرَبَھَا اس نے اس عورت کو مارا ۔ کِتَابُھَا اس عورت کی کتاب

اسم اشارہ سے پہلے تنبیہ کے لئے جیسے ھٰذَا ۔ ھٰذَاكَ یہ ۔ ھَا اَنۡتُمۡ خبردار تم یَا اَیُّھَا الرَّجُلُ ۔ اے آدمی ۔ ھَا اللہِ خدا کی قسم

ھَاءٌ ج: ھَاءَات حرف ہ

ھِیۡ ھِیۡ ۔ چارہ کے لئے اونٹوں کو بلانے کی آواز

ھَاھَا ۔ اونٹوں کو ڈانٹنے کی آواز

ھَاھَا ھِیۡھَاءً وَھَاھَاءً ۔ ٹھٹھا مار کر ہنسنا ۔ قہقہہ لگانا ۔ صفت (ھَاھَاءٌ وَھَاھَاۃٌ)

بِالاِبِلِ اونٹ کو چارہ کے لئے بلانا اور ھِیۡ ھِیۡ کی آواز نکالنا یا للکارنا اور ہار ہار کہنا ۔ اسم (اَلْھِیۡءُ)

ھٰؤُلَاءِ ۔ اولاء : جمع کے لئے اسم اشارہ اور ھَا تنبیہ کے لئے ۔ یہ

ھَبۡ ۔ خیال کرو، فرض کرو۔

ھَبَّتۡ (ن) ھُبُوۡبًا وَھَبِیۡبًا وَھَبًّا الرِّیۡحُ ، ہوا کا چلنا ھَبَّ الرَّجُلُ مِنَ النَّوۡمِ ۔ کسی کا نیند سے جاگنا اَلنَّجۡمُ ستارہ کا طلوع ہونا۔

ھَبَّ (ض) ھَبًّا وَھُبُوۡبًا وَھَبِیۡبًا وَھَبَابًا چست و تیز قدم ہونا ھَبَّ یَفۡعَلُ کَذَا ۔ وہ ایسا کرنے لگا مِنۡ اَیۡنَ

ھَبَبۡتَ ۔ تم کہاں سے آئے (ھَبًّا وَھُبُوۡبًا) السَّیۡفُ تلوار کا ہلنا فِی الحَرۡبِ ۔ جنگ میں شکست کھانا ۔

(ھَبًّا وَھَبَّۃً وَھِبَّۃً) السَّیۡفُ الشَّیۡءَ ۔ تلوار کا کسی چیز کو کاٹنا

ھَبَّ (س) ھَبَابًا ۔ الرَّجُلُ ۔ کسی کا ایک زمانہ تک غائب رہنا

ھَبَّبَ ۔ تَھۡبِیۡبًا ۔ الثَّوۡبَ کپڑا پھاڑنا

اَھَبَّہٗ مِنۡ نَوۡمِہٖ ۔ نیند سے جگانا

اَھَبَّ السَّیۡفَ ۔ تلوار ہلانا ۔ الرِّیۡحَ ہوا چلانا ۔

تَھَبَّبَ ۔ الثَّوۡبُ کپڑے کا بوسیدہ ہونا

اِھۡتَبَّ الشَّیۡءَ ۔ چیز کو کاٹنا ۔

اِسۡتَھَبَّ ۔ ہوا چلانا ۔ ہوا کے چلنے کی خواہش کرنا

اَلْھَبَابُ : ہوا میں اڑنے والے ذرات

اَلْھَبَّۃُ ۔ ہوا کا چلنا ، ہوا کا ایک دفعہ چلنا ، سحر کا آخری گھنٹہ ، زمانہ کی ایک مدت

رَاَیۡتُہٗ ھَبَّۃً : میں نے اس کو ایک بار دیکھا اِحۡذَرۡ ھَبَّۃَ السَّیۡفِ ۔ تلوار کی ضرب سے ڈر

اَلْھِبَّۃُ ۔ ھَبَّ کا اسم نوع ۔ حال ۔ کپڑے کا ایک ٹکڑا ۔ تلوار کی کاٹ اور اس کا ہلنا ، سحر کا آخری گھنٹہ ، زمانہ کی ایک مدت

اَلْھُبُوۡبُ وَالْھَبُوۡبَۃُ وَالْھَبِیۡبُ مِنَ الرِّیَاحِ ۔ غبار اڑانے والی ہوا

اَلْھَبَابُ ۔ بہت گرد و غبار اڑانے والی ہوا

اَلْمَھَبُّ ۔ ہوا کے چلنے کی سمت ۔ ج مَھَابُّ ۔

ھَبَتَہٗ (ض) ھَبۡتًا ۔ مارنا ۔ کسی کا سر جھکانا ۔ کسی کا مرتبہ گھٹانا

ھُبِتَ ۔ الرَّجُلُ ۔ کسی کا بزدل اور بیوقوف ہونا ، صفت (ھَبِیۡتٌ وَمَھۡبُوۡتٌ)

اَلْھَبۡتَۃُ ۔ ہبت کا اسم مرۃ ، کمزوری ۔

اَلْھَبۡتُ ۔ پستہ قد

ھَبَجَہٗ (ف) ھَبۡجًا بِالعَصَاۃِ لاٹھی سے لگاتار مارنا ۔

ھَبِجَ (س) ھَبَجًا ۔ وَجۡہُ الرَّجُلِ چہرے کا پھولنا ۔ سوجنا ۔ صفت (ھَبِجٌ)

ھَبَّجَہٗ ۔ متورم کرنا ۔ تَھَبَّجَ : متورم ہونا

اَلْمُھَبَّجُ : سست ، کند ذہن

ھَبَدَ (ض) ھَبۡدًا وَتَھَبَّدَ وَاھۡتَبَدَ الْھَبِیۡدَ اندرائن کے بیج چن کر پکانا

ھَبَدَ فُلَانًا ۔ اندرائن کے بیج کھلانا

اَلْھَبۡدُ وَالْھَبِیۡدُ ۔ اندرائن یا اس کے بیج ۔ واحد (ھَبِیۡدَۃٌ)

اَلْھَوَابِدُ ۔ اندرائن کے بیج چننے والیاں

ھَبَذَ (ض) ھَبۡذًا وَھَبَذَانًا وَاَھۡبَذَ وَاَھۡتَبَذَ ۔ الفَرَسُ اَوِ الطَّائِرُ گھوڑے کا تیز چلنا ، یا پرندہ کا تیز پرواز کرنا ۔

اَلْھَابِذَۃُ ۔ تیز رفتار اونٹنی ۔ ج ھَوَابِذُ ۔

ھَبَرَ (ن) ھَبۡرًا ۔ اَللَّحۡمَ ۔ گوشت کے بڑے بڑے ٹکڑے کاٹنا ۔

ھَبِرَ (س) ھَبَرًا ۔ البَعِیۡرُ ۔ اونٹ کا پر گوشت ہونا ۔

اَھۡبَرَ ۔ الرَّجُلُ ۔ خوب موٹا ہونا

اِھۡتَبَرَ البَعِیۡرُ ۔ اونٹ کا دبلا پتلا ہونا

ھَبۡرًا بِالسَّیۡفِ ۔ کسی کو تلوار سے کاٹنا ۔

اَلْھَبۡرُ ۔ بغیر ہڈی کے گوشت کا ٹکڑا ۔ واحد ھَبۡرَۃٌ ۔ اَلْھَبۡرُ ۔ پست ریت یا زمین کا قطعہ ج ھُبُوۡرٌ وَھُبُرٌ ۔ اَلْھَبۡرُ فِی القِرَاءَۃِ ۔ آیت پر وقف کرنا

اَلْھُبَرُ ۔ انگور کا بیج کتان سے جو گرے ۔

الهَبِرُ - مِنَ الجِمالِ : بہت گوشت والا اونٹ - مؤنث : هَبِرَة
الهَبْرُ - کٹا ہوا
الهَبْرِيَة - روئی کا اڑنے والا - رواں - پروں یا انس اور نرکل کے ٹکڑے - سر کی بھوسی
الهَبُور - مکڑی الهَبِيْر - پست زمین جس کے چاروں طرف بلندی ہو - ج : هُبُر و اَهْبِرَة
الهُبَيْرَة - بجّو - اَبُوهُبَيْرَة : مینڈک اُمِّ هُبَيْرَة - مینڈکی
الاَهْبَر - بہت گوشت والا - مؤنث هَبْرَاء ج هُبْر
الهُبَارِيَة - بالوں کی جڑوں کی بھوسی باریک اڑنے والے پر
الهَبَّار - بہت بالوں والا بندر - کاٹنے والی تلوار
الهَبُّور - چھوٹی چیونٹی - کھیتی کے گرے ہوئے خوشے -
هَبْرَج - الرجل - ڈگمگا کر چلنا - کپڑے کو نقش و نگار سے آراستہ کرنا -
الهَبْرَج - تیز چال منقش کپڑا - ڈگمگا کر چلنا - موٹا اور بڑا بوڑھا ہرن -
الهِبْرِج - موٹا المُهَبْرَج : خراب تانت
الهِبْرِزِيُّ - ہر عمدہ خوشنما چیز یا دینار - شیر - عمدہ سونا - خالص سونا -
هَبَزَ (ض) هَبْزًا وهُبُوزًا وهَبَزَانًا مرنا - اچانک مرنا -
هَبَشَ (ن) وهَبِشَ (س) هَبْشًا - الرجل پوری مٹھی سے دینا الشئ جمع کرنا - پہنچنا - لِعِيَالِهِ - بال بچوں کے لئے کمانا - فُلانًا : ورد ناک ضرب لگانا -
هَبَّشَ تَهْبِيشًا - المال : مال جمع کرنا
تَهَبَّشَ - القومُ قوم کا جمع کرنا -

الشئ : جمع کرنا
اِهْتَبَشَ - المالَ : مال کا جمع ہونا الشئ : جمع کرنا - اکٹھا کرنا — مِنْهُ عَطَاءً بخشش پانا
الهَابِشَة : جماعت الهَابِشَة و الهُبَاشَة - مختلف قبیلوں کی جماعت ج : هَوَابِشُ وهُبَاشَات -
الهُبَاشَات - کمائیاں
الهَبَّاش - بہت کمانے والا - جمع کرنے والا
هَبِصَ (س) وهَبَصَ ج هَبَصًا و هَبْصًا - بہت تیلا و چست ہونا
الكلبُ - کتے کے شکار کا حریص ہونا -
— على شئ - کسی چیز کی حرص میں بیقرار بے تاب ہونا - صفت : (هَبِصٌ)
اِهْتَبَصَ - في العَمَلِ : کام میں جلدی کرنا
— في المَشْيِ : تیز چلنا
(و) اِنْهَبَصَ لِلضَّحِكِ بہت ہنسنا
المِهْبَصُ - تیز رفتاری
هَبَطَ (ن) هَبْطًا - من الجَبَلِ : پہاڑ سے اتارنا - المرض لحمه بیماری کا گوشت گھلا دینا فلانًا کسی کو مارنا - بَلَدَ كَذَا شہر میں داخل ہونا — السُّوق بازار میں پہنچنا - الوَادِي وادی میں اترنا صفت (هَابِط) ، فلانًا البَلَدَ شہر میں داخل ہونا - ثمن السلعة من ثمنها قیمت گھٹانا -
هَبَطَ (ن ض) هُبُوطًا - الثمن : قیمت کا گھٹنا - فُلانٌ خاکساری کرنا - فُلانٌ مِنَ الجَبَلِ : پہاڑ سے اترنا - مِنْ مَوْضِعٍ اِلٰى آخَرَ ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہونا - کہتے ہیں هَبَطَهُ الزَّمَان زمانہ کا کسی کو امیری سے غریبی میں لے آنا یعنی مفلس و کنگال کر دینا -
هَبَّطَ - العِدْلَ - بوری کو اونٹ پر درست کر کے رکھنا -

اَهْبَطَهُ - اتارنا - اَهْبَطَ الثمنَ قیمت گھٹانا -
تَهَبَّطَ - مِنْ كَذَا : نیچے اترنا — الشئ بجھنا -
اِنْهَبَطَ : الرجلُ - گرنا - الهَابِطُ فا : لاغر
الهَبْطُ - نقصان - شر میں پڑنا - ذلت
اللّٰهم غبطًا لا هبطًا : اے اللہ
الهَبْطَة - هَبَطَ کا اسم مرہ - پست زمین -
الهبوط : ڈھلوان زمین —
الهَبِيْطُ - دبلا - لاغر
المهبط - اترنے کی جگہ المَهْبُوط - دبلا پتلا غریب یا مفلس آدمی
هَبَعَ (ف) هَبْعًا وهُبُوعًا - الحِمَارُ گدھے کا سست چال چلنا اور ایسی حالت والا ہی هَبَعٌ ہے
البعيرُ اونٹ کا گردن پھیلا کر چلنا - صفت (هَابِعٌ وهَبُوعٌ) -
اِسْتَهْبَعَ - البعيرَ - اونٹ کو گردن پھیلا کے چلوانا
الهُبَعُ - گرما گرمی میں پیدا ہونے والا اونٹ کا بچہ — ج هُبَعَات وهِبَاعٌ ، مؤنث ، هُبَعَة - ج هُبَعَات
المُهْبِعُ - اونٹ کے بچہ کا مالک -
اِبِلٌ هُبَّعٌ : گردن لمبی کر کے چلنے والا اونٹ
هَبَغَ (ف) هُبُوغًا وهَبْغًا - الرجل سونا الهَبْغَة نیند -
الهَبِيْغُ - بہت سونے والا
اِنْهَبَكَتْ بِهِ الاَرْضُ - زمین کا کسی کو نگل لینا - دھنسا دینا -
الهُبُكَّة - بے وقوف - وہ نرم زمین جس میں قدم دھنسیں - ج : هُبُكَّات

وَهُبَكْ۔

هَبِلَتْهُ (س) هَبَلاً۔ فُلَانًا اُمُّهُ ماں کا اپنے فرزند کو گم کرنا۔ صفت: (هَابِل)

هَبَّلَ۔ الرَّجُلُ لِعِيَالِه: آدمی کا اپنے اہل وعیال کے لئے کمانا —— فُلَانًا: کسی سے هَبِلَتْكَ اُمُّكَ کہنا —— اللحم فُلَانًا: کسی پر گوشت تہ بتہ چڑھنا

اَهْبَلَ۔ الرَّجُلُ بچہ سے محروم کرنا بے اولاد کرنا۔ عقل وتمیز کھونا۔

تَهَبَّلَ لِعِيَالِه بال بچوں کے لئے کمانا۔

اِهْتَبَلَ فُلَانًا بہت جھوٹ بولنا۔ حیلہ بازی کرنا — الصَّيْدَ شکار کو دھوکا دینا — لِعِيَالِه اہل وعیال کے لئے کمانا — الشَّيْءَ: کسی چیز کو غنیمت سمجھنا —— عَلَى وَلَدِه بے اولاد ہونا۔

اِهْتَبِلْ هَبَلَكَ اپنی راہ چل۔ اَلْهَابِلُ کمانے والا۔ حیلہ گر۔ بہت موٹا چربی والا

الْهَبَلُ حالت۔ الْهَبَالُ ایک درخت جس کی لکڑی کے تیر بناتے ہیں۔ واحد (هَبَالَة)

الْهَبَالَة فقدان عقل وتمیز۔ التماس درخواست۔ طلب

الْهُبَالَةَ غنیمت الْهَبَّال۔ کمائی کرنے والا۔ حیلہ گر۔ شکاری

الْهَبِلُ بھیڑیا، فریب دینے والا۔

الْهُبْلَةُ برس الْهُبَلُ ایک بت کا نام

الْاَهْبَل عقل وتمیز سے محروم ج: هُبْلٌ

الْهِبِلُّ والْهِبِيلُ: بڑا یا لمبا آدمی حیلہ ساز

الْهِبِلَّى نازکی چال الْهَبُول بچہ کھونے والی عورت

الْمَهْبَلُ جس سے هَبِلَتْكَ اُمُّكَ کہا جائے۔ پُرگوشت۔ سوجے ہوئے چہرے والا۔ پاگل۔

الْمِهْبَلُ ہلکا پھلکا۔ الْمُهْتَبِلُ جھوٹا

الْمَهْبُول۔ مرا ہوا بچہ

الْهَبَنَّقُ۔ احمق۔ پست قد

اَلْهَبَنَّكُ۔ بے وقوف، سست، نکھٹو

هَبْهَبَ۔ الرَّجُلُ۔ جلدی چلنا، نیند سے جاگنا —— السَّرَابُ سراب کا چمکنا هَبْهَبَةً۔ ڈانٹنا هَبْهَبَ الكَبْشَ مینڈھا ذبح کرنا۔

تَهَبْهَبَ الشَّيْءُ: حرکت کرنا۔ ہلنا

الْهَبْهَبُ۔ ہلکا پھلکا بھیڑیا۔ تیز رفتار

الْهِبْهَابُ۔ تیز رفتار، چلانے والا، سراب

الْهَبْهَبِيّ اچھی حدی گانے والا، اچھی خدمت کرنے والا۔ باورچی، بکریوں کا چرواہا گوشت بھوننے والا۔ خوب محنت ومشقت کرنے والا، ہلکا پھلکا اونٹ۔

هَبَا يَهْبُو هُبُوًّا۔ آہستہ چلنا۔ الْغُبَارُ غبار کا بلند ہونا —— الفَرَسُ گھوڑے کا بھاگ جانا —— فُلَانٌ: مرنا —— الرَّمَادُ راکھ کا مٹی سے ملنا

اَهْبَى اِهْبَاءً۔ الفرس: گھوڑے کا گرد وغبار اڑانا۔

تَهَبَّى تَهَبِّيًا۔ دونوں ہاتھ جھاڑنا۔

الْهَابِي۔ فا ج هُبِيّ۔ ہوا میں اڑنے والا غبار نُجُومٌ هُبِيّ غبار میں چھپنے والے ستارے

الْهَابِي قبر کی مٹی تُرَابٌ وَرَمَادٌ هَابٍ فضا میں اڑنے والی مٹی یا راکھ

الْهَبَاءُ غبار۔ باریک مٹی کے ذرات جو فضا میں پھیلے ہوئے ہوتے ہیں کم عقل لوگ ج: اَهْبَاء

الْهَبَاءَةُ۔ غبار کا قطعہ

هُبَايَةُ۔ الشجر درخت کی چھال

الْهَبْوَةُ گرد وغبار۔ بگولا ج: هَبَوَات اَهْبَاء

الْهَبِيُّ۔ چھوٹا بچہ مونث

الْمُتَهَبِّي۔ کمزور نظر والا

هَتَّ (ن) هَتًّا۔ الكلام خوش بیانی سے گفتگو کرنا —— الثَّوْبَ اَدِ الْعِرْضَ کپڑا پھاڑنا، ہتک عزت کرنا الْمَاءَ پانی گرانا —— فُلَانًا کسی کا مرتبہ گھٹانا —— الْمَرْاَةُ غَزْلَهَا عورت کا مسلسل کاتنا —— فُلَانٌ فِي كَلَامِه تیزی سے بولنا —— وَرَقَ الشَّجَرِ درخت کے پتے گرانا —— الشَّيْءَ: چیز کو توڑنا اور ریزہ ریزہ کرنا (—— هَتِيتًا) بکر جوان اونٹ کا آواز کرنا

هَتًّا بَتًّا۔ ریزہ ریزہ۔ ٹکڑے ٹکڑے چیت گئی۔ بڑا ہکراسی

هَتَاَهُ يَهْتَاُهُ هَتْاً۔ بالعصا ونحوها لاٹھی وغیرہ سے مارنا الطَّعَامَ —— کھانا کھانا۔

هَتِئَ يَهْتَاُ هَتَاءً الرَّجُلُ، آدمی کا ٹیڑھا ہونا، کبڑا ہونا۔

تَهَتَّاَ تَهَتُّؤًا۔ الثَّوْبُ، کپڑے کا بوسیدہ ہونا۔

الْهَتْءُ والهِتْءُ والهَتِيءُ والهَتَاءُ والهِيتَاءُ والهِيتَاءُ والْهَتَاةُ وقت الْهَتَاءُ والْهُتُوءُ ـ شگاف پھٹن

الْاَهْتَاُ۔ کبڑا، بڑھا۔

هَتَرَ (ض) هَتْرًا۔ عرض فلان ہتک عزت کرنا۔ الكِبَرُ فُلَانًا: بڑھاپے کا کسی کی عقل کو خراب کر دینا۔

هَاتَرَهُ مُهَاتَرَةً، بڑھاپے یا بیماری یا غم کی وجہ سے عقل زائل ہونا۔ صفت: مُهْتَر۔

تَهَاتَرَ۔ الرجلان، ایک دوسرے پر جھوٹا دعویٰ کرنا

اُسْتُهْتِرَ فُلَانٌ اندھا دھند خواہش پر چلنا بڑھاپے کی وجہ سے نہ سمجھنا۔

اُسْتُهْتِرَ۔ الرجل بِكَذَا۔ فریفتہ ہونا۔

— الرَّجُلُ بہت لغو و بیکار کلام کرنا
الهَاتِر ۔ فا ۔ ج: هَاتِرُوْنَ وهَتَرَة
جھوٹ ۔ مصیبت ۔ عجیب بات ۔ ناکارہ
گفتگو ۔ رات کا پہلا نصف ۔ ج:
اَهْتَار ۔ هِتْرٌ اَهْتَارٌ بڑا چالاک ۔ عیار
الهُتْر ۔ بڑھاپے یا بیماری یا غم کی وجہ سے
عقل کا زوال ۔
التَّهَاتُر ۔ ایک دوسرے کے خلاف شہادتیں
التَّهْتَار و التَّهْتَر حماقت و جہالت
المُهْتَر ۔ کسی بات کے کہنے پر فریفتہ ،
بڑھاپے یا بیماری یا غم کی وجہ سے خراب
عقل والا ۔ گفتگو میں غلطی کرنے والا
المُسْتَهْتَر ۔ بالشیءِ: کسی شے کا بہت ہی
دلدادہ ، فریفتہ ۔ بہت باطل و
لغو کاموں کا مرتکب
الهِتْرِك ۔ شیر ۔ سخت کٹھن زمانہ ۔
هَتَشَ (ض) هَتْشًا ۔ الکلب
کتے کو بھڑکانا ۔
هَتَعَ (ف) هَتْعًا اِلٰی قومہ
جلد متوجہ ہونا ۔
هَتَفَ (ض) هَتْفًا و هُتَافًا
الحمامۃُ کبوتری کا کو کو کرنا ۔ هَتَفَ
فُلَانٌ بِفُلَانٍ: کسی کا کسی کو چلا کر بلانا
فُلَانًا و بِفُلَانٍ ۔ تعریف کرنا ۔
هَتَّفَتْ تَهْتِيفًا ۔ کبوتری کا زمزمہ کرنا
الهَاتِف ۔ فا ۔ غیب سے آواز دینے والا ۔
قَوْسٌ هَتَّافَة و هَتُوف و هَتْفَى
آواز دینے والی کمان سَحَابَةٌ هَتُوفٌ
گرجنے والا بادل رِيحٌ هَتُوفٌ ۔
سائیں سائیں کرنے والی ہوا اسم: الهَتْف
الهتف و الهُتَاف کرخت و بلند آواز
هَتَكَ (ض) هَتْكًا ۔ السِّتْرَ و نحوہ
پردہ پھاڑنا ، کھینچ کر پھاڑنا ، بے عزتی
کرنا ۔ الثَّوْبَ ، کپڑے کو لمبائی
میں پھاڑنا ۔ بے عزتی کرنا ۔

هَتَكَ اللّٰهُ سِتْرَ الفَاجِرِ
اللہ تعالیٰ بدکار کو رسوا اور ذلیل کرے
هُتِكَ عَرْشُہٗ اس کی عزت جاتی رہی ۔
تَهَتَّكَ و انْهَتَكَ ۔ السِّتْرُ و نحوہٗ
پردہ پھٹنا تَهَتَّكَ فُلَانٌ ۔
ذلیل و رسوا ہونا ۔ فِی البَطَالَةِ وہ
بے کار رہا ۔
الهُتْكَة ۔ آدھی رات ثَوْبٌ هَتِيكٌ
پھٹا ہوا کپڑا ۔
الهُتْكَة ۔ بے عزتی ۔ رات کی ایک ساعت
الهَتِيكَة ۔ رسوائی ۔ فضیحت رَجُلٌ
مُنْهَتِك و مُتَهَتِّك و مُسْتَهْتِك
بے شرم ۔ بدچلن آدمی ۔
هَتَلَتِ (ض) هَتْلًا و هُتُولًا و
تَهْتَالًا و هَتَلَانًا ۔ السَّمَاءُ
آسمان کا لگاتار برسنا
سَحَابٌ هُتَّلٌ لگاتار برسنے والا بادل
الهَتَلَان ہلکی لگاتار بارش
هَتْلَمَ هَتْلَمَةً ۔ الرَّجُلَانِ ۔
پوشیدہ اور خفیہ بات کرنا
الهَتْلَمَة ۔ مص ۔ پوشیدہ اور خفیہ بات
هَتَمَ (ض) هَتْمًا ۔ فاہُ ۔ اگلے دانتوں کو
توڑنا ۔ الثَّنِيَّةَ جڑ سے توڑنا
هَتِمَ (س) هَتَمًا اگلے دانتوں کا جڑ
سے ٹوٹنا ۔
هَتِمَ (س) هَتَمًا ۔ اگلے دانتوں کا جڑ
سے ٹوٹنا ۔ صفت اَهْتَمُ ، مؤنث
هَتْمَاء ج هُتْم ۔ هَتَّمَهٗ ۔ بالضَّرْبِ
مار کر کمزور کرنا
اِهْتَمَ ۔ دانت توڑنا تَهَتَّمَ الشَّیْءُ
چیز کا ٹوٹنا تَهَاتَمَا ایک دوسرے
پر جھوٹا دعویٰ کرنا ۔
الهُتَامَة ۔ ٹوٹا ہوا ٹکڑا
هَتْمَرَ الرَّجُلُ بہت بولنا ۔ هَتْمَلَ
الرَّجُلُ آہستہ بولنا ۔

الهَتْمَلَة مص ۔ پوشیدہ اور خفیہ بات ۔
ج: هَتَامِل
المُهْتَمِل ۔ چغلخور
هَتَنَتْ (ض) هَتْنًا و هُتُونًا و
هَتَنَانًا و تَهْتَانًا و تَهَاتَنَتِ
السَّمَاءُ آسمان سے لگاتار بارش برسنا
الدَّمْعُ آنسو پے درپے ٹپکنا
الهَتْن پے درپے برسنے والی بارش
سَحَابٌ هَاتِنٌ و هَتُونٌ —
لگاتار برسنے والا بادل ج: هُتُنٌ
و هُتَّنٌ ۔
التَّهْتَان مسلسل برسنے والی بارش ۔
هَتْهَتَ الشَّیْءَ: چیز کو توڑنا — فِی الکَلَامِ
جلدی جلدی بولنا — البَعِيرَ: پانی پیتے
وقت اونٹ کو ہت ہت کہہ کر ڈانٹنا ۔
الهَتْهَات ہلکا پھلکا ، تیز بولنے والا
هَتَأَهٗ يَهْتَؤُهٗ هَتْأً پاؤں سے روندکر
توڑنا
هَاتَاهٗ ، مُهَاتَاةً دینا ۔ هَاتِ یا رَجُلُ ۔ اے
آدمی دے ۔ هَاتِي یا امرَأَةُ ۔ اے
عورت دے ۔
هَثَّ (ن) هَثًّا جھوٹ بولنا ۔ صفت:
هَثَّاث ۔ جھوٹا
هَثَمَهٗ (ض) هَثْمًا باریک پیسنا ۔
الهَيْثَم کھٹے ذائقہ کا درخت ، شکرا گدھ
یا عقاب کا بچہ ۔ سرخ ریت کا ٹیلہ
هَثْهَثَ هَثْهَثَةً — الشَّیْءُ
چیز کا مخلوط ہونا — الوالی الناسَ ۔ والی
کا لوگوں پر ظلم کرنا ۔
بادل کا موسلا دھار بارش برسانا —
الشَّیْءَ: سخت روندنا
الهَثْهَاث: جلدی کرنے والا ۔ شَیْءٌ
هَثْهَاثٌ گڈمڈ ، بے ترتیب شے ۔
رَجُلٌ هَثْهَاثٌ جھوٹا آدمی
الهَثْهَثَة ۔ مص ۔ مخلوط آوازیں ۔

هَئَ يَهِئُ هَيْئًا نًا ۔ التراب: مٹی ڈالنا
هَاتَاهُ مُهَاتَاةً ۔ کسی کا مذاق اڑانا
هَجَّ (ن) هَجًّا وهَجِيجًا ۔
البيتَ: گھر گرانا ۔ هَجِيجًا)
العَيْنُ: آنکھ کا دھنسنا ۔ النارُ،
آگ کا زور سے بھڑکنا ۔
هَجْهَجَ النارُ ۔ آگ کا زور سے بھڑکنا
یا بھڑکانا ۔ هَجَّجَتْ عَيْنُهُ آنکھ
کا گڑھے میں دھنسنا
اِهْتَجَّ فِي الأمرِ ۔ کسی امر میں دیر لگانا
اور کسی کے مشورہ پر کان نہ دھرنا ۔
اِسْتَهْجَّ ۔ فلانٌ: کسی کا اپنی رائے پر
چلنا ۔ السَّيَّارَةَ او القَافِلَةَ
جلدی چلانا ۔
الهَجَاجَ تیز چال ۔ رَكِبَ هَجَاجَ اس
نے خود رائے سے کام لیا ۔
هَجَاجَيْكَ ضرور باز آ ۔
الهَجَاجَةُ ۔ ہر جگہ پھیلنے والا غبار ۔ احمق
الهَجَجُ بیل کی گردن کا جوا ۔
الهَجِيجُ مع ۔ گہری وادی ۔ لمبی زمین
جو چلنے والوں کو جلدی لائے ۔ زمین پر
کھنچی ہوئی کمان کی لکیریں ۔ ج:
هَجَائِجُ
الأَهْجِجُ گہری وادی ۔ عَيْنٌ مُهَجَّجَةٌ
گڑھے میں بیٹھی ہوئی آنکھ
المُسْتَهِجُّ حق و باطل ہر ایک میں بولنے والا
هَجَأَ يَهْجَأُ هَجْأً وهُجُوءًا جُوعُهُ
بھوک کا بند ہونا ۔ زائل ہونا ۔ هَجْأً
الطعامَ، کھانا کھانا ۔ بَطْنَهُ پیٹ بھرنا
الطعامُ ۔ کھانے کا کسی کو آسودہ کرنا
هَجِئَ يَهْجَأُ هَجَأً ۔ بھوک بھڑکنا
أَهْجَأَ إِهْجَاءً جوعه بھوک دور کرنا
۔ فلانًا حَقَّهُ: حق ادا کرنا
۔ فلانًا الشيءَ ۔ کسی کو کچھ کھلانا ۔
تَهَجَّأَ ۔ الحرفَ: ہجے کرنا ۔

الهَجَأَةُ بے وقوف مرد یا عورت
هَجَدَ (ن) هُجُودًا رات کو سونا یا جاگنا
(ضد) بعض کے نزدیک الهُجُود دن
کی نیند اور الهُجُوع رات کی نیند ہے
هَجَّدَ تَهْجِيدًا الرجلَ نیند سے جاگنا
رات کو سونا ۔ رات کو جاگ کر نماز پڑھنا
۔ فلانًا ۔ جگانا ۔ سلانا (ضد) ۔
أَهْجَدَ ۔ الرجلُ سونا ۔ فلانًا ۔ سلانا
سوتا ہوا پانا
تَهَجَّدَ ۔ الرجلُ رات میں سونا ۔ بیدار رہنا
الهَاجِدُ سونے والا ۔ رات کو نماز پڑھنے
والا ج: هُجُودٌ وهُجَّدٌ
التَّهَجُّدُ مص ۔ رات کی نماز ۔ المُتَهَجِّدُ
رات کو نماز پڑھنے کے لیے نیند سے
جاگنے والا
هَجَرَهُ (ن) هَجْرًا وهِجْرَانًا: قطع تعلق
کرنا هَجَرَ الشيءَ ۔ چیز کو چھوڑنا
۔ زوجه بیوی سے الگ ہونا
اور طلاق دینا ۔ هَجْرًا وهِجِّيرَى و
إِهْجِيرَى) فِي مَرَضِهِ او نَوْمِهِ ۔ بیماری
یا نیند میں بکواس کرنا ۔ بڑانا ۔
(۔ هَجْرًا) به فِي النَّوم خواب
دیکھنا (۔ هَجْرًا او هُجُورًا) البعيرَ
اونٹ کو پاؤں باندھنے کی رسی سے باندھنا
هَجَّرَ ۔ القومُ ۔ قوم کا دوپہر کو سفر کرنا
۔ النهارُ: دن کی گرمی کا تیز ہونا
۔ الى الشيءِ: سویرے جانا ۔ سبقت
کرنا ۔
هَاجَرَ ۔ مُهَاجَرَةً مِنَ البَلَدِ وعَنْهُ
ترک وطن کرنا
أَهْجَرَهُ إِهْجَارًا چھوڑنا ۔
القومُ: قوم کا دوپہر میں سفر کرنا ۔
فِي مَنْطِقِهِ ۔ بکواس کرنا ۔ بِفُلَانٍ:
ٹھٹھا کرنا یا نامناسب گفتگو کرنا ۔
تَهَجَّرَ ۔ القومُ: قوم کا دوپہر میں چلنا ۔

مہاجرین کے مشابہ ہونا ۔
تَهَاجَرُوا واهْتَجَرُوا آپ کا تعلق توڑنا ۔
تَهَاجَرُوا المار: لینا
الهَاجِرُ فا ۔ نہایت عمدہ
الهَاجِرَةُ مؤنث الهَاجِرُ موسم گرما میں
دوپہر کا وقت یا سورج ڈھلنے سے
عصر تک کا وقت ۔ تیز گرمی ۔ ج
هَاجِرَاتٌ وهَوَاجِرُ رَمَاهُ
بِالهَاجِرَاتِ وبالمُهْجِرَاتِ کسی کو
شرمناک افعال سے متہم کرنا ۔
الهَاجِرِيُّ نہایت فائق ۔ بہت عمدہ معمار
شہری
الهَجْرُ مص ۔ قابل مخالطت چیز کو چھوڑنا
بہت عمدہ ، مہار ۔ دوپہر تیز گرمی ۔
لَقِيتُهُ عَنْ هَجْرٍ میں اس سے ایک
سال یا چند دن یا اس سے زائد یا غائب
رہنے کے بعد ملا ۔ هَجَرَتِ الشجرةُ
هُجُورًا درخت نے شاخیں نکالیں
اور پھیلا ۔
الهِجْرُ ۔ عمدہ اونٹ یا اونٹنی
الهُجْرُ ۔ نامناسب کلام ۔ بدگوئی
الهَجِرُ ۔ نہایت عمدہ ۔ تھکا ہوا
الأَهْجَرُ ۔ اسم تفضیل ۔ زیادہ لمبا موٹا یا بڑا
الهُجْرَاءُ قبیح گفتگو ۔ کنایت ۔
الهَجِرَةُ بہت موٹی عورت
الهِجْرَةُ جدائی ۔ خانہ بدوشی سے
شہریت اختیار کرنا ۔
الهِجْرَةُ والهُجْرَةُ ترک وطنی ۔
الهَجِيرُ دوپہر ۔ سخت گرمی ۔ لمبا چوڑا
حوض ۔ بڑا پیالہ ۔ جما ہوا دودھ ۔
موٹا گو رخر ۔ هِجَار رسی سے بندھا
ہوا اونٹ ج: هُجُرٌ ۔ کوفہ اور بصرہ
کے درمیان کا علاقہ
الهَجِيرَةُ دوپہر ۔ تیز گرمی ۔
الهِجَارُ تانت ۔ طوق ۔ تاج ۔ اونٹ کے

پاؤں باندھنے کی رسی
الهِجِّيْرُ و الهِجِّيرَى والهِجِّيرَةُ و
الهُجِّيرَىٰ ۔ عادت ۔
الهَجُورِىُّ دوپہر کا کھانا
الأُهْجُورَةُ و الأُهْجِيرَى والإِهْجِيرَاءُ
عادت
المُهَجِّرُ شریف ۔ خوبصورت ۔ ہر عمدہ چیز
دوسری چیز سے فائق وبرتر ۔
عَدَدٌ مُهْجِرٌ ۔ بہت عدد
المَهَاجِرُ ۔ ہجرت کی جگہیں ۔ تَكَلَّمَ
بِالمُهَاجِرِ ۔ ناشائستہ گفتگو کرنا
المُهْجُوسُ ۔ مفع ۔ بکواس ۔ بیمار یا سونے
والے کی بڑ ۔ متروک الاستعمال لفظ
الهِجْرِسُ ۔ بندر ۔ لومڑی یا اس کا بچہ
ریچھ ۔ کمینہ ۔ ج ، هَجَارِسُ ۔
الهَجَارِسُ زمانہ کی سختیاں ۔
الهِجْرَعُ و الهُجَرِعُ ج ۔ احمق ۔ مجنون
دراز قامت ۔ لنگڑا ۔ ایک شکاری
کتا ۔
هَاجَزَهُ مُهَاجَزَةً ۔ کانا پھوسی کرنا
هَجَسَ (ن ض) هَجْسًا ۔ الشَّيءُ
فِي صَدْرِهِ ۔ دل میں اچانک خیال
کا آنا ۔ — فُلَانًا ۔ کسی کو کسی کام سے
ہٹانا ۔
هَاجَسَهُ چپکے چپکے بات کرنا
اِنْهَجَسَ ۔ عَنِ الأَمْرِ ۔ کسی امر سے
باز رہنا ۔
الهَاجِسُ فا ۔ اندیشہ ۔ وسوسہ ج ،
هَوَاجِسُ
الهَجَّاسُ آواز کرنے والا شیر ۔
الهَجْسُ مص ۔ وہ ہلکی آواز جو سنائی دے
مگر سمجھی نہ جائے ۔ اندیشہ ۔ وسوسہ
الهَجِيسَةُ مشکیزہ ۔ وہی بگڑا ہوا دودھ
المُتَهَجِّسُ بے خمیری روٹی المَهْجُوسُ
مفع ۔ وقعوا في مَهْجُوسٍ مِنَ

الأَمْرِ وہ مشکل میں پڑ گئے ۔
هَجَشَ (ن) هَجْشًا ۔ اکسانا ۔
الدَّابَّةَ جانور کو نرمی سے ہانکنا ۔
— بَيْنَ القَوْمِ فساد ڈالنا ۔
الهَاجِشَةُ لوگوں کی جماعت ج، هَوَاجِشُ
الهَجْشَةُ اسما
هَجَعَ (ف) هُجُوعًا و تَهْجَاعًا ۔
رات کو سونا ۔ سونا
هَجَعَ جُوعَهُ هَجْعًا ۔ فَهَجَعَ جُوعُهُ
هُجُوعًا اس نے اس کی بھوک کو تسلی
دی تو اس کی بھوک تسلی پا گئی ۔
(لازم ومتعدی)
هَجَّعَ ۔ تَهْجِيعًا ۔ القَوْمُ قوم کا سونا
أَهْجَعَ جُوعَهُ بھوک کو فرو کرنا ۔
تسکین دینا ۔
الهَاجِعُ فا ۔ ج هُجُوعٌ و هُجَّعٌ
سونے والا الهَاجِعَةُ سونے والی ۔
ج ، هُجَّعٌ و هُجُوعٌ و هَوَاجِعُ
جج ؛ هَوَاجِعَات ۔
الهِجْعُ والهُجَعُ والهَجْعُ والهُجَعَةُ
غافل بے وقوف ۔ الهُجَعَةُ بہت
سونے والا
الهَجْعَةُ نیند ۔ رات کے پہلے حصہ کی ہلکی
نیند ۔
الهِجْعَةُ ۔ سونے کا طریقہ
الهَجِيعُ ۔ مِنَ اللَّيْلِ رات کا ایک حصہ
التَّهْجَاعُ ۔ ہلکی نیند ۔
المِهْجَعُ ۔ غافل ۔ احمق ۔ ہر ایک کا مطیع
هَجِفَ (س) هَجَفًا ۔ بھوکا اور
ڈھیلے پیٹ والا ہونا ۔ کوکھوں کا
پہلوؤں سے لگا ہوا ہونا ۔
انْهَجَفَ ۔ لاغری سے ہڈیوں کا دکھائی
دینا
الهَجْفَانُ پیاسا ۔
الهِجَفُّ سخت جسم سست شترمرغ یا

آدمی بڑا ۔ دراز قد آدمی ۔ بڑے
پیٹ والا ۔
الأَهْجَفُ ۔ لاغر ۔ دبلا ۔ مونث هَجْفَاءُ
هَجَلَ (ن) هَجْلًا ۔ بالعصا وغیرہ
پھینکنا ۔
هَجَلَتِ المَرْأَةُ ۔ بِعَيْنِهَا آنکھ سے
اشارہ کرنا ۔ آنکھ کا مارنا ۔
هَجَّلَ ۔ عِرْضَهُ ۔ کسی کی بے عزتی کرنا
— بِفُلَانٍ ۔ قبیح بات سنانا ۔
گالی دینا ۔
هَاجَلَ مُهَاجَلَةً : پست وہموار
زمین میں چلنا — فُلَانًا : مقابلہ کرنا
أَهْجَلَ ۔ الإِبِلَ اونٹوں کو
آزاد چھوڑنا — الشَّيءَ ۔ چیز کو
وسیع کرنا — المَالَ ۔ مال ضائع
کرنا — القَوْمُ ۔ قوم کا ہموار زمین
میں آنا اِهْتَجَلَ ۔ ایجاد کرنا ۔
الهَاجِلُ ۔ فا ۔ سونے والا ۔ بہت
سفر کرنے والا ۔
الهَجْلُ مص ۔ پست وہموار زمین ۔ ج
هُجُلَات
الهُجُولُ فاحشہ عورت ۔ الهَجِيلُ
پست وہموار زمین ۔ اچھی طرح نہ
بنا ہوا حوض دَمْعٌ هُجُولٌ
بہنے والے آنسو مفرد (هَاجِل)
هَجَمَ (ن) هُجُومًا ۔ عَلَيْهِ اچانک
آجانا ۔ بغیر اجازت کے آنا —
البَيْتُ ۔ گھر کا گرنا — البَرْدُ
او الشِّتَاءُ سردی کا اچانک شروع
ہونا — هَجْمًا ، فُلَانًا ۔
دھتکارنا ۔ فُلَانًا عَلَى القَوْمِ ۔
اچانک لانا ۔ الدَّابَّةَ جانور
کو زور سے ہانکنا — البَيْتَ ،
گھر ڈھانا — الهَوَاجِرُ فُلَانًا
گرم ایام نے فلاں کا پسینہ بہایا ۔

مَا فِی الضَّرْعِ تھن کا سارا دودھ دوہ لینا ۔ (هَجْمًا و هُجُوْمًا)
۔ الشَّیُٔ: سکون پانا ۔ الرَّمْضُ: بیماری کا ہلکا ہونا ۔ فُلَانٌ: خاموش ہونا ۔ سر جھکانا ۔ الْهَجْمَة اچانک لانا
هَجَّمَه مُهَاجَمَةً ناگہاں ایک دوسرے پر آ پڑنا ۔ اچانک حملہ کرنا ۔
اَهْجَمَه ۔ عَلَيْهِمْ اچانک لانا ۔
اَهْجَمَ مَا فِی الضَّرْعِ تھن کا سب دودھ نکال لینا ۔ الْاِبِلَ: اونٹ کو آرام دینا ۔ اَللّٰهُ الْمَرَضَ عَنْهُ اللہ تعالیٰ کا کسی کی بیماری کو دور کرنا
تَهَاجَمَا ایک دوسرے پر اچانک آ پڑنا ۔
تَهَجَّمَ ۔ عَلَى الشَّیْءِ: جرات سے جا پڑنا
انْهَجَمَ الْبَيْتُ: گھر کا ڈھنا ۔ گرنا ۔ الدَّمْعُ او الْعَرَقُ آنسو یا پسینہ کا بہنا ۔ انْهَجَمَتِ الْعَيْنُ ۔ آنکھ کا آنسو بہانا ۔
اِهْتَجَمَ ۔ مَا فِی الضَّرْعِ تھن کا سارا دودھ دوہ لینا
اُهْتُجِمَ الرَّجُلُ آدمی کا کمزور ہونا ۔
الْهَجْمُ مص ۔ بڑا پیالہ ۔ پسینہ ج: اَهْجَامٌ ۔
الْهَجْمَةُ ۔ اچانک حملہ ۔ مِنَ الشِّتَاءِ سخت سردی ۔ مِنَ الصَّيْفِ سخت گرمی ۔ مِنَ الْاِبِلِ چالیس یا ستر سے لے کر سو تک اونٹوں کا گلہ ۔ بوڑھی بھیڑ ۔ رات کی ابتدائی تاریکی ۔
الْهَجَّامُ قوم پر بہت ہجوم کرنے والا ۔ بہادر ۔ شیر ۔ الْهُجُومُ تیز کردنے والا ۔ مِنَ الرِّيَاحِ تیز ہوا ۔ پسینہ اور الْهَجِيمَةُ گاڑھا دودھ ۔ الْاِهْتِجَامُ
الْمَهْجُومُ مفعو ۔ گرا ہوا گھر ۔ خیمہ جس کی طنابیں کھول دی جائیں ۔

الْهَيْجُمَانَةُ ۔ موتی ۔ ننھی لڑکی
هَجُنَ ۔ (ن ۔ ض) هَجْنًا ۔ اجن ہونا
هَجُنَ (ک) هُجْنَةً وهَجَانَةً وهُجُونَةً ۔ کمینہ ہونا ۔ دوغلا ہونا لونڈی زادہ ہونا ۔ الْكَلَامُ: کلام کا غلط ہونا
هَجَّنَه تَهْجِينًا ۔ عیب دار بنانا ۔ حقارت کرنا ۔ هَجَّنَ الْاَمْرَ کسی امر کو برا بتانا عیب دار بنانا ۔
اَهْجَنَ الرَّجُلُ اچھی نسل کے اونٹوں والا ہونا ۔ الْجَارِيَةَ بلوغت سے پہلے لڑکی کی شادی کرنا ۔
اُهْتُجِنَتِ ۔ الشَّاةُ ۔ بکری کا حمل ظاہر ہونا
اِسْتَهْجَنَ ۔ فِعْلَهٗ ۔ کسی کے فعل کو قابلِ نفرت جاننا ۔ برا جاننا
الْهَاجِنُ ۔ فا ۔ پہلی ضرب پر آگ نہ دینے والی چقماق ۔ وہ بچی جس کی شادی بلوغ سے پہلے ہو جائے ۔ وہ کھجور کا درخت جو چھوٹا ہونے پر بھی پھل دے ۔ ج: هَوَاجِنُ ۔
الْهَاجِنَةُ مؤنث الْهَاجِنُ پھل دینے والا ۔ کھجور کا چھوٹا درخت
الْهِجَانُ ۔ من کل شَیْءٍ ہر عمدہ وخالص شے ۔ مِنَ الْاِبِلِ سفید نسل کا اچھا اونٹ (مذکر مؤنث جمع سب یکساں ہیں) ۔
الْهِجَانَةُ حسب ۔ شرافت ۔ سفیدی ۔
الْهُجْنَةُ مص ۔ مِنَ الْكَلَامِ ۔ نقص برائی غلط کلام ۔ تقبیح علم ج: هُجَن
الْهَجِينُ کمینہ ۔ لئیم ۔ دوغلا ۔ جس کی ماں باندی ہو اور باپ عرب ۔ ج: هُجُنٌ وهُجَنَاءُ وهُجْنَانٌ ومَهَاجِينُ ومَهَاجِنَةٌ مؤنث هَجِينَةٌ ج: هُجُنٌ وهِجَانٌ وهَجَائِنُ ۔ فَرَسٌ هَجِينٌ ۔ خراب نسل کا گھوڑا

والهجين من الخيل ۔ وہ گھوڑا جو ترکی گھوڑی اور عربی گھوڑے سے پیدا ہو ۔ ج: هُجُن وهَوَاجِنُ
غِلْمَةٌ الْهَيْجَنَةُ بلوغ سے پہلے شادی شدہ لڑکے ۔
الْمَهْجَنَةُ والْمَهْجَنُ والْمَهْجُنُ والْمَهْجُنَاءُ: ناکارہ لوگ ۔
الْمَهْجَنَةُ مِنَ النُّوقِ اچھی نسل کے سانڈسے گابھن اونٹنی پہلی بار کی حاملہ اونٹنی ۔ کھجور جس پر پہلی دفعہ نر کا پھول ڈالا جائے ۔
الْمُهْتَجِنَةُ پہلی بار نر کے پھول ڈالی ہوئی کھجور ۔ لڑکی ۔ الْهَجَنَّفُ لمبا چوڑا ۔ ج: هَجَانِيفُ
هَجْهَجَ ۔ الْفَحْلُ فِی هَدِيرِهٖ اونٹ کا سخت آواز نکالنا ۔ الرَّجُلُ کسی کو کسی چیز سے ہٹانا ۔ باز رکھنا ۔ الْجَمَلَ او بِالْجَمَلِ ہیج ہیج کہہ کر اونٹ کو ڈانٹنا اور روکنا ۔
الْهَجْهَاجُ ۔ احمق ۔ بہت شریر کم عقل، بہت بلبلانے والا اونٹ ۔ لمبا آدمی یا اونٹ مصیبت ۔ بوڑھا ۔ يَوْمٌ هَجْهَاجٌ سخت آندھی والا دن
الْهَجْهَاجَةُ بنجر زمین ۔ ج: هَجَاهِجُ ۔ مَاءٌ هُجَاهِجٌ ۔ نہ میٹھا اور نہ کھاری پانی ۔
هَجَاهُ يَهْجُوهُ هَجْوًا وهِجَاءً و تَهْجَاءً کسی کے عیب گننا، برائی بیان کرنا ۔ گالی دینا ۔ ہجو کرنا ۔ صفت فاعلی (هَاجٍ) صفت مفعولی (مَهْجُوٌّ) ۔ هَجْوًا وهِجَاءً الحروف حروف کی ہجے کرنا ۔
هَجَا يَهْجُو هَجَاءً ۔ پڑھنا
هَجُوَ يَهْجُو هَجَاوَةً ۔ اَلْيَوْمُ دن کا سخت گرم ہونا ۔

هَجَّی تَهْجِیَۃ ۔ الحُرُوْفَ حروف کی ہجے کرنا ۔ اللَّفْظَۃَ لفظ کے حروف کا جوڑا کرنا ۔ الصَّبِیَّ اُلْکِتَابَ بچہ کو کتاب پڑھانا
هَاجَیْتُہٗ مُهَاجَاۃً ۔ ایک دوسرے کی ہجو کرنا
اَهْجَی اِهْجَاءً ۔ القول: قول کو ہجو آمیز پانا۔
تَهَجَّی تَهَجِّیًا ۔ الحروف ۔ حروف کی ہجے کرنا۔
تَهَاجَیَا تَهَاجِیًا و اَهْتَجَیَا اِهْتِجَاءً ایک دوسرے کی ہجو کرنا۔
الهِجَاءُ حروف کا جوڑ حُرُوْفُ الهِجَاء الف سے لے کر یا تک کے حروف ۔ ان کو حروف التہجی والتہجیہ بھی کہتے ہیں ۔ هٰذا اَمَلَی هِجَاءِ هٰذَا ۔ یہ اس کی شکل پر ہے۔
الهَجَّاۃ مؤنث الهَجَّاء بہت ہجو کرنے والا۔
الاُهْجُوَّۃ والاُهْجِیَّۃ ہجو جو قطعہ یا قصیدہ سے کی جائے ج: اَهَاجِی
هَدَّ (ن) هَدًّا وهُدُوْدًا ۔ اِبْنَاء عمارت کو دھڑام سے گرا دینا۔
هَدَّتْہُ المُصِیْبَۃُ مصیبت نے اس کے اعضاء کو کمزور کر دیا۔
هَدَّ (س۔ض) هَدًّا ۔ الرَّجُلُ آدمی کا بڑھاپا ہونا۔
هَدَّ (ض) هَدًّا ۔ البعیرُ: اونٹ کا بلبلانا ۔ هَدِیْدًا الحائطُ ونحوُہٗ دیوار وغیرہ کا دھماکے سے گرنا هٰذا رجلٌ هَدَّكَ مِنْ رَجُلٍ یہ آدمی تمہارے لئے فلاں آدمی سے کافی ہے ۔ بعض اس کو مصدر مان کر اس کا تثنیہ جمع یا اس کو مؤنث وغیرہ کی شکل میں نہیں لاتے اور بعض اس کو فعل جان کر یہ سب صورتیں اس میں جائز رکھتے ہیں ۔ فُلَانٌ یُهَدُّ وہ بے خوف آدمی ہے
هَدَّدَہٗ و تَهْدَادَہٗ ۔ کسی کو ڈرانا دھمکانا۔
تَهَادَّ و ا تَهَادًّا ایک دوسرے کی برائی کرنا اِنْهَدَّ ۔ ٹوٹ پڑنا ، گرنا۔
اِسْتَهَدَّہٗ کمزور سمجھنا الهَادُّ فا: سمندر کا شور۔
الهَادَّۃ گرج ۔ الهَدُّ مم ۔ فیاض آدمی سخت آواز ۔ (۔ والهِدُّ) کمزور آدمی ۔ ج: هُدُوْنَ وهِدُوْدٌ
الهَدَدُ ۔ سخت آواز
الهَدَّۃ ۔ گرنے والی عمارت کا دھماکا
الهَدَادُ ۔ نرمی ۔ مہربانی ۔ مہلت ۔
قَوْمٌ هَدَادٌ بزدل لوگ۔
الهَدَادَۃ بزدل الهَدُوْدُ میدانی زمین مشکل گھاٹی۔
الهَدِیْدُ مم، لمبا آدمی ۔ دھماکا آواز کی گنگناہٹ۔
الهِدَّان بے وقوف ۔ اکھڑ ۔ الاَهَدُّ بزدل۔
التَّهْدَادُ ۔ ڈرانا ۔ دھمکانا۔
هَدَأَ یَهْدَأُ هَدْءًا وهُدُوْءًا ۔ ساکن ہونا ۔ آرام کرنا ۔ ٹھہرنا۔
(مُوْسِرٌ) ج ۔ مَیَاسِیْرُ ۔
اَیْسَرَ الرجلَ ۔ مطالبہ میں کسی کے ساتھ
آسانی برتنا ۔
یَاسَرَہٗ مُیَاسَرَۃً ۔ نرمی برتنا ۔
بائیں جانب سے آنا ۔
تَیَسَّرَ لِلْقِتَالِ مقابلہ کے لئے تیار
ہونا ۔ البلادُ ۔ ملک کا سرسبز ہونا
النھارُ ، دن کا ٹھنڈا ہونا ۔
(ا ۔ واستَیْسَرَ) الامرُ ۔ آسان ہونا
واستَیْسَرَ لہ الامرُ ۔ تیار رہنا ۔
تَیَاسَرَ آپس میں آسانی برتنا ۔
الرجلُ ، بائیں جانب سے کرنا ۔ القومُ
بائیں جانب لینا ۔ (ا ۔ والتَّیَسُّرُ وَ تَیَسَّرَ)
القومُ ۔ جوئے کے ذبیحہ کے گوشت
کو آپس میں تقسیم کرنا ۔
الیُسْرُ والیُسُرُ والیَسَارَۃُ سہولت ، نرمی
آسودگی ۔ خوش حالی ۔
الیَسَارُ آسانی ۔ تونگری ۔
(ا ۔ والیِسَارُ) بایاں ج ،
یُسُرٌ و یُسْرٌ ۔
الیَسَرُ مع ۔ آسان ۔ تیار کیا ہوا ۔
جوا کھیلنے والوں کی جماعت ج ،
رَجُلٌ اَعْسَرُ یَسَرٌ
دونوں ہاتھوں سے کام کرنے والا
الیَاسِرُ مع ۔ آسان ۔ بایاں ۔ قصائی
ج ۔ اَیْسَارٌ ۔
الیَسَرَۃُ ۔ ہاتھ کے غیر متصل خطوط ۔ دونوں
رانوں کے داغ ۔ ج ۔ اَیْسَارٌ و
یَسَرَاتٌ الیَسْرَاءُ تیلی ٹانگیں ۔ الیُسْرَیٰ ج
یُسْرَیَاتٌ و الیَسْرَۃُ بایاں

الاَیْسَرُ ۔ بائیں جانب والا ۔ آسان ۔ سہل
الیُسَیْرُ ۔ تھوڑا ۔ ذرا سا ۔ آسان ۔
(ا ۔ والمَیْسُوْرُ) جس کے میں غالب
آنے والا ۔
المَیْسِرُ ۔ جوا ۔ تیروں کا جوا ۔ وہ ذبح
شدہ جانور جس پر جوا کھیلا جائے ۔
عربوں میں یہ رسم تھی کہ اونٹ ذبح
کرتے اور اس کے دس یا اٹھائیس
حصے کرتے پھر تیروں سے قرعہ ڈالتے
جس کے نام بے نشان تیر نکلتا اس
کو ذبح شدہ کی تمام قیمت دینی پڑتی
المَیْسَرَۃُ بائیں جانب ۔ فوج کا بایاں
بازو ج ۔ مَیَاسِرُ ۔
(ا ۔ والمَیْسَرَۃُ والمَیْسُرَۃُ)
آسانی ۔ دولت مندی ۔
المَیْسُوْرُ آسان ۔ کامیابی سے کیا ہوا کام
ج ۔ مَیَاسِیْرُ ۔
الیَاسَمِیْنُ والیَاسَمُوْنُ چنبیلی ۔
یَسَنَ یَیْسِنُ یَسْنًا الماءُ ۔ پانی کا متغیر
ہونا ۔
الیَشْبُ والیَشْفُ والیَشْمُ ایک
قیمتی پتھر ۔
الیَصْبُ والیَصْفُ یشب
الیَعْضِیْدُ سوکھی گھاس ج ، یَعَاضِیْدُ ۔
یَعَرَ یَیْعِرُ و یَیْعَرُ یُعَارًا
الشاۃُ اوالمعزُ بکری کا ممیانا ۔
الیَعْرُ والیَعْرَۃُ ۔ بکری کا بچہ جس کو شیر یا
بھیڑیئے کے شکار کے لئے گڑھے
کے پاس باندھتے ہیں ج یِعَارٌ
الیَعْسُوْبُ شہد کی مکھیوں کا بادشاہ ۔
ج ۔ یَعَاسِیْبُ ۔
الیَعْفُوْرُ ہرن الیَعْفُورُ کتے سے چھوٹا
بلی سے بڑا ایک جانور ۔ اس کو غُرَیْرٌ
بھی کہتے ہیں ۔
یَفَخَ یَیْفَخُ یَفْخًا ۔ الولدَ لڑکے کی

چندیا پر مارنا ۔
الیَافُوْخُ اوالیَأفُوْخُ ۔ بچہ کا تالو
جو حرکت کرتا ہے ج ۔ یَوَافِیْخُ ۔
صَدَعَ القَوْمُ یَافُوْخَ اللیلِ
یہ جب بولتے ہیں کہ لوگ تاریک رات
میں چلیں ۔ اور جب کوئی تکبر کرتا
ہے تو کہتے ہیں مَسَّ بِیَافُوْخِہٖ
السَّمَاکَ ۔
یَفَعَ یَیْفَعُ یَفْعًا و اَیْفَعَ ۔ الغلامُ
لڑکے کا بڑھنا اور بلوغ تک پہنچنا
یَفَعَ الجَبَلَ
پہاڑ پر چڑھنا ۔
الیَفَعُ والیَفَاعُ اونچا ٹیلہ ۔ بلند زمین
ج ۔ یُفُوْعٌ ۔ غُلَامٌ یَفَعٌ ۔ نوجوان
لڑکا ۔ ج ۔ اَیْفَاعٌ ۔
الیَفَعَۃُ بلوغ کے قریب پہنچا ہوا لڑکا
(تثنیہ جمع یکساں)
الیَافِعَۃُ مؤنث الیَافِعُ ج یَافِعَاتٌ
الیَافِعَاتُ مِنَ الاُمُوْرِ ۔ طاقت
سے بالاتر کام مِنَ الجِبَالِ
بلند پہاڑ ۔ المُیَفَّعَۃُ بلند
زمین ج مَیَافِعُ ۔ الیَفَنُ
پیر فرتوت ۔
یَقَّ یَیَقُّ یَقُوْقَۃً ۔ سفید ہونا
الیَقَقُ کھجور کے اندر کا سفید گودا
کہتے ہیں ابیضُ یَقَقٌ و یَقِقٌ
سفید چک ج ۔ یَقَائِقُ ۔
الیَاقُوْتُ ۔ ایک قیمتی پتھر واحد یَاقُوْتَۃٌ
ج ۔ یَوَاقِیْتُ ۔
الیَقْطِیْنُ ۔ بیل اس کا استعمال گول کدو
کے لئے زیادہ ہے ۔
یَقِظَ یَیْقَظُ یَقَظًا و یَقُظَ یَیْقُظُ
یَقَاظَۃً جاگنا ۔ محتاط ہونا ۔ چوکنا
ہونا ۔ سمجھدار ہونا ۔ صفت ۔
(یَقِظٌ و یَقُظٌ و یَقْظَانُ)

ج ایقاظ مؤنث یقظی ج یقاظی
ایقظہ ایقاظا و یقظہ تیقیظا
الغبار غبار اٹھانا ـــ فلانا
بیدار کرنا ۔ جگانا ۔
تیقظ تیقظا و استیقظ ۔
استیقاظا ۔ بیدار کرنا
تیقظ الامر ۔ وہ معاملے پر متنبہ
ہوا ۔ استیقظہ جگانا
الیقظۃ بیداری ۔
ابو الیقظان مرغ ۔
یقن ییقن یقنا و یقنا ۔ الامر
روشن و ثابت ہونا ۔ صفت
یقین (وایقن و تیقن
واستیقن) الامر وبہ
جاننا یقین کرنا ۔
الیقن والیقن والیقن والیقنۃ
والیقان ہر کسی ہوئی بات پر یقین
لانے والا ۔ مؤنث ۔ میقانۃ
ـــ الیقن شک کا ازالہ
رجل یقن بالشیء کسی شے پر فوراً یقین
آدمی ۔
الیقین یقینی بات ۔ بے شک وشبہ
علم جو دلائل سے حاصل ہو ۔
حق الیقین واضح اور بے شبہ
راستی ۔ امر یقین سچا
واضح کلام ۔
یل و یلل ییل یلا و یللا ۔
چھوٹے یا ہموار اور اندر کی جانب
گئے ہوئے دانتوں والا ہونا ۔
صفت ۔ ایل مؤنث یلاء
ج ۔ یل
الیلب چمڑا ۔ چمڑے کی ڈھال یا چمڑے
کی بنی زرہیں ۔ چمڑے کی ٹوپیاں
واحد ۔ یلبۃ
الیلب فولاد ۔ خالص لوہا ۔ ہر طرح کا

الیلق سفید ۔ ابیض یلق و لھق
و یقق ـــ بہت سفید
الیلقۃ ادالیلق ۔ سفید بکری ۔
الیلمق قبا ج ۔ یلامق
الیلنجج والالنجج والیلنجوج
والالنجوج ۔ صندل کی لکڑی
یم یتیم یما سمندر میں پھینکا جانا
الساحل ۔ ساحل کا سمندر کے نیچے آنا
یممہ قصد کرنا ۔ ارادہ کرنا ۔
یمم المریض للصلوٰۃ
بیمار کو نماز کے لئے تیمم کرانا ۔
فلانا بالرمح کسی خاص آدمی کو
نیزے کا نشانہ بنانا ۔
تیمم الامر امر کا قصد کرنا
ـــ للصلوٰۃ نماز کے لئے مٹی
سے ہاتھ منہ پر مسح کرنا ۔ الیم
سمندر ۔ سانپ ۔
(ـــ والیمام) جنگلی کبوتر ۔
الیمام جنگلی کبوتر ۔ قصد ۔ ارادہ
الیمامۃ فاختہ ۔ قصد
امض یمامتی میرے آگے چل
المیمم مطالب میں کامیاب ۔
یمن و یمن ییمن یمنا ۔ الرجل
سیدھی جانب سے آنا ۔ یمنا ۔
اللہ فلانا بابرکت بنانا ۔ صفت
مفعول (میمون ج) صفت فاعل
(یامن ج یمن)
یمن ییمن و یمن یمنا و یمن
و یامن تیامن یمنا متیمن
بہ دائیں طرف لے جانا
یمن ییمن و یمن تیمن و
یامن و یمن ییمن و یمن
یمنا و میمنۃ یمن علی قومہ
بابرکت ہونا ۔ خوش قسمت ہونا
صفت (یامن و یمین و ایمن

و میامین ج) ۔
یمن علیہ ۔ برکت دینا ۔
(ـــ و یامن) بفلان دائیں
جانب لے جانا ۔ و یامن و یامن
و ایمن) دائیں طرف لے جانا
ملک یمن کی طرف جانا ۔ ملک یمن میں
جانا ۔
تیمن بکذا برکت لینا ۔ نیک
فال لینا ۔ یمن کی طرف منسوب ہونا
بالمیت ۔ مردہ کو قبر میں دائیں پہلو پر
رکھنا ـــ الرجل ۔ آدمی کا مرنا ۔ دائیں
ہاتھ یا پاؤں سے کام شروع کرنا ۔
استیمن استیمانا ۔ بکذا برکت حاصل
کرنا ۔ قسم دلانا ۔
الیامن برکت والا ۔ مؤنث یامنۃ
الیمن برکت ۔
الیمن والیمنۃ دائیں جانب
الیمن ملک یمن ۔ نسبت کے لئے
الیمنی والیمانی والیمانی ج
یمنیون و یمانون و یمانیون
الیمین ج ایمن و ایمان و ایامن
و ایامین ۔ دایاں ہاتھ ۔
دائیں جانب ۔ تصغیر ۔ یمیمن ج
یمیمینات ۔
الیمین ج ۔ ایمن و ایمانات قسم
مؤنث ۔ ایمن اللہ اسم ہے قسم کے لئے
وضع ہوا ہے اس کی تقدیر ایمن
اللہ قسمی ہے ۔ اس کی بہت سے
لغات ہیں ایمن اللہ ۔ ایمن اللہ
و ایمن اللہ اور اسی کے ہم معنی ہیں
ایم اللہ و ایم اللہ و ام اللہ
(تثلیث المیم) و من اللہ میم اور
نون کی تثلیث سے و م اللہ میم
کی تثلیث سے ۔
الیمین ج ۔ ایمان ۔ برکت ۔ قوت

فُلَانٌ عِنْدَنَا بِالْيَمِيْنِ فلاں ہمارے
نزدیک اچھے رتبہ پر ہے۔
الْيُمْنٰى۔ دائیں طرف۔ دایاں عضو۔ تثنیہ:
يُمْنَيَانِ ج۔ يُمْنَيَاتٌ
الْيُمْنَةُ وَالْيَمْنَةُ۔ یمن کی دھاری دار چادر
الْأَيْمَنُ۔ دایاں پہلو یا عضو۔ مونث۔
يَمْنَاءُ ج۔ يُمْنٌ و أَيَامِنُ۔
الْيَمَنُ جنوب
الْمَيْمَنَةُ۔ برکت۔ فوج کا دایاں بازو۔
دایاں پہلو۔ ج۔ مَيَامِنُ
الْمَيْمَنُ۔ برکت لانے والا
الْمَيْمُوْنُ مبارک۔ ج۔ مَيَامِيْنُ۔
کہتے ہیں هُوَ مَيْمُوْنُ الطَّائِرِ وہ مبارک
چہرے والا ہے سِرْ عَلَى الطَّائِرِ الْمَيْمُوْنِ
تم توفیق کے ساتھ سفر کرو دعا ہے۔
الْيَنْبُوْتُ ایک پودہ يَنْبُوْعٌ چشمہ
الْيَانَسُوْنُ۔ ایک قسم کی خوشبودار نباتات
يَنَعَ يَيْنَعُ وَيَيْنِعُ يَنْعًا وَيُنْعًا و
يُنُوْعًا وَأَيْنَعَ۔ الثَّمَرُ۔ پھل کا پکنا۔
صفت يَانِعٌ ج۔ يَنْعٌ وَيَنِيْعٌ
الْيَانِعُ۔ سرخ چیز
الْيُنُوْعُ خون کی سرخی۔ الْيَنَعُ
سرخ مہرہ۔ واحد يَنَعَةٌ عقیق کی
ایک قسم۔

الْيَنَمُ۔ ایک قسم کی نباتات
أَيْهَمَ۔ إِيْهَامًا۔ اللَّحْمُ۔ گوشت کا
بدبودار ہونا۔
اِسْتَيْهَمَ بے عقل ہونا۔ فِي الْأَمْرِ۔ یقین کرنا
اصرار کرنا۔ ضد کرنا۔ بِالْأَمْرِ۔
یقین کرنا۔
الْيَهْمُ وَالْيَهَمُ کشادہ جگہ۔ کسی امر میں ضد و
اصرار۔
الْيَهْيَرُ۔ سراب۔ سخت پتھر۔ لجاجت
جھوٹ۔ سانڈا۔ زہر
الْيَهْيَرِيُّ۔ بہت پانی۔ باطل
الْمُسْتَيْهِرُ فَا۔ بہت لجاجت کرنیوالا۔
الْيَهْفُوْفُ بزدل۔ احمق۔ بے ٹیل زمین۔
ہوشیار و بیدار دل۔
الْيَهَمُ۔ حیرت۔ الْأَيْهَمُ پاگل۔
بیوقوف۔ خشکی۔ بلند پہاڑ۔ بہرا،
دلیر و بہادر آدمی۔ چکنا پتھر بے نشان
شہر۔ لَيْلٌ أَيْهَمُ بے تاروں کی رات
مونث يَهْمَاءُ ج۔ يُهْمٌ۔
الْيَهْمَاءُ بے آب و بے نشان راہ بیابان
سخت تنگی کا سال۔ مضبوط اونٹنی۔
أَرْضٌ يَهْمَاءُ بے اثر و نشان اور
بے چراگاہ زمین۔
سُنُوْنٌ يُهْمٌ بے آب و گیاہ سال

يُوْحُ وَيُوْحَى۔ سورج۔
يَاوَمَهُ يِوَامًا وَمُيَاوَمَةً۔ دنوں کی
مزدوری پر رکھنا۔
الْيَوْمُ۔ فجر سے غروب آفتاب کا وقت۔
وقت۔ کہتے ہیں ذَخَرْتُكَ لِهٰذَا
الْيَوْمِ۔ تم کو میں نے اسی وقت کے لئے
ذخیرہ بنایا تھا۔ ج۔ أَيَّامٌ و
جج أَيَاوِيْمُ۔ أَيَّامُ اللّٰهِ خدا
کے دن یعنی خدا تعالیٰ کے انعامات
وسزائیں۔ أَيَّامُ الْعَرَبِ عربوں
کی لڑائیاں ابْنُ الْأَيَّامِ زمانہ شناس
ابْنُ الْيَوْمِ زمانہ ساز۔ يَوْمٌ
أَيْوَمُ مہینہ کا آخری دن۔
يَوْمٌ أَيْوَمُ وَيَوِمٌ وَوَوِمٌ و
ذُوْ أَيَّامٍ و ذُوْ أَيَاوِيْمَ۔ و
ذُوْ أَيَاوِيْمَ مصیبت کا لمبا دن
الْيُوْنَانُ یونانی لوگ۔
ایک ملک کا نام۔
يُوْنَانِيٌّ یونان کا باشندہ۔ ج:
يُوْنَانِيُّوْنَ۔
الْيَادِيُّ۔ یاد کی طرف منسوب
الْيَنْمِيَّةُ۔ خود
يَايَيْتُ يَيْتِيَةً۔ الياء۔ حرف یاء
لکھنا۔

تمت

ادبی جواہر پارے یعنی عربی امثال اور اقوال حکمت

محاورات وامثال اور وہ اقوال حکمت جو اہل زبان میں رائج ہوتے ہیں وہ اس زبان کے بلیغ ادب کی جان شمار کیے جاتے ہیں۔ اس زبان میں اظہار خیال کرتے ہوئے ان محاورات وامثال کا برمحل اور مناسب استعمال فصاحتِ بیان اور بلاغت کلام کی بنیاد ہے اور اس زبان پر اور اسلوب بیان پر عبور کی دلیل ہے اس لیے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ اس لغت میں عربی کی ضرب الامثال اور ان اقوال حکمت کو بھی شامل کیا جائے جن کو عربی ادباء استعمال کرتے رہے ہیں تاکہ عربی اسلوب بیان پر قدرت حاصل کرنے کے لئے ان سے فائدہ اٹھایا جاسکے اس سلسلے میں جو اقوال وامثال جمع ہوسکے ان کو افادیت میں اضافہ اور تکمیل کتاب کے نقطۂ نظر سے اس لغت میں شامل کر دیا گیا ہے۔

ان اقوال وامثال کے حسنِ انتخاب اور ان کے طرز وطریق کو قریب تر کرنے کے لئے بڑی محنت اور اہتمام سے کام لیا گیا ہے ان کی اصل اور متعلقہ معلومات بھی پیش کر دی گئی ہیں تاکہ ان سے استفادہ میں سہولت پیدا ہو اور ان سے مقصد بسہولت پیدا ہو جائے۔ اس انتخاب میں صرف انہیں امثال کو پیش نظر رکھا گیا ہے جو فصیح عربی میں رائج ہیں اور ان میں سے صرف انہیں کو منتخب کیا گیا ہے جو نسبۃً کم مشقت طلب مفرد معنی کے اعتبار سے صحیح اور مناسب اور فائدہ کے لحاظ سے زیادہ موزوں ہیں۔ ہر مثال کے شروع میں نمبر شمار دیا گیا ہے اور اس مشکل مثل یا قول کے ساتھ جس کے عرض ومقصد کے سمجھنے میں کچھ دشواری پیش آسکتی ہے ضروری تشریح بھی کر دی گئی ہے اور اس سلسلے میں عربی لغت وادب کے زندہ جاوید ادباء اور آئمہ لغت حریری، ابوالفضل میدانی اور ابو ہلال عسکری وغیرہ مصنفین کی کتابوں سے مدد لی گئی ہے عربی امثال کے ساتھ جابجا ان کے ہم معنی اردو زبان کی ضرب الامثال کا بھی اضافہ کیا گیا ہے۔

امثال واقوال کی ترتیب حروف تہجی کے مطابق ہے۔ کوئی مثال تلاش کرنا ہو تو سب سے پہلے اس مثل کے پہلے لفظ کی اصل پر غور کرنا چاہیئے اور پھر اصل کلمہ کے ابتدائی حرف کی تختی میں اس مثل کو تلاش کرنا چاہیئے۔ اگر پہلے لفظ کے شروع میں کوئی حرف اسم موصول، اسم اشارہ، حرف استفہام، فعل ناقص یا کوئی ایسا لفظ ہو جو بذات خود کوئی مستقل معنی نہ رکھتا ہو بلکہ بعد کے لفظ کے ساتھ مل کر معنی دیتا ہو جیسے الفاظ "کل" "بعض" "قبل" اور "بعد" وغیرہ تو اس کو الگ کر کے اصل ابتدائی لفظ کا اعتبار کرنا چاہیئے۔ یہ ابتدائی لفظ اگر مجرد ہے تو اس کے پہلے حرف کے باب میں اس سے متعلق مثل یا قول تلاش کیجئے اور اگر ابتدائی لفظ مزید ہے یا اس میں سے کچھ محذوف ہے یا اس کے حرف بدل یا مقلوب ہیں تو اس لفظ کو پہلے مجرد کیجئے یا اس کو اپنی اصل (مادہ) کی طرف لوٹائیے پھر اس کے حروف اصلی کے اعتبار سے پہلے حرف کی تختی میں تلاش کیجئے۔ سہولت کے لئے ایسے لفظ کو جس کے حروف اصلی کے ابتدائی حرف کا ترتیب میں لحاظ رکھا گیا ہے قوسین کے درمیان لکھا گیا ہے۔ اس قاعدہ کے مطابق امثال ذیل آپ کو ذیل کے ابواب میں ملیں گی:-

باب الف :- كُلُّ (آت) قريب (لآخيك) عيبك مثل الذى لك عليه (مادبةٌ) لاحفاوة (خن) من الرّصفة ماعليها (۱)

باب خ :- مع (الخَوَاطِئِ) سهمٌ صائبٌ - من (خطب) الحسناء يعلى مهرها (أخيب) من حنين - لا (خير) فى السرف ولا سرف فى الخير۔

باب ش :- (اشأم) من يسوس - رب (شانئة) أحنى من ام

باب ع :- وانما (تعطى) الذى اعطينا - لكل عالم هفوة - اياك (اعنى) واسمعى ياجارة -

باب غ :- عسى (غدٌ) لِغَيْرِك - من (غضب) من لاشيء رضى من لا شَيْءٍ

باب م :- قد كان ذلك (مَرَّة) فاليوم لا - كل امرئٍ يحتطب بحبله - رُبَّ اُمنيةٍ جلبت مَنِيَّةً -

باب و :- لم (اجد) لشفرة محزا - (اتسع) الخرق الراتق (ضع) الفاس فى الراس (۲)

---

(۱) خُذْ کا اصل صیغہ اُوخُذْ ہے اور اس کا اخذ ہے (۲) اصل کلمات وجد - وسع اور وضع ہے

بسم اللہ الرحمن الرحیم

۱۔ اِبلی لم أبع ولم أھَبْ۔

اونٹ میرا، نہ میں نے بیچا، نہ بخشا۔ یہ ظالم سے اس وقت کہا جاتا ہے جب وہ ایسی چیز پر جھگڑا کرے جس پر اس کا کوئی حق نہ ہو۔

۲۔ یَا اِبِلِی عُوْدِیْ اِلٰی مَبَارِکِ

(اے میرے اونٹ اپنے باڑے کی طرف لوٹ جا) یہ اس شخص سے کہا جاتا ہے جو کسی ایسی چیز سے گریز کرے جس میں اس کی بھلائی ہو اور جو اس کے لئے ضروری بھی ہو۔

۳۔ اَتٰی عَلَیْھِمْ ذُوْ اَتٰی

(ان پر بھی وہی گذرا جو ہوتا آیا ہے) یہ بنو طے کا محاورہ ہے اس قبیلہ کی زبان میں ذُوْ بمعنی اَلَّذِیْ استعمال ہوتا ہے۔ مثال کے معنی یہ ہیں کہ جس طرح دوسرے لوگوں پر موت اور زمانہ کے حادثات آتے رہتے ہیں ان پر بھی اسی طرح کے حادثات آئے

۴۔ اَتَاکَ رَیَّانَ بِلَبَنِہٖ

(پی کر چھک گیا تو اپنا دودھ تیرے پاس لایا) یہ مثال ایسے وقت دی جاتی ہے جب کوئی شخص کسی چیز کو کرم و سخاوت کی بناء پر نہ دے بلکہ ضرورت سے زیادہ ہونے کی بناء پر کسی کو بخش دے۔

۵۔ اَتَتْکَ بِحَائِنٍ رِجْلَاہُ

(خائن کو خود اس کے قدم تیرے پاس لے آئے) مطلب یہ ہے کہ برائی خود کرنے والے پر ہی لوٹتی ہے۔ گیدڑ کی موت آتی ہے تو وہ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔ اسی موقع پر اَتَتْکَ بِحَائِنٍ رِجْلَاہُ بھی بولتے ہیں۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو برائی کی طرف چلتا ہے اور اس میں مبتلا ہو جاتا ہے حَائِنٌ وہ شخص جس کی موت کا وقت آگیا ہو۔ یہ مثالیں ایسے موقع پر بولی جاتی ہیں جب آدمی کا اپنا عمل ہی برے انجام کا سبب ہو جائے۔

۶۔ اَتَتْکُمْ فَالِیَۃُ الْاَفَاعِیْ

(تمھارے پاس سانپوں کا پیش خیمہ آچکا ہے) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب بڑے شر سے پہلے اس کے مقدمے کے طور پر چھوٹا شر آچکا ہو۔ فَالِیَۃٌ ایک چتکبرا کیڑا ہے جو سانپ اور بچھوؤں کے بل کے ابتدائی حصے میں رہتا ہے۔

۷۔ یَاْتِیْکَ کُلُّ غَدٍ بِمَا فِیْہِ۔

(آنے والی کل تیرے پاس وہ لائے گی جو اس میں ہوگا) یعنی کل وہی دکھائے گی جو ہونے والا ہے۔

۸۔ وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدْ

(تیرے پاس وہ شخص خبر لے آئے گا جس کو تو نے مقرر نہیں کیا) یہ اس وقت بولا جاتا ہے جب کہ کسی خبر کو حاصل کرنے کے لئے دوڑ دھوپ کرنے کی ضرورت نہ پڑے اور خبر خود بخود مل جائے یا ملنے کی توقع ہو۔ یہ طرفہ کے شعر کا مصرع ثانی ہے پورا شعر یہ ہے

سَتُبْدِیْ لَکَ الْاَیَّامُ مَا کُنْتَ جَاھِلًا
وَیَاْتِیْکَ بِالْاَخْبَارِ مَنْ لَمْ تُزَوِّدِ

(زمانہ تجھ پر وہ چیز ظاہر کر دے گا جس سے تو بے خبر ہے اور خبر تیرے پاس وہ لے کر آئے گا جس کو تو نے مقرر نہیں کیا)

۹۔ لَا اٰتِیْکَ حَتّٰی یَؤُوْبَ الْقَارِظَانِ

(میں تیرے پاس اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک قارظ نہ لوٹ آئیں) قرظ سلم نامی درخت کے پتے توڑنے والے کو کہتے ہیں۔ ان پتوں سے چمڑا رنگا جاتا ہے۔ کہتے ہیں قبیلہ عنزہ کے دو شخص پتے توڑا کرتے تھے۔ ایک مرتبہ یہ دونوں پتے توڑنے گئے تھے اور پھر نہ لوٹے۔

۱۰۔ لَا اٰتِیْکَ سِنَّ الْحِسْلِ۔

(میں تیرے پاس اس وقت تک نہیں آؤں گا جب تک کہ گوہ کے دانت نہ ٹوٹ جائیں) مطلب یہ ہے کہ کبھی نہیں آؤں گا کیونکہ حِسْلٌ گوہ کو کہتے ہیں اور گوہ کے دانت کبھی نہیں ٹوٹتے

۱۱۔ کُلُّ اٰتٍ قَرِیْبٌ

(ہر آنے والی چیز نزدیک ہے، یعنی جو چیز آنے والی

ہے وہ خواہ کتنی ہی دور رہ قریب ہوتا ہے اور ہر لحظہ قریب ہوتی جاتی ہے۔

۱۲۔ ذَاكَ أَحَدُ الأَحَدَيْنِ
(یہ دو یکتاؤں میں کا ایک ہے، یعنی منتخب چیزوں کا انتخاب۔)

۱۳۔ أَخَذَهُ بِرُمَّتِهِ
(اس کو کلی طور پر لے لیا) رُمَّة۔ پرانی رسی کے ٹکڑے کو کہتے ہیں یہ مثل ایک واقعہ سے ماخوذ ہے۔ کسی شخص نے ایک اونٹ پرانی رسی سمیت کسی کو دے دیا تھا اسی سے یہ مثل بن گئی۔ اب کوئی چیز مجموعی طور پر لی جائے تو کہا جاتا ہے أَخَذَهُ بِرُمَّتِهِ اور پوری پوری مجموعی طور پر دی جائے تو کہا جاتا ہے دَفَعَهُ إِلَيْهِ بِرُمَّتِهِ

۱۴۔ قَدْ يُؤْخَذُ الْجَارُ بِذَنْبِ الْجَارِ
(کبھی پڑوسی کے گناہ میں پڑوسی پکڑا جاتا ہے۔)

۱۵۔ خُذْ مِنَ الرَّضْفَةِ مَا عَلَيْهَا
(پتھر پر جو کچھ لگا ہوا اس کو ہی لے لو) بھاگتے چور کی لنگوٹی ہی سہی رَضْفَة۔ وہ پتھر ہے جس کو گرم کرکے دودھ میں ڈال دیتے ہیں تاکہ دودھ گرم ہو جائے۔ اس پتھر پر دودھ کی چکنائی وغیرہ لگ جاتی ہے۔ یہ مثل اس وقت دی جاتی ہے جب بخیل سے کوئی معمولی چیز بھی غنیمت سمجھی جائے۔

۱۶۔ خُذِ الأَمْرَ بِقَوَابِلِهِ
(معاملہ کو اس کے مقدمات کے ساتھ لو) معاملے کے پیش آنے سے پہلے اس کی تدابیر اختیار کرو۔ اس میں باء بمعنی فِي ہے یعنی بِقَوَابِلِهِ بمعنی فِي قَوَابِلِهِ ہے۔

۱۷۔ خُذْ مِنَ الدَّهْرِ مَا صَفَا وَمِنَ الْعَيْشِ مَا كَفَى
(زمانہ سے وہ چیز لو جو صاف ہو اور روزی اتنی جو کافی ہو)۔

۱۸۔ خُذْ مَا طَفَّ لَكَ
(جو چیز قریب ہو اس کو لے لو)

۱۹۔ لَا تُؤَخِّرْ عَمَلَ الْيَوْمِ لِغَدٍ
(آج کے کام کو کل پہ نہ ٹالو۔)

۲۰ آخِرُ الدَّاءِ الْكَيُّ
(مرض کی انتہا داغ دینا ہے) مرض کے انتہائی حد تک پہنچ جانے کے وقت بولتے ہیں۔ مطلب یہ ہے کہ مریض کا ہر قسم کی دوا سے علاج کیا جاتا ہے مگر کوئی دوا اس کو موافق نہیں پڑتی تب آخری علاج کے طور پر داغ دیا جاتا ہے اس سے بھی تندرست نہ ہو تو پھر کوئی علاج باقی نہیں رہتا۔ اچھا ہوا تو ہوا ورنہ وہی موت ہے۔

۲۱۔ آخِ الأَكْفَاءَ وَدَاهِنِ الأَعْدَاءَ
(ساتھیوں سے بھائی چارہ کے ساتھ پیش آؤ اور دشمنوں سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو) اسی طرح ایک قول ہے خَالِصِ الْمُؤْمِنَ وَخَالِقِ الْفَاجِرَ۔ (مومن سے خلوص کے ساتھ اور فاجر سے ظاہری اخلاق کے ساتھ ملو۔)

۲۲۔ أَخُوكَ أَمِ الذِّئْبُ
(وہ تیرا بھائی ہے یا بھیڑیا) جو شخص تیری ہمدردی کے لئے آیا ہے وہ تیرا بھائی ہے یا تجھے تکلیف دینے کے لحاظ سے بھیڑیا ہے اسی طرح بولا جاتا ہے أَصَاحِبٌ أَنْتَ فَأَرْكَنَ إِلَيْكَ أَمْ عَدُوٌّ فَأَحْذَرَ مِنْكَ (آیا تو دوست ہے کہ تیری طرف مائل ہوں یا دشمن ہے کہ تجھ سے بچوں۔)

۲۳۔ أَخُوكَ مَنْ صَدَقَكَ
(تیرا بھائی وہ ہے جو تجھ سے مخلصانہ محبت کرے)

۲۴۔ أَخُوكَ مَنْ وَاسَاكَ بِنَشَبٍ لَا مَنْ وَاسَاكَ بِنَسَبٍ
(تیرا بھائی وہ ہے جو مال سے تیری مدد کرے نہ وہ جو محض تیری قرابت ہی کا ذکر کرے) وَاسَاكَ بمعنی آسَاكَ ہے یعنی اعانت امداد کرنا

۲۵۔ إِنَّ أَخَا الْهَيْجَاءِ مَنْ يَسْعَى مَعَكَ۔
(جنگ جو وہ ہے جو تیرے ہمراہ دوڑتا رہے)۔

۲۶۔ إِنَّ أَخَاكَ مَنْ آسَاكَ
(تیرا بھائی وہ ہے جو تیری اعانت کرے) آسَيْتُ فُلَانًا بِمَالِي أَوْ غَيْرِهِ ایسے موقع پر کہا جاتا ہے جب کسی شخص کو مال دے کر اپنے برابر کر لیا جائے اور اپنے نفس پر اس کو ترجیح دی جائے۔ یہ بھائیوں کے ساتھ احسان کرنے پر برانگیختہ کرنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

۲۷۔ لِأَخِيكَ عَلَيْكَ مِثْلُ الَّذِي لَكَ عَلَيْهِ
(تیرے بھائی کا تجھ پر وہی حق ہے جو تیرا اس پر ہے)۔

۲۸۔ رُبَّ أَخٍ لَمْ تَلِدْهُ وَالِدَةٌ
(بہت سے بھائی ایسے ہیں جو ماں جائے نہیں ہوتے یعنی دوست کے لئے کہا جاتا ہے جو بعض اوقات حقیقی بھائی سے بھی زیادہ مخلص ہوتا ہے۔)

۲۹۔ أَدَبُ الْمَرْءِ خَيْرٌ مِنْ ذَهَبِهِ

(آدمی کا ادب اس کے سونے سے بہتر ہے)

۳۰۔ اَلْأَدَبُ مَالٌ وَاسْتِعْمَالُهُ كَمَالٌ

(ادب مال ہے اور اس کا استعمال کمال ہے)۔

۳۱۔ نِعْمَ الْمُؤَدِّبُ الدَّهْرُ

(زمانہ بہترین ادب سکھانے والا ہے)

۳۲۔ مَأْرُبَةٌ لَا حَفَاوَةٌ۔

(حاجت سبب ہے نہ کہ اکرام (یعنی اکرام و احترام ضرورت کی بنا پر ہے محبت کی وجہ سے نہیں۔ "سلام روستائی بےغرض نیست"۔

۳۳۔ اَلْأَرْضُ الْوَاطِئَةُ تَشْرَبُ مَاءَهَا وَمَاءَ غَيْرِهَا۔

(پامال اور نرم زمین اپنا پانی بھی پی جاتی ہے اور دوسرے کا بھی۔ مُنہ زور کو گرم کر کہا جاتا ہے!

۳۴۔ بِالْأَرْضِ وَلَدَتْكَ أُمُّكَ۔

(تیری ماں نے تجھے زمین ہی پر تو جنا ہے) "آدمی خاک کا پتلا ہے"۔ غرور و تکبر سے روکنے اور اعتدال اختیار کرنے کی ترغیب کیلئے کہتے ہیں

۳۵۔ لِلْأَرْضِ مِنْ كَأْسِ الْكِرَامِ نَصِيبٌ

(سخی لوگوں کے پیالے میں زمین کا بھی حصہ ہے) "سخی کے مال میں سب کا ساجھا"۔

۳۶۔ وَفِي الْأَرْضِ لِلْحُرِّ الْكَرِيمِ مَرَاغِمُ

(خدا کی سرزمین میں شریف آدمی کے لئے بڑی گنجائش اور روزگار کے موقعے ہیں)۔

۳۷۔ لَا أَصْلَ لَهُ وَلَا فَصْلَ۔

(نہ خاندانی شرافت ہے نہ حسنِ گفتار) اَصل حسب نسب کو اور فَصل زبان اور گفتگو کو کہتے ہیں۔

۳۸۔ اَلْأَصِيلُ يَجُودُ۔

(شریف آدمی سخاوت کیا کرتا ہے)

۳۹۔ اَلْأَصِيلُ يَعْمَلُ بِأَصْلِهِ۔

(شریف اپنی شرافت کے مطابق عمل کرتا ہے)۔

۴۰۔ آفَةُ الْعِلْمِ النِّسْيَانُ

(بھول علم کی مصیبت ہے)۔

۴۱۔ أَكَلَ عَلَيْهِ الدَّهْرُ وَشَرِبَ۔

(ایک زمانے نے اس پر کھایا پیا ہے یعنی تجربہ کار اور کھایا کھیلا آدمی ہے۔

۴۲۔ أَكَلْتُمْ تَمْرِي وَعَصَيْتُمْ أَمْرِي۔

(تم نے میری کھجوریں کھائیں اور پھر میری ہی نافرمانی کی) کسی کی نمک حرامی کے موقعے پہ کہا جاتا ہے۔ یہ حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کا مقولہ ہے۔

۴۳۔ آكُلُ لَحْمِي وَلَا أَدَعُهُ لِآكِلٍ۔

(میں اپنا گوشت خود ہی کھاؤں گا کسی دوسرے کے لئے نہ چھوڑوں گا) یہ مثال اس شخص کے بارے میں دی جاتی ہے جو اپنے آپ کو یا رشتہ داروں کو خود ہی تکلیف پہنچائے کسی غیر کو نہ پہنچانے دے۔ اس مثل کا مطلب یہ بھی ہوتا ہے کہ اجنبی کے مقابلے میں رشتہ داروں کی امداد کرنی چاہیے خواہ رشتہ دار کے ساتھ دشمنی ہی کیوں نہ ہو۔

۴۴۔ يَأْكُلُ التَّمْرَ وَأُرْجَمُ بِالنَّوَى

(کھجور وہ کھا رہا ہے اور گٹھلیاں مجھے ماری جا رہی ہیں) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو نفع خود اٹھائے اور مشقت دوسروں کے لئے چھوڑ دے۔

۴۵۔ يَأْكُلُنِي سَبُعٌ وَلَا يَأْكُلُنِي كَلْبٌ۔

(مجھے ایک درندہ کھا رہا ہے کتا نہیں کھا رہا ہے)۔

۴۶۔ يَأْكُلُهُمْ بِضِرْسِهِ وَيَطَؤُهُمْ بِظِلْفِهِ

(اس کو ڈاڑھوں سے چباتا ہے اور کھُر سے کچل رہا ہے) محسن کے ساتھ برائی کرنے کے وقت بولا جاتا ہے۔

۴۷۔ يَأْكُلُ بِالضِّرْسِ الَّذِي لَمْ يُخْلَقْ

(وہ اس ڈاڑھ سے کھاتا ہے جو پیدا نہیں ہوئی) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بغیر احسان کئے اپنی تعریف کرانا چاہتا ہے۔

۴۸۔ غَيْرِي يَأْكُلُ الدَّجَاجَ وَأَنَا أَقَعُ فِي السِّيَاجِ

(دوسرے مرغیاں کھائیں اور میں جھاڑی میں پڑا رہوں)

۴۹۔ أَكْلٌ وَحَمْدٌ خَيْرٌ مِنْ أَكْلٍ وَصَمْتٍ

(کھانا اور تعریف کرنا کھانے اور خاموش رہنے سے بہتر ہے) محسن کی تعریف پر ابھارنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

۵۰۔ أَكْلًا وَذَمًّا۔

(کھانا اور پھر مذمت بھی کرنا) اس وقت بولا جاتا ہے جب کسی چیز سے نفع بھی اٹھایا جائے اور اس کی مذمت بھی کی جائے حالانکہ وہ برائی کی مستحق نہ ہو۔ "کھانا اور کیڑے نکالنا"۔

۵۱۔ رُبَّ أَكْلَةٍ تَمْنَعُ أَكَلَاتٍ

(کبھی ایک لقمہ بہت سے لقموں کو روک دیتا ہے کیونکہ کبھی ایک لقمہ
بیمار کر دیتا ہے اور پھر بہت سی چیزوں سے مریض محروم ہو جاتا ہے۔
پرہیز پر آمادہ کرنے کے لئے بولتے ہیں۔

۵۲۔ آکَلُ مِنْ حُوْتٍ (مچھلی سے بھی زیادہ کھانے والا)

۵۳۔ آکَلُ مِنَ الرَّحَیٰ (چکی سے بھی زیادہ کھانے والا)

۵۴۔ آکَلُ مِنَ السُّوْسِ (گھن سے بھی زیادہ کھانے والا)

۵۵۔ آکَلُ مِنْ ضَرْسٍ (ڈاڑھ سے بھی زیادہ کھانے والا)

۵۶۔ آکَلُ مِنَ النَّارِ (آگ سے بھی زیادہ کھانے والا)

۵۷۔ حَتّٰی یُؤَلَّفَ بَیْنَ الضَّبِّ وَالنُّوْنِ

(یہاں تک کہ گوہ اور مچھلی جمع ہو جائیں۔ نون مچھلی کو کہتے ہیں مچھلی اور
گوہ ہرگز جمع نہیں ہو سکتیں کیونکہ مچھلی پانی میں رہتی ہے اور گوہ کبھی پانی
نہیں پیتی اسی طرح حَتّٰی یَرِدَ الضَّبُّ بولتے ہیں کیونکہ گوہ کو پانی
کی ضرورت نہیں تعلیق بالمحال مراد ہے جیسے جب تک آگ پانی یا شیر
بکری جمع نہ ہوں۔

۵۸۔ آلَفُ مِنْ حَمَامِ مَکَّۃَ

(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مانوس) کیونکہ مکہ میں نہ کبوتر کا شکار کیا جاتا
ہے اور نہ اس کو کوئی پریشان کرتا ہے۔

۵۹۔ آلَفُ مِنَ الْحُمّٰی

(بخار سے بھی زیادہ مانوس) بخار کا مریض جب بیمار ہو جاتا ہے تو مریض پرہیز
اور علاج کرتا ہے اور جب اس کو یہ گمان ہو جاتا ہے کہ اب بخار
دور ہو گیا تو بخار پھر لوٹ آتا ہے۔

۶۰۔ آلَفُ مِنْ کَلْبٍ

(کتے سے زیادہ مانوس) کیونکہ جب صاحب خانہ سفر کرتا ہے تو دوسرا کوئی
جانور اس کے ہمراہ نہیں جاتا بلکہ صرف کتا جاتا ہے اور وہ اپنے وطن
کی پرواہ نہ کرتے ہوئے اس کے ہمراہ جاتا ہے اور حفاظت کرتا ہے۔

۶۱۔ اُمٌّ فَرَشَتْ فَأَنَامَتْ۔

(گویا ماں ہے کہ بچھونا بچھا دیا اور سلا دیا) اس شخص کے بارے میں
بولا جاتا ہے جو کسی قوم پر مہربانی اور شفقت کرنے میں مبالغہ کرے
گویا کہ وہ ماں ہے کہ اس نے بچے کے لئے بستر بچھا دیا اور بچہ سو گیا

۶۲۔ اُمُّ الْاَخْرَسِ تَعْرِفُ بِلُغَاتِ الْخُرْسَانِ۔

(گونگے کی ماں گونگے کی لغت خوب جانتی ہے)۔

۶۳۔ اُمٌّ سَقَتْکَ الْغَیْلَ مِنْ غَیْرِ حَبَلٍ

(وہ ایسی ماں ہے جس نے بغیر حمل کے تجھے حالت حمل کا دودھ پلایا ہے
غیل اس دودھ کو کہتے ہیں جو ماں کے حاملہ ہونے کی حالت میں بچہ
پیئے۔ یہ دودھ بچہ کو مضر ہوتا ہے۔ یہ ایسے شخص کے لئے کہا جاتا ہے
جو پہلے تو کسی کو مقرب بنالے اور پھر بغیر کسی قصور کے اس کو نکال دے
اور زیادتی کرے۔

۶۴۔ اِلَی اُمِّہٖ یَلْہَفُ اللَّہْفَانُ

(فریاد کرنے والا اپنی ماں ہی کے پاس فریاد کرتا ہے) آدمی اپنے اہل
اور بھائیوں ہی سے اعانت چاہتا ہے۔ لہفان مصیبت زدہ اور
مبتلائے افسوس کو کہتے ہیں۔

۶۵۔ اَلْاَمْرُ یَعْرِضُ دُوْنَہُ الْاَمْرُ

(ایک امر سے پہلے دوسرا امر پیش آجاتا ہے) مشکلات اور موانع
پیش آنے کے لئے بولا جاتا ہے۔

۶۶۔ اَمْرُ مُبْکِیَاتِکَ لَا اَمْرُ مُضْحِکَاتِکَ۔

(رلانے والی باتوں کا خیال رکھو نہ کہ اپنے ہنسانے والی باتوں کا یعنی
اس شخص کی بات سنو جو تمہاری برائیوں کا انجام ظاہر کرے تاکہ ان
برائیوں سے نجات پاسکو۔ اس کا کہنا نہ مانو جو تمہیں خطرات سے بالکل
بے خوف کردے اور بھنور میں پھنسا دے۔

۶۷۔ لِاَمْرٍ مَّا جَدَعَ قَصِیْرٌ اَنْفَہٗ

(کسی مقصد کے لئے ہی قصیر نے اپنی ناک کاٹی ہے) اس شخص کے لئے کہا
جاتا ہے جو اپنا مطلب نکالنے کے لئے کوئی حیلہ اختیار کرے یہ زباء
کا مقولہ ہے جس نے اپنے باپ زبان غسانی شاہ حضر کے انتقام میں اس
کے قاتل جذیمہ ابرش کو قتل کر دیا تھا قصیر نامی جذیمہ کے وزیر نے زباء
سے جذیمہ کے خون کا انتقام لینے کے لئے اپنی ناک کاٹی اور جسم پر مار کے
نشانات لگائے اور زباء کو یہ فریب دیکر کہ جذیمہ کے بھانجے عمرو نے اس
پر ظلم کیا ہے اس کی پناہ حاصل کی زباء کا اعتماد حاصل کرنے کے بعد قصیر نے
موقع پا کر تجارتی سامان کی بوریوں میں مسلح سپاہی چھپائے اور زباء کے
محل کا محاصرہ کر کے اس کو قتل کر دیا۔ زباء کو جب قصیر کا یہ حیلہ معلوم ہوا تھا
تو اس نے یہ مثال کہی تھی۔

۶۸۔ لِاَمْرٍ مَّا یُسَوَّدُ مَنْ یَسُوْدُ

(جو سردار بنتا ہے کسی وجہ ہی سے بنتا ہے) کوئی شخص استحقاق ہی کی وجہ سے

قوم کا سردار بنا کرتا ہے۔

۶۹۔ لَيْسَ لِلْاُمُوْرِ بِصَاحِبٍ مَنْ لَمْ يَنْظُرْ فِي الْعَوَاقِبِ۔
(جو شخص انجام پر نظر نہ رکھے وہ معاملات پر حاوی نہیں ہو سکتا)

۷۰۔ الْاَمِيْرُ مَنْ لَا يَعْرِفُ الْاَمِيْرَ
(امیر وہ ہے جو کسی دوسرے امیر کو نہ جانے)

۷۱۔ يَا حَبَّذَا الْاِمَارَةُ وَلَوْ عَلَى الْحِجَارَةِ۔
(حکومت بڑی اچھی چیز ہے خواہ پتھر دل پر ہی کیوں نہ ہو)

۷۲۔ تَأَمَّلَ عَيْبٍ عَيْبٌ (عیب ڈھونڈھنا بھی عیب ہے)

۷۳۔ مَنْ اَمِنَ الزَّمَانَ خَانَهُ
(جو شخص بھی زمانہ سے مامون ہوا زمانے نے اس سے خیانت کی) زمانہ کے حوادثات سے بے خوف نہ ہونا چاہیئے۔

۷۴۔ آمَنُ مِنْ حَمَامِ مَكَّةَ
(مکہ کے کبوتر سے بھی زیادہ مامون) کیونکہ نہ اس کو شکار کیا جاتا ہے اور نہ پریشان۔ آمَنُ اَمن سے مشتق ہے

۷۵۔ آمَنُ مِنَ الْاَرْضِ
زمین سے زیادہ امین) کیونکہ زمین میں جس جنس کی امانت رکھی جاتی ہے اسی جنس کو اگا دیتی ہے آمَنُ اَمَانَۃٌ سے ماخوذ ہے۔

۷۶۔ اَلْمُؤْمِنُ بِشْرُهُ فِي وَجْهِهِ وَحُزْنُهُ فِي قَلْبِهِ
(مومن کی کشادہ روئی اس کے چہرے پر ہوتی ہے اور اس کا غم قلب میں مخفی ہوتا ہے)۔

۷۷۔ اَلْاِيْنَاسُ قَبْلَ الْاِبْسَاسِ۔
(مانوس کرنا دودھ دینے سے پہلے ہونا چاہیئے) اِیْنَاس کسی کو مانوس بنا نے کو کہتے ہیں اور اِبْسَاس ناقہ کو دودھ دینے کے وقت بس بس کہ کر مطمئن کرنے کو کہتے ہیں۔ جو ناقہ اِبْسَاس کے بعد دودھ دے اس کو بسوس کہتے ہیں۔ یہ مقولہ طلب مدارات کے لیے کہا جاتا ہے۔

۷۸۔ لَيْسَ عَلَى الْاِنْسَانِ اِلَّا مَا مَلَكَ
(انسان پر وہی چیز ضروری ہے جو اس کے قبضے میں ہو)

۷۹۔ اَلْاِنْسَانُ عَبْدُ الْاِحْسَانِ
(انسان احسان کا غلام ہے)

۸۰۔ اَلْاِنْسَانُ اِبْنُ يَوْمِهِ
(انسان اپنے دن کا بیٹا ہے) یعنی وقت کا بندہ

۸۱۔ اَلْاِنْسَانُ بِالتَّفْكِيْرِ وَاللّٰهُ بِالتَّدْبِيْرِ
(انسان غور و فکر میں مشغول ہے اور خدا تعالیٰ تدبیر میں ہے)
"تدبیر کند بندہ تقدیر زند خندہ"

۸۲۔ كُلُّ اِنْسَانٍ وَهَمَّهُ
(ہر شخص اپنے غم کی تدبیر خود بہتر کرتا ہے) ہر شخص اپنا کام خود ہی جانتا ہے یا ہر شخص اپنی مصیبت میں مبتلا ہے۔

۸۳۔ اَنْفٌ فِي الْمَاءِ وَاسْتٌ فِي السَّمَاءِ
(ناک پانی میں ڈوبی ہوئی ہے چوتڑ آسمان پر ہیں) کم رتبہ متکبر شخص یا کم ہمت بڑ بولا شخص کے لئے کہا جاتا ہے

۸۴۔ اَنْفُكَ مِنْكَ وَاِنْ كَانَ اَذَنَّ
(تیری ناک تیری ہی ہے چاہے بہری ہوئی کیوں نہ ہو) اَلْاَنْفُ الْاَذَنُّ وہ ناک ہے جس سے ہر وقت ریزش بہتی ہو۔ اسی لفظ کا استعمال یہ ہے ذَنَّ الرَّجُلُ يَذِنُّ ذَنِيْنًا فَهُوَ اَذَنُّ یہ مثل اس ایسے موقع پر استعمال کی جاتی ہے جب کوئی شخص اپنی قوم کے ضعف سے بیزار ہو اور اس کو اپنی قوم کے کمزور کی امداد کا احساس دلایا جائے۔

۸۵۔ مِنْكَ اَنْفُكَ وَاِنْ كَانَ اَجْدَعَ
(تیری ناک تیری ہی تو ہے چاہے وہ کٹی ہوئی ہو) اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جس کی خیر یا شر سے مفر نہ ہو اگرچہ وہ زیادہ قریب نہ ہو۔

۸۶۔ اَلْاَنَامُ فَرَائِسُ الْاَيَّامِ
(مخلوق زمانہ کا شکار ہے) آخر کار زمانہ سب کو ختم کر دے گا

۸۷۔ مَنْ تَأَنَّى اَدْرَكَ مَا تَمَنَّى
(جس نے آہستگی سے کام لیا اس نے اپنی مراد پالی) صبر کا پھل میٹھا ہوتا ہے

۸۸۔ كُلُّ اِنَاءٍ بِالَّذِي فِيْهِ يَرْشَحُ۔
(ہر برتن سے وہی ٹپکتا ہے جو اس میں ہوتا ہے) یَرْشَحُ کے بجائے یَنْضَحُ بھی مروی ہے معنی ایک ہی ہیں۔

۸۹۔ عَلَى اَهْلِهَا تَجْنِي بَرَاقِشُ۔
(اپنے اہل ہی پر براقش مصیبت لاتی ہے) براقش ایک عربی قبیلہ کی کتیا تھی۔ ایک مرتبہ اس قبیلے پر اچانک حملہ ہوا۔ لوگ بچ کر بھاگ نکلے تھے براقش بھونکتی ہوئی ان کے پیچھے چلی۔ حملہ آوروں نے اس کی آواز

پر تعاقب کیا اور آخر اس قبیلہ کو تباہ کر دیا۔ یہ مثال ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جس کا عمل خود اس کے لئے اور دوسرے اہل خانہ کے لئے مضر ہو۔

۹۰۔ آفَةُ المُرُوءَةِ خُلْفُ الوَعْدِ۔

(شرافت کی مصیبت وعدہ خلافی ہے)

۹۱۔ آفَةُ الجُودِ الإِسْرَافُ (سخاوت کی مصیبت فضول خرچی)

۹۲۔ آفَةُ الحَدِيثِ الكَذِبُ (گفتگو کی مصیبت جھوٹ)

۹۳۔ آفَةُ العِلْمِ النِّسْيَانُ (علم کی مصیبت بھول)

۹۴۔ أَوَّلُ الغَضَبِ جُنُونٌ وَآخِرُهُ نَدَمٌ

(غصہ کی ابتدا جنون اور انتہا ندامت ہے)۔

۹۵۔ أَوَّلُ الغَيْثِ قَطْرٌ (بارش کی ابتدا بوند ہے)

۹۶۔ أَوَّلُ الشَّجَرَةِ النَّوَاةُ۔

(درخت کی ابتدا گٹھلی ہوتی ہے) یہ مثالیں ایسا چھوٹی باتوں کے لئے استعمال کی جاتی ہیں جن سے بڑے نتائج پیدا ہوتے ہیں۔

۹۷۔ لَسْتَ بِأَوَّلِ مَنْ غَرَّهُ السَّرَابُ۔

(تو ہی وہ پہلا شخص نہیں ہے جس کو سراب نے فریب دیا ہے)

۹۸۔ أَيْوَانُ كِسْرَى

(نوشیرواں محل) انتہائی مضبوط، محفوظ، بلند اور عجیب عمارت کے لئے بولا جاتا ہے۔ یہ محل دنیا کی عجیب عمارات میں سے تھا۔ اور بادشاہوں کی بہترین باقیماندہ یادگار۔ یہ بغداد سے ایک منزل پر مدائن میں واقع تھا اور کسریٰ پرویز نے اس کو بیس سال سے زائد مدت میں تعمیر کرایا تھا۔

ب

۹۹۔ أَلْبِرُّ أَبْقَى مِنَ الرِّشَاءِ

(کنواں رسی سے زیادہ باقی رہتا ہے، رِشاء ڈول کی رسی کو کہتے ہیں)

۱۰۰۔ كَالْبَاحِثِ عَنْ حَتْفِهِ بِظِلْفِهِ

(اپنے ہی کھر سے اپنی موت کو کھودنے والے کی طرح) اپنے پاؤں پر آپ کلہاڑی مارنا۔

۱۰۱۔ كَالْبَاحِثِ عَنِ الْمُدْيَةِ

(چھری کھودنے والے کی طرح) "اپنی موت بلانا" ایسے شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو ایسی چیز تلاش کرے جو خود اس کے لئے موجب ہلاکت ہو۔

۱۰۲۔ أَبْخَرُ مِنْ أَسَدٍ (شیر سے زیادہ منہ کی بدبو والا)

۱۰۳۔ أَبْخَرُ مِنْ صَقْرٍ (شکرہ سے زیادہ منہ کی بدبو والا)

۱۰۴۔ أَبْخَرُ مِنْ فَهْدٍ (چیتے سے زیادہ منہ کی بدبو والا)

۱۰۵۔ بَخَرُ الفَمِ۔ (منہ سے بدبو پیدا ہونا) گندہ دہن

۱۰۶۔ أَبْخَلُ مِنْ مَادِرٍ

(مادر سے بھی زیادہ بخیل) مادر بنی ہلال کا ایک شخص جو بخل میں مشہور تھا

۱۰۷۔ هٰذِهِ بِتِلْكَ وَالبَادِئُ أَظْلَمُ۔

(یہ سزا پہلے عمل کے بدلے میں ہے اور ابتدا کرنے والا ہی ظالم ہے) یعنی بدی کرنے والے کو اس کی سزا بھی دی جاتی ہے اور بدی کی ابتدا کرنے کی وجہ سے ظالم بھی کہلاتا ہے۔

۱۰۸۔ أَبْدَى الصَّرِيحُ عَنِ الرَّغْوَةِ

(صاف اور خالص حصہ جھاگ سے جدا ہو گیا) دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو گیا۔ رَغْوَة۔ دودھ کے اوپر کے جھاگ!

۱۰۹۔ كُلُّ مَبْذُولٍ مَمْلُولٌ

(زیادہ مستعمل چیز سے طبیعت اکتا جاتی ہے)

۱۱۰۔ بِالبِرِّ يُسْتَعْبَدُ الحُرُّ۔

(احسان سے شریف آدمی کو غلام بنایا جا سکتا ہے)

۱۱۱۔ بَرِئَتْ قَائِبَةٌ مِنْ قُوبٍ

(انڈا چوزہ سے بے تعلق ہو چکا ہے) قَائِبَہ انڈے کو اور قُوب چوزہ کو کہتے ہیں یعنی "بات بہت دور ہو گئی" اور "تیر کمان سے نکل چکا"۔

۱۱۲۔ بَرْدُ غَدَاةٍ غَرَّ عَبْدًا مِنْ ظَمَاءٍ

(صبح کی ٹھنڈک نے آدمی کو پیاس کے بارے میں فریب دیا) مشہور ہے کہ ایک شخص ٹھنڈی صبح میں جانور لے کر جنگل میں گیا اور پانی ساتھ نہ لیا اور جب تپتی ہوئی دوپہر میں پیاس کی شدت سے ہلاک ہو گیا۔

۱۱۳۔ أَبْرَدُ مِنْ غِبِّ المَطَرِ

(بارش کے اگلے دن سے بھی زیادہ سرد) غِبّ المَطَر درحقیقت غِبُّ يَوْمِ المَطَر

۱۱۴۔ أَبْرَدُ مِنْ عَضْرَسٍ

(برف سے زیادہ سرد) عَضْرَس برف یا اولے کو کہتے ہیں

۱۱۵۔ أَبْرَدُ مِنْ قَلْحَسٍ

(قلحس سے زیادہ حق جتانے والا) قلحس بنی شیبان کا سردار تھا جو گھر بیٹھے اور

بغیر جہاد کیے مال غنیمت میں اپنے سارے خاندان کا حق طلب کیا کرتا تھا

۱۱۶۔ بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ۔

(بڑے ذخیروں میں سے تھوڑا سا) بَرْض، تھوڑی سی چیز کو کہتے ہیں۔ بولا جاتا ہے مَاءٌ بَرْضٌ تھوڑا سا پانی عِدٌّ وہ پانی جو ہمیشہ جاری رہے۔ ڈھیروں میں سے مٹھی بھر۔

۱۱۷۔ اِنَّمَا هُوَ كَبَرْقِ الْخُلَّبِ

(وہ تو دھوکہ دینے والی بجلی کی طرح ہے) یعنی بجلی چمکتی ہے مگر بارش نہیں ہوتی "جو گرجتے ہیں وہ برستے نہیں!"

۱۱۸۔ عَسَى الْبَارِقَةُ لَا تُخْلِفُ

(امید ہے کہ بجلی والا بادل وعدہ خلافی نہیں کرے گا) یعنی بارش کی امید پوری ہوگی۔ احسان کی امید میں بولا جاتا ہے!

۱۱۹۔ مَا عَلَّ بَارِقُهُ تَجُودُ بِمَائِهَا

(ہر بجلی والا بادل اپنے پانی کی سخاوت نہیں کیا کرتا۔

۱۲۰۔ اَلَّذِي لَا يُبْصِرُ مِنَ الْغِرْبَالِ يَكُونُ اَعْمٰى

(جو شخص چھلنی میں سے بھی نہیں دیکھ سکتا وہ اندھا ہوتا ہے)

۱۲۱۔ اَبْصِرْ وَسْمَ قِدْحِكَ

(اپنے تیر کی علامت دیکھ لو) قِدْح۔ وہ تیر ہے جس کے ذریعے لاٹری تقسیم کی جاتی تھی۔ وَسْم وہ علامت ہے جو تیر پہ بنائی جاتی تھی۔ یہ مقولہ ایسے مقام پر بولا جاتا ہے جہاں مخاطب کو اپنے نفع یا نقصان پر متوجہ کرنا مقصود ہو! "تم خود اپنے گھوڑے کے دانت دیکھ لو"

۱۲۲۔ اَبْصَرُ مِنْ عُقَابٍ (عقاب سے بھی زیادہ تیز نظر)

۱۲۳۔ اَبْصَرُ مِنْ نَسْرٍ (گدھ سے بھی زیادہ تیز نظر)

۱۲۴۔ اَبْصَرُ مِنَ الْوَطْوَاطِ فِي اللَّيْلِ

(رات میں چمگادڑ سے بھی زیادہ تیز نظر)

۱۲۵۔ اَبْصَرُ مِنْ زَرْقَاءِ الْيَمَامَةِ

(یمامہ کی زرقاء سے بھی زیادہ تیز نظر) زرقاء جدیس قبیلے کی عورت تھی جو تین منزل کے فاصلے سے دیکھ لیتی تھی۔

۱۲۶۔ لَا يَبِضُّ حَجَرُهُ

(اس کا پتھر ول پسیجتا تک نہیں) بَضَّ الْحَجَرُ۔ اس وقت بولتے ہیں جب پتھر سے عرق کی مانند کوئی نمی پھوٹ نکلے۔ اس بخیل کے لیے بولا جاتا ہے جس سے خیر کی کوئی امید نہ ہو۔ "پتھر میں جونک نہیں لگتی" "ان تلوں میں تیل نہیں"

۱۲۷۔ اَبْطَأُ مِنْ غُرَابِ نُوحٍ

(نوح کے کوے سے بھی زیادہ دیر لگانے والا) نوح علیہ السلام نے ایک کوے کو بھیجا تھا کہ وہ زمین سے پانی کے ختم ہونے کی خبر لائے مگر وہ واپس ہی نہ لوٹا

۱۲۸۔ اَبْطَشُ مِنْ دَوْسَرٍ۔

(دَوْسَر سے زیادہ تیز حملہ آور) دَوْسَر، دَسَر سے مشتق ہے۔ نعمان بن منذر کے لشکر کا نام تھا۔

۱۲۹۔ بَطْنِي عَطَرِي وَسَائِرِي ذَرِي

(صرف میرے پیٹ پر عطر ملو اور میرے باقی حصۂ بدن کو چھوڑ دو) ایسے شخص کیلئے کہا جاتا ہے جو اہم چیز کو چھوڑ کر غیر اہم کو اختیار کرے

۱۳۰۔ اَلْبِطْنَةُ تَأْفِنُ الْفِطْنَةَ

(زیادہ کھانا ذہانت کو ختم کر دیتا ہے) اَفِنَ الْفَصِيلُ اس وقت بولتے ہیں جب اونٹ کا بچہ اونٹنی کے تھن کا سارا دودھ پی لے۔ مثال کا مفہوم یہ کہ مال و دولت نے عقل خراب کر دی ہے

۱۳۱۔ مَا اَبْعَدَ مَا فَاتَ وَمَا اَقْرَبَ مَا يَاتِي

(جو نکل گیا وہ دور گیا اور جو آنے والا ہے وہ بہت ہی قریب ہے)

۱۳۲۔ اَبْعَدُ مِنَ النَّجْمِ

(تاروں سے بھی زیادہ دور) مثال میں نجم سے ثریا نام کے ستارے مراد ہیں

۱۳۳۔ اَبْعَدُ مِنْ بَيْضِ الْاَنُوقِ

عقاب کے انڈوں سے بھی زیادہ دور) حاصل نہ ہونے والی چیز۔

۱۳۴۔ اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الثُّرَيَّا

(ثریا کے لٹکن سے زیادہ دور) مناط اس چیز کو کہتے ہیں جس میں کوئی چیز لٹکائی جائے یا اس سے کسی چیز کو باندھا جائے۔

۱۳۵۔ اَبْعَدُ مِنْ مَنَاطِ الْعَيُّوقِ

(عیوق کے لٹکن سے بھی زیادہ دور) عیوق ثریا کے ساتھ طلوع ہونے والا ایک ستارہ ہے۔

۱۳۶۔ اَلْبُعْدُ جَفَاءٌ

(دوری ستم ہے) یعنی دور رہنے سے محبت کم ہوتی ہے "سنگ صنوبر از برادر دور"

۱۳۷۔ رُبَّ بَعِيدٍ اَنْفَعُ مِنْ قَرِيبٍ

(بہت سے دور والے پاس والوں سے زیادہ نافع ہوتے ہیں)۔

۱۳۸۔ اِنَّ الْبُغَاثَ بِاَرْضِنَا یَسْتَنْسِرُ۔

(ہماری سرزمین بغاث بھی کرگس ہو جاتا ہے۔ بُغَاثٌ ایک کمزور پرندہ ہے۔ اِسْتَنْسَرَ کے معنی صَارَ کَالنَّسْرِ کے ہیں۔ ایسے معزز شخص کے لئے بولا جاتا ہے جس کے پاس آکر ذلیل شخص بھی معزز ہو جائے یا کمزور قوی بن جائے۔

۱۳۹۔ اِنْ یَبْغِ عَلَیْکَ قَوْمُکَ لَا یَبْغِ عَلَیْکَ الْقَمَرُ

(اگر تجھ پر تیری قوم زیادتی کرتی ہے تو چاند زیادتی نہ کرے گا)۔ زمانہ جاہلیت میں لوگوں نے شرط لگائی۔ ایک نے کہا سورج نکلنے کے بعد تک چاند نظر آئے گا، دوسرے نے کہا کہ سورج نکلنے سے پہلے چاند غروب ہو جائے گا۔ معاملہ حکم تک گیا۔ ان میں سے ایک نے اپنی قوم کی زیادتی کی بھی شکایت کی حکم نے کہا کہ صبح کا انتظار کر لو جو صحیح ہو گا سامنے آجائے گا۔

۱۴۰۔ مِنْ اِبْتِغَاءِ الْخَیْرِ اِتِّقَاءُ الشَّرِّ

(شر سے بچنا بھی خیر ہی تلاش کرنا ہے)۔

۱۴۱۔ عَلَی الْبَاغِیْ تَدُوْرُ الدَّوَائِرُ

(ظالم ہی کے سر پر مصیبتیں گھومتی ہیں) باغی ظالم کو کہتے ہیں۔

۱۴۲۔ کَمُبْتَغِی الصَّیْدِ فِیْ عِرِّیْسَۃِ الْاَسَدِ

(شیر کی کچھار میں شکار تلاش کرنے والے کی طرح) اس شخص کے بارے میں بولا جاتا ہے جو غیر محل میں اپنی ضرورت طلب کرے یا جہاں وہ مغلوب ہو جائے۔ یا اس چیز کے لئے جو محال چیز کا طالب ہو "چیل کے گھونسلے میں ماس تلاش کرنا" "ہاتھی سے گنا مانگنا"۔

۱۴۳۔ بَقْبَقَۃٌ فِیْ زَقْزَقَۃٍ۔

(ہنسی میں شور و شر) "بَقْبَقَۃٌ" شور اور بہت بولنے کو کہتے ہیں اور زَقْزَقَۃٌ ہنسی کو کہتے ہیں اور لایعنی باتیں کرنے والے کے لئے بولا جاتا ہے شیخی بگھارنا یا بے پر کی اڑانا۔

۱۴۴۔ بَقْلُ شَهْرٍ وَشَوْكُ دَهْرٍ

(ساگ مہینہ بھر کا اور کانٹا ہمیشہ کا) اس کے لئے بولا جاتا ہے جس کی خیر قلیل اور شر بہت ہو۔

۱۴۵۔ مَا اَسْتَبْقَاکَ مَنْ عَرَّضَکَ لِلْاَسَدِ

(جس نے تجھے شیر کے سامنے ڈال دیا اس نے تجھے زندہ نہیں چھوڑا) اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بد انجام برائی پر ابھارتا ہو۔

۱۴۶۔ لَا یَبْقٰی شَیْءٌ عَلٰی حَالِہٖ

کوئی چیز اپنی ایک حالت پر برقرار نہیں رہتی

۱۴۷۔ اَبْقِ نَعْلَیْکَ وَابْذُلْ قَدَمَیْکَ۔

(اپنے جوتے کو باقی رکھو اور پاؤں کام میں لاؤ) اپنے نفس پر تکلیف برداشت کرو اور مال کو بچاؤ تاکہ معاملات خراب نہ ہوں۔

۱۴۸۔ اَبْقٰی مِنْ وَحْیٍ فِیْ حَجَرٍ۔

(پتھر پر لکھی ہوئی حکمت سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) یمن کے عرب حکمت کی باتیں پتھروں پر لکھتے ہیں تاکہ پائدار رہیں لوگوں میں بولا جاتا ہے۔ اَلْعِلْمُ فِی الصِّغَرِ کَالنَّقْشِ فِی الْحَجَرِ

"بچپن کا علم پتھر کی لکیر کی طرح ہے"۔

۱۴۹۔ اَبْقٰی مِنَ الْعَصْرَیْنِ۔

(صبح و شام سے بھی زیادہ باقی رہنے والا) عَصْرَیْن صبح و شام کو کہتے ہیں مطلب یہ ہے کہ صبح و شام میں کوئی تغیر نہیں ہوتا۔ ہمیشہ ایک ہی طرز پر رہتے ہیں۔

۱۵۰۔ اَبْقٰی مِنَ النَّسْرَیْنِ۔

(نسرین سے زیادہ دیر تک باقی رہنے والا) نسرین سے مراد نسر طائر اور نسر واقع دو ستارے ہیں۔

۱۵۱۔ اَبْقٰی مِنَ الدَّهْرِ (زمانہ سے زیادہ دیر تک باقی رہنے والا)

۱۵۲۔ اَبْقٰی مِنْ حَجَرٍ۔ (پتھر سے زیادہ دیر تک باقی رہنے والا)

۱۵۳۔ بَاکِرْ تَسْعَدْ۔ (صبح اٹھا کرو تاکہ نیک بخت بنو)

۱۵۴۔ اَبْکَرُ مِنْ غُرَابٍ

(کوے سے بھی سویرے اٹھنے والا) کوا سب پرندوں سے پہلے اٹھتا ہے

۱۵۵۔ مَا تَبُلُّ اِحْدٰی یَدَیْہِ الْاُخْرٰی

(اس کا ایک ہاتھ دوسرے ہاتھ کو بھی تر نہیں کرتا) بخیل آدمی کو کہا جاتا ہے

۱۵۶۔ بَلَغَ مِنْہُ الْمُخَنَّقُ۔

وہ اس سے انتہائی مشقت میں پھنس گیا "سر پر آبنی" مُخَنَّقٌ حلق کو کہتے ہیں ڈوبتے کے حلق تک پانی پہنچ جائے تو اس وقت وہ موت سے ہمکنار ہوتا ہے

۱۵۷۔ بَلَغَ الْحِزَامُ الطُّبْیَیْنِ۔

(تنگ پستان تک پہنچ گیا) طُبْیٌ، اَطْبَاءٌ کا واحد ہے یعنی تھن کا سرا اور حزام سامان کو کسنے کے تنگ کو کہتے ہیں۔ مراد کسی معاملہ کی انتہا کو پہنچ جانا "پھندا گلے میں آگیا"

۱۵۸۔ بَلَغَ السَّیْلُ الزُّبیٰ۔
(سیلاب ٹیلے تک پہنچ گیا) زُبیَۃ۔ اونچی زمین یعنی "پانی سر سے گزر گیا"۔

۱۵۹۔ بَلَغَ السِّکِّیْنُ الْعَظْمَ۔
(چھری ہڈی تک پہنچ گئی) کسی معاملے کے انتہا تک پہنچنے کے وقت کہتے ہیں۔

۱۶۰۔ بَلَغَتِ الدِّمَاءُ الثُّنَنَ۔
(خون چوپایوں کے ٹخنوں تک پہنچ گیا۔ ثنن ثُنَّۃٌ کی جمع ہے وہ بال جو چوپایہ کے پچھلے ٹخنوں میں ہوتے ہیں۔ یہ مثال بھی شر کے انتہائی حد تک پہنچنے کے وقت بولی جاتی ہے۔

۱۶۱۔ لَوْ بَلَغَ الرِّزْقُ فَاهُ لَوَلَّاهُ قَفَاهُ
(اگر رزق اس کے منہ تک پہنچ جائے تب بھی وہ پشت پھیر لے گا) محروم کے لیے بولا جاتا ہے۔

۱۶۲۔ مَا عَسٰی اَنْ یَبْلُغَ عَضُّ النَّمْلِ
(امید ہے کہ چیونٹی کے کاٹنے کے برابر بھی نہ پہنچے گا) اس کے لیے کہا جاتا ہے جس کی دھمکی کی کوئی پروا نہ ہو۔

۱۶۳۔ اَبْلَغُ مِنْ قُسٍّ۔
(قس سے زیادہ بلیغ) قس ابن ساعدہ عرب کے حکماء میں سے تھا اس کے ساتھ فصاحت اور خطابت میں تشبیہ دی جاتی ہے اسی نے سب سے پہلے "اما بعد" استعمال کیا اور اسی نے سب سے پہلے کہا کہ "البَیِّنَۃُ عَلٰی مَنْ اِدَّعٰی وَالْیَمِیْنُ عَلٰی مَنْ اَنْکَرَ" (مدعی کے ذمے گواہ اور منکر کے ذمہ قسم ہے)۔

۱۶۴۔ اَبْلَدُ مِنَ الْحُبَارٰی
(حباری سے بھی زیادہ بے وقوف حُبَارٰی ایک کم سمجھ اور کم عقل پرندہ ہے کیونکہ اس کی مادہ جب اپنے انڈے چھوڑ کر جاتی ہے تو ان کو بھول جاتی ہے اور دوسروں کے انڈے سینے لگ جاتی ہے

۱۶۵۔ اِنَّ الْبَلَاءَ مُوَکَّلٌ بِالْمَنْطِقِ۔ (زبان ہی سے بلا آتی ہے)

۱۶۶۔ (مصیبتیں حوایا پر بھی پڑتی ہیں) حَوَایَا حَوِیَّۃ کی جمع ہے۔ اس نمدہ کو کہتے ہیں جس میں گھاس بھر کر اونٹ کے کوہان پر رکھا جاتا ہے مثال کا مطلب یہ ہے کہ تقدیر کا لکھا ہوا پورا ہونا ضروری ہے

۱۶۷۔ بَنَانُ کَفٍّ لَیْسَ فِیْھَا سَاعِدٌ۔
(ایسے ہاتھ کی انگلیاں ہیں جن کا بازو نہیں) ایسے شخص کے لیے کہا جاتا ہے جس میں محبت تو ہو مگر عمل نہ ہو سکے۔

۱۶۸۔ اَنَا ابْنُ جَلَا
(میں جلا کا لڑکا ہوں) مشہور و متعارف کے لیے بولا جاتا ہے، یہ شاعر کے قول کا ایک ٹکڑا ہے شعر یہ ہے،

۱۶۹۔ اَنَا ابْنُ جَلَا وَطَلَّاعُ الثَّنَایَا ٭ مَتٰی اَضَعِ الْعِمَامَۃَ تَعْرِفُوْنِیْ
(میں جلا کا بیٹا ہوں گھاٹیوں پر چڑھ جانے والا جب میں عمامہ اتاروں گا تو تم مجھے پہچان لوگے) ابن جلا کی تقدیر یہ ہے اَنَا ابْنُ الَّذِیْ یُقَالُ لَہٗ جَلَا الْاُمُوْرَ وَکَشَفَھَا

۱۷۰۔ رُبَّ ابْنِ عَمٍّ لَیْسَ بِابْنِ عَمٍّ
(بہت سے چچازاد بھائی ایسے ہیں جو دراصل چچازاد بھائی نہیں کیونکہ جو چچازاد بھائی نفع نہ پہنچائے اور امداد نہ کرے وہ گویا چچازاد بھائی ہی نہیں

۱۷۱۔ بِنْتُ صَفًا تَقُوْلُ مِنْ سَمَاعٍ۔
(بنت صفا ہر آواز کا جواب دیتی ہے) بنت صفا اور بنت جبل سے مراد صدائے بازگشت ہے۔ یہ مثال ایسے شخص کے لیے کہی جاتی ہے جو کسی بھی کام کی طرف مدعو کیا جائے اور فوراً ہی قبول کرے۔

۱۷۲۔ یَبْنِیْ قَصْرًا وَیَھْدِمُ مِصْرًا
(محل تعمیر کر رہا ہے اور شہر برباد کر رہا ہے) اس کو کہا جاتا ہے جس کی خیر کم اور شر زیادہ ہو۔

۱۷۳۔ اَبْھٰی مِنَ الْقَمَرَیْنِ۔
(چاند سورج سے بھی زیادہ پر رونق) "چندے آفتاب چندے ماہتاب"

۱۷۴۔ بَالَ حِمَارٌ فَاسْتَبَالَ اَحْمِرَۃً۔
(ایک گدھے نے پیشاب کیا بہت سے گدھوں سے پیشاب کرا دیا) احمرۃ حمار کی جمع ہے اس قوم کے لیے بولا جاتا ہے جو ایک قوم کے برے عمل کی اندھی تقلید کریں۔

۱۷۵۔ بَالَتْ بَیْنَھُمُ الثَّعْلَبُ۔
(ان کے درمیان لومڑی نے پیشاب کر دیا) اس قوم کے لیے کہا جاتا ہے جس میں پھوٹ اور فساد پڑ جائے۔

۱۷۶۔ لَوْ کَانَ فِی الْبُوْمَۃِ خَیْرٌ مَا تَرَکَھَا الصَّیَّادُ۔
(الو میں کوئی بھلائی ہوتی تو شکاری کبھی نہ چھوڑتا)۔

۱۷۷۔ بَیْتِیْ یَبْخَلُ لَا اَنَا۔
(میرا مکان بخیل ہے میں نہیں، دینے کے لیے گھر میں کچھ بھی نہیں ہے۔

۱۷۸۔ بَکَّرَ اللّٰہُ خَیْرَاءَھُمْ۔

(اللہ تعالیٰ ان کی سرسبزی کو برباد کرے) بددعا ہے

۱۷۹- كَانَتْ بَيْضَةَ الدِّيكِ۔

(وہ چیز مرغ کا انڈا تھی) اس چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو صرف ایک مرتبہ پائی جا کر نایاب ہو جائے کیونکہ بعض عرب کے گمان میں مرغ بھی ایک مرتبہ انڈا دیتا ہے۔

۱۸۰- بَيْضَةُ الْيَوْمِ خَيْرٌ مِنْ دُجَاجَةِ الْغَدِ

(آج کا انڈا کل کی مرغی سے بہتر ہے) نو نقد نہ تیرہ ادھار

۱۸۱- بَيْضَةُ الْبَلَدِ۔ (شہر کا بڑا آدمی یا شہر کا گمنام آدمی)

۱۸۲- دُونَهُ بَيْضُ الْأَنُوقِ۔

(اس سے ورے عقاب کا انڈا ہے) ایسی چیز کے لیے بولا جاتا ہے جو نادر و کمیاب ہو جیسے عقاب کا انڈا۔

۱۸۳- مَا كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةٌ وَلَا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ

(ہر سفید چیز چربی اور ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی) ہر چمکدار چیز سونا نہیں ہوتی۔

۱۸۴- مَنْ بَاعَ بِعِرْضِهِ أَنْفَقَ۔

(جو شخص اپنی آبرو بیچے گا آبرو سے بیٹھے گا) جو شخص گالیاں سننے کا سامان کرے گا تو گالیاں اس کو تیار ملیں گی۔ انفق کے معنی ہیں بکتا ہوا پایا۔ سہولت سے سودا ہو گیا۔

۱۸۵- بِعْتُ جَارِي وَلَمْ أَبِعْ دَارِي۔

(میں نے پڑوسی بیچا ہے مکان نہیں بیچا) یعنی میں نے بدخلق پڑوسی سے بچنے کے لیے مکان فروخت کیا ہے۔

۱۸۶- لَا تَبِعْ نَقْداً بِدَيْنٍ۔

(نقد کو ادھار کے بدلے میں نہ بیچو)

۱۸۷- قَدْ بَيَّنَ الصُّبْحُ لِذِي عَيْنَيْنِ۔

(آنکھوں والے کیلئے صبح ظاہر ہو گئی ہے) بالکل ظاہر معاملہ کے لیے بولا جاتا ہے۔ بَيَّنَ بمعنی تَبَيَّنَ ہے۔

۱۸۸- أَبْيَنُ مِنْ فَلَقِ الصُّبْحِ أَوْ فَرَقِ الصُّبْحِ

(صبح کی روشنی سے بھی زیادہ ظاہر) فَلَقَ اور فَرَقَ دونوں کے معنی فجر کے ہیں

۱۸۹- إِنَّ مِنَ الْبَيَانِ لَسِحْراً (بعض بیان جادو کا اثر رکھتے ہیں)

ت

۱۵۰- أَنَا تَئِقٌ وَأَنْتَ مَئِقٌ فَكَيْفَ نَتَّفِقُ۔

(میں غضبناک ہوں اور تجھ میں سہارا نہیں پھر ہم کیسے متفق ہوں؟) تَئِقٌ غصے سے بھرا ہوا اور مَئِقٌ گھبرانے والا۔ دو مختلف العادات لوگوں کے لیے بولا جاتا ہے۔

۱۹۱- أَتْبِعِ الْفَرَسَ لِجَامَهَا وَالنَّاقَةَ زِمَامَهَا۔

(گھوڑے کے ساتھ لگام اور ناقہ کے ساتھ لگام بھی دو) تاکہ بخشش مکمل ہو۔

۱۹۲- أَتْبِعِ الدَّلْوَ بِالرِّشَاءِ

(ڈول کے ساتھ رسی بھی دو) رِشاء۔ پانی کھینچنے کی رسی۔

۱۹۳- أَتْبَعُ مِنَ الظِّلِّ (سایہ سے بھی زیادہ پیچھا کرنے والا)

۱۹۴- لَوِ اتَّجَرْتَ بِالْأَكْفَانِ مَا مَاتَ أَحَدٌ

(اگر تو کفن کی تجارت کرتا تو کوئی نہ مرتا)۔

۱۹۵- لَا تِجَارَةَ كَالْعَمَلِ الصَّالِحِ۔ (نیک عمل بہترین تجارت ہے)

۱۹۶- تَرَكَ ظَبْيٌ ظِلَّهُ۔

(ہرن نے اپنا سایہ چھوڑ دیا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو عیش و آرام کی جگہ سے سختی و تنگی میں چلا جائے۔

۱۹۷- تَرَكْتُهُ عَلَى أَنْقَى مِنَ الرَّاحَةِ

(میں نے اس کو ہتھیلی کی طرح صاف حالت میں چھوڑا) یعنی اچھی حالت میں نہیں چھوڑا جیسے ہتھیلی پر کوئی بال نہیں چھوڑا ہے۔

۱۹۸- تَرَكْتُهُ عَلَى مِثْلِ مِشْفَرِ الْأَسَدِ۔

(میں نے اس کو گویا کہ شیر کے ہونٹ کے پاس چھوڑ دیا ہے)۔

۱۹۹- تَرَكْتُهُمْ فِي حَيْصَ بَيْصَ أَوْ حَيْصِ بَيْصٍ

(میں نے ان کو انتہائی مشکل میں پھنسا ہوا چھوڑا) حیص فرار کو اور بوص ڈر کر بھاگنے اور چھپنے کو کہتے ہیں حیص کا ہم وزن کرنے کے لئے بوص کے واو کو یا سے تبدیل کر کے بیص بنا لیا ہے۔ ایسے شخص کے لیے کہا جاتا ہے جو کسی ناگزیر معاملے میں پھنس جائے

۲۰۰- مَا تَرَكَ الْأَوَّلُ لِلْآخِرِ شَيْئاً

(پہلے نے دوسرے کے لئے کچھ نہ چھوڑا)

۲۰۱- مَنْ تَرَكَ الشَّهَوَاتِ عَاشَ حُرّاً

(جس نے خواہشات کو چھوڑا اس نے شرافت کے ساتھ بسر کی)

۲۰۲- لَوْ تُرِكَ الْقَطَا لَيْلاً لَنَامَ۔

(اگر قطا کو رات میں چھوڑتا تو آرام سے سو جاتا) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو بلا ارادہ کسی مصیبت پر مجبور کیا جائے۔ با خرم حلے را ابدا

جائے اور ظلم کرنے لگے۔

۲۰۳- لَا یَتْرُکُ السَّاقَ اِلَّا مُمْسِکًا سَاقًا

(وہ ایک تنہ کو بغیر دوسرے تنہ کے پکڑے نہیں چھوڑتا۔ یہ گرگٹ کے لئے کہا جاتا ہے۔ مراد محتاط آدمی۔

۲۰۴- لَا یَتْرُکُ الظَّبْیُ ظِلَّہٗ۔

(ہرن اپنا سایہ نہیں چھوڑتا) ہر چیز کو لازم کرنے کے لئے مثال دی جاتی ہے

۲۰۵- اُتْرُکِ الشَّرَّ یَتْرُکْکَ۔

(تُو شر کو چھوڑ دے شر تجھے چھوڑ دے گا)۔

۲۰۶- تَرْکُ الْجَوَابِ عَلَی الْجَاهِلِ جَوَابٌ

(جواب جاہلاں باشد خاموشی)

۲۰۷- تَرْکُ مَا لَا یَصْلُحُ اَصْلَحُ۔

(ناقابلِ اصلاح کو چھوڑ دینا ہی بہتر ہے)

۲۰۸- اِذَا تَمَّ الْعَقْلُ نَقَصَ الْکَلَامُ

(جب عقل کامل ہو جاتی ہے تو کلام کم ہو جاتا ہے)۔

۲۰۹- تَمَامُ الرَّبِیْعِ الصَّیْفُ۔

(فصل ربیع کا ختم ہونا ہی گرمی ہے۔ اسی طرح عرب کا قول ہے اَلْاَعْمَالُ بِخَوَاتِیْمِہَا (اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے)

۲۱۰- اَتَمُّ مِنْ قَمَرِ التَّمِّ۔

(پورے چاند سے بھی زیادہ کامل تَمٌّ کے معنی یہاں تمام کے ہیں یعنی بَدْرُ التَّمَامِ۔

۲۱۱- اَلتَّمْرَۃُ وَالْجَمْرَۃُ (کھجور و چنگاری) یعنی اچھا و برا یا نفع و ضرر

۲۱۲- اَلتَّائِبُ مِنَ الذَّنْبِ کَمَنْ لَا ذَنْبَ لَہٗ۔

(گناہوں سے توبہ کر لینے والا اس شخص کی طرح ہے جس نے کوئی گناہ ہی نہ کیا ہو)

۲۱۳- تَاجُ الْمُرُوْءَۃِ التَّوَاضُعُ (تواضع شرافت کا تاج ہے)

۲۱۴- اَتْیَہُ مِنْ قَوْمِ مُوْسٰی

(قوم موسیٰ سے بھی زیادہ بھٹکا ہوا (تیہ) بمعنی حیرانی۔ قوم موسیٰ چالیس سال تک حیرانی میں بھٹکتی رہی۔

ث

۲۱۵- ثَاطَۃٌ مُدَّتْ بِمَاءٍ

(سڑی کیچڑ کے ساتھ پانی بھی ملیگا۔ ثاطۃ اس بدبودار کیچڑ کو کہتے ہیں جس کے ساتھ گندگی اور سڑی ہوئی چیز بھی شامل ہو یا کر یلا اور نیم چڑھا۔

۲۱۶- اَثْبَتُ فِی الدَّارِ مِنَ الْجِدَارِ

گھر دیوار سے بھی زیادہ گھر میں جمنے والا۔

۲۱۷- اَثْبَتُ مِنَ الْوَشْمِ۔ (گودنے کے نشانوں سے زیادہ پائیدار)

۲۱۸- مَا لَہٗ ثَاغِیَۃٌ وَّلَا رَاغِیَۃٌ

(نہ اس کے پاس بھیڑ ہے نہ ناقہ) ثاغیہ بھیڑ کو اور راغیہ ناقہ کو کہتے ہیں۔ قلاش کے لئے کہا جاتا ہے۔

۲۱۹- اَثْقَلُ مِنْ رَضْوٰی

(رضوٰی سے بھی زیادہ بھاری) رضوٰی مدینہ کا ایک پہاڑ ہے

۲۲۰- اَثْقَلُ مِنْ ثَوْدٍ (بڑے پہاڑ سے زیادہ وزنی)

۲۲۱- اَثْقَلُ مِنْ اُحُدٍ۔

(اُحد پہاڑ سے بھی زیادہ وزنی) اُحد یثرب کا پہاڑ ہے۔

۲۲۲- ثَکِلَتْکَ اُمُّکَ اَیَّ جَرْدٍ تَرْقَعُ۔

(تیری ماں تجھے روئے تُو کون سے کپڑے کو پیوند لگا رہا ہے) اجرد پرانے کپڑے کو کہتے ہیں۔ اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو غلط اور غیر نافع کام کرے۔

۲۲۳- اَلثَّکْلٰی تُحِبُّ الثَّکْلٰی

(گم شدہ بچے کی ماں گم شدہ بچے کی ماں کو ہی پسند کرتی ہے۔)
"کند ہم جنس با ہم جنس پرواز"

۲۲۴- لَا یُثْمِرُ الشَّوْکُ الْعِنَبَ۔ (کانٹا انگور کا پھل نہیں دیتا)

۲۲۵- ثَمْرَۃٌ وَالْجَمْرَۃُ لَا رِبْحٌ وَّلَا خُسْرٌ۔

(بزدلی کا نتیجہ نہ نفع ہے نہ نقصان) خسر و نقصان کو کہتے ہیں۔

۲۲۶- اَلْعَیَاثُ لَا یَرْبَحُ وَلَا یَخْسَرُ۔

(نامرد نہ نفع پاتا ہے نہ نقصان)

۲۲۷- لِکُلِّ ثَوْبٍ لَابِسٌ۔ (ہر کپڑے کا کوئی پہننے والا ہے)

۲۲۸- ثَادَ نَابِلُہُمْ عَلٰی اَنَابِلِہِمْ۔

(ان کا جال والا ان کے تیر والے پر جوش آگیا) حابل جال والے کو اور نابل تیر والے کو کہتے ہیں۔

۲۲۹- اَلثَّوْرُ یَحْمِیْ اَنْفَہٗ بِرَوْقِہٖ۔

(بیل بھی اپنی ناک کی حفاظت اپنے سینگوں سے کرتا ہے)۔ رَوْق

سینگ کر کہتے ہیں "اپنی عزت آپ"۔

ج

۲۳۰- اَجْبَنُ مِنْ نَعَامَةٍ - (شتر مرغ سے بھی زیادہ بزدل)

۲۳۱- اَجْبَنُ مِنْ صَافِرٍ

(صافر سے زیادہ بزدل) صافر ایک پرندہ ہے جو اپنی ٹانگوں سے درخت کی شاخ کو پکڑ کر الٹا لٹک جاتا ہے اور تمام رات سیٹی کی آواز نکالتا رہتا ہے تاکہ وہ سو نہ جائے اور شکار نہ کر لیا جائے۔

۲۳۲- اِنَّ الْجَبَانَ حَتْفُهُ مِنْ فَوْقِهِ

(بزدل کی موت اوپر سے نازل ہوتی ہے) نامرد کے لئے بولا جاتا ہے۔

۲۳۳- بِجَبْهَةِ الْعَيْرِ يُفْدٰى حَافِرُ الْفَرَسِ۔

(گدھے کی پیشانی گھوڑے کے کھر کے فدیہ میں دی جاتی ہے) اچھے کو گدھے کو کہتے ہیں۔

۲۳۴- الْجَحْشَ لَمَّا فَاتَكَ الْاَعْيَارُ

(جب گدھے نہ ملیں تو گدھے کا بچہ ہی سہی) یعنی جب گدھوں پر قدرت حاصل نہ ہو تو بچہ ہی پر اکتفا کرو۔ جحش کو ایک محذوف فعل کی وجہ سے منصوب کیا گیا ہے اس کی اصل اطلب الجحش ہے۔

۲۳۵- قَدْ جَدَّ اَشْيَاعُكُمْ فَجِدُّوْا

(تمہارے ساتھیوں نے کوشش کی ہے لہٰذا تم بھی کوشش کرو)۔ ساتھیوں کے کام کی شرکت کی ترغیب کے لئے کہا جاتا ہے۔ اَشْيَاعٌ اصحاب کو کہتے ہیں۔

۲۳۶- مَنْ جَدَّ وَجَدَ۔ (جو کوشش کرتا ہے وہ پا لیتا ہے)

۲۳۷- جِدَّ لِامْرِئٍ يَجِدَّ لَكَ

(جس شخص کے لئے تو کوشش کرے گا وہ تیرے لئے کوشش کریگا)

۲۳۸- جَدُّكَ يَرْعٰى نَعَمَكَ

(تیری نعمت تیرے چوپایوں کو چراتی ہے) مالدار نالائق کے لئے بولا جاتا ہے۔

۲۳۹- جَدُّكَ لَا كَدُّكَ۔

(تیری کوشش مفید ہے لیکن طلب میں سختی مفید نہیں) جَدٌّ کوشش و اہتمام کرنا کَدٌّ سختی اور اصرار کیا تو طلب کرنا جَدَّكَ لَا كَدَّكَ۔ نصب کے ساتھ بھی منقول ہے۔ اس صورت میں ایک فعل اِبْغِ محذوف ہوگا۔

۲۴۰- كُلُّ جِدَّةٍ سَتُبْلِيْهَا عِدَّةٌ

(ہر چیز عنقریب پرانی ہونے والی ہے) عِدَّةٌ سے مراد عِدَّةُ الْاَيَّامِ وَاللَّيَالِي ہے۔

۲۴۱- نِعْمَ الْجُدُوْدُ وَلٰكِنْ بِئْسَ مَا خَلَفُوْا

(آباء و اجداد تو بہت اچھے تھے مگر ان کے خلف بہت برے ہیں)

۲۴۲- لَا جَدِيْدَ لِمَنْ لَا خَلَقَ لَهُ۔

(جس کے پاس پرانا نہ ہو اس کے پاس نیا بھی نہیں رہتا) اس لئے پرانے کی حفاظت کرو کہ نیا بھی محفوظ رہے!

۲۴۳- جُدَيْدَةٌ فِي لُعَيْبَةٍ۔

(ایک بڑی سنجیدگی ہے کھیل میں) جُدَيْدَةٌ "جِدٌّ" کی تصغیر ہے وہ بات جو سنجیدگی سے کہی جائے۔ مراد یہ ہے کہ یہ بڑی سنجیدہ بات ہے جو کھیل ہی میں کہی گئی ہے۔

۲۴۴- مَنْ اَجْدَبَ اِنْتَجَعَ۔

(جو قحط زدہ ہوتا ہے وہ گھاس کی تلاش میں نکلتا ہے) محاورہ ہے اِنْتَجَعَ الْقَوْمُ الْكَلَاَ (قوم گھاس کی جستجو میں مختلف جگہ گئی) یعنی ضرورت پوری کرنے کے لئے اچھی طرح کوشش کرو۔

۲۴۵- وَبَعْضُ الْجَدْبِ اَمْرَاُ لِلْهَزِيْلِ۔

(بعض قحط سالی لاغر کے لئے بہت خوشگوار ثابت ہوتی ہے) اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو مالداری کو برداشت نہ کر سکے بلکہ اس کی وجہ سے سرکشی اور ظلم شروع کر دے اَلطَّعَامُ الْمَرِيُّ پچنے والے اور خوشگوار کھانے کو کہتے ہیں۔

۲۴۶- جَدَحَ جُوَيْنٌ مِنْ سَوِيْقِ غَيْرِهِ۔

(جوین نے اپنے علاوہ کسی اور کا ستو گھولا ہے) جَدَحَ السَّوِيْقَ۔ ستو کو گھی وغیرہ میں گھولنا۔ ایسے آدمی کے لئے کہا جاتا ہے جو غیر کے مال میں فیاضی دکھائے "حلوائی کی دکان پر نانا جی کا فاتحہ" بہت سوال کرنے والے حریص کے لئے یہ مثل بولی جاتی ہے۔

۲۴۷ اَجْدٰى مِنَ الْغَيْثِ فِي اَوَانِهِ

(بروقت بارش سے زیادہ نافع) اَجْدٰى اِجْدَاءٌ بمعنی نافع ہونا سے مشتق ہے اَفْعَلُ کے صیغہ کا اشتقاق باب افعال سے شاذ ہے!

۲۴۸- جَنْبُ الزِّمَامِ يُرِيْعُ الصِّعَابَ۔

(باگ کھینچ کر رکھنا ہے سدھے گھوڑوں کو سدھا دیتا ہے) ایسے شخص کے لئے کہتے ہیں جو ابتداء میں حکم نہ مانے مگر آخر میں مطیع ہو جائے میعاب۔ سرکش گھوڑے کو کہتے ہیں۔

۲۴۹۔ جِذْلُ حِکَاکٍ

(کھجلی دور کرنے والا لکڑی کا لٹھا) جذل" درخت کی جڑ کو کہتے ہیں یہ اونٹوں کے باڑے میں نصب کر دی جاتی ہے اور خارشی اونٹ اس سے کھجلا کر سکون حاصل کرتے ہیں۔ حکاک خارش کی طرح ایک بیماری ہے اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس کی رائے اور عقل سے لوگ اپنے کام درست کرتے ہیں۔

۲۵۰۔ اَنَا جُذَیْلُهَا الْمُحَکَّکُ وَعُذَیْقُهَا الْمُرَجَّبُ۔

(میں اس کے لئے خارش کے وقت کھجلانے والا تنا ہوں اور چبوترہ سے مضبوط کیا ہوا کھجور کا درخت ہوں) جُذَیل جذل کی تصغیر ہے یعنی درخت کی جڑ۔ محکک وہ چیز جس سے خارشی اونٹ کھجلائیں۔ عُذَیق عذق کی تصغیر ہے یعنی کھجور کا درخت مُرَجَّب وہ چیز جس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر مضبوط کیا گیا ہو کھجور کے اچھے درخت کی حفاظت کے لئے اس کے چاروں طرف پتھر کا چبوترہ بنا کر سہارا دیتے ہیں۔ تصغیر تعظیم کے لئے ہے جس شخص کی عقل و رائے سے لوگ مستفید ہوتے ہیں۔ وہ اپنی عظمت و اہمیت ظاہر کرنے کے لئے یہ مقولہ کہا جاتا ہے۔

۲۵۱۔ کُلٌّ یَجُرُّ النَّارَ اِلٰی قُرْصِہٖ

(ہر شخص اپنی ٹکیا کی طرف آگ کھینچتا ہے) یعنی ہر شخص اپنے نفس کے لئے خیر چاہتا ہے۔

۲۵۲۔ اَجْرَاُ مِنْ ذِیْ لُبَدَۃٍ (شیر سے زیادہ جری) ذی لبدۃ۔ شیر

۲۵۳۔ اَجْرَاُ مِنْ اُسَامَۃَ

(شیر سے زیادہ بہادر) اسامہ۔ شیر کا نام ہے اسم معرفہ ہے اس پر الف لام تعریف کا داخل نہیں ہوتا ہے۔

۲۵۴۔ اَجْرَاُ مِنْ لَیْثٍ بِخَفَّانَ

(خفان کے شیر سے زیادہ بہادر) خفان شیروں کی ایک مشہور جھاڑی تھی

۲۵۵۔ اَجْرَاُ مِنْ ذُبَابٍ۔

(مکھی سے زیادہ جری) جو بادشاہ کی ناک اور شیر کی پلک پر بھی جا بیٹھتی ہے۔

۲۵۶۔ اَجْرَدُ مِنْ صَلْعَۃٍ

(گنجی ٹھانٹ سے بھی زیادہ ننگا) صلعۃ۔ گنجے کے سر کا بغیر بالوں والا حصہ

۲۵۷۔ اَجْرَدُ مِنْ صَخْرَۃٍ

(چٹان سے زیادہ صاف) جس پر کوئی روئیدگی نہیں ہوتی۔ اس پر کوئی چیز نہیں جمتی۔

۲۵۸۔ کَالْجَرَادِ لَا یُبْقِیْ وَلَا یَذَرُ۔

(ٹڈی کی طرح جو نہ کچھ باقی رکھتی ہے نہ کچھ چھوڑتی ہے)۔

۲۵۹۔ جُرَعٌ وَاَوْشَالٌ۔

(تھوڑا پانی اور سیرابی) جُرع سیراب ہو کر پانی پینا یعنی مال تھوڑا اور فضول خرچی۔ کفایت سے خرچ کرنے کی ترغیب کے لئے بولا جاتا ہے

۲۶۰۔ اَلْجَرْعُ اَرْوٰی وَالرَّشِیْفُ اَنْقَعُ۔

(ڈکڈکا سیراب تو کر دیتا ہے لیکن چوس کر پینا زیادہ تسکین بخش ہوتا ہے۔ جرع بے تحاشا پی جانا۔ رشیف چوس کر پینا۔ نقع پیاس بجھنا۔ اروی۔ جلدی سیراب کرنے والا اور انقع۔ پیاس بجھنے والا۔ مطلب یہ کہ گھونٹ گھونٹ کر کے پی جائے تو اچھی طرح پیاس بجھتی ہے۔ اگرچہ اس میں تاخیر ہوتی ہے۔ اسی موقع پر کہا جاتا ہے "ٹھنڈا کر کے کھانا اچھا ہوتا ہے"۔

۲۶۱۔ لَا جُرْمَ بَعْدَ النَّدَامَۃِ

(ندامت کے بعد کوئی جرم باقی نہیں رہتا)۔

۲۶۲۔ اِذَا جَرَی الْمُذَکِّیْ حَسَرَتْ عَنْہُ الْحُمُرُ۔

(جب کامل گھوڑا چلتا ہے تو گدھے اس سے عاجز رہ جاتے ہیں)۔ مذکی وہ گھوڑا جس کی قوت اور نشوونما مکمل ہو چکی ہو۔ حسر۔ عاجز رہ جانا۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے کہی جاتی ہے جو اپنی خوبیوں کی وجہ سے اپنے ساتھیوں سے سبقت لے جائے۔ "گھوڑے اور گدھے کا کیا مقابلہ"۔

۲۶۳۔ یَجْرِیْ بُلَیْقٌ وَیُذَمُّ

(بلیق دوڑتا ہے، پھر بھی اس کی مذمت ہوتی ہے) بلیق ایک گھوڑے کا نام ہے جو دوڑ میں جیتا کرتا تھا، پھر بھی اس کی برائی ہوتی تھی، یہ مثل اس موقع پر بولی جاتی ہے جب محسن کی مذمت کی جائے۔

۲۶۴۔ تَجْرِی الرِّیَاحُ بِمَا لَا تَشْتَهِی السُّفُنُ۔

(ایسی ہوائیں بھی چلتی ہیں جو خواہش کے خلاف ہی چلتی ہیں) سُفُن سے مراد اہل سفن ہے۔

۲۶۵۔ اَجْرِ الْاُمُوْرَ عَلٰی اَذْلَالِهَا۔ (معاملات کو آسان طریقے پر جاری رکھو)

۲۶۶۔ جَرْيُ الْمُذَكِّيَاتِ غِلَاءٌ۔

(اچھے گھوڑوں کی چال بھی میلوں تک ہوتی ہے) دوڑ کی آخری حد اور بھی زیادہ دور ہوگی بڑھتی۔ پورا گھوڑا مُذَكّٰی۔ غَلْوَۃٌ۔ غِلَاءٌ کی جمع ہے۔ یہ معمروں پر کسی کی فوقیت ظاہر کرنیکے لئے کہا جاتا ہے۔

۲۶۷۔ اَلْجَزَعُ عِنْدَ الْمُصِيبَةِ مُصِيبَةٌ اُخْرٰی

(مصیبت کے وقت گھبراہٹ ایک دوسری مصیبت ہے)۔

۲۶۸۔ جَزَاهُ جَزَاءَ سِنِمَّارٍ۔

(اس کو سنمار جیسی جزا دی) سنمار شاہ نعمان ابن امراء القیس کے مشہور اور پر اسرار محل خورنق کا رومی معمار تھا جس کو محل کی تعمیر کے بعد نعمان نے اسی محل سے گرا کر ہلاک کر دیا تاکہ کسی اور کے لئے ایسا محل نہ بنا سکے ایسے محسن کے لئے کہا جاتا ہے جس کو بھلائی کا بدلہ برائی سے دیا جائے

۲۶۹۔ جَزَيْتُهٗ كَيْلَ الصَّاعِ بِالصَّاعِ۔

(میں نے اس کو پیمانہ کا بدلہ پیمانے سے دیا یعنی بھلائی کا بدلہ بھلائی سے اور برائی کا بدلہ برائی سے۔

۲۷۰۔ هٰذَا جَزَاءُ مُجِيْرِ اُمِّ عَامِرٍ

(یہ بجو کو پناہ دینے والے کی جزا ہے) اُمّ عامر بجو کی کنیت ہے کہتے ہیں کسی عربی نے ایک خوف زدہ بجو کو پناہ دی تھی۔ بجو نے موقع پا کر اسی اعرابی کو ہلاک کر دیا۔

۲۷۱۔ اَلْجَزَاءُ مِنْ جِنْسِ الْعَمَلِ

(جزا عمل کی قسم سے ہوتی ہے "جیسی کرنی ویسی بھرنی" یا "جیسے کرم ویسے پھل"۔

۲۷۲۔ تَجَشَّأَ لُقْمَانُ مِنْ غَيْرِ شِبَعٍ

(لقمان نے پیٹ بھرے بغیر ہی ڈکار لی) ایسے شخص کے لئے کہتے ہیں جو فقیر ہوتے ہوئے مالداری ظاہر کرے یا کمزور ہوتے ہوئے بہادر بنے۔

۲۷۳۔ جَعْجَعَةٌ وَلَا اَرٰی طِحْنًا

(چکی کا شور ہے مگر آٹا نظر نہیں آتا) "شورا شوری دیے نکی"

۲۷۴۔ مَنْ جَعَلَ نَفْسَهٗ عَظْمًا اَكَلَتْهُ الْكِلَابُ۔

(جو اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا اس کو کتے کھائیں گے)

۲۷۵۔ لَا تَجْعَلْهَا بَيْضَةَ الدِّيْكِ۔

(اس کو مرغے کا انڈا نہ بناؤ) مشہور ہے کہ مرغا اپنی عمر میں ایک بار انڈا دیتا ہے۔ اسی مفروضے پر ایک شاعر نے کہا ہے۔

۲۷۶۔ قَدْ زُرْتِنَا مَرَّةً فِي الدَّهْرِ وَاحِدَةً
ثَنِّيْ وَلَا تَجْعَلِيْهَا بَيْضَةَ الدِّيْكِ

(اے محبوبہ! تو نے زمانہ میں ایک ہی مرتبہ ہم سے ملاقات کی ہے یہ ملاقات دوسری مرتبہ بھی کرے اور اس کو مرغ کا انڈا نہ بنا جیسے ٹٹیھی کا انڈا یا پر عنقا۔

۲۷۷۔ اَخْلَقُ مِنَ الدَّهْرِ۔ (زمانہ سے زیادہ بد خلق)

۲۷۸۔ جِلْدُ الْخِنْزِيْرِ لَا يُدْبَغُ۔

(خنزیر کی کھال کو دباغت نہیں دی جا سکتی) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جس پر نصیحت کارگر نہ ہو۔

۲۷۹۔ تَحْتَ جِلْدِ الضَّأْنِ قَلْبُ الْاَذْؤُبِ

(بھیڑ کی کھال کے نیچے بھیڑیئے کا دل) یعنی ظاہر میں بھیڑ کی طرح بھولا اور دل بھیڑیئے کی طرح بے رحم۔

۲۸۰۔ جَلِيْسُ الْمَرْءِ مِثْلُهٗ۔

(آدمی کا ہم نشین اسی جیسا ہوتا ہے)

۲۸۱۔ جَلّٰی مُحِبًّا نَظَرُهٗ۔

(دوست کو اس کی نظر نے ہی ظاہر کر دیا ہے) دوست کی نگاہ بتا دیتی ہے۔

۲۸۲۔ لَا يُجْمَعُ سَيْفَانِ فِيْ غِمْدٍ۔

(ایک میان میں دو تلواریں جمع نہیں ہوتیں)

۲۸۳۔ مَا يُجْمَعُ بَيْنَ الْاَرْوٰی وَالنَّعَامِ۔

(پہاڑی بکرا اور شتر مرغ جمع نہیں ہو سکتے) اَرْوٰی پہاڑی بکرا جو ریگستان میں نہیں چل سکتا اور نعام شتر مرغ۔ پہاڑ کی بلندیوں پر نہیں چڑھ سکتا۔ دو متضاد چیزوں کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

۲۸۴۔ اَجْمَعُ مِنْ نَمْلَةٍ۔ (چیونٹی سے زیادہ جمع کرنے والا)

۲۸۵۔ مَنْ اَجْمَلَ قِيْلًا سَمِعَ جَمِيْلًا۔

(جو اپنی گفتگو اچھی رکھے گا وہ اچھی ہی سنے گا)

۲۸۶۔ اَلْجَمَلُ مِنْ جَوْفِهٖ يَجْتَرُّ۔

(اونٹ اپنے ہی منہ سے جگالی کرتا ہے) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو

اپنے کسب سے روزی کماتا ہے اور اس کے لئے بھی جو ایسے چیز سے نفع اُٹھائے جو اس کو نقصان پہنچانے والی ہے۔

۲۸۷۔ اَلْجُنُوْنُ فُنُوْنٌ (جنون کی بہت سی قسمیں ہیں)

۲۸۸۔ لِكُلِّ جَنْبٍ مَضْجَعٌ۔ (ہر پہلو کے لئے خواب گاہ ہے)

۲۸۹۔ لِكُلِّ جَنْبٍ مَصْرَعٌ

(ہر پہلو کو پچھڑنا ہے) مطلب یہ ہے کہ ہر زندہ کے لئے موت ہے

۲۹۰۔ اِنْ جَانِبٌ اَعْيَاكَ فَالْحَقْ بِجَانِبٍ

(اگر ایک پہلو نے تھکا دیا ہے تو دوسرے پہلو سے مل جا) یعنی پہلو بدل لے

۲۹۱۔ جَنَتْ عَلٰى اَهْلِهَا بَرَاقِشُ

(براقش نے اپنی ہی قوم پر ظلم کیا) دیکھیے ۸۹

۲۹۲۔ اِنَّكَ لَا تَجْنِیْ مِنَ الشَّوْكِ الْعِنَبَ

(تو کانٹوں سے انگور کا پھل نہیں چنے گا) "کانٹے بو کر پھول چن نہیں سکتے"

۲۹۳۔ اَجْنَاؤُهَا اَبْنَاؤُهَا۔

(دست درازی کرنے والے اس کے معمار ہی ہیں) اَجْنَاء جانی کی جمع ہے۔ جرم کرنے والا۔ اور اَبْنَاء بانی کی جمع ہے یعنی معمار۔ جمع کی یہ مثال نادر ہے اصل ایک یمنی بادشاہ کا مقولہ جس نے ایک جنگ پر جاتے ہوئے اپنی لڑکی کو قائم مقام بنایا تھا۔ لڑکی نے درباری امراء کے مشورہ سے ایک عمارت گرانے کا حکم دیتے ہوئے اس نے یہ جملہ کہا جو مثل بن گیا۔ مطلب یہ ہے کہ عمارت گرانے کا جرم وہی لوگ کر رہے ہیں جنہوں نے اس کی تعمیر کی تھی۔ بے سوچے سمجھے کام کو مٹانے کی ضرورت پڑے تو یہ مثل کہی جاتی ہے۔

۲۹۴ هَلْ يَجْهَلُ فُلَانًا اِلَّا مَنْ يَجْهَلُ الْقَمَرَ

(فلاں چیز سے وہی بے خبر ہو سکتا ہے جو چاند سے بے خبر ہو) یعنی فلاں چیز چاند کی طرح روشن و مشہور ہے "چاند نکلا سب نے دیکھا"

۲۹۵۔ اَلْجَهْلُ مَطِيَّةٌ مَنْ رَكِبَهَا ذَلَّ وَمَنْ صَحِبَهَا ضَلَّ

جہالت وہ سواری ہے، جو اس پر سوار ہو گا، ذلیل ہو گا اور جو اس کے ساتھ لگا گمراہ ہو گیا)۔

۲۹۶۔ اَلْجَهْلُ شَرُّ الْاَصْحَابِ (جہالت بدترین ساتھی ہے)۔

۲۹۷۔ اَجْهَلُ مِنْ عَقْرَبٍ۔

(بچھو سے بھی زیادہ جاہل) جو پتھر پر ڈنک مار کر پتھر کی بجائے اپنے ڈنک کو ہی نقصان پہنچاتا ہے

۲۹۸۔ اَجْهَلُ مِنْ فَرَاشَةٍ

(پروانہ سے بھی زیادہ جاہل) جو خود کو ہی ہلاک کر لیتا ہے۔

۲۹۹۔ وَعِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ۔

(یقینی خبر تو جہینہ کے پاس ہے) کسی معاملہ کی حقیقت کا علم ہونے کے موقع پر بولا جاتا ہے حصین غطفانی اور بنی جہینہ کا ایک شخص اخنس ابن کعب نامی لخم کے ایک شخص نے ان کی تواضع کی حصین غطفانی نے اپنے ساتھی اخنس جہنی کی عدم موجودگی میں لخمی میزبان کو قتل کر دیا۔ اخنس نے حصین کو ملامت کی تو حصین نے اس کو سلا دیا۔ اس کے بعد جہنی نے محسوس کیا کہ حصین اس پر بھی ہاتھ صاف کرنا چاہتا ہے۔ اس نے اس سے قبل حصین کو قتل کر دیا اور تمام سامان پر قبضہ کر لیا۔ راستے میں ایک جگہ حصین کی بیوی ملی جو اپنے شوہر کی تلاش کر رہی تھی اخنس نے یہ شعر پڑھا۔

تُسَائِلُ عَنْ حُصَيْنٍ كُلَّ رَكْبٍ ٭ وَعِنْدَ جُهَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ

(وہ حصین کے بارے میں ہر سوار سے دریافت کرتی ہے حالانکہ جہینہ کے پاس یقینی خبر ہے) مشہور ماہر لغت اصمعی کا بیان ہے کہ یہ مثل جہینہ کی بجائے جُفَيْنَةُ سے متعلق ہے۔ یہ ایک شخص کا نام تھا جو ایک ایسے مقتول کا علم رکھتا تھا جس کے بارے میں قوم اور مقتول کی رہ کی جستجو کر رہی تھی۔ یہ شعر اسی سے متعلق ہے۔

تُسَائِلُ عَنْ اَبِيْهَا كُلَّ رَكْبٍ ٭ وَعِنْدَ جُفَيْنَةَ الْخَبَرُ الْيَقِيْنُ

۳۰۰۔ اَجْوَدُ مِنْ حَاتِمٍ۔ (حاتم سے بھی زیادہ سخی)

۳۰۱۔ اِنَّ الْجَوَادَ قَدْ يَعْثُرُ

(اصیل گھوڑا بھی کبھی ٹھوکر کھا جاتا ہے) تجربہ کار آدمی سے لغزش کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

۳۰۲۔ اِنَّ الْجَوَادَ عَيْنُهُ فُرَارُهُ

(اصیل کی آنکھ ہی دانت دیکھنے سے مستغنی کر دیتی ہے) فرار۔ جانور کے دانت دیکھ کر اس کی عمر کا اندازہ کرنا یعنی شرافت صورت ہی سے ظاہر ہو جاتی ہے۔

۳۰۳۔ لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ۔

(ہر اصیل گھوڑے کو کبھی نہ کبھی ٹھوکر لگتی ہے)

۳۰۴۔ جَاوِرْ مَلِكًا اَوْ بَحْرًا۔

(بادشاہ کے پڑوس میں رہ یا سمندر کے) دولت اہلِ ثروت ہی

[illegible] سادہ اور فدار تھے راستے میں بنی لخم

سے حاصل کرنی چاہیے۔

۳۰۵۔ کَمُجِیْرِ اُمِّ عَامِرٍ

(بجو کو پناہ دینے والے کی طرح) شکاریوں نے ایک مرتبہ بجو کو گھیر لیا تھا۔ ایک اعرابی نے اس کو پناہ دیدی شکاری تو واپس چلے گئے لیکن بجو نے سوتے میں پناہ دینے والے اعرابی کا پیٹ پھاڑ دیا جس نے اس کو دودھ پلا کر سیراب کیا تھا۔ اس اعرابی کے ابن عم کو جب معلوم ہوا تو اس نے کہا ؎

۳۰۶۔ وَمَنْ یَصْنَعِ الْمَعْرُوْفَ مَعَ غَیْرِ اَهْلِهٖ
یُلَاقِ الَّذِیْ لَاقٰی مُجِیْرُ اُمِّ عَامِرٍ

(جو کوئی نااہل کے ساتھ احسان کرتا ہے اس کو وہی بزا ملتی ہے جو ام عامر کے محافظ کو ملی جیسے "سانپ کو دودھ پلانا"۔)

۳۰۷۔ کَالْمُسْتَجِیْرِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ

(اس شخص کی طرح جو تپتی ہوئی زمین سے بھاگ کر آگ کی پناہ طلب کرے) یہ مثل اس شعر کا مصرعہ ہے ؎

اَلْمُسْتَجِیْرُ بِعَمْرٍو عِنْدَ کُرْبَتِهٖ ÷ کَالْمُسْتَجِیْرِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ

(مصیبت کے وقت عمرو سے پناہ چاہنے والا گرم زمین سے آگ کی پناہ چاہنے والے کی طرح ہے۔ "چولھے سے نکل کر بھاڑ میں گرنا۔"

۳۰۸۔ اَلْجَارُ ثُمَّ الدَّارُ۔

(پہلے پڑوس کو دیکھو پھر گھر کو) اسی قسم کا ایک اور مقولہ ہے

۳۰۹۔ اَلرَّفِیْقُ قَبْلَ الطَّرِیْقِ۔ (راستے سے پہلے ساتھی کو دیکھو)

۳۱۰۔ جَارَکَ الْاَدْنٰی لَا یَعْلُکَ الْاَقْصٰی

(ادنیٰ پڑوسی کی حفاظت کرو تاکہ اعلیٰ تم پر غالب نہ ہو سکے)

۳۱۱۔ جَاوَزَ الْحِزَامُ الطُّبْیَیْنِ۔

(تنگ پستان سے بھی متجاوز ہو گیا) "پانی سر سے گزر گیا"

۳۱۲۔ تَجُوْعُ الْحُرَّةُ وَلَا تَأْکُلُ بِثَدْیَیْهَا

(شریف عورت بھوکی رہتی ہے مگر اپنے پستانوں کی کمائی نہیں کھاتی) یعنی دودھ پلانے والی دایہ نہیں بنتی "ذلیل پیشہ سے بچانے کے لئے کہا جاتا ہے"۔

۳۱۳۔ اَجِعْ کَلْبَکَ یَتْبَعْکَ

(اپنے کتے کو بھوکا رکھو تاکہ تابع رہے) "کمینے کو سر پہ نہ چڑھاؤ"

۳۱۴۔ اَجْوَعُ مِنْ کَلْبَةِ حَوْمَلَ

(حومل کی کتیا سے زیادہ بھوکا۔ حومل ایک عورت تھی جو اپنی کتیا سے گھر کی حفاظت کراتی، مگر اس کو بھوکا رکھتی۔ بھوک سے بے تاب ہو کر ایک مرتبہ کتیا نے اپنی دم کاٹ لی۔

۳۱۵۔ اَجْوَعُ مِنْ ذُؤَالَةَ اَوْ اَجْوَعُ مِنْ ذِئْبٍ

(بھیڑیئے سے زیادہ بھوکا) ذؤالہ بھیڑیئے کا مخصوص نام ہے کہتے ہیں کہ بھیڑیئے کے منہ میں کوئی چیز ہونی ضروری ہے گو یا وہ ہمیشہ بھوکا رہتا ہے۔ بھیڑیئے کا پیٹ ہڈی کو پگھلا دیتا ہے دشمن کو بد دعا میں کہتے ہیں رَمَاهُ اللّٰهُ بِدَاءِ الذِّئْبِ، خدا اس کو بھیڑیئے کی بیماری (بھوک) میں مبتلا کرے۔

۳۱۶۔ اَجْوَعُ مِنْ قُرَادٍ۔

(چیچڑی سے زیادہ بھوکا) کہتے ہیں کہ چیچڑی ایک سال تک اپنی پیٹھ اور ایک سال تک اپنا پیٹ زمین سے چپکا کر بھوکی رہ سکتی ہے۔ کافی فاصلے سے اونٹ کی موجودگی محسوس کر لیتی ہے اور اس کی طرف چلتی ہے۔ اونٹوں کے چور چیچڑیوں کی حرکت سے اونٹوں کا سراغ لگا لیتے ہیں۔

۳۱۷۔ مَنْ جَالَ نَالَ

(جو دوڑ دھوپ کرتا ہے حاصل کر لیتا ہے) "حرکت میں برکت ہے"۔

۳۱۸۔ اَجْوَلُ مِنْ قُطْرُبٍ۔

(قطرب سے زیادہ چکر لگانے والا) قطرب ایک جانور ہے جو تمام رات نہیں سوتا بلکہ چکر لگاتا رہتا ہے)

۳۱۹۔ جَوْلَةُ الْبَاطِلِ سَاعَةٌ وَجَوْلَةُ الْحَقِّ اِلٰی قِیَامِ السَّاعَةِ

(باطل کا زمانہ ایک گھڑی ہوتا ہے اور حق کا زمانہ قیامت تک ہوتا)

۳۲۰۔ جَاءَ بِمُطْفِئَةِ الرَّضْفِ۔

(وہ گرم پتھر کو بھی مات کرنے والی چیز لایا) رضف۔ گرم پتھر یعنی پہلی چیز سے زیادہ سخت۔ یا پہلے حادثہ سے بھی زیادہ شدید حادثہ

۳۲۱۔ جَاءَ بِالطِّمِّ وَالرِّمِّ۔

(وہ سمندر اور زمین کی تہ کو لایا) طم "سمندر یا بہت پانی کو اور رِم "تری یا زمین کی تہ کو کہتے ہیں یعنی تمام ظاہری اور مخفی چیزیں یا بہت سی تعداد میں مال لے آیا۔

۳۲۲۔ جَاءَ الْعِیَانُ فَاَلْوٰی بِالْاَسَانِیْدِ

(مشاہدہ آیا اور اسناد کو لے گیا) مشاہدہ کے بعد سند بیان کرنے

کی ضرورت نہیں رہتی۔

۳۲۳۔ جَاءَ بِمَا صَاءَ وَصَمَتَ

(وہ بولنے والا اور خاموش مال لایا) یعنی چوپائے اور سونا چاندی وغیرہ

۳۲۴۔ جَاءَ بِقَرْنَيْ حِمَارٍ

(وہ گدھے کے دو سینگ لایا) یعنی جھوٹ اور ناممکن بات

۳۲۵۔ جَاءَ بِبَنَاتِ الرَّغْبِ وَالصَّلِيلِ۔

(وہ گرجنے اور آواز والے ایک ساتھ آیا) صَلِيل بمعنی آواز

۳۲۶۔ جَاءَ نَاشِرًا أُذُنَيْهِ۔

(اپنے کانوں کو پھیلا کر آیا) حریص ہو کر آیا "منہ پھاڑے پیٹ پھیلائے"

۳۲۷۔ جَاءَ نَافِشًا عِفْرِيَتَهُ۔

(اپنی کلغی کو پھیلا کر آیا) عِفْرِيَة" مرغ کی کلغی یعنی غضبناک ہو کر آیا
"ناک پھلائے تیوری چڑھائے"

۳۲۸۔ جَاءُوا عَلَى بَكْرَةِ أَبِيهِمْ۔

(وہ تمام کے تمام آگئے) یعنی پیچھے کوئی باقی نہ رہا۔ بکرۃ لوگوں
کی جماعت کو کہتے ہیں یہ مثل یوں بھی کہی جاتی ہے جَاءُوا

۳۲۹۔ عَلَى بَكْرَتِهِمْ وَبَكْرَةِ أَبِيهِمْ۔ تمام ہی آگئے۔

إِذَا جَاءَ أَجَلُ الْبَعِيرِ حَامَ حَوْلَ الْبِئْرِ۔

(جب اونٹ کی موت آتی ہے تو کنویں کے گرد گھومتا ہے) جب
گیدڑ کی موت آتی ہے تو شہر کی طرف بھاگتا ہے۔

۳۳۰۔ إِذَا جَاءَ الْحِينُ حَارَتِ الْعَيْنُ۔

(موت آتی ہے تو آدمی اندھا ہو جاتا ہے۔

۳۳۱ إِذَا جَاءَ الْقَدَرُ عَشِيَ الْبَصَرُ۔

(جب قضا آتی ہے تو آنکھوں پر پردے پڑ جاتے ہیں)۔

۳۳۲۔ جَاءُوا قَضًّا وَقَضِيضًا۔

(چھوٹے بڑے سب آگئے) قضیض پتھر کا بالکل چھوٹا ٹکڑا۔ قض
بڑا ٹکڑا۔

۳۳۳۔ جَاءَ الْقَوْمُ قَضُّهُمْ وَقَضِيضُهُمْ (قوم کے تمام افراد آگئے)

۳۳۴۔ جِيفَةٌ لَا تُعَكِّرُ بَحْرًا (ایک مردار سمندر کو گدلا نہیں کرتا

ح

۳۳۵۔ مَنْ أَحَبَّ شَيْئًا أَكْثَرَ ذِكْرَهُ۔

(جو کسی چیز سے محبت کرتا ہے اس کا ذکر زیادہ کرتا ہے)

۳۳۶۔ لَا أُحِبُّ دَمِي فِي طَسْتِ ذَهَبٍ۔

(مجھے اپنا خون سونے کے طشت میں بھی پسند نہیں) موت
کے بعد تمام شان و شوکت بے کار ہے۔

۳۳۷۔ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ۔

(کسی چیز سے تمہاری محبت اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے) یہی
مفہوم اس شعر میں کہا گیا ہے۔

۳۳۸۔ وَعَيْنُ الرِّضَى عَنْ كُلِّ عَيْبٍ كَلِيلَةٌ
وَلَكِنَّ عَيْنَ السُّخْطِ تُبْدِي الْمَسَاوِيَا

(پسندیدگی کی آنکھ ہر عیب کی طرف سے بند ہوتی ہے مگر ناراضگی
کی آنکھ برائیوں کو ظاہر کرتی ہے)۔

۳۳۹۔ اَلْحُبُّ أَعْمَى (محبت اندھی ہوتی ہے)۔

۳۴۰۔ لَيْسَ فِي الْحُبِّ مَشُورَةٌ۔ (محبت میں مشورہ کی ضرورت نہیں)

۳۴۱ أَحَبُّ شَيْءٍ إِلَى الْإِنْسَانِ مَا مُنِعَا

(سب سے زیادہ محبوب چیز انسان کو وہ معلوم ہوتی
ہے جس سے اس کو منع کیا جائے) یہی اس شعر کا مطلب ہے

۳۴۲۔ رَأَيْتُ النَّفْسَ تَكْرَهُ مَا لَدَيْهَا
وَتَطْلُبُ كُلَّ مُمْتَنِعٍ عَلَيْهَا

(میں نے نفس کو دیکھا کہ اپنے پاس موجود چیز کو پسند نہیں کرتا
اور ہر ممنوع چیز کو طلب کرتا ہے)

۳۴۳۔ مِنَ الْحَبَّةِ تَنْشَأُ الشَّجَرَةُ۔

(دانہ ہی سے تو درخت پیدا ہوتا ہے) یعنی چھوٹے کام سے
ہی بڑے نتیجے پیدا ہوتے ہیں)

۳۴۴۔ كُلُّ حَبَّةٍ لَهَا كَيَّالٌ۔

(ہر دانہ کو پیمانہ میں بھرنے والا کوئی ہوتا ہے)۔

۳۴۵۔ حَبْلُكَ عَلَى غَارِبِكَ۔

(تیری رسی تیرے کوہان پر ہے) غارب۔ کوہان کا بالائی حصہ
مطلب یہ ہے کہ تو پوری طرح آزاد ہے۔ یہ مثل چرواہوں
کی اس عادت سے ماخوذ ہے کہ جب وہ اونٹ کو چرنے کے
لیے چھوڑتے ہیں تو مہار کوہان پر ڈال دیتے ہیں تاکہ اس
کی آنکھوں کے سامنے نہ آئے۔ ان کا خیال تھا کہ اونٹ مہار کو

دیکھتا ہے تو اس کو کوئی چیز اچھی نہیں معلوم ہوتی

۳۴۶- رُبَّ حَثِيثٍ مَكِيثٌ۔

(بہت سے جلد باز تاخیر کرنے والے ہو جاتے ہیں) ماکث اور مکیث دیر کرنے والے کو کہتے ہیں۔ یعنی کبھی جلدی مزید دیر کا سبب بن جاتی ہے۔

۳۴۷- مَا فِي الْحَجَرِ مَبْغًى۔

(پتھر میں کوئی مطلوب چیز نہیں) پتھر میں دھرا ہی کیا ہے۔ قلت خیر کے لیے بولا جاتا ہے۔

۳۴۸- اَلْمُحَاجَزَةُ قَبْلَ الْمُنَاجَزَةِ۔

(آڑ میں آنا لڑائی سے پہلے ہونا چاہیے۔ مُحَاجَزَۃ: دو چیزوں کے درمیان آجانا۔ آڑ میں آجانا۔ مُنَاجَزَۃ: لڑائی کی شروعات یعنی شر میں پڑنے سے پہلے ہی باز رہو۔ اگر مقابلے کی طاقت نہ ہو تو بچا کئے میں عجلت کرو۔

۳۴۹- اِنَّ الْحَدِيدَ بِالْحَدِيدِ يُفْلَحُ۔

(لوہے کو لوہے سے ہی چیرا جاتا ہے) فلح: چیرنا۔ فلاحٌ: کسان "لوہے کو لوہا کاٹتا ہے"

۳۵۰- وَيُحْدَثُ مِنْ بَعْضِ الْاُمُوْرِ اُمُوْرًا

(باتوں سے باتیں پیدا ہوتی ہیں) "بات سے بات نکلتی ہے" یا "بات کا بتنگڑ بن جاتا ہے"۔

۳۵۱- حَدِّثْ عَنْ مَعْنٍ وَلَا حَرَجَ۔

(معن سے روایت کرنا کوئی حرج نہیں) معن ابن زائدۃ ابن عبداللہ الشیبانی عرب کا نہایت سخی شخص تھا۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو کسی معاملہ میں وسعت اختیار کرے۔

۳۵۲- حَدِّثْ عَنِ الْبَحْرِ وَلَا حَرَجَ۔

(سمندر کی بات کہو کوئی حرج نہیں)

۳۵۳ حَدِيثُ خُرَافَةَ

(خرافہ کی بات) خرافہ ایک شخص کا نام ہے جس کے متعلق خیال تھا کہ ایک مدت تک جن اس کے اوپر مسلط رہے۔ اس حالت میں جو کچھ وہ دیکھتا اپنی قوم سے بیان کرتا اور لوگ اس کی تکذیب کرتے اسی مناسبت سے ہر ناقابل فہم بات کو حدیث خرافہ کہنے لگے۔

۳۵۴- اَلْحَدِيثُ ذُوْ شُجُوْنٍ

(بات مختلف شاخیں رکھتی ہے) شجون جمع ہے شجن کی وہ راستہ جو کسی وادی سے یا وادی کے بالائی حصہ سے گزرتا ہو یا جمع شجو بمعنی شاخ یا ہر وہ چیز یا شاخ جو کسی دوسری شاخ میں لپٹی ہوئی ہو۔ ذو شجون: شاخ در شاخ ہونے والی ہے ایک بات سے بھی شاخوں کی طرح بہت سی باتیں پھوٹتی ہیں اسی معنی میں عوام کا مقولہ ہے اَلْحَدِيثُ يَجُرُّ بَعْضُهُ بَعْضًا (گفتگو کا ایک حصہ دوسرے حصے کو کھینچتا ہے)

۳۵۵- كَالْحَادِي وَلَيْسَ لَهُ بَعِيرٌ۔

(اس ہانکنے والے کی طرح جس کے پاس اونٹ ہی نہ ہوں الحدو پیچھے سے ہانکنا۔ قود: آگے سے کھینچنا۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولتے ہیں جو بغیر ملکیت کسی چیز پہ شیخی بگھارے یا غیر مستحق کی طرف منسوب ہو۔ "حلوائی کی دکان نانا جی کی فاتحہ"۔

۳۵۶- اَلْحَذَرُ اَشَدُّ مِنَ الْوَقِيعَةِ۔

(خوف، ہولناک واقعہ میں مبتلا ہونے سے زیادہ سخت ہے) ایسے موقع پہ کہتے ہیں جب کوئی چیز دور سے خوفناک معلوم ہوتی ہو اور سامنے آئے تو اس خوف کے مقابلے میں بہت معمولی ہو۔

۳۵۷- اِنَّ الْحَذَرَ لَا يَدْفَعُ الْمَقْدُوْرَ

(احتیاط مقدر کو دفع نہیں کر سکتی) "تقدیر کے آگے تدبیر نہیں چلتی"

۳۵۸- اَحْذَرُ مِنْ قِرِلَّى

(قرلی سے زیادہ ڈرنے والا) قرلی ایک محتاط پرندہ ہے، پانی کے اوپر اڑتا ہے تو بیک وقت پانی کے اندر کی چیزیں بھی دیکھتا ہے اور ڈرتے ڈرتے فضا میں بھی دیکھتا رہتا ہے اگر پانی میں کوئی کھانے کی چیز نظر آئے تو تیر کی طرح پانی میں غوطہ لگا کر پکڑ لیتا ہے اور فضا میں بھی کوئی شکار نظر آجائے تو اس کی طرف اڑ کر دور نکل جاتا ہے۔

۳۵۹- اَحْذَرُ مِنْ غُرَابٍ

(کوے سے زیادہ محتاط) "کوے سے زیادہ سیانا"۔

۳۶۰- اَحْذَرُ مِنْ ذِئْبٍ۔

(بھیڑیے سے زیادہ چالاک) عربوں کا خیال ہے کہ بھیڑیا اس قدر چالاک ہے کہ سوتے ہوئے بھی باری باری ایک آنکھ کھلی رکھتا ہے

۳۶۱- كُلُّ الْحِذَاءِ يَحْتَذِي الْحَافِي الْوَقِعُ۔

(دکھتے ہوئے اور ننگے پاؤں والا ہر قسم کا جوتا پہن لیتا ہے وَقِعَ یُوْقَعُ وَقَعًا ننگے پاؤں ہونا اور پتھر یا سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے پاؤں کے گوشت میں درد ہو جانا وَقِعٌ وہ برہنہ پا جس کے پاؤں سخت زمین پر چلنے کی وجہ سے دکھنے لگے ہوں یہ مثل ایسے مصیبت زدہ کیلئے بولی جاتی ہے جو معمولی چیز پر قناعت کرے "بھوکے کو روکھی روٹی غنیمت ہے"۔

۳۶۲۔ اَلْحُرُّ حُرٌّ وَاِنْ مَسَّہُ الضُّرُّ۔

(شریف، شریف ہی رہتا ہے خواہ اس کو تنگدستی لپٹی ہوئی ہو) شریف ناداری میں بھی شریف ہی رہتا ہے۔

۳۶۳۔ حِرَّۃٌ تَحْتَ قِرَّۃٍ

(ٹھنڈک کے نیچے پیاس) حِرَّۃٌ۔ حرارۃ سے ماخوذ ہے یعنی پیاس قِرَّۃ: ٹھنڈک۔ ٹھنڈے دن کی پیاس سخت ہوتی ہے۔ ایسے شخص کے لئے کہتے ہیں جو کینہ و غضب مخفی رکھے اور خلوص ظاہر کرے۔

۳۶۴۔ بگلا بھگت۔ اَحَرُّ مِنَ الْجَمْرِ۔ (انگارے سے زیادہ گرم)

۳۶۵۔ اَحَرُّ مِنْ نَارِ الْغَضَی

(غضی کی لکڑی کی آگ سے زیادہ گرم) غضی درخت کی لکڑی صرف جلانے کے ہی کام آتی ہے اور اس کی آگ نہایت تیز و گرم ہوتی ہے۔

۳۶۶۔ اَحَرُّ مِنَ النَّارِ۔ (آگ سے زیادہ گرم)

۳۶۷۔ اَحَرُّ مِنْ مِرْجَلٍ۔ (ہنڈیا سے زیادہ گرم)

۳۶۸۔ احر من دَمْعِ الْمِقْلَاتِ۔

بچے کی سوگواراں کے آنسوؤں سے زیادہ گرم) مقلات وہ عورت ہے جس کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں۔ کہتے ہیں کہ غم کے آنسو گرم ہوتے ہیں اور خوشی کے آنسو ٹھنڈے ہوتے ہیں۔

۳۶۹۔ اَلْحَرْبُ خُدْعَۃٌ

(لڑائی دھوکہ ہے) خُدْعَۃ: ایسی تدبیر جس کے ظاہر سے دھوکا ہوتا ہو

۳۷۰۔ اَلْحَرْبُ سِجَالٌ۔ (لڑائی میں مقابلہ ہوتا ہے) سجال اور مساجلۃ جیسا گا وہ کام کرنا جو دوسرا ساتھی کرتا ہے۔

۳۷۱۔ اَلْحَرْبُ غَشُوْمٌ۔ (لڑائی ظالم ہے) غشوم: رات میں لکڑی کاٹنا۔ خواہ اچھی ہاتھ لگے یا بری لڑائی میں بسا اوقات اس شخص کو نقصان پہنچ جاتا ہے جس کا کوئی جرم نہ ہو اور مجرم سلامت رہتا ہے۔

۳۷۲۔ اَحْرَزَ امْرَأً اَجَلُہٗ۔ (آدمی کو اس کی موت نے ذخیرہ کر لیا) "موت نے ڈھیر کر دیا"۔ کہتے ہیں کہ یہ عرب کی سب سے پہلی ضرب المثل ہے۔

۳۷۳۔ اَحْرَسُ مِنْ کَلْبٍ (کتے سے زیادہ نگہبان)

۳۷۴۔ الحِرْصُ قَائِدُ الحِرْمَان (لالچ محرومی کا پیش خیمہ ہے)

۳۷۵۔ اَلْحَرِیْصُ مَحْرُوْمٌ۔ (لالچی محروم رہتا ہے)

۳۷۶۔ اَحْرَصُ مِنْ نَمْلَۃٍ (چیونٹی سے زیادہ حریص)

۳۷۷۔ لَیْسَ الْحَرِیْصُ بِزَائِدٍ فِیْ رِزْقِہٖ

(حریص اپنے رزق میں کوئی زیادتی نہیں کر سکتا)

۳۷۸۔ اِنَّہٗ لَیُحَرِّقُ عَلَیَّ الْاُرَّمَ (وہ مجھ پر دانت پیستا ہے) اُرَّمٌ ڈاڑھوں کو کہتے ہیں مطلب یہ کہ اس کا غیظ و غضب مجھ پر شدید ہے

۳۷۹۔ حَرِّكْ لَہَا حُوَارَہَا تَحِنَّ۔

(اونٹنی کے بچے کو حرکت دیگا تو وہ پکارے گی) حُوار۔ اونٹنی کا دودھ پیتا بچہ۔ فصیل، وہ بچہ جس کا دودھ چھوٹ گیا ہو حَنَّ غم یا خوشی میں آواز نکالنا۔ مطلب یہ ہے کہ اس کو غم یاد دلاؤ تب وہ حرکت میں آئے گا۔

۳۸۰۔ اَلْحَرَکَۃُ بَرَکَۃٌ۔ (حرکت میں برکت ہے)

۳۸۱۔ اَلْحَزْمُ حِفْظُ مَا وُلِّیْتَ وَتَرْکُ مَا کُفِیْتَ (احتیاط قبضہ کی چیز کو محفوظ رکھنے اور غیر ضروری چیز کو چھوڑنے کا نام ہے)

۳۸۲۔ اَلْحَزْمُ سُوْءُ الظَّنِّ بِالنَّاسِ۔

(احتیاط لوگوں کے ساتھ بدگمانی کرنا ہے)۔

۳۸۳۔ اَحْزَمُ مِنَ الْحِرْبَاءِ۔ (گرگٹ سے زیادہ محتاط) گرگٹ جب درخت پر چڑھتا ہے تو ایک شاخ اس وقت تک نہیں چھوڑتا جب تک دوسری نہ پکڑ لے۔ حرباء میں الف علامت تانیث نہیں بلکہ الحاقی ہے جیسے عِلْبَاء۔

۳۸۴۔ لَا یَحْزُنْکَ دَمٌ ھَرَاقَہٗ اَھْلُہٗ۔

(اس خون پر تجھے رنج نہ ہونا چاہیے جو اس کے اہل ہی نے بہایا ہے)

۳۸۵۔ یَحْسَبُ الْمَمْطُوْرُ اَنَّ کُلًّا مُطِرَ۔

(بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگا ہے)

۳۸۶۔ لَا حَسَبَ کَالتَّوَاضُعِ۔ (تواضع جیسی کوئی شرافت نہیں)

۳۸۷۔ حَسْبُکَ مِنْ غِنًی شِبَعٌ وَرِیٌّ۔

(شکم سیری اور سیرابی تیرے لئے کافی مالداری ہے) امراء القیس کا قول ہے مطلب یہ ہے کہ اتنے مال پر قناعت کر لو جو پیٹ بھرنے اور پیاس بجھانے کے لئے کافی ہو اور باقی کی سخاوت کر دو۔

۳۸۸۔ حَسْبُكَ مِنْ شَرٍّ سَمَاعُهُ۔
(شر کا سن لینا ہی تمہارے لئے بہت ہے اس کو دیکھنے کی کوشش نہ کرو)

۳۸۹۔ اَلْحَسَدُ مَطِيَّةُ التَّعَبِ (حسد مشقت کی سواری ہے)

۳۹۰۔ مَنْ حَسُنَ ظَنُّهُ طَابَ عَيْشُهُ
(جس کا گمان نیک ہو گیا اس کی زندگی اچھی ہو گئی)

۳۹۱۔ حَسَنٌ فِيْ كُلِّ عَيْنٍ مَا تَوَدُّ۔ (ہر آنکھ کی نظر میں وہی چیز اچھی ہے جس کو وہ محبوب رکھتی ہے)

۳۹۲۔ حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِيْ وَيُصِمُّ یہ سابقہ مثال کے ہم معنی ہے

۳۹۳۔ حُسْنُ الظَّنِّ وَرْطَةٌ
(حسن ظن بھنور ہے) وَرْطَةٌ۔ بھنور۔ اور ایسا معاملہ جس سے نجات مشکل ہے۔ ہلاکی۔ مطلب یہ کہ لوگوں کے ساتھ حسنِ ظن ہی کی وجہ سے آدمی دھوکے کھاتا ہے یہ مثال الحزمُ سوءُ الظنِّ بالناسِ کے ہم معنی ہے۔

۳۹۴۔ لِكُلِّ حَسَنٍ عَائِبٌ۔ (ہر اچھے کا عیب کرنے والا بھی ہوتا ہے)

۳۹۵۔ اَلْحَسَنَةُ بَيْنَ السَّيِّئَتَيْنِ
(نیکی دو برائیوں کے درمیان ہوتی ہے) یعنی خَيْرُ الْأُمُوْرِ أَوْسَاطُهَا۔ (بہترین کام درمیانی ہوتے ہیں)۔

۳۹۶۔ اَحْسَنُ مِنَ الدُّنْيَا الْمُقْبِلَةِ۔
(آنے والی دنیا سے زیادہ خوبصورت)

۳۹۷۔ اَحْسَنُ مِنَ النَّارِ (آگ سے زیادہ خوبصورت)

۳۹۸۔ اَحْسَنُ مِنَ الطَّاؤُسِ (مور سے زیادہ خوبصورت)

۳۹۹۔ اَحْسَنُ مِنَ الْبِدَامِحَةِ
(بد مکی و زرادہ کے زمانے سے زیادہ خوبصورت)

۴۰۰۔ اَحْسَنُ مِنَ الشَّمْسِ وَالْقَمَرِ (چاند سورج سے زیادہ خوبصورت)

۴۰۱۔ اَلْاِحْسَانُ يَقْطَعُ اللِّسَانَ (احسان زبان کو بند کر دیتا ہے)

۴۰۲۔ اَحْشُكَ وَ تَرُوْثُنِيْ۔ (میں تجھے گھاس چراتا ہوں اور تو مجھ پر گوبر کرتا ہے) ناشکرے اور محسن کش کو کہتے ہیں۔

۴۰۳۔ اَحَشَفًا وَسُوْءَ كِيْلَةٍ (کھجور بھی ردی اور پیمانہ بھی کم) كِيْلَةٌ۔ كَيْلٌ سے اسم نوع ہے۔ حَشَفٌ ردی کھجور یعنی نکما اور تھوڑا دو مکروہ خصلتوں کا جامع یا دو طرف سے ظلم کرنے والا۔

۴۰۴۔ اَلْحَصَاةُ مِنَ الْجَبَلِ (کنکری بھی پہاڑ کا جزء ہے)

۴۰۵۔ كُلٌّ يَحْتَطِبُ فِيْ حَبْلِهِ
(ہر کوئی اپنی لکڑی میں رسیاں باندھتا ہے)۔

۴۰۶۔ كَحَاطِبِ لَيْلٍ (رات میں لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح) حَاطِبٌ: ایندھن جمع کرنے والے کو کہتے ہیں۔ ایسا شخص مراد ہے جو ہر اچھی بری چیز کو جمع کر لے۔

۴۰۷۔ حَظٌّ فِي السَّحَابِ وَعَقْلٌ فِي التُّرَابِ
(نصیبہ آسمان پر اور عقل مٹی میں)

۴۰۸۔ حَظٌّ جَزِيْلٌ بَيْنَ شِدْقَيْ ضَيْغَمٍ
(بڑا حصہ شیر کے جبڑوں میں) یعنی بہت بڑی منفعت مگر شدید خطرات کے درمیان۔

۴۰۹۔ اِلَّا حَظِيَّةً فَلَا اَلِيَّةً (صاحب نصیب نہیں تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ بن) حَظِيَّةٌ خُظْوَةٌ سے مشتق ہے بمعنی مرتبہ۔ عزت اور اَلِيَّةٌ اَلْوٌ بمعنی تقصیر سے ماخوذ ہے اس مثل کی اصل مقدر ہے

۴۱۰۔ اِنْ لَمْ تَكُوْنِيْ حَظِيَّةً وَلَا تَكُوْنِيْ اَلِيَّةً (مقصرۃ)
(اگر تو معزز صاحب رتبہ نہ ہو تو کوتاہی کرنے والی بھی نہ ہو) اس عورت کے لئے کہا گیا ہے جو اپنے خاوند کو محبوب نہ ہو سا گر خاوند کی محبت میسر نہیں تو اپنی طرف سے خدمت و محبت میں کوتاہی نہ کر۔ مطلب یہ کہ لوگوں کی مدارات کر کے ان سے اپنا مطلب نکالو۔

۴۱۱۔ مَنْ حَفَرَ حَفِيْرَةً لِاَخِيْهِ كَانَ حَتْفُهُ فِيْهِ
(جو کوئی اپنے بھائی کے لئے گڑھا کھودے گا، اسی کی موت اس گڑھے میں ہوگی)۔

۴۱۲۔ مَنْ حَفَرَ حُفْرَةً وَقَعَ فِيْهَا
(جو کوئی گڑھا کھودے گا خود اس میں گرے گا) بجائے حُفْرَۃٌ کے مَغْوَاۃٌ بھی مروی ہے مغواۃ وہ گڑھا جو بھیڑیا یا بچوں کے لئے کھودا جائے، وسیع تر معنی میں ہر مقام ہلاکت۔

۴۱۳۔ تَحْفَظُ اَخَاكَ اِلَّا مِنْ نَفْسِهٖ۔
(تو اپنے بھائی کی حفاظت کر سکتا ہے مگر اس کے نفس کی نہیں کر سکتا)۔ مطلب یہ کہ لوگوں سے بچا سکتا ہے۔

اگر وہ خود ہی اپنے آپ کو نقصان پہنچانے لگے تو اس سے حفاظت نہیں کر سکتا۔

۴۱۴۔ حَفِظْتَ شَیْئًا وَغَابَتْ عَنْكَ اَشْیَاءُ

(ایک چیز تُو نے رٹ لی مگر بہت سی چیزیں غائب ہو گئیں)

۴۱۵۔ حَافِظْ عَلَى الصَّدِيقِ وَلَوْ فِي الْحَرِيقِ۔

(دوست کی حفاظت کر خواہ آگ میں کود کر ہی ہو)

۴۱۶۔ اِحْفَظْ مَا فِي الْوِعَاءِ لِشَدِّ الْوِكَاءِ۔

(جو کچھ برتن میں ہے اس کی حفاظت برتن کا منہ باندھ کر کرو) وِکاء۔ مشکیزہ کا سربند۔

۴۱۷۔ اَحْفَظُ مِنَ الْاَرْضِ

(زمین سے زیادہ حفاظت کرنے والا)۔

۴۱۸۔ اَلْحَفِيظَةُ تُحَلِّلُ الْاَحْقَادَ۔

(غیرت دشمنی کو تحلیل کر دیتی ہے) حفیظۃ: غضب و غیرت۔ جمع حفائظ۔ مطلب یہ ہے کہ کسی دوست یا رشتے دار پر ظلم ہوتے دیکھ کر غیرت جوش کھاتی ہے اور آدمی اپنا غصہ اور کینہ بھول کر اس کی مدد کے لئے کھڑا ابھر جاتا ہے ای کہ ہم معنی ہے:

۴۱۹۔ عِنْدَ الشَّدَائِدِ تَذْهَبُ الْاَحْقَادُ

(مصائب کے وقت دشمنیاں ختم ہو جاتی ہیں)

۴۲۰۔ حَقٌّ يَضُرُّ خَيْرٌ مِنْ بَاطِلٍ يَسُرُّ۔

(مضرت رساں حق مسرت رساں باطل سے بہتر ہے)۔

۴۲۱۔ اَلْحَقُّ خَيْرُ مَا يُقَالُ۔

(کہنے کی چیزوں میں بہترین چیز حق بات ہے)۔

۴۲۲۔ اَلْحَقُّ خَيْرُ مَا يُقَالُ۔ (حق باعث غضب ہے)

۴۲۳۔ اَلْحَقُّ اَبْلَجُ وَالْبَاطِلُ لَجْلَجٌ۔

(حق روشن اور باطل گڑبڑ ہوتا ہے) اَبْلَجُ۔ روشن۔ لجلج: ملتبس غیر واضح۔

۴۲۴۔ هٰذَا اَحَقُّ مَنْزِلٍ بِتَرْكٍ

(یہ چھوڑنے کے لئے نہایت مناسب مقام ہے) یعنی جو مقامات چھوڑنے کے قابل ہوتے ہیں۔ ان میں یہ مقام چھوڑ دینے کا سب سے زیادہ مستحق ہے۔

۴۲۵۔ اَحْقَدُ مِنْ جَمَلٍ

(اونٹ سے زیادہ کینہ توز) "شتر کینہ"

۴۲۶۔ مَنْ حَقَرَ حُرِمَ۔

(جس نے حقیر سمجھا، وہ محروم ہوا) یعنی جس کو حقیر سمجھے گا محروم رکھیگا۔

۴۲۷۔ اَحْقَرُ مِنَ التُّرَابِ۔ (خاک سے زیادہ حقیر)

۴۲۸۔ مَا حَكَّ جِلْدَكَ مِثْلُ ظُفْرِكَ۔

(تیری کھال کو تیرے اپنے ناخن کی طرح کوئی چیز نہ کھجلائے گی) یعنی تم اپنی ضرورت کو آپ اچھی طرح پوری کر سکتے ہو۔

۴۲۹۔ اِذَا حَكَكْتُ قَرْحَةً اَدْمَيْتُهَا۔

(جب میں نے کسی زخم کو کھجایا تو اس سے خون نکال لیا) جب کسی مقصد کا ارادہ کیا تو اس کو انتہا تک پہنچا دیا۔

۴۳۰۔ تَحَكَّكَتِ الْعَقْرَبُ بِالْاَفْعٰی۔

(بچھو سانپ سے ٹکرایا ہے) یعنی جو اپنے سے زیادہ طاقتور کے ساتھ جھگڑے "ہاتھیوں سے گنے کھانا"

۴۳۱۔ اَحْكَمُ مِنْ لُقْمَانَ۔ (لقمان سے زیادہ دانا)

۴۳۲۔ اَلْحِكْمَةُ ضَالَّةُ الْمُؤْمِنِ

(حکمت مومن کی گم شدہ چیز ہے) مومن حکمت و دانائی کو اس طرح حاصل کرتا ہے جیسے کوئی اپنی کھوئی چیز کو ڈھونڈتا ہے۔

۴۳۳۔ اَحْكٰى مِنْ قِرْدٍ۔ (بندر سے زیادہ نقال)

۴۳۴۔ اِذَا حَلَّتِ الْمَقَادِيرُ بَطَلَتِ التَّدَابِيرُ۔

(تقدیریں اتر آئیں تو تدبیریں بیکار ہو گئیں)

۴۳۵۔ اَحَلُّ مِنْ لَبَنِ الْاُمِّ۔ (ماں کے دودھ سے زیادہ حلال)

۴۳۶۔ حَلَبَ الدَّهْرَ اَشْطُرَهُ۔

(اس نے زمانے کے تھنوں کو دوہا ہے) یہ قول عرب کے قول: حَلَبَ اَشْطُرَ النَّاقَةِ سے مستعار لیا گیا ہے۔ شطر وہ دو تھن جو ایک ساتھ دوہے جائیں۔ مطلب یہ ہے کہ اس نے زمانے کے دونوں شطروں کو آزمایا ہے یعنی خیر کو بھی اور شر کو بھی "زمانے کے سرد و گرم دیکھے ہیں"۔

۴۳۷۔ حَلَبْتُهَا بِالسَّاعِدِ الْاَشَدِّ۔

(میں نے اس کو طاقت ور کلائی سے دوہا) یعنی قوت سے اپنا حق حاصل کیا۔ ساعد۔ پہنچا۔ کلائی۔

۴۳۸۔ اُحْلُبْ حَلْبًا لَکَ شَطْرُہٗ۔

(اچھی طرح دودھ لے، تیرا بھی حصّہ ہے) دوسروں کے ساتھ مساعی جدوجہد کرنے اور شریک کار کی مدد پر آمادہ کرنے کے لئے بولا جاتا ہے ھٰذَا حَلْبٌ لَکَ شَطْرُہٗ۔ (اس دودھ میں تیرا بھی حصّہ ہے، یعنی ایسے کام جس میں فریقین کا نفع ہے

۴۳۹۔ حَلُوْبَۃٌ تُثْمِلُ وَلَا تُصَرِّحُ۔

(ایسی دودھ دینے والی ہے جو جھاگ والا دودھ دیتی ہے، خالص دودھ نہیں دیتی) حَلُوْبَۃٌ۔ دودھیل جانور یہ ایسے شخص کے لئے کہتے ہیں جو بکثرت وعدے کرے اور ان کو پورا نہ کرے۔

۴۴۰۔ لَسْتَ مِنْ اَحْلَاسِہَا (تو اس کے ساتھیوں میں سے نہیں ہے) احلاس: جاننے پہچاننے والے ساتھی۔
اَحْلَاسُ الْخَیْلِ۔ (سائیس، گھوڑوں کے خدمت گار)

۴۴۱۔ حَلَّقَتْ بِہٖ عَنْقَاءُ مُغْرِبٌ۔ (عنقاء مغرب نے اس کا احاطہ کر لیا ہے) ناپائیدار اور نامانوس چیز کے لئے کہا جاتا ہے مغرب: انجانی چیز۔ مذکر و مؤنث مستعمل ہے۔ اور عنقاءِ مُغْرِبٌ صفت اور اضافت دونوں طرح استعمال کیا جاتا ہے۔

۴۴۲۔ ھُمْ کَالْحَلْقَۃِ الْمُفْرَغَۃِ لَا یُدْرٰی اَیْنَ طَرَفَاھَا

(وہ ڈھلے ہوئے حلقے کی طرح ہیں معلوم نہیں کہ اس کے دونوں سرے کہاں ہیں) فاطمہ بنت الخرشب انماریہ کا مقولہ ہے جو زیاد عبسی کی بیوی تھی اور اپنے سات بیٹوں میں سے باری باری ہر ایک کو سب سے افضل کہتی اور آخر میں کہہ دیتی ھُمْ کَالْحَلْقَۃِ الْمُفْرَغَۃِ لَا یُدْرٰی اَیْنَ طَرَفَاھَا۔

۴۴۳۔ حِلْمِیْ اَصَمُّ وَ اُذُنِیْ غَیْرُ صَمَّاءِ۔

(میرا حلم بہرا ہے، کان بہرے نہیں) یعنی بردباری کی وجہ سے فحش کلام سے احتراز کرتا ہوں اگرچہ کانوں سے سنتا ہوں)

۴۴۴۔ اَحْلَمُ مِنَ الْاَحْنَفِ۔ (احنف سے زیادہ بردبار)
احنف بن قیس بنو تمیم میں سب سے زیادہ حلیم تسلیم کیا جاتا تھا۔

۴۴۵۔ اَلْحَلِیْمُ مَطِیَّۃُ الْجَہُوْلِ (بردبار جاہل کی سواری ہے)
جو اس کے جہل کے بوجھ کو برداشت کرتا ہے اور اس سے انتقام نہیں لیتا

۴۴۶۔ لَا تَکُنْ حُلْوًا فَتُسْتَرَطَ وَلَا مُرًّا فَتُعْفٰی۔

(نہ میٹھا بن کہ نگل لیا جائے اور نہ کڑوا کہ اگل دیا جائے۔
اِسْتِرَاط: نگل جانا۔ اِعْفَاءٌ: تلخی کی وجہ سے اگل دینا یہی مفہوم اردو میں ضرب المثل کے طور پر استعمال ہوتا ہے۔

۴۴۷۔ اَحْلٰی مِنَ الْعَسَلِ۔ (شہد سے زیادہ شیریں)

۴۴۸۔ اَحْلٰی مِنْ نَیْلِ الْمُنٰی۔ (حصول مراد سے زیادہ شیریں)

۴۴۹۔ اَحْلٰی مِنْ حَیَاۃٍ مُعَادَۃٍ (دوبارہ زندگی سے زیادہ شیریں)

۴۵۰۔ اَلْحَمْدُ مَغْنَمٌ وَالْمَذَمَّۃُ مَغْرَمٌ۔

(تعریف مال غنیمت ہے اور مذمت تاوان) یعنی تعریف کا کام کیا تو جہاد کیا۔ تعریف اس کی غنیمت ہے۔ کوئی برا کام کیا تو قصور کیا۔ برائی اس کا تاوان ہے۔

۴۵۱۔ کَانَ حِمَارًا فَاسْتَأْتَنَ۔ (وہ گدھا تھا پھر گدھی بن گیا)۔
اِسْتَأْتَنَ بمعنی صار اتانًا (گدھی) یعنی قوی تھا ذلیل و کمزور ہو گیا عزیز تھا اور پھر ذلیل ہو گیا۔

۴۵۲۔ اَحْمَقُ مِنْ دُغَۃَ۔

(دغہ سے زیادہ احمق) دغہ ایک عورت تھی جس نے اپنے بچے کے متحرک تالو کو پھوڑا سمجھ کر چیرا اور دماغ کو پیپ سمجھ کر نکال دیا جب اس سے پوچھا گیا تو جواب دیا بچہ تکلیف کی وجہ سے روتا تھا اب آرام سے سو گیا۔

۴۵۳۔ اَحْمَقُ مِنْ رِجْلَۃٍ۔ (رجلہ سے زیادہ احمق)
رجلہ ایک گھٹیا ساگ ہے جو تیار کھیتوں کی بجائے سیلاب سے تباہ شدہ نالیوں میں اگتا ہے۔

۴۵۴۔ اَحْمَقُ مِنْ شَرَنْبَثٍ۔ (شرنبث سے زیادہ احمق)
شرنبث کی حماقتیں مشہور ہیں۔ ایک دفعہ اس نے بدلی کے سائے کو علامت مقرر کر کے صحرا میں اپنا مال دفن کیا تھا۔ سایہ ہٹ گیا اور مال کی جگہ گم ہو گئی۔

۴۵۵۔ اَحْمَقُ مِنْ عِجْلٍ۔

(عجل سے زیادہ احمق) عجل بنی وائل کا شخص تھا جس نے گھوڑے کی آنکھ پھوڑ کر اس کا نام اعور (کانا) رکھا۔

۴۵۶۔ اَحْمَقُ مِنْ نَعَامَۃٍ۔ (شتر مرغ سے زیادہ بے وقوف)
شتر مرغ غذا کی تلاش میں نکلتا ہے۔ کبھی دوسرے شتر مرغ

کے انڈے مل جا۔ تو میں قرآن کو سینے لگتا ہے اور اپنے انڈے بھول جاتا ہے۔

۴۵۷۔ اَحْمَقُ مِنْ هَبَنَّقَةَ ۔

ہبنقہ سے زیادہ احمق (ہبنقہ بنی قیس ابن ثعلبہ کا ایک شخص تھا جو اپنے لوگوں کی بکریاں چراتا تھا۔ موٹی بکریاں کو تو وہ گھاس چراتا اور لاغر بکریوں کو دور رکھتا اور اس کی وجہ یہ بیان کرتا کہ جس کو خدا تعالیٰ نے درست کیا ہے میں اس کو خراب نہیں کروں گا اور جس کو اس نے خراب کر دیا ہے میں اس کی اصلاح نہیں کرتا۔ اس نے اپنے گلے میں گھونگھوں ہڈیوں اور ٹھیکریوں کا ایک ہار اپنی نشانی کے طور پر ڈال رکھا تھا تاکہ کہیں گم نہ ہو جائے۔ ایک مرتبہ سوتے میں اس کے بھائی نے وہ ہار اتار کر خود پہن لیا صبح ہوئی تو ہبنق نے اپنے بھائی سے کہا "تم تو میں" بن گئے۔ پھر میں کون ہوں۔ اردو میں ہونق بمعنی بے وقوف اسی ہبنق سے بنا ہے۔

۴۵۸۔ اَحْمَقُ مِنْ مَاضِغِ الْمَاءِ

(پانی چبانے والے سے زیادہ احمق)۔

۴۵۹۔ اَحْمَقُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ

(پانی کو پکڑنے والے سے زیادہ احمق)

۴۶۰۔ اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الْمَاءِ

(پانی کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق)

۴۶۱۔ اَحْمَقُ مِنْ لَاطِمِ الْاَرْضِ بِخَدَّيْهِ

(اپنے رخساروں سے زمین کو تھپڑ مارنے والے سے زیادہ احمق)

۴۶۲۔ اَحْمَقُ مِنْ نَاطِحِ الصَّخْرِ

(چٹان کو سینگ مارنے والے سے زیادہ احمق)

۴۶۳۔ يَحْمِلُ التَّمْرَ اِلَى الْبَصْرَةِ

(البصرہ کی طرف کھجوریں لے جاتا ہے) یعنی "الٹے بانس بریلی کو"

۴۶۴۔ لَا يُحَمِّلُ اللّٰهُ نَفْسًا غَيْرَ طَاقَتِهَا

(اللہ تعالیٰ کسی جان پر اس کی طاقت سے زیادہ بوجھ نہیں ڈالتا)

۴۶۵۔ لَمْ يَحْمِلْ خَاتَمِي مِثْلُ خِنْصَرِي ۔

(میری کن انگلی کی طرح کسی نے میری انگوٹھی کو برداشت نہ کیا (اپنا کام آپ ہی سادھے سنوارے)

۴۶۶۔ اِنَّمَا يُحْمَلُ الْكَلُّ عَلَى اَهْلِ الْفَضْلِ

(بوجھ اہل فضل پر ہی ڈالا جاتا ہے) "کَلّ" بوجھ یا ایسا شخص جو بار ہو

۴۶۷۔ يَا حَامِلُ اُذْكُرْ حَلًّا (اے لادنے والے کھولنے کے وقت کو بھی یاد رکھنا) کچھ لوگ سامان لاد کر سفر کے لئے نکلے رستے کی گرمی بہت سخت تھی۔ منزل پر اترے تو سامان کھولتے میں بہت دشواری پیش آئی۔ جب دوسری منزل کے لئے سامان لادنے لگے تو کسی نے کہا یا حامل اذکر حلا۔ مثل کا مطلب یہ ہے کہ کام کرتے وقت انجام پر نظر رکھنا ضروری ہے

۴۶۸۔ اَحْمَلُ مِنَ الْاَرْضِ (زمین سے زیادہ بوجھ اٹھانے والے)

۴۶۹۔ حَمِيَ جَاشُ مِرْجَلِهٖ ۔ (وہ گرم ہو گیا اور اس کی ہانڈی جوش مارنے لگی یعنی بہت غضبناک ہو گیا۔

۴۷۰۔ يَحْمِي جَوَابِيَهُ نَقِيقُ الضِّفْدِعِ ۔

(مینڈک کی ٹرٹر اس کے تالابوں کی حفاظت کرتی ہے) جوابی، جابیۃ، یعنی حوض اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو بے فائدہ شیخی سے کام نکالنا چاہے

۴۷۱۔ رُبَّ حَامٍ لِاَنْفِهٖ وَهُوَ جَادِعُهٗ (بہت سے اپنی ناک بچاتے ہیں مگر دراصل وہ اس کو کاٹنے والے ہوتے ہیں)۔

۴۷۲۔ حِمَاكَ اَحْمٰى لَكَ ۔ (اپنا گھیرا ہی تیرا زیادہ محافظ ہے)

۴۷۳۔ اَحْمٰى مِنْ اَنْفِ الْاَسَدِ ۔ (شیر کی ناک سے زیادہ محفوظ)

۴۷۴۔ اَحْمٰى مِنْ مُجِيرِ الْجَرَادِ ۔

(ٹڈی کو پناہ دینے والے سے زیادہ محافظ) مدلج ابن سوید طائی نے اپنے صحن میں ایک گری ہوئی ٹڈی کو پناہ دینے کی وجہ سے ایک جماعت کا مقابلہ کرنے کو تیار ہو گیا۔ جب وہ اس کے صحن سے اڑ گئی تو پکڑنے والوں سے کہہ نکلا اب تم اپنا کام کر سکتے ہو وہ میری پناہ سے نکل گئی۔

۴۷۵۔ حَانِيَةٌ مُخْتَضِبَةٌ ۔

(مہربان خضاب لگانے والی ایک عورت اپنے شوہر کے مرنے کے بعد کہا کرتی تھی کہ وہ اپنے اکلوتے بچے ہی پر متوجہ رہے گی اس کے باوجود وہ خضاب اور مہندی سے اپنی آرائش کرتی تھی یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولی جاتی ہے جس کا معاملہ شک میں مبتلا کرتا ہے

۴۷۶۔ اَلْحَاجَةُ تَفْتُقُ الْحِيْلَةَ ۔ (ضرورت حیلہ پیدا کر دیتی ہے)

"ضرورت ایجاد کی ماں ہے۔"

۴۷۷۔ حَالَ الْجَرِيضُ دُونَ الْقَرِيضِ۔
(شعر کے آگے غم حائل ہو گیا ہے) جَرِیضٌ غم۔ قَرِیضٌ شعر۔ اس کا قصہ یہ ہے کہ نعمان شاہِ عرب نے انعام اور سزا کا ایک ایک دن مقرر کر رکھا تھا۔ سزا کے دن جو کوئی اس سے ملتا تھا اس کو قتل کر دیتا تھا۔ نعمت کے دن ملتا تو اس کو مال ملتا تھا۔ اتفاق سے عبید ابن ابرص شاعر جو اس کے خاص ندماء میں سے تھا سزا کے دن اس کے پاس آگیا۔ نعمان نے کہا کاش! تو کسی اور دن ملاقات کرتا۔ اب تو اپنی جان کے علاوہ جو چاہے مانگ لے۔ عبید نے کہا اپنی جان سے زیادہ مجھے کوئی چیز عزیز نہیں نعمان نے انکار کیا اور ساتھ ہی عبید شاعر سے اپنے اشعار سنانے کی فرمائش کی۔ عبید نے کہا: حَالَ الْجَرِيضُ دُونَ الْقَرِيضِ۔ یعنی غم جان شعر سنانے میں حائل ہے۔ ایک روایت یہ ہے کہ یہ ایک عرب لڑکے کا مقولہ ہے جس کو شعر گوئی میں بڑی مہارت تھی۔ باپ کے منع کرنے سے اس نے شعر کہنا ترک کر دیا اور اس گھٹن میں وہ سخت بیمار ہو گیا۔ آخر باپ نے شعر کہنے کی اجازت دے دی لڑکے نے کہا حَالَ الْجَرِيضُ دُونَ الْقَرِيضِ۔ یعنی اب ناطاقتی یا موت کا غم شعر کہنے میں حائل ہو گیا۔

۴۷۸۔ حَالَ الْأَجَلُ دُونَ الْأَمَلِ (امید کے درمے موت حائل ہو گئی۔ یہ پہلی مثل کے قریب قریب ہی ہے)

۴۷۹۔ إِنْ حَالَتِ الْقَوْسُ فَسَهْمِي صَائِبٌ۔
(اگر میری کمان ٹیڑھی ہے مگر میرا تیر نشانہ پر لگتا ہے)۔ حَالَتِ الْقَوْسُ۔ کمان کا ٹیڑھا ہو جانا۔ سَهْمٌ صَائِبٌ: نشانہ پر لگنے والا تیر۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے بولی جاتی ہے جس کی دولت و نعمت زائل ہو چکی ہو مگر اس کا کرم باقی ہو۔

۴۸۰۔ رُبَّ حَالٍ أَفْصَحُ مِنْ لِسَانٍ (بہت مرتبہ حال زبان سے زیادہ فصیح ہوتا ہے) "صورت بریں حالش مپرس"

۴۸۱۔ أَحْوَلُ مِنْ أَبِي قَلَمُونٍ (بوقلموں سے زیادہ بدلنے والا) ابوقلموں ایک کپڑا جس میں بہت سے رنگ نظر آتے ہیں۔

۴۸۲۔ أَحْوَلُ مِنْ أَبِي بَرَاقِشَ (ابو براقش سے زیادہ تلوّن) ابو براقش ایک پرندہ ہے جو ایک دن میں کئی رنگ بدلتا ہے۔

۴۸۳۔ اَلْحَاوِيْ لَا يَنْجُوْ مِنَ الْحَيَّاتِ۔ (سانپوں کا منتر جاننے والا سانپوں سے نجات نہیں پاتا) یعنی جو سانپ پکڑتا ہے کبھی نہ کبھی سانپ سے ضرور ڈسا جاتا ہے۔

۴۸۴۔ اَحْيَرُ مِنْ ضَبٍّ۔ (گوہ سے زیادہ متحیر) جو اپنے بل سے نکل کر واپسی کا راستہ بھول جاتی ہے۔

۴۸۵۔ حِيْلَةُ مَنْ لَا حِيْلَةَ لَهُ الصَّبْرُ۔
(جس شخص کے لئے کوئی حیلہ نہ رہے اس کے لئے حیلہ صبر ہے) مصیبت کی کوئی تدبیر نہ ہو تو کم از کم صبر تو کیا جا سکتا ہے یعنی مجبور کا حیلہ صبر ہے یا کوئی تدبیر ممکن نہ ہو تو صبر کے سوا کیا چارہ ہے۔ مجبوری کا نام صبر ہے۔

۴۸۶۔ مَا حِيْلَةُ الرَّامِيْ إِذَا انْقَطَعَ الْوَتَرُ۔
(جب تانت ہی ٹوٹ جائے تو تیر انداز کیا کرے)

۴۸۷۔ إِذَا جَاءَ الْقَضَاءُ ضَاقَ الْفَضَاءُ۔
(جب قضا آتی ہے تو فضا تنگ ہو جاتی ہے) "موت سے فرار کہاں!"

۴۸۸۔ لَا تُحْيِ الْبَيْضَ وَتَقْتُلُ الْفِرَاخَ۔
(چوزہ کو قتل کر کے انڈوں کو باقی مت رکھ) یعنی چھوٹی چیز کے لئے بڑی چیز کو ضائع نہ کرو۔

۴۸۹۔ حَيَّاكَ مَنْ خَلَا فُوْهُ۔
(تجھے خالی منہ والے نے سلام کیا ہے) کسی کھانا کھاتے ہوئے کے پاس سے گزرتے ہوئے ایک شخص نے سلام کیا مگر وہ جواب نہ دے سکا اس پر یہ مثال لی گئی۔ ساتھی کی بے توجہی کرنے کے موقع پر یہ مثل کہی جاتی ہے۔

۴۹۰۔ لَا حَيٌّ فَيُرْجٰى وَلَا مَيِّتٌ فَيُنْسٰى۔
(نہ زندہ ہے جس سے امید کی جائے اور نہ مردہ جس کو بھلا دیا جائے) ناکارہ

۴۹۱۔ اَحْيَا مِنْ فَتَاةٍ۔ (نوجوان عورت سے زیادہ باحیا)

۴۹۲۔ اَحْيَا مِنْ مُخَدَّرَةٍ۔ (پردہ نشین عورت سے زیادہ حیادار)

۴۹۳۔ اَحْيَا مِنْ هَدِيٍّ (دلھن سے زیادہ حیادار) ہَدِیٌّ دلھن کو کہتے ہیں گویا شوہر کو ہدیہ دینے کے لئے آراستہ کی گئی)

۴۹۴۔ اَحْيَا مِنْ ضَبٍّ۔ (گوہ سے زیادہ زندہ رہنے والا) لوگوں کا خیال ہے کہ گوہ کی عمر بہت طویل ہوتی ہے۔

۴۹۵۔ اَلْحَيَاءُ مِنَ الْاِيْمَانِ۔
(حیاء ایمان کا جز ہے) کیونکہ شرم و غیرت کی وجہ سے ہی آدمی برے کاموں سے بچتا ہے اور اسی لئے کہا گیا ہے اِذَا لَمْ تَسْتَحْيِ فَاصْنَعْ مَا شِئْتَ (جب حیا نہ کرے تو جو چاہے کر۔

خ

۴۹۶۔ اِمَّا خَبَبْتَ وَاِمَّا بَرَكْتَ (یا تیز دوڑی یا بیٹھ ہی گئی)
الخبب: تیز دوڑنا یا خیر کی انتہا یا شر کی انتہا۔

۴۹۷۔ اَخْبَرْتُهٗ بِعُجَرِيْ وَبُجَرِيْ۔
(میں نے اس کو اپنے تمام رازوں کی خبر دے دی) عُجَر: پیچ در پیچ رگیں۔ بُجَر: پیٹ کی تمام گرہ دار رگیں۔ یعنی اپنے عیب و خراب سب بتا دیئے۔

۴۹۸۔ تُخَبِّرُ عَنْ مَجْهُوْلِهٖ مَرْاٰتُهٗ۔ (اس کا ظاہر منظر ان جاننے کی خبر دے رہا ہے) ظاہر باطن کی شہادت دیتا ہے۔

۴۹۹۔ يُخْبِرُكَ اَدْنَى الْاَرْضِ عَنْ اَقْصَاهَا (زمین کا ابتدائی حصہ اس کے انتہائی حصے کی خبر دے رہا ہے)۔

۵۰۰۔ لَيْسَ الْخَبَرُ كَالْمُعَايَنَةِ۔
(خبر آنکھوں دیکھے کی طرح نہیں ہوتی) "شنیدہ کے مانند دیدہ"

۵۰۱۔ عَلَى الْخَبِيْرِ سَقَطْتُ۔ (جاننے والے ہی کے پاس پہنچے ہو یعنی اسی سے پوچھا ہے جو جانتا ہے)

۵۰۲۔ يَخْبِطُ خَبْطَ عَشْوَاءِ (اندھی اونٹنی کی طرح روندتا ہے)۔ عشواء: کمزور نظر اونٹنی، جو ہر چیز کو روند ڈالتی ہے۔ اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو بے سوچے سمجھے کسی کام میں پڑ جائے یا کسی کام کی ذمہ داری لے اور اس کے انجام کا انتظام نہ کرے۔

۵۰۳۔ اَخْبَطُ مِنْ حَاطِبِ اللَّيْلِ
رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے سے زیادہ گڑبڑ کرنے والا) ضروری اور غیر ضروری اشیاء کو جمع کرنے والا۔

۵۰۴۔ اَخْتَلُ مِنَ الذِّئْبِ
(بھیڑیئے سے زیادہ دھوکے باز) ختل: دھوکہ دینا

۵۰۵۔ مَنْ خَدَمَ الرِّجَالَ خُدِمَ۔
(جس نے لوگوں کی خدمت کی اس کی خدمت کی گئی) خدمت سے خدمت ہے یا "خدمت سے عظمت ہے"۔

۵۰۶۔ اَلْخَاذِلُ اَخُو الْقَاتِلِ۔
(رسوا کرنے والا قاتل کا بھائی ہے گویا قاتل ہی ہے

۵۰۷۔ تُخْرِجُ الْمِقْدَحَةُ مَا فِيْ قَعْرِ الْبُرْمَةِ
(چمچہ وہی نکالتا ہے جو ہنڈیا کے پیندے میں ہوتا ہے مِقدَحَۃ۔ ڈوئی یا چمچہ اور برمۃ: پتھر کی ہانڈی۔

۵۰۸۔ قَدْ يُخْرِجُ مِنَ الصَّدَفِ غَيْرُ الدُّرِّ
(کبھی سیپ سے موتی کے سوا کچھ اور بھی نکل آتا ہے)

۵۰۹۔ لَا تَخْرُجُ النَّفْسُ مِنَ الْاَمَلِ حَتّٰى تَدْخُلَ فِي الْاَجَلِ
(نفس امیدوں کے پھندے سے نہیں نکلتا جب تک موت کی حد میں نہ داخل ہو جائے)

۵۱۰۔ دُوْنَهٗ خَرْطُ الْقَتَادِ۔
(اس سے آسان تو قتاد کے کانٹوں کو سونتنا ہے۔) خرط: یعنی سخت مشکل ہاتھ سے پتے سونتنا۔ قتاد: ایک خاردار درخت ہے۔

۵۱۱۔ اَلْخَرُوْفُ يَتَقَلَّبُ عَلَى الصُّوْفِ
(بھیڑ کا بچہ اون پر کروٹیں لیتا ہے) خروف: خرگوش یا بھیڑ کا بچہ بے فکرے اور آرام سے بسر کرنے والے آدمی کے لئے کہتے ہیں۔

۵۱۲۔ اَخْرَقُ مِنْ نَاقِضَةِ الْغَزْلِ۔
(سوت توڑنے والی سے زیادہ احمق۔ ناقضۃ الغزل (سوت کو توڑنے والی) قریش کی ایک عورت جو خادم لونڈیوں کے ساتھ مل کر سوت کاتا کرتی تھی پھر خود ہی کاتے ہوئے سوت کو توڑ دیتی تھی۔

۵۱۳۔ خَرْقَاءُ ذَاتُ نِيْقَةٍ
(بھوہڑ، بے تمیز، سنگھار کرنے والی) خرقاء: وہ عورت جو کام کو اچھی طرح نہیں کر سکتی۔ نیقۃ: تنوّق سے فِعلۃ کے وزن پر نوع ہے۔ تنوّق: کام میں ہوشیاری دکھانا

۵۱۴۔ خَرْقَاءُ عَيَّابَةٌ (بھوہڑ عیب نکالنے والی خود نہیں جانتی مگر دوسروں کے کام میں عیب نکالتی ہے۔

۵۱۵- اَخْسَرُ مِنَ الْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ
(مٹھی سے پانی پکڑنے والے سے زیادہ نقصان اٹھانے والا)۔

۵۱۶- مَنْ خَشِيَ الذِّئْبَ اَعَدَّ كَلْبًا
(جو شخص بھیڑیئے سے ڈرے اس کو کتا تیار کرنا چاہیئے) جو بھیڑیئے کا شکار کر سکے۔ دشمنوں کے لئے تیاری کرنے کی ترغیب کے لئے کہا جاتا ہے۔

۵۱۷- لَا تُخَاصِمْ مَنْ اِذَا قَالَ فَعَلَ
(اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو کہے تو کر گذرے)

۵۱۸- اِيَّاكُمْ وَخَضْرَاءَ الدِّمَنِ۔
(کوڑی پر اگی ہوئی سبزی سے بچو) جو زیادہ شاداب ہوتی ہے مگر غلاظت پر اگنے کی وجہ سے بدبودار ہوتی ہے یعنی ایسے ظاہری حسن سے جس کا باطن خراب ہو بچنا چاہیئے

۵۱۹- اَلْخَطَا زَادُ الْعَجُوْلِ
(خطا جلد بازی کی راہ ہے) زادِ راہ کی طرح غلطیاں ساتھ لے کر چلتا ہے۔

۵۲۰- مَعَ الْخَوَاطِئِ سَهْمٌ صَائِبٌ۔
(خطا کرنے والے تیروں کے ساتھ نشانہ پر بیٹھنے والا تیر بھی ہوتا ہے) ایسا اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو بہت مرتبہ غلطی کرنے کے بعد ایک مرتبہ ٹھیک کام کر جائے۔ خواطئ وہ تیر جو نشانہ سے خطا کریں۔

۵۲۱- مَنْ خَطَبَ الْحَسْنَاءَ يُعْطِيْ مَهْرَهَا۔
(جو کسی حسینہ کو منگنی کا پیغام بھیجے گا اس کا مہر بھی ادا کرے گا)

۵۲۲- اَخْطَبُ مِنْ سَحْبَانِ وَائِلٍ
سحبان ابن وائل سے زیادہ خطیب) سحبان قبیلہ باہلہ کا نہایت بلند فصیح و بلیغ شاعر اور خطیب تھا۔

۵۲۳- لِكُلِّ خِطَابٍ جَوَابٌ
(ہر بات سوال) کا جواب ہوتا ہے)۔

۵۲۴- لَيْسَ الْمُخَاطِرُ مَحْمُوْدًا وَلَوْ سَلِمَ (خطرہ میں کود پڑنے والا قابلِ تعریف نہیں ہوتا۔ چاہے وہ بچ ہی جائے۔

۵۲۵- خَفَّتْ نَعَامَتُهُمْ (ان کا شتر مرغ ہلکا ہوگیا اور جلد کوچ کر گیا) خففت کی جگہ شالت بھی منقول ہے۔ کوئی بھی گروہ کسی چشمہ یا پڑاؤ سے کوچ کر جائے تو یہ جملہ کہا جاتا ہے۔ نعامۃ، شتر مرغ ہلکا پھلکا ہونے اور تیز رفتاری کے لئے مشہور ہے اور بعض نے کہا ہے کہ نعامۃ بمعنی جماعت قوم ہے۔

۵۲۶- خَفِّفْ طَعَامَكَ تَأْمَنْ سَقَامَكَ
(ہلکا پھلکا کھاؤ تاکہ بیماریوں سے محفوظ رہو)۔

۵۲۷- اَخَفُّ حِلْمًا مِنْ عُصْفُوْرٍ (چڑیا سے بھی زیادہ جلد طیش میں آجانے والا) عقل کی کمی اور طیش کے لئے چڑیا کی مثال دی جاتی ہے چڑیا ہوتا بھی غضبناک ہے۔

۵۲۸- اَخَفُّ مِنْ يَرَاعَةٍ
(نرسل سے زیادہ ہلکا) یراعۃ نرکل سنٹے

۵۲۹- اَخَفُّ مِنْ رِيْشَةٍ۔ (پر سے زیادہ ہلکا)

۵۳۰- اَخَفُّ مِنَ النَّسِيْمِ۔ (بادِ نسیم سے زیادہ ہلکا)

۵۳۱- اَخَفُّ مِنَ الْهَبَاءِ۔ (غبار سے زیادہ ہلکا)

۵۳۲- وَهَلْ يَخْفَى عَلَى النَّاسِ الْقَمَرُ۔
(کیا لوگوں پر چاند بھی مخفی رہتا ہے) ایسے معاملے یا خوبی کے لئے کہا جاتا ہے جو چھپ نہ سکے۔

۵۳۳- مَا عِنْدَهُ خَلٌّ وَلَا خَمْرٌ
(نہ اس کے پاس سرکہ ہے نہ شراب) یعنی خیر ہے نہ شر

۵۳۴- مَا اَنْتَ بِخَلٍّ وَلَا خَمْرٍ (تیرے پاس تو سرکہ ہے نہ شراب)

۵۳۵- اَلْخَلَّةُ تَدْعُوْا اِلَى السَّلَّةِ (فقر چوری کی طرف بلاتا ہے)
خلۃ، فقر و حاجت اور سلۃ: چوری کو کہتے ہیں۔

۵۳۶- تَخَلَّصَتْ قَائِبَةٌ مِنْ قُوْبٍ (انڈا چوزہ سے نجات پا چکا ہے) قائبۃ انڈا اور قوب چوزا یعنی سے چھٹکارا پا جانے پر بولتے ہیں۔ بنو اسد کے ایک بدوی نے کسی تاجر کی حفاظت کی ذمہ داری لیتے ہوئے کہا جب میں تجھے فلاں مقام تک پہنچا دوں گا بحیثیت قائبۃ من قوب مراد یہ کہ میں تیری ذمہ داری سے بری ہو جاؤں گا۔

۵۳۷- اِخْتَلَطَ الْحَابِلُ بِالنَّابِلِ۔ (جال والا تیر والے کے ساتھ مخلوط ہوگیا) حابل، جال والا۔ نابل، تیر والا۔ شکار کے یہ دونوں طریقے ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ دونوں ساتھ ساتھ اختیار

کے جائیں تو پھر کوئی شکار ہاتھ نہیں آتا۔ یہ مثل اس وقت کہی جاتی ہے کہ جب کوئی معاملہ اس طرح گڑبڑ ہو جائے کہ اس کی کوئی تدبیر سمجھ میں نہ آئے۔

۵۳۸۔ اِخْتَلَطَ الْمَرْعِيُّ بِالْهَمَلِ

(چرایا ہوا اور آزاد اونٹ مخلوط ہو گئے) "مَرْعِیّ": وہ اونٹ جس کو چرایا جائے۔ "هَمَل" وہ اونٹ جس کو چرواہے کے بغیر آزاد چھوڑ دیا جائے۔

۵۳۹۔ اِخْتَلَطَ الْخَاثِرُ بِالزُّبَادِ (گاڑھا دودھ خراب دودھ کے ساتھ مل گیا) یہ مثلیں ایسے لوگوں کے لیے دی جاتی ہیں جن کا معاملہ گڑبڑ میں پڑ جائے۔

۵۴۰۔ خَالِفْ نَفْسَكَ تَسْتَرِحْ۔

(اپنے نفس کی مخالفت کر تاکہ راحت پاؤ)۔

۵۴۱۔ خَالِفْ هَوَاكَ تَرْشُدْ۔

(اپنی خواہش کے خلاف کر تاکہ ہدایت پاؤ)۔

۵۴۲۔ خَالِفْ تُذْكَرْ (مخالفت کرو تاکہ تمہارا ذکر کیا جائے)

۵۴۳۔ اَخْلَفُ مِنْ عُرْقُوبٍ (عرقوب سے زیادہ وعدہ خلاف) عرقوب عمالقہ میں سے ایک شخص کا نام ہے جو اپنے بھائی کا سوال پورا کرنے کو یکے بعد دیگرے کھجوروں کے پھوٹنے، کھجوروں کے ادھ کچرے ہونے، گدرانے، پکنے اور پھر خشک ہونے اور چھوارے بن جانے کے اوقات تک ٹلاتا رہا اور آخر میں سب چھوارے لے گیا اور بھائی کو کچھ نہ دیا۔ اسی وجہ سے وعدہ خلافی میں یہ ضرب المثل ہو گیا۔

۵۴۴۔ اَخْلَفُ مِنْ نَارِ الْحُبَاحِبِ (جگنو کی آگ سے زیادہ وعدہ خلاف) جو نہ سلگتی ہے اور نہ روشنی دیتی ہے۔

۵۴۵۔ خَلَقَ اللّٰهُ لِلْحَرْبِ رِجَالًا

(اللہ تعالیٰ نے لڑائی کے لیے مرد ہی مرد پیدا کیے ہیں)۔

۵۴۶۔ خَلَا لَكِ الْجَوُّ فَبِيضِي وَاصْفِرِي

(تیرے لیے میدان خالی ہو گیا۔ اب انڈے دے اور چہچہا) طرفہ بن عبد الشاعر کا قول ہے اس نے چنڈول کے شکار کے لیے جال لگایا اور تمام دن انتظار کیا۔ آخر اپنا جال لے کر چل دیا تو دیکھا کہ چنڈول اس کے ڈالے ہوئے دانے چگ رہے تھے اس وقت طرفہ نے کہا: يَا لَكِ مِنْ قُبَّرَةٍ بِمَعْمَرٍ خَلَا لَكِ الْجَوُّ فَبِيضِي وَاصْفِرِي۔ جب کسی مقصد کی راہ کے خطرات اور مشکلات دور ہو جائیں تو کہا جاتا ہے۔

۵۴۷۔ لَا يَخْلُو الْمَرْءُ مِنْ وَدُودٍ يَمْدَحُ وَعَدُوٍّ يَقْدَحُ

(کوئی شخص بھی ایسا نہیں جو کسی تعریف کرنے والے دوست اور برائی کرنے والے دشمن سے خالی ہو)۔

۵۴۸۔ خَلِّ مَنْ قَلَّ خَيْرُهُ لَكَ فِي النَّاسِ غَيْرُهُ

(اس شخص کو چھوڑ دو جس میں بھلائی کم ہو یا نہ ہو لوگوں میں تمہیں اس کے علاوہ اور مل جائیں گے)۔

۵۴۹۔ خَلِّ الْحِسَابَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ۔

(حساب کو روز حساب کے لئے چھوڑ دو)۔

۵۵۰۔ خَلَاؤُكَ اَقْنٰى لِحَيَائِكَ

(تنہائی تیری حیا کی زیادہ محافظ ہے) تنہائی میں دوسرے سے معاملہ ہی نہیں ہوتا جو بے شرمی کا سوال ہے۔ اسی معنی میں "السلامۃ فی الوحدۃ" بھی کہا جاتا ہے۔

۵۵۱۔ مَنْ لَا يَخَافُ اَحَدًا لَا يَخَافُهُ اَحَدٌ۔

(جو کسی سے نہیں ڈرتا اس سے کوئی نہیں ڈرتا)۔

۵۵۲۔ مَنْ خَانَ هَانَ (جس نے خیانت کی ذلیل ہوا)۔

۵۵۳۔ رُبَّمَا خَانَ النَّصِيحُ الْمُؤْتَمَنُ۔

(کبھی امانت دار خیر خواہ بھی خیانت کر جاتا ہے)۔

اَخْيَبُ مِنْ قَابِضٍ عَلَى الْمَاءِ

(پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے سے زیادہ ناکام)۔

۵۵۴۔ اَخْيَبُ مِنْ حُنَيْنٍ۔

(حنین سے زیادہ ناکام) حرف "ر" میں رجع دیکھو۔ لو خُيِّرْتِ

۵۵۵۔ لَاخْتَرْتِ (اگر تجھے اختیار دیا جاتا تو اختیار کر لیتی) اختیار نہیں اس لیے بجز تسلیم کوئی چارہ نہیں۔

۵۵۶۔ خَيْرُ الْاُمُوْرِ اَوْسَاطُهَا

(معاملات میں میانہ روی بہترین چیز ہے)

۵۵۷۔ خَيْرُ الْاُمُوْرِ مَا اَسْعَدَكَ فِي دَارَيْكَ

(بہترین کام وہ ہے جو تمہیں دونوں جہان میں نیک بخت بناتا ہے)

۵۵۸۔ خَيْرُ الْاُمُوْرِ اَحْمَدُهَا مَغَبَّةً۔

(بہترین کام وہ ہے جس کی انجام میں تعریف کی جائے) مُغَبَّۃٌ: عاقبت انجام کو کہتے ہیں اسی معنی اَلْاَعْمَالُ بِخَوَاتِیْمِہَا استعمال ہوتا ہے۔

۵۵۹ - خَیْرَ اَنَاءَیْتَ تَکْفِئِیْنَ۔
(تُو نے اپنے بہترین کو الٹ رہی ہے یعنی مستحق محروم اور غیر مستحق فیضیاب ہو رہے ہیں۔

۵۶۰ - کَفَاءُ الْاِنَاءِ۔
(برتن کو اوندھا کرنا) ایسے موقعے پر بولتے ہیں۔

۵۶۱ - خَیْرُ اَھْلِکَ مَنْ کَفَاکَ۔
(تیرا بہترین رشتہ دار وہ ہے جو تیرے لئے کافی ہو جائے۔

۵۶۲ - خَیْرُ الْبُیُوْعِ نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ۔
(بہترین خرید و فروخت نقد ہے)

۵۶۳ - خَیْرَ حَالِبَیْکِ تَنْطَحِیْنَا۔
(اپنے بہترین دودھ دینے والے کو سینگ مارتی ہے) ایک بکری کو دو آدمی دوہتے تھے۔ نرمی سے دوہنے والے کو وہ سینگ مارتی تھی اور دوسرے کو وہ کچھ نہیں کہتی تھی۔ یہ مثل ایسے شخص کے لئے استعمال کی جاتی ہے جو اپنے خوش معاملہ لوگوں سے برائی کرے۔

۵۶۴ - خَیْرُ الْخِلَالِ حِفْظُ اللِّسَانِ
(بہترین خصلت زبان کی حفاظت کرنا ہے)

۵۶۵ - خَیْرُ سِلَاحِ الْمَرْءِ مَا وَقَاہُ۔
(آدمی کا بہترین ہتھیار وہ ہے جو اس کو بچائے) یعنی جو بھی وقت پر کام کر جائے۔

۵۶۶ - خَیْرُ الْاَصْحَابِ مَنْ دَلَّکَ عَلَی الْخَیْرِ۔
(بہترین ساتھی وہ ہے جو خیر کی طرف تیری رہنمائی کرے)

۵۶۷ - خَیْرُ الْعَفْوِ مَا کَانَ عِنْدَ الْمَقْدِرَۃِ
(بہترین معافی وہ ہے جو قدرت حاصل ہونے کے وقت دی جائے)

۵۶۸ - خَیْرُ الْعِلْمِ مَا حَضَرَکَ۔
(بہترین علم وہ ہے جو ضرورت کے وقت مستحضر ہو جائے)

۵۶۹ - خَیْرُ الْغِنَی الْقُنُوْعُ (بہترین مالداری قناعت ہے)

۵۷۰ - خَیْرُ الْکَلَامِ مَا قَلَّ وَدَلَّ
(بہترین کلام وہ ہے جو مختصر اور مراد کو ظاہر کرنے والا ہو)

۵۷۱ - خَیْرُ الْمَالِ مَا نَفَعَ۔ (بہترین مال وہ ہے جو نفع پہنچائے) اسی کے ہم معنی مقولہ ہے لَمْ یَضِعْ مِنْ مَالِکَ مَا وَعَظَکَ (تیرا وہ مال ضائع نہیں ہوا جس نے تیری خیر خواہی کی)

۵۷۲ - خَیْرٌ مِنَ الْخَیْرِ فَاعِلُہٗ (اچھوں میں اچھا وہ جو اچھے کام کرے)

۵۷۳ - خَیْرُ النَّاسِ مَنْ فَرِحَ لِلنَّاسِ بِالْخَیْرِ۔
(بہترین شخص وہ ہے جو لوگوں کی بھلائی سے خوش ہو)

۵۷۴ - خَیْرُ الْوَعْظِ مَا دَعَ۔
(بہترین نصیحت وہ ہے جو برائی سے باز رکھے)

۵۷۵ - اَلْخَیْرُ اَبْقٰی وَاِنْ طَالَ الزَّمَانُ بِہٖ
(بہترین علم وہ ہے جو وقت پر حاضر کر سکے)

۵۷۶ - اِنَّ خَیْرَ الْفِقْہِ مَا حَضَرَ بِہٖ (بہترین علم وہ ہے جو تو وقت پر حاضر کر سکے)
لَا خَیْرَ فِیْ اَرَبِ الْقَائِلِ فِیْ لَھَبٍ
(اس مقصد میں کوئی خیر نہیں جو تجھے شعلوں میں ڈال دے)

۵۷۷ - لَا خَیْرَ فِی السَّرَفِ وَلَا سَرَفَ فِی الْخَیْرِ۔
(اسراف میں کوئی بھلائی نہیں اور بھلائی میں اسراف نہیں) یعنی بھلائی زیادہ بھی ہو تو اسراف میں شمار نہیں ہوتی۔

۵۷۸ - لَا خَیْرَ فِیْ وُدٍّ یَکُوْنُ بِشَافِعٍ
(ایسی محبت میں کوئی خیر نہیں جو کسی سفارش کرنے والے کے ذریعہ ہو)

۵۷۹ - اَلْخَیْلُ تَجْرِیْ عَلٰی مَسَاوِیْہَا (گھوڑا اپنے عیبوں کے باوجود چلتا ہی ہے) یعنی شرافت اصلی اس کو چلنے پر اور دوڑنے پر مجبور کرتی ہی ہے۔ اسی طرح شریف الاصل آدمی تنگی اور مشقت کے باوجود اپنے کرم کا اظہار کرتا ہے۔

۵۸۰ - اَلْخَیْلُ اَعْلَمُ بِفُرْسَانِہَا۔
(گھوڑے اپنے سواروں کو خوب جانتے ہیں) مطلب یہ کہ معاملہ شناس آدمی کو اختیار کرو۔

۵۸۱ - اَخْیَلُ مِنْ غُرَابٍ (کوّے سے زیادہ اترانے والا) کوّا بڑے انداز سے چلتا ہے۔

۵۸۲ - اَخْیَلُ مِنْ دِیْکٍ (مرغ سے زیادہ ناز دکھانے والا)

د

۵۸۳ - دَاْمَاءُ لَا یُقْطَعُ بِالْاَمَارَاتِ (سمندر کو دلیل کے ذریعے طے نہیں

کیا جاسکتا) دَآمَادٌ - سمندر، اَرْمَاثٌ - جمع رَمْثٌ - جھیل یا دریا میں شکار لکڑیوں کا بنا ہوا بیڑہ۔

۵۸۶- اَدْبَرَ غَرِیْرُهٗ وَاَقْبَلَ هَرِیْرُهٗ (اس کی اچھی عادت نے پیٹھ پھیر لی اور بد خلقی سامنے آگئی) غَرِیْرٌ - اچھی عادت - ہَرِیْرٌ - کراہیت و بد خلقی یعنی پسندیدہ خصلت ختم ہوگئی اور بد خلقی آگئی۔

۵۸۷- اَلتَّدْبِیْرُ نِصْفُ الْمَعِیْشَةِ۔ (تدبیر آدھی روزی ہے)

۵۸۸- کَدَابِغَةٍ وَقَدْ حَلِمَ الْاَدِیْمُ۔
(کھال رنگنے والے کی طرح جب کہ کھال فاسد ہو چکی ہو)

۵۸۹ حَلِمَ الْجِلْدُ۔ (کھال خراب ہوگئی اور اس میں کیڑے پڑ کر سوراخ ہوگئے) اس شخص کے لئے بولا جاتا ہے جو کسی معاملے کی اصلاح کی اس وقت کوشش کرے جب وہ فساد کی وجہ سے ناقابل اصلاح ہو چکا ہو۔

۵۹۰- دَخَلَ فُضُوْلِیٌّ نَارًا فَقَالَ حَطَبٌ رَطْبٌ (فضولی خواہ مخواہ دخل دینے والا) آگ میں گھس گیا اور کہنے لگا کہ ایندھن گیلا ہے۔

۵۹۱- یُدْخِلُ شَعْبَانَ فِیْ رَمَضَانَ (شعبان کو رمضان میں داخل کرتا ہے) بے سروپا باتیں کرتا ہے۔

۵۹۲- لَاتَدْخُلْ بَیْنَ الْبَصَلَةِ وَقِشْرِهَا۔ (پیاز اور اس کے چھلکے کے درمیان مت گھسو (خواہ مخواہ مداخلت نہ کرو)

۵۹۳- لَاتَدْخُلَنَّ بَیْنَ الْعَصَا وَلِحَائِهَا۔ (ڈنڈے اور اس کی چھال کے درمیان ہرگز داخل نہ ہو) لِحَاءٌ - درخت یا لکڑی کی چھال یعنی دو دوستوں کے درمیان برائی کے ساتھ مت داخل ہو۔

۵۹۴- لِکُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ۔ (ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا بھی ہے)

۵۹۵- اَدِرَّهَا وَاِنْ اَبَتْ۔ (اس کو دوہ لو خواہ وہ انکار کرے) یہ مقولہ اس اونٹنی کے لئے کہا جاتا ہے جو بیانہ باندھے بغیر دودھ نہ دوہنے دے یعنی ضرورت یا بھلائی کو باصرار حاصل کرو۔

۵۹۶- دَرْءُ الْمَفَاسِدِ اَوْلٰی مِنْ جَلْبِ النِّعَمِ۔
(مفاسد کو دفع کرنا نعمتیں حاصل کرنے سے زیادہ بہتر ہے)۔

۵۹۷- یَنْدَسُّ فِیْ کُلِّ دَکِّهٖ (ہر گھونسلے میں گھس جاتا ہے) یعنی ہر معاملے میں دخل دیتا ہے اور ہر ایک کی ہاں میں ہاں ملاتا ہے۔

۵۹۸- اَلدَّرَاهِمُ مَرَاهِمُ (روپے مرہم کا کام کرتے ہیں)

۵۹۹- اَلدَّرَاهِمُ اَرْوَاحٌ تَسِیْلُ (روپے بہتی ہوئی روحیں ہیں)

۶۰۰- مَنْ کَذَبَ اِمْتَشَطَ بِمُشْطِ لِحْیَتِهٖ (جو شخص کنگھی سے نرمی نہ برتے گا وہ اپنی ہی داڑھی کے بال اکھاڑے گا)

۶۰۱- لَایُدْعٰی لِلْحُلُوِّ اِلَّا اَخُوْهَا
(بڑے معاملے کے لئے اس کا ماہر ہی بلایا جاتا ہے)

۶۰۲- اُدْعُ اِلٰی طِعَانِکَ مَنْ تَدْعُوْهُ اِلٰی جِفَانِکَ
(اپنی نیزہ بازی کے لئے اسی کو بلاؤ جس کو اپنے پیالے پر دعوت دیتے ہو)۔

۶۰۳- اِدْفَعِ الشَّرَّ بِعُوْدٍ اَوْ عَمُوْدٍ۔
(شر کو دفع کرو خواہ لکڑی سے یا لوہے کی سلاخ سے)

۶۰۴- اَدَقُّ مِنَ الْهَبَاءِ (غبار سے زیادہ باریک)

۶۰۵- اَدَقُّ مِنَ الْکُحْلِ۔ (سرمہ سے زیادہ باریک)

۶۰۶- اَدَقُّ مِنَ الدَّقِیْقِ (آٹے سے زیادہ باریک)

۶۰۷- اَدَقُّ مِنْ حَدِّ السَّیْفِ (تلوار کی دھار سے زیادہ باریک)

۶۰۸- دَلَّ عَلٰی عَاقِلٍ اِخْتِیَارُهٗ۔
(عقلمندی کا انتخاب عقلمندی کو ظاہر کر دیتا ہے)

۶۰۹- اَلدَّالُّ عَلَی الْخَیْرِ کَفَاعِلِهٖ۔
(نیکی بتانے والا نیکی کرنے والے کی طرح ہے)

۶۱۰- دَلِیْلُ عَقْلِ الْمَرْءِ فِعْلُهٗ وَدَلِیْلُ عِلْمِهٖ قَوْلُهٗ۔
(آدمی کی عقل کی دلیل اس کا عمل ہے اور اس کے علم کی دلیل اس کا قول ہے)

۶۱۱- لَیْسَ الدَّلْوُ اِلَّا بِالرِّشَاءِ (ڈول رسی کے بغیر کچھ نہیں) ڈول رسی کے بغیر بے کار رہتا ہے۔ اسی طرح آدمی کو قوت و ہمت اپنے رشتہ داروں ہی سے ہوتی ہے۔

۶۱۲- دَمِّثْ لِجَنْبِکَ قَبْلَ النَّوْمِ مُضْطَجَعًا
(لیٹ کر سونے سے پہلے اپنے پہلو کے لئے بستر نرم کر لو) تَدْمِیْثٌ نرم کرنا مطلب یہ ہے کہ حادثات کے نازل ہونے سے پہلے ہی تیار ہو۔

۶۱۳- دَمْعَةٌ مِنْ عَوْرَاءَ غَنِیْمَةٌ بَارِدَةٌ۔
(اندھی کی آنکھ سے ایک آنسو بھی بڑی غنیمت ہے)۔

۶۱۴- اَدْنَاُ مِنَ الشِّسْعِ۔
(تسمے سے زیادہ حقیر) شِسْعٌ جوتے (چپل) کا تسمہ

۶۱۵- کُلُّ دَنِیٍّ دُوْنَهٗ دَنِیٌّ۔
(ہر قریب سے ورے کوئی قریب موجود ہوتا ہے) دَنِیٌّ

بروزن فعیل دُنُوٌ سے مشتق ہے بمعنی قریب۔

۶۱۶۔ اَدْنیٰ مِنْ حَبْلِ الْوَرِیْدِ۔
(شہ رگ سے زیادہ قریب) حبل الورید۔ رگ گلو۔
(شہ رگ)

۶۱۷۔ دُنْیَاکَ مَا اَنْتَ فِیْہِ۔
(تیری دنیا وہ ہے جس میں تو موجود ہے)۔

۶۱۸۔ اَلدَّھْرُ یَوْمَانِ یَوْمٌ لَکَ وَیَوْمٌ عَلَیْکَ۔
(زمانہ کے دو دن ہیں۔ ایک دن تیرے نفع کا ہے اور
دوسرا تیرے ضرر کا۔

۶۱۹۔ لِکُلِّ دَھْرٍ رِجَالٌ۔ (ہر زمانہ کے لئے آدمی ہوتے ہیں)
پورا مقولہ یہ ہے لِکُلِّ مَقَامٍ مَقَالٌ وَلِکُلِّ دَھْرٍ رِجَالٌ
(ہر مقام کے لئے ایک کلام اور ہر زمانہ کے لئے کچھ لوگ ہوتے ہیں۔

۶۲۰۔ مَا الدَّھْرُ اِلَّا ھٰکَذَا فَاصْبِرْ لَہٗ (زمانہ ایسا ہی ہے لہٰذا
صبر کرو) "زمانہ کی رفتار ہی ایسی ہے"۔

۶۲۱۔ یَدْھُنُ مِنْ قَارُوْرَۃٍ فَارِغَۃٍ (خالی شیشی سے تیل مل
رہا ہے) اس شخص کے لئے کہا جاتا ہے جو معدوم سے خوش
کرنے کی کوشش کرے۔

۶۲۲۔ بِہٖ دَاءُ ظَبْیٍ۔ (اس کو ہرن کی بیماری ہے) یعنی کوئی
بیماری نہیں۔ اہل عرب کا خیال تھا کہ ہرن کبھی بیمار نہیں ہوتا ہے۔

۶۲۳۔ لِکُلِّ دَاءٍ دَوَاءٌ۔
(ہر مرض کی دوا ہوتی ہے) "ہر دکھ کا علاج موجود ہے"۔

۶۲۴۔ بَیْنَھُمْ دَاءُ الضَّرَائِرِ۔
(ان کے درمیان سوکنوں کی بیماری ہے) ضرائر۔ ضَرَّۃٌ کی جمع
ہے یعنی سوکن۔ سوکنوں کا حسد و دشمنی مشہور ہے۔

۶۲۵۔ دَوَاءُ الدَّھْرِ الصَّبْرُ عَلَیْہِ۔
(زمانہ کی سختیوں کا علاج صبر کرنا ہے)

۶۲۶۔ اِنَّ دَوَاءَ الشَّقِّ اَنْ تَحُوْصَہٗ۔ (پھٹنے کی دوا ٹانکنا ہے)

۶۲۷۔ نِعْمَ الدَّوَاءُ الشَّقِّ اَنْ تَحُوْ (بہترین دوا پرہیز
ہے۔ اَلْاَزْمُ یعنی پرہیز کرنا کھانے سے باز رہنا۔

۶۲۸۔ اَنَا دُوْنَ ھٰذَا وَفَوْقَ مَا فِیْ نَفْسِکَ۔
(میں اس سے تو کم ہوں مگر تیرے دل کی بات سے اوپر ہوں)

منافقانہ تعریف کرنے والے کے لئے بولتے ہیں۔

۶۲۹۔ کَمَا تَدِیْنُ تُدَانُ۔
(جیسا بدلہ دوگے ایسا ہی بدلہ دیا جائے گا)۔

۶۳۰۔ اَلدِّیْنُ النَّصِیْحَۃُ۔ (دین خیرخواہی کا نام ہے) نَصَحَ کے
معنی سینا اور جوڑنا ہیں۔ لہٰذا نصیحت کے معنی ہیں لوگوں
کو باہم درست کرنا اور ان کو جدا کرنے والی چیزوں کو
دور کرنا)

۶۳۱۔ اَلدِّیْنُ مِیْسَمُ الْکِرَامِ
(مکافات و جزا شریفوں کی علامت ہے)

ذ

۶۳۲۔ ذِئْبٌ اِسْتَنْعَجَ
(بھیڑیا بھیڑ بن گیا ہے) اِسْتَنْعَجَ یعنی صار نعجۃ۔ بھیڑ بن گیا)

۶۳۳۔ اَلذِّئْبُ خَالِیًا اَسَدٌ (بھیڑیا خالی میدان میں
شیر ہوتا ہے) جب بھیڑیا انسان کو تنہا پاتا ہے۔ شیر کی
طرح حملہ کرتا ہے۔ اس لئے تنہا مت رہو۔ ایک مقولہ
ہے عَلَیْکَ بِالْجَمَاعَۃِ فَاِنَّ الذِّئْبَ اِنَّمَا یُصِیْبُ
الْقَاصِیَۃَ (جماعت کو پکڑے رہو کیونکہ بھیڑیا اس بکری کو پکڑتا
ہے جو گلے سے دور ہو۔ مضمون حدیث ہے۔

۶۳۴۔ مَنْ لَمْ یَکُنْ ذِئْبًا اَکَلَتْہُ الذِّئَابُ۔
(جو بھیڑیا نہ بنے گا اس کو بھیڑیئے کھا جائیں گے)۔

۶۳۵۔ مَا الذُّبَابُ وَمَا مَرَقَتُہٗ۔
(کیا مکھی اور کیا اس کا شوربا) "کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا"

۶۳۶۔ اَلذِّبَّانُ یَعْرِفُ وَجْہَ اللَّبَّانِ (مکھیاں دودھ والے کے چہرے
کو پہچانتی ہیں) ذِبَّانٌ ذُبَابٌ کی جمع ہے۔

۶۳۷۔ ذَخَائِرُ الرِّجَالِ اَوْلٰی مِنْ اِدِّخَارِ الْاَمْوَالِ (آدمیوں کا ذخیرہ
کرنا مال کے ذخیرہ کرنے سے بہتر ہے) نیکی اور احسان سے آدمیوں
کا ذخیرہ کرو۔ کوشش میں سستی نہ کرو۔

۶۳۸۔ ذُقْہُ تَغْتَبِطْ۔ (چکھ کر دیکھ پھر تو غبطہ کرے گا)
اس کی اصل یہ ہے کہ کچھ لوگ شراب پی رہے تھے۔ ایک الگ بیٹھا
تھا۔ پینے والوں نے کہا۔ تو بھی چکھ کر دیکھے گا تو ہمارے

لطف و نشاط پر رشک کرنے لگے گا۔

۶۳۹۔ ذَكَّرَتْنِي الطَّعْنَ وَكُنْتُ نَاسِيًا۔
(تو نے مجھے نیزہ یاد دلایا حالانکہ میں بھولا ہوا تھا) اس کا قصہ یہ ہے کہ ایک شخص نے دوسرے پر حملہ کیا جس شخص پر حملہ کیا گیا تھا وہ وحشت اور گھبراہٹ میں اپنے ہاتھ کا نیزہ بھول گیا تھا حملہ آور نے دھمکاتے ہوئے کہا کہ اپنے ہاتھ سے نیزہ پھینک دے اس دھمکی سے اس کو اپنا نیزہ یاد آ گیا۔ اس نے یہ جملہ کہا اور اپنے حملہ آور کو اپنے نیزہ سے ہلاک کر دیا۔

۶۴۰۔ اُذْكُرِ النِّعْمَةَ الَّتِي بِهَا عَلَيْكَ وَانْسَ النِّعْمَةَ الْجَدِيدَةَ لَكَ (اپنے اوپر پرانی نعمتوں کو یاد رکھو اور اپنے لئے نئی نعمتوں کو بھول جاؤ)۔ پرانی نعمتوں پر شکر کرو اور نئی آسائشوں کے لئے حریص نہ بنو۔

۶۴۱۔ اُذْكُرْ مَعَ كُلِّ نِعْمَةٍ زَوَالَهَا۔
(ہر نعمت کے ساتھ اس کے زوال کو بھی یاد کرو)۔

۶۴۲۔ اُذْكُرْ غَائِبًا يَقْتَرِبْ۔
(غائب کا ذکر کرو قریب ہو جائے گا)۔

۶۴۳۔ كُنْ ذَكُورًا إِذَا كُنْتَ كَذُوبًا (جھوٹا ہے تو یاد بھی رکھو) مشہور ہے "دروغ گو را حافظہ نباشد"۔

۶۴۴۔ ذَلَّ مَنْ لَا سَيْفَ لَهُ۔
(جس کے پاس تلوار نہیں وہ ذلیل ہو گیا)

۶۴۵۔ لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَيْهِ الثَّعَالِبُ
(وہ ذلیل ہو گیا جس پر لومڑیاں موت گئیں) ایک بدوی کسی بت کو پوجتا تھا۔ ایک دن اس نے ایک لومڑی کو اس بت پر پیشاب کرتے ہوئے دیکھ لیا۔ اس نے کہا ؎

اَرَبٌّ يَبُولُ الثُّعْلُبَانُ بِرَأْسِهِ
لَقَدْ ذَلَّ مَنْ بَالَتْ عَلَيْهِ الثَّعَالِبُ

(کیا وہ رب ہے جس کے سر پر لومڑیاں پیشاب کریں۔ جس پر لومڑیاں پیشاب کریں وہ ذلیل ہو گیا) ایسے ذلیل اور کمزور کے لئے کہتے ہیں جس کی کوئی امداد نہ کرے جیسے "اس پہ کتے موت گئے ہو"

۶۴۶۔ ذُلٌّ لَوْ أَجِدُ نَاصِرًا (بڑی ذلت ہے اگر مجھے مددگار مل جائے یعنی اس مہم کے لئے مدد کی جستجو کو ذلت سمجھتا ہوں۔

۶۴۷۔ أَذَلُّ مِنْ بَيْضَةِ الْبَلَدِ (شتر مرغ کے چھوڑے ہوئے انڈے سے زیادہ ذلیل) بَيْضَةُ الْبَلَدِ۔ وہ انڈا جس کو شتر مرغ بیابان میں چھوڑ دیتا ہے اور پھر اس کی طرف رجوع نہیں کرتا۔ بلد سے مراد یہاں وہ ریتلی جگہ ہے جہاں شتر مرغ انڈے دیتے ہیں یعنی کوئی اس کا پرسان حال نہیں۔

۶۴۸۔ أَذَلُّ مِنَ النَّقَدِ۔
(حقیر بکری سے زیادہ ذلیل) نَقَدٌ، بکری کی ایک جنس ہے جس کے پاؤں چھوٹے اور چہرے بدصورت ہوتے ہیں یہ جنس بحرین میں پائی جاتی ہے۔ اس کا واحد نَقَدَةٌ ہے۔

۶۴۹۔ أَذَلُّ مِنْ وَتِدٍ۔
(میخ سے زیادہ ذلیل) کیوں کہ میخ کو ہمیشہ ٹھوکا پیٹا جاتا ہے

۶۵۰۔ أَذَلُّ مِنَ النَّعْلِ (جوتے سے زیادہ ذلیل)

۶۵۱۔ أَذَلُّ مِنَ الشِّسْعِ (تسمہ سے زیادہ ذلیل)

۶۵۲۔ أَذَلُّ مِنَ الْبِسَاطِ (فرش سے زیادہ ذلیل) کیونکہ فرش ہمیشہ پاؤں میں روندا جاتا ہے)۔

۶۵۳۔ أَذَلُّ النَّاسِ مُعْتَذِرٌ إِلَى لَئِيمٍ
(سب سے زیادہ ذلیل وہ ہے جو کمینے سے معذرت طلب کرے)

۶۵۴۔ إِنَّ الذَّلِيلَ الَّذِي لَيْسَتْ لَهُ عَضُدٌ۔
(ذلیل وہ ہے جس کا بازو نہ ہو (مددگار نہ ہو)

۶۵۵۔ إِنَّ الذَّلِيلَ مَنْ ذَلَّ فِي سُلْطَانِهِ
(در حقیقت ذلیل وہ ہے جو اپنے اقتدار کی جگہ میں ذلیل ہو جائے)۔

۶۵۶۔ لَا ذَنْبَ لِي قَدْ قُلْتُ لِقَوْمٍ اسْتَقُوا
(میرا کوئی گناہ نہیں۔ میں نے قوم سے کہہ دیا ہے کہ پانی لے لو) جب نصیحت نہ سنی جائے تو معاملہ سے برأت ظاہر کرنے کے لئے کہا جاتا ہے۔

۶۵۷۔ مَا ذَنْبِي يَدَاكَ أَوْكَتَا وَفُوكَ نَفَخَ۔
(میرا کوئی قصور نہیں، تیرے ہاتھوں نے اس کا منہ باندھا ہے اور تیرے ہی منہ نے پھونک بھری ہے) أَوْكَى رَأْسَ السِّقَاءِ: مشکیزہ کا منہ باندھا، کچھ لوگوں نے ایک خلیج پار کرنے کے لئے اپنے اپنے مشکیزوں میں پھونک بھری۔ ایک شخص کی مشک میں پھونک کم تھی اور مشک کا منہ ڈھیلا تھا۔ راستہ میں مشک کی

پھونک نکل گئی۔ جو وہ بڑا لگا تو عاقمہ کو مدد کے لئے پکارا اس نے جواب میں یہ فقرہ کہا جو مثل بن گیا۔

۶۵۸۔ ذَهَبَ أَمْسِ بِمَا فِيهِ
(کل اپنے حالات کے ساتھ گزر چکی)

۶۵۹۔ ذَهَبَ الْحِمَارُ يَطْلُبُ قَرْنَيْنِ فَعَادَ مَصْلُومَ الْأُذُنَيْنِ (گدھا سینگ لینے گیا تھا، کان کٹوا کے لوٹا) اس شخص کے لئے کہتے ہیں جو فائدے کے لالچ میں اپنا سرمایہ بھی کھو بیٹھے۔

۶۶۰۔ ذَهَبَ دَمُهُ دَرَجَ الرِّيَاحِ أَوْ أَدْرَاجَ الرِّيَاحِ
(اس کا خون ہوا کے رستے گیا) یعنی رائیگاں کہ اس کے قصاص کا کوئی طلب گار نہ ہوا۔ اَدْرَاجٌ جمع دَرَجٌ یعنی ہوا کی گزرگاہ۔

۶۶۱۔ ذَهَبَ بَيْنَ الصَّحْوَةِ وَالسَّكْرَةِ۔
(وہ ہوش اور مدہوشی کے درمیان گیا) یعنی ایسی حالت میں کہ کچھ شعور تھا اور کچھ نہ تھا۔

۶۶۲۔ ذَهَبَ فِي السُّمَّهِي (وہ فضا میں چلا گیا۔ سُمَّہی۔ زمین و آسمان کے درمیان کی فضا مراد یہ ہے کہ بے کار ہو گیا۔ ہوا اڑا لے گئی۔ اسی طرح کہا جاتا ہے۔ ذَهَبَتْ إِبِلُهُ السُّمَّهِي اس کے اونٹ ہر طرف متفرق ہو گئے) جَرَىٰ فُلَانٌ السُّمَّهِي (فلاں ایسے کام میں گیا جس کو وہ نہیں جانتا)

۶۶۳۔ ذَهَبَتْ هَيْفٌ لِأَدْيَانِهَا۔
(گرم ہوا اپنی عادت کے مطابق چلی) جب آدمی اپنے حال میں مشغول ہو یا اپنی عادت کے مطابق کام کرے۔ ہَیْفٌ۔ وہ گرم ہو جو نباتات کو خشک کر دیتی ہے اور حیوانات کو پیاس لگاتی ہے —— اَدْیَانٌ یعنی عادت یعنی ہر آدمی کے اپنے حال میں معروف ہونے کے وقت یا اپنی عادت کو لازم پکڑنے کے وقت بولتے ہیں۔

۶۶۴۔ إِنْ ذَهَبَ عَيْرٌ فَعَيْرٌ۔
(ایک گورخر نکل گیا تو ایک تو جال میں موجود ہے) جو ہو گیا سو ہو گیا اسی پر قناعت کر دیکھو۔ یہاں بھی گورخر اور ذیابا کو یعنی شکاری کا حال ہے۔

۶۶۵۔ ذَهَبُوا تَحْتَ كُلِّ كَوْكَبٍ۔ (ہر ستارہ کے نیچے گئے)

ان لوگوں کے لئے کہتے ہیں جن کے سفر کے راستے مختلف اور متضاد ہوں۔

۶۶۶۔ ذَهَبُوا أَوْ تَفَرَّقُوا أَيْدِي سَبَا أَوْ أَيَادِي سَبَا
(وہ اہل سبا کی طرح چلے گئے یا منتشر ہو گئے) یعنی ایسے منتشر ہوئے کہ پھر اجتماع ہی نہ ہوا یہ مثل قصہ طلب ہے۔ سَبا کے باشندوں کو سیلاب عرم سے ڈرایا گیا تو وہ یمن سے نکل گئے اور جس کا جدھر منہ اٹھا چلا گیا۔ اَیْدِی یا اَیَادِی سے مراد نفوس ہیں۔ بعض نے کہا ہے کہ اَیْدِی کے معنی راستے ہیں یعنی ان کو راستوں نے ایسا متفرق کیا جیسے اہل سبا مختلف راستوں سے متفرق ہو گئے تھے۔

۶۶۷۔ يَذْهَبُ الْعُرْفُ بَيْنَ اللَّهِ وَالنَّاسِ۔
(احسان خدا اور بندہ کے درمیان چلتا ہے) یہ مثال حطیئہ کے شعر کا آخری مصرعہ ہے۔ مصرع اول یہ ہے:

۶۶۸۔ وَمَنْ يَفْعَلِ الْعُرْفَ لَا يَعْدَمْ جَوَازِيَهُ (جو احسان کرتا ہے اس کا احسان نہیں مٹتا) لَمْ يَذْهَبْ مِنْ مَالِكَ مَا وَعَظَكَ۔ (تیرے مال سے وہ حصہ ضائع نہیں ہوا جس نے تیری خواہی کی)

۶۶۹۔ اِذْهَبْ إِلَى حَيْثُ أَلْقَتْ رَحْلَهَا أُمُّ قَشْعَمٍ
(وہاں جا جہاں ام قشعم نے اپنا کجاوہ ڈالا تھا) ام قشعم ایک اونٹنی کا نام ہے جس نے اپنا کجاوہ آگ میں پھینک دیا تھا۔ اسی وقت سے یہ ضرب المثل بن گئی۔

۶۷۰۔ وَمَنْ لَمْ يَذُدْ عَنْ حَوْضِهِ يُهَدَّمْ۔
(یعنی جو شخص اپنے تالاب کی مدافعت نہیں کرتا وہ منہدم ہو جاتا ہے یعنی جو شخص اپنے حقوق کا دفاع نہ کرے گا اس پر ظلم کیا جائے گا۔ اور اس کے حقوق ضائع ہو جائیں گے۔

۶۷۱۔ كُلُّ ذَاتِ ذَيْلٍ تَخْتَالُ (ہر دامن والی ناز و ادا سے چلتی ہے) دولت مند اپنے مال و نعمت پر فخر و ناز کرتا ہے۔

رٓ

۶۷۲۔ رَأْسُ الدِّينِ صِحَّةُ الْيَقِينِ۔
(اصل دین یقین کا صحیح ہونا ہے)

٦٧٣۔ كُلُّ رَأْسٍ بِهِ صُدَاعٌ

(ہر سر میں درد ہوتا ہے۔ ہر سر میں کوئی سودا ہے)

٦٧٤۔ رُبَّ رَأْسٍ حَصِيدُ لِسَانٍ

(بہت سے سر زبان کے کاٹے ہوئے ہیں۔ حَصِيدٌ بمعنی مَحْصُودٌ ہے۔

٦٧٥۔ كَأَنَّ عَلَى رُؤُوسِهِمُ الطَّيْرَ۔

(گویا ان کے سروں پر پرندے بیٹھے ہوئے ہیں) ساکن و صامت جیسے پرندوں کا شکاری۔ طَیر، پرندوں کی جماعت واحد طائر ہے۔

٦٧٦۔ رَأَى الْكَوْكَبَ ظُهْرًا

(اس نے ظہر کے وقت ستارہ دیکھا) شدتِ حالات کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ دن میں تارے نظر آنے لگے۔

٦٧٧۔ إِذَا رَأَيْتَ الرِّيحَ عَاصِفَةً فَتَطَامَنْ۔

(جب آندھی سخت دیکھو تو پست ہو جاؤ) جب کوئی معاملہ غالب آتا نظر آئے تو اس کی اطاعت کر لو۔

٦٧٨۔ رَآهُ الصَّادِرُ وَالْوَارِدُ۔

(اس کو ہر آنے جانے والے نے دیکھا ہے) سورج نکلا سب نے دیکھا۔

٦٧٩۔ أُرِيهَا السُّهَا وَتُرِينِي الْقَمَرَ۔

(میں اس کو سہا دکھا رہا ہوں اور وہ مجھے چاند دکھاتی ہے) باریک باتوں کو نہیں سمجھی "سوال آسمان جواب ریسمان"

٦٨٠۔ يَرَى الشَّاهِدُ مَا لَا يَرَى الْغَائِبُ۔

(حاضر وہ کچھ دیکھ لیتا ہے جو غائب نہیں دیکھتا)

٦٨١۔ وَمَا تَرَانِي يَا جَمِيلُ أَرَاكَ۔

(جمیل! جیسا تم مجھے جانتے ہو میں بھی تمہیں جانتا ہوں)

٦٨٢۔ سَوْفَ تَرَى إِذَا انْجَلَى الْغُبَارُ، أَفَرَسٌ تَحْتَكَ أَمْ حِمَارٌ

(جب غبار چھٹ جائیگا تو عنقریب دیکھ لوگے کہ تمہارے نیچے گھوڑا ہے یا گدھا۔ حقیقت کھل جائے گی) اصل شعر یوں ہے۔

فَسَوْفَ تَرَى إِذَا انْكَشَفَ الْغُبَارُ

أَفَرَسٌ تَحْتَ رِجْلِكَ أَمْ حِمَارُ۔

٦٨٣۔ أَرِنِيهَا نَمِرَةً أُرِكَهَا مَطِرَةً (تو مجھے دکھا کہ وہ چتکبرا ہے تو میں تجھے دکھا دوں گا کہ وہ برس رہا ہے) (ضمیر سحابہ کی طرف راجع ہے۔ سحابۃ "نمرۃ" کی طرح چتکبرا اور دل دار بادل۔ ایسی چیز کے لئے کہا جاتا ہے جس کے آثار و علامات ظاہر ہونے سے اس کا وقوع یقینی ہو جائے۔

٦٨٤۔ رَأْيُ الشَّيْخِ خَيْرٌ مِنْ مَشْهَدِ الْغُلَامِ

(بوڑھے کی رائے لڑکے کی موجودگی سے بہتر ہے)

٦٨٥۔ لَا رَأْيَ لِمَنْ لَا يُطَاعُ۔ (اس شخص کی کوئی رائے نہیں جس کی اطاعت نہ کی جائے) "حضرت علیؓ نے اپنے ساتھیوں پر عتاب کرتے ہوئے ایک خطبہ میں فرمایا تھا"

٦٨٦۔ إِنَّ الرَّأْيَ لَيْسَ بِالتَّظَنِّي (رائے محض گمان ہی سے نہیں ہوتی) مال کی ترغیب کے لئے بولا جاتا ہے۔

٦٨٧۔ رَبَّكَ وَصَاحِبَكَ لَا تُكَذِّبَنَّ عَلَيْهِمَا

(اپنے آقا اور دوست پر جھوٹ نہ لگاؤ)

٦٨٨۔ كَالْمَرْبُوطِ وَالْمَرْعَى خَصِيبٌ۔

(بندھا ہوا اور چراگاہ سرسبز) موقعے بہت اور مجبوریاں حائل۔

٦٨٩۔ إِنَّ الرَّثِيئَةَ تَفْثَأُ الْغَضَبَ

(دودھ غصہ کو ٹھنڈا کر دیتا ہے) رَثِيئَةٌ۔ ترش دودھ جس میں میٹھا ملایا ہوا ہو۔ دہی یا لسی۔ تَفْثَأُ، بمعنی ساکن کرتی ہے۔ کوئی بھوکا ایسے شخص کا مہمان ہوا جس سے ناراض تھا اس کو تو انہیں دودھ و لسی پلائی گئی تو اس کا غصہ فرو ہو گیا۔

٦٩٠۔ رَجَعَ بِخُفَّيْ حُنَيْنٍ۔

(وہ حنین کے موزے لیکر لوٹا) ناکام و مایوسی کے موقع پر کہا جاتا ہے۔ ایک اعرابی نے مشہور موچی حنین سے موزوں کا بھاؤ کیا۔ سودا نہ بنا تو اعرابی کو فریب دینے کے لئے اس نے یہ تدبیر کی کہ دونوں موزے کچھ فاصلے سے اعرابی کے راستے میں ڈال دیئے۔ اعرابی ایک موزے کے پاس سے گذرا تو سوچا کہ یہ حنین کے موزوں جیسا خوبصورت موزہ ہے، دوسرا بھی ہوتا تو کیا اچھا ہوتا، چھوڑ کر چل دیا۔ کچھ دور چل کر دوسرا موزہ دیکھا، اپنی سواری اور سامان چھوڑ کر پہلا موزہ لینے کے لئے واپس ہوا اور حنین اس کی سواری اور سامان لے کر چلتا بنا۔ اعرابی گھر پہنچا تو لوگوں نے پوچھا کہ سفر سے کیا لایا تو اس نے جواب دیا کہ "حنین کے دو موزے"۔

۶۹۱۔ حَتّٰى يَرْجِعَ الدَّرُّ فِي الضَّرْعِ۔

(یہاں تک کہ دودھ تھنوں میں لوٹ جائے) محال چیز کے لئے بولتے ہیں

۶۹۲۔ حَتّٰى يَرْجِعَ السَّهْمُ عَلٰى فُوْقِهٖ (یہاں تک کہ تیر اپنے فوق (چلے) پر لوٹ جائے کہا جاتا ہے کہ لَا اَفْعَلُ ذٰلِكَ حَتّٰى يَرْجِعَ السَّهْمُ عَلٰى فُوْقِهٖ ۔ یعنی میں اس کام کو ہرگز نہ کروں گا۔ "فُوْق" تانت کا وہ حصہ جو چلے پر رکھا جاتا ہے۔ ناممکن چیز کے لئے بولتے ہیں۔

۶۹۳۔ اَلرِّجَالُ اَرْبَعَةٌ (آدمی چار ہی قسم کے ہیں)

۱۔ عالم جو جانتا ہے اور جاننے والا علم رکھتا ہے۔ یہ قابلِ اتباع ہے ۲۔ عالم بے خبر جو علم رکھتا ہے مگر اپنے علم سے بے خبر ہے یہ بیدار ہونے کا مستحق ہے ۳۔ بے علم جو علم نہیں رکھتا مگر اپنی بے علمی کو سمجھتا ہے۔ یہ طالب اور مستحق ہدایت ہے ۴۔ بے علم و بے خبر جو علم نہیں رکھتا اور اپنی بے علمی سے بھی بیخبر ہے۔ یہ جاہل اور قابلِ ترک ہے۔

۶۹۴۔ هَلْ يُرْتَجٰى مَطَرٌ مِنْ غَيْرِ سَحَابٍ

(کیا بادلوں کے بغیر بارش کی امید کی جا سکتی ہے؟)

۶۹۵۔ لَا تَرْجُ خَيْرَ مَنْ لَا يَرْجُوْ خَيْرَكَ

(ایسے شخص سے خیر کی امید نہ رکھو جو تیری خیر کی امید نہیں رکھتا)

۶۹۶۔ وَهَلْ يَعْمَلُ غَارِبًا مَجْرُوْحًا۔

(کیا وہ بھی زخمی کوہان کو بھی کاٹتا ہے) غارب: کوہان کا بالائی حصہ۔

۶۹۷۔ اِرْحَمْ مَنْ دُوْنَكَ يَرْحَمْكَ مَنْ فَوْقَكَ

(اپنے سے نیچے پر تم رحم کرو تاکہ تم سے اوپر والے تم پر رحم کریں۔

۶۹۸۔ اَرْخَصُ مِنَ التَّمْرِ بِالْبَصْرَةِ۔

(بصرہ میں کھجور سے زیادہ سستا)۔

۶۹۹۔ اَرْخَصُ مِنْ تُرَابٍ (مٹی سے بھی زیادہ سستا)

۷۰۰۔ رُدَّ الْحَجَرَ مِنْ حَيْثُ جَاءَكَ۔

(پتھر جہاں سے آیا وہیں لوٹا دو) "پتھر کا جواب پتھر"

۷۰۱۔ مَنْ يَرُدُّ السَّيْلَ عَلٰى اَدْرَاجِهٖ

(سیلاب کو اس کے بالائی راستوں کی طرف کون لوٹا سکتا ہے؟)

۷۰۲۔ اَدْرَاجُ السَّيْلِ ۔ بلندی سے آتی ہوئی سیلاب کی گزرگاہیں

ناممکن بات کے لئے کہا جاتا ہے۔

۷۰۳۔ بِئْسَ الرِّدْفُ لَا بَعْدَ نَعَمْ ("ہاں" کے بعد "نہیں" بہت برا تابع ہے) اسی جیسا ایک شعر ہے ؎

حَسَنٌ قَوْلُ نَعَمْ مِنْ بَعْدِ لَا ÷ وَقَبِيْحٌ قَوْلُ لَا بَعْدَ نَعَمْ

(نہیں کے بعد ہاں اچھی بات ہے اور ہاں کے بعد نہیں بڑی بری بات ہے)۔

۷۰۴۔ اِذَا اَرْزَقَكَ اللّٰهُ مِغْرَفَةً فَلَا تُحْرِقْ يَدَكَ

(جب اللہ نے تجھے چمچہ دیا ہے تو تو اپنا ہاتھ مت جلا)

۷۰۵۔ رِزْقُ اللّٰهِ لَا كَدُّكَ

(اللہ کا دیا رزق ہے تیری محنت نہیں) صرف محنت سے نہیں محنت کے ساتھ عطاءِ الٰہی سے رزق ملتا ہے۔ احسان جتانے والے کے جواب میں بھی کہا جاتا ہے۔

۷۰۶۔ رَزَمَةٌ وَلَا دِرَّةٌ ۔ (اونٹنی کی آواز ہے مگر دودھ نہیں) "رَزَمَةٌ" اونٹنی کی وہ آواز جو بچے کو دودھ پلانے کے وقت نکالتی ہے، "دِرَّةٌ" ۔ دودھ کی کثرت۔ اس شخص کے لئے بولتے ہیں جو وعدہ کرے مگر وفا نہ کرے "ڈھول کے پول"

۷۰۷۔ اَرْسِلْ حَكِيْمًا وَلَا تُوْصِهٖ۔

(عقلمند کو قاصد بناؤ اور اس کو وصیت نہ کرو) یہ حضرت زبیرؓ کے شعر کا آخری مصرع ہے۔ پورا شعر یہ ہے ؎

اِذَا كُنْتَ فِيْ حَاجَةٍ مُرْسِلًا

فَاَرْسِلْ حَكِيْمًا وَلَا تُوْصِهٖ

(اپنی ضرورت کے لئے عقلمند کو قاصد بناؤ، اس کو وصیت کی ضرورت نہیں)۔

۷۰۸۔ لَا رَسُوْلَ كَالدِّرْهَمِ (روپیہ جیسا کوئی قاصد نہیں)

۷۰۹۔ اَلرَّشْفُ اَنْقَعُ۔

(تھوڑا تھوڑا پینا زیادہ سیراب کرتا ہے) آہستگی اور وقار اختیار کرنے کی ترغیب کے لئے کہتے ہیں۔

۷۱۰۔ رَضِيْتُ مِنَ الْغَنِيْمَةِ بِالْاِيَابِ (میں واپس لوٹ آنے کی غنیمت پر راضی ہوں) "ایاب" واپس لوٹنا۔ "جان بچی سو لاکھوں پائے، خیر سے بدھو گھر کو آئے"

۷۱۱۔ رَضِیْتُ مِنَ الْوَفَاءِ بِاللَّفَاءِ۔

(میں تھوڑی سی وفا پر بھی راضی ہوں) لَفَاءٌ۔ قلیل چیز۔

۷۱۲۔ مَنْ رَضِيَ عَنْ نَفْسِہٖ كَثُرَ السَّاخِطُونَ عَلَيْهِ۔

(جو اپنے نفس سے راضی ہو گیا اس لئے اپنے پر ناراض ہونے والے زیادہ کر لئے) اپنی کوتاہی پر نظر رہنی چاہیئے۔

۷۱۳۔ إِذَا تَرَضَّيْتَ أَخَاكَ فَلَا أَخَا لَكَ۔ (جب تو نے محنت سے اپنے بھائی کو راضی کیا تو گویا وہ تیرا بھائی ہی نہیں) تَرَضِّی۔ کوشش و مشقت کے ساتھ راضی کرنا۔ وہ بھائی کیا جس کو راضی کرنے کے لئے دقتیں اٹھانی پڑیں۔

۷۱۴۔ رِضَا النَّاسِ غَايَةٌ لَا تُدْرَكُ (لوگوں کی رضامندی ایسا مقصد ہے جو کبھی حاصل نہیں ہو سکتا) اس لئے اپنی اصلاح کرے اور لوگوں کی طرف توجہ ہی نہ دے۔

۷۱۵۔ لَا تَكُنْ رَطْبًا فَتُعْصَرَ وَلَا يَابِسًا فَتُكْسَرَ۔

(نہ اتنا تر ہو جا کہ تجھے نچوڑ لیں اور نہ اتنا خشک کہ تجھے توڑ دیں)

۷۱۶۔ مَنِ اسْتَرْعَى الذِّئْبَ ظَلَمَ (جس نے بھیڑیئے کو چرواہا بنایا اس نے ظلم کیا) یعنی اس نے بکریوں پر ظلم کیا۔

۷۱۷۔ مَرْعًى وَلَا أَكُولَةَ۔ (چراگاہ موجود ہے مگر کھانے والی بکری موجود نہیں) اَكُولَةٌ۔ وہ بکری جو کھانے کے لئے علیحدہ کر لی جاتی ہے اور جس کو خوب فربہ کیا جاتا ہے ایسے مالدار کے لئے بولا جاتا ہے جس کا مال کھانے والا کوئی نہ ہو۔

۷۱۸۔ تَحْتَ الرَّغْوَةِ الصَّرِيحُ (جھاگ کے نیچے خالص دودھ موجود ہے) (ایسی چیز کے لئے بولتے ہیں جس کی حقیقت پوشیدہ ہونے کے بعد ظاہر ہو۔

۷۱۹۔ مِنَ الرَّكْشِ إِلَى الْعَرْشِ

(بیلچے کے کام سے تخت کے اوپر) بیلچہ کا کام کرتا تھا اب تخت شاہی پر پہنچ گیا ہے۔ رَكْشٌ۔ بیلچہ

۷۲۰۔ تَرْتَعِشُ عِنْدَ الْمُحْفِظَاتِ الْكَتَائِفُ

(غیرت انگیز موقعوں پر کینے منتشر ہو جاتے ہیں) تَرْتَعِشُ یعنی تَتَفَرَّقُ۔ مُحْفِظَاتٌ۔ غیرت کو جوش دلانے والی باتیں کَتَائِفُ دشمنیاں۔ اپنوں پر ظلم یا مصیبت دیکھ کر غیرت جوش میں آتی ہے اور لوگ پرانے کینے کو بھول کر مدد کے لئے کھڑے ہو جاتے ہیں۔

۷۲۱۔ أَرْفَعُ مِنَ السَّمَاءِ (آسمان سے زیادہ بلند)

۷۲۲۔ الرَّفِيقَ قَبْلَ الطَّرِيقِ (راستے سے پہلے ساتھی) ناموافق ساتھی سفر میں خصوصًا مصیبت کا سبب ہوتا ہے

۷۲۳۔ بِالرِّفَاءِ وَالْبَنِينَ۔

(موافقت اور بچوں کے ساتھ) شادی کرنے والے کے لئے دعا ہے۔ رِفَاءٌ بمعنی موافقت و مناسبت رَفَأْتُ الثَّوْبَ پھٹے ہوئے کو رفو کرنا۔

۷۲۴۔ أَرَقُّ مِنَ النَّسِيمِ (بادِ نسیم سے زیادہ لطیف)

۷۲۵۔ أَرَقُّ مِنَ الْمَاءِ۔ (پانی سے زیادہ پتلا)

۷۲۶۔ أَرَقُّ مِنْ رَقْرَاقِ السَّرَابِ۔

(سراب کی چمک سے زیادہ لطیف۔

۷۲۷۔ أَرَقُّ مِنَ الدَّمْعِ الْغَمَامِ (ابر کے آنسوؤں سے زیادہ پتلا)

۷۲۸۔ أَرْقُبِ الْبَيْتَ مِنَ الرَّاقِبِ۔

(گھر کی حفاظت اس کے محافظ سے بھی کر) کسی نے گھر کی حفاظت کے لئے اپنے غلام کو چھوڑ دیا۔ غلام سامان لیکر چلتا بنا تب اس نے یہ جملہ کہا تھا۔

۷۲۹۔ كَالرَّاقِمِ عَلَى الْمَاءِ

(پانی پر لکھنے والے کی طرح بے وقار اور ناپائیدار۔)

۷۳۰۔ اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ (اپنے لنگڑے پن کا خیال رکھ کر چڑھ) ظَلَعَ الْبَعِيرُ۔ اونٹ نے لنگڑا پن کی وجہ سے چال میں نقص اور سستی اختیار کی۔ اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ کی اصل یہ ہے کہ کلام کو اِرْقَ عَلَى ظَلْعِكَ یعنی اپنی حد سے تجاوز نہ کر اور اپنی عاجزی و مجبوری پیش نظر رکھ۔

۷۳۱۔ رَكِبَ جَنَاحَيِ النَّعَامَةِ (وہ شتر مرغ کے بازوؤں پر سوار ہو گیا) تیز رفتاری کی تشبیہ ہو گئی ہے۔

۷۳۲۔ يَرْكَبُ الصَّعْبَ مَنْ لَا ذَلُولَ لَهٗ۔

(سرکش پر وہ سوار ہو جس کے پاس سدھایا ہوا نہ ہو) آسانی سے مقصد حاصل ہو تو سخت رویہ کیوں اختیار کرے۔

۷۳۳۔ مَنْ لَمْ يَرْكَبِ الْأَهْوَالَ لَمْ يَنَلِ الْآمَالَ

(جو ہولناک اشیاء پر سوار نہ ہو گا وہ امیدیں حاصل

نہ کرسکے گا) مصیبت کے بغیر راحت نہیں ملتی۔

۷۳۴۔ کَوَاکِبِ اثْنَیْنِ۔ (دو سواریوں کا سوار) جو شخص دو کاموں میں متردد ہو۔

۷۳۵۔ رَمَی الْکَلَامَ عَلٰی عَوَاهِنِهٖ (اس نے کلام کو کھجور کی ٹہنیوں پر دے مارا) عَوَاهِن جمع عَاهِنَة یعنی کھجور کی وہ شاخیں جو خشک ہو چکی ہوں۔ مراد یہ ہے کہ بے پروائی اور بے ڈھنگی سے بات کی۔

۷۳۶۔ رَمَاهُ اللّٰهُ بِلَیْلَةٍ لَا أُخْتَ لَهَا (اللہ تعالیٰ اس پر ایسی رات لائے جس کی بہن کوئی دوسری رات نہ ہو) بددعا ہے یعنی دوسری رات سے پہلے موت آجائے۔

۷۳۷۔ رَمَاهُ اللّٰهُ مِنْ کُلِّ أَکَمَةٍ بِحَجَرٍ (اللہ تعالیٰ اس کو ہر ٹیلے سے پتھر مارے (چاروں طرف سے پتھر برسیں)

۷۳۸۔ رَمَاهُ بِأَحْقَافِ رَأْسِهٖ (اس کے سر کی کھوپڑی پر مارا) قِحْفٌ: دماغ کے اوپر کی ہڈی کا نام ہے کھوپڑی کھوپڑی توڑ دی یعنی ہلاکت یا قریب بہ ہلاکت۔ احقاف: لفظ جمع لانے کا مقصد مبالغہ ہے یعنی پے در پے۔ رَمَاهُ: یَقْحَفُ رَأْسَهٗ مَرَّةً بَعْدَ مَرَّةٍ۔

۷۳۹۔ رَمَاهُ اللّٰهُ بِثَالِثَةِ الْأَثَافِی۔
(اللہ تعالیٰ اس کو چولھے کے تیسرے پتھر کے ساتھ مارے) اثافی۔ پہاڑی کا ٹکڑا یا چولھے کے تین پتھر۔ مراد یہ ہے کہ چولھے کا تیسرا پتھر بھی مار دیا اور معاملہ انتہا کو پہنچ گیا۔

۷۴۰۔ رَمَاهُ اللّٰهُ بِدَاءِ الذِّئْبِ۔ (اللہ تعالیٰ اس کو بھیڑیے کے مرض میں مبتلا کرے) بھیڑیے کا مرض بھوک ہے۔ خدا کرے اس کا پیٹ کبھی نہ بھرے۔

۷۴۱۔ رَمَاهُ بِنَبْلِهِ الصَّائِبِ۔ (اس کو اپنے نشانے پر لگنے والے تیر سے مارا) مسکت اور منہ توڑ جواب دیا۔

۷۴۲۔ رَمَتْنِی بِدَائِهَا وَانْسَلَّتْ۔
(اپنی بیماری میری طرف منسوب کر دی اور کھسک گئی) اپنا عیب دوسرے کو لگایا۔ رَمَاهُ بِالدَّاءِ۔ کسی بیماری کا عیب لگاتا۔ اِنْسِلَال: چپکے سے کھسک جانا۔

۷۴۳۔ لَا تَرْمِ سَهْمًا یُعْسِرُ عَلَیْكَ رَدُّهٗ۔ (وہ تیر مت پھینک جس کو روکنا تجھ پر مشکل ہو)۔

۷۴۴۔ قَبْلَ الرَّمْیِ یُرَاشُ السَّهْمُ۔
(تیر پھینکنے سے پہلے اس کو پر لگایا جاتا ہے۔ یُرَاشُ یعنی تیر کے پر لگائے گئے۔ انھیں معنی میں کہا جاتا ہے قَبْلَ الرِّمَاءِ

۷۴۵۔ تُمْلَأُ الْکَنَائِنُ۔ (تیراندازی سے پہلے ترکش بھر لیے جاتے ہیں۔

۷۴۶۔ مَا کُلُّ رَامِی غَرَضٍ یُصِیبُ۔
(ہر نشانہ باز نشانہ پر نہیں مار سکتا، غَرَضٌ (ہدف) وہ چیز جس کو نشانہ بنایا جائے۔

۷۴۷۔ قَبْلَ الرِّمَاءِ تُمْلَأُ الْکَنَائِنُ۔
(تیراندازی سے پہلے ہی ترکش بھرا جاتا ہے) رِمَاءٌ۔ رَامَاهُ کا مصدر ہے۔ باب مفاعلة کَنَائِنُ۔ تیر رکھنے کے تھیلے یعنی کام کرنے سے پہلے تیاری کر لینی چاہیے۔

۷۴۸۔ رُبَّ رَمْیَةٍ مِنْ غَیْرِ رَامٍ۔
(کبھی تیراندازی وہ بھی کر لیتا ہے جو تیراندازی نہیں جانتا)۔ یعنی کبھی اناڑی کا تیر بھی نشانہ پر لگ جاتا ہے۔ اسی کے ہم معنی مثل گذر چکی ہے۔ مَعَ الْخَوَاطِئِ سَهْمٌ صَائِبٌ۔

۷۴۹۔ عِنْدَ الرِّهَانِ تُعْرَفُ السَّوَابِقُ۔ (گھوڑدوڑ کے وقت آگے نکلنے والے گھوڑے پہچانے جاتے ہیں) یعنی آزمائش شرط ہے اور ایسے موقع پر بھی کہا جاتا ہے جب ایسی چیز کا دعویٰ کیا جائے جس کے کرنے کی صلاحیت نہ ہو۔

۷۵۰۔ اِسْتَرَاحَ مَنْ لَا عَقْلَ لَهٗ (جس کو عقل نہیں اس نے راحت پائی) غم اور فکر عقل کے ساتھ ہیں۔

۷۵۱۔ الرَّائِدُ لَا یَکْذِبُ أَهْلَهٗ
(پیش رو جاسوس اپنے لوگوں سے جھوٹ نہیں کہتا) رَائِدٌ: وہ شخص جو قافلے سے آگے گھاس دپانی کی تلاش کے لیے جاتا ہے اگر وہ جھوٹ بولے گا تو لوگوں کے ساتھ خود بھی ہلاک ہو جائے گا۔

۷۵۲۔ أَرْوَغُ مِنْ ثَعَالَةٍ۔
(لومڑی سے زیادہ چالباز)

۷۵۳۔ أَرْوَغُ مِنْ ثَعْلَبٍ۔ (لومڑی سے زیادہ مکار)

۷۵۳- أَرْوَغَانًا يَا ثُعَالُ وَقَدْ تَعَلَّقْتَ بِالْحِبَالِ۔
(کیا اب بھی حیلہ بازی کرے گی اے لومڑی! جب کہ تو جال میں پھنس چکی ہے؟) اس شخص کے لیے کہا جاتا ہے جس پر حق واجب ہو چکا ہو مگر پھر بھی وہ حیلہ بازی کرے۔

۷۵۴- أَرْوَى مِنْ حَيَّةٍ
(سانپ سے زیادہ سیراب) سانپ کو پانی کی طلب نہیں ہوتی

۷۵۵- أَرْوَى مِنْ ضَبٍّ۔ (گوہ سے زیادہ سیراب)
گوہ بالکل پانی نہیں پیتی۔ ہوا کی نمی سے پیاس بجھا لیتی ہے کسی ناممکن چیز کے بارے میں کہتے ہیں حَتّٰى يَرِدَ الضَّبُّ۔ (یہ نہیں ہو سکتا۔ حتیٰ کہ گوہ پانی پئے)۔

۷۵۶- الرَّاوِيَةُ أَحَدُ الشَّاتِمَيْنِ۔
(نقل کرنے والی گالی دینے والوں میں سے ایک ہے) اسی طرح یہ قول ہے مَنْ بَلَّغَكَ (جس نے تجھ کو پہنچائی اس نے تجھ کو گالی دی ہے۔

۷۵۷- رُبَّ رَيْثٍ يُعْقِبُ فَوْتًا
(بسا اوقات دیر کرنا فوت ہونے کا نتیجہ دیتا ہے) یعنی تاخیر ناکامی کا سبب ہوتی ہے رَيْثٌ۔ دیر کرنا۔

۷۵۸- إِنْ كُنْتَ رِيحًا فَقَدْ لَاقَيْتَ إِعْصَارًا (اگر تو ہوا تھا تو تجھ سے مل گیا) أَعْصَارٌ۔ گرد باد۔ بگولا۔ سیر کو سوا سیر مل گیا۔

۷۵۹- إِنْ أَرَدْتَ الْمُحَاجَزَةَ فَقَبْلَ الْمُنَاجَزَةِ
(اگر آرام لینا چاہتا ہے تو لڑائی ہونے سے پہلے) مُحَاجَزَةٌ مانعت یہ کہ ہر شخص اپنے مقابل سے رکنے اور بچنے کی کوشش کرے۔ مُنَاجَزَةٌ: لڑائی۔ يَجُزُ بمعنی فنا سے ماخوذ ہے۔ لڑائی میں ہر حریف دوسرے کو فنا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ مثال کا مطلب یہ ہے کہ لڑائی سے بچنا چاہو تو مڈبھیڑ ہونے سے بچو اور لڑائی کے بعد صلح طلب کرنے والے کے لیے بھی کہتے ہیں۔

۷۶۰- أُرِيدُ حِبَاءَهُ وَيُرِيدُ قَتْلِي۔
(میں اس کو عطیہ دینے کا ارادہ رکھتا ہوں اور وہ میرے قتل کا ارادہ کرتا ہے) حِبَاءٌ، عطا و بخشش۔

۷۶۱- إِذَا أَرَادَ اللهُ هَلَاكَ النَّمْلَةِ أَنْبَتَ لَهَا جَنَاحَيْنِ (جب چیونٹی کی موت آتی ہے تو اس کے پر نکل آتے ہیں)۔

۷۶۲- مَنْ لَمْ يُرِدْكَ فَلَا تُرِدْهُ
(جو شخص تیرا ارادہ نہ کرے تو اس کا ارادہ نہ کر)

۷۶۳- كَمْ بَيْنَ مُرِيدٍ وَمُرَادٍ
(ارادہ اور مراد میں بڑا فاصلہ ہے) بسا اوقات ارادہ کرنے والا مراد سے محروم رہ جاتا ہے۔

ز

۷۶۴- جَعَلَ الزُّجَّ أَمَامَ السِّنَانِ۔
(اس نے زُج کو انی کے سامنے لگا دیا حالانکہ اس کی جگہ انی کے پیچھے ہے۔ زُج وہ میخ جو نیزے کے نیچے والے حصے میں لگائی جاتی ہے سِنَانٌ۔ نیزے کا سرا (انی) اس شخص کے لیے کہتے ہیں جو ادنیٰ کو اعلیٰ پر فوقیت دے دے۔

۷۶۵- إِنْ لَمْ تُزَاحِمْ لَمْ يَقَعْ فِي الْخُرْجِ شَيْءٌ
(اگر تو مزاحمت نہ کرتا تو خورجین میں کوئی چیز نہ پڑتی)۔

۷۶۶- مَنْ يَزْرَعِ الشَّوْكَ لَا يَحْصُدْ بِهِ عِنَبًا
(جو کانٹے بوئے گا اس سے انگور نہیں کاٹے گا) انگور توڑنے کے لیے قَطَفَ الْعِنَبَ بولتے ہیں حَصَدَ نہیں بولتے۔

۷۶۷- كَمَا تَزْرَعُ تَحْصُدُ۔
(جیسا بوئے گا ویسا کاٹے گا)

۷۶۸- هُوَ أَزْرَقُ الْعَيْنِ۔
(وہ نیلگوں آنکھوں والا ہے) دشمن کے لیے کہا جاتا ہے اور اسی مقصد کے لیے هُوَ أَسْوَدُ الْكَبِدِ (وہ سیاہ جگر ہے) هُمْ صُهْبُ السِّبَالِ۔ (وہ سرخ مونچھوں والے ہیں) بھی بولا جاتا ہے جیسے کینی آنکھوں والا۔ سیاہ قلب وغیرہ۔

۷۶۹- بِكُلِّ زَعِيمٍ مُخَصِّمٌ۔ (ہر گمان کے لیے کوئی مقابل۔

ہے (ایسا دعویٰ کرتا ہے جس کو چھپایا نہ جا سکتا ہے)

۷۷۰۔ زَقَّهٗ زَقَّ الْحَمَامَةِ فَرْخَهَا۔

(اس کو چُگا دیا جیسے کبوتری اپنے بچے کو چُگا دیتی ہے) کسی کو کوتاہی کے بغیر محبت و شفقت سے پرورش کی۔

۷۷۱۔ اِذَا اَزَلَّ الْعَالِمُ زَلَّ بِزَلَّتِهٖ عَالَمٌ۔

(جب عالم پھسل جائے تو اس کے پھسلنے کی وجہ سے ایک جہان پھسل جاتا ہے۔)

۷۷۲۔ وَزَلَّةُ الرَّاْیِ تُنْسِیْ زَلَّةَ الْقَدَمِ۔

(رائے کا پھسلنا قدم کے پھسلنے کو بھلا دیتا ہے) رائے کی لغزش ٹھوکر لگنے سے زیادہ سخت ہوتی ہے۔

۷۷۳۔ لِکُلِّ زَمَانٍ رِجَالٌ (ہر زمانہ کے لیے کچھ لوگ ہوتے ہیں)

۷۷۴۔ هُمَا زَنْدَانِ فِیْ وِعَاءٍ۔ (وہ دونوں ایک ہی برتن میں آگ سلگانے والے ہیں) ایک تھیلی کے چٹے بٹے۔

۷۷۵۔ اَزْهٰی مِنْ غُرَابٍ (کوے سے زیادہ متکبر)

۷۷۶۔ اَزْهٰی مِنْ وَعِلٍ (پہاڑی بکرے سے زیادہ متکبر)

۷۷۷۔ اَزْهٰی مِنْ طَاؤُسٍ (طاؤس سے زیادہ متکبر، اتراتا ہے)

۷۷۸۔ زُرْ غِبًّا تَزْدَدْ حُبًّا۔

(ایک دن چھوڑ کر زیارت کرنا کہ محبت زیادہ ہو) روز کا آنا جانا قدر کھو دیتا ہے۔ غِبٌّ۔ ایک دن کام کرنا اور ایک دن چھوڑ دینا۔

۷۷۹۔ اَلزَّیْتُ فِی الْعَجِیْنِ لَا یَضِیْعُ۔

(روغن آٹے میں ضائع نہیں ہوتا) "گھی کہاں گیا کھچڑی میں"۔ رشتہ داروں کے ساتھ احسان کرنے والے کے لیے بولتے ہیں۔

۷۸۰۔ زَادَ فِی الطُّنْبُوْرِ نَغْمَةً۔

(اس نے طنبور میں ایک نغمے کا اضافہ کر دیا)

۷۸۱۔ زُیِّنَ فِیْ عَیْنِ وَالِدٍ وَلَدُهٗ۔

(باپ کی نظر میں بیٹا خوب صورت ہوتا ہے۔)

س (۶۰)

۷۸۲۔ اِنْ سَاَلَ اَلْحَفَ وَاِنْ سُئِلَ سَوَّفَ۔

(اگر وہ سوال کرتا ہے تو لپٹ جاتا ہے اور اگر اس سے سوال کیا جاتا ہے تو ٹال دیتا ہے۔

۷۸۳۔ تَسْاَلُنِیْ اُمُّ الْخِیَارِ جَمَلًا، یَمْشِیْ رُوَیْدًا وَیَکُوْنُ اَوَّلًا

(ام خیار مجھ سے ایسا اونٹ مانگتی ہے جو آہستہ چلے اور اوّل آئے) دشوار چیز مانگتی ہے۔

۷۸۴۔ سَائِلُ اللّٰهِ لَا یَخِیْبُ۔ (خدا سے مانگنے والا محروم نہیں رہتا)

۷۸۵۔ سَبَّكَ مَنْ بَلَّغَكَ السَّبَّ۔

(اسی نے تمھیں گالی دی جس نے تمھارے پاس گالی پہنچائی)

۷۸۶۔ سُبَّنِیْ وَاصْدُقْ (مجھے گالی دو مگر سچ کہو)

۷۸۷۔ مَا لَهٗ سَبَدٌ وَلَا لَبَدٌ (نہ اس کے بال ہیں نہ اون) سَبَدٌ (بال) لَبَدٌ (اون) یعنی اس کے پاس کچھ بھی نہیں۔

۷۸۸۔ سَبَقَ سَیْلُهٗ مَطَرَهٗ۔ (اس کا سیلاب اس کی بارش سے بھی پہلے آ گیا) نفع سے پہلے نقصان ہو گیا۔

۷۸۹۔ سَبَقَ السَّیْفُ الْعَذَلَ۔

(تلوار ملامت سے سبقت لے گئی) ضبّہ ابن ادّ نے اپنے لڑکے کے قاتل کو حرم میں قتل کر دیا۔ کسی نے ملامت کی تو اس نے یہ جملہ کہا۔

۷۹۰۔ سَبَقَ دِرَّتُهٗ غِرَارَهَا۔

(اس کے زیادہ دودھ سے کم دودھ سابق ہو گیا) دِرّۃ۔ دودھ کی کثرت۔ غرار۔ دودھ کی قلت۔ شر خیر سے پہلے آ گیا۔ اور احسان سے پہلے ہی بدی کی۔

۷۹۱۔ مَنْ سَابَقَ الدَّهْرَ عَثَرَ۔

(جو زمانہ سے آگے بڑھے گا وہ پھسل پڑے گا)

۷۹۲۔ مَا اَسْتَتَرَ مَنْ قَادَ الْجَمَلَ۔

(جو اونٹ کو کھینچ کرلے جائیگا، وہ چھپا نہیں رہے گا۔

۷۹۳۔ سَحَابَةُ صَیْفٍ عَنْ قَلِیْلٍ تَقَشَّعُ۔

(گرمی کی بدلی جلد ہی چھٹ جاتی ہے) بھادوں کی بارش زیادہ دیر نہیں ٹھہرتی۔ تقشع دراصل تتقشع ہے بمعنی منکشف ہونا۔ چھٹ جانا۔

۷۹۴۔ فَلَمَّا اسْتَدَّ سَاعِدُهٗ رَمَانِیْ۔

(جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا) پورا شعر یہ ہے
اُعَلِّمُهُ الرِّمَایَةَ کُلَّ یَوْمٍ، فَلَمَّا اسْتَدَّ سَاعِدُهٗ رَمَانِیْ
(میں اس کو ہر روز تیر اندازی سکھاتا۔ مگر جب اس کی کلائی درست ہو گئی تو اس نے میرے ہی تیر مارا)

٧٩٥۔ اَلسِّرُّ اَمَانَۃٌ۔ (راز ایک امانت ہے)

٧٩٦۔ سِرُّكَ مِنْ دَمِكَ (تیرا راز تیرے خون سے ہے)

بسا اوقات افشائے راز موت کا سبب بن جاتا ہے۔

٧٩٧۔ مَالَہٗ سَارِحَۃٌ وَلَا رَائِحَۃٌ۔

(اس کے پاس نہ چرنے والے جانور ہیں نہ چر کر واپس آنیوالے)

اس کے پاس کوئی چیز نہیں۔ سارحۃ۔ چرنے والے۔ رائحۃ

چرنے کے بعد شام کو واپس آنے والے جانور۔

٧٩٨۔ اَسْرَعُ مِنَ الْبَرْقِ (بجلی سے زیادہ تیز رفتار)

٧٩٩۔ اَسْرَعُ مِنَ الْبَیْنِ (جدائی سے زیادہ تیز رفتار)

٨٠٠۔ اَسْرَعُ مِنَ الطَّرْفِ (نگاہ سے زیادہ تیز رفتار)

٨٠١۔ اَسْرَعُ مِنَ اللَّمْحِ۔ (نظر سے زیادہ تیز رفتار)

٨٠٢۔ اَسْرَعُ مِنْ لَمْحِ الْبَصَرِ۔ (آنکھ جھپکنے سے زیادہ تیز رفتار)

٨٠٣۔ اَسْرَعُ مِنْ رَجْعِ الصَّدٰی (آواز بازگشت سے زیادہ تیز رفتار۔

٨٠٤۔ اَسْرَعُ مِنَ الْیَدِ اِلَی الْفَمِ (منہ کی طرف ہاتھ سے زیادہ تیز رفتار)

٨٠٥۔ یَسْرِقُ الْکُحْلَ مِنَ الْعَیْنِ۔ (آنکھ سے سرمہ چرا لیتا ہے)

٨٠٦۔ اَسْرٰی مِنَ الْخَیَالِ (خیال سے زیادہ چلنے والا)

٨٠٧۔ اَلسَّعِیْدُ مَنْ کُفِیَ۔

(نیک بخت وہ ہے جس کو استغناء حاصل ہوگیا)۔

٨٠٨۔ بِالسَّاعِدِ یَبْطِشُ الْکَفُّ۔

(کلائی کے ذریعہ ہی ہاتھ مضبوط پکڑتا ہے یعنی کامیابی کے لیے قوت وقدرت ضروری ہے۔ جو میرے پاس نہیں اور مددگاروں کی کمی کے موقعے پر بھی مثال دی جاتی ہے۔ اسی طرح کا ایک شعر ہے۔

اُولٰئِكَ اِخْوَانِی الَّذِیْنَ رَأَیْتَہُمْ

وَمَا الْکَفُّ اِلَّا اِصْبَعٌ ثُمَّ اِصْبَعٌ

(یہ میرے بھائی ہیں جن کو تو نے دیکھ لیا، اور ہاتھ انگلی در انگلی کے علاوہ نہیں) ایک ایک انگلی سے ہی پورا ہاتھ بنتا ہے۔

٨٠٩۔ مَالَہٗ سَعْنَۃٌ وَلَا مَعْنَۃٌ۔

(نہ اس کے پاس تھوڑا کھانا ہے نہ زیادہ) سعنۃٌ۔ کھانے کی کثرت معنۃ۔ کھانے کی قلت۔ اس کے پاس تھوڑا یا بہت کچھ بھی نہیں۔

٨١٠۔ مَنْ سَعٰی رَعٰی۔

جو دوڑا، وہ چر گیا، جس نے کوشش کی اس نے پایا۔

٨١١۔ رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ۔

(بعض آدمی بیٹھے ہوؤں کے لیے دوڑتے ہیں) یہ نابغہ ذبیانی کا قول ہے۔ نعمان بن منذر کے دربار میں ایک عربی وفد کے ارکان میں بنی عبس کا ایک شخص شقیق بھی شامل تھا جو فوت ہوگیا۔ جب نعمان نے وفد کو عطیات دیے تو شقیق کے ورثاء کو بھی عطیہ بھیجا تو اس وقت نابغہ نے کہا کہ رُبَّ سَاعٍ لِقَاعِدٍ۔

٨١٢۔ یَسْتَفُّ التُّرَابَ وَلَا یَخْضَعُ لِاَحَدٍ عَلٰی بَابٍ۔

(خاک پھانکتا ہے مگر کسی کے دروازے پر نہیں جھکتا)

خوددار کے لیے بولا جاتا ہے۔

٨١٣۔ سَفِیْہٌ لَمْ یَجِدْ مُسَافِہًا

(ایک سر پھرا بیوقوف ہے کسی گالی دینے والے سے واسطہ نہیں پڑا)

٨١٤۔ حَیْثُمَا سَقَطَ لَقَطَ۔

(جہاں کہیں جا پڑا وہیں سے کچھ اٹھا لیا) حیلہ ساز اور چالاک شخص کے لیے بولتے ہیں۔ جہاں دیکھا توا پرات وہیں گزاری ساری رات۔

٨١٥۔ لِکُلِّ سَاقِطَۃٍ لَاقِطَۃٌ۔

(ہر گرنے والی چیز کو کوئی اٹھانے والا مل جاتا ہے) یعنی ہر نکلنے والی بات کو اٹھانے والا کوئی کان ہوتا ہے۔ گفتگو میں احتیاط کے لیے بولا جاتا ہے۔

٨١٦۔ یَسْقِیْ مِنْ کُلِّ یَدٍ بِکَاسٍ۔

(ہر ہاتھ سے ایک پیالہ پی لیتا ہے) متلون مزاج کے لیے بولتے ہیں۔

٨١٧۔ سَاقِیَۃٌ لَا تُعَکِّرُ بَحْرًا۔ (چھوٹی نہر سمندر کو گدلا نہیں کرتی)

٨١٨۔ سَکَتَ اَلْفًا وَنَطَقَ خَلْفًا۔

(ہزار تک خاموش رہا، بولا تو غلط بولا) خلفٌ۔ ردی قول وغیرہ اَلْفًا کو مفعول مطلق کی بنا پر منصوب ہے۔ یعنی سَکَتَ اَلْفَ سَکْتَۃٍ وَلَمْ تَکَلَّمَ بِخَطَأٍ۔ (ہزار خاموشی کے بعد بھی غلط بولا)۔

٨١٩۔ اَلسُّکُوْتُ اَخُو الرِّضَا۔ (خاموشی رضامندی کی طرح ہے)

٨٢٠۔ رُبَّ سُکُوْتٍ اَبْلَغُ مِنْ کَلَامٍ۔

(بہت سی خاموشیاں کلام سے زیادہ بلیغ ہوتی ہیں)

٨٢١۔ رُبَّمَا کَانَ السُّکُوْتُ جَوَابًا۔

(بسا اوقات خاموشی ہی جواب ہوتی ہے۔

۸۲۲۔ سَلَحُ الحُبَارٰی سِلَاحُھَا۔

(حباری) سرخاب کا بیٹ کرنا ہی اس کا ہتھیار ہے) یہ پرندہ حملہ آور سے بیٹ کر کے ہی بچتا ہے۔

۸۲۳۔ سِلَاحُ الضُّعَفَاءِ الشِّکَایَةُ۔

(کمزوروں کا ہتھیار شکایت ہی ہے)

۸۲۴۔ اَسْلَحُ مِنَ الحُبَارٰی (سرخاب سے زیادہ بیٹ کرنے والا)

۸۲۵۔ اَلسُّلْطَانُ ظِلُّ اللّٰہِ فِی اَرْضِہٖ۔

(بادشاہ خدا کی سرزمین پر خدا کا سایہ ہے) مخلوق کو اس سایہ میں پناہ ملنی چاہیے۔

۸۲۶۔ لَا سُلْطَانَ بِلَا رِجَالٍ (بغیر آدمیوں کے کوئی بادشاہ نہیں بنتا)

۸۲۷۔ لَیْسَ لِسُلْطَانِ الْعِلْمِ زَوَالٌ۔ (سلطانِ علم کو زوال نہیں)

۸۲۸۔ مَنْ سَلَکَ الْجَدَدَ اَمِنَ الْعِثَارَ۔

(جو شخص ہموار زمین پر چلے گا وہ پھسلنے سے محفوظ رہے گا۔

جَدَدٌ۔ ہموار زمین۔

۸۲۹۔ اِنْ سَلِمْتَ مِنَ الْاَسَدِ فَلَا تَطْمَعْ فِیْ صَیْدِہٖ۔

(اگر تو شیر سے بچ جائے تو اس کے شکار کا لالچ نہ کر)

۸۳۰۔ مَنْ سَلِمَتْ سَرِیْرَتُہٗ سَلِمَتْ عَلَانِیَتُہٗ۔

(جس کی باطنی خصلت درست ہوگی، اس کا ظاہر بھی سالم ہوگا۔

۸۳۱۔ اِنْ تَسْلَمِ الْجِلَّةُ فَالنِّیْبُ هَدَرٌ۔

(اگر بڑے اونٹ بچ جائیں تو بوڑھی اونٹنیاں رائگاں ہیں) جِلّۃ جلیل کی جمع بمعنی بڑے اونٹ۔ نیب ناب کی جمع بمعنی عمر رسیدہ۔ مطلب یہ کہ جب قیمتی چیز بچ جائے تو بے قیمت چیزوں کی پرواہ نہیں ہوتی۔

۸۳۲۔ اَلسَّلَامَةُ غَنِیْمَةٌ۔ (سلامتی ایک غنیمت ہے)

۸۳۳۔ اِنَّ السَّلَامَةَ مِنْهَا تَرْکُ مَا فِیْهَا۔

(اس کی سلامتی یہ ہے کہ اس میں جو کچھ ہے اس کو چھوڑ دیا جائے) مِنْهَا اور فِیْهَا کی ضمیریں دنیا کی طرف راجع ہیں شعر کا پہلا مصرع یہ ہے۔ وَالنَّفْسُ تَکْلَفُ بِالدُّنْیَا وَقَدْ عَلِمَتْ

(نفس دنیا کا عاشق ہے)

۸۳۴۔ اَسْمَحُ مِنْ لَاقِطَةٍ۔

(اپنے انڈے سے زیادہ سخی) جو اپنے پیٹ کا کھانا بھی بچوں کو اگلا دیتا ہے۔ لاقطۃ پرندہ کو کہتے ہیں۔

۸۳۵۔ لَقَدْ اَسْمَعْتَ لَوْ نَادَیْتَ حَیًّا۔

(اگر تو کسی زندہ کو پکارتا تو اس کو سنا دیتا) اس وقت کہا جاتا ہے جب نصیحت بے اثر رہے۔

۸۳۶۔ اَسْمَعُ جَعْجَعَةً وَلَا اَرٰی طِحْنًا۔

(چکی کی گڑگڑاہٹ تو سنتا ہوں مگر آٹا دکھائی نہیں دیتا) بزدل اور بخیل کا شور تو سنائی دیتا ہے۔ مگر عمل نظر نہیں آتا۔

۸۳۷۔ اَنْ تَسْمَعَ بِالْمُعَیْدِیِّ خَیْرٌ مِنْ اَنْ تَرَاہُ۔

(تیرا معیدی کو سننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے) منذر ابن ماء السماء نے کہا تھا، جو مشقۃ بن حمرۃ المعیدی کے متعلق اچھی خبریں سن کر خوش فہمی رکھتا تھا، دیکھا تو وہ انتہائی بدصورت نکلا۔ اس کا یہ قول ضرب المثل بن گیا۔

۸۳۸۔ اِذَا لَمْ تُسْمِعْ فَاَلْمِعْ (جب تو سنا نہ سکے تو اشارہ ہی کر دے)

۸۳۹۔ اِسْمَعْ وَلَا تُصَدِّقْ۔ (سن لے، خواہ تصدیق نہ کر)

۸۴۰۔ سَامِعًا دَعَوْتَ۔ تو نے سننے والے کو پکارا ہے۔

۸۴۱۔ بَیْنَ سَمْعِ الْاَرْضِ وَبَصَرِھَا۔

(زمین کے کان اور آنکھ کے درمیان) یعنی چپ چپاتے۔

۸۴۲۔ اَسْمَعُ مِنْ قُرَادٍ۔ (چچڑی سے زیادہ سننے والا) کہتے ہیں کہ چچڑی ایک دن کی مسافت کی راہ سے اونٹ کے پاؤں کی آواز سن کر اس طرف حرکت شروع کر دیتی ہے۔

۸۴۳۔ قَدِ اسْتَسْمَنْتَ ذَا وَرَمٍ۔

(تو نے ورم والے کو موٹا سمجھ لیا ہے) ظاہر سے فریب کھایا ہے۔

۸۴۴۔ سَمْنُکُمْ هُرِیْقَ فِیْ اَدِیْمِکُمْ۔

(تمہارا گھی تمہاری کھال میں ہی انڈیل دیا گیا ہے) تمہارا مال تم ہی پر خرچ ہوا۔

۸۴۵۔ اَسْمَنُ مِنْ یَعْرٍ۔

(یعر سے زیادہ فربہ) یعر ایک فربہ جانور ہے۔

۸۴۶۔ مَنْ لِیْ بِالسَّانِحِ بَعْدَ الْبَارِحِ۔

(کون میرے لیے مبارک ہوگا، منحوس کے بعد سانح۔ داہنی طرف سے آنے والا شخص۔ اور بارح۔ بائیں طرف سے آنیوالا۔

اہل عرب سانحہ سے نیک فالی اور بارحہ سے بدفالی لیتے تھے
نحوست کے بعد برکت کی توقع، یا بہتر حالات سے مایوسی
کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

۸۴۷۔ كَانَ سَعْدَانًا فَصَارَ مِطْرَقَةً۔
(وہ اہرن تھا، پھر ہتھوڑا بن گیا) سعدان کی طرح ذلیل تھا،
جس پر ہر وقت ہتھوڑا بجتا رہتا ہے۔)

۸۴۸۔ إِذَا كُنْتَ سَنْدَانًا فَاصْبِرْ وَإِذَا كُنْتَ مِطْرَقَةً فَأَوْجِعْ۔
(اگر تو اہرن ہے تو صبر کر اور اگر ہتھوڑا ہے تو درد پہنچا۔)

۸۴۹۔ أَسْهَرُ مِنَ النَّجْمِ۔ (ستارے سے زیادہ جاگنے والا)

۸۵۰۔ أَسْهَرُ مِنْ قُطْرُبٍ۔ (قطرب کیڑے سے زیادہ جاگنے والا۔)
قطرب حشرات الارض میں ایک کیڑا ہے جو رات بھر نہیں سوتا

۸۵۱۔ سَهْمٌ لَكَ وَسَهْمٌ عَلَيْكَ۔
(ایک حصہ تیرے موافق اور ایک تیرے مخالف)

۸۵۲۔ أَسَاءَ سَمْعًا فَأَسَاءَ إِجَابَةً۔
(اس نے غلط سنا تو غلط ہی جواب دیا)

۸۵۳۔ أَسَاءَ كَارِهٌ مَا عَمِلَ۔ (مجبور شخص نے برا کام کیا)

۸۵۴۔ أَسَاءَ رَعْيًا فَسَقَى۔
(اس نے بری طرح چرایا اور پھر پانی بھی پلا دیا) اس نے کم
چرانے کے بعد خالی پیٹ پانی پلا دیا۔ کام اچھا نہ کیا۔ اور
اصلاح کی کوشش سے مزید فساد پھیلا دیا۔

۸۵۵۔ سُوءُ الظَّنِّ مِنْ شِدَّةِ الضِّنِّ۔
(بدگمانی انتہائی دوستی کی وجہ سے ہوتی ہے، اسی کے ہم معنی
ہے إِنَّ الشَّفِيقَ بِسُوءِ ظَنٍّ مُولَعٌ۔ (مہربان
بدگمانی کا حریص ہے)

۸۵۶۔ سَيِّدُ الْقَوْمِ أَشْقَاهُمْ۔
(قوم کا سردار سب سے زیادہ بدبخت ہوتا ہے) جو ہر ایک
کی ڈھال بن کر تمام سختیاں اپنے سر سہہ لیتا ہے۔

۸۵۷۔ مَا كُلُّ سَوْدَاءَ تَمْرَةٌ۔
(ہر سیاہ چیز کھجور نہیں ہوتی) تہمت کے موقع پر بولا جاتا ہے
اسی طرح مثل ہے۔" مَا كُلُّ بَيْضَاءَ شَحْمَةٌ "۔

۸۵۸۔ لَوْ ذَاتُ سِوَارٍ لَطَمَتْنِي۔
(کاش کہ کوئی کنگن والی عورت مجھے طمانچہ مارتی)۔
حاتم طائی نے ایک قیدی کے فدیہ میں بنی عنزہ کے پاس
خود کو رہن رکھ دیا۔ ایک لونڈی نے اس کے طمانچہ مارا۔
اس وقت حاتم نے کہا۔ کاش! کوئی کنگن والی عورت
(آزاد عورت) میرے طمانچہ مارتی۔ کنیزیں زیور نہیں پہنتی
تھیں۔ بہتر صورت حالات کے مقابلہ میں گھٹیا صورت
اختیار کرنے پر یا کم رتبہ شخص کے ہاتھوں ذلیل ہونے کے
موقع پر بولا جاتا ہے۔

۸۵۹۔ مَنْ سَاوَاكَ بِنَفْسِهِ مَا ظَلَمَكَ۔
(جس نے تجھ کو اپنے نفس کے برابر رکھا اس نے تجھ پر
ظلم نہیں کیا)

۸۶۰۔ سَاوَاكَ عَبْدُ غَيْرِكَ۔
(تیرے غیر کا غلام تیرے برابر ہے) کیونکہ وہ تمہاری حکم برداری
سے آزاد ہے۔ اسی مفہوم کو عوام عَبْدُ غَيْرِكَ حُرٌّ
مِثْلُكَ کے الفاظ ادا کرتے ہیں۔

۸۶۱۔ إِنِ اسْتَوَى فَسِكِّينٌ وَإِنِ اعْوَجَّ فَمِنْجَلٌ۔
(وہ اگر سیدھا ہو تو چھری ہے، ٹیڑھا ہو جائے تو درانتی ہے)

۸۶۲۔ سِرْ وَقَمَرٌ لَكَ۔
(چلا جا اور چاند تیرے واسطے ہے) رات میں چلنے کے لیے
چاند کی روشنی کو غنیمت سمجھ۔

۸۶۳۔ سِيرَةُ الْمَرْءِ تُنْبِئُ عَنْ سَرِيرَتِهِ۔
(آدمی کی عادت اس کی باطنی خرافت کی خبر دیتی ہے)

۸۶۴۔ سَيْرَيْنِ فِي خَرَزَةٍ۔
(دو تسمے ایک سوراخ میں) یعنی اِجْمَعْ سَيْرَيْنِ فِي خَرَزَةٍ
"ایک پنتھ دو کاج"

۸۶۵۔ سَالَ بِهِمُ السَّيْلُ وَجَاشَ بِنَا الْبَحْرُ۔
(ان کو سیلاب نے بہا دیا اور ہم پہ سمندر چڑھ آیا) یعنی ہم
ان سے بھی زیادہ شدید مصیبت میں پڑ گئے۔

۸۶۶۔ سِيلَ بِهِ وَهُوَ لَا يَدْرِي۔
(اس کو بہا دیا گیا مگر اسے خبر بھی نہیں) اس گھر کو آگ لگ گئی گھر کے
چراغ سے۔" جن پہ تکیہ تھا وہی پتے ہوا دینے لگے"۔

(۲۰۰)

ش

۸۶۷۔ اَشْأَمُ مِنْ بَرَاقِش۔

(براقش سے زیادہ منحوس) براقش ایک کتیا کا نام ہے۔ جس کا قصہ گذر چکا۔

۸۶۸۔ اَشْأَمُ مِنَ الْبَسُوْسِ۔

(بسوس سے زیادہ منحوس) بسوس منقذ تمیمیہ کی لڑکی تھی۔ اور جساس بن مرہ بکری کی خالہ ہے۔ اس کے ایک پڑوسی کی اونٹنی کو جس نے کلیب بن وائل تغلبی کی چراگاہ میں چرائی چرتے ہوئے کسی پرندے کے انڈے توڑ دیے تھے۔ کلیب نے تیر مار دیا۔ بسوس کی فریاد پر اس کے بھانجے جساس بن مرۃ بکری نے کلیب پر حملہ کر کے اس کو قتل کر دیا۔ پھر مہلہل جو کہ کلیب کا بھائی، اور بنی تغلب کا سردار ہے۔ کلیب کے قصاص کے لیے کھڑا ہو گیا۔ اسی طرح بنی تغلب اور بکر کے درمیان لڑائی چھڑ گئی۔ جو چالیس سال تک جاری رہی۔ اسی وجہ سے نحوست میں بسوس کی نحوست ضرب المثل ہو گئی۔

۸۶۹۔ اَشْأَمُ مِنْ حَفَّارٍ۔

(قبر کھودنے والے سے زیادہ منحوس) حفار سے مراد حفار القبور ہے۔

۸۷۰۔ اَشْأَمُ مِنْ دَاحِسٍ۔

(داحس سے زیادہ منحوس) داحس قیس بن زہیر کا گھوڑا، جو نحوست میں ضرب المثل تھا۔ کیونکہ اس کی وجہ سے ذبیان اور عبس کے مابین چالیس سال تک لڑائی جاری رہی۔

۸۷۱ اَشْأَمُ مِنْ رَغِيْفِ الْحَوْلَاءِ۔

(حولاء کی روٹی سے زیادہ منحوس) ایک عربی کے سر سے ایک شخص نے روٹی اچک لی۔ حولاء نے اس کو اپنے پڑوسی کی توہین قرار دیا، جس سے قبیلوں میں اشتعال پیدا ہو گیا اور لڑائی میں ایک ہزار آدمی مارے گئے۔

۸۷۲۔ اَشْأَمُ مِنْ طُوَيْسٍ۔

(طویس سے زیادہ منحوس) طویس کہتا تھا کہ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے دن پیدا ہوا تھا۔ صدیق اکبر کی رحلت کے دن اس کا دودھ چھڑایا گیا۔ شہادت عمر کے دن وہ بالغ ہوا۔ شہادت عثمان کے دن شادی ہوئی اور شہادت علی کے دن اس کے ہاں بچہ پیدا ہوا۔

۸۷۳۔ اَشْأَمُ مِنْ عِطْرِ مَنْشِمٍ۔

(منشم کے عطر سے زیادہ منحوس) ایک عطر بیچنے والی عورت تھی اہل عرب منشم کا عطر لگا کر جنگ کے لیے عہد کرتے تھے۔ یہ عطر لگانا ہی اس کی علامت تھی کہ جنگ میں پامردی کا ثبوت دیں گے۔ اسی سے مثل بن گئی۔

۸۷۴۔ اَشْأَمُ مِنْ غُرَابِ الْبَيْنِ۔

(جدائی کے کوے سے زیادہ منحوس) بدوی جب کسی جگہ سے خیمے کو اٹھاتے تو کوے اس جگہ کھانے کی اشیاء پر ٹوٹ پڑتے اسی لیے بدفال لے کر ان کو جدائی کے کوے کہتے۔

۸۷۵۔ مَنْ شَبَّ عَلٰى خُلُقٍ شَابَ عَلَيْهِ۔

(جس عادت پر کوئی جوان ہوا ہے اسی پر بوڑھا ہو گا۔)

۸۷۶۔ اَلشَّبَابُ مَطِيَّةُ الْجَهْلِ۔

(جوانی جہالت کی سواری ہے) الشباب شعبۃ من الجنون (جوانی جنون کی شاخ ہے) "جوانی دیوانی"

۸۷۷۔ الشَّبْعَانُ يَفُتُّ لِلْجَائِعِ فَتًّا بَطِيْئًا۔

(پیٹ بھرا بھوکے کے لیے آہستہ روٹی توڑتا ہے) جب کوئی آسودہ حال دوسرے کی ضرورت کو اہمیت نہ دے۔

۸۷۸۔ اِنَّ هٰذَا الشِّبْلَ مِنْ ذَاكَ الْاَسَدِ۔

(یہ بچہ بھی تو اسی شیر کا ہے)

۸۷۹۔ مَنْ اَشْبَهَ اَبَاهُ فَمَا ظَلَمَ۔

(جو اپنے باپ کے مشابہ ہوا اس نے زیادتی نہیں کی)

۸۸۰۔ اَشْبَهُ مِنَ الْمَاءِ بِالْمَاءِ۔

(اس سے زیادہ مشابہ جیسے پانی سے پانی)

۸۸۱۔ اِنَّهٗ لَاَشْبَهُ بِهٖ مِنَ التَّمْرَةِ بِالتَّمْرَةِ۔

(وہ یقیناً اس سے بھی زیادہ مشابہ ہے جیسے ایک کھجور دوسری سے۔)

۸۸۲۔ مَا اَشْبَهَ تَحَلَ الْجِبَالِ بِاَلْوَانِ صُخُوْرِهَا۔

(پہاڑوں کی چکور اس کے چٹانوں کے رنگ سے کتنی مشابہ ہوتی ہے۔)

۸۸۳۔ مَا اَشْبَهَ اللَّيْلَةَ بِالْبَارِحَةِ۔

(آج کی رات کل کی گزشتہ رات سے کس قدر مشابہ ہے)

۸۸۴۔ الشُّبْهَةُ أُخْتُ الْحَرَامِ۔

(شبہ حرام کی بہن ہے، مشتبہ چیز سے اسی طرح بچنا چاہیے جیسے حرام سے۔)

۸۸۵۔ يَشُجُّ مَرَّةً وَيَأْسُو أُخْرَى۔

(کبھی زخمی کرتا ہے کبھی غم خواری کرتا ہے)

۸۸۶۔ أَشْجَعُ مِنْ لَيْثٍ (شیر سے زیادہ بہادر)

۸۸۷۔ أَشْجَعُ مِنْ أُسَامَةَ (شیر سے زیادہ بہادر، اسامہ شیر کا علم ہے۔)

۸۸۸۔ الشُّجَاعُ مُوَقًّى۔

(بہادر سے کتراتے ہیں، اسی مفہوم کو ایک شعر میں کہا گیا ہے۔

تَعْدُو الذِّئَابُ عَلَى مَنْ لَا كِلَابَ لَهُ ✽ وَتَتَّقِي مَرْبِضَ الْمُسْتَنْفِرِ الْحَامِي۔

جس کے پاس کتے نہ ہوں اس پر بھیڑیے حملہ کرتے ہیں اور اس باڑہ سے بچتے ہیں جو لنگوٹ بند مدافعت کرنے والا ہے۔

۸۸۹۔ إِنْ لَمْ يَكُنْ شَحْمٌ فَنَفَشٌ۔

(اگر چربی نہ ہو تو اون ہی سہی، یعنی واقفیت نہیں تو دکھاوا ہی سہی۔

۸۹۰۔ شَخْبٌ فِي الْإِنَاءِ وَشَخْبٌ فِي الْأَرْضِ۔

(دودھ کی ایک دھار برتن میں اور ایک زمین میں) یعنی جو کبھی درست کام کرے اور کبھی غلط۔ شخب: دودھ کی دھار جو ایک مرتبہ تھن دبانے سے نکلے۔

۸۹۱۔ فَلَمَّا اشْتَدَّ سَاعِدُهُ رَمَانِي۔

(جب اس کی کلائی مضبوط ہو گئی تو اس نے مجھے ہی تیر مارا یعنی ہماری ہی بلی اور ہم سے ہی میاؤں۔ پورا شعر یہ ہے

أُعَلِّمُهُ الرِّمَايَةَ كُلَّ يَوْمٍ ✽ فَلَمَّا اشْتَدَّ سَاعِدُهُ رَمَانِي۔

۸۹۲۔ أَشَدُّ حُزْنًا مِنَ الْخَنْسَاءِ عَلَى صَخْرٍ۔

(صخر پر غم کرنے والی خنساء سے بھی زیادہ غمگین، صخر بن عمرو سلیمی، بنی اسد پر ڈاکہ ڈالنے کے دوران تیر سے زخمی ہو کر مر گیا تو اس کی بہن خنساء نے بڑے دردناک مرثیے کہے اور شدت غم میں بھائی کی قبر کی مجاور بن گئی، حتیٰ کہ مر گئی۔

۸۹۳۔ لِلشَّدَائِدِ تُدَّخَرُ الرِّجَالُ۔

(سختیوں کے لیے آدمیوں کا ذخیرہ کیا جاتا ہے،

۸۹۴۔ عِنْدَ الشَّدَائِدِ تَذْهَبُ الْأَحْقَادُ۔

(مصیبت کے وقت آپس کی دشمنیاں زائل ہو جاتی ہیں)

۸۹۵۔ عِنْدَ الشَّدَائِدِ تُعْرَفُ الْإِخْوَانُ۔

(سختیوں کے وقت بھائی پہچانے جاتے ہیں)

۸۹۶۔ شَرُّ أَيَّامِ الدِّيكِ يَوْمَ تُغْسَلُ رِجْلَاهُ۔

(مرغ کے لیے بدترین دن وہ ہے جس دن اس کے پاؤں دھوئے جاتے ہیں، ذبح کرنے کے لیے مرغ کے پاؤں دھوئے جاتے ہیں۔

۸۹۷۔ شَرُّ الرَّأْيِ الدَّبَرِيُّ۔

(بدترین رائے وہ ہے جو بعد میں یاد آئے "مشت بعد از جنگ"

۸۹۸۔ شَرُّ الشَّدَائِدِ مَا يُضْحِكُ۔

(بدترین سختی وہ ہے جو ہنسانے والی ہو، حیرتناک، جو مصیبت زدہ یا دشمنوں کو ہنسائے۔

۸۹۹۔ شَرٌّ مِنَ الشَّرِّ فَاعِلُهُ۔

(سو برائیوں کی ایک برائی، برائی کرنے والا ہے)

۹۰۰۔ شَرٌّ مِنَ الْمَوْتِ مَا يُتَمَنَّى مَعَهُ الْمَوْتُ۔

(موت سے بری وہ مصیبت ہے جس کے ہوتے موت کی تمنا کی جائے)

۹۰۱۔ شَرُّ النَّاسِ مَنْ يَتَّقِيهِ النَّاسُ۔

(بدترین آدمی وہ ہے جس سے لوگ پرہیز کریں)

۹۰۲۔ شَرُّ النَّاسِ مَنْ دَارَاهُ النَّاسُ لِشَرِّهِ۔

(بدترین آدمی وہ ہے جس کے فساد کی وجہ سے لوگ اس کی عزت کریں)

۹۰۳۔ شَرُّ النَّاسِ مَنْ لَا يُبَالِي أَنْ يَرَاهُ النَّاسُ مُسِيئًا۔

(بدترین آدمی وہ ہے جو اس کی پرواہ نہ کرے کہ لوگ اس کو بدی کرتے دیکھیں گے)

۹۰۴۔ الشَّرُّ أَخْبَثُ مَا أَوْعَيْتَ مِنْ زَادٍ۔

(برائی وہ سب سے زیادہ برا توشہ ہے جس کا تم نے ذخیرہ کیا ہے۔ شعر کا مصرع اول یہ ہے: الْخَيْرُ يَبْقَى وَإِنْ طَالَ الزَّمَانُ بِهِ۔

خیر باقی رہتی ہے، اگرچہ اس کو طویل زمانہ ہو جائے)

۹۰۵۔ الشَّرُّ قَلِيلُهُ كَثِيرٌ (برائی تھوڑی بھی بہت ہے)

۹۰۶۔ الشَّرُّ قَلِيلُهُ كَثِيرٌ۔

(برائی برائی کے لیے ہی پیدا ہوتی ہے، اسی طرح کا ایک مقولہ ہے الْحَدِيدُ بِالْحَدِيدِ يُفْلَحُ (لوہا لوہے کو کاٹتا ہے)

۹۰۷۔ إِنَّ فِي الشَّرِّ خِيَارًا۔

(خیر میں کچھ شر بھی ہوتی ہے) خیارٌ: جمع خیر یعنی شر میں کچھ اچھی چیزیں بھی ہوتی ہیں۔ یا خیارٌ اختیارٌ کا اسم ہے اور مثل کا مفہوم اس مثال کے مترادف ہے: بَعْضُ الشَّرِّ اَهْوَنُ مِنْ بَعْضٍ۔

(بعض شر بعض سے زیادہ نرم ہوتے ہیں۔)

۹۰۸۔ لِكُلِّ شَرٍّ بَاعِثٌ (ہر شر کا کوئی اٹھانے والا ہوتا ہے)

۹۰۹۔ لَاتَشْرَبِ السَّمَّ اتِّكَالًا عَلَى التِّرْيَاقِ۔

(تریاق پر بھروسہ کر کے زہر نہ پیو)

۹۱۰۔ اَشْرَبُ مِنَ الْهِيْمِ۔

(پیاسے اونٹوں سے بھی زیادہ پینے والا) هِيْمٌ: اَهْيَمُ وهَيْمَاءُ کی جمع ہے۔ یعنی سخت پیاسے اونٹ۔ هُيَامٌ پیاس سے مشتق ہے۔

۹۱۱۔ اَشْرَبُ مِنَ الرَّمْلِ (ریت سے زیادہ پینے والا)

۹۱۲۔ اَشْرَبُ مِنَ الْقِمَعِ (قیمع سے زیادہ پینے والا)

۹۱۳۔ اَلشَّرْطُ اَمْلَكُ عَلَيْكَ اَمْ لَكَ۔

(شرط زیادہ لازم ہے خواہ تمھارے مخالف ہو یا موافق) دوستوں کے مابین شرط کی رعایت، وحفاظت کے لیے کہا جاتا ہے۔

۹۱۴۔ شَرُّعُكَ مَا بَلَّغَكَ الْمَحَلَّ۔

(تیری زادراہ وہ ہے جو تجھے مقام تک پہنچا دے) زادراہ کی اتنی ہی مقدار کافی ہے۔

۹۱۵۔ اِنَّ الشِّرَاكَ قُدَّ مِنْ اَدِيْمِهٖ۔

(تسمہ اپنی کھال ہی سے کاٹا گیا ہے) دو مشابہ چیزوں کے لیے بولا جاتا ہے

۹۱۶۔ مَنِ اشْتَرَى الْحَمْدَ لَمْ يُغْبَنْ۔

(جس نے تعریف خریدلی اس کو خسارہ نہیں رہا)

۹۱۷۔ مَنْ يَشْتَرِيْ سَيْفِيْ وَهٰذَا اَثَرُهٗ۔

(میری تلوار کون خریدتا ہے اور یہ اس کا اثر ہے) ایسی چیز سے ڈرانے کے لیے کہا جاتا ہے جس میں ایک مرتبہ مبتلا ہو چکا ہو۔ یہ حارث بن ظالم مری کا مقولہ ہے۔ نعمان نے اس کی گرفتاری کے لیے کچھ سوار بھیجے تھے۔ مقابلہ ہوا تو حارث نے ان پر بے جگری سے حملہ کیا۔ جدھر رخ کرتا۔ ان کو منتشر کر دیتا اور حملہ کرتے ہوئے یہ رجز پڑھتا: من یشتری سیفی و ھذا اثرہ۔ کئی سوار قتل ہو گئے اور باقی اس کو چھوڑ کر واپس ہو گئے۔

۹۱۸۔ اَلَا مَنْ يَشْتَرِيْ سَهَرًا بِنَوْمٍ۔

(کیا کوئی خریدار ہے جو نیند کے بدلے بیداری کو خریدے) نعمت و عافیت کی ناشکری کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

۹۱۹۔ اِشْتَرِ لِنَفْسِكَ وَلِلسُّوْقِ۔

(اپنے اور بازار کے لیے خرید) یعنی ایسی چیز خرید جس سے خود آرام اٹھاؤ اور اگر بازار میں بیچنا چاہو تو بازار میں بھی اس کے خریدار مل جائیں۔

۹۲۰۔ اَلشَّعِيْرُ يُؤْكَلُ وَيُذَمُّ۔

(جو کھایا جاتا ہے، پھر اس کی مذمت بھی کی جاتی ہے) محسن کی مذمت کرنے والے کو کہتے ہیں۔

۹۲۱۔ شُعَاعُ الشَّمْسِ لَا يُخْفٰى وَنُوْرُ الْحَقِّ لَا يُطْفٰى۔

(آفتاب کی شعاع کو چھپایا نہیں جا سکتا اور حق کے نور کو بجھایا نہیں جا سکتا)

۹۲۲۔ اِنْ يَكُنِ الشُّغْلُ مَجْهَدَةً فَاِنَّ الْفَرَاغَ مَفْسَدَةٌ۔

(شغل اگر مشقت میں ڈالتا ہے تو بیکاری باعث فساد ہے)

۹۲۳۔ اِنَّ الشَّفِيْقَ بِسُوْءِ الظَّنِّ مُوْلَعٌ۔

(یقیناً مہربان برے گمانوں کا حریص ہوتا ہے) یعنی محبت کی زیادتی بدگمانی کا سبب ہوتی ہے۔

۹۲۴۔ شَفَيْتُ نَفْسِيْ وَجَدَعْتُ اَنْفِيْ۔

(میں نے اپنے نفس کو شفا دی مگر اپنی ناک کاٹ لی) یعنی ایک مراد پائی تو دوسرا نقصان کر لیا۔

۹۲۵۔ شَقَّ فُلَانٌ عَصَا قَوْمِهٖ۔

(فلاں نے اپنی قوم کے اتحاد کو پارہ پارہ کر دیا)۔ عَصَا: اتحاد جماعت سے کنایہ ہے۔ جماعت منتشر ہو تو عصا نہیں کہتے۔

۹۲۶۔ مَا يُشَقُّ غُبَارُهٗ۔

(اس کا غبار چیرا نہیں جا سکتا) یعنی کوئی اس کی گرد کو نہیں پہنچتا۔ یا اس کی گرد کو بھی نہیں چھو سکتا۔

۹۲۷۔ شِقْشِقَةٌ هَدَرَتْ ثُمَّ قَرَّتْ۔

(اونٹ کے منہ کا لوتھڑا ہے کہ پہلے آواز نکالی پھر ساکن ہو گیا) شِقْشِقَة: پھیپھڑے جیسا وہ لوتھڑا جس کو اونٹ جوش میں بلبلاتے ہوئے منہ سے نکال لیتا ہے۔

۹۲۸۔ اِنَّ الشَّقِیَّ تَبْدُوْ لَهٗ اَعْلَامًا۔
(بدبخت کی تم تمام علامتیں دیکھ لوگے، یعنی بدبختی کی تمام علامات چھپ نہیں سکتیں۔

۹۲۹۔ اِنَّ الشَّقِیَّ وَافِدُ الْبَرَاجِمِ۔
(بدبخت براجم کا آنے والا بیشک بدبخت ہے، لالچ میں نقصان اٹھانے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔ براجم بنو تمیم کی ایک شاخ ہے جو حنظلہ بن مالک بن عمرو بن تمیم کے پانچ لڑکوں کی نسل ہے۔ یہ خیال عمرو ابن ہند شاہ عراق کا مقولہ ہے۔ جس نے اپنے بھائی کے قصاص میں بنو تمیم کے سو آدمی قتل کرنے کی قسم کھائی تھی۔ ننانوے آدمی قتل کر کے مزید ایک کی فکر میں تھا کہ براجم میں کا ایک آدمی سفر سے واپس ہوتے ہوئے بےخبری میں عمرو بن ہند کے یہاں پہنچ گیا کہ شاید کھانے کو کچھ مل جائے۔ پوچھ کے دریافت کرنے پر اس نے بتا دیا کہ وہ براجم میں کا ایک شخص ہے۔ عمرو بن ہند نے اس کو قتل کا حکم دیتے ہوئے کہا: اِنَّ الشقی وافد البراجم۔

۹۳۰۔ لَا یَشْکُرُ اللّٰهَ مَنْ لَّا یَشْکُرُ النَّاسَ۔
(وہ اللہ تعالیٰ کا بھی شکرگزار نہیں جو لوگوں کا شکر نہیں کرتا۔)

۹۳۱۔ اَشْکَرُ مِنْ بَرْوَقَةٍ۔
(بروقہ سے زیادہ شکرگزار، بروقہ: ایک چھوٹا پودا ہے جو ذرا سی نمی میں اُگ آتا ہے۔

۹۳۲۔ تَشْکُوْ اِلٰی غَیْرِ مُصْمِتٍ۔
(اس سے شکایت کر رہا ہے جو خاموش نہیں رہتا یا خاموش نہیں کرتا، وہ سنتا ہے نہ شکایت کا تدارک کر کے خاموش کرتا ہے۔

۹۳۳۔ اَلشَّمَاتَةُ لُؤْمٌ۔
(دوسرے کی مصیبت پر خوش ہونا کمینہ پن ہے۔)

۹۳۴۔ لِکُلِّ شَمْسٍ مَغْرِبٌ۔ (ہر سورج کو ڈوبنا ہے)

۹۳۵۔ مَالِیْ بِشَمْسٍ لَا تُدْفِئُنِیْ۔
(میرے سورج کو کیا ہوا کہ مجھے گرم نہیں کرتا)

۹۳۶۔ هُوَ عِنْدِیْ بِالشِّمَالِ۔
(وہ میرے بائیں ہے، میرا بایاں ہے۔ کم رتبہ ہے۔

۹۳۷۔ رُبَّ شَانِئَةٍ اَحْفٰی مِنْ اُمٍّ۔
بعض دشمن عورتیں ماں سے زیادہ مہربان ہوتی ہیں، ان کی عیب جوئی سے اخلاق کی درستی کا موقع ملتا ہے اور ماں شدتِ محبت کی وجہ سے تمہارے عیوب کو چھپاتی ہے۔ اس لیے اصلاح نہیں ہوتی۔

۹۳۸۔ شِنْشِنَةٌ اَعْرِفُهَا مِنْ اَخْزَمَ۔
(یہ وہ خصلت ہے جو مجھے اخزم سے معلوم ہے، ابو اخزم طائی کا قول ہے، اخزم اس کا لڑکا نافرمان تھا۔ وہ مر گیا تو ابو اخزم نے اس کے بچوں یعنی اپنے پوتوں کی پرورش کی، جب وہ بڑے ہوئے تو ایک روز اپنے دادا سے لڑتے ہوئے اس کو زخمی کر دیا۔ اس وقت ابو اخزم نے کہا:
اِنَّ بَنِیَّ ضَرَّجُوْنِیْ بِالدَّمِ ۔ شِنْشِنَةٌ اَعْرِفُهَا مِنْ اَخْزَمِ
(میرے بچوں نے مجھے خون آلود کر دیا ہے۔ یہ وہی عادت ہے جس کو میں اخزم ہی سے جانتا ہوں۔

۹۳۹۔ شَاهِدُ الثَّعْلَبِ ذَنَبُهٗ۔ (لومڑی کا گواہ اس کی دُم ہے)

۹۴۰۔ شَاهِدُ الْبُغْضِ النَّظَرُ۔ (بغض کا گواہ غضبناک نظر ہے)

۹۴۱۔ شَهَادَاتُ الْفِعَالِ خَیْرٌ مِّنْ شَهَادَاتِ الرِّجَالِ۔
(کاموں کی شہادت لوگوں کی شہادت سے بہتر ہے)

۹۴۲۔ اَشْهَرُ مِنَ الشَّمْسِ۔ (سورج سے زیادہ مشہور)

۹۴۳۔ اَشْهَرُ مِنَ الْقَمَرِ۔ (چاند سے زیادہ مشہور)

۹۴۴۔ اَشْهَرُ مِنَ الْبَدْرِ۔ (کامل چاند سے زیادہ مشہور)

۹۴۵۔ اَشْهَرُ مِنَ الصُّبْحِ۔ (صبح سے زیادہ مشہور)

۹۴۶۔ اَشْهَرُ مِنْ فَلَقِ الصُّبْحِ۔ (ظہور صبح سے زیادہ مشہور)

۹۴۷۔ اَشْهَرُ مِنْ عَلَمٍ۔ (پہاڑ یا جھنڈے سے زیادہ مشہور)

۹۴۸۔ اَشْهَرُ مِنْ نَّارٍ عَلٰی عَلَمٍ۔ (پہاڑ پر آگ سے زیادہ مشہور، علم: بلند پہاڑ)

۹۴۹۔ اَشْهَرُ مِنَ الْاَبْلَقِ۔ (ابلق سے زیادہ مشہور)
(ابلق سیاہ اور سفید رنگ کا گھوڑا تھا، جو گھوڑدوڑ میں آگے نکلنے کے لیے مشہور تھا)

۹۵۰۔ اَتَشْتَهِیْ وَتَشْتَکِیْ۔
(کیا تو چاہتا ہے اور شکایت بھی کرتا ہے، یعنی پہلے طلب کرتا ہے اور جب حاصل ہو جاتی ہے تو اس کی شکایت کرتا ہے)

۹۵۱۔ مِنْ شَهْوَةِ التَّمْرِ یَمُصُّ النَّوٰی۔
(کھجور کی خواہش کے سبب گٹھلی کو چوستا ہے)

۹۵۲۔ شُبْ شَوْبًا لَكَ بَعْضُهٗ (وہ بناؤ جس کا کچھ حصہ تمہارے لیے ہو)

۹۵۳۔ شَابَ يَشُوْبُ شَوْبًا دیکھی مرکب کرنا۔ ملانا)

۹۵۴۔ إِذَا شَاوَرْتَ الْعَاقِلَ صَارَ عَقْلُهٗ لَكَ۔

(جب تو نے عقلمند سے مشورہ کیا تو اس کی عقل تمہاری ہو گئی)

۹۵۵۔ شَوْفُ النُّحَاسِ يُظْهِرُ النُّحَاسَا۔

(تانبے کو صاف کرنا تانبے کو اچھی طرح ظاہر کر دیتا ہے) بد اصل کو سنوارو تو اور بگڑ جاتا ہے۔ شوف: صیقل کرنا۔ جلا دینا۔

۹۵۶۔ مِنَ الشَّوْكَةِ تَخْرُجُ الْوَرْدَةُ۔

(کانٹے ہی سے گلاب کا پھول نکلتا ہے۔)

۹۵۷۔ الشَّاةُ الْمَذْبُوحَةُ لَا يُؤْلِمُهَا السَّلْخُ۔

(ذبح شدہ بکری کو کھال اتارنے سے تکلیف نہیں ہوتی)

۹۵۸۔ كُلُّ شَاةٍ تُنَاطُ بِرِجْلَيْهَا۔

(ہر بکری کو اس کے پاؤں کے بل ہی لٹکایا جاتا ہے) یعنی ہر شخص اپنے ہی جرم کی سزا پاتا ہے۔ تُناط: تُعَلَّقُ: لٹکائی جاتی ہے۔

۹۵۹۔ لَا يَكُوْنُ ذٰلِكَ حَتّٰى يَشِيْبَ الْغُرَابُ۔

(یہ نہیں ہو سکتا جب تک کہ کوا سفید نہ ہو جائے) جب تک ناممکن ممکن نہ ہو جائے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے۔ چونٹا انڈا دے یا جب تک اونٹ سوئی کے ناکے سے نہ گزر جائے۔ مطلب یہ کہ ایسا کبھی نہیں ہو سکتا۔

۹۶۰۔ كُلُّ شَيْءٍ ذُو ثَمَنٍ۔ (ہر چیز کی ایک قیمت ہے)

۹۶۱۔ بَاتَ يَشْوِي الْقَرَاحَ۔ (خالص پانی کو ہی بھونتا رہا) بھوننے کے لیے گھر میں سوائے پانی کے کچھ نہیں رہا۔ قراح: خالص پانی۔

۹۶۲۔ شَيْبُكَ نَاعِيْكَ۔

(تیرے بالوں کی سفیدی تیری موت کا مخبر ہے) ناعی: مخبر موت یعنی بالوں کی سفیدی قرب موت کی خبر ہے۔

(۹۰)

ص

۹۶۳۔ صُبَابَتِي تَرْوِي وَلَيْسَتْ غَيْلًا۔

(میرا تلچھٹ سیراب کر دیتا ہے اتنا نہیں کہ زمین پر بہے) یعنی کام چل جاتا ہے، زائد نہیں ہے۔ صبابۃ: وہ پانی جو برتن وغیرہ میں بچ جائے۔ غیل: وہ پانی جو زمین پر بہتا ہو۔

۹۶۴۔ عِنْدَ الصَّبَاحِ يَحْمَدُ الْقَوْمُ السُّرٰى۔

(صبح کے وقت قوم رات میں چلنے کی تعریف کرے گی) اس شخص کے لیے کہتے ہیں جو راحت کی امید میں مشقت برداشت کرے یا مشقت کے بعد راحت حاصل ہو۔

۹۶۵۔ مَنْ صَبَرَ ظَفِرَ۔ (جس نے صبر کیا، کامیاب ہوا)

۹۶۶۔ اَلصَّبْرُ حِيْلَةُ مَنْ لَا حِيْلَةَ لَهٗ۔

(صبر اس کا حیلہ ہے جس کا کوئی حیلہ نہ ہو)

۹۶۷۔ اَلصَّبْرُ مِفْتَاحُ الْفَرَجِ۔ (صبر کشادگی کی کنجی ہے)

۹۶۸۔ أَصْبَرُ مِنَ الْوَتِدِ۔

(میخ سے زیادہ صابر) سر پر کھاتی ہے مگر جمی رہتی ہے۔

۹۶۹۔ أَصْبَرُ مِنَ الْأَرْضِ۔ (زمین سے زیادہ صابر)

۹۷۰۔ اَلصَّبِيُّ أَعْلَمُ بِمَضْغِ فِيْهِ۔

(بچہ اپنے منہ چلانے کو خوب جانتا ہے) جب کسی واقف کار کو مشورہ دیا جائے اور وہ بھی غلط۔

۹۷۱۔ وَرُبَّمَا صَحَّتِ الْأَجْسَامُ بِالْعِلَلِ۔

(کبھی جسم بیماریوں کے سبب سے تندرست بھی ہو جاتے ہیں)

۹۷۲۔ صَاحِبُ الْحَاجَةِ أَعْمٰى۔ (ضرورت مند اندھا ہوتا ہے)

۹۷۳۔ وَصَاحِبُ الْبَيْتِ أَدْرٰى بِالَّذِيْ فِيْهِ۔

(مکان والا زیادہ بہتر جانتا ہے جو کچھ مکان میں ہے)

۹۷۴۔ صَحِيْفَةُ الْمُتَلَمِّسِ (متلمس کا خط) اس شخص کے لیے کہتے ہیں جو خود فریبی میں مبتلا ہو کر ہلاکت میں پڑے۔ مشہور شاعر متلمس اور اس کا بھانجا طرفہ دونوں عمرو بن ہند شاہ حیرہ کے پاس پہنچے۔ بڑی تدبیریں کیں۔ مگر اس تک رسائی نہ ہوئی۔ طرفہ نے تنگ آ کر عمرو کی ہجو کی۔ عمرو کو معلوم ہوا تو اس نے طرفہ کو قتل کرنا چاہا۔ مگر متلمس کی ہجو سے ڈرتا تھا۔ اس لیے یہ تدبیر اختیار کی کہ ان کو اپنے اہل و عیال سے ملنے کا شوق دلایا اور دو خط سربمہر ان کو دیے کہ اس کے گورنر کے پاس لے جائیں، وہ اس حکم کے مطابق ان کو انعام دیگا۔ طرفہ اور متلمس خطوط لے کر چلے تو راستے میں ایک بوڑھے کی باتوں سے متلمس کو شک ہو گیا۔ حیرہ کے ایک

راہ چلتے مسافر غلام سے اس نے خط پڑھوایا تو معلوم ہوا کہ خط میں انعام کی بجائے متلمس کے قتل کا حکم تھا۔

۹۷۵۔ تَصْدَأُ الْقُلُوْبُ كَمَا يَصْدَأُ الْحَدِيْدُ۔

(دل بھی اسی طرح زنگ آلود ہوتے ہیں جس طرح لوہا زنگ آلود ہو جاتا ہے۔)

۹۷۶۔ صَدْرُكَ أَوْسَعُ لِسِرِّكَ۔

(تیرا ہی سینہ تیرے راز کے لیے زیادہ ہے۔)

۹۷۷۔ صُدُوْرُ الْأَحْرَارِ قُبُوْرُ الْأَسْرَارِ۔

(شریفوں کے سینے رازوں کی قبر ہوتے ہیں۔)

۹۷۸۔ صَادَفَ دَرْءُ السَّيْلِ دَرْءًا يَصْدَعُهُ۔

(سیلاب کی ٹکر ایسی ٹکر سے ہوئی جو سیلاب کی ٹکر کو توڑ دیگی)

درءٌ: دفع کرنا۔ یعنی ایک شر سے دوسرا شر اس طرح ٹکرایا کہ پہلے کا زور ٹوٹ گیا، اسی کے ہم معنی ہے الْحَدِيْدُ بِالْحَدِيْدِ يُفْلَحُ: لوہے کو لوہا کاٹتا ہے۔

۹۷۹۔ مَنْ صَدَقَ اللّٰهَ نَجَا (جو اللہ کے ساتھ سچا رہا اس نے نجات پائی)

۹۸۰۔ الصِّدْقُ يُنْبِئُ عَنْكَ لَا الْوَعِيْدُ۔

(عمل کی سچائی تمہاری خبر دیگی نہ کہ دھمکی، یعنی دشمن کا سچا مقابلہ شجاعت ظاہر کریگی نہ کہ خیالی دھمکی۔

۹۸۱۔ أَصْدَقُ مِنْ لَفْظٍ لَحْظٌ (بات سے زیادہ سچی نگاہ ہے)

۹۸۲۔ أَصْدَقُ مِنَ الْقَطَا۔ (قطا سے زیادہ سچا)

قطا (بھٹ تیتر) جو قطا قطا پکار کر اپنی سچی خبر دیدیتا ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ اپنی آواز بھی کبھی نہیں بدلتا

۹۸۳۔ صَرَّحَ الْمَحْضُ عَنِ الزُّبْدِ۔

(خالص چیز جھاگ سے الگ ہو گئی ہے) صرّح: لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے۔

۹۸۴۔ عِنْدَ التَّصْرِيْحِ تُرِيْحُ (بات کھلنے کے وقت تو راحت پائیگا)

۹۸۵۔ الصَّرِيْحُ تَحْتَ الرَّغْوَةِ۔ (صاف چیز جھاگ کے نیچے ہے، حقیقت ظاہری سطح کے نیچے چھپی ہے۔ عنقریب ظاہر ہو جائیگی۔

۹۸۶۔ مَنْ صَارَعَ الْحَقَّ صَرَعَهُ۔

(جو حق سے کشتی لڑیگا، حق اس کو پچھاڑ دیگا۔)

۹۸۷۔ لِكُلِّ صَارِمٍ نَبْوَةٌ وَلِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ وَلِكُلِّ عَالِمٍ هَفْوَةٌ۔

(ہر تلوار کبھی اچٹ جاتی ہے، ہر گھوڑا کبھی ٹھوکر کھاتا ہے اور ہر عالم سے کبھی لغزش ہوتی ہے) نَبَا السَّيْفُ: تلوار اچٹ گئی، كَبَا الْفَرَسُ: گھوڑا پھسل گیا۔ هَفْوَةُ الْعَالِمِ: عالم کی لغزش۔

۹۸۸۔ أَصْعَبُ مِنْ رَدِّ الشَّخْبِ فِي الضَّرْعِ۔

(دودھ کی دھار کو تھن میں لوٹا دینے سے زیادہ مشکل)

۹۸۹۔ كَصَفِيْحَةِ الْمِسَنِّ تَشْحَذُ وَلَا تَقْطَعُ۔

(سان کے پتھر کی طرح ہے دھار کو تیز کرتا ہے اور خود نہیں کاٹتا، دوسروں کو نصیحت کرتا ہے مگر اپنا کام درست نہیں کر سکتا)

۹۹۰۔ صَفْقَةٌ لَمْ يَشْهَدْهَا حَاطِبٌ۔

(ایسا سودا ہے جس میں حاطب موجود نہیں تھا، یعنی معاملہ ماہر کے ذریعے انجام نہیں پایا ہے۔ حاطب بن ابی بلتعہ نہایت محتاط اور عقلمند شخص تھا۔ ان کی قوم کا کوئی شخص خرید و فروخت کرتا تو سودا اسی کے ہاتھوں طے ہوتا تھا تاکہ نقصان نہ رہے۔ ایک مرتبہ کسی نے ان کے بغیر ہی معاملہ طے کر لیا جس میں اس کو نقصان اٹھانا پڑا۔

۹۹۱۔ أَصْفَى مِنَ الدَّمْعَةِ۔

(آنسو سے زیادہ صاف، جس میں گرد و غبار نہیں ہوتا۔)

۹۹۲۔ أَصْفَى مِنْ عَيْنِ الدِّيْكِ (مرغ کی آنکھ سے زیادہ صاف)

۹۹۳۔ أَصْفَى مِنْ جَنَى النَّحْلِ۔ (خالص شہد سے زیادہ صاف، جنى النحل، مکھی کا شہد۔

۹۹۴۔ أَصْلَحَ غَيْثٌ مَا أَفْسَدَ الْبَرْدُ۔

(بارش نے درست کر دیا جس کو سردی نے خراب کر دیا تھا، جب کوئی شخص کسی کا بگاڑا ہوا کام درست کر دے تو کہا جاتا ہے۔

۹۹۵۔ وَهَلْ يُصْلِحُ الْعَطَّارُ مَا أَفْسَدَ الدَّهْرُ۔

(کیا عطار اس کی اصلاح کریگا جس کو زمانے نے فاسد کر دیا ہے؟)

۹۹۶۔ لَا يَصْلُحُ رَفِيْقًا مَنْ لَمْ يَبْتَلِعْ رِيْقًا۔

(وہ شخص رفیق بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا جو غصے کا تھوک نہ نگلے) غصہ نہ پی جائے۔

۹۹۷۔ مَا لَا يَصْلُحُ تَرْكُهُ أَصْلَحُ۔

(جو درست نہ ہو سکے اس کو چھوڑ دینا ہی مناسب ہے)

۹۹۸۔ أَصْلِحْ نَفْسَكَ يَصْلُحْ لَكَ النَّاسُ۔

(اپنے آپ کو درست کرو تمہارے لیے لوگ درست ہو جائیں گے)

۹۹۹۔ رُبَّ صَلَفٍ تَحْتَ الرَّاعِدَةِ۔

دگرجنے والے ابر کے نیچے بسا اوقات خالی بادل بھی ہوتے ہیں۔ مَثَلْ: وہ ابر جس میں گرج ہو۔ گرجنے والے برستے نہیں۔ یہ مثل مال دار بخیل، بے عمل باتیں بنانے والے، وعدہ سے پھرنے والے اور خودستائی کرنے والے شخص کے لیے کہتے ہیں۔

۱۰۰۰۔ اَصَمُّ عَمَّا سَاءَهُ سَمِيعٌ۔

(سنتا ہے گراں باتوں سے بہرا ہے جو اس کو بری معلوم ہوں) بہرا اپنے مطلب کی سن لیتا ہے یا بری باتوں کو ایسے ٹال دیتا ہے، جیسے سنا ہی نہیں۔ اسی معنی میں ہے:۔

قُلْ مَا بَدَا لَكَ مِنْ زُورٍ وَمِنْ كَذِبٍ ۞ حِلْمِي أَصَمُّ وَأُذْنِي غَيْرُ صَمَّاءَ۔

تجھ کو جھوٹ فریب بہت کم ظاہر ہوا ہے۔ میرا تحمل بہرا ہے، مگر کان بہرے نہیں۔

۱۰۰۱۔ صَمْصَامَةُ عَمْرِو بْنِ مَعْدِيكَرِبَ۔

(عمرو بن معدیکرب کی تلوار، عمرو بن معدیکرب کی تلوار کاٹ میں ضرب المثل تھی)

۱۰۰۲۔ اِصْنَعْهُ صَنْعَةَ مَنْ طَبَّ لِمَنْ حَبَّ۔

(اس کو ایسے بنا جیسے ایک تجربہ کار آدمی اپنے محبوب کے لیے بناتا ہے) انتہائی نفاست سے۔

۱۰۰۳۔ اَصْنَعُ مِنَ النَّحْلِ (شہد کی مکھی سے زیادہ کاریگر)

۱۰۰۴۔ اَصْنَعُ مِنْ دُودِ الْقَزِّ (ریشم کے کیڑے سے زیادہ کاریگر)

۱۰۰۵۔ اَصَابَ تَمْرَةَ الْغُرَابِ۔

(کوے کو بہترین چیز مل گئی، کوا بہترین کھجور اٹھاتا ہے۔

۱۰۰۶۔ مَصَائِبُ قَوْمٍ عِنْدَ قَوْمٍ فَوَائِدُ۔

(ایک قوم کے مصائب دوسری کے فوائد ہوتے ہیں۔)

۱۰۰۷۔ لَيْسَ بِصِيَاحِ الْغُرَابِ يَجِيءُ الْمَطَرُ۔

(کوے کے پکارنے بارش نہیں آسکتی، کوے کے کوسے ڈھور نہیں مرتے۔

۱۰۰۸۔ هٰذَا يَصِيدُ وَهٰذَا يَأْكُلُ السَّمَكَةَ۔

(یہ شکار کرتا ہے اور یہ مچھلی کھاتا ہے)

۱۰۰۹۔ صَيْدُكَ لَا تَحْرِمْهُ (اپنا شکار کرلے اس سے محروم نہ رہ)

۱۰۱۰۔ يَا صَيْدُكَ إِنْ لَمْ تَحْرِمْهُ۔

(وہ تیرا شکار ہے اگر تو اس کو محروم نہ کرے) یا صَيْدُكَ فَلَا تَحْرِمْهُ۔ (تیرا شکار موجود ہے اس کو محروم نہ کر، یعنی موقعے سے فائدہ اٹھا۔

۱۰۱۱۔ كُلُّ الصَّيْدِ فِي جَوْفِ الْفَرَا۔

(تمام شکار گورخر کے پیٹ میں ہیں) الفرا: گورخر۔ مثل کا قصہ یہ ہے کہ تین شکاریوں میں سے ایک نے خرگوش، دوسرے نے ہرن اور تیسرے نے گورخر کا شکار کیا۔ پہلے دو شکاری گورخر کے شکار سے بےخبر تھے۔ انھوں نے اپنے اپنے پر شیخی بگھاری، تب تیسرے نے کہا: کل الصید فی جوف الفرا۔ یعنی تمھارے شکار تو میرے شکار کے پیٹ میں ہی سما جائیں گے۔

۱۰۱۲۔ فِي الصَّيْفِ ضَيَّعْتِ اللَّبَنَ۔

(تو نے دودھ تو گرمیوں ہی میں ضائع کردیا) ضَيَّعْتِ: واحد مؤنث کو خطاب مگر مثل واحد جمع مذکر مؤنث سب کے لیے استعمال ہوتی ہے۔ واقعہ یہ تھا کہ ایک نوجوان عورت دختنوس بنت لقیط کی بڈھے عمرو بن عدس کے ساتھ شادی ہوئی۔ دختنوس نے بڈھے عمرو کو ناپسند کیا اور اس سے طلاق لے کر ایک خوبصورت جوان سے شادی کرلی۔ قسمت سے اسی سال قحط پڑ گیا۔ دختنوس نے اپنے پہلے شوہر کے پاس دودھ لینے کے لیے آدمی بھیجا تو عمرو نے جواب میں یہ جملہ کہا۔

(۸۰۰) ض

۱۰۱۳۔ الضَّجُورُ تَحْلُبُ الْعُلْبَةَ۔

(تنگ آئی ہوئی اونٹنی دودھ کا برتن بھر دیتی ہے) الضجور: وہ اونٹنی جو خوشی سے دودھ نہ دے۔ تحلب العلبة یعنی تملأ العلبة۔

(دھاوتی بھر کر دودھ دیتی ہے)

۱۰۱۴۔ اِضْطَرَّهُ السَّيْلُ إِلَى الْعَطَشِ۔

(سیلاب نے اس کو پیاس کے لیے مجبور کردیا) خوشحالی اور وسعت نے تنگی اور مفلسی میں مبتلا کردیا۔ اسی طرح ایک بددعا ہے: رَمَاهُ اللّٰهُ بِالْحَرَّةِ تَحْتَ الْقِرَّةِ (اللہ تعالیٰ اس کو سردی کے نیچے پیاس میں مبتلا کرے۔ حَرَّة: پیاس۔ قِرَّة: سردی

۱۰۱۵۔ لَا يَضُرُّ السَّحَابَ نُبَاحُ الْكِلَابِ۔

(کتوں کا بھونکنا بادلوں کو ضرر نہیں پہنچاتا)

۱۰۱۶۔ الضَّرُورَاتُ تُبِيحُ الْمَحْظُورَاتِ۔

(مزدور ممنوع چیزوں کو ضائع کر دیتی ہیں، مجبوری میں سب حلال ہے۔

۱۰۱۷۔ ضَرَبَ اَخْمَاسًا لِاَسْدَاسٍ۔

(اس نے پانچویں دن کی باری والے اونٹوں کو چھٹے دن کی باری بنا دیا) بری تدبیر اختیار کی۔ اخماس: جمع خِمْسٌ؛ وہ اونٹ جن کو پانچویں دن پانی پلایا جائے۔ اسداس: جمع سِدْسٌ؛ وہ اونٹ جن کو چھٹے دن پانی پلایا جائے۔ یہ اونٹ پیاسے ہوتے ہیں، ریگستان کے سفر کے لیے اونٹوں کو پیاس کا عادی بنانے کی غرض سے پہلے انھیں پانچویں دن اور پھر چھٹے دن ایک بار پانی پلاتے تھے۔

۱۰۱۸۔ اِذَا ضَرَبْتَ فَاَوْجِعْ وَاِذَا زَجَرْتَ فَاَسْمِعْ۔

(وار کرے تو بھرپور اور جھڑکے تو اچھی طرح سنا دے)

۱۰۱۹۔ اِنَّكَ تَضْرِبُ فِي حَدِيدٍ بَارِدٍ۔

(تو ٹھنڈا لوہا پیٹ رہا ہے، بے نتیجہ کوشش کر رہا ہے۔

۱۰۲۰۔ اِيَّاكَ اَنْ يَضْرِبَ لِسَانُكَ عُنُقَكَ۔

(اس بات سے بچو کہ تمھاری زبان تمھاری گردن مار دے)

۱۰۲۱۔ ضَرْبُ الْحَبِيبِ اَوْجَعُ۔

(دوست کی مار کا زیادہ دکھ ہوتا ہے)

۱۰۲۲۔ اِنَّمَا ضِغْثٌ عَلٰى اِبَّالَةٍ۔

(وہ گٹھڑی پر ایک اور گٹھڑی ہے، یعنی بوجھ پر بوجھ۔ مصیبت پر مصیبت۔ ضِغْثٌ: تر و خشک ملی ہوئی گھاس کا ایک مٹھا۔ اِبَّالَۃٌ: گھاس یا لکڑی کا گٹھا۔

۱۰۲۳۔ قَدْ ضَلَّ مَنْ كَانَتِ الْعُمْيَانُ تَهْدِيهِ۔

(وہ کھویا ہی گیا جس کی رہنمائی اندھے کرتے ہوں)

۱۰۲۴۔ اَضَلُّ مِنْ ضَبٍّ۔

(گوہ سے زیادہ گمراہ) جس کو اپنا بل نہیں ملتا۔

۱۰۲۵۔ اِنَّمَا يُضَنُّ بِالضَّنِينِ۔

(بخیل کے ساتھ بخل کیا جاتا ہے) سخی کے ساتھ نہیں یا نفیس چیز کے لیے بخل کیا جاتا ہے۔ ضَنِينٌ: وہ چیز جس کی نفاست کی وجہ سے اس کے دینے میں بخل کیا جائے۔

۱۰۲۶۔ اَضِئْ لِي اَقْدَحْ لَكَ۔

(تو میرے لیے روشن کر میں تیرے لیے چقماق سے آگ نکالوں گا، تو میرے لیے کام کر میں تیرے لیے کام کروں گا۔ یا میں تیرے لیے جتنا کام کروں گا تو میرے لیے اس سے زیادہ کر۔ روشن کرنا چقماق سے آگ نکالنے سے زیادہ ہے۔

۱۰۲۷۔ لَا يَضِيعُ حَقٌّ وَرَاءَهُ طَالِبٌ۔

(وہ حق ضائع نہیں ہوگا جس کے پیچھے طلبگار موجود ہو۔

۱۰۲۸۔ لَمْ يَضِعْ مِنْ مَالِكَ مَا وَعَظَكَ۔

(تیرے مال میں سے وہ حصہ ضائع نہیں ہوا جس نے تیری خیر خواہی کی)

۱۰۲۹۔ اَضْيَعُ مِنْ سِرَاجٍ فِي شَمْسٍ۔

(دھوپ میں چراغ سے زیادہ ضائع)

۱۰۳۰۔ اَضْيَعُ مِنْ غِمْدٍ بِلَا نَصْلٍ۔

(بغیر تلوار کی میان سے زیادہ بیکار)

۱۰۳۱۔ اَضْيَعُ مِنْ قَمَرِ الشِّتَاءِ (جاڑوں کی چاندنی سے زیادہ بیکار) غریب کی جوانی اور جاڑوں کی چاندنی ضائع جاتی ہے۔

۱۰۳۲۔ اِذَا اَضَافَكَ مَكْرُوهٌ فَاقْرِهِ صَبْرًا۔

(جب مصیبت مہمان ہو تو صبر سے اس کی ضیافت کرو)

۱۰۳۳۔ اَضْيَقُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ۔ (نیزے کے سائے سے زیادہ تنگ)

(۹)

ط

۱۰۳۴۔ تَطَأْطَأْ لَهَا تُخْطِئْكَ۔

(مصیبت کے سامنے سر جھکا لو تاکہ تم سے نشانہ خطا کر کے گذر جائے، لَهَا میں ضمیر مؤنث حادثہ کی طرف راجع ہے، اسی طرح کی مثل ہے: دَعِ الشَّرَّ يَعْبُرْ، شر کو چھوڑ دو گذر جائے گا۔ یعنی برائی سے مت الجھو۔

۱۰۳۵۔ طَبِيبٌ يُدَاوِي النَّاسَ وَهُوَ مَرِيضٌ۔

(وہ طبیب ہے جو لوگوں کا علاج کرتا ہے اور خود بیمار ہے) خود بیمار ہیں اور دوسروں کی مسیحائی کرنے چلے ہیں۔

۱۰۳۶۔ يَا طَبِيبُ طِبَّ لِنَفْسِكَ (طبیب صاحب اپنا علاج کیجیے)

۱۰۳۷۔ الطَّبْعُ اَغْلَبُ (طبیعت زیادہ غالب ہوتی ہے)

۱۰۳۸۔ طَرْفُ الْفَتٰى يُخْبِرُ عَنْ جَنَانِهِ اَوْ عَنْ ضَمِيرِهِ۔

(جوان کی نگاہ اس کے دل کی خبر دیتی ہے یا اس کے ضمیر کی) کسی کا مقولہ ہے، لَوْ شَاهِدٌ عَلٰى غَائِبٍ اَعْدَلُ مِنْ طَرْفٍ

عَلَی قَلْبٍ (کوئی گواہ کسی غائب پر اتنا عادل نہیں جتنی کہ نگاہ قلب پر)

۱۰۳۹۔ رُبَّ طَرْفٍ اَفْصَحَ مِنْ لِسَانٍ۔

(بہت سی نگاہیں زبان سے زیادہ فصیح ہوتی ہیں) اسی طرح ایک قول ہے: اَلْبُغْضُ تُبْدِیْہِ لَکَ الْعَیْنَانِ (بغض کو آنکھیں تمھارے سامنے ظاہر کر دیتی ہیں)

۱۰۴۰۔ اَلطَّرِیْفُ خَفِیْفٌ وَالتَّلِیْدُ بَلِیْدٌ۔

(نئی چیز سبک اور لطیف ہوتی ہے اور پرانی چیز مَٹس) اسی کے ہم معنی ہے لِکُلِّ جَدِیْدٍ لَذَّۃٌ (ہر نئے کی لذت ہوتی ہے)

۱۰۴۱۔ اَطْرِقْ کَرَا اِنَّ النَّعَامَۃَ فِی الْقُرٰی۔

(کرا نظر جھکا لے، شتر مرغ گاؤں میں موجود ہے) جب بڑوں کے سامنے کوئی ذلیل وحقیر بڑھ چڑھ کر باتیں کرے۔ اطراق العین: نظر نیچی کرنا۔ کرا: کَرَوان (ایک حقیر پرندہ ہے) کروان یا کرا دراصل کروان کا مرخم ہے۔

۱۰۴۲۔ لَا تُطْعِمِ الْعَبْدَ الْکُرَاعَ فَیَطْمَعُ بِالذِّرَاعِ۔

(غلام کو پایا کم مت کھلاؤ ورنہ وہ دست کی طمع کریگا) کمینہ کو منہ نہ لگاؤ ورنہ سر چڑھ جائے گا۔ کراعٌ: چارپائے کے پاؤں کا ٹخنے سے نیچے والا حصہ اور انسان کے گھٹنے سے نیچے کا حصہ، ذراعٌ: وہ حصہ جو کراع سے اوپر ہے۔

۱۰۴۳۔ اَطْغٰی مِنَ السَّیْلِ (سیلاب سے زیادہ سرکش)

۱۰۴۴۔ وَمَنْ طَلَبَ الْعُلٰی مِنْ غَیْرِ کَدٍّ ؛ سَیُدْرِکُھَا اِذَا شَابَ الْغُرَابُ (جو بغیر مشقت اعلیٰ درجات طلب کرتا ہے وہ انھیں اس وقت حاصل کرتا ہے جب کوا سفید ہو جائے گا)

۱۰۴۵۔ مَنْ طَلَبَ اَخًا بِلَا عَیْبٍ بَقِیَ بِلَا اَخٍ۔

(جو بے عیب بھائی تلاش کریگا وہ بغیر بھائی کے ہی رہے گا)

۱۰۴۶۔ مَنْ طَلَبَ عَظِیْمًا خَاطَرَ بِعَظِیْمِہٖ۔

(جو کوئی بڑی مہم طلب کریگا وہ بڑے خطرہ کا سامنا کریگا)

۱۰۴۷۔ مَنْ طَلَبَ شَیْئًا نَالَہٗ کُلَّہٗ اَوْ بَعْضَہٗ۔

(جو کوئی کسی چیز کو طلب کریگا وہ اس کے کل یا جز کو حاصل کر ہی لے گا)

۱۰۴۸۔ تَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ۔

(تو اصل کے بعد نشان ڈھونڈ رہا ہے) سانپ نکل گیا لکیر پیٹا کر۔

۱۰۴۹۔ لَا اَطْلُبُ اَثَرًا بَعْدَ عَیْنٍ۔

(میں اصل کے بعد اثر کو طلب نہیں کرتا) میں اصل کو چھوڑ کر نقل کے پیچھے نہیں پڑتا۔

۱۰۵۰۔ کُلُّھُمْ طَالِبُ صَیْدٍ۔

(سب ایک ہی شکار کے طالب ہیں) "یک انار صد بیمار"

۱۰۵۱۔ رُبَّ طَلَبٍ جَرَّ اِلٰی حَرَبٍ۔

(بہت سی طلب لڑائی تک پہنچا دیتی ہے)

۱۰۵۲۔ اِذَا طَلَعَ سُھَیْلٌ رُفِعَ کَیْلٌ وَوُضِعَ کَیْلٌ۔

(جب سہیل طلوع ہوگا تو ایک پیمانہ اٹھ جائے گا، دوسرا رکھا جائیگا) احکام وحالات کے تغیر کے موقع پر کہا جاتا ہے۔

۱۰۵۳۔ اِذَا طَلَعَ الْقَمَرُ طَابَ السَّھَرُ۔

(جب چاند نکلے گا تو بیداری وخوشحالی ہو جائے گی)

۱۰۵۴۔ اَطْمَعُ مِنْ اَشْعَبَ۔

(اشعب سے زیادہ حریص) اشعب مدینہ کا ایک مشہور حریص تھا ایک مرتبہ کسی طباق بنانے والے کے پاس سے گزرا، کہنے لگا کہ طباق کا گھیر بڑا بنائے، شاید اس طبق میں مجھے کوئی ہدیہ بھیج دے تو اس میں زیادہ چیز سمائے گی۔

۱۰۵۵۔ اَطْمَعُ مِنْ طُفَیْلٍ۔

(طفیل سے زیادہ حریص) طفیل کوفہ کا مشہور حریص تھا جو بغیر بلائے دعوتوں میں پہنچ جاتا تھا، اسی نسبت سے طامع اور لالچی کو طفیلی کہتے ہیں۔

۱۰۵۶۔ مَنْ اَطَاعَ ھَوَاہُ بَاعَ دِیْنَہٗ بِدُنْیَاہُ۔

(جس نے اپنی خواہش کی اطاعت کی اس نے اپنے دین کو دنیا کے بدلے میں بیچ دیا)

۱۰۵۷۔ مَنْ اَطَاعَ غَضَبَہٗ اَضَاعَ اَدَبَہٗ۔

(جس نے اپنے غصہ کی اطاعت کی اس نے اپنا ادب ضائع کر دیا)

۱۰۵۸۔ بَیْنَ الْمُطِیْعِ وَبَیْنَ الْمُدْبِرِ الْعَاصِیْ۔

(فرمانبردار اور اوندھے) اعتماد اور بے اعتمادی کی حالت میں۔

۱۰۵۹۔ مَنْ یَّطُلْ ذَیْلُہٗ یَتَنَطَّقْ بِہٖ۔

(جس کا دامن دراز ہوتا ہے وہ اس کا پٹکا باندھتا ہے) یعنی جس کے

پاس زیادہ دولت ہوتی ہے وہ غیر ضروری چیزوں میں بھی خرچ کرتا ہے۔

۱۰۶۰۔ أَطْوَلُ مِنْ ظِلِّ الرُّمْحِ (نیزہ کے سایہ سے زیادہ لمبا)

۱۰۶۱۔ أَطْوَلُ مِنْ شَهْرِ الصَّوْمِ (روزہ کے مہینے سے زیادہ لمبا۔)

۱۰۶۲۔ أَطْوَلُ صُحْبَةً مِنَ الْفَرْقَدَيْنِ۔

(فرقدین سے بھی زیادہ طویل صحبت، فرقدین: دو ستاروں کا نام جو ہمیشہ یکجا رہتے ہیں۔

۱۰۶۳۔ مَا عِنْدَهُ طَائِلٌ وَلَا نَائِلٌ۔

(نہ اس کے پاس علم و فضل ہے نہ عطیہ) طائلٌ: بمعنی فضل، اور نائلٌ: بمعنی عطیہ۔

۱۰۶۴۔ طَوَيْتُهُ عَلَى بُلَالَتِهِ أَوْ عَلَى بَلَالِهِ۔

(میں نے اس کو اس کی نمی پر ہی لپیٹ دیا، یعنی اس نے نصیحت کو محبت کی وجہ سے یا بائیدا اصلاح برداشت کر لیا۔ گھی دودھ کے مشکیزوں کو خالی ہونے کے بعد تر ہی لپیٹ دیتے ہیں، تاکہ آسانی سے کھل جائیں۔

۱۰۶۵۔ لِكُلِّ طَيٍّ نَشْرٌ۔ (ہر لپیٹ کبھی کھلتا ہے)

۱۰۶۶۔ أَطْيَبُ مِنْ نَفَسِ النَّسِيمِ (موسم بہار کی ہوا سے زیادہ خوشگوار)

۱۰۶۷۔ أَطْيَبُ مِنَ الْحَيَاةِ۔ (زندگی سے زیادہ خوشگوار)

۱۰۶۸۔ طَارَتْ بِهِمُ الْعَنْقَاءُ۔

(ان کو عنقا اڑا لے گیا) ایسے لوگوں کے لیے بولتے ہیں جو تمام ہلاک ہو جائیں اور کوئی نہ بچے۔ عنقاء: ایک فرضی پرندہ ہے۔

۱۰۶۹۔ الطَّيْرُ بِالطَّيْرِ يُصَادُ۔

(ایک پرندہ دوسرے پرندہ کے ذریعہ شکار کیا جاتا ہے)

۱۰۷۰۔ إِنَّ الطُّيُورَ عَلَى أَشْكَالِهَا تَقَعُ۔

(پرندے اپنے ہم شکلوں پر چڑھتے ہیں۔)

۱۰۷۱۔ أَطْيَشُ مِنْ فَرَاشَةٍ۔

(پروانہ سے زیادہ طیش میں آنے والا، جو بے سوچے سمجھے اپنے آپ کو آگ میں جھونک دیتا ہے۔)

۱۰۷۲۔ يُطَيِّنُ عَيْنَ الشَّمْسِ۔

(چشمۂ آفتاب پر مٹی ڈالتا ہے) "چاند پر خاک ڈالتا ہے"

(۹۰۰)
ظ

۱۰۷۳۔ ظِئْرٌ رَؤُومٌ خَيْرٌ مِنْ أُمٍّ سَؤُومٍ۔

(مہربان دایہ ملول ماں سے بہتر ہے) ظئر: دایہ۔ رؤوم: مشفق و مہربان، سؤوم: اکتایا ہوا، ملول۔

۱۰۷۴۔ مِنَ الظَّرْفِ جُودُ الْمُهْدِي بِالظَّرْفِ۔

(تحفہ دینے والے کی طرف سے برتن کی بھی سخاوت دانائی کی بات ہے) الظَّرْفُ: اول بمعنی دانائی، اور الظَّرْفُ: دوم بمعنی برتن۔

۱۰۷۵۔ الظَّفَرُ بِالضَّعِيفِ هَزِيمَةٌ۔

(کمزور پر فتح پانا شکست ہے) کمزور کے مقابلہ میں جیت بھی اپنی ہار ہے

۱۰۷۶۔ ظِلُّ السُّلْطَانِ سَرِيعُ الزَّوَالِ۔

(بادشاہ کا سایہ سریع الزوال ہوتا ہے)

۱۰۷۷۔ ظِلَالُ صَيْفٍ مَا لَهَا قِطَارٌ۔

(گرمیوں کے بادلوں میں قطار نہیں ہوتی) بے فیض مالدار کے لیے کہا جاتا ہے۔ ظلالٌ: سایہ دار بادل۔

۱۰۷۸۔ ظُلْمُ الْمَرْءِ يَصْرَعُهُ (آدمی کا ظلم ہی اس کو پچھاڑ دیتا ہے)

۱۰۷۹۔ الظُّلْمُ مَرْتَعُهُ وَخِيمٌ۔

(ظلم کی چراگاہ ناقص ہے، ظلم کی عاقبت مذموم ہے۔

۱۰۸۰۔ أَظْلَمُ مِنْ حَيَّةٍ (سانپ سے زیادہ ظالم)

۱۰۸۱۔ أَظْلَمُ مِنْ أَفْعَى (سیاہ سانپ سے زیادہ ظالم)

۱۰۸۲۔ أَظْلَمُ مِنْ لَيْلٍ (رات سے زیادہ سیاہ)

۱۰۸۳۔ أَظْمَأُ مِنْ رَمْلٍ (ریت سے زیادہ پیاسا)

۱۰۸۴۔ يُصْبِحُ ظَمْآنَ وَفِي الْبَحْرِ فَمُهُ۔

(صبح ہونے تک پیاسا ہوتا ہے حالانکہ منہ سمندر میں ہے) مالدار بخیل کے لیے بولتے ہیں۔

۱۰۸۵۔ ظَنُّ الْعَاقِلِ خَيْرٌ مِنْ يَقِينِ الْجَاهِلِ۔

(عقلمند کا گمان جاہل کے یقین سے بہتر ہے)

۱۰۸۶۔ مَا ظَنُّكَ بِجَارِكَ؟ قَالَ ظَنِّي بِنَفْسِي!

(تیرا گمان اپنے پڑوسی کے متعلق کیا ہے؟ کہا وہ گمان جو اپنی ذات کے متعلق ہے) آدمی اپنے اوپر ہی قیاس کرتا ہے۔

۱۰۸۷۔ اَکْثَرُ الظُّنُوْنِ مُیُوْنٌ ۔

(اکثر گمان فریب ہوتے ہیں) مُیُوْنٌ: جمع مَیْنٌ بمعنی جھوٹ۔ فریب۔

۱۰۸۸۔ عَنْ ظَهْرِهَا تُحِلُّ وَقْرًا ۔

(اپنی ہی کمر کا بوجھ کھول رہی ہے) اپنی ہی مشکل حل کرتی ہے۔

وِقْرٌ: بھاری بوجھ۔

۱۰۸۹۔ ظَاهِرُ الْعِتَابِ خَیْرٌ مِنْ بَاطِنِ الْحِقْدِ ۔

(ظاہری عتاب باطنی کینہ سے بہتر ہے) تقریباً اسی معنی کا مقولہ ہے۔

۱۰۹۰۔ وَیَبْقَی الْوُدُّ مَا بَقِیَ الْعِتَابُ۔

(محبت اس وقت تک باقی رہے گی جب تک عتاب باقی ہے)

(ع)

۱۰۹۱۔ عَبْدٌ وَحَلْیٌ فِیْ یَدَیْهِ ۔

(غلام اور اس کے ہاتھوں میں زیور) کوے کی چونچ میں انگور۔

۱۰۹۲۔ عَبْدٌ وَ سُوِّمَ۔

(غلام اور بے مہار) یعنی کمینہ اور بے لگام۔ سُوِّمَ: بمعنی اس کو آزاد چھوڑ دیا۔

۱۰۹۳۔ عَبْدُ غَیْرِكَ حُرٌّ مِثْلُكَ۔

(غیر کا غلام تمہاری طرح آزاد ہے) اس شخص کے لیے کہا جاتا ہے جو بے ہنر ہوتے ہوئے خود کو دوسروں پر فوقیت دے۔

۱۰۹۴۔ اَلْعَبْدُ یُقْرَعُ بِالْعَصَا وَالْحُرُّ تَكْفِیْهِ الْاِشَارَةُ۔

(غلام کو ڈنڈے سے کھٹکھٹایا جاتا ہے اور آزاد کو اشارہ کافی ہے)

۱۰۹۵۔ اَلْعَبْدُ مَنْ لَا عَبْدَ لَهٗ (غلام وہی ہے جس کا کوئی غلام نہ ہو) اس کو اپنے کام غلاموں کی طرح خود ہی انجام دینے پڑیں گے۔

۱۰۹۶۔ فِی الْاِعْتِبَارِ غِنًی عَنِ الْاِخْتِبَارِ۔

(عبرت حاصل کرنے میں امتحان سے بے نیازی ہے) یعنی دیکھ کر عبرت حاصل کرنے کے بعد اس جیسے معاملہ میں آزمانے کی ضرورت نہیں۔

۱۰۹۷۔ اَلتَّغْبِیْرُ نِصْفُ التِّجَارَةِ۔ (پرکھنا آدھی تجارت ہے)

۱۰۹۸۔ مَنْ عَتَبَ عَلَی الدَّهْرِ طَالَتْ مَعْتَبَتُهٗ۔

(جس نے زمانہ پر عتاب کیا اس کا عتاب طویل ہو گیا، زمانہ کبھی تکلیف سے خالی نہیں ہوتا۔ اس لیے اس پر عتاب سے کبھی فراغت نہیں مل سکتی۔ مَعْتَبَةٌ: عتاب۔

۱۰۹۹۔ اَلْعِتَابُ خَیْرٌ مِنْ مَكْتُوْمِ الْحِقْدِ۔

(عتاب چھپے ہوئے کینہ سے بہتر ہے)

۱۱۰۰۔ اَلْعِتَابَ قَبْلَ الْعِقَابِ۔

(سزا سے پہلے عتاب کرو) اَلْعِتَابَ: فعل محذوف اِسْتَعْمِلْ کا مفعول ہے۔ یعنی اصلاح کے لیے سزا سے پہلے عتاب کو استعمال کرو۔

۱۱۰۱۔ لَا عِتَابَ بَعْدَ الْمَوْتِ۔ (موت کے بعد کوئی عتاب نہیں)

۱۱۰۲۔ مُعَاتَبَةُ الْاِخْوَانِ خَیْرٌ مِنْ فَقْدِهِمْ۔

(بھائیوں کی ناراضگی ان کے نہ ہونے سے بہتر ہے) اسی طرح کہتے ہیں "وَفِی الْعِتَابِ حَیَاةٌ بَیْنَ اَقْوَامٍ (عتاب میں قوموں کی زندگی ہے)

۱۱۰۳۔ رُبَّ عِتْقٍ شَرٌّ مِنْ رِقٍّ۔ (بعض آزادی غلامی سے بدتر ہے)

۱۱۰۴۔ عَثْرَةُ الْقَدَمِ اَسْلَمُ مِنْ عَثْرَةِ اللِّسَانِ ۔

(قدم کی لغزش، زبان کی لغزش سے زیادہ محفوظ ہے)

۱۱۰۵۔ مَا كُلُّ عَثْرَةٍ تُقَالُ وَلَا كُلُّ فُرْصَةٍ تُنَالُ ۔

(ہر لغزش نہ واپس لی جا سکتی ہے اور نہ ہر موقع پھر ہاتھ آتا ہے)

۱۱۰۶۔ لَا یَعْجِزُ الْقَوْمُ اِذَا تَعَاوَنُوْا ۔

(جب قوم میں باہم تعاون ہو تو وہ عاجز نہیں رہتی)

۱۱۰۷۔ اَلْعَجْزُ رِیْبَةٌ۔ (عاجزی شک کی بنا پر ہے) شک ہو تو کام نہیں ہوتا ورنہ کام کا کوئی نہ کوئی راستہ مل ہی جاتا ہے۔

۱۱۰۸۔ اَلْعَجَلَةُ فُرْصَةُ الْعَجَزَةِ۔

(جلدی عاجزوں کی فرصت ہے) کام پر قابو ہو تو جلد بازی نہیں ہوتی۔

۱۱۰۹۔ یُعَدُّ لِكَلْبِ السُّوْءِ كَلْبٌ یُعَادِلُهٗ۔

(برے کتے کے لیے اسی جیسا کتا تیار کرنا پڑتا ہے)

۱۱۱۰۔ لَیْسَ مِنَ الْعَدْلِ سُرْعَةُ الْعَذْلِ۔

(جلدی ملامت کرنا انصاف کی بات نہیں، ممکن ہے عذر قابل قبول ہو)

۱۱۱۱۔ اَعْدَلُ مِنْ مِیْزَانٍ۔ (ترازو سے زیادہ منصف)

۱۱۱۲۔ لَا تَعْدَمُ الْحَسْنَاءُ ذَامًّا۔

(کوئی حسینہ عیب سے خالی نہیں ہوتی) ذامٌّ: عیب، مذمت۔ کسی غسانی بادشاہ نے اپنے زمانہ کی حسین ترین عورت مالک بن عمرو عدوانیہ کی لڑکی سے شادی کی، لیکن جب اس کو دیکھا تو بادشاہ کو پسند نہ

آئی اس پر صحت نے کہا: لَا تَعْدَمُ الْحَسْنَاءُ ذَامًا۔

۱۱۱۳۔ لَا يَعْدَمُ الْحُوَارُ مِنْ أُمِّهِ حَنَّةً۔

(کوئی اونٹنی کا بچہ اپنی ماں کی شفقت نہیں کھوتا) حوار: اونٹنی کا نومولود بچہ، حنۃ: مہربانی، شفقت

۱۱۱۴۔ الْعَدِيمُ مَنِ احْتَاجَ إِلَى لَئِيمٍ۔

(مفلس وہ ہے جو کمینے کا محتاج ہو جائے)

۱۱۱۵۔ مَنْ تَعَدَّى الْحَقَّ ضَاقَ مَذْهَبُهُ۔

جس نے حق سے تجاوز کیا اس کا راستہ تنگ ہو گیا۔

۱۱۱۶۔ أَعْدَى مِنَ السُّلَيْكِ (سُلیک سے زیادہ دوڑنے والا)

۱۱۱۷۔ أَعْدَى مِنَ الشَّنْفَرَى (شنفریٰ سے زیادہ دوڑنے والا)

عَدْوٌ: بمعنی تیز دوڑنا۔ یہ دونوں عرب میں مشہور تیز دوڑنے والے تھے۔

۱۱۱۸۔ أَعْدَى مِنَ الْعَقْرَبِ (بچھو سے زیادہ دشمن۔) عداوۃ سے ماخوذ ہے۔

۱۱۱۹۔ أَعْدَى مِنَ الْجَرَبِ۔

(کھجلی سے زیادہ متعدی) عدوٰی سے مشتق ہے بمعنی ایک سے دوسرے کو مرض لگ جانا۔ چھوت لگنا۔

۱۱۲۰۔ إِيَّاكَ وَمَا يُعْتَذَرُ مِنْهُ۔

(اس چیز سے بچو جس سے معذرت طلب کی جائے) ایسا کام ہی نہ کرو جس سے معذرت کی ضرورت پیش آئے۔

۱۱۲۱۔ وَالْعُذْرُ عِنْدَ كِرَامِ النَّاسِ مَقْبُولٌ۔

(معذرت شریف لوگوں کے یہاں مقبول ہوتی ہے)

۱۱۲۲۔ لَعَلَّ لَهُ عُذْرًا وَأَنْتَ تَلُومُ۔

(شاید اس کو عذر ہو اور تو اس کو ملامت کرتا ہو) مصرع اول یہ ہے:

۱۱۲۳۔ تَأَنَّ وَلَا تَعْجَلْ بِلَوْمِكَ صَاحِبًا (آہستگی سے کام لو اور اپنے ساتھی کو ملامت کرنے میں جلدی نہ کرو۔

۱۱۲۴۔ أَعْذَرَ مَنْ أَنْذَرَ۔ (اس نے تو عذر پیش کر دیا جس نے ڈرایا تھا) مصیبت کے لیے اب اس کو ملامت نہیں کی جا سکتی۔

۱۱۲۵۔ الْمَعَاذِرُ مَكَاذِبُ (عذر اکثر جھوٹے ہوتے ہیں)

معاذر: جمع معذرت اور مکاذب جمع کذب، بخلاف قیاس۔ جیسے کہ محاسن جمع حسن۔ اسی معنی میں ہے: الْمَعَاذِيرُ قَدْ يَشُوبُهَا الْكَذِبُ۔ (معذرت میں کبھی کذب ملا ہوتا ہے)

۱۱۲۶۔ رَجَّالَةٌ تَعْتَقِلُ الرِّمَاحَ۔

(پیدل ہے جو نیزوں کو گھوڑے پر نصب کیے ہوئے ہے۔) حیثیت سے زیادہ شیخی مارتا ہے۔ رجالۃ: جمع راجل: پیدل لوگ جس کے پاس گھوڑے نہ ہوں۔ اعتقال: سوار کا نیزہ کو گھوڑے کے پہلو اور ران کے درمیان قائم رکھنا۔

۱۱۲۷۔ عَرِّضْ بِالْكَرِيمِ وَلَا تُبَاحِتْ۔

(شریف سے اشارہ کنایہ سے کہو۔ صاف مت کہو) بحت: ہر چیز کا خالص اور صاف حصہ۔

۱۱۲۸۔ إِنَّ فِي الْمَعَارِيضِ لَمَنْدُوحَةً عَنِ الْكَذِبِ۔

(کنایوں میں جھوٹ سے بچنے کی گنجایش ہے) معاریض: جمع معراض ظاہری معنی چھوڑ کر دوسرے معنی مراد لینا۔ مندوحۃ: وسعت و گنجایش۔

۱۱۲۹۔ عَرَفَتِ الْخَيْلُ فُرْسَانَهَا۔

(گھوڑوں نے اپنے سواروں کو پہچان لیا ہے) حریف کی طاقت کا اندازہ کر کے اس کے سامنے جھک گیا۔

۱۱۳۰۔ مَنْ عَرَفَ نَفْسَهُ عَرَفَ رَبَّهُ۔

(جس نے اپنے آپ کو پہچان لیا اس نے اپنے رب کو پہچان لیا)

۱۱۳۱۔ مَنْ عُرِفَ بِشَيْءٍ نُسِبَ إِلَيْهِ۔

(جو شخص کسی چیز کے ذریعہ پہچانا گیا اسی کی طرف منسوب ہو گیا)

۱۱۳۲۔ لَا يَعْرِفُ الْحَيَّ مِنَ اللَّيِّ۔

(حق کو باطل سے ممتاز نہیں کر سکتا) حیّ: بمعنی حق یا کلام ظاہر، لیّ: بمعنی باطل یا کلام خفی۔ اس شخص پر بولا جاتا ہے۔

۱۱۳۳۔ لَا يَعْرِفُ الْعُودَ كَالْعَاجِمِ۔

(لکڑی کو چبانے والے کی طرح کوئی دوسرا نہیں معلوم کر سکتا) کسی چیز کو وہی جان سکتا ہے جو اچھی طرح جانچ کر دیکھے۔ عاجم: لکڑی کو چبا کر معلوم کرنے والا۔

۱۱۳۴۔ مَا يَعْرِفُ قَبِيلًا مِنْ دَبِيرٍ۔

(آنے والے کو جانے والے سے ممتاز نہیں کر سکتا)

۱۱۳۵۔ لَا يَعْرِفُ الْكُوعَ مِنَ الْبُوعِ۔

(وہ ہاتھ کی ہڈی کو پاؤں کی ہڈی سے ممتاز نہیں کر سکتا) کوع: انگوٹھے سے متصل پہنچے کی ہڈی، بوع: پاؤں کے انگوٹھے سے متصل ہڈی۔

۱۱۳۶۔ لَا یَعْرِفُ الْکَلْعَ مِنَ الْبَاعِ۔
(وہ کلائی کی ہڈی اور پھیلے ہوئے ہاتھوں میں تمیز نہیں کرسکتا۔ کاعٌ: پہنچے کی ہڈی۔ باعٌ: دونوں ہاتھوں کے پھیلاؤ کی مقدار۔

۱۱۳۷۔ لَا یَعْرِفُ الْہِرَّ مِنَ الْبِرِّ۔
(وہ بلی اور چوہے میں فرق نہیں کرتا، ہرٌ: بلا، برٌّ: چوہا۔

۱۱۳۸۔ اَلْاِعْتِرَافُ یَہْدِمُ الْاِقْتِرَافَ۔
(اعتراف کرلینا ارتکاب (جرم) کو ختم کردیتا ہے)

۱۱۳۹۔ مَنْ عَزَّ بَزَّ۔ (جو غالب آیا اس نے چھین لیا)

۱۱۴۰۔ اِذَا عَزَّ اَخُوْکَ فَہُنْ۔
(جب تیرا بھائی عزت پائے تو تو نرم ہوجا) وہ عزیز ہوکر بھی غرور نہیں کریگا یا وہ سخت ہو تو نرمی اختیار کر، ورنہ تعلق ختم ہوجائے گا۔

۱۱۴۱۔ عِزُّ الرَّجُلِ اِسْتِغْنَاءُہٗ عَنِ النَّاسِ۔
(آدمی کی عزت لوگوں سے بے نیاز ہوجانا ہے)

۱۱۴۲۔ اَعَزُّ مِنْ کُلَیْبِ وَائِلٍ۔
(وائل کے کتے سے زیادہ معزز) قبیلہ ربیعہ کے سردار کلیب بن ربیعہ بن حارث کا اصلی نام حارث بن وائل تھا۔ یہ بڑا معزز سردار تھا۔ اس کی کسی چیز کی طرف کوئی شخص نظر اٹھا کر نہیں دیکھ سکتا تھا۔ جب کوئی قطعہ زمین اس کو پسند آجاتا تو وہ اپنے ایک چھوٹے سے کتے کو وہاں چھوڑ دیتا۔ جہاں تک کتے کے بھونکنے کی آواز جاتی وہ اس کا مخصوص قطعہ ہوجاتا، اس طرح چراگاہ کی حدود وہ کتا مقرر کرتا تھا۔ اسی وجہ سے اَعَزُّ مِنْ کُلَیْبِ وَائِلٍ مشہور ہوگیا۔ پھر یہ کتا اتنا مشہور ہوا کہ لوگ وائل کا نام ہی کلیب سمجھنے لگے۔

۱۱۴۳۔ اَعَزُّ مِنَ الزَّبَّاءِ۔
(زباء سے زیادہ معزز) زباء عمالقہ کی ایک عورت جو حیرہ کی حکمران تھی، لشکر کے ساتھ خود حملہ آور ہوتی تھی۔ اس نے سموأل کے دو مضبوط قلعوں مارد اور ابلق پر حملہ کیا تھا۔ یہ عورت علو ہمت و قوت لشکر اور عزم بالجزم میں مشہور تھی۔

۱۱۴۴۔ اَعَزُّ مِنْ اَنْفِ الْاَسَدِ۔ (شیر کی ناک سے زیادہ عزت والا)

۱۱۴۵۔ اَعَزُّ مِنْ جَبْہَۃِ الْاَسَدِ (شیر کی پیشانی سے زیادہ عزت والا)

۱۱۴۶۔ اَعَزُّ مِنَ الْاَبْلَقِ الْجَوِّ (فضا کے عقاب سے زیادہ عزت والا)

۱۱۴۷۔ اَعَزُّ مِنَ الْاَبْلَقِ الْعَقُوْقِ۔
(ابلق حاملہ گھوڑے سے زیادہ نایاب) یعنی نادر و نایاب: ابلق نر گھوڑے کو کہتے ہیں اور عقوقٌ حاملہ گھوڑی کو۔ نر گھوڑا حاملہ نہیں ہو سکتا۔ کوئی شخص ناممکن چیز طلب کرے تو کہا جاتا ہے کہ ابلق عقوق مانگ رہا ہے یعنی ایسی چیز مانگتا ہے جو کبھی نہیں ہوسکتی۔

۱۱۴۸۔ اَعَزُّ مِنْ بَیْضِ الْاَنُوْقِ۔
(شکرہ کے انڈوں سے زیادہ نایاب) کہا جاتا ہے کہ انوق (شکرہ یا عقاب) کے انڈوں تک رسائی نہیں ہوتی۔ کیونکہ وہ پہاڑ کی چوٹیوں اور دشوار گذار گھاٹیوں میں انڈے دیتا ہے۔

۱۱۴۹۔ اَعَزُّ مِنَ الْغُرَابِ الْاَعْصَمِ۔
(سفید پاؤں والے کوے سے زیادہ نایاب) اعصمُ: سفید پاؤں کا کوا۔

۱۱۵۰۔ اَعَزُّ مِنَ الْکِبْرِیْتِ الْاَحْمَرِ (سرخ گندھک سے زیادہ نایاب)

۱۱۵۱۔ اَعَزُّ مِنْ عَنْقَاءِ مُغْرِبٍ (عنقا سے زیادہ نایاب)

۱۱۵۲۔ اَعَزُّ مِنْ مُخِّ الْبَعُوْضِ (مچھر کے مغز سے زیادہ نایاب)

۱۱۵۳۔ اِنَّ بَعْدَ الْعُسْرِ یُسْرًا۔ (تنگی کے بعد یقینی فراخی ہے)

۱۱۵۴۔ لَیْسَ ہٰذَا بِعُشِّکَ فَادْرُجِیْ۔
(یہ تیرا گھونسلا نہیں ہے لہذا چلی جا) "یہاں تمھاری دال نہیں گلتی"

۱۱۵۵۔ اَعْشَبْتَ فَانْزِلْ۔
(تو گھاس پر پہنچ گیا ہے لہذا اتر پڑ) مقصد حاصل ہوگیا۔ اب قناعت کرو۔ اعشب الرجلُ: یعنی تر گھاس پالینا۔

۱۱۵۶۔ بِکُلِّ عُشْبٍ آثَارُ رَعْیٍ۔
(ہر گھاس میں چرنے کے آثار موجود ہیں) "جہاں دولت ہو، وہاں مانگنے والے بہت"

۱۱۵۷۔ تَعَاشَرُوْا کَالْاِخْوَانِ وَتَعَامَلُوْا کَالْاَجَانِبِ۔
(بھائیوں کی طرح بسر کرو اور اجنبیوں کی طرح معاملہ کرو) یعنی معاملات بالکل صاف رکھو۔

۱۱۵۸۔ اِنَّ الْعَصَا مِنَ الْعُصَیَّۃِ۔
(لاٹھی چھڑی سے ہی بنتی ہے) ہر بڑی چیز ابتدا میں چھوٹی ہی ہوتی ہے۔ عصیہ، عصا کی تصغیر ہے۔ یا عصا ایک گھوڑے کا اور عُصَیَّہ اس کی ماں کا نام ہے۔ مطلب یہ کہ گھوڑا اپنی ماں کی نسل ہے۔ اصل سے مشابہت کے موقع پر بولا جاتا ہے۔

۱۱۵۹۔ بَیْنَ الْعَصَا وَلِحَائِہَا۔

ملاطفی اور اس کی چھال کے درمیان، قوی تعلق میں دخل دینے کی کوشش کرنا۔ تقریباً اسی موقع پر کہا جاتا ہے "گوشت سے ناخن جدا کرنے کی کوشش کرنا"

۱۱۶۰۔ رُبَّ عَطَبٍ تَحْتَ طَلَبٍ۔

(طلب کے نیچے بہت سی بربادیاں ہیں)

۱۱۶۱۔ لَا عِطْرَ بَعْدَ عَرُوسٍ۔

(عروس کے بعد کوئی عطر نہیں) اسماء بنت عبداللہ عذریہ کا مقولہ ہے اپنے شوہر عروس کے بعد اس نے نوفل نامی ایک شخص سے شادی کی جو پہلے کے بالکل برعکس بخیل، بدصورت اور گندہ دہن تھا۔ ایک مرتبہ نوفل کے ساتھ وہ اپنے پہلے شوہر عروس کی قبر سے گذری، اور اس کو یاد کر کے رونے لگی۔ پہلے شوہر کا مرثیہ کہتے ہوئے اس نے نوفل پر تعریض کی۔ نوفل نے برہم ہو کر اس کو قبر سے اٹھا دیا۔ اٹھتے ہوئے اس کی عطر کی شیشی عروس کی قبر پر گر پڑی۔ نوفل نے عطر کے اٹھانے کے لیے کہا تو اسماء نے یہ فقرہ کہا کہ عروس کے بعد کوئی عطر نہیں۔

۱۱۶۲۔ بَيْنَهُمْ عِطْرُ مَنْشِمٍ۔

(ان کے درمیان منشم کا عطر لگا ہوا ہے، یعنی بڑا شر ہے۔ منشم مکہ کی ایک عطر فروش عورت جس سے لڑنے والے عطر خریدتے تھے، اور آخر دم تک لڑنے کا عہد کرتے تھے۔

۱۱۶۳۔ أَعْطَشُ مِنْ ثُعَالَةَ۔

(لومڑی سے زیادہ پیاسا، ثعالہ، لومڑی۔ ثعالہ ایک شخص کا نام تھا جو پیاسا مر گیا۔

۱۱۶۴۔ أَعْطَشُ مِنْ رَمْلٍ۔ (ریت سے زیادہ پیاسا)

۱۱۶۵۔ أَعْطَشُ مِنْ قِمَعٍ۔ (قیمع سے زیادہ پیاسا)

۱۱۶۶۔ أَعْطَاهُ غَيْضًا مِنْ فَيْضٍ۔

(اس کو کثیر پانی میں سے تھوڑا سا دیا یعنی دریا سے قطرہ یا سمندر سے شبنم۔

۱۱۶۷۔ أُعْطِيَ مِقْوَلًا وَعُدِمَ مَعْقُولًا۔

(اس کو گفتگو کی طاقت عطا ہوئی مگر معقولیت معدوم کر دی گئی) بے عقل کے ساتھ بکواس کرنے والا۔

۱۱۶۸۔ وَإِنَّمَا نُعْطِي الَّذِي أُعْطِينَا۔

(جو ہمیں دیا گیا ہے وہی ہم دیتے ہیں) یعنی اس سے بہتر دینا قدرت سے باہر ہے۔ ایک شخص کے یہاں مسلسل تین لڑکیاں پیدا ہوئیں۔ تیسری لڑکی ہوئی تو وہ دوسرے مکان میں منتقل ہو گیا۔ اس وقت عورت نے کہا:۔ مَا لِأَبِي الذَّلْفَاءِ لَا يَأْتِينَا ۞ وَهُوَ فِي الْبَيْتِ الَّذِي يَلِينَا ۞ يَغْضَبُ إِنْ لَمْ نَلِدِ الْبَنِينَا ۞ وَإِنَّمَا نُعْطِي الَّذِي أُعْطِينَا۔ (ابوالذلفاء کو کیا ہو گیا کہ وہ ہمارے پاس نہیں آتا۔ حالانکہ وہ ہمارے قریبی گھر ہی میں ہے۔ ہم لڑکے پیدا نہ کریں تو وہ غصہ ہوتا ہے حالانکہ ہم تو وہی دیں گے جو ہم کو عطا کیا گیا ہے) مرد نے یہ شعر سنے تو بیوی کے گھر واپس آ گیا۔

۱۱۶۹۔ أَعْطِ أَخَاكَ تَمْرَةً فَإِنْ أَبَى فَجَمْرَةً۔

(اپنے بھائی کو کھجور دو، انکار کرے تو انگارہ دو) بھلائی کام نہ دے تو سختی کرو۔

۱۱۷۰۔ أَعْطِ الْقَوْسَ بَارِيَهَا۔

(کمان اس کے بنانے والے کو دو) یعنی کام تجربہ کار کو دو۔

۱۱۷۱۔ مَنْ عَظَّمَ صِغَارَ الْمَصَائِبِ ابْتَلَاهُ [اللّٰهُ] بِكِبَارِهَا۔

(چھوٹی مصیبتوں کو بڑا سمجھا، اللہ نے اس کو بڑی مصیبتوں میں مبتلا کیا)

۱۱۷۲۔ الْعُقُوقُ ثُكْلُ مَنْ لَمْ يَثْكَلْ۔

(اولاد کی سرکشی ان لوگوں کے لیے اولاد کھو دینے کے برابر ہے جنھوں نے اولاد نہیں کھوئی، دونوں صورتوں میں اولاد سے راحت نہیں ملتی۔

۱۱۷۳۔ الْعُقُوبَةُ أَلْأَمُ حَالَاتِ الْقُدْرَةِ۔

(سزا دینا قدرت کی حالتوں میں سب سے گھٹیا درجہ ہے) معاف کرنا ہی بہترین حالت ہے۔

۱۱۷۴۔ يَا عَاقِدُ اذْكُرْ حَلًّا۔

(اے گرہ لگانے والے کھولنے کا وقت بھی یاد رکھ)

۱۱۷۵۔ لِكُلِّ عَقْدٍ حَلٌّ۔ (ہر گرہ کھلتی ہے)

۱۱۷۶۔ أَعْقَدُ مِنْ ذَنَبِ الضَّبِّ۔

(گوہ کی دم سے زیادہ گرہ دار) گوہ کی دم بہت سی گرہوں کے لیے مشہور ہے جیسے کتے کی دم کجی کے لیے۔

۱۱۷۷۔ أَعْقِلْ لِسَانَكَ إِلَّا فِي أَرْبَعَةٍ۔

(اپنی زبان روکو مگر چار موقعوں پر، حق کی وضاحت، باطل کا استیصال، اظہار حکمت، علم، اعلانِ شکر۔

۱۱۷۸۔ اَلْعَقْلُ وَزِيْرٌ نَاصِحٌ (عقل خیر خواہ وزیر ہے)

۱۱۷۹۔ عَقْلُ الْمَرْأَةِ فِي جَمَالِهَا وَجَمَالُ الْمَرْءِ فِي عَقْلِهِ۔

(عورت کی عقل اس کی خوبصورتی میں ہے اور آدمی کی خوبصورتی اس کی عقل میں ہے)

۱۱۸۰۔ اَعْقَلُ النَّاسِ اَعْذَرُهُمْ لِلنَّاسِ۔

(سب لوگوں میں زیادہ عقلمند وہ ہے جو لوگوں کا عذر زیادہ قبول کرنے والا ہے)

۱۱۸۱۔ بِعِلَّةِ الزَّرْعِ يُسْقَى الْقَرْعُ۔

(کھیتی کی وجہ سے کدو کو بھی پانی پلا دیا جاتا ہے)

۱۱۸۲۔ بِعِلَّةِ الْوَرَشَانِ يَاكُلُ رُطَبَ الْمُشَانِ۔

(ورشان کے بہانے سے کھجوریں کھا رہا ہے) ورشانؔ: کبوتر کی قسم کا ایک پرندہ ہے، مُشانؔ: کھجور کی ایک بہترین قسم ہے، شکاری اپنے شکار کا پیچھا کرنے کے بہانے نخلستان میں گھس کر کھجوریں کھا رہا ہے)

۱۱۸۳۔ اَعْلَقُ مِنْ قُرَادٍ۔

(چیچڑی سے زیادہ چمٹنے والا، چیچڑی کی طرح چمٹ گیا۔

۱۱۸۴۔ لَيْسَ الْمُتَعَلِّقُ كَالْمُتَانِقِ۔

(معمولی چیز پر اکتفا کرنے والا پیٹ بھرے کی طرح نہیں، متانق: اپنے ذوق کے مطابق پسندیدہ چیز کو چھانٹ لینے والا۔

۱۱۸۵۔ يَعْلَمُ مِنْ اَيْنَ (اَوْ مِنْ حَيْثُ) تُؤْكَلُ الْكَتِفُ۔

(وہ جانتا ہے کہ شانہ (دست) کو کہاں سے یا کس طرح کھایا جاتا ہے یعنی کام کرنے کا طریقہ جانتا ہے۔ شانہ سے گوشت چھڑا کر اگر بے سلیقہ کھایا جائے تو اکثر اپنے اور دوسروں کے کپڑے خراب کر دیتا ہے۔

۱۱۸۶۔ مَا كُلُّ يُعْلَمُ يُقَالُ (ہر وہ چیز جو معلوم ہو کہی جانی ضروری نہیں)

۱۱۸۷۔ لَا تُعَلِّمِ الْيَتِيْمَ الْبُكَاءَ (یتیم کو رونا نہ سکھانا)

۱۱۸۸۔ عِلْمُ الشَّيْءِ وَلَا جَهْلُهُ (کسی چیز کا علم بہتر ہے نہ کہ عدم علم)

۱۱۸۹۔ اَلْعِلْمُ فِي الصُّدُوْرِ وَلَا فِي السُّطُوْرِ۔

(علم سینوں میں ہے نہ کہ سطروں میں، علم در سینہ باید نہ در سفینہ)

۱۱۹۰۔ اِنَّهُ لَعَالِمٌ بِمَنَابِتِ الْقَيْصُوْمِ۔

(وہ قیصوم کے اگنے کے مقامات کو جاننے والا ہے) قیصوم: جمع قیصومۃ۔ ایک پودا ہے جو کھنبی کے پاس اگتا ہے۔

۱۱۹۱۔ لِكُلِّ عَالِمٍ هَفْوَةٌ۔

(ہر عالم کے لیے کوئی نہ کوئی لغزش ہے) ہفوۃؔ: لغزش۔ اسی کے لیے لِكُلِّ جَوَادٍ كَبْوَةٌ (ہر گھوڑے کو ٹھوکر لگتی ہے) یا لِكُلِّ صَارِمٍ نَبْوَةٌ۔

(ہر تلوار کبھی نہ کبھی اچٹ جاتی ہے۔

۱۱۹۲۔ اَلْعُلَمَاءُ اُمَنَاءُ اللّٰهِ عَلٰى خَلْقِهِ۔

(علماء مخلوقِ خدا پر خدا کے امین ہیں)

۱۱۹۳۔ اَعْلَمُ بِهَا مَنْ عَنِيَ بِهَا۔

(اس کو وہی زیادہ جانتا ہے جس کو اس کا اچھوتا لگا ہے) جس نے برتا ہے وہی اس کو زیادہ جانتا ہے۔

۱۱۹۴۔ اَعْلَامُ اَرْضٍ جُعِلَتْ بِطَاحًا۔

(زمین کے پہاڑ پست زمین بنا دیے گئے، جب کہیں کے معزز لوگ ذلیل کر دیے جائیں۔

۱۱۹۵۔ مَنْ عَلَتْ هِمَّتُهُ طَالَ هَمُّهُ۔

(جس کی ہمت بلند ہوگی اس کا فکر بھی طویل ہوگا۔)

۱۱۹۶۔ اَعْمَرُ مِنْ حَيَّةٍ۔

(سانپ سے زیادہ عمر والا، خیال تھا کہ سانپ کو جب تک مارا نہ جائے وہ نہیں مرتا، نیز یہ کہ لوٹ لوٹ کر سانپ سے سانپ بنتا رہتا ہے۔

۱۱۹۷۔ اَعْمَرُ مِنْ نَسْرٍ

(گدھ سے زیادہ عمر والا) مشہور ہے کہ اس کی عمر پانچ سو سال ہوتی ہے۔

۱۱۹۸۔ لِكُلِّ عَمَلٍ ثَوَابٌ وَلِكُلِّ كَلَامٍ جَوَابٌ۔

(ہر عمل کی جزا ہے اور ہر کلام کا جواب ہے۔)

۱۱۹۹۔ اَلْاَعْمَالُ بِخَوَاتِيْمِهَا۔

(اعمال کا اعتبار خاتمہ پر ہے) یہی مطلب ہے اس قول کا کہ: خَيْرُ الْاُمُوْرِ اَحْمَدُهَا مَغَبَّةً۔ (بہترین کام وہ ہے جو قابلِ تعریف انجام کا حامل ہو۔

۱۲۰۰۔ اِيَّاكِ اَعْنِي وَاسْمَعِي يَا جَارَةُ۔

(تجھے ہی مراد لیتا ہوں اور سن لے اے لونڈی) جب کوئی تجاہلِ عارفانہ کرے یا مخفی راز کو ظاہر کرے۔

۱۲۰۱۔ وَمِنَ الْعَنَاءِ رِيَاضَةُ الْهَرِمِ۔

(بڑھاپے میں ریاضت اور مجاہدہ زحمت ہے، عمل بھی مشکل اور نتیجہ بھی غیر یقینی۔

۱۲۰۲۔ عَادَ الْاَمْرُ اِلٰى نِصَابِهِ (معاملہ اپنے اصل کی طرف لوٹ آیا)

۱۲۰۳۔ عَادَتْ لِعِتْرِهَا لَمِيْسُ۔

(لمیس اپنی عادت کی طرف لوٹ گئی، لمیس ایک عورت کا نام تھا۔

۱۲۰۴۔ عَوَّدْتَ كِنْدَةَ عَادَةً فَاصْبِرْ لَهَا۔

(تو نے کندہ کو ایک عادت کا خوگر بنا دیا ہے لہٰذا اب صبر کر۔)

۱۲۰۵۔ عُوْدِيْ اِلٰى مُبَارِكِكَ۔

(اپنے ٹھکانہ کی طرف لوٹ آ یعنی پہلی حالت پر واپس آجا۔

۱۲۰۶۔ اَلْعَوْدُ اَحْمَدُ۔

(لوٹنا زیادہ قابل تعریف ہے، اچھا کام کرنا محمود ہے تو اس کو دوبارہ کرنا زیادہ محمود ہوگا۔ یہ مثل اس شعر سے ماخوذ ہے ؎

وَاَحْسَنَ عَمْرٌو فِي الَّتِيْ كَانَ بَيْنَنَا ۔ وَاِنْ عَادَ بِالْاِحْسَانِ فَالْعَوْدُ اَحْمَدُ

(عمرو نے ہمارے باہمی معاملات میں احسان کیا اور اگر اس نے پھر احسان کو دہرایا تو زیادہ محمود ہے۔

۱۲۰۷۔ لِكُلِّ عُوْدٍ عُصَارَةٌ۔

(ہر لکڑی کا ایک نچوڑ ہے، عُصَارَةٌ، رس، نچوڑ، چھوڑ، یا۔ لکڑی جیسی میٹھی ہے تو اس کا رس بھی میٹھا ہوگا اور کڑوی ہے تو کڑوا ہے یعنی ہر ظاہر کا ایک باطن بھی ہوتا ہے۔

۱۲۰۸۔ مَا كُلُّ عَوْدٍ تُصَابُ۔

(ہر پھینکے ہوئے غلہ کا صحیح پتہ نہیں لگ جاتا۔ محض اندازہ ہوتا ہے اور اس سے مقصد حاصل نہیں ہوتا۔

۱۲۰۹۔ بِئْسَ الْعِوَضُ مِنْ جَمَلٍ قَيْدُهُ۔

(اونٹ کے بدلے اس کے پاؤں کی رسی بُرا بدلہ ہے) کسی چرواہے نے اونٹ کھو کر اس کے پاؤں باندھنے کی رسی آقا کو لاکر دی تو آقا نے کہا تھا۔

۱۲۱۰۔ مَنْ اَعَانَكَ عَلَى الشَّرِّ ظَلَمَكَ۔

(جس نے شر میں تمہاری مدد کی اس نے تم پر ظلم کیا۔)

۱۲۱۱۔ اَعِنْ اَخَاكَ وَلَوْ بِالصَّوْتِ۔

(اپنے بھائی کی مدد کر خواہ آواز سے ہی ہو)

۱۲۱۲۔ اَعِنِّيْ وَخَلَاكَ ذَمٌّ۔

(میری مدد کر اور مذمت تجھ سے دور ہو جائیگی) طلب امداد کے باوجود مدد نہ کرنے کا عیب دور ہو جائے گا۔

۱۲۱۳۔ مَا يُعَوِّيْ وَلَا يَنْبَحُ۔

(نہ غرّاتا ہے نہ بھونکتا ہے) نَبَحَ، لازم اور متعدی ہے اور متعدی بلا واسطہ بھی جیسے نَبَحَ الْكَلْبُ الْفُلَانَ۔ اور بواسطہ علی بھی جیسے نَبَحَ الْكَلْبُ عَلَيْهِ، متعدی معنی میں استعمال کرنا ہو تو نَبَحَ عَلٰى کی بجائے عواءٌ استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے معنی ہیں، نہ کاٹنے کا نہ بھونکنے کا۔ بیکار اور نکما۔ يُعَوِّيْ وَيَنْبَحُ (بصیغہ معروف) بھی مثال میں مستعمل ہے۔ مطلب یہ کہ نہ خوشخبری دیتا ہے نہ ڈراتا ہے۔ کیونکہ کتے کا بھونکنا مہمان کی آمد کی خوشخبری ہوتی ہے اور بھیڑیے کا غرّانا حملہ کرنے کی علامت ہے۔

۱۲۱۴۔ لَا فِي الْعِيْرِ وَلَا فِي النَّفِيْرِ۔

(نہ عیر میں اور نہ نفیر میں) چھوٹی بڑی کسی بھی مہم کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ اس بنا پر حقیر سمجھا جاتا ہو۔ عِیرٌ، اونٹوں یا گدھوں کا قافلہ یا صرف قافلہ۔ نفیرٌ، وہ جماعت جو دس سے کم تعداد میں ہو۔ یا عیرٌ سے قریش کے اس قافلہ کی طرف اشارہ جو ابوسفیان کے ساتھ شام سے آرہا تھا اور نفیرٌ کہ کا وہ بڑا قافلہ جو عتبہ بن ربیعہ کی سرکردگی میں اس قافلے کی حمایت میں مسلمانوں سے لڑنے کے لیے نکلا تھا۔ جس کی بنا پر غزوۂ بدر پیش آیا۔ جو عیر و نفیر میں سے کسی میں شریک نہیں ہوا اس کو عار دلانے کے لیے یہ مقولہ کہا گیا تھا۔

۱۲۱۵۔ مَهْمَا تَعِشْ تَرَهُ۔

(جتنا تو زندہ رہے گا دیکھے گا، ترہ میں ہا وقفی ہے اور ترہ کا مفعول محذوف ہے۔ اصل یہ ہے مَا دُمْتَ حَيًّا تَرَى اَشْيَاءَ عَجِيْبَةً۔ (جب تک زندہ رہے گا، عجائبات دیکھتا رہے گا)، حارث۔

۱۲۱۶۔ عِشْ تَرَ مَا لَمْ تَرَ۔

(زندہ رہ۔ وہ دیکھے گا جو تو نے نہیں دیکھا)

۱۲۱۷۔ عِشْ رَجَبًا تَرَ عَجَبًا۔

(رجب کے مہینے تک زندہ رہ، عجائبات دیکھے گا) حارث ابن عباد قیسی نے اپنی زبان دراز بیوی کو طلاق دیدی تھی۔ عورت نے جس شخص کو دوسری شادی کے لیے تیار کیا وہ ایک روز حارث کو مل گیا تو حارث نے عورت کے بُرے حالات کی طرف اشارہ کرکے کہا: رجب تک ٹھہر، پھر عجائبات دیکھنا۔ عدت کے

زمانہ کو ماہ رجب تک تشبیہ دی گئی ہے۔ رجب حرام مہینہ تھا۔ یعنی اس مہینے میں جب وہ ختم ہوتا تو ہولناک واقعات رونما ہوتے تھے۔ حارث کی مراد یہ تھی کہ عدت کے بعد جب تو اس عورت کے ساتھ رہے گا تو اس کی معاشرت بد سے عجائبات کا ملاحظہ کریگا۔

۱۲۱۸۔ عِشْ قَنِعًا تَكُنْ مَلِكًا۔

(قانع ہو کر زندگی بسر کر، بادشاہ ہو جائیگا)

۱۲۱۹۔ الْعَيْشُ نُجْعَةٌ وَالْحَرْبُ خُدْعَةٌ۔

(زندگی روزگار کی طلب کا اور لڑائی ظاہر فریب تدبیر کا نام ہے)
نجعۃ: خوراک طلب کرنے کے لیے جانا۔

۱۲۲۰۔ أَنْتَ مَرَّةً عَيْشٌ وَمَرَّةً جَيْشٌ۔

(تو کبھی عیش ہے اور کبھی لشکر، یعنی کبھی نفع اور کبھی ضرر یا کبھی میرے ہمراہ ہے اور کبھی میرے خلاف یا کبھی خوشحالی اور کبھی تنگ حالی میں۔
جیسے کہا جاتا ہے: الیوم خمرٌ و غداً امرٌ۔

۱۲۲۱۔ عَيْنٌ عَرَفَتْ فَذَرَفَتْ۔

(آنکھ نے پہچان لیا اور بھر آئی حقیقت کو دیکھتے ہی پا لیا۔

۱۲۲۲۔ عَيْنُ الْهَوٰى لَا تَصْدُقُ۔

(خواہشات کی آنکھ (نظر) سچی نہیں ہوتی)

۱۲۲۳۔ عَيْنُهُ فُرَارُهُ۔

(اس کی نظر ہی دانت دیکھ لیتا ہے، فرّ الدابۃ فرارًا (چوپایہ کا منہ کھول کر اس کے دانت دیکھے، مراد یہ ہے کہ ظاہر ہی سے خبیث باطن ظاہر ہے آزمانے کی ضرورت نہیں۔

۱۲۲۴۔ عَيْنُكَ عَبْرٰى وَالْفُؤَادُ فِي دَدٍ۔

(تیری آنکھ رونے والی ہے مگر قلب لہو ولعب میں ہے) عبریٰ: رونے والی، ددٌ: لہو لعب۔ اس کی اصل دَدَدٌ ہے۔ غدٌ کی طرح واؤ حذف کردیا گیا ہے (مگرمچھ کے آنسو)

۱۲۲۵۔ رُبَّ عَيْنٍ أَنَمُّ مِنْ لِسَانٍ۔

(بہت سی آنکھیں زبان سے زیادہ چغلخور ہوتی ہیں۔ انہی معنی میں ہے
لِسَانُ الْحَالِ أَبْيَنُ مِنْ لِسَانِ الْمَقَالِ۔

۱۲۲۶۔ بِعَيْنٍ تَرَانِي يَا جَمِيلُ أَرَاكَ۔

(اے جمیل جس آنکھ سے تو مجھے دیکھتا ہے اسی آنکھ سے میں تجھے دیکھتا ہوں۔)

۱۲۲۷۔ لَيْسَ لِعَيْنٍ مَا رَأَتْ۔

(آنکھ کے لیے نہیں ہے جو کچھ اس نے دیکھ لیا)

۱۲۲۸۔ الْعِيَانُ لَا يَحْتَاجُ إِلَى الْبَيَانِ۔

(آنکھوں دیکھی چیز بیان کی محتاج نہیں۔ "عیاں را چہ بیاں"۔

۱۲۲۹۔ عَيٌّ صَامِتٌ خَيْرٌ مِنْ عَيٍّ نَاطِقٍ۔

(خاموش عاجز بولنے والے عاجز سے بہتر ہے)

۱۲۳۰۔ أَوَّلُ الْعِيِّ الْاِخْتِلَاطُ۔

(غضب میں آنا عاجزی کی ابتدا ہے یعنی دلائل سے عاجز انسان ہی غصہ ہوتا ہے۔ اختلاط: غصہ میں بھرنا۔ خشم آلود ہونا۔

۱۲۳۱۔ أَعْيٰى مِنْ بَاقِلٍ۔

(باقل سے بھی زیادہ اپنی مراد ظاہر کرنے سے عاجز، بنو ربیعہ کے ایک شخص باقل نے گیارہ درہم میں ایک ہرن خریدا۔ لے کر چلا تو کسی نے ہرن کی قیمت پوچھی، اس نے ہرن چھوڑ کر دونوں ہاتھ اٹھا کر دس اور زبان نکال کر گیارہ کا عدد بتایا۔ اور ہرن بھاگ گیا۔

(۱۰۰۰)

غ

۱۲۳۲۔ غَثُّكَ خَيْرٌ مِنْ سَمِينِ غَيْرِكَ۔

(تمہارا دبلا غیر کے فربہ سے بہتر ہے) اپنے لاغر پر قناعت کرو۔ اور دوسرے کے فربہ کی طمع نہ کرو۔

۱۲۳۳۔ غَدَرَكَ مَنْ دَلَّكَ عَلَى الْإِسَاءَةِ۔

(جس نے برائی کیطرف تمہاری رہنمائی کی اس نے تم سے غداری کی)

۱۲۳۴۔ أَغْدَرُ مِنْ غَدِيرٍ۔

(جو ہر وقت اپنے مالک کا پانی جذب کرتا رہتا ہے اور کچھ دن بعد خشک کر دیتا ہے)

۱۲۳۵۔ إِنَّ غَدًا لِنَاظِرِهٖ قَرِيبٌ۔

(آنے والی کل اس کے دیکھنے والے کے لیے قریب ہے) کل دور نہیں۔ یہ مثل قراد بن اجدع کے شعر سے ماخوذ ہے، جو اس نے نعمان بن منذر کے سامنے کہا تھا۔ فَإِنْ يَكُ صَدْرُ هٰذَا الْيَوْمِ وَلّٰى ۔ فَإِنَّ غَدًا لِنَاظِرِهٖ قَرِيبٌ: اگر آج کے دن رخ موڑ لیا ہے تو آئندہ کل اس

کے دیکھنے والے کے لیے نزدیک ہی ہے۔

۱۲۳۶۔ عَسٰی غَدٌ لِغَیْرِکَ۔

(ممکن ہے آئندہ کل تیرے غیر کے لیے ہو، اس لیے آج کے کام کو کل پر نہ ٹال، شاید وہ تجھے کل کو نہ مل سکے۔

۱۲۳۷۔ لِکُلِّ غَدٍ طَعَامٌ۔

(ہر آئندہ کل کے لیے کھانا ہے، اللہ کے فضل پر توکل کرو۔

۱۲۳۸۔ اَغَرُّ مِنْ سَرَابٍ۔

(سراب سے زیادہ دھوکہ دینے والا، پیاسا اس کو پانی سمجھ کر دھوکا کھا جاتا ہے۔

۱۲۳۹۔ اَغَرُّ مِنَ الْاَمَانِی۔ (آرزوؤں سے زیادہ فریب دینے والا)

۱۲۴۰۔ اَغَرُّ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ۔

(چاندنی میں پھرنے والے ہرن سے زیادہ فریب کھایا ہوا، کیونکہ چاندنی رات میں ہرن چندھیا کر جلد شکار ہو جاتا ہے۔

۱۲۴۱۔ وَکُلُّ غَرِیْبٍ لِلْغَرِیْبِ نَسِیْبٌ۔ (مسافر مسافر کا قریب ہوتا ہے)

۱۲۴۲۔ مَنْ غَرْبَلَ النَّاسَ نَخَلُوْہُ۔

(جو لوگوں کو چھانے گا لوگ اس کو چھان کر بھوسی نکال دیں گے، جو لوگوں کو برا کہیگا لوگ اس کو زیادہ برا بھلا کہیں گے۔

۱۲۴۳۔ غَرْثَانُ فَارْبُکُوْا لَہٗ۔

(بھوکا ہے اس کے لیے کھانا تیار کرو، اس شخص کے لیے کہا جاتا ہے جس پر ایسی حالت طاری ہو کہ وہ تمہارے کلام کیطرف توجہ ہی نہ کرے ایک دن سفر سے آیا تھا۔ اس کے گھر لڑکا پیدا ہونیکی خوشخبری دی گئی، وہ بھوک سے بیتاب تھا۔ کہنے لگا: میں لڑکے کو کھاؤں یا پیوں! بیوی نے کہا: غرثان فاربکوا۔ (بھوکا ہے، اس کے واسطے کھانا تیار کرو) کھانا کھا چکا تو پوچھنے لگا کہ طلا اور اس کی ماں کا کیا حال ہے؟ طلا ہرن کے بچے کو کہتے ہیں۔ اس نے استعارۃً اپنے بچے کو کہا تھا۔ غرثان: بھوکا، ربک: گوندھنا مرکب کرنا۔ ربیکہ: ایک خاص قسم کا کھانا۔

۱۲۴۴۔ اَوَّلُ الْغَزْوِ اَخْرَقُ۔

(پہلی لڑائی ناتجربہ کا شکار ہوتی ہے (بار بار کے تجربے سے پختگی پیدا ہوتی ہے۔

۱۲۴۵۔ اَغْشَمُ مِنَ السَّیْلِ (سیلاب سے زیادہ ظالم)

۱۲۴۶۔ مَنْ غَضِبَ مِنْ لَا شَیْءٍ رَضِیَ مِنْ لَا شَیْءٍ۔

(جو ادنی چیز سے غضبناک ہوگا وہ ادنی چیز سے راضی بھی ہو جائے گا یا جب بے وجہ غصہ ہوگا، بے وجہ راضی بھی ہو جائیگا۔

۱۲۴۷۔ غَضَبُ الْخَیْلِ عَلَی اللُّجُمِ۔

(گھوڑوں کا غصہ لگاموں پر ہوتا ہے، بے فائدہ غصہ۔ یا غصہ قریب ہی پر ہوتا ہے یا کمزور پر ہی ہوتا ہے۔

۱۲۴۸۔ غَلَّ یَدًا مُطْلِقُهَا۔

(ہاتھ میں اس کے آزاد کرنے والے نے طوق ڈال دیا ہے) مصیبت سے چھڑا کر احسان کا غلام بنا لیا۔

۱۲۴۹۔ اِذَا لَمْ تَغْلِبْ فَاخْلُبْ۔

(غالب نہ آ سکے تو حسن تدبیر سے کام کر)

۱۲۵۰۔ مَنْ غَالَبَ الْاَیَّامَ غُلِبَ۔

(جو زمانہ پر غالب آنیکی کوشش کریگا وہ مغلوب ہوگا)

۱۲۵۱۔ یَغْلِبْنَ الْکِرَامَ وَیَغْلِبُهُنَّ اللِّئَامُ۔

(عورتیں شریفوں پر غالب آتی ہیں اور کمینے مردوں پر غالب ہو جاتے ہیں)

۱۲۵۲۔ الْغَمَرَاتُ ثُمَّ یَنْجَلِیْنَ۔

(اب سختیاں ہیں پھر جدا ہو جائینگی غمرات، مصیبت ہمیشہ نہیں رہتی۔

۱۲۵۳۔ غَنِمَ مَنْ سَلِمَ (جو بچ رہا، وہ غنیمت رہا)

۱۲۵۴۔ اَغْنَی الصَّبَاحُ عَنِ الْمِصْبَاحِ۔

(صبح نے چراغ سے بے نیاز کر دیا)

۱۲۵۵۔ اَغْنٰی عَنِ الشَّیْءِ مِنَ الْاَقْرَعِ عَنِ الْمُشْطِ۔

(کسی چیز سے اس سے بھی زیادہ بے نیاز جتنا گنجا کنگھی سے)

۱۲۵۶۔ وَهَلْ یُغْنِیْ مِنَ الْحَدَثَانِ لَیْتَ۔

(کیا کاش کہنا حوادث سے بے نیاز کر سکتا ہے؟) محض تمنائیں حوادث سے نہیں بچا سکتیں۔

۱۲۵۷۔ مَنْ لَّمْ یُغْنِهٖ مَا یَکْفِیْهِ اَعْجَزَهٗ مَا یُغْنِیْهِ۔

(جس شخص کو کافی ہونے والی چیز نے بے نیاز نہیں کیا اس کو بے نیاز کرنیوالی چیز عاجز کر دیگی، غنا اور مالداری کی حرص تھکا دیتی ہے۔

۱۲۵۸۔ غِنَی النَّفْسِ اَفْضَلُ مِنْ غِنَی الْمَالِ۔

(نفس کی بے نیازی مالداری کی بے نیازی سے بڑھ کر ہے۔

۱۲۵۹۔ اِنَّ الْغَنِیَّ طَوِیْلُ الذَّیْلِ مَیَّاسٌ۔

(مالدار و امن و راز اور ناز سے چلنے والا ہے، یعنی مال دار اپنی تونگری کو چھپا نہیں سکتا۔

۱۲۶۰۔ مَنْ غَابَ غَابَ نَصِيبُهُ۔

(جو غائب ہوا اس کا حصہ بھی غائب ہوا، غائب کو یاد رکھنا دلیل کرم ہے کہا جاتا ہے: اَقْصَى رَفِيْقِهِ لَهُ كَالأَقْرَبِ (اس کا انتہائی دور افتادہ رفیق اس کے لیے قریب ترین کی طرح ہے)

۱۲۶۱۔ الغِيبَةُ جُهْدُ العَاجِزِ۔

(پیٹھ پیچھے برائی عاجز کی طاقت ہے)

۱۲۶۲۔ كَالمُسْتَغِيثِ مِنَ الرَّمْضَاءِ بِالنَّارِ۔

(اس شخص کی طرح جو سورج کی گرمی سے آگ کی طرف لے جائے، معمولی تکلیف سے بچنے کے لیے بڑی مصیبت مول لے۔

۱۲۶۳۔ أَغَيْرَةً وَجُبْنًا۔

(کیا غیرت بھی اور نامردی بھی، ایک شخص بزدلی کی وجہ سے اپنی قوم کو دشمن سے لڑتے ہوئے چھوڑ کر بھاگا۔ اس نے دیکھا کہ بیوی بھی دیکھ رہی ہے۔ کھسیانا ہو کر بیوی کو مارنے لگا تو بیوی نے کہا: أَغَيْرَةً وَجُبْنًا (غیرت بھی اور بزدلی بھی!)

۱۲۶۴۔ غَيْضٌ مِنْ فَيْضٍ۔

(بہت میں سے تھوڑا) جیسے دریا میں سے چلو۔ غَيْضٌ: کمی، نقص، فَيْضٌ: زیادتی۔ اسی طرح کہا جاتا ہے: بَرْضٌ مِنْ عِدٍّ۔

۱۲۶۵۔ عِنْدَ الغَايَةِ يُعْرَفُ السَّبْقُ۔

(انتہا کے وقت سبقت معلوم ہوگی، یعنی سبقت ابتدا کی بہتری پر نہیں بلکہ انتہا کی عمدگی پر موقوف ہے۔

(۸۰)

ف

۱۲۶۶۔ فَتَلَ فِي الذُّرْوَةِ وَالغَارِبِ۔

(اس کے کوہان کے اوپر اور آگے بل دیا، بہلا پھسلا کر راضی کر لیا۔ ذُرْوَةٌ: کوہان کا بالائی حصہ، ہر چیز کی چوٹی۔ غَارِبٌ: کوہان کا اگلا حصہ۔ منہ زور یا سرکش اونٹ کے نکیل ڈالنے کے لیے کوہان سہلا کر مانوس کیا جاتا ہے اور موقع پا کر نکیل ڈال دی جاتی ہے۔

۱۲۶۷۔ فَتًى وَلَا كَمَالِكٍ۔

(جوان اور بھی ہیں لیکن مالک جیسے نہیں، مالک نویرہ بن حمزہ ربی معز ابن نزار میں سے، کا لڑکا تھا جس کو حضرت خالد بن ولید نے قتل کر دیا تھا، اس کا بھائی متمم کو عرصہ تک اس کی موت کا شدید رنج و غم رہا۔ لوگ تعزیت کے طور پر دوسرے مقتول نوجوانوں کا ذکر کرتے تو متمم کہتا: فَتًى وَلَا كَمَالِكٍ، یعنی وہ جوان تو ہے لیکن میرے بھائی مالک جیسا نہیں۔ مطلب یہ ہے کہ فضیلت تو مسلّم ہے مگر اس پر کسی اور کو بھی فضیلت حاصل ہے۔

۱۲۶۸۔ أَيُّ فَتًى قَتَلَهُ الدُّخَانُ۔

(کون سا جوان ہے جس کو دھوئیں نے مارا ہو، کسی عورت نے ایک ایسے جوان پر نوحہ کرتے ہوئے کہا تھا جو دھوئیں سے مر گیا تھا، یعنی مرنے والا سیدھا اور بے تدبیر تھا۔

۱۲۶۹۔ كُلُّ فَتَاةٍ بِأَبِيهَا مُعْجَبَةٌ۔

(ہر دوشیزہ اپنے باپ کے ساتھ ناز کرتی ہے) ناز خریدار پر۔

۱۲۷۰۔ رُبَّ فَرْحَةٍ تَعُودُ تَرْحَةً۔

(بہت سی خوشیاں رنج بن جاتی ہیں۔)

۱۲۷۱۔ لَيْسَ الفَرَسُ بِجُلِّهِ۔

(گھوڑا اپنی جُل (جھول) کی وجہ سے نہیں، گھوڑے کی قیمت جھول کی خوبصورتی سے نہیں۔

۱۲۷۲۔ هُمَا كَفَرَسَيْ رِهَانٍ۔

(وہ دونوں ریس کے گھوڑوں کی طرح ہیں، ایک دوسرے سے سبقت لے جانے کی کوشش کرتے ہیں۔

۱۲۷۳۔ مَا كُلُّ فُرْصَةٍ تُنَالُ۔

(ہر فرصت دوبارہ نہیں ملتی، موقعے بار بار نہیں ملتے۔

۱۲۷۴۔ أَفْرَطَ فَأَسْقَطَ۔ (وہ بہت بولا اس لیے غلطیاں زیادہ کیں، جو بہت بولتا ہے غلطیاں بھی زیادہ کرتا ہے۔

۱۲۷۵۔ تَفَرَّقَ القَوْمُ أَيْدِي سَبَا وَأَيَادِي۔

(قوم پراگندہ ہو گئی سبا کے لشکر کی طرح، ایسے منتشر و پراگندہ ہوئے کہ پھر اجتماع ہی نہ ہوا، اس لیے کہ اللہ تعالیٰ نے اس سرزمین پر سیلاب کا عذاب بھیج کر اس کو غرق کر دیا اور ویران کر دیا تھا، سبا اکثر یمنی قبائل کا مورث اعلیٰ تھا، اس ویرانی کے بعد سبا اور اس کی قوم یہاں سے نکل کر مختلف دیار میں منتشر ہو گئی۔ بعض کا خیال ہے کہ ایدی سبا یا

آبادی سے مراد سبا کے لشکر ہیں جن کے ذریعہ وہ حملہ کرتا اور لوٹ مار میں امداد لیتا تھا۔ آیدی یا آیادی حال ہونے کی بنا پر منصوب ہے۔

۱۲۷۶۔ مَنْ فَسَدَتْ بِطَانَتُهُ كَانَ كَمَنْ غَصَّ بِالْمَاءِ۔

(جس کے اہل دھیان ہی بگڑ جائیں وہ اس کی طرح ہے جس کو پانی سے اچھو لگ جائے، کہ اس کی کوئی تدبیر نہیں۔ کھانا حلق میں پھنس جائے تو پانی سے اتار لیا جاتا ہے لیکن جب پانی ہی سے اچھو لگے تو کیا تدبیر کی جائے۔

۱۲۷۷۔ اَفْسَدُ مِنَ السُّوسِ۔

(گھن ڈالنے والا کیڑا سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا۔)

۱۲۷۸۔ اَفْسَدُ مِنَ الْجَرَادِ (ٹڈی سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا)

۱۲۷۹۔ اَفْسَدُ مِنْ اَرَضَةٍ (دیمک سے زیادہ فساد پیدا کرنے والا)

۱۲۸۰۔ فَسَا بَيْنَهُمُ الظَّرِبَانُ۔

(ان کے درمیان ظربان نے گوز مار دیا یعنی حوادث نے منتشر کر دیا۔ ظربان: کتے کے پلے سے قدرے لمبا، بدبودار اور بہت گوز مارنے والا جانور ہے۔ کہتے ہیں کہ وہ گوہ کے سوراخ پر آ کر گوز مارتا ہے تو وہ منتشر ہو جاتے ہیں تو اس کو کھا جاتا ہے۔ یہ بھی مشہور ہے کہ وہ اونٹوں کے گلہ میں پہنچ کر گوز مارتا ہے تو وہ منتشر ہو جاتے ہیں۔

۱۲۸۱۔ اَفْصَحُ مِنْ سَحْبَانِ وَائِلٍ (سحبان وائل سے زیادہ فصیح)

۱۲۸۲۔ فَضْلُ الْفِعْلِ عَلَى الْقَوْلِ مَكْرُمَةٌ۔

(قول سے عمل کی زیادتی بزرگی ہے، کہنے سے زیادہ کر دکھانا بزرگی ہے۔

۱۲۸۳۔ فَضْلُ الْقَوْلِ عَلَى الْفِعْلِ دَنَاءَةٌ۔

(عمل پر قول کی زیادتی کمینگی ہے، کہنے سے زیادہ کہنا کمینہ پن ہے۔

۱۲۸۴۔ اَلْفَضْلُ لِلْمُبْتَدِي وَاِنْ اَحْسَنَ الْمُقْتَدِي۔

(فضیلت ابتدا کرنے والے کے لیے ہے، خواہ پیروی کرنے والا اس سے اچھا کر دکھائے)

۱۲۸۵۔ اَفْضَلُ الْمَعْرُوفِ اِغَاثَةُ الْمَلْهُوفِ۔

(بہترین نیکی مصیبت زدہ کی فریاد کو پہنچنا ہے)

۱۲۸۶۔ لَا اَفْعَلُ كَذَا مَا اَنَّ السَّمَاءَ سَمَاءٌ ـ وَلَا اَفْعَلُهُ مَا اَنَّ فِي السَّمَاءِ نَجْمًا۔ (میں ایسا نہیں کروں گا جب تک کہ آسمان آسمان ہے، میں یہ کام نہیں کروں گا جب تک کہ آسمان میں کوئی ستارہ ہے، یعنی کبھی نہیں کروں گا۔

۱۲۸۷۔ كُنْتُ كَفَاقِئِ عَيْنَيْهِ عَمْدًا۔

(میں اس شخص کی طرح ہو گیا جو اپنی آنکھیں عمداً پھوڑ ڈالے) اور خطرہ کو نہ دیکھا۔ شاعر نے اپنی بیوی نوار کو طلاق دے دی تھی اور بعد میں نادم ہوا تو چند اشعار کہے، ان میں سے ایک یہ تھا ؎

فَكُنْتُ كَفَاقِئِ عَيْنَيْهِ عَمْدًا ۞ فَاَصْبَحَ لَا يُضِيءُ لَهُ نَهَارٌ"

(میں عمداً آنکھیں پھوڑنے والے کی طرح ہو گیا اور وہ ایسا ہو گیا کہ اس کے لیے اب دن روشن نہ ہوگا)

۱۲۸۸۔ خَيْرُ الْفِقْهِ مَا حَاضَرْتَ بِهِ۔

(بہترین علم وہ ہے جس کے ذریعے تو ضرورت کے وقت جواب دے سکے)

۱۲۸۹۔ لَا تُفَكِّرْ فِيهَا مُدَبِّرٌ۔

(فکر نہ کر کیونکہ اس کا تدبیر کرنے والا ہے" کار ساز ما بفکر کار ما")

۱۲۹۰۔ لَا يَفُلُّ الْحَدِيدَ اِلَّا الْحَدِيدُ۔

(لوہے کو لوہا کند کرتا ہے)

۱۲۹۱۔ فَمُهُ تُسَبِّحُ وَيَدُهُ تَذْبَحُ۔

(منہ تسبیح پڑھ رہا ہے اور ہاتھ قتل" زبان میٹھی اور بغل میں چھری")

۱۲۹۲۔ فِي فَمِي مَاءٌ وَهَلْ يَنْطِقُ مَنْ فِي فِيهِ مَاءٌ۔

(میرے منہ میں پانی ہے اور کیا وہ شخص بولتا ہے جس کے منہ میں پانی ہو)

۱۲۹۳۔ يَفْنَى مَا فِي الْقُدُورِ وَيَبْقَى مَا فِي الصُّدُورِ۔

(جو ہانڈیوں میں ہے وہ فنا ہو جائیگا اور جو سینوں میں ہے وہ باقی رہے گا۔" مال فانی علم باقی")

۱۲۹۴۔ لَمْ يَفُتْ مَنْ لَمْ يَمُتْ۔

(جو مرا نہیں وہ فوت نہیں ہوا، مر تو نہیں گیا، کبھی نہ کبھی ہاتھ لگے گا۔

۱۲۹۵۔ اَلْفَائِتُ لَا يُسْتَدْرَكُ۔

(فوت شدہ پھر نہیں مل سکتا، جو گیا سو گیا، اسی معنی میں ایک شعر ہے ؎

فَاَصْبَحْتُ لَا اَسْطِيعُ رَدًّا لِمَا مَضَى ۞ كَمَا لَا يَرُدُّ الدَّرَّ فِي الضَّرْعِ حَالِبُهُ۔

(میں گزرے ہوئے کو نہیں لوٹا سکتا جیسے کہ دودھ دوہنے والا دودھ کو تھنوں میں نہیں لوٹا سکتا)

۱۲۹۶۔ اَفْوَتُ مِنْ اَمْسِ (کل گذشتہ سے زیادہ فوت شدہ)

۱۲۹۷۔ مُفَوِّضٌ عَلَى شَنًّا بَالِيًا۔

(بیابان طے کرنے والے نے بوسیدہ مشکیزہ لٹکایا ہے، حقیر سامان

پر خطرناک مہم سر کرنے چلا ہے۔ قَوَّزَ الرَّجُلُ: بیابان طے کرنے کے لیے چلا۔ شَنٌّ: مشکیزہ۔

۱۲۹۸۔ اَفِقْ قَبْلَ اَنْ يُحْفَرَ ثَرَاكَ۔

(ہوش میں آجا قبل اس کے کہ تیری قبر کھودی جائے، موت سے پہلے یا بُرا انجام دیکھنے سے پہلے ہوش میں آجا۔

۱۲۹۹۔ اَفْوَاهُهَا مَجَاسُّهَا۔

(ان کا منہ ان کے امتحان کی جگہ ہے، گفتگو باطن کا پتہ دیتی ہے۔ جیسے اونٹ کا اچھا چارہ اس کی صحت و صلاحیت کی دلیل ہے، اس کو ٹٹولنے کی ضرورت نہیں۔ جَسٌّ: چھو کر اور ٹٹول کر دیکھنا۔

(۱۰۰)

ق

۱۳۰۰۔ قُبَّةُ نَجْرَانَ۔

(نجران کا قبہ، جیسے بسم اللہ کا گنبد، یمن کے ایک شہر نجران میں نہر کے کنارے ایک قبہ تھا جس کو کعبۂ نجران بھی کہتے تھے۔ لوگ اس کو متبرک سمجھتے اور اس کی زیارت کرنے کے لیے آیا کرتے، جب کوئی اس میں پناہ لیتا تو اس کو پناہ اور آرام مل جاتا تھا۔

۱۳۰۱۔ كَالْقَابِسِ الْعَجْلَانِ۔

(جلد باز آگ لینے والے کی طرح، جو اپنی ضرورت کو پورا کرنے میں جلدی کرے۔

۱۳۰۲۔ كَالْقَابِضِ عَلَى الْمَاءِ۔

(پانی کو مٹھی میں پکڑنے والے کی طرح، حاصل نہ ہونے والی چیز طلب کرنے والا۔

۱۳۰۳۔ اِنَّهُ لَقُبَضَةٌ رُفَضَةٌ۔

(وہ کبھی پکڑنے والا اور کبھی چھوڑنے والا ہے،

۱۳۰۴۔ قَتَلَتْ اَرْضٌ جَاهِلَهَا۔

(زمین نے اپنے سے بےخبر کو مار ڈالا ہے، ایسا کام اختیار کرنے والے کے لیے کہا جاتا ہے جس کا اسے کچھ پتہ نہ ہو۔

۱۳۰۵۔ اَلْقَتْلُ اَنْفَى لِلْقَتْلِ۔

(بعض قتل زیادہ روکنے والے ہیں قتل سے، قَتْلُ الْبَعْضِ اِحْيَاءٌ لِلْجَمِيعِ کے ہم معنی ہے، لیکن ان مثالوں سے زیادہ جامع اور بلیغ ہے۔ آیت قرآنی: وَلَكُمْ فِي الْقِصَاصِ حَيٰوةٌ۔ تمھارے لیے قصاص میں زندگی ہے۔

۱۳۰۶۔ مَقْتَلُ الرَّجُلِ بَيْنَ فَكَّيْهِ۔

(آدمی کی قتل گاہ اس کے دونوں جبڑوں کے درمیان ہے، زبان درازی بسا اوقات قتل کا سبب ہوتی ہے۔

۱۳۰۷۔ قُدَّتْ سُيُورُهُ مِنْ اَدِيمِكَ۔

(اس کے تسمے تیری کھال سے کاٹے گئے ہیں، یعنی ایک جیسے ہیں۔

۱۳۰۸۔ مَنْ يَقْدِرُ عَلَى رَدِّ اَمْسِ اَوْ تَطْيِينِ عَيْنِ الشَّمْسِ؟۔

(گزشتہ کل کے لوٹانے یا چشمۂ آفتاب پر خاک ڈالنے کی قدرت کون رکھتا ہے؟)

۱۳۰۹۔ اِنَّ الْمَقْدِرَةَ تُذْهِبُ الْحَفِيظَةَ۔

(قدرت پانا غضب کو زائل کر دیتا ہے، کسی قریشی نے اپنے دشمن پر قابو پانے کے بعد انتقام سے درگزر کرتے ہوئے کہا تھا۔ حفیظہ: غضب و غصہ۔

۱۳۱۰۔ اِذَا قَدُمَ الْاِخَاءُ سَمُجَ الثَّنَاءُ۔

(جب بھائی چارا پرانا ہو جاتا ہے تو تعریف بُری معلوم ہوتی ہے،

۱۳۱۱۔ يُقَدِّمُ رِجْلًا وَيُؤَخِّرُ اُخْرٰى۔

(ایک قدم آگے بڑھاتا ہے اور دوسرا پیچھے ہٹاتا ہے، معاملات میں متردد ہے۔

۱۳۱۲۔ لَيْسَ الْقَوَادِمُ كَالْخَوَافِي۔

(بڑے آخر بڑے ہیں، بازوؤں کے بڑے پر چھوٹے پروں کی طرح نہیں ہوتے۔ قَوَادِم یا قُدَامٰی: بازو کے اگلے حصے کے بڑے پر۔ خَوَافِي: بازو کے چھوٹے پر۔

۱۳۱۳۔ لِكُلِّ قَدِيمٍ حُرْمَةٌ۔ (ہر پرانی چیز کی ایک حرمت ہوتی ہے،

۱۳۱۴۔ لَيْسَ لِمَا قَرَّتْ بِهِ الْعَيْنُ ثَمَنٌ۔

(جس چیز سے آنکھیں ٹھنڈی ہوں اس کی کوئی قیمت نہیں،

۱۳۱۵۔ اَقْرَبُ مِنْ حَبْلِ الْوَرِيدِ (شہ رگ سے زیادہ قریب)

۱۳۱۶۔ لَا قُرْبَةَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ۔

(خوش اخلاقی سے بہتر تقرب کا کوئی ذریعہ نہیں،

۱۳۱۷۔ اِذَا قَرِحَ الْجَنَانُ بَكَتِ الْعَيْنَانِ۔

(جب دل زخمی ہوتا ہے تو آنکھیں روتی ہیں، تقریباً اس مثال کے

ہم معنی ہے: "البُغْضُ تُبْدِيهِ لَكَ العَيْنَانِ" تمھارے سامنے بغض کو آنکھیں ظاہر کر دیتی ہیں۔

۱۳۱۸ - إِذَا مَا الْقَارِظُ الْعَنَزِيُّ آبَا.

(جب عنزی قارظ (سلم) کے پتے چننے والا واپس آجائے (یعنی واپسی کی امید نہیں۔ دوسرا مصرعہ یہ ہے: فَرَجِّي الْخَيْرَ وَانْتَظِرِي إِيَابِي. (تو خیر کی امید رکھ اور میری واپسی کا انتظار کر) رہم بن عامر عنزی سلم کے پتے لینے گیا اور پھر کوئی خبر نہ ملی۔

۱۳۱۹ - فُلَانٌ لَا تُقْرَعُ لَهُ الْعَصَا.

(فلاں کے لیے عصا نہیں کھٹکھٹایا جاتا، یعنی اس سے غلطی ہی نہیں ہوتی جس پر تنبیہ کیا جائے۔ عامر بن الظرب عدوانی کو اپنے سٹھیا جانے کا احساس ہوا تو اس نے اپنی لڑکی سے کہا کہ جب کوئی حکم کرتے وقت میرے فتور عقل کی کوئی بات محسوس کرے تو عصا سے ڈھال کو کھٹکھٹا دیا کر۔

۱۳۲۰ - قَرِينَتُكَ سَهْمُكَ يُخْطِئُ وَيُصِيبُ.

(تیرا ساتھی تیرا تیر ہے جو کبھی خطا کرتا ہے اور کبھی نشانہ پر لگ جاتا ہے (غلطی پر چشم پوشی کرنی چاہیے۔

۱۳۲۱ - أَقْسَى مِنْ صَخْرٍ. (چٹان سے زیادہ سنگدل)

۱۳۲۲ - كَشَرْتُ لَهُ الْعَصَا.

(میں نے اس کے واسطے عصا کو چھیلا (مطلع کیا۔

۱۳۲۳ - أَقْصَرَ لَمَّا أَبْصَرَ.

(جب دیکھا تو باز رہ گیا (برے انجام کو دیکھ کر باز رہنے کے لیے کہا جاتا ہے۔ اِقْصَار: قدرت ہوتے ہوئے کسی چیز سے باز رہنا

۱۳۲۴ - مَا أَقْصَرَ اللَّيْلَ عَلَى الرَّاقِدِ.

(سونے والے پر رات کتنی چھوٹی ہوتی ہے)

۱۳۲۵ - كُلُّ مُقْتَصَرٍ عَلَيْهِ كَافٍ (جس چیز پر اکتفا کر لیا جائے وہ کافی ہے)

۱۳۲۶ - لِكُلِّ قَضَاءٍ جَالِبٌ وَلِكُلِّ دَرٍّ حَالِبٌ.

(ہر حکم کا کوئی موجب ہوتا ہے اور ہر دودھ کا کوئی دوہنے والا)

۱۳۲۷ - قَطَعَتْ جَهِيزَةُ قَوْلَ كُلِّ خَطِيبٍ.

(جہیزہ نے ہر بولنے والے کی بات کاٹ دی (ختم کر دی۔ دو فریقوں میں قتل کے کسی معاملہ میں صلح کی گفتگو ہو رہی تھی۔ جہیزہ نامی لونڈی نے آکر اطلاع دی کہ مقتول کے وارثوں میں سے کسی نے قاتل کو قصاص میں قتل کر دیا۔ لوگوں نے کہا: قَطَعَتْ جَهِيزَةُ قَوْلَ كُلِّ خَطِيبٍ.

۱۳۲۸ - إِذَا قَطَعْنَا عَلَمًا بَدَا عَلَمٌ.

(جب ایک پہاڑ کو ہم نے طے کر لیا تو دوسرا پہاڑ ظاہر ہو گیا (ایک مشکل طے کی تھی کہ دوسری پیش آگئی۔

۱۳۲۹ - تُقَطِّعُ أَعْنَاقَ الرِّجَالِ الْمَطَامِعُ.

(لالچ لوگوں کی گردنیں کٹوا دیتی ہے)

۱۳۳۰ - مَنْ قَلَّ ذَلَّ وَمَنْ أَمِرَ فَلَّ.

(جو شخص کم ہوا ہے وہ ذلیل ہو گیا اور جو ذلیل ہو گیا اس نے کند کر دیا (یعنی جس کے مددگار کم ہوئے وہ ذلیل ہوا اور امیر کے مددگار زیادہ ہوتے ہیں اس لیے وہ دشمنوں کا زور توڑ دیتا ہے۔

۱۳۳۱ - لَا قَلِيلَ مِنَ الْعَدَاوَةِ وَالْإِحَنِ وَالْمَرَضِ.

(دشمنی، کینہ اور مرض ذرا سی چیز بھی کم نہیں)

۱۳۳۲ - قَلَبَ لَهُ ظَهْرَ الْمِجَنِّ.

(اس کی طرف ڈھال کی پشت پھیر دی (دیرینہ محبت کا لحاظ اٹھا دیا۔

۱۳۳۳ - الْقَلْبُ مُصْحَفُ الْبَصَرِ. (دل بینائی کی کتاب ہے)

۱۳۳۴ - مِنَ الْقَلْبِ إِلَى الْقَلْبِ.

(دل سے دل کی طرف، "دل سے دل کو راہ ہے")

۱۳۳۵ - فِي بَعْضِ الْقُلُوبِ عُيُونٌ (بعض دلوں میں آنکھیں ہوتی ہیں)

۱۳۳۶ - الْقُلُوبُ تُجَازِي الْقُلُوبَ. (دل ہی دل کی مکافات کرتے ہیں)

۱۳۳۷ - اِقْلَعْ شَوْكَكَ بِيَدِكَ (اپنے کانٹے کو اپنے ہاتھ سے نکال)

۱۳۳۸ - فِي الْقَمَرِ ضِيَاءٌ وَالشَّمْسُ أَضْوَأُ مِنْهُ.

(چاند میں روشنی ہے لیکن سورج اس سے بھی زیادہ روشن ہے، عام خوبی میں شریک ہیں مگر ایک بڑھ کر ہے۔

۱۳۳۹ - لَا تَقْتَنِ مِنْ كَلْبِ سَوْءٍ جَرْوًا (برے کتے کا پلا مت پال)

۱۳۴۰ - كُلُّ قَائِبَةٍ مِنْ قُوبِهَا (ہر چوزہ انڈے سے نکلتا ہے، جیسا انڈا ویسا ہی چوزہ۔

۱۳۴۱ - مَنْ قَالَ مَا لَا يَنْبَغِي سَمِعَ مَا لَا يَشْتَهِي.

(جو شخص نامناسب بات کہے گا وہ نامرغوب باتیں سنے گا۔)

۱۳۴۲ - لَوْ كُنْتُ تَمْرَةً لَقَالَ جَمْرَةً.

(اگر میں کھجور کہوں تو وہ انکار کرے گا، میں دن کو دن کہوں گا تو وہ رات کہے گا۔)

۱۳۴۳۔ قَدْ قِيلَ ذٰلِكَ اِنْ حَقًّا وَاِنْ كَذِبًا۔

(یہ بات کہی جا چکی، سچ ہو یا جھوٹ)

۱۳۴۴۔ اِذَا قَالَتْ حَذَامِ فَصَدِّقُوهَا فَاِنَّ الْقَوْلَ مَا قَالَتْ حَذَامِ۔

(جب حذام کوئی بات کہے تو اس کی تصدیق کرو۔ کیونکہ قول وہی درست ہے جو حذام نے کہا، ہر مصرع مثل ہے۔ یعنی اس کی سچائی مسلّم ہے۔)

۱۳۴۵۔ اَلْقَوْلُ يَنْفُذُ مَا لَا تَنْفُذُ الْاِبَرُ۔

(بات اس چیز میں بھی سوراخ کر دیتی ہے جس کو سوئی نہیں چھید سکتی)

۱۳۴۶۔ مَا كُلُّ قَوْلٍ لَهُ جَوَابٌ (ہر بات کا جواب نہیں ہوتا)

۱۳۴۷۔ رُبَّ قَوْلٍ اَشَدُّ مِنْ صَوْلٍ۔

(بہت سی باتیں حملہ سے بھی زیادہ سخت ہوتی ہیں)

۱۳۴۸۔ وَبَعْضُ الْقَوْلِ يَذْهَبُ فِي الرِّيَاحِ۔

(بعض باتیں ہوا میں اڑ جاتی ہیں)

۱۳۴۹۔ اِذَا قَامَ بِكَ الشَّرُّ فَاقْعُدْ۔

(جب شر تجھے کھڑا کرے تو تو بیٹھا رہ) ہر حال میں بُردبار رہ۔

۱۳۵۰۔ لِكُلِّ مَقَامٍ مَقَالٌ۔

(ہر جگہ کے مناسب ایک گفتگو ہوتی ہے) ہر بات کا موقع ہوتا ہے۔

۱۳۵۱۔ هَلْ يَسْتَقِيمُ الظِّلُّ وَالْعُودُ اَعْوَجُ۔

(کیا سایہ سیدھا ہو سکتا ہے جبکہ لکڑی ٹیڑھی ہو۔)

۱۳۵۲۔ قِيمَةُ كُلِّ امْرِئٍ مَا يُحْسِنُهُ۔

(ہر شخص کی قیمت وہ ہے جو اسے اچھا بناتی ہے)

(۲۰)
ک

اَكْبَرُ مِنْ لُبَدٍ۔

۱۳۵۳۔ (لبد سے زیادہ معمر، لبد ان سات گدھوں میں سے ایک جن کو لقمان بن عاد نے منتخب کیا تھا اور جو ایک طویل زمانہ تک زندہ رہا۔)

۱۳۵۴۔ اَكْتَمُ مِنَ الْاَرْضِ۔ (زمین سے زیادہ چھپانے والا۔)

۱۳۵۵۔ مَنْ اَكْثَرَ اَهْجَرَ۔

(جو زیادہ بولے گا بکواس کرے گا، اہجار: بیہودہ باتیں کرنا۔)

۱۳۵۶۔ تُكْثِرُ الْحَزَّ وَتُخْطِئُ الْمَفْصِلَ۔

(تو بہت کاٹتا ہے مگر جوڑ پر غلطی کھاتا ہے) سخت کوشش ہے مگر عین موقعے پر غلطی کر جاتا ہے۔

۱۳۵۷۔ مِنْ كَثْرَةِ الْمَلَّاحِينَ غَرِقَتِ السَّفِينَةُ۔

(ملاحوں کی کثرت سے کشتی ڈوب گئی)

۱۳۵۸۔ اِذَا كَانَ لَكَ اَكْثَرِي فَتَجَافَ لِي عَنْ اَيْسَرِي۔

(میرا بہت تمہارے لیے وقف ہے تو میرے تھوڑے سے درگذر کرو) زیادہ بھلائیوں کے مقابلے میں تھوڑی بہت غلطی برداشت کر لو۔

۱۳۵۹۔ اَلْمِكْثَارُ كَحَاطِبِ لَيْلٍ۔

(زیادہ بولنے والا رات کو لکڑیاں جمع کرنے والے کی طرح ہے) رات میں لکڑیاں چننے والا کبھی سانپ کو لکڑی سمجھ کر اٹھا لیتا ہے اور نقصان اٹھاتا ہے۔

۱۳۶۰۔ اِكْدَحْ لِي اَكْدَحْ لَكَ۔

(تو میرے لیے سعی کر میں تیرے لیے سعی کروں گا، کَدْح: کد وکاوش کرنا۔)

۱۳۶۱۔ اَكْذِبِ النَّفْسَ اِذَا حَدَّثْتَهَا۔

(جب اپنے دل سے باتیں کرے تو اس سے جھوٹی باتیں بنا یعنی ہمت بڑھا

۱۳۶۲۔ اَلْكَذِبُ دَاءٌ وَالصِّدْقُ شِفَاءٌ۔

(جھوٹ بیماری ہے اور سچ شفا ہے۔)

۱۳۶۳۔ اِنْ كَذِبٌ نَجَّى فَصِدْقٌ اَخْلَقُ۔

(اگر جھوٹ نے نجات دی دی تو سچ بدرجہ اولیٰ نجات دینے والا ہے)

۱۳۶۴۔ اَكْذَبُ مِنْ يَلْمَعٍ۔ (سراب سے زیادہ جھوٹا)

۱۳۶۵۔ اَكْذَبُ اُحْدُوثَةً مِنْ اَسِيرٍ

(قیدی سے زیادہ جھوٹ روایت کرنے والا۔)

۱۳۶۶۔ اَكْذَبُ مِنَ الْاَخِيذِ

(قیدی سے زیادہ جھوٹا، جو نجات پانے کے لیے جھوٹ بولتا ہے۔

اَخِیذ: گرفتار۔

۱۳۶۷۔ اَكْذَبُ مِنْ دَبَّ وَدَرَجَ۔

(زندوں اور مردوں میں سب سے زیادہ جھوٹا) دبّ: زمین پر چلا، دَرَجَ: ختم ہو گیا۔ یعنی زندہ و مردہ۔

۱۳۶۸۔ اِنْ كُنْتَ كَذُوبًا فَكُنْ ذَكُورًا۔

(اگر تو جھوٹا ہے تو یاد رکھنے والا بھی بن، کیونکہ جھوٹا بھول جاتا ہے۔

۱۳۶۹۔ کَانَ کُرَاعًا فَصَارَ ذِرَاعًا۔

(وہ کراع تھا پھر گز بن گیا، کراع: گھر کے قریب کا حصہ۔ یعنی ذلیل قوی اور معزز بن گیا۔

۱۳۷۰۔ حَتَّامَ تَکْرَعُ وَلَا تَنْقَعُ۔

(تو کب تک پانی پیتا رہے گا اور سیر نہ ہوگا، حرص سے باز نہیں آئے گا۔ کَرَعَ: منہ ڈال کر پانی پینا۔ نَقَعَ: سیراب ہونا۔

۱۳۷۱۔ مَنْ کَرُمَتْ عَلَیْهِ نَفْسُهٗ هَانَتْ عَلَیْهِ شَهْوَتُهٗ۔

جس شخص کو اپنا نفس عزیز ہوگا اس کو اپنی شہوت حقیر معلوم ہوگی خواہشات کی پیروی عزت نفس کے خلاف ہے

۱۳۷۲۔ اِسْتَکْرَمْتَ فَارْتَبِطْ۔

(تم نے شریف الاصل کو پا لیا ہے لہٰذا باندھ لے، یعنی قدر کر۔

۱۳۷۳۔ اَکْرَمُ مِنْ حَاتِمٍ طَیٍّ (حاتم طائی سے زیادہ صاحب کرم)

۱۳۷۴۔ اَلْکَرِیْمُ اِذَا رِیْمَ عَلَی الضَّیْمِ نَبَا۔

(شریف آدمی کو جب ظلم پر مائل کیا جائے تو وہ دور ہو جاتا ہے)

۱۳۷۵۔ مُکْرَهٌ اَخُوْکَ لَا بَطَلٌ۔

(تیرا بھائی مجبور کیا گیا ہے پہلوان نہیں ہے، جرات سے نہیں مجبوری سے کر رہا ہے۔

۱۳۷۶۔ اَکْسَبُ مِنْ نَمْلٍ۔

(چیونٹی سے زیادہ کمانے والا، جو ہر وقت ذخیرہ کرنے کی دھن میں لگی رہتی ہے

۱۳۷۷۔ اَکْسَبُ مِنْ ذِئْبٍ۔

(بھیڑیے سے زیادہ طلب کرنے والا، جو ہمیشہ شکار کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہے

۱۳۷۸۔ اَکُسُوْفًا وَاِمْسَاکًا۔

(کیا ترشروئی اور بخل دونوں؟ ان میں سے ہر برائی لوگوں کو دور رکھنے کے لیے کافی ہے۔

۱۳۷۹۔ اَکْسٰی مِنْ بَصَلَةٍ۔

(پیاز سے زیادہ لباس پہننے والا، پیاز کی طرح تہ بتہ لباس پہنے ہوئے ہے

۱۳۸۰۔ کَعْبَةُ نَجْرَانَ۔

(یمن کا قدیم ترین شہر، نجران میں لوگوں کی زیارت گاہ۔ ایک کعبہ تھا جو برباد ہو گیا۔ زوال اور بربادی کے لیے کہا جاتا ہے۔

۱۳۸۱۔ کَالْکَعْبَةِ تُزَارُ وَلَا تَزُوْرُ۔

کعبہ کی طرح ہے جس کی زیارت کی جاتی ہے وہ کسی کی زیارت کو نہیں جاتا۔

۱۳۸۲۔ هٰذَا الْکَعْکُ مِنْ ذَاکَ الْعَجِیْنِ (یہ کیک اسی آٹے کا تو ہے۔

۱۳۸۳۔ اَلْکُفْرُ مَخْبَثَةٌ لِنَفْسِ الْمُنْعِمِ۔

(کفرانِ نعمت منعم کے نفس کو فاسد کرنے والا ہے، کفر سے مراد کفرانِ نعمت، ناشکری محسن کو بددل کر دیتی ہے۔ مَخْبَثَةٌ: باعث فساد۔

۱۳۸۴۔ اَلْکَفَالَةُ نَدَامَةٌ (کفالت اور ضمانت موجب پشیمانی ہے)

۱۳۸۵۔ کَفَی الْمَرْءَ فَضْلًا اَنْ تُعَدَّ مَعَایِبُهٗ۔

(آدمی کے فضل کے لیے یہی بات کافی ہے کہ اس کے عیب شمار ہو جائیں کیونکہ انسان میں بے شمار عیب ہوتے ہیں

۱۳۸۶۔ یَکْفِیْکَ مِمَّا لَا تَرٰی مَا قَدْ تَرٰی

(تمہارے لیے دیکھی ہوئی چیزیں ان دیکھی چیزوں کی طرف سے کافی ہیں، جو دیکھ رہی عبرت کے لیے کافی ہے۔

۱۳۸۷۔ مَنْ کَانَ لَکَ کُلُّهٗ کَانَ عَلَیْکَ کَلُّهٗ۔

(جو شخص پورا تمہارے لیے ہے اس کا پورا بوجھ تم پر ہے، اس کے مصائب برداشت کرنے ہوں گے۔ کَلٌّ: بوجھ۔

۱۳۸۸۔ وَالْکَلُّ مَحْمُوْلٌ عَلٰی ذِی الْفَضْلِ۔

(بوجھ اہل ثروت پر ہی ڈالا جاتا ہے)

۱۳۸۹۔ کُلُّ کَلْبٍ بِبَابِهٖ نَبَّاحٌ۔

(ہر کتا اپنے دروازہ پر بھونکنے والا ہے، اپنی گلی میں کتا بھی شیر ہوتا ہے

۱۳۹۰۔ اَلْکَلْبُ کَلْبٌ وَلَوْ طَوَّقْتَهٗ ذَهَبًا۔

(کتا کتا ہی رہیگا خواہ تو اس کے گلے میں سونے کا طوق ڈال دے۔

۱۳۹۱۔ کَلْبٌ عَسٌّ خَیْرٌ مِنْ اَسَدٍ رَبَضٍ۔

(گھومنے اور تلاش کرنے والا کتا شکار پر بیٹھے ہوئے شیر سے بہتر ہے عَسٌّ: طلب کرنا، طواف کرنا۔

۱۳۹۲۔ کَلَّفْتَنِیْ مُخَّ الْبَعُوْضِ۔

(تم نے مجھے مچھر کے مغز کی تکلیف دی ہے یا چیل کا موت لانے کی زحمت دی ہے)

۱۳۹۳۔ کَلِفْتُ اِلَیْکَ عَرَقَ الْقِرْبَةِ۔

(میں نے تیری طرف آنے میں مشکیزہ کے پسینے کی تکلیف اٹھائی، اتنی زحمت اٹھائی جتنی مشک اٹھانے میں ہوتی ہے۔

۱۳۹۴۔ لَیْسَ مَعَ التَّکَلُّفِ تَظَرُّفٌ۔

(تکلف کے ساتھ ملاقات نہیں ہوتی)

١٣٩٥۔ كَلَامُ اللَّيْلِ يَمْحُوهُ النَّهَارُ۔ (رات کی بات کو دن مٹا دیتا ہے۔)

١٣٩٦۔ كَلَامٌ كَالْعَسَلِ وَفِعْلٌ كَالْأَسَلِ۔

(کلام شہد کی طرح اور کام نیزے کی طرح)

١٣٩٧۔ كَلَامٌ لَيِّنٌ وَظُلْمٌ بَيِّنٌ۔ (کلام نرم اور ظلم کھلا ہوا)

١٣٩٨۔ كَلَامُهُ رِيحٌ فِي قَفَصٍ۔ (اس کا کلام پنجرہ میں ہوا کی طرح ہے)

١٣٩٩۔ لِكُلِّ كَلَامٍ جَوَابٌ۔ (ہر کلام کا جواب ہوتا ہے)

١٤٠٠۔ رُبَّ كَلِمَةٍ سَلَبَتْ نِعْمَةً۔

(بہت سے کلمے نعمت سلب کر دیتے ہیں)

١٤٠١۔ لَوْ كُوِيتُ عَلَى دَاءٍ لَمْ أَكْرَهْ۔

(اگر مجھے بیماری کی بنا پر داغ دیا جاتا تو میں ناگوار نہ جانتا، بے قصور ستایا گیا۔)

١٤٠٢۔ الْكَيْسُ نِصْفُ الْعَيْشِ۔ (دانائی نصف روزی ہے)

(٣٠)

ل

١٤٠٣۔ تَلَبَّدِي تَصِيدِي۔

(زمین سے چمٹ جا تاکہ تو شکار کرے یعنی استقامت اور حسنِ تدبر سے کام لے۔ تَلَبُّدٌ: شکار پر قابو پانے کے لیے زمین سے چمٹ جانا۔

١٤٠٤۔ لَبِسَ لَهُ جِلْدَ النَّمِرِ۔

(اس کے لیے چیتے کی کھال اوڑھ لی، دشمنی ظاہر کی۔ بھیڑیا بن گیا۔

١٤٠٥۔ بَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِي۔

(اس کا اور اس کے بعد چھوٹی بڑی مصیبت کے بعد اصل قصہ طلب ہے۔ جدیس کے ایک شخص نے ایک پستہ قد عورت سے شادی کی، اس سے بہت تکلیفیں پہنچیں، چھوڑ کر دوسری کی۔ یہ دراز قد تھی اور اس سے پہلی سے بھی دوگنی تکلیفیں پہنچیں، اس کو بھی طلاق دے دی اور عہد کیا کہ: بَعْدَ اللَّتَيَّا وَالَّتِي لَا أَتَزَوَّجُ أَيَمًا۔

١٤٠٦۔ وَمِنَ اللَّجَاجَةِ مَا يَضُرُّ وَيَنْفَعُ۔

(بعض حجتیں وہ ہیں جو ضرر پہنچاتی ہیں اور نفع بھی دیتی ہیں)

١٤٠٧۔ اللَّحْظُ أَصْدَقُ إِنْبَاءً مِنَ اللَّفْظِ۔

(نگاہ الفاظ کی بہ نسبت زیادہ سچی خبر دیتی ہے۔)

١٤٠٨۔ لَحْظُهَا أَصْدَقُ مِنْ لَفْظِهَا (نظر لفظ سے زیادہ سچی ہے)

١٤٠٩۔ لَأُلْحِقَنَّ حَوَاقِنَهُ بِذَوَاقِنِهِ۔

(میں اس کے معدہ کو ٹھوڑی سے ملا دونگا، سر پاؤں ایک کر کے رکھ دونگا۔ حَوَاقِن: وہ اعضا جو پیٹ میں کھانے کو روکتے ہیں معدہ کو کہتے ہیں۔ ذَوَاقِن: ٹھوڑی اور اس کے نیچے کا حصہ۔

١٤١٠۔ إِذَا تَلَاحَتِ الْخُصُومُ تَسَافَهَتِ الْحُلُومُ۔

(جب دشمن گالی گلوچ پر اتر آئے تو بردبار بھی احمق بن جاتے ہیں قوت برداشت ختم ہو جاتی ہے۔

١٤١١۔ مَنْ لَاحَاكَ فَقَدْ عَادَاكَ۔

(جس نے تجھے برا بھلا کہا اس نے تجھ سے دشمنی کی، الْمُلَاحَاةُ: ایک دوسرے کو ملامت کرنا۔ برا بھلا کہنا۔

١٤١٢۔ تَلْدَغُ الْعَقْرَبُ وَتَصِيءُ

(بچھو ڈنک بھی مارتا ہے اور چیختا بھی ہے، صَاءَ: چوہے، بچھو، خنزیر اور ان جیسی چیزوں کا چیخنا۔ آواز نکالنا۔ اس ظالم کے لیے کہتے ہیں جو خود ہی فریاد بھی کرے۔

١٤١٣۔ أَلَذُّ مِنَ الْغَنِيمَةِ الْبَارِدَةِ۔ (غنیمت باردہ سے زیادہ لذیذ)

غنیمت باردہ: بغیر زحمت حاصل ہونے والی غنیمت۔

١٤١٤۔ أَلَذُّ مِنَ الْمُنَى۔ (آرزوؤں سے زیادہ لذیذ)

١٤١٥۔ أَلْزَمُ لِلْمَرْءِ مِنْ ظِلِّهِ۔

(سایہ سے بھی زیادہ آدمی کے ساتھ لازم رہنے والا)

١٤١٦۔ أَلْزَمُ مِنَ الْيَمِينِ لِلشِّمَالِ۔

(بائیں کے لیے دائیں سے بھی زیادہ لازم)

١٤١٧۔ أَلْزَمُ مِنْ زِرٍّ لِعُرْوَةٍ۔

(اس سے بھی زیادہ لازم جتنا کہ بٹن کاج کے لیے لازم ہوتا ہے)

١٤١٨۔ لِسَانُ الْحَالِ أَبْيَنُ مِنْ لِسَانِ الْمَقَالِ۔

(زبانِ حال زبانِ قال سے زیادہ واضح ہے)

١٤١٩۔ لِسَانٌ مِنْ رُطَبٍ وَيَدٌ مِنْ خَشَبٍ۔

(زبان تر کھجور ہے اور ہاتھ کرٹی کا ہے) زبان شیریں مگر ہاتھ بے فیض۔

١٤٢٠۔ لِسَانُ الْمَرْءِ مِنْ خَدَمِ الْفُؤَادِ۔

(مرد کی زبان دل کے خدام میں سے ہے)

١٤٢١۔ اللِّسَانُ مَرْكَبٌ ذَلُولٌ۔

(زبان سے عطا ہوئی سواری ہے یعنی اختیار میں ہے) جیسے چاہو اور جہاں چاہو لے جاؤ۔

۱۴۲۲۔ اَلسَّخَطُ تُوْرِثُ النِّقَمَ۔

(بہت سے لقمے غصہ اور انتقام پیدا کرتے ہیں) کہ اللہ کا غضب اور رشوت دینے والے کی ناراضگی اس کے نتیجے میں حاصل ہوتی ہے۔

۱۴۲۳۔ لَوْ اَلْقَمْتُهٗ عَسَلًا لَعَضَّ اِصْبَعِیْ۔

(اگر میں نے اسے شہد بھی چٹایا تو وہ میری انگلی چبا ڈالے گا)

۱۴۲۴۔ كَاَنَّمَا اَلْقَمَهُ الْحَجَرَ۔

(گویا کہ اس کو پتھر نگلوا دیا ہے) "اینٹ کا جواب پتھر سے دیا" یا ایسا جواب دیا جیسے منہ پر پتھر مارا۔

۱۴۲۵۔ لَقِيْتُ مِنْهُ عَرَقَ الْقِرْبَةِ۔

(میں نے اس سے مشک کے پسینے کی محنت و مشقت اٹھائی) یعنی اس مشقت سے ایسے پسینہ آیا جیسے مشک لادنے سے آتا ہے۔

۱۴۲۶۔ مَا يَلْقَى الشَّجِيُّ مِنَ الْخَلِيِّ۔

(غمگین بے غم سے کیا پائے گا) جس نے غم نہ اٹھایا ہو وہ غمگین کی تکلیف کیا سمجھے گا۔

۱۴۲۷۔ اَلْقِ حَبْلَهٗ عَلٰى غَارِبِهٖ۔

(اس کی رسی اس کے کوہان پر ڈال دو) جہاں چاہے جائے۔

۱۴۲۸۔ اَلْقِ فِی الدِّلَاءِ دَلْوَكَ۔

(ڈولوں میں تم بھی اپنا ڈول ڈال دو) دوسروں کے ساتھ تم بھی قسمت آزماؤ۔

۱۴۲۹۔ اَنّٰى يَلْتَقِیْ سُهَيْلٌ وَالسُّهٰى۔

(سہیل اور سُہا کہاں مل سکتے ہیں) سُہیل: قطب جنوبی کی سمت ایک ستارہ ہے۔ سُہا: قطب شمالی کے قریب بنات النعش کا ایک چھوٹا سا ستارہ ہے۔

۱۴۳۰۔ مَنْ يَلْقَ اَبْطَالَ الرِّجَالِ يُكْلَمْ۔

(جو پہلوانوں سے دوچار ہوگا وہ زخمی ہوگا)

۱۴۳۱۔ بِغَيْرِ اللَّهْوِ تَرْتَتِقُ الْفُتُوْقُ۔

(کھیل ہی میں شگاف پُر نہیں ہو جاتے ہیں)

۱۴۳۲۔ لَيْسَ يُلَامُ هَارِبٌ مِنْ حَتْفِهٖ۔

(موت سے بھاگنے والے کو ملامت نہیں کی جاتی)

۱۴۳۳۔ رُبَّ لَائِمٍ مُلِيْمٌ۔

(بہت سے ملامت کرنے والے خود قابل ملامت ہوتے ہیں)

۱۴۳۴۔ رُبَّ مَلُوْمٍ لَا ذَنْبَ لَهٗ۔

(بہت سے ملامت کیے ہوئے لوگوں کا کوئی گناہ نہیں ہوتا)

۱۴۳۵۔ رُبَّ مَلُوْمٍ لَا عُذْرَ لَهٗ۔

(بہت سے ملامت کیے ہوئے لوگوں کا کوئی عذر نہیں ہوتا) واقعی عذر نہیں ہوتا یا قابلِ اظہار نہیں ہوتا۔ ان معنی میں یہ مثل رُبَّ مَلُوْمٍ لَا ذَنْبَ لَهٗ تَلُوْمُ کے ہم معنی ہے اور اسی مضمون کا یہ مصرع ہے:-

لَعَلَّ لَهٗ عُذْرًا وَاَنْتَ تَلُوْمُ۔

۱۴۳۶۔ اَللَّيْلُ اَخْفٰى لِلْوَيْلِ۔

(رات شر کو زیادہ چھپانے والی ہے) رات ہر اچھے بُرے کام کو چھپا لیتی ہے

۱۴۳۷۔ اَللَّيْلُ طَوِيْلٌ وَاَنْتَ مُقْمِرٌ۔

(رات لمبی ہے اور تو چاندنی میں ہے) صبر سے حصولِ مقصد کا انتظار کرو، گھبرا دینے والی بھی نہیں ہے۔

۱۴۳۸۔ مَا كَانَ لَيْلِیْ عَنْ صَبَاحٍ يَنْجَلِیْ۔

(میری رات صبح کو ظاہر نہیں کرتی تھی) میری شب تاریک کی صبح ہی نہیں ہوتی تھی۔

۱۴۳۹۔ اِنَّهُ اللَّيْلُ وَاَضْوَاجُ الْوَادِیْ۔

(رات ہے اور وادی کے پیچ و خم) خطرات ہیں اور راہ کی مشکلات اَضْوَاجٌ، جمع ضوج بمعنی وادی کا موڑ۔ چکر۔

۱۴۴۰۔ لِيْنُ الْكَلَامِ قَيْدُ الْقُلُوْبِ۔

(نرم بات دلوں کی بیڑی ہے) جس میں دل گرفتار ہو جاتے ہیں۔

م

۱۴۴۱۔ مِثْلُ النَّعَامَةِ لَا طَيْرٌ وَلَا جَمَلٌ۔

(شتر مرغ کی طرح ہے کہ نہ پرندہ ہی ہے اور نہ ہی اونٹ) چمگادڑ کی طرح نہ پرندہ نہ چوپایہ۔

۱۴۴۲۔ مِثْلُ ابْنَةِ الْجَبَلِ مَهْمَا يَقُلْ تَقُلْ۔

(صدائے بازگشت کی طرح کہ جب بھی کوئی بولے وہ بول اٹھے) ہر بات کی تائید کرنے والا بے مغز۔ ابنۃ الجبل: آوازِ بازگشت۔

۱۴۴۳۔ بِمِثْلِ هٰذَا كُنْتُ اُحْسِبُكَ الْحَسَا۔

(ایسے ہی وقت کے لیے میں تجھے حریرہ پلاتا تھا، اسی وقت کے لیے پالا تھا، اب ضرورت پر کام آ۔)

۱۴۴۴۔ بِمِثْلِي يُنْكَأُ الْقَرْحُ۔ (وہی مجھ جیسے شخص کے ہاتھوں زخم کریدا جاتا ہے، یعنی مجھ سے ہی شر کا علاج ہو سکتا ہے۔)

۱۴۴۵۔ مَنْ مَحَضَكَ مَوَدَّتَهُ فَقَدْ خَوَّلَكَ مُهْجَتَهُ۔

(جس نے اپنی محبت تیرے لیے پُرخلوص کی اس نے اپنی جان کا تجھے مالک بنا دیا۔ مَحَضَ الْمَوَدَّةَ: محبت کو خالص کر دیا۔)

۱۴۴۶۔ عِنْدَ الْإِمْتِحَانِ يُكْرَمُ الرَّجُلُ أَوْ يُهَانُ۔

(امتحان کے وقت آدمی کی عزت ہوتی ہے یا بے عزتی۔)

۱۴۴۷۔ مَعَ الْمَخْضِ يَبْدُو الزُّبْدُ۔

(بلونے ہی سے مکھن نکلتا ہے، یعنی کوشش ہی سے مراد حاصل ہوتی ہے۔)

۱۴۴۸۔ قَدْ كَانَ ذٰلِكَ مَرَّةً فَالْيَوْمَ لَا۔

(یہ کبھی تھا مگر اب نہیں ہے، ایک مرتبہ ہو چکا، آج ممکن نہیں۔)

۱۴۴۹۔ أَمَرُّ مِنَ الْعَلْقَمِ۔ (حنظل (اندرائن) سے زیادہ کڑوا)

۱۴۵۰۔ أَمَرُّ مِنَ الْحَنْظَلِ۔ (حنظل (اندرائن) سے زیادہ کڑوا)

۱۴۵۱۔ الْمَرْءُ بِأَصْغَرَيْهِ۔ (آدمی اپنے قلب و زبان کی وجہ سے ہی آدمی ہے، اصغرین: دو چھوٹے اعضا (زبان اور دل) سے ہی آدمی کی قدر و قیمت بنتی بگڑتی ہے۔)

۱۴۵۲۔ الْمَرْءُ تَوَّاقٌ إِلَى مَا لَمْ يَنَلْ۔

(آدمی ان چیزوں کا شائق ہوتا ہے جو اسے حاصل نہیں ہوئیں، أَحَبُّ شَيْءٍ إِلَى الْإِنْسَانِ مَا مُنِعَ: جس چیز سے منع کیا جائے وہ ہی انسان کو سب سے زیادہ محبوب ہوتی ہے۔)

۱۴۵۳۔ الْمَرْءُ حَيْثُ يَضَعُ نَفْسَهُ۔

(آدمی اس درجہ پر ہوتا ہے جہاں اپنے نفس کو رکھے، اپنی عزت اپنے ہاتھ ہے۔)

۱۴۵۴۔ الْمَرْءُ بِخَلِيلِهِ۔

(آدمی اپنے دوست کے ساتھ شمار ہوتا ہے، دوستوں سے پہچانا جاتا ہے۔)

۱۴۵۵۔ الْمَرْءُ مِرْآةُ أَخِيهِ۔ (آدمی اپنے بھائی کا آئینہ ہے۔)

۱۴۵۶۔ كُلُّ امْرِئٍ يَحْتَطِبُ فِي حَبْلِهِ (ہر آدمی اپنی رسی میں ایندھن جمع کرتا ہے۔)

۱۴۵۷۔ كُلُّ امْرِئٍ فِي بَيْتِهِ صَبِيٌّ۔

(ہر آدمی اپنے گھر میں بچہ ہوتا ہے، یعنی شان و شوکت کو بالائے طاق رکھ کر بچوں کی طرح بے تکلف ہو جاتا ہے۔)

۱۴۵۸۔ كُلُّ امْرِئٍ فِي مَا يُذَمُّ بِهِ۔

(ہر شخص میں کوئی ایسی چیز ہے جس کا اس پر الزام لگایا جا سکے۔)

۱۴۵۹۔ تَمَرَّدَ مَارِدٌ وَعَزَّ الْأَبْلَقُ۔

(مارد نے سرکشی کی اور ابلق سخت ہو گیا، حصولِ مقصد مشکل ہو گیا۔ مَارِدٌ، دومۃ الجندل کا ایک قلعہ۔ أَبْلَقُ: سموأل بن عادیا کا قلعہ تھا جو مختلف رنگوں کے پتھروں سے بنا ہوا تھا، زبّا نے ان قلعوں کو فتح کرنے کی کوشش کی اور جب ناکام رہی تو اس نے کہا تھا: تَمَرَّدَ مَارِدٌ وَعَزَّ الْأَبْلَقُ۔)

۱۴۶۰۔ مَنْ مَرِضَتْ سَرِيرَتُهُ مَاتَتْ عَلَانِيَتُهُ۔

(جس کا باطن بیمار ہوگا اس کا ظاہر مر جائیگا۔)

۱۴۶۱۔ أَمْرَعَتِ الْعَجْزَاءُ۔

(ریت کا ٹیلہ سرسبز ہو گیا، غیر متوقع جگہ سے مقصد حاصل ہو گیا، جیسے پتھر میں جونک لگ گئی۔ أَمْرَعَتْ: سرسبز و تر و تازہ ہو گیا۔ عَجْزَاءُ: ریت کا بلند ٹیلہ۔)

۱۴۶۲۔ أَمْرَعْتَ فَانْزِلْ۔ (تو نے سرسبز جگہ پالی ہے یہیں اتر پڑ۔)

۱۴۶۳۔ كَالْمُتَمَرِّغِ فِي دَمِ الْقَتِيلِ۔

(مقتول کے خون میں لوٹنے والے کی طرح، شر اور مضرت کے قریب اور دور بھی۔)

۱۴۶۴۔ أَمْرَقُ مِنَ السَّهْمِ۔ (تیر سے زیادہ پار ہو جانے والا)

۱۴۶۵۔ الْمِزَاحُ لِقَاحُ الضَّغَائِنِ۔

(مذاق کینہ کا حامل ہے، ہنسی میں گل پھنسی ہو جاتی ہے۔)

۱۴۶۶۔ الْمُزَاحَةُ تُذْهِبُ الْمَهَابَةَ۔ (مذاق رعب کو زائل کر دیتا ہے۔)

۱۴۶۷۔ مَنْ يَمْشِ يَرْضَ بِمَا رَكِبَ۔

(جو شخص پیدل چلنے لگا وہ سواری پر رضامند ہو جائے گا۔)

۱۴۶۸۔ أَمْضَى مِنَ الرِّيحِ۔ (ہوا سے زیادہ گزر جانے والا)

۱۴۶۹۔ أَمْضَى مِنَ السَّيْفِ۔ (تلوار سے زیادہ گزر جانے والا)

۱۴۷۰۔ أَمْضَى مِنَ السَّهْمِ۔ (تیر سے زیادہ گزر جانے والا)

۱۴۷۱۔ أَمْضَى مِنَ الْأَجَلِ۔ (موت سے زیادہ نافذ ہونے والا)

۱۴۷۲۔ أَمْضَى مِنَ الْقَدَرِ الْمُتَاحِ۔ (مقررہ تقدیر سے زیادہ نافذ ہونیوالا)

۱۴۷۳۔ يَحْسِبُ الْمَمْطُورُ أَنَّ كُلًّا مُطِرَ۔

(بارش میں بھیگا ہوا سمجھتا ہے کہ ہر شخص بارش میں بھیگ گیا ہے، سب کو اپنی طرح دولت مند سمجھتا ہے۔)

۱۴۷۴۔ اَلْمُعَیْدِیُّ تَسْمَعُ بِہٖ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تَرَاہُ۔
(معیدی کو سُننا اس کو دیکھنے سے بہتر ہے، دور کے ڈھول سہانے) ایک شخص معیدی ہمیشہ نعمان کے مال پر ڈاکہ ڈالتا رہتا تھا اور کسی طرح نعمان کے ہاتھ نہ آتا تھا۔ اس کی جرأت اور شجاعت کی خبریں سن کر آخر نعمان نے اس کو امان دیدی۔ جب معیدی کو دیکھا تو وہ انتہائی بدصورت تھا۔ اس وقت نعمان نے کہا: تَسْمَعُ بِالْمُعَیْدِیِّ خَیْرٌ مِّنْ اَنْ تَرَاہُ۔ معیدی نے سنا تو جواب دیا کہ لوگ کوئی اونٹ تھوڑا ہی ہیں، آدمی تو اپنے اصغرین یعنی قلب و زبان سے سمجھا جاتا ہے۔ نعمان کو اس کا جواب پسند آیا اور اس کو اپنے مصاحبین میں شامل کر لیا۔

۱۴۷۵۔ قَدْ یَمْکُنُ الْمُھْرُ بَعْدَ مَا رَمَحَ۔
(کبھی بچھیرا سوار کو گرانے کے بعد اپنے اوپر قدرت دیتا ہے، سرکشی کے بعد قابو میں آ جاتا ہے)

۱۴۷۶۔ لَیْسَ لِمَلُوْلٍ صَدِیْقٌ۔ (ملول کا کوئی دوست نہیں)

۱۴۷۷۔ مَلِّكْ ذَا اَمْرٍ اَمْرَہٗ۔ (کام کے لائق شخص ہی کو کام کا مالک بناؤ)

۱۴۷۸۔ مَا اَمْلِكُ شَدًّا وَّلَا اِرْخَاءً۔
(نہ میرے قبضے میں باندھنا ہے اور نہ ڈھیل دینا، میرے ہاتھ میں کچھ نہیں۔

۱۴۷۹۔ لَا یَمْلِكُ شَرْوٰی نَقِیْرٍ۔
(وہ نقیر جیسی چیز کا مالک بھی نہیں، ایک دانہ کا بھی مالک نہیں۔ شَرْوٰی: مثل اور مانند۔ نَقِیْر: کھجور کی گٹھلی کا شگاف۔

۱۴۸۰۔ اَلْمِنَّۃُ تَھْدِمُ الصَّنِیْعَۃَ (احسان جتلانا نیکی کو ختم کر دیتا ہے)

۱۴۸۱۔ اَمْنَعُ الْجَمِیْعِ اَرْضَی الْجَمِیْعِ۔
(سب کو نہ دینے والا سب کو راضی کرنے والا ہے، کسی کو دینا اور کسی کو نہ دینا وجہ شکایت ہوتا ہے۔ کسی کو بھی نہ دیگا، تو سب راضی رہیں گے۔

۱۴۸۲۔ اَمْنَعُ مِنْ اَنْفِ الْاَسَدِ۔ (شیر کی ناک سے زیادہ محفوظ)

۱۴۸۳۔ اَمْنَعُ مِنْ عُقَابِ الْجَوِّ (فضا کے عقاب سے زیادہ محفوظ)

۱۴۸۴۔ اَمْنَعُ مِنْ لَھَاۃِ اللَّیْثِ۔ (شیر کے تالو سے زیادہ محفوظ)

۱۴۸۵۔ کُلُّ مَمْنُوْعٍ مَتْبُوْعٌ۔ (ہر ممنوع چیز طلب کی جاتی ہے)

۱۴۸۶۔ اِذَا تَمَنَّیْتَ فَاسْتَکْثِرْ۔ (جب تمنا ہی کرے تو بہت زیادہ کر)

۱۴۸۷۔ رُبَّ اُمْنِیَّۃٍ جَلَبَتْ مَنِیَّۃً (بہت سی تمنائیں موت کو کھینچ لاتی ہیں)

۱۴۸۸۔ اَلْمَنِیَّۃَ لَا الدَّنِیَّۃَ۔
(موت بہتر ہے نہ کہ ذلت، یعنی عار کے مقابلہ میں موت کو ترجیح دینا چاہیے اسی طرح اَلْمَنَایَا لَا الدَّنَایَا اور اَلنَّارُ وَ الْعَارُ بھی کہا جاتا ہے۔

۱۴۸۹۔ تَمُوْتُ الْحُرَّۃُ وَلَا تَاْکُلُ بِثَدْیَیْھَا۔
(شریف عورت مر جاتی ہے مگر اپنے پستانوں کے ذریعے نہیں کھاتی، ضرورت کے باوجود شرافت کا لحاظ رکھنے والے کے لیے کہا جاتا ہے۔

۱۴۹۰۔ اَلْمَوْتُ اَھْوَنُ مِمَّا بَعْدَہٗ وَاَشَدُّ مِمَّا قَبْلَہٗ۔
(موت کے بعد کی حالت سے موت آسان ہے اور پہلے کی حالت سے موت زیادہ شدید ہے)

۱۴۹۱۔ ھٰذَا الْمَیِّتُ لَا یُسَاوِیْ ھٰذَا الْبُکَاءَ۔
(یہ مردہ اتنے رونے کا مستحق نہیں ہے۔)

۱۴۹۲۔ مَالٌ تُجْلِبُہُ الرِّیَاحُ تَاْخُذُہُ الزَّوَابِعُ۔
(وہ مال جس کو ہوائیں کھینچ کر لاتی ہیں اس کو بگولے پکڑ لیتے ہیں، مفت کی دولت یاروں نے لٹائی)

۱۴۹۳۔ مَاءٌ وَّلَا کَصَدَّاءٍ۔
(پانی ہے مگر صدا جیسا نہیں، صدا کا پانی مشہور تھا، مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی)

۱۴۹۴۔ یَا مَاءُ لَوْ بِغَیْرِكَ غَصِصْتُ۔
(اے پانی! کاش تیرے سوا کسی چیز سے میرے پھندا لگتا، نازل شدہ مصیبت کے سوائے کسی اور مصیبت میں مبتلا ہو جاتا۔

۵۰ ن

۱۴۹۵۔ اَنْاٰی مِنَ الْکَوْکَبِ۔ (ستارہ سے بھی زیادہ دور)

۱۴۹۶۔ لَا یُنْبِتُ الْبَقْلَۃَ اِلَّا الْحَقْلَۃُ۔
(ساگ کو کھیت ہی اگاتا ہے، گھٹیا بات گھٹیا آدمی کے منہ سے نکلتی ہے)

۱۴۹۷۔ نَبْحُ الْکِلَابِ لَا یَضُرُّ بِالسَّحَابِ (کتے کا بھونکنا بادل کو ضرر نہیں دیتا)

۱۴۹۸۔ اَنْجَزَ حُرٌّ مَا وَعَدَ۔
(شریف نے جو وعدہ کیا اس کو پورا کیا، یہ سب سے پہلے حارث ابن عمرو کندی نے صخر بن نہشل سے کہا تھا۔ حارث نے صخر کو اس شرط پر لوٹ مار کا ایک موقع بتایا کہ جو ہاتھ آئے گا اس میں سے پانچواں حصہ حارث کو دے گا۔ جب صخر اس لوٹ سے کامیاب واپس ہوا

توحارث نے یہ مقولہ کہا تھا۔

۱۴۹۹۔ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ۔

(نقدا نقد) نَاجِزٌ بِنَاجِزٍ بھی مستعمل ہے۔ اسی قسم کی مثال ہے: یَدًا بِیَدٍ (اس ہاتھ دینا اس ہاتھ لینا) فعل محذوف کی وجہ سے منصوب ہوتا ہے یعنی اَبِیْعُکَ نَاجِزًا بِنَاجِزٍ۔

۱۵۰۰۔ دُوْنَهُ النَّجْمُ۔

(اس سے نیچے تو ستارہ ہی ہے) نجمؔ سے مراد عام ستارہ بھی ہو سکتا ہے اور ثریا بھی۔

۱۵۰۱۔ مَنْ نَجَا بِرَأْسِهٖ فَقَدْ رَبِحَ۔

(جو اپنا سر بچا لے گیا وہ نفع میں رہا) نفع کی امید میں مصائب میں مبتلا ہو، پھر سلامت بچ نکلنے پر رضا مند ہو جائے۔ یہ ایک مصرع ہے۔

اَللَّیْلُ دَاجٍ وَالْکِبَاشُ تَنْتَطِحُ ✽ نِطَاحَ اُسْدٍ مَا اَرَاهَا تَصْطَلِحُ۔ فَمَنْ نَجَا بِرَأْسِهٖ فَقَدْ رَبِحَ۔ (رات اندھیری ہے اور مینڈھے سینگ مارتے ہیں شیروں جیسی ٹکریں مجھے وہ صلح کرتے نظر نہیں آتے لہذا جو اپنا سر بچا لے گیا وہ نفع میں رہا۔)

۱۵۰۲۔ مَا اَنْتَ بِحَیَّةٍ وَلَا بَیِّتَةٍ۔ (نہ تو نجات یافتہ ہے نہ مقیّد)

۱۵۰۳۔ نَحَتَ اَثْلَتَهٗ۔

(اس نے اس کے جھاؤ کو چھیل ڈالا یعنی قلعی کھول دی۔ اَثْلَۃٌ: جھاؤ کا درخت۔ یہاں مراد اصل اور حسب سے ہے۔

۱۵۰۴۔ اَلنَّدَمُ عَلَی السُّکُوْتِ خَیْرٌ مِنَ النَّدَمِ عَلَی الْقَوْلِ۔

(خاموشی پر ندامت بولنے پر ندامت سے بہتر ہے)

۱۵۰۵۔ اَنْدَمُ مِنَ الْکُسَعِیِّ۔

(کُسعی سے زیادہ نادم) کسعی کسی وادی میں اپنے اونٹ چرانے گیا۔ ایک چٹان کے شگاف میں شوحط کا پودا اگا ہوا تھا جس کی لکڑی سے تیر کمان بناتے ہیں۔ کسعی نے اپنے مشکیزہ سے اس کو پانی دیا۔ ایک سال تک اس کی دیکھ بھال کرتا رہا۔ جب درخت بڑھ کر کچھ درست ہو گیا تو کسعی نے اس کو کاٹ کر پانچ تیر اور کمان بنائے اور گورخر کے شکار کے لیے ایک وادی میں چھپ کر بیٹھ گیا۔ جب گورخروں کا ایک گلہ پانی پینے کے لیے آیا تو کسعی نے تیر چلایا جو ایک گورخر کے پار نکل کر ایک چٹان سے ٹکرایا۔ جس سے چنگاریاں نکلیں۔ کسعی سمجھا کہ تیر خطا گیا۔ اسی طرح اس نے پانچوں تیر چلائے اور ہر تیر کو سمجھتا رہا کہ خطا گیا۔ اس غصہ میں اس نے اپنی کمان توڑ ڈالی۔ صبح کو دیکھا تو پانچوں تیر خون آلود ملے اور پانچ گورخر شکار ہوئے پڑے تھے۔ ندامت اور افسوس سے اپنی انگلیاں اتنی زور سے کاٹیں کہ ایک انگلی کٹ گئی۔ پھر اس نے یہ اشعار پڑھے ؎

نَدِمْتُ نَدَامَةً لَوْاَنَّ نَفْسِیْ ✽ تُطَاوِعُنِیْ اِذًا لَقَطَعْتُ نَفْسِیْ۔

(مجھے ایسی ندامت ہوئی کہ اگر میرا نفس میری بات مانتا تو میں خودکشی کر لیتا)

۱۵۰۶۔ کُلُّ النِّدَاءِ اِذَا نَادَیْتُ یَخْذُلُنِیْ: اِلَّا النِّدَاءَ اِذَا نَادَیْتُ یَا مَالِیْ۔ (ہر آواز جو میں دیتا ہوں مجھے رسوا کرتی ہے، بجز اس آواز کے کہ میں کہوں یَا مَالِیْ) اپنے مال کے سوائے کسی چیز کو اپنی مدد کے لیے بلانا باعث رسوائی ہے)

۱۵۰۷۔ اَلنَّزَائِعَ لَا الْقَرَائِبَ۔

(دور کی عورتوں سے نکاح کرو نہ کہ اقارب کی عورتوں سے) نزائع: جمع نَزِیْعَۃٍ یعنی اجنبی۔ قرائب: جمع قَرِیْبَۃٍ یعنی رشتہ دار۔ نزائع و قرائب فعل محذوف "تَزَوَّجُوْا" کی وجہ سے منصوب ہیں۔

۱۵۰۸۔ نَزَلْتَ مِنْهُ بِوَادٍ غَیْرِ ذِیْ زَرْعٍ۔

(تو اس کے پاس بغیر کھیتی کی وادی میں اترا ہے) وہاں سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔

۱۵۰۹۔ اِذَا نَزَلَ بِکَ الشَّرُّ فَاقْعُدْ۔

(جب تجھ پر شر نازل ہو تو بیٹھ جا) یعنی شر کی طرف جلدی اور سبقت نہ کر خواہ تجھے اس کی طرف سبقت کرنے پر مجبور کیا جائے۔

۱۵۱۰۔ لَیْسَ عَلَیْکَ نَسْجُهٗ فَاسْحَبْ وَجُرَّ۔

(اس کا بننا تیرے ذمہ تو نہیں ہے لہذا کھینچ اور گھسیٹ) "مالِ مفت دلِ بے رحم"۔

۱۵۱۱۔ اِنَّهٗ نَسِیْجُ وَحْدِهٖ۔ (وہ ایک ہی بُنا ہوا ہے) یعنی یکتا و منفرد ہے۔

۱۵۱۲۔ اِنَّ النِّسَاءَ حَبَائِلُ الشَّیْطَانِ۔

(عورتیں شیطان کے جال ہیں) حَبَائِلُ: جال جو شکار کو پھانسنے کے لیے نصب کیا جائے۔ اس کا واحد "حِبَالَۃٌ" ہے۔

۱۵۱۳۔ اِنَّ النِّسَاءَ شَقَائِقُ الْاَقْوَامِ۔

(عورتیں مردوں کا نصف حصہ ہیں) یعنی مساوی حق کی مالک ہیں۔ شَقَائِقُ: جمع شقیقہ۔ چیز کے دو حصوں میں کا ایک حصہ۔ اقوامؔ سے مراد صرف مرد ہیں۔

۱۵۱۴۔ اَلنَّشِیْدُ مَعَ الْمَسَرَّۃِ۔
(شعر خوانی خوشی کے ساتھ ہوتی ہے، یعنی طبیعت خوش ہو تب ہی گایا جاتا ہے۔ یہ شنفری نے اس وقت کہا تھا جب بنو سلامان نے اس کو قید کر لیا اور قتل کرنے سے پہلے شعر سنانے کی فرمائش کی۔ اَلنَّشِیْدُ مَعَ الْمَسَرَّۃِ)

۱۵۱۵۔ اَنْشَطُ مِنْ ظَبْیٍ مُقْمِرٍ۔ (چاندنی رات والے ہرن سے زیادہ خوش)

۱۵۱۶۔ اِذَا نُصِرَ الرَّأْیُ بَطَلَ الْھَوٰی۔
(جب عقل کی امداد ہوتی ہے تو خواہش نفس ختم ہو جاتی ہے)

۱۵۱۷۔ نُصْرَۃُ الْحَقِّ شَرَفٌ۔ (حق کی امداد کرنا شرافت و بزرگی ہے)

۱۵۱۸۔ لَوْ اَنْصَفَ النَّاسُ لَاسْتَرَاحَ الْقَاضِیْ۔
(اگر لوگ انصاف سے کام لیتے تو منصف کو آرام مل جاتا)

۱۵۱۹۔ لَا یَنْتَصِفُ حَلِیْمٌ مِنْ جَھُوْلٍ۔
(بردبار جاہل سے انتقام نہیں لیتا، جواب جاہلاں باشد خموشی۔)

۱۵۲۰۔ نِصْفُ الْعَقْلِ مُدَارَاۃُ النَّاسِ۔ (ملنساری آدھی عقل ہے)

۱۵۲۱۔ اَنْضَجَ اَخُوْكَ ثُمَّ رَمَّدَ۔
(تیرے بھائی نے پکایا اور پھر راکھ ڈال دی، کام اچھا کیا مگر پھر خراب کر دیا۔)

۱۵۲۲۔ عِنْدَ النِّطَاحِ یُغْلَبُ الْکَبْشُ الْاَجَمُّ۔
(سینگ ٹکرانے کے وقت بے سینگ مینڈھا مغلوب ہو جائیگا، کسی مہم میں بے ساز و سامان شریک ہوگا تو ناکام رہے گا۔)

۱۵۲۳۔ اَنْطَقُ مِنْ سَحْبَانَ۔ (سحبان سے زیادہ خطیب)

۱۵۲۴۔ مَنْ نَظَرَ فِی الْعَوَاقِبِ سَلِمَ مِنَ النَّوَائِبِ۔
(جو انجام پر نظر رکھے گا حادثوں سے محفوظ رہے گا۔)

۱۵۲۵۔ مَنْ صَارَ نَعْجَۃً اَکَلَہُ الذِّئْبُ۔ (جو بھیڑ بنے گا اس کو بھیڑیا کھا جائیگا)

۱۵۲۶۔ رُبَّ نَعْلٍ شَرٌّ مِنَ الْحِفَاءِ۔
(بہت سے جوتے ننگے پاؤں ہونے سے زیادہ برے ہیں)

۱۵۲۷۔ نَعِمَ کَلْبٌ مِنْ بُؤْسِ اَھْلِہٖ۔
(کتا اپنے آقا کی سختی و فقر سے موٹا تازہ ہو گیا، کسی عرب کے اونٹ بکریوں میں بیماری پھیل گئی اور جانور مرنے لگے اور کتے ان کا گوشت کھا کر خوب موٹے تازے ہو گئے۔)

۱۵۲۸۔ مِثْلُ النَّعَامَۃِ لَا طَیْرٌ وَّلَا جَمَلٌ۔
(شتر مرغ کی طرح کہ پرندہ ہے نہ اونٹ)

۱۵۲۹۔ نَفَخْتَ فِیْ غَیْرِ فَحْمٍ۔
(تو ایسی چیز میں پھونک دے رہا ہے جس میں آگ نہیں ہے، بے موقع کوشش صرف کر رہا ہے۔)

۱۵۳۰۔ مَا بِھَا نَافِخُ ضَرَمَۃٍ۔
(مکان میں کوئی آگ پھونکنے والا بھی نہیں، یعنی کوئی نہیں۔ ضرمۃ: جس چیز میں آگ جلائی جائے "بھا" میں "ھا" ضمیر "دار" کی طرف راجع ہے۔)

۱۵۳۱۔ اَنْفَذُ مِنْ سَھْمٍ (تیر سے زیادہ سوراخ کرنے والا)

۱۵۳۲۔ اَنْفَرُ مِنْ ظَبْیٍ۔ (ہرن سے زیادہ بدکنے والا)

۱۵۳۳۔ اَنْفَرُ مِنْ نَعَامَۃٍ۔ (شتر مرغ سے زیادہ بدکنے والا)

۱۵۳۴۔ اَنْفَرُ مِنْ بَعِیْرٍ اَزَبَّ۔ (گھنے بالوں والے اونٹ سے زیادہ بدکنے والا) اَزَبّ: گھنے بالوں والا۔ اس لیے کہ گھنے بالوں والا اونٹ کے بال جب آنکھوں کے سامنے آتے ہیں تو ان سے ہمیشہ بدکتا ہے۔

۱۵۳۵۔ نَفْسُ عِصَامٍ سَوَّدَتْ عِصَامًا۔
(عصام کے نفس نے عصام کو سردار بنا دیا یعنی اپنے زور بازو سے سردار بنا عصام شاہ نعمان کا دربان تھا جو بعد میں بادشاہ بن گیا۔ اس کے متعلق یہ شعر کہا گیا ہے ؎ نَفْسُ عِصَامٍ سَوَّدَتْ عِصَامًا وَ عَلَّمَتْہُ الْکَرَّ وَ الْاِقْدَامَا وَ صَیَّرَتْہُ مَلِکًا ھُمَامًا (عصام کے نفس نے عصام کو سردار بنا دیا اور اس کو حملہ کرنا اور جرأت سکھا دی اور اس کو باہمت بادشاہ بنا دیا) جس کو شرف و بزرگی وراثت میں ملے یا اپنے آباؤ اجداد پر فخر کرے اس کو عظامی کہتے ہیں اور جو اپنے ذاتی شرف و فضل پر فخر کرے اس کو عصامی کہا جاتا ہے۔)

۱۵۳۶۔ اَلنَّفْسُ مُوْلَعَۃٌ بِحُبِّ الْعَاجِلِ۔
(نفس شیدا ہے جلدی حاصل ہونے والی چیز سے محبت رکھنے کا، جریر کے شعر کا دوسرا مصرع ہے۔ مصرع اول یہ ہے، اِنِّیْ لَاَرْجُوْ مِنْکَ شَیْئًا عَاجِلًا
(میں تجھ سے جلد ملنے والی چیز کا امیدوار ہوں۔)

۱۵۳۷۔ اَلنَّفْسُ تَعْلَمُ مَنْ اَخُوْھَا النَّافِعُ۔
(نفس جانتا ہے کہ اس کا نافع بھائی کون ہے، کسی کی مدح یا مذمت کے موقع پر بولا جاتا ہے)

۱۵۳۸۔ مَنْ جَعَلَ نَفْسَہٗ عَظْمًا اَکَلَتْہُ الْکِلَابُ۔
(جو شخص اپنے آپ کو ہڈی بنائے گا، اس کو کتے کھا جائیں گے)

۱۵۳۹۔ مَا یَنْفَعُ الْکَبِدَ یَضُرُّ الطِّحَالَ۔
(جو چیز جگر کو نفع دیتی ہے وہ تلی کے لیے مضر ہے)

۱۵۴۰۔ لَا یَنْفَعُ حَذَرٌ مِنْ قَدَرٍ۔
(احتیاط تقدیر کے مقابلے میں نفع نہیں دیتی۔

۱۵۴۱۔ مَا تَنْفَعُ الشَّعْفَةُ فِی الْوَادِی الرُّغُبِ۔
(خفیف بارش وسیع وادی کو نفع نہیں پہنچاتی (عطا اسقدر کم ہے کہ ضرورت پوری نہیں ہوتی۔ شعفۃ: خفیف بارش، الوادی الرُّغُبُ: وہ وسیع وادی جس کو تیز و تند سیلاب ہی بھر سکتا ہو۔

۱۵۴۲۔ لَا یَنْفَعُكَ مِنْ جَارِ سُوْءٍ تَوَقٍّ۔
(برے پڑوسی سے بچنا بے فائدہ ہے) بچ نہیں سکتا۔

۱۵۴۳۔ وَمَا نَفْعُ السُّیُوْفِ بِلَا رِجَالٍ۔ (بغیر آدمیوں کے تلوارں کا کیا فائدہ)

۱۵۴۴۔ اَلنَّقْدُ عِنْدَ الْحَافِرَةِ۔ (نقد سبقت کے وقت ہوتا ہے) آگے نکلنے والے گھوڑوں کے کھروں سے جو میدان کھدا ہے وہیں انعام کی رقم پرکھانی چاہیئے، یعنی جلدی ملنی چاہیئے۔ حافرۃ: گھوڑے کے کھروں سے کھدی ہوئی زمین۔ فاعلۃ بمعنی مفعولۃ ہے۔

۱۵۴۵۔ اَلنَّقْدُ صَابُوْنُ الْقَلْبِ۔
(نقد دل کا صابون ہے) صاف رہتا ہے کوئی وسوسہ پیدا نہیں ہوتا ہے

۱۵۴۶۔ مَا نَقَصَ مِنْ مَالِكَ مَا زَادَ فِیْ عَقْلِكَ۔
(جس مال نے تیری عقل میں اضافہ کیا وہ کم نہیں ہوتا) ضائع نہیں گیا۔

۱۵۴۷۔ مَنْ نَقَلَ اِلَیْكَ فَقَدْ نَقَلَ عَنْكَ۔
(جس نے تم سے دوسروں کی باتیں نقل کیں وہ تمھاری بھی نقل کریگا)

۱۵۴۸۔ اَنْقَلُ مِنْ فَیْءٍ۔ (سایہ سے زیادہ منتقل ہونے والا)

۱۵۴۹۔ اَنْقٰی مِنَ الدَّمْعَةِ۔ (آنسو سے زیادہ شفاف)

۱۵۵۰۔ اَنْقٰی مِنْ مِرْآةِ الْغَرِیْبَةِ۔
(اجنبی عورت کے شیشے سے صاف غریبۃ: وہ عورت ہے جو غیر قوم میں شادی کرے، وہ بناؤ سنگھار کا زیادہ خیال رکھتی ہے اس لیے آئینہ ہمیشہ صاف رکھتی ہے۔

۱۵۵۱۔ تَرَکْتُهُ عَلٰی اَنْقٰی مِنَ الرَّاحَةِ۔
(میں نے اس کو ہتھیلی سے زیادہ صاف حالت میں چھوڑا) اس کے پاس کچھ نہ تھا

۱۵۵۲۔ اَنْكَرُ مِنْ شَیْءٍ۔ (شی سے زیادہ غیر معین، لفظ شی ہر اسم نکرہ سے زیادہ عام نکرہ ہے۔ ہر موجود چیز کے لیے کہا جا سکتا ہے۔

۱۵۵۳۔ اَنَمُّ مِنَ التُّرَابِ۔
(مٹی سے زیادہ چغلخور) نشان قبول کر کے صاحب نشان کا پتہ دیتی ہے۔

۱۵۵۴۔ اَنَمُّ مِنَ الصُّبْحِ۔
(صبح سے زیادہ غماز) رات کے پردہ میں چھپی ہوئی چیز کو فاش کر دیتی ہے۔

۱۵۵۵۔ مَنْ نَهَشَتْهُ الْحَیَّةُ حَذِرَ الرَّسَنَ۔
(سانپ کا کاٹا رسی سے ڈرتا ہے) جیسے دودھ کا جلا چھاچھ پھونک پھونک کر پیتا ہے۔

۱۵۵۶۔ هَلْ یَنْهَضُ الْبَازِیُّ بِلَا جَنَاحٍ؟!
(کیا شکرا بغیر بازوؤں کے اڑ سکتا ہے؟) تعاون کی ترغیب کے لیے یا ایسے مدعی کے لیے کہا جاتا ہے جو ضروری صلاحیت سے بے بہرہ ہو۔

۱۵۵۷۔ لَا تَنْهَ عَنْ خُلُقٍ وَتَاْتِیَ مِثْلَهُ۔ (کسی ایسی عادت سے لوگوں کو منع مت کرو جس کو تم خود کرتے ہو) خود را فضیحت و دیگراں را نصیحت۔

۱۵۵۸۔ اَلنَّاسُ مَجْزِیُّوْنَ بِاَعْمَالِهِمْ۔ (لوگوں کو اپنے اعمال کی جزا ملے گی)

۱۵۵۹۔ اَلنَّاسُ اَتْبَاعُ مَنْ غَلَبَ (لوگ غالب آدمی کے تابع ہوتے ہیں)

۱۵۶۰۔ اَلنَّاسُ اَعْدَاءُ مَا جَهِلُوْا۔ (لوگ نا معلوم چیز کے دشمن ہوتے ہیں)

۱۵۶۱۔ اَلنَّاسُ عَبِیْدُ الْاِحْسَانِ۔ (لوگ احسان کے غلام ہیں)

۱۵۶۲۔ لِکُلِّ اُنَاسٍ فِیْ بَعِیْرِهِمْ خَبَرٌ۔
(لوگ اپنے اپنے اونٹوں کی خبر رکھتے ہیں) یعنی ہر قوم اپنے معاملات کو غیروں سے زیادہ جانتی ہے۔

۱۵۶۳۔ اِسْتَنْوَقَ الْجَمَلُ۔ (اونٹ ناقہ بن گیا، اونٹ پٹا نگ باتیں کرتا ہے۔

۱۵۶۴۔ لَا نَاقَتِیْ فِیْ هٰذَا وَلَا جَمَلِیْ۔
(نہ اس معاملہ میں میرا اونٹ ہے نہ میری ناقہ ہے) میں بری الذمہ ہوں۔

۱۵۶۵۔ نَامَ عِصَامٌ سَاعَةَ الرَّحِیْلِ۔
(کوچ کے وقت عصام سو گیا) شکار کے وقت کتیا ہگاسی، ضرورت کے وقت غائب ہو گیا یا اسباب تاخیر پیدا ہو گئے۔

۱۵۶۶۔ اَلنَّوٰی اَوَّلُ الشَّجَرَةِ۔ (گٹھلی درخت کی ابتدا ہے)

ھ

۱۵۶۷۔ یَهُبُّ مَعَ کُلِّ رِیْحٍ۔ (ہر ہوا کے ہمراہ چل پڑتا ہے)

۱۵۶۸۔ اَهْدٰی مِنَ الْقَطَا۔
(قطا سے زیادہ ہدایت [illegible] مشہور ہے کہ قطا اپنا راستہ کبھی نہیں بھولتی۔

۱۵۶۹۔ اَهْدٰی مِنَ الْیَدِ اِلَی الْفَمِ۔
(منہ کی طرف جانے والے ہاتھ سے زیادہ ہدایت یافتہ)

۱۵۷۰۔ لَا تُسْرِفْ بِمَا لَا تَعْرِفُ۔
(جس چیز کا تجھے علم نہیں اس کی تعریف میں مبالغہ مت کر) سَرَفٌ: تعریف میں مبالغہ کرنا۔

۱۵۷۱۔ هَرِقْ عَلَى جَمْرِكَ۔
(اپنی چنگاری پر پانی ڈال، غصہ کو ٹھنڈا کرو۔ ہَرَقَ الْمَاءَ: پانی بہایا۔

۱۵۷۲۔ إِذَا هَلَكَ عِيرٌ فَعِيرٌ فِي الرِّبَاطِ۔ (اگر ایک گدھا ہلاک ہو گیا تو رسی میں دوسرا موجود ہے، ہاتھ سے نکلنے والے پر صبر اور موجود پر قناعت کے لیے کہا جاتا ہے۔ رِبَاطٌ: وہ رسی جس سے جانور باندھے جاتے ہیں۔

۱۵۷۳۔ إِمَّا هُلْكٌ وَإِمَّا مُلْكٌ (یا ہلاکت یا ملک، تخت یا تختہ۔

۱۵۷۴۔ أَهْلَكُ مِنْ تُرَّهَاتِ السَّبَاسِبِ۔
(صحرا کے شاخ در شاخ راستوں سے زیادہ ہلاک کرنے والا، جنگل اور بیابان میں پھنس کر راہ نورد ہلاک ہو جاتا ہے۔ تُرَّهَاتٌ: وہ شاخ در شاخ رستے جو کسی بڑے راستے سے نکلیں۔ سَبَاسِبُ: لق و دق صحرا۔

۱۵۷۵۔ كُلُّ هَمٍّ إِلَى فَرَجٍ۔
(ہر غم کشادگی کی طرف لے جاتا ہے) مصیبت کے بعد راحت ہے۔

۱۵۷۶۔ هَانَ عَلَى الْأَمْلَسِ مَا لَاقَى الدَّبِرُ۔
صاف پیٹھ والے اونٹ پر وہ چیز آسان ہے جس سے زخمی پیٹھ والا دو چار ہے۔ اَلْأَمْلَسُ: وہ اونٹ جس کی پیٹھ تندرست و سالم ہو۔ اَلدَّبِرُ: وہ اونٹ جس کی پیٹھ زخمی ہو۔ آرام والے مصیبت زدہ کی تکلیفوں کا احساس نہیں کرتے۔

۱۵۷۷۔ مَنْ هَانَتْ عَلَيْهِ نَفْسُهُ فَهُوَ عَلَى غَيْرِهِ أَهْوَنُ۔
(جو اپنے آپ کو ہلاک سمجھے گا، وہ دوسروں کے لیے اور بھی زیادہ ہلکا ہوگا: اپنی عزت آپ:

۱۵۷۸۔ مَنْ أَهَانَ مَالَهُ أَكْرَمَ نَفْسَهُ۔ (جو اپنے آپ کو ذلیل کریگا وہ اپنے نفس کو معزز بنائیگا) جو مال خرچ کریگا اس کو عزت حاصل ہوگی۔

۱۵۷۹۔ هَوِّنْ عَلَيْكَ وَلَا تُولَعْ بِإِشْفَاقٍ (پرواہ نہ کر اور کم ہونے سے خوف نہ کر) جو جاتا ہے جانے دے آخر چھوڑنا ہے۔ اشفاق: کم ہونا یا کم کرنا۔

۱۵۸۰۔ أَهْوَنُ مِنَ النَّابِحِ عَلَى السَّحَابِ۔ (بادلوں پر بھونکنے سے زیادہ بیقدر) جس کتے کی کوئی قدر کرنے والا نہ ہو وہ بارشوں میں بھیگتا ہے اور جب بادل دیکھتا ہے تو بھونکتا ہے۔

۱۵۸۱۔ أَهْوَنُ مِنْ قُعَيْسٍ عَلَى عَمَّتِهِ۔ (اس سے بھی زیادہ بیقدر جتنا قعیس اپنی پھوپھی کے نزدیک تھا) قعیس کوفہ کا ایک شخص سردیوں میں اپنی پھوپھی سے ملنے آیا۔ مکان تنگ تھا پھوپھی نے کتے کو اندر جگہ دی اور قعیس کو باہر سلایا اور وہ سردی سے مرگیا۔

۱۵۸۲۔ مَا أَهْوَنَ الْحَرْبَ عَلَى النَّظَّارَةِ۔ (تماشہ دیکھنے والوں کے نزدیک لڑائی کتنی آسان ہے) نَظَّارَةٌ: تماشائی۔

۱۵۸۳۔ إِنَّ الْهَوَانَ لِلَئِيمِ مَرْأَمَةٌ۔ (کمینے کے لیے بےعزتی مہربانی ہے، وہ بےعزتی سے ٹھیک رہتا ہے۔ مہربانی کی تو وہ تم کو بےعزت کرنے کی کوشش کریگا۔ مَرْأَمَةٌ: مہربانی۔ رأفت

۱۵۸۴۔ إِنَّ الْهَوَى۔ النَّوَى (محبت دوری سے ہوتی ہے) دوری محبت پیدا کرتی ہے، جو چیز روز نظر آئے اس سے طبیعت اکتا جاتی ہے۔

۱۵۸۵۔ إِنَّ الْهَوَى شَرِيكُ الْعَمَى۔ (محبت اندھے پن کی طرح ہے) اسی طرح کی ایک مثل ہے حُبُّكَ الشَّيْءَ يُعْمِي وَيُصِمُّ۔ (کسی چیز کی محبت تم کو اندھا اور بہرا بنا دیتی ہے) محبوب کے عیوب دیکھنا سننا کسی طرح گوارا نہیں ہوتا)

۱۵۸۶۔ إِنَّ الْهَوَى الْهَوَانُ۔ (محبت ذلت کا نام ہے) اس راہ میں ذلتیں برداشت کرنی پڑتی ہیں۔

۱۵۸۷۔ مَنْ هَابَ خَابَ (جو ڈرا ناکام ہوا۔)

۱۵۸۸۔ مَنْ هَابَ الرِّجَالَ تَهَيَّبُوهُ۔ (جو لوگوں سے ڈریگا لوگ اس کو ڈرائیں گے)

و

۱۵۸۹۔ لَوْلَا الْوِئَامُ لَهَلَكَ الْأَنَامُ۔ (اگر موافقت نہ ہوتی تو لوگ ہلاک ہو جاتے، ہر شخص دوسرے کو ہلاک کرنے کی کوشش کرتا۔ وِئَامٌ: موافقت۔

۱۵۹۰۔ وَجَعُ سَاعَةٍ وَلَا كُلَّ سَاعَةٍ (ایک گھڑی کی تکلیف نہ کہ ہر گھڑی کی، دم بھر کی تکلیف ہے عمر بھر کی نہیں۔

۱۵۹۱۔ لَمْ أَجِدْ لِشَفْرَةٍ مَحَزًّا۔ (میں نے چھرے کے لیے کاٹنے کی جگہ نہ پائی، یعنی میں نے معاملہ میں گنجائش نہ پائی۔

۱۵۹۲۔ قَدْ يُوجَدُ فِي النَّهْرِ مَا لَا يُوجَدُ فِي الْبَحْرِ۔ (کبھی نہر میں وہ چیز مل جاتی ہے جو سمندر میں نہیں ملتی۔)

۱۵۹۳۔ اَلْوَحْدَةُ خَيْرٌ مِنْ جَلِيسِ السُّوءِ۔ (برے ہم نشین سے تنہائی بہتر ہے)

۱۵۹۴ وَحْمٰی بِلَا حَبَلٍ۔ (حمل کے بغیر مختلف اشیاء کی خواہش کرنے والی) ایامِ حمل میں طرح طرح کی چیزیں کھانے کی خواہش ہوتی ہے۔ یہ مثل ایسے شخص کے لیے استعمال ہوتی ہے جو ہر اچھی چیز کا ذکر سن کر اسکی خواہش کرے یا لالچ کی وجہ سے بے ضرورت مانگتا پھرے۔ وَحْمٰی: وہ عورت جو ایامِ حمل میں مختلف چیزیں کھانے کی خواہش کرے۔

۱۵۹۵۔ دَعْ عَنْكَ بُنَيَّاتِ الطَّرِيْقِ۔ (شاخ در شاخ راستوں کو چھوڑ کر واضح راہ اختیار کرو۔ بنیات الطریق: وہ چھوٹے چھوٹے راستے جو کبھی بڑے راستے سے نکلتے ہوں۔

۱۵۹۶۔ دَعِ الْعَوْرَاءَ تَخَطَّاكَ۔ (بُری چیز کو چھوڑ دو کہ تم سے تجاوز کر جائے) عَوراء: بُری خصلت، کلمہ بد۔ تخطاک: یعنی تجھے چھوڑ کر آگے نکل جائے کہا جاتا ہے کہ یہ اہلِ عرب کی سب سے زیادہ پُرحکمت مثل ہے۔

۱۵۹۷۔ دَعِ الْقَطَا يَنَمْ وَشَرٌّ يَعْبُرُ۔ (قطا کو سو جانے دو اور شر کو گزر جانے دو) کام کا مناسب موقع آنے تک اطمینان سے بیٹھو۔

۱۵۹۸۔ دَعِ اللَّوْمَ اِنَّ اللَّوْمَ عَوْنُ النَّوَائِبِ۔ (ملامت چھوڑو، ملامت کرنا مصائب کا معین و مددگار ہے۔)

۱۵۹۹۔ وَدَّعَ مَالَهٗ مُوْدِعُهٗ۔ (مال کو اس کے ودیعت رکھنے والے ہی نے چھوڑ دیا) ممکن ہے وہ واپس نہ ملے "جو ہاتھ سے نکلا وہ پرایا۔"

